-الشیَ مینگنی مارنا۔
(اَبْعَرَ) الاَمعاءَ آنتوں کو صاف کرنا۔
(باعَرَتِ) الدابّةُ حالبَهَا مُبَاعَرَةً و بِعَارًا دودھ نکالنے والے پر مینگنی ڈال دینا۔
(اَلْبِعَارُ) یہ عیب ہے۔
(اَلْبَعْرُ) چوپاؤں اور کھر والے جانوروں کی مینگنی' لید اور گوبر۔

(اَلْبَعِیْرُ) وہ اونٹ جو سواری اور باربرداری کے قابل ہو یہ چار سال مکمل ہونے کے بعد ہوتا ہے۔ (ج) اَبَاعِرُ و اَبَاعِیْرُ و بُعْرَان۔
(اَلْمِبْعَرُ - اَلْمَبْعَرَة): مینگنی نکلنے کی جگہ۔
(بَعْزَقَه) بَعْزَقَةً: بکھیرنا اور ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
(تَبَعْزَقَ): بکھرنا اور ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
(بَعَصَ) الشیُ بَعْصًا: گڑبڑانا' بھونچکا ہونا۔
(تَبَعْصَصَ): بے چین و مضطرب ہونا' قرار نہ پانا۔
(اَلْبُعْصُوص) من الانسان: سرین کے درمیان کی بڑی ہڈی۔
(بَعَضَه) البَعُوْضُ - بَعْضًا: مچھر کا کاٹنا۔
-الشیَ ٹکڑے کرنا۔
(بَعِضَ) المكانُ - بَعَضًا: مچھروں کی بہتات ہونا۔
(اَبْعَضَتِ) الارضُ: زمین زیادہ مچھروں والی ہونا۔
(بَعَّضَ) الشیَ حصے اور ٹکڑے کرنا۔
(تَبَعَّضَ) الشیُ حصے اور ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
(بَعْضُ الشیِ) کچھ حصہ' خواہ تھوڑا ہو یا زیادہ۔
(اَلْبَعُوْضُ): مچھر۔
كَلَّفَه مُخَّ البعُوضِ: جو کام نہ ہوا ہو۔
(بَعَطَ) - بَعْطًا: برے عمل یا جہالت میں غلو کرنا۔
الحیوانَ ذبح کرنا۔
(اَبْعَطَه) طاقت سے زیادہ کا مکلف بنانا۔
(بَعَّ) المطرُ والسحابُ - بَعًّا: تیز بارش ہونا۔
-الماءُ - بَعًّا خوب برسنا۔
(اَلْبَعَاعُ) بادل میں پانی کی کثرت مقدار (۲) سامان (القی علیه بَعَاعَه)۔
(بَعَقَ) الوابلُ - بَعْقًا و بُعَاقًا اچانک زوردار بارش ہونا۔
-الحیوانُ والانسانُ بعاقًا: منہ کھولنا اور تیز آواز نکالنا۔
عن الشیِ انکشاف کرنا۔

-المطر الشدیدُ الارضَ: تیز بارش کا زمین کو پھاڑ دینا۔
-البئرَ: کنواں کھودنا۔
-الجَمَلَ: ذبح کرنا۔
(بَعَّقَ): بَعَقَ کا مبالغہ۔
(اِبْتَعَقَ) فی الكلام: تیز و مسلسل بولنا۔
(اِنْبَعَقَ): پھٹنا (انبعق السحاب بالمطر)
-فی الكلام: اِبْتَعَقَ۔
-علیه الشیُ: اچانک آنا۔
(تَبَعَّقَ) المطرُ: بارش کا زور سے برسنا۔
-فی الكلام: اِنْبَعَقَ۔
(الباعِق): اچانک ہونے والی زوردار بارش (۲) ریلا۔
(بَعَكَه) بالسیف - بَعْكًا: جسم کے اطراف پر مارنا۔
(بَعِكَ) جِسْمُه - بَعَكًا: جسم کا کھردرا اور سکڑا ہوا ہونا۔
(البعكوكاءُ): ہنگامہ۔
(البعكوكةُ): اونٹوں یا لوگوں کی بھیڑ یا ہنگامہ (۲) لوگوں کے ٹھہرنے کے نشانات۔
-من الدار: گھر وغیرہ کا درمیان۔
بعكوكة الصیف او الشتاء: گرمی یا سردی کی شدت (ج) بعاكِیْكُ۔
(بَعَلَ) - بَعْلاً و بُعُولَةً: شادی کرنا (بعل الرجل و بَعَلَت المراةُ)۔
-علیه اَمْرَه: انکار کرنا۔
(بَعِلَ) بامْرِه - بَعَلاً: حیران و ششدر ہونا۔
(بَاعَلَ) مُبَاعَلَةً و بِعالاً: بیوی یا شوہر بنانا (۲) بیوی سے پیار کرنا۔
-القومُ قوماً آخرین: ایک دوسرے سے شادیاں کرنا۔
(اِبْتَعَلَتِ) المراةُ خاوند کی فرمانبرداری کرنا۔
(تَبَاعَلَ) الزوجان میاں بیوی کا باہم پیار و محبت کرنا۔
(تَبَعَّلَتِ) المراةُ خاوند کے حقوق ادا کرنا (تَبَعَّلَتْ زوجها)۔
(اِسْتَبْعَلَ) شادی کرنا۔

Marfat.com

-النباتُ: نباتات کا زمین سے تری حاصل کرنا۔
(البَعْلُ): خاوند (۲) بیوی (۳) ایسی بلند زمین جو صرف بارش ہی سے سیراب ہو سکے (۴) ایسی کھیتی جسے سیرابی کی ضرورت نہ ہو (۵) مالک (ج) بِعَالٌ و بُعُولٌ و بُعُولَةٌ۔
(بَعْلٌ): بت قرآن مجید میں ہے: ﴿اَتَدْعُوْنَ بَعْلاً وَتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ﴾۔
(اَلْبَعْلَةُ): بیوی۔
(اَلْبَعِيْمُ): لکڑی کا مجسمہ (۲) لاجواب ہونے والا۔
(بَعَا) الشیٔ ـُـ بَعْوًا: عاریۃً لینا۔
(اَبْعَاه) الشیٔ: عاریۃً دینا۔
(استبعَاه): مستعار لینا۔

ب.........غ

(بَغْبَغَ) النائم: خراٹے لینا۔
-فی الکلام: جھوٹ ملانا۔
-فی السیر: تیز چلنا۔
-الشیٔ: روندنا۔
(البغباغ): گرج کی آواز۔
(اَلْبُغْبُغُ): قریب پانی والا کنواں۔
(بَغَتَه) ـَـ بَغْتًا و بَغْتَةً: اچانک آنا، تعجب خیز طریقے سے آنا۔
(بَاغَتَه) مُبَاغَتَةً و بغاتًا: اچانک آنا۔
(بَغِثَ) لونه ـَـ بَغَثًا و بُغْثَةً: سفید و سیاہ دھبے پڑنا ھو اَبْغَثُ ھی بَغْثَاءُ (ج) بُغْثٌ۔
(اَلْبَغَاثُ): گدھ نما سفید سیاہ دھبوں والا چھوٹا پرندہ (ج) بغثان کہاوت ہے (اِنَّ البغاث بارضنا یستنسِرُ)۔
(البغثاءُ): طرح طرح کے لوگ۔
(اَلْبُغَيْثُ): خراب گندم، مصر کے عوام الناس ثاء کو تاء بنانے کی عادت کی وجہ سے البعیت پڑھتے ہیں۔
(تَبَغْدَدَ) فلانٌ: بغداد کی طرف منسوب ہونا۔
(۲) اہل بغداد کی مشابہت اختیار کرنا۔
-علیه: بڑائی و تکبر کرنا (مو)۔
(بَغْدَاد): دریائی دجلہ پر واقع عراق کا دارالحکومت بغداد جو پہلے خلافت عباسیہ کا درالحکومت تھا۔
(بَغَرَ) الریحُ ـَـ بُغُوْرًا: ہوا کا تیز چلنا اور بارش آنا۔
الماءُ الارضَ بَغْرًا: پانی کا زمین کو تھوڑا تھوڑا سیراب کرکے کھیتی باڑی کے لئے نرم کرنا۔
(بَغِرَ) ـَـ بَغَرًا: پیاسا ہونا اور پانی سے پیاس نہ بجھنا۔
(اَلْبَغَرُ): بیماری کے ساتھ پیاس لگنا اور پانی سے کم نہ ہونا (۲) خراب پانی جو پینے والے کو پیاس میں مبتلا کردے۔
(اَلْبُغْرَةُ): کھیتی جو اتنی بارش کے بعد بوئی جائے کہ پہلی روئیدگی تک زمین تر رہے۔
(بَغَزَتِ) الدابةُ ـَـ بَغْزًا: چوپائے کا زمین پر ٹھوکر مار کر پھرتی سے چلنا۔
-فلانٌ الدابةَ: سواری کو پاؤں مار کر دوڑانا۔
-الشیٔ بالسکین: چھری سے کاٹنا۔
(بَغَشَتِ) السماءُ ـَـ بَغْشًا: ہلکی بارش ہونا (بَغَشَتِ السماءُ القومَ و الارضَ)۔
-الهباءُ و نحوُه فی الکُوَّةِ: روشن دار سے گرد و غبار آنا۔
-الصبیّ الی امه: بچے کا روتے ہوئے ماں کے پاس آنا۔
(البغاشة): آٹے اور گھی کی مٹھائی جس کے اندر پنیر یا بالائی بھری گئی ہو (ترکی)۔
(اَلْبَغْشَةُ): ہلکی بارش۔
(بَغَضَ) الشیٔ ـُـ بُغْضًا: ناپسند کرنا۔
ھو باغضٌ و بغوضٌ، والشیٔ مبغوضٌ و بغیضٌ۔
(بَغِضَ) الشیٔ ـَـ بُغْضًا: کسی چیز کا ناپسندیدہ ہونا۔
(بَغُضَ) الشیٔ ـُـ بَغَاضَةً و بِغْضَةً: کسی چیز کا ناپسندیدہ ہونا ھو بغیضٌ (بغض الیّ)۔
(اَبْغَضَه): ناپسند اور مکروہ سمجھنا۔
(بَاغَضَه): نفرت کا جواب نفرت سے دینا۔
(بَغَّضَه) الیه: بہت زیادہ ناپسند بنانا۔
(تَبَاغَضَ) القومُ: ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔
(تَبَغَّضَ) الیه: نفرت کو ظاہر کرنا۔
(البَغْضَاء): بہت زیادہ نفرت۔
(بَغَّ) الدَّمُ ـُـ بَغًّا: خون کا جوش مارنا۔
(بَغَلَ) ـُـ بُغُولَةً: ست و بیوقوف ہونا۔
(بَغَّلَ) القومَ: کسی قوم میں شادی کر کے نسل خراب کرنا۔
(البَغَّالُ): جو خچروں کے چرانے پر مقرر ہو۔
(اَلْبَغْلُ): خچر (ج) اَبْغَال و بِغَالٌ و ھی بغلةٌ (ج) بغالٌ۔
(بَغَمَتِ) الظَّبيَةُ ـَـ بُغَامًا و بُغُوْمًا: ہرنی کا ہلکی آواز دے کر بچہ کو بلانا۔
-صوتَه: ہلکی آواز نکالنا۔ الحدیث لفلانٍ واضح بات کرنا۔
ھو باغِمٌ (ج) بواغِمُ۔
(البُغَامُ): ہرن کی آواز۔
(اَلْبَغْوُ): کچا پھل (۲) کانٹوں کا پھول۔
(بَغَی) فلانٌ ـِـ بَغْيًا: حد کو تجاوز کرنا، سرکشی کرنا قرآن مجید میں ہے ﴿فَاِنْ بَغَتْ اِحْدَاهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوْا الَّتِیْ تَبْغِیْ حَتّٰى تَفِیْٓءَ اِلٰى اَمْرِ اللّٰهِ﴾ (۲) مسلط کرنا، ظلم کرنا جیسے قرآن مجید میں ﴿وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِی الْاَرْضِ﴾ اور ﴿اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ﴾۔
(۳) قانون توڑنے کی کوشش کرنا۔
-الجُرْحُ: زخم سوجنا اور پیپ پڑنا۔
-المرأةُ بِغَاءً: عورت کا زنا کرنا ھی بَغِیٌّ (بغیر تاء کے)۔
-الشیٔ بُغْيَةً: تلاش کرنا (بغیتُ لك الامرَ و بغیتك الامرَ) قرآن مجید میں ﴿لَوْ خَرَجُوْا فِیْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ﴾۔
(طلب کے معنی میں اکثر "اِبتغی" استعمال ہوتا ہے نہ کہ "بغی")۔
(اَبْغَاه) الشیٔ: تلاش کرنے میں مدد کرنا۔
-اَبْغِنِیْ ضَالَّتِیْ: میری گمشدہ چیز کے تلاش کرنے میں مدد کرو (نقل صحیفہ ای حدیث)۔

Marfat.com

ہے (اَنّ زهير بن امية قال لهاشم بن عمرو
بن ربيعة حين دعاهُ اِلى نقض الصحيفة
"ابغنا ثالثاً"۔
(باغَىَ)المرأةُ مُباغاةً بغاءً بَغَتْ
(اِبْتَغَى)الشيءَ: ارادہ کرنا' طلب کرنا قرآن
مجید میں ہے:﴿يَبْتَغُونَ فَضْلاً مِنَ اللهِ
وَرِضْوَاناً﴾ اور﴿لَقَدِ ابْتَغَوُا الفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ
و قَلَّبُوْالَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى جَآءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ
اَمْرُ اللهِ﴾۔
(اِنْبَغَى)ينبغى لفلانٍ ان يعمل كذا: اس
کے لئے ایسا کرنا اچھا ہے۔
–وما ينبغى لفلان ان يفعل كذا اس کے
لئے ایسا کرنا مناسب نہیں قرآن مجید میں
ہے:﴿مَاكَانَ يَنْبَغِى لَنَا اَنْ نَتَّخِذَ مِنْ
دُوْنِكَ اَوْلِيَآءَ﴾۔
(اس مادہ کا استعمال غیر مضارع میں نادر
الوقوع ہے اس کی ماضی کے لئے كانَ ينبغى
اور وَمَا كَانَ ينبغى لاتے ہیں۔
(تَبَاغَى)القومُ ایک دوسرے سے نفرت کرنا
(تَبَغّى)الشيءَ طلب لینے کی کوشش کرنا۔ ساعدہ
بن جؤیہ ہذلی کا شعر ہے
ولكنما أهلى بوادٍ أنيسه
سِبَاعٌ تَبَغَّى الناسَ مثنى وَمَوْحَدا
(الباغة) ایک قابل احتراق مادہ جو قلم بنانے
میں استعمال ہوتا ہے(مع)۔
(الباغى) جابر وظالم (۲) قانون توڑنے والا
(ج) بغاة' والفئةُ باغيةٌ۔حدیث شریف
میں آتا ہے (وَيْلَ عَمَّارٍ تقتله الفئة
الباغيةُ)۔
(البَغْيُ) ظلم (۲) قانون توڑنا' بغاوت کرنا
(۳) تکبر وبڑائی (۴) حد کو تجاوز کرنا (۵) زخم
کا خراب ہونا (برى الجرح على بغى)۔
(البِغْيُ) پیشہ ور زانیہ۔
(البُغْيَةُ والبِغْيَةُ) مطلوب ومقصود۔لیکن
بغيتك ثواب الآخرة وليكن الحق
بغيتك)۔
هو ابن بغيةٍ حرامی۔

ب......ق
(بَقْبَقَ)القِدْرُ بَقْبَقَةً: ہانڈی سے ابلنے کی
آواز آنا۔
الماءُ عند نزو لِهِ فى القُلّه و نحوها: پانی
گرنے کی آواز۔
الرجُلُ: زیادہ بولنا۔
علينا الكلام: اس نے ہم سے لایعنی کی۔
(البقباق): منہ۔
(بَقَرَ)البَطْنَ و نَحْوَه ـُ بَقْرًا: پیٹ پھاڑنا۔
–الفتنةُ القومَ: لوگوں کو جدا کرنا اور محبت ختم کرنا
حدیث میں آتا ہے(ستاتى على الناس فتنةٌ
باقرةٌ تدعُ الحليم حيران)۔
الحديثَ: واضح کرنا حدیث افک میں ہے:(اَنّ
عَائِشَةَ رضى الله عنها لم تعرف شيئاً
حتّٰى بَقَرَت امّ مِسطح لها الحديث)۔
–الارضَ: زمین میں پانی کا پتہ لگانا۔
–المسالة و عنها: غور کرنا۔
–فى بنى فلان: کھوج لگانا' حالات معلوم کرنا
(بَقِرَ)البطنُ ـَ بَقَرًا: پیٹ پھٹ جانا۔
–الرجُلُ: جنگلی گائے کو دیکھ کر حواس باختہ ہونا
(انبَقَرَ) پھٹنا۔
(تَبَقَّرَ) پھٹنا۔
–فى الكلام تفصیل سے بات کرنا۔
–فى العلم زیادہ علم والا ہونا۔
–فى المال مالدار ہونا۔
(الاُبَيْقِرُ) وہ آدمی جس میں نہ خیر ہو نہ شر ہو۔
(الباقر) وسیع العلم اسی وجہ سے محمد بن علی زین
العابدین بن حسین کو باقر کہا جاتا ہے (۲)
آنکھ کی ایک رگ۔
(۳) بہت سی گائیں اور ان کے چرواہے۔
(البَقَرُ) بیل' گائے (نر اور مادہ دونوں پر بولا
جاتا ہے) اس کا اطلاق پالتو گائے پر بھی ہوتا
ہے جس کو دودھ یا کھیتی کے لئے رکھا گیا اور
وحشی گائے پر بھی۔
–بقر الماء ایک مچھلی جو گائے کے مشابہ ہوتی
ہے۔
(البَقَّارُ) گائے بیل چرانے یا پالنے والا (۲)

کھودنے والا۔
(البَقِيرُ): وہ حاملہ جس کا پیٹ چیر کر بچہ نکالا
جائے (۲) پیٹ کا بچہ (۳) وہ کپڑا جس کو
پھاڑا جائے اور بغیر آستین کے پہنا جائے۔
(البَقْسُ): ایک درخت جو آس کے مشابہ ہوتا
ہے اس کی لکڑی سخت ہوتی ہے اور اس سے
ادویات تیار کی جاتی ہیں۔
(بُقْسُماط): روٹی کی ایک قسم (ایک لغت
میں "بُشماط") ہے(مع)۔
(بَقَطَ) مَتَاعَه ـُ بَقْطًا: سامان جمع کرنا اور
باندھنا۔
–الرجُلَ کسی کو تہائی یا چوتھائی یا کسی بھی طرح
باغ بٹائی پر دینا۔
(بَقَّطَ): جلدی کرنا۔
فى الجبل: پہاڑ پر چڑھنا۔
(تَبَقَّطَ)الخبرَ: بتدریج کچھ خبر حاصل کرنا۔
(البقطُ): پھل اتارتے وقت گرنے والا پھل
(۲) لوگوں کی جماعت۔
من البيت: گھریلو سامان۔
(بَقِعَ) الجلدُ ـَ بَقَعًا: کھال میں دوسرے
رنگ کا مل جانا ہو اَبْقَعُ والبشرةُ بقعاً۔
المُسْتَقِى: پانی پینے والے کے بدن پر پانی
ٹپکنا۔
(بَقَّعَه) دھبے دار بنانا۔
–المطرُ الارضَ بارش کا کہیں کہیں ہونا۔
–الصبغُ الثوبَ: رنگ نے کپڑے پر دھبے پڑ
جانا۔
(تَبَقَّعَ) دھبوں والا ہونا۔
(الاَبْقَعُ) برص کا مریض (۲) سراب' پانی کا
دھوکہ۔
(البَاقِعَةُ) چالاک محتاط چوکنا۔
–رَجُلٌ باقعةٌ چالاک آدمی۔
–طائر باقعةٌ: چوکنا اور محتاط پرندہ (ج)
بَوَاقِع۔
(البقعاء) چھوٹے کنکروں والی زمین۔
–سنةٌ بقعاءُ ایسا سال جس میں قحط بھی ہو اور
پیداوار بھی ہو۔

Marfat.com

(البُقعۃُ): زمین کا ٹکڑا (۲) دھبا، داغ (ج) بُقَعٌ۔
(البقیعُ): ایسی کشادہ جگہ جہاں بہت سے درخت ہوں (۲) اہل مدینہ کا قبرستان۔
(بَقّ) الرجلُ ـِ بَقًّا: بکواس کرنا۔
—المرأۃُ: کثیر الاولاد ہونا۔
—السماءُ: خوب بارش برسانا۔
—المکانُ: کسی جگہ بہت زیادہ پسو ہونا۔
—الجرابَ و نحوہ ـُ بَقًّا: جراب یا موزہ وغیرہ کو پھاڑنا۔
—الکلامَ: بات کو زور سے کہنا۔
—الخبرَ: خبر کو پھیلانا۔
—المالَ: مال کو تقسیم کرنا۔
(ابَقّ) الرجلُ و المرأۃُ و السماءُ و المکانُ: بَقّ۔
—خیرًا او شرًّا: خیر یا شر میں زیادتی کرنا۔
(بَقّقَ) المکانُ: بَقّ۔
(البَقّ): وسیع و عریض جگہ (۲) واضح (۳) پسو
(البَقّاقُ): باتونی۔
(البَقْباقُ): گھر کا فالتو سامان۔
(المِبَقّ) من الرجال: بسیار گو۔
(المِبَقّۃُ): مونث المِبَقّ (۲) کثیر النسل۔
(بَقَلَ) الشیءُ ـُ بَقْلاً: ظاہر ہونا۔
—الارضُ: سبزی اگانا۔
—المرعٰی: چراگاہ کا سرسبز ہونا۔
—وجہ الغلام: لڑکے کے چہرے پر بال نکل آنا۔
—الماشیۃَ: جانور کے لئے سبزہ اکٹھا کرنا۔
(ابْقَلَ): بَقَلَ۔
—القومُ: سبزی پانا (۲) چوپایوں کو سبزی چرانا
(بَقّلَ) الشجرُ: کونپلیں نکلنا۔
—الماشیۃَ: جانور کو سبزی چرانا۔
—النباتَ: گھاس کو ترکاری سمجھنا۔
(ابْتَقَلَتِ) الماشیۃُ: سبزی چرنا۔
—القومُ: لوگوں کا چوپایوں کو سبزی چرانا۔
(تَبَقّلَتْ) الماشیۃُ: چوپائے کا سبزی چر کر موٹا ہونا۔
(الباقِلّاءُ): لوبیا۔

(الباقلّی): لوبیا۔
(الباقول): بغیر دستہ کے ڈونگا (ج) بواقیل (مع)۔
(البَقْلُ): سبزی، ترکاری (ج) بُقُول۔
(البَقّالُ): سبزی بیچنے والا۔
(المبقلۃُ): سبزی کی جگہ۔
(بَقْلاوۃٌ): گھی، کھجوری بھری ہوئی (د)۔
(تبقّمتِ) الغنمُ: بکریوں کا حمل کی بوجھ کے وجہ سے بیٹھ جانا اور اپنی جگہ سے نہ اٹھنا۔
(البقامۃُ): گری ہوئی اون جو کاتنے کے قابل نہ ہو۔
(البَقّمُ): سرخ لکڑی جس سے کپڑے رنگے جاتے ہیں (یہ قرنیات فراشیہ کے گروہ سے ہے)۔
(البَقّمُ): دھتورا۔
(بَقِیَ) الشیءُ ـَ بَقاءً: باقی رہنا۔
—من الشیءِ: بچ جانا قرآن مجید میں ہے ﴿وذَرُوا مَا بَقِیَ مِنَ الرِّبا﴾۔
(ابْقٰی) علی الشیءِ: حفاظت کرنا۔
—علی فلانٍ: رحم کھانا، شفقت کرنا۔
—من جہدہٖ: پوری کوشش نہ کرنا۔
—الخیلَ: پوری طرح نہ دوڑنا۔
—الحلوبَ: پوری طرح دودھ نہ دینا۔
—الشیءَ: اپنی حالت پر چھوڑ دینا۔
(بَقّاہ): چھوڑا رہا کرنا۔
(تَبَقّی) منہ: بچ جانا۔
الشیءَ: اپنے حال پر چھوڑنا۔
(اِسْتَبقاہ): بقاء کو چاہنا (۲) درگزر کرنا (استبقٰی اخاہُ)۔
(الاَبْقٰی): ہمیشہ رہنے والا قرآن مجید میں ہے ﴿والآخرۃُ خیرٌ وّ ابقٰی﴾۔
—علی قومہٖ: بہت زیادہ رعایت کرنے والا۔
(الباقِی): قائم و دائم، پائیدار (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔
(الباقیۃ): باقی ماندہ قرآن مجید میں ہے ﴿فَھَلْ تَرٰی لَھُمْ مِنْ بَاقِیَۃٍ﴾۔
—الحیاۃُ الباقیۃُ: آخرت کی زندگی۔

—الباقیات الصالحات: اعمال صالحہ۔
(البُقیاءُ): باقی رکھنا۔
العین المنقری کا شعر

فھا بقیا علی ترکتمانی
ولکن خفتما صَرَدَ النبال

—ونشدتك اللہ و البقیا یعنی ہماری محبت و الفت باقی ہے۔
(البَقیّۃُ): باقی ماندہ قرآن مجید میں ﴿بَقِیَّۃُ اللہِ خیرٌ لکم﴾۔

ب ک

(بَکَأَتِ) البئرُ ـَ بَکْئًا: کنویں کا پانی کم ہونا۔
—الحیوان الحلوب: جانور کا دودھ کم ہونا۔
(بَکُؤ) الرجلُ ـُ بکاءۃً و بُکْئًا: کلام کا کم ہونا ھو بکیٌّ (ج) بکاءٌ ھی بکیٌّ و بکیئۃٌ (ج) بکاءٌ و بکایا۔
(ابکأ) فلانٌ: خیر کا کم ہونا۔
—الدّرّ و نحوہ: دودھ کو کم سمجھنا۔
(بَکْبَکَ) الشیءَ: ہلانا (۲) ایک دوسرے پر ڈالنا۔
(البکبکۃُ): آمدورفت (۲) بھیڑ۔
(بَکَتَہ) ـُ بَکْتًا: مارنا (۲) ایسے طریقہ سے ملنا جو اسے ناپسند ہو (۳) دلیل سے مغلوب کرنا (۴) ڈانٹ ڈپٹ کرنا۔
(بَکّتَہ): بکتہ کا مبالغہ۔
(بَکَرَ) ـُ بُکُورًا: صبح سویرے سورج طلوع ہونے سے پہلے نکلنا (۲) جلدی کرنا، شاعر کا قول

بَکَرَتْ تلومُكَ بعد وَھنٍ فِی الندی
بَسْلٌ علیكِ ملامتی و عتابی

(۳) جلدی کرنا (بَکَرَ اِلی الشی و علیہ و فیہ)۔
الشجرۃُ و نحوھا: جلدی پھل دینا۔
(بَکِرَ) ـَ بَکَرًا: جلدی کرنا۔
(ابْکَرَ): بَکَرَ۔
(باکَرَہ): جلدی کرنا (۲) سویرے آنے میں مقابلہ کرنا۔
(بَکّرَ): بکر کا مبالغہ۔
(ابتکر): جلدی آنے کی کوشش کرنا۔

Marfat.com

-المرأة: عورت کا سب سے پہلے لڑکا جننا۔
-الفاكهة: ابتدائی میوہ یا پھل لینا۔
-الشئ: ایجاد کرنا (محدثہ)۔
(تَبَكَّرَ): آگے بڑھنا۔
(الْإِبْكَارُ): صبح سویرے طلوع آفتاب سے پہلے کا وقت قرآن مجید میں ہے: ﴿وَسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ﴾۔
(اَلْبَاكِرُ): صبح سویرے کا وقت (۲) سویرے اُٹھنے والا۔
(الباكُورُ- الباكورَةُ): پہلا پھل (۲) ہر چیز کا ابتدائی حصہ۔
(الْبَكَارَة): کنوارا پن۔
(اَلْبَكْرُ): جوان اونٹ (ج) اَبْكُر و بِكَارٌ مونث بَكْرَةٌ۔
(البكرةُ): جماعت کہاوت ہے: (جاؤوا عَلٰي بَكْرَةِ اَبِيهِمْ) وہ سب اکٹھے آئے۔
(اَلْبِكْرُ): ہر چیز کی ابتدا (۲) پہلا بچہ (۳) کنواری عورت (۴) کنوارا مرد (۵) ایسا کام جو پہلے نہ ہوا ہو۔
-نارٌ بكرٌ: جسے دوسری آگ سے نہ لیا گیا ہو۔
-طعنةٌ بكرٌ: جس کی کوئی نظیر نہ ہو۔
-خَلٌّ بكرٌ: عمدہ سرکہ جس میں آمیزش نہ ہو۔
(اَلْبَكَرَةُ - اَلْبَكْرَةُ): چرخی جس سے وزنی چیز کھینچی جائے (۲) رول نما لکڑی جس پر دھاگا وغیرہ لپیٹا جائے۔
(اَلْبُكْرَةُ): صبح سویرا۔
(المِبكار): سویرے اُٹھنے کا عادی۔
(بَكَسَ) خصمه ـُ بَكْسًا: غالب آنا۔
(بَكَشَ) العقدة ـُ بَكْشًا: گرہ کھولنا (بكش عقال بعيره) اونٹ کی لگام کھولنا۔
(اَلْبَكَّاشُ): چال باز، باتیں بنانے والا یہ بشّاك سے مقلوب ہے (دیکھئے بشك)۔
(بَكَعَه) ـَ بَكْعًا: مسلسل زور زور سے مارنا (۲) ناپسندیدہ طریقہ سے ملنا۔
(بَكَّ) الشئ ـُ بَكًّا و بَكَّة: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

-عنقه: گردن توڑنا۔
-الرجلَ: غرور توڑنا، مغلوب کرنا (۲) دھکا دینا۔
-الدابّةَ: جانور پر بوجھ لاد کر خوب چلانا۔
(تَبَاكَّ) الْجَمْعُ: ایک دوسرے کو دھکا دینا۔
(اَلْبَاكُّ): بیوقوف جو غلط درست کی تمیز نہ کر سکے۔
(بَكَّةَ): مکہ۔
(بَكَلَ) الشئَ ـُ بَكْلًا: آمیزش کرنا۔
الحديثَ: بات کو غلط طریقہ سے بیان کرنا۔
(بَكَّلَ): مبالغة بكل
علينا حديثَه: بات کو مشتبہ اور مشکوک کرنا۔
(تَبَكَّلَ) في الكلام: بات کو جھوٹ کے ساتھ ملانا۔
-في مَشيه: اکڑ کر چلنا۔
(اَلْبَكَالَةُ): وہ کھانا جو ستو آٹے پانی اور گھی کو ملا کر بنایا جائے۔
(اَلْبَكْلُ): مال غنیمت۔
(اَلْبُكْلَةُ): ہیئت، شکل وصورت۔
(البَكِيلَةُ): البكالةُ (۲) غنیمت۔
(بَكِمَ) الرجُلُ ـَ بَكَمًا: پیدائشی گونگا ہونا کبھی کبھی غیر فصیح کو بھی کہتے ہیں هو اَبْكَمُ هي بكماء (ج) بُكْمٌ۔
(بَكُمَ) ـُ بَكَامَةً: جہالت کی وجہ سے یا جان بوجھ کر کلام نہ کرنا۔ هو بكيمٌ (ج) بُكْمَان۔
(تَبَكَّمَ) عليه الكلامُ: بات کرنے سے عاجز ہونا۔
(بَكَى) ـِ بُكًى و بُكَاءً: غم کی وجہ سے آنسو نکلنا، رونا (بَكَى المَيّتَ و عليه ولَه)
-المَيّتَ: مردہ پر رونا (زیادہ رونے والے کو بَكِيٌّ اور بَكَّاءٌ کہا ہے)
(اَبْكَاه): رلانا۔
(بَكَّاه): رلانا۔
-الميّت: مردہ کو رونا۔
(بتاكى): بتکلف رونا۔
(اِسْتَبْكَاءَ): رلانا۔
(التَّبْكَاءُ): بہت زیادہ رونا۔

ب......ل

(بَلْ): بمعنی بلکہ یہ حرف کبھی مفرد اور کبھی جملہ پر داخل ہوتا ہے۔
(ا) جب یہ مفرد پر داخل ہوگا اور اس کے ماقبل نہی یا نفی ہوگی تو یہ لکن کے معنی میں ہوگا ماقبل کو ثابت اور مابعد کی نفی کرے گا جیسے "ما عليٌّ شاعِرٌ بل خطيبٌ" اور "ولا تقل شعرًا بل نثرًا" اور جب اس کے ماقبل اثبات یا امر ہو تو یہ ماقبل کو مسکوت عنه کی طرح کر دے گا اور اس کے حکم کو مابعد کے لئے ثابت کرے گا جیسے "قال عليٌّ شِعْرًا بَلْ نثرًا" اور "قُلْ نَثْرًا بَلْ شِعْرًا" بعض نحوی اس کے اثبات کے بعد مفرد پر داخل کرنے کو ناپسند سمجھتے ہیں۔
(ب) جب یہ جملہ پر داخل ہوگا تو اس صورت میں اپنے ماقبل معنی کا ابطال اور اس کا رد کرے گا جیسے قرآن مجید میں ﴿وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحَانَهُ بَلْ عِبَادٌ مُكْرَمُوْنَ﴾ اور ﴿اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ بَلْ جَاءَهُمْ بِالْحَقِّ﴾ نحاۃ کہتے ہیں کہ بل یہاں اضراب ابطالی کے لئے ہے اور کبھی بل ایک ہی سے دوسرے کی طرف انتقال کے لئے استعمال ہوتا ہے اور اس کا استعمال زیادہ ہے جیسے (قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا) اور (بَلْ قَالُوْا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ بَلِ افْتَرَاهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ) نحوی اس استعمال کو اضراب انتقالی کہتے ہیں اور کبھی بَلْ سے پہلے لا آتا ہے اس صورت میں یہ کلام سابق کی طرف متوجہ ہوگا اور مابعد میں اس کی کوئی تاثیر نہ ہوگی پس اگر اس کے ماقبل مثبت ہوگا تو اس کو منفی کر دے گا جیسے

وجهك البدرُ لابل الشمس لو لَم
يقضَ للشمس كَسْفَةٌ و اُفولُ

اور جب نفی ہو تو اس کی تاکید کرے گا جیسے

وما هجرتك لابل زادني شغفا
هجر و بُعْدٌ تراضى لا الى اَجَلِ

اور اس طرح اس سے پہلے کلا بھی آتا ہے اور اس کی روح ماقبل کی طرف متوجہ ہوتی ہے جیسے، (قُلْ اَرُوْنِيَ الَّذِيْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ شُرَكَاءَ كَلَّا

Marfat.com

بَلْ هُوَ اللّٰهُ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ)۔
محدثین کی لغت میں بل کے بعد واؤ کی زیادتی کثیر ہے وہ کہتے ہیں: فلانٌ یخطئ بل و یصر علی الخطاء وھو یرضٰی بل ویبالغ فی الرضا۔ یہ ایک نیا اسلوب ہے۔
(البلاتین): پلاٹینم۔
(البلازما): پلازما' خون کا بہنے والا حصہ۔
(بَلْبَلَ)المتاعَ بَلْبَلَةً و بَلْبَالاً: سامان کو منتشر کرنا' بکھیرنا۔
—القومَ: لوگوں کو اختلاف رائے اور پریشانی میں مبتلا کرنا۔
—فلاناً: بے چین و پریشان کرنا۔
—اللہ اَلسِنةَ الخلقِ: پھوٹ پڑنا۔
(تبَلْبَلَ): لازم بلبل۔
اللغات: زبانوں کا مختلف ہونا۔
(اَلْبَلْبَالُ' البلبالةُ): غم اور بے چینی کی شدت (ج) بلابل' بلابیل۔
(اَلْبُلْبُلُ): بلبل (فصیلہ جوائم سے ہے)۔
—من الابریق: لوٹے کی ٹونٹی (ج) بَلَابِلُ۔
(اَلْبُلْبُوْلُ): مرغابی سے چھوٹا پرندہ جو مصر میں پایا جاتا ہے۔
(بَلَتَ)ـُ بَلْتًا: کٹنا۔
—الرجُلُ: بات سے رک جانا۔
(بَلِتَ)ـَ بَلَتًا: بمعنی بَلَتَ۔
(بَلُتَ)ـُ بَلَاتَةً: فصیح ہونا۔ ھو بلیتٌ ھی بلیتةٌ۔
(اَبْلَتَ)الرَّجُلَ: دلیل سے چپ کرا دینا۔
—فلاناً یمیناً: قسم دلانا۔
(تَبَلْتَعَ): ماہر ہونا (۲) بغیر خوبی کے مشہور ہونا۔
"اِذَا مشٰی اَوْ قَالَ قَوْلاً تبلتعا"
(بَلَجَ)الصبحُ ـُ بُلُوْجاً: صبح روشن ہونا۔
—الحقُّ: حق ظاہر ہونا۔
—البابَ ـِ بَلْجًا: دروازہ کھولنا۔
(بَلِجَ)وَجْهُه ـَ بَلَجًا: خوشی سے چہرہ چمکنا۔
—صدرُہ: انشراح صدر ہونا۔
—بہ: خوش ہونا۔

—الانسانُ: دونوں ابروؤں کا درمیانی فاصلہ زیادہ ہونا ھو اَبْلَجُ ھی بَلْجَاءُ (ج) بُلْجٌ ہر واضح چیز کو بھی اَبْلَجُ کہتے ہیں جیسے (الحقُّ ابلج و الباطل لجلجٌ)۔
(اَبْلَجَ): واضح و روشن ہونا جیسے (ابلج الصبحُ' ابلج الحق' ابلجت الشمس)۔
—الامرَ: واضح کرنا۔
—فلاناً: خوش کرنا۔
(اِبْتَلَجَ' انبلج' تَبَلَّجَ): بَلَجَ۔
(اَلْبُلْجَةُ): پو پھوٹنے کے وقت کی روشنی (۲) دو بھنوؤں کے درمیان کی کشادگی (۳) کان اور رخسار کے درمیان کی کشادگی۔
(بَلَحَ)ـَ بَلْحًا و بُلُوْحًا: تھک جانا' عاجز آ جانا۔
—البئرُ: پانی خشک ہو جانا۔
—بشھادته: گواہی چھپانا۔
(اَبْلَحَت) النخلةُ: کھجور کے درخت پر کچی کھجوریں نکل آنا۔
—الامرُ فلاناً: عاجز کر دینا۔
(بَالَحَ)القومَ: ناحق جھگڑا کرنا اور غالب آ جانا
(بَلَّحَ): تھک جانا' منقطع ہو جانا۔
(تبالَحا): باہم سختی سے انکار کرنا۔
(اَلْبَلَحُ): کھجور (جب تک ہری رہے) واحد: بَلَحَةٌ۔
(بَلِخَ)ـَ بَلَخًا: متکبر ہونا گناہوں پر جرأت کرنا ھو ابلخ و ھی بلخاءُ (ج) بُلْخٌ۔
(تَبَلَّخَ): تکبر کرنا۔
(تَبَلْخَصَ): موٹا ہونا' گوشت کا زیادہ ہونا۔
(بَلَدَ)بالمکان ـُ بُلُوْدًا: شہر بنانا ھو بالِدٌ۔
(بَلَدَ)ـُ بَلَدًا: ذکاوت کا کمزور پڑنا۔
(بَلُدَ)ـُ بلَادَةً: بَلِیْدٌ (۲) کمزور رائے والا ہونا (۳) ناتواں ہونا۔
(بَلَّدَ): کوتاہی کرنا (۲) کمزوری کی وجہ سے زمین پر گرنا۔
—الفرسُ: پیچھے رہ جانا۔
—السحابُ: بادل کا نہ برسنا۔
—فلانٌ: حرکت نہ کرنا۔

(تبَلَّدَ): بے وقوف بننا (۲) کند ذہن ہونا۔
(اَلْبَلَدُ' البلدةُ): خطہ زمین' شہر' ملک (۲) کشادہ زمین جیسے قرآن مجید میں ہے (وَالْبَلَدُ الطَّیِّبُ یَخْرُجُ نَبَاتُه بِاِذْنِ رَبِّه)۔
(اَلْبَلَدِیُّ): شہری' ملکی' وطنی۔
(اَلْبَلَدِیَّةُ): میونسپلٹی' کارپوریشن' بلدیہ۔
(اَلْبَلِیْدُ): بے وقوف۔
(بَلْدَحَ): تھکانا (۲) بیوقوف بنانا (۳) وعدہ خلافی کرنا (۴) خود کو زمین پر گرانا۔
(اَلْبَلْدَحُ)من النساءِ: موٹی عورت۔
(بَلْدَمَ): ڈر کی وجہ سے خاموش ہونا۔
(اَلْبُلْدُمُ): حلق (۲) کند تلوار۔
(بَلْوَرَہ): بلور کے مانند کرنا (ج)۔
—المسالَة او الفکرة: واضح کرنا' روشن کرنا' پیچیدگیاں دور کرنا (محدثہ)۔
(تبَلْوَرَ): لازم بَلْوَرَ (ج)۔
(اَلْبِلَّوْرُ): سفید روشن پتھر' بلور (۲) کانچ کی ایک قسم۔
(اَلْاِبْلِیْز): (دیکھیے: ہمزہ کا باب)۔
(اَبْلَسَ): حیرت یا دلیل کے نہ ہونے کی وجہ سے خاموش ہو جانا جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿وَیَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ یُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ﴾۔
(ابلیس): دیکھیے ہمزہ کا باب۔
(اَلْبَلَاسُ): بالوں کا موٹا کپڑا (ج) بُلُسٌ۔
(اَلْبَلَسُ): انجیر کی ایک قسم۔
(اَلْبُلْسُ): چنا۔
(اَلْبَلَسَانُ): فصیلہ نجوریہ کا ایک درخت جو قاہرہ میں لگتا ہے اس کے سفید چھوٹے پھول ہوتے ہیں اس کی بعض انواع سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔
(بَلْسَمَ): سر جھکانا (۲) تیوری چڑھانا۔
(تبَلْسَمَ): تیوری چڑھانا۔
(اَلْبَلْسَمُ): قرنیات فراشیہ کی جنس کا ایک درخت' گل مہندی' بلسان (ایک دوا) مرہم یہ گرم ممالک میں پایا جاتا ہے۔
(اَلْبُلْسُنُ): دال' چنا۔
(اَلْبَلْشَفِیَّةُ): بالشوزم' ایک انتہا پسند دھری طبقہ

Marfat.com

(نَ)۔
(بَلَصَه)من المال مال کو ختم کرنا۔
(بَالَصَه) کسی پر چھلانگ لگانا۔
(بَلَعَه) مال ختم کرنا۔
(تبَلَّصَ)الشیَٔ وَلَه پوشیدگی کے ساتھ تلاش کرنا۔
(البَلَاصِیّ) دو دستوں والی صراحی یا مرتبان جو پانی کی منتقلی کے لئے استعمال ہوتا ہے یہ بَلَاص کی طرف منسوب ہے جو کہ مصر کا ایک شہر ہے اسے "بَلَاص" بھی پڑھتے ہیں۔
(بَلَطَ)الدارَ ۔ بَلطًا ٹائلوں سے فرش لگانا۔
–الارضَ او الحائط دیوار یا زمین کو برابر کرنا۔
(اَبلَطَ) الرجُلُ زمین سے لگ جانا (۲) غریب ہو جانا۔
–الدارَ ٹائلیں لگانا۔
–المطرُ الارضَ بارش کی زمین کی مٹی اور گرد وغبار ختم کر دینا۔
–اللّصُّ فلانًا چور کا کسی کی کوئی چیز نہ چھوڑنا۔
(بَالَطَ)فی اَمرِه پوری کوشش کرنا۔
–فلانًا چھوڑنا اور بھاگ جانا (۲) کسی سے زمین پر مقابلہ کرنا اور لڑنا۔
(بَلَّطَ) چلتے ہوئے تھک جانا۔
–الدارَ والارضَ والحائطَ پتھر یا ٹائل لگانا۔
–اُذُنَه کان پر زور سے مارنا۔
(تبَالَطُوْا) بالسیوف کھڑے ہوئے تلواروں سے لڑنا۔
(البلاط) وہ پتھر جس کے ذریعہ زمین کا فرش بنایا جائے اور دیوار کو برابر کیا جائے۔
من الارض زمین کی سخت سطح (۲) شاہی محل اور مصاحبین (مع)۔
(البَلَّط) خراد کی مشین۔
(البَلطَة) کلہاڑا (د)۔
(البَلطِیّ) فصیلہ بلطیہ کی ایک مچھلی جو دریائے نیل مصر کے بعض دریاؤں اور شام کے میٹھے پانی میں پائی جاتی ہے۔
(البَلُّوط) ایک درخت جس کی لکڑی سخت ہوتی ہے۔ شاہ بلوط (یہ فصیلہ بلوطیہ سے ہے)۔
(بَلَطَعَ) زمین پر چت لیٹنا۔
(بَلَعَ) الماءَ والرِّیقَ ۔ بَلْعًا پانی گھونٹ گھونٹ پینا تھوک نگلنا هو بَالِعٌ و بَلُوْعٌ۔
(بَلِعَ)۔ بَلَعًا بَلَعَ۔
(اَبْلَعَه)الشیَٔ نگلوانا۔
اَبْلِعْنِی رِیقِی مجھے تھوڑی مہلت دیجئے۔
(بَلَّعَ) الشیبُ فی راسِه بال سفید ہونا بڑھاپا ظاہر ہونا۔
(البَالُوعَة – البَلُّوعة) نالی (ج) بوالیع و بلالیع۔
(البُلَعُ)من الناس زیادہ کھانے والا۔
–سَعدُ بُلَعَ چاند کی ایک منزل۔
(البُلْعَة) گھونٹ۔
(البَلَّاعَة) نالی۔
(البَلُوْعُ) نگلی جانے والی دوا۔
–اناءٌ بَلُوْعٌ بڑا برتن۔
(البُلْعُم والبُلْعُوْم) حلق (۲) نالی (ج) بلاعم و بلاعیم۔
(بَلَغَ)الثمرُ ۔ بلوغًا و بَلاغًا پھل پکنے کا وقت قریب ہونا۔
–الغلامُ بالغ ہونا۔
–الامرُ انتہا کو پہنچنا (حکمةٌ بالغةٌ)۔
–الشیُٔ بلوغًا پہنچنا۔
(بَلُغَ)۔ بَلاغَةً فصیح ہونا شیشہ بیان ہونا بلیغ ہونا هو بلیغٌ (ج) بلغاء (بَلُغَ الکلامُ) کہا جاتا ہے۔
(اَبْلَغَه)الشیَٔ و اِلَیه پہنچانا۔
(بَالَغَ)فیه مبالغةً و بِلاغًا پوری کوشش کرنا (۲) آخری حد کو پہنچنا۔
(بَلَّغَ) الشیبُ فی راسه سفید بال نکلنا بڑھاپا ظاہر ہونا۔
–الفارسُ گھڑ سوار کا گھوڑے کو دوڑانے سے لگام ڈھیلی چھوڑنا۔
–الشیَٔ پہنچانا۔
–فلانًا السهمَ [illegible] پہنچانا۔
(تَبَالَغَ)فیه المرض والهمّ غم یا بیماری کا انتہاء کو پہنچنا۔
–فی کلامِه تکلف بلیغ بننا۔
(تَبَلَّغَ)بکذا اکتفا کرنا۔
–الشیَٔ پہنچنے میں کوشش کرکے پالینا۔
(البَلَاغ) پہنچانا جیسے (هٰذا بَلاغٌ لِلنّاسِ) (۲) جس کے ذریعہ انتہا کو پہنچا جائے (۳) کافی ہونا جیسے (هٰذا الامر بلاغٌ) (۴) وہ بیان جو رسالہ وغیرہ میں چھپوایا جائے (نَ)۔
(البلاغة) حسن بیان اور تاثیر کی قوت (۲) علماء بلاغت کے نزدیک کلام کا مقتضی الحال کے مطابق ہونا۔
(البُلْغَةُ) جو حاجت پورا کرنے کے لئے کافی ہو اور زائد نہ بچے (۳) جوتے کی ایک قسم۔
(التبلغة) ڈول باندھنے کی رسی (ج) تبالغ
(البُلوغ) عمر کی پختگی کمال۔
(المبلغ) انتہاء (بلغ مبلغ الرجال بلغ مبلغ فلان) (۲) مال کی مقدار (مو)۔
(البَلْغَمُ) چار اخلاط جسم میں سے ایک بلغم (۲) ریزش (مج)۔
(بَلَقَ)السیلُ الاحجارَ ۔ بَلْقًا و بُلُوْقًا سیلاب کا پتھروں کو گرا دینا۔
–البابَ پورا دروازہ کھول دینا۔
(بَلِقَ)الفرسُ و نحوُه ۔ بَلَقًا و بُلْقَةً گھوڑے کا چتکبرا ہونا هوا بلقُ هی بلقاءُ (ج) بُلْقٌ۔
–الرجلُ حیران و ششدر رہ جانا هو بَلِقٌ۔
(بَلُقَ)الفرسُ و نحوُه ۔ بَلَقًا و بُلْقَةً بَلِقَ
(اَبلَقَ)الفحلُ اونٹ کے بچوں کا چتکبرا ہونا
–البابَ دروازہ پورا کھول دینا۔
(بَلَّقَ)طهرَه بالسَّوط کوڑے مار مار کر کے ٹکڑے کر دینا۔
(انبَلَقَ)البابُ دروازہ کھلنا۔
(ابْلَوْلَقَ)لونُه بَلِقَ۔
(البَلَقُ) گھوڑے کا رنگ چتکبرا۔
(بَلْقَعَ)البلدُ ویران ہونا۔
(البلقع) [illegible] مکانٌ بلقعٌ و طریقٌ

بلقعٌ) (ج) بلاقعُ حدیث شریف میں ہے
(الیمین الکاذبة تدعُ الدیار بلاقع)۔
(بَلَّ) من مَرَضِه ۔ بَلًّا و بَلَلاً و بُلُولاً
صحت یاب ہونا۔
—الریحُ بُلُولاً: تر ہوا کا چلنا۔
—الشیئَ بالماء و نحوہ ۔ بَلًّا و بِلَّةً وَبَلَلاً
و بَلالاً: پانی وغیرہ سے تر کرنا۔
—فلاناً: دینا' عطا کرنا۔
—رحمه: صلہ رحمی کرنا۔
(بَلَّ) الرجُلُ ۔ بَلَلاً و بَلالَةً: چالاک و
ہوشیار ہونا هو اَبَلّ۔
—بالامر: کامیاب ہونا۔
(اَبَلَّ) العُودُ: لکڑی میں سے پانی نکلنا۔
—المریضُ: صحت یاب ہونا۔
—علیه: غالب آنا۔
—فلاناً: گھٹیا درجہ کی دشمنی کرنا (۲) اچانک
سامنے آنا۔
(بَلَّله) بالماءِ و نحوہ: پانی وغیرہ سے تر کرنا
(اِبتَلَّ): تر ہونا۔
—فلانٌ: صحت یاب و تندرست ہونا (۲)
حالت کا اچھا ہونا۔
(تَبَلَّلَ): تر ہونا۔
(البَالَّةُ): تری (۲) بھلائی۔
(البالُولُ): پانی۔
(البِلالُ): پانی (۲) جس چیز سے حلق تر کیا
جائے۔
(البُلالَةُ): تری۔
(البَلَّةُ): تری (۲) جوانی کا جوبن ۔ (۳) فقر
کے بعد مالداری۔
—ریحٌ بَلَّةٌ: تری والی ہوا۔
—طواهُ علی بُلَّتِهِ: عیب کے باوجود پسند کرنا۔
(البُلَّةُ): خیر (۲) عافیت (۳) زبان کی
سلاست وروانی۔
(البلیلةُ): گندم یا مکئی جسے پانی میں ابال کر کھایا
جائے (محدثہ)۔
(بَلِمَ) ۔ بَلَمَةً: ہونٹ کا سوجنا۔
—الناقةُ: اونٹنی کا جفتی کی خواہش کرنا۔

(اَبْلَمَ) الرجلُ: خاموش ہونا۔
شفةٌ: ہونٹ سوجنا۔
الناقةُ: جفتی کی خواہش کرنا۔
(بَلَّمَ) بمعنی اَبلَمَ۔
(الاَبْلَمُ): موٹے ہونٹوں والا (۲) کھجور کا پتہ
(البِلامُ): گھوڑے کے منہ میں دیا جانے والا
لوہا۔
(البُلَمُ): بیوقوف (دیکھئے: انشوجةٌ)۔
(البلاّنُ): غسل خانہ (ج) بلاّنات (۲) حمام
میں کام کرنے والا (د)۔
(البلاّنَةُ): حمام میں کام کرنے والی۔
(البَلَنْطُ): سنگ مرمر جیسا پتھر' عمرو بن کلثوم کا
شعر ہے

وساریَتی بلنطٍ او رُخامٍ
یرنُّ خشاشُ حلیهما رنینا

(بَلِهَ) ۔ بَلَهًا و بَلاهَةً: عقل کمزور ہونا'
غفلت غالب ہونا۔ هو اَبلَهُ هي بَلْهاءُ۔
(ج) بُلْهٌ۔
(تَبالَهَ): بے وقوف بننا۔
(تَبَلَّهَ): بِلَهَ (۲) راستہ بھول جانا' بھٹک جانا۔
(الاَبلَهُ): عَیشٌ اَبلَهُ: خوشگوار زندگی۔
—شباب اَبلَه: مست جوانی۔
(بَلْهَ): کبھی اسم فعل بمعنی دَعْ کے ہوتا ہے اس
صورت میں اس کا مابعد منصوب ہوگا' کبھی مصدر
ہوتا ہے اس صورت میں اس کا مابعد مجرور ہوگا'
کبھی کیف کے معنی میں ہوتا ہے اس صورت
میں اس کا مابعد مرفوع ہوگا۔
(البُلْهِیَةُ): خوشگوار زندگی۔
(البلھارسیا) بلہارس کی طرف منسوب ایک
جرثومہ جو مثانہ وغیرہ میں پیدا ہوتا ہے یہ ایک
قسم کی بیماری ہے (مج)۔
(بَلٰی): حرف جواب' اس کے ذریعہ خاص طور
پر نفی کا جواب دیا جاتا ہے اور اس کو باطل کر دیتا
ہے چاہے وہ نفی استفہام کے ساتھ ہو یا بغیر
استفہام کے جیسے (زَعَمَ الَّذِینَ کَفَرُوْا اَنْ لَّنْ
یُّبْعَثُوْا قُلْ بَلٰی وَ رَبِّیْ لَتُبْعَثُنَّ) اور (اَلَمْ
یَاْتِکُمْ نَذِیْرٌ قَالُوْا بَلٰی قَدْ جَاءَ نَا نَذِیْرٌ) اور

(اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ قَالُوْا بَلٰی)
(بَلاهُ) ۔ بَلْوًا و بَلاءً: آزمانا قرآن مجید میں
ہے ﴿وَنَبْلُوْکُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَیْرِ فِتْنَةً﴾
—السفر فلاناً وغیرہ: سفر کا تھکا کر چکنا چور
کر دینا۔
(بَلِیَ) الثوبُ ۔ بِلًی وَبَلاءً: کپڑے کا
بوسیدہ ہونا۔
—الدار و نحوها: فنا ہو جانا۔
(اَبْلَی) فی الامرِ: پوری کوشش کرنا۔
—فلاناً: آزمانا۔
—ابلاهُ عذراً: اتنی معذرت کرنا کہ وہ راضی ہو
جائے۔
—الثوبَ: کپڑے کو پرانا کرنا۔
(بالَی) فلاناً و به: توجہ دینا۔
(بَلَّی) الثوبَ و نحوہ: کپڑے کو پرانا کرنا۔
—السفرُ فلاناً وغیرہ: سفر کا تھکا کر چکنا چور
کر دینا۔
(ابتَلاهُ): آزمانا' امتحان لینا۔
(البَلاءُ): آزمائش (۲) غم وجنون (۳) سخت
کوشش۔
(البَلْوٰی): البلاء۔
(البَلِیُّ): بہت زیادہ بوسیدہ۔
(البلیّةُ): البلاءُ۔
—فی الجاهلیة: وہ اونٹنی جس کا مالک فوت ہو
جائے تو اس کو مالک کی قبر پر باندھ دیا جائے
یہاں تک کہ وہ بھی مر جائے (ج) بَلایا۔

ب .... م

(البَمُّ): سارنگی کے تاروں میں سے ایک موٹا
تار اس کے مقابلہ میں ''مثیران'' ہے (مو)۔

ب .... ن

(بَنَّجه) سن کرنا' بے ہوش کرنا (یہ البنج سے
ماخوذ ہے)۔
(البنج) بھنگ' نشہ آور پودا (فصیلہ باذنجانیہ
سے ہے)۔
(البندُ): بڑا جھنڈا' علم (فارسی مع) (۲)
قانون دانوں کے ہاں اس کا اطلاق قانون کی

Marfat.com

ایک دفعہ پر ہوتا ہے۔

(اَلْبُنْدَارُ) ذخیرہ اندوزی کرنے والا تاجر (ج) بنادرۃ (د)۔

(اَلْبَنْدَرُ) بندرگاہ (فارسی) (۲) ایسا بڑا شہر جو قریبی بستیوں کا مرکز ہو (مو)۔

(بَنْدَقَ) الشیئ: بندوق بنانا۔

—الیہ گھور کر دیکھنا۔

(اَلْبُنْدُقُ) بیر جتنا ایک پھل (فصیلہ بتولیہ سے ہے) (۲) کارتوس۔

(البندقی) الذہب البندقی: سونے کی ایک قسم جو بندقیہ کی طرف منسوب ہے۔

(البندوقیۃ) بندوق رائفل (۲) سیسہ کوٹنے کا لوہا۔

(اَلْبَنْدُوْلُ) گھڑی کا پنڈولم (مع)۔

(بَنْزَهِيْرٌ) مصر میں اس کا اطلاق کھٹے لیموں پر ہوتا ہے اور یہ فارسی کلمہ ہے۔

(البِنْزِيْنُ) پٹرول (مع)۔

(البنسلین) پنسلین (مع)۔

(البِنْصَرُ) کن انگلی (مونث) (ج) بناصر۔

(البَنطُ) طباعت کے حروف کی موٹائی جاننے کا ایک یونٹ جیسے کہا جاتا ہے (حرف ذواثنی عشر بنطاً) (۲) مصر کے کاروباری طبقہ کی اصطلاح میں ریال کا سواں حصہ (ج) بنوط (د)۔

(البنفسج) بنفشہ (فصیلہ بنفسجیہ سے ہے)۔

(بَنَقَ) عملَه ـُ بَنْقًا مسلسل کرتے رہنا۔

—الغرس ایک قطار میں پودے لگانا۔

—الشیئ باٰخر ایک چیز کو دوسرے کی ساتھ ملانا۔

(بَنَّقَ) الشیئ: مزین کرنا' محنت کر کے تیار کرنا جیسے (بَنَّقَ الکلام و الکتابۃ و الکذبَ)۔

—القمیص گریبان لگانا۔

(البنیقۃ) درختوں وغیرہ کی مسلسل قطار (۲) گریبان۔

(بَنَّكَ) الخدمَ امر کے بھید ظاہر کرنا۔

(تَبَنَّكَ) رہائش پذیر ہونا۔

—فی عزّہٖ عزت قائم رہنا۔

(اَلْبَنْكُ) بنک (مع)۔

(بنکنوت) نوٹ' یہ چینیوں نے سب سے پہلے استعمال کیے (د)۔

(البنکام) پانی یا ریت کی گھڑی (مع)۔

(بَنَّ) بالمكان ـِ بَنًّا قیام پذیر ہونا۔

—السحابةُ چندروز بارش برسانا۔

(بَنَّنَ) الماشیۃ چوپائے کو موٹا رکھنے کے لئے باندھ دینا۔

(البنانُ) انگلیوں کے پورے (اس کا واحد بنانۃ ہے) (۲) پھولوں والا باغیچہ۔

(اَلْبَنُّ) چربی کی تہہ موٹے جانور کے بارے میں کہا جاتا ہے (تراکب جسمها بنًّا علی بنٍّ)۔

(اَلْبُنُّ) کافی۔

(اَلْبُنِّيُّ) سفید مچھلی جو دریائے نیل میں پائی جاتی ہے اس کی پشت زرد ہوتی ہے عوام الناس اسے باء کے کسرہ کے ساتھ پڑھتے ہیں (۲) براؤن رنگ۔

(بَنَى) الشیئَ ـِ بَنْيًا وبناءً و بُنْيَانًا دیواریں بنانا عمارت بنانا' تعمیر کرنا۔ جیسے (بنی السفینۃ و بنی الخباءَ) یہ حسی اور معنوی دونوں بناوٹوں کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسے بَنَى مجده' بنی الرجال شاعر کا قول ؎

يَبْنِي الرجالَ وغيرُہ يبني القُرَى
شتَّانَ بين قُرًى و بينَ رجالِ

—بنی الطعامُ جسْمَهٗ کھانے نے اس کو فربہ کر دیا۔

—علی کلامہ اس کے کلام کو نمونہ بنایا۔

—بزوجتہ و علیها اپنی بیوی سے جماع کرنا۔

—الکلمۃ مبنی کر دیا یعنی ایک حالت پر باقی رکھا۔

(اَبْنَى) فلاناً مکان تعمیر کروانا۔

—بزوجتہ دخول کرانا' صحبت کرانا' شرعی ملاقات کرنا۔

(اِبْتَنَى) بنی۔

—الرجل بیٹوں والا ہونا۔

(انبنی) لازم بنی۔

—علیه کذا: ترتیب دینا۔

(تبنّی) الجسمُ جسم کا بڑھ جانا' گٹھ جانا۔

—فلاناً بیٹا بنانا۔

(استبنتِ) الدار: مکان کا گر جانا اور تجدید کو طلب کرنا۔

(الابنُ) بیٹا (۲) پوتا (نیچے تک)۔

—ابن الحرب: بہادر۔

—ابن اللیل' ابن الطریق: چور۔

—ابن السبیل: زیادہ سفر کرنے والا (ج) اَبْناءٌ و بنونٌ اس کی طرف نسبت اِبْنِيٌّ و بَنَوِيٌّ ہے اور اس کی تصغیر بُنَيٌّ اور اُبَيْنٌ ہے۔

—ابن آوی گیدڑ۔

—ابن عرس نیولا۔

—ابن مخاض اونٹ کا بچہ۔

—ابن لبون اونٹ کا بچہ۔

(ج) بنات آوی و بنات عِرس' و بنات لبون و بنات مخاض۔

(الاَبْناءُ) جمع ابن (۲) اہل فارس کی وہ اولاد جو یمن میں مقیم ہوئے اور عرب میں شادیاں کیں۔

(اِبْنَم) ابنٌ میں ایک لغت' اس کے نون کی حرکت میم کی حرکت کے ساتھ ہوتی ہے۔

(البانیۃ) پسلی (۲) سینہ کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ کا حلقہ۔

—من البناء بنیاد اور اساس۔

من الدواب: چوپائے کا ایک پاؤں (ج) بوان۔

—القی فلانٌ بوانیه: کسی جگہ ٹھہرنا' رہائش پذیر ہونا۔

—القی البلد بوانیه: شہر کی نعمتوں اور آسائشوں سے نفع اٹھانا۔

(البناءُ) عمارت (ج) اَبْنِيَۃٌ۔ (جج) اَبْنِيَاتٌ (۲) نحویوں کے ہاں عوامل کے اختلاف کے باوجود کلمہ کا ایک حالت پر باقی رہنا۔

(البِنَايَۃُ) عمارت سازی کا پیشہ (۲) عمارت

(البِنْتُ) بیٹی (ج) بنات اس کی طرف نسبت

Marfat.com

بنیٰ اور اِبنی ہے اور اس کی تصغیر بنیّۃ آتی ہے۔
—بنات الصدر: غم۔
—بنات الدھر: زمانے کی سختیاں۔
—بنات نعشٍ فی الفلک: ستاروں کے دو مجموعے ایک بڑا اور دوسرا چھوٹا ہوتا ہے۔
—بنات الارض: وہ جگہ جو چرواہے پر پوشیدہ ہو جائے۔
—بنات اللیل: فاحشہ عورتیں (محدثہ)۔
(البنّاءُ): تعمیر ساز، عمارت سازی کا پیشہ ور۔
(البنّاؤن الاحراء): ایک خفیہ جماعت جس کا ایک اندرونی نظام ہے جس کے تحت وہ ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں اگرچہ ان کی اجناس، ملک اور دین مختلف ہی کیوں نہ ہوں ان کی ابتداء چودھویں صدی سے ہوئی تھی یہ ماسون ہیں اور ان کا مذہب ماسونیت ہے۔
(البنوّۃ): الابن کا مصدر۔
(البُنیانُ) عمارت، تعمیر۔
(البِنیۃُ): تعمیر، عمارت (ج) بِنیً۔
(البُنیۃُ): عمارت، تعمیر (ج) بِنیً (۲) عمارت کی ساخت۔
—بنیۃ الکلمۃ: صیغہ۔
—صحیح البنیۃ: عمدہ بناوٹ والا۔
(البَنِیّۃُ): عمارت (۲) بیت اللہ۔
(البُنَیّۃُ): بُنَیّۃُ الطّرِیقِ: چھوٹا راستہ۔
(المَبنَاۃُ): عمارت (۲) عیب (۳) وہ چادر یا چٹائی جس سے تاجر اپنا سامان لپیٹے۔
(المَبنٰی): عمارت (ج) المبانی۔
(حروف المبانی): حروف ہجائیہ جن سے کلمہ بنایا جائے اور ان میں سے کسی حرف کا معنی مستقل نہ ہو۔

ب .... ہ

(بَھَأ) بہ - بَھْئًا و بُھُوْءًا: مانوس ہونا، قرب اچھا لگنا۔
(بَھِیَ) بہ - بَھْئًا و بَھَاءً: مانوس ہونا، خوش ہونا۔
(البھائیّۃُ): مرزا حسین (جس کا لقب بہاء اللہ ہے) کی طرف منسوب ایک فرقہ جس کے اخلاق اور عادات میں سچی رنگ پایا جاتا ہے (مج)۔
(بَھَتَہ) الشیءُ - بَھْتًا: حیران وششدر کر دینا
فلانًا: بَھْتًا و بَھَتَۃً و بُھْتَانًا: بہتان لگانا حدیث غیبت میں ہے (وان لم یکن فیہ ماتقول فقد بَھَتَّہ) ھُوَ بَھُوْتٌ (ج) بُھُتٌ ھو بَھَّاتٌ ایضاً۔
(بَھِتَ) الرجلُ - بَھَتًا: دلیل سے مغلوب ہو کر رنگ پھیکا پڑ جانا۔
اللون: رنگ پھیکا ہو جانا جیسے ثوبٌ باھِتٌ ولَوْنٌ باھِتٌ۔
(بُھِتَ) الرجلُ: دلیل سے مغلوب ہو کر حیران رہ جانا، جیسے قرآن مجید میں ﴿فَبُھِتَ الَّذِیْ کَفَرَ﴾
(بَاھَتَ) فلانًا: منہ پر بہتان لگانا۔
(فلانٌ یباحث فیباھِتُ)۔
(تباھَتَ) القوم: ایک دوسرے پر جھوٹی تہمتیں لگانا۔
(البھتُ و البھتانُ) گھڑا ہوا جھوٹ۔
(البھیتۃُ): البھتانُ (ج) بھائت (انّہ یرمی الناس ببھائتہ)۔
(بَھْتَرَ) بَھْتَرَۃً: جھوٹ بولنا۔
(بَھَشَ) الیہ - بَھْشًا: خندہ پیشانی سے ملنا۔
(تباھَشَ) الیہ: خندہ پیشانی سے ملنا۔
(البھشۃُ): خندہ پیشانی (۲) وحشی گائے۔
(بَھَجَہ): الشیءُ - بَھَجًا: بے انتہا خوشی دینا۔
(بَھِجَ) الشیءُ - بمھجًا و بَھْجَۃً: خوبصورت اور تر و تازہ ہونا۔
—فلانٌ: خوش ہونا بَھِجَ بہ، بَھِجَ لَہٗ ھُوَ بَھِجٌ و بَھِیْجٌ قرآن مجید میں: ﴿وَتَرَی الْاَرْضَ ھَامِدَۃً فَاِذَا اَنْزَلْنَا عَلَیْھَا الْمَآءَ اھْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْبَتَتْ مِنْ کُلِّ زَوْجٍ بَھِیْجٍ﴾
(اَبْھَجَتِ) الارضُ: پیداوار کا اچھا ہونا۔
—فلانًا: خوش کرنا۔
بَاھَجَہ: دل لگی کرنا، خوش ہونا (۲) خوبصورتی میں مقابلہ کرنا (باھجت المراۃ تِربَھَا)۔
(بَھَّجَ) الشیءَ: حسین وجمیل بنانا۔
(اِبْتَھَجَ) بالشیء وَلَہٗ: بے پناہ خوشی ہونا۔
(تَبَاھَجَ) الروضُ: باغیچہ کا خوشبودار اور سرسبز ہونا۔
شاعر کا قول
نُدَّارُہٗ مُتَبَاھِجٌ یَتَوَھَّجُ
—بفلان: خندہ پیشانی سے ملنا
(استبھَجَ) بہ: خوش ہونا۔
(المبھاج): تروتازہ اور خوش آدمی ھی مبھاج۔
(بَھْدَلَ) فی مشیہ: تیز چلنا (۲) لپکنا۔
(البَھْدَلُ): بجو کا بچہ (۲) ہرا پرندہ۔
(البَھْدَلَۃ): پستان کی جڑ (۲) ہنسلی سے اوپر کا گوشت۔
(بَھَرَہ) - بَھْرًا و بُھُورًا: اتنا تھکانا کہ سانس چڑھ جائے (بَھَرَہ الامرُ)۔
—الاناءَ: بھر دینا۔
—الشیءُ فلانًا: حیران اور مدہوش کرنا (۲) غالب آنا۔
—القمرُ النجومَ: چاند نے ستاروں کو چھپا دیا۔
—الشمسُ الارضَ: سورج نے زمین کو روشن کر دیا۔
—فلانۃ النساءَ: وہ حسن میں آگے بڑھ گئی۔
—فلانٌ نظراءَہٗ: اپنے ہم نشینوں سے سبقت لے گیا۔
(بُھِرَ): تھکاوٹ کی وجہ سے سانس نہ آنا ھو مبھورٌ و بھیرٌ۔
(اَبْھَرَ): دن کا درمیان ہو جانا (۲) شریف النفس اور معزز خاتون سے شادی کرنا (۳) عجیب کام کرنا (۴) اخلاق میں رنگ بدلنا (۵) فقر کے بعد مالدار ہونا۔
(بَاھَرَہ) مُبَاھَرَۃً وبِھَارًا: فخر کرنا۔
(اِبْتَھَرَ): سانس چڑھنا (۲) جھوٹا دعویٰ کرنا۔
—فی الشیء: پوری کوشش کرنا، زور صرف کرنا۔
(انبَھَرَ): لازم بَھَرَہ۔
(تبَھَّرَ): روشن کرنا۔

Marfat.com

-الاناء: بھرنا۔
(ابْہَارّ) النھارُ او اللیلُ: دن یا رات کا نصف ہونا۔
-علینا اللیل: رات کا لمبا ہونا۔
(الابہَر) وہ عمدہ زمین جس پر سیلاب نہ آتا ہو
(الابہَران) وہ دو رگیں جو تمام رگوں سے خون کو دل میں لاتی ہیں۔
(البَھار) ہر خوبصورت و روشن چیز (۲) گھوڑے کے سینہ کی سفیدی۔
(۳) ایک خوشبودار پھول جو مرکبات انبوبیہ کی فصیل سے ہے بہار کے موسم میں اگتا ہے اسے ''عَرار'' کہتے ہیں۔
(البُھار) بوجھ (۲) لوٹے جیسا برتن، جگ (۳) ابابیل (۴) فصیلہ فرضیہ کی ایک مچھلی۔
(البُھْر) بھرًا لہ: وہ ہلاک و برباد ہو جائے (۲) واہ اس کے کیا کہنے!۔
(البُھْر) سانس چڑھنا (۲) زمین کی کشادگی۔
-لیلۃ البھر جس رات میں چاندنی روشنی ستاروں پر غالب رہے۔
(البُھْرۃ) ... علی الاعلان (فَعَلَ ذلک بُھْرۃً)۔
(البُھْرۃ) چیز کا درمیان (۲) شیعوں کا اسماعیلی فرقہ جو بھارت کے مغرب اور پاکستان ... بتاتے۔
(البھیرۃ) ... عزیز عورت جیسے فلانۃ بُھیرۃٌ مھیرۃ۔
(انْبَھرَجَ) ... عام کرنا۔
ماءٌ مُبَھرَجٌ ... استعمال کا پانی۔
دمٌ مُبَھرَجٌ جس خون پر دیت نہ ہو۔
مکانٌ مبھرجٌ ... داخل ہو ... لی جائے۔
فلانًا کسی کی ذمہ داری کو ختم کرنا۔
... کا قول
اما اذا بھرجتنی فلا اشربھا۔
الکلام وغیرہ ... ملانا (۲) ... سے ... دینا

(تَبَھرَجَ) مباح ہونا۔
(الْبَھْرَجُ) مباح، رفائی (۲) باطل۔
(بَھْرَمَ) الشیئَ مہندی وغیرہ سے رنگنا۔
(تَبَھْرَمَ) مہندی کے رنگ میں رنگا جانا۔
(بھرام) مریخ (مع)۔
(الْبَھْرَمُ) مہندی۔
-لونٌ بھرَمانیٌّ مہندی کا رنگ۔
(بَھَزَہٗ)-بَھْزًا: سینہ پر مارنا اور زور سے دھکا دینا (۲) ہٹانا۔
(اَبْھَزَہٗ) بَھَزَہٗ۔
(باھَزَہٗ) سبقت لے جانا۔
(تَبَھْزَتُ) اشیاءً کثیرًا: میں نے بہت سے کام کئے۔
(بَھَسَ)-بَھْسًا بہادر و جری ہونا۔
(تَبَیْھَسَ) اکڑ کر چلنا۔
(البھسُ) سیب کی طرح کا ایک پھل۔
(البیھَسُ) شیر (۲) بہادر (۳) اکڑ کر چلنے والا (رَجُلٌ بیھسٌ وامراۃٌ بَیْھَسٌ) (ج) بیاھس۔
(البَیْھَسِیَّۃ) ایک خارجی فرقہ جو ابو بیھس بن ھیضم بن جابر کی طرف منسوب ہے یہ کہتے ہیں کہ ایمان باللہ اور نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کے اقرار اور علم کا نام ہے۔
(بَھَشَ)-بَھْشًا ہنسنے کے لئے تیار ہونا۔
-الی الشیء و بہ خوش ہونا شوق سے جانا۔
-عنہ تلاش کرنا۔
(انتَھَشَ) خوش ہونا۔
(تَباھَشَ) الرجلان ایک دوسرے کی پیشانی پکڑنا
-بعصًا و نحوھا لاٹھی مارنے ... تیار ہونا
(البَھْشُ) ... (۲) سیب جیسا ایک پھل۔
(بَھِصَ) بَھَصًا ... ہونا ھو بَھِصٌ۔
(اَبْھَصَہٗ) عن ...
(تَبَھْصَلَ) الرجلُ مال سے خالی کرنا۔
(تَبَھْصَلَ) ننگا ہونا (۲) ... سے ...

جوئے میں لگا دینا۔
(بَھَضَہٗ) الحِمْلُ-بَھْضًا: بوجھ کا ناقابل برداشت ہونا (بَھَضَہُ الامرُ)۔
(اَبْھَضَہٗ) الحِمْلُ: بوجھ کا ناقابل برداشت ہونا۔
(المُبْھَوْضُ) مشقت والے کام کا مکلف بنانا (۲) مغلوب۔
(بَھَطَ) بَھَظَ۔
(بَھَظَہٗ)-بَھْظًا: بوجھ کا ناقابل برداشت ہونا
-قِرْنَہٗ: ساتھی پر غالب آنا۔
(اَبْھَظَہٗ) الحِمل: بوجھ کا ناقابل برداشت ہونا
-حوضَہ: تالاب کو بھرنا۔
(الباھظ) من الامور مشکل کام (ج) بواھظ۔
(الباھظۃ) مونث الباھظ (۲) مصیبت (ج) بواھظ۔
(بَھِقَ)-بَھَقًا: جلد کا سفید دھبوں والی ہونا جذام ہونا ھو اَبْھَقُ وھی بَھْقاءُ (ج) بُھْقٌ۔
(اَبْھاقُ) ایک بیماری جس میں جسم پر سفید دھبے پڑ جاتے ہیں جذام (ج)۔
(اَلْبَھَقُ) البُھاقُ (ج)۔
(تبھکنت) المرأۃ فی مشیتھا بھاری قدموں سے چلنا۔
(الْبَھَکن) بھرپور جوانی۔
وامراۃٌ بَھْکَنَۃٌ: نازک اندام عورت۔
(بَھَلَہٗ)-بَھْلاً مہلت دینا۔
-الناقۃَ چرنے کے لئے اونٹ کو چھوڑ دینا۔
(۲) آزاد چھوڑنا (بَھَلَ الرجلُ فتاہُ)۔
(۳) لعنت کرنا حدیث ابوبکر صدیق ... ہے (من وَلِیَ من امور الناس شیئاً فلم یعطھم کتاب اللہ فعلیہ بھلۃ اللہ)
(بَھِلَ)-بَھَلاً: بیکار رہنا (۲) ... سے خالی ہونا۔
-المرأۃ عورت کا ... سے الگ ہونا ھی باھِلٌ و باھلۃٌ۔
(اَبْھَلَہٗ) بھلہ ... الراعی ... ھم مبھلون۔

Marfat.com

-الارض: زمین میں بیج بونے کے بعد پانی چھوڑنا۔
(باهَلَ) بعضهم بعضًا: لوگوں کا جمع ہو کر یہ دعوت دینا کہ جو حق پر نہ ہو وہ اپنے لئے اللہ کی لعنت طلب کرے حضرت ابن عباس ؓ کی حدیث میں ہے: (مَنْ شاءَ باهلتُه ان الحق معي)۔
(اِبْتَهَلَ) الى الله: دعا میں عاجزی اور کوشش کرنا۔
-القوم: باهَلَ: قرآن مجید میں ہے: ﴿ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَعْنَةَ اللهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ﴾
(تباهَلَ) القومُ: مباہلہ کرنا۔
(تَبَهَّلَ) القومُ: مباہلہ کرنا۔
(اِسْتَبْهَلَه): بَهَلَه۔
(اَبْهَلُ): ایک قسم کا چھوٹا درخت۔
(اَلْبُهْلُ): آزاد جس کی نگرانی نہ ہو (۲) حقیر، بے وقار۔
-سارت على البهل: شرم و حیا کی حدود سے تجاوز کرنا۔
(اَلْبُهْلُوْلُ): عمدہ صفات کا حامل سردار (۲) مسخرہ، ہنسانے والا (کامیڈین) (ج) البهاليل۔
(اَلْبَهْلَوَان): رسی پر چل کر کرتب دکھانے والا (مع)۔
(اَبْهَمَ) الامرُ: پوشیدہ اور مشکل ہونا۔
-الامرَ: پوشیدہ اور مشکل بنا دینا۔
-القفلَ و نحوه: تالا لگا دینا جس کے کھولنے کی صورت نہ ہو۔
-فلانًا عن الْاَمْرِ: ہٹانا۔
(تَبَهَّمَ) عليه الْاَمْرُ: پوشیدہ و مشکل ہونا۔
(اِسْتَبْهَمَ) فلانٌ: کسی کے لئے کوئی بات غیر واضح ہونا۔
الامْرُ: پیچیدہ و مشکل ہونا۔
عليه الكلام: کلام کا پیچیدہ ہونا۔
(الابهام): انگوٹھا (مونث و مذکر) (ج) اباهيم۔
(اَلْاَبْهَمُ): خاموش کیا ہوا (۲) گونگا (ج) بُهْمٌ۔

(اَلْبَهْمَةُ): بکری یا بھیڑ کا بچہ (مذکر و مونث) (ج) بَهْمٌ و بِهَامٌ۔
(اَلْبُهْمَةُ): پتھر کی چکنی چٹان۔ (۲) دشوار ترین معاملہ (۳) ایسا بہادر جس کی بہادری اس کے مقابل سے پوشیدہ ہو۔
من الليالي: وہ رات جس میں چاند طلوع نہ ہو (ج) بُهَمٌ
(البهيم) سیاہ، تاریک۔
لَيْلٌ بهيمٌ: وہ رات جس میں صبح تک روشنی نہ ہو کہاوت ہے: (لا اَغَرُّ ولا بهيمٌ) حیران و تھکے ماندہ شخص کے لئے۔
-من الالوان: یکساں رنگ جس میں کوئی دھبا نہ ہو۔
-من الصوت: یکساں آواز جس میں اونچ نیچ نہ ہو (ج) بُهُمٌ و بُهْمٌ۔
(البهيمةُ): چوپایہ خواہ بری ہو یا بحری (درندوں کے علاوہ) (ج) بَهَائِمُ۔
(اَلْمُبْهَمُ): مغلق، پوشیدہ، مبہم جس کا ادراک اور فہم دشوار ہو۔
-من الاشياء: ایسی صاف چیز جس میں کوئی داغ نہ ہو۔
-من الاجسام: خاموش کردہ۔
-من الكلام: ایسا مغلق کلام جس سے مقصود حاصل نہ ہو۔ (لفاظی)
(المبهمةُ): اسماء مبهمة جو کہ نحویوں کے نزدیک یہ ہیں اسمائے اشارہ، اسمائے موصول، ضمائر یہ سب معرفہ ہوتے ہیں جن کے بذات خود کوئی معنی نہیں ہوتے۔
(اَلْبَهْنَانَةُ): نازک و خوش مزاج عورت، شاعر کا قول ہے
"بَهْنَانَة تستعير القومَ اعينهم"
(بَهْنَسَ) في مشيه: اترا کر چلنا۔
(تَبَهْنَسَ) في مشيه: اترا کر چلنا، اکڑ کر چلنا۔
(اَلْبَهْنَسُ): شیر (ج) بَهَانِسُ۔
(بَهَا) الشيُّ ـُ بَهَاءً و بَهَاءَةً: حسین و جمیل ہونا۔

-فلانًا في كذا: فوقیت لے جانا۔
(بَهِيَ) ـَ بَهًا و بَهَاءً و بَهَاءَةً بَهَا هو بَهٍ هي بَهِةٌ۔
-البيتُ و نحوُه خالی ہونا هو باهٍ۔
(بَهُوَ) ـُ بَهَاءً و بَهَاءَةً بَهَا۔
هو بَهِيٌّ (ج) اَبْهَاء هي بهيّةٌ (ج) بَهَايَا۔
-المكانُ وسیع ہونا۔
(اَبْهَى): حسین و جمیل ہونا۔
-الشيَّ خالی کرنا (ابهى البيتَ ابهى الاناءَ وابهى الخَيْلَ)۔
(باهَاه) فخر کرنا۔
(بَهَّى) البَهْوَ: گھر بنانا یا کشادہ کرنا۔
(اِبْتَهَى): فخر کرنا۔
(تباهَى) القومُ: باہم فخر کرنا۔
(اَلْبَهْوُ) ہر چیز سے کشادہ (هو في بهوٍ من العيش) (۲) ڈیوڑھی (۳) مہمانوں سے استقبال کا کمرہ (محدثہ) (ج) اَبْهَاءٌ۔
(اَلْبَهَا و البَهَاءُ): خوبصورتی (۲) شاندار منظر (۳) جھاگ کی چمک۔

ب .... و

(باءَ) بالشيِّ وَاِلَيْهِ ـُ بَوْءًا و بَوَاءً لوٹنا قرآن مجید میں ہے: ﴿وباءُوا بِغَضَبٍ مِنَ اللهِ﴾ باء به و اليه بھی کہتے ہیں۔
بما عليه: برداشت کرنا (۲) اعتراف کرنا قرآن مجید میں ہے: ﴿اِنِّي اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْءَ بِاِثْمِي و اِثْمِكَ﴾۔
فلانٌ بفلانٍ: کسی کے بدلہ میں قتل کیا جانا (باءَ دَمُه بِدَمِ فُلَانٍ)۔
(اَبَاءَ) الشيَّ: لوٹانا۔
-فلانًا منزله جگہ دینا، ٹھہرانا۔
-فلانًا اقرار پر ابھارنا۔
-فلانًا بفلانٍ کسی کے ذریعہ قتل کروانا۔
(بَاوَاَه): خون برابر ہونا۔
-فلانًا بفلانٍ: کسی کے بدلہ میں قتل کرنا۔
(بَوَّاَ) الرجلُ: شادی کرنا۔
-فلانًا منزلًا وفيه: ٹھکانہ دینا قرآن مجید میں ہے: ﴿وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوْا

Marfat.com

الصّالحاتِ لَنُبَوِّئَنّهم مِنَ الجَنّةِ غُرَفًا﴾

—المنزلَ لَه: مکان تیار کرنا۔

—الرّمح و نحوہ: نیزہ وغیرہ تاننا۔

(تَبَاوَأَ) القتیلان فی القصاص: قصاص میں برابر ہونا۔

(تَبَوَّأَ) المکان وبہ: ٹھہرنا، قیام پذیر ہونا قرآن مجید میں ہے ﴿والّذِینَ تَبَوَّؤُا الدّارَ والاِیمانَ﴾۔

(استباءَ) المکانَ: قیام پذیر ہونا۔

—فلانًا بفلانٍ: کسی کے بدلہ میں قتل کرنا۔

(الباءُ): نکاح (۲) جماع۔

(الباءَۃُ): نکاح (۲) جماع حدیث شریف میں ہے (من استطاع منکم الباءَۃَ فَلْیَتَزَوَّجْ) (۳) ٹھکانہ، رہائش۔

(البَوَاءُ): برابر، ہم پلہ۔

—فلانٌ بواءُ فلانٍ: قصاص میں برابر ہونا۔

—فاجا بواعن بواءٍ واحدٍ: یک زبان ہوکر جواب دینا۔

(البِیئَۃُ): مکان، رہائش (۲) حالت، بیئۃٌ طبیعۃٌ، بیئۃٌ اجتماعیّۃٌ، بیئۃٌ سیاھیۃٌ۔

(المَبَاءَۃُ) ٹھکانہ۔

—رحیب المباءَۃ سخی وفیاض۔

(بَابَ) لَہ ـُ بَوْبًا دربان بننا۔

(بَوَّبَ) الباب: دروازہ بنانا۔

—الکتابَ و نحوہ باب در باب کرنا۔

(تَبَوَّبَ) لازم بَوَّبَہ۔

—بَوّابًا: دربان بنانا۔

(البابُ) دروازہ (۲) وہ لکڑی جس سے دروازہ بند کیا جائے۔

—من الکتاب کتاب کا ایک حصہ جس میں ایک ہی جنس کے مسائل ذکر کیے جائیں (ھذا من باب کذا) (ج) ابواب و بیبان۔

(البابیّ) نسبۃ الی الباب۔

—الورید البابیّ: ایک بڑی رگ جس میں خون جمع ہوتا ہے (مع)۔

(البابیّۃُ) مجوبہ (۲) ایک مسلم بدعتی فرقہ جو فارس میں تیرھویں صدی ہجری میں ظاہر ہوا الباب مرزا علی محمد کی طرف منسوب ہے۔

(البِوَابَۃُ): دربانی۔

(البَوّاب): دربان (۲) معدہ کا منہ۔

(البَوّابۃ): بڑا دروازہ جیسے پھاٹک (مو)۔

(البوتاسیم): پوٹاشیم (مع)۔

(البُوتَقَۃُ): وہ برتن جس میں چاندی وغیرہ پگھلائی جائے (مع)۔

(باثَہ) ـُ بَوْثًا: تلاش کرنا (باث عنہ) (۲) بکھیرنا، پھیلانا۔

—التراب: مٹی نکالنا۔

—المکانَ: گڑھا کھود کر مٹی ڈالنا۔

(اباثَہ): تلاش کرنا (اباث عنہ)۔

(ابتاثَہ): تلاش کرنا (ابتاث عنہ)۔

(استباثَہ): نکلوانا۔

—فلانًا: دل کی بات اگلوانا۔

(باجَ) البرقُ ـُ بَوْجًا و بَوَجَانًا: چمکنا (۲) مسلسل چمکتے رہنا۔

—فلانٌ: چہرہ چمکنا، چہرہ پر رونق آنا (۲) چیخنا ھو بائجٌ و بَوّاجٌ (۳) تھکن سے چور چور ہونا۔

—فلانًا بائجۃٌ: مصیبت نازل ہونا۔

—الشرُّ الناسَ: لوگوں پر آفت آنا (باجَھُم الدھرُ بشرِّہ)۔

(بَوَّجَ) البرقُ: باجَ۔

—فلانٌ: چیخنا۔

(انباجَ) البرقُ باجَ۔

—البائجۃُ: مصیبت نازل ہونا (انباجت علیہم البوائجُ)۔

(تَبَوَّجَ) البرقُ باجَ۔

(البائجُ): ران کے اندر کی ایک رگ (۲) سارے جسم میں پھیلی ہوئی رگ۔

(البائجۃُ): مونث البائج (۲) کشادہ ریت کا میدان (۳) مصیبت۔

(ج) بوائج۔

(الباج): سیدھا راستہ۔

جعل الکلام باجًا واحدًا: ایک ہی طرح کا کلام۔

—والناس باجٌ واحدٌ لوگ برابر ہیں (ج) ابواج۔

(باحَ) ـُ بَوْحًا: ظاہر ہونا۔

—فلانٌ بالسرِّ: راز ظاہر کرنا ھو بائحٌ و بَئُوحٌ

—خصمَہ: پچھاڑنا۔

(اباحَہ): ظاہر کرنا (۲) حلال کرنا، مطلق کرنا (اباحہ الشیءَ)۔

(استباحَہ) مباح سمجھنا (۲) جڑ سے اکھیڑنا۔

(الاباحۃُ): علمائے اصول کے نزدیک ایسا حکم جس میں کرنے یا نہ کرنے کا اختیار ہو۔

(الاباحیّۃُ): قانون اور اخلاق کی پابندیوں سے آزاد ہونا (۲) ایک فرقہ جو بندہ کو ممنوعہ امور سے بچنے اور مامور بہ امور کے بجالانے کے قابل نہیں سمجھتا اور انفرادی ملکیت کا انکار کرتا ہے اور تمام لوگوں کو مال وغیرہ میں برابر شریک سمجھتا ہے (محدثہ)۔

(الباحۃُ): میدان (۲) کھجوروں کے بہت سے درخت۔

—باحۃ الماء: بہت زیادہ پانی (ج) بُوَح۔

(باخَ) ـُ بَوْخًا و بُؤُوخًا و بَوَخَانًا: سرد پڑنا، سست ہونا، ماند ہونا (باخت النارُ، باخت الحرُّ، والغضبُ، والحمّی والحرب)۔

—فلانٌ: تھکن سے چور چور ہونا (۲) غصہ کم ہونا۔

—اللحمُ وغیرہُ: گوشت خراب ہونا۔

(اباخَ) النارَ و نحوھا آگ کو بجھانا۔

—الفتنۃ والحرب فتنہ ولڑائی کو ختم کرنا۔

—عن نفسہ من الظھرۃ کچھ دیر ٹھہرنا یہاں تک کہ گرمی کم ہو جائے۔

(البَوْخُ) اختلاط (۲) مصیبت (ھُم فی بوخٍ فی امرِھم)۔

(البُوذَقۃُ) وہ برتن جس میں چاندی وغیرہ پگھلائی جائے۔

(البوذیّۃُ) بدھ مذہب جسے ہندوستان میں گوتم بدھ (۴۸۳ ق م ـ ۵۶۳ ق م) نے رواج دیا یہ آج کل چین، ہندوستان، جاپان، برما اور سری لنکا وغیرہ میں رائج ہے۔

Marfat.com

(بَارَ)الشیُّ ـُ بُوْرًا و بَوَرًا: ہلاک ہونا (۲) ٹھیک ہوجانا' مندا ہونا۔
-الارضُ: زمین آباد نہ کرنا (۲) ایک سال کے لئے چھوڑ دینا تا کہ اگلے سال کاشت کاری کی جا سکے۔
-بار العمل: کام کے مقصود کا حاصل نہ ہونا۔
هو بائِرٌ (ج) بُوْرٌ و بُوْرٌ۔
الشیَ بُوْرًا: آزمانا۔
(اَبارَہ): ہلاک کرنا (۲) ٹھیک کر دینا۔
(ابتارَہ): بارَہ۔
(الباریاء): چٹائی (فارسی معرب)۔
(الباریّ): چٹائی۔
(البارِیّۃ): چٹائی۔
(البوار): وہ زمین جس میں زراعت نہ کی جائے (۲) وہ زمین جسے اگلے سال کاشت کرنے کے لئے اس سال چھوڑ دیا جائے۔
(البُوْرُ): ایسا برا جس میں کوئی بھلائی نہ ہو (۲) غیر مزروعہ زمین۔
(البوریّ): چٹائی (۲) ایک مچھلی جو بعورہ کی طرف منسوب ہے' جو کہ مصر کی ایک بستی ہے اور تنس اور دمیاط کے درمیان واقع ہے۔
(البُوْرَقُ): سوڈا' سہاگا (مع)۔
(بَازَ) ـُ بَوْزًا: ایک مکان سے دوسرے کی طرف منتقل ہونا۔
(البازُ): باز' ایک شکاری پرندہ (ج) ابوازٌ و بیزانٌ۔
(البُوْزُ): منہ اور اس کے ارد گرد کا حصہ (ج) ابوازٌ (د)۔
(بَاسَہ) ـُ بَوْسًا: بوسہ لینا (فارسی معرب)۔
(بَاشَ) الرجُلُ ـُ بَوْشًا: شور شرابے میں شریک ہونا۔
-القومُ: لوگوں کا جمع ہو کر شور و غل کرنا۔
-الشیَٔ: ایک چیز کو دوسری کے ساتھ ملانا۔
(بَاوَشَہ): اشارہ کرنا۔
(بَوَّشُوْا): بہت سے لوگوں کا ہنگامہ کرنا۔
(اِنباش) من کذا: نفرت کرنا اور دور ہٹنا۔
(تباوشا): باہم مل کر شور کرنا۔

(تَبَوَّشُوْا): بَوَّشُوْا۔
(اَلْبَوْشُ): لوگوں کا بے ترتیب مجمع (۲) شور و غل (ج) ابواشٌ' اَوْبَاشٌ۔
(البَوْشِیُّ - البُوشِیُّ): زیادہ اہل و عیال والا فقیر (۲) خستہ حال آدمی۔
(بَاصَ) ـُ بَوْصًا: دور ہونا اور پہنچنے میں مشقت اٹھانا۔
-فلانٌ: بھاگنا اور چھپنا۔
-فی السیر: بہت زیادہ آگے بڑھ جانا۔
-فلانًا و نحوَہ: سبقت لے جانا (۲) عجلت کرنا اور سوچنے کا موقع نہ دینا۔
(بَوَّصَ): صاف رنگت والا ہونا۔
-الفرسُ: ریس کے میدان میں آگے نکل جانا۔
(اِنباصَ): منقبض ہونا' سکڑنا۔
(استباصَ): سبقت لے جانا۔
(اَلْبُوْصُ): رنگ روپ' حلیہ (ج) ابواصٌ۔
(البَوْصُ): البُوص (۲) زحل۔
(فصیلہ نخیلیہ سے ہے) (ج) ابواص۔
(البُوْصِیُّ): ایک طرح کی کشتی (مع)۔
(بَاضَ) ـُ بَوْضًا: چھائیوں کے بعد چہرہ کا اچھا ہونا۔
-بالمکان: ٹھہرنا' قیام پذیر ہونا۔
(بَاطَ) ـُ بَوْطًا: عزت کے بعد ذلیل ہونا۔
(۲) مالداری کے بعد فقیر ہونا۔
(بُوط): جوہڑوں میں ہمیشہ کھڑی رہنے والی ایک گھاس۔
(بَاعَ) الرجُلُ ـُ بَوْعًا: دونوں ہاتھ پھیلانا۔
-بمالہ: خوب خرچ کرنا۔
-فی سیرہ: بڑے بڑے قدم رکھنا۔
-الشیَٔ: دونوں ہاتھوں سے ناپنا۔
-الطریقَ: بڑے اور تیز قدموں سے راستہ طے کرنا۔ هو بائعٌ (ج) باعۃٌ و هو بَیِّعٌ۔
(بَوَّعَ) فی سیرہ: لمبے ڈگ بھر کر چلنا۔
(اِنباعَ): پھیلنا۔
-الحیّۃُ: سانپ کا حملہ کرنے کے لئے جسم کو پھیلانا۔

-الرجُلُ: حملہ کرنا۔
-المقاتل فی الصف: حملہ کے لئے صف سے نکلنا۔
-لہ فی السلعۃ: رعایت کر کے بیچنا۔
-الماءُ و نحوہ: پانی ٹپکنا۔
(تَبَوَّعَ): پھیلنا۔
-الرجُلُ: دونوں بازو پھیلانا۔
-للخیر: بھلائی کے لئے تیار ہونا۔
-فی مشیہ: لمبے قدموں کے ذریعہ چلنا' کہا جاتا ہے (فلانٌ مایُدْرِكُ تَبَوُّعُہ) فلاں کی رفتار کو نہیں پہنچا جا سکتا۔
(البائع): ہرن کا بچہ جب لمبے ڈگ بھر کر چلے (ج) بُوَّعٌ و بوائع۔
(الباعُ): دونوں ہاتھوں کا درمیانی فاصلہ جب انہیں پھیلایا جائے۔
-فلانٌ طویل الباع: طویل جسم والا۔
-طویل الباع فی کذا: انتہاء کو پہنچا ہوا (ج) ابواعٌ۔
(الباعۃُ): باعۃ الدار گھر کا صحن۔
(البُوْعُ): صحن (ج) ابواعٌ۔
(البُوْعُ): صحن (۲) وہ ہڈی جو انگوٹھے کے ساتھ ملی ہوئی ہو (ج) اَبواعٌ۔
(البَوَّاعُ): صفت ہے مبالغہ کے لئے۔
-جَمَلٌ بوّاعٌ: بڑا اونٹ۔
(اَبَاعَ) علی فلانٍ: بغاوت کرنا۔
(تَبَوَّعَ): مشتعل ہونا' بھڑکنا جیسے (تبوّع بہ الدم فقتلہ)۔
-الشرُّ: فتنہ پھیلنا۔
-بخصمہ: مقابل پر غالب آنا۔
(البوغاءُ): گرد' مٹی (۲) خوشبودار مٹی۔
-من الناس: بیوقوف اور نچلے درجہ کے لوگ۔
-من الطیب: خوشبو۔
(بَاقَ) ـُ بَوْقًا و بُؤُوْقًا: خراب و ضائع ہونا (۲) غائب ہونا۔
-السفینۃُ: کشتی ڈوبنا۔
-الرجلُ: جھوٹ بولنا (۲) فتنہ اور لڑائیاں کھڑی کرنا۔

Marfat.com

-بفلان: غائب ہونے کے بعد کسی کو نظر آنا۔
-الداهيةُ فلاناً مصیبت پڑنا (باقت به)۔
-فلاناً و عليه: دھوکہ دینا۔
(حَدِمَتِ) النارُ ـَ حَدَمًا و حَدَمَۃً: آگ کا دھکنا' بھڑکنا۔
(اَحْدَمَتِ) النارُ والحرارۃُ: آگ یا گرمی کا تیز ہونا۔
- فلانًا: غصہ دلانا' غضبناک کرنا۔ جیسے مَا ادری ما اَحْدَمَہ۔
(احتدمَت) الحرارۃ والنار و نحوھما: آگ یا گرمی کا تیز ہونا۔
(تَحَدَّمَ): جلنا' تیز گرم ہونا۔
(الحَدَمَۃُ): آگ بھڑکنے کی آواز۔
(حَدَا) الابلَ و بھا ـُ حُدَاءً: اونٹ کو ہانکنا اور حدی کے ذریعہ چلنے پر اکسانا۔
-فلانًا علی کذا: آمادہ کرنا۔
-الشئَ: پیچھے چلنا' اتباع کرنا' کہا جاتا ہے "ما افعلُ ذلك ماحدا اللیل والنھار" میں یہ کام کبھی نہ کروں گا۔
-الشئَ ـِ حَدْوًا: قصد و جستجو کرنا۔
(احْتَدٰی) الشئَ: بعد میں آنا' تابع ہونا۔
(تحدّٰی) الشئَ: تابع ہونا۔
-فلانًا: مقابلہ کی دعوت دینا' چیلنج کرنا۔
(الاحدُوَّۃ والأُحْدِیَّۃُ): وہ گانا جو اونٹوں کو چلانے کے لئے گایا جائے' حدی (ج) اَحَادِیُّ۔
(الحادِیْ): حدی خوان۔ جو حدی کے ذریعہ اونٹوں کو ہنکاتا ہے (ج) حُدَاۃٌ (۲) ایک۔
-حادی النجم: فلک چاند کی ایک منزل۔
(الحداءُ): اونٹوں کو ہانکنے کا گیت۔
(الحَدَی) لاافعلہ حَدَی الدھر: میں اسے کبھی نہیں کروں گا۔
(الحَدْوَاءُ): شمالی ہوا کیونکہ وہ بادلوں کو ہنکاتی ہے۔
(الحُدَیّا): مقابلہ' جھگڑا۔
- من الناسِ: ایک آدمی۔ کہتے ہیں "ھذا حُدَیّا ھذا" یہ اس کا ہم پلہ اور مقابل ہے اور "وَاَنَا حُدَیَّاكَ بِھٰذَا الْاَمْرِ" میں اس معاملہ میں تمہارا اکیلا مقابل ہوں پس تم مجھ سے مقابلہ کرو۔

ح......ذ

(حَذَّہٗ) ـُ حَذًّا: تیزی سے کاٹنا۔
(حَذَّ) الشئُ ـَ حَذَذًا: آخری حصہ کٹ جانا۔ (۲) ہلکا ہو جانا جیسے "حذَّ ذنبُ الدابّۃ" جانور کی دم ہلکی ہو گئی (۳) تیز ہونا جیسے حَذَّ في سیرہ وفي کلامِہ وفي عملِہ۔
(الأحَذُّ): ایسا چکنا جسے پکڑا نہ جا سکے۔
-سیفٌ اَحَذُّ: تیز کاٹنے والی تلوار۔
- امرٌ اَحَذُّ: سخت ناگوار بات (۲) جلد کامیاب ہونے والا۔
-قلبٌ احذُّ: جلدی سمجھنے والا۔
-فلانٌ احذُّ: بھلائی سے محروم' خستہ حال مفلس (ج) حُذٌّ۔
(الحَذَّاءُ): رَحِمٌ حذّاءُ: قطع تعلق۔
-عزیمۃٌ حذّاءُ: پختہ ارادہ۔

Marfat.com

- قصيدةٌ حذّاءُ: عمدگی کی وجہ سے مقبول ہونے والی نظم۔

- حاجةٌ حذّاءُ: جلد پوری ہونے والی ضرورت۔

-ولّت الدنيا حَذّاء مدبرةً: دنیا جلد ختم ہوگئی اور اس کے چاہنے والوں کو کچھ نہ ملا (ج) حُذٌّ۔

(الحَذذُ) علمائے عروض کے نزدیک بحر کامل کی وتد کے سقوط کو کہتے ہیں۔ جس کے بعد مفاعَلَتن فَعِلُنْ رہ جاتا ہے۔

(الحُذّةُ) ٹکڑا جیسے "أعطاه حُذّةً من اللحمِ"۔

(حَذِرَ)ـَ حَذَرًا: چوکنا اور چوکس ہونا۔

- الشئَ و منه ڈرنا (۲) احتراز کرنا۔ هو حاذرٌ وحَذِرٌ والشئ محذورٌ و محذورٌ منه۔

(حَاذَرَهُ)مُحَاذَرَةً و حِذَارًا ایک دوسرے سے ڈرنا۔

(حَذَّرَ)الشئ و منه ڈرانا، قرآن مجید میں ہے ﴿وَيُحَذِّرُكُمُ اللهُ و نَفْسَهُ﴾۔

(الحَاذُوْرَةُ) رجلٌ حاذورةٌ محتاط اور چوکنا آدمی۔

(حَذَارِ) اسم فعل بمعنی امر یعنی اس سے بچو، چوکنا رہو۔ کہا جاتا ہے حذارِكَ زيدًا و حَذَارَيْكَ تمہیں زید سے برابر چوکنا رہنا چاہئے۔

(الحَذَرُ) احتیاط، پرہیز، ڈر۔

-حَذَرَكَ زيدًا زید سے بچو۔

- إنّه لابنُ حَذِرٍ وأحذارٍ وہ بہت محتاط و چوکنا ہے (۲) آنکھ کا بوجھل ہونا جو کسی مرض کی وجہ سے ہو۔ (ج) أحذارٌ۔

(الحَذِرُ) رجلٌ حَذِرٌ محتاط اور چوکنا آدمی

(الحذرِيَةُ) حِذرِيَةُ الديك مرغ کی گردن کے پر (ج)حَذَارَى و حَذَارٍ۔

(الحَاذِرُ) ڈرانے والا۔ جیسے "انا حذيرُكَ منه"۔

(المَحْذُوْرُ) قابل احتراز شے۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا﴾۔

(المَحْذُوْرَةُ): خوف (۲) مصیبت (۳) چیخ (۴) شب خون مارنے والے گھوڑے۔

(حَذَفَ) الشئَ ـِ حَذْفًا: کنارہ کی طرف سے کاٹنا۔ تراشنا جیسے "حَذَفَ الحجامُ الشَّعْرَ" (۲) گرانا۔

-بالعصا و نحوها: لاٹھی مارنا۔

-حَذَفَه بجائزةٍ: انعام دینا۔

(حَذَّفَ)الشئَ: برابر کرنا۔

- الحجّامُ الشَّعْرَ: حجام کا بالوں کو کاٹ کر برابر کرنا۔

- الخطيبُ كلامَه: کلام کو صاف ستھرا اور مہذب بنانا۔

(احْتَذَفَ)الثوبَ و نحوهُ: کپڑے وغیرہ کا ایک حصہ کاٹنا۔

(الحَذَافَةُ) حذف کی ہوئی چیز، تراشہ (۲) تھوڑی سی چیز۔

-في رِحْلِه حُذَافَةٌ: اس کے کجاوہ میں تھوڑا سا کھانا ہے۔

(الحَذَفُ) کالی چھوٹی بھیڑیں جن کے بال، دم اور کان نہ ہوں (۲) چھوٹی بطخوں کی ایک قسم (۳) کھیتی کے پتے۔

(الحَذْفاءُ) اُذُنٌ حذفاء ایسے چھوٹے کان جو کٹے ہوئے معلوم ہوتے ہوں۔

(الحِذْفَةُ) کپڑے کا کٹا ہوا ٹکڑا۔

(المحذوفُ) علم عروض کی اصطلاح میں وہ جز جس کے آخر سے سبب خفیف ساقط ہوگیا ہو جیسے فعولنْ کے بجائے فَعِلْ۔

(حَذْفَرَهُ)حَذْفَرَةً و حِذْفَارًا بھرنا۔

(الحِذْفارُ والحذفورُ) جانب، کنارہ، گوشہ (ج) حَذَافِير کہا جاتا ہے "أخَذَ الشئَ بحَذَافِيرِه" اس نے کل کا کل لے لیا۔

(حَذَقَ)الخلُّ و نحوُه ـِ حذوقًا سرکہ وغیرہ کا انتہائی ترش ہونا۔

- الخلُّ و نحوُهُ اللسانَ سرکہ وغیرہ کی تیزی کا زبان کو لگنا۔

-فلانٌ الشئ حِذْقًا: کاٹنا۔

-العَمَلَ و فيه: کسی کام کو کرتے کرتے ماہر ہو جانا۔ هو حاذقٌ (ج) حُذّاقٌ والشئ محذوقٌ و حَذِيقٌ۔

(أحْذَقَه): ماہر بنانا (۲) ترش کر دینا۔

-احذق الحرُّ اللبنَ: گرمی کا دودھ کو کھٹا کر دینا۔

(انْحَذَقَ): کٹنا۔

(تَحَذَّقَ) ماہر ہونا (۲) ترش ہونا (۳) مہارت کا اظہار کرنا اور بتکلف ماہر بننا۔

(الحذاقيُّ): تیز کاٹنے والی چھری (۲) بہت زیادہ ترش۔

-رجلٌ حذاقيٌّ: واضح مدلل بات کرنے والا۔

(حَذِلَتْ)عينه ـَ حَذَلاً: زیادہ رونے کی وجہ سے آنکھ کا سرخ ہونا (۲) آنکھ کی پلکیں گرنا۔ هي حَذِلةٌ و حَذْلاءُ۔

(أحْذَلَ) البكاءُ او الحرُّ العينَ: رونے یا گرمی کی وجہ سے آنکھوں کا سرخ ہونا اور پلکوں کا گرنا۔

(الحُذَال) سرخ رنگ کا گوند (عرب اسے حیض السمر کہتے ہیں) (۲) کھجور کے خوشہ میں پیدا ہونے والی گوند نما چیز۔

(الحِذْل) اصل جڑ (۲) ازار باندھنے کی جگہ (۳) کرتے کے دامن کی گولائی۔

- هو في حِذل أمّه: وہ اپنی ماں کی گود یعنی پرورش میں ہے۔

(حذلَقَ) حقیقت سے زیادہ ہوشیاری دکھانا، شیخی مارنا، ڈینگ مارنا۔

(تَحَذْلَقَ) حذلقَ "هو يتحذلق في كلامِه" وہ باتیں بناتا ہے۔

(الحِذْلِقُ)من الرجال ڈینگیں مارنے والا۔ گپیں مارنے والا۔

(الحذلَقَةُ) دعوائے علم ہنر، ڈینگ، اظہار ظرافت۔

(حَذْلَمَ) لڑھکنے کی طرح تیز چلنا۔

-الشئَ لڑھکانا۔

(تَحَذْلَمَ) لڑھکنے کی طرح تیز چلنا۔

Marfat.com

(الحُذْلوم): ہلکا اور تیز رفتار آدمی۔
(حَذَمَ) فی کذا۔ حَذْمًا و حَذَمانًا: جلدی کرنا۔ جیسے حَذَمَ فی قراتہٖ و حَذَمَ فی مشیہٖ و حذم فی طَیَرانِہٖ۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا (اِذَا اَذَّنْتَ فَتَرَسَّلْ واذا اَقَمْتَ فاحْذِمْ)۔
-الشئَ حذمًا: جلدی جلدی کاٹنا ھو حاذم و حَذِیْم۔
(الحِذَمُ) سیفٌ حِذَمٌ: تیز دھار تلوار۔
(الحُذَمُ): تیز رو خرگوش (۲) چالاک چور۔
(الحُذَمُ): ٹھگنا اور چھوٹے قدموں والا۔
(الحِذیَمُ) من السیوف و نحوھا: تیز تلوار۔ من الرّجال: ماہر آدمی۔
(الحُذْمُوْرُ) اَخذَ الشئَ بحذموره و بحذامیره: اس نے چیز ساری کی ساری لے لی۔
(الحُذُنُّ): قمیص کا کمر والا حصہ۔
(الحُذُنَّةُ) من الرجال: پست قد (۲) چھوٹے کانوں والا۔
(حَذَا) النعلَ ـُ حذوًا: جوتے کو کسی نمونہ پر کاٹنا۔
-النعلَ بالنعلِ: ایک جوتے کو دوسرے کے برابر کاٹنا۔
-فلانٌ حذو فلان: نقش قدم پر چلنا۔
-لفلانٍ نعلاً: کسی کے لئے جوتا تیار کرنا۔
فلانًا شیئًا: کوئی چیز دینا۔
(حَذَا) الجلدَ و نحوهٗ ـِ حَذْیًا: چمڑے کو کاٹنا۔
-الشرابُ لسانَہٗ: شراب کا زبان کو تیزی کی بنا پر کاٹنا۔ ھو حَاذٍ المفعول مَحذِیٌّ۔
-فلانًا بلسانہٖ: عیب نکالنا۔
(احذاهٗ): دینا، عطا کرنا۔ حدیث میں ہے (الجلیس الصالح مثل الداریّ اِن لم یُحْذِكَ من عطرهٖ عَلِقَكَ من ریحہٖ)
-طعنةً: سخت نیزہ مارنا۔
(حاذاهٗ) محاذاةً و حِذاءً: مقابلہ میں آنا، برابر ہونا۔

(احتَذٰی): جوتا بنانا۔
-الحِذاءَ: جوتا پہننا۔
-مثالَ فلانٍ او علٰی مثالہ او بہٖ: نقش قدم پر چلنا۔
(تَحاذَی) القومُ الشئَ: باہم تقسیم کرنا۔
(استحذاه): جوتا طلب کرنا (۲) بخشش طلب کرنا۔ جیسے استحذیتہ فحذانی۔
(الحاذِی): جوتا پہننے والا۔
(الحِذاءُ): جوتا (۲) گھوڑے کا سم (۲) اونٹ کا کھر۔
-حذاء الشئِ: مقابل۔
-دارِی بحذاءِ دارہٖ: میرا گھر تمہارے گھر کے سامنے ہے۔
(الحُذَاوَةُ): چمڑے کی کترن جو کاٹتے وقت گرتی ہے۔
(الحذایةُ): مال غنیمت کا حصہ۔
(الحَذّاءُ): جوتا بنانے والا (۲) جوتا بیچنے والا۔
(الحُذْرَةُ): چمڑے کی کترن جو کاٹتے وقت گرتی ہے (۲) گوشت کا پارچہ۔
(الحُذَیّا): مال غنیمت کا حصہ (۲) خوشخبری دینے والے کا عطیہ۔
ھو حذاك: وہ تمہارا مقابل ہے۔
(الحَذِیَّةُ): عطیہ، بخشش۔
(المِحْذٰی): چمڑہ کاٹنے کا اوزار (ج) محاذٍ۔
(المِحذاءُ): طعنہ زن، لوگوں کی عزت سے کھیلنے والا۔

ح .... ر

(حَرَبَہٗ) بالحربة ـُ حَرْبًا: نیزہ مارنا۔
حَرْبًا: سب کچھ لوٹ لینا۔
فلانًا مالَہٗ: فلاں کا سارا مال لوٹ لیا۔ الفاعل حاربٌ والمفعول محروبٌ (ج) محاریب، وھو حریبٌ (ج) حربٰی و حرباء۔
(حَرِبَ) ـَ حَرَبًا: لٹ جانا (۲) غضبناک ہونا (۳) واحرباه (ہائے لٹ گیا) ھو

حَرِبٌ (ج) حَرابٰی۔
(اَحْرَبَ) النخلُ: کھجور کا شگوفہ نکلنا۔
-الرجلُ النّخلَ: کھجور کے درخت میں شگوفہ کا قلم لگانا۔
-الحربَ: جنگ چھیڑنا۔
-فلانًا: مال غنیمت کا پتہ دینا۔
(حَارَبَہٗ) محارَبَةً و حِرابًا: جنگ کرنا۔
اللّٰہ: نافرمانی کرنا جیسے قرآن مجید میں ہے۔ ﴿اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَیَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْٓا﴾
(حَرَّبَ) السِّنانَ وَنحوَہٗ: نیزہ وغیرہ کے پھل کو تیز کرنا۔
-فلانًا: غضبناک کرنا، ناراض کرنا۔
-فلانًا علی فلان: کسی کے خلاف بھڑکانا۔
(اِحْتَرَبُوْا): باہم قتال کرنا۔
-فلانًا: نیزہ مارنا۔
(تَحارَبُوْا): باہم لڑنا۔
(اِحْرِبنٰی): دل میں شر رکھتے ہوئے غصہ کے قریب ہونا۔
-المکانُ: کشادہ ہونا۔
(الحَرْبُ): لڑائی (مونث سماعی کبھی بمعنی قتال مذکر بھی ہوتا ہے)۔
-الحربُ البارِدَةُ: سرد جنگ (جس میں ہر فریق کھلی لڑائی کے بجائے دوسرے کو مکرو فریب کے ذریعہ نقصان پہنچانے کی تدابیر کرتے ہیں (مؤ) (ج) حُرُوْبٌ۔
قامت الحربُ علی ساقٍ: معاملہ سنگین اور ناقابل حل ہوگیا۔
-رجلٌ حربٌ: بہادر لڑاکا جنگجو۔
-حَرْبٌ لی و عَلَیّ: دشمن (مذکر مونث دونوں کے لئے)۔
(الحَرَبُ): ہلاکت (۲) افسوس اور غم کے اظہار کے لئے کہا جاتا ہے، واحَرَباه (۳) کھجور کا شگوفہ جو ابھی جھلی میں ہو۔
(الحِرْباءُ): گرگٹ۔ (تلون مزاجی میں بطور مثل مشہور ہے) کہا جاتا ہے "احزم مِنْ حرباء" اور تَلَوَّنَ تلوّن الحِرباء" اور کہا جاتا ہے "اَصْرُ

Marfat.com

مِن عین الحرْباء" اُس شخص کے بارے میں جسے سردی سے کپکپی لگ جائے (ج) حرابیٌّ۔

(الحَرْبَةُ): برچھی' نیزہ (ج) حِرابٌ۔

(الحُرّابَةُ): بہت لوٹ مار کرنے والی فوجی جماعت۔ کتیبةٌ حرّابةٌ کہا جاتا ہے۔

- امراةٌ حَرّابَةٌ: فتنے پھیلانے والی عورت (مو)۔

(الحَرِیبَةُ): آدمی کا وہ مال جس سے گزر بسر کی جاتی ہے (۲) جنگ میں لوٹا ہوا مال (ج) حَرائب۔

(المحْرَابُ): بالاخانہ' گھر کی اچھی جگہ' قرآن مجید میں ہے: ﴿فَخَرَجَ عَلٰی قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَاب﴾ (۲) محل۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿یَعْمَلُوْنَ لَه مَا مَا یَشَآءُ مِنْ مَحَارِیبُ﴾ (۳) گھر کا صدر مقام جہاں معزز لوگ بیٹھتے ہیں۔ (۴) مسجد میں امام کے کھڑے ہونے کی جگہ۔

- رجلٌ محرابٌ: بہادر آدمی (ج) محاریبُ۔

(المِحْرَب) من الرجال: بہادر آدمی۔

(المَحْرُوبَةُ) امراةٌ محروبةٌ: وہ عورت جس کا بچہ چھین لیا گیا۔

(حَرَتَه) ـُ حَرْتًا: دانتوں سے کاٹ کر کھانا (۲) گول کاٹنا (۳) زور سے ملنا۔

(الحُرَتَةُ): زیادہ کھانے والا۔

(حَرَثَ) الارضَ ـُ حَرْثًا: زمین میں کھیتی باڑی کے لئے ہل چلانا۔

- النارَ: آگ کو دہکانے کے لئے کریدنا۔

- الدّابةَ و نفسَه: جانور کو تھکا کر چور کر دینا۔

- الشیئَ: کسی بات کی کھود کرید کرنا۔

- القوسَ: کمان میں تانت کی جگہ بنانا۔

- المالَ: جمع کرنا۔

(اَحْرَثَ) الدابّةَ او نَفْسَه: بہت تھکانا۔

(احْتَرَثَ) الارضَ والمالَ: ہل چلانا (۲) مال جمع کرنا۔

(الحارِثُ): ابو الحارث: شیر۔

(الحَرَاثُ): کمان میں تانت لگانے کی جگہ (ج) اَحْرِثَةٌ۔

(الحِراثُ): بے تراشا تیر (۲) کمان میں تانت کی جگہ (۳) نیزے کے پھل کی جڑ (ج) احرثةٌ۔

(الحِراثَةُ): کاشت کاری۔

(الحَرْثُ): کھیتی باڑی۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ویُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْل﴾ (۲) ہل چلائی ہوئی زمین (۳) وہ راستہ جس میں کثرت آمدورفت کی بنا پر گردوغبار ہو۔

- حرث الدنیا: دنیا کی کمائی' مال و اولاد وغیرہ۔

- حرث الاخرة: باقی رہنے والا عمل صالح (۲) اجروثواب۔

(الحَرّاثُ): کاشتکار۔

(المحْرَاثُ والمِحْرَثُ): ہل (۲) سلاخ یا چمٹی جس سے آگ کریدی جائے۔ کہا جاتا ہے "ھو محراثُ حربٍ" وہ جنگ کی آگ بھڑکانا کا عادی ہے (ج) محاریث۔

(حَرَجَ) انیابُه ـُ حَرْجًا: غیظ وغضب سے دانت پیسنا۔

(حَرِجَ) الصدرُ ـَ حَرَجًا: تنگ ہونا۔

- العینُ: آنکھ کا دھنس جانا۔

- الیه: تنگی کی وجہ سے کسی کی پناہ لینا۔

- الشیئُ: ڈرنا' ھو حَرِجٌ۔

(أحْرَجَ) فی یمینه: قسم توڑنا۔

- فلانا: تنگی میں مبتلا کرنا (۲) گناہ کروانا۔

- الشیئَ عَلٰی فلان: محروم کرنا۔

- فلانا اِلٰی کذا: مجبور کرنا۔

(حَرَّجَ): حرام قرار دینا۔ حدیث میں ہے (اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُحَرِّجُ حَقَّ الضَّعِیفِ الیتیم والمراةِ)۔

- علیه: تنگی کرنا' پریشان کرنا۔

- فی الامرِ: کسی بات پر اڑے رہنا۔

- الحیوانَ: جانور کے گلے میں قلادہ ڈالنا۔

(تَحَرَّجَ): تنگی اور پریشانی سے بچنا اور تنگی اور پریشانی سے بچانے والا کام کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَرَّجَ اَنْ یَفْعَلَ کذا و تحرّجَ منه" تنگی اور مشقت سے بچانے والا کام کرنا۔

(الحارِجُ): گنہگار۔

(الحَرَج): گھنے درختوں والی جگہ جس سے پار ہونا دشوار ہو (۲) دبلی اونٹنی (۳) گھٹے ہوئے بھاری جسم والی اونٹنی (۴) انتہائی تنگ اور سخت۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿یَجْعَلْ صَدْرَه ضَیِّقًا حَرَجًا﴾ (۵) گناہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿لَیْسَ عَلَی الْاَعْمٰی حَرَجٌ﴾۔

- حَدِّث عنه لا حَرَج: تم اس کے متعلق بے خوف بات کہو۔

(الحَرِجُ): تنگی اور پریشانی میں ہونے والا۔

(الحِرْجُ): شکاری کا جال (۲) کوڑی (۳) جانور کا قلادہ (۴) بکریوں کا ریوڑ (ج) حِرَاجٌ و اَحْرَاجٌ و حِرَجَةٌ۔

(الحَرَجَةُ): گھنے درختوں کا جھنڈ جس سے پار ہونا دشوار ہو (۲) دو درختوں کے درمیان کا درخت جس پر دیمک نہ پہنچے (ج) حَرَجٌ و حِرَاجٌ۔

(الحَرُوجُ) من النوق: بھاری بھرکم اونٹنی۔

(المِحْرَاجُ) لیلةٌ مِحْرَاجٌ: انتہائی سرد رات۔

(المُحْرِجَةُ) من الاَیمانِ: پختہ قسم جس سے مفر ممکن نہ ہو۔

(الحُرْجُوجُ): جسیم اور لمبی اونٹنی (۲) ہوشیار اور باحوصلہ اونٹنی (۳) سخت ٹھنڈی ہوا۔ (ج) حَراجِیجُ۔

(الحَرْجَفُ) من الرّیاح: خشک و تیز ٹھنڈی ہوا۔

- لَیْلَةٌ حرجفٌ: ٹھنڈی ہوا والی رات۔

(حَرْجَلَ): دائیں بائیں دوڑنا (۲) نماز وغیرہ میں صف کو پورا کرنا۔

(الحَرْجَلَةُ): گھوڑوں کا گلہ (ج) حراجلُ۔

- جاء وا حراجلةً: وہ اپنے گھوڑوں پر آئے۔

(حَرْجَمَ) الدوابَّ: جانوروں کو ایک دوسرے پر گرتے ہوئے اکٹھا کرنا۔

(اِحْرَنْجَمَ) القومُ والدوابُّ: لوگوں اور

Marfat.com

جانوروں کا جمع ہونا۔
-فلانٌ: کسی کام کا ارادہ کرنے کے بعد نہ کرنا۔
(حَرَدَهُ)۔ حَرْدًا: ارادہ کرنا' اور آیت اسکی ہی تفسیر کی گئی ہے (وَغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قَادِرِیْنَ)۔
فلانٌ عن قومِهِ حروداً: الگ ہو جانا' تنہا رہ جانا۔
(حَرِدَ) علیه ۔ حَرَدًا: غصہ ہونا (٢) ناراض ہو کر ناراض کرنے والے پر دانت پیسنا۔ ھو حَرِدٌ و حارِدٌ و حَرْدانٌ۔
-الدَّابةُ: پیدائش طور پر یا کسی بیماری کی وجہ سے جانور کے پٹھوں کا کمزور ہونا اور لڑکھڑا کر چلنا۔ ھی حرداءُ۔
-فلانٌ: زیادہ بوجھ کی وجہ سے چلنے کی طاقت نہ رکھنا۔
(أَحْرَدَ) في السير: تیز چلنا۔
-فلاناً: کسی کو الگ اور ایک طرف کرنا۔
(حَارَدَتِ) الابلُ: اونٹ کے دودھ کا کم یا ختم ہو جانا۔
-السنةُ: خشک سالی ہونا۔
-حال فلان: بدحال ہونا۔
-حارَدَ الرجلُ: سخاوت کے بعد بخیل ہونا۔
(حَرَّدَ) فلانٌ: جھونپڑی میں پناہ لینا۔
-الشيءَ: ٹیڑھا کرنا۔
-الکوخَ: جھونپڑی یا چھپر کو کوہان دار بنانا۔
-الشيءَ: پورے پر پالش کرنا۔
(اِنْحَرَدَ): اکیلا رہنا' الگ تھلگ رہنا۔
-النجمُ: ستارہ کا ٹوٹنا۔
(تَحَرَّدَ): ہٹ جانا۔
(الأَحْرَدُ): وہ اونٹ کہ کسی بیماری کی وجہ سے اس کے پٹھے خشک ہو گئے ہوں اور لڑکھڑا کر چلتا ہو۔
-رجلٌ اَحْرَدُ: کمینہ اور بخیل۔
-احردُ الیدَیْنِ: کمینہ اور بخیل۔
(الحارِدُ) ناقةٌ حارِدٌ: کم دودھ دینے والی اونٹنی۔
(الحَرْدُ) رجلٌ حَرْدٌ: الگ تھلگ رہنے والا آدمی (ج) حِرَادٌ۔
(الحَرَدُ): وہ بیماری جو اونٹ کے پٹھوں میں پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے اس کی چال یکساں نہیں رہتی۔
(الحَرُوْدُ) من النوق: کم دودھ دینے والی اونٹنی یا وہ اونٹنی جس کا دودھ نہ اترتا ہو (ج) حُرُدٌ۔
(الحَرِیْدُ): گوشہ نشین۔
-رجلٌ حَرِیْدٌ: اکیلا آدمی۔
-حَیٌّ حَرِیْدٌ و مکانٌ حَرِیْدٌ: الگ تھلگ اور کنارے پر واقع ہونے والا مکان یا محلہ (٢) پارچے بنا کر سکھائی ہوئی مچھلی (ج) حِرَادٌ' حُرَدَاءُ۔
(حَرْدَبَ) حَرْدَبَةً: پھرتیلا ہونا۔
(حَرَّ) الماءُ والهواءُ وغیرهما ـِ حَرَارَةً: گرم ہونا۔ ھو حَارٌّ۔
-القتلُ: سخت خونریزی ہونا۔
-فلانٌ حَرًّا: حریرہ پکانا۔
-الشيءَ ـُ حَرًّا: گرم کرنا۔
(حَرَّ) الرجل ـَ حِرَّةً و حَرَارَةً: پیاسا ہونا۔ ھو حَرَّانٌ وھی حَرَّی۔
- کبدُہ: پیاس یا غم کی وجہ سے جگر میں خشکی آنا۔
ھی حَرَّی (ج) حِرَارٌ و حَرَارَی۔
-العبدُ حَرَارًا: غلام کا آزاد ہونا۔
-فلانٌ حَرِیَّةً: آزاد نسل ہونا۔
(أَحَرَّ): گرم ہونا۔
-الشيءَ: گرم کرنا۔
-اللهُ صدرَهُ: پیاسا کرنا۔
(حَرَّرَهُ): آزاد کرنا کہا جاتا ہے "حَرَّرَ رَقَبَتَهُ"۔
-الولدَ: اللہ کی عبادت اور مسجد کی خدمت کے لئے خاص کرنا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَافِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا﴾
-الکتابَ و غیرَہ: اصلاح کرنا اور اس کی کتابت کو عمدہ بنانا۔
-الوزنَ: وزن ٹھیک کرنا۔
-الرمیَ: نشانہ پختہ کرنا۔
(اسْتَحَرَّ): گرم یا سخت ہونا۔
-القتلُ: سخت خونریزی ہونا۔
-فلانةٌ: کسی عورت سے حریرہ (آٹے کا حلوہ) بنوانا۔
(الاحَرُّ): ھو احرُّ منه حُسْنًا: وہ اس سے زیادہ حسین اور نازک ہے۔
(الحارُّ): گرم۔
- من العملِ: مشکل اور دشوار کام۔ کہاوت ہے (وَلِّ حَارَّھا من تولّی قارَّھا) جو آدمی حکومت کی آسائشوں سے مزہ اٹھائے' مشکلات بھی اسی کے سپرد کرو۔
(الحرارةُ): گرمائش' تپش (٢) کوئی چیز کھانے سے منہ کی جلن (٣) درد کی وجہ سے دل کی جلن۔ (ج)
(الحَرَارِیُّ) الطوب الحراریّ: گرمی سے بچاؤ کے لئے بنائی گئی خاص قسم کی بلاک یا ٹھیکریل۔ (مج)
(الحراریّاتُ): گرمی روکنے والے اجزاء اور سطح پر لگائے جانے والا مسالہ جو گرمی کا مقابلہ کرتا ہے (مج)
(الحُرُّ) الحرارة (ج) حرورٌ۔
(الحُرُّ): خالص' آمیزش سے پاک۔
-ذَھَبٌ حُرٌّ: خالص سونا۔
-فرسٌ حُرٌّ: اصیل گھوڑا (٢) آزاد' (٣) شریف' معزز (ج) اَحْرَارٌ وھی حُرَّةٌ (ج) حرائرُ (٤) ہر شے کا عمدہ اور افضل حصہ۔ (٥) کچی کھائی جانے والی سبزی' (٦) چہرہ کا ظاہر جیسے "لطم حُرَّ وَجْهِهِ" (٧) عمدہ قول یا فعل جیسے "ھذا من حُرِّ الکلام" یہ بڑی عمدہ بات ہے اور "ما ھذا منكَ بِحُرٍّ" تمہاری یہ بات اچھی نہیں۔
(الحَرَّارُ): ریشم فروش (٢) ریشم بنانے والا۔
(الحَرَّةُ): کالے پتھروں والی زمین جو جلائی ہوئی معلوم ہو (ج) حِرَارٌ (٢) چھوٹا کنواں (٣) مدینہ منورہ کے باہر ایک زمین کا نام۔

Marfat.com

یزید بن معاویہؓ کے دور میں اس جگہ لڑائی ہوئی تھی۔
(الحُرَّةُ): آزاد عورت۔
-سحابةٌ حُرَّةٌ: زیادہ برسنے والا بادل۔
(الحُرِیَّةُ): آزادی' چھوٹ' رہائی' ہر قسم کی رذیل صفات سے پاک ہونے کی حالت۔ خواہ ایک فرد کی ہو یا پوری قوم کی (۲) علم اقتصادیات کے مطابق وہ ملک جس کی رو سے بین الاقوامی تجارت ہر قسم کی پابندیوں اور کسٹم وغیرہ سے آزاد ہوتی ہے (مج)
(الحَرُوْرُ) سورج کی گرمی۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَمَا یَسْتَوِی الْاَعْمٰی وَالْبَصِیْرُ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ﴾ (۲) ہمیشہ گرم رہنے والی چیز (۳) آگ (ج) حرائر۔
(الحَرُوْرِیَّةُ): خوارج کا ایک فرقہ جو کوفہ کے قریب مقام حروراء کی طرف منسوب ہے۔ اسی مقام پر حضرت علی کی مخالفت میں ان کا پہلا اجتماع ہوا تھا۔ یہ فرقہ دین میں بے انتہا متشدد تھا بعد میں دین سے الگ ہو گیا۔
(الحریرُ): ریشم' ریشمی کپڑا۔
(الحریرُ الصناعیُّ): مصنوعی ریشم۔
(الحَرِیرة) ریشم کا ٹکڑا (۲) آٹے گھی اور دودھ سے بنا ہوا حلوہ۔
(الحریریّ) ریشم ساز (۲) ریشم فروش۔
(المِحَرُّ): پڑا' جتے ہوئی کھیت کو ہموار کرنے کا آلہ جسے دو بیل کھینچتے ہیں (ج) محارّ۔
(المَحْرُوْرُ) انتہائی غضبناک۔
(حَرَزَهٗ)ـُ حَرْزًا حفاظت کرنا۔
(حَرِز)ـَ حَرَزًا محتاط ہونا' بچنا۔
(حَرُزَ)ـُ حَرَازَةً محفوظ ہونا اور مضبوط ہونا۔
(اَحْرَزَهٗ) حفاظت کرنا (۲) جمع کرنا۔
-أحرز قصبَ السبقِ کسی کام میں سبقت لے جانا۔
--مالَه وقت ضرورت کے لئے مال جمع کرنا۔
-المکانَ المتاعَ کسی جگہ سامان رکھنا۔
(حَرَّزَ) الشیْئَ خوب حفاظت کرنا (اور اسی سے پولیس والوں کی اصطلاح ہے "حرّز جسم الجریمة أو أداتها" جرم کے ثبوت اور ہتھیار قابو میں کر لئے گئے۔
(اِحْتَرَز) منه: بچنا۔
(تَحَرَّزَ) منه: بچنا۔
(استَحْرَزَ): حفاظت میں آنا۔
(الحارِزُ) حِرزٌ حارِزٌ: مضبوط جگہ جہاں پہنچنا دشوار ہو۔ حدیث میں ہے: (اللّٰھم اجعلنا فی حرزٍ حارزٍ)۔
(الحِرزُ): مضبوط برتن جس میں شے کی حفاظت کی جائے (۲) محفوظ مقام' قلعہ (۳) تعویذ۔
(الحَرَزُ): حفاظت کی جانے والی چیز۔
(الحَرَزة): بہترین اور منتخب مال۔
(الحریزُ): قلعہ "حرزٌ حریزٌ" مضبوط قلعہ۔
(الحریزةُ): نفیس شے جس کو بیچا نہ جائے (ج) حرائز۔
(حَرَسَه)ـُ حَرْسًا و حِراسةً: حفاظت کرنا' پہرہ دینا (۲) کبھی بطور طنز چوری کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے کہاوت ہے (محترِسٌ من مثلِه وهو حارِسٌ) اس شخص کے بارے میں جو خود بہت برا ہو اور دوسروں میں عیب نکالتا ہو۔
(حَرِسَ)ـَ حَرَسًا: لمبے عرصہ تک زندہ رہنا۔ هو حرِسٌ' وهی حَرْساء (ج) حُرْسٌ۔
(اَحْرَسَ) بالمکان: زیادہ عرصہ قیام کرنا (۲) کسی جگہ محفوظ ہونا۔
(احتَرَسَ) منه: بچنا' محفوظ رہنا۔
(تَحَرَّسَ) منه بچنا' محفوظ رہنا۔
(الاحتراسُ) علم معانی میں اس لفظ کو کہتے ہیں جو کسی کلام سے خلاف مراد مفہوم کے وہم کا ازالہ کرے۔
(الحِراسةُ): پہرہ' حفاظت' کہا جاتا ہے "وُضِعَ فلانًا تحت الحراسة" فلاں کو مال وغیرہ میں تصرف سے روک دیا گیا۔ (محدثہ)
(الأحْرَسُ) من الأبنیةِ ٹھوس عمارت (۲) قدیم چیز جس پر عرصہ دراز گزر گیا ہو۔
(الحرْسُ): زمانہ (۲) لمبا عرصہ کہا جاتا ہے "مضٰی علیه حرسٌ من الدهرِ" (ج) اَحْرُس۔
(الحَرَس): پہرہ دار۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِیْدًا وَّ شُهُبًا﴾ (۲) حفاظتی دستہ۔
(الحَرَسِیُّ): محافظ (واحد الحَرَس)۔
(الحریسةُ): زیر حفاظت علاقہ' (۲) جانوروں کا باڑہ (ج) حَرَائِسُ۔
(المحرُوسةُ): وصف غالب کے طور پر قاہرہ کا نام (جو مصر کا دار الحکومت ہے)۔
(حَرَشَه)ـِ حَرْشًا: خراش لگانا' رگڑ لگانا۔
-الدابّةَ: لاٹھی وغیرہ سے جانور کو دوڑانے کے لئے چرکا لگانا۔
-الصیدَ: شکار کو پکڑنے کے لئے اکسانا' جیسے کہاوت ہے (اتعلّمنی بضَبٍّ انا حرشتُه؟) ایسے شخص کے بارے میں جو کسی کو ایسی بات کی خبر دینا چاہے کہ وہ خود اس سے واقف ہو۔
- الانسانَ والحیوانَ: انسان یا جانور کو اکسانا۔
-بینَ القومِ: لڑائی ڈلوانا۔
(حَرِشَ) الشیُٔ ـَ حَرَشًا: کھردرا ہونا۔ هو اَحْرَش وهی حرشاء (ج) حُرْشٌ و هو حَرِش ایضا۔
(حَرُشَ)ـُ حُرُوشةً: کھردرا ہونا۔
(اَحْرَشَ) الصیدَ: شکار کو اکسانا۔
(حارشَه): قتال کرنا۔
(حَرَّشَ) بینهُم: پھوٹ ڈالنا۔
- الانسانَ والحیوانَ: انسان یا جانور کو اکسانا۔
(احترشَ) الصید جانور کو اکسانا۔
-فلانًا دھوکہ دینا۔
-الشیْءَ جمع کرنا۔
لعیالِه: گھر والوں کے ضرورت کا سامان کمانا۔
(تَحَرَّشَ) بِه: بھڑکانے اور اکسانے کے لئے

Marfat.com

سامنے آنا۔

(الحارِش): ایک بیماری جو گائے کے منہ میں پیدا ہوتی ہے جس سے اس کے منہ میں زخم و ورم ہو جاتا ہے۔

(الحَرْش): اثر، نشان (۲) زخم کا نشان جس پر ٹھیک ہونے کے بعد بھی بال نہ اگتے ہوں (۳) دھوکہ، فریب (ج) حِراش۔

(الحَرْشاءُ): (۱) ناقةٌ حَرشاءُ: خارش زدہ اونٹنی۔ (۲) نقبةٌ حرشاءُ: وہ خارش جو قطران سے ٹھیک نہ ہو۔ (۳) ایک قسم کی گھاس جسے جانور شوق سے کھاتے ہیں۔ (۴) خشکی کے جانور کا گوشت کا پارچہ (ج) حُرْش۔

(الحریش): کنکھجورا، کسلائی۔ عوام الناس اسے "اُم اربعة واربعین" کہتے ہیں۔

(الحریشة): مملوکہ چیز۔ کہا جاتا ہے۔ "اخرجتُ لہ حریشتی" میں نے اپنی ہر مملوکہ چیز اس کے سامنے کر دی۔

(المِحْرَاش): ٹیڑھے سر والا ڈنڈا (ج) محاریش۔

(الحَرْشَفُ): مچھلی کے کھپے (۲) ہتھیار کو چاندی وغیرہ سے دی جانے والی زینت۔ (۳) پرندوں یا جانوروں کے چھوٹے بچے (۴) وہ ٹڈی جس کے پر نہ نکلے ہوں (۵) بوڑھے کمزور لوگ (۶) پیادہ فوج (۷) فصیلہ مرکبہ کی ایک کھردری گھاس (دیکھئے: حرشوف) (ج) حراشِف۔

(الحُرْشُفُ): سخت زمین۔

(حَرَصَ) ـِ حَرْصًا: لالچی ہونا۔

- علی الشیءِ: کسی چیز میں رغبت کا زیادہ ہونا۔

- علی الرجل: کسی آدمی کے فائدہ اور ہدایت کی کوشش کرنا اور شفیق ہونا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ﴾

- بالشیءَ: پھاڑنا جیسے "حَرَصَتِ الشجةُ الجلد" اور "حرص القصارُ الثوبَ"۔

- الجلدَ و نحوہُ: چھیلنا، صاف کر دینا جیسے "حرص المطرُ وجهَ الارضِ" اور حرصَتِ الماشیةُ المرعٰی، ھو حارِصٌ۔

(حَرَّصَه): کسی چیز کا انتہائی خواہش مند بنا دینا۔

- الشیءَ: خراش لگانا، رگڑنا۔

(احترَصَ) الرجلُ: کسی چیز کے حصول میں کوشش کرنا۔

(تحَرَّصَ) الشیءَ: مناسب وقت کا انتظار کرنا۔ جیسے یتحَرَّصُ غَداءَ و عَشاءَ هم۔

(الحارصته): معمولی زخم جو تھوڑا سا کھال کو چیر دے۔

(الحَرْصَةُ): کپڑے کی پھٹن (۲) معمولی زخم جو تھوڑا سا کھال کو چیر دے۔

(الحِرْصِیان): کھال کا اندرونی رخ (۲) وہ جھلی جو کھال اتارنے کے بعد گوشت کے اوپر رہتی ہے۔

(الحریْصَةُ): وہ زخم جو کھال کو پھاڑ دے۔

(حَرَضَ) ـُ حُرُوضًا: تھک کر چور ہو جانا۔ (۲) ہلاکت کے قریب ہو جانا (۳) اخلاق، عقل یا مسلک خراب ہو جانا۔

(حَرِضَ) الثوبُ ـَ حَرَضًا: کپڑے کے نقش و نگار پرانے ہو جانا۔

فلانٌ: معدہ خراب ہونا (۲) رنج و غم سے گھل جانا (۳) عصفر جمع کرنا۔

(حَرُضَ) ـُ حَرَاضَةً: حَرَضَ، ھو حَرِیضٌ۔

(اَحْرَضَ) فلانٌ: کسی کے ہاں بری اولاد پیدا ہونا۔

- الحبُّ و نحوہُ فلانًا: محبت وغیرہ کا بدحال کر دینا۔

(حَارَضَ) علی العمل: ہمیشگی اختیار کرنا۔

(حَرَّضَ) فلانًا علی الشیءِ: ابھارنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَى الْقِتَالِ﴾۔

الثوب: کپڑے کو عصفر سے رنگنا۔

(الاَحْرَضُ) من الرجال: وہ شخص جس کی آنکھ کے کنارے ٹوٹے ہوئے ہوں۔

(الاِحْرِیض): عصفر (۲) گرا ہوا آدمی جس میں اٹھنے کی طاقت (۳) وہ آدمی جس کوئی خیر نہ ہو (ج) احاریض۔

(الحارِضَةُ): بیمار و خراب آدمی (۲) جس میں کوئی خیر نہ ہو۔ (الحَرَّاضُ): اشنان بنانے والا۔

(۲) اشنان کا کاروبار کرنے والا۔

(الحرَّاضَةُ): مونث الحرّاض (۲) اشنان جلانے اور مسالہ بنانے کی جگہ۔ (۳) اشنان کا بازار یا مارکیٹ۔

(الحَرَضُ): انتہائی بیمار، قرآن مجید میں ہے: ﴿تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوسُفَ حَتّٰى تَكُونَ حَرَضًا﴾ (۲) وہ کمزور جو لڑائی پر قادر نہ ہو (۳) وہ آدمی جس کی بھلائی کی امید نہ ہو اور اس کے شر کا خوف نہ ہو (۴) کپڑے کا کنارہ اور اس کے نقش و نگار (ج) احراضٌ و حرضان، حِرَضَةٌ۔

(الحَرِضُ) من الرجال: الحَرَض۔ (ج) احراضٌ۔

(الحُرُضُ): اشنان (۲) اشنان کا پاؤڈر جسے بطور صابن استعمال کیا جاتا ہے۔ (۳) چونا بنانے کا پتھر۔

(الحِرْضَةُ) من الرجال: خراب چھوڑا ہوا آدمی (ج) حِرَضٌ۔

(الحُرْضَةُ): جو خود نہ گوشت خریدے نہ کھائے لیکن دوسرے کے پاس ضرور کھائے۔

(المِحْرَضَةُ): اشنان رکھنے کا برتن۔

(حَرَفَ) عنه ـِ حَرْفًا: ٹیڑھا ہونا (۲) الگ ہونا۔

- لعیالِه: ہر پیشہ سے اہل و عیال کے لئے روزی کمانا۔

- الشیءَ عن وجهه ـُ حَرْفًا: ہٹانا۔

(حَرُفَ) الشیءُ ـُ حَرَافَةً: منہ اور زبان کو کاٹنے والا ہونا۔

(حُرِفَ) فلانٌ فی مالِه: کسی کا کچھ مال ضائع ہو جانا۔

Marfat.com

(اَحْرَفَ): فقر کے بعد مالدار ہونا (۲) اہل و عیال کے لئے کدوکاوش کرنا۔
(۳) بھلائی یا برائی کا بدلہ دینا۔
-الناقةَ و نحوھا: اونٹنی وغیرہ کو کمزور کرنا۔
(حَارَفَ) الجرحَ: زخم کو پیمانے سے ناپنا۔
-فلانًا: کسی کے ساتھ اس کے پیشہ میں سلوک کرنا (۲) بدلہ دینا' انعام دینا (۳) کسی کے ساتھ فخر میں مقابلہ کرنا۔
(حُورِفَ) فلانٌ: رزق تنگ ہونا۔
کَسْبُهٗ: کمانے میں تنگی ہونا۔
(حَرَّفَ) الشئَ: ٹیڑھا کرنا۔
-القلمَ: ٹیڑھا خط لگانا۔
- الکلامَ: کلام کو اصل معنی سے بدلنا' جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿یُحَرِّفُوْنَ الْکَلِمَ عَنْ مَوَاضِعِهٖ﴾۔
(اِحْتَرَفَ): پیشہ اختیار کرنا۔
لاهله: اہل و عیال کے لئے کمانا۔ هو محترفٌ۔
(انحَرَفَ): جھکنا' ٹیڑھا ہونا۔
-مزاجُه: طبیعت کا اعتدال سے ہٹنا۔
-الی فلانٍ: کسی کی طرف مائل ہونا۔
-عن فلانٍ: کسی سے الگ ہونا۔
(تَحَرَّفَ) عنه: الگ ہونا۔
-لعیالِه: اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا۔
(الحَرَافَةُ): کھانے کی ترشی اور تیزی جو زبان کو کاٹے جیسے "فیه حَرَافَةٌ"۔
(الحِرِّیف): ترشی دار۔
بَصَلٌ حِرِّیفٌ: جھل والا پیاز۔
(الحَرْفُ): کنارہ' نوک۔
فلانٌ علی حرفٍ من امرِه: وہ معاملہ کی ایسی سطح پر ہے کہ اگر وہ اسے پسند نہ آیا تو بہت جلد اس سے الگ ہو جائے گا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّعْبُدُ اللهَ عَلٰی حَرْفٍ﴾ یعنی سرور میں تو اللہ کی عبادت کرتے ہیں مگر تنگی میں نہیں (۲) دبلے اور سخت چوپائے (۳) حروف ہجائیہ میں سے ایک جس سے مل کر کلمہ بنتا ہے۔ (۴) حروف معانی میں سے ایک یعنی وہ حرف جو اجزائے کلام مربوط کرتا ہے اور یہ حرف کلمہ کی تین قسموں اسم' فعل اور حرف میں سے ایک ہے (۵) کلمہ جیسے "هذا الحرف لیسَ فی لسان العرب"۔
(۶) زبان' لہجہ۔ جیسے حدیث میں ہے: (نزل القُرانُ علی سبعة احرُفٍ) (۷) طریقہ (۸) چہرہ۔
(الحُرْفُ): تلخی' ترشی (۲) رائی۔
(الحِرْفَةُ): پیشہ' ہنر (۲) عادت۔ جیسے حِرفَتهٗ اَنْ یَفْعَلَ کَذَا (ج) حِرَفٌ۔
(الحِرْفِیُّ): پیشہ ور۔ وہ شخص جو اپنی روزی کسی مسلسل اور دائمی کام سے کماتا ہو۔
(الحَرِیْفُ): ہم پیشہ (ج) حُرَفَاء۔
(المحارَفُ): وہ آدمی جو طلب رزق میں محروم اور ناکام ہو۔ مقابل ہے مبارک کے۔
(المِحْرَافُ): زخم کی گہرائی ماپنے کا آلہ۔
(ج) مَحَارِیفُ و مَحَارِفُ۔
(المِحْرَفُ): المِحْرَاف۔
(المُنْحَرِفُ): علم ریاضی میں ایک چہار گوشہ شکل جس میں دو متوازی ضلع نہ پائے جائیں۔
-شبهُ المُنحرِفِ: وہ چہار گوشہ شکل جس میں دو متوازی اضلاع پائے جائیں۔ (مج)۔
(حَرَقَ) الحدیدَ ـُ حَرْقًا: رگڑنا۔
-بالمِبْرَدِ: ریتی رگڑنا۔
- انیابَه: دانت پیسنا' دانتوں کو رگڑانا۔ حَرَقَ بانیابِه بھی کہا جاتا ہے۔
-هو یحرق علیه الأرَّم: وہ اس پر دانت پیستا ہے۔
-القصار الثوبَ: دھوبی کا کپڑے پر کوٹنے کا نشان ڈالنا۔
-النارُ الشئَ: جلنے کا نشان ڈالنا۔ جیسے حَرَقَه بالنار۔ الفاعلُ حارقٌ و حَرِیقٌ والمفعول محروقٌ و حَرِیقٌ۔
(حَرِقَ) ـَ حَرَقًا: کولہے کے پٹھے کا کٹ جانا۔
- الثوبُ: کوٹنے کی وجہ سے کپڑے کا پھٹ جانا۔
-الشَّعْرُ و الریشُ: بال یا پر کا ٹوٹ کر گرنا۔
- اللحیة: داڑھی کے بیچ کے بال چھوٹے ہونا۔
-فلانٌ: اطراف جسم کا پھٹ جانا' هو حَرِقٌ۔
(حُرِقَ): کولہے کے پٹھے کا پھٹ جانا۔ هو محروقٌ۔
(اَحْرَقَتِ) النار بالشئِ: آگ کا کسی چیز کو جلانا۔ اَحْرَقَه بالنار بھی کہتے ہیں۔
-الشئَ: ہلاک کرنا۔
-الحریقةَ: گاڑھا سوپ تیار کرنا۔
-فلانًا: تکلیف دینا۔
- باللسان: عیب و نقص نکالنا۔ کہا جاتا ہے "اَحْرِقْ لنا من هذه القصبة نارًا" ہمیں آگ کے انگارے دو۔
(حَرَّقَتِ) النارُ الشئَ: آگ کا جلانا۔ حَرَّقَه بالنار بھی کہا جاتا ہے۔
-المرعَی الابلَ: چراگاہ کا اونٹوں کو پیاسا کر دینا۔
(اِحْتَرَقَ) الشئُ: ہلاک ہونا۔
(تَحَرَّقَ) الشئُ: جلنا۔
-النارُ: آگ کا بھڑکنا اور دہکنا۔
(الحارِقُ): درندہ کا دانت۔
(الحَارِقَةُ): درندہ (۲) آگ (۳) وہ پٹھا جو کولہے اور ران کے سرے کو ملاتا ہے۔
-امراۃٌ حارقةٌ: پڑوسی عورتوں کو گالیاں دینے والی عورت۔
(الحارُوقَةُ): تیز تلوار۔
(الحِرَاقُ): وہ آلہ جس سے کھجور کے درخت کا قلم لگایا جاتا ہے (۲) ہر چیز کو خراب کرنے والا۔
-نارٌ حِرَاقٌ: صفایا کر دینے والی آگ۔
-رمیٌ حِرَاقٌ: سخت قسم کی تیر اندازی۔
(الحُرَاقُ): کھجور کی پیوندکاری کا آلہ (۲) وہ چیز جس نے آگ پکڑ لی ہو جیسے کپڑے کا ٹکڑا وغیرہ (۳) مفسد مزاج (۴) انتہائی کھارا پانی (۵) تیز رفتار گھوڑا۔
نارٌ حُرَاقٌ: صفایا کر دینے والی آگ۔

Marfat.com

(الحُرَاقَةُ): آگ پکڑنے والی چیز جیسے کپڑے کا ٹکڑا وغیرہ۔

(الحُرَّاقُ): الحراقة (۲) تیز رفتار گھوڑا (۳) سخت کھارا پانی۔

(الحَرَّاقَةُ): وہ چیز جو جلد پر صفائی کی غرض سے رکھی جائے (۲) جنگی جہاز جس سے دشمن پر بم برسائے جاتے ہیں۔ (۳) سبک رفتار کشتی (ج) حَرَّاقات۔

الحرّاقات: کوئلے کی بھٹیاں۔

(الحَرْقُ): جلنے کا نشان (ج) حُرُوْق۔

(الحُرَقُ): آگ (۲) آگ کا شعلہ (۳) وہ نشان جو کپڑے پر آگ یا دھوبی کے کوٹنے سے پڑ جائے۔

(الحُرْقَانُ): چلتے وقت دونوں رانوں کا ٹکرانا۔

(الحُرْقَةُ): گرمی' سوزش (۲) غم یا محبت کی تپش۔

(الحَرْقُوَةُ): حلق میں تالو کے اوپر کا حصہ۔

(الحَرِيقُ): آگ' جلتی ہوئی آگ (۲) آگ کا شعلہ (۳) آگ زنی (۴) ایسی آگ جو بطور آفت نباتات کو جلا ڈالے۔

(الحريقة): گرمی' سوزش' تپش (۲) گاڑھے شوربے (سوپ) کی ایک قسم (ج) حَرَائقُ۔

(الحَرْقَدَةُ): نرخرہ کی گرہ۔

(الحِرْقِدَةُ): زبان کی جڑ (۲) اعلیٰ نسل کے اونٹ (ج) حَرَاقِدُ۔

(حَرْقَصَ) فی مشیہ و کلامِہ: بات کرنے یا چلنے میں میانہ روی اختیار کرنا۔

-النسجَ: گھنی ہوئی بنائی کرنا۔

(الحُرْقُوصُ): پسو جیسا ایک کیڑا (۲) کوڑے کا سرا (۳) خام کھجور کی گٹھلی (ج) حَرَاقِيص۔

(الحَرْقَفَةُ): سرین کی ہڈی کا سرا۔ (ج) حَرَاقِفُ۔

(الحُرْقُوفُ): لاغر جانور۔

(حَرِكَ)ـُ حَرَكاً: کاندھے کے بالائی حصہ میں تکلیف ہونا (۲) ادائیگی حق سے انکار کرنا (۳) سوال کرنے میں ضد کرنا۔

-الحیوانَ او الانسانَ: جانور یا آدمی کے مونڈھے کے سرے پر مارنا۔

-الحارکَ: مونڈھے کے سرے کو کاٹنا۔

-فلاناً بالسیف: تلوار کسی کی گردن پر یا کسی اور عضو پر مارنا۔

-صیدُ البحرِ ـِ حَرْکاً: سمندری شکار کا کم ہونا۔

(حَرِكَ)ـَ حَرَکاً: عورتوں کے کام کا نہ ہونا' یعنی نامرد ہونا۔ ھو حَرِیكٌ۔

(حَرُكَ)ـُ حَرُكاً و حَرَكَةً: متحرک کرنا' ہلنا' حرکت کرنا۔

(حَرَّكه): حرکت دینا' ہلانا۔

(تَحَرَّكَ): حرکت کرنا' زور سے ہلنا۔

(الحارِكُ): مونڈھے کا بالائی حصہ۔

(الحَرَاكُ): حرکت جیسے "مابہ الحَرَاكُ"۔

(الحَرِكُ) غلامٌ حَرِكٌ: پھرتیلا و چالاک لڑکا۔

(الحرَكَةُ): حرکت' جنبش (۲) علم الصوت کے مطابق آواز پر طاری ہونے والی کیفیت اور وہ ضمہ' فتحہ' کسرہ ہیں اور ان کے مقابلہ میں سکون ہے۔

(المِحْرَاكُ): آگ کو حرکت دینے کا آلہ۔

-ھو مِحرَاكٌ: وہ فتنہ انگیز آدمی ہے۔

(المَحْرَكُ): سر کی جڑ سے ملا ہوا گردن کا بالائی حصہ (۲) گردن کی جڑ۔

(الحَرْكَكَةُ): کولہے کا وہ حصہ جو بیٹھتے وقت زمین سے لگتا ہے (ج) حراکِك و حَرَاكِيكُ۔

(الحُرْكُوكُ): کندھا (۲) طاقتور آدمی۔

(حَرَمَ) فلاناً الشیءَ ـِ حِرْماناً: محروم کرنا' روکنا۔

(حَرُمَ) الشیءُ ـُ حُرْمَةً: ممنوع ہونا۔ جیسے حَرُمَ علیہ کذا۔

-الصلوٰۃ حُرُماً: نماز کا ممنوع ہونا۔

(اَحْرَمَ) الرجلُ: حرم میں داخل ہونا۔ (۲) مکہ میں داخل ہونا (۳) شہر حرام میں داخل ہونا (۴) کسی عہد و پیمان کا پابند ہونا۔

-بفلانٍ: حفاظت کے لئے کسی کی پناہ گاہ میں جانا۔

-بالصلوۃِ: نماز شروع کرنا۔

-عن الشیءِ: رکنا۔

-بالحجِ او العمرۃِ: احرام باندھنا۔

(حَرَّمَ) الشیءَ علیہ او علٰی غیرہٖ: حرام کرنا۔

(اِحْتَرَمَه): عزت کرنا۔

(تَحَرَّمَ) منہ بحُرْمَةٍ: کسی کی پناہ میں آکر محفوظ ہونا۔

-فلانٌ بفلانٍ: مل جل کر رہنا' باہمی احترام کا پختہ ہونا۔

-بطعامِہ و مجالستہٖ: کسی کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے اور کھانے پینے کی بنا پر کسی ایسی چیز کا لینا ممنوع ہو جانا جس کا پہلے لینا جائز تھا۔

(استَحْرَمَ) الشیءَ: حرام سمجھنا۔

(الحرامُ): ناجائز' حرام' ممنوع۔

-البیت الحرام: خانہ کعبہ۔

-المسجد الحرام: وہ مسجد جس میں خانہ کعبہ ہے۔

-الشھرُ الحرامُ: ماہ حرام' ان چار مہینوں میں سے ایک جن میں عرب جنگ و جدال کو حرام قرار دیتے تھے یہ چار مہینے' ذوالقعدہ' ذوالحجہ' محرم اور رجب ہیں۔ قران مجید میں ہے: ﴿اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِي كِتَابِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ﴾۔

-حَرَامُ اللّٰہِ لا افعلُ کذا: اللہ کی قسم میں ایسا نہیں کروں گا۔

(الحرامِیُّ): حرام کام کرنے والا (مو)۔

(الحَرَمُ): حرم مکہ۔

-الحَرَمَان: مکہ و مدینہ۔

-حَرَمُ الرجل: قابل حفاظت شے جس کا دفاع کیا جائے۔ مجازاً بیوی (ج) اَحْرَامٌ۔

(الحُرْمَةُ): واجب الرعایت حق صحبت یا عہدہ و ذمہ داری جس کو پامال کرنا درست نہ ہو (۲) عورت (۳) بیوی (۴) دبدبہ' رعب (ج)

Marfat.com

حُرمٌ۔
(الحَرَمِیُّ): منسوب ہے حرم کی طرف لوگوں میں سے خلاف قیاس ہے اور لوگوں کے علاوہ میں یہ موافق قیاس ہے جیسے ثَوبٌ حَرَمِیٌّ۔
(الحَرِیْمُ): قابل احترام جس کی بے حرمتی نہ کی جائے۔ (۲) متعلقات جیسے گھر یا مسجد کی متعلقہ جگہیں۔
-حریمُ الدار: گھر کا وہ احاطہ جس میں اس کی ضروریات ہوں اور جس میں دروازہ لگایا جائے۔
-حریم المسجد: مسجد کا احاطہ۔
حریم البئر: کنویں کی منڈیر (ج) احرامٌ۔
(الحَرِیْمَۃُ): ہر وہ مرغوب شے جس سے محرومی ہو۔
(المُحَرَّمُ): قابل احترام (۲) سرکش اونٹ جس پر سواری مشکل ہو (۳) مُحرّم پہلا عربی مہینہ (۴) وہ کھال جس کو دباغت نہ دی گئی ہو یا جس کی دباغت مکمل نہ ہوئی ہو (۵) وہ کوڑا جو ابھی نرم نہ ہوا ہو۔ (۶) اجڈ و اکھڑ آدمی۔
(المَحْرَمُ): ناجائز کام (۲) قابل حرمت و عزت والی چیز (۳) وہ مرد و عورت جو ایک دوسرے کے لئے محرم ہوں (۴) اللہ تعالیٰ کی طرف سے حرام کی ہوئی چیز (ج) مَحَارِمُ۔
-محارِمُ اللَّیْلِ: رات کے خطرات وخدشات
(المِحْرَمُ) احرام کے کپڑے۔
(المَحْرَمَۃُ، المَحْرُمَۃُ): وہ عہد و پیمان یا حق جس کی پامالی جائز نہ ہو (۲) بیوی اہل و عیال (ج) محارِمُ۔
(المَحْرُوْمُ) وہ بدنصیب جو مطلوبہ چیز سے محروم رہے۔
(حَرْمَدَ) فی الامرِ: اصرار اور ضد کرنا۔
(حَرْمَزَہٗ) لعنت کرنا۔
(تَحَرْمَزَ) ہوشیار ہونا۔
(الحِرْمَاسُ) چکنا (۲) سخت اور ٹھوس (ج) حَرامِسُ۔
(الحِرْمِسُ) الحِرماسُ (۲) سنۃٌ حِرمِسٌ: خشک سالی (ج) حَرامِس۔

(الحَرْمَلُ): اسپند ایک بوٹی جو بطور دوا کے استعمال ہوتی ہے۔ یہ فصیلہ رطریطیہ سے ہے۔
(الحَرْمَلَۃُ): ایک ڈھیلی اور چھوٹی پوشاک جسے گلے کے چاروں طرف مونڈھوں اور کمر پر لپیٹتے ہیں آگے سے کھلی ہوتی ہے۔ (و)۔
(حَرُنَتِ) الدَّابَّۃُ ـُ حِرَانًا و حُرُوْنًا: چوپائے کا چلتے وقت رک جانا اور ہٹ جانا۔
-فلانٌ بالمکان: کسی جگہ مقیم ہونا اور نہ ہٹنا۔
-العسلُ فی الخلیۃ: شہد کا چھتے سے یوں چمٹنا کہ نکالنا مشکل ہو۔
-فلانٌ فی البیع: فروخت میں قیمت پر اڑ جانا۔ ھو و ھی حَرُوْنٌ (ج) حُرُنٌ۔
(المِحْرَانُ): وہ مکھی جو شہد کو نہ چھوڑتی ہو۔ (۲) جو شہد میں مرجائے (ج) محارین۔
(احْرَنْبیٰ): (دیکھئے ح ر ب)
(حَرًا) بہ ـُ حَرًا: لائق و مناسب ہونا۔ ھو حَرِیٌّ (ج) اَحْرِیَاءُ وھی حَرِیَّۃٌ (ج) حَرَایَا۔
(حَرِیَ) الشیُٔ ـِ حَرْیًا: کم ہونا۔
-علیہ: غصہ ہونا۔
-الشیَٔ: کسی چیز کی طرف رخ کرنا اور کہا جاتا ہے "حَرِیَ ان یکون ذلك" ممکن ہے کہ یہ بات ہو۔
(اَحْرَاہُ): کم کرنا۔
(تَحَرّٰی) بالمکان: ٹھہرے رہنا۔
-فی الامور: زیادہ بہتر کام کا ارادہ کرنا۔
-الشیَٔ: رخ کرنا (۲) طلب کرنا، چاہنا۔ (۳) تحقیق و جستجو کرنا۔ جیسے تَحَرّٰی عنہ۔
(اَلْاَحْرٰی): افضل (۲) لائق مناسب۔
(الحَرا) مصدر بمعنی حری۔
ھم حَرًا ان یفعلوا کذا: وہ ایسا کرنے کے لائق ہیں۔
(الحَرٰی): الحَرَا (۲) کونہ، گوشہ (۳) ہرنوں کا مسکن (ج) اَحْرَاء۔
(الحَرَاوَۃُ): چپشہ۔
(الحَرْوَۃُ): چپشہ (۲) حلق کی سوزش (۳) سینہ یا سر میں درد یا غصہ کی بنا پر گھٹن و سوزش (۴) انتہائی بدبو۔

ح .... ز

(حَزَأَ) الابلَ و نحوھا ـَ حَزْءًا: اونٹوں کو جمع کرنا اور ہنکانا۔
-السَّرابُ الشَّخْصَ: نمایاں کرنا۔
(احْزَوْزَأَ): جمع ہونا۔
-الطائرُ: پرندہ کا پروں کو سمیٹ کر انڈوں سے الگ ہونا۔
(حَزَبَ) الامرُ ـُ حَزْبًا: معاملہ کا سنگین ہونا۔
-الامرُ فلانًا: درپیش ہونا، مصیبت میں ڈالنا۔
حدیث میں ہے (کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا حزبہ امرٌ صلّٰی) اور حضور ﷺ کی دعاؤں میں سے ایک یہ ہے (اَللّٰھُمَّ انت عُدَّتی اِنْ حُزِبْتُ) ھو حازبٌ (ج) حزبٌ وھی حازبۃٌ۔ (ج) حوازبُ وھو حزیبٌ ایضا (ج) حُزُبٌ۔
(حَازَبَ) فلانًا: مدد کرنا (۲) ہم جماعت ہونا۔
(حَزَّبَھم): گروہ بنانا۔
-القرآنَ: قرآن کے حصے مقرر کرنا جن میں سے کسی ایک کی روزانہ تلاوت کرنا۔
(تَحَازَبَ) القومُ: گروہ در گروہ ہونا۔
-علیہ: کسی کے خلاف باہم تعاون کرنا۔
(تَحَزَّبَ) القومُ: مختلف گروہ بننا۔
(الحَزْبُ): سخت ٹھوس زمین (۲) طاقتور جماعت و گروہ (۳) ایسی جماعت جس میں یکساں اغراض و مقاصد کے لوگ شامل ہوں قرآن مجید میں ہے: ﴿كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَیْھِمْ فَرِحُوْنَ﴾۔
-حِزْبُ الرجلِ: مددگار۔ قرآن مجید میں ہے ﴿اُولٰئِكَ حِزْبُ اللّٰہِ﴾ (۲) حصہ (۳) ورد وظیفہ۔ وہ نماز، تلاوت یا دعا جس کو معمول بنایا جائے (ج) اَحْزَابٌ۔
(الحِزْبَاءَۃُ): ٹھوس اور سخت زمین (ج) حزابیّ۔

Marfat.com

(حَزْحَزَ)الشیَٔ: ہلانا۔
-القومَ: صف بندی کے وقت لوگوں کو آگے پیچھے کرنا۔
(تَحَزْحَزَ)الشیَٔ: ہٹنا' الگ ہونا۔
(الحَزْحَزَةُ): درد' خوف یا غصہ کی وجہ سے دل میں ہونے والی دھکن۔
(حَزَرَ)اللبنُ و نحوهُ ـِ حُزورًا: دودھ وغیرہ کا کھٹا ہونا۔
-الوجهُ: تیوری چڑھانا۔
-الشیَٔ حزرًا: تخمینہ لگانا هو حازِرٌ۔
(الحزراءُ): کھٹا دودھ وغیرہ۔
(الحَزْرَةُ) حزرة المال: مال کا بہترین حصہ۔
هذا حزرة نفسی: میری چیزوں میں سے بہترین' حدیث میں ہے: (لاتاخذوا من حزراتِ انفس الناس شیئًا)
(الحَزْوَرُ): سخت جگہ (٢) طاقتور نوجوان لڑکا۔
(الحَزَوَّرُ): طاقتور لڑکا (٢) طاقتور آدمی۔
(حَزیران): نواں سریانی مہینہ' جس کا مقابل رومی مہینہ جون ہے۔
(الحزیرة) من المال: بہترین مال (ج) حَزائرُ۔
(حَزَّه)ـُ حَزًّا: کاٹنا مگر الگ نہ کرنا۔
-الشیُٔ فی صدرهِ او قلبه: دل پر اثر کرنا۔
(اَحَزَّ) علی کرم فلانٍ و شرفهِ: عزت و شرافت میں اضافہ کرنا۔
(حازَّهُ)محازَّةً و حِزازًا: جائزہ لینا۔
- بینهما شرکة حزاز: ان میں سے کوئی دوسرے پر اعتماد نہیں کرتا۔
(حَزَّزَهُ): زیادہ کاٹنا۔
- اسنانَه: دانت تیز کرنا۔
(احتَزَّه): کاٹنا' شگاف ڈالنا۔ "اِحتَزَّ السیّافُ راسَه" کہا جاتا ہے۔
(التحزیز): نوکیلا پن۔ جیسے "فی اَسنانه تحزیزٌ"۔
(الحَزازُ): دل کی ٹیس یا درد جو غصہ یا غم کی وجہ سے ہو (٢) کھانے کی وجہ سے معدہ کا درد (٣) سر کی بھوسی جو خشکی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے اور سر کو تکلیف دیتی ہے (٤) کام کاج' قتال اور ہانکنے میں سختی دکھانے والا آدمی۔
(الحزازیُّ): تکلیف دہ کھانا (٢) سخت آدمی۔
(الحَزَزُ): سختی۔
(الحَزُّ): لکڑی وغیرہ کا شگاف۔ (٢) دو سخت زمینوں کے درمیان کا نشیب۔ (٣) سخت کلام آدمی (٤) وقت' زمانہ۔
(الحَزّازُ): دل کا درد (٢) سخت آدمی۔
(الحُزَّةُ): گوشت کا پارچہ۔ (٢) قاش (٣) نیفہ ازار باندھنے کی جگہ۔ (ج) حُزَزٌ۔
(الحزیزُ)من الرجال: سخت آدمی۔
-من الارض: دو سخت زمینوں کے درمیان کا نشیب (٢) نوکیلے پتھروں والی زمین (ج) اَحِزَّةٌ۔
(المَحَزُّ): کاٹنے اور شگاف رہنے کی جگہ۔
کہاوت ہے (تکلّمَ فاصابَ المَحَزَّ) اس نے گفتگو کی اور مخاطب کو قائل کر دیا۔
(المِحَزُّ): کاٹنے اور شگاف دینے کا آلہ۔
-رجلٌ مِحَزٌّ: سخت و تیز طرار آدمی۔
(حَزَقَ)القومُ و بهِ ـِ حَزْقًا: کسی کے گرد جمع ہونا۔
-الشیَٔ: دبا کر نچوڑنا۔
-الخُفُّ رجلَه: جوتے یا موزے کا پیر کو دبانا (٢) تنگ کرنا۔
-فلانًا: تنگی میں ڈالنا۔
-الاسیرَ: قیدی کے ہاتھ پاؤں کو مضبوطی سے باندھنا۔
- الرباطَ و نحوَه: پٹی وغیرہ کو زور سے باندھنا۔
(اَحزَقَهُ): منع کرنا' روکنا۔
(تَحَزَّقَ): سمٹنا' سکڑنا۔
-فلانٌ: بخل کی وجہ سے کسی کو کچھ نہ دینا۔
(الحَازِقُ): وہ شخص جس کا جوتا تنگ ہو اور پیر کو دباتا ہو۔ جیسے کہاوت ہے (لَا رایَ لحاقن ولا لحازقٍ)۔
(الحازقة): مونث الحازق (٢) ہر چیز کی جماعت (ج) حَوازِقُ۔
(الحِزاقُ): پٹی (٢) موٹا کنگن۔
(الحَزَقُ) رجلٌ حَزَقٌ: کنجوس آدمی۔
(الحِزْقَةُ): ہر چیز کی جماعت (ج) حِزَقٌ کہا جاتا ہے تتابعُوا کانهم حِزَقُ الجراد۔
(الحُزُقُ) من الرجل: پست قد' چھوٹے قدموں والا آدمی (٢) بد اخلاق (٣) بخیل۔
(الحُزُقَّةُ): الحُزُقُ۔
(اَحتَزَكَ)بالثوب: کپڑے میں لپٹنا۔
(حَزَمَه)ـِ حَزْمًا: باندھنا' بنڈل بنانا۔
-الدابّةَ: جانور کی پیٹی کسنا۔
-الشیَٔ: کسی چیز کا ایک یا کئی بنڈل بنانا۔
-رایَهُ او اَمرَه و فیه: پختگی پیدا کرنا۔ محتاط رائے رکھنا' هو حازمٌ (ج) حَزَمَةٌ۔
(حَزِمَ)ـَ حَزَمًا: سینہ میں کوئی چیز پھنس جانا (٢) پیٹ کا بڑا ہونا۔ هو اَحزَمُ و هی حزماءُ (ج) حُزْمٌ۔
(حَزُمَ)ـُ حَزامةً: محتاط' دور اندیش و مستقل مزاج ہونا۔ هو حزیمٌ (ج) حُزَماءُ۔
(اَحزَمَه): پٹی لگانا' پٹی کسنا۔
-فلانًا: کسی کو محتاط و مستقل مزاج بنانا۔
(حَزَّمَهُ): مضبوط باندھنا۔
(احتَزَمَ)الرجلُ: کمر پر پٹی باندھنا۔
(تَحَزَّمَ): کمر پر پٹی باندھنا۔
-للامرِ: تیار ہونا۔
-فی امرِه: احتیاط سے کام لینا۔
(الاحزم) من الارض: سخت و ٹھوس بلند زمین۔
(الحِزامُ): پٹی' پیٹنگ کی رسی۔
-شَدَّ لِلْاَمرِ حِزامَه: تیار کرنا۔
-حِزامُ الطریق: راستہ کا بیچ اور سیدھا راستہ۔
-اَخذ فلانٌ حِزامَ الطریق: سیدھے راستہ پر چلنا۔
(الحَزْمُ) من الارض: سخت و ٹھوس بلند زمین۔

Marfat.com

(الحَزَمُ) حلق کا اچھو۔
(الحُزْمَةُ): گٹھڑی' بنڈل (ج) حُزَمٌ۔
(الحُزَمَّةُ): پست قد بھرے ہوئے بدن والا۔
(الحِزِيمُ): پٹی باندھنے کی جگہ (۲) سینہ یا سینہ کا درمیان۔
- شَدَّ لهذا الامر حزيمه: وہ اس کام کے لئے تیار ہو گیا۔ (ج) حُزُمٌ و اَحزِمَةٌ۔
(الحَيْزُوْمُ) من الارض: ٹھوس وسخت بلند زمین (۲) سینہ یا اس کا درمیان (ج) حَيَازِمُ۔
- اشْدُدْ للامر حيازيمكَ: اس کام کے لئے تیار ہو جا۔
(المِحْزَمُ - المِحْزَمَةُ): پٹی (ج) محازم۔
(حَزَنَ) الامرُ فلاناً ــُـ حُزناً: غمگین کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ﴾ ہو محزونٌ و حَزِينٌ۔
(حَزِنَ) المكانُ ــَـ حَزَناً: کھردرا اور سخت ہونا۔
- الرجلُ حَزَناً و حُزْناً: غمگین ہونا جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ﴾ اور ﴿وَابْيَضَّتْ عَيْنَاهُ مِنَ الْحُزْنِ﴾ ہو حَزِنٌ و حزينٌ (ج) حُزَنَاءُ و ہو حزنانٌ (ج) حَزَانَى۔
(حَزُنَ) المكانُ ــُـ حزونةً: حَزِنَ ہو حَزْنٌ۔
(اَحْزَنَ) المكانُ حَزُنَ۔
- بهم المنزل: مکان کا موافق نہ آنا۔
- فلانٌ: سخت جگہ میں ہونا (۲) سرکش جانور پر سوار ہونا۔
- الامرُ فلاناً: غمگین کرنا۔
(حَزَّنَ) القارئ فی قِرَاءَتِه: باریک آواز سے پڑھنا۔
- الامرُ فلاناً: غمگین کرنا۔
(تَحَازَنَ): حزِنَ (۲) غم کا اظہار کرنا۔
(تَحَزَّنَ) عليه وَلَهٗ: دردمند ہونا۔

(الحُزَانَةُ): اہل و عیال' متعلق و ماتحت لوگ جن کی تکلیف سے رنج ہو (۲) باعث غم چیز۔
(الحَزْنُ) من الارض: سخت جگہ (۲) قابو میں نہ آنے والا جانور (۳) اکھڑ مزاج آدمی (ج) حُزُوْنٌ۔
(حَزَا) ــُـ حَزْواً: پیشین گوئی کرنا۔
- الشيَ: تخمینہ لگانا۔
- الطيرَ: پرندہ کو اڑانا۔
(اَحْزٰى) بالشيئ: جاننا۔
- عليه في السلعةِ: کسی کے لئے سامان کی قیمت بڑھانا۔
(تَحَزّٰى): اندازہ لگانا۔
(الحازی): اندازہ لگانے والا۔
- على الحازی هَبِطتَ: تم ایک باخبر کے پاس آئے ہو۔
(الحَزَّاءُ): کاہن' پیشین گوئی کرنے والا۔

ح .... س

(حَسَبَ) المالَ و نحوَه ــُـ حِساباً و حُسْبَاناً: مال وغیرہ کا حساب لگانا' شمار کرنا (۲) اندازہ لگانا ہو حاسبٌ' والمفعول محسوبٌ و حَسَبٌ۔
(حَسِبَ) ــَـ حَسَباً: بیماری کی وجہ سے جلد کا سفید ہو جانا۔ ہو اَحسَبُ وهی حَسْبَاءُ (ج) حُسْبٌ۔
- الشيَ كذا ــَـ حِسباناً: گمان کرنا۔
(حَسُبَ) الانسانُ ــُـ حَسَباً: شریف النسب ہونا' خاندانی شرافت والا ہونا ہو حسيبٌ (ج) حُسَبَاءُ۔
(اَحْسَبَ): حسبی کہنا۔
- الشيُ: کافی ہونا جیسے اَحسَبَ الشيُ فلاناً۔
- فلانٌ فلاناً: اتنا کھلانا یا پلانا کہ وہ حسبی کہے بنی قشیر کی عورت کا شعر ـ

ونقفی ولیدَ الحیّ ان کان جائعًا
ونحسبه ان کان لیس بجائع

- اعطاه فاحْسَبَ: اس نے خوب دیا۔
(حَاسَبَه) محاسبةً و حِساباً: حساب کتاب کرنا (۲) انعام دینا۔
(حَسَّبَه): کسی کے نسبی شرف کو مشہور کرنا اور اوصاف ومناقب بیان کرنا۔
- فلانٌ فلاناً: کسی کو اتنا کھلانا پلانا کہ وہ حسبی کہے۔
(احتَسَبَ) بكذا: اکتفا کرنا۔
- على فلانٍ الامرَ: کسی کی کوئی بات ناپسند کرنا۔
- الامرَ: گمان کرنا' خیال کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ﴾ (۲) اہمیت دینا۔
- الاجرَ على اللهِ: اللہ سے ثواب کی امید رکھنا۔
- بكذا اجراً على اللهِ: کسی عمل کے ذریعہ اللہ سے ثواب کی امید رکھنا۔
- فلانٌ وَلَدَه: اولاد کی وفات پر صبر کرنا اور ثواب کی امید رکھنا۔
- ماعند فلانٍ: آزمانا' امتحان لینا۔
شاعر کا قول:

تقول نساءٌ يحتسبن مودّتي
ليعلمن ما اخفي ويعلمن ما ابدي

(تحاسَبَا): ایک کا دوسرے سے حساب لینا۔
(تَحَسَّبَ) الامرَ: جاننے کی کوشش کرنا۔
(الحسابُ): حساب' شمار (۲) بہت اور کافی' قرآن مجید میں ہے: ﴿جَزَاءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَاءً حِسَابًا﴾۔
(يوم الحساب): قیامت کا دن۔
(علم الحساب): علم اعداد وحساب۔
(الحساب الجاري): کرنٹ اکاؤنٹ' دو فریقوں کے درمیان دائمی معاملات میں ہونے والا معاہدہ (ج)۔
(حَسْبُ): اسم بمعنی کافی۔ جیسے مررتُ برجلٍ حسبك مِنْ رَجُلٍ (۲) اسم فعل جیسے حسبُكَ هذا تیرے لئے یہ کافی ہے حسبُك من شرٍّ سماعُه۔
(الحَسَبُ) حَسَبُ الشيءِ: کسی چیز کی مقدار یا تعداد۔ جیسے الاجر بحسب العمل [illegible]

Marfat.com

شرافت خاندانی۔
(الحُسْبان): شمار اندازہ (۲) تدبیر دقیق جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ﴾ (۳) کڑک (۴) اولہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيدًا زَلَقًا﴾۔
(الحِسْبَةُ): حساب (۲) تدبیر جیسے فلانٌ حسنُ الحِسْبة فی الامر (۳) اللہ سے اجر کی اُمید رکھتے ہوئے عمل کرنا۔ جیسے فَعَلَه حِسْبَةً (۴) ایک احتسابی منصب جو اسلامی حکومتوں میں زندگی کے معاملات و آداب کی نگرانی کے لئے ہوتا ہے۔
(الحسیبُ): اللہ تعالیٰ کا ایک نام (۲) محاسب۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿كَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيبًا﴾ (۳) کافی (۴) صاحب حسب و نسب۔
(المُحْتَسِبُ): نظام حسبہ کا ذمہ دار عوام کی زندگی کے معاملات کی نگرانی کرنے والا۔
(حَسْبَلَ): حسبیَ اللہ کہنا۔
(حَسْحَسَ) للشیٔ: دردمند ہونا، ہمدردی کرنا۔
-اللحمَ و نحوَهٗ: گوشت وغیرہ کو سینکنے کے لئے انگاروں پر رکھنا۔
(تَحَسْحَسَ) للقیام: کھڑا ہونے کے لئے تیار ہونا۔
(الحَسْحَاسُ) من الرجال: پھرتیلا آدمی۔
(حَسَدَهٗ)ُ حَسَدًا: حسد کرنا، اس بات کی تمنا کرنا کہ کسی کی نعمت دور ہو جائے یا چھن جائے۔ کہا جاتا ہے حسدۃ النعمۃ و حسدۃ علیها اور عرب کہا کرتے تھے ’’حَسَدَنِیَ اللّٰهُ اذا کنتُ احسدك‘‘ اگر میں تجھ سے حسد کروں تو خدا مجھے عذاب دے۔
(اَحْسَدَهٗ): حاسد پانا۔
(تَحَاسَدَا): ایک دوسرے سے حسد کرنا۔ حدیث میں ہے (لاتحاسدوا ولا تباغضوا ولا تدابروا وَکُونُوا عباد اللہ اخوانا)۔
(الحَسُوْدُ): انتہائی حاسد (مرد ہو یا عورت) (ج) حُسُدٌ۔
(المحسدةُ): جس چیز پر حسد کیا جائے۔ جیسے مال و جاہ (۲) حسد کا سبب جیسے ’’المحسدۃ مفسدۃٌ‘‘۔
(الحَسْدَلُ): چیچڑی۔
(حَسَرَ) الشیٔ ـِ حُسُوْرًا: منکشف ہونا، کھل جانا۔
-الغُصْنَ حَسْرًا: ٹہنی چھیلنا۔
-القومُ فلانًا: لوگوں نے فلاں سے مانگ مانگ کر خالی ہاتھ کر دیا۔
-الدابّةَ و نحوها: جانور وغیرہ کو تھکا کر دبلا کر دینا۔
-الشیٔ عن الشیٔ: ایک چیز کو دوسری سے الگ کر کے کھول دینا۔ جیسے حَسَر کمَّهٗ عن زراعه ’’اس نے آستین سے کہنی کو ہٹایا تو آستین کھل گئی۔ اور ’’حَسَرَتِ الجاریةُ خمارَها عن وجهها‘‘ لڑکی نے چہرے سے اوڑھنی ہٹائی۔ چہرہ کھل گیا۔
(حَسِرَ) فلانٌ ـَ حَسَرًا: حسرت و افسوس کرنا۔
-علی الشیٔ: حسرت کرنا، پچھتانا ہو حَسْرَانٌ وهی حَسْرٰی۔
(حَسَرَ) البعیرُ و البَصَرُ ـُ حَسَارَةً: تھک جانا، ہو حسیرٌ قرآن مجید میں ہے: ﴿يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّ هُوَ حَسِيرٌ﴾۔
(اَحْسَرَ) الدابّةَ: جانور کو ہنکا کر تھکا دینا۔
(حَسَّرَ) الطیرُ: پرندہ کے پر ٹوٹنا۔ (۲) پرندہ کے پر توڑنا۔
-الحیوانَ: جانور کو تھکانا، کہا جاتا ہے حَسَّرَةُ السیرُ۔
-فلانًا: حسرت میں مبتلا کرنا (۲) تحقیر کرنا (۳) تکلیف دینا۔
(اِنْحَسَرَ): کھلنا، منکشف ہونا۔
-الماءُ عن الساحل: پانی کا ساحل سے ہٹنا کہ زمین نظر آنے لگے۔
الطَّیْرُ: پرندے کے پرانے پر گر کر نئے پر نکل آنا۔
(تَحَسَّرَ) الشعرُ: بال گرنا۔
-الطیرُ: پر توڑنا۔
-فلانةُ: چہرہ کھولنا۔
-علی الشیٔ: افسوس کرنا، پچھتانا، حسرت کرنا۔
(استحْسَرَ): تھکنا، اکتا جانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ﴾۔
(الحَاسِرُ) من الجُنُوْدِ: بے زرہ و بے ڈھال سپاہی (۲) برہنہ سر (۳) کھلے ہوئے سر اور بازوؤں والی عورت (۴) برہنہ عورت (ج) حُسَّرٌ و حَوَاسِرُ۔
(الحَسَارُ): مویشیوں کے کھانے کا ایک گھاس، یہ فصیلہ صلیبیہ سے ہے۔
(الحَسْرَةُ): انتہائی افسوس، پچھتاوا، حسرت۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ﴾ (۲) بطور افسوس کے واحسرتا اور یا حسرتا بھی کہا جاتا ہے جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿يٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْبِ اللّٰهِ﴾۔
(المَحْسَرُ): عورت کا کھلا ہوا جاذب حصہ بدن جیسے چہرہ وغیرہ (۲) طبیعت، مزاج کہا جاتا ہے ’’فُلانٌ کریمُ المَحْسَر‘‘ (ج) مَحَاسِرُ۔
-ارضٌ عاریةُ المحاسِر: وہ زمین جس پر گھاس نہ ہو۔
(حَسَّ) الشیٔ ـَ حَسًّا: جڑ سے اکھیڑنا۔
-البردُ الزرعَ: اولوں کا کھیتی کو تباہ کر دینا۔
-الجرادُ الارضَ: ٹڈیوں کا زمین کو چٹیل کر دینا۔
-راسَ الذبیحة: مذبوحہ جانور کے سر کو آگ پر رکھ کر اس کے بال صاف کرنا۔
-عنهُ الغبار: کھریرے کے ذریعہ گرد و غبار صاف کرنا۔
-فلانًا: ستم کرنا، مار ڈالنا، قرآن مجید میں

Marfat.com

ہے: ﴿ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ﴾۔

-الشیٔ و بہ حَسًّا و حَسِیْسًا: محسوس کرنا۔

-النُّفَسَاءُ: زچگی والی عورت کا ولادت کے درد میں مبتلا ہونا۔

-لَہ - حَسًّا: کسی کے ساتھ ہمدردی کرنا۔

(اَحَسَّ) الشیٔ و بہ: معلوم کرلینا۔

قرآن مجید میں ہے: ﴿فَلَمَّا اَحَسَّ عِیْسٰی مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِیْ اِلَی اللّٰهِ﴾

(۲) حواس خمسہ کے ذریعہ جاننا، محسوس کرنا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ اَحَدًا﴾۔

(انحَسَّ): کٹ جانا۔

-شعرُہُ: بال گرنا۔

-اَسنانہ: دانت ٹوٹ جانا۔

(تَحَسَّسَ) الخبرَ: دریافت کرنا، ٹوہ لگانا۔

- من القوم: خبریں پتہ کرنا، جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿یٰبَنِیَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ یُّوْسُفَ وَاَخِیْهِ﴾

- للقوم: لوگوں کے حالات اور خبریں معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔

(الحاسَّةُ): کھیتی وغیرہ پر آنے والی آفت۔

-سنةٌ حَاسَّةٌ: خشک سال (۲) حاسة انسان یا حیوان میں محسوس یا دریافت کرنے کی فطرت قوت جس کے ذریعہ وہ اپنے جسم پر پیدا ہونے والے تغیرات کا ادراک کرتا ہے یہ پانچ قوتیں ہیں۔ حاسّہ بصر (دیکھنے کی قوت) حاسّہ سمع (سننے کی قوت) حاسّہ شمّ (سونگھنے کی قوت) حاسّہ ذوق (چکھنے کی قوت) حاسّہ لمس (چھوکر دیکھنے کی قوت) ان پانچوں قوتوں کو حواس ظاہرہ کہا جاتا ہے (ج) حَوَاسُّ۔

(حَسَاسِ) کسی چیز کو طلب کرنے پر نہ ملنے کی صورت میں کہا جانے والا کلمہ۔

(الحَسَاسُ) معمولی حرکت، آہٹ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ فلانٌ فلَا حَسَاسَ بہ" اس کے جانے کا پتہ بھی نہیں چلا اور "اِنَّہ لیجد حساس الحمّٰی" اسے بخار کا ابتدائی اثر پہنچ گیا۔

(الحُسَاسُ): ریزے (۲) پتھر کے چھوٹے ٹکڑے (۳) بحرین کی چھوٹی مچھلیاں جن کو سکھایا جاتا ہے۔

-رجُلٌ ذو حُسَاسٍ: بداخلاق یا منحوس آدمی۔

(حَسِّ): اچانک ہونے والے درد کے وقت بولا جانے والا لفظ۔ جیسے ضُرِبَ فلانٌ فما قال حَسِّ (اسے کبھی حَسِّ بھی پڑھتے ہیں۔

(الحَسُّ): "جِیْ بهٰذا الشیٔ مِنْ حَسِّكَ و بَسِّكَ" جس طرح اور جہاں سے چاہو اس چیز کو لاؤ اور "لَاٰخُذَنَّ هٰذَا الشَّیْ بِحَسٍّ اَوْ بَسٍّ" میں یہ چیز سختی یا نرمی سے لے کر رہوں گا۔

(الحِسُّ): حواس خمسہ کے ذریعہ ادراک (مو) (۲) شعور، احساس (مو) (۳) ہلکی آواز، آہٹ (۴) کھیتی کو تباہ کردینے والی سردی (۵) زچہ عورت کو ہونے والا درد (۶) بخار کا ابتدائی اثر۔

(الحِسِّیُّ): حواس خمسہ میں سے ایک کے ذریعہ معلوم کی جانے والی چیز (مو) یہ معنوی کے مقابلہ میں ہے۔

(الحَسِیْسُ): الحِسُّ، قرآن مجید میں ہے: ﴿ لَا یَسْمَعُوْنَ حَسِیْسَهَا وَهُمْ فِیْمَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ﴾ (۲) مقتول (۳) مضبوط احساس والا (مو)۔

(المَحَسَّةُ): سبب ہلاکت و بربادی۔ جیسے البردُ مَحَسَّةٌ النباتِ والکلاءِ۔

(المِحَسَّةُ): کھریرا جسے گھوڑے وغیرہ کے بدن پر پھیر کر گرد و غبار صاف کیا جاتا ہے۔

(المَحْسُوْسُ): حواس خمسہ میں کسی ایک کے ذریعہ محسوس کی جانے والی چیز (ج) محسوساتٌ۔

(حَسَفَ) الشیٔ ـِ حَسْفًا: چھیلنا، کھرچنا۔

-التمرَ و نحوَہُ: کھجور وغیرہ کو صاف کرنا۔

(حَسِفَ) علیہ ـَ حَسَفًا: کسی سے بغض و کینہ رکھنا۔

(حُسِفَ) فلانٌ: ذلیل اور گھٹیا ہونا۔

(اَحْسَفَه): اچھی چیز کو خراب میں ملانا۔

(حَسَّفَه): صاف کرنا، چھانٹنا۔

-شارِبَہ: مونچھیں کاٹنا۔

(انحَسَفَ): ریزہ ریزہ ہو جانا جیسے اِنْحَسَفَ الشیُٔ فی یَدِیْ۔

(تَحَسَّفَ): لازم حَسَّفَ (۲) چھل جانا۔

-فلانٌ: سب کچھ کھا جانا۔

(الحُسَافُ): ہر چیز کا بقایا حصہ جو پھینک دیا جائے۔

- من المائدة: دستر خوان پر بکھرے ہوئے ٹکڑے۔

(الحُسَافَةُ): ہر چیز کا پھینکا جانے والا حصہ (۲) کھجوروں کے چھلکے (۳) خراب کھجوریں (۴) ذلیل لوگ (۵) تھوڑا سا پانی (۶) غصہ (۷) دشمنی۔

(الحَسَفُ): کانٹا۔

(الحَسِیْفَةُ): غصہ (۲) کینہ۔ (۳) دشمنی۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ بحَسِیْفَةِ نَفْسِہٖ" وہ نامراد لوٹا۔ (ج) حَسَائفُ۔

(حَسِكَ) المکانُ ـَ حَسَكًا: جگہ کا کانٹے دار ہونا۔

-راسُہ: سر کا گھنگریالے بالوں والا ہونا۔

-الدابّةُ: جانور کا چارہ چبانا۔

-علیہ: کینہ رکھنا، ناراض ہونا۔ ہو حَسِكٌ۔

(اَحْسَكَ) النباتُ: پودوں میں کانٹے پیدا ہونا۔

-الدابّةَ: جانور کو چارہ کھلانا۔

(حَسَّكَ) فلانٌ: بخیل ہونا کہا جاتا ہے "فلانٌ مُصَرَّدٌ مُحَسَّكٌ" فلاں آدمی دست کش اور بخیل ہے۔

(الحُسَاكَةُ): کینہ، بغض (۲) دشمنی۔

(الحَسَك): ایک پودا جس کے ساتھ خاردار پھل لگتا ہے۔ یہ بکریوں اور بھیڑوں کی کھال کے ساتھ چمٹ جاتا ہے، اسی سے کہا جاتا ہے" حَسَكُ السعدان" اور "كَاَنَّ جَنْبَہٗ عَلٰی حَسَكِ السَّعْدَانِ" وہ بے چین اور مضطرب

Marfat.com

ہے(۲) نوکیلا لوہا۔
(الحَسَكَةُ): واحد الحَسَك (۲) کینہ' بغض' دشمنی۔
(الحَسِيكَةُ): کینہ' بغض' دشمنی (۲) دانتوں سے چبایا جانے والا چارا جیسے جو وغیرہ۔ (ج) حسائك۔
(حَسَلَ) من الشيئ ـُ حَسْلاً: خراب حصہ چھوڑ دینا۔
-بفلانٍ: کسی کا حصہ کم کرنا۔ حُسِلَ بہ بھی کہا جاتا ہے۔
(حَسَّلَ) بنفسِہ: خود کو رذالت میں ڈالنا۔
(احْتَسَلَ): گوہ کا بچہ کا شکار کرنا۔
(الحُسَالَةُ): ہر چیز کا بچا کھچا خراب حصہ (۲) جو وغیرہ کی بھوسی (۳) چاندی کا برادہ۔
-حُسَالَةُ الناس: گرے پڑے لوگ۔
(الحَسْلُ): ہرا بیر۔
(الحافظة): وہ قوت جو قوت وہمیہ کی ادراک کردہ اشیاء کو محفوظ کر لیتی ہے اس کو ذاکرہ بھی کہتے ہیں (۲) کاغذوں کی حفاظت کرنے کا بیگ یا بستہ وغیرہ (مو)۔
(الحِفاظ): حفاظت، دفاع (۲) وفاء عہد۔
(الحِفظةُ): غصہ، غضب، (۲) غیرت۔
-هو ذوحِفظةٍ: وہ غیور آدمی ہے جو عزت و شرافت کا دفاع کرتا ہے۔
(الحفيظُ): اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ایک صفت (۲) امین۔ جیسے قرآن مجید میں ہے (قَالَ اجْعَلْنِیْ عَلٰی خَزَآئِنِ الْاَرْضِ اِنِّیْ حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ) (۳) محافظ، پہرہ دار، ذمہ دار جیسے قرآن مجید میں ہے ﴿فَمَا اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا﴾ (۴) حدود اللہ کی رعایت کرنے والا، جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿هٰذَا مَاتُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ﴾۔
(الحَفِيْظَةُ): غصہ، ناراضگی (۲) غیرت (۳) تحفظ، احتیاط (۴) تعویذ (ج) حفائظ۔
-اهلُ الحفائظ: عزت و آبرو کے محافظ۔
(المحافِظُ): نگران، کسی ادارہ کا ذمہ دار (۲) پرانے طرز کا آدمی، روایت پسند (مج)۔
-محافظُ العاصِمَة: گورنر دارالحکومت۔
-محافظ المَصْرِف: بنک کا گورنر۔
(المَحْفَظَةُ): کتابوں یا روپوں کی حفاظت کا تھیلا یا بٹوہ (محدثة)۔
(المُحْفِظَةُ): وہ قابل احترام شے جس کی پامالی ناقابل برداشت ہو۔
(حَفَّتِ) الارضُ ـِ حُفُوْفًا: زمین کی سبزی کا خشک ہونا۔
-الطعامُ: کھانے کا خشک اور بے چکنائی کے ہونا۔
-عيشُه: زندگی کا تنگ اور غیر آسودہ ہونا۔ کہا جاتا ہے وهو فی حفوفٍ من العيش۔
-شعرُهٗ او راسُه: بالوں کو تیل نہ لگانے کی وجہ سے پراگندہ ہونا۔
-السمعُ: سماعت کا بالکل ختم ہو جانا۔
-الشئُ حفيفًا: ہلکی آواز پیدا ہونا جیسے پتوں سے ٹکرا کر ہوا کی آواز یا پرندوں کے اڑتے وقت ہوا سے بازوؤں کے ٹکرانے کی آواز، آگ جلنے کی آواز۔
-الشئَ ـُ حَفًّا و حِفَافًا: گھیرنا، چھیلنا۔
-الشئُ بالشیء وحوله ومن حولِه: کسی شے کا کسی چیز کو چاروں طرف سے گھیرنا۔
-الشئَ بالشئِ: گھرنا، جیسے حدیث میں ہے (حُفَّتِ الجَنَّةُ بالمكارِهِ)۔
-فلانًا: توجہ دینا، تعریف کرنا۔
-الشئَ: چھیلنا۔
-شعَرَهٗ ولِحْيَتَه وشاربَهٗ: تراشنا۔
- المرأةُ وَجْهَهَا: عورت کا چہرہ کے بال صاف کرنا۔
-حفّته الحاجةُ: ضرورت پیش آنا۔
(اَحَفَّ) راسَه: سر کو تیل لگائے عرصہ ہونا۔
- الحيوانَ: جانور کو اتنا دوڑانا کہ دوڑنے کی آواز سنائی دے۔
-الثَّوبَ: کپڑا بننا۔
-فلانًا: برائی کے ساتھ ذکر کرنا۔
(حَفَّفَ) فلانٌ: مال کا کم اور زندگی کا تنگ ہونا۔
- المرأةُ وجهَهَا: عورت کا چہرہ کا خوب آراستہ کرنا۔
-الشئُ الشئَ گھیرنا اور الشئُ بالشئِ بھی کہا جاتا ہے۔
الثوبَ: کپڑا بننا۔
(اِحْتَفَّ) النبتَ: پودے وغیرہ کو کاٹنا۔
-الطعامَ: سارا کھانا ہڑپ کر لینا۔
- المرأةُ وجهها: عورت کا کسی سے چہرہ کو صاف کروانا۔
(استَحَفَّ) الشئَ: کاٹنا، اکھاڑ پھینکنا، صفایا کرنا جیسے استحفَّ اموالهم۔
(الحافُّ): گھیرنے والا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ﴾۔
(الحِفَافُ) حفاف الشئ: احاطہ، دائرہ، گھیرا "فلانٌ اصلحُ لَه حفافٌ" وہ گنجا ہے چاروں طرف بالوں کا گھیرا ہے۔
-حفافا الشئ: کسی چیز کی دو جانبیں۔ جیسے حفافا الراس، حفافا الاناء، حفافا الجبل۔
-من الرمل: ریت کے ختم ہونے کی جگہ (ج) أَحِفَّةٌ۔
-جَاءَ عَلٰى حِفَافِ ذٰلك: وہ اس کے وقت پر آیا۔
كان الطعام حِفَافَ مَا اكلُوْا: کھانا ان کی خوراک کے بقدر تھا نہ کم نہ زیادہ۔
(الحُفَافَةُ): جھڑے ہوئے بال (۲) بچا ہوا چارہ۔
(الحَفُّ): وہ چوڑی لکڑی جس سے بنائی کے وقت تانے کو بانے سے ملایا جاتا ہے۔ (ج) حُفُوْفٌ۔
هو حَفٌّ بنفسه: وہ اپنی دیکھ بھال رکھتا ہے۔
جاء على حَفِّهِ: وہ اس کے نشان قدم یا وقت پر آیا۔
(الحَفَفُ): ضرورت جیسے وُلِدَلَه على حفف (۲) زندگی کی تنگی۔
-طعامٌ حَفَفٌ: تھوڑا کھانا۔
-معيشةٌ حَفَفٌ: تنگی کی زندگی۔
-جاءَ على حفف ذٰلك: وہ اس کے وقت پر آیا۔
-هو عَلٰى حفف الشئ والامرِ: وہ اس چیز سے الگ ایک طرف ہے۔
(الحَفَّافُ): بال صاف کرنے والا (۲) تھوڑی کے نیچے سے تالو تک کا نرم گوشت۔
(الحَفَّانُ): چھوٹے جانور۔ واحد حَفَّانَةٌ (۲) خدام (۳) کناروں تک بھرا ہوا برتن۔
(الحَفَّةُ) کاٹا ہوا حصہ (۲) بننے کا ایک اوزار یا وہ لکڑی جس پر وہ بنا ہوا کپڑا لپیٹتا ہے (۳) اہل و عیال کے بقدر رزق۔
(الحِفَّةُ): وہ تلوار نما بانس جس کو جولاہا تانے

Marfat.com

پر مارتا ہے۔ (ج) حِفَفٌ۔
(الحفیفُ): سوکھی گھاس یا پودا۔
(المِحَفَّۃُ): عورت کے بیٹھنے کی پالکی (ج) مَحَافٌّ۔
(المَحْفوفُ): تنگ زندگی۔
(حَفَلَ) الماءُ واللبنُ ـِ حفولاً: دودھ یا پانی کا جمع ہونا۔
- القومُ: لوگوں کا خاص مقصد کے لئے جمع ہونا۔
- الدمعُ: آنسوؤں کا زیادہ ہونا۔
- السماءُ: بارش کا تیز ہونا۔
- الشیُ بالشیِ: بھر جانا جیسے حَفَلَ الوادی بالسیل و حفل النادی بالقوم۔
فلانٌ اللّبَنَ فی الضرع والماءَ فی المکان ـُ حفلاً: دودھ کو تھنوں میں اور پانی کو کسی جگہ جمع کرنا۔
- الشیَ و الامرَ وبہ: اہتمام کرنا' توجہ دینا۔
(حَفَّلَ) اللبنَ فی الضرع والماءَ فی المکان حَفَلَہ۔
- الناقۃ و نحوھا: کچھ دن اونٹنی کو نہ دوہنا تا کہ اس کے تھنوں میں دودھ اکٹھا ہو جائے۔
- الشیَ: جلا بخشنا' اظہار حسن کرنا۔
- الجاریۃ: آراستہ کرنا۔
(احتَفَلَ) الشیُ: جمع ہونا' کہا جاتا ہے۔
- القومُ فی المکان واللبن فی الضرع: (۲) ظاہر ہونا۔
- الطریقُ: راستہ کا واضح ہونا۔
- المرأۃُ: آراستہ ہونا۔
- بالامرِ: اہتمام کرنا' توجہ دینا۔
- بفلان: اعزاز و اکرام اور خیر مقدم کرنا۔
(تَحَفَّلَ) المجلسُ: مجلس کا بھرا ہوا ہونا۔
- المرأۃُ: عورت کا آراستہ ہونا۔
(الحافلۃُ): بڑی بس جس پر لوگ کرایہ دے کر سفر کرتے ہیں۔
(الحُفالُ): جمع شدہ دودھ (۲) بڑا مجمع۔
(الحَفْلُ): جمع شدہ شے (۲) بڑا مجمع۔ جیسے عندہ حفلٌ من الناس' جمعٌ حفلٌ بھی کہا جاتا ہے۔ ھو ذوحفلٍ: وہ ہر کام کا بڑا اہتمام کرنے والا ہے۔
(الحَفْلَۃُ): زینت جیسے ھو ذوحفلۃ۔ (۲) اجلاس' جلسہ' تقریب' اجتماع جیسے اَقَامَ لہ حفلۃ استقبالٍ اس کے لئے استقبالیہ جلسہ کروایا گیا (۳) کسی کام کا اہتمام' کہا جاتا ہے اَخَذَ للاَمرِ حَفْلَتَہ "اس نے اس کام میں بڑی کوشش کی" اور جَاءُ وْ ابحفلتھم وہ سارے کے سارے آ گئے۔
(الحَفِیْلُ): بہت' کثیر' زیادہ جیسے جمعٌ حفلٌ۔
(المُحْتَفَلُ): جمع ہونے کی جگہ۔
- محتفلُ الشیِ: کسی چیز کا بڑا حصہ۔
(المحفِلُ): جمع ہونے کی جگہ' محفل (۲) مجلس (ج) محافِلُ۔
(حَفَنَ) الشیَ ـِ حفناً: مٹھی بھرنا (۲) دونوں ہاتھ بھر کر لینا (۳) دودستہ مٹھی بھرنا کہا جاتا ہے جیسے حَفَنَ الدَّقِیْقَ وحَفَنَ التراب۔
- لَھُم: ان میں سے ہر ایک کو مٹھی بھر کر دی۔
- لفلانٍ حفنۃً: تھوڑا دینا۔
- الماءَ علی راسہٖ: مٹھی بھر کر پانی سر پر ڈالنا۔
(حَفِنَ) ـَ حَفَناً: چلتے وقت دونوں پیروں کو اس طرح پلٹنا گویا ان سے مٹی اڑا رہا ہو۔
(احْتَفَنَ) مِنَ الشیِ: بہت سا حصہ لینا۔
- الشیَ: اپنے لئے لینا۔
- الشجرۃَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
- فلاناً: دونوں ہاتھ کسی کے زانو کے نیچے ڈال کر اسے اٹھانا۔
(الحَفْنَۃُ ـُ الحُفْنَۃُ): کسی چیز کی ایک یا دو مٹھیاں (۲) گڑھا (ج) حُفَنٌ۔
(المِحْفَنُ): بہت مٹھی بھرنے والا (ج) محافِنُ۔
(حَفَاہ' حَفَابہ) ـُ حَفْواً: عزت کرنا۔
فلاناً: دینا۔
شاربَہ: مونچھوں کو بہت چھوٹا کرنا۔
(حَفِیَ) ـَ حَفَا: ننگے پاؤں ہونا۔
حَفِیَت قدمُہ اور حَفِیَ من نعلیہ بھی کہا جاتا ہے ھو حافٍ (ج) حُفَاۃٌ و ھی حافیۃٌ (ج) حوافٍ۔
القدمُ والخُفُّ والحافرُ: زیادہ چلنے سے گھس جانا۔ ھو حفٍ و حافٍ۔
- بفلانٍ حفاوۃ: خیر مقدم واکرام کرنا۔
- الیہ فی الوصیّۃ: کسی کو زیادہ حصہ دینا۔
ھو حَافٍ وحَفِیٌّ۔
(احفی) فلانٌ: کسی کے جانوروں کا کمزور ہونا۔
- الشیَ: جڑ سے اکھیڑنا جیسے احفی النبات' احفی شاربَہ۔
- فلاناً: ننگے پاؤں کرنا (۲) کثرت سوال سے پریشان کرنا۔
- السوال او الکلام اوفیھا: بار بار کرنا اور حد سے بڑھ جانا۔
(حافاۃ): جھگڑا کرنا۔
(احتفی): ننگے پاؤں چلنا۔
- فلاناً و بہ: اکرام کرنا' خیر مقدم کرنا۔
- الیہ فی الوصیّۃ: زیادہ حصہ دینا۔
- الشیَ: جڑ سے اکھیڑنا جیسے احتفی النبتَ و احتفی النبات۔
(تحفّی) بفلان: اکرام واعزاز کرنا۔
- الیہ فی الوصیّۃ: زیادہ حصہ دینا۔
(استحفی) عن الشیِ: خوب اچھی طرح کھوج لگانا۔
(الحَفَا): ننگے پاؤں چلنا (۲) زیادہ چلنے سے کھر' پاؤں یا سم کا گھسنا۔
(الحافِی): بہت زیادہ اکرام کرنے والا (۲) ننگے پاؤں۔
(الحَفِیُّ): پختہ عالم (۲) لطیف وشفیق جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿ اِنَّہٗ کَانَ بِیْ حَفِیًّا ﴾ (ج) حُفَوَاءُ۔

ح .... ق

(حَقَبَ) الحَقِیْبَۃَ و نحوھا ـُ حقباً: بیگ یا اٹیچی اٹھانا۔
(حَقِبَ) الشیُ ـَ حَقَباً: بند ہونا (۲) رک

Marfat.com

جانا(۳)پیچھے ہٹنا۔
-حَقِبَتِ السماءُ و حقِبَ المطرُ: بارش کا نہ ہونا۔
-العامُ: سال میں بارش نہ ہونا۔
-عطاءُ فلانٍ: فیض بند ہونا۔
- امرُ الناسِ: لوگوں کا معاملہ التواء میں پڑ جانا۔
-المعدِنُ: کان میں کچھ نہ رہنا۔
-الحیوانُ: جانور کا پیشاب رک جانا۔
ھو اَحْقَبُ و ھی حَقْباءُ (ج) حُقُبٌ
(اَحْقَبَ)البعیرَ: کوکھ کے قریب پٹی باندھنا۔
الرجلَ او الزادَ او المتاعَ: پیچھے رکھنا یا سوار کرنا۔
(احتقَبَ)الشیَٔ: اَحْقَبَہٗ(۲)ذخیرہ کرنا۔
-خیرًا او شرًّا: خیر یا شر کا حامل ہونا۔
-الاثمَ: گناہ کا مرتکب ہونا۔
(استحقَبَ)الشیَٔ: احتقبہ۔
(الاَحْقَبُ): گورخر جس کے پیٹ پر سفیدی ہو۔وھی حَقْباءُ (ج) حُقْبٌ۔
(الحَاقِبُ): پاخانہ روکنے والا۔
(الحِقَابُ): ناخن کی جڑ میں ظاہر ہونے والی سفیدی (۲) عورت کی کمر کا پٹکا جس میں وہ زیور لٹکاتی ہے(ج)حُقُبٌ۔
(الحَقَبُ): وہ پٹی جو اونٹ کی کوکھ کے نزدیک ہوتی ہے(۲) وہ تسمہ جو بیگ وغیرہ پر باندھا جاتا ہے۔ (ج) اَحْقابٌ و اَحْقُبٌ وحُقُبٌ۔
(الحُقُبُ، الحُقْبُ): لمبا عرصہ تقریبًا اسی سال یا اس سے زیادہ۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿ لَا اَبْرَحُ حَتّٰی اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَیْنِ اَوْ اَمْضِیَ حُقُبًا﴾ (ج)حِقَابٌ و اَحْقابٌ قرآن مجید میں ہے ﴿لٰبِثِیْنَ فِیْهَآ اَحْقَابًا﴾۔
(الحِقْبَۃُ)من الدھرِ: مطلق زمانہ عرصہ سال (ج)حِقَبٌ و حُقُوْبٌ۔
(الحَقِیْبَۃُ): بیگ تھیلا اٹیچی ہر وہ چیز جس میں سامان اور زادِراہ رکھا جائے (۲) ہر وہ چیز جسے کجاوہ کے پیچھے رکھا جائے۔ کہا جاتا ہے ''احتقَبَ فلانٌ حَقِیْبَۃَ سوءٍ'' فلاں برائی کا حامل ہے(۳)سرین(ج)حَقَائِبُ۔
(حَقَدَ)علیہ ـِ حَقْدًا و حِقْدًا: کینہ رکھنا' ھو حاقِدٌ (ج) حَقَدَۃٌ و ھو و ھی حَقُوْدٌ (ج) حُقُدٌ۔
(حَقِدَ)المطرُ والسماءُ ـَ حَقَدًا: بارش کا رک جانا۔
-المعدِنُ: کان کا خالی ہونا۔
(تحَقَّدَ)علیہ:حَقَدَ۔
(الحِقْدُ): کینہ و بغض (ج) اَحْقادٌ و حُقُوْدٌ۔
(الحَقِیْدَۃُ): کینہ و بغض(ج)حَقَائِدُ۔
(حَقَرَ)الشیَٔ ـِ حَقْرًا و حُقْرَۃً و حِقارَۃً و مَحْقَرَۃً و حُقْرِیَّۃً: اہانت کرنا' ذلیل کرنا (۲)ذلیل سمجھنا(ج)حِقَارٌ۔
(حَقُرَ) ـُ حَقْرًا و حَقَارَۃً: رسوا اور ذلیل ہونا ھو حَقِیْرٌ۔
(اَحْقَرَہ): حقَرہ۔
(حَقَّرَ): خوب اچھی طرح ذلیل کرنا۔
(تَحَاقَرَ): ذلیل ہونا' جیسے کہا جاتا ہے: ''تحاقَرَتْ الیہ نفسُہ''۔
(احتقَرَہٗ): ذلیل کرنا۔
(استحقَرَہٗ): ذلیل کرنا۔
(المَحْقَرَۃُ): سبب حقارت و تذلیل (ج) مَحَاقِرُ۔
(المُحَقَّرَات): صغائر' چھوٹے گناہ۔ اس کا واحد محقَّرَۃٌ آتا ہے۔
(حَقِطَ)ـَ حقطًا: پھرتیلا ہونا ھو حَقِیْطٌ۔
(الحَقْطَۃُ): کوتاہ قد عورت (۲) پھرتیلی عورت۔
(حَقَفَ)الشیُٔ ـُ حُقُوْفًا: خم کے ساتھ لمبا ہونا۔
-الحیوانُ: جانور کا خم دار ریت کے تودے پر بیٹھنا(۲)جسم کو ٹیڑھا کر کے بیٹھنا۔
(احقوقَفَ)الشیُٔ: لمبا اور خم دار ہونا۔
- الظھرُ والرملُ والھلالُ: خم دار اور ٹیڑھا ہونا۔
(الاَحْقَفُ): لاغر پیٹ والا۔
(الحِقْفُ): خم دار اور لمبا ریگستانی سلسلہ۔
(ج)اَحْقافٌ و حُقُوْفٌ۔
(المحقَفُ): کھانے پینے کو ترک کرنے والا۔
(ج)مَحاقِفُ۔
(حَقَّ)الامرُ ـِ حَقًّا و حَقَّۃً: صحیح ہونا' ثابت ہونا' سچا ہونا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿لِیُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَیًّا وَّیَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَی الْكٰفِرِیْنَ﴾(۲)واجب و لازم ہونا جیسے یحِقُّ علیك اَنْ تَفعل کذا (۳) مناسب و جائز ہونا جیسے یحِقُّ لك اَنْ تَفْعَلَ كَذَا۔
-ھو حقیقٌ بکذا: لائق ہونا۔
-حقیقٌ عَلٰی ذلك: واجب ہونا۔
-انا حقیقٌ عَلٰی کذا: حریص ہونا۔
-حَقَّ الصغیرُ من الابلِ ـِ حِقًّا و حِقَّۃً: حقہ ہونا۔ چوتھے سال میں داخل ہونا۔
-الامرَ ـُ حَقًّا: یقین کرنا (۲) تصدیق کرنا۔ کہا جاتا ہے''حَقَقْتُ حذَرَ فلانٍ'' میں نے وہ کر دکھایا جس سے وہ ڈرتا تھا اور'' حَقَقْتُ حذرَ فلانٍ بھی کہہ سکتے ہیں۔
-حَقَقْتُ ظَنَّہٗ: اس کے گمان کو حقیقت بنا دیا۔
-فلانًا: جھگڑے میں غالب آنا (۲) وسط سر یا مونڈھے کے درمیان میں مارنا۔
-العقدۃَ: گرہ کو مضبوط باندھنا۔
-الطریقَ: راستے کے درمیان میں چلنا۔
(حُقَّ)لہ اَنْ یَفْعَلَ كَذَا: اس کے لئے ایسا کرنا ضروری ہے۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ﴾۔
(اَحَقَّ)فلانٌ: حق بات کہنا (۲) حق ثابت کرنا۔
-الامرَ: یقین کرنا' تصدیق کرنا' لازم کرنا جیسے اَحَقَّ علیہ القضاءُ'' اس پر قضا لازم کر دی گئی۔
حزرَہٗ وظنَّہٗ: اندازہ یا خیال کو صحیح ثابت کرنا۔
-فلانًا علی الحق: کسی کو حق پر غالب کرنا اور ثابت رکھنا۔

Marfat.com

-الشيَ: مضبوط و مستحکم بنانا۔
-الرَّمِيَّةَ: تیر کو نشانہ پر مار کر شکار کو مار ڈالنا۔
(حَاقَّه) محَاقَّةً و حِقَاقًا: جھگڑنا اور دونوں کا حق دار ہونے کا دعویٰ کرنا۔
(اس کا استعمال اکثر غائب کے صیغوں میں ہوتا ہے)
- ماله فی هذا حقاق: اس کا اس میں کوئی جھگڑا نہیں۔
- فلانٌ نَزِقُ الحِقَاقِ: فلاں آدمی چھوٹی چھوٹی باتوں پر جھگڑتا ہے۔
-بَلَغتِ الجاريةُ نصَّ الحقاق: لڑکی عقل کی پختگی اور کمال کو پہنچ گئی۔
(حَقَّقَ) الامرَ: ثابت کرنا، تصدیق کرنا۔
-الظنَّ: سچا کر دکھانا۔
-القولَ و القضيةَ: چھان بین کرنا۔
-الشيَ و الامرَ: مضبوط و مستحکم کرنا۔
- الثوبَ: کپڑے کی بنائی کو مضبوط کرنا (۲) کپڑے کو رنگنا۔
- کلامٌ محقَّقٌ: مضبوط اور مدلل کلام۔
- الثوبَ و غیرہ: کپڑے پر خاص شکل کے بیل بوٹے بنانا۔
مع فلان فی قَضِيةٍ: تفتیش کرنا (محدثة)۔
(احْتَقَّ) الرجلان: باہم جھگڑنا اور حق کا دعویٰ کرنا۔
-الشيَ و الامرَ: مضبوط و مستحکم کرنا۔
- الطعنةُ: اتنا جما کر نیزہ مارنا کہ آر پار ہو جائے۔ احتقتْ به الطعنةُ بھی کہا جاتا ہے۔
(انحَقَّتِ) العُقدَةُ: گرہ کا سخت ہونا۔
(تَحَاقَّا) باہم جھگڑنا اور حق کا مدعی ہونا۔
(تَحَقَّقَ) الامرُ: واقع اور ثابت ہونا۔
-الامرَ: حقیقت معلوم کرنا۔
(استَحَقَّ) الشيَ و الامرَ: مستحق ہونا، حقدار ہونا، لازم کر لینا۔
الاثمَ: گناہ کی سزا واجب ہونا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَاِنْ عُثِرَ عَلٰی اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّا اِثْمًا﴾۔
(التحقيقُ) (تحقيق الهمز)۔
ہمزہ کی ادائیگی کے وقت اس کی آواز کا حق ادا کرنا (۲) چھان بین، تفتیش۔
(الحَاقُّ) حاقُّ کلِّ شيءٍ: ہر چیز کا درمیان۔ جیسے حاقُّ الطريق، حاقُّ الراسِ، حاقُّ العينِ، حاقُّ الشتاء (ج) حَوَاقُّ۔
-هو رَجلٌ حاقُّ الرجل: وہ مکمل مردانگی والا ہے۔
- هو شجاعٌ حاقُّ الشجاع: وہ کامل الشجاعہ ہے (اس کا تثنیہ اور جمع نہیں آتا)
- هو فی حاقٍّ من هذا الامرِ: وہ تنگی میں ہے۔
-لقيتُه عند حاقِّ باب المسجدِ: میں اسے مسجد کے دروازہ کے قریب ملا۔
(الحاقَّةُ): مونث الحاقّ (۲) مصیبت و پریشانی (۳) قیامت کا دن (ج) حَوَاقُّ۔
- هو رجلٌ حاقَّةُ الرجل: وہ کامل آدمی ہے۔
- هو شجاعٌ حاقَّةُ الشجاع: وہ بہادری میں کامل ہے۔ (اس کی تثنیہ جمع نہیں آتی)۔
(الحَقُّ) اسم باری تعالیٰ (۲) حق، ثابت شدہ بات۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ﴾ (۲) سچا، صحیح، بطور صفت استعمال ہوتا ہے جیسے قولٌ حقٌّ (۳) جماعت یا فرد کا حصہ (ج) حقوقٌ و حِقاقٌ۔
-حقوقُ الله: اللہ تعالیٰ کے حقوق۔
- حقوقُ الدار: مکان کے متعلقہ وہ عمارتیں جن سے انسانی ضروریات وابستہ ہوں۔
-هُوَ العالِم حقُّ العالِم: وہ بہترین عالم ہے۔
-هو حَقٌّ بكذا: وہی اک چیز کے لائق ہے۔
(الحِقُّ) من الابل: وہ اونٹ جو چوتھے سال میں آ گئے ہوں اور ان پر سوار ہونا اور سامان لادنا ممکن ہو (ج) اَحقٌّ و حِقاقٌ (جج) حُقُقٌ۔
(الحُقُّ) برتن (۲) سوراخ، بل (۳) وہ گڑھا جس میں ران کا سرا ہوتا ہے۔ (۴) کولہے کا وہ سرا جس میں ران کی ہڈی ہوتی ہے۔ (۵) بازو کا سرا (۶) سرین کا سرا (۷) ہموار زمین (۸) ہر چیز کا درمیان (ج) اَحْقاق و حِقاقٌ و حُقُوقٌ۔
(الحَقَّانی): حق پرست۔
(الحَقَّةُ): حصہ جیسے هذه حَقَّتِي۔
(۲) معاملہ کی حقیقت (۳) مصیبت۔
(الحِقَّةُ): حصہ جیسے هذه حِقَّتِي۔ (۲) من الابل: الحِقُّ یا اس کی مونث۔ (۳) چھوٹا درخت (ج) حِقَقٌ و حِقاقٌ۔
(الحُقَّةُ): الحُقُّ (ج) حُقَقٌ و حِقاقٌ۔
(الحَقِيقُ) بالامرِ: کسی کام کے لائق ہونا۔
-هو حقيقٌ ان يفعل كذا: اس کے لئے ایسا کرنا مناسب ہے۔ و حقيقٌ به ان يَفْعَلَ كذا۔
- عليه كذا: اس پر ایسا کرنا واجب ہے۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿حَقِيقٌ عَلٰٓی اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَی اللهِ اِلَّا الْحَقَّ﴾۔
-حقيقٌ على كذا: حریص ہونا۔
(الحَقِيقَةُ): یقینی ثابت شدہ بات۔
(۲) اہل لغت کے نزدیک وہ لفظ جو معنی اصلی میں مستعمل ہو (۳) جھنڈا (ج) حَقَائِقُ۔
-حقيقةُ الشيِ: وہ بات جس کا یقین ضروری ہو۔
- حقيقةُ الرَّجُلِ: وہ چیز جس کا دفاع کرنا ضروری ہو۔ جیسے فلانٌ يَحْمِي الحَقِيقَةَ۔
(المَحقُوقُ): لائق، موزوں۔ جیسے هو محقوقٌ ان يفعَلَ كذا (۲) وہ آدمی جس پر کسی کا حق واجب ہو۔
(حَقَلَ)۔ حَقلاً: کھیتی باڑی کرنا۔
(حَقِلَتِ) الماشيةُ۔ حَقَلاً: (مٹی ملا پانی پینے یا مٹی ملی سبزی کھانے سے) چوپائے کا پیٹ کے درد میں مبتلا ہونا۔
(اَحْقَلَ) الزرعُ: کھیتی میں شاخیں نکلنا۔
-الارضُ: زمین کا کھیت بن جانا۔
(حَاقَلَه): پکنے سے پہلے کھڑی کھیتی فروخت کر دینا (۲) زمین کو بٹائی پر دینا۔
(احْتَقَلَ) اپنا کھیت بنانا۔
(الحَاقِلُ) کاشتکار۔

Marfat.com

(الحُقَالُ): چوپایوں کی بیماری جو مٹی ملا پانی پینے یا چارہ کھانے سے ہوتی ہے۔
(الحَقْلُ): قابل کاشت زمین (۲) ہری بھری کھیتی (ج) حُقُولٌ۔
-حَقْلُ البترول: وہ زمین جہاں سے پٹرول نکالا جائے (مج)۔
-حَقْلُ التجارِب: تجربہ گاہ (مج)۔
(الحَقْلِيُّ): کھیت سے متعلق چیز۔
-المحصولات الحقلیّةُ: زمینی پیداوار۔
(الحَقْلَةُ): کھیت کا ایک حصہ (۲) حُقَال (ج) اَحْقَالٌ۔
(المَحْقَلَةُ): کھیت (ج) مَحَاقِلُ۔
(الحِقلِدُ): بداخلاق اوراجڈ آدمی۔
(الحَقَلَّدُ): بخیل (۲) کمزور (۳) گناہ گار (۴) کینہ ودشمنی۔
(الحَقِيمُ): گوشہ چشم جو کنپٹی سے ملا ہوا ہو اور یہ دو ہوتے ہیں (ج) اَحْقِمَةٌ۔
(حَقَنَ) الماءَ واللبَنَ فی القربة ـُـ حَقْنًا: دودھ یا پانی وغیرہ کو مشکیزہ میں جمع کرنا۔
-الاناءَ بالماء وغیرہ: برتن کو پانی وغیرہ سے بھرنا۔
بَوْلَهُ: پیشاب روکنا۔
دَمَ فلانٍ: خون بہانے سے روکنا۔
مَاءَ وَجْهِهِ: سوال کی ذلت سے بچانا۔
اللبَنَ فی القِربَةِ: مکھن نکالنے کے لئے دودھ کو مشکیزہ میں ڈالنا۔ ھو محقونٌ و حقینٌ
فلانًا: سرنج یا کسی آلہ سے جسم میں دوا داخل کرنا۔
(اِحْتَقَنَ): جمع ہونا' اکٹھے ہونا۔
-الدمُ: خون کا منجمد ہونا۔
-البولُ: پیشاب کا رک جانا۔
-الماءُ و اللبنُ: جمع ہونا۔
-العضوُ: کسی عضو کا پانی یا خون جمع ہونے کی وجہ سے رک جانا۔
-الکَبِدُ: جگر بڑھ جانا۔
-الضرعُ: تھن پھول جانا۔
-المریضُ: مریض کا پیشاب بند ہونا اور اس کی وجہ سے سلائی وغیرہ کا علاج کرانا۔
-اِحْتَقَنَتِ الکُلْیَةُ: گردہ کا پھول جانا۔
(الحاقِنُ) وہ شخص جس کا پیشاب بند ہو گیا ہو۔ کہا جاتا ہے: لَارَأیَ لِحَاقِنٍ (۲) پچکاری' انجکشن وغیرہ سے علاج کرنے والا۔
(الحاقِنَةُ): مؤنث الحاقن (۲) معدہ (۳) دونوں ہنسلیوں کا درمیانی گڑھا (۴) تہدید کے موقع پر کہا جاتا ہے: ''لَأُلحِقَنَّ حَوَاقِنَكَ بِذَوَاقِنِكَ''۔
(الحُقْنَةُ): جماؤ' بندش (۲) وہ دوا جو بذریعہ سرنج مریض کے جسم میں داخل کی جائے (۳) سرنج یا پچکاری (ج) حُقَنٌ۔
(الحُقْنَةُ): درد شکم (ج) اَحْقَانٌ۔
(المِحْقَانُ): جو پیشاب کو روکے اور پھر زیادہ پیشاب کرے (ج) مَحَاقِینُ۔
(المِحْقَنُ): پچکاری' سرنج (۲) وہ برتن جس میں دودھ وغیرہ اکٹھا کیا جائے (ج) مَحَاقِنُ۔
(المِحْقَنَةُ): سرنج یا پچکاری (ج) مَحَاقِنُ۔
(حَقَاهُ)ـُـ حَقْوًا: کمر پر مارنا ہے جیسے ضَرَبَه فَحَقَاه۔
-الشیئُ فلانًا: کمر یا کوکھ پر لگنا۔
-نزل فی الماءِ حتّی حَقَاهُ: وہ کمر تک پانی میں اترا۔ ھو مَحْقُوٌّ و مَحْقِیٌّ۔
(حَقِيَ)ـَـ حَقًا: کمر میں درد محسوس کرنا۔ ھو حَقٍ۔
(حُقِيَ): کمر میں درد محسوس کرنا (۲) خالی گوشت کھانے کی وجہ سے پیٹ میں درد ہونا۔ ھو محقوٌّ و مَحْقِیٌّ۔
(تَحَقَّى): حَقِیَ۔
(الحِقَاءُ): ازار (۲) ازار باندھنے کی جگہ (۳) خالی گوشت کھانے سے ہونے والا پیٹ کا درد (۴) گھوڑے کی جھول کا تسمہ (ج) اَحْقِيَةٌ۔
(الْحَقْوُ): کمر' کوکھ۔ اَخَذَ بِحَقْوِهِ و عَاذَ بِحَقْوِهِ ''پناہ میں آنا''۔
-حَقْوَا الثَّنِيَّةِ: سامنے کے دونوں دانتوں کے کنارے (۲) ازار بند۔
-حَقْوُ الجبلِ دامن کوہ۔
-رمٰی بحقوِهِ: تہ بند اتار دینا۔ (ج) اَحْقَاءٌ۔

ح ..... ک

(حَکَأَ) العُقدَةَ ـَـ حَکْأً: مضبوط گرہ باندھنا۔ حکاھا بھی کہا جاتا ہے۔
(اَحْکَأَھا) حَکَأَھا' اَحکَاھا بھی کہتے ہیں۔
(اِحْتَکَأَ) اِحتکأَتِ العقدةُ گرہ کا سخت ہونا۔
-الامرُ فی صدرہ او نفسہ کسی بات کا دل میں قرار پکڑنا۔ کہا جاتا ہے ''لو احتکأنی امری لَفَعَلْتُ کذا'' (اگر مجھے شروع ہی میں یہ بات معلوم ہو جاتی تو میں ایسا کرتا)۔
-العقدةَ گرہ کو سخت کرنا۔
(الحُکَأَةُ) موٹی چھپکلی (ج) حُکَأٌ و حُکَاً۔
(الحُکَا): الحُکَأَةُ (ج) حُکَاءٌ۔
(حَکَرَہُ)ـِـ حَکْرًا: ظلم کرنا (۲) مذمت کرنا (۳) بدسلوکی کرنا ھو حَکِرٌ۔
-السِّلَعَ: سامان کو بلاشرکت غیر سے اپنے لئے خاص کرنا۔
(حَکِرَ) فلانٌ ـَـ حَکَرًا: ضدی اور جھگڑالو ہونا۔
-برایہ: خودسر ہونا۔
-السلعةَ حَکَرَھا' ھو حَکِرٌ۔
(حَاکَرَہُ): باہم جھگڑنا۔
(اِحْتَکَرَ) السِّلْعَةَ: ذخیرہ اندوزی کرنا۔
(تَحَکَّرَ) فلانٌ علی الشیئ افسوس کرنا۔
-السِّلْعَةَ حَکَرَھا۔
(الحاکُورَةُ) وہ زمین جو گھروں کے قریب درخت اگانے کے لئے مخصوص کی جائے۔
(الحُکْرُ) تھوڑی چیز (ج) اَحکارٌ۔ (مو)
(الحِکْرُ): روکی ہوئی جاگیر یا زمین (ج) اَحْکَارٌ (مو)۔
(الحَکَرُ): ذخیرہ کی ہوئی چیز (۲) تھوڑی چیز۔ جیسے مَاءٌ حَکَرٌ، طَعَامٌ حَکَرٌ

Marfat.com

(الحُكرةُ): ذخیرہ اندوزی۔
(حَكَشَ) ـُ حَكْشًا: سکڑنا، سمٹنا۔
-الشيءَ: جمع کرنا۔
-فلانًا: ظلم کرنا۔
(حَكِشَ) ـَ حَكَشًا: ضدی ہونا۔ هو حَكِشٌ۔
(الحُكْشَةُ): بانی (محدثہ)۔
(حَكَّ) الشيءَ بالشيءِ و علَى الشيءِ ـُ حَكًّا: رگڑنا، گھسنا جیسے حَكَّ الحَجَرَ بالحَجَرِ و حَكَّ جسمَه بيدِه۔
- فلانًا جسمُه: کسی کے بدن میں خارش اٹھنا۔ هو محكوكٌ و حكيكٌ۔
-الامرُ في صدرِه: دل میں بیٹھ جانا۔
-ماحكَّ هذا الامرُ في صدري: اس کام سے میرا دل مطمئن نہیں ہوا۔
-في صدرِه من الامرِ شيءٌ: اس کے دل میں وسوسے پیدا ہوئے۔
-الشيءَ: چھپانا۔
(أحَكَّ) فلانًا جسمُه: بدن میں کھجلی اٹھنا۔
-الامرُ في صدرِه: دل میں کھٹکنا۔
(حاكَّه) مُحاكَّةً و حِكاكًا: رگڑنے میں مقابلہ کرنا۔
(حَكَّكَه) حَكَّه۔
- الجذلُ المُحَكَّكُ: وہ لکڑی وغیرہ جو اونٹوں کے باڑے میں خارش زدہ اونٹ کے لئے نصب کی جاتی ہے جس سے وہ اپنا جسم رگڑتا ہے۔
(احتَكَّ) الجسمُ: خارش ہونا۔
-بالشيءِ: رگڑ کھانا۔
-الامرُ في صدرِه او في صدرِه من الامرِ شيءٌ: حَكَّ۔
(تَحاكَّا): ایک دوسرے سے رگڑ کھانا۔
(تَحَكَّكَ) بالشيءِ: رگڑ کھانا۔
هو يتحكَّكُ بي: وہ مجھ سے مقابلہ کرتا ہے۔
تَحَكَّكَ العقربُ بالافعَى: اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو اپنے سے بڑے کے مقابلہ میں آئے۔
(استَحَكَّ) فلانًا جسمُه: کسی کے جسم میں خارش ہونا۔
(الاحتكاكُ): رگڑ کھا کر حرکت کرنے والے جسم سے پیدا ہونے والی طاقت (مج)۔
(الحاكُّ): کسی کام کا دھنی (۲) شرپسند جھگڑالو (ج) حُكَكٌ۔
(الحاكَّةُ): دانت، کہا جاتا ہے (ما بقيتْ في فيه حاكَّةٌ) (ج) حَواكُّ۔
(الحِكاكُ): هو حِكاكُ شرٍّ: شرپسند اور شر انگیز ہے۔
(الحُكاكُ): خارش (ایک بیماری)
(الحُكاكةُ): برادہ، کسی شی کو گھسنے سے گرنے والے ذرات۔
(الحِكُّ): شک (۲) "هو حِكُّ شرٍّ" وہ شر انگیز ہے۔
(الُحَكَّكُ): چاک۔
(الحَكّاكةُ): شک، وسوسہ (ج) حكّاكات۔
(الحِكَّةُ): مذہب وغیرہ میں شک (۲) خارش، کھجلی۔
(الحَكْحَكُ): ایک چاک (۲) وہ زمین جہاں کھریا مٹی پیدا ہوتی ہو۔
(الحُكَيْكةُ): پہیلی، چیستان۔
(المِحَكُّ): کھرا وغیرہ۔
(حَكَلَ) عليه الامرُ ـُ حَكْلًا: کام کا غیر واضح اور مشتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے حَكَلَتْ عليه الاخبارُ۔
-في مَشيِه: بھاری قدموں سے چلنا، آہستہ چلنا۔
-فلانٌ الربعَ: تیزے کو اپنے ایک پیر پر کھڑا کرنا۔
-فلانًا بالعصا: لاٹھی مارنا۔
(أحكَلَ) عليه الامرُ: مشتبہ ہونا۔
-عليهم: کسی کے خلاف شرانگیزی کرنا۔
(احتَكَلَ) فلانٌ: عربی زبان کے بعد عجمی زبان سیکھنا۔
-عليه الامرُ: مشتبہ ہونا۔
(تَحَكَّلَ): جہالت کی وجہ سے ضد کرنا۔
(الأحكَلُ): بےزبان پرندہ یا چوپایہ (۲) وہ جانور جن کی آواز سنائی نہ دے جیسے چیونٹی وغیرہ۔ هي حَكْلاءُ (ج) حُكْلٌ۔
(الحاكِلُ): اندازہ لگانے والا (ج) حُكَّلٌ و حُكّالٌ۔
(الحُكْلَةُ): کلام کا ابہام (۲) نادانی کی بناپر ضد (۳) لکنت (ج) حُكَلٌ۔
(الحَكِيلَةُ): لکنت، تتلاہٹ (ج) حكائلُ۔
(حَكَمَ) بالامر ـُ حُكْمًا: فیصلہ کرنا۔ جیسے حكم لَه، حكم عليه، حكم بينهم۔
-الفرسَ: گھوڑے کے لگام میں لوہے کا حلقہ لگانا۔
-فلانًا: روکنا، منع کرنا۔
(حَكُمَ) ـُ حُكْمًا: حکیم و دانشمند ہونا۔ هو حكيمٌ۔
(أحكَمَ) الفرسَ: حَكَمَه۔
-فلانًا عن الامرِ: روکنا۔
التجاربُ فلانًا: تجربات کا کسی کو عقلمند بنا دینا۔
الشيءَ والامرَ: مضبوط و مستحکم بنانا۔
(حاكَمَه) الى الله تعالى والى الكتاب
-و الى الحاكم: کسی حاکم کے پاس مقدمہ لے جانا یا فیصلہ کے لئے اللہ تعالیٰ اور قرآن کی طرف رجوع کرنا۔
المُذنبَ: مجرم سے جرم کے متعلق بیان لینا۔
(حَكَّمَه): حاکم و ثالث بنانا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے ﴿فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ﴾ (۲) فیصلہ کرنا۔
عمّا يريدُ: روکنا، منع کرنا۔
(احتكَمَ) الشيءُ والأمرُ: مضبوط ہونا۔
الخصمانِ إلى الحاكمِ: حاکم کے سامنے فریقین کا مقدمہ لے کر جانا۔
في الشيءِ و الامرِ: کسی کام میں تصرف کرنا، من مانی کرنا۔ کہا جاتا ہے احتكَمَ في مالِ فلانٍ و احتكَمَ في امرِه۔

Marfat.com

(تَحَاكَمَا): فریقین کا کسی کے پاس مقدمہ لے کر جانا۔
(تَحَكَّمَ) فی الامرِ: مضبوط ہونا (۲) خود رائے ہونا۔
الحَرُوْرِيَّةُ من الخوارج: خوارج کے فرقہ حروریہ کا لاحکم الا للہ کا نعرہ لگانا۔
(اِسْتَحْكَمَ) الشیُ و الاَمْرُ: مضبوط ہونا۔
-فلانٌ: سمجھدار ہو کر نقصان دہ چیز سے رکنا۔
- علیه الشئُ: مشتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے استحکم علیه الکلامُ۔
(الحاكِمُ) حکمران (۲) قاضی' جج (ج) حُكّامٌ۔
(اَلْحُكْمُ) علم وفہم (۲) حکمت جیسے الصَّمْتُ حُكْمٌ (۳) فیصلہ۔
(الحَكَمُ): اسم باری تعالیٰ (۲) حاکم قرآن مجید میں ہے: ﴿اَفَغَيْرَ اللهِ اَبْتَغِي حَكَمًا﴾ (۳) ثالث' سرپنچ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِنْ اَهْلِهَا﴾۔
رَجُلٌ حَكَمٌ: ادھیڑ عمر' ھم حَكَمَةٌ۔
(الحِكْمَةُ): اعلیٰ علوم کے ذریعہ اعلیٰ اشیاء کا علم (۲) علم وفہم۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ﴾ (۳) عدل وانصاف (۴) علت' فلسفہ جیسے حکمة التشریع اور مَا الحکمةُ فی ذلك؟ (۵) ایسا کلام جس کا معنی واضح اور الفاظ تھوڑے ہوں (ج) حِكَمٌ۔
(علم الحِكْمَة): کیمیاء وطب۔
(الحَكَمَةُ): حَكَمَةُ اللجام: لگام میں لگا ہوا لوہے کا وہ حلقہ جو گھوڑے کے دونوں جبڑوں کی طرف منہ میں رہتا ہے۔ (۲) بکری وغیرہ کی تھوڑی (۳) انسان کے چہرہ کے سامنے یا نیچے کا حصہ۔
-رَفَعَ اللهُ حَكَمَتَه: اللہ نے اس کے مرتبہ کو بلند کر دیا (ج) حَكَمٌ۔ (الحَكِيْمُ): اسم باری تعالیٰ (۲) حکمت والا' دانشمند (۳) فلسفی (مو)۔
(۴) طبیب (مو) (ج) حکماءُ۔

-الذكرُ الحكيمُ: قرآن مجید' کیونکہ وہ ایسا عاقلانہ کلام ہے کہ اس میں نہ لفظی خامیاں ہیں نہ معنوی اور وہی لوگوں کی زندگی کے بارے میں صحیح فیصلہ کرتا ہے۔
(المُحَكِّمُ): خارجی۔
(المُحْكَمُ): مضبوط و مستحکم۔
- من القرآن: وہ آیات قرآنیہ جو ظاہر اور واضح ہوں اور ان میں تاویل کی ضرورت نہ ہو۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿مِنْهُ اٰيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتَابِ وَ اُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ﴾۔
(اَلْمَحْكَمَةُ): عدالت (۲) کمرہ عدالت' کچہری (ج)۔
(حَكَى) الشئَ ـِ حكايةً: نقل اتارنا۔ (۲) مشابہ ہونا' کہا جاتا ہے هِيَ تحكي الشمسَ حُسْنًا۔
-عنه الحديثَ: کلام یا بات نقل کرنا۔
هو حاكٍ (ج) حُكَاةٌ۔
(حَاكَاهُ): قول وفعل وغیرہ میں کسی کے مشابہ ہونا۔
(الحِكَايَةُ): واقعہ' کہانی' قصہ۔ (واقعی ہو یا فرضی) (۲) لہجہ' عرب کہتے ہیں "هذه حكايتنا"۔
(الحَكَّاءُ): بہت حکایتیں بیان کرنے والا (۲) لوگوں کے مجمع میں قصے سنانے والا۔
(اَلْحَكِيُّ) من النسآء: بیہودہ گو اور چغل خور عورت۔

ح......ل

(حَلَأَ) الجلدَ ـُ حَلْأً: چھیلنا۔
- فلانًا: مارنا جیسے حَلَأَهُ بالسَّوْطِ و حَلَأَهُ بالسَّيْفِ۔
بِهِ الارضَ: پچھاڑنا۔
(حَلِئَ) الاديمُ ـَ حَلَأً: چمڑے پر خراش لگنا۔
-الشَّفَةُ: ہونٹ پر بیماری کے بعد پھنسیاں نکل آنا۔
(اَحْلَأَهُ): دکھتی آنکھ میں جست لگانا۔
الطعامَ: کھانے کو میٹھا کرنا۔
(حَلَّأَهُ) عن الشئِ تحليئاً و تحلِئةً: روکنا' منع کرنا۔
- الطعامَ: کھانے کو میٹھا کرنا۔
(التِحْلِئُ): چمڑے کے اوپر کے بال اور اس کا میل وسیاہی۔
(التَحْلِئَةُ): التِحْلِئُ۔
(الحُلَاءَةُ): جھلی' چمڑے کا وہ باریک چھلکا جو گوشت کے اوپر لگا ہوتا ہے (۲) جست ایک سفید نرم پتھر کا برادہ جو دکھتی آنکھ میں لگایا جاتا ہے (۳) وہ چیز جو دو پتھروں سے رگڑ کر آنکھ میں بطور سرمہ لگائی جائے۔
(الحَلَأُ): بیماری کے بعد ظاہر ہونے والے دانے۔
(الحَلُوْءُ): جست۔
(المِحْلَأَةُ): چمڑا صاف کرنے کی چھری۔ (ج) مَحَالِئُ۔
(حَلَبَ) القومُ ـُ حَلْبًا و حُلُوْبًا: ہر طرف سے آکر جمع ہو جانا۔
-الشاةَ و نحوها ـُ حَلْبًا: دودھ دوہنا۔
-فلانًا: کسی کے لئے دودھ نکالنا۔ کہا جاتا ہے "اُحْلُبْنِي" مجھے دوہنے کی مشقت سے بچا کر تم دودھ نکال لو۔
- فلانًا الشَّاةَ: کسی کو دوہنے کے لئے بکری دینا۔
- الدهرُ اَشْطُرَهُ: زمانہ کے برے بھلے کو آزمانا۔ هو حالِبٌ (ج) حَلَبَةٌ هو حَلُوْبٌ (ج) حُلُبٌ۔
(اَحْلَبَ) فلانٌ: کسی کے اونٹوں میں مادہ بچے پیدا ہونا۔
-القومُ: ہر طرف سے آکر لڑائی وغیرہ کے لئے جمع ہونا۔
-فلانًا: دوہنے میں مدد کرنا (۲) مدد کرنا۔
- اهلَهُ: چراگاہ سے دودھ دوہ کر اہل خانہ کو بھیجنا۔
-فلانًا الشاةَ و نحوها: کسی کو دودھ نکالنے کے لئے بکری دینا۔
-احْتَلَبُوْا معهم: مددگار بن کر آنا۔

Marfat.com

(حَالَبَهٗ): دودھ نکالنے میں مقابلہ کرنا۔ (۲) باہم مدد و تعاون کرنا۔
(تَحَلَّبَ) المائعُ: مائع چیز کا بہنا۔ کہا جاتا ہے: "تحلّبَ العرقُ و تَحَلَّبَتْ عینُه و تحلّب فَمُه"۔
(اِحْتَلَبَ) الشّاة و نحوها: بکری وغیرہ کا دودھ نکالنا۔
(اِسْتَحْلَبَ) القومُ: مدد کے لئے جمع ہونا۔
-الشّئَ: کسی چیز کا رس (جوہر) نکالنا۔
-الدواءَ و نحوَهٗ: دوائی وغیرہ کا چوسنا۔
-اللبنَ: دودھ نکالنا۔
-دمعَه: آنسو نکالنا۔
-الصَّبِیْرَ: بادل سے پانی لینا، بادل کے برسنے کی خواہش کرنا۔ حدیث میں ہے۔ (و نستحْلِبُ الصَّبِیْرَ)۔
(اَلْاِحْلَابَةُ) وہ دودھ جو چراگاہ میں نکال کر اہل خانہ کی طرف بھیجا گیا ہو۔
(الحالِبُ) الحالبان وہ دو رگیں جو گردوں سے پیشاب کو مثانہ میں لاتی ہیں (ج) حَوَالِبُ۔
- حوالبُ البئر کنویں میں پانی کے دھارے۔
حوالب العیون الفوّارۃ ابلتے ہوئے دھارے۔
(الحِلَابُ) دودھ (۲) دودھ نکالنے کا برتن (ج) حُلُبٌ۔
(الحَلَبُ) دودھ۔
حَلَبُ العصیرِ شراب (۲) غیر متعینہ ٹیکس جیسے صدقہ وغیرہ جیسے هذا فی المسلمین وَحَلَبُ اَسْیَافِهِم۔
-ذاق فلانٌ حَلَبَ اَمْرِہٖ اس نے اپنے کیے کا مزہ چکھ لیا۔
(الْحَلْبَاۃُ) دودھ والی مادہ۔
نَاقَۃٌ حلباۃٌ رَکْبَاۃٌ وہ اونٹنی جس کا دودھ دوہا جائے اور اس پر سوار ہوا جائے۔
(الحَلْبَۃُ) وہ گھوڑے جو دوڑ کے لئے مختلف اطراف سے جمع کئے جائیں (۲) گھڑ دوڑ کا میدان (۳) کشتی یا کسی بازی کا اکھاڑہ (ج) حَلَائِبُ۔
-الحَلْبَتَانِ: صبح و شام۔
(اَلْحُلْبَۃُ): ایک سبزی جو بطور سالن اور دوا استعمال ہوتی ہے، میتھی (ج) حُلَبٌ۔
(اَلْحَلَّابُ): گوالا، دودھ دوہنے والا۔
-یومٌ حَلَّابٌ: نمناک دن۔
(الحَلُوْبُ): دودھ والی مادہ (۲) جس کا دودھ نکال لیا گیا ہو۔
-هاجرۃٌ حَلُوْبٌ: پسینہ نکالنے والی دوپہر کی گرمی (ج) حُلُبٌ و حَلَائِبُ۔
(الحَلُوْبَۃُ): الحَلُوْبُ (واحد جمع دونوں کے لئے ہے) (ج) حَلَائِبُ، حُلُبٌ۔
(اَلْحَلِیْبُ): دوہا ہوا دودھ (۲) کھجور کی شراب۔
-دمٌ حلیبٌ: تازہ خون۔
(المَحْلَبُ): ایک پودا جس سے خوشبو تیار کی جاتی ہے (۲) شہد۔
(المِحْلَبُ): دودھ نکالنے کا برتن۔ (ج) مَحَالِبُ۔
(الحُلَابِسُ) شیر (۲) بہادر۔
(الحَلْبَسُ): الحَلَابِسُ (۲) کسی شے کا حریص جو اس سے جدا نہ ہوتا ہو۔
(حَلَتَ) الجلیدُ ـ حَلْتًا: برف گرنا۔
-الصوفَ چمڑے سے اون اکھاڑنا۔
-دَینَهٗ: قرض اتارنا۔
فلانًا کذا سَوْطًا: کوڑے مارنا۔
(الحُلَاقَۃُ) کھال سے چونٹتے ہوئے گری ہوئی اون۔
(الحَلْتِیْتُ) ہینگ خاص قسم کا خوشبودار گوند جو دوا اور کھانے میں استعمال ہوتا ہے۔
(الحَلِیْتُ) پالا، رات کو گرنے والی شبنم جو جم جاتی ہے۔
(حَلَجَ) السَّحَابُ ـ حَلْجًا بارش برسانا۔
- القطنَ حَلْجًا و حِلَاجَۃً روئی دھنکنا۔ ھو محلوجٌ و حلیجٌ۔
-الخُبْزَۃَ روئی کو بیلن وغیرہ سے گول کرنا۔
(الحِلَاجَۃُ): روئی دھنکنے کا پیشہ۔
(الحَلَّاجُ): روئی دھنکنے والا، کپڑوں میں روئی بھرنے والا، پنبہ۔
(الحَلُوْجُ): چمکتا ہوا بادل۔
(المِحْلَاجُ): روئی دھنکنے کا آلہ (۲) بیلن جس سے روٹی کو گول کیا جاتا ہے (۳) پھرتیلا گدھا (ج) مَحَالِجُ۔
(حَلْحَلَ) الشئَ: ہلانا، حرکت دے کر سرکانا۔
(تَحَلْحَلَ): ہلنا، سرکنا۔
(الحُلَاحِلُ): مکمل حَوْلٌ حلاحلٌ (پورا سال) (۲) کنبہ کا سرپرست (۳) بہادر اور باوقار نشست والا (عورتوں کے لئے نہیں بولا جاتا) (ج) حَلَاحِلُ۔
(المُحَلْحَلُ): الحُلَاحِلُ۔
(حَلَزَ) الادیمَ وغیرہ ـ حَلْزًا: چھیلنا۔
(حَلِزَ) ـ حَلَزًا: دردمند ہونا۔
(احْتَلَزَ) حقّه: اپنا حق لینا۔
(تَحَلَّزَ) الشئُ: باقی رہنا۔
-القلبُ عند الحزن: غم سے دل کا بے قرار ہو جانا۔
-فلانٌ للامرِ: تیار ہونا۔
(الحالِزُ): دردمند، کہا جاتا ہے "قلبٌ حالزٌ و رَجلٌ حالزٌ"۔
(الحَلْزُ): بخل۔
(الحَلِزُ): قَلْبٌ حَلِزٌ و کبدٌ حَلِزٌ زخمی دل یا زخمی جگر۔
(الحِلِزُّ) الو (واحد حِلِزَّۃٌ) (۲) کوتاہ قد (۳) بخیل (۴) بد اخلاق۔
(الحَلَزُوْنُ) سنکھ، گھونگا، ایک دریائی کیڑے کا سیپ نما سخت خول (۲) چوڑی دار سوراخ جس میں پیچ دار کیل گھومتی ہے۔
(الحَلَزُوْنِیُّ) حلزون نما، پیچ دار (ج)
(حَلَسَتِ) السماءُ ـ حَلْسًا مسلسل ہلکی بارش ہونا۔
-الدّابّۃَ چوپائے پر ٹاٹ یا کوئی ٹاٹ نما چیز ڈالنا۔
(حَلِسَ) بالمکان و فیه ـ حَلَسًا کسی جگہ کو

Marfat.com

لازم پکڑنا۔
-فلانٌ: مقابل کے سامنے ڈٹ جانا۔
-بالشئ: دل دادہ ہونا۔ هو حَلِسٌ وَحَلِسَةٌ
هو اَحلسُ وهي حلساءُ (ج) حُلْسٌ۔
(اَحْلَسَتِ) السماءُ: حَلَسَتْ۔
- الارضُ: زمین کی پیداوار کا زمین کو چھپا دینا۔
-الدابّةَ: ٹاٹ وغیرہ سے ڈھانپنا۔
-فلاناً: کسی سے پکا وعدہ کرنا۔
-فلاناً فی البیعِ: بیع میں کسی کو دھوکہ دینا۔
- فلاناً علی الامرِ: کسی کو کسی کام کے لئے تیار کرنا۔
(حَالَسَه): کسی کے ساتھ لگے رہنا۔ کہا جاتا ہے هو یحالسه و یحالسُه۔
(تَحَلَّسَ) له: چکر لگانا۔
-بالمکان: قیام پذیر ہونا۔
(استحلَسَتِ) الارضُ: سبزہ پوش ہونا۔ استحلس النبت بھی کہا جاتا ہے۔
السنامُ: کوہان کی چربی کا تہ بہ تہ ہونا۔
اللیلُ بالظلامِ: سخت تاریک ہونا۔
الشئُ فلاناً: ساتھ لگے رہنا۔ کہا جاتا ہے "استحلسه الخوف"۔
(الحَلْسُ): پکا وعدہ۔
(الحِلْسُ): وہ ٹاٹ یا دری وغیرہ جو اونٹ کے کجاوہ یا گھوڑے کی زین کے نیچے کمر سے لگی ہوئی ہو (۲) ٹاٹ یا دری یا بوریا وغیرہ جو زمین پر بچھانے کے بعد اس پر عمدہ سامان رکھا جاتا ہے۔
-هو حلسُ بیته: وہ گھر سے نہیں نکلتا۔
-هو من اَحلَاس البلادِ: وہ کبھی ملک سے نہیں نکلتا۔
-هو من اَحلَاس الخیل: وہ ہمیشہ گھوڑوں میں مشغول رہتا ہے۔
-رَفَضتُ کذا و نفضتُ اَحلَاسَه: میں نے اسے چھوڑ دیا اور فراموش کر دیا (۲) جوے کے تیروں سے میں چوتھا تیر جس کے نام پر چار حصے ہوتے ہیں۔ (۳) پختہ عہد (ج)
اَحلَاسٌ، و حُلُوسٌ و حِلَسَةٌ۔
-هذا لیس من احلَاس فلان: وہ اس کا ہم پایہ نہیں۔
-ام حِلْسٍ: گدھی کی کنیت۔
(الحَلُوسُ): کسی چیز کا لالچی اور اس سے لگے رہنے والا (ج) حُلُسٌ۔
(الحُلَیْسُ): اُمّ حُلَیْسٍ: گدھی کی کنیت۔
(حَلَطَ) ـُ حَلْطًا: غصہ ہونا (۲) اصرار کے ساتھ قسم کھانا۔
-فی الامرِ: جلدی کرنا۔
(اَحْلَطَ): حَلَطَ (۲) ہلاکت گاہ میں اترنا۔
-بالمکان: مقیم ہونا۔
-فُلاناً: ناراض کرنا۔
(احتلطَ) علیه: ناراض کرنا۔
-منه: تنگ آ جانا۔
(حَلَفَ) ـِ حَلِفًا و حَلْفًا و مَحْلُوفًا و مَحْلُوفَةً: قسم کھانا، حلف اٹھانا۔ هو حالفٌ وحلّافٌ و حَلّافَةٌ وهی حالفةٌ وحلّافة۔
(حَلُفَ) الشئُ ـُ حَلَافَةً: تیز اور دھار دار ہونا۔
حَلُفَ السیفُ و النصلُ اور حلُف اللسانُ بھی کہا جاتا ہے هو حَلِیفٌ۔
(اَحْلَفَتِ) الارضُ: زمین میں ایک نوکیلی بوٹی کا اگنا۔
-الحلفاءُ: بوٹی کا پک جانا۔
-الشئ: کسی شئ کا مشکوک یا مختلف فیہ ہونے کی بناء پر قابل حلف ہونا۔
-فُلاناً: کسی سے قسم اٹھوانا۔
(حَالَفَه) مُحالَفَةً و حِلافًا: معاہدہ کرنا۔
-حالف بینهما: اتفاق کرنا۔
(حَلَّفه): قسم اٹھوانا۔
(تَحالفُوا): باہم معاہدہ کرنا۔
(اسْتَحْلَفَهُ): حلف اٹھوانا۔
(الحَلَفُ): نوک دار پتوں والی بوٹی جیسے کھجور کے پتوں کی نوک ہوتی ہے۔
(الحِلْفُ) باہمی اتحاد و تعاون کا معاہدہ (ج) اَحلَافٌ (۲) اتفاق۔
(الحَلْفَاءُ): ایک نوک دار پتوں والی بوٹی (واحد جمع دونوں کے لئے آتا ہے) واحد: حَلْفَاةٌ (۲) بہت شور مچانے والی باندی۔
(ج) حُلُفٌ و حُلَفٌ۔
(الحَلِفَةُ): وہ زمین جس میں حلفاء بوٹی پیدا ہوتی ہے (۲) بہت حلفاء والی زمین۔
(الحلّاف): بہت قسمیں کھانے والا۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِينٍ﴾۔
(الحَلِیفُ): مدد کا معاہدہ کرنے والا۔
(ج) اَحلاف، حُلَفاء- ساتھ ساتھ رہنے والا (۳) لازم پکڑنے والا۔
کہا جاتا ہے فلانٌ حلیف الجود و حلیفُ الفصاحة، هو حلیف اللسان۔ تیز زبان۔
(الحُلْفُق): ریلنگ۔
(حَلَقَ) الضَّرعُ ـُ حُلُوقًا: دودھ کی کمی سے تھنوں کا سکڑ جانا۔
-حلَق لبنُ الضَّرعِ: دودھ تھن میں ختم ہو گیا یا کم ہو گیا۔
-فلاناً ـُ حَلْقًا: گلے پر لگانا یا گلے پر مارنا۔
-حلقَه الداءُ: حلق میں تکلیف ہونا۔
-الاناءَ و نحوه: برتن وغیرہ کو لبالب کر دینا۔
- الشئَ ـِ حَلْقًا و تحلاقًا و حِلاقًا و حِلاقة: چھیلنا، چھلکا اتارنا۔
- رأسَه: سر کے بال اتارنا سر مونڈنا۔ هو محلوق و حلیق۔
- حلقت الماشیةُ النباتَ: نبات کو کھا جانا صفایا کر دینا۔
-حَلَقَ القومُ اَعْداءَهم: فنا کر ڈالنا۔
-حَلَقتْهم حَلاقِ مصیبت نے ان کو ہلاک کر ڈالا۔
(اَحْلَقَ) الاناءَ و نحوه: برتن کو لبالب بھر دینا۔
(حَلَّقَ) القمرُ: چاند کے گرد ہالہ بننا۔
- حَلَّقَ علی اسم فلان: اس کے گرد حلقہ بنا لیا یوں اس کے رزق کو ختم کر دیا۔

Marfat.com

-الاناءُ و نحوه: برتن کا لبالب بھرنا۔
-البُسْرُ: کھجور کے دو تہائی حصہ کا پک جانا۔
-الضَّرْعُ: تھن کا دودھ سے بھر کر پھول جانا۔
-الطائرُ: پرندے کا منڈلانا۔
-النجمُ: ستارہ کا بلند ہونا۔
-حَلَّق ببصره الی کذا: نگاہ گھما کر دیکھنا۔
- بالشئ الی فلانٍ: کسی کے پاس کوئی چیز پھینکنا۔
- ماءُ البئرِ: کنویں کا پانی کم ہو جانا یا ختم ہو جانا۔
-عینُ البَعیرِ: اونٹ کی آنکھ کا دھنس جانا۔
-الشعْرَ: بالوں کو اچھی طرح مونڈنا۔
-الشئَ: گول یا دائرہ نما بنانا۔
-حلقةً: دائرہ گھمانا۔
-الدّابّةَ: چوپائے پر بطور نشان حلقہ ڈالنا۔
(احتلق) الرّجلُ: بال صاف کرنا۔
-الشئَ: دائرہ بنانا۔
-السَّنَةُ المَاشِیَةَ: قحط کا مویشی کو ہلاک کرنا۔
(تَحَلَّقَ) القومُ: حلقہ بنا کر بیٹھنا۔
-القمرُ: چاند کے گرد دائرہ بنانا۔
(تَحلاقِ) یومُ تَحلاقِ اللِّمَمِ: حرب بسوس میں بنی بکر پر تغلب کے غلبہ کا دن (ان لوگوں کا شعار سروں کو مونڈنا تھا)
(الحَالِقُ): بلند و بالا جگہ (۲) زمین و آسمان کے درمیان کا خلا (ج) حُلَّق و حوالِقُ۔
-ھوی من حالقٍ: وہ ہلاک ہو گیا۔ (۳) انگور وغیرہ کی بیل کی شاخیں جو سلاخوں پر لٹکی ہوئی ہوں (۴) تیز و پھرتیلا اور ہلکا۔
من الرِّجال: منحوس آدمی۔
من السُّیوف و نحوھا: تیز دھار دار۔
(الحالِقَةُ) قطع رحم (۲) باہمی ظلم (۳) بری بات (۴) عام قحط جو ہر چیز کو تباہ کر ڈالے (۵) موت۔
(الحَالُوقُ) موت۔
(الحَالُوقة) منحوس آدمی یا تیز تلوار۔
(حَلاقِ) موت کا علم ہے (اور حالقہ سے معدول ہے)۔

(الحُلاقُ): حلق کا درد۔
(الحِلاقُ) حجامت۔
-رأسٌ جیدُ الحلاقِ بھی کہا جاتا ہے (۲) حلقہ کی جمع ہے۔
(الحُلاقَةُ): سر کے اُترتے ہوئے بال۔
(الحِلاقَةُ): نائی کا پیشہ۔
(الحَلْقُ): وہ نالی جس سے کھانا پانی نیچے اترتا ہے۔ (ج) أَحْلاقٌ و حُلُوقٌ، حُلُقٌ۔
-حُرُوفُ الحلقِ: وہ حروف جو تلفظ کے وقت حلق سے نکلتے ہیں۔ وہ ہمزہ، ہا، عین، حاء، غین اور خاء ہیں (۲) پانی بہنے کی نالی۔ (۳) برتن کی نالی (۴) تنگ راستہ (۵) وادی۔
(الحَلَقُ): وہ اونٹ جن پر بطور علامت حلقہ نما داغ لگائے گئے ہوں (۲) کان کی بالیاں۔ (محدثة)۔
(الحَلْقَةُ): دائرہ، چھلا جیسے: حَلْقَةُ الباب والذَّھبِ والفضّةِ (۲) لوگوں کی جماعت (۳) مجلس علم۔
-تلقَّی العلمَ فی حَلْقَةِ فلانٍ: فلاں کی مجلس میں علم حاصل کیا۔
-حَلْقَتَا الرَّحِمِ: رحم کے دو سوراخ۔
-حَلْقَةُ الماشِیَةِ: حلقہ نما داغ کا نشان۔
حلقة الباب: دروازہ کھٹکھٹانے کی زنجیر یا کڑا۔
-وَفَّیتُ حَلْقَةَ الحَوْضِ: حوض کو بھرنے کی حد تک پہنچا دیا۔
انتزع حَلْقَةَ فلانٍ: کسی پر سبقت لے جانا (ج) حَلَقٌ، حِلَقٌ و حِلاقٌ۔
بَنَوْا بُیُوتَھُمْ حِلاقًا: انہوں نے اس طرح لائن میں مکان بنائے کہ وہ حلقہ دکھائی دینے لگے۔
(الحَلْقَةُ) عام ہتھیار (۲) زرہ۔
(الحَلّاقُ) حجام۔ بہت زیادہ بال کاٹنے والا۔
(المِحلاق) من الکرم و نحوه: انگور وغیرہ کی بیل جو بانس کی ڈنڈیوں پر لٹکی ہو۔ (ج) مَحَالِقُ، مَحَالِیقُ۔

(المِحْلَقُ): استرہ (۲) کھردری چادر یا کمبل۔ گویا کہ اپنے کھردرے پن سے سر کے بال اتار رہی ہے۔
(المُحَلَّقُ): منیٰ میں حج کے ایام میں بال اتارنے کی جگہ۔
(المُحَلِّقُ): دبلی بکری۔
(حَلْقَمَ) البُسْرُ: کھجور کا دو تہائی پک جانا۔
(الحیوانَ): ذبح کرنا۔
(الحُلْقَامةُ): وہ کھجور جو پکنا شروع ہو گئی ہو۔
- البُسْرَةُ: کھجور کا دو تہائی پک جانا۔ (ج) حُلْقَامٌ۔
(الحُلْقُومُ): گلا، کھانا پانی نگلنے کی نالی۔ (ج) حَلاقِمُ و حلاقیم۔
-حلاقیم البلاد: اطراف و جوانب۔
(حَلْقَنَ) البُسْرُ: گدر کھجور کا پک جانا۔
(الحُلْقَانَةُ): الحُلْقَامة (ج) حُلْقانٌ۔
(حَلِكَ) ـَ حَلَكًا و حُلْكَةً: بے حد سیاہ ہونا۔ ھو حَلِكٌ و حَالِكٌ و ھی حَلِكَةٌ و حَالِكَةٌ۔
(اسْتَحْلَكَ): کوئلہ جیسا کالا ہونا۔
(احْلَوْلَكَ) اسْتَحْلَكَ۔
(الحَلَكُ): گھٹاٹوپ اندھیرا۔
(الحُلْكَةُ): الحَلَكُ۔
(حَلَّ) الشئُ ـِ حلالًا: جائز و مباح ہونا ھو حِلٌّ و حَلالٌ۔
-المرأةُ: عورت سے شادی جائز ہونا۔ قرآن پاک میں ہے: ﴿فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ﴾۔
-المُحْرِمُ: محرم کے لئے بحالت احرام حرام ہونے والی چیزوں کا جائز ہو جانا۔ قرآن حمید میں ہے: ﴿وَإِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوا﴾۔
-الدَّینُ حُلُولًا: قرض کا واجب الاداء ہونا۔
- غَضَبُ اللہ علی الناس: اللہ کا غضب نازل ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِي وَمَنْ يَحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِي فَقَدْ هَوَى﴾۔
- العقدةَ ـُ حَلًّا: گرہ کھولنا اور حَلَّ

Marfat.com

-المشكلة و نحوها بھی کہا جاتا ہے۔
-الجامدَ: منجمد شئی کو پگھلانا۔
-الکلامَ المَنظُومَ: منظوم کلام کو نثر میں تبدیل کرنا۔
المکانَ و بہ ۔ حُلُولاً: قیام کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿اَوْ تَحُلُّ قَرِيبًا مِّنْ دَارِهِمْ﴾ اور کہا جاتا ہے "حَلَلْتُ القومَ و حللتُ بھم اور حللتُ علیھم۔
-البَیْتَ: رہائش اختیار کرنا۔ھو حالٌّ (ج) حَلُول، حُلّال، حُلَّل۔
(حَلَّ) البَعِیرُ ۔ حَلَلاً: ڈھیلا اور سست ہونا۔
ھو اَحَلُّ و ھی حَلّاءُ (ج) حُلّ۔
(اَحَلَّ): احرام سے باہر ہونا اور ممنوعات احرام کا جائز ہونا (۲) بریٔ الذمہ ہونا۔
- فلانٌ: حرم کو تجاوز کرنا۔
-فلاناً المَکانَ و بہ: مقیم کرانا۔
قرآن پاک میں ہے: ﴿الَّذِي اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهِ﴾۔
-(حالَّہ): کسی کے ساتھ مقیم ہونا۔
(حلّلَ) العُقدۃَ: گرہ کھولنا۔
-الشئیَ: تجزیہ کرنا۔ کسی شئی کو اصل کی طرف لوٹانا۔ حَلَّلَ الدمَ اور حَلَّلَ البول بھی کہا جاتا ہے۔
-حَلَّلَ نفسیّۃَ فلانٍ: کسی کے احساسات کا جائزہ لینا (محدثۃ)۔
-الیَمِینَ تحلیلاً، تَحِلَّۃً و تَحِلّاً: قسم کو کفارہ دیکر درست کرنا یا الفاظ قسم میں استثناء فعل استعمال کر کے قسم کو حلال کرنا۔ جیسے یوں کہے: واللہ لأفعلَنَّ ذٰلك اِلّا اَنْ یکونَ کذا۔
- فعل کذا تحلیلاً: جب اس نے زیادہ مبالغہ آرائی نہ کی ہو۔
-الشئیَ: حلال کرنا۔
(احتَلَّ) المکانَ و بہ: مقیم ہونا۔
-احتلَّ القومَ و بھم بھی کہا جاتا ہے۔
-دولۃٌ بلادَ اخری: (محدثۃ)۔ ایک ملک کا دوسرے پر زبردستی قبضہ کرنا۔
(انحلّتِ) العُقدۃُ: گرہ کا ڈھیلا ہونا۔

(تَحَلَّلَ) من یمینہٖ و فیھا: قسم پوری کرنا۔
-تحلّلَ من التبعۃ: بریٔ الذمہ ہونا۔
(اِستَحَلَّ) الشئیَ: کوئی چیز حلال سمجھنا۔
-فُلاناً الشئیَ: کسی سے کوئی چیز حلال کرانا۔
(الاِحتِلالُ): بالجبر قبضہ۔ فوجی قبضہ (محدثۃ)۔
(الإحلِیلُ): پیشاب نکلنے کا سوراخ۔
(۲) تھن یا پستان سے دودھ نکلنے کا سوراخ (ج) اَحالِیل۔
(التَّحِلَّۃُ): قسم کا کفارہ۔ فرقان حمید میں ہے: ﴿قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ﴾"۔
(التَّحلِیلُ): کلام یا جملہ کے اجزاء ترکیب اصلیہ کی وضاحت۔
-تحلیلُ الجملۃ: جملہ کی ترکیب۔
(التَّحلِیلُ النَّفسانِیُّ): علم النفس میں عقل باطن کی خواہشات و کیفیات کو برائے علاج جاننا۔
(الحَلالُ): جائز۔
(الحِلالُ): عورتوں کی ایک سواری۔
(الحَلَلُ): چوپائے کے پیروں کا ڈھیلا پن اور پٹھوں کی کمزوری (۲) گھٹنوں کا درد۔
(الحِلُّ) جائز (۲) حرم کے اردگرد کی زمین (۳) نشانہ (۴) مقیم۔ قرآن عزیز میں ہے: ﴿لَا اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ وَاَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ﴾ (۵) ممنوعات احرام سے حلال ہونا' یا جو محرم نہ ہو۔
(الحَلُّ): تلوں کا تیل۔
(الحُلّانُ): بکری کا بچہ (۲) ہر وہ شئی جس کو اس کی اصل پھاڑ کر نکالا جائے۔
-حُلّانَ الیَمِینِ: کفارہ قسم۔
-دَمٌ حُلّانٌ: خراب خون۔
(الحَلَّۃُ): بانس وغیرہ کی ٹوکری جس میں اشیاء خورد و نوش رکھی جاتی ہیں (۲) دیگچی جس میں کھانا پکایا جاتا ہے۔ (محدثۃ) (۳) گھٹنوں کا درد (ج) حِلَلٌ۔
(الحِلَّۃُ): محلہ (۲) لوگوں کی نشست گاہ (۳) لوگوں کی قیام گاہ (۴) ایک خاردار درخت جسے

اونٹ کھالے تو اس کا دودھ آسانی سے نکلتا ہے (ج) حِلالٌ و اَحِلَّۃ۔
(الحُلَّۃُ): موٹے یا پتلے نئے اور اچھے کپڑے۔ (۲) استر لگا ہوا جوڑا (۳) ایک ہی قسم کے دو کپڑے (۳) تین کپڑوں کا مجموعہ۔ کبھی اس کا اطلاق قمیص' ازار اور چادر پر بھی ہوتا ہے۔ (۴) عورت (۵) ہتھیار (ج) حُلَلٌ' حِلالٌ۔
(الحُلُولُ): دو جسموں کا اس طرح ایک ہو جانا کہ اگر ایک کی طرف اشارہ کیا جائے تو دوسرے کی طرف بھی ہو جائے۔
(مذھب الحُلول): قول صوفیاء" کہ اللہ ہر چیز میں حلول کئے ہوئے ہے۔"
(الحُلولِیّۃ) صوفیا کی ایک جماعت جو حلول کا عقیدہ رکھتی ہے (برخلاف اہل سنت)۔
(الحَلِیلُ): حرام کی ضد (حلال) (۲) پڑوسی۔
-حلیلُ الرَّجُلِ: بیوی۔
-حلیلُ المراۃِ: خاوند۔
(الحَلِیلَۃُ): بیوی (۲) پڑوسن (ج) حَلائِلُ۔
(المِحلالُ) مکان مِحلالٌ: بہت آمدورفت کی جگہ۔
(المَحَلُّ): مصدر میمی (۲) جہاں قیام کیا جائے (ج) مَحالٌّ۔
-مَحَلُّ الاِعرابِ: (علم نحو میں) وہ اعراب جس کا لفظ معرب ہونے کی صورت میں مستحق ہوتا ہے۔
(المَحِلُّ): وہ جگہ جہاں قیام کیا جائے۔
-مَحِلُّ الدَّینِ: قرض کی میعاد۔
مَحِلُّ الھَدْیِ: منیٰ میں یوم نحر۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿لَا تَحْلِقُوا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ﴾۔
(المُحَلَّلُ): تھوڑی چیز (۲) وہ جگہ جہاں لوگ بکثرت قیام کرتے ہیں۔
-مکانٌ مُحَلَّلٌ: بکثرت آمدورفت کی جگہ۔
(المحلِّلُ): تین طلاق والی عورت کو پہلے خاوند کے لئے حلال کرنے کے لئے شادی

Marfat.com

کرنا' حلالہ کرنے والا حدیث میں ہے: (لَعَنَ اللهُ المُحَلِّلَ و المُحَلَّلَ لَه)۔
(المَحَلَّةُ): محلہ جہاں بہت سے لوگ رہائش پذیر ہوں (ج) مَحَالٌ۔
(المُحِلَّة) تَلْعَةٌ مُحِلَّة: وہ ٹیلہ جہاں ایک یا دو مکان ہوں۔
(المُحِلاَّتُ) دیگچی (۲) چکی (۳) ڈول (۴) مشکیزہ (۵) بادیہ بڑا پیالہ (۶) چھری (۷) کلہاڑی (۸) چقماق۔ ان کو محلات اس لئے کہا جاتا تھا کیونکہ یہ آدمی کو لوگوں سے مستغنی بنا کر قیام کراتی تھیں۔
(حَلَمَ)۔ ُ حُلْمًا و حُلُمًا: خواب دیکھنا۔
-الصَّبِيُّ: بچہ کا بالغ ہونا۔
-به و عنه: کسی کے بارے میں خواب دیکھنا۔
-الشيءَ وبه: نیند میں کوئی چیز دیکھنا۔
-الجلدَ حَلْمًا: چمڑے سے چیچڑی الگ کرنا۔
(حَلِمَ) البعيرُ َ حَلَمًا: اونٹ کے جسم پر چیچڑیوں کی کثرت ہونا۔
-الجلدُ: چمڑے میں کیڑے پڑ کر خراب ہونا۔
(حَلُمَ)۔ ُ حِلْمًا: بردبار ہونا یعنی ناگواری اور غصہ کے اظہار پر قدرت کے باوجود ہونا (۲) دوراندیش ہونا (۳) دانش مند ہونا۔
(أَحْلَمَ): بردبار دانش مند اولاد والا ہونا۔
(حَلَّمَه) الرضاعُ و الأكلُ: دودھ و کھانے کا بچہ کو موٹا کر دیا۔
-حَلَّمَ القِرْبَةَ: مشکیزہ کو پانی سے بھرنا۔
-فُلانًا: بردبار بنانا۔
-الحَيْوانَ: جانور کے جسم سے چیچڑیاں نوچنا۔
(احْتَلَمَ): بردبار ہونا۔
الصبيُّ: بالغ ہونا۔
(تَحَالَمَ): ایک دوسرے کے لئے تحمل کا اظہار کرنا۔
(تَحَلَّمَ): بردبار بننا یا کوشش کرنا (۲) خواب گھڑ کر بیان کرنا۔
(التِحْلِمَةُ) شاةٌ تِحْلِمَةٌ: بہت چیچڑیوں والی بکری (ج) تَحَالِمُ۔
(الحَالُومُ): تازہ پنیر کی طرح گاڑھا دودھ۔

(الحُلاَّمُ): چھوٹی بھیڑ بکری۔
- دَمٌ حُلاَّمٌ: بے کار خون جس کا بدلہ نہ لیا جائے۔
(الحَلَمُ): چیچڑی بڑی یا چھوٹی۔
(الحُلُمُ): خواب (ج) أَحْلاَمٌ۔
(الحِلْمُ): صبر و تحمل (۲) عقل و خرد۔ کتاب اللہ میں ہے: ﴿أَمْ تَأْمُرُهُمْ أَحْلاَمُهُمْ بِهٰذَا﴾۔
-نصیحت سے عبرت حاصل کرنے والے اور تنبیہ پر متنبہ ہونے والے کے لئے کہا جاتا ہے "إِنَّ العَصَا قُرِعَتْ لِذِي الحِلْمِ"۔
- بے حقیقت امیدوں کے لئے کہا جاتا ہے" أَحْلاَمُ نَائِمٍ"
(الحَلَمَةُ): چھوٹی یا بڑی چیچڑی (۲) چمڑے کو لگنے والا کیڑا جس سے دباغت کے وقت چمڑا پھٹ جاتا ہے (۳) سر پستان تھن کی نوک جس سے دودھ نکلتا ہے (۴) خاص قسم کا پودا (ج) حَلَمٌ۔
(حَلاَ) الشيءُ ُ حَلاَوَةً: میٹھا شیریں ہونا۔
-حلَتِ الفاكهةُ: پھل کا پک جانا یا میٹھا ہو جانا۔
-الشيءُ في عَينِه: بھلا لگنا' اچھا معلوم ہونا۔ هو حُلْوٌ۔
-من فُلانٍ بخَيرٍ: کسی سے اچھی چیز پانا۔
-المرأةَ حَلْوًا: زیور دینا۔
-فلانًا الشيءَ وبالشيءِ حَلْوًا: کوئی چیز دینا۔
(حَلِيَ) من فُلانٍ بِخَيرٍ َ حَلًى: اچھی چیز پانا۔
الشيءُ: میٹھا سمجھنا۔
(أحْلَى) الشيءَ: میٹھا بنانا (۲) میٹھا پانا۔
-المكانَ: کسی جگہ کو اچھا پا کر قیام کرنا۔
(حَالاَه): خوش طبعی کرنا۔
(حَلَّى) الطعامَ و غيرهُ: مزیدار یا میٹھا بنانا۔
حَلَّى الشيءَ في عينه بھی کہتے ہیں۔
(تَحَالَى): خوش طبعی یا مٹھاس کا اظہار کرنا۔
(تَحَلَّى) بما ليس فيه: کسی بات کا اظہار' دعویٰ کرنا۔
-الشيءَ: میٹھا پانا یا سمجھنا۔

(اسْتَحْلَى) الشيءَ: میٹھا محسوس کرنا۔
(احْلَوْلَى) الشيءُ: میٹھا اور اچھا ہونا۔
-الجاريةَ: کنیز کا اچھا لگنا۔
-احْلَوْلَى فلانٌ الجاريةَ: کنیز کو پسند کرنا۔
-الشيءَ: پسند کرنا لطف اندوز ہونا۔
(الحَلِيُّ): بچوں کے منہ میں نکلنے والے دانے۔
حَلاَوَةُ القَفَا: گدی کا بیچ۔
(الحَلْوَاءُ) مٹھائی (ج) حلاوی۔
(الحَلْوَى): ہر وہ چیز جو شکر اور گھی میں پکائی جائے (۲) میٹھا پھل۔
(الحُلْوَانُ): دلال کی اجرت (۲) نذرانہ یا رشوت۔
(الحَلْوَانِيُّ): مٹھائی فروش۔
(الحُلْوُ): میٹھا لذیذ۔
(الحَلِيّ) من الأشياءِ: بہت عمدہ و میٹھی شے۔
(المَحْلَى): مٹھائی کا کارخانہ یا دوکان۔
(حَلَى) المرأةَ ِ حَلْيًا: عورت کے لئے زیور بنانا۔
- المرأةَ والسيفَ و غيرهما: زیور سے سجانا۔
(حَلِيَتِ) الجاريةُ َ حَلْيًا: زیور والی ہونا (۲) زیور پہننا (۳) زیور کو کام میں لانا هي حَالٍ (ج) حَوَالٍ هي حالية (ج) حَوَالٍ و حاليات۔
-لم يَحلَ منه بِطائلٍ ج: اس نے اس سے کوئی فائدہ نہ اٹھایا۔
-الشجرةُ: بار آور پتوں والا ہونا۔
(حَلَّى) الجاريةَ: لڑکی کے پہننے کے لئے زیور بنانا۔ (۲) زیور پہنانا۔ قرآن پاک میں ہے ﴿يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ﴾۔
-السيفَ: تلوار کو آراستہ کرنا۔
-فلانًا: کسی کی خوبیوں کو بیان کرنا۔
-الشيءَ في عين فلان: کسی کی نگاہ میں کسی شی کو خوبصورت بنانا۔
(تَحَلَّى): آراستہ و مزین ہونا۔
-الجاريةُ: زیور پہننا۔

Marfat.com

-بِالفَضِيلَةِ: اعلیٰ کردار کا حامل ہونا۔
(الحَلَي): بچے کے منہ میں نکلنے والی پھنسیاں۔
(الحَلَدَةُ) حَلدةُ السَّيفِ: تلوار کا زیور۔
(الحَلْيُ): سجاوٹ کا سامان معدنیات اور پتھر کے لئے۔
-مِنَ السيفِ: تلوار کو زیب و زینت۔ (ج) حُلِيٌّ قرآن مجید میں ہے: ﴿واتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰی مِن بَعْدِهٖ مِن حُلِيِّهِمْ عِجْلاً جَسَدًا لَّهٗ خُوار﴾۔
(الحِلْيَةُ): الحَلي: (۲) زیور۔
-من السيف: تلوار کی زیبائش۔
- من الرجل: آدمی کا حلیہ شکل و صورت (ج) حِلًى۔

ح ....م

(حَمَأَ) البئرَ ـَ حَمْأً: کنویں سے کیچڑ نکالنا۔
(حَمِئَ) الماءُ ـَ حَمَأً: کنویں میں کیچڑ زیادہ ہونا اور پانی کا گدلا اور بدبودار ہونا۔
-فلانٌ علي فُلان: ناراض ہونا۔ (هو حَمِئٌ والعَيْنُ حَمِئةٌ) قرآن مجید میں ہے ﴿حَتّٰی إِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِي عَيْنٍ حَمِئَةٍ﴾۔
(أحْمَأَ) البئرَ: کنواں صاف کرنا (۲) کنویں میں کیچڑ ڈالنا (ضد)۔
(الحَمَأُ): کالی بدبودار مٹی گاد۔ قرآن پاک میں ہے: ﴿وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِنْ حَمَإٍ مَسْنُوْنٍ﴾۔
(الحَمْأَةُ): سڑی ہوئی کالی مٹی۔
(الحَمِئُ): کہا جاتا ہے رجلٌ حمئُ العين: وہ آدمی جس کی آنکھ میں سخت تکلیف ہو۔
(حَمَتَهُ) اللهُ عليه ـِ حَمْتًا: کسی پر کوئی چیز مسلط کرنا یا ڈالنا۔
(حَمِتَ) الجوزُ وغيره ـَ حَمَتًا: اخروٹ وغیرہ کا خراب ہونا۔
-التمرُ: کھجور کا خوب میٹھا ہونا هو حَمِتٌ۔
(حَمُتَ) اليومُ ـُ حُمُوتةً: دن کا انتہائی گرم ہونا۔ حَمُتَ غضبُهٗ بھی کہا جاتا ہے۔

-التَّمرُ: کھجور کا خوب میٹھا ہونا۔
-الشيئُ: عمدہ ہونا اور پختہ ہونا۔ هو حَمْتٌ، حَمِيتٌ و حامِتٌ۔
(تَحَمَّتَ) لونُه: رنگ کا خالص ہونا۔
(الحَمِيتُ): ہر وہ چیز جس میں صفت شدت ہو۔ (۲) وہ مشکی جس میں شہد، گھی یا تیل رکھا جائے، مرتبان۔ (ج) حُمُتٌ۔
(حَمْحَمَ) الفرسُ والبِرْذَوْنُ: گھوڑے کا درمیانی آواز سے ہنہنانا۔
(تَحَمْحَمَ) الفرسُ والبرذَونُ: ہنہنانا۔
-الشيئُ: سیاہ ہونا۔
(الحَمَاحِمُ): چوڑے پتے کا پودینہ۔
(الحُمَاحِمُ): سیاہ رنگ۔
لونُه حُماحِمِيٌّ بھی کہا جاتا ہے۔
(الحِمْحِمُ): ہر سیاہ چیز (۲) ایک پھول دار پودا۔
(حَمِدَه) ـَ حَمْدًا: تعریف کرنا۔
-فلانًا: شکریہ ادا کرنا۔
-الشيئَ: دل خوش ہونا، راضی ہونا۔
أحمدُ اليكَ اللهَ: میں تمہارے ساتھ اللہ کی نعمت کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔
(أحْمَدَ) الرجُلُ وغيره: قابل تعریف ہونا (۲) قابل تعریف کام کرنا۔
- الرَّجُلَ وغيرَه: قابل تعریف پانا، خوش ہونا۔
-فلانًا: کسی کے فعل یا طریقے سے خوش یا راضی ہونا۔
(حَمَّدَ) فُلانًا: بار بار تعریف کرنا۔
(تَحَمَّدَ): ظاہری تعریف کرنا۔
-علي فُلانٍ بكذا: کسی پر کسی بات کا احسان جتانا۔
- فُلانٌ النَّاسَ و إليهم بصَنِيعِهِ: کسی کا لوگوں پر ظاہر کرنا کہ وہ اپنے فعل پر مستحق تعریف ہے۔
(تَحَامَدُوْا): ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔
تَحَامَدُوا الشيئَ: ایک دوسرے سے کسی شی کے قابل تعریف ہونے کو بیان کرنا۔

(اِسْتَحْمَدَ) إلى النَّاسِ بإحْسانِه إليهم: لوگوں سے ان پر اپنے احسان کی تعریف کرانا۔
(حَمَادِ) له: "مبنى على الكسرة"۔ اس کا شکریہ۔
(حُمَادَى): حُمَاداكَ أنْ تفعلَ كَذا: تمہاری انتہائی قابلِ ستائش کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
(الحَمْدُ): حُسنِ فعل کی تعریف۔ بطور صفت بھی استعمال ہوتا ہے جیسے رجُلٌ حَمْدٌ، امْرَأةٌ حَمْدٌ و حَمْدَةٌ و مَنزِلٌ و مَنزِلَةٌ حَمْدٌ (حَمْدٌ بمعنی محمود اور حمدةٌ بمعنی محمودۃ ہے)۔
-حَمْدُكَ أن تَفْعَلَ كَذا: تم زیادہ سے زیادہ قابل ستائش یہ کام کر سکتے ہو۔
(الحُمْدَةُ): مبالغہ آمیز تعریف کرنا۔
-رَجُلٌ حُمْدَةٌ وہ آدمی جو اشیاء کی حد سے زیادہ تعریف کرتا ہو۔
(المَحْمَدَةُ): قابل تعریف کام، کارنامہ (ج) مَحَامِد۔
(حَمْدَلَ): الحمد لله کہنا۔ (منحوت من الجُمْلةِ)۔
(حَمَرَ) الشيئَ ـُ حَمْرًا: کھال یا چھلکا اتارنا۔ هو مَحْمُورٌ و حَمِيرٌ۔
کہا جاتا ہے "حَمَرَ الأرْضَ اور حَمَرَ السَّيْرَ مِنَ الجِلْدِ"۔
-الرأسَ والشَّعْرَ و الصُّوفَ والوَبَرَ: بال یا اون اتارنا، مونڈنا۔
- الشاةَ و نَحْوَها: بکری وغیرہ کی کھال اتارنا۔
(حَمِرَ) الفرَسُ و نَحْوُهُ ـَ حَمَرًا: گھوڑے وغیرہ کو زیادہ جو کھانے سے بدہضمی ہونا (۲) بدبودار منہ والا ہونا۔
-الدَّابَّةُ: چوپائے کا موٹاپے سے ناگہی میں گدھے جیسا ہو جانا۔
-فُلانٌ: غصہ سے آگ بگولا ہو جانا۔
حَمِرَ عليه بھی کہا جاتا ہے هو حَمِرٌ۔
(أحْمَرَ) الرجُلُ: سرخ بچوں والا ہونا۔
-الدَّابَّةَ: اتنا چارہ کھلانا کہ منہ میں بدبو پیدا ہو

Marfat.com

جائے۔
(حَمَّرَ): حمیری زبان بولنا (حمیری زبان عربی زبان سے بہت سے الفاظ میں مختلف ہے) (۲) مخلوط النسل گھوڑے (ٹٹو) پر سوار ہونا۔
-فلاناً: کسی کو گدھا کہہ کر پکارنا۔
-اللَّحْمَ: گھی یا تیل میں گوشت کو تل کر سرخ کر دینا۔ (محدثة)۔
(احمارّ) الشیُٔ: بتدریج سرخ ہوجانا۔
کہا جاتا ہے ''جَعَلَه يَحْمَارُّ تَارَةً وَيَصْفَارُّ أُخْرىٰ''۔
(احْمَرَّ): سرخ ہو جانا۔
(۲) غصہ سخت ہو جانا۔
(الأَحْمَرُ): سرخ رنگ کا (۲) سونا (۳) زعفران۔ (ج) حُمْرٌ، حُمْرَان، أَحامِرُ، احامِرةٌ۔
اتانِي كُلُّ اسودَ مِنهُمْ واَحْمَرَ میرے پاس عرب وعجم سب لوگ آئے۔
الموت الأَحْمَرُ قتل (۲) سخت قسم کی موت۔
(الأحمران): سونا اور زعفران (۲) گوشت، شراب (۳) روٹی، گوشت۔
(الأُحَيْمِرُ) احمرَ کی تصغیر۔ تھوڑا سا سرخ (۲) سخت ہوا جو کشتیوں کو غرق کردے۔
(الحامِرُ) گدھے، گدھوں والا (علی النسب)۔ (۲) مچھلیوں کی ایک قسم کا نام۔
(الحَامِرَةُ) گدھوں والے۔
(الحِمَارُ) گدھا (۲) وہ لکڑی جس پر پالان رکھا جاتا ہے (۳) کجاوہ میں اگلی طرف لگی ہوئی پکڑنے کی لکڑی (۴) لوہا تیز کرنے کی لکڑی (۵) دوستونوں پر رکھی ہوئی ورزشی لکڑی جس پر چھلانگ لگائی جائے۔ (محدثة)۔
(حِمَارُ الزَّرَدِ) زیبرا۔
-حِمَارُ الوحش جنگلی گدھا۔
-حِمَارُ قَبَّانٍ بہت سے پیروں والا زمین پر رینگنے والا بھونرا جو چھونے سے سکڑ جاتا ہے۔
(اُذُنُ الحمار) انظر (اذن)۔

(الحِمَارَةُ): گدھی (۲) بڑی چٹان جس سے حوض کا پانی روکا جاسکے یا جسے شکاری کے گھر کے سامنے نصب کیا جائے (۳) کجاوہ کی وہ لکڑی جسے سوار پکڑتا ہے (۴) پیر کا وہ حصہ جو جوڑ سے انگلیوں کے بالائی حصہ تک ہوتا ہے۔
(ج) حَمَائِرُ۔
(الحَمَارَةُ - الحَمَارَّةُ): حَمارةُ القَيْظِ و حَمَارَّتُه: گرمی کی شدت (ج) حَمَارٌ و حَمَارٌّ۔
(الحُمَّرُ): الّی (۲) ایک قسم کی چڑیا (۳) رال، نفت، قیر۔
(الحَمَرُ): بدہضمی جو جانور کو چارہ کھانے سے ہوتی ہے یا منہ کی بدبو۔
(الحَمْرَاءُ): خالص رنگ کی بکری بھیڑ وغیرہ۔ (۲) سفید فام عورت (۳) عجم کے لوگ (چونکہ انکا رنگ اکثر بھورا سرخی مائل ہوتا ہے) (۴) شہر غرناطہ کا مشہور قلعہ جو مسلمانوں کے دور حکومت کی یادگار ہے۔
-ابن الحمراء: عجمی باندی زادہ (ج) حُمُرٌ (۵) دوپہر کی گرمی کی شدت۔
(۶) سخت سال، قحط کا سال۔
(حَمْراء الشِدْقَيْنِ): بوڑھی عورت جس کے تمام دانت گر گئے ہوں۔
-حَمْراء النَّعَمِ و غيرها: اصیل وقیمتی اونٹ یا دیگر ایسے جانور۔
-حَمْرَاءُ العِجَانِ: یہ لفظ عرب لوگ کسی قوم کی مذمت اور اہانت کے لئے استعمال کرتے ہیں (ج) حُمْرٌ۔
-جَاءَ بِغَنَمِه حُمْرَ الكُلَى سُوْدَ البُطُونِ وہ اپنی دبلی بکریاں لے کر آیا۔
(الحُمْرَةُ) سرخی (۲) سرخ رنگ جس سے رنگائی کی جاتی ہے (۳) ہونٹوں وغیرہ پر لگائے جانے والی سرخی (۴) اینٹیں کوٹ کر بنائی جانے والی سرخی (جو چنائی کے کام آتی ہے) (۵) ایک جلدی بیماری جس میں جائے مرض کے سرخ ہونے کے علاوہ بخار تیز ہوتا ہے (خسرہ)۔

(الحِمْرُ): ہرشی کی سخت ترین قسم۔
-رَجُلٌ حِمِرٌ: بہت برا آدمی۔
-غيثٌ حِمِرٌ: شدید ترین بارش جو زمین کو چھیل ڈالے۔
(الحَمَّارُ): گدھے والا (۲) گدھے کی دیکھ بھال کرنے والا۔ (ج) حَمَّارَةٌ۔
(الحَمَّارَةُ): گدھوں کی طرح دوڑنے والے گھوڑے۔ (۲) مخلوط النسل گھوڑا (ٹٹو)۔
(الحُمَّرُ): چڑیوں کی ایک قسم (۲) چنڈول ایک پرندے کا نام۔
(الحُمَيراء): حمراء کی تصغیر (۲) حضرت عائشہ صدیقہ k کا ایک توصیفی نام ہے نبی کریم ﷺ نے اس قول میں ذکر فرمایا: ''خُذُوا نِصْفَ دِيْنِكُمْ عن هذه الحُمَيْرَاء'' (۳) وبائی بخار (۴) کبوتر کی خوراک (۵) ایک پودے کا نام۔ (محدثة)۔
(المِحْمَرُ): کھال اتارنے کی چھری، بال یا اون صاف کرنے کا آلہ (۲) کمینہ آدمی (۳) وہ گھوڑا جو دوڑتے وقت گدھا معلوم ہوتا ہو۔
(۴) دوغلا گھوڑا (ج) مَحامِرُ و مَحَامِيرُ۔
(المُحَمِّرَةُ): خرمی قبیلہ کا ایک فرقہ جن کا شعار سرخی ہے وہ اپنے جھنڈوں اور پگڑیوں کو سرخ رنگتے ہیں (ان کے برخلاف المُسَوِّدَةُ اور المُبَيِّضَةُ ہیں۔ واحد مُحَمِّرٌ۔
(اليَحْمُورُ): سرخ (۲) گورخر، جنگلی گدھا۔
(۳) جنگلی گدھا۔ (ج) يحامير۔
(الحُمَارِسُ): شیر (۲) سخت آدمی (۳) دلیر باہمت۔
(حَمَزَ) الشرابُ ـِ حَمْزاً: مشروب کا تیز ہونا۔
-اللَّبَنُ و الرُّمَّانُ: ترش ہونا۔
-الهَمُّ: غم کا سخت ہونا۔
-الفُؤادُ: دل کا مضبوط ہونا۔
-الشئُ: مٹھی میں لینا۔
-النَّصْلَ: تیز کرنا، دھار بنانا۔
-الشرابُ اللِّسانَ: شراب یا مشروب کا تیزی کی بناء پر زبان پر لگنا۔

Marfat.com

- الكلمةُ فُؤادَه: کسی بات سے کسی کا دل دکھانا۔
- الدّواءُ الجُرحَ: دوا کا زخم کی سوزش کو کم کرنا۔
- الفاعل حامِزٌ و حَمُوزٌ ولمفعول محموزٌ وحميزٌ۔
(الحَمزَةُ): شیر (سختی کی بناپر)۔
(الحَمُوزُ): إنّه لَحَمُوزٌ بمَا حَمَزَه: جو چیز اس کے قبضہ میں ہے اس کی خوب حفاظت کرتا ہے۔
(الحَمِيزُ): انتہائی ہوشیاری (۲) چالاک و خوش طبع۔
(المَحمُوزُ): سخت آدمی۔ (ج) مَحامِيزُ۔
(حَمَسَ) اللَّحمَ و نحوَهَ ـُ حَمسًا: گوشت کو تلنا۔
-فلانًا: ناراض کرنا' جوش دلانا۔
(حَمِسَ) ـَ حَمَسًا: سخت اور مضبوط ہونا۔
-حَمِسَتِ الارضُ: زمین کا ٹھوس ہونا۔
-حَمِسَ الشرُّ والوَغَى: لڑائی جھگڑے کا تیز ہونا۔
- حَمِسَ الرَّجُلَ في الدِّينِ: مذہب کے معاملہ میں سخت ہونا۔
- بالشيءِ: دل دادہ ہونا۔ هوا حَمَسٌ' هي حَمساءُ (ج) حُمسٌ۔
(حَمُسَ) ـُ حَماسَةً: پُرجوش ہونا۔
هو حَمِيسٌ (ج) حُمَسَاءُ۔
(أحمَسَهُ): غصہ دلانا۔
(حَمَّسَ) الحِمّصَ و نحوه: چنے بھونا۔
-حَمَّسَ الدواءَ: دوا کو ہلکا گرم کرنا۔
-فُلانًا: جوش دلانا۔
(احتَمَسَ): الدِّيكان او القِرنان: دو مرغوں کا جوش میں آکر لڑنا (۲) دو ہم پلہ آدمیوں کا خون ریز لڑائی لڑنا۔
(تَحَامَسَ) القومُ: شدید خونریزی کرنا۔
(تَحَمَّسَ): جوش میں آنا (۲) نافرمان ہونا (۳) سخت ہونا۔
-الأمرُ و غيره: سنگین ہونا۔

-فلانٌ: اپنا بچاؤ کرنا' پناہ لینا۔
-فلانٌ للأمرِ: کسی معاملہ میں پُرجوش ہونا اور لوگوں میں اس کی تحریک کرنا۔
(الحَمَاسُ والحَمَاسَةُ): دلیری' سختی۔
(۲) حفاظت (۳) جنگ وجدال۔
(الحُمسَةُ): حرمت وعزیمت۔
(الحَمَسَةُ): ایک سمندری کچھوا (ج) حَمَسٌ۔
(الحَمِيسَةُ): حَميس کی تانیث (۲) تلنے کا برتن' بھوننے کی کڑاہی وغیرہ (۳) پکے ہوئے گوشت کا ٹکڑا (ج) حَمائِس۔
(حَمَشَ) النّاسَ و غيرَهُم ـُ حَمشًا: اکٹھا کرنا۔
-فُلانًا حَمشًا و حَمشَةً: برانگیختہ کرنا۔
-القومَ: لوگوں کو غصہ کے ساتھ چلانا۔
(حَمِشَ) الرَّجُلُ ـَ حَمَشًا: پتلی پنڈلیوں والا۔ هُو أحمَشُ السّاقَينِ و حَمشُهُمَا- حَمِشَ عَظمُ سَاقِهِ بھی کہا جاتا ہے اور حَمِشَ الوترُ۔
-حَمِشَ اللِّثَةُ: مسوڑھے پر گوشت کم ہونا۔
(۲) حسین و نازک ہونا۔ هي حَمِشَةٌ
-فلانٌ حمشًا و حُمشَةً: غصہ ہونا۔
-الشرُّ: فتنہ فساد یا ہنگامہ کا سخت ہونا۔
(حَمُشَتْ) قَوائم الدَّابّةِ ـُ حَماشَةً حُمُوشَةً: چوپائے کی ٹانگوں کا پتلا ہونا۔ کہا جاتا ہے (حَمُشَتْ ساقُه' حَمُشَ الوترُ' هو حَمشُ سُوقٍ حِمَاشٌ کہا جاتا ہے۔
(أحمَشَ) النارَ: ایندھن ڈال کر آگ کو تیز کرنا۔
-الشَّحمَ نحوه: چربی وغیرہ کو آگ پر اتنا پگھلانا کہ وہ جلنے لگے۔
-فُلانًا: غصہ دلانا۔
-الشرَّ: ہنگامہ برپا کرنا۔
-القومَ: لوگوں کو قتل وقتال پر آمادہ کرنا۔
(حَمَّشَ) الشَّحمَ والنارَ: چربی کو خوب پگھلانا اور آگ کو خوب دہکانا۔

-فُلانًا: لڑائی پر آمادہ کرنا۔
-النّاسَ و غيرهم: لوگوں کو لڑائی پر اُبھارنا۔
(تَحَمَّشَ): خوب پگھلانا' لوگوں کا آمادہ جنگ ہونا۔
فلانٌ: غضبناک ہونا۔
-بَنُو فُلانٍ لِفُلانٍ: لوگوں کا کسی کے خلاف بھڑک اٹھنا۔
(استَحمَشَ): غضبناک ہونا۔
اِستَحمَشَ عليه غَضَبًا: وہ اس پر غصہ سے بھڑک اُٹھا۔
-الوَترُ: تانت کا باریک ہونا۔
(حَمَصَ) الوَرَمُ ـُ حَمصًا و حُمُوصًا: ورم اتر جانا۔
-حَمَصَ الجُرحُ: زخم کی سوجن ختم ہو جانا' مواد نکل جانا۔ هو حَمِيصٌ۔
-الأُرجُوحَةُ: جھولے کی حرکت کم ہو جانا۔
-الغُلامُ: لڑکے کا جھولے میں بیٹھ کر خود جھولے لینا۔
-العَرَقُ عن الجِسمِ: بدن کا پسینہ خشک ہونا۔
-الدّواءُ الجُرحَ: دوا کا زخم کے ورم کو ختم کر دینا اور مواد نکال دینا۔
-القَذَاةَ: آنکھ سے تنکے کو آہستہ سے نکالنا۔
(حَمَّصَ): دوپہر کے وقت ہرن کا شکار کرنا۔
-الحَبَّ و نَحوَهُ: بھوننا۔
(اِنحَمَصَ) الوَرَمُ: ورم اتر جانا۔
اِنحَمَصَ الجرحُ: بھی کہا جاتا ہے۔
-الإنسان والحيوانُ: انسان یا حیوان کا ہونا۔
-الجرادةُ: سلم کے پتے کھا کر ٹڈی کا سرخ ہو جانا۔
-منهُ: انقباض ہونا (۲) کمزور ہو جانا۔
(تَحَمَّصَ) اللحمُ و نحوهُ: گوشت کا خشک ہو کر سکڑ جانا۔
(الحِمَّصُ' الحِمِّصُ): چنا' ایک سبزی۔
(الحِمَّصانِيُّ): چنا بیچنے والا۔
(المُحَمَّصَةُ): بھنا ہوا' سینکا ہوا۔

Marfat.com

(حَمِضَتِ) الماشيةُ ــُ حَمْضًا: ترش پودے کھانا ھی حامِضَةٌ (ج) حَوامِضُ۔
-عنه: نفرت کرنا۔
-به: پسند کرنا' خواہش ظاہر کرنا۔
(حَمُضَ) اللَّبَنُ و الفاكِهَةُ و غَيْرُهُمَا ــُ حُمُوْضَةً: کھٹا ہونا' ترش ہونا۔
(أَحْمَضَ) المكانُ: کھٹے پودے کا بکثرت کسی جگہ ہونا۔
-القومُ: باہم دل بستگی کی باتیں کرنا۔
-الماشيةَ: مویشی کو ترش پتے چرانا۔
-الشيئَ: کھٹا کرنا۔
(حَمَّضَ) فلانٌ في الشيئِ: کمی کرنا۔
-الشيئَ: ترش کرنا۔
- الصُّورَةَ: فوٹو کو کیمیاوی محلول (سوڈا یا تیزاب) میں صاف کرنے کے لئے رکھنا (محدثة)۔
(تَحَمَّضَ) الرَّاعِي: چرواہے کا مویشی کو ترش گھاس کی طرف منتقل کرنا میٹھی گھاس سے۔
- فلانٌ: ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا۔
(إستَحْمَضَ) اللبنُ: دودھ کا دیر میں دہی بننا' بتدریج جمنا۔
(الحامِضُ): وہ کھانا جو زبان کو لگے جیسے سرکہ' ترش دودھ۔
(الحُمَاضُ): ایک تیزابی کیمیاوی مادہ جس میں کھٹاس ہوتی ہے۔(مج)۔
(الحَمْضُ): نمکین یا ترش پودا جو ایک ٹہنی پر کھڑا ہوتا ہے اور وہ مویشی کے لئے ایسا ہی خوشگوار چارہ ہے جیسے انسان کے لئے پھل (ج) حُمُوْضٌ۔
فُؤَادٌ حَمْضٌ اور نَفْسٌ حَمْضَةٌ ایسا دل یا طبیعت جو کسی بات کو سنتے ہی متنفر ہو جائے۔
(في الكيميا): ایک تیز و تلخ مادہ جس کا اثر کسی محلول میں فوراً ظاہر ہو۔
(الحَمضِيّ) حمض مادہ سے متعلق (اسم منسوب)۔
-أرض حَمِضَةٌ: وہ زمین جہاں ترش پودے بکثرت ہوں۔
-معدةٌ حَمِضَةٌ: تیزابیت والا معدہ۔
(الحُمَّاضُ): کاسنی کے پتوں سے مشابہ ایک ترش و تلخ پودا' اس کی بعض انواع سبزیوں میں شمار کئے جاتے ہیں۔کھٹا میٹھا پودا (۲) اترج کا گودا۔
(الحَمِيضُ): وہ جگہ جہاں بکثرت ترش پودے ہوں (ج) حُمُضٌ هي حَمِيضَةٌ (ج) حَمَائِضُ۔
(المَحْمَضُ - والمُحْمَضُ): ترش پودوں کی چراگاہ (ج) مَحَامِضُ۔
(حَمَّطَ) الكَرْمُ: انگور کی بیل پر درخت کا سایہ کرنا۔
(الحَمَاطُ): انجیر کے درخت جیسا ایک درخت جسے سانپ پسند کرتے ہیں (۲) پہاڑی انجیر کا درخت شَيْطَانُ الحَمَاطِ شجر حماط پر رہنے والا سانپ۔
(الحَمَاطَة): حماط کا مفرد (۲) حلق کی خراش۔
(حَمِقَ) فُلَانٌ ـَ حَمَقًا: ہلکی داڑھی والا ہونا۔ هو حَمِقٌ (۲) بے وقوف ہونا۔ هو أَحْمَقُ هي حمقاءُ (ج) حُمْقٌ۔
(حَمُقَ) ــُ حُمْقا و حَمَاقَةً: بے وقوف ہونا۔ (۲) کم عقلی کا کام کرنا۔
- السُّوقُ: بازار کا نہ چلنا۔ هو أحمقُ هي حمقاء (ج) حُمُق۔
-حَمُقَتْ تجارتُه: تجارت کا ناکام ہونا۔
(أَحْمَقَ): بے وقوف اولاد والا ہونا۔
-به: کسی کو بیوقوف کہنا۔
-فُلَانًا: بے وقوف پانا۔
(حامَقَهُ): کسی کے ساتھ خود بھی بیوقوف بن جانا۔
(حَمَّقَه): بے وقوف ٹھہرانا۔
(إنْحَمَقَ): بے وقوف ہونا (۲) بے سوچے چلے جانا۔
-الثَّوبُ: پرانا اور بوسیدہ ہونا۔
(تحَامَقَ) خود کو بے وقوف ظاہر کرنا۔
(تَحَمَّقَ): بے وقوف بننے کی کوشش کرنا۔
(اِسْتَحْمَقَ): حَمُقَ۔ بے وقوف ہونا۔
-فلانًا: بیوقوف پانا۔
(الأُحْمُوقَةُ): بے وقوفی کا کام یا بیوقوفی کی بات (۲) انتہائی بیوقوف آدمی۔
(الحَمَاق - والحُمَاق): چیچک یا خسرہ۔
(الحَمْقَاءُ): احمق کی مونث۔
-البَقْلَةُ الحَمْقَاءُ: خرفے کا ساگ۔
-بَقْلَةُ الحَمْقَاء بھی کہا جاتا ہے۔
(الحَمُوقَةُ): انتہائی بیوقوف۔
(المِحْمَاقُ): بے وقوف بچے جننے والی عورت (ج) مَحَامِيقُ۔
(المُحْمِقَاتُ): وہ روشن راتیں جن میں چاند نکلا رہتا ہے۔
(حَمَكَ) الدَّلِيلُ ـِ حَمْكًا: راہبر کا بہتر رہنمائی کرنا۔
(الحَمَكُ): وہ راہبر لوگ جو جنگلوں میں گھستے چلے جائیں (۲) ہر چھوٹی اور معمولی چیز واحدتہ (حَمَكَةٌ) (۳) ہر شئی کی اصل اور فطرت۔
(حَمَلَتِ) المرأةُ ـِ حَمْلًا: حاملہ ہونا۔
-المرأةُ جنينَها و به ـِ حَمْلًا: بچہ کا عورت کے پیٹ میں ہونا۔هي حامل و حامِلَةٌ۔
-الشَّجَرةُ: درخت پر پھل آنا۔
-على نَفْسِه في السَّيْرِ: چل چل کے خود کو تھکا دینا۔
-على بني فلان: ہنگامہ کرنا۔
- عنه: کسی کی بات کو برداشت کرنا۔ هو حَمُولٌ۔
-به عنه حَمَالَةً: ذمہ دار ہونا۔ هو حامِلٌ و حمِيلٌ۔
-عليه في الحَرْب و غيرها: کسی پر حملہ کرنا۔
- الحِمْلَ على ظَهرِ الدَّابَّةِ حَمْلًا و حُمْلانًا: لادنا' بوجھ لادنا۔ هو مَحْمُولٌ و حَمِيلٌ۔
الشيَ على الشيئِ: کسی حکم میں ایک شی کو

Marfat.com

دوسری شے کے ساتھ ملانا۔
-فلاناً علی الأمر: آمادہ کرنا۔
- علیه الحِقدَ: کسی کے خلاف دل میں کینہ رکھنا۔
-الغضبَ: غصہ کا اظہار کرنا۔
-علیه ذَنبَهُ: گنہگار ٹھہرانا۔
-فُلاناً: کسی کو سواری کا جانور دینا۔ قرآن عزیز میں ہے: ﴿وَلَا عَلَى الَّذِينَ إِذَا مَا أَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ﴾۔
-القرآنَ و نحوَهُ: یاد کرنا (۲) حامل قرآن ہونا، عمل کرنا قرآن مجید میں ہے: ﴿مَثَلُ الَّذِينَ حُمِّلُوا التَّوْرَاةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَارًا﴾۔
(أحْمَلَتِ) المرأة و النَّاقةُ: عورت یا اونٹنی کے بغیر حمل کے دودھ اترنا (۲) بکثرت ولادت ہونا۔
-فُلاناً الحِمْلَ: کسی کو بوجھ اٹھانے میں مدد دینا۔
(حَمَّلَهُ) الشئَ و الأمرَ: کسی پر کوئی چیز لادنا یا ذمہ داری ڈالنا۔
(احتَمَلَ) القومُ: لوگوں کا روانہ ہونا۔
- الأمْرانِ یکونَ کذا: کسی بات میں کوئی احتمال یا جواز ہونا۔
-الشئَ و الأمرَ: برداشت کرنا۔
احتَمَلَ ما کانَ منه: اس کی بات سے چشم پوشی کی اور معاف کر دیا۔
- فلانٌ الصَّنِیعَةَ: کسی اچھے فعل پر شکریہ ادا کرنا۔
-الغضبُ فلاناً: غصہ کا کسی کو آپے سے باہر کر دینا۔
(احتُمِلَ): غصہ سے رنگ بدل جانا (۲) قریب اور ممکن ہونا۔
(تحامَلَ) علی فلان: ظلم کرنا، انصاف نہ کرنا (۲) ناقابل برداشت کا پابند بنانا۔ "تحاملتُ علی نفسي بھی کہا جاتا ہے"۔
- الشئَ و فیه و بهِ: کسی بات کو صعوبت و مشقت کے باوجود اپنے ذمہ لینا" کہا جاتا ہے تحاملَ فی مشیته"۔
-الزَّمانُ علی فلان: زمانہ کا ساتھ نہ دینا۔
- الرَّجُلانِ الشئَ: بوجھ اٹھانے میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
(تحمَّلَ) القومُ: کوچ کرنا۔
-فُلانٌ: برداشت اور ہمت سے کام لینا۔
- بفُلانٍ علیه فی الشَّفاعة و الحاجة: سفارش یا ضرورت میں کسی پر اعتماد کرنا۔
-الحَمالَةَ: کسی کی طرف سے دیت یا جرمانہ کا ضامن ہونا۔
-الأمرَ: کسی کام کی ذمہ داری لینا۔
-شهادةَ فلان: کسی کی طرف سے گواہی دینا۔
(استَحمَلَ) البعیرَ و غیرَهُ: بوجھ اٹھانے کے لئے کہنا۔
فلانٌ: برداشت کرنا۔
فلاناً: کسی سے بوجھ اٹھوانا۔
-فُلاناً نفسَه: کسی کو اس کے معاملات کا ذمہ دار بنانا۔
(الحامِلَة): حامل کی تانیث (۲) انگور وغیرہ رکھنے کی زنبیل یا ٹوکری (۳) جولاہے کے کرگہ کی وہ لکڑی جس پر دھاگے اٹکے ہوئے ہوتے ہیں۔
- حاملةُ الطائرات: طیارہ بردار بحری جہاز جس پر بہت سے جہاز کھڑے ہوتے ہیں اور اس سے اڑتے ہیں (ج) حَوامِلُ۔
- الحوامِل: پائے، ٹانگیں (۲) پیروں اور ہاتھوں کے پٹھے۔
(الحَمالُ): اپنے ذمہ لیا ہوا تاوان یا خون بہا (ج) حُمُل۔
(الحَمالَةُ): الحَمالُ۔
(الحِمالَةُ): تلوار وغیرہ کا پٹہ یا پٹی (پرتلہ) (ج) حمائلُ (۲) قلی گری حَمّال کا پیسہ۔
(الحُمالَةُ): قلی یا حمال کی مزدوری۔
(الحَمِلُ): جو اپنی طویل بیماری کے باعث اہل خانہ پر بوجھ ہو (۲) حمل یا درخت کا پھل (۳) اونٹ پر عورت کے بیٹھنے کا ہودج (۴) وہ اونٹ جس پر ہودج لگا ہوا ہو (ج) أحمال و حُمُول و حِمَال۔
(الحِمْلُ): بوجھ (۲) ہودج (۳) پالکی والا اونٹ (۴) علم ریاضیات میں وہ بھاری وزن یا جسم جسے مشینوں سے کھینچا جائے (مج)۔ (ج) أحْمَال و حُمُول۔
(الحَمَلُ): بکری کا بچہ (ج) حُمْلان و أحْمَال (۲) آسمان کا ایک برج (بارہ برجوں میں سے)۔
(الحُمْلان): وہ چوپایہ جس پر بوجھ لادے جائیں (۲) قلی یا حمال کی مزدوری۔
(الحِمْلَةُ – الحُمْلَةُ): برداشت کرنا (۲) ایک جگہ سے دوسری جگہ کوچ۔
(الحَمّالُ) قلی، باربردار۔
(الحمُولُ): بہت بردبار، صابر و جفاکش۔
(الحَمِیلُ): لاوارث بچہ جسے اٹھا کر لوگ پرورش کریں (۲) وہ قیدی جو بار بار ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جائے (۳) اجنبی (۴) اٹھائی ہوئی چیز (۵) لے پالک (۶) سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔
(الحَمِیلَةُ): حمیل کی تانیث (۲) تلوار لٹکانے کا پٹہ یا پرتلہ (ج) حَمائِل۔
- هو حمیلةٌ علینا: وہ ہمارے اوپر بوجھ ہے۔
(المَحمِلُ): پالکی (۲) چوپائے کے دونوں طرف لٹکے ہوئے تھیلے جن میں سامان رکھا جاتا ہے (۳) وہ زنبیل یا ٹوکری جس میں انگور رکھے جاتے ہیں (ج) مَحامِلُ۔
- ما علی البعیر مَحْمِلٌ اونٹ پر سامان لادنے کی جگہ نہیں ہے۔
- ما علی فُلانٍ مَحْمِلٌ: فلاں قابل اعتماد نہیں ہے۔
(المَحْمُولُ) عند المناطقة: قضیہ کے اس جز کو کہتے ہیں جو نحویوں کے نزدیک جملہ میں مسند کہلاتا ہے۔
(حَمْلَجَ) الحبلَ: رسی کو مضبوط بٹنا۔
(الحِمْلاجُ): مضبوط بٹی ہوئی رسی (۲) سنار

Marfat.com

کی پھونکی (۳) بیل یا ہرن کا سینگ (ج) حَمالیجُ۔
(حَملَقَ): دونوں آنکھیں کھولنا (۲) گھور کر دیکھنا (کہا جاتا ہے حَملَقَ علیه)۔
(حِملاقُ) العین و حِملَقُھَا و حُملُوقُھا: پپوٹوں کا اندرونی حصہ جہاں سرمہ لگایا جاتا ہے (ج) حَمالِیقُ۔
(حَمَّ) التنورَ و نحوہ ـُ حَمًّا: تنور وغیرہ کو گرم کرنا۔
-الشیٔ: سیاہ ہونا۔
-الجرۃَ: گھڑے وغیرہ کا جل کا کالا ہو جانا۔
-الماءَ و نحوَہ: پانی وغیرہ گرم کرنا۔
-الشَّحمَ و نَحوَہ: پگھلانا۔
-الأمرُ فلاناً: فکر میں ڈالنا۔
-(حَامَّ) حَمَّةً: کسی کی طرح قصد کرنا۔
-اللّٰہُ کذا: مقدر کرنا۔
(حَمَّ) الماءُ و نحوہ ـَ حَمَمًا: پانی وغیرہ گرم کرنا۔
-ھو أحَمُّ وھی حَمَّاءُ (ج) حُمٌّ۔
(حُمَّ) حُمَامًا: بخار میں مبتلا ہونا۔
-الأمرُ حَمًّا: کسی بات کا مقدر کیا جانا۔
-الشیٔ: قریب ہونا۔
-لفلان کذا: کسی بات کا مقدر ہونا۔
-احَمَّتِ الأرضُ: کسی علاقہ میں بخار پھیلنا۔
-الشیٔ: قریب ہونا، موجود ہونا۔
-الماءَ و نحوَہ: گرم کرنا۔
-الطِفلَ و نحوَہ: گرم پانی سے نہلانا۔
-اللّٰہُ فلاناً: بخار میں ڈالنا۔
-الأمرُ فلاناً: غم میں ڈالنا۔
-اللّٰہُ کذا: قسمت میں لکھنا۔
-حَامَّ فلاناً: کسی کے قریب ہونا۔
(حَمَّمَتِ) الارضُ: زمین کی روئیدگی کا سبزہ سیاہ ہونا۔
-حَمَّمَ الغلامُ: لڑکے کی داڑھی نکلنا۔
- حَمَّمَ الراسُ: سر مونڈانے کے بعد بال اگنا۔
حَمَّمَ الفرخُ: چوزے کے پر نکلنا۔

-الماءَ و نحوہ: گرم کرنا۔
-الرَّجُلَ: کوئلہ سے منہ کا کالا ہونا۔
(احتَمَّ): بے قرار ہونا، مغموم ہونا۔
-عینُہ: (بے خوابی کی تکلیف) نیند نہ آنا۔
-لفُلانٍ: کسی پر غصہ ہونا، تیز ہونا۔
(تحَمَّمَ): کالا ہونا۔
(استَحَمَّ): حمام میں جانا (۲) غسل کرنا۔
(الحَامَّةُ): گھر کے خاص افراد (۲) عمدہ اونٹ (ج) حَوَامّ۔
(الحَمَامُ): کبوتر (ج) حمائم۔
-حَمَامُ الزَّاجِلِ: (دیکھئے: زجل)۔
(الحِمَامُ): موت کا فیصلہ۔
(الحُمَامُ): تمام جانوروں کا بخار۔
(الحَمَامَةُ): حَمَام کا واحد ایک کبوتر۔
(نر اور مادہ دونوں کے لئے) (ج) حَمَائِم۔
(الحَمُّ): پگھلائی ہوئی چربی (۲) پگھلی ہوئی چربی کا بچا ہوا حصہ (۳) عمدہ نسل کا اونٹ۔
-حَمُّ الظَّهِيرَةِ: دوپہر کی سخت گرمی۔
-حَمُّ الشیٔ: اکثر یا بڑا حصہ۔
-مَالَه حَمٌّ وَلَا رَمٌّ: اس کے لئے تھوڑا یا بہت کچھ نہیں ہے۔
- مالَكَ عَنْ ذٰلِكَ حَمٌّ وَلَارَمٌّ: آپ کے لئے اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں۔
- مالَه حَمٌّ ولا سَمٌّ غَيْرُكَ: آپ کے علاوہ کسی سے اس کو کوئی دلچسپی نہیں۔
(الحُمَمُ): کوئلہ (۲) راکھ (۳) آگ سے جلی ہوئی ہر شے "و حُمَمَةٌ" اس کی واحد ہے۔
(الحُمّٰى): بخار (۲) ٹائیفائیڈ (۲) محرقہ دماغی (۳) ٹی بی (۴) زرد بخار (۵) وہ بخار جو جسم کو سرخ کر دے۔
(الحَمَّامُ): غسل خانہ (ج) حَمَّامات۔
(الحَمَّامِيُّ): حمام کا مالک جو اجرت لے کر غسل کراتا ہے (۲) حمام کا ملازم۔
(الحَمَّةُ): گرم پانی کا چشمہ جس سے برائے صحت یابی غسل کیا جائے (ج) حَمٌّ و حِمَامٌ۔
(الحُمَّةُ): بخار (۲) سیاہی اور سرخی کے بین بین رنگ۔

(الحِمَّةُ): موت (ج) حِمَمٌ۔
(الحَمِيمُ): انگارے جن سے دھونی دی جائے۔ (۲) وہ بارش جو شدید گرمی کے بعد ہوتی ہے (۴) کھولتا ہوا گرم پانی۔ قرآن مجید مجید میں ہے: ﴿لَا يَذُوقُونَ فِيهَا بَرْدًا وَلَا شَرَابًا إِلَّا حَمِيمًا وَغَسَّاقًا﴾ (۵) پسینہ (۶) رشتہ (۷) گہرا دوست۔
الحَمِيمُ بالحاجَةِ: اپنی ضرورت کا دھنی (ج) احِمَّاءُ۔
(الحَمِيمَةُ): حمیم کا مونث (۲) گرم پانی (۳) گرم کیا ہوا دودھ (۴) عمدہ نسل کا اونٹ (ج) حَمَائِم۔
(المَحَمُّ): پیتل وغیرہ کا برتن جس میں پانی یا اور کوئی چیز گرم کی جائے (ج) مَحَامّ۔
(المَحَمَّةُ): وہ زمین یا علاقہ جہاں بخار پھیلا ہوا ہو۔
طَعَامٌ مَحَمَّةٌ: وہ کھانا جسے کھا کر بخار ہو جائے (ج) مَحَامّ۔
(المُستَحَمُّ): غسل خانہ۔ حمام۔
(اليَحمُومُ): بہت گرم۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَظِلٍّ من يَحْمُومٍ لَا بَارِدٍ وَلَا كَرِيمٍ﴾ (۲) ہر کالی سیاہ شے (۳) گرم کالا دھواں (۴) کبوتر کی ایک قسم جس کا پیٹ، گردن، سر اور سینہ سیاہ ہوتا ہے چھوٹی چونچ اور چھوٹے پیر ہوتے ہیں۔ (ج) يَحَامِيمُ۔
-نَبتٌ يَحمُومٌ: ہرا سیاہی مائل تر پودا۔
(الحَمْنَانُ): چھوٹی چیچڑیاں (۲) طائف کے انگوروں کی ایک قسم جو سیاہ سرخی مائل ہوتی ہے اور دانے کم اور چھوٹے ہوتے ہیں (۳) بڑے دانوں کے درمیان چھوٹے دانے۔
(المَحمَنَةُ): وہ زمین جہاں انگوروں کی مذکورہ قسم پیدا ہوتی ہے۔
(حَمِتِ) الشمسُ او النارُ ـُ حُمُوًّا: دھوپ یا آگ کا تیز ہونا۔
-المَرِيضُ حَمْوَةً: بیمار کا پرہیز کرانا۔
(حَمَى) الشیٔ فلاناً ـِ حَميًا و حِمَايَةً: حفاظت کرنا، بچانا۔ کہا جاتا ہے حَمَاه من

Marfat.com

الشيءَ محفوظ رکھنا۔
کہا جاتا ہے: حَمَى المَرِيضَ مَا يَضُرُّهُ۔
(حَمِيت) الشَّمسُ و النَّارُ و الحديدَةُ و غَيرُهَا ـ حَمْيًا و حَمِيًا و حُمُوًّا: تیز اور گرم کرنا۔
-حَمِيَ الوَطِيسُ: جنگ کے شعلے بھڑکنا۔
-الفَرَسُ: گھوڑے کا گرم ہو کر پسینہ آ جانا۔
-عليه: غصہ ہونا۔
-من الشيءِ حَمِيَّةً: کسی بات پر غیرت آنا اور اس کے لئے تیار نہ ہونا۔
(أَحمَى) الشَّيءَ: گرم کرنا۔
-المكانَ: جگہ کو محفوظ یا ممنوعہ علاقہ قرار دینا (۲) محفوظ یا قابل حفاظت پانا۔
(حَامَى) عنه مُحَامَاةً و حِمَاءً: دفاع کرنا۔
- على ضَيفِهِ: مہمان کی اچھی طرح خاطر کرنا۔
(احتَمَى) في الحرب: لڑائی میں پر جوش ہونا۔
-المَرِيضُ عمَّا يضرُّه: بیماری میں نقصان دہ چیزوں سے بچنا۔
-من فُلان: بچ کر رہنا۔
-بہ: حفاظت میں آنا۔
(تَحَامَاهُ): کنارہ کش ہونا۔
(الحَامِي) من الإبِلِ: وہ اونٹ جو لمبے عرصہ تک مالکان کے پاس رہے اور اس سے دس حمل قرار پائے ہوں ایسے اونٹ کو عرب لوگ بتوں کے نام پر آزاد کر دیتے تھے کہ جہاں چاہے چرتا پھرے۔ قرآن پاک میں ہے: ﴿مَا جَعَلَ اللهُ من بَحِيرَةٍ ولا سَائِبَةٍ وَّلَا وَصِيلَةٍ وَّلَا حَامٍ﴾۔
(الحَامِيَة): الحامی کا مونث (۲) پہرے دار جو جنگ میں اپنے لوگوں کی حفاظت کرے۔ (۳) محافظ دستہ جو جنگ میں اپنے لوگوں یا شہر کی حفاظت پر مامور ہو۔
- فُلانٌ على حامية القوم: وہ آخری آدمی جو بوقت شکست لوگوں کی حفاظت کا انجام دے۔
(حَمَا) المرأةِ: سسر، خاوند کی طرف سے رشتہ دار۔
-حَمَا الرَّجُلِ: مرد کے سسر۔ بیوی کے باپ اور دوسرے مرد رشتہ دار۔
(ج) أَحمَاء۔
(الحِمَى): محفوظ جگہ (۲) وہ چراگاہ جس میں دوسرے لوگوں کو چرانے کی اجازت نہ ہو (۲) حفاظت گاہ۔
-حِمَى الله: اللہ تعالیٰ کے وہ احکام وہ حدود جن کی پاس داری ضروری اور خلاف ورزی جرم ہو۔
(الحَمَاةُ): الحما کی مونث (۲) پنڈلی کا عضلہ۔
(الحُمَةُ): بچھو وغیرہ کا ڈنگ (۲) ڈنگ مارنے والے جانور کا زہر۔
-حُمة البَرْدِ: سردی کی شدت (ج) حُمًى و حُمَاتٌ۔
(حَمْوُ) الشَّمس: سورج کی گرمی۔
-حَمْوُ المرأة: بیوی کا سسر۔
-حَمْوُ الرجل: خاوند کا سسر۔
(حُمُوَّةُ) الألَم: درد کی شدت۔
(حُمَيُّ) الشَّمس: سورج کی گرمی۔
(الحِمْيَةُ): وہ کھانا جس سے بیمار کا پرہیز کرایا جائے (۲) محفوظ چیز۔
(الحَمِيُّ): وہ مریض جس کو مضر چیز سے پرہیز کرایا جائے (۲) وہ شخص جو ظلم گوارا نہ کرے (فعیل بمعنی مفعول) (۳) وہ شخص جو ظلم گوارا کرے (فعیل بمعنی فاعل)۔
کہا جاتا ہے: ''حَمِيُّ الأنف وانفٌ حَمِيٌّ''۔
(حُمَيَّا): ہر شئی کی شدت اور سختی۔
-من الشباب: جوانی کا جوش۔
-من الخمر: شراب کی تیزی۔
(۲) شراب۔
(الحَمِيَّةُ): غیرت، قرآن مجید میں ہے: ﴿إِذْ جَعَلَ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي قُلُوبِهِمُ الحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الجَاهِلِيَّةِ﴾ (۲) عزت و دین کی حفاظت اور دفاع کا جذبہ۔
(المُحَامِي) في القضاء: کسی ایک فریق کا وکیل۔
(المحاماة): پیشۂ وکالت۔
(المَحْمِيُّ): شیر۔
(تَحْمِيرُ): حمیری زبان بولنا (۲) بدمزاج ہونا۔

ح.......ن

(حَنَأَ) المكانُ ـ حَنأً: سرسبز ہونا گھنا ہونا۔
(حَنَّأَ) لِحيَتَهُ أو رأسَه: داڑھی یا سر کو مہندی سے خضاب کرنا۔ کہا جاتا ہے حَنَّأَ فلاناً۔
(تَحَنَّأَ): مہندی سے رنگا ہوا ہونا۔
(الحِنَّاءُ): مہندی کے پتے واحد حِنَّاءَةٌ۔
(حَنِبَ) الفَرَسُ ـ حَنَبًا: گھوڑے کی پنڈلیوں کا ٹیڑھا ہونا۔
-الكِبَرُ فُلاناً: بڑھاپے کا کسی کو جھکا دینا۔
(تَحَنَّبَ): کمان کی طرح مڑا ہوا ہونا۔
-عليه: مہربان ہونا۔
(حَنْبَلَ): لوبیا کھانا (۲) پرانی پوستین یا پرانا موزہ پہننا۔
(تَحَنْبَلَ): سر جھکانا (۲) حنبلی مذہب کا پیروکار ہونا۔
(الحُنَابِلُ) وَتَرٌ حُنَابِلٌ: مضبوط تانت۔
(الحَنْبَلُ): پست قد (۲) بڑے پیٹ والا (۳) پرانی پوستین۔
(الحُنْبُلُ): لوبیا۔
(الحَنْبَلِيُّ): امام احمد ابن حنبل (رحمۃ اللہ علیہ) کے مذہب کا پیروکار (ج) حَنَابِلَة۔
(الحَانُوتُ): شراب کی بھٹی (۲) تجارتی دوکان (ج) حَوَانِيتُ۔
(الحَنْتَفُ): پکانے کے لئے صاف کی ہوئی ہنڈی وغیرہ۔
(الحُنْتُوفُ): خارش یا سوزش کی وجہ سے داڑھی نوچنے والا۔
(الحَنْتَمُ): ہر سیاہ یا سبز چیز (۲) سیاہ ٹھیکرا (۳) ہرے رنگ کا گھڑا جس میں نبیذ تیار کی جاتی ہے (۴) کالے بادل (۵) حنظل کا درخت (ج) حَنَاتِم۔

Marfat.com

(حَنِثَ) في يَمِينِهٖ ۔ حِنْثًا قسم توڑنا اور گناہ گار ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِهٖ وَلَا تَحْنَثْ﴾ هو حانث (۲) حق چھوڑ کر باطل اختیار کرنے والا۔
(أحْنَثَه) قسم توڑنا۔
(تَحَنَّثَ) عبادت کرنا (۲) قسم توڑنے کے گناہ سے بچنے کا کام کرنا۔
(الحِنْثُ) گناہ۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَكَانُوا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ العظيم﴾ (۲) شرک۔
(المَحَانِثُ) گناہوں کے مواقع 'واحد مَحْنَثٌ۔
(حَنَجَتْ) لَه حَاجَةٌ ۔ حَنْجًا حاجت پیش آنا۔
-الشيئَ منہ کے بل جھکانا۔
-الحبلَ مضبوط بٹنا۔
حَنَجَ كلامَه بات کو گھمانا کہ صاف نہ سمجھی جائے۔
(أحْنَحَج) الشيئُ جھکنا۔
-فُلانٌ چلتے ہوئے مڑکر پیچھے کی طرف دیکھنا (۲) پرسکون ہونا ٹھہرنا۔
-الفَرَسُ چھریرے بدن والا ہونا۔
-فُلانٌ في كلامه کلام میں جلد بازی سے کام لینا۔
-الشيئَ جھکانا۔
-كلامَه کلام گھما پھرا کر کرنا۔
-الخبرَ وغیرَہ چھپانا۔
(احتنجَ) الشيئُ جھکانا۔
(الحِنجُ) اصل جڑ (ج) أحْنَاجٌ۔
(حَنجرَتْ) عَينُهٗ آنکھ کا اندر دھنس جانا۔
-الحيَوان ذبح کرنا۔
(الحنجرةُ) گلا (۲) سانس کی نالی۔
(الحُنْجُورُ) گلا (۲) چھوٹی ٹوکری (۳) ...وغیرہ کی شیشی۔
(الحَناجِلُ) ... بدن کا پستہ قد ... ۔

(الحِنجِلُ) من النساء: شور مچانے والی بد زبان موٹی عورت (ج) حَنَاجِلُ۔
(الحُنْدُرَةُ و الحُنْدُوْرَةُ): آنکھ کی پتلی۔
(تَحَنْدَسَ) الرَّجُلُ: کمزور ہونا اور گر جانا۔
(الحِنْدِسُ): تاریکی (۲) انتہائی تاریک رات۔
-أسْوَدُ حِنْدِسٌ: گہرا سیاہ (ج) حَنَادِسُ۔
-الحنادسُ: آخر ماہ کی ۳/تین راتیں۔
(الحَنْدَقُوْقُ): لمبا اور غیر متوازن آدمی۔ (۲) بے وقوف (۳) کنول ایک پھول اس کے لئے عربی لفظ ذُرق ہے (مع)۔
(حَنَذَ) الحَرُّ ۔ حَنْذًا گرمی کا سخت ہونا۔
لَهٗ پانی کم اور شراب زیادہ ہونا۔
-العجلَ وغیرہ حَنْذًا و تَحْناذًا: گائے وغیرہ کے بچے کو آگ یا گرم پتھروں پر رکھ کر بھوننا۔ ھو محنوذٌ و حَنِيذٌ و حُنُذٌ۔
-الشمسُ الشيئَ جھلس دینا' پگھلا دینا۔
-الفَرَسَ حَنْذًا و حِناذًا: ایڑ لگانا اور ایک یا دو دفعہ دوڑا کر اس پر جھول ڈالنا تاکہ اسے پسینہ آ جائے۔ ھو محنوذٌ و حنيذٌ
(أحْنَذَ) کم پانی اور زیادہ شراب پینا۔
(استَحْنَذَ) دھوپ میں لیٹ کر بدن پر کپڑا ڈالنا تاکہ پسینہ آ جائے۔
(حَنَاذِ) سورج۔
(الحُنْذَة): سخت گرمی۔
(الحِنْذِيان) شریر اور بدزبان۔
(الحَنيذُ) گرم پانی (۲) خطمی وغیرہ جس کے ذریعے دھلائی کی جائے (۳) خوشبودار مرہم (۴) روغن دار شے قرآن مجید میں ہے ﴿قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ﴾۔
(حَنَرَ) الحَنِيْرَةَ ۔ حَنْرًا کمان بنانا (۲) کمان کو موڑنا۔
(الحَنِيرةُ) کمان (۲) بغیر تانت کے کمان۔ (۳) دیوار کی محراب (۴) محراب نما طاق (۵) روئی دھننے کی مشین یا آلہ (۶) ہر قوس نما چیز (ج) حَنَائِرُ حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے ("لَوْ صَلَّيْتُمْ حَتّٰى تَصِيْرُوْا كَالحَنَائِرِ

مَا نَفَعَكُمْ ذلك حتّى تُحِبُّوا آلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ")۔
(حَنِسَ) ۔ حَنَسًا: گھمسان کی جنگ میں ڈٹے رہنا۔ ھو حَنِسٌ۔
(الحُنُسُ): خدا ترس' پرہیزگار لوگ۔
(الحَوْنَسُ): سنجیدہ اور دلیر آدمی جس کے ساتھ نہ کوئی زیادتی کر سکے نہ اس کو اپنی جگہ سے ہٹا سکے۔
(حَنَشَه) الحَنَشُ ۔ حَنْشًا: حنش۔
(سانپ کا) کسی کو کاٹنا۔
-فُلانًا: ورغلانا' اکسانا۔
حَنَشَ الصَّيْدَ: شکار کرنا۔
(حُنِشَ): کسی کے نسب کو مجروح کرنا۔
ھو مَحْنُوشٌ۔
(أحْنَشَه) عن الأمْرِ: جلدی کرانا۔
(الحَنَشُ): ایک سیاہ رنگ کا بڑا سانپ جو زہریلا نہیں ہوتا (۲) گرگٹ یا چھپکلی جس کا سر سانپ کے سر کے مشابہہ ہوتا ہے۔ (ج) أحْنَاشٌ۔
(المِحْنَشُ) رَجُلٌ مِحْنَشٌ: محنتی اور کمائی کرنے والا۔
(حَنَطَ) الزَّرْعُ و نحوُہ ۔ حُنُوْطًا کھیتی کا پک جانا۔
-الأدِيمُ ۔ حَنْطًا جلد کا سرخ ہو جانا۔
ھو حانِطٌ۔
(حَنِطَ) الرّجل ۔ حَنَطًا بڑی اور گھنی داڑھی والا ہونا ھو احنَطُ۔
(أحنَطَ) الزَّرْعُ و نحوُہ کھیتی وغیرہ کا پک جانا۔ فھو مُحْنِطٌ و حانِطٌ۔
-الميّتَ: مردہ کو حنوط لگانا۔
(حَنَّطَ) الميّتَ: مردہ کو خوشبو وغیرہ لگانا۔
(تَحَنَّطَ) مِنَ الحِنطةِ: گیہوں کھانا۔
(اسْتَحْنَطَ) فُلانٌ کسی کا موت سے نہ ڈرنا اور دنیا کا اس کی نظر میں حقیر ہو جانا۔
(الحَانِطُ) جھاؤ کے درخت کا پھل (۲) گیہوں والا (۳) بہت گیہوں والا۔
-رَجُلٌ حانِطٌ وہ آدمی جس کی کھیتی کاٹنے کا

Marfat.com

وقت آ گیا ہو۔(علی النسب)۔
-أحْمَرُ حَانِطٌ: گہرا سرخ۔
(الحِنَاطُ): وہ خوشبوئیں جو مردہ کے کفن اور بطور خاص مردہ کے جسم پر لگائی جاتی ہیں جیسے مشک' عنبر' صندل اور کافور وغیرہ۔
(الحِنَاطَةُ): گیہوں فروشی۔
(الحِنْطَةُ): گیہوں (ج)حِنَطٌ۔
(الحِنْطِیُّ): بہت گیہوں کھانے والا شخص (۲) گندمی رنگ والا شخص۔
(الحَنَّاطُ): گیہوں فروش (۲) مردوں کو حنوط لگانے والا۔
(الحَنُوطُ): الحِناطُ۔
(الحَنُوطِیُّ): حنوط بیچنے والا (۲) مردوں کو تیار کرنے والا' تجہیز کرنے والا (محدثہ)۔
(التَّحْنِیطُ): عند قدماء المصریین: انسانی لاش کی آلائش صاف کر کے مختلف مسالوں کے ذریعے محفوظ رکھنے کا طریقہ۔
(حَنْظَلَتِ) الشَّجَرَةُ: درخت کے پھل کا حنظل کی طرح انتہائی تلخ اور کڑوا ہونا۔
(الحَنْظَلُ): اندرائن' حنظل' ایک انتہائی کڑوا پھل۔
(حَنَفَ) عن الشیٔ ـِ حَنْفًا: ایک طرف جھکنا۔
(حَنِفَ) الرَّجلُ ـَ حَنَفًا: ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔کہا جاتا ہے" حَنِفَت رِجلُه' هو أحْنَفُ و رِجلٌ وَیَدٌ حُنَفَاءُ (ج) حُنُفٌ۔
(حَنَّفَهُ): ٹیڑھے پاؤں والا کر دینا۔
کہا جاتا ہے" ضَرَبْتُ فُلانًا علی رِجله فَحَنَّفْتُها" هو أحْنَفُ و هی حَنْفَاءُ۔
(تَحَنَّفَ): بتوں کی پرستش سے الگ ہو جانا اور خدا پر ایمان لا کر اس کی عبادت کرنا ملت اسلامیہ (حنفیہ) کا پیرو ہونا (۲) امام ابوحنیفہؒ کے مذہب کا پیرو ہونا۔
-الی الشیٔ: مائل ہونا۔
(الحَنْفَاءُ): کمان (۲) استرا (۳) گرگٹ (۴) ٹیڑھا پیر (۵) کنیز جو کبھی ست ہو کبھی چست ہو (۶) آبی کچھوا (۷) ایک سمندری مچھلی جسے أطُوم کہتے ہیں۔
(الحَنَفِیُّ): حنفی مذہب کا مقلد (ج) أحْنَافٌ۔
(الحَنَفِیَّةُ): امام ابوحنیفہؒ کے پیروکار۔
(الحَنِیفُ): برائی چھوڑ کر اچھائی کی طرف آنے والا۔(۲) ہر مذہب سے ہٹ کر اسلام کو ماننے والا اور اس پر ثابت قدم رہنے والا (۳) حاجی (۴) عبادت گزار۔ (وفی الکلیات لأبی البقاء) اگر حنیف کی صفت مسلم لائی جائے تو حاجی مراد ہوتا ہے۔قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلٰكِنْ كَانَ حَنِیفًا مُّسْلِمًا﴾ اگر صفت مسلم نہ ہو تو مراد مسلمان ہوگا جیسے ﴿فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّینِ حَنِیفًا﴾ (ج) حُنَفَاءُ۔
(الحُنَفَاءُ): عربوں کی ایک جماعت جو بت پرستی کا عقیدہ نہیں رکھتی تھی ان ہی میں سے امیة بن ابی الصَّلت ہے (۲) وہ شخص جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دین پر تھا زمانہ جاہلیت میں (یعنی حج کرتا تھا' ختنہ کراتا تھا اور بتوں سے الگ رہتا تھا)۔
-الدِّینُ الحَنِیفُ: وہ سیدھا مذہب جس میں کوئی کجی نہیں اور وہ اسلام ہے۔
-الحَنِیفِیَّةُ: ملت اسلام (۲) اس کو صفت بناتے ہوئے کہا جاتا ہے ملّة حنیفیّة (۳) تلواروں کی ایک قسم جو حنف بن قیس کی طرف منسوب ہے کیونکہ اسی نے اسے سب سے پہلے بنایا۔
(حَنِقَ) عَلَیْهِ ـَ حَنَقًا: کسی پر انتہائی غضبناک ہونا۔هو حَنِقٌ و حَنِیقٌ۔
(أحْنَقَ): دل میں دشمنی چھپائے رکھنا (۲) پیٹھ کا پیٹ سے لگ جانا۔
-السَّنَامُ: کوہان کا پتلا' چھریرا ہونا۔
-البعیرُ: بہت چربی والا ہونا۔
-الزَّرْعُ: کھیتی کے ریشے پھیل جانا۔
-فُلانًا: غصہ دلانا۔هو مُحْنِقٌ و حَنِیقٌ۔
(الحَنِیقُ): موٹا (ج) حُنُقٌ۔
(حَنَكَ) الأمُّ الصبیَّ ـُ حَنْكًا: کوئی چیز چبا کر بچے کے تالو کو لگانا۔
-فُلانٌ الدَّابَّةَ: چوپائے کو لگام دینا۔
-التَّجَارِبُ الرَّجُلَ حَنْكًا و حَنَكًا: تجربہ کار بنانا۔هو مَحْنُوكٌ و حُنُكٌ۔
-الشّیءَ: سمجھنا' پختہ کرنا۔
(أحْنَكَهُ) التَّجَارِبُ: سمجھدار بنانا۔
-فُلانًا عن الأمرِ: باز رکھنا۔
(حَنَّكَ) الأمُّ الصَّبِیَّ: چبائی ہوئی چیز بچے کے تالو کو ملنا۔
- فُلانٌ الدَّابَّةَ: چوپائے کے تالو کے اوپر برائے علاج کوئی سلائی وغیرہ لگا کر خون نکالنا۔
- السِّنُّ والتَّجَارِبُ الرَّجُلَ: بڑھاپے یا تجربات کا کسی کو دانا بنانا۔
(احْتَنَكَ) الدَّابَّةَ: چوپائے کے نچلے جبڑے میں کھینچنے کے لئے رسی باندھنا۔
-التَّجَارِبُ الرَّجُلَ: حَنَّكَتْهُ۔
-الرَّجُلُ: عقلمند اور شائستہ ہونا۔
- الشّیءَ: جڑ سے اکھاڑنا۔کہا جاتا ہے "احْتَنَكَ الجَرَادُ الأرضَ" اور احْتَنَكَ مَا عِندَ فُلان۔
- فُلانًا: غالب آنا اور اپنی طرف مائل کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿لَأَحْتَنِكَنَّ ذُرِّیَّتَهُ إلَّا قَلِیلًا﴾۔
(اسْتَحْنَكَ): تھوڑی خوراک کے بعد زیادہ خوراک والا ہو جانا۔
-الشَّجرُ: جڑ سے اکھڑ جانا۔
(الحَانِكُ) أسْوَدُ حَانِكٌ: کالا سیاہ۔
(الحِنَاكُ): وہ رسہ جو گھوڑے وغیرہ کی ٹھوڑی اور سر پر باندھا جائے (ج) حُنُكٌ۔
(الحَنَكُ): تالو (۲) منہ کے اندر کا بالائی حصہ (۳) ٹھوڑی (۴) نیچے کا جبڑا' هُمَا حَنَكان ہے (۵) چونچ (۶) راہ گیروں کی وہ جماعت جو کسی جگہ یا شہر سے آب و دانہ حاصل کرے (ج) أحْنَاكٌ۔
(الحُنْكُ): تجربہ و معاملات کی بصیرت (ج) أحْنَاكٌ۔
(الحُنُكُ) رجلٌ حُنُكٌ: وہ دانا اور بابصیرت آدمی جسے تجربات نے پختہ کار بنا دیا ہو۔امرأة

Marfat.com

حُنُكٌ و حُنُكَةٌ۔

(الحُنكَةُ): الحُنك۔

(الحَنِيكُ): بہ تجربہ کار بزرگ (۲) بسیار خور۔

(ج) حُنُكٌ۔

(المِحنَكُ): الحِناك (ج) مَحَانِك۔

(حَنكَلَ) في المَشْيِ: بھاری قدموں سے آہستہ آہستہ چلنا۔

(الحُنكُلُ): پست قد (۲) بدمزاج (۳) کمینہ۔ (ج) حَنَاكِلُ۔

(الحَنكَلة) من النساءِ: کالی بدشکل عورت (۲) بدمزاج عورت (ج) حَنَاكِلُ۔

(حَنَّ) - حَنِيناً: آواز نکالنا۔

- حَنَّتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا اپنے بچے کے اشتیاق میں آواز نکالنا۔

- حَنَّتِ الرِّيَاحُ: ہواؤں کا اونٹ کی سی آواز نکالنا۔

- حَنَّتِ القَوسُ: تانت کھینچتے وقت کمان سے آواز نکلنا۔

حَنَّ العُودُ: بربط (ایک باجا) بجاتے وقت آواز نکالنا۔

- حَنَّ الرَّجُلُ: خوشی یا تکلیف کی وجہ سے آواز نکالنا۔

- إليه: مشتاق ہونا۔

- عليه: شفقت کرنا۔

(أحَنَّ) فلانٌ القَوسَ: کمان سے آواز نکالنا۔

(حَنَّنَ) القومُ: باہم مشتاق ہونا۔

(حَنَّنَ) الشجرُ: درخت پر کلیاں نکلنا۔

- مَا حَنَّنَ عَنِّي: وہ مجھ سے نہ الگ ہوا نہ کوتاہی کی۔

(تحانّ): باہم ایک دوسرے کا مشتاق ہونا۔

(تحَنَّنَ) عليه: کسی پر ترس آنا۔

(استحَنَّ) إلى الشيءِ: مشتاق ہونا۔

الشوقُ فُلاناً: شوق کا کسی کو خوشی میں مست کر دینا۔

(التَّحنَانُ): انتہائی مہربانی یا شوق۔

(الحَانَّةُ): اونٹنی۔

- ما له حَانَّةٌ ولا آنَّةٌ: اس کے پاس نہ اونٹنی ہے نہ بکری۔

(الحَنَانُ): دل کی نرمی (۲) رحم دلی۔

قرآن مجید میں ہے: ﴿وَحَنَانًا مِّن لَّدُنَّا﴾۔

- حَنَانَكَ و حَنَانَيكَ: میں تیری رحمت و مہربانی چاہتا ہوں (۲) رزق اور خیر و برکت جو مہربانی اور رحمت کا نتیجہ ہو۔

- حَنَانَ اللهِ: اللہ کی پناہ۔

(الحَنَّانُ): رحیم و بے حد مہربان اللہ کی صفات میں سے ایک صفت (۲) خواہشمند (۳) فراخ دل جو اپنے سے کنارہ کرنے والے پر متوجہ ہو (۴) وہ تیر جو انگلیوں سے گھماتے وقت آواز دے (۵) واضح راستہ۔

- عُودٌ حَنَّانٌ: مست بنانے والا بربط (باجا)۔

(الحَنُّانَةُ): وہ عورت جو اپنے بچے کے لئے تڑپتی ہو۔ یا اپنے پہلے خاوند کو یاد کر کے رنجیدہ ہو۔ (۲) آواز نکالنے والی کمان (صفة غالبة)۔

(الحَنَّة) حَنَّةُ الرَّجُلِ: بیوی (۲) اونٹ کی بلبلاہٹ یا گرج۔

(الحِنَّةُ): رحم دلی۔

(الحَنُونُ): مہربانی (۲) وہ عورت جو اپنے چھوٹے بچوں کی پرورش کی خاطر دوسرا نکاح کرے (۳) وہ ہوا جس کے چلنے کی آواز اونٹ کی آواز کے مشابہ ہو (۴) آواز نکالنے والی کمان۔

(الحَنِينُ): حد سے بڑھا ہوا شوق۔

(حَنَا) عليه - حُنُوّاً: شفقت کرنا۔

- المرأةُ عَلَى وَلَدِهَا: بیوہ عورت کا اپنی بچوں پر اس درجہ شفیق ہونا کہ وہ ان کی وجہ سے دوسری شادی نہ کرے اور ان پر پوری طرح توجہ دے۔

- الشيءَ: جھکانا۔

(حَنَى) العُودَ و غيرَه - حَنياً و حِنَايَةً: موڑنا (۲) پھیلانا۔

- يَدَ الرَّجُلِ: آدمی کا ہاتھ موڑنا۔

- القَوسَ: کمان بنانا (۲) کمان میں تانت باندھ کر موڑنا (الفاعلُ حَانٍ والمفعولُ مَحْنُوٌّ و مَحْنِيٌّ)۔

(أحنَى) عليه: مائل ہونا۔

(انحَنَى): ٹیڑھا ہونا، مڑنا۔

(تحَنَّى): انحنی۔

- على فلانٍ: مہربانی، احسان کرنا۔

(الأحنَى): کوز پشت، ٹیڑھا حَنوَاء (ج) حُنوٌ۔

(الحَانَاةُ): شراب کی دوکان یا کارخانہ۔

- حانوِيٌّ: شراب کی دوکان یا اس کا متعلق۔

(الحَانَةُ): شراب خانہ۔

- الحانيُّ: شراب کی دوکان والا۔

(الحَانُوتُ): دوکان، شراب کی دوکان (ج) حَوَانيت۔

(الحانيةُ): الحانماة (۲) وہ اونٹ اور بکریاں جو گردنیں موڑ لیتی ہیں۔ (ج) حَوَانٍ۔

(الحَانِيُّ): شراب خانہ والا۔

(الحَانِيَّةُ): حانی کی تانیث (۲) شراب (۳) شراب بنانے یا بیچنے یا پینے والا۔

(الحِنوُ): ہر ٹیڑھی چیز جیسے پسلی اور کجاوہ کی لکڑی (۲) وادی کا موڑ (۳) جانب طرف (۴) ابرو کے نیچے کی ہڈی (ج) أحنَاءٌ حُنِيٌّ۔

(الحِنوان): دو مڑی ہوئی لکڑیاں جو گیہوں کی منتقلی کے لئے جال میں لگی ہوتی ہیں۔

- أحنَاءُ الأمورِ: پیچیدہ معاملات (۲) معاملات کے گوشے۔

(الحَنوَاءُ) مِنَ الغَنَمِ: گردن موڑنے والی بکریاں۔

- من النوقِ: کوزہ پشت اونٹنی۔

(الحَنِيَّةُ): کمان (ج) حَنِيٌّ و حَنَايَا۔ کہا جاتا ہے (خَرَجُوا بِالحَنَايَا يَبتَغُونَ الرَّمَايَا)۔

- ابنُ الحَنِيَّةِ: کمان۔

(الحَوَانِي): تمام پسلیوں میں سب سے لمبی پسلی (ہر انسان کے ہر دو جانب دو دو پسلیاں ہوتی ہیں) واحد حَانِيَة۔

(المَحنِيَةُ): وادی کا موڑ۔

Marfat.com

-المُنحنى: وادی یا راستے کا موڑ۔

ح .... و

(حَابَ)ـُ حَوبًا: گنہگار ہونا۔
کہا جاتا ہے حاب بکذا۔
(أحْوَبَ) إحْوَابًا: گناہ کی طرف مائل ہونا۔
(حَوَّبَ) فُلانٌ: کسی کا مال ضائع ہو کر پھر مل جانا۔
-بالإبلِ. حوب حوب کہہ کر اونٹوں کو ڈانٹنا۔
تَحَوَّبَ: گناہ چھوڑنا (۲) کفارسیئات کے لئے عبادت گزار ہونا۔
-مِنَ القَبِيحِ: بری بات یا فعل سے بچنا۔
- من الشئِ: کسی بات پر پچھتانا یا تکلیف محسوس کرنا۔
-فِي دُعَائِهِ: دعا میں عاجزی کرنا۔
-الأمّ علی وَلَدِها: شفقت کرنا۔
(الحَوبُ): وحشت (۲) ضرورت مسکنت۔
(الحُوبُ): گناہ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَهُمْ إِلَى أَمْوَالِكُمْ إِنَّهُ كَانَ حُوبًا كَبِيرًا﴾ (۲) ہلاکت۔
(الحَوبَاءُ): جان (ج) حَوبَاوات۔
(الحَوبَةُ): وہ رشتہ دار جنکی نافرمانی سے آدمی گنہگار ہو۔ جیسے والدین (۲) گناہ (۳) ضرورت (۴) غم (۵) حالت۔
(الحُوبَةُ): گناہ (۲) ماں کی طرف سے رشتہ دار (۳) کمزور مرد یا عورت (ج) حُوَبٌ۔
(حَاتَ) الطائرُ علی الشئِ وبه ـُ حَوَتَانًا و حَوتًا: اردگرد چکر لگانا۔
(حَاوَتَهُ): دھوکہ دینا دھوکہ دے کر نکلنے کی کوشش کرنا (۳) مشورہ کرنا۔
(الحَاوِتُ): بہت ملامت کرنے والا۔
(الحُوتُ): مچھلی چھوٹی یا بڑی (۲) مچھلیوں کی طرح کا پستان والا جانور (ایک جنس) (ج) حِيتَان و أحوات (۳) آسمان کا ایک برج۔
(الحَوتَاءُ): ڈھیلے گوشت اور بڑی کوکھ والی عورت۔
(حَوتَكَ) الرَّجُلُ: مٹکتے آدمی کی طرح چلنا۔
(الحَوتَكُ): دبلا پست قد آدمی۔
(أحَاثَه): حرکت دینا منتشر کرنا۔
-الخَيلُ الأرضَ: گھوڑوں کا زمین پر پیر مارنا اور کوٹنا۔
-فُلانٌ الأرضَ: زمین کرید کر اس میں کوئی چیز تلاش کرنا۔
(حاثَ باثَ). کہتے ہیں اس نے انہیں منتشر و متفرق حالت میں چھوڑا۔
تركتُ الأرضَ حَاثَ بَاثَ: زمین کو اس حال میں چھوڑا کہ گھوڑوں نے اسے کرید ڈالا تھا۔
(حَوثُ) بمعنی حیث (ایک لغت)۔
(الحَوثُ): جگر اور اردگرد کا حصہ (۲) جگر کی رگ۔
(حَوثَ بَوثَ). کہتے ہیں: میں نے منتشر اور بکھرا ہوا چھوڑا۔
(الحَوثَاءُ): جگر اور اس کے اردگرد کا حصہ۔
(الحَوثَمُ): متوسط لمبائی والا آدمی یا جانور۔
(حَاجَ)ـُ حَوجًا: ضرورت مند ہونا۔
حَاجَ إِلَيهِ کہا جاتا ہے۔
(أحْوَجَ) إحْوَاجًا: حَاجَ کہا جاتا ہے أحْوَجَ إِلَيهِ۔
-فلانًا الی کذا: کسی چیز کا محتاج بنانا۔
(حَوَّجَ) به عن الطريق: راستہ سے ہٹا دینا۔
(احتَاجَ): حاج۔
إحتَاجَ اليه بھی کہا جاتا ہے۔
إليه: کسی کی طرف مائل ہونا اور شفقت کرنا۔
(تَحَوَّجَ): اشیاء ضرورت تلاش کرنا۔
-خَرَجَ يَتَحَوَّجُ: فلاں تلاش معاش میں نکلا (۲) یکے بعد دیگرے ضرورت کی چیز تلاش کرنا (۳) محتاج ہونا۔
(الحَائِجُ): غریب ہونا۔
(الحَائِجَةُ): حائج کی مونث (۲) ضرورت کی شئی جسے انسان تلاش کرتا ہے۔ (ج) حَوَائِجُ۔
(الحَاجَةُ): ضرورت (ج) حَاجٌ و حَاجَاتٌ۔
(الحَوجُ): غربت (۲) سلامتی۔
يقال للعاثر: حَوجًا لكَ. ٹھوکر کھا کر گرنے والے کو کہتے ہیں تم بچو خدا تم کو سلامت رکھے۔
(الحَوجَاءُ) ضرورت۔
كَلَّمَه فَمَا رَدَّ عَلَيه حَوجَاءَ وَلَا لَوجَاءَ اس نے اسے نہ اچھا جواب دیا اور نہ برا۔
مَافِي صَدْرِي حَوجَاءُ وَلَا لَوجَاءُ میرے دل میں نہ کوئی شک ہے اور نہ شبہ۔
(المُحَوجَبُ): بڑی بڑی ابرو والا۔
(الحَوجَلَةُ). موٹے پیندے والی شیشی یا چوڑے منہ والی شیشی (ج) حَوَاجِلُ۔
(حَاذَ) عنه ـُ حَوذًا: ایک طرف ہونا۔
(حَاوَذَتْهُ) الحُمَّى مُحَاوَذَةً. بخار کا لوٹ لوٹ کر آنا۔
هو يُحَاوِذُنا بالزِّيارة. وہ وقفہ وقفہ سے ہم سے ملاقات کرتا ہے۔
-في الأمر: غور و فکر کرنا۔
(حَاذَ) عَلَيهِ ـُ حَوذًا. حفاظت کرنا۔
-الشَّئَ: گھیرنا (۲) غلبہ پانا۔
-الدَّوَابَّ: تیز ہنکانا۔
(أحْوَذَ): تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے أحْوَذَ السَّيرَ
-الدَّوَابَّ: تیز ہنکانا۔
-الشَّئَ: جمع کرنا اور سمیٹنا۔
-القَصِيدَةَ: نظم کو قاعدہ کے مطابق بنانا۔
(اِستَحْوَذَ) عَلَى الشَّئِ: قابض ہونا۔
- علی فُلانٍ: غالب ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ فَأَنْسَاهُمْ ذِكْرَ اللَّهِ﴾۔
(الأحْوَذِيُّ): تمام معاملات میں چاق و چوبند اور قابو یافتہ (کہ کوئی چیز اس کی صلاحیت و قدرت سے باہر نہ ہو) (۲) ہر کام میں چست و پھرتیلا (۳) واقف کرنا۔
(الحَاذُ): پیٹھ۔
فُلانٌ خَفِيفُ الحَاذِ: کم مال اور کم افرادی کنبہ والا (۲) ایک ترش پودا جو ریتلی اور ہموار زمین میں پیدا ہوتا ہے اور اونٹ کی خوشگوار غذا ہے (ج) أحْوَازٌ۔

Marfat.com

(الحِوَازُ): بُعد دوری۔

(الحَوذَانُ): ایک خوش مزہ پودا جس کا پھول سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔

(الحُوذِیُّ): دوڑانے والا (۲) کوچ وان۔

(الحَوِیذُ): الأحْوَزِیُّ۔

(حَارَ) ـُ حَوْرًا و حُئُورًا: واپس ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿إِنَّهُ ظَنَّ أَنْ لَّن يَّحُوْرَ﴾ حار إلیہ بھی کہتے ہیں۔

-الشّیُ: کم ہونا۔

-حَارَ بَعْدَ مَا كَارَ: زیادتی کے بعد کمی ہوگئی۔ اسی سے ہے ''أعُوْذُ باللهِ من الحَوْرِ بَعْدَ الكَوْرِ''۔

-الغُصَّةُ: گلے میں پھنسے ہوئے لقمہ کا نیچے اُتر جانا۔

-الماءُ فی الغَدِیْر: تالاب میں پانی کا متحرک رہنا۔ (حَارَ فِیْ أمْرِہ بھی کہا جاتا ہے)۔

-الثَّوبَ: کپڑے کو دھو کر سفید کر دینا۔

(حَوِرَت) العینُ ـَ حَوَرًا: آنکھ کی سفیدی کا زیادہ سفید اور سیاہی کا زیادہ سیاہ ہونا اور پتلی کا گول اور پلکوں کا باریک اور اس کے آس پاس کا سفید ہونا (۲) پوری آنکھ سیاہ ہونا (جیسے گائے اور ہرن کی آنکھیں ہوتی ہیں) کہا جاتا ہے'' حَوِرَت المرأةُ و حَوِر الظبیُ هو أحْوَرُ وهی حوْراءُ (ج) حُوْرٌ۔

(أحارت) النَّاقَةُ: اونٹنی کا بچہ والی ہونا۔

-الجوابَ: جواب دینا۔ کہا جاتا ہے ''سألَه فلم يُحِرْ جوابًا''۔

-الغُصَّةَ: اٹکے ہوئے لقمہ کا نیچے اُترنا۔

(حَاوَرَهُ) مُحاورة و حِوارًا: گفتگو سوال و جواب کرنا (۲) مباحثہ کرنا۔ قرآن پاک میں ہے ﴿قَالَ لَه صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗ﴾۔

(حَوَّرَ) الدقیقَ أوْ الثَّوبَ: سفید کرنا۔

-الأدیمَ: چمڑے کو سرخ رنگنا۔

-القُرْصَ: ٹکیا یا روٹی کو بیلن سے پھیلا کر گول کرنا۔

-الدَّابَّةَ و نحوَها: جانور کو گول داغ لگانا۔

-الخُفَّ و نحوہ: چمڑے کے موزے یا جوتے میں سرخ تلا لگانا۔

-الخُبْزَةَ و نحوَها: روٹی وغیرہ کو گول کرنا۔

-الشّیَ: کمی کرنا یا محروم کرنا۔

حَوَّرَ اللهُ فُلانًا: خدا کا کسی کو محروم کرنا۔ اور مال میں کمی کر دینا۔

حَومَرَ فُلانُ الكلامَ: بدل دینا (محدثہ)

(تحاوروُا): باہم بات چیت کرنا۔ (۲) مباحثہ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿واللهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا﴾۔

(احْوَرَّ): گول ہو جانا (۲) آنکھ کا انتہائی سفید یا کالا ہونا۔ احْوَرَّتْ عينُهٗ بھی کہتے ہیں۔

(اسْتحارَہُ): بولنے کے لئے کہنا۔

(الأحْوَرِیُّ): سفید اور ملائم یا نازک۔

(الحَائِرُ): حیران و متردد (۲) دبلا، کمزور۔

(الحَائِرةُ): حائر کی تانیث۔

مَا هُوَ إلاّ حائرةٌ مِن الحَوَائِر: اس میں کوئی خیر نہیں۔

(الحُوَارُ): اونٹنی کا بچہ وقت ولادت سے دودھ چھڑانے تک (ج) أحْوِرَةٌ۔

(الحِوارُ): گفتگو بات چیت، بحث مباحثہ (۲) خاص موضوع پر مکالمہ۔

(الحَوَارِیُّ): دھوبی، کپڑے دھو کر سفید کرنے والا (۲) ساتھی اور حامی مددگار (ج) حَوارِیُّونَ۔

-الحَوَارِیُّون: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے صحابی (مددگار ساتھی)۔

(الحُوْرُ): کمی و ہلاکت۔

-إنَّه فی حُوْرٍ و بُوْرٍ: اسے کوئی اچھا کام نہیں آتا۔ وہ گمراہی میں ہے۔

-الباطِلُ فِی حُورٍ: باطل ہمیشہ نقصان میں رہتا (۳) حَوْراء کی جمع (۴) ایک سفید لکڑی (الأبلكاش) (مع)۔

(الحَوَرُ): آنکھ کی سفیدی اور سیاہی کی شدت (۲) بنات نعش (قطب شمالی میں نظر آنے والی سات ستاروں میں سے تیسرا) (۳) ایک پاؤڈر جو سیسہ کو جلا کر بنایا جاتا ہے اور عورتیں زیب و زینت کے لئے چہرے پر ملتی ہیں (۴) گائے (ج) أحْوَار (۵) چمڑا جو لال رنگ میں رنگ کر ٹوکریوں پر چڑھایا جاتا ہے (۶) سفید باریک چمڑے جن کے جامہ دان بنائے جاتے ہیں۔

(الحَوْراءُ): گورے رنگ کی عورت (۲) جانور کی آنکھ میں چاروں طرف لگایا ہوا داغ (ج) حُورٌ۔

(الحُوْرِیَّةُ): پری (ایک خیالی اور افسانوی خوبصورت لڑکی جو سمندروں، نہروں اور جنگلات میں نظر آتی ہے) (۲) خوبصورت عورت (۳) ناتمام کیڑا جو بیضہ سے کیڑے کے پہلے مرحلے میں آیا (مج)۔

(الحُوَّارَی): میدہ، سفید آٹا، ہر وہ کھانا جو سفید کیا گیا ہو۔

(الحَوِیرُ): دشمنی، کشاکش، جیسے بَيْنَهُمَا حَوِيرٌ۔

كَلَّمْتُه فَمَا رَدَّ إلَیَّ حَوِيرًا: میں نے اس سے بات کی تو اس نے کوئی جواب نہ دیا۔

(المَحَارُ): مرجع لوٹنے کی جگہ۔

(المَحَارَةُ): واپسی کی جگہ (۲) سیپی وغیرہ۔

-من الأذُنِ: کان کا اندرونی حصہ۔

(۳) اونٹ کے کھر کا کنارہ (۴) کولہے کا وہ گڑھا جس میں ران کا سرا گھومتا ہے (۵) مونڈھے کا وہ گڑھا جس میں بازو کا سرا گھومتا ہے (۶) سانس کی نالی (۷) معمار کا ایک اوزار جس سے مسالہ لگایا جاتا ہے اور پلاسٹر کیا جاتا ہے، کرنی۔

(المِحْوَرُ): دھرا، لوہے کی وہ موٹی سلاخ یا لاٹ جس پر پہیا یا چرخی گھومتی ہے۔ (۲) نان بائی کے لوہے کی وہ چھڑی جس کے ذریعہ تنور سے روٹی نکالتا ہے (۳) بیلن جس سے آٹے کے پیڑے کو پھیلا کر روٹی بنائی جاتی ہے۔ (۴) قطب، مدار، مرکز (۵) (فی الهندسه) وہ خط مستقیم جو کرۂ ارض کے دونوں قطبوں کو ملاتا ہے۔ مِحْوَرُ الأرْضِ اسی سے ہے۔

Marfat.com

- مِحْوَرُ الأَبْزِيمِ: بکسوے کا محور۔ (ج) مَحَاوِر کہتے ہیں قَلِقَتْ مَحَاوِرُہ: اس کے معاملات دگرگوں ہو گئے۔

(المَحُورَةُ): جواب۔ "کہتے ہیں: کَلَّمْتُہ فَمَارَدَّ اِلَيَّ مَحُورَةً"۔

(المَحْوَرَةُ): جواب۔

(حَازَ)فُلَانٌ ـُ حَوْزًا: خراماں چلنا۔

-الشَّيءَ ـُ حِيَازَةً: اکٹھا کرنا' قبضہ میں لینا۔ (کہتے ہیں حَازَ المَالَ والعَقَارَ حَازَه الیه)۔

-الدَّوابَّ حَوْزًا: نرمی سے ہانکنا (۲) نرمی سے پانی کی طرف لے جانا۔

(حَوَّزَ)الدَّوابَّ الى الماءِ: چوپاؤں کو پانی کی طرف ہانکنا۔

(احْتَازَهُ): اپنانا' مالک ہونا۔ "اِحْتَازَه الی نفسه بھی کہتے ہیں"۔

(انْحَازَ)مطاوع حَازَ: سمٹ کر آنا' یکجا ہونا۔ "انْحَازَ الیه بھی کہا جاتا ہے"۔

-القَوْمُ: جانب دار ہونا' کسی کو اپنا مرکز و مرجع بنا لینا۔

-علی الشیٔ: متوجہ ہونا۔

-عنه: الگ ہونا۔

(تَحَاوَزُوْا)فی الحَرْبِ: جنگ میں ہر ایک پارٹی کا دوسری سے الگ ہو جانا۔

(تَحَوَّزَ): چوپاؤں کا پانی کی طرف مائل ہونا۔ (۲) کام کا پختہ ہونا۔

-الرَّجُلُ: ارادہ کے وقت اٹھنا بھاری ہونا۔ (۲) ٹھہرنا' توقف کرنا (۳) پیچ و تاب میں آنا

-عَنْهُ: ایک طرف ہونا۔

(اسْتَحَازَهُ): مالک ہونا' قبضہ میں لینا۔

(الأَحْوَزُ): پھرتیلا ڈرائیور۔

(الأَحْوَزِيُّ) الأَحْوَزُ (۲) سیاہ (۳) کاموں میں پھرتیلا اور اچھے طریقے پر کام انجام دینے والا (۴) سنجیدہ کار ٹھوس کام کرنے والا۔

(الانحِیَازُ): ملنا (۲) سیاسة عدمِ الإنحیاز: جدید اصطلاح کے مطابق غیر جانبداری' عدم شمولیت' کسی بھی پارٹی کے ساتھ نہ ملنا۔

(الحَوْزُ): آہستہ یا تیز چلانا (۲) ملکیت' قبضہ (۳) احاطہ کی ہوئی زمین جس میں دوسرے کا کوئی دخل اور حق نہ ہو (۴) اچھی یا بری فطرت۔

(الحَوْزَاءُ): سب افراد کو متحد کرنے والی لڑائی۔

(الحَوْزَةُ): کونہ' گوشہ۔

-حَوْزَةُ الرَّجُلِ: ملکیت و قبضہ۔

-حَوْزَةُ الإسلامِ: اسلامی حدود اور اس کے گوشے (۲) بغیر گٹھلی کے انگور۔

(الحُوزِيُّ): لوگوں سے الگ تھلگ فروکش ہونے والا (۲) مدبر جو کاموں کو ہوشیاری سے ادا کرے (۳) سنجیدہ کار۔

(الحُوَيْزَاءُ): اپنے ساتھی سے چھپایا ہوا ذخیرہ۔

(الحِیَازَةُ): قبضہ' ملک (۲) کاشت والی زمین۔

(الحَیِّزُ) متحد جمع (۲) جگہ (۳) دائرہ۔ (۴) وہ جگہ جسے جسم گھیرے ہوئے ہو۔ (۵) حفاظت۔

هو فی حَیِّزِ فُلانٍ: فلاں کی حفاظت میں رہے۔

(حَاسَتِ)الغارةُ ـُ حَوْسًا: حملہ کا بکھر جانا۔

-الرَّجُلُ: بہادر اور ثابت قدم رہنے والا۔ هو حائسٌ و حَوَّاسٌ۔

-الأَمْرُ فُلانًا: کسی پر کسی بات کا غلبہ ہو جانا۔ حضرت عمر فاروق h کی حدیث میں ہے کہ انہوں نے ابو عدبس سے کہا: "بَلْ تَحُوسُكَ فِتْنَةٌ"۔

-القَوْمُ البَلَدَ: فساد پھیلانا۔

-الذِّئبُ الغَنَمَ: بھیڑیے کا بکریوں میں گھس کر ان کو منتشر کر دینا۔

حَمَلَ عَلَی القَوْمِ فَحَاسَهُمْ: اس نے لوگوں پر حملہ کرکے ان کو بھگا دیا یا ان کی توہین کی۔

حَاسَهُمْ خَطْبٌ کَرِیهٌ: بڑی مصیبت کا آگھیرنا۔

-الفِتْنَةُ فُلانًا: جذبۂ فساد کا دل میں پیدا ہونا اور آمادہ بہ فساد ہونا۔ (کہا جاتا ہے حاسَه علی الفِتنةِ)۔

حاسُوا العدوَّ ضربًا حتّٰی أجهضوهُ عن أثقاله: دشمن پر ضرب کاری لگانا۔

-المرأةُ ذَیْلَها: عورت کا دامن کو کھینچتے اور گھسیٹتے ہوئے چلنا۔

هُمْ یَحُوسُوْنَ ثِیَابَهُمْ: وہ کپڑوں کا زیادہ استعمال کرکے خراب کرتے ہیں۔

(حَوِسَ) ـَ حَوَسًا: دلیر اور بہادر ہونا۔ (۲) اپنی جگہ کامیابی تک ڈٹے رہنا (۳) خوراک بڑھنا اور پیٹ نہ بھرنا۔

هو أحوسُ وهی حَوْسَاء (ج) حُوْسٌ۔

(حَاوَسَتِ) المرأةُ الرِّجَالَ: عورتوں کا مردوں سے اختلاط کرنا۔

(تَحَوَّسَ)فی الکلامِ: تیاری اور جرأت سے بات کرنا (۲) سستی کرنا اور دیر لگانا۔

(اسْتَحْوَسَ): سستی کرنا اور دیر کرنا اور رکنا۔

(الأَحْوَسِيُّ): برقرار۔

-غَیْثٌ أَحْوَسِيٌّ: مسلسل بارش۔

(الحائس): بارش (ج) حُوَّسٌ۔

حَاسَتْهُمُ الخُطُوبُ الحُوَّسُ: ان کو مصیبتوں نے گھیر لیا۔

(الحُوَاسَةُ): خون کا مطالبہ کرنے والی قرابت (۲) غارت' یورش (۳) غنیمت (۴) حاجت و ضرورت (۵) مختلف لوگوں کی جماعت۔

(الحَوَّاسُ) جنگ میں لوگوں کے نام لے کر پکارنے والا۔

-اِنَّه لَحَوَّاسٌ غَوَّاسٌ: وہ رات میں خوب بلاتا اور مطالبہ کرتا ہے۔

(حَاشَ)الدَّوابَّ ـُ حَوْشًا: چوپاؤں کو اکٹھا کرکے ہنکانا۔

-القَوْمُ الصَّیْدَ: شکار کو پکڑنے کے لئے ہر طرف سے گھیرنا (کہا جاتا ہے أحاشَ الصیدَ علیه)۔

-اللِّصَّ و نَحْوَهُ: چور وغیرہ کو پکڑ لینا اور ...ی سے باز رکھنا (محدثہ)۔

Marfat.com

(أحاشَ) الصیدَ شکار کرنے میں مدد دینا۔
(حَاوشَهُ) علی الأمرِ کسی کام کے لئے برانگیختہ کرنا۔
-الرَّجُلُ البَرْقَ و المطرَ بجلی اور بارش سے جہاں کہیں ہو دور رہنا۔
(حَوَّشَ) المالَ و نحوَهُ مال جمع یا ذخیرہ کرنا۔
(احْتَوَشَ القومُ الصَّیْدَ) لوگوں کا شکار کو پکڑنے کے لئے ہر طرف سے گھیرنا۔
-الشیٔ و علیه چاروں طرف سے گھیر کر بیچ میں کر لینا۔
(انحاشَ) جمع ہونا۔
-عنه و منه الگ ہونا بچنا۔
فُلانٌ لا ینحاشُ من شیٔ فلاں کسی بات کی پرواہ نہیں کرتا۔
(تحاوَشُوا) الشیٔ بینهم کسی شی کو اپنے بیچ میں لے لینا۔
(تحوَّشَ) منه شرم کرنا۔
-عنه دور ہونا۔
-فلانةُ من زوجها عورت کا بیوہ ہو جانا۔
(الحائشُ) درختوں کا جھنڈ خاص کر کھجور کے درختوں کا جھنڈ (۲) پیر کے تلوے کے قریب ایک پھنسی۔
(الحُوَاشَةُ) ضرورت (۲) گناہ اور ہر قابل شرم فعل۔
(الحَوْشُ) گھر کا صحن (۲) جانوروں کی باڑہ نما جگہ جہاں جانوروں اور دیگر اشیاء کو محفوظ کیا جاتا ہے۔ (محدثة)۔
(الحُوشُ) جنگلی اونٹ۔
رجُلٌ حُوشُ الفؤاد تیز فہم اور مضبوط دل کا آدمی۔
(الحُوشِیُّ) من الکلام نامانوس اور عجیب کلام۔
-من اللّیالی خوفناک تاریک رات۔
رَجُلٌ حُوشِیٌّ وحشی قسم کا آدمی جو لوگوں سے ملتا جلتا نہ ہو۔
(المَحَاشُ) گھر کا سامان (۲) گھر کے لئے جمع کیا ہوا سامان۔

(الحَوْشَبُ) وہ ہڈی جو جانور کے کھر میں پنڈلی اور پٹھے کے درمیان ہوتی ہے (۳) کلائی کی ہڈی (۲) سم کے اندر کا حصہ (۴) نر خرگوش (۵) گائے وغیرہ کا بچہ (۶) پتلے پیٹ والا (۷) بڑے پیٹ والا جس کے دونوں پہلو پھولے ہوئے ہوں (۸) لوگوں کا گروہ۔
(الحَوْشَبَةُ) لوگوں کی ایک جماعت۔
(الحَوْشَکَةُ) گھر وغیرہ کی طرف سے آنے والا شور مختلف اور غیر مفہوم آوازیں۔
(حَاصَ) الثَّوبَ و نحوه ـُ حَوْصًا سلائی کرنا۔
-بین الشَّیْئَیْنِ تنگ کرنا۔
-حَوْلَهُ چاروں طرف گھومنا۔
(حَوِصَ) الرَّجُلُ ـَ (یَحْوَصُ)
حَوَصًا گوشۂ چشم کا اتنا تنگ ہونا کہ سلا ہوا معلوم ہو (۲) ایسا ہونا کہ ایک آنکھ تنگ اور دوسری ٹھیک ہو۔ هوأ حْوَصُ هی حوصاءُ (ج) حُوصٌ۔
(حَاوَصَه) چوری سے آنکھ کے ایک گوشہ سے دیکھنا۔
(احْتَاصَ) فی الأمر محتاط ہونا۔
(الحِوَاصُ) لکڑی کی سوئی سینے کا آلہ۔
(الحَوْصُ) سلی ہوئی چیز (۲) مروڑ۔
-لأَطْعَنَنَّ فی حَوْصِهِ میں اس کے سیے ہوئے کو ادھیڑ ڈالوں گا اور اس نے جو ٹھیک کیا ہے میں اسے خراب کر ڈالوں گا۔
-ما طعنتُ فی حَوْصِهِ میں اس کا ارادہ کرنے میں کامیاب نہیں ہوا۔
(الحِیَاصَةُ) جانور کا تنگ وہ تسمہ جو گھوڑے کے سرین کے گرد کاٹھی کھینچنے کے لئے باندھا جاتا ہے۔
(حَوْصَلَ) پرندے کا اپنے پوٹے (معدے) کو بھرنا۔
-الأنسانُ و غیره آدمی وغیرہ کے پیٹ کے نچلے حصہ کا باہر نکل آنا۔
(الحَوْصَلُ) پوٹا جو پرندہ کے لئے انسان کے معدہ کی جگہ ہوتا ہے (۲) گھر کا اسٹور وہ کمرہ جس میں خورد و نوش وغیرہ کا سامان رکھا جاتا ہے (۳) حوض کی نچلی سطح جس میں پانی رہتا ہے (۴) وہ بکری جس کے پیٹ کا وہ حصہ بڑا ہو جو ناف سے اوپر ہوتا ہے (ج) حَوَاصِلُ۔
(الحَوْصَلَةُ) الحَوْصل۔
-من الأنسان و غیره انسان وغیرہ کا مثانہ تک پیٹ کا زیریں حصہ۔
-من الحَوْضِ حوض کی نچلی سطح۔
(۲) وہ بکری جس کا پیٹ بڑا ہو۔
ناقَةٌ ضَخمَةُ الْحَوْصَلَةِ بڑے پیٹ والی اونٹنی (۲) روپے وغیرہ رکھنے کا ذبے نما ظرف (دیکھئے ح ص ل) (ج) حَوَاصِل۔
(حَاضَ) الماءَ ـُ حَوْضًا پانی جمع کرنا۔
(حَوَّضَ) حوض بنانا۔
-الماءَ پانی جمع کرنا۔
-حوله چکر لگانا۔
(احْتَاضَ) حوض بنانا۔
(اسْتَحْوَضَ) فُلانٌ حوض بنانا۔
-الماءُ پانی جمع ہو جانا۔
(الحَوْضُ) پانی جمع ہونے کی جگہ۔
-من الأذنِ کان کا اندرونی حصہ۔
(۲) زمین یا کھیتی کا مخصوص و محدود حصہ۔
-حَوْضُ البَحْرِ سمندر کے ساحل پر واقع ممالک یا شہر۔
-حَوْضُ النَّهْرِ نہر کے آس پاس کا علاقہ جس میں نہر کا پانی چلتا اور سیراب کرتا ہے۔
الحوضُ الجافُّ وہ سمندری مستقل حصہ جس کا پانی نکال دیا گیا ہو اور اس میں جہازوں کی مرمت ہوتی ہو بحری جہازوں کا یارڈ۔
(ج) أحواض و حِیاض و حِیضَان۔
(المُحَوَّضُ) حوض (۲) کھجور کے گرد وہ گڑھا جس میں پانی بھر جائے۔
(حَاطَ) القومُ بالبَلَدِ ـُ حَوْطًا و حَیْطَةً و حِیطَةً و حِیَاطَةً گھیراؤ کرنا۔
(حاطت به الحبلُ کہا جاتا ہے)۔
-الصبیَّ بچے کے پیٹ پر نظر بد سے بچانے

Marfat.com

کے لئے پڑھاہوا ڈورا باندھنا۔
-الشّیَ: حفاظت کرنا' دیکھ بھال کرنا۔
(أحَاطَ)الحائطَ: دیوار بنانا۔
-القومُ بالبلد: لوگوں کا شہر کے گرد گھیرا ڈالنا۔ أحاطت به الخیلُ بھی کہا جاتا ہے۔
-بالْأمْرِ: کسی بات کا پورا علم رکھنا۔ قرآن مجید میں تھے: ﴿أَحَطْتُ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهِ﴾ اور "واللهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ"۔
-الشَّيَ: ہر طرف سے گھیرنا۔
-بالقوم: روکنا قرآن پاک میں ہے: ﴿إِلاَّ أَنْ يُحَاطَ بِكُمْ﴾۔
-الخطيئةُ بفُلان: گناہ کا کسی پر مسلط ہو جانا اس سے بچ نہ سکنا۔
(أُحِيطَ)بفلانٍ: ہلاکت کے قریب ہونا (۲) ہلاک ہو جانا۔ قرآن عزیز میں ہے: ﴿وَأُحِيطَ بِثَمَرِهِ﴾۔
(حاوَطه): کسی سے ایسے معاملہ پر مصر ہونا جس سے وہ انکار کرتا ہو (کسی کام کے لئے کسی کو) گھیرنے کی کوشش کرنا۔
(حَوَّط)حَائِطًا: دیوار بنانا۔
-كَرْمَه: انگور کی بیل کو دیوار سے گھیرنا۔
-الصَّبِيَّ: بچہ کے پیٹ پر حفاظت کے لئے پڑھا ہوا دھاگا باندھنا۔
-حَوْلَ الشَّيَ: مٹی ڈال کر ہر طرف سے گھیرنا۔
-حَوْلَ الأمْرِ: چکر لگانا۔
-الشيَ: حفاظت کرنا' دیکھ بھال کرنا۔
(احْتَاطَ)لِلْأمْرِ: مصلحت اندیشی سے کام لینا۔ کہا جاتا ہے (إحتَاطَ لنفْسه و للشيٍ)۔
-به الخَيْلُ: گھوڑوں کا کسی قوم وغیرہ کو گھیر لینا۔
(تَحَوَّطه): حفاظت کرنا۔
(استَحَاطَ)فی الأمْرِ: انتہائی احتیاط سے کام لینا۔
(التَّحْوِيْطة): الحوطةُ تعویذ۔
(الحَائِطُ): دیوار (۲) باغ (ج) حِيطَانٌ و حَوَائِطُ۔

(الحُوَاطَةُ): غلہ وغیرہ محفوظ کرنے کی کوٹھڑی۔
(الحَوْطُ): وہ دھاگہ جس میں سیپ یا چاندی وغیرہ کے مہرہ پڑے ہوتے ہیں اور وہ دو رنگ کا بنا ہوا ہوتا ہے۔ نظر بد سے بچے کو بچانے کے لئے بچہ کے پیٹ اور کمر پر باندھا جاتا ہے۔
(الحِوَطُ) فرائض کے دراہم کی کمی کو پورا کرنے والی چیزیں۔
(الحَوْطَةُ): احتیاط۔
(الحُوْطَةُ): ایک کھیل جس میں کھلاڑی ایک دوسرے کے گرد گھومتے ہیں۔
(الحُوَّاطُ)حُوَّاطُ الأمْرِ: کسی کام کی بنیادی چیزیں جن پر اس کا مدار ہو۔
(الحَيْطَةُ' الحِيْطَةُ): احتیاط۔
-لَدَى فُلان حَيْطَةٌ لَكَ: تمہارے لئے فلاں کے دل میں شفقت ہے۔
(الحَيِّطُ) رجلٌ حَيِّطٌ: اپنے اہل و عیال کی دیکھ بھال کرنے والا۔
(المَحَاطُ): حفاظت گاہ جہاں مال یا لوگوں کی حفاظت کی جائے۔
(المُحِيْطُ): بڑا سمندر جو خشکی کو گھیرے ہو (ج)۔
(حَافَ)فُلانٌ الشيَ ـُ حَوْفًا: کسی شیٔ کے کنارہ پر ہونا۔
(حَوَّفَه) کنارہ پر کرنا۔
-النَّبَاتُ المكانَ: کسی جگہ کے چاروں طرف گھاس اگنا۔
(تَحَوَّفَ) کنارہ پر آنا یا ہونا۔
-الشَّيَ کسی شی کو اس کے کناروں سے لینا (۲) کنارہ لینا (۳) کم کرنا۔
(الْحَافَةُ) طرف' کنارہ' پہلو۔
- من الشيِ: کنارہ طرف جانب (۲) ضرورت (۳) زندگی کی سختی۔
(الحَوْفُ): گوشہ' جانب (۲) بچی کے پہننے کی فراک (ج) أحْوَافٌ۔
(حَوْفَزَ) الصَّبِيَّ: بچہ کو دونوں ٹانگوں کے کناروں پر بٹھا کر اوپر اٹھانا۔

(حَاقَ)البَيْتَ و نحوَه ـُ حَوْقًا: گھر میں جھاڑو دینا۔
(حوَّقَ)علیه: کسی سے غیر واضح اور بے ربط گفتگو کرنا۔
حَوَّق علیه کلامَهٗ بھی کہا جاتا ہے۔
-رَاسَه: سر کو بیچ سے مونڈنا۔
(احْتَاقَ)مالَه من ورائه: مال اڑا دینا۔
(الحُوَاقَةُ) جھاڑو سے نکالا ہوا کوڑا۔
(الحَوْقُ) بڑا مجمع۔
(الحَوْقَةُ): بڑا مجمع۔
(الحُوْقُ): گول چوٹا۔
(المِحْوَقَةُ): جھاڑو (ج) مَحَاوِقُ۔
(حَوْقَلَ)حَوْقَلَةً و حِيْقَالاً: دونوں کوکھ پر دونوں ہاتھ رکھنا (بڑھاپے وغیرہ کی وجہ سے سہارے کے لئے) قدم ملا کر تیز چلنا' (۲) تھک کر کمزور ہو جانا۔
-فُلانٌ: لاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلاَّ بِاللهِ کہنا۔
-الشَّيَ أوْ فُلاناً دَهَيْنًا' دھکا دینا۔
(الحَوْقَلُ) کمزور عمر رسیدہ آدمی۔
(الحَوْقَلَةُ) لمبی گردن کی بوتل (جو پانی پلانے کے لئے ہوتی ہے (۲) لا حول ولا قوة الا بالله کہنا۔ (ج) حَوَاقِلُ۔
(حَاكَ)الشيُ فی صَدْرِه او قَلْبه ـُ حَوْكًا دل میں بیٹھنا۔ اسی سے ہے "اَلْاِثْمُ مَا حَاكَ فِيْ صَدْرِكَ وَكَرِهْتَ اَنْ يَّطَّلِعَ عَلَيه النّاس"۔
-الثوبَ حِيَاكَةً بننا۔
-المَطَرُ الرَّوْضَ: بارش کا باغ کے پودوں اور پھولوں کو بڑھانا۔ هو حَائِكٌ (ج) حاكَةٌ۔
(أحَاكَ)مَا أحَاكَ سَيْفُه تلوار کاٹ نہیں سکتی۔
- ما أ حَاكَتْهُ اسْنَانِیْ وما احَاكَتْ فیه. اسے میرے دانتوں نے نہیں کاٹا' میرے دانتوں نے اس پر اثر نہیں کیا۔
(تَحَوَّكَ)بالثَّوب: کپڑے کا جوہ بنانا یعنی کمر اور پنڈلیوں سے سہارے کے لئے باندھ کر اکڑوں بیٹھنا۔
(الحَوْكُ): شکل نمونہ هذا علی حَوْك ذاكَ

Marfat.com

یہ شکل یا عمر میں اس جیسا ہے (۲) بنا ہوا کپڑا۔
(الحَوْکَۃُ) شباہت۔
- هُم نَاسٌ لَيْسَ عَلَيْهِمْ حَوْكَةُ هٰؤُلاءِ القَوْمِ وہ ایسے لوگ ہیں کہ ان سے ان لوگوں کو کوئی مشابہت نہیں۔
(الحِیَاکَۃُ) پارچہ بنانے کی صنعت۔
(المَحْوَكَةُ) لڑائی۔
- تَرَكَهُمْ فِي مَحْوَكَةٍ میں نے ان کو لڑتے ہوئے چھوڑا۔
(حَالَ) الشیءُ ـُ حَوْلاً کسی شی پر ایک سال گزرنا۔
- الحَوْلُ سال مکمل ہونا۔
- الشيءُ بدل جانا (ایک حال سے دوسرے حال میں)۔
- فی ظَهْرِ دَابَّتِه و عليه جانور پر کود کر سوار ہونا (حَالَ علی الفرس) بھی کہتے ہیں۔
- عن ظَهْرِ دابّتِه گر جانا۔
حال عن العَهْدِ عہد و پیمان سے پھر جانا۔
- الشيءُ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ حَوْلاً و حَيْلُوْلَةً حائل ہو جانا، دو چیزوں کو الگ الگ کرنا۔
- النَّخلَةُ حُئُولاً کھجور کے درخت پر ایک سال چھوڑ کر پھل آنا۔
- النَّاقَةُ نر کا اونٹنی سے جفتی کرنا اور اس کا حاملہ ہونا۔
(حَوِلَتْ) عَيْنُه او طرفه ـَ (تَحْوَلُ)۔
حَوَلاً آنکھ کا ترچھا ہونا، بھینگا ہونا۔ هو أَحْوَلُ وهي حَوْلاءُ (ج) حُوْلٌ۔
(أَحْوَلَ) الشيءُ کسی شی پر ایک سال گزر جانا۔
أَحْوَلَ الصَّبِيُّ بچہ ایک سال کی عمر کا ہو گیا۔
- الدّارُ گھر کا بدل جانا کئی سال گزر جانا۔
- بالمكان کسی جگہ ایک سال قیام کرنا۔
- المَرْأةُ او النَّاقَةُ مادہ کے بعد نر جننا یا اس کا برعکس۔ هي مُحْوِلٌ۔
- عَيْنَه آنکھ کو بھینگا کرنا۔
(أَحَالَ) کسی چیز پر پورا سال گزر جانا۔
- الدّارُ گھر کا بدل جانا اور اس پر کئی سال گزر جانا۔ (۲) گھر والوں کا ایک سال قبل گھر سے غائب ہونا (هِيَ مُحِيلَةٌ)۔
- عليه الحَوْلُ سال گزر جانا۔
- الشيءُ أو الرجلُ ایک حال سے دوسرے حال میں آ جانا۔
- المَرْأةُ و النَّاقَةُ اونٹنی کا حاملہ ہونا۔
- بالمكان ایک سال قیام کرنا۔
- الرَّجُلُ کسی کی اونٹنیوں کا غیر حاملہ رہنا۔
(۲) اپنے کلام میں دو متضاد باتیں جمع کرنا۔
- النَّاقَةُ اونٹنی کا حاملہ نہ ہونا۔
- عليه بالكلامِ بات چیت کے لئے متوجہ ہونا۔
- عليه بالسَّوطِ کوڑا لے کر مارنے کے لئے کسی کی طرف متوجہ ہونا۔
- عليه کمزور سمجھنا۔
- فی ظَهْرِ دابّتِه و عليه سواری کے جانور پر کود کر سوار ہونا۔
- الغَرِيمَ قرض خواہ کو اپنے بجائے دوسرے شخص کے سپرد کرنا کہ وہ قرض ادا کرے۔
- الشيءَ منتقل کرنا۔
- العَمَلَ الى فُلانٍ کسی کے کوئی کام سپرد کرنا۔
- القَاضِي القَضِيَّةَ الى مَحْكَمَةِ الجِنَايَاتِ قاضی یا مجسٹریٹ کا کسی مقدمہ کو عدالت فوجداری میں بھیجنا۔
- الماءَ فی الجَدْوَلِ پانی گول یا چھوٹی معاون نہر میں پھینکنا یا چھوڑنا۔
- عليه الماءَ کسی پر پانی انڈیلنا۔
(حَاوَلَ) الأمرَ مُحَاوَلَةً و حِوَالاً کوشش کر کے دیکھنا (۲) دھوکہ یا حیلہ سے لینے کی کوشش کرنا۔
(حَوَّلَ) الشيءَ بدلنا یا ایک جگہ یا حالت سے دوسری جگہ یا حالت میں منتقل ہونا۔
- فُلانٌ الشيءَ الى غيره دوسرے کی طرف منتقل کرنا۔
- الأرضَ زمین کو ایک سال چھوڑنا تا کہ وہ طاقتور ہو جائے۔
- الشيءَ ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا۔
- الأمرَ محال بنانا۔
(احْتَوَلَه) القومُ اپنے بیچ میں لینا۔
(احتَالَ) الشيءُ کسی چیز پر ایک سال گزرنا۔
- فُلانٌ کوئی چیز چال اور حیلہ سے لینا۔
- الأرضُ زمین پر بارش نہ ہونا۔
- عليه بالدَّيْنِ قرض کسی کے ذمہ کر دینا۔
(تَحَوَّلَ) منتقل ہونا (ایک جگہ سے یا ایک حالت سے)۔
- عن الشيءِ پھر جانا (۲) کسی کی طرف سے رخ پھیر کر دوسرے کی طرف کر لینا۔
- فُلاناً بالنَّصِيحَةِ والوَصِيَّةِ والموعِظَةِ کسی کے پند و نصیحت قبول کرنے کی توقع رکھنا۔ اسی سے ہے "(كَانَ الرَّسُولُ صلی الله علیه و سلم يَتَحَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ) (ایک دوسری روایت میں يتخوّلنا خاء کے ساتھ ہے)۔
(اسْتَحالَ) الشيءُ بدل جانا (۲) سیدھا ہونے کے بعد ٹیڑھا ہونا (۳) ایک حالت یا صفت سے دوسری حالت یا صفت میں منتقل ہونا۔
- الشيءَ ناممکن بنانا۔
(الاحتِيَالُ) (فی القانون) دھوکہ دہی، مکر، حیلہ گری سے مال دبانا۔
(التَّحَاوِيلُ) وقفہ جاتی مال۔
هذه امرأةٌ لا تَلِدُ إلاّ تَحَاوِيلَ یہ عورت ایک سال جنتی ہے دوسرے سال نہیں۔
ارض لاتَزرَعُ إلاّ تحاويلَ یہ زمین ایک سال بوتی ہے دوسرے سال نہیں۔
(الحائلُ) تغیر پذیر (۲) اونٹنی کا فوری پیدا شدہ بچہ (۳) حاملہ نہ ہونے والی ہر مادہ کہا جاتا ہے "(امرأةٌ حائلٌ، ناقةٌ حائلٌ، و نخلةٌ حائلٌ) (ج) حُوَّلٌ حِوَلٌ حِيالٌ۔
(الحَالُ) موجودہ وقت (جس میں تم موجود ہو) (۲) وہ کپڑا جس میں گھاس کو اکٹھا کیا جائے (۳) دودھ۔

Marfat.com

حالُ الدَّهر: انقلاب۔

حالُ الشَّيِ: صفت، کیفیت وحالت۔

حَالُ الأنسان: انسان کے مختلف احوال و کیفیات (٢) بچوں کے دو پہیے کی گاڑی جس سے وہ چلنا سیکھتے ہیں۔

والحالُ (فی الطبیعة): سائنس و حرارت میں برودت اور یبوست و برودت کی کیفیت کے سریع الزوال ہونے کا نام ہے (مج)۔

(فی علم النفس): اس کیفیت طارہ کا نام جو ابھی پختہ نہ ہوئی ہو (مج)۔

(فی النحو): زمانہ حاضر۔

(٢) فاعل کی حالت بوقت وقوع فعل۔

فاعل اور مفعول میں سے جس کی حالت بیان کی جائے وہ ذوالحال ہے۔

(وفی البلاغة): اس امر کو کہتے ہیں جو کلام فصیح اور مخصوص طریقہ اور کیفیت کے مطابق لانے کا داعی اور سبب ہو۔ اسی کو مقتضائے حال کہتے ہیں۔ (ج) أحْوَالٌ و أحْولَةٌ۔

(الحَالَةُ): الحال حالت، کیفیت۔

(الحَوال): اردگرد۔

قَعَدَ حوالَ الشئ: چاروں اطراف۔

رأیْتُ النَّاسَ حَوَالَیهِ: میں نے لوگوں کو اس کے چاروں طرف گھومتے ہوئے دیکھا۔

حَوَالُ الدَّهْرِ: انقلاب۔

(الحِوَالُ): دو چیزوں کے درمیان رکاوٹ۔

(الحَوَالَةُ): مقروض کی اپنے غیر کی طرف منتقلی (٢) ایک نہر سے دوسری نہر میں پانی کی منتقلی (٣) گواہی (٤) ضمانت (٥) وہ رقعہ جس کے ذریعہ مال ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جائے۔

(الحَوَالِیُّ - الحُوَالِیُّ): انتہائی مکار۔

(الحَوْلُ): حرکت تغیر (٢) سال (ج) أحْوَال۔ (٤) مہارت، دور بینی (٥) صلاحیت کار۔ صحیح طور پر انجام دہی کی قدرت۔

-من الشئ: اطراف، چہار جانب۔ کہتے ہیں (رأیْتُ النَّاسَ حَوْلَه و حَوْلَیه و أحْوَالَه)۔

(الحُوَلُ): دو چیزوں کے درمیان حائل چیز (٢) انتہائی چال باز۔

(الحَوْلُ): صلاحیت کار (٢) زمین میں وہ لمبا شگاف یا گڑھا جس میں ایک لائن سے کھجور کے درخت لگائے جاتے ہیں (٣) ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی۔

-هذا من حَوْلِ الدَّهْرِ: یہ عجائبات زمانہ میں سے ہے۔

(الحَوْلُ): حائل چیز دو چیزوں کے درمیان (٢) بھینگاپن۔

(الحِولاءُ): اونٹنی کی وہ ریزش جو بوقت پیدائش بچہ کے ساتھ باہر آتی ہے اور اسے کاٹ دیا جاتا ہے (٢) بوقت پیدائش بچہ کے سر پر نکلنے والا پانی۔

(الحُوْلاءُ): حُولاء الدَّهْرِ: عجائبات زمانہ۔

(الحَوَلَانُ): الحُولاءُ۔

(الحُوْلَةُ) من الرّجال: مکار آدمی (٢) عجیب وغریب شئ (کہا جاتا ہے "هَذَا مِنْ حُولَةِ الدَّهرِ)۔

(الحُوْلَةُ) من الرّجال: الحُوْلَةُ۔

(الحَوْلِیُّ): سم والا یا غیر سم والا جانور جس پر ایک سال گزر گیا ہو (کہا جاتا ہے "مُهرٌ حَوْلِیٌّ و نَبْتٌ حَوْلِیٌّ) (ج) حَوَالِیٌّ و حَوَالِیَّةٌ۔

(الحَوَّال): وہ چھوٹی نہر جس کے ذریعے پانی ایک طرف سے دوسری طرف جائے۔

(الحُوَّلُ): تلون مزاج آدمی جو ایک حالت پر قائم نہ رہتا ہو (٢) زبردست حیلہ گر۔

(الحَالُ): وہ ڈوری جو اونٹ کی اگلی پٹی سے پچھلی تک بندھی ہوئی ہو (٢) سامنا۔

. کذا: کسی چیز کے سامنے۔

(الحِیلَةُ): صلاحیت کار (٢) ایسا ماہرانہ طریقہ جو ظاہر سے ہٹ کر مقصد تک پہنچنے کی سمت میں مبنی ہو (٣) دھوکہ۔ (ج) حِوَلٌ و حِیَلٌ۔

(الحَیَّالُ): حیلہ گر۔

(الحَیِّلُ): وہ آدمی جس پر کام منتقل کیا جائے (٢) جس کے لئے منتقلی کی جائے۔

(المَحَالُ): صلاحیت، مہارت۔ قرآن عزیز میں ہے (وهُوَ شَدِیْدُ المَحَال)

(المُحَالُ): ہر وہ چیز جس کا نتیجہ فساد اور بگاڑ ہو جیسے کسی جسم میں حرکت و سکون کا جمع ہونا سبب فساد ہے۔

-من الأشیاء: جس کا وجود ناممکن ہو۔

-من الکلام: وہ کلام جو اصل چھوڑ کر دوسری ہیئت اختیار کر گیا ہو یا بگڑا ہوا کلام۔

(المَحَالَةُ): چال (٢) رہٹ نما ایک آلہ سیرابی (٣) روڑ (جس کے ذریعے گھاس کاٹی جاتی ہے) (ج) مَحَالٌ و مَحَاوِلُ۔

-لا مَحَالَةَ من ذلك: یہ ناگزیر ہے۔

(المِحْوَالُ): کلام کو اصل سے بہت بدلنے والا یا بگاڑنے والا۔

(المُحَوِّلُ): بجلی کا وولٹیج گھٹانے اور بڑھانے کا سوئچ (الفُلْطِیَّةُ) (مج)۔

(المُحِیلُ): بے اولاد شخص۔

(المُسْتَحِیلُ): باطل (٢) ناممکن۔

(حَوْلَقَ) حولقةً: لاحول ولا قوّة إلاّ بالله کہنا (منحوتة)۔

(حَامَ) حولَ الشَّئ و علیه ـُ حَوْمًا و حَوْمَانًا: منڈلانا۔ (حدیث میں ہے "مَنْ حَامَ حَوْلَ لِحِمَی یُوْشِكُ أنْ یَقَعَ فِیه)۔ جو شخص گناہوں کے قریب ہوگا تو وہ ان کے ارتکاب کے نزدیک پہنچ گا۔

-الشَّئَ: مقصد بنانا و چاہنا۔

-علی قَرَابَتِه: رشتہ داری کا خیال رکھنا۔

- الحیوَانُ حَوْمًا: پیاسا ہونا۔ هو حائمٌ (ج) حَوَائِم و حُوَّمٌ وهی حائمَةٌ (ج) حَوَائِم۔

(حَوَّمَ) فی الأمر: مسلسل نظر رکھنا۔

(الحَوْمُ): لاتعداد اونٹوں کا گلہ۔

(الحُومُ): سر چکرا دینے والی پرانی شراب۔

(الحَوْمَةُ): پانی ریت یا سمندر کا بڑا حصہ (٢) لڑائی کی سخت جگہ۔

(الحُوْمَةُ): بلور۔

(الحَوْمَانَةُ): سخت زمین (ج) حَوْمَانٌ و

Marfat.com

حَوَامِيْن۔
(الحَومَلُ) من كلِّ شَيءٍ: ہرشئی کا اول حصہ (۲) سیلاب جس میں کوڑا نہ ہو (۳) پانی سے بھرا ہوا سیاہ بادل (ج) حَوَامِل۔
(تَحوَّنَ) ذلیل ہونا (۲) ہلاک ہونا۔
(الحَانَةُ) شراب خانہ (مع)۔
(حَوَى) الشيَ ۔ حَوَايَةً قبضہ کرنا' مالک ہونا۔
حَوَى الحيّةَ: سانپ کو منتر وغیرہ کے ذریعے سے قبضہ میں کرنا۔
(حَوِيَ) الشيُ ۔ حَوًى و حُوَّةً: سبزی مائل سیاہ ہونا (۲) یا سیاہی مائل سرخ ہونا یا ہو جانا۔
-شَفَةُ الرَّجلِ: ہونٹ سرخ سیاہی مائل ہونا۔
-النَّباتُ گہرے سبز رنگ کی وجہ سے سیاہ ہو جانا۔ هو أحوىٰ هي حوّاء (ج) حُوٌّ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَجَعَلَه غُثَاءً أَحْوَىٰ﴾۔
(حَوَّى) الشيَ سمٹنا۔
-الشيَ قبضہ کرنا (لازم ومتعدی)۔
- حَوِيَّةً ایڈوا بنانا (بوجھ اٹھانے کے لئے کپڑا لپیٹ کر سر پر رکھنا)۔
(احْتَوَى) الشيَ و عليه: حاوی ہونا۔
-حَوِيًّا ایڈوا بنانا۔
(تَحَوَّى) سکڑ کر گول ہونا (۲) سمٹنا۔
(کہا جاتا ہے تحوّت الحيّةُ)۔
(الحَاوِي) سپیرا (۲) مداری ۔ (محدثة) (ج) حُوَاةٌ۔
(الحَاوِيَاءُ) حَاوِيَاءُ البَطنِ آنتیں (ج) حَوَايا۔
(الحاوِيَةُ) حاوی کی مؤنث (۲) آنتیں (ج) حَوَايا۔
(الحِوَاءُ) جو جگہ کسی شی کو اپنی احاطے میں لئے ہو (۲) پاس پاس گھروں کا مجموعہ (ج) أحوِيَةٌ۔
(الحُوُّ) سرخ نیہوتی جسے نمل سلیمان کہا جاتا ہے۔
(حَوَّاءُ) تمام انسانوں کی ماں۔ حضرت حوا۔
(الحُوَّاءَةُ) من الرجال: گھر میں پڑا رہنے والا آدمی۔
(الحُوَّةُ) سبزی مائل یا سرخی مائل سیاہی۔
-حُوَّةُ الوادي: وادی کا کنارہ۔
(الحَوِيُّ) ہرشئی کی گولائی (۲) اونٹوں کے پانی پینے کا چھوٹا حوض یا جوہڑ (۳) استحقاقی مالک۔
(الحَوِيَّةُ) وہ کمبل یا کمبل نما کپڑا جس میں گھاس بھر کر اونٹوں کی کوہان پر عورتوں کی سواری کے لئے رکھا جائے (۲) ایڈوا۔ (۳) وہ ٹھوس چکنی زمین جس کو پانی جمع کرنے کے لئے مٹی اور پتھروں سے گھیر دیا جاتا ہے۔
-حوية البطن: آنتیں (ج) حَوَايا۔
قرآن عزیز میں ہے: ﴿وَمِنَ البَقَرِ وَالغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُومَهُمَا إِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُورُهُمَا أَوِ الحَوَايَا﴾۔
-کہاوت ہے المَنَا علي الحَوَايا: اس آدمی کے بارے میں جو خود اپنی ہلاکت کا سامان کرے۔
(الحَيَّةُ) سانپ جس کی بہت سی قسمیں ہیں۔ (ج) حَيَّات۔ جیسے ثعبان' أفعي اور صل وغیرہ۔
(المُحْتَوَى) پانی کے قریب بنے ہوئے اون کے خیمے۔
(المَحْوِي) المُحْتَوَى۔
(المَحْوَاةُ) أرضٌ مَحْوَاةٌ: بہت سانپوں والی زمین۔
(المَحْوِي) المُحْتَوَى: المسمار المَحْري پیچ' کابلا۔

ح ..... ی

(حَيْثُ) ظرف مکان جملوں کی طرف مضاف ہو کر استعمال ہوتا ہے معنی جہاں' جس جگہ۔ چونکہ اس کے ساتھ ما کا ذیل جائے تو یہ شرط کے معنی میں ہوتا ہے اور دونوں فعلوں کو جزم دیتا ہے۔
جیسا کہ اس شعر میں ہے۔
حَيْثُمَا تستقم يقدرْ لَكَ الله
مه نجاحًا في غابرِ الأزمَانَ
اور کہا گیا ہے کہ اس سے ظرف زمان بھی مراد لیا جاتا ہے (جیسا کہ شعر مذکورہ میں)۔
(حَاجَ)- حَيْجًا: ضرورت مند ہونا۔
(أحَاجَتِ) الأرضُ: زمین کا کانٹے دار پودا (حاج) اُگانا۔
(الحاج): ایک کانٹے دار پودا۔
(حَيْجَمَ) الرجلُ: اپنے سے سرگوشی کرنا۔ (۲) کان میں کچھ کہنا آہستگی کے ساتھ۔
(حَادَ) عن الشيءِ ۔ حَيْدًا' وَحَيَدَانًا: ہٹنا (کہا جاتا ہے حادبه عن الطَّرِيق)۔
(أحَادَهُ) عن الشيءِ: علیحدہ کرنا۔
(حَايَدَهُ) مُحَايَدَةً و حِيَادًا: کنارہ کشی (۲) کسی سے جھگڑا بند کرنا۔
(حَيَاد) کہتے ہیں حِيدِي حَيَادِ: بازرہ (اس آدمی سے کہا جاتا ہے جو فرار اختیار کر رہا ہو یا اپنی رائے پر جما ہوا ہو)۔
(الحِيَدُ) غیر جانب دار۔
الحِيدُ الإيجابيُّ: مثبت غیر جانبداری یعنی یہ کہ کوئی ملک برسر پیکار ممالک میں سے کسی ایک کی حمایت نہ کرے امن عامہ کے لئے تمام ممالک سے تعاون کی راہ پر گامزن ہو (مج)۔
(الحَيْدُ) کسی شی کا ابھرا ہوا گوشہ۔ (کہا جاتا ہے حَيْدُ الجَبَلِ و حَيْدُ الرَّأسِ) (۲) مثل اور نظیر (۳) بہت ٹیڑھی پسلی۔ (ج) أحيار' و حُيُور۔
(الحَيْدُ) بوقت ولادت جنین کا پیٹ سے بشکل نکلنا۔
(الحِيدُ) مثل ونظیر۔
(الحَيَدَى) متکبرانہ چال۔
حِمَارٌ حَيَدَى: جلد بدکنے اور بھڑکنے والا گدھا۔ (جو اپنے سایہ سے بھی دور بھاگتا ہو)۔
(الحَيَدَانُ) جانوروں کے چلنے سے اڑنے والی کنکریاں۔
(الحَيْدَةُ) نظر بد (کہتے ہیں مَا نَظَرَ إليّ إلا نَظَرَ الحَيْدَةِ) (۲) پہاڑی بکرے کے سینگ

Marfat.com

کی گرہ۔
کہا جاتا ہے "ضَرَبَه علی حَیْدَةِ رأسِه او حَیْدِه و علی حَیْدَتَیْ رأسِه۔ اسے اس کے سر کے اطراف کی دو گرہوں پر مارا (ج) حِیَدٌ۔
(الحَیِدُ) حِمارٌ حَیِدٌ: پھرتیلا ہونے کی بنا پر اپنے سائے سے بہت بدکنے والا۔
(المَحِیْدُ): کہا جاتا ہے: مالكَ مَحِیدٌ عن هٰذا: تم کو اس سے مفر نہیں۔ تم اس سے بچ نہیں سکتے۔
(حَارَ) بَصَرُهُ - حَیْرًا و حَیْرَةً و حَیَرَانًا: نگاہ کا چکا چوند ہونا (یعنی جس شئ کو دیکھا جائے وہ نہ دیکھی جا سکے اور نگاہ لوٹ آئے۔
-فُلانٌ: راستہ بھول جانا۔ "حار فی الأمر" بھی کہتے ہیں۔
-الماءُ: پانی کا جمع ہو کر چکر لگانا۔ ھو حائِرٌ حَیْرانٌ ھی حَیْرَی (ج) حَیارَی۔
(حَیَّرَهُ): حیرت میں ڈالنا۔
(تَحَیَّرَ): حیران ہونا۔
تَحَیَّرَ السَّحابُ: بادل کا ایک جگہ رک کر خوب برسنا۔
-الماءُ: پانی کا زور سے چکر لگانا۔
-المکانُ والإناءُ بالماء و نحوہ: پانی سے بھر جانا۔
(اِستَحارَ) الرَّجُلُ أو الماءُ فی المکان: کسی جگہ پر چکر لگانا اور وہیں رہنا۔
-المکانُ والإناءُ بالماءِ و نَحوِہ پانی وغیرہ سے بھر جانا۔
-مکانَ کذا و بمکانِ کذا: چند روز کسی جگہ قیام کرنا۔
(استَحیَرَ) الشرابُ و غیرُہ: پینے کی چیز کا آسانی سے حلق سے اتر جانا۔
(الحائِرُ): پریشان، مضطرب آدمی (۲) ہموار جگہ جس کے کنارے ابھرے ہوئے ہوں اور اس میں پانی جمع رہتا ہو (۳) باغ (ج) حِیرانٌ و حُورَانٌ۔
(الحَارَةُ): محلہ۔

(الحارِیّ): کہا جاتا ہے۔ لا آتیه حارِیَّ الدھرِ۔ أو حارِیَّ دھرٍ: میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔
(الحَیْرُ): باغ، غار، زمین یا باڑہ نما جگہ، ممنوعہ علاقہ۔
(الحِیَرُ): بہت مال و اولاد والا۔ لا آتیه حِیَرَ الدھرِ: میں اس کے پاس کبھی نہ آؤں گا۔
(الحِیرَةُ): شک و بے چینی۔
- أصبحت الأرض حِیرَةً: زمین سبز اور سبزی والی ہوگئی۔
(الحَیْرُ): آسمان پر چھائی ہوئی گھٹا۔
(المَحَارَةُ): سیپی (۲) پانی جمع ہونے کی جگہ۔ (دیکھئے ح و ر)۔
(المُسْتَحِیرُ) طَرِیقٌ مُسْتَحِیرٌ: گم کر دینے والا راستہ جس سے کسی جہت میں نکلنا دشوار ہو۔
(المُسْتَحِیرَةُ): جَفْنَةٌ مُسْتَحِیرَةٌ: بہت مرغن بادیہ پیالہ۔
(حَازَ)- حَیْزًا و حِیازةً: (دیکھئے ح و ز)۔
(تَحَیَّزَ) الرَّجُلُ: کھڑا ہونے میں دیر لگا دینا۔
-إلیھم: طرف دار ہونا، ہم نوا ہونا۔
قرآن پاک میں ہے ﴿وَمَن یُوَلِّھِم یَومَئِذٍ دُبُرَہ إلّا مُتَحَرِّفًا لِقِتالٍ او مُتَحَیِّزًا إلی فِئَةٍ فَقَد بَاءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰہِ﴾۔
-ھو متحیِّزٌ لفلانٍ: حمایتی، ہم خیال۔
(الحِیَازَةُ): (دیکھئے ح و ز)۔
(الحَیِّزُ): (دیکھئے ح و ز)۔
(حَاسَ) الحَیْسَ - حَیْسًا: کھجور، پنیر اور گھی کا حلوا بنانا۔
-الشیَ: ایک چیز کو دوسری چیز سے ملانا۔
-الحبلَ: ڈھیلا بٹنا۔
(حَیَّسَ) الحَیْسَ: حاسه۔
(الحَیْسُ): کھجور، پنیر (یا ستو) اور گھی ملا کر بنایا ہوا کھانا۔
شاعر کا شعر ہے:
وإذا تکون کَرِیھَةٌ أُدْعَی لَھا
وإذا یُحَاسُ الحَیْسُ یُدعَی جُنْدَبُ
جب مصیبت اور لڑائی کا وقت آجاتا ہے تو بلایا

جاتا ہے اور خوشحالی میں فراموش کر دیا جاتا ہو (۲) خراب کام۔
(حَاشَ)- حَیْشًا: گھبرانا (۲) پیچھے کو ہٹنا۔
-الوادی: پھیلاؤ ہونا۔
-فلانًا: کسی کو خوفزدہ کرنا۔
(تَحَیَّشَت) نفسُه: پیچھے کو ہٹنا۔
(الحَیْشُ) گروہ، جماعت۔
(الحَیْشانُ) سہا ہوا (۲) خوف زدہ۔
(حَاصَ) عنه - حَیْصًا و حَیَصَانًا و مَحِیصًا: الگ ہونا، فرار ہونا۔
-القومُ: لوگوں کا فرار ہونے کے لئے ایک چکر کاٹنا۔
(حایَصَه) دھوکہ سے پکڑنا (۲) غالب آنا۔
حایصَ الموتَ: موت سے بھاگنے کی کوشش کرنا۔
(انحَاصَ): الگ تھلگ ہونا۔
(تحایَصَ) عنه: کنارہ کش ہونا۔
(حَاصِ) وَقَعَ القَومُ فی حَاصِ بَاصِ تنگی و پریشانی میں پڑنا۔
(حَیْصَ و حَیْصِ) کہا جاتا ہے (وقعَ القومُ فی حَیْصَ بَیْصَ و حَیْصِ بَیْصِ مصیبت و پریشانی میں پڑنا۔
(حِیصَ) کہا جاتا ہے وقع القومُ فی حِیصَ و بِیصَ: پریشانی میں مبتلا ہونا۔
(الحِیَاصَةُ) (دیکھئے ح و ص)۔
(الحَیُوصُ) دَابَّةٌ حَیُوصٌ بہت بدکنے والا جانور۔
(المَحِیصُ) کہا جاتا ہے: ما عنه مَحِیصٌ چھٹکارا، راہ فرار۔
(حَاضَت) المرأةُ - حَیْضًا: حیض آنا ھی حائض (ج) حوائض و حُیَّضٌ و حائضة (ج) حَوائضُ (۲) حیض کی عمر کو پہنچنا۔
-شَجَرُ السَّمُرِ: ببول کے درخت سے خون جیسا پانی نکلنا۔
-السیلُ: بہنا۔
(حَیَّضَ) المَاءَ: بہانا۔
(تَحَیَّضَت) المرأةُ: حائضہ ہونا (۲) ایام

Marfat.com

حیض میں نماز چھوڑنا اور انقطاع حیض کا انتظار کرنا (۳) خود کو حائضہ سمجھنا (۴) حائضہ جیسا کام کرنا۔

(اسْتُحِيضَتِ) المَرأةُ مستحاضہ ہونا۔

(الحِيَاضُ) حیض کا خون۔

(الحَيْضُ) وہ خون جو عورت کے رحم سے ہر ماہ متعینہ ایام میں آتا ہے۔ حیض۔

(الحِيضَةُ) حیض کا چیتھڑا (۲) حیض کا خون (ج) حِيَضٌ۔

(المَحِيضُ) حیض، قرآن مجید میں ہے: ﴿وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْمَحِيضِ قُلْ هُوَ أَذًى﴾۔

(الحَيْطَةُ) (دیکھئے ح و ط)

(الحِيطَةُ) (دیکھئے ح و ط)

(الحَيْطُ) (دیکھئے ح و ط)

(المُحِيطُ) (دیکھئے ح و ط)

(حَيْعَلَ) المؤذِّنُ موذن کا حیّ علی الصلوٰۃ کہنا۔

(حَافَ) عليه ـِ حَيْفًا ظلم کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿أَمْ يَخَافُونَ أَنْ يَحِيفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُولُهُ﴾۔

-الأَبُ باپ کا اولاد کے ساتھ برابری نہ کرنا (کسی کو کم کسی کو زیادہ دینا) ھو حائف (ج) حَافَةٌ و حُيَّفٌ و حُيُفٌ۔

(حَيِفَ) المكانُ و الأرض ـَ (يَحْيَفُ)۔ حَيَفًا کسی جگہ بارش نہ ہونا۔ ھو أَحْيَفُ و ھی حَيْفاء (ج) حُوفٌ۔

(تَحَيَّفَ) الشيءَ کنارہ سے لے کر اسے کم کرنا کہا جاتا ہے تَحَيَّفَتْهُمُ السَّنَةُ۔

(الحَائِفُ) حائفُ الجَبَلِ پہاڑ کا کنارہ۔

(الحَافُ) زبان کے نیچے ہرے رنگ کی رگ وہ دو ہوتی ہیں (حافان)۔

(الحَافَةُ) کنارہ (ج) حِيَفٌ و حِيفٌ۔

(الحَافَةُ) کنارہ (ج) حِيَفٌ و حِيفٌ۔

(الحَيْفُ) ظلم و ستم (۲) پتھر کی نوک (ج) حُيُوفٌ۔

(الحِيفَةُ) کنارہ جانب (۲) تیر اور کمان بنانے اور چھیلنے کی چھری (ج) حِيَفٌ۔

(حَاقَ) به الشيءُ ـِ حَيْقًا و حُيُوقًا و حَيَقَانًا گھیرنا، احاطہ کرنا۔

-به الأمرُ لازم ہو جانا۔

-فيه السَّيفُ تلوار کا نشان ڈالنا۔

-الشيءَ رگڑنا (مَحِيقٌ و مَحْيُوقٌ)۔

(أَحَاقَ) به الشيءُ احاطہ کرنا۔ أحاق اللّٰهُ بِهِمْ مَكْرَهُمْ: اللہ نے ان کے مکر کو ان کے لئے مصیبت بنا دیا جو ان کو گھیرے ہوئے ہے۔

(حَايَقَهُ) کسی سے بغض و عداوت رکھنا۔

(احتاقَ) علي الشيء محتاط ہونا۔

(الحاقُ) حاقُ الجُوعِ بھوک کی شدت۔

(الحَيْقُ) غلط کام کا برا انجام۔

(الحَيِّقُ) الحَيْقُ۔

(الحُيْقُرُ) کمزور یا کمینہ (ج) حَيَاقِرُ۔

(حَاكَ) في كذا ـِ حَيْكًا اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے حاكَ السيفُ في فلانٍ والقولُ في القلب۔

-المُدْيَةُ چھری کا کاٹنا۔

-في مِشيَتِهِ حَيَكَانًا متکبرانہ چال چلنا (۲) زور دے کر چلنا۔

جاءَ يَحِيكُ وہ دونوں ٹانگوں کو پورا کرتے ہوئے آیا۔ (ایسے جیسے ان دونوں پر گوشت زیادہ ہوا اور اس وجہ سے ان کو الگ الگ کر کے چل رہا ہو)۔

-الثَّوبَ بُنا ھو حائكٌ و حَيَّاكٌ وھی حَيَّاكَةٌ و حَيَكَى و حِيكَى و حَيَكَانَةٌ و حِيكَانَةٌ۔

(أَحَاكَ) فيه السيف و نحوه ۔

(احْتَاكَ) بِثَوْبِهِ کپڑے کا حبوہ بنانا (کمر اور پنڈلیوں سے باندھنے کے لئے)۔

(تَحَايَكَ) جاءَ يَتَحَايَكُ و يَتَحَيَّكُ وہ اتراتا ہوا آیا۔

(تَحَيَّكَ) تَحَايَكَ۔

(الحِيَاكَةُ) بنائی بنائی کا پیشہ (دیکھئے ح و ک)

(حَالَ) الماءُ ـِ حَيْلًا وادی کے بیچ میں پانی اکٹھا ہونا۔

(تحايَلَ) علي الرجُلِ أو الشيء: مقصد بر آوری کے لئے کسی کے ساتھ ماہرانہ طرز اختیار کرنا (محدثہ)۔

(تَحَيَّلَ): اپنے کاموں میں حیلہ و تدبر سے کام لینا۔

(الحِيَالُ): (دیکھئے ح و ل)۔

(الحَيْلُ) وادی میں جمع شدہ پانی (ج) أَحيال و حُيُول۔

(الحِيلَةُ): (دیکھئے ح و ل)۔

(الحَيْلَةُ) بکریوں کا ریوڑ (۲) پہاڑ کے اطراف سے ٹوٹ کر گر جانے والے پتھر جو نیچے پہنچ کر بہت ہو جائیں۔

(الحِيلَانُ) غلہ گاہنے کا آلہ۔

(الحَيَّالُ) (دیکھئے ح و ل)

(الحَيِّلُ) (دیکھئے ح و ل)

(المُحَيِّلُ) (دیکھئے ح و ل)

(المُسْتَحِيلُ) (دیکھئے ح و ل)

(حَانَ) الأمرُ ـِ حَيْنًا و حَيْنُونَةً کسی کا وقت آ جانا۔ کہتے ہیں "حانَتِ الصّلاةُ و حانَ حِينُ الشيءِ"۔

-له ان يَفْعَلَ كذا اس کے لئے یہ کام کرنے کا وقت آ گیا ہے۔

-الرَّجُلُ آدمی کا وقت آ جانا۔ کہا جاتا ہے "حَانَ حِينُ النَّفْسِ" (۲) راہ راست پر نہ آنا۔

(أَحَانَ) لمبا عرصہ گزرنا۔

-الشيءُ ہلاک ہونا۔

(أَحْيَنَ) القومُ لوگوں کے اپنے مقصد تک پہنچنے کا وقت آ جانا۔

-الإبلُ اونٹنی کا دودھ دینے یا بوجھ لادنے کا وقت آ جانا۔

-بالمكان کچھ وقت قیام کرنا۔

(حَايَنَهُ) مُحَايَنَةً و حِيَانًا وقتاً فوقتاً کسی سے معاملہ کرنا۔

(حَيَّنَهُ) کسی کے لئے وقت متعین کرنا۔

-اللّٰهُ فُلانًا ہدایت کی توفیق نہ دینا۔

Marfat.com

(تَحَيَّنَ) الشيَ: کسی چیز کے وقت کا انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَيَّنَ غَفْلَتَهُ و تحيَّنَ الفُرَص للعمل"۔

(الحَائِنَةُ): حائن کی تانیث (۲) ہلاکت خیز مصیبت (ج) حوائنُ۔

(الحِينُ): وقت (زمانہ کا ایک حصہ) کم ہو یا زیادہ ہو۔ طویل ہو یا مختصر۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ﴾ (وَلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ)۔

(۲) زمانہ (ج) أحيان (جج) احايينُ۔

(الحَيْنُ): ہلاکت (۲) آزمائش۔

کہا جاتا ہے "إذا حَانَ الحَيْنُ حارَتِ العَيْنُ"

(الحِينَةُ و الحَيْنَةُ): کہتے ہیں: مَا ألقاهُ إلا الحِينَة بعد الحِينَةِ بوقتاً فوقتاً ہی میں اس سے ملتا ہوں۔

هو يأكُلُ الحَيْنَةَ: وہ دن رات میں ایک دفعہ کھاتا ہے۔

حَيْنَةُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دوہنے کا وقت۔

(المِحْيَانُ): وقت، موقع۔

(حَيِيَ) ـَ حَيَاةً و حَيَوَانًا: زندہ رہنا، کہا جاتا ہے حَيِيَ يحيا فهو حَيٌّ۔

-القومُ: لوگوں کی حالت اچھی ہونا۔

الطريقُ: راستہ کا واضح ہونا۔

-من القبيح حياءً: بری بات پر شرم آنا۔

(۲) کسی سے شرمانا۔ هو حَيِيٌّ۔

(أحْيَا) القومُ: زندگی حاصل کرنا (۲) جانوروں کا اچھی حالت میں ہونا۔

-الناقةُ: اونٹنی کے بچہ کا زندہ رہنا۔

فهي مُحْيٍ و مُحْيِيَةٌ۔

-اللهُ فلانًا: زندہ رکھنا۔

-اللهُ الارضَ: اللہ کا زمین کو شاداب رکھنا۔

قرآن پاک میں ہے: ﴿فَسُقْنَاهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا﴾۔

-الرّائد الارضَ: متلاشی آدمی نے زمین کو زرخیز و شاداب پایا۔

فلانٌ الليلَ: شب بیداری کرنا اور عبادت میں مصروف رہنا۔

(حَيَّاه) اللهُ: اللہ اسے زندہ رکھے۔

کہا جاتا ہے "حَيَّاكَ اللهُ و بَيَّاكَ"۔

اللهُ القومَ بِحَيًا: اللہ کا کسی قوم کی بارش سے مدد کرنا۔

-فُلانٌ فُلانًا: زندہ رہنے کی دعا دینا (۲) سلام کرنا۔

-حَيَّ الخَمسين: پچاس کے قریب ہونا۔

(حَايَا) القومُ بعضهم بعضًا: ایک دوسرے کو سلام کرنا۔

-النارَ بالنَّفْخ: آگ کو پھونک مار کر سلگانا۔

-الصَّبِيَّ: بچہ کو غذا دینا۔

-فُلانًا: روح پھونکنا۔

(تَحَايَا) القومُ: باہم سلام کرنا۔

(تحيَّا) منه: منقبض ہونا۔

(اسْتَحْيَا) الأسيرَ: قیدی کو قتل نہ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَاۤءَكُمْ وَ يَسْتَحْيُوْنَ نِسَاۤءَكُمْ﴾۔

-فُلانٌ فُلانًا: کسی کا کسی سے شرمانا۔

کہا جاتا ہے (استحيا منه واستحاه واستحىَ منه)۔

(التَّحِيَّةُ): سلام۔

(الحَيَاءُ): شرم و حیاء۔

-من ذوات الخُفِّ و الظِّلْفِ کھر اور سم والے جانوروں کی فرج۔

(الحَيَا): شادابی (۲) بارش۔

(الحَيَاةُ): زندگی، نشوونما (۲) منفعت۔

(في علم الأحياء): جمادات کے مقابلے میں پائی جانے والی تمام حرکات و نشوونما کی خصوصیت جیسے تغذیہ، نشوونما اور تناسل وغیرہ جو انسان و حیوان دونوں میں مشترک ہیں۔ جمادات میں نہیں (مج)۔

(الحَايِي): سانپوں والا۔

(الحَيَوَان): جانور ذی روح۔

(حَيَّ): حَيَّ على كذا و الى كذا بدی سے آ۔ اسی سے ہے: حَيَّ على الصَّلوة و حَيَّهَلْ، و حَيَّهَلًا و حَيَّهَلًا۔

Marfat.com

خ

(الخاءُ) حروفِ ہجائیہ کا ساتواں حرف۔ اس کا مخرج ادنیٰ حلق ہے اور اس میں صفت ھمس اور رخوت پائی جاتی ہے۔

(الخَاتون) معزز عورت (د) (ج) خواتین (۲) خانقاہ (د)

(خَبَأَهْ)۔َ خَبْئاً چھپانا (۲) محفوظ کرنا۔

-أخبَأ الجَارِيَةَ لڑکی کو شادی ہونے تک پردے میں رکھنا۔

(خَابَأَهُ) پہیلی بوجھنا۔

(خَبَّأَهُ) خَبَأَهُ۔ کہتے ہیں خَبَّأَ الجارِيَةَ۔

(اِختَبَأَ) پوشیدہ ہونا۔

-الشَّيَ چھپانا (۲) ذخیرہ کرنا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے ''اِخْتَبَأْتُ عِنْدَ اللهِ خِصَالاً إنّي لَرَابِعُ الاسلام وكذا وكذا''۔

-له خَبِيئًا کوئی چیز چھپا کر اس کے بارے میں سوال کرنا۔

(تَخَبَّأَ) چھپنا۔

-خِباءً ریشم یا اون یا بالوں کا خیمہ بنانا۔

(الخَابِيَة) پانی یا شراب کا مٹکا۔ (ج) الخوابی خابیة کی اصل خابئة ہے اور خوابی کی اصل الخوابئُ ہے تخفیف کے لئے ہمزہ کی تسہیل کر دی گئی۔

(الخَبْءُ) ذخیرہ کی ہوئی چیز (۲) چھپائی ہوئی چیز قرآن مجید میں ہے ﴿الَّذِي يُخْرِجُ الخَبْءَ فِي السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ﴾۔ خَبْءُ کی تفسیر وہی ہے جو خَبْءُ الارض کی ہے۔ نباتات: حبُ السَّمَاء کی تفسیر بارش کی ہے۔ کہتے ہیں ''أخْرَجَ خَبْءُ السماءِ خَبْءَ الأرض''۔

(الخِبَاءُ) ریشم یا اون یا بالوں کا خیمہ بنانا جو دو یا تین ستونوں پر لگایا جائے۔ (۲) گھر، حدیث مبارکہ میں ہے ''أنَّهُ أتي خِبَاءَ فاطمةَ'' (۳) بھوسی، بالی میں گیہوں یا جو کا چھلکا، (۴) کلی کے اوپر کی جھلی۔ (ج) أخبِيَةٌ (اصل اس کی أخْبِئَةٌ ہے) تخفیف کے لئے ہمزہ کی تسہیل کی گئی ہے۔

(الخَبْأَة) چھپائی ہوئی چیز (۲) جمع کردہ مال۔

(الخُبَأَة) امرأةٌ خُبَأَة پردہ نشین عورت، ایسی عورت جو گھر میں چھپ کر بیٹھی رہی۔

- امرأةٌ خُبَأَةٌ طُلَعَةٌ جو کبھی پردے میں رہتی ہو کبھی باہر نکلتی ہو۔

-خُبَأَةٌ خَيْرٌ مِنْ يَقَعَةِ سَوْءٍ خانہ نشین لڑکی فضول لڑکے سے بہتر ہے۔

(الخَبِيُّ) الخُبْأَة (۲) وہ شَی جسے چھپا کر اس کے بارے میں سوال کیا جائے۔

(الخَبِيئَةُ) پوشیدہ رکھی ہوئی چیز۔ (ج) خَبَايَا۔ حدیث مبارکہ میں ہے ''اطلبو الرِّزْقَ فی خَبَايَا الأرْض'' سے مراد یا تو زمین کے بیج ہیں یا اس کی کانیں، پہلی صورت میں حدیث میں زراعت کی ترغیب دینا اور دوسری صورت میں کان کنی پر آمادہ کرنا ہوگا۔

(المَخْبَأُ) پناہ گاہ (جہاں فضائی حملوں سے بچنے کے لئے جس جگہ پناہ لی جائے، کمین گاہ)۔

(المُخَبَّأَةُ) من الجواري ایسی پردہ نشین لڑکی جو شادی شدہ نہ ہو۔

(خَبَّ)۔ُ خَبًّا و خَبَبًا و خَبِيبًا: دوڑنا۔ حدیث میں ہے: ''أنَّهُ كان إذا طاف خبَّ ثَلاثًا''۔

-الفَرَسُ گھوڑے کا دوگامہ چلنا۔

-فُلانٌ في الأمر جلدی کرنا۔

-النَّبَاتُ پودے کا بڑھنا، بلند ہونا۔

-البَحْرُ خِبَّاً خِبَابًا سمندر کا جوش مارنا۔

(خَبَّ)۔َ خِبًّا خیانت کرنا دھوکہ دینا ھو خِبٌّ (ج) خُبوب۔ حدیث میں ہے ''لا يَدْخُلُ الجَنَّةَ خَبٌّ وَلَا خَائِنٌ''۔ کہتے ہیں (لَيْسَ أمِيرُ القَوْمِ بِالخَبِّ الخَدِعِ)۔

(أخَبَّ) الدَّابَّةَ: جانور کا دوگامہ چلانا۔

(خَبَّبَهُ) دھوکہ دینا، خراب کرنا۔ کہا جاتا ہے خَبَّبَ عَبْدًا او أمَةً لِغَيْرِه او خَبَّبَ علی فلان زَوْجَه: اس نے فلاں کی بیوی یا دوست کو خراب کر ڈالا۔ حدیث شریف میں ہے (من خَبَّبَ امرأةً أوْ مَمْلُوكَةً على مُسْلم فليس مِنَّا)۔

(اِخْتَبَّ) جلدی کرنا۔ کہتے ہیں اخْتَبَّتِ الدَّابَّةُ۔

-من ثوبه خُبَّةً ہاتھ پر پٹی باندھنے کے لئے کپڑے سے ٹکڑا پھاڑنا۔

(الخَابُّ) رشتہ داری، ازدواجی رشتہ۔ (ج) خَوَابٌّ (لي فيهم خَوَابٌّ) بھی کہا

Marfat.com

جاتا ہے)۔
(الخَبُّ): دو سخت زمینوں کے درمیان نرم ٹکڑا۔(۲) زمین سے لگی ہوئی ریت یا دھاری (ج)أخباب۔
(الخُبُّ): پٹی جیسا لمبا چیتھڑا جسے پٹی بنا کر کپڑے سے پھاڑا جائے ہاتھ پر باندھنے کے لئے (۲) درخت کی چھال (۳) پست زمین۔ (ج)خُبُوبٌ' أخْبَابٌ۔
- ثَوْبٌ أخْبَابٌ: پھٹے پرانے کپڑے۔
(الخِبَّةُ): پٹی جیسا کپڑا (ج)خِبَبٌ۔
(الخُبَّةُ). الخَبَّةُ (۲) وادی کا درمیانی نشیبی حصہ (۳) درمیانہ درجہ کی زمین جو نہ زرخیز ہو نہ بنجر۔ (۴) وہ جگہ جہاں پانی جمع ہوتا ہو اور پھر اس کے اردگرد سبزیاں اُگ آتی ہیں (ج)خُبَبٌ۔
(الخَبِيبُ): وادی کا درمیانی حصہ (۲) لمبا گڑھا۔
(الخَبِيبَةُ): الخِبَّةُ (۲) وادی کا وسطی حصہ۔ (۳) گوشت کا لمبا ٹکڑا (۴) ریت یا بدلی کی دھاری (ج)خَبائب۔
- ثَوْبٌ خَائِبٌ: بوسیدہ اور پرانے کپڑے۔
(المَخَبَّةُ): وادی کا درمیانی حصہ۔
(خَبَتَ) المكانُ ـُ خَبْتًا: پست ہونا۔
(۲) نام ہُنا۔
(أخْبَتَ): پست وکشادہ زمین کا قصد کرنا (۲) ٹھہرنا' قیام کرنا۔
(۲) تواضع اور اظہار انکساری کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَأخْبَتُوا إلى رَبِّهِمْ﴾۔
دوسری جگہ ہے (وَبَشِّرِ المُخْبِتِينَ)۔
-إليه: مطمئن ہونا۔
-ذِكْرُهُ: شہرت ختم ہو جانا۔
(الخَبْتُ)من الأرض: نشیبی وریتلی زمین۔ (۲) گہری و دراز زمین جس میں نباتات ہوں۔ (ج)خُبوت و أخْبات۔
(الخَبْتَةُ): تواضع۔
(خَبُثَ)الشَّيءُ ـُ خُبْثًا و خَبَاثَةً و خَبَاثِيَةً: پلید و ناپاک و ناپسندیدہ ردی و خراب ہونا۔
-فُلانٌ: بد باطن ہونا۔ خبیث۔
(ج) خُبَثَاءُ' و خُبُثٌ' و خَبَثَةٌ و أخْبَاثٌ (جج)الأخير: أخَابِيثُ۔
(ج)خَبَائِثُ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ و يُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الخَبَائِثَ﴾۔
-نَفْسُه: جی متلانا۔
-فُلانٌ: خَبُثَ (۲) برائی یا بدکاری کا ارتکاب کرنا (۳) بری صحبت اختیار کرنا (۴) خبیث و بری اولاد کو جنم دینا۔
-فُلانًا: برائی سکھانا۔
-نسبه إلى الخبيث: برائی کی طرف منسوب کرنا۔
-فُلانٌ القولَ: بری بات کہنا۔
(تَخَابَثَ). خباثت کا مظاہرہ کرنا۔
(اسْتَخْبَثَه). خباثت کرنے والا سمجھنا۔
(الأخْبَثَان): پیشاب و پاخانہ۔
حدیث مبارکہ میں ہے: (لا يُصَلِّي أحَدُكُمْ وهو يُدَافِعُ الأخْبَثَيْن) (۲) بے خوابی پریشانی۔
(خَبَاثِ): عورت کو گالی دینے کے لئے کہا جاتا ہے یا خَبَاثِ (اے بدکار عورت)۔
(الخِبِّيثُ): بڑا شریر (صیغہ مبالغہ)۔
(خُبَثُ): مرد کو گالی دینے کے لئے کہا جاتا ہے یا خُبَثُ (اے بدکار مرد)۔
(الخَبَثُ): میل جو لوہے وغیرہ کو بھٹی میں تپانے یا کوٹنے کے وقت نکلتی ہے۔ حدیث مبارکہ میں ہے: (إنّ الحُمَّى تنفِي الذُّنُوبَ كَمَا يَنفِي الكِيرُ الخَبَثَ)۔ (۲) ناپاکی۔ حدیث مبارکہ میں ہے: (إذا بَلَغَ المَاءُ قُلَّتَيْن لَم يَحْمِلْ خَبَثًا)۔ (ج)أخْبَاثٌ۔
-(في علم الكيمياء): خام دھات کو عام دھات میں ڈھالتے ہوئے اس میں سے الگ کیا گیا میل کچیل' پگھلی ہوئی دھاتوں کا تغالہ (مج)۔
- خَبَثُ البُركان: لاوا جو آتش فشاں پہاڑ سے نکلتا ہے (مج)۔
(الخِبْثَةُ): حرام ممنوع۔
کہا جاتا ہے سَبْيٌ لا خِبْثَةَ فيه: یعنی ایسی قوم کا قیدی جنہیں کچھ وجوہات کی بنا پر غلام بنانا جائز نہ ہو۔ (۲) زنا۔
هو ابنُ خِبْثَةٍ وہ حرام زادہ ہے۔
(المَخْبَثَةُ): باعث خرابی۔
طَعَامٌ مَخْبَثَةٌ: ایسا کھانا جس سے جی متلائے یا حرام کھانا۔
(مَخْبَثَانُ) کہتے ہیں یا مَخْبَثَانُ: او خبیث! (برائے مذکر و مونث) مونث کے لئے یہ بھی کہتے ہیں یا مَخْبَثَانَةُ او خبیث عورت۔
(خَبْخَبَ)الشَّيءُ خَبْخَبَةً و خَبْخَابًا ڈھیلا ہونا' حرکت کرنا' هو خَبْخَابٌ۔
-فُلانٌ: پیٹ ڈھیلا ہونا (۲) دھوکہ دینا۔
-من الظَّهِيرةِ: دوپہر میں سفر چھوڑ کر سایے میں پڑا رہنا۔
(تَخَبْخَبَ)الشَّيءُ: ڈھیلا ہونا۔
-بَدَنُه: موٹاپے کے بعد دبلا ہونا۔
-الحَرُّ: گرمی کی شدت میں کمی آنا۔
(خَبَرَتِ) النَّاقَةُ ـُ خُبورًا: اونٹنی کا دودھ زیادہ ہونا۔
- الشيءَ خِبْرًا و خِبْرَةً و مَخْبَرَةً آزمانا (۲) کسی چیز کو تجربے سے جان لینا۔ هو خَابِرٌ۔
کہا جاتا ہے "مِنْ أين خَبَرْتَ هذا الأمر"۔
لَأخْبُرَنَّ خُبْرَكَ: میں تمہاری حقیقت جان کر رہوں گا۔
-الطعامَ: کھانے کو مرغن بنانا۔
-الأرضَ: زمین میں کھیتی باڑی کرنا۔
(خَبِرَتِ) الأرضُ ـَ خَبَرًا: زمین میں گڑھوں کا کثرت سے ہونا۔
-کہا جاتا ہے "خَبِر المكانُ" هُوَ خَبِرٌ۔
-الشَّيْءَ: جاننا۔
(خَبُرَتِ) النَّاقَةُ - خبزرا ... ں کا دودھ زیادہ دینا۔
-الرَّجُلُ: ماہر و تجربہ کار ہونا۔
- الأمرَ خِبْرًا و خِبْرَةً و مَخْبُرَةً: آزمانا (خَبِر بالأمرِ بھی کہا جاتا ہے)۔

Marfat.com

(أَخْبَرَہٗ) بکذا: خبر دینا۔
-النَّاقَةَ: اونٹنی کو زیادہ دودھ والی پانا۔
(خَابَرَہٗ) بٹائی پر کھیتی کرنا (۲) باہم گفتگو اور بحث کرنا، خبروں کا تبادلہ کرنا (محدثہ)۔
(خَبَّرَہٗ) بکذا: خبر دینا۔
(اخْتَبَرَ) الشَّيْءَ: جانچنا، آزمانا۔
(تَخَبَّرَ) القومُ خُبْرَةً (شاۃً): بکری خرید کر اسے ذبح کر کے آپس میں تقسیم کرنا۔
-الخَبَرَ: خبر دریافت کرنا۔
-الشَّيْءَ: کسی چیز کی حقیقت سے اچھی طرح باخبر ہونا۔ حدیث مبارکہ میں ہے: (أنّه بعثَ عَيْنًا من خُزاعةَ يَتَخَبَّرُ له خَبَرَ قُرَيْش)۔
(اسْتَخْبَرَہٗ): کسی سے خبر دریافت کرنا۔
- اسْتَخْبَرَ الخبرَ بھی کہتے ہیں۔
(الْإِخْبَارِيُّ): مؤرخ (الأخبار کی طرف منسوب ہے)۔
(الخَابُوْرُ): ایک قسم کا درخت جس کے پھول پیلے، خوش رنگ و خوبصورت اور خوشبودار ہوتے ہیں۔
(الخَبَارُ): درختوں کی جڑوں میں جمع شدہ مٹی۔
-من الأرض: نرم زمین جس میں جانور کے پیر دھنس جائیں۔ کہا جاتا ہے "من تَجَنَّبَ الخَبَارَ أَمِنَ العِثَارَ"۔
(الخَبَرُ) خبر (۲) ایسی بات جو بذات خود صدق و کذب دونوں کا احتمال رکھتی ہو (ج) أخبار (جج) أخابیر۔
(الخِبْرُ) بٹائی پر کھیتی کرنا (۲) زیادہ دودھ دینے والی اونٹنی (۳) بڑا مشکیزہ یا توشہ دان (ج) خُبُوْرٌ۔
(الخَبْرُ) پہاڑ میں پانی جمع ہونے کی جگہ (۲) کھیتی (۳) اراک اور بیری اور اس کے اردگرد کی جھاڑیاں (۴) زیادہ دودھ دینے والی اونٹنی (۵) بڑا مشکیزہ یا توشہ دان (ج) خُبُوْرٌ۔
(الخَبْرَاءُ) ہموار نشیبی زمین جہاں بیری اور اراک کے درخت اگتے ہوں۔ (۲) بڑا توشہ دان یا مشکیزہ (ج) الخَبَارَى۔

(الخَبِرَةُ): ہموار نشیبی زمین جس میں بیری اور اراک کے درخت اگتے ہوں۔ (ج) خَبِرٌ
(الخُبْرَةُ): ہر وہ چیز جو پیش کی جائے۔ (۲) وہ مقدار جو آدمی کھانے سے لیتا ہے۔ (۳) وہ خوراک جو آدمی اپنے اہل و عیال کے لئے خریدے۔ (۴) وہ کھانا جسے مسافر اپنے سفر کے لئے اٹھائے۔ (۵) مرغن اور کثیر المقدار ثرید (۶) سالن۔ (۷) بکری جسے مختلف لوگ خریدیں اور ذبح کر کے اپنی ادا کردہ قیمت کے مطابق اس کا گوشت آپس میں بانٹ لیں۔
(الخُبُوْر) کہا جاتا ہے أَخْبَرَہٗ خُبُوْرَہٗ: اسے اپنا راز یا اپنی معلومات بتادیں۔
مثل میں ہے "أَخْبَرْتُہٗ خُبُوْرِی و شُقُوْرِی و فُقُوْرِی"۔
(الخَبِيْرُ): اللہ تعالیٰ کا نام: سب کچھ جاننے والا (۲) باخبر آگاہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَاسْأَلْ بِهِ خَبِيْرًا﴾ مثل میں ہے "علی الخَبِيْرِ سَقَطْتَ" (۳) جاسوس (۴) کسان (۵) نباتات (۶) گھاس (۷) اونٹ کے بال (۸) گرے ہوئے بال (۹) اونٹ کے منہ کی جھاگ۔
(الخَبِيْرَةُ): بکری جسے مختلف لوگ خریدیں اور ذبح کر کے اپنی ادا کردہ قیمتوں کے مطابق تقسیم کرلیں۔ (۲) عمدہ اون جو ابتداء میں کاٹا جائے۔
(المُخَابَرَةُ): بٹائی پر کھیتی کرنا، بایں طور کہ مالک کسان کو کاشت کے لئے کوئی زمین دے اور کسان کے لئے پیداوار کا کچھ حصہ مثلاً تہائی یا چوتھائی مقرر کردے حدیث شریف میں ہے "أنّه نَهَى عن المُخَابَرَةِ"۔
(المِخْبَارُ) جس سے کوئی چیز جانچی جائے۔ (۲) ایک [illegible] جو سائنسی تحقیقات میں استعمال کیا جاتا ہے (محدثہ)۔
(المَخْبَرُ) باطن، کہا جاتا ہے طابَقَ مَخْبَرُہٗ مَنْظَرَہٗ (ج) مَخَابِرُ۔
(المُخْبِرُ) اخبار کو خبریں پہنچانے والا، رپورٹر (محدثة) (۲) سلطنت کا امن قائم کرنے کے لئے خبریں پہنچانے والا جاسوس۔

(المَخْبَرَانِيُّ): عمدہ صفات والا۔
(المَخْبَرَةُ): باطن۔
(المِخْبَرَةُ): (في علم الطبيعة): ٹیسٹر آلہ جانچ (مج)۔
(المُخْتَبَرُ): تجربہ گاہ، لیبارٹری۔
(خَبَزَ) الخُبْزَ ـِ خَبْزًا: روٹی پکانا۔ هو مخبوزٌ و خَبِيْزٌ۔
-القومَ: روٹی کھلانا۔
- البعيرُ الأرضَ: اونٹ کا زمین پر ہاتھ مارنا (جس طرح نان بائی روٹی پر ہاتھ مارتا ہے)۔
-فلانٌ الشيءَ: کسی چیز پر زور سے ہاتھ مارنا۔
-الدّابّةَ: جانور کو تیز ہنکانا۔
(خَبِزَ) ـَ خَبَزًا: گوشت کا ڈھیلا ہو کر حرکت کرنا۔
(اخْتَبَزَ) الخُبْزَ: روٹی پکانا (۲) روٹی لینا۔
(انْخَبَزَ) المكانُ: جگہ کا پست ہونا۔
(تَخَبَّزَہٗ): پاؤں سے مارنا۔
- تَخَبَّزَتِ الإِبِلُ العُشْبَ: اونٹوں نے گھاس کو پاؤں سے روندا۔
(الخَابِزُ): روٹی والا۔
(الخُبَّازَى) خبازی (نباتات کی ایک قسم جس کے پتے بطور دوا استعمال ہوتے ہیں اور اس کی ایک قسم کے پتے پکا کر کھائے بھی جاتے ہیں)
(الخِبَازَةُ): نان بائی کا پیشہ۔
(الخَبَّازُ): نان بائی۔
(الخُبَّازُ): الخُبَّازَى۔
(الخُبَّازِی) الخُبَّازَى۔
(الخُبَّازِيُّ) (في الرسم والتصوير) ایک کیمیاوی رنگ جو خبازی کے رنگ کے مشابہ ہوتا ہے۔
(الخُبَّازِيَّات) (في علم النبات) جنس خبازی سے تعلق رکھنے والے پودے مثلاً جنس پٹوا، خطمی، فرنگی وغیرہ۔
(الخُبْزُ): روٹی، چپاتی۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَقَالَ الْآخَرُ إِنِّي أَرَانِي أَحْمِلُ فَوْقَ

Marfat.com

رَأْسِي خُبْزًا﴾۔
(الخَبِيزُ) روٹی (٢) ثرید۔
(الخُبَّيْزُ) خُبازی۔
(المَخْبِزُ) روٹی کا تندور (ج) مَخَابِزُ۔
(خَبَسَ) الشَّيَ ـُ خَبْسًا: لے لینا (٢) بطور غنیمت حاصل کرنا۔
- فُلانًا حَقَّهُ أو مالَه: کسی کا حق یا مال چھین لینا هو خابِسٌ و خَبَّاسٌ و خَبُوسٌ۔
(اخْتَبَسَ) الشَّيَ: خَبَسَهُ۔
- فُلانًا حقَّه: کسی کا حق ظلماً چھین لینا۔
(تَخَبَّسَ) الشَّيَ: اختبسه۔
(الخُبَاسَاء): مالِ غنیمت۔
(الخُبَاسَةُ): غنیمت (٢) ناحق اور ظلماً لی ہوئی چیز۔
(خَبَشَهُ) ـُ خَبْشًا و تَخَبَّشَه: سمیٹنا ادھر اُدھر سے جمع کرنا (٢) حاصل کرنا۔ هو خَابِشٌ و خَبَّاشٌ۔
(تَخَبَّشَه): خَبَشَهُ۔
(الخُبَاشَةُ): کھانا وغیرہ جو ادھر اُدھر سے جمع کیا جائے (٢) مختلف قوموں یا قبیلوں کی جماعت۔
(خَبَصَهُ) ـِ خَبْصًا: مخلوط کرنا۔ هو مَخْبُوصٌ و خَبِيصٌ۔
(خَبَّصَ) الخَبِيصَ: کھجور و گھی کا حلوہ بنانا۔
(اخْتَبَصَ): کھجور و گھی کا حلوہ بنانا (٢) حلوہ کھانا۔
- الضَّيْفُ: مہمان کا کھجور و گھی کے حلوہ کی چاہت کرنا۔
(تَخَبَّصَ): کھجور و گھی کا حلوہ بنانا۔
(الخَبِيصُ): کھجور اور گھی یا بالائی سے تیار کی ہوئی مٹھائی یا حلوہ (ج) أخْبِصَة۔
(الخَبِيصَةُ): حلوے کا ایک ٹکڑا۔
(المِخْبَصَةُ): کڑاہی یا دیگچی جس میں حلوے کو الٹ پلٹ کیا جائے۔ (٢) حلوے الٹنے پلٹنے کا چمچہ (ج) مَخَابِصُ۔
(خَبَطَ) ـِ خَبْطًا: جہاں ہو وہیں پڑے پڑے سو جانا۔

- علی البابِ: دروازہ کھٹکھٹانا۔
- الشَّيَ: سختی سے روندنا۔ خَبَطَ البَعِيرُ الأرضَ بيدَيْه۔
- فُلانًا: زور سے مارنا۔
- اللَّيلَ: رات میں بے راہ چلنا۔ فُلانٌ يَخْبِطُ في عَمْياءَ و فُلانٌ يَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاءَ: وہ بے سوچے سمجھے کام کرتا ہے بے ہدایت و بے بصیرت کام کرتا ہے۔
- فُلانًا: کسی سے جان پہچان یا کسی رشتے یا کسی اور واسطے کے بغیر احسان طلب کرنا۔ (٢) جان پہچان یا کسی رشتہ اور واسطے کے بغیر احسان کرنا۔ خَبَطَ فيهم بخَيْرٍ: اس نے انہیں نفع پہنچایا۔
- الشيطانُ فُلانًا: شیطان کا آدمی کو سرکش اور دیوانا بنا دینا۔
- البَعِيرَ: اونٹ کے چہرے یا ران پر چوڑائی میں داغ لگانا۔
- القومَ بسَيْفِه: تلوار سے مارنا۔
- الشَّجرةَ بالمِخْبَطِ: ڈنڈے سے درخت کے پتے جھاڑنا۔ هو خَابِطٌ۔
(خُبِطَ) فُلانٌ: کسی مرض میں مبتلا ہونا (٢) زکام میں مبتلا ہونا هو مَخْبُوطٌ۔
(اخْتَبَطَتِ) البِلادُ: ملک میں فتنہ و فساد اور لوٹ مار ہونا۔
- الشجرةَ: درخت سے پتے جھاڑنا۔
حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے: (لَقَدْ رَأَيْتُنِي بهذا الجَبَلِ أَحْتَطِبُ مَرَّةً وأَخْتَبِطُ أُخْرَى)۔
- فلانًا: کسی سے جان پہچان یا رشتہ و قربت کے بغیر مانگنا۔
کہا جاتا ہے اختبط معروفَ فلان۔ حضرت عامر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے۔ (قِيلَ له في مَرَضِه الذي ماتَ فيه: قد كُنْتَ تَقْرِي الضَّيْفَ وتُعْطِي المُخْتَبِطَ)۔
- البعيرُ الشَّوْكَ: اونٹ کا خاردار گھاس کھانا۔
- الأرضَ بيدَيْه: روندنا۔ هو مُخْتَبِطٌ۔
(تَخَبَّطَتِ) البِلادُ: ملک میں فتنہ و فساد برپا ہونا۔

الشَّيْطانُ فُلانًا: شیطان کا دیوانہ اور مجنون بنا دینا۔ قرآن عزیز میں ہے: ﴿لا يَقُومُونَ إلا كما يَقُومُ الَّذِي يَتَخَبَّطُه الشَّيْطانُ مِنَ المَسِّ﴾۔
- البعيرُ الأرضَ بيدَيْه اونٹ کا زمین کو روندنا۔
(الخَابِطُ) سرین تکلیف (٢) اونٹ۔
- مَالَهُ خَابِطٌ ولا نَاطِحٌ اس کے پاس اونٹ ہے نہ بیل۔ یعنی کچھ نہیں ہے۔
- لا أدْرِي أيُّ خَابِطِ لَيْلٍ او أيُّ خَابِطِ اللَّيْلِ هُوَ: میں نہیں جانتا وہ رات کو آنے والا کون ہے۔
هو خَابِطُ عَشْوَةٍ وہ جاہل اور اناڑی ہے۔
(الخَبَاطُ) گرد و غبار۔
(الخِبَاطُ) چہرے کا نشان (٢) ران پر چوڑا نشان (ج) خُبُطٌ۔
(الخُبَاطُ) دیوانگی (٢) زکام۔
(الخُبَّاطُ): ایک قسم کی مچھلی۔
(الخَبَطُ): درخت سے جھاڑے ہوئے پتے۔
حدیث شریف میں ہے (خَرَجَ فِي سَرِيَّةٍ إلى أرضِ جُهَيْنَةَ فَأصَابَهُمْ جُوعٌ فَأكَلُوا الخَبَطَ فَسُمُّوا جَيْشَ الخَبَط)۔
(الخِبْطُ) حوض کی بچ رہنے والا تھوڑا پانی۔
(الخَبْطَةُ) ایک چھینک (٢) زکام (٣) حوض یا برتن کا بچہ ہوا پانی (٤) تھوڑی چیز (٥) زیادہ بارش جو آہستہ برسے۔
- علی فلان خَبْطَةٌ جميلةٌ اس میں کچھ حسن ہے۔
(الخِبْطَةُ) مارنے کی کیفیت (٢) باقی ماندہ پانی (٣) تھوڑی چیز۔
- من كلِّ شيءٍ: حصہ یا ٹکڑا۔
جاءوا خِبْطَةً خِبْطَةً ایک ایک جماعت کی شکل میں آنا (ج) خِبَطٌ۔
(الخُبْطَةُ) تالاب یا برتن کا بچہ ماندہ پانی۔ (ج) خُبَطٌ۔
(الخَبُوطُ) فَرَسٌ خَبُوطٌ زمین پر پاؤں مار کر چلنے والا گھوڑا۔

Marfat.com

- حاکمٌ خَبُوطٌ: ظالم حکمران۔
(الخَبِيطُ) وہی جس میں دودھ ڈال کر دونوں کو ملا دیا جائے (۲) حوض جسے اونٹوں نے پاؤں مار مار کر گرا دیا ہو۔ (۳) چھوٹا حوض (۴) حوض میں بچا ہوا تھوڑا سا پانی (ج) خُبُطٌ۔
(المِخبَطُ) ڈنڈا جس سے درخت کے پتے جھاڑے جائیں (ج) مَخَابِطُ۔
(المِخبَطَةُ) المِخبَطُ۔
(خَبَعَ) الصبیُّ ـَ خُبُوعًا: بچہ کا روتے روتے سانس رکنا۔
-بالمکان: قیام کرنا۔
-فی المکان: داخل ہونا۔
-الشئی: چھپانا۔
(الخِبَاعُ) بمعنی خِبَاءُ (بنوتمیم کی لغت)۔
(الخُبَعَةُ) روٹی کا ٹکڑا۔
- جاریۃٌ خُبَعَۃٌ طُلَعَۃٌ: وہ لڑکی جو کبھی خود کو چھپائے کبھی ظاہر کرے۔
(خَبَقَ) فلانًا ـِ خبقًا: کسی کو خود اس کی نظروں میں ذلیل وحقیر بنا دینا۔
(تَخَبَّقَ) بلند اور عالی شان ہونا۔
(الخَبِقَةُ) کشادہ زمین۔
(الخِبَقُّ) من الإنسان والدّوابّ: لمبا انسان یا جانور (۲) کود کر چلنے والا' لمبے ڈگ بھرنے والا۔
(الخِبِقّیٰ) تیز چال۔
-من الدّوابّ: تیز رفتار اور لمبے ڈگ بھرنے والا جانور۔
کہا جاتا ہے هو يمشی الخِبِقّیٰ۔
(الخِبِقَّاءُ) من النّساء: بداخلاق عورت۔
(الخِبِقَّةُ) من الدّوابّ: تیز چال والا۔ (۲) پست قامت (۳) چھوٹا۔
(خَبَلَ) عن فِعْلِ أبيه ـِ خَبلاً: باپ کے فعل سے کوتاہی کرنا۔
-الانسانَ والحیوانَ: اعضاء کو کاٹ کر یا کسی اور طرح بےکار اور ناکارہ بنا دینا۔
- فلانًا: دیوانہ بنا دینا۔ کہا جاتا ہے خَبَلَهُ الحُزنُ والحُبُّ والدّهرُ والشّيطانُ۔
-فلانًا عن كذا: روکنا۔
(خَبِلَ) ـَ خَبلاً و خَبالاً: دیوانہ ہونا۔ عقل خراب ہونا (۲) بیماری کی وجہ سے یا کٹ جانے کی وجہ سے کسی عضو کا ناکارہ ہو جانا۔
-يَدُهُ: شل ہو جانا هو خَبِلٌ وهو أخبَلُ وهي خَبلاءُ (ج) خُبلٌ۔
(أخبَلَه) اونٹنی وغیرہ عاریۃً دینا۔
(خَبَّلَه) خَبَلَهُ۔
(اختَبَلَ) عقل زائل ہونا (۲) کوئی عضو ناکارہ ہونا۔
-الدَّابَّۃُ: جانور کا اپنی جگہ نہ ٹھہرنا۔
-فُلانًا: خَبَلَهُ۔
(اختُبِلَ) پاگل ہونا۔ تَخَبَّلَ خَبِلَ۔
(استَخبَلَهُ) ناقةً او نحوَها: اونٹنی وغیرہ کا عاریۃً مانگنا۔
(الخَابِلُ) الخابِلان: رات دن۔
(الخَبَالُ) نقصان (۲) ہلاکت اور قرآن مجید میں ہے ﴿لَوْ خَرَجُوا فِيكُم مَّا زَادُوكُمْ إِلَّا خَبَالًا﴾ (۳) زہر قاتل (۴) اہل جہنم کی پیپ۔ حدیث مبارکہ میں ہے: (مَنْ شَرِبَ الخَمرَ سقاه اللهُ مِن طِينَةِ الخَبالِ يومَ القِيامَةِ) (۵) گھر والوں پر بوجھ (۶) تھکن۔
(الخَبْلُ) زخم (۲) فتنہ و فساد، حدیث مبارکہ میں ہے (بينَ يدَي السّاعةِ خَبْلٌ) (۳) قرض، عاریہ۔
وقَعَ في خَبْلِه: وہ پریشان متحیر ہوا۔
-(في العروض) زحاف کی ایک قسم جس میں مستفعلن میں سے سین اور تا کو یا اسی طرح مفعولات کے فاء کو اور واؤ کو گرا دیا جاتا ہے یوں یہ دونوں فعلتن اور فعلات کی طرف منقول ہوتے ہیں۔ یہ چار بحروں میں ہوتا ہے (۱) بسیط (۲) رجز (۳) سریع (۴) منسرح۔
(الخُبْلُ) عقل کی خرابی۔
وقع في خُبْلِه: پریشان متحیر ہونا۔
(الخَبَلُ) انسان (۲) جنات (۳) زخم (۴) اعضاء کی خرابی (۵) پانی سے بھرا ہوا مشکیزہ (۶) ایک پرندہ جو ساری رات ایک ہی آواز لگاتا رہتا ہے جس کی آواز اُلو کی آواز کے مشابہ ہوتی ہے۔
(الخُبْلَةُ) عقل یا اعضاء کی خرابی۔
(الخُبُول) الخُبْلَةُ۔
(خَبَنَ) الثوبَ و نحوَه ـِ خَبنًا و خِبانًا: کپڑے کا موڑ کر سینا۔
-الشئی: چھپانا (۲) گرانا۔
-الطعامَ: قحط کی وجہ سے کھانے کو چھپانا۔
(أخبَنَ) کپڑے کی تہہ میں کوئی چیز چھپانا' یا پاجامے کے نیفہ میں چھپانا۔
(الخَبْنُ) في العروض: سبب خفیف کے دوسرے ساکن کو حذف کر دینا۔
(الخُبْنَةُ) (مِن الثوب والسراويل): کپڑے یا پاجامے کا موڑ کر سلا ہوا حصہ۔ (۲) ہر وہ چیز جو انسان گود میں یا بغل میں دبا کر لے جائے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے: (إذا مَرّ أحدُكم بحائطٍ فليأكُلْ مِنه ولا يَتَّخِذْ خُبْنَةً) (۴) برتن جس میں کوئی چیز رکھ کر لے جائی جائے۔
(الخُبُنُّ) مِن الرّجال: سکڑے ہوئے اعضاء والا آدمی۔
(خَبَتِ) النارُ ـُ خَبوًا و خُبُوًّا: آگ کا ٹھنڈا ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿مَّأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنَاهُمْ سَعِيرًا﴾۔
- الحربُ والحِدَّةُ: جنگ یا جوش کا دھیما پڑنا۔
- خَبا لَهَبُهُ: اس کے غصہ کا جوش دھیما پڑ گیا۔
(أخبَى) خیمہ بنانا۔
-خِبَاءً: خیمہ نصب کرنا۔
-الكِساءَ: کپڑے کا خیمہ بنانا۔
-النارَ: آگ کو ٹھنڈا کرنا۔
(خَبَّى) خِبَاءً و كِساءً: خیمہ بنانا یا لگانا۔
(تَخَبَّى) فلانٌ: خیمہ بنانا۔
-خِبَاءً و كِساءً: خیمہ بنانا یا لگانا۔
(استَخْبَى) خِبَاءً: خیمہ لگا کر اس میں داخل

Marfat.com

ہونا۔
(الخابیۃُ): (دیکھئے خ ب أ)۔
(الخباءُ): (دیکھئے خ ب أ)۔

خ .... ت

(ختأہٗ)- َ ختأً: روکنا۔
(اختتأ): ذلیل وخوار ہونا (۲) ڈر کے مارے رنگ بدلنا۔
-لفلان: فریب دینا۔
-منہ: شرم یا خوف سے چھپ جانا (۲) ڈرنا۔
-الشیَ: اُچک لینا۔
(المُختتَۃ) مَفازۃٌ مُختتَۃٌ: وسیع وعریض سنسان جنگل جس میں راستوں کا پتہ نہ چلتا ہو۔
(ختّ)- ختًّا: گھٹیا ہونا۔
-فلانًا ُ ختًّا: کسی کو پے در پے نیزہ مارنا۔
(خَتّ) - َ ختًّا: بدن سست ہونا۔
(أختّ): ذلیل ورسوا ہونا (۲) باپ کے ذکر پر شرمندہ وخاموش ہونا۔
-القولُ فلانًا: کسی بات سے کسی کو دکھ پہنچانا۔
-حظَّ فلان: حصہ کم کرنا۔
(خترَتْ) نَفسہ ُ ختْرًا و خُتُورًا: جی متلانا، جی بگڑنا۔
-فُلانًا: زبردست دھوکہ دینا۔ حدیث شریف میں ہے (مَا خترَ قومٌ بالعَھدِ إلا سُلّط علَیھِمُ العَدُوُّ) ھو خاتر و ختیرٌ و ختورٌ و ختّار و ختّیر۔
قرآن مجید میں ہے ﴿وَمَا یَجحَدُ بِآیَاتِنَا إلّا کُلُّ خَتّارٍ کَفُورٍ﴾۔
(خَتِرَ)- َ خترًا: زہر یا کوئی مشروب پینے کی وجہ سے سن اور بے حس ہونا، کمزور اور ڈھیلا پڑنا۔
(خَتّرہٗ) الشرابُ و غیرُہ: جی بگاڑ دینا، اعضاء ڈھیلے کردینا۔
(تَختّر): کسی مشروب وغیرہ سے بدن ڈھیلا پڑ جانا (۲) ذہن میں خرابی آنا (۳) کاہل اور سست آدمی کی طرح چلنا۔
(خَتعَ)- َ ختعًا و خُتُوعًا: فرار ہونا۔
-في الارض: دور تک نکل جانا۔
-علی القوم: اچانک حملہ کرنا (۲) اندھیرے میں صحیح راستہ پر چلنا کہتے ہیں ختعَ الدلیلُ بالقوم۔
-الفحلُ خلفَ الإبل: سانڈ کا معتدل چال چلنا۔
-السرابُ: سراب کا معدوم ہونا۔ ھو خاتع و ختوع۔
(انختعَ) فی الأرض: زمین میں دور تک نکل جانا۔
(الختعُ) من الأدلاء: ماہر رہبر (جو چلتے ہوئے نہ بھولتا ہو نہ رکتا ہو)۔
(الخُتَعُ): الختع۔
(الخُتَعۃ): ماہر راہبر۔
(الختیعُ): چالاک۔
(الختیعۃ): چمڑے کا چھوٹا ٹکڑا جس سے تیرانداز انگوٹھا ڈھانپتے ہیں (ج) ختاعٌ۔
(الخوتعُ) من الأدلاء: نہایت عمدہ راہبر (۲) خرگوش کا بچہ (۳) ایک قسم کی بڑی مکھی۔
(الخوتعۃ): پست قامت آدمی۔
(ختعَر): کمزور ہونا۔
(الخیتعُورُ): متغیر ومعدوم ہو جانے والی چیز ایک حال پر برقرار نہ رہنے والی چیز (۲) سراب (۳) دنیا (کیونکہ وہ زائل وفانی ہے) (۴) لعاب آفتاب، ایک چیز جو گرمی میں لکڑی کے جالے جیسی نظر آتی ہے گویا وہ ہوا میں دھاگا ہے (۵) بھونرا (۶) بھیڑیا (۷) بھوت، جن امرأۃٌ خیتعُور: بے وفا عورت (۲) دھوکہ دینے والا (۳) چالاک وہوشیار۔
(ختلَہ)- ِ ختلًا و ختلانًا: فریب دینا۔
حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے (وصِنفٌ تعلّمُوہُ للاستطالۃ و الختلِ)۔
- ختلہ فی الحرب: چکر دینا، اس طرح پہنچنا کہ پتہ نہ چلے۔ حدیث مبارکہ میں ہے (کأنّي أنظُرُ إلیہ یَختِلُ الرّجلَ لِیَطعَنَہ)۔
-الصیدَ: شکار کے لئے گھات میں بیٹھنا۔
ھو خاتِلٌ و ختولٌ و ختّالٌ۔
(خاتَلَہ): فریب دینا (۲) چکر دینا۔
(اختتَلَ): چوری سے راز وغیرہ سننا۔
(تخاتَلُوا): ایک دوسرے کو دھوکہ دینا۔
(الختَلُ): چوری چھپے سننے کی جگہ (۲) خرگوش کا ٹھکانہ۔
(الخوتَل) من الرجال: ظریف الطبع، دانا۔
(ختَم) النحلُ - ِ ختمًا و ختامًا: شہد کی مکھی کا چھتہ کو شہد سے بھر دینا۔
-علی الطعام و الشراب و غیرِھما: برتن کے منہ کو موم یا مٹی وغیرہ سے بند کرنا حتیٰ کہ اس میں سے کوئی چیز نہ باہر نکل سکے نہ داخل ہو سکے ھو مختوم۔
قرآن پاک میں ﴿یُسقَونَ مِن رَّحِیقٍ مَّختُومٍ﴾۔
-علی فمِہ: کلام سے روک دینا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿الیومَ نَختِمُ علی أفواھِھِم وتُکلّمُنا أیدیھِم﴾۔
- ختم علی قلبہ: کچھ سمجھ نہ سکے گویا کہ پردہ پڑ گیا ہے۔ قرآن عزیز میں ہے ﴿ختَمَ اللہُ علی قُلوبِھم و علی سَمعِھم وعلی أبصارِھم غِشاوۃٌ﴾۔
-الشیَ و علیہ: مہر لگانا۔
کہا جاتا ہے "ختم الکتابَ و نحوَہ و ختمَ علیہ"۔
-بابَہ علی فلان: کسی پر دروازہ بند کرنا۔
-بابَہ لہ: کسی کو دوسرے پر ترجیح دینا۔
-الزرعَ و علیہ: کھیتی کو جوتنے اور بونے کے بعد پہلی بار سینچنا۔
-الشیَ: مکمل کرنا، فارغ ہونا، آخر تک پہنچنا۔
کہا جاتا ہے ختم القرانَ و نحوہ۔
(ختّمَہ): مہر لگانا۔
-صاحبَہ: انگوٹھی پہنانا۔
(اختتمَ) الشیَ: مکمل کرنا۔
(تختّمَ): انگوٹھی پہننا (تختّم بہ بھی کہتے ہیں)۔
-بعمامتِہ: عمامہ باندھنا۔
-بأمرِہ: چھپانا۔

Marfat.com

-عن الشیئ: غافل بن جانا۔
(الخاتامُ): مہر کرنے کا آلہ (۲) انگوٹھی (ج) خواتیم۔
(الخاتَمُ): الخاتام (۲) پردہ بکارت کہا جاتا ہے زُفَّتْ إليه بخاتَمِهارو بِغاتَمِ رَبِّها (۳) گدی کا گڑھا۔ کہا جاتا ہے احتَجَمَ فلانٌ في خاتَمِ القفا۔ (۴) گھوڑے کی ٹانگوں کے چند سفید بال۔
-من كلّ شيئ: آخری حصہ۔ قرآن عزیز میں ہے: ﴿ولكِنْ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَخاتَمَ النَّبِيّينَ﴾۔
(الخَاتِمَةُ) من كلّ شيئ: انجام، خاتمہ۔
(الخاتِيامُ): انگوٹھی۔
(الخِتَامُ): مٹی یا لاکھ جس سے مہر لگائی جائے قرآن مجید میں ہے: ﴿خِتامُهُ مِسْكٌ﴾۔
(۲) پردۂ بکارت کہا جاتا ہے زُفَّتْ إليه بختامها۔
-من كلّ شيئ: اختتام، انجام۔
(الخَتْمُ): مہر کا نشان (۲) شہد کے چھتے کے منہ۔
(الخَتَمُ): مہر لگانے کا آلہ (۲) مہر شدہ شے۔
(الخَيْتامُ): مہر لگانے کا آلہ (۲) پردۂ بکارت۔ کہا جاتا ہے "زُفَّتْ إليه بخَيْتامها"
(المُخَتَّمُ) من الخَيْلِ: وہ گھوڑا جس کی ٹانگوں میں ہلکی سی سفیدی ہو (دھبوں جیسی)۔
(المَخْتُوم): مہر لگا ہوا (۲) پیمانہ جیسے صاع وغیرہ۔
(خَتَنَ)۔ خَتْنًا و خُتُونَةً: شادی کرنا۔
-الصبيَّ خَتْنًا و خِتانًا و خِتانَةً: ختنہ کرنا، هو مختونٌ۔ کہا جاتا ہے ختن الصَّبِيَّةَ هو وهي ختينٌ۔
(خَاتَنَ) فلانًا: داماد بنانا۔
(اِخْتَتَنَ) الصبيُّ: ختنہ شدہ ہونا۔
-الصبيَّ: ختنہ کرنا۔
(الخِتانُ): بچہ یا بچی کا وہ مقام جو کاٹا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "بَرِئَ خِتانُهُ"۔ (۲) ختنہ کی تقریب میں بلانا۔
(الخِتانَةُ): ختنہ کرنے کا فن یا پیشہ۔

(الخَتَنُ): ہر وہ رشتہ دار جو عورت کی طرف سے ہو جیسے سسر، سالا اسی طرح داماد یا بہنوئی۔ حدیث مبارکہ میں ہے (عَلِيٌّ خَتَنُ رَسُولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم) (ج) أَخْتَانٌ والأنثى: خَتَنة۔
(خَتَا)۔ خَتْوًا: غم یا بیماری کی وجہ سے نڈھال اور شکستہ دل ہونا۔
-اللَّيْلُ: رات کا بے حد تاریک ہونا۔
-العُقابُ و غيرها: جھپٹنا۔
-فُلانًا: دھوکہ دینا، بے خبری میں حملہ کرنا۔
-عن الأمر: روکنا۔
-الثَّوْبَ: جھالر کو بٹ دینا۔
(أَخْتَى): سامان کو ایک ایک کرکے بیچنا۔
(اخْتَتَى): غم یا بیماری کی وجہ سے شکستہ دل ہونا۔
(الخَتِيُّ): پے در پے نیزہ مارنا۔

خ.........ث

(خَثَّه): جمع کرنا (۲) مرمت کرنا۔
(الخُثُّ): کوڑا کرکٹ جسے سیلاب چھوڑ جائے۔ (ج) أَخْثاثٌ۔
(الخَثَّةُ): شکستہ لکڑیوں کا مٹھا جس سے آگ سلگائی جاتی ہے۔
(الخُثَّةُ): الخَثَّةُ۔
(خَثَرَ) اللبنُ و نحوه خَثْرًا و خُثُورًا و خَثَرانًا: گاڑھا ہونا، جم جانا۔
-نَفْسُه: جی متلانا۔
-فلانٌ: سستی اور کمزوری محسوس کرنا۔ کہا جاتا ہے "هو خاثِرُ النفس و خاثِرُ العظام"۔
(خَثُرَ) اللبنُ و نحوهُ و النَّفْسُ ۔ خَثارَةً و خُثُورَةً وهو خَثِيرٌ وهو خَثِير والنفس (ج) خُثَراءُ و خَثْرَى۔
(أَخْثَرَ) فُلانٌ: سستی اور کمزوری کرنا۔
-الزُّبدَ: مکھن کو پگھلائے بغیر چھوڑ دینا۔
مَا يَدْرِيْ أَيُخْثِرُ أم يُذِيبُ: اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو تردد میں مبتلا ہو۔
(خَثَّرَ) اللبنَ: گاڑھا کرنا۔
(التَّخَثُّرُ التَّاجي) (في علم الطب)۔
اکلیلی شرائین میں خون بستگی، کورونیری رگوں میں انجماد خون (ج)۔
(الخُثارُ) من كلّ شيئ: کسی چیز کا باقی ماندہ حصہ (خُثار المائدہ بھی کہا جاتا ہے)۔
(الخُثارَةُ): الخُثارُ۔
(الخُثارِمُ): موٹے ہونٹ والا (۲) فال لینے والا۔
(الخِثْرِمَةُ): ناک کا نرم حصہ جب کہ سخت ہو جائے (۲) بالائی ہونٹ کے بیچ کا دائرہ (ج) خَثارِمُ۔
(خَثْعَمَهُ): خون سے آلودہ کرنا۔
خَثْعَمَ القومُ: پیچھے نہ ہٹنے کا عہد (اس کی اصل یہ ہے کہ لوگ اکٹھے ہو کر جانور ذبح کرتے تھے اور مل جل کر کھاتے تھے اور اس کا خون جمع کر کے اس میں زعفران اور خوشبو ملاتے تھے اور پھر اسی خون میں ہاتھ ڈال کر معاہدہ کرتے تھے۔
(تَخَثْعَمَ): خون سے آلودہ ہونا۔
(خَثِمَ) خَثَمًا: چوڑا ہونا۔
کہتے ہیں "خَثِمَ المِعْوَلُ و خَثِمَ السَّيْفُ وخَثِمَ أنفُه و خَثِمَ رأسُ أُذُنِه و خَثِمَ خُفُّ النَّاقَةِ: گول اور چوڑا ہونا۔ هو أَخْثَمُ وهي خثماء (ج) خُثْمٌ، وهو خيثم۔
(خَثَّمَهُ): چوڑا کرنا۔
(خَثَى) البَقَرُ أو الفِيلُ۔ خَثْيًا: گوبر کرنا۔
(أَخْثَى): گوبر جلانا۔
(الخَثْوُ): پیٹ کا نچلا حصہ جب کہ ڈھیلا ہو۔
(الخَثْواءُ): وہ عورت جس کے پیٹ کا نچلا حصہ ڈھیلا اور لٹکا ہوا ہو۔
(الخَثْوَةُ): الخَثْوُ۔
(الخَثْيُ): گوبر (۲) جلانے کا سوکھا گوبر۔ (ج) أَخْثاءٌ و خُثِيٌّ۔
(الخِثْيُ): الخَثْيُ (ج) أَخْثاءٌ و خُثِيٌّ۔

خ.........ج

(خَجَأَ)۔ خُجُوءًا: شکستہ خاطر ہونا۔
-اللَّيلُ: رات کا ختم ہونا۔
-فُلانًا خَجْئًا: مارنا۔

Marfat.com

(خَجِیَ) - خَجًا: بدکلامی کرنا (۲) شرم کرنا۔
هو خَجِیٌ۔
(أخجَأ): اصرار سے مانگنا' سوال میں اصرار کر کے اکتا دینا۔
(تَخَاجَأتِ) المرأةُ: عورت کا پچھلا حصہ پیچھے کو نکالنا۔
-فُلانٌ: آہستہ چال چلنا جس میں اکڑپن ہو۔
(الخُجَأة): موٹا بھاری بھرکم آدمی (۲) بے وقوف (۳) بے چین۔
(خجَّ) - خُجُوجًا: پیچ دار ہونا۔ خجَّ ساعِدَہ بھی کہا جاتا ہے۔ خَجَّتِ الرِّیحُ: ہوا کا پیچ کھاتے ہوئے یا تیز چلنا هی خاجَّةٌ و خَجُوج۔
-بِرِجْلِه: چلتے ہوئے پاؤں سے خاک اڑانا۔
-الشَّیْءَ: دھکا دینا۔
خَجَّتِ الرِّیحُ السَّفِینَةَ: ہوا کے تیز جھونکوں کے کشتی کا رخ پھیر دیا۔
- الشَّیْءَ: پھاڑ دینا (خَجَّ العُودَ بھی کہتے ہیں)۔
(اختَجَّ) فی سَیرِہِ: پیچ کھاتے ہوئے تیز چلنا۔
(الخَجِیجُ): خَجِیجُ الرِّیحِ: ہوا کے چلنے کی آواز۔
(خَجْخَجَ): چھپانا۔
- خَجْخَجَ الرَّجُلُ: دل کی بات ظاہر نہ کرنا۔
-الرِّیحُ: انتہائی تیز چلنا۔
(الخَجْخَاجَةُ): بے وقوف۔
(خَجِلَ) خَجَلاً و خَجْلَةً: شرمانا۔
- الحیوانُ: دل دل میں پھنس کر حیران و پریشان کھڑا ہونا۔
- خَجِلَ فلانٌ بأمرِہِ: وہ الجھ گیا اور اسے سمجھ میں کچھ نہیں آتا کہ کیا کرے۔
-فُلانٌ: زچ ہونا تنگ آنا (۲) تنگ دل ہونا (۳) خوش ہونا۔
-النباتُ: پودے کا زیادہ اور گنجان ہونا۔
خَجِلَ الوادی بھی کہا جاتا ہے۔

-بالحِمْلِ: وزن سے بوجھل ہونا اور ہلنا۔
خَجِلَ علی فرسه: گھوڑے پر حرکت کرنا۔
-الثوبُ و نحوہُ: فراخ یا ڈھیلا کپڑا وغیرہ کہتے ہیں 'ثوبٌ خجِلٌ' و جُلٌّ خَجِلٌ۔
-الشَّیءُ: خراب ہونا۔ خَجِلَ الثَّوبُ: پرانا اور بوسیدہ ہونا۔ هو خَجِلٌ۔
(أخجَلَ) النباتُ: پودے کا لمبا اور گنجان ہونا۔
- فُلاناً: شرمندہ کرنا (۲) رسوا کرنا' پریشان کرنا۔
-الثوبَ و نحوہ: کپڑے کو لمبا کرنا اور کشادہ کرنا کہ زمین پر حرکت کرنے لگے۔
(خَجَّلَهُ): شرمندہ کرنا (۲) رسوا کرنا۔
(اختَجَلَه): شرمندہ کرنا۔
(الخَوْجَلَی): عورتوں کی چال جس میں لچک اور ناز و ادا ہوتا ہے۔ هی تَمْشِی الخَوْجَلَی بھی کہتے ہیں۔

خ .... د

خَدَبَ - خَدْبًا: جھوٹ بولنا۔
-فُلانا: گوشت اور کھال چاک کر دینا۔
خَدَبَهُ بالسَّیفِ کہتے ہیں۔
خَدَبَتْهُ الحَیَّةُ: اس کو سانپ نے ڈس لیا۔
(خَدِبَ) الشَّیءُ - خَدَبًا: دراز اور کشادہ ہونا۔ کہتے ہیں: خَدِبَتْ الضَّرْبَةُ او الطَّعْنَةُ و خَدِبَتِ الدِّرْعُ۔
خَدِبَ اللسانُ: زبان لمبی ہونا۔
خَدِبَ السیفُ: تلوار کا کاٹنا۔
-فُلانٌ: بے ہودگی کرنا' ڈھٹائی کے ساتھ سر پر سوار ہونا۔ هو أخْدَبُ وهی خَدْباءُ (ج) خُدْبٌ و هو خَدِبٌ أیضًا۔
(تَخَدَّبَ): لمبا اور کشادہ ہونا۔ کہتے ہیں تَخَدَّبَ اللسانُ' و تَخَدَّبَ السَّیفُ و تَخَدَّبَ فلانٌ (۲) درمیانی چال چلنا۔
(الخَادِبَةُ): شدید چوٹ (ج) خَوادِبُ۔
(الخِدَبُّ): موٹا اور بھاری بھرکم آدمی۔ (۲) کوئی بھی بھاری بھرکم چیز۔ کہتے ہیں'' رجلٌ خِدَبٌّ و سَنامٌ خِدَبٌّ
جَمَلٌ خِدَبٌّ: سخت' طاقتور اور بھاری بھرکم اونٹ۔
(الخَیْدَبُ): صاف اور سیدھا راستہ۔ (ج) خَیادِبُ۔
(الخَیْدَبَةُ): طریقہ۔ أقبَلَ علی خَیْدَبَتِهِ و ترکْتُهُ و خَیْدَبَتَهُ: میں اس کو اس کی روش پر چھوڑ دیا۔ (ج) خَیادِبُ۔
(خَدَجَ) - خِدَاجًا: ناقص ہونا۔
- الحاملُ: وقت سے پہلے بچہ جننا۔ (چاہے بچہ تام الخلقت ہو)۔ هی خادِجٌ (ج) خَوادِجُ' هی خَدُوجٌ (ج) خدائجُ و الوَلَدُ مَخْدُجٌ و خَدُوجٌ و خَدِیجٌ و خِدْجٌ۔
-الزَّنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔
(أخْدَجَتِ) الحَامِلُ: وقت سے پہلے بچہ جننا۔ هی مُخْدِجٌ و مُخْدِجَةٌ' والولدُ مُخْدَجٌ۔
-الزَّنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔
-الشِّتوَةُ: سردیوں میں بارش کم ہونا۔
-الشَّیءَ: ناتمام کرنا۔
أخْدَجَ التَّحِیَّةَ بھی کہا جاتا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے (لا تُخْدِجِ التَّحِیَّةَ ''وأخدج الصلاةَ: اچھی طرح نماز نہ پڑھنا۔
- أخْدَجَ أمْرَہُ: اچھی طرح نہ کرنا۔
(خَدَّجَتِ) الحامِلُ: بے وقت حمل گرانا۔
(الخَدِیجُ): (فی علم الأحیاء) نباتات یا حیوانات کا وہ عضو جو غیر تام الخلقت ہو یا تام الخلقت ہو مگر اپنا وظیفہ انجام نہ دیتا ہو (مج)۔
(المِخْدَاجُ): وہ عورت جو ہمیشہ قبل از وقت حمل گراتی ہو (ج) مَخادِیجُ۔
(خَدَّ) الأرضَ - خَدًّا: زمین پھاڑنا۔ کہا جاتا ہے'' خَدَّ السیلُ الارضَ وفی الأرضِ' و خَدَّ فلانٌ أخْدُودًا''۔
-خَدَّ جِسْمَه بِنابِهِ: کچلی سے اس کا جسم پھاڑ ڈالا۔
-البعیرُ: اونٹ کے رخسار پر نشان ڈالنا۔
-الشَّیءَ: نشان ڈالنا۔ کہا جاتا ہے خَدَّ الفَرَسُ

Marfat.com

الارضَ بحَوَافِرِه۔

(خَادَّه): کام میں مزاحم ہونا۔

(خَدَّد)لَحْمُ الفَرَسِ: گھوڑے کا دبلا ہونا۔

- الفرسَ: دبلا اور پتلا کرنا۔ کہا جاتا ہے ''خَدَّدَه الفَقْرُ و سوُ الحال' و خَدَّد السَّيْرُ لَحْمَ الفرس''۔

(تَخَادَّا): ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔

(تَخَدَّدَ)لحمُه: دبلا ہونا۔

-القومُ: لوگوں کا منقسم ہونا۔

(الأُخْدُودُ): لمبا گڑھا۔

- ضَرْبَةٌ اُخْدُودٌ: سخت مار جو جلد پر نشان چھوڑ جائے (ج)أخَادِيْدُ۔

- فی ظَهْرِه أخَادِيْد السِّياط: اس کی پیٹھ پر کوڑوں کے نشانات ہیں۔

(الخَدُّ) رخسار، گال (مذکر)۔ مثل میں ہے ''تركتُه على مِثْلِ خَدِّ الفَرَس'' میں نے اسے ایک صاف اور سیدھے راستے پر چھوڑ دیا (۲) ہر چیز کا کنارہ کہا جاتا ہے خَدُّ الهَوْدج ہودج کی دائیں یا بائیں جانب (۳) لوگوں کی جماعت مَضَى خَدٌّ من النَّاس: ایک صدی گزر گئی۔ (ج) خُدودٌ (۴) لمبا گڑھا (۵) چھوٹی نہر (۶) راستہ (ج) خُدَدٌ۔

(المِخَدُّ) کچلی، وہ دو ہوتے ہیں۔ هما مِخَدَّان۔

(المِخَدَّةُ) تکیہ جس پر رخسار رکھے جاتے ہیں (۲) ہل کا پھل (ج) مَخَادٌّ۔

(خَدَرَ) ـُ خَدْرًا پردہ کرنا۔ کہا جاتا ہے خَدَرَت المرأةُ۔

- خَدَرَ الأسَدُ شیر کا اپنی کچھار میں پڑا رہنا۔

- بالمکان مقیم ہونا (۲) حیران ہونا (۳) ریوڑ سے پیچھے رہنا۔

-الشیْ چھپانا۔

خَدَرَ الهَودَجَ ہودج پر پردہ ڈالنا۔

خَدَر المرأةَ پردے میں بٹھانا۔ هو خادرٌ وهو وَهِیَ خَدُورٌ۔

(خَدِرَ) ـَ خَدَرًا سستی اور ڈھیلا پن لاحق ہونا۔ کہا جاتا ہے ''خَدِر من الشَّرابِ او الدَّواء و خَدِرَ جِسْمُه و خدِرَتْ عِظامُه و خَدِرَتْ يَدُه أورِجْلُه۔

-خَدِرَ اليومُ: دن کا سخت گرمی اور حبس والا ہونا۔

-اللّيلُ والمكانُ: تاریک ہونا۔ هو خَدِرٌ وأخْدَرُ، وهي خَدْرَاءُ (ج) خُدْرٌ۔

(أخْدَرَ): پردہ نشین ہونا۔

أخدَرَتِ المرأةُ وأخْدَرَ الأسَدُ۔ (۲) رات میں داخل ہونا (۳) بادل اور بارش کا کسی پر چھا جانا۔

- بالمكان: قیام کرنا کہا جاتا ہے أخْدَرَ فِي اَهْلِه۔

-الشّیَ: چھپانا۔

- أخْدَرَ المرأةَ: پردہ میں رکھنا۔

- أخْدَرَهُ اللّيلُ: اسے رات نے چھپا لیا۔

- أخْدَرَ العرِينُ الأسَدَ: کچھار نے شیر کو چھپا لیا۔

(خَدَّرَهُ): چھپانا۔

- خَدّر المرأةَ عورت کو پردے میں بٹھانا۔

خَدَّر الهودج خدَّره الشرابُ، خدَّرَهُ المرضُ۔

خَدَّرَتهُ المقاعدُ: اس شخص کے لئے کہتے ہیں جس کے پاؤں دیر تک بیٹھنے سے سن ہو جائیں۔

(اختَدَرَ)به: پردہ کرنا۔

-المرأةُ عورت کا باپردہ ہونا۔

(تَخَدَّرَ) چھپنا کہا جاتا ہے: تَخَدَّرت المرأة (۲) بے حس ہونا۔

(الأُخدُورُ) الخِدرُ (ج)أخادير۔

(التَّخدِيرُ الكُوكاييني) (في الطب)۔ کوکین کے ذریعے کسی عضو یا مقام کو سن کرنا۔ (مع)۔

(الخُدارِیُّ) سخت سیاہ۔ کہا جاتا ہے ''ليلٌ خُدارِيٌّ، وسحابٌ خُدارِيٌّ، وشَعْرٌ خُدارِيٌّ و بعير خُدارِيٌّ و عقابٌ خُدارِيَّةٌ و ناقَةٌ خُدارِيَّةٌ۔

(الخِدْرُ) ہر وہ چیز جو چھپا لے جیسے گھر وغیرہ۔ (۲) گھر کے ایک گوشہ میں لگا ہوا خاتون کا پردہ (۳) شیر کی جھاڑی (ج) خُدُورٌ و أخدَارٌ۔

(الخَدَرُ): چھپی ہوئی تاریک جگہ (۲) بادل (۳) بارش۔

-(فی الفلسفة): بے حسی (خواہ پورے جسم میں ہو یا کسی خاص مقام میں) کبھی کسی نفسیاتی یا عضویاتی حالت کا نتیجہ ہوتی ہے۔

(الخَدِرُ): تاریک رات۔

(الخَدِرَةُ): تازہ کھجور جو پکنے سے پہلے گر جائے۔ لَيسَ لَهُ حَشَفَةٌ ولا خَدِرَةٌ: اس کے پاس نہ تازہ کھجور ہے اور نہ خشک وردی کھجور یعنی کچھ نہیں۔

-من التمر: ایسی کھجور جس کے اندر کا حصہ سیاہ اور بدبودار ہو۔

(الخَدْرَةُ): ایک مرتبہ کی بارش۔

(المخَدِّرُ): سن کرنے یا ہوش گم کرنے والی چیز جیسے بھنگ، افیم وغیرہ خواب آور دوا۔ نشہ آور چیز (ج) مُخَدِّرات۔ (محدثة)

(خَدَشَ)الجِلْدِ و نحوهُ ـِ خَدْشًا خراش لگانا، چھیلنا۔

(خَادَشَ)فلانٌ فلانًا مُخادشةً، خِدَاشًا: ایک دوسرے کو نوچنا۔

(خَدَّشه) خَدَشَه۔

- وقع في الأرض تخديش زمین پر تھوڑی سی بارش ہوئی۔

(الخَدْشُ) جلد پر خراش کا نشان۔ (ج) خُدُوشٌ۔ حدیث مبارکہ میں ہے ''مَنْ سَأَلَ وهو غَنِيٌّ جاءَتْ مَسْأَلَتُهُ يَوْمَ القِيامَة خُدُوْشًا فی وجهه''۔

(الخَدُوشُ) پسو (۲) مکھی (۳) نیولا۔

(المُخادِشُ) بلی، بلا۔

(المُخَدَّشُ) بلا (۲) گردن یا جانوروں کے کھر کا وہ حصہ جہاں سے کاٹا جاتا ہے۔

ابنا مُخَدَّش: دونوں کندھوں کے کنارے۔

(خَدَعَ) ـَ خَدْعًا ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدیل ہونا (۲) چھپ جانا۔

Marfat.com

-خَدَعَ فلانٌ: اس نے دوسرے اخلاق و عادات اختیار کر لئے۔ کہتے ہیں خَدَعَ خُلُقُه وخدَعَ رأيُه۔ هو خادع الرأي: وہ متلون مزاج ہے۔ خَدَعَ الدَّهْرُ: وحدت الأمور۔

- سُوقٌ خادعةٌ: گھٹتی بڑھتی مارکیٹ۔

- خَدَعَ الضَّبُّ: گوہ اپنے بل میں گھس گئی۔ حدیث شریف میں ہے: (رَفَعَ رجلٌ إلى عُمَرَ ما أهَمَّه مِن قَحْطِ المَطَرِ فقال: قَحَطَتِ السَّماءُ و خَدَعَتِ الضِّبابُ و جَاعَتِ الأعْرابُ)۔

- خَدَعَ الثَّعْلَبُ: لومڑی کا چھپ جانا۔

- خدعَتِ الشمسُ: سورج کا غروب ہو جانا۔

- خَدَعَتِ العَيْنُ: آنکھ کا اندر کو دھنس جانا یا نیند نہ آنا۔

- ما خَدَعَتْ بِعَيْنِه نَعْسَةٌ: اسے نیند نہیں آئی۔

-الشيُّ: خراب ہونا (خَدَعَ الطعامُ بھی کہا جاتا ہے)۔

- خَدَعَ الرِّيقُ: لعاب دہن کا بدبودار ہونا۔

- خَدَعَتِ السُّوقُ: بازار کا مندا پڑنا (۲) کم ہونا۔

- خَدَعَ الرَّجلُ: اس کی دولت کم ہوئی (۲) داد و دہش کم ہونا۔

خَدَعَ الزَّمانُ: بارش کم ہونا۔

خَدَعَ المطرُ: بارش کا کم ہونا۔

- فلاناً خَدْعاً و خُدْعَةً و خُدَيْعَةً: دھوکہ دینا۔ چال چلنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وإن يُرِيدُوا أنْ يَخْدَعُوكَ فإنَّ حَسْبَكَ اللهُ﴾۔

-الشيَّ خَدْعاً: پوشیدہ رکھنا۔

-الدَّابَّةَ: جانور کو چارہ پانی کے بغیر قید کرنا۔

-فلاناً: کسی کی رگ اخدع کو کاٹ دینا۔

-الثَّوبَ خَدْعاً: کپڑے کو موڑنا۔ هو خادِعٌ و خَدّاعٌ و خَداعَةٌ و هو و هي خَدُوعٌ (ج) خُدُعٌ۔

(أخْدَعَه): چھپانا۔

- فلاناً: کسی کو دغا بازی اور فریب کاری پر ابھارنا۔

(خَادعهٗ) مُخادعةً و خِداعاً: دھوکہ دینا۔ قرآن حمید میں ہے: ﴿إنَّ المنافقين يُخادِعُونَ اللهَ وهُو خادِعُهُمْ﴾۔

(خَدَّعَهٗ): خدعه۔

(الأخْدَعُ): گردن کی ہر دو جانب دو پوشیدہ رگوں میں سے ایک۔ حدیث میں ہے: (أنَّه احْتَجَمَ على الأخْدَعَيْنِ و الكاهِل)۔

(الخادِعُ) من الطريق: وہ راستہ جو کبھی دکھائی دے کبھی گم ہو جائے۔

- دِينارٌ خَادِعٌ: ناقص اور کھوٹا دینا۔ (ج) خوادِعُ۔

- سِنُونَ خَوادِعُ: گھاٹے کے سال جن میں پیداوار منفعت کم ہو۔

(الخَادِعَةُ): بڑے دروازے میں چھوٹا دروازہ (۲) کوٹھری جو بڑے گھر کے اندر ہو (ج) خَوادِعُ۔

(الخَدِعُ): دھوکہ باز۔ کہا جاتا ہے رجل خَدِعٌ، و ضبٌّ خَدِعٌ۔

(الخُدَعَةُ): چال۔

- من الرجال: بہت دھوکہ کھانے والا آدمی۔

الحَرْبُ خُدْعَةٌ: جنگ دھوکہ ہے یعنی دھوکہ اور فریب جنگی تدبیروں اور چالوں میں سے ہے یا جنگ کو دھوکہ دیا جاتا ہے کیونکہ جب ایک فریق دوسرے کو دھوکہ دے گا تو گویا جنگ ہی کو دھوکہ دیا گیا ہے (ج) خُدَعٌ۔

(الخَدْعَةُ): ایک بار دھوکہ دینا۔

- الحَرْبُ خَدْعَةٌ: جنگ ایک چال کا نام ہے یعنی ایک چال میں جنگ ختم ہو جاتی ہے اور اس کا فیصلہ ہو جاتا ہے۔

(الخُدَعَةُ): بڑا دھوکے باز۔

- الحَرْبُ خُدَعَةٌ: جنگ جنگ بازوں کو دھوکہ دیتی ہے۔

(الخَدُوعُ) مِن النُّوقِ و نحوها: ایسی اونٹنی جو کبھی دودھ دے اور کبھی دودھ اوپر چڑھا لے۔ (۲) ایسا راستہ جو کبھی نظر آئے کبھی گم ہو جائے۔ (ج) خُدُعٌ۔

(الخَيْدَعُ): دھوکہ باز، کہا جاتا ہے رجلٌ خَيْدَعٌ و ذئب خَيْدَعٌ و طريق خَيْدَعٌ (۲) چمکتی ہوئی ریت جو دور سے پانی معلوم ہو۔

(المُخَدَّعُ): تجربہ کار جو بار بار دھوکہ کھا چکا ہو۔

(المِخْدَعُ): کوٹھڑی جو بڑے گھر کے اندر ہو۔ (۲) الماری نعمت خانہ (ج) مَخادِعُ۔

(خَدَفَ)۔ خَدْفاً: چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر تیز چلنا (۲) خوشگوار زندگی بسر کرنا (خَدَفَ في الخِصْبِ) بھی کہا جاتا ہے۔

-الشَّيْءَ: کاٹنا (خَدَفَ الثوبَ بھی کہتے ہیں)

(اختَدَفَ): کاٹنا (۲) لوٹ لینا۔

(الخَدْفُ): کشتی کا پتوار۔

(الخِدْفَةُ): کسی چیز کا ٹکڑا۔

- كُنَّا في خِدْفَةٍ مِنَ النّاسِ: ہم لوگوں کی ایک جماعت کے ساتھ تھے۔

- مَرَّتْ خِدْفَةٌ من الليل: رات کا ایک حصہ گزر گیا۔ (ج) خِدَفٌ۔

(خَدِلَ)۔ خَدَلاً و خَدَالَةً و خُدُولَةً: پر گوشت ہونا۔ کہا جاتا ہے "خَدِلَ الغُلامُ و خَدِلَتِ المرأةُ و خَدِلَتِ الساقُ و خَدِلَتِ الزراعُ" هو أخْدَلُ وهي خدلاء (ج) خُدْلٌ۔

(الخَدْلُ): پر گوشت۔ کہا جاتا ہے غُلامٌ خَدْلٌ امرأةٌ خَدْلَةٌ ساقٌ خَدْلَةٌ هي خَدْلَةُ السّاقِ و المخلخل (ج) خِدالٌ (۲) انگور کے چھوٹے دانے جو کسی وبا یا پانی کی کمی کی وجہ سے ٹھٹھر گئے ہوں۔

(الخَدَلَّجُ): جس کے بازو اور پنڈلیاں پر گوشت ہوں (مذکر و مونث دونوں کے لئے) هِيَ خَدَلَّجة بھی کہتے ہیں۔

(خَدَمَهٗ)۔ خِدْمَةً: کسی کی ضرورت پوری کرنا مهو و هي خادِمٌ (ج) خَدَمٌ و خُدّامٌ وهي خادمَةٌ۔

(أخْدَمَهٗ): کسی کو خادم دینا۔

Marfat.com

(خَدَّمَهُ): کسی کو خادم دینا۔
- البعیرَ: اونٹ کے گٹے پر چمڑے کا پٹا باندھنا۔
(تَخَدَّمَ) خادمًا: نوکر رکھنا۔
(اِختَدَمَ): اپنی خدمت کرنا۔
-فُلانًا: کسی سے خدمت طلب کرنا۔
(اِستَخدَمَهُ): خادم بنانا۔ (۲) خدمت طلب کرنا (۳) کسی سے خادم مانگنا۔
(الخَدّامُ) الخادم (صیغہ مبالغہ)۔
(الخَدَمَةُ): رات یا دن کی گھڑی۔
(الخَدَمَةُ) مضبوط حلقہ۔
- فَضَّ اللہ خَدَمَتَهُم: خدا نے اُن کا شیرازہ بکھیر دیا۔ حضرت خالد بن ولیدؓ نے فارس کے سرداروں سے گفتگو کے دوران فرمایا: الحمد للہ الذی فَضَّ خَدَمَتَکُم۔ (۲) چمڑے کا مضبوط پٹا جو اونٹ کے گٹے پر باندھا جاتا ہے (۳) ہتھکڑی بیڑی (۴) پازیب کالمَمهُوزَة اِحدَی خَدَمَتَیهَا: حماقت بیان کرنے کے لئے بولی جاتی ہے (۵) پنڈلی اَبدَتِ الحَربُ عن خِدامِ المُخَدَّرات: یعنی جنگ تیز ہوگئی (ج) خَدَم و خِدام۔
(الخَدُومُ) الخادم (صیغہ مبالغہ)
(المُخَدَّمُ) مالدار آدمی جس کے بہت سے نوکر چاکر ہوں (۲) عورت یا اونٹ کے تسمہ باندھنے کی جگہ پازیب پہننے کی جگہ۔
(المُخدِمُ) دوسروں کو نوکر دلانے والا (محدثہ)۔
(المُخَدَّمَةُ) تسمہ باندھنے کی جگہ۔
(المُستَخدَمُ) سرکاری ملازم (محدثہ)۔
(خادَنَه) دوستی کرنا۔ هو مُخادِن و خَدِین۔ (ج) خُدَناء حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے (إن احتاجَ إلَی مَعُونَتِکُم فَشَرُّ خلیلٍ و أَلأَمُ خَدِینٍ)۔
(الخِدنُ) دوست (۲) ہمراز یار غار (مذکر و مونث کے لئے) (ج) اخدان۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ بِالمَعرُوفِ مُحصَنَاتٍ غَیرَ مُسَافِحَاتٍ وَلَا مُتَّخِذَاتِ أَخدَانٍ﴾۔
(الخُذَنَة): بہت دوستی والا۔
(الخِدِیو) الخُدَیوِی: (ترکی) وائسرائے گورنر مصر کے سابقہ فرماں رواؤں کا لقب جو سلطان ترکی کے تابع ہوتے تھے (د)۔
(الخِدِیوِیَّة): ترکوں کی طرف سے مصر کے حاکموں کا منصب (د)۔

خ ....ذ

(خَذَأَ) له - خَذءًا و خُذُوءًا: مطیع ہونا۔
(خَذِئَ) له - خَذَأً و خُذُوءًا و خَذاءةً: مطیع ہونا هو خَذِیءٌ۔
(أَخذَأَهُ): تابعدار بنانا، زیر کرنا۔
(اِستَخذَأَ) له: خَذِئَ۔
(خَذَّ) الجُرحُ - خَذًّا و خَذِیذًا: زخم سے پیپ بہنا۔
(أَخَذَّ) الجُرحُ: خَذَّ۔
(خَذرَفَ) الحیوانُ: جلدی کرنا۔ (۲) جانور کے پیروں کا گھومنا۔
-الرَّحی: چکی کے سوراخ میں لکڑی لگانا۔
-السیفَ و نحوَه: کسی کے جسم کے اطراف کو تلوار سے کاٹنا۔
-الإناءَ: برتن کو بھرنا۔
(تَخَذرَفَ) الثَّوبُ: کپڑا پھٹنا۔
-النَّوی فلانًا: کسی کا دوری سے دوچار ہونا۔
(الخُذرُفَة): کپڑے کا ٹکڑا۔
(الخُذرُوف) پھرکی، لٹو (۲) لکڑی جو چکی کے اوپر سوراخ میں رکھی جاتی ہے۔ (۳) ہر وہ چیز جو کسی سے الگ ہوگئی ہو (ج) خَذَارِیف۔
- تَرَکَتِ السیوفُ رأسَه خَذَارِیفَ: تلواروں نے اس کے سر کے ٹکڑے ٹکڑے کردئیے۔
(خَذَعَ) اللَّحمَ ومَالا صَلابَةَ فیه - خَذعًا: گوشت، کدو یا پھل کو اس طرح مختلف جگہ سے کاٹنا کہ پھانکیں الگ نہ ہوں۔
(خَذَّعَه) خذعه۔
- فلانٌ خَذَّعَته السیوفُ: اس کو تلواروں نے چھید ڈالا (یعنی بار بار جنگ میں شرکت کی وجہ سے جسم پر تلوار کے بے شمار گھاؤ ہیں)۔
-الشیءَ: کسی شئی کے اطراف کو کاٹنا۔
- خَذَّعَ الشجرةَ: اس نے درخت کے اطراف کاٹے۔
(تَخَذَّعَ) اللحمُ و نحوُه: گوشت وغیرہ کا اس طرح کاٹنا کہ کوئی حصہ جدا نہ ہو۔
(خِذَعَ): کہتے ہیں: ذَهَبُوا خِذَعَ مِذَعَ وہ ہر طرف بکھر گئے۔
(الخَذعَة): گوشت وغیرہ کا ٹکڑا۔
(المُخَذَّعُ): بھنا ہوا گوشت۔
(المِخذَعَةُ): چھری (ج) مَخاذِع۔
(خَذَفَتِ) الدابَّةُ - خَذفًا و خَذَفانًا: جانور کا اتنا تیز چلنا کہ آس پاس سے کنکریاں اُڑیں۔
-به خَذفًا: پھینکنا۔
- خَذَفَ بالعصا و بالنَّوی: کنکری یا گٹھلی کو بیچ کی دو انگلیوں میں رکھ کر پھینکنا۔
- خَذَفَ ببَولِه: رک رک کر پیشاب کرنا۔
-الشیءَ: کاٹنا هو وهی خَذُوف (ج) خُذُف۔
(المِخذَفَةُ): غلیل یا وغیرہ جس میں کنکریاں وغیرہ رکھ کر پرندے کو مارا جائے۔ (ج) مَخاذِف۔
(خَذَقَ) - خَذقًا: بیٹ کرنا۔
-الدَّابةَ: جانور کو تیز چلانے کے لئے مارنا۔
(الخَذقُ): پرندوں کی بیٹ، جانور کی لید قُباث بن اشیم کی حدیث میں ہے (قیل له: انتَ اکبَرُ ام رسولُ اللہ؟ فقال هو اکبرُ مِنّی وانا اَقدَمُ منه المیلاد، وانا رایتُ خَذقَ الفیلِ اَخضَرَ مُحِیلًا)۔
(خَذَلَ) - خَذلًا و خِذلانًا: جدا ہونا۔
- خَذَلَتِ الظَّبیَةُ و نحوُها: ہرنی کا ریوڑ سے بچھڑنا (۲) ہرنی کا اپنے بچہ کی نگہبانی کرنا۔
- فلانٌ خَذُولُ الرِّجلِ: وہ شخص جس کی ٹانگوں نے کمزوری یا کسی بیماری یا نشہ کے باعث کام کرنا چھوڑ دیا ہو۔
-فلانا و عنه: مدد سے ہاتھ کھینچ لینا۔ قرآن عزیز میں ہے ﴿وإن یَخذُلکُم فَمَن ذا الَّذِی یَنصُرُکُم مِن بَعدِهِ﴾۔ حدیث مبارکہ میں ہے (المؤمنُ اخو المؤمنِ لا

Marfat.com

يَخذُله)۔
- خَذَله اللهُ: خدا نے اسے رسوا کر دیا۔
(أَخذَلَتِ) الظَّبيَةُ و نحوُها: ہرنی کا اپنے بچے کی حفاظت کرنا۔
(خَذَّلَه): پسپائی اور جنگ بندی پر آمادہ ہونا۔
- خَذَّل عنه أصحابَه: مدد نہ دینے کی ترغیب دینا۔
(تَخاذَلَتِ) الظبية: أخذَلَتْ۔
-القومُ: ایک دوسرے کی مدد نہ کرنا۔
- تخاذلَتْ رِجلاه: پاؤں کمزور ہونا۔
(الخُذَلَة): مدد سے ہاتھ کھینچنے والا۔ کہاوت ہے: أنا عَذَلَةٌ وأخِي خُذَلَةٌ وكِلا نالَيسَ بابن أمَةٍ: اس شخص کے بارے میں بولی جاتی ہے جو تمہاری مدد چھوڑ دے اور تم اسے ملامت کرو۔
(الخَذُول): وہ مادہ جانور جو دردزہ کے وقت اپنی جگہ سے نہ ہلے (۲) ریوڑ سے بچھڑا ہوا ہرن۔
(خَذَمَ) الحيوانُ وغيره ـِ خَذَمانًا: جلدی کرنا۔
-الصَّقرُ: باز کا پنجہ مارنا۔
-الشَّيَ خَذمًا: جلدی سے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے خَذَمَه بالسيف۔
(خذِمَ) ـَ خَذَمًا: جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے خَذِمَ الفرسُ و خَذِمَ الظَّلِيمُ۔
-فُلانٌ: فراخ دل اور نیک طبیعت ہونا۔
هو خَذِمُ العطاء بھی کہتے ہیں۔
- الشَّيُ: تیز اور دھار دار ہونا۔ کہا جاتا ہے خَذِمَ السيفُ (۲) کٹ جانا۔ کہا جاتا ہے خَذِمَتِ النَّعلُ و خَذِمَتِ الدَّلوُ۔
- فُلانٌ خَذَمًا: کٹ جانا (۲) نشہ میں ہونا۔
هو خَذِمٌ وهو وهي خَذِيمٌ۔
(أخذَمَ): ذلت کا اقرار کرنا (۲) پرسکون ہونا۔
-الشَّرابُ: مست کرنا۔
-النَّعلَ: چپل کے تسمے یا اس کے اوپر کی پٹی کو ٹھیک کرنا۔

(خَذَّمَهُ): ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَذَّمَ أذُنَه"۔
(تَخَذَّمَ): جلدی سے کاٹنا (۲) کٹ جانا۔
- الشَّيُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ کہا جاتا ہے تَخَذَّمَ الشجرَة۔
(الخُذامَةُ): کسی چیز کا ٹکڑا۔
(الخَذماءُ) شاةٌ خَذماءُ: بکری جس کے کان کا کنارہ کٹا ہوا ہو۔
(المِخذَمُ): تیز تلوار (ج) مَخاذِمُ۔
(خَذا) ـُ خَذوًا: ڈھیلا ہونا۔
-لحمُه: گوشت کا گٹھا ہوا ہونا۔
(خَذِی) ـَ خَذًی: خَذا (۲) لٹکے ہوئے کان والا۔ هُوَ أخذَی هي خَذواءُ (ج) خُذوٌ۔
خَذِیَ الرَّجلُ: کمزور اور ذلیل ہونا۔
(أخذاه): تابعدار بنانا۔
(استَخذَی): تابع فرمان ہونا۔
(الخَذا): کان کا چہرے کی طرف لٹکا ہوا ہونا۔ خواہ پیدائش طور پر ہو یا بیماری کی وجہ سے نخعی کی حدیث میں ہے: (إذا كانَ الشَّقُّ أو الخَرقُ او الخَذا في أُذُنِ الأُضحية فلابأس) (۲) ایک کیڑا جو جانور کی لید سے نکلتا ہے۔
(الخُذاوِيَّةُ): کم سننے والا کان۔

خ......ر

(خَرِئَ) ـَ خَرءًا و خِراءً و خِراءَةً و خُرُوءًا: بیٹ کرنا لید کرنا هو خارِئٌ۔
(الخُرءُ): بیٹ (ج) خُرُوءٌ و خُرآنٌ۔
(المَخرَأةُ): بیت الخلاء (ج) مخارِئُ۔
(المَخرُؤَةُ): بیت الخلاء (ج) مخارِئُ۔
(خَرَبَ) ـُ خَرْبًا: چور بن جانا هو خارِبٌ (ج) خُرّابٌ۔
-الشَّيَ: سوراخ کرنا پھاڑنا۔
- خَرَبَ دِينَهُ: دین کے بارے میں شک ڈالنا۔
-الشَّيُ: کسی چیز کو بے کار و بے سود بنا دینا۔
-فلانًا: کان کے سوراخ پر مارنا۔

-الشَّئ وبه خَرْبًا و خِرابَةً و خُرُوبًا: چرا لے جا۔
(خَرِبَ) ـَ خَرَبًا و خَرابًا: بے کار ہو جانا۔
-المكانُ: ویران ہونا۔
- إذا اصطلح الفَأرَةُ و السِّنَّورُ خَرِبَ دُكّانُ العَطّار: دو خائنوں کے باہمی اشتراک و تعاون کے وقت کہا جاتا ہے (مو)۔ فهو خَرِبٌ و هو أيضًا خَرابٌ (ج) أخرِبة۔
-الحيوانُ: پھٹے ہوئے کان والا ہونا۔ فهو أخرَبُ وهي خرباء (ج) خُربٌ۔
(أخرَبَهُ): اجاڑنا۔
-فُلانًا: کسی کو چور پانا۔
(خَرَّبَهُ): منہدم کرنا۔
-المزادةَ و نحوَها: ہینڈل بنانا۔
(استَخرَبَ): ویران ہونا۔
- استَخرَبَ فلانٌ: مصیبت سے شکستہ دل ہونا۔
-و استَخرَبَ إلى فلان: مشتاق ہونا۔
(الأخرَبُ): پھٹے ہوئے کان والا۔
-(عند العَرُوضِيِّينَ): وہ جزء جس میں خرب داخل ہو جائے۔
(الخُرابَةُ): ہر گول اور کشادہ سوراخ (۲) کھجور کی چھال کی رسی (۳) پتھر کی پلیٹ جس میں سوراخ کر کے رسی باندھی جاتی ہے۔
-خرابَةُ الإبرة: سوئی کا ناکہ۔
خُرابَةُ الوَارِك: سرین کا گڑھا۔
(الخُربُ): چرواہے کا توشہ دان۔
-من الإبرة: سوئی کا ناکہ۔
-(عند العَروضِيِّينَ): فعاعیلن میں خرم اور کف کا اجتماع اس طرح وہ فاعیل رہ جاتا ہے تو اسے مفعول کی طرف پھیر دیا جاتا ہے جیسے یہ قول ـ

لو كان أبو بشرٍ
أميرًا ما رضيناه

یہ اکثر بحر ھزج میں ہوتا ہے۔
(الخُربُ): چرواہے کا توشہ دان (۲) ریت کے بلند ٹیلہ کا آخری سرا جہاں جھاؤ اگتے ہیں۔

Marfat.com

(الخَرَبُ): گھوڑے کی کوکھ کا گڑھا۔
(۲) گھوڑے کی کہنی کے بیچ میں بکھرے ہوئے بال (۳) نر تغدار (ایک پرندہ) (ج) خِرابٌ و أخرابٌ و خِربان کہا جاتا ہے: فلانٌ خَرَبٌ بزدل ہے۔
-(عند العروضیین): الخَرَبُ۔
(الخَرِبُ): پہاڑ کا باہر نکلا ہوا کنارہ۔
(الخَرْباءُ) من المَعْزِ: وہ بکری جس کے کان پھٹے ہوئے ہوں۔
-من الآذان کان جس کی لو میں سوراخ ہو۔
(الخِرِبّانُ): بزدل آدمی۔
(الخَرْبَۃُ): چھلنی (۲) عیب (۳) شرم گاہ (۴) لغزش (۵) رسوائی (۶) بری بات۔ کہا جاتا ہے ما خَرَّبَ علیه خَرْبَةً۔
(الخُرْبَۃُ): ہر گول اور کشادہ سوراخ کہا جاتا ہے "أذنه أو سقائه أو أديمه خُرْبَةٌ"۔
(خُرْبَةُ المزاءة): مشک کا تبضہ۔
خُرْبَةُ الوَرِكِ سرین کا گڑھا۔ مافیه خُرْبَةٌ: اس میں کوئی خرابی یا عیب نہیں۔
ما رأینا فی فُلانٍ خُرْبَةً ہم نے اس میں کوئی شک کی بات نہیں دیکھی (۲) چرواہے کا تھیلا۔ (ج) خُرَبٌ و اخراب و خُرُوبٌ۔
(الخَرِبَۃُ) ویران جگہ (ج) خِرَبٌ۔ حدیث میں مسجد نبوی کی تعمیر کے سلسلہ میں آیا ہے "كَانَ فيهِ نَخلٌ و قُبورُ المُشرِكين و خِرَبٌ، فَأَمَرَ بالخِرَبِ فَسُوِّيَت"۔
(الخَرَبَۃُ) مصیبت (۲) جرم۔ حدیث میں ہے "الحَرَمُ لا يُعِيذُ عاصِياً ولا فارًّا بِخَرْبَةٍ"۔
- مافیه خَرَبَة اس میں کوئی عیب نہیں۔
(الخَرِبَۃ) کھنڈر (ج) خَرِب۔
وقعوا في وادي خَرِباتٍ وہ ہلاکتوں کی وادی میں پھنس گئے۔
(الخَرُّوبُ) کیرب ایک درخت جس کے پھل کھائے جاتے ہیں اور مویشی کے چارے کے کام بھی آتے ہیں۔
(الخَرُّوبَۃُ) (فی اصطلاح الصاغۃ)۔
کیرب کا دانہ جس سے سنار وزن کرتے ہیں۔
(الخِربِزُ): خربوز۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے "رَأَيتُ رسولَ الله صلی الله علیه وسلم يَجْمَعُ بينَ الرُّطَبِ والخِربِزِ" (مع)۔
(خَرْبَشَ) الشئَ: خراب کرنا۔ کوئی کام ٹھیک طور پر انجام نہ دینا۔
- خَرْبَشَ الکتابَ بھی کہتے ہیں۔ زید ابن اخزم الطائی کی روایت ہے (سمعتُ ابن دوادٍ يقولُ: كان كتابُ سُفيانَ مُخَرْبَشًا)۔
(الخِرْباش): اختلاط اور شور وشغف۔ (ج) خَرابِشُ۔
(خَرْبَصَ) الأشیاءَ: اشیاء کو ایک دوسرے سے الگ کرنا۔
- الدّابّةُ الزرعَ و نحوَہ: جانور کا کھیتی چر جانا۔
(خَرْبَقَ) فی مَشْيِهِ خَرْبَقَةً و خِرْباقًا: چلنے میں جلدی کرنا۔
-النّبتُ: پودوں کا ایک دوسرے سے ملا ہونا۔
-الشئَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) پھاڑنا۔
-العملَ کام خراب کرنا۔
(اخْرَنْبَقَ) زمین سے چمٹنا (۲) روپوش ہونا۔ (۳) خاموش ہوکر سر جھکالینا۔
کہاوت ہے "مُخْرَنْبِقٌ لِيَنْباعَ" وہ حملہ کرنے کے لئے خاموش ہے۔ اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو طویل خاموشی اختیار کرے اور بے توجہ معلوم ہو لیکن درحقیقت وہ کوئی چال سوچ رہا ہو اور حملہ کرنے کی تاک میں ہو۔
(الخِرْباق) لمبی اور بھاری بھرکم عورت (۲) تیز چلنے والی عورت۔
(الخِرْبِق) حوض یا ٹنکی جس میں پانی جمع کیا جائے۔
(خَرَتَ) الطّریقُ به الی کذا - خَرْتًا و خُرُتَةً راستہ کا کسی جگہ پہنچا دینا۔
-الشئَ چیرنا یا سوراخ کرنا۔
-الأرضَ زمین کے خفیہ راستوں سے واقف ہونا۔
(الخَرْتُ): سوراخ۔ عمرو رضی اللہ عنہ بن العاص کی حدیث میں ہے: "قَالَ لَمّا احتُضِرَ: كأنّما أتنفّسُ مِن خَرْتِ إبرةٍ"۔
- وَقَعوا فی مَضایقَ مِثلِ أخْراتِ الإبَرِ: وہ ایسی مصیبتوں میں پھنس گئے جن سے نکلنے کا راستہ نہیں۔
- سَلَكَ بِهِمْ أخراتَ المَفاوِزِ: جنگل کا خفیہ اور تنگ راستوں پر لے جانا۔ زادَ خَرْتُ القومِ: لوگوں کا مقام و مرتبہ سے خوش نہ ہونا۔
قَلِقَ خَرْتُ فلانٍ: کام خراب ہونا۔ (۲) سینہ کے پاس کی چھوٹی پسلی۔ (ج) أخْرات و خُرُوت۔
(الخُرْتُ): سوراخ (۲) تیز رفتار بھیڑیا یا کتا۔
(الخُرْتَۃ): سوراخ (۲) ہودہ کا چھلا (ج) خُرَتٌ و خُرَت (ج) أخْراتٌ۔
(الخِرِّيتُ): ہوشیار اور ماہر راہبر۔ هو فی هذا الأمر خِرِّيتٌ وهُوَ خِرِّيتُ هذا الأمر: وہ اس معاملہ کا ماہر ہے۔ ہجرت کی حدیث میں ہے (وَاسْتَأجَرَ رَجُلاً من بنی الدِّيلِ هادِيًا خِرِّيتًا) (ج) خَرارِيتُ۔
(المَخْرَتُ) صاف سیدھا راستہ (ج) مَخارِتُ۔
(خَرِثَتِ) المرأةُ - خَرَثًا: عورت کی کوکھ کا موٹا اور گوشت کا ڈھیلا ہونا۔ هی خَرْثاء (ج) خُرْثٌ۔
(الخِرْثاءُ) سرخ چیونٹی۔
(الخُرْثِيُّ) گھر کا سامان روی اور گھٹیا سامان۔ فلانٌ يَسْمَعُ خُرْثِيَّ الکلام بے فائدہ گفتگو (ج) خَراثِيُّ۔
(خَرَجَ) - خُرُوجًا: نکلنا نمودار ہونا۔
-خَرَجَتِ السَّماءُ: آسمان کا صاف اور بادلوں سے خالی ہونا۔
-خَرَجَتْ خَوارِجُ فلانٍ: نجابت و شرافت ظاہر ہونا۔
- خَرَجَ من الامر او الشدۃ فارغ ہونا۔

Marfat.com

- خَرَجَ من دَيْنِه: قرض چکا دینا۔
- خَرَجَ على السلطان: علم بغاوت بلند کرنا۔
- خَرَجَ في العِلْم او الصِّناعة: ماہر ہونا۔
-السَّحَابُ: بادلوں کا پھیلنا اور بکھرنا۔
-بہ: نکالنا۔ هو خارجٌ و خَرَّاج۔
(خَرِجَ) ـَ خَرَجًا: دو رنگ کا ہونا۔
-خَرِجَت الأرضُ: زمین پر کسی جگہ روئیدگی ہونا اور کسی جگہ نہ ہونا۔
-العامُ: سال کے کچھ حصہ میں بارش ہونا اور کچھ حصہ میں قحط پڑنا۔
- النَّعامُ خَرَجًا و خُرْجَةً: شتر مرغ کی سفیدی میں سیاہی کی آمیزش ہونا۔
-الشّاةُ: بکری کی کوکھ اور ٹانگوں کا سفید ہونا۔
هو أخْرَجُ، هي خَرْجاء (ج) خُرْجٌ۔
(أخْرَجَ) فلانٌ: خراج ادا کرنا (۲) ایسے شتر مرغ کا شکار کرنا جس کی سفیدی میں سیاہی کی آمیزش ہو۔
- أخْرَجت الرَّاعِيَةُ المَرْتَعَ: جانور نے چراگاہ کا کچھ حصہ چر لیا اور کچھ یوں ہی چھوڑ دیا۔
- أخْرَجَ النّاسُ: لوگوں پر ایسا سال آنا جس کا نصف حصہ خشک اور قحط زدہ ہو۔
-الحديثُ: صحیح سندوں کے ساتھ نقل کرنا۔
-الشّيءَ: ظاہر کرنا۔
-الرِّوايَةَ او المَسْرحِيَّةَ: ناول یا ڈرامے کو تھیٹر یا پردے پر لانا۔ منظر عام پر لانا هو مُخْرِج (مُ)۔
(خارَجَ) عبدَه: غلام سے ماہوار مقررہ رقم کی ادائگی کا معاملہ کر کے اسے آزاد چھوڑ دینا۔
(خَرَّجَه) في العِلم والصّناعة: سکھانا، طالبعلم کو تیار کرنا۔ متعلم کو خریج اور خِرِّيج کہیں گے۔
- خَرَّجَ خَيْلَهُ: گھوڑے کو سدھارنا۔
-الحديثَ: بیان کرنا، نکالنا۔
-الأرضَ: زمین پر خراج مقرر کرنا۔
-الشّيءَ: کسی چیز کو دو رنگوں سے رنگنا۔

کہا جاتا ہے: "النُّجُومُ تُخَرِّجُ اللَّيلَ"۔
- خَرَّجت الراعية المَرْتَع: چراگاہ کا کچھ حصہ چر لینا اور کچھ بے چرا چھوڑ دینا۔
- خَرَّجَ الغلامُ لَوْحَه: بچہ کا تختی کے کچھ حصہ کو بے لکھا چھوڑ دینا۔
- خَرَّجَ فلانٌ عَمَلَه: کام کو مختلف اور متنوع کر دینا۔
(اخْتَرَجَ): دو رنگا ہونا۔
-الشّيءَ: نکالنا۔ حدیث میں ہے: (فاخْتَرَجَ تَمَرَاتٍ مِن قِرْبَةٍ) (۲) استنباط کرنا۔
-فلانًا: کسی سے نکلنے کے لئے کہنا۔
(تخارَجَ) القومُ: ہر ایک کا برابر خرچ نکال کر دینا۔
-الشُّرَكاءُ: جائداد کو آپس میں تقسیم کر لینا۔
ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ہے: "لا بأسَ أن يَتخارَجَ القومُ في الشّركة تكونَ بينهم"۔
(تَخَرَّجَ) في فنِّ كذا: ماہر ہونا۔
(إخْرَجَّ) النَّعامُ: شتر مرغ کا سیاہ و سفید رنگ ہونا۔
(اسْتَخْرَجَهُ): نکالنا، کسی سے نکلنے کے لئے کہنا۔
-الشّيءَ: استنباط کرنا۔
- استخْرَجَ من المعدِن: مٹی صاف کرنا۔
(استخْرِجَتِ) الأرضُ: زمین میں بیج ڈالنے یا پودا لگانے کے لئے تیار کیا جانا۔
(التَّخْرِيجُ): عرب لڑکوں کا ایک کھیل جس میں خَراجِ خَراجِ (نکالو نکالو) کہا جاتا ہے۔ ایک لڑکا ہاتھ میں کوئی چیز لیتا ہے اور سب سے کہتا ہے کہ میرے ہاتھ میں جو چیز ہے اسے نکالو۔
(الخارِجُ) من كلّ شيء: کسی چیز کا ظاہری حصہ۔ (۲) باہر نکلنے والا۔
(الخارِجِيُّ): ہم جنس اور ہمعصروں سے سبقت لے جانے والا (۲) ذاتی قابلیت سے سرداری حاصل کرنے والا جس کی سرداری قدیمی اور خاندانی نہ ہو۔ فَرَسٌ خارِجِيٌّ: ایسا گھوڑا جس کی نسل عمدہ نہ ہو مگر خود عمدہ ہو (ج) خارِجِيَّةٌ (۳) بادشاہ یا حکومت کا باغی (۴) فرقۂ خوارج کا فرد۔
وِزارَةُ الخارِجيّة: وزارت خارجہ، ملک کے ان معاملات کی نگران وزارت جن کا تعلق بیرونی ملک سے ہو (محدثہ)
(الخَراجُ): زمین کی پیداوار۔
هذه التُّفّاحةُ طيّبٌ رِيحُها و طيّبٌ خَراجُها: اس سیب کی خوشبو بھی عمدہ ہے اور ذائقہ بھی عمدہ ہے۔ (۲) زمین کا محصول یا ٹیکس جو لوگوں سے لیا جاتا ہے۔ (۳) جزیہ جو ذمیوں سے لیا جاتا ہے (۴) ایک کھیل (دیکھئے: التَّخْرِيج)۔
- البلادُ الخارِجيّة: صلح کے ذریعے فتح کئے گئے وہ علاقے جن کے باشندوں کی زمینوں سے حسب شرائط خراج وصول کیا جائے۔ (ج) أخْراج و أخْرِجة (جج) أخاريج۔
(الخُراجُ): الخَراجَ (۲) پھوڑے، آبلے (۳) (عند الأطباء) کسی مخصوص مقام پر پیپ جمع ہو جانا (ج) أخْرِجة و خِرْجان۔
(الخَرْجُ): زمین کی پیدوار۔
خَرْجُ السَّحاب: پانی جو بادل سے نکلتا ہے۔
(۲) خرچ، ضد: دَخْل۔
- الإتاوةُ السّنويّة: زمین کا سالانہ ٹیکس۔
(ج) أخْراج و خُرُوج۔
(الخُرْجُ): تھیلی، خورجی، بال یا کھال کا دو بوریوں والا تھیلا جو سامان رکھنے کے لئے سواری کی پشت پر رکھا جاتا ہے (ج) خِرَجة و أخْراج۔
(الخُرَجَةُ): بہت نکلنے والا۔ کہتے ہیں رَجُلٌ خُرَجَةٌ وُلَجَةٌ۔
(الخُرُوجُ): لمبی گردن والا (مذکر و مونث دونوں کے لئے) فَرَسٌ خَرُوجٌ: ایسا گھوڑا جو اپنی لمبی گردن سے لگام کی ہرسی کو توڑ دیتا ہے۔
(الخُرُوجُ): (في علم القافية): حرف مد جو قافیہ مطلقہ میں ہائے وصل کے بعد ہوتا ہے۔

Marfat.com

يومُ الخُرُوجِ: قیامت کا دن (٢) عید کا دن۔ سُوَید کی حدیث میں ہے (دَخَلَ علي عَلِيٍّ في يوم الخُروجِ فإذا بين يديه فاثُورٌ عليه خبزُ السهراء وصَحِيفَةٌ فِيْهَا خَطِيْفَةٌ)۔
(الخَرِيْجُ): ایک کھیل (دیکھئے: التَّخْرِيج)۔
(الخَوَارِجُ): ایک اسلامی فرقہ جس نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خلاف بغاوت کی (٢) خلفاء وغیرہ کے باغیوں کو بھی خوارج کہا جاتا ہے۔
(المَخْرَجُ): نکلنے کی جگہ (ج) مَخَارِجُ۔
هو يَعْرِفُ مَوَالِجَ الأمور و مَخَارِجَها: یعنی وہ واقف کار اور آزمودہ کار ہے۔ (٢) (عند القُدَماء الحساب): کسی کسر کی مقدار جسے عموماً لکیر کے نیچے لکھا جاتا ہے جس سے اس کی قسم یا ان مساوی اجزاء کا اظہار ہوتا ہے جس میں واحد کو تقسیم کیا گیا ہو۔ ڈی نومینیٹر مقسوم علیہ۔ (عند القُرّاء والصرفيين): حلق سے حرف کے نکلنے کی جگہ۔
(خَرْخَرَ) الماءُ و نحوہ: پانی بہنے کی آواز۔
خَرْخَرَ النائِمُ او لمُخْتَنِقُ: خراٹے لینا (٢) گلا گھونٹے جانے کے وقت خرخر کی آواز نکالنا۔
(تَخَرْخَرَ): پیٹ کا موٹاپے کی وجہ سے ہلنا۔
-الرَّجُلُ: لاغری سے ہلنا۔
-المرأةُ: عورت کا موٹاپے کی وجہ سے ہلنا۔
(٢) عورت کا موٹاپے کے بعد لاغر ہونا۔
(الخَرْخَارُ): تیز بہتا ہوا پانی۔
(الخُرْخَارُ): تیز بہتا ہوا پانی۔
(الخَرْخَرُ) پانی اور ہوا کی آواز۔
(الخِرْخِرُ): بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔
رجلٌ خِرْخِرٌ: ایسا آدمی جو عمدہ اور نرم و ملائم خوراک، پوشاک اور بستر استعمال کرے۔ (ج) خَرَاخِرُ۔
(الخُرْخُورُ) الخِرْخِر (ج) خَرَاخِيرُ۔
(خَرِدَ)۔ خَرَدًا طویل خاموشی اختیار کرنا۔
- خَرِدَتِ اللُّؤْلُؤَةُ: موتی کا غیر سوراخ شدہ ہونا۔
خَرِدَتِ الفتاةُ: پردہ نشین ہونا۔
-فلانٌ: نہایت شرمیلا ہونا۔
خَرِدَ صوتَهُ: شرم کی وجہ سے آواز کا نرم اور پست ہونا۔ (٢) کم خاموشی اختیار کرنا هو خارِدٌ (ج) خُرَّدٌ، وهي خَرِيْدٌ و خَرِيدةٌ و خَرُودٌ (ج) خُرُدٌ و خَرَائِدُ۔
(أَخْرَدَ) الفتي: شرم سے خاموش ہونا۔
-الفتاةُ: پردہ نشین ہونا۔
- الرجلُ إلى اللَّهْوِ: کھیل کی طرف مائل ہونا۔
(تَخَرَّدَتِ) الجاريةُ: مکمل جوانی کے باوجود باکرہ ہونا۔
(الخُرْدَةُ): معمولی اور متفرق سامان۔
(الخَرُودُ): شرمیلی عورت (٢) باکرہ لڑکی۔
(الخَرِيْدُ): الخَرُود۔
- صوتٌ خريدٌ: نرم اور آہستہ آواز جس میں حیاء کا اثر ہو۔
(الخَرِيدةُ) الخَرِيدُ (٢) بغیر سوراخ کے موتی ناسفتہ موتی۔
(الخُرْدِيقُ): گوشت کا شوربا (مع)۔
(خَرْدَلَتِ) النَّخلةُ: درخت سے کھجوروں کا کثرت سے جھڑنا اور باقی ماندہ کچی کھجوروں کا بڑا ہونا۔ هي مُخَرْدِلٌ و مُخَرْدِلَةٌ۔
(الخَرْدَلُ): رائی (اس کے بیج دوا کے طور پر استعمال ہوتے ہیں اور کھانے کے مسالے میں بھی ڈالے جاتے ہیں) خَرْدَلَةٌ: رائی کا دانہ کہا جاتا ہے ما عندی من کذا خَرْدَلَةٌ۔ میرے پاس یہ چیز ذرا سی بھی نہیں۔ قلت اور چھوٹا پن بیان کرنے کے لئے کہا جاتا ہے۔ ما عندی خَرْدَلَةٌ من کذا (٢) گوشت کا ٹکڑا (ج) خَرَادِل۔
(الخُرْدُولَةُ): گوشت کا بڑا اور بھرپور ٹکڑا (ج) خَرَادِيل۔
(خَرْذَل): بمعنی خَرْدَل۔
(خَرَّ) الماءُ والرِّيحُ ـِ خَرًّا و خَرِيرًا و خُرُورًا: پانی بہنے یا ہوا چلنے کی آواز۔ کہا جاتا ہے خَرَّ المائِمُ و خَرَّتِ العُقَابُ خَرَّ النَّمِرُ و خَرَّتِ الهِرَّةُ۔
-البِناءُ خَرًّا و خُرُورًا: عمارت کا اوپر سے نیچے آواز کے ساتھ گرنا۔
- الشَّيءُ: زمین پر گرنا۔ کہا جاتا ہے خَرَّ ساجدًا۔ قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَرَفَعَ أَبَوَيْهِ علي العَرْشِ و خَرُّوا له سُجَّدًا﴾۔
-فلانٌ: خوش حال ہونا۔ (٢) گزرنا (٣) مر جانا۔
-فلان علي فلان: اچانک حملہ کرنا، انجان جگہ سے حملہ کرنا، فهو خارٌّ، وخَرُورٌ، و خَرَّار۔
-القومُ: ایک شہر سے دوسرے شہر منتقل ہونا۔
هُم الخَرّار و الخَرّارَةُ۔
- الماءُ الأرضَ خَرًّا: پانی کا زمین کو پھاڑ دینا۔ فهو خارٌّ۔
(أَخَرَّهُ): گرا دینا۔
(انْخَرَّ): گر جانا۔
-الرجلُ: اعضاء کا ڈھیلا ہونا۔
(الخَرَّارَةُ): بہتا چشمہ (٢) پھرکی (٣) ایک پرندہ (ج) خَرَّار۔
(الخُرُّ): کان کی جڑ۔
-من الرَّحَي: چکی کا سوراخ جس میں گیہوں وغیرہ ڈالے جاتے ہیں۔
-من الأرضِ: زمین میں سیلاب سے ہونے والا سوراخ۔
(ج) خِرَرَةٌ۔
(الخَرِيرُ): تیز پانی کی بہاؤ کی آواز پرندے کی بازوؤں کی پھڑپھڑاہٹ کی آواز۔
(٢) دو ٹیلوں کے درمیان پست جگہ (ج) أخِرَّة۔
(الخِرِّيَان): بزدل آدمی۔
(خَرَزَ) الجلدَ و نحوَه ـُ خَرْزًا: چمڑے کو ستالی سے سینا۔
(خَرِزَ) ـَ خَرَزًا: منظم ہونا۔
(خَرَّزَه): مہروں اور گھونگھوں سے مزین ہونا۔
(الخِرَازَةُ): موچی کا پیشہ۔
(الخَرَّازُ): موچی (٢) مہرے بنانے والا۔

Marfat.com

(الخَرَزَةُ): ڈورے میں پرویا ہوا گھونگا۔ مہرہ (شیشہ وغیرہ کا) سوراخ دار دانہ۔ تسبیح کا دانہ' پتھر کا نگ' منقش نگینہ (٢) بے پتوں کا ترشی دار پودا جو ایک ہاتھ لمبا ہوتا ہے (ج) خَرَزٌ خَرَزَات۔

- خَرَزُ الظَّهْرِ: ریڑھ کی ہڈی کے منکے۔

(الخُرْزَةُ): سوراخ اور اس کا دھاگہ۔ (٢) دو سوراخوں کے بیچ سلائی۔

- جَمَعَ بينَ سَيْرَيْنِ في خُرْزَةٍ: اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو ایک حاجت کے ضمن میں دو حاجتوں کا سوال کرے۔ (ج) خُرَزٌ۔

(المِخْرَزُ): موچی کی ستالی (ج) مخاریز۔

(المِخْرَزُ): المِخْرازُ (ج) مخارز۔

(خَرَسَ) النُّفَسَاءَ ـُ خَرْسًا: زچہ کے لئے کھانا (اچھوانی) تیار کرنا (٢) زچہ کو اس کی خوراک دینا۔

(خَرِسَ) ـَ خَرَسًا: گونگا ہونا' زبان بند ہونا۔

-الجَمَلُ: اونٹ کے منہ سے جھاگ کے ساتھ ہلکی آواز نکلنا۔

-الكتيبةُ: فوجی دستہ کا خاموشی سے روانہ ہونا کہ ہتھیاروں اور فوجیوں کی آواز نہ سنائی دے۔

-اللَّبَنُ: دودھ کا اتنا گاڑھا ہونا کہ انڈیلنے پر کوئی آواز پیدا ہو اور اسی طرح کی دوسری آوازیں پیدا ہو۔

-السَّحابُ: بادل کا گرج اور چمک سے خالی ہونا۔

-الماءُ: پانی بہنے کی آواز نہ ہونا۔

-الجَبَلُ: پہاڑ سے آواز کی بازگشت کا نہ ہونا۔

-الأرض: زمین کا قابل کاشت نہ ہونا۔ هو أخرَسُ' هي خَرْساء (ج) خُرْسٌ و خُرْسَان۔

'-فلانٌ: منکے سے پینے کی وجہ سے رات کو نیند نہ آنا هو خَرِسٌ۔

(أخرَسَتِ) الأرضُ: زمین کا قابل کاشت نہ ہونا۔

-اللهُ فلانًا: گونگا بنانا۔

(خَرَّسَ) علي النُّفَساء: زچہ کو اس کی خوراک دینا۔

-النُّفَساءَ: زچہ کے لئے اچھوانی بنانا۔ کہا جاتا ہے خَرَّس عنها۔ (٢) خوراک کھلانا۔

(تَخارَسَ): بناوٹی گونگا بننا۔

(تَخَرَّسَتِ) المرأةُ: عورت کا اپنے لئے اچھوانی بنانا۔

- تَخَرَّسِي يا نَفْسُ لا مُخَرِّسَةَ لَكِ: یعنی تو اپنا کام خود ہی کر کوئی دوسرا کرنے والا نہیں۔

(اسْتَخْرَسَت) الأرضُ: نا قابل زراعت زمین۔

(الخِرَاسُ): تقریب ولادت کا کھانا کھلانا۔

(الخَرَّاسُ): منکے بنانے والا یا بیچنے والا۔ (٢) شراب بیچنے والا۔

(الخَرْسُ): منکا' کہا جاتا ہے سَمِنَ حتّٰی صارَ كالخَرْس (ج) خُرُوسٌ۔

(الخُرْسُ): الخِراس (ج) أخْرَاس۔

(الخِرْسُ): منکا (٢) نا قابل کاشت زمین۔

(الخَرْساء): سانپ (٢) مصیبت (خُرْس)

(الخُرْسَةُ): کھانا یا سوپ جو زچہ کے لئے تیار کیا جاتا ہے' اچھوانی۔ حدیث میں کھجور کے بارے میں آتا ہے (هِيَ صُمْتَةُ الصَّبِيِّ و خُرْسَةُ مَرْيَم)۔

(الخَرُوس) من النِّساء: زچہ کے لئے اچھوانی تیار کی جائے (٢) لڑکی جو پہلی بار حاملہ ہو (٣) کم دودھ دینے والی۔

(الخُرْسِي): نہ بلبلانے والا اونٹ۔

(تَخَرْسَنَ): ملک خراسان میں آنا (٢) خراسان میں قیام کرنا (٣) خراسانی عادات و خصائل والا ہونا۔

(الخَرْسانة): کنکریٹ' ریت اور سیمنٹ۔ آر سی مع لوہا (محدثہ)۔

(خَرَشَ) من الشيءِ ـِ خَرْشًا: لے لینا۔

- فلانٌ يَخْرِشُ من فلانٍ الشيءَ: جھپٹ لینا۔

-لأهله: بال بچوں کے لئے کمانا۔

-الجَسَدَ: ناخن لگانا' خراش لگانا۔

-البَعِيرَ و الغُصْنَ: اونٹ کو یا ٹہنی کو مڑی ہوئی چھڑی سے اپنی طرف کھینچنا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے (أنّه أفاض وهو يَخْرِشُ بَعِيرَه بِمِحْجَنِه) کہا جاتا ہے۔ خَرَشَ الغصن۔

-الدَّابَّةَ: جانور کی جلد پر لوہے کے داغ جیسا لمبا نشان لگانا۔

-الذُّبابُ فلانًا: مکھی کا کاٹنا۔

(خَارَشَه) مُخارَشَةً و خِرَاشًا: ایک دوسرے کو نوچنا کھسوٹنا (٢) زبردستی لے لینا۔

(خَرَّشَ) الزَّرْعُ: خوشہ نکل آنا۔

-الجَسَدَ: خراش لگانا۔

(اخْتَرَشَ) الجَرْوُ: حملہ کرنا' جھپٹنا مارنا۔

-لأهله: روزی کمانا۔

-الجَسَدَ: خراش لگانا۔

-الشيءَ: حاصل کرنا۔

(تَخارَشَتِ) الكِلابُ و السَّنانِيرُ: کتوں بلیوں کا ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

(الخِرَاشُ): لوہے کے داغ جیسا لمبا نشان جو جانور کی جلد پر ہوتا ہے (ج) أخْرِشَةٌ۔

(الخُرَاشَةُ): برادہ۔

- لي عنده خُرَاشَةٌ: میرا اس کے ذمے معمولی حق ہے۔

(الخَرْشُ): گھر کا پرانا ردی سامان (٢) ایسا آدمی جو ڈر' بھوک یا پہرے کی وجہ سے کم سوئے (ج) خُرُوش۔

(الخَرَشُ): گھر کا پرانا ردی سامان (ج) خُرُوش۔

(الخِرْشَاءُ): ٹوٹے ہوئے انڈے کا بالائی حصہ۔
(٢) انڈے کا باریک چھلکا جو اوپری چھلکے کے اندر ہوتا ہے (٣) سانپ کی کینچلی۔

-من اللبن: دودھ کی جھاگ یا بالائی۔

-مِنَ العسل: شہد کا موم اور اس میں پڑی ہوئی مردہ مکھیاں۔

-من الصدر: بلغم' سینے سے نکلنے والی لیس دار

Marfat.com

رطوبت (۲) غبار گرد۔ (ج) خَرَاشِیُّ۔
(الخَرَشَۃُ) مکھی (ج) خَرَشٌ۔
(المِخْرَاشُ) لکڑی جس سے چمڑے میں سوراخ کیا جائی ستالی (۲) مڑے ہوئے سر کی چھڑی یا ڈنڈا (ج) مَخَارِیشُ۔
(المِخْرَشُ) المِخْرَاش۔ حدیث میں ہے (ضَرَبَ رأسَه بِمِخْرَشٍ) (ج) مَخَارِش۔
(المِخْرَشَۃ) المِخْرَاش (ج) مَخَارِش۔
(خَرْشَبَ) عَمَلَه: کام کو اچھی طرح نہ کرنا۔
(الخُرْشُبُ) لمبا اور موٹا آدمی۔
(خَرْشَفَ) القومُ: لوگوں میں نقل و حرکت ہونا اور گفتگو کا خلط ملط ہونا۔
(الخِرْشَافُ) سخت زمین جس میں چلنا دشوار ہو۔
(الخَرْشَۃُ) الخِرْشَافُ۔
(الخُرْشُوف) ہاتھی چک (ایک خاردار پودا جس کی جڑ کو پکا کر کھایا جاتا ہے)۔
(خَرْشَمَ) الرَّجُلُ: چہرے پر ناگواری کے اثرات پیدا ہونا۔
(اِخْرَنْشَمَ) دل ہی دل میں بڑا بننا (۲) سکڑا ہوا ہونا، اعضاء کا ایک دوسرے سے ملا ہوا ہونا۔ (۳) رنگت بدلنا اور گوشت کم ہونا۔
(الخِرْشَمُّ) جَبَلٌ خِرْشَمٌّ: خشک اور سخت پہاڑ۔
(الخِرْشَمَّۃ) سخت زمین۔
- أَرْضٌ خِرْشَمَّۃ خشک اور سخت زمین۔
(الخُرْشُوم) وادی یا میدان پر جھکی ہوئی پہاڑ کی چوٹی یا نوک (۲) بڑا پہاڑ (۳) سخت زمین (ج) خَرَاشِیمُ۔
(خَرَصَ) ـُ خَرْصًا جھوٹ بولنا۔ قرآن پاک میں ہے ﴿قُتِلَ الخَرّٰصُوْنَ﴾۔
-الشیئَ اٹکل و انداز ے سے بات کہنا۔
- خَرَصَ النَّخلَ والکَرْمَ: کھجور کے درخت یا انگور کی مقدار و تعداد کا تخمینہ کرنا۔ حدیث میں ہے (أنه صلی الله علیه وسلم أمَرَ بالخَرْصِ فی النَّخلِ والکَرْمِ خاصَّۃً) ھو خارِصٌ (ج) خُرَّاصٌ برائے مبالغہ۔

-النَّهرَ: بند باندھنا۔
-الشیئَ خِرَاصَۃً: درست کرنا۔
(خَرِصَ) ـَ خَرَصًا: بھوک اور سردی سے دو چار ہونا۔ ھو خَرِصٌ۔
(اخْتَرَصَ) جھوٹ بولنا۔
- اخْتَرَصَ القولَ: بات گھڑنا۔ (۲) بہتان باندھنا۔
(تَخَرَّصَ) جان بوجھ کر غلط بات کہنا۔
- تَخَرَّصَ القولَ: بات گھڑنا۔
(الخَارِصِیْن) توتیا، جست (د)۔
(الخِرَاصُ) نیزہ (۲) نیزہ کا پھل (ج) خُرُص۔
(الخَرْصُ) الخِرَاصُ (ج) أخْرَاصٌ۔
(الخِرْصُ) الخِرَاص (۲) سونے یا چاندی کا ٹکڑا یا انگوٹھی (۳) ایک دانے والی کان کی بالی (۴) مٹکا (۵) ٹوکری، کنڈی (۶) مضبوط اونٹ (ج) أخْرَاص و خِرْصَان۔
(الخُرْصُ) الخِرَاصُ (۲) زرہ (۳) توشہ دان (۴) ٹہنی، کھجور کی شاخ (۵) سونے یا چاندی کی انگوٹھی۔ حدیث میں ہے (أن النبیَّ صلی الله علیه وسلم وَعَظَ النِّساءَ و حَثَّهنَّ علی الصَّدقه فَجَعَلَت المَرْأۃُ تُلْقِیْ الخُرْصَ و الخَاتَمَ)۔
(۶) ایک دانے والی کان کی بالی (۷) شہد نکالنے کی لکڑی (ج) أخْرَاص و خُرْصَان۔
(الخُرْصَۃُ) اچھوائی، زچہ کا کھانا (۲) رخصت (۳) حصہ (ج) خُرَص۔
(الخَرِیْص) الخِرَاص (۲) حوض نما کشادہ گڑھا جس میں دریا کا پانی بہہ کر آتا ہے اور پھر دریا میں واپس چلا جاتا ہے (۳) ٹھنڈا پانی: ماءٌ خَرِیصٌ بھی کہتے ہیں۔
-من البحرِ او النّهر: دریا یا سمندر کا رخ یا کنارہ۔ (۲) سمندر کا جزیرہ۔
(المِخْرَصُ) الخِرَاص (۲) خنجر (۳) شہد نکالنے کی لکڑی (ج) مَخَارِصُ۔
(خَرَطَتْ) الدَّابَّۃُ ـُ خِرَاطًا: جانور کا رسی چھڑانا اور بھاگ جانا۔

-المرأۃُ: عورت کا خود سر اور بدچلن ہونا۔
ھی خَرُوْطٌ (ج) خُرُطٌ۔
- البعیرُ وغیرہ خَرْطًا: لید کرنا، خَرَطَهُ البَقْلُ بھی کہتے ہیں۔
-فی حدیثه: جھوٹ بولنا۔
-فی الأمر: خود سری اور من مانی کرنا۔ ھو خَرُوط۔
حدیث علی رضی اللہ عنہ میں ہے: اَتَاهُ قومٌ بِرَجُلٍ فقالوا إنّ هذا یَؤُمُّنَا و نَحْنُ له کارِهُون فقال له علیٌّ: إنَّكَ لَخَرُوطٌ۔
-الشَّجَرَ: درخت کے پتے ہاتھ سے کھینچ کر اُتارنا۔ مثل میں ہے (ذٰلِكَ خَرطُ القتاد: اس وقت بولتے ہیں جب کسی کام کے راستے میں کوئی رکاوٹ ہو۔ کہا جاتا ہے خَرَطَ وَرَقَ الشجرِ۔
-العُنقودَ: ہاتھ کی ساری انگلیوں سے انگور کے دانے کھینچنا۔
-الدَّوَاءُ فلانًا: درست لگا دینا۔
-الإبلَ فی المَرْعَی: اونٹ کو چراگاہ میں چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے خَرَطَ البَازِیَ۔
-تابعَهُ علی النّاس: اپنے ماتحت یا نوکر کو لوگوں کی ایذا رسائی کے لئے چھوڑ دینا۔
-العُودَ: لکڑی کو برابر اور ہموار کرنا۔
-الأشیاءَ: تھیلے میں رکھنا، سمیٹنا اور جمع کرنا۔
(خَرِطَتِ) اللَّبُونُ ـَ خَرَطًا جانور کے تھن سے جمع ہوا دودھ نکلنا (۲) دودھ کے ساتھ زرد رنگ کا پانی نکلنا (بیماری کی وجہ سے یا تری پر بیٹھے رہنے کی وجہ سے)۔
-فلانٌ: کھانے سے پھندا لگنا۔
اخْرَطَ الخَرِیطَۃَ: چمڑے کا تھیلا بنانا۔
-اللَّبُونُ خَرِطَتْ۔
(اخْتَرَطَ) فی البُکاء: پھوٹ پھوٹ کر رونا۔
-العُنقُودَ: خوشۂ انگور کو منہ میں رکھ کر اس کی ٹہنی کو بغیر دانے کے نکالنا۔
-السَّیفَ: تلوار سونتنا۔ صلوۃ الخوف کی حدیث میں ہے (فَاخْتَرَطَ سَیْفَه)۔
(انْخَرَطَتِ) الدَّابَّۃُ: جانور کا رسی چھڑا کر

Marfat.com

بھاگنا۔
-الصَّقْرُ: باز کا شکار پر ٹوٹ پڑنا۔
-جِسْمُهُ: لاغر ہونا۔
-الفرسُ و غیرهُ فی العدْوِ: تیز دوڑنا۔
-فی الأمر: من مانی کرنا۔
-علیه بالقبیح: بدزبانی سے پیش آنا۔
(تَخَرَّطَ) فی الأمر: خودسری کرنا۔
(اسْتخرطَ) فی البکاء: پھوٹ پھوٹ کر رونا۔
-(الإخریطُ): ایک نبات جو اونٹ کا پاخانہ پتلا کرتی ہے۔
(الخِراطَةُ): خراد کا پیشہ۔
(الخُراطَةُ): برادہ (۲) آنتوں میں موجود تھوڑا پانی۔
- خُراطَةُ الأمْعاء: دائمی اسہال آنتوں سے خارج ہونے والا مادہ۔
(الخَرّاطُ): پٹی کوٹ۔
(الخِرْطُ): جما ہوا یا بندھا ہوا دودھ جس کے اوپر زرد رنگ کا پانی ہوتا ہے۔
(الخَریطَةُ): چمڑے وغیرہ کا تھیلہ جو اوپر سے بند ہوتا ہے۔
-(فی اصطلاح اھل العصر): جغرافیائی نقشہ' میپ' چارٹ (ج) خرائِط (مع)۔
(المِخْراط) مِن ذوات الضَّرع: بکری یا اونٹنی جس کے تھن سے جما ہوا دودھ نکلتا ہو (۲) خراد کی مشین (ج) مَخارِط۔
(المِخْرَطُ): خراد کی مشین (ج) (مخارط)۔
(المِخْرطَةُ): المِخْرط (ج) مخارطُ۔
(المَخْروطُ): (عند علماء الھندسة) مخروطی شکل کا' گاجر کی شکل کا۔
(الخَرْطُوشُ): کارتوس (ترکی لفظ) (د)۔
(خَرْطَمَهُ): سونڈ پر مارنا (۲) ٹیڑھا کرنا۔
(اخرنطَمَ): تکبر سے ناک بلند کرنا (۲) غصہ سے سونڈ موڑنا۔ غضبناک ہونا۔
(الخُراطِمُ) من النساء: عمر دراز عورت۔
(الخُرْطُومُ): ناک (۲) ناک کا اگلا حصہ کہا جاتا ہے " خُرْطُومُ الفیل و خُرْطوم الخنزیر"۔
وَسَمَهُ علی الخرطوم: ذلیل کرنا۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿سَنَسِمُهُ عَلَی الْخُرْطُومِ﴾
(۲) تیز شراب جلد نشہ لانے والی (ج) خراطیم و خراطیم القوم: سرداران قوم۔
(الخُرْطُمانِیُّ): بڑی سونڈ والا۔
(الخَرَاطِینُ): لمبے کیڑے جو دریا کی مٹی میں ہوتے ہیں کینچوے۔
(خَرَعَ) الشیئَ -َ خرعًا: پھاڑنا۔
(خَرِعَ) الشیئُ -َ خَرَعًا' و خَراعَةً: نرم اور ڈھیلا ہونا (۲) ٹوٹنا۔
- فلانٌ: خوف زدہ ہونا' ہوش اڑانا۔ ابو سعید خدریؓ کی حدیث ہے (لو سمع أحَدُکم ضَغْطَةَ القبر لخَرِعَ) فھو خَرِعٌ و خَرِیْعٌ وھی خَرِعَةٌ و خریع و خریعة۔
(خُرِعَ) خُراعًا: تندرست آدمی کا اچانک مر جانا۔ (۲) دیوانہ ہونا۔
(خَرَّعَ) الثَّوْبَ: کپڑے کو کسی سے رنگنا۔
(اخْتَرَعَهُ) پھاڑنا (۲) ایجاد کرنا (۳) فوری طور پر کوئی کام کرنا (۴) گھڑنا۔
-فلانًا: کسی کے خیانت کرنا اور اس کا مال ہتھیا لینا کرنا۔
-الدَّابَّةَ: کسی کو عاریۃً جانور دینا اور واپس لے لینا۔
(انْخَرَعَ): پھٹنا (۲) ڈھیلا اور نرم ہونا۔
-الرَّجُلُ: حقیر و کمزور ہونا۔ کہا جاتا ہے انْخَرَعَ لہ۔
-العُضْوُ: عضو کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
(تَخَرَّعَ): انْخَرَعَ۔
(الخَرَاعُ): اونٹنی کی پشت کی شکستگی جس کی وجہ سے وہ ایک طرف بیٹھی رہتی ہے۔
(الخَرَاعَةُ): آوارگی۔
(الخِرْیَعُ): کسم کا پھل' کسم کے دانے۔
(الخَرَعُ): بکری کے کان کا شگاف (جو علامت کے لئے ہوتا ہے)
(الخِروَعُ): ہر کمزور پودا جو سڑ جائے (۲) ارنڈ کا درخت' بیدانجیر۔
(الخَرْوَعُ): آوارہ عورت (۲) نرم و نازک عورت جو نزاکت سے لچک کر چلتی ہو۔
(الخِرْوَعَةُ): کہتے ہیں: امرأةٌ خِرْوَعَةٌ۔ خوبصورت نازک اندام عورت۔
(الخَرِیْعُ): الخِرْیَعُ (۲) الخَرْوَع (۳) اونٹنی جس کی پشت میں شکستگی ہو (۴) ہر وہ چیز جو جلد اور آسانی سے ٹوٹ جائے (۵) اونٹ کا لٹکا ہوا ہونٹ۔
(الخَرِیْعَةُ): الخَرِیْع۔
(الخَرْعَبُ) من الغصون: لمبی اور نرم شاخ جو نوخیز اور نو عمر لچکدار ہو۔
-من النساء: جوان نازک اندام اور متناسب الاعضاء عورت (ج) خَرَاعِبَةٌ۔
(الخُرْعُوبُ): الخَرْعَبُ۔
- من الجمال: لمبا اور خوبصورت جسم والا اونٹ۔
- من النُّوق: زیادہ دودھ دینے والی اونٹنی (ج) خَرَاعِیبُ۔
(الخُرْعُوبَةُ): الخَرْعب (۲) کھیرا یا چربی کا ٹکڑا (ج) خَراعیب۔
(خَرَفَ) فی بُسْتانِهِ -ُ خَرْفًا: موسم خریف میں پھل توڑنے کے وقت باغ میں قیام کرنا۔
- الثمرَ: خَرْفًا و خِرَافًا فصل خریف میں پھل توڑنا ھو مَخْرُوف و خَرِیْف کہا جاتا ہے خَرَفَ النخلَ۔
-الماشیةُ: موسم خریف میں مویشی کے چرنے کا سبزہ اگ آتا ہے۔
(خَرِفَ) -َ خَرَفًا: بڑھاپے کے باعث سٹھیا جانا۔ ھو خَرِفٌ وھی خَرِفَةٌ۔
(خَرُفَ) الرجلُ -ُ خَرَفًا و خَرَافَةً بڑھاپے سے سٹھیا جانا۔
(خُرِفَ): موسم خزاں کی بارش سے سیراب ہونا کہتے ہیں خُرِفَ القومُ و خُرِفَتِ الأرْضُ۔
(أخْرَفَ): موسم خزاں میں داخل ہونا۔
-الدَّابةُ: موسم خزاں میں بچہ جننا۔
ھی مُخْرِف۔

Marfat.com

-النخلُ: کھجوروں کے توڑنے کا وقت آجانا۔
-الذُّرةُ: مکئی کا خوب لمبا ہو جانا۔
-القومُ بمکان کذا: کسی جگہ موسم خزاں میں قیام کرنا۔
الکِبَرُ الرجُلَ: بڑھاپے کا آدمی کی عقل کو خراب کردینا۔
-فلاناً نَخلةً: کسی کو موسم خزاں میں پھل چننے کے لئے درخت دینا۔
(خَارَفَه) مُخَارفةً و خِرَافًا: کسی سے موسم خزاں کے دوران معاملہ کرنا (۲) موسم خزاں میں کوئی چیز کرایہ پر لینا۔
(خَرَّفَهٗ): کسی کو فاسد العقل قرار دینا۔
(اِختَرَفَ) الثمرَ: خزاں میں پھل چننا۔
(الخَارِفُ): کھجور کے درختوں کا نگران (ج) خُرّافٌ۔
(الخِرَاف): پھل چننے کا زمانہ۔
(الخُرَافَةُ): موسم خزاں کا چنا ہوا پھل (۲) جھوٹی بات جو سننے میں بھلی لگے۔
(الخُرْفَةُ): موسم خزاں کا چنا ہوا پھل' حدیث میں ہے (النّخلة خُرفة الصائم)۔
(الخَرُوفُ): بکری کا چھ ماہ کا بچہ ھی خروفةٌ (ج) خِرافٌ و اَخرِفة و خِرفانٌ کہاوت ہے'' کالخروف اینما اتّکأ اتّکأ علی صوفٍ'' خوشحال آدمی کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
(الخَرُوفَةُ): کھجور کا وہ درخت جس سے آدمی اپنے لئے اور گھر والوں کے لئے کھجوریں توڑے (ج) خرائفُ۔
(الخریفُ) موسم خزاں (۲۱ ستمبر سے ۲۱ دسمبر تک کا موسم) (۲) موسم خزاں کی بارش (۳) سردیوں کے شروع کی پہلی بارش۔
(۴) چنی ہوئی تازہ کھجور۔
-لَبَنٌ خَرِیفٌ تازہ دودھ جس کو نکالے ہوئے زیادہ وقت نہ گزرا ہو۔
(الخریفَة) الخَرُوفَة۔
(المَخرَفُ) موسم خزاں میں قیام کرنے کی جگہ (۲) باغ (ج) مَخارف۔

(المِخرَفُ): چھوٹی ٹوکری جس میں خزاں کے تازہ پھل توڑ کر ڈالے جاتے ہیں۔ حدیث میں ہے (انّه اخذ مخرفافاتی عذقًا) (ج) مخارف۔
(المَخرَفَةُ): باغ (۲) کھجور کے درختوں کی دو قطاروں کے درمیان کا راستہ (۳) واضح راستہ (ج) مخارِفُ۔
(خَرفَجَه): وسیع اور کشادہ کرنا۔
-عیشٌ مخرفجٌ: آسودہ اور کشادہ زندگی۔
-سَرَابیلُ مخرفجٌ: کشادہ اور ڈھیلے ڈھالے کپڑے۔ حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ میں ہے (انّه کَرِهَ السراویل المخرفجة)۔
-فلاناً: کسی کو عمدہ غذا کھلانا۔
-الشیئَ: بہت زیادہ لینا۔
(الخَرَافِجُ): آسودہ حالی (۲) موٹا۔
-نبتٌ خَرافجُ: ملائم اور تروتازہ سبزہ۔
(الخَرفاجُ): خوشحالی۔
(الخُرفُجُ): خوشحالی' کہا جاتا ہے'' خروفٌ خرفُجٌ'' موٹا بکرا۔
(الخِرفِیجُ): خوشحالی۔
(الخُرفُعُ): وہ روئی جو کونپل میں خراب ہو گئی ہو۔
(الخِرفِعُ): دھنی ہوئی اون۔
(الخُرفُقُ): خردل فارسی (لغت شامی)۔ مصر میں حشیشة السلطان کے نام سے معروف ہے۔
(خَرَقَ) فی البیت ـُ خُرُوقًا: ٹھہر سے رہنا۔
-الشیئَ ـِ خَرقًا پھاڑنا' سوراخ کرنا۔
- الارضَ: طے کرنا' کنارے تک پہنچانا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿ اِنَّكَ لَنْ تَخرِقَ الاَرضَ وَلَن تَبلُغَ الجبالَ طُولًا ﴾۔
- الکذبَ جھوٹ گھڑنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿ وَخرقوا لَهٗ بَنِینَ وَ بَنَاتٍ بِغَیرِ عِلمٍ سُبحَانَهٗ ﴾۔
(خَرِقَ) ـَ خَرَقًا بےوقوف ہونا (۲) اعتدال سے کام نہ کرنا (۳) حیران و پریشان ہونا۔ ھو خَرِقٌ وھی خَرِقَةٌ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی شادی کی حدیث میں ہے: (فلما اصبح دعاها فجاءت خَرِقَةً من الحیاء)۔
-الظبی و الطائر: پرندے یا ہرن کا شکار کو دیکھ کر خوف کی وجہ سے زمین سے چمٹ جانا اور اُٹھنے یا اڑنے پر قادر نہ ہونا۔
-بالشّیءِ: کسی چیز سے ناواقفیت کی بنا پر اچھی طرح نہ کرنا۔
-فی البیتِ: لگاتار قیام کرنا' ھو اَخرق وھی خرقاء (ج) خُرقٌ۔
(خَرُقَ) ـُ خرقًا: بےوقوف ہونا۔
-بالشیئِ: کسی چیز کے بارے میں ناواقف ہونا اور اسے ادھورا کرنا۔
(اَخرَقَه) الفَزَعُ: دہشت زدہ کردینا۔
(خَرَّقَ) الثّوبَ و غیرهٗ: پھاڑنا کھونچا کرنا۔
-الکذبَ: کثرت سے جھوٹ گھڑنا۔
(اختَرَقَ) الثوبَ و نحوه: پھاڑنا۔
-القومُ: لوگوں کے بیچ میں سے گزرنا۔
-دارَ فلانٍ: کسی کے گھر میں اپنی ضرورت کے لئے راستہ بنالینا۔
-الارضَ: زمین میں بغیر راستہ کے ایک طرف کو چلنا۔
-الخیلُ مَابین القُرٰی و الشَّجرِ: گھوڑوں کا بستیوں اور درختوں کے درمیان سے گزرنا۔
(انخَرَقَ) الشیئُ: پھٹنا۔
-الریحُ فی الارضِ: ہوا کا بےرخ چلنا (۲) ہوا کا تیز چلنا۔
(تَخَرَّقَ): پھاڑنا۔
-فی الکَرَمِ: بےانتہا سخاوت کرنا۔
-الکَذِبَ: جھوٹ گھڑنا۔
(الاَخرَقُ): بےوقوف۔
-بَعیرٌ اخرقُ: ایسا اونٹ جس کے پاؤں سے پہلے پاؤں کا کنارہ زمین پر پڑتا ہو۔
(الخارِقُ): پھاڑنے والا۔
- سیفٌ خارقٌ: تیز تلوار (۲) متکلمین کے نزدیک ایسا امر جو مقتضائے عادت کے خلاف ہو اگر اس کے ساتھ تحدی بھی ہو تو اس کو ''معجزہ'' کہتے ہیں۔

Marfat.com

(الخَرَقُ): پرندہ کی ایک قسم (ج) خِرَاقٌ۔
(الخِرِّيقُ): ہوشیار اور فیاض نوجوان سخی۔
(الخَرْقُ): دیوار وغیرہ کا سوراخ۔
(۲) بے آب و گیاہ مقام (۳) کشادہ اور کھلی زمین جہاں تیز ہوائیں چلتی ہوں (ج) خروقٌ۔
(الخِرْقُ): ہوشیار اور سخی نوجوان۔ (ج) اَخراقٌ خِراقٌ و خروقٌ۔
(الخُرْقُ): جہالت (۲) بیوقوفی۔
حدیث میں ہے (الرِّفق یُمْنٌ والخرقُ شؤمٌ)۔
(الخُرُقُ): الخُرْقُ۔
(الخَرَقُ): ریت۔
(الخَرْقَاءُ): کشادہ اور کھلی زمین جس میں تیز ہوائیں چلتی ہوں (۲) تیز ہوا (۳) ایسی ہوا جو ایک رخ پر نہ چلے (۴) وہ عورت جو دستکاری وغیرہ نہ جانتی ہو۔ کہاوت ہے (تحسبها خرقاء وهي صناع)۔ (۵) وہ اونٹنی جو چلتے ہوئے ٹھیک پاؤں نہ رکھے۔
-اُذُنٌ خَرْقَاءُ: وہ کان جس میں آر پار سوراخ ہو۔
-شاةٌ خرقاءُ: بکری جس کے کان میں گول سوراخ ہو۔ یا جس کے کنارے کے بیچ کا حصہ کنارے کے پاس سے کٹا ہو۔
(الخِرْقَةُ): پھٹے ہوئے کپڑے کا ٹکڑا۔ (ج) خِرَقٌ۔
(الخَرُوقُ): ٹھنڈی نرم ہوا۔
(الخَرِيقُ): ایسی پست سرسبز زمین جو ایسی دو زمینوں کے درمیان ہو جن پر سبزہ نہ ہو (۲) ٹھنڈی اور تیز ہوا (۳) ہلکی نرم ہوا جو مسلسل نہ چلے (۴) وادی کا کشادہ حصہ (۵) پانی کے بہنے کی جگہ جو گہری نہ ہو اور درختوں سے خالی نہ ہو۔ (۶) ایسا رحم جس میں سوراخ ہو گیا ہو اور حمل نہ ٹھہرتا ہو (ج) خَرائق و خُرُقٌ۔
(المُخْتَرَقُ): گزرگاہ۔
-مخترقُ الرياح: ہواؤں کے چلنے کی جگہ (۲) ہوا کے گزرنے کی جگہ۔

(المِخْرَاقُ): خوبصورت جسم کا آدمی (لمبا ہو یا نہ ہو) (۲) تجربہ کار۔ ماہر جیسے "هو مخراق حرب" وہ لڑائیوں کا ماہر ہے (۳) سخی (۴) تلوار (۵) رومال وغیرہ جس کو لپیٹ کر بچے ایک کھیل میں اس کو مارتے ہیں یا ڈراتے ہیں (۶) جنگلی بیل۔
(المَخْرَقُ): لمبا چوڑا جنگل یا بیابان جس میں تیز ہوائیں چلتی ہوں۔
(المَخْرُوقُ): بدنصیب آدمی جسے کبھی خوشحالی نصیب نہ ہوئی ہو۔
-هو مخروق الكف بالنوال: وہ فیاض و سخی ہے۔
(خَرْقَلَ): اندھا دھند تیر اندازی کرنا۔
-في رميهِ السهمَ: احتیاط اور طریقہ سے تیر اندازی کرنا۔
(خَرَمَ) الشيءَ ـِ خَرْمًا: سوراخ کرنا۔ (۲) پھاڑنا (۳) کاٹنا۔
-فلانًا: نتھنوں کے بیچ کی ہڈی کو پھاڑنا۔ (۲) کسی کے ناک کے کنارے کو اس طرح پھاڑنا کہ اسے نکالا نہ کہا جا سکے۔ کہا جاتا ہے "مَا خَرَمَ من الحديث حَرْفًا" اس نے گفتگو سے ایک حرف بھی کم نہیں کیا۔ حدیث سعد رضی اللہ عنہ میں ہے: (مَا خرمتُ من صلوة رسول الله صلى الله عليه وسلم شيئًا)۔
-الوباءُ و نحوهُ القومَ: وبا وغیرہ کا قوم کو ختم کر دینا۔
-الرَّامِي القرطاسَ: نشانہ پر تیر مارنا لیکن سوراخ نہ ہونا کہا جاتا ہے "مَا خَرَمَ الدَّلِيْلُ عن الطَّرِيْقِ" رہبر راستہ نہیں ہٹا۔
-الشاعرُ البَيْتَ: شاعر کا فَعُوْلُنْ سے فاء کو یا مَفَاعَلَتُنْ یا مفاعیلن سے میم کو حذف کر دینا۔ البيتُ مخرومٌ۔
(خَرِمَ) ـَ خَرَمًا: نتھنوں کے بیچ کی ہڈی کا پھٹا ہوا ہونا (۲) کان کا پھٹا ہوا ہونا۔ هو اَخْرَمُ وهي خرماءُ۔
(خَرُمَ) ـُ خَرَامَةً: بے شرم و بے حیا ہونا۔ هو خَرِيْمٌ (ج) خُرَمَاءُ۔

(خَرَّمَ) الشيءَ: پھاڑنا (۲) کاٹنا۔ حدیث میں ہے (ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى ان يضحّى بالمخرّمة الاذن)۔
(اخْتَرَمَتْهُ) المَنِيَّةُ: موت آ جانا۔
-الوباءُ و نحوه القومَ: قوم کو نیست و نابود کر دینا۔
(انْخَرَمَ): پھٹنا (۲) کٹنا۔
-العامُ و نَحْوُهُ: سال کا گزر جانا۔
-القومُ: فنا و نیست و نابود ہونا۔ حدیث میں ہے (يريدان يَنْخرمَ ذلك القرنُ)۔
-الكتابُ: کتاب کا ناقص ہونا اور بعض اوراق کا کم ہونا۔
(تَخَرَّمَ): پھٹنا۔
-فلانٌ: بابک خرمی کا پیروکار ہونا۔
-زَبَدُ فلان او زِنْدُه: غصہ ٹھنڈا ہونا۔
-الوباءُ و نَحْوهُ القومَ: ہلاک و برباد کرنا۔
-انفُه: غصہ ٹھنڈا ہونا۔ جاءَ يتخرّمُ زندُه او زبدُه۔
(الاَخْرَمُ): وہ ٹیلہ جو کسی نشیب میں اترتا ہو (۲) وہ شعر جس میں خرم واقع ہوا ہو یعنی فعولن سے فاء کو یا مفاعلتن یا مفاعیلن سے میم کو حذف کیا گیا ہو (۳) تالاب حوض (ج) خُرْمٌ "رجلٌ اخرم الرَّأي" کمزور رائے والا آدمی۔
-الاخرمان: اوپر کے جبڑے کے ہر دو طرف دو سوراخ دار ہڈیاں۔
-اخرما الكتفين: بازوؤں کی طرف سے مونڈھوں کے دونوں سرے (۲) مونڈھوں کے نیچے کے دونوں کنارے جو مونڈھوں کی گلیوں کو گھیرے ہوئے ہیں (ج) اَخَارِمُ۔
(الخَرَّامَةُ): برما چھیدنے یا سوراخ کرنے کا اوزار۔
(الخُرَّمُ): خوشگوار زندگی (۲) بنفشی رنگ کا پودا جو لولیا کے مشابہ ہوتا ہے یہ فصیلہ قرنفلیات سے ہے۔
(الخُرَّمِيَّةُ): بابک خرمی کے متبعین خرم ایران کے ایک شہر کا نام ہے جس کی طرف یہ منسوب

Marfat.com

ہیں یہ تناسخ، حلول اور اباحیت یعنی جنسی آزادی کے قائل ہیں۔

(الخَرَمُ): پہاڑ کی نوک (ج) خُرُومٌ۔

(الخُرْمُ): سوراخ۔

-خرمُ الاَکَمَةِ: ٹیلے کی نوک کا آخری کنارہ (ج) خُرُوْمٌ۔

(الخَرْمَاءُ): ٹیلہ جو کسی نشیب میں اترتا ہو (۲) ٹیلہ جس پر چڑھنا ناممکن ہو (۳) ایسی بکری جس کا کان چوڑائی میں کٹا ہو (۴) جھوٹ۔

(الخُرْمَانُ): جھوٹ۔

(الخَرَمَةُ) ناک کا چھیدا جانے والا حصہ۔

(الخَوْرَمَةُ) ناک کا بانسہ (۲) دونوں نتھنوں کا درمیانی حصہ (۳) شگاف دار چٹان (ج) خَوْرَمٌ۔

(اَلْمَخْرِمُ) ریت یا پہاڑ میں راستہ (ج) مَخَارِمُ حدیث ہجرت میں ہے (مَرَّا باسلمَ الاشجعیّ فحملهما علی جمل و بعث معهما دلیلا وقال اسلك بها حيث تعلم من مَخَارِمِ الطُّرق)۔

-مَخرِمُ الأَکمة ٹیلے کی نوک کا آخری سرا۔

-مَخرِمُ الجبل پہاڑ کی نوک۔

-یمینٌ ذات مَخَارِمَ ایسی قسم جس بری ہونے کے راستے ہوں۔

-مخارمُ اللیل رات کا ابتدائی حصہ۔

(خَرْمَدَ) اپنے گھر میں ٹھہرنا (۲) خاموشی سے گردن جھکا دینا۔

(اخْرَمَّسَ) خاموش ہونا (۲) جھکنا اور مطیع ہونا۔

(الخِرْمِسُ) تاریک رات۔

(خَرْمَشَ) العملَ او الکتابَ خراب کرنا (۲) ناخنوں سے پھاڑنا۔

(اِخْرَمَّصَ) اخرمّسَ (کبھی بغیر ادغام کے اِخْرَنْمَصَ اِخرنماصًا بھی کہتے ہیں)۔

(خَرْمَلَ) وَبَرُ البعیر موٹاپے کی وجہ سے اونٹ کے بالوں کے گرنا۔

(تخَرْمَلَ) الثوبُ پھٹنا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

(الخَرْمَلُ) بہت زیادہ لوگ (۲) بیوقوف عورت (۳) بہت بوڑھی عورت (۴) لمبے ناک والی عورت (۵) ادھیڑ عمر اونٹنی (ج) خَرَامِلُ۔

(خَرْنَقَه) بالسیف: تلوار مارنا۔

(الخُرَانِفُ): لمبا، طویل۔

(الخِرْنِفُ) من النوق: زیادہ دودھ دینے والی اونٹنی (۲) موٹی اونٹنی (۳) روئی (ج) خَرَانِفُ۔

(الخِرْنِفَةُ): خاردار درخت کا پھل (ج) خَرَانِفُ۔

(خَرْنَقَتِ) الارضُ: زمین میں خرگوش کے بچوں کا کثرت سے ہونا (۲) خرگوش کے بچوں کا نکلنا۔

-الناقةُ: اونٹنی کی کوہان کے دونوں جانب چربی کا جمع ہو کر ٹکڑوں کی شکل ابھر آنا۔ (خرگوش کے بچوں کی مانند)۔

(الخِرْنِقُ): خرگوش کا بچہ (۲) جوان خرگوش (مذکر و مونث دونوں کے لئے) (ج) خَرَانِقُ

(الخَوَرْنَقُ): عراق میں نعمان اکبر کا محل۔

خ .... ز

(خَزِبَ) الجلدُ - خَزَبًا: جلد کا بغیر درد کے پھول جانا (۲) جلد کا ایسا موٹا ہونا کہ ورم آلود معلوم ہو۔

-النَّاقَةُ والشَّاةُ اونٹنی یا بکری کے تھنوں کا پھولنا (۲) تھن کے سوراخ کا تنگ ہونا۔ (۳) تھن کا خشک اور دودھ کا تھوڑا ہونا، ھُو خَزِبٌ و اَخزَبُ وھی خَزْبَاءُ۔

(تخزّبَ) الجلدُ خَزِبَ۔

(الخَزَبُ) ٹھیکری۔

(الخَزْبَاءُ) باغ کی مکھیاں۔

(الخُزْبَةُ) سونے کی کان۔

(الخَوْزَبُ) اونٹنی یا بکری کے تھن کا ورم۔

(الخَیْزَبُ) نرم و ملائم گوشت۔

(الخَیْزَبَانُ) نرم و ملائم گوشت (۲) شتر مرغ کا نر بچہ۔

(الخَیْزَبَةُ) نرم و ملائم گوشت کا ٹکڑا۔

(المِخْزَابُ) ایسا اونٹ جس کی جلد پھول جاتی ہو یا موٹی ہو جاتی ہو کہ دیکھنے میں ورم آلود محسوس ہو۔

(تخَزْبَزَ) علینا: بڑا بننا، تکبر کرنا۔

(الخَازبَازُ): باغ کی مکھی (۲) مکھیوں کی بھنبھناہٹ (۳) اونٹوں کی گردن میں نکلنے والی بیماری (۴) بلی۔

(الخِزْبَازُ): الخازبازُ۔

(خَزِجَ)- خَزَجًا: موٹا ہونا۔ ھو خَزِجٌ و خَزِیجٌ۔

(المِخزَاجُ): بہت موٹا اونٹ۔

(الخُزَاخِزُ) من الرجال: موٹے عضلات والا طاقتور اور مضبوط آدمی۔

(الخُزْخُزُ): الخُزَاخِزُ۔

(خَزَرَ)- خَزْرًا: ہوشیار و چالاک ہونا (۲) کن انکھیوں سے دیکھنا۔

(خَزِرَتِ) العینُ - خَزَرًا: آنکھ کا پیدائشی طور پر چھوٹا اور تنگ ہونا (۲) آنکھ کا بھینگا ہونا۔

-النَّظرُ: نگاہ کا ایک جانب معلوم ہونا۔

-فلانٌ: آنکھ جھپکانا (۲) آدمی کا اس طرح دیکھنا کہ جیسے وہ گوشۂ چشم سے دیکھ رہا ہو۔ ھو اَخزَرُ وھی خَزْرَاءُ (ج) خُزْرٌ۔

(خَزَّرَ) الشیخ عینیه: بوڑھے آدمی کا پلکوں کو سکیڑ کر دیکھنا تاکہ زیادہ نظر آئے۔

-الشابُّ عینیه: جوان آدمی کا مکاری سے آنکھیں بھینچنا۔

-الشئَ: تنگ کرنا۔

(تخَازَرَ) نظر تیز کرنے کے لئے آنکھیں بھینچنا (۲) گوشۂ چشم سے دیکھنا (۳) بھینگا بننا۔

(الخَزَرُ): آنکھ کا بھینگا پن (۲) مرغن سوپ۔

(الخُزْرَةُ): کمر کا درد۔

(الخُزْرَةُ) سخت بھینگا پن جس میں آنکھ کی تپلی کنپٹی والے گوشت کی طرف الٹ جاتی ہے۔

(الخزیرُ): ایک کھانا جو قیمہ اور آٹے سے تیار کیا جاتا ہے (۲) آٹے اور چربی سے بنا ہوا سوپ۔

Marfat.com

(الخَزِيرةُ): الخزيرُ۔ حدیث عتبان رضی اللہ عنہ میں ہے (انّهٗ حَبَسَه النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم علی خزیزة تُصنع لَه)۔

(الخَوْزَرٰی): ناز و انداز اور اتراہٹ والی چال۔

(الخَیْزُرَانُ): ہر نرم لکڑی (۲) فصیلہ نجیلیہ کا ایک درخت جس کی شاخیں نرم اور لکڑی چکنی ہوتی ہے اس کی بہت سی قسمیں ہیں (ج) خیازرُ کہا جاتا ہے ''کَانَّ قَدَّها غصنُ بانٍ او قضیبُ خیزرانٍ (۳) بانس (۴) کشتی کا چپّو ار۔

(الخَیْزُرَانَةُ): کشتی کا چپّوار۔

(خَزْرَبَ) الکلامَ: بات کا گول مول اور غیر واضح ہونا۔

(خَزْرَجَتِ) الشّاۃُ و غیرها: لنگڑا ہونا۔

(الخَزْرَجُ): جنوبی ہوا (۲) ٹھنڈی ہوا۔ (۳) شیر (۴) انصار کی ایک فرع (دوسری کا نام اوس ہے)

(الخِزْرَافَةُ): کمزور دل پست ہمت آدمی (۲) ایسا آدمی جو مجلس کے آداب سے نابلد ہو (۳) خوش طبع باتونی آدمی۔

(خَزَّهٗ) بسهمٍ ـُ خَزًّا: تیر مار کر آر پار کر دینا۔

-خَزَّهٗ ببصرہ: نگاہ میں رکھنا۔

-الحائطَ: دیوار کے اوپر کانٹے بچھانا تا کہ اس پر چڑھا نہ جا سکے۔ خَزَّ الحائطَ بالشوكِ بھی کہا جاتا ہے۔

(خَزَّ) التمرُ ـَ خَزًّا: کھجور کا قدرے ترش ہونا۔ ھو خَازٌ۔

(اخْتَزَّهٗ) بِسَهْمٍ: تیر مار کے آر پار کر دینا۔

-ببصرہٖ: نگاہ میں رکھنا۔

-فُلانًا: کسی کو مجمع سے اٹھا کر لے جانا۔

-بعیرًا من الابلِ: گلہ سے ایک اونٹ کو ہنکا کر لے جانا اور باقی کو چھوڑ دینا۔

(الخَزُّ) من الثیاب: اون اور ریشم کا بنا ہوا کپڑا (۲) خالص ریشم کا کپڑا (ج) خُزُوْزٌ۔

(خَمِجَ) ـَ خَمَجًا: کمزوری یا بیماری کی وجہ سے سست ہونا۔
-اللحمُ: بدبودار ہونا۔
-التمرُ: خراب ہونا۔
- دینُہ و خُلُقُہ: کسی کا دین یا اخلاق بگڑ جانا۔ ھو خمِجٌ۔
-فلانًا: کسی کا برائی سے ذکر کرنا۔
(المُخَمَّجُ) رجلٌ مخمّجُ الاخلاق: بد اخلاق آدمی۔
(خَمَدَت) النّارُ ـُ خَمْدًا و خُمُوْدًا: آگ کے شعلہ کا بجھ جانا اور انگارے کا بھڑکنا' (۲) آگ کا ٹھنڈا ہو جانا۔
-فُلانٌ: خاموش ہونا (۲) پرسکون ہونا۔
-المریضُ: بے ہوش ہونا (۲) مر جانا۔
-الحُمّٰی: بخار ہلکا ہو جانا (۲) بخار اتر جانا۔
(خَمِدَ) ـَ خَمْدًا: خَمَدَ۔
(اَخْمَدَ) الرجلُ: خارش و پرسکون ہونا (۲) کسی بات پر جم جانا۔
-النّارَ: آگ کی آنچ ہلکی کرنا۔
(الخامِدُ) خاموش و پرسکون۔
-قومٌ خامدونَ: بجھی ہوئی راکھ کی طرح فنا ہو جانے والے لوگ۔قرآن مجید میں ہے: ﴿اِنْ کَانَتْ اِلاَّ صَیْحَۃً وَّاحِدَۃً فَاِذَاھُمْ خَامِدُوْنَ﴾۔
(الخَمُوْدُ): آگ دبانے کا گڑھا۔
(خَمَرَ) منہُ ـُ خَمْرًا: شرم کرنا۔
-فلانًا: شرم کرنا (۲) شراب پلانا۔
-الشیَٔ: پوشیدہ کرنا (۲) چھپانا۔
- العجینَ: گندھے ہوئے آٹے میں خمیر ملانا (۲) آٹے کو بہتر بنانے کے لئے کچھ دیر چھوڑ دینا۔
(خَمِرَ) ـَ خَمَرًا: چکر آنا' گھمیر چڑھنا۔ (۲) شراب کا نشہ ہونا (۳) بیماری لاحق ہونا۔
-المکانُ: کسی جگہ شراب کی کثرت ہونا۔
-الشیُٔ: کیفیت بدل جانا۔
-عنہ: چھپنا' پوشیدہ ہونا۔
-عنہ الخبرُ: کسی سے خبر چھپی رہنا۔
-علٰی فلانٍ: کسی سے کینہ رکھنا ھو خَمِرٌ۔
(خُمِرَ) شراب کا نشہ ہونا۔ھو مخمورٌ۔
(اَخْمَرَ) شراب میں ڈوبا ہوا ہونا (۲) بہت شراب والا ہونا۔
-المراۃُ: عورت کے پاس اوڑھنیاں ہونا۔
-الجاریۃُ: لڑکی کا اوڑھنی لینے کی عمر کو پہنچنا۔
- الارضُ: کسی علاقہ میں شراب کی کثرت ہونا۔
-علٰی فلانٍ: کینہ رکھنا۔
-الخَمْرَ: شراب بنانا۔

Marfat.com

-الشیئَ: چھپانا کہتے ہیں ''اَخْمَرتَہُ الارضُ عنہُ و منہُ و علیہ''۔
-الشیئَ: چھپانا۔ کہتے ہیں ''اَخْمَرَ الشہادۃ و نحوھا''۔
-الشیئَ: غافل رہنا۔
-الامرَ: دل میں رکھنا۔
- فلانٌ علی فلانٍ ظِنَّۃً: کسی کا کسی کے بارے میں بدگمانی رکھنا۔
-فلاناً: دھوکہ دینا' فریب کرنا۔
-العجینَ: آٹے میں خمیر ملانا۔
(خَامَرَ)بہ: چھپنا' پوشیدہ ہونا۔
-فلانٌ: آزاد کو غلام بتا کر بیچنا۔
-الشیئَ: ساتھ لگے رہنا۔
-فلانٌ فلاناً: کسی سے تعلق و ملاقات رکھنا۔
-الداءُ: بیماری لاحق ہونا۔
-الشَّکُّ: شک لاحق ہونا۔
- المکانَ: مستقل قیام پذیر ہونا۔ بزدل اور ڈرپوک آدمی کے بارے میں کہا جاتا ہے (خَامِرِی اُمّ عامرٍ) اس آدمی کے بارے میں جو بزدلی کی وجہ سے ہر چیز سے ڈرتا ہے۔
(خَمَّرَ): شراب بنانا۔
-الشیئَ: ڈھانپنا۔ کہتے ہیں ''خَمَّرَتِ المرأۃُ راسَھا بالخِمار''۔
-المکانَ: مستقل قیام کرنا۔
-العجینَ: آٹے میں خمیر ڈالنا (۲) آٹے کو بہتر ہونے کے لئے رکھ دینا۔
(اختَمَرَتِ) المرأۃُ بالخِمار: عورت کا اوڑھنی لینا۔
-الخَمرُ: شراب کا نشہ لانا اور مدہوش کرنا۔
-العجینُ: آٹے میں خمیر اٹھنا۔
(تَخَمَّرَتِ) المرأۃُ بالخِمار: عورت کا اوڑھنی پہننا۔
-بالخُمْرَۃِ: عورت کا چہرہ پر خوشبو لگانا۔
(استَخْمَرَ)الرجُلَ: غلام بنانا (لغت یمنی)۔
(الخَمَارُ) من الناس: لوگوں کی جماعت' کثرت۔
(الخُمَارُ) من الناس: لوگوں کی جماعت کثرت۔ کہتے ہیں ''دَخَلَ فلانٌ فی خُمَار الناس'' ایسی جگہ داخل ہونا جو لوگوں سے چھپائے اور پوشیدہ کردے۔
-منَ الخمر: وہ شراب جس کے پینے سے سر درد اور چکر آنے کی شکایت ہو (۲) شراب کا نشہ۔
(الخِمَارُ): ہر چھپانے والی چیز۔
- خِمَارُ المرأۃ: اوڑھنی (۲) پگڑی عمامہ' حدیث میں ہے (اَنَّہ کان یمسح علی الخُفِّ والخمار) (ج)اَخمرۃ و خُمْرٌ و خُمُرٌ۔
(الخَمرُ): شراب (یہ کبھی مونث ہوتی ہے کبھی مذکر) کہاوت ہے (خَمرُ ابی الروقاء لیست تُسکر) اس مالدار کے بارے میں جس کا کسی پر احسان نہ ہو (۲) انگور (۳) ہر نشہ آور مشروب (ج) خُمُورٌ۔
(الخِمرُ): کینہ۔
(الخَمَرُ)من الناس: لوگوں کی جماعت (۲) درخت' عمارت یا پہاڑ وغیرہ کی اوٹ جو چھپنے کا ذریعہ ہو۔ کہتے ہیں ''تواری الصید عنی فی خَمَرِ الوادی''۔ (۳) گھنا درخت۔
- جَاءَ نا عَلٰی خَمَرٍ: وہ چپکے سے ہمارے پاس آ گیا۔
(الخَمرَۃُ): الخَمرُ (۲) لوگوں کی جماعت' رش۔
(الخَمرَۃُ): عمدہ خوشبو۔
(الخُمْرَۃُ): شراب کا نشہ (۲) چہرہ کے رنگ کی صفائی کے لئے عورتوں کے منہ پر ملنے والی ایک مرکب خوشبو (۳) آٹے میں ڈالا جانے والا خمیر (۴) انگور کی شراب کی تلچھٹ (۵) عمدہ خوشبو جیسے وجدت خمرۃَ الطیب (۶) کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی دھاری دار چٹائی۔
(الخِمرَۃُ): عمدہ خوشبو جیسے ''امراۃٌ طیبۃ الخِمرَۃ'' عمدہ خوشبو والی عورت (۲) سر ڈھانپنے کا کپڑا۔ کہاوت ہے (اِنَّ العوان لاتعلَّم الخِمرۃَ)۔ تجربہ کار آدمی کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
(الخَمرِیُّ)من الالوان: جو شراب کے رنگ کے مشابہ ہو۔
(الخَمَّارُ): شراب بیچنے والا۔
(الخَمَّارَۃُ): شراب بیچنے کی جگہ (مو)۔
(الخِمِّیرُ): بہت شراب پینے والا۔
(الخمیرُ): خمیرا آٹا (مج)۔
(الخَمِیرۃُ): خمیر بنانے کا مسالہ (مج)۔
- خَمِیرَۃ اللبنِ: دہی جمانے کا تھوڑا کھٹا دودھ۔
(المُختَمِرۃُ): سفید بکری یا گھوڑی۔
(المُخَمَّرۃُ): سفید سر والی بکری۔
(المُستَخمِرُ): بکثرت شراب پینے والا۔
(خَمَسَ)المالَ ـُ خَمْسًا: مال کا پانچواں حصہ لینا۔
-فلاناً: کسی کے مال کا پانچواں حصہ لینا۔
- القومَ ـِ خَمْسًا: جماعت کا پانچواں فرد بننا۔
-الحَبلَ: رسی کو پانچ بل دینا۔
(اَخمَسُوا): پانچ ہو جانا۔
-فلانٌ: کسی کے اونٹوں کا پانی پر پانچویں دن آنا۔
-الشِّعرَ: قصیدہ کے ہر قطعہ کو پانچ مصرعوں کا بنانا۔
-الارضَ: زمین کو پانچویں دن سیراب کرنا۔
(الاَخماسُ) خِمسٌ کی جمع۔ ھُمَا فی بردۃٍ اَخماسٍ یعنی وہ دونوں متفق و متحد ہیں۔
-فلانٌ ضَرَبَ اَخمَاسًا لِاَسداسٍ اس نے مکر و فریب کیا۔
- خُمَاسَ: جاءُ وا خُمَاسَ وہ پانچ پانچ آئے۔
(الخَمَاسِینُ): موسم بہار کی گرم خشک خاک آلودہ ہوائیں جو مصر میں عام طور پر چلتی ہیں (مج)۔
(الخُمَاسِیُّ) من الغلمان والثیاب: پانچ بالشت کا کپڑا یا لڑکا۔
(الخَمسُ): پانچ (مونث کے لئے) ھؤلاء خمسُ نسوۃٍ۔

Marfat.com

(الخُمسُ): پانچواں حصہ 1/5 (۲) یمنی چادروں کی ایک قسم (۳) وہ جنگل جس کا پانی دور ہو اور دشواری کی بنا پر اونٹ پانی پینے پانچویں دن آتے ہیں (۴) پانی کی پانچویں دن کی باری یعنی درمیان میں تین دن ہوں۔ (ج) اَخماس۔

(الخُمُسُ): پانچواں حصہ (ج) اَخماس۔

(الخُمُسُ): پانچواں حصہ (ج) اَخماسٌ۔

(الخَمسَةُ) پانچ (مذکر کے لئے) ھولاءِ خمسةُ رجالٍ۔

(الخَمِيسُ) پانچواں حصہ (ج) اَخْماس (۲) جمعرات (ج) اَخْمِسَةٌ و اَخميساء و اخامِسُ ۔(۳) لشکر جرار جو پانچ دستوں پر مشتمل ہوتا ہے' مقدمہ' قلب' میمنہ' میسرہ' ساق

- ماادری ایُّ خمیس الناس ھو؟: میں نہیں جانتا وہ لوگوں کی جماعت میں کون سا فریق ہے (۴) پانچ ہاتھ لمبا کپڑا یا نیزہ۔

(المَخْمَسُ) جاء وا مَخْمَسَ: وہ پانچ پانچ ہو کر آئے۔

(المُخَمَّسُ) علم ہندسہ کی وہ شکل جس کے پانچ اضلاع ہوں۔

(المَخْمُوسُ) من الرِّماحِ: پانچ ہاتھ لمبا نیزہ۔

(خَمَشَ) وجھَهُ ـُ خَمْشًا و خُمُوْشًا چہرہ کو ناخن مار کر زخمی کرنا۔

- فلانًا کسی کو ناخن مار کر زخمی کرنا۔

(خَمَّشَه) خَمَشَه۔

(تَخَمَّشَ) الزمَ خَمَشَهٗ۔

- القومُ لوگوں میں حرکت ہونا۔

(الخامِشَةُ) چھوٹی نالی (ج) خَوَامِشُ۔

(الخُمَاشَةُ) من الجروحِ والجنایات وہ معمولی زخم یا جرم جس پر کوئی مقررہ دیت نہ ہو (ج) خُماشات۔

(الخَمْشُ) خراش' رگڑ (ج) خُمُوشٌ۔

(خَمِصَ) البطنُ ـُ خَمْصًا و خُمُوْصًا و مَخْمَصَةً پیٹ خالی ہونا' لاغر ہونا۔

الجوعُ فلانًا بھوک کا کسی کو کمزور کر دینا اور اس کے پیٹ کو اندر کر دینا۔ ھو خمیصٌ (ج) خِماصٌ وھی خمیصةٌ (ج) خِماصٌ و خَمَائِصُ۔

- الجُرحُ خَمْصًا و خُمُوْصًا: زخم کے ورم کا ختم ہو جانا۔

(خَمِصَ) بَطْنُه ـَ خَمَصًا: خَمَصَ: ھو خمصانٌ وھی خَمْصَانَةٌ (ج) خِماصٌ۔

- القَدَمُ: پاؤں کے تلوے کا زمین سے اٹھا رہنا۔ ھو اَخْمَصُ وھی خَمْصَاءُ (ج) خُمْصٌ۔

(خَمُصَ) البطنُ ـُ خَمْصًا و خَمَاصَةً: خَمَصَ' ھو خمیصٌ (ج) خِماصٌ وھی خمیصةٌ (ج) خِمَاصٌ وَخَمَائِصُ۔

(تَخَامَصَ) عنهُ: الگ ہونا' کنارہ کش ہونا۔

- تَخَامَصْ لَه عن حِقِّهٖ: اس کا حق ادا کر دو۔

- اللیلُ: سحری کے وقت رات کی تاریکی کا ماند پڑنا۔

(انخَمَصَ) الجرحُ: زخم کی سوجن اتر جانا۔

(الاَخْمَصُ) پاؤں کا تلوا۔ جو زمین سے نہیں لگتا۔

(الخُمْصَانُ) خالی پیٹ والا۔ وھی خُمْصَانَةٌ (ج) خِمَاصٌ۔

(الخَمِيصَةُ) دھاری دار سیاہ یا سرخ کپڑا۔ حدیث میں ہے (جئتُ الیه وعلیه خمیصةٌ)۔

(المَخْمَصَةُ) بھوک۔ مقولہ ہے "رُبَّ مَخْمَصَةٍ شرٌّ من التُّخَمِ" بعض مرتبہ بھوک بدہضمی سے زیادہ نقصان دیتی ہے۔

(خَمَطَ) اللبنُ والخمرُ والوعاءُ و نحوھُما ـُ خَمْطًا وَخُمُوْطًا: دودھ شراب اور برتن وغیرہ کی بو اچھی ہونا۔ ھو خامِطٌ و خمیطٌ۔

- اللَّبَنَ والخَمرَ و نَحوَھُما: دودھ اور شراب وغیرہ کو برتن میں رکھنا۔

- اللحمَ گوشت کو بھونا (۲) نیم پختہ رکھنا۔

- الحملَ والجَدْیَ و نحوھما بکری وغیرہ کے بچہ کی کھال اتار کر بھونا۔ ھو خمیطٌ بھنا ہوا (بمعنی مفعول)

(خَمِطَ) اللبنُ والخمرُ والوعاءُ و نحوھما ـَ خَمَطًا: خَمَطَ۔

- الرجلُ تکبر کرنا (۲) غصہ ہونا۔

- خمطت الارضُ: زمین کا خوشبودار ہونا۔

(تَخَمَّطَ) الرجلُ: تکبر کرنا (۲) سخت غضبناک ہونا' بھڑکنا (۳) غالب آنا۔

- الفَحلُ: سانڈ کا بلبلانا۔

- البحرُ: سمندر کا موجیں مارنا۔

(الخَمْطُ) عمدہ خوشبو (۲) پیلو کا پھل (۳) ہر درخت کا تھوڑا لگا ہوا پھل (۴) کھٹا (دودھ وغیرہ) (۵) ہر کڑوی چیز (۶) ہر کڑوی گھاس۔

(الخَمْطَةُ) من الاراضی: عمدہ خوشبو والی زمین (۲) مشکیزہ کی بو (۳) انگور وغیرہ کے شگوفہ کی بو (۴) ابتدائی ترشی والی شراب جس میں تیزی نہ آئی ہو۔

(الخَمْطَةُ) من السقاءِ: مشکیزہ کی بو۔

(الخَمَّاطُ) گوشت بھوننے والا۔

(خَمَلَ) المنزلُ ـُ خُمُوْلًا مکان کے نشانات مٹ جانا۔

- الرجلُ آدمی کا معروف و مشہور نہ ہونا۔

- ذکرُہ و صِیتُهٗ: نام و نمود باقی نہ رہنا۔

- الصوتُ آواز کا پست ہونا ھو خامِلٌ۔ حدیث میں ہے (اذکروا الله ذکرًا خاملًا)۔

- الرجلُ صوتَهٗ خَمْلًا آدمی کا آواز کو آہستہ اور پست کرنا۔

- البُسْرُ: خام کھجور کو نرم کرنے کے لئے مٹکوں میں رکھنا۔

(خُمِلَ) جوڑوں کی بیماری لاحق ہونا۔

(اَخْمَلَتِ) الارضُ: زمین کا بہت گنجان درختوں والی ہونا۔

- الحائکُ الثوبَ: کپڑے کو روئیں دار بنانا۔

- اللهُ فلانًا: خدا کا کسی کو گمنام کر دینا۔

(اِختَمَلَ) عمدہ گھاس چرنا۔

(الخامِلُ) ست و بے حس (ج) خَمَلَةٌ و

Marfat.com

خُمُلٌ۔
(الخُمَالُ): جوڑوں کی بیماری' جانوروں کی ٹانگوں کی بیماری جس سے لنگڑا پن پیدا ہو جاتا ہے۔
(الخُمَالَۃُ): شترمرغ کے پر۔
(الخَمْلُ): شترمرغ کے پر (۲) رواں' چادر کی جھالر (۳) جھالردار چادر۔
- خَمْلُ المِعْدَۃِ: معدہ کی اندرونی سطح کو ڈھانکنے والے ریشے۔
(الخَمِلُ): مخلص دوست۔
(الخَمْلَۃُ): جھالردار چادر۔ چادر۔
(الخِمْلَۃُ): جھالردار چادر (۲) آدمی کا باطن' سرشت۔
(الخَمِیلُ): جھالر دار چادر (۲) ثرید (۳) گھنا بادل (۴) جھالردار کپڑا (۵) سیاہ کپڑا۔
(الخَمِیلَۃُ): شترمرغ کے پر (۲) جھالر دار چادر (ج) خَمِیلٌ (۳) گھنے درختوں کا جھنڈ جس کے باہر سے اندر کی چیز دکھائی نہ دے (۴) ہر وہ جگہ جہاں درخت کثرت سے پائے جائیں (۵) خوشگوار عمدہ زمین جس پر جابجا جھالروں کی طرح کے درخت اگے ہوں (ج) خَمَائِلُ۔
(خَمَّ) اللحمُ ـِ خَمًّا و خُمُومًا: بھنے ہوئے یا پکے ہوئے گوشت کا بدبودار ہونا (۲) ہلکی بو پیدا ہونا' بالکل خراب نہ ہونا' ھو خامٌّ و خَمٌّ۔
- اللَّبَنُ: دودھ کا برتن کی بو سے خراب ہونا۔ کہاوت ہے (ھو السمنُ لا یخمُّ)۔ ایسے شخص کے بارے میں جس کا ہمیشہ ذکر خیر کیا جائے۔
- فلانٌ: دھاڑیں مار کر رونا۔
- البَیْتَ ـُ خَمًّا: گھر میں جھاڑو دینا۔
- البِئْرَ: کنویں کو صاف کرنا۔
- قَلْبَہٗ: دل کو کینہ' حسد اور کھوٹ سے پاک کرنا۔ ھو خامٌّ والمفعول مخمومٌ۔ حدیث میں ہے (سئل ایّ الناس افضل' قال الصادق اللسان' المخموم القلب)۔

- الناقۃَ: اونٹنی کا دودھ دوہنا۔
- الشیئَ: کاٹنا۔
- فلانًا بثناءٍ حَسَنٍ: پیٹھ پیچھے خوب تعریف کرنا۔
- فلانٌ یخُمُّ ثیابَ فلانٍ: فلاں فلاں کی خوب تعریف کرتا ہے۔
(خُمَّ) الدَّجاجُ: مرغی کو ڈربہ میں بند کیا جانا۔
- الخُمُّ: مرغی کا ڈربہ صاف کیا جانا۔
(اَخَمَّ) اللحمُ و اللَّبَنُ: گوشت اور دودھ کا بدبودار ہو جانا۔
(اِختَمَّ) البیتَ و البئرَ: گھر یا کنویں کو صاف کرنا۔
- الشیئَ: کاٹنا۔
(تَخَمَّمَ) ماعلی الخِوانِ: دسترخوان کے بچے ہوئے ٹکڑے وغیرہ کھانا۔
(الخُمَامَۃُ): کنویں وغیرہ سے نکالا ہوا کوڑا' مٹی وغیرہ (۲) جھاڑو سے نکالا ہوا کوڑا (۳) دسترخوان پر بچا ہوا کھانا۔
(الخِمُّ): ایسا باغ جس میں درخت اور پھل نہ ہوں۔
(الخُمُّ): مرغیوں کا ڈربہ (۲) مرغیوں کے انڈے دینے اور چوزے نکالنے کے لئے بانس کا بنا ہوا ڈربہ (ج) خِمَمَۃٌ۔
(الخَمِیمُ): کامل وست آدمی (۲) تازہ دوہا ہوا دودھ (۳) ممدوح' قابل تعریف۔
(المِخَمَّۃُ): جھاڑو (ج) مَخَامٌّ۔
(خَمَنَ) الشیئَ ـُ خَمْنًا: کسی چیز کے بارے میں محض خیال اور وہم سے کوئی بات کہنا۔
(خَمَّنَ) الشیئَ: خَمَنَہٗ - ھو مُخَمِّنٌ۔
(الخَمَنُ): بدبو۔
(الخَمَّانُ): گھٹیا اور رذیل آدمی (۲) کمزور نیزہ۔
(الخَمَّانَۃُ): نیزہ کا کمزور ڈنڈا۔

خ......ن

(خَنِبَ) فُلانٌ ـَ خَنَبًا: ناک کی بیماری میں مبتلا ہونا (۲) ہلاک ہونا (۳) لنگڑا ہو جانا۔
(اَخْنَبَ): ہلاک ہو جانا۔
- اَخْنَبَہٗ: ہلاک کر دینا۔
- رِجْلَہٗ: پاؤں کو کمزور کرنا (۲) کاٹ دینا۔
(اِختَنَبُوا): ہلاک ہو جانا۔
(تَخَنَّبَ): ناک کو پھلانا' تکبر کرنا۔
(الخَنَابُ) من الرّجالِ: لمبا بھاری بھرکم آدمی (۲) بے وقوف اور دگرگوں آدمی جو کبھی کچھ کرتا ہو اور کبھی کچھ۔
(الخَنَابَۃُ): برا اثر (۲) برائی۔
(الخِنْبُ): پنڈلی اور ران کے ملنے کا نچلا حصہ (۲) گھٹنے کا نچلا حصہ (۳) ہر دو پسلیوں اور ہر دو انگلیوں کے درمیان کا فصل (ج) اَخْنَابٌ۔
(الخَنَبُ): ناک کی ایک بیماری جس سے آدمی بات ناک میں گھما کر کرتا ہے۔
(الخَنَبَاتُ): جھوٹ وفریب۔
- ھو ذو خَنَبَاتٍ: وہ کبھی کام ٹھیک کرتا ہے کبھی خراب۔
(الخُنُبَاتُ): الخَنَبَاتُ۔
(الخَنِبَۃُ): فساد' خرابی۔
(الخِنَّابُ): لمبا تڑنگا آدمی (۲) بہت موٹی ناک والا۔
(الخِنَّابَۃُ): ناک کا بڑا بانسہ مجازاً ناک کی پھننگ (۲) تکبر۔
- الخِنَّابَتَانِ: ناک کی دونوں جانبیں۔ دونوں نتھنے۔ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے (وفی الخِنَّابتین اذا خُرِمَتَا قال: فی کل واحدۃ ثلث دیۃ الانف)۔
(الخِنَّبُ): لمبا بھاری بھرکم آدمی۔
(المَخْنَبَۃُ): ترک تعلق۔
(خَنْبَسَ): مال غنیمت تقسیم کرنا۔
(الخُنَابِسُ): قدیم مضبوط و پائیدار۔ (۲) شیر' اسدٌ خُنَابِسٌ: دلیر وقوی شیر (ج) خَنَابِسُ (۳) بدشکل موٹا آدمی۔
- لیلٌ خُنَابِسٌ: انتہائی تاریک رات۔
(الخُنَابِسَۃُ): وہ مادہ جس کا حمل نمایاں ہو جائے۔
(الخَنْبَسُ): الخُنَابِسُ۔
(الخَنْبَسَۃُ): خنبسۃ الاسد: شیر کی چال

Marfat.com

(۲) شیر کی دلیری۔

(الخَنْبُوسُ): چقماق کا پتھر۔

(خَنَثَ) السقاءَ ـ خَنْثًا: مشک کی منہ کو اوپر کی جانب موڑ کر اندر کی جانب سے پانی پینا۔

-فلانًا: کسی کا مذاق اڑانا۔

-لَهُ بانفِه: ناک چڑھا کر کسی کا مذاق اڑانا۔

(خَنِثَ) الرجلُ ـ خَنَثًا: ہجڑوں کی طرح حرکتیں کرنا، بدن کو ڈھیلا کر کے بل کھانا، لچکنا۔ هو خَنِثٌ۔

(خَنَّثَهُ): مخنث بنانا، ہجڑا بنانا۔

-کلامَه: اپنی گفتگو کو عورتوں کی طرح نرم و ملائم ہونا۔

-الشیئَ: موڑنا، جھکانا۔

-السقاءَ: خَنَثَه۔

(اِخْتَنَثَ) السقاءَ: خَنَثَه۔

(اِنْخَنَثَ) الرجلُ: خَنِثَ۔

-السِقاءُ: مشکیزہ میں سلوٹیں پڑنا۔

-العنقُ: گردن ترچھی ہونا۔

(تَخَنَّثَ) الرجلُ: خَنِثَ "تَخَنَّثَ فی کلامِه" بھی کہتے ہیں۔

-الرجُلُ و غیرُه: ضعف کی وجہ سے گر جانا۔

-الشیئُ: مڑ جانا، جھک جانا۔

(خَناثِ) عورت کو بطور گالی کہہ کر پکارا جاتا ہے "یا خناثِ!" اے مٹکنے والی لچکنے والی۔

(الخُناثَةُ) ہجڑا، مخنث۔

(الخِنْثُ) متفرق گروہ (۲) کپڑے کی ایک شکن (ج) اَخناث و خِناث۔

- طَوَی الثوبَ عَلٰی اَخناثِه و خِناثِه: کپڑے کو اس کی سابقہ تہوں پر لپیٹنا۔

-القی اللیلُ اَخناثَه علی الارضِ: رات نے زمین پر تاریکی کے اثرات ڈال دیئے (۲) گوشہ دہن (باچھ) کا اندرونی حصہ جو داڑھ سے ملا ہوتا ہے۔

(خُنَثُ) گالی دینے کے لئے مرد کو کہا جاتا ہے "یا خُنَثُ!"۔

(الخُنْثٰی) ہجڑا، زنخا، حیوانات و انسان میں نر اور مادہ دونوں مادوں کی آمیزش، ایسے ہی بعض پھولوں میں نر اور مادہ دونوں کا مادہ پایا جاتا ہے (ج) خُناثی (مج)۔

(الخُنُوثَةُ): خنثی سے بنایا ہوا مصدر، ہجڑا پن۔

-الخُنُوثَةُ الکاذبةُ: علم الاحیاء کے مطابق کوئی شخص و فرد اپنی حقیقت و اصل میں کسی ایک جنس (نر و مادہ) سے ہو اور اس میں دوسری جنس کی صفات نمایاں ہوں (مج)۔

(المُخْنَاثُ): امرأة مخناثٌ: بل کھا کر ناز سے چلنے والی عورت (ج) مخانیث۔

(الخَنْجَرُ): چھرا، چھری (ج) خَناجر۔

(الخِنْجَرُ): الخَنْجَرُ (ج) خَناجر۔

(الخَنْجَرَةُ) من النوقِ: زیادہ دودھ دینے والی اونٹنی (ج) خَناجر۔

(الخَنْجَرِیرَةُ) من المیاهِ: بھاری پانی (۲) ہلکا کھارا پانی۔

(خَنْخَنَ): ناک سے آواز نکالنا۔

(الخُنْدُبُ): بداخلاق آدمی۔

(الخَنْدَرِیسُ) شراب (۲) پرانی شراب۔

-تَمرٌ خندریسٌ: پرانی کھجور۔

-حنطةٌ خندریسٌ: پرانی گندم۔

(الخُنْدُعُ) ایک قسم کی ٹڈی۔

(الخُنْدُعُ) کمینہ اور خسیس آدمی۔

(خَنْدَقَ): خندق کھودنا۔

-الخَنْدَقُ: خندق کھد جانا۔

(الخَنْدَقُ) کھائی، کسی جگہ کے چاروں طرف کھودا ہوا گڑھا (۲) میدان جنگ میں دشمن سے حفاظت کے لئے کھودا ہوا لمبا اور گہرا گڑھا (۳) وادی (ج) خَنادِقُ۔

(تَخَنْذَذَ) شوخ و بے حیا ہونا (۲) بہادر اور زور آور ہونا۔

(الخِنْذِیذُ) فصیح و بلیغ شاعر (۲) بلیغ الکلام خطیب و مقرر (۳) باوقار مہذب سردار (۴) عربوں کے ادب، اشعار اور قبیلوں سے واقف آدمی (۵) بہادر آدمی جس پر حملہ کی صورت نہ نکل سکے (۶) انتہائی سخی اور فیاض (۷) بدزبان اور گالی گلوچ کا عادی (۸) سانڈ (۹) لمبا تڑنگا گھوڑا (۱) لمبا اور بلند و بالا پہاڑ (ج) خَناذِیذُ۔

(خَنِزَ) اللحمُ و غیرُه ـ خَنَزًا: خراب و بدبودار ہونا۔ هو خَنِزٌ حدیث میں ہے (لولا بنو اسرائیل ما اَنتن لحمٌ ولا خَنِزَ الطعامُ۔

(الخَنْزُوانُ): بندر (۲) نر خنزیر۔

(الخُنْزُوانُ و الخُنْزُوانةُ و الخُنْزُوانِیَّةُ و الخُنْزُوَةُ): غرور و تکبر۔

(الخُتّازُ): چھپکلی (۲) وہ یہودی جنہوں نے گوشت کا ذخیرہ کیا یہاں تک کہ وہ خراب ہو گیا۔

(الخُنُوزُ) میدان جنگ میں فوج کی آخری صف (۲) بجو۔ اسے ام خنوز کہتے ہیں۔

(الخَنِیزُ): روغن دار روٹی کا ثرید۔

(خَنْزَرَ): خنزیر جیسی حرکت کرنا (۲) گوشۂ چشم سے دیکھنا۔

-الشیئُ: موٹا و سخت ہونا۔

(الخَنازِیرُ) گردن کی بیماری جس سے گلے میں گلٹیاں نکل آتی ہیں۔

(الخَنْزَرَةُ): پتھر توڑنے کا بڑا ہتھوڑا۔

(الخِنْزِیرُ) خنزیر، سور (ج) خنازیر۔

(خَنَسَ) ـ خَنْسًا و خُنُوسًا و خِناسًا: پیچھے ہونا۔

-الطریقُ عنهم: راستہ ان کے پیچھے رہ گیا اور وہ آگے بڑھ گئے۔

-فلانٌ من بینهم: فلاں ان سے الگ ہو کر پیچھے رہ گیا۔

-فلانًا: پیچھے کرنا۔

-الرجُلُ: پیچھے رہنا، چھپنا۔

-به: کسی کو چھپا دینا (۲) غائب کرنا۔

-الکوکبُ: ستارہ کا چھپ جانا۔ هُوَ خانِسٌ (ج) خُنَّسٌ۔

-النَّخلةُ: درخت خرما کا تلقیح کا اثر قبول نہ کرنا۔

-مِن مالِه: کسی مال میں سے کچھ لینا۔

-اِصْبَعَه: انگلی پکڑنا۔

Marfat.com

(خَنِسَ) - خَنَسًا: چپٹی ناک اور ناک کے ابھرے کنارہ والا ہونا۔
- القَدَمُ: پاؤں کا چپٹے تلوے والا ہونا۔ هو اَخْنَسُ وهي خنسآءُ (ج) خُنْسٌ۔
(اَخْنَسَهُ): کسی کو پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانا۔
- عنّي حَقّي: اس نے میرا حق روک لیا یا غائب کر دیا۔
(خَنَّسَهُ): اَخْنَسَه۔
(اخْتَنَسَ): پیچھے ہونا۔
(انْخَنَسَ): پیچھے ہونا (۲) لوٹنا۔
(تَخَنَّسَ): لازم خَنَّسَه۔
- بِه: غائب کرنا۔
(الْاَخْنَسُ): شیر (۲) چیچڑی۔
(الخُنَاسُ): کھیتی کو بڑھنے سے روکنے والی ایک بیماری۔
(الخَنْساءُ): جنگلی گائے۔
(الخُنُسُ): ہرن (۲) ہرن کا ٹھکانہ۔
(الخَنَّاسُ): شیطان۔
(الخُنَّسُ): متحرک ستارے (۲) پانچ روشن ستارے: زحل، مشتری، مریخ، زہرہ، عطارد۔
- الليالي الخُنَّسُ: مہینہ کے آخر کی تین راتیں جن میں چاند ظاہر نہیں ہوتا۔
(الخَنُوسُ): شیر اَسَدٌ خَنُوسٌ بہادر شیر (۲) خنزیر کا بچہ۔
(الخَنُوسُ) فرسٌ خَنُوسٌ: سیدھا چلتے چلتے دائیں بائیں مڑ کر چلنے والا گھوڑا (نر اور مادہ دونوں کے لئے) (ج) خُنُسٌ۔
(الخِنَّسُو): کمینہ (۲) چالاک۔
(الخَنْسَرِی): کمینگی (۲) دھوکہ (۳) گمراہی (۴) ہلاکت۔
(الخِنْسِيرُ): کمزور آدمی (۲) چالاک آدمی (ج) خَنَاسِيرُ۔
(الخِنَوصُ): ہر چھوٹی چیز (۲) خنزیر کا بچہ (۲) ہر شیر کا بچہ۔
(الخِنْصَرُ): چھوٹی انگلی، چھنگلی (ج) خَنَاصِرُ، فلانٌ تُثنى به او اليه الخناصر: وہ شخص جو معزز ہونے کی وجہ سے اپنے ساتھیوں کے ساتھ زیر بحث آنے کے وقت نقطہ آغاز سخن ہو۔
- هذا امرٌ تعقد عَلَيه الخَنَاصِر: یہ معاملہ اہم اور قابل توجہ ہے۔
(خَنَعَ) فلانٌ - خَنْعًا و خُنُوعًا: برا کام کر کے شرمانا اور سر نیچا کرنا۔
- الى المرأةِ: بدکاری کے لئے عورت کے پاس آنا۔
- لَه و اليهِ خنوعًا: کسی کے سامنے عاجزی و انکساری کرنا۔
- الى الامرِ و الشئِ: مائل ہونا۔
- بِه: دھوکہ کرنا۔
- فلانٌ النّساءَ: عورتوں میں گھل مل کر رہنا۔ عشق بازی کرنا۔ هو خانعٌ (ج) خَنَعَةٌ وهي خَنُوعٌ (ج) خُنُعٌ۔
(اَخْنَعَتْهُ) اليه الحاجة: ضرورت کا کسی کو کسی کے سامنے حقیر و ذلیل کر دینا۔
(خَنَّعَه): کلہاڑے سے کاٹنا۔
- الجَمَلَ: اونٹ کو قابو میں کرنا، سدھانا۔
(الخَنَاعَةُ): ذلت و خواری۔
(الخُنْعَةُ): مجبوری (اضطرار) (۲) بدکاری (۳) غداری، دھوکہ۔
- فلانٌ ذُوْ خنعاتٍ: اس کی طبیعت میں خباثت ہے۔
(الخَنْعَةُ): شک و شبہ (۲) بدکاری۔ "اطّلعتُ منه على خنعةٍ" میں اس کی بدکاری پر مطلع ہو گیا ہوں (۳) خالی جگہ "لقيتُه بخنعةٍ فقهرتُه" میں اسے الگ جگہ ملا اور اس پر قابو پا لیا۔
(خَنَفَ) - خَنْفًا و خُنُوفًا: غرور سے ناک چڑھانا۔
بانفهِ عنّي: منہ پھیرنا، ناک چڑھانا۔
- المرأةَ: عورت کا سینہ پر ہاتھ مارنا۔
- الرجلُ: غضبناک ہونا۔
- الفرسُ و نحوه خَنْفًا و خِنَافًا: گھوڑے وغیرہ کا دوڑتے ہوئے اپنے سواری کی طرف منہ کرنا (۲) پھرتی اور مستی کی وجہ سے اپنی ٹانگوں کو کسی ایک طرف کرنا۔
- البعيرُ خِنَافًا: اونٹ کا چلتے ہوئے اپنے اگلے کھر کو دائیں طرف کر لینا (۲) چستی کی وجہ سے اپنے ناک کو لگام سے پھیر لینا (۳) نرم کلائیوں والا ہونا۔
- فلانٌ الناقة خَنْفًا: اونٹنی کو چار انگلیوں سے دوہنا اور انگوٹھے کا سہارا لینا۔
- الاتُرُجَّ و نحوه بالسكين: ترنج وغیرہ کو چھری سے کاٹنا۔ هو خَانِفٌ (ج) خوانِفُ و هو وهي خَنُوفٌ (ج) خُنُفٌ۔
(خَنِفَ) الصدرُ او الظهرُ - خَنَفًا: سینہ یا کمر کا ایک حصہ اندر گھسا ہوا ہونا۔ هو اَخْنَفُ۔
(الخِنَافُ): گھوڑوں کے بازوؤں کی ایک بیماری۔
(الخِنْفَةُ): ترنج وغیرہ کا ٹکڑا۔
(الخُنْفَةُ): الخِنْفَةُ۔
(الخَنِيفُ): بہت ردی کتان (۲) کتان کا سفید موٹا کپڑا (۳) بہت دودھ دینے والی اونٹنی (۴) راستہ (ج) خُنُفٌ۔
(المِخْنَافُ): وہ آدمی جس کے ہاتھ سے کھیتی اور کھجور کے درخت کی اصلاح زیادہ کارآمد نہ ہوتی ہو (۲) وہ اونٹ جو اونٹنی کو حاملہ نہ کر سکے۔
(خَنْفَسَ) عن القومِ: لوگ سے نفرت کرنا اور پیچھے ہٹنا۔
- عنِ الامرِ: کسی کام سے دامن بچانا۔
(الخُنْفَسَاءُ): بھونرا، گبریلا، کہاوت ہے "الخُنفُسَاءُ اذا مُسَّتْ نَتَّنَتْ" بد باطن آدمی کے بارے میں بولا جاتا ہے (ج) خُنْفُساوات و خَنَافِسُ۔
(الخُنْفُسُ): نر بھونرا، اس کی مادہ خُنْفُسَةٌ و خُنفُسَاءُ ہے (۲) بڑا بھونرا۔
(خَنَقَهُ) - خَنْقًا: گلا گھونٹ کر مار دینا۔ هو خَانِقٌ، والمفعول خَنِقٌ و خَنِيقٌ و مَخْنُوقٌ وهي خانِقةٌ، مخنوقةٌ۔
- الوقتَ: وقت کو ضائع کرنا۔
(خَنَّقَهُ): خَنَقَه۔

Marfat.com

- فلانٌ الاربعین: چالیس برس کی عمر کے قریب پہنچنا۔
-الاناءَ و نحوہ: برتن بھرنا۔
- السّرابُ الجبالَ: سراب کا پہاڑوں کی چوٹیوں کو چھونے کے قریب ہونا۔
(اِختَنَقَ): دم گھٹ کر مر جانا۔
- الفرسُ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا کانوں کی جڑوں تک پھیلنا۔
(اِنخَنَقَ): دم گھٹ کر مر جانا۔
-الشّاۃُ: بکری کا گلا گھٹ جانا۔
(الخانِقُ): دو پہاڑوں کے درمیان تنگ گھاٹی (۲) گلی کوچہ (لغت یمانی)۔
(خانِقُ الذئبِ): ایک پودا جس سے نشہ آور زہریلا مادہ نکالا جاتا ہے۔ اسے خانق النّمر بھی کہتے ہیں۔
(الخانقاہُ): خانقاہ صوفیوں کا مرکز اصلاح۔
(الخُناقُ): سانس رکنے کی بیماری۔
(الخِناقُ): گلے کا ہار، مالا (۲) گردن (۳) گلا گھونٹنے والی چیز۔
-اَخذ بخِناقِہ: اس کی گردن پکڑ لی۔
(الخِناقَۃُ): گلے کا پھندا۔ اَخذَ السَّبُعَ بالخِناقۃِ۔
(الخُناقِیَّۃُ): ایک بیماری جو انسانوں اور جانوروں کے حلق میں ہو جاتی ہے، پرندوں کے سر یا حلق اور کبھی گھوڑوں میں بھی ہو جاتی ہے اکثر کبوتروں میں کو لاحق ہوتی ہے۔
(الخَنّاقُ): گلا گھونٹنے کا ماہر۔
(الخُنّاقُ): سانس رکنے کی بیماری (ج) خوانیق۔
(المُخْتَنَقُ): تنگ جگہ۔
(المِخْنَقَۃُ): گلے کی مالا۔
(المُخَنَّقُ): گلے میں پھندا ڈالنے کی جگہ۔
-غلام مخنّقُ الخصرِ: پتلی کمر والا لڑکا۔
(خَنَّ) فلانٌ ـِ خنیناً: رونے یا ہنسنے کی آواز ناک سے نکالنا (۲) بغیر آواز نکالے رونا۔
- فلانٌ القومَ ـُ خَنًّا: قبیلہ کے احاطہ کو روندنا۔

-مالَہُ: مال لے لینا۔
-وعاءَ التّمرِ و غیرہ: کھجور وغیرہ کو برتن سے تھوڑا تھوڑا نکالا۔
(خَنَّ) ـِ خَنَنًا و خَنِینًا و خُنَّۃً: ناک میں بولنا۔ ھو اَخَنُّ و ھی خَنّاءُ (ج) خُنٌّ۔
(خُنَّ) البعیرُ: اونٹ کو ناک کی بیماری ہونا۔ ھو مخنونٌ۔
(اَخَنَّہُ): کسی کی عقل کو زائل کرنا۔ ھو مخنونٌ (قیاس کے مطابق مفعول مخنّ ہے)۔
(استَخَنَّتِ) البئرُ: کنویں کا بدبودار ہونا۔
(الخَنانُ): خوشحالی، آسودگی۔
(الخُنانُ): زکام کی طرح ناک کی بیماری (۲) پرندوں کے حلق اور آنکھ کی بیماری (۳) اونٹوں کا زکام۔
(الخُنُّ): مرغیوں کا ڈربہ۔
(الخِنُّ): خالی کشتی۔
(الخُنَّۃُ): گنگناہٹ۔
(الخنینُ): ناک کے نتھنوں کے غدود جن سے سانس رکتا ہے۔
(المَخَنَّۃُ): گنگناہٹ (۲) وادی کی تنگ جگہ (۳) ناک (۴) ناک کا کنارہ (۵) بلند جگہ سے پانی گرنے کی جگہ (۶) راستہ کا شروع حصہ (۷) کھلا راستہ (۸) وسط مکان (۹) صحن۔
-مَخَنَّۃُ القومِ: قوم کا محفوظ قبیلہ۔
- فلانٌ مخنّۃٌ لفلانٍ: وہ فلاں کے لئے کھانے کا ذریعہ اور سبب ہے۔
(المِخَنَّۃُ): گنگناہٹ۔
-سَنَۃٌ مِخَنَّۃٌ: زرخیزی کا سال۔
(خَنا) فلانٌ ـُ خَنْوًا و خَنًا: بیہودہ باتیں کرنا۔ خنا فی منطقہ بھی کہتے ہیں۔
-الجذعَ و غیرہ ـِ خَنْیًا: درخت کی جڑ کاٹنا۔
(خَنِیَ) علی فلان فی منطقہ ـَ خنیً: بدگوئی کرنا، فحش گفتگو کرنا۔
(اَخنی): خراب کرنا۔
-علیہ: فساد انگیزی کرنا۔

-الجرادُ: ٹڈیوں کے انڈے زیادہ ہونا۔
-المَرعٰی: چراگاہ کا بہت گھاس والی ہونا۔
-علیہ فی منطقہ: بدزبانی کرنا۔
-علیہ الدھرُ: زمانہ کا لمبا ہونا (۲) زمانہ کا ہلاک و برباد کر دینا۔
-بہ: کسی کو بے یار و مددگار چھوڑنا، وعدہ خلافی کرنا۔ حدیث میں ہے (واللہ ما کان سعدٌ لِیُخْنِیَ بابنہ فی شِقَّۃٍ مِنْ تَمْرٍ)۔
(الخَنا): فحش گوئی، بدکلامی۔
-خنا الدھرِ: آفات و مصائب زمانہ۔
(الخَنْوَۃُ): دھوکہ (۲) بانس کے بنے ہوئے گھروں میں درمیانی خلا۔

خ ....و

(خابَ) ـُ خَوْبًا: فقیر ہونا۔
(الخَوْبَۃُ): بارش سے تر دو زمینوں کے درمیان خشک زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو (۲) بھوک (۳) فاقہ جیسے اصابتھم خوبۃٌ
- ثعلب بن ثعلبہ کی حدیث ہے (اصاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خوبۃٌ فاستقرض مِنّی طعامًا)۔
(خاتَ) البازی او العقابُ ـُ خوتًا: باز یا عقاب کے شکار پر حملہ کی وجہ سے پھڑ پھڑاہٹ سنائی دینا۔
-فلانٌ: عہد شکنی کرنا، وعدہ خلافی کرنا (۲) جمع کردہ غلہ کم کرنا (۳) عمر رسیدہ ہونا۔
-الشیءَ: اچک لینا۔
-فلانًا: دھتکارنا۔
-مالَہُ: کسی کے مال میں کمی کرنا۔
(خاوَتَ) طرفُہُ دونی: اس نے مجھ سے نگاہ چرا لی۔
(خوَّتَ) البازی: خاتَ۔
-الطائرُ: آواز نکالنا۔ خوّت الشیءُ بھی کہتے ہیں۔
(اختاتَ) الحدیثَ: بات کے کچھ حصہ کو تھوڑا تھوڑا یاد کرنا۔
-انّھم یختاتون اللیلَ: وہ رات کو سفر کرتے ہیں اور ڈاکہ ڈالتے ہیں۔

Marfat.com

- الذئبُ الشاةَ: بھیڑیے کا بکری کو دھوکہ دے کر پکڑ لینا۔
-البازی او العقاب: خات۔
(انخاتَ) البازی او العقاب: خات۔
(تخوّتَ) الشیَٔ: اچک لینا۔
-الحدیث: بات کا کچھ حصہ تھوڑا تھوڑا کر کے یاد کرنا۔
-مَالَهُ: مال کم کرنا۔
(الخائتَةُ): وہ عقاب جس کے شکار پر ٹوٹ پڑنے کی آواز سنائی دے۔
(الخوتعُ – الخوتعة): (دیکھئے: ختع)۔
(الخوتَل): (دیکھئے: ختل)۔
(خوِثَ) ـَ خوَثًا: پیٹ کا بڑا اور ڈھیلا ہونا۔ هو اَخوَثُ وهی خوثاءُ۔
- البطنُ و الصدرُ: سینہ اور پیٹ کا بھرا ہوا ہونا۔
(الخوثاءُ) من النساءِ: بھرے ہوئے بدن کی نرم و نازک لڑکی۔
(الخوجلی): (دیکھئے: خجل)۔
(اخاخَ) العشبُ: گھاس کم اور پوشیدہ ہونا۔
(الخوخُ): آڑو یا پلم کا درخت یا پھل۔
(الخوخَةُ): روشندان (۲) بڑے گیٹ کے اندر چھوٹا دروازہ (۳) دو مکانوں کے درمیان راستہ۔
(خوّذَ): کچھ کھانا یا لینا۔ خوّذ شیئًا من الطعام۔
-البعیرُ و غیرُہ: تیز چلنا۔
(تخوّذَ) الغصنُ: ٹہنی کا جھومنا (۲) جھکنا۔
(الخوذُ): نازک اور اچھے جسم کی نوجوان عورت (ج) خُذْذٌ و خودات۔
(خاوَذَ) عنه مُخاوَذَةً و خِوَاذًا: ہٹ جانا، الگ ہو جانا۔
-فُلانًا اِلَی الشیَٔ: کسی طرف جانے اور آنے میں ایک دوسرے کے برعکس ہونا۔
-الحُمّی فلانًا: کسی کو بار بار بخار آنا۔ مقولہ ہے (خاوِذوا وِرْدَکم تَرُوْوْا نَعَمَکم) پانی کے حوض پر باری باری آیا جایا کرو تو اپنے اونٹوں کو سیراب کر سکو گے۔
-فلانٌ یخاوذنا بالزیارةِ: وہ ہم پر نگاہ رکھتا ہے۔
(تخاوَذوہ): کسی سے معاہدہ کرنا۔
(تخوّذہٗ): کسی پر نگاہ رکھنا۔
(الخوَاذانُ) فلانٌ مِن خُوذان القومِ: فلاں اپنی قوم کا معمولی اور بے حیثیت آدمی ہے۔
ذَهَبَ فی خُوذانِ الخاملِ: وہ باکمال لوگوں سے پیچھے رہ گیا۔
(الخُوذَةُ): ہیلمٹ، خود (مع) (ج) خُوَذٌ۔
(خارَ) الثّورُ ـُ خوَرًا و خُوَارًا: بیل کا آواز نکالنا۔
-فلانٌ خُؤُورًا: سست و کمزور ہونا۔ هو خائرٌ و خوّارٌ۔
-الحرُّ والبردُ: گرمی اور سردی کم ہو جانا۔
-فُلانًا خوْرًا: کسی کی دبر زخمی کرنا۔
(خوِرَ) الرجلُ ـَ خوَرًا: خارَ۔
(خوّرَ) فلانٌ: خارَ۔
-فُلانًا: کمزور و ڈھیلا قرار دینا۔
(تخاوَرَتِ) الثّیرانُ: بیلوں کا مل کر چیخنا۔
(استخارَ) الرجلَ: کسی سے رحم کی درخواست کرنا۔
-الضّبُعَ: بجو کے بل کے سوراخ میں لکڑی لگانا تا کہ وہ دوسری طرف سے نکل جائے۔
(الخُوَارُ): گائے، بیل، بکری اور ہرن کی آواز، تیروں کی آواز۔
(الخَوْرُ): دو بلندیوں کے درمیان نشیبی زمین (۲) سمندر میں پانی گرنے کی جگہ (۳) خلیج۔
(الخُوْرُ) من النساءِ: وہ عورتیں جو فساد طبعی اور کم عقلی کی بناء پر انتہائی شکی ہوں (اس کا واحد نہیں ہے)۔
(الخَوْرانُ): دبر (۲) لید نکلنے کی جگہ (ج) خوارین و خورانات۔
(الخوّارُ) من الجمال: پتلا اور خوبصورت اونٹ (ج) خوّارات۔
-فرسٌ خوّارُ العِنانِ: قابو میں رہنے والا تیز رفتار گھوڑا۔
-من الرماحِ: نیزہ کا وہ حصہ جو سخت نہ ہو۔
-من الزّنادِ: بہت شعلہ دینے والا چقماق (ج) خُوْرٌ۔
(الخوّارةُ): بہت دودھ دینے والی اور آسانی سے دوہے جانے والی اونٹنی (۲) بہت پھل لانے والا کھجور کا درخت (۳) نرم و ہموار زمین (ج) خُوْرٌ۔
(الخوْرمة): (دیکھئے: خرم)۔
(الخوْرنَق): (دیکھئے: خرنق)۔
(خازَہ) ـُ خوْزًا: کسی کی دیکھ بھال کرنا (۲) دشمنی کرنا۔
(الخازباز): (دیکھئے: خزبز)۔
(الخوزبُ): (دیکھئے: خزب)۔
(الخوْزَری): (دیکھئے: خزر)۔
(الخوْزَلی): (دیکھئے: خزل)۔
(خاشَ) فلانٌ ـُ خوْشًا: لوگوں کے مجمع میں گھس جانا (۲) لوٹنا۔
-فلانًا بالرمحِ: نیزہ مارنا۔
-الشیَٔ: کوئی چیز برتن میں ڈالنا۔
-منه کذا: لے لینا۔
-التراب و غیرہ فی الوعاءِ: کسی چیز میں مٹی وغیرہ بھرنا جیسے "خاشَ الترابَ فی الجُوالقِ" بورے میں مٹی بھرنا۔
(خاوَشَ) الشیَٔ: اٹھانا (خاوَشَ جنبه عن الفِراشِ: بستر سے اُٹھنا۔
(خوّشَ) فلانًا حقَّه: حق میں کمی کرنا۔
(تخوّشَ) بدنُه: موٹاپے کے بعد کمزور ہونا۔ تخوّشَ فلانٌ بھی کہتے ہیں۔
-الشیَٔ: کم ہونا۔
-الشیَٔ: کم کرنا۔
(الخوْشُ): انسان وغیرہ کی کوکھ، پہلو وھما خوشان۔
(الخوْشانُ): ایک قسم ترش سبزی نما گھاس جو کھائی جاتی ہے۔
(الخوْشَقُ): خوشہ میں باقی رہ جانی والی کھجوریں (۲) ہر خراب و ردی چیز (ج) خواشقُ۔

Marfat.com

(خَاصَ) العَطَاءَ ـُ خَوْصًا: عطیہ میں کمی کرنا۔
(خَوِصَ) ـَ خَوَصًا: چھوٹی اور دھنسی ہوئی آنکھ والا ہونا (۲) ایک چھوٹی اور ایک بڑی آنکھ والا ہونا۔ ھو اَخْوَصُ وھی خوصاءُ۔
-البئرُ: کنویں کے پانی کا اتنا گہرا ہونا کہ اس سے سیرابی مشکل ہو۔
- الشاۃُ: سفید بکری کی ایک آنکھ سیاہ اور دوسری سفید ہونا۔
(اَخْوَصَتِ) النخلۃُ: کھجور کے درخت کا پتوں دار ہونا۔
-الخُوصُ: کھجور کے پتے نکلنا۔
-الشجرُ: درخت پر پتے نکلنا۔
(اَخَاصَتِ) النَّخْلَۃُ: اَخْوَصَتْ۔
(خَاوَصَ) مُخَاوَصَۃً: آنکھوں کو ذرا چھوٹا کر کے تیر کی طرح تیز نگاہ ڈالنا۔
-فلانٌ فلانًا: بیچنے میں مقابلہ کرنا۔ "خَاوَصَہُ البیعَ" بھی کہتے ہیں۔
(خَوَّصَتِ) الفَسِیْلَۃُ: کھجور کے پودے کی شاخیں کھل جانا۔
-النَّخْلَۃُ: کھجور کے درخت کا پتوں دار ہونا۔
-الارض: زمین کا ارطی نامی پودے کے پتوں والی ہونا۔
- الشَّجَرُ: درخت پر تھوڑے تھوڑے پتے لگنا۔
-راسُہ: سر کے بال سفید ہونا۔
-فیہ الشیبُ و خَوَّصَہ: سیاہ اور سفید بالوں کا برابر ہونا۔
-فلانٌ: کسی کا پہلے شرفاء کا اکرام کرنا پھر رذیل لوگوں کا۔
-التَّاجَ: کھجور کے پتوں جیسے سونے کے پتروں سے تاج کو آراستہ کرنا۔
-العطاءَ: عطیہ کو کم کرنا۔
خوِّصْ مَا اعطاكَ تم کو جو ملے سو لے لو۔
اِنَّهُ لَیُخَوِّصُ من مالہ اس شخص کے بارے میں جو اچھے اور خراب مال کو ملا کر دیتا ہو۔
(تَخَاوَصَ) خَاوَصَ۔

- النجومُ: غروب کے قریب ہونے کی وجہ سے ستاروں کا چھوٹا ہونا۔
(تَخَوَّصَ): ایک چیز کے بعد دوسری چیز لینا۔
- العَطِیَّۃَ: عطیہ تھوڑا ہونے کے باوجود لے لینا۔
(اِخْوَاصَّتِ) الشَّاۃُ: خَوِصَتْ۔
(الخَوْصُ): تھوڑی چیز۔
(الخُوْصُ): کھجور و ناریل وغیرہ کے پتے۔ کہاوت ہے (ارضَ من العشب بالخُوصۃ) یعنی اگر تھوڑی چیز بھی میسر آئے تو قناعت کر لو۔
(الخوصاءُ) ریحٌ خوصاءُ: انتہائی گرم ہوا جس کی شدت سے آنکھیں چندھیا جائے۔
- ظهیرۃٌ خوصاءُ: سب سے زیادہ گرم دوپہر۔
(الخَوَّاصُ): کھجور کے پتے بیچنے والا۔ (۲) کھجور کے پتوں کی چیزیں بنانے والا۔
(الخِیَاصَۃُ): کھجور کے پتوں کا پیشہ۔
(المُخَوَّصُ): کھجور کے پتوں کی شکل پر بنی ہوئی چیز۔
(خَاضَ) القومُ فی الحدیث ـُ خَوْضًا: لوگوں کا گفتگو میں مشغول ہونا۔
-فلانٌ بالفرس خوضاً و خیاضاً: گھوڑے کو گھاٹ پر لانا۔
-الماءَ: پانی میں داخل ہونا، چلنا۔
-الامرَ والباطلَ و فیھمَا: کسی معاملہ میں یا ناحق بات وغیرہ میں مشغول ہونا۔
-الشرابَ فی الاناءِ: برتن میں شراب ڈال کر ہلانا۔
- فلانًا بالسیف: کسی کے پیٹ میں تلوار اوپر سے نیچے کو نکال دینا۔
(اَخَاضَ) القومُ: لوگوں کے گھوڑوں کا پانی میں گھسنا۔
-اخاضُوا خیلَھم الماءَ و فیہ: لوگوں کا اپنے گھوڑوں کو پانی میں گھسانا۔
(خَاوَضَہ) فی البیع: بیچنے میں مقابلہ کرنا۔
-الفرسَ: گھوڑے کو گھاٹ پر لانا۔

(خَوَّضَ) الماءُ والشَّرابَ فی الاناءِ: خاضَہٗ۔
-بالسیف فی بطن فلان: خاضہ۔
(اِخْتَاضَ) المرعٰی: چراگاہ کی گھاس کا زیادہ اور گنجان ہونا۔
-بالفرسِ: گھوڑے کو گھاٹ پر لانا۔
-الماءَ: خاضَہ۔
(تَخَاوَضُوا): فی الحدیث: گفتگو میں مشغول ہونا۔
(تَخَوَّضَ): کوشش کر کے گھسنا۔
-الماءَ: خَاضَہٗ۔
(الخَوْضَۃُ): موتی۔
(الخَیْضُ) سیفٌ خَیْضٌ: نرم اور سخت لوہے کی بنی ہوئی تلوار۔
(المَخَاضُ): دریا میں کم پانی کی جگہ جہاں سے پیادہ اور سوار گزرتے ہوں۔
(المَخَاضَۃُ): المخاضُ (ج) مخاضٌ و مخاوضُ۔
(المِخْوَضُ): شراب کو ہلانے اور ملانے کا آلہ۔
(تَخَوَّطَ): کسی کے پاس وقتاً فوقتاً آنا۔
(الخُوْطُ): نرم شاخ (۲) ہر طرح کی ڈنڈی (۳) خوبصورت پھرتیلا آدمی (ج) خِیطَانٌ۔
(خَوَّعَ) مالَہ: مال کم ہونا۔
-فلانٌ مالَہٗ و منہ: مال میں کمی کرنا۔
-فلانًا بالضرب: مار مار کر نڈھال کر دینا۔
-دینَہ: قرض ادا کرنا۔
- السَّیْلُ الوادی: سیلاب کا وادی کے کناروں کو گرا دینا۔
(تَخَوَّعَ) فلانٌ: کمنکھار کے تھوکنا۔
-الشیَّ: کم کرنا۔
(الخُوَاعُ): خرانٹوں کی سی آواز۔
(الخُوَاعَۃُ): وہ بلغم جو منہ سے نکالا جائے۔
(الخَوْعُ): پہاڑوں میں نمایاں رہنے والا سفید پہاڑ (۲) وادی کا موڑ (۳) وادی کا سرسبز زیریں حصہ (ج) اَخْوَاعٌ۔
(خَافَ) ـَ خَوْفًا و مخافۃً و خِیفَۃً ارنا

Marfat.com

یعنی نقصان دہ امر کے وقوع اور پسندیدہ شے کے ضیاع سے گھبرانا کہا جاتا ہے "خافه على كذا و خاف منه و خاف عليه" هو خائفٌ (ج) خُوف و خُيَّفٌ – والمفعول مَخُوفٌ۔ (۲) گھبرا جانا (۳) جاننا، یقین ہونا۔

قرآن مجید میں ہے: ﴿وإن امرأةٌ خافتْ من بعلها نشوزًا او إعراضًا﴾۔

(اَخافَ) الطريقُ او الثغرُ اِخافةً و إخافًا: راستہ یا سرحد کا خطرناک ہونا۔

- اخافهُ الامرُ و غيرُه: کسی بات کا کسی کو خوفزدہ کرنا۔

- اخافهُ الامرَ: کسی کو کسی بات سے ڈرانا۔

- فلانًا او الشيءَ: خوفناک بنانا۔

(خاوَفَه): ایک دوسرے سے ڈرنا۔

(خوَّفَه): خوف زدہ کرنا۔

- الامرَ: کسی کو کسی بات سے ڈرانا۔

- فلانًا او الشيءَ: خوفناک بنانا۔

- ماکان الطريق مخوفًا فخوَّفَهُ السَّبُعُ او العدوُّ: راستہ پرخطر نہ تھا لیکن درندہ یا دشمن نے اسے پرخطر بنا دیا۔

(تَخوَّفَ): لازم خوَّفَه۔

- عَلَيْهِ شَيْئًا: کسی کی بارے میں کسی بات کا خدشہ ہونا۔

- تخوَّفَه على كذا: کسی سے کسی بارے میں ڈرنا۔

- الشيءَ: کم کرنا۔ جیسے تخوَّفه حقَّه اس کے حق کو کم کر دیا۔

- فلانًا او الشيءَ: خوفناک و مخدوش بنانا۔

(الخافُ) رجلٌ خافٌ: بہت ڈرنے والا شخص۔

(الخَوافُ): سَمِعَ خَوافَهُمْ: شور وغل۔

(الخَوفُ): انسان کے دل کی ایک انفعالی کیفیت جو ناگوارہ چیز کے وقوع اور محبوب چیز کے فوت ہو جانے کی توقع کی بنا پر پیدا ہوتی ہے، خوف، ڈر (۲) لڑائی، جنگ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فإذا ذهب الخوفُ سلقوكم بألسنةٍ حِدادٍ﴾۔

(خَوِقَ) المكانُ ـَ خَوَقًا: جگہ کا وسیع ہونا۔

- المرأةُ: عورت کا پتلا اور دراز قد ہونا۔ (۲) بے وقوف ہونا۔

- فلانٌ: کانا ہونا۔

- البعيرُ: اونٹ کو خارش ہونا۔ هو اَخْوَقُ و هي خَوْقاءُ (ج) خُوْقٌ۔

(اَخاقَ) الرجلُ: کسی جگہ جانا۔

(خوَّقَ) القُرطَ: کان کی بالی کو کشادہ کرنا۔

(انْخاقَ) المكانُ: جگہ کا کشادہ ہونا۔

(تَخوَّقَ) القرطُ: بالی کا کشادہ ہونا۔

- عنه: دور ہونا۔ بُعد اختیار کرنا۔

(الخاقُ): جنگل کی لمبائی۔

(الخُوقُ): سونے یا چاندی کا کڑا (۲) کان کا کڑا۔ کہاوت ہے (خُوقٌ من السامِ بجيدٍ اَوْقَصَ): اس شخص کے بارے میں جو اپنی ذات کے اعتبار سے کمینہ ہو لیکن اس کے آباؤ اجداد معزز و شریف ہوں۔

(خَالَ) فلانٌ على اهله ـُ خَوْلًا و خِيالًا۔ اہل وعیال کی تربیت و کفالت کرنا۔

- الماشيةَ: مویشیوں کی عمدہ دیکھ بھال کرنا۔ هو خائِلٌ (ج) خُوَّالٌ۔

- فلانٌ خَوْلًا: تکبر کرنا۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: (انّا لاتنبو في يدك ولا نخول عليك)۔

(خَالَ) ـُ خَوْلًا: تنہائی کے بعد افرادی نعمت (غلام باندیاں وغیرہ) سے مالا مال ہونا۔

(اَخالَتِ) الناقةُ: اونٹنی کے تھن میں دودھ ہونا۔

- فيه خالًا مِنَ الخَيْرِ: اس نے اس میں بھلائی اور نیکی کو بھانپ لیا۔

(اَخْوَلَ): بہت ماموؤں والا ہونا۔

- اَخْوَلَه غيرُهُ: کسی نے اسے بہت ماموؤں والا بنا دیا هو مُخْوَلٌ۔

- رجلٌ مُعَمٌّ مُخْوَلٌ: معزز چچاؤں اور ماموؤں والا شخص۔

(خَوَّلَه) الشيءَ: کسی کو بطور احسان کوئی چیز دینا۔

(تَخَوَّلَ) خالًا: ماموں بنانا۔

- فلانًا: ماموں کہہ کر پکارنا (۲) دیکھ بھال کرنا۔

- بالموعظة: ذہنی تربیت کرنا۔

- الريحُ الارضَ: بوقت ہوا چلنا۔

- في بني فلانٍ خالًا من الخير: کسی قبیلہ میں خیر کے آثار دیکھنا۔

(استَخْوَلَ) في بني فلانٍ: کسی قبیلہ کے لوگوں کو ماموں بنا لینا۔ استخال فيهم اور استخولهم بھی کہتے ہیں۔

- في بني فلانٍ: کسی قبیلہ کے لوگوں کو غلام و خادم بنا لینا۔ استخولهم بھی کہتے ہیں۔

(الاَخْوَلُ): "جاءُ وا الاوّل فالاوّل ثم تفرقوا اخوَلَ اخوَلَ" وہ اکٹھے آئی اور پھر منتشر ہو کر پھیل گئے۔

- تطايَرَ الشررُ اخوَلَ اخوَلَ: وہ مختلف جگہوں پر پھیل گئے۔

(الخائِلُ): نگران، محافظ (ج) خَوَلٌ۔

(الخالُ): ماموں (ج) اَخْوال و خُوول (۲) وہ چیز جس میں خیر کے آثار نظر آئیں (۳) فوج کا پرچم۔

(الخُؤُولَةُ): (اس مصدر سے فعل نہیں آتا) ننھیال، ننھیالی رشتہ۔

- بيني و بين فلانٍ خُؤُولَةٌ: میرے اور اس کے درمیان ننھیالی رشتہ ہے۔

(الخَوَلُ): اللہ کا عطیہ جو چوپاؤں، غلاموں، باندیوں اور صاحبین وغیرہ پر مشتمل ہو (واحد جمع مذکر و مونث کے لئے)۔

(الخَوْلَةُ): ہرن۔

(الخَوَلِيُّ): لوگوں کے معاملات کی تدبیر کرنے والا (۲) مویشیوں کا اچھا محافظ (۳) کھیت کے مزدور کا افسر (مو) (ج) خَوَلٌ۔

(الخَوَلِيُّ): مویشیوں کا بہترین نگہبان (ج) خَوَلٌ۔

(الخَوْلَعُ): (دیکھئے: خلع)۔

(خَامَ) ـُ خَوَمًا: ناموافق ہونا، وبائی ہونا۔

Marfat.com

(اَخام)الفرسُ و نحوُہ: گھوڑے کا کسی ایک ٹانگ کو کھر کے کنارے پر اٹھانا یا تین ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔

(خَوَّم)علی فرَسِہ: زین کے کپڑے کو اوپر کی طرف اٹھا کر اس میں رکاب باندھنا۔

(الخامُ): مضر و بائی جگہ (۲) تروتازہ گھاس (۳) بے دھلا کپڑا۔ ثوبٌ خامٌ بھی کہتے ہیں (۴) وہ وہ چیز جو نئی اور قابل اصلاح ہو۔

(الخامَۃُ) وہ ابتدائی مادہ جو اپنی اصلی حالت پر ہو اور اس کو قابل استعمال بنانے کے لئے زیر عمل نہ لایا گیا ہو (ج)۔

(خانَ)الشیَ ـُ خَوْناً و خِیانَۃً و مَخانَۃً: کم کرنا۔

-الحقَّ: حق کھانا۔

-العھدَ و فیہ: وعدہ خلافی کرنا۔

-الامانۃَ: امانت واپس نہ کرنا (۲) امانت کا بعض حصہ واپس نہ کرنا۔

-فلاناً: دھوکہ دینا۔

-النصیحۃ: نصیحت میں اخلاص نہ ہونا۔

-خانَہ سیفُہ: تلوار کا نشانہ سے ہٹ جانا۔

-خانَتْہ رِجلاہ: چلنے پر قادر نہ ہونا۔

-خانَہ ظَھرُہ: کمزور ہونا۔ مقولہ ہے ''اِنّ فی ظَھرِ لخوناً'' اس کی کمر میں ضعف ہے۔

-الرشاءُ الدلوَ: رسی کا ڈول سے ٹوٹ جانا۔

-خانَہ الدھرُ: زمانہ نے اس کے ساتھ بے وفائی کی۔

-خانَہٗ عَینُہ: اس نے شکی نگاہوں سے دیکھا۔ ھو خائنٌ و خائِنۃ (تاء مبالغہ کی ہے)

(ج)خانَۃ و خُوّانٌ و خَوَنۃ وھو خَوّانٌ وھو وھی خَئُونٌ۔

(خَوَّنَ)الشیَ: کم کرنا۔ خوَّنَ منہ بھی کہتے ہیں۔

-فلاناً: خائن قرار دینا (۲) کسی کی ٹوہ لگانا۔

(اختانَہ) خانَہ (۲) دھوکہ دینے کی کوشش کرنا۔

-المالَ: مال میں خیانت کرنا۔

-النفسَ: اپنے نفس کے ساتھ خیانت کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿عَلِمَ اللّٰہُ اَنَّکُمْ کُنْتُمْ تَخْتانُوْنَ اَنْفُسَکُمْ﴾۔

(تَخَوَّنَ): بددیانت بن جانا۔

-الشیَ: آہستہ آہستہ کم کرنا۔

-فلانٌ حقِّی و تخوَّنَنی حقِّی: حق کو تھوڑا تھوڑا کم کرنا۔

-الدھرُ: زمانہ کا خوشحالی کو بدحالی سے بدل دینا۔

-فُلاناً: خیانت کا الزام لگانا (۲) کسی کی خیانت و غلطی کو پکڑنے کی ٹوہ لگانا۔

(الخائِنَۃُ): بمعنی الخیانۃ مصدر بروزن فاعلۃ جیسے عافیۃٌ و عاقبۃٌ قرآن مجید میں ہے (یَعْلَمُ خائِنَۃَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ)۔

(الخانُ): ہوٹل سرائے مسافر خانہ (۲) دوکان (۳) تاجر (۴) حاکم (۵) امیر (مع)۔

(الخانَۃُ): خانہ درجہ (۲) کاتبوں کی اصطلاح میں ''خانَۃُ العشرات'' دہائیوں کا خانہ ''خانۃ المئات'' سو کا خانہ (مع)۔

(الخِوَانُ) دسترخوان (ج) اَخوِنَۃٌ و خُونٌ و اخاوِین۔

(الخَوّانُ) بہت بڑا بددیانت (۲) زمانہ (۳) خوراک وغیرہ ختم ہو جانے کا دن (۴) زمانہ جاہلیت میں ربیع الاول کا نام (ج) اَخْوِنَۃ۔

(الخَوُّ) بھوک (۲) شہد (۳) عمدہ آب وہوا والی کشادہ وادی۔

(الخَوُّ) شہد۔

(الخَوَّۃُ) خالی زمین پلاٹ۔

(خَوَی) المکانُ والبَیْتُ و غیرُھما ـِ خَیّاً و خَواءً و خَوًی و خُوِیّاً و خوایۃً: کسی جگہ یا مکان کا خالی ہونا۔

-خَوَی بطنُہ من الطعام: پیٹ خالی ہونا۔

-خوَی راسُہ من الدم لکثرۃ الرعاف: نکسیر کی کثرت کی وجہ سے سر کا خون سے خالی ہونا۔

-فلانٌ: مسلسل بھوکا رہنا۔

-البیتُ: گھر کے رہنے والوں کا ہلاک ہونا اور گھر کا خالی ہونا۔

-السحابُ: بادل کا برس کر چلے جانا۔

-النجومُ: ستاروں کا گر جانا اور بارش نہ ہونا۔

-الحامِلُ: بچہ کی پیدائش سے حاملہ کا پیٹ خالی ہو جانا (۲) حاملہ کا ولادت کے وقت کچھ نہ کھانا۔

-الزَّندُ: چقماق کا آگ نہ دینا۔

-الشیَ خَیّاً: اچک لینا جیسے خواہ السبعُ۔

-فلاناً: کسی کے پاس جانا۔

(خَوِیَ) المکانُ والبیتُ و غیرھما ـَ خویً و خَیّاً و خَواءً و خُوِیّاً و خَوایۃً: خوٰی۔

(اَخْوٰی): بھوکا ہونا۔

-السحابُ والنجومُ والزندُ: خوٰی۔

-الماشیۃُ: مویشی کا آخری عمر کو پہنچنا۔

-الشیَ: خَوّاہ۔

-ما عند فلان: کسی سے سب کچھ لے لینا۔

(خَوّٰی): خالی ہونا (۲) پیٹ کا اندر کو گھس جانا۔

-السحابُ: خوٰی۔

-البعیرُ: اونٹ کا بیٹھتے ہوئے پیٹ کو زمین سے اونچا رکھنا۔

-المصلّی فی سجودہ: نمازی کا سجدہ میں پیٹ کو زمین سے اوپر رکھنا اور بازوؤں کو پہلوؤں سے الگ رکھنا۔

-الطائرُ: پرندہ کا بیٹھتے وقت بازو پھیلانا اور پنجوں کو کھولنا۔

-الماشیۃُ: مویشی کا آخری عمر کو پہنچنا۔

-النجومُ: ستاروں کا بے بارش رہنا۔ (۲) غروب کے قریب ہونا۔

-المراۃَ و لھا: عورت کے لئے زچگی والا کھانا تیار کرنا۔

-المریضۃَ: مریضہ کو علاج کے لئے گڑھے میں آگ جلا کر اس پر بٹھانا۔

(احتوٰی) فلانٌ: عقل کا ختم ہو جانا۔

Marfat.com

-الشیٔ: اچک لینا۔
-ماعند فلان: کسی سے سب کچھ لے لینا۔
-الفرسَ: گھوڑے کی اگلی پچھلی ٹانگوں کے درمیان تیز دھارنا۔
(الخَاوِیۃ): ہوشیار' چالاک۔
(الخَوِی): نکسیر۔
(الخَوَاءُ) من الارض: کشادہ زمین (۲) زمین وآسمان کا خلا (۳) دو چیزوں کا درمیان خلا (۴) گھوڑے کی اگلی اور پچھلی ٹانگوں کے درمیان کا خلا (۵) چوپایوں کے تھن اور پیشاب گاہ کے درمیان کی جگہ (ج) اَخوِیۃٌ۔
(الخَوَاءُ): شہد۔
(الخَوَاۃُ): چوپاؤں کے تھن اور پیشاب گاہ کے درمیان کی جگہ (۲) آواز جیسے سمعتُ خواۃ الریح۔
(الخَوَایۃ): آواز جیسے سمعت خوایۃ الطائر: میں نے پرندے کے پھڑ پھڑانے کی آواز سنی۔ سمعت خوایۃ المطر: میں نے بارش برسنے کی آواز سنی۔ سمعت خوایۃ الخیل: میں نے گھوڑوں کی دوڑ کی آواز سنی (۲) نیزوں کا خول (۳) کجاوہ کا اندرونی حصہ (۴) دو ہاتھوں یا دو پیروں کے درمیان کا خلا۔
(الخَوِیُّ): نرم زمین (۲) دو پہاڑوں کے درمیان نشیبی زمین (۳) کشادہ اور ہموار وادی۔
(الخَوِیَّۃُ): چوپایوں کے تھن اور پیشاب گاہ کا درمیان فاصلہ (۲) زچہ کا کھانا۔

خ............ی

(خَابَ)۔ خَیبۃً: محروم و نامراد ہونا۔ (۲) مقصود کو حاصل نہ کر سکنا۔ کہتے ہیں " خَابَ سعیُہ و خَابَ اَمَلُہ" (۳) نقصان اٹھانا۔ ھُوَ خَائِبٌ۔
(خَیَّبَہ): نامراد بنانا' محروم رکھنا۔
(الاَخْیَبُ): ناکام (۲) جوئے کے ان تین تیروں میں سے ایک کا نام جن کا کوئی کوئی حصہ نہیں ہوتا۔ کہتے ہیں " باءَ بالقدح الاخیب" وہ خالی ہاتھ لوٹا۔
(الخَیبَۃُ): بطور بددعا کے کہتے ہیں " خَیبَۃً لہ۔
(الخَیَّابُ): قَدحٌ خَیَّابٌ: آگ نہ دینے والا چقماق۔
- سعیُہ فی خَیَّاب بن هَیَّاب: اس کی کوششیں نامراد ہوئیں۔
(خَاتَ)۔ خَیتًا و خُیُوتًا: آواز نکالنا۔
-مالَہ: آہستہ آہستہ کم کرنا۔
(اختاتَہُ): اچک لینا جیسے اختاتہُ الصَّقرُ۔
(الخَیتَام): (دیکھئے: ختم)۔
(الخَیذَعُ): (دیکھئے: خدع)۔
(خَارَ)۔ خَیرًا و خیارۃً: خیر والا ہونا' بھلائی والا ہونا۔
- لَہُ فی الامر: کسی کے لئے کسی کام میں بھلائی کرنا (۲) کسی کو اس کے نفع کی چیز دینا۔
-فُلانًا: بھلائی اور نفع رسانی میں کسی سے بڑھ جانا۔ "خایرۃ فخارۃ" کہتے ہیں۔
-الشیٔ خیرًا و خِیَرًا و خِیرَۃً و خِیَرَۃً: چھانٹنا' چننا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ وَيَخْتَارُ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ﴾۔
-الشیٔ علی غیرہ: ترجیح دینا۔
(خَایَرَہ) فی کذا: بہتری میں کسی سے مقابلہ کرنا۔
(خَیَّرَ) بین الاشیاء: چیزوں میں سے بعض کو بعض پر ترجیح دینا۔
-فلانًا: اختیار دینا۔
- فلانًا بین الشیئین: دو چیزوں میں سے ایک کو پسند کرنے کا اختیار دینا۔
(اِختَارَہُ): چھانٹنا' چننا' پسند کرنا۔
-الشیٔ عَلی غیرہ: ایک چیز کو دوسری پر ترجیح دینا۔
(تَخَایَرُوا) فی کذا: بھلائی اور نفع رسانی یا نیکی میں باہم مقابلہ کرنا (۲) باہم فیصلہ کر کے کسی کو بہتر قرار دینا۔
(تَخَیَّرَہ): منتخب کرنا' چننا۔
(استَخَارَہُ): خیر کو طلب کرنا' استَخِرِ اللہ یَخِر لکَ تم اللہ سے خیر کو طلب کرو وہ تمہیں خیر عطا کرے گا۔
-الشیٔ: چھانٹنا' چننا۔
(الاِستِخَارَۃُ): کسی معاملہ میں خیر کو طلب کرنا۔
(الخِیَارُ): دو امروں سے بہتر چیز کو طلب کرنا (۲) اختیار ھو بالخیار (۳) منتخب پسند کردہ شے (مفرد تثنیہ جمع' مذکر و مونث کے لئے) (۴) کھیرا۔
-خیارُ شَنبَر: املتاس' خیار شنبر۔ فصیلہ قرنیہ کی ایک پھلی جو مسہل وغیرہ کے لئے طب میں استعمال ہوتی ہے۔
(الخَیرُ): بہتر ین' بہت اچھا (اسم تفضیل علی خلاف القیاس) (۲) ہر وہ چیز جو اپنی ذات کے اعتبار سے اچھی ہو اور اس میں ذاتی لذت' نفع یا خوش بخشی ہو (۳) بہت عمدہ مال۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿إِن تَرَكَ خَيْرًا الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ﴾ (۴) خیر و بھلائی والا (۵) بہت زیادہ خیر والا شخص' لعمر ابیک الخیر" تمہارے صاحب خیر باپ کی قسم (ج) خیار و اَخیار و خیورٌ۔
(الخِیرُ): کرم (۲) شرافت (۳) اصل' نسل (۴) طبیعت' فطرت (ج) اَخیارٌ۔
(الخَیرۃُ): پسندیدہ' منتخب' "ھذہ خیرتی" یہ میری منتخب کردہ چیز ہے (۲) ہر افضل شے۔ جیسے فلانۃُ الخیر من النساء۔
(الخِیَرَۃُ): انتخاب و اختیار (۲) اختیار دینا (۳) منتخب و پسندیدہ چیز۔
(الخِیرَۃُ): الخِیَرَۃُ۔
(الخِیرِیُّ): دوا میں کام آنے والی پھولوں کی بوٹی۔
(الخَیِّرُ): خیر والا (۲) زیادہ خیر والا (ج) خِیار۔
(الخَیزَبُ): (دیکھئے: خزب)
(الخَیزُبان): (دیکھئے: خزب)
(الخَیزَبَۃُ): (دیکھئے: خزب)

Marfat.com

(الخَیزُرَانُ): (دیکھئے: خزر)
(الخَیزَلُ): (دیکھئے: خزل)
(الخیزلی): (دیکھئے: خزل)
(خَاسَ) الشیُٔ ـِ خَیسًا: خراب و بدبودار ہونا۔ جیسے خَاسَ الطعامُ، خاست الجیفۃ۔
-البیعُ: فروخت میں کمی آنا۔
-فلانٌ: ذلیل ہونا۔
-فُلانًا: ذلیل کرنا۔
-الدَّابۃَ: چوپائے کو سدھانا، قابو پانا۔
-العھدَ خَیسًا و خَیَسَانًا: عہد شکنی کرنا۔
-فلانًا: وعدہ کی ہوئی چیز سے کم دینا۔
(خَیَّسَ): انتہائی ذلت اور تکلیف میں ہونا۔
-الشیَٔ: نرم کرنا۔
-الدابّۃَ: چوپائے کو سدھانا۔
-فلانًا: ذلیل کرنا۔
-الابلَ و نحوھا: اونٹوں کو ذبح کرنے کے لئے باندھنا۔
- فلانًا: قید کرنا، کسی جگہ روک کے رکھنا۔ جیسے خَیَّسَہ فی السجنِ۔
(تَخَیَّسَ): موٹاپے کی وجہ سے گوشت اور چربی کا ظاہر ہونا۔
(الْاَخْیَسُ) خِیْسٌ اَخْیَسُ: گنجان و مضبوط درخت (۲) شیر کی مضبوط جھاڑی۔
- جاءَ فی عددٍ اَخیس: وہ بڑی تعداد کے ساتھ آیا۔
(الخَیْسُ): خیر و بھلائی، مقولہ ہے ''مالہٗ قلَّ خَیْسُہٗ''۔
(الخِیسُ): بہت گھنا درخت (۲) شیر کی جگہ (ج) اَخیاس۔
(الخِیسَۃُ) الخِیسُ (ج) خِیَسٌ۔
(المُخیَّسُ) قید خانہ، جیل۔
(المُخَیَّسُ) جیل، قید خانہ (۲) جانوروں کو سدھانے کی جگہ۔
(الخَیسَرٰی) (دیکھئے: خسر)۔
(خَاشَ) ـِ خَیُوشَۃً: پتلا ہونا۔
-مافی الوعاءِ خیشًا: برتن میں موجودہ چیز کو نکالنا۔

(خَیَّشَہ): کھوٹ پر سونے کا ملمع کرنا۔
-الشیَٔ بالخَیش: کسی چیز پر کتان کا موٹا کپڑا چڑھانا۔
(الخَیشُ): معمولی کتان یا دبیز کتان کے بنے ہوئے کپڑے (ج) اَخیَاش و خیوش۔ (۲) پٹ سن کے ریشے سے بنے ہوئے موٹے کپڑے یا تھیلے وغیرہ (مو) خسیس آدمی۔
-رجلٌ خَیشُ العمل: جلدی کام کرنے والا آدمی۔
(المُخَیَّشُ): وہ کھوٹ جس پر سونا چڑھا ہو۔
(الخَیشُوم): (دیکھئے: خشم)۔
(خَاصَ) الشیُٔ ـِ خَیصًا: تھوڑا ہونا ھو خَائِصٌ۔
(خَیِصَ) ـَ خَیَصًا: ایک آنکھ کا چھوٹا اور دوسری کا بڑا ہونا (۲) ایک کان کا سیدھا اور دوسرے کا ٹیڑھا ہونا۔
- الکبش: مینڈھے کے ایک سینگ کا ٹوٹ جانا (۲) ایک سینگ کا اٹھا ہوا ہونا اور دوسرے کا سر سے ملا ہوا یا چہرہ پر لٹکا ہوا ہونا۔ ھو اَخیَصُ وھی خَیصَاءُ (ج) خِیصٌ۔
(الخَائِصُ) تھوڑی بخشش و عطیہ۔
(الخیاصۃ) (دیکھئے: خوص)۔
(الخیصُ) تھوڑا عطیہ۔ جیسے ''نلتُ منہ خیصًا خائصا'' مجھے اس سے تھوڑی چیز ملی۔
(الخیصاءُ) معمولی عطیہ۔
(الخَیصَی): کسی چیز کے ٹکڑے۔ فی المرعٰی خیصٰی من العشب چراگاہ میں کسی کسی جگہ گھاس ہے ''فی المکان خیصٰی من الرجال'' لوگ مختلف ٹولیوں میں ہے احتمعت خیصاھم: وہ سب اکٹھے ہوگئے۔
(الخیصانُ) من المال: تھوڑا مال۔
(الخَیصُ) (دیکھئے: خوص)۔
(خَاطَ) الحیَّۃُ ـِ خَیطًا: سانپ کا تیزی سے رینگنا۔
-فلانٌ جلدی سے گزر جانا۔
-فی السیرِ چلتے رہنا (۲) کسی طرف توجہ ہوئے بغیر سیدھا چلنا۔

-الیہ: کسی کے پاس سے گزرنا۔
-الی مقصدہ: اپنی منزل کی طرف جانا۔
-الثوبَ خیطًا و خِیاطۃً: دھاگے سے سینا۔
-الدِّرعَ: زرہ بننا۔
-البعیرَ بالبعیر: دو اونٹوں کو ملانا۔ ھو خائطٌ وَ خیَّاطٌ و خاطٍ - والمفعول مخیطٌ و مخیوطٌ۔
(خَیِطَ) ـَ خَیَطًا: لمبی ناک اور لمبی گردن والا ہونا (۲) سیاہی کا سفیدی سے ملا ہونا۔ ھو اَخیَطُ وھی خیطاءُ (ج) خِیطٌ۔
-الابلُ: اونٹوں کی مسلسل لمبی قطار لگنا۔
(خَیَّطَ) الثوبَ: خاطہ۔
-الشَّیبُ راسَہ وفی راسہ: سر میں بڑھاپے کی سفید دھاریاں پڑنا۔ خَیَّطَ راسَہ بھی کہتے ہیں۔
(اختاط) الثوبَ: سینا۔
-الیہ: کسی کے پاس سے گزرنا۔
(تَخَیَّطَ) راسُہ: سفید دھاگوں کی طرح سر میں بڑھاپا نمایاں ہونا۔
(الخِیاطُ): سلائی کی سوئی وغیرہ۔
-سَمُّ الخِیاطِ: سوئی کا ناکہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿حتّٰی یلج الجَمَلُ فی سَمِّ الخیاط﴾۔
(الخیاطۃُ) درزی گری، سلائی کا پیشہ۔
(الخَیطُ) دھاگہ، سوت، ڈوری، لڑی وغیرہ (ج) خُیُوط و اَخیاطٌ و خُیُوطَۃٌ (۲) رنگ۔
-الخیطُ الابیضُ: دن کی سفیدی۔
- الخیط الاسود: رات کی سیاہی۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿حتّٰی یتبیّنَ لکمُ الخَیطُ الاَبیَضُ مِنَ الخَیطِ الاَسوَدِ مِنَ الفَجرِ﴾۔
-خَیطُ الرَّقبۃِ: حرام مغز۔ دافعَ عن خَیط رقبتہ: اس نے اپنے خون کی حفاظت کی۔
- خیطٌ من النعام والبقر والجراد و نحوھا: شتر مرغ اور گایوں کا ریوڑ، ٹڈیوں کا دل وغیرہ (ج) خِیطان۔

Marfat.com

- خیطُ الباطل: دھوپ کی تیزی کے وقت روشن دان سے اندر داخل ہوتے ہوئے دکھائی دینے والے باریک ذرات (۲) مکڑی کے منہ سے نکلنے والا باریک تار۔ هو ادقُّ من خیط باطل: وہ آسان معاملہ ہے۔
- خیطُ البناء: معمار کا موٹا سوت جو چنائی سیدھی رکھنے کے لئے استعمال کرتا ہے۔
(الخیطُ): شتر مرغ اور گایوں کا ریوڑ اور ٹڈیوں کا دل وغیرہ (ج) خیطان۔
(الخَیطَةُ): ایسی نازک ڈوری جو باریک ریشہ سے بنی ہو (۲) چھتہ سے شہد نکالنے والے کی رسی سے مربوط ڈوری جسے رسی کے ذریعہ اوپر چڑھتے وقت کھینچتا ہے اور رسی اوپر کو اٹھتی ہے۔ (۳) شہد نکالنے والے کا اونی لباس (۴) میخ ''لاآتیك الا الخَیطَةَ'' میں تمہارے پاس ابھی آؤں گا۔ ''خاط الیهم خَیطَةً'' وہ ان کے پاس صرف ایک مرتبہ آیا۔
(الخَیَّاطُ): درزی۔
(الخَیَّاطِیَّةُ): ابو الحسن بن ابو عمر الخیاط کے متبعین جو قدر اور معدوم شے کی تعیین اور اس کا نام دینے کے قائل تھے۔
(المَخِیطُ): راستہ گزرگاہ۔
-مخیط الحَیَّةِ: سانپ کے گزرنے کی جگہ۔
(۲) پیٹ کی اندرونی جلد کے سمٹنے کی جگہ۔
(المِخیَطُ): سوئی وغیرہ۔
(خَیِفَ) الانسانُ وغیرہ ـ خَیَفًا: ایک آنکھ کا نیلا اور دوسری کا سیاہ ہونا۔
-الناقةُ: اونٹنی کے تھن کا پھیلا ہوا ہونا۔ هو اَخیَفُ وهی خَیفَاءُ (ج) خیفٌ و خُوفٌ۔
(اَخَافَ): منی کے مقام خیف میں آنا یا ٹھہرنا۔
(اَخیَفَ): اَخَافَ۔
-السیلُ الحَیَّ: سیلاب کا کسی قبیلہ کو بلند مقام میں ٹھہرنے پر مجبور کرنا۔
(خَیَّفَ): کسی جگہ پڑاؤ ڈالنا۔
-عن القتال: جنگ سے پیچھے ہٹنا۔
- المرأةُ اولادها وبهم: عورت کا مختلف صورتوں والی اور مختلف مزاجوں والی اولاد جننا۔

(خُیِّفَ) المالُ بینهم: مال کو ان سب میں تقسیم کر دیا گیا۔
-الامرُ بینهم: ان سب کو معاملہ کا ذمہ دار بنا دیا گیا۔
(اختَافَ): اَخَافَ۔
(تَخَیَّفَتِ) الدوابُّ فی المرعٰی: چراگاہ میں جانوروں کا رخ مختلف سمتوں میں ہونا۔
-الشیئُ الوانًا: کسی شے کا رنگ برنگ ہونا۔
(الاَخیَافُ) من الناسِ: مختلف رنگ و روپ اور مختلف المزاج لوگ۔ الناسُ اخیافٌ بھی کہتے ہیں۔
-وهم اَخیَافٌ: وہ اخیافی بہن بھائی ہیں یعنی ماں ایک اور باپ مختلف ہیں۔
(الخَیفُ): دامن کوہ (۲) گوشہ کونہ (۳) دودھ سے خالی تھن کی لٹکی ہوئی کھال (ج) اَخیَافٌ و خُیُوفٌ۔
(الخَیفَانَةُ) من الجراد: سفید و زرد دھاری والی ٹڈیاں (۲) وہ ٹڈیاں جن کے پر صحیح طرح نکلے نہ ہوں (۳) پہلے سال کی پیداوار سرخ دبلی اونٹنی۔ ناقةٌ خیفانةٌ: تیز رفتار اونٹنی۔ فرسٌ خیفانةٌ: چھریرے بدن کا گھوڑا (ج) خَیفَانٌ جرادٌ خَیفَانٌ مختلف رنگوں کی ٹڈیاں۔ رأیت خَیفَانًا من الناس: میں نے لوگوں کا ہجوم دیکھا۔
(الخَیفَةُ): چھری (۲) شیر کی کچھار۔
(خَالَ) فلانٌ ـ خَیلًا: تکبر کرنا۔ (۲) تاڑنا' بھانپنا۔
-الفرسُ وغیرہ: گھوڑے کا لنگڑا کر چلنا۔
- الشیئَ خَیلًا و خَیلانًا: گمان کرنا خیال کرنا۔ جیسے اِخالُكَ راضیًا: میں تمہیں خوش گمان کر رہا ہوں۔ مقولہ ہے (من یسمعْ یَخَلْ) جو لوگوں کی باتیں سنتا ہے وہ بدگمانی ضرور کرتا ہے۔
-الشیئَ: جانا۔
(خِیلَ) الرجلُ: بدن پر کالے مسوں کا نکلنا۔ هو مخیلٌ و مخولٌ و مخیُولٌ۔
(اَخَالَتِ) السماءُ للمطرِ: آسمان کا برسنے کے قریب ہونا۔
-الناقةُ: دودھ کا اونٹنی کے تھن میں جمع ہونا۔
- فلانٌ للخیرِ: کسی کے خیر کے آثار ظاہر ہونا۔
-الارضُ بالنبات: زمین کا سرسبز و شاداب ہونا۔
-علیه الشیئُ والامرُ: کسی کے لئے کوئی بات یا معاملہ پیچیدہ بن جانا۔
-فلانٌ: ایسا بادل دیکھنا جس کے بارے میں برسنے کا گمان ہو۔
-السحابةَ: بادل کو برسنے کے قریب دیکھنا۔
-فیه الخیرَ: کسی میں خیر کے آثار دیکھنا۔
(اَخیَلَتِ) السماءُ: بارش کے لئے تیار ہونا۔ ابر آلود کڑک اور گرج ہونا۔
-فلانٌ للذئبِ: بھیڑیے کو دھوکہ دینے کے لئے کوئی ڈراونی چیز نصب کرنا۔
-السحابةَ: بادل کو برسنے کے قریب دیکھنا۔
(خَایَلَتِ) السماءُ: اَخیَلَتْ۔
-السحابةُ: بادل کے برسنے کی توقع ہونا۔
-فلانٌ فلانًا: باہم فخر کرنا۔
(خَیَّلَتِ) السماءُ: اَخیَلَتْ۔
-السحابةُ: بادل آ کر نہ برسنا۔
-علی المیتِ: میت پر کپڑا ڈالنا۔
-علیه کذا: کسی پر کوئی چیز مشتبہ کرنا۔
-فلانٌ علی فلانٍ: تہمت لگانا۔
-عنه: دفاع کرنا' ہٹانا۔
-الشیئُ: کسی چیز کا دل میں خیال لانا۔
-الیه کذا: کسی کے سامنے کسی چیز کی صورت لانا۔
-الخیرَ: کسی میں خیر کے آثار تاڑ لینا۔
(خُیِّلَ) اِلَیهِ اَنَّهُ کذا: اسے یہ خیال ہوا کہ فلاں چیز ایسی ہے' قرآن مجید میں ہے: ﴿یُخَیَّلُ اِلَیهِ مِن سِحرِهِم اَنَّهَا تَسعٰی﴾۔
(اختالت) السحابةُ: اَخَالَتْ۔
-فلانٌ: تکبر کرنا۔
- فی مشیه: جھوم کر اور متکبرانہ انداز میں چلنا۔

Marfat.com

- الارضُ بالنبات: زمین کا سرسبز و شاداب ہونا۔

(تَخَایَلَ) لَهُ الشَّیْءُ: کوئی چیز کسی کے سامنے مشتبہ ہونا۔

-الاَرْضُ: زمین کے سبزہ کا چرنے کے قابل ہو جانا اور پھول کھل جانا۔

-فلانٌ: تکبر کرنا (۲) خود کو اچھا سمجھنا۔

-القومُ: باہم فخر کرنا۔

(تَخَیَّلَتِ) السماءُ: اَخْیَلَتْ۔

-الشیءُ: رنگ برنگا ہونا۔

- الشیءُ لَهُ: کسی چیز کا مشتبہ ہونا' اور اس کی صورت ذہن میں آنا۔ تَخَیَّلَ لی خیالُهُ بھی کہتے ہیں۔

-الرجلُ: تکبر کرنا۔

-الارضُ: زمین کا ہرا بھرا ہونا۔

- الخیرَ فی فلانٍ: کسی میں خیر کے آثار مشاہدہ کرنا۔

- الشیءَ: تصور کرنا' ذہن میں لانا تَخَیَّلَهُ فَتَخَیَّلَ لَهُ اس نے تصور کیا تو اس کے سامنے اس کی تصویر آ گئی۔

-الرجلُ فی مشیته: اکڑ کر چلنا۔

(استَخَالَ) السحابَ: بادل کو برستا ہوا گمان کرنا۔

(الاَخْیَلُ) اکڑ باز' متکبر (۲) بدن پر داغ یا کالے تلوں والا ہونا (اس کا کوئی فعل نہیں) (ج) خیلٌ (۳) تکبر' خود پسندی (۴) گردن کی ایک طرف کی رگ (۵) ہرے رنگ کا پرندہ جس کے بازوؤں پر دوسرے رنگ کا دھبا ہوتا ہے (۶) شقراق نامی ایک پرندہ جس سے بری فال لی جاتی ہے۔ عرب کہتے ہیں "اَشْاَمُ من اَخْیَلَ" وہ اخیل سے زیادہ منحوس ہے (۷) شاہین (ج) اَخایل و خِیلٌ۔

(الخائِلُ) مغرور متکبر جوان (ج) خَالَةٌ۔

-رجلٌ خمائلُ مالٍ: مال کا بہترین انتظام کرنے والا آدمی۔

(الخالُ) چوپائے کی لنگ کی قسم سے ایک بیماری (۲) بادل (۳) گھنا بجلی (۴) تکبر۔

- رجلٌ خالٌ: متکبر خود پسند آدمی (۵) بے بارش بادل۔

-رجلٌ خالٌ: سخی آدمی۔

- رجلٌ خالُ مالٍ: مال کا اچھا منتظم۔ (۶) کالی دھاریوں والی سرخ یمنی چادر (۷) ایسی جگہ جہاں کوئی اپنا نہ ہو (۸) امیر کے لئے بلند کیا جانے والا جھنڈا (۹) کسی چیز کا مالک۔ جیسے من خالُ هذا الفرس؟ (۱۰) کسی چیز کے ساتھ رہنے والا (۱۱) بدن کے کالے مسے یا تل (۱۲) کمزور دل اور جسم والا آدمی (۱۳) چھوٹا ٹیلہ (۱۴) بڑا پہاڑ (۱۵) موٹا بھاری بھرکم اونٹ (ج) خیلانٌ و اَخْیِلَةٌ۔

(الخَالَةُ) امرأةٌ خالَةٌ: مغرور عورت۔

(الخَیَالُ): گمان' خیال' تصور (۲) وہمی اور خیالی چیز (۳) سوتے اور جاگتے میں نظر آنے والی کوئی وہمی صورت (۴) آئینہ میں دکھائی دینے والی صورت (۵) کھیت کو پرندوں کو ڈرانے کے لئے کھڑا کیا جانے والا ڈنڈا جس پر سیاہ کپڑا ڈالا جاتا ہے (۶) سائے کی طرح نظر آنے والی پرچھائی (۷) بکریوں کے باڑے میں بھیڑیوں کو ڈرانے کے لئے کھڑا کیا جانے والا مصنوعی انسان (۸) زمین میں حد بندی کا نشان جس سے تجاوز کرنا ممنوع ہو (۹) اشیاء کا تصور کرنے والی ایک قوت (ج) اَخْیِلَةٌ و خِیلانٌ۔

(الخَیَالَةُ) شخص (دکھائی دینے والی کوئی ذات) (۲) خیال (۳) سوتے یا جاگتے میں نظر آنے والی کوئی وہمی صورت۔

(الخَیْلاءُ) امرأةٌ خَیْلاءُ: جس عورت کے بدن پر بہت سے تل یا سیاہ مسے ہوں (اس کا کوئی فعل نہیں)۔

(الخُیَلاءُ) تکبر و خود پسندی۔

(الخَیْلُ) تکبر و خود پسندی (۲) گھوڑوں کی جماعت (اس لفظ سے اس کا واحد نہیں) (۳) گھڑ سواروں کی جماعت (ج) اَخیالٌ و خُیُولٌ۔

(الخِیْلُ) ہینگ۔

(الخِیلَةُ): تکبر اور خود پسندی۔

(الخَیَّالُ): گھوڑوں کا مالک (۲) گھڑ سوار (ج) خَیَّالَةٌ۔

(المَخِیلُ): بہت زیادہ تلوں والا اور سیاہ مسوں والا آدمی۔

-فلانٌ مخیلٌ للخیرِ: بھلائی اور نیکی کا اہل۔

(المَخِیلَةُ): گھوڑوں کا اصطبل (۲) گمان جیسے اخطات فیه مخیلتی (۳) گھن گرج والا بادل جس کے برسنے کا گمان ہو (۴) تکبر و غرور جیسے فلانٌ ذو مَخِیلَةٍ (ج) مَخَایِلُ۔

- ظهرت فیه مخایلُ النَّجابة: اس میں خاندانی شرافت کے آثار ظاہر ہوئے۔

(المَخْیُولُ): زیادہ تلوں والا آدمی (۲) وہ اونٹ جس کی پیٹھ شاہین نے حملہ کر کے زخمی کر دی ہو۔ رجلٌ مخیولٌ: وہ شخص کہ جس کی عقل خوف کی وجہ سے ختم ہو گئی ہو۔

(المُخَیَّلُ) نفس کی سجھائی ہوئی بات۔

فلانٌ یمضی علی المخیَّلِ: وہ بے یقینی اور شبہے کی حالت میں رہتا ہے۔

(المُخَیِّلَةُ): قوت متخیلہ' آئینہ عقل۔

(خَامَ) فلانٌ ـِ خَیْمًا: کسی جگہ ٹھہرنا۔ (۲) کسی خلاف دسیسہ کاری میں ناکام رہنا اور خود پھنس جانا۔

- الارضُ خَیَمَانًا: کسی علاقہ کی آب و ہوا خراب ہونا۔

- عن القتالِ و فیه خیمًا و خیامًا و خَیَمَانًا و خُیومًا: ڈر کر لڑائی سے بھاگ جانا۔

- رِجْلَه: پاؤں اٹھانا۔

(اَخَامَتِ) الدابّةُ: جانور کا تین ٹانگوں پر کھڑے ہو کر چوتھی کو موڑ لینا۔

- الرجلُ والدابّةُ احدیٰ رجلیه اوفی احدیٰ رِجْلَیْه: انسان یا جانور کا ایک ٹانگ اوپر اٹھانا۔

-الخَیْمَةَ: خیمہ نصب کرنا۔

(خَیَّمَ) القومُ: خیمے گاڑنا (۲) خیمہ میں داخل ہونا۔

- فلانٌ: کسی جگہ ٹھہرنا' خَیَّمَ بالمکان و فیه

Marfat.com

بھی کہتے ہیں۔
-اللیلُ: رات کا ڈیرے ڈالنا۔
- الرائحةُ بالمکان و بالثوب: کسی جگہ یا کپڑے میں بو کا بس جانا۔
- الوحشیُّ فی کناسِہٖ: جنگلی جانور کا اپنی جھاڑی سے نہ نکلنا۔
-الخَیْمَةَ: خیمہ نصب کرنا۔
-الشیئَ: خیمہ کی طرح بنانا۔
-المِسكَ و نحوہ: مشک وغیرہ کو کسی چیز سے ڈھانپنا تاکہ اس میں خوشبو مہک جائے' رچ بس جائے۔
(تَخَیَّمَ) القومُ: خیمہ میں داخل ہونا۔ (۲) خیمہ میں قیام کرنا۔
- الرِّیحةُ الطیبة فی الثوب: اچھی خوشبو کا کپڑے میں سما جانا۔
-مکانَ کذا: کسی جگہ خیمہ ڈالنا۔ تَخَیَّمَ بہٖ بھی کہتے ہیں۔
(الخام): (دیکھئے: خوم)
(الخامَةُ): (دیکھئے: خوم)
(الخِیمُ): تلوار کی تیزی (۲) مزاج' عادت (۳) اصل۔
(الخَیْمَةُ): خیمہ' جھونپڑی (۲) گھر (ج) خیمات و خیام و خِیَمٌ و خَیْمٌ۔
(الخِیَمِیُّ): خیمے بنانے والا۔
(الخَیَّامُ): خیمے بنانے والا۔
(المُخَیَّمُ): خیمے گاڑنے کی جگہ۔

Marfat.com

د

(الدّالُ): آٹھواں حرف تہجی' اس کا مخرج طرف لسان اور ثنایا علیا کی جڑیں ہیں۔ اس میں جہراور شدت پائی جاتی ہیں۔

باب افتعال کی تاء کو چند جگہوں میں دال سے بدل دیتے ہیں جبکہ فاء کلمہ زاء ہو جیسے ازداد اور ازدجر۔ یا ذال ہو جیسے اذّکَرَ یا دال مہمل ہو جیسے ادّرأ اور ادّفَعَ۔

و..........أ

(دَأَبَ)في العملِ و غيرِه ـَ دَأْبًا و دَأَبًا و دُؤُبًا: کسی کام میں سخت کوشش کرنا۔

-الشيَ دَأْبًا: عادت ومعمول بنالینا۔

- الدابّةَ: سختی سے ہانکنا۔ هو دائبٌ و هو وهي دَؤُوبٌ۔

(اَدْأَبَ) العملَ وغيرَه: کسی کام پر ہمیشگی اختیار کرنا۔

- فلانًا: کسی سے مشقت کے ساتھ کام کروانا (۲) کسی کو عادی بنانا۔

-الدّابةَ: سختی سے دعا ہانکنا۔

(الدَّأْبُ - الدَّأَبُ) عادت' طریقہ۔ حالت' جیسے مازال هذا دابَهٗ' قرآن مجید میں ہے ﴿ مِثْلَ دَأْبِ قَوْمِ نُوْحٍ وَعَادٍ وَ ثَمُوْدَ ﴾۔

(الدائِبَان) دن رات (۲) سورج چاند۔

(دَأَثَ)ـَ دَأْثًا: گندا ہونا (۲) بوجھل ہونا۔

-الشيَ: گندا و میلا کرنا۔

(الدِّئْثُ) دائمی دشمنی' کینہ (ج) اَدْآثٌ۔

(الدَّأْثَاءُ) بے وقوف باندی (ج) دآث بے وقوف کو ''ابن دأثاء'' کہا جاتا ہے۔

(الدِّئْثَانُ): حلقوم' گلا۔

(الدُّؤْثِيُّ): بے غیرآدمی۔

(دَأْدَأَ)دَأْدَأَةً و دِئْدَاءً: جلدی چلنا (۲) بہت تیز دوڑنا۔

-فِيْ أَثَرِه: کھوج لگانے کے لئے کسی کے پیچھے رہنا۔

-القومُ: لوگوں کا بھیڑ لگا کر شور مچانا۔

-الشيَ: حرکت دینا' لڑھکانا (۲) ڈھانپنا۔

(تَدَأْدَأَ): لازم دَأْدَأَہ۔ حدیث احد میں ہے (فَتَدَأْدَأَ عن فرسه) (۲) جھکنا۔

-عنه: ایک طرف ہونا۔

في مشيه: جھوم کر اور لڑکھڑا کر چلنا۔

(الدَّأْدَاءُ): مہینہ کا آخری دن۔ لیلةٌ دَأْدَاءُ: تاریک رات (ج) دآدیٔ۔ حدیث میں ہے (ليس عفر الليالي كالدآدي)۔

(الدِّئْداءُ' الدُّؤْدُؤُ' الدَّأْدَأَةُ) الدَّأْدَاءُ (ج) دآدیٔ

(دَأَظَ)ـَ دَأْظًا: بھرنا (۲) موٹا ہونا۔

-الوعاءَ: برتن کو بھرنا۔

-المتاعَ فِي العَيْبَةِ: تھیلہ میں سامان بھرنا۔

- فلانًا: پیٹ بھر کے کھانے پر مجبور کرنا۔ (۲) ناراض کرنا (۳) گلا گھونٹنا۔

-القَرْحةَ: زخم کو مواد نکالنے کے لئے دبانا۔

(دَأَلَ)ـَ دَأْلًا و دَأَلَانًا و دَأْلَى: بوجھل قدموں سے چلنا۔

-الصَّيْدَ و غيرَهٗ و له: دھوکہ دینا' چال چلنا۔

(دَاءَلَه): کسی کے ساتھ فریب کرنا۔

(الدُّئِلُ): بھیڑیا (۲) نیولے جیسا ایک چھوٹا جانور۔

(الدُّئِلُ): گیدڑ۔

(الدَّأَلَانُ): بھیڑیا (۲) گیدڑ۔

(الدُّؤْلُوْلُ): مصیبت (۲) ناگوار بات (ج) دآلِيلُ۔

(دَأَمَ)الحائطَ ـَ دَأْمًا: مضبوط کرنا' ٹیک لگانا (۲) دھکا دے کر ایک دم گرانا۔

(تَدَاءَمَ)عليه الشيُ: سلسلہ لگ جانا۔

-الشيُ فلانًا: کسی کے پاس چیزوں کا بکثرت آنا۔

(تَدَأَّمَهٗ)الشيُ: ڈھیر لگ جانا (۲) سوار ہونا' اوپر چڑھ جانا۔

(الدَّأْمُ): ہر ڈھانپی ہوئی چیز۔

(الدَّأْماءُ): سمندر۔

(دَءَا)ـُ دَأْوًا: بوجھل آدمی کی طرح چلنا۔

-لِلصَّيْدِ: شکار کو فریب دینے کے لئے چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔

(دَأَى)ـَ دَأْيًا: دَءَا۔

(الدَّأْيَةُ): مونڈھے اور پیٹھ کی گول ہڈیوں میں سے ایک (۲) پسلیوں سے سینہ کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ (۳) دایہ' ماں کے سوا بچہ کی پرورش کرنے والی عورت (۴) اونٹ کے جسم کی جگہ جو پالان کے کنارے سے چھل جاتی ہے اسی وجہ سے کوے کو ابن دَأْیَہ کہتے ہیں کیونکہ وہ اس زخم پر کثرت سے آتا ہے۔

و..........ب

(دَبَأَ)ـَ دَبْئًا: ٹھہرنا' پرسکون ہونا۔

-فلانًا بالعَصَا: لاٹھی یا ڈنڈا مارنا۔

Marfat.com

(دَبَّاهُ) و عَلَيْهِ: ڈھانپنا، چھپانا۔
(دَبَّ) ـِ دَبًّا و دَبِيبًا: رینگنا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔ کہتے ہیں (هُوَ اَكذبُ مَنْ دَبَّ وَدَرَجَ) وہ زندوں اور مردوں میں سب سے زیادہ جھوٹا ہے۔
-دَبَّتْ عَقَارِبُهُ: اس کی چغل خوریاں اثر کر گئیں۔ کہاوت ہے (اَعْيَيْتَنِي مَنْ شُبَّ اِلَى دُبَّ ومِنْ شُبَّ اِلَى دُبَّ): تو نے جوانی سے بڑھاپے تک مجھے تنگ کیا۔
-الشيُ في الشيءِ: سرایت کرنا۔ جیسے دبَّ الشرابُ في الجَسَدِ۔
(دَبَّ) الانسانُ والحيوانُ ـَ دَبَبًا و دَبَبَانًا: بہت بالوں والا ہونا، بہت اون والا ہونا۔ دبَّ وجهُه دبَّ جسمُهٗ بھی کہتے ہیں: هو ادبُّ وهي دَبَّاءُ (ج) دُبٌّ، وهو دَببٌ۔
(اَدَبَّه): آہستہ آہستہ چلانا (۲) مؤثر بنانا (۳) جاری کرنا۔ کہتے ہیں اَدَبَّ اِلَى اَرْضِهٖ جَدْوَلًا: وہ نہر سے اپنی زمین تک چھوٹی نہر لے گیا۔
-الحاكمُ في البلادِ: حاکم نے انصاف کے ذریعہ شہر میں چہل پہل پیدا کردی۔
(دَبَّبَه): اَدَبَّه۔
(الدَّابَّةُ): زمین پر چلنے والا جانور، چوپایہ، اکثر استعمال اس چوپائے کے لئے ہوتا ہے جو سواری اور بوجھ برداری کے کام آتا ہو۔ (مذکر ومؤنث کے لئے) (ج) دوابّ۔
تصغير: دُوَيْبَّةٌ۔
(الدَّبَبُ): گائے کا پہلا بچھڑا (۲) چہرہ کا رواں۔
(الدُّبُّ): ریچھ (۲) راستہ (ج) دِبَابٌ و دِبَبَةٌ۔
(الدُّبُّ الاصغر): سات ستارے۔ جن میں سے چار چوخانہ کی شکل بناتے ہیں اور بقیہ تین دُم کی شکل بناتے ہیں اور اس کی انتہاء میں قطبی ستارہ ہوتا ہے۔
(الدُّبُّ الاكبرُ): پہلی صورت کی طرح یہ اس سے بڑا سات ستاروں کا مجموعہ ہے۔
(الدُّبَّاءُ): کدو۔
(الدَّبَّابَةُ): ایک قدیم جنگی ہتھیار، قلعہ شکن مشین۔ حدیث عمر رضی اللہ عنہ میں ہے: (كيف تصنعون بالحصون؟ قال نتخذ دبّابات يدخل فيها الرجال) (۲) ٹینک۔
(الدَّبَّةُ): بہت ریتلی جگہ۔ کہاوت ہے ''وقع فلانٌ في دَبَّةٍ'' فلاں سختی میں پھنس گیا (۲) تیل وغیرہ کی شیشی (ج) دِبابٌ۔
(الدُّبَّةُ): ریچھنی (۲) راستہ جیسے تَبِعَ دُبَّةَ فلان (ج) دُبَبٌ۔
(الدَّبُوبُ): بہت رینگنے والا (۲) چغل خور (۳) ہر موٹی چیز۔
-طعنةٌ دَبُوبٌ و جِراحةٌ دبُوبٌ: بہتا ہوا زخم (ج) دُبُبٌ۔
(الدَّبِيبُ): زمین پر رینگنے والا (۲) کیڑا۔
(الدَّيْبُوبُ): چغل خور (ج) ديابيب۔
(المَدَبَّةُ): بہت ریچھوں والی زمین (ج) مَدابُّ۔
(دَبَجَ) الشيَ ـُ دَبْجًا: منقش ومزین کرنا۔
-المطرُ الارضَ: بارش کا زمین کو سیراب اور سرسبز وشاداب کرنا۔
(دَبَّجَه): دَبَجَه۔
(الدِّيْبَاجُ): ریشم کا کپڑا (مع)۔
- ديباجُ الوَجْهِ: چہرہ کی جلد کی خوش نمائی (ج) دَبَابِيْجُ و دَيَابِيْجُ۔
(الدِّيْبَاجَةُ) ديباجة الوجهِ: چہرہ کی جلد کا حسن۔
-ديباجة الكتابِ: پیش لفظ، مقدمہ۔
- لكلامِهٖ و شعرِهٖ و كتابتِهٖ ديباجةٌ حسنةٌ: اس کے گفتگو کرنے، شعر کہنے اور گفتگو کا انداز اچھا ہے۔
-الديباجتان: دونوں رخسار جیسے هو يصون ديباجتيه۔
-في القضاءِ: فیصلہ عدالت کا وہ حصہ جس میں عدالت کا نام جگہ اور تاریخ لکھی ہوتی ہے (مج)۔
-في القانون الدولي: بین الاقوامی قانون میں معاہدہ کا وہ فصل مقدمہ جس میں معاہدہ کی ضرورت اور اس کے اسباب ومحرکات کا تفصیل سے ذکر ہوتا ہے۔ (مج)۔
(المُدَبَّجُ) (اصطلاح حدیث کے مطابق) ایسی روایت جسے چند ایسے راویوں نے بیان کیا ہو جو عمر اور سند کے اعتبار سے یکساں ہوں۔
(دَبَحَ): ذلیل ورسوا ہونا (۲) کمر جھکانا (۳) چلتے ہوئے سر جھکانا۔
-في ركوعِهٖ: رکوع میں کمر کو پھیلانا اور سر کو جھکانا کہ سر سرین سے نیچے ہو جائے۔
-في البيت: گھر میں مسلسل قیام رکھنا۔
-ظهرَهٗ: کمر کو بیچ سے نیچے اٹھانا تاکہ وہ کمان نما ہو جائے۔
(اندَبَحَ): دَبَحَ۔
(دَبَّخَ): کمر کو بیچ سے اوپر اٹھانا اور سر جھکانا۔
(دُبَاخ): عرب بچوں کا ایک کھیل۔
(دَبْدَبَ): بچہ کا گھٹنا، شور مچانا۔ دبدبٌ فلانٌ و دبدبت الخَيْلُ۔
(الدُّبَادِبُ): بہت شور وغل کرنے والا (ج) دَبَادِبُ۔
(الدَّبْدَابُ): ڈھول (ج) دَبَادِيبُ۔
(الدَّبْدَبَةُ): سخت زمین پر گھوڑوں کی ٹاپوں جیسی آواز (۲) بڑی چیونٹی کی چال (۳) بڑی چیونٹی (۴) ڈھول (ج) دَبَادِبُ۔
(دَبَرَتِ) الريحُ ـُ دُبُورًا: ہوا کا مغرب کی طرف سے آنا۔ پچھوا ہوا چلنا۔
-السهمُ: تیر کا نشانہ سے نکل جانا۔
-الشيُّ: گزر جانا، پھر جانا۔ دَبَرَ امرُهم ان کے معاملہ نے بگاڑ کا رخ اختیار کر لیا۔
-فلانٌ: بوڑھا ہونا (۲) ہلاک ہونا۔
-به: لے جانا۔
-فلانًا: پیچھے چلنا، پیچھے آنا (۲) کسی کے مرنے کے بعد قائم مقام بننا اور اس کے بعد باقی رہنا۔
-السهمُ الهدفَ: تیر کا نشانہ سے گزر کر اس کے پیچھے گر جانا۔

Marfat.com

(دُبِرَ): مغربی ہوا لگنا۔
-الحیوان: جانور کو زخم لگنا' پھوڑا نکلنا اونٹ کی پیٹھ پر زخم ہونا۔
(دَبِرَ) الحیوانُ ـَ دَبَرًا: زخم والا ہونا' پھوڑے والا ہونا' هو دَبِرٌ و اَدْبَرُ وهی دَبْرَآءُ (ج) دُبْرٌ وهی دَبْرٰی (ج) دُبارٰی۔
(اَدْبَرَ): پچھوا ہوا میں داخل ہونا (۲) بدھ کے دن سفر کرنا (۳) اپنے قبیلہ کے پچھلے لوگوں کو جاننا (۴) زخمی چوپائے والا ہونا۔
-الشیئُ گزر جانا' مڑ جانا۔
-الشیئَ پیچھے کرنا۔
-القَتَبُ البعیرَ: کجاوہ کا اونٹ کی پیٹھ کو زخمی کرنا۔
-اَمرُهُم: معاملہ بگڑ جانا۔
(دَابَرَ) فلانٌ: مر جانا۔
-الاُذُنَ کان کو پیچھے سے کاٹنا کہتے ہیں' دَابَرَ النَّاقَةَ۔
رَحِمَه قطع رحمی کرنا۔
-فلانٌ فلانًا اعراض کرنا' منہ پھیر لینا۔
(دَبَّرَ) الاَمْرَ و فیه کسی بات کے انجام کو سوچنا۔
-الحدیثَ بات کو کسی سے نقل کرنا۔
العَبْدَ غلام کی آزادی کو موت کے ساتھ معلق کرنا۔
(تَدَابَرَ) القومُ باہم قطع رحمی کرنا۔ باہم دشمنی کرنا۔
(تَدَبَّرَ) الاَمْرَ و فیه کسی بات کے انجام کو سوچنا' "عَرَفَ الاَمرَ تَدَبُّرًا" وہ معاملہ کو غور و فکر سے سمجھنا۔
(اِسْتَدْبَرَه) پیچھے سے آنا (۲) اپنے لئے خاص کرنا۔
الامرَ کسی کام کے آخر میں وہ بات جاننا جو شروع میں معلوم نہ تھی۔
التدبیرُ) (التدبیرُ المنزلیُّ) امور خانہ داری (نئی)۔
الدَّابِرُ) تابع (۲) ہر چیز کا آخر۔ قَطَعَ اللهُ دابرَهُم الله ان سب کو نیست و نابود کر دے۔
وما بقی فی الکنانة الا الدابرُ: ترکش میں آخری تیر رہ گیا ہے (ج) دوابرُ۔
(الدابرةُ): پیچھے آنے والی (۲) ہر چیز کا آخری (۳) جانور کے پاؤں کا پٹھا (۴) گھر کا پچھلا حصہ (۵) پرندہ کے پاؤں کا پنجہ جس سے باز وغیرہ حملے کرتے ہیں (۶) منحوس عورت (۷) شکست (ج) دوابرُ۔
(دُبار): بدھ کا دن یا رات۔
(الدَّبار): ہلاکت۔
(الدِّبارُ): ہر چیز کا آخر "هولا یدری قبال الامر من دباره" وہ بالکل بے سمجھ اور بدھو ہے "اتی الصلوة دبارًا" وہ نماز قضا کر کے پڑھتا ہے۔
(الدِّبارَةُ): زمین کا قابل کاشت بنایا جانے والا حصہ (ج) دِبارٌ۔
(الدَّبُّورُ): نوع۔ لیس فلان من دبّورِ فلان۔
(الدَّبْرُ): بے شمار مال و دولت (۲) بھڑ یا شہد کی مکھیوں کا جھنڈ (۳) چیز کا پچھلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "جعلتُ کلامَه دَبْرَ اُذُنِی" میں اس کی طرف توجہ نہ کی (۴) وہ جزیرہ جس پر کبھی پانی چڑھ جائے کبھی ہٹ جائے (ج) اَدْبُرٌ و دُبُورٌ۔
(الدِّبْرُ) بھڑ اور شہد کی مکھیوں کا جھنڈ (۲) بے انتہا مال و دولت (ج) اَدْبُرٌ و دُبُورٌ۔
(الدُّبُرُ) پشت۔ ولاہ دُبُرَہ: اس نے اسے پیٹھ دکھائی یعنی ہار گیا (۲) سرین (۳) ہر چیز کا پچھلا اور آخری حصہ (ج) اَدبارٌ۔
(الدَّبَرَانُ) (علم فلکیات کے مطابق) برج ثور کے پانچ ستارے جو چاند کی منزلوں میں سے ہیں۔ بعض کے نزدیک ثریا اور جوزا کے درمیان کا ستارہ۔
(الدَّبْرَةُ) زمین کا وہ حصہ جو زراعت کے قابل بنایا گیا ہو (۲) کھیتوں کے درمیان بہنے والی نہر (ج) دَبْرٌ و دِبارٌ (۳) شکست مقولہ ہے "جعل الله علیهم الدبرة" الله ان کو شکست دے "جَعَلَ الله لهم الدبرةَ" الله ان کو فتح دے اور دشمن کو شکست۔
(الدِّبْرَةُ): ہر وہ چیز جس کی طرف پشت کی جائے۔ ضد: قِبْلة "لیس لهذا الامر قِبلةٌ ولا دِبْرَةٌ" یہ بے سر و پا بات ہے۔
(الدَّبَرَةُ): چوپائے کی پشت کا زخم (ج) دَبَرٌ و اَدبارٌ (۳) جنگ میں شکست۔
(الدَّبَرِیُّ): ضرورت کا وقت گزر جانے کے بعد دیر سے آنے والا۔
-جوابٌ دبریٌّ: دیر سے آنے والا جواب۔
-رأیٌ دبریٌّ: ضرورت کے بعد دی جانے والی رائے۔ تبعتُ صاحبی دَبَرِیًّا میں اپنے ساتھی سے بچھڑ کر اس کے ساتھ ہولیا اور مجھے ڈر ہے کہ کہیں وہ مجھ سے بچھڑ نہ جائے (۲) آخری وقت میں ادا کی جانے والی نماز۔ جیسے فلانٌ لا یصلی الا دَبَرِیًّا"
(الدَّبُورُ): مغربی ہوا ضد قبول: یہ صبح کی ہوا ہے (ج) قُبُلٌ و قبائل۔
(الدَّبِیرُ) پچھلا (ضد: قبیل) (۲) رسی کا بٹ۔
-هولا یعرف قبیلاً من دبیرٍ وہ کچھ نہیں جانتا۔
-لا یعرف قبیلَه من دبیرہ وہ معصیت اور اطاعت میں فرق نہیں جانتا۔
(المُدابَرُ) هو مدابرٌ مقابل: وہ شریف ماں باپ کا بیٹا ہے۔
(المُدابِرُ) تیر مارنے والا (۲) جوئے میں ہارنے والا۔
(المُسْتَدْبَرُ) هو مُسْتَدْبَرُ المَجْدِ مستقبله وہ شروع سے آخر تک معزز ہے۔
(اَدْبَسَتِ) الارضُ زمین کی ابتدائی نبات میں سبزی اور سیاہی کا مل جانا۔
(دَبَّسَة) چھپانا' پوشیدہ رکھنا۔
-الخُفَّ موزہ گانٹھنا۔
-الورقةَ و نحوَها کاغذ وغیرہ میں پن لگانا (مو)۔

Marfat.com

(اِدْبَسَّ) سرخی سیاہی مائل رنگ کا ہونا۔
الارضُ: زمین کی روئیدگی کی سبزی کے ساتھ سیاہی کا مل جانا۔
(الْاَدْبَسُ) سرخی و سیاہی مائل ھی دَبْسَاءُ (ج) دُبْسٌ۔
(الدِّبَاسَۃُ) گھریلو چھتا۔
(الدَّبَّاسَۃُ) اسٹیپلر (پن لگانے کا آلہ)
(الدَّبُّوْسُ) گرز وہ لاٹھی جس کا سرا مڑا ہوا ہو (مع) (۲) پن آل پن (محدثہ) (ج) دَبَابِیْسُ۔
(الدِّبْسُ) کھجور کا شہد (۲) پختہ کھجور کا شیرہ (۳) ہر سیاہ چیز (۴) ہر زیادہ چیز جیسے مالٌ دِبْسٌ۔
(الدِّبِسُ) کھجور کا شہد (۲) پختہ کھجور کا شیرہ۔
(الدُّبْسَۃُ) ایسی سرخی جس پر سیاہی غالب ہو۔
(الدُّبْسِیُّ) کبوتر کی ایک قسم (ج) دَبَاسِیّ۔
(الدِّبُّوْسُ) کھجور کا نچوڑ جو گھی نکالنے کے برتن میں خوشبو کے لئے ڈالا جاتا ہے۔
(دَبَشَہ) ـِ دَبْشًا چھیلنا (۲) کھانا۔
- دَبش الجرادُ الارضَ و فیھا: ٹڈیوں نے زمین کی گھاس کھالی۔
(الدُّبَاشُ) شدید سیلاب۔
(الدَّبْشُ) گھر کا سامان (۲) بیکار سامان (ج) اَدْبَاشٌ۔
(دَبَغَ) الجلدَ ـُ دَبْغًا و دِباغًا و دِبَاغَۃً: چمڑہ کو دباغت دینا۔ دَبَغَ المطرُ الارضَ بمائہ: بارش نے پانی سے زمین کو صاف کر دیا۔
-ھو دابغ و دَبُوْغ والمفعول مدبوغ و دَبِیغ۔
(دَبَّغَہ) دَبغہ۔
(اِنْدَبَغ) چمڑہ کا دباغ دار ہونا۔
(الدِّبَاغُ) چمڑہ کو دباغت دینے کا مسالا۔ (ج) دُبُغٌ۔
(الدِّبَاغَۃُ) الدِّباغ (۲) دباغت دینے کا پیشہ۔
(الدَّبَّاغُ) دباغت دینے والا چمڑہ کو ٹھیک کرنے والا۔
(الدِّبْغَۃُ) الدِّبغ (ج) دِبَغ۔
(الدَّبُوْغ) وہ بارش جو زمین کی صفائی کر دے۔
(المَدْبَغَۃُ) دباغت دینے کی جگہ (۲) دباغت کا مسالا لگے ہوئے چمڑے (ج) مَدَابِغ۔
(دَبَقَ) الطائرَ ـِ دَبْقًا: گوند سے پرندہ کا شکار کرنا۔
(دَبِقَ) ـَ دَبَقًا: چمٹ جانا۔
-بالشئِ: اس طرح چپکنا کہ جدا نہ ہو۔
(دَبَّقَ) الطائرَ: دَبَقَہ۔
(تَدَبَّقَ): پرندہ کا گوند دار مادہ سے شکار ہونا۔
-الشئُ: لیس دار ہونا۔ چپکنے والی ہونا۔
(الدَّابُوْقُ): لیس دار چیز جس سے پرندہ یا مکھی وغیرہ کو پکڑا جائے۔
(الدَّبُّوْقُ): بچوں کا ایک کھیل۔
(الدَّبُّوْقَۃُ): گندھے ہوئے بال (۲) وہ بال جس کو گوندکر جال بنایا گیا ہو (مو)۔
(الدِّبْقُ) الدَّابُوْق (ج) اَدْبَاقٌ۔
(الدَّبِیْقِیَّۃُ) مصر کے ایک گاؤں دبیق کے بنے ہوئے کپڑے۔
(المُدَبَّقُ) عیشٌ مُدَبَّقٌ: ناتمام زندگی۔
(دَبَلَ) الشئَ ـُ دَبْلاً و دُبُوْلاً: کسی چیز کی ڈھیریاں لگانا (۲) درست کرنا۔
-العَجِیْنَۃَ: آٹا گوندھنا۔
-اللُّقْمَۃَ: انگلیوں سے اکٹھا کر کے لقمہ کی شکل بنانا اور بڑا کرنا۔
-الارضَ: زمین کو زرخیز بنانے کے لئے کھاد ڈالنا۔
- فلاناً بالعصا: کسی کو پے در پے ڈنڈے مارنا۔
(دَبِلَ) ـَ دَبَلاً: موٹا اور بھرے ہوئے جسم والا ہونا ھو دَبِلٌ۔
(دَبَّلَ) الشئَ: دَبَلَہ۔
(الدُّبَالُ): گوبر وغیرہ کھاد جو نباتات کی نشوونما کو بڑھاتی ہے (مع) (ج) اَدْبِلَۃٌ۔
(الدَّبْلُ) آبپاشی کا نالہ (۲) طاعون (ج) دُبُوْلٌ۔
(الدِّبْلُ) بے اولادی (۲) مصیبت (ج) دُبُوْلٌ۔
-دِبْلٌ دابِلٌ و دِبْلٌ دَبِیْلٌ سخت مصیبت۔
(الدُّبْلَۃُ) آٹے کا پیڑا (۲) بڑا لقمہ (۳) پیٹ کا پھوڑا جو اکثر موت کا سبب بنتا ہے (۴) کلہاڑی کا سوراخ (۵) سونے یا چاندی کا چھلا جو بغیر نگ کے ہو اور اسے انگلی میں پہنا جائے (ج) دُبَلٌ۔
(الدَّبُوْلُ) بے اولاد عورت (۲) مصیبت۔
-دَبَلَتْہُ الدَّبُوْلُ: اس پر مصیبتیں ٹوٹ پڑیں۔ (ج) دُبُلٌ۔
(الدُّبَیْلَۃُ) بڑی مصیبت (تصغیر بڑا بنانے کے لئے) دَبَلَتْہُ الدُّبَیْلَۃُ اس پر بڑی مصیبت آگئی۔
(الدَّوْبَلُ) خنزیر کا بچہ (ج) دَوَابِلُ۔
(الدِّبْلُوْمُ) ڈپلومہ فضیلت نامہ (اس کا درجہ پی ایچ ڈی سے کم ہوتا ہے) (د)۔
(الدِّبْنُ) بانس کا بنا ہوا باڑہ (ج) اَدْبَانٌ و دُبُوْنٌ۔
(الدُّبْنَۃُ) بڑا لقمہ۔
(دَبَی) ـِ دَبْیًا و دَبِیًّا آہستہ آہستہ چلنا رینگنا۔
(دُبِیَتِ) الارضُ ٹڈیوں کا گھاس کو کھا جانا ھی مَدْبِیَّۃٌ و مَدْبُوَّۃٌ۔
(اَدْبَتِ) الارضُ زمین کا بہت ٹڈیوں والی ہونا۔
(الدُّبَّاءُ) (دیکھئے دَبَّ)۔
(الدَّبَی) بہت چھوٹی ٹڈی جو اڑنے پر قادر نہ ہو (۲) شہد کی مکھی جاءُوْا کالدَّبَی وہ بڑی تعداد میں آئے۔
(المَدْبَاۃُ) بہت ٹڈیوں والی زمین۔

د ... ث

(دَثَّتِ) السماءُ ـُ دَثًّا تھوڑی تھوڑی بارش برسانا۔
-السماءُ الارضَ: زمین پر ہلکی بارش برسانا۔

Marfat.com

-الشیَ دور کرنا۔
-فلاناً سخت پٹائی کرنا۔
-فلاناً بالحجرِ پتھر مارنا۔
-بالعصا لاٹھی مارنا۔
-الحُمّٰی فلاناً سخت بخار چڑھنا۔
(دَثَّ) فلانٌ دَثّاً و دَثَّۃً کسی عضو کا پیدائشی طور پر مڑا ہوا ہونا۔
(الدِّثُّ) پہلو (۲) ہلکی بارش (ج) دِثَاثٌ۔
(الدَّثَّاثُ) گوپن سے پرندوں کا شکار کرنے والا (گوپن رسی کا وہ آلہ جس میں مٹی کی گولی یا پتھر رکھ کر مارتے ہیں) (ج) دُثَّاثٌ۔
(الدُّثَّۃُ) ہلکا کام (ج) دُثَثٌ۔
(دَثَرَ) الشیُٔ ـُ دُثُوراً پرانا ہونا' نشان مٹنا۔
-المنزلُ مکان کا بوسیدہ ہو کر گر جانا۔
-الثوبُ میلا ہونا۔
-السیفُ و نَحوُہ تلوار وغیرہ کا زنگ آلود ہونا۔
-القلبُ دل کا غافل ہونا۔ دثرت النفسُ بھی کہتے ہیں۔ حدیث میں ہے (اِنَّ القَلْبَ یدثُرُ کما یدثُرُ السیفُ)۔
-فُلانٌ بڑھاپا آنا' عمر رسیدہ ہونا۔
-الشَّجرُ درخت پر پتے اور شاخیں نکلنا۔
(دَثَّرَ) الطائرُ پرندہ کا گھونسلے کو ٹھیک کرنا۔
-علی المیّتِ مردہ پر پتھروں کو تہ بہ تہ رکھنا۔ دَثَّرَ علیہ بھی کہتے ہیں۔
-فلاناً کمبل یا چادر اوڑھانا (۲) ڈھانکنا۔
(تَدَاثَرَ) دَثَرَ۔
(تَدَثَّرَ) کمبل یا چادر پہننا (۲) خود کو چادر وغیرہ سے ڈھانپنا۔
-بالمال مالدار ہونا۔
-الشیُٔ سوار ہونا' چڑھنا۔
(اِدَّثَرَ) تدثّرَ۔
(اِندَثَرَ) دَثَرَ۔
(الاَدثَرُ) غافل۔
(الدَّاثِرُ) غافل (۲) جو زیب و زینت سے دور رہتا ہو اور تیل استعمال نہ کرتا ہو۔
(الدِّثَارُ) وہ کپڑا جو بدن کے کپڑوں کے اوپر ہوتا ہے۔ چادر' کمبل وغیرہ (ج) دُثُرٌ۔
(الدِّثَارِیُّ) رجلٌ دِثَارِیٌّ سست و کاہل آدمی۔
(الدَّثْرُ) ہر زیادہ چیز' مصدر کی طرح بطور صفت واحد جمع کے لئے استعمال ہوتا ہے (۲) بہت زیادہ مال' حدیث میں ہے۔ (ذَھَبَ اھل الدُّثورِ بالاُجُورِ)۔
(الدِّثْرُ) مال کا بہترین منتظم۔ ھو دِثْرُ مالٍ بھی کہتے ہیں۔
(الدَّثَرُ) میل کچیل (ج) ادثارٌ۔
(الدَّثُورُ) چادر یا کمبل میں لپٹا ہوا (۲) سست وکاہل۔

د ....ج

(دَجَّ) ـِ دَجّاً و دَجِیجًا و دَجَجَاناً: آہستہ چلنا (۲) تیز چلنا (۳) تجارت کرنا' کہتے ہیں "مَا حَجَّ وَلکن دَجَّ" اس نے حج کا ارادہ نہیں کیا بلکہ تجارت کا ارادہ کیا۔
-السطحُ چھت سے پانی ٹپکنا۔
-اللیلُ تاریک ہونا۔
-السترَ دَجّاً پردہ لٹکانا۔
(دَجَّجَت) السماءُ آسمان کا ابر آلود ہونا۔
-فلانٌ ہتھیار سے لیس ہونا۔
-فلاناً ہتھیار پہنانا۔
(تَدَجَّجَ) ہتھیار پہننا۔ تدجّج فی سلاحہ بھی کہتے ہیں۔
(الدَّاجُّ) حاجیوں کے ساتھ رہنے والے خدام اور مصاحبین۔ کہتے ہیں اقبل الحاجّ و الداجُّ۔
(الدَّاجَّۃُ) الدَّاجّ کی جمع۔
(الدَّجاجۃ) مرغی' مرغا (۲) گھوڑے کا سینہ کے دائیں اور بائیں جانب ابھار ان کو دجاجتان کہا جاتا ہے (۳) دھاگوں کا گولا (ج) دَجاجٌ و دُجُجٌ۔
(الدُّجاجِیُّ) تیز سیاہ۔ جیسے اسودُ دجاجیٌّ' لیلٌ دُجاجیٌّ۔
(الدُّجَّۃُ) سخت تاریکی (ج) دُجَجٌ۔
(الدُّجْوُجُ) تیز سیاہ (ج) دُجُجٌ۔
(الدُّجُوجِیُّ) تیز سیاہ۔ جیسے لیلٌ دجوجیٌّ وشعرٌ دُجُوجِیٌّ۔
(الدَّجِیجُ) گہرا سیاہ۔
(الدَّیْجُوجُ) گہرا سیاہ (ج) دَیَاجیج و دَیَاجُ۔
(المُدَجَّجُ) مکمل طور پر ہتھیار سے لیس۔
(۲) سیہی (ایک جانور جس کا بدن کانٹے دار ہوتا ہے)۔
(دَجْ دَجْ) مرغیوں کو بلانے کی آواز۔
(دَجْدَجَتِ) الدجاجۃُ مرغی کا دوڑنا۔
-فلانٌ بالدجاجۃِ دج دج کہہ کر مرغی کو بلانا۔
-اللیلُ رات کا تاریک ہونا۔
(تَدَجْدَجَ) اللیلُ رات کا تاریک ہونا۔
(الدَّجْدَاجُ) ہر کالی چیز (۲) سخت تاریکی۔ جیسے لَیلۃٌ دجداجۃٌ۔
(دَجِرَ) ـَ دَجَراً حیران ہونا (۲) نشہ میں ہونا۔
-الناسُ لوگوں کا فتنہ میں مبتلا ہونا۔ ھو دَجِرٌ و دَجْرانُ وھی دَجْرَی (ج) دُجاری۔
(دَاجَرَ) فرار ہونا' بھاگنا۔
(اِندَجَرَ) الحبلُ و الوترُ و نحوھما رسی یا تانت جیسی چیزوں کا ڈھیلا ہو جانا۔
(الدِّجر) لوبیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے (قال اشتر لنا بالنوی دَجْراً) (۲) ہل کی وہ لکڑی جس پر نوک دار لوہا لگایا جاتا ہے۔
(الدِّجْرَان) انگور کی بیل وغیرہ پھیلانے کے لئے گھڑی کی جانے والی لکڑی۔
(الدَّیْجُورُ) تاریکی۔ صفت کے طور پر بھی مستعمل ہے' لیلٌ دیجورٌ ولیلۃٌ دَیجورٌ و ترابٌ دیجورٌ سیاہی مائل بھورے رنگ کی مٹی (۲) سوکھی ہوئی سیاہی مائل گھاس (ج) دَیاجیرُ۔
(الدَّیْجُورِیُّ) اسودُ دَیجوریٌّ انتہائی سیاہ۔
(دَجَلَ) ـُ دَجْلاً جھوٹ بولنا' فریب دینا۔
ھو داجلٌ و دَجَّالٌ (ج) دَجَاجِلَۃٌ۔

Marfat.com

-الشئَ: ڈھانپنا۔
-البعیرَ: اونٹ پر دو چالہ ملنا۔
-السیفَ: تلوار پر سونا چڑھانا۔
-الحقَّ: حق پر باطل کا پردہ ڈالنا۔
(دَجَّلَ): دَجَلَ (لازم ومتعدی)
-الارضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔
(الدَّجَال): کھاد۔
(الدُّجالَةُ): تارکول جیسا ایک سیاہ مادہ جو درختوں سے نکلتا ہے۔
(الدَّجّالُ): سونے کا پانی (۲) انتہائی جھوٹا فریب کار اور دعویدار۔
(الدَّجّالَةُ): زمین پر چھا جانے والے دوستوں کی ٹولی۔
(الدُّجَیْلُ): تارکول کی طرح کا سیاہ مادہ۔
(دَجَمَ) اللیلُ ـُ دَجْمًا و دُجْمَةً: رات کا تاریک ہونا۔
(دَجِمَ)ـَ دَجَمًا: غمگین ہونا۔
(دُجِمَ): غمگین ہونا۔
(الدَّجْمُ): قسم، نوع۔ کہتے ہیں: اَمِنْ هذا الدَّجْمِ اَنتَ؟۔
(الدِّجْمُ): گہرا دوست (۲) اخلاق و عادات (ج) دُجُوْمٌ۔
(الدُّجْمَةُ): طریقہ و عادت (۲) تاریکی (ج) دُجَمٌ کہتے ہیں: هُوَ فی دُجَمِ الهَوٰی: وہ خواہشات نفس کی تاریکیوں میں ہے۔
انقشعت دُجَمُ الباطلِ: باطل کی تاریکیاں چھٹ گئیں۔
(الدِّجْمَةُ): طریقہ اور عادت (۲) قریبی دوست (ج) دِجَمٌ۔
(دَجَنَ) الیومُ ـُ دَجْنًا و دُجُوْنًا: دن کا گہرے بادل اور بارش والا ہونا۔
-السحابُ: بادل کا بارش برسانا۔
-بالمکان: کسی جگہ قیام کرنا اور اس سے مانوس ہو جانا۔ دَجَنَ الحیوانُ و دَجَنَ الطیرُ بھی کہتے ہیں۔
(اَدْجَنَ): بارش سے دوچار ہونا۔
-الیومُ والسحابُ: بارش والا ہونا۔
-المطرُ: مسلسل بارش ہونا۔
-السماءُ: مسلسل بارش ہونا۔
-بالمکان: کسی جگہ ٹھہرنا اور مانوس ہو جانا۔
-علیه الحُمّٰی: بخار کا مسلسل رہنا۔
(داجَنَهُ): کسی کو دھوکہ دینا (۲) کسی کے ساتھ گھل مل کر رہنا۔
(الدّاجِنُ): گھریلو و پالتو جانور (مذکر و مؤنث کے لئے) (ج) دواجِنُ۔
(الدَّجْنُ): چاروں طرف چھائی ہوئی گھٹا اور بارش۔ مصدر بطور صفت بھی استعمال ہوتا ہے جیسے یومٌ دجنٌ (ج) اَدْجانٌ و دُجُوْنٌ و دِجانٌ۔
(الدّاجِنَةُ): زبردست بارش (ج) دَوَاجِن۔
(الدُّجُنَّةُ): سیاہی، تاریکی (ج) دُجَنٌ۔
(الدُّجُنَّةُ): تاریکی، سیاہی۔
(المِدْجانُ): بہت مانوس، پالتو (مذکر و مؤنث کے لئے) (ج) مَدَاجِیْن۔
(دَجَا)ـُ دَجْوًا و دُجُوًّا: کامل اور تمام ہونا۔
-السَّحابُ: بادل کا پھیلنا اور چھا جانا۔
-اللّیلُ: رات کا تاریکی میں ڈوب جانا ہو داجٍ و دَجِیٌّ۔
-الشئَ: چھپانا، ڈھانکنا۔
(اَدْجی): دَجَا۔
-الشئَ: چھپانا، ڈھانپنا۔
(داجَاهُ): کسی کے ساتھ خفیہ دشمنی رکھنا۔
(تدجّی): دَجَا۔
(الدّاجِیَةُ): تاریکی (ج) دَوَاجٍ۔
-نعمةٌ داجیةٌ: مکمل خوشحالی۔
(الدُّجی): رات کی سیاہی و تاریکی۔ بطور صفت میں استعمال ہوتا ہے جیسے لیلةٌ دُجی لیالٍ دُجی۔
(الدُّجَةُ): قمیص کا بٹن (ج) دُجی۔
(الدُّجْیَةُ): تاریکی (۲) شکاری کے چھپنے کی جگہ گڑھا ہو یا کوئی اور جگہ (ج) دُجیً۔
(الدَّیاجی): تاریکیاں۔

د..........ح

(دَحَبَه)ـَ دَحْبًا: دھکا دینا، ہٹانا۔
(دَحَجَه)ـَ دَحْجًا: رگڑنا (۲) گھسیٹنا، کھینچنا۔
(دَحَّ) فی قفاہ ـُ دَحًّا و دُحُوْحًا: گدی پکڑ کر زور سے دھکا دینا۔
-فلانًا: ہاتھ کھول کر بدن کے کسی حصہ پر مارنا (۲) دھکیلنا۔
-الشئَ: وسیع اور کشادہ کرنا، نشوونما کرنا۔ جیسے دَحَّ الطعامُ بَدَنَه۔
-الشئَ فی الارضِ: زمین میں دھنسا دینا۔
(اندَحَّ): لازم دَحَّه۔
(الدَّحُوْحُ): کشادہ اور پھیلا ہوا (۲) باعظمت عورت (۳) بڑی اونٹنی (ج) دُحُحٌ۔
(دِحْ دِحْ): بس خاموش رہ (یہ کلمہ اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو کسی بات کا اقرار کر چکا ہو اب کچھ کہہ رہا ہو)۔
(الدَّحادِحُ): کوتاہ قد بڑے پیٹ والا آدمی (ج) دَحَادِحُ۔
(الدَّحْداحُ): کوتاہ قد بڑے پیٹ والا آدمی (ج) دَحَادِیحُ۔
(الدَّحْداحَةُ): پست قد بڑے پیٹ والی عورت (۲) الدَّحادح (ج) دَحَادِیحُ۔
(الدَّحْدِحُ): الدُّحادح (ج) دَحَادِحُ۔
(الدُّحَیْدِحَةُ): الدُّحادح۔
(دَحْدَرَهُ): لڑھکانا۔
(تدَحْدَرَ): لڑھکنا۔
(دَحَرَهُ)ـَ دَحْرًا و دُحُوْرًا: ہٹانا، دور کرنا، بھگانا، قرآن مجید میں ہے ﴿وَيُقْذَفُونَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ دُحُورًا وَلَهُمْ عَذَابٌ وَاصِبٌ﴾۔
(اندَحَرَ): لازم دَحَرَه، لڑھکنا۔
(دَحْرَجَهُ) دَحْرَجَةً و دِحْرَاجًا: لڑھکانا، حرکت دے کر اوپر سے نیچے کی طرف دھکیلنا (۲) مسلسل گھمانا۔
(تدَحْرَجَ): لازم دَحرجه، لڑھکنا۔
(الدُّحْرُوجَةُ): لڑھکنے والی چیز (۲) وہ گولی جسے گبریلا لڑھکا کر لے جاتا ہے (ج) دَحَارِیجُ۔

Marfat.com

(الدُّخْرِيجُ): گیہوں میں شامل کالا چھوٹا گول دانہ (مو)۔
(المُدَحْرَجُ): گول۔
(المُدَحْرِجُ): گبریلا بھونرے کی طرح پروں والا ایک کیڑا جو گوبر میں پیدا ہوتا ہے۔
(دَحَسَ) السنبلُ ـ دَحْسًا: خوشہ کا دانوں سے بھر جانا۔
-الزرعُ: کھیتی میں دانے پڑنا۔
-البیتُ: گھر کا اہل خانہ سے بھر جانا۔
- بیدہ فی الذبیحة: مذبوحہ جانور کی کھال اتارنے کے لئے کھال اور گوشت کے درمیان ہاتھ ڈالنا۔
-برجلہ: پیروں سے کرید کر دیکھنا۔
-بالشرِّ: نامعلوم طریقہ پر فتنہ پیدا کرنا۔
-بین القومِ: لوگوں کے درمیان پھوٹ ڈالنا۔
- دَحَسَ علیهم بھی کہتے ہیں۔
-فی الأمرِ: کسی بات کی کھوج لگانا۔
-الصفوف: صفوں کے اندر گھس جانا۔
-الاناءَ و نحوهٗ: برتن وغیرہ کو بھرنا۔
-مافی الاناء: برتن کا سب کچھ پی لینا۔
- الشیٔ فی الشیءِ: ایک چیز کو دوسری میں داخل کرنا۔
-الحدیثَ عنه: بات کو کسی سے چھپانا۔
(دُحِسَتِ) الاصابعُ: انگلیوں کے پوروں میں ورم ہونا۔ ھی مدحوسةٌ۔
(اَدْحَسَ) السُّنبلُ: خوشوں میں دانے آنا۔
(الدَّاحِسُ) ناخن اور گوشت کے درمیان نکلنے والی پھنسی جس سے ناخن اکھڑ جاتا ہے (۲) پوروں میں ہونے والی ایک قسم کی سوجن۔
(الدَّاحُوسُ) الداحِسُ۔
(الدِّحَاسُ) بھیڑ، ازدحام۔ بیتٌ دِحاسٌ زیادہ اہل وعیال والا گھر۔
(الدُّحَّاسُ) زمین میں رہنے والا ایک زرد کیڑا جسے چڑیوں کا شکار کرنے کے پھندہ میں لگاتے ہیں (ج) دَحَاحِیسُ۔
(الدَّحَّاسةُ) الدُّحَّاسُ۔

(الدَّحْسُ): ایسی کھیتی جس کے خوشوں میں دانے بھر گئے ہوں۔
(الدِّیْحَسُ): بڑی چیز۔
(دَحَضَ) - دَحْضًا: جلدی کرنا۔
-الارضَ برجلہ: زمین کو پاؤں سے کرید کر دیکھنا۔
-المذبوحُ برجلہ: ذبح کردہ جانور کا ایڑیاں مارنا۔
(دَحَضَتْ) رجلُه - دَحْضًا و دُحُوضًا: پاؤں پھسل جانا۔
- الشمسُ عن وسطِ السمآءِ: سورج کا مغرب کی طرف مائل ہونا۔ مواقیت صلاۃ کی حدیث میں ہے (حتّٰی تدحضَ الشمسُ)۔
-الحجةُ: دلیل کا باطل ہونا۔
-برجلہ دَحْضًا: پاؤں سے کریدنا۔
-عن الامرِ: کسی معاملہ کے بارے میں بحث کرنا۔
-رجلَه: پاؤں کو پھسلانا۔
- الماءُ الارضَ: پانی کا زمین کو پھسلواں بنا دینا۔
-الحجةَ: دلیل کو باطل کرنا۔
(اَدْحَضَه) دھکا دینا، ہٹانا (۲) پھسلانا۔
-القدمَ: پاؤں پھسلانا۔
-الحجّةَ: دلیل کو باطل کرنا۔
(الدَّاحِضُ) فلانٌ داحضٌ: غیر مستقل مزاج آدمی (ج) دُحَّضٌ۔
(الدَّاحِضَةُ) حُجَّةٌ دَاحِضَةٌ: باطل دلیل۔
(الدَّحْضُ) پھسلواں (مصدر بمعنی اسم صفت) جیسے مکانٌ دَحْضٌ۔
(الدَّحَضُ) پھسلواں مکانٌ دَحَضٌ پھسلاہٹ والی جگہ (ج) دِحَاضٌ۔
(الدُّحْوضُ) الدَّحضُ۔
(المِدْحَاضُ) پھسلاہٹ والی جگہ (ج) مداحیض۔
(المَدْحَضَةُ) پھسلواں جگہ (ج) مداحض۔

(دَحَقَتْ) یدُه عن الشیٔ - دَحْقًا و دحوقًا و دحاقًا: ہاتھ کا کسی چیز کو لینے سے قاصر رہنا۔
-الحاملُ بالجنین: حاملہ عورت کو اسقاط حمل ہونا۔
-برحمِها: ولادت کے بعد رحم کو نکال دینا۔
- الشیٔ: دور کرنا (۲) ہٹانا (۳) زور سے نکالنا۔
-الناسُ فلانًا: کسی کی پرواہ نہ کرنا۔
(اَدْحَقَه): دور کرنا، ہٹانا۔
-اَدْحقه اللهُ: اللہ نے اس کو خیر سے دور کر دیا۔
(اندَحَقَ): زور سے باہر نکلنا۔
-بَطْنُه: پیٹ کا پھیل جانا۔
(الدَّاحِقُ): وہ حاملہ کہ ولادت کے بعد جس کا رحم نکل آئے (ج) دواحِق۔
(الدُّحَاقُ): ولادت کے بعد رحم کا نکلنا۔
(الدُّحُوقُ): آنکھ کو کثرت سے پھڑکانے والا (۲) ایک ساتھ کئی بچے جننے والی عورت (۳) وہ عورت جس کا رحم ولادت کے ساتھ باہر آ جاتا ہو۔
(الدَّحِیقُ): ایک ساتھ کئی بچے جننے والی عورت (۲) دحیقُ القومِ: قوم کا دھتکارا ہوا شخص۔ حدیث میں ہے جب آپ نے عرب قبائل سے تعارف کرایا تو فرمایا (عمدتم الی دحیق قوم فاجرتموهٗ) (۳) خیر سے محروم کیا ہوا شخص۔
-عینٌ دحیقٌ: زیادہ پھڑکنے والی آنکھ۔
(دَحْقَبَه) پیچھے سے زور کا دھکا لگانا۔
(الدُّحْقُوْمُ) بڑی جسامت والا (۲) بڑے پیٹ والا۔
(دَحَلَ) - دحلًا و دَحَلانًا: کھوہ میں داخل ہونا (۲) خیمہ کے ایک کونہ میں ہونا (۳) خوفزدہ ہو کر چھپنا (۴) فرار ہونا، بھاگنا۔
-عنه دور ہونا۔
- الارضَ دَحْلًا: ایسے گڑھے کھودنا جو اوپر سے تنگ اور نیچے سے چوڑے ہوں۔
-البئرَ: کنویں کے اطراف سے کھدائی کرنا۔

Marfat.com

(دَحِلَ)ـَ دَحَلاً: کوتاہ قد' موٹا اور ڈھیلے پیٹ والا ہونا (۲) مکار اور چالاک ہونا (۳) بیع کے وقت اتنی قیمت کم کرانا کہ اپنی ضرورت پوری ہو جائے (۴) زیادہ ہونا۔ هُوَ دَحِلٌ۔
(اَدْحَلَ): کھوہ میں داخل ہونا۔
(دَحَلَه) مُدَاحلةً و دِحَالاً: فریب دینا (۲) معلوم بات کو چھپانا اور اس کے علاوہ کی خبر دینا (۳) قیمت میں کمی کرانا۔
(الدَّاحِلُ): انتہائی کینہ پرور۔
(الدَّاحُوْلُ): وہ لکڑی وغیرہ جو ہرن کے شکار کے لئے گاڑی جاتی ہے (ج) دَوَاحیل۔
(الدَّحَال): ہرن کے شکار کے لئے لکڑی گاڑنے والا شکاری۔
(الدَّحْلُ): کھوہ۔ وہ گڑھا جو اوپر سے تنگ اور نیچے سے کشادہ ہوتا ہے (۲) بدویوں کے خیمہ میں ایک شگاف دار گوشہ جس کے اندر عورت کسی کے خیمہ میں آنے کے وقت چلی جاتی تھی (۳) پانی جمع کرنے کی جگہ۔ (ج) اَدْحُلٌ و اَدْحَالٌ و دِحالٌ و دُحُوْلٌ۔
(الدَّحْلاَءُ): تنگ منہ والا کشادہ جانبوں والا کنواں۔
(الدحلةُ): الدحلاء۔
(الدَّحول): الدحلاء (۲) اونٹ سے پہلو تہی کرنے والی اونٹنی۔
(الدَّحِيْلَةُ): اوپر سے تنگ نیچے سے کشادہ گڑھا۔
(دَحْلَقَ) بَطْنُه: پیٹ کا پھول جانا۔
(دَحَمَه)ـَ دَحْمًا: زور سے دھکیلنا۔
(الدَّاحومُ): لومڑیوں اور ہرنوں وغیرہ کے شکار کا آلہ (ج) دواحِمُ۔
(الدِّحْمُ): جڑ۔ هو من دِحم فلان: وہ فلاں کی اولاد ہے۔
(دَحْمَرَ) القِرْبَةَ: مشکیزہ کو بھرنا۔
(دَحْمَسَ) الليلُ: رات کا تاریک ہونا (۲) تاریکی کا بڑھ جانا۔
(الدُّحَامِسُ): موٹا اور کالا آدمی (۲) بہادر اور موٹا آدمی۔

(الدَّحْمَسُ): تاریک (۲) بہت زیادہ تاریک (۳) موٹا اور سیاہ آدمی (۴) سرکہ کا مشکیزہ (ج) دحامِسُ۔
(الدُّحْمُسُ - الدِّحْمِسُ): الدَّحْمَسُ (ج) دَحَامِسُ۔
(الدُّحْمُسَانُ): کالا موٹا آدمی۔ حدیث میں ہے (کان يبايع الناس و فيهم رجلٌ دحمسانٌ) (۲) بے وقوف موٹا۔ رجلٌ دُحمسانِيٌّ بھی کہتے ہیں۔
(الدَّحْمَسَةُ) ليلةٌ دَحْمَسَةٌ: بہت تاریک رات' تاریک رات (ج) دَحَامِسُ۔
(الدُّحْمُسَةُ) لَيلةٌ دُحْمُسَةٌ: تاریک رات بہت تاریک رات۔
(دَحْمَلَه) وبه: لڑھکانا (۲) زمین پر روندے جانے کے لئے پچھڑا ہوا چھوڑنا۔
(الدُّحَامِلُ): موٹا اور گھٹے ہوئے بدن کا آدمی۔
(الدَّحْمَلُ): ڈھیلی کھال والا۔ وهي الدحملةُ۔
(الدَّحْمَلَةُ): موٹی عورت۔
(دَحِنَ)ـَ دَحَنًا: کوتاہ قد موٹا لٹکے ہوئے پیٹ والا ہونا (۲) بد باطن ہونا۔ هو دَحِنٌ۔
(الدِّحَنُّ): کوتاہ قد لٹکے ہوئے پیٹ والا آدمی۔
(الدِّحَنَّةُ): الدِّحَنُّ (۲) چوڑا چکلا آدمی (۳) بلند زمین۔ یہ لفظ بعینہ بطور صفت بھی مستعمل ہے۔ جیسے هو دِحَنَّةٌ وهي دِحَنَّةٌ وهم وهن دِحَنَّةٌ۔
(الدِّحْوَنَّةُ): الدِّحَنُّ۔
(الدَّيْحانُ): ٹڈی۔
(دَحَا) البطنُ ـُ دَحْوًا: پیٹ کا بڑا ہونے کی وجہ سے ڈھیلا ہو جانا۔
- الفرسُ: گھوڑے کا دونوں پیروں کو زمین پر کھینچنا اور مٹی کو پھیلا دینا۔
- الشيَْ: پھیلانا' وسیع کرنا' جیسے دَحَا اللهُ الارضَ (۲) دھکا دینا (۲) پھینکنا جیسے دَحَا الصبيُّ المدحَاةَ اور دَحَاه بيده۔

- الماشيةَ: مویشی کو ہانکنا۔
(دَحَاهُ)ـَ دُحْيًا: دَحَاهُ ـُ
(دَاحَاهُ): پتھر بازی میں کسی سے مقابلہ کرنا۔
(اندَحَى): پھیل جانا۔ کشادہ ہو جانا۔
(تَدَاحَيَا): مداحی سے باہم مقابلہ کرنا۔
(تَدَحَّي): پھیل جانا' کشادہ ہونا۔
- الابلُ في الارضِ: اونٹوں کا زمین کو پیروں سے کریدنا اور گڑھے ڈال دینا۔ (اونٹ موٹاپے کی وجہ سے ایسا کرتے ہیں)
(ادحَوى): اندحي۔
(الاُدْحُوَّةُ): ریت میں شتر مرغ کے انڈے دینے اور بچے نکالنے کی جگہ (ج) اداحِ۔
(الاُدْحِيُّ): الاُحْوَّةُ (۲) نہر کے بیچ میں چار ستارے ان پانچ ستاروں کے علاوہ جو دوسری جانب ہوتے ہیں (ج) اَداحِ۔
(الاُدْحِيَّةُ): الادحوَّةُ - بنتُ ادحيّةٍ: شتر مرغ۔
(الدَّحْيَةُ): بندر۔
(الدِّحْيَةُ): فوج کا سپہ سالار۔
(المِدْحَاةُ): اہل مکہ کا ایک کھیل۔ اہل مکہ گولی نما پتھر کے ٹکڑے لے کر ان کے بقدر گڑھا کھودتے اور اس میں اپنا اپنا پتھر پھینکتے تھے جس کا پتھر گڑھے میں بیٹھ جاتا وہ بازی لے جاتا تھا اور اس سے باہر رہ جاتا وہ ہار جاتا تھا اس گولی نما پتھر کو مَدَاحِ کہتے ہیں (ج) مَدَاحِ۔
(الدِّحْوَنَّةُ): (دیکھئے: دحن)۔

د .... خ

(دَخَه)ـُ دخًّا: ذلیل کرنا' تابع کرنا۔
(دَخَّ)ـَ دَخَخًا و دُخَّةً: سیاہ و میلے رنگ کا ہونا۔ هو اَدَخُّ وهي دَخَّاءُ (ج) دُخٌّ۔
(الدَّخُّ): دھواں۔
(الدُّخُّ): دھواں (۲) باغات کے درمیان اگنے والے ایک قسم کے پودے۔
(دُخْ دُخْ) خاموش (خاموش کرنے اور دھمکانے کے کلمات)۔
(دَخْدَخَ): تیز چلنا (۲) قدم ملا کر چلنا۔ -(۳) تیزی کے ساتھ چھوٹے چھوٹے

Marfat.com

قدموں سے چلنا (۴) تھک جانا۔
-عن کذا: رک جانا۔
-عنہ کذا: کسی سے کوئی چیز روکنا۔
-القومَ: لوگوں کو ذلیل وخوار کرنا۔
(تَدَخدَخَ): رک جانا (۲) سمٹ جانا۔
-اللیلُ: رات کا بالکل تاریک ہوجانا۔
(الدُّخادِخُ): کوتاہ قد (ج) دَخَادِخ۔
(الدَّخدَاخُ): زرد رنگ کا زیادہ پیروں والا کیڑا۔
(الدُّخدُخُ): پست قد (۲) بہت پیروں والا زرد رنگ کا کیڑا۔
(دَخدَرَہٗ): سونے کا ملمع کرنا۔
(الدَّخدَارُ): سونا (۲) ایک عمدہ قسم کا کپڑا۔
(دَخَرَ)- دُخُورًا: چھوٹا ہونا' ذلیل ہونا بے حیثیت ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿سُجَّدًا لِلّٰہِ وَھُمْ دَاخِرُوْنَ﴾۔
(دَخِرَ)- دَخَرًا: دَخَرَ (۲) حیران ہونا۔
(اَدْخَرَہٗ): چھوٹا کرنا' ذلیل ورسوا کرنا۔
(اذخرہ) (دیکھئے اذخر)۔
(الادّخارُ) بچت (اقتصادیات کے مطابق) مستقبل کے آمدنی کا کچھ حصہ بچا کر رکھنا۔ (ع)۔
(دَخرَصَ) الامرَ کسی بات کو واضح کرنا۔
(الدِّخرِصُ) معاملات سے واقف اور سمجھ بوجھ رکھنے والا (۲) وہ چیز جس کے ذریعہ کپڑے یا زرہ کو کشادہ کیا جائے۔ (ج) دَخارِیصُ۔
(دَخَسَ)- دُخُوسًا: موٹا اور چربی اور گوشت سے بھرا ہوا ہونا۔
-فی کذا: دخل اندازی کرنا۔
الشیَٔ دَخسًا: اندر گھسا دینا۔
(دَخِسَ) اللحمُ - دَخَسًا: گوشت کا گٹھا ہوا ہونا۔
-عظمُہ: ہڈی کا گودے سے بھرا ہوا ہونا۔
-الحافرُ: سم پر ورم ہونا۔ ھو دَخِسٌ۔
-فَرَسٌ دَخِسٌ: عیب دار گھوڑا۔
(اَدخَسَ) دَخَسَ۔
-الشیَٔ فی کذا: کسی چیز کو کسی میں گھسانا۔
(الدِّخاسُ): زیادہ (۲) بھرا ہوا۔
-عددٌ دِخاسٌ: بڑی تعداد۔
-بیتٌ دخاسٌ: بھرا ہوا گھر۔
- دِرْعٌ دِخاسٌ: قریب قریب حلقوں والی زرہ۔
(الدَّخسُ): موٹا' بھرے ہوئے جسم والا (۲) جوان ریچھ (۳) مچھلی کی ایک قسم (ج) اَدْخاس۔
(الدَّخسُ): چوپائے کے کھر کے اطراف کی سوجن۔
(الدُّخسُ): ڈولفن (Dolfen) نامی مچھلی۔ جو ڈوبنے والی کی جان اس طرح بچاتی ہے کہ اسے اپنی کمر پر چڑھا کر تیرنے کا موقع دیتی ہے۔
(الدَّخوسُ): بھرے ہوئے اور گٹھے ہوئے جسم کی عورت۔
(الدَّخِیسُ) بڑی تعداد یا مقدار میں جمع شدہ اشیاء (۲) گھنی گھاس (۳) ٹھکا ہوا گوشت (۴) چوپائے کی کلائی کا جوڑ (۵) ہتھیلی کے اندر کا گوشت۔
(الدَّیْخَسُ): جس میں کوئی بھلائی نہ ہو (۲) بہت گھنی گھاس۔
(المُداخِسُ): زیادہ گوشت اور بامغز ہڈیوں والا۔ جیسے جَمَلٌ مُداخِسٌ۔
(دَخَلَ) المکانَ و نحوَہٗ وفیہ - دُخُولاً: داخل ہونا۔ جیسے دَخَلَ الدّارَ اس کی اصل دَخَلَ فی الدار ہے۔
-بہ فی کذا: داخل کرنا۔
-بالعُروسِ: دولہن کے ساتھ خلوت اختیار کرنا شرعی ملاقات کرنا۔
- علیہ المکانَ: کسی سے اس کی جگہ پہنچ کر ملاقات کرنا۔
-فی الامرِ: کسی کام میں حصہ لینا۔
(دَخِلَ)- دَخلاً و دَخَلاً: بد باطن ہونا (۲) کسی میں کوئی عیب اور خرابی پیدا ہونا۔ دَخِلَ امرُہٗ بھی کہتے ہیں۔ ھُوَ دَخِلٌ۔
(دُخِلَ): دَخِلَ (۲) کمزور ہونا۔
-الحَبُّ: غلہ میں گھن لگنا۔
-علی فلان: مغالطہ ہونا۔
(اَدْخَلَہٗ) المکانَ و نحوَہٗ و فیہ: داخل کرنا۔
(دَاخَلَتِ) الاشیاء مُداخَلَۃً و دِخالاً: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔
-المکانَ: داخل ہونا۔
-فلانًا: کسی کے ساتھ داخل ہونا۔
-فلانًا فی اُمُورِہٖ: اپنے معاملات میں کسی کو شریک کرنا۔
(دَخَّلَہٗ): داخل کرنا۔
-التَمرَ: کھجور ٹوکری میں ڈالنا۔
(اِدَّخَلَ): دَخَلَ (۲) داخل ہونے میں کوشش کرنا۔
(تَدَاخَلَت) الاشیاء: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔
-الامورُ: کاموں کا ملتبس ومشتبہ ہونا۔
-تَدَاخَلَ فلانًا منہ شَیٌٔ: دل میں کھٹکا ہونا۔
(تَدَخَّلَ): داخل ہونا (۲) تھوڑا تھوڑا داخل ہونا (۳) معاملات میں بتکلف مداخلت کرنا۔
-فی الخصومۃِ: مقدمہ میں فریق ہوئے بغیر اپنی کسی مصلحت ومفاد کے لئے شریک ہو جانا (ج)۔
(الدَّاخِلُ): ہر چیز کا باطن۔
(الدَّاخِلَۃُ) ازار کا بدن سے لگنے والا حصہ۔
-من الارضِ: زمین کا اندرونی حصہ۔
- من الانسان: نیت (۲) طریقہ (۳) اندرونی معاملہ (ج) دَوَاخِلُ۔
(الدَّاخِلِیُّ) اندرونی۔ ھی الداخلیۃ۔
-وزارۃ الداخلیۃ: وزارت داخلہ۔
(الدِّخَالُ) فی الوِرْدِ: اونٹوں کو گھاٹ پر پانی کا ایک طریقہ وہ یہ کہ اونٹ جو پانی پی چکا ہوا سے مزید سیراب کرنے کے لئے ایسے دو اونٹوں کے درمیان کھڑا کرنا جو پہلی مرتبہ پانی پی رہے ہو۔ کہتے ہیں سَقٰی اِبِلَہٗ دِخَالاً (۲) گھوڑے کی گردن کے لمبے بال۔

Marfat.com

(الدَّخَالُ): معاملات میں دخل اندازی کرنے والا۔

(الدُّخَلُ): موٹے اور گھٹے ہوئے جسم والا آدمی (۲) درخت کے جڑوں کی گھاس (۳) وہ پر جو اندر تک گھسے ہوئے ہوں (۴) ہڈی سے چمٹا ہوا گوشت (۵) انسانی کی نیت۔ طریقہ ومشرب واندرونی معاملہ (۶) ایک قسم کا پرندہ جو درختوں کی چوٹی پر گرتا ہے اور پھر ان میں گھس جاتا ہے (ج) دَخَاخِیْل۔

(الدُّخْلَةُ): ٹھکا ہوا اور ملا ہوا تانا۔

(الدَّخْلُ): تجارت، زراعت یا کسی اور ذریعہ سے حاصل ہونے والی آمدنی (۲) اندرونی بیماری (۳) خرابی (۴) شک (۵) نیت، طریقہ ومشرب۔

-الدَّخْلُ القَوْمِیُّ: (اقتصادیات کے مطابق) قومی آمدنی جو کسی ملک کو معینہ مدت میں پیداوار اور مصنوعات اور دیگر ذرائع سے حاصل ہو۔

(الدَّخَلُ): خرابی (۲) عیب (۳) بیماری (۴) شک (۵) گھنا درخت (۶) وہ لوگ جو خود کو خلاف واقعہ دوسری قوم کی طرف منسوب کریں۔

(الدَّخْلَةُ): شہد کی مکھیوں کا چھتا (۲) باطن۔

(الدُّخْلَةُ): شب زفاف (مو) (۲) باطن۔

(الدِّخْلَةُ): معاملہ کا اندرونی پہلو (۲) انسان کی نیت، طریقہ ومشرب، اندرونی معاملہ۔

-هو حَسَنُ الدِّخلة: وہ نیک نیت ہے۔

-هو عفيف الدِّخلة: وہ صاف نیت ہے۔

-هو خبيث الدِّخلة: وہ بدنیت ہے۔

(۲) دو یا زیادہ رنگوں کی ایسی آمیزش جس سے دوسرا رنگ بن جائے۔

(الدَّخِیْلُ): جو خود کو کسی ایسی قوم کی طرف منسوب کرے جس میں سے نہ ہو۔ (۲) مہمان (۳) ہر وہ لفظ عربی زبان میں داخل کیا گیا ہو حالانکہ اس میں سے نہ ہو (۴) دوڑ میں دو گھوڑوں کے درمیان رہنے والا گھوڑا (۵) کسی کے معاملات میں دخل دینے والا (۶) ایسا غیر ملکی جو فائدہ اٹھانے کے لئے دوسرے ملک میں داخل ہو (محدثہ) (ج) دُخَلاء۔

-دَاءٌ دَخِیْلٌ: اندرونی بیماری۔

(الدَّوْخَلَةُ): زنبیل، کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری (ج) دَوَاخِلُ۔

(الدَّوْخَلَّةُ): الدَّوْخَلَةُ۔

(المَدْخَلُ): داخلہ (۲) داخل ہونے کی جگہ، دروازہ۔ هو حَسَنُ المَدْخَلِ: وہ اپنے کاموں میں اچھا طریقہ اختیار کرتا ہے۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے (کان یقال اِن من النفاق اختلاف المَدْخَل والمخرج) وہ برے طریقہ اور بری سیرت والا ہے۔

(المُدَّخَلُ): غار نما داخل ہونے کی جگہ۔

(الدُّخْلُلُ): رازدار، شریک کار جیسے فلانٌ دُخْلُلُ فلان (۲) آدمی کا راز، نیت وغیرہ (۳) ایک خاکی رنگ کا پرندہ۔

(الدِّخْلِلُ): الدُّخْلُلُ۔

(الدِّخِلِیْلُ): گوشت میں گھسی ہوئی چربی۔

(دَخْمَسَ) علیه: اپنی بات نہ بتا کر دھوکہ میں رکھنا۔

-الشیءَ: چھپانا۔

(الدُّخَامِسُ): موٹا کالا (۲) ردی، خراب۔

(الدِّخْمَاسُ): چھپا ہوا۔

-ثناءٌ دِخْمَاسٌ: بے حقیقت اور جھوٹی تعریف، خوشامد۔

(الدَّخْمَسُ): وہ فریبی آدمی جو اپنا ارادہ ظاہر نہ کرے۔

(الدَّخْمَسَةُ): الدَّخْمَسُ۔

(المُدَخْمَسُ) ثناءٌ مُدَخْمَسٌ: بے حقیقت تعریف۔

(دَخَنَتِ) النارُ ـَ دَخْنًا و دُخُوْنًا و دُخُوْنًا: آگ کا دھواں دینا (۲) آگ کا بہت دھواں دینا۔

-الوُقُوْدُ: ایندھن کا دھواں نکالنا۔

-الغبارُ: گرد چھٹنا۔

(دَخِنَتِ) النارُ ـَ دَخَنًا: دَخَنَتْ۔

-الفِتْنَةُ: فتنہ ظاہر ہونا، فساد برپا ہونا۔

-الطعامُ والشرابُ: کھانے یا پینے کی چیز میں دھواں غالب آنا اور اس کو خراب کر دینا۔

- الخلقُ والعقلُ والدِّینُ: عقل، مذہب اور اخلاق کا بدل جانا۔ هو دَخِنٌ۔

-الشیءُ دَخْنًا و دُخْنَةً: کسی چیز کے رنگ کا دھویں کی طرح ہونا۔ هو اَدْخَنُ وهی دَخْنَاءُ (ج) دُخْنٌ۔

(دَخُنَ) الشیءُ ـُ دُخْنَةً: دَخِنَ۔

(اَدْخَنَتِ) النارُ: دَخَنَتْ۔

(دَخَّنَتِ) النارُ: دَخَنَتْ۔

-الوقودُ: دَخَنَ۔

- عَلَی الشیءِ: دھونی دینا جیسے دَخَّنَ علی الشجر او علی الثوب: کپڑوں یا درختوں کی بدبو کو ختم کرنے یا کیڑوں کو ختم کرنے کے لئے کسی دوا کو آگ میں ڈال کر اس کا دھواں پہنچانا (مج)۔

-الثوبَ: دھونی دینا۔

-التبغَ و نحوَهُ: تمباکو پینا (مج)۔

(اِدَّخَنَتِ) النارُ: دَخَنَتْ۔

-فلانٌ: دھونی لینا۔

- الزرعُ: کھیتی کے دانوں کا زیادہ پک کر دھویں کے رنگ کی طرح ہو جانا۔

(تَدَخَّنَ): لازم دَخَّنَهُ۔

-القِدْرُ: دیگچی سے دھواں نکلنا۔

-فلانٌ: دھونی لینا۔

(الدَّاخِنَةُ): چمنی، دھواں نکلنے کا سوراخ (ج) دواخِن۔

(الدُّخَانُ): دھواں (۲) تمباکو (مج) کان بینهم امرٌ ارتفع له دخانٌ۔ ان کے درمیان زبردست فتنہ برپا ہو گیا (ج) اَدْخِنَةٌ و دَوَاخِنُ و دَوَاخِین۔

(الدُّخَّانُ): دھواں (۲) تمباکو۔

(الدُّخْنُ): باجرا۔

(الدَّخَنُ): دھواں (۲) تمباکو۔ بینهما دَخَنٌ: ان کے درمیان کینہ ہے۔ هُدْنَةٌ علی دَخَنٍ: ظاہری صلح اندرونی لڑائی۔ فی متن السیف

Marfat.com

دَخَنٌ: تلوار کے بالکل صاف ہونے کی وجہ سے نظر آنے والی سیاہی۔
(الدُّخَانُ): دھواں چڑھی ہوئی چیز۔
-یومٌ دُخَانٌ: گرم غبار آلود دن۔
-لیلةٌ دُخْنَانَةٌ: گرم تاریک رات۔
(الدُّخْنَانُ): چڑیوں کی ایک قسم۔
(الدُّخْنَةُ) وہ خوشبو جس سے دھونی دی جائے۔ (۲) دھویں کا رنگ (محدثہ)۔
-ابو دُخْنَة: ایک دھویں کے رنگ کا پرندہ۔
(المِدْخَنَةُ): انگیٹھی (۲) دھواں نکلنے کی چمنی، عوددان (مع) (ج) مَدَاخِن۔
(الدَّخْنَسُ): سخت اور زیادہ گوشت والا آدمی یا جانور۔
(الدَّاخِي) لیلٌ داخٍ: تاریک رات۔
(الدَّخِي): تاریکی۔
(الدَّخْيَاءُ): تاریک رات۔

د......د

(الدَّيْدَبُ): رقیب، نگہبان (۲) پیش رو (۳) گورخر۔
(الدَّيْدَبَانُ) پہرہ دار (۲) نگہبان (۲) پیش رو (مع)۔
(الدَّدَانُ) غریب آدمی (۲) کند تلوار۔
(الدَّدَنُ) کھیل وکود۔
(الدَّيْدَانُ) عادت وطور طریقہ۔
(الدَّيْدَنُ) عادت وطور طریقہ۔
-فلانٌ دَيْدَنُه ان يفعل كذا: فلاں کی یہ کام کرنے کی عادت۔
(الدَّدا) کھیل وکود۔
(الدَّدُ) کھیل وکود۔

د......ر

(دَرَأَ)- دَرْءًا و دُرُوءًا: ٹیڑھا اور جھکا ہوا ہونا۔
-البعيرُ: اونٹ کا غدود والا ہونا (۲) اونٹ کا سوجھے ہوئے غدود والا ہونا۔ هو وهي دَارِئٌ۔
-السَّيْلُ: سیلاب کا تیزی سے آنا۔ کہاوت ہے (صَافَ دَرْءُ السَّيْلِ دَرْءًا يَدْفَعُه) ایسے شخص کے بارے میں جسے اپنے سے زیادہ طاقتور سے سابقہ پڑ جائے۔
-عليه: اچانک نکل کر حملہ کرنا۔
-الكوكبُ: ستارہ کا تیزی سے مشرق سے مغرب کی طرف جانا (۲) چمکنا، روشن ہونا۔
-النَّارُ: آگ کا روشن ہونا۔
-فلانٌ دَرْءًا: شکار کے لئے آڑ بنانا۔
-الشيئَ و به دَرْءًا و دَرْءَةً: دھکا دینا، چھوڑنا۔ حدیث میں ہے (اِدْرَءُوا الْحُدُوْدَ بالشُّبُهَاتِ)۔
-عنهُ الشيئَ بكذا: کسی ذریعہ سے کسی سے کوئی چیز ہٹانا۔
-المرأةُ زَوْجَهَا: عورت کا اپنے شوہر سے برا سلوک کرنا۔
-الدَّرِيئَةَ: شکار کی آڑ کو اس کے پیچھے چھپتے ہوئے شکار کی طرف بڑھانا۔
-الشيئَ: پھیلانا۔
(اَدْرَأَتِ) الناقةُ: اونٹنی کا تھن کو ڈھیلا کرنا (۲) پیدائش کے وقت دودھ کو اتارنا، اَدْرَأَتْ باللبن بھی کہا جاتا ہے۔
(دَارَأَهُ): دور کرنا۔ حدیث میں ہے (ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يصلي فجاءَ ت بهيمة تمر بين يديه فما زال يدارئها) (۲) شر سے بچنے کے لئے نرمی وصحبت کا برتاؤ کرنا۔ داراہٗ بھی کہتے ہیں۔
(ادَّرَأَ) شکار کے لئے چھپنے کی آڑ بنانا۔
-الصَّيْدَ و له: شکار کے لئے گھات لگانے کی جگہ بنانا۔
(اِنْدَرَأَ) لازم دَرَأَهُ۔
-الحريقُ: آگ کا پھیل جانا۔
-عليه: اچانک کسی کے سامنے نمودار ہونا۔
(تَدَارَءَ ا): لڑائی جھگڑے میں بات ایک دوسرے پر ڈالنا۔
(اِدَّارَءَ ا) تَدَارَءَ ا (تاء کو دال سے بدل کر پہلی دال میں مدغم کر دیا گیا اور تلفظ کی دشواری کو دور کرنے کے لئے ابتداء میں الف بڑھا دیا گیا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيهَا﴾۔
(تَدَرَّأَ): شکار کے لئے آڑ کے پیچھے چھپنا۔
-عليه: اچانک آنا۔
(التُّدْرَأُ): طاقت، قوت، شان وشوکت۔
-فلانٌ ذو تُدْرَإٍ: فلاں صاحب عزت و صاحب اقتدار ہے۔
(التُّدْرَأَةُ): التُّدْرَأُ۔
(الدَّرْءُ): پہاڑ کا باہر نکلا ہوا حصہ (۲) ذیلی راستہ (ج) دُرُوءٌ۔
(الدُّرِّيُّ) ایک روشن ستارہ جو مشرق سے مغرب کی طرف چلتا ہے (ج) دَرَارِيُّ (۲) دھکتا ہوا، جھلملاتا۔
(الدَّرِيئَةُ): شکار کی خفیہ جگہ جہاں چھپ کر شکاری شکار کرتا ہے (۲) وہ حلقہ جس میں نیزہ زنی اور تیز اندازی کی مشق کی جاتی ہے (ج) دَرَايَا۔
(المِدْرَأُ): ذریعہ دفاع۔
(الدَّرَابزِيْنَ): زینہ کے دونوں جانب کی ریلنگ (مع)۔
(دَرِبَ) بہ - دَرَبًا و دُرْبَةً: عادی اور فریفتہ ہونا۔
-على الشيئ: کسی چیز کا ماہر اور تجربہ کار ہونا۔
هو دارِبٌ و دَرِبٌ وهي دارِبَةٌ و هو وهي دروبٌ۔
(اَدْرَبَ): تنگ جگہ میں داخل ہونا (۲) لڑائی میں دشمن کے علاقہ میں داخل ہونا (۳) ڈھول بجانا۔
(دَرَّبَ) فلانًا بالشيئ و عليه و فيه: عادت ڈالنا، مشق کرانا۔
-البعيرَ: تنگ راستوں پر چلنے کا عادی بنانا۔
(تَدَرَّبَ) لازم دَرَّبَه۔
-بالشيئ: عادی ہونا۔
(الدَّارِبُ): ڈھول بجانے والا۔ وهي الدَّارِبَةُ۔
(الدَّرْبُ): پہاڑوں کے درمیان تنگ راستہ (۲) تنگ راستہ (۳) ملک روم میں داخلہ کا

Marfat.com

راستہ (۴) ہر وہ راستہ جو شہر سے باہر نکلتا ہو (۵) لوہے کا وسیع دروازہ (۶) وہ جگہ جہاں کھجوروں کو خشک کرنے کے لئے رکھا جائے (ج) دُرُوْبٌ و اَدراب و دِرَابٌ۔
(الدُّرْبُ): سنہری مچھلی۔
(الدُّرْبَةُ): ہر کام کی ہمت و جرأت۔ (۲) مخلوط النسل بیل کا کوہان۔
(المُدَرَّبُ): تربیت یافتہ (۲) مصیبت زدہ۔
(تَدَرُّباً): لڑھکنا۔
(دَرْبَحَ): بختی کے بعد نرم ہونا۔
-الناقة: اونٹنی کا اپنے بچہ سے الفت کرنا۔
-في مشيه: رینگنا (۲) اکڑ کر مٹک کر چلنا۔
(الدُّرابح): اترا کر متکبرانہ چال میں چلنے والا شخص۔
(دَرْبَحَ): سر اور کمر جھکانا (۲) خوف کی وجہ سے بھاگنا۔
-لَہ: کسی کا مطیع و تابع بننا' عاجزی کرنا۔
(دَرْبَخَ): سر اور کمر جھکانا۔
-لَہٗ: حقیر و ذلیل بننا' عجز بننا۔
-الیہ: عاجزی کے ساتھ کسی طرف متوجہ ہونا۔
(تَدَرْبَسَ): آگے بڑھنا۔
(الدُّرَابِسُ): مضبوط موٹا انسان یا جانور۔
(الدَّرْبَاسُ): شیر (۲) باؤلا کتا۔
(دَرْبَصَ): ڈر کر خاموش ہونا۔
(الدُّرابکَةُ): چھوٹا ڈول۔
(الدَّرْبَکَةُ): رش' ازدحام' بھیڑ۔
(دَرْبَلَ): ڈھول بجانا۔
-فی مشیہ: بوجھل قدموں سے چلنا۔
(الدِّرْبان): دربان' پہرہ دار (ج) درابنة (مع)۔
(الدَّرْبَانِیَّةُ): ایک گائے جس کی کھال اور کھر باریک ہوتے ہیں اور اس کے کوہان بھی ہوتے ہیں۔
(دَرَجَ)ُ- دَرْجاً و دُرُوْجاً و دَرَجَاناً: سیڑھیاں چڑھنے والے کی طرح چلنا (۲) رینگنا۔
-الصَّبِیُّ: بچہ کا آہستہ آہستہ چلنا شروع کرنا۔

-الریحُ: ہوا کا آہستہ سے گزر جانا (۲) ہوا کا غبار اڑا کر ریت پر نشانات چھوڑنا۔
- فلانٌ: اپنے راستہ پر چلانا (۲) مر جانا۔ کہاوت ہے (اکذب من دَبَّ و دَرَجَ) وہ سب زندہ و مردہ سے زیادہ جھوٹا ہے۔
-القومُ: دنیا سے رخصت ہونا۔ هذهٖ آثار قوم درجو و درج قرنٌ بعد قرن۔
- بینهم بالتمائم: لوگوں میں چغل خوری کرنا۔
-بہ: چلانا (۲) اوپر چڑھانا۔
-بہ الی کذا: کسی جگہ پہنچانا۔
- الشیَٔ فی الشیٔ: ایک چیز کو دوسری کے کناروں میں داخل کرنا۔
(دَرِجَ)- دَرَجاً: تیز کھانے میں ہمیشگی اختیار کرنا (۲) دین یا کلام میں صحیح راہ اختیار کرنا۔ (۳) سیڑھی چڑھنا۔ (۴) اپنے راستہ پر چلنا (۵) مر جانا۔
(اَدْرَجَ) الشیَٔ: دَرَجَهٗ (۲) ختم کر دینا۔
-ادرجهُ اللّٰهُ: مار دینا۔
-الشیَٔ فی الشیٔ: دَرَجَه۔
-الدَّلْوَ: ڈول کو آہستہ آہستہ کنویں میں ڈالنا۔
-فلاناً: بھیجنا' روانہ کرنا۔
(دَرَّجَه): درجے مقرر کرنا۔
-البناءَ: عمارت میں سیڑھی بنانا۔
- فلاناً اِلی الشیٔ: آہستہ آہستہ قریب کرنا (۲) عادی بنانا۔
-العلیلَ: بیمار کو تدریجاً غذا دینا یہاں تک کہ وہ بیماری سے پہلے والی غذا پر آ جائے۔
-الطعامُ والامرُ فلاناً: آہستگی اختیار کرنے پر مجبور کرنا۔
(اندرَجَ): لازم دَرَجَهٗ۔
-علیہ: لپٹا ہوا ہونا' مشتمل ہونا۔
-تحته کذا او فیه کذا: شامل ہونا درج ہونا۔
(تَدَرَّجَ): لازم دَرَّجَه۔
-الیہ: آہستہ آہستہ آگے بڑھنا۔
-فیہ: آہستہ آہستہ اوپر چڑھنا۔

(استَدْرَجَه): درجہ بدرجہ ترقی دینا (۲) زمین پر چلانا۔
-فلاناً: دھوکہ دینا اور چلنے پر آمادہ کرنا۔
- الریحُ الشیَٔ: ہوا کا کسی شے کو اس طرح سرکانا گویا وہ خود چل رہی ہے۔
-اللّٰهُ العَبْدَ: اللہ تعالیٰ کا بندہ کو مہلت دے کر دفعتہ پکڑ لینا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿سنستدرجهم مِنْ حَیْثُ لَایَعْلَمُوْنَ﴾۔
-الناقةُ ولدَها: اونٹنی کا اپنے نومولود بچہ کو پیچھے چلانا۔
-الشیَٔ الی الشیٔ: بتدریج قریب کرنا۔
(الاُدْرُجَّةُ): زینہ' سیڑھی۔
(الدَّارِجُ) تراب دارجٌ: وہ مٹی جس کے ذریعہ ہواؤں نے مکانات کے نشانات مٹا دیئے ہوں۔
(الدَّارِجَةُ) قبیلةٌ دارجةٌ: وہ قبیلہ جس کے نشانات مٹ گئے ہوں (۲) چوپائے کا پیر۔
(ج) دَوَارِجُ۔
-هُوَ قصیر الدوارج: وہ چھوٹے پاؤں والا ہے۔
(الدَّرْجُ) نحنُ درجُ یدیك: ہم آپ کے تابع ہیں۔
-اَنْفَذْتُهُ فی درج کتابی: میں نے کتاب کے حاشیہ میں لکھا (۳) وہ کاغذ جس پر لکھا جائے۔
(الدُّرْجُ): عورتوں کی چھوٹی موٹی چیزیں رکھنے کی صندوقچی (۲) میز وغیرہ کی دراز (مج) (ج) ادراج و دِرَجَةٌ۔
(الدَّرَجُ) الدَّرْجُ (۲) راستہ کہتے ہیں رَجَعَ فلانٌ دَرَجَه و اَدراجَه: جہاں سے آیا وہیں چلا گیا۔
- ذَهَبَ دمُه دَرَجَ الرِّیاحِ: اس کا خون رائگاں گیا۔
-هو دَرْجٌ بین المتخاصمین: وہ قاصد جو دو برسر پیکار فریقوں میں مصالحت کرائے (ج) اَدْرَاجٌ۔
(الدُّرْجَةُ): الدُّرْجُ (ج) دُرَجٌ۔

Marfat.com

(الدَّرَجَةُ): سیڑھی (۲) رتبہ درجہ۔ جیسے لہ علیہ دَرَجَۃٌ (۳) علم فلکیات کے مطابق دورۂ فلک کا تین سو ساٹھواں جز (۴) علم ریاضی کے مطابق متساوی نوے قسموں میں سے ایک قسم جس پر زاویہ قائمہ منقسم ہوتا ہے (مج) (۵) درجۂ حرارت یا درجۂ رطوبت دونوں درجوں کے پیائش کے اجزاء میں سے ایک جز (ج) دَرَجٌ و دَرَجاتٌ۔

(الدُّرَجَۃُ) قطا کے مشابہ ایک پرندہ جس کے بازو کے اوپر کا حصہ خاکی اور اندرونی حصہ سیاہ ہوتا ہے۔

(الدَّرَّاجُ) چغل خور (۲) سیہی ایک جانور جس کے جسم پر کانٹے ہوتے ہیں۔

(الدُّرَّاجُ) تیتر۔

(الدَّرَّاجَۃُ) بچہ گاڑی۔ جسے پکڑ کر بچہ شروع شروع میں چلتا ہے (۲) قلعہ شکن توپ (۳) سائکل (محدثہ)۔

(الدُّرَّجُ) مشکل اور دشوار کام جیسے وقع فلانٌ فی الدُّرَّجِ۔

(الدِّرِّیجُ) ایک آلہ موسیقی جو طنبور کے مشابہ ہوتا ہے۔

(الدَّرُوْجُ) تیز رفتار۔ تیزی سے گزر جانے والا۔ جیسے سھمٌ دَرُوْجٌ و ریحٌ دَرُوْجٌ۔

(المِدْرَاجُ) کثیر الادخال کثیر الاشاعت۔

(المَدْرَجُ) راستہ (۲) طریقہ و مشرب۔

-مدرج النمل چیونٹیوں کی گزرگاہ (۳) موڑ دار پوڑا راستہ (ج) مَدَارِجُ۔

(المُدْرَجُ) محدثین کی اصطلاح میں وہ حدیث جس کے متن میں راوی کی طرف سے کوئی لفظ ایسا بڑھا دیا جائے جسے سننے والا حدیث کی طرح مرفوع سمجھے اور اسی طرح روایت کرے۔

(المَدْرَجَۃُ) راستہ گزرگاہ اتخذوا دارۃ مَدْرَجَۃً (۲) راستہ کا بڑا حصہ۔ (۳) ذریعۂ رابطہ جیسے ھذا الامر مَدْرَجَۃٌ لِذٰلكَ (۴) وہ کاغذ جس پر خط یا پیغام لکھا جائے (۵) وہ زمین جس پر بکثرت تیتر پائے جائیں۔

(المُدَرَّجُ): وہ جگہ جہاں سیڑھی بہ سیڑھی کرسیاں رکھی ہوئی ہوں۔ (محدثہ)۔

(دَرَحَہ)ـَ دَرْحًا: ہٹانا، دھکا دینا۔

(دَرِحَ)ـَ دَرَحًا: بوڑھا ہونا (۲) مکمل طور پر بوڑھا ہونا۔ ھو وھی دَرِحٌ۔

(دَرِدَ)ـَ دَرَدًا: سارے دانت گر جانا۔

-الناقۃُ: بڑھاپے کی وجہ سے اونٹنی کے دانت گر جانا۔ ھو اَدْرَدُ وھی دَرْدَاءُ (ج) دُرْدٌ۔

(اَدْرَدَہٗ): سارے دانت توڑ دینا۔ حدیث میں ہے: (لزمتُ السواك حتی خشیت ان یُدْرِدَنِی)۔

(الدُّرْدِیُّ): ہر سیال شے کی تلچھٹ۔ (۲) وہ خمیر جسے کسی چیز پر ڈال کر اسے بھی ترش کیا جائے۔ حدیث باقر میں ہے (اتجعلون النبیذ الدردیّ؟ قیل: وما الدردیّ؟ قال الرَّوْبۃ)۔

(دَرْدَبَ) دَرْدَبَۃً و دَرْدَابًا: پھڑکنا، تھرکنا، حرکت کرنا۔

-الطبلُ: ڈھول کا بجنا۔

-فلانٌ: مڑ مڑ کر دیکھ کر بھاگنا جیسے کسی چیز کا خوف ہو (۲) کسی شخص کی سختی کی وجہ سے اس کا تابعدار ہونا۔

(الدَّرْدَابُ) ڈھول کی آواز۔

(الدَّرْدَبُ) امراۃٌ دردبُ: رات میں آنے جانے والی عورت۔

(الدَّرْدَبِیُّ) چھوٹا ڈھول بجانے والا۔

(الدَّرْدَبِیْسُ) بہت بوڑھے مرد و عورت۔ (مذکر و مؤنث) بطور صفت بھی استعمال ہوتا ہے (۲) چالاک و تجربہ کار (۳) وہ کوڑی جسے عرب عورتیں اپنے شوہر کی محبت حاصل کرنے کے لئے بطور تعویذ کے استعمال کرتی ہیں۔

(الدِّرْدِحُ) بوڑھا، عمر رسیدہ شخص (مذکر و مؤنث کے لئے) (۲) جس کے دانت ٹوٹ گئے ہوں (۳) وہ عمر رسیدہ اونٹ جس میں کچھ جان باقی ہو (۴) کسی چیز کا دلدادہ (ج) دَرَادِحُ۔

(الدِّرْدِحَۃُ) وہ عورت جس کا طول و عرض برابر ہوں۔

(دَرْدَرَ) الماءُ: وادی کے نشیب میں زور سے گرتے وقت پانی کا آواز نکالنا۔

-فلانٌ بالمِعزیٰ: بکریوں کو پانی کی طرف بلانا۔

-التمرۃَ و نحوَھا: کھجوروں وغیرہ کو مسوڑوں سے چبانا۔

(تَدَرْدَرَ): لازم دَرْدَرَہ (۲) حرکت کرنا، تھوکنا۔

(الدَّرْدار): ڈھول کی آواز (۲) ایک زرد پھولوں والا خاردار درخت جو خوبصورتی کے لئے راستہ کے دونوں طرف لگایا جاتا ہے۔

(الدُّرْدُرُ): مسوڑا۔ کہاوت ہے (اَعْیَیْتِنی بأشُرٍ فکیف ارجوك بدُرْدُرٍ؟) جب تو جوان تھی اس وقت تو باادب نہ ہوئی اب جبکہ تو بوڑھی ہے تو میری بات کیسے مانے گی۔

(الدَّرْدَری): بلاضرورت آنے والا شخص۔

(الدُّرْدُورُ) بھنور جس میں پھنس کر آدمی غرق ہو جاتا ہے۔ جیسے لججو افوقعوا فی الدُّرْدُور۔

(الدَّرْدَشَۃُ) گپ شپ۔ کثرت کلام (مو)۔

(الدَّرْدَاقُ) وہ ٹیلہ جس میں ریت دبا ہوا ہو اور کھودنے سے ظاہر ہو۔

(الدَّرْدَقُ) ہر چھوٹی چیز (ج) دَرَادِقُ کہتے ہیں وِلْدَانٌ دَرْدَقٌ و دَرَادِقُ۔

(الدِّرْدِمُ) وہ عورت جو رات کو آتی جاتی ہو (۲) عمر رسیدہ اونٹنی۔

(دَرَّ) الدَّرُّ ـِ دَرًّا: دودھ کا کثرت سے جاری ہونا۔

-الدمعُ زیادہ آنسو بہنا۔

-البولُ زیادہ پیشاب آنا۔

(الدَّقْرَانُ) وہ لکڑیاں جن پر انگور کی بیل چڑھائی جاتی ہے۔ واحد دُقرانةٌ۔
(دَقَسَ) الوَتِدُ فی الارضِ ـِ دَقْسًا و دُقُوسًا: میخ کا زمین میں گھس جانا۔
-فلانٌ فی البلادِ: ملک کے اندر گھس جانا۔
-خلفَ العدوّ: دشمن کا پیچھا کر کے حملہ کرنا۔
-الجرادُ النباتَ: ٹڈیوں کا پودوں میں گھس کر ان کا صفایا کر دینا۔
(دَقِعَ) ـَ دَقَعًا: غربت و ذلت کی بنا پر خاک نشین ہونا۔ حدیث میں ہے نبی کریم ﷺ نے عورتوں سے مخاطب ہو کر فرمایا: (اِنکن اذا جُعْتُنَّ دَقِعْتُنَّ) (۲) معمولی کمائی پر گزارہ کرنا (۳) غربت کی بنا پر زندگی کا بدمزہ ہونا (۴) کمائی کی تلاش میں نچلے درجہ پر اتر آنا۔
-الفصیلُ: اونٹ کے بچہ کا دودھ سے بدہضمی میں مبتلا ہونا۔ ھو اَدْقَعُ وھی دَقْعاء (ج) دُقْعٌ۔
(اَدْقَعَ): بنجر زمین یا مٹی سے چمٹ جانا (۲) ذلیل و رسوا ہونا (۳) طلب معاش میں نچلے درجہ پر آنا۔
-لَه و الیه فی الشَّتْمِ: خوب گالیاں دینا۔
-الرجلَ: ذلیل کرنا۔
(الاَدْقَعُ): مٹی۔ جوعٌ اَدْقَعُ: سخت بھوک۔
(الدَّاقِعُ): گھٹیا درجہ کا کام کرنے والا، ذلت آمیز آدمی۔
(الدُّقَاعُ): مٹی۔
(الدَّقْعَاءُ): مٹی (۲) بے نبات زمین۔
(الدَّقْعَی) رایت القوم صقعی دقعی: میں نے لوگوں کو ذلت اور فاقہ کی حالت میں دیکھا۔
(الدَّوْقَعَةُ): فقر (۲) ذلت و مصیبت۔ کہتے ہیں: رماهُ اللهُ بالدوقعة: خدا اسے ذلیل کرے۔
(الدَّیْقُوعُ): سخت بھوک۔
(المُدْقِعُ) فقرٌ مدقعٌ: ذلیل و رسوا کرنے والا فقر (۲) وہ اونٹ جو نباتات کھا کر باقی کو زمین کے برابر کر دے (ج) مَدَاقِیعُ۔
(دَقَّ) الشیُٔ ـِ دِقَّةً: چھوٹا ہونا (۲) گھٹیا اور حقیر ہونا (۳) گہرا اور پر پیچ ہونا جس کا مطلب ذہین ترین لوگ ہی سمجھ سکیں۔ ھو دقیقٌ۔
-القلبُ: دل دھڑکنا۔
-الساعةُ: گھڑی کا بجنا (۲) وقت بتانا۔
-الشیَٔ ـُ دَقًّا: توڑنا (۲) کوٹنا، چورہ کرنا (۳) ظاہر کرنا (دَقُّوا بینهم عِطرَ مَنشِمِ) ایک دوسرے کے عیوب ظاہر کرنا۔
-البابَ والطبلَ و نحوهما: دروازہ پر

Marfat.com

دستک دینا' ڈھول وغیرہ بجانا (مو)۔
(اَدَقَّ): معاملات کی تاریکی میں جانا۔ باریکیاں وگہرے مطالب نکالنا۔
-الشیئَ: کوٹنا' توڑنا۔
(داقَّه) فی الحساب: کسی سے حساب و کتاب میں باریکیاں نکالنا۔
(دَقَّقَ) فِی الشیئِ: باریک بینی سے کام لینا۔
-الشیئَ: خوب باریک کرنا' سفوف بنانا (۲) باریک کرنا۔
(تَدَاقَّا): باریک بینی میں مقابلہ کرنا۔
(استدقَّ) الشیئُ: باریک ہونا۔
-الشیئُ: چھوٹا ہونا۔
(الدُّقاقُ - والدُّقاقةُ): چورا' ریزے' سفوف۔
(الدِقُّ): باریک (ضد الغلیظ)۔
(۲) ہر چھوٹی اور تھوڑی چیز۔ اَخَذْتُ دِقَّه و جِلَّهٗ (۳) تھوڑا' چھوٹا۔ الابلُ ترعٰی دِقَّ الشجرِ: اونٹ چھوٹے چھوٹے درختوں کو بھی کھالیتے ہیں۔
-حُمّٰی الدقِ: تپ دق' وہ بخار جو ٹھہر جاتا ہے اور پھیپھڑے متاثر ہوجاتے ہیں (مج)۔
(الدُّقَّةُ): الدقاقةُ (۲) مسالے اور مسالوں میں ملائی جانے والی چیزیں (۳) نمک اور سیاہ مرچ (۴) خالص کوٹا ہوا نمک۔
(الدَّقّاقُ): مسالے پیسنے والا۔
(الدَّقّاقةُ): دقّاق کی مؤنث (۲) موگری یا موسلی جس سے چاول وغیرہ پیسے جاتے ہیں۔
(الدَّقَقَةُ): عیوب ظاہر کرنے والے لوگ۔
(الدَّقُوْقُ): آنکھوں میں ڈالا جانے والا سفوف۔
(الدَّقُوْقَةُ): وہ جانور جو کٹی ہوئی کھیتی کو گاہیں۔
(الدَّقِیْقُ): باریک' مہین (۲) آٹا (۳) تھوڑی خیر والا آدمی (۴) حقیر اور معمولی بات (۵) گہرا' غامض (جسے سمجھنا آسان نہ ہو)۔
(ج) اَدِقَّةٌ و اَدِقّاءُ و دِقاقٌ و دقائق۔
(الدَّقِیْقَةُ): منٹ (۲) طول وعرض ناپنے کا پیمانہ درجہ کے ساٹھویں حصہ کے برابر (ج) دَقائقُ (محدثة)۔
(الدَّقِیْقِیُّ): آٹا بیچنے والا۔
(الدِقِیَّةُ): تانبے یا پیتل کی دیگچی (مو)۔
(المِدَقُّ و المُدُقُّ و المِدَقَّة): لوہے یا لکڑی کی موسلی' غلہ کوٹنے کی موسلی۔
(المُسْتَدَقُّ): ہر چیز کا باریک' پتلا نازک حصہ (۲) کلائی کا پتلا حصہ۔
(دَقَلَ) جِسْمُه - دَقْلاً: کمزور ہونا۔
-فلاناً: محروم کرنا (۲) ناک یا منہ پر مارنا۔
(اَدْقَلَتِ) الشاةُ: بکری کا دبلی اور کمزور ہونا۔
-النَّخلُ: کھجور کا ردی پھل والا ہونا۔
-فُلانٌ: آدمی کا چھوٹے بچہ والا ہونا۔
(دَوْقَلَ) فلانٌ: کھانے وغیرہ کی کسی چیز کو خاص کرنا۔
-الشیئَ: لینا اور کھالینا (۲) اپنے لئے خاص کر لینا۔
(الدَّقَلُ): ردی کھجور (۲) کشتی کے بیچ میں لگی ہوئی لکڑی جس پر بادبان کو لگایا ہے۔ اسے ''الصّاری'' بھی کہا جاتا ہے۔ (ج) اَدقال۔
(الدَّقَلَةُ) شاةٌ دَقِلَةٌ: کمزور بکری (ج) دِقالٌ۔
(الدَّقِیْلَةُ): الدَّقِلَةُ (ج) دِقالٌ و دَقائلُ۔
(الدَّوْقَلُ): وہ ڈنڈا جس پر بادبان لگایا جاتا ہے (ج) دواقِلُ۔
(دَقَمَه) - دَقْمًا: اچانک دھکا دینا (۲) سینہ پر مار کر دھکا دینا (۳) دانت توڑنا۔
(دَقِمَ) - دَقَمًا: اگلے دانت توڑنا' ھُو اَدْقَمُ۔
(اَدْقَمَ) فاهٗ: اگلے دانت توڑنا۔
(الدَّقْمُ): قرض وغیرہ کا سخت بوجھ اور پریشانی۔
(الدَّقَمَةُ): منہ کا اگلا حصہ۔
(دَقَنَ) فی لَحیه - دَقْنًا: ٹھوڑی پر مکا مارنا (۲) روکنا' محروم کرنا۔
(الدَّیْقَانُ): چولہے کے تین پتھر (مع)۔
(دَقِیَ) الفَصِیْلُ - دَقًی: اونٹ وغیرہ کے بچہ کا زیادہ دودھ پینے سے پیٹ خراب ہونا اور پتلی لید کرنا۔ ھو دَقٍ و دَقِیٌّ و دَقْوانُ وھی دَقْوٰی (ج) دقایا۔

د .... ک

(الدکتاتوریّةُ): عوام کی مرضی کے بغیر کسی فرد یا جماعت کا اپنا رائے کے موافق حکومت کرنا' ڈکٹیٹر شپ' مطلق العنانیت (مج)۔
(دَکْدَكَ) الحُفْرَةَ: گڑھے کو مٹی سے بھرنا۔
(تَدَکْدَکَتِ) الجبالُ: پہاڑ کا گر کر ہموار ہونا۔
(الدَّکْداكُ و الدِکْدِكُ): سخت زمین (۲) مٹی چڑھا ہوا ریت (ج) دکادِكُ۔
(اِدَّکَرَ): (دیکھئے: اِذَّکَرَ)
(دَکَسَ) التراب - دَکْسًا: مٹی ملنا۔
-الوعاءَ و نحوَه: برتن دبا دبا کر بھرنا۔
(دَکِسَ) - دَکَسًا: مٹی وغیرہ کا تہ بہ تہ ہونا۔
(تَداکَسَ): بہت ہونا۔
-فلانٌ: بداخلاق ہونا۔
(الدّاکِسُ) من الظّباء: پیچھے رہ جانے والا ہرن۔
(الدُّکاسُ): اونگھ (۲) تہ بہ تہ چربی (۳) ڈھیر لگی کھجوریں۔
(الدَّکِیْسَةُ): لوگوں کی جماعت۔
(الدَّوْکَسُ): بہت' زیادہ۔ نَعَمٌ دَوْکَسٌ' مالٌ دَوْکَسٌ (۲) لوگوں کا مجمع۔
(دُکِعَ) الحیوانُ: جانور کو کھانسی ہونا۔
(الدُّکاعُ): گھوڑوں اور اونٹوں کی کھانسی۔
(دَکَّه) - دَکًّا: کوٹنا (۲) دھکیلنا' دھکا دینا۔
-البناءَ: عمارت وغیرہ کو گرانا۔ یہاں تک کہ زمین کے برابر کر دینا۔
-الارضَ: زمین کے نشیب و فراز کو گرا کے ہموار کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿کَلّاَ اِذَا دُکَّتِ الْاَرْضُ دَکًّا دَکًّا﴾۔
-المرضُ او الحمّٰی: بیماری یا بخار نے اسے کمزور کر دیا۔
-الدابّةَ: چوپائے کو چلا کر تھکا دینا۔
-البئرَ: کنویں کو بند کر دینا۔
-التُرابَ: مٹی کو دبا کر برابر کر دینا۔
-التُّرابَ علی المیّت: مردہ پر مٹی ڈالنا۔
(دَکِكَ) البعیرُ - دَکَکًا: اونٹ کے کوہان کا ختم ہو جانا۔

Marfat.com

-الفرسُ: گھوڑے کی لمبائی کا چھوٹا اور پیٹھ کا لمبا ہونا۔ هو اَدَكُّ و هي دَكَّاءُ (ج) دُكٌّ۔
(تَدَاكَّ) عليه القوم: کسی کے پاس لوگوں کا ازدحام لگنا۔
-تداكت عليهم الخيل: گھوڑوں نے ان پر چڑھائی کی۔
(اندَكَّ): لازم دَكَّ۔
-الرملُ: ریت کا تہ بہ تہ ہونا۔
-السنام: کوہان کا پیٹھ کے برابر ہو جانا۔
(الدَّكَّاءُ) ہموار کردہ زمین (۲) نرم یا مٹی کا ٹیلہ۔
(الدَّكُّ) ہموار زمین یا ہموار ریت۔
- مكانٌ دَكٌّ: ہموار جگہ (ج) دكوكٌ و دِكاكٌ۔
(الدُّكُّ) مضبوط و موٹا (ج) دِكَكَةٌ۔
(الدُّكَّانُ) (دیکھئے دکن)
(الدَّكَّةُ) ہموار ریت (۲) چبوترہ (۳) لکڑی کی لمبی کرسی، بینچ (محدثہ) (ج) دِكاكٌ۔
(المِدَكُّ) کوٹنے کا آلہ، سڑک کوٹنے کی مشین (۲) قوی ہیکل۔ جیسے رجلٌ مِدَكٌّ و امَةٌ مِدَكَّةٌ۔
(دَكَلَ) الطِّينَ ـُ دَكْلاً: لپائی کے لئے ہاتھ سے گارا اکٹھا کرنا۔
- الشيءَ: پیروں سے ملنا۔ هو مدكولٌ و دكيلٌ۔
(دَكَّلَ) الدابّةَ: جانور کو مٹی میں لوٹ پوٹ کرنا۔
(تَدَكَّلَ) مغرور و خود پسند ہونا۔
- علينا فلانٌ: فلاں نے بڑے نخرے کر کے عزت حاصل کی۔
-عنهُ: تاخیر کرنا، عمداً سستی کرنا۔
(الدَّكْلَةُ) وہ معزز لوگ جو اپنی عزت کے باعث بادشاہ کی بات بھی قبول نہ کریں (۲) نرم یا پتلا گارا۔
دَكْلَةٌ من كذا: کسی چیز کا ٹکڑا یا لقمہ۔
(دَكَمه) ـُ دَكْماً: بعض کو بعض پر رکھ کر کوٹنا (۲) ایک دوسرے سے ملانا۔

-فلاناً: کسی کی مزاحمت کرنا۔
-فلاناً في صدره: سینہ پر مار کر دھکا دینا۔
(دَكَّمَ) فلاناً برأسه: کسی کے نرخرہ پر ٹکر مارنا۔
(تَدَاكَمَ) القومُ: باہم دھکم پیل کرنا۔
(دَكَنَ) المتاعَ: سامان کو تہ بہ تہ لگانا۔
(دَكِنَ) ـَ دَكَناً و دُكْنَةً: سیاہی مائل ہونا۔
-الثوبُ: میلا ہونا (۲) مٹیالا ہونا۔ هو ادْكَنُ وهي دَكْناءُ (ج) دُكْنٌ۔
-ثريدةٌ دكناءُ: زیادہ مسالوں والا ثرید۔
(ادْكَنَ) دَكِنَ۔
(دَكَّنَ) المتاعَ: سامان کو ترتیب سے لگانا۔
-الدُّكَّانَ: دکان لگانا۔
-الشيءَ: مٹیالا اور سیاہی مائل بنانا۔
(الدُّكَّانُ): دکان (۲) چبوترہ (ج) دكاكينُ۔

د......ل

(الدَّالِبُ) نہ بجھنے والا انگارہ۔
(الدُّلْبُ): چنار کا درخت جو خوبصورتی کے لئے لگایا جاتا ہے۔ یہ فصیلہ ذلبیہ سے ہے۔ (۲) حبشیوں کی ایک قسم۔
(الدُّلابُ) (دیکھئے دولاب)
(المَدْلَبَةُ) وہ زمین جہاں کثرت سے چنار کے درخت پائے جائیں۔
(الدِلتا) ڈیلٹا۔ دریا کے دھانے کے قریب اس کی مختلف سمتوں میں پھوٹنے والی شاخوں کے درمیان سیلابی قطعۂ زمین جسے اکثر دوسری شاخیں کاٹتی ہوئی گزرتی ہیں۔ (مع)
(دَلَثَ) ـِ دَلِيثاً: چھوٹے قدموں سے تیز چلنا۔
(ادْلَثَ) الشيءَ: ڈھانپنا۔
-القطيفةَ: مخملی چادر سے سر اور بدن ڈھانپنا۔
(اندَلَثَ) لپکنا، تیز چلنا (۲) کسی طرف متوجہ ہوئے بغیر چلتے رہنا (۳) بغیر سوچے سمجھے آگے بڑھنا۔ کہتے ہیں اندلث علينا ليشتم وہ ہمیں گالیاں دیتا چلا گیا۔
(تَدَلَّثَ) زبردستی گھسنا، کود پڑنا۔
-تدلث فيه و عليه بھی کہتے ہیں۔

(الدِّلاثُ): تیز رفتار اونٹ یا اونٹنی (اس میں جمع واحد کی طرح ہے البتہ اس کی جمع دُلُثٌ بھی آتی ہے)۔
(المَدَالِثُ): سرحدی جنگی مقامات۔
-مَدَالِثُ الوَادِي: وادی سے پانی تیزی کے ساتھ بہنے والے مقامات۔ واحد: مدلث۔
(دَلَجَ) السَّاقي ـُ دُلُوجًا: کنویں سے پانی کا ڈول نکال کر حوض میں ڈالنا (۲) دودھ دوہنے کے بعد پیالوں میں ڈالنا۔ هو دالجٌ (ج) دُلَّجٌ۔
- بحَمْلِهِ دَلْجًا و دُلُوجًا: کسی وزنی چیز کو مشقت کے ساتھ لے کر اٹھنا۔ هُوَ دَلُوجٌ۔
(أَدْلَجَ) القومُ: لوگوں کا رات کی ابتداء میں چلنا۔
(ادَّلَجَ) القومُ: لوگوں کا رات کے آخر میں سفر کرنا (۲) ساری رات سفر کرنا۔
(الدَّلَجَانُ): بہت سی ٹڈیاں، ٹڈی دل۔
(الدُّلْجَةُ): ابتدائی رات کا سفر (۲) ساری رات کا سفر۔ حدیث میں ہے (عليكم بالدلجة فان الارض تطوى بالليل)
(الدَّوْلَجُ) زمین دوز گھر (جو آر پار نہ ہو) (۲) درختوں کی جڑ میں بنا ہوا گھر (۳) بڑے گھر کے اندر بنا ہوا چھوٹا گھر (ج) دَوَالِجُ۔
(المَدْلَجُ): کنویں اور حوض کے درمیان کی جگہ۔
(المُدْلِجُ) سیہی۔ اسے "ابو مدلج" کہتے ہیں۔
(المَدْلَجَةُ) المَدْلَجُ (ج) جنگلی جانوروں کا گھر (۲) بڑا برتن جس میں دودھ نکالا جائے۔
(دَلَحَ) ـَ دَلْحًا و دَلَحَانًا: بوجھ کی وجہ سے کوئی چیز اٹھا کر آہستہ آہستہ چلنا۔
-السحابةُ: بادل کا پانی کے بوجھ کی وجہ سے سست رفتار سے چلنا۔ هي دَالِحٌ (ج) دُلَّحٌ و دَوَالِحُ وهي دَلُوحٌ (ج) دُلُحٌ۔
(تَدَالَحَ) الرجلان الشيءَ بينهما: دو آدمیوں کا کسی چیز کے ایک ایک سرے کو پکڑ کر اٹھانا۔ لکڑی پر کوئی چیز رکھ کر دونوں طرف سے

Marfat.com

اٹھانا۔ حدیث میں ہے (انّ مسلمان و ابا الدرداء اشتریا لحمًا فتدّ الجاهُ بینهما علی عُودٍ)۔
(دَلَغ) ـ دَلَغًا: موٹا ہونا۔ هو دَلِغٌ و دَلُوغٌ۔
-الاناءُ: برتن کا لبالب ہو کر بہہ پڑنا۔
(الدَّلِغ): موٹا تازہ آدمی۔
(الدُّلاخُ) من النساءِ: بڑے سرین والی عورت (ج) دِلاخٌ۔
(الدُّلَخةُ) من النساء: بڑے سرین والی عورت۔
(الدَّلُوخُ): بہت پھل لانے والا کھجور کا درخت۔
(دَلْدَلَ) اَعضاءَہٗ: چلتے ہوئے اعضاء کو ہلانا۔
(تَدَلْدَلَ) الشیُٔ: لٹکتے ہوئے ہلنا (۲) حرکت کرنا۔
-فی مشیہ: لڑکھڑاتے ہوئے چلنا۔
(الدُّلْدُلُ): سیہی جانور کی ایک قسم۔
(اَدْلَسَ) القومُ: لوگوں کا سیاہ زمین میں پہنچنا جہاں دوبارہ روئیدگی شروع ہوئی ہو۔
-الارضُ: زمین کی گھاس ختم ہونے کے بعد دوبارہ روئیدگی شروع ہونا۔
(دَالَسَه) مُدَالَسةً و دِلَاسًا: دھوکہ دینا، فریب کرنا، ظلم کرنا۔ هو یدالس ولا یدالسُ: وہ نہ دھوکہ دیتا ہے نہ خیانت کرتا ہے۔
(دَلَّسَ) البائعُ: بائع کا سامان کے عیب کو چھپانا۔
-فلانٌ لفلان فی البیع وفی کل شیٔ ودَلَّسَ علیه: فریب سے کام لینا، تلبیس کرنا۔
-المحدثُ فی الاسناد: حدیث بیان کرنے والے کا اپنے معاصر سے ایسی روایت بیان کرنا جو اس نے نہ سنی ہو لیکن بیان اس طرح کرے کہ گویا اس نے سنی ہے یا محدث کا اپنے شیخ کا ایسا نام لینا جس سے وہ مشہور نہ ہو۔
-الابلُ: اونٹوں کا بچے کھچے گھاس کو کھاتے رہنا۔
(اندَلَسَ): پوشیدہ ہونا۔
(تَدَلَّسَ) الرجلُ: چھپنا۔
-الشیُٔ: پوشیدہ ہونا۔
-الدابۃ: جانور کا تھوڑی سی گھاس کو چرنا۔
-فلانٌ الطعام: تھوڑا تھوڑا کھانا۔
(الدَّلْسُ): دھوکہ، فریب۔
- مالی فیه وَلْسٌ وَلَا دَلْسٌ: اس میں نہ دھوکہ ہے نہ خیانت ہے۔
(الدِّلْسُ): وہ زمین جس میں گھاس صاف ہو کر دوبارہ اگ آئی ہو (۲) وہ پودا جس پر موسم گرما کے آخر میں پتے نکل آئیں (۳) بچی ہوئی گھاس (۴) تاریکی (ج) اَدلاسٌ۔
(الدُّلْسَةُ): تاریکی۔
(دَلَصَتِ) الدِّرعُ ـُ دلاصةً: زرہ کا نرم ہونا۔
-الشیُٔ: چمکانا، سونے کا ملمع کرنا۔
-المرأۃُ جَبِینَها: عورت کا پیشانی کے بال ختم کرنا۔
(دَلِصَ) ـَ دَلَصًا: پھسلنا۔
-الشیُٔ: چمکنا اور روشن ہونا۔ هو اَدْلَصُ وهی دَلْصاءُ (ج) دُلْصٌ۔
-الناقۃُ: بڑھاپے کی وجہ سے اونٹنی کے دانت گر جانا (۲) موٹاپے کی وجہ سے اون جھڑنا۔ هی دَلِصَۃٌ و دَلْصاءُ۔
(اَدْلَصَتِ) الحاملُ الجنین: حاملہ کو اسقاط حمل ہونا۔
(دَلَّصَ) الشیَٔ: چکنا کرنا، کہتے ہیں دَلَّصَ السیلُ الحَجَرَ۔
-الدِّرعَ: زرہ کو ملائم کرنا۔
- المرأۃ جبینَها: عورت کا پیشانی کے بال صاف کرنا۔
(اندَلَصَ) الشیُٔ من یدہ: ہاتھ سے پھسل کر گر جانا۔
-الشیُٔ عن الشیءِ: جدا ہونا۔
(الدِّلَاصُ): چکنا، ملائم، چمکدار۔ جیسے درعٌ دِلَاصٌ (ج) دِلاصٌ و دُلُصٌ۔
(الدَّلِصُ) ملائم، چکنا، چمکدار (۲) ہموار زمین (ج) دِلاصٌ۔
(الدَّلِصَۃُ): ہموار زمین۔ ناقۃٌ دَلِصَۃٌ: وہ اونٹنی جس کی اون جھڑ گئی ہو۔ (ج) دِلاصٌ۔
(الدَّلَّاصُ): چکنی، ملائم، چمکدار چیز۔ ناقۃٌ و ارضٌ دلّاصٌ۔
(الدَّلِیصُ): نرم، چکنی، چمکدار چیز۔ (۲) چمک (۳) سونے کا پانی (ج) دُلُصٌ۔
(دَلَظَ) فی سَیرہٖ ـِ دَلْظًا: تیز چلنا۔
- الھَضْبۃُ بالماءِ: پہاڑی سلسلہ سے پانی ابلنا۔
-فلانًا: سینہ پر مار کر دھکا دینا (۲) مارنا۔ هو دالظٌ انمفعول مدلوظٌ و دلیظٌ۔
(دَالَظَه) مُدَالَظَةً و دلاظًا: مدافعت کرنا، دھکیلنا۔
(اندَلَظَ) الماءُ: پانی کا زور سے بہنا۔
(الدِّلَظیٰ): طاقتور اور شجاع آدمی جس سے مقابلہ میں لڑا نہ جا سکے۔
(الدِّلَظُ): زور سے دھکیلنے والا۔
(الدَّلِیظُ): حکام کے دروازے سے دھکیلا جانے والا شخص۔
(دَلَعَ) اللسانُ ـَ دُلُوعًا: پیاس کی شدت اور زیادہ تھکان کی وجہ سے زبان کا منہ سے باہر نکل آنا۔
-لسانَه دَلْعًا: زبان باہر نکلنا۔
(اَدْلَعَ) لسانَه: زبان باہر نکالنا۔ جیسے اَدلعَه العطشُ ونحوہ۔
(اِدَّلَعَ) اللسانُ: تھکاوٹ یا پیاس کی وجہ سے زبان کا باہر نکلنا اور ڈھیلا ہونا۔
(اندَلَعَ) اللسانُ: اَدْلَعَ۔
-بطنُ فلان: پیٹ کا باہر نکلنا۔
-بطنُ المرأۃ: عورت کے پیٹ کا بڑا اور ڈھیلا ہونا۔
-بابُ الحرب: گھمسان کی لڑائی ہونا۔
(الاَدْلَعُ): وہ گھوڑا جس کی زبان باہر نکل آئے۔
(الدَّالِعُ): بے وقوف، احمق۔ اَحمقُ دالعٌ

Marfat.com

انتہائی بے وقوف آدمی۔
(الدَّلُوْعُ) ناقةٌ دَلوعٌ: اونٹوں سے آگے رہنے والی اونٹنی (۲) راستہ۔
(الدَّلِيْعُ) کشادہ راستہ۔ طریقٌ دلیعٌ: نشیب وفراز سے خالی ہموار راستہ (ج) دوالع۔
(دَلَفَ)۔ دَلْفًا و دُلُوْفًا و دَلَفَانًا: چھوٹے چھوٹے قدموں سے آہستہ چلنا۔
جیسے دَلَفَ الشیخُ و دلف الحاملُ بحمله۔
-الیه: کسی کے قریب ہونا۔
(اَدْلَفَ) له القولَ: سخت بات کہنا۔
- الکبرُ فلانًا: بڑھاپے کی وجہ سے آہستہ چلنا۔
(اندَلَفَ) الیه: کسی کے پاس آہستہ چل کر پہنچنا۔
(تَدَلَّفَ) الیه: اندَلَفَ۔
(الدَّلِفُ) ایسا بوڑھا آدمی جسے بڑھاپے نے دوسروں کا تابع کر دیا ہو (۲) بوجھ لے کر چھوٹے قدموں سے چلنے والا (۳) نشانہ کے قریب گرنے والا تیر (ج) دُلُفٌ و دُلُفٌ۔
(الدِّلْفُ) بہادر۔
(الدَّلُفُ) بوجھ لے کر اٹھنے والی اونٹنی۔
(الدَّلُوْفُ) تیز عقاب (۲) بڑھاپے کی وجہ سے آہستہ چلنے والا اونٹ (۳) بہت پھل دار کھجور کا درخت (ج) دُلُفٌ۔
(الدُّلفینُ) ڈولفن (جس کے لئے عربی میں دُخس استعمال ہوتا ہے)
(دَلَقَ)۔ دُلُوْقًا: تیزی سے نکلنا۔
-السیفُ من غمدِہ: تلوار سونتنا۔
-الخیلُ: گھوڑوں کا پے در پے نکلنا۔
- الشیئَ دَلْقًا: نکالنا۔ جیسے دَلَقَ السیفَ من غمدِہ و دَلَقَ البعیرُ شِقْشِقَتَه۔
- الغارةَ علیهم: حملہ کرنا۔
- بابَه: دروازہ کو سختی سے کھولنا۔
(اَدْلَقَه) دَلَقَه۔
(اندَلَقَ) الشیئُ: زور سے نکلنا کہتے ہیں طَعَنَهٗ فاندلقت اَحشاءُ بطنه: اس نے اس کے نیزہ مارا تو اس کی آنتیں باہر نکل آئیں۔
-السَّیْلُ: سیلاب کا زور سے آنا۔
-الخیلُ: گھوڑوں کا تیزی سے نکلنا۔
- البابُ: دروازہ کا کھلتے ہی اپنی جگہ واپس لوٹ آنا۔
(تَدَلَّقَ) دھکا لگنا (۲) زور سے نکلنا جیسے تَدَلَّقَ السیلُ و تَدَلَّقَتِ الخَیلُ۔
(اِسْتَدْلَقَ) السَّیْفَ من غِمدِہ: تلوار میان سے نکالنا۔
(الاَدْلَقُ) جس کے دانت بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹ گئے اور منہ سے پانی نکلتا ہو۔ ھی دلقاءُ۔
(الدَّالِقُ) سبقت لے جانے والے (۲) میان سے آسانی کے ساتھ نکلنے والی تلوار۔
(الدَّلَقُ) بلی جیسا لمبی کمر کا ایک جانور جس کی کھال لبادہ بنانے کے کام آتی ہے (مع)
(الدَّلِیْقُ) تیزی اور آسانی سے نکلنے والی تلوار۔
(الدَّلُوْقُ) الاَدْلَقُ (۲) سخت حملہ۔
(دَلَکَتِ) الشَّمْسُ ـُ دُلُوْکًا: سورج کا ڈھل جانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ﴾ ھی دالکٌ و دالکةٌ۔
- السنبلُ دَلْکًا: دانوں سے چھلکا الگ ہو جانا۔ کہتے ہیں دلکتُ السنبل حتّٰی انفرک قشرہ عن حبّه۔
-الشیئَ: رگڑنا، ملنا، کھرچنا، گھسنا۔
-الجسدَ: جسم کو ملنا، دبانا (۲) مساج کرنا۔
- الثوبَ: کپڑے کو دھونے کے لئے ہاتھوں سے ملنا۔
-الوجهَ و نحوهٗ بالطیب: چہرہ وغیرہ پر خوشبو ملنا۔
-الدھرُ فلانًا: زمانہ کا کسی کو تجربہ کار بنانا۔
-غریمَه: قرض خواہ کو ٹالنا۔
-عَقِبَیْهِ للأمر: کسی کام کے لئے تیار ہونا۔
(دُلِکَتِ) الارضُ: زمین کی گھاس وغیرہ کھا لی جانا۔
(دَالَکَ) فلانًا: برداشت کرنا۔
- غریمَه: قرض خواہ کو ٹالنا۔ ھو مُدَالِکٌ۔
(دَلَّکَ) الشَّیئَ: خوب رگڑنا۔
- المریضَ: بیمار کے جسم کو ملنا تاکہ نرم ہو جائے۔
-الجسدَ: جسم کو دھونے کے لئے ملنا۔
(تَدَلَّکَ) الرجلُ: دھوتے وقت جسم ملنا۔
-بالطیب: خوشبو لگانا۔
(الدَّلَکُ) سورج کے غروب اور زوال کا وقت (۲) اونٹ کے گھٹنوں کی نرمی۔
(الدَّلَّاکُ) جسم کو ملنے والا خواہ تیمارداری کے لئے یا صفائی و چستی کے لئے۔
(الدَّلُوْکُ) جسم کو لگائی جانے والی خوشبو وغیرہ۔
(الدَّلیکُ) وہ مٹی جو ہواؤں سے اڑ جائے (۲) ثرید جیسا مکھن اور دودھ سے تیار کردہ کھانا (۳) تجربہ کار اور آزمودہ روزگار آدمی (ج) دُلُکٌ۔
(المُدَالِکُ) وہ آدمی جو گھٹیا باتوں سے احتراز کرتا ہو۔
(المُدَلِّکُ) الدَّلَّاکُ۔
(دَلَّ) علیه و الیه ـُ دِلَالَةً: رہنمائی کرنا۔ جیسے دَلَّهٗ علی الطریق و نحوہ ـ ھو دالٌّ والمفعول مدلولٌ علیه و الیه۔
- المرأةُ علی زوجها ـِ دَلَالًا: عورت کا اپنے خاوند کو نخرا دکھانا۔ ناز کرنا۔
-مَا دلَّکَ عَلَیَّ: میرے سامنے تم کو کس بات نے جری بنایا؟
(اَدَلَّ) علیه: کسی پر بہت ناز کرنا۔ نخرا دکھانا۔
- علیه بصحبته: کسی کے سامنے گستاخی اور جرأت کا مظاہرہ کرنا۔
-الرجلُ علی اقرانه: آدمی کا اپنے ساتھیوں کو اچانک آپکڑنا۔ جیسے ”ادلّ البازی علی صیدہ“۔
-الذئب: بھیڑیے کا کمزور ہونا۔
-بالطریق: راستہ کو پہچاننا۔ ھو مُدِلٌّ۔
(دَلَّلَه) تربیت کی خرابی کا بگاڑ دینا (مو)

Marfat.com

-علی المسألة: کسی مسئلہ کے بارے میں دلیل پیش کرنا (مو)۔
-علی السلعة: سامان کو نیلام کرنے کی بولی لگانا (مو)
(اندلّ) الماءُ: پانی کا اوپر سے گرنا۔
(تَدَلّلتِ) المرأة علی زوجها: عورت کا خاوند کو نخرے دکھانا۔
-علیه: جرأت کرنا' گستاخی کرنا۔
(اِستَدَلّ): کسی بات کی رہنمائی طلب کرنا۔
-بالشیئ علی الشیئ: استدلال کرنا' ایک چیز کو دوسری کی دلیل بنانا۔
(الاَدَلّ): احسان جتلانے والا۔
(الدَّالّة): ناز نخرہ (۲) جرأت و گستاخی۔
(الدَّلَالُ): نخرہ لاڈ پیار (۲) عورت کی عمدہ پُر مزاج باتیں۔
(الدَّلَالَةُ): رہنمائی (۲) لفظ کا وہ مفہوم جس کا بولنے کے وقت تقاضا کرے (ج) دلائلُ و دَلَالات۔
(الدِّلَالَةُ): ہدایت' رہنمائی (۲) دلالی کا پیشہ' گائڈنگ (۳) دلالی کی اجرت۔
(الدَّلّ): وقار و سنجیدگی کی کیفیت۔
امرأةٌ دلٌّ: اپنی شکل پر ناز کرنے والی عورت۔
(الدَّلَّالُ): نیلامی کرنے والا (۲) بائع اور مشتری کے درمیان واسطہ بننے والا۔
(الدِّلِّیلی): رہنما (۲) دلیل۔
(الدَّلِیلُ): رہنما (ج) ادلاءُ و اَدِلّةٌ۔
(۲) دلیل' ثبوت' علامت (ج) اَدِلّةٌ۔
(الدَّلِیلَةُ): واضح دلیل۔
(دَلِمَ) الشیئُ – دَلَمًا: کسی چیز کا چکنا اور بہت سیاہ ہونا۔
-الرجلُ: آدمی کا لمبا اور کالا ہونا۔
-شفاهُه: ہونٹوں کا لٹک جانا' ھو اَدْلَمُ وھی دَلْمَاءُ۔
(ادلامّ) الشیئُ: کالا اور چکنا ہونا۔
-اللیلُ: رات کا سخت تاریک ہونا۔
(الدَّلَامُ): سیاہی (۲) سیاہ۔
(الدُّلْمُ): ہاتھی۔
(الدُّلَمُ): سانپ کا بچہ (ج) ادلامٌ۔
(الدَّلْمَاءُ): قمری مہینہ کی آخری رات۔
(الدُّلْمَةُ): ہاتھی کا رنگ۔
(الدَّیْلَمُ): دیلمی لوگ جو آذربائیجان کے قرب و جوار میں رہتے تھے (۲) مصیبت و آفت (۳) دشمن۔
(ادلَمَّسَ) اللیلُ: رات کا سخت تاریک ہونا۔ ھو مدلَمِسٌ۔
(الدُّلَامِسُ): سخت تاریکی (۲) مصیبت۔
(الدِّلِمِسُ) مصیبت۔
(دَلْمَصَ) الشیئَ: چمکانا۔
(تَدَلْمَصَ) راسُه: سر کا اڑے ہوئے بالوں والا ہونا۔
(الدُّلَامِصُ): روشن و چمکدار جیسے ذھبٌ دلامِصٌ۔
(دَلَهَ) – دَلْهًا: تسلی پانا (۲) خون کا رائگاں جانا۔
(دَلِهَ) – دَلْهًا و دَلَهًا وَدُلُوْهًا: غم یا عشق کی وجہ سے دل کا کھو جانا۔ جیسے دَلِهَت فلانةٌ علی ولدها – الرجلُ دَلِهٌ وھی دلهةٌ۔
-الناقةُ عن الفها و ولدها: اونٹنی کا اپنے بچہ کی طرف متوجہ نہ ہونا۔ ھی دَلُوْهٌ۔
(دَلَّهَه) الحبُّ و العشقُ: محبت وعشق کا کسی کو وارفتہ و سرگشتہ کر دینا' پریشان کرنا۔
ھُوَ مُدَلَّهٌ۔
(تَدَلَّه): حیران و سرگرداں و پریشان ہونا۔
(الدالهُ و الدَّلِهةُ) من الرجال: کمزور دل والا آدمی۔ کمزور طبیعت والا آدمی۔
(المُدَلَّهُ) من الرجال: عشق وغیرہ کی وجہ سے پریشان سرگرداں آدمی۔
(ادْلَهَمَّ) الظلامُ: اندھیرے کا زائل ہو جانا۔
- اللیلُ: رات کی تاریکی بڑھ جانا۔ ھو مُدْلَهِمٌّ۔
-الرجلُ: آدمی کا بوڑھا ہو جانا۔
(الدِّلَهامُ): شیر (۲) پختہ آدمی۔
(المُدْلَهِمَّةُ). فلاةٌ مدْلَهِمّةٌ: جنگل و بیابان جس میں نشانات نہ ہوں۔
(دَلَا) الدلوَ وبها – دَلْوًا: ڈول کو پانی بھرنے کے لئے کنویں میں ڈالنا (۲) ڈول بھرنے کے بعد کھینچنا۔
-فلانًا: کسی کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔
-بفلانٍ اِلٰی فلان: کسی کی کسی سے سفارش کرنا۔
-الناقةَ: اونٹنی کو آہستہ آہستہ ہانکنا۔
-حاجتَه: ضرورت طلب کرنا۔
(دَلِیَ) – دَلًی: حیران و سرگرداں ہونا۔
(اَدْلٰی) ڈول بھرنے کے لئے کنویں میں ڈالنا۔
- الشیئَ فی المهواة: کسی چیز کو گہری جگہ لٹکانا۔
-فلانٌ فی فلانٍ: کسی کے بارے بری بات کہنا۔
- فلانٌ بحجتِه: دعویٰ کے لئے دلیل پیش کرنا۔
- فلانٌ بِرحِمِه: رشتہ داری کو ذریعہ بنا کر سفارش کے لئے استعمال کرنا۔
-الی الحاکمِ برشوةٍ: حاکم وغیرہ کو رشوت دینا۔
-الیه بماله: اپنا مال بطور رشوت دینا۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلَا تَاْكُلُوْا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَ تُدْلُوْا بِهَا اِلَى الْحُكَّامِ﴾۔
- الی المیتِ بالبُنُوَّةِ: خود کو میت کی طرف بیٹے ہونے کی حیثیت سے منسوب کرنا۔
(دَالَاهُ): اچھا سلوک کرنا۔ ہمدردی کرنا۔
(دَلّٰی) الدلوَ: ڈول ڈالنا۔
- الشیئَ فی المهواة: کسی چیز کو گہرائی میں لٹکانا۔
- فلانًا بغرورٍ: دھوکہ میں ڈالنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَدَلّٰهُمَا بِغُرُوْرٍ﴾۔
(تَدَلّٰی) قریب ہونا۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰی﴾ (۲) بلندی سے نیچے اترنا۔ جیسے تدلّی من الجبلِ (۳) کسی چیز کے قریب ہونا۔

Marfat.com

-الثمرُ من الشجرِ: پھل کا درخت سے نیچے لٹکنا۔
- علیهم من ارض کذا: کسی علاقہ سے لوگوں کے پاس آنا۔ کہتے ہیں۔ این تدلیت علینا؟۔
-فی المهواة: گڑھے یا غار میں اترنا۔
(ادْلَوْلٰی) تیز چلنا۔
(الدّالی) اترنے والا (۲) کردوں کے قبیلہ کا ایک فرد (ج) دُلاۃ (۲) نیم پختہ کھجور۔
(الدّالیۃُ) ڈول وغیرہ (۲) ڈول کے اوپر لگی ہوئی لکڑی جس سے رسی باندھی جاتی ہے (۳) رہٹ جس کے ذریعہ پانی نکال کر زمین کو سینچا جاتا ہے اسے ساقیہ اور ناعورۃ بھی کہتے ہیں (۴) وہ زمین جسے ڈول سینچا جاتا ہو (ج) الدّوالی۔
-الدّوالی ہلکے سیاہ انگور جن کے خوشے بڑے بڑے ہوتے ہیں اور ان کا منقی بنایا جاتا ہے (۲) ایک بیماری جس سے پنڈلیوں کی رگیں پھول جاتی ہیں۔
(الدّلاۃ) چھوٹا ڈول۔ (ج) دِلاً
(۲) ڈوچی۔
(الدّلْوُ) ڈول (۲) بالٹی (مذکر و مؤنث) (ج) دِلاءٌ و دُلِیّ و اَدْلٍ (۳) ایک آسمانی برج کا نام۔

(دَمِثَ) المکانُ و نحوُہ ــَ دَمَثًا نرم، ہموار ہونا۔ ھو دَمِثٌ وھی دمِثَۃٌ (ج) دماثٌ و ھو وھی دَمْثٌ (ج) اَدماث و دماث۔
(دَمُثَ) الرجلُ ــُ دماثۃ و دُمُوْثۃ نرم مزاج، خوش اخلاق ہونا۔ ھو دمیثٌ۔ (ج) دماث ارضٌ دمثۃٌ نرم زمین (ج) دماث۔
(دمّث) الشیٔ بیدہ کسی چیز کو ہاتھ سے نرم کرنا۔
المدمّثۃ ... اوصاف کرنا اور بچھانا۔
الحادث لفلان ... بات کا ابتدائی حصہ

بتانا تاکہ پوری بات یاد آ جائے۔
(الدّمْثاءُ) نرم و ہموار زمین۔
(دَمَجَ) اللیلُ ــُ دُمُوْجًا: رات کا تاریک ہونا۔
-الحیوانُ: جانور کا چھوٹے قدموں سے تیز چلنا جیسے دمج البعیر و نحوہُ والارنب فی عدوِھا۔
-الشیٔ فی الشیٔ: ایک چیز کا دوسری میں پیوست ہو جانا۔
-فی البیت: آدمی کا گھر میں جم کر بیٹھ جانا۔
-الامرُ: معاملہ کا ٹھیک و درست ہونا۔
-علی القومِ: بغیر اجازت کے داخل ہونا۔
-الماشطۃُ الشَّعرَ دَمْجًا: خادمہ کا بالوں کی چوٹی بنانا۔
(اَدْمَجَ) الشیٔ: کپڑے میں لپیٹنا۔
-الحَبْلَ: رسی کو باریک بٹ دے کر مضبوط کرنا۔
-الامرَ: معاملہ کو پختہ کرنا۔
-الماشطۃُ الشعرَ: خادمہ کا بالوں کی چوٹی بنانا۔
-فلانٌ الفرسَ: گھوڑے کو کمزور کر دینا۔
-کلامَہ: بات کو پختہ اور سنجیدہ طریقہ پر کرنا۔
(دَامَجَہ) دل داری کرنا، اچھا سلوک کرنا۔
-فلانًا علی الامرِ وغیرہ: کسی سے کسی بات پر متفق ہونا۔
-فلانًا علیهم: کسی کو لوگوں سے ملا دینا۔
(ادّمج) الشیٔ فی الشیٔ پیوست ہو جانا۔ گڑ جانا۔
-الفرس: گھوڑے کا کمزور ہو جانا۔
(اندمَجَ) الشیٔ فی الشیٔ پیوست ہو جانا مدغم ہو جانا۔
(تَدَامَجُوْا) علی فلانٍ لوگوں کا کسی پر ہجوم کر کے آنا۔
-علی الشیٔ: کسی بات پر متفق ہونا۔
(تَدَمَّجَ) فی ثیابہ اپنے کپڑوں میں لپٹ جانا۔
(الدامِجُ) کہتے ہیں لیلٌ دامجٌ: تاریک رات۔
(الدِّمَاجُ): مضبوط و مستحکم۔ جیسے صلحٌ دُمَاجٌ وامرٌ دُمَاجٌ۔
(الدِّمَجُ): چوٹی، گندھے ہوئے بال۔
(الدِّمْجُ): ہم جولی، دوست۔
(الدُّمْجَۃُ): طریقہ ھو علی تلک الدُّمْجۃ وہ اس طریقہ پر ہے۔
(الدُّمَیْجَۃُ): گھر میں سویا رہنے والا آدمی۔
(۲) نکما، بے فیض آدمی (۳) مضبوط آدمی۔
(المِدْمَاجَۃُ): معاملات طے کرنے والا آدمی۔
(المُدْمَجُ): جوئے کا تیر (۲) مضبوط جسم کا آدمی
(دَمْدَمَ) علیہ: غصہ ہونا۔
قرآن مجید میں ہے ﴿فَدَمْدَمَ عَلَیْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْبِهِمْ﴾۔
-القومَ و علیهم ہلاک کر دینا۔
-الشیٔ جڑ سے اکھیڑ دینا، برباد کرنا۔
-علیہ القبر وَمَا اشبَهَہ قبر وغیرہ کو اوپر سے برابر کر دینا۔
(تَدَمْدَمَ) الجرحُ زخم کا بھر جانا۔
(الدُّمَادِمُ) ایک سیال روغنی مادہ جو صنوبر وغیرہ کے درخت سے حاصل کیا جاتا ہے۔
(الدِّمْدِمُ) سوکھی گھاس۔
(دَمَرَ) فلانٌ ــُ دُمُوْرًا و دَمَارًا ہلاک ہونا، ھو دامرٌ۔
-علیهم دُمُوْرًا بغیر اجازت کے داخل ہونا۔
(۲) بری نیت سے اچانک پہنچنا۔ حدیث میں ہے (مَنْ یَسْبِقْ طرفُہ استئذانہ فقد دَمَرَ)
(دَامَرَ) اللیلَ رات جاگ کر گزارنا۔
(دَمَّرَ) الشیٔ ہلاک و برباد کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿تُدَمِّرُ کُلَّ شَیْءٍ بِاَمْرِ رَبِّهَا﴾۔
-القومَ و علیهم ہلاک کرنا۔
قرآن مجید میں ہے ﴿دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ وَلِلْکٰفِرِیْنَ اَمْثَالُهَا﴾۔
(دَمَسَ) الظلامُ ــِ دَمْسًا و دُمُوْسًا تاریکی کا زیادہ ہونا۔ دَمَسَ اللیل بھی کہتے ہیں رات۔

Marfat.com

ہیں۔ھو دامِسٌ۔
-الموضعُ: جگہ کا نام ونشان مٹ جانا۔
-بینھم: صلح کروانا۔
-الشیءَ دَمْسًا: ڈھانپنا۔
-علیه الخبرَ: کسی سے بات چھپانا۔
-فلانًا فی الارضِ: زندہ یا مردہ دفن کرنا۔
(دَمِسَتْ) یَدُہ ــَـ دَمَسًا: ہاتھ کا گندگی میں آلودہ ہونا۔
(اَدْمَسَ) اللیلُ: رات کا تاریک ہونا۔
-الشیءَ: ڈھانپنا۔
(دَامَسَه): دل کی بات کو چھپانا۔
(دَمَّسَ) الشیءَ: ایک چیز کو دوسری کے نیچے چھپانا۔
-فلانًا: دفن کرنا (۲) گندہ کرنا۔
-الخمرَ: شراب کو مٹکے میں بند کرنا۔
-قِدْرَ الفُوْلِ: فول (لوبیا) کے دیگچے کو گرم راکھ میں رکھنا۔
(اندَمَسَ) الرجلُ: تہ خانہ میں داخل ہونا۔
(تَدَمَّسَتِ) المرأةُ کذا: عورت کا گندگی سے ہاتھ آلود کرنا۔
(الاُدْمُوْسُ) لیلٌ اُدْمُوْسٌ: تاریک رات۔
(الدَّامُوْسُ): شکاری کے چھپنے کی جگہ (ج) دوامیس۔
(الدِّمَاسُ): ہر چھپانے اور ڈھانکنے والی چیز۔ (۲) مشکیزہ پر ڈالی جانے والی چادر۔
(الدُّمْسُ): دور سے دکھائی دینے والی آدمی جیسی صورت۔مشبہ۔
(الدُّمُسُ): اہم اور بڑے معاملے۔جیسے جاء ھم بامورٍ دُمُسٍ۔ (غالبًا یہ دامس کی جمع ہے)۔
(الدِّمْسُ): تنور کی گرم راکھ (۲) جانوروں کی لید یا گوبر وغیرہ جس میں گھس بھر کر جلایا جاتا ہے (محدثہ)۔
(الدَّمُسُ): ہر ڈھکی ہوئی چیز۔
(الدَّمِیْسُ): ہر ڈھکی ہوئی چیز۔
(الدِّیْمَاسُ): تہ خانہ (۲) اندھیری سرنگ (۳) حمام (ج) دیامیس و دمامیس۔

(المُدَمَّسُ) قید خانہ، جیل۔
(المُدَمَّسُ): وہ برتن وغیرہ جس میں شہد کی چکناہٹ لگی ہو (۲) دیگچی وغیرہ کو بند کر کے بھاپ سے پکایا ہوا فول (لوبیا) (محدثہ)۔
(دَمِشَ) فلانٌ ــَـ دَمَشًا: گرمی یا کسی دوا کی وجہ سے بوکھلا جانا۔ھو دَمِشٌ (مع)۔
(اَدْمَشَه): لپیٹنا، ملانا۔
(دَمَّشَه): اَدْمَشَه۔
(دَمْشَقَ) فی الشیءِ: جلدی کرنا۔
-العملَ و نحوهُ: کام کی ادائیگی میں جلدی کرنا۔
-الشِواءَ: گوشت کو ہلکا سا بھوننا۔
-الشیءَ: مزین کرنا۔
(الدُّمَاشِقُ): بہت تیز رفتار۔
(الدِّمَشْقُ): بہت تیز رفتار۔
(دَمَصَ) ــُـ دَمْصًا: جلدی کرنا۔
-الانثی: مادہ کا نامکمل بچہ جننا۔
(دَمِصَ) راسُه ــَـ دَمَصًا: سر کے بالوں کا کم ہونا۔ھو اَدمَصُ وھی دَمْصَاءُ (ج) دُمْصٌ۔
(الدَّوْمَصُ): لوہے کا خود۔
(دَمَعَتِ) العینُ ــَـ دَمْعًا و دَمَعَانًا: آنکھ کا آنسو بہانا۔
-الشجةُ: زخم سے خون بہنا۔
-المطرُ: بارش برسنا۔
-الجفنةُ: بڑے پیالے میں روغن کا لبالب ہو کر بہنا۔
-الثری او المکان: نمناک مٹی یا کسی جگہ سے شبنم کے قطرے نکلنا۔ ھو دامعٌ و دمّاعٌ۔
-البعیرَ: اونٹ کی آنکھ کے قریب آگ کا داغ دینا۔
(اَدْمَعَ) الاناءَ: برتن کو اتنا بھرنا کہ بہنے لگے۔
(الدِّمَاعُ): اونٹ کی آنکھ کے قریب لگائی ہوئی چھوٹی سی لکیر۔
(الدُّمَاعُ): چہرہ پر آنسو کا نشان (۲) بڑھاپے یا بیماری کی وجہ سے آنکھ میں جاری ہونے والا

پانی۔آب چشم۔
(الدَّمْعُ) آنسو (ج) اَدْمُعٌ و دُمُوْعٌ۔
(الدَّمِعُ) امرأةٌ دَمِعَةٌ: جلدی رونے والی اور زیادہ آنسو بہانے والی عورت۔
(الدَّمْعَانُ) قدحٌ دمعانٌ: لبالب بھرا ہوا پیالہ۔
(الدَّمْعَةُ): آنسو کا قطرہ (ج) دَمْعٌ۔ (جج) اَدْمُعٌ و دُمُوْعٌ۔
-شرب دمعة الکرْمِ: اس نے شراب پی۔
(الدَّمَّاعُ) یومٌ دمّاعٌ: پھوار، ہلکی بارش والا دن۔
(الدُّمَّاعُ): انگور کی بیل سے نکلنے والا رس۔ (۲) پیدائش کے بعد بچہ کے سر کا ہلتا ہوا حصہ۔
(الدَّمُوْعُ) عینٌ دَمُوْعٌ: زیادہ آنسو بہانے والی آنکھ (۲) جلدی رونے والی آنکھ۔
-ثَرًی دموعٌ وہ تر مٹی جس سے پانی نکل رہا ہو یا نکلنے کے قریب ہو۔
(الدَّمِیْعُ) من الرجال جلد رو پڑنے والا، زیادہ آنسو بہانے والا آدمی (ج) دَمْعٰی و دُمَعَاءُ، وھی دمیعةٌ (ج) دَمْعٰی و دُمَعَاءُ۔
(المَدْمَعُ): آنسو بہنے کی جگہ (۲) آنکھوں کے گوشوں میں آنسو جمع ہونے کی جگہ (ج) مَدَامِعُ۔
(دَمَغَ) فلانًا ــَـ دَمْغًا: ایسا زخم لگانا جس کا اثر دماغ تک پہنچ جائے (۲) دماغ نکال دینا۔ھو وھی دَمِیْغٌ (ج) دَمْغٰی۔
-الشمسُ فلانًا: سورج کی تپش کا دماغ کو تکلیف دینا۔
-فلانًا: غالب آنا، برتری حاصل کرنا۔ جیسے دَمَغَ الحقُّ الباطلَ حق نے باطل کو مٹا دیا۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَی الْبَاطِلِ فَیَدْمَغُهٗ﴾۔
-المعدن و نحوهُ: دھات وغیرہ پر نشان ڈالنا یا کسی خاص شکل میں ڈھالنا (محدثہ)۔
(اَدْمَغَ) الطعامَ: بغیر چبائے کھانے کو نگلنا۔
-فلانًا الی کذا: کسی کو کسی شے کا محتاج بنانا۔
(دَمَّغَ) الثریدةَ بالدَّسَمِ: ثرید وغیرہ کو روغن ملا

Marfat.com

کر ملائم کرنا۔
(الدّامغة): دماغ تک پہنچنے والا زخم جس سے آدمی مر جاتا ہے (۲) دو کھڑی لکڑیوں کے درمیان میں لگائی ہوئی لکڑی جس سے مشک کو لٹکایا جاتا ہے (۳) وہ لوہا جس سے پالان کا پچھلا حصہ باندھا جاتا ہے۔
(الدّاموغ – والدّاموغة): زخم ڈالنے والی چیز۔
(الدِّمَاغ): بھیجا، دماغ (۲) سر (ج) أدمغة۔
(الدَّمْغَة): مہر (مُ)۔
(دمغة المسكوكات): سکوں پر لگی ہوئی سرکاری مہر جس سے وزن کی تصدیق ہوتی ہے (مُ)۔
(دَمَقَ) ـُ دُمُوقًا: بغیر اجازت کے اچانک داخل ہونا۔ جیسے دَمَقَ علی القوم و دَمَقَ فی المکان۔
-القومُ فی الخمرِ: شراب پر ٹوٹ پڑنا اور خوب پینا۔
-الشئَ: اچک لینا۔
-فی غیرہ: ایک چیز کو دوسری میں پیوست کر دینا۔ هو مدموق و دمیق۔
-فاہٗ: دانت توڑ دینا۔
(دَمَّقَ) العجین: گوندھے ہوئے آٹے کو خشکا لگانا۔
(اندمَقَ) رأسُ الفخذ: ران کے سر کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
-فیه و منه: نکلنا۔
(الدَّمَقُ): انسان کو ہر طرف سے گھیرنے والی ایسی ٹھنڈی ہوا جو ہلاک کرنے کے قریب ہو۔
(دَمْقَسَ) الثّوبَ: ریشم کا کپڑا بننا۔ هو مُدَمْقَسٌ۔
-(الدِّمَقَاس والدِّمَقْس): ریشم۔ امراؤ القیس کا شعر ہے۔

فظلّ العذاری یرتمین بلحمها
و شحمٍ کهُدّاب الدِّمقسِ المفتّلِ

(دَمَكَ) فی مشیه ـُ دُمُوكًا: تیز چلنا۔
الشئُ: چکنا ہونا۔
-الشمسُ فی الجوّ دَمْكًا: سورج کا بلند ہونا۔
-الشئَ: کوٹنا، پیسنا۔
-الرِّشاءَ: رسی کو بٹنا۔ هو دامِكٌ و دَمُوكٌ والمفعولُ مَدْمُوكٌ۔
(الدَّمُوكُ) رحیً دَمُوكٌ: تیز پیسنے والی چکی (ج) دُمُكٌ۔
(المِدْمَاكُ): چنائی میں اینٹوں کا ایک ردا (۲) معمار کا سوت جس کے ذریعہ اینٹوں کا ردا درست کیا جاتا ہے (۳) پتھر توڑنے کا آلہ۔
(المِدْمَكُ): بیلن (روٹی کو پھیلانے کا آلہ)۔
(دَمَلَ) الدُّمَّلَ ـُ دَمْلًا و دَمَلَانًا: پھوڑے کا علاج کرنا۔
-الارضَ: زمین میں کھاد ڈال کر درست کرنا۔ هو دامِلٌ و دَمَّالٌ۔
-القومَ: لوگوں کے ساتھ گھل مل جانا اور ان کی باتوں کو اپنا لینا۔
(دَمِلَ) جُرْحُه ـَ دَمَلًا: زخم کا درست ہونا۔
(أدْمَلَ) الارضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔
(دامَلَه): کسی کے ساتھ معاملہ ٹھیک کرنے کے لئے نرمی سے پیش آنا۔
(ادَّمَلَ) الجرحُ: زخم بھر جانا۔
(اندمَلَ) الجرحُ: زخم اچھا ہونے کے قریب ہونا۔
-المریضُ: مریض کا مرض یا زخم اچھا ہونے کے قریب ہونا۔
(تَدَامَلَ) القومُ: باہم صلح کر لینا۔
(تَدَمَّلَتِ) الارضُ: زمین کا کھاد کی وجہ سے درست ہونا۔
(الدَّمَالُ): کھاد (۲) پرانی بدبودار کھجوریں (۳) کھجور جو پکنے سے پہلے ہی خراب اور سیاہ ہو گئی ہو (۴) سمندر سے آیا ہوا کوڑا کرکٹ۔
(الدُّمَّلُ): پھوڑا۔
(الدُّمَّلُ) پھوڑا (ج) دَمَامِل و دمامیل۔
(دَمْلَجَ) الشئَ دَمْلَجَةً و دِمْلَاجًا: ملانا، برابر کرنا۔
(دُمْلِجَ) جسمُه: گٹھے ہوئے گوشت والا ہونا۔
(الدُّمْلُجُ والدُّمْلُوجُ): بازو بند، کنگن (۲) چکنا پتھر (ج) دمالج و دمالیج۔
(دَمْلَقَ) الشئَ: برابر کرنا، چکنا کرنا۔
(الدُّمْلُوقُ والدُّمَالِقُ): گول اور چکنا (ج) دَمَالیق۔
(دَمْلَكَ) الشئَ: چکنا اور گول کرنا۔ هو مُدَمْلَكٌ۔
(تَدَمْلَكَ) الشئُ: چکنا اور گول ہونا۔
-ثدیُ الجاریة: لڑکی کے پستانوں کا گول اور اٹھا ہوا ہونا۔
(الدُّمْلُوك): گول سیاہ پتھر (ج) دمالیك۔
(دَمَّ) ـِ دَمَامَةً: بدشکل ہونا، جسم کا چھوٹا اور بھدا ہونا (۲) برا ہونا۔ هو دمیمٌ (ج) دِمَامٌ وهی دمیمةٌ (ج) دِمَامٌ و دمائمُ۔
-علی الشئِ: ڈھانپ دینا۔ جیسے دَمَّ علیه القبرَ۔
-الوجهَ: منہ پر پاؤڈر وغیرہ ملنا۔
-الثّوبَ: کپڑے کو رنگنا۔
-البیتَ: گھر میں قلعی کرنا، سفیدی کرنا۔
-السفینةَ: کشتی یا جہاز پر تارکول ملنا۔
-العینَ الوجعةَ: دکھتی آنکھ پر لیپ کرنا۔
-الصدغَ بالدّمِ والشعرِ المُحْرَقِ: بال جلا کر خون میں ملا کر کنپٹی پر ملنا۔
-الارضَ: زمین کو ہموار کرنا۔
-الكماةُ: سانپ کی چھتری کو مٹی سے ڈھانکنا۔
-الیربوعُ فمَ جحرہ: جنگلی چوہے کا مٹی سے اپنے بل کو بند کرنا۔
-جُحْرَهٗ: جانور کا اپنے بھٹ کو صاف کرنا۔
-فلانًا: سخت تکلیف دینا (۲) سر کچلنا۔ دَمَّ راسَه بھی کہتے ہیں (۳) مارنا۔
-القومَ: ہلاک کرنا۔ تباہ و برباد کرنا۔
(دُمَّ) الجسدُ: بدن پر گوشت چڑھ جانا کہ ہڈیاں چھپ جائیں۔ دُمَّ وجهُه بھی کہا جاتا ہے۔

Marfat.com

(دَمَّ) ـُ دَمَامَةً: بدشکل ہونا۔ چھوٹے اور بھدے جسم والا ہونا۔ هو دميمٌ (ج) دِمَامٌ وهي دميمةٌ (ج) دمامٌ و دمائم۔
(اَدَمَّ) فلانٌ: بدخلقت بچہ جننا۔ (٢) برا کام کرنا۔
(الدَّامَّاءُ): جنگلی چوہے کا بل (٢) وہ مٹی جیسے جنگلی چوہا جمع کرتا ہے اور اس کو بل سے نکال کر اس کا دروازہ اس مٹی کے ذریعہ برابر کرتا ہے (ج) دوامّ۔
(الدِّمَامُ): سرخی جو عورتیں چہرہ پر خوشنمائی کے لئے استعمال کرتی ہیں (٣) ہر وہ چیز جو چہرے پر ملی جائے۔
(الدَّمُ): الدّم (دیکھئے: د م ی)۔
(الدَّيْمُومُ و الدَّيمومةُ): وہ جنگل جس میں پانی نہ ہو۔
(المِدَمَّةُ): دندانوں والا لکڑی کا آلہ جس سے زمین کو ہموار کیا جاتا ہے۔
(دَمَنَ) الأرضَ ـُ دَمْنًا: زمین میں کھاد ڈالنا۔
(دَمِنَ) قَلْبُهُ ـَ دَمْنًا: کینہ رکھنا' کہتے ہیں دَمِنَ فلانٌ علٰی فلان۔
-علی الشیئ: لازم پکڑنا' پابند ہونا۔
(اَدْمَنَ) الشرابَ ونحوهُ: شراب وغیرہ کا پابند و عادی ہونا۔
-الامرَ و علیه: ہمیشگی اختیار کرنا۔
(دَمَّنَتِ) الماشيةُ المكانَ: جانور کا کسی جگہ کو غلاظت گاہ بنا دینا۔
-الماءَ: جانور کا پانی میں پیشاب کرنا۔
-القومُ الموضعَ: لوگوں کا کسی جگہ کو کالا اور گندا کرنا اور کوڑے کا ڈھیر بنانا۔
-بابَه: کسی کے دروازہ پر پڑے رہنا' الگ نہ ہونا۔
(تَدَمَّنَ) المكانُ و الماءُ: پانی یا کسی جگہ اونٹ یا بکری کی مینگنیاں کرنا۔
(الأَدْمَانُ): کھجور کے درخت کا تعفن اور سیاہی۔
(الدَّمَّانُ): کھار (٢) ریت۔
(الدَّمَّانُ): زمین میں کھاد ڈالنے والا۔
(الدَّمُّونُ): برا' بدشکل۔
(الدِّمْنُ): کھاد' غلاظت۔
-فلانٌ دِمنُ مالٍ: فلاں مال کا محافظ ہے اس سے الگ نہیں ہوتا۔
(الدِّمْنَةُ): لوگوں کے چھوڑے ہوئے نشانات (٢) گھر کے نشانات (٣) کوڑا خانہ (٤) پانی کے حوض کے پاس مٹی میں ملی ہوئی اونٹوں کی مینگنیاں (٥) حوض میں بچا ہوا پانی (ج) دِمَنٌ و دِمْنٌ۔ (٦) پرانا کینہ و دشمنی (٧) کینہ۔
فلانٌ دِمنة مال: وہ مال سے الگ نہیں ہوتا۔
(دَمِيَ) الجرحُ ـَ دَمًى و دَمْيًا: زخم سے خون نکلنا اور نہ بہنا۔ هو دَمٍ۔
(اَدْمٰى) فلانًا: کسی کو مار کر خون نکالنا (٢) کسی کے ناک سے خون نکالنا۔
-الجرحَ: زخم سے خون نکالنا۔
(دَمّٰی) الجرحَ: زخم سے خون نکالنا۔
-لَه: خون بہا کر تقرب حاصل کرنا۔
-الشیئَ: مزین کرنا۔
-الشاةَ: بکری کو چرا کر خوب موٹا کر دینا۔
-الفتاةَ: لڑکی کو آراستہ کرنا۔ کہتے ہیں: خُذْ مَادَمّٰی لك: جو تم چاہو لے لو۔
(اِسْتَدْمٰی) الرجلُ: خون ٹپکنا۔
-الانفُ: نکسیر پھوٹنا۔
-غَرِيمَهُ: قرض دار سے نرمی کے ساتھ اپنا قرض وصول کرنا۔
(الدَّامِيْ): خون آلود۔
دامی الشَّفَتَيْنِ: وہ شخص جس کے ہونٹوں میں خون چمکتا ہو (٢) وہ شخص جو اپنی مطالبہ میں اٹل ہو۔
(الدَّامِيَةُ): سر کا زخم جس سے خون نکلے اور نہ بہے۔
(الدَّمُ): خون (ج) دِمَاءٌ و دُمِيٌّ۔
-دَمُ الأخوين: ایک دوا کا نام۔
(الدَّمَةُ): خون کا ٹکڑا۔
(الدُّمْيَةُ): ہاتھی دانت وغیرہ کی بنی ہوئی تصویر۔ اس سے حسن میں تشبیہ دی جاتی ہے (٢) تراشا ہوا حسین بت (٣) گڑیا۔ (ج) دُمًى۔
(المُدَمّٰى) گہرا سرخ۔ ثوبٌ مُدَمًّى وخيلٌ مُدَمًّى (٢) وہ تیر جسے تیر انداز ایک دوسرے پر پھینکتے ہیں۔

د .... ن

(دَنِيَ) ـَ دَنًا: جھکے ہوئے سر اور مڑے ہوئے سینے والا ہونا۔ هو اَدْنٰى وهي دَنْآء۔
(دَنُوَ) ـُ دُنُوءًا و دَنَاءَةً: کمینہ ہونا۔
(اَدْنَأَ): کمینی حرکت کرنا۔
(تَدَنَّأَ): دنُوَ۔
-فلانٌ نفسه: کمینگی پر اتر آنا۔
(الدَّنِيءُ): خسیس و کمینہ (ج) دُنَآء و أدنياءُ و أدناءٌ۔
(الدَّنِيئَةُ): عیب' کمینگی' گھٹیا درجہ کی بات (ج) دَنَايَا۔
(الدَّنِيَّةُ): الدَّنِيئَةُ۔
(دَنَحَ) ـَ دُنُوحًا: سر جھکانا (٢) ذلیل و تابع ہونا۔
(الدِّنْحُ): عیسائیوں کا ایک تہوار (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ظہور کا تہوار جو 6 جنوری کو منایا جاتا ہے) (مع)۔
(دَنَخَ) ـُ دَنْخًا: بوجھ کی وجہ سے بھاری قدموں سے چلنا۔
(دَنَّخَتِ) الكرةُ: گیند کا پچک جانا۔
(دَنْدَنَ) الرجلُ: ایسی ہلکی آواز سے بات کرنا جو سنی تو جائے لیکن سمجھ میں نہ آئے۔
-فلانٌ: ہلکی آواز میں گنگنانا۔
-الذبابُ: مکھیوں کا بھنبھنانا۔
-فلانٌ: کسی جگہ آمد و رفت رکھنا۔
(دَنَّرَ) الوجهُ: چہرہ کا روشن چمکدار ہونا۔
-الذهبَ: سونے کا دینار بنانا۔ دنّر الدنانير بھی کہتے ہیں۔
-الثوبَ: کپڑے پر دینار جیسے نقش و نگار بنانا۔
(دُنِّرَ) فلانٌ: بہت دیناروں والا ہونا۔
(تَدَنَّرَ): چہرہ کا روشن اور چمکدار ہونا۔
(الدينارُ): دینار۔ سونے کا قدیم سکہ۔

Marfat.com

-حشیشة الدینار: (دیکھئے: حشش)۔
(دَنِسَ)ثوبُہ ۔ دَنَسًا و دَناسة: کپڑے کا میلا اور غلاظت آلود ہونا۔
-عرضُہ و خلقُہ: عزت و اخلاق کا عیب دار ہونا۔ ھو دَنِسٌ (ج) اَدناس۔
(دَنَّسَ)ثوبَہ: کپڑے کو میلا کرنا۔
-عرضَہ و خلقَہ: عزت و اخلاق کو بٹہ لگانا۔
(تَدَنَّسَ)الثوبُ: کپڑے کا میلا ہونا۔
(الدَّنَسُ) میل (ج) اَدناس۔
(الدَّنَعُ) اونٹ کا وہ گوشت جسے ذبح کرنے والا پھینک دیتا ہے۔
(دَنِفَ) المریضُ ۔ دَنَفًا: مرض کا بڑھنا (۲) موت کے قریب ہونا۔ ھو دَنِفٌ (ج) اَدناف، وھو وھی وھم دَنَفٌ۔
-الشَّمسُ: سورج کا زرد اور چھپنے کے قریب ہونا۔
-الامرُ: کسی چیز کا قریب ہونا۔
(اَدْنَفَ)المریضُ: دَنِفَ ۔ اَدْنَفَهُ المَرَضُ بھی کہتے ہیں۔
(الدَّنَفُ) سخت بیماری (۲) وہ مریض جس کو سخت بیماری لاحق ہوئی ہو۔
(دَنَقَ)۔ دُنُوقًا: باریک بین ہونا، باریکیاں نکالنا۔
(دَنَّقَ) وجھُہ چہرہ پر بیماری یا تھکاوٹ کے اثرات ظاہر ہونا۔
-الشَّمسُ: سورج کا غروب کے قریب ہونا۔
-البخیلُ: کنجوس آدمی کا اخراجات میں تنگی کرنا (۲) حسابی باریکیاں نکالنا۔
-فی معاملاتہ: اپنے معاملات کی چھان بین کرنا۔
(الدَّانِقُ) درہم کا چھٹا حصہ (۲) دبلا، نظروں سے گرا ہوا (ج) دوانِقُ و دَوَانِیقُ۔
(الدَّوانیقی) معاملات اور حسابات کی تدقیق و چھان بین کرنے والا۔ اسکی مناسبت سے ابو جعفر منصور کو اس نام سے پکارا گیا۔
(دَنْفَسَ) عاجزی و انکساری سے سر جھکانا۔
(دَنْقَعَ)الرجلُ: فقیر ہونا۔

(دَنَّ) الذبابُ و نحوہُ ۔ دَنِینًا: مکھی کا بھنبھنانا۔
-فلانٌ: گنگنانا، غیر واضح کلام کرنا۔
(دَنَّ)الرجلُ ۔ دَنَنًا: کوزہ پشت ہونا، کبڑا ہونا۔
ھو اَدَنُّ وھی دَنَّاءُ (ج) دُنٌّ۔
-البیتَ: گھر کی چھت بنانا۔
(اَدَنَّ)بالمکانِ: کسی جگہ قیام پذیر ہونا۔
(دَنَّنَ): دَنَّ۔
(الدِّنانَةُ): کوزہ گری، مٹکے اور صراحیاں بنانے کا کام۔
(الدَّنُّ): مٹکا، مٹی کا بڑا برتن۔
(الدَّنّانُ): مٹکے بنانے والا۔
(دَنَا) منہ والیہ ولہ ۔ دُنُوًّا و دَنَاوَةً: قریب ہونا۔ ھو دانٍ (ج) دُناةٌ۔
(اَدْنٰی)الشیئُ: قریب ہونا۔
-الحاملُ: حاملہ عورت یا مادہ کا ولادت کے قریب ہونا۔ ھی مُدْنٍ و مُدْنِیةٌ۔
-الشیئَ: قریب ہونا۔
-السِّترَ او الثوبَ: پردہ یا کپڑا لٹکانا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَاءِ الْمُؤْمِنِينَ يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيبِهِنَّ ﴾۔
-بین الشیئین: دو چیزوں کو قریب کرنا۔
-القیدَ فی الدابةِ: جانور کی بیڑی کو تنگ کرنا۔
(دَنّٰی): اَدنٰی۔
(تَدَانٰی)القومُ: باہم قریب ہونا۔
(استدناہُ): قریب ہونا۔
(الادنیٰ): قریب تر۔ نزدیک ترین۔
(الدَّانیة) مؤنث الدانی ۔ فلان فی دنیا دانیة: وہ مزے کی زندگی گزار رہا ہے۔
(الدُّنا) الدنیا کی جمع (۲) نیکی یا بدی اور آدمی کے قریب۔
(الدُّنیا) مؤنث الادنیٰ: دنیا، موجودہ زندگی۔
-ھوا بن عمی دنیا دُنیًا: وہ میرا قریبی چچازاد بھائی ہے۔
-ھو یعیش فی دنیا الاحلام: وہ خوابوں کی دنیا میں رہتا ہے۔
-دنیا السُّرور: خوشی کا عالم (ج) دُنیً۔
(دِنْیًا): ھو ابن عمی دِنْیًا و دِنیاً: وہ میرے قریبی رشتہ دار کا بھائی ہے۔

و.........ہ

(دَهْ دَهْ): اونٹوں کو ڈانٹنے کی آواز۔
(دَهٍ دَهٍ): کہتے ہیں: اِلَّا دَهٍ فلا دَهٍ اگر یہ بات اب نہ ہوئی تو کبھی نہ ہوگی۔
(الدَّهْثُ): شکست خوردہ لشکر۔
(دَهْبَلَ): دوسرے سے آگے بڑھنے کے لئے بڑے بڑے لقمے بنانا۔
-اللقمةَ العظیمةَ: بڑے لقمہ کو نگلنا۔
(دَهَمَہ)۔ دَهْمًا: ہاتھ سے دھکا دینا۔
(۲) بہت زور سے روندھنا۔
(الدَّهْثَمُ)من الامکنة: روندی ہوئی ہموار اور نرم زمین (۲) نرم مزاج آدمی۔ رجلٌ دَهْثَمُ الخلق بھی کہتے ہیں (۳) سخی و فیاض آدمی (۴) سخت اونٹ (۵) سمندر۔
(دَهْدَقَ) فی ضحکہ دَهْدَقَةً: برے طریقہ سے ہنسنا (۲) زیادہ ہنسنا۔
-القطعةَ من اللحمِ: گوشت کی بوٹی کا اُبلتے وقت اوپر نیچے ہونا۔
-الشیئَ دهدقةً و دِهْداقًا: توڑنا۔
-اللحمَ: گوشت کاٹنا اور ہڈیاں توڑنا۔
(الدِّهداقُ): بری ہنسی (۲) تیز رفتاری۔
(دَهْدَمَ)البناءَ: عمارت کو ڈھانا اور ملبہ کو الٹ پلٹ کر دینا۔
(تَدَهْدَمَ): لازم دَهْدَمَ۔
(دَهْدَہَ)الحجرَ: لڑھکانا۔
-الشیئَ: توڑ کر اوپر نیچے کرنا۔
(تَدَهْدَہَ)الحجرُ: لازم دهدمہ۔
(الدَّهْدَاہ) چھوٹے اونٹ (۲) اونٹوں کی بڑی تعداد (ج) دهادِہ۔
(الدَّهْدَهان) سو سے زیادہ تعداد میں اونٹ (۲) بڑا اونٹ۔
(الدَّهْدَهَةُ): الدَّهْدَهان۔
(دَهْدٰی) الحجرَ، دهداةً و دهداءً:

Marfat.com

لڑھکانا۔
-الشیءَ: توڑکراوپر نیچے کرنا۔
(دَهَرَ)القومَ وبهم امْرٌ - دهرًا: لوگوں پر آفت آ جانا۔ دهرهم الجزَعُ: ان پر گھبراہٹ طاری ہوگئی۔
(داهَرَهٗ): مُداهَرَةً و دهارًا: لمبے اور غیر معینہ عرصہ تک کوئی معاملہ کرنا۔
-استاجَرَه مداهَرَةً وَدِهَارًا: ہمیشہ کے لئے کوئی چیز کرائے پر لینا۔
(دَهْوَرَ)الشیءَ: گڑھے میں گرادینا، پستی کی طرف لانا۔
-کَلامَه: مسلسل بولتے رہنا۔
-الحائط: دیوارکودھکا دے کرگرادینا۔
(تَدَهْوَرَ)الرّملُ: اکثر حصہ ٹوٹ کرگرجانا۔
-الشیءُ: اوپر سے نیچے کی طرف آنا۔
-اللیل: رات کا اکثر حصہ گزرجانا۔
(الدّاهِرُ)دهرٌ داهِرٌ: طویل عرصہ،لمبازمانہ (۲) سخت (۳)لا اٰتِیهِ دهرَ الداهرین: میں اس کے پاس کبھی نہ آؤں گا۔
(الدّاهِرَةُ)مؤنث الداهِر۔لمبی عورت کو کہتے ہیں انها لداهرة الطول۔
(الدَّهَارِیرُ): گذشتہ زمانہ کا اول حصہ۔(اس کا واحدنہیں)کان هٰذا فی دهر الدهارير (۲) مصائب و حوادثات زمانہ۔ دهرٌ دهاریر: سخت زمانہ۔
-دهورٌ دهاریر: مختلف زمانے۔
(الدَّهْرُ): زمانہ دراز (۲) دنیاوی زندگی کا پورا ایک زمانہ (۳) زمانہ (تھوڑا ہو یا زیادہ) (۴) ایک ہزار سال (۵) ایک لاکھ سال (۶) مصیبت و عذاب (۷) ہمت و ارادہ (۸) انتہاء مقصد جیسے مادهری بكذا: میرا اس سے کوئی مقصد نہیں۔ مادهری كذا: میرا ایسا کوئی ارادہ نہیں (۹) عادت (۱) غلبہ (ج) اَدْهُرٌ و دُهُوْرٌ، کان ذلك دَهْرَ النجم: یہ بات اس وقت کی ہے جب اللہ تعالیٰ نے ستاروں کو پیدا کیا یعنی قدیم زمانہ کی بات ہے۔

(الدَّهْرُ)،الدَّهْرُ (ج)اَدهار۔
(الدَّهْرِیُّ): دہریہ، کیمونسٹ، جو آخرت پر یقین نہ رکھتا ہو اور زمانے کی بقاء کا قائل ہو۔
(الدُّهْرِیُّ): پرانا عمر رسیدہ (۲) ماہر و ہوشیار۔
(الدَّهْوَرِیُّ): سخت و قوی آدمی۔
(الدَّهِیر)دهرٌ دهیرٌ: سخت زمانہ۔
(دَهْرَجَ): تیز چلنا۔
(دَهِسَ)المکانُ - دهَسًا: جگہ کا نرم ہونا۔
-المرأةُ: عورت کا بڑے سرین والی ہونا۔
-العَنزُ والرملُ: بکری یا ریت کا سیاہی مائل ہونا۔ هو اَدهَسُ وهی دهساءُ (ج) دُهْسٌ۔
(دَهُسَ)ـُ دَهَاسَةً و دُهُوْسَةً: خوش اخلاق و نرم مزاج ہونا۔
(اَدهَسَ)نرم جگہ پر چلنا (۲) نرم جگہ ٹھہرنا۔
-المکانُ: زیادہ نرم جگہوں والا مقام۔
(ادهاسَّ) النبتُ والارضُ والعنزُ: روئیدگی، زمین اور بکری کا رنگ ہلکا سرخی و سبزی مائل ہونا۔
(الدَّهَاسُ): نرم جگہ (جہاں نہ ریت ہو نہ گار نہ مٹی (۲) ہر انتہائی نرم چیز۔
-رجلٌ دهاسٌ: خوش اخلاق آدمی۔
-امرأةٌ دهاسٌ: بڑے سرین والی عورت۔
(الدَّهْسُ): نرم جگہ جہاں نہ ریت ہو نہ مٹی (۲) وہ زمین جس پر نہ زمین کا رنگ غالب ہو اور نہ نباتات کا بلکہ ایسا رنگ جو ابتدائی روئیدگی میں ہوتا ہے (۳) وہ پودا جس میں ہرا رنگ غالب نہ ہو (ج) اَدهاسٌ۔
(الدُّهْسَةُ): ریت کا رنگ جس پر ہلکی سی سیاہی ہو۔
(الدَّهَّاسُ): نرم مزاج آدمی۔
(الدَّهُوْس): شیر۔
(دَهَشَه)خطبٌ - دَهْشًا: حیران ہونا (۲) ہوش اڑنا، ہکا بکارہ جانا۔
(دَهِشَ)- دَهَشًا: حیران ہونا (۲) عقل ختم ہونا، ہکا بکا رہنا (عشق و محبت و گھبراہٹ کی وجہ سے)هو دَهِشٌ۔

(دُهِشَ)دَهَشَ هو مَدْهُوشٌ۔
(اَدْهَشَه)الحیاءُ وغیرُہ دَهْشَه۔
(دَهَّشَ)دَهِشَ۔
(دَهْشَرَ)الرجلُ پھرتی کے ساتھ کشتی لڑنا۔
-الامرَ: کسی کام کو نرمی برتے بغیر کرنا۔
(الدَّهْشَرَةُ): بڑی اونٹنی۔
(دَهَفَ)الشیءَ - دَهْفًا: زیادہ لینا۔
(اَدْهَفَ)الشیءَ: دَهَفَهٗ۔
(الدّاهِفُ): زیادہ چلنے سے عاجز و درماندہ۔
(الدّاهِفَةُ) مؤنث الداهف (۲) اجنبی عورت۔
(دَهَقَ)الكأسَ - دَهْقًا و دِهَاقًا: پیالہ یا گلاس کو بھرنا۔
-الماءَ: پانی کو زور سے انڈیلنا۔
-الشیءَ: کسی چیز کو توڑنا اور کاٹنا (۲) زور سے نچوڑنا (۳) ہاتھ سے دبا کر دیکھنا۔
-فلانًا: مارنا۔
(اَدْهَقَ) الكأسَ والماءَ: پیالے کو لبالب بھرنا۔ پانی کو زور سے گرانا۔
-فلانًا: جلدی کروانا۔
(دَهَّقَ)الشیءَ: تنگ کرنا (۲) نچوڑنا۔
(۳)توڑنا۔
(اَدْهَقَتِ)الحجارةُ: پتھروں کا باہم جڑ جانا، مضبوط ہوجانا۔
-الشیءَ: توڑنا (۲) نچوڑنا۔
(الدِّهَاقُ): كأسٌ دهاقٌ: چھلکتا ہوا جام (۲) پینے والوں کے لئے لگاتار چھلکتا ہوا جام (۳) صاف و شفاف۔
-ماءٌ دِهاقٌ: بہت زیادہ پانی۔
(الدَّهَقُ) شکنجہ جس میں پنڈلی کو بطور سزا کے کسا جاتا ہے (۲) شکنجہ میں کھنچوانے کی سزا۔
(الدَّهْقَةُ): مال کی مقدار۔
(دَهْقَنَ)فلانٌ: مال کا زیادہ ہونا۔
-القومُ فلانًا: لوگوں کا کسی کو سردار بنانا۔
-الطعامَ: کھانے کو نرم ملائم کرنا۔
(تَدَهْقَنَ)الرجلُ: سردار بننا (۲) مال کا زیادہ ہونا (۳) عقلمند بننا۔

Marfat.com

(الدِّهقان) گاؤں کا سردار' چوہدری۔ (۲) صوبہ کا گورنر (۳) تجربہ کار ماہر منتظم (۴) جاگیردار (۵) تاجر (ج) دهاقنة و دهاقين (مع)۔

(دَهَكَ) الشیَ ۔ دَهْكًا کوٹنا' پیسنا (۲) توڑنا۔

-الارضَ پیروں سے روندنا۔

(الدَّهْوَكُ) چکی (ج) دُهْكٌ۔

(تَدَهْكَرَ) فلانٌ اکڑ اکڑ کر چلنا۔

-المرأةُ عورت کا مٹکنا۔

-عليه کسی پر تیزی کے ساتھ کود پڑنا۔

(الدَّهْكَرُ) موٹا و قد۔

(تَدَهْكَمَ) کسی سنگین معاملہ میں کود پڑنا۔

- علی فلانٍ کسی کے سامنے بڑا بننا' زور دکھانا۔

(الدَّهْكَمُ) شیخ الفانی۔ قریب المرگ بوڑھا۔

(الدَّاهِلُ) پریشان، حیران و سرگرداں آدمی۔ (مقلوب داله)۔

(الدَّهْلُ) تھوڑی چیز (۲) تھوڑا سا وقت۔

مضی منَ اللَّيلِ دهلٌ رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔ بقی دهلٌ من الليل رات کا کچھ حصہ باقی ہے۔

(الدِّهْلِيزُ) ڈیوڑھی۔ گھر اور دروازہ کے درمیان کا راستہ (۲) محراب (مع) (ج) دهاليز۔

- ابناءُ الدهاليز گزرگاہوں سے اٹھائے جانے والے بچے۔

(دَهَمَه) أمرٌ ۔ دَهْمًا اچانک کوئی معاملہ پیش آنا (۲) کسی حادثہ کا سر پر آ پڑنا۔

القومُ فلانًا کسی کے پاس ایک ہی مرتبہ جماعت کی صورت میں آنا۔

(دَهِمَ) ۔ دُهْمَةً کالا ہونا۔

- الإبلُ اونٹوں کی سفیدی غائب ہو کر سیاہی مائل ہو جانا۔ هو أَدْهَمُ و هي دَهْمَاءُ۔ (ج) دُهْمٌ۔

فلانًا أمرٌ دَهْمًا دَهَمَه۔

(أَدْهَمَه) مجبور کرنا۔ تکلیف میں مبتلا کرنا۔

(دَهَّمَتِ) النارُ القدرَ آگ کا ہانڈی کو سیاہ کرنا۔

(ادهَمَّ) الفرسُ گھوڑے کا سیاہ ہونا۔

-ادهمّت القِدْرُ ہانڈی کا سیاہ ہونا۔

(ادهامَّ) الشیُ سیاہ ہونا۔

-الزرعُ کھیتی پر آب پاشی کی وجہ سے قدرے سیاہی آ جانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿مُدْهَامَّتَانِ﴾ وہ دونوں زیادہ سبزی کی وجہ سے سیاہ ہو گئے۔

(الأَدْهَمُ) گھر کے پرانے نشانات (ج) دُهْمٌ (۲) قید' بیڑی (ج) أَدَاهِم۔

(الدُّهَامُ) سیاہ۔

(الدَّهْمُ) بڑی تعداد۔ جاءَ هُمْ من الناس' جيشٌ دهمٌ بڑا لشکر۔ کہتے ہیں ما ادری ای الدَّهْمِ هو؟ خدا جانے وہ کونسی مخلوق ہے (۲) بہت بڑی مصیبت (ج) دُهُومٌ۔

(الدَّهْمَاءُ) مؤنث الأَدْهَم (۲) قمری مہینہ کی ۲۹ ویں رات (۳) خالص سرخ رنگ کی بھیڑ۔ (۴) حديقةٌ دهماءُ سیاہی مائل سرسبز و شاداب باغ (۵) عامۃ الناس (۶) آدمی کا چہرہ (۷) ایک گھاس جو ڈنٹھل اور پتوں دار ہوتی ہے اور اس پر سرخ پھول آتے ہیں۔ اس سے چیزوں کو دباغت بھی دی جاتی ہے (ج) دُهْمٌ۔

(الدُّهْمَةُ) سیاہی (۲) اونٹوں کا گہرا بھورا سیاہی مائل رنگ۔

(الدُّهَيْمُ) بے وقوف۔ الدُّهَيْم و ام الدُّهَيْم آفت، مصیبت۔

(الدُّهَيْمَاءُ) مصیبت' آفت زمانہ (۲) بھیانک مصیبت۔

(الدَّهْمَثَةُ) ارضٌ دَهْمَثَةٌ نرم زمین۔

(الدُّهْمُوثُ) شریف و کریم آدمی۔

(دَهْمَجَ) الرجلُ او البعيرُ قدم ملا کر تیز چلنا۔

- الهَرِمُ بوڑھے آدمی کا اس طرح چلنا جیسے بڑی پڑا آدمی چلتا ہے یعنی آہستہ چلنا۔ (۲) غیر متوازن طور پر چلنا۔

-الخبرَ کسی بات میں اپنے پاس سے اضافہ کرنا۔

(الدَّهَامِجُ) قدم ملا کر چلنے والا (۲) بہت بڑی چیز (۳) دو کوہان والی اونٹنی۔

(الدَّهْمَجُ) دیوہیکل چیز (۲) نرم و کشادہ۔

(دَهْمَسَ) الامرَ چھپانا۔

-فلانًا کسی سے سرگوشی کرنا (۲) حملہ کر کے زیر کرنا۔

(دَهْمَقَ) فِي الشَّيِّ جلدی کرنا۔

-الشیَ توڑنا۔

-الطحينَ آٹے کو باریک کرنا' میدہ بنانا۔

-الطعامَ کھانے کو عمدہ اور لذیذ بنانا۔

-الفاتِلُ الوترَ تانت بنانے والے کا تانت کو اول سے آخر تک یکساں بٹنا۔

-الكاتبُ الكتابَ کتاب کو بہتر بنانا۔

-القدَّاحُ القِدَاحَ تیر سازوں کا تیروں کو بہتر بنانا (۲) تیروں کو چیرنا۔

-الكلامَ عمدہ اسلوب سے کلام کرنا۔

(الدُّهَامِقُ) نرم مٹی۔ کہتے ہیں ارضٌ دهامِقٌ نرم و پتلی زمین۔

(دَهَنَتِ) الناقةُ ۔ دَهَانَةً و دِهَانًا دودھ کا تھوڑا ہونا۔

-فلانٌ دَهْنًا منافق ہونا۔

-فلانًا کسی کے ساتھ نفاق برتنا۔

- الشعرَ والرأسَ وغيرَهما بالوں یا سر وغیرہ کو تیل لگانا۔

-المطرُ الارضَ بارش کا زمین کو تھوڑا تھوڑا تر کرنا۔

- فلانٌ الارضَ زمین کو درست کرنا (۲) زمین میں کھاد ڈالنا۔

-فلانًا بالعصا لاٹھی مارنا۔

(دَهُنَت) الناقةُ ۔ دَهَانَةً و دِهَانًا دَهُنَتْ ۔ هي دَهِينٌ (ج) دُهُنٌ۔

(أَدْهَنَ) خلاف ضمیر بات کرنا (۲) دھوکا دینا' فریب کرنا (۳) چھپا چھپا کر بات کرنا۔

-في الأمرِ کسی معاملہ میں نرمی برتنا۔

Marfat.com

-علیه باقی رکھنا۔
-الجلد کھال کو تیل سے نرم کرنا۔
-فلاناً نرمی برتنا، رواداری کرنا۔
(دَهَنَ) الشعرَ والراسَ و غیرهما: دَهَنَه۔
(دَاهَنَ) مُدَاهنةً و دِهَانًا: خلاف ضمیر بات کرنا۔
-فلاناً دھوکہ دینا (۲) ملاوٹ کرنا (۳) دلجوئی کرنا، اچھا سلوک کرنا۔
(اِدَّهَنَ) تیل لگانا۔ اِدَّهَنَ بالدُّهْنِ۔
(تَدَهَّنَ) تیل لگانا۔
(اِدهانَّ) تیل لگانا۔
(تَمَدْهَنَ) تیل کی شیشی لینا۔
(الدَّاهِنُ) لحيةٌ داهِنٌ تیل لگی ہوئی داڑھی۔
(الدِهَانُ) پھسلاہٹ والی جگہ (۲) چکنا راستہ (۳) سرخ جلد (۴) پینٹ یا روغن یا تیل یا پالش وغیرہ جو کسی چیز پر ملا جائے۔ (۵) زیتون کے تیل کی تلچھٹ۔
(الدَّهَّانُ) تیل بیچنے والا (۲) تیل کا کاروبار کرنے والا۔
(الدُّهْنُ) تھوڑی سی بارش جس سے زمین کچھ تر ہو جائے (ج) دِهان۔
(الدِهْنُ) درندوں کے لئے ایک مہلک درخت۔
(الدُّهْنُ) حیوانات اور نباتات میں پایا جانے والا ایک منجمد چکنا مادہ۔ یہی مادہ جب سیال ہو جاتا ہے تو اسے تیل کہتے ہیں۔ (ع)
(۲) اتنی بارش جس سے زمین تر ہو جائے۔
(ج) اَدهان و دهان۔
(الدَّهْنَاءُ) صحرا، بیابان (۲) سرخ گھاس جس سے دباغت دی جائے۔
(الدُّهْنَةُ) تھوڑا سا تیل۔
-هو طيِّبُ الدُّهنة: وہ خوشبودار ہے۔
(الدَّهِينُ) شَعْرٌ دهينٌ ولحيةٌ دهينٌ: تیل لگے ہوئے بال اور داڑھی۔ رجلٌ دهينٌ: کمزور آدمی۔ اتى بامرٍ دهينٍ: اس نے معمولی کام کیا۔
- ظَنَّ بناظنًّا دهينًا: اس نے ہمارے بارے میں اچھا گمان قائم نہیں کیا۔
(المُدْهُنُ) تیل لگانے کا آلہ (۲) تیل کی شیشی۔
(المُدْهُنَةُ) تیل کی شیشی۔ تیل کی کپی۔
(۲) پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے۔
(۳) سیلاب کی وجہ سے پیدا ہونے والا گڑھا
(ج) مَدَاهِن۔
(المُدَّهَنُ) قومٌ مُدَّهَنُونَ جن لوگوں پر نعمت کے آثار ظاہر ہوں۔
(دَهْوَرَ) (دیکھئے دهر)
(تَدَهْوَرَ) (دیکھئے دهر)
(الدَّهورى) (دیکھئے دهر)
(دهاه) - دَهْوًا مصیبت ڈالنا (۲) عقل مند وسمجھدار قرار دینا۔
-الداهيةُ مصیبت کا اترنا۔
(دَهاه) - دَهْيًا و دهايةً مصیبت میں ڈالنا۔ مَا دَهَاكَ؟ تم پر کیا آفت آئی؟ (۲) عقلمند قرار دینا (۳) عیب نکالنا، ناممکن قرار دینا۔
(دَهِيَ) - دهاءً و دهاءةً و دَهْيًا: صاحب بصیرت چالاک وہوشیار ہونا۔ هو داهٍ (ج) دُهاةٌ و هو دَهٍ (ج) دَهُونَ۔
(دَهُوَ) الرجلُ - دَهاءً عقل مند ہونا۔ هو دَهِيٌّ (ج) اَدْهِياء و دُهَوَاءُ۔
(اَدْهَى) الرجلُ عقلمند اولاد والا ہونا۔
-فلاناً عقل مند پانا۔
(داهاه) مصیبت پہنچانا۔
(دَهَّاهُ) ہوشیار و چالاک قرار دینا۔
(تَدَهَّى) دَهِيَ۔
(الدَّاهِي) شیر۔
(الداهيةُ) رجلٌ داهيةٌ: صاحب بصیرت معاملہ فہم آدمی (۲) مصیبت و آفت (ج) دواهٍ۔ دواهي الدهر: آفات و مصائب زمانہ۔
(الدَّهاءُ) عقل (۲) رائے کی عمدگی۔
(الدَّهْوُ) عقل۔
(الدَّهْوَاءُ) داهيةٌ دهواءُ: سخت مصیبت۔
(الدَّهْوِيَةُ) داهيةٌ دُهْوِيَةٌ زبردست مصیبت۔
(الدَّهْيُ) ناپسندیدہ بات۔
(الدَّهْيَاءُ) داهيةٌ دهياءُ زبردست مصیبت۔

و .... ء

(دَاءَ) الرجلُ - دَوْءًا و داءً و داءةً بیماری لاحق ہونا۔ هو داءٌ (ج) ادواءٌ۔ وهي داءٌ و داءةٌ کہتے ہیں۔ قد دِئتَ یا رجل: جناب آپ تو بیمار ہو گئے ہیں۔
(اَداءَ) الرجلُ بیمار ہونا۔
-جوفُهُ پیٹ میں درد ہونا۔
-فلاناً بیمار کر دینا۔
-فلانٌ شک میں پڑنا۔
-فلاناً شک میں ڈالنا۔
(اَدْوَأَ) الرجلُ بیمار ہونا (۲) شک کرنا۔
-فلاناً شک میں ڈالنا۔
(الدَّاءُ) بیماری، مرض (ظاہری ہو یا باطنی) (۲) عیب (ظاہری ہو یا باطنی) فلانٌ مَيِّتُ الدَّاء فلاں آدمی اپنے ساتھ برائی کرنے والے سے بغض نہیں رکھتا۔
-داءُ الاسد بخار، زکام۔
-داءُ الظبي صحت و چستی۔
-داءُ الملوك نقرس کی بیماری، گھٹیا۔
-داءُ الكرم قرض و ناداری۔
-داءُ الضرائر دائمی فتنہ۔
-داءُ البطن زبردست فتنہ و فساد۔
-داءُ الذئب بھوک (ج) اَدواء۔
(الدَّيِّئُ) بیمار، مریض۔

و .... و

(الدُّوبارةُ) دوہرا دھاگا یا ڈورا جس سے سلائی کی جائے (فارسی لفظ)۔
(الدَّوْبَلُ) (دیکھئے دبل)
(داجَ) - دَوْجًا خدمت کرنا۔
(الدَّاجةُ) چھوٹی چھوٹی ضروریات (۲) لشکر وفوج کے خدمتگار۔

Marfat.com

(الدَّوّاج) موٹا کوٹ۔
(الدُّوّاج) موٹا کوٹ۔
(دَاحَتِ) الشجرةُ ـُ دَوحًا: درخت کا بڑا اور بھاری بھرکم ہونا۔ ھی دائحةٌ (ج) دوائح۔
-بطنہ پیٹ کا بڑا ہونا اور نیچے کی طرف لٹک جانا داحت سرّتہ بھی کہتے ہیں۔
(دَوَّحَ) مالہ مال کو تقسیم کرنا۔
(اَنْدَاحَ) بطنہ دَاحَ۔
(تَدَوَّحَ) بطنُہ دَاحَ۔
(الدَّاحُ) نقش ونگاری، بیل بوٹے (۲) پھول دار منقوش کپڑا (۳) وہ نقش ونگار جن سے بچے کھیلتے ہیں (۴) مضبوط بنا ہوا کنگن (۵) ایک قسم کی زرد سیال خوشبو۔
(الدَّاحةُ) نقش ونگار والے کپڑے (۲) دنیا۔
(الدَّوحُ) بالوں سے بنا ہوا بڑا خیمہ۔
(الدَّوْحَةُ) بڑا پھیلا ہوا گنجان درخت۔ (ج) دَوْحٌ (جج) ادواح — ھو من دوحة الکرم وہ شریف النسل ہے (۲) بڑا سا سایان۔
(الدَّوّاحُ) عذقٌ دوّاحٌ بھاری اور لمبی شاخ۔
(دَاخَ) الرجلُ او البعیرُ ـُ دَوخًا: ذلیل و تابع ہونا۔
-الناسَ لوگوں کو تابع بنانا: ذلیل کرنا۔
-البلادَ ملکوں پر قبضہ کر کے تسلط قائم کرنا۔
(اَدَاخَ) الرجلَ او البعیرَ: ذلیل و تابع بنانا۔
(دَوَّخَ) الرجلَ او البعیرَ اداخہ۔
-الوجعُ راسَہ درد کی وجہ سے سر چکرانا۔
-الحرُّ فلانا گرمی کا کسی کو کمزور کر دینا۔
-المکانَ چکر لگانا۔
Marfat.com

(رَبَّاہٗ): بڑھانا' پرورش کرنا۔
-فلاناً: تعلیم وتربیت کی نگہداشت کرنا' تربیت کرنا۔
-الاُتْرُجَّ: مربہ بنانا۔ ربّی الفاکھۃ بھی کہتے ہیں۔
(تَرَبّیٰ): پرورش پانا' بڑھنا' تربیت پانا' تعلیم حاصل کرنا۔
(الاُرْبِیَّۃُ): (دیکھئے: ارب)
(الرَّابِیَۃُ): ٹیلہ' زمین سے بلند جگہ۔
- اَخَذَہٗ اَخْذَۃً رابیۃً: اس کو انتہائی سختی سے پکڑ لیا (ج) رواب۔
(الرِّبا) زیادتی' اضافہ (۲) شریعت میں ربوا اس فاضل مال کو کہتے ہیں جو کسی عوض کے بغیر معاملہ کا ایک فریق دوسرے سے طے شدہ شرط کے تحت حاصل کرے (۲) علم الاقتصاد کے مطابق ربا اس رقم کو کہتے ہیں جو قرض لینے والا مقررہ شرائط کے ساتھ اصل قرض کے علاوہ ادا کرتا ہے (مج)
(الرِّباءُ) احسان۔ جیسے لفلان علی فلان رباء۔
(الرَّباءُ): الرِّباء۔
(الرُّبَاۃُ والرُّبَاوَۃُ) ٹیلہ۔
(الرَّبْوُ) ٹیلہ (۲) دمہ کی بیماری (مج)
(الرَّبْوَۃُ) ٹیلہ (۲) دس ہزار کے کم وبیش جماعت (ج) رُبًی۔
(المُرَبّی) پھلوں کا مربہ (ج) مُرَبَّیات (مو)۔

ر .... ت

(رَتَاَ)- رُتُوءًا قیام کرنا۔
- البعیرُ رَتَأَنًا اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔
-فُلاناً رَتْئًا و رُتُوءًا گلا گھونٹنا۔
-العُقْدَۃَ گرہ کو مضبوط کرنا۔
(اَرْتَاَ) ہلکے ہلکے ہنسنا۔ اَرْتَأَ ضحکۃً بھی کہتے ہیں۔
(رَتَبَ)- رُتُوبًا ثابت قدم رہنا' دشوار جگہ پر ٹھہرنا۔
-فلانٌ: سیدھا کھڑا ہونا (۲) مالداری کے بعد لوگوں سے مانگنا۔
-الشیءُ: جمانا' ٹھہرانا۔
(رَتَّبَہٗ): جمانا' ٹھہرانا (۲) ترتیب وسلیقہ سے رکھنا۔ رَتَّبَ الطلائعَ فی المراتب والمراقب۔
(اَرْتَبَ): رَتَبَ۔
(تَرَتَّبَ): مرتب ہونا۔
-علیہ کذا: نتیجہ نکلنا (۲) دارومدار ہونا۔
(الرَّاتِبُ): قائم ودائم۔ رزقٌ رَاتِبٌ: برقرار رہنے والا رزق (۲) روزینہ' تنخواہ' مشاہرہ' وظیفہ' پنشن (محدثہ)
(الرُّتْبَۃُ): درجہ' مرتبہ' منصب' عہدہ' حیثیت (۲) اعزازی ڈگری جو حکومت کی جانب سے کسی کو بطور اعزاز دیجاتی ہے (ج) رُتَبٌ۔
(الرَّتَبَۃُ): زینہ کی سیڑھی (۲) متعدد اونچی نیچی چٹانوں میں سے ایک (۳) بلند زمین (۴) انگلیوں کے درمیان کا خلا (۵) سختی' مصیبت (ج) رَتَبٌ۔
(المَرْتَبَۃُ) درجہ' بلند مرتبہ' عہدہ۔ (۲) سخت مقام' حالتِ مشقت۔ حدیث میں ہے (مَنْ مَاتَ علی مرتبۃ من ھذہ المراتب بُعِثَ علیھا) (۳) (علم حساب کے مطابق) وہ جگہ ہے جہاں کوئی عدد اپنی مخصوص قیمت کا حامل ہو' جیسے مرتبہ الآحاد: اکائیوں کی جگہ۔
-مرتبۃ العَشَرات: دھائیوں کی جگہ (مج)
(المُرَتَّبُ) تنخواہ' وظیفہ (ج) مُرَتَّبَاتٌ۔
(رَتَّ)- رَتَتًا و رَتَّۃً: ہکلا ہونا' توتلا ہونا۔
ھو اَرَتُّ وھی رَتَّاءُ (ج) رُتٌّ۔
(اَرَتَّہٗ) اللہُ: توتلا اور ہکلا بنانا۔
(الاَرَتُّ) ہکلا آدمی' توتلا آدمی (ج) رُتٌّ۔
(الرَّتُّ) رئیس' سربراہ (۲) سردار (ج) رُتُوتٌ۔
(الرُّتَّۃُ): ہکلاہٹ' تتلاہٹ۔
(الرُّتّی) توتلی' ہکلی عورت۔
(رَتَجَ) الصَّبِیُّ - رَتَجَانًا: بچہ کا چلنا۔
- البابَ دروازہ بند کرنا۔ ھو اَرْتَجُ ھی رَتْجاء (ج) رُتْجٌ۔
(رَتِجَ)- رَتَجًا: مقرر کا بولتے ہوئے رک جانا اور بات زبان پر نہ آنا۔
(اَرْتَجَ) البحرُ: سمندر کی موجوں کا ٹھاٹھیں مارنا۔
-الدجاجۃُ: مرغی کا پیٹ انڈوں سے بھر جانا۔
-السنۃُ: پورے سال قحط رہنا۔
-الثلجُ: برف باری ہونا۔
-الخِصْبُ: ہر جگہ شادابی پھیلنا۔
-الأتانُ: گدھی کا حاملہ ہونا۔
-البابَ: دروازہ کا بند کرنا۔
(اُرْتِجَ) علیہ: بولتے ہوئے زبان کا بند ہو جانا۔
(الرَّاتینیج) (دیکھئے: راتینج)
(الرِّتَاجُ): بڑا دروازہ' گیٹ (۲) دروازہ (ج) رُتُجٌ۔
(الرِّتَاجَۃُ): تنگ گھاٹی (۲) چٹان (ج) رَتَائِجُ۔
(الرِّتَجُ) سِکَّۃٌ رِتْجٌ: بند گلی' وہ راستہ جو ایک طرف سے بند ہو۔
-مالٌ رِتْجٌ: وہ مال جس پر دسترس نہ ہو۔
(الرَّتَجُ): بڑا دروازہ (ج) اَرْتَاجٌ۔
(المَرَاتِجُ) تنگ راستے' گلیاں۔
(المِرْتَاجُ) چٹخنی وغیرہ جس سے دروازہ بند کیا جائے (ج) مَرَاتِیجُ۔
(رَتَخَ) العجینُ والطینُ - رَتْخًا و رتوخًا: گوندھے ہوئے آٹے یا گارے کا پتلا ہونا۔
-بالمکان رتوخًا: کسی جگہ ٹھہرنا۔
-بہٖ: چمٹ جانا' متعلق ہونا۔
-عن الامر: پیچھے ہٹنا' الگ ہونا۔
(اَرْتَخَ) الحجامُ: پچھنے لگانے والے کا کھال کو معمولی سا چیرنا۔
(الرَّتَخُ) کھال کے اندر چھوٹے چھوٹے ریزے۔
(الرَّتْخَۃُ) سخت کیچڑ۔
(رَتَعَ) الماشیۃُ - رَتْعًا و رُتُوعًا و

Marfat.com

رِتاعًا: مویشی کا آزادی کے ساتھ شاداب جگہ میں چرنا۔ خرجنا نلعب و نرتع: ہم کھیلتے ہوئے اور مزے اڑاتے ہوئی چلے۔
- في لحمه: غیبت کرنا۔ ھو رَاتِعٌ (ج) رِتَاعٌ و رُتّعٌ۔
(اَرْتَعَ): سرسبز و شاداب جگہ میں آنا۔
- المطرُ: بارش کا مویشیوں کے لئے چارہ اگانا۔
المکانُ: کسی جگہ کا جانوروں کو سیر کرنا۔
-اِبلَه: اونٹوں کو چرنے دینا۔
(الرَّتَّاعُ): سبزہ زاروں کا متلاشی چرواہا۔
(الرَّتْعَةُ): انتہائی سرسبزی و شادابی۔
(المَرْتَعُ): جانوروں کے چرنے کی جگہ۔
(رَتَقَ) الشئَ ـُ رَتْقًا: ٹانکا یا پیوند لگانا (۲) درست کرنا۔
-فَتْقَه: اس نے اس کی حالت کی اصلاح کی۔
-فَتْقَهم: لوگوں کی صلح کرانا۔
(رَتِقَ) الشئُ ـَ رَتَقًا: کسی چیز کا جڑنا، سوراخ بند ہو جانا۔ ھو اَرْتَقُ۔
- المَرْأةُ: بانجھ عورت۔ ھی رَتْقَاء (ج) رُتْقٌ۔
(اِرْتَتَقَ) الشئُ: رَتِقَ۔
(الرِّتَاقُ): کنارے جڑے ہوئے دو کپڑے۔
(الرَّتْقُ): پھٹن، درز، سوراخ۔
- شئٌ رَتْقٌ پھٹی ہوئی چیز، ٹوٹی ہوئی چیز۔
قرآن مجید میں ہے ﴿اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا﴾
(الرَّتَقَةُ): انگلیوں کے درمیان کا خلا (ج) رَتَقٌ۔
(رَتَكَ) البعيرُ ـُ رَتْكًا وَ رَتَكَانًا: اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدموں سے دوڑنا۔
(اَرْتَكَ) الضَّاحِكُ: ہلکے ہلکے ہنسنا۔
-البعيرَ: اونٹ کو چھوٹے چھوٹے قدموں سے دوڑانا۔
(رَتِلَ) ـَ رَتَلًا: ترتیب و سلیقہ سے ہونا۔ کہتے ہیں: رَتِلَ الثغرُ او الانسانُ و رَتِلَ الکلامُ

- ھو رَتِلٌ وھی رَتِلَةٌ۔
(رَتَّلَ): مرتب کرنا، سلیقہ سے جمع کرنا۔
-الکلامَ: کلام کو سلیقہ اور ترتیب سے کرنا (۲) عمدہ طریقہ سے پڑھنا کہ تمام الفاظ و حروف واضح ہو جائیں۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا﴾۔
-ثَغْرٌ مُرَتَّلٌ: ہموار اور ترتیب سے لگے ہوئے دانت۔
(تَرَتَّلَ) فی کلامِهِ: ٹھہر ٹھہر کر صاف بولنا۔
(الرَّتَلُ): ہر اچھی و عمدہ چیز (۲) دانتوں کی سفیدی و چمک (۳) گھوڑوں یا موٹروں وغیرہ کی لائن (محدثہ) (ج) اَرْتال۔
(الرَّتِلُ): ہر اچھی عمدہ چیز (۲) عمدہ کلام۔
(الرُّتَيْلی): ایک قسم کی مکڑی۔
(الرُّتَيْلاءُ): مکڑی کی ایک قسم۔
(رَتَمَتِ) المِعزیٰ ـِ رَتْمًا: بکری کا رتم نامی گھاس کھانا (۲) رتم نامی گھاس کھا کر بے ہوش ہو جانا۔
-فلانٌ: جمے رہنا، قیام کرنا۔
-فی بنی فلانٍ: پرورش پانا (۲) آہستہ بولنا۔
ما رَتَمَ بکلمةٍ: اس نے ایک لفظ زبان سے نہیں نکالا۔
- الشئَ: توڑنا (۲) کوٹنا۔ ھو رَاتِمٌ والمفعول مرتوم و رتيمٌ و رَتْمٌ۔
(اَرْتَمَ) الفصيلُ: اونٹ کے بچے کے کوہان میں چربی پیدا ہونا۔
- فلانٌ: انگلی میں یادداشت کے لئے دھاگا باندھنا۔
(تَرَتَّمَ): اِرْتَتَمَ۔
(الرُّتَامُ): بوسیدہ چیز۔
(الرَّتَمُ): فصیلہ قرنیہ کا ایک پودا جو جنگل میں ہوتا ہے اسے زینت کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں (۲) راستہ (۳) کامل حیا (۴) بھرا ہوا ناشتہ دان (۵) آہستہ کلام۔
(الرَّتَمَةُ): وہ دھاگا جو انگلی پر کسی یادداشت یا نشانی کے لئے باندھا جائے (ج) رَتَمٌ۔
(الرَّتِيمَةُ): الرَّتَمَةُ (ج) رَتَائِم۔

(رَتَنَ) الشحمَ بالعجین ـُ رَتْنًا: گندھے ہوئے آٹے میں چربی یا گھی ملانا۔
(الراتين): (دیکھئے: راتین)
(المِرْتَنَةُ): روغنی روٹی، چربی دار روٹی (ج) مَرَاتِنُ۔
(رتا) الرَّجُلُ ـُ رَتْوًا و رُتُوًّا: قدم اٹھانا۔
-براسه: سر سے اشارہ کرنا۔
-بالدَّلْوِ: ڈول کو دھیرے دھیرے ڈالنا۔
-الشئَ: پھینک دینا (۲) ڈھیلا کرنا۔
- القلبَ: دل کو مضبوط کرنا۔ حدیث میں ہے حضور ﷺ نے حساء کے بارے میں فرمایا (اِنَّه يرتوفؤاد الحزين ويَسْرُو عن فُؤَاد السّقيم)
-الشئَ اليه: ملانا، شامل کرنا۔
(رُتِيَ) رُتِيَ فی ذرعِهِ: اسے کمزور کر دیا گیا۔
(الرَّاتی): تبحر عالم ربانی (ج) رُتَاةٌ۔
(الرَّتْوَةُ): قدم، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے (انها اقبلت الی النبی صلی اللہ علیه وسلم فقال لها ادنی یا فاطمة فدنوت رتوةً ثم قال ادنی یا فاطمه فدنوت رتوةً) (۳) ڈھیلی گرہ (۴) لمحہ، تھوڑا سا وقت (۵) قطرہ (۶) حد نگاہ۔
(الرَّتِيْنَةُ): لیمپ کی بنی ہوئی اور مسالہ لگی ہوئی بتی جو صاف اور تیز روشنی دیتی ہے (د)۔

ر............ث

(رَثَأَ) البَعِيْرُ ـَ رَثْئًا: اونٹ کو کندھے کی بیماری لاحق ہونا۔
-الغضبُ: غصہ ٹھنڈا ہونا۔
-الشئَ بالشئِ: ایک چیز کو دوسری میں ملانا۔
-اللبنَ: دودھ میں کھٹاس ملانا تاکہ وہ دہی بن جائے۔
-فلانًا: کسی کو مارنا۔
(رَثِئَ) الکبشُ ـَ رَثْئًا و رُثَاةً: مینڈھے کا چتکبرا ہونا۔ ھو اَرْثَأُ وھی رَثْآءُ (ج) رُثْءٌ۔
(اَرْثَأَ) اللبنُ: دودھ کا جم کر دہی بن جانا۔
(اِرْتَثَأَ) فی رایه: رائے میں کمزور ہونا۔

Marfat.com

-اللبنُ: دودھ کا جم کر دہی بن جانا۔

-الرَّثِیْئَۃَ: دہی پینا۔

(الرَّثْءُ): ناسمجھی' بے وقوفی۔

(الرَّثَاۃُ): ناسمجھی' بے وقوفی۔

(۲) اونٹ کے مونڈھے کی ایک بیماری۔

(الرَّثِیْئَۃُ): نادانی' بیوقوفی (۲) جما ہوا کھٹا دودھ جو میٹھے دودھ کو جمانے کے لئے اس میں ڈالا جاتا ہے۔

(المَرْثُوْءُ): کمزور دل' نادان آدمی (ج) مَرَائِیُ۔

(رَثَّ) الثوبُ وغیرُہٗ ـِ رَثَاثَۃً و رُثُوْثَۃً: کپڑے کا بوسیدہ اور پرانا ہونا۔

- ھیئۃُ الرَّجُلِ: خستہ و پراگندہ حالت والا ہونا۔

(رَثَّ) الثوبُ و غیرُہٗ ـَ رثاثۃً و رُثُوْثَۃً: کپڑے کا پرانا و بوسیدہ ہونا۔ ھو اَرَثُّ وھی رَثَّاءُ (ج) رُثٌّ۔ وھورثٌّ وھی رَثَّاءُ - وھی رِثَّۃٌ و رثیثۃٌ (ج) رِثاثٌ۔

-ھیئۃُ الرَّجُلِ خستہ حال ہونا۔

(اَرَثَّ) الثوبُ وغیرُہٗ: کپڑے کا بوسیدہ و پرانا ہونا۔

-الرجلُ آدمی کی رسی اور کپڑوں کا پرانا ہونا۔

- ھیئۃُ الرّجل خستہ حال ہونا۔ کہتے ہیں۔ ارثّھا اللّٰہ تعالیٰ اللہ تعالیٰ نے اس کی حالت خراب کر دی۔

(اِرْتَثَّ) رِثَّۃَ القوم ردی سامان جمع کرنا (۲) ردی سامان خریدنا۔

(ارْتُثَّ) فلانٌ اس کو مار مار کر خوب زخمی کیا گیا اور حال میں میدان جنگ سے اٹھا کر لایا گیا کہ اس میں رمق باقی تھی' پھر وہ مر گیا۔ ھو مُرْتَثٌّ۔ حدیث کعب بن مالک رضی اللہ عنہ میں ہے (انّہ ارْتُثَّ یَوْمَ اُحُدٍ فجاءَ بہٖ الزُّبَیْرُ یقود بزمام راحلتہ)

(الاَرَثُّ) بوسیدہ' پرانا۔

(الرَّثُّ) ردی سامان (۲) گھر کا خراب سامان (ج) رِثاثٌ۔

(الرِّثَّۃُ) الرَّثُّ (۲) بے وقوف عورت (۳) گرے پڑے کمزور لوگ (ج) رِثَثٌ و رِثاثٌ۔

(رَثَدَ) المتاعَ ـُ رَثْدًا: سامان کو تہ بہ تہ رکھنا یا ڈھیر لگانا۔

- الدجاجۃُ بیضھا: مرغی کا انڈوں کو سمیٹنا۔ ھو مرثودٌ و رثیدٌ۔

(رَثِدَ) الماءُ ـَ رَثَدًا: پانی کا میلا ہونا۔ ھو رَثِدٌ وھی رَثِدَۃٌ۔

(اَرْثَدَ) الماءُ: پانی کا میلا ہونا۔

- فلانٌ: اتنی کھدائی کرنا کہ تہ زمین تک پہنچ جائے۔

-القَوْمُ: لوگوں کا قافلہ کی شکل میں مقیم ہونا۔

(ارْتَثَدَ) المتاعَ: سامان کو اکٹھا کر کے رکھنا۔

(الرِّثْدُ): لوگوں کی جماعت جو کسی جگہ مقیم ہو (ج) اَرْثادٌ۔

(الرَّثَدُ): ترتیب سے یا تہ بہ تہ رکھا ہوا سامان (۲) گھر کا ردی سامان (۳) کمزور لوگ۔ کہتے ہیں: ترکنا علی الماءِ رَثَدًا: ہم نے پانی کے پاس کمزور لوگوں کو چھوڑا ہے جو کسی کام کی طاقت نہیں رکھتے (ج) اَرْثادٌ۔

(الرِّثْدَۃُ): الرِّثْدُ (ج) رِثَدٌ۔

(المَرْثَدُ): شریف آدمی (۲) شیر (ج) مَرَاثِدُ۔

(رَثِعَ) ـَ رَثَعًا: حریص ولالچی ہونا۔ (۲) تھوڑے یا معمولی عطیہ پر راضی ہو جانا۔ (۳) برے لوگوں کی مصاحبت اختیار کرنا (۴) کم ظرف ہونا۔ ھو رَاثِعٌ و رَثِعٌ وھی رَاثِعۃٌ و رَثِعَۃٌ۔

(اِرْثَعَنَّ) کمزور اور ڈھیلا ہونا (۲) خطرہ کو برداشت نہ کرنا۔

-المطرُ بارش کا زیادہ ہونا (۲) بہترین بارش ہونا۔

-الشَّعْرُ بالوں کا لٹکنا۔

(المُرْثَعِنُّ) زبردست سیلاب۔

(رَثَمَ) انفَہ او فَمَہ ـِ رَثْمًا: ناک یا منہ کو توڑ کر خون آلود کرنا۔ کہتے ہیں: رَثَمَ احد اعضاءِ جسمہ۔

-المرأۃُ انْفَھَا بالطیب: ناک پر خوشبو ملنا۔ ھو راثِمٌ والمفعول مرثومٌ و رَثِیْمٌ (ج) رَثَائِمُ۔

(رَثَمَ) فلانٌ ـَ رَثْمًا: زبان میں لکنت کی وجہ سے کلام واضح نہ کر سکنا۔

-الفرسُ: گھوڑے کے ناک پر سفید داغ ہونا یا اوپر کے ہونٹ پر سفیدی ہونا۔

-منسمُ البعیر: اونٹ کی ناک کا خون چکاں ہونا۔ ھو رَثِمٌ وھی رَثِمۃٌ وھو اَرْثَمُ وھی رَثْمآءُ (ج) رُثْمٌ۔

(رَثَّمَتِ) الرَّثْمَۃُ الاَرْضَ: تھوڑی اور ہلکی بارش ہونا۔

(الرَّثَمُ): گھوڑے کے ناک کے سرے پر سفید داغ۔

(الرَّثْمَۃُ): معمولی اور ہلکی بارش (ج) رِثَامٌ۔ کہتے ہیں: بَلَغَہ رَثْمَۃٌ من الخَبَرِ: اسے بات کا کچھ حصہ پہنچا۔

(الرُّثْمَۃُ): الرَّثْمَۃُ (ج) رِثَامٌ۔

(الرُّثْمَۃُ): گھوڑے کے ناک کے سرے پر سفید نشان یا بالائی ہونٹ میں سفید نشان۔

(الرَّثِیْمُ) رثیمُ الحَصٰی: اونٹوں کے پیروں سے ٹوٹ جانے والی چھوٹی کنکریاں۔

(المِرْثَمُ): ناک (ج) مَرَاثِمُ۔

(المَرْثِمُ): ناک۔

(رَثَنَتِ) الرَّثْنَۃُ الارضَ ـِ رَثْنًا: زمین پر رک رک کر ہلکی بارش ہونا۔

(رَثَّنَتِ) الرَّثْنَۃُ الارضَ: رَثَنَتْھَا۔

(تَرَثَّنَتِ) المَرْاَۃُ: عورت کا منہ پر زعفران ملنا۔

(الرَّثْنَۃُ) ہلکی اور رک رک کر ہونے والی بارش (ج) رِثَانٌ۔

(رَثَاہ)ـُ رَثْوًا و رِثَاءً کسی کی خوبیاں بیان کر کے رونا' نوحہ کرنا' مرثیہ پڑھنا۔

(الرَّثْوُ). وہ دودھ جو کھٹا دودھ ملانے سے گاڑھا ہو جائے اور دہی بن جائے۔

(رَثَی) المیتَ ـِ رَثْیًا و رِثَاءً و رِثَایَۃً و

Marfat.com

مَرْثَاۃٌ و مَرْثِیَۃٌ: میت کا مرثیہ پڑھنا۔ نوحہ کرنا (۲) میت کی خوبیوں کا تذکرہ کرنا۔ کہتے ہیں: رثاہ بقصیدۃ و رثاہ بکلمۃ۔

-لہ: رحم کھانا' نرمی کرنا۔

-عنہُ الحدیثَ رثایۃً: کسی سے کوئی بات نقل کرنا۔

(رَثِیَ) -َ رَثْیًا و رَثًی: ضعف و سستی لاحق ہونا۔

(رَثَّاہُ): مرنے کے بعد کسی کی تعریف کرنا۔

(تَرَثَّاہُ): رَثَاہُ۔ حدیث میں ہے (انّہُ نهی عن الترثّی)

(الرَّثَّایَۃُ): نوحہ کرنے والی عورت۔

(الرَّثْیَۃُ): ضعف' سستی (۲) خامی نقص جیسے: فی امرہٖ رثیۃٌ (۲) بے وقوفی (۳) جوڑوں یا گھٹنوں کا درد (۴) بڑھاپے کا درد یا کمزوری۔

(الرَّثِیَّۃُ): الرَّثْیَۃُ۔

(المَرْثَاۃُ): مرثیہ وہ اشعار وغیرہ جو مردہ پر غم کے اظہار کے لئے پڑھے جائیں۔ (ج) مَرَاثٍ۔

(المَرْثِیَۃُ): المَرْثَاۃُ (ج) مَرَاثٍ۔

ر..........ج

(أَرْجَأَتِ) الحامِلُ: حاملہ کے وضع حمل کا وقت قریب آنا۔

-الصائدُ: شکاری کو کوئی شکار نہ ملنا۔

-الامرَ: موخر کرنا' ملتوی کرنا۔

(المُرْجِئَۃُ): ایک اسلامی فرقہ جو کسی مسلمان پر کوئی حکم نہیں لگاتا بلکہ اسے قیامت تک کے لئے موخر کرتا ہے اس کا عقیدہ ہے کہ ایمان کے ساتھ معصیت کا کوئی نقصان نہیں جیسا کہ کفر کے ساتھ نیکی کا کوئی فائدہ نہیں۔

(رَجَبَ) -ُ رَجْبًا و رُجُوْبًا: گھبرا جانا' خوفزدہ ہونا (۲) شرم کرنا' شرمانا جیسے: رَجَبَ مِنْہُ۔

-العودُ: شاخ کا تنہا نکلنا۔

-فلانًا رَجْبًا: کسی سے ڈرنا (۲) مرعوب ہونا (۳) تعظیم کرنا۔

-فلانًا بقولِ شَیْءٍ: کسی پر بری تہمت لگانا۔

(رَجِبَ) -َ رَجَبًا: شرمانا (۲) گھبرانا۔

-فلانًا رَجْبًا: ڈرنا (۲) مرعوب ہونا (۳) تعظیم کرنا۔

(أَرْجَبَ) فلانًا: رَجَبَہ۔

(رَجَّبَ) الرَّجُلُ: رجب کے مہینہ میں کسی بت کے پاس جانور ذبح کرنا (یہ زمانہ جاہلیت کی عبادت تھی)

-الانسان وغیرہ: تعظیم کرنا۔

-النَّخْلَۃَ: کھجور کے درخت کو سہارا دینے کے لئے ٹیک کھڑی کرنا یا کھجور کے خوشوں کو پتوں سے باندھنا تاکہ وہ ہوا سے منتشر نہ ہوں۔ حدیث سقیفہ میں ہے (انا جُذَیلُها المحکّکُ و عُذَیقُها المرجَّبُ) (۲) کھجور کے درخت کے چاروں طرف حفاظت کے لئے کانٹے بچھانا۔

-الکرمَ و نَحْوَہ: انگور وغیرہ کی شاخوں کو برابر کر کے اپنی اپنی جگہ رکھنا۔

(الأَرْجَابُ): آنتیں' انتڑیاں (اس کا واحد نہیں ہے) بعض کے نزدیک اس کا واحد رَجَبٌ یا رُجْبٌ ہے۔

(الرَّاجِبَۃُ): الرّواجب کا واحد۔ انگلیوں کے جوڑ (الرّواجب) گدھے کی آواز کے مخرج کو بھی کہتے ہیں)

(رَجَبٌ): رجب' قمری سال کا ساتواں مہینہ اور یہ اشہر حرم میں سے ہے۔ کہاوت ہے (عِشْ رَجَبًا ترَ عَجَبًا) یعنی تم پورا سال جیو۔

(الرُّجْبُ): سینہ کی طرف پسلی کا سرا (ج) أَرْجَاب۔

(الرُّجْبَۃُ): کھجور کے درخت کو سہارا دینے کی ٹیک وغیرہ (۲) شکار کرنے کی مچان وغیرہ (ج) رُجَبٌ۔

(الرَّجَبِیَّۃُ): ماہ رجب میں بتوں کے نام پر ذبح کیا جانے والا جانور (۲) رجب کے مہینہ میں رسول اکرم ﷺ کے مدینہ کی زیارت (مو)۔

(رَجَّہُ) -ُ رَجًّا و رَجَّۃً: جھنجھوڑنا' زور سے حرکت دینا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ إذا رُجَّتِ الارضُ رَجًّا﴾

-فلانًا عن الشیءِ: کسی کو کسی چیز سے روکنا۔

(رَجَّ) الشیءُ -َ رَجَجًا: تھرتھرانا۔ بے قرار ہونا۔ ھو أَرَجُّ و ھی رَجَّاءُ۔ (ج) رُجٌّ۔

-ناقۃٌ رَجَّاءُ: بڑے کوہان والی اونٹنی۔

(أَرَجَّتِ) الحامِلُ: حاملہ کے حمل کی ولادت کا وقت قریب آنا۔ ھی مُرِجٌّ و مُرِجَّۃٌ۔

(ارْتَجَّ): حرکت کرنا' لرزنا' دہلنا۔

-البحرُ: سمندر کا متلاطم ہونا' موجیں مارنا۔

-الکلامُ و الظلامُ: گفتگو کا پیچیدہ ہونا۔ اندھیرا گھپ ہونا۔

(الارتجاجُ): دماغی جھٹکا جو سر پر چوٹ وغیرہ سے لگتا ہے (جَ)۔

(الرَّجَاجُ): کمزور لوگ یا اونٹ یا بکریاں۔ واحد: رجاجۃ۔ حدیث عمر بن عبدالعزیزؒ میں ہے (الناسُ رجاجٌ بعد ھذا الشیخ)

(الرَّجَاجَۃُ): شیر کی کچھار۔

(الرَّجَاجَۃُ): (علم کیمیاء کے مطابق) تحریکی عمل کے لئے مستعمل ایک آلہ (مج)

(الرَّجَّۃُ): رَجَّۃ القومِ: لوگوں کی گڈمڈ اور ملی جلی آوازیں۔

-رَجَّۃُ الرَّعْدِ: بادل کی گرج۔

(رَجَحَ) الشیءُ -َ رُجُوْحًا و رُجْحَانًا و رَجَاحۃً: وزنی ہونا' بھاری ہونا۔

-رَجَحَہُ غیرُہ: بھاری کرنا۔

-رَجَحَتْ اِحدی الکِفَّتَیْنِ الأُخْرٰی: ترازو کے دو پلڑوں میں سے ایک دوسرے پر بھاری ہو گیا۔

-فی مجلسِہٖ: وزن کی وجہ سے جم جانا۔

-عقلُہ او رأیُہ: عقل اور رائے کا پختہ ہونا۔

-الشیءَ: کسی چیز کو اٹھا کر اس کے وزن کا اندازہ کرنا۔

-فلانًا: وزن میں کسی سے بڑھ جانا۔ کہتے ہیں راجحہ فرجحہٗ: اس نے وزن میں اس سے مقابلہ کیا اور اس پر غالب آ گیا۔

-قولٌ راجحٌ: وزن دار بات۔

-رأیٌ مرجوحٌ: مرجوح رائے۔

Marfat.com

(أَرْجَحَه) راجح کرنا۔ وزنی قرار دینا۔
-المیزانَ: ترازو کا ایک پلڑا جھکانا۔
-فلاناً و لَه: کسی کو دوسرے سے زیادہ دینا۔
(رَاجَحَه) وزن میں کسی سے مقابلہ کرنا۔ جیسے رَاجَحَه فَرَجَحَه۔
(رَجَّحَه) ترجیح دینا، فضیلت دینا۔ قوت پہنچانا، قوی بنانا۔
(ارتَجَحَ) الشئُ: بھاری اور وزنی ہونا (۲) مذبذب ہونا، ہچکولے کھانا۔
-بِه الارجوحةُ: جھولے جھولنا۔
-الرّوادِفُ: سرین کا حرکت کرنا۔
(تَرَجَّحَ) ہلنا، حرکت کرنا۔ جیسے ترجّحت به الارجوحةُ۔
- الرّأیُ عنده: کسی کے نزدیک رائے کا غالب ہونا۔
(الأُرْجُوحَةُ) جھولا (۲) پھسلنے یا جھولنے کا تختہ (۳) جنگل بیابان (ج) اراجیح۔
(الرّاجحُ) علم فلسفہ میں وہ چیز جس کا وجود عدم پر اور صدق کذب پر غالب ہو (مج)
(الرَّجَاحُ) امرأةٌ رجاحٌ: بڑی سرین والی عورت (۲) باوقار عورت۔
-جفنةٌ رجاحٌ: بھرا ہوا پیالہ۔
- كَتِيبَةٌ رَجَاحٌ: بھاری فوجی لشکر (ج) رُجُحٌ۔
(الرَّجاحةُ) حلم، بردباری، عقل کی پختگی۔
(الرُّجاحةُ، الرُّجَّاحَةُ) الارجوحةُ۔
(۲) جھولے کی رسی۔
(الرُّجْحَانِيَّةُ) فلسفہ میں ایک مذہب والے جن کی رائے یہ ہے، ہم کبھی بھی یقینی حد تک نہیں پہنچ سکتے جو کچھ ہم جانتے ہیں وہ یقینی نہیں راجح اور غالب ہے (مج)۔
(المِرْجَاحُ) بردبار (۲) بھاری پھلوں والا درخت (۳) ہچکولے کھا کر چلنے والا۔ جیسے جَمَلٌ مِرجاح و ناقةٌ مرجاحٌ (ج) مَراجیح۔
(المَرْجُوحَةُ) الأُرْجُوحَةُ (ج) مَراجیح
(ارجَحَنَّ) وزنی ہونا، ایک طرف جھکنا، ہلنا۔
کہتے ہیں: ارجحنَّ الردفُ و ارجحنّت الرَّحیٰ (۲) پھیلنا، وسیع ہونا جیسے ارجَحَنَّ الجیشُ۔
(رَجَدَ) القمحَ ـُ رَجْدًا و رَجَادًا: گندم کو بونے کے لئے کھیت میں لے جانا۔ هو راجِدٌ و رَجّادٌ۔
(رَجْرَجَ) الشئُ: ہلنا، تھرتھرانا، لہلہانا۔
-فلانٌ: تھک جانا۔
-الشئَ: حرکت دینا، ہلانا۔
-البئرَ: کنویں کی مٹی نکالنا۔
(ترَجْرَجَ) الشئُ: تھرتھرانا، لہلہانا، حرکت کرنا۔
(الرَّجْراجُ) متحرک، تھرتھراتا ہوا، موجزن جیسے بحرٌ رَجْراجٌ۔
-ناسٌ رَجْراجٌ: کمزور ناسمجھ لوگ۔
(الرَّجْراجَةُ) كتيبةٌ رَجْراجةٌ: ایسا بڑا لشکر جس کا چلنا کثرت افراد کی بنا پر دشوار ہو۔
-جاریةٌ و جراجةٌ: وہ لڑکی جس کا گوشت اور سرین چلتے وقت ہلتے ہوں (۲) فالودہ۔
(الرَّجْرَجُ) الرّجراج (ج) رجارج۔
(الرِّجْرِجَةُ) حوض کا بچا ہوا گندا پانی (۲) لعاب (۳) بزدل جنگی گروہ (ج) رَجارِجُ۔
(رَجَزَ) الراجزُ ـُ رَجْزًا: رجزیہ اشعار پڑھنا۔
-بِه: رجزیہ اشعار سنانا۔ هو راجزٌ و رجّازٌ و رَجّازةٌ۔
-الريحُ بينهُمْ: ہوا کا چلتے رہنا۔
(رَجِزَ) الجملُ ـَ رَجَزًا: اونٹ کے اٹھتے وقت رجز بیماری کی وجہ سے ٹانگوں کا کانپنا۔ هو أرجزُ و هي رجزاءُ (ج) رُجْزٌ۔
(رَاجَزَهُ) رجزیہ اشعار میں مقابلہ کرنا۔
(رَجَّزَهُ) رجزیہ اشعار سنانا۔
(ارتَجَزَ) الراجزُ: رجزیہ نظم کہنا۔
-القومُ: ایک دوسرے کو رجزیہ اشعار سنانا۔
-الرعدُ: مسلسل گرج ہونا۔
(تراجَزَ) القومُ: باہم رجزیہ اشعار سنانا (۲) باہم جھگڑنا۔
(ترجّزَ) الحادی: شتربان کا اونٹوں کو رجز پڑھ کو ہانکنا۔
-الرعدُ: گرج کی آواز آنا۔
-السحابُ: بادل کا زیادہ پانی کی وجہ سے آہستہ آہستہ حرکت کرنا۔
(الأُرجوزةُ) رجزیہ نظم (ج) اراجیز۔
(الرَّاجِزُ) رجز پڑھنے والا یا رجزیہ نظم بنانے والا۔
(الرِّجازةُ) ہودج سے چھوٹی سواری جس پر عورتیں بیٹھتی ہیں (۲) ہودج کی آرائش کے لئے لگائی گئی سرخ اون وغیرہ (ج) رجائز۔
(الرَّجّازُ) الرّاجز۔
(الرُّجّازُ) الرّاجز۔
(الرِّجْزُ) گناہ، جرم (۲) عذاب۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿لَئِن كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ﴾ (۳) بتوں کی عبادت۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿والرِّجزَ فاهجُرْ﴾ (۴) شرک (۵) رجز الشیطان: شیطانی وسوسہ جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُم مِّنَ السَّمَاءِ مَاءً لِّيُطَهِّرَكُم بِهِ وَيُذْهِبَ عَنكُمْ رِجْزَ الشَّيْطَانِ﴾ (ج) أرْجاز۔
(الرَّجَزُ) اونٹ کی ایک بیماری جس کی وجہ سے اس کی رانوں کا گوشت اٹھتے وقت کپکپاتا ہے (۲) شعر کی ایک بحر کا نام۔ اس کا اصل وزن چھ دفعہ مستفعلن ہے۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک مشطور اور دوسری منہوک۔
(رَجَسَ) صوت الرعد او الجیش ـِ رَجْسًا: گرج یا لشکر کی ملی ہوئی زوردار آواز آنا۔
-البعیرُ: اونٹ کا زور سے بلبلانا۔
-السماءُ: زوردار گرج ہونا۔
-فلانٌ: آب پیما آلہ سے پانی کا اندازہ کرنا۔
-فلاناً عن الامر ـُ رَجْسًا: روکنا، باز رکھنا۔ هو راجسٌ و رَجّاسٌ۔
(رَجِسَ) ـَ رَجَسًا و رَجاسةً: ناپاک ہونا (۲) برا کام کرنا هو رَجِسٌ و هي رَجِسةٌ۔
(رَجُسَ) الشئُ ـُ رَجاسةً: گندا ہونا۔

Marfat.com

-فلانٌ: برا کام کرنا۔
(اَرْجَسَ)فلانٌ: آب پیا آلہ سے پانی ناپنا۔
(اِرْتَجَسَتِ)السماءُ: گرجنا۔
-البناءُ: لرزنا، ہلنا، حدیث سطیح میں ہے: (لمّا وُلد (صلی اللّٰہ علیہ وسلم) ارتجس ایوان کسریٰ)۔
-امرُہٗ: کسی معاملہ کا پیچیدہ اور غیر واضح ہونا۔
(الرَّجْسُ): زبردست آواز۔
-رَجْسُ البعیر: اونٹ کا بلبلانا۔
(الرِّجْسُ): گندگی، ناپاکی (۲) گندگی و ناپاک چیز (۳) برا اور قبیح عمل (۴) حرام (۵) لعنت (۶) کفر (۷) عذاب۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ يَعْقِلُوْنَ ﴾۔
-رجسُ الشیطان: شیطانی وسوسے۔ (ج) اَرْجَاسٌ۔
(المِرْجَاسُ): ایک کھوکھلا کیا ہوا پتھر جس کے ایک سرے پر رسی باندھ کر کنویں میں لٹکایا جاتا ہے اس سے کیچڑ نکال کر کنویں کو صاف بھی کیا جاتا ہے اور پانی کی مقدار بھی معلوم کی جاتی ہے۔ (۲) پتھر کا آب پیا آلہ (ج) مَرَاجِیس۔
(المَرْجُوْسَۃُ) ھم فی مرجوسۃٍ من اَمْرِھِمْ: وہ اپنے معاملہ میں الجھے ہوئے ہیں۔
(رَجَعَتِ) الطَّیْرُ ـِ رُجُوْعًا و رجاعًا: پرندوں کا گرم مقامات سے ٹھنڈے مقامات میں آنا۔
-الشیُٔ: فائدہ دینا، نفع بخش ہونا۔ کہتے ہیں: رَجَعَ فِیہ کلامِیْ۔
-فلانٌ من سفرہٖ: سفر سے لوٹنا۔
-الکلبُ فی قیئہٖ: کتے کا اپنی قے کو چاٹ لینا۔
-فی ہبتِہٖ: ہبہ کی ہوئی چیز کو واپس لینا۔
-فلانًا عن الشیِٔ والیہ رَجْعًا و مَرْجِعًا و مَرْجِعَۃً و رُجُوْعًا و رُجْعَانًا: واپس لانا، لوٹانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ﴾

-رَجَعَ ھُوَ: لوٹنا، پھرنا، ہٹ جانا۔
(اَرْجَعَ)فلانٌ: کوئی چیز لینے کے لئے دونوں ہاتھ پیچھے کی طرف جھکانا۔
-الرَّجُلُ او الدَّابَّۃُ: آدمی یا جانور کا فضلہ خارج کرنا۔
-الناقۃُ: اونٹنی کا کمزوری کے بعد موٹا ہونا۔
-فلانٌ: مصیبت کے وقت انا للّٰہ و انا الیہ راجعون پڑھنا۔
-فُلانًا: لوٹانا، واپس کرنا۔
-اللّٰہُ بَیْعَتَہٗ: اللّٰہ کا کسی کے کاروبار کو نفع بخش بنانا۔
-الکتابَ: کتاب دیکھنا۔
-الکتابَ او الحسابَ: نظر ثانی کرنا، جانچ پڑتال کرنا۔
-زوجَتَہٗ: بیوی سے رجوع کرنا۔
-فلانًا الکلامَ: کسی سے سوال جواب، بحث و مباحثہ کرنا (۲) کسی سے بات دوبارہ کہلوانا۔
(رَجَّعَ)عند المصیبۃ و فیھا: مصیبت کے وقت انا للّٰہ وانا الیہ راجعون کہنا۔
-الدَّابۃ: جانور کا قدم اٹھانا۔
-صوتہ و فیہ: آواز کو حلق میں گھمانا۔
-فلانٌ: اذان، گانا گانے، بانسری بجانے یا ترنم سے کوئی چیز پڑھتے وقت آواز کو حلق میں دہرانا۔
-المؤذنُ فی اذانہٖ: موذن کا اذان میں ترجیع کرنا۔ یعنی شہادتین کو ایک مرتبہ آہستہ کہنے کے بعد اونچی آواز سے کہنا۔
-الحمامُ فی شَدْوِہٖ والناقۃُ فی حنینھا: کبوتر اور اونٹنی کا آواز کو رک رک کر نکالنا۔
-النقشَ و الکتابۃَ: لکھائی یا نقوش پر بار بار سیاہی پھیرنا۔
(اِرْتَجَعَ)علی الغریم والمتھم: قرض دار اور ملزم پر تقاضا کرنا۔
-الشیَٔ الیہ: لوٹانا، واپس کرنا۔
-بہ شیئًا: کوئی چیز بدلہ میں لینا۔
-المراۃَ: عورت سے رجوع کرنا۔
-الناقۃَ: اونٹنی کو اسی جیسی اونٹنی کی قیمت پر خریدنا۔
-المراۃُ جلبابَھا: عورت کا چادر سے چہرہ اور جسم ڈھانکنا۔
(تَرَاجَعَ)القومُ: لوگوں کا اپنی جگہ لوٹنا۔
-القومُ الکلامَ بَیْنَھم: باہم گفت و شنید کرنا۔
(تَرَجَّعَ)فلانٌ: رَجَّعَ۔
-فی المصیبۃ: مصیبت میں انا للّٰہ پڑھنا۔
-فی صدری کذا: دل میں کھٹکنا۔
-الناقۃَ: اونٹنی کو اسی جیسی اونٹنی کی قیمت پر خریدنا۔
(اِسْتَرْجَعَ)عند المصیبۃ و فیھا: مصیبت کے وقت انا للّٰہ پڑھنا۔
-الحمامُ فی شدوہٖ: کبوتر کا رک رک کر بولنا۔
-الشیَٔ: واپسی کا مطالبہ کرنا۔
(الرَّاجِعُ): وہ عورت جو اپنے خاوند کی وفات کے بعد اپنے میکے آ جائے (ج) رَوَاجِع۔
(الرَّاجِعَۃُ): حوض، تالاب (۲) بخار کی ایک قسم جو کبھی چڑھے کبھی اتر جائے۔ (ج) رَوَاجِعُ۔
-الرِّیَاحُ الرَّوَاجِعُ: آتی جاتی رہنے والی ہوائیں۔
(الرِّجَاعُ): لگام (۲) لگام کا وہ حصہ جو اونٹ کی ناک پر پڑا ہوتا ہے (ج) اَرْجِعَۃٌ و رُجُعٌ۔
(الرَّجْعُ): گوبر، لید (۲) پیدائش کے وقت بچہ کے ساتھ نکلنے والی سنک جیسی ریزش (۳) پانی (۴) بارش کے بعد ہونے والی بارش۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الرَّجْعِ﴾ (۵) فائدہ، نفع (۶) حوض، تالاب (۷) خط کا جواب (۸) صدائے بازگشت (۹) موسم بہار کے پودے (۱۰) وہ زمین جس میں سیلاب دور تک پھیل جائے (۱۱) شانے کا نچلا حصہ (ج) رِجاعٌ و رُجْعَان۔
(الرُّجْعٰی): واپسی، لوٹنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿اِنَّ اِلٰی ربّك الرُّجْعٰی﴾ (۲) خط کا جواب

Marfat.com

کہتے ہیں: جاء نی رُجْعٰی رِسَالَتِیْ۔
(الرَّجْعَةُ): طلاق دینے والے خاوند کا مطلقہ بیوی سے رجوع کرنا (۲) ان لوگوں کا عقیدہ جو مرنے کے بعد دنیا میں واپسی کے قائل ہیں (۳) علم الاحیاء کے مطابق ظاہری موت کے بعد دوبارہ زندگی (نج)
(الرُّجْعَةُ): خط کا جواب۔
(الرَّجْعِیُّ): رجعت کی طرف منسوب۔
(۲) الطلاق الرجعیّ: طلاق رجعی، وہ طلاق جس میں نکاح کی تجدید کے بغیر بیوی سے رشتہ زوجیت بحال کرنا جائز ہو (۳) الاثر الرجعیّ (دیکھئے: اَثَر)
(الرَّجْعِیَّةُ): قدامت پسندی، رجعت پسندی، زمانہ کی تبدیلی کا ساتھ دینے کے بجائے قدیم روایات وافکار پر قائم رہنا (محدثہ)
(الرَّجِیع): گوبر، لید (۲) رد کیا ہوا قول و فعل۔
کہتے ہیں: خبرٌ رجیعٌ و کلامٌ رجیعٌ۔
-حَبْلٌ رجیعٌ: وہ رسی جس کے بٹ کھول کر دوبارہ بٹا جائے۔
- طعامٌ رجیعٌ: ٹھنڈا ہونے کے بعد دوبارہ گرم کیا ہوا کھانا۔
-بعیرٌ رجیعٌ: سفر کی وجہ سے تھک جانے والا اونٹ۔
-سفرٌ رجیعٌ: بار بار کیا ہوا سفر۔
(۲) موسم بہار کا سبزہ (۳) اونٹ کی جگالی (۴) پرانا کپڑا (۵) پسینہ (۶) حوض، تالاب (ج) رُجُعٌ۔
-رجیع الفحم: کوئلہ کی راکھ (نج)
-رجیع الاُرُز: چاول کی بھوسی۔
(الرَّجِیعَةُ): سفر کی وجہ سے تھکی ہوئی اونٹنی (ج) رَجَائِعُ۔
(المَرْجِعُ) لوٹنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿اِلَی اللّٰہِ مَرْجِعُکُمْ جَمِیْعًا فَیُنَبِّئُکُمْ بِمَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ﴾ (۲) لوٹنے کی جگہ (۳) اصل (۴) کندھے کا نچلا حصہ (۵) وہ عالم یا کتاب جس کی طرف (علمی تحقیق کے لئے) رجوع کیا جائے (محدثہ) (ج) مَرَاجِع۔

(المُرْجِعَةُ) سَفْرَةٌ مُرْجِعَةٌ: خیر و بھلائی و اجر و ثواب کا سفر۔
(المَرْجُوْعُ): رد کیا ہوا، مردود، ناقابل قبول۔
-ثوبٌ مرجوعٌ: ناپسندیدہ کپڑا۔
- خبرٌ مرجوعٌ: ناقابل قبول بات۔
- نُقْشٌ او وَشْمٌ مرجوعٌ: دوبارہ سیاہی سے اجاگر کیا ہوا (۲) خط کا جواب (۳) واپس کیا ہوا سامان جو بکا نہ ہو (محدثہ) (ج) مراجیع۔
(المرجوعة): المرجوع (ج) مراجیع۔
(رَجَفَ)ـُـ رَجْفًا و رجوفًا و رجیفا و رَجَفَانًا: حرکت کرنا، لرزنا، زور زور سے ہلنا۔
- فلانٌ: بے چین ہونا، خوف کی وجہ سے مضطرب ہونا۔
-یدُہ: بڑھاپے یا بیماری کی وجہ سے ہاتھ کانپنا یا لرزنا۔
-القلبُ: دل کا مضطرب و بے چین ہونا۔
-القومُ: لوگوں کا لڑائی کے لئے تیار ہونا۔
-الارضُ: زمین میں زلزلہ آنا۔
-الرَّعدُ: بادلوں میں گرج کی آواز گونجنا۔
-الاسنان: دانتوں کا گر جانا۔
-البحرُ: سمندر میں طغیانی آنا، موجیں اٹھنا، متلاطم و موجزن ہونا۔
-الحمّی فلانًا: بخار کی وجہ سے کپکپانا۔
-الشیْ: حرکت دینا۔ هو راجفٌ و رَجَّافٌ و رَجُوْفٌ۔
(اَرْجَفَ): رَجَفَ۔
- القومُ: لوگوں کا بری خبریں پھیلانا اور فتنہ و فساد کے تذکروں میں مشغول ہونا۔
قرآن مجید میں ہے ﴿وَالْمُرْجِفُوْنَ فِی الْمَدِیْنَةِ﴾ اَرْجَفُوْا فِی الشَّیْ وَبِہٖ: کسی بات کو غلط طریقہ پر بیان کرنا۔
-الارضُ: زمین میں زلزلہ آنا۔
-الریح الشیْ: ہوا کا کسی چیز کو حرکت دینا۔
(اِرْتَجَفَ): لرزنا، ہلنا، کانپنا۔
(اسْتَرْجَفَ) راسَه: سر کو حرکت دینا۔
(الارجافُ): سنسنی خیز اور دہشت انگیز جھوٹی خبر (ج) اراجیف۔
-الاراجیف (فی السوق التجاریّة) بازار کی وہ افواہیں جو اشیاء کے نرخوں پر اثر انداز ہوتی ہیں (نج)
(الرَّاجِفُ): لوٹ لوٹ کر آنے والا بخار۔ (ج) رَوَاجِف۔
(الرَّاجِفَةُ): قیامت کے دن صور کی پہلی پھونک۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿یَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرادفة﴾
(الرَّجَّافُ): سمندر (۲) قیامت کا دن۔
(الرَّجْفُ): الرجف المتناطر المتعدّد (علم طب کے مطابق) ان حرکاتی انقباضات کو کہتے ہیں جو چہرہ کے علاوہ تمام عضلات میں پیدا ہوتے ہیں۔
(الرَّجْفَةُ): زلزلہ، جھٹکا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِیْ دَیَارِهِمْ جٰثِمِیْنَ﴾۔
(رَجَلَه)ـُـ رَجْلًا: پاؤں پر مارنا۔
- الشاةَ: بکری کی ٹانگیں باندھنا (۲) ٹانگوں کے ذریعہ لٹکانا۔
-المراةُ وَلَدَها: بچہ کو اس طرح جننا کہ سر سے پہلے پاؤں باہر آئیں۔
(رَجِلَ)ـَـ رَجَلًا و رُجْلَةً: پاؤں کا بڑا ہونا (۲) پیدل چلنا (۳) چلنے پر قادر ہونا (۴) پاؤں میں تکلیف ہونا۔
- الحیوانُ: ایک پیر میں سفیدی ہونا۔ هو اَرْجَلُ وهی رَجْلَاءُ (ج) رُجْلٌ
- الشَّعْرُ: بالوں کو سنوارنا، آراستہ کرنا۔ هو رَجِلٌ وَرَجْلٰی (ج) اَرْجَالٌ۔
(اَرْجَلَتِ) المراةُ: عورت کا بچہ۔ (ز) جننا۔ هی مرجلٌ۔
-فلانًا: پیدل چلانا (۲) مہلت دینا۔
(رَجَّلَهٗ): قوت و طاقت دینا۔
- الشَّعْرَ: بالوں کو سنوارنا، آراستہ کرنا (۲) کنگھا کرنا۔
- المراةُ وَلَدَها: عورت کا بچہ کو اس طرح جننا کہ سر سے پہلے پاؤں باہر آئیں۔

Marfat.com

(اِرْتَجَلَ): پیدل چلنا۔
- بِرَأْیِهٖ: اپنے رائے پر عمل کرنا اور کسی سے مشورہ کرنا۔
-الطَّبَّاخُ: مٹی کی ہانڈی میں پکانا۔
-النهارُ: دن چڑھنا۔
- الشاةَ: بکری کے پیر باندھنا یا پیر باندھ کر لٹکانا۔
-الشیءَ: پاؤں کے نیچے رکھنا۔
-الکلامَ: برجستہ بولنا، فی البدیہہ بات کرنا۔
(تَرَجَّلَ): پیدل چلنا۔
- الراکبُ: سوار کا سواری سے اتر کر پیدل چلنا۔
-المراۃُ: عورت کا مرد کی مشابہت اختیار کرنا۔ حدیث میں ہے: (لَعَنَ اللّٰهُ المترجلات من النساء)۔
- الشمسُ أو النهارُ: سورج بلند ہونا، دن چڑھنا۔ حدیث میں ہے: (فما ترجل النهار حتی اُتِیَ بهم)
-الشیءَ: پیر کے نیچے رکھنا۔
-شَعْرَهٗ: بالوں میں کنگھا کرنا۔
-البئرَ: بغیر رسی وغیرہ لٹکائے کنویں میں اُترنا۔
(الْأَرْجَلُ): رَجُلٌ اَرْجَلُ: بڑے پیروں والا آدمی (ج) رُجْلٌ۔
-هو اَرْجَلُ الرجلین: وہ دونوں سے زیادہ طاقتور و مضبوط ہے۔ یا اس میں دوسرے کی نسبت مردانگی زیادہ ہے۔
(الرَّاجِلُ): پیدل چلنے والا، پیادہ۔ (ضد: فارس) (ج) رِجَالٌ و رَجَّالَةٌ۔
(الرَّجْلُ): پیدل چلنے والا، پیادہ (۲) راجل کی اسم جمع۔
(الرِّجْلُ): ٹانگ، پیر، پاؤں (ج) اَرْجُلٌ کہتے ہیں: هو قائمٌ علی رِجْلٍ: وہ آنے والی مصیبت کا مقابلہ کرنے والا ہے۔ کہاوت ہے (لاتمش برجلِ مَنْ اَبَی) تم اس شخص سے مدد نہ مانگو جو تمہارے معاملات میں دلچسپی نہ رکھتا ہو۔ کان ذلك علی رِجْلِ فلان: یہ فلاں کے زمانہ کی بات ہے، حدیث میں ہے: (لا اعلم نبیًا هلك علی رجله من الجبابرة ماهلك علی رجل موسی علیه السلام)۔
-انقطعت الرِّجْلُ: راستہ راہ گیروں سے خالی ہو گیا (محدثہ) (۲) گروہ، مجموعہ (۳) ٹڈی دل (۴) لشکر (۵) کسی چیز کا حصہ۔
-رِجْلُ البحرِ: سمندر کی خلیج۔
-رِجْلُ القوسِ: کمان کا نچلا حصہ۔
- رِجْلُ الغُرابِ: زمین پر پھیلنے والا شگاف دار پتوں والا پودا یا بیل جسے پکا کر کھایا جاتا ہے۔
-رِجْلُ الجَبَّارِ و رِجْلُ الجوزاءِ: ستارے (ج) اَرْجَالٌ۔
(الرَّجُلُ) مرد (۲) کامل مرد جیسے هذا رجلٌ یہ کامل مرد ہے (۳) پیدل۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالاً اَوْ رُكْبَانًا﴾ (ج) رِجَالٌ و رَجْلَةٌ۔ (جج) رجالات
- هو من رجالات القوم: وہ قوم کے شریف لوگوں میں سے ہے۔
(الرَّجْلان): پیدل یا پیادہ هي رَجْلی (ج) رُجالی۔
(الرِّجْلَةُ): پتھریلی زمین سے ہموار زمین میں آنے والا پانی (۲) خرفہ کا ساگ۔ (ج) رِجَلٌ۔
(الرَّجُلَةُ): عورت۔ امرأةٌ رَجُلَةٌ: وہ عورت جو رائے اور علمیت میں مردوں کے مشابہ ہو۔ حدیث میں ہے: (کانت عائشه رضی الله عنها رَجُلَةَ الرَّأیِ)
(الرَّجِلِیُّوْنَ) تیز دوڑنے والے۔ واحد رَجِلِیٌّ۔
(الرُّجُولَةُ والرُّجُولِیَّةُ): مرد ہونے کی تمام صفات کا مجموعہ۔
(الرَّجِیْلُ): پاپیادہ (۲) بہت چلنے والا (ج) اَرْجِلَةٌ - رَجُلٌ رَجِیْلٌ: چلنے میں باہمت اور ثابت قدم۔ هي رجیلة۔
-فرسٌ رجیلٌ: وہ گھوڑا جسے پسینہ نہ آتا ہو۔
-کلام رجیلٌ: برجستہ کلام۔
(المُرَجَّلُ): مردوں کی تصاویر والا جیسے ثوبٌ مُرَجَّلٌ: جلدٌ مُرَجَّلٌ: ایک ٹانگ سے اتاری ہوئی کھال۔
(المِرْجَلُ): مٹی کی مضبوط ہانڈی (۲) پیتل وغیرہ کی ہانڈی (۳) کنگھا (ج) مَرَاجِلُ۔
- جاشَتْ مراجلُه: غصہ کا بڑھنا (۴) بائلر، بھاپ بنانے کی مشین (مج)۔
(رَجَمَه)ُ - رَجْمًا: پتھر مارنا (۲) سنگسار کرنا، پتھروں سے مار ڈالنا۔
- فلانًا: گالی دینا (۲) لعنت کرنا (۳) ہٹانا (۴) دھتکارنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ لَاَرْجُمَنَّكَ﴾
-بالظنِّ: بدگمانی کرنا۔
-القبرَ: قبر پر پتھر کا کتبہ لگانا۔ هو مرجومٌ رَجِیْمٌ۔
(رَاجَمَ) فی الکلامِ والعَدْوِ والحربِ: حد سے آگے بڑھنا، تیزی دکھانا۔
-عن قومِه: اپنی قوم کا دفاع کرنا اور ان کے لئے لڑنا۔
(رَجَّمَ): گمان اور اٹکل سے کہنا۔
-بالغیبِ: نامعلوم بات کہنا۔
-القبرَ: قبر پر پتھر نصب کرنا۔
(اِرْتَجَمَ) الشیءُ: تہ بہ تہ ہونا، ڈھیر لگنا۔
-القومُ بالحجارةِ: ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔
-بالکلامِ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
(اسْتَرْجَمَه): کسی سے رجم کی درخواست کرنا۔ حدیث میں ہے (جاءَت امرأةٌ تسترجم النبیَّ صلی الله علیه وسلم)
(الرِّجَامُ): پتھر کا آب پا آلہ (۲) کنویں کی منڈیر جس پر ڈول ڈالنے کی لکڑی نصب کی جاتی ہے۔
-الرِّجامان: کنویں کی منڈیر پر کھڑی ہوئی دو لکڑیاں جن کے بیچ میں ڈول ڈالنے کی چرخی لگی ہوتی ہے (ج) رُجُمٌ۔
(الرَّجْمُ): رجم، سنگسار کرنا (۲) شرعا زانی کو پتھر مار کر ہلاک کرنا۔ (۳) وہ پتھر جس سے سنگسار کیا جائے۔

Marfat.com

- قالہ رَجْمًا بالغیب: اس نے یہ بات بغیر دلیل کے کی ہے۔ ھو فلانٌ رَجْمًا: وہ حقیقت سے ناواقف ہے (ج) رُجُوْمٌ۔

(الرَّجْمُ): قبر پر نصب کیا جانے والا پتھر (۲) قبر (۳) کنواں، (۴) تنور (ج) رِجامٌ و اَرْجامٌ۔

(الرُّجُمُ): آسمان سے دکھائی دینے والے شعلے جو ٹوٹ کر گرنے والے ستارے معلوم ہوتے ہیں (۲) قبر پر نصب کیا جانے والا پتھر۔

(الرَّجْمَۃُ): قبر پر نصب کیا جانے والا پتھر (ج) رِجامٌ

(الرُّجْمَۃُ): الرَّجْمَۃُ (۲) دو کھیتوں کے درمیان بنی ہوئی لوہے یا پتھر کی آڑ۔ (ج) رُجَمٌ و رِجامٌ۔

(مَرَاجِمُ): قبیح کلام۔ واحد مِرجمۃٌ

- رماہ بالمراجم: اس نے اسے گالی دی۔

(المِرْجامُ): گوپیا جس سے پتھر پھینکے جاتے ہیں (ج) مراجیم۔

(المِرْجَمُ): مضبوط و طاقتور آدمی اور گھوڑا۔ رجلٌ مِرْجَمٌ و فرسٌ مِرجَمٌ۔

- لسان مِرْجَمٌ: تیز طرار زبان (ج) مَرَاجِمُ۔

(رَجَنَ) بالمکان ـُ رُجُوْنًا: کسی جگہ قیام کرنا، ٹھہرنا۔

- الحیوانُ: جانور کا گھر سے مانوس ہونا۔ ھو راجنٌ وھی راجنٌ و راجنۃٌ۔

- الدابّۃَ رَجْنًا: جانور کو گھر میں بند رکھنا اور خراب چارہ دینا جس سے وہ کمزور ہو جائے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے (فانّ الرَّجَنَ للماشیۃ علیھا شدید ولھا مھلک)

- فلانًا: کسی سے شرمانا۔

(اَرْجَنَ): رَجَنَ

- الدابّۃَ رَجَنَھا۔

(ارتَجَنَ) الشیءُ: خلط ملط ہونا، خراب ہونا۔

- الزُّبْدُ: مکھن کا پکانے سے صاف نہ ہونا، بگڑ جانا۔

- امرُ القوم: معاملہ کا گڑبڑ ہو جانا۔

- بالمکان: قیام کرنا۔

(الرَّجِیْنُ): زہر قاتل۔

(الرَّجِیْنَۃُ): جماعت، گروہ (ج) رجائن۔

(المَرْجان): (دیکھئے: مرج)

(المَرْجُوْنَۃُ): کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی پٹاری جو نیچے سے کشادہ اوپر سے تنگ ہوتی ہے (ج) مراجین — ھم فی مَرْجونۃ: وہ اس شش و پنج میں ہیں کہ قیام کریں یا کوچ کریں۔

(رَجَاہ) ـُ رَجْوًا و رُجُوًّا و رَجَاءً و رَجَاءَۃً و رَجَاوَۃً و مَرْجَاۃً: اُمید کرنا۔ ھو راجٍ والشیءُ مَرْجُوٌّ و ھی مَرْجُوَّۃٌ۔ (۲) ڈرنا (یہ اکثر نفی میں مستعمل ہے) جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿مَالَکُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰہِ وَقَارًا﴾۔

(رَجِیَ) ـَ رَجًا: بولتے بولتے رک جانا۔

(رُجِیَ) علیہ الکلام: کلام سے عاجز آنا۔

(اَرْجَتِ) الناقۃُ: اونٹنی کا بچہ نکلنے کا وقت قریب ہونا۔ ھی مُرْجِیَۃٌ۔

- الامرَ: موخر کرنا، ملتوی کرنا۔

- الصیدَ: شکار سے محروم رہنا۔

- البئرَ: کنویں کی چوڑی دو کناریوں والی فصیل بنانا۔

(رَجَّاہُ): اُمید لگانا۔

(ارْتَجَاہُ): رَجَاہ۔

(تَرَجَّاہُ): اُمید رکھنا۔

(الأُرْجُوَانُ): ارغوان، ایک حسین سرخ پھول والا پودا (۲) گہرے سرخ رنگ کا گوند (۳) سرخی (۴) سرخ کپڑا۔

- احمرُ ارجوانیٌّ: تیز سرخ (مع)

(الأُرْجِیَّۃُ): مؤخر اور ملتوی کیا ہوا معاملہ (ج) اراجیّ۔

(التَرَجِّی): اچھی اور ممکن چیز کی اُمید۔

(الرَّجَا): کونہ، گوشہ، کنارہ۔

- رَجَوَان: کنویں کے دونوں کنارے جو چاروں طرف بنی ہوئی فصیل کے ہوتے ہیں۔

- رُمِیَ بہ الرَّجوان: اسے ہلاکتوں میں ڈال دیا گیا (ج) ارجاء۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَالْمَلَکُ عَلٰی اَرْجَائِھَا﴾

(الرَّجِیَّۃُ): کسی سے قائم کی ہوئی اُمید۔

- ما فی فلان رجیّۃ: مجھے فلاں شخص سے کوئی اُمید نہیں۔

ر ...... ح

(رَحِبَ) المکانُ ـَ رَحَبًا: جگہ کا کشادہ ہونا۔

(رَحُبَ) المکانُ ـُ رُحْبًا و رَحَابَۃً: کشادہ ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿حَتّٰی اِذَا ضَاقَتْ عَلَیْھِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ﴾

- رَحُبَ بك المکانُ، رَحُبَتْكَ الدارُ: تمہارے لئے مکان میں گنجائش ہے۔

- رَحُبَکُمُ الامرُ: تمہارے لئے اس معاملہ میں گنجائش ہے۔ ھو رَحْبٌ و رَحِیْبٌ و رُحَابٌ۔

(اَرْحَبَ): کشادہ ہونا۔

- الشیءَ: کشادہ کرنا۔

(رَحَّبَ) المکانَ: کشادہ کرنا۔

- فلانًا و بہ ترحیبًا: خیر مقدم کرنا (۲) خوش آمدید کہنا۔

(تَرَاحَبَ): کشادہ ہونا۔

(الرُّحَابُ): کشادہ، بڑا۔ قدرٌ رُحَابٌ: بڑی دیگچی۔

(الرَّحْبُ): کشادہ، وسیع۔ جیسے مکان رَحْبٌ و دارٌ رَحْبَۃٌ۔

- ھو رحبُ الصّدرِ: وسیع الظرف، فراخ دل۔

- رحبُ الذراع: سختی کا ہمت سے مقابلہ کرنے والا۔

- رحبُ الذراع والباع: سخی، فیاض۔

- رحبُ الراحۃ: کشادہ دست۔

- رحبُ الفھمِ: انتہائی سمجھدار۔

(الرُّحْبٰی): اونٹ کے پہلو میں سینہ کے اندر سب سے چوڑی پسلی۔

Marfat.com

رحبیان: دو پسلیاں جو تمام پسلیوں کے اوپر بغل کے قریب ہوتی ہیں (۲) دل دھڑکنے کی جگہ۔

(الرَّحْبَةُ): کشادہ زمین (۲) گھر کا صحن اور کھلی جگہ (ج) رِحَابٌ وَ رَحْبٌ۔

(الرَّحَبَةُ): الرَّحْبَةُ (ج) رَحَبٌ و رحابٌ۔

(الرَّحِيْبُ): هو رحيب الصدر: وسیع الظرف۔

-رحیبُ الجوف: بڑے پیٹ والا۔

- رحیبُ الباع والذراع: سخی (۲) زیادہ کھانے والا (ج) رُحُبٌ – وهی رَحِيْبَةٌ (ج) رَحَائِبُ۔

(المَرْحَبُ): کشادگی۔ مرحباً بكَ: خوش آمدید۔ آپ کھلی اور فراخ جگہ میں آئے ہیں' آپ کے لئے ہمارے پاس کشادگی ہے' بددعا کے موقع پر لامرحبابك کہا جاتا ہے۔

(رَحَّ) الفَرَسُ – رَحَحًا: گھوڑے کا چوڑے کھر والا ہونا (یہ قابل تعریف وصف ہے)

-الوَعِلُ: پہاڑی بکری کا سم پھیلا ہوا ہونا۔

- الرَّجلُ: آدمی کے تلوے کا اوپر اٹھا ہوا نہ ہونا۔ هو ارَحُّ وهی رَحَّاء (ج) رُحٌّ۔

(الاَرَحُّ): ہموار تلوے والا جو بیچ سے اٹھا ہوا نہ ہو۔

(رَحْرَحَ) الرَّجُلُ: مقصد کے آخر تک نہ پہنچنا۔

-بالکلام: اشارہ سے بات کرنا' کھل کر بات نہ کرنا۔

- الخبزَ: روٹی کو پھیلا کر بڑا کرنا۔ هو مُرَحْرَحٌ۔

(تَرَحْرَحَتِ) الفرسُ: گھوڑے کا پیشاب کرنے کے لئے ٹانگوں کو چوڑا کرنا۔

(الرَّحْرَاح): وسیع و کشادہ۔ اناءٌ رحراحٌ چھوٹی دیوار والا کشادہ برتن۔ حدیث انس رضی اللہ عنہ میں ہے: (فَأتی بقدحٍ رحراحٍ فوضع فيه اصابعه) عیش رحراحٌ: فراخ زندگی۔

(الرَّحْرَحُ' والرَّحْرَحان): الرحراح۔

(رَحَضَ) الثوبَ – رَحْضًا: کپڑے کو دھونا۔ حدیث ابن ثعلبہ میں ہے (سأل عن اوانی المشركين فقال: ان لم تجدوا غيرها فارحضوها بالماء) هو راحضٌ والمفعول مرحوض و رحيضٌ۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے بارے میں عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے: (استتابوه حتى اذا ماتركوهٔ كالثوب الرحيض احالوا عليه فقتلوه)

(رُحِضَ): بخار زدہ کا پسینہ میں شرابور ہونا۔ فلانٌ: پسینہ آنا۔

(اَرْحَضَ) الثوبَ: کپڑے کو دھونا۔

(اُرْحِضَ) المحمومُ: بخار زدہ کو پسینہ آنا۔

(رَحَّضَه): رَحَضَه – هو مُرَحَّضٌ خوارج کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے (وعليهم قُمُصٌ مُرَحَّضَةٌ)

(ارتَحَضَ) فلانٌ: رسوا ہونا۔

(الرُّحَاضَةُ): دھونے کے بعد بچا ہوا پانی۔

(الرَّحْضُ): پرانا مشکیزہ۔ ثوبٌ رحضٌ: وہ کپڑا جو دھودھو کر پرانا ہو گیا ہو۔

(الرُّحَضَاء): بدن کو شرابور کر دینے والا پسینہ۔ حدیث وحی میں ہے (فمسح عنه الرُّحضاء) (۲) بخار کے بعد آنے والا پسینہ (۳) پسینہ والا بخار۔

(المِرْحَاضُ) غسل خانہ (۲) بیت الخلاء (۳) کپڑے دھونے کی جگہ (۴) کپڑے کوٹنے کی موگری (ج) مراحیض۔

(المِرْحَضَةُ): وہ برتن جس میں وضو کیا جائے (ج) مراحیض۔

(الرُّحاق): شراب (۲) خالص' صاف شراب

(الرَّحيق): خالص صاف شراب' شراب۔ قرآن مجید میں ہے ﴿يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَخْتُوْمٍ﴾ (۲) خوشبو کی ایک قسم۔

- مسكٌ رحيقٌ: خالص مشک۔

- حَسَبٌ رحيقٌ: خالص نسب۔

-رحیق الازهار: پھولوں کا رس جس کو کیڑے چوستے ہیں۔

(رَحَلَ) عن المكان – رَحْلاً و رَحِيْلاً و ترحالاً و رِحلةً: کوچ کرنا' روانہ ہونا۔

-البعيرَ رَحْلاً و رِحْلَةً: اونٹ پر کجاوہ رکھنا۔ هو مرحولٌ و رحيلٌ (۲) اونٹ پر چڑھنا' سوار ہونا' رُحِلَ فلانٌ بمكروهٍ: اس پر مصیبت آئی۔

رَحَلَه بسيفه: اس پر تلوار اٹھائی۔ حدیث میں ہے (لَتَكُفَّنَّ عَنْ شَتْمِه او لأرحلنك بسيفی)

-لَه نفسَه: کسی کی تکلیف پر صبر کرنا۔

(اَرْحَلَ) فلانٌ: کسی کے پاس بکثرت سواری کے اونٹ ہونا۔ هو مُرْحِلٌ۔

- الابلُ: اونٹوں کا کمزور کے بعد موٹا ہو کر سواری کے قابل ہونا۔

-فلاناً: روانہ کرنا۔

-الابلَ: اونٹوں کو سواری کے لئے سدھانا۔

-فلاناً: سواری دینا۔

(رَاحَلَه) سفر میں کسی کی مدد کرنا۔

(رَحَّلَه) روانہ کرنا۔

-الابلَ: اونٹ پر کجاوے رکھنا۔

- الثوبَ: کپڑے پر کجاوے جیسے نقش بنانا۔ حدیث میں ہے (انه صلى الله عليه وسلم خرج ذات يومٍ وعليه مِرطٌ مُرَحَّلٌ)۔

- الحسابَ: حساب کو اگلے پرت پر اٹھانا (سلسلہ باقی رکھتے ہوئے) (محدثہ)

(ارتَحَل) رَحَلَ۔

-البعيرَ: اونٹ پر کجاوہ رکھنا (۲) سوار ہونا۔

-الطفلُ اباهُ: بچہ کا باپ کی کمر پر چڑھنا۔ حدیث میں ہے (ان النبى صلى الله عليه وسلم سجد فركبه الحسن فابطأ فى سجوده فلما فرغ سئل عنه فقال اِنَّ ابنى ارتحلنى فكرهت ان اُعجِلَه)۔

(تَرَحَّلَ) رَحَلَ۔

-الدَّابةَ: جانور پر سوار ہونا۔

-تَرَحَّلَه: کسی پر برائی کے ساتھ چڑھ جانا۔

(استَرْحَلَه) کسی سے کجاوہ رکھوانا (۲) کسی سے سواری کا جانور مانگنا۔

- الناسَ نفسَه: لوگوں کے سامنے خود کو اتنا گرانا کہ وہ اسے تکلیف دینے لگیں۔

Marfat.com

(الرَّاحِلَةُ): سواری اور بوجھ برداری کا اونٹ۔ حدیث میں ہے (تجدون الناس بعد کابلٍ مائةٍ لیس فیها راحلة) (ج) رواحل۔
-مشت رواحله: بوڑھا اور کمزور ہونا۔
(الرَّاحولُ): روانہ ہونے والا' مسافر (ج) رواحیل۔
(الرِّحَالَةُ): زین (۲) چمڑے کی زین جس میں لکڑی نہ لگی ہو (ج) رحائل۔
(الرَّحَّالُ): کجاوے بنانے والے۔
(الرُّحَّالُ) العربُ الرُّحَّالُ: وہ عرب لوگ جو ایک جگہ رہنے کے بجائے اپنے مویشیوں کے ساتھ ان مقامات میں قیام کریں جہاں بارش ہوتی ہو اور سبزہ اُگتا ہو۔
(الرَّحَّالَةُ): بہت زیادہ سفر کرنے والا' سیاح (تاء مبالغہ کی ہے)
(الرُّحَّلُ) العربُ الرُّحَّلِ الرُّحَّال۔
(الرَّحْلُ) کجاوہ (۲) سامان سفر رکھنے کا تھیلا وغیرہ (۳) رہائش گاہ (۴) سامان سفر۔ حدیث میں ہے (اِذا ابتلّتِ النِّعال فالصلوةُ فی الرِّحال) (ج) اَرْحُلٌ و رِحَالٌ - حَطَّ فلانٌ رَحْلَه و اَلْقی رَحْلَه: قیام کرنا' ٹھہرنا۔
(الرِّحْلَةُ) سفر' مخصوص سفر' قرآن۔ (ج) رِحَل۔ قرآن مجید میں ہے ﴿رِحْلَةَ الشِّتَاءِ وَالصَّيْفِ﴾ (۲) سفر نامہ۔
-بعیرٌ ذو رِحْلةٍ چلنے کے قابل اونٹ۔
(الرُّحْلَةُ) منزل سفر۔ جس چیز کی طرف سفر کیا جائے۔ کہتے ہیں الکعبة رحلة المسلمین وانتم رُحلتی۔
-عالمٌ رُحْلة ایسا عالم جس کے پاس لوگ دور دراز سے سفر کر کے آئیں۔
بعیرٌ ذو رحلةٍ چلنے پر قادر اونٹ۔
(الرَّحُولُ) بہت زیادہ سفر کرنے والا آدمی (۲) سواری کا اونٹ۔
(الرَّحُولُ) بہت زیادہ سفر کرنے والا آدمی (۲) سواری کا اونٹ۔

(الرَّحُولَةُ): سواری کا اونٹ۔
(الرَّحِيلُ): سفر' روانگی' کوچ (۲) سفر کے قابل اونٹ۔
(المُرْتَحَلُ): سفر (۲) سفر کی منزل (۳) روانگی کی جگہ۔
(المِرْحَلُ) من الجمالِ: مضبوط' سفر کے قابل اونٹ۔
(المَرْحَلَةُ): کسی مقدر وقت کا سفر' مثلاً ایک دن کا سفر (۲) سفر کی دو منزلوں کے درمیان سفر کا فاصلہ (ج) مَراحل۔
(رَحِمَتِ) المَراَةُ - رَحَمًا: عورت کا رحم کی تکلیف میں مبتلا ہونا۔ ھی رَحْماء۔
- السِقاءُ: مشکیزہ کا تیل وغیرہ نہ ملنے کی وجہ سے خراب ہو جانا۔
-فلانًا رَحمةً و رُحْمًا و مَرْحَمَةً: نرمی کرنا' رحم کرنا' اچھا برتاؤ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَاَرَدْنَا اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا﴾ (۲) معاف کرنا۔
(رَحُمَت) المراةُ رَحْمًا: رَحِمَتْ۔
(رُحِمَتِ) المراةُ - رَحامةً: رَحِمَتْ۔
(رَحَّمَ) علیه: کسی کے لئے رحمت کی دعا کرنا۔ رحمہ اللہ کہنا۔
(تَراحَمَ) القومُ: ایک دوسرے پر مہربانی کرنا۔
(تَرَحَّمَ) علیه: رحم کرنا' مہربانی کرنا (۲) رحمت کی دعا کرنا۔
(استَرْحَمَه) مہربانی طلب کرنا' رحمت کا طلبگار ہونا۔
(الرَّاحِمُ) شاةٌ راحِمٌ و عنزٌ راحمٌ: متورم رحم والی بکری۔
(الرُّحَامُ): وہ بکری وغیرہ جو بچہ جنے لیکن اس کی ریزش نہ گرے۔
(الرَّحِمُ والرِّحْمُ والرِّحِمُ) رحم' بچہ دانی (۲) رشتہ' قرابت داری (مذکر و مونث) (ج) اَرْحَام' ذو الاَرحام: وہ رشتہ دار جو نہ عصبہ میں سے ہوں اور نہ ذوی الفروض میں سے جیسے بھتیجیاں اور چچا زاد بہنیں۔

(الرَّحْمُ): رحم کی ایک بیماری جس کی وجہ سے حمل نہیں ٹھہرتا۔
(الرَّحْمٰنُ): بڑا مہربان' زبردست رحمت والا (یہ صفت اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے اس کی علاوہ کسی اور کے ساتھ جائز نہیں)
(الرَّحْمَةُ): رحم' مہربانی' شفقت۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ﴾
(الرَّحَمُوْتُ): رحم' مہربان۔ کہتے ہیں: رَهَبُوْتٌ خيرٌ لكَ من رَحَموتٍ: تجھ کو ڈرایا جانا تجھ پر نرمی کرنے سے بہتر ہے۔
(الرُّحْمیٰ): مہربانی' رحمت' نرمی۔
(الرَّحُوْمُ): بہت مہربان و مشفق (مذکر و مونث کے لئے) (۲) وہ عورت جس کے رحم میں تکلیف ہو۔
(الرَّحِيْمُ): بہت رحم کرنے والا (ج) رُحَمَاءُ (۲) رحم کیا ہوا۔
(المَرْحَمَةُ): نرمی' شفقت' رحم۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ﴾ (ج) مَراحِم۔
(رَحَتِ) الحَيَّةُ - رَحْوًا: سانپ کا پیچ و تاب کھانا' کنڈل مارنا۔
-الرَّحی: چکی بنانا۔
-الرَّحی و بها: چکی چلانا۔
-فلانًا: تعظیم کرنا۔
(رَحِی) - رَحْيًا: رَحَا۔
(رَحَّی) الانسانُ الرَّحی: چکی بنانا' چکی ٹھیک کرنا۔
(تَرَحَّتِ) الحَيَّةُ: رَحَتْ۔
(الرَّحی والرَّحا): چکی (آٹے پینے کی) (ج) اَرْحٍ و ارحاءٌ و رُحِیٌّ و اَرْحِيَةٌ (۲) سینہ (۳) ناخن کے ارد گرد کا حصہ (۴) دائرہ (ج) اَرْحاءٌ۔
-رَحی الحربِ: جنگ کی شدت۔
-دارت رحی الحربِ: جنگ چھڑ گئی۔
-دارت علیه رحی الموتِ: وہ مر گیا۔
(۵) اہل و عیال (۶) اونٹوں کا ازدحام (۶)

Marfat.com

گول اونچی زمین۔
(الرَّخوِيَّةُ): (میکانکس میں) جیک کی طرح کا وازن اُٹھانے اور کھینچنے کا آلہ۔(مج)
(اَلمَرْخی) المَرْخی الحرب: میدان جنگ۔ سلیمان بن صرد کی حدیث میں ہے: (اَتَیْتُ علیًا حین فرغ من مَرْخی الجمل)۔
(مَرْخی): (دیکھئے: مرح)۔

ر........خ

(رَخَّ)العجينُ ـِ رَخًّا: گندھے ہوئی آٹے کا پتلا ہونا۔
-الشئَ ـُ رَخًّا: پیروں سے روند کر نرم کرنا (۲) چوٹ مار کر نرم کرنا۔
-الشرابَ: شراب میں پانی کی آمیزش کرنا۔
(رَخَّ)ـَ رَخَخًا: نرم و ملائم ہونا۔
(اَرَخَّ) الشئَ: زیادہ نرم کرنا۔
-العجينَ: آٹے کو بہت پتلا کرنا۔
(اِرْتَخَّ): نرم ہونا۔
-رأيُه: رائے میں اضطراب ہونا۔ رائے کا پختہ نہ ہونا۔
-السكرانُ: نشہ والے کا زیادہ نشہ میں ہونا۔
-العجينُ: آٹے کا پتلا ہونا۔
(الرَّخاخُ): نرم و گداز۔ ارضٌ رخاخٌ: نرم و کشادہ زمین۔ نبات رخاخٌ: خستہ اور نرم گھاس۔ عيشٌ رخاخٌ: کشادہ پر سکون زندگی۔
(الرُّخُّ): نرم اور خستہ گھاس (۲) ایک خیالی پرندہ جس کے اوصاف میں قدماء نے بڑا مبالغہ کیا ہے (۳) شطرنج کا ایک مہرہ (ج) رِخاخٌ و رِخخة۔
(الرَّخاءُ): پھولی ہوئی نرم زمین جو پیروں سے دب جائے (ج) رَخاخِیُّ۔
(الرَّخْرَاخُ و الرُّخْرُخُ): پتلا گارا یا پتلا گندھا ہوا آٹا۔
(رَخُصَ) ـُ رَخاصَةً و رُخُوصَةً و رُخْصَانًا: نرم و نازک اور تروتازہ ہونا هو رَخْصٌ و رخيصٌ۔
-غصنٌ رَخْصٌ: تروتازہ شاخ۔
-بنانٌ رَخْصٌ: نازک انگلیاں۔
-السِّعْرُ رَخْصًا: بھاؤ گرنا، سستا ہونا۔ هو رخيصٌ۔
(اَرْخَصَ)السِّعْرَ: سستا کرنا، بھاؤ گرانا۔
-الشئَ: سستا پانا، سستا خریدنا۔
-لَه في الامرِ: کسی کام میں آسانی پیدا کرنا۔
(رَخَّصَ)لَه في الامرِ: آسانی اور سہولت پیدا کرنا۔
-لَه في كذا و فلانًا فيه: ممانعت کے بعد اجازت دینا، رخصت دینا۔
(اِرْتَخَصَه): سستا سمجھنا (۲) سستا خریدنا۔
(تَرَخَّصَ) في الاُمورِ: معاملات میں رخصت پر عمل کرنا۔
(اسْتَرْخَصَه): سستا سمجھنا۔
(الرُّخْصَةُ و الرُّخُصَةُ): کسی کام میں دی ہوئی سہولت و آسانی (۲) (شرعی اصطلاح میں) اصلی امر کو تخفیف و تسہیل میں بدلنا۔ جیسے مسافر کی نماز۔ یہ عزیمت کی ضد ہے۔ حدیث میں ہے (ان الله جل ثناءه يحب ان يوخذ برخصة كما يحب ان توتى عزائمه) (۳) پانی پینے کی باری۔ کہتے ہیں اَخذ رخصته من الماءِ: اس نے پانی کا اپنا حصہ لے لیا (۴) پرمٹ، لائسنس جیسے رخصة السيارة: گاڑی کا لائسنس (محدثہ)۔
(الرَّخِيصُ): غبی، ناسمجھ (۲) ملائم کپڑا (۳) سستا۔
-موتٌ رخيصٌ: سخت تکلیف دہ موت۔
(رَخَفَ) العجينُ و نحوُهُ ـُ رَخْفًا: گندھے ہوئے آٹے وغیرہ کا زیادہ پانی کی وجہ سے پتلا ہو جانا۔ هو راخفٌ۔
(رَخِفَ)ـَ رَخَفًا: رَخَفَ هو رَخِفٌ۔
(رَخُفَ)ـُ رَخافَةً و رُخُوفَةً: رَخَفَ هو رَخْفٌ و رَخِيفٌ۔
(اَرْخَفَ) العجينَ: آٹے کو پتلا اور ڈھیلا کرنا۔
(الرَّخْفُ): رنگ کی ایک قسم۔
(الرَّخْفَةُ)صار الماءُ رَخْفَةً: پانی کا پتلا گارا بن جانا (۲) ہلکا نرم پتھر (ج) رِخافٌ۔
(تَرَخَّلَ): بھیڑ کے مادہ بچوں کو پالنا۔
(الرَّخاخِيلُ): کھجور کی نبیذیں۔
(الرِّخْلُ): بھیڑ کے مادہ بچے (ج) اَرْخُلٌ و رُخالٌ و رِخلانٌ۔
(الرَّخِلُ و الرَّخْلَةُ): الرِّخْلُ۔
(رَخَمَ)الصوتُ والكلامُ ـُ رَخْمًا: آواز کا باریک اور کلام کا نرم ہونا۔
-النعامةُ و الدجاجةُ بَيْضَها و عليه رَخْمًا و رَخَمًا و رَخَمَةً: شتر مرغ، مرغی کا انڈوں کو سینا۔ هي رَاخِمٌ۔
-المرأةُ ولدَها رَخْمًا و رَخْمَةً: بچے سے از پیار کرنا۔
(رَخِمَ) السِّقاءُ و نحوه ـَ رَخَمًا: مشکیزہ وغیرہ کا بدبودار ہونا۔
-الفرسُ و نحوُه رَخَمَةً: گھوڑے کے سر کا سفید اور باقی جسم کا سیاہ ہونا۔ هو اَرْخَمُ و هي رَخْماءُ (ج) رُخْمٌ۔
- فلانًا رَخْمًا و رَخَمَةً: مہربانی و شفقت کرنا۔ القى عليه رَخْمَتَه و رَخَمَه: کسی سے بھرپور محبت کرنا۔
(رَخُمَ)الصوتُ والكلامُ ـُ رخامةً: رَخَمَ - هو رَخِيمٌ۔
-رَخُمَتِ المرأةُ: عورت کا نرم و نازک ہونا هي رخيمةٌ و رخيمٌ۔
(اَرْخَمَتِ) النعامة والدجاجة على بيضها: شتر مرغی اور مرغی کا انڈوں کو سینا۔ هي مُرْخِمٌ و مُرْخِمَةٌ۔
(رَخَّمَ)الدجاجةَ: مرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔
-الشئَ: نرم و گداز بنانا (۲) علم نحو میں ترخیم یہ ہے کہ نداء میں اس کے آخری حرف کو تلفظ آسان کرنے کے لئے حذف کر دیا جائے۔
-البيتَ: گھر میں سنگ مرمر کا فرش بچھانا۔
(الرُّخامُ): سنگ مرمر۔
(الرُّخامَى): ہلکی ہوا، بادِ نسیم (۲) مویشیوں کا بھورے رنگ کا چارا۔

Marfat.com

(الرَّخَمُ): گدھ (۲) گاڑھا دودھ۔
(الرَّخَّام): سنگ مرمر تراشنے اور صاف کرنے والا (۲) سنگ مرمر بیچنے والا۔
(رَخَا) العیشُ وغیرہ ـُ رَخَاءً: زندگی کا فراخ اور کشادہ ہونا۔ هو رِخْوٌ۔
(رَخِيَ) الشيءُ ـَ رَخًا و رَخَاءً: نرم ہونا۔
-العیشُ: زندگی کا فراخ ہونا۔
(رَخُوَ)ـُ رَخَاءً و رَخَاوَةً و رِخْوَةً رَخِيَ۔
(أرْخَى) خوشحال ہونا۔
-الفرسُ: تیز دوڑنا۔
-الشيءَ: نرم وگداز کرنا (۲) لٹکانا (۳) لمبا کرنا' پھیلانا۔
-السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔
-عمامَته: مطمئن و بے خوف ہونا۔
-الزمامَ: لگام کو ڈھیلا کرنا۔
-لَه القيد: بیڑی کو ڈھیلا کرنا۔
-لَهُ العِنانَ: اپنے حال پر چھوڑ دینا' آزاد چھوڑ دینا۔
-الدابّةَ ولها جانور کی رسی لمبی کرنا۔
(رَخَّى) الشيَ بالشيْ: خلط ملط کرنا۔
(رَاخَى) راختِ الحاملُ ولادت کا وقت قریب آنا۔
-الشيْ: نرم کرنا۔
-العقدةَ: گرہ کو ڈھیلا کرنا۔
-خِنَاقَه گھٹن پیدا کرنے والی چیز کو دور کرنا۔
(تَرَاخَى) سست ہونا' تاخیر کرنا' پیچھے رہنا۔
-عن الامرِ: پست ہمت ہونا۔
-السماءُ: بارش میں دیر کرنا۔
- مابینهما دو چیزوں کے درمیان دوری ہونا۔
(استرخَي) نرم ہونا (۲) پھیلنا۔
-الأمْرُ: تنگی اور سختی کے بعد کشادگی ہونا۔
-الرجل: اعضاء کو ڈھیلا چھوڑ کر لیٹنا۔
(الأرْخِيَّةُ): لٹکائی ہوئی یا نرم کی ہوئی چیز (ج) اراخِيّ۔
(الرَّخَاء) خوشحالی' فراخی' آسودگی۔ حدیث میں ہے (اذکر الله فی الرّخاء یذکرک فی الشدّة)
(الرُّخَاءُ): بادِ نسیم' ہلکی ہوا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَسَخَّرْنَالَهُ الرِّيحَ تَجْرِي بِأَمْرِهِ رُخَاءً حَيْثُ أَصَابَ﴾
(الرَّخَاوَةُ): (رخاوة العضل الخِلْقية) بچوں کے عضلات کی ایک پیدائشی بیماری (مج)
(الرِّخْوُ): نرم وگداز' خستہ (۲) ایسے حروف کی صفت جن کے مخرج میں آواز قدرے رک کر نکلتی ہے اور احتکاء کی صورت پیدا ہوتی ہے۔ اسے رخاوۃ کہتے ہیں جیسے زاء اور سین وغیرہ۔
(الرِّخْوَةُ): حروف کی صفت' حروف رخوہ تیرہ ہیں: ث' ح' خ' ذ' ز' ظ' ص' ض' غ' ف' س' ش اور ہ۔
-فيه رَخوةٌ: اس میں ڈھیلا پن ہے۔
(الرَّخِيُّ) عيشٌ رَخِيٌّ: خوشحال اور آسودہ زندگی۔
-رَخِيُّ البالِ: خوشحال' فارغ البال۔
(المِرْخَاءُ) فَرَسٌ و نَاقَةٌ مِرْخَاءٌ: تیز دوڑنے والا گھوڑا یا اونٹ۔
(رَخْوَدَ): خوشحال ہونا۔
(الرِّخْوَدُّ): نرم وگداز' هو رخودٌ: گداز جسم اور ہڈیوں والا۔
-رخْوَدُّ الشباب: نوجوان۔
(الرِّخْوَدَةُ): (علم طب کے مطابق) ہڈیوں کی نرمی۔ ایک ایسی بیماری جو جسم میں کیلشیم اور فاسفورس کی کمی سے پیدا ہوتی ہے (مج)

ر.........د

(رَدَأَهُ) بہ ـَ رَدْءًا: معاون ومددگار بنانا۔
- الحائطَ دیوار کو پشتہ لگانا۔ سہارا دینا اور مضبوط کرنا۔
- الماشيةَ: جانور کو عمدہ دیکھ بھال اور چارے کے ذریعہ طاقتور کرنا۔
-بحجرٍ: پتھر مارنا۔
(رَدُؤَ)ـُ رَدَاءَةً: کمزور وعاجز ہو کر محتاج ہو جانا (۲) گھٹیا وخراب ہونا (۳) کمینہ ہو جانا۔ هو رَدِيٌّ۔
(أرْدَأَ): گھٹیا حرکت کرنا (۲) خراب اور ردی چیز پانا۔
-علی كذا: زیادہ ہونا بڑھ جانا۔
-الشيْءَ: خراب وردی کرنا (۲) گھٹیا کرنا۔
-فلانًا: مدد کرنا' معاونت کرنا۔
-الحائطَ و نحوهُ: دیوار وغیرہ کو پشتہ لگانا۔
-السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔
(تَرَادَأَ) القومُ: باہم تعاون کرنا۔
(الرِّدْءُ): معین ومددگار۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَأَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْءًا يُصَدِّقُنِي﴾ (۲) سہارا' طاقت (۳) جانور کے ایک طرف کا بھاری بوجھ (ج) أرْدَاءُ۔
(الرَّدِيُّ): ناپسندہ' خراب' گھٹیا ردی (۲) کمینہ' کم ظرف (ج) أرْدِئاء۔
(تَرَدَّبَ) بہ و علیہ: لطف ومہربانی کرنا۔
(الأردبُّ) (دیکھئے: الاردب) ہمزہ کے باب میں۔
(الأرْدبَّةُ): (دیکھئے: الأرْدبَّةُ)
(الرُّدَابُ): الرّدابُ القولونی: طب کی ایک اصطلاح (مج)
(الرَّدْبُ): بند راستہ (۲) علم التشریح کی ایک اصطلاح (مج) (ج) رُدُوبٌ۔
(رَدَجَ) الصبیُّ او المهرُ او السَّخْلَةُ ـِ رَدْجًا: پیٹ سے رَدَج نکالنا۔
(الرَّدَجُ): انسان یا جانور کے پیٹ سے غذا کھانے سے پہلے نکلنے والی چیز أرْدَاج۔
(اليَرَنْدَجُ): (دیکھئے: الارندج) (مع)
(رَدَحَ)ـَ رَدْحًا: ثابت قدم رہنا' جم جانا۔
-بالمکان: ٹھہرنا' قیام پذیر ہونا۔
-الرجلُ: ضرورت پوری ہونا۔
-الشيْ: پھیلانا۔
-الرجُلَ: پچھاڑنا۔
- البيتَ بالطين: گھر کو گارے سے لیپنا' گارے کا پلاسٹر کرنا۔
(رَدُحَتِ) المراۃُ ـُ رداحةً: عورت کا بھاری اور موٹے سرین والی ہونا۔
(أرْدَحَ) البيتَ: رَدَحَه۔
(رَدَّحَ) الشيْ: پھیلانا۔

Marfat.com

(الرَّادِحَةُ): تانیث الرادح (۲) مائدة رادِحةٌ: بڑا اور زیادہ روٹیوں والا دسترخوان۔
(الرَّدَاحُ): دَوْحَةٌ رداحٌ: بہت بڑا درخت۔
- جفنةٌ رداحٌ: بڑا پیالہ۔
- امرأةٌ رداحٌ: بھاری اور موٹے کولہے والی عورت۔
- كتيبةٌ رداحٌ: بہت بڑا لشکر۔
- كبشٌ رداحٌ: بھاری چکی والا دنبہ۔
- بيتٌ رداحٌ: وسیع گھر۔ جملٌ رداحٌ: بھاری وزن والا اونٹ۔ فتنةٌ رداحٌ: بہت بڑا فتنہ (ج) رُدُحٌ۔
(الرَّداحَةُ): درندوں کو شکار کرنے کی جگہ۔
(الرَّدَاحَةُ): الرِّداحَةُ (۲) بھاری اور موٹے سرین والی عورت۔
(الرَّدْحُ): ہلکا درد (ج) اَرْدَاحٌ۔
(الرَّدَحُ): لمبی مدت، طویل زمانہ جیسے قام رَدحًا مِنَ الدَّهرِ۔
(الرُّدْحَةُ) لك عنه رُدحَةٌ: تمہارے لئے اس سے الگ ہو کر فراخی ہے۔
(الرُّدْحِيُّ): گاؤں کا پرچون فروش۔
(الرَّدُوحُ): بھاری اور موٹے سرین والی عورت (ج) رُدُحٌ۔
(المُرْتَدَحُ): گنجائش فراخی۔
(رَدَخَ) راسَه - رَدْخًا: سر پھوڑنا۔
(الرَّدْغُ): زیادہ کیچڑ۔
-الرَّدْغَةُ: کیچڑ کا ایک حصہ۔
(رَدَّهُ) - رَدًّا و تَرْدَادًا و رِدَّةً: منع کرنا، ہٹانا (۲) لوٹانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَدَّ كَثِيرٌ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ لَوْ يَرُدُّونَكُمْ مِنْ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا﴾
-الیه: لوٹانا۔
-علی عَقِبِه: دھکیلنا، ہٹانا۔
-كَيْدَهُ فی نحرِه: جیسے کو تیسا کرنا، کسی کو اسی کے دام فریب میں پھنسا دینا۔
-الباب: دروازہ بند کرنا۔
-علیه: جواب دینا۔
- الانسانُ وغيره: دانتوں وغیرہ کا ایک دوسرے کے قریب ہونا۔
-الحَبَّ: غلہ کو دو پتھروں سے کوٹنا۔
(التَّرْصِيعُ): علم بدیع میں ترصیع یہ ہے کہ الفاظ کے اوزان برابر اور ان کے آخری حروف یکساں ہوں جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿ إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴾
(الرَّصِيعُ): قرآن مجید کے غلاف کا بٹن۔
(الرَّصِيعَةُ): ہر وہ زیور جس سے کوئی آراستہ کی جائے۔ تاج وغیرہ پر جڑنے کا گول زیور (۲) لگام وغیرہ کی گرہ (۳) دلیا (۴) زین یا تلوار کا پرتلہ (ج) رصائع۔
(المِرْصَاعُ): بچوں کے کھیلنے کی لکڑی (۲) بچوں کے چلانے کا لٹو (ج) مَرَاصِيعُ۔
(المِرْصَعَانِ): خوشبو کوٹنے کی پتھر کی بڑی موسلی۔
(رَصَفَ) بِهِ الأَمْرُ - رَصْفًا: لائق و مناسب ہونا۔ جیسے کہا جاتا ہے۔ هذا الامر لا يرصُفُ بك - هو راصفٌ بفلان۔
-الشيءَ: مضبوط کرنا' ملانا۔
- الحجارةَ في البناء: پتھر کو عمارت میں لگانا۔
-قدميه: دونوں پیروں کو ملانا۔
- السهمَ: تیر کے پھل کو داخل کرنے کی جگہ تانت باندھنا۔ هو مرصوفٌ و رَصِيفٌ۔
(رَصِفَ) - رَصَفًا: ایک دوسرے سے ملنا۔
-الاسنانُ: دانتوں کا ہموار ہونا۔ هو رَصِفٌ وهي رَصِفَةٌ۔
(رَصُفَ) - رَصَافَةً مضبوط ہونا۔
-الجوابُ. جواب کا مضبوط اور ناقابل انکار ہونا۔
(اَرْصَفَ) فلانٌ: چشمہ کا پانی ملی ہوئی شراب والا ہونا۔
(رَصَّفَه) رَصَفَه۔
(ارتصَفَ): رَصِفَ' هو مُرْتَصِفُ الأسنانِ: وہ شخص جس کے دانت ہموار اور قریب ہوں۔

Marfat.com

(تَرَاصَفَ) رَصِفَ - تراصفوا فِي الصَّفِّ: قطار میں ایک دوسرے سے بالکل مل کر کھڑے ہونا۔
(الرِّصَافُ): جڑے ہوئے پتھر۔ واحد: رَصَفَةٌ۔
(الرُّصَافَةُ): وہ تانت جو تیر کے پھل کے داخل کرنے کی جگہ باندھی جاتی ہے (۲) بغداد کا ایک محلہ۔ علي بن جهم کا شعر ہے:
عيون المها بين الرُّصافة والجسر
جلبن الهوىٰ من حيث أدري ولا أدري
(ج) رصائِفُ۔
(الرَّصَفُ): جڑے ہوئے پتھر۔ واحد: رَصَفَةٌ (۲) پانی روکنے کا بند، پشتہ (۳) تالاب کے پانی کا راستہ۔
- ماءُ الرصف: پہاڑ سے چٹان پر صاف ہو کر گرنے والا پانی۔
(الرَّصَفَةُ): رصاف یا رصف کا واحد۔ حدیث مغیرہ میں ہے (لحديثٌ من عاقلٍ احبّ اِلَيَّ من الشُّهد بماء الرَّصَفَةِ) (۲) تیر کے پھل کو داخل کرنے کی جگہ بندھی ہوئی تانت (۳) گھٹنے کی ہڈی کا پٹھا اور وہ دو ہوتے ہیں (ج) رَصَفٌ (جج) اَرْصافٌ۔
(الرَّصِيفُ): مضبوط و مستحکم۔
- عملٌ رَصِيفٌ: پختہ کار آدمی۔
- جوابٌ رصيفٌ: یقینی اور ناقابل انکار جواب۔
- هو رصيف فلانٍ: ہر کام کا ساتھی دوست وهي رصيفةٌ (۲) رِصاف یا رصف کا واحد (۳) بمعنی المرصوف۔ پختہ مضبوط (۴) اسٹیشن کا پلیٹ فارم (ج) (۵) فٹ پاتھ۔ سڑک کے دونوں طرف پیدل چلنے کا پختہ راستہ (محدث) (ج) رُصُفٌ و اَرْصِفَةٌ۔
(المِرْصَافَةُ): ہتھوڑا۔ حدیث معاذ رضی اللہ عنہ میں عذاب قبر کے بارے میں ہے (ضربه بمرصافه وسط رأسه) (ج) مَرَاصِيفُ۔
(اَرْصَقَهُ) بہ: چمٹانا، جوڑنا۔
- جوزٌ مُرْصَقٌ: ناریل کی گری جو چھلکے سے چپکی ہوئی ہو۔
(ارتصق) بہ: چپکنا، چمٹنا۔
- جوزٌ مرتصقٌ: وہ ناریل جس کی گری چھلکے سے چپکی ہوئی ہو۔
(رَصَنَه) ـُ رَصْناً: کامل و مضبوط کرنا۔
- الدَّابَّةَ: لوہے کو تپا کر داغ دینا۔
- بلسانه: گالی دینا۔
(رَصُنَ) ـُ رَصَانَةً: مضبوط و مستحکم ہونا جیسے رَصُنَ البناء (۲) سنجیدہ اور مستقل مزاج ہونا۔
- کلامٌ رصينٌ و رايٌ رصينٌ: پختہ کلام، پختہ رائے۔
(اَرْصَنَهُ): ثابت و مضبوط کرنا۔
(رَصَّنَ) الشيئ معرفةً: معلوم کرنا، جاننا۔
- لي هذا الخبرَ: تحقیق کرنا۔
(الرَّاصِنُ): مضبوط و مستحکم (ج) رواصين۔
(الرَّصِينُ): فلانٌ رصينٌ بحاجتك: فلاں کو تمہاری ضرورت کا بڑا ہی خیال ہے۔
- رَصِينُ الجوف: پیٹ میں درد کی جگہ۔ وهي رصينةٌ۔
- الرصينان: گھٹنے کی ہڈیوں کے دو کنارے۔
(المِرْصَنُ): داغ لگانے کو لوہا۔
(رَصَاه) ـُ رَصْواً: مضبوط و پختہ کرنا۔
(اَرْصَى) بالمكان: جمے رہنا، قیام کرنا اور نہ ٹلنا۔

ر.........ض

(رَضَبَ) المطرُ ـُ رَضْباً: بارش کا مسلسل اور لگاتار ہونا۔
- الرِّيقَ: تھوک نگلنا۔
(تَرَضَّبَ) الرِّيقَ: تھوک کو آہستہ آہستہ نگلنا۔
(الرَّاضِبُ): بیر کے درخت کی ایک قسم۔ واحد: راضبةٌ۔
(الرُّضَابُ): لعاب، منہ میں گھمایا ہوا تھوک (۲) شہد کا جھاگ (۳) درختوں پر پڑی ہوئی شبنم کی بوندیں (۴) اولے (۵) مشک کا چورا (۶) شکر (چینی) کے دانے، ٹکڑے۔
- مَاءٌ رَضَابٌ: میٹھا پانی۔
(المَرْضَبُ): میٹھا لعاب (ج) مَرَاضِبُ۔
(رَضَخَه) ـَ رَضْخاً: پتھر سے کوٹنا اور توڑنا۔ هو مرضوخٌ و رَضِيخٌ۔
- الحصى و النَّوىٰ: سنگ ریزوں اور گٹھلیوں کو توڑنا۔
- راسَه: سر کو کچلنا۔
(ارتضخ) منهُ: عذر کرنا، معذرت کرنا۔
(تَرَضَّخَ) الخُبزَ و نَحْوَه: روٹی وغیرہ کو توڑنا۔
(الرَّضْخُ): معمولی عطیہ (۲) کٹی ہوئی گٹھلی کا گرا ہوا ریزہ۔
- بَلَغَنا رَضْخٌ مِنَ الخَبرِ: ہمیں تھوڑی سی خبر معلوم ہوئی۔
(الرُّضَخُ): کوٹی ہوئی گٹھلیاں یا کوٹتے ہوئے گرنے والے ریزے۔
(الرَّضْخَةُ): کوٹتے ہوئی اچٹنے والی گٹھلی۔
(المِرْضَاخُ): گٹھلیاں کوٹنے کا پتھر (ج) مَرَاضيخ۔
(المِرْضَخَةُ): المِرْضاخ (ج) مَرَاضِخُ۔
(رَضَخَتِ) التُّيُوسُ ـَ رَضْخاً: بکروں کا آپس میں لڑتے ہوئے ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔
- به الارضَ: زمین پر پٹخنا۔
- لَه من مَالِه: تھوڑا سا مال دینا۔
- الشيئَ اليابسَ: سوکھی چیز کو توڑنا۔
(اَرْضَخَ) لَه: بہت میں سے تھوڑا سا دینا۔
(رَاضَخَ) فلانٌ شيئاً: کسی کو مجبوراً کچھ دینا۔
- منهُ شيئاً: پانا، حاصل کرنا۔
- فلاناً: کسی کو مسلسل پتھر مارنا۔
(ارتضخ) هو يرتضخ لكنةً اعجميةً: اس کی زبان کی عجمیت کا اثر ہے یعنی عربی کے ساتھ غیر عربی ملی ہوئی ہے۔
(تَرَاضَخُوا) بالسهام: ایک دوسرے کو تیر مارنا۔
(تَرَضَّخَ) الخُبزَ وَ نَحْوَه: روٹی توڑنا اور کھانا۔
- الخبرَ: بات سننا لیکن یقین نہ کرنا۔
(الرُّضَاخَةُ): معمولی عطیہ۔

Marfat.com

(الرَّضْخُ) معمولی عطیہ (۲) تھوڑی چیز (۳) غیر یقینی خبر۔
(الرَّضْخَةُ): الرَّضْخُ۔
(الرَّضِيْخَةُ) معمولی عطیہ (ج) رَضَائِخُ۔
(المِرْضَاخُ): توڑنے کا پتھر (ج) مَرَاضِيخ۔
(المِرْضَخَةُ): توڑنے کا پتھر (ج) مَرَاضِخ۔
(رَضْرَضَهُ): ہلکا ہلکا کوٹنا' توڑنا' چورہ کرنا۔
(تَرَضْرَضَ): چورہ ہونا' ریزہ ریزہ ہونا (۲) ہلنا' تھوکنا۔
(الرَّضْرَاضُ): پانی کی نالی میں پڑی ہوئی چھوٹی کنکریاں (۲) بارش بوندیں (۳) پر گوشت آدمی۔ رجلٌ رضراضٌ بھی کہتے ہیں۔
-رِدفٌ رضراضٌ: پرگوشت سرین والا۔
(الرَّضْرَاضَةُ): تانیث الرضراض۔
(۲) زمین پر چمکتی ہوئی اور تھرکتی ہوئی کنکریاں۔
(الرَّضْرَضُ) نالی میں پڑی ہوئی چھوٹی کنکریاں۔
(رَضَّه)ـُ رَضًّا کوٹنا' دلنا' دردرا کرنا۔
هو مَرْضوضٌ و رَضيضٌ۔
(اَرَضَّ) بوجھل وست ہونا۔
-في الارض جانا۔
- التعبُ وغيرُه العرقَ: تھکاوٹ وغیرہ کا پسینہ نکال دینا۔
(ارتَضَّ) الشئُ ٹوٹ جانا۔
(الارَضُّ) جم کر بیٹھنے والا (ج) رُضٌّ۔
(الرُّضَاضُ) کٹے ہوئے ٹکڑے' ریزے۔
(الرَّضُّ) گٹھلی نکالی ہوئی اور توڑ کر دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجور (۲) مکھن ملی ہوئی کھجور۔
(المَرَضَّةُ) کھانے پینے کی وہ چیزیں جن سے پسینہ آجائے (۲) دہی۔
(المِرَضَّةُ) الرَّضُّ (۲) دہی (۳) توڑنے اور کوٹنے کا آلہ (ج) مَرَاضُّ۔
(رَضَعَ)ـَ رَضَاعَةً کمینہ ہونا۔ هو راضعٌ و رَضَّاعٌ۔
-اُمَّه ـَ رَضْعًا و رَضَاعًا و رِضَاعةً: ماں کا دودھ پینا۔ رضع الثدیَ او الضرعَ: پستان یا تھن سے دودھ پینا۔
- هو يرضع الدنيا ويذمّها: وہ دنیا سے فائدہ اٹھاتا ہے اور اسی کی مذمت بیان کرتا ہے۔
(رَضِعَهَا)ـَ رَضَعًا: رَضَعَهَا - هو رَضِعٌ وهي رَضِعةٌ۔
(رَضُعَ)ـُ رَضَاعَةً: کمینہ و بدذات ہونا۔ هو رضِيعٌ۔
-لُؤْمٌ و رَضْعٌ: اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو تھن سے منہ لگا کر دودھ پیے اس ڈر سے کہ اگر ہاتھ سے نکالا تو اس کی آواز سن کر کوئی مانگ لے گا۔
(اَرْضَعَتِ) الامُّ: دودھ پیتے بچہ والی ہونا۔
- الولَدَ بچہ کو دودھ پلانا۔ هي مرضعٌ و مُرْضعةٌ (ج) مَرَاضع۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ﴾
(رَاضَعَه) مُرَاضَعَةً و رِضَاعًا: کسی کے ساتھ دودھ پینا (۲) دودھ پلانے کے لئے دایا کے حوالہ کرنا۔
-الطفلَ بچہ کا ایسی حالت میں ماں کا دودھ پینا جبکہ اس کے پیٹ میں بچہ ہو۔
(ارتَضَعَهَا) رَضَعَهَا: کہتے ہیں ارتَضَعَ الثديَ او الضَّرْعَ۔
-العنزُ بکری کا خود اپنا دودھ پی لینا۔
(تَرَاضَعَا) ایک ساتھ دودھ پینا۔
(اسْتَرْضَعَ) بچے کے لئے دایہ تلاش کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَإِنْ أَرَدْتُمْ أَنْ تَسْتَرْضِعُوا أَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ﴾۔
-المراةُ المولودَ: نومولود بچہ کا دودھ پلانے کی خواہش کرنا۔
(الرَّاضِعُ) بھکاری' لوگوں سے بھیک مانگنے والا (۲) کمینہ بدذات (ج) رُضَّعٌ و رُضَّاعٌ (۳) دودھ والی عورت (نسب میں شریک)
(الرَّاضِعَةُ): تانیث الرَّاضع (۲) بچہ کا سامنے والا دانت جس سے وہ دودھ پینے میں مدد لیتا ہے یا وہ ایام رضاعت میں گر جاتا ہے اور یہ دو ہیں راضعتان (ج) رَوَاضِعُ۔
(الرَّضَاعُ): رضاعی اخوت۔ کہتے ہیں: بينهما رضاع اللبن: ان دونوں میں دودھ شریک بھائی ہونے کا رشتہ ہے۔
- بينهما رضاع الكأس: ان دونوں میں شراب کی ہم نوشی ہے۔
(الرَّضَّاعَةُ): الرَّضاع (۲) پچھوائی اور دکھنی ہواؤں کے درمیان کی ہوا۔
(الرَّضَعُ) شہد کی چھوٹی مکھیاں۔
(الرَّضَعُ) ایک درخت جس کے پتے اونٹ کھاتا ہے۔ واحد: رضعةٌ۔
(الرَّضُوْعَةُ): اپنے بچہ کو دودھ پلانے والی۔ جیسے شاةٌ رضوعةٌ (ج) رَضَائع۔
(الرَّضِيْعُ): دودھ پینے والا بچہ (۲) دودھ شریک بھائی (ج) رُضَعٌ - فلانٌ رَضِيعي: وہ میرا دودھ شریک بھائی ہے۔
- هو رضيع اللؤم: وہ بڑا کمینہ اور کنجوس ہے (ج) رُضَعَاء - وهي رَضِيعةٌ (ج) رَضَائع۔
(المِرْضَعَةُ): بچہ کو دودھ پلانے کا آلہ (محدثہ) (ج) مَرَاضِع۔
(رَضَفَه)ـِ رَضْفًا: گرم پتھر پر بھوننا' گرم کرنا' پکانا (۲) گرم پتھر کا داغ لگانا۔
- الوسادةَ تکیہ کو موڑنا' دوہرا کرنا۔ هو مرضوفٌ و رَضيفٌ۔
(رَضَّفَه) رَضَفَةً (۲) غضبناک کرنا' مشتعل کرنا۔
(الرَّضْفَةُ): سورج یا آگ سے گرم کیا ہوا پتھر (ج) رَضْفٌ۔
- هو على الرَّضف: وہ مضطرب و بے چین ہے یا غضبناک ہے۔
- مُطْفِئَةُ الرَّضْفِ: وہ بڑی مصیبت جو پہلی مصیبت کو بھلا دے (۲) وہ چربی جو گرم پتھر پر پگھل کر پتھر کو ٹھنڈا کر دے (۳) گھٹنے کے اوپر

Marfat.com

کی ہڈی۔
(الرَّضَفَةُ): گھٹنے کے اوپر کی ہڈی ۔ (ج) رَضَفٌ۔
(المِرْضَافَةُ): وہ گرم پتھر جس سے داغ دیا جائے (ج) مراضیف۔
(اَرْضَكَ) عینیه: آنکھوں کو کبھی کھولنا کبھی بند کرنا۔
(رَضَمَ) ـِ رَضْمًا و رَضَمَانًا: بھاری قدموں سے دوڑنا' قدم ملا کر دوڑنا۔
-بالمکان رَضْمًا و رُضُوْمًا: قائم و ثابت ہونا۔ہو رُضَمَةٌ۔
-البعیرُ و نحوهُ بنفسه: اونٹ وغیرہ کا خود کو زمین پر ڈال دینا۔
-الشیْ رَضْمًا: ایک کو دوسرے سے ملانا۔
- البَیْتَ: پتھر کا مکان بنانا۔ رضم علیه الصخر بھی کہتے ہیں ہو مرضومٌ و رضیمٌ۔
-المتاعَ و نحوهُ: سامان وغیرہ کو ترتیب سے رکھنا' توڑنا۔
-به الارضَ: زمین پر پٹخنا۔
-الارضَ: زمین کو ہل چلا کر بونے کے قابل کرنا۔
(ارْتَضَمَ) الشیْ: ملنا' جڑنا (۲) ٹوٹنا۔
(الرِّضَامُ): تھوڑی گھاس یا روئیدگی۔
(الرَّضْمُ): سفید پتھر (۲) اوپر نیچے لگی ہوئی بڑی چٹانیں۔
(الرَّضْمَةُ): پتھر (۲) بڑی چٹان (ج) رَضْمٌ و رِضَامٌ۔
(الرَّضَمَةُ): الرَّضْمَةُ (ج) رَضَمٌ و رِضَامٌ۔
(المَرْضُوْمُ) برذون مرضوم العصب: غیر عربی گھوڑا جس کے پٹھے ایک دوسرے پر چڑھے ہوئے ہوں۔
(رَضَنَه) ـِ رَضْنًا: ملانا' ترتیب سے رکھنا۔ ہو مرضونٌ و رَضِینٌ۔
(رَضَاه) ـُ رَضْوًا: رضامندی میں کسی سے آگے بڑھ جانا۔
- راضاني فرضوتُه: اس نے میری خوشی چاہی تو میں اس کی خوشی چاہنے میں اس سے آگے بڑھ گیا۔
(رَضِیَهُ) وبه عنه و علیه ـَ رِضًا و رِضَاءً و رضوانًا و مَرْضاةً: راضی ہونا' پسند کرنا' قبول کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاَنْعَمْتُ عَلَیْكُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا﴾ رَضِیَه لَه: کسی کو کسی بات کا اہل ماننا۔
-رَضِیَ منهُ و کذا: اکتفا کرنا۔ ہو راضٍ (ج) رُضَاة و ہو رَضِیٌّ (ج) اَرْضِیَاء و ہو رَضٍ (ج) رضون' وھی رَضِیَّةٌ والشیْ مَرْضِیٌّ و رَضِیٌّ۔
(اَرْضَاهُ): راضی کرنا' خوش کرنا۔ جیسے ارضیتُهُ عنی۔
(رَاضَاهُ) مُرَاضَاةً و رضاءً: موافقت کرنا' خوش کرنا (۲) رضامندی میں مقابلہ کرنا۔ جیسے راضانی فرضوته۔
(رَضَّاه): خوش کرنا' راضی کرنا۔
(ارتضاه): پسند کرنا' منتخب کرنا۔
- ارتضاهُ لصحبته: اس نے اپنی صحبت کے لئے پسند کیا۔
(تَرَاضَیَا): باہم موافقت کرنا (۲) ایک دوسرے کو راضی کرنا۔
-شیئًا: کسی چیز کو دونوں کا پسند کر لینا۔
(تَرَضَّاه): کسی کی خوشنودی طلب کرنا۔ (۲) خوش کرنے کی کوشش کرنا (۳) کسی کو خوشش کر کے خوش کر دینا۔
(استرضاه): خوشنودی اور رضامندی چاہنا (۲) کسی سے یہ خواہش کرنا کہ وہ اسے راضی کرے۔
(الرِّضَا): خوشی' رضا (۲) خوش' رضامند۔ جیسے ہو رضًا وهم رِضًا (مصدر وصفی معنی میں ہے)
(الرِّضَاءُ): الرِّضَا۔
(الرَّضِیُّ): پسندیدہ (۲) مطیع و فرمانبردار (۲) مخلص دوست۔

ر........ط

(رَطَأَهُ) ـَ رَطْئًا: کسی کو نقصان پہنچانا۔
(رَطِئَ) ـَ رَطَأً: بے وقوف ہونا۔ ہو رَطِئٌ وھی رطِیئةٌ۔
(اسْتَرْطَأَ): بے وقوف ہونا۔
-فلانًا: بے وقوف سمجھنا۔
(رَطَبَ) البسرُ ـُ رُطُوْبًا: کھجور کا پک جانا۔
-الدابةُ: سبز چارہ کھانا۔
-فلانًا رَطْبًا و رُطُوْبًا: تازہ اور پختہ کھجور کھلانا۔
- الدَّابةَ: جانور کو ہری تازہ گھاس یا برسیم نما گھاس کھلانا۔
(رَطِبَ) ـَ رُطُوْبَةً و رَطَابَةً: تر ہونا' نم ہونا۔ہو رَطْبٌ وھی رَطْبَةٌ کہتے ہیں رَطِبَ لسانی بذکرك۔
-فلانٌ رَطْبًا: جو دل میں آئے وہ کہہ دینا خواہ غلط ہو یا صحیح۔
(رَطُبَ) ـُ رُطُوْبَةً و رَطَابَةً رَطِبَ (۲) نرم و نازک ہونا۔ ہو رَطْبٌ و رطیبٌ۔
-الهواءُ رُطوبةً: ہوا کا مرطوب و خوشگوار ہونا (مو)۔
-البسرُ رَطابةً: نیم پختہ کھجور کا پک جانا۔
(اَرْطَبَ) البُسرُ: نیم پختہ کھجور کا پک جانا' اس میں پختگی شروع ہو جانا۔
-فلانٌ: بہت پختہ کھجوروں والا ہونا۔
- النَّخلُ: کھجور کے پھل کا پک جانا' پکنے کا وقت آ جانا۔
-الارضُ: زمین کا سرسبز ہونا' زمین کا زیادہ ہری گھاس والا ہونا۔
- الثوبَ و غیرَه: کپڑے وغیرہ کو بھگونا تر کرنا۔
(رَطَّبَ) البسرُ: نیم پختہ کھجور کا پک جانا۔
-الشیْ: خوب اچھی طرح بھگونا' تر کرنا۔
-فلانًا: پختہ اور تازہ کھجوریں کھلانا۔
(تَرَطَّبَ): بھیگنا' تر ہونا۔ کہتے ہیں ترطّب لسانی بذکرك۔
(الرَّطْبُ): نرم و نازک' تر و تازہ۔ (ضد یابس) غلام رطْبٌ: نسوانی نزاکت والا لڑکا

Marfat.com

(۲) تر چیز (۳) تروتازہ شاخ (ج) رُطُبٌ و رُطْبٌ۔

(الرُّطْبُ): تروتازہ گھاس یا سبزی وغیرہ۔

(الرُّطَبُ): پکی ہوئی تازہ کھجوریں (بسر کے بعد تمر سے پہلے کا درجہ) (ج) ارطابٌ و رطابٌ۔ واحد: رطبةٌ۔

(الرُّطْبَةُ): تانیث الرَّطْب' جاریةٌ رطبةٌ: نازک یا بدکار لڑکی (۲) برسیم کی طرح کی ایک گھاس (۳) تازہ اور ہری سبزی جو کھائی جائے (ج) رِطابٌ۔

(الرَّطيبُ) غصنٌ رطيبٌ: تر شاخ۔

- ريشٌ رطيبٌ: ملائم پر عيشٌ رطيبٌ: خوشحال زندگی۔ وهي رطيبةٌ۔

(المَرْطَبَةُ) بئرٌ مَرْطَبَةٌ: کھارے پانی کے کنوؤں کے درمیان میٹھے پانی کا کنواں۔

(الرَّطْرَاطُ): حوض میں اونٹوں کا بچایا ہوا پانی۔

(رَطَسَه) ـِ رَطْسًا: الٹے ہاتھ تھپڑ مارنا۔

(اِرْطَسَّتْ) عليه الحجارةُ: کسی پر پے در پے پتھر پڑنا۔

(اَرْطَّ) بے وقوف ہونا (۲) شوروغل مچانا۔

- في مقعدهٖ: اپنی جگہ جمے رہنا' جدا نہ ہونا۔

(استَرْطَّه): بے وقوف سمجھنا۔

(الرَّطِيطُ) شوروغل' چیخ و پکار (۲) بے وقوفی' نادانی (۳) بے وقوف (ج) رِطاطٌ و رطائطُ۔

(رَطَلَ) ـُ رَطْلاً: وزن کرنا۔

- الشئَ: ہاتھ میں کوئی چیز اچھال کر وزن کا اندازہ کرنا۔

(اَرْطَلَ) فلانٌ: کمزور اور دوہرا ہونا (۲) سست اور ڈھیلا ہونا (۳) لٹکے ہوئی کانوں والا ہونا۔

(رَاطَلَه) کسی کو رطل سے ناپ کر سودا دینا۔

(رَطَّلَ) الشَّعر: بالوں کو تیل سے نرم کرنا۔ حدیث حسن رضی اللہ عنہ میں ہے (لو كشف الغطاء لشغل محسنٌ باحسانه و مسيئٌ باسانه عن تجديد ثوب او ترطيل شعرٍ)

الشئَ: توڑنا' موڑنا (۲) لٹکانا' چھوڑنا۔

(استَرْطَلَه): کسی سے رطل کے ذریعہ ناپ کر سودا دینے کو کہنا۔

(الرِّطْلُ): ایک وزن یا پیمانہ مساوی: ۳۴ تولہ ڈیڑھ ماشہ (۳۹۸ گرام ۳۴ ملی گرام) رطل مختلف ملکوں میں مختلف وزن و مقدار کا ہوتا ہے' مصری رطل بارہ اوقیہ کے برابر ہوتا ہے' اور ایک اوقیہ بارہ درہم کے برابر ہے ایک درہم تین ماشہ اور ایک رتی سے قدرے زائد (یعنی ۳ گرام اور ۶۲ ملی گرام (۲) نرم و ملائم (۳) ہر لچک دار چیز (۴) بڑا اور کمزور آدمی (۵) پھرتیلا قریب البلوغ لڑکا (۶) بیوقوف (ج) اَرْطالٌ' وهي رَطْلَةٌ (ج) رِطالٌ۔

(رَطَمَه) ـُ رَطْمًا: کیچڑ میں دھنسانا۔

- في الوحلِ: کیچڑ میں دھنسانا۔

- في اَمْرٍ: کسی معاملہ میں الجھنا اور نکلنے کی راہ نہ پانا۔ (۲) روکنا' قید کرنا۔

(رُطِمَ) رَطْمًا: قبض ہو جانا' ریاح یا فضلات وغیرہ کا پیٹ میں رک جانا۔

(اَرْطَمَ): خاموش ہونا۔

(اِرْتَطَمَ): کیچڑ یا دلدل میں دھنسنا۔

- الشئُ: جمع ہونا (۲) ڈھیر لگنا۔

- فيه: الجھن اور پیچیدگی میں پڑنا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: (من اتجر قبل ان يتفقّهَ ارتطم في الربائم ارطم ثمه ارتطمَ)۔

- عليه الامرُ: کسی پر معاملات کا ایسا الجھ جانا کہ وہ ان سے چھٹکارا نہ پا سکے۔

(تَرَاطَمَ): ڈھیر لگنا۔

(تَرَطَّمَ) السلحَ: پاخانہ روکنا۔

(الرَّاطِمُ): کسی چیز کا پابند۔

(الرُّطَامُ): اونٹ وغیرہ کا قبض۔

(الرُّطْمَةُ): دلدل' پیچیدگی۔ وقع في رُطْمَةٍ: وہ ایسے پیچیدہ معاملہ میں الجھ گیا جس سے نکلنے کی کوئی راہ نہیں پاتا۔

(الرَّطُوْمُ): بے وقوف (۲) وہ عورت جس کے فرج کے بند ہونے کی بنا پر اس سے جماع نہ کیا جا سکے۔

(الرَّطُوْمَةُ): الرُّطْمَةُ۔

(رَطَنَ) الاعجميُّ ـُ رِطانَةً: عجمی آدمی کا عجمی زبان میں بات کرنا۔

- فلانٌ: عجمی زبان بولنا۔

- لَه رَطْنًا و رِطانَةً: کسی سے عجمی یا ایسی زبان میں بات کرنا۔ جس کو سمجھ نہ سکے۔

(رَاطَنَه) مُرَاطَنَةً و رطانًا: کسی سے عجمی زبان میں بات کرنا۔

(تَرَاطَنَا): آپس میں عجمی یا غیر مفہوم گفتگو کرنا۔

(الرِّطانَةُ): زبان کی اجنبیت' ابہام۔

- كلّمه بالرّطانة: دو یا چند آدمیوں کا ایسی گفتگو کرنا جسے ان کے علاوہ کوئی نہ سن سکے' عجمی یا غیر مفہوم زبان میں بات کرنا۔

(الرَّطَّانَةُ): اونٹوں کا ایسا گلہ جس کے ساتھ مالکان بھی ہوں۔

(اَرْطَتِ) الارضُ: زمین میں ارطیٰ نامی گھاس اگنا۔

(الاَرْطیٰ): ایک گھاس جو ریت میں پیدا ہوتی ہے۔ دباغت کے کام آتی ہے۔ واحد: ارطاةٌ۔

ر.........ع

(رَعَبَ) ـَ رُعْبًا: ڈر جانا' خوفزدہ ہونا' گھبرا جانا' مرعوب ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ﴾

- الوادی: وادی کا پانی سے بھرنا۔

- الحمامة: کبوتر کا آواز کو تیز اور بلند کرنا۔

رَعَبَتْ في صوتها: اس نے آواز بلند کی۔

- فلانًا: ڈرانا' خوفزدہ کرنا' مرعوب کرنا (۲) دھمکی دینا۔

- السنامَ: کوہان کو کاٹنا۔

- الحوضَ: تالاب کو بھرنا۔

- السهمَ: تیر کے پھل کا مدخل توڑنا۔

(اَرْعَبَه) ڈرانا' مرعوب کرنا (۲) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

(رَعَّبَتِ) الحمامةُ ترعيبًا و ترعابًا: کبوتر کا

Marfat.com

آواز کو بلند کرنا۔
-فلاناً: مرعوب کرنا' ڈرانا۔
- السهمَ: تیر کے پھل کے مدخل کو درست کرنا۔
(ارْتَعَبَ): ڈر جانا' گھبرا جانا' مرعوب ہو جانا۔
(الأرْعَبُ): چھوٹے قد والا (ج) رُعْبٌ۔
(الرّاعِبِيّ): کبوتر کی ایک قسم جو آواز کو بہت بلند کرتا ہے۔ کہتے ہیں: حمامةٌ راعبيةٌ۔
(الرّعْبُ): وعید' دھمکی (۲) عربوں کا مسجع کلام' جادو منتر۔
(الرُّعْبُ): تیر کا وہ سوراخ جس میں پھل لگایا جاتا ہے (ج) رِعَبَةٌ۔
(الرّعِيبُ) رعيب العين: انتہائی بزدل' جو کسی چیز کو دیکھتے ہی ڈر جائے (۲) کوہان جس کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹے گئے ہوں۔ (۳) فربہ' موٹا' جس سے چکنائی ٹپک رہی ہو۔
سنامٌ رَعِيبٌ: موٹا چربی چڑھا ہوا کوہان (۴) کوتاہ قد (ج) رُعُبٌ۔
(التِرْعَابَةُ): سخت خوف و گھبراہٹ۔
(التِرْعِيبَةُ): کوہان کا ایک ٹکڑا (ج) ترعيبٌ و تراعيبُ۔
(المَرْعَبَةُ): ڈر اور گھبراہٹ کی جگہ (۲) اچانک گھبرا دینے والا حملہ (یعنی کوئی شخص کسی کے پاس ایک دم آ کے بیٹھے اور وہ گھبرا جائے) (ج) مَرَاعِبُ۔
(رَعْبَبَ): اتنا موٹا ہونا کہ چربی ٹپکنے لگے۔
(الرّعْبَبُ): کھجور کے پودے کی جڑ۔
(الرُّعْبُوبُ): کمزور' بزدل (۲) پھرتیلی' بے چین (۳) لمبی اور نازک جسم لڑکی (ج) رعابيب۔
(الرُّعْبُوبَةُ): کھجور کے پودے کی جڑ (۲) کوہان کا ٹکڑا (۳) پر شباب خوبصورت لڑکی (ج) رعابيب۔
(الرِعْبِيبُ): لمبی و گداز جسم عورت (ج) رعابيب۔
(رَعْبَلَ): بے وقوف یا موٹی عورت سے شادی کرنا۔
-الشيءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا' کوٹنا۔ حدیث میں ہے: (ان اهل اليمامة رَعبلوا افسطاط خالدٍ بالسيوفِ)
-اللحمَ: گوشت کے پارچے بنانا تاکہ آگ پر اس کی سکھائی جلدی ہو سکے۔
(ترَعْبَلَ): ٹکڑے ٹکڑے ہونا (۲) دھجیاں اڑ جانا۔
(الرَّعْبَلُ): بے وقوف عورت (۲) پھٹے پرانے کپڑے پہننے والی عورت (۳) موٹا۔
- جملٌ رعبلٌ: لمبا تڑنگا اونٹ (ج) رَعَابِلُ۔
(الرَّعْبَلَةُ): بے وقوف عورت۔
- ريحٌ رعبلةٌ: کبھی کسی رخ پر اور کبھی کسی رخ پر چلنے والی ہوا (ج) رعابل۔
(الرِعْبَلَةُ): پھٹا ہوا کپڑا (ج) رعابِلُ۔
(الرُّعْبُولَةُ): چیتھڑا' پھٹا پرانا کپڑا یا اس کا ٹکڑا (ج) رعابيل' ثوبٌ رعابيل: پھٹا پرانا کپڑا۔
(رَعَثَتِ) العنزُ او الشاةُ: بھیڑ اور بکری کے کانوں کی اطراف کا سفید ہونا۔
-الحيّةُ فلاناً: سانپ کا کسی کو ہلکا سا کاٹنا۔
(رَعِثَتْ) العنزُ او الشاةُ ۔ رَعَثًا: رَعَثَتْ (۲) کٹے ہوئے کانوں والا ہونا۔
هو اَرْعَثُ وهي رَعْثَاءُ (ج) رُعْثٌ۔
(رَعَثَهَا): عورت کو بالی پہنانا۔
-الصبيَّ: بچہ کو بار وغیرہ پہنانا۔
-ديكٌ مُرَعَّثٌ: کلغی والا مرغا۔
-هو دجٌّ مُرَعَّثٌ: رنگ برنگ جھالروں سے سجایا ہوا کجاوہ' پالکی۔
(ارتعَثَتْ): بالی پہننا۔
(ترَعَّثَتْ): بالی پہننا۔
(الأُرْعُوثَةُ): کنویں کا وہ پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی نکالا جاتا ہے (ج) اراعيثُ۔
(الرّاعُوثَةُ): الأرعوثة (ج) رَوَاعِيث۔
(الرَّعْثُ): بالی' ہر لٹکنے والا ازیور (۲) ہر زینت کی چیز جو کسی چیز پر لٹکائی جائے (ج) رِعاثٌ۔
-رَعْثُ الرّمّان: انار کا شگوفہ یا پھول۔
(الرّعْثاءُ) شاةٌ رعثاءُ: نیچے سے کٹے اور لٹکتے ہوئے کانوں والی بکری (۲) لمبے دانے والا انگور (ج) رُعْثٌ۔
(الرّعْثَةُ) الرّعْثُ۔ حدیث میں ہے (قالت ام زينب بنت نُبَيْطٍ: كنت انا و اختاي في حجر رسول الله صلى الله عليه وسلم فكان يحلينا رِعَاثًا من ذهب ولؤلؤ) (۲) کلغی (۳) چونچ پر ابھرا ہوا حصہ جیسے مرغی اور کبوتر کا ہوتا ہے (۴) بکری کے کان کے نیچے کا لٹکا ہوا اور کٹا ہوا حصہ (۵) کھجور کی لکڑی کا پیالہ (ج) رِعاثٌ و رِعَثَةٌ۔
(الرُّعْثَةُ): الرّعْثَةُ (ج) رُعَثٌ۔
(رَعَجَ) البرقُ - و نحوُه ۔ رَعْجًا: بجلی کوندنا' چمکنا' لگاتار چمکنا۔
-فلاناً: کسی کو مالدار بنانا۔
(رَعِجَ) ۔ رَعَجًا: زیادہ ہونا۔ مویشیوں کی کثرت ہونا۔
(اَرْعَجَ) البرقُ و نحوهُ: رعجَ۔
-فلانٌ: مالدار ہونا۔
(ارْتَعَجَ): رَعِجَ (۲) کانپنا' لرزنا۔
-الوادي: وادی کا بھرنا۔
(الرَّعَجُ): بہت بکریاں' بہت مویشی۔
(رَعَدَ) السحابُ ۔ رَعْدًا و رُعُودًا: بادل گرجنا۔
- رَعَدَتِ السماءُ: آسمان میں گرج ہونا۔
-فلانٌ: دھمکی دینا۔
-رَعَدَلَه و بَرَقَ: اس نے اسے ڈرایا اور دھمکی دی۔
- المرأةُ: عورت کا زیب و زینت کر کے سامنے آنا۔
(رُعِدَ) رَعْدًا: مصیبت آنا (۲) لرزہ طاری ہونا۔
(اَرْعَدَ): گرجنا (۲) کسی پر مصیبت آنا (۳) لرزہ طاری ہونا (۴) گرج سننا۔
-لَه و اَبْرَقَ: دھمکی دینا' ڈرانا۔
- المرأةُ: عورت کا زیب و زینت کر کے

Marfat.com

سامنے آنا۔
-فلانٌ: سوال میں اصرار کرنا۔
-فلانا: لرزہ طاری کر دینا' خوف دلانا۔
(اُرْعِدَ) فلانٌ: کپکپی یا لرزہ میں مبتلا ہونا یا گھبراہٹ سے کانپ جانا۔
(اِرْتَعَدَ): کانپنا' لرزنا۔
(تَرَعَّدَ): کانپنا' لرزہ (۲) موٹاپے یا ڈھیلے پن کی وجہ سے تھرتھرانا۔
(الرَّاعِدُ): گرجدار' کڑک دار۔ سحابٌ راعِدٌ و سحابٌ راعِدَةٌ: کہاوت ہے (رُبَّ صَلَفٍ تحت الراعدة) کبھی پانی سے محرومی گرجدار بادل کے نیچے ہوتی ہے اس شخص کے بارے میں جو باتیں زیادہ بناتا ہو اور فائدہ کم پہنچاتا ہو (ج) رواعِدُ۔
-ذوات الرواعد: بڑی مصیبت۔
(الرَّعْدُ): گرج' کڑک' بجلی کی چمک کے بعد گونجنے والی آواز۔ جَاءَ بذات الرَّعْدِ والصليل: وہ بڑی مصیبت یا لڑائی و قتال کا سبب بنا (ج) رُعودٌ۔
-فی کتابه رُعُودٌ و بُرُوقٌ: اس کے خط میں بڑی دھمکیاں ہیں۔
(الرِّعْدَةُ): کپکپی' لرزہ' تھرتھراہٹ۔
(الرَّعَّاد): بہت گرجنے والا بادل (۲) زیادہ بولنے والا (۳) مچھلی کی ایک قسم جسے جب ہاتھ لگایا جائے تو کپکپانے لگتی ہے۔ یہ افریقہ کے دریاؤں میں عموماً اور دریائے نیل میں خصوصاً بکثرت ہوتی ہے۔ واحد رَعَّادَةٌ۔
(الرَّعَّادَةُ): مونث الرعاد سحابةٌ رَعَّادَةٌ بہت گرجنے والا بادل کا ٹکڑا (۲) بہت باتیں کرنے والا۔ رجلٌ رَعَّادَةٌ۔
(رَعْدَدَ) مانگنے میں اصرار کرنا۔
(تَرَعْدَدَ) کپکپی طاری ہونا۔
-الشئُ: تھرکنا۔
(الرِّعْدِيدُ) ایسا بزدل آدمی جو لڑائی کے وقت کانپنے اور تھرتھرانے لگے (۲) نازک عورت جس کا جسم گداز پن کی وجہ سے تھرکتا ہو (۳) ملائم پودا' گھاس (ج) رَعادِيدُ۔

(الرِّعْدِيدَةُ): لڑائی میں خوف کی وجہ سے تھرتھرانے والا آدمی (۲) گداز پن کی وجہ سے تھرکنے والی عورت (ج) رعادید۔
(رَعْرَعَ): حرکت دینا' جھنجھوڑنا۔
-اللّٰهُ الغلامَ: اللہ تعالیٰ کا لڑکے کو نشوونما دینا' جوان کرنا۔
-الدابة: جانور کو سدھانے کے لئے اس پر سوار ہونا۔
(تَرَعْرَعَ) الصبیُّ: بڑھنا' نشوونما پانا (۲) متحرک ہونا (۳) دس سال کے قریب پہنچنا یا دس سال سے زیادہ ہونا۔
-الأسنان: دانتوں کا ہلنا۔
-الماءُ اَوْ السرابُ: پانی یا سراب کا موجزن محسوس ہونا' چمکنا۔
(الرَّعْراعُ): خوش قامت نوجوان (۲) لمبا بانس (۳) بزدل۔
(الرُّعْرُعُ): خوش قامت نوجوان۔ (۲) بزدل (ج) رَعارِعُ۔
(الرُّعْرُوعُ): الرُّعْرُعُ (ج) رعارِع۔
(رَاعَزَ): منقبض ہونا' سمٹنا۔
-فلاناً: ملامت کرنا' سرزنش کرنا۔
(المَرْعَزُ) و (المِرعِزاءُ) و (المِرْعِزُّ) و (المِرْعِزّی): بھیڑ کے بالوں کے نیچے کا رواں۔
(المُمَرْعَزُ) ثوبٌ ممرعزٌ: باریک بالوں' رؤوں سے بنا ہوا کپڑا۔
(رَعَسَ) - رَعْسًا و رَعَسَانًا: کانپنا' ہچکولا کھانا (۲) تھکاوٹ وغیرہ کی وجہ سے کمزور کی طرح چلنا (۳) کمزوری یا نیند یا سستی کی وجہ سے سر جھٹکنا۔ هو راعِسٌ و رَعَّاسٌ وهی راعسةٌ و رَعَّاسةٌ وهو رَعُوسٌ و رَعِيسٌ وهی رَعُوسٌ ایضًا۔
(اَرْعَسَه): جھنجھوڑنا' لرزہ طاری کرنا۔
(اِرْتَعَسَ) کانپنا' تھرتھرانا' ڈگمگانا۔
(تَرَعَّسَ) ارتعس۔
(الرَّعَّاسُ) رُمْحٌ رَعَّاسٌ: ہلتا ہوا لہراتا ہوا نیزہ۔

(الرَّعُوسُ): کمزوری یا نیند وغیرہ کی وجہ سے سر ہلانے والا۔
-ناقةٌ رَعُوسٌ: تیز رفتار پھرتیلی اونٹنی۔
-رُمْحٌ رَعُوسٌ: لچکدار نیزہ۔
(المِرْعَسُ): مانگ مانگ کر زندگی بسر کرنے والا کمینہ آدمی۔
(رَعَشَ) - رَعْشًا و رُعَاشًا: کانپنا' لرزنا' بے چین ہونا۔
(رَعِشَ) - رَعَشًا' رَعَشَ: هو رَعِشٌ و هی رَعِشَةٌ۔
(رُعِشَ): رعشہ پیدا ہونا' کپکپاہٹ طاری ہونا۔ هو مرعوشٌ وهی رَعِشَةٌ۔
(اَرْعَشَه): لرزا دینا' کپکپا دینا۔ (۲) جلدی کروانا' اکسانا جیسے: ارعشهُ الحربُ اُرْعِشَتْ یداهُ: اس کے ہاتھوں میں کپکپاہٹ طاری ہو گئی۔
(رَعَّشَه): اَرْعَشَه۔
(ارتعَشَ): رَعِشَ۔
(الرُّعَاشُ): کپکپی (۲) رعشہ۔ ایک بیماری جس کی وجہ سے عضو کو مسلسل حرکت رہتی ہے۔ (۳) بھیڑ یا بکری کو لاحق ہونے والی ایک اعصابی بیماری۔
(الرُّعَاشِيُّ) الشَّلَلُ الرعاشِيُّ: ایک اعصابی بیماری جس میں عضلات کی کمزوری کھچاوٹ اور درد پیدا ہوتا ہے (مج)
(الرَّعِشُ): کپکپاتا ہوا' تھراتا ہوا (۲) بزدل۔ هو رَعِشٌ الی القتال او المعروف: لڑائی یا بھلائی میں جلدی کرنے والا۔ ظلیمٌ رَعِشٌ: تیز رفتار یا لمبی گردن والا شتر مرغ۔ وهی رَعِشَةٌ۔
(الرَّعْشَاءُ) دابةٌ رَعْشَاءُ: تیز رفتار یا جھوم کر چلنے والی اونٹنی (۲) لمبی گردن والی تیز رفتار اونٹنی (ج) رُعْشٌ۔
(الرَّعْشَةُ): کپکپی' لرزہ۔
(الرِّعْشَةُ): جھرجھری' کپکپی' لرزاہٹ۔ (۲) تیزی' عجلت۔ به رعشةٌ اِلٰی لِقاءِ العدوِّ: وہ دشمن کا مقابلہ کرنے کے لئے بے تاب ہے۔

Marfat.com

(الرَّعِيْشُ): لرزنے والا' کانپنے والا' دگرگوں۔
(المُرْعَشُ): کبوتر کی ایک قسم جو فضا میں منڈلاتا ہے۔
(الرِّعْشِيْشُ): بہت لرزنے والا (۲) بزدل (ج) رَعَاشِيش۔
(الرَّعْشَنُ): کانپتا ہوا' لرزتا ہوا۔
- جملٌ رَعْشَنٌ: جھوم کر چلنے والا تیز رفتار اونٹ (۲) بزدل ۔ وھی رَعْشَنَةٌ۔
(رَعَصَ)۔ رَعْصًا: کانپنا' متحرک ومضطرب ہونا' انگڑائی لینا' جھٹکنا۔ حدیث ابی ذر رضی اللہ عنہ میں ہے (خرج بفرس له فتمعّك ثم نهض ثم رعص فسكّنه)۔
-البرقُ: بجلی کا رک رک کر چمکنا۔
-عليه جلدُه: کھال کا پھڑکنا' پھدکنا' سکڑنا۔
-الشئَ: حرکت دینا' جھٹکنا' کھینچنا۔
(اَرْعَصَه): رَعَصَه۔
(ارْتعَصَ): ہلنا' جھٹکا کھانا' انگڑائی لینا۔
-البرقُ: بجلی کا رک رک کر چمکنا۔
-عليه جلدُه: کھال کا پھڑکنا۔
-السِّعْرُ: بھاؤ بڑھنا۔
-الجديُ: بکری کے بچہ کا اُچھلنا' پھدکنا۔
(ترَعَّصَ): ارتعَصَ۔
(رَعَضَ)۔ رَعْضًا: ہلنا' کانپنا' انگڑائی لینا۔
-الشئَ: ہلانا' حرکت دینا۔
(اَرْعَضَه): رَعَضَه۔
(ارتعَضَ): رَعَضَ۔
(رَعَظَ) السهمَ۔ رَعْظًا: تیر میں پھل لگانے کی جگہ بنانا (۲) تیر میں پھل لگانے کے سوراخ کو توڑنا۔
- بالعَقَبِ: تیر پر تانت باندھ کر کسنا۔ ھو مرعوظٌ و رعيظٌ۔
(اَرْعَظَهُ): تیر میں پھل لگانے کا سوراخ بنانا۔
- فلانًا عن الامرِ: ہمت توڑ دینا' سست بنا دینا۔
(رَعَّظَه): حرکت دینا' ہلانا (۲) سست بنا دینا۔
-الاصبعَ: انگلی کو ہلا کر اس کی طاقت دیکھنا۔
-الوتدَ: میخ کو نکالنے کے لئے اس کو حرکت دینا۔
(ترَعَّظَ): لازم رَعَّظَهُ (۲) بچ نکلنے کی کوشش کرنا۔
-البعيرُ: اونٹ کا بوجھ لادتے وقت ادھر ادھر ہونا۔
(الرُّعْظُ): تیر میں پھل لگانے کا سوراخ (ج) اَرْعاظٌ ۔ کہاوت ہے (انّه ليكسر عليك ارعاظ النبل غضبًا) یعنی وہ تم پر بری طرح غصہ اتارتا ہے۔
(رَعَّ)۔ رَعًّا: پرسکون ہونا۔
(الرُّعاعُ) من الناسِ: معمولی درجہ کے گھٹیا لوگ۔ واحد رُعاعةٌ کہتے ہیں ھو رُعاعةٌ من الرُّعاعِ۔
(الرَّعاعةُ): بے عقل بے دل آدمی۔
(رَعَفَ) الشئُ ۔ رَعْفًا و رُعافًا: بہنا' آگے بڑھنا۔
- فلانٌ او اَنْفُه: نکسیر پھوٹنا' ناک سے خون جاری ہونا۔
-يَرْعُفُ غَضَبًا: اس کا غصہ بڑھ گیا۔
- بفلانٍ البابُ: دروازہ سے اچانک اندر آ جانا۔
-بہ: آگے بڑھانا۔
-السائرَ: چلنے والے سے آگے نکل جانا۔
ھو راعفٌ و رَعّافٌ وھی راعفةٌ و رَعّافَةٌ -
(اَرْعَفَ) الاناءَ و نحوَهُ: برتن وغیرہ کو لبالب بھرنا کہ وہ بہنے لگے۔
(ارتعَفَ): آگے بڑھنا' سبقت لے جانا۔
(استَرْعَفَ): آگے بڑھنا' سبقت لے جانا۔
-الشَّئَ: ٹپکانا۔
-الشَّحْمَةَ: چربی کو پگھلا کر گھی بنانا۔
-فلانًا: نکسیر جاری کرنا (۲) ناک کو زخمی کر کے خون جاری کرنا۔
(الاُرْعُوْفَةُ): کنویں کے کنارہ لگا ہوا پتھر جس پر کھڑے ہو کر آدمی پانی کھینچتا ہے یا کنویں کی تہہ میں لگا ہوا پتھر جس پر بیٹھ کر صفائی کی جاتی ہے یا کنویں کے اندر ناک کی طرح نکلا ہوا پتھر جسے ہٹایا نہ جا سکے (ج) اراعیف۔
(الرَّاعِفُ): ناک (۲) ناک کے بانسہ کا حصہ (۳) پہاڑ کا نکلا ہوا سرا (۴) نیزہ (ج) رَوَاعِفُ۔
-رِماحٌ راعفٌ: خونی نیزے۔
(الرُّعافُ): نکسیر (۲) زبردست بارش۔
(الرُّعافِيُّ): بہت زیادہ عطا کرنے والا' سخی۔
(الرُّعُوْفُ): ہلکی بارشیں۔
(الرَّعِيْفُ): وہ بادل جو کسی بادل کے آگے چلے۔
(المَرَاعِفُ): ناک اور اس کے اردگرد کا حصہ۔ مقولہ ہے: "ما احسن مراعف اقلامه و مقاطرها" اس کی لکھائی کتنی خوبصورت ہے۔
(رَعَقَتِ) الدَّابَّةُ ۔ رَعْقًا و رُعَاقًا و رَعِيْقًا: دوڑتے وقت پیٹ بولنا۔
(الرُّعاقُ): دوڑتے وقت پیٹ کے بولنے کی آواز۔
(الرَّعِيْقُ): الرُّعاق۔
(رَعَلَه)۔ رَعْلًا: پھاڑنا' چاک کرنا' پھٹن کو بڑا کرنا' شگاف کو وسیع کرنا (۲) زور سے نیزہ مارنا۔
-بالسيفِ: کسی کو تلوار سے پکڑ کر مارنا۔
(رَعِلَ)۔ رَعَلًا و رَعالةً: لمبا اور ڈھیلا ہونا' لٹکا ہوا ہونا۔
-رَعالةً: بے وقوف و نا سمجھ ہونا' کہاوت ہے (كلما ازدتَ مثالةً زادكَ الله رعالةً) اس شخص کے بارے میں جو بے وقوف اور نا سمجھ ہو۔ یعنی تو جتنا مالدار ہوگا اتنا ہی بے وقوف ہو گا۔ ھو اَرْعَلُ و ھی رَعْلاءُ۔
(اَرْعَلَتِ) العَوْسَجَةُ: عوسجہ (بینگن کی طرح کا خاردار پودا) کی کونپل نکلنا۔
-الرجلَ و نحوَهُ: زور سے نیزہ مارنا۔
-الطَّعْنَةَ: نیزہ کی ضرب کو گہرا کرنا۔
(رَعَّلَ) الكرمُ: انگور کی بیل کا کنارہ نکلنا۔

Marfat.com

(اسْتَرْعَلَ): لڑائی میں جانے والے اگلے دستہ میں چلنا یا اس کی قیادت کرنا (۲) چھوٹے گروہ والا ہونا۔
-الماشیة و غیرها: مویشیوں کا گروہ در گروہ ہونا (۲) پے در پے چلنا۔
جاء القوم مسترعلین: لوگوں کا دوسروں سے آگے آگے ہو کر آنا۔
(الاَرْعَلُ) ثوبٌ اَرْعَلُ: لمبا یا ڈھیلا لباس، یا وہ لباس جس کے کنارے لٹکے ہوئے ہوں۔
-عُشْبٌ اَرْعَلُ: لمبائی کی وجہ سے مڑ جانے والی گھاس۔
-ضَرْبٌ اَرْعَلُ: ایسی چوٹ کہ گوشت کاٹ ڈالے۔
-غلامٌ اَرْعَلُ: غیر مختون بچہ (ج) رُعْلٌ۔
(الرَّاعِلُ) کھجور کی ایک خراب قسم (۲) عمدہ قسم کی کھجور۔
(الرُّعَالُ) ناک سے بہنے والا مادہ (خون یا ریزش)
(الرَّعْلُ) پہاڑ کا نکلا ہوا کنارہ۔ (۲) آدمی کا لباس۔
- مَرَّ یجترُّ رَعْلَہ وہ کپڑوں کو گھسیٹتا ہوا آ گیا (۳) جانور کے کان کی وہ کھال جسے چیر کر پیچھے کی طرف لگا دیا گیا ہو۔
(الرَّعْلُ) انگور کی کونپلیں۔
(الرَّعْلاءُ) لمبے کانوں والی یا ایسی بکری جس کے کان چیر دیے گئے ہوں (ج) رُعْلٌ۔
(الرَّعْلَةُ) ہراول دستہ، پیش رو جماعت (۲) مادہ شترمرغ (۳) اہل و عیال، بڑا کنبہ۔ کہتے ہیں ترك رَعْلَةً و ترك عیالاً رَعْلَةً (۴) چوپائے کے کان کی چھوٹی سی کھال جسے چیر کر پیچھے لٹکا دیا گیا ہو (۵) کھجور کا لمبا درخت۔ کہتے ہیں نخلةٌ رعلةٌ (۶) ایک قسم کا پودا جس کا پھل بینگن جیسا اور خاردار ہوتا ہے (۷) ختنہ میں کاٹی جانے والی کھال (ج) رِعَالٌ۔
(الرَّعْلَةُ) سر پر لگانے کا پھولوں کا تاج (۲) انگور کی بیل کی کونپل۔
(الرِّعْلَةُ) ابو رعلة بھیڑیے کی کنیت۔

(الرَّعْوَلِیُّ) شواءٌ رَعْوَلِیٌّ: نیم پختہ یا نیم گلا ہوا گوشت۔
(الرَّعِیْلُ) تھوڑے افراد کی ٹولی، مختصر جماعت (انسانوں کی یا گھوڑوں کی)
- فلانٌ مِنَ الرَّعِیلِ الاوّل: فلاں صفت اول کا آدمی (ج) رِعالٌ و اَرْعالٌ (جج) اراعیلُ۔
- اَرَاعِیلُ الرِّیاح او السحاب: ابتدائی ہوائیں، ابتدائی بادل یا ایک دوسرے کو دھکیلنے والے بادل۔
(المِرْعَلُ) تیز تلوار۔ سیفٌ مِرْعَلٌ بھی کہا جاتا ہے (ج) مَرَاعِلُ۔
(رَعَمَ) - رَعْمًا و رُعَامًا: ناک کی ریزش بہنا۔ هو و هي رَعُوْمٌ۔
-المخاطُ: کمزوری کی وجہ سے ناک بہنا۔
-الشئَ رَعْمًا: نگاہ رکھنا، خیال رکھنا۔
-الشمسَ: سورج ڈوبنے کا انتظار کرنا۔
(رَعُمَ) - رَعَامَةً رَعَمَ۔
(رَعَّمَهُ) ریزش صاف کرنا، پونچھنا۔
(الرَّعَامُ) نگاہ کی تیزی جو کسی چیز کو تاکنے کے وقت ہوتی ہے۔
(الرُّعَامُ) ریزش، سنک، رینٹ (۲) ناک بہنے کی بیماری (۳) ایک متعدی مہلک مرض۔
(الرِّعْمُ) چربی (ج) رُعومٌ و اَرعامٌ
-امرِ رعم بجو کی کنیت۔
(الرَّعُوْمُ) شدید کمزوری (۲) ناک بہنے کا مرض۔
(رَعَنَ) - رُعُوْنَةً ناسمجھ ہونا۔
- الشَّمْسُ فلاناً دھوپ کا دماغ پر اثر انداز ہونا اور اس کی وجہ سے نڈھال اور بے ہوش ہو جانا۔
(رَعِنَ) - رَعَنًا و رُعونةً رَعَنَ هو اَرْعَنُ وهي رَعْناءُ (ج) رُعْنٌ۔
(رَعُنَ) - رَعَنًا و رُعونةً رَعَنَ
(رُعِنَ) بے ہوش ہونا۔ هو مرعونٌ
(الاَرْعَنُ) کم ظرفی کی باتیں کرنے والا۔
- جیشٌ ارعنُ لشکر جرار (۲) ٹھاٹھیں مارتا ہوا لشکر۔
-جَبَلٌ اَرْعَنُ: ابھرے ہوئے بلند کناروں والا پہاڑ۔
- رَجُلٌ اَرْعَنُ: لمبی ناک والا آدمی (ج) رُعْنٌ۔
(الرَّعْنُ) دھوپ کا اثر (جانور کے دماغ میں دھوپ کی گرمی سے پیدا ہونے والی احساس کی کیفیت) (۲) ناک کی طرح ابھری ہوئی پہاڑ کی زبردست شاخ (ج) رُعُوْنٌ و رِعانٌ۔
(الرَّعْناءُ): مونث الارعن (ج) رُعْنٌ (۲) طائف کا سفید لمبے دانوں والا انگور (۳) بصرہ شہر کا ایک نام۔
(الرَّعُوْنُ) سخت (۲) بہت حرکت کرنے والا۔
(الرُّعُوْنَةُ): (صوفیاء کے نزدیک) خواہشات نفس اور تقاضا طبیعت کا ساتھ دینے کا نام ہے۔
(رَعَا) عنهُ - رَعْوًا و رَعْوی رکنا، باز رہنا۔
-فلاناً روکنا، باز رکھنا، ڈانٹنا۔
(ارعَوی) عنه رَعا۔
(الاَرْعَاوِیَّةُ) شاہی مویشی جن پر امتیازی نشانات ہوں۔
(الاُرْعُوَةُ) ہل کا جوا جو بیل کے کاندھے پر رکھا جاتا ہے۔
(الرُّعَاوی) لوگوں کے آس پاس چرنے والے اونٹ۔
(الرَّعَاوِیَّةُ) بادشاہ کے چرنے والے خصوصی مویشی اور ان کے ساتھ دوسرے مویشی۔
(رَعَتِ) الماشیةُ - رَعْیًا و مَرْعًی مویشی کا خود چراگاہ میں جانا۔
-علی فلان کسی کے مویشی چرانا۔
-الماشیةَ جانور کو چرانا۔
-الحیوانُ النباتَ جانور کا گھاس چرنا۔
-الشئَ رَعْیًا و رعایةً حفاظت کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا﴾ (۲) نگرانی کرنا (۳) ذمہ داری لینا۔

Marfat.com

-له عهده او حُرْمَتَه: پاس داری کرنا' خیال رکھنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَالَّذِينَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَ عَهْدِهِمْ رَاعُونَ﴾

(اَرْعَتِ)الارضُ: زمین کا خوب چارے والی ہونا۔

-علیه: باقی رکھنا' محفوظ رکھنا (۲) مہربانی و شفقت کرنا۔

-الیه: غور سے سننا۔ کہتے ہیں: فلانٌ لایُرْعِیْ اِلٰی قول احدٍ: فلاں کسی کی بات پر کان نہیں دھرتا۔

-الماشیةَ: جانور کو چرانا۔

-اللّٰهُ الماشیةَ: اللہ کا مویشیوں کے لئے چارہ اگانا۔

-فلاناً المکانَ: کسی کے لئے کسی جگہ کو چراگاہ بنانا۔

-فلاناً سمعهٗ: غور سے سننا۔

(رَاعَاهُ) مراعاةً وَ رعاءً: لحاظ رکھنا (۲) نگرانی کرنا۔

-الامرَ: معاملہ پر نظر رکھنا' انجام پر غور کرنا (۲) حفاظت کرنا' باقی رکھنا (۳) کسی کے ساتھ چرنا۔ جیسے راعَی الجملُ الخروفَ: اونٹ کا دنبے کے ساتھ چرنا۔

فلاناً سَمْعَهٗ: غور و دھیان سے سننا۔ کہتے ہیں: فلانٌ لایراعی الیه: وہ اس کی طرف متوجہ نہیں ہوتا۔

(رَعّاه): کسی کو بطور دعا کے رعاك الله (اللہ تمہاری حفاظت کرے) کہنا۔

(ارتعَتِ)الماشیةُ: جانور کا چرنا۔

-الماشیةُ الرعیَ: چارہ کھانا۔

(ترَعَّتِ)الماشیةُ: جانور کا چرنا۔

-الماشیةُ العشبَ: جانور کا ہری گھاس چرنا۔

(استرعاهُ)الشیءَ: کسی سے کسی چیز کی حفاظت کروانا۔ کہاوت ہے: (من استرعی الذئب فقدظلم) جو بھیڑیے کو نگران بنائے وہ ظلم کرے گا۔ ایسے شخص کے بارے میں جو بددیانت کو امانت سونپتا ہے۔ هذا مما یسترعی النظرَ او السمعَ: یہ قابل توجہ اور قابل التفات بات ہے۔

(التِرْعایَةُ) آبائی پیشہ ور خاندانی چرواہا۔

(التِرْعِیُّ): صحیح تربیت مصرف کا محافظ۔ کہتے ہیں: اِنَّه لَتِرْعِیُّ مالٍ: اس کے پاس مال محفوظ رہتا ہے اور اونٹوں کی اچھی طرح پرورش کرتا ہے۔

(التِرْعِیَّةُ): التِرْعِیُّ۔

(الرَّاعِیُ): چرواہا (۲) نگران' حاکم' ذمہ دار محافظ (۳) جاسوس (ج) رعاةٌ و رُعیانٌ و رِعاءٌ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿حَتّٰی یُصْدِرَ الرِّعَاءُ وَ اَبُوْنَا شَیْخٌ کَبِیْرٌ﴾

-راعی البستان: ایک قسم کی ٹڈی جو اچھلتی ہے اور اڑتی پھرتی ہے۔

-راعی الجوزاء وراعی النعائم: دو ستارے۔

(الرَّاعِیَةُ): مونث الراعی (ج)رواعٍ

-راعیةُ الشیبِ و رواعیه: بڑھاپے کی شروعات۔

(الرِّعایَةُ): چرانے کا پیشہ۔

(الرَّعَوِیَّةُ): انسان کا کسی کی رعیت ہونا (۲) رعیت کا' ملکی حقوق۔

(الرَّعْیُ): حفاظت' بطور دعا کے کہا جاتا ہے: رعیاًلك: اللہ تعالیٰ آپ کی حفاظت کرے۔

(الرِّعْیُ): چارہ' گھاس وغیرہ (ج) اَرْعَاءٌ۔

(الرِّعْیَةُ): چرانے یا چرنے کی کیفیت و حالت۔ جیسے هو حسن الرِعیة او سَیِّئُ الرِعیةِ (۲) وہ زمین جس میں پتھر کی نوکیں ہل چلانے میں رکاوٹ بنتی ہوں (۳) قدرتی چراگاہ۔

(الرَّعِیَّةُ): چرنے والے مویشی (۲) زیرنگرانی مویشی (۳) عوام الناس' رعایا' جو کسی حاکم و منتظم کے تحت ہوں (ج) رعایا۔

(المُراعاةُ) مُراعَاة النظیر: اہل بدیع کے نزدیک کسی شی کو اس کی مناسب چیزوں کے ساتھ جمع کرنا۔ جیسے سوق' بیع اور دلال۔

(المَرْعٰی): چارہ' گھاس وغیرہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَالَّذِیْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰی﴾ کہاوت ہے (مَرعًی و لا کالسَّعدان) ایک چیز کے بارے میں کہا جاتا ہے جسے ان کے مشابہ چیز پر ترجیح دی جائے۔

(المَرْعَاةُ) المَرْعٰی۔

ر......غ

(رَغِبَ) فلانٌ َ رَغَبًا و رَغْبَةً و رُغْبَةً خواہش مند ہونا' حریص ہونا۔

-الیه مائل ہونا' چاہنا' رغبت رکھنا۔

-الیه فی کذا و کذا: کسی سے کوئی چیز عاجزی کے ساتھ چاہنا۔

-عن الشیءِ: اعراض کرنا' کنارہ کشی ہونا' بے توجہی اختیار کرنا۔

-بنفسه عن الشیءِ: کسی چیز سے خود کو الگ رکھنا۔

-بنفسه عن فلانٍ: کسی پر اپنی برتری محسوس کرنا۔

-بفلانٍ عن کذا: کسی کو کسی چیز سے الگ رکھنا (۲) اس کے برابر سمجھنا۔

-الشیءَ وفیه: ارادہ کرنا' چاہنا۔ کہتے ہیں رَغِبَ رایُه احسن الرُّغْبِ سخی اور وسیع الرائے ہونا۔

(رَغُبَ) ُ رَغْبًا و رَغَابَةً: وسیع اور بڑا ہونا جیسے رَغُبَ الوادی۔

-فلانٌ: پیٹو اور بسیار خور ہونا۔ ہر وقت کھانے کی فکر کرنا۔ هو رغیبٌ و رِغِیبٌ وهی رَغیبةٌ۔

-الارضُ: زمین کا نرم و کشادہ ہونا۔

(اَرْغَبَ)فلانٌ: مالدار ہونا۔

-فلانٌ فلاناً فی الشیءِ و الیه کسی کو کسی چیز کا خواہش مند بنانا۔

-عنه الگ رکھنا' بچانا (۲) وسیع و کشادہ کرنا۔ ارغبَ اللّٰهُ قدرَكَ: اللہ تعالیٰ آپ کی شان دوبالا کرے۔

(رَغَّبَه)فیه: خواہشمند بنانا' ترغیب دینا (۲) خواہش پوری کرنا۔

(اِرْتَغَبَ) الحِملُ: سامان وغیرہ کا بھاری ہونا۔ هو مرتغبٌ۔

Marfat.com

-الشئ و فیه: چاہنا' خواہش کرنا۔
(تَرَاغَبَ): کشادہ اور وسیع ہونا۔
- فیه: رغبت کرنا' چاہنا۔ جیسے تراغبوا فی الخیر۔
(الرَّغَابُ): نرم زمین۔
- ارضٌ رَغَابٌ: وہ زمین جو زیادہ بارش کے بغیر نہ بہے' نرم وسیع زمین (ج) رُغُبٌ۔
(الرُّغُبُ): بہت پانی جذب کرنے والی زمین۔
(الرُّغبانَةُ): چپل یا جوتے کا تسمہ (۲) تسمہ کی جوتے کے نیچے لگنے والی گرہ۔
(الرَّغِیبُ) وادٍ رَغِیبٌ: پانی بہت جذب کرنے والی وادی۔
- رجلٌ رَغِیبٌ: لمبے لمبے ڈگ بھرنے والا آدمی۔
- حِملٌ رغیبٌ: بھاری بوجھ (ج) رِغابٌ و رُغُبٌ (۳) مرغوب و پسندیدہ چیز۔
(الرَّغیبةُ): مونث الرَّغیب (۲) مرغوب و پسندیدہ چیز (۳) بڑا عطیہ (ج) رغائب۔
- فلانٌ یفیدا الغرائب ویفیءُ الرغائب: فلاں بہت سخی ہے۔
(المَرْغَبُ): خواہش (۲) زندگی کا میدان (ج) مَرَاغِب۔
(المَرْغَبَةُ): الرغب۔
(رَغَثَ) اُمَّه ـَ رَغْثًا: دودھ پلانا۔
- فلاناً: مانگ مانگ کر کسی سے سب کچھ لے لینا (۲) بار بار نیزہ مارنا۔
(رُغِثَ) رَغْثًا: کسی سے زیادہ مانگے جانے کی وجہ سے اس کا سب کچھ ختم ہو جانا۔ ھو مرغوث وھی مرغوثةٌ - فلانٌ امواله مرغوثةٌ فما لاحد عندهٗ مَغُوثَةٌ: اس کا سارا مال مانگ مانگ کر ختم کر دیا گیا اب اس کے پاس کچھ نہیں۔
- المراۃُ: عورت کے پستان کی رگ میں تکلیف ہونا۔
(اَرْغَثَه) دودھ پلانا۔
- فلاناً: بار بار مانگنا (۲) بار بار نیزہ مارنا۔

(ارتَغَثَها): (بچہ کا ماں کا) دودھ پینا۔
(الرُّغَاثُ): زیادہ پانی جذب کرنے والی زمین۔ ارضٌ رغاثٌ: ایسی زمین جس پر زیادہ بارش ہی کی وجہ سے پانی بہے۔
(الرُّغثاءُ): عورت کے پستان میں دودھ کی رگ (یہ لفظ مفرد ہے)
(الرَّغُوثُ): دودھ پلانے والی۔ کہاوت ہے (آکل من برذونةٍ رَغوثٍ) فلاں آدمی دودھ پلانے والی عجمی گھوڑی سے بھی زیادہ کھاتا ہے (ج) رِغاثٌ و رغائث۔
(رَغَدَ) العیشُ ـُ رَغْدًا: زندگی کا خوشگوار اور آسودہ حال ہونا' ھو رَغْدٌ و راغِدٌ و اَرْغَدُ۔
(رَغُدَ) العیشُ ـُ رَغَدًا و رَغَادَةً: رَغَدَ' ھو رَغْدٌ و رغیدٌ۔
(اَرْغَدَ): خوشحال ہونا' زندگی کی آسودگی اور فراخی میسر آنا۔
- عَیْشَه: زندگی کو خوشحال بنانا۔
- الماشیةَ: مویشی کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔
(اِستَرْغَدَ) العَیْشَ: زندگی کے مزے لینا اور اسے آسودہ حال پانا۔
(اِرْغادَّ) اللبنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا اور پوری طرح نہ جمنا۔
- فلانٌ: بیماری' غصہ یا نیند کی کمی کی وجہ سے بے چینی اور سستی طاری ہونا' رنگ بدل جانا۔
- النائمُ: سونے والے کا جاگنا اور اس پر سستی کا اثر ہونا۔
- فی رَاْیِه: رائے میں متردد ہونا' جم کر فیصلہ نہ کرنا۔
- الغضبان: سخت غصہ کی وجہ سے جواب نہ دے سکنا۔
(الرَّاغِدُ): خوشحال و آسودہ حال وھی رَاغِدَةٌ۔
(الرَّغْدُ): پرسکون آسودہ زندگی۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فکُلُوا منها حیث شئتم رَغَدًا﴾ ھو فی رغد من العیش: وہ خوشحال زندگی گزار رہا ہے۔

-عیشةٌ رَغْدٌ: فراخی و خوشحالی کی زندگی۔
(الرَّغِیدُ): خوش گوار زندگی۔
(الرَّغِیدَةُ): مونث الرَّغید (۲) فرنی کی طرح دودھ اور آٹے کا پتلا حلوہ (۳) مکھن (ج) رَغائد۔
(المَرْغَدَةُ): باغیچہ (ج) مَرَاغِدُ۔
(رَغْرَغَ) العیش: رَغَدَ۔
-فلانٌ: بھلائی میں ڈوبا ہوا ہونا۔
- الماشیة: جانور کا ہر روز جس طرح چاہے پانی پر جانا (۲) ترش گھاس کھا کر پانی پینا۔
-الابل: اونٹوں کو زبردستی ترش گھاس کھلانا۔
-الامرَ: چھپانا' پوشیدہ رکھنا۔
(المُرَغْرَغُ): کچا سوت جسے پختہ نہ کیا گیا ہو۔
(رَغَسَتِ) المراۃُ ـَ رَغْسًا: اولاد کی کثرت ہونا۔
-اللهُ القومَ: اللہ تعالیٰ کا لوگوں کو بڑھانا۔
-اللهُ المالَ او الولدَ: اللہ تعالیٰ کا مال و اولاد میں برکت عطا کرنا۔
-اللهُ فلانا مالاً او ولدًا کثیرًا: اللہ تعالیٰ کا کسی کو مال و اولاد میں برکت اور کثرت عطا کرنا۔
(اَرْغَسَ) اللهُ المالَ: مال میں برکت دینا۔
-مالاً: کسی کو بہت سا مال دینا۔
-نفسَه: خود کو خوشحال کرنا۔
(رَغَّسَه): اَرْغَسَه۔
(اِسْتَرْغَسَه): کمزور اور نرم سمجھنا یا پانا۔
(الرُّغْسُ): بڑھوتری' خیر و برکت (ج) اَرْغاس۔
(الرِّغْسُ): ولادت کے وقت بچے کے ساتھ نکلنے والی ریزش جیسی آلودگی (ج) اَرْغاس۔
(المُرْغِسُ): خوشحال زندگی۔
(المَرْغُوسُ) وجهٌ مرغوسٌ: کھلا ہوا مبارک چہرہ۔
- رجلٌ مرغوسٌ: صاحب خیر و برکت' خوشحال آدمی۔
(المَرْغُوسَةُ): الجھن' پیچیدگی۔ جیسے ھم فی مرغوسة من امرھم (۲) بہت بچے جننے والی

Marfat.com

عورت۔

(رَغَشَ) علیه ۔ رَغْشًا: کسی کے خلاف ہنگامہ برپا کرنا۔ کہتے ہیں: لا ترغَش علینا۔

(الرَّغِیغَۃُ): ابالے ہوئے دودھ کا جھاگ (۲) گرم کیا ہوا دودھ جس میں تھوڑا سا آٹا ملا دیا گیا ہو (یہ حالت نفاس والی عورت کے بنایا جاتا ہے) (۳) کھجور کے شیرہ سے بنایا ہوا ایک کھانا (۴) پتلا گندھا ہوا آٹا (۵) نرم گھاس (۶) عمدہ زندگی۔

(رَغَفَ) العجینَ: گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا یا روٹی بنانا۔

(رَغَّفَ)العجینَ و نحوہٗ: رَغَفَه

(الرَّغِیفُ): روٹی' آٹے کی ٹکیہ (ج) اَرْغِفَۃٌ و رُغْفَانٌ و رُغُفٌ۔

(رَغَلَ) اُمَّه ۔ رَغْلاً و رَغْلَۃً: بچہ کا ماں کے دودھ سے ایک گھونٹ پینا۔

(رَغِلَ): بے ختنہ ہونا۔

(اَرْغَلَ): غلطی کرنا' چیز کو غلط جگہ پر رکھنا۔

-الزرعُ: کھیتی کے خوشوں میں دانے بننا۔

-فلانٌ: بچوں جیسی حرکتیں کرنا (۲) بچوں جیسی باتیں کرنا۔

-الامُّ المولودَ: ماں کا بچہ کو دودھ پلانا۔

- الطائرُ فرخَه: پرندہ کا اپنے چوزہ کو دانہ کھلانا۔

(الأَرْغَلُ): غیر مختون۔

(الأُرْغُولُ): (دیکھئے: ارغول)

(الرَّغْلَۃُ): ماں کی غفلت میں اچانک پیا ہوا دودھ۔

(الرُّغْلَۃُ): وہ کھال جو ختنہ کرتے وقت کاٹی جاتی ہے۔ (ج) رُغَلٌ۔

(الرَّغُولُ) شاۃٌ رَغُولٌ: بکری جو بھیڑ کا دودھ پیئے۔

- فلانٌ رَمٌّ رَغُولٌ: ہر چیز جو ہاتھ لگے کھا جانے والا (ج) رُغُلٌ۔

(رَغَمَ) ۔ رَغْمًا و مَرْغَمًا و مَرْغَمَۃً: ذلیل ہونا (۲) ناپسندیدگی کی بنا پر ذلیل ہونا۔

-رَغَمَ انفَه: ناپسند کرنا' حدیث میں ہے (وان رغم أنفُ ابی الدرداء)

-الشیَٔ: کسی چیز کو مٹی کے ساتھ ملا دینا' خاک آلود کرنا۔

-فلاناً: مجبور و ذلیل کرنا۔

(رَغِمَ) ۔ رَغْمًا: مٹی میں ملنا' خاک آلود ہونا (۲) ذلیل و حقیر ہونا۔ حدیث معقل بن یسار میں ہے (رغم انفی لأمر الله) (۳) کسی کام پر مجبور کیا جانا۔ هو رَغِیمٌ (ج) رُغَمَاءُ و رِغَامٌ وهی رَغِیمَۃٌ (ج) رغائم۔

(اَرْغَمَه): رَغَمَه' اَرْغَمَ انفَه: ناپسندیدہ ہونا۔

(رَاغَمَ): علیحدگی اختیار کرنا۔

- فلاناً: علیحدہ ہو کر دشمنی پر اتر آنا۔

- فلانٌ لا یراغم شیئاً اذا لم یعوزہٗ شیٌٔ: اگر اس کی کوئی چیز کم نہ ہو تو وہ قطعاً دشمنی یا علیحدگی نہیں کرتا۔

(رَغَّمَه): رَغَمَه۔ سجدہ سہو کی حدیث جس میں ہے (کانتا ترغیمًا للشیطان) (۲) کسی کو رغمًا کہنا۔ یعنی تم ذلیل ہو جاؤ۔

-فلانٌ انفَه: ذلیل و خوار ہونا' عاجز ہونا۔

(تَرَغَّمَ) فلاناً: کسی کی مرضی کے خلاف کام کرنا۔

(الرَّاغِمُ): ذلیل' مجبور' مغلوب۔

(الرَّغَامُ): مٹی۔ القاہُ فی الرَّغام: ذلیل و رسوا کرنا۔

(الرُّغَامَی): ناک (۲) پھیپھڑے کی نالی (۳) جگر بڑھنے کی بیماری۔

(الرُّغَامَۃُ): ضرورت' خواہش۔

(الرَّغْمُ): مٹی (۲) مجبوری۔ جیسے فعله علی رغمه وعلی الرغم منه وعلی رغم انفه: یہ کام اس نے مجبوری کی حالت میں کیا۔

(الرُّغْمُ): مجبوری' ذلت' پستی۔

- فَعَلَه علی رُغْمِه: اس نے یہ کام مجبوری کی حالت میں کیا۔

(المُرَاغَمُ): جانے اور بھاگنے کی جگہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً﴾ (۲) قلعہ (۴) ٹھکانا۔

(المَرْغَمُ): ناک۔ کہاوت ہے: مالی ذلك مرغمٌ: مجھے اس سے باز رکھنے والی کوئی چیز نہیں۔

(المَرْغَمَۃُ): ضرورت۔ لی عنده مَرْغَمَۃٌ: مجھے اس کی ضرورت ہے (۲) ذلت و خواری (ج) مَرَاغِمُ۔

(رَغَنَ) الیه ۔ رَغْنًا: مائل ہونا۔ متوجہ ہونا (۲) کسی کی بات کو غور سے سننا اور قبول کرنا۔

-فیه: لالچ کرنا۔

-فلانٌ: مزے سے کھانا پینا۔

- یومُ رَغْنٍ: تفریح کا دن جس میں خوب مزے لے کر کھایا پیا جائے۔

(اَرْغَنَ): فرمانبردار ہونا۔

-الیه رَغَنَ۔

-فلاناً: لالچ دلانا۔

-الامرَ: آسان کرنا۔

(الأَرْغُنُ): (دیکھئے: ارغن)

(الأَرْغُونُ): (دیکھئے: ارغن)

(رَغَا) ۔ رُغُوًا: جھاگ دار ہونا۔

-البعیرُ و نحوہٗ رَغْوًا و رُغَاءً: اونٹ وغیرہ کا بلبلانا' شور مچانا۔

-الصَّبِیُّ: بچہ کا زور زور سے رونا۔

-الرعدُ: بجلی کڑکنا۔

-فلانٌ: زیادہ باتیں کرنا۔

(اَرْغٰی): جھاگ دار ہونا یا زیادہ جھاگ ہونا۔

- اَرْغٰی فلانٌ و اَزْبَدَ: غصہ سے لال پیلا ہونا۔ منہ سے جھاگ نکلنا' دھمکی دینا۔ کہتے ہیں: جئتُه فما ارغی و لا اثغی: میں اس کے پاس آیا لیکن اس نے نہ مجھے بکری دی نہ اونٹنی۔ یعنی کچھ نہ دیا۔

-البعیرَ و نحوہٗ: اونٹ وغیرہ کو غصہ دلانا۔

-فلاناً: غصہ دلانا' مغلوب کرنا' ذلیل کرنا۔

-فلاناً الحدیثَ: کسی سے کم بات کرنا۔

(رَغِیَ) الشیُٔ: جھاگ اٹھنا۔

- کلامٌ مُرْغٍ: غیر واضح کلام۔

Marfat.com

-البعیرَ و نحوہٗ اونٹ وغیرہ کو غصہ دلانا۔
-فلاناً غضبناک کرنا۔
(ارتغی) الرَّغوۃَ جھاگ پینا۔ کہاوت ہے (یُسِرّ حَسْوًا فی ارتغاء) ایسے شخص کے بارے میں جو ظاہر کچھ کرتا ہو اور عمل اسکے برخلاف ہو (۲) کفگیر یا چمچہ وغیرہ سے جھاگ اُتارنا۔
(تراغوا) لوگوں کا مختلف جگہوں سے شور مچانا' کسی کا یہاں سے کسی کا وہاں سے۔ اسی سے ہے تراغت الرکابُ قافلوں میں کوئی یہاں بول رہا ہے کوئی وہاں بول رہا ہے۔
-علیہ کسی کے خلاف ایک دوسرے کو چیخ چیخ کر بلانا۔ حدیث میں ہے: (انہم واللہ تراغوا علیہ فقتلوہ)
(الرّاغیۃ) اونٹنی۔ مالہٗ ثاغیۃٌ ولا راغیۃٌ اس کے پاس نہ بکری ہے نہ اونٹنی۔ یعنی اس کے پاس کچھ نہیں (۲) اونٹ کی بلبلاہٹ۔ مقولہ ہے کانت علیھم کراغیہ البکر: وہ ان لوگوں کے لئے نحوست میں نوجوان اونٹ کی مانند تھی جیسا کہ حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کے نومولود بچہ کی آواز ان کے لئے بدبختی کی علامت تھی (ج) رَوَاغ۔
(الرُّغاءُ) اونٹ کی آواز' بلبلاہٹ (۲) عام آواز جیسے سمعت رغاءَ الرَّعْدِ۔ اسی سے ہے اتاكَ خبرٌ لہ رُغاءٌ تمہارے پاس خوب دولت آئی ہے۔
(الرُّغاوی) جھاگ (ج) رَغاوی۔
(الرُّغاوۃ) جھاگ (ج) رَغاوی۔
(الرَّغّاء) زیادہ بولنے والا یا اونچی آواز سے بولنے جوش سے بولنے والا۔
(الرُّغوۃ) جھاگ (ج) رُغًی۔
(المِرْغاۃ) کف گیر یا چمچہ جس سے جھاگ اتارا جائے (ج) مَرَاغ۔

ر .... ف

(رَفَأَ) الثوبَ و نحوہٗ ـَ رَفْئًا و رِفاءً کپڑے میں رفو کرنا' پھٹی ہوئی جگہ کو ملا کر سینا۔
-بینھم صلح کرانا خرق ثوبَ المودّۃِ بالاساءۃِ و رَفَأہٗ بالاحسان: محبت کے رشتہ کو بدسلوکی کر کے توڑنا اور عمدہ سلوک سے جوڑنا۔
-فلاناً تسلی دینا' غم خواری کرنا (۲) دوستی و تعلق قائم رکھنا۔
-السفینۃ جہاز یا کشتی کو بندرگاہ یا ساحل کے قریب لانا۔
(اَرْفَأَتِ) السفینۃ کشتی کا بندرگاہ یا ساحل کے قریب ہونا۔
-فلانٌ الیہ مائل ہونا' کسی کی طرف رجحان ہونا۔
-السفینۃَ کشتی کو بندرگاہ یا ساحل کے قریب لانا۔
-فلاناً ہمدردی کرنا' میل جول رکھنا۔
(رَافَأہٗ) مُرافاۃً و رِفاءً باہم موافقت کرنا (۲) ہمدردی کرنا' نرمی برتنا۔
-فی البیع بیع میں کسی کے ساتھ نرمی برتنا۔
(رَفَّأَہٗ) تَرْفئۃ و ترفیئاً کسی کو بالرِّفاء والبنین کہنا (یہ دعا شادی کے موقع پر کہی جاتی ہے کہ اللہ تعالی تم دونوں میں محبت اور تعلق قائم رکھے اور اولاد عطا کرے) شادی کی مبارکباد دینا۔
(الرِّفاءُ) اتحاد و اتفاق۔
(الرِفاءَۃ) رفوگری کا پیشہ۔
(الرَّفّاءُ) کپڑوں کو رفو لگانے والا۔ ھی رفّاءۃ۔
(المَرْفَأ) کشتیوں اور جہاز کے لنگر انداز ہونے کی جگہ' بندرگاہ (ج) مرافِئُ۔
(الیَرْفَئیُّ) ڈر کی وجہ سے بے قابو ہو جانے والا (۲) ڈر کر بھاگ جانے والا (۳) شتر مرغ (نر) (۴) ہرن (۵) بکریاں چرانے والا' چرواہا۔
(اِرْفَأَنَّ) کمزور و ڈھیلا ہونا (۲) جوش کے بعد پُرسکون ہونا۔
-غضبُہٗ غصہ ٹھنڈا ہونا۔
-عیشُہٗ زندگی کا خوش گوار ہونا۔
(الرُّفَأنِینۃ) زندگی کی آسودگی و خوشحالی۔
(رَفَتَ) ـُ رَفْتًا ٹوٹنا' ریزہ ریزہ ہونا (۲) کٹنا۔
-فلانٌ الشیَٔ توڑنا' چورہ چورہ کرنا' ریزہ ریزہ کرنا۔
(تَرَفَّتَ) رَفَتَ۔
(الرُّفاتُ) ریزے' چورا' بوسیدہ۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَقَالُوْا أَئِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا أَئِنَّا لَمَبْعُوثُونَ خَلْقًا جَدِيدًا﴾
(الرُّفْتُ) توڑنے اور چورنے والا (۲) بھوسا' بھس۔
(رَفَثَ) فی کلامِہٖ ـُ رَفْثًا و رُفوثًا فحش گوئی کرنا' گندی باتیں کرنا۔
(رَفِثَ) ـَ رَفْثًا رَفَثَ۔
(رافَثَہ) کسی کے ساتھ فحش باتیں کرنا۔
(تَرافَثُوا) باہم فحش گفتگو کرنا۔
(الرَّفَثُ) جماع' عورت کے ساتھ صحبت خواہی۔ قرآن مجید میں ہے ﴿اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى نِسَآئِكُمْ﴾
(رَفَدَہٗ) ـِ رَفْدًا و رِفادۃً سہارا دینا' ٹیک لگانا (۲) تھامنا' روکنا۔
-فلاناً مدد کرنا (۲) دینا' عطیہ دینا۔
(رافَدَہٗ) مدد و تعاون کرنا۔
(رَفَّدَ) قدرے لپک کر چلنا۔
-القومُ فلاناً کسی کو سردار و مالک بنانا اور اس کی تعظیم کرنا۔
(ارْتَفَدَ) منہ کسی سے اپنا حصہ لینا۔
-مالاً مال کمانا۔
(ترافَدُوا) باہم تعاون کرنا۔
(استرفدہٗ) کسی سے حصہ مانگنا (۲) مدد مانگنا۔
(التَّرْفِیدُ) سرین۔
(الرّافِدُ) بادشاہ کا قائم مقام جو اس کی عدم موجودگی میں ملک کا انتظام چلائے (ج) رُفّادٌ و رُفَّدٌ (۲) معاون نہر یا چھوٹی نہر جس کا پانی بڑی نہر میں جائے۔
-الرافدان دریائے دجلہ و فرات۔
(الرّافِدۃُ) ایک چھڑ یا وہ تمام چھڑیں جن کو

Marfat.com

جوڑ کو عمارت کا ڈھانچہ بنایا جائے (ج)

(الرِّفَادَةُ): زین یا کجاوہ کے نیچے رکھا جانے والا نرم موٹا کپڑا' پالان (۲) زمانہ جاہلیت میں نادار حجاج کی ضیافت (وہ مال جسے قریش کے لوگ اپنے مالوں سے نکال کر غریب حجاج کی ضیافت کے لئے رکھتے تھے) (۳) زخم پر باندھی جانے والی پٹی۔

(الرَّفْدُ): حصہ (۲) بڑا پیالہ۔ (۳) دودھ نکالنے کا برتن۔ کسی کی موت کے وقت کہتے ہیں: اریق رفدُ فلان (ج) اَرْفَادٌ و رُفودٌ۔

(الرِّفْدُ): الرَّفْدُ (۴) عطیہ' بخشش' انعام۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ﴾ حدیث میں ہے (من اقتراب الساعة ان یکون الفیءُ رِفدا) (۳) امداد (ج) اَرْفادٌ و رفودٌ۔

(الرِّفْدَةُ): لوگوں کا گروہ (ج) رِفَدٌ۔

(الرَّفُوْدُ): بہت دودھ دینے والی اونٹنی جو ایک مرتبہ میں برتن کو بھر دے (ج) رُفُدٌ و رَفَائِدُ۔

(الرَّفِیْدَةُ): هو رفیدةُ صدقٍ: وہ مددگار ہے (ج) رفائد۔

(الرَّوافِد): چھت کی کڑیاں۔

(المَرْفَدُ): امداد' تعاون۔

(المَرْفِدُ): بڑا پیالہ' دودھ نکالنے کا بڑا برتن (ج) مرافِدُ۔

(المِرْفَدُ): وہ کپڑا یا گدی جس سے عورت اپنی سرین کو بڑا کرتی ہے (۲) بڑا پیالہ (۳) دودھ نکالنے کا برتن (ج) مرافِدُ۔

(رَفْرَفَ) الطَّائِرُ: پرندہ کا پروں کو کھولنا اور حرکت دینا (۲) کسی جگہ بیٹھنے کے لئے اس کے گرد پروں کو لہلہانا۔ حدیث میں ہے (رفرفت الرحمة فوق راسه)

-العلمُ: پرچم کا لہلہانا۔

-المحموم: بخار زدہ شخص کا کانپنا۔ حدیث ام سائب میں ہے (انه مرّبها وهی ترفرف من الحمّی قال: مالك ترفرفین)

-الشیُ: آواز نکالنا۔

-علیه: شفقت و مہربانی کرنا۔

(الرَّفْرَافُ): پر' بازو (۲) نر شتر مرغ (۳) ایک قسم کی چڑیا۔ جس کی دم ہر وقت ہلتی رہتی ہے اور وہ پانی میں اپنا سایہ دیکھ کر اس پر ٹوٹ پڑتی ہے۔

-ثغرٌ رفرافٌ: چمکدار دانت۔

(الرَّفْرَفُ): مچان یا دیوار میں لگا ہوا تختہ وغیرہ جس میں سامان رکھا جاتا ہے (۲) شیڈ یا چھوٹا سائبان جو گھر کے آگے دھوپ سے بچنے کے لئے نکالا جاتا ہے (۳) موٹر کے پہیہ پر نکلا ہوا مڈگارڈ' (۴) خیمہ' زرہ یا کرتہ کا لٹکا ہوا حصہ' (۵) کونا' جانب' کنارہ' (۶) پردہ۔ حدیث وفات الرسول ﷺ میں ہے: (فرفع الرفراف فراینا وجهه کانه ورقة تخشخش) (۶) چٹائی (۷) تکیہ۔

- ثوبٌ رَفْرَفٌ: باریک کپڑا۔ (ج) رفارف۔

(الرَّفْرَفَةُ) رفرفٌ کا واحد۔ غالیچہ' خوشنما تکیہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿مُتَّكِئِیْنَ عَلٰی رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِیٍّ حِسَانٍ﴾ کہتے ہیں اقعدنی علی رفرفة بین یدیه (ج) رَفَارِفُ۔

(رَفَسَ)ـُ رَفْسًا و رِفَاسًا: ٹانگ مارنا۔

-فلانا رَفْسًا و رُفُوْسًا: کسی کے سینہ پر ٹانگ مارنا۔

-الدّابّة: چوپائے کے پیر میں رسی باندھنا۔

-الشیَ: کوٹنا۔

(الرِّفَاسُ): وہ رسی جو چوپائے کی اگلی ٹانگ میں اوپر تک باندھی جائے جس کی وجہ سے وہ زمین سے اٹھ جائے۔

(الرَّفَّاسُ): چھوٹی دخانی کشتی (۲) کشتی کو گھمانے کی چرخی۔

(الرَّفُوس): دابّةٌ رفوسٌ: لات مارنے والا جانور (مذکر و مونث کے لئے) (ج) رُفُسٌ (مذکر کے لئے) و رُفُسٌ و رَفَائسُ (مونث کے لئے)

(المِرْفَسُ): کوٹنے کا آلہ (ج) مرافِسُ۔

(رَفَشَ) فی الامرِ ـُ رُفوشًا: کسی معاملہ میں کشادگی و وسعت سے کام لینا۔

- الحبوبَ رَفْشًا: غلہ کو بیلچہ سے اٹھانا یا سرکانا۔

-الطعامَ: اچھی طرح کھانا۔

-الشیَ: کوٹنا' باریک کرنا۔

(رَفِشَ)ـَ رَفَشًا: کانوں کا بڑا اور چوڑا ہونا۔ هو اَرْفَشُ وهی رَفْشَاءُ ارفش الاذنین و رفشاء الاذنین سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے (انه کان ارفش الاذنین) (ج) رُفْشٌ۔

(اَرْفَشَ) کھانے اور مباشرت میں مشغول ہونا۔

-بالمکان: ٹھہرے رہنا اور نہ چھوڑنا۔

(رَفَّشَ) لحیتَهٗ: داڑھی کو پھیلانا۔

(الرَّفْشُ): بے خوفی اور آسودگی کے ساتھ کھانا پینا۔ وَقَعَ فی الرَّفْشِ والقَفْشِ: وہ عیش و عشرت اور عورتوں سے لطف اندوزی میں پڑ گیا (۲) وہ بیلچہ جس سے غلہ کو اٹھا کر اڑایا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے: من الرَّفشِ الی العرشِ ایسے شخص کے بارے میں جو گمنامی کی زندگی سے نکل کر اعلیٰ مقام پر پہنچ جائے (ج) رُفوشٌ و اَرْفاشٌ۔

(الرَّفَّاشُ): بیلچہ کو غلہ سے سرکا کر تولنے والے کو دینے والا۔

(المِرْفَشَه): بیلچہ (ج) مَرَافِشُ۔

(ارتَفَصَ) السِّعْرُ: بھاؤ بڑھنا۔

-ارتفصت السوق بالغلاء: بازار میں مہنگائی ہو گئی۔

(تَرَافَصُوْا) الماءَ و غیره و علیه: پانی وغیرہ کو باری باری لینا۔

(الرُّفْصَةُ): پانی پینے کی باری (۲) مشترکہ پانی (ج) رُفَصٌ۔

(الرَّفِیْصُ): پینے میں شریک۔

(رَفَضَ) الوادی ـِ رَفْضًا و رُفُوْضًا: وادی کا کشادہ ہونا۔

-النَّخلُ: کھجور کے شگوفوں کا پھیلنا اور غلاف کا گر جانا۔

-الماشیةُ: مویشی کا چراگاہ میں ادھر ادھر پھرنا

Marfat.com

اور تنہا چرنا۔
-الشئَ: چھوڑنا' کنارہ کش ہونا (۲) پھینکنا' ہٹانا (۳) توڑنا۔
-الماشیۃَ ـِ فصتًا: جانور کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔ھو مرفوضٌ و رفیضٌ۔
(رَفَّضَ) فی القِربۃ و نحوِھا: مشکیزہ میں تھوڑا پانی چھوڑنا۔
(تَرَفَّضَ): متفرق ہونا' بکھرنا' منتشر ہونا' بہنا' پھیلنا۔
(ارفضَّ): ترَفَّضَ۔
-الدمعُ: آنسو بہنا۔
-العرقُ: پسینہ بہنا۔ حدیث براق میں ہے (انہ استصعب علی (النبی صلی اللہ علیہ وسلم) ثم ارفضَّ عَرقًا وقرّ)
-الوجَعُ: درد زائل ہونا۔
(استَرفَضَ) الوادی: رَفَضَ۔
(الرَّافِضَۃُ): تانیث الرَّافض (۲) سپاہیوں کی ایک جماعت جنہوں نے اپنے افسر کے احکام کو ٹھکرا کر واپسی اختیار کی (۳) شیعوں کا ایک فرقہ جو صحابہ کرام ؓ کی مذمت اور کردار کشی کو جائز سمجھتا ہے۔ ان کو رافضہ اس لئے کہتے ہیں کیونکہ انہوں نے زید بن علی رضی اللہ عنہ کی یہ بات ماننے سے انکار کر دیا تھا کہ وہ شیخین (حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما) کو تنقید و ملامت کا نشانہ نہ بنائیں (ج) روافض۔
(الرَّافضیُّ): رافضی' مذہب رافضہ اختیار کرنے والا ھی رافضیۃٌ۔
(الرُّفَاضُ) من الشیءِ: کسی چیز کا چورا' ٹکڑے۔
(الرِّفَاضُ): دائیں بائیں مڑنے والے راستے۔
(الرُّفَضُ): سیال چیز کی تھوڑی سی مقدار (۲) اتنی خوراک جو بدن کے لئے ضروری ہو۔
(الرَّفَضُ): ہر متفرق و بکھری ہوئی چیز (۲) لوگوں کا گروہ (۳) وہ تھوڑی سیال چیز جو برتن میں باقی ہو (۴) جسم کے لئے ضروری خوراک (۵) کسی چیز کا کنارہ' جانب (ج) رفوضٌ و رِفاضٌ و اَرفاضٌ۔
-فی ارض کذا رفوضٌ منْ کلأٍ: زمین میں کسی جگہ بکھری ہوئی گھاس ہے۔
-رفوضُ الارض: غیر مملوکہ یا نا قابل ملکیت زمینیں۔
(الرَّفْضُ): روافض کا عقیدہ۔
(الرَّفَضَۃُ): بہت چھوڑنے والا' بہت ٹھکرانے والا۔
-ھو قُبَضَۃٌ رُفَضَۃٌ: وہ کسی چیز کو پکڑتا ہے پھر چھوڑ دیتا ہے۔
-راعٍ قُبَضَۃٌ رُفَضَۃٌ: وہ جانور کو ہانکتا ہے اور اس کی نگرانی کرتا ہے اور اس کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑ دیتا ہے۔
(الرَّفَّاضُ): غیر مملوکہ زمینوں کی نگرانی کرنے والا۔ وھی رَفَّاضَۃٌ وھم رَفَّاضَۃٌ۔
(الرَّفِیضُ): پسینہ (۲) ٹوٹی ہوئی چیز۔
(المَرفَضُ): پانی کا راستہ' پانی گرنے کی جگہ (ج) مَرَافِضُ۔
(رَفَعَ) القومُ ـَ رَفْعًا: لوگوں کا ملک میں بڑھنا۔
-البعیرُ و نحوُہٗ فی سیرہٖ: اونٹ وغیرہ کا بہت چلنا' تیز چلنا۔
-الشئَ رَفْعًا و رِفاعًا: بلند کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ﴾
-البناءَ: عمارت کو اونچا کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمَاعِيلُ﴾
-الشئَ: اٹھانا' منتقل کرنا۔ جیسے رفع الزَّرع بعد الحصاد الی الجرن: کھیتی کاٹنے کے بعد کھلیان پر لے جانا۔
- ارفع ھذا: اسے ہٹاؤ یا اٹھا کر لے جاؤ۔
-وھو لا یرفع العصا عن عاتقہ: وہ اپنے کندھے سے لاٹھی نہیں اُٹھاتا۔ یعنی وہ بہت سفر کرتا ہے یا اپنے متعلقین کی تربیت میں بہت سخت ہے۔
-یَدَہ عن الشیءِ رَفْعًا: کسی چیز سے ہاتھ روکنا۔
-فلانًا: ذکر خیر کرنا' شہرت دینا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ﴾ (۲) رتبہ بڑھانا' عزت دینا' فوقیت عطا کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ﴾ کہتے ہیں: ھذا امرٌ یرفع الرأس: یہ کام باعث عزت و شرافت ہے (۳) آگے بڑھانا۔ جیسے رفعہ علی صاحبہ فی المجلس۔
-صوتَہ: آواز بلند کرنا۔
-اللہ عملَہ: عمل قبول کرنا۔
-الشئَ فی خزانتہ او صندوقہ: کسی چیز کو صندوق وغیرہ میں چھپانا۔
-ذاتُ اللبن لبنھا: دودھ دینے والے جانور کا دودھ نہ دینا۔
-فلانًا الی الحاکم رَفْعًا و رِفعانًا: حاکم کے سامنے مقدمہ کے لئے پیش کرنا۔
-الشئَ رُوفعانًا: قریب کرنا۔
-الی السلطان رفیعۃً: بادشاہ کے سامنے کوئی معاملہ پیش کرنا۔
-الیہ عیونھم رَفعًا: نگاہیں اٹھا کر دیکھنا۔
کہتے ہیں: دخلت علی فلان فلم یرفع لی راسَہ: میں فلاں سے ملاقات کے لئے گیا لیکن اس نے نہ مجھے دیکھا نہ میری طرف متوجہ ہوا۔
-فلانًا الی اصلہ: کسی کے نسب کو اس کی اصل تک لے جانا۔
-الحدیثَ الی قائلہ: حدیث کی سند کو اس کے اول قائل تک پہنچانا۔ جیسے رفع الحدیث الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔
-الخبرَ: پھیلانا' مشہور کرنا۔
-البعیرَ و نحوَہ: تیز چلنے پر ابھارنا' تیز چلانا۔
-الکلمۃَ: کلمہ کو رفع دینا یا لفظ کو مرفوع پڑھنا۔
-الحاسبُ الکسر: حساب کرنے والے کا کسر کو صحیح عدد بنانا۔
-العقوبۃ او الضَّریبۃَ: سزا یا ٹیکس کو ختم کرنا۔
والشئُ مرفوعٌ و رفیعٌ۔
-فلانٌ مرفوعٌ عن التکلیف فلاں پر

Marfat.com

پابندی ختم کردی گئی ہے۔
(رُفِعَ) لَهُ الشخص: کسی کو دور سے دیکھنا۔
(رَفُعَ) ـُ رَفَاعَةً: اونچی آواز والا ہونا۔
- الثوبُ والخیطُ: کپڑے یا دھاگے کا باریک ہونا۔
- فلانٌ رِفعةً و رِفاعَةً: قدر و مرتبہ کا بڑھنا۔ کہتے ہیں رفع فی حَسَبِہِ و نَسَبِہِ - ہو رفیع وھی رفیعة۔
(رَافَعَه): رَفَعَه۔
- الی الحاکم وغیرہ: حاکم کے پاس شکایت لے کر جانا۔ کہا جاتا ہے: رَافَعَه و خَافَضَه ہر طریقہ پر گھمانا۔
(رَفَّعَ): ایسا دوڑنا کہ ایک دوسرے سے زیادہ تیز ہو۔ رَفَّعَ فی عدوِہ بھی کہتے ہیں۔
- الشیئَ: آگے کرنا۔
(اِرتَفَعَ): بلند ہونا (۲) آگے ہونا (۳) منتقل ہونا (۴) زائل ہونا۔
- الشیئَ: بلند کرنا۔
(تَرَافَعَا) الی الحاکم: حاکم کے پاس فیصلہ کے لئے جانا۔
- المحامی عن المتّھم امام القضاء: وکیل کا ملزم کی پیروی کرنا (مو)
(تَرَفَّعَ): ارتفع۔
- عنه: احتراز کرنا، دامن بچانا۔
- الشیئَ: رَفَعَ۔
(استرفَعَ) الشیئُ: اُٹھائے جانے کا وقت آنا۔
- الشیئَ: بلند کروانا، اُٹھوانا۔
(الارتفاعُ): (علم ہندسہ کے مطابق) ستون کے اوپر سے نیچے تک کی لمبائی کو کہا جاتا ہے (مج)
(الرَّافِعُ): اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔
- برقٌ رافعٌ: چمکنے والی بجلی۔
- ناقةٌ رافعٌ: تھنوں میں دودھ روکنے والی اونٹنی۔
(الرَّافِعَةُ): خبر مشہور کرنے والا اور راز افشاں کرنے والا گروہ (۲) کسی چیز کو اُٹھانے کا آلہ (مج) (ج) روافع۔
(الرِّفَاعُ): کٹی ہوئی کھیتی کی کھلیان کی طرف منتقلی۔ کہتے ہیں: ھذہٖ ایام رِفاع۔
(الرُّفَاعَةُ): آواز کی بلندی اور سختی کہتے ہیں: فی صوته رُفاعةٌ۔
(الرَّفْعُ): نحو میں اعراب کی ایک قسم رفع یا جو اس کے قائم مقام ہو (۲) روزہ کی نیت کرنے والے کا فجر سے قبل کھانے پینے سے ہاتھ روکنا (محدثہ)
(الرِّفْعَةُ): بلندی، شرافت، عزت، قدر و منزلت۔
(الرَّفِیعةُ): حاکم کے سامنے پیش کیا ہوا مقدمہ، شکایات یا عرضی۔ کہتے ہیں: وَقَّعَ فی الرفیعة کذا: اس نے پیش کردہ معاملہ میں ایسے دستخط کئے (ج) رفائع۔
(المُرَافَعَةُ): دعوی دائر کرنے کی قانونی کاروائی، مقدمہ کی اپیل۔
- قانون المرافعات: وہ قانون جو عدالت میں دائر کئے جانے والی دعووں کے لئے طریقہ کار کی تعیین کرتا ہے (مج)
(المِرْفَاعُ): اوپر اُٹھانے کا آلہ۔
- المرفاع التُّرسِیّ او الذِّرَاعِیُّ: جیک، موٹر کے پہیوں کو اُٹھانے کا آلہ۔
- المرفاع المائیُّ: آبی کرین، وہ آلہ جس کے ذریعہ پانی کے بہاؤ کے ذریعہ وزن اُٹھایا جاتا ہے (مج)
(المَرْفَعُ): کرسی (یمنی اصطلاح) (ج) مَرَافِع۔
- المرافع: عیسائیوں کے نزدیک وہ مقرر ایام جو روزہ سے پہلے ہوتے ہیں۔
(المِرْفَعُ): اُٹھانے کا آلہ (ج) مَرَافِعُ۔
(المرفُوعُ) من الحدیثِ: وہ حدیث جس کی سند رسول اللہ ﷺ تک پہنچی ہو۔
(رَفِغَ) ـَ رَفَغًا: بدن میں میل ہونے کی جگہ کا کشادہ ہونا (۲) کسی کے گوشت کے اندر تکلیف ہونا۔ ہو اَرْفَغُ وھی رفغاءُ۔
(رَفُغَ) العیشُ ـُ رَفَاغَةً: زندگی کا خوشحال و آسودہ ہونا۔ ہو رافغٌ و رفیغٌ۔
(اَرْفَغَ): زندگی کا کشادہ و خوشحال ہونا۔
- لَه العیشَ: کسی کی زندگی کو خوشحال و فراخ کرنا۔
(تَرَفَّغَ): خوشگوار زندگی والا ہونا۔
(الاَرْفَغُ) مِنَ العَیشِ: خوشگوار و فراخ زندگی۔
(الرَّفَاغَةُ): زندگی کی خوشحالی و آسودگی۔
(الرَّفَاغِیَةُ): زندگی کی فراخی و آسودگی۔
(الرُّفْغُ): سہولت و نرمی (۲) فراخی و خوشحالی (۳) زرخیز و شاداب جگہ (۴) قحط زدہ مقام (۵) بدن کا ہر وہ حصہ جہاں میل جمع ہو جاتا ہو (۶) کمینہ گھٹیا آدمی (ج) اَرْفُغٌ و رُفُوغٌ۔
(الرُّفَغْنِیَةُ): زندگی کی فراخی۔
(المَرَافِغُ): رانوں اور بازوؤں کی جڑیں (اس کا واحد نہیں ہے)
(رَفَّ) ـِ رَفًّا و رَفِیفًا و رَفَّةً: پھڑکنا، پھڑپھڑانا۔ جیسے رَفَّ الطائرُ: پرندہ کا پروں کو پھڑپھڑانا۔
- العینُ او الحاجب: آنکھ یا ابروؤں کا پھڑکنا۔ ابو العلاء کا شعر ہے:

لم أدر الا الظنَّ ظنَّ الغائب
أبلک ام بالغیث رفّ حاجبی

- النباتُ: پودوں کا سیرابی و شادابی کی وجہ سے لہلہانا۔
- البرقُ و غیرُہ: بجلی وغیرہ کا چمکنا۔
- فلانٌ رَفًّا: زیادہ کھانا۔
- لَه و الیه: خوشی سے جھومنا۔
- رَفَّ فؤادی لحدیثه: اس کی بات سے میرا دل خوش ہوا۔
- القومُ بہ: گھیرا ڈالنا۔
- علیه النعمةُ او السّعادةُ: بھرپور خوشحالی و شادمانی حاصل ہونا۔
- لَه ـُ: کسی کے لئے کمانا۔
- لَه: کسی کی باعزت خدمت کے لئے کوشش کرنا۔
- فلانًا ـُ رَفًّا: دینا، کھلانا (۲) اعزاز و اکرام کرنا۔ کہاوت ہے: ذھب من کان یحُفُّه

Marfat.com

ویرُفُه: جو شخص اس کے ساتھ اعزاز و اکرام والا برتاؤ کرتا تھا' وہ رخصت ہو گیا۔
ماله حافٌ ولا رافٌ: اس کی دیکھ بھال کرنے والا کوئی نہیں۔
-الطعامَ: زیادہ کھانا کھانا۔
-البقلَ و نحوهٗ: سبزی وغیرہ کو منہ بھرے بغیر کھانا۔
-الامَّ: ماں کا دودھ پینا۔
-اللبنَ: روزانہ دودھ پینا۔
-الشئَ: چوسنا' چسکیاں' پینا۔
-المرأةَ او شفتَیها: عورت یا اس کے ہونٹ چومنا۔
-الدّابّةَ: چوپائے کو بھوسا کھلانا۔
-البیتَ و غیرہ: گھر وغیرہ کی کارنس نکالنا۔
- الثوبَ وغیرَہ: کپڑے کو لمبا کرنے کے لئے دوسرے کپڑے کے ساتھ ملا کر سینا۔
(رَفَّ) الثوبُ و نحوهٗ ـِ رَفِفًا: کپڑے کا باریک ہونا۔ هو رَفِیفٌ۔
(اَرَفَّ) الدجاجةُ و نحوها علی بیضها: مرغی وغیرہ کا اپنے انڈوں پر پر پھیلانا۔
(ارتفَّ) النباتُ: نباتات کا لہلہانا۔
-البرقُ: بجلی چمکنا۔
(الرُّفافُ) باریک بھوسا۔
(الرِّفافةُ) خود کے نیچے لگائی جانے والی گدی وغیرہ (ج) رَفائفُ۔
(الرَّفُّ) کارنس (۲) دیوار سے لگا ہوا تختہ جس پر سامان رکھا جاتا ہے (۳) دیوار سے لگی ہوئی تختوں کی الماری۔ کہتے ہیں: وَضَعَ الکتبَ علی الرف (۴) پرندوں کا جھنڈ (۵) نرم کپڑا (۶) چوسا جانے والا لعاب (۷) ۔ف کا کھانا (ج) رفوف و رِفافٌ۔
(الرِّفُّ) ہر روز کا پینا (۲) ہر روز جیسے: اخذته الحُمّٰی رِفًّا۔
(الرُّفُّ) بھوسہ (۲) بھوسے کا چورا۔
(الرَّفّافُ) بہت چمکدار۔
-ثغرٌ رَفّافٌ: چمکدار دانت۔ وهی رَفّافةٌ۔
رَوْضةٌ رَفّافةٌ: شاداب باغیچہ۔

(الرَّفّةُ) ایک دفعہ کی چمک (۲) عمدہ کھانا (۳) آنکھ یا ابرو کی پھڑ پھڑاہٹ هو یتفاءل من رفّةِ عینه الیمنٰی و یتشاءم من رفّة الیسرٰی: وہ دائیں آنکھ کے پھڑکنے سے اچھی اور بائیں آنکھ کے پھڑکنے سے بری فال لیتا ہے۔
(الرُّفّةُ): الرُّفُّ۔
(الرَّفیفُ) چمک۔ کہتے ہیں: لثغرها رفیفٌ (۲) باریک کپڑا کہتے ہیں: ثوبٌ رفیفٌ (۳) تازہ اور شاداب درخت۔ کہتے ہیں: شَجَرٌ رَفیفٌ (۴) شادابی۔ کہتے ہیں: ارضٌ ذاتُ رفیفٍ (۵) خیمہ کی چست یا لٹکا ہوا جھالر وغیرہ۔
- ذاتُ الرَّفیفِ: وہ درخت جن کے پودے اور درخت شادابی کی وجہ سے جھومتے ہوں (۲) وہ کشتیاں جن کو جوڑ کر پل بنایا گیا ہو۔
-شجرةٌ رفیفةٌ: شبنم آلودہ درخت۔
-(رَفَقَ) بہ ولهٗ و علیه ـُ رِفْقًا و مَرْفِقًا: نرمی و ہمدردی کا برتاؤ کرنا۔
-فی السیرِ: درمیانی چال چلنا۔
-فلانًا: کسی کو کہنی مارنا۔
- البعیرَ: اونٹ کو رِفاق نامی رسی سے باندھنا۔
هو رافقٌ و رفیقٌ۔
(رَفُقَ) فلانٌ ـُ رفاقةً: ساتھی بننا۔ کہتے ہیں: کنتُ فی رفاقةِ فلانٍ: میں فلاں آدمی کے ساتھ تھا۔ هو رفیقٌ (ج) رُفَقاء وهی رفیقةٌ (ج) رَفائقُ۔
-بہ ولهٗ و علیه رِفقًا: نرمی کرنا۔
- رِفقًا لهٗ: اس سے نرمی کرو۔
(اَرْفَقَه) نرمی کرنا (۲) فائدہ پہنچانا۔
(رَافَقَه) مُرافَقةً و رِفاقًا: کسی کا رفیق و ساتھی بننا' مرافقت اختیار کرنا۔ جیسے: رافَقَهُ فی السفرِ و رافَقَتْهُ السَّلامةُ۔
- شئٌ مُرافِقٌ لکذا: یہ چیز اس کے ساتھ ملی ہوئی ہے۔ هی مُرافِقةٌ۔
(ارتَفَقَ) بہ: نفع حاصل کرنا' مدد حاصل کرنا۔
-علیه: ٹیک لگانا۔ بتُّ مرتفقًا: میں نے اپنی کہنی پر ٹیک لگا کر رات گزاری۔
ارتفق علی عطفه و ساعدته و جاهه: میں اس کی نرمی' کوشش اور عظمت پر بھروسہ کرتا ہوں۔
-القومُ: باہم دوست بن جانا۔
(ترافقا): ایک دوسرے کا ساتھی یا دوست بننا۔
(ترَفَّقَ) بہ: رفق۔
-علیه: ٹیک لگانا۔
-بہ: فائدہ اٹھانا' مدد لینا۔
(استرْفَقَه): رفاقت اور ساتھ چاہنا۔ کہتے ہیں: استرْفقته فأرْفَقَنی۔
(الاَرْفَقُ) هذا الامرُ اَرْفَقُ بك و علیك: یہ کام آپ کے لئے نفع بخش ہے۔
(الرّافِقُ) هذا الامرُ رافقٌ بك و علیك: یہ کام آپ کے لئے نفع بخش ہے۔
(الرّافِقَةُ): نرمی' مہربانی۔ اولاہ رافقةً: وہ اس کے ساتھ نرمی سے پیش آیا۔
(الرِّفاقُ): اونٹ کے جاگنے کے خوف سے اس کی ٹانگ میں باندھی جانے والی رسی۔ (ج) رُفُقٌ و اَرْفِقَةٌ۔
(الرُّفاقَةُ): ساتھیوں کی جماعت۔
(الرَّفَقُ) ماءٌ رَفَقٌ: آسانی سے دستیاب پانی۔
- مرتعٌ رَفَقٌ: عام چراگاہ جہاں سب جانوروں کا چرنا ممکن ہو۔
-حاجةٌ رَفَقُ البُغیةِ: آسانی سے پورا ہونے والی ضرورت۔
(الرُّفْقَةُ): ساتھیوں کی جماعت (ج) رِفَقٌ و رِفاقٌ (جج) اَرْفاق۔
(الرِّفْقَةُ) صحبت' معیت' رفاقت۔ کہتے ہیں: جَمَعَتْنِی و ایاهُ رِفقةٌ واحدةٌ: ہم دونوں ایک ہی صحبت میں رہے۔
(الرَّفِیقُ) مہربان' نرمی کرنے والا۔ کہتے ہیں هو رفیقٌ بہ (۲) ساتھی' دوست' ہم نشین' ہم پیشہ (مفرد و جمع کے لئے) (۳) خاوند (۴)

Marfat.com

کمیونسٹ معاشرہ کا ساتھی (محدثہ) (ج) رفقاء و رِفَاقٌ۔
-مَرْتَعٌ رفیقٌ: ہلکی چراگاہ۔
-ھذا الامرُ رفیق بك وعلیك: یہ کام آپ کے لئے نفع بخش ہے۔
(الرَّفِیقۃُ): تانیث الرَّفیق (۲) بیوی (ج) رفائق۔
(المُرافِقُ): ہم رکاب' مصاحب' کسی افسر یا قائد کا اردلی (محدثہ)
(المُرْتَفَقُ): ہر نفع رساں چیز۔
(المَرْفِقُ): ہر وہ چیز جس کے فائدہ اٹھایا جائے' مدد لی جائے' ضرورت پوری کی جائے۔
-مرافق المدینۃ: شہری ضروریات جیسے بجلی' پانی' ذرائع آمدورفت۔
(۲) سہارا' تکیہ (۳) کہنہ (ج) مَرَافِق۔
(المِرْفَقُ): المَرْفِقُ۔
-مِرْفق الدار و نحوھا: گھر کی ضروریات جیسے غسل خانہ باورچی خانہ وغیرہ (ج) مَرَافِق۔
(المِرْفَقۃُ): تکیہ گدا' بستر۔ کہتے ہیں: توکَّأَ علی المِرْفقۃ وارتفق علیھا۔
-بتُّ مُرْتفقاً والرَّمْلُ مرفقتی: میں اس حال میں رات گزاری کہ کہنی میرا تکیہ اور ریت میرا بستر تھی (ج) مرافِق۔
(رَفَلَ) ـُ رَفْلاً و رُفُولاً وَرَفَلاناً: دامن گھسیٹ کر اور متکبرانہ انداز میں چلنا۔
-البئرَ و نحوھا: کنویں وغیرہ کو پانی سے بھرنا۔
(اَرْفَلَ): رفل۔
-فی ثیابہ: لباس کو دراز کر کے اتراتے ہوئے چلنا۔
-ثوبَہ او اِزارہ او ذیلہ: کپڑے وغیرہ کو دراز کرنا' ڈھیلا کرنا' لٹکانا۔
-القومُ فلاناً: لوگوں کا کسی کو سردار بنا کر اس کی تعظیم کرنا۔
(رَفَّلَ) فی ثیابہ او فی اشیۃ: رَفَلَ۔
ثوبَہ او ازارہُ او ذَیْلَہ: ناز و انداز سے اکڑ کر چلنا۔
-القومُ فلاناً: سردار بنانا' تعظیم کرنا۔
-الملكُ فلاناً: بادشاہ کا کسی کو حاکم یا افسر بنانا (۲) تعظیم کرنا (۳) مالک بنانا' بادشاہ بنانا۔ کہتے ہیں: حکّمَ فلاناً و رَفّلَہ: کسی کو حاکم بنانا' بڑا درجہ دینا۔
-البئرَ و نحوھا: کنویں وغیرہ کو پانی سے بھرنا۔
(ترَفّلَ) فلانٌ ترفّلۃً: اکڑ کر چلنا' اترا کر چلنا۔
(ترَفّلَ): رَفَلَ۔
-فی ثیابہ او مشیہ: متکبرانہ انداز میں چلنا۔
-علیھم: امیر یا حاکم بننا۔
(التَّرْفِیلُ): (علم عروض کے مطابق) سبب قافیہ میں زیادتی کو کہتے ہیں۔ جیسے: متفاعلن پر تن کا اضافہ کر کے متفاعلاتن کہا جائے۔
(الرِّفَالُ): لمبا طویل۔ جیسے شَعْرٌ رِفالٌ و ثوبٌ رِفالٌ (ج) رُفُلٌ۔
(الرِّفَلُ): دامن (ج) رُفُوْلٌ و اَرْفالٌ۔
(الرِّفَلُ) من البئرِ و نحوِھا: کنویں کے پانی کی بڑی مقدار (ج) ارفالٌ۔
(الرِّفَلُّ): لمبے دامن والا کپڑا (۲) لمبی دم والا چوپایہ (۳) ڈھیلی کھال والا (۴) خوشحال اور فراخ زندگی (۵) زیادہ گوشت والا۔ وھی رِفَلّۃ۔
-عیشۃٌ رِفَلّۃٌ: خوشگوار زندگی۔
(المِرْفَالُ): بہت زیادہ اکڑنے اور اترانے والا۔ کہتے ہیں۔ رجلٌ مِرْفالٌ و امرأۃٌ مرفالٌ (ج) مرافیل۔
(المِرْفَلَۃُ): فراخ و ڈھیلا لباس جسے گھسیٹ کر اکڑتے ہوئے چلا جائے (ج) مرافل۔
(رَفَہَ) ـَ رَفْھاً و رُفُوْھاً: خوشحال و آسودہ ہونا۔ ھو رافِہٌ وھی رافِھۃٌ۔
-عیشُہ: زندگی کا آسودہ اور خوشگوار ہونا۔
-فلاناً: کسی پر مہربانی و نرمی کرنا۔
(رَفُہَ) ـُ رَفَاھۃً و رفاھِیَۃً: رَفَہَ - ھو رَفِیہٌ و رَافِہٌ۔
(اَرْفَہَ): رَفَہَ۔
-فلانٌ: کھانے پینے اور لباس کی وسعت والا ہونا (۲) مطمئن و بے فکر ہونا۔ کہتے ہیں اَرْفِہْ عندی: میرے پاس ٹھہرو اور آرام کرو (۲) بالوں میں ہر روز کنگھی کرنا اور تیل لگانا۔
-فلاناً: خوشحال بنانا۔
(رَفَّھَہ): اَرْفَھَہ۔
-نَفْسَہ: راحت پہنچانا' دل جمعی کرنا۔ کہتے ہیں رَفِّہْ عندی: تم میرے پاس دلجمعی سے رہو۔
-عنہ: کلفت دور کرنا' بار خاطر ہلکا کرنا (۲) آرام پہنچانا' تھکاوٹ اور دل کی گھٹن دور کرنا۔
-رَفَّہَ عن انفاسہ و رفَّہَ من خناقہ کلفت دور کرنا۔
-علیہ: ڈھیل دینا' مہلت دینا۔
(ترَفَّہَ): رَفَہَ۔
(اِسْتَرْفَہَ): تَرَفَّہَ کہتے ہیں اِسْتَرْفِہْ عندی میرے پاس راحت و آرام سے رہو۔
(الرَّفَاھَۃُ) و (الرَّفَاھِیَۃُ): خوشحالی' آسودگی۔
(الرَّفَھَۃُ): رحم و شفقت۔
(الرُّفَھْنِیَۃُ): رحم و شفقت' مہربانی۔
-ھو فی رُفَھْنِیۃٍ فی العیش وہ مزے کی زندگی گزار رہا ہے۔
(رَفَا) ـُ رَفْوًا: شادی کرنا۔
-الثَّوْبَ و نحوَہُ من کل منسوج کپڑے کو رفو کرنا۔
-الخرقَ: کپڑے کی پھٹن کو سینا۔
-فلاناً: دلاسا دے کر خوف دور کرنا۔
(اَرْفَتِ) السفینۃ: کشتی کا بندرگاہ سے قریب ہونا۔
-الیہ: مائل ہونا (۲) پناہ لینا۔
-السفینۃَ: کشتی کو ساحل کے قریب کرنا۔
-فلاناً: دل جوئی کرنا۔
(رَافَاہُ) مُرافاۃً و رِفَاءً: موافقت کرنا (۲) دلجوئی کرنا' ہمدردی کرنا۔
(رَفَّی) المتزوِّجَ: شادی شدہ کو " بالرفاء والبنین " (میل ملاپ اور اولاد) کی دعا دینا۔

Marfat.com

(ترافَوْا)علی الأمرِ: کسی بات پر سب کا متفق ہونا۔

(الرِّفاءُ): شادی شدہ کو بطور دعا کے ''بالرِّفاءِ والبنین'' (میل ملاپ اور اولاد) کی دعا دینا۔

(الرَّفَّةُ): بھوسا۔ کہاوت ہے: (اغنی من التُّفَّةِ عن الرَّفَّةِ) پیٹ بھرے ہوئے کمینہ کے بارے میں کہا جاتا ہے۔

(الرَّفَّاءُ): رفوگر۔ ھی رَفَّاءَةٌ۔

ر.........ق

(رَقَأَ)الدَّمعُ والدَّمُ و نَحوُهُمَا ۔ رَقْئًا و رُقُوءًا: آنسو یا خون کا بند ہو جانا، خشک ہو جانا۔

-دمُ القاتِلِ: خون بہا دیئے جانے سے قاتل کا خون معاف ہو جانا۔

-بینهم او ما بینهم: صلح کرانا۔ کہتے ہیں: ارقأ عَلٰی ظَلْعِكَ: تم اپنی آپ پر رحم کرو اور طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالو۔ یا پہلے اپنی اصلاح کرو۔

(اَرْقَأَه): خون بند کرنا۔

-العرقَ: رگ سے خون بہنے کو روکنا۔

-الدمعَ و نحوهٗ: آنسو وغیرہ کو روکنا۔ کہتے ہیں: لا اَرْقَأَ اللّٰهُ دَمْعَتَه ولا اَرْقَأَ عینَه: خدا کرے اس کے آنسو کبھی خشک نہ ہوں (بطور بددعا کے کہا جاتا ہے)

-دمَ فلانٍ: کسی کے خون کو محفوظ کرنا۔

(الرَّقُوءُ): لوگوں کے درمیان صلح کروانے والا (۲) خون روکنے کی دوا یا ذریعہ۔ کہتے ہیں: سکن النَّزْفُ بالرقوءِ۔ دوا سے اس کا خون بند ہو گیا۔ الدِّيَةُ رَقُوءُ الدَّمِ دیت خون روکنے کا ذریعہ ہے۔ قیس بن عاصم نے اپنے بیٹے کو نصیحت کی تھی (لاتسبوا الابلَ فان فیها رَقُوءَ الدَّمِ و مَهرَ الكريمة)

(رَقَبَه)۔ رَقْبًا و رُقُوبًا و رِقَابَةً نظر رکھنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿اِنِّیْ خَشِیْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَیْنَ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِیْ﴾ (۲) حفاظت کرنا، نگرانی کرنا۔ کہتے ہیں اَرْقُبْ فلانًا فی اهله حدیث میں ہے: (ارقُبُوا محمدًا فی اهل بیتهٖ) (۳) بچنا، محتاط رہنا۔

-النجمَ: ستاروں کو تاکنا۔

-فلانًا رَقْبًا: کسی کی گردن پر مارنا (۲) گلے میں رسی وغیرہ ڈالنا۔

(رَقِبَ) ۔ رَقَبًا: گردن کا موٹا ہونا۔ هو اَرْقَبُ وهی رَقْبَاءُ (ج) رُقْبٌ۔

(اَرْقَبَه) دارًا او اَرْضًا: کسی کو گھر یا زمین بطور رقبی دینا (دیکھئے: رُقْبٰی)

(رَاقَبَه) مراقبةً و رِقَابًا: نگرانی وحفاظت کرنا۔ کہتے ہیں: رَاقَبَ اللّٰهَ او ضميره فی امره: اس نے اپنے معاملہ میں اللہ کا خوف دل میں رکھا یا اپنے ضمیر کو ملحوظ خاطر رکھا۔

-فلانٌ لا يُرَاقِبُ اللّٰهَ فی امره: فلاں اپنے معاملہ میں خوف خدا نہیں رکھتا۔

(ارتقَبَ): بلند ہونا، بلندی پر چڑھنا۔

-الشیءَ: منتظر رہنا، نگاہ رکھنا۔

(ترَقَّبَه): ارتقبه۔

(الرَّقَابَةُ): نگرانی، حفاظت، دیکھ بھال (۲) کتابوں یا اخبارات وغیرہ کی چھان بین، سنسر شپ (محدثہ) (۳) اقتصادیات کے مطابق اشیاء صرف کی قیمتوں میں حکومت یا مرکزی بنک کی مداخلت۔ اسے رقابة الصرف کہتے ہیں (مج)

(الرُّقْبٰی): نگرانی، حفاظت (۲) ایک شخص کا دوسرے کو مکان اور زمین اس شرط پر دینا کہ دونوں میں سے جو پہلے مر جائے وہ مکان اور زمین زندہ رہنے والے کی ہوگی (اگر لینے والا پہلے مر گیا تو وہ زمین پھر دینے والے کی ہو جائے گی اسی بنیاد پر ہر ایک دوسرے کی موت کا منتظر رہتا ہے)

(الرِّقْبَةُ): نگرانی کی کیفیت۔ جیسے هو حسن الرقبة او سَيِّئُ الرقبةِ (۲) تحفظ، بچاؤ (۳) گھبراہٹ۔

-وَرِثَ مالاً مِنْ رِقْبةٍ: اسے آباء و اجداد سے مال وراثت میں نہیں ملا بلکہ بنا پر قرابت اس شخص کا مال ملا جس کے وارث نہ تھے۔

-وَرِثَ مجدًا عن رِقبةٍ: اسے عظمت اہل قرابت سے ملی اس کے آباؤ اجداد اہل عظمت نہ تھے۔

(الرُّقْبَةُ): وہ گڑھا جس میں چیتے کا شکار کیا جائے (ج) رُقَبٌ۔

(الرَّقَبَةُ): گردن، اس کا اطلاق پورے بدن انسانی پر بھی ہوتا ہے (تسمية الشیء باسم بعضه) (۲) غلام، مکاتب جیسے اعتق رقبةً اور اعتق اللّٰهُ رَقَبَتَهٗ اللہ تعالیٰ نے اسے چھٹکارا دلایا (۳) موسیقی میں عدد کے بکس کا بالائی حصہ (مج) (ج) رِقَابٌ و رَقَبٌ۔

(الرُّقَّابَةُ): سامان وغیرہ کا پہرے دار، محافظ۔

(الرَّقُوبُ): جس مرد کا کوئی بچہ باقی نہ رہتا ہو (۲) جس عورت کا بچہ نہ بچتا ہو (۳) بے روزگار کسب معاش سے معذور مرد یا عورت (۴) وہ عورت جو وراثت کے حصول یا دوسرے شخص سے شادی کے لئے خاوند کی موت کا انتظار کرے۔

-اُمُّ الرَّقُوب: مصیبت۔

(الرَّقِیْبُ): اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام۔ یعنی ایسا نگہبان جس سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں (۲) جو کسی بھی کام کی نگرانی کرے (۳) پہریدار (۴) محافظ (۵) لشکر کا ہراول دستہ (۶) جوا کھیلنے والوں کا محافظ جو کھیلنے والوں کی حدود کی حفاظت کرتا ہے (۷) جوئے کے تیروں میں سے تیسرا تیر (۸) سنسر کرنے والا۔ کتب، اخبارات، لٹریچر کی اشاعت سے پہلے جانچ پڑتال کرنے والا تاکہ اس میں اگر حکومت یا اخلاقیات کے خلاف کوئی بات ہو تو اسے حذف کر دے اور داخلہ و اشاعت سے روک دے (محدثہ) (ج) رُقَبَاءُ۔

(المُرَاقِبُ): نگران، سپروائزر، مشاہد، کنٹرولر، اتالیق، سپرنٹنڈنٹ اور سیر۔

(المُرَاقَبُ): زیر حراست (ایسا مجرم جسے پولیس امن و امان کی حفاظت کے لئے اپنی نگرانی میں رکھے) (محدثہ)

(المَرْقَبُ): نگرانی کرنے کی جگہ (ج)

Marfat.com

مراقب۔

(المَرْقَبَةُ): نگرانی کرنے کی جگہ (ج) مراقب۔

(رَقَحَ)۔َ رَقْحًا و رَقَاحَةً: مال کمانا' کہتے ہیں: ھو راقحۃٌ لاھلھم: وہ اپنے اہل وعیال کے لئے مال کماتا ہے۔

-الشیئَ: کسی شے کا انتظام واصلاح کرنا۔ ھو مرقوحٌ و رقیحٌ۔

(رَقَّحَ) مالَہ او عَیْشَہ: مال یا زندگی کا بہترین نظام بنانا۔

(ارتَقَحَ) راسُ المال: تجارت وغیرہ کا بذریعہ سرمایہ بڑھنا۔

(تَرَقَّحَ): کمائی کرنا' روزی کمانے کی تدبیر کرنا۔ تَرَقَّحَ لعیالہ۔

(الرَّقَاحِیُّ): مال کو صحیح مصرف میں لگانے والا تاجر۔ ھو رقاحیُّ مالٍ: وہ مال کمانے والا اور اس کا اچھا منتظم ہے۔ ھِیَ رَقَاحِیَّۃٌ

(رَقَدَ)۔ُ رَقْدًا و رُقُوْدًا و رُقَادًا: سونا۔

-عن الامرِ: سستی کرنا' پست ہمت ہونا' تاخیر کرنا' غفلت برتنا۔

-عن الضّیف: مہمان کا اکرام نہ کرنا۔

-الحرُّ و نحوہٗ: گرمی وغیرہ کا کم ہوجانا۔ ھو راقدٌ (ج) رُقودٌ و رُقَّدٌ۔

(اَرْقَدَہ): سلانا۔

-الدّواءُ: دوا وغیرہ کا کسی کو سلا دینا۔

-المکانَ وبہٖ: رہائش پذیر ہونا۔

(رَقَّدَہ): سلانا۔

(تَرَاقَدَ): سویا ہوا ظاہر کرنا۔

(ارقَدَّ): تیز تیز چلنا۔

-فی امورہٖ: معاملات میں جلدی کرنا۔

(استرقَدَ): کسی پر نیند کا غلبہ ہونا۔

(الرَّاقودُ): گہرا بڑا مٹکا۔

(الرَّقْدَۃُ): آدھا مہینہ یا اس سے کم رہنے والی گرمی۔ کہتے ہیں: اصابتنا رَقدۃٌ من حَرٍّ: ہم سخت گرمی میں مبتلا ہوئے۔

(الرَّقُودُ): امراۃٌ رقودُ الضُّحی: عیش و عشرت والی عورت۔ (جو دن چڑھے تک سوئی رہے) (ج) رُقُدٌ۔

(المَرْقَدُ): خواب گاہ' آرام گاہ' ہونے کی جگہ (۲) قبر۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿قَالُوا يَاوَيْلَنَا مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَرْقَدِنَا﴾ (۳) نیند (ج) مَرَاقِدُ۔

(المُرْقِدُ): خواب آور دوا جیسے افیون وغیرہ۔

(رَقْرَقَ) الماءَ وغیرَہٗ: پتلی دھار سے پانی وغیرہ ڈالنا۔

-عینَہ: آنسو بہانا۔

-الشراب: شراب میں پانی ملانا۔ کہتے ہیں رقرق الخمرَ بالماءِ۔

-الثرید بالدسم: ثرید میں روغن ملانا۔

-الطیبَ فی الثوب وغیرہٖ: کپڑے وغیرہ پر خوشبو لگانا۔ رقرق الثوبَ بالطیب بھی کہا جاتا ہے۔

(تَرَقْرَقَ) الماءُ وغیرُہٗ: پانی میں ہلکی لہریں اٹھنا' آہستہ آہستہ بہنا۔

-الدمُ فی العین: آنکھ میں آنسو ڈگمگانا۔

-عینُہ: آنکھ کا آنسو بہانا۔

-السرابُ و نحوہٗ: سراب وغیرہ کا چمکنا۔

-الشمسُ فی طلوعھا و نحوہٖ: سورج کا بوقت طلوع گھومتا ہوا دکھائی دینا۔

-الحیوان للسِّمَنِ او الھُزال: جانور میں موٹاپے یا کمزوری کے آثار دکھائی دینا۔

(الرُّقَارِقُ): چمکدار' لہراتا ہوا (۲) تھوڑا پانی (۳) پتلا کپڑا یا شراب (۴) چمکدار تلوار۔

(الرِقْرَاقُ): الرُّقَارِقُ (۲) چمکدار چیزیں (۳) آنکھ میں ابھرا ہوا آنسو (۴) آنے جانے والا بادل (۵) چمکدار متحرک سراب۔ وھی رقراقۃ۔

-جاریۃٌ رقراقۃٌ: آبدار چہرے والی لڑکی۔

-رقراقۃُ البشرۃ: سفید وچمک دار جسم والی۔

(رَقَشَہ)۔ُ رَقْشًا: بیل بوٹے بنانا' سجانا' مزین کرنا۔

-الکتابَ اَوِ الکلامَ: لکھنا' نقطہ لگانا' سطر لگانا۔

-النَّمامُ کلامَہ والمعاتبُ عتابَہ: چغل خور اور ملامت کرکا اپنی چغل خوری اور ملامت سے مراد برآری کے لئے حسین انداز میں پیش کرنا۔

(رَقِشَ)۔َ رَقَشًا و رُقْشَۃً: رنگ برنگ کا ہونا' چتکبرا ہونا۔ ھو اَرْقَشُ وھی رَقْشَاءُ۔ (ج) رُقْشٌ۔

(رَقَّشَہ) رَقَشَہ۔

-فلانًا: ملامت کرنا۔

(ارتَقَشُوْا) مخلوط ہونا' خلط ملط ہونا۔ کہتے ہیں: ارتَقَشُوْا فی القتال: وہ لڑائی میں گتھم گتھا ہوگئے۔

-فلانٌ: زیب وزینت کا اظہار کرنا۔

(تَرَقَّشَ): مزین ہونا' سجنا۔ کہتے ہیں: ھو یترقَّشُ للناس تَرَقَّشَتِ المراۃُ۔

(الرَّقَشُ): خوبصورت لکھائی (ج) رقوشٌ۔

(الرَّقَاشُ): سانپ۔

(الرَّقْشَاءُ): سانپ (۲) گھاس میں پیدا ہونے والا چتی دار پودا۔

(الرَّقْشَۃُ): چتی دار رنگ (۲) وہ رنگ جس میں مختلف رنگوں کی آمیزش ہو۔

(رَقَصَ)۔ُ رَقْصًا: ناچنا' رقص کرنا۔ ڈانس کرنا (۲) آوارہ پھرنا۔

-النبیذ: نبیذ کا جوش مارنا۔

-فی الکلام: بولنے میں جلدی کرنا۔

-الجملُ رقْصًا و رَقَصًا و رَقَصَانًا: اچھل اچھل کر چلنا' دوڑنا۔

(اَرْقَصَ) فی سیرہٖ: تیز اور اچھل اچھل کر چلنا۔

- فلانًا: نچانا' ناچنے پر اکسانا۔ اَرقَصَتِ المراۃُ ولدَھا: عورت نے اپنے بچے کو نچایا۔

- فلان الدابّۃَ: جانور کو تیز چلانا۔ کہتے ہیں: فلاۃٌ مرقصۃٌ: تیز چلانے والا جنگل۔

ھذا کلامٌ مُرْقِصٌ و قصیدۃٌ مُرْقِصَۃٌ: وجد آفریں کلام یا نظم۔

(رَقَّصَہ): اَرْقَصَہ۔

(تَرَقَّصَ): رَقَصَ۔

-تَرَقَّصَتِ المفازۃُ: صحرا کا ریت چمکانا۔

Marfat.com

(الرَّاقِصَةُ) ناچنے والی رقاصہ۔
- لیلةٌ راقِصةٌ و حفلةٌ راقِصةٌ: وہ رات یا محفل جس میں ناچ ہو۔
(الرَّقْصُ) ناچ ڈانس (ساز وغیرہ کے ساتھ مخصوص جذبات و احساسات کے اظہار کے لئے جسم کے کسی ایک یا تمام حصہ کو حرکت دینا) (ج)
(الرَّقْصُ) بدکلامی۔ کہتے ہیں: سمعتُ رَقْصَ الناسِ علینا۔
-لَه رَقْصٌ فی کلامِهٖ: اس کے کلام میں تیزی ہے۔
(الرَّقَّاصُ) بہت ناچنے والا (۲) ناچنے کا پیشہ کرنے والا (۳) گھڑی کا پنڈولم۔
(الرَّقَّاصَةُ) رقاصہ ناچنے والی (۲) وہ زمین جو بے بارانی کے باوجود کچھ نہ اگائے۔
(المَرْقَصُ) ناچنے کی جگہ (ج) مَرَاقِصُ۔
(المَرْقَصَةُ) ناچنے کی جگہ (ج) مَرَاقِصُ۔
(رَقَطه) ـُ رَقْطًا: سفید و سیاہ نقطے ڈالنا چتکبرا کرنا۔
(رَقِطَ) ـَ رَقَطًا: سفید و سیاہ نقطوں والا ہونا۔ چتکبرا ہونا۔ ھو اَرْقَطُ وھی رقطاءُ (ج) رُقْطٌ۔
(رَقَّطه) رَقَطه۔
-علی ثوبه کپڑے پر دھبے ڈالنا سفید و سیاہ نشان ڈالنا۔
(تَرَقَّطَ) دھبے پڑنا چھینٹے پڑنا۔
(ارقَطَّ) ترَقَّطَ۔
-العَرْفَجُ و غیرُہٗ عرفج نامی درخت کی سیاہی میں دھبے ہونا یا اس کی لکڑیوں میں ناخن جیسے ریشے ہونا۔
(ارقاطَّ) ارقَطَّ۔
(الأَرْقَطُ) چیتا (۲) وہ جانور جس کا رنگ چتکبرا ہو (ج) رُقْطٌ۔
(الرُّقْطَةُ) دھبہ چتکبرا پن۔ (ج) اَرْقاط۔
(الرَّقْطاءُ) تانیث الأرقطِ (۲) ایک قسم کا سانپ چتکبرا سانپ (۳) وہ ثرید یا سالن جس پر روغن کے دھبے دکھائی دیں (ج) رُقْطٌ۔
(الرُّقْطَةُ) دھبا چتی بندکی (سیاہ و سفید یا سرخ و زرد رنگ کا داغ) (ج) رُقَطٌ۔
(رَقَعَ) الشَّیْخُ و نحوہٗ ـَ رَقْعًا: بوڑھے یا کمزور آدمی کا کھڑے ہوتے وقت ہتھیلیوں کا سہارا لینا۔
-فی سیرِه: تیز چلنا۔ مَا رَقَعَ فلانٌ مَرْقَعًا: اس نے کچھ نہیں کیا۔
- الثوبَ والحذاءَ و نحوھما رَقْعًا و رَقْعَةً: کپڑے یا جوتے وغیرہ پر پیوند لگانا۔
-البناءَ و نحوہٗ: عمارت وغیرہ کو سہارا دے کر مضبوط کرنا۔
- امورَہٗ و حالَه: معاملات و حالات کی اصلاح کرنا۔
- فلانًا: مارنا۔ کہتے ہیں: رَقَعَه بکفٍ او بسوطٍ ہاتھ یا کوڑے سے مارنا۔
- رَقَعَه کفًّا: ہاتھ سے مارنا۔
- رَقَعَ الهدفَ بسهمٍ: نشانہ پر تیر مارنا۔
- رَقَعَ الارضَ برجلِه: زمین پر پاؤں مارنا۔
(۲) ہجو کرنا گالی دینا۔ ھو مرقوعٌ و رقیعٌ۔
(رَقُعَ) ـُ رَقَاعَةً: بے وقوف ہونا۔ ھو رَقِیعٌ (ج) رُقَعَاءُ وھی رَقِیعَةٌ (ج) رقائع۔
(اَرْقَعَ) الثوبَ و غیرُہٗ: کپڑے وغیرہ کا قابل مرمت ہونا۔
-فلانٌ: بے وقوفی کرنا۔
(رَاقَعَ) الخمرَ: شراب کا عادی ہونا۔
(رَقَّعَه) اَرْقَعه۔
-البناءَ و نَحْوَہٗ: عمارت وغیرہ کو مضبوط کرنا۔
- امواله او معیشته: مال و معیشت کا بہترین انتظام کرنا۔
-الحدیثَ و نحوہٗ: کلام میں حذف و اضافہ کرنا اصلاح کرنا۔
(ارْتَقَعَ) ما ارْتَقَعَ لَه او بِه: میں اس کی کوئی پرواہ نہیں کرتا۔ ما ترتقعُ منی بِرِقَاعٍ: تم میری نصیحت نہیں مانتے۔
(تَرَقَّعَ) مال کمانا کمائی کرنا (۲) مضبوط ہونا (۳) درست ہونا۔ کہتے ہیں: ارٰی فیه مترقَّعًا: وہ قابل مذمت ہے، فیه مترقَّعٌ: وہ قابل اصلاح ہے۔
(استَرْقَعَ): پیوند لگانے یا مرمت کے قابل ہونا۔ کہتے ہیں: استرقع الثوب اور استرقعت حالُه۔
(الارْقَعُ): بے وقوف (۲) آسمان دنیا (نچلا آسمان) (ج) رُقْعٌ۔
(التَّرْقِیعُ): (ترقیعُ الجروح): جلدی پیوند کاری (زخم پر آپریشن کے بعد بدن کے کسی حصہ کی کھال کاٹ کر لگانا) (مج)
(الرَّقاعَةُ): کم عقلی نادانی (۲) بے حیائی۔
(الرَّقاعِیُّ): مال کا بہترین منتظم۔ ھو رَقاعِیُّ مالٍ، وھی رقاعِیَّةٌ۔
(الرَّقِیعُ): ساتواں آسمان۔
(الرَّقْعاءُ): بے وقوف عورت (۲) رنگ برنگ کی (۳) پتلی پنڈلیوں والی عورت (ج) رُقْعٌ۔
(الرُّقْعَةُ): پیوند کہاوت ہے (الصاحب کالرقعةِ فی الثوب ان لم تکن منه شانَتْه فاطلبه مُشاکِلاً) (۲) پرچہ کاغذ جلد وغیرہ کا ٹکڑا جس پر لکھا جائے (۳) زمین کا ٹکڑا کہتے ہیں هذہٖ رقعةٌ من الکلاءِ والعُشْبِ گھاس کا ایک حصہ۔ اصاب رقعة الهدفِ او الغرضِ: نشانہ پر لگنا۔
-رُقعةُ الشِّطرنج: شطرنج کی تختی۔
-خطُّ الرُّقعةِ: مراسلات کا خط (مو)
(الرُّقَعَةُ) ایک قسم کا بڑا درخت (ج) رُقَعٌ۔
(الرَّقِیعُ) بے وقوف (۲) آسمان۔
(المَرْقَعان) بے وقوف۔ وھی مَرْقَعَانَةٌ۔
(المَرْقَعُ) پیوند لگانے کی جگہ (۲) ساتواں آسمان۔ کہتے ہیں لا اجدُ فیه مرقعًا للکلام اسے کچھ کہنے کی ضرورت نہیں (ج) مَرَاقِعُ۔
(المِرْقَعُ) پیوند کار اصلاح کنندہ۔
-خطیبٌ مِرْقَعٌ: پرزور مقرر (ج) مَرافِعُ۔
(المُرَقَّعُ) آزمودہ آدمی۔ وھی مرقَّعةٌ۔
(المُرَقَّعَةُ) صوفیا کا لباس۔
(رَقَّه) ـُ رَقًّا: باریک کرنا۔ ھو مرقوقٌ و

Marfat.com

رفيقٌ وهي مرفوقةٌ و رفيقةٌ۔
(رَقَّ)ـِ رَقًّا و رِقَّةً: باریک ہونا۔ (۲) نرم اور آسان ہونا۔
-عَظمُه: کمزور ہونا' بوڑھا ہونا' عمر رسیدہ ہونا۔
-عددُہ: عمر کم ہونا' طاقت گھٹ جانا۔
-حالُه: بدحال ہونا' مال کم ہونا۔
-جانبُه: نرم مزاج ہونا۔
-لَه: شفقت و مہربانی کرنا (۲) کسی کے سامنے عاجز و حقیر ہونا (۳) شرمانا۔ رَقَّ وجهُه: اسے شرم آگئی۔
-الحرُّ: آزاد شخص کا غلام بن جانا' یا غلامی میں داخل ہو جانا۔ هو وهي وهم رقيقٌ (ج) اَرِقَّاءُ وهي رقيقةٌ (ج) رقائقُ
(اَرَقَّ): رَقَّ۔
-الفرسُ و نحوُہ: گھوڑے وغیرہ کا پتلے سم والا ہونا۔
-فلانٌ: حالت خراب ہونا' مال کم ہو جانا۔
-بہ اخلاقُه: بخیل ہونا' بے فیض ہونا۔
-شيئًا: پتلا کرنا' باریک کرنا۔
-الحُرَّ: غلام بنانا۔
-قلبَه: وعظ و نصیحت کے ذریعہ دل نرم کرنا۔
(رَقَّقَ) قَلبَه: دل نرم کرنا۔
-کلامَه: کلام کو خوبصورت' نرم اور مزین کرنا۔
-مَشيَه: سبک رفتاری سے چلنا۔
-بينهما او مَا بينهما: بگاڑ پیدا کرنا' پھوٹ ڈالنا۔
(تَرَاقَّ) هَرمُه: انتہائی تجربہ کار اور پختہ رائے ہونا۔
(تَرَقَّقَ): رَقَّ (۲) سبک رفتاری سے چلنا۔
-لَه: مہربانی و شفقت کرنا (۲) کمزور و ذلیل بنا دینا جیسے تَرَقَّقَتِ الحسناءُ فلانًا: حسین عورت نے فلاں کو اپنا غلام بنا لیا۔
(استرَقَّ) الماءُ و نحوُہ: پانی کا تھوڑا سا حصہ باقی رہنا اور باقی خشک ہو جانا۔
-الليلُ و غيرُہ: رات کا اکثر حصہ گزر جانا۔
-الاسيرَ: قیدی کا مالک بن جانا۔
-الحُرَّ: آزاد سے غلاموں والا سلوک کرنا۔

(الرَّقَاقُ): نرم مٹی والی پھیلی ہوئی ہموار اور کشادہ زمین (۲) وہ جگہ جہاں سے پانی ہٹ گیا یا خشک ہو گیا ہو۔ ارضٌ رقاقٌ: نرم مٹی والی زمین۔ یومٌ رقاق: سخت گرم دن۔
(الرُّقَاقُ): پتلا' باریک (۲) پتلی روٹی۔ خبزٌ رُقاقٌ بھی کہتے ہیں۔ مَشَى مَشياً رقاقًا: سبک رفتاری سے چلنا (اس کا واحد رقاقة ہے)
(الرَّقُّ): پتلا چمڑا جس پر لکھا جائے۔ (۲) سفید کاغذ (۳) وادی یا دریا کا ہلکا اور پتلا پانی (۴) بڑا کھجور (۵) نر کچھوا (۶) مگرمچھ جیسا آبی جانور (ج) رقوقٌ۔
(الرِّقُّ): باریک یا پتلی چیز (۲) بجانے کا ڈھپڑا' دف (۳) غلامی (۴) کشادہ اور نرم زمین۔ ارضٌ دِقٌّ بھی کہتے ہیں (۵) جانوروں کو آسانی سے حاصل ہونے والی آسانی سے کھائی جانے والی نرم شاخیں (ج) رُقُوقٌ۔
(الرُّقُّ): پتلا پانی' وادی یا دریا کا ہلکا یا تھوڑا پانی (۲) نرم کشادہ زمین (ج) رُقُوقٌ۔
(الرِّقَّةُ): ہلکا پن' پتلا پن۔ کہتے ہیں: في حافرِہ رِقّةٌ: اس کے سم میں پتلا پن ہے (۲) کھانے کا پتلا پن (۳) نرم اور کشادہ زمین (۴) کمزور۔ رجلٌ فيه رقّةٌ: کمزور آدمی۔
- في عظامِه رِقّةٌ: اس کی ہڈیوں میں کمزوری ہے (۵) قلت۔ کہتے ہیں: في مالِه رِقّةٌ۔
(الرَّقَّةُ): الرَّقَاق (۲) کھادر۔ وادی سے ملحق نشیبی زمین جہاں سیلاب یا بہاؤ کے وقت پانی بھرا رہے پھر وہاں سے ہٹ جائے یا خشک ہو جائے اور اس جگہ کاشت کی جائے (ج) رِقاق۔
(الرَّقِيقُ): باریک' نرم و نازک' پتلا (۲) غلام۔
(المَرَقُّ): ہر چیز کا نرم و باریک حصہ۔
-مَرَقُّ الانفِ: ناک کا نرم حصہ (ج) مَرَاقٌّ۔
-مَرَاقُّ البطنِ: پیٹ کے نیچے کا نرم حصہ۔
-مَرَاقُّ الابلِ: میل جمع ہونے کی جگہ۔
(المِرْقَاقُ): بیلن (روٹی باریک کرنے کا آلہ) (ج) مراقيق۔
(المُرَقَّقُ): پتلی بڑی روٹی۔ وهي مرقَّقَةٌ۔
(المُسْتَرَقُّ) من الشيءِ: ہر شے کا نرم حصہ۔
(اَرْقَلَ) في سيرِہ: تیز چلنا۔
-الى كذا و فيه: کوشش اور جلدی کرنا۔
-النخلةُ: کھجور کے درخت کا لمبا ہونا۔ هو مُرقِلٌ وهي مُرقِلَةٌ و مُرقِلٌ (ج) مَرَاقِلُ۔
(الرَّاقُولُ) وہ رسی جس کے ذریعہ کھجور پر چڑھا جائے۔ (ج) رواقيل۔
(الرَّقْلَةُ) لمبا کھجور کا درخت (ج) رِقالٌ و رَقْلٌ کہاوت ہے:
تری الفِتيَانَ كالرَّقْلِ ☆ ما يدريك بالدَّخلَ
(المِرْقَالُ) تیز چلنے والا' تیز گام۔ کہتے ہیں جملٌ مرقالٌ و ناقةٌ مرقالٌ تیز کہتے ہیں هو مرقال في النوازل والحروب وغيرهما وہ آفات اور جنگوں میں ثابت قدم رہتا ہے (ج) مراقيل۔
-ابو المراقيل: کوے کی کنیت۔
(رَقَمَ) الكتابَ و عليه وفيه ـُ رَقْمًا: لکھنا۔ هو يرقُمُ على الماءِ: وہ پانی پر لکھتا ہے۔ یعنی وہ اپنی ذہانت اور فطانت کی وجہ سے ایسا کام کرتا ہے جو دوسرا کوئی نہ کر سکے۔ یا وہ بیکار کام کرتا ہے (۲) نقطے لگانا' حروف کو واضح کرنا۔
- الشيءَ: منقش کرنا (۲) مزین کرنا۔ بیل بوٹے بنانا (۳) نمبر ڈالنا۔
-السّلعةَ: سامان پر نشان لگانا۔ قیمت یا نوع معلوم کرنے کی علامت لگانا (۲) مہر لگانا۔
-البعيرَ: اونٹ وغیرہ کو داغ لگانا۔
(رَقِمَ) ـَ رَقَمًا و رُقمَةً دھاری دار ہونا۔ دھبوں والا ہونا۔
(رَقَّمَ) الكتابَ او الثوبَ کتاب یا کپڑے پر نقش بنانا۔ دھاریاں ڈالنا۔ نمبر لگانا۔ نشان ڈالنا۔
(الاَرْقَمُ) نر سانپ (۲) انتہائی خطرناک سانپ (ج) اراقيم۔
(التَّرْقِيمُ) نمبرنگ' علامت کاری (بوقت

Marfat.com

لکھائی کسی عبارت میں مخصوص علامات لگانا جن سے مفردات و مرکبات میں باہمی ربط اور اجزاء عبارت میں باہمی امتیاز معلوم ہو جائے۔ جیسے کاما' بریکٹ' توسین' علامت استفہام وغیرہ) (مع)

(الرَّقْمُ): نمبر (۲) علامت (۳) مہر (۴) کپڑے وغیرہ پر لگی ہوئی قیمت کی چٹ (۵) پھولدار منقش کپڑا (۶) نقش و نگار' موٹی دھاری۔ (۷) زیادہ۔ جیسے جاءَ بالرَّقم (۸) (علم حساب کے مطابق) عدد۔ جیسے ایک دو تین چار پانچ چھ سات آٹھ صفر (مع) (۹) فن موسیقی میں سارنگی کے ۰۔ پر لگایا جانے والا چمڑا (مع)

- الرَّقْمُ القیاسِیُّ: امتیازی نمبر۔ یعنی وہ نمبر جس کے ذریعہ کوئی شخص اپنے مقابل پر فوقیت لے جائے اور ریکارڈ قائم کرے۔ مثلاً اس نے دس منٹ میں ایک ہزار میٹر کا فاصلہ طے کیا۔ جبکہ اس سے پہلے والے نے یہی فاصلہ پندرہ منٹ میں طے کیا تھا۔ اس طرح دس نمبر قیاسی ہوگا (مع) (ج) ارقام۔

- الارقامُ القیاسیَّۃُ: (علم اقتصادیات کے مطابق) وہ اعداد و نمبرات جن کے ذریعہ ان تغیرات کا تقابل کیا جاتا ہے جو اقتصادیات پر رونما ہوتے ہیں (مع)

(الرَّقْمَۃُ): باغیچہ (۲) وادی کا کنارہ یا وادی کا نشیبی حصہ جہاں پانی کھڑا ہوتا ہو۔ (۳) خبازی (۴) چوپائے کی کہنی کے اندر پیدا ہونے والی ایک بیماری' سیاہ داغ (۴) فن موسیقی میں آلۂ موسیقی قانون کا چوبی فریم (مع)

(الرُّقْمَۃُ) داغ' دھبا' چتی' نقطہ۔

(الرَّقِیْمُ) کتاب' نوشتہ' کتبہ (۲) فلک (۳) اصحاب کہف کی بستی یا ان کے رہنے کا پہاڑ یا ان کا کتا یا وادی یا چٹان یا وہ سیسے کی تختی جس پر ان کے نام' نسب' مذہب اور اس جگہ کا نام کندہ تھا جہاں سے وہ بھاگ کر آئے تھے یا دوات یا تختی کا نام۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْکَھْفِ وَالرَّقِیْمِ کَانُوْا مِنْ اٰیٰتِنَا عَجَبًا﴾

(الْمُرَقِّمُ): لکھنے والا' کاتب۔

(المِرْقَمُ): قلم' کہتے ہیں۔ طاح مِرقمُك او طفا۔ تمہارے قلم نے خطا کی' یا وہ حد سے تجاوز کر گیا (۲) روئی وغیرہ پر نقش بنانے کا آلہ (۳) داغ دینے کا آلہ (۴) نقش و نگار یا تصویر کشی کی رنگین موٹی پنسل جس میں موم جیسی آمیزش ہوتی ہے اور اس سے کھردرے کاغذ پر رنگ پھیرے جاتے ہیں (مع) (ج) مَرَاقِمُ۔

(رَقَنَتِ) المراۃُ ـُـ رَقْنًا: عورت کا مہندی یا زعفران کا خضاب لگانا۔

- الشَّعْرَ: بالوں پر مہندی یا زعفران کا خضاب لگانا۔

- الشیئَ: نقش و نگار بنانا' مزین کرنا' ھو مرقونٌ و رقینٌ۔

(اَرْقَنَ): زعفران کا لیپ کرنا یا خضاب کرنا۔

- شعرہٗ وغیرہٗ: بالوں وغیرہ کو زعفران یا مہندی وغیرہ سے رنگنا۔

- الطعامَ وغیرَہٗ: کھانے میں خوب روغن ڈالنا۔

(رَقَّنَتِ) المراۃُ: رَقَنَتْ۔

- الشیئَ: مزین کرنا' نشان لگانا۔

- الکتابَ: اچھے طریقہ سے لکھنا (۲) بین السطور کم کرنا۔

- الخطَّ: نقطے لگانا' حروف کو واضح کرنا۔

- الثوبَ بالزعفران: کپڑے کو زعفران سے رنگنا' مزین کرنا۔

(ارتقنَ) و (ترقَّنَ) اَرْقَنَ۔

(الاِرْقانُ) خوبصورت رنگ والا۔ وھی راقنۃٌ (ج) رواقِن۔

(الرِقانُ) مہندی' زعفران۔

(الرَّقُنُ) گدھے کے انڈے۔ واحد: رقنۃٌ۔

(الرُّقُوْنُ) مہندی (۲) زعفران۔

(الرَّقُونُ) الرَّقِیمُ (۲) درہم وغیرہ۔

کہاوت ہے: (وجدان الرَّقِین یغطی أفنَ الافین) مال کا حصول نادان کی نادانی کو بھی دور کرتا ہے۔

(رَقَا) الطائرُ ـُـ رَقْوًا: اونچا ہوا' بلند ہونا۔

(رَقَی) المریضَ و نحوہٗ ـِـ رَقْیًا و رُقِیًّا و رُقْیَۃً: اللہ کی پناہ میں دینا' تعویذ گنڈے سے علاج کرنا' دم کرنا۔ کہتے ہیں: باسم اللہ ارقیك واللہ یَشفیكَ ۔ رقیتُ فلانًا: میں نے اس کی خوشامد کی۔

رقاہٗ: اس کے کینہ کو آہستہ سے نکال دیا۔

(رَقِیَ) ـَـ رَقْیًا و رُقِیًّا و رَقْیَۃً: چڑھنا۔

- فی السُّلَّمِ: سیڑھی چڑھنا۔

- الی القِمَّۃِ: چوٹی پر چڑھنا۔

- الجبلَ و نحوہٗ: پہاڑ وغیرہ پر چڑھنا۔

کہتے ہیں اِرْقَ عَلٰی ظَلْعِكَ: اپنی طاقت کے بقدر اوپر اٹھو۔

(رَقَّاہٗ): چڑھانا' بلند کرنا' ترقی دینا۔ بطور دعا کے کہتے ہیں: رقّاك اللہ اعلی المراتب۔

- العاملَ: کارکن کا درجہ بڑھانا' ترقی دینا۔

- فی الحدیث: بات میں اپنی طرف سے اضافہ کرنا۔

- علیہ الباطلَ: کسی کے متعلق ایسی بات کہنا جو اس نے نہ کہی ہو۔

(اِرْتَقٰی): بلند ہونا' چڑھنا۔ کہتے ہیں: ارتقی فلانٌ مُرْتَقًی صعبًا: فلاں دشوار جگہ پر چڑھ گیا۔

- شیئًا و فیہ و الیہ و علیہ: چڑھنا۔

- العرشَ: تخت سلطنت پر بیٹھنا' بادشاہ بننا۔

- فی السُّلَّم: سیڑھی چڑھنا۔

- اِلَی الْمَجْدِ: عظمت و بزرگی حاصل کرنا۔

- بطنُہٗ: پیٹ کا خوب بھر جانا۔

(تَرَقّٰی): بلند ہونا' ترقی حاصل کرنا۔

- فلانٌ: ایک حالت سے دوسری کی طرف منتقل ہونا۔ کہتے ہیں: مازال یترقّٰی بہ الاَمْرُ حتّٰی بَلَغَ غَایَتَہٗ: اس کی بات آگے بڑھتی گئی یہاں تک کہ وہ مقصد تک پہنچ گیا۔

- العاملُ: کارکن کا گریڈ بڑھانا۔

- فی العلمِ و غیرہٖ: علم وغیرہ میں درجہ بدرجہ آگے بڑھنا۔

Marfat.com

-شيئاً و فيه و اليه و عليه: چڑھنا۔
(استَرْقَى) فلاناً: تعویذ لینا' دم کروانا۔ کہتے ہیں: استَرْقيتُه فرقاني۔
-لَهُ: تعویز گنڈے والے کو کسی کے لئے بلانا۔
(الرَّاقِيْ): عامل' تعویذوں سے علاج کرنے والا (۲) منتر سے علاج کرنے والا (۳) تعویذوں والا (ج) رُقَاةٌ وهي رَاقيَةٌ (ج) رواقٍ۔
وهو راقيةٌ (تاءِ مبالغہ کے لئے ہے)
(الرَّقَّاءُ): الراقِي (۲) پہاڑ وغیرہ پر چڑھنے والا۔ وهي رَقَّاءَةٌ۔
(الرَّقْوُ): ریت یا مٹی کا ڈھیر۔
(الرَّقْوَةُ): ریت یا مٹی کا ڈھیر (۲) درجہ' سیڑھی (ج) رُقًا۔
(الرُّقْيَةُ): تعویز (۲) منتر (۳) موثر کلام جسے پڑھ کر دم کیا جائے (ج) رُقًى۔
(المَرْقَى): ترقی' چڑھنے کی جگہ' ترقی کا مقام (ج) مَرَاقٍ۔
(المَرقَاةُ): سیڑھی' زینہ (۲) سیڑھی کا ڈنڈا (۳) ذریعہ ترقی۔ جیسے الجودُ مرقاةُ الشرفِ: سخاوت عظمت کا ذریعہ ہے (ج) مراقٍ۔
- المجد صعبُ المراقِي: عظمت مشکل سے حاصل ہوتی ہے۔

ر.........ک

(رَكَبَ)ُ رَكْبًا: کسی کے گھٹنے پر مارنا (۲) کسی کو گھٹنے مارنا۔
(رَكِبَ)َ رَكَبًا: دونوں یا ایک گھٹنے کا بڑا ہونا۔ هو اركبُ وهي ركباء (ج) رُكْبٌ۔
-الشيَ و عليه وفيه ركوبًا و مَرْكَبًا: کسی چیز پر چڑھنا۔ سوار ہونا۔ کہتے ہیں: رَكِبَ في السفينةِ: وہ کشتی میں سوار ہو گیا۔ رَكِبَ الدابةَ و عليها: وہ جانور پر سوار ہو گیا۔
-رَكِبَهُ بالمكروهِ: کسی کو نقصان پہنچانا۔
- الدَّينُ فلاناً: مقروض ہونا' قرض کا زیادہ ہونا۔
-فلانٌ راسَه: بغیر سوچے سمجھے چلنا۔
-الذَّنْبَ او القبيحَ: گناہ کرنا' برا کام کرنا۔
-فلاناً او اَثَرَهُ و طريقَه: کسی کا پیچھا کرنا' کسی کا پیچھا کر کے اسے پا لینا۔ حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ میں ہے (فاذا عمرُ قدر رَكِبَنِيْ) هو راكبٌ (ج) رُكَّابٌ رُكُوْبٌ و رُكبانٌ۔
(اَرْكَبَ) المهرُ و نحوهُ: گھوڑے کے بچہ کا سواری کے قابل ہونا۔ کہتے ہیں: دابّةٌ مركبةٌ: سواری کے قابل جانور۔
- فلاناً: سوار کرنا۔ جیسے ارْكَبَنِيْ خَلْفَهُ (۲) کسی کے لئے سواری کا انتظام کرنا۔
(رَكَّبَه): سوار کرنا۔
-الشيْ: اجزاء کو ایک دوسرے سے ملانا۔
-الفصَّ في الخاتم: نگینہ کو انگوٹھی میں جڑنا۔
-السنانَ في الرُّمحِ: نیزہ میں پھلکا لگانا۔
-الكلمة او الجملةَ: ترکیب کرنا لفظ یا جملہ کو خاص ترتیب سے رکھنا۔ کہتے ہیں: هذا تركيبٌ يَدُلُّ على كذا: اس ترکیب یا ترتیب سے فلاں بات سمجھی جاتی ہے۔
-الدَّواءَ و نحوَهُ: دواؤں کا آمیزہ بنانا۔
(ارتكَبَ) ذنباً او قبيحًا: جرم یا گناہ کا ارتکاب کرنا۔
-دَيْنًا او ارتكبَه الدَّيْنُ: قرض تلے دبنا۔
(تَرَكَّبَ) الشيُ: ڈھیر لگنا' تہ بہ تہ ہونا۔
(تَرَاكَبَ) الشيُ من كذا و كذا: مرکب ہونا' جڑنا' باہم ملنا۔
(استركَبَهُ): کسی سے سوار کرنے کی درخواست کرنا۔ جیسے استركَبْتُه فَارْكَبَنِيْ
(التَّراكبُ): (علم نباتات میں) مادہ تغلیظ کے تہ بہ تہ ہونے کی بنا پر خلیہ نباتیہ میں دیوار کا اضافہ (مج)
(التركيبُ): (علم فلسفہ میں) اجزاء بسیطہ سے کسی شے کو مرکب بنانا۔ اس کا مقابل تحلیل ہے (مج)
(الرَّاكِبُ): کھجور کی چھوٹی شاخ جو چوٹی پر نیچے کو لٹکی ہوتی ہے۔ یا جسے بونے کے لئے الگ کیا گیا ہو (۲) پہاڑ کی چوٹی۔
(الرَّاكِبَةُ): تانیث الراكب (ج) رواكِبُ۔
- رواكبُ الشحمِ: کوہان میں چربی کی لائنیں (۲) کھجور کی چھوٹی شاخ' کھجور کا قلم۔
(الرَّاكوبُ) من النخل: الراكب (ج) رواكيب۔
- رواكيب الشَّحْمِ: کوہان میں چربی کی لائنیں۔
(الرِكابُ) للسَّرجِ: رکاب' زین میں لگا ہوا لوہے کا حلقہ جس میں پیر رکھا جاتا ہے۔ وہ دو ہوتے ہیں حمار کار بان (۲) سواری کا اونٹ (۳) وہ اونٹ جس پر بوجھ لدا ہوا ہو (ج) و ركائب۔
(الرَّكْبُ): دس زیادہ سواروں کا قافلہ (ج) أرْكُبٌ و ركوبٌ۔
(الرَّكَبُ): عانہ' پیڑو (۲) ران کی جڑ جس پر فرج کا گوشت ہوتا ہے (۳) گھٹنے کی سفیدی (ج) رِكابٌ (جج) اراكيبُ۔
(الرُّكُبَانُ) ركبانُ السُّنبُلِ: خوشوں کی ابتدائی نوکیں۔
(الرُّكْبَةُ): گھٹنا' زانو (ج) رُكَبٌ۔ کہتے ہیں هما كر كبتي البعير: وہ دونوں برابر ہیں۔
(الرِّكِّيبُ): کثرت سے اور بہترین سواری کرنے والا۔
(الرَّكُوْبُ): سواری' سواری کا جانور۔
-جَمَلٌ ركوبٌ و ناقةٌ ركوبٌ. وہ اونٹ یا اونٹنی جس پر پالان وغیرہ کے نشان پڑے ہوئے ہوں۔
- طريقٌ رَكُوْبٌ: ہموار اور چلتا ہوا راستہ (ج) رُكُبٌ۔
(الرَّكُوْبَةُ) من الدوابِّ: سواری کا جانور (۲) وہ جانور جو سواری کے لئے خاص ہو (ج) ركائب۔
(الرَّكِيْبُ): دوسرے کے ساتھ سوار ہونے والا۔ کہتے ہیں: هو ركيبُ فلان (۲) جڑی ہوئی چیز' جیسے انگوٹھی کا نگینہ وغیرہ (۳) کھیت (۴) وہ کھجور وغیرہ کے درخت جن کو لائن میں

Marfat.com

پانی کی گول وغیرہ کے کنارہ لگایا گیا ہے (۵)
بڑی کیاری (زمین کا ایک ٹکڑا جس کے
کنارے بلند کر دیئے گئے ہوں تا کہ اس میں
پانی بھرا رہے) (۶) دو کیاریوں کے درمیان
پانی کی گول بڑی نالی۔
(المَرْکَبُ): سواری۔ غالب استعمال کشتی اور
بحری جہاز کے لئے ہے (ج) مراکب۔
-یومُ المرکب: شاہی سواری کا دن جس دن
بادشاہ سیر و تفریح کے لئے نکلتا ہے۔
(المَرْکَبُ): اصل نسب۔
- کریم المرکب: شریف النسب۔
- الجهل المرکبُ: جہل مرکب' ایک چیز
سے ناواقف ہو اور اس کی ناواقفیت سے بھی
ناواقف ہو (۳) مرکب: مجموعہ اجزاء۔ ضد
بسیط (۴) علم کیمیاء میں اس جسم متماثل کو کہتے
ہیں جو مستقل خواص کے ساتھ ترکیب پا کر دو یا
زیادہ ایسے عنصروں سے پیدا ہو جو کیمیاوی عمل
سے ایک شے بن گئے ہوں۔
(۵) (علم منطق میں) اس ترکیب کو کہتے ہیں
جس کا جز معنی کے جز پر دلالت کرے جیسے
رامی الحجارة۔
- المرکبات السلسلیة: (علم کیمیاء کے
مطابق) ان مرکبات کے مجموعہ کو کہتے ہیں جو
کہ بون جیسے چھوٹے چھوٹے ذرات سے مل
کر بنتے ہیں اور جو زنجیر کی طرح ایک دوسرے
سے جکڑے ہوتے ہیں۔
(المرکوبُ) سواری (۲) جوتے کی ایک قسم
(محدثۃ) (ج) مراکیب۔
(رَکَحَ) الیه - رَکْحًا و رُکُوحًا مائل ہونا'
ٹیک لگانا' سہارا لگانا۔ حدیث عمر رضی اللہ عنہ میں ہے
(قال لعمرو ابن العاص: ما احبّ ان
اجعل لک علّة ترکح الیها) رکح
الساقی علی الدّلوِ: پانی نکالنے والے ڈول کو
کھینچتے وقت اس پر ٹیک لگانا۔
(أَرْکَحَ) الیه رکح۔
- شیئاً الیه: ٹھکانا' ٹکانا' سہارا دینا' جیسے
ارکحَ ظهرهُ الی کذا۔

(ارتَکَحَ) الاناءُ: برتن کا ثرید سے بھر جانا۔
-الی الشیءِ: سہارا لگانا' مائل ہونا۔
(تَرَکَّحَ) بالمکان: کسی جگہ ٹھہرنا (۲) پھیلنا'
وسیع ہونا (۳) رہائش وغیرہ کے اقدامات
کرنا۔
(الرُّکْحُ): کونہ' گوشہ' کنارہ (۲) صحن (۳)
میدان' لان (۴) بنیاد (۵) راہب کا گھر
(ج) ارکاحٌ و رُکُوحٌ۔
(الرُّکْحَاءُ): موٹی بلند زمین (ج) رُکَحٌ۔
(الرُّکْحَةُ): میدان' صحن' لان (۳) برتن میں
بچا ہوا ثرید کا ٹکڑا (ج) رُکَحٌ و رُکَحٌ
(المِرْکَاحُ): چوپائے کی پیٹھ سے پیچھے کو
سرک جانے والا۔ رجلٌ مِرکاحٌ' وسرجٌ
مِرکاحٌ وهي مرکاحٌ (ج) مراکیح
(رَکَدَ) - رُکُوداً: ساکن ہونا' ٹھہرنا' جمنا۔
-السوقُ: بازار میں خرید و فروخت رک جانا۔
-المیزانُ: ترازو کا برابر ہونا۔
- ریحُهُم: دولت و اقتدار ختم ہو جانا' ہوا اکھڑ
جانا۔ هو راکدٌ وهي راکدةٌ۔
(أَرْکَدَه) ٹھہرانا۔
(تراکَدَ): رَکَدَ۔
(الرَّاکِدَةُ) چولہے کی دیوار (ج) رواکد۔
-ریاحٌ رواکدُ: ٹھہری ہوئی ہوائیں۔
(الرَّکُودُ) ہمیشہ دودھ دینے والا جانور (۲)
بھرا ہوا بڑا پیالہ وغیرہ۔
(رَکْرَکَ) کمزور ہونا (۲) بزدل ہونا۔
(تَرَکْرَکَ) السقاءُ و نحوُه: مکھن نکالنا۔
(رَکَزَ) شیئاً فی شیءٍ - رکزاً: جمانا'
گاڑنا۔ جیسے رکز السهم فی الارضِ (۲)
پیدا کرنا رکز الله المعان فی الارضِ و
الجبال: اللہ تعالیٰ نے زمین میں دھاتوں کو
پیدا کیا' هذا شیءٌ مرکوزٌ فی العقول: یہ
چیز دماغ میں راسخ ہے۔
(أَرْکَزَ) المنجمُ و نحوُه: کان وغیرہ میں
معدنیات کا ذخیرہ ہونا۔
-فلانٌ: خزانہ پالینا۔
-صاحبُ المعدن: کان کے مالک کو چاندی

وغیرہ کا زیادہ ذخیرہ ملنا (۲) ہلکی آواز والا
ہونا۔
(رَکَّزَهُ): رَکَزَهُ۔
- المحلولَ: (کیمیا میں) گھلنے والی چیز کا
گھلانے والی چیز سے تناسب اس حد تک زیادہ
کرنا کہ اس میں تلچھٹ پیدا نہ ہو۔
-اللبنَ: دودھ کو گاڑھا کرنا۔
- فکرة فی کذا: اپنے خیال کو کسی چیز میں
منحصر کرنا (ع)
(ارتکَزَ): ثابت ہونا' ٹھہرنا' جمنا۔
-علیه: اعتماد کرنا' سہارا لینا۔
(ترَکَّزَ): راسخ ہونا' ٹھہرنا۔
(الارتکاز): رسوخ' جماؤ۔
- نقطة الارتکازُ: پایہ ثبوت (۲) مرکز عمل
(۳) مورچہ۔ کہتے ہیں: اتّخذ الجیش
مدینه کذا نقطة ارتکاز (محدثۃ)
(الرِّکازُ): خدا تعالیٰ کا زمین میں پیدا کیا ہوا
معدنیات کا خزانہ (۲) دفن کیا ہوا خزانہ (۳)
ماقبل اسلام مدفون خزانہ۔
(الرِّکزُ): ہلکی آواز۔ قرآن مجید میں ہے:
﴿هَل تُحِسُّ مِنهُم مِن أَحَدٍ أَو تَسمَعُ
لَهُم رِکزًا﴾ (ج) رکوزٌ و ارکازٌ۔
(الرِّکزةُ): ایک ذخیرہ یا ایک خزانہ (۲) کھجور
کا درخت جو دوسرے درخت کی جڑ میں پیدا ہو
پھر اسے الگ کر کے دوسری جگہ لگایا جائے
(۳) عقل کی پختگی۔ ما رأیتُ له رِکزةً او
رکزة عقلٍ (ج) رِکَزٌ و رِکازٌ۔
(الرَّکِیزةُ): بنیاد (۲) زمین میں مدفون
جواہرات کا ایک حصہ (ج) رکاز' ورکائز۔
(۳) فن موسیقی میں باجا کا ٹیڑھی شکل کا ایک
ٹکڑا (ع)
(المرتکزةُ): خشک پودے کا تنا جس سے
پتے اور شاخیں الگ ہو گئی ہوں۔
(المَرْکَزُ): محور' دائرہ کے بیچ کا نقطہ۔
-مرکزُ الجند: فوجی چوکی۔
-مرکز الرجل: آدمی کا مرتبہ و مقام۔
- مرکز الدائرة: بنیادی نقطہ جہاں سے

Marfat.com

مساوی خطوط پیدا ہو کر دائرہ محیط تک پہنچیں۔
-المركز البيضي: دماغ کے نصف حصہ میں سفید بیضوی مادہ (ج)
(المركزيُّ): مرکزی' جس کے ماتحت متعدد امور اور شاخیں ہوں (محدثہ)
(المركزيّةُ): مرکزیت' ایسا نظام جس میں پورا ملک (اپنے تمام صوبوں اور علاقوں کے ساتھ) ایک حکمران کے ماتحت ہو۔ اس کی ضد ''اللامر كزية'' ہے یعنی ایسا نظام جس میں ملک کے مختلف صوبوں کو اندرونی طور پر نیم خود مختاری حاصل ہو۔
(رَكَسَه) ـُ رَكْسًا: لوٹانا' پچھلی حالت پر پھیرنا۔
-الرِكاس: اونٹ کی ناک میں رسی ڈال کر کہنی سے باندھنا۔ رَكَسَه بہ بھی کہتے ہیں۔
(اَرْكَسَتِ) الجارية: لڑکی کا ابھرے ہوئی پستانوں والی ہونا۔
-فلانًا: لوٹانا' پلٹنا۔ کہتے ہیں: اركسَهُ في الشرِّ: اسے شر میں پھنسا دیا اور اركس اللّٰهُ العدوَّ: اللہ تعالیٰ نے دشمن کو پلٹ دیا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ﴾
-الثوبَ و نحوَهُ في الصِّبغِ: کپڑے کو رنگ میں بار بار ڈبونا۔
(ارتكَسَ): اوندھا ہونا' پلٹ جانا۔
-في امرٍ: کسی معاملہ میں اس طرح الجھنا کہ اس سے چھٹکارا نہ ہو (۲) بھیڑ میں پھنس جانا۔
-الجاريةُ: لڑکی کا ابھرے ہوئے پستانوں والی ہونا۔
(تَرَاكَسَ): تہ بہ تہ ہونا۔ شَعْرٌ متراكِسٌ گتھے ہوئے بال۔
(الرِّكَاسُ): وہ رسی جو اونٹ کی ناک میں ڈال کر اس کی کہنی سے باندھ دیتے ہیں تا کہ وہ قابو میں رہے (ج) رُكُسٌ و أركسةٌ۔
(الرُّكَاسَةُ): میخ یا زمین میں گاڑا ہوا رسی کا پھندا جس میں جانور باندھے جاتے ہیں (ج) رَكَائِسُ۔

(الرِّكْسُ): لوگوں کی جماعت (۲) گندگی (۳) پل (۴) شکستہ عمارت جس کی مرمت کی گئی ہو۔ بناءٌ رِكْسٌ بھی کہا جاتا ہے (ج) اَرْكَاسٌ۔
(الرَّكُوسِيَّةُ): نصاریٰ اور صابئین کے عقائد سے ملتا جلتا مذہب اور مسلک رکھنے والا فرقہ۔ عدی بن حاتم کی حدیث میں ہے (انّه اتى النبيَّ صلى الله عليه وسلم فقال له اِنكَ من اهل دينٍ يقال لهم الرَّكوسيَّة)
(الرَّكِيْسُ): اوندھا (۲) کمزور (۳) گندا (۴) گوبر' لید (۵) لوٹایا ہوا۔
(المركوسُ): واپس کیا ہوا' پلٹا ہوا' اوندھا' پیٹھ پھیرنے والا۔
(رَكَضَ) ـُ رَكْضًا و رَكْضَةً: تیز چلنا۔ اَتَيتُه رَكْضًا (۲) ٹھوکر مارنا' پیر مارنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ هٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ﴾
-منه: فرار ہونا' شکست کھانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿اِذَاهُمْ مِنْهَا يَرْكُضُوْنَ﴾
-الطائرُ: پرندہ کا تیز اڑنا۔
-النجومُ والكوكبُ: ستاروں کا چلنا۔
-الخيلُ: گھوڑوں کا زمین پر ٹھوکر مارنا۔
-شيئًا: لات مارنا۔
-الدَّابَّةَ: دوڑانے کے جانور کو ایڑ لگانا۔
-الارضَ برجله: زمین پر ٹھوکر مارنا۔
-الطائرُ جناحيه: پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔ کہتے ہیں: هو لا يركض المِحْجَنَ: وہ اپنا دفاع نہیں کرتا۔
-النارَ: آگ کو لوہے کی سلاخ سے کریدنا۔
-القوسُ السَّهْمَ: کمان کا تیر کو پھینکنا۔
-النارَ بالمِركَضِ: آگ کو لوہے کی سلاخ سے کریدنا ھو راكِضٌ و ركّاضٌ۔
(اَرْكَضَتِ) الحامِلُ: حاملہ کے پیٹ میں بچہ کا حرکت کرنا۔ هي مركضة و مُرْكِضٌ (ج) مَرَاكِضُ۔
(رَاكَضَه): گھڑ دوڑ میں کسی سے مقابلہ کرنا راكَضَهُ الخيلُ بھی کہتے ہیں۔

(ارتكَضَ) رَكَضَ کہتے ہیں ارتكَضُوا في حَلْبَةِ السِّباقِ: دوڑ کے میدان میں دوڑنا۔ (۲) حرکت کرنا' تڑپنا' دھڑکنا۔ ارتكضَ الجنينُ في بطنِ امّهِ وارتكضَ قلبُهُ فزعًا۔
-فلانٌ في شُئُونِهِ: کسی کا اپنے معاملات میں غلطاں و پیچاں ہونا۔
-الماءُ في البئرِ و نحوها: کنویں وغیرہ میں پانی کا کھڑا ہو کر لہریں مارنا۔
(تَرَاكَضُوْا): ایک ساتھ دوڑنا (۲) گھوڑوں کو ایک ساتھ دوڑانا۔
- الخَيْلَ: گھوڑوں کو دوڑانا۔ کہتے ہیں: خرجوا يتراكضون الخيلَ وہ گھوڑے دوڑاتے ہوئے نکلے۔ تراكضوا اليهم خَيْلَهُمْ: وہ ان کے پاس گھوڑے دوڑاتے ہوئے گئے۔
(الرَّكُوضُ) و (الرَّكّاضُ) انتہائی تیز دوڑنے والا۔ هو ركوضٌ وهي ركوضٌ۔
- قوسٌ ركوضٌ تیزی کے ساتھ تیر پھینکنے والی کمان۔
(المَرْكَضُ): دوڑنے کی جگہ (۲) جانور کے پہلو کی وہ جگہ جہاں ایڑ لگائی جاتی ہے (ج) مراكِضُ - قَعَدْنَا على مراكض الحوض: حوض کے ان کناروں پر بیٹھے جہاں پانی ٹکراتا ہے۔
(المِرْكَضُ): حرکت دینے والی چیز (۲) آگ سلگانے کی چیز (۳) کمان کا کنارہ اور یہ دو کنارے ہوتے ہیں (ج) مراكِضُ۔
(المِرْكَضَةُ): بہت دوڑنے والا (۲) گھوڑا جو زمین پر بہت پیر مارتا ہو (۳) کمان کا کنارہ۔ وہ دو ہوتے ہیں۔ مِرْكَضَتَانِ (ج) مراكِض۔
(رَكَعَ) ـَ رَكْعًا و ركوعًا: جھکنا' سر اور بدن کا جھکنا (گھٹنا زمین سے لگے یا نہ لگے)
- الهَرِمُ وغيرهُ: بوڑھے وغیرہ کا بڑھاپے یا کمزوری کی وجہ سے جھکنا۔
- المصلّي: نمازی کا قیام کے بعد اتنا جھکنا کہ

Marfat.com

اس کی ہتھیلیاں گھٹنوں پر آ جائیں اور کمر سیدھی ہو جائے۔ رکوع کرنا (۲) عاجزی و انکساری کرنا۔
- الی اللہِ: اللہ تعالیٰ کے سامنے عاجزی کے ساتھ جھکنا۔
- فلانٌ: امیری کے بعد فقیر ہو جانا۔ شاعر کہتا ہے

لاتُهِينَ الفقير علّكَ ان تر
كع يومًا والدهر قد رفعه

(اَرْكَعَه): رکوع کروانا۔
(تَرَكَّعَ): نماز پڑھنا۔
(الرَّكْعَةُ): ایک کا جھکنا (۲) نماز کا قومہ جس کے بعد رکوع اور دو سجدے ہوں، رکعت۔ کہتے ہیں: الصبحُ ركعتان والظهرُ اربع ركعات۔
(الرُّكُوعُ) في الصلوة: رکوع۔ قیام کے بعد نمازی کا اتنا جھکنا کہ اس کی ہتھیلیاں گھٹنوں پر آ جائیں اور کمر برابر اور سیدھی ہو جائے۔
(اِرْتَكَفَ) الثَّلْجُ: زمین پر برف کا گر کر جم جانا۔
(الرَّكَفَةُ): ایک درخت کی جڑ جس سے دھونی دی جاتی ہے۔
(رَكَّ) الشيءُ ـِ رَكًّا، رَكاكَةً: کمزور اور پھیکا ہونا۔ کہتے ہیں: اقطعه من حيث رَكَّ: اس جگہ سے کاٹو جو حصہ نرم ہو۔
- الغُلَّ في عنقه ـُ رَكًّا: ہاتھ کو گردن سے باندھ دینا۔
- الامرَ في عنقه: کسی پر کسی کام کا بوجھ ڈال دینا۔
- الشيءَ بيده: کسی چیز کو اس کا حجم دیکھنے کے لئے دبا کر دیکھنا۔
- الامرَ: کسی معاملہ کو دوسرے کے ساتھ ملانا۔
- السقاءَ: مشکیزہ کی مرمت کرنا۔
(اَرَكَّتِ) السماءُ: آسمان کا ہلکی بارش برسانا۔
- الارضُ: زمین کا ہلکی بارش برسانا۔ هي مُرِكَّة - اُرِكَّتِ الارضُ: وہ زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔ هي مُرَكَّة۔
(رَكَّكَتِ) السماءُ: آسمان کا ہلکی بارش برسانا۔
(اِرْتَكَّ): کم ہونا، کمزور ہونا (۲) تھرتھرانا، کانپنا (۳) صاف بات نہ کرنا۔
(استركّهُ): کمزور سمجھنا۔
(الاَرَكُّ): بے حیثیت اور بے عقل۔
(الرُّكاكُ): الاركّ۔
(الرُّكاكَةُ): وہ نکما آدمی جسے عورتیں کمزور اور ناتواں سمجھتی ہوں (۲) وہ شخص جسے اپنی اہل و عیال پر غیرت نہ آتی ہو۔
(الرِّكُّ): ہلکی بارش (ج) أرْكاكٌ و رِكاكٌ۔
(الرُّكّي) هو شحمةُ الرُّكّي: وہ جلد پگھلنے والی چربی ہے یعنی اس سے کسی کو نفع نہیں پہنچتا۔
(الرَّكِيكُ): کمزور۔
- ركيكُ العِلمِ: کم علم، بے علم۔
- ركيكُ العقلِ: کم عقل، بے وقوف۔
- ثوبٌ ركيكُ النَّسجِ: کمزور بناوٹ والا کپڑا (ج) رِكاكٌ و رَكَكَةٌ۔
(الرَّكِيكَةُ): تانیث الركيك (۲) ہلکی بارش (۳) وہ زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو (ج) رِكاكٌ۔
(المُرْتَكُّ): بظاہر بلیغ الکلام اور بوقت مقابلہ بے زبان۔
- سكرانُ مرتكٌّ: ایسا نشہ میں مدہوش آدمی جس کی بات سمجھ میں نہ آتی ہو۔
(رَكَلَه) ـُ رَكْلًا: لات مارنا، ایڑ مارنا۔
(رَاكَلَه): ایک دوسرے کو لات مارنا۔
(تَرَاكَلُوا): ایک دوسرے کو لات مارنا۔
(تَرَكَّلَ) بمجرفته: کدال کو پیر مار کر زمین میں گھسانا۔
(المَرْكَلُ): راستہ (۲) جانور کو ایڑ لگانے کی جگہ (ج) مَرَاكِلُ۔
- فرسٌ نَهْدُ المراكلِ: بڑے پیٹ والا گھوڑا۔
(رَكَمَه) ـُ رَكْمًا: ڈھیر لگانا، تہ بہ تہ اکٹھا کرنا۔
(اِرْتَكَمَ): جمع ہونا، ڈھیر لگنا۔
(تَرَاكَمَ): ڈھیر لگنا، جمع ہونا۔
- الاشغالُ: کاموں کا ہجوم ہونا۔
(الرُّكامُ): کسی چیز کا ڈھیر یا انبار۔
جیسے رُكامٌ من رَمْلٍ: ریت کا ڈھیر۔
- رُكامٌ من سحاب: گھنے بادل۔
- قطيعٌ رُكامٌ: بڑا ریوڑ۔
(الرُّكَمُ): تہ بہ تہ بادل۔
(الرُّكْمَةُ): کیچڑ اور مٹی کا ڈھیر۔
(مُرْتَكَمُ) الطريقِ: سیدھا راستہ، شاہراہ۔
(رَكَنَ) اليه ـَ رَكْنًا و رُكُونًا: مائل ہونا، مطمئن ہونا (۲) بھروسہ کرنا، سہارا لینا۔
(رَكِنَ) اليه ـَ رَكَنًا و ركونًا: مائل ہونا، مطمئن ہونا (۲) بھروسہ کرنا، سہارا لینا۔
(رَكَنَ) اليه ـَ رَكْنًا و ركونًا: رکنا۔
- في المنزل رَكْنًا: کسی جگہ ٹھہرنا اور وہاں سے الگ نہ ہونا۔
(رَكُنَ) ـُ رَكانَةً و ركانِيَةً و رُكُونَةً: سنجیدہ اور باوقار ہونا۔ هو رَكِينٌ وهي ركينةٌ۔
(تَرَكَّنَ): مضبوط اور صاحب حیثیت ہونا۔
(الاَرْكُون): گاؤں کا چودھری، سردار (مع)
(الرُّكْنُ): کسی چیز کا وہ پہلو یا حصہ جس پر وہ قائم ہو اور وہ اس کے لئے سہارا ہو (۲) کسی شے کی حقیقت کے اجزاء میں سے ایک جزء۔ جیسے ركن الصلوة و ركن الوضوء (مو) (۳) اہم معاملہ (۴) ملک و قوم و فوج کی طاقت۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿لَوْ اَنَّ لِي بِكُمْ قُوَّةً اَوْ آوِي اِلَى رُكْنٍ شَدِيدٍ﴾ کہتے ہیں: فلانٌ ركنٌ من اركان قومه: فلاں اپنی قوم کے سرداروں میں سے ہے (۵) کسی موضوع کے ساتھ مخصوص ریڈیو پروگرام۔
- ركن الريف و ركن العمال: دیہاتی پروگرام، لیبر پروگرام۔ (۶) فوجی امور کا ماہر اعلیٰ لیاقت کا فوجی افسر (ج) أرْكانٌ و أرْكُنٌ۔
(المِرْكَنُ): ٹب جس میں کپڑے دھوئے

Marfat.com

جاتے ہیں (۲) چھوٹا حوض (ج) مَرَاکِنُ۔
(رَکَا) علی فلانٍ ـُ رَکْوًا: کسی کو برا بھلا کہنا، گالی دینا۔
- بالمکان بقیةَ یومِهِ: کسی جگہ باقی دن گزارنا۔
-فلانٌ: لمبا حوض کھودنا۔
-الارضَ: زمین کو کھودنا۔
-الحَوْضَ: حوض کو ہموار کرنا۔
-الامرَ: کسی کام کو مضبوط و پختہ کرنا۔
-علیه الحِمْلَ: بوجھ ڈالنا۔ بوجھ کو دوگنا کرنا۔
(اَرْکٰی) علی فلانٍ: رَکَا۔
-علیه الحِمْلَ: بوجھ لادنا۔
-الیه: کسی کی پناہ لینا۔
-لهُم جندًا: کسی کے حوض تیار کرنا۔
-فی الامرِ: پیچھے ہٹنا۔
-الامرَ: موخر کرنا۔
(ارتکی) علیه: بھروسہ کرنا، سہارا کرنا۔
(الرِّکْوَۃُ): چمڑے کا پانی پینے کا ڈونگا وغیرہ (۲) چھوٹا ڈول (ج) رِکَاءٌ۔
(الرَّکِیَّةُ): کنواں (ج) رکایا و رکیٌّ۔
(المَرْکُوُّ): حوض، تالاب۔

ر.........م

(رَمَأ) بالمکان ـَ رُمُوْءًا: کسی جگہ ٹھہرنا۔
-الشیُٔ علی کذا: زیادہ ہونا۔
-الخبرَ: خبر کا اندازہ کرنا، گمان کرنا۔ کہتے ہیں: ھل رَمَأ الیك خَبَرٌ؟۔
(اَرْمَأ) الیه: قریب ہونا۔
-الشیُٔ عَلی کذا: زیادہ ہونا۔
(مُرَمَّات) الاَخبارِ: افسانے، گھڑے ہوئے واقعات۔
(رَمَثَه) ـُ رَمْثًا: ہاتھ سے پونچھنا (۲) ہاتھ سے درست کرنا۔
-الشیُٔ بالشیءِ: ملانا، گڈمڈ کرنا۔
-الشیَٔ ـِ رَمْثًا: چوری کرنا۔
(رَمِثَ) اَمرُهُم ـَ رَمَثًا: خلط ملط ہونا۔
-الاَبِلُ: اونٹ کا رمث نامی پتے کھا کر پیٹ کے درد میں مبتلا ہونا۔ ھو رَمِثٌ وھی رَمِثَةٌ۔

(اَرْمَثَ) فی مالِهِ: مال کو باقی رکھنا۔
-الشیَٔ: بڑھانا (۲) نرم کرنا۔
(رَمَّثَ) علی کذا: بڑھانا۔
-عن الخمسین: پچاس سے زیادہ کرنا۔
-غَنَمُه علی المائةِ: بکریوں کا سو سے زیادہ ہونا۔
-الشیَٔ: درست کرنا۔
(اسْتَرْمَثَ) فی مالِهِ: باقی رکھنا۔
(الرِّمْثُ): پھٹے پرانے کپڑے پہننے والا (۲) کمزور پیٹھ والا (۳) ایک ترش بری گھاس جو شام کے جنگلات میں زیادہ ہوتی ہے۔
(الرَّمَثُ): دریا کو پار کرنے کے لئے چند لکڑیوں کو جوڑ کر بنایا ہوا تختہ (۲) پرانی رسی۔
(۳) دوہنے کے بعد تھن میں بچا ہوا دودھ۔
(ج) اَرماثٌ و رِماثٌ کہتے ہیں: حَبْلٌ اَرْماثٌ: پرانی رسی۔
(المَرْمَثَةُ) ارضٌ مَرْمَثَةٌ: وہ زمین جس میں رِمْث نامی ترش گھاس پیدا ہوتی ہے۔
(رَمَجَ) الطائرُ ـُ رَمْجًا: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
(رَمَّجَ) مَا کتب من السطور: لکھے ہوئے کو خراب کر دینا۔
(الرَّامِجُ): وہ الو جس کا پیر شکار کے جال سے باندھ دیا جاتا ہے (اور اس کے ذریعہ جانور کا شکار کیا جاتا ہے)
(الرَّمَاجُ): نیزہ کی گرہیں اور پورے۔
(رَمَحَ) البَرْقُ ـَ رَمْحًا: بجلی کا ہلکا ہلکا چمکنا۔
-فلانًا: نیزہ مارنا۔
-الدّابة فلانًا رَمْحًا وَرِمَاحًا: چوپائے کا کسی کو لات مارنا۔
(رَامَحَه): نیزہ بازی میں کسی سے مقابلہ کرنا۔
(تَرَامَحُوْا): ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔
(الرَّامِحُ): نیزہ والا۔
-ثَوْرٌ رامِحٌ: دو سینگوں والا بیل۔
-السِّماكُ الرامِحُ: ایک ستارہ کا نام جس کے آگے ایک لمبی شعاع والا ستارہ ہوتا ہے۔
(الرِّمَاحُ) رماحُ الجنّ: طاعون۔
-رِمَاحُ العقرب: بچھو کا ڈنگ۔

(الرِّمَاحَةُ): نیزہ سازی۔
(الرُّمْحُ): نیزہ (۲) ہل (مو) (ج) رِمَاحٌ و اَرْمَاحٌ۔ کہاوت ہے: کسروا بینھم رُمْحًا: ان کے درمیان لڑائی ہوگئی۔ وھم علی بنی فلان رمحٌ واحدٌ: وہ فلاں قبیلہ کے مقابلہ میں متحد ہیں۔ اَخذتِ الابلُ رِمَاحَھَا: اونٹ اپنا حسن دکھا کر ذبح کیے جانے سے بچ گئے۔
(الرَّمَّاحُ): نیزہ ساز (۲) نیزہ بردار۔
(الرَّمَّاحَةُ) قوسٌ رَمَّاحَةٌ: مضبوط کمان جو زور سے پھینکے (۲) کٹ کھنا جانور۔
(الرَّمُوْحُ) من الدوابّ: کٹ کھنا جانور۔
(الرُّمَیْحُ): لاٹھی، عصا۔ کہتے ہیں: اَخذَ رُمَیْحَ ابی سعدٍ: وہ بوڑھا ہو گیا۔
(اَرْمَخَ) النخلُ: کھجور کے درخت پر بسر کھجور آنا۔
-فلانٌ: نرم پڑنا، حقیر ہونا۔
-الدابّةُ: چوپائے کا عمر رسیدہ یا موٹا ہونا۔
(الرِّمْخُ): درختوں کا جھنڈ۔
(الرِّمَخ): نئی اور تازی کھجور۔ واحد رِمَخَةٌ۔
(رَمَدَ) ـِ رَمْدًا و رَمَادَةً: ہلاک ہو جانا۔ راکھ ہو جانا۔
-الشیُٔ ـُ: ہلاک و برباد کرنا، تہس نہس کرنا۔
(رَمِدَ) ـَ رَمَدًا رُمْدَةً: راکھ جیسے رنگ کا ہونا۔
-العینُ رَمَدًا: آنکھ دکھنا، آشوب چشم ہونا۔
-فلانٌ: آشوب چشم ہونا۔ ھو اَرْمَدُ وھی رَمْداءُ (ج) رُمْدٌ وھو رَمِدٌ وھی رَمِدَةٌ۔
(اَرْمَدَ): ہلاک (۲) فقیر ہونا۔
-القومُ: لوگوں کا قحط خشک سالی سے دو چار ہونا۔
-البکاءُ عینَه: رونے سے آنکھ کا پھول جانا۔
-الشیَٔ: ہلاک کرنا (۲) راکھ جیسا کرنا۔
(رَمَّدَ) الشیَٔ: راکھ میں دبانا (۳) ہلاک کرنا۔
-الشِّواءَ: بکری کے بچہ کو انگاروں پر سینکنا (۲) راکھ میں دبانا۔ کہاوت ہے (شوی اخوك حتّٰی اذا انضج رَمَّدَ) ایسے شخص سے بارے

Marfat.com

میں جو سارے کئے کرائے پر پانی پھیر دے۔
(اِرْمَدَّ) شترمرغ کی طرح دوڑنا۔
-وجهُه: چہرہ کا راکھ کے رنگ کا ہو جانا۔
-العينُ: آنکھ کا پھول جانا۔
(الأَرْمَدُ): میلا یا میلا رنگ۔
-رَمادٌ اَرْمَدُ: بہت باریک راکھ (ج) رُمْدٌ۔
(الرَّامِدُ): پرانا، انتہائی بوسیدہ۔
(الرَّمادُ): راکھ (ج) ارمدةٌ۔
-وهو كثير الرَّماد: وہ بہت سخی ہے۔
-سُفِيَ الرَّمادُ في وجهه: اس کا چہرہ بدل گیا۔
(الرَّمادَةُ) راکھ کی ایک مقدار (۲) ہلاکت۔
-عامُ الرمادة: قحط کا سال جو ۱۸ ہجری میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں آیا تھا اور اس میں بہت ہلاکت ہوئی تھی۔
(الرَّمادِيُّ) خاکی، راکھ جیسے رنگ والا۔
(الرَّمَدُ) آشوب چشم (مع)
-علم الرمد علم معالجۂ چشم۔
(الرِّمدُ) مچھر (۲) شترمرغ۔
(الرَّمَدِيُّ) آنکھوں کا معالج۔
(رَمْرَمَ) الرجلُ و غيرُه گرا پڑا کھانا کھانا اور کھانے کی گندگی سے نہ بچنا۔ حدیث ہرہ میں ہے (حَبَسْتَهَا فلا اطعمتها و لا ارسلتها ترمرم من خشاش الارض)
(تَرَمْرَمَ) بات کرنے کے لئے منہ ہلانا لیکن بات نہ سکنا۔ کہتے ہیں کلمته فما ترمرم بحرف۔
-الشيءُ جدا جدا ہونا۔
(الرَّمْرامُ) موسم بہار کی گھاس۔ مصر کے عوام الناس اسے "فساء الكلاب" کہتے ہیں۔
(رَمَزَ) اليه ـُـ رَمْزًا ہونٹوں، آنکھوں، ابروؤں یا کسی اور چیز سے اشارہ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿قَالَ آيَتُكَ أَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ إِلَّا رَمْزًا﴾
-الظبيُ رَمَزانًا ہرن کا اچھلنا کودنا۔
الى الشيء بكذا کسی چیز کے ذریعہ کسی چیز کا پتہ بتانا۔

-فلانًا بكذا: ابھارنا، اکسانا۔
(رَمُزَ) ـُـ رَمَازَةً سکڑنا، منقبض ہونا (۲) حرکت کا زیادہ ہونا (۳) سنجیدہ اور باوقار ہونا (۴) قابل تعظیم و تکریم ہونا (۵) شریف النسب ہونا۔
-فُوادُه: دل تنگ ہونا۔ هو رَمِيزٌ۔
(تَرامَزُوا) ایک دوسرے کی طرف اشارہ کرنا۔
(تَرَمَّزَ): متحرک ہونا۔ بے چین ہونا۔ کہتے ہیں: تَرَمَّزَ مِنَ الضَّرْبَةِ و تَرَمَّزُوا: وہ لوگ جھگڑے یا قیام کے لئے حرکت میں آئے (۲) تیاری کرنا۔
(ارتمزَ) تَرَمَّزَ۔
(الرَّامِزَةُ) گھٹنے کے اندر کی چربی۔ وهُمَا رامزتان۔
(الرَّاموزُ) سمندر (۲) اصل (۳) نمونہ (ج) رواميز۔
(الرَّمْزُ) اشارہ (۲) علامت (۳) علم بیان میں خفی کنایہ (ج) رموزٌ۔
(الرُّمْزُ) و (الرُّمَّزُ): اشارہ۔
(الرَّمْزِيَّةُ): الطريقة الرمزيةُ: فن شعر و ادب کا ایک خاص طریقہ جس میں افکار و جذبات کی اشاراتی تعبیر باذوق افراد کے لئے برائے تکمیل ادھوری چھوڑ دی جاتی ہے (مع)
(الرَّمَّازَةُ) فاحشہ و پیشہ ور عورت۔
-كتيبةٌ رَمّازَةٌ بہت بڑا لشکر۔
(رَمَسَ) الميّتَ ـُـ رَمْسًا دفن کر کے مٹی برابر کرنا۔
- الشيءَ نشان مٹا دینا۔ کہتے ہیں الريحُ ترمُسُ الآثار بما تثيرهُ ہوا مٹی اڑا کر نشانات کو مٹا دیتی ہے۔
-القبرَ: قبر کو زمین کے برابر کرنا۔
-عليه الخبرَ بات چھپانا۔
- فلانًا بحجرٍ پتھر مارنا، هو مرموس و رَمِيسٌ۔
(اَرْمَسَ) الميّتَ میت کو دفنا کے مٹی برابر کرنا۔

(ارتَمَسَ) في الماءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔
(الرَّاموسُ): قبر (ج) رواميس۔
(الرَّامِسُ): اڑنے والے جانور (۲) رات کو نکلنے والے جانور (ج) رَوامِسُ۔
(الرَّامِسةُ): وہ ہوا جو مٹی اڑائے اور نشانات کو مٹا ڈالے (ج) روامس۔
(الرَّمْسُ): زمین کے برابر کی ہوئی قبر (۲) وہ مٹی جو قبر پر ڈالی جائے۔ (ج) رُمُوسٌ و ارماسٌ۔
(المِرْمَسُ): قبر کی جگہ۔
(المَرْمُوسَةُ) وقعوا في مرموسة من امرهم: ان کا معاملہ خلط ملط ہوگیا۔
(رَمَشَ) الشيءَ ـِـ رَمْشًا: کسی چیز کو انگلیوں کے سروں سے پکڑنا۔
-بيدِه: ہاتھ سے چھونا۔
-فلانًا بحجرٍ و غيره: پتھر مارنا۔
(رَمِشَتْ) عينه ـَـ رَمَشًا آنکھ کے پپوٹوں کا سرخ ہو کر پانی جاری ہونا اور پلکوں کا چپک جانا۔ رَمِشَ فلانٌ بھی کہتے ہیں هو اَرْمَشُ وهي رَمْشاءُ (ج) رُمْشٌ۔
(اَرْمَشَ) الشجرُ: درخت پر پتے نکلنا۔
-فلانٌ رَمَشَ (۲) آنکھوں کی کمزوری کی وجہ سے بار بار جھپکانا (۲) آنکھ کی خرابی کی وجہ سے پلکوں کا ٹھیک نہ ہونا۔
(الرَّمْشُ): گلدستہ۔
(المِرْماشُ): دیکھتے وقت آنکھوں کو بار بار حرکت دینے والا (ج) مَرامِيشُ۔
(المُرَمَّشُ) خراب آنکھوں والا جس کی پلکیں ٹھیک نہ ہوں۔
(رَمَصَتِ) الدجاجةُ ـُـ رَمْصًا مرغی کا بیٹ کرنا۔
-فلانٌ لاهله کمائی کرنا۔
-بين القوم صلح کروانا۔
- اللهُ مُصِيبَتَهُ الله کا کسی کی مصیبت کو دور کرنا۔
-الشيءَ طلب کرنا (۲) چھونا۔
(رَمِصَتِ) العينُ ـَـ رَمَصًا آنکھ کے گوشہ

Marfat.com

میں سفید میل آنا۔ رَمِصَ فلانٌ بھی کہتے ہیں
هو اَرْمَصُ وهي رَمْصَاءُ (ج) رُمْصٌ۔
(اَرْمَصَه) الرَّمَدُ: آشوبِ چشم کی وجہ سے آنکھ
سے سفید میل نکلنا۔
(الرَّمَصُ): وہ سفید میل جو آنکھ کے گوشہ میں
جمع ہوتا ہے۔
(الرُّمَيصاءُ): الشِعْرَى الرميصاءُ: ایک
ستارے کا نام۔
(رَمَضَ) النَّصْلَ ـُـ رَمْضًا: نیزے کے پھل
کو تیز کرنا۔
-الشاةَ: بکری کو چاک کر کے اس کی کھال کو
باقی رکھ کر بھوننے کے لئے گرم پتھروں پر ڈال
دینا اور اوپر سے آگ ڈال دینا۔
-الراعي مواشيَهُ: چرواہے کا مویشیوں کو گرم
جگہ میں یا سخت گرمی میں چرانا۔
(رُمِضَ) فلانٌ: گرم زمین کا کسی کے قدموں کو
جلا دینا۔
(رَمِضَ) ـَـ رَمَضًا: تپتی ہوئی زمین یا پتھروں
پر چلنا۔
-الشيُّ: کسی چیز کی حرارت بڑھنا۔
-الارضُ: زمین پر دھوپ کا سخت ہونا۔
-اليومُ: دن کا سخت گرم ہونا۔
-الصائمُ: پیاس کی سختی کی وجہ سے پیٹ جلنا۔
-قدمُه: گرم زمین کی وجہ سے قدم جلنا۔
-الغنمُ: بکریوں کا گرم زمین میں چرنے کی وجہ
سے ان کے جگر کا زخم آلود ہونا۔
-للامرِ: کسی بات پر آگ بگولا ہونا هو رَمِضٌ
وهي رَمِضَةٌ۔
(اَرْمَضَهُ) الحرُّ: گرمی کا کسی کو جلا ڈالنا۔
-الشيُّ فلانًا: کسی چیز کا کسی کو تکلیف دینا۔
-النَّصْلَ: نیزہ کے پھل کو تیز کرنا۔
-الراعي مواشيَهُ: چرواہے کا اپنے جانوروں
کو گرم جگہ میں چرانا۔
(رَمَّضَه): تھوڑا انتظار کر کے چل پڑنا۔
-الراعي مواشيَهُ: چرواہے کا اپنے جانوروں
کو گرم زمین میں چرانا۔
-الصومَ: روزہ کی نیت کرنا۔

(اِرْتَمَضَ) من كذا: کسی چیز کا کسی کے لئے
سخت ہونا اور اسے بے چین کر دینا۔
-لَه: غمگین ہونا۔
-كبدُه: جگر کا خراب ہونا۔
-الفرسُ به: گھوڑے کا کسی کو لے کر کودنا۔
(تَرَمَّضَتْ) نَفْسُه: جی متلانا۔
-الصيدَ: گرم زمین میں شکار کرنا (یعنی شکار
کے پیچھے اتنا دوڑنا کہ اس کے پیر گرمی کی شدت
سے پھٹنے لگیں اور وہ آسانی سے قبضہ میں آ
جائے)
(الرَّمْضَاءُ): سخت گرمی (۲) وہ پتھریا زمین جو
سخت دھوپ کی وجہ سے گرم ہو گئی ہو۔
کہاوت ہے (كالمستجير من الرمضاء
بالنار) ایسے شخص کے بارے میں جس میں
دو بری خراب عادتیں پائی جائیں ایک سے بچو
تو دوسری اس سے زیادہ خطرناک ہو۔
(رَمَضَان): رمضان المبارک۔ ہجری سال کا
نواں مہینہ (ج) رَمَضاناتٌ و رماضِينُ۔
(الرَّمَضُ): موسمِ خزاں سے قبل ہونے والی
بارش جبکہ زمین گرم ہوتی ہے۔
(الرَّمَضِيُّ): وہ بارش یا بادل جو گرمی کے آخر
اور خزاں کے آغاز میں ہوں۔
(المَرْمِضُ): بکریوں کو بھوننے کی جگہ۔
(رَمَطَه) ـُـ رَمْطًا: عیب نکالنا، طعنہ دینا۔
(رَمَعَ) ـَـ رَمْعًا و رَمَعَانًا: حرکت کرنا،
پھڑکنا۔
-انفه من العضب: غصہ کی وجہ سے ناک کو
حرکت ہونا۔
(۲) تیز چلنا۔
-الامّ بولدها: ماں کا ناتمام بچہ جننا۔
-براسه او بيده: سوال کے جواب میں نفی میں
سر یا ہاتھ ہلانا۔
(رَمِعَ) ساق کی پیٹھ میں ایسا درد ہونا جو اسے
اپنے کام سے روک دے۔ (۲) پیٹ کی بیماری
لاحق ہونا۔
(رَمَعَ) ـَـ رَمْعًا: رَمِعَ۔
(اَرْمَعَ): رَمِعَ۔

(رَمَّعَتِ) السَّباعُ: درندہ کا ناتمام بچے دینا۔
(رُمِّعَ): رُمِعَ۔
(تَرَمَّعَ): حرکت کرنا، پھڑکنا۔ جیسے تَرَمَّعَ
اَنْفُه من الغضب۔
(الرُّمَاعُ): ساق کی پیٹھ کو لاحق ہونے والا درد
جو اس کو کام سے روک دے (۲) پیٹ کی
بیماری جس سے چہرہ زرد ہو جاتا ہے۔
(الرُّمَعَةُ): گھاس وغیرہ کا ایک ٹکڑا۔
(الرَّمَّاعَةُ): بچہ کا تالو۔
(اليَرْمَعُ): پھرکی، لٹو (۲) سفید کنکریاں جو
دھوپ میں چمکتی ہیں۔ واحد يرمعةٌ۔
مغموم کے بارے میں کہتے ہیں: تركتُه يفتُّ
اليَرْمَعَ: میں نے اسے کنکریاں توڑتے ہوا
چھوڑا۔
(ارمَعَلَّ): بہتا یا رستا رہنا۔
-الدَّمعُ: آنسو بہتے رہنا۔
-الصبيُّ: بچہ کی رال ٹپکتی رہنا۔
-الشِّواءُ: تلے ہوئے گوشت سے روغن ٹپکتا
رہا۔
-الثوبُ: کپڑے کا بھیگنا۔
-الاديمُ: چمڑے کا خوب تر ہونا۔
-الابلُ: اونٹوں کا منتشر ہونا۔
-فلانٌ: جلدی کرنا، تیز چلنا (۲) اندر کی طرف
سانس لینا۔
(رَمَغَه) ـَـ رَمْغًا: ہاتھ سے ملنا، رگڑنا، چمڑے کو
رگڑنا۔
(رَمَّغَ) الطعامَ: کھانے کو سالن سے تر کرنا۔
-راسَه: سر میں خوب تیل ڈالنا۔
-الكلامَ: چکنی چپڑی باتیں کرنا۔
(رَمَقَه) ـُـ رَمْقًا: دیکھنا، نگاہ ڈالنا۔
-رَمَقَه ببصره: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔
(رَامَقَه) مُرامقةً و رِماقًا: رَمَقَه (۲) ترچھی
نگاہ سے دیکھنا (۳) دشمنی کی نگاہ سے دیکھنا
(۴) منافقت برتنا (۵) کسی کے شر سے بچنے
کے لئے اس سے ہمدردی کرنا۔
-الامرَ: کسی کام کو ناتمام چھوڑنا، قابل اصلاح
چھوڑنا۔ کہتے ہیں: نخلةٌ ترامِقُ بعرقٍ کھجور کا

Marfat.com

یہ درخت نہ بڑھتا ہے نہ ختم ہوتا ہے۔
(رَمَقَه) ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔
- فلاناً بشيءٍ: کسی کے آخری سانس کو کسی شے کے ذریعہ باقی رکھنا۔
- في الشيءِ: کسی چیز کو اچھی طرح نہ بنانا' اس میں پوری کوشش نہ کرنا۔
- الکلامَ: غلط بات کو حسین انداز میں پیش کرنا۔
(ارمَقَ): کمزور ہونا (۲) خراب ہونا۔
- الجلدُ: کھال کا باریک ہونا۔
- الطریقُ: راستہ کا لمبا ہونا۔
(ترَمَّقَ) الشرابَ: تھوڑا تھوڑا پینا۔
(الأرْماقُ) حَبْلٌ ارماقٌ: کمزور پرانی رسی۔
(الرَّماقُ): بقدر رسد رمق گزارا۔
(الرَّمَقُ): بقیہ سانس رمق (۲) سانس باقی رکھنے کے بقدر گزارہ (ج) ارماقٌ۔
(الرَّمِقُ) ـ عیشٌ رَمِقٌ: رمق باقی رکھنے والی چیز۔
(الرُّمْقَةُ): الرَّماقُ۔
(الرُّمُقُ): حاسدین (۲) وہ غریب لوگ جو معمولی سا گزارہ پا کر زندہ رہتے ہیں۔ واحد: رامق و رَمُوق۔
(الرُّمَّقُ): کمزور آدمی۔
(المُرامِقُ): آخری سانس لینے والا۔ (۲) بے مروت (۳) بدمزاج' بد اخلاق۔
- رهنٌ مرامِقٌ: ناقابل اعتماد رہن۔
(المُرْمَقُ) و (المُرَمَّقُ) من العیش: گھٹیا اور معمولی زندگی۔
(رَمَكَ) في المکان وبه ـُ رُموکاً: کسی جگہ ٹھہرنا اور وہاں سے جدا نہ ہونا۔
- في الطعام: کھانا پسند کرنا۔
(ارمَكَهُ): ٹھہرانا۔
(ارمَكَ): نازک ہونا' باریک ہونا۔
- الجملُ: اونٹ کا خاکستری رنگ کا ہونا (۲) کمزور اور لاغر ہونا۔
(استرمَكَ) القومُ: لوگوں کے نسب میں عیب نکالا جانا۔

(الرَّامِكُ): کسی جگہ جم کر ٹھہرنے والا (۲) مٹیالے رنگ کی ایک خوشبو۔
(الرَّمَكَةُ): کمزور (۲) نسل چلانے کے لئے محفوظ رکھی جانے والی غیر عربی مضبوط گھوڑی (مو) (ج) رَمَكٌ و رِماكٌ (جج) ارماكٌ۔
(الرُّمْكَةُ): مٹیالا رنگ' خاکی رنگ' سیاہی مائل خاکی رنگ۔
(رَمَلَ) ـُ رَمَلاً و رَمَلاناً: کندھے ہلاتے ہوئے تیز چلنا۔
- النَّسجَ رَمْلاً: کپڑے کو باریک بننا۔
- السریرَ: تخت کو جواہرات وغیرہ سے آراستہ کرنا۔
- الحصیرَ: چٹائی بننا (۲) جواہرات سے آراستہ کرنا۔
(أرمَلَ) المکانُ: جگہ کا ریتیلا ہونا۔
- فلانٌ: بے توشہ غریب ومفلس ہونا۔ حدیث ام معبد میں ہے (کان القومُ مرمِلِینَ مُسْنِتِینَ)
- المرأةُ: عورت کا بیوہ ہو جانا۔
- الحبلَ: رسی کو لمبا کرنا۔
- الحصیرَ: چٹائی بننا۔
- الزَّادَ: توشہ کو ختم کر دینا۔
(رَمَّلَ) الطعامَ: کھانے کو خراب کرنے کے لئے اس میں ریت ڈالنا۔ حدیث الحمر الوحشیۃ میں ہے (أمر أن تکفأ القدورُ و أن یُرَمَّلَ اللحم بالتراب)
- الثوبَ: کپڑے کو خون میں لت پت کرنا۔
- النسیجَ: بنائی کو باریک کرنا۔
- الکلامَ: بے بنیاد باتیں کرنا۔
- الکاتبُ خطَّه: لکھی ہوئی تحریر پر روشنائی خشک کرنے کے لئے سیاہی چوس پاؤڈر چھڑکنا (مو)
(ارتَمَلَ) بالدمِ: خون سے لت پت ہونا۔
(ترَمَّلَ): ارتَمَلَ۔
(الأرْمَلُ): ضرورت مند' محتاج (۲) کنوارا (۲) رنڈوا۔ جس کی بیوی مرگئی ہو۔ هي ارملةٌ (ج) ارامِل و ارامِلةٌ (۳) بے نفع و خشک سال (۵) وہ بکری جس کا سارا جسم سفید ہو اور پاؤں کالے ہوں (ج) رُمْلٌ۔
(الرُّمّالُ): بنی ہوئی چیز۔
(امُّ رِمالٍ): بجو۔
(الرَّمْلُ): ریت' بجری وغیرہ (ج) رِمالٌ ایک ریزہ: رَملةٌ۔
- علم الرَّمْلِ: ایک خرافی علم جس میں نامعلوم باتوں کے بارے میں بحث کی جاتی ہے۔
(الرَّمَلُ): ہلکی بارش (ج) اَرْمالٌ۔ (۲) شعر کی ایک بحر جس کا استعمال موجودہ دور میں بکثرت ہوتا ہے اس میں ایک مصرع کا وزن حسب ذیل ہوتا ہے: فاعلاتن' فاعلاتن' فاعلن (۳) کسی چیز کی زیادتی۔
(الرَّمْلاءُ) من السنین: کم نفع اور کم بارش والا سال (۲) سفید بکری جس کے پیر سیاہ ہوں۔
(الرَّمْلِيُّ): ریتیلے پودے (ج)
(الرَّمّالُ): علم رمل جاننے والا یا اس کا پیشہ کرنے والا۔
(المِرْمَلُ): چھوٹی بیڑی۔
(المَرْمَلَةُ): سیاہی چوس پاؤڈر ڈالنے کی ڈبیا (مو)
(رَمَّ) العظمُ ـِ رَمّاً و رِمَّةً و رمیماً: پرانا اور بوسیدہ ہونا۔
- المَیّتُ: میت کا گل سڑ جانا۔
- الحبلُ: رسی کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔
- الشيءَ ـُ رَمّاً و مَرَمَّةً: مرمت کرنا' ٹھیک کرنا (۲) کھانا۔
- المنزلَ: گھر کی مرمت کرنا۔
- رَمَّتِ الشاةُ الحشیشَ: بکری کا ہونٹوں سے گھاس کھانا۔
(اَرَمَّ) العَظْمُ و المیتُ: رَمَّ۔
- العَظْمُ: ہڈی میں گودا آنا۔ کمزور بکری کے بارے میں کہتے ہیں: ما یُرِمُّ مِنها مَضرِبٌ: بکری کی ہڈی توڑ دی جائے تو اس میں گودا نہ نکلے۔
- فلانٌ الی اللهوِ: کھیل تفریح میں لگنا (۲) خاموش ہونا۔ حدیث میں ہے (ایکم

Marfat.com

المتكلم بكذا و كذا؟ فأرمّ القومُ)

(رَمَّمَه) رَمَّمَه۔

(ارتَمَّتِ) الشاةُ الحشيشَ: بکری کا ہونٹوں سے گھاس کھانا۔

-ما علی الخوانِ: دسترخوان کا کھانا صاف کر دینا۔

(ترمّم) العَظمَ: ہڈی کے اوپر کا گوشت کھانا۔

-الشئَ: ٹھیک کرنے کی کوشش کرنا۔

(استرمّ) الشئُ: قابل مرمت ہو جانا جیسے استرمّ الجدارُ۔

(الأرمام) حبلٌ ارمامٌ: پرانی اور بوسیدہ رسی۔

(الترمیمُ): فن تصویر کشی میں کسی پھول وغیرہ کے اوپر باریک شفاف کاغذ رکھ کر پنسل پھیرنا تاکہ نیچے کا پھول اس شفاف کاغذ پر اتر آئے پھول وغیرہ کی نقل کرنا (۲) پھول وغیرہ کی وہ نقل جو شفاف کاغذ پر اتر آئے (ج)

(الرّمام) حَبلٌ رِمامٌ: پرانی اور بوسیدہ رسی۔

(الرُّمام): خستہ اور بوسیدہ چیز (۲) تازہ اگی ہوئی سبزی۔

(الرُّمامۃُ): بقدر ضرورت گزارہ۔

(الرِّمّ): ترمٹی (۲) ہڈی کا گودا (۳) ہوا کے ساتھ اڑکر یا پانی کے ساتھ آنے والی چیز۔

(الرُّمُّ): غم۔

(الرَّمّاءُ) نعجۃٌ رمّاءٌ: بے داغ بکری، بھیڑ۔

(الرّمّام): گری پڑی ہر قسم کی چیز کھا جانے والا آدمی۔

(الرُّمّۃُ): پرانی بوسیدہ رسی کا ٹکڑا (ج) رُمَمٌ و رُمَمٌ و رِمامٌ (۲) اونٹ کی گردن پر باندھی جانے والی رسی۔ کہتے ہیں: اعطاہُ الشئَ برُمّتہِ: کوئی چیز ساری کی ساری دے دینا۔

(الرِّمّۃُ): الرُّمّۃُ (۲) بوسیدہ ہڈیاں (۳) دیمک (۴) پروں والی چیونٹیاں (ج) رِمَمٌ و رِمامٌ۔

(الرّمیمُ): ہر پرانی اور بوسیدہ چیز۔ جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿مَا تَذَرُ مِنْ شَیْءٍ أَتَتْ عَلَیْهِ إِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِیمِ﴾ کہتے ہیں: عظمٌ رمیمٌ و عظامٌ رمیمٌ و رمائمُ: بوسیدہ ہڈیاں۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿یُحْیِ الْعِظَامَ وَهِیَ رَمِیمٌ﴾

(المِرَمّۃُ): ہر کھر دار جانور کا ہونٹ۔

(المَرَمّۃُ): گھر کا سامان (۲) مرمت کی جگہ۔

(الرُّمّانُ): انار۔ یہ فصیلہ آسیہ سے ہے۔ واحد: رُمّانۃٌ۔

-رُمّانۃُ القبّانِ: نمبری ترازو پر لگا ہوا انار نما گولہ جس کے ذریعہ وزن کا نمبر معلوم کیا جاتا ہے۔

-رُمّانُ الانہارِ: ایک بوٹی جس کے ذریعہ جوڑوں کے درد کا علاج کیا جاتا ہے۔

-رُمّانۃُ الدابۃ: جانور کے پیٹ میں چارہ کی جگہ۔

(المَرمَنَۃُ) ارضٌ مَرمَنَۃٌ: زیادہ اناروں والی زمین۔

(رَمِهَ) الیومُ - رَمَهًا: دن کا سخت گرم ہونا۔

(رَمٰی) الشئُ - رَماءً: بڑھنا، زیادہ ہونا۔

-المالُ: مال کا بڑھنا۔

-علی الخمسین من عمرہ: عمر کا پچاس سال سے زیادہ ہونا۔ کہتے ہیں: وهو یرمی علی صاحبہ: وہ اپنے ساتھی سے بڑھا ہوا ہے۔

-الشئَ وبہ من یدہ رَمیًا و رمایۃً: ہاتھ سے ڈالنا، پھینکنا۔

-اللهُ لہ: (دعا) خدا اس کی مدد کرے اور کام بنائے۔

-اللهُ فی یدہ و غیرها من الاعضاءِ: (بددعا) خدا اسے بیکار کرے۔

-فلانًا بامرٍ قبیحٍ: کسی پر الزام و تہمت لگانا۔

-بحبلہ علی غاربہ: کسی کو آزاد چھوڑ دینا۔

-بہ علی البَلَدِ: کسی کو کسی ملک پر مسلط کرنا۔

-البلدَ: کسی شہر یا ملک کا قصد کرنا۔

-الصیدَ رَمیًا و رَمیۃً: شکار کو تیر وغیرہ مارنا۔

-عن القوسِ و علیها رَمیًا و رمایۃً: کمان سے تیر چلانا۔

(اَرمٰی) الشئُ: کسی چیز کا زیادہ ہونا، بڑھنا۔

-علی الخمسین من عُمرِہ: رَمٰی۔ کہتے ہیں: سابّہ فارمٰی علیہ: اس کے ساتھ گالی گلوچ ہوئی تو اس سے آگے بڑھ گیا۔

-فلانٌ الشئَ: پھینکنا۔ جیسے ارماہُ من یدہ: ہاتھ سے پھینکنا۔ ارماہُ عن فرسہ: گھوڑے سے نیچے پھینکنا۔

-بہ البلادُ: ملک نے اسے باہر نکال دیا۔

(رَاماہُ) مُراماۃً و رِماءً: ایک دوسرے کو اٹھا پھینکنا، تیر مارنا۔ کہاوت ہے: (قبل الرِّماءِ تُملأُ الکنائنُ) تیر اندازی سے پہلے ترکش بھرے جاتے ہیں یعنی کسی کام سے پہلے اس کی تیاری کی جاتی ہے۔

-عن قومہ: لڑنا، دفاع کرنا۔

(ارتَمی) المتناضِلانِ: تیر اندازوں کا باہم مقابلہ کرنا۔

-بہ البلادُ: ملک کا کسی کو باہر نکال دینا۔

-الشئُ: زیادہ ہونا۔

-الصیدَ: شکار کو تیر مارنا۔

(ترامَی) القومُ: ایک دوسرے کو تیر مارنا۔

-الی کذا: کسی چیز تک پہنچنا۔ جیسے ترامی امرُہ الی الظَّفر او الی الخِذلان اس کا معاملہ کامیابی یا رسوائی پر ختم ہوا۔

-الجرحُ الی الفساد: زخم کا خراب ہونا۔

-الخبرُ الیّ: مجھے خبر ملی۔

-الشئُ: برقرار رہنا، بڑھتے رہنا۔

-بینهم الشرُّ: ان میں لڑائی بڑھتی گئی۔

-السحابُ: بادلوں کا تہ بہ تہ ہونا۔

-بہ البلادُ: شہر کا کسی کو پھینک دینا۔

(الرَّمّاءُ): زیادتی، سود۔

(الرِّمایۃُ): تیر اندازی کا پیشہ۔

(الرَّمْیُ): عمر میں اضافہ۔

(الرَّمیُ): اضافہ، زیادتی۔ کہتے ہیں: فی هذا رَمیٌ علی ما سمعتُ: اس خبر میں میرے سنے ہوئے سے کچھ زائد بات ہے (۲) موسم خزاں کا موٹے موٹے قطروں والا بادل (ج) اَرماءٌ و اَرمیۃٌ و رَمایا۔

(الرَّمیۃُ): ایک مرتبہ کی تیر اندازی۔ کہاوت ہے (رُبَّ رَمیۃٍ من غیرِ رامٍ) اتفاقی طور پر

Marfat.com

کامیاب ہونے والے کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
(الرِّمِّیَّا) کانت بین القوم رِمِّیَّا ثم صاروا الی حِجِّیزَی: لوگوں میں تیراندازی ہوئی پھر وہ باہم مل گئے یا منتشر ہو گئے۔
(الرَّمِیَّةُ): تیر پھینک کر شکار کیا ہوا جانور (مذکر ومونث کے لئے) (ج) رَمایا۔
-صاحب رمیّةٍ: بات کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنے والا۔
(المُرتمِی) ہو مرتمیً لنا و مُرتمٍ: وہ ہمارا پیش رو ہے۔
(المَرمٰی): تیر پھینکنے کی جگہ (۲) مقصد (۳) (فٹ بال کے کھیل میں) گول۔ (ج) مَرامٍ
- هذا کلامٌ بعید المرامی: بلند مقصد کلام۔
(المِرْمَاةُ) چھوٹا کمزور تیر یا وہ تیر جس کے ذریعہ تیراندازی سیکھی جائے (۲) جانور کا کھر (ج) مَرامٍ۔

ر......ن

(الارنَبُ) خرگوش (نر اور مادہ کے لئے) لیکن زیادہ فصیح استعمال مونث کے لئے ہے مذکر کے لئے خُزَز کہا جاتا ہے۔ ذلیل آدمی کو بھی ارنب کہتے ہیں (ج) ارانب و أَران۔
(الارنبانی) (دیکھئے ارنب) فی باب الهمزة۔
(المُؤَرْنَبُ) کساءٌ مُؤَرنَبٌ: وہ کمبل وغیرہ جس کی بناوٹ میں خرگوش کی اون ملائی گئی ہو۔
(المُؤَرْنَبَةُ) ارضٌ مؤرنبةٌ: زیادہ خرگوشوں والی زمین۔
(الرُّنجَةُ) مچھلی کی ایک قسم جسے نمک لگا کر کھایا جاتا ہے اور سینک کر کھایا جاتا ہے (د)
(رَنَّحَ) فلانٌ نشہ وغیرہ کی وجہ سے جھومنا۔
- الشرابُ فلاناً: شراب کا کسی کو ہچکولے دینا۔
الریحُ الغصنَ: ہوا کا شاخوں کو دائیں بائیں ہلانا۔
(رُنِّحَ) فلانٌ و علیه: بیہوشی طاری ہونا، نشہ، گھبراہٹ یا مار کھانے کی وجہ سے جسم میں نقاہت اور کمزوری ہونا۔
(ترَنَّحَ) فلانٌ: رَنَّحَ۔
-للشَّیءِ: کسی شے کو طلب کرنا اور اس کے لئے حرکت کرنا۔
-علی فلانٍ: کسی پر مہربانی کی غرض سے جھکنا یا حملہ کی غرض سے متوجہ ہونا۔
(الرُّنَحُ): چکر، دورانِ سر (۲) بھیجہ سے الگ دماغ کا پچھلا حصہ (ج)
(المُرَنَّحَةُ): کشتی یا بحری جہاز کا اگلا حصہ۔
(رَنَخَ) ـُ رُنوخاً: ست ہونا۔
(رَنَّخَه): ذلیل وحقیر کرنا۔
(ترَنَّخَ) بِه: کسی چیز سے چمٹنا۔
(الرَّنْدُ): فصیلہ غاریہ کا شام کے ساحلوں اور ساحلی پہاڑوں پر اگنے والا ایک خوشبودار پودا (۲) عود (۳) آس (۴) کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی گون کے مشابہ ایک گون۔
(رَنَعَ) الزَّرعُ ـَ رُنوعاً: کھیتی کا پانی نہ ملنے کی وجہ سے مرجھا جانا۔
-لونُه: رنگ بدل جانا، پھیکا پڑ جانا۔
-الدابّةُ: چوپائے کا مکھی کو سر ہلا کر اڑانا۔
- فلانٌ: کھیلنا (۲) سوال کے جواب میں نفی میں سر ہلانا۔
(رَنَّعَ) راسَه: سر کو حرکت دینا۔
(المَرْتَعَةُ): کھیل کود کی آوازیں (۳) آسودگی۔ خوشحالی (۳) باغیچہ (۴) کھانے یا شکار کا ایک ٹکڑا۔
(ارْنَقَبَ) الدابّةُ باُذنیها: جانور کا تھکاوٹ کی وجہ سے کانوں کو ڈھیلا چھوڑ دینا۔
-البعیرُ: اونٹ کا سر کو ہلا کر چلنا (۲) تیز چلنا۔
(الرَّانِفُ) رانفُ کلِّ شیءٍ: گوشہ، کنارہ، کونہ۔
(الرَّانِفَةُ) کان کی نرم ہڈی کا کنارہ (۲) ناک کی پھنگل (۳) آستین کا کنارہ (۴) ہاتھ کا گوشت (۵) کولہے کا نچلا حصہ اور وہ کنارہ جو بیٹھتے وقت زمین سے لگتا ہے (ج) روانفُ کہتے ہیں عَلَوْا روانفَ الاکام: وہ ٹیلوں کی چوٹیوں پر چڑھے۔
(رَنَقَ) الماءُ ـُ رَنْقاً و رُنوقاً: پانی کا میلا ہونا۔
-عیشُه: زندگی کا بے کیف ہونا۔ هو رَنِقٌ و رَنْقٌ وهی رَنِقَةٌ۔
(ارْنَقَ) الماءَ: پانی کو میلا کرنا۔
(رَنَّقَ): حیران ہونا (۲) یہ سمجھ میں نہ آئے کہ کہاں جائے کیا کرے۔
-السفینةُ: کشتی کا اپنی جگہ گھومنا اور نہ چلنا۔
-الرایةُ: پرچم کا سروں پر لہلہانا۔
-الطائرُ: پرندہ کا پھڑپھڑانا لیکن نہ اُڑنا۔
-المنیّةُ: موت کا قریب ہونا۔
-الشمسُ: سورج کا غروب کے قریب ہونا۔
- الطائرُ: تیر یا بیماری کی وجہ سے پرندہ کا پر ٹوٹ کر گر جانا۔
-عینُه: بھوک وغیرہ کی وجہ سے آنکھ کا کمزور ہو جانا یا بند ہو جانا۔
-القومُ بالمکانِ: لوگوں کا کسی جگہ ٹھہرنا اور قید ہو جانا۔
-النومُ عینیه: نیند آنا لیکن نہ سونا۔
-الماءَ: پانی کو میلا کرنا۔
- النظرَ: کسی کو مخفی طور پر دیکھنا (۲) مسلسل دیکھنا۔
(ترَنَّقَ) الماءُ: پانی کا میلا ہونا۔
(الرَّنَقُ): گارا، گدلا پن (۲) گدلا پانی (۳) جھوٹ۔
(الرَّنْقاءُ): انڈوں پر بیٹھنے والا پرندہ (۲) بنجر اور پرانی زمین۔
(الرَّنْقَةُ) تھوڑا پانی جو حوض میں باقی رہے۔ کہتے ہیں صار الماءُ رَنْقَةً: جب پانی پر مٹی اور گارا وغیرہ غالب آ جائے۔
(الرَّوْنَقُ) رونق السیفِ: تلوار کی چمک اور آب و حسن۔
-رونق الضُّحٰی: چاشت کا اول وقت۔
-رونق الشبابِ: جوانی کی ابتداء۔ جوانی کا جوبن۔
(الرَّنْكُ) ترک بادشاہوں، شہزادوں، امراء

Marfat.com

اور مصر کے ممالیک کا شعار (فارسی)
(رَنِمَ) المُغَنِّي ـَ رَنَمًا: گویے کا گانا، راگ الاپنا۔ ھو رَنِمٌ وھی رَنِمَةٌ۔
-عودٌ رَنِمٌ: ترنم خیز سارنگی۔
(رَنَّمَ) رَنِمَ۔
-الحمامُ: کبوتر کا خوبصورت آواز نکالنا۔
- القوسُ والجندبُ والعودُ: خوش آواز ہونا۔
(ترنَّم): رَنِمَ۔
(الرَّنَم): آواز۔
(الرَّنَمَةُ): ترنم خیز آواز، راگ۔
(الرَّنِيمُ): ترنم، راگ۔
(رَنَّ) - رَنِينًا: آواز نکالنا، چیخنا۔
-الیہ: کان لگانا، دھیان دینا۔
(اَرَنَّ) رَنَّ جیسے اَرَنَّتِ القوسُ فی إنباضها و ارنت المراةُ فی نوحها و ارنت الحمامة فی سجعها وارنت السحابةُ فی رعدها و ارن الماءُ فی خریرہ: سب مثالوں میں زور سے آواز نکالنے کے معنی ہیں۔
(رَنَّنَتِ) المراۃ ترنینًا و ترنیةً: عورت کا زور سے آواز نکالنا۔
-القوسَ و نحوھا: کمان وغیرہ کو آواز دار بنانا۔
(رِنّ): طب کی ایک اصطلاح (مج)
(الرَّنَنُ): تھوڑا پانی۔
(الرُّنِّيُّ): ساری مخلوق۔ کہتے ہیں ما فی الرُّنِّیِّ مثله: اس جیسا کوئی نہیں۔
(الرَّنَّةُ): ہرن کے مشابہ ایک جانور (۲) سخت اور زوردار چیخ (۳) رونے یا گانے کے وقت کی غمگین آواز۔
(المِرْنَانُ): کمان قوسٌ مرنانٌ و سحابٌ مرنانٌ: گونجدار کمان اور گرجدار بادل۔
(رَنَا) ـُ رَنْوًا و رُنُوًّا: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا کہتے ہیں: رناہُ ورنا الیه ورنالہ: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔
-الی حدیثه: کسی کی بات کو غور سے سننا۔
-عنه: غفلت برتنا۔
-فلانٌ: عشق و محبت میں بے خود ہو کر جھومنا۔
(اَرْنَاہُ) حسنُ المنظرِ: خوبصورت چیز کا اپنی طرف متوجہ کرنا۔
-الی الطّاعة: فرمانبرداری کی طرف مائل کرنا اور اس کا عادی بنانا۔
(رانَاہُ): بلندی و عظمت میں آگے بڑھنا۔ کہتے ہیں: لَه شرَفٌ یُرَانِی الکواکبَ: اس میں ایسی بلندی و شرافت ہے جس میں وہ ستاروں سے بھی بلند ہے۔
-فلانًا: دلداری کرنا۔
(رَنَّی): گانا، جھومنا (۲) مشتاق ہونا۔
- الصوتُ فلانًا: آواز کا کسی پر وجد و رقت طاری کر دینا۔
-الحسنُ فلانًا: بے خود کرنا، گرویدہ بنانا۔
(ترَنّی): اپنے محبوب کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔
(الرَّنا): جس چیز کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھا جائے۔
(الرَّنَاءُ): خوبصورتی۔
(الرُّناءُ): آواز (ج) اَرْنِيَةٌ (۲) مستی، وجد بے خودی، رقت۔
(الرَّنَّاءُ): عورتوں کو دلچسپی سے دیکھنے والا
(الرَّنُوُّ) ھو رنوُّ فلانة: وہ فلاں عورت کی بات بڑی دلچسپی سے سنتا ہے۔ ھو رنوّ الاماني: اسے بڑی توقعات رہتی ہیں۔

ر............ھ

(رَھِبَه) ـَ رَھَبًا و رَھْبَةً و رُھْبًا: ڈرانا کہا جاتا ہے رَھِبَ فلانٌ ڈرنا۔
(اَرْھَبَ): لمبی آستین والا ہونا (۲) خوف کی وجہ سے سوار ہونا۔
-کُمَّه: آستین کو لمبا کرنا۔
-فلانًا: ڈرانا، خوفزدہ کرنا۔
(رَھَّبَ) الجملُ: تھکاوٹ کی وجہ سے اونٹ کا اٹھنے کی کوشش کر کے پھر بیٹھ جانا۔
-فلانًا: ڈرانا، خوفزدہ کرنا۔
(ترَھَّبَ) الرَّاھبُ: راہب کا عبادت کے لئے اپنی کٹی میں الگ ہو کر بیٹھ جانا۔
-فلانٌ: عبادت گزار ہونا۔
-فلانًا: دھمکی دینا، ڈرانا۔
(اِسْتَرْھَبَه) رَھَّبَه قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاسْتَرْهَبُوهُمْ وَجَاءُوا بِسِحْرٍ عَظِيمٍ﴾
(الارھابیّون): دہشت گرد، سیاسی مفادات کو تہدید و تشدد آمیز طریقہ کار کے ذریعہ حاصل کرنے والے۔ (مج)
(الرَّاھِبُ): راہب، نصرانی زاہد، گرجا کا مذہبی رہنما، وہ تارک الدنیا نصرانی جو عبادت کے لئے اپنی کٹی میں یکسو ہو کر رہے (ج) رُھْبان (رہبان کبھی واحد کے لئے بھی بولا جاتا ہے)
(ج) رھابین و رھابنَة۔
(الرَّاھِبَةُ): مونث الراھب (۲) ڈراونی حالت۔ بھز بن حکیم کی حدیث میں ہے (انی لاسمع الراھبة)
(الرُّھابُ): طب باطنی میں اس بیماری کے خوف کو کہتے ہیں جو چار دیواروں کے درمیان گھرے ہوئے علیحدہ مکان یا جگہ میں پائی جائے (مج)
(الرَّھَابَةُ): سینہ کے زیریں حصہ میں پیٹ کے اوپر لٹکی ہوئی نرم و پتلی ہڈی (ج) رَھَابٌ۔
(الرُّھابَةُ): الرَّھَابَةُ۔
(الرَّھْبُ): باریک پھلکا (۲) زیادہ سفر کی بناء پر کمزور ہو جانے والا اونٹ۔ ناقةٌ رَھْبٌ و رَھْبَةٌ (ج) رِھابٌ۔
(الرَّھَبُ والرُّھْبُ): آستین۔
(الرَّھْبَانِیَّةُ): ترک دنیا، گوشہ نشینی۔ دنیا کی نعمتوں سے کنارہ کشی اور اہل و عیال سے علیحدگی۔
(الرُّھْبَةُ) رَھْبَةُ الماءِ. طب داخلی میں اس متعدی بیماری کا نام ہے جو کتے یا اس کی نوع کے جانوروں کے لعاب دہن سے کاٹنے سے پیدا ہوتی ہے۔ جس کی وجہ سے اعصاب میں تناؤ اور تنفس کے عضلات میں انقباض اور جنون کی کیفیت پیدا ہوتی ہے (مج)۔
(الرَّھْبَنَةُ): الرَّھْبَانِیَّةُ۔
(الرَّھَبُوتُ): الرَّھْبَةُ کہتے ہیں: رَھَبُوتٌ خیرٌ من رَحَمُوتٍ: تم کو ڈرایا جانا تم پر رحم کیے

Marfat.com

جانے سے زیادہ مفید ہے۔
(رَهْبَلَ): غیر واضح کلام کرنا۔
(تَرَهْبَلَ): لپک کر چلنا، مونڈھے ہلا کر چلنا۔
(الرَّهْبَلُ): غیر واضح کلام۔
(الرَّهْبَلَةُ): لپک کر اور مونڈھے ہلا کر چلنا۔
(اَرْهَجَتِ) السماءُ: بارش ہونا۔
-فلانٌ: کسی کے گھر کا بہت خوشبو والا ہونا۔
-الغبارَ: گرد اڑانا۔
-بین القوم: بگاڑ و خرابی پیدا کرنا۔
(الرَّهْجُ): غبار (۲) ہلکا بادل (۳) غنڈہ گردی، فساد۔
(المُرْهِجُ) نَوْءٌ مُرْهِجٌ: بہت بارش والا بادل۔
(رَهَدَهُ) ـَ رَهْدًا: بہت باریک پیسنا۔
(رَهُدَ) ـُ رَهَادَةً: ملائم و خستہ ہونا، نازک ہونا۔ هو رَهِیدٌ وهی رهیدةٌ۔
(رَهَّدَ): زبردست حماقت کرنا۔
(المَرْهُوْدُ) اَمْرٌ مَرْهُوْدٌ: ناپختہ کام۔
- ترکهم مرهودینَ: انہیں اس حال میں چھوڑا کہ ان میں سے کسی کا پختہ عزم نہ تھا۔
(الرَّهْدَلُ): بے وقوف (۲) کمزور مرد۔
(رَهْدَنَ): دیر کرنا (۲) رک جانا۔
-فی المشیِ: گھومتے ہوئے چلنا۔
(الرَّهْدَنُ): مکہ معظمہ میں پایا جانے والا چڑیا جیسا ایک پرندہ (۲) بے وقوف (۳) بزدل (ج) رَهَادِنُ و رَهَادِنَةٌ۔
(رَهْرَهَ) لونُه: رنگ کا شوخ و چمکیلا ہونا۔
-مائدتَه: سخاوت و فیاضی کی وجہ سے دستر خوان کو وسیع کرنا۔
(تَرَهْرَهَ) السحابُ: سراب کا مسلسل چمکنا۔
-الجسمُ: جسم کا خوشحالی کی بنا پر سفید و ملائم ہونا۔
(الرَّهْرَاهُ) ماءٌ رهراهٌ: صاف پانی۔
-جسمٌ رهراهٌ: سفید و نرم و نازک بدن۔
-طستٌ رهراهٌ: کم گہرا طشت وغیرہ۔
(الرَّهْرَهُ) جسمٌ رهرهٌ و طستٌ رهرهٌ رهراهٌ۔

(ارْتَهَزَ) لکذا: کسی چیز کو دیکھ کر جھومنا، حرکت کرنا، مست ہونا۔
(رَهَسَ) الشیءَ ـَ رَهْسًا: خوب روندنا۔
(ارْتَهَسَ): مضطرب ہونا۔
-القومُ: لوگوں کی بھیڑ لگنا، دھکم دھکا ہونا (۲) لوگوں کا باہم ٹکرانا۔
-الدواهی: مصائب و آفات کا پیہم ہونا۔
کہاوت ہے (اِنَّ الدواهی فی الآفاتِ ترتهس) آفات زمانہ میں پریشانیاں بڑھ جاتی ہیں۔
-الجرادُ: ٹڈیوں کا غول در غول ہونا۔
- الوادی و نحوہ: وادی وغیرہ کا پانی سے بھرنا۔
- رِجلاَ الدابة: جانور کی ٹانگوں کا ایک دوسرے سے ٹکر کھانا۔
(تَرَهَّسَ): حرکت کرنا، پھڑکنا۔
(رَهِشَتِ) الدابَّةُ ـَ رَهَشًا: جانور کی اگلی ٹانگوں کے پھڑکنے کی وجہ سے ان کے اندر کی رگیں کاٹ دینا۔
(ارْتَهَشَ) القومُ و الجرادُ: اِرْتَهَسَ۔
-فلانٌ: لرزنا، کانپنا۔
(الرَّاهِشَانِ): کہنیوں کے اندر کی دو رگیں۔
(الرَّوَاهِشُ): کہنی کے اندر یا ہتھیلی کے باہر کی رگیں (۲) چوپائے کی اگلی ٹانگوں کے اندر کی دو رگیں (اس کا مفرد راهش اور راهشةٌ ہے)
(الرَّهِیشُ): ہر باریک چیز جیسے نَصْلٌ رَهِیْشٌ (۲) کمزور پتلا اور سوکھا ہوا آدمی (۳) نہ جمنے یا نہ اگانے والی باریک مٹی۔
(رَهَصَ) بحقِه و دَینِه ـَ رَهْصًا: اپنے حق اور قرضہ کو سختی سے لینا۔
-الحائطَ: دیوار کو ٹیک لگا کر مضبوط کرنا۔
-الصَّیدَ: شکار کا پیچھا کر کے نڈھال اور سست کر دینا۔
-الدَّابَّةَ و الحجرُ: حرکت دینا۔
-الشیءَ: زور سے نچوڑنا۔
- فلانًا فی الامرِ: ملامت کرنا (۲) جلدی کرنے کو کہنا۔

(رُهِصَتِ) الدَّابَّةُ: جانور کے کھر میں زخم ہونا۔ هو مرهوصٌ و رهیصٌ وهی مرهوصةٌ و رهیصٌ ایضًا۔
(رَهِصَتِ) الدابةُ ـَ رَهَصًا: رُهِصَتْ۔
(اَرْهَصَ) علی الذنبِ: گناہ پر اصرار کرنا۔ حدیث میں ہے (اِنَّ ذَنْبَه لم یکن عن ارهاص) (۲) سیڑھیاں بنانا۔
-البناءَ: عمارت کے ارد گرد سیڑھیاں بنانا تاکہ وہ ٹیڑھی نہ ہوں۔
-الشیءَ: جمانا، بنیاد رکھنا۔
-اللهُ فلانًا للخیر: اللہ تعالیٰ کا کسی کو ذریعہ خیر بنانا۔
(رَاهَصَه): نگرانی کرنا، تاک میں رہنا۔
(الاِرْهَاصُ): شرعًا وہ امر خارق عادت جو قبل از بعثت پیغمبر سے صادر ہوتا ہے۔
(الرَّهْصُ): مٹی کا ردہ یا ایک تہہ جس کے یکے بعد دیگرے رکھ کر عمارت بنائی جاتی ہے (۲) دیوار کا نچلا ردہ۔
(الرَّهْصَةُ): گھوڑے کے سم کا زخم۔
(الرَّهِیصُ) اَسَدٌ رهیصٌ: اپنی جگہ سے نہ ہٹنے والا شیر (گویا کہ اس کے پاؤں میں زخم ہو) (۲) مکاری سے لنگڑا کر چلنے والا۔
(الرَّوَاهِصُ) من الحجارة: جانوروں کے پیروں کو زخمی کر دینے والے پتھر (۲) مضبوط جمی ہوئی چٹانیں۔ واحد: رَاهِصَةٌ۔
(المتراهِصَةُ): مضبوط جمی ہوئی چٹانیں۔
(المَرْهَصَةُ): سیڑھی (۲) درجہ مرتبہ (ج) مَرَاهِصُ۔
(رَهَطَ) فلانٌ ـَ رَهْطًا: خوب کھانا۔
-اللقمةَ: بڑا لقمہ لینا۔
(رَهَّطَ) رهط (۲) سواری پر بیٹھے رہنا نیچے نہ اترنا، یا گھر میں بیٹھے رہنا باہر نہ نکلنا۔
(ارْتَهَطُوا): جمع ہونا۔
(الرِّهَاطُ): گھر کا سامان۔
(الرَّهْطُ): تین سے یا سات سے دس آدمیوں کی جماعت یا دس سے کم کی جماعت (ج) اَرْهُطٌ و اَرْهَاطٌ (جج) اَرَاهِطُ و اراهیط۔

Marfat.com

-رَهْطُ الرَّجُلِ: قبیلہ قریبی رشتہ دار۔
-نحن ذورَهْطٍ: ہم سب اکٹھے ہیں۔
(رَهَفَه)ـَ رَهْفًا: باریک کرنا' دھاردار کرنا' جیسے رَهَفَ سَيْفَه۔
(رَهُفَ)ـُ رَهَافَةً و رَهَفًا: باریک و نازک ہونا۔ هو رهيفٌ وهي رهيفةٌ — سيفٌ رهيفٌ و حِسٌّ رهيفٌ۔
(اَرْهَفَه): باریک دھاردار بنانا۔
-بالكلام: فی البدیہہ بولنا' برجستہ کلام کرنا۔
(المُرْهَفُ) رجلٌ مُرْهفٌ: بہت جلدی سمجھنے اور محسوس کرنے والا آدمی۔
-حِسٌّ مُرْهَفٌ: بڑھا ہوا احساس۔
- فرسٌ مرهفٌ: ملی ہوئی پسلیوں والا پتلے پیٹ کا گھوڑا۔ وهي مُرْهَفَةٌ۔
-اذُنٌ مُرْهَفَةٌ: جلد سننے والے کان۔
(المَرْهُوْفُ) مرهوفُ البدن: نازک و پتلا جسم۔
(رَهِقَ) فلانٌ رَهَقًا: بیوقوف ہونا۔ کم عقل و نادان ہونا (۲) ظلم اور برائی پر آمادہ ہونا (۳) گناہوں میں مبتلا ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فزادُوْهُمْ رَهَقًا﴾ (۴) جھوٹ بولنا (۵) عجلت کرنا' جلد بازی کرنا هو رَهِقٌ وهي رَهِقَةٌ۔
-الصلوةُ رَهَقًا و رهوقًا: نماز کا وقت داخل ہونا۔
-قدومُ فلان: کسی کی آمد کا وقت قریب ہونا۔
- الشئُ رَهَقًا: کسی چیز کے قریب پہنچ جانا (چاہے اس کو پا سکے نہ پا سکے)
-الشئُ: ڈھانپ لینا' چھا جانا۔ لگ جانا جیسے رَهِقَهُ الدَّيْنُ۔
(اَرْهَقَ) الليلُ: رات کا قریب آ جانا۔
- فلانًا: طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالنا۔ (۲) قریب پہنچنا اور پا لینا۔ جیسے ارهقنا الليلُ: رات نے ہمیں آ لیا۔
- الصلوةَ: نماز میں اتنی تاخیر کرنا کہ دوسری نماز کا وقت قریب آ جائے۔
-فلانًا: جلدی کروانا جیسے اَرْهَقَنِيْ فلانٌ ان اصلّی۔
-فلانا شيئًا: کسی کو کسی چیز سے گھیر لینا۔ کہتے ہیں اَرْهَقَهٗ حُسَامًا: اس نے تیز تلوار سے بھرپور حملہ کیا اور ارهقناهم الخيلَ ہم نے ان کو گھوڑوں سے گھیر لیا۔ اَرْهَقَه اَمْرًا و اثمًا: کسی کام یا گناہ پر لگا دینا۔
(رَاهَقَ) الغلامُ: قریب البلوغ ہونا۔
راهق الغلامُ البلوغَ بھی کہتے ہیں۔ صَلّی الظهرَ مُراهِقًا: اس نے ظہر اس وقت پڑھی جب وقت ختم ہونے کے قریب تھا۔
(الرُّهَاقُ) القومُ رُهاق مائةٍ: لوگ تقریباً سو ہیں۔
(الرَّيْهُقَانُ): زعفران۔
(المُرَاهَقَةُ): آغاز شباب سے کامل بلوغ تک کا عرصہ۔
(المُرَهَّقُ): کم عقل' نادان' جاہل' بے وقوف (اس کا فعل نہیں ہے) (۲) سخی و فیاض' مہمان نواز (۳) خراب آدمی (۴) دینی طور پر تہمت زدہ۔
(رَهَكَ) بالمكان ـَ رَهْكًا: ٹھہرنا۔
-الشئَ: توڑنا' کوٹنا' پیسنا۔
- الدَّابَّةَ: چوپائے کو چلا چلا کر تھکا دینا۔ هو مَرْهوكٌ و رَهِيْكٌ۔
(رَهْوَكَ): چلتے وقت جوڑوں کو ڈھیلا چھوڑنا۔
-القومُ: لوگوں کا بے چین و مضطرب ہونا۔
(ارتَهَكَ): تھکاوٹ کی وجہ سے اعضاء کو ڈھیلا چھوڑ کے چلنا۔
(تَرَهْوَكَ): جھومتے ہوئے چلنا۔
(الرَّهْكَةُ): کمزوری۔
(الرُّهْكَةُ): کمزور اور بے فیض آدمی۔ رجلٌ رُهْكَةٌ و ناقةٌ رَهْكَةٌ۔ -ارضٌ رَهْكَةٌ: سب میں کمزوری کے معنی ہیں۔
(الرَّهْوَكُ): نازک نوجوان (۲) موٹا ہرن یا موٹا بکری کا بچہ۔
(رَهِلَ) لحمُه ـَ رَهَلًا: گوشت کا تھرکنا' ڈھیلا ہونا (۲) بغیر بیماری کے گوشت کا پھول جانا' ورم آلودہ ہونا۔ هو رَهِلٌ وهي رَهِلَةٌ۔
(رَهَّلَه): ڈھیلے اور پھولے ہوئے گوشت والا بنانا (۲) سست اور ڈھیلا بنا دینا جیسے رَهَّلَهُ النومُ: نیند کی کثرت نے اس کی آنکھوں کے حلقوں کو پھلا دیا۔
(تَرَهَّلَ): رَهِلَ۔
(الرَّهَلُ): بچہ کی پیدائش کے وقت نکلنے والا زرد پانی۔
(الرِّهْلُ): پتلا بادل۔
(رُهِمَتِ) الارضُ: زمین پر معمولی بارش ہونا۔ کہتے ہیں: مكانٌ مرهومٌ و روضةٌ مرهومةٌ (مُرْهَمٌ و مُرْهَمَةٌ مستعمل نہیں ہیں)
(اَرْهَمَتِ) السحابُ: ہلکی بارش برسانا۔
-الرَّبيعُ: موسم بہار میں مسلسل ہلکی بارش ہونا۔
(الرَّهَمَانُ) فی سير الأبِلِ: اونٹوں کی چال میں کمزوری یا دبلے پن کی وجہ سے ڈھیلا پن۔
(الرِّهْمَةُ) مسلسل ہلکی بارش (ج) رِهَمٌ و رِهام۔
(الرَّهُوْمُ): کمزور بکری۔
(رَهْمَسَ) فلانٌ: ضمناً برائی کا اشارہ دینا۔
-الامرَ: بات چھپانا۔
-الخَبَرَ: پوری بات نہ بتانا۔
-فلانًا: سرگوشی کرنا۔
(رَهَنَ) الشئُ ـَ رَهْنًا و رُهُوْنًا: ثابت ہونا' برقرار ہونا۔
-بالمكان: کسی جگہ ٹھہرنا۔
-الرجلُ والدابّةُ: لاغر ہونا' تھک جانا' کمزور ہو جانا۔
-الشئَ رَهْنًا: مضبوط کرنا' قائم و برقرار رکھنا۔
-فلانًا و عند فلان الشئَ: کسی کے پاس کوئی چیز رہن رکھوانا۔ کہتے ہیں "رهنته لسانی" میں نے اس کے بارے میں اپنی زبان بند کر لی۔ هو رهونٌ و رهينٌ۔
(اَرْهَنَ) فی السِّلْعَةِ و بها: کسی سامان کو زیادہ سے زیادہ قیمت لگا کر حاصل کر لینا۔
-الشئَ: قائم و برقرار رکھنا۔
- لهمُ الطعامَ والشرابَ: ان کے لئے

Marfat.com

کھانے پینے کا سامان محفوظ رکھا۔
-المیتَ القبرَ: مردہ کو قبر میں رکھنا۔
-فلاناً وغیرہ: کمزور ودبلا کردینا۔
- فلاناً الشئَ: کسی کے پاس کوئی چیز رہن رکھوانا (۲) اس سے کسی کے پاس رہن رکھوانا۔
(رَاهَنَه) علی کذا مُرَاهَنَةً و رِهَاناً: کسی سے کسی بات پر شرط لگانا۔
(اِرْتَهَنَه) منه: رہن رکھنا۔
(تَرَاهَنَ) القومُ: شرط باندھنا۔
(ہرایک کسی چیز پر شرط باندھے کہ جو سب پر غالب آجائے تو وہ چیز اس کی ہو جائے گی)
(اِسْتَرْهَنَه) بطور گروی (رہن) کوئی چیز مانگنا۔
(الرَّاهِنُ) تیار، موجود، حاضر، ثابت کہتے ہیں: هذا راهنٌ لك کہتے ہیں: طعامٌ راهنٌ: ہر وقت تیار رہنے والا کھانا۔
(الرَّاهِنَةُ) تانیث الراهن، نعمةٌ راهِنةٌ: دائمی نعمت۔
(الرِّهَانُ) دوڑ لگانے کی بازی۔
-خیلُ الرِّهَان وہ گھوڑے جن کی دوڑ پر بازی لگائی جائے۔ کہاوت ہے (هُمَا کفرسَیْ رِهَانٍ) فضل وکمال میں دو برابر شخصوں کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
(الرَّهْنُ) شرعاً کسی ایسے حق کی ضمانت کے طور پر کوئی چیز اپنے پاس رکھ لیا کہ اگر وہ حق حصول ہونا ممکن نہ رہے تو محبوس چیز کے ذریعہ حصول کیا جاسکے (۲) وہ شی جو کسی سے کسی چیز کی قائم مقام بنا کر لی گئی ہو۔ مصدر بمعنی مرہون (گروی رکھی ہوئی چیز) قرآن مجید میں ہے: ﴿وَإِنْ كُنتُمْ عَلَىٰ سَفَرٍ وَلَمْ تَجِدُوا كَاتِبًا فَرِهَانٌ مَّقْبُوضَةٌ﴾ اس کی جمع رُهُون رُهُنٌ و رَهِین آتی ہے۔ کہتے ہیں الانسانُ رَهْنُ عَمَلِه انسان اپنے کام کا ذمہ دار ہے وانا لك رَهْنٌ بکذا میں تمہارے لئے فلاں چیز کا ذمہ دار ہوں۔
(الرُّهْنُ) هو رُهْنُ مالٍ وہ مال کا منتظم ہے۔
(الرَّهِینُ) انا رَهِینٌ بکذا میں اس بات کا ذمہ دار ہوں۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ﴾
(الرَّهِینَةُ) گروی رکھی ہوئی چیز (۲) ذمہ دار۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ﴾ (ج) رَهائنُ کہتے ہیں: انا لك رهینةٌ بکذا: میں تیرے لئے اس بات کا ضامن ہوں۔
(رَهَا)۔ رَهْواً: نرم ہونا، نرمی برتنا (۲) سبک رفتار ہونا (۳) پرسکون ہونا۔
-البحرُ: سمندر کا جوش ٹھنڈا ہونا۔
-بین رجلیه: دو پیروں کو کھولنا۔
-الطائرُ: پرندہ کا پروں کو پھیلانا۔
(اَرْهَی) کشادہ جگہ پہنچنا۔
-الشئُ لك: کسی چیز کا ممکن ہونا۔
-الشئَ لك: ممکن بنانا۔
-لهم الشئَ: برقرار رکھنا (۲) ٹھہرانا۔
-علی نفسه: خود کو مطمئن کرنا، تسلی دینا۔
(رَاهَاهُ) کسی کے قریب ہونا۔
(ارتهی) القومُ: لوگوں کا باہم مل جل جانا۔
(تراهیا) دو آدمیوں کا باہم نرمی برتنا۔
(اَرْهَاءُ) الشئِ کسی چیز کی اطراف۔
(الرَّاهِی) طعامٌ راهٍ: ہر وقت تیار کھانا۔
-عیش راهٍ: خوشحال زندگی۔
(الرَّاهِیَةُ) مونث الرّاهی (۲) شہد کی مکھی۔
(الرَّهَاءُ) کشادہ اور ہموار زمین جیسے طریق رَهاءٌ (۲) غبار یا دھوئیں جیسی چیز۔
(الرَّهْوُ) ساکن، ٹھہرا ہوا، پرسکون۔ کہتے ہیں مطرٌ رهْوٌ و بحرٌ رَهْوٌ - افعَلْ ذلك رَهْواً یہ کام آہستگی سے کرو (۲) باریک کپڑا وغیرہ (۳) منتشر بکھرا ہوا (۴) کشادہ (۵) نشیبی جگہ جہاں پانی جمع ہو جاتا ہو۔ (۶) سارس (ایک پرندہ) (۷) لوگوں کا گروہ (ج) رِهاءٌ کہتے ہیں الناسُ رَهْوٌ واحدٌ مابین کذا و کذا لوگوں کی اتنی اتنی تعداد میں متحدہ جماعتوں کا تانتا بندھا ہوا ہے۔
غارةٌ رهْوٌ مسلسل حملہ۔
جاء ت الخیلُ رهواً گھوڑے آہستہ آہستہ برابر آئے۔
(الرَّهْوَةُ) نشیبی جگہ جہاں پانی جمع ہو جاتا ہو (ج) رِهاءٌ۔
(المِرْهَاةُ) تیز رفتار جیسے: فرسٌ مِرْهاةٌ (ج) مَرَاهٍ۔
(رَهْوَكَ) و (تَرَهْوَكَ) و (الرَّهوك) دیکھئے رَهَكَ۔
(رَهْیاً) کمزور، عاجز، سست ہونا۔
-السماءُ: آسمان کا برسنے کے قریب ہونا۔
-السحابةُ: بادل کا برسنے کے قریب ہونا۔
-الشئَ وفیه: کسی چیز میں خامی چھوڑنا اور اسے مکمل نہ کرنا۔
-رایَه رائے کو پختہ اور بہتر نہ کرنا۔
-فی امره: کسی کام کو حوصلہ کے ساتھ انجام نہ دینا۔
-الحِملَ: ایک طرف کے بوجھ کو زیادہ کرنا اور اسے نہ باندھنا جس کی وجہ سے وہ جھکا رہے۔
(تَرَهْیاً) ہلنا، حرکت کرنا، ڈولنا جیسے عیناهُ ترهیآن۔
-فی امره کسی کام کا ارادہ کرکے رک جانا۔
-السحابُ: بادل کا برسنے کے قریب ہونا۔
-فی مشیه: اترا کر اور جھوم کر چلنا۔

ر .... و

(رَوَّأَ) فی الامرِ ترونةً و تروِیئاً غور وفکر کرنا، کسی کام کے انجام کو سوچنا، جواب دینے میں جلدی نہ کرنا۔
(تَرَوَّأَ) فی الامرِ رَوَّأ فیه۔
(الرَّاءُ) راء، ایک حرف تہجی (۲) ایک درخت کا نام۔ اس کا واحد راءةٌ ہے۔
(الرَّوِیئَةُ) غور وفکر، سوچ بچار۔
(رَابَ) اللبنُ ـُ رَوْباً دودھ کا گاڑھا ہونا (۲) دودھ کا اُبالا ہوا ہونا اور مکھن نکالنا۔
- فلانٌ حیران و پریشان ہونا (۲) شکم سیری، نیند یا دہی کھانے کی وجہ سے سست ہونا (۳) جھوٹ بولنا (۴) عقل اور رائے میں کمزوری ہونا۔
- دَمُه اس کی ہلاکت کا وقت قریب آ گیا وہ

Marfat.com

قتل کئے جانے کے قریب ہوگیا۔
(اَرَابَ)اللبنَ: دہی بنانا۔
(رَوَّبَ)اللبنَ: دودھ کو دہی بنانا۔
(الاَرْدَبُ) من الرّجال: حیران و پریشان آدمی (۲) شکم سیری یا نیند کی وجہ سے سست پڑ جانے والا آدمی۔
(الرّائِبُ) من الامور: صاف اور واضح معاملہ جس میں کوئی شبہ نہ ہو۔ حدیث ابوبکر رضی اللہ عنہ میں ہے (وعلیك بالرائب من الامور ودع الرائب منها) صاف اور واضح باتوں کو اختیار کرو اور شبہ والی باتوں کو چھوڑ دو (پہلا رائب روب سے ہے اور دوسرا رائب ریب سے ہے) (۲) پریشان اور سست آدمی۔
(الرّابُ): مقدار۔ هذا رابُ كذا: یہ اتنی مقدار ہے۔
(الرَّوْبُ): دہی کہتے ہیں: ماعندی شوبٌ ولا روبٌ: میرے پاس نہ شہد ہے نہ دہی۔ حدیث میں ہے: (لا شَوْبَ ولا رَوْبَ فی البیع والشراء) خرید و فروخت میں فریب اور دھوکہ نہ ہونا چاہئے۔
(الرَّوبان) من الرجال: پریشان (۲) شکم سیری یا نیند کی وجہ سے سست آدمی (ج) رَوْبَی۔
(الرَّوْبَةُ): دہی جمانے کے لئے دودھ میں ڈالا جانے والا ترش جما ہوا مادہ۔
(الرُّوْبَةُ): الرَّوْبَةُ (۲) گاڑھا یا جمایا ہوا دودھ (۳) اصلاح حال، درستگی (۴) ضرورت (۵) گزارہ کی چیزیں کہتے ہیں: مایقومُ فلانٌ بروبة اهله: فلاں اپنے اہل و عیال کے گزارے کا انتظام نہیں کرتا (۶) زرخیز، عمدہ اور زیادہ پیداوار والی زمین (۷) گوشت کا ٹکڑا کہتے ہیں: قطع اللحمَ روبةً روبةً: اس نے گوشت ٹکڑے ٹکڑے کر کے کاٹا (۸) کل معاملہ (۹) رات کا ایک حصہ (۱) عقل۔ کہتے ہیں: هو یحدّثنی وانا اذ ذاك غلامٌ لیس لی روبةٌ: وہ مجھے اس وقت حدیث بیان کرتے تھے جب میں بچہ تھا اور مجھے عقل نہ تھی۔

(المِرْوَبُ): دہی بنانے کا برتن (ج) مراوب۔
(رَاثَ) ذوالحافر ـُ رَوْثًا: کھر والے جانوروں کا لید کرنا۔ کہاوت ہے (اَحْشُكَ و تَرُوْثُنِیْ) میں تیرے آگے گھاس ڈالتا ہوں اور تو میرے اوپر لید کرتا ہے، ناشکرے اور احسان فراموش کے بارے میں کہا جاتا ہے۔
(الرَّوْثُ): لید، گوبر، کھر والے جانوروں کا فضلہ (ج) اَرواث۔
(الرَّوْثَةُ): واحد الروث (۲) گیہوں کا بھوسہ، چھانن (۳) ناک کا سرا (۴) عقاب کی چونچ۔
(راجَتِ) السِّلْعَةُ ـُ رَوَاجًا: سامان کی مانگ ہونا۔
-الامرُ رَوْجًا و رَوَاجًا: کسی معاملہ کا تیزی سے آگے بڑھنا۔
-الریحُ: ہوا کا خوب چلنا (یہ نہ معلوم ہو کہ وہ کس رخ سے آرہی ہے)
(رَوَّجَ) الغبارُ: مسلسل گرد اڑنا۔
- السِّلعةَ: سامان کو بازار میں چلانا۔ رائج کرنا۔
- کلامَه: کلام کو آراستہ کرنا (۲) بات کو مبہم رکھنا اور اس کی حقیقت کو چھپانا۔
(الرَّوْجَةُ): عجلت، تیزی۔
(المُرَوِّجُ) امرٌ مروّجٌ: غیر واضح معاملہ۔
(رَاحَ) ـُ رَوَاحًا: شام کے وقت چلنا (۲) بغیر وقت کی قید کے رواح صبح و شام چلنے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ اسی طرح غدوٌّ
- القومَ و راحَ الیهم و عندهم رَوْحًا و رَوَاحًا: لوگوں کے پاس آنا یا جانا۔
- الابلُ و غیرها ـُ رَوْحًا: اونٹوں وغیرہ کا بعد غروب آفتاب اپنے باڑہ میں واپس آنا۔
- الیومُ: دن کا تیز ہوا والا ہونا۔ (۲) ہوا کا خوش گوار ہونا۔
-فلانٌ للمعروف ـَ راحةً: بھلائی کے لئے کسی کا بہت جلد تیار ہونا۔
-یده لکذا و بکذا: کسی کام کے لئے پھرتی سے اٹھنا۔

-للامرِ رواحًا و راحًا و راحةً و اَرْیَحِیَّةً و رِیَاحَةً: کسی کام سے خوش و ہشاش بشاش ہونا۔
-فلانٌ معروفًا راحةً: نیکی یا بھلائی پانا۔
-الشیئَ رَوْحًا: کسی چیز کی بو محسوس کرنا۔
-الریحُ الشیئَ: کسی چیز کو ہوا لگنا۔
-الشجرُ: درخت کا ہوا پانا یا درخت کو ہوا لگنا۔
هو مَرُوْحٌ و مَرِیْحٌ۔ رِیْحٌ بھی کہتے ہیں۔
(رَوِحَ) الشیئُ ـَ رَوَحًا: وسیع و کشادہ ہونا۔ کہتے ہیں محمِلٌ اَرْوَحُ: کشادہ کجاوہ۔
-قصعةٌ رَوحاء: کم گہرا کشادہ پیالہ۔
- الرجلُ: دونوں پیروں میں کشادگی والا ہونا هو اَرْوَحُ وهی روحاء (ج) رُوْحٌ۔
(اَرَاحَ): سانس لینا (۲) آرام محسوس کرنا (۳) مرجانا۔
-الشیئُ: بدبودار ہونا۔
-فلانٌ: شام کے وقت میں داخل ہونا (۲) کھلی ہوا میں داخل ہونا (۳) اونٹ کو آرام پہنچانے کے لئے اس سے نیچے اتر جانا۔
- الابلَ و غیرَهَا: اونٹوں وغیرہ کو ان کے باڑے میں واپس لانا۔
-علیه حقَّه: کسی کا حق واپس کرنا۔
-علیه اللیلُ عازبَ هَمِّهِ: رات کا کسی کو اس کے ارادہ سے روک دینا۔
-فلانًا: کسی کو راحت پہنچانا۔
-منه معروفًا: کسی سے بھلائی پانا۔
-الشیئَ: بو محسوس کرنا۔
(اَرْوَحَ) الشیئُ: بدبودار ہونا۔
(رَاوَحَ) بین الشیئین و العملین: دو کاموں یا دو چیزوں کو ادل بدل کرنا، کبھی یہ لینا اور کبھی وہ۔
-بین جنبیه: بار بار پہلو بدلنا۔
- بین رجلیه: بار بار پیر بدلنا کہتے ہیں انا اغادیه و اراوحُهٗ: میں اس کے پاس صبح و شام جاتا ہوں۔
(رَوَّحَ) علیه بالمِرْوحةِ: پنکھے سے ہوا جھلنا۔

Marfat.com

-بالقوم: لوگوں کو تراویح پڑھانا۔
-عنہ: آرام وسکون پہنچانا۔
-القومَ: قوم کے پاس شام کے وقت جانا۔
-الدُّهْنَ و غیرَہ: تیل وغیرہ کو خوشبودار کرنا۔
-فلاناً او الابلَ: اَرَاحَ۔
(ارتاحَ) للامرِ: کسی بات سے خوش ہونا' سکون ہونا۔
-اللهُ له برحمته: اللہ کا کسی کو مصیبت سے چھٹکارا دلانا۔
(ارتَوَحَ) هما یرتوحان عملاً: کسی کام کو یکے بعد دیگرے کرنا۔
(تَرَاوَحَ) فلانٌ یداهُ تترا و حان بالمعروف: فلاں کے ہاتھ یکے بعد دیگرے یا لگاتار عطیات دیتے ہیں۔
-تَرَاوَحَا العَمَلَ: کام کو باری باری کرنا۔
-تراوحته الاَحْقَابُ: لگاتار زمانوں کا آنا۔
(تَرَوَّحَ): رات کے وقت چلنا (۲) رات کے وقت کام کرنا۔
-الشئُ: کسی شے میں قرب کی وجہ سے دوسری شی کی بوسما جانا۔ جیسے تَرَوَّحَ اللبنُ و تَرَوَّحَ الماءُ۔
-النبتُ: گھاس و پودے کا لمبا ہونا۔
-الشَّجَرُ: موسم گرما کے بعد درخت پر پتے نکلنا۔
-بالمروحة: پنکھے کی ہوا لینا۔
-القومَ: لوگوں کے پاس شام کے وقت آنا۔
(اِسْتَرَاحَ): راحت پانا' آرام کرنا۔
(اِسْتَرْوَحَ) اسْتِرْوَاحًا: راحت پانا۔
-اِلَیه: سکون ہونا' مطمئن ہونا۔
-الغُصْنُ: ٹہنی کا جھومنا۔
-الرَّجُلُ: غرور کرنا' اکڑ کر چلنا۔
-الشئُ: بو محسوس کرنا (۲) بوسونگھنا۔
-المطرُ الزَّرْعَ: بارش کا کھیتی اگانا۔
(الاِسْتِرْوَاحُ): طب کی اصطلاح میں جسم کی کسی جوف میں ہوا داخل کرنا (ج)
(الاَرْیَحُ) مَحْمَلٌ اَرْیَحُ: کشادہ کجاوہ۔
(الاَرْیَحِیُّ): وسیع الظرف' فراخ دست' خوش مزاج (۲) تلوار۔
(الاَرْیَحِیَّةُ): سخاوت و فیاضی' خوش مزاجی' بہترین خصلت جو اعلیٰ افعال کو پسند کرتی ہے۔
(التَّرَاوِیحُ): واحد: ترویحةٌ: ترویحہ اصل میں نماز کے ہر جلسہ کا نام ہے۔ لیکن اصطلاحاً رمضان المبارک کی رات میں چار رکعات کے بعد بیٹھنے کو ترویحہ کہا جاتا ہے کیونکہ لوگ اس وقفہ میں آرام کرتے ہیں۔ پھر مجازاً ہر چہار رکعات کے مجموعہ کو کہا جانے لگا۔ یہ لفظ باب تفعیل کا مصدر ہے۔
(الرَّائِحَةُ): بو (اچھی ہو یا بری)' (۲) شام کے وقت واپس آنے والے اونٹ۔
کہتے ہیں: ماله سَارِحَة وَلَا رَائِحَة: اس کے پاس کچھ نہیں۔ وجَاءَ وَمَا فِي وَجْهِهِ رائحةُ دمٍ: وہ سہا ہوا خوف کی حالت میں آیا (۲) رات کی بارش اس کا مقابل غادیہ ہے یعنی دن کی بارش (ج) روائح۔
(الرَّاحُ): خوشی' راحت' اطمینان (۲) شراب (۳) آندھی کے دن۔
-لَیْلَةٌ رَاحَةٌ: آندھی والی رات۔
(الرَّاحَةُ): ہتھیلی (ج) رَاحٌ۔
کہتے ہیں: ترکتهُ علی انفی من الرَّاحةِ: میں نے اسے مطمئن بنا کر چھوڑا (۲) خوشی' راحت' اطمینان (۳) بیوی (۴) صحن۔
(الرَّوَاحُ): الرَّاحة (۲) شام (زوال شمس کے بعد سے مغرب تک کا وقت) اس کے مقابلہ میں صباح ہے۔
(الرَّوَاحَةُ): الرَّاحَةُ۔
(الرَّوْحُ): الرَّاحةُ (۲) رحم' مہربانی (۳) باد نسیم' لطیف ہوا۔ کہتے ہیں: وَجَدْتُ رَوْحَ الشِّمَالِ: میں نے شمال کی خنک ہوا محسوس کیا (ج) اَرْوَاحٌ۔
-یومٌ رَوْحٌ و عَشِیَّةٌ رَوحةٌ: خوش گوار دن' سہانی رات (۴) خوشی و شادمانی۔
(الرُّوْحُ): نفس انسانی کی بقا کا ذریعہ' روح' جان (مذکر و مؤنث) (۲) سانس (۳) جان (ج) اَرواح (۴) قرآن (۵) وحی (۶) علم فلسفہ میں وہ چیز جو مادہ کے مقابل ہو (۷) علم کیمیاء میں کسی مادی شے کا وہ حصہ جو اس کی صفائی کے بعد اڑ جانے والا ہو (ج)
-رُوْحُ القُدُسِ: (نصاریٰ کے نزدیک) اقنوم ثالث (۲) جبریل علیہ السلام۔
(الرُّوْحَانِيُّ): ہر وہ چیز جس میں روح ہو۔
-الآبَاءُ الرُّوْحَانِیُّوْنَ: نصاریٰ کے علماء۔
-الطِّبُّ الرُّوْحَانِيُّ: نفسیاتی علاج کی ایک قسم (مو)
(الرَّوْحَةُ): شام کے وقت کی آمد یا روانگی (ایک مرتبہ)
(الرُّوْحِیَّةُ): مقابل مادیت' مادہ پر روح کی برتری و بالادستی ثابت کرنے کا فلسفہ جس کی روشنی میں کائنات اور سلوک و معرفت کی تشریح کی جاتی ہے (ج)
-الاَشْرِبَةُ الرُّوْحِیَّةُ: شراب (مو)
(الرِّیْحُ): ہوا (۲) محسوس ہوا (مونث) (ج) ریاحٌ و ارواح و ارياحٌ (۳) رحمت' مہربانی (۴) قوت۔ جیسے ذهبت ریحُهُ: اس کی طاقت و قوت ختم ہوگئی۔ (۴) مدد و غلبہ (۵) طاقت و شوکت۔ جیسے الریحُ لآلِ فلان
-رجلٌ ساکنُ الرِّیحِ: باوقار اور سنجیدہ آدمی۔
-هَبَّتْ رِیْحُهُ: کسی کی مرضی کے مطابق کام ہونا۔
(الرَّیْحَانُ): فصیلہ شفویہ کا ایک خوشبودار پودا' نازبو (۲) ہر خوشبودار پودا۔ کہتے ہیں: المرأةُ ریحانةٌ و لَیْسَتْ بقهرمانة: عورت ایک پھول ہے گھر کی منتظم نہیں ہے (۲) مہربانی' رحم (۴) رزق۔
(الرِّیْحَةُ): ہوا' بو۔
(الرَّیِّحُ): خوشگوار جگہ' خوشگوار دن (۲) تیز ہوا والا دن یا جگہ هي رَیِّحَةٌ
(الرِّیْحِيُّ) رِیْحِيُّ التَّلْقِیحِ: علم الاحیاء میں ہواؤں کے ذریعہ نر درخت کے تخم کا مادہ درخت میں منتقل ہونے کا نام ہے (جس سے وہ بار آور ہوتا ہے)
-رِیْحِيُّ الاِنْتِشَارِ: وہ پودا جو اپنے تخم یا پھل یا

Marfat.com

جراثیم ہواؤں کے ذریعہ پھیلاتا ہے (مج)
(المَرَاحُ): شام کے وقت آنے یا جانے کی جگہ۔ خلاف المَغْدٰی۔
-مَا تَرَكَ فُلَانٌ مِنْ اَبِيْهِ مَغْدًى وَّلَا مَرَاحًا: وہ شخص اپنے باپ کے ساتھ تمام افعال واعمال میں مشابہت رکھتا ہے۔
(المُرَاحُ): (من اراح) جانوروں کے رہنے کی جگہ۔
(المُرْتَاحُ): دوڑ کا پانچواں گھوڑا۔
(المِرْوَاحُ): ہوا میں گیہوں اڑانے کا آلہ، بڑا چھاج (ج) مَرَاوِيح۔
(المِرْوَحُ): المِرْوَاحُ (۲) پنکھا (ج) مَرَاوِحِ۔
(المَرْوَحَةُ): صحرا، جنگل (۲) ہوا کی گزرگاہ، کھلی ہوادار جگہ (ج) مَرَاوِحُ۔
(المِرْوَحَةُ): پنکھا (ج) مَرَاوِحُ۔
(المِرْيَاحُ) طعامٌ مرياحٌ: گیس پیدا کرنے والا کھانا۔
(المُسْتَرَاحُ): بیت الخلاء، طہارت خانہ۔
(رَادَت) الدوابُّ ـُ رَوْدًا و رَوَدَانًا: مویشیوں کا چراگاہ میں گھومنا۔
-فلانٌ: بے اطمینانی کے ساتھ آنا جانا، قرار نہ پانا۔ کہاوت ہے (رَادَ وِسَادُهٗ من مَرَضٍ او هَمٍّ) وہ بے قرار رہا۔
-الريحُ: ہوا کا گھومنا۔
- المرأةُ: عورت کا پڑوسی عورتوں کے پاس آنا جانا۔
-الشيءَ روداً و ریاداً: تلاش کرنا۔ کہتے ہیں: رادَ اَهْلَه منزلاً وَّكَلأً و رادَلَهُم: اس نے اہل وعیال کے لئے ٹھکانہ اور آب ودانہ تلاش کیا۔ هو رَائِدٌ وَهِيَ رَائِدَةٌ۔
-الدَّابَّةَ: مویشی کو چراگاہ میں گھمانا۔
(اَرَادَ) الشَّيءَ: چاہنا (۲) خواہش کرنا، پسند کرنا کہتے ہیں: اَرَادَ الجدارُ اَنْ يَنْقَضَّ: دیوار گرنے کے قریب ہوگئی۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ﴾۔
-فلاناً علی الامرِ: کسی کام پر ابھارنا۔ کہتے ہیں: ارادتهُ الحاجَةُ: کسی ضرورت کی وجہ سے ٹھہرنا۔
-الدَّابَّةَ: جانور کو گھمانا، چراگاہ کا چکر لگوانا۔
(اَرْوَدَ) في مَشْيِه: سبک رفتاری سے چلنا۔
-فلاناً: مہلت دینا۔
-المرأةَ عَنْ نَفْسِها: عورت کو بدکاری پر آمادہ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَأَةُ العزيز تراود فتاها عَن نفسه﴾
-عن الامرِ و عليه: کسی معاملہ میں کسی کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا۔
-علی الامرِ: کسی سے کوئی کام کروانا۔
(ارْتَادَ) لِاَهْلِه: اہل وعیال کے لئے ٹھکانہ اور آب ودانہ تلاش کرنا۔
-الشيءَ: کسی چیز کو تلاش کرنا۔
(استَرَادتِ) الدوابُّ: جانوروں کا چراگاہ میں گھومنا۔
-لِاَمْرِه: حکم کی تعمیل کرنا۔
-الشيءَ: چل پھر کر کسی چیز کی تلاش کرنا۔
-لکذا: کسی مقصد کے لئے کوئی چیز تلاش کرنا۔
(الاَرْوَدُ) الدَّهْرُ اَرْوَدُ ذو غِيَرٍ: زمانہ چپکے چپکے اپنا کام کرتا ہے کسی کو محسوس نہیں ہوتا۔
(الرَّائِدُ): قائد، رہبر (قافلہ کے آگے آب و چارہ کی جگہ بتانے کے لئے چلنے والا) کہاوت ہے (الرَّائِدُ لايكذبُ اهلَه) رہبر قافلہ والوں سے جھوٹ نہیں بولتا۔ (۲) میجر (ایک فوجی عہدہ) (محدثہ) (ج) رُوَّادٌ و رادةٌ - رائدُ العينِ: آنکھ کی کنک (ج) روائد - فلانٌ رائد الوساد: فلاں کو غم یا بیماری کی وجہ سے چین نہیں آتا۔ وهي رائدةٌ۔
- امرأةٌ رائدةٌ: پڑوسی عورتوں کے پاس بکثرت آمدورفت رکھنے والی عورت۔
(الرَّادَار): ریڈار، ایک الیکٹرانک مشین جس کی ذریعہ نگاہ کی گرفت سے باہر ہوائی جہاز یا سمندری جہاز کا پتہ لگایا جاتا ہے کہ وہ کہاں اور کتنے فاصلہ پر ہے (مج)
(الرَّاديوم): ریڈیم، ایک تابناک سفید عنصر جس کی شعاعی طاقت بہت زیادہ ہوتی ہے اور وہ اپنے کیمیائی عمل میں کیلشیم کے مشابہ ہے (مج)
(الرَّوَادُ) امرأةٌ رَوادٌ: پڑوسی عورتوں کے پاس بکثرت آمدورفت رکھنے والی عورت۔
(الرُّوَادُ) ريحٌ رُوَادٌ: ہر طرف گھومنے والی ہوا۔
(الرَّوْدُ): ہلکی ہلکی ہوا (۲) مہلت۔
(الرُّوْدُ) اِمْشِ علی رُوْدٍ: آہستہ چلو۔
(الرُّوَيْدُ): ترخیم کی بنا پر ارواد کی تصغیر۔
رويداً: آہستہ۔ رُوَيْدَ خالدٍ و رُوَيْدًا خالدًا و رُوَيْدَكَ خالدًا: خالد کو مہلت دو۔
(المِرْوَدُ): سرمہ لگانے کی سلائی (۲) لگام کے حلقہ کا لوہا (۳) جوڑ (۴) میخ، کیل، کھونٹی (۵) لوہے کی چرخی کا دھرا (جس پر وہ گھومتی ہے) (ج) مَرَاوِدُ و مَرَاوِيْدُ۔
(رَوْزَنَ): (دیکھئے ردن)
(الرَّوْذَقُ): (دیکھئے رذق)
(الرَّوْذَمَةُ): (دیکھئے رذم)
(رَوْذَنَ): تھک جانا، کمزور ہونا۔
(رَازَهٗ) ـُ رَوْزًا: تجربہ کرنا، آزمانا، اندازہ کرنا۔
-الدِّيْنارَ: دینار کو تول کر اس کی مقدار معلوم کرنا۔
-الحجرَ و نحوهٗ: پتھر وغیرہ کو اٹھا کر اس کی مقدار جانچنا۔
-صَنْعَتَه و مَالَهٗ: صنعت و مال کی حفاظت و درستگی کرنا۔
-ما عندهٗ: طلب کرنا، چاہنا۔
(رَاوَزَهٗ): جانچنا، آزمانا۔
(رَوَّزَ) کلامه و رَايَه في نفسه: اپنے دل میں اپنی کسی بات یا رائے کی جانچ پڑتال کر کے صحت وخرابی کو جاننا۔
-رَايَهٗ: ایک چیز کے بعد دوسری کا ارادہ کرنا۔
(الرَّازُ): (اس کی اصل رائز ہے) مزدوروں کا سردار، راج یا ہیڈ مستری، نگران کاریگر (ج)

Marfat.com

رَازَةٌ۔
(الرَّوْزُ): الرَّزْنُ (علم کیمیا کی اصطلاح)۔
(دیکھئے: رزن)۔
(الرُّوْزْنامةُ): (دیکھئے روزنامۃ)
(الرِّيَازَةُ): معماری کا پیشہ۔
(الرُّوْزَنَةُ): (دیکھئے: رزن)
(رَاسَ) ـُ رَوْسًا: اکڑ کر متکبرانہ انداز میں چلنا۔
-السيلُ الغُثَاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا کر لے جانا۔
(الرَّوْسُ) عیب۔ کہتے ہیں: فلانٌ روسُ سوءٍ: وہ برا آدمی ہے۔
(رَاشَ) ـُ رَوْشًا: زیادہ کھانا۔
-المرضُ فلانًا: بیماری کا کسی کو کمزور کرنا۔
(رَوِشَ) ـَ رَوَشًا: کم عقل ہونا۔ هو أَرْوَشُ وهي رَوْشاءُ (ج) رُوْشٌ۔
(الرَّوْشُ) جس کے کان پر زیادہ بال ہوں (۲) کمزور کمر والا۔
(الرَّوْشَنُ) (دیکھئے رشن)
(رَاضَهُ) ـُ رَوْضًا و رياضًا و رياضَةً: سدھانا، قابو میں کرنا۔ جیسے راض المُهْرَ گھوڑے کے بچے وغیرہ کو سدھانا۔
- نَفْسَهُ بِالتَّقْوٰى نفس پر قابو پا کر تقویٰ کا عادی بنانا۔
- القوافِيَ الصَّعْبَةَ مشکل قافیوں کو گرفت میں لانا۔
(الزَّاهِرِیَّةُ) اتراہٹ' نزاکت۔
- هو یمشی الزاهِرِیَّةَ وہ اترا کر مٹک کر چلتا ہے۔
(الزَّهَرُ) پھول' کلی۔ واحد زهرةٌ (ج) اَزْهَارٌ (جج) ازاهیرُ۔
-زَهرُ النَّرْدِ پانسہ' چھوٹا مکعب مہرہ۔
-ماء الزَّهْرِ نارنگی کے پھول کا عرق (مو)
(الزُّهْرُ) مہینہ کے شروع کی تین راتیں۔
(الزَّهْرَاءُ) مونث الازهر (ج) زُهْرٌ (۲) فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا لقب۔
(الزَّهْرَاوَان) سورۂ بقرہ' سورۂ آل عمران۔
(الزَّهْرَةُ) الزهر کا واحد۔
-زَهْرَةُ الدُّنْیَا: دنیا کی آرائش و مال و متاع۔
(الزُّهْرَةُ) چمکدار سفیدی (۲) رنگ کی صفائی۔
(الزُّهَرَةُ) زہرہ' کلام عرب میں نو سیاروں میں

Marfat.com

سے ایک۔ آفتاب سے دوری میں دوسرا سیارہ جو عطارد اور زمین کے درمیان واقع ہے چاند اور سورج کے بعد اجرام سماویہ میں زہرہ سب سے زیادہ روشن سیارہ ہے (۲) اہل یونان کے نزدیک حسن کا دیوتا (افرودیت) رومیوں کے نزدیک (ٹینوس)

(الزُّهْرَةُ): ضرورت۔ کہتے ہیں: قَضَيْتُ مِنْه زُهْرَتِي: میں نے اس سے اپنی ضرورت پوری کی۔

(الزُّهْرِيُّ): آتشک، سوزاک (ایک جنسی متعدی بیماری)

(الزُّهْرِيَّةُ): گل دان، پھول رکھنے کا برتن (ج) زُهْرِيَّات۔

(الزَّهَّارُ): پھول بیچنے والا۔ وهي زَهَّارَةٌ۔

(المِزْهَرُ): آلۂ طرب، سارنگی (ایک قسم کا باجہ) (۲) مہمانوں کے لئے آگ جلانے والا (ج) مَزَاهِر۔

(زَهْزَقَ): خوب زور زور سے ہنسنا (۲) غیر واضح کلام کرنا۔

-الصَّبِيَّ: بچہ کو نچوانا۔

(الزُّهْزَاهُ): اکڑ باز۔ هي زُهْزَاهَةٌ۔

(زَهَفَ) - زُهُوفًا: ذلیل و حقیر ہونا (۲) جھوٹ بولنا۔

-للموتِ وغيرِه: قریب ہونا۔ هو زاهِفٌ و زَهَّافٌ

(زَهِفَ) - زَهَفًا: کم عقل ہونا۔

- لِلشَّيْءِ: پھرتیلا اور چست ہونا۔ هو زَهِفٌ۔

(أَزْهَفَ): جھوٹ بولنا (۲) چغل خوری کرنا (۳) بدی کی طرف دوڑنا۔

-بہ: لوگوں کا اپنے معاملہ کی کوئی ایسی خبر دینا جس کا صحیح اور غلط ہونا مشتبہ ہو (۲) تعجب کرنا، تعجب میں پڑنا۔

-إلَيه فُلَانَةً: کسی کو کوئی عورت پسند آنا۔

-عليه: کام تمام کر دینا، زخمی یا لب دم کو ہلاک کر دینا۔

-الشَّيْءَ: لے جانا (۲) برباد کرنا۔

-فُلَانًا: ذلیل کرنا (۲) پچھاڑنا۔

- الطَّعْنَةَ فُلَانًا: نیزہ کی ضرب کا کسی کو قریب المرگ کر دینا۔

-اليه الطعنةَ وَ نَحْوَهَا: نیزہ وغیرہ کو کسی کے قریب لے جانا۔

-له حديثًا: کسی سے غلط بات کرنا۔

-اليه حديثًا: کسی کی طرف بری بات منسوب کرنا۔

-الخَبَرَ و فيه: خبر میں اضافہ کرنا۔

-فلانًا بالشَّرِّ: کسی کو بدی پر اُبھارنا۔

(انزَهَفَ): اچھلنا، چوپائے کا مارنے یا مارنے کی وجہ سے بدکنا۔

(تَزَهَّفَ) عنه: الگ ہونا، کنارہ کش ہونا۔

(ازْدَهَفَ): زَهِفَ۔

-له: قریب ہونا (۲) گھسنا، الجھنا۔

-له بالسَّيفِ: تلوار لے کر کسی کے سامنے آنا یا تلوار سے وار کرنا۔

- في كلامِه: بات کرنے میں سخت لب ولہجہ اختیار کرنا (۲) بات کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا۔

-عنه: اعراض کرنا، کنارہ کشی کرنا۔

-الشيءَ وبه: لے جانا۔

-فلانًا بالقولِ: کسی کے قول کو غلط قرار دینا۔

-له في الخَبَرِ: کسی کو واقعہ میں اضافہ کر کے بتانا۔

- اليه حَدِيثًا: کسی کی طرف نامناسب بات منسوب کرنا یا غلط اطلاع دینا۔

-فُلَانًا: ذلیل کرنا (۲) جلدی کرانا۔ کہتے ہیں: ما ازْدَهَفَ منه شيئًا: اس نے اس سے کچھ نہیں لیا۔

(زَهَقَ) - زَهَقًا و زُهُوقًا: آگے نکل جانا، جیسے زهقتِ الفرسُ۔

- الباطِلُ: ناپید و فنا ہونا، کمزور پڑنا۔ هو زاهِقٌ و زَهُوقٌ۔

-السهمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔

- نَفْسُهُ زُهُوقًا: روح نکلنا۔ صعوبت و دشوار سے نکلنے کو زُهُوق کہتے ہیں۔ شاعر کہتا ہے:

"فلمّا تولّت كادت النفس تزهق"

-مُخّ العَظْمِ: ہڈی کے گودے کا بھرا ہوا ہونا۔

(أَزْهَقَ) في السَّيْرِ: تیز چلنا۔

- الشيءَ: نیست نابود کرنا، ہلاک و برباد کرنا، ناپید کرنا (۲) بھرنا۔

-اللهُ الباطِلَ: اللہ تعالیٰ کا باطل کو مٹانا۔

- السَّهْمَ مِنَ الهَدَفِ: تیر کو نشانہ سے آگے نکالنا۔

(زَاهَقَه): أَزْهَقَهُ جیسے زَاهَقَ الحقُّ الباطِلَ۔

(انزَهَقَ): آگے نکلنا۔

(الزَّاهِقُ): تیز بہنے والا پانی (۲) شکست خوردہ (۳) سست و کمزور (۴) آگے بڑھنے والا (۵) سوکھا، خشک (ج) زُهُقٌ و زُهَّقٌ کہتے ہیں: بئرٌ زَاهِقٌ: گہرا کنواں (ج) زواهِق — وهي زاهقةٌ (ج) زواهِق۔

(الزَّهْقُ): نشیبی زمین۔

(الزَّهُوقُ) بئرٌ زَهُوقٌ: گہرا کنواں۔

(المَزْهَقَةُ): سبب ہلاکت، سبب بطلان (۲) ہلاکت گاہ۔

-جَمَلٌ مَزْهَقَةٌ لِلأَرْوَاحِ المطيّ: ایسا اونٹ جسے پکڑنے کے لئے تمام اونٹنیاں تھک گئیں لیکن پکڑ نہ سکیں۔

(زَهَكَه) - زَهْكًا: دو پتھروں کے درمیان کوٹنا۔

-الريحُ الارضَ او التُّرابَ عن الارضِ: ہوا کا زمین سے مٹی اڑانا۔

(زَهَلَ) - زَهْلًا: مطمئن ہونا۔

-عنه: دور ہونا۔

(زَهِلَ) - زَهَلًا: سفید و ملائم ہونا۔ هو زَهِلٌ۔

(الزُّهْلُولُ): چکنی چیز (۲) ایک سانپ جس کے سر پر کلغی ہوتی ہے (ج) زَهَالِيل

(زَهِمَ) العَظْمُ - زَهَمًا: ہڈی میں گودا آنا۔

-فلانًا: کسی کے متعلق بہت سی باتیں کرنا۔

-فلانًا و غيرَه عن كذا: ڈانٹ کر روکنا۔

(زَهِمَتْ) يَدُه - زَهَمًا: ہاتھ پر چکنائی لگنا۔

Marfat.com

-الدَّابَّةُ چوپائے کا موٹا ہونا' چربی چڑھ جانا۔ هو زَهِمٌ وهي زَهِمَةٌ۔
-فلانٌ بدہضمی ہونا۔ هو زَهْمَان۔
(اَزْهَمَ) العَظْمُ: ہڈی میں گودا آنا۔
-الشيَ قریب ہونا (پہنچنے سے پہلے) جیسے اَزْهَمَ الاربعين او الخمسين او غيرهما من هذه العقودِ: وہ چالیس یا پچاس سال وغیرہ کے قریب ہے۔
(زَاهَمَهٗ) قریب ہونا۔
-فی السَّيْرِ او البيع او الشراء و غير ذلك قریب ہونا (۲) کسی سے رگڑ کھانا (۳) دشمنی رکھنا (۴) الگ ہونا' جدا ہونا۔
(الزَّهَمُ) سڑاند بدبو (۲) جنگلی جانور کی چربی جس میں بدبو نہ ہو (۳) ایک قسم کی خوشبو۔
(الزَّهَمُ) مردار کی بو' سڑاند (۲) جنگلی جانور کی چربی جب کہ اس میں بدبو نہ ہو (۳) چوپائے وغیرہ میں موجود چربی۔
(الزُّهْمَةُ) بدبو' سڑاند۔
(الزَّهُومَةُ) بدبو' تعفن' سڑاند۔
(زَهَا) ـُ زَهْوًا و زُهُوًّا اترانا' بڑا بننا' شیخی بگھارنا۔
-السِّرَاجُ وغيرهٗ روشن ہونا۔
-اللونُ صاف اور چمکدار ہونا۔
البُسْرُ کھجور کا سرخی یا زردی پکڑنا (۲) سرخی یا زردی کے بعد کھجور کا رنگ نکھر جانا۔
-الزَّرْعُ کھیتی کا بڑھنا' نشوونما پانا۔
-الغلام و نحوهٗ جوان ہونا۔
-النَّبَاتُ پودوں کا لمبا اور پوری عمر کا ہونا۔
-الشيُ فلانًا زَهْوًا حقیر بنانا۔
-الكِبْرُ فلانًا تکبر کا کسی کو خود پسندی میں مبتلا کرنا۔
-السِّرَاجُ وغيرهٗ چراغ وغیرہ جلانا۔
الطَّلُّ الزَّهْرَ شبنم کا پھولوں کے حسن کو بڑھانا۔
-السرابُ الشيَ زَهْوًا سراب کا کسی چیز کو نمایاں کرنا۔
الريحُ النباتَ و الشَّجَرَ ہوا کا درختوں اور پودوں کو ہلانا۔
-السفينةَ: کشتی چلانا۔
-المروّحُ المِرْوَحَةَ: پنکھا جھلنے والے کا پنکھے کو حرکت دینا۔
-الشيَ بكذا: اندازہ کرنا۔
(زُهِيَ) بكذا زَهْوًا: پسند آنا۔ هو مَزْهُوٌّ وهي مَزْهُوَّةٌ۔
-الشيُ لِعَيْنِه: وہ چیز اسے بھا گئی۔
-على الناسِ: تکبر کرنا۔
(اَزْهَى) زَهَى۔
-البُسْرُ: زَهَا۔
-النباتُ: زَهَا۔
(زَهَّى) البُسْرُ: زَهَا۔
-المِرْوَحَةَ و نحوَها: پنکھا جھلنا۔
(ازْدَهَى) مغرور و متکبر ہونا۔
-الشيَ فلانًا و بهٖ: کسی چیز کا کسی کو حقیر بنانا۔
(الزُّهَاءُ) زُهَاءُ الشيءِ: کسی شے کی اصل (۲) مقدار (۳) قریب قریب (تخمینًا اور اندازًا) کہتے ہیں: هُمْ زُهَاءُ الفٍ: وہ تقریبًا ایک ہزار ہیں۔ كَمْ زُهاءُ هُمْ؟ وہ کتنے ہیں؟ هُمْ قَوْمٌ ذُوُوْ زُهَاءٍ: وہ بڑی تعداد والے لوگ ہیں۔
(الزَّهْوُ) تکبر (۲) خوشنمائی تروتازگی (۳) تروتازہ پودے یا گھاس (۴) رنگ دار کھجور۔
واحد زَهْوَةٌ۔

ز .... و

(زَابَ) الماءُ ـُ زَوْبًا و زَوَبَانًا: پانی چلنا۔
-فلانٌ چپکے سے نکل جانا۔
(زَوْبَرَ) الثوبَ و نحوهٗ کپڑے کا روئیں دار ہونا۔
(الزَّوْبَرُ) رواں۔ کہتے ہیں اَخَذَ بِزَوْبَرِهٖ اس نے پورا کا پورا لے لیا۔ رَجَعَ بِزَوْبَرِهٖ اسے پورا کا پورا ملا۔
(زَاجَ) بينهم ـُ زَوْجًا لڑائی کرانا' پھوٹ ڈالنا۔
(اَزْوَجَ) بينهما دو کو ملا دینا۔
(زَاوَجَهٗ) مُزَاوَجَةً و زِوَاجًا: تعلق رکھنا' میل جول رکھنا۔
-بينهما: ملانا۔
(زَوَّجَ) الاشياءَ تَزْوِيجًا و زِوَاجًا: باہم ملانا' جوڑ لگانا۔
-فلانًا امراةً وبها: کسی کا کسی عورت سے نکاح کرنا۔
(ازْدَوَجَا) دو چیزوں کا ملنا۔
-القومُ: لوگوں کا آپس میں شادیاں کرنا۔
-الكلامُ: کلام کے حصوں کا وزن اور قافیوں میں یکساں ہونا۔
-الشيُ: دو ہونا' جوڑا ہونا۔
(تَزَاوَجَا) ازْدَوَجَا۔
-تَزَاوَجَ القومُ: ازْدَوَجَ۔
-الكلامُ: ازْدَوَجَ۔
(تَزَوَّجَ) امراَةً وبها: کسی عورت سے شادی کرنا۔
(الزَّاجُ) الزَّاجُ الاَبْيَضُ: پھٹکری۔
-الزَّاجُ الاَزْرَقُ: نیلا تھوتھا۔
-الزَّاجُ الاَخْضَرُ: ہرا گندھکی تیزاب۔
-زَيْتُ الزَّاجِ: تیزاب (ج)
(الزَّوَاجُ) شادی' بیاہ۔ خاوند اور بیوی کا ملاپ۔
(الزَّوْجُ) جوڑ (خلاف الفرد ہم جنس دو چیزیں) یا ایک دوسرے کی ضد دو چیزیں جیسے تر اور خشک' نر اور مادہ۔ قرآن مجید میں ہے ﴿قُلْنَا احْمِلْ فِيهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ﴾ (۲) دن رات (۳) میٹھا کڑوا (۴) ہم پلہ' جوڑی دار (۵) مشابہ و مماثل (۶) خاوند (۷) بیوی (۸) جفت (خلاف الفرد) (۹) قسم نوع و صنف۔ قرآن مجید میں ہے ﴿و اَنْبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ﴾ (۱) ہر چیز کی قسم (ج) ازواج و زِوَجَة۔
(الزَّوْجَةُ) بیوی۔
(الزَّوْجِيَّةُ) میاں بیوی کا رشتہ' شادی' رشتہ ازدواج (مصدر صناعی ہے) کہتے ہیں بينهما حقُّ الزَّوْجِيَّة - مَا زَالَتِ الزَّوْجِيَّةُ بينهما

Marfat.com

قائِمَةٌ۔

(المُزَاوَجَةُ): علم بدیع میں کسی ایسے فعل کو جس کے متعلق مختلف ہوں کسی شرط اور اس کی جزا پر مرتب کر دینے کو کہتے ہیں اسے محسنات بدیعیہ میں شمار کیا جاتا ہے جیسے بحتری کا شعر ہے:۔

اذا ما نهی الناهی فلجّ بی الهوی
اصاخَتْ اِلی الواشی فلجّ بها الهجر

(المِزْوَاج): بہت شادیاں کرنے والا۔ اِمْرَأَةٌ مِزْوَاجٌ (ج) مزاویجُ۔

(المُزْدَوِجُ): مُزْدَوِجُ الثَّمَرِ: وہ درخت یا نبات جس پر دو مختلف صفات کے پھل آتے ہوں یا پکنے کے اعتبار سے مختلف موسموں کے پھل آتے ہوں جیسے بابونہ کا درخت۔

- مُزْدَوِجُ اللَّوْنِ: مختلف رنگوں کے پھول لانے والا پودا (مج)

-مُزْدَوِجُ الصَّوْتِ: بیک وقت نرمی اور سختی کی صفت والی آواز جیسے فصیح جیم کی آواز کہ اس میں ابتداء نرمی اور آخر میں شدت ہے۔

(زَاحَ) عَنِ المکانِ ـُ زَوْحًا و زَوَاحًا: ہٹنا، الگ ہونا، دور ہونا۔

-الشَّيْءَ زَوْحًا: دور کرنا۔

- الابِلَ و غیرَهَا: اونٹوں کو جدا جدا کرنا، منتشر کرنا۔

(اَزَاحَهُ): ہٹانا۔

(اِنْزَاحَ): ہٹنا، دور ہونا۔

(الازاحَةُ الزَّاوِيَّةُ): علم ریاضی میں کسی نقطہ کی جانب متحرک زاویائی فاصلہ (مج)

(زَادَ) ـُ زَوْدًا: زادراہ تیار کرنا۔

(اَزَادَهُ): توشہ دینا۔

(زَوَّدَهُ): توشہ دینا۔ کہتے ہیں: زَوَّدتُه کتاباً اِلی فلانٍ: میں نے اس کے ذریعہ فلاں کو کتاب بھجوائی۔

(تَزَوَّدَ): توشہ لینا۔

-مِنَ الامیرِ کتاباً اِلی عامِلِه: امیر سے ان کے ماتحت حاکم کے نام سفارشی خط لینا۔

(الزَّادُ): توشہ، زادراہ (۲) ذخیرۂ عمل (خیر و شر)۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَیْرَ الزَّادِ التَّقْوٰی﴾ (ج) اَزْوَادٌ و اَزْوِدَةٌ۔

(المِزْوَدُ): توشہ دان، مسافر کا سفری تھیلا (ج) مزاوِدُ۔

(زَارَه) ـُ زَوْرًا و زیارة و مزارًا: کسی سے ملنے کے لئے آنا یا جانا، ملاقات کرنا۔ هو زائِرٌ (ج) زُوَّارٌ و زُوَّرٌ و زَوْرٌ وهی زائِرَةٌ (ج) زَوَائِر و زُوَّرٌ۔

(زَوِرَ) ـَ زَوَرًا: ٹیڑھے سینہ والا ہونا۔ هو اَزْوَرُ وهی زَوْرَاءُ (ج) زُوْرٌ۔

(اَزَارَهُ) الشَّيْءَ: دکھانا، ملانا، معائنہ کرانا، زیارت کرانا، کہتے ہیں: اَزَارْتُه ثنائی و قَصَائِدِی: میں نے اپنی تعریف اور قصیدوں کا رخ ان کی طرف پھیر دیا۔

(زَوَّرَ) الطَّائِرُ: پرندہ کا پوٹہ دانہ کھانے کی وجہ سے پھول جانا۔

- الشَّيْءَ: ٹھیک کرنا، سیدھا و مضبوط کرنا (۲) آراستہ کرنا، خوبصورت کرنا۔

-الکلامَ: کلام کو جھوٹ سے آراستہ کرنا۔

- الکَلَامَ فی نَفْسِه: دل ہی دل میں بات کرنے کی تیاری کرنا۔

-الکِذْبَ: جھوٹ کو آراستہ کرنا۔

- الشَّهَادَةَ و نَحْوَهَا: شہادت وغیرہ کو جھوٹا قرار دینا۔

-علیه: جھوٹا الزام لگانا۔

-عَلَیْهِ کَذَا و کَذَا: کسی کی طرف غلط بات منسوب کرنا۔

-امضاءَهُ او توقیعَه: جعلی دستخط بنانا۔

-نَفْسَهُ: خود کو جھوٹ کی طرف منسوب کرنا۔

-الزَّائِرَ: ملاقاتی کا خیر مقدم کرنا، اعزاز و اکرام کرنا۔

-الاسیرَ و نحوَهُ: قیدی کے ہاتھوں میں رسی ڈال کر سینہ سے باندھنا۔

(تَزَاوَرَ) الناسُ: لوگوں کا ایک دوسرے کی زیارت کرنا۔

- عنه: ایک طرف ہونا، ہٹنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَتَرَی الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَزَاوَرُ عَنْ کَهْفِهِمْ﴾

(تَزَوَّرَ): جھوٹی بات کرنا۔

-الکلامَ: کلام کو جھوٹ سے آراستہ کرنا۔

(اِستَزَارَهُ): کسی سے ملاقات کی خواہش کرنا۔

(اِزَّاوَرَ) عنه: ایک طرف ہونا، ہٹنا، کنارہ کش ہونا۔ اسی سے قرآن مجید کی آیت ﴿تزاور عن کَهْفِهِمْ﴾ میں تزاور کو تَزَّاوَرُ پڑھا گیا ہے جس کی اصل تَتَزَاوَرُ ہے۔

(اِزْوَرَّ) عنه: ہٹنا، منحرف ہونا۔

(اِزْوَارَّ) عنه: اِزْوَرَّ۔

(الزَّارُ): محفل رقص جو قدیم عقیدہ کے مطابق ان ارواح خبیثہ کو بھگانے کے لئے منعقد کی جاتی تھی جو لوگوں کو چمٹ جاتی تھیں۔

(الزَّارَةُ): لوگوں کی بڑی جماعت (۲) پرندہ کا پوٹا (معدہ)۔

(الزَّاوِرَةُ): پرندہ کا پوٹا (معدہ)

(الزِّوَارُ): وہ رسی جس کے ذریعہ قیدی کا ہاتھ سینہ سے باندھا جائے (۲) ہر وہ چیز جو دوسری چیز کے لئے درستگی کا ذریعہ ہو (ج) اَزْوِرَةٌ۔

(الزَّوْرُ): زَارَهُ کا مصدر، یہ وصفی معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ بمعنی زائر۔ جیسے هو زَوْرٌ وهی زَوْرٌ وهم زَوْرٌ وهُنَّ زَوْرٌ (۲) خیال، خیالی شکل (۳) سینہ کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ (۴) مونڈھے کی طرف سینہ کا ابھرا ہوا حصہ (۵) طاقت (۶) قوتِ ارادہ (۷) عقل (ج) ازوار۔

(الزُّوْرُ): باطل (۲) جھوٹی گواہی (۳) جھوٹ (۴) محفل رقص وغنا۔

(الزُّوَرُ): ترچھی نگاہ۔

(الزَّوْرَاءُ): دور دراز۔ فلاةٌ زَوْرَاءُ دور تک پھیلا ہوا جنگل۔

-ارضٌ زوراءُ: دور تک پھیلی ہوئی زمین۔

-بئرٌ زوراءُ: گہرا کنواں۔

(۲) بغداد کا ایک شہر طغرائی کا ایک شعر ہے:

فیم الاقامة بالزوراء لاسکنی
بها ولا ناقتی فیها ولا جملی

-کَلِمَةٌ زَوْرَاءُ: بے حقیقت بات۔

Marfat.com

-مَنَارَةٌ زَوْرَاءُ: ٹیڑھا مینار۔
(الزَّوْرَةُ): ایک ملاقات (۲) دوری۔
(الزَّوَرُّ): سخت انسان اور سخت جانور' (۲) سخت رفتار۔
(الزَّوَّارُ): بہت زیارت کرنے والا۔ وھی زَوَّارَةٌ۔
(الزِّيَارُ) الزَّوَّارُ۔
(الزِّيْرُ): عورتوں سے بہت زیادہ اختلاط و بات چیت میں مشغول رہنے والا۔ کہتے ہیں: فلانٌ زِيْرُ نِسَاءٍ۔ (۲) عادت (۳) باریک اور تیز تانت (۴) نسر کپڑا (۵) مٹکا' بڑی صراحی (ج) اَزْوَارٌ و اَزْيَارٌ و زِيَرَةٌ۔
(المَزَارُ): زیارت کی جگہ (۲) مزار اولیاء اللہ میں سے کسی کی قبر جس کی زیارت کی جائے۔
(تَزَوْرَقَ): (دیکھئے زرق)
(الزَّوْرَقُ): (دیکھئے زرق)
(زَوْزَكَ): (دیکھئے ززك)
(الزوزك): (دیکھئے ززك)
(زَوْزَى) زَوْزَاةً: کمر کو سیدھا کر کے دوڑنا۔
-فلاناً وَبِهِ حقیر سمجھ کر دھتکارنا۔
(زَاعَ) لحمه ـُ زَوْعًا: گوشت کا پٹھے سے الگ ہونا۔
-الشيءَ آگے کرنا۔
-البعيرَ اونٹ کو دوڑانے کے لئے ہچکانا۔
-الثَّرِيْدَ و شِبْهَهُ ثرید وغیرہ کو ہاتھوں سے کھینچنا۔
-الشيءَ موڑنا (۲) روکنا' ٹھہرانا (۳) باز کرنا' ہٹانا۔
-لفلانٍ زَوْعَةً من البطيخ و نَحْوِهِ خربوزہ وغیرہ کی قاش کاٹ کر کسی کو دینا۔
(تَزَوَّعَ) اللَّحْمُ پٹھے سے گوشت الگ ہونا۔
(الزَّاعَةُ) پولیس کے جوان (بظاہر زائع کی جمع ہے)
(الزَّوْعَةُ) خربوزہ وغیرہ کی قاش۔
(الزُّوْعَةُ) پھرتیلا اور تیز رفتار (۲) لوگوں کی جماعت (۳) گوشت کا ٹکڑا (۴) پودوں کا ایک حصہ (ج) زُوَعٌ۔

(زَاغَ) ـُ زَوْغًا و زَوَغَانًا: اعتدال سے ہٹنا۔
-عَنِ الطَّرِيْقِ: راستہ سے ہٹنا۔
-في مَنْطِقِهِ: گفتگو میں سختی برتنا۔
-الشيءَ زَوْغًا: جھکانا۔
-النَّاقَةَ: اونٹنی کو لگام پکڑ کر کھینچنا۔
(اَزَاغَهُ): راستہ سے ہٹانا۔
(الزَّاغُ): کوے کی ایک قسم۔ اسے الغرابُ الزرعيّ' غرابُ الزرعيّ اور غرابُ الزيتون بھی کہتے ہیں۔ یہ مشرقی یورپ' ترکی اور ایران میں پایا جاتا ہے اور فلسطین اور مصر کی طرف ہجرت کرتا ہے (ج) زِيغانٌ (مع)
(المُزَوِّغُ): بجلی کا کرنٹ پہنچانے کا ذریعہ (مع)
(زَافَ) الطائرُ في الهواءِ ـُ زَوْفًا و زُءُوْفًا: پرندہ کا منڈلانا' ہوا میں چکر لگانا۔
-الغلامُ لڑکے کا اچھلنا اور گھومنا۔
-الماءُ پانی پر بلبلا اٹھنا۔
-الحمامةُ الذكر عند الحمامةِ الأُنْثٰى: کبوتر کا کبوتری کے پاس پروں کو پھیلا کر دم اور پروں کو زمین پر گھسیٹنا۔
-فلانٌ بدن کو ڈھیلا کر کے چلنا۔
(تَزَاوَفَ) الغِلْمَانُ لڑکوں کا ایک ورزشی کھیل کھیلنا۔
(التَّزَاوُفُ): ایک ورزشی کھیل جس کی ذریعہ گھوڑا سواری کی مشق کی جاتی ہے۔
(الزُّوَافُ) و (الزُّوَّاف) موتٌ زُوَافٌ: جلد اور اچانک آنے والی موت۔
(الزُّوْفَى) ایک چکنا مادہ جو بھیڑوں کی اون پر گھاس سے ٹکرانے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے (ورم کی تحلیل کے کام آتا ہے) (۲) تج پات جیسا خوشبودار ایک پتا یا تج پات جو بطور مسالا استعمال ہوتا ہے۔
(زَوَّقَهُ) پارہ کا ملمع کرنا (۲) آراستہ اور خوبصورت کرنا۔ بناؤ سنگار کرنا۔ جیسے زَوَّقَ العَرُوسَ۔
-كلامَهُ کلام کو دلچسپ اور دلکش بنانا۔ (۲) نقش و نگار بنانا' سجانا جیسے زَوَّقَ المسجدَ و زَوَّقَ الكتابَ۔

(التَّزْوِيْقُ): تزیین' ملمع سازی (ج) تَزَاوِيق۔ اصل میں پارے کو سونے میں ملا کر پالش کرنے کا نام تزویق ہے لیکن توسعًا ہر قسم کی تزیین اور ملمع کاری کے لئے استعمال کیا جاتا ہے خواہ اس میں پارہ ملا ہوا ہو یا نہ ہو۔
(الزَّاوُوْقُ): پارہ۔
(الزَّوَاقُ): عورت کا بناؤ سنگار۔
(الزَّوَّقَةُ): گھروں کی چھتوں پر بیل بوٹے بنانے والے۔
(المُزَوَّقُ): هذا شِعْرٌ مُزَوَّقٌ: خوبصورت و آراستہ شعر۔
(زَاكَ) ـُ زَوْكًا و زَوَكَانًا: شانوں اور کولہوں کو ہلاتے ہوئے دونوں ٹانگوں کو کھول کر مغرورانہ چال چلنا۔ هو زَائِكٌ و زَوَّاكٌ۔
(اَزْوَكُ): کوتاہ قد آدمی کی طرح چلنا۔
(تَزَاوَكَ): شرم کرنا۔
(زَالَ) ـُ زَوَالًا و زَوَلَانًا: الگ ہونا' جگہ سے ہٹنا' سرکنا' منتقل ہونا۔ کہتے ہیں: زَالَ عن مكانِهِ و عنه (۲) سست پڑنا۔
-الشمسُ: وسط آسمان سے ہٹ جانا۔
-النَّهارُ: دن چڑھنا' جانا' گزرنا۔
-الخَيْلُ بِرُكْبَانِهَا گھوڑوں کا اپنی سواروں کو لے کر چلنا۔
-السَّرَابُ بِالشَّخْصِ: سراب کا کسی کو نمایاں کرنا۔
-ارى النجومَ تزول ولا تغيب میں ستاروں کو روشن اور متحرک دیکھ رہا ہوں۔
-زال زائلُ الظلّ: دوپہر ہوگئی' سورج ڈھل گیا۔
-زَوَالُهُ وہ برباد ہو گیا (بددعا)
-زوالُهُ او زوبلُه خوف سے دل لرزنا۔
(اَزَالَهُ) ہٹانا' دور کرنا۔ کہتے ہیں ازال اللهُ زَوَالَهُ خدا اسے برباد کرے (بددعا)
(زَاوَلَهُ) مُزَاوَلَةً و زِوَالًا: کسی کام پر لگنا اور مسلسل محنت کرنا۔
(زَوَّلَهُ) اَزَالَهُ۔

Marfat.com

(انْزَالَ): زَالَ۔
-عَنْهُ: الگ ہونا۔
(تَزَوَّلَ): ہوشیار ذہین ہونا۔
(استزَالَهُ): کسی چیز کے زوال کا منتظر رہنا۔
(الزَّائِلُ) زائِلُ الظِّلِّ: دوپہر کا وقت۔
-لَيلٌ زَائِلُ النُّجُومِ: لمبی رات۔
(الزَّائِلَةُ) مؤنث الزَّائِل (۲) ہر ذی روح (۳) ہر متحرک چیز (ج) زَوَائِلُ۔
-زَالَتْ لَهٗ زَائِلَةٌ: کوئی چیز سامنے آنا۔
(الزَّوائِلُ): شکار (۲) (بطور تشبیہ) عورتیں۔
فلانٌ يرمي الزَّوَائِلَ: فلاں عورتوں کو پھنسانے میں ماہر ہے (۳) ستارے۔
(الزَّوَالُ): زوال، سورج ڈھلنے کا وقت، جب سورج وسط آسمان میں ہوتا ہے۔
(الزَّوْلُ): پھرتیلا (۲) ذہین (۳) شخص، نظر آنے والی چیز (۳) بہادر جس کو دیکھ کر لوگ اِدھر اُدھر ہو جائیں (۴) شکرا (ج) ازوالٌ۔
کہتے ہیں: هٰذَا زولٌ مِنَ الْاَزْوَالِ: یہ ایک عجیب بات ہے۔
(الزَّوْلَةُ): مونث الزَّوْل - شَتْوَةٌ زَوْلَةٌ: عجیب قسم کی سردی (۲) مردوں کا مقابلہ کرنے والی عورت۔
(المِزْوَلَةُ): دھوپ گھڑی (مو) (ج) مزاوِلُ۔
(زَامَ)ـُ زَوْمًا: مرنا (۲) غصہ سے بڑبڑاتے ہوئے دیکھنا۔
(الزَّامُ): ہر چیز کا چوتھائی کہتے ہیں: مضٰی زامٌ مِنَ النَّهارِ او الليلِ۔
-مضٰى زامان منه: اس کا نصف گزر گیا۔
(الزَّامَةُ): گروہ، جماعت (ج) زَامٌ۔
(الزَّوِيمُ): جمع شدہ چیز۔
(زِيْنَ) البُرُّ: گندم میں خراب دانے پیدا ہونا۔
هو مَزُوْنٌ۔
(الزَّانُ): بدھمی (۲) ساگوان کا درخت جس کی لکڑی مضبوط ہوتی ہے اور فرنیچر کے کام آتی ہے۔
(الزَّانَةُ): چھوٹا نیزہ، برچھی (۲) ایک لمبی لکڑی جس کا سہارا دے کر کودنے کی ورزش کی جاتی ہے یا توازن برقرار رکھنے میں مدد لی جاتی ہے (ج) زَانٌ۔
(الزُّوَانُ): (دیکھئے: الزُّؤَانُ)
(الزَّوْنُ): بت (۲) اللہ کے علاوہ جس کی عبادت کی جائے (۳) بت خانہ، مندر (ج) ازوانٌ۔
(ازْوٰى): کسی کو ساتھ لے کر آنا۔
(الزَّوُّ): جوڑی دار، ہم نشین۔ جَاءَ ا زَوًّا: وہ اور اس کا دوست اکٹھے آئے (۲) جوڑا (دو) كَانَ تَوًّا فصارَ زَوًّا: وہ اکیلا تھا اب دو ہو گئے (۳) اندازہ (۴) موت کے حوادث۔
(زَوَاهُ)ـِ زَيًّا: لے جانا، زائل کرنا۔ کہتے ہیں: زَوٰى الدَّهْرُ القومَ۔
-المالَ: مال جمع کرنا۔
-السِّرَّ عنه: کسی سے راز مخفی رکھنا۔
-الشيَّ: اکٹھا کرنا (۲) قبضہ میں لینا۔
- زوٰى مَابين عينيهِ: پیشانی پر بل ڈالنا۔
-الشيَّ: پھیرنا، ہٹانا، روکنا۔
(زَوّٰى): گوشہ نشین ہونا۔
-الشيَّ: لپیٹنا، سمیٹنا، لینا۔
- الكلامَ في نفسهِ: دل ہی دل میں بات کو آراستہ کرنا۔
-الحرفَ: کسی حرف کو زاء کہنا۔
-الزَّايَ: زاء لکھنا۔
(انزَوٰى): گوشہ نشین ہونا (۲) سکڑنا، منقبض ہونا۔
- القومُ بعضهم اِلٰى بعضٍ: لوگوں کا ملنا قریب ہونا۔
(تزوّٰى): انزَوٰى۔
(الزَّاوِيُّ): زاویہ کی شکل۔
(الزَّاوِيَةُ): عمارت کا کونا، گوشہ (۲) علم الہندسہ میں دو ایسے خطوں کے درمیان کا کھلا حصہ جو ایک دوسرے کو کاٹتے ہوں (مج) (۳) چھوٹی مسجد جس میں منبر نہ ہو (۴) خانقاہ، تکیہ جہاں صوفیاء اور اولیاء رہتے ہوں (۵) معمار اور بڑھئی کا ایک آلہ جو دو مستقیم ضلعوں سے بنتا ہی اور اس سے زاویہ قائمہ پیدا ہوتا ہے، مثلث نما اس آلہ سے کونے کی دونوں سمتوں کو برابر اور سیدھا کیا جاتا ہے۔ کونیا، گنیا (ج) زوایا۔
(المِزْوَاةُ): پیمائش کرنے والوں کا ایک آلہ جس کے ذریعہ زاویوں کا اندازہ کرتے ہے (مج)

ز.........ی

(تَزَيَّبَ) لحمُهٗ: گوشت کا جمع ہونا، اکٹھا ہونا۔
(الأَزْيَبُ): پست قد اور چھوٹے چھوٹے قدموں والا ہونا (۲) جنوب سے آنے والی ہوا، یا سخت آندھی (۳) خوف، گھبراہٹ (۴) دشمنی۔
(زَاتَ) الطَّعَامَ و غيرهٗ ـِ زَيْتًا: کھانے میں تیل یا روغن ڈالنا۔
-الجلدَ و غيرَهٗ: کھال وغیرہ پر تیل ملنا۔
-فلانًا: تیل کھلانا۔ هو مَزِيْتٌ و مَزْيُوْتٌ۔
(ازَاتَ) فلانٌ: بہت تیل والا ہونا۔
(زَيَّتَهٗ): زاتَه۔
-فلانًا: کسی کو تیل یا زیتون کا تیل دینا۔
-الآلةَ: مشین کو گریس دینا۔ پرزوں میں تیل یا چکناہٹ ڈالنا (مج)
(استزَاتَ): تیل یا روغن زیتون مانگنا۔
(الزَّيْتُ): زیتون کا تیل۔ دوسری اقسام کے تیلوں پر اضافت اور بلا اضافت بولا جاتا ہے۔
-زَيتُ الخِرْوَعِ: کاسٹر آئل، ارنڈ کا تیل۔
-الزّيت الحارّ: السی کا تیل۔
-الزَّيتُ المعدنيّ: زمین سے نکالا جانے والا تیل۔
- الزيتُ العِطْرِيُّ: خوشبودار تیل۔ نباتات اور پھولوں میں موجود اڑ جانے والی خوشبو (مج) (ج) زُيُوْتٌ۔
(الزَّيْتِيُّ): روغن زیتون کا، روغن زیتون جیسا، تیل کا، تیل جیسا۔
(الزَّيَّاتُ): تیل فروش، تیلی۔
(الزَّيْتُوْنُ): ایک پھل جو عناب کی شکل کا ہوتا ہے اسے کھایا جاتا ہے اور اس کا تیل استعمال کیا

Marfat.com

جاتا ہے' درخت کو بھی زیتون کہتے ہیں۔ واحد: زَیتُونَۃٌ۔
(الزِّیجُ): فلکی جدول جس سے ستاروں کی رفتار جانی جاتی ہے اور اس کی مدد سے سال کی جنتری تیار کی جاتی ہے (مع) (۲) معمار کا وہ دھاگا جس سے دیوار کی سیدھ معلوم کی جاتی ہے (مع) اس کی فصیح عربی مطمرٌ ہے۔
(زَاحَ)۔ زَیحًا و زُیُوحًا و زَیَحَانًا: چلے جانا' دور ہونا۔
(اَزَاحَۃٗ) زائل کرنا' ہٹانا۔
-اللّٰہُ عِلَّتَہ فَزَاحَتْ: بیماری کو دور کرنا' شفا عطا کرنا۔
(اِنْزَاحَ) زائل ہونا' ہٹنا۔
(زَادَ)۔ زَیْدًا و زِیَادَۃً: زیادہ ہونا' بڑھنا۔
-الشئَ: زیادہ کرنا۔
-فلانًا خیرًا اَوْغیرَہٗ: کسی کو کوئی چیز دینا۔
(زَایَدَہٗ): زیادتی میں مقابلہ کرنا۔
-فی ثَمَنِ السِّلْعَۃِ: مقابلہ میں قیمت بڑھانا۔
(تَزَایَدَ) زیادہ ہونا' بڑھنا۔
- فی قَوْلِہ او فِعْلِہ: نامناسب بات یا نامناسب کام کرنا۔
- الناسُ فی السلعۃِ و علیھا: سامان کی ایک دوسرے سے بڑھ کر بولی لگانا۔
(تَزَیَّدَ) زَادَ۔
-فی قولِہ اَوْفعلِہ تَزَایَدَ۔
-الجَمَلُ و غیرُہٗ فِیْ سَیْرِہٖ: اونٹ کا طاقت سے زیادہ چلنا۔
(ازدَادَ) زاد۔
- شَیْئًا لَہ: کوئی چیز اپنے لئے زیادہ کرنا یا چاہنا۔
(اِسْتَزَادَ) فلانًا کسی سے اضافہ چاہنا۔
(الزَّائِدُ) اَخَذَہٗ بدرھمٍ فزائِدًا: اس نے وہ چیز ایک درہم اور کچھ (حصہ درہم) کی لی ہے۔
(الزَّائِدَۃُ) مؤنث الزَّائد۔
- الزَّائِدَۃُ الدودیّۃُ اپنڈکس زائد آنت جس میں شدید درد ہوتا ہے۔
- زائدۃُ الکبِدِ جگر کا بڑھا ہوا حصہ (ج) زَوائِدُ۔
-الزَّوَائد: کجاوہ کے پیچھے بیٹھنے والی عورتیں۔
- ذو الزَّوَائِدِ: شیر۔
- زوائِدُ الاسنانِ: کچلیوں کے قریب کے دانت۔
(الزِّیَادَۃُ): زیادتی' اضافہ۔
-زِیادۃُ الکبِدِ: جگر کا بڑھا ہوا حصہ۔
- حروف الزِّیادۃ: علم الصرف میں زائد حروف دس ہیں جن کا مجموعہ سالتمونیھا ہے۔
(الزَّیْدِیَّۃُ): شیعوں کا ایک فرقہ جو زید بن علیؒ بن الحسینؒ کی طرف منسوب ہے اور امامت کو حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد میں محدود و مقصود ہونے کا قائل ہے۔ یمن میں یہ فرقہ زیادہ پایا جاتا ہے۔
(المَزَادُ) نیلام گاہ۔
-بیعُ المَزَادِ: نیلامی۔
-ثَمَنُ المَزَادِ: وہ قیمت جس پر نیلامی ختم ہو جائے اور بولی مکمل ہو جائے (مج)
(المَزَادَۃُ): توشہ دان' سفر کے لئے پانی کا تھیلا' مشکیزہ (ج) مَزَادٌ۔
(زَارَ) الدَّابَّۃَ ۔ زَیْرًا: چوپائے کو اس رسی سے باندھنا جو سینہ بند اور تنگ کے درمیان ہوتی ہے۔
(زَیَّرَ) الدابّۃَ: زارھا۔
(الزِّیَارُ) (دیکھئے زور)
(الزِّیْرُ) (دیکھئے زور)
(الزَّیَازِیۃُ): عجلت' تیزی۔
(الزِّیْزَاءُ) سخت زمین (۲) ٹیلہ (۳) پر یا اس کے اطراف (ج) الزَّیَازی۔
(الزَّیْزَفُوْنُ) سبک اور تیز رفتار اونٹنی (۲) ایک پودا جس پر کوئی پھل نہیں آتا' اس سے شراب بنائی جاتی ہے' کہاوت ہے (ھو کالزَّیْزَفُونِ یُزْھِرُ وَلَا یُثْمِرُ) وعدہ خلافی کے لئے بولا جاتا ہے یعنی وہ وعدہ تو کرتا ہے مگر اسے پورا نہیں کرتا۔
(زَاطَ)۔ زَیْطًا و زِیَاطًا: شور کرنا' چلانا۔
-النَّاسُ لوگوں کی آوازوں کا گڈمڈ ہونا۔ ھو زائطٌ و زَیَّاطٌ۔
(الزِّیَاطُ): گھونگھرو۔
(الزِّیْطَۃُ): چیخ' شور وغل' ہنگامہ (مصدر مرہ از)
(زَاغَ) عنہ ۔ زَیْغًا و زُیُوْغًا و زَیَغَانًا: پھرنا' ہٹنا' ٹیڑھا ہونا' ایک طرف کو جھکنا۔
- زَاغت الشمسُ: سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔
-عن الطریقِ: راستہ سے ہٹنا۔
-البَصَرُ: نگاہ کا حیرت یا دہشت کی بنا پر اصل جگہ سے ہٹ جانا' ترچھا ہو جانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَ وَمَا طَغٰی﴾ ھو زائغ (ج) زَاغۃٌ وھی زائغۃٌ۔
(اَزَاغَہٗ): ٹیڑھا اور ترچھا کرنا' راستہ سے ہٹانا' گمراہ کرنا' قرآن مجید میں ہے: ﴿رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا﴾۔
(زَیَّغَہٗ): ٹیڑھا کرنا (۲) کجی دور کرنا' سیدھا کرنا۔
(الزَّاغُ): (دیکھئے زوغ)
(الزَّیْغُ) حق سے انحراف۔ کجی' گمراہی۔
(زَافَتِ) النقودُ ۔ زَیْفًا و زُیُوْفًا و زُیُوْفَۃً: سکوں کا کھوٹا ہونا۔
-زَاف فی مشیہٖ زَیَفَانًا: جھوم کر' اترا کر اور مٹک کر چلنا۔
- الحمامۃُ الذَّکَرُ عند الحمامۃ الانثٰی: کبوتر کا کبوتری کے پاس پر اور دم کو پھیلا کر زمین پر کھینچنا۔
-البِنَاءُ و غیرُہٗ زَیْفًا: عمارت کا اونچا اور بلند ہونا۔
-الغلامُ: لڑکے کا گھڑ سواری کی مشق کے لئے چبوترے کے کونے پر کود کر گھومنا۔
-النقودَ و غیرَھَا: سکہ وغیرہ کو کھوٹا بنانا۔ ھو زَائِفٌ وھی زَائِفَۃٌ: کہتے ہیں قطعۃٌ من النقود زَائِفَۃٌ و حجّۃٌ زائفۃٌ کھوٹا سکہ اور جھوٹی دلیل۔
(زَیَّفَ) النُّقُوْدَ و غیرَھَا سکے کو کھوٹا یا جعلی بنانا (۲) کھوٹ ظاہر کرنا۔ زَیَّفَ النقودَ علیہ کسی کو کھوٹا سکہ دینا۔

Marfat.com

قولہ او رأیہ: قول یا رائے کا غلط اور بے بنیاد قرار دینا (۲) حقیر و معمولی قرار دینا۔
(الزَّیْفُ): مصدر بمعنی زائف، درهم زائفٌ: کھوٹا سکہ (۲) دیوار کا چھجا (بارش سے بچاؤ کے لئے) کنگورہ (۳) شہ نشین یا کوئی (بالا خانے کا برآمدہ) (۴) زینہ کی سیڑھی (ج) زُیُوفٌ و اَزْیَافٌ و زِیَافٌ۔
(زَیَّقَ) القمیصَ و نحوَہ: گوٹ لگانا، کالر لگانا۔
(الزِّیقُ): گوٹ، کالر، گریبان پر لگائی جانے والی پٹی۔ کہتے ہیں: عَمِلَ للجَیْبِ زِیقًا (ج) اَزْیَاقٌ وزِیَقَۃٌ۔
(زَاكَ) فی مِشْیَتِہٖ زَیْكًا و زَیَكَانًا: اکڑ کر اتراتے ہوئے چلنا۔
(زَالَ) الشیئَ ـِ زَیْلًا: ہٹانا، دور کرنا۔ (۲) دوسری چیز سے ممتاز کرنا۔ کہتے ہیں: زِلْ ضَائنَكَ مِنْ مَعْزِكَ: تم اپنی بھیڑوں کو بکریوں سے جدا کرو۔
(زَالَ و یَزَالُ): ان دونوں فعلوں پر ما نافیہ داخل ہو کر استمرار فعل پر دلالت کرتا ہے اور یہ دونوں فعل ناقص ہیں اسم و خبر پر داخل ہوتے ہیں جیسے ما زلتُ اَفْعَلُ كذا: میں مسلسل یہ کام کرتا رہا۔ لا اَزَالُ افعل كذا: میں برابر یہ کام کرتا رہوں گا۔ اسی طرح ما ازال افعل كذا: بطور دعا کی کہتے ہیں لا تزال سَبَّاقًا اِلَی الخَیْرِ: تم ہمیشہ خیر میں آگے بڑھتے ہی رہو ما زِلْتُ بزَیْدٍ حتی فَعَلَ: میں زید سے کام کرنے کو کہتا رہا یہاں تک کہ اس نے کیا۔
(زَیِلَ) ـَ زَیَلًا: کشادہ رانوں والا ہونا۔ ھو ازیلُ و ھی زَیْلَاءُ (ج) زِیلٌ۔

(زَایَلَ) مُزَایلۃً و زِیَالًا: جدا ہونا، الگ ہونا۔
(زَیَّلَہٗ): الگ کرنا۔
(انزَالَ): الگ ہونا، جدا ہونا۔
(تَزَایَلُوْا): باہم الگ الگ ہونا۔
- تَزَایَلَ فلانٌ من جلیسہٖ: اپنے ہم نشین سے شرمانا۔ ھو متزایلٌ و ھی متزایلۃٌ۔
- امرأۃٌ متزایلۃٌ: شرم سے چہرہ چھپانے والی عورت۔
(تَزَیَّلُوْا): الگ الگ ہونا، جدا ہونا، منتشر ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿لَوْ تَزَیَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا﴾
(المِزْیَلُ): ذہین و ہوشیار جو چیزوں کے درمیان فرق کا سلیقہ رکھتا ہو۔
- رجلٌ مِخْلَطٌ مِزْیَلٌ: وہ بہت سی چیزوں کا جامع ہے مگر ان سب کے مابین فرق کو خوب جانتا ہے۔
(زَامَ) لہ ـِ زَیْمًا فاسْكَتَہ: کسی کو کوئی بات کہہ کر خاموش کر دینا۔
(تَزَیَّمَتِ) الابلُ والدوابُّ: اونٹوں اور جانوروں کا ٹکڑوں میں تقسیم ہو جانا۔
- اللحمُ: گوشت کا بھرا ہوا اور لٹکا ہوا ہونا۔
(الزِّیمَۃُ): اونٹوں کی ٹکڑی، گروہ جس میں کم از کم دو یا تین اور زیادہ سے زیادہ پندرہ ہوتے ہیں (ج) زِیَمٌ۔
- ماشیۃٌ زِیَمٌ: بکھرے ہوئی مویشی۔
- غارۃٌ زِیَمٌ: منتشر حملہ۔
(زَانَہٗ) ـِ زَیْنًا: آراستہ کرنا، خوبصورت بنانا، حسین کرنا۔
(اَزْیَنَ): زینت والا ہونا۔
- الشیئَ: سجانا، آراستہ کرنا۔

(زَیَّنَہٗ): سجانا، آراستہ کرنا۔
(ازْدَانَ): حسین و خوبصورت ہونا۔
(تَزَیَّنَ): ازْدَانَ۔
(ازَّیَّنَ): ازْدَانَ۔
(الزَّائِنُ): آراستہ، سجا ہوا، خوبصورت۔
- امرأۃٌ زَائِنٌ: بناؤ سنگار کی ہوئی عورت۔
(الزِّیَانُ): سجاوٹ اور زینت کی ہر چیز۔
(الزَّیِّنُ): ہر سجانے اور زینت دینے والی چیز (ج) اَزْیَانٌ (۲) اچھا، خوبصورت و ھی زَیِّنَۃٌ
- امرأۃ زینۃ: بناؤ سنگار کی ہوئی عورت۔
(الزِّیْنَۃُ): سامان زینت و سجاوٹ۔
- یومُ الزِّیْنَۃِ: عید کا دن (۲) مصر میں خلیج کا بند توڑنے کا دن (ج) زِیَنٌ۔
(المُزَیِّنُ) حجام (۲) عورتوں کی مانگ نکالنے والا (بالوں کی پٹی جمانے والا) و ھی مزیِّنَۃٌ۔
(الزِّیْنُوْنُ) کیمیا میں ایک نامعروف عنصر جو ہوا میں معمولی مقدار میں پایا جاتا ہے اسے روشنی کے ٹیوب میں استعمال کیا جاتا ہے۔
(زَیَّاہٗ) تَزْیِیَۃً: کوئی روپ دینا (۲) لباس پہنانا۔
- بہ: کسی کو کوئی ہیئت شکل یا روپ عطا کرنا۔
- الحرف: حرف کو زاء پڑھنا یا لکھنا۔
(تَزَیَّا) بكذا: کوئی روپ شکل وضع قطع یا فیشن اختیار کرنا (۲) لباس پہننا۔ کہتے ہیں: تَزَیَّا بِزِیِّ غیرہٖ: اس نے دوسروں کی وضع قطع اپنائی۔
(الزِّیُّ): ہیئت۔ شکل روپ، فیشن، وضع قطع (۲) لباس کہتے ہیں: اَقْبَلَ بِزِیِّ العرب وہ عربوں کے لباس میں آیا (ج) اَزْیَاءٌ۔

Marfat.com

س

(السِّيْنُ): حروفِ تہجی کا بارہواں حرف۔ اس کا مخرج نوکِ زبان اور ثنایا علیا کے قدرے اوپر کا حصہ ہے سین مفتوح فعل مضارع پر داخل ہو کر مستقبل کے لئے خاص کرتا ہے اور وقوعِ فعل کے قریب پر دلالت کرتا ہے اس کو سینِ تنفیس بھی کہتے ہیں۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ﴾

س..........أ

(سَأْ): اسم صوت' گدھے کو باندھنے یا پانی کے لئے بلانے کے وقت بولا جاتا ہے۔

(سَأَبَهُ) ـَ سَأْبًا: گلا گھونٹنا۔ حدیث میں ہے (فأخذَ جبريلُ بحلقي فَسَأَبَنِي حتى اجهشت بالبكاء)

-السقاءَ: مشک کو بڑا کرنا۔

(سَئِبَ) مِنَ الشرابِ ـَ سَأَبًا: سیراب ہونا

(السَّأْبُ): مٹکا' بڑی مشک (ج) (سُؤُوْبٌ)

(السُّؤْبَانُ) هو سُؤْبَانُ مالٍ: وہ مال کا بہترین انتظام اور رعایت کرنے والا ہے۔

(الْمِسْأَبُ): مٹکا' بڑی مشک (ج) مَسَائِبُ۔

(سَأَدَهُ) ـَ سَأْدًا: گلا گھونٹنا۔

(سُئِدَ) کھارا پانی پینے سے بیمار ہو جانا۔

(سَئِدَ) الجَرْحُ ـَ سَأَدًا: زخم کا پھٹ جانا' هو سَئِدٌ۔

(أَسْأَدَ) الشَّهْرَ: مسلسل چلنا' چلنے کا عادی ہونا۔ اس کا اکثر استعمال رات کے چلنے کے بارے میں ہے۔

(السُّؤَادُ): کھارا پانی پینے سے ہونے والی بیماری۔

(السُّؤْدَةُ): بقیہ جوانی۔

(الْمِسْأَدُ): مشکیزہ' بڑی مشک۔

(سَأَرَ) مِنَ الطعامِ وَالشَّرابِ ـَ سَأْرًا: کھانا یا پانی بچا دینا۔ هو سَآرٌ۔

(سَئِرَ) ـَ سَأَرًا: بچنا' باقی رہنا۔

-(أَسْأَرَ): بچانا' باقی چھوڑنا' حدیث میں ہے (أذا شربتم فاسئروا)

-مِنْ حِسَابِهِ: حساب میں سے کچھ چھوڑ دینا۔ هو سَآرٌ۔

(تَسَأَّرَ) الشَّرَابَ: بچا ہوا پانی یا مشروب پینا۔

(السائر): باقی ماندہ بچا ہوا۔

(السُّؤْرُ): جھوٹا' چیز کا بقیہ۔ فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں (لا اوثر بسؤرك أحدًا)

- إِنَّهُ سُؤْرُ شَرٍّ: وہ صاحب شر ہے (ج) أَسْآرٌ۔

(السُّؤْرَةُ): بقیہ' بچی ہوئی چیز۔ وہ عورت جس کی جوانی ڈھل چکی ہو اور کچھ باقی ہو اس کے بارے میں کہا جاتا ہے: ان فيها لسؤرةً: (۲) عمدہ مال (ج) سُؤَرٌ۔

(سَأْسَأَ) بالحمارِ سَأْسَأَةً و سَأْسَاءً و سِئْسَاءً: گدھے کو سأسأ کہہ کر پانی کے لئے بلانا (۲) گدھے کو ساسا کہہ کر چلنے یا روکنے کے لئے ڈانٹنا۔

(تَسَأْسَأَتِ) الامورُ: معاملات کا خلط ملط ہونا۔

- فلانٌ بحقي: فلاں نے انکار کے بعد میرے حق کو مان لیا۔

(سَأَفَتْ) يَدُهُ ـَ سَأْفًا: ہاتھ کے ناخن پھٹنا (۲) ہاتھ کے ناخنوں کے اردگرد کا حصہ پھٹنا۔

(سَئِفَتْ) يَدُهُ ـَ سَأَفًا: سَأِفَتْ هي سَئِفَةٌ۔

-شفته: ہونٹ پر پپڑی جمنا۔

-لِيفُ النَّخْلَةِ: کھجور کے پتوں کا پھٹ کر خراب ہو جانا۔

(سُؤِفَتْ) إبلُهُ ـُ سَآفَةً: اونٹ کا مہلک بیماری میں مبتلا ہونا۔

(انْسَأَفَ): سَأِفَ۔

(السُّؤَافُ): ایک بیماری جو اونٹوں کو ہلاک کر دیتی ہے۔

(السَّأْفُ): دم کے بال (۲) پلک۔

(سَأَلَهُ) عن كذا و بكذا ـَ سؤالاً و تَسآلاً و مَسْأَلَةً: پوچھنا' سوال کرنا' دریافت کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ لَا تَسْأَلُوْا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَلَكُمْ تَسُؤْكُمْ﴾ اور ﴿فَاسْأَلْ بِهِ خَبِيْرًا﴾

- المحتاجُ الناسَ: ضرورت مند کا لوگوں سے خیرات مانگنا۔

- فلانا الشئَ: کوئی چیز مانگنا۔ جیسے سألت زيدًا درهمًا اور قرآن مجید میں ہے: ﴿لَا نَسْأَلُكَ رِزْقًا نَحْنُ نَرْزُقُكَ﴾

(أَسْأَلَهُ) سُؤْلَهُ و مَسْأَلَتَهُ: کسی کی ضرورت پوری کرنا۔

(ساءَلَهُ) سَأَلَهُ۔

(تَسَاءَلُوْا): ایک دوسرے سے سوال کرنا۔

(السَّائِلُ): فقیر' بھکاری۔ قرآن مجید میں ہے:

Marfat.com

﴿وَاَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ﴾
(السَّأَلُ): بہت پوچھنے والا' زیادہ سوال کرنے والا۔
(السُّؤَالُ): خیرات طلب کرنا' حدیث میں ہے: (نَهٰی عن كثرة السُّؤَال) (۲) امتحان کا سوال (طالب علم سے جس کا جواب لیا جائے) (ج) اَسئلةٌ۔
(السُّؤْلُ والسُّوْلُ): سوال' درخواست' فرمائش۔
(السُّؤْلَةُ): السُّؤلُ۔
(السُّؤَلَةُ): بہت سوال کرنے والا۔
(السَّؤُوْلُ): بہت سوال کرنے والا۔
(المَسْأَلَةُ): مصدر بمعنی اسم مفعول۔ قابل دریافت بات' حل طلب مسئلہ۔ اصطلاح علمی میں وہ قضیہ جس پر دلیل قائم کی جائے (ج) مسائل۔
(المَسْؤُوْلُ): ارکان حکومت میں سے وہ شخص جس پر کوئی ذمہ داری عائد ہوتی ہے (محدثہ)
(المَسْئُوْلِيَّةُ): ذمہ داری' جواب دہ امر۔ کہتے ہیں: انا بريءٌ من مسئولية هذا العمل۔
(سَئِمَ) الشيْ و مِنه ـَ سَأَمًا و سَآمَةً: اکتانا' طبیعت گھبرانا' دل اچاٹ ہونا۔ هو سَئِمٌ وهي سَئِمَةٌ۔
(اَسْأَمَهُ): دل اُچاٹ کر دینا۔
(السَّؤُوْمُ): بہت زیادہ اکتا جانے والا کہاوت ہے: (ظئر رءوم خير من ام سؤوم)
(سَآ) ـُ سَأْوًا: دوڑنا۔
-بين القومِ: لوگوں میں پھوٹ ڈالنا۔
-الثوبَ اَوِ الجلدَ: کپڑے یا کھال کو کھینچ کر پھاڑنا۔
-الشيْ: کسی چیز کا ارادہ کرنا۔
(سَأَى) بين القومِ ـَ سَأْيًا: لوگوں میں پھوٹ ڈالنا۔
-الثَّوبَ او الجلدَ: اتنا کھینچا کہ وہ پھٹ جائے۔
(السَّأْو): وطن (۲) ہمت' حوصلہ۔
- فلانٌ ذُوْسَأْوٍ: فلاں باہمت آدمی ہے (۲) وہ جہت جس کا قصد کیا جائے۔

س..........ب

(سَبَأَ) على يمينٍ كاذبةٍ ـَ سَبْئًا و سِبَاءً و مَسْبَأً: لاپرواہی کے ساتھ جھوٹی قسم کھانا۔
-الخَمْرَ: پینے کے لئے شراب خریدنا۔
-فلانًا: کوڑے مارنا۔
- الحرارةُ او السوطُ الجلدَ: گرمی یا کوڑے کا جلد کو بدل دینا۔
-الجلدَ: کھال کو جلانا (۲) کھال اتارنا کھینچنا۔
(اَسْبَأَ) لِاَمْرِ اللهِ: اللہ کے حکم کے آگے سر تسلیم خم کرنا۔
-على الشيءِ: کسی چیز پر دل نرم ہونا۔
(اِسْتَبَأَ) الخَمْرَ: پینے کے لئے شراب خریدنا۔
(اِنْسَبَأَ) الجلدُ: کھال چھلنا' اتر جانا۔
(سَبَا): ایک شخص کا نام جس سے عام یمنی قبائل وابستہ تھے وہ ان کا جد امجد تھا (منصرف اور غیر منصرف ایسے ہی ممدودہ و غیر ممدودہ دونوں طرح پڑھا جاتا ہے) (۲) یمن کی ایک قدیم قوم کا نام۔ کہاوت ہے (تفرّقوا ايدى سبا و ايادى سبا) وہ قوم سبا کی طرح تتر بتر ہوگئے ان قبائل کی زمین جب عذاب الٰہی سے غرق کردی گئی اور ان کے باغات فنا ہوگئے تو یہ مختلف ملکوں میں پھیل کر منتشر ہوگئے اور ہر ایک گروہ نے الگ الگ راہ اپنالی۔
(السِّبَاءُ): شراب۔
(السُّبَأَةُ): دور دراز کا سفر۔
(السَّبَئِيَّةُ): سبائیہ' شیعوں کا ایک فرقہ جو عبداللہ بن سبا کی طرف منسوب ہے۔
(السَّبَّاءُ): شراب فروش۔
(السِّبيءُ) سَبِيءُ الحية: سانپ کی کھال۔
(السَّبِيئَةُ): شراب۔
(المَسْبَأُ): پہاڑی راستہ۔
(سَبَّهُ) ـُ سَبًّا: گالی دینا۔
-الشيْ: کاٹنا۔
-الدَّابَّةَ: چوپائے کی ٹانگیں کاٹنا۔
(سَابَّهُ) مُسَابَّةً و سِبَابًا: باہم گالی گلوچ کرنا۔
(سَبَّبَهُ): کسی کو خوب گالیاں دینا۔
-الأَسْبَابَ: اسباب پیدا کرنا۔
-لِلْمَاءِ مجرًى: پانی کے لئے راستہ بنانا۔
- الحُكْمَ و نَحْوَهُ: کسی فیصلہ کے اسباب و وجوہ بیان کرنا۔
(استَبُّوا): ایک دوسرے کو گالی دینا۔
(تَسَابُّوا): باہم گالی گلوچ کرنا (۲) باہم مقاطعہ کرنا۔
(تَسَبَّبَ) اليهِ: کسی تک پہنچنے کا ذریعہ بننا۔
(استَسَبَّ) له: کسی کے لئے گالی یا برائی اور بے عزتی کا سبب بننا۔ کہتے ہیں: استسبَّ لِاَبِيْهِ: وہ اپنے باپ کی بے عزتی کا سبب بن گیا' اس طرح کہ اس نے دوسرے کے باپ کو گالی دی تو اس نے جواباً اس کے باپ کو گالی دی۔
(الاُسْبُوْبَةُ): گالی' بدکلامی' ہر وہ بات جس کے ذریعہ دوسرے کی بے حرمتی کی جائے اور اسے برا کہا جائے یا گالی دی جائے (ج) اسابيبُ۔
(السِّبُّ): بہت گالی دینے والا (۲) اوڑھنی' دوپٹہ (۳) عمامہ' پگڑی (۴) رسی (۵) مینخ (۶) باریک کپڑا۔
- سِبُّ الشخصِ: کسی کا گالی دینے میں مقابل (ج) سُبُوْبٌ۔
(السَّبَبُ): رسی (۲) سبب' ذریعہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَآتَيْنَاهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا فَأَتْبَعَ سَبَبًا﴾ (۳) رشتہ' تعلق و قرابت کہتے ہیں: مَالِيْ اِلَيْكَ سببٌ (۵) علم عروض میں ان دو حرفوں کو کہتے ہیں جن میں ایک متحرک ہو دوسرا ساکن یا دونوں متحرک ہوں پہلے کو سبب خفیف اور دوسرے کو سبب ثقیل کہتے ہیں (۶) شرعاً وہ چیز جو دوسری چیز تک پہنچائے مگر اس میں موثر نہ ہو جیسے وقت نماز (ج) اَسبابٌ۔
-اَسْبَابُ السَّمَآءِ: آسمان کے کنارے یا اس کے زینے۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿لَعَلِّيْ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ﴾
تقطعت بهم الاسباب: ان کی تدبیریں بیکار ہوگئیں۔
- اسباب الحكمِ (فى القضاء): عدالتی

Marfat.com

فیصلہ کے قانونی اسباب و وجوہ اور قطعی دلائل (ج)
(السَّبَّابَۃُ): انگوٹھے سے ملی ہوئی انگلی۔
(السَّبَّۃُ): زمانہ کا کچھ حصہ' عرصہ کہتے ہیں: مَضَتْ سَبَّۃٌ من الدَّھْرِ۔
- الدَّھْرُ سَبَّاتٌ: زمانہ کے مختلف حالات ہوتے ہیں۔کوئی کیسا کوئی کیسا۔اصابتنا سَبَّۃٌ من بَرْدٍ اَوْ حَرٍّ: ہم پر سردی یا گرمی کی لہر آئی۔
(السُّبَّۃُ): عار' عیب' داغ (۲) وہ شخص جو اکثر لوگوں کی گالیوں کا نشانہ بنتا ہو۔
(السُّبَبَۃُ): بہت گالیاں دینے والا۔
(السَّبَبِیَّۃُ): سبب اور مسبب کا درمیانی تعلق' سببیت۔
(السَّبِیْبُ): سبیب الشخص: گالی کا مقابل۔
- سبیبُ الفرس: گھوڑے کی پیشانی اور دم کے بال۔
(السَّبِیْبَۃُ): باریک کپڑا (۲) بالوں کا گچھا (۳) نَسر کا باریک ٹکڑا (ج) سَبَائِبُ۔
- امرأۃٌ طویلۃُ السَّبَائِبِ: لمبی زلفوں والی عورت۔
-سَبَائِبُ الدَّمِ: خون دوڑنے کے راستے۔
(المِسَبُّ): بہت گالی گفتار کرنے والا۔
(المِسَبَّۃُ): شہادت کی انگلی۔
(سَبَتَ) ۔ سَبْتًا: سونا' آرام کرنا۔ٹھہرنا' پرسکون ہونا۔
-فلانٌ ۔ سَبْتًا: ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔
-الیھودُ: یہودیوں کا سبت منانا یعنی ہفتہ کے دن معاشی کاموں کو چھوڑنا اور مذہبی رسومات ادا کرنا۔قرآن مجید میں ہے ﴿وَيَوْمَ لَا يَسْبِتُونَ لَا تَأْتِيهِمْ﴾
-الشئُ: ڈھیلا چھوڑنا' لٹکانا۔
-شَعْرَہٗ: بالوں کو چوٹی کی شکل میں لٹکانا (۲) کاٹنا۔
-عِلَاوَتَہٗ: گردن پر مارنا۔
-شَعْرَہٗ اَوْ رَاسَہٗ: بال یا سر مونڈانا۔
(اَسْبَتَ) الحیّۃُ: سانپ کا سر کو جھکا کر بے حس و حرکت ہو جانا۔
-فلانٌ: ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔
-الیھودُ: یہود کا یوم سبت منانا۔
(سَبَّتَ) الشئَ: کاٹنا۔
(انْسَبَتَ) الجلدُ: دباغت سے چمڑے کا نرم ہوجانا۔
-الرُّطَبُ: کھجور کا پوری طرح پک جانا۔
-الشئُ: لمبا ہونا' لچک کے ساتھ بڑھنا۔کہتے ہیں: فی وجھہ انسبات: اس کی چہرہ میں لمبائی اور پھیلاؤ ہے۔
(السُّبَاتُ): راحت و اطمینان' آرام کا ذریعہ۔قرآن مجید میں ہے: ﴿وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِبَاسًا وَالنَّوْمَ سُبَاتًا﴾ (۲) نیند (۳) اونگھ' ہلکی نیند جیسے بیمار یا بوڑھے کی ہوتی ہے' حدیث عمرو بن مسعود رضی اللہ عنہ میں ہے: (قال لمعاویۃ ما تسال عن شیخ نومہ سُبَاتٌ و لیلۃ ھباتٌ) (۴) زمانہ (۵) طبی اصطلاح میں ایسی بے ہوشی جو کسی اثر انگیز دوا سے بھی زائل نہ ہو' بخلاف الاغماء (ج)
-اِبنَا سباتٍ: دن رات۔
(السَّبْتُ): ہفتہ' سنیچر' شنبہ (۲) زمانہ یا اس کا کچھ حصہ' عرصہ۔کہتے ہیں: اَقَمْنَا سَبْتًا: ہم نے کچھ عرصہ قیام کیا (۳) آرام (۴) نیند (۵) بہت سونے والا (۶) دلیر لڑکا (۷) تیز رفتار گھوڑا (ج) سُبُوتٌ و اَسْبُتٌ۔
(السِّبْتُ): دباغت دی ہوئی کھال۔رنگی ہوئی یا صاف کی ہوئی کھال۔
-النِّعَالُ السِّبْتِیَّۃُ: صاف رنگے ہوئی چمڑے کے جوتے۔
(السَّبْتَۃُ): عرصہ' زمانہ کا ایک حصہ' مدت' وقت۔
(المَسْبُوْتُ): بے ہوش پڑا ہوا بیمار جو سوتا ہوا دکھائی دے اور اکثر آنکھیں بند رکھے (۲) بے ہوش (۳) مردہ۔
(سِبْتَمْبَر): نواں عیسوی مہینہ' ستمبر' سریانی مہینوں میں اس کے مقابل ایلول ہے۔
(تَسَبَّجَ) گھریلو کام کاج کے لئے چھوٹی آستین کا کرتا پہننا۔
(السَّبَجُ): سیاہ کوڑیاں (مع)
(السُّبْجَۃُ): چھوٹی آستین کا کرتہ (جو عورتیں گھروں میں استعمال کرتی ہیں) (مع)
-سُبْجَۃُ القمیصِ: کرتے کا گھیرا۔
(السَّبِیْجَۃُ): السُّبْجَۃُ۔
(سَبَحَ) بِالنَّھْرِ و فیہ ۔ سَبْحًا و سِبَاحَۃً: تیرنا۔
- الفرسُ: گھوڑے کا دوڑنے کے لئے اگلی ٹانگیں پھیلانا۔ھو سابحٌ و سَبُوْحٌ۔
-النُّجُوْمُ: ستاروں کا آسمان میں چلنا۔قرآن مجید میں ہے: ﴿كُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ﴾
-فلانٌ فی الْاَرْضِ: دور نکل جانا (۲) کھدائی کرنا (۳) روزی کی تلاش میں گھومنا۔قرآن مجید میں ہے: ﴿إِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيلًا﴾
-فی الکلام: زیادہ بولنا۔
(سَبَّحَ): سبحان اللہ کہنا۔
-اللہ و لہ: خدا تعالیٰ کی پاکی بیان کرنا۔قرآن مجید میں ہے: ﴿سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ﴾ و ﴿كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيرًا﴾
(السَّابِحَاتُ): کشتیاں (۲) فرشتے (۳) ستارے۔
(السِّبَاحَۃُ): تیراکی۔
(السَّبَّاحُ): ماہر تیراک' تیراک۔
(السَّبَّاحَۃُ): شہادت کی انگلی۔حدیث وضو میں ہے (فدخل اصبعیہ السَّبَّاحتین فی اذنیہ)
(السُّبُّوْحُ) پاک و برتر (اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ایک)
(سُبْحَانَ) سبحان اللہ: کلمہ تنزیہ' اللہ ہر عیب سے پاک ہے۔
-سبحان مِنْ کَذَا: بوقت تعجب کہا جاتا ہے۔یہ بہت ہی عجیب ہے۔
(السُّبْحُ) فراغ' خلا۔
(السُّبْحَۃُ) چمڑے کا لباس یا کپڑا (ج)

Marfat.com

سِباخٌ۔(مو)
(السُّبْحَةُ): تسبیح (مو) (۲) دعا (۳) نفل نماز (ج) سُبَحٌ۔
-السُّبُحات: سجدہ کی جگہیں۔
-سبحاتُ اللہ: اللہ تعالیٰ کا جلال وعظمت اور انوار وتجلیات۔
(السوابح): گھوڑے (صفت غالبہ)
(المُسَبَّحُ): مضبوط وطاقتور۔
-کِساءٌ مُسَبَّحٌ: مضبوط کمبل۔
(المُسَبِّحَةُ): شہادت کی انگلی۔
(المُسَبَّحَةُ): تسبیح۔
(سَبْحَلَ) فلانٌ: سبحان اللہ کہنا۔
(سَبَخَ) ـ سَبْخًا: ہلکا ہونا، ست ہونا (۲) دور ہونا۔
-الحرُّ: گرمی کا کم ہونا۔
-القُطنَ و نحوَهُ: لپیٹنا، سمیٹنا۔
(سَبِخَتِ) الارضُ ـ سَبَخًا: زمین کا شورے والی ہونا۔ هی سَبِخَةٌ۔
(اَسْبَخَتِ) الارضُ: سَبِخَتْ۔
-فی حَفرِ الارضِ: زمین کی کھدائی کرتے ہوئے شورے والے طبقے تک پہنچنا۔
(سَبَّخَ): سونا، نیند کرنا۔
-الشیءُ: ہلکا ہونا، ٹھہرنا، رکنا۔
-العرقُ: رگ کا خون بند ہو جانا۔
-الحرُّ: گرمی میں کمی ہو جانا۔
-عنه الشِدَّةَ: کسی کی سختی یا تکلیف میں کمی کرنا۔
حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا میں ہے: (انه صلی الله علیه وسلم سمعها تدعو علی سارق سرقها فقال لاتُسَبِّخِی عنه بدعائك علیه)
(القُطنَ): روئی دھنکنا اور پھیلانا۔
(تَسَبَّخَ): ہلکا اور کم وزن ہونا، زور کم ہونا۔
(السِّباخُ): سَبَخَةٌ کی جمع (۲) شور زمین جو شوریت کی وجہ سے زراعت کے قابل نہ ہو (۳) کھاد (مصری لغت)۔
(السَّبْخُ): شور زمین جس میں پاؤں دھنس جائیں۔

(السَّبَخَةُ): نمکین اور دلدلی زمین (۲) پانی کی کائی (ج) سِباخٌ۔
(السَّبِخَةُ) ارضٌ سَبِخَةٌ: شور زمین۔
(السَّبِيخَةُ): روئی کا ٹکڑا جو دوا میں ڈبو کر زخم پر رکھا جاتا ہے (۲) دھنی ہوئی اون (۳) پرندہ کے بکھرے ہوئے پر (ج) سَبِیخٌ و سَبائخُ۔
(سَبَدَ) شَعْرَهُ ـ سَبْدًا: بالوں کو مونڈنا۔
(اَسْبَدَ): سَبَدَ۔
(سَبَّدَ) الشَّعرُ: مونڈنے کے بعد بالوں کا اُگنا اور ان کی سیاہی ظاہر ہونا۔
-الفَرْخُ: چوزہ کے پر نکلنا اور نوکیلے ہونا۔
-شَعرَهُ: اچھی طرح مونڈنا اتنا صاف کرنا کہ کھال صاف ہو جائے (۲) بالوں کو بھگو کر کنگھا کر کے چھوڑ دینا۔
-راسَهُ: بالوں کو دھو کر تیل لگا کر چھوڑ دینا حدیث خوارج میں ہے (سیماهم التحلیق والتسبید)
(السَّبَدُ): پودوں کی روئیدگی کے وقت کی نوکیں (۲) گھاس کاٹنے کے بعد کا بقیہ (۳) تھوڑے سے بال۔ کہتے ہیں: ماله لَبَدٌ وَلَا سَبَدٌ: اس کے پاس تھوڑا بہت کچھ نہیں یا اس کے پاس نہ بکریاں ہیں نہ اونٹ (ج) اَسْبادٌ۔
(السُّبَدُ): جنگلی ابابیل (ج) سِبْدانٌ۔
(۲) حوض کا راستہ بند کرنے کا کپڑا یا ٹاٹ اس کے ذریعہ اونٹوں کے پانی پیتے وقت پانی کو گدلا ہونے سے بچایا جاتا ہے۔
(سَبَرَهُ) ـ سَبْرًا: زخم یا کنویں کی گہرائی جاننا، ماپنا، اندازہ کرنا۔
-الجُرحَ: سلائی ڈال کر زخم کی گہرائی معلوم کرنا۔
-فلانًا: حقیقت معلوم کرنا، جانچ پڑتال کرنا۔ گہرائی جاننا، تلاشی لے کر دیکھنا کہ اس کے پاس کیا ہے۔
(اَسْبَرَهُ) و (استَبرَهُ): سَبَرَهُ۔
(السّابِرِیُّ): عمدہ اور باریک کپڑا (۲) مضبوط بنی ہوئی زرہ۔
(السِّبارُ): زخم یا پانی ناپنے کا آلہ، سلائی (ج) سُبُرٌ۔
(السَّبُّورُ): غریب آدمی۔
(السَّبُّورَةُ): تختۂ سیاہ، بلیک بورڈ۔
(السَّبْرُ): اصل (۲) رنگ (۳) ہیئت، شکل (ج) اَسْبارٌ (۴) اصولیوں کی اصطلاح میں سبر اور تقسیم کا معنی ہے اوصاف کو اصل مقیس علیہ میں محدود کرنا اور ان میں سے بعض کو برائے علت چھوڑ دینا۔
(السِّبْرُ): اصل (۲) رنگ (۳) ہیئت، شکل۔
(السُّبَرُ): لمبے بازوؤں والا شکاری پرندہ۔
(السَّبْرَةُ): ٹھنڈی صبح۔
(المِسْبارُ): ناپنے کا آلہ، سلائی (ج) مَسابِیرُ۔
(المَسْبُرَةُ) مَسْبُرَةُ الجُرحِ: زخم کی انتہاء۔
(المَسْبُورُ): خوش منظر، خوبصورت۔
(سَبْرَتَ): قناعت کرنا، مزید نہ مانگنا۔
(السُّبْراتُ): غریب و مسکین۔ وهی سِبْراتَةٌ (ج) سَبارِیتُ۔
(السُّبْرُوتُ): معمولی اور تھوڑی چیز (۲) غریب و مسکین (۳) بے ریش لڑکا (۴) بنجر زمین۔ وهی سُبْرُوتَةٌ (ج) سباریت - ارضٌ سباریت: بنجر زمین۔
(السِّبْرِیتُ): غریب و مسکین۔ وهی سِبْرِیتَةٌ (ج) سَبارِیتُ۔
(سَبْرَجَ) عَلَیَّ الأمرَ: کسی سے کوئی بات مخفی رکھنا۔
(سَبْرَدَ) شَعرَهُ: بالوں کو مونڈنا۔
(سَبْسَبَ) الرَّجلُ: ہلکے ہلکے چلنا۔
-الماءَ والبولَ: پانی اور پیشاب بہانا۔
(تَسَبْسَبَ) الماءُ: پانی بہنا۔
(السَّبْسَبُ): جنگل بیابان (ج) سَباسِبُ۔
-بَلَدٌ سَباسِبُ: وسیع شہر۔
(سَبِطَ) ـ سَبَطًا: بالوں کا لمبا اور گھنا ہونا۔ هو سَبِطٌ و سَبْطٌ۔
(سُبِطَ) فلانٌ: بخار زدہ ہونا۔ هو مسبوطٌ۔
(سَبُطَ) ـ سُبُوطًا و سُبُوطاً و سُبُوطَةً و سَباطَةً: بالوں کا لمبا اور گھنا ہونا۔

Marfat.com

(اَسْبَطَ) خوف کی وجہ سے خاموش ہونا (۲) بدن ڈھیلا کر کے سر نیچے لٹکانا۔
-بالارضِ: زمین سے چمٹنا اور ضرب یا بیماری کی وجہ اس پر پھیل جانا۔
-فی النَّوم: نیند میں آنکھیں بند کرنا۔
-عَنْهُ: غفلت برتنا۔
(سَبَطَتْ) بولَدِهَا: تمام بچہ ڈال دینا۔
(السَّابَاطُ) دو دیواروں کے درمیان چھپی ہوئی گزرگاہ (ج) سَوَابِيطُ، سَابَاطَات۔
(سَبَاطِ) بخار (مؤنث)
(السُّبَاطَةُ) کوڑے کرکٹ کا ڈھیر، گندگی کا ڈھیر، کوڑا خانہ (۲) کنگھا کرنے سے گرنے والے بال (۳) کھجور کے پھل کا خوشہ۔
(السَّبْطُ) لمبا آدمی (۲) سیدھے بال (غیر گھونگھریالے) (۳) مسلسل بارش۔
-سَبْطُ الیَدَین: فیاض وسخی۔
-سَبْطُ الأَصَابِع: لمبی انگلیوں والا (ج) سِبَاطٌ۔
-سَبْطُ الجِسْم: قد و قامت والا، خوش قامت۔ وهي سَبْطَةٌ۔
-امْرَأَةٌ سَبْطَةُ الخَلْقِ: نرم اور نازک عورت۔
(السَّبَطُ) بہت شاخوں والا درخت جس کی جڑ ایک ہی ہو۔
(السِّبْطُ) پوتا، نواسہ۔
-من الیهود: عربوں کے قبیلہ کی طرح یہود کے ایک قبیلہ کا نام (ج) أَسْبَاطٌ۔ قرآن مجید میں ہے ﴿ وَقَطَّعْنَاهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ أَسْبَاطًا أُمَمًا ﴾
(السَّبَطَانَةُ) پرندوں کے شکار کی بندوق۔
(اِسْبَطَرَّ) لیٹنا، دراز ہونا، ہاتھ پیر پھیلانا۔ کہتے ہیں اسْبَطَرَّت الذَّبِیحَةُ ذبح کے بعد جانور کا زمین پر پھیل جانا۔
-فی السَّیر: تیز چلنا۔
-البلادُ: ملک کا ٹھیک حالت میں ہونا۔
(السِّبَطْرُ) ذہین وسمجھدار (۲) لمبا اور سیدھا۔ جیسے شَعْرٌ سِبَطْرٌ (۳) تیز رفتار جیسے جَمَلٌ سِبَطْرٌ۔

-أَسَدٌ سِبَطْرٌ: حملہ کے وقت ہاتھ پیر دراز کرنے والا شیر۔
(السِّبَطْرَةُ) بھاری بھرکم عورت۔
(السِّبَطْرَى) اتراہٹ کی چال، مغرورانہ چال۔
(السِّبَطْرُ) لمبا۔
(سَبَعَ) القومَ ـَ سَبْعًا: لوگوں کا سات عدد پورا کرنا۔ کہتے ہیں: هو سَابِعُ سِتَّةٍ: وہ چھ کے ساتھ مل کر ساتواں ہوا (۲) لوگوں کے مال کا ساتواں حصہ لینا۔
-الحَبْلَ: رسی کو سات بل دینا۔
-الذِّئْبُ الغَنَمَ: بھیڑیے کا بکری کو پکڑ کر کھا جانا۔
-فُلانًا: ڈرانا، خوفزدہ کرنا (۲) گالی دینا، عیب نکالنا۔
(سُبِعَ) المولودُ: ساتویں دن بچہ کا سر مونڈنا اور اس کی طرف سے قربانی کرنا۔
-البَقَرَةُ الوَحْشِيَّةُ: جنگلی گائے کے بچہ کو درندہ کا پھاڑ کھانا۔
(أَسْبَعَ) القومُ: لوگوں کا سات کی تعداد میں ہونا (۲) لوگوں کی بکریوں پر درندہ کا حملہ آور ہونا۔
-الحاملُ: حاملہ کا ساتویں مہینہ بچہ جننا۔ هي مُسْبِعٌ والولد مُسْبَعٌ۔
-الطَّرِيقُ: کسی راستہ کا زیادہ درندوں والا ہونا۔
-الشيءَ: کسی چیز کو سات کرنا۔
-ابنَه: بیٹے کو دایہ کے حوالہ کرنا۔
(سَبَّعَ) الشيءَ: سات کرنا (۲) سات اجزاء والا بنانا۔
-العَمَلَ: کسی کام کو سات مرتبہ کرنا (۲) چند مرتبہ کرنا۔
-الاناءَ: برتن کو سات مرتبہ دھونا۔
-اللهُ لكمُ الأجرَ: اللہ تعالیٰ کا اجر کو دوگنا کرنا۔
-عِنْدَ امْرَأَتِهِ: سات راتیں قیام کرنا۔
-الحاملُ: حاملہ کا ساتویں مہینہ بچہ جننا۔
-القومَ: لوگوں کا سات سو ہونا۔ حدیث میں ہے (سَبَّعَتْ سُلَیْمٌ یوم الفتح)
(اسْتَبْعُوا) سات ہونا۔
(الأُسْبُوعُ) سات دن، ہفتہ (۲) طواف کے سات چکر (ج) اسابیع۔
(السابِعُ) ساتواں۔ سابعُ سَبْعَةٍ: سات میں سے ایک۔
(السُّبَاعِيُّ) سات گوشوں والا، سات رکنی۔
-رَجُلٌ سُبَاعِيُّ البَدَنِ: کامل الجسم آدمی۔
-ثَوْبٌ سُبَاعِيٌّ: سات گز یا سات بالشت کپڑا۔
(السَّبْعُ) سات (مؤنث کے لئے)
(السَّبُعُ) درندہ، پھاڑ کر کھانے والا جانور (دانتوں والا جانور جو پھاڑ کر کھاتا ہو جیسے شیر، بھیڑیا، چیتا وغیرہ) (۲) ہر پنجہ والا جانور۔ هي سَبُعَةٌ (ج) سِبَاعٌ و أَسْبُعٌ و سُبُوعٌ۔
(السُّبْعُ) ساتواں حصہ (ج) أَسْبَاع
(السَّبْعَةُ) سات (مذکر کے لئے) هذا الشيءُ وَزْنُ سَبْعَةٍ: یہ چیز سات مثقال ہے۔
(السَّبْعَةُ) شیرنی۔
(السُّبُوعُ) الأُسْبُوعُ۔
(السَّبِيعُ) ساتواں حصہ (ج) أَسْبَاعٌ۔
(المُسَبَّعُ) علم ہندسہ کی ایک شکل جس کے اضلاع کی تعداد سات ہوتی ہے (ع)
(المَسْبَعُ) درندوں کا مسکن (ج) مَسَابِعُ۔
(المُسْبَعُ) عیش و عشرت (۲) وہ بچہ جس کی ماں مر جائے اور اسے کوئی اور عورت دودھ پلائے (۳) ولد الزنا، حرامی (۴) لے پالک، متبنیٰ، منہ بولا بیٹا (۵) ساتویں مہینہ پیدا ہونے والا بچہ۔
(المَسْبَعَةُ) وہ علاقہ جہاں کثرت سے درندے پائے جائیں (ج) مَسَابِعُ۔
(سَبَغَ) الشيءُ ـُ سُبُوغًا: کسی چیز کا تمام ہونا (۲) لمبا ہونا (۳) کشادہ ہونا۔
-الدرعُ: زرہ کشادہ ہونا۔
-المَطَرُ: خوب بارش ہونا۔
-النِّعْمَةُ: نعمت کا بھرپور ہونا۔ هو سَابِغٌ وهي سَابِغَةٌ (ج) سَوَابِغُ۔

Marfat.com

(اَسْبَغَ)الفَارِسُ: گھڑسوار کا لمبی زرہ پہننا۔
-الشئَ: مکمل کرنا۔
-ثَوْبَہ: کپڑے کو کشادہ کرنا۔
-الوضوءَ: اعضاء کو اچھی طرح دھونا۔
-لہ فی النّفقۃ: کسی کے خرچہ میں فراخی کرنا۔
-اللّٰہُ علیك النِّعْمَۃَ: اللہ تعالیٰ تمہاری نعمت و خوشحالی کو پورا کرے۔
(التَّسْبِغَۃُ) تَسْبِغَۃُ الخُوذَۃِ: زرہ کا وہ حصہ جو زرہ کو خود سے ملاتا ہے اور گردن کو چھپالیتا ہے (ج) تَسَابِغُ۔
(سَبَقَہ) اِلَی الشیءِ ـِ سَبْقًا: کسی چیز کی طرف بڑھنا۔
- الفرسُ فِی الحَلْبَۃِ: گھڑ دوڑ کے میدان میں گھوڑے کا سب سے آگے نکل جانا۔
-علٰی قَوْمِہ: کرم و سخاوت میں سب آگے نکل جانا۔
(سُبِقَ)علی الامرِ: کسی کام پر غلبہ پالیا گیا۔
(اَسْبَقَ)القومُ اِلَی الاَمْرِ: کسی کام کی طرف دوڑنا' جلدی کرنا۔
-الرَّایَ و نَحْوَہٗ: رائے کو (بحث و مباحثہ سے قبل) پختہ کرنا۔ الرایُ مُسْبَقٌ۔
(سَابَقَ)اِلَی الشیءِ مُسَابَقَۃً و سِبَاقًا: کسی چیز کی طرف دوڑنا۔ جلدی سے آنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿سَابِقُوْا اِلٰی مَغْفِرَۃٍ مِّنْ رَّبِّکُمْ﴾
-بین الخیلِ: گھوڑوں کی دوڑ کرانا۔
-فلانًا: کسی سے مقابلہ کرنا (۲) کسی کے قریب لگنا۔
(سَبَّقَ): شرط کی ہوئی چیز لینا۔
-بین الخیلِ: گھوڑوں میں دوڑ لگوانا۔
-الشّاۃُ و نحوھا: بکری وغیرہ کا نا تمام بچہ گرانا۔
-الطیرَ الجارحَ: شکاری پرندہ کے پاؤں میں بندھن باندھنا۔
(استَبَقُوْا)اِلٰی کَذَا: کسی شے کی طرف پہنچنے کے لئے ایک دوسرے سے آگے بڑھنا۔
-الطریقَ: راستہ کو پار کرنا۔

(تَسَابَقُوْا): ایک دوسرے سے آگے بڑھنا (۲) ایک دوسرے سے لڑنا (۳) باہم خطرہ میں پڑنا۔
(السَّابِقُ): خیر میں آگے بڑھنے والا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ اُوْلٰئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ﴾
(السَّابِقَۃُ): دوڑ وغیرہ میں سبقت' جیت کہتے ہیں لہ فِی ھٰذَا الامرِ سَابِقَۃٌ: اس معاملہ میں اس کی پہل ہو چکی ہے (۲) (قانونی اصطلاح میں) کسی عاقل بالغ کا وہ جرم جو اس کے ریکارڈ میں آ گیا ہو سابقہ جرم (۳) سابقہ قابل تقلید عمل (ج) سوابِقُ۔
-السَّابقات: گھوڑے۔
(السِّبَاقُ): پائے بند' باندھنے کی پٹی' بندش۔
-السِّباقان: شکاری پرندہ کے پیر میں ڈالی جانے والی چمڑے وغیرہ کی دو بندشیں۔
-سِبَاقُ الخَیْلِ: گھڑ دوڑ۔
(السَّبَّاقُ): سب سے آگے رہنے والا۔
(السِّبِقُ): آگے بڑھنے والا۔
(السَّبَقُ): دوڑ میں لگی ہوئی شرط بازی (۲) گھڑ دوڑ کا میدان (ج) اَسْبَاقٌ۔
(سَبَكَ)المَعْدِنَ ـُ سَبْكًا: معدنیات کو پگھلا کر صاف کر کے سانچہ میں ڈالنا۔
-سَبَكَتِ التَجارِبُ فُلانًا: تجربات کا کسی کو باخبر اور مہذب بنانا۔ ھو مسبوكٌ و سبیكٌ۔
(سَبَّكَ)المعدنَ: سَبَكَہٗ۔
(اِنْسَبَكَ): ڈھلنا' پگھلنا۔
(السِّبَاکَۃُ): پگھلانے ڈھالنے کا پیشہ۔
(السَّبَّاكُ): سونا' چاندی اور معدنیات کی ڈھلائی کرنے والا (مع) (۲) گھروں وغیرہ نلوں وغیرہ (پائپ) کی فٹنگ اور مرمت وغیرہ میں کرنے والا' پلمبر (مع)
(السَّبِیکَۃُ): چاندی سونے یا دھات کا کسی شکل میں ڈھالا ہوا ٹکڑا (مع) (۲) دھات کا لمبا ٹکڑا (ج) سَبَائِكُ۔
(المَسْبَكُ): ڈھلائی کا کارخانہ (ج) مَسَابِكُ (مع)

(المِسْبَكَۃُ): وہ برتن یا بھٹی جس میں دھات پگھلائی جائے۔
(اَسْبَكَرَّ)الشیءُ: لمبا اور پھیلا ہوا ہونا کہتے ہیں اسبکرَّ النبتُ واسبکرَّ الشَّعْرُ (۲) سیدھا' معتدل اور کامل ہونا۔ جیسے اسبکرَّ الشبابُ و اسبکرَّتِ الجاریۃُ۔
-فلانٌ: لیٹنا' زمین وغیرہ پر دراز ہونا۔
-النّھرُ: نہر جاری ہونا۔
(اَسْبَلَتِ)الطریقُ: راستہ کا بہت آمدورفت والا ہونا۔
-الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشے نکلنا۔
-السماءُ: بارش برسنا۔
-العینُ: آنسو بہنا۔
-علیہ: کسی کے خلاف بہت بولنا۔
- الشیءَ: چھوڑنا' لٹکانا' جیسے اَسْبَلَ الثَّوْبَ والسِّتْرَ۔
-الفَرَسُ ذَنَبَہٗ: گھوڑے کا دم کو نیچے لٹکانا۔
(سَبَّلَ)الشیءَ: مباح کرنا' فی سبیل اللہ دینا۔
(الاَسْبَلُ) لمبے خوشے والا (۲) اوپر کے ہونٹ پر بیچ کے لمبے دائرے والا (ج) سُبْلٌ۔
(السَّابِلُ) طریقٌ سَابِلٌ: جاری' چلتا ہوا راستہ۔
(السابلۃُ): چلتا ہوا راستہ کہتے ہیں: سبیل سابلۃٌ (۲) راہ گیر' راستہ پر چلنے والا (ج) سوابلُ۔
(السَّبَلُ): برستی ہوئی بارش (۲) خوشۂ گندم وغیرہ کی بالی (۳) آنکھ کا موتیا (۴) ناک (۵) لٹکا ہوا کپڑا۔
(السَّبْلاءُ): وہ عورت جس کے اوپر والے ہونٹ پر بال ہو (۲) لمبی پلکوں والی آنکھ (ج) سُبْلٌ۔
(السَّبَلَۃُ) سَبَلَۃُ الزَّرْعِ: خوشہ' بالی۔
-سَبَلَۃُ الرَّجُلِ: اوپر کے ہونٹ کے درمیان کا دائرہ (۲) مونچھ کے بالوں کا کنارہ (۳) داڑھی کا اگلا حصہ۔
-سَبَلَۃُ الاِناءِ: برتن کا اوپری حصہ' کہتے ہیں: مَلَأ الاناءَ اِلٰی سَبَلَتِہٖ۔

Marfat.com

-جَرَّ فُلَانٌ سَبَلَتَه: کپڑے کے لٹکے ہوئے حصہ کو کھینچا۔
-جَاءَ وَقَدْ نَشَرَ سَبَلَتَه: وہ دھمکیاں دیتا ہوا آیا۔
-ھو اَصْھَبُ السَّبَلَةِ: دشمن۔ وھم صُھْبُ السِّبَالِ (ج) سِبَالٌ۔
(السَّبِيْلُ): راستہ، کھلی سڑک (مذکر و مونث) (۲) سبب، ذریعہ، تعلق۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا﴾ (۳) حیلہ، تدبیر (ج) سُبُلٌ و اَسْبِلَةٌ (۴) دلیل و حجت۔ کہتے ہیں لیس لك عَلَيَّ سَبِيْلٌ۔
-سَبِيْلُ اللّٰہ: جہاد (۲) حج (۳) طلب علم (۴) ہر بھلائی اور نیکی جس کا اللہ نے مامور کیا ہو بمعنی جہاد زیادہ مستعمل ہے (۵) حرج، قصور جیسے لیس عَلَيَّ فی کذا سبیل۔
-اِبْنُ السَّبِيْلِ: وہ مسافر، پردیسی جس کے پاس وطن واپسی کا ذریعہ نہ ہو۔
(السَّبَنْجُوْنَةُ) لومڑی کی کھال کا پوستین (فارسی معرب) روایت ہے (روی ان الحسن بن علی کانت له سبنجونة من جلود الثعالب کان اذا صلی لم یلبسها)
(السِّبِنْسَةُ) ریل گاڑی کا آخری ڈبہ (د)
(سَبِهَ) سَبَهًا و سَبَاهًا بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل ہونا۔ ھو مسبوہٌ۔
(سَبِهَ) سَبَهٌ (۲) زبان چلنا۔
(السَّبَاهِيُّ) رَجُلٌ سَبَاهٍ بڑھاپے کی وجہ سے زائل العقل آدمی۔
(السَّبَهُ) و (السَّبَاهِيَةُ) مغرور و متکبر۔
(السَّبَهْلَلُ) خالی، فارغ۔ کہتے ہیں جَاءَ سَبَهْلَلًا وہ خالی آیا (۲) چالاک و بے بند، خوش و خرم۔
-ھُوَ یَمْشِی سَبَهْلَلًا وہ بیکار آتا جاتا ہے (۲) بے نتیجہ بے عمل۔ کہتے ہیں ذَھَبَ اَمْرُہٗ سَبَهْلَلًا اس کا معاملہ بے نتیجہ رہا۔
(السَّبَهْلَى) اترانا، غرور و تکبر۔
(سَبَى) عدوَّہ سَبْيًا و سِبَاءً دشمن کو پکڑنا، قید کرنا۔ کہتے ہیں: سَبَتْهُ الغانیة: حسین عورت کا کسی کو حسن و جمال کا اسیر بنالینا۔
-الخَمْرَ: شراب کو ایک شہر سے دوسرے شہر میں لے جانا۔
-الماءَ: کھدائی کرنا یہاں تک کہ پانی مل جائے۔
-سباہ اللّٰہ و اَبْعَدَہٗ: اس پر خدا کی لعنت ہو (بددعا)
(اسْتباہ) سَبَاہٗ۔
(تَسَابَى) القومُ: لوگوں کا ایک دوسرے کو قید کرنا۔
(تَسَبّٰى) له: کسی سے اظہار محبت کر کے اسے اپنا بنالیا۔
(السَّابِیاءُ): بچہ کی پیدائش کے وقت اس کے ساتھ نکلنے والی جھلی (۲) مویشی، مویشیوں کا ریوڑ، مویشیوں کے بچے (۳) کثرت مال و کثرت اشخاص (ج) سَوَابِیّ۔
(السَّبَّاءُ) وہ لکڑی جسے سیلاب ایک جگہ سے بہا کر دوسرے جگہ لے جائے۔
(السَّبْیُ) قیدی (مصدر بمعنی صفت)
-قَوْمٌ سَبْیٌ: گرفتار قوم (۲) عورتیں (ج) سُبِیٌّ۔
(السَّبِیُّ) قیدی مرد و عورت۔ ھی سبیّةٌ بھی کہتے ہیں (۲) نکی (۳) وہ لکڑی جسے سیلاب ایک جگہ سے بہا کر لے جائے (۲) سانپ کی کینچلی (ج) سَبَایا۔
(السَّبِیَّةُ) وہ موتی جسے غوطہ زن سمندر سے نکالتا ہے (ج) سَبَایا۔

س .... ت

(السَّاتُّ) چھٹا جیسے جاء فلانٌ ساتًّا۔
(السِّتُّ) چھ (مونث کے لئے) (۲) خاتون (ج) سِتَّاتٌ (مو)
(السِّتَّةُ) چھ (مذکر کے لئے)
(السِّتُّوْنَ) ساٹھ (مذکر و مونث کے لئے) جیسے ستون رَجُلًا و ستون امراةً
(سَتَرَہٗ) ـُـ سَتْرًا چھپانا۔
(سَاتَرَہٗ) العداوة کسی سے دشمنی چھپائے رکھنا۔
(سَتَّرَہٗ): چھپانا۔
(اسْتَتَرَ): ڈھک جانا، چھپنا، پوشیدہ ہونا۔
(اِنْسَتَرَ): استتر۔
(تَسَتَّرَ): چھپنا، پوشیدہ ہونا۔
-عَلَیْهِ: چھپانا (مو)
(الاِسْتَارُ): چار (۲) ساڑھے چار مثقال کا وزن (۳) پردہ، آڑ (ج) اَساتیر۔
-اَسْتَارُ القومِ: قوم کا چوتھا آدمی (ج) اَسَاتِیْرُ۔
(السِّتَارُ): پردہ (۲) چق، چلمن، آڑ، دیوار (ج) سُتُرٌ۔
(السِّتَارَةُ): السِّتَارُ (ج) سَتَائِرُ
(السِّتْرُ): پردہ، آڑ، رکاوٹ (۲) شرم و حیاء (۳) عقل (ج) اَسْتَارٌ و سُتُوْرٌ و سُتُرٌ۔
(السُّتْرَةُ): پردہ، آڑ۔
(السَّتِیْرُ): حیادار (۲) پاکدامن (۳) بہت شاخوں والا درخت۔
(المُسْتَرَةُ) جاریةٌ مُسْتَرَةٌ: پردہ نشین لڑکی یا باندی۔
(المَسْتُوْرُ): پاکدامن (۲) جس کی حالت معلوم نہ ہو۔
(السُّتُّوْقُ): کھوٹا درہم وغیرہ جس کی کوئی قیمت نہ ہو (مع)
(المُسْتَقَةُ): چنگ وغیرہ بجانے کا آلہ۔
(سَتَلَ) القومُ ـُـ سَتْلًا: لوگوں کا یکے بعد دیگرے مسلسل نکلنا۔
-الدَّمْعُ: آنسو ٹپکنا۔
-اللؤلؤ: موتیوں کا لڑی سے گرنا۔
(سَتِلَہٗ) ـَـ سَتَلًا: کسی کے پیچھے چلنا، پیروی کرنا۔
(سَاتَلَ) مسلسل کسی کے ساتھ رہنا۔
(تَسَاتَلَ) سَتَلَ۔
-الدمع و اللؤلؤ: آنسو ٹپکنا، موتی بکھرنا۔
-تَسَاتَلَتْ علیه القوافی: اس کے ذہن میں مسلسل قافیے آئے۔
(سُتَالَةُ) الشیء: کسی چیز کا گھٹیا حصہ۔

Marfat.com

(السَّتَلُ): عقاب اور گدھ کے مشابہ ایک بڑے جسم کا جانور جواڑنے والے جانوروں میں سب سے بڑے جسم کا ہوتا ہے اس کے بازوؤں کا پھیلاؤ تین میٹر کے قریب ہوتا ہے اور پہاڑی علاقوں میں رہتا ہے (مج) (ج) سِتْلانٌ۔

(المَسْتَلُ): تنگ راستہ (ج) مَسَاتِلُ

(سَتَهَهُ) ـَ سَتْهًا: مسلسل کسی کے پیچھے چلنا۔

(سَتِهَ) ـَ سَتْهًا: مسلسل کسی کے پیچھے چلنا۔

(سَتِهَ) ـَ سَتْهًا: بڑی سرین والا ہونا۔ هو اَسْتَهُ وهي سَتْهَاءُ (ج) سُتْهٌ۔

(اَلِاسْتُ): سرین (۲) دبر کا حلقہ (کبھی مراد لیا جاتا ہے) مونث ہے اور اس کی اصل السَّتَهُ ہے (ج) اَسْتَاه۔ اس میں مختلف لغات ہیں: السَّهُ والسَّتُ گھٹیا درجہ کے لوگوں کے لئے اَسْتَاهْ بولا جاتا ہے کان هٰذَا عَلَى اَست الدَّهْرِ: یہ ابتدائی زمانہ میں تھا۔ ما زال فلانٌ على است الدَّهر مجنونًا: وہ دیوانہ مشہور رہا۔ ابن استهَا: کنیز زادہ' حرام زادہ۔

س............ج

(سَجَّ) بَطْنُه ـُ سَجًّا: پتلا پاخانہ کرنا۔ سَجَّ فلانٌ بھی کہتے ہیں۔

-الطائرُ و سَجَّ بَسَلْحِه: پتلی بیٹ کرنا۔

-سَطْحَهُ: چھت پر پتلے گارے کا لیپ کرنا۔ سَجَّ الحائط بھی کہتے ہیں۔

(السَّجَاجُ): پانی جیسا پتلا دودھ۔

(السَّجُّ) اخذَهُ في بطنِه سَجٌّ: اس کا پیٹ نرم ہوگیا۔

(المِسَجَّةُ): پلاسٹر کرنے کا اوزار کرنی' مجھولا' کرمانی) (ج) مَسَاجُّ۔

(سَجَحَ) لَه بشَيْءٍ من الكلامِ ـَ سَبْهًا: اشارۃً کوئی بات کرنا۔

(سَجِحَ) الخدّ والوَجْهُ ـَ سَجَحًا و سَجَاحَةً: گال اور چہرہ کا مناسب لمبائی کے ساتھ گداز ہونا۔ وَجْهٌ و خَدٌّ اَسْجَحُ و وَجْنَةٌ سَجْحَاءُ (ج) سُجْحٌ۔

(اَسْجَحَ): نرم و ملائم کرنا۔ کہتے ہیں: (مَلَكْتَ فَاَسْجِحْ) تم کو خدا نے ملکیت دی ہے نرمی اور درگزر سے کام لو۔ اذا سَأَلْتَ فَاَسْجِحْ: جب سوال کرو تو لہجہ نرم کرو۔

(سَجَّحَ) له بِشَيْءٍ مِنَ الكلامِ: نرم گفتگو کرنا۔

(سَجَاحِ): قبیلہ تمیم کی ایک عورت جس نے نبوت کا دعویٰ کیا اور مسیلمہ کذاب کے ساتھیوں میں سے تھی۔

(السِّجَاحُ): رخ' جہت۔ کہتے ہیں: دَارِي سِجَاحَ دارِه۔

(السُّجُحُ) من الطريق: راستہ کا بیچ' درمیانی حصہ۔ کہتے ہیں: بَنَوْا بُيُوْتَهُمْ عَلٰى سُجُحٍ واحدٍ: ان کے گھر ایک ہی انداز پر بنے ہوئے ہیں۔

(السَّجْحَةُ): عادت' مزاج' انداز۔

(السَّجِيحُ): نرم و آسان۔

(السَّجِيحَةُ): عادت' مزاج' انداز۔

-ركب سَجِيحَةَ رَأسِه: اس نے اپنے لئے رائے منتخب کر لی۔ بنوا بُيُوْتَهُم على سجيحة واحدةٍ: انہوں نے ایک ہی انداز پر مکانات بنائے۔

(سَجَدَ): عاجزی اور انکساری کے طور پر جھکنا (۲) سجدہ کرنا' پیشانی کو زمین پر رکھنا' هو ساجدٌ (ج) سُجَّدٌ و سُجُوْدٌ۔

-السفِينَةُ لِلرِّيحِ: کشتی کا ہوا کے تابع ہونا۔

(سَجِدَتْ) رِجْلُه ـَ سَجَدًا: پاؤں کا پھول جانا هي سَجْدَاءُ و هو اَسْجَدُ (ج) سُجْدٌ۔

(اَسْجَدَ): سر جھکانا' جھکنا۔ اَسْجَدَ الرجلُ بھی کہتے ہیں (۲) چیز کی طرف نیچی نگاہوں سے دیکھتے رہنا۔

(السَّاجدُ) فلانٌ ساجدُ المنخر: فلاں ذلیل و رسوا ہے۔

(السَّاجِدَةُ): مؤنث السَّاجِد۔

-عَيْنٌ سَاجِدَةٌ: جھکی ہوئی آنکھ۔

-نَخْلَةٌ سَاجِدَةٌ: جھکا ہوا کھجور کا درخت (ج) سَوَاجِدُ۔

(السَّجَّادُ): بہت سجدے کرنے والا۔

(السَّجَّادَةُ): قالین (۲) جائے نماز (۳) پیشانی پر سجدوں کا نشان۔

(المَسْجَدُ): پیشانی کی وہ جگہ جس پر نشان سجدہ ہوتا ہے (ج) مَسَاجِدُ۔

-المساجِدُ من بدن الانسان: وہ اعضاء انسانی جن پر سجدہ کیا جاتا ہے وہ پانچ ہیں: پیشانی' ناک' ہاتھ' گھٹنے' پاؤں۔

(المَسْجِدُ): مسجد' با جماعت نماز کی جگہ۔

-المسجِدُ الحرامُ: خانہ کعبہ۔

- المسجِدُ الاَقْصٰى: مسجد بیت المقدس قرآن مجید میں ہے ﴿ سُبْحَانَ الَّذِي أَسْرٰى بِعَبْدِهِ لَيْلًا مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى ﴾ (ج) مساجِدُ۔

(المِسْجَدَةُ): السَّجَّادَةُ۔

(سَجَرَ) ـُ سَجْرًا و سُجُوْرًا: بھر جانا۔

-الاناءَ و نحوَهُ: برتن وغیرہ کو بھرنا۔

-الماءَ في حلقِهِ: گلے میں پانی بہانا۔

-التَّنُّوْرَ: تنور کو گرم کرنا۔

-الرَّجُلَ: کتے کے گلے میں پٹہ ڈالنا۔

(سَجِرَتْ) عَيْنُهُ ـَ سَجَرًا و سُجْرَةً: آنکھ کی سفیدی میں معمولی سرخی ہونا۔ هي سَجْرَاءُ وهو اَسْجَرُ (ج) سُجْرٌ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت میں ہے (انَّه كان اسجر العين)

(سَاجَرَهُ): کسی کا مخلص دوست ہونا' خالص تعلق رکھنا۔

(سَجَّرَ) الأناءَ و نحوَهُ: برتن کو بھرنا۔

-الماءَ: پانی جاری کرنا۔

-الشَّعْرَ: بالوں میں کنگھی کرنا (۲) بالوں کو کھلا چھوڑنا' لٹکانا۔

-الكَلْبَ: کتے کے گلے میں پٹہ ڈالنا۔

(انسَجَرَ): بھر جانا۔

-الشَّعْرُ و غَيْرُهُ: بال وغیرہ لٹکنا۔

-في السَّيْرِ: مسلسل چلنا۔

(الأَسْجَرُ): گدلا۔

-غديرٌ اَسْجَرُ: گدلا تالاب جس کا پانی سرخی مائل ہو (ج) سُجْرٌ۔

Marfat.com

(السَّاجِرُ): بہاؤ، سیلاب۔
(السَّاجُورُ): کتے کے گلے میں ڈالا جانے والا پٹہ۔
(السَّجْرُ): گرج۔
- بئرٌ سَجْرٌ: بھرا ہوا کنواں۔
(السَّجُورُ): ایندھن، ہر وہ چیز جس سے آگ جلائی جائے۔
(السَّجِيْرُ) مخلص دوست (ج) سُجَرَاءُ۔
(المِسْجَرُ): تنور میں ایندھن کو ہلانے والی لکڑی (ج) مَسَاجِرُ۔
(المِسْجَرَةُ): المِسْجَرُ (ج) مَسَاجِرُ۔
(المَسْجُورُ): بھرا ہوا (۲) روشن، جلتا ہوا۔
(سَجِسَ) - سَجَسًا: گدلا ہونا، بدل جانا۔
- الماءُ: پانی کا گدلا ہو جانا۔ هو سَجِسٌ و سَجِيسٌ - وبئرٌ سَجِسَةٌ و سجيسةٌ۔
(سَجَّسَ) الأبطُ والماءُ: بدبودار ہونا۔
-الماءَ: پانی کو گدلا کرنا۔
(السَّاجِسِيُّ) كبشٌ سَاجِسِيٌّ: بہت سفید اون والا دنبہ۔
(السَّجِيسُ) کہتے ہیں: لا افعله سجيس الليالي او سجيس الليالي والايام او سجيس الدهر میں یہ کام کبھی نہیں کروں گا۔
(السَّجْسَجُ) يومٌ سَجْسَجٌ: معتدل دن جس میں نہ گرمی ہو اور نہ سردی۔
- هواءُ السَّجْسَجِ معتدل ہوا، نہ زیادہ گرم نہ زیادہ سرد۔
- ظِلٌّ سَجْسَجٌ: معتدل سایہ۔
- ارضٌ سَجْسَجٌ ایسی زمین جو نہ زیادہ سخت ہو نہ زیادہ نرم (۲) کشادہ زمین (ج) سَجَاسِجُ۔
(سَجَفَ) البيتَ ـُ سَجْفًا گھر پر پردہ لٹکانا۔
(سَجِفَتِ) المرأةُ ـَ سَجَفًا عورت کا پتلی کمر اور پتلے پیٹ والی ہونا۔
(أَسْجَفَ) اللَّيلُ رات کا تاریک ہونا۔
-البيتَ گھر پر پردہ لٹکانا۔
-السِّترَ پردہ لٹکانا۔

(سَجَّفَ) البَيْتَ: گھر کو پردہ والا بنانا۔
(السِّجَافُ): پردہ (۲) کپڑے کے کناروں کی گوٹ (محدثہ) (ج) سُجُفٌ
(السِّجَافَةُ): پردہ۔
(السِّجْفُ): دو ملے ہوئے پردے، جن کے درمیان خلا ہو (ج) أَسْجَافٌ و سُجُوفٌ۔
(السُّجْفَةُ): رات کا ایک حصہ (ج) سُجَفٌ۔
(السُّجُقُ): گوشت کی بوٹیاں ابھری ہوئی آنت (مع)
(سَجَلَ) بہ ـُ سَجْلاً: اوپر سے پھینکنا۔
-الشَّيْءَ: مسلسل چھوڑنا، ڈالنا۔
-السُّورَةَ والقَصِيدَةَ: ملا ملا کر پڑھنا۔
(أَسْجَلَ) فلانٌ: انتہائی فیض رساں ہونا۔
-الحوضَ و نَحْوَهُ: برتن وغیرہ کو بھرنا۔
-فلانًا: کسی کو ایک ڈول یا دو ڈول یا اس سے دینا۔
-لهٗ: کسی کے نام خط لکھنا۔
- الشيءَ: چھوڑنا، بھیجنا۔ کہتے ہیں: أَرْسَلَ البهمة مع امها: بکری کے بچہ کو اس کی ماں کے ساتھ چھوڑنا۔
-الكلامَ: کلام کو آزاد اور غیر مقید رکھنا۔
-لهُ الامرَ: کسی کے لئے کوئی کام روا اور مباح رکھنا۔ هذا الامرُ مُسْجَلٌ یہ کام یا بات سب کے لئے عام ہے۔
-الناسَ: لوگوں کو چھوڑ دینا۔
(سَاجَلَهُ) کسی سے مقابلہ کرنا، فوقیت لے جانے کی کوشش کرنا۔
(سَجَّلَ) رجسٹر میں لکھنا۔
-القاضِيُّ: قاضی کا فیصلہ کو رجسٹر میں درج کرنا، محفوظ کرانا۔
-العَقْدَ و نَحْوَهُ کسی معاہدہ کو رجسٹر میں درج کرانا، رجسٹری کرانا۔
-الخطابَ و نحوهُ في البَرِيدِ خط وغیرہ کی رجسٹری کرانا یا کرنا۔ (ڈاک کے خاص رجسٹر میں درج کروا کے روانہ کرنا تاکہ ضائع ہونے کا خوف نہ رہے)

-عليه بكذا: کسی کے بارے میں کوئی بات مشہور کرنا۔
(انْسَجَلَ) الماءُ والدَّمْعُ: پانی یا آنسو گرنا۔
(تَسَاجَلُوا): باہم مقابلہ کرنا، کسی پر اپنی فوقیت ثابت کرنا۔
(السَّاجُولُ): شیشی کا کور (ج) سَوَاجِيلُ۔
(السِّجِّيلُ): سخت مٹی، کنکر، کھنکتی ہوئی مٹی۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ترمِيهِم بِحِجَارَةٍ مِن سِجِّيلٍ﴾ (۲) وہ رجسٹر جس میں کفار کو دیا جانے والا عذاب درج ہے (۳) جہنم کی ایک وادی۔
(السَّجْلُ): بڑا ڈول، بھرا ہوا ڈول، وہ ڈول جس میں تھوڑا یا زیادہ پانی ہو (مذکر) (۲) بڑا تھن (۳) کسی چیز کا کوئی حصہ (ج) سُجُولٌ و سِجَالٌ
-الحَرْبُ بَيْنَهُم سِجَالٌ: لڑائی میں کامیابی کبھی اس فریق کو حاصل ہوتی ہے کبھی اس فریق کو۔
(السِّجِلُّ): رجسٹر، وہ کتاب یا کاپی جس میں کوئی چیز بطور حفاظت کے لکھی جائے۔ (ج) سِجِلاَّتٌ (۲) کاتب، لکھنے والا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ﴾
(السَّجِيلَةُ) مِنَ الدِّلاءِ: بڑا ڈول۔
(المُسَجَّلُ) عَقْدٌ مُسَجَّلٌ رجسٹری کیا ہوا معاملہ۔
- خطابٌ مُسَجَّلٌ: رجسٹری کیا ہوا خط (محدثہ)
(المُسْجَلُ): فعلنا ذلك والدهرُ مُسْجَلٌ یہ کام ہم نے اس وقت کیا جب کوئی کسی سے نہ ڈرتا تھا۔
(سَجَمَ) الدَّمْعُ والمَطَرُ ـُ سُجُومًا و سِجَامًا و تَسْجَامًا تھوڑا یا زیادہ بہنا۔
-عَنِ الأمْرِ کسی کام میں انقباض کی بنا پر دیر کرنا۔
-العَيْنُ الدَّمْعَ سَجْمًا و سُجُومًا آنکھ کا آنسو بہانا۔ سَجَمَتِ السحابةُ الماءَ بادل کا پانی برسانا۔

Marfat.com

(اَسْجَمَتِ)السحابۃُ: مسلسل بارش ہونا۔
-العینُ الدَّمْعَ: آنکھ کا آنسو بہانا۔
-السَّحَابۃُ الماءَ: بادل کا بارش برسانا۔
(انْسَجَمَ): بہنا۔
(السَّجْمُ): پانی (۲) آنسو۔
(السَّجُوْمُ): بہت بہنے یا بہانے والا۔
-عَیْنٌ سَجُوْمٌ: بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔
-ناقۃٌ سَجُوْمٌ: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔
(المِسْجامُ): السَّجُوْمُ (ج) مَسَاجِیْمُ۔
(سَجَنَہٗ)- ُ سَجْناً: قید کرنا۔ ھو مسجونٌ و سجینٌ (ج) سُجَنَاءُ و سَجْنٰی وھی مسجونٌ و سَجِیْنَۃٌ (ج) سَجْنٰی و سَجَائِنُ۔
-لِسَانَہٗ: زبان بند رکھنا۔ حدیث میں ہے: (لیس شیءٌ احقَّ بطول سجن من لسان)
-الھمَّ: غم یا مصیبت کا اظہار نہ کرنا۔
(سَجَّنَہٗ): سَجَنَہٗ۔
-النَّخلَ: کھجور کے درختوں کی جڑوں میں پانی جذب کرنے کے لئے کیاریاں بنانا۔
(السَّاجُوْنُ): زمین سے نکلا ہوا لوہا۔
(السَّجَّانُ): جیلر، داروغہ جیل۔
(السِّجِّیْنُ): جیل، قید خانہ۔ (۲) جہنم کی ایک وادی (۳) وہ جگہ جہاں بدکاروں کے اعمال لکھے ہوئے ہیں۔ (۴) بہت سخت، ٹھوس (۵) دائمی، ہمیشہ رہنے والا (۶) اعلانیہ ہونے والی چیز (۷) وہ کھجور کے درخت جن کی جڑوں میں پانی کے لئے کیاریاں بنائی گئی ہوں۔
-ضَرْبٌ سِجِّیْنٌ: ایسی ضرب جو مضروب کو وہیں بٹھا دے ہلنے نہ دے۔
- فَعَلَ ذٰلك سِجِّیْناً: اس نے یہ کام علی الاعلان کیا۔
(السِّجْنُ): قید خانہ، جیل (ج) سُجُوْنٌ قرآن مجید میں ہے: ﴿رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَیَّ﴾
(السَّجَنْجَلُ): آئینہ (۲) سونا (۳) چاندی کے ڈھلے ہوئے ٹکڑے (۴) زعفران (رومی لفظ معرب)۔
(سَجَا)الشیءُ - ُ سَجْوًا و سُجُوًّا: پرسکون ہونا، سنسان رہنا، جیسے سجا اللیل و سجا البَحْرُ و سَجَتِ الرِّیْحُ و سَجَتِ الحلوبۃُ للحالِبِ (۲) برقرار رہنا۔ جیسے سَجَا طبیعۃٌ علی کذا۔
-الشیءَ سَجْوًا: ڈھانپنا۔
(اَسْجٰی) البَحْرُ و غَیْرُہٗ: سمندر کا پرسکون ہونا۔
-البئرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔
-الحلوبۃُ: دودھ دینے والی اونٹنی کا بہت دودھ والا ہونا۔
-الشیءَ: ڈھانپنا۔
(سَاجَاہٗ): ہاتھ لگانا، چھونا۔ کہتے ہیں: اتانا بطعام فماسا جیناہٗ۔
(سَجّٰی)المَیِّتَ: میت کو ڈھانپنا۔
(تَسَجّٰی): ڈھک جانا، لپٹ جانا۔
(السَّاجِیْ): طَرْفٌ سَاجٍ: خمار آلود نگاہ۔
-عَیْنٌ سَاجِیَۃٌ: نشیلی آنکھ۔
امرأۃٌ سَاجِیَۃُ الطَّرْفِ: ست یا خمار آلود نگاہ والی عورت۔
-لیلۃٌ سَاجِیَۃٌ: پرسکون رات جس میں نہ سردی ہو نہ گرمی۔
(السَّجْوَاءُ) امرأۃٌ سَجْوَاءُ: ست یا خمار آلود نگاہ والی عورت۔ ناقۃٌ سجواءُ: پرسکون دودھ دینے والی اونٹنی۔
-رِیْحٌ سجواءُ: نرم ہوا۔ بِئرٌ سَجْوَاءُ: بہت پانی والا کنواں۔
(السَّجِیَّۃُ): طبیعت، اخلاق، مزاج (ج) سَجَایَا۔

س .... ح

(سَحَبَ)الشیءَ - َ سَحْباً: کسی چیز کو زمین پر گھسیٹنا۔ سَحَبَتِ الرِّیْحُ التُّرابَ: ہوا کا مٹی اڑانا۔
-ذَیْلَہٗ: دامن گھسیٹنا۔ سَحَبَتِ الرِّیْحُ اَذْیَالَھَا: ہوا خوب زور و شور سے چلی۔
-اسحَبْ ذیلك علی ما کان منّی: میری بات سے صرف نظر کر کے معاف کیجئے۔
-جاءَ فلانٌ یَسْحَبُ ذیلَہٗ: وہ تکبر کی وجہ سے دامن گھسیٹتے ہوئے آیا۔
-سَحَبَ وَدِیْعَتَہٗ: امانت واپس کرنا۔
(اَسْحَبَہٗ) الشیءَ: کسی سے کوئی چیز واپس کرانا۔
(انْسَحَبَ): گھسٹنا، کھینچنا۔
-فلانٌ مِنَ المجلس: کسی وجہ سے مجلس سے نکل جانا (محدثہ)
-الجَیْشُ مِنَ المیدانِ: میدان سے لشکر کا ہٹ جانا۔
(تَسَحَّبَ) فی حَقِّ فُلَانٍ: کسی کے حق کو چھین کر اپنے حق میں ملا لینا۔
- فلانٌ: کسی پر ناز کرنا جیسے ھو یتسحَّبُ عَلَیْنَا۔
(السَّحَابُ): بادل (پانی سے بھرا یا خالی) (ج) سُحُبٌ۔
-السحابۃُ: بادل کا ایک ٹکڑا (ج) سَحَائِبُ۔
-ظَلَّ یفعلُ کذا سَحَابَۃَ یومِہٖ: وہ پورا دن کام کرتا رہا۔
(السُّحَابَۃُ): تالاب میں بچا ہوا پانی۔
(سَحْبَانُ) سحبان بن وائل۔ قبیلہ وائل کا مشہور فصیح و بلیغ آدمی۔
(السَّحْبَانُ): ہر شے کو بہا کر لے جانے والا۔
(السُّحْبَۃُ): تالاب میں بچا ہوا پانی (۲) پردہ، ڈھانپنے والی چیز۔
(المَسْحَبُ): کھینچنے اور گھسیٹنے کی جگہ۔ (ج) مَسَاحِبُ۔
(سَحَتَ)الشیءَ - َ سَحْتاً: جڑ سے اکھیڑنا۔
-رأسَہٗ: مونڈ کر بالوں کی جڑیں تک صاف کر دینا۔
-البَرَکَۃَ: برکت زائل کر دینا۔
- الشَّحْمَ عن اللحمِ: گوشت سے چربی اتارنا۔
-وَجْہَ الارضِ: زمین کی سطح کو کھرچنا۔

Marfat.com

-في تجارته: خراب یا حرام مال کمانا۔
(اَسْحَتَ): خراب اور حرام کمائی میں پڑنا۔
-التجارةُ: تجارت کا خراب اور حرام طریقہ پر ہونا۔
-في تجارته: سَحَتَ۔
-الشيَ: جڑ سے اکھیڑنا۔ قرآن مجید میں ہے:
﴿لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ﴾
- راسَهٗ: سر کو مونڈ کر بالوں کو جڑوں سے اکھیڑنا۔
-مالَه: مال کو مکمل طور پر برباد کر دینا۔
(سَحَّتَ) خراب یا حرام مال کمانا۔
-الشيَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
(الاَسْحَتُ) عامٌ اَسْحَتُ: خشک سال۔ هي سَحْتاءُ۔
-سَنَةٌ سحتاءُ: خشک سال۔
-اَرْضٌ سحتاءُ: بنجر زمین (ج) سُحْتٌ۔
(السُّحْتُ) ناجائز اور حرام آمدنی جیسے رشوت وغیرہ۔ قرآن مجید میں ہے
﴿سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ﴾
حدیث ابن رواحہ میں ہے جبکہ ان کو خیبر کے یہود نے رشوت دینی چاہی (اطعمونی السحت) (۲) تھوڑی چیز (ج) اَسْحَاتٌ۔
(السُّحْتُ) من النَّاسِ: وہ حریص پیٹو جس کا پیٹ کبھی نہ بھرتا ہو۔
(السَّحْتُ) پرانا کپڑا (۲) کھانے پینے کی زیادتی (۳) عذاب۔
-بردٌ سَحْتٌ: سخت سردی۔
-مالٌ و دمٌ سَحْتٌ: ایسا مال یا خون جس کے ضائع کرنے والے پر تاوان نہ آئے۔
(السَّحْتُوتُ) کم چکنائی والا ستو (۲) نرم مٹی والا جنگل (۳) پرانا کپڑا (ج) سَحَاتِيتُ۔
(السِّحْتِيتُ) کم چکنائی والا ستو (ج) سَحَاتِيتُ۔
(السَّحِيتُ) پیٹو جس کا پیٹ نہ بھرتا ہو۔
(السَّحِيتَةُ) من السحاب: وہ بادل جو اپنے راستے کی ہر چیز کو صاف کرتا چلے۔

(المَسْحُوتُ): السَّحِيتُ۔
-مسحوتُ المِعْدَةِ: پیٹو جس کا پیٹ نہ بھرتا ہو۔
(سَحَجَه) ـَ سَحْجًا: چھیلنا، رگڑنا۔ هو مَسْحُوجٌ و سَحِيجٌ۔
-العودَ بالمِبْرَدِ: لکڑی وغیرہ کو ریتی وغیرہ سے گھسنا اور سلائی کرنا۔
- سَحَجَتِ الريحُ الارضَ: ہوا کا زمین کی سطح کو صاف کرنا۔
-شَعْرَهٗ بالمُشْطِ: بالوں کو کنگھے سے صاف کرنا۔
- في سَيْرِهٖ: ہلکا دوڑنا۔ مَرَّ يَسْحَجُ: وہ دوڑتے ہوئے گزر گیا۔
(سَحَّجَهٗ): چھیلنا، رگڑنا (۲) دانتوں سے کاٹ کر نشان ڈال دینا۔
(انْسَحَجَ): چھیلنا، صاف ہونا، گھس جانا۔
(تَسَحَّجَ): چھل جانا، چھلکا اتر جانا۔
(السَّحُوجُ): بہت قسمیں کھانے والی عورت۔
(المِسْحَاجُ): بہت قسمیں کھانے والی عورت (۲) کٹ کھنا جانور (ج) مَسَاحِيجُ
(المِسْحَجُ): کٹ کھنا جانور (۲) رندہ، لکڑی صاف کرنے کا آلہ (ج) مَسَاحِجُ
(سَحَّ) الانسانُ والحيوانُ ـِ سَحًّا وَسُحُوحًا: بہت موٹا ہونا۔ هو سَاحٌّ وهي ساحَّةٌ۔
-الماءُ و نحوُهٗ: پانی وغیرہ کا اوپر سے نیچے کی طرف بہنا۔
-الماءُ و نحوَهٗ ـُ سَحًّا: پانی وغیرہ کو لگاتار خوب برسانا، بہانا، ڈالنا۔ کہتے ہیں: استنشدته قصيدةً فسَحَّها عليَّ سَحًّا: میں نے اسے نظم سنانے کا کہا تو اس نے بڑی خوشی سے مجھے پوری نظم سنائی۔
-فلانًا: مارنا (۲) کوڑے مارنا۔
-سَحَّهٗ مائةَ سوطٍ: اس کو سو کوڑے مارے۔
(سَحْسَحَ) الماءُ و نحوُهٗ: سَحَّ۔
(السَّحُّ) پانی کا بہنا۔

(تَسَحَّحَ): سَحَّ۔
(السَّحَّاءُ): ہمیشہ بہنے یا بہانے والی (اسم تفضیل مذکر اس سے نہیں آتا)
-يمينةٌ سَحّاءُ: اس کا ہاتھ عطا کرنے کے لئے ہر وقت کھلا رہتا ہے۔
-غارَةٌ سَحّاءُ: ہر طرف پھیلا ہوا حملہ (ج) سُحٌّ۔
(السَّحّاحَةُ): کیمیائی تحلیل کے لئے استعمال کیا جانے والا ایک کانچ کا آلہ (جو نلکی کی شکل کا ہوتا ہے اور اس میں مختلف درجے ہوتے ہیں) (ج)
(سَحَرَ) فلانٌ ـَ سُحُوْرًا: سحری کھانا (۲) سحری کے وقت میں داخل ہونا۔
-عَنِ الشيءِ سَحْرًا: دور ہونا۔
-فُلانًا بالشيءِ: کسی کو کسی چیز سے دھوکا دینا۔
-بالطَّعامِ: کھانا کھلانا، غذا دینا۔
-بالشراب: بار بار پلانا۔
-الشَّيْءَ عَنْ وَجْهِهٖ: کسی چیز کو پلٹ دینا۔
-عن الشيءِ: کسی چیز سے پھیرنا۔
-بكَذا: کسی چیز کے ذریعہ اپنی طرف مائل کرنا۔
-فلانًا: جادو کرنا، مسحور کرنا (۲) پھیپھڑے پر مارنا۔
-الشيَ: خراب کرنا۔
-المَطَرُ الارضَ: زیادہ بارش کی وجہ سے زمین خراب ہو جانا۔
(سَحِرَ) ـَ سَحَرًا: صبح سویرے آنا (۲) کسی چیز کو کھینچنے کی وجہ سے پھیپھڑا کٹ جانا هو سَحِيرٌ و مَسْحِرٌ۔
(اَسْحَرَ) القومُ: وقت سحر میں داخل ہونا (۲) سحر کے وقت چلنا۔
(سَحَّرَ) فُلانًا: کسی پر بار بار جادو کرنا۔ یہاں تک کہ اس کا ذہنی توازن بگڑ جائے۔ (۲) کسی کو سحری کھلانا۔
(اسْتَحَرَ) القومُ: اَسْحَرُوْا۔
-الطَّائِرُ: پرندہ کا صبح کے وقت چہچہانا۔
(تَسَحَّرَ) سحری کھانا۔

Marfat.com

-السُّحُورَ: سحری کھانا۔
(السُّحَارَةُ): گلے سے ملا ہوا دل اور پھیپھڑے کا حصہ۔
(السِّحْرُ): جادو، ہر وہ چیز جس کا کوئی مخفی سبب ہو اور وہ اپنی حقیقت کے خلاف ظاہر ہو (۲) ہر وہ چیز جس کے حصول میں شیطانی ذرائع سے مدد لی جائے جس کا ماخذ انتہائی لطیف اور دقیق ہو (ج) اَسْحَارٌ و سُحُورٌ۔
(السَّحْرُ): پھیپھڑا (ج) اَسْحَارٌ و سُحُورٌ۔ اِنْتَفَخَ سَحْرُهُ: اپنی حیثیت سے بڑھنا (۲) بزدلی کی وجہ سے ڈر جانا۔ اِنْقَطَعَ مِنْكَ سَحْرِيْ: میں اس سے نا اُمید ہو گیا۔
(السَّحَرُ و السُّحْرُ): رات کا اخیر اور فجر سے کچھ پہلے کا حصہ، تڑکا (۲) کسی چیز کا کنارہ (۳) سیاہی پر نمودار ہونے والی سفید (ج) اَسْحَارٌ۔ کہتے ہیں: لَقِيْتُهُ فِي اَعْلَى السَّحَرَيْنِ: میں اسے پو پھوٹنے سے پہلے ملا۔ یعنی صبح کاذب کے وقت ملا۔ سَحَرَین سے صبح صادق اور صبح کاذب دونوں مراد ہیں۔
(السُّحْرَةُ): رات کا اخیر صبح سے کچھ پہلے کا وقت (۲) تاریکی میں پھوٹنے والی سفیدی۔
(السَّحَرِيُّ): سحری کا وقت، اخیر رات فجر سے کچھ پہلے۔ صبح کاذب کا وقت۔
(السَّحَرِيَّةُ): السَّحَرِيُّ۔
(السَّحُورُ): سحری کا کھانا پینا۔
(السَّوْحَرُ): بید کا درخت یا اسی کی طرح کا درخت۔
(المَسَاحِرُ): انتفخت مَسَاحِرُهُ: اس نے اپنی حیثیت سے تجاوز کیا۔ (خلاف قیاس سَحْرٌ کی جمع ہے)
(المَسْحُورَةُ) من الارض: نہ اُگانے والی بنجر زمین (۲) تھوڑا دودھ دینے والی اونٹنی۔
(تَسَحْسَحَ) الماءُ و نحوُهُ: پانی بہنا۔
(السَّحْسَا): شدید بارش۔
(السَّحْسَاحَةُ): سخت بارش۔
-عَيْنٌ سَحْسَاحَةٌ: بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔

(السَّحْسَحَةُ): کھر کا تحن۔
(سَحَطَهُ) - سَحْطًا: تیزی سے ذبح کرنا۔ حدیث وحشی میں ہے (فبرك عليه فسحطه سحط الشاة)
-الطَّعَامُ فلانًا: حلق میں اٹکنا، اچھولگنا۔
-الشَّرَابَ: شراب یا شربت میں پانی ملانا۔
(انْسَحَطَ) الشيءُ مِنْ يَدِهِ: ہاتھ سے کوئی چیز چھوٹ جانا۔
-فلانٌ عن النَّخْلَةِ: کھجور کے درخت سے لٹکنا اور بغیر پکڑے نیچے اترنا۔
(المَسْحَطُ): حلق (ج) مَسَاحِطُ۔
(سَحَفَ) الشيءَ - سَحْفًا: چھیلنا، کھرچنا۔
-الشَّحْمَ عَنْ ظَهْرِ الشَّاةِ: بکری کی پیٹھ کی چربی زیادہ ہونے کی وجہ سے چھیلنا۔
-اللهُ فُلانًا: اللہ تعالیٰ کا کسی کو مرض سل میں مبتلا کرنا۔
(أَسْحَفَتِ) الرِّيحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادلوں کو لے جانا۔
-فلانٌ: پیٹھ کی چربی فروخت کرنا۔
(السُّحَافُ): مرض سل۔
(السَّحْفَةُ): کھال سے چمٹی ہوئی کمر کی چربی (جو مونڈھوں اور کولھوں کے درمیان ہوتی ہے) (ج) سَحْفٌ و سِحَافٌ۔
(السُّحْفَةُ) رَجُلٌ سُحْفَةٌ: مونڈے ہوئے سر والا۔
(السَّحُوفُ): وہ موٹی اونٹنی جس کی کمر سے چربی اتاری جائے (ج) سُحُفٌ (۲) چکی کی آواز (۳) دودھ دوہتے وقت دودھ کی آواز۔
(السَّحِيفُ): چکی کی آواز۔
(السَّحِيفَةُ): السَّحْفَةُ (۲) سخت طوفانی بارش جو ہر چیز کو بہا کر لے جائے (ج) سَحَائِفُ۔
(المَسْحَفُ): مَسْحَفُ الحَيَّةِ: زمین پر سانپ کے رینگنے کا نشان۔
(المَسْحَفَةُ): پتلی اور باریک گھاس والی زمین (ج) مَسَاحِفُ۔
(المِسْحَفَةُ): گوشت یا چڑا وغیرہ چھیلنے یا اُتارنے کا اوزار (ج) مَسَاحِفُ۔

(سَحَقَهُ) - سَحْقًا: کسی چیز کو اچھی طرح کوٹنا، سفوف بنانا۔ جیسے سَحَقَ الدَّواءَ۔
-الشيءَ الشَّدِيدَ: سخت چیز کو نرم کرنا۔
-الشيءَ: تباہ و برباد کرنا، ہلاک کرنا (۲) پرانا اور بوسیدہ کرنا۔ کہتے ہیں: سَحَقَ فلانًا و سَحَقَ الحشرةَ و سَحَقَ الثوبَ۔
-رَاسَهُ: سر مونڈنا۔
-العَيْنُ الدَّمْعَ: آنکھ سے آنسو ڈھلکنا۔
-اللهُ فلانًا: اللہ اسے برباد کرے۔
(سَحِقَ) - سُحْقًا: بہت زیادہ دور ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فسحقًا لاصحب السعير﴾ هو سحيقٌ وهي سَحِيقَةٌ۔
(سَحُقَ) الشيءُ - سَحَاقَةً و سُحُوقَةً: پرانا و بوسیدہ ہونا۔
-الشيءُ سُحْقًا: بہت دور ہونا۔ هو سحيقٌ وهي سحيقةٌ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ أَوْتَهْوِيْ بِهِ الرِّيحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيقٍ﴾
-النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت کا لمبا ہونا۔
(اَسْحَقَ): پرانا و بوسیدہ ہونا جیسے اَسْحَقَ الثوبُ (۲) بہت دور ہونا۔
-الضَّرْعُ: تھن کا خشک ہو کر پیٹ سے لگ جانا۔
-اللهُ فلانًا: اللہ کا کسی کو ہلاک و برباد کر دینا۔
(انْسَحَقَ) الدَّواءُ: دوا کا پس کر باریک ہونا۔
-الثوبُ: کپڑے کا پرانا ہونا۔
-فلانٌ: دور ہونا۔
-الدَّمْعُ: آنکھ سے آنسو ڈھلکنا۔
-الشيءُ: وسیع و کشادہ ہونا۔
(السَّحْقُ) من الثياب: پرانا کپڑا، کبھی اضافت بیانیہ کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے جیسے سَحْقُ ثوبٍ و سَحْقُ عِمَامَةٍ (۲) اونٹ کی پیٹھ کے پھوڑے کا نشان (۳) باریک بادل (ج) سُحُوقٌ۔
(السُّحْقُ): بہت دوری، ہلاکت۔
- سُحْقًا له و سُحْقًا سُحْقًا: (بددعا کے

Marfat.com

ے) وہ برباد ہو خدا کی رحمت سے بہت دور ہو۔

(السَّحُوقُ) لمبا لمبی۔ کہتے ہیں عُودٌ سَحُوقٌ و نَخلَۃٌ سَحُوقٌ و امرأۃٌ سَحُوقٌ (ج) سُحُقٌ۔

(السَّحِیقَۃُ) زوردار بارش جو سب کچھ بہا کر لے جائے (ج) سَحَائِقُ۔

(المَسْحُوقُ) پسی ہوئی چیز (۲) سفوف پاؤڈر (ج) مَساحِیقُ۔

(سَحَلَتِ) العینُ ۔ سَحلاً و سُحُولاً آنکھ سے آنسو بہنا۔

-السماءُ آسمان کا پانی برسانا۔

-الحمارُ سَحِیلاً و سُحَالاً گدھے کا ڈھینچو ڈھینچو کرنا۔

-الحَبْلَ سَحلاً رسی کو بل پر بٹنا۔

-الدّراھِمَ روپیہ پیسا نقد دینا۔

-فلاناً کذا دِرھَماً کسی کو کوئی رقم فوری طور پر دینا۔

-السُّورَۃَ و القصیدۃَ ملا ملا کر پڑھنا۔

-الشیَٔ کوٹنا' پیسنا' گھسنا' رگڑنا۔ جیسے سَحَلَ الذَّھَبَ و الفِضَّۃَ کہتے ہیں سَحَلَتِ الرِّیحُ الارضَ آندھی نے زمین کو کھرچ ڈالا۔

فلاناً بلسانہ کسی کو گالی دینا' مذمت کرنا۔

(اَسْحَلَ) الحَبْلَ رسی کو ایک بل دینا۔

(ساحَلُوا) ساحل اور کنارہ دریا پر آنا یا اس پر چلنا۔

-فلاناً مُساحلۃً و سِحَالاً کسی کے ساتھ بدکلامی کرنا۔

(انسحلَ) بہانا' بہنا۔

(۲) تیز چلنا۔ تیزی سے گزر جانا۔ جیسے انسحلت الناقۃُ و انسحل الخطیبُ۔

(الاسحلُ) وہ درخت جس کی مسواک بنائی جاتی ہے۔

(السَّاحِلُ) سمندر کا کنارہ' ساحل' وہ علاقہ زمین جہاں تک سمندر کی موجیں اثر انداز ہوتی ہیں (ج) (ن) سَوَاحِلُ۔

(السَّحَالُ) لگام۔

(السُّحَالَۃُ) سونے چاندی وغیرہ کا برادہ (۲) گندم اور جو وغیرہ کا چھلکا' بھوسہ۔

-سُحَالَۃُ القومِ گرے پڑے گھٹیا درجے کے لوگ۔

(السَّحْلُ) کچے سوت کا بنا ہوا کپڑا (۲) ایک لڑی کی بٹی ہوئی رسی (۳) سفید باریک کپڑا (ج) اَسْحَالٌ و سُحُولٌ و سُحُلٌ

(السَّحِیلُ) کچے سوت کا بنا ہوا کپڑا (۲) ایک لڑی پر بٹی ہوئی رسی۔

(المُسْحَلَۃُ) سوت کا گولہ۔

(المِسْحَلُ) لگام (۲) لگام کے دونوں طرف کے حلقوں میں سے ایک حلقہ (۲) داڑھی کا ایک کنارہ اور وہ دو ہوتے ہیں مِسْحَلان (۴) چھینی (تراشنے کا اوزار) (۵) زبان۔ کہتے ہیں رَکِبَ الخَطِیبُ مِسْحَلَہٗ خطیب نے تقریر جاری رکھی (۶) ریتی' چھلنی (۷) رندا (ج) مَسَاحِلُ۔

(المَسْحُولُ) حقیر اور معمولی (۲) وسیع و ہموار جگہ۔

(سَحِمَ) - سَحَماً و سُحَاماً و سُحْمَۃً کالا ہونا' سیاہ ہونا ھو اَسْحَمُ وھی سَحْمَاءُ (ج) سُحْمٌ۔

(اَسْحَمَتِ) السماءُ آسمان کا بارش برسانا۔

(سَحَّمَ) الشیَٔ کالا کرنا' سیاہ کرنا۔

(الاَسْحَمانِ) ہر کالی چیز۔

(السُّحْمُ) لوہار کے ہتھوڑے۔

(السَّحْمَۃُ) لوہے کا ٹکڑا (ج) سَحَمٌ۔

(سَحَنَ) الشیَٔ - سَحْناً کوٹنا' توڑنا' پیسنا۔

-الخشبۃَ لکڑی کو رگڑ رگڑ کر نرم کرنا (اس کا کچھ حصہ ضائع کیے بغیر)

(ساحَنَہٗ) کسی سے اچھی طرح ملنا۔

-الشیَٔ کسی کے ساتھ کسی چیز میں شریک ہونا' بات چیت کرنا۔

(السَّحْنَاءُ) حالت' ہیئت (۲) رنگ (۳) رنگ روپ (۴) کھال کی نرمی (۵) نعمت و آسائش۔

(السَّحَنُ) یَومُ سَحَنٍ بڑے اجتماع کا دن۔

(السِّحْنُ) گوز حفاظت ھو فی سِحْنِہٖ وہ اس کی حفاظت میں ہے۔

(السَّحْنَۃُ) السَّحناءُ۔

(المِسْحَنُ) رندا' لکڑی کو نرم اور چکنا کرنے کا آلہ (ج) مَسَاحِنُ۔

(المِسْحَنَۃُ) رندا (۲) لوہے کی دھار بنانے کا باریک پتھر (ج) مَسَاحِنُ۔

(سَحَا) الشیَٔ ۔ سَحْواً چھیلنا' کھرچنا۔ کہتے ہیں سَحَا الطِّینَ عَنْ وَجْہِ الارضِ وسحا الشحمَ۔

-القِرْطَاسَ کاغذ کو صاف کرنا۔

-مِنَ القِرْطَاسِ کاغذ کو تراشنا۔

-الشَّعْرَ بالوں کو مونڈنا۔

-الکتابَ کتاب کی باریک چمڑے سے جلد بنانا۔

(سَحَی) الطینَ ۔ سَحْیاً مٹی کو کھرچنا۔

(اَسْحَی) الکتابَ کتاب کی باریک چمڑے سے جلد بنانا۔

(سَحَّاہُ) سَحَاہُ۔

(اسْتَحَی) الشیَٔ چھیلنا' رگڑنا۔

-الشَّعْرَ بال مونڈنا۔

(انْسَحَی) چھل جانا' کھرچ جانا۔

(الاُسْحُوَانُ) خوبصورت اور لمبا (۲) زیادہ کھانے والا۔

(الاُسْحِیَّۃُ) گوشت پر چڑھی ہوئی جھلی (ج) اَسَاحِیُّ۔

(السَّاحِیَۃُ) طوفانی بارش جو زمین کی مٹی کو چھیل ڈالے۔ سَیْلٌ سَاحِیَۃٌ (تا مبالغہ کیلئے) زبردست سیلاب جو ہر چیز کو بہا کر لے جائے۔

(السِّحَا) مِنْ کُلِّ شیءٍ ہر چیز کا چھلکا۔

(السِّحَاءُ) ہر چیز کا چھلکا۔ واحد سِحَاءَۃٌ و سِحَایَۃٌ کہتے ہیں ما فی السماء سِحَاءَۃٌ مِنَ السحابِ آسمان میں ہلکا سا بھی بادل نہیں۔

(السِّحَایَۃُ) وہ اوزار بنانے کا پیشہ جن سے زمین کی مٹی صاف کی جاتی ہے (۲) دماغ کا غلاف' جھلی۔

Marfat.com

(المِسْخَاةُ): چھیلنے اور کھرچنے کا اوزار (۲) بیلچہ پھاوڑا وغیرہ (ج) مَسَاخٍ۔

س.........خ

(السِّخَابُ): موتیوں کے علاوہ دیگر معمولی چیزوں (مونگ وغیرہ) سے بنایا ہوا ہار جو بچے استعمال کرتے ہیں۔ کہتے ہیں: وَجَدْتُه مَارِثَ السِّخَاب: میں نے اسے بچوں کی طرح نا سمجھ پایا۔ (ج) سُخُبٌ۔

(السَّخْبَرُ): ایک درخت جس کی جڑ میں سانپ رہتے ہیں اور لمبا ہونے کے بعد اس کے سرے نیچے کی طرف لٹک جاتے ہیں۔ واحد سَخْبَرَةٌ۔

-رَكِبَ فلانٌ السَّخْبَرَ: دھوکہ دینا' غداری کرنا۔

(السَّخْتُ): شدید سخت۔ جیسے حَرٌّ سَخْتٌ و بَرْدٌ سَخْتٌ (۲) ٹھوس اور باریک۔

(السِّخْتِيتُ): السَّخْتُ (۲) ٹھوس اور خالص سفید۔

(السِّخْتيان): بکری کی دباغت دی ہوئی کھال (مع)

(المَسْخُوتُ): چکنا۔

(سَخَتَ) الجرادةُ ـِ سَخْتًا: ٹڈی کا زمین میں دم گاڑنا۔

-فِي السَّيْرِ والحَفْرِ: چلنے یا کودنے میں دور نکل جانا۔

(السَّخَاخُ): نرم اور عمدہ زمین جس میں ریت نہ ہو۔

(سَخَدَ) وَرَقُ الشَّجَرِ: درخت کے پتوں کا تر ہو کر ایک دوسرے پر چڑھ جانا۔

(السُّخْدُ): گرم۔

-(السُّخْدُ): بچے کی پیدائش کے وقت نکلنے والا زرد گاڑھا پانی (۲) چہرہ کی زردی (۳) رحم کی دیوار سے ملا ہوا عضو جو رحم میں بچے کی غذا کا ذریعہ ہوتا ہے۔

-السُّخْدُ الطُّبْطابي: ولادت کے وقت بچے کے ساتھ نکلنے والی وہ جھلی جس میں "الحبل السّری" (Umbilical Cord) کنارے

کے ساتھ جڑی ہوتی ہے (ج)

(السَّخُودُ) شَبَابٌ سَخُودٌ: چڑھتی جوانی۔

(المُسَخَّدُ) ورم آلود زرد رنگ کا بوجھل آدمی۔

(سَخَرَتِ) السَّفِينَةُ ـَ سَخْرًا: کشتی کا موافق اور خوشگوار ہوا میں چلنا۔

-فُلانًا سُخْرِيًّا: کسی سے جبراً کوئی کام لینا۔

(سَخِرَ) مِنه و به ـَ سَخْرًا و سَخَرًا و سُخْرِيَةً و سُخْرِيَّةً: مذاق کرنا' ٹھٹھا کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ﴾

(سَخَّرَهُ) کسی کو ایسا کام کا پابند کرنا جسے وہ نہ چاہتا ہو (۲) بلا اجرت و معاوضہ کسی سے کام لینا۔

-اللّٰهُ الإبلَ: اونٹوں کو قابو کرنا۔

- عليه: مسلط کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ﴾

(تَسَخَّرَهُ) بلا اجرت کسی سے کام لینا۔

(اسْتَسْخَرَ) مِنْهُ سَخِرَ۔

(السُّخْرَةُ): بلا اجرت زبردستی لیا جانے والا کام' بیگاری (۲) وہ شخص جس کا مذاق اڑایا جائے۔

(السُّخَرَةُ): لوگوں سے بہت مذاق کرنے والا۔

(المَسْخَرَةُ): ٹھٹھا اور مذاق اڑانے کا سبب (ج) مَسَاخِرُ۔

(السُّخْرِيَّةُ و السُّخْرِيَةُ): مذاق' ٹھٹھا۔

(سَخِطَهُ) و سَخِطَ عليه ـَ سَخَطًا و سُخْطًا: کسی سے ناراض ہونا' نفرت کرنا' غصہ ہونا۔

(أَسْخَطَهُ): ناراض کرنا۔

(تَسَخَّطَهُ): ناراض ہونا۔ کسی کو برا سمجھنا۔

-العَطَاءَ: عطیہ کو کم سمجھنا اور خاطر میں نہ لانا۔ کہتے ہیں: اعطاهُ قليلا فَسَخَّطَهُ۔

(سَخُفَ) الشيءُ ـُ سُخْفًا و سُخْفَةً و سَخَافَةً: باریک اور کمزور ہونا۔

-الثَّوْبُ: کپڑے کے تانے کا باریک ہونا۔

- العقل: عقل کا کمزور ہونا۔ هو سخيفٌ وهي سخيفةٌ - رأيٌ سخيفٌ کمزور رائے۔

-ثوبٌ سَخِيفٌ باریک کپڑا۔

(سَخَّفَه) باریک کرنا۔ کمزور کرنا (۲) کم عقل و بے وقوف قرار دینا۔

-الجوعُ فلانًا بھوک کا کسی کو کمزور کرنا۔

(السُّخْفَةُ) سُخْفَةُ الجُوعِ بھوک کی وجہ سے ہونے والی کمزوری۔

(سَخَلَ) الشيَ ـَ سَخْلًا دھوکے سے لینا۔

(أَسْخَلَ) الأَمْرَ موخر کرنا' پیچھے ڈال دینا۔

(سَخَلَتِ) النَّخْلَةُ کھجور کا پھل کمزور ہونا یا پھل کو گرا دینا۔

-النَّخْلَةَ کھجور کو جھٹکا دے کر پھل گرانا۔

(السُّخَالَةُ) پھوڑن' چھلن۔

(السَّخَلُ) وہ کھجور جس کی گٹھلی ابھی پکی ہو۔

(السُّخَلُ) السَّخَلُ۔

(السَّخْلُ) ہر تمام چیز (۲) کمزور اور گھٹیا (ج) سُخُلٌ و سُخَالٌ۔

(السَّخْلَةُ) بھیڑ بکری کا بچہ (نر یا مادہ) (ج) سَخْلٌ و سِخَالٌ و سُخْلَانٌ۔

(سَخِمَ) اللحمُ گوشت کا بدبودار ہونا۔

-فلانًا بصدره غصہ دلانا۔

-اللّٰهُ وَجْهَهُ چہرہ سیاہ کر دینا۔

(تَسَخَّمَ) عليه کینہ رکھنا۔

(الأَسْخَمُ) کالا' سیاہ۔ وهي سَخْمَاءُ (ج) سُخْمٌ۔

(السُّخَامُ) ہانڈی کی سیاہی (۲) کوئلہ۔

-لَيْلٌ سُخَامٌ تاریک رات۔

(السُّخَامِيُّ) سیاہ' کالا۔

-لَيْلٌ سُخَامِيٌّ تاریک رات۔

(السُّخَمُ) کالا' سیاہ۔

(السُّخْمَةُ) کالا' سیاہ (۲) غصہ۔

(السَّخِيمُ) ہلکا گرم پانی۔

(السَّخِيمَةُ) کینہ' حسد و بغض۔ کہاوت ہے سَلَلْتُ سَخِيمَتَه باللطفِ و التَّرَضِّي میں نے اس کے بغض کو نرمی و ملاطفت سے ختم کر دیا

Marfat.com

(ج) سَخَائِمُ۔
(المُسْخَمُ): کینہ پرور۔
(سَخَنَ)۔ ـُ سُخْناً و سُخُونَةً: گرم ہونا (۲) بخار میں مبتلا ہونا۔ ھو سَاخِنٌ۔
(سَخِنَ)۔ ـَ سَخَناً: سَخَنَ۔
-العَیْنُ سَخَناً و سُخْنَةً: بیماری سے آنکھ کا گرم ہونا۔ ھو سَخِیْنٌ و ھی سَخِیْنَةٌ۔
(اَسْخَنَه): گرم کرنا۔
-اللّٰہُ عَیْنَه و بعینه: ایسی تکلیف میں مبتلا کرنا جس میں آنسو نکلنے لگیں۔ اس کے برعکس ہے: اَقَرَّ اللّٰہُ عَیْنَه: اللہ کا کسی کو سکون و چین عطا کرنا۔
(سَخَّنَه) اَسْخَنَه۔
(التَّسَاخِیْنُ) پانی گرم کرنے کے برتن (۲) موزے (۳) علماء کا سر پر ڈالنے کا رومال۔
(السَّخَّانُ) پانی گرم کرنے کا ساور یا ٹنکی، گیزر (۲) ہیٹر (مج)
(السِّخِّیْنُ) گرم (۲) شدید اور درد انگیز چوٹ (۳) ہل کو پکڑنے کا دستہ (۴) خم دار رندا یا چھینی وغیرہ جس سے چھلائی کی جائے (۵) قصاب کی چھری (ج) سَخَاخِیْنُ۔
(السُّخْنُ) گرم۔
(السُّخْنَانُ) گرم۔
(السِّخْنَةُ) گرمی، حرارت، بخار (۲) درد کی بقیہ حرارت و سوزش کہتے ہیں: عَلَیْكَ بالامرِ عند سُخْنَتِه تم کو معاملہ کے آغاز میں ہی اس کی تدبیر کرنی چاہیے۔
-سُخْنَةُ العَیْنِ آنکھ کی سوزش۔
(السَّخْنَةُ) السُّخْنَةُ۔
(السَّخُوْنُ) گرم شوربا۔
(السُّخُوْنَةُ) سُخُوْنَةُ النِّفَاسِ علم طب میں ولادت کے قریبی زمانہ میں بڑھی ہوئی حرارت۔
(السَّخِیْنُ) ضَرْبٌ سَخِیْنٌ گرم اور شدید چوٹ۔
(السَّخِیْنَةُ) آٹے سے بنا ہوا ایک سوپ نما کھانا جو قدرے گاڑھا ہوتا ہے (۲) گرم کھانا۔
(المِسْخَنَةُ): وہ ہانڈی یا دیگچی وغیرہ جس میں کھانا گرم کیا جائے (ج) مَسَاخِنُ۔
(سَخَا)۔ ـُ سَخَاءً: سخاوت کرنا۔
-بہ: سخاوت کے ساتھ دینا۔ ھُوَ سَاخٍ وھی سَاخِیَةٌ۔
-فلانٌ: پرسکون ہونا۔
(سَخُوَ)۔ ـُ سَخَاوَةً: سخی و فیاض ہونا۔ ھو سَخِیٌّ (ج) اَسْخِیَاءُ وھی سَخِیَّةٌ (ج) سَخَایا۔
(سَخِیَ)۔ ـَ سَخاً: سخی و فیاض ہونا۔
-نَفْسُه عَنِ الشیءِ: طبیعت کا کسی چیز سے ہٹ جانا۔
(اَسْخَی) النارَ: دیگچی کے نیچے آگ کا راستہ بنانا۔ اَسْخَی القِدْرَ بھی کہتے ہیں۔
(سَخَّی) نَفْسَه و بنفسه عن کذا: طبیعت کو کسی چیز سے الگ رہنے پر آمادہ کرنا۔
-النَّارَ: اَسْخَی۔
(تَسَخَّی) عن اصحابه: اپنے ساتھیوں کے ساتھ بتکلف سخاوت کرنا۔
(السَّخَاوِیَّةُ): نرم و کشادہ زمین (ج) سَخَاوِیٌّ۔
(السَّخْوَاءُ): نرم اور کشادہ زمین (ج) سَخَاوَی و سَخَاوٍ۔

س .... د

(سَدَحَتْ) فُلَانَةٌ ـَ سَدْحاً: عورت کا اپنے خاوند سے خوش اور کثیر الاولاد ہونا۔
-بالمکان قیام پذیر ہونا۔
-الشیءَ پھیلانا، بچھانا۔
-فلاناً پچھاڑنا، منہ کے بل گرانا۔
-الناقةَ اونٹنی کو بٹھانا یا زمین پر لٹا کر ذبح کرنا۔
(السَّادِحُ) رَجُلٌ سَادِحٌ: خوشحال آدمی۔
(السَّادِحَةُ) زبردست بادل (ج) سَوَادِحُ۔
(سَدَّ) السَّیُّ ـِ سَدَاداً و سُدُوْداً: سیدھا اور درست ہونا۔
-السَّهْمُ تیر کا سیدھا ہونا۔
-فلانٌ: قول و فعل میں صحیح روش پر ہونا۔
-قوله و فِعله: قول و فعل کا درست ہونا۔ فالقَوْلُ و الفِعْلُ سَدِیْدٌ و اَسَدُّ۔
-الشیءَ ـُ سَدّاً: خرابی یا بگاڑ دور کرنا۔
-القَنَاةَ و نَحْوَهَا: نہر وغیرہ پر بند باندھنا۔
-علیه بَابَ الکلامِ: کسی کو کلام سے روکنا۔
(اَسَدَّ): درست روش پر ہونا (۲) صحیح راہ ہونا۔
(سَدَّدَ) السَّهْمَ اِلَی الصَّیْدِ: شکار پر تیر مارنا۔
-اللّٰہُ فلاناً: اللہ کا کسی کو راہ راست پر لانا۔
-صَاحِبَهٗ: راہنمائی کرنا، تعلیم دینا۔
-مَالَه: مال کا صحیح انتظام کرنا۔
-علیه القولَ: کسی کی بات کا رد کرنا۔
(اِسْتَدَّ): سیدھا اور بالترتیب ہونا۔
(اِنْسَدَّ): بند ہونا، ختم ہونا، ادا ہونا۔
(تَسَدَّدَ): سیدھا اور درست ہونا۔
(الإنسداد التاجی): طب باطنی کی اصطلاح میں شریان تاجی میں جلطہ دمویہ (Thrombus) Blood Clot آ جانے کو کہتے ہیں۔
(السَّادُّ) سادُّ القَامةِ: سیدھے قد والا۔
(السَّادَّةُ) کھلی ہوئی آنکھ جو اچھی طرح نہ دیکھ سکے (ج) سُدُوْدٌ۔
(السَّدَادُ): راست روی (۲) قول و فعل کی درستگی۔
(السِّدَادُ) بندش، روک، ہر وہ چیز جس سے خلل و رخنہ دور کیا۔
-سِدَادُ القارُوْرَةِ شیشی کی ڈاٹ۔
-سِدَادٌ مِن عَوَزٍ و سِدَادٌ مِنْ عَیْشٍ حاجت روائی، تکمیل ضرورت (۲) (علم طب کے مطابق) جما ہوا خون، یا کسی جگہ اکٹھا ہو کر گرہ کی شکل اختیار کرنے والا خون (ج) اَسِدَّةٌ (مج)
-سِدَادُ الثَّغْرِ: سرحدی حفاظتی دستہ۔ (افراد اور گھوڑوں وغیرہ پر مشتمل)
(السُّدَادُ) ناک کی ایک بیماری جس میں ناک بند ہو کر اس میں ہوا داخل نہیں ہوتی (۲) بدن کی کسی بھی نالی کو بند کر دینے والی چیز۔

Marfat.com

(السَّدُّ): دو چیزوں کے درمیان رکاوٹ' آڑ (۲) آبی گزرگاہ میں کھڑی ہوئی عمارت' بند' ڈیم' پشتہ (ج) سُدُوْدٌ و اَسْدَادٌ۔

(السُّدُّ): السَّدُّ – سُدٌّ مِنْ سِحَابٍ: افق پر چھایا ہوا بادل۔

-سُدٌّ مِنْ جَرَادٍ و جَرَادٌ سُدٌّ: ٹڈی دل جو افق پر چھا جائے (۲) وہ وادی جس میں پتھر چٹانیں ہوں جن میں پانی رک جاتا ہو (ج) سُدُوْدٌ و اَسْدَادٌ۔

(السِّدُّ): کلام صحیح۔

(السَّدَدُ): السَّدَادُ۔

(السَّدَادُ) رَجُلٌ سَدَادٌ: راست رو۔

(السُّدَّةُ): گھر کا دروازہ (۲) گھر کے دروازہ کا سائبان (۳) گھر کے سامنے کا میدان (۴) تخت یا چارپائی ۵) ناک بند ہونے کی بیماری (ج) سُدَدٌ۔

(المَسَدُّ) سدّمسدّۃ: قائم مقام ہونا۔ هم یسدّون مَسَادَ ابآئہم۔

(سَدَرَ) فلانٌ فِی البلادِ ـِ سَدْرًا و سُدُوْرًا: ملک میں روک ٹوک جانا۔

-الثَّوْبَ: کپڑے کو پھاڑنا۔

(سَدِرَ) ـَ سَدَرًا و سَدَارَةً: گرمی کی شدت سے نگاہ کا چندھیا جانا۔ سَدِرَ بَصَرُہٗ بھی کہتے ہیں (۲) بے پرواہ ہونا' حیران و پریشان ہونا' خیرہ ہو جانا۔ هُوَ سَادِرٌ سَدِرٌ وهی سَدِرَةٌ۔

-هُوَ سَادِرٌ فِی الغَیِّ: وہ گمراہی میں پڑا ہوا ہے۔

-تَکَلَّمَ سَادِرًا: اس نے بے سوچے سمجھے کلام کیا۔

(اَسْدَرَہٗ): بے پرواہ بنانا۔

(انْسَدَرَ): تیز دوڑنا۔

(تَسَدَّرَ) بالثَّوْبِ: کپڑے میں لپٹ جانا۔

(الأَسْدَرَان): دو رگیں جو رخسار سے نکل کر کان کے سوراخ سے گزرتے ہوئے سر کی چوٹی تک پہنچتی ہیں۔ کہاوت ہے: جَاءَ یَضْرِبُ اَسْدَرَیْہِ: بیکار آدمی کے لئے کہا جاتا ہے وہ دونوں پہلو اور مونڈھے ہلاتا ہوا آیا۔

(السِّدَارُ): مچھر دانی' وہ باریک جالی دار کپڑا جو خیموں کے سامنے مچھر وغیرہ سے حفاظت کے لئے لگایا جاتا ہے۔

(السَّدَرُ): سر کا چکر جو سمندری مسافر کو آتا ہے۔

(السِّدْرُ): بیری کا درخت (ج) سِدَرٌ

-سِدْرَةُ المُنْتَهٰی: جنت کا ایک درخت۔

(السَّدِیْرُ): سر شاخہ عمارت' سر شاخہ گنبد (مع) (۲) پانی کا چشمہ (۳) گھاس۔

-سَدِیْرُ النَّخْلِ: کھجور کے درختوں کا جھرمٹ۔

(السِّیْدَارَةُ): بلا پھندنا لمبی ٹوپی' عراق کے شہری اسے استعمال کیا کرتے تھے۔

(سَدَسَ) القَوْمَ ـُ سَدْسًا: لوگوں کے مال کا چھٹا حصہ لینا۔

-القومَ ـِ سَدْسًا: چھٹا فرد ہونا۔

(اَسْدَسَ) القومُ: لوگوں کا چھ ہونا۔

(السُّدَاسُ): چھ چھ جیسے جَاءُوْا سُدَاسَ۔

(السُّدَاسِیُّ): اِزَارٌ سُدَاسِیٌّ: چھ ہاتھ لمبا ازار۔

(السُّدْسِیَّةُ): علم ہندسہ میں ایک آلہ کا نام جس کے ذریعہ زوایا کے ابعاد (فاصلوں کو ناپا جاتا ہے (مج)

(السُّدُسُ): چھٹا حصہ (ج) أسداسٌ کہتے ہیں (هو یضرِبُ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاسٍ) وہ مکروفریب کے لئے کوشاں رہتا ہے۔

(السُّدُوْسُ): ہرے رنگ کی چادر یا مطلقاً چادر۔

(السَّدِیْسُ): چھٹا حصہ (ج) اَسْدَاسٌ۔ (۲) چھ اجزائی (۳) چھ سال کی بکری (۴) آٹھویں سال میں داخل ہونے والا اونٹ (ج) سُدُسٌ۔

(المُسَدَّسُ): (علم الهندسہ میں) ایک شکل جس کے اضلاع کی مقدار مساوی چھ ہوتی ہے (۲) پستول (۳) ریوالور (جس میں عام طور پر چھ گولیاں ہوتی ہیں) (محدثة)۔

(مَسْدَسَ): جَاءُوْا مَسْدَسَ: وہ چھ چھ آئے۔

(سَدَعَ) الشیَٔ بِغَیْرِہٖ ـَ سَدْعًا ایک چیز کو دوسری سے ٹکرانا۔

-الشیَٔ: پھیلانا۔

-الحَیَوَانَ: جانور کو ذبح کرنا۔

-فُلَانًا: راستہ بتانا۔

(المِسْدَعُ): اپنی راہ یا اپنے رخ پر چلنے والا راہبر یا تیز رفتار رہبر (ج) مَسَادِعُ۔

(سَدِفَ) البَصَرُ ـَ سَدَفًا: بھوک یا بڑھاپے کی وجہ سے نگاہ کا دھندلا ہو جانا۔ هو اَسْدَفُ والعینُ سَدْفَاءُ (ج) سُدْفٌ۔

(اَسْدَفَ): تاریک ہو جانا۔ جیسے اَسْدَفَ اللَّیْلُ۔

-فلانٌ: سو جانا (۲) بھوک یا بڑھاپے کی وجہ سے نگاہ کا کام نہ کرنا (۳) تاریکی میں داخل ہونا (۴) روشنی کے راستہ سے ہٹ جانا۔

-السِّتْرَ: پردہ اٹھانا۔

-البَابَ: دروازہ کھولنا۔

-المرأۃُ القِنَاعَ: عورت کا نقاب منہ پر ڈالنا۔

(سَدَّفَ) اللَّحْمَ: گوشت کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

(الأَسْدَفُ): تاریک سیاہ۔

-لَیْلٌ اَسْدَفُ تاریک رات۔

(السِّدَافَةُ): پردہ' چلمن۔

(السَّدَفُ): تاریکی (۲) رات اور اس کی تاریکی (ج) اَسْدَافٌ۔

(السُّدْفَةُ): تاریکی (۲) رات کا ایک حصہ (۳) تاریکی اور روشنی کی آمیزش جیسے طلوع فجر سے روشنی ہونے تک کے وقت (ج) سُدَفٌ۔

(السُّدْفَةُ): دروازہ یا اس کا سائبان (ج) سُدَفٌ۔

(السَّدْفَةُ): رات اور اس کی تاریکی (۲) طلوع فجر سے روشنی ہونے تک کا وقت۔

(السَّدِیْفُ): کوہان کا گوشت (ج) سَدَائِفُ و سِدَافٌ۔

(سَدِكَ) بالشیءِ ـَ سَدَكًا و سَدْكًا: پہننا

Marfat.com

کسی چیز کے ساتھ لگے رہنا۔ هو سَدِكٌ وهي سَدِكَةٌ۔
(سَدَّكَ) جِلالَ التَّمرِ کھجور کی بیٹیوں کو تہ بہ تہ رکھنا۔
(السَّدِكُ) پھرتی سے کام کرنے والا۔
-سَدِكٌ بالرُّمحِ تیزی سے نیزہ چلانے والا۔
(سَدَلَ) الثَّوبَ والسِّترَ و الشَّعرَ ـُ سَدلاً چھوڑنا، لٹکانا۔
-فِي البلادِ ملک میں جانا۔
(سَدِلَ) ـَ سَدَلاً مائل ہونا۔ هو اَسدَلُ وهي سَدلاءُ (ج) سُدلٌ
(اَسدَلَهُ) لٹکانا، چھوڑنا۔
(سَدَّلَه) اَسدَلَه۔
(انسَدَلَ) لٹکنا، نیچے کو چھوڑنا۔
(السِّدلُ) سینہ تک لٹکا ہوا موتیوں یا ہیروں کا ہار (ج) سُدُولٌ۔
(السُّدلُ) پردہ (ج) اَسدالٌ و سُدُولٌ۔
(السَّدِيلُ) پالکی وغیرہ کا پردہ۔ (۲) خیمہ کے اندر لٹکا ہوا پردہ (۳) دلہن کے مصنوعی کمرہ کا پردہ (ج) اَسدالٌ و سُدُلٌ و سَدائِلُ۔
(سَدَمَ) البابَ ـُ سَدماً دروازہ بند کرنا۔
(سَدِمَ) الماءُ ـَ سَدَماً پانی کا زیادہ دیر ٹھہرے رہنے کی وجہ سے بدبودار ہو جانا (۲) مٹی کا پانی میں پڑ کر اندر اتر جانا اور گدلا کر دینا۔
-فلانٌ مصیبت میں ہونا، غصہ اور رنج ہونا۔
-بالشيءِ کسی چیز کا بہت خواہشمند ہونا۔ هو سادِمٌ و سَدِمٌ و سَدمانُ (اکثر اس کا استعمال نَدِمٌ کے ساتھ ہوتا ہے) هو سادِمٌ نادِمٌ وہ غمناک و پریشان ہے۔ و سَدمانُ ندمانُ و سَدِمٌ نَدِمٌ۔
(سَدَّمَ) الماءَ طولُ العَهدِ پانی کو درازی مدت کا بدل دینا۔
(انسَدَمَ) دَبَرُ البعیرِ اونٹ کے زخم کا اچھا ہونا۔
(السَّدِمُ) من الفُحُولِ مست و غضبناک سانڈ (۲) زور سے ابلتا ہوا پانی (ج) اَسدامٌ۔
-عاشِقٌ سَدِمٌ زبردست عاشق۔
(السَّدَمُ) من الفُحولِ والمیاهِ مست و غضبناک سانڈ (۲) زور سے ابلتا ہوا پانی (ج) اَسدامٌ و سِدامٌ۔
(السُّدُمُ) بئرٌ سُدُمٌ بند ہو جانے والا کنواں۔
(السَّدِيمُ) تھکا ماندہ (۲) حیران و پریشان (۳) دباؤ کے ساتھ نکلتا ہوا پانی (۴) ہلکا کہر دھند (۵) بے شمار اجرام سماویہ کے تصادم سے فضا میں پیدا ہونے والے بادلوں کے چمکتے ہوئے پانی سے بھرے ہوئی چھوٹے چھوٹے ٹکڑے (ج) سُدُمٌ۔
(سَدَنَ) ـُ سَدناً و سِدانَةً و سِداناً خانہ کعبہ کی خدمت کرنا۔
(السّادِنُ) کعبہ کی خدمت کرنے والا دربان۔ کہتے ہیں هو سادِنُ فلانٍ و اذنه بمعنی دربان (ج) سَدَنَةٌ۔
(السَّدِينُ) چربی (۲) خون (۳) اون (ج) اَسدانٌ۔
(سَدَا) فلانٌ ـُ سَدواً کسی چیز کی طرف ہاتھ بڑھانا۔ سَدَا الی الشيءِ بیدہٖ اور بیدَیہ بھی مستعمل ہے۔
-فلانٌ سَدوَ كَذا کسی کے طریقہ پر چلنا۔ کہتے ہیں خطبَ فما زال علی سَدوٍ وّاحدٍ وہ برابر ایک ہی طرز کے سجع و قافیے پر تقریر کرتا ہے۔
(سَدَى) الثَّوبَ ـِ سَدياً کپڑے کا تانا پھیلانا۔
(سَدِيَ) ـَ سَدًى نم ہونا، شبنم والا ہونا۔ کہتے ہیں سَدِيَتِ الارضُ و سَدِيَ المکانُ سَدِيَتِ اللَّيلَةُ۔ هو سَدٍ وهي سَدِيَةٌ۔
(اَسدَى) الثَّوبَ کپڑے کا تانا ڈالنا۔
-الیه معروفاً کسی کے ساتھ حسن سلوک کرنا، عطیہ دینا۔
-الامرَ کسی مسئلہ میں کامیاب ہونا۔
-الشيءَ نامکمل چھوڑنا۔
-بینهما صلح کرانا۔
-بینهم حدیثاً لوگوں کی بات چیت کو مرتب کرنا۔
(سَدّى) الثوبَ کپڑے کا تانا ڈالنا۔
-الیه کسی کے ساتھ بھلائی کرنا۔
-بینهما صلح کرانا۔
-النَّخلُ الشَّهدَ شہد کی مکھیوں کا شہد نکالنا۔
(استَدى) فلانٌ سَدَا۔
-اِلَى الشَّيءِ ہاتھ بڑھانا۔
-الفرسُ گھوڑے کو پسینہ آنا۔
(تَسَدَّى) الثَّوبَ کپڑے کا تانا ڈالنا۔
-الشيءَ کسی چیز پر چڑھنا، سوار ہونا۔
-الامرَ کسی کام پر قابو پانا۔
(السدى) نظرانداز کیا ہوا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ اَيَحسَبُ الاِنسَانُ اَن يُترَكَ سُدًى ﴾
(السَّدَى) من الثوبِ کپڑے کا تانا (عکس لحمه بانا)۔
واحد سداةٌ (ج) اَسداءٌ و اَسدِيَةٌ۔ (۲) شبنم (۳) نظرانداز کیا ہوا۔
(واحد جمع دونوں کے لئے)

س ..... ذ

(السَّذابُ) ایک پودا جو فصیلہ سذابیہ سے ہے۔
(السّاذَجُ) سادہ (جس پر کوئی نقش وغیرہ نہ ہو یا جس میں کوئی آمیزش نہ ہو) (فارسی معرب) (۲) معمولی۔ حجّةٌ ساذجَةٌ معمولی دلیل۔

س ..... ر

(سَرَأَتِ) الجرادةُ والسَّمَكَةُ ـَ سَرءاً ٹڈی اور مچھلی کا انڈے دینا۔
-المرأةُ عورت کا کثیر الاولاد ہونا۔ هي سَرُوءٌ (ج) سُرُءٌ و سُرَّأٌ۔
(اَسرَأَتْ) انڈے دینے کا وقت قریب آنا۔
(سَرَّأَتْ) سَرَأَتْ۔
(السِّرءُ) مچھلی اور ٹڈی وغیرہ کے انڈے۔
واحد سِرأَةٌ۔

Marfat.com

(سَرَبَ) ـُ سُرُوْبًا: نکلنا۔
-فی الارضِ: زمین میں آزادانہ گھومنا۔
ھو سَارِبٌ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَمَنْ ھُوَ مُسْتَخْفٍ بِاللَّیْلِ وَ سَارِبٌ بِالنَّھَارِ﴾
-فی حَاجَتِہٖ: اپنی ضرورت کے لئے نکلنا۔
-الماءُ: پانی کا بہنا۔
-العینُ: آنکھ کا بہنا۔
-القربۃَ سَرْبًا: مشکیزہ کو سینا۔
(سَرِبَ) الماءُ ـَ سَرَبًا: پانی کا بہنا ہو سَرِبٌ۔
(اَسْرَبَ) الماءَ: پانی بہانا۔
(سَرَّبَ) السَّرَبَ: خفیہ راستہ بنانا۔
-الشیءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرکے بھیجنا یا چھوڑنا۔
-الیہ الشَّیْءَ: کسی کے پاس کوئی چیز ٹکڑے ٹکڑے کرکے بھیجنا۔
-علیہ الاِبِلَ وَالخَیْلَ: کسی کے پاس گھوڑے یا اونٹ تھوڑی تعداد میں بھیجنا۔
-الماءَ: پانی بہانا۔
(اِنْسَرَبَ) الماءُ: پانی بہنا۔
-فی حجرِہٖ: بل میں گھس جانا۔
(تَسَرَّبَ): اِنْسَرَبَ۔
-مِنَ الشَّرَابِ: سیر ہو جانا۔
-القومُ فی الطَّرِیْقِ: راستہ میں لوگوں کا آگے پیچھے چلنا۔
(السَّرَابُ): وہ ریت جو صحرا میں دھوپ کی شدت کی وجہ سے پانی جیسی معلوم ہو۔
(السَّرَبُ): خفیہ راستہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَاتَّخَذَ سَبِیْلَہٗ فِی الْبَحْرِ سَرَبًا﴾ (۲) تہ خانہ، زمین دوز راستہ جو آر پار نہ ہو (۳) جنگلی جانور کا بل یا سوراخ (۴) زمین دوز نالا جس سے پانی باغ وغیرہ میں پہنچتا ہو (۵) مشکیزہ سے بہنے والا پانی (ج) اَسْرَابٌ۔
(السِّرْبُ): جانوروں اور پرندوں کا گروہ (۲) نفس، دل۔ ھو اٰمِنُ السِّرْبِ و اٰمِنٌ فی سربہ: اس کا دل مطمئن ہے یا وہ اپنے بال بچوں اور مال و دولت کی طرف سے مطمئن ہے (۳) سینہ۔ ھو واسعُ السِّرْبِ: وہ وسیع الظرف ہے (۵) راستہ، رخ۔ کہتے ہیں: خَلِّ سِرْبَہٗ اس کا راستہ چھوڑ دو (ج) اَسْرَابٌ۔
-سِرْبٌ مِنَ النساءِ: عورتوں کی جماعت۔
-سِرْبٌ مِنَ النَّخْلِ: کھجور کے درختوں کا جھرمٹ۔
(السَّرْبُ) جانوروں کا ریوڑ (۲) راستہ، رخ (۳) سینہ (ج) سُرُوْبٌ۔
(السُّرْبَۃُ): جانوروں کا ریوڑ (۲) پرندوں کا جھنڈ (۳) فوجی جماعت جو معسکر سے خفیہ طور پر حملہ سے نکلے اور واپس آجائے (۴) سینہ سے ناف تک کے بالوں کی باریک دھاری (۵) راستہ۔ ھو قریبُ السُّرْبَۃِ: وہ اپنی ضرورت کے لئے جلد راستہ طے کرلیتا ہے۔
ھو بعید السُّربۃِ: اس کی ضرورت پوری کرنے کی راہ دراز ہے (ج) سُرَبٌ۔
(السَّرْبَۃُ): قریبی سفر۔
(المَسْرَبُ): نکلنے یا بہنے کی جگہ۔ راستہ (ج) مسارِبُ۔
-مَسَارِبُ الحیّاتِ: وہ جگہ جہاں سانپوں کے رینگنے کے نشانات ہوں۔
(المَسْرُبَۃُ): سینہ سے ناف تک باریک بال (۲) بالاخانہ کی بالکنی (ج) مَسَارِبُ۔
(المَسْرَبَۃُ): سینہ سے ناف تک باریک بال (۲) چراگاہ (ج) مَسَارِبُ۔
(سَرْبَلَہٗ) السِّرْبَالَ: کرتا پہنانا۔ حدیث عثمان رضی اللہ عنہ میں ہے۔ (لا اخلع سربالا سربلنیہ اللہ)
(تَسَرْبَلَ) بالسِّرْبالِ: کرتا پہننا۔
(السِّرْبَالُ): کرتہ (۲) زرہ (۳) ہر پہنی جانے والی چیز (ج) سَرَابِیلُ۔ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿وَجَعَلَ لَکُمْ سَرَابِیْلَ تَقِیْکُمُ الْحَرَّ سَرَابِیْلَ تَقِیْکُمْ بَاْسَکُمْ﴾
(سَرَجَ) فلانٌ ـُ سَرْجًا: جھوٹ بولنا۔
سَرَجَ فلان الکذب بھی کہتے ہیں۔
-المرأۃُ الشَّعْرَ: عورت کا بالوں کی مینڈھیاں بنانا۔
(سَرِجَ) ـَ سَرَجًا: خوبصورت ہونا (۲) جھوٹ بولنا۔
(اَسْرَجَ) السِّرَاجَ: چراغ جلانا۔
-الشیءَ: خوبصورت و مزین کرنا۔
-الفرسَ: گھوڑے پر زین باندھنا۔
(سَرَّجَ) الشیءَ: خوبصورت و مزین کرنا۔
-الاحادیثَ: گفتگو کو جھوٹ سے آراستہ کرنا۔
-اللہُ فلانًا: اللہ تعالیٰ کا کسی کو توفیق دینا۔
- المرأۃُ شَعْرَھَا: عورت کا بالوں کی مینڈھیاں بنانا۔
(اِسْتَسْرَجَ) السِّرَاجَ: چراغ جلانا۔
(السَّارِجُ) جَبِیْنٌ سَارِجٌ: روشن جبیں۔
(السِّرَاجُ): روشن چراغ (ج) سُرُجٌ
(السِّرَاجَۃُ): زین فروشی، زین سازی۔
(السَّرْجُ): زین (ج) سُرُوْجٌ (۲) مکینیکل کی اصطلاح میں تراپی کے اس حصہ کو کہتے ہیں Turner کی سطح سے ملا جاتا ہے اور اس کے ذریعہ تراپی کو لیور کے متوازی خط میں موڑا جا سکتا ہے۔
(السَّرَّاجُ): زین فروش (۲) زین ساز (۳) بہت جھوٹ بولنے والا۔ ھو سَرَّاجٌ مَرَّاجٌ وہ دھوکہ باز اور جھوٹا ہے۔
(سُرَیْجٌ): ایک مشہور لوہار جس کی طرف سریجی تلواریں منسوب ہیں۔
(المِسْرَجَۃُ): چراغ، لیمپ (ج) مَسَارِجُ۔
(سَرْجَنَ) الارضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔
(السِّرْجِیْنُ): کھاد، گوبر (مع)
(سَرَحَ) ـَ سَرْحًا و سُرُوْحًا: صبح کے وقت نکلنا۔
-السَّیْلُ: سیلاب کا آہستہ آہستہ آنا۔
-الماشیۃُ: مویشی کا چراگاہ میں چرنا۔
-الشیءَ سَرْحًا: چھوڑنا۔
-ما فی صَدْرِہٖ: دل کی بات ظاہر کرنا۔
-الماشیۃَ: جانور کو چرانا۔
-اللہُ فلانًا: اللہ تعالیٰ کا کسی کو توفیق دینا۔
-فی اَعْرَاضِ النَّاسِ: غیبت کرنا۔
(سَرِحَ) ـَ سَرْحًا: اپنے معاملات کے لئے سہولت سے نکلنا۔

Marfat.com

(سَرَّحَ)الشئَ: چھوڑنا' بھیجنا۔
- الرّسُولَ: اپنی ضرورت کے لئے قاصد بھیجنا۔
-الشَّعْرَ: بالوں میں کنگھا کرنا۔
-فلاناً اِلٰی موضع کذا: کسی کو کسی جگہ بھیجنا۔
-المَرْأَةَ: عورت کو طلاق دینا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿ فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا ﴾
-العامِلَ: کارکن کو برطرف کرنا (محدثہ)
-الماشِيَةَ: جانور کو چرانا۔
-الشئَ: آسان بنانا۔
-عَنْهُ الشئَ: کسی کا غم دور کرنا۔
-اللہُ العبدَ للخیر: خیر کی توفیق دینا۔
(انسَرَحَ)فلانٌ: کپڑے اتارنا' ننگا ہونا (۲) تیز چلنا۔
(تَسَرَّحَ)من المکان: جانا' نکلنا۔
(التَّسْرِيحَةُ) بالوں کی ہیئت جو کنگھا کرنے کے بعد ہو۔
(السَّارِحُ) چرواہا (۲) جانور' مویشی۔
(السَّارِحَةُ) مویشی' جانور۔ کہتے ہیں ماله سارحةٌ ولا رائحةٌ اس کے پاس کچھ نہیں۔
(السَّرَاحُ) آزادی' رہائی۔ کہتے ہیں افعل ذلك في سَرَاحٍ و رواحٍ میں یہ کام آسانی کے ساتھ کرتا ہوں۔ اَطْلَقَ سراحهُ رہا کرنا' آزاد کرنا۔
(السَّرْحُ) مویشی (تسمیہ بالمصدر) جو صبح جا کر شام کو آتے ہوں (۲) لمبے اور بڑے درخت۔ واحد سَرْحَةٌ (۳) گھر کا صحن۔
(السُّرُحُ) آسان' نرم۔
مِشْيَةٌ سُرُحٌ سبک رفتار۔
- وَلَدَتْهُ سُرُحًا آسانی کے ساتھ جننا۔
- عطاءٌ سُرُحٌ مکمل عطیہ۔
فرسٌ سُرُحٌ تیز رفتار گھوڑا۔
(السِّرْحَانُ) بھیڑیا۔
ذَنَبُ السِّرْحان صبح کاذب۔
سِرحانُ الحَوضِ حوض کا بیچ (ج) سَرَاحِينُ و سَرَاحٍ و سَرَاحٌ۔

(السَّرُوحُ) من الابل والخيلِ تیز رفتار اونٹ اور گھوڑے (ج) سُرُحٌ۔
(السَّرِيحُ) آسان اور سہل (۲) جلدی' عجلت۔ کہتے ہیں: لايكون ذٰلك اِلاَّ في سَرِيحٍ ایسا کام جلدی میں ہی ہو سکتا ہے (۳) جلدی کیا ہوا' کہتے ہیں: خيرُك سَرِيحٌ و خيرُك في سَرِيحٍ تمہارا فائدہ جلد دیے ہوئے میں ہے (۴) تسمہ جسے نوکر اپنی کلائی پر باندھ لیتے ہیں (۵) برہنہ پیٹھ گھوڑا جس کی کمر پر زین نہ ہو۔
(السَّرِيحَةُ) چیتھڑا' کپڑے کا ٹکڑا (۲) بہے ہوئے خون کی لمبی خشک دھاری (ج) سَرِيحٌ و سَرَائِحُ (۳) تنگ جگہ میں ہموار راستہ جس میں نسبتاً پودے وغیرہ زیادہ ہوں (ج) سَرائح۔
(المَسْرَحُ) چراگاہ (۲) تھیٹر' تماشہ گاہ' اسٹیج (مو) (ج) مَسَارِحُ۔
(المِسْرَحُ) کنگھا' کنگھی (ج) مَسَارِحُ۔
(المِسْرَحَةُ) المَسْرَحُ (ج) مَسَارِحُ۔
(المَسْرَحِيَّةُ) ڈرامہ اور کہانی جو مجسم کر کے دکھائی جائے۔ (مو)
(المُنْسَرِحُ) شعر کی ایک بحر جس پر بہت کم اشعار کہے جاتے ہیں اس کا وزن یہ ہے۔
مستفعلن مفعولات مستفعلن۔
(سَرَدَ)الشئَ ـُ سَرْدًا: سوراخ کرنا۔
-الجلدَ: چمڑے کو سینا۔
-الدِّرْعَ: زرہ بننا (ایک حلقہ کو چیر کر اس میں دوسرا حلقہ پھنسانا) قرآن مجید میں ہے: ﴿أَنِ اعْمَلْ سَابِغَاتٍ وَقَدِّرْ فِي السَّرْدِ﴾
- الشيءَ: جاری رکھنا' لگاتار کرنا۔ جیسے سَرَدَ الصَّومَ۔
-الحديثَ: روانی اور ترتیب سے بات کرنا۔
(سَرِدَ) ـَ سَرَدًا: مسلسل روزے رکھنے والا ہونا۔
(اَسْرَدَ)الشَّيْءَ: سوراخ کرنا (۲) سینا۔
(سَرَّدَهُ) سوراخ کرنا (۲) سینا۔
-الدِّرْعَ: زرہ بننا۔

(تَسَرَّدَ)الشئُ: لگاتار ہونا' پے در پے ہونا۔
-الدُّرُّ: موتیوں کا ترتیب وار ہونا۔
-الدَّمْعُ: لگاتار آنسو گرنا۔
-الماشي: مسلسل چلنا۔
-الحديثُ: بات کا مسلسل اور مرتب ہونا۔
(السَّارِدُ): سلائی کرنے والا۔
(السِّرَادُ): برما (۲) ستاری یا سواں۔
(السَّرْدُ): زرہ' زرہ کے حلقے' کڑیاں (تسمیہ بالمصدر)
-شيءٌ سَرْدٌ: مسلسل و لگاتار ترتیب وار جیسے نجومٌ سَرْدٌ۔
(السَّرَدُ): السَّرْدُ۔
(السَّرَّادُ): زرہ ساز' حلقے اور کڑے بنانے والا۔
(المِسْرَدُ): سینے اور سوراخ کرنے کا آلہ' برما' ستاری (۲) زبان۔
-ماشٍ مِسْرَدٌ: مسلسل قدم اٹھا کر چلنے والا (ج) مَسَارِدُ۔
(السِّرْدَابُ): تہ خانہ' سرنگ (ج) سَرَادِيبُ۔
(السِّرْدَارُ): سردار لشکر' فوجیوں کا کمانڈر (د)
(سَرْدَقَ) البَيْتَ: گھر کی چاروں طرف پردے لگانا۔
(السُّرَادِقُ): چاروں طرف سے گھیرنے والی دیوار یا پردہ (۲) خیمہ' شامیانہ' پنڈال (مع)
(السَّرْدِينُ): جزیرہ سردینیہ کی ایک مچھلی جسے نمک لگا کر ڈبوں میں پیک کیا جاتا ہے۔
(سَرَّهُ) ـُ سُرُورًا و مَسَرَّةً: خوش کرنا۔
-فُلاناً سَرًّا: گلدستہ پیش کر کے استقبال کرنا' مبارکباد پیش کرنا۔
-الصبيَّ: بچے کی ناف کاٹنا۔
-فلاناً: کسی کی ناف پر نیزہ مارنا۔
-الشئَ: چھپانا۔
(سَرَّ) ـَ سَرَرًا و سَرًّا: ناف میں تکلیف ہونا۔ هو اَسَرُّ وهي سَرَّاءُ (ج) سُرٌّ۔
(اَسَرَّهُ) چھپانا۔
-اِلَيهِ حديثاً: کسی کو کوئی بات پہنچانا' بتانا۔

Marfat.com

قرآن مجید میں ہے ﴿وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِیُّ اِلٰی بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِیْثًا﴾ کہتے ہیں: اسرّ الیه المودّة و بالمودّة: اظہار تعلق و محبت کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿تُسِرُّوْنَ اِلَیْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ﴾

(سَارَّهٗ) مُسَارَّةً و سِرَارًا: سرگوشی کرنا (۲) راز بتانا۔

(سَرَّرَهٗ) الماءُ: پانی کا ناف تک پہنچنا۔

(استَسَرَّ): چھپنا، پوشیدہ ہونا۔

-القَمَرُ: چاند کا مہینہ کی آخری راتوں میں یا دو راتوں میں پوشیدہ رہنا۔

-الأمْرُ: معاملہ کا خفیہ اور پوشیدہ رہنا۔

-فلانًا: کسی کو اپنا راز بتانا۔

-الجَارِیَةَ: لڑکی کو باندی بنانا۔

(تسارُّوا): باہم سرگوشی کرنا۔

-تَسَارَّ اِلٰی کذا: کسی چیز سے مطمئن اور راضی ہو جانا۔

(تَسَرَّرَ) الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹ جانا۔

-فلانٌ: لونڈی بنانا۔

-بِنْتَ فلانٍ: کسی کی لڑکی سے اس کے مال کی قلت اور اپنے مال کی کثرت کی بنا پر شادی کرنا حالانکہ خود گھٹیا نسل کا ہو جبکہ منکوحہ اعلیٰ نسل کی ہو۔ اس فعل کو تَسَرِّی بھی کہا جاتا ہے۔

(الأَسَارِیْرُ): ہتھیلی پیشانی اور چہرے کے خطوط۔ واحد: أسرارٌ (۲) چہرہ کی خوبیاں (۳) دونوں رخسار، گال۔

(الْأَسَرُّ) اَسَرُّ الرَّجُلِ: کسی کا مخصوص ہم راز جو اس کے ہر معاملہ میں دخیل رہتا ہو۔

(السَّرَارُ) سَرَارُ الشهرِ: مہینہ کی آخری رات۔

-سَرَارُ الحَسَبِ: خالص و افضل نسب۔

-سَرَارُ الوادِیْ: وادی کا بیچ اور عمدہ حصہ۔

(السِّرَارُ) سِرَارُ الشَّهْرِ: مہینہ کی آخری رات۔

-سِرَارُ الارضِ: زمین کا درمیانی حصہ۔ (۲) ہتھیلی کی اندر کی لائنیں اور پیشانی و چہرہ کے خطوط۔

(السَّرَارَةُ) سَرَارَةُ الارضِ: زمین کا بہترین و افضل حصہ (ج) سَرَارٌ۔

-سَرَارَةُ الحَسَبِ: نسب کی بلندی و شرافت، کہتے ہیں: سِرٌّ بَیِّنُ السَّرَارَةِ: بے داغ حقیقت یا اصل۔

(السِّرُّ): راز، بھید (۲) اصل شی کی حقیقت اور اس کا مغز (۳) ہر شے کا اعلیٰ اور افضل حصہ۔ جیسے سِرُّ الوادی و سِرُّ الارضِ: وادی اور زمین کا اعلیٰ حصہ۔ (۴) دل میں ٹھانی ہوئی بات۔ اعطاهُ سِرَّ الشیء: اس نے خالص چیز عطا کی۔

-سِرُّ النَّسَبِ: خالص اور اعلیٰ نسب۔ هو فی سِرِّ قومهٖ: وہ اپنی قوم کے افضل لوگوں میں سے ہے۔ (ج) اَسْرَارٌ و سِرَارٌ – هو سِرُّ هٰذَا الامرِ: وہ اس معاملہ کا واقف کار ہے۔ وُلِدَله ثلاثةٌ علی سرٍّ واحدٍ: اس کے تین لڑکے ہوئے جن میں کوئی لڑکی نہیں۔

(السُّرُّ): ہتھیلی، پیشانی اور چہرے کے خطوط (۲) نومولود کی نالی جسے کاٹا جاتا ہے۔ کہتے ہیں: عرفتُ ذٰلك قبل ان یُقْطَعَ سُرُّكَ (ج) اَسْرَارٌ۔

(السِّرَرُ): نوزائیدہ بچہ کی ناف کا کاٹا ہوا حصہ (۲) مہینہ کی آخری رات۔ کہتے ہیں: وُلِدَ له ثلاثةٌ علی سِرَرٍ واحدٍ: اس کے تین بیٹے ہوئے جن میں لڑکی کوئی نہیں۔

(السَّرَرُ): نومولود بچہ کی ناف کا کاٹا ہوا حصہ۔

-سَرَرُ الشَّهْرِ: مہینہ کی آخری رات (ج) اَسْرَارٌ۔

(السَّرَّاءُ): آسودگی، خوشحالی، مسرت و خوشی (۲) کھوکھلی نہر (۳) عمدہ زمین۔

(السُّرَّةُ): ناف، نال (ج) سُرَرٌ۔

-سُرَّةُ الرَّوْضَةِ: باغ میں عمدہ روئیدگی کی جگہ۔

-سُرَّةُ الوادِی: وادی کا عمدہ حصہ۔

سُرَّةُ الحَوْضِ: حوض کا درمیانی حصہ۔

-سُرَّةُ البَذْرَةِ: بیج کا وہ نکتہ جو زمین سے مل کر اگنے کی طاقت حاصل کرتا ہے (ج) سُرَرٌ۔

(السَّرَّةُ): گل دستہ۔

(السِّرِّیْرُ): دوستوں کو خوش رکھنے والا اور ان سے بھلائی کرنے والا۔

(السُّرِّیَّةُ): مملوکہ لونڈی، باندی (ج) سَرَارِیُّ۔

(السُّرُوْرُ): خوشی، فرحت، مسرت۔

(السَّرِیْرُ): تخت، چارپائی، بیڈ (۲) میت کی چارپائی (جس پر میت کو نہ رکھا گیا ہو) میت رکھنے کے بعد نعش کیا جائے گا۔

-سَرِیْرُ الرَّأسِ: گردن کا وہ حصہ جس پر سر ٹکا ہوا ہوتا ہے (ج) سُرُرٌ و اَسِرَّةٌ۔

(السَّرِیْرَةُ): راز، بھید، پوشیدہ بات (ج) سَرَائِرُ۔

(المَسَرَّةُ): نازبو کی شاخیں۔

(السَّرْسُوْبُ) ولادت کے بعد کا پہلا دودھ (اس کی فصیح عربی اللِّباء ہے)

(السُّرْسُوْرُ): دانا، ہوشیار جو معاملات میں بہت دخیل رہتا ہو۔

(السِّرْسَامُ): سرسام، دماغ کے پردہ میں ورم ہو جانے سے دائمی بخار ہو جاتا ہے جس سے طرح طرح کی شکایات جیسے بے خوابی اور انتشار ذہن وغیرہ پیدا ہو جاتی ہیں (ؤ)

(سَرَطَه)ُ سَرْطًا: نگلنا۔

(سَرِطَه)َ سَرَطًا: نگلنا۔

(اِسْتَرَطَهٗ): نگلنا۔

(انْسَرَطَ) الطعامُ فی حَلْقِهٖ کھانا حلق سے بآسانی اتر جانا۔

(تَسَرَّطَهٗ): نگلنا۔

(السِّرَاطُ): واضح راستہ۔

(السُّرَاطُ) سیفٌ سُرَاطٌ: تیز تلوار۔

(السُّرَطُ): بڑے لقمے نگلنے والا (۲) تیز دوڑنے والا۔

(السَّرَطَانُ). دس پیروں والا بحری جانور، کیکڑا (۲) آسمان میں ایک برج کا نام (۳) (علم طب کے مطابق) کینسر ایک پھوڑا جس میں کیکڑے کی رگوں کی طرح شاخیں ہوتی ہیں، غدودی خلیات ظاہرہ میں ایک خطرناک ورم جو

Marfat.com

قریبی انسجہ میں پھیل جاتا ہے (مج)

(السَّرِیْطُ) فالودہ (۲) گھی اور کھجور میں بنایا ہوا حلوہ۔

(المِسْرَطُ) حلق نگلنے کی نالی (ج) مَسَارِطُ۔

(سَرِعَ) ـَ سَرَعًا جلدی کرنا تیز رفتار ہونا۔ هو سَرِعٌ و سَرْعَانُ وهی سَرْعَی

(سَرُعَ) ـُ سَرَاعَةً و سُرْعَةً و سِرْعًا: جلدی کرنا تیز رفتار ہونا۔ هو سَرِیْعٌ (ج) سِرَاعٌ و سُرْعَانٌ وهی سَرِیْعَةٌ (ج) سِرَاعٌ۔

(أَسْرَعَ) جلدی کرنا تیز رفتار ہونا۔ أَسْرَعَ السَّیْرَ وفیه۔

(سَارَعَ) سبقت کرنا لپکنا۔

(تَسَارَعَ) سَارَعَ۔

(تَسَرَّعَ) سَارَعَ۔

(الأُسْرُوْعُ) أَسَارِیع کا واحد۔ انگور کی جڑ میں نکلنے والی پہلی کونپل (۲) دانتوں سے نکلنے والا پانی (۳) سرخ سر کے سفید کیڑے جن سے عورتوں کی انگلیوں کو تشبیہ دی جاتی ہے (ج) أَسَارِیْعُ۔

- أَسَارِیْعُ الذَّهَبِ سونے پر پڑی ہوئی لکیریں۔

(السُّرَاعُ) تیز رفتار۔

(السَّرْعُ) ہر نکلی ہوئی یا شاخ (ج) سُرُوْعٌ۔

(سُرْعَانَ) مافعلت کذا میں نے یہ بہت جلد کیا (تعجب کے لئے) خبر محض کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔

(السَّرْعَانُ) سَرْعَانُ النَّاسِ کسی کام میں سبقت لے جانے والے پہلے لوگ۔

سَرْعَانُ الخَیْلِ آگے رہنے والے گھوڑے۔

(السَّرِیْعُ) تیز رو تیز رفتار (۲) مسواک کے درخت سے گرنے والی شاخ (ج) سُرْعَان (۳) شعر کی ایک بحر جس پر قدیم و جدید دور میں بہت کم اشعار کہے گئے۔ بحر میں ایک مصرع کا وزن یہ ہے مُسْتَفْعِلُنْ مُسْتَفْعِلُنْ فَاعِلُنْ۔

(السَّرْعَرُعُ) تر و تازہ شاخ (۲) باریک اور لمبا (۳) نرم و نازک جوان۔ هی سَرْعَرَعَةٌ۔

(سَرَفَتِ) السُّرْفَةُ الشَّجَرَةَ ـُ سَرْفًا: ریشم کے کیڑے کا درخت کے پتوں کو کھا جانا۔

- الأُمُّ وَلَدَهَا: ماں کا بچہ کو دودھ پلانے کی کثرت سے بیمار کر دینا۔

(سَرِفَ) الطعامُ ـَ سَرَفًا: کھانے کی چیز کا اس طرح خراب ہو جانا جیسے اس میں کیڑے پڑ گئے ہوں۔ هو سَرِفٌ

- الشَّیْءَ غفلت برتنا نظر انداز کرنا (۲) خطا کرنا۔ حدیث میں ہے (اردتکم فَسرفتکم) (۳) لاعلم اور ناواقف ہونا۔

- القومَ: لوگوں سے آگے نکلنا۔

(أَسْرَفَ) حد کو تجاوز کرنا۔

- فی مالِه: اس نے مال کو فضول خرچ کیا۔

- فی الکلامِ: ضرورت سے زیادہ باتیں کرنا۔

- فی القتلِ: مار ڈالنے میں حد سے تجاوز کرنا۔

- الرجلُ غلطی کرنا (۲) ناواقف اور لاعلم ہونا (۳) غافل ہونا۔

(السَّرَفُ) کسی چیز کی حسرت اور اس کی شدید خواہش۔ حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا میں ہے: (انَّ لِلَّحْمِ سَرَفًا کسرف الخمرِ) (۲) حد سے تجاوز۔

- سَرَفُ الماءِ بیکار اور ضائع ہونے والا پانی۔ ذَهَبَ هٰذَا الماءُ سَرَفًا یہ پانی بیکار ضائع ہو گیا۔

(السَّرِفُ) سَرِفُ العقلِ کم عقل بے عقل۔

- سَرِفُ الفؤادِ غافل آدمی۔

- مکانٌ سَرِفٌ بہت کیڑوں والی زمین۔

(السُّرْفَةُ) ریشم کا کیڑا (ج) سُرَفٌ

(السُّرُوْفُ) بہت بڑا اور سخت۔

(السَّرِیْفُ) انگور کی بیل کی ایک لائن۔

(سَرَقَ) منهُ مالاً و سَرَقَه مالاً ـِ سَرَقًا و سَرِقَةً چوری کرنا۔ کسی کا مال خفیہ طور پر لینا۔ هو سَارِقٌ (ج) سَرَقَةٌ و سُرَّاقٌ و هو سَرُوْقٌ (ج) سُرُوْقٌ وهو سروقة (تاء مبالغہ کے لئے ہے)

- السَّمْعَ: چپکے سے سننا۔

- البَصَرَ: چپکے چپکے دیکھنا۔

- سَرَقَتْنِی عَیْنِی: میں سو گیا۔

(سُرِقَ) صَوْتُه: آواز بیٹھنا۔ هو مَسْرُوْقٌ۔

(سَرِقَ) ـَ سَرَقًا: پوشیدہ ہونا (۲) کمزور ہونا۔

(سَارَقَهُ) النَّظْرَ و سَارَقَ النَّظْرَ الیهِ کسی کو ایسا موقع پا کر دیکھنا کہ وہ نہ دیکھ سکے۔

- السَّمْعَ: کسی کی بات چوری سے سننا۔

(سَرَّقَ) الشیَ: سَرَقَهُ۔

- فلاناً: چوری کا الزام لگانا۔

(اسْتَرَقَ) الشیءَ: سَرَقَهُ۔

- النَّظْرَ والسَّمْعَ: چوری سے دیکھنا سننا۔

(انْسَرَقَ): ست اور دھیما ہونا۔

- صوتُه: آواز کا پست اور ست ہونا۔

- انْسَرَقَتْ مفاصلُهُ وقوتُه: اعضاء اور قوت کا کمزور ہونا۔

- عَنِ القومِ خفیہ طور پر جانے کے لئے پیچھے رہ جانا۔

(تَسَرَّقَ) تھوڑا تھوڑا چرانا۔

- النَّظْرَ والسَّمْعَ چوری سے بار بار سننا یا دیکھنا۔

(السَّارِقَةُ) پاؤں میں ڈالی جانے والی بیڑی یا بیڑی کی کیل (ج) سَوَارِقُ۔

(السُّرَاقَةُ) چرائی ہوئی چیز۔ کہتے ہیں هٰذِهِ سُرَاقَةُ فلان۔

(السَّرَقُ) ریشمی کپڑے کے ٹکڑے یا عمدہ قسم کا ریشمی کپڑا۔ واحد سَرَقَةٌ (مع)

(السَّرِقَةُ) اصطلاح شریعت میں خفیہ طور پر اپنے جیسے آدمی کے قبضہ سے مقررہ مقدار میں ایسا مال لینا جو لینے والے کی ملکیت میں نہ ہو۔ چوری۔

(المُسْتَرِقُ) کمزور و ناقص (۲) چوری سے سننے والا۔

- مُسْتَرِقُ العُنُقِ چھوٹی گردن والا۔

Marfat.com

(سَرْقَنَ) الْأَرْضَ: زمین میں گوبر وغیرہ کا کھاد ڈالنا۔

(السَّرْقِيْنُ): کھاد گوبر (مع)

(سَرِكَ) ـَ سَرَكًا: طاقتور ہونے کے بعد کمزور بدن والا ہو جانا۔

(تَسَارَكَ) في المشيِ: تھکاوٹ یا کمزوری کی وجہ سے آہستہ چلنا۔

(السَّرْكِيُّ): رجسٹر مراسلات (۲) پنشن نامہ (۳) مزدوروں کا روزنامچہ۔ (د)

(السَّرْكُوْدِيَّةُ): ایک بیماری جو طویل ہوتی ہے۔ اس کا سبب معلوم نہیں ہوتا' یہ بیماری ہاتھوں اور پیروں کی ہڈیوں نیز جلد میں پیدا ہوتی ہے۔ (مج)

(السَّرْكُوْدِمَةُ): سرکوما' ورم لحمی' گوشت میں پیدا ہونے والا خطرناک ورم (مج)

(سَرَّمَهُ): ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

(تَسَرَّمَ): ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

(السُّرْمُ): مستقیم آنت کا کنارہ۔

(السَّرْمَدُ): دائمی' سرمدی' ابدی' نہ ختم ہونے والا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿قُلْ أَرَئَيْتُمْ إِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ﴾

(السَّرْمَدِيُّ): ابدی' ہمیشہ رہنے والا۔

(سَرَا) فلانٌ ـُ سَرْوًا و سَرَاوَةً: شریف و معزز ہونا' سخی اور بامروت ہونا۔

-الشيْ عَنْه سَرْوًا: زائل کرنا' ہٹانا۔

-عنهُ ثوبَهُ و دِرْعَهُ: زرہ یا کپڑا اتارنا۔

-الهَمَّ عَنْ فؤادِهِ: کسی کے دل سے غم کو دور کرنا۔

-السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

(سَرُوَ) ـُ سَرَاوَةً و سَرْوًا: شریف و معزز ہونا۔ هو سَرِيٌّ (ج) أَسْرِياءُ و سَرَاةٌ (جج) سَرَوَاتٌ وهي سَرِيَّةٌ (ج) سَرَايا۔

(أَسْرَى) الشيْ عنه: زائل کرنا۔

(سَرَّى) الشيْ عنه: زائل کرنا' دور کرنا۔ کہتے ہیں: سُرِّيَ عَنْ فلانٍ: فلاں کی تکلیف دور ہو گئی۔

(انسَرَى): زائل ہونا

-الهَمُّ عَنه: غم دور ہونا۔

(تَسَرَّى): مروت وسخاوت کا مظاہرہ کرنا۔

(السَّرَاةُ) سَرَاةُ كُلِّ شيءٍ: ہر چیز کا اعلیٰ اور بالائی حصہ (۲) درمیانی حصہ (۳) بڑا حصہ۔

- سَرَاةُ النَّهَارِ: دن چڑھنے کا وقت۔ دن کا درمیانی وقت۔

-سراةُ الطَّرِيقِ: راستہ کا بڑا اور درمیانی حصہ۔

-سَرَاةُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کا بالائی حصہ (ج) سَرَوَاتٌ۔

(السَّرْوُ): سرو کا درخت۔ واحد: سَرْوَةٌ (۲) وادی کا بلند حصہ (۳) (فن موسیقی کے مطابق) قانون کے ساؤنڈ بکس کی سطح پر نیم گول سوراخ (قانون ایک باجہ کا نام ہے)

(سَرْوَلَهُ): شلوار' پائجامہ پہنانا۔

(تَسَرْوَلَ): شلوار' پائجامہ پہننا۔

(السَّرَاوِيْلُ) شلوار' پائجامہ (مذکر و مونث) (ج) سَرَاوِيلاتٌ۔

(المُسَرْوَلُ) من الحمَامِ: وہ کبوتر جس کے پیر پر پر ہوں۔

-مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جس کی سفیدی بازوؤں اور رانوں سے آگے بڑھی ہوئی ہو۔

(سَرَى) اللَّيلُ ـِ سَرْيًا و سِرَايَةً و سُرًى: رات کا گزر جانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَالَّيْلِ اذا يَسْرِ﴾

-الهَمُّ: غم یا تکلیف کا زائل ہونا۔

-الليلَ و بِه: رات کو چلتے ہوئے گزارنا۔

-بفلان ليلاً: کسی کو رات میں چلانا۔

- عِرقُ الشَّجَرَةِ فِي الارْضِ سَرْيًا و سِرَايَةً: درخت کی جڑ کا زمین میں آہستہ آہستہ پھیلنا۔

- فيه السمُّ والخمر: شراب یا زہر کا کسی کو نڈھال کر دینا۔

- فيْه عِرْقُ السوءِ: کسی کے اندر برائی پیدا ہونا۔

- عليه الهمُّ: کسی پر رات کے وقت مصیبت آنا۔

- الجُرْحُ إِلَى النفسِ: زخم کا اندر تک پہنچ کر جان لیوا ہونا۔

-التَّحْرِيْمُ: حرمت کا حلال چیز تک پہنچ جانا۔

- العِتقَ: آزاد کرنے کا فعل غیر آزاد شدہ تک پہنچ جانا۔

(أَسْرَى) اللَّيلَ وَبِه: رات میں چلنا۔

-بفلانٍ وَفُلانًا: رات میں چلانا۔

(سَارَى) صَاحِبَه: اپنے ساتھ کے ساتھ رات میں چلنا۔

(اسْتَرَى) الليلَ و به: رات میں چلنا۔

-الشيْ: پسند کرنا' اختیار کرنا۔

(تَسَرَّى): فوجی لشکر میں نکلنا۔

-الشيْ: اختیار کرنا' پسند کرنا۔

(السَّارِيَةُ) مِنَ السَّحَابِ: رات کو آنے والا بادل (۲) رات کی بارش (۳) کشتی کے بادبان کو باندھنے کی لمبی لکڑی (۴) پول' کھمبا (ج) سَوارٍ۔

- سَارِيَةُ العَلَمِ: وہ بانس یا پائپ جس سے جھنڈا باندھا جاتا ہے۔

(السُّرَى): اکثر رات کا سفر (مذکر و مونث) کہاوت ہے (عند الصباح يُحْمَدُ القومُ السُّرَى) لوگ صبح کے وقت رات کے سفر کی تعریف کرتے ہیں یعنی مصیبت کے بعد آسانی آتی ہے۔ صبر کی تلقین کے لئے بولا جاتا ہے۔

(السَّرِيُّ) پانی کی گول اور چھوٹی نہر (ج) أَسْرِيَةٌ و سُرْيَانٌ۔

(السَّرِيَّةُ): ایک فوجی دستہ جو پانچ سے تین سو تک افراد پر مشتمل یا گھوڑوں کی تقریباً چار سو کی جماعت پر مشتمل ہوتا ہے (ج) سَرَايَا۔

(السُّرْيَالِيَّةُ): فن و ادب کا ایک عصری رجحان و نظریہ جو واقع اور حقیقت سے مافوق سطح پر لے جاتا ہے اور لاشعوری احوال کے اظہار پر موقوف ہوتا ہے (مج)

(سِرْيُوْمُ) ایک کیمیائی عنصر جو بہت کم پایا جاتا ہے (مج)

س ...... ز

(سِزْيُوْمُ): ایک کیمیاوی عنصر جس میں

Marfat.com

معدنیاتی چمک ہوتی ہے(ع)

س ...... ط

(الأُسْطُبَّةُ): کتان کو صاف کرتے وقت گرنے والا حصہ (مع)۔
(المِسْطَبَةُ): لوہار کی سندان (۲) دوکاندار کے بیٹھنے کی چبوتری (ج)مَسَاطِبُ۔
(سَطَحَهُ) ـ سَطْحًا: بچھانا' برابر کرنا' ہموار کرنا۔ ہو مسطوحٌ و سطیحٌ جیسے سطح اللہ الارضَ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَ إِلَى الْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ﴾
-الخُبْزَ: روٹی کو بیلن سے پھیلانا' باریک کرنا۔
- الثَّرِيْدَةَ فی الصَّحْفَةِ: ثرید کو پلیٹ میں پھیلانا۔
-فلانًا: پچھاڑنا' زمین پر پٹخنا۔
-البَيْتَ: گھر کی چھت کو ہموار کرنا۔
(سَطَّحَهُ): سَطَحَهُ۔
(انْسَطَحَ): پھیلنا' بچھنا (۲) بے چین و حرکت ہو کر چت لیٹنا۔
(تَسَطَّحَ): پھیلنا' بچھنا' بکھرنا۔
(السَّطْحُ): ہر چیز کا بالائی اور اونچا حصہ (۲) علم ہندسہ میں وہ چیز جس میں طول و عرض ہو (ج)سُطُوحٌ۔
(السُّطَّاحُ): زمین پر پھیلے ہوئے نباتات۔
(السَّطِيحُ): جو کسی بیماری کی وجہ سے کھڑے ہونے اور بیٹھنے پر قادر نہ ہو (۲) مشکیزہ۔
(السَّطِيحَةُ): دو چیزوں سے بنی ہوئی مشک۔
(المَسْطَحُ): کھجوروں کو کھانے کی جگہ (ج) مَسَاطِحُ۔
(المِسْطَحُ): کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی چٹائی (۲) خیمہ اور پنڈال کا ستون۔ حدیث میں ہے (فضربتْ إحداهما الاخرىٰ بمسطحٍ) (۳) گیہوں بھوننے کی بڑی کڑھائی (۴) انگوری بیل کی دو لکڑیوں کے بیچ میں اگایا ہوا ستون (۵) روٹی وغیرہ بیلنے کا بیلن (ج)مَسَاطِحُ۔
(المُسَطَّحُ): سطح دار' ہموار۔
-انفٌ مُسَطَّحٌ: چپٹی ناک۔

(سَطَرَ) الکتابَ ـ سَطْرًا: کتاب لکھنا۔
-فُلانًا: پچھاڑنا۔
-الشيءَ بالسَّيْفِ: تلوار سے کاٹنا۔
(أَسْطَرَ) الشيءَ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔ أَسْطَرَ اسْمِي: وہ میرے نام والی سطر سے باہر نکل گیا۔
-الورقةَ: کاغذ پر لائنیں لگا' سطریں کھینچنا۔
-العِبارةَ: ترتیب دینا۔
- سَطَّرَ الاكاذيبَ و سَطَّرَ علينا: من گھڑت افسانے سنانا۔
(اسْتَطَرَ) الکتابَ: سَطَرَهُ۔
(الأَسَاطِيرُ): گھڑے ہوئے افسانے اور قصے بے اصل واقعات۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿إِنْ هٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِيْنَ﴾ ۔واحد: إِسطارٌ وإِسطيرٌ وأُسطورٌ و إِسطارةٌ واسطيرةٌ و اُسطورةٌ۔
(السَّاطِرُ) قصاب۔
(السَّاطُورُ) بغدا (قصابوں کا ہڈی توڑنے اور قیمہ بنانے کا چوڑا چھرا) (مو) (ج) سواطیر۔
(السَّطْرُ) ہر چیز کی قطار' صف' سطر' لکیر۔ سَطْرٌ مِنَ الکتابةِ و سَطْرٌ مِنَ الشَّجَرِ (ج) اسطُرٌ و سطورٌ و أسطارٌ (جج) اساطیر۔
(السُّطْرَةُ) آرزو۔
(المِسْطَارُ) وہ تیز شراب جس کے پینے والا گر پڑتا ہے (۲) آسمان میں بلند ہونے والا گرد و غبار (۳) (علم رسم و تصویر کے مطابق) خط کش' فن تصویر کشی و نقاشی کا ایک قلم جس کے نوکدار دو سرے ہوتے ہیں ان کے درمیان روشنائی بھر کر لائن کھینچی جاتی ہے۔ ذرا اوپر ایک پیچ ہوتا ہے جسے کسنے اور ڈھیلا کرنے سے قلم کے دونوں سروں کا فاصلہ کم اور زیادہ ہونے سے لائن موٹی اور پتلی بنتی ہے (ع)
(المِسْطَرَةُ) اسکیل' پیمانہ' لائن ڈالنے کا رول یا پٹی (ع)
المِسْطَرَةُ الحَاسِبَةُ سلائڈ رول' ایک حسابی پیمانہ جو مخصوص درجوں پر منقسم ہوتا ہے اور اس سے حسابی عمل کے نتائج اخذ کئے جاتے ہیں (ع)(ج)مَسَاطِرُ۔
(المُسَيْطِرُ): گھیرنے والا' چھا جانے والا۔
(المُسَطِّرِينُ): معمار کا اوزار جس سے اینٹوں پر مسالا یا گارا ڈالتا ہے اور پلاسٹر کرتا ہے۔ کرنی یا کھولا (د)

(سَطَعَ) الشيءُ ـ سَطْعًا و سُطُوعًا: پھیلنا' بلند ہونا۔ کہتے ہیں: سطعتِ الرائحةُ: بو کا پھیلنا' بلند ہونا۔
-البرقُ فی السماءِ: بجلی چمکنا۔
-الغبارُ: غبار اٹھنا۔
-الرِّيحُ: ہوا چلنا۔
-الامْرُ: بات کا واضح ہونا۔
-الرَّجُلُ و غيرُه: سر اٹھا کر گردن کو لمبا کرنا۔
-فلانٌ بيديه: تالی بجانا۔
- فلانًا رائحةُ المسكِ: کسی کے ناک کے نتھنوں میں مشک کی بو چڑھ جانا۔
(سَطِعَ) ـ سَطَعًا: لمبی گردن والا ہونا۔ ہو أسطعُ وهي سطعاءُ (ج) سُطْعٌ۔
(السِّطَاعُ): خیمہ کا سب سے لمبا ستون (ج) أَسْطِعَةٌ و سُطُعٌ۔
(السَّطْعُ): ہر پھیلنے اور بلند ہونے والی چیز۔
(السَّطِيعُ): صبح (۲) لمبا۔
(المِسْطَعُ): فصیح اللسان۔ خطيبٌ مِسْطَعٌ فصیح و بلیغ خطیب۔
(الأُسْطُولُ) (دیکھئے اسطول)
(السَّاطِلُ) مِنَ الغبارِ: اٹھا ہوا گرد و غبار۔
(السَّطْلُ): بالٹی (ج) أَسْطَالٌ و سُطُولٌ (فارسی لفظ سطل کا معرب ہے)
(سَطَمَ) البابَ ـ سَطْمًا: دروازہ بند کرنا۔
(الإِسْطَامُ): آگ کریدنی' لوہے کی سلاخ جس کا سرا چپٹا ہوتا ہے اس سے آگ کریدا جاتا ہے۔
(الأُسْطُمُّ): سمندر کی بڑی موج یا بڑا حصہ (۲) اصل۔
(الأُسْطُمَّةُ): أُسْطُمَّةُ القومِ لوگوں کا

Marfat.com

(۲) قوم کے اعلیٰ اور معزز لوگ۔
(السِّطَامُ): آگ کریدنی (۲) تلوار کی دھار (۳) شیشی یا بوتل کی ذات۔
(السِّطْمُ): تلوار کی دھار۔
(سَطَنَهٗ): جمانا (۲) بھاری اور بوجھل بنانا۔
(الأُسْطُوَانَةُ): (دیکھئے اسطوانۃ)
(سَطَا) الفرسُ ـُـ سَطْوًا و سَطْوَةً: گھوڑے کا سرپٹ دوڑنا، سرکش ہونا۔
-الماءُ: پانی کا زیادہ ہونا۔
-علیه وبه: حملہ کرنا اور مغلوب کرنا۔
-اللصُّ عَلَی المَتَاعِ: چور کا زبردستی سامان لینا۔
-علی الحامِلِ: حاملہ عورت کے پیٹ سے بچہ کو مردہ نکالنا۔
-الطعامَ و فیه: کھانا کھالینا۔
کہتے ہیں: ما سطوتُ فی طعامِ أحَدٍ: میں نے کسی کا کھانا نہیں کھایا۔
(أَسْطیٰ) عَلَیْهِ: سَطَا۔
(سَاطَاهُ): کسی کے ساتھ سختی برتنا۔
(السَّوَاطی): ہاتھ۔ واحد: ساطیةٌ۔

س.........ع

(سَعَبَ) له بكذا: کسی کے لئے کوئی چیز آسان بنانا۔
(إنْسَعَبَ): بہنا (۲) کھنچنا، لمبا ہونا۔
(تَسَعَّبَ): لمبا ہونا، کھنچنا۔
(السَّعْبُ): مائع، سیال چیز جیسے شربت وغیرہ۔
(السَّعَابِیبُ): شہد یا شیرہ وغیرہ سے اٹھنے والے تار (۲) دودھ دوہنے کے بعد ہاتھ کو لگے ہوئے دودھ کے لمبے قطرے۔ سَالَ فَمُهُ سَعَابِیبَ: اس کے منہ سے لعاب کے تار نکلے۔
واحد: سُعْبُوبٌ و سُعْبُوبَةٌ۔
(سَعَدَ) ـَـ سَعْدًا و سُعُوْدًا: نیک بخت و خوش نصیب ہونا۔
- سَعَدَ یومُكَ: آپ کا دن مبارک ہو۔
- الله فلانًا سَعْدًا: خوش نصیب کرنا۔ هو مَسْعُوْدٌ۔
(سَعِدَ) ـَـ سَعَادَةً: نیک بخت و خوشحال ہونا۔ هو سعیدٌ (ج) سُعَدَاءُ
-الماءُ: پانی کا بہنا، جاری ہونا۔
(أَسْعَدَهُ) اللهُ: اللہ کا کسی کو نیک بخت اور خوشحال بنانا۔ هو مُسْعَدٌ و مَسْعُوْدٌ۔
-فلانًا: کسی کی مدد کرنا۔ کہتے ہیں: أَسْعَدَتِ النَّائِحةُ الثَّكْلیٰ: نوحہ کرنے والی عورت نے اولاد گم کردہ عورت کی مدد کی۔
(سَاعَدَهُ) علی الأمرِ مُساعدةً و سِعَادًا: مدد کرنا۔
(اسْتَسْعَدَ) برُؤْیَتِه: کسی کے دیدار کو اپنے لئے سعادت سمجھنا۔
(السَّاعِدُ): کلائی، بازو (ہتھیلی سے کہنی تک کا حصہ (مذکر ہے) (۲) ہڈی میں گودے کا راستہ (۳) نہر وغیرہ میں پانی پہنچنے کا راستہ (۴) پستان یا تھن کا سوراخ (ج) سَوَاعِدُ کہتے ہیں: شَدَّ اللهُ عَلیٰ سَاعِدِكَ: اللہ تمہاری مدد کرے۔
-سَاعِدُ القومِ: قوم کا سردار۔
-سواعِدُ الطیرِ: پرندہ کے بازو۔
-أَمْرٌ ذُوْ سَوَاعِدَ: ایسا معاملہ جس کی بہت سی وجوہ ہوں۔
(السَّاعِدَةُ): سَاعِدَةُ الساقِ: پنڈلی کی چھوٹی ہڈی۔
(السَّعَادَةُ): نیک بختی، اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھلائی حاصل کرنے کی توفیق و معاونت۔
ضد: شقاوۃ۔
(السَّعْدَانُ): کھجور کی درخت کے کانٹے (۲) ایک کانٹے دار پودا جو گھنی جھاڑی میں ہوتا ہے۔ کہاوت ہے: (مَرْعًی ولا کالسَّعْدان) یہ چراگاہ خاردار پودے والی چراگاہ جیسی نہیں یعنی یہ چیز اس طرح کی دوسری چیزوں میں بہتر اور افضل ہے۔
(السَّعْدَانَةُ): کبوتری (۲) ترازو کے پلڑے کے نیچے کی گرہ (۳) پستان کی گھنڈی کے گرد سیاہ حلقہ۔
(سَعْدَیْكَ): بطور دعا کے کہتے ہیں: لبیك و سعدیك: تم آسودہ حال و خوش نصیب رہو۔
(السُّعُوْدُ) سُعُوْدُ النجومِ: دس ستارے ہیں جن میں سے ہر ایک کو سعد کہا جاتا ہے ان ہی میں سے ایک سعدُ السعود ہے۔
(السَّعِیْدُ): چھوٹی نہر (ج) سُعُدٌ۔
(السَّعِیْدَةُ): سَعِیْدَةُ القمیص کرتے کی کلی۔
(سَعَرَ) الفرسُ ـَـ سَعَرَانًا: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔
-النَّارَ سَعْرًا: آگ جلانا۔
-الحَرْبَ: لڑائی بھڑکانا۔
-القومَ بالنَّبْلِ: قوم کو تیروں سے چھلنی کر دینا۔
-القومَ و علیهم شَرًّا: لوگوں میں خوب فساد و بگاڑ پھیلانا۔
-اللَّیْلَ بالمطیِّ: اونٹ پر رات گزارنا۔
-الیومَ فی حاجتِه: اپنی ضرورت کے لئے دن بھر گھومنا۔
(سُعِرَ): بھوک پیاس کا شدید ہونا (۲) مجنون ہونا۔ هو مسعورٌ۔
(سَعِرَ) ـَـ سَعَرًا و سُعْرَةً: جھلسے ہوئی رنگ کا ہونا۔ هو أَسْعَرُ وهی سَعْرَاءُ (ج) سُعْرٌ۔
(أَسْعَرَ) النَّارَ و الحَرْبَ: شعلے بڑھکانا۔
- الشیءَ: بھاؤ مقرر کرنا۔ کہتے ہیں: أَسْعَرَ الأمیرُ للنَّاسِ: حاکم نے لوگوں کے لئے قیمتیں مقرر کر دیں۔
(سَعَّرَ): أَسْعَرَ۔
-السِّلْعَةَ: سامان کا نرخ یا قیمت مقرر کرنا۔
(استعَرَتِ) النَّارُ: آگ جلنا۔
-الشَّرُّ و المَرَضُ: فساد یا بیماری کا پھیلنا۔
-الحربُ: لڑائی کا بھڑکنا۔
-اللُّصُوْصُ: چوروں کا زور ہونا، کثرت سے چوری کرنا۔
(تَسَعَّرَتِ) النَّارُ: آگ جلنا۔
(الأَسْعَرُ): دبلا پتلا جس کے پٹھے الگ دکھائی دیں۔ هی سَعْرَاءُ (ج) سُعْرٌ۔
(التَّسْعِیْرُ الجَبْرِیُّ): قیمتوں کی سرکاری

Marfat.com

قیمتیں سرکاری نرخ بندی (ج)
(السّاعورُ) (۲) آگ (ج) سَوَاعِیرُ۔
(السّاعُورَۃُ) آگ (ج) سواعیرُ
(السُّعَارُ) آگ کی تپش (۲) بھوک کی تیزی (۳) پیاس کی سوزش (۴) جنون، دیوانہ پن۔
(السِّعْرُ) نرخ، قیمت، بھاؤ۔
-لہ سِعْرٌ اس کی ایک قیمت ہے (قیمت میں اضافہ اور حیثیت بڑھانے کے وقت کہا جاتا ہے)
-لَیْسَ لَہ سِعْرٌ بے بھاؤ، بے قیمت (زیادہ ارزانی کے وقت بولا جاتا ہے)
-سِعْرُ السُّوقِ بازار کا ریٹ، بھاؤ جس پر اشیاء بکنے کے لئے جاتے ہوں۔
-سِعْرُ الصَّرْفِ بین الاقوامی سکوں کی قیمتوں کے لحاظ سے بازار کا نرخ (ج) (ج) اَسْعَارٌ۔
(السَّعِرُ) مجنون، پاگل، دیوانہ (ج) سَعْرَی۔
(السُّعْرُ) گرمی (۲) بھوک کی وجہ سے کھانے کی چاہت (۳) جنون، دیوانگی (۴) تعدیہ (۵) درجہ حرارت، کیلوری۔
(السُّعُرُ) جنون، دیوانگی۔ قرآن مجید میں ہے ﴿إِنَّا إِذًا لَفِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ﴾
(السُّعْرَۃُ) سخت کھانسی (۲) آغاز کار اور اس کا نیا پن۔
(السَّعِیرُ) آگ (۲) آگ کا شعلہ۔ کہتے ہیں خبا سعیرُ النارِ آگ کا شعلہ ہلکا ہوگیا۔
(المِسْعَارُ) لکڑی یا لوہے کی آگ کریدنی (ج) مَسَاعِیرُ۔
(المِسْعَرُ) آگ کریدنی۔ کہتے ہیں ھو مِسْعَرُ حَرْبٍ وہ جنگ کی آگ بھڑکانے والا ہے عُنُقٌ مِسْعَرٌ لمبی یا سخت گردن (ج) مَسَاعِرُ۔
(المَسْعَرُ) (ن) مساعیرُ البعیر اونٹ کے بغل اور ذیل جمع ہونے کی جگہ۔
(المَسْعُورُ) بھوکے ہوئی پیٹ پر کھانے کا ایس (۲) جنون، دیوانہ (ج) مَسَاعِیرُ۔
(سَعْسَعَ) بہت بوڑھا ہونا۔
-الجِسْمُ: بڑھاپے کی وجہ سے جسم کا ڈانواں ڈول ہونا۔
-الشَّعْرَ: بالوں کو تیل سے تر کرنا۔
(تَسَعْسَعَ): بہت بوڑھا ہونا۔
-الجِسْمُ: بدن کا کمزور اور ڈھیلا ہونا۔
- الشَّیءُ: انتہاء کے قریب ہونا۔ جیسے تَسَعْسَعَ عُمْرُہُ: اس کی عمر ختم ہونے کے قریب ہے (۲) بوسیدہ ہونا (۳) بگاڑ کی طرف مائل ہونا۔
-الشَّهْرُ: مہینہ کا ختم ہونے کے قریب ہونا۔
-فَمُہ: ہونٹوں کا دانتوں سے الگ ہونا۔
(سَعَطَہُ) الدَّوَاءَ ۔ سَعْطًا و سُعُوطًا: دوا ناک میں چڑھانا۔
(اَسْعَطَہُ) الدَّوَاءَ: دوا ناک میں چڑھانا۔
-عِلمًا: سمجھانے کی پوری کوشش کرنا۔
(استعط) الدواءَ: ناک میں دوا چڑھانا۔
(السُّعَاطُ) بو کی تیزی۔
(السَّعُوطُ) ناک میں ڈالنے کی دوا (۲) نسوار، ہلاس، ناس (ناک میں چڑھانے کا باریک پسا ہوا تمباکو)
(المِسْعَطُ) نسوار یا ہلاس کی ڈبیا وغیرہ (ج) مَسَاعِطُ۔
(سَعَفَ) بحاجۃِ فلانٍ ۔ سَعْفًا: کسی کی ضرورت پوری کرنا۔
(سَعِفَ) الصبیُّ: بچہ کو پھنسیاں نکلنا۔ ھو مَسْعُوفٌ۔
(سَعِفَتْ) یَدُہُ ۔ سَعَفًا: ناخنوں کے اردگرد انگلیوں کا پھٹنا۔
(اَسْعَفَ) قریب ہونا۔ کہتے ہیں اَسْعَفَتِ الدَّارُ۔
-بفلان: کسی کے قریب ہونا۔
-لہُ الصَّیْدُ: کسی کے لئے شکار کا حصول ممکن ہونا۔
-باھلہ: اپنے اہل وعیال میں مقیم ہونا۔
- فلانًا: کسی کے ساتھ ہمدردی اور بھائی چارے کا سلوک کرنا۔
- المَرِیضَ: مریض کو دوا وغیرہ بہم پہنچانے میں جلدی کرنا۔
-فلانًا بحاجتہ: کسی کی ضرورت کو پورا کرنا۔
(سَاعَفَہُ): اَسْعَفَہُ۔
(تَسَعَّفَتْ) اظفارُہُ: سَعِفَتْ۔
(الإِسْعَافُ) جمعیۃ الاسعافِ: امدادی انجمن (محدثہ)
(السُّعَافُ): ناخن کے اردگرد کی پھٹن یا اکھڑی ہوئی کھال۔
(السَّعَفُ): کھجور کی شاخ اور اس کا پتہ (۲) کھجور کا سوکھا پتہ (۳) دولہن کا جہیز (ج) سُعُوفٌ۔
(السَّعَفُ) سامان۔
(السَّعْفَۃُ): بچوں کی جلدی بیماری، پھنسی جو لال رنگ کی ہوتی ہے اور اس پر کھرنڈ آ جاتا ہے (ج)
(السُّعُوفُ): طبائع، مزاج (۲) گھریلو سامان (۳) بڑے پیالے۔ واحد: سَعْفٌ۔
(المُسَاعِفُ): قریب، نزدیک۔
(سَعَلَ) ۔ سُعَالًا و سُعْلَۃً: کھانسنا، کھانسی کا مریض ہونا۔
(سَعِلَ) ۔ سَعَلًا: چست و پھرتیلا ہونا۔
(اَسْعَلَہ): چست و پھرتیلا کرنا۔
(اِسْتَسْعَلَتْ) فلانۃُ: عورت کا بھوتنی جیسا ہونا۔
(السَّاعِلُ): گلا، حلق (۲) منہ۔
(السُّعَالُ): کھانسی۔
-السُّعَالُ الدِّیکِیُّ: بچوں کی کالی کھانسی (ج)
(السِّعْلِی): بھوت، پریت (ج) السَّعَالِي۔
(السِّعْلَاۃُ): بھوت، پریت۔
(اَسْعَنَ) فلانٌ: سائبان بنانا، شامیانہ لگانا۔
(تَسَعَّنَ): بھرپور موٹا پیٹ والا ہونا۔
(السُّعْنُ): بڑا ڈول، سوت اور روئی رکھنے کی ڈلیا وغیرہ (ج) سِعَنَۃٌ و اَسْعَانٌ (۲) شبنمی چھوٹا شامیانہ جو چھت پر شبنم سے بچنے کے لئے لگایا جاتا ہے (ج) سُعُونٌ۔
(السَّعْنُ): چربی۔
(السُّعْنَۃُ): سائبان، شامیانہ (ج) سُعَنٌ۔

Marfat.com

(السَّعْنَة) مَالَه سَعْنَةٌ ولا مَعْنَةٌ: اس کے پاس نہ تھوڑا مال ہے نہ زیادہ۔
(السِّعْوُ) مِنَ اللَّيْلِ والسَّعْوَةُ مِنْه: رات کا ایک حصہ۔
(السَّعْوَةُ): شمع' موم بتی' موم کا ٹکڑا۔
(سَعٰى) فلانٌ - سَعْيًا: کسی کام کی کوشش کرنا۔ کوئی کام کرنا' دوڑنا۔
-اليه: کسی کے پاس جانا' قصد کرنا۔
-لعياله: بال بچوں کے لئے روزی کمانا۔
-للامرِ وفيه: کسی کام کی کوشش کرنا۔
-اِلَى الصَّلٰوةِ: کسی بھی صورت میں نماز کے لئے جانا۔
- بين الصفا والمروة: صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرنا۔
-علي الصَّدَقَةِ: صدقہ وصول کرنے کا کام کرنا۔
-عَلَى الْقَوْمِ: لوگوں کی سربراہی کرنا۔
-به سِعَايَةً: چغل خوری کرنا' شکایت کرنا۔
-فُلَانًا - سَعْيًا: کسی سے کوشش کروانا۔
(اَسْعَاهُ): کوشش کرانا' چلانا۔
(سَاعَاهُ): کسی کے ساتھ چلنا اور دوڑ دھوپ میں مقابلہ کرنا (۲) کسی کے ساتھ چلنا۔
(تَسَاعَوْا) اِلَى كذا: کسی چیز کی طرف باہم مل کر دوڑنا۔
(اِسْتَسْعَاهُ): کسی سے صدقات وصول کرنا' کسی کو صدقات کی وصولی پر لگانا۔
-العَبْدَ: غلام کو آزاد کرنے کے لئے بقدر غلامی کام کرانا (غلام کا کچھ حصہ آزاد کرنا باقی ہے تو اس کو ایسے کام کا مکلف کرنا جو اس کا بدل ہو جائے اور وہ مکمل آزادی حاصل کرلے)
(السَّاعِيْ): صدقات وصول کنندہ (۲) پوسٹ مین' ڈاکیا (ج) سُعَاةٌ۔
(المَسْعَاةُ): کرم وعظمت (ج) مَسَاعٍ۔
-المساعي الحميدة: دو متخاصم حکومتوں کے درمیان بعض غیر جانبدار حکومتوں کی طرف سے صلح وصفائی کی کوشش (مج)

س ...... غ

(سَغَبَ) - سَغْبًا و سُغُوْبًا: بھوکا اور تھکا ہوا ہونا۔
(سَغِبَ) - سَغَبًا و سَغَابَةً: بھوکا اور تھکا ہوا ہونا۔ هو سَغِبٌ وهي سَغِبَةٌ (ج) سِغَابٌ وهو سَغْبَانُ وهي سَغْبٰى (ج) سِغَابٌ۔
(اَسْغَبَ): فاقہ کشی میں مبتلا ہونا۔ حدیث میں ہے۔ (انه قدم خيبر باصحابه وهم مسغبون)
(السَّغَابُ) بھوک۔
(المَسْغَبَةُ) فاقہ مستی۔ قرآن مجید میں ہے ﴿اَوْ اِطْعَامٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ﴾
(سَغِدَ): ورم آلود ہونا' سوجنا۔
(سَغْسَغَ) الشَّئَ: میخ وغیرہ کو اکھاڑنے کے لئے ہلانا (۲) لڑھکانا۔
-فِي التُّرَابِ: مٹی میں دھنسانا۔
-الطَّعَامَ: کھانے میں خوب چکنائی ڈالنا۔
- رأسه بالدُّهْنِ: سر میں تیل لگانا۔ کہتے ہیں سَغْسَغَ الدُّهْنَ فِيْ رَأسِه: تیل کو بالوں کی جڑوں تک پہنچانا۔
(تَسَغْسَغَتْ) ثَنِيَّتُهُ: اگلا چار دانتوں کا ہلنا۔
-فِي الْاَرْضِ: زمین میں دھنسنا۔
-من الْاَمْرِ: چھٹکارا پانا۔
(سَغِلَ) الرجلُ وغيرُه - سَغَلًا: آدمی وغیرہ کا پتلی ٹانگوں اور چھوٹے اعضاء والا ہونا (۲) لاغر کمزور ہونا (۳) بدمزاج ہونا۔ هو سَغِلٌ۔
(السَّغَلُ التَّنَاسُلِيُّ) ایک بیماری جس میں خارجی اعضاء تناسلیہ میں کمزوری آجاتی ہے اور چربی زیادہ ہوجاتی ہے (مج)
(سَغَمَهُ) - سَغْمًا: کسی کو انتہائی تکلیف پہنچانا' دل کو ٹھیس پہنچانا۔
(اَسْغَمَهُ): سَغَمَه۔
-الصَّبِيَّ: بچہ کو عمدہ غذا دینا۔
(سَغَّمَهُ): کسی کو عمدہ غذا کھلانا۔
-الفَصِيْلَ: اونٹ کے بچہ کو موٹا کرنا۔
-الشَّئَ: خوب سیراب کرنا۔ کہتے ہیں سَغَّمَ الزرعَ الطين ماءً و به۔
-الطعامَ دُهْنًا و به: کھانے کو خوب مرغن کرنا۔
-المِصْبَاحَ زَيْتًا و به: چراغ وغیرہ میں خوب تیل ڈالنا۔
(المُسَغَّمُ) ناز ونعمت سے پلا ہوا صحت مند لڑکا۔
(السَّغْنُ) خراب غذا (ج) اَسْغَانٌ کہتے ہیں هُمْ يَتَعَيَّشُوْنَ بالاَسْغَانِ وہ خراب غذا پر زندگی بسر کر رہے ہیں۔

س ...... ف

(سَفِتَ) الشَّرَابَ - سَفْتًا زیادہ پینے کے باوجود سیراب نہ ہونا۔
(اِسْتَفَتَ) الشئَ لے جانا۔
(السَّفْتُ) بے برکت کھانا۔
(سَفْتَجَ) بالنَّقْدِ کسی کو بذریعہ چیک یا ڈرافٹ یا ہنڈی رقم بھیجنا۔
(السُّفْتَجَةُ) چیک' ڈرافٹ' ہنڈی' ایک شخص اپنی رقم کسی دوسرے ایسے آدمی کو دے جس کی رقم' رقم سپرد کرنے والے کے شہر میں موجود ہو اور وہ وہاں اس سے حاصل کرے (معرب فارسی) (۲) کسی کے نام بنک کا ڈرافٹ بنوا کر رقم بھیجنا (۳) ساہوکار (مہاجن) کا کسی کو اپنے پرچہ وغیرہ کے ذریعہ دوسری جگہ رقم دلوانا (ج) سَفَاتِجُ۔
(سَفَحَ) الدَّمُ و نَحْوُه - سُفُوْحًا خون یا اس جیسی چیز بہنا۔
-الدَّمَ سَفْحًا و سُفُوْحًا خون بہانا۔
-الدَّمْعَ والماءَ بہانا' هو سَافِحٌ و سَفَّاحٌ و سَفُوْحٌ۔
-دَمْعٌ سَفُوْحٌ بہا ہوا آنسو۔
(سَافَحَه) مُسَافَحَةً و سِفَاحًا کسی عورت کے ساتھ بغیر عقد شرعی کے رہنا' مقولہ ہے بينهم سِفَاحٌ ان کے درمیان خونریزی ہے۔
(سَفَّحَ) فضول اور بے فائدہ کام کرنا۔
(تَسَافَحَا) باہم خونریزی کرنا (۲) زنا کرنا۔
(السَّفْحُ) سَفْحُ الجَبَلِ پہاڑ کا نچلا سخت حصہ جس پر پانی بہہ کر آئے' دامن کوہ (ج) سُفُوْحٌ

Marfat.com

-السَّفُوحُ: چکنی اور نرم چٹانیں۔
(السَّفَّاحُ): بہت خونریزی کرنے والا' اسی مناسبت سے عباسی خلیفہ اول کو سفاح کا لقب دیا گیا ہے۔
(السَّفِيحُ): موٹی چادر (۲) جوئے کا ایک تیر جس کا کوئی حصہ نہیں۔
-السَّفِيحَانِ: اونٹ کے دونوں جانب لٹکے ہوئے بورے۔
(المَسَافِحُ) مَسَافِحُ الوادی: وادی میں پانی گرنے کی جگہ۔
(المُسَافِحَةُ) ولد المُسَافِحة: ولد الزنا۔
(المَسفُوحُ) کشادہ وسیع۔
- جَمَلٌ مَسْفُوحُ الضّلوعِ: کشادہ پسلیوں والا اونٹ۔ ایسے ہی ناقة مَسْفُوحة الْإِبط
-مَسفُوحُ العُنُقِ: موٹی اور لمبی گردن والا۔
(سَفَدَ) ذَكَرُ الحيوان أنثاه و عَلى أنثاه
-سَفْدًا: نر جانور کا اپنی مادہ سے جفتی کرنا۔
(سَفِدَ) الذكرُ الانثى - سَفْدًا: سَفَدَ۔
(اَسفَدَ) الذَّكَرَ: جفتی کرانا۔
(سَافَدَهَا) مادہ سے جفتی کرنا۔
(سَفَّدَ) اللَّحْمَ: گوشت کو بھوننے کے لئے سیخ میں پرونا۔
(تَسَافَدَ) الحيوانُ: جانوروں کا باہم جفتی کرنا۔
(تَسَفَّدَ) البعيرَ او الفرسَ: اونٹ یا گھوڑے کی پیٹھ کی طرف سے آکر سوار ہونا۔
(اسْتَسْفَدَ) البعيرَ او الفرسَ: تَسَفَّدَهُ۔
(السَّفُّودُ) گوشت بھوننے کی سیخ (ج) سَفَافِيد۔
(سَفَرَ) - سَفْرًا: واضح اور روشن ہونا۔
الصبحُ صبح کا روشن ہونا۔
الشمسُ سورج طلوع ہونا۔
وجهه حُسْنًا خوبصورتی کی وجہ سے چہرے کا چمکنا۔
المرأةُ عورت کا بے نقاب ہونا۔
الرَّجلُ سَفرًا آدمی کا سفر پر روانہ ہونا۔
الشيئَ سَفرًا صاف کرنا' روشن و واضح ہونا۔

-العمامةَ عن رأسه: سر سے پگڑی اتارنا۔
- الريحُ الغيم عن وجهِ السماءِ: ہوا کا آسمان سے بادلوں کو ختم کر دینا۔
-البيتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔
-الترابَ: مٹی اڑانا۔
-الورقَ و الكتابَ: لکھنا۔
-البعيرَ: اونٹ کی ناک میں نکیل ڈالنا۔
-بين القومِ - سَفرًا و سِفارةً: صلح کروانا۔
هو سَافِرٌ و سَفِيرٌ۔
(اَسفَرَ): واضح ہونا' منکشف ہونا۔
-الصبحُ: صبح روشن ہونا۔
-وجهُهُ: چہرہ چمکنا۔
-فلانٌ: صبح کو سفر کے لئے روانہ ہونا۔
-بالصلوٰةِ: نماز کو صبح روشن ہو جانے کے بعد پڑھنا۔
-الشجرُ: درخت کے پتے گرنا۔
-الحربُ: لڑائی کا سخت ہونا۔
-البعيرُ: اونٹ کا سفر کے لئے تیار ہونا۔
(سَافَرَ) مُسافرةً و سفارًا: سفر کے لئے روانہ ہونا (۲) مر جانا۔
(سَفَّرَهُ) سفر کے لئے روانہ کرنا۔
-النَّارَ: آگ بھڑکانا۔
-البعيرَ: اونٹ کی ناک میں نکیل ڈالنا۔
(انسفرَ) الشيئُ: کھل جانا' منکشف ہو جانا۔
مقولہ ہے انسفر مقدّمُ رأسِه من الشعر: سر کے اگلے حصہ کا بالوں سے خالی ہونا۔
(تَسَفَّرَ) شام کے وقت آثارات کے ابتدائی حصہ میں آنا۔
-الجلدُ: چمڑے کا متاثر ہونا۔
-النساءَ: عورتوں کو بے نقاب کرنا۔
-شيئًا من حاجتِهِ: اپنی ضرورت کو کسی حد تک پورا کر لینا۔
(اسْتَسْفَرَهُ) کسی کو کسی ملک یا قوم میں قاصد یا سفیر بنانا۔
-النِّسَاءَ: عورتوں سے چہرہ کھلوانا۔
(السَّافِرُ) مسافر (ج) سَفْرٌ و سافرةٌ و سُفَّارٌ و اسفارٌ (۲) کاتب' لکھنے والا (۳)

نامہ اعمال لکھنے والے فرشتوں میں سے ایک (ج) سَفَرَةٌ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿بِأَيْدِي سَفَرَةٍ كِرَامٍ بَرَرَةٍ﴾
- امرأةٌ سَافِرَةٌ: بے پردہ عورت (ج) سوافِرُ۔
-فَرَسٌ سافِرُ اللحمِ: کم گوشت والا گھوڑا۔
(السَّافِرَةُ) مونث السافر (۲) مسافر لوگ۔
(السَّافِرُ) نیلا یاقوت۔ (ایک قیمتی پتھر) سیلون' برما' ہندوستان' کشمیر اور آسٹریلیا میں اس کی کانیں پائی جاتی ہیں (مع)
(السِّفَارُ) نکیل' اونٹ کی ناک میں ڈالنے کا لوہے کا ٹکڑا یا چمڑا (ج)
(السِّفَارَةُ): عہدہ سفارت' پیشہ سفارت۔ ایک ملک کی طرف سے دوسرے ملک میں دائمی اور مکمل نمائندگی (۲) سفارت خانہ (مع)
(السُّفَارَةُ): جھاڑن' کوڑا کرکٹ جو جھاڑو سے اکٹھا کیا گیا ہو۔
(السَّفَرُ): قطع مسافت' سفر (۲) دور۔ کہتے ہیں: هو مِنّي سَفَرٌ وہ مجھ سے دور ہے (۳) غروب آفتاب کے بعد دن کی بقایا روشنی۔
(السَّفْرُ): مسافر (واحد و جمع) (۲) جلد پر پڑا ہوا نشان (ج) سُفُورٌ۔
(السِّفْرُ): کتاب' بڑی کتاب۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَارًا﴾ (۲) توریت کے اجزاء میں سے ایک جز (ج) أسفارٌ۔
(السُّفْرَةُ): مسافر کے لئے تیار کردہ کھانا (۲) توشہ دان (۳) کھانا لگا ہوا دستر خوان (مع) (ج) سُفَرٌ۔
(السَّفِيرُ) قاصد' ایلچی' مصلح (۲) ایک ملک کا دوسرے ملک میں سفیر' نمائندہ (۳) دلال (۴) آوازوں کا ماہر اور واقف کار (۵) ہوشیار و با کمال شخص (ج) سُفَرَاءُ (۶) گرے ہوئے بال یا پتے (۷) کھیتی کا نچلا حصہ۔
(السَّفِيرَةُ) تانیث السفير۔
(المَسَافِرُ) مَسَافِرُ الوَجهِ: چہرہ کے ظاہری

Marfat.com

ہے۔واحد: مَسْفِرٌ۔
(الْمِسْفَارُ): سفر پر قادر (۲) بہت سفر کرنے والا (ج) مَسَافِيْرُ۔
(الْمِسْفَرُ): المسفار (ج) مَسَافِرُ۔
(الْمِسْفَرَةُ): مونث الْمِسْفَر (۲) جھاڑو (ج) مَسَافِرُ۔
(الْمُسَفَّرَةُ): دھاگوں یا سوت کا گولا۔
(السَّفَرْجَلُ): بہی ناشپاتی کی طرح کا ایک پھل (ج) سَفَارِجُ۔
(سَفْسَطَ): مغالطہ دینا' مغالطہ آمیز حکمت بیان کرنا (یونانی لغت)
(السَّفْسَطَةُ): منطقی مغالطہ۔ وہ قیاس جو وہمیات سے مرکب ہو یا وہ طریقہ استدلال جس کی بنیاد مغالطہ پر ہو اور مقابل کو خاموش کرنا مقصود ہو (یونانی لغت)
(السَّفْسَطِيُّ): سفسطہ کی طرف منسوب۔ مغالطہ آمیز قیاس سے استدلال کرنے والا۔
(السُّوفِسْطَائِيَّةُ): ایک فرقہ جو حسیات اور بدیہیات کا منکر اور وہمیات کا قائل ہے۔ واحد: سوفسطائیٌّ۔
(سَفْسَفَ) العَمَلَ: کام کو سرسری طور پر کرنا۔ صحیح طرح انجام نہ دینا۔
-الدَّقِيقَ و نحوَهُ: آٹا وغیرہ چھاننا۔
- سفسفةُ المنخلِ آٹا چھاننے کی آواز۔
-الرِّيحُ الترابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔
(السَّفْسَافُ): باریک مٹی جو ہوا میں اڑ جائے (۲) آٹا چھانتے وقت اڑنے والا غبار (۳) ہر ردی اور خراب چیز یا کام (ج) سَفَاسِفُ۔
(السَّفْسَافَةُ): مٹی اڑانے والی اور سطح زمین سے قریب چلنے والی ہوا (ج) سَفَاسِيْفُ۔
(الْمُسَفْسِفُ): کمینی خصلت والا (۲) خسیس عطیہ والا۔
(سَفْسَقَ) الطائرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
(سِفْسِقَةُ) السَّيْفِ: تلوار کی چمک (ج) سَفَاسِقُ۔
(سَفُطَ) ـُ سَفَاطَةً: نیک دل اور سخی ہونا۔ ھو سفيطٌ۔
(سَفَّطَ) الحَوْضَ: حوض کو ٹھیک اور پختہ کرنا۔
(اسْتَفَطَ) مافي الاناءِ: برتن میں موجود سب کچھ پی لینا۔
(تَسَفَّطَ) مافي الاناءِ: استفَطَ۔
(السَّفَاطَةُ): کرارہ پن' ایک ہڈی کی بیماری۔
(السُّفَاطَةُ): گھر کا سامان۔
(السَّفَطُ): عورتوں کا سنگھاردان (۲) ٹوکری (۳) مچھلی کا چھلکا (ج) اَسفاطٌ۔
(السَّفَّاطُ): ٹوکریاں بنانے والا یا بیچنے والا۔
(السَّفِيطُ): درخت سے گری ہوئی ہری کھجوریں۔
(سَفَعَ) بعضوٍ من اعضائہ ـَ سَفْعًا: کسی عضو کو پکڑ کر زور سے کھینچنا۔ سَفَعَ بناصيته: اس کی پیشانی کو پکڑ کر زور سے کھینچنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ﴾ کہا جاتا ہے: سفع بناصيتهِ الفرس ليركبَهُ: اس نے گھوڑے پر سوار ہونے کے لئے اس کی پیشانی کو زور سے پکڑا۔
- السَّمومُ والنارُ و الشمسُ وجهَهُ: چہرے کو جھلسنا۔
-الشيءَ: علامت لگانا' نشان ڈالنا۔
(سَفِعَ) ـَ سَفَعًا و سُفْعَةً: سرخی مائل سیاہ ہونا۔ ھو اَسْفَعُ وھی سفعاءُ (ج) سُفْعٌ۔
(سَافَعَهُ) سَافَعَةً و سِفَاعًا: لڑنا' جنگ کرنا' پیچھا کرنا۔
(سَفَّعَتِ) النارُ وجهَهُ: چہرہ کو جھلس دینا۔
(اسْتَفَعَ) ثيابَهُ: کپڑے پہننا (یہ اکثر رنگین کپڑے پہننے کے لئے استعمال ہوتا ہے)
(اسْتُفِعَ) لونُهُ: خوف وغیرہ سے رنگ کا بدل جانا۔
(تَسَفَّعَ) بالنّارِ: آگ تاپنا' آگ سے جھلسنا۔
(السَّفْعُ): کسی بھی قسم کا کپڑا (ج) سُفُوعٌ۔
(السَّفْعاءُ): چولہے کا ایک پتھر (۲) کبوتری جس کے گلے میں چھلا پڑا ہوا ہو (ج) سُفْعٌ۔
(السوافعُ): گرم ہوا کے جھونکے۔ واحد: سافِعَةٌ۔
(سَفَّ) الطائرُ ـِ سَفِيفًا: پرندہ کا زمین کے قریب ہوکر اڑنا۔
- الخُوْصَ و الحَصِيْرَ ـُ سَفًّا: کھجور کے پتوں سے چٹائی کا بننا۔
- الدَّواءَ ـَ سَفًّا: دوا کا سفوف پھانکنا۔ سَفِفْتُ الدواءَ۔
(اَسَفَّ) الطائرُ: سَفَّ۔
-السحابُ: بادل کا زمین کے قریب ہونا۔
-فلانٌ: معمولی باتوں میں الجھنا۔
-الامْرَ: کسی کام کے قریب ہونا۔
-النَّظرَ اليه: کسی کی طرف گھورنا۔
-البعيرَ: اونٹ کو سوکھی گھاس چرانا۔
-فلانًا السَّفُوْفَ: کسی کو سفوف کھلانا۔
-الجُرْحَ دواءً: زخم پر دوا چھڑکنا۔ زخم میں دوا ڈالنا۔
-الفرسَ اللجامَ: گھوڑے کے منہ میں لگام ڈالنا۔
-الخُوْصَ والحَصِيْرَ: چٹائی بننا۔
-الوَشْمَ: گودے ہوئے حصہ میں کاجل بھرنا۔
-مَا اَسَفَّ منه بتافِهٍ: اس نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا۔
(اُسِفَّ) وَجْهُهُ: چہرہ کے رنگ کا بدل جانا۔
(اسْتَفَّ) السَّوِيْقَ والدَّوَاءَ: ستو اور دوا پھانکنا۔
(السَّفَّةُ): میٹھی سفوف یا پھکی وغیرہ۔ (۲) ٹوکری بنانے کے بقدر کھجور کے پتوں کا گٹھا (ج) سُفَفٌ۔
(السَّفُوْفُ): سفوف' پھکی' پاؤڈر۔
(السَّفِيْفَةُ): کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی چیز (ج) سَفَائِفُ۔
(سَفَقَ): بمعنی صَفَقَ۔
(سَفَكَهُ) ـِ سَفْكًا: بہانا' گرانا۔ جیسے سفك الدَّمَ والماءَ والدَّمْعَ والمفعول مسفوكٌ وَ سفيكٌ بمعنی مسفوكٌ۔
(انْسَفَكَ): بہنا' گرنا۔
(السُّفْكَةُ): ناشتہ سے پہلے بطور لذت کے کھائے جانے والی چیز (ج) سُفَكٌ۔

Marfat.com

(السَّفُوْكُ): بہت جھوٹ بولنے والا (۲) نفس کا ایک نام۔

(سَفَلَ)- ُ سُفُوْلاً و سَفَالاً و سُفَالَةً: پست ہونا' نیچے ہونا' نچلا ہونا (ضد: علا)

-فی الشیء: اوپر سے نیچے آنا۔

-فی علمِهٖ و خُلُقِهٖ: علم و اخلاق میں پست ہونا۔ هو سَافِلٌ (ج) سُفَّلٌ و سُفَّالٌ و سَفَلَةٌ۔

(سَفُلَ)- ُ سَفَالَةً: ذلیل اور کمینہ ہونا۔ گھٹیا اور پست ہونا۔

(سَفَّلَهٗ): نیچے اتارنا' نیچے کرنا۔

(استفَلَ): سَفَلَ۔

(تَسَفَّلَ): پست ہونا' گھٹیا اور نیچا ہو جانا۔

(الأسْفَلُ): پست ترین' گھٹیا ترین' بہت نیچا (ضد: اعلیٰ)(ج) اَسَافِلُ وهی سُفْلٰی۔

(السَّافِلَةُ): مونث السافل (۲) نچلا حصہ۔

-سَافِلَةُ الرُّمْحِ: نیزہ کا نصف نچلا حصہ۔

-سَافِلَةُ النَّهرِ: نہر وغیرہ کا زیریں حصہ۔

(السُّفَالَةُ): نچلا حصہ۔

- سُفَالَةُ الرِّيحِ: ہوا چلنے کی جگہ کی بالمقابل سمت۔

(السَّفِلَةُ) من الناسِ: نیچی ذات کے لوگ۔

(السِّفْلَةُ) من الناس: گھٹیا درجہ کے لوگ۔

(المَسْفَلَةُ): مَسْفَلَةُ الشیء: نچلا حصہ۔ کہتے ہیں: هو يَسْكُنُ مَعْلَاةَ المدينة وانا اَسكُنُ مَسْفَلَتَهَا وہ شہر کے بالائی حصہ میں رہتا ہے اور میں زیریں حصہ میں رہتا ہوں (ج) مَسَافِلُ۔

(سَفَنَتِ) الرِّيحُ - ُ سُفُوْنًا: ہوا کا زمین پر چلنا۔ هی سَافِنَةٌ (ج) سَوافِنُ وهی سَفُوْنٌ (ج) سَفَائِنُ۔

-الشیْ - ِ سَفْنًا: چھیلنا' تراشنا۔

(سَفَّنَ) الشیْ سَفَنَ۔

(السَّافِنُ) کمر کے اندر ایک لمبی رگ جس کا تعلق دل سے بھی رہتا ہے اس کو "الاکحل" بھی کہتے ہیں۔

(السِّفَانَةُ) کشتی سازی' جہاز سازی۔

(السَّفَّانُ) کشتی ساز (۲) کشتی کا ملاح۔ جہاز کا کپتان۔

(السَّفَّانَةُ): موتی۔

(السَّفَنُ): تراشنے' گھسنے اور نرم کرنے کا آلہ جیسے کلہاڑی' بسولہ' پتھر' کھردرا چمڑہ وغیرہ۔

(السَّفِينَةُ): کشتی (ج) سُفُنٌ و سَفَائِنُ و سَفِينٌ۔

-سَفَائِنُ البَرِّ: اونٹ۔

(السوافِنُ): ہوائیں۔ واحد: سافِنَةٌ۔

(المِسْفَنُ): تراشنے یا گھسنے اور نرم کرنے کا اوزار وغیرہ (ج) مَسَافِنُ۔

(سَفَهَ) نَفْسَه و رايَه - َ سَفَاهًا و سفاهةً: نادانی اور بے وقوفی کا مرتکب ہونا (۲) خود کو نادان و بیوقوف کہنا۔ (۳) اپنے آپ کو ہلاک کرنا۔

- صَاحِبَه - ُ سَفْهًا: اپنے ساتھی سے بیوقوفی میں بڑھ جانا۔

(سَفِهَ)- َ سَفَهًا و سَفَاهًا و سفاهةً: بے وقوف ہونا' کم عقل و ناسمجھ ہونا۔ سَفِهَ علينا: وہ ہم سے ناواقف ہے۔

-الحقَّ و عليه: حق شناس نہ ہونا۔

-نَفْسَه و رايَهٗ: بیوقوفی کرنا' خود کو بیوقوف قرار دینا' اپنے آپ کو ہلاک کرنا۔

-فُلانًا سَفْهًا و سَفَاهًا: بے وقوف ٹھہرانا۔

-الشرابَ سَفَاهًا و سفاهَةً: خوب پی کر جی سیراب نہ ہونا۔

-نصيبَهٗ: اپنا حصہ بھول جانا۔

(سَفُهَ) فلانٌ - ُ سَفَاهَةً و سَفَاهًا: بیوقوف و ناسمجھ ہونا۔ کہتے ہیں: سَفُهَ علينا: وہ ہم سے ناواقف ہے۔

(سَافَهَهٗ) کسی کے ساتھ گالی گلوچ کرنا۔

-الشَّرابَ: حد سے زیادہ پینا۔

-الطَّرِيقَ: راستہ پر تیزی کے ساتھ چلتے رہنا۔

(سَفَّهَهٗ) بے وقوف ٹھہرانا۔

- الجَهْلُ حِلْمَه: جہالت نے اس کی عقل کو کھو دیا۔

-فلانًا: بے وقوف قرار دینا۔

(تَسَافَهَ) عليهم: ناواقف ہونا۔

(تَسَفَّهَتِ) الرياحُ: ہواؤں کا ترچھا چلنا۔

-فلانٌ: بے وقوف بننا' بے وقوفی ظاہر کرنا۔

-عليه: رسوا کرنا' مذمت کرنا۔

-الريحُ الشیْ: ہوا کا کسی چیز کو لے کر اڑنا۔

-فلانًا عَنِ الشیء: دھوکہ دے کر کسی چیز سے ہٹانا۔

(السَّافِهُ): بے وقوف (۲) سخت پیاسا۔

(السَّفِيهُ): غیر مناسب جگہ مال خرچ کرنے والا (۲) ناواقف' جاہل۔ (ج) سُفَهَاءُ و سِفَاهٌ وهی سَفِيهَةٌ (ج) سَفَائِهُ و سُفَّهٌ و سِفَاهٌ۔

-ثوبٌ سَفِيهٌ: خراب بنا ہوا کپڑا۔

-زِمَامٌ سَفِيهٌ: ناہموار لگام۔

-ناقةٌ سفيهةُ الزِّمَامِ: کم رفتار اونٹنی۔

(المَسْفَهَةُ) طعامٌ مَسْفَهَةٌ: پیاس لگانے والا کھانا۔

(سَفَا)- ُ سُفُوًّا: تیز چلنا۔

-فی مَشْيِهٖ و طَيَرَانِهٖ: تیز چلنا' تیز اڑنا۔

-فلانٌ: عبادات گزار ہونا (۲) اللہ کے سامنے عاجزی کرنا (۳) کم بالوں والا اور گنجا ہونا (۴) کم عقل ہونا۔

-الرِّيحُ التُّرابَ و نحوَهٗ - ِ سَفْيًا: ہوا کا مٹی اڑانا۔ الريحُ سَافِيَةٌ (ج) سَوَافٍ والترابُ مَسْفِیٌّ و سَافٍ و سَفِیٌّ۔

(سَفِیَ) الشیْ - َ سَفًی: سبک اور ہلکا ہونا۔

-شَعْرُ الناصيةِ: پیشانی کے بالوں کا کم ہونا۔

- الحيوانُ اَوِ الانسانُ: کمزور ہونا۔ هو اَسْفٰی وهی سفواءُ۔

- سَفِيَتِ البَغْلَةُ: خچری کا تیز رفتار اور سبک ہونا۔

(اَسْفٰی) فلانٌ: مٹی ڈھونا (۲) کمزور ہونا۔

-بصاحبِهٖ: برا سلوک کرنا (۲) چغلی کھانا۔

- الزَّرعُ: غلہ کی بالیوں کے کناروں کا سخت ہونا۔

- فلانًا: کسی کو بیوقوفی پر آمادہ کرنا۔ کہتے ہیں: اَسْفَاهُ الامرَ۔

Marfat.com

-الريحُ التراب: ہوا کا مٹی اڑانا۔
(السّافِياء): گردوغبار (۲) بہت مٹی اڑانے والی ہوا۔
(السّفا) مٹی (۲) کانٹے دار درخت۔ (۳) کانٹا۔ واحد: سَفَاۃٌ۔
(السّفاءُ): دوا۔
(السُّفَيَّۃ): (علم احیاء کے مطابق) ایک باریک نوک جس پر نباتات کے پتوں کا سرا ختم ہوتا ہے جیسے سنا کی (ایک دوا) کا پتا (مع)

س.........ق

(سَقِبَ)۔ سَقَبًا و سُقُوبًا: قریب ہونا۔ ھو سَاقِبٌ و سَقِيبٌ۔
(اَسْقَبَ): قریب ہونا۔ نزدیک ہونا۔
-الشيَّ: قریب کرنا۔ نزدیک کرنا۔
(سَاقَبَه): قریب ہونا۔
(تَسَاقَبَا): ایک دوسرے کے قریب ہونا۔
(السِّقَابُ): خون میں بھگویا ہوا روئی کا ٹکڑا جیسے زمانہ جاہلیت میں عورتیں اپنے شوہر یا رشتہ دار کی موت کی علامت کے طور پر سر پر رکھ لیا کرتی تھیں اور اس کا ایک کنارہ نقاب سے باہر نکال لیتی تھیں تاکہ لوگوں کو علم ہو سکے (ج) سُقُبٌ۔
(السَّقْبُ): اونٹنی کا نوزائیدہ نر بچہ۔ (۲) لمبے اور بھرپور جسم والی چیز (۳) خیمہ کا ستون (ج) اَسْقُبٌ و سُقُوبٌ و سِقَابٌ و سُقْبَانٌ۔
(السَّقَبُ): قرب۔ نزدیکی۔ منزلٌ سَقَبٌ: قریبی گھر۔ حدیث میں ہے (الجارُ احقُّ بِسَقَبِهٖ)
(السَّقِيبَۃُ): خیمہ کے ستون (ج) سَقَائِبُ۔
(سَقَدَ) فَرَسَهٗ ۔ سَقْدًا: گھوڑے کو کمزور کرنا۔
(السَّقَدُ): دبلا گھوڑا (ج) اَسْقَادٌ۔
(السُّقْدَۃُ): ایک خوبصورت پرندہ، چھوٹا جسم، کالی سخت چونچ جس سے کیڑے کھاتا ہے کمر خاکی پروں کے سرے عنابی۔ پیٹ سفید سینہ پچھلا حصہ دم اور پیر سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔ یورپ اور سائبیریا اس کا مولد و مسکن ہے (مع) (ج) سُقَدٌ۔
(سَقَرَ)۔ سَقْرًا: دور ہونا۔
-النَّارُ اَوِ الشَّمسُ فلانًا: کھال کو جھلس دینا، رنگ بدل دینا (۲) گرمی کی تکلیف پہنچانا۔
(اَسْقَرَتِ) النَّخلَۃُ: کھجور کے درخت سے شیرہ بہنا (۲) درخت کا شیرہ والا ہونا۔
(السَّاقورُ): گرمی (۲) آگ میں تپایا ہوا لوہا جس سے داغ دیا جائے (ج) سواقیرُ۔
(السَّقْرُ): سورج یا آگ کی تپش یا تکلیف (۲) پختہ کھجور کا شیرہ (ج) سُقُورٌ۔
(سَقَرُ): جہنم کا ایک نام۔
(السَّقْرَۃُ): دھوپ کی تیزی (ج) سَقَرَاتٌ۔
(السَّقَّارُ): کافر (۲) ایسے شخص پر انتہائی لعنت کرنے والا جو لعنت کا مستحق نہ ہو (۳) بہت جھوٹ بولنے والا (ج) سَقَّارَۃٌ۔
(المِسْقَارُ): وہ گھوڑا جس کی رال بہت بہتی ہو (ج) مَسَاقِيرُ۔
(سَقْسَقَ) الطائرُ: پرندہ کا کمزور آواز نکالنا (۲) بیٹ کرنا۔
(المُسَقْسِقُ): چبوترے پر کھڑا ہو کر شعر پڑھنے والا جس کے بالمقابل دوسرے چبوترے پر دوسرا شخص شعر پڑھ رہا ہو (مو)
(سَقَطَ)۔ سُقُوطًا و سَقْطًا: گرنا، اوپر آ پڑنا۔ کہتے ہیں: سَقَطَ من كذا في كذا او اليه و عليه کہاوت ہے (سَقَطَ العَشاءُ بِهٖ عَلَى سِرْحَانٍ) رات کے کھانے نے اسے بھیڑیئے کے پاس پہنچا دیا ایسے شخص کے بارے میں جو اچھی چیز کی خواہش کرے لیکن مصیبت میں پھنس جائے۔
-الجنينُ مِنْ بطنِ اُمِّهٖ: نا تمام بچہ ساقط ہو جانا۔
-الكوكبُ: ستارہ کا غائب ہو جانا۔
-الحَرُّ اَوِ البَرْدُ: گرمی یا سردی کا آنا۔
-الحرّ او البردُ عنيّ: گرمی یا سردی کا ختم ہونا زائل ہونا۔
-في كلامِهٖ وبه: غلطی کرنا، لغزش کرنا۔
-مِنْ عَيْنِيْ اَوْ مِنْ مَنْزِلَتِهٖ: بے وقعت و بے حیثیت ہونا، نظروں سے گر جانا۔ ھو سَاقِطٌ و سَقُوطٌ وھی سَاقِطَۃٌ و سَقُوطٌ
(سُقِطَ) فِي يَدِهٖ: نادم و پشیمان ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلَمَّا سُقِطَ فِي اَيْدِيْهِمْ﴾
(اَسْقَطَ) فِي قولِهٖ او فعلِهٖ: غلطی کرنا۔ ٹھوکر کھانا۔ کہتے ہیں: تكلَّمَ فَمَا اَسْقَطَ بكلمۃٍ: اس نے بات کی اور ایک لفظ بھی غلط نہیں بولا۔
-له: نازیبا کلام سے مخاطب کرنا۔
-الحامِلُ الجنينَ: حاملہ نے نا تمام بچہ جنا۔ ھی مُسْقِطٌ۔
-الشيَّ: گرانا، نیچے ڈالنا۔
-فُلانًا: حیثیت گھٹانا (۲) غلطی کرانا، جھوٹ بلوانا جس سے وہ حقیر ہو جائے۔
-كذا من كذا: کم کرنا، وضع کرنا، کاٹنا۔
(اُسْقِطَ) فِي يَدِهٖ: نادم و پریشان ہونا۔
(سَاقَطَ) الشيَّ مُسَاقَطَۃً و سِقَاطًا: گرانا (۲) گراتے رہنا۔
-فلانٌ فلانًا الحديثَ: ایک کا دوسرے سے باری باری گفتگو کرنا کہ ایک بولے تو دوسرا خاموش رہے دوسرا بولے تو پہلا خاموش رہے۔
-الفرسُ العَدْوَ: گھوڑے کا ہلکا ہلکا دوڑنا۔
-الحصانُ الخَيْلَ و غيرها: گھوڑے کا دوسرے گھوڑوں وغیرہ سے آگے بڑھ جانا۔
(تَسَاقَطَ): گرنا، لگاتار گرنا۔
-عليه: کسی پر پڑ جانا۔ اسَّاقَطَ بھی کہا جاتا ہے۔
(تَسَقَّطَ) فلانًا: کسی سے اس کی غلطی کا خواہش مند ہونا (۲) کسی سے غلطی کروانا یا جھوٹ بلوانا جس سے اس کی حیثیت کم ہو جائے۔
-الخَبَرَ و نَحْوَهٗ: خبر کو تھوڑا تھوڑا کر کے معلوم کرنا۔
(اِسْتَسْقَطَه): تَسَقَّطَه۔
(الاِسْقَاطُ): (علم طب کے مطابق) چار اور سات ماہ کے درمیان عورت کے بچہ کا ضیاع (مع)

Marfat.com

(السَّاقِطُ): کمینہ کمینی ذات والا (۲) اچھے کاموں میں دوسروں سے پیچھے رہنے والا (ج) سُقَّاطٌ وھی سَاقِطَۃٌ (ج) سَوَاقِطُ۔ مقولہ ہے (لكلّ سَاقِطَةٍ لاقِطَةٌ) ہر گری پڑی چیز کو کوئی اُٹھانے والا ہے یعنی ہر منہ سے نکلی ہوئی بات کو کوئی پھیلانے والا ہے' یا یہ کہ ہر خراب چیز کا بھی کوئی طالب ہے' بطور مبالغہ ساقط کو ساقطۃ بھی کہتے ہیں (۲) (علم طب کے مطابق رحم کے اس اندرونی پردہ کو کہا جاتا ہے جس پر بیضۂ رحم کو قبول کرنے کے لئے تغیرات پیدا ہوتے ہیں (مع)

(السِّقَاطُ) کچی گری ہوئی کھجوریں (۲) غلطی' لغزش' ٹھوکر (۳) پرندہ کا بازو یا وہ حصہ جو زمین پر گھسیٹا جائے۔

-مِنَ الشيءِ: کنارہ' کونا' گوشہ۔

- سِقَاطا الليل: رات کی تاریکی کے دو سرے۔

(السُّقَاطُ) گری پڑی چیز۔

(السُّقَاطَۃُ) گری پڑی چیز۔

(السُّقْطُ): ہر گرنے والی چیز (۲) ناتمام بچہ جو ساقط ہو جائے (نر ہو یا مادہ) (۳) چقماق سے نکلنے والی چنگاری ابو العلاء معرّی کے دیوان کو "سِقطُ الزَّنْدِ" کہتے ہیں (۴) ریگستان کا پتلا سرا یا کنارہ (ج) اَسْقَاطٌ۔

(السَّقْطُ) گری ہوئی شبنم (۲) برف (۳) گھٹیا درجہ درجہ کے لوگ۔

(السِّقْطُ) ہر چیز کا کنارہ (۲) پرندہ کا بازو' بازو کا وہ حصہ جو زمین سے لگا ہوا چلے (ج) اَسْقَاطٌ۔

- سِقطَا اللَّيلِ رات کا تاریکی کے دو کنارے۔

(السَّقَطُ) ہر گری ہوئی چیز (۲) ردی اور خراب چیز۔ بیکار سامان یا کھانا' ذبیحہ کے اوجھ کو بھی کہا جاتا ہے (۳) قول وفعل کی لغزش (ج) اَسْقَاطٌ۔

- اَسْقَاطُ الناسِ اوباش لوگ' گرے پڑے لوگ۔

(السَّقْطَۃُ): ایک مرتبہ کا گرنا (مصدر مرّہ) (۲) سخت چوٹ یا اثر (۳) لغزش (ج) سِقَاطٌ۔

(السَّقَطِيُّ) و (السَّقَّاطُ): ردی اور خراب چیزیں بیچنے والا۔

(السَّقَّاطَۃُ): دروازہ بند کرنے کی چٹخنی وغیرہ۔

(السُّقُوطُ) سقوطُ الذراعِ: ولادت کے وقت سر سے پہلے ہاتھ کا نکل آنا۔

-سقوطُ الخصومۃِ: پیروی نہ کرنے کی وجہ سے ایک مدت کے بعد مقدمہ خارج ہو جانا (مج)

(السَّقِيطُ): السَّاقِطُ (۲) گری ہوئی شبنم (۳) اولے (۴) برف (ج) سُقُطٌ (۵) بے وقوف (ج) سَقَائِطُ۔

(السَّقِيطَۃُ): مونث السَّقِيط (۲) کمینی عورت۔

(المِسْقَاطُ): اکثر حمل ضائع کرنے والی عورت (ج) مَسَاقِيط۔

(المَسْقَطُ): گرنے کی جگہ۔

-مَسقَطُ الرَّاسِ: وطن' جائے ولادت' کہتے ہیں: فلانٌ يَحِنُّ اِلي مسقطِهِ۔

-مسقط النجمِ: ستارے کے نکلنے کی جگہ۔

-مسقط الغيث: بارش ہونے کی جگہ۔ کہتے ہیں: هم ينتجعون مساقطَ الغيثِ: وہ ہریالی اور گھاس تلاش کرتے ہیں۔

- مسقط النور في البيت: روشن دان (محدثہ) (ج) مَسَاقِطُ۔

(المَسْقِطُ): پر یا وہ حصہ جو زمین پر کھینچا جائے (ج) مَسَاقِطُ۔

(المَسْقَطَۃُ): گرنے کا سبب (ج) مَسَاقِطُ۔

(السُّقُطْرِيُّ): ہندوستان کے ایک جزیرہ سُقُطْرِی (سکترا) کی طرف منسوب۔ جیسے الصَّبِرُ السُّقُطْرِيُّ: سکتری ایلوا۔

(سَقَعَ) - سَقْعًا: جانا۔

-الدِّيكُ: مرغ کا بانگ دینا۔

-الشيءَ الصُّلبَ: سخت چیز پر سخت چیز مارنا۔

(سَقِعَ) - سَقَعًا: جانا۔

-الشيءَ الصَّلبَ: سخت چیز پر سخت چیز مارنا۔

(الأسْقَعُ): حاسدوں اور دشمنوں سے دور رہنے والا (۲) کوا (۳) چڑیا جیسا ایک چھوٹا پرندہ جس کے پروں میں ہرا پن اور سر سفید ہوتا ہے یہ اکثر تالابوں وغیرہ کے پاس ملتا ہے (ج) اَسَاقِعُ۔

(سَقَفَ) البيتَ و نحوهُ - سَقْفًا: چھت بنانا' چھت دار بنانا۔

(سَقِفَ): لمبا اور خم دار ہونا (۲) مضبوط ہڈیوں والا ہونا۔

-الرَّجُلُ: پاؤں کا مڑا ہوا ہونا۔

-الظَّلِيمُ: شتر مرغ کا ٹیڑھی گردن والا ہونا۔

هو اَسْقَفُ وهي سقفاءُ (ج) سُقْفٌ۔

(اَسْقَفَ) النَّصارىٰ فلانًا: عیسائیوں کا کسی کو بڑا پادری بنانا۔

(سَقَّفَهُ): اَسْقَفَهُ۔

(تَسَقَّفَ): بشپ (بڑا پادری) بننا۔

(الأُسْقُفُّ) و (الأُسْقُفُ): بشپ۔ بڑا پادری' قسیس سے اوپر اور مطران سے کم درجہ کا عیسائی مذہبی عالم (ج) اَسَاقِفَۃٌ و اَسَاقِف

(الأُسْقُفِيَّۃُ): بشپ کا عہدہ (۲) بشپ کی رعیت (۳) بشپ کے عہدہ پر کام کرنے کی جگہ (محدثہ)

(السَّقْفُ): چھت (۲) آسمان (ج) سُقُوفٌ و اَسقُفٌ و سُقُفٌ۔

(السَّقَّافُ): چھتیں ڈالنے اور بنانے والا۔

(السَّقِيفُ): چھت (ج) سُقُفٌ۔

(السَّقِيفَۃُ): سائبان' چھپر جس سے سایہ حاصل کیا جائے۔

-سَقِيفَۃُ بني ساعدۃَ: قبیلہ بنی ساعدہ کا چھپر جس کے نیچے مسلمانوں نے خلیفہ اول ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے بیعت کی تھی (۲) گڑھے وغیرہ کو پاٹنے کا چوڑا پتھر (۳) کشتی کا تختہ (۴) سونے چاندی اور جواہرات کا پتر (۵) وہ لکڑی کی پٹی جو ہڈی جوڑنے کے لئے باندھی جائے (ج) سَقَائِفُ و سُقُفٌ۔

(المُسَقَّفُ) لمبا۔

Marfat.com

(سَقِلَتِ) اليدُ او الرّجلُ ـَ سَقَلاً: ہاتھ یا پاؤں کا ٹیڑھا ہونا۔ هو اَسْقَلُ و هي سَقْلاءُ (ج) سُقْلٌ

(الإِسْقَالُ) و (الإِسْقِيْلُ): جنگلی پیاز۔

(السِّقَالَةُ): (دیکھئے اِسقالۃٌ) في باب الهمزه (ج) سَقَائِلُ۔

(السُّقْلُ): کمر کوکھ۔

(السَّقِلُ): پتلی کوکھ والا۔

(سَقِمَ) ـَ سَقَمًا و سَقَامًا: بیماری کا لمبا ہونا هو سَقِمٌ۔

(سَقُمَ) ـُ سُقْمًا و سَقَامًا و سَقَامَةً: سَقِمَ - هو سقيمٌ۔

(اَسْقَمَ) فلانٌ: مسلسل بیمار رہنا۔

- اللهُ فلانًا: بیمار کرنا' کہتے ہیں: اَسْقَمَهُ العشقُ و أَضْنَاهُ: عشق نے اسے دکھی کر کے پگھلا دیا۔

(سَقَّمَه): اَسْقَمَه۔

(السَّقِيْمُ): بیمار دکھی۔ سقيمُ الصدرِ على أخيه: اپنے بھائی سے بغض رکھنے والا۔

- فهمٌ سقيمٌ: ناقص فہم۔

-كلامٌ سقيمٌ: بے ہودہ اور ناقص کلام۔

(ج) سُقْمٌ و هي سَقِيْمَةٌ (ج) سَقَائِمُ۔

(المِسْقَامُ): بہت بیمار رہنے والا (مذکر و مونث دونوں کے لئے)

(المَسْقَمَةُ) ارضٌ مَسْقَمَةٌ: زیادہ بیماریوں والی زمین (ج) مَسَاقِمُ۔

(السَّقَمُونيا): ایک بوٹی جو مسہل دینے کے لئے استعمال کی جاتی ہے' سقمونیا (د)

(سَقَى) بطنُه ـِ سَقْيًا: پیٹ میں پانی جمع رہنا۔

-العِرْقُ: رگ کا مسلسل بہنا بند ہونا۔

- الحيوانَ و النباتَ: سیراب کرنا کہتے ہیں: سقاهُ غيثًا: اس کو بارش سے سیراب کیا۔

-الثوبَ و نحوَهُ: کپڑے وغیرہ کو رنگ میں تر کرنا۔ سقاهُ صبغًا بھی کہتے ہیں۔ هو سَاقٍ (ج) سُقَاةٌ و سقاء و سُقًى و سُقِيٌّ۔

(سَقِيَ) بطنُه سَقْيًا: سقي' هو مسقيٌّ۔

-قَلْبُه عداوةً: دل میں دشمنی رچ بس جانا۔

(اَسْقَاهُ): پلانا' سیراب کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَأَسْقَيْنَاكُم مَّاءً فُرَاتًا﴾

کسی کو پانی دینا' پانی کی باری دینا۔ کہتے ہیں: اَسقاهُ جَدْوَلًا من نهرِه: اپنی نہر سے ایک گول (آبپاشی کی نہر) پانی کی دے دی۔

- فُلانًا: پانی کی جگہ بتانا (۲) بطور دعا کے سَقَاكَ الله یا سُقْيًا لك کہنا۔

(سَاقَى) فلانًا ماءً او شرابًا او كاسًا: پلانا' سیراب کرنا۔

- فلانًا شَجَرَه او ارضَه و فيها: کسی کو درخت یا زمین بٹائی پر دینا کہ وہ اسے سیراب کر کے قابل انتفاع بنائے اور اس میں اس کا ایک حصہ مقرر ہو۔

(سَقَّاهُ): خوب سیراب کرنا۔ خوب پلانا۔

- الثوبَ كَذا مِنَ الصِّبغِ: کسی رنگ میں کپڑے کو خوب ڈبونا۔

-فلانًا: کسی کو سقاك الله یا سُقْيًا لك کہنا۔

(اِسْتَقَى) فلانًا و مِنْهُ: پانی یا سیرابی طلب کرنا۔

-من النهرِ او البئرِ او الساقية و نحوها: پانی لینا۔

-المعارف او الأخبار و نحوها من كذا: کہیں سے علوم و معارف اور خبریں وغیرہ حاصل کرنا۔

(تَسَاقَى) القومُ: ایک دوسرے کو پانی پلانا۔ کہتے ہیں: تَسَاقَوْا كؤوسَ المَنِيَّة: ایک دوسرے کو جام ہلاکت پلانا۔ باہم قتال کرنا۔

(تَسَقَّى): پانی قبول کرنا' سیراب ہونا۔

-السَّائِلَ: سیال چیز کو جذب کرنا جیسے تَسَقَّى الجلدُ الدَّمَ۔

(اِسْتَسْقَى) بَطْنُه: سَقَى۔

-فُلانًا و منه: سیرابی طلب کرنا' پانی مانگنا۔

(الاِسْتِسْقَاءُ): پانی و سیرابی کی طلب و کوشش۔ اسی سے ہے دعاءُ الاستسقاء صلوة الاستسقاء (۲) پیٹ کی ایک بیماری جس میں پیٹ کی تجویف پانی سے بھر جاتی ہے اور پیٹ پھول جاتا ہے۔

- الاِسْتِسقاءُ الدِّمَاغِيُّ: ایک خلقی دماغی بیماری جس سے دماغ میں رطوبات کی کثرت ہو جاتی ہے اور رقیق ہو کر نکلتی ہے (مج)

(السَّاقِيُّ): پلانے والا (ج) سُقَاةٌ۔

(السَّاقِيَةُ): آبپاشی کی نہر (۲) رہٹ جس کے ذریعہ کنویں سے آبپاشی کی جاتی ہے (مو) (ج) سَوَاقٍ۔

(السِّقَاءُ): پانی یا دودھ کا مشکیزہ (۲) پانی وغیرہ رکھنے کا برتن۔ (ج) اَسْقِيَةٌ (جج) اَسَاقٍ۔

(السِّقَايَةُ): پانی پلانے کی جگہ (۲) پانی پلانے کا برتن۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿جَعَلَ السِّقَايَةَ فِي رَحْلِ أَخِيهِ﴾ (۳) آب رسانی کا پیشہ' سقا گری۔

-سقاية الحاجّ: زمانہ جاہلیت میں حجاج کو نبیذ ملا پانی پلانے کا کام جو قریش مکہ کا مستحسن کام اور خادمانہ منصب تھا۔

(السَّقَّاءُ): سقا جو لوگوں کے گھروں میں پانی پہنچانے کا کام کرتا ہو۔ پانی فراہم کرنے والا۔

هي سَقَّاءَةٌ و سَقَّايَةٌ: کہاوت ہے (اِسقِ رَقَاشِ اِنَّهَا سَقَّايَةٌ) رقاشہ کو پانی پلاؤ کیونکہ وہ سب کو پانی پلاتی ہے یعنی اپنے محسن کو ساتھ اچھا سلوک کرو۔

(السُّقْيُ): سیرابی' آبپاشی (۲) بطور دعا کے سُقْيًا لَه و رَعْيًا کہا جاتا ہے۔

(السِّقْيُ): سیراب کی جانے والی زمین یا کھیتی۔ زَرْعٌ سِقْيٌ: وہ زمین جو بلا بارش سیراب کی جاتی ہو (۲) آبپاشی کا حق یا حصہ۔ کہتے ہیں: كم سِقْيُ اَرْضِكَ: آبپاشی میں تمہارا کتنا حصہ ہے (۳) وہ جھلی جس میں بوقت ولادت بچہ لپٹا ہوتا ہے (۴) وہ زرد پانی جو اس جھلی کے اندر سے نکلتا ہے (ج) اَسْقِيَةٌ۔

(السُّقْيَا): سیرابی' آبپاشی۔ کہتے ہیں سُقْيَا رَحْمَةٍ لاَ سُقْيَا عَذَابٍ: ایسی بارش برسا جو نفع رساں اور بے ضرر ہو۔

(السَّقِيُّ): سیراب کیا ہوا (۲) پانی کا محتاج۔

Marfat.com

پیا سا جیسے زَرْعٌ سَقِيٌّ و نخلٌ سَقِيٌّ (۳) وہ کھجور کا باغ جسے رہٹ وغیرہ کے ذریعہ سیراب کیا جائی (۴) گل تسبیح۔ واحد: سَقِيَّةٌ (۵) بڑی بڑی بوندوں والا زبردست بادل۔

(المَسْقَاةُ): آب پاشی کی جگہ (۲) آب پاشی کی نہر (ج) المَسَاقِي۔

(المِسْقَاةُ): المَسْقَاةُ (۲) آلۂ آب پاشی (ج) المَسَاقِي۔

(المَسْقَوِيُّ): دریا کے پانی سے سیراب کی جانے والی زمین۔ مصر کے عوام الناس اسے ''مِسْقَاوِی'' کہتے ہیں۔

س.........ک

(سَكَبَ) الماءُ و نحوُه ـُ سَكْبًا و سُكُوبًا: پانی وغیرہ بہنا، اوپر سے نیچے گرنا۔ ھو سَاكِبٌ و سَكْبٌ و سَكُوبٌ۔

-الماءَ و نَحْوَهُ سَكْبًا و تَسْكَابًا: پانی گرانا، بہانا، ڈالنا۔ ھو مسكوبٌ۔

(انْسَكَبَ) گرنا، بہنا۔

(الإِسْكَابَةُ) مشک کے شگاف بند کرنے کی لکڑی کی ڈاٹ (۲) قیف میں گول جالی یا چمڑے وغیرہ کا گول ٹکڑا جس کے اوپر تیل وغیرہ کو چھاننے کے لئے چھوڑا جاتا ہے۔

(الأُسْكُوبُ) مسلسل ہونے والی بارش (۲) زمین کی طرف دراز ہونے والی بجلی (۳) کھجور کے درختوں کی قطار (ج) أَسَاكِيبُ۔

(السَّكْبُ) لگاتار بارش (۲) لگاتار برسنے والا (۳) تیز رو جیسے مَاءٌ سكبٌ و فرسٌ سَكْبٌ (۴) پھرتیلا اور سبک (۵) ضروری کام۔ امرٌ سَكْبٌ بھی کہے ہیں (۶) لمبا آدمی (۷) تانبا یا پیتل (۸) سیسہ۔

(السَّكَبُ) سیسہ (۲) خوشبودار درخت۔

(السَّكْبَةُ) سر باندھنے کا کپڑا (۲) پیدائش کے وقت بچہ کے ساتھ نکلنے والا پانی (ج) سِكَابٌ۔

(السَّكَبَةُ) سر سے گرنے والی بھوسی، میل کی پڑیاں (ج) سَكَبٌ و سِكَابٌ۔

(المِسْكَبَةُ) پانی ڈالنے کا برتن، پانی پہنچانے کا برتن۔ کہتے ہیں: أَرْسَلَ الماء في المِسْكَبَةِ (ج) مَسَاكِبُ۔

(سَكْبَجَ): گوشت اور سرکہ سے بنا ہوا کھانا تیار کرنا۔

(السِّكْبَاجُ): گوشت اور سرکہ سے تیار کیا ہوا کھانا، ایک ٹکڑے کا نام سِكْبَاجَةٌ ہے (مع)

(سَكَتَ) ـُ سُكُوتًا و سُكَاتًا: خاموش ہونا (۲) بولتے ہوئے رک جانا (۳) متحرک چیز کا پرسکون ہو جانا (۴) مر جانا۔

-الغَضَبُ عَنْهُ: غصہ ٹھنڈا ہونا، یا کم ہو جانا۔

-الرِّيحُ: ہوا کا رک جانا، بند ہو جانا۔

-الحَرُّ: ہوا رکنے سے گرمی بڑھ جانا۔

-الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑ میں آخری ہونا۔

(أَسْكَتَهُ): خاموش کرنا۔ بطور دعا کہتے ہیں (لا أَسْكَتَ اللهُ لك حِسًّا) خدا تم کو زندہ و سلامت رکھے۔

(سَكَّتَهُ): أَسْكَتَهُ۔

(الأُسْكَاتُ): ہر چیز کا باقی ماندہ حصہ (۲) انسانوں یا جانوروں کے متفرق گروہ (۳) اوباش لوگ (۴) موسم گرما کے آخری معتدل ایام۔

(الإِسْكَاتَةُ) مختصر وقفہ سکوت جس کے بعد کسی کلام یا قرأت کا انتظار ہو۔

(السَّاكُوتُ): بہت خاموش۔

(السَّاكُوتَةُ) بہت خاموش (۲) خاموش عورت (۳) سکتہ جو بظاہر موت معلوم ہو۔

(السُّكَاتُ). خاموش رہنے کی بیماری جو بولنے سے مانع ہو (۲) مسلسل خاموش رہنے والا (۳) خاموش کرنے والی چیز (۴) موت کا سکتہ (۵) بے خبری میں ڈسنے والا سانپ۔ هُوَ عَلَى سُكَاتِ الأَمْرِ وہ فلاں کام کی انجام دہی کے قریب ہے۔

(السَّكْتُ): گانے یا پڑھنے میں سانس کا سکون (۲) دو نغموں کے درمیان کا فصل جو بغیر سانس لئے ہو (۳) خاموش رہنے کا عادی، خاموشی پسند۔

-هاءُ السَّكْتِ وہ ہا جو حرکت بناء (قصیرہ یا طویلہ) کو بتانے کے لئے اسم کے آخر میں بڑھائی جاتی ہے جیسے ''مَاهِيَه؟'' اور ''وازیداه!''۔

(السَّكْتَةُ): ایک دفعہ کی خاموشی (۲) سکتہ صلوۃ یہ ہے کہ افتتاح صلوۃ کے بعد یا قرأۃ فاتحہ سے فارغ ہو کر خاموش ہو جائے (۳) ناگہانی موت۔

(السُّكْتَةُ): بچہ وغیرہ کو چپ کرنے اور بہلانے والی چیز یا لوری (۲) برتن میں بچی ہوئی چیز (ج) سُكَتٌ۔

(السِّكْتَةُ): بچہ کی خاموشی کو نوعیت یا ہیئت (۲) بچہ وغیرہ کو چپ کرنے والی چیز۔

(السَّكُوتُ): (مبالغہ برائے مذکر و مؤنث) انتہائی خاموش، خاموش رہنے کا عادی (۲) وہ اونٹ جن کے منہ سے پالان رکھتے وقت جھاگ نہ نکلتے ہوں۔ (۳) بے خبری میں ڈسنے والا سانپ (ج) سُكُتٌ۔

(السِّكِّيتُ): خاموش طبیعت، کم گو۔

(السُّكَيْتُ والسُّكَّيْتُ) خاموش طبیعت، کم گو (۲) گھڑ دوڑ کے میدان میں اخیر میں آنے والا گھوڑا: فلانٌ سُكَيْتُ الحَلْبَةِ: یعنی فلاں اپنے کام یا ہنر میں غیر ماہر ہے۔

(المُسْكِتُ): جوئے کے کھیل کا آخری تیر۔

(سَكَرَ) ـُ سُكُورًا و سَكَرَانًا: کم اور ہلکا ہونا، ٹھہرنا، پرسکون ہونا۔ جیسے سَكَرَتِ الرِّيحُ و سكر الحرُّ۔

-عَيْنَه: آنکھ کا دیکھنا۔

-الاناءَ و نحوَهُ سَكْرًا: بھرنا۔

- النَّهْرَ وَ نَحْوَهُ: نہر وغیرہ کا پشتہ باندھنا، روکنا۔

(سَكِرَ) الحوضُ و نحوهُ ـَ سَكَرًا حوض وغیرہ کا بھرنا۔

- من الغضبِ طیش میں آنا، مشتعل ہونا، غضبناک ہونا۔

- فلانٌ مِنَ الشَّرابِ سَكَرًا و سُكْرًا و سَكَرَانًا: شراب سے مدہوش ہونا، نشہ میں چور ہونا۔ ھو سَكِرٌ و سَكْرَانُ وھی سَكِرَةٌ و

Marfat.com

سَکْرٰی و سکرانۃ۔
(سُکِرَ)البحرُ و نحوہٗ: دریا وغیرہ کا ٹھہرا ہوا ہونا۔
-بَصَرُہٗ: نگاہ خراب ہونا۔
(اَسْکَرَہٗ) الشرابُ: شراب کا مدہوش کر دینا۔
-فلانٌ: کسی کو ایسی چیز دینا جو اسے مدہوش کر دے۔
(سَکَّرَہٗ): زیادہ نشہ چڑھانا' بالکل بے ہوش کر دینا۔
-سَکَّرَ بَصَرَہٗ: بے ہوشی طاری کرنا (۲) نگاہ کا خیرہ کرنا' قرآن مجید میں ہے ﴿لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُکِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ﴾
-الماءَ و نَحْوَہٗ: پانی وغیرہ کو شکر سے میٹھا بنانا (مو) •
(تَساکَرَ)فلانٌ: مصنوعی نشہ ظاہر کرنا۔
(السَّکَّارِین): سکرین' ایک مصنوعی مٹھاس' شکر سے متعلق یا اس کی خاصیت کی شکر سے جن کا پرہیز ہوتا ہے ان کے استعمال کے لئے ہوتی ہے۔
(السُّکْرُ): نشہ' مدہوشی' بے ہوشی۔ سُکْرُ الشَّبابِ او القوۃِ او السُّلْطانِ: جوانی طاقت یا اقتدار کا گھمنڈ۔
-سکرُ النَّومِ: نیند کی بے ہوشی۔
(السِّکْرُ): دریا وغیرہ کا پشتہ' بند (۲) بند کیا جانے والا شگاف (ج) سُکُوْرٌ۔
(السَّکَرُ): شراب یا کوئی نشہ آور چیز (۲) کھجور کا عرق جسے آگ پر نہ پکایا گیا ہو یعنی سرکہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِیْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّ رِزْقًا حَسَنًا﴾
(السَّکْرَۃُ): ایک دفعہ کا نشہ' مدہوشی' مستی۔ کہتے ہیں: ذَھَبَ بَیْنَ الصَّحْوَۃِ والسَّکْرَۃِ: وہ ہوش اور بے ہوشی کے درمیان گیا (۲) غصہ' جوش (۳) جوانی' مستی (۴) موت یا غم یا نیند کی سختی' شدت۔

(السَّکَرَۃُ): گیہوں ملا ہوا کالا دانہ۔
(السَّکَّارُ): شراب فروش' نشہ آور چیزیں بنانے یا بیچنے والا۔
(السُّکَّرُ): شکر' چینی (گنے سے بنی ہوئی مٹھاس) (۲) سفید رنگ کے میٹھے انگور (۳) عمدہ قسم کی پختہ و تر کھجور۔ واحد: سُکَّرَۃٌ (یہ لفظ فارسی کا معرب ہے)
-سُکَّرُ الشَّعِیْرِ: جو کی شکر۔
(السُّکَّرِیُّ)البولُ السُّکَّرِیُّ: پیشاب میں شکر آنے کی بیماری جس کے اہم اسباب میں سے ایک سبب ہارمون انسولین کی کمی ہے جس سے جسم کے خلیات میں شکر کا توازن و تناسب قائم رہتا ہے (مج)
(السِّکِّیْرُ): بہت نشہ کرنے والا (ج) سِکِّیْرَۃٌ۔
(السُّکَّرِیَّۃُ): شکردان (محدثہ)
(السَّکُوْرُ): بہت نشہ والا (ج) سُکُرٌ
(السَّکْرَانُ): ایک سدا بہار پودا جو فصیلہ بازنجانیہ سے ہے یہ مصر اور ہندوستان کے صحراؤں میں پایا جاتا ہے اس کی بہت سی شاخیں ایک ہی تنے پر قائم ہوتی ہیں اس کے پتے میں رس ہوتا ہے اور پھول بنفشی ہوتے ہیں اور دوائی کے طور پر مستعمل ہے (مج)
(المُسَکَّرُ): شکر' چینی سے میٹھا کیا ہوا (۲) نشہ میں مست۔ وھی سَکْرۃٌ۔
(السُّکُرُّجَۃُ): طشتری' چھوٹی رکابی' چینی وغیرہ کی طشتری (مع) (ج) سَکَارِجُ۔
(السُّکُرْکَۃُ): مکئی کی شراب (مع)
(سَکَعَ) - سَکْعًا: بے مقصد گھومنا' مارے مارے پھرنا (۲) حیران و سرگرداں ہونا۔
-فلانًا: کسی کے سر پر مارنا۔
(سَکِعَ): سَکَعَ۔
-فلانًا: آوارہ و سرگرداں پھرانا' بے مقصد پھرانا۔
(تَسَکَّعَ): سَکَعَ (۲) باطل میں حد سے بڑھنا۔
- فی الظلام وفی الضلال: گمراہی اور تاریکی میں حیران و سرگرداں پھرنا۔
-فی اَمْرِہٖ: کسی معاملہ میں حیران و پریشان ہونا۔
(السَّاکِعُ): اجنبی' پردیسی۔ ھی ساکعۃٌ۔
(السَّکِعُ): اجنبی' پردیسی ھی سَکِعَۃٌ
(السُّکَّعُ): در بدر پھرنے والا' تاریکی میں ٹھوکر میں کھانے والا۔
(المَسْکَعَۃُ): ٹھوکریں کھانے اور مارے مارے پھرنے کی جگہ (۲) حیرانی و پریشانی کا سبب (ج) مَسَاکِعُ۔
(المُسَکِّعَۃُ) من الاَرْضِ: بھٹکانے والی زمین جس میں کوئی راہ نہ ملے۔
(سَکَفَ)البابَ او البَیْتَ - سَکْفًا: دہلیز لگانا' چوکھٹ لگانا۔ کہتے ہیں: مَا سَکَفْتُ البابَ: میں نے دروازہ میں چوکھٹ نہیں لگائی۔ یا میں نے دروازہ میں قدم نہیں رکھا۔
(اَسْکَفَ)فلانٌ: موچی بننا۔
(تَسَکَّفَ)البابَ او البَیْتَ: سَکِفَہٗ۔
(الاِسْکَافُ): موچی (۲) جوتوں کی مرمت کرنے والا' جوتے بنانے والا (۳) چمڑے کی سلائی کرنے والا (ج) اَسَاکِفَۃٌ
(الاُسْکُفُّ) من العَیْنِ: پلکوں کے اگنے کی جگہ (۲) آنکھ کا نچلا پپوٹا (۳) آنکھ کے بال۔
(الاُسْکُفَّۃُ): دروازہ کی دہلیز (۲) آنکھ کا نچلا پپوٹا۔ کہتے ہیں: وقعت الدَّمْعَۃُ علٰی اُسْکُفَّۃِ عَیْنِہٖ۔
(السَّاکِفُ): چوکھٹ کی بالائی لکڑی جو دہلیز کے بالمقابل ہوتی ہے (ج) سَوَاکِفُ
(السِّکَافَۃُ): موچی گری' جوتوں کی مرمت کا پیشہ۔
(سَکَّ)الشیئَ ـُ سَکًّا: بند کرنا۔
-البابَ اَو الخَشَبَ و غَیْرَھُمَا: لوہے کی پٹی لگانا یا کیلیں ٹھونکنا۔
- الکلامُ السَّمْعَ: سخت کلامی یا شور و غل کا کان پھاڑنا۔ کہتے ہیں: مَا سَکَّ سمعی مثلُ ذٰلک: اس جیسی بات میرے کان میں نہیں پڑی۔

Marfat.com

-الباب: دروازہ بند کرنا (مو)
-مَافی بطنه مِنْ غَائطٍ و نحوه: پتلا پاخانہ یا پتلی بیٹ کرنا۔
-اُذُنَیْهِ: کانوں کو جڑ سے اُکھاڑنا۔
-البِئرَ: کنویں کو تنگ کھودنا۔
-النُّقُوْدَ: سکے ڈھالنا' کرنسی بنانا۔
(سَلِكَ) ـَ سَكَكًا: چھوٹے اور سر سے چپکے ہوئے کانوں والا ہونا (۲) بہرا ہونا۔ هو اَسَكُّ و هی سَكَّاءُ (ج) سُكٌّ۔
-الاُذُنُ: کان کے سوراخ کا چھوٹا ہونا۔
(اسْتَكَّ): بند ہونا۔
-مَسَامِعُهٗ: کانوں کا بہرا ہونا یا بند ہونا۔ کہتے ہیں: مَا اسْتَكَّ فِیْ مَسَامِعِیْ مِثْلُهٗ: میں نے اس جیسی بات نہیں سنی (۲) کانوں کا چھوٹا ہونا' تنگ ہونا۔
-الشَّجَرُ و النَّبَاتُ: گھنا اور بھرا ہوا ہونا۔
(انْسَكَّ): سیدھے رخ پر چلنا۔
-الطیرُ: پرندہ کا سیدھا اڑنا۔
(تَسَكَّكَ): آہ و زاری کرنا' گڑگڑاہٹ و عاجزی کرنا۔
(السُّكَاكُ): زمین و آسمان کے درمیان کی ہوا۔ کہتے ہیں: لَا اَفْعَلُ ذٰلك ولو صَعِدْتَ فی السُّكَاكِ: میں یہ کام ہرگز نہ کروں گا۔ چاہے تم آسمان پر چڑھ جاؤ (۲) تیر میں پر لگنے کی جگہ۔
(السُّكَاكَةُ) السُّكَاكُ (۲) چھوٹے کانوں والا (۳) خود رائے انسان جو کسی کی نہ سنتا ہو (ج) سَكَائِكُ۔
(السُّكُّ): کمینہ پن' گراوٹ طبع (۲) کیل' میخ (۲) چھوٹا اور تنگ کنواں (۴) چھوٹے حلقوں والی زرہ (۵) دیوار کی طرح سیدھی عمارت یا سیدھا گڑھا (ج) سُكُوْكٌ و سِكَاكٌ کہتے ہیں: ضَرَبُوْا بیوتهم سِكَاكًا: انہوں نے اپنے مکانات ایک لائن میں بنائے۔
-دَارُ السّك: سکے ڈھالنے کا کارخانہ (مج)
(السُّكُّ): تنگ اور بند راستہ (۲) بچھو یا مکڑی کا بل (۳) تنگ حلقوں والی زرہ (۴) تنگ کھودا ہوا کنواں (۵) کمینہ پن' گراوٹ طبع کہتے ہیں: هو یفعلُ ذٰلك بسُكِّ طَبْعِهٖ: (۶) ایک قسم کی مشک ملی ہوئی خوشبو (ج) سُكُوْكٌ و سِكَاكٌ۔
(السَّكَّاءُ): تانیث الاسكّ (۲) تنگ حلقوں والی زرہ (ج) سُكٌّ۔
(السَّكَّاكُ): سکے ڈھالنے والا (ج) سَكَّاكَةٌ۔
(السَّكَّاكَةُ): مونث السَّكَّاكِ (۲) مسافر' راہ گیر۔
(السِّكَّةُ): کھجور اور دیگر درختوں کی قطار (۲) تنگ راستہ' گلی (۳) سونے چاندی وغیرہ کا ڈھلا ہوا سکہ (۴) ہل کی پھال' وہ لوہا جو سڑک اور زمین کو کھودتا ہے۔
-اَخَذَ الامرَ بسِكَّتِهٖ: اس نے اس کام کا بیڑا اس کے امکان کے وقت اُٹھایا۔
-فلانٌ صعبُ السِّكَّة: فلاں کو اپنی کم عقلی کی بنا پر قرار نہیں (ج) سِكَكٌ۔
- اصحابُ السِّكَكِ: ڈاک لے جانے والے لوگ' نامہ بردار لوگ۔
(السِّكِّیُّ): کیل' میخ (۲) دینار۔
(السِّكِّیُّ): سکہ سے متعلق (۲) قاصد' ڈاکیا' نامہ بر۔
(السِّكْلُ): سیاہ رنگ کی لمبی اور موٹی مچھلی (ج) اَسْكَالٌ و سِكْلَةٌ۔
(الإسْكَلَةُ): بانس وغیرہ کی بنی ہوئی سیڑھی جو منتقل کی جا سکے (۲) بندرگاہ (د)
(الإسْكِیمُ): (دیکھئے اِسْكِیمُ)
(الاَسْكِیمُوْ): اِسْكِیمُوْ۔
(الاَسْكِیمُوْ): (دیکھئے اسکیمو)
(السَّكَمُ): کمزوری کی وجہ سے چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنے والا۔
(سَكَنَ) المتحرّكُ ـُ سُكُوْنًا: پرسکون ہونا' ہلتی ہوئی چیز کا ٹھہر جانا۔
-المتكلِّمُ: خاموش ہونا۔
-المَطَرُ: بارش رکنا' تھم جانا۔
-الرِّیْحُ: ہوا کا رک جانا۔
-النَّفْسُ بَعْدَ الاِضْطِرَابِ: بےقراری کے بعد سکون آنا۔
- الیه: کسی سے مانوس ہونا' کسی کے پاس راحت محسوس کرنا۔
-الحرفُ: حرف کا ساکن ہونا' بغیر حرکت کے ہونا۔
- المكانَ وبهٖ سَكْنًا و سُكْنٰی: رہائش اختیار کرنا' آباد ہونا۔
(سَكُنَ) فلانٌ ـُ سُكُوْنَةً و سَكَانَةً: مسکین ہونا' غریب و بیچارا ہونا۔
(اَسْكَنَ) فلانٌ: سَكُنَ۔
- المتحرِّكَ: متحرک کو ساکن کرنا' حرکت ختم کرنا۔
-فلانًا المكانَ و فیهِ: آباد کرنا' رہنے کی جگہ دینا۔
-المكانَ فلانًا: کسی کو رہائش کی جگہ دینا۔
- اللهُ فلانًا: اللہ تعالیٰ کا کسی کو محتاج و نادار بنا دینا۔
-الفقرُ فلانًا: غربت کا کسی کی نقل و حرکت کو کم کر دینا۔
(سَاكَنَهٗ): کسی کے ساتھ ایک ہی مکان میں رہنا۔
(سَكَّنَ) المُتَحرِّكَ و نَحْوَهٗ: حرکت ختم کرنا' پرسکون بنانا۔
-فلانًا المَنْزِلَ: کسی کو گھر میں بسانا۔
-القَنَاةَ و نَحْوَهَا: تیر کو آگ میں تپا کر سیدھا کرنا۔
-الكلمةَ: لفظ کو ساکن کرنا' جزم لگانا۔
(اسْتَكَنَ) فلانٌ: عاجز و ذلیل ہونا۔
(تَسَاكَنُوْا) فی الدَّارِ: گھر میں مل جل کر رہنا۔
(تَسَكَّنَ): غریب و نادار ہونا (۲) غریبوں کی مشابہت اختیار کرنا (۳) مطمئن اور باوقار ہونا۔
(تَمَسْكَنَ): تَسَكَّنَ۔
(السَّاكِنُ): ساکن' ٹھہرا ہوا (خلاف المتحرّك) (۲) علم طبیعت کے مطابق وہ جز کہ

Marfat.com

کسی بھی آلہ کے گھومنے والے حصہ کی نسبت اس کی طرف ہو (ج) سُکّان (مع)
(السَّاكِنَةُ): تانیث الساکن (ج) سَوَاكِنُ (۲) اہل خانہ۔
(السَّكَاكِينِيُّ): چاقو اور چھری بنانے والا۔
(السَّكَّانُ): چاقو اور چھری بنانے والا۔
(السُّكَّانُ): کشتی کھیلنے کا پتوار (۲) باشندے۔
(السِّكِّينُ): چاقو، چھری (مذکر و مونث) (ج) سکاکین۔
(السِّكِّينَةُ): چھری، چاقو۔
(السَّكْنُ): اہل خانہ گھر میں رہائش پذیر لوگ۔
(السُّكْنُ): رہائش گاہ (۲) روزی، خوراک غذا (۳) کسی کی طرف سے مفت رہائش (ج) أَسْكَانٌ۔
(السَّكَنُ): رہائش گاہ (۲) ہر وہ چیز جس سے اُنسیت اور راحت حاصل ہو (۳) بیوی (۴) آگ (۵) رحمت (۶) برکت (۷) خوراک (ج) أَسكانٌ۔
(السُّكْنَى): رہائش، آبادی (۲) بلا معاوضہ رہائش مکان (۳) مسکن، رہائش گاہ۔
(السُّكْنَةُ): رہائش و سکون (ج) سُكَنٌ۔
(السَّكِنَةُ): رہائش گاہ (۲) سر کی جڑ جو گردن سے ملی ہوئی ہوتی ہے کہتے ہیں: تركتهم على سَكِناتِهِم: میں نے ان کو ان کے بہتر حال میں چھوڑا۔
(السُّكَّيْنَةُ): پھرتیلی، شوخ اور خوش مزاج لڑکی۔
(السَّكِينَةُ): اطمینان، سکون، سنجیدگی اور وقار۔
(المَسْكَنُ): رہائش گاہ، مکان، کوائر (ج) مَسَاكِنُ۔
(المَسْكَنَةُ): غربت و ناداری، عاجزی بدحالی۔
(المِسْكِينُ): وہ شخص جس کے پاس اہل و عیال کی ضرورت اور کفالت کا سامان بھی نہ ہو (۲) کمزور و عاجز، ذلیل و حقیر و ھی مسکینة (ج) مَسَاكِينُ۔
(السَّكَنْجَبِينُ): مٹھاس اور ترشی سے بنا ہوا شربت (مع) (اس کی فارسی اصل سرکا انگبین ہے)

س ...... ل

(سَلَأ) الزُّبْدَ او الدُّهْنَ ـَ سَلْأً و سِلاءً: گرمی سے پگھلانا۔
-السِّمْسِمَ و غيرهٔ: تلوں وغیرہ کا تیل نکالنا۔
-فلاناً: مارنا۔ جیسے سَلَأَهُ مائة سَوْطٍ
-الدَّرَاهِمَ و نحوها: نقد ادا کرنا۔
-فلاناً كذا دِرْهَمًا: کسی کو کچھ درہم نقد دینا۔
-النَّخْلَةَ: کھجور کے درخت سے کانٹے اتارنا۔
(اسْتَلَأ) الزُّبْدَ او الدهنَ: پگھلانا، صاف کرنا۔
(السِّلاءُ): خالص گھی یا روغن (ج) أَسْلِئَةٌ۔
(السُّلَّاءُ): کھجور کے کانٹے۔ واحد: سُلَّاءَةٌ۔ (۲) کھجور کے کانٹے جیسا نیزہ کا پھل (۳) لمبی ٹانگوں والا بھورے رنگ کا ایک پرندہ۔
(المَسْلُوْءُ): گھی۔
(سَلَبَ) الشَيْءَ ـُ سَلْبًا: زبردستی چھیننا۔
-فلانةٌ فؤادَهُ او عَقْلَه: عورت کا کسی کے دل و دماغ پر قبضہ کر لینا۔
-فلاناً: کسی کا سامان چھین کر لباس و ہتھیار سے خالی کر دینا۔
- الشَّجَرَ و النَّبَاتَ: درخت وغیرہ کے پتے اتارنا، چھلائی کرنا۔
-القَضِيَّةَ: قضیہ کو سالبہ بنانا، قضیہ پر حرف نفی داخل کر کے اس کی نسبت کو سالبہ بنانا۔
(سَلِبَتِ) المَرأةُ: عورت کا ماتمی لباس پہننا۔
(أَسْلَبَ) الشَّجَرُ و نَحْوُهُ: درخت وغیرہ کے پتے اتارنا، چھلائی کرنا۔
-الثمامُ: ثمام نامی گھاس کا پتے نکالنا۔
-الحامِلُ: حاملہ کو اسقاط حمل ہونا (۲) مرے ہوئے بچہ والی ہونا۔ ھی مُسْلِبٌ و سَلُوْبٌ (ج سُلُبٌ و سَلَائِبُ۔
(سَلَّبَتْ): سَلِبَتْ۔
-الحامِلُ: عورت کا حمل گرنا ھی مُسْلِبٌ۔
(اسْتَلَبَه): لوٹنا، چھیننا۔ کہتے ہیں: اِسْتَلَبَه اِيَّاهُ: اس نے اسے چھین لیا۔
(تَسَلَّبَتْ) فلانة: سَلِبَتْ۔
(الأُسْلُوْبُ): راستہ، طریقہ، طرز۔ کہتے ہیں: سَلَكْتُ أُسْلُوبَ فلانٍ فِي كذا (۲) طرزِ نگارش، طرز بیان (۳) فن کہتے ہیں: اَخَذْنَا فِي أَسَالِيبَ مِنَ القَوْلِ: ہم نے بیان کے مختلف انداز پیش کئے (۴) کھجور وغیرہ کے درختوں کی قطار (ج) أَسَالِيبُ
(السَّالِبُ): ادھورا بچہ ڈالنے والی عورت (۲) بچہ چھینی گئی عورت (۳) علم ریاضی اور علم طبیعات میں مثبت رجحان کے برخلاف منفی رجحان (۴) علم البصریات میں بائیں طرف گھومنے کا اشارہ (۵) علم التصویر میں کسی شے کی اصلی سایہ اور اس کی روشنی کی عکسی شکل میں پڑنے والا کسی شے کا سایہ اور روشنی۔ (۲) بیکٹیریا کی وہ قسم جس میں جراثیم کا وجود یقینی نہ ہو۔
- كَهْرَبِيَّةٌ سَالِبَةٌ: مادہ کی سطح پر الیکٹرون کی تعداد کا پروٹون کی تعداد سے زیادہ ہونا۔
(السِّلَابُ): وہ سیاہ یا سفید کپڑا جسے عورت رنج و غم کی حالت میں پہنتی ہے۔ ماتمی لباس (ج) سُلُبٌ۔
(السَّلَبُ): سبک و تیز رفتاری۔
(السَّلَبُ ج): ہل میں لگی ہوئی لکڑی، ہل کا ہتھا (ج) سُلُوبٌ و أَسْلَابٌ۔
(السَّلَبُ): چھینی ہوئی چیز، لوٹا ہوا مال۔ (۲) درخت کی چھال جس سے کنڈیاں، ٹوکرے اور رسیاں بنائی جاتی ہیں (۳) بانس یا درخت کا ریشہ یا چھلکا (۴) کھجور کے درخت کی چھال (۵) مذبوحہ جانور کی کھال، پیٹ اور پیر (ج) أَسْلَابٌ۔
-سَلَبُ القتيلِ: مقتول کا چھینا ہوا مال۔
(السَّلِبُ): لمبا (۲) پھرتیلا۔ ھی سَلِبَةٌ۔
(السُّلْبَةُ): برہنگی، ننگا پن۔
(السَّلَبَةُ): ایک قسم کی رسی (ج) سَلَبٌ و سِلَابٌ۔

Marfat.com

(السَّلْبُوْتُ): بہت لوٹ ڈالنے والا' لوٹ کا عادی (مذکر و مونث)
(السَّلْبِیَّۃُ): ایک منفی رجحان جو عدم تعاون ور کام نہ کرنے کے اصول و ذہنیت پر قائم ہو' فلاسفہ کے نزدیک ایک ذہنی کیفیت کا نام جس کے نتیجہ میں سست کاری اور نقل و حرکت میں پس وپیش لاحق ہو۔
(السَّلَّابُ): ریشہ اور چھال کی رسیاں وغیرہ بنانے اور بیچنے والا۔
(السَّلَّابَۃُ): بہت لوٹ کھسوٹ کرنے والا۔
-امراۃٌ سلَّابۃٌ: لٹیری عورت۔
(السَّلِیْبُ): لوٹا ہوا' چھینا ہوا (د)
-رَجلٌ سلیبُ العقل: بے عقل (ج) سُلُبٌ و سَلْبٰی۔
(سَلَتَہ) ـُ سَلْتًا: سونتنا' کھینچنا (۲) کسی کے اندر سے سب کچھ لے لینا صاف کر دینا (۲) کسی کے اوپر سے سب کچھ لے لینا صاف کر دینا۔
- المِعٰی: آنت کو ہاتھ سے باہر نکالنا (۲) آنت کے اندر کی چیز نکالنا۔
-المَرْاۃُ عورت کا مہندی وغیرہ کو صاف کرنا۔
-الشَّعرَ او الرَّاسَ: مونڈنا۔
-الانفَ: ناک کاٹنا۔
-فُلانًا: مارنا۔
(انسَلَتَ) چپکے سے نکل جانا' کھسک جانا۔
(الأسْلَتُ) ناک کٹا (ج) سُلْتٌ۔
(السُّلَاتَۃُ) ہر وہ چیز جو نکالی یا کھینچی گئی ہو (۲) پیالہ کے کنارہ سے صاف کی گئی چیز۔
(السُّلْتُ) حجاز وغیرہ میں پیدا ہونے والی ایک جو جو گیہوں کے مشابہ ہوتی ہے اور اس پر چھلکا نہیں ہوتا۔
(السَّلْتَاءُ) مونث الأسْلَت (۲) خضاب نہ لگانے والی عورت (ج) سُلْتٌ
(السَّلْتَۃُ) کہتے ہیں ذَھَبَ مِنِّي سَلْتَۃً وہ مجھ سے آگے نکل گیا اور مجھ سے ضائع ہو گیا۔
(سَلَجَتِ) الابِلُ ـُ سُلُوْجًا: سلج نامی گھاس کھانے سے اونٹوں کا پیٹ چل جانا۔

-الفصیلُ الناقۃَ: اونٹ کے بچہ کا دودھ پینا۔
-اللقمۃَ: لقمہ نگلنا۔
(اسْتَلَجَ) الشَّرابَ: شدت کے ساتھ پینا کہ گلا بھر جائے۔
(تَسَلَّجَ) الطعامَ وغیرہٗ: نگلنا۔
-الشَّرابَ: غٹاغٹ پینا۔
(السُّلَّجُ): ایک قسم کی نرم گھاس یا درخت جسے اونٹ کھاتے ہیں۔
(السُّلْجَانُ): السُّلَّجُ یا اس کی کوئی قسم۔
(السِّلِّجَانُ): گلا' حلق' حلقوم۔
(السَّلِیْجُ) مِنَ الطَّعَامِ: مزیدار کھانا جو بآسانی اور سہولت کے ساتھ حلق سے اتر جائے۔
(السَّلِیْجَۃُ): ساگوان کی لکڑی جس سے دروازے وغیرہ بنائے جاتے ہیں (ج) سَلَائِجُ۔
(السُّلَاجِمُ) لمبا آدمی (۲) لمبا نیزہ (ج) سلاجِم۔
(السَّلْجَمُ): السُّلَاجِمُ (۳) گھنی ڈاڑھی' لمبے جبڑوں والا سر (ج) سلاجِم (۳) شلغم (ایک ترکاری) واحد: سلجمۃٌ (مع)
(سَلَحَ) ـَ سَلْحًا و سُلَاحًا: پرندہ کا بیٹ کرنا' جانور کا گوبر یا لید کرنا۔ ھو سَالِحٌ
(اَسْلَحَہٗ) الدَّواءُ: دوا کا کسی کو گوبر یا لید کروانا۔
(سَلَّحَہٗ) اَسْلَحَہٗ جیسے سَلَّحَ العشبُ الماشیۃَ۔
-فلانًا: مسلح کرنا' ہتھیار بند کرنا۔
-اناءَ السمنِ: گھی کے برتن کو شیرہ ملنا۔
(تَسَلَّحَ) ہتھیاروں سے لیس ہونا' مسلح ہونا۔
- الابلُ و غیرھا باَسْلِحَتِھَا: مالک کی نظر میں اونٹوں وغیرہ کا موٹا اور خوبصورت ہونا۔
(الإسْلِیْحُ) ایک قسم کی گھاس جسے کھانے سے اونٹنی کا دودھ زیادہ ہو جاتا ہے۔
(السَّالِحُ) مسلح' ہتھیاروں سے لیس ہتھیار بند۔
(السِّلَاحُ) اسلحہ' ہتھیار' بحر و بر اور فضائی لڑائی

میں کام آنے والے آلات (ج) اَسْلِحَۃٌ (مذکر و مونث) کہتے ہیں: اَخَذَتِ الإبِلُ سِلَاحَھَا: مالک کی نظر میں اونٹوں کا موٹا اور عمدہ ہونا۔
- ذُو السِلَاحِ مِنَ النُّجُومِ: سماک رامح ستاروں کے ایک جھمکے کا روشن ترین ستارہ۔
(السُّلَاحُ): پیٹ سے نکلنے والے فضلات۔
(السَّلْحُ): السُّلَاحُ (ج) سُلُوْحٌ و سلحَانٌ۔
(السُّلَحُ): گھی کے برتن کو ملا جانے والا گودا۔
(السَّلَحُ): تالاب وغیرہ میں جمع شدہ بارش کا پانی۔
(السُّلَحُ): چکور کا بچہ (ج) سِلْحَانٌ۔
(السُّلَاحُ): جس کو بہت دست آتے ہوں۔
(المَسْلَحُ): ہتھیار خانہ (۲) ہتھیاروں سے لیس سپاہیوں کی پہرا چوکی (۳) سرحدی حفاظتی پولیس (ج) مَسَالِحُ۔
(المَسْلَحَۃُ): المَسْلَحُ (ج) مَسَالِحُ
(السُّلَحْفَاۃُ): کچھوا (ج) سَلَاحِفُ
(سَلَخَتِ) الحَیَّۃُ ـُ سُلُوْخًا: سانپ کا اپنی کینچلی اتارنا۔
-الشَّھرُ و نَحْوُہٗ: مہینہ گزر جانا۔
-النباتُ: نبات کا سوکھنے کے بعد ہرا ہونا۔
-الجلدَ سَلْخًا: کھال اتارنا' کھینچنا کہتے ہیں: سَلَخَ الحَرُّ الجلدَ: گرمی نے کھال کو جھلس دیا۔ سَلَخَ الجَرَبُ الجلدَ: خارش کا کھال کو چھیل دینا۔
-ثیابَہٗ: کپڑے اتارنا۔
-اللہُ النَّھَارَ من اللیلِ او اللَّیلَ من النَّھَارِ: اللہ کا رات کو دن سے اور دن کو رات سے جدا کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاٰیَۃٌ لَّھُمُ الَّیْلُ نَسْلَخُ مِنْہُ النَّھَارَ فَاِذَا ھُمْ مُّظْلِمُوْنَ﴾
-فلانًا: کسی کو اپنی بات سے تکلیف دینا۔
- فلانٌ شَھرَہٗ و نَحْوَہٗ: مہینہ وغیرہ گزارنا یعنی اس کے اخیر تک پہنچنا۔
-الرِّیْحُ مَا مَرَّتْ بِہٖ: ہوا کا گزرگاہ کی چیزوں کو اڑا لے جانا۔

Marfat.com

-الکلامَ: کلام کے کسی حصہ کو حذف کر کے اس کا مترادف لانا۔
-مَوْضِعَ الماءِ: پانی کی جگہ کھودنا۔
- الشَّاةَ و نَحْوَهَا: بکری وغیرہ کی کھال اتارنا۔
(سَلُخَ) الطعامُ و الشَّرابُ ـُ سَلَاخَةً: بے مزہ ہونا۔ هُوَ سَلِيخٌ۔
(سَلَّخَه): سَلَخَه۔
(انْسَلَخَ): کھال کا اترنا، الگ ہونا، بدن سے کپڑا اترنا۔
(تَسَلَّخَ): انْسَلَخَ۔
(الأَسْلَخُ): گنجا (۲) بہت سرخ (ج) سُلْخٌ۔
(السَّالِخُ): بہت کالا سانپ۔ اسودُ سَالِخٌ بھی کہتے ہیں (مادہ کے لئے سَالِخة مستعمل نہیں بلکہ اَسْودَة کہا جاتا ہے) (ج) سَوَالِخُ و سُلْخٌ (۲) اونٹوں کو لگنے والی خارش جو ان کی جلد کو چھیل دیتی ہے۔
(السِّلَاخَةُ): کھال اتارنے کا پیشہ۔
(السَّلْخُ): اتری ہوئی کھال (۲) مہینہ کا آخر۔
(السَّلَخُ): کلے پر چڑھا ہوا دھاگا۔
(السَّلْخَةُ): ایک دفعہ نکالنا یا کھینچنا (۲) کسی چیز سے نکالا ہوا یا الگ کیا ہوا حصہ (۳) چربہ یا پروف جو طباعت سے پہلے اُٹھایا جاتا ہے۔ (محدثہ)
(السِّلْخَةُ): کھینچنے یا نکالنے کی ہیئت۔
(السَّلَّاخُ): بہت کھال کھینچنے والا (۲) کھال اتارنے کا کام کرنے والا۔
(السَّلِيخُ): جس کی کھال اتار لی گئی ہو (۲) کھینچا ہوا یا نکالا ہوا (۳) بے مزہ۔
-سلیخٌ ملیخٌ: پھیکا بے مزہ۔
(السَّلِيخَةُ): نومولود بچہ (۲) عطر وغیرہ کا چھاپہ (۳) بان کے پھل کا تیل (جس کا ابھی مربانہ بنایا گیا ہو)
(المِسْلَاخُ): کھجور کا وہ درخت جس کی ہری کھجوریں گر جائیں (۲) کھال، تعریف کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ هو ملکٌ فی مِسْلاخِ الانسان اور مذمت کے موقع پر کہا جاتا ہے: هو حِمارٌ فِی مِسْلاخِ الانسان (ج) مَسَالِيخُ۔
(المَسْلَخُ): مذبح، وہ جگہ جہاں جانوروں کی کھال اتاری جائے، بوچڑ خانہ (ج) مَسَالِخُ۔
(المَسْلَخَةُ): المَسْلَخُ۔
(سَلِسَ) الشئُ ـَ سَلَسًا: نرم اور آسان ہونا (۲) تابعدار ہونا۔ هو سَلِسٌ ـ شرابٌ سَلِسٌ: آسانی سے پیا جانے والا مشروب۔
-البولُ و نَحْوُه: پیشاب کا جاری رہنا۔
-لَه بحقِّه: کسی کو اس کا حق آسانی سے دینا۔
- النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت کی شاخوں کی جڑوں کا گر جانا۔
- الخَشَبَةُ: لکڑی کا بوسیدہ اور کرم خوردہ ہو جانا۔ هو سَلِسٌ و سَلِيسٌ و سالِسٌ۔
(سُلِسَ) سَلْسًا: بے عقل و مجنون ہونا۔ هو مَسْلُوسٌ۔
(أَسْلَسَتِ) النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت کی شاخوں کی جڑوں کا گر جانا (۲) ہری بھری کھجوروں کا گر جانا۔
-النَّاقَةُ و نحوُهَا: اونٹنی وغیرہ کا قبل از وقت بچہ دینا۔ هی مُسْلِسٌ و مِسْلاسٌ
-الشئَ: آسان اور نرم اور تابع بنانا۔
-قیادَةَ له: تابعدار اور مطیع بنانا۔
(سَلَّسَ) الحُلِیَّ و نَحْوَهَا: زیورات پر جواہرات جڑنا۔
(السَّلَاسُ): بے عقلی، دیوانگی۔
(السَّلَاسَةُ) سَلَاسَةُ اللفظِ: روانی، ربط الفاظ، سہولت و نرمی۔
(السَّلْسُ): موتیوں کی لڑی، دھاگا جس میں خرمہرہ وغیرہ پروئے ہوئے ہوں (۲) ہار میں پروئے جانے والے سفید دانے (۳) اوڑھنی (۴) کان کی بالی (ج) سُلُوسٌ۔
(السَّلَسُ): سلس بول، پیشاب بند ہونے کی بیماری۔
(السَّلِيسَةُ): ایک قسم کی گھاس۔
(السَّلْسَبِيلُ): آسانی سے حلق میں اتر جانے والا شراب (۲) شراب (۳) جنت کے ایک چشمہ کا نام، تیز رو اور شیریں چشم کی صفت۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿عَيْنًا فِيهَا تُسَمَّى سَلْسَبِيلًا﴾ (ج) سلاسب و سلاسيبُ۔
(سَلْسَلَ) الأَشْيَاءَ: ترتیب وار یا سلسلہ وار لگانا۔ جیسے سَلْسَلَ الْأَعْدَادَ۔
-الماءَ و نَحْوَهُ: پانی کو مسلسل نیچے گرانا۔
-الحیوانَ و غَيْرَهُ: جانور وغیرہ کو زنجیر سے باندھنا۔
-الثَّوْبَ و نَحْوَهُ: کپڑے وغیرہ پر زنجیر جیسے نقوش بنانا۔
(تَسَلْسَلَ): لگاتار ہونا، ترتیب وار ہونا، مسلسل ہونا۔
-الماءُ: پانی کا بہنا یا زنجیر کی شکل میں بہنا۔
-فِرِنْدُ السَّيْفِ: تلوار کی زنجیر کا چمکنا۔
-الشئُ: تھرکنا، متحرک و مضطرب ہونا۔
- الثوبُ: کپڑے کو اتنا پہننا کہ وہ پتلا ہو جائے۔
(السَّلَاسِلُ): ریت کی لہریں (۲) چمک دار بجلی یا بادل۔ برقٌ ذو سلاسِلَ و رَمْلٌ ذو سلاسِلَ۔
-من الکتاب: کتاب کی سطریں۔
(السُّلَاسِلُ): خوشگوار اور شیریں پانی جو آسانی کے ساتھ حلق سے نیچے اتر جائے۔
(السَّلْسَالُ) السُّلَاسِلُ ـ ماءٌ سَلْسَالٌ: شیریں اور صاف و شفاف پانی (۲) عمدہ شراب۔
(السَّلْسَلُ) السُّلَاسِلُ کہتے ہیں شرابٌ و خمرٌ سَلْسَلٌ: وہ شراب یا مشروب جس کی سطح پر ہوا سے لہریں اٹھ رہی ہوں۔
(السُّلْسُلُ): چست و پھرتیلا لڑکا۔
(السِّلْسِلَةُ): زنجیر (۲) سلسلہ جیسے سلسلةٌ من المقالات او المؤلفاتِ ما أَشْبَهَ (محدثة) (۳) افق میں پھیلی ہوئی بجلی کی لہر (ج) سَلَاسِلُ۔
-سلسلةُ الجَبَلِ: پہاڑی سلسلہ
(المُسَلْسَلُ) ثوبٌ مُسَلْسَلٌ: پرانا جھنجھنا

Marfat.com

کپڑا (۲) زنجیر جیسے نقوش والا کپڑا۔
-من الاحادیث: وہ حدیث جس میں راویوں کا سلسلہ نبی کریم ﷺ تک ایک ہی حالت پر قائم ہو جیسے گویا کہ ہر راوی یہ کہے: "حدّثنی فلانٌ وھو یتبسّم"۔
(سَلِطَ) الطَّعَامُ ـَ سَلَطًا: کھانے کا روغن دار ہونا۔ ھو سَلِطٌ۔
-فلانٌ سَلَاطَةً وَ سُلُوطَةً: زبان دراز ہونا۔
(سَلُطَ) فلانٌ ـُ سَلَاطَةً و سُلُوطَةً: زبان دراز ہونا۔ ھو سلیطٌ (ج) سلطاءُ وھی سلیطةٌ (ج) سَلَائِطُ – سَلُطَ لسانُہ بھی کہتے ہیں۔
(سَلَّطَهُ): اختیار و اقتدار دینا۔
- علیہ: مسلط کرنا' کسی کے بارے میں اختیارات دینا۔
(تَسَلَّطَ) علیہ: مسلط ہونا' کسی پر اختیار اور قابو پانا' حاکم بننا۔
(السَّلَائِطُ): بڑی روٹیاں۔ واحد: سَلِیطَةٌ۔
(السَّلْطُ): سخت (۲) لمبی تیز زبان (۳) زبان دراز آدمی۔
(السَّلِطُ): نیزہ جس کے بیچ میں ابھار نہ ہو (ج) سِلَاطٌ۔
(السُّلْطَةُ): قبضہ' غلبہ' اختیار' اقتدار۔
(السِّلْطَةُ): لمبا اور پتلا تیر (۲) گھاس اور بھس وغیرہ ڈالنے کا بورا وغیرہ (ج) سِلَطٌ و سِلَاطٌ۔
(السَّلْطَةُ): سلاد (کچی کٹی ہوئی سبزیوں کا مجموعہ جو کھانے کے ساتھ کھاتے ہیں) (۲) نمک لیموں یا سرکہ وغیرہ سے پیس کر بنائی ہوئی چٹنی۔ (مع)
(السَّلِیطُ) کسی بھی غلہ سے نکالا ہوا تیل (۲) شیرہ (ج) سُلْطان۔
(المِسْلَاطُ) چابی کے دندانے (ج) مَسَالِیطُ۔
(المَسْلُوطُ) رجلٌ مسلوطُ اللِّحیةِ ہلکی داڑھی والا آدمی۔
(اِسْلَنْطَحَ) الوادی: وادی کا وسیع اور کشادہ

ہونا۔
-الشیءُ: لمبا چوڑا ہونا۔
-الرجلُ: آدمی کا پھیل جانا۔ لیٹ جانا (۲) منہ یا پیٹھ کے بل زمین پر لیٹ جانا۔
(سَلْطَنَہ): بادشاہ بنانا۔
(تَسَلْطَنَ): بادشاہ بننا۔
(السُّلْطَانُ): حکمران' بادشاہ' سلطان (ج) سلاطِینُ – ھی سلطانةٌ (۲) غلبہ و اقتدار (۳) دلیل و برہان۔
(السُّلْطَانِیَّةُ): پیالہ (مع)
(السَّلْطَنَةُ): حکومت' بادشاہ کی عمل داری (مو)
(سَلَعَ) راسَہ ـَ سَلْعًا: سر پھاڑنا۔
-الطَّرِیقَ: راستہ نکالنا۔
(سَلِعَ) جلدُہ ـَ سَلَعًا: کھال کا پھٹنا (۲) خون کی خرابی سے سفید دھبوں کا پڑنا۔
-الرجلُ: کبڑا ہونا۔ ھو اسلعُ وھی سلعاءُ (ج) سُلْعٌ۔
(اَسْلَعَ) فلانٌ: زخمی سر والا ہونا (۲) سامان والا ہونا۔
(سَلَّعَ) الجلدَ: کھال کو پھاڑنا۔
(تَسَلَّعَ) جلدُہ: کھال کا پھٹنا۔
(اِنْسَلَعَ): پھٹنا۔
(الاَسْلَعُ): پھٹی ہوئی کھال والا (۲) داغ دار کھال والا۔ برص کا مریض (۳) کبڑا (ج) سُلْعٌ۔
(السَّلْعُ): کھال کی پھٹن (۲) پہاڑ وغیرہ کا شگاف (ج) سُلُعٌ۔
(السِّلْعُ) کھال کی پھٹن (۲) پہاڑ وغیرہ کا شگاف (ج) سُلُوعٌ و اَسلاعٌ۔
(السِّلْعُ) پہاڑ کا شگاف (۲) کسی چیز کی مثل اور مشابہ چیز (ج) سُلُوعٌ و اَسلَاعٌ۔
(السَّلَعُ) ملک یمن میں پیدا ہونے والا ایک درخت جس کا پھل کڑوا ہوتا ہے۔
(السَّلْعَةُ) سر کا کسی بھی قسم کا زخم (ج) سِلَاعٌ۔
(السِّلْعَةُ) سامان تجارت (۲) سامان (۳)

کھال کے ساتھ لگا ہوا زائد گوشت (۴) کھال میں ابھری ہوئی گوشت کی گرہ (۵) جونک (ج) سِلَعٌ۔
(السَّوْلَعُ): کڑوا ایلوا۔
(المِسْلَعُ): راہبر' گائیڈ (ج) مَسَالِعُ۔
(سَلَغَ) ذو الحافر ـَ سَلْغًا و سُلُوغًا: سم والے جانور کا زخمی ہونا۔
-وَلَدُ الشَّاةِ او البقرةِ: بکری یا گائے کے بچے کے دانت نکلنا' پورے دانتوں والا ہونا (۲) دودھ کے دانت گرنا ھو وھی سَالِغٌ (ج) سُلْغٌ و سَوَالِغُ۔
(سَلِغَ) ـَ سَلَغًا: برص کا مریض ہونا' کھال کا داغ دار ہونا (۲) تیز سرخی والا ہونا۔
-اللحمُ: گوشت کا پختہ ہونا۔
-فلانٌ: کمینہ ہونا۔ ھو اَسْلَغُ وھی سَلْغَاءُ (ج) سُلْغٌ۔
(سَلَفَ) ـُ سُلُوفًا وَ سَلَفًا: گزرا ہوا ہونا۔ ھو سَالِفٌ (ج) سُلَّافٌ و سَلَفٌ وھی سَالِفَةٌ (ج) سَوَالِفُ (۲) ختم ہو جانا' گزر جانا۔
-السائرَ سَلْفًا: چلنے والے سے آگے نکل جانا جیسے سَلَفَ القومَ۔
-الارضَ: زمین کو ہموار کرنا۔
(اَسْلَفَتِ) المَرْأةُ: عورت کا پچاس کی عمر تک پہنچ جانا۔ ھی مُسْلِفٌ۔
-الارضَ: زمین کو ہموار کرنا۔
-فُلانًا: کسی کو بطور قرض کے مال دینا۔
-الیہ فی الشیءِ: کسی کو بیع سلم میں کوئی چیز دینا۔
(سَالَفَ): آگے نکل جانا۔
-سَائِرًا فی الارضِ: چلنے والے کے ساتھ آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
-فلانًا فی امرٍ: کسی معاملہ میں کسی کا مقابلہ کرنا۔
(سَلَّفَ) فلانٌ: ناشتہ سے پہلے پیش کی ہوئی چیز کھانا۔
-الضَّیفَ: کھانے سے پہلے مہمان کو معمولی

Marfat.com

کھانے کی چیز کھلانا۔
-الشيءَ: آگے بڑھانا (۲) پیشگی دینا۔
-فلانًا مالاً: کسی کو مال قرض دینا۔
-اليه في كذا: بیع مسلم میں کوئی چیز دینا۔
(اسْتَلَفَ): قرض لینا۔
(تَسَالَفَ) الرَّجُلَان: دو آدمیوں کا دو بہنوں سے شادی کرنا۔ ایک دوسرے کا ہم زلف ہونا۔
(تَسَلَّفَ) لازم سَلَّفَهُ (۲) ناشتہ کرنا۔
-مِنهُ: قرض لینا۔
(اسْتَسْلَفَ) منه مالاً: قرض لینا۔
(الأُسْلُوفَةُ): داماد (۲) رشتہ دامادی' سسرالی رشتہ (ج) اَسَالِيفُ۔
(السَّالِفَةُ): گردن کا حصہ جو کان کی لو سے متصل ہوتا ہے (۲) گھوڑے وغیرہ کی گردن کا اگلا حصہ (۳) گردن (ج) سَوَالِفُ۔
(السُّلَافُ): خالص عمدہ شراب (۲) ہر چیز کا خالص حصہ۔
(السُّلَافَةُ): السُّلَافُ۔
(السَّلْفُ): ناکمل دباغت والا چمڑہ (۲) بڑا چمڑے کا تھیلا (ج) اَسْلُفٌ و سُلُوفٌ
(السِّلْفُ): ہم زلف' بیوی کی بہن کا خاوند ھی سِلفان (۲) دیور' جیٹھ (۳) داماد' سسرال۔ (ج) أَسْلَافٌ۔
(السَّلَفُ): سَالِف کی جمع (۲) گزرے ہوئے لوگ آباؤ اجداد (۲) فضل و کمال یا عمر میں بڑھا ہوا (۴) گذشتہ نیک عمل (۵) بیعانہ' بیع سے پہلے دی ہوئی کچھ قیمت (۶) قرض حسن جس میں قرض دینے والے کی کوئی منفعت نہ ہو (۷) بیع سلم (ج) اَسْلَافٌ و سُلَّافٌ۔
(السُّلَفُ): السِّلْفُ (۲) چکور کا بچہ (ج) اَسْلَافٌ۔
(السُّلَفُ): طائر قطا کا چوزہ (۲) چکور کا چوزہ (ج) سُلْفَانٌ۔
(السُّلْفَةُ): کھانے سے پہلے کی ہلکی غذا' ناشتہ (۲) عورتوں کی طرف سے بالخصوص اور دوسرے لوگوں کی طرف سے بالعموم ملاقاتیوں کو دیا جانے والا تحفہ (۳) گذشتہ لوگ۔ کہتے ہیں: جاءَ واسلفةٌ سُلْفَةً: وہ آگے پیچھے آئے۔ (۴) کاشت وغیرہ کے لئے ہموار کی ہوئی زمین (۵) جوتوں کے استر کا پتلا چمڑا (۶) بچہ کا غلاف' حشفہ (۷) قرض (ج) سُلَفٌ
(السِّلْفَةُ) لِلْمَرْأَةِ: دیورانی' جٹھانی (خاوند کے بھائی کی بیوی) هما سِلفتان (ج) سلائف۔
(السَّلِفَةُ): تھوڑے درختوں والی زمین۔
(السَّلَفِيُّ): جو احکام شریعت میں صرف قرآن وسنت سے رجوع کرے اور اس کے سوا کسی چیز کو قابل اعتبار نہ سمجھے۔
(السُّلَّافُ): لشکر کا اگلا حصہ۔
(السَّلِيفُ): گذشتہ' اگلا (۲) اگلے لوگ (ج) سُلُفٌ۔
(المِسْلَفَةُ): زمین ہموار کرنے کا آلہ' ہینگا (ج) مَسَالِفُ۔
(سَلَقَ) ـُ سَلْقًا: دوڑنا (۲) چیخنا' شور وغل کرنا۔
-اللحمَ او الخُضَرَ بالماءِ الحارِّ وفيهِ: گوشت یا سبزی وغیرہ کو ابالنا' جوش دینا۔
-فلانًا بكلامهِ او بلسانهِ: کسی کو تکلیف پہنچانا' پھبتیاں کسنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فإذا ذهب الخوفُ سَلَقُوكُم بألسِنَةٍ حِدَادٍ﴾ (۲) مارنا (۳) نیزہ مار کر پہلو کے بل گرانا (۴) گدی کے بل زمین پر گرانا۔
-الطبيبُ فُلانًا: طبیب کا کسی کو پیٹھ کے بل لٹانا۔
-الذَّبِيحَةَ بالماءِ الحارِّ: ذبح کیے ہوئے جانور کی کھال سے اون یا بال صاف کرنا۔
-اللحمَ عن العظمِ: ہڈی سے گوشت اتارنا۔
کہتے ہیں: رَكِبَ الدَّابَّةَ فَسَلَقَتْ بَاطِنَ فَخِذَيْهِ او أَلْيَتَيْهِ: وہ جانور پر سوار ہوا تو اس نے اس کی ران یا کولہے کو چھیل دیا۔
-بالسَّوطِ وغيرهِ: کوڑا وغیرہ مار کر کھال ادھیڑنا۔
-ظَهرَ الدَّابَّةِ: چوپائے کی کمر کی کھال اتارنا۔
-البَرْدُ او الحَرُّ النَّباتَ: سردی یا گرمی کا نباتات کو تباہ کر دینا۔
-الجلدَ: تیل لگانا۔
-الحائطَ و غيرَهُ: دیوار وغیرہ پر چڑھنا۔
-العُودَ وَ نحوهُ فِي العُرْوَةِ: برتن یا تھیلے کے دستہ میں لکڑی وغیرہ لگانا۔
-الجُوَالِقَ و نَحْوَهُ: تھیلے کے ایک دستے کو دوسرے میں داخل کرنا۔ هو مَسْلُوقٌ و سَلِيقٌ۔
(سُلِقَ) فلانٌ عَلَى هٰذِهِ السَّلِيقَةِ و سُلِقَهَا: فلاں کا یہ مزاج ہے' اس کی طبیعت ایک ہے۔
(أَسْلَقَ) الرَّجُلُ سلقه (انڈوں سے فارغ ہونے والی ٹڈی) کا شکار کرنا۔
-العُودَ فِي العُرْوَةِ: دستہ یا کڑے میں لکڑی داخل کرنا۔
(انْسَلَقَ): لازم اسَلَقَهُ۔
-اللِّسَانُ: زبان کا چھل جانا' چھالے پڑ جانا۔
-الجُفُونُ: پپوٹوں کا سرخ ہو کر چھل جانا۔
(تَسَلَّقَ) عَلَى فِرَاشِهِ: درد یا غم سے بستر پر لیٹنا' کروٹیں بدلنا۔
-الجدارَ نحوَهُ عليه: دیوار وغیرہ پر چڑھنا۔
(الأَسَالِقُ): حلق کے تالو کے آس پاس کا حصہ۔
(السَّالِقَةُ): مصیبت کے وقت چیخنے والی یا منہ کو پیٹنے والی عورت۔ (ج) سَوَالِقُ۔
(السُّلَاقُ): زبان کی جڑ میں نکلنے والی پھنسیاں (۲) زبان کی جڑ کی خراش۔
(السِّلْقُ): بھیڑیا (۲) ایک قسم کی سبزی جس کے پتے لمبے اور جڑ گہری ہوتی ہے پکا کر کھائی جاتی ہے (۲) پانی کی نالی (ج) سِلْقان۔
(السَّلَقُ): کشادہ راستہ (۲) ہموار کشادہ میدان جس میں روئیدگی نہ ہو (ج) اَسْلَاقٌ و سُلْقَانٌ۔
(السِّلْقَةُ): زبان دراز عورت (۲) انڈہ دینے والی ٹڈی (ج) سِلَقٌ۔
(السَّلَّاقُ) خطيبٌ سلَّاقٌ فصيح و بليغ و

Marfat.com

زوردار مقرر۔
(السَّلُوقِيُّ): سلوق گاؤں کی طرف منسوب جہاں کی زر ہیں اور کتے عمدہ ہونے کی بنا پر مشہور ہیں۔
(السَّلُوقِيَّةُ): جہاز کے کپتان کی سیٹ۔
(السَّلِيقُ): المَسْلُوقُ (٢) گرمی سے جلی ہوئی یا سردی سے مری ہوئی نبات۔ (٣) چھوٹے چھوٹے گرے ہوئے درخت (٤) راستہ کا ایک کنارہ (٥) شہد کی مکھی کے چھتے کی ایک لمبی نالی جس میں شہد بھرا ہوتا ہے (ج) سُلُقٌ - سُلْقٌ
(السَّلِيقَةُ): فطرت، طبیعت، طرز سلیقہ۔ کہتے ہیں: فلانٌ يتكلّمُ بالسَّلِيقَةِ: فلاں فطرتاً صحیح کلام کرتا ہے (٢) دونوں پہلوؤں کے درمیانی گوشت کا ٹکڑا (٣) راستہ میں سُموں اور پیروں کے نشانات (٣) واضح راستہ (٤) شہد کے چھتے میں بنی ہوئی ایک دیوار (٥) مکئی جسے کوٹ کر دودھ ملا کر کھایا جاتا ہے (ج) سَلَائِقُ و سُلُقٌ۔
(السَّلِيقِيُّ): سلیقہ مند، فطری ذوق والا (٢) تعلیم حاصل کئے بغیر فطرتاً صحیح کلام کرنے والا عرب شاعر کہتا ہے:

لستُ بِنَحْوِيٍّ يلوك لسانه
ولكن سليقي اقول فاعربُ

(المِسْلَاقُ) السَّلَّاقُ (ج) مَسَالِيقُ۔
(المِسْلَقُ) السَّلَّاقُ (ج) مَسَالِقُ۔
(المَسْلُوقَةُ) ابلا ہوا، جوش دیا ہوا۔
Read Lead آکسائیڈ، رنگوں اور دوسرے آکسائیڈز وغیرہ کی تیاری میں استعمال ہوتا ہے۔
(سَلَكَ) المَكانَ و به وفيه ـُ سَلْكًا و سُلُوكًا: داخل ہونا اور پار ہو جانا۔
-الشيءَ في الشيءِ وبه: ایک چیز کو دوسری میں داخل کرنا۔
-فلانًا المكانَ: کسی کو کسی جگہ داخل کرنا سلك به المكانَ بھی کہتے ہیں۔
(اَسْلَكَهُ) المكانَ و فيه وبه و عليه: کسی کو کسی جگہ داخل کرنا (٢) چلانا، مسلک کرنا۔
(سَلَّكَهُ): اَسْلَكَهُ۔
(اِنْسَلَكَ): لازم سَلَكَهُ۔
(تَسَلَّكَ): لازم سَلَّكَهُ۔
(السِّلْكُ): دھاگا، لڑی، تار، لائن، سلسلہ (ج) سُلُوكٌ و اَسْلَاكٌ۔
- السِّلْكُ السِّيَاسِيُّ او الدبلو ماسيُّ: ڈپلومیٹک لائن، سفارتی جماعت (افسران) جو کسی ملک کی دوسرے ملک میں نمائندگی کرتے ہیں (محدثہ)
(السُّلَكُ): چکور یا تیتر کا چوزہ (ج) سِلْكَانٌ وهي سُلَكَةٌ۔
(السُّلَكِيُّ): یکساں کام (٢) نیزہ کی سیدھی ضرب۔
(السِّلْكَةُ): سلائی کا دھاگا (ج) سِلْكٌ (جج) اَسْلَاكٌ و سُلُوكٌ۔
(السَّلَّاكُ): تار، دھاگہ فروش (٢) دھاگہ یا تار بنانے والا۔
(السُّلُوكُ): طور طریقہ، برتاؤ، سلوک کہتے ہیں: فلانٌ حسنُ السلوكِ او سيّئُ السلوك (٢) (علم نفس کے مطابق) کوئی ذی روح کسی پیش آمدہ صورت حال کے وقت جو ردعمل دیتا ہے اس کی مکمل کیفیات (مج)
(المَسْلَكُ): راستہ، طریقہ (٢) نالی، پانی کا راستہ (ج) مَسَالِكُ۔
- خُذ مِنْ مَسَالِكِ الحقّ: حق کی راہوں پر چلو۔
(سَلَّ) الشيءَ مِنَ الشيءِ ـُ سَلًّا: آہستہ سے نکالنا، کھینچ کر نکالنا۔
- الشَّعرةَ مِنَ العجينِ: آٹے سے بال نکالنا۔
- السَّيفَ مِنْ غِمْدِهِ: تلوار کو میان سے نکالنا۔
- الشيءَ: چرانا۔
- سَلَّهُ الدَّاءُ: بیماری لگ جانا۔ هو مَسْلُولٌ و سَلِيلٌ۔
(سُلَّ) مرض سل میں مبتلا ہونا۔ المريضُ مَسْلُولٌ۔
(اَسَلَّ): سرعام حملہ کرنا۔
-الشيءَ: چوری کرنا۔
-اللهُ فلانًا: اللہ تعالیٰ کا کسی کو مرض سل میں مبتلا کرنا۔
(اسْتَلَّ) الشيءَ: چرانا۔
-به: کسی کو چپکے سے لے جانا۔
-الجدولُ النّهرَ: دریا سے چھوٹی نہر کا نکلنا۔
(انْسَلَّ): لازم سَلَّهُ (٢) خفیہ طریقہ سے نکلنا۔
(تَسَلَّلَ) انسَلَّ۔
-في الظلامِ او مِنَ الزِّحامِ: تاریکی یا رش میں سے نکل جانا۔
(الأَسَلُّ): چور۔
(الإِسْلَالُ): چوری، حدیث میں ہے (لا اِغلالَ ولا اِسْلَالَ) (٢) رشوت (٣) کھلا سرعام حملہ۔
(السَّالُّ): وادی کی تنگ نالی (ج) سوالُّ و سُلَّانٌ۔
(السُّلَالُ): مرض سل، پھیپھڑے کی ایک بیماری جو بیمار کو لاغر اور کمزور کر کے ہلاک کر دیتی ہے۔
(السُّلَالَةُ): کسی شے سے نکالی ہوئی چیز (٢) نطفہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهُ مِنْ سُلَالَةٍ مِنْ مَاءٍ مَهِينٍ﴾ (٣) نسل، خاندان کی اصل۔
(السَّلُّ): بانس کی کنڈی، ٹوکری۔
(السُّلُّ): سل کی بیماری۔
(السَّلَّةُ): ایک جنبش، تلوار کی برآمدگی، حرکت۔ کہتے ہیں: اتيناهم عند السَّلَّةِ: تلوار نکلتے ہی ہم ان کے پاس آپہنچے (٢) چوری کہتے ہیں: الخَلَّةُ تدعُو إِلَى السَّلَّةِ: مجبوری یا غربت چوری کا باعث بنتی ہے (٣) گھوڑے کی ایک دوڑ (٤) ٹوکری، کنڈی (ج) سِلَالٌ۔
(السُّلَّةُ): ایک کانٹے دار گھاس۔
(السَّلَّالُ): ٹوکریاں بنانے یا بیچنے والا۔
(السَّلِيلُ): بمعنی المَسْلُول۔ نکالی ہوئی چیز

Marfat.com

(۲) نومولود بچہ (۳) خالص شراب
(۴) وادی کا آبی راستہ (ج) سُلَّانٌ۔
(السَّلِیلَۃُ): تانیث السَّلِیل (۲) اون یا بالوں کی پونی جسے سے کتائی کے وقت آہستہ آہستہ اون یا دھاگا نکلتا ہے (۳) کمر کا لمبا گوشت (۴) تانا (لمبائی میں پھیلے ہوئے دھاگے) (ج) سَلَائِلُ۔
-سَلَائِلُ السَّنَامِ: کوہان کی لمبی دھاریاں۔
(المِسَلَّۃُ): بڑی سوئی سینے کا سواں (۲) مصر کے فرعونوں کے زمانہ میں کندہ شدہ لمبوترا پتھر (ج) مَسَالُّ۔
(المُسَلِّلُ): چوری چھپے کام کرنے کا ماہر۔
(سَلَمَ) الجلدَ - سَلْمًا: چمڑی کو سَلم درخت کے پتوں سے رنگنا۔
(سَلِمَ) مِنَ الآفاتِ و نحوھا - سَلَامًا و سَلَامَۃً: آفات وغیرہ سے محفوظ رہنا۔
-لہ کذا: خالص ہونا ھو سَالِمٌ و سَلِیمٌ۔
(اَسْلَمَ): مطیع وفرمانبردار ہونا (۲) صرف اللہ کے دین کو اختیار کرنا (۳) دین اسلام میں داخل ہونا، مسلمان ہونا (۴) سلامتی اور امن میں داخل ہونا۔
- عن الشیءِ: اختیار کرنے کے بعد چھوڑ دینا۔
-فِی البَیْعِ: بیع سلم کا معاملہ دینا۔
-الشیئَ اِلیہ: سپرد کرنا، حوالہ کرنا۔
-امرہ لہ و الیہ: اپنا معاملہ کسی کے سپرد کرنا۔
- الخَیطُ و نَحْوُہ: دھاگا یا لڑی ٹوٹ کر دانے یا موتی بکھر جانا۔
-فُلَانًا: بے یارومددگار چھوڑنا۔
(سَالَمَہُ) مُسَالَمَۃً و سِلَامًا: کسی سے مصالحت کرنا۔
(سَلَّمَ): تابعدار ہونا، مطیع ہونا (۲) فیصلہ ماننا۔
-المصلِّیْ: السلام علیکم ورحمتہ اللہ کہہ کر نماز ختم کرنا۔
-علی القومِ: سلام کرنا۔
-فی البَیْعِ: بیع سلم کرنا۔

-الدَّعوٰی: دعویٰ کی درستگی کا اعتراف کرنا۔
- الجَیْشُ لِعَدُوِّہٖ: دشمن کے سامنے ہتھیار ڈالنا۔ دشمن کا غلبہ تسلیم کر لینا۔
-اَمْرَہٗ لِلّٰہِ و اِلَیہِ: اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرنا۔
-نَفْسَہ لِغَیْرِہٖ: دوسرے کو اپنے اوپر غالب کر لینا۔
-الشیئَ لہ: کوئی چیز کسی کے حوالہ کرنا۔
- اللّٰہُ فُلَانًا مِنْ کذا: اللہ کا کسی کو کسی سے نجات دینا۔
-الشیئَ لہ و الیہ: کوئی چیز کسی کو دینا۔ کسی کے پاس پہنچانا۔
(اِسْتَلَمَ) الزَّرْعُ: کھیتی میں بالیں نکلنا۔
- الحاجُّ الحَجَرَ الاسودَ بالکعبۃ: خانہ کعبہ میں حاجی کا حجر اسود کا استلام کرنا۔ کہتے ہیں: فلانٌ لا یُسْتَلَمُ عَلٰی سَخَطِہٖ: وہ جس چیز کو ناپسند کرتا ہے اس کو اس سے منوایا نہیں جاسکتا۔
(تَسَالَمَا): باہم مصالحت کرنا۔
-الخیلُ و نحوُھا: گھوڑوں وغیرہ کا مل جل کر چلنا۔
(تَسَلَّمَ) الشیئَ: وصول کرنا، قبضہ میں لینا۔
-منہ: چھٹکارا پانا، نجات حاصل کرنا۔
(تَمَسْلَمَ) الکافِرُ: مسلمان ہونا۔ (۲) مسلمانوں والا نام رکھنا یا مسلمانوں کی مشابہت اختیار کرنا۔
(اِسْتَسْلَمَ): فرماں بردار اور مطیع ہونا۔
-سَنَنَ الطَّرِیقِ: صحیح راستہ پر چلنا۔
(الاسلامُ): محمد ﷺ کی لائی ہوئی شریعت کو بے چون و چرا ماننا اور سر تسلیم خم کرنا (۲) نبی کریم ﷺ کا لایا ہوا مذہب۔
(الأُسَیْلِمُ): کن انگلی اور اس کی بیچ والی انگلی کی رگ۔
(السَّلَامُ): اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام (۲) تسلیم و رضا، فرماں برداری (۳) مسلمانوں کا ملاقات کے وقت کا سلام (۴) امن وسلامتی (۵) عیوب ونقائص سے برأت و حفاظت (۶) صلح (۷) قومی ترانہ (محدثہ)

(۸) درختوں کی ایک قسم۔
- دارُ السلامِ: جنت۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿لَھُمْ دَارُ السَّلَامِ﴾ (۲) بغداد۔
(السَّلَامِیُّ): جنوبی ہوا۔
(السُّلَامٰی): ہاتھ اور پیروں کی انگلیوں کی ہڈیاں (ج) سُلَامیات۔
- السُّلَامِیَاتُ: ہاتھ اور پیروں کے اوپر کی رگیں۔
(السَّلَامَانُ): ایک درخت۔
(السُّلَّمُ): سیڑھی، زینہ (۲) کسی چیز تک پہنچنے کا ذریعہ (۳) (فن موسیقی کی اصطلاح میں) چند نغموں کا ایک مجموعہ (ج) سلالِمُ و سَلَالِیمُ۔
(السِّلْمُ): الاسلام (۲) صُلح (۳) امن (خلاف الحرب) قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَھَا﴾ (۴) صلح جو امن پسند (وصف بالمصدر) (ج) اَسْلُمٌ و سِلَامٌ۔
(السَّلَمُ): الاِسْتِسْلَامُ (۲) تسلیم و اعتراف (۳) بلا جنگ کے قید کرنا (۴) بیع سلم، ایک چیز کی بیع جس کی قیمت فوری ادا کی جائے اور وہ چیز مخصوص صفت کے ساتھ کسی کے ذمہ واجب الاداء ہو (۵) ایک درخت جس کی چھال سے چمڑے کو رنگا جاتا ہے۔ واحد: سَلَمَۃٌ۔
(ابو سَلْمَان): ایک قسم کا کیڑا۔
(السَّلِمَۃُ): پتھر (۲) نرم نازک اعضاء والی عورت (ج) سِلَامٌ و سَلِیمٌ۔
(السَّلِیمُ): سانپ کا ڈسا ہوا (۲) وہ زخمی جو قریب الموت ہو (ج) سَلْمٰی و سُلَمَاءُ۔
(المُسْلِمُ): مسلمان، حضور ﷺ کی تصدیق کرنے والا اور ان کو بلا چون و چرا ماننے والا۔
(اسْلَھَبَّ) الفرسُ و نحوہٗ: گھوڑے کا دوڑتے رہنا۔
(السِّلْھَابُ): بہادر اور جرأت مند عورت (ج) سلاھیبُ۔
(السِّلْھَابَۃُ): بہادر اور دلیر عورت۔
(السَّلْھَبُ): لمبا آدمی یا گھوڑا (ج) سَلَاھِبُ و سَلَاھِبَۃٌ۔

Marfat.com

(اَسْلَهَمَّ): بیماری وغیرہ کی وجہ سے کمزور ولاغر ہو جانا (۲) کسی بیماری کے بغیر بے چین اور مضطرب ہو جانا (۳) رنگ یا جسم یا بو کا بدل جانا (۴) مریض کے جسم پر بیماری کا اثر نمایاں ہونا۔

(السُّلْهُمُ): کمزور' لاغر (۲) بیماری کے بعد تندرست ہونے والا (ج) سَلَاهِمُ۔

(سَلَاهُ) وعنہ ـُ سَلْوًا و سُلُوًّا و سُلْوَانًا: کسی کو بھول جانا' کسی کی جدائی کے بعد اس کی یاد نہ رہنا۔

(سَلِيَهُ) ـَ سُلِيًّا: برا سمجھنا' ناپسند کرنا۔ کہتے ہیں: مَا سَلِيتُ اَنْ اَقُوْلَ كذا: میں نے ایسا قصداً نہیں کیا اس لئے نہیں کہ میں بھول گیا تھا۔

(اَسْلَي) القومُ: درندہ سے محفوظ ہو جانا۔

-فلاناً عن كذا: دلاسا دینا' تسلی دینا۔

-فلاناً مِنْ همّہٖ: غم غلط کرنا' دور کرنا۔

(سَلَّاهُ) عنه و مِنْهُ: اَسْلَاهُ۔

(انْسَلَى) عنهُ الهَمُّ و غيره: غم دور ہونا۔

(تَسَلَّى) فلانٌ: تسلی پانا' غم دور ہونا۔

- عنهُ الهمُّ و غيرهُ: کسی کا غم وغیرہ دور ہو جانا۔

(السَّلْوٰی) تسلی بخش چیز (۲) لوا (ایک پرندہ) واحد سلواةٌ۔

(السُّلْوَانُ) ایک پانی جس کے بارے میں عربوں کا خیال تھا کہ اگر عاشق اسے پیئے تو عشق بھول جائے (۲) فرحت بخش دوا۔ کہتے ہیں: سَقَيْتَنِي سُلْوانًا۔

(السُّلْوَانَةُ) ایک مہرہ جس کے بارے میں خیال تھا کہ اگر اس پر بارش کا پانی پڑ جائے اور پانی عاشق پی لے تو اس کا عشق زائل ہو جائے گا (۲) ہر تسلی بخش اور فرحت آمیز چیز۔

(السَّلْوَةُ) تسلی بخش چیز۔ جیسے سَقَيْتَنِي سُلْوَةً (۲) خوشحالی و آسودگی۔

(المَسْلَى) بھول' بے وفائی (ج) مَسَالٍ

(السِّلَوْرُ) تقریباً تین میٹر لمبی دریائی یا سمندری مچھلی۔

(سَلَى) الناقةَ و نَحْوَهَا ـِ سَلْيًا: اونٹنی وغیرہ کی وہ جھلی نکالنا جس میں بوقتِ ولادت بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے۔

(سَلِيَتِ) الحامِلُ ـَ سَلًى: حاملہ عورت کی جھلی الگ ہونا' یا لٹک جانا ھی سَلْيَاءُ۔

(اَسْلَتِ) الحامِلُ: جھلی ڈالنا۔

(سَلَّى) الشَّاةَ و نحوهَا: بکری وغیرہ کی جھلی الگ کرنا۔

(اسْتَلَتِ) الحامِلُ: جھلی ڈالنا۔

-الشَّاةُ و نحوُها: بکری وغیرہ کا موٹا ہونا۔

(السَّلٰی): جھلی' باریک جھلی جس میں ولادت کے وقت بچہ لپٹا ہوتا ہے اور وہ اس سے پیدائش کے بعد الگ ہو جاتی ہے۔ کہتے ہیں: انْقَطَعَ السَّلٰی فی البطنِ: جب معاملہ خطرناک حد تک پہنچ جائے اور کوئی تدبیر کارآمد نہ ہو (ج) اَسْلَاءٌ۔

-اٰكِلُ الأسْلَاءِ: خسیس وکمینہ آدمی۔

س.........م

(سَمَألَ) الخَلُّ: سرکہ پر (سرکہ کی) مکھی بیٹھنا۔

(اسْمَألَّ) الظِلُّ: سایہ کا ہلکا ہونا۔

-الحيوانُ: جانور کا کمزور ولاغر ہونا۔

- الثوبُ و نحوُهُ: کپڑے وغیرہ کا پرانا اور بوسیدہ ہونا۔

(السُّمْأَلُ): سایہ۔

(السَّمَوْأَلُ): سایہ (۲) سرکہ پر بیٹھنے والی مکھی۔

(سَمَتَ) ـِ سَمْتًا: بہتر رخ والا ہونا' اچھی ہیئت والا ہونا (۲) اٹکل اور اندازہ سے رخ اختیار کرنا۔

- للقومِ لوگوں کی گفتگو رائے اور کام میں راہ نمائی کرنا یا سمت متعین کرنا۔

- الشئَ: قصد اور ارادہ کرنا۔ کہتے ہیں: سَمَتُّ سَمْتَ فلانٍ: وہ فلاں کے نقشِ قدم پر چلا۔

(سَامَتَهُ) آمنے سامنے ہونا' بالمقابل ہونا (۲) پیچھے ہونا۔

(سَمَّتَ) فلانٌ: راستہ اختیار کرنا۔

- اللهَ: اللہ تعالیٰ کو تنگی و مصیبت دونوں حالتوں میں یاد کرنا۔

-عَلَى الشئِ: کسی چیز پر اللہ کا نام لینا۔

(تَسَامَتَا): ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہونا۔

(تَسَمَّتَهُ): کسی کے راستہ اور طریقہ پر چلنا۔

(السَّمْتُ): واضح راستہ (۲) جہت و رخ (۳) سنجیدگی و وقار (۴) حالت و ہیئت (۵) آسمان کی طرف دیکھنے والے کے سر پر آسمان میں ایک وہمی نقطہ (مج)

(المُتَسَامِتَةُ): النَّقَطُ المتسامِتَةُ: علم ہندسہ میں خط مستقیم پر پائے جانے والے بہت سے نقطے (مج)

(المُسَمَّتُ) مِنَ النَّعْلِ: چپل کے درمیان کا نیچے تک باریک حصہ۔

(سَمُجَ) ـُ سَمَاجَةً و سُمُوْجَةً: بدنما ہونا' هو سَمْجٌ و سَمِيْجٌ و سَمِجٌ

(سَمَّجَهُ): بدنما اور بدصورت بنانا۔

(اسْتَسْمَجَهُ): برا سمجھنا۔

(السَّمْجُ): بد ذائقہ یا بدبودار دودھ سڑا ہوا دودھ۔

(السَّمِيْجُ): السَّمْجُ (ج) سُمَجَاءُ و سِمَاجٌ وهي سَمِيْجَةٌ (ج) سِمَاجٌ۔

(سَمْجَرَ) اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملانا۔

(سَمَحَ) ـَ سَمْحًا و سَمَاحًا و سَمَاحَةً: نرم اور آسان ہونا (۲) دشواری کے بعد آسان ہونا' قابو میں آنا۔

- العودُ: لکڑی یا شاخ کا بے گرہ اور سیدھا ہونا۔

-فُلَانٌ: تنگی و فراخی دونوں میں سخاوت سے کام لینا۔

-له بحاجَةٍ: کسی کی ضرورت کو پورا کرنا۔

(سَمُحَ) ـُ سَمَاحَةً و سُمُوْحَةً: سخی و فیاض ہونا۔ هو سَمْحٌ و سَمِيْحٌ۔

(اَسْمَحَ) سَمَحَ کہتے ہیں: اَسْمَحَتْ نَفْسُهُ: نرم دل اور مطیع و فرمانبردار ہونا۔

(سَامَحَهُ) بكذا و فيه: کسی معاملہ میں کسی کا

Marfat.com

ہم نوا ہونا (۲) کسی کے ساتھ نرمی برتنا۔ دعا کے موقع پر کہا جاتا ہے: سَامَحَكَ اللّٰهُ: اللہ تعالیٰ آپ کو معاف فرمائے۔
(سَمَّحَ) سَمَحَ (۲) آہستہ آہستہ چلنا۔
-الشيْءَ: نرم و آسان کرنا۔
-الرُّمْحَ و غَيْرَهُ: نیزہ وغیرہ کو نرم اور سیدھا کرنا۔
-فلانًا: کسی کے ساتھ حسن سلوک کرنا۔
(تَسَامَحَ) في كَذَا: کسی معاملہ میں رواداری کرنا، چشم پوشی کرنا۔
(تَسَمَّحَ) فيه: تَسَامَحَ (۲) توسع اور رواداری برتنا۔
(السَّمَاحُ) چشم پوشی، فراخ دلی۔
-بيعُ السَّمَاحِ: وہ بیع جس میں مناسب یا مقررہ قیمت سے کم پر معاملہ کیا جائے۔
-رَقصةُ السَّمَاحِ: اجتماعی رقص کی ایک قسم جس میں ناچنے والے باہم ہاتھوں کا حلقہ بنا کر ناچتے ہیں (محدثہ)
(السَّمَاحَةُ): سخاوت فیاضی (۲) نرمی، سہولت۔
(السَّمْحُ): فلانٌ سَمْحٌ: سخی، فیاض۔
-عُوْدٌ سَمْحٌ: بے گرہ شاخ یا لکڑی۔
(السَّمْحَةُ): تانیث السَّمح۔
-شَرِيعَةٌ سَمْحَةٌ: نرمی یا سہولت آمیز احکام و شریعت (ج) سِمَاحٌ۔
(المِسْمَاحُ): بہت سخی، فیاض (ج) مَسَامِيحُ۔
(المَسْمَحُ): سہولت، نرمی، گنجائش۔ کہتے ہیں: عليك بالحقِ فانَّ فيه مَسْمَحًا: تم کو حق پر قائم رہنا چاہئے کیونکہ اس میں باطل سے بچنے کی گنجائش و امکان ہے۔
(المِسْمَحُ): بہت بڑا سخی (ج) مَسَامِحُ۔
(السِّمْحَاقُ): سر کی ہڈی پر چڑھی ہوئی باریک کھال (۲) حاملہ کی جھلی، جنین کی جھلی (۳) بادل کا باریک ٹکڑا (۴) ختنہ کا نشان (ج) سَمَاحِيقُ۔
-سماحِيقُ مِنْ شَحْمٍ: باریک چھلکا نما چربی۔
-سِمْحَاقُ سُنُوْخِ الأَسْنَانِ: دانتوں کی جڑوں کے اندر کی جھلی (مج)
(السُّمْحُوْقُ) پتلا اور باریک (۲) کھجور کا لمبا درخت (ج) سَمَاحِيقُ۔
(سَمَدَ)ـُ سُمُوْدًا: بلند ہونا (۲) سر اٹھانا اور سینہ تاننا (۳) غافل و بے پرواہ ہونا، کھیل میں لگنا۔
-عنه: بھولنا، غافل ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ أَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ وَ تَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ وَ أَنْتُمْ سَامِدُوْنَ ﴾ (۲) حیرت زدہ و مبہوت ہونا۔ حدیث میں ہے (مَا لِي اراكم سَامِدِين)
(سَمَّدَ): غافل و بے پرواہ کرنا، کھیل کود میں لگانا۔
- الارضَ: زمین میں کھاد ڈال کر اس کی اصلاح کرنا۔
(اسمدَّ): بہت زیادہ پھولنا، انتہائی ورم آلود ہونا۔
-من الغيظِ و الغضبِ: غصہ وغضب کی وجہ سے منہ پھولنا۔
(السَّمَادُ) کھاد (ج) اَسْمِدَةٌ۔
(السَّمَدُ): دائمی، ابدی۔
(السَّمِيْدُ): میدہ (مع)
(اِسْمَدَرَ) بَصَرُهُ: نگاہ میں اڑتے ہوئے ذرات نظر آنا۔
-الطريقُ: راستہ کا سیدھا اور لمبا ہونا۔
-الكلامُ: کلام کا درست ہونا۔
(السَّمَادِيْرُ): نگاہ میں آنے والے اڑتے ہوئے ذرات۔ واحد: سُمْدُوْرٌ۔
(السَّمَيْدَعُ): سردار سخی و فیاض (۲) رئیس (۳) بہادر (۴) اپنی ضروریات میں تیز اور پھرتیلا (ج) سَمَادِعُ و سمادِعَةٌ۔
(السَّمِيذُ): سوجی، دلیا، سفید آٹا، سفید آٹے کی روٹی۔
(سَمَرَ)ـُ سَمْرًا و سُمُوْرًا: رات کے وقت اپنے ساتھی سے بات چیت کرنا۔ لا أَفْعَلُهُ مَاسَمَرَ السميرُ او ابن سَمِيْرٍ او ابنا سَمِيْرٍ: میں یہ کام کبھی نہ کروں گا۔ هو سَامِرٌ (ج) سُمَّارٌ و سُمَّرٌ و سَمَرَةٌ و سَامِرَةٌ۔
-الماشيةُ: مویشی کا چرنا۔ سَمَرَتِ الماشيةُ النَّبَاتَ۔
-الإبلَ: اونٹوں کو آزاد چھوڑنا۔
-اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملا کر اسے پتلا کر دینا۔
- الخَشَبَ وغيره: لکڑی وغیرہ میں کیل ٹھونک کر اسے مضبوط کرنا۔
(سَمِرَ)ـَ سُمْرَةً: گندمی رنگ کا ہونا، سفید اور سیاہ کی درمیان رنگ کا ہونا۔ هو اَسْمَرُ وهي سَمْرَاءُ (ج) سُمْرٌ۔
(سَمُرَ)ـُ سُمْرَةً: سَمِرَ۔
(سَامَرَهُ) کسی کے ساتھ رات کے وقت بات چیت کرنا۔
(سَمَّرَ) الإبلَ و اللَّبَنَ و الخَشَبَ اونٹوں کو آزاد چھوڑنا، دودھ کو پتلا کرنا۔ لکڑی میں کیل ٹھونکنا۔
(تَسَامَرُوا): رات کو ایک دوسرے سے باتیں کرنا۔
(اِسْمَارَّ): آہستہ آہستہ گندمی رنگ کا ہونا۔
(اِسْمَرَّ) سَمِرَ۔
(الأَسْمَرُ): گندمی رنگ کا (۲) نیزہ (۳) ہرن کا دودھ (ج) سُمْرٌ۔
-عامٌ أَسْمَرُ: قحط کا سال۔
(الأَسْمَرَانِ): پانی اور گیہوں۔
(السَّامِرُ): رات کو باتیں کرنے والے (۲) رات کی قصہ گوئی کی محفل۔
(السَّامِرِيُّ): سامرہ سے تعلق رکھنے والا شخص۔ سامرہ وہ لوگ ہیں جو یہودیوں کے ساتھ بعض عقائد میں شریک ہیں اور بعض میں ان میں سے مختلف ہیں (۲) بنی اسرائیل کے قبیلہ سامرہ کا ایک شخص جس نے گائے کے مصنوعی بچھڑے کو معبود بنا کر اپنی قوم کو اس کی پوجا کی دعوت دی۔
(السَّمَارُ): پانی ملا ہوا دودھ (۲) ایک گھاس جس کے پتوں سے چٹائیاں اور ٹوکریاں بنائی

Marfat.com

جاتی ہیں۔
(السِّمَارَةُ): رات کی قصہ گوئی، رات کی گفتگو۔
(السَّمَرُ): رات کی گفتگو (۲) رات کو بیان کی جانے والی کہانیاں (۳) قصہ گووں کی مجلس (۴) مدت دراز زمانہ۔ کہتے ہیں: لا اکلمهُ السَّمَرَ والقَمَرَ: میں اس سے کبھی بات نہیں کروں گا۔
(السَّمُرُ): ببول کا درخت۔ واحد: سَمُرَةٌ (ج) اَسْمُرٌ۔
(السُّمْرَةُ): گندمی رنگ۔
(السَّمَرَةُ): رات کی گفتگو۔
(السَّمُّوْرُ): نیولے جیسا ایک جانور جو شمال افریقہ میں ہوتا ہے۔ اس کی کھال کی پوستین بنائی جاتی ہے۔
(السِّمِّيْرُ): ماہر قصہ گو۔ فلانٌ سِمِّيْرُ ملوكٍ۔
(السَّمِيْرُ): رات کے وقت قصہ کہانی کہنے والا (ج) سُمَرَاء (۲) زمانہ لمبی مدت کہتے ہیں لا افعلهُ سَمِيرَ اللّيالي: میں اسے کبھی نہ کروں گا۔
(السُّمَيْرِيَّةُ): ایک قسم کی کشتی۔
(المِسْمَارُ): کیل، میخ۔ کہتے ہیں: فلانٌ مِسْمَارُ الإبلِ: فلاں اونٹوں کا اچھا منتظم ہے (ج) مَسَامِيْرُ (۲) علم طب میں پیر کی انگلی پر ابھرنے والی گانٹھ (مع)
(المَسْمُوْرُ): کم گوشت والا جس کی ہڈیاں پٹھوں کے ساتھ مضبوطی سے جمی ہوئی ہوں۔
(سَمْرَجَ) لهُ: خراج کی ایک تہائی قسط دینا (تین قسطوں میں سے ایک)
(السَّمْرَجُ): سال میں خراج کی تین قسطیں (ج) سَمَارِجُ (مع)
(السَّمْرَجَةُ): سال میں خراج کی تین قسطیں۔
(السَّمْرَمَرُ): تیتر جیسا ایک پرندہ اس کی آواز سے ٹڈی اڑ جاتی ہے۔
(السَّمْرَمَرَةُ): بھوت۔

(سَمْسَرَ) فلانٌ: بائع اور مشتری کے درمیان سہولت پیدا کرنے کے لئے کمیشن پر ثالثی کرنا۔
(السِّمْسَارُ): دلال (ج) سَمَاسِرَةٌ (مع)
(السَّمْسَرَةُ): دلالی، ایجنٹ کا پیشہ (۲) دلالی کی اجرت۔
(السَّمْسَقُ): چنبیلی (مع)
(سَمْسَمَ): آہستہ چلنا، خراماں خراماں چلنا۔
-الثَّعلبُ و نحوهُ: لومڑی وغیرہ کا دوڑنا۔
-اللهُ وَجهَ فلانٍ: کسی کے چہرہ پر تل جیسے داغ ڈالنا۔
(السُّمَاسِمُ): ہر خفیف، چست اور تیز رفتار چیز (۲) لومڑی (ج) سَماسِمُ۔
(السَّمْسَامُ): تیز رفتار اور خفیف اور لطیف چیز۔
(السَّمْسَمُ): لومڑی (۲) زہر۔
(السَّمْسُمُ): سرخ چیونٹیاں (۲) ایک پرندہ۔ واحد سمسُمَةٌ (ج) سماسِمُ۔
کہتے ہیں لا كَلَّفْتَنِي یعنی مجھے تجھ سے کوئی سروکار نہیں۔ بيضَ السماسِم۔
(السِّمْسِمُ): سرخ چیونٹیاں (۲) تل۔ واحد سِمْسِمَةٌ (ج) سماسِمُ۔
(السُّمْسُمَانُ): تیز رفتار اور چست چیز۔
(سَمِطَ) اللَّبَنُ ـُ سَمْطًا و سُمُوْطًا: دودھ کی مٹھاس ختم ہونا اور ذائقہ نہ بدلنا۔
-علی الیمینِ: قسم اٹھانا۔
- فلاناً یمیناً علی حقِهِ: کسی سے اپنے حق کے لئے حلف اٹھوانا۔
- الذَّبِيحَةَ سَمْطًا: ذبح کئے ہوئے جانور کو گرم پانی یا کیمیاوی مادے میں ڈال کر کھال کے بال و پر وغیرہ صاف کرنا، پکانے دباغت دینے یا بھوننے سے پہلے۔
-السكّينَ و نحوها: دھار بنانا۔
-الشيَ: زین کے تسموں کے ساتھ لگانا۔
(سَمَّطَ) الشيَ: زین کے تسموں کے ساتھ لگانا۔
-القَصِيدَةَ: نظم کو مسمط کرنا۔
-الشيَ: کسی چیز کے ساتھ لٹک جانا۔
(تَسَمَّطَ) بهِ: کسی چیز کے ساتھ لٹک جانا۔

-اللحمَ و غيرَهُ: گوشت اٹھا کر لے جانا۔
-رایتهُ مُتَسمِّطًا لَحْمًا: میں نے اسے گوشت اٹھائے ہوئے دیکھا۔
(السَّامِطُ): گرم پانی جس سے مذبوح جانور کی کھال صاف کی جائے، بال و پر صاف کئے جائیں۔
(السِّمَاطُ): صف، قطار، لائن۔
مَشَىٰ بَيْنَ سِمَاطَيْنِ مِنَ الْجُنُودِ و غيرهم: وہ سپاہیوں کی دو لائنوں کے درمیان چلا (۲) نظم و ترتیب۔ کہتے ہیں هُمْ عَلَى سِمَاطٍ واحدٍ (۳) وہ دسترخوان جس پر کھانا چنا جائے (۴) کنارہ، جانب۔ کہتے ہیں: مَشَىٰ عَلَى سِمَاطَي الطَّرِيقِ او النَّهْرِ (۵) وادی کے درمیان سے آخری کونے تک کی جگہ (ج) سُمُطٌ و اَسْمِطَةٌ۔
(السَّمْطُ): بدحال محتاج آدمی۔
(السِّمْطُ): لڑی، دھاگا (جبکہ اس میں موتی یا دانے پروئے ہوئے ہوں) (۲) ہار (۳) زین کا تسمہ جس سے پیچھے کی طرف چیزیں لٹکائی جاتی ہیں (۴) چست بدن کا ہوشیار آدمی (۵) شکاری (۶) ایسا آدمی جو تجربہ کار اور اپنے معاملات میں ماہر ہو (ج) سُمُوطٌ۔
(السُّمْطُ): اونی کپڑا (ج) اَسْمَاطٌ
(السِّمْطَاءُ) من القصائدِ: المُسَمَّطَةُ (ج) سُمْط۔
(السَّمِيْطُ): المَسْمُوْطُ (۲) اینٹوں کا ردہ (۳) بدحال، فقیر آدمی۔
(السُّمَيْطُ) مِنَ الآجُرِّ: اینٹوں کا ردہ۔
(المَسْمَطُ): وہ جگہ جہاں ذبح کئے ہوئے جانوروں کی کھال صاف کی جائے۔ (۲) وہ جگہ جہاں جانوروں کی اوجھ سری پائے وغیرہ فروخت ہوتے ہیں (محدثہ)
(المُسَمَّطُ) مِنَ الْقَصَائِدِ: وہ نظم جس کے کچھ مصرعے ایک قافیہ پر ہوں پھر ایک مصرع دوسرے قافیہ پر ہو اور پھر اسی نہج پر اس مخالف قافیہ کی بھی بقیہ اشعار میں پابندی کی جائے (۲) من الاشياءِ: ناقابل و ایسی چیز۔ کہتے

Marfat.com

ہیں حُکْمُكَ مُسَمَّطًا: یعنی تمہارا فیصلہ ادا نہیں کیا جا سکتا۔ خُذْ حُکْمُكَ مُسَمَّطًا: تم اپنے فیصلہ کو نافذ العمل سمجھو۔

(سَمِعَ) لِفُلاَنٍ او الیہ او اِلٰی حدیثہ ــَ سَمْعًا و سَمَاعًا: کسی کی بات توجہ اور دھیان سے سننا۔

-لہ: اطاعت وفرماں برداری کرنا۔

-اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ: اللہ کا کسی کی حمد کو سننا اور قبول کرنا۔

-الصَّوْتَ و بہ: سننا۔

-الدُّعَاءَ و نَحْوَہٗ: کسی کی پکار پر لبیک کہنا۔

- الکلامَ: کلام کو سمجھنا۔ هو سَامِعٌ (ج) سُمَّاعٌ و سَمَعَةٌ وهو سَمَّاعٌ وهی سَامِعَةٌ و سَمَّاعَةٌ وهو وهی سمیع و سَمُوْعٌ کہتے ہیں: اُذُنٌ سمیعۃ۔

-اِسْمَعْ غَیْرَ مُسْمَعٍ: تم سنو لیکن تمہاری بات قبول نہ کی جائے گی۔ اسی طرح کہا جاتا ہے: اِسْمَعْ لاَ اُسْمِعْتَ۔

(اَسْمَعَ) الدَّلْوَ والزَّنْبِیْلَ و نحوهما: ڈول وغیرہ پکڑنے کا دستہ لگانا یا زنبیل وغیرہ میں دونوں طرف دستے لگانا یا ان دونوں کڑوں کے درمیان پکڑنے کے لئے لکڑی لگانا۔

-فلانًا: گالی دینا۔

-فلانًا الکلامَ: سنانا یا کان میں بات ڈالنا یا اس تک بات پہنچانا۔

(سَمَّعَہٗ) الکلامَ: سنانا۔

-بفلانٍ: کسی کو برا مشہور کرنا (۲) کسی کے عیب کو مشہور کرنا۔

(اِسْتَمَعَہٗ) لہ و الیہ: غور سے سننا، کان لگا کر توجہ سے سننا۔

(تَسَامَعَ) النَّاسُ بالکلامِ: ایک دوسرے کو بات سنانا، تبادلہ کرنا۔

- النَّاسُ بفلانٍ: لوگوں میں کسی کا عیب مشہور ہونا۔

(تَسَمَّعَہٗ) و لہ و الیہ: توجہ سے سننا۔

-الطبیبُ: ڈاکٹر یا حکیم کا کان یا آلہ کے ذریعہ نبض کی حرکت سننا (مو)

(السَّامِعَۃُ): مونث السَّامِع (۲) کان۔

- اُذُنٌ سَامِعَۃٌ: جلد سننے والا کان ھما سَامِعتان (ج) سَوَامِعُ۔

(السَّمَاعُ): قابلِ سماعت پرکشش اور عمدہ ذکر بات (۲) گانا گانا، قوالی (۳) اہل لغت کے یہاں اس کی ضد قیاس ہے سماع وہ ہے جو عربوں سے سنا جائی اور اس پر قیاس کئے بغیر اسے استعمال کیا جائے۔

(سَمَاعِ): اسم فعل بمعنی اِسْمَعْ۔

(السَّمَاعِیُّ): سماعی (۲) عرب علماءِ لغت کے نزدیک سماعی وہ ہے جس کا کوئی ایسا قاعدہ کلیہ نہ ہو جو بہت سی جزئیات پر مشتمل ہو بلکہ اہلِ لسان سے سماع پر موقوف ہو۔ بخلاف قیاسی (۲) فن موسیقی میں عربی موسیقی کا وہ قالب ہے جو چار خانوں پر مشتمل ہوتا ہے اور ایک حصہ تسلیم نامی ہوتا ہے جسے ہر خانہ کے بعد دہرایا جاتا ہے۔

(السَّمْعُ): قوت سماعت (۲) کان (۳) سنی ہوئی بات (۴) ذکر (ج) اَسْمَاعٌ۔

- سَمْعًا و طَاعَةً (اَسْمَعُ سَمْعًا و اُطِیْعُ طَاعَةً) مجھے منظور ہے۔ میں حاضر ہوں۔ اظہار اطاعت کے لئے بولا جاتا ہے: سَمْعَكَ اِلَیَّ: میری بات سنو۔

- هُوَ بَیْنَ سَمْعِ الارضِ و بَصَرِها: وہ زمین کے طول وعرض میں ہے یا پتہ نہیں وہ کہاں چلا گیا یا ایسی بنجر زمین میں ہے کہ وہاں نہ اس کی کوئی بات سنتا ہے اور نہ اسے دیکھتا ہے۔

- القٰی نَفْسَه بَیْنَ سَمْعِ الارضِ و بَصَرِها: اس نے خود کو دھوکہ میں ڈال لیا اسے پتہ نہیں کہ وہ کہاں ہے۔

-اُمُّ السَّمْعِ: دماغ۔

(السَّمْعُ): دعا میں کہتے ہیں: اللّٰهُمَّ سَمْعًا لاَ بَلْغًا: اے اللہ! میری فریاد سن لے جو کسی کو بتانے کی نہیں۔

-سَمْعٌ لاَ بَلْغٌ: بات صرف سننے کے قابل ہے آگے پہنچانے کے قابل نہیں۔

-سَمْعَ اذنی: میرے سنتے ہوئے۔

(السِّمْعُ): ذکر مسموع، سنی ہوئی اچھی بات (۲) کتے سے بڑا ایک جانور کہتے ہیں: هو اَسْمَعُ مِن سِمْعٍ وَاَسْمَعُ مِنَ السِّمْعِ الازلِّ۔

(السَّمْعَةُ): شہرت خواہ اچھی ہو یا بری۔ کہتے ہیں: فَعَلَ ذٰلك رِیاءً وَسَمْعَةً: اس نے یہ کام دکھلاوے اور شہرت کے لئے کیا۔

-اُذُنٌ سَمْعَةٌ: تیز سننے والے کان۔

(السُّمْعَةُ): شہرت۔ کہتے ہیں فَعَلَ ذٰلك ریاءً و سُمْعَةً اس نے یہ کام دکھلاوے اور شہرت کے لئے کیا۔

(السَّمْعِیَّاتُ) فی العقائد: وہ امور جن کا علم بذریعہ وحی ہو۔ جیسے جنت و دوزخ اور احوال قیامت۔

(السَّمَّاعَةُ): سَمَّاع کی تانیث اذنٌ سَمَّاعَةٌ بہت تیز کان (۲) دل کی دھڑکن معلوم کرنے کا آلہ (محدثہ) (۳) ٹیلیفون ریسیور (محدثہ)

(السَّمِیْعُ): اللہ تعالیٰ کا ایک نام (۲) سننے والا (۳) سنانے والا۔ جیسے منادٍ سَمِیْعٌ

(المَسْمَعُ): سننے کی جگہ۔ کہتے ہیں هُوَ منی بمرأی و مَسْمَعٍ: وہ میری آنکھوں اور کانوں کے سامنے ہے۔

(المِسْمَعُ): کان (۲) ڈول کے بیچ میں پڑا ہوا حلقہ یا دستہ (ج) مَسَامِعُ۔

(المِسْمَعَةُ): کان (ج) مَسَامِعُ۔

(المُسْمِعَةُ): مونث المُسمِع (۲) گانے والی گلوکارہ۔

(السَّمَعْمَعُ): تیز و سبک رفتار (۲) مکار و چالاک (۳) چھوٹے سر اور چھوٹے جسم والا (۴) ہلکا اور چھوٹا سر (۵) لمبا اور پتلا آدمی (۶) بدچلن عورت۔

(السَّمَعْمَعَةُ): تانیث السَّمَعْمَع (۲) بھوتنی یا چڑیل۔ بھیڑیئے جیسی عورت۔

(سَمَقَ) النَّباتُ والشَّجرُ و غیرہ ـُ سَمْقًا و سُمُوْقًا: لمبا اور اونچا ہونا، بلند ہونا۔

(السُّمَاقُ): بالکل خالص۔

Marfat.com

(السِّمِقُ): لمبا آدمی۔
(السُّمَّاقُ): ایک پہاڑی درخت جس کا پھل ترش ہوتا ہے۔ یہ فصیلہ بطمیہ سے ہے۔
(السِّمِيقُ) السَّمِيقَان: بیلوں کے جوئے کا وہ حصہ جو گردن پر رکھا جاتا ہے جوئے کے کنارے کی دو لکڑیاں جن سے بیل کی گردن گھیر لی جاتی ہے (ج) أَسْمِقَةٌ۔
(سَمَكَ) ـُ سُمُوْكًا: بلند ہونا' اونچا ہونا۔ ھو سَامِكٌ سَنَامٌ سَامِكٌ: اونچا کوہان۔
-الشئَ سَمْكًا: بلند کرنا' اٹھانا۔
(اسْتَمَكَ) البَيْتُ: گھر کا اونچا ہونا۔
(السِّمَاكُ): ہر بلند چیز' دیوار چھت وغیرہ (۲) کسی چیز کو اوپر اٹھانے کا ذریعہ (۳) گلے کا ہنسلی سے ملا ہو حصہ۔
(السِّمَاكَان): دو روشن ستارے جن میں سے ایک شمال میں ہوتا ہے اسے السِّمَاكُ الرَّامِحُ کہتے ہیں دوسرا جنوب میں ہوتا ہے جسے السِّمَاكُ الأَعْزَلُ کہتے ہیں۔
(السَّمْكُ): چھت (۲) کسی چیز کی موٹائی (۳) (علم ریاضی کے مطابق) بعد جو طول و عرض کے علاوہ ایک تیسرا فاصلہ جسے ارتفاع کہا جاتا ہے (ج) سُمُوْكٌ۔
(السُّمْكُ) سُمْكُ الشَّيْءِ: موٹا پن' دبیز پن۔
(السَّمَكُ) مچھلی اس کی کئی قسمیں ہیں اور ہر قسم کا ایک منفرد نام ہے (ج) سِمَاكٌ و سُمُوكٌ و أَسْمَاكٌ۔
(السَّمَكَةُ) ایک مچھلی۔ کہتے ہیں شوى في الحريق سَمَكَتَه اس نے لگی ہوئی آگ میں اپنی مچھلی بھونی یعنی ناجائز فائدہ اٹھانا۔
(السُّمَيْكُ) موٹا' دبیز (محدثہ)
(السُّمَيْكَاءُ) دیمک (۲) بہت چھوٹی مچھلیاں جن کو سکھانے کے بعد استعمال کرتے ہیں۔
(المِسْمَاكُ) خیمہ کے بیچ کا شہتیر یا ستون جن کے ذریعہ اس کی چھت کو بلند کیا جاتا ہے۔ (ج) مَسَامِيكُ۔

(المَسْمُوكُ): لمبا (۲) مضبوط گھوڑا۔
(السَّمْكَرِيُّ): گھریلو ضرورت کی چھوٹی چیزیں بنانے والا جیسے کوزے قیف وغیرہ (۲) لوہے کی تختی جس پر رانگ کی پالش کی گئی ہو (محدثہ)
(سَمَلَ) الثوبُ و نحوُه ـُ سُمُوْلاً و سُمُوْلَةً: کپڑے کا پرانا اور بوسیدہ ہو جانا۔
-بَيْنَهم سَمْلاً: صلح کروانا۔
-في المَعِيْشَةِ: معیشت کی درستگی کی کوشش کرنا۔
-العينَ: لوہے کی سلاخ یا گرم لوہے سے آنکھ پھوڑنا۔
-الحوضَ و نَحْوَهُ: حوض وغیرہ کی گار نکال کر اسے صاف کر دینا۔
(سَمِلَ) الثوبُ وَنَحْوُه ـُ سَمَالَةً و سُمُوْلَةً: کپڑے کا پرانا اور بوسیدہ ہونا۔ ھو سَمِيْلٌ۔
(أَسْمَلَ): سَمُلَ۔
-بَيْنَهم: صلح کروانا۔
(سَمَّلَ) الحوضَ: حوض سے کم پانی نکالنا۔
-الحوضَ و نَحْوَهُ: حوض وغیرہ کی گار نکال کر اسے صاف کرنا۔
-فلاناً بالقَوْلِ: کسی کے ساتھ نرمی سے بات کرنا۔
(اسْتَمَلَ) العَيْنَ: سَمَلَهَا۔
(تَسَمَّلَ) فلانٌ: برتن میں بچا ہوا تھوڑا پانی پینا یا لینا۔
-النبيذَ: نبیذ کو بڑے شوق سے پینا۔
(السَّمَالُ) جمع شدہ پانی کے کیڑے۔
(السَّمَلُ) ثوبٌ سَمَلٌ: پرانا اور بوسیدہ کپڑا (۲) حوض میں بچا ہوا پانی (ج) أَسْمَالٌ - ثوبٌ اسمالٌ۔
(السَّمِلُ) ثَوْبٌ سَمِلٌ: پرانا اور بوسیدہ کپڑا۔
(السُّمْلاَنُ) من الشراب و الماءِ: باقی ماندہ پانی یا شراب۔
(السُّمْلَةُ) برتن کی تہ میں بچ جانے والا تھوڑا پانی (۲) ایسی بھوک جو آنسو نکال دے۔

(السَّمَلَةُ) ثوبٌ سَمَلَةٌ: پرانا اور بوسیدہ کپڑا (۲) برتن کی تہ میں بچا ہوا تھوڑا سا پانی (۳) حوض میں بچا ہوا پانی' کیچڑ یا گار وغیرہ۔ (ج) سَمَلٌ و سِمَالٌ۔
(سَمْلَجَ) الشَّيْءَ فِي حَلْقِهِ: رک رک کر آسانی سے پینا۔
(السُّمَالِجُ): میٹھا دودھ۔
(السِّمِلاَّجُ): عیسائیوں کی عید۔
(السَّمَلَّجُ): خوش ذائقہ گاڑھا دودھ۔
(السَّمَالِخِيُّ): بے مزہ دودھ یا کھانا' جمایا جانے والا دودھ۔
(السَّمْلَقُ): بے آب و گیاہ و ویران زمین (۲) بانجھ مادہ (۳) بوڑھی عورت (ج) سَمَالِقُ۔
(السَّمَلَّقُ) من الكذب: خالص جھوٹ۔
(سَمْلَكَ) اللُّقْمَةَ و نحوَهَا: لقمہ کو لمبا اور گول کرنا۔
(سَمَّتِ) الرِّيحُ ـُ سُمُوْمًا: ہوا کا جھلسا دینا' لو چلنا۔
-اليَوْمُ: دن کا گرم ہونا۔
-الشئُ: خاص ہونا۔ کہتے ہیں: سَمَّتِ النِّعْمَةُ۔
-الهامَّةُ فُلاناً و غيرَهُ سَمًّا: زہر پہنچانا۔
-فلاناً: زہر پلانا۔
-الطَّعَامَ و غيرَهَا: زہر ملانا۔
-السُّمُوْمُ النَّبَاتَ: گرم ہوا کا پودوں کو جلا ڈالنا۔
-الإبْرَةَ وَ نَحْوَهَا: سوئی وغیرہ کا سوراخ بنانا۔
-الثَّقْبَ: سوراخ میں گھسنا۔
-الشئَ: درست کرنا۔
-الأمْرَ: کسی معاملہ کی گہرائی میں جانا' اس کی حقیقت معلوم کرنا۔
-بينهم: صلح کروانا۔
-القَارُوْرَةَ: شیشی یا بوتل کا ڈھکن بند کرنا۔
-فلاناً: خاص کرنا۔
-النعمةَ: نعمت کو کسی کے لئے خاص کرنا۔

Marfat.com

-فلانٌ سَمَّ فلان: کسی کے نشانِ قدم پر چلنا۔
(سُمَّ) الیَومُ: دن کا گرم ہوا والا ہونا یا گرم ہوا چلنا۔
(اَسَمَّ) الیوم ُسَمَّ۔
(سَمَّمَه) سَمَّه۔
-السلاحَ: ہتھیار کو زہر آلودہ کرنا۔
-الوضِینَ: ہودج میں کاج نما حلقہ بنانا۔
-الشئَ: سیپوں سے سجانا۔
(تَسَمَّمَ): زہر آلود ہونا۔
-الطعامُ: کھانے کا زہر آلودہ ہونا۔
-الرجلُ و الحیوانُ: آدمی یا جانور کے جسم کا زہر آلود ہونا۔
-الجُرحُ: زخم کا زہر پھیل جانا' زہریلا ہو جانا۔
(الأسَمُّ): تنگ نتھنے والا ناک۔
(السَّامُّ): زہر آلودہ' زہریلا (ج) سَوامٌّ۔
- سَامُّ ابرص: چھپکلی۔ صرف سوامّ اور صرف برَصَةٌ و ابَارِصُ بھی کہتے ہیں۔
(السَّامَّةُ): زہریلی۔ تانیث السَّامّ۔
(۲) زہریلے کیڑے مکوڑے (۳) موت (۴) خاص لوگ (ج) سَوامٌّ۔
(السَّمامُ): چھوٹا سا پرندہ (۲) ہر تیز اور خفیف ولطیف چیز۔
(السَّمَامَةُ) من کل شیءٍ: ہر چیز کی ذات۔ فلانٌ بھیُّ السَّمَامَةِ: فلاں خوش طبع آدمی ہے (۲) جھنڈا (۳) گھوڑے کی گردن کا ایک خوشنما دائرہ۔
(السَّمُّ): ہر زہریلا مادہ (۲) کوڑی جسے دریا سے نکالتے ہیں اور زینت کے لئے استعمال کرتے ہیں۔
اَحَدُ السَّمَّینِ: گھوڑے کے نتھنے کی دو رگوں میں سے ایک (ج) سُمُومٌ کہتے ہیں: اَصَابَ سَمَّ حاجتِه: اس نے اپنا مقصد حاصل کر لیا۔
(السُّمُّ): زہریلا مادہ (۲) ہر باریک سوراخ' جیسے سوئی کا ناکا' کان اور ناک کا سوراخ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿حَتّٰی یَلِجَ الجَمَلُ فی سَمِّ الخِیَاطِ﴾ (ج) سُموم و سِمامٌ - سموم الانسان: ناک کے نتھنے اور دونوں کان۔
-سَمُّ الفَارِ: چوہے مار دوا۔
(السَّمَّةُ): کوڑی جسے زینت کے لئے استعمال کرتے ہیں اور دریا سے نکالتے ہیں (۲) کھجور کے پتوں کا دسترخوان جو کھجور کے درخت کے نیچے بچھا دیا جاتا ہے اور اس پر کھجوریں جھڑتی ہیں (۳) خصوصی رشتہ وقرابت (۴) درخت خرما کھجور کے درخت کا گوند (ج) سُمَمٌ و سِمَامٌ۔
(السَّمُومُ): گرم ہوا' لُو' باد سموم (اکثر دن میں چلتی ہے) (۲) جسم کے اندر گھس جانے والی شدید گرمی۔ قرآن مجید' فرقانِ حمید میں ہے: ﴿واَصحابُ الشِّمَالِ مَا اَصحابُ الشِّمالِ فِی سَمُومٍ وَّحَمِیمٍ﴾ (ج) سَمَائِمُ۔
(المِسَمُّ): جو جتنا سکتا ہو کھالے۔
(المَسَامُّ): بدن میں باریک سوراخ جن سے پسینہ خارج ہوتا ہے۔ مسامات۔
(المَسَمَّةُ): خواص' خاص لوگ۔
-اهلُ المسمَّةِ: خاص لوگ اور رشتہ دار۔
(سَمَنَ) لفلان ـُ سَمْناً: کسی کے لئے گھی سے سالن تیار کرنا۔
- الطعامَ و نحوهُ: کھانے کو مرغن کرنا۔ یا کھانے کو گھی میں چپڑنا۔
-فلاناً: کسی کو گھی کھلانا۔
(سَمِنَ) ـَ سِمَناً و سَمَانَةً: پرگوشت اور چربی دار ہونا۔ هو سَامِنٌ و سمینٌ و سَمِینَةٌ (ج) سِمَانٌ۔
(سَمُنَ) ـُ سِمَناً و سَمَانَةً: سَمِنَ هو سمینٌ۔
(اَسمَنَ): پیدائشی موٹا ہونا۔
- فلانٌ: موٹاپا بڑھنا (۲) موٹے جانوروں والا ہونا (۳) موٹی چیز کا مالک ہونا (۴) موٹی چیز خریدنا۔
-الحیوانَ: جانور کو موٹا کرنا۔
-الطَّعَامَ و نَحوَهُ: کھانے وغیرہ میں گھی ملانا' گھی میں تر بہ تر ہونا۔
(سَمَّنَه): موٹا کرنا۔ کہاوت ہے (سَمِّنْ کلبكَ یاکلكَ) کتے کو خوب موٹا کرو تا کہ وہ تجھے کھالے۔ اس شخص کے بارے میں بولا جاتا ہے جو کسی کے ساتھ احسان و بھلائی کر کے نقصان اُٹھائے۔
-الطعامَ و نَحوهُ: گھی ملانا۔
-فلاناً: کسی کو گھی کھلانا (۲) کسی کو گھی کا توشہ دینا۔
-لفلانٍ: کسی کو خوب عطا کرنا۔
(تَسَمَّنَ): موٹا ہونا' سوج جانا۔
-فلانٌ: کسی کا بے فائدہ چیزوں کو اکٹھا کر کے ڈینگیں مارنا (۲) موٹاپے کے اسباب مثلاً اشیاء خورد و نوش جمع کرنا۔
(استَسمَنَ) فلانٌ: گھی مانگنا۔
-الشئَ: موٹا سمجھنا' موٹا قرار دینا۔
کہاوت ہے (قدِ استَسمَنتَ ذا وَرَمٍ) تو نے ورم آلود کو موٹا سمجھا۔ یعنی تو نے ظاہر سے دھوکہ کھالیا (۲) موٹا پانا (۳) موٹاپا چاہنا۔
(الأسمَنُ) فلانٌ اَسمَنُ حظّاً مِن فلانٍ: فلاں فلاں کے مقابلہ میں زیادہ خوش قسمت ہے۔
(السَّامِنُ): جس کے پاس گھی ہو۔
(السُّمَانَی): بٹیر۔ واحد: سماناةٌ۔
(السَّمَّانُ): گھی فروش (۲) زینت و سجاوٹ میں کام آنے والے رنگ۔
(السَّمْنُ): گھی (جسے مکھن گرم کر کے نکالا جاتا ہے) کہاوت ہے (سَمنُکُم هُرِیقَ فِی دَقِیقِکُم) تمہارا گھی تمہارے ہی آٹے میں ڈالا گیا ہے یعنی تمہارا مال تمہارے ہی کام آرہا ہے۔
(السُّمْنَةُ): موٹا کرنے کی دوا (۲) ایک قسم کی گھاس جسے عورتیں بدن موٹا کرنے کے لئے استعمال کرتی ہیں اس کی ٹہنی باریک اور پتے موٹے ہیں اس پر سفید کلی نکلتی ہے جس کے دانے سیاہ مرچ کے مشابہ ہوتے ہیں۔
(السُّمَّنِیَّةُ): ہندوستان کے شہر سومناتھ کی طرف منسوب ایک ہندو فرقہ جس کا عقیدہ

Marfat.com

تناسخ ارواح کا ہے اور اس کا خیال ہے کہ بذریعہ اخبار علم حاصل نہیں ہوتا بلکہ وہ صرف حسی چیز ہے۔
(السَّمِینُ) موٹا۔ضد: الغثُّ۔
- کلامٌ سمینٌ: پرحکمت اور سنجیدہ کلام وھی سمینةٌ (ج) سِمانٌ۔- ارضٌ سمینةٌ: قابل کاشت اور پیداوار والی زمین۔
(المَسْمَنَةُ) موٹاپے کا ذریعہ اور سبب۔
- طعامٌ مسمنةٌ للجِسْمِ: جسم کو موٹا کرنے کی دوا ہے۔
(السَّمَنْدُ) گھوڑا۔ (فارسی)
(السَّمَنْدَلُ) ایک قسم کا جانور (۲) ہندوستان کا پرندہ جس کے بارے میں مشہور ہے کہ اسے آگ نہیں جلاتی (۳) بعض پرندوں کے پروں سے بنا ہوا کپڑا جسے آگ نہیں جلاتی۔
(سَمَهَ) - سَمْهًا و سُمُوْهًا: حیران و متحیر ہونا۔ ھو سامِهٌ (ج) سُمَّهٌ۔
- بَقِيَ القومُ سُمَّهًا: لوگ حیران رہ گئے۔
- الفرسُ فی شوطِه سُمُوْهًا: گھوڑے کا بے تھکان سرپٹ دوڑنا۔
(سَمَّهَ) اللهُ عَقْلَه: اللہ تعالیٰ کا عقل کو ختم کر دینا۔
- الرجلُ اِبلَهٗ و نحوھا: اونٹ وغیرہ کو بے مہا چھوڑنا۔
(السُّمَّهُ) بے حقیقت چیز، باطل (۲) جھوٹ (۳) فضول کام، بے مقصد کام۔
- ذَھَبَ فلانٌ فِی السُّمَّهِ: وہ بے سوچے سمجھے چلا۔
- جَرٰی جَرْیَ السُّمَّهِ: کہتے ہیں (۲) ہوا، قدرتی ہوا۔
(السُّمَّهٰی) دوپہر کے وقت سورج کی شعاع میں نظر آنے والے ذرات (۲) اتراہٹ۔
(السُّمَّهَةُ) کھجور کے پتوں سے بنائی گئی دستر خوان نما چیز۔
(السُّمَیْهٰی) السُّمَّهٰی کہتے ہیں۔ مَشٰی السُّمَیْهٰی: اترا کر چلنا۔
(سَمْهَجَ) فِی السَّیْرِ و غیرِہٖ: تیز چلنا۔

- الشیءَ: بھیجنا۔
- کَلامَهٗ: جھوٹی بات کرنا۔
- الحَبْلَ: رسی کو مضبوط بٹنا۔
- الیَمِیْنَ: سخت قسم کھانا۔
(السُّمَاهِجُ) بے مزہ دودھ۔
(السُّمْهَاجُ) جھوٹ۔
(السَّمْهَجُ) ملائم آسان۔ ماءٌ سَمْهَجٌ: ہلکا پانی۔ ارضٌ سَمْهَجٌ: نرم زمین۔ دِرْعٌ سَمْهَجٌ: ہلکی زرہ۔
- من اللَّبَنِ: گاڑھا اور میٹھا دودھ۔
(السَّمْهَجَةُ) من الأیمانِ: پختہ قسم۔
(سَمْهَرَ) کھیتی کا گھنا نہ ہونا، شاخ در شاخ نہ ہونا۔
(اسْمَهَرَّ) الشیءُ والأمرُ: سخت اور دشوار ہونا (۲) معتدل ہونا۔
- فِی القِتالِ: لڑائی میں سخت ہونا۔
- الظلامُ: اندھیرا گھپ ہونا۔
(السَّمْهَرِیُّ) مضبوط لکڑی والا نیزہ۔ یہ سَمْهَر نامی آدمی کی منسوب ہے جو نیزوں کا ماہر تھا اس کی بیوی کا نام رُدَینة ہے جس کی طرف نیزوں کی نسبت کی جاتی ہے (۲) مضبوط اور سخت تانت۔
(سَمَا) - سُمُوًّا و سَمَاءً: بلند، مرتفع اور لمبا ہونا۔ کہتے ہیں: سَمَتْ هِمَّتُه اِلٰی مَعَالِی الأُمُوْرِ: بلند مرتبہ و عالیشان ہونا (۲) شکار کے لئے جنگل اور ویران جگہوں میں نکلنا۔
- بَصَرُہٗ اِلَی الشیءِ: نگاہ اٹھنا۔
- الھِلالُ: چاند کا اونچا ہونا۔
- الشَّوْقُ لفلانٍ: کسی کا مشتاق ہونا۔
- القومُ و نَحْوُھُمْ علی المائة و نحوِھا: لوگوں کا کسی تعداد مثلاً سو سے زیادہ ہونا۔
- لَه شَخْصٌ: کسی کو کوئی چیز نظر آنا اور اس کو اچھی طرح دیکھنا۔
- بِه: بلند و اونچا کرنا۔
- لَهُمْ: کسی کے ساتھ لڑائی کے لئے تیار ہونا۔
- الفَحْلُ سَمَاوَةً: نر اونٹ کا مادہ پر چڑھنا۔
- فلانًا محمدًا و بِه سُمُوًّا: کسی کا نام محمد رکھنا۔

- الصَّائِدُ الوَحْشَ: شکاری کا جانوروں کی گھات میں بیٹھنا۔
(اَسْمَی) الشیءَ: بلند و اونچا کرنا۔
- فلانًا مِنْ بَلَدٍ اِلٰی بَلَدٍ: ایک جگہ سے دوسری جگہ روانہ کرنا۔
- الشیءَ کذا و بکذا: کسی چیز کا کوئی نام رکھنا۔
(ساماہٗ): کسی سے فوقیت لے جانے میں مقابلہ کرنا۔
(سَمَّاہٗ): کذا و بکذا: کسی کا کوئی نام رکھنا۔
(اسْتَمٰی) فلانٌ: شکار کے لئے نکلنا (۲) شکار کرنا (۳) گرمی میں ہرن کا شکار کرنے کے لئے موزے پہننا۔
- الصَّائِدُ الوَحْشَ: شکاری کا شکار کی گھات لگانا۔
- فلانًا: کسی سے شکاری جراب یا موزہ مانگنا (۲) کسی کو شکاری جراب پہنا کر ہرنوں کا شکار کرانا (۳) کسی کے پاس ملاقات کے لئے جانا (۴) کسی میں خیر کے آثار دیکھنا۔
- الشَّیْءَ: کسی چیز کی چھت کی طرف دیکھنا۔
(تَسَامٰی) القومُ: باہم فخر کرنا (۲) ایک دوسرے کو اس کے نام سے پکارنا۔
- عَلَی الخَیْلِ و غیرِھا: گھوڑے پر سوار ہونا۔
(تَسَمّٰی) بکذا: نام رکھنا۔
- بالقومِ و اِلَیْهِمْ: کسی کی طرف منسوب ہونا۔
(اِسْتَسْمٰی) الصائِدُ الوحشَ: شکاری کا جانور کی گھات میں بیٹھنا۔
- فلانًا: نام پوچھنا۔
(الاِسْمُ): جس کے ذریعہ کسی چیز کو پہچانا جائے یا جس کے ذریعہ کسی چیز کی معرفت حاصل کی جائے (۲) نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ جو کسی زمانہ کے ساتھ ملے بغیر اپنی ذات میں کسی معنی پر دلالت کرے۔ جیسے رجل و فرس۔
- الاسْمُ الاعظَمُ: اللہ تعالیٰ کا وہ نام جو اس کی

Marfat.com

تمام صفات کے مفہوم کو شامل ہوں۔
-اسمُ الجلالة: اللہ تعالیٰ کا نام (ج) اَسْمَاءٌ (جج) اَسَامِيُّ و اَسَامٍ۔
(السَّامِي): بلند اونچا۔ مقامٌ سَامٍ: بلند اور اونچی جگہ۔ رَدَدْتُ مِنْ سَامِيْ طَرْفِهٖ: میں نے اس کے تکبر کو خاک میں ملا دیا۔
(السُّمَا): ذَهَبَ صِيْتُهٗ فِي النَّاسِ و سُمَاهُ: وہ لوگوں میں مشہور ہو گیا (خیر کے اعتبار سے)
(السَّمَاءُ): آسمان زمین کے بالمقابل فضا فلک (۲) ہر چیز کا اونچا حصہ (۲) سر سے اوپر کی ہر چیز (ج) سماوات (۴) بادل (۵) بارش قرآن مجید میں ہے: ﴿يُرْسِلُ السَّمَاءَ عَلَيْكُمْ مِدْرَارًا﴾ (۶) گھاس (ج) اَسْمِيَةٌ و سُمِيٌّ۔
(السَّمَاوَةُ): چھت سائبان وغیرہ (۲) ہر چیز کی ذات یا جھلک۔
-سَمَاوَةُ الهِلَالِ: افق سے نمودار ہوتے وقت چاند کی جھلک (ج) سَمَاءٌ و سماوٌ۔
(السُّمُوُّ): بلندی و رفعت۔
-صَاحِبُ السُّمُوِّ: تعظیمی لقب اعلیٰ حضرت جناب (مو)
(السَّمِيُّ): فخر کرنے والا بڑائی مارنے والا (۲) ہمنام۔
(المِسْمَاةُ): اون وغیرہ کی جرابیں جن کو شکاری گرمی کی شدت سے بچنے کے لئے پہنتے ہیں (ج) مَسَامٍ۔
(المُسَمّٰی): متعین مقرر نامزد قرآن مجید میں ہے: ﴿إِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى فَاكْتُبُوهُ﴾ کہتے ہیں: فلانٌ مِنْ مسمّٰی قومِهٖ و مِنْ مُسَمَّاتِهِمْ: وہ ان سب میں سے بہترین اور سلجھا ہوا آدمی ہے۔

س......ن

(السَّنَابُ): بڑا فتنہ۔
(السِّنَابُ): لمبی کمر اور لمبے پیٹ والا۔
(السِّنَابَةُ): بڑے پیٹ اور لمبی کمر والا۔
(السَّنْبُ): زمانہ مدت طویل۔
(السِّنْبُ): بہت دوڑنے والا گھوڑا (ج) سُنُوْبٌ۔
(السَّنْبَةُ): زمانہ کا ایک حصہ۔ کہتے ہیں: مضى مِنَ الدَّهْرِ سَنْبَةٌ: زمانہ کا ایک حصہ گزر گیا۔
(السَّنُّوْبُ): بہت جھوٹا اور عیب نکالنے والا (۲) چھوٹی چھوٹی باتوں پر غصہ ہونے والا۔
(السُّنْبُوْقُ): چھوٹی کشتی (ج) سَنَابِيْقُ۔
(السُّنْبُكُ): جانور کے کھر کا کنارہ (۲) ہر چیز کا ابتدائی حصہ کہتے ہیں: اصابنا سُنْبُكُ السَّمَاءِ: ہم پر پہلی بارش ہوئی۔ كَانَ ذٰلِكَ عَلٰى سُنْبُكِ فلانٍ: فلاں بات فلاں کے دور حکومت یا ابتدائی دور میں ہوئی (۳) ہر چیز کا کنارہ (۴) تلوار وغیرہ کے پرتلے کا کنارہ (۵) لوہے کے خود کا بالائی حصہ (۶) برقع کا بند جس کے ذریعہ سر سے انکایا جاتا ہے (۷) بنجر اور سخت زمین (۸) پیداوار (ج) سَنَابِكُ (مع)
(السُّنْبُوْكُ): چھوٹی کشتی (ج) سنابيكُ۔
(سَنْبَلَ) الزَّرْعُ: کھیتی کا بالیں (خوشے) نکالنا۔
-ثوبَهٗ: کپڑا زمین پر گھسیٹ کر چلنا۔
(السُّنْبُلُ): خوشہ بالی (۲) ایک خوشبودار پودا (ج) سَنَابِلُ۔
(السُّنْبُلَةُ): ایک بالی خوشہ (ج) آسمان کے بارہ برجوں میں سے ایک کا نام جسے عذرا بھی کہتے ہیں۔
(السُّنْبُوْلُ): السُّنْبُلُ۔ واحد سُنْبُوْلَةٌ۔
(اَسْنَتَ) القومُ: قحط میں مبتلا ہونا۔
(سَنَّتَ) القِدْرَ و نحوَهَا: زیرہ ڈالنا۔
(تَسَنَّتَ) كريمةَ آلِ فلانٍ: شریف خاندان کی غریب عورت سے کمینہ خاندان کے مالدار آدمی کا نکاح کرنا۔
(السَّنُّوْتُ): زیرہ (۲) پنیر (۳) شہد۔
(سَنَجَهٗ) ـُ سَنْجًا: کسی چیز کو اس کے رنگ کے علاوہ کسی اور چیز میں لت پت کر کے رنگنا۔
(سَنَّجَ) الثوبَ: کپڑے پر دھاریاں ڈالنا۔
(السِّنَاجُ): دیوار وغیرہ پر چراغ کے دھوئیں کا نشان کہتے ہیں لَا بُدَّ لِلسِّرَاجِ مِنَ السِّنَاجِ کسی چیز کو پانے کے لئے کچھ کھونا ہی پڑتا ہے (۲) علم کیمیا کے مطابق کاربن کے وہ چھوٹے ذرات جو ایندھن کی آگ میں ہی سے باقی رہ جاتے ہیں (ج) سُنُجٌ و اَسْنِجَةٌ۔
(السَّنْجَةُ): سَنْجَةُ المِيْزَانِ: ترازو کا باٹ یا وزن کا پیمانہ جیسے رطل اور اوقیہ وغیرہ (ج) سِنَجٌ۔
(السُّنْجَةُ): چتکبرا رنگ (ج) سُنَجٌ
(السِّنْجَابُ): چوہے اور گلہری جیسا ایک جانور جس کی دم پر گھنے بال ہوتے ہیں اور انتہائی پھرتیلا ہوتا ہے اور اس کا رنگ نیلا خاکی ہوتا ہے۔
- اللون السِّنْجَابِيُّ: بھورا رنگ نیلگوں رنگ۔
(السَّنْجَقُ): ضلع انتظامی تقسیم کا ایک حصہ (د)
(سَنَحَ) ـَ سُنُوْحًا: سامنے آنا پیش آنا۔ کہتے ہیں: سَنَحَ لِيْ رَايٌ فِيْ كذا۔
-الطائرُ أو الظَّبْيُ و غيرهما: پرندہ یا ہرن وغیرہ کا کسی کو بائیں جانب سے آ کر دائیں جانب سے اس طرح گزرنا کہ اس کا دایاں حصہ آدمی کے سامنے ہو اس سے قدیم عرب نیک فال لیتے تھے۔ هو سَانِحٌ۔ (ج) سَوَانِحُ و سُنَّحٌ و هو سنيحٌ۔ (ج) سُنُحٌ وهي سَانِحَةٌ (ج) سوانحُ۔
-الشيءُ: آسان و میسر ہونا۔
-الخاطرُ بكذا: کسی بات کے لئے طبیعت کا آمادہ ہونا۔
-فلانٌ بكذا: کسی بات کو اشارہ سے کہنا کھول کر بیان نہ کرنا۔
-بِهٖ أو عَلَيْهِ: کسی کو پریشانی میں ڈالنا۔
-الشيَّ سَنْحًا: کسی چیز کی طرف متوجہ ہو کر ہاتھ سے لینا۔
-فلانًا عَنْ كذا: باز رکھنا۔
(سَانَحَ) سِنَاحًا و مُسَانَحَةً: سَنَحَ۔

Marfat.com

(تَسَنَّخ) من الرِّيحِ: تیز ہوا سے بچنے کے لئے آڑ میں ہونا۔
-فلاناً عَنْ کذا: کسی سے کسی چیز کی کھود کرید کروانا۔
(اِستَسْنَخَهُ) عن کذا: کسی سے جستجو کروانا۔
(السُّنُخُ): خیر و برکت (۲) راستہ کا وسط۔
(السَّنِيخُ): سامنے آنے والا' حاصل ہونے والا (۲) موتی (۳) زیور (ج) سُنُخ۔
(سَنَخَ) - سُنُوخاً: راسخ و پختہ ہونا۔
(سَنِخَ) الدُّهنُ و الطَّعَامُ - سَنَخاً: تیل یا کھانے کا خراب ہونا۔
-اَسنانُهُ: دانتوں کی جڑوں کا کھوکھلا ہونا۔ هو سَنِخٌ وهي سَنِخَةٌ۔
-من الطعامِ: بہت زیادہ کھانا۔
(السَّناخَةُ): بدبو' سڑاند۔
(السِّنخُ): ہر چیز کی اصل' جڑ (۲) دانت اُگنے کی جگہ (۳) چھری یا تلوار کا وہ حصہ جو دستہ میں گھسا ہوا ہو (۴) نیزہ میں داخل شدہ پھل کا کنارہ (۵) بخار کی تیزی۔
(السَّنِخُ) بَلَدٌ سَنِخٌ: وہ شہر جس میں بخار پھیل گیا ہو۔ هي سَنِخَةٌ۔
(سَنَدَ) اِليه - سُنُوداً: سہارا لگانا' ٹیک لگانا' اعتماد کرنا۔
-ذنبُ الناقةِ: اونٹنی کی دم کا ہل کر سرین کے ارد گرد لگنا۔
-في الجَبَلِ و نحوِهِ: پہاڑ وغیرہ پر چڑھنا۔
-الخمسين و نحوَها: پچاس سال (مثلاً) کے قریب پہنچنا۔
-الشئَ سَنْداً: سہارا دینا یا سہارے کے لئے لکڑی وغیرہ لگانا۔
(اَسنَدَ) اِليه: سہارا لگانا' ٹیک لگانا۔
-في الجَبَلِ: چڑھنا۔
-في العَدْوِ: تیز دوڑنا۔
-الشئَ: سہارا دینا۔
-الحديثَ اِلٰى قائلِهِ: بات کو متکلم کی طرف منسوب کرنا۔
-اِليه امرهُ: کسی کو وکیل بنانا' کسی کو کوئی کام سپرد کرنا۔
-فِي الشِّعْرِ: شعر میں مختلف ردیف لانا۔
(سَانَدَهُ) مُسَانَدَةً و سِنَاداً: مدد کرنا' تقویت پہنچانا (۲) سہارا دینا۔ جیسے: سُوْنِدَ المریض (۳) بدلہ دینا۔
-الشَّاعِرُ شِعْرَهُ و فيه: شاعر کا مختلف ردیف لانا۔
(سَنَّدَ): دھاری دار یمنی کپڑا پہننا۔
-الشئَ: سہارا دینا۔
(اِستَنَدَ) اِليه: سہارا لینا' ٹیک لگانا۔
(تَسانَدَ) اِليه: سہارا لینا۔
- القومُ او الجَيْشُ: قوم یا لشکر کی مختلف شاخوں کا مختلف پرچموں تلے چلنا۔ خرجوا متساندين بھی کہتے ہیں۔
(الإسْنادُ): (علماء عربیہ کے نزدیک) ایک کلمہ کو دوسرے کے ساتھ اس طرح ملانا کہ معنی تام حاصل ہو جائے۔
(السِّنادُ): اختلاف ردیف۔ قافیہ شعر کے آخری حرف روی سے پہلے حرکات و سکنات اور مد کی یکسانیت ملحوظ نہ رکھنا۔ یہ شعر میں ایک قباحت سمجھی جاتی ہے۔
(السَّنْدُ): یمنی چادروں یا کپڑوں کی ایک قسم (۲) علم موسیقی میں ساز کی ایک قسم (ج) اَسنادٌ (مع)
(السِّنْدُ): سندھ' متحدہ ہندوستان میں شمال مغرب کا ایک علاقہ جس کا اکثر حصہ اب پاکستان کا ایک صوبہ ہے (۲) سندھی' سندھ کے رہنے والے (ج) سُنُودٌ و اَسنادٌ۔
(السَّنَدُ): یمن کی چادریں یا کپڑا (۲) پہاڑ کی سامنے والی چوٹی یا دامن کوہ کا بلند حصہ (ج) اَسنادٌ (۳) سہارا' سہارے کی چیز (۴) رسید' بل' واؤچر (۵) وثیقہ قرض رقعہ قرض (۶) بونڈ (۷) طاقت (۸) دستاویز (۹) (حدیث کی اصطلاح میں) کسی حدیث کو روایت کرنے والے (ج) اَسانِيدُ۔
- السَّنَدُ الإذْنِيُّ: ڈرافٹ' وہ دستاویز جس کے ذریعہ مقررہ تاریخ پر مخصص خاص یا اس کے حامل کو متعینہ رقم دینے کا وعدہ ہو (مع)
(السَّنْدَانُ): نہائی' اہرن (لوہے کا موٹا ٹکڑا جس پر لوہار لوہا کوٹتا ہے)
(السِّنْدَانُ): بڑا اور مضبوط آدمی یا بھیڑیا۔
(السِّنْدِيانُ): شاہ بلوط کا درخت' ایک خاردار درخت۔ واحد: سِنديانَةٌ۔
(السَّنِيدُ): منہ بولا بیٹا' لے پالک بیٹا۔ وهي سنيدةٌ۔
(المُسْنَدُ) من الحديث: وہ حدیث جس کی سند نبی کریم ﷺ تک پہنچتی ہو (۲) منہ بولا بیٹا (۳) قبیلہ حمیر کا عربی رسم الخط جو مروجہ رسم الخط سے مختلف ہے (۴) وہ شعر جس کے ردیف میں اختلاف ہو (ج) مَسانِدُ (۵) محکوم بہ یعنی جس کی نسبت کسی دوسرے کے ساتھ قائم کی گئی ہو۔
-المُسْنَدُ اليه: محکوم علیہ' جس پر کوئی حکم لگایا گیا ہو۔
(المُسْنَدُ): ہر وہ چیز کا سہارا یا ٹیک لی جائے (ج) مَسانِدُ۔
(سَنْدَرَ) في الامْرِ: جلدی کرنا' کر گزرنا (۲) جرأت سے کام لینا' ہمت کرنا۔
(السِّنْدَرُ): نڈر' دلیر۔
(السَّنْدَرَةُ): ایک بڑا پیمانہ (۲) ایک درخت جس کی لکڑی سے تیر و کمان بنائے جاتے ہیں (۳) مکان کی چھت پر بنا ہوا کباڑ خانہ (جس میں بیکار چیزیں رکھی جاتی ہیں) (مع)
(السَّنْدَرِيُّ): کاموں میں سنجیدہ اور عجلت پسند (۲) نڈر و دلیر (۳) سخت و مضبوط (۴) لمبا (۵) موٹی آنکھوں والا (۶) عمدہ۔
(السَّنْدَرُوسُ): ایک قسم کا گوند جو بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے (د)
(السُّنْدُسُ): باریک ریشم کی ایک قسم (مع)
(سَنْدَلَ): شکار کرنے کے لئے جراب پہننا۔
(السَّنْدَالُ): اہرن' نہائی (لوہا کوٹنے کا آلہ)
(السَّنْدَلُ): چمڑہ کے موزہ کے اندر کی جراب (ج) سَنادِلُ۔
(سَنِرَ) - سَنَراً: بد اخلاق اور سخت مزاج

Marfat.com

ہونا۔ ھو سَنِرٌ۔
(السِّنَّوْرُ): بِلّا۔ ھی سِنَّوْرَۃٌ (۲) گردن کی ہنسلی یا ہڈی کا مہرہ (۳) دم کی جڑ (ج) سَنَانِیرُ۔
(السَّنَوَّرُ): لوہے کا ہر ہتھیار (۲) چمڑے کی زرہ۔
(سَنْسَنَتِ) الرِّیحُ: ٹھنڈی ہوا چلنا۔
(السِّنْسِنُ): پیاس (۲) سینہ کی ہڈی کا سرا (۳) پیٹھ کے مہروں کا کنارہ (ج) سَنَاسِنُ کہتے ہیں: جاءَتِ الرِّیحُ سَنَاسِنَ: ہوا ایک ہی طرح چلی۔
(السِّنْسِنَۃُ): پیٹھ کے مہرے کا کنارہ (۲) سینہ کی پسلی کا کنارہ (۳) رہٹ کا کنارہ (ج) سَنَاسِنُ۔
(سَنُطَ) ـُ سَنَاطَۃً: قدرتی طور پر بے ریش ہونا (۲) ہلکی داڑھی والا ہونا۔ ھو سِنَاطٌ و سَنُوطٌ۔
(سَنِطَ) ـَ سَنَطًا: سَنُطَ۔
(السَّنْطُ): ببول کا درخت۔ واحد: سَنْطَۃٌ۔
(السِّنْطُ): کلائی ہاتھ کا گٹا (ج) سُنُوطٌ و أَسْنَاطٌ۔
(اَسُنْطُوْرُ): ستار کی طرح کا ایک باجا جس پر تانبے کے تار لگے ہوئے ہوتے ہیں ان پر انگلیاں مار کر بجاتے ہیں (د)
(السِّنْطِیرُ): السُّنْطُوْرُ۔
(سَنُعَ) ـُ سَنَاعَۃً و سُنُوعًا: لمبا اور اونچا ہونا (۲) حسین وجمیل ہونا (۳) نازک بدن ہونا۔
ھو سنیع وھی سنیعۃ۔
(اَسْنَعَ) سَنُعَ۔
- فلانٌ: دراز قد اور خوبصورت اولاد والا ہونا (۲) کلائی میں درد والا ہونا۔
- مَھْرَ الْمَرأۃِ: عورت کا مہر زیادہ کرنا۔
(الأَسْنَعُ): لمبا، دراز قد۔ ھی سنعاءُ کہتے ہیں ھو اَسْنَعُ مِنْہُ: وہ اس سے افضل اور بہتر ہے۔
(السِّنْعُ): کلائی (ج) اَسْنَاعٌ و سِنَعَۃٌ۔
(السَّنِیْعُ) مَھْرٌ سَنِیْعٌ: زیادہ مہر۔

(السَّنِیْعَۃُ): مونث السنیع۔
(۲) خوبصورت اور نرم نازک عورت (۳) پہاڑی راستہ (ج) سَنَائِعُ۔
(السُّنْعُبَۃُ): نیولا (۲) اوپر کے ہونٹ کے اندر کی جانب بیچ میں ابھرا ہوا گوشت (ج) سَنَاعِبُ۔
(سَنَفَ) البعیرُ ـُ سَنْفًا: باقی اونٹوں سے آگے نکل جانا۔
- البَعِیرَ: اونٹ پر چمڑے کا چوڑا تسمہ کسنا۔
(اَسْنَفَ) البعیرُ: باقی اونٹوں سے آگے نکل جانا۔
- البکرۃُ: جوان اونٹنی کے حمل کو دس ماہ گزرنا اور اس کے تھن کا ورم آلود ہونا۔
- البَرْقُ والسحابُ: بجلی اور بادل کا ایک دوسرے کے قریب دکھائی دینا۔
- الرِّیحُ: ہوا کا تیز اور گرد وغبار اڑاتے ہوئے چلنا۔
- النَّاقَۃُ: اونٹنی کا کمزور اور لاغر ہونا۔
- الارضُ: قحط زدہ ہونا۔
- البعیرَ: اونٹ کو تنگ (چمڑہ کا چوڑا تسمہ) کسنا۔
- الأَمْرَ: مضبوط اور پختہ کرنا۔
(السِّنَافُ): اونٹ کو کسنے کی تنگ رسی یا چمڑے کا تسمہ جسے پیٹھ سے گردن اور پیٹ کے نیچے سے لا کر کسا جاتا ہے اور جس کی وجہ سے زین اپنی جگہ جمی رہتی ہے (ج) سُنُفٌ و أَسْنِفَۃٌ۔
(السِّنْفُ): پھل یا دانہ کا خول، چھلکا (۲) پتوں سے خالی شاخ (۳) گیہوں اور جو میں پیدا ہونے والا تلخ دانہ (۴) جماعت، گروہ (ج) سُنُوفٌ و سِنَفَۃٌ۔ واحد: سِنْفَۃٌ۔
(السَّنِیفُ): فرش کی گوٹ (ج) سُنُفٌ۔
(المِسْنَافُ): چلنے میں آگے بڑھنے والا (۲) کمزور اور لاغر بدن کا (ج) مَسَانِیفُ۔
(سَنِقَ) من الطَّعَامِ او الشراب ـَ سَنَقًا: بدہضمی ہونا۔
- فلانٌ: آسودہ اور خوشحال ہونا۔ ھو سَنِقٌ وھی سَنِقَۃٌ۔

(اَسْنَقَہ) الطعامُ او الشرابُ: بدہضمی میں مبتلا کر دینا۔
- النَّعِیمُ فلانًا: خوشحالی کا کسی کو عیش وعشرت میں مبتلا کر دینا۔
(السَّنِّیقُ): پختہ چونے وغیرہ کا بنا ہوا مکان (۲) سفید ستارہ (ج) سَنَانِیقُ۔
(السِّنِکْسَارُ): (عیسائیوں کے نزدیک) نیک لوگوں کی سیرت کی کتاب جو گرجاؤں میں لوگوں کے سامنے پڑھی جاتی ہے۔
(سَنِمَ) البَعِیرُ ـَ سَنَمًا: اونٹ کا بڑے کوہان والا ہونا۔
- الشیئُ: زمین کی سطح پر بلند ونمایاں ہونا۔ ھو سِنِمٌ وھی سَنِمَۃٌ۔
(اَسْنَمَ) سَنِمَ۔
- النارُ: آگ کی لپٹ اٹھنا۔
- الطعامُ البعیرَ: اونٹ کے کوہان کو بڑا کر دینا۔
(سَنَّمَ) الکلاءُ البعیرَ: اونٹ کے کوہان کو بڑا کر دینا۔
- فلانٌ الشیئَ: کوہان کی طرح اونچا کرنا۔ جیسے قبر۔ کہتے ہیں: سَنَّمَ القبرَ۔
- الوِعَاءَ: برتن کو اتنا بھرنا کہ کوہان کی طرح چیز اوپر اٹھ جائے۔
(اِسْتَنَمَ) البعیرَ: اونٹ کے کوہان پر سوار ہونا۔
- الشیئَ: کسی چیز پر چڑھنا، سوار ہونا۔
(تَسَنَّمَہ) اسْتَنَمَہ۔
- علیہ مِنْ فَوْقِ الغُرَفِ: نیچے اترنا۔
- السَّحابُ الأرضَ: بادل کا زمین پر خوب برسنا۔
- فلانًا: اچانک پکڑنا۔
- الشَّیبُ فلانًا: کسی پر خوب بڑھاپا ظاہر ہونا۔
(التَّسْنِیمُ): جنت کے ایک چشمہ کا نام۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَمِزَاجُہُ مِنْ تَسْنِیمٍ عَیْنًا یَشْرَبُ بِھَا الْمُقَرَّبُوْنَ﴾
(السَّنَامُ): کوہان (۲) ہر چیز کا بالائی حصہ (۳) زمین کا درمیان (۴) لوگوں میں معزز اور سربرآوردہ آدمی (۵) آدمی کی عظمت اور

Marfat.com

بلندی (ج) أَسْنِمَةٌ۔
(اَلسِّنِمَا) سینما' تماش بینوں کے سامنے پردہ پر نظر آنے والی متحرک تصویروں کا تماشہ (۲) سینما گھر (د)
(اَلسِّنِمَاتوغراف) : وہ مشین جس کے ذریعہ سینما میں پردہ پر تصویر دکھائی جاتی ہے۔
(اَلسَّنَمَةُ) : شگوفہ' خوشہ' بالی' کلی (۲) چوٹی (۳) وہ درخت جس پر پھل نیا آتا ہو اور اس کی شاخیں سوکھ گئی ہوں (ج) سَنَمٌ۔
(اَلسَّنِیْمُ) رَجُلٌ سَنِیْمٌ: بلند رتبہ آدمی۔ ھی سَنِیْمَةٌ۔
(اَلْمُسَنَّمُ) مَجْدٌ مُسَنَّمٌ: زبردست عظمت (۲) کوہان کی طرح بلند چیز یا عمارت وغیرہ۔
(اَلسِّنِمَّارُ) : چاند (۲) رات کو جاگنے والا (۳) چور (۴) سنمار ایک رومی معمار کا نام ہے جس نے نعمان لخمی کا محل بنایا تھا جو اپنی مثال آپ تھا نعمان نے اسے انعام دینے کے بجائے اوپر سے گرا کر مروا دیا تا کہ وہ کسی دوسرے کا ایسا محل نہ بنا سکے۔ پھر یہ مثال (جُوزِیَ جَزَاءَ سِنِمَّار) ہر ایسے شخص کے بارے میں دی جانے لگی جسے اچھائی کا بدلہ برائی کے ساتھ دیا جائے۔
(سَنَّ) السِّکِّیْنَ وَ نَحْوَهُ ۔ سَنًّا: چھری وغیرہ کو تیز کرنا۔ ھو مسنونٌ و سنینٌ۔
- الحَجَرَ و نَحْوَهُ: صاف کرنا۔ کہتے ہیں۔ ھذا مما یُسَنُّكَ عَلَى الطعامِ: یہ چیز تمہاری کھانے کی رغبت کو بڑھائے گی۔
- الأمیرُ رعیّتَه حاکم کا اپنی رعایا سے اچھا برتاؤ کرنا۔
- الأَسْنَانَ دانتوں میں مسواک کرنا یا دوا اور منجن ملنا۔
- الرُّمْحَ بلم میں لوہے کا بھالا لگانا۔
- فلانًا دانتوں سے کاٹنا (۲) دانت توڑنا (۳) نیزہ مارنا۔
- الشیَٔ تصویر بنانا (۲) چکنا کرنا۔
- الطِّینَ (ترمٹی) کو پکا کر برتن بنانا۔
- العُقْدَةَ راستہ بنانا' راہ نکالنا۔

- الأمرَ کسی بات کو واضح کرنا۔
- اللهُ سُنَّةً: اللہ کا کوئی واضح اور پختہ قانون بنانا۔
- المشرِّعُ القانونَ: قانون بنانا۔
- فلانٌ السُّنَّةَ: طریقہ جاری کرنا' وضع کرنا۔
- الماءَ او التُّرابَ عَلَی وَجْهِ الأَرْضِ: زمین پر آہستہ آہستہ پانی یا مٹی ڈالنا۔
- سَنَّتِ العینُ الدَّمْعَ: آنکھ سے آنسو بہنا۔
(سُنَّ) الوجهُ و نحوُه: ترشے ہوئے خد و خال والا ہونا۔
- الماءُ: پانی کا بدل جانا' ھو مسنونٌ
- الارضُ: زمین کا گھاس وغیرہ چر لیا جانا۔
(اَسَنَّ) : کسی کے دانت نکل آنا (۲) عمر زیادہ ہونا' بوڑھا ہونا۔
- اللهُ سِنَّهُ: اللہ کا کسی کے دانت اُگانا۔
- الرُّمحَ: نیزہ کا پھل لگانا۔
(سَنَّنَ) السِّکِّیْنَ وغیرَہ: چھری وغیرہ کو تیز کرنا۔
- کلامَهُ: کلام کو خوبصورت اور موزوں بنانا۔
- الرُّمحَ: نیزہ میں پھل لگانا۔
- الرُّمحَ الیه کسی کی طرف نیزہ کا رخ کرنا۔
- الشیءَ: کسی چیز میں دندانے لگانا' جیسے آرے وغیرہ میں ہوتے ہیں (مو)
- الرَّجُلَ: کسی کی عمر کا اندازہ لگانا۔
(استَنَّ) : مسواک کرنا۔
- العینُ: آنکھ سے آنسو بہنا۔
- دَمُ الطَّعْنَةِ نیزہ کی ضرب سے ایک دم خون نکلنا۔
- الفَرَسُ و نَحْوُهُ گھوڑے کا ایک رخ اور ایک رفتار سے دوڑنا۔ کہاوت ہے: (اِسْتَنَّتِ الفِصَالُ حَتَّی القَرْعَی) دودھ چھڑائے ہوئے بچوں نے بھی دوڑنا شروع کیا ایسے کمزور شخص کے بارے میں جو اپنی طاقت سے زیادہ کام کے لئے تیار ہو۔
- السَّرَابُ سراب (چمکتی ہوئی ریت) کا پانی کی طرح تھرتھرانا۔
(بِسُنَّتِهِ) کسی کے طریقہ پر چلنا۔ اتباع کرنا۔

کہتے ہیں: سَنَّ فلانٌ طریقاً مِنَ الخیرِ لقومِه فَاسْتَنُّوا آو سلکوهُ: فلاں نے اپنی قوم کی لئے خیر کی راہ ڈالی اور وہ اس پر چلے۔
(تَسَنَّنَ) فِی عَدْوِهِ: اپنے طریقہ پر دوڑنا (۲) طریقہ اپنانا۔
(استَسَنَّ) : عمر رسیدہ ہونا۔
- الطریقةَ: راستہ پر چلنا۔
(اَلسِّنَانُ) : تیزے کا پھل (۲) دھار رکھنے اور تیز کرنے کا آلہ (ج) اَسِنَّةٌ۔
(اَلسِّنُّ) : دانت (۲) دندانے۔ جیسے کنگھے آری اور درانتی وغیرہ کے دانت (۳) قلم کی نب (۴) دھار (۵) عمر' کہاوت ہے (صَدَقَنِی سِنَّ بکرِهِ) اس نے ابتدائی عمر ہی سے میرے ساتھ سچائی کا برتاؤ کیا (۶) لہسن کے سرے پر لگا ہوا دانہ (۷) ہم عمر ساتھی۔ فلانٌ سِنُّ فلانٍ (ج) اَسْنَانٌ و اَسُنٌّ (جج) اَسِنَّةٌ۔
(اَلسَّنَنُ) : طریقہ' نمونہ' طرز۔ جیسے بنوا بیوتَهُم عَلَی سَنَنٍ واحدٍ (۲) راستہ کا رخ یا اس پر چلنے کی جگہ۔ کہتے ہیں: تَنَحَّ عَنْ سَنَنِ الخَیْلِ: راستہ میں گھوڑوں کی گزرگاہ سے ہٹ جاؤ۔
(اَلسُّنَّةُ) : ایک مرتبہ کی دھار (۲) ایک دفعہ کی قانون سازی (۳) ایک راہ (۴) ریچھنی (۵) چیتے کی مادہ (ج) سِنَانٌ۔
(اَلسُّنَّةُ) : طریقہ' ضابطہ (۲) سیرت (اچھی ہو یا بری) (۳) فطرت (۴) عادت و مزاج (۵) چہرہ (۶) صورت' شکل' کہتے ہیں: هُوَ اَشْبَهُ شیءٍ به سُنَّةً وہ صورتاً اس کے مشابہ ہے (۷) شرعاً وہ پسندیدہ عمل جو نہ فرض ہو نہ واجب۔ (ج) سُنَنٌ۔
- سُنَّةُ اللهِ مخلوق کے لئے اللہ تعالیٰ کا حکم و فیصلہ۔
- سُنَّة النبی صلی اللہ علیہ وسلم نبی کریم ﷺ کی طرف منسوب قول' فعل' عمل۔
- اَھْلُ السُّنَّةِ: مقابل شیعہ' وہ تمام مسلمان جو حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور حضرت عثمان

Marfat.com

کی خلافت کے برحق اور بنا برا استحقاق ہونے کا عقیدہ رکھتے ہوں۔
(السِنَّۃُ): دونوکی کلہاڑی (۲) ہل میں لگا ہوا لوہا (جس سے زمین گاہی جاتی ہے) (ج) سِنَن۔
(السُّنِّيُّ): اہل سنت هو سُنِّيٌّ وهي سُنِّيَّة۔
(السُّنُونُ): دانتوں کا منجن وغیرہ۔
(السَّنِينُ): سان پر سے گرا ہوا برادہ (جو دھار بناتے وقت گرتا ہے) (۲) وہ زمین جس کی گھاس چر لی گئی ہو (۳) ہم عمر ساتھی ہم جولی۔
(السَّنِينَۃُ): تانیث السنین (۲) سطح زمین پر اٹھی ہوئی ریت (ج) سَنَائِن کہتے ہیں: جاءَتِ الریحُ سَنَائِنَ: ہوا ایک ہی طرح چلی۔
(المَسَانُّ) مِن الابلِ: بڑے اونٹ۔ واحد: مُسِنٌّ۔
(المِسَنُّ): طریقہ عادت (ج) مَسَانٌّ مَهَةٌ
(سَنِهَ) الطعام او الشرابُ ـَ سَنَهًا: خراب ہو جانا' سڑ جانا۔
-النَّخلَۃُ: کھجور کے درخت کا پرانا ہونا هو سَنِهٌ وهی سَنِهَةٌ وهي سَنْهَاءُ (ج) سُنُهٌ۔
(سَانَهَتِ) النَّخلَۃُ و غیرُها مُسَانَهَةً و سِنَاهًا: کھجور کے درخت کا پرانا ہونا (۲) ایک سال چھوڑ کر پھل لانا۔
-فلانًا: کسی سے ایک سال کا معاہدہ کرنا۔
(تَسَنَّہَ): بدبودار ہو جانا' سڑ جانا۔
-عِندَ فلانٍ: کسی کے پاس ایک سال سے زائد قیام کرنا۔
(السَّنَاهِيَّۃُ): وہ رقم جو مخصوص شرطوں کے ساتھ مسلسل وقفوں کے ساتھ یا سالانہ ادا کی جائے (علم الاقتصاد) (مج)
(السَّنَۃُ): سال' سورج کے بارہ آسانی برجوں سے گزرنے کے بقدر وقت۔ اسی کو شمسی سال کہتے ہیں (۲) چاند کے بارہ چکر' اسی کو قمری سال کہتے ہیں (۳) شریعت اسلامیہ کی رو سے وہ وقفہ جو کسی دن سے شروع ہو کر آئندہ قمری سال کے اسی جیسے دن پر ختم ہوتا ہے (۴)

عرب عام میں وہ وقفہ جو کسی دن سے شروع ہو کر آئندہ شمسی سال کے اسی دن پر ختم ہو جائے (ج) سَنَوَاتٌ و سِنُونٌ (۵) قحط (۶) قحط زدہ زمین۔ اس کی اصل سَنَهَةٌ ہے لام کلمہ کو حذف کر کے اس کی حرکت فتحہ عین کلمہ کو دے دی گئی (۷) علم طب میں بلوغ اور قوت بلوغ کے درمیان کی مدت کا نام (مج)
(السَّنْهَاءُ): نخلۃ سَنْهَاءُ: ایک سال چھوڑ کر پھل دینے والا کھجور کا درخت۔
-ارضٌ سَنْهَاءُ: قحط زدہ زمین۔
-سَنَۃٌ سَنْهَاءُ: خشک سال (ج) سُنُهٌ۔
(سَنَا) البَرقُ و غیرُہٗ ـُ سَنَاءً: چمکنا۔
- النارُ و نحوُها: آگ کا شعلہ اٹھنا' بلند ہونا۔
- فلانٌ اِلٰی معالی الامورِ: معاملات میں اونچا درجہ حاصل کرنا۔
-سَنْوًا و سُنُوًّا و سِنَاوَةً: پانی پلانا' سیراب کرنا۔ کہتے ہیں: سَنَا عَلَی الدابۃِ: چوپائے کے ذریعہ سیراب کرنا۔
- القومُ لِاَنفُسِهِم: لوگوں کا اپنے لئے پانی حاصل کرنا۔
-السَّانِيَۃُ: بڑے ڈول کے ذریعہ کنویں کا پانی نکالنا۔
- السَّانِيَۃُ الارضَ: بڑے ڈول کا زمین کو سیراب کرنا۔
- الدَّلْوَ و نحوَها: کنویں سے ڈول وغیرہ کو کھینچنا۔
-البابَ و نحوَہٗ: دروازہ کھولنا۔
-الشَّئَ: آسان اور سہل بنانا۔
(سَنِيَ)- سَنْيًا و سُنِيًّا و سِنَايَةً: سَنَا۔
(سَنِيَ) ـَ سَنًا و سَنَاءً: بلند ہونا (۲) باعظمت اور بلند مرتبہ ہونا۔ هو سَنِيٌّ وهي سَنِيَّۃٌ۔
-الدَّابَّۃُ: چوپائے کے ذریعہ پانی بھرنا' سیراب کرنا۔
(اَسْنَی) البَرقُ و نحوُہٗ: بجلی وغیرہ کا چمکنا (۲) بجلی کی چمک کا گھر میں داخل ہونا۔

- القومُ: کسی جگہ ایک سال یا زیادہ قیام کرنا (۲) لوگوں پر ایک سال گزرنا۔
-الشئَ: روشن کرنا (۲) بلند کرنا۔
-النَّارَ و نحوَها: آگ جلانا' تیز کرنا۔
-لہُ الجائزۃَ: کسی کو بڑا انعام دینا۔
-جوارَہٗ: پڑوسی کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔
(سَانَی) البابَ و غیرَہٗ مُسَانَاةً و سِنَاءً: دروازہ کھولنا۔
-فلانًا: کسی کے ساتھ نرمی برتنا (۲) بہتر سلوک کرنا' مل جل کر رہنا۔
(سَنَّاہُ) سَانَاہُ۔
(استنٰی): سیراب ہونا۔
-النَّارَ و نحوها: آگ کے شعلہ کو دیکھنا۔
(تَسَنّٰی) الشئُ: بدل جانا' سڑ جانا۔
- العقدۃُ: گرہ کھلنا' ڈھیلی ہونا' اخطل کا شعر ہے:

اذا عَثَرتُ اتانی من فواضلہ
سَیْبٌ تَسَنّٰی بہ الا غلال و العُقَدُ

-عِندَ فلانٍ: کسی کے پاس ایک سال یا اس سے زیادہ عرصہ ٹھہرنا۔
-الشئَ: کسی چیز پر چڑھنا' سوار ہونا۔
-فلانًا: کسی کو راضی کرنا' نرمی سے پیش آنا۔
(السَّانِيَۃُ): بڑا ڈول' چرس (۲) پانی نکالنے کے لئے رہٹ میں چلنے والا اونٹ کہاوت ہے: (سَیرُ السوانی سفرٌ لاینقطع) پانی نکالنے کے لئے اونٹوں کا چلنا ایسا سفر ہے جو کبھی ختم نہ ہونے والا ہے (ج) سَوَانٍ۔
(السَّنَا): چاند کی روشنی (۲) تیز روشنی (۳) قرآن مجید میں ہے: ﴿یکادُ سَنَا بَرقِہ یذھَبُ بالابصار﴾ (۲) بجلی کی چمک (۴) ایک بوٹی کا نام (۵) کیمرے کی فوٹو کھینچتے وقت کی روشنی (محدثہ)
(السَّنَاءُ): اونچائی' بلندی' رفعت۔
(السَّنَۃُ): (دیکھئے: سنہ)
(السَّنْوَاءُ) سَنَۃٌ سَنْوَاءُ: سخت سال۔
ارضٌ سَنْوَاءُ: قحط زدہ زمین۔
(المُسَنَّاۃُ): پانی کا بند جس میں پانی چھوڑنے

Marfat.com

اور روکنے کے دروازے ہوتے ہیں۔
(المَسْنَوِيَّةُ): بہت گہرا کنواں (۲) ایسا کنواں جس کا پانی صرف رہٹ میں اونٹ جوڑ کر یا بڑے ڈول کے ذریعہ نکالا جائے۔
(السَّنُّورِيَّةُ): ایک بیماری جس سے بکری کے دماغ کو چکر آتا ہے کبھی انسان کو بھی لاحق ہو جاتی ہے (ج)

س .... ہ

(سَهَبَهُ) - سَهْبًا: لینا۔
(اَسْهَبَ): جنگل میں رہنا۔
-المکانُ: جگہ کا پانی کو نہ روکنا۔
-فلانٌ: کھدائی میں ریت تک پہنچنا اور پانی نہ پانا (۲) انتہائی کنجوس، لالچی اور حریص ہونا کہ کبھی سیری نہ ہو (۳) کسی چیز میں حد سے بڑھنا، طول دینا، وسیع کرنا (۴) دل کھول کر عطیہ دینا۔ کہتے ہیں: اَسْهَبَ العطاءَ وفيه (۵) لمبی بات کرنا اور بہت بولنا۔ کہتے ہیں: اَسْهَبَ كَلامَه وفيه و في كلامه اِسْهابٌ: اس کی بات میں طول ہے۔
-الفَرَسُ و غَيْرُهُ: گھوڑے کا پیر کھول کر دوڑنا اور آگے نکل جانا۔
-الرَّضِيعُ: شیرخوار کا بچہ کا خوب دودھ پینا۔
-الماشِيَةَ: مویشی کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑنا۔
(اُسْهِبَ) فلانٌ: سانپ یا بچھو کے کاٹنے کی وجہ سے بہکی بہکی باتیں کرنا (۲) محبت یا خوف یا بیماری کی وجہ سے رنگ بدل جانا یا چہرہ کا بدل جانا۔
(اِسْتَهَبَ) فلانٌ: خوب عطیہ دینا۔
(التَّسَهُّبُ): عقل کا ماؤف ہونا، دیوانگی۔
(السَّهْبُ): جنگل بیاباں (۲) ہموار و کشادہ زمین۔ کہتے ہیں قطعوا سهبًا مِنَ الارضِ انہوں نے زمین کا ایک ہموار حصہ طے کیا (۳) تیز رفتار گھوڑا جس کو دیر سے پسینہ آئے (۴) مضبوط اور زیادہ دوڑنے والا گھوڑا (۵) رات کا ایک حصہ۔ جیسے مضٰی سهبٌ من الليل (ج) سُهُوبٌ۔
(السَّهْبُ): ہموار و کشادہ زمین (ج) سُهُوبٌ۔
-سهوبُ الفلاةِ: جنگل کے وہ اطراف جن میں جانا ممکن نہ ہو۔
(السَّهْبَةُ): گہری تلی والا کنواں (ج) سِهابٌ۔
(المُسْهَبُ) رجلٌ مُسْهَبٌ: لمبا آدمی۔
-طویلٌ مُسْهَبٌ: بہت زیادہ لمبا۔
(المُسْهَبَةُ): تانیث المُسْهَبِ (۲) گہری تلی والا کنواں۔
(سَهَجَتِ) الرِّيحُ - سُهُوجًا: تیز ہوا چلنا (۲) مسلسل چلنا۔
-الشيءَ سَهْجًا: کوٹنا، باریک کرنا۔
-الريحُ الارضَ: ہوا کا زمین کو چھیل دینا۔
-السَّائرُ ليلتَهُ: رات کے مسافر کا مسلسل چلنا۔
(الأَسَاهِيجُ): چلنے کے مختلف انداز۔
(السَّاهِجُ): تیز ہوا (ج) سُهَّجٌ و سَوَاهِجُ۔
(السَّهُوجُ): تیز ہوا (۲) عقاب۔
(السَّيْهَجُ): تیز ہوا۔ هي سَيْهجةٌ (ج) سَيَاهِجُ۔
(المَسْهَجُ): ہوا کی گزرگاہ (ج) مَسَاهِجُ۔
(المِسْهَجُ): کوٹنے یا پیٹنے کا آلہ (۲) ہر کام میں ٹانگ اڑانے والا، حق ہو یا باطل (۳) زور آور مقرر۔ (ج) مَسَاهِجُ۔
(سَهْجَرَ): ڈر کر دوڑنا۔
(سَهِدَ) - سَهَدًا و سُهْدًا و سُهَادًا: نیند نہ آنا، بے خوابی میں مبتلا ہونا۔ کہتے ہیں فی عینه سُهْدٌ و سُهادٌ: اسے نیند نہیں آتی۔ هو سَهِدٌ و ساهِدٌ۔
(اَسْهَدَتِ) الحامِلُ بِجَنِينِها: حاملہ کا ایک درد میں بچہ جننا۔
-فلانًا: جگائے رکھنا، نیند اڑانا۔
(سَهَّدَهُ) اَسْهَدَهُ رجلٌ مُسَهَّدٌ: بیدار مغز و محتاط آدمی۔
(الأَسْهَدُ): هو اَسْهَدُ منه رَايًا: وہ اس کے مقابلہ میں زیادہ ہوشیار محتاط ہے۔
(السُّهْدُ): بہتر اچھا۔ کہتے ہیں: هذا شيءٌ سُهْدٌ مُهْدٌ۔
(السُّهُدُ): بہت جاگنے والا۔ کہتے ہیں: رَجُلٌ سُهُدٌ و امرأةٌ سُهُدٌ وعَيْنٌ سُهُدٌ فلانٌ سُهُدٌ: چوکنا اور محتاط آدمی۔
(السَّهْدَةُ): بیداری (مصدر مرہ)
- فلانٌ ذُوسَهْدَةٍ مِنْ اَمْرِهِ: فلاں اپنے معاملہ میں چوکنا اور محتاط ہے۔
- ما رَأَيْتُ مِنْ فلانٍ سَهْدَةً: مجھے فلاں میں بھلائی کا جذبہ نظر نہیں آیا (۲) قابل بھروسہ بات۔
(السَّهْوَدُ): نازک بدن لڑکا (۲) لمبا تڑنگا آدمی۔
(سَهِرَ) - سَهَرًا: ساری رات یا رات کے کچھ حصہ میں نہ سونا، جاگتے رہنا۔
-البَرْقُ: بجلی کا رات کو چمکنا۔ هو ساهِرٌ و سَهْرانُ و سَهَّارٌ و سُهَرَةٌ
(اَسْهَرَهُ): جگائے رکھنا، نیند اڑانا۔
(الأَسْهَرَانِ): ناک اور آنکھ کی دو رگیں۔
(السَّاهِرُ) لَيْلٌ ساهِرٌ: وہ رات جس میں جاگا جائے۔
(السَّاهِرَةُ): تانیث السَّاهِرِ - ارضٌ ساهِرَةٌ: وہ زمین جس پر گھاس تیزی سے اگتی ہو۔ کہتے ہیں قطعوا ساهِرَةً: انہوں نے ایک لمبی چوڑی زمین کو طے کیا جس پر چلنے والا جاگتا رہتا ہے (۲) سفید و ہموار زمین۔ ایسی ہی زمین پر قیامت کے دن لوگوں کو اکٹھا کیا جائے گا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿ فَاِذَاهُمْ بِالسَّاهِرَةِ ﴾ (۳) جنگل جہاں آمد و رفت نہ ہو (۴) جاری چشمہ (۵) چاند کا ہالہ۔
-ظِلُّ الساهرةِ: زمین کی سطح۔
(السَّاهُورُ): چاند کا ہالہ (۲) مہینہ کی باقی نو راتیں (۳) پانی کا سرچشمہ۔
(السُّهَارُ): بیماری یا غم کی وجہ سے ہونے والی بے خوابی، نیند کا فقدان۔
(السُّهَرَةُ): بہت جاگنے والا۔ هو سُهَرَةٌ

Marfat.com

وھی سُھَرَۃٌ۔
(السُّھَارُ): بہت جاگنے والا۔ کہتے ہیں: رَجُلٌ سُھَارُ العینِ: بہت بیدار جس پر نیند کا غلبہ نہ ہوتا ہو۔ ھی سُھَارَۃٌ۔
(السُّھَارِیُّ): سوتے وقت ہلکی روشنی کا بلب یا لیپ وغیرہ (مع)
(المِسْھَارُ): کثرت سے جاگنے کا عادی۔
اخطل کا شعر ہے:

و مھمہٍ طاھسٍ تُخشٰی غوائلہ
قطعتہ بکلُوء العین مِسْھارِ

(سَھَفَ) الذِّئبُ ـ سَھْفًا و سُھَافًا و سَھِیْفًا: ریچھ کا چیخنا۔
-القَتِیلُ اَوِ الذَّبِیحُ: مقتول کا حالت نزع اور خون میں تڑپنا۔
(سَھِفَ) ـ سَھَفًا و سُھَافًا: سخت پیاسا ہونا۔ ھو سَھِفٌ و سَاھِفٌ وھی سَھِفَۃٌ۔
(اسْتَھَفَہٗ): حقیر سمجھنا' معمولی سمجھنا۔
(السَّاھِفُ): ہلاک ہونے والا۔ (۲) سخت پیاسا (۳) خون بہنے سے بے ہوش ہونے والا (۴) وہ شخص جسے روح نکلتے وقت سخت پیاس لگی ہو (۵) بدلے ہوئے چہرہ والا ھی سَاھِفَۃٌ۔
(السُّھَافُ): پیاس کی بیماری جس میں پانی سے پیاس نہ بجھتی ہو۔
(السُّھْفُ): مچھلی کی کھال پر لگے ہوئے چھلکے۔
(المِسْھَافُ): سخت پیاسا۔
ناقۃٌ مِسْھَافٌ: سخت پیاسی اونٹنی (ج) مَسَاھِیفُ۔
(المَسْھَفَۃُ): پیاس لگانے والی چیز۔ جیسے طعامٌ مَسْھَفَۃٌ (۲) ہوا کی گزرگاہ (ج) مَسَاھِفُ۔
(المَسْھُوفُ) رجلٌ مَسْھُوفٌ: وہ شخص جس کی پیاس نہ بجھتی ہو۔ ھی مسھوفۃٌ (ج) مَسَاھِیفُ۔
(سَھَکَتِ) الرِّیحُ ـ سُھُوکًا: ہوا کا تیز ہونا' آندھی بن جانا۔
-الدَّابَّۃُ: تیز دوڑنا۔
-الرِّیحُ الارضَ: ہوا کا زمین کی مٹی اڑا کر صاف کر دینا۔
-التُّرابَ عن الارضِ و غیرِھا: ہوا کا مٹی اڑانا۔
(سَھِکَ) ـ سَھَکًا: بدبودار ہونا۔
-فلانٌ: کسی کو بدبودار پسینہ آنا۔ ھو سَھِکٌ۔
-لَحْمٌ وَ سَمَکٌ سَھِکٌ: بدبودار گوشت یا مچھلی۔ کہتے ہیں: یَدِیْ مِنَ السَّمَکِ ومِنْ صَدَاِ الحَدِیْدِ سَھِکَۃٌ: مچھلی اور لوہے کے زنگ سے میرے ہاتھ میں بو آ رہی ہے۔
(الأسَاھِیْکُ): اساھیك الدَّابَّۃِ: جانور کے چلنے کے انداز دائیں بائیں کے ہچکولے۔
(السَّاھِکُ): آنکھ کی بیماری۔ آشوب چشم (۲) آنکھ کی کھجلی (اس معنی میں فعل مستعمل نہیں)
-بِعَینِہ سَاھِکٌ: اس کی آنکھ میں بیماری ہے۔
(السَّاھِکَۃُ): تیز ہوا جو ہر چیز کو اڑا کر لے جائے اور زمین کو صاف کر دے۔ (ج) سَوَاھِک۔
(السُّھَاکَۃُ): بہلاوے کا ذریعہ۔ وہ چیز جس سے طبیعت کو قدرے فرحت حاصل ہو۔
- سُھَاکَۃٌ مِنْ خَبَرٍ: بہلانے والی بات۔
(السَّھَکَۃُ) و (السُّھْکَۃُ): بدبو' سڑاند۔
(السُّھُوکُ): بدبودار ہونا (۲) عقاب۔
(سَھُلَ) ـ سُھُولَۃً: آسان و سہل ہونا' نرم ہونا۔ ھو سَھْلٌ وھی سَھْلَۃٌ۔
(اَسْھَلَ): ہموار زمین میں اترنا' آنا یا قیام کرنا۔
-الشَّیْءَ: ہموار کرنا' آسان و نرم بنانا۔
-الاَمْرَ: آسان پانا۔
-الدَّوَاءُ و نَحْوُہُ البَطْنَ: دوا کا پیٹ کو جاری کرنا یعنی دست لانا۔
(اُسْھِلَ) البَطْنُ: پیٹ کا نرم ہونا اور دست آنا۔
(سَاھَلَہٗ): نرمی سے پیش آنا (۲) درگزر سے کام لینا۔
(تَسَاھَلَ) الشَّیْءُ: آسان و نرم ہونا۔
-فلانٌ: نرمی برتنا۔ رواداری سے کام لینا۔
-النَّاسُ بعضُھُم مع بَعْضٍ: باہم نرمی برتنا۔
(تَسَھَّلَ): سَھُلَ۔
(اِسْتَسْھَلَ) فلانٌ: کسی کا دست آور دوا استعمال کرنا۔
-الشَّیْءَ: آسان سمجھنا (۲) آسان یا نرم پانا۔
(الاِسْھَالُ): (طب کی روشنی میں) معدے اور آنتوں سے غیر فطری طریقہ پر فضلات کا رقیق شکل میں اخراج۔ دست' دستوں کی بیماری۔
(التَّسْھِیلُ): آسانی' سہولت (۲) متاخرین قراء اور صرفیین کے نزدیک' ہمزہ کی ایسی تخفیف جس میں اس کو بین بین پڑھا جائے۔
(السَّھْلُ): نرم' ہموار' آسان' معمولی (۲) ہموار اور وسیع زمین (مع) (ج) سُھُولٌ کہتے ہیں: ھو سَھْلُ الوَجْہِ کم گوشت چہرہ والا۔ سَھْلُ الخَدَّیْنِ: نرم رخسار آدمی۔ سَھْلُ الخُلُقِ اوِ القِیادِ او المُعَامَلَۃِ نرم مزاج فرماں بردار آدمی۔ بوقت ملاقات استقبال کے لئے اَھْلًا و سَھْلًا یعنی لَقِیتَ اَھْلًا و حَلَلْتَ سَھْلًا: آپ اپنوں سے ملے ہیں اور آرام وہ جگہ آ گئے ہیں۔
(السِّھْلُ): پانی کے ساتھ بہہ کر آنے والی ریتلی مٹی (ج) سُھُولٌ و اَسْھَالٌ۔
(السُّھْلِیُّ): خلاف قیاس سَھْل کی طرف منسوب ہے۔ نباتٌ سُھْلِیٌّ ہموار زمین میں پیدا ہونے والی گھاس۔ بعیرٌ سُھْلِیٌّ ہموار زمین میں چرنے والا اونٹ۔
(السَّھُولُ): دست آور دوا۔
(السُّھُولَۃُ) فی الکلامِ: کلام کا پیچیدگی اور تصنع و تکلف سے پاک ہونا۔
(سُھَیْلٌ): ایک ستارے کا نام' ایک خیال کے مطابق اس کے طلوع ہونے کے وقت پھل پکتے ہیں اور گرمی ختم ہو جاتی ہے۔ کہاوت ہے: (اِذَا طَلَعَ سُھَیْلٌ رُفِعَ کَیْلٌ وَ وُضِعَ کَیْلٌ) جب سہیل ستارہ طلوع ہوتا ہے تو ایک پیمانہ بڑھ جاتا ہے اور ایک گھٹ جاتا ہے۔ احکام کی

Marfat.com

تبدیلی کے وقت بولا جاتا ہے۔
(المُسْهِلُ): دست آور دوا۔
(سَهَمَ)- سُهُومًا و سُهَامًا: غم یا لاغری سے رنگ بدل جانا (۲) لاغر اور کمزور ہو جانا۔ ھو ساھِمٌ۔
-فلانًا سَهْمًا: قرعہ اندازی میں کسی پر غالب آنا۔ کہتے ہیں: سَاهَمَهٗ فَسَهَمَهٗ: اس نے اس کے ساتھ مقابلہ کیا تو اس پر غالب ہو گیا۔
(سُهِمَ): بدلے ہوئے رنگ والا' لاغر (۲) لو لگنے سے رنگ بدلا ہوا ہونا (۳) لڑائی وغیرہ میں زبردست شریک کیا جانا۔
(سَهُمَ)- سُهُومًا: سَهَمَ۔
(اَسْهَمَ) بَيْنَهُمْ: قرعہ ڈالنا۔
-له: کسی کو ایک یا زیادہ حصہ دینا۔
-فِي الشيءِ: شریک ہونا۔
-الشيءَ: حصے کرنا۔
(ساهَمَهٗ) مُسَاهَمَةً و سِهَامًا: کسی کے ساتھ قرعہ اندازی کرنا۔ تیروں کے ذریعہ قرعہ اندازی میں مقابلہ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ﴾ (۲) کسی کے ساتھ حصہ بانٹ کر لینا۔
-فيهِ: شریک ہونا' حصہ' زہیر کا شعر ہے۔
اباثابتٍ سَاهمت في الحزم اَهلهٗ فرايُكَ
محمودٌ و عهدك دائمُ
(سَهَّمَ) الثَّوْبَ او غيرَهٗ: کپڑے وغیرہ پر تیر جیسی شکلیں بنانا۔ ھو مُسَهَّمٌ۔
(تَسَاهَمَ) الرَّجُلَانِ: باہم قرعہ اندازی کرنا۔
(السُّهَامُ): تغیر' تبدیلی (۲) لاغر پنا' دبلا پن (۳) لو' گرم او بھلسا دینے والی ہوا۔
(السُّهَامُ): کمزور اور لاغر' بدلے ہوئے رنگ والا۔
(السَّهْمُ): قرعہ اندازی کا تیر' جوئے کا تیر (۲) قسمت و تقدیر (۳) جوئے میں جیتی ہوئی چیز (۴) علم الاقتصاد کے مطابق کمپنی کا شیئر (مالی وثیقہ جس کی قیمت میں کمی زیادتی ہوتی رہتی ہے) (۵) قیراط کا چوبیسواں حصہ (پیمائش میں) (۶) تیر کا نشان جو کسی چیز کی طرف اشارہ کرنے کے لئے ہوتا ہے (محدثہ) (۸) دو دیواروں پر رکھی ہوئی کڑی (ج) اَسْهُمٌ و سِهَامٌ۔
-سهمُ الرَّامِي: ایک ستارہ۔
(السُّهْمَةُ): نصیب' حصہ (۲) رشتہ داری (ج) سُهَمٌ۔
(السَّهِيْمُ): شریک' کسی کام میں کسی کا ہاتھ بٹانے والا۔ بدیع الزمان کا قول ہے: (افترضى اَن تكون سَهِيْمَ حمزة فِي الشَّهَادَةِ)
(سَهَا) عنه و فيه - سَهْوًا و سُهُوًّا و سَهْوَةً: غافل ہونا' لاپرواہ ہونا۔
-فِيهِ: کسی چیز کو علم نہ ہونے کی وجہ سے چھوڑنا' یعنی بھول جانا۔
-عنه: علم ہوتے ہوئے چھوڑنا یعنی جان بوجھ کر نظر انداز کرنا۔
-فِي الصَّلٰوةِ: نماز میں سہو ہونا۔
-عن الصلوٰةِ: نماز کو چھوڑنا۔ کہتے ہیں: ھو سَاهٍ و سَهْوَان کہاوت ہے: (اِنَّ الْمُوَصَّيْنَ بنو سَهْوَانَ): بھولنے والے لوگوں کو ہی وصیت کی جاتی ہے یعنی جو لوگ غفلت شعار اور بھولنے والے ہیں صرف وہی محتاج وصیت ہوتے ہیں۔
(سَهِيَ) سَهْوًا: سَهَا۔
(سَهُوَ) - سَهَاوَةً: نرم ہونا' پرسکون ہونا' ہموار ہونا' تابع ہونا۔
(اَسْهٰى) فلانٌ: گھر میں الماری یا سامان رکھنے کا مچان بنانا (۲) بڑے کمرہ میں چھوٹا کمرہ بنانا۔
-فُلانًا عَنِ الشيءِ او فيه: کسی کو بھول میں مبتلا کر دینا' غافل کر دینا۔
(سَاهَاهُ) غافل کرنا (۲) مذاق کرنا (۳) کسی کے ساتھ حسن سلوک کرنا' رواداری سے پیش آنا۔
(سَهَّاهُ): غافل کرانا' بھول کرانا۔
(السُّهَا): بنات نعش کبریٰ (ستاروں کا ایک بڑا مجموعہ) یا صغریٰ میں ایک خفیف روشنی والا ستارہ۔ کہاوت ہے: اُرِيْهَا السُّهَا وتريني القَمَرَ: حواس باختہ آدمی جب سوال کا غلط جواب دے تو اس کے لئے کہا جاتا ہے۔
(السَّهْوُ): بھول' غفلت' لاپروائی۔ کہتے ہیں: افعَل ذٰلِكَ سَهْوًا رَهْوًا: وہ کام یونہی جاری کرو۔ حَمَلَتِ المراۃُ سَهْوًا: عورت کا حالت حیض میں حاملہ ہونا (۲) نرم و ملائم۔ تابع اور قابو میں رہنے والا (۳) مناسب و ٹھیک (۴) نرمی (۵) سکون و ٹھہراؤ۔
(السَّهْوَاءُ): رات کا کچھ وقت یا ابتدائی حصہ۔
(السَّهْوَةُ): وہ کمان جو قابو میں رہے (۲) گھروں کے درمیان بنا ہوا چبوترا (۳) چھپے ہوئے مکان میں پارٹیشن کی نیچی دیوار جس کے پیچھے خواب گاہ ہو (۴) سائے کے لئے پانی میں بنا ہوا خیمہ یا گھر (۵) گھر کے آگے کا پردہ (۶) گھر کی چار دیواری (۷) سامان کی الماری یا مچان (ج) سِهَاءٌ۔

س............و

(سَاءَ)- سُوْءًا و سَوَاءً: برا ہونا۔
-بِهِ: بدگمانی کرنا' شک کرنا۔ ھو سَيِّئٌ وھي سَيِّئَةٌ وھو اَسْوَأُ وھي سَوْآءُ (ج) سُوْءٌ۔
-فلانًا سُوْءًا او مَسَاءَةً و سَوْءًا: کسی کو ناگوار کرنا' تکلیف پہنچانا۔
(سَاءَ): بِئْسَ کی طرح فعل ذم۔ جیسے سَاءَ مَا يَفْعَلُ: اس کا کام برا ہے۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ اِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾
(اَسَاءَ) فلانٌ: برا یا غلط کام کرنا۔
-الشيءَ: خراب کرنا (۲) عیب یا خرابی پیدا کرنا۔
-فُلانًا و له و اليهِ و عليه و بهٖ: کسی کے ساتھ برا سلوک کرنا' تکلیف پہنچانا۔
-به ظَنًّا: بدگمانی کرنا۔
(سَوَّأَهٗ): معیوب کرنا' بدنما اور خراب کرنا۔
-عَلَيْهِ قَوْلَهٗ او فِعْلَهٗ: عیب نکالنا۔
(۲) کسی سے اَسَأْتَ کہنا۔ کہاوت ہے (ان

Marfat.com

أَخْطَأْتُ فَخَطِّئْنِيْ وإنْ أَسَأْتُ فَسَوِّئْ عَلَيَّ) اگر میں غلطی کروں تو مجھے غلط کار قرار دو اور اگر برا کام کروں تو میری مذمت کرو۔ کہتے ہیں: سَوِّ وَلَا تُسَوِّئْ: صلح کراؤ فساد پیدا نہ کرو۔

(اِسْتَاءَ): لازم سَاءَهُ (۲) تکلیف محسوس کرنا، برا اثر لینا، ناگواری محسوس کرنا۔

(السَّوْءُ): برائی، بدکاری۔ کہتے ہیں: رَجُلُ سَوْءٍ وَعَمَلُ سَوْءٍ و رَجُلُ السَّوْءِ والرجلُ السوءُ۔

(۲) آگ (ج) اَسْوَاءٌ۔

(السُّوْءُ): ہر ناگوار چیز یا بات (۲) برائی کہاوت ہے (مَا أُنْكِرُكَ مِنْ سُوْءٍ) میں تم سے کسی عیب کی وجہ سے غفلت نہیں برت رہا ہوں بلکہ تعارف کی کمی اس کا سبب ہے (۲) ہر آفت و مرض۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿اَدْخِلْ يَدَكَ فِي جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غيرِ سُوْءٍ) (ج) اَسْوَاءٌ۔

(السُّوْأَى): تانیث الاسوأ (۲) بدی، برائی (۳) آگ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَاءُوا السُّوْأَى﴾

(السَّوْءَاءُ): بری عادت (۲) بدصورت عورت۔ حدیث میں ہے: ﴿سَوْآءُ وَلُوْدٌ خيرٌ مِن حسناء عقيم﴾

(السَّوْأَةُ): بے حیائی (۲) بدکار عورت (۳) ہر برا اور معیوب کام (۴) ستر، شرم گاہ۔

(السَّيْءُ) و (السَّيِّئُ): برا، معیوب، خراب، بدنما۔

(السَّيِّئَةُ): صغیرہ گناہ۔ قرآن مجید میں ہے۔ ﴿وَإِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَائِرَ مَاتُنْهَوْنَ عنه نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ﴾ (۲) عیب و نقص۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَإِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيْهِمْ اِذَاهُمْ يَقْنَطُوْنَ﴾

(۳) گناہ، غلطی۔

(المَسَاءَةُ): غم و پریشانی نقیض المسرة۔

(المَسَاوِي): عیوب و نقائص، خرابیاں۔ ایک قول کے مطابق اس کا واحد نہیں آتا اور دوسرے قول کے مطابق اس کا واحد خلاف قیاس سُوْءٌ ہے۔ کہاوت ہے (الخيلُ تجرى على مساويها) گھوڑے معیوب ہونے کے باوجود خوب دوڑتے ہیں اس شخص کے بارے میں جو عیب دار ہونے کے باوجود نفع رساں ہو۔

(السُّوْبَةُ): دور دراز کا سفر۔

(السُّوْبِيَةُ): اہل مصر کا ایک مشروب جو چاول اور شکر سے بنایا جاتا ہے۔

(سَاحَ) ـُ سَوْحًا و سُوَاحًا و سَوَحَانًا: آنا جانا (۲) رینگ کر چلنا، آہستہ چلنا۔

- الحائكُ النسيجَ بِالْمِسْوَحَةِ سَوْحًا: جولاہے کا کپڑا بننے کے دوران اس پر برش پھیرنا۔

(سَوَّحَ) عَلَى البستانِ وغيرِه: باغ وغیرہ پر باڑ لگانا۔

(السَّاجُ): ساگودان کا درخت (ج) سيجانُ۔

(السَّاجَةُ): ساج کا واحد، ساگوان کی ایک لکڑی (۲) ایک طرح کی شال۔

(السُّوْجُ): مٹی کو پکا کر بنایا ہوا ایک مالا۔

(السِّيَاجُ): باڑ، چہار دیواری، احاطہ۔ تاروں یا اینٹوں سے بنائی ہوئی باڑ (ج) اَسْوِجَةٌ و سُوْجٌ۔

(المِسْوَحَةُ): کپڑا بننے والے کا برش جسے وہ کپڑوں پر پھیرتا ہے (۲) آب پاش (ج) مساوح۔

(السَّاحَةُ): وسیع و کشادہ جگہ (۲) صحن، گھروں کے درمیان کھلی جگہ۔ کہتے ہیں: نَزَلَ بِسَاحَةِ فلان: وہ فلاں کے پاس یعنی اس کے گھر میں مقیم ہوا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَإِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ﴾

- هو بريءُ السَّاحَةِ: وہ گناہ سے پاک ہے (ج) سَاحٌ و سُوْحٌ۔

- اِحْمَرَّ اللَّوْحُ و اغْبَرَّتِ السُّوْحُ: قحط پڑ گیا۔

(سَاخَتْ) قوائمُه ـُ سَوْخًا و سُؤُوْخًا و سُؤُوْخًا و سَوَخَانًا: پیروں کا زمین میں دھنسنا۔ ساخَتْ قوائمُه في الارض بھی کہتے ہیں۔

- الارضُ بِهِمْ: زمین کا اپنے اندر کسی کو دھنسانا۔

(اَسَاخَهُ): دھنسا دینا۔

(تَسَوَّخَ) فِي الطِّيْنِ: کیچڑ میں دھنسنا۔

(السُّوَاخُ): کیچڑ، دلدل۔ کہتے ہیں مُطِرْنَا حَتّٰى صَارَتِ الارضُ سُوَاخًا: ہمارے ہاں اتنی بارش ہوئی کہ زمین میں دلدل ہو گئی۔

(سَادَ) ـُ سِيَادَةً و سُوْدَدًا و سُوْدُدًا: عظمت اور شان و شوکت والا ہونا (۲) سردار اور صاحب اقتدار ہونا۔ حکمران ہونا۔

- قومَه او غيرَهم: سردار بننا، حکمرانی کرنا۔

- غَيْرَهُ: کسی سے آگے نکلنا، کسی کو پیچھے چھوڑنا۔

- فُلانًا: کسی پر بالادستی حاصل کرنا (۲) کسی سے راز کی بات کہنا۔

(سَوِدَ) ـَ سَوَدًا: سیاہ فام ہونا، کوئلہ جیسا ہونا هو اَسْوَدُ وهي سوداءُ (ج) سُوْدٌ۔

(اَسَادَ) و (اَسْوَدَ): کسی کے ہاں کالا بچہ ہونا (۲) بلند رتبہ لڑکا پیدا ہونا۔

(سَاوَدَهُ) مُسَاوَدَةً و سِوَادًا: حیثیت و عزت میں مقابلہ کرنا (۲) کسی سے رات کی تاریکی میں ملاقات کرنا (۳) رازدارانہ بات کرنا (۴) کسی کے ساتھ مکر و فریب کرنا۔

- الماشيةُ النَّبَاتَ: جانور کا گھاس کھانے کی کوشش کرنا لیکن وہاں تک نہ پہنچنے کی وجہ سے نہ کھا سکنا۔

(سَوَّدَ): جراتمند و دلیر ہونا۔

- الشيَّ: کالا کرنا۔

- الكتابَ: مسودہ بنانا۔

- فُلانًا: سردار بنانا۔ سَوَّدَهُ عليهم بھی کہتے ہیں۔

(اِسْتَادَ) القومُ: لوگوں کا اپنے سردار کو قتل کرنا (۲) سردار کے پاس اس کی لڑکی کے رشتہ کا پیغام بھیجنا۔

Marfat.com

- القومَ بَنِی فلانٍ: لوگوں کا کسی قبیلہ کے سردار کو مار ڈالنا یا اُسے قید کرنا یا اس کی لڑکی کا رشتہ مانگنا۔
- القومَ وَ فِیهِمْ: لوگوں میں کسی معزز خاتون سے پیغام نکاح دینا' یا اس کی بیویوں میں سے کسی سے شادی کرنا۔
- قَوْمَه و نَحْوَهُمْ: سردار بننا۔
(تَسَوَّدَ): شادی کرنا۔
(اسْوَادَّ): آہستہ آہستہ کالا ہونا۔
(اسودَّ): بتدریج کالا ہونا۔
- وجهُه مِن كذا: چہرہ کا رنگ بدل جانا۔
(الأَسْوَدُ): کالا' سیاہ' نقیض ابیض' عرب گہرے سبز رنگ کو بھی اَسْوَد کہتے ہیں۔
- اَسْوَدُ الكَبِدِ دشمن (ج) سُوْدُ الاكبادِ - الغَنَمُ سُوْدُ البُطُوْن بکریاں کمزور ہیں۔
- مِن القَلْبِ: دل کا نکتہ۔
- مِنَ السِّهَامِ: مبارک تیر جس سے نیک فال لی جائے (۲) چڑیا (ج) سُوْدٌ و سُوْدَانٌ (۳) بڑا سانپ (۴) زہریلا اور خطرناک سانپ۔ اسے اَسْوَدُ سَالِخْ بھی کہتے ہیں' کیونکہ وہ ہر سال کینچلی اتار دیتا ہے۔ (ج) اَسَاوِدُ (۵) بڑا سردار۔ کہتے ہیں: هُوَ اَسْوَدُ مِنْ فلانٍ۔
(الأَسْوَدَانِ) سیاہ پتھریلی زمین اور رات (۲) سانپ اور بچھو (۳) کھجور اور پانی (۴) پانی اور دودھ۔
(الأَسْوَدَةُ) بڑا کالا سانپ۔
(السَّوَادُ) سیاہی (۲) وجود' شخص' ذات' کہتے ہیں لا يفارِقُ سَوَادِیْ سَوَادَهُ میری ذات اس کی ذات سے الگ نہ ہوگی۔ یعنی میں اس سے جدا نہ ہوں گا۔ لا يُزَايِلُ سَوَادِی بَيَاضَكَ حدیث میں ہے (اذا رأى احدكم سَوادًا ابليل فلا يكن اَجْبَنَ السَّوَادَيْنِ فَإِنَّهُ يَخَافُكَ كَمَاتَخافُهُ) (۲) دل کا نکتہ (۳) آنکھ کی پتلی (۴) جگر (۵) درختوں اور پودوں وغیرہ کا جھنڈ (۶) سرکاری لباس' کہتے ہیں جاءَ الوزيرُ و عليه سَوَادُهُ (۷) شہر سے متصل دیہات اور آبادیاں کہتے ہیں: خرجوا اِلى سَوَادِ المَدِيْنَةِ (۸) فوج کا جنگی ساز و سامان (۹) باعظمت لوگ (۱) زیادہ مال۔ کہتے ہیں: لفلانٍ سوادٌ مِن الماشِيَةِ والمزارعِ (ج) اَسْوِدَةٌ (جج) اَسَاوِدُ۔
- سواد العراقِ: بصرہ اور کوفہ کے درمیان کی آبادیاں اور دیہات۔
(السُّوَادُ): راز دارانہ گفتگو (۲) کھجور کھانے کی کثرت سے پیدا ہونے والی جگر کی بیماری (۳) بکریوں میں ایک بیماری جس سے گوشت سیاہ ہو کر وہ مر جاتی ہیں (۴) رنگ کی زردی (۵) ناخن کی سبزی (۶) گیہوں اور جو کو لگنے والی ایک بیماری جس سے دانے سیاہ ہوتے ہیں۔
(السِّوَادُ): باہم سرگوشی۔
(السَّوْدُ): سیاہ پتھروں والی ہموار زمین جس میں کوئی کان ہو۔ سَوْدَةٌ: مذکورہ زمین کا ایک ٹکڑا۔
(المِشْجَبُ): کپڑے لٹکانے کا سٹینڈ' ہینگر' کھونٹی وغیرہ (ج) مَشَاجِبُ

(شَجّه) ـُ شَجًّا: سر یا چہرہ کو زخمی کرنا کہتے ہیں: شَجَّ راسَه و شَجّه فی راسِهِ او وجهِهِ۔

-السفينةُ البَحْرَ' السابحُ الماءَ: سمندر کے پانی کو چیرنا' طے کرنا۔

-الشَّرابَ بالماءِ: شراب میں پانی ملانا۔ کہاوت ہے (فلانٌ يشُجُّ بيدٍ و ياسُوْ باُخرىٰ) ایسے شخص کے بارے میں جو برائی کے ساتھ بھلائی بھی کرتا ہو۔

(شَجَّ) ـَ شَجَجًا: زخمی پیشانی والا ہونا۔ ھو اَشَجُّ وھی شَجّاءُ (ج) شُجٌّ۔

(شاجَّه) شِجَاجًا و مُشَاجَّةً: کسی کے ساتھ سرکوبی میں مقابلہ کرنا' ایک دوسرے کا سر توڑنا۔

(الشَّجَجُ): پیشانی پر چوٹ کا اثر۔

(الشَّجَّةُ): سر' پیشانی یا چہرہ کا زخم (ج) شِجَاجٌ۔

(الشَّجِيجُ): پیشانی' چہرہ یا سر کے زخم والا۔

(شَجَرَ) الأمْرُ بَيْنَهُمْ ـُ شُجُورًا: باہم کسی معاملہ کا متنازع ہونا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَلَا وَ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ﴾

-الشَّجَرَ و النَّبَاتَ شَجْرًا: درخت یا پودے کی لٹکی ہوئی شاخوں کو اوپر اٹھانا۔

-الشئَ: باندھنا (۲) انگلی وغیرہ پڑ ڈالنا۔

-فُلانًا عَنِ الأمْرِ: باز رکھنا' رکنا۔

(اَشْجَرَتِ) الأرْضُ: زمین کا بہت درختوں والی ہونا۔

(شَاجَرَهُ): کسی کے ساتھ جھگڑا کرنا۔

(شَجَّرَ) النباتُ: پودے کا درخت بن جانا۔

-الأرْضَ: درخت لگانا (مو)

-الثَّوْبَ ونَحْوَهُ: کپڑے وغیرہ پر بیل بوٹے لگانا۔

-النَّسَبَ و نَحْوَهُ: شجرۂ نسب بنانا۔ نسب کو درخت کی شکل میں لگانا۔

-النَّخْلَ: کھجور کے خوشہ کو ٹوٹنے کے ڈر سے شاخ پر رکھنا۔

(اشْتَجَرَ): ایک دوسرے میں گھس جانا' جیسے: اِشْتَجَرَتِ الاصَابِعُ و الرِّمَاحُ۔

-القومُ: لوگوں کا باہم جھگڑنا۔

-فلانٌ: ہاتھ پر چہرہ رکھ کر کہنی کا سہارا لینا۔

(تَشَاجَرَ) الشئُ: ایک دوسرے میں گھسنا۔ جیسے تَشَاجَرَتِ الرِّمَاحُ۔

-القومُ: باہم جھگڑنا۔

(الشِّجَارُ): چھوٹی پالکی (۲) دروازے کے پیچھے لگانے کی لکڑی جو چٹخنی کے بجائے استعمال ہوتی ہے (۳) حیوان کے منہ میں رکھی جانے والی لکڑی تاکہ اس کو دودھ پینے سے روکا جا سکے (ج) شُجُرٌ۔

(الشَّجْرُ): اختلافی بات (۲) منہ کا وہ حصہ جو زبان اور تالو کے درمیان دکھائی دے (۲) ٹھوڑی (ج) شُجُورٌ و اَشْجَارٌ۔

(الشَّجَرُ): درخت یعنی ایسا پودا جو مضبوط تنے پر قائم ہو لیکن کبھی اس کا اطلاق غیر مستحکم پودے پر بھی ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَ اَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ﴾ علم نباتات کے ماننے والے شجر اس پودے کو کہتے ہیں جو کافی عمر رسیدہ اور مضبوط تنے پر قائم ہو واحد شَجَرَةٌ کہتے ہیں: ھو من شَجَرٍ طَيِّبٍ: وہ اچھی نسل کا ہے۔

-شَجَرَةُ النَّسَبِ: نسب نامہ۔

(الشَّجْرَاءُ): گھنا درخت (۲) گھنے درختوں والی زمین۔

(الشَّجْرِيُّ): وہ حرف جو تالو اور زبان کے ملانے سے نکلتا ہے۔ حروف شجریہ چار ہیں۔ ش ض ج ی۔

(الشَّجِيْرُ) وادٍ شَجِيرٌ: کثیر درختوں والی زمین۔ ارض شجیرہ بھی کہتے ہیں۔

(الشَّوَاجِرُ): موانع' رکاوٹیں۔ کہتے ہیں قد

Marfat.com

شَجَرَنِي عنهُ الشَوَاجِرُ۔
- رِمَاحٌ شَوَاجِرُ: ایک دوسرے میں گتھے ہوئے مختلف نیزے۔
(المُشْجِرُ): بیل دار' پھولدار جیسے ثوبٌ مُشْجَرٌ۔
(المَشْجَرُ): درختوں کے اگنے کی جگہ (۲) وہ جگہ جسے درخت گھیرے ہوئے ہوں (ج) مَشَاجِرُ۔
(المَشْجَرَةُ): المَشْجَرُ۔
(المِشْجَرُ): کپڑے لٹکانے کا لکڑی کا سٹینڈ' ہینگر۔
(شَجُعَ) ـُ شَجَاعَةً: دلیر و بہادر ہونا۔ ھو شجیعٌ (ج) شُجَعَاءُ و شِجَاعٌ وھی شجیعةٌ (ج) شجائعُ و شِجَاعٌ۔
(شَاجَعَهُ): بہادری میں مقابلہ کرنا۔
(تَشَجَّعَ): دلیر بننا' ہمت کرنا' حوصلہ کرنا۔
(الأَشْجَعُ): ہتھیلی کے اوپر کی رگ۔
(الشُجَاعُ): بہادر' دلیر' باہمت (ج) شُجْعَانٌ و شِجْعَةٌ و ھی شُجَاعَةٌ (۲) سانپ (ج) شِجْعَانٌ۔
(الشُجْعَةُ): انتہائی دلیر و فتح یاب۔
(الشَجْعَةُ): امرأةٌ شَجِعَةٌ و شَجْعَاءُ زبان دراز اور مردوں پر غالب آنے والی عورت۔
(الشَجِيعُ): رَجُلٌ شَجِيعٌ: دلیر و بہادر آدمی۔ (ج) شُجَعَاءُ و شِجَاعٌ وھی شجیعةٌ (ج) شجائعُ و شِجَاعٌ۔
(شَجَنَتِ) الحمامةُ ـُ شُجُونًا: کبوتری کا دردبھری آواز نکالنا۔
- الأَمْرُ فلانًا شَجْنًا: مغموم کرنا' غمناک کرنا۔
(شَجِنَ) ـَ شَجَنًا: غمگین ہونا۔ ھو شَجِنٌ۔
(أَشْجَنَ) الكرمُ و نَحْوُهُ: انگور وغیرہ کی بیل کا شاخ در شاخ ہونا۔
- الأَمْرُ فُلانًا: غمگین کرنا۔
(تَشَجَّنَ): غمگین ہونا (۲) ماضی کی یاد سے دل گرفتہ ہونا۔

- الشَجَرُ: درخت کا گنجان ہونا۔
(الشَاجِنُ): گنجان درختوں والی وادی (۲) وادی کا راستہ (ج) شَوَاجِنُ۔
(الشَجْنُ): الجھی ہوئی یا گتھی ہوئی ٹہنی (۲) حصہ' شعبہ' شاخ۔ کہاوت ہے (الحدیثُ ذُوْ شُجُوْنٍ): بات لمبی اور مختلف قسم کی تفصیلات پر مشتمل ہے (۳) غم و حزن (۴) کسی بات کی دھن (ج) أَشْجَانٌ و شُجُوْنٌ۔
(الشِجْنَةُ): گھنی ٹہنی' الجھی ہوئی شاخ (۲) گھنا درخت (۳) حصہ' شعبہ۔
(شَجَاهُ) الأَمْرُ ـُ شَجْوًا: غمگین کرنا۔
- الحدیثُ و نَحْوُهُ فلانًا: خوش کرنا' صدمہ پہنچانا۔
- تَذَكُّرُ الإِلْفِ: محبوب کی یاد کا کسی تڑپا دینا۔
(شَجِيَ) ـَ شَجًا: گلے میں ہڈی وغیرہ اٹکنے سے تکلیف میں مبتلا ہونا (۲) رنجیدہ و غمگین ہونا (۳) کسی کی یاد میں تڑپنا۔
- بالهَمِّ: غم میں مبتلا رہنا۔
- بِقِرْنِهِ: اپنی مقابل یا جوڑی دار سے مغلوب ہونا۔ ھو شجٍ و شَجِيَةٌ۔
(أَشْجَاهُ): مغموم کرنا' رنجیدہ کرنا (۲) زیر کرنا' مغلوب کرنا۔
- بکذا: کسی چیز کا حلق میں پھنسنا۔
(الشَجَا): حلق میں پھنس جانے والی ہڈی وغیرہ۔
(الشَجْوُ): غم و پریشانی (۲) ضرورت۔ کہتے ہیں: بکی فلانٌ شَجْوَهُ: اس نے گریہ زاری کی۔
(الشَجِيُّ): غمگین' فکرمند۔ کہاوت ہے۔
(وَيْلٌ لِلشَجِيِّ مِنَ الخَلِيِّ)

ش .... ح

(شَحَبَ) جسمُهُ ـُ شُحُوبًا: بدن کا ہلکا اور بدلا ہوا ہونا' لاغر ہونا۔
- اللَوْنُ: رنگ بدل جانا' رنگ کا پھیکا پڑ جانا ھو شَاحِبٌ۔
(شَحَثَ): مانگنا اور مانگنے میں اصرار کرنا۔
(الشَحَّاثُ): ضدی بھکاری' فقیر۔

(شَحَجَ) البَغْلُ و الحِمَارُ ـِ شَحِيجًا: خچر اور گدھے کا آواز نکالنا۔
- الغُرَابُ: کوے کی آواز کا کرخت ہونا۔ ھو شَاحِجٌ و شَحَّاجٌ۔
(تَشَحَّجَ) صَوْتُهُ: آواز کا کرخت و موٹا ہونا۔
(الشَاحِجُ): خچر (۲) گدھا۔
(شَحَّ) الماءُ و نَحْوُهُ ـِ شَحًّا: پانی وغیرہ کا کم ہونا۔
- الزَنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔
- فلانٌ بالشَيْءِ: کوئی چیز دینے میں بخل کرنا۔
- علی الشيءِ: حریص ہونا ھو شحیحٌ و شَحَاحٌ۔
(شَاحَّ) فُلانًا: کسی سے لڑائی جھگڑا کرنا۔ علماء لغت کا قول ہے: (لَا مُشَاحَّةَ فِي الاصطلاح) اصطلاح میں اختلاف و اعتراض کی گنجائش نہیں ہے۔
(تَشَاحُّوا) فِي الأَمْرِ و عَلَيْهِ: کسی معاملہ میں ایک دوسرے پر فوقیت یا سبقت لے جانے کی کوشش کرنا۔
- الخَصْمَانِ: دو مقابل آدمیوں کا ایک دوسرے پر غالب آنے کی شدید خواہش رکھنا۔
(الشُحُّ): بخل' خودغرضی' قرآن مجید میں ہے: ﴿وَأُحْضِرَتِ الأَنْفُسُ الشُحَّ﴾
(الشُحَّةُ): نَفْسٌ شَحَّةٌ: انتہائی لالچی طبیعت۔
(الشَحِيحُ): بخیل (ج) شِحَاحٌ و أَشِحَّةٌ و أَشِحَّاءُ' قرآن مجید میں ہے: ﴿سَلَقُوكُمْ بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الخَيْرِ﴾ ھی شحیحةٌ (ج) شحائحُ۔
- إِبِلٌ شَحَائِحُ: کم دودھ دینے والی اونٹنیاں۔
(شَحَذَ) السَيْفَ و نحوَهُ ـَ شَحْذًا: تلوار کی دھار بنانا۔ فالسَيْفُ شَحِيذٌ و مَشْحُوذٌ۔
- ذِهْنَهُ: ذہن کو تیز کرنا۔
- النَاسَ: بھیک مانگنا' اصرار اور ضد کر کے مانگنا۔
(أَشْحَذَ) السَيْفَ و نَحْوَهُ: تلوار کو تیز کرنا

Marfat.com

(الشَّحَاذُ): بھکاری، اصرار کے ساتھ مانگنے والا۔

(المِشْحَذُ): سامان رکھنے کا پتھر یا مشین (ج) مشاحِذُ۔

(المَشْحَذَةُ) هٰذَا الکلامُ مَشْحَذَةٌ لِلْفَهْمِ: اس کلام سے سمجھ بوجھ بڑھتی ہے۔

(الشُّحْرُ): وادی کا نشیب (۲) پانی کی نالی۔

(الشُّحْرُوْرُ): طوطے جیسا ایک پرندہ جو اپنی خوبصورت آواز کی وجہ سے پنجرہ میں پالا جاتا ہے۔ اس کا نر سیاہ اور مادہ کا اوپر کا حصہ گدلا اور سبز سرخی مائل ہوتا ہے۔

(شَحَطَ) المکانُ ـَـ شُحُوْطاً: دور ہونا۔

-فِي المُسَاوَمَةِ: سودا کرنے میں حد سے گزر جانا۔

-النَّاقَةُ: اونٹنی کا سینہ کی مہلک بیماری میں مبتلا ہونا۔

-الآلَةُ: مشین کا تیل وغیرہ ختم ہونے کے باعث رک جانا یا رک جانے کے قریب ہو جانا۔

-القَتِيْلُ فِي الدَّمِ: مقتول کا خون میں تڑپنا۔

-فُلَاناً شَحْطاً: دوڑ یا خوبی میں کسی پر فوقیت حاصل کرنا۔

-الکَرْمَةَ و غَيْرَهَا: انگور وغیرہ کی بیل کو لکڑی وغیرہ کا سہارا دے کر سیدھا کرنا۔

-الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔

-الشَّرَابَ: شراب کو پتلا کرنے کے لئے پانی اور کوئی دوسری سیال چیز ملانا۔

-اللَّبَنَ: دودھ میں زیادہ پانی ملانا۔

(اَشْحَطَه): دور کرنا۔

(شَحَّطَ) فِي دَمِهٖ و بِدَمِهٖ: خون میں تڑپانا، لت پت کرنا۔

(الشَّحْطُ): وہ لکڑی جس میں انگور کی بیل یا درخت کی لٹکی ہوئی شاخوں کو سہارا دے کر سیدھا کیا جائے (۲) پرندے کی بیٹ (۳) خون میں آلودگی۔

(شَحَمَ) الطَّعَامَ و الخُبْزَ ـَـ شَحْماً: چربی یا روغن ملانا۔

-القَوْمَ: چربی کھلانا۔

(شَحِمَ) ـَـ شَحَماً: موٹا ہونا، چربی دار ہونا۔

-العِنَبُ: انگور کا رس کم اور چھلکا موٹا ہونا۔

-الرُّمَّانُ: انار کے دانوں کی جھلی کا موٹا ہونا۔

-اِلَى الشَّحْمِ: چربی کا خواہش مند ہونا۔

(اَشْحَمَ): کسی پر چربی چڑھنا۔

-القَوْمَ: چربی کھلانا۔

(شَحَّمَ): خوب چربی ملانا (۲) موٹا کرنا۔

-الآلَةَ: مشین میں گریس ڈالنا (محدثہ)

(الشَّحْمُ): چربی (۲) گریس، مشین میں ڈالنے کا گاڑھا تیل (ج) شُحُوْمٌ۔

(الشَّحْمَةُ): چربی کا ٹکڑا۔

-شَحْمَةُ العَيْنِ: آنکھ کی پتلی۔

-شَحْمَةُ الأُذُنِ: کان کی لو۔

-شَحْمَةُ الرُّمَّانَةِ: انار کے اندر کا باریک چھلکا۔

(الشَّحِيْمُ): چربی دار، موٹا۔ رَجُلٌ شَحِيْمٌ: موٹا تازہ آدمی۔

(شَحَنَ) السَّفِيْنَةَ و غَيْرَهَا ـَـ شَحْناً: کشتی یا جہاز وغیرہ پر سامان لادنا۔ کہتے ہیں: شَحَنَ البَلَدَ بالخيلِ: شہر کو گھوڑوں سے بھر دیا۔

-فُلَاناً: دھتکارنا، دور کرنا۔

(شَحِنَ) علیه ـَـ شَحَناً: کینہ رکھنا۔

(اَشْحَنَ) له بِسَهْمٍ: کسی پر تیر مارنے کے لئے تیار ہونا۔

(شَاحَنَه): دشمنی کرنا، بغض رکھنا۔

(تَشَاحَنُوْا): باہم بغض و عداوت رکھنا۔

(الشَّاحِنُ) مَرْکَبٌ شَاحِنٌ: لدی ہوئی سواری۔

(الشَّحْنَاءُ): کینہ، عداوت، بغض۔ (۲) کشتی یا جہاز وغیرہ میں لادا جانے والا سامان۔ (۳) وقت معین کے لئے تیار کی ہوئی خوراک۔ (۴) گھڑ سوار دستہ (۵) شہر کی پولیس (ج) شِحَنٌ۔

-الشِّحْنَةُ الکهربِيَّةُ: چارج کی ہوئی بیٹری (ع)

(شَحَا) فلانٌ ـُـ شَحْواً: لمبے قدموں سے چلنا (۲) ٹانگیں چوڑی کرنا۔

-فِي الفِتْنَةِ: فساد پھیلانا۔

-فَمَه: منہ کھولنا۔

(شَحِيَ) فَمَه ـَـ شَحًى: منہ کھولنا۔

(تَشَحَّى) فِي الشَّيْءِ: پھیلانا، وسیع کرنا۔

-فِي السَّوْمِ: قیمت زیادہ کرنا۔

-عَلَى فلانٍ: کسی کے خلاف زبان کھولنا۔

(الشَّحْوَةُ): قدم، ڈگ، کہتے ہیں: فَرَسٌ رَغِيْبُ الشَّحْوَةِ: مناسب رفتار گھوڑا۔ فَرَسٌ بَعِيْدُ الشَّحْوَةِ: دراز قدم یا تیز رفتار گھوڑا۔ فلانٌ بعيدُ الشَّحْوَةِ فِي مقاصِدِه: فلاں کے مقاصد بلند ہیں۔ اناءٌ واسِعُ الشَّحْوَةِ: گہرے یا چوڑے پیٹ کا برتن۔

ش ..... خ

(شَخَبَ) اللَّبَنُ ـُـ شَخْباً: دودھ کا تھن سے آواز کے ساتھ نکلنا۔

-الدَّمُ مِنَ الجُرْحِ: زخم سے خون بہنا۔ کہتے ہیں: شَخَبَتْ اَوْدَاجُ القَتِيْلِ دَماً: مقتول کی رگوں سے خون ابل پڑنا۔

(اِنْشَخَبَ) اللَّبَنُ: دودھ کا خوب نکلنا۔

-العِرْقُ دَماً: رگ سے بہت خون نکلنا۔

(الأُشْخُوْبُ): دودھ دوہنے کی آواز۔

(الشَّخْبُ و الشُّخْبُ): دودھ نکالتے وقت دودھ کی ایک دھار۔ کہاوت ہے: (شَخْبٌ فِي الاَنَاءِ شَخْبٌ فِي الأَرْضِ) ایک دھار برتن میں اور ایک دھار زمین پر۔ ایسے شخص کے بارے میں جو کبھی صحیح اور کبھی غلط کام کرتا ہو۔

(الشُّخْبَةُ): الشُّخْبُ (ج) شِخَابٌ۔

(شَخُتَ) ـُـ شُخُوْتَةً: پیدائشی طور پر پتلے جسم والا ہونا۔ هو شَخْتٌ و شَخِيْتٌ (ج) شِخَاتٌ۔

(الشَّخْتُ): پیدائشی کمزور، کہتے ہیں فلانٌ شَخْتٌ (ج) شِخَاتٌ۔

-شَخْتُ العطاءِ: کم فیض آدمی۔

(شَخَّ) فِي نَوْمِه ـُـ شَخًّا: خراٹے لینا۔

-ببوله: زور کے ساتھ پیشاب کی دھار مارنا۔

Marfat.com

(شَخَرَ)۔ شَخرًا و شَخِیرًا: حلق میں آواز گھمانا اور نہ بولنا۔
-الفرسُ: گھوڑے کا ہنہنانا۔
-الحمارُ: گدھے کا ڈھینچوں ڈھینچوں کرنا۔
(شَخَسَ) الامرُ ـَ شَخسًا: معاملہ کا غلط رخ اختیار کرنا۔ ھو شخیسٌ۔
(تَشَاخَسَتْ) اسنانُه: دانتوں کا بے ترتیب اور بے ڈھنگا ہونا۔
- مابینَ القَومِ: لوگوں میں بگاڑ و فساد پیدا ہونا۔
(شَخشَخَ) القَشُّ و نَحوُہٗ: پھونس وغیرہ کی آواز پیدا ہونا۔
(شَخَصَ) الشیُ ـَ شُخُوصًا: بلند ہونا (۲) دور سے ظاہر ہونا۔
-السھمُ: تیر کا نشانہ کے اوپر سے گزر جانا۔
-مِن بَلَدِہٖ و عنه: شہر سے نکلنا۔
-الیه: لوٹنا۔
-امَامَهٗ: کسی کے سامنے حاضر ہونا (۲) کسی کے سامنے تصویر بن کر آنا۔
-فلانٌ بَصَرَہٗ و بِبَصَرِہٖ: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ نگاہ کا اٹھی کی اٹھی رہ جانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿اِنَّمَا یُؤَخِّرُھُم لِیَومٍ تَشخَصُ فِیهِ الاَبصَارُ﴾۔
(شَخُصَ) فلانٌ ـُ شَخَاصَةً: بھاری بدن والا اور موٹا ہونا۔ ھو شَخِیصٌ وھی شخیصةٌ۔
(اَشخَصَ) فلانٌ: روانگی کا وقت آ جانا۔
-الرّامِی: تیر انداز کے تیر کا نشانہ کے اوپر سے گزر جانا۔ کہتے ہیں: اَشخَصَ سهمَه وبِه۔
-فلانًا مِن بَلَدِہٖ: شہر یا ملک سے نکالنا۔
-فلانًا الیه: کسی کو کسی کے پاس بھیجنا۔
(شَخَّصَ) الشیَ: متعین کرنا، ماسوا سے ممتاز اور جدا کرنا۔
(تَشَخَّصَ) الامرُ: متعین و ممتاز ہونا۔
(الشَّاخِصُ): نظر آنے والی شے۔ سامنے آنے والا (۲) مقررحد کی علامت۔
(الشَّخصُ): ہر نمایاں اور بلند جسم۔ (۲) شخص انسانی فرد فلاسفر کے نزدیک وہ ذات جو اپنا شعور رکھتی ہو اور اپنے ارادے میں مختار ہو (ج) أشخاصٌ و شخوصٌ۔
(الشَّخصِیُّ): ذاتی، انفرادی، ایک ذات انسانی سے متعلق۔
(الشَّخصِیَّةُ): ممتاز ہستی، شخصیت (Personality) کہتے ہیں: فلانٌ ذُو شخصیةٍ قویّةٍ: ممتاز صفات، قوت ارادی کا مالک۔
-الاحوالُ الشَّخصِیَّةُ: خاندان سے متعلق شرعی مسائل و احکام جیسے نکاح و طلاق اور میراث کے مسائل۔
-البطاقةُ الشَّخصِیَّةُ: (دیکھئے بطاقة)
(شَخِمَ) الطعامُ ـَ شَخَمًا: بدبودار ہونا، خراب ہو جانا۔
-فَمُ فلانٍ: منہ سے بدبو آنا۔ ھو شَخِمٌ۔
(اَشخَمَ): شَخِمَ۔
(الأشخَمُ) فلانٌ اَشخَمُ الرَّأسِ: شخص جس کے سر پر سفید بال غالب ہو۔
-شَعرٌ اَشخَمُ: سفید بال۔
- عامٌ اَشخَمُ: خشک سال، بے آب و گیاہ سال۔
- روضٌ اَشخَمُ: بے رونق باغ جس میں پودے نہ ہوں۔

ش.........د

(شَدَخَتِ) الغُرَّةُ: پیشانی کا سفید نشان پھیلنا۔
- الشَّیءَ شَدخًا: توڑنا۔ کہتے ہیں: شَدَخَ الرَّأسَ و الحَنظَلَ۔
-دَمَ فلانٍ: کسی کا خون رائیگاں کرنا۔
(شَدَّخَهٗ): ریزہ ریزہ کرنا۔
(انشَدَخَ): ٹوٹنا۔
(تَشَدَّخَ): ٹوٹ پھوٹ جانا۔
(الشَّدخَةُ): ایک ضرب (۲) نرم و نازک کونپل۔
(المِشدَخُ و المِشدَخَةُ): توڑنے کا آلہ۔ (ج) مَشَادِخُ۔
(شَدَّ) الشیُ ـِ شِدَّةً: سخت ہونا، مضبوط ہونا، طاقتور ہونا (۲) بھاری ہونا۔
-فلانٌ شَدًّا: دوڑنا۔
-النھارُ: دن چڑھنا۔
-علیه فِی الحَربِ: زوردار حملہ کرنا۔
-عَلٰی قلبِه ـُ شَدًّا: مہر لگانا، راستہ بند کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاشدُد عَلٰی قُلُوبِهِم فَلَا یُؤمِنُوا حَتّٰی یَرَوُا العَذَابَ الاَلِیمَ﴾
-فُلانًا: مضبوط باندھنا۔
-عَضُدَہٗ: بازو باندھنا۔
-عَلٰی یَدِہٖ: ہاتھ مضبوط کرنا، مدد کرنا۔
-العُقدَةَ: گرہ مضبوط کرنا۔
-رِحالَهٗ: سفر کے لئے تیار ہونا۔
-مِئزَرَہٗ: کوشش کرنا، محنت سے کام کرنا۔
-الحَبلَ و نَحوَہٗ: رسی وغیرہ کو پھیلانا، کھینچنا۔
-لَشَدَّ مَاجَنٰی و شَدَّ مَاجَنٰی: اس نے بڑا سنگین جرم کیا۔ (بطور تعجب کے مستعمل ہے)
(اَشَدَّ) الفَتٰی: عقل و عمر میں کمال کو پہنچنا (۲) طاقتور سواری والا ہونا۔ حدیث میں ہے (لن یشادَّ الدین احد اِلَّا غلبه)
(یَرُدُّ مُشِدُّھُم عَلٰی مُضعِفِھِم)۔
(شَادَّہٗ) مُشَادَّةً و شِدَادًا: غالب آنا۔
- فی الأمرِ: مبالغہ کرنا، تخفیف نہ کرنا۔ حدیث میں ہے: (لَن یُشَادَّ الدّین أحد اِلَّا غلبهٗ)
(شَدَّدَ): بہت مضبوط کرنا (۲) زور سے باندھنا۔
-الشیَ: مضبوط و مستحکم کرنا۔
-الحرفَ: مشدد کرنا، حرف کو حرف میں ملانا۔
(اِشتَدَّ): مضبوط اور زیادہ ہونا، سخت ہونا۔ جیسے اشتَدَّ مرضُه واشتَدَّ به المرضُ واشتدَّ علیه فِی الأمرِ۔
-فِی عَدوِہٖ: تیز دوڑنا۔
-النَّھارُ: دن چڑھنا۔
-السِّعرُ: نرخ بڑھنا۔
-اللَّبَنُ و نَحوُہٗ: دودھ وغیرہ کا جم جانا، پنیر بن جانا۔
(تَشَادَّا): باہم زورآزمائی کرنا۔

Marfat.com

(تَشَدَّدَ) فِي الْأَمْرِ: تشدد کرنا' سختی برتنا' نرمی نہ کرنا (۲) بخل کرنا۔
(الْأَشُدُّ): بلوغ۔ عمر وعقل کی پختگی۔ کہتے ہیں بَلَغَ اَشُدَّهٗ: مرد کامل ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَ اسْتَوٰی اٰتَیْنٰهُ حُکْمًا وَّ عِلْمًا﴾ و﴿وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْیَتِیْمِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ حَتّٰی یَبْلُغَ اَشُدَّهٗ﴾ یہ لفظ صرف جمع ہی مستعمل ہے۔
(الشِّدَادُ) رسی وغیرہ جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔
(الشَّدُّ) کشش' بندش' کہتے ہیں: لا یقوی علی شدٍ ولا اِرخاءٍ: وہ کچھ نہیں کرسکتا۔
- اتانا شَدَّ النَّهَارِ و شَدَّ الضُّحٰی: وہ ہمارے پاس دن چڑھے آیا۔
(الشَّدَّةُ) زوردار حملہ (۲) تشدید' شین کے سرے جیسی ایک علامت جو تضعیف حرف پر دلالت کرتی ہے۔
(الشِّدَّةُ) سختی دباؤ' مصیبت وپریشانی۔
- شِدَّةُ الْعَیْشِ: زندگی کی تنگی۔
(الشَّدِیْدُ) طاقتور' مضبوط (۲) سخت' بہادر۔
- شَدِیْدُ الْقُوٰی: عظیم قدرت والا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿عَلَّمَهٗ شَدِیْدُ الْقُوٰی﴾
- عِطْرٌ شَدِیْدُ الرَّائِحَةِ: تیز خوشبو کا عطر۔
- شدیدُ العین: بہت بیدار شخص جسے نیند نہ آتی ہو (ج) شِدَادٌ و اَشِدَّاءُ و هُنَّ شِدَادٌ و شدائد۔
- الشدیدُ فِي الْاَصْوَاتِ: وہ آواز جو مخرج پر تھوڑے وقفہ کے لئے بند ہو جاتی ہے جیسے دال اور تا وغیرہ کی آواز۔
(الْمِشَدُّ) عورت کا کمر پر باندھنے کا کپڑا (مو)
(شَدْفَلَه) - شَدْفَلَةً: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
(شَدِفَ) - شَدَفًا: حد سے زیادہ خوش ہونا' جھومنا (۲) غرور سے منہ ٹیڑھا کرنا۔ هو اَشْدَفُ وهي شَدْفَاءُ (ج) شُدْفٌ۔
(تَشَادَفَ) مڑنا' بل کھانا۔

(الْأَشْدَفُ): بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا (Left Hander)۔
(الشَّادُوْفُ): آب پاشی کا بڑا ڈول جو بڑی بلی میں بندھا ہوتا ہے اور اس کے ذریعہ نہر وغیرہ سے پانی اٹھا کر سیراب کیا جاتا ہے۔
(الشُّدْفَةُ) ٹکڑا' حصہ' قطعہ (ج) شُدَفٌ۔
(شَدِقَ) - شَدَقًا: چوڑی باچھوں والا ہونا' بڑے جبڑے والا ہونا۔ هو اَشْدَقُ وهي شَدْقَاءُ (ج) شُدْقٌ۔
(تَشَدَّقَ): چبانے کے لئے جبڑے ہلانا (۲) عمدہ گفتگو کے لئے باچھوں کو موڑنا۔
(الْأَشْدَقُ) خطیبٌ اَشْدَقُ: بلند آواز پرزور خطیب۔
- شفةٌ شدقاءُ: چوڑی باچھوں والا ہونٹ۔
(الشِّدْقُ): گوشہ دھن' باچھ' جبڑا (ج) اَشْدَاقٌ و شُدُوْقٌ۔
(الشَّدْقَمُ): چوڑی باچھوں والا۔
(شَدَنَ) الظبیُ - شُدُوْنًا: ہرن کا بڑا ہو کر ماں سے الگ ہو جانا۔ هو شادِنٌ۔
(اَشْدَنَتِ) الظَّبْیَةُ و نَحْوُهَا: ہرنی کا جوان بچے والی ہونا۔ هي مُشْدِنٌ (ج) مَشَادِنُ۔
(الشَّادِنُ) ہرنی کا جوان بچہ (ج) شَوَادِنُ۔
(شَدَهَ) فلانًا - شَدْهًا: حیران کر دینا۔
(شُدِهَ) حیران وپریشان رہ جانا۔
(اَشْدَهَهُ) حیرت میں ڈالنا۔
(انْشَدَهَ) حیران ہونا' متحیر ہونا۔
(الشُّدَاهُ) حیرت' حواس باختگی۔
(الْمَشَادِهُ) حیران کن امور' مشاغل۔ واحد مَشْدَهَةٌ۔
(شَدَا) - شَدْوًا: گانا' سر نکالنا۔
- بالشِّعْرِ: ترنم سے شعر پڑھنا۔
- من الادب والعلم: علم وادب حاصل کرنا۔
- شَدْوَ فلانٍ: نقل اتارنا' کسی کی مشابہت اختیار کرنا۔
(الشَّادِیْ): گویا' حدی خواں' گانا گانے والا (۲) علم وادب کا طالب (ج) شُدَاةٌ۔
(الشَّدَا) قدرے طاقت۔ کہتے ہیں: لَمْ یَبْقَ مِنْ قُوَّتِهٖ اِلَّا شَدًا: اس میں معمولی رمق رہ گئی ہے (۲) ہر چیز کی حد' کنارہ۔
(الشَّدْوُ): بہت تھوڑی سی مقدار کہتے ہیں: اَخَذَ شَدْوًا مِنَ المالِ۔

ش .... ذ

(شَذَبَ) اللِّحَاءَ - شَذْبًا: چھال اتارنا۔
- العُوْدَ: شاخ کی ٹہنیاں صاف کرنا تاکہ اس کی چھال اتاری جاسکے۔
- عَنْ فلانٍ: دفاع کرنا' شر دور کرنا۔
(شَذَّبَ) اللحاءَ والعُوْدَ والشَّجَرَ: کاٹنا' تراشنا' چھلنا۔ کاٹ تراش کر عمدہ بنانا۔
- الشیءَ: بکھیرنا' منتشر کرنا۔ شَذَّبَ المالَ: مال کو تباہ و برباد کرنا۔
- فُلانًا عَنِ الشَّیْءِ: ہٹانا' دھتکارنا۔
(تَشَذَّبَ) القومُ: منتشر ہونا۔
(الشَّاذِبُ): پردیسی' مسافر (۲) مایوس' ناامید۔
(الشَّذَبُ): کاٹ تراش کر پھینکی جانے والی چیز (۲) ہر شے کا باقی ماندہ حصہ۔ کہتے ہیں: فِي الارضِ شَذَبٌ مِنَ الکَلَإِ: زمین میں کچی پکی گھاس ہے (ج) اَشْذَابٌ۔
(الشَّذِبُ) رَجُلٌ شَذِبُ العُرُوْقِ: نمایاں اور ابھری ہوئی رگوں والا آدمی۔
(المِشْذَبُ): کاٹ تراش کا آلہ' بڑی قینچی (ج) مَشَاذِبُ۔
(شَذَّ) - شُذُوْذًا: الگ تھلگ ہونا' تنہا رہ جانا۔
- عن الجماعةِ: جماعت سے الگ ہو جانا۔
- الکلامُ: کلام کا قاعدہ اور قیاس کے مخالف ہونا۔ یعنی شاذ ہونا۔
(اَشَذَّ) فلانٌ: نئی اور نامانوس بات کرنا۔
- الشیءَ: دور کرنا۔
- القولَ: نئی اور نامانوس بات کہنا۔
(الشَّاذُّ): خلاف قیاس' خلاف اصول خلاف معمول (۲) اجنبی' منفرد وغیر معمولی (۳) کم یاب' نادر الوجود (۳) نامناسب طرز عمل (۴) نامانوس طرز (ج) شَوَاذُّ۔

Marfat.com

(شَذَّرَ)العِقدَ و نَحوَهٗ: ہار وغیرہ میں موتیوں
کے درمیان سونے وغیرہ کے ٹکڑے لگانا۔
-الأدیبُ کلامَهٗ بِالشِّعرِ: ادیب کا کلام میں
شعر لانا۔
(تَشَذَّرَ)القومُ: باہم اختلاف کرنا اور ہر ایک
کا اپنی اپنی راہ لینا۔
-فلانٌ: لڑائی یا فساد کے لئے تیار رہنا۔
-الرجلُ: غصہ ہونا (۲) مستعد ہونا۔
(الشَّذرُ): کان (معدن) سے چنے جانے
سونے کے ٹکڑے (۲) وہ مہرے یا منکے جو
فاصلہ کے لئے ہار کے موتیوں کے بیچ میں
پروئے جائیں (۳) چھوٹے موتی۔ واحد:
شَذرَۃٌ (ج) شُذُورٌ و شَذَراتٌ۔
(شَذَرَمَذَرَ): تَفَرَّقُوا شَذَرَ مَذَرَ: وہ الگ
الگ سمتوں میں منتشر ہوگئے' تتر بتر ہوگئے۔
(شَذَا)المِسکُ ــُـ شَذوًا: مشک کا تیز خوشبو
اور مہکنا۔
-فُلَانٌ: مشک بطور خوشبو استعمال کرنا۔
(أشذاهُ)عنه: ہٹانا' دور کرنا۔
(الشَّذوُ): مشک (۲) مشک کی خوشبو (۳)
مشک کا رنگ۔
(الشَّذا): تیز مہک (۲) عود کے ریزے جن
سے خوشبو حاصل کی جائے۔
(الشَّذاۃُ): طاقت وسختی کا بقیہ۔

ش......ر

(اِشرَأَبَّ)الیه وله اشرِئبابًا و شُرَئبِیبَۃً:
گردن لمبی کرنا یا بلند کرنا تاکہ کسی چیز کو دیکھ
سکے۔
(شَرِبَ)الماءَ و نحوَهٗ ــَـ شُربًا: پینا' ھو
شارِبٌ (ج) شاربون وَ شَرَبَۃٌ۔
-السُّنبُلُ الدَّقِیقَ: گندم کے دانوں کا سخت اور
پکنے کے قریب ہوجانا۔
(أشرَبَ)الرَّجُلُ: کسی کے اونٹوں کے پانی
پینے یا کھیتی کے سیراب ہونے کا وقت آنا (۲)
سیراب ہونا۔
- فُلانًا: سیراب کرنا' پلانا' کہتے ہیں:
(أشرَبنِی مَا لَم أشرَب): اس نے میرے
متعلق وہ باتیں کیں جو میں نے نہیں کیں۔
-اللونَ: رنگ کو گہرا کرنا۔
- اللَّونَ و غیرَہٗ: رنگ میں دوسرا رنگ ملانا
جیسے اَشرَبَ البیاضَ حُمرَۃً۔
(۲) بھرنا' راسخ کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَ
اُشرِبُوا فِی قُلُوبِھِمُ العِجلَ بِکُفرِھِم﴾
(شَارَبَهٗ) مُشَارَبَۃً و شِرَابًا: کسی کے ساتھ
پینا۔
(شَرَّبَ) قَصَبُ الزَّرعِ: گنے میں پانی
دوڑنا۔
-فلانًا: پلانا۔
(تَشَرَّبَ) الماءَ و نَحوَهٗ: آہستہ آہستہ
چوسنا۔ کہتے ہیں: تَشَرَّبَ الثَّوبُ العَرَقَ
والصِّبغَ: کپڑے کا پسینہ یا رنگ کو جذب کرنا۔
(استَشرَبَ)اللونُ: رنگ کا تیز کرنا۔
(اِشرَأَبَّ) الیه وله اشرئبابًا: (دیکھئے:
اشرأبّ)
(الشَّارِبُ): پینے والا (ج) شُرَّابٌ
(۲) مونچھ اس کی دونوں طرفوں کو 'شاربان'
کہتے ہیں۔ (ج) شَوَارِبُ۔
(الشَّارِبَۃُ): تانیث الشَّارب (۲) دریا کے
کنارے بسنے والی قوم جو پانی میں تصرف کرتی
ہو۔
(الشَّرَابُ): پینے کی چیز' مشروب (ج)
أشرِبَۃٌ۔
(الشَّربُ): ساتھ مل کر پینے والے لوگ۔
(الشِّربُ): پینے کا پانی (۲) پانی کا حصہ (۳)
پانی پینے کا وقت۔ قرآن مجید میں ہے:
﴿لَها شِربٌ وَلَکُم شِربُ یومٍ مَعلُومٍ﴾
(۴) دریا کا گھاٹ (ج) أشرابٌ۔
(الشَّربَۃُ): ایک دفعہ کا پینا (۲) ایک گھونٹ۔
(الشُّربَۃُ): چہرے کی سرخی۔ (۲) سیرابی کے
بقدر پانی (۳) سوپ' یخنی (مو) (ج) شُرَبٌ
(الشُّربَۃُ): پینے کی زیادتی (۲) پیاس۔ کہتے
ہیں: لَم تَزَل بِهٖ شَرَبَۃٌ هذا الیومَ: آج وہ
پیاسا رہا۔ یَومٌ ذُو شَرَبَۃٍ: سخت گرمی اور پیاس
کا دن جس میں کثرت سے پانی پیا جائے
(۳) درخت کے اردگرد کا گڑھا جس میں پانی
بھرا جائے (ج) شَرَبٌ۔
(الشَّرَّبَۃُ): بہت پینے والا۔
(الشِّرِّیبُ): پینے کا شوقین۔
(الشَّرُوبُ): بہت پینے والا (۲) وہ پانی جو
شیریں نہ ہونے کی بناء پر مجبوراً پیا جائے (ج)
شُرُبٌ۔
(الشَّرِیبُ): الشَّرُوبُ (۲) پینے کا ساتھی ہم
نوش۔
(المَشرَبُ): پانی پینے کی جگہ۔ قرآن مجید
میں ہے: ﴿قَد عَلِمَ کُلُّ اُنَاسٍ مَشرَبَھُم﴾
(۲) مشروب۔ مَشرَبُ الرَّجُلِ: آدمی کا
میلان و خواہش۔ کہتے ہیں هم قومٌ
اختلفت مشاربهم ان لوگوں کے رجحانات و
خواہشات الگ الگ ہیں۔
(المَشرَبَۃُ): پانی پینے کی جگہ (۲) سدا بہار
زمین۔ طَعَامٌ مَشرَبَۃٌ: بہت پیاس لگانے والا
کھانا (ج) مَشَارِبُ۔
(المِشرَبَۃُ): پینے کا برتن (ج) مَشَارِبُ۔
(شَرِثَت) یَدُہٗ او رجلُه ــَـ شَرَثًا: کھال کا
موٹا ہوا اور پھٹ جانا۔
-النَّعلُ: جوتا ٹوٹ جانا۔ ھو شَرِثٌ۔
(انشَرَثَت) یَدُہٗ: کھال کا کھردرا ہونا' پھٹ
جانا۔
(الشَّرثُ): دھاردار تلوار وغیرہ۔
(شَرَجَ)الشیَٔ ــُـ شَرجًا: اجزاء کو باہم ملانا۔
-اللَّبِنَ و نَحوَہٗ: اینٹوں کو تہ بہ تہ لگانا۔
-العَیبَۃَ: بھس وغیرہ کی جالی یا تھیلے کے منہ کو
ڈورے سے کس کر باندھنا۔
-الشَّرَابَ بالماءِ: شراب یا شربت میں پانی
ملانا۔
(شَرِجَ)الجسمُ ــَـ شَرَجًا: جسم کا موٹا اور گٹھا
ہوا ہونا۔
(أشرَجَ)العَیبَۃَ و الخِبَاءَ: تھیلے یا خیمے کے
تسمے باندھنا۔
- صَدرَہٗ عَلی کَذا: دل میں کوئی بات
چھپانا۔

Marfat.com

(شَرَجَ) اچھی طرح جوڑنا' خوب ملانا۔
-الثَّوبَ: دور دور ٹانکے لگانا۔ بڑی سلائی لگانا
(انْشَرَجَ): دو ٹکڑے ہونا۔
(تَشَرَّجَ) اللَّحْمُ بالشَّحْمِ: ایک دوسرے میں داخل ہو جانا۔
(الشَّرْجُ): اوپر سے بہہ کر آنے والا نالہ (۲) گروہ' فرقہ' جماعت۔ کہتے ہیں: أصبحوا في هذا الأمرِ شَرْجَيْنِ: اس معاملہ میں دو گروہ ہو گئے (ج) شِراجٌ۔
(الشَّرَجُ): خیمہ یا بڑے تھیلے کا کاج نما پھندا جس میں ڈوری ڈال کر باندھتے ہیں (۲) دبر کا حلقہ۔
-شَرَجُ الوادي: وادی کا کشادہ حصہ (ج) أشْراجٌ۔
(الشَّرِيجُ): چیری ہوئی لکڑی کا ایک حصہ۔
-الشَّرِيجَانِ: ہر شے کے دو مختلف رنگ۔
(الشَّرِيجَةُ): کھجور کے پتوں کا بنا ہوا بڑا ٹوکرا (۲) کبوتروں کا بڑا پنجرا (ج) شرائجُ۔
(شَرْجَعَ) الخَشَبَةَ المُرَبَّعَةَ: حروف کند کرنا۔
(الشَّرْجَعُ): لمبا (۲) میت' جنازہ۔
(المُشَرْجَعُ): بہت لمبا۔
(شَرَحَ) اللحمَ - شَرْحًا: گوشت کی بوٹیاں بنانا۔
-الشيءَ: پھیلانا' وسعت دینا۔
-صدرَهُ بالأمرِ: دل مطمئن ہونا۔
-له کسی چیز کے لئے شرح صدر کروانا۔ قرآن مجید میں ہے
﴿فَمَنْ يُرِدِ اللّٰهُ أَنْ يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ﴾
-الكلامَ: کلام کو واضح کرنا' کلام کی تفسیر کرنا۔
(شَرَّحَ) اللحمَ: گوشت کی بوٹیاں بنانا۔
-الجُثَّةَ: پوسٹ مارٹم کرنا' علم طب میں تحقیق کے لئے لاش کی چیر پھاڑ کرنا۔
(انْشَرَحَ) لازم شرحَ: کھلنا' واضح ہونا۔ کہتے ہیں انشرحَ صَدْرُهُ لكذا: اس کا دل اس بات کے لئے کھل گیا۔

(التَّشْرِيحُ): عِلْمُ التَّشْرِيحِ: وہ علم جس کے ذریعہ اعضاء والے اجسام کو چیر پھاڑ کر ان کے گوشت کی طبی تحقیق اور معائنہ کیا جاتا ہے۔
(الشَّرِيحَةُ): باریک لمبا ٹکڑا' پارچہ (ج) شَرائحُ۔
(المَشْرَحَةُ): چیر پھاڑ یا پوسٹ مارٹم کی میز (۲) پوسٹ مارٹم کا کمرہ (محدثہ)
(شَرَخَ) الصبيُّ ـُ شُرُوخًا: بچہ کا جوان ہو جانا۔
-نابُ البعيرِ شَرْخًا: اونٹ کا دانت نکلنا۔ هُوَ شارِخٌ (ج) شَرْخٌ و شُرَّخٌ۔
(الشَّرْخُ): اصل (۲) رگ (۳) ہڈی کی ترخ' کریک (۴) دیوار کا شگاف (محدثہ)
(شَرَدَ) البعيرُ وغيرُه ـُ شُرُودًا و شِرادًا: اونٹ کا بھاگ جانا اور قابو میں نہ آنا۔
- عَنِ الطَّرِيقِ: راستہ سے ہٹ جانا۔ هو شاردٌ و شَرُودٌ۔
-فلانٌ: آوارہ ہو جانا۔
(أشْرَدَهُ): آواز کرنا (۲) شہر بدر کرنا۔
(شَرَّدَهُ): آوارہ کرنا۔
- القَوْمَ: منتشر کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَشَرِّدْ بِهِمْ مَنْ خَلْفَهُمْ﴾
(تَشَرَّدُوا) جدا ہونا' منتشر ہونا۔ کہتے ہیں: تَشَرَّدُوا فِي الأرضِ: وہ زمین میں پھیل گئے۔
(الشَّارِدُ) رجلٌ شاردُ العينِ: بد نظر آدمی جو دوسروں کی چیزوں میں کھویا رہتا ہو۔ هي شاردةٌ۔
- قصيدةٌ شاردةٌ: مشہور و معروف نظم (ج) شواردُ۔
-شواردُ اللغةِ: اجنبی و نامانوس الفاظ۔
(الشُّرُودُ) شُرُودُ الذِّهْنِ: آنے والے حالات و معاملات سے بے توجہی کی کیفیت' ذہنی انتشار (نئ)
(الشَّرِيدُ): آوارہ جس کا ٹھکانہ کوئی نہ ہو۔
(المتشرِّدُ): آوارہ ٹھوکریں کھاتے پھرنے
(۱۱۱۰۰)

(الشِّرْذِمَةُ): ٹکڑا' حصہ' قطعہ کہتے ہیں: شِرْذِمَةٌ مِنَ النَّاسِ: لوگوں کی چھوٹی جماعت۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿إِنَّ هٰؤُلَاءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيلُونَ﴾ (ج) شَرَاذِمُ کہتے ہیں: ثوبٌ شَرَاذِمُ و ثيابٌ شراذمُ: پھٹے پرانے کپڑے۔
(شَرَّ) فلانٌ ـُ شَرًّا و شِرَّةً: شر کی طرف مائل ہونا (۲) فساد مچانا۔
-فلانًا ـُ شَرًّا: بدنام کرنا' عیب لگانا۔
-الثَّوبَ او اللحمَ و نحوهما: کپڑے یا گوشت کو سکھانے کے لئے پھیلانا۔
(أشَرَّ) الشيءَ: پھیلانا' ظاہر کرنا۔ کہتے ہیں: أشَرَّ الثَّوبَ او اللحمَ و نحوهما: کپڑے یا گوشت وغیرہ کو سکھانے کے لئے پھیلانا' اسی سے ہے:
"وحتّٰى أشِرَّتْ بالأكفِّ المصاحفُ"
-فلانًا: کسی کو برا قرار دینا۔
(شَارَّ) فُلانًا: کسی سے جھگڑا کرنا۔
(الإشْرارَةُ): گوشت وغیرہ سکھانے کا کپڑا یا چٹائی (۲) سوکھے گوشت کا ٹکڑا (ج) أشارِيرُ۔
(الشَّرَارُ): چنگاریاں (۲) بجلی کا سوئچ وغیرہ دبانے سے نکلنے والی چنگاری۔ واحد: شرارةٌ (نئ)
(الشَّرَرُ): الشَّرارُ۔ واحد شَرَرَةٌ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿إِنَّهَا تَرْمِي بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ﴾
(الشَّرُّ): برائی اور خرابی' فساد (ج) شُرُورٌ
- رَجُلٌ شَرٌّ: برا اور شرارتی آدمی (ج) أشْرارٌ و شِرارٌ کہتے ہیں: هو شرُّ الناسِ وهي شرُّ الناسِ و شَرَّةُ الناسِ و شُرّاهُنَّ۔
(الشِّرَّةُ): تیزی۔ کہتے ہیں: اعوذ بالله من شرّة الغضب (۲) پھرتی' چستی۔ کہتے ہیں للشباب شِرَّةٌ۔
(الشِّرِّيرُ): بہت زیادہ شر والا۔
(شَرَزَ) الشيءَ ـِ شَرْزًا: کاٹنا۔
(أشْرَزَهُ) اللّٰهُ: مصیبت میں پھنسانا۔
(شَارَزَهُ): دشمنی رکھنا' جھگڑا کرنا۔

Marfat.com

(شَرَّزَهٗ): سزا دینا (۲) گالی دینا۔
-الشَّیْءَ: اجزاء کو جوڑنا۔
(الشَّرْزُ): برائی، شر (۲) موٹاپا (۳) سختی و قوت (۴) سخت و مضبوط۔ کہتے ہیں: عَذَّبَهُ اللّٰهُ عذاباً شرزاً۔
(المُشَارِزُ): بد اخلاق (۲) سخت مزاج، لڑاکا۔
(شَرَسَ) الجلدَ ـُ شَرْسًا: رگڑنا، ملنا۔
-صاحبَهٗ: اپنی ساتھی سے سخت کلامی کرنا۔
-الدَّابَّةَ: جانور کو سدھانا۔
(شَرِسَ) ـَ شَرَسًا و شَرَاسَةً: بداخلاق اور جھگڑالو ہونا۔ کہتے ہیں: شَرِسَ خُلُقُه و شَرِسَتْ نفسُه هو شَرِسٌ و اشرسُ وهي شرِسَةٌ و شَرْساءُ (ج) شُرُسٌ۔
(شَرُسَ) ـُ شَرَاسَةً: شَرِسَ هو شَرِيْسٌ و هي شريسةٌ۔
(شَارَسَه) مُشَارَسَةً و شِرَاسًا: تنگ کرنا، بد سلوکی کرنا۔
(تَشَارَسَ) القومُ: باہم دشمنی اور مخالفت رکھنا۔
(الإِشْرَاسُ): گوند، سریش، چپکانے کا مادہ۔
(الشِّرَاسُ): سریش، چپکانے کا مادہ۔
(الشَّرِيْسُ): بد اخلاق (۲) جھگڑالو، لڑاکا (۳) بےمزہ چیز۔
(الشُّرْسُوْفُ): پیٹ سے ملا ہوا پسلیوں کا کنارہ (ج) شَرَاسِيْفُ۔
(شَرْشَرَ) الماءُ و نَحْوُهٗ: پانی وغیرہ کا ٹپکنا۔
-السكّينَ و نحوَها: دھار دار بنانا (۲) دندانے بنانا (محدثہ)
-الشيَ: منہ سے کاٹ کر پھینک دینا۔
(الشَّرَاشِرُ): بازوؤں کے کنارے (۲) پورا بدن۔ واحد: شُرْشُرَةٌ۔ کہتے ہیں: القى عليه شَرَاشِرَهٗ: کسی پر اپنا سارا بوجھ اور سارے غم ڈال دینا۔
(الشَّرْشَرُ) شِوَاءٌ شَرْشَرٌ: ایسا بھنا ہوا گوشت جس سے روغن ٹپکتا ہو۔
(الشَّرْشَرَةُ): چھوٹی درانتی (مو)

(الشُّرْشُرَةُ): ٹکڑا، حصہ، قطعہ (ج) شَرَاشِرُ۔
(الشُّرْشُوْرُ): چڑیا جیسا ایک چھوٹا پرندہ۔
(شَرَطَ) الجلدَ و نحوهٗ ـِ ـُ شَرْطًا: پھاڑنا، چیرنا، نشتر لگانا۔
-له امرًا: شرط کا پابند ہونا۔
-عليه امرًا: لازم کرنا، شرط کا پابند کرنا۔
(شَرِطَ) فلانٌ ـَ شَرَطًا: کسی اہم کام میں پڑنا۔
(أَشْرَطَه): نشانی یا علامت لگانا۔
-نَفْسَه لِكَذا: خود کو کسی کام کے لئے مقرر و تیار کرنا۔
-نَفْسَه و مَالَه فِي كَذا: کسی کام کے لئے اپنا جان و مال پیش کرنا۔
-الرَّسُوْلَ إِلَى فلانٍ: کسی طرف بعجلت قاصد بھیجنا۔
- فلانًا لعملٍ كذا: کام مہیا کر کے اس پر لگانا۔
(شَارَطَه) عَلَى كَذا: کسی سے کسی بات کی شرط لگانا۔
(اشْتَرَطَ) عليه كذا: کسی سے شرط لگانا۔
-القومُ كذا: لوگوں کا باہم کوئی علامت مقرر کرنا۔
(تَشَارَطَا) عَلَى كذا: باہم شرط لگانا۔
(تَشَرَّطَ) فِي عَمَلِه: کام میں مہارت اور عبور دکھانا۔
(الشَّرْطُ): بیع وغیرہ میں لزوم و پابندی کی لگائی جانے والی قید جس کی پابندی ضروری ہو ۲) فقہ اسلامی کی روشنی میں وہ قید جس کے بغیر کوئی چیز مکمل نہ ہو لیکن اس کی حقیقت سے خارج ہو (۳) نحویوں کے نزدیک ایک بات کا بذریعہ حرف شرط دوسری بات پر موقوف و منتج ہونا۔ أَدَوَاتُ الشَّرْطِ: وہ الفاظ جو کلام عرب میں شرط کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے اِنْ و مَنْ و مہما وغیرہ (ج) شروطٌ۔
(الشَّرَطُ): علامت نشانی (ج) أَشْرَاطٌ قرآن مجید میں ہے: ﴿فقد جاءَ اشراطها﴾

-الشَّرَطَانِ: دو ستارے جن کو قرنا الحمل کہا جاتا ہے اور بہار کے شروع میں ظاہر ہوتے ہیں۔
(الشُّرْطَةُ): پولیس۔ واحد: شُرْطِيٌّ و شُرَطِيٌّ۔
- صاحبُ الشُّرْطَةِ: پولیس افسر۔
(الشَّرِيْطُ): تسمہ، ٹیپ، فیتا۔ (۲) چراغ وغیرہ کا فتیلہ (مو) (۳) مضبوط بٹی ہوئی رسی (۴) زنانہ پرس جس میں وہ خوشبو وغیرہ رکھتی ہیں۔
-شريطُ القياس: پیمائش کا گز یا فیتہ۔
(الشَّرِيْطَةُ): الشَّرْطُ (ج) شَرَائِطُ۔
(المِشْرَطُ) و (المِشْرَطَةُ): نشتر، کھال چیرنے کا اوزار (ج) مَشَارِطُ۔
(شَرَعَ) الوَارِدُ ـَ شَرْعًا: منہ لگا کر پانی پینا۔
- المَنْزِلُ: گھر کا راستہ کے قریب ہونا، لب سڑک مکان بنانا۔
- فلانٌ يفعل كذا: کسی کام کو شروع کر دینا۔
-الشيَ: بلند کرنا، ظاہر کرنا۔
-الدِّيْنَ: مذہب کا طریقہ بتلانا، وضاحت کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿شَرَعَ لَكُمْ مِنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِه نُوْحًا﴾
-الأَمْرَ: قانونی شکل دینا۔
-الطَّرِيْقَ: راستہ ہموار کرنا۔
-البابَ: کھلے راستہ پر دروازہ بنانا۔
(أَشْرَعَ) الشيَ: بلند اور واضح کرنا۔
-نَحْوَهُ الرُّمْحَ: کسی کی طرف نیزہ تاننا۔
-الطَّرِيْقَ: راستہ ہموار کرنا۔
-النَّافِذَةَ إِلَى الطَّرِيْقِ: راستہ کی طرف کھڑکی کھولنا۔
الدَّابَّةَ: جانور کو پانی پلانا۔
(شَرَّعَ): شَرَعَ کا مبالغہ۔
-البَيْتَ: گھر کو اونچا بنانا۔
-الطَّرِيْقَ: راستہ ہموار کرنا۔
-السَّفِينةَ: کشتی میں بادبان لگانا۔
(اشْتَرَعَ) الشريعةَ: شریعت جاری کرنا (۲) شریعت پر عمل کرنا۔
-شِرْعَةَ فلانٍ: کسی کی اتباع کرنا۔
(الأَشْرَعُ): أَنْفٌ أَشْرَعُ: بلند بانسے والی

Marfat.com

ناک۔
(التَّشْرِیْعُ): قانونی سازی۔
(الشَّارِعُ) فِی الشَّیْءِ: شروع کرنے والا (۲) شریعت ساز، قانون ساز (۳) شارعٗ بڑی سڑک۔
(الشِّرَاعُ): کشتی کا بادبان (ج) أَشْرِعَةٌ و شُرُعٌ۔
(الشَّرَّاعَةُ): دروازہ یا کھڑکی کے اوپر بنا ہوا روشندان (محدثہ)
(الشَّرْعُ): راستہ، طریقہ (۲) شریعت، اللہ تعالیٰ کا مقرر کردہ راستہ۔ کہتے ہیں: النَّاسُ فی هذا شَرْعٌ وَاحِدٌ: اس سلسلہ میں لوگ ایک راہ پر قائم ہیں۔
(الشَّرْعُ): برابر۔ کہتے ہیں: نَحْنُ فِیْ هٰذَا شَرْعٌ ہم اس میں برابر ہیں۔
(الشِّرْعُ): مانند، مثل۔ جیسے هما شِرْعانِ (۲) کمان یا سارنگی کا تانت۔
(الشَّرْعَةُ): چھپر، سائبان (ج) أَشْرَاعٌ۔
(الشِّرْعَةُ): راستہ (۲) سیدھا راستہ۔ قرآن مجید میں ہے ﴿لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا﴾
(الشَّرِيْعَةُ): شریعت، وہ عقائد و احکام جو اللہ تعالیٰ نے بندوں کے لئے مقرر کیے ہیں (۲) راستہ، طریقہ۔ قرآن مجید میں ہے ﴿ثُمَّ جَعَلْنَا عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْأَمْرِ فَاتَّبِعْهَا﴾ (۳) پانی کا گھاٹ جہاں بغیر ڈول و رسی کے پانی پیا جائے (۴) دہلیز، چوکھٹ۔
(الْمَشْرَعَةُ) پانی کا راستہ (ج) مَشَارِعُ۔
(الْمَشْرُوْعُ) شرعاً جائز اور حلال (۲) منصوبہ، پروگرام، اسکیم (مو) (ج) مشروعات۔
(شَرُفَتِ) الدَّابَّةُ - شُرُوْفًا جانور کا بوڑھا ہو جانا۔
- علی الشیءِ شَرَفًا اوپر سے دیکھنا۔
- الحائطَ دیوار پر خوبصورتی کے لئے کنگورہ بنانا۔
(شَرُفَ) المکانُ - شَرَفًا اونچا ہونا۔

- الرَّجُلُ: بلند رتبہ اور باعزت ہونا۔ هو شَرِيفٌ (ج) شُرَفَاءُ و أَشْرَافٌ وهُنَّ شَرَائِفُ۔
(أَشْرَفَ) الشیءُ: بلند اور اونچا ہونا۔
- علیه: اوپر سے جھانکنا (۲) نگرانی اور انتظام کرنا (۳) قریب ہونا۔ جیسے أَشْرَفَ المریضُ عَلَى الموتِ (۴) شفقت کرنا۔
- الشیءُ له: ممکن کرنا، قابو میں آنا۔
- المِرْقَاةَ: سیڑھی پر چڑھنا۔
(شَارَفَه): عزت و برتری میں کسی سے مقابلہ کرنا۔
- الشیءَ: کسی شے کو اوپر سے دیکھنا (۲) قریب ہونا۔
(شَرَّفَ) البناءَ: عمارت میں خوبصورتی کے لئے کنگورے اور گیلریاں بنانا۔
- فُلانًا: عظمت دینا، عزت بخشنا۔
(تَشَرَّفَ) البناءُ: عمارت کا کنگورے والی ہونا۔
- الرَّجُلُ: عزت و بزرگی حاصل کرنا۔
- للشَّیْءِ: نظر اٹھا کر دیکھنا۔
- للفتنةِ: فساد کی لپیٹ میں آنا۔
- الشیءَ: پیشانی پر ہاتھ رکھ کر کسی شے کو نگاہ اٹھا کر دیکھنا۔
- المِرْقَاةَ و علیها: سیڑھی چڑھنا۔
(اِسْتَشْرَفَ): بلند اور اونچا ہونا، سیدھا ہونا۔
- للشیءِ: کسی چیز کا نشانہ بننا۔
- الشیءَ: نگاہ اٹھا کر دیکھنا۔
(أَشْرَافُ) الوجهِ: ناک اور کان۔
(الشَّارِفُ) مِنَ الدَّوَابِّ: بوڑھا جانور (ج) شَوَارِفُ و شُرَّفٌ (۲) پرانی اور بوسیدہ چیزیں۔
(الشَّارُوْفُ) جھاڑو (مع) (ج) شَوَارِيْفُ
(الشُّرَافَةُ) وہ علامتی اشیاء جو کسی چیز کو نمایاں کرنے کے لئے لگائی جائیں جیسے آؤٹ لائن وغیرہ۔
(الشَّرَفُ) بلند جگہ جہاں سے ارد گرد کی چیزیں دکھائی دیں کہتے ہیں هُوَ عَلَى شَرَفٍ

مِنْ کذا: وہ اس کے سامنے ہے (۲) سربلندی و عظمت (بعض کے نزدیک صرف خاندانی عظمت کے ساتھ خاص ہے) (ج) أَشْرَافٌ۔
(الشُّرْفَةُ): بلند جگہ (۲) اندرون عمارت چھجا، شہ نشین (۳) بالکنی، گیلری، کنگورہ (ج) شُرَفٌ۔
(الْمَشَارِفُ) مَشَارِفُ الْأَرْضِ: زمین کے بلند حصے۔ واحد: مَشْرَفٌ۔
- مَشَارِفُ العراقِ و مشارفُ الشامِ و مَشَارِفُ الیَمَنِ: اطراف و جوانب کی بستیاں جو بلندی پر قائم ہیں۔
(الْمَشْرَفِیُّ): تلوار جو مشارف شام وغیرہ سے حاصل کی جائے۔
(شَرَقَتِ) الشمسُ - شَرْقًا و شُرُوْقًا: سورج طلوع ہونا۔
(شَرِقَ) المکانُ - شَرَقًا: کسی جگہ دھوپ پڑنا۔
- الشیءُ: خلط ملط ہونا، ملا جلا ہونا۔
- لونُه: رنگ سرخ ہو جانا۔
- البَلَحُ: کھجور سرخ ہو گئی۔
- وَجْهُه: شرمندگی کی وجہ سے چہرہ سرخ ہو جانا۔
- الدَّمُ بجسدِه: خون ظاہر ہونا (لیکن بہانہ ہو)
- فلانٌ بالماءِ: حلق میں پانی اٹک جانا۔
- بریقِه: لعاب کا گلے میں اٹک جانا۔
- الموضعُ بأَهْلِه: جگہ کا لوگوں سے بھر کر لوگوں سے تنگ ہو جانا۔
- الآلةُ: مشین کے ایندھن کا زیادہ ہو کر باہر بہنے لگنا (محدثہ)
- الارضُ: زمین کا پانی نہ ملنے کی وجہ سے خشک ہو جانا (مو) هو شَرِقٌ وهی شَرِقَةٌ۔
(أَشْرَقَتِ) الشَّمْسُ: سورج کا طلوع ہو کر زمین کو روشن کرنا۔
- الارضُ: زمین کا سورج کی روشنی سے روشن ہونا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَأَشْرَقَتِ الْأَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا﴾

Marfat.com

-وجهُهٗ: چہرے کا حسن سے چمک اُٹھنا۔
-البَلَحُ: کھجور پر سرخی آ جانا۔
-القومُ: طلوع آفتاب کے وقت میں داخل ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ فَأَتْبَعُوهُمْ مُشْرِقِينَ ﴾
-فلاناً: کسی کے حلق میں پانی پھنسانا۔
-الثَّوْبَ بالصِّبغِ: کپڑے کو اچھی طرح رنگنا۔
(شَرَّقَ): مشرقی جہت میں آ جانا۔
-وَجهُهٗ: چہرہ کا روشن ہونا۔
-الارضُ: زمین کا خشک اور قحط زدہ ہونا (۲) پانی روک دینے سے خشک ہو جانا۔
-اللحمَ: گوشت کے پارچے بنا کر دھوپ میں سکھانا۔
(انْشَرَقَتِ) القوسُ: کمان کا پھٹنا۔
(تَشَرَّقَ): طلوع کے وقت دھوپ تاپنے کے لئے دھوپ میں بیٹھنا۔
(الإشْرَاقُ): طلوع آفتاب (۲) نور معرفت جو غیر عالم محسوس سے کسی کے ذہن میں پیدا ہو (ع)
(التَّشْرِيقُ) ایامُ التَّشْرِيقِ: عید الاضحیٰ کے بعد ایام نحر کے تین دن (۲) عید کی نماز۔ حدیث میں ہے: (لاذبح الأبعد التشريق)۔
(الشَّارِقُ): سورج (۲) مشرقی گوشہ (ج) شُرُقٌ۔
-أحْمَرُ شارِقٌ: تیز سرخ۔
(الشَّرَاقِيُّ): (اہل مصر کے کلام میں) وہ زمین جس میں دریائے نیل کا پانی نہ پہنچتا ہو۔ جب یہ زمین سیراب ہو کر قابل کاشت ہو جاتی ہے تو اسے ریُّ الشَّراقِي کہتے ہیں (ع)
(الشَّرْقُ): سورج (۲) مشرق۔
-شجرةٌ شرقيةٌ: وہ درخت جس پر طلوع سے نصف نہار تک دھوپ پڑتی رہے۔
(الشَّرْقُ): سورج۔
-لحمٌ شَرْقٌ: بے چربی گوشت۔
(الشَّرَقَةُ): اچھو، گلے میں اٹکا ہوا پانی وغیرہ۔
(الشَّرِيقُ): مشرق (ج) شُرُقٌ۔
(المَشَارِقَةُ): مشرق کے رہنے والے۔ واحد: شُرُقِيٌّ۔
(المَشْرِقُ): مشرق، سورج نکلنے کی جہت (۲) جزیرہ عرب کے مشرق میں واقع اسلامی ممالک (ج) مَشَارِقُ۔
(المَشْرِقَانِ): مشرق و مغرب۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ يَالَيْتَ بَيْنِي وَ بَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ ﴾
(المِشْرِيقُ): دروازہ کی اوٹ سے داخل ہونے والی روشنی (۲) دروازہ کی اوٹ جھری (ج) مَشَارِيقُ۔
(شَرِكَتِ) النَّعْلُ ـَ شَرَكاً: جوتے کا تسمہ ٹوٹ جانا۔
-فلاناً فِي الْأَمْرِ شِرْكاً و شَرِكَةِ و شِرْكَةً: کسی کے ساتھ شریک ہونا اور ہر ایک کا کام میں مقرر حصہ ہونا۔ هو شَرِيكٌ۔
(أشْرَكَه) في أمْرِهِ: شریک کرنا۔
-باللهِ: اللہ کا شریک ٹھہرانا' قرآن مجید میں ہے: ﴿يبني لا تشرك بالله﴾
-النَّعْلَ: جوتے میں تسمہ لگانا۔
(شَارَكَه): کسی کے ساتھ شریک ہونا۔ کہتے ہیں: فلانٌ يشارِكُ فِي عِلمِ كذا: فلاں کو اس بات کا علم ہے۔
(شَرَّكَ) بينهم: باہم شرکت کرنا۔
-النعلَ: جوتے میں تسمہ لگانا۔
(اشْتَرَكَ) الأمْرُ: کسی بات کا غیر واضح اور ملتبس ہونا۔
-فلانٌ فِي كذا: ممبر بننا (مقررہ اجرت دے کر فائدہ معلومہ حاصل کرنا) جیسے اشترك فِي الصحيفة أوفي السِّكّة الحديدية۔
-الرجلانِ: ایک دوسرے کا ساتھی و شریک ہونا۔
(تَشَارَكَا): باہم شریک ہونا۔
(الإشْتِرَاكِيَّةُ): ایک سیاسی اقتصادی نظام جس کے تحت حکومت وقت پیداوار کے تمام وسائل و منافع اپنے کنٹرول میں لے کر مخصوص منصوبہ بندی کے ساتھ مساویانہ طریقہ پر ان کو عوام میں تقسیم کرتی ہے (ع)
(الشِّرَاكُ): ہری گھاس کی ایک لائن (جو دوسرے سے جدا ہو) (۲) جوتے کا تسمہ جو پیر کے اوپر رہتا ہے (ج) شُرُكٌ و أشْرُكٌ۔
(الشِّرْكُ): حصہ (ج) أشْرَاكٌ (۲) عقیدہ شرک۔
(الشَّرَكُ): شکاری کا جال (ج) أشْرَاكٌ و شُرُكٌ۔
(الشَّرِكَةُ): شرکت' دو شخصوں کے درمیان مشترکہ کام میں حصہ داری کی معاہدہ۔
(المُشْتَرَكُ) رَجُلٌ مُشْتَرَكٌ: مغموم آدمی جو دل میں باتیں کرتا ہو۔
-لفظٌ مشتركٌ: زائد المعنی لفظ۔
-مالٌ أوْ أمْرٌ مُشْتَرَكٌ: وہ مال یا معاملہ جو مشترک ہو۔
(شَرَمَ) الشيءَ ـِ شَرْماً: کنارے سے کاٹنا۔
-الأنفَ و الأذنَ: تھوڑا سا اوپر کی جانب سے کاٹنا۔ هو مَشْرُومٌ و شَرِيمٌ۔
-له مِنْ مَالِهِ: تھوڑا سا مال دینا۔
(شَرِمَ) ـَ شَرَماً: پھٹنا' چرنا۔ هو أشْرَمُ وهي شَرْمَاءُ (ج) شُرْمٌ۔
(شَرَّمَه): پھاڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔
(انْشَرَمَ): پھاڑنا ٹکڑے کرنا۔
(تَشَرَّمَ): پھٹنا' ٹکڑے ہونا۔ جیسے تَشَرَّمَ الجلدُ: کھال کا پھٹنا اور تَشَرَّمَتْ نواحِي الكتاب: کتاب کے کنارے پھٹ جانا۔
(انْشَرَمَ): پھٹ جانا۔
(الشَّرْمُ): دیوار یا پہاڑ کی دراز جو آر پار نہ ہو (۲) سمندر کی خلیج۔
(شَرْنَقَه): کاٹنا۔
-الدُّوْدَةَ: کیڑے کا اپنے ارد گرد جال بنانا (محدثہ)
(الشَّرَانِقُ): سانپ کی کینچلی۔
(الشَّرْنَقَةُ): کیڑے کا خول (ایک باریک جال جو بعض کیڑے اپنے بچاؤ کے لئے جسم کے اوپر بنا لیتے ہیں) ریشم کا کیڑا بھی اسی قسم کا جال بنتا ہے (محدثہ)۔
(شَرِهَ) إِلَى الطعامِ و غيرهِ و عليه ـَ

Marfat.com

شَرِهًا: حریص ہونا' کھانے وغیرہ کا انتہائی خواہش مند ہونا۔ھو شَرِهٌ و شَرْهَانُ وهي شَرِهَةٌ و شَرْهَى۔

(شَرَاهُ)۔ شَرًى: بیچنا۔قرآن مجید میں ہے. ﴿وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ﴾ و﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْرِىْ نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاةِ اللّٰهِ﴾ (۲) خریدنا۔

-اللّٰهُ فلانًا: پتی اُچھلنے کی بیماری میں مبتلا کر دینا۔

(شَرِىَ) فِى الأَمرِ - شَرًى: حد سے بڑھنا' کسی کام پر لگے رہنا۔الگ نہ ہونا جیسے شَرِىَ الرَّجُلُ فِي غَضَبِهِ: وہ غصہ جس میں بے قابو ہو گیا اور شَرِىَ الفرسُ في سيرِهِ: گھوڑا مسلسل دوڑتا رہا۔

-البرقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔

-العَيْنُ بالدَّمْعِ: لگاتار آنسو ٹپکانا۔

- الشَّرُّ بَيْنَهُمْ: لڑائی زیادہ ہونا۔ فالشرُّ شَرِيٌّ۔

الجلدُ: کھال پر پتی اُچھلنا۔ھو شَرٍ۔

(أَشْرَتِ) الشَّجَرَةُ: پتوں کا زمین پر پھیلنا۔

-القومُ: لوگوں کا خرید وفروخت کرنے والوں کے مشابہ ہونا۔

-بين القومِ اختلاف پیدا ہونا۔

-الشئَ: جھکانا۔

-فلانًا بكذا ابھارنا' اکسانا۔

(شَارَاهُ) مُشَارَاةً و شِرَاءً: کسی سے خرید و فروخت کرنا (۲) کسی سے جھگڑتے رہنا۔

(اشْتَرَاهُ) خریدنا۔قرآن مجید میں ہے ﴿إِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنْفُسَهُمْ وَ أَمْوَالَهُمْ بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ﴾ و ﴿أُولٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدٰى﴾

(تَشَرّٰى) القومُ: منتشر ہونا' الگ الگ ہونا (۲) خریدار ہونا یا خارجیوں میں شامل ہونا۔

(اسْتَشْرٰى) پتی زیادہ اُچھلنا۔

-الشرُّ و الدّاءُ: فساد یا بیماری کا شدت اختیار کر لینا۔

(الشَّارِى) خریدار (۲) بیچنے والا' بائع (۳) اپنے نفس کو اللہ کی اطاعت کے لئے خاص کرنے والا (ج) شُرَاةٌ۔

-الشُرَاةُ: خارجیوں کا ایک فرقہ۔

(الشَّرٰى): پتی' خون کے جوش سے جسم پر ابھرنے والے سرخ دانے اور دپھڑیاں جن کی وجہ سے خارش اور تکلیف ہوتی ہے (۲) پہاڑ (۳) بہت شیروں والی جگہ۔ کہتے ہیں: هُمْ اَسَدُ الشَّرٰى: وہ بہادر اور جاندار ہیں (۴) گوشہ' کونہ (ج) أَشْرَاءٌ۔

(شَرْوَى) الشَّئِ: کسی چیز کی مثل' مشابہ۔ کہتے ہیں: وهو لا يَمْلِكُ شروى فقيرٍ: اس کے پاس کچھ نہیں۔

(الشَّرْىُ): اندرائن' حنظل (۲) گٹھلی سے اُگنے والا کھجور کا درخت۔واحد: شَرْيَةٌ۔

(الشِّرْيَانُ): وہ رگ جس کے ذریعہ قلب سے خون نکل کر جسم میں پھیلتا ہے۔متحرک رگ جس میں خون دوڑتا ہے (ع) (ج) شرايين۔

(الشَّرِيَّةُ) من النساءِ: لڑکیاں جننے والی عورت۔

(المُشْتَرِى): سب سے بڑا سیارہ' مشتری۔ پرانے زمانے میں لوگ اسے بھی ایک معبود مانتے تھے۔

ش.......ز

(شَزَبَ) الحيوانُ - شُزُوبًا: کمزور اور لاغر ہونا۔

-المكانُ: کھردرا ہونا۔ھو شَازِبٌ۔ (ج) شُزَّبٌ وهي شازبةٌ (ج) شوازبُ۔

(شَزَّبَ) الحَيْوانَ: کمزور کرنا (۲) قابو میں کرنا' سدھانا۔

(الشَّزِيبُ): درخت کی غیر صاف شدہ ٹہنی (ج) شُزُوبٌ۔

(شَزَرَ) الحَبْلَ - شَزْرًا: رسی بٹنا' رسی کو بل دینا۔

- فلانًا و اليه: ترچھی نگاہ سے دیکھنا' غضب آلود نگاہوں سے دیکھنا۔

-بالسِّنَانِ: دائیں بائیں گھما کر نیزہ مارنا۔

(تَشَازَرُوا): ایک دوسرے کو ترچھی نگاہوں سے دیکھنا۔

(اسْتَشْزَرَ) الحَبْلُ: رسی کا بٹا ہوا ہونا۔ کہتے ہیں: استشزرتِ الغدائرُ: چوٹیاں گوندی گئیں۔

-الحَبْلَ: رسی کو بٹنا۔

(الشَّزْرُ): نفرت کی نگاہ' نگاہ حقارت۔غضب آلود نگاہ' خشمگیں نگاہ۔ کہتے ہیں: نَظَرَ إِلَيْهِ شَزْرًا۔

(شَزِنَ) - شَزَنًا: پھرتیلا اور چالاک ہونا (۲) کوشش کے بعد تھک جانا۔

(تَشَزَّنَتِ) الأَرْضُ: زمین کا سخت اور پھیلا ہوا ہونا۔

-الشئُ: سخت ہونا۔

-الأَمْرُ عَلَيْهِ: کام کا کسی کے لئے مشکل ہونا۔

-فِي الأَمْرِ: دشواری محسوس کرنا۔

-للأَمْرِ: تیار ہونا۔

-قِرْنَهُ: مقابل کو پچھاڑنا۔

-الشَّاةَ: بکری کو ذبح کرنے کے لئے لٹانا۔

(الشَّزَنُ): کھردری اور سخت زمین (۲) سخت مزاج (۳) گوشہ' کنارہ' جانب (۴) دوری' فاصلہ (ج) شُزُنٌ و شُزُونٌ۔

(الشُّزُنُ): گوشہ' کنارہ جانب۔

ش.......س

(شَسَعَ) الشئُ - شُسُوعًا: دور ہونا۔ کہتے ہیں: شَسَعَ فلانٌ عَنْ بَلَدِهِ وَ وَطَنِهِ۔

-بِفُلَانٍ: دور کرنا۔ھو شاسِعٌ۔ (ج) شُسَّعٌ وهي شَاسِعَةٌ (ج) شَوَاسِعُ۔

-النَّعْلَ شَسْعًا: جوتی میں تسمہ لگانا۔

(شَسِعَتِ) النَّعْلُ - شَسَعًا: تسمہ ٹوٹ جانا۔

(أَشْسَعَ) النَّعْلَ: تسمہ لگانا۔

-الشئَ: دور کرنا۔

(شَسَّعَ) النَّعْلَ: تسمہ لگانا۔

(الشِّسْعُ): چپل کا تسمہ (جس میں پیر کی انگلیاں رہتی ہیں) (ج) أَشْسَاعٌ و شُسُوعٌ۔

-مِنَ المكانِ: کنارہ' گوشہ' کہتے ہیں لَوْ

Marfat.com

بِشِسْعِ الْوَادِیْ أَوْ او بشسعِی الصّحراء: وہ وادی یا جنگل کے کناروں پر مقیم ہوئے۔
-من الْأَرْضِ: بچا تنگ زمین۔
-شِسْعُ المالِ: باقی ماندہ مال۔ کہتے ہیں: له شِسْعُ مَالٍ و رجلٌ شِسْعُ مَالٍ: مال کا اچھا منتظم۔
(الشِّسْفُ): سوکھی روٹی۔
(الشَّسِیْفُ): چیری ہوئی کچی کھجور (۲) گوشت جو سوکھنے کے قریب ہو۔

ش.........ش

(الشِّشْمُ): آنکھوں کا پاؤڈر جو بطور دوا یا برائے تقویت نگاہ استعمال کیا جاتا ہے (معرب فارسی اس کی اصل چشم عین)

ش.........ص

(شَصَبَ) العَیْشُ ـُ شَصِبًا: زندگی کا پریشان کن اور مشکل ہونا۔ ھو شَاصِبٌ
(شَصِبَ) المکانُ ـَ شَصَبًا: قحط زدہ ہونا۔
-الامرُ: سنگین ہونا۔ ھو شَصِبٌ۔
(الشِّصْبُ): قحط خشک سالی (ج) أَشْصَابٌ
(الشَّصِیْبَۃُ): سختی خشک سالی (ج) شَصَائِبُ
(شَصَرَ) الثّورُ ـُ شَصْرًا: بیل کا سینگ مارنا۔
-فُلَانًا بالرُّمْحِ: کسی کے نیزہ مارنا۔
-الشَّوْکَۃُ فُلَانًا: کانٹا چبھنا۔
-الثَّوْبَ: دور دور ٹانکے لگانا۔
(الشَّاصِرُ): ہرن کا بچہ جو طاقتور ہو کر حرکت کرنے لگا ہو یا وہ بچہ جو سینگ مارنے کے قابل ہوگیا۔
(الشَّاصِرَۃُ): تانیث الشَّاصِرِ (۲) درندوں کے شکار کا جال (ج) شَوَاصِرُ۔
(الشِّصَارُ): اونٹنی کے نتھنوں میں ڈالی جانے والی لکڑی۔
(الشَّصْرُ) مِنَ الظباءِ: الشَّاصِرُ۔
(شَصَّ) فلانٌ ـِ شَصًّا: دانتوں سے کسی چیز کو پکڑنا (۲) غصہ سے دانت کاٹنا۔
-النَاقَۃُ و نحوُھَا: اونٹنی کا کم دودھ دینا یا بالکل نہ دینا۔
-السَّنَۃُ: قحط سالی ہونا۔
-المَعِیْشَۃُ: گزر بسر دشوار ہونا۔ المَعِیْشَۃُ شَصُوْصٌ۔
-فلانًا عن الشیءِ ـُ شَصًّا: روکنا، باز رکھنا۔
(أَشَصَّۃُ) عَنِ الشَّیْءِ: روکنا، دور کرنا۔
(الشِّصُّ): ہوشیار چور (ج) شُصُوْصٌ۔
(الشِّصُّ): مچھلی کے شکار کا کانٹا۔
(الشَّصُوْصُ): کم دودھ دینے والی اونٹنی۔
-مِنَ السِّنِیْنَ: خشک سالی۔ (ج) شَصَائِصُ و شِصَاصٌ۔
(شَصَا) السحابُ ـُ شُصُوًّا: بلند ہونا۔
-القربۃُ: مشک کے کناروں کا پانی سے پھول جانا۔
-بَصَرُہٗ: نگاہ اٹھی رہ جانا۔
-عَیْنُہٗ: آنکھ کا اس طرح کھلا رہنا کہ گویا وہ دو چیزوں کو دیکھ رہا ہے۔
-المیّتُ شصُوًّا و شُصِیًّا: میت کا پھول کر ہاتھ پیر اوپر اٹھ جانا۔ ھو شاصٍ وھی شاصیۃٌ (ج) شَوَاصٍ۔
(أَشْصٰی) بصرَہٗ: نگاہ اٹھانا۔
(الشَّصْوُ): سختی و شدت (۲) مسواک۔

ش.........ط

(شَطَأَ) الزرعُ ـَ شَطْأً و شطوءًا: کھیتی کے خوشے نکلنا۔
-الاُمُّ بالوَلَدِ: بچہ جننا۔
-الرَّجُلُ: دریا کے کنارے پر چلنا۔
(أَشْطَأَ) الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشے نکلنا۔
-الشجرۃُ بغصُونِھا: درخت پر شاخیں نکلنا۔
-الوادِیْ: وادی کا دونوں کناروں سے بہنا۔
(شَاطَأَہٗ): کسی کے ساتھ کنارے پر چلنا اس طرح کہ ایک کنارے پر اور دوسرا دوسرے کنارے پر۔
(شَاطِئُ) النَّھْرِ والوادِیْ: دریا یا وادی کا کنارہ (ج) شواطئُ و شُطْآنٌ۔
(الشَّطْءُ): درخت کی شاخ (۲) کونپل ابتداء نمودار ہونے والا پتا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿کَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْأَہٗ﴾ (ج) شُطُوْءٌ و أَشْطَاءٌ (۲) وادی یا دریا کا کنارہ (ج) شُطُوْءٌ۔
(شَطَبَ) عنه ـُ شَطْبًا: اعراض کرنا، منہ موڑنا۔
-الأَدِیْمَ و نَحْوَہٗ: کھال کو چیرنا۔
-الکاتِبُ الکلمۃَ: کاٹنا، کسی لفظ یا عبارت کو کالعدم قرار دینا (مو)
-القاضِی الدَّعْوٰی: مقدمہ کو خارج کر دینا (یعنی کسی قانونی سقم کی بنا پر مقدمات کی فہرست سے نکال دینا)
(شَطَّبَ): مبالغہ شطب۔
-العملَ: کام کو ختم کرنا (مج)
-اللَّحْمَ: گوشت کے پارچے بنانا۔
-السَّیْفُ جسْمَہٗ: بدن پر تلوار کے نشان پڑنا۔
(انْشَطَبَ) الماءُ و غیرہٗ: پانی وغیرہ کا بہنا۔
(الشَّاطِبُ) طَرِیْقٌ شاطِبٌ: ٹیڑھا راستہ۔
- مکانٌ شاطِبٌ: دور دراز جگہ۔ رَمْیَۃٌ شَاطِبَۃٌ: خطا ہونے والا نشانہ۔
(الشُّطَبُ) شُطَبُ السَّیْفِ: تلوار پر دکھائی دینے والا دھاریاں۔ واحد شُطْبَۃٌ۔
(الشَّطْبُ): لمبا اور خوبصورت آدمی (۲) دفتری اصطلاح میں نشان حذف جو بجٹ میں مذکور مقررہ رقموں میں سے بعض پر لگایا جاتا ہے (مج)
(الشَّطْبَۃُ): کسی چیز کی کاٹی ہوئی لمبی پٹی (۲) وہ لکیر جو غلط یا ساقط کردہ لفظ پر کھینچی جائے (مو)
(الشَّطِیْبَۃُ): چمڑے کی لمبی پٹی (ج) شَطَائِبُ۔
(شَطَحَ) فی السَّیْرِ أَوْفِی القَوْلِ: مسلسل چلتے یا بولتے رہنا۔
(الشَّطْحَۃُ) لفلان الصوفیّ: فلاں صوفی کے مختلف احوال و اقوال ہیں۔
(شَطَرَ) الرَّجُلُ علی قومِہٖ ـُ شُطُوْرًا و

Marfat.com

شَطَارَةً: کسی کا اپنی قوم کو اپنی برائی اور خباثت سے تنگ کر دینا۔
-عَنِ الْقَوْمِ: ناراض ہو کر الگ ہو جانا۔
-الشَّیْءَ شَطْرًا: تقسیم کرنا (۲) آدھا آدھا کرنا۔
-الحَلُوْبَةَ: اونٹنی کے تھن کا ایک حصہ چھوڑ کر دوسرے سے دودھ نکالنا۔
(شَاطَرَهُ) الشیَٔ: کسی سے آدھا حصہ بانٹ کر لینا۔
(شَطَّرَ) الشیَٔ: نصف کرنا۔
-الشِعْرَ: ایک مصرع میں اپنی طرف سے دوسرا مصرع لگانا۔
(الشَّاطِرُ) بدکار، خبیث، مکار (۲) (صوفیاء کے نزدیک) اللہ تعالی کی طرف سبقت لے جانے والا بندہ (۲) سمجھدار نگران (ج) شُطَّارٌ۔
(الشَّطْرُ) نصف (۲) کسی چیز کا جز (ج) أشْطُرٌ و شُطُوْرٌ۔ کہتے ہیں: حَلَبَ الدَّهْرَ أشْطُرَهُ: وہ زمانہ کا اچھا برا دیکھے ہوئے ہے یعنی تجربہ کار ہے (۲) گوشہ، کنارہ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ (۳) شعر کا ایک مصرعہ۔
(الشَّطُوْرُ) ثوبٌ شَطُوْرٌ: وہ کپڑا جس کا ایک پلہ لمبا اور دوسرا چھوٹا ہو۔
(الشَّطِيْرُ) دور۔ جیسے بَلَدٌ شَطِيْرٌ و منزلٌ شطيرٌ (۲) اجنبی، پردیسی (۳) کسی چیز کا نصف (ج) شُطُرٌ۔
(الشَّطِيْرَةُ) دال بھری روٹی، کچوری، سموسا (ج) شطائر۔ (محدثہ)
(المَشْطُوْرُ) من الخُبْزِ: قیمہ یا دال بھری روٹی وغیرہ (۲) علم عروض کی ایک اصطلاح۔ وہ شعر جس کے نصف اجزاء حذف ہوں۔
(الشِّطْرَنْجُ) شطرنج، ایک کھیل۔ (یہ اصلاً ہندوستانی کھیل ہے) (دیکھئے الرقعة)
(شَطَّ) ـِ شُطُوْطًا و شَطَطًا: دور ہونا، کہتے ہیں شَطَّتِ الدَّارُ۔
-فِي الأَمْرِ: حد سے تجاوز کرنا (۲) کسی کام میں بڑھتے چلے جانا۔ کہتے ہیں۔ شَطَّ فِي الْمُسَاوَمَةِ: وہ بھاؤ تاؤ میں بہت آگے نکل گیا۔ شَطَّ عليه فِي حكمه شَطَطًا: ظلم کرنا۔
(أشَطَّ): دور کرنا یا ہونا۔ کہتے ہیں: أشَطَّ فِي الصحراءِ: جنگل میں دور نکل جانا اور أشَطَّ فِي السَّوْمِ: ایذا رسانی میں حد سے آگے نکل جانا۔
-فِي الطَّلَبِ: تلاش میں دور نکل جانا۔
-فِي حُكْمِهِ: فیصلہ میں زیادتی کرنا۔
(شَاطَّهُ): ظلم و زیادتی میں کسی سے آگے بڑھ جانا۔
(شَطَّطَ): بہت دور نکل جانا۔
(اشْتَطَّ): دور ہونا۔
-في حكمه: فیصلہ میں زیادتی کرنا۔
(الشِّطَاطُ): دوری (۲) قد و قامت کی خوشنمائی۔
(الشَّطُّ) دریا کا کنارہ (ج) شُطُوْطٌ و شُطَّانٌ۔
(شَطَفَ) عن الشیءِ ـُ شَطْفًا: الگ ہونا، دور ہٹنا۔
-في الثوب: دھونا (مو)
(الشَّطُوْفُ) نِيَّةٌ شَطُوْفٌ: دور دراز کا ارادہ۔
(الشُّطْفَةُ) ٹکڑا (ج) شُطَفٌ۔
(المَشْطُوْفُ): (علم ریاضی کے مطابق) جسم کے دو حصوں میں سے ایک جبکہ اسے برابر کاٹا گیا ہو اور کوئی ایک دوسرے کی کرسی کے لئے ساتر نہ ہو (مع)
(شَطَنَتِ) الدَّارُ ـُ شُطُوْنًا: دور ہونا۔
-عَنِ الدَّارِ: گھر سے دور ہونا۔
-صَاحِبَهُ شَطْنًا: ارادہ اور جہت میں مختلف ہونا۔
-الدَّابَّةَ: رسی سے باندھنا۔
(شَيْطَنَ) شیطان کی طرح ہونا (۲) شیطان جیسا عمل کرنا۔
(تَشَيْطَنَ) شَيْطَنَ۔
(أَشْطَنَهُ): دور کرنا۔
(الشَّطَنُ): جانور باندھنے یا پانی نکالنے کی لمبی رسی (ج) أشْطَانٌ۔
(الشَّطُوْنُ) بِئْرٌ شَطُوْنٌ: گہرا کنواں۔
-سَفَرٌ شَطُوْنٌ: لمبا سفر۔
-حَرْبٌ شطونٌ: گھمسان کی جنگ۔
(الشَّيْطَانُ): گمراہ کن شریر روح (۲) مفسد اور سرکش (۳) خطرناک سانپ کسی چیز کی مذمت بیان کرتے ہوئے کہا جاتا ہے: کانَّهُ وجهُ شيطان او رأس شيطان: قرآن مجید میں ہے: ﴿طَلْعُهَا كَأَنَّهُ رُءُوسُ الشَّيَاطِيْنِ﴾ کہتے ہیں: رَكِبَهُ شيطانُهُ: وہ غصہ سے پاگل ہو گیا۔
- نَزَعَ عنه شيطانُهُ: وہ بردبار اور سنجیدہ ہو گیا۔
-شيطانُ الفلاةِ: پیاس۔
-شيطانُ الشَّاعِرِ: زمانہ جاہلیت کے اعتقاد کے مطابق وہ جن جو شاعر کے دل میں شعر کا القا کرتا تھا۔
شاعر کا قول ہے:
"فان شيطاني أمير الجنّ"

ش......ظ

(شَظِفَ) الشجرُ ـَ شَظَفًا وَ شَظَافَةً: درخت کا کم پانی ملنے کی وجہ سے خشک ہو جانا۔
-العَيْشُ: زندگی کا تنگ اور سخت ہونا۔
-الخُلُقُ: اخلاق کا بگڑنا۔ هو شَظِيْفٌ
(الشِّظْفُ): جلی ہوئی روٹی (۲) کھونٹی جیسی چھوٹی لکڑی (ج) شِظْفَةٌ۔
(الشَّظَفُ) تنگی و سختی، ابن الرقاع کا شعر ہے:
ولقد اصبت من المعيشة لذة
ولقيتُ من شظفِ الامور شدادها
(ج) شِظَافٌ (۲) ناخن کی جڑ سے گوشت کی پھٹن۔
(شَظِيَ) العودُ و نحوُهُ ـَ شَظًى: لکڑی کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر پھٹنا۔
-القومُ: منتشر ہونا۔
-الفرسُ: گھوڑے کی گھٹنے کی ہڈی میں تکلیف ہونا۔ هو شَظٍ وهي شظية۔

Marfat.com

(أَشْظَاهُ): گھٹنے کی ہڈی میں تکلیف پیدا کرنا۔
(شَظّی) الشیئَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں پھاڑنا۔
-القومَ: شیرازہ بکھرنا۔
(تَشَظّی) العُوْدُ: لکڑی کے ٹکڑے ٹکڑے ہو کر اڑنا۔
- الصَّدَفُ عن اللُّؤْلُؤِ: موتی سے سیپ کا الگ ہو جانا۔
-القومُ: منتشر ہونا۔
(الشَّظٰی): گھٹنے کی باریک ہڈی۔ واحد: شظاۃ (۲) پچھلگو لوگ۔
(الشَّظِیَّۃُ): پنڈلی کی دو ہڈیوں میں سے ایک چھوٹی ہڈی (ج) (۲) کرچ۔ چھوٹا ٹکڑا، ریزہ، چورہ، برادہ۔ (ج) شظایا۔
-الشَّظایا: پسلیوں کے نچلے سرے۔

ش .... ع

(شَعَبَ) الشیءُ - شَعْبًا: متفرق ہونا۔
-الیه: مائل و مشتاق ہونا۔
-عنه: دور ہونا۔
- الشیئَ: متفرق کرنا، جدا کرنا (۲) جمع کرنا، جوڑنا (لغت اضداد میں سے ہے)
-الصَّدْعَ: شگاف کو بند کرنا۔
(شَعِبَ) الرَّجُلُ - شَعَبًا: مونڈھوں کے درمیان زیادہ فاصلہ والے ہونا۔
-الظَّبْیُ: دونوں سینگوں کے درمیان فاصلے والا ہونا۔ هو أشعبُ وهی شعباءُ (ج) شُعْبٌ۔
(أَشْعَبَ) الشیئَ: پھٹن کو درست کرنا۔
(شَعَّبَ) الزَّرْعُ: کھیتی میں شاخیں نکلنا۔
-الأمْرَ: شاخیں نکالنا۔
-الإناءَ و نحوَهُ: برتن کی مرمت کرنا۔
(انْشَعَبَ): بکھرنا، پھیلنا۔ کہتے ہیں: اِنْشَعَبَتْ أغصانُ الشجرۃ و انْشَعَبَ النَّهْرُ والطَّرِیْقُ (۲) شاخ دار ہونا۔
- عنه: دور ہونا۔ کہتے ہیں: انْشَعَبَ القولُ بصاحبه: متکلم کے کلام سے مختلف باتیں نکلیں۔
(تَشَعَّبَ): منتشر اور جدا ہونا۔

-الزَّرْعُ و نحوُهُ: شاخ دار ہونا۔
(أَشْعَبُ): مدینہ کا ایک آدمی جو عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کا غلام تھا اور لالچ میں ضرب المثل ہے۔ کہا جاتا ہے: اطمعُ من اشعب و طَمَعٌ أشْعَبِیٌّ۔
(الشَّعْبُ): لوگوں کا بڑا گروہ جو ایک باپ کی طرف منسوب ہو یہ قبیلہ سے زیادہ وسیع ہے (۲) لوگوں کی ایک بڑی جماعت جو کسی ایک سوشل نظام کے ماتحت ہو (۳) وہ بڑی جماعت جس کے تمام افراد کی زبان ایک ہو۔ کسی ملک کے عوام، پبلک (ج) شُعُوْبٌ۔
(الشِّعْبُ): دو پہاڑوں کے درمیان کھلی جگہ (ج) شِعَابٌ (۲) راستہ (۳) زمین کے نیچے پانی کی گزرگاہ۔
(شَعْبَانُ): آٹھواں قمری مہینہ شعبان۔
(الشُّعْبَۃُ): گروہ، حصہ، شاخ۔ فرقہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿إلی ظِلٍّ ذِی ثلاثِ شُعَبٍ﴾ (۲) برتن درست کرنے کا ٹکڑا (۳) درخت کی شاخ (ج) شُعَبٌ و شِعَابٌ۔
- الشُّعَبُ: انگلیاں (۲) انگلیوں کی طرح مشین کے نکلے ہوئے کونے یا شاخیں (ج) شُعَبٌ۔
-شُعَبُ السَّفُّوْدِ: سیخ کے دندانے۔
-شُعَبُ شَوْکَۃِ الطعامِ: کھانے کے کانٹے کی نوکیں یا دندانے۔
-شُعَبُ الدَّهْرِ: حوادثاتِ زمانہ۔
-مَسْألۃٌ کثیرۃُ الشُّعَبِ: کثیر الفروع مسئلہ۔
- شُعَبُ الصَّدْرِ: پھیپھڑوں میں سانس کی نالیاں۔
-النَّزْلَۃُ الشُّعَبِیَّۃُ: کھانسی۔
(شَعُوْبُ): موت (اسم علم بلا تنوین) کہتے ہیں: شَعَبَتْهُ شَعُوْبُ: اسے موت آگئی۔
(الشُّعُوْبِیَّۃُ): ایک نظریہ جو عہد عباسی میں ظہور پذیر ہوا اس نظریہ کے قائلین کے نزدیک عربوں کو غیر عربوں پر کوئی فوقیت حاصل نہیں۔ اس نظریہ کے قائل کو شعوبی کہا جاتا ہے۔
(الشُّعَیْبَۃُ): کھانسی (مع)

(المِشْعَبُ): برتن میں سوراخ کرنے کا اوزار، برما (ج) مَشَاعِبُ۔
(شَعْبَذَ) شَعْبَذَۃً: شعبدہ باز ہونا۔ (حواس کو دھوکہ دے کر اور نظر بندی کر کے کسی چیز کو اس کی حقیقت کے برخلاف دکھانا) (۲) باطل کو حق بنا کر پیش کرنا۔ هو مُشَعْبِذٌ۔
(شَعِثَ) الشَّعْرُ - شَعَثًا و شُعُوْثَۃً: بالوں کا بکھرا ہوا اور غبار آلود ہونا۔ کہتے ہیں: شَعِثَ فلانٌ و شَعِثَ رأسُه و بَدَنُه۔ هو أشْعَثُ وهی شَعْثَاءُ (ج) شُعْثٌ۔
-الأمْرُ: منتشر اور دگرگوں ہونا۔
(شَعَّثَ) مِنَ الشیءِ: کچھ لینا۔
-مِنْ [illegible]: نظر انداز کرنا، چشم پوشی کرنا (۲) عیب نکالنا۔
-الشَّاعِرُ: شعر میں تشعیت کرنا۔ (تشعیب علم عروض کی ایک اصطلاح ہے)
-الشیئَ: جدا و منتشر کرنا۔
(تَشَعَّثَ): جدا و متفرق ہونا (۲) نوک یا کنارہ خراب ہونا۔ جیسے تَشَعَّثَ رأسُ الوَتِدِ والمِسْوَاكِ۔
-الشَّعْرُ: بکھرنا، پراگندہ ہونا۔
-القومُ: لوگوں کا منتشر ہونا۔
(الأَشْعَثُ): میخ (۲) مسواک۔
(الشَّعَثُ): بکھرے ہوئے اجزاء، پراگندگی۔ کہتے ہیں: لَمَّ اللّٰهُ شَعَثَه: اللہ نے اس کا حال درست کر دیا۔
(التَّشْعِیْثُ): فاعلاتن کو بحر خفیف اور مجتث میں مفعولن کر دینا۔ یعنی اس کے وتد کے ایک متحرک کو حذف کر دینا۔
(شَعْوَذَ) شَعْوَذَۃً: شَعْبَذَ هو مُشَعْوِذٌ۔
(المُشَعْوَذُ): جادو زدہ، شعبدہ سے متاثر۔
(شَعَرَ) فلانٌ ـُ شِعْرًا: شعر کہنا۔
-له: کسی کو شعر سنانا یا کسی کے لئے شعر کہنا۔
-به شُعُوْرًا: محسوس کرنا، سمجھنا۔
-فلانًا: شاعری میں کسی پر غالب آنا۔
- الشیئَ شَعْرًا: کسی چیز کے نیچے بال لگانا۔ جیسے شَعَرَ الخُفَّ و المِیْثَرَۃَ: موزے یا بارش

Marfat.com

پر بال لگانا۔

(شَعِرَ) ـَ شَعَرًا: لمبے اور گھنے بالوں والا ہونا۔ ھو أَشْعَرُ وھی شَعْراءُ (ج) شُعْرٌ وھو شَعِرٌ۔

(شَعُرَ) فلانٌ ـُ شِعْرًا: شعر گوئی میں ماہر ہونا۔

(أَشْعَرَ) الغلامُ و الجاریةُ: لڑکے یا لڑکی کے مراہقت کے وقت بال نکل آنا۔

-القومُ: قوم کا اپنے لئے علامتِ امتیاز بنانا۔

-الشیئَ الشیئَ: کسی چیز کے ساتھ چپک جانا' خلط ملط ہو جانا۔

-الامرَ: مشہور کرنا' پھیلانا۔

-فُلانًا: تحتانی لباس پہنانا۔

-فلانًا الأَمرَ و بالأَمرِ: سکھانا' بتانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَمَا يُشْعِرُكُمْ أَنَّهَا إِذَا جَاءَتْ لَا يُؤْمِنُونَ﴾

(شَاعَرَهُ): کسی سے شعر و شاعری میں مقابلہ کرنا۔

(شَعَّرَ) الشیئَ: کسی چیز کے نیچے بال لگانا۔

(تَشَاعَرَ): شاعر ہونے کا دعویٰ کرنا۔

(اِسْتَشْعَرَ) القومُ: جنگ میں اپنی امتیازی علامت سے ایک دوسرے کو پکارنا۔

-الثوبَ: کپڑے کو تحتانی لباس بنا کر پہننا۔

-الخوفَ: ڈر محسوس کرنا۔ کہتے ہیں: اِسْتَشْعَرَ خَشْيَةَ اللهِ۔

(الأَشْعَرُ): ناخنوں کے نیچے کا گوشت (ج) شُعْرٌ و أَشاعِرُ۔

-أَشْعَرُ الرَّقَبَةِ: مضبوط گردن والا۔

(الأَشْعَرِيَّةُ): متکلمین کا ایک فرقہ جو ابوالحسن اشعری کی طرف منسوب ہے اور معتزلہ کے افکار و عقائد کے خلاف ہے۔

(الشَّاعِرُ): شاعر' شعر کہنے والا۔ (ج) شُعَراءُ۔

-شِعْرٌ شَاعِرٌ: عمدہ شعر۔

(الشَّعَارُ): گھنا درخت (۲) درختوں والی جگہ۔

(الشِّعَارُ): تحتانی کپڑا' بدن سے لگا ہوا کپڑا (۲) ملک یا کسی جماعت کا امتیازی نشان (۳) نعرہ (ج) أَشْعِرَةٌ۔

(الشَّعَرُ): بال (۲) نبات' پودا۔ (ج) أَشْعَارٌ و شُعُورٌ۔ واحد: شَعَرَةٌ۔

(الشِّعْرُ): شعر' وہ کلام جو بالقصد مقفیٰ اور موزون ہو (۲) مناطقہ کے یہاں ایسے خیالی امور کے مرکب کا نام ہے جس سے ترغیب و ترہیب مقصود ہوتی ہے جیسے عربوں کا مقولہ ہے: الخمرُ یاقوتةٌ سیّالةٌ والعسلُ قیءُ النَّحلِ۔

-الشِّعْرُ المنثورُ: سجع اور بلیغ کلام جو تخیل اور اثر انگیزی میں شعر کی طرز پر ہو لیکن وزن ملحوظ نہ ہو کہا جاتا ہے لَيْتَ شعری ماصَنَعَ فلانٌ: کاش مجھے معلوم ہوتا اس نے کیا کیا ہے؟ (ج) أَشْعَارٌ۔

(الشِّعْرَى): سخت گرمی میں طلوع ہونے والا ایک روشن ستارہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَأَنَّهُ هُوَ رَبُّ الشِّعْرَى﴾ یہ دو ستارے ہیں: الشِّعْرَى العبورُ والشِّعْرَى الغمیصاء

(الشَّعْرَاءُ): پوستین' چرمی کرتا (۲) بہت درختوں والی زمین۔

- داھیةٌ شَعْرَاءُ: سخت اور بڑی مصیبت۔ نامناسب بات کرنے والے کو کہا جاتا ہے: جئتَ بها شعراء ذاتَ وَبَرٍ۔

(الشَّعْرَانِيُّ): لمبے اور گھنے بالوں والا۔

(الشَّعْرَةُ): واحد الشعر (۲) (علم رمد کے مطابق) پلکیں پلٹ جانے کی بیماری۔

(الشُّعْرُورُ): معمولی درجہ کا شاعر۔

(الشَّعْرِيَّةُ): سویاں (محدثہ)

(الشُّعُورُ): جو چیز بغیر دلیل کے حاصل ہو' حس' احساس (۲) وہ نفسیاتی علم جو خود اپنی ذات یا ماحول کے متعلق بذریعہ عقل حاصل ہو' شعور اس کی تین صورتیں ہیں۔ ادراک' وجدان' رجحان۔

(الشَّعِيرُ): جو (اناج کی ایک قسم) کہاوت ہے: (فلانٌ كالشعيرِ يُؤْكَلُ و يُذَمُّ) معمولی آدمی کے بارے میں جس سے کام لیا جاتا ہے' مگر اس کی تحقیر بھی کی جاتی ہے۔

(الشَّعِيرَةُ): وہ مذہبی عمل جس کا شریعت نے حکم دیا ہو۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَمَنْ يُعَظِّمْ شَعَائِرَ اللهِ فَإِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوبِ﴾ (۲) حج میں قربانی کا جانور جو اللہ کے گھر بھیجا جائے۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحِلُّوا شَعَائِرَ اللهِ﴾ (۳) علامت' نشانی۔

(المَشَاعِرُ) مَشَاعِرُ الحجِ: مناسکِ حج' حج کے اعمال۔

(المَشْعَرُ): گھنا درخت (۲) مناسب حج ادا کرنے کی جگہ۔

-المَشْعَرُ الحرامُ: مزدلفہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَاذْكُرُوا اللهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ﴾ (۳) حاسہ' درخت کے نیچے سایہ کی جگہ (ج) مَشَاعِرُ۔

(شَعْشَعَ) الضوءُ: ہلکی روشنی پھیلنا۔

-الشَّرابَ و نَحوَهُ: شراب یا شربت وغیرہ میں تھوڑا سا پانی ملانا۔

-الثَّرِيدَ و نَحوَهُ: ثرید وغیرہ میں روغن کی زیادتی کرنا۔

(تَشَعْشَعَ) الضَّوءُ: روشنی پھیلنا۔

-الشَّهرُ: مہینہ کا اکثر حصہ گزر جانا۔

(الشَّعْشَاعُ): متفرق' منتشر۔ ظِلٌّ شَعْشَاعٌ: وہ سایہ جس میں جگہ جگہ روشنی کے دھبے دکھائی دیں (۲) خوبصورت اور پھرتیلا آدمی۔

(الشَّعْشَعُ): الشَّعْشَاعُ۔

(شَعَّ) الشیئُ ـِ شَعًّا: متفرق و منتشر ہونا' پھیل جانا۔

-فلانٌ: جلدی کرنا۔

-الماءُ ـُ شَعًّا: پانی بہانا۔

(أَشَعَّتِ) الشمسُ: سورج کا اپنی کرنیں بکھیرنا۔

-النارُ: آگ کا روشن اور گرم ہونا۔

-السنبلُ: خوشہ کا بیجوں سے بھر جانا۔

-الزرعُ: کھیتی میں خوشے نکلنا۔

-الماءَ: پانی کو ادھر ادھر ڈالنا۔

Marfat.com

(الإشعَاعُ): فضا یا کسی جگہ مہروں کی شکل میں توانائی کی پھیلی ہوئی تابکاری (ج)
(الأشِعَّةُ السِّينِيَّةُ): تیز رفتار الیکٹرونکس کے تصادم سے پیدا ہونے والی مقناطیسی کہربائی شعاعیں۔ جنہیں ان کی سمت متعین کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔
(الأشِعَّةُ الكَوْنِيَّةُ): فضا خارجی سے زمین پر پہنچنے والی تیز شعاعیں (ج)
(الشَّعَاعُ): متفرق و منتشر۔ کہتے ہیں: دَمٌ شَعَاعٌ - ذَهَبَتْ نَفْسُهٗ اَوْ قلبُهٗ شَعَاعًا: اس کی دل پریشان اور ذہن منتشر ہوگیا۔
-ذَهَبُوْا شَعَاعًا: وہ ادھر ادھر چلے گئے۔
-تَطَايَرَتِ العَصَا شعاعًا: لاٹھی ٹوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہوگئی۔
-شَعَاعُ السُّنبلِ: خوشہ کا خشک کانٹا۔
(الشُّعَاعُ): سورج یا روشنی کی کرن، شعاع۔
واحد: شعاعةٌ (ج) أشِعَّةٌ و شُعُعٌ۔
(الشَّعُ) الشُّعَاعُ (۲) لکڑی کا جالا (ج) شِعَاعٌ۔
(شَعَفَ) الشيءَ ـَ شَعْفًا: بلند کرنا۔
- الحُبُّ فلانًا: محبت کی آگ کا کسی کو جلا ڈالنا۔
(شَعِفَ) به و بِحبِّهٖ ـَ شَعَفًا: کسی کی محبت میں گرفتار ہونا۔
-بالأمْرِ: کسی بات سے ڈرنا اور اس کے لئے پریشان ہونا۔
(الشُّعَافُ): دیوانگی، جنون۔
(الشَّعَفَةُ): بلند حصہ، چوٹی، کہتے ہیں: شَعَفَةُ الجَبَلِ و شعفة الرَّأسِ و شعفة القلب: شہ رگ سے قریب دل کا سرا (۲) سر کے بالوں کی زلف (۳) بے انتہاء محبت (ج) شَعَفٌ و شِعَافٌ و شُعُوْفٌ۔
(الشَّعْفَةُ): سطح زمین کو بھگونے والی ہلکی بارش (ج) شِعَافٌ۔
(المَشْعُوْفُ): محبت میں دیوانہ، مجنون، خوفزدہ۔
(شَعَلَتِ) النارُ ـَ شَعْلاً: آگ جلنا، سلگنا، لپٹیں مارنا۔
-النارَ و غيرها: آگ جلانا، سلگانا۔
(شَعِلَ) ـَ شَعَلاً: سیاہ بالوں میں سفیدی کی آمیزش والا ہونا۔ هُوَ أشْعَلُ و هي شَعْلاءُ۔
(أشْعَلَ) النارَ: آگ جلانا۔
-فلانًا: غصہ دلانا، غضب ناک کرنا۔
-الفتنةَ: فساد کی آگ بھڑکانا۔
-الطعنةُ الدَّمَ: نیزہ کی ضرب کا خون بہانا۔
-القِرْبَةُ الماءَ: مشکیزہ کا پانی بہانا۔
(شَعَّلَ) شعَلَ کا مبالغہ۔
(اشتَعَلَتِ) النارُ: آگ بھڑکنا، لپٹیں مارنا۔
-فلانٌ غَضَبًا: غصہ سے مشتعل ہونا۔
-الرَّأسُ و نَحْوُهٗ: سر کے بال سفید ہو جانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاشْتَعَلَ الرَّأسُ شَيْبًا﴾
(تَشَعَّلَ): آگ جلنا، بھڑکنا۔
(الأشْعَلُ): وہ گھوڑا جس کے بالوں میں سفیدی کی آمیزش ہو (۲) وہ آدمی جس کی آنکھ میں پیدائشی طور پر سرخی ہو۔
(الشُّعْلَةُ): شعلہ، آگ کی لپٹ (۲) مشعل جلتی ہوئی لکڑی (محدثہ) کہتے ہیں: كَأنَّهٗ شعلةُ نَشَاطٍ او شُعْلَةُ ذكاءٍ: غضب کا ذہین وپھرتیلا (ج) شُعَلٌ۔
(الشَّعِيْلُ): روشن و چمکدار، جلتا ہوا وھی شعيلةٌ (ج) شُعُلٌ و شعائل۔
(المِشْعَالُ) و (المِشْعَلُ): وہ چیز جس کے ذریعہ روشن کیا جائے یا آگ جلائی جائے، مشعل۔ (ج) مَشَاعِلُ۔
(المَشْعَلُ): لالٹین، لیمپ، قندیل (ج) مَشَاعِلُ۔
(المُشْعِلُ): بکھرا ہوا، متفرق، منتشر جیسے جرادٌ مشعِلٌ و كتيبةٌ مُشْعِلَةٌ۔
(شَعِنَ) شَعَرُهٗ ـَ شَعَنًا: بالوں کا پراگندہ اور بکھرا ہوا ہونا۔
(أشْعَنَ) فلانٌ: دشمن کی پیشانی سے بال پکڑ کر کھینچنا۔
(اشْعَانَّ) شَعْرُهٗ و نَحْوُهٗ: بالوں بہت زیادہ پراگندہ اور بکھرا ہوا ہونا۔
(الشَّعَانِيْنُ): عیسائیوں کی ایک اتوار کے دن کی عید جس میں عیسیٰ علیہ السلام کے بیت المقدس میں داخل ہونے کی یادگار منائی جاتی ہے (د)
(الشُّعْنُوْنُ) رَجُلٌ شُعْنُوْنٌ: بکھرے ہوئے پراگندہ بالوں والا آدمی (۲) بے وقوف (مو) (ج) شَعَانِيْنُ۔
(شَعَا) ـُ شَعْوًا: پھیلنا، متفرق ہونا، منتشر ہونا۔
الشَّعْرُ و نَحْوُهٗ: پراگندہ ہونا، بکھرنا۔
(شَعِيَ) ـَ شَعًا: شَعًا هو اَشْعٰى وهى شَعْوَاءُ۔
(أشْعَى) القومُ الغارةَ و نَحْوَها: زبردست حملہ کرنا، دھاوا بول دینا۔
(الشَّاعِيْ): پھیلا ہوا (۲) مشترک (۳) دور
(الشُّعْي): بکھرے ہوئے بالوں کے گچھے۔
واحد: شُعْوَةٌ۔
(الشَّعْوَاءُ): ہر طرف پھیلی ہوئی، بکھری ہوئی۔ جیسے شَجَرةٌ شعراءُ: پھیلا ہوا درخت۔ غَارَةٌ شَعْوَاءُ: زبردست دھاوا۔
(شَعْوَذَ): (دیکھئے شعذ)

ش ...... غ

(شَغَبَ) القومَ و عليهم و فيهم و بهم ـَ شَغْبًا: لوگوں میں فساد ڈالنا، شور وشغب کرنا۔
-فلانٌ: غنڈہ گردی اور شور وشغب کرنا۔
-عن الطَّرِيْقِ و غيرها: راستہ سے ہٹنا۔
(شَاغَبَه): کسی کے ساتھ ہنگامہ آرائی اور لڑائی جھگڑا کرنا۔
(تَشَاغَبَ) فلانٌ: بتکلف شرارت کرنا۔ کہتے ہیں: طلبتُ منه كذا فتشاغَبَ و امتنع۔
-الرَّجُلانِ: ایک دوسرے کے ساتھ شرارت کرنا۔
(الشَّغْبُ): شور شرابہ، بدمعاشی، غنڈہ گردی، ہنگامہ خیزی (۲) لڑائی جھگڑا۔
(الشَّغِبُ): بہت فساد کرنے والا۔
(المِشْغَبُ): بہت فساد کرنے والا۔

Marfat.com

(شَغَرَ): المکانُ و نَحوُہٗ ـُ شُغُورًا: خالی ہونا۔
-المَنصبُ او الکرسیُّ مِنْ شاغِلِہ: عہدہ کا عہدہ دار سے خالی ہونا۔
-البَلَدُ: شہر کا محافظ سے خالی ہونا (۲) شہر کا وسیع ہونا۔
-السِّعْرُ: بھاؤ کم ہو جانا۔
-الکلبُ ـَ شَغْرًا: کتے کا پیشاب کرنے کے لئے ایک ٹانگ اُٹھانا۔
-فُلانًا عَنِ البَلَدِ و نَحوِہٖ شَغْرًا و شَغارًا: شہر سے نکالنا' شہر بدر کرنا۔
(أَشْغَرَ) المَنْہَلُ: چشمہ کا راستہ سے دور ہونا۔
-الرُّفقَۃُ: ساتھیوں کا راستہ سے الگ ہو جانا۔
(شَاغَرَہٗ) مُشاغَرَۃً و شِغارًا: تبادلہ کی شادی کا معاملہ کرنا (کسی کو اپنی بہن یا بیٹی نکاح میں اس شرط پر دینا کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی اس کو بلا مہر نکاح میں دے)
(اشتَغَرَ) اَشغَرَ (۲) زیادہ ہونا۔ خلط ملط ہو جانا' مل جل جانا۔ کہتے ہیں اشتَغَرتِ الدواب۔
-الاَمْرُ بِفُلانٍ: کسی کا معاملہ بڑھ کر سنگین ہو جانا۔
-الحسابُ علیہ حساب زیادہ ہونے کی بنا پر غلط ہو جانا۔
-علی فلان بڑائی جتانا' ناز کرنا۔
(تَشَاغَرَا) اپنی بہن یا بیٹی اس شرط پر کسی کے نکاح میں دینا کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی اس کو بغیر مہر نکاح میں دے گا۔ تبادلہ کا نکاح کرنا۔
(تَشَغَّرَ) فلانٌ فِی القَبِیحِ و نَحوِہٖ: برے کام کو کرتے چلے جانا۔
(الشَّاغِرُ) خالی۔ کہتے ہیں مکانٌ شاغِرٌ او منصبٌ شاغِرٌ او کرسیٌّ شَاغِرٌ خالی ملازمت' خالی اسامی۔
-الشَّاغِرَان: ناف کی رگ کا آخری سرا۔
(الشَّغَارُ) خالی (۲) بہت پانی جمع کرنے والا کنواں (واحد جمع کے لئے) (۲) اونٹ کے پہلو کی ایک رگ۔
(الشِّغارُ) تبادلہ کی شادی (دیکھئے تَشَاغَرَا)

(الشَّغَرُ): تفرَّقُوا شَغَرَ بَغَرَ: وہ ہر طرف پھیل گئے۔
(الشَّغَّارَۃُ): چقماق' آگ نکالنے کا پتھر۔
(شَغشَغَ): اللِّجامَ فِی فَمِ الدَّابَّۃِ: لگام ہلانا۔
-السِّنَانَ فِی المَطعُونِ: نیزہ زن کا حملہ کئے ہوئے شخص کے جسم میں نیزہ کو حرکت دینا۔
(شَغَفَہٗ)ـَ شَغفًا: دل پر چوٹ لگنا۔
(شَغِفَ) بہ و بحبِّہٖ ـَ شَغَفًا: کسی سے محبت کرنا' فریفتہ ہو جانا ھو شَغِفٌ وھی شَغِفَۃٌ۔
(شُغِفَ) بہ او بِحُبِّہٖ شَغَفًا: محبت کرنا' فریفتہ ہونا۔ ھو مشغوفٌ۔
(تَشَغَّفَہٗ): دل پر چوٹ لگنا' فریفتہ ہونا۔
-الخَبَرُ فلانًا: خبر کا کسی کو پریشان اور بے چین کر دینا۔ حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما میں ہے (ماھٰذہٖ الفُتیا التی تشغفتِ الناس؟)
(الشَّغافُ): دل کا پردہ یا اس کا نکتہ (ج) شُغُفٌ۔
(الشُّغافُ): دل کی اندرونی تکلیف۔
(شَغَلَ) الدَّارَ ـَ شَغلاً: گھر میں رہنا۔
-فُلانًا عَنِ الشَّیءِ: کسی چیز سے ہٹانا' غافل کرنا۔
(شُغِلَ) عنہ بکذا: کسی چیز کی وجہ سے توجہ ہٹنا' غافل ہونا۔ کہتے ہیں: مَا اَشغَلَہٗ: وہ کس چیز میں مشغول ہوا (کہ اسے بھول گیا)
(شَغَّلَہٗ) بہت زیادہ مصروف کرنا۔ (مبالغہ)
(۲) کام کام پر لگانا' مشغول کرنا۔
(اشتَغَلَ) بکذا: کوئی کام کرنا (۲) دوسری طرف سے ہٹ کر کسی کام میں لگنا۔
-الدَّواءُ فِی جِسمِہٖ: دوا کا بدن میں سرایت کر جانا۔
(انشَغَلَ): لازم شَغَلَ۔
(تَشَاغَلَ) بہٖ: مصروف و مشغول ہونا۔
(الاُشغُولَۃُ): مصروفیت کا سبب' مشغلہ (۲) غفلت کا سبب (ج) اَشاغِیلُ۔
(الشَّغّالُ): بہت زیادہ مصروف آدمی (۲) مزدور (صنعت کار کے علاوہ) (ج)

(الشُّغلُ): مصروفیت' مشغلہ' کام (ضد: الفراغ) (۲) ذہن پھیر دینے والی چیز۔ کہتے ہیں: ھُوَ فِی شُغلٍ شَاغِلٍ: وہ ہمہ تن مصروف ہے (ج) اَشغَالٌ۔
-شُغلٌ شاقٌّ: محنت طلب کام (یہ کام بمعنی فعل ہے)
-شُغلٌ جَیِّدٌ: کام (یہ کام بمعنی نوعیت و کیفیت ہے)
(المَشغُولُ): فلانٌ فارِغٌ مَشغُولٌ: فلاں بیکار کام میں لگا ہوا ہے۔ مالٌ مشغولٌ: مصروف سرمایہ۔ دارٌ مشغولَۃٌ: آباد مکان۔ منصبٌ مَشغُولٌ: بھری ہوئی اسامی۔
(شَغِیَتْ) سِنُّہٗ ـَ شَغًی: ایک دانت کا دوسرے دانتوں سے نکلا ہوا ہونا یا الگ جڑ والا ہونا۔
-مِنسَرُ الطائِرِ: چونچ کا مڑا ہوا ہونا ھو اَشغٰی وھی شَغْواءُ۔
-الاسنانُ: دانتوں کا چھوٹا بڑا ہونا۔ ھی شَاغِیَۃٌ۔
(اُشغِی) الرَّجُلُ: ناپختہ رائے والا اور غیر مستقل مزاج ہونا۔
-القومُ بکذا: لوگوں کا مختلف الخیال ہونا۔
-ببولِہٖ: قطرہ قطرہ پیشاب کرنا۔

ش .... ف

(شَفَرَہٗ)ـُ شَفرًا: ہونٹ پر چوٹ لگنا۔
-الشیَٔ: کنارے پر مارنا۔
(شَفَّرَتِ) الشَّمسُ: سورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔
-المالُ: مال کا ختم یا کم ہو جانا۔
-عَلَی الاَمرِ: متوجہ ہونا' نگرانی کرنا' قریب ہونا۔
(الشُّفرُ): ہر چیز کا کنارہ۔
-شُفرُ الجَفنِ: پلک کی جڑ (ج) اَشفارٌ۔
(الشَّفرَۃُ): دھار (۲) بلیڈ (محدثہ) (۲) خفیہ تحریر یا ایسی طور پر متفق خفیہ رموز کے ذریعہ پیغام رسانی (د) (ج) شِفارٌ و شَفَرٌ۔
(الشَّفَّارُ) بلیڈ' دھار یا استرا وغیرہ بنانے

Marfat.com

والا۔
(الشُّفِيْرُ): کنارہ' گوشہ' کونہ' جانب' ٹکڑ۔اسی سے ہے: شفیر جهنم (۲) پلک کی جڑ (ج) أشْفَارٌ۔
(المِشْفَرُ): اونٹ کا موٹا ہونٹ۔
(شَفْشَفَ)فلانٌ: غیرت آنا۔
-الحَرُّ الشيءَ: گرمی کا کسی چیز کو سکھا دینا' خشک کر دینا۔
-الصَّقِيْعُ النَّبَاتَ: سخت سردی کا پودوں کو مرجھا دینا۔
-الهَمُّ فلانًا: غم کا کسی کو کمزور اور لاغر کر دینا۔
-الماءَ و نَحْوَهٗ: پانی وغیرہ چھڑکنا۔
-الدَّوَاءَ علَى الجُرْحِ: دوائی چھڑکنا۔
(الشَّفْشَافُ)من الثياب و نحوه: کمزور بناوٹ والا کپڑا وغیرہ (۲) ٹھنڈی پر نم ہوا۔
(المُشَفْشَفُ): شدت وغیرت اور حمیت کے جوش سے کانپتا ہوا۔
(شَفَعَ)الشَّيْءَ - شَفْعًا: کسی چیز کے ساتھ اس جیسی چیز ملانا (۲) دوہرا کرنا' دوگنا کرنا۔
-البَصَرُ الأَشباحَ: دو دو نظر آنا۔ بوڑھے آدمی کا قول ہے: شُفِعَتْ لِي الأَشْخَاصُ: مجھے چیزیں دو دو نظر آتی ہیں۔
-الحامِلُ: بچہ رکھتے ہوئے حاملہ ہونا۔
-لفلانٍ: کسی کی سفارش کرنا۔
-إلَى فلانٍ: کسی کے ذریعہ تقرب حاصل کرنا۔
-فِي الأَمْرِ: کسی کام میں سفارش کرنا۔
(شَفَّعَ): مبالغہ شَفَعَ۔
-فلانًا فِي كذا: سفارش قبول کرنا۔
-هو مُشَفِّعٌ: سفارش قبول کرنے والا۔
-هو مُشَفَّعٌ: جس کی سفارش قبول کی جائے۔
(تَشَفَّعَ)له: سفارش کرنا۔ کہتے ہیں: تَشَفَّعَ لِفلانٍ إلَى فلانٍ فِي الأَمْرِ: سفارش کرنا۔
-به إليه: کسی سے کسی کا قرب حاصل کرنا۔
- فلانٌ: شافعی ہو جانا۔ فقہ میں امام محمد بن ادریس شافعیؒ کی تقلید کرنا۔
(اِسْتَشْفَعَ): مددگار اور سفارشی تلاش کرنا اسْتَشْفَعَ فلانًا وبه وإلى فلانٍ وفي الامر و عليه: سفارشی بنانا' سفارش طلب کرنا۔
(الشَّافِعُ): سفارش کرنے والا۔
-ناقَةٌ او شاةٌ شافِعٌ: بچہ والی بکری یا اونٹنی۔
(الشَّفَائِعُ): دوہری اور جفت چیزیں۔
-شَفَائِعُ النَّبْتِ: دوہری اگنے والی نبات۔
(الشَّفَاعَةُ): سفارش' وہ کلام جو سفارش کے لئے کیا جائے۔
(الشَّفْعُ): جوڑا' جفت' وہ عدد جو دو پر برابر تقسیم ہو (ج) أشْفَاعٌ و شِفَاعٌ۔
(الشُّفْعُ): الشَّفْعُ۔
(الشُّفْعَةُ): چاشت کی دو رکعتیں۔
(الشُّفْعَةُ): فقہاء کرام کی طے کردہ شرائط پر پڑوسی کی جائداد کو جبراً ملکیت میں لینے کا حق (۲) وہ ملکیت جس میں حق شفعہ ہو سکتا ہے (۳) نماز چاشت کی دو رکعتیں (۴) نظر' کہتے ہیں: أَصَابَتْهُ شُفْعَةٌ: اسے نظر لگ گئی۔
(الشَّفُوْعُ): اپنے ہم سر کے مقابلہ میں دوگنا کام کرنے والا۔ کہتے ہیں: ناقَةٌ شَفُوْعٌ: وہ اونٹنی جو ایک دفعہ دودھ نکالنے میں دو برتن بھر دے۔
(الشَّفِيْعُ): سفارشی' سفارش کرنے والا (۲) پڑوسی کی جائداد کو از روئے شفعہ جبراً لینے والا (۳) جفت عدد (ج) شُفَعَاءُ۔
(شَفَّ) الثوبُ و نحوهُ - شُفُوْفًا: اتنا باریک ہونا کہ دوسری طرف کی چیز نظر آئے۔
- الشَّيْءُ: صاف و شفاف ہونا کہ دوسری طرف کی چیز نظر آئے۔ کہتے ہیں شَفَّ الاناءُ والسَّائِلُ۔
-فلانٌ: انتہائی کمزور اور لاغر ہونا (۲) ہلکے پن کی وجہ سے تھرکنا' ہلنا۔
-الرِّيحُ: ٹھنڈی ہوا چلنا۔
- الشَّيْءَ - شَفًّا: پتلا اور باریک کرنا۔ کہتے ہیں: شَفَّهُ الحُبُّ او الهَمُّ۔
-الهواءُ الماءَ و غَيْرَهٗ: ہوا کا پانی وغیرہ کو ذرا کم کر دینا۔
-الشاربُ الماءَ او الشَّرابَ: پانی یا شراب وغیرہ کو پورا پی لینا۔
- الرَّسْمَ: ٹریسنگ پیپر کے ذریعہ پھول بنانا (محدثہ)
(أشَفَّ)عليه: برتری لے جانا۔
-الشيءَ شَفَافًا: صاف وشفاف بنا...
-بَعْضَ اولادہ عَلَی بعضٍ: اولاد میں سے بعض کو بعض پر ترجیح دینا۔
(شَفَّفَ)عليه فوقیت اور برتری لے جانا۔
-الشيءَ: باریک اور پتلا کرنا۔
(اشْتَفَّ)مَافِي الإناءِ: سب کچھ پی لینا۔
-الأُمُوْرَ: تحقیق کرنا' تفتیش کرنا۔
(اسْتَشَفَّ)الشيءَ: کسی چیز کے اندر سے دیکھنا (۲) چھان بین کرنا' تحقیق کرنا۔
- الثَّوْبَ: کپڑے کو روشنی میں پھیلا کر اس کا عیب تلاش کرنا۔
- الكتابَ والأَمْرَ: چھان بین کرنا' جانچ پڑتال کرنا۔
-الشَّرابَ: سارے کا سارا پی لینا۔
(الشُّفَافَةُ): بقیہ شراب۔
(الشِّفُّ): باریک پردہ جس میں سے نظر آئے۔ کہتے ہیں: ثَوْبٌ شَفٌّ (ج) شُفُوْفٌ
(الشِّفُّ): فضیلت' کمال (۲) خوش گوار چیز۔ بطور رشک کے کہا جاتا ہے (شِفٌّ لك يا فلان) تمہارا خوب مزا ہے (ج) شُفُوْفٌ۔
(الشَّفَفُ): پتلا پن' دبلا پن' ہلکا پن (۲) خستہ حالی (۳) معمولی اور تھوڑا۔
(الشَّفَّافُ): صاف و شفاف' جو کسی کی رویت میں حائل نہ ہو جیسے شیشہ۔
(الشَّفِيْفُ): الشَّفَّافُ (۲) تڑپا دینے والی سردی کی شدت (ج) شِفَافٌ۔
(شَفِقَ)مِنه و عَلَيْهِ - شَفَقًا: ڈرنا' خوف کھانا۔ هو شَفِقٌ۔
-عليه: مہربانی کرنا' نرمی کرنا' مشفقت کرنا' هو شفيقٌ۔
(أشْفَقَ)مِنه: کسی چیز سے ڈرنا۔ خوفزدہ ہونا۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿وَهُم مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ﴾
-عليه: نرمی و شفقت کرنا۔

Marfat.com

(الشَّفَقُ): شفقت، مہربانی (۲) وہ سرخی جو افق میں غروب آفتاب کی جگہ ظاہر ہوتی ہے اور غروب سے کچھ دیر پہلے سے لے کر عشاء تک رہتی ہے (۳) کونہ گوشہ (۴) چیز کا گھٹیا حصہ۔
(الشَّفَقَةُ): مہربانی، شفقت، نرمی (۲) مصیبت کا خوف۔
(الشَّفِيْقُ): مہربان، شفقت کرنے والا (ج) شفقاء کہاوت ہے: (اِنَّ الشفيق بسوءِ ظنٍّ مُولَعٌ) ہمدرد کو بدگمانی کا شوق رہتا ہے۔
(شَفَنَهُ) و اليه ـِ شُفُوْنًا: ناگواری، تعجب یا مذاق ترچھی نگاہوں سے دیکھنا۔ هو شافِنٌ و شَفُوْنٌ۔
(شَفَهَه) ـَ شَفْهًا: ہونٹ پر مارنا (۲) مانگ مانگ کر سب کچھ ختم کر دینا۔
-المالَ و نَحْوَهُ: مال کو ختم کر ڈالنا۔
(شُفِهَ) الشئُ: کسی چیز کی بہت مانگ ہونا۔ هو مَشْفُوْهٌ جیسے شُفِهَ الطعامُ و شُفِهَ المالُ۔
-الرجُلُ: زیادہ مانگنے کی وجہ سے کسی کا مال ختم کر دیا جانا۔
(شَافَهَهُ) مُشَافَهَةً و شِفَاهًا: آمنے سامنے بات کرنا، بالمشافہ گفتگو کرنا۔
-البَلَدَ او الأمْرَ: قریب ہونا۔
(الشَّافِهُ) وہ پیاسا جسے پانی نہ ملتا ہو۔
(الشُّفَاهِيُّ) بڑے ہونٹوں والا۔
(الشَّفَةُ) آدمی کا ہونٹ (۲) کسی چیز کا کنارہ۔ جیسے شَفَةُ الدَّلْوِ اور شَفَةُ الجَبَلِ۔
-بِنْتُ الشَّفَةِ لفظ، کلمہ کہتے ہیں لَمْ يَنْبِسْ بِبِنتِ شَفَةٍ اس نے زبان سے ایک لفظ نہ نکالا (ج) شِفَاهٌ۔
(شَفَتِ) الشَّمْسُ ـُ شَفْوًا سورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔
-اللّٰهُ العَلِيلَ اللہ تعالیٰ کا بیمار کو شفایاب کرنا۔
(أشْفَى) فلانٌ رات کے آخری حصہ میں چلنا۔
- عَلَى الشئِ قریب ہونا۔ جیسے أشْفَتِ الشَّمْسُ عَلَى الغروب وأشْفَى الرَّجُلُ عَلَى المَوْتِ۔
-المَرِيْضَ: بیمار کے لئے شفا چاہنا، شفا بخش دوا طلب کرنا۔
-المَرِيْضَ الدَّوَاءَ: بیمار کو شفا بخش دوا استعمال کرنے کے لئے دینا۔
(شَافَاهُ): آمنے سامنے بات چیت کرنا۔
(اشْتَفَى) مِنْ عِلَّتِهِ: صحت یاب ہونا۔
-بكذا: کسی چیز کے ذریعہ شفا حاصل کرنا۔
-مِنْ عَدُوِّهِ: دشمن کو شکست دے کر دل ٹھنڈا کرنا۔
(تَشَفَّى) اِشْتَفَى۔
(اسْتَشْفَى) المريضُ مِنْ عِلَّتِهِ: بیمار کا صحت یابی طلب کرنا۔
-به: کسی چیز کو بطور دوا استعمال کرنا۔
(الأشْفَى) جس کے ہونٹ کھلے رہتے ہوں۔ هي شَفْوَاءُ (ج) شُفْوٌ۔
(الشَّفَا) کنارہ، طرف۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَكُنْتُمْ عَلَى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَأَنْقَذَكُمْ مِنْهَا﴾ (۲) ہر شے کا تھوڑا حصہ کہتے ہیں ما بَقِيَ مِنهُ الاَّ شَفًا۔
(الشِّفَاءُ) شفا یابی، صحت یابی۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِلنَّاسِ﴾ (۲) تسکین، دواء دل۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَشِفَاءٌ لِمَا فِي الصُّدُوْرِ﴾
(المُسْتَشْفَى) ہسپتال، علاج خانہ (محدثہ) (ج) مستشفیات و مَشَافٍ۔
(الشَّفَوِيُّ) زبانی۔ هي شفويةٌ۔
(الشَّفَوِيَّةُ) فصیلہ شفویہ یعنی وہ پودے جن کے پتوں یا پھولوں میں ہونٹوں سے مشابہت پائی جاتی ہے۔
-الحُرُوْفُ الشَّفَوِيَّةُ فاء، باء، میم، واو۔

ش ..... ق

(شَقَأ) نابُه ـَ شُقُوْءًا دانت نکلنا۔
- شَعْرَهُ بالمشطِ شَقْئًا بالوں میں کنگھا کرنا۔
- فلانًا بالعصا کسی کے بالوں کی مانگ پر مارنا۔
(المَشْقَأُ) بالوں کی مانگ (ج) مَشَاقِئُ۔
(المِشْقَأُ) کنگھا (ج) مَشَاقِئُ۔
(شَقَحَ) الشئَ ـَ شَقْحًا: دور کرنا (۲) توڑنا۔
-الجَوْزَةَ و نَحْوَهَا: اخروٹ وغیرہ کا گودا نکالنا۔
(شَقِحَ) ـَ شَقَحًا و شُقْحَةً: بھورے رنگ کا ہونا۔
(شَقُحَ) ـُ شَقَاحَةً: بدشکل ہونا۔
(أشْقَحَ) البُسْرُ: گدر کھجور میں بھورا پن آ جانا۔ أشْقَحَ النَّخلُ بھی کہتے ہیں۔
-الشئَ: دور کرنا۔
(شَاقَحَهُ): کسی کے ساتھ بدکلامی کرنا۔ گالیاں دینا۔
(تَشَاقَحَا): باہم گالی گلوچ کرنا۔
(الأشْقَحُ): بھورے رنگ کا۔ هي شَقْحَاءُ (ج) شُقْحٌ۔
(الشُّقْحَةُ): رنگ برنگی گدر کھجور (ج) شِقَاحٌ۔
(الشُّقْذَةُ): ایک دودھ والی گھاس اسے قِشْدَةٌ بھی کہتے ہیں (ج) شِقَذٌ۔
(الشُّقْدُفُ): ہودج سے بڑی اونٹ کی پالکی جس پر سوار ہو کر عرب لوگ حج بیت اللہ کے لئے جایا کرتے تھے (ج) شقادِفُ۔
(شَقَذَ) ـِ شَقْذًا: دھتکارے جانے پر دور چلا جانا۔
(شَقِذَ) ـَ شَقَذًا۔ شَقَذًا (۲) جاگتے رہنا، نیند نہ آنا (۳) نیند پر قابو پانا اور اونگھ نہ آنے دینا، کڑی نگاہ رکھنا هو شَقِذٌ۔
(أشْقَذَهُ) کسی کو دھتکار کر دور بھگانا۔
(شَاقَذَهُ) باہم دشمنی رکھنا۔
(الشُّقْذُ) بھیڑیا (۲) گرگٹ (۳) باز (۴) لوگوں کو نظر لگانے والا (۵) وہ شخص جس کی نظر بہت تیز ہو اور لوگوں کو لگ جانے والی ہو۔ کہتے ہیں: مَا بِهِ شَقَذٌ وَلاَ نَقَذٌ: اس میں نہ کوئی عیب ہے نہ خرابی۔

Marfat.com

(الشَّقَذُ) مَا بِهِ شَقَذٌ ولا نَقَذٌ: اس میں کوئی عیب نہیں' مَا لَهُ شَقَذٌ ولا نَقَذٌ: اس کے پاس کچھ نہیں۔
(الشَّقَذَانُ): الشَّقَذُ۔
(الشَّقَذَانَةُ): خوش طبع اور ہنس مکھ عورت (۲) بدزبان اور زبان دراز عورت۔
(الشَّقِيذُ): جاگتے رہنے والا۔
(شَقِرَ) ـَ شَقَرًا و شُقْرَةً: بھورا ہونا۔ هو شَقِرٌ وهي شَقِرَةٌ وهو أَشْقَرُ وهي شَقْرَاءُ (ج) شُقْرٌ۔
(اشْقَرَّ): بھورے رنگ کا ہونا۔
(الأَشْقَرُ) مِن الدِّمَاءِ: بے غبار جما ہوا خون۔
(الشَّقَارَى): ایک پھولدار پودا اس پر سیاہ دھبے پڑے ہوتے ہیں اس کی مختلف قسمیں ہیں جن میں سے بعض تو بطور فصل کے اُگائے جاتے ہیں اور بعض سردیوں کے آخر اور بہار میں اُگائے جاتے ہیں۔ یہ فصیلہ شقیقیہ سے ہے (۲) جھوٹ۔
(الشُّقَرُ): غیر معمولی معاملہ (۲) راز (ج) شُقُورٌ کہتے ہیں: بَثَّهُ شُقُورَهُ: اس نے اسے اپنا غم بتایا۔
(الشَّقِرُ): مرغا۔
(الشِّقْرَى): عمدہ قسم کی کھجوریں۔ اسے یمن میں المُشَقَّر کہتے ہیں۔
(الشِّقِرَّانُ): کھیتی یا درخت کو لگنے والی ایک بیماری۔
(الشُّقْرَةُ): بھوراپن' سفید و سرخی سے ملا ہوا۔
(الشُّقَّارُ) الشُّقَارَى (۲) لمبے کوہان والی مچھلی۔
(الشُّقَّارَى): الشُّقَارَى۔
(الشُّقُورُ): ایسی فکر جو نیند اڑا دے۔
(الشُّقَيْرُ): گرگٹ کی ایک قسم۔
(المشقَّرُ): جمی ہوئی سخت ریت (۲) زمین کے اندر گھسی ہوئی ریت (ج) مَشَاقِرُ۔
(المُشَقَّرُ): بڑا تیر (۲) چہرہ کا مشکیزہ (۳) بحرین کے ایک قلعہ کا نام۔
(الشِّقْرَاقُ و الشِّقِرَّاقُ): فاختہ کے مانند اس سے کچھ بڑا ایک پرندہ۔ اسے اخیل بھی کہا جاتا ہے' عرب اس سے بدشگونی کی فال لیتے ہیں۔
(شَقْشَقَ) الجَمَلُ: اونٹ کا بلبلانا۔
-العصفورُ: چڑیا کا چہچہانا۔
(الشِّقْشِقَةُ): اونٹ کے منہ سے نکلنے والا جھاگ (ج) شَقَاشِقُ کہتے ہیں: هَدَرَتْ شِقْشِقَةُ فلانٍ: مشتعل ہونا' فصیح کلام کرنا۔ کہاوت ہے: (شِقْشِقَةٌ هَدَرَتْ ثم قَرَّتْ) ہنگامہ برپا ہوا پھر سکون ہو گیا۔ فلانٌ شقشقةُ قومِهِ: وہ اپنی قوم کا سردار اور ترجمان ہے۔
(شَقَّصَ) الذَّبِيحَةَ وَ غَيْرَهَا: ذبیحہ کی بوٹیاں بنانا' ٹکڑے کرنا (۲) مذبوحہ جانور کے برابر حصہ کر کے حصہ داروں میں تقسیم کرنا۔
(الشِّقْصُ): کسی چیز کا ٹکڑا (۲) حصہ' نصیب (ج) أَشْقَاصٌ و شِقَاصٌ۔
(الشَّقِيصُ): الشِّقْصُ (۲) تھوڑی اور معمولی چیز (۳) حصہ دار' شریک۔
(المِشْقَصُ) مِنَ النِّصَالِ: لمبا چوڑا پھلکا (۲) چوڑے پھل کا نیزہ (ج) مَشَاقِصُ۔
(المُشَقِّصُ): قصاب۔
(الشَّقَفُ): ٹھیکری (۲) مٹی کا برتن۔ واحد: شقفةٌ۔
(الشَّقَّافُ): کمہار' مٹی کی چیزیں بنانے یا بیچنے والا۔
(شَقَّ) الأَمْرُ ـِ شَقًّا: دشوار اور ناقابل برداشت ہونا۔
-عَلَى فلانٍ: مشقت میں ڈالنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَمَا أُرِيدُ أَنْ أَشُقَّ عَلَيْكَ﴾
-النَّبْتُ: کونپل نکلنا' روئیدگی ظاہر ہونا۔
-النابُ: دانت نکلنا۔
-البَرْقُ: بجلی کا بادل میں لمبی رسی کی طرح چمکنا اور نہ پھیلنا' (اسے بارش کی علامت سمجھا جاتا ہے)
-الشيءَ: پھاڑنا' چیرنا' دراڑ ڈالنا۔
-نهرًا: نہر کھودنا۔
-الأَرْضَ: زمین میں ہل چلانا۔
-عَصَا الطَّاعَةِ: سرکشی کرنا۔
-عَصَا الجماعَةِ: انتشار پیدا کرنا' پھوٹ ڈالنا۔
(شَاقَّهُ): مخالفت کرنا' لڑائی جھگڑا کرنا' دشمنی رکھنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ شَاقُّوا اللهَ وَ رَسُولَهُ وَمَنْ يُشَاقِقِ اللهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ اللهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ﴾ و ﴿وَمَنْ يُشَاقِّ اللهَ فَإِنَّ اللهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ﴾
(شَقَّقَهُ): مبالغہ شَقَّهُ۔
-الكَلَامَ: کلام کو لمبا کرنا اور تفصیل اور تشقیق بیان کرنا۔
(اشْتَقَّ) الفرسُ و نحوُهُ في عَدْوِهِ: دوڑتے ہوئے ایک طرف جھکنا۔
- فلانٌ في الكلامِ او الخُصُومَةِ و نَحْوِهَا: کلام یا جھگڑے کی اصل کو چھوڑ کر فروعات میں مشغول ہو جانا۔
- الطريقَ في الفَلَاةِ: جنگل میں راستہ طے کرنا۔
- طريقةً في الامرِ: کسی معاملہ میں بھرپور طریقہ سے لگنا۔
- الكلمةَ مِنْ غَيْرِهَا: کسی لفظ سے دوسرا لفظ مشتق کرنا۔
(انْشَقَّ): پھٹنا' شگاف پڑنا۔
-الفَجْرُ: فجر طلوع ہونا۔
-البَرْقُ: بجلی چمکنا۔
-الرَّأْيُ: رائے کا فضول اور گھٹیا ہونا۔
- عَصَا الجماعةِ: منتشر اور جدا جدا ہونا' شیرازہ بکھرنا۔
(تَشَاقًّا): باہم مخالفت اور دشمنی رکھنا۔
(تَشَقَّقَ): دراڑ پڑ جانا' شگاف پڑ جانا' قرآن مجید میں ہے: ﴿يَوْمَ تَشَقَّقُ الْأَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا﴾
-الفرسُ: کمزور و لاغر ہونا۔ اشْتَقَّ بھی اسی معنی میں ہے۔
(اسْتَشَقَّ) الحاملُ بِحِمْلِهِ: دروازہ وغیرہ سے نکلنے کے لئے بوجھ کو ایک پہلو پر لے کر چلنا۔

Marfat.com

(الإشتِقاقُ): (علم الصرف میں) ایک کلمہ سے دوسرا کلمہ بنانا اشتقاق۔
(الشّاقُّ): مشکل اور دشوار (ج) شَوَاقُّ۔
(الشّقائِقُ) او (شقائقُ النعمان): الشقاری۔
(الشُّقَاقُ): بیماری یا سردی کی وجہ سے ہاتھ پاؤں یا کھال کی پھٹن۔
(الشَّقُّ): مشقت (۲) پھٹن، شگاف، دراڑ، تڑخن (ج) شُقُوقٌ۔
-الشّقُّ القیصریُّ: آپریشن کے ذریعہ بچہ کی ولادت (مج)
(الشِّقُّ): کسی چیز کا حصہ، نصف کنارہ (۲) جہد ومشقت۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿و تحمِلُ اثقالکم الٰی بَلَدٍ لَّم تکونوا بالغیہ الا بشقِّ الانفس﴾
(الشَّقّاقُ): رَجُلٌ شَقّاقٌ: مغرور وشیخی خورہ۔
(الشُّقَّةُ) کسی چیز کو چیرنے کے بعد آدھا حصہ (۲) پھاڑا ہوا یا نکالا ہوا ٹکڑا (۳) کپڑے وغیرہ کا لمبا ٹکڑا (۴) تختے یا لکڑی کی گانٹھ (۵) مکان کا ایک حصہ، فلیٹ (مج)
(الشُّقَّةُ): نصف، آدھا (۲) کپڑے وغیرہ کا لمبا ٹکڑا (۳) دوری، بعید (۴) لمبا سفر، لمبا فاصلہ جس کا طے کرنا دشوار ہو۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ولکنْ بَعُدَتْ علیهمُ الشُّقَّةُ﴾ (ج) شُقَقٌ۔
(الشَّقِیقُ) سگا بھائی (۲) مثل، نظیر، مانند، مشابہ۔ حدیث میں ہے (النساء شقائق الرجال) (ج) أشِقَّاءُ۔
(الشَّقِیقَةُ) سگی بہن (۲) موسلا دھار بارش (۳) درد شقیقہ، آدھے سر کا درد (ج) شَقائِقُ۔
(المَشَقَّةُ) دشواری، مشکل (ج) مَشَاقٌّ۔
(شَقَلَه)ُ شَقْلاً تولنا۔
(الشّاقُولُ) کھیت کی پیمائش کی چھڑی جس کے سرے پر لگے ہوئے لوہے میں رسی باندھی جاتی ہے اور اس کا دوسرا سرا اسی طرح کی دوسری چھڑی میں باندھا ہوتا ہے (۲) معماروں کی ساہل (ساہول) جس سے دیوار کی ہمواری دیکھی جاتی ہے۔ (ج) شَوَاقِیلُ (مع)
(شَقَاهُ)ُ شَقْواً: تنگی و پریشانی میں مبتلا کرنا۔
(شَقِیَ)َ شَقًا و شَقَاءً: نامراد اور بدحال ہونا۔
-فِی کذا: محنت اور مشقت کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَاَمَّا الَّذِیْنَ شَقُوْا فَفِی النَّارِ لَهُمْ فِیْهَا زَفِیْرٌ وَّشَهِیْقٌ﴾
(أشْقَاه): نامراد و بدحال بنانا، تنگی میں مبتلا کرنا۔
(شَاقَی) الشیَ مُشَاقَاةً و شقاءً: کسی چیز کی مشقت برداشت کرنا۔
-فلاناً فِی الحَرْبِ: لڑائی میں کسی پر غالب آنا۔
(الشَّقَاءُ): مشکل ودشواری (۲) سختی وآزمائش (۳) گمراہی۔
(الشَّقَاوَةُ): الشَّقَاءُ۔
(الشِّقْوَةُ): الشَّقَاءُ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَیْنَا شِقْوَتُنَا﴾
(الشَّقِیُّ): بدبخت، نامراد۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَمِنْهُمْ شَقِیٌّ وَّسَعِیْدٌ﴾ (۲) گمراہ (ج) أشقیاء وهی شَقِیَّةٌ۔

ش......ک

(شَکِیَ) ظفرهُ َ شَکًا: ناخن پھٹ جانا۔
-فلانٌ: پھٹے ہوئے ناخنوں والا ہونا۔
کہتے ہیں شکِیَتْ اصابِعُه: انگلیاں پھٹ جانا۔
(أشْکَأتِ) الشّجرةُ: درخت میں ابتدائی شاخیں نکلنا۔
(الشُّکَاءُ) ناخنوں کے اردگرد کی پھٹن (۲) کھال پر پپڑی اور اس کا جلنا۔
(الشُّکْبَانُ) گھاس جمع کرنے کا جالی دار تھیلا۔
(شَکَدَهُ)ُ شَکْدًا عطیہ دینا (۲) توشہ دینا، سفر کا کھانا دینا۔
(الشُّکْدُ) عطیہ (۲) کھجور کی فصل کاٹنے کے بعد مالک کو دی جانے والی مقررہ مقدار (۳) توشہ، زادِ راہ، مسافر کو دیا جانے والا کھانا۔
(شَکِرَتِ) الدابّةُ َ شَکَرًا و شکورًا و شکرانًا: جانور کا تھوڑی گھاس وغیرہ پر اکتفا کر لینا (۲) چراگاہ میں چر کر موٹا ہو جانا۔
-فلاناً و له شُکْرًا و شُکْرانًا: شکریہ ادا کرنا۔ کسی کے احسان پر اس کی تعریف کرنا۔ کہتے ہیں: شکر اللہ وله و نِعْمَتَه: قرآن مجید میں ہے: ﴿یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰکُمْ وَ اشْکُرُوْا اللّٰهِ﴾
-عملَه: کسی کام کا اجر دینا۔
(شَکِرَتِ) الشجرةُ َ شکرًا: درخت کی کونپلیں نکلنا۔
-الضَّرْعُ: تھن کا دودھ سے بھرنا۔
-الناقةُ: اونٹنی کے تھن کا دودھ سے بھر جانا۔
-فلانٌ: بخیل ہونے کے بعد سخی ہونا (۲) بہت فیاض ہونا۔ هُوَ شَکِرٌ و شَکْرَانُ وهی شَکِرَةٌ و شکْرٰی (ج) شکاری۔
(أشْکَرَ) الضرعُ: تھن کا دودھ سے بھر جانا۔
-الشّجَرُ: درخت کا کونپلیں نکالنا۔
(اشْتَکَرَ) الجنینُ: جنین کے جسم پر رواں اُگنا۔
-السماءُ: زوردار بارش برسانا۔
-الرِّیَاحُ: ہواؤں کا بارش لانا۔
-الحرُّ او البردُ: گرمی یا سردی کا تیز ہونا۔
-الرَّجُلُ فِی عَدْوِهِ: تیز دوڑنا۔
(تَشَکَّرَ) لَه: شکریہ ادا کرنا، احسان مند ہونا۔
(الشَّکائِرُ) پیشانیاں۔ واحد: شکیرةٌ۔
(الشِّکَارَةُ) کپڑے یا مضبوط کاغذ وغیرہ کا بنا ہوا مقررہ وزن کا تھیلا جیسے سیمنٹ وغیرہ کا پیکٹ یا تھیلا (ج) شکائِرُ (د)۔
(الشُّکْرُ): شکر، اظہارِ ممنوعات، شکر گزاری، احسان مندی۔
-من اللہ: اللہ کی رضا اور بدلہ۔
(الشَّکُوْرُ): بہت شکر گزار، بہت احسان مند۔ قرآن مجید میں ہے ﴿قَلِیْلٌ مِنْ عِبَادِیَ الشَّکُوْرُ﴾ (۲) اللہ تعالیٰ کی ایک صفت۔ اجر وثواب سے نوازنے والا۔ قرآن مجید میں ہے

Marfat.com

﴿إِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ﴾ (۳) وہ انسان یا
جانور جس پر اللہ کی نعمتوں کے آثار ظاہر ہوں
جیسے امرأةٌ شكورٌ و ناقةٌ شكورٌ و ناقةٌ
شَكُوْرٌ (ج) شُكُرٌ
(الشَّكِيْرُ): رواں (۲) ہلکے اور چھوٹے بال
(۳) کھجور کی شاخ کے پتے (۴) پہلے پہل اگی
ہوئی کونپل (۵) درخت کی جڑ کے اردگرد اگنے
والے پتے وغیرہ۔
(المِشْكَارُ): بہت دودھ دینے والی اونٹنی
(ج) مَشَاكِيْرُ۔
(المَشْكَرَةُ) من العشبِ و غيرِه: جانور کو
موٹا کرنے والی اور دودھ بڑھانے والی گھاس
(ج) مَشَاكِرُ۔
(شَكَزَهُ) ـُـ شَكْزًا: انگلی یا لکڑی وغیرہ چھونا
(۲) طعنہ دینا، زبان سے تکلیف دینا۔
(شَكِسَ) شَكَسًا و شَكَاسَةً: بداخلاق اور
بے مروت ہونا۔
(شَاكَسَه): مخالفت و جھگڑا کرنا، سختی سے پیش
آنا۔
(تَشَاكَسَا): باہم مخالفت کرنا۔ باہم جھگڑا
کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فِيْهِ شُرَكَاءُ
مُتَشَاكِسُوْنَ﴾
(الشَّاكُوشُ): ہتھوڑی (ج) شَوَاكِيشُ۔
(شَكْشَكَ) السلاحَ: ہتھیار تیز کرنا۔
(شَكَعَ) الدابّةَ بزمامِها ـَـ شَكْعًا: لگام سے
جانور کا سر اوپر کرنا۔
(شَكِعَ) فلانٌ ـَـ شَكَعًا: آہیں بھرنا، درد و
تکلیف میں مبتلا ہونا۔
(أَشْكَعَهُ): دل برداشتہ و پریشان کرنا (۲)
ناراض کرنا۔
(شَكَّ) الشيئُ ـُـ شَكًّا: چپک جانا، جڑ جانا،
مل جانا۔
-القرابةُ: رشتہ جڑ جانا۔
-الدّابّةُ: اونٹنی کا شانہ بازو سے مل جانے کے
بعد لنگڑا ہو جانا۔
-عليه الأمْرُ: مشتبہ و مشکل ہونا۔
-فی الأمرِ و غیرِہ: شک کرنا۔

-فِي السِّلاحِ: پورے ہتھیاروں سے لیس
ہونا۔
-الخَرَزَ و نَحْوَهُ: مہرے وغیرہ پرونا۔
-الجِلْدَ بالمِخْرَزِ و نحوہ: ستالی وغیرہ چمڑا
سینا۔
-القومُ بیوتَهُمْ و نحوھا: مکان وغیرہ کو
ایک قطار میں ترتیب سے بنانا۔
-الشيئَ: پھاڑنا۔
-الدّابّةَ بالمِهْمَازِ: جانور کو دوڑانے کے لئے
ایڑ لگانا۔
-فلانًا و نحوہٗ بالرمح و غیرہ: نیزہ مارنا۔
(شَكَّكَهُ): شک میں مبتلا کرنا۔
(اشْتَكَّ) الشيئَ: چیز کے اجزاء کو جوڑنا یا
پھاڑنا۔
(تَشَكَّكَ): لازم شَكَّكَ۔
-فِي كَذَا و فِي الأمْرِ: شک کرنا، شبہ کرنا۔
(التَّشْكِيْكُ): علم منطق میں کہتے ہیں: لفظٌ
مَقُوْلٌ بالتشكيكِ. وہ لفظ جو ایسے مفہوم عام
پر دلالت کرے جو غیر مساوی طور پر متعدد افراد
میں مشترک ہو جیسے ابیض۔
(الشَّاكَّةُ): طب کی ایک اصطلاح، حلق کا ورم
(ج)
(الشِّكَاكُ): ضَرَبُوْا بُيُوْتَهُم شِكَاكًا:
انہوں نے ایک قطار میں ترتیب سے گھر
بنائے۔
(الشَّكُّ): شک و شبہ (ایک ذہنی کیفیت جو
اثبات و نفی میں دائر رہتی ہے اور ذہن کوئی ایک
فیصلہ نہیں کر پاتا) (ج) (۲) ہڈی میں چھوٹی
سی درز (ج) شُكُوْكٌ۔
(الشَّكَّاكُ): بہت شک کرنے والا۔
(الشَّكَّاكُوْنَ): فلاسفہ کی ایک جماعت جو
حقائق اشیاء کے اثبات و انکار میں متردد رہتی
ہے۔ اسلامی فلسفہ میں ایسی جماعت کا نام
لاادریہ ہے یہ فرقہ سوفسطائیین سے تعلق رکھتا
ہے۔
(الشِّكَّةُ): جسم پر لگائے ہوئے یا اٹھائے
ہوئے ہتھیار (۲) لکڑی کی نوک دار میخ جو پوں

سے پھنسائی جانے والی لکڑی کے ساتھ مضبوطی
کے لئے لگائی جاتی ہے (ج) شِكَكٌ۔
(الشَّكُوْكُ): شک و شبہ پیدا کرنے والا۔
(الشُّكَيْكَةُ): چند باہم ملی ہوئی چیزوں کا
مجموعہ (ج) شَكَائِك و شُكُكٌ۔
(المِشَكُّ): سلائی کا ستالی (۲) چمڑے کا
باریک تسمہ جس سے سلائی کی جائے (ج)
مَشَاكُّ۔
(شَكَلَ) الأمْرُ ـُـ شُكُوْلًا: شکل اور گڈمڈ
ہونا۔
-المريضُ: شفایاب ہونا۔
-الثَّمَرُ: پھل کا پکنے کے قریب ہونا۔
- الدابّةَ و نحوھا شَكْلًا: جانور کو بیڑی
ڈالنا۔
-الكتابَ: اعراب لگانا۔
(شَكِلَ) اللَّوْنُ ـَـ شَكَلًا: ایک رنگ میں
دوسرا رنگ مل جانا۔
-العينُ: آنکھ کی سفیدی میں سرخی مل جانا۔
- الخَيْلُ: سیاہ و سرخ ہونا۔ هو شَكِلٌ و
أَشْكَلُ وهي شَكِلَةٌ و شَكْلاءُ۔
(أَشْكَلَ) الأمْرُ: مشتبہ ہونا، پیچیدہ ہونا۔
-اللونُ: مخلوط ہونا۔
-فلانٌ: ہم شکلوں اور ہم شکلوں سے ملنا۔
-النَّخْلُ: کھجوروں کے پکنے کا وقت قریب ہو
جانا۔
-الكتابَ: اعراب لگانا۔
-المرأةُ شَعْرَهَا: بالوں کی لٹیں بنا کر چھوڑنا۔
(شَاكَلَه): کسی کے مشابہ اور ہم شکل ہونا۔
(شَكَّلَ) الدّابّةَ: جانور کو بیڑی باندھنا۔
-الكِتَابَ: اعراب لگانا۔
-الشيءَ: تصویر کھینچنا۔
- الفنونُ التَّشْكِيْلِيَّةُ: تصویر سازی کے
فنون۔
-الزَّهْرُ: پھول کا رنگ برنگ ہونا۔
-المرأةُ شَعْرَهَا: زلفیں بنانا۔
(تَشَكَّلَ): لازم شَكَّلَه۔
-الشيئُ: صورت و شکل بن جانا۔

Marfat.com

(اسْتَشْكَلَ) الأمْرُ: مشکل اور پیچیدہ ہونا۔
-علیه: اشکال کرنا' اعتراض پیش کرنا۔
-فِي تَنْفِيْذِ الحُكْمِ: (عدالتی اصطلاح میں) فیصلہ کی تنفیذ میں ایسا باعث اشکال مفہوم لانا کہ اس کے حل تک تنفیذ روکی جا سکے (مج)
(الإشْكَالُ): مفہوم کی پیچیدگی اور الجھاؤ' اشکال' اعتراض (۲) قانون مرافعات میں فیصلہ کے نافذ سے متعلق منازعت۔ (مج)
(الأشْكَلُ): دورنگی چیز۔ جریر کا شعر ہے:
فما زالت القتلى تمجّ دِماءها
بدِجلةَ حتّى ماءُ دِجلةَ أشْكَلُ
-من الناس: وہ شخص جس کی آنکھ کی سفیدی میں سرخی ہو۔ کہتے ہیں: هُوَ أشْكَلُ بِأبِيْهِ: وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔
(الشَّاكِلَةُ): طرز' طریقہ' عادت' قرآن مجید میں ہے: ﴿قُلْ كُلٌّ يَعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهِ﴾ (۲) کان کے قریب ابھرا ہوا حصہ (۳) کوکھ' پہلو۔ کہتے ہیں: أصَابَ شَاكِلَةَ الصَّوَابِ: اس نے درست بات کی (ج) شَوَاكِلُ۔
(الشِّكَالُ): بیڑی (۲) گھوڑے کی وہ رسی جو ایک اگلے اور ایک پچھلے پیر کو ملا کر باندھی جاتی ہے۔
(الشَّكْلُ): پیچیدہ اور دشوار معاملہ۔ (۲) حالت وصورت (۳) مانند' مثل' مشابہ (۴) مناسب وبہتر۔ جیسے کہا جاتا ہے: هٰذَا مِنْ شَكْلِيْ یہ میرے مناسب ہے (۵) (علم ہندسہ میں) جسم یا سطح کی وہ ہیئت جو ایک حد کے ساتھ محدود ہو جیسے گیند یا چند حدود کے ساتھ محدود ہو جیسے مثلث ومربع (۶) مناطقہ کے یہاں دلیل کی اس صورت کو کہتے ہیں جو حد اوسط کی دیگر دو حدوں (حد اکبر اور حد اصغر) کے ساتھ نسبت کی بنا پر مختلف ہوتی رہتی ہے (ج) أشْكَالٌ و شُكُوْلٌ۔
-الدفعُ الشَّكْلِيُّ: قانون عدالت کی رو سے مدعا علیہ کی جانب سے مقدمہ کے اصل موضوع سے ہٹ کر کی گئی کارروائی کا دفعیہ مثلاً عرضی دعویٰ کے غلط ہونے کا دعویٰ کر کے اسے خارج کرانے کی کوشش (مج)
(الشِّكْلُ): مانند' مشابہ۔
(الشَّكْلَةُ): شَكْلٌ کا مصدر مرہ۔ ایک اعراب۔ وہ حرکت جس سے کلمہ کو منضبط کیا جائے (۲) اس حرکت کا اشارہ (ج) شَكْلٌ و شَكَلَاتٌ۔
(الشُّكْلَةُ): رنگ برنگ' مختلف رنگوں کا مجموعہ (۳) مشابہت جیسے فيه شُكْلَةٌ مِنْ ابيه۔
(المُشَاكَلَةُ): مشابہت' مشاکلت' یکسانیت (۲) علم بدیع کی اصطلاح میں ایک معنی کو ایسے دیگر الفاظ کے ذریعہ ادا کرنا جو اس کے لئے وضع نہیں کیے گئے لیکن اس کے ساتھ ہوئے ہیں جیسے قرآن مجید میں ہے: ﴿نَسُوا اللهَ فَنَسِيَهُمْ﴾ اور ﴿وَمَكَرُوْا وَ مَكَرَ اللهُ﴾
(المُشْكِلُ): پیچیدہ' دشوار' مشکل (۲) علماء اصول فقہ کے نزدیک وہ لفظ یا شے جو بغیر خارجی کی دلیل کی دلالت کے نہ سمجھ میں آئے۔
-الخُنْثَى المُشْكِلُ: ہیجڑہ' مخنث' جس کی جنس متعین نہ ہو۔
(شَكَمَ) الفَرَسَ و نَحْوَهُ ـُ شَكْمًا: گھوڑے کے منہ میں لگام کا لوہا لگانا۔
-المُعْتَدِي: حملہ آور کو زور سے ہٹانا۔
-المتسلّط: مسلط آدمی کو رشوت دینا۔
-فلانًا: بدلہ دینا۔
(شَكِمَ) ـَ شَكَمًا: بھوکا ہونا۔ هو شَكِمٌ۔
(أشْكَمَهُ): شَكَمَهُ۔
(الشُّكْمُ): بخشش' عطیہ' انعام۔
(الشَّكِيْمَةُ): لگام کا وہ لوہا جو منہ میں ڈالا جاتا ہے (۲) دل کی قوت (۳) ظلم کے مقابلہ میں کامیابی کی طاقت۔ فلانٌ شديدُ الشَّكِيْمَةِ او ذو شَكِيْمَةٍ: غیرت مند جو کسی کے سامنے نہ جھکتا ہو (ج) شَكَائِمُ و شَكِيْمٌ و شُكُمٌ۔
(شَاكَهَهُ) مُشَاكَهَةً و شِكَاهًا: کسی کے مشابہ اور ہم مثل ہونا۔
(تَشَاكَهَا): باہم مشابہ ہونا۔
(شَكَا) ـُ شَكْوًا و شَكْوَى و شَكَاةً بیماری وغیرہ کی وجہ سے تکلیف محسوس کرنا۔
-هَمَّهُ إلى فلان: تکلیف کے ساتھ کسی کے سامنے اپنا درد بیان کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿إنَّمَا أشْكُوْ بَثِّيْ وَ حُزْنِيْ إلَى اللهِ﴾
-فلانًا: شکایت کرنے پر ابھارنا (۲) کسی کی شکایت کو ختم کرنا اور راضی کرنا۔ کہتے ہیں: أشْكَاهُ عَلٰى مَا يَشْكُوْهُ: اس کی تکلیف میں اس کی مدد کی اور تکلیف دور کی۔
-شَكْوَةً: مشکیزہ بنانا۔
(شاكَاهُ): شكاهُ۔
(شَكَّى) فلانٌ او الرَّاعِيُ: دودھ نکالنے یا ابالنے کے لئے مشکیزہ بنانا۔
-فلانًا: کسی کی شکایت دور کرنا۔
(اشْتَكَى) شَكَا (۲) بیمار ہونا (۳) مشکیزہ بنانا۔
-اليه: فریاد رسی کرنا' درد وغم کی شکایت کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿قَدْ سَمِعَ اللهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَ تَشْتَكِيْ إلَى اللهِ﴾۔
(تَشَاكَى) القومُ: ایک دوسرے کی شکایت کرنا۔
(تَشَكَّى): اشْتَكَى۔
(الشَّاكِيْ): شکایت کنندہ۔
-شاكِي السلاح: ہتھیاروں سے لیس اور ماہر آدمی۔
(الشَّكَاةُ): شکایت (۲) بیماری (۳) عیب۔
(الشَّكْوَى): دکھ درد (۲) شکایت' وہ بات جس کی شکایت کی جائے (ج) شَكَاوَى۔
(الشَّكْوَةُ): وہ مشکیزہ جس میں پانی بھر کو ٹھنڈا کرنے کے لئے ہوا میں لٹکا دیا جائے (ج) شِكَاءٌ و شُكًى و شُكِيٌّ۔
(الشَّكِيَّةُ): شکایت' وہ معاملہ جس کی شکایت ہو (۲) بقیہ (ج) شَكَايَا۔
(المِشْكَاةُ): دیوار میں چراغ وغیرہ رکھنے کا طاق۔ قرآن مجید میں ہے ﴿كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ﴾ (۲) شمع دان' لیمپ۔

Marfat.com

ش......ل

(الشَّلْجَمُ): شلجم (ایک سبزی)

(شَلَحَه): برہنہ کرنا' کپڑے اُتارنا۔

(شَلِحَ العَيْنِ): ایک بیماری جس میں دونوں پلکیں پوری طرح نہیں ملتی (مج)

(شَلْشَلَ) الماءَ و نَحوَهُ: لگاتار پانی ڈالنا۔

-السيفُ الدَّمَ: خون بہانا۔

(تَشَلْشَلَ) الماءُ و نحوهُ: جگہ جگہ ٹپکنا۔

-السَّيفُ و نحوهُ بالدَّمِ: تلوار وغیرہ کا خون بہانا۔

-فلانٌ فِي عَمَلِهِ: کام میں پھرتیلا اور مستعد ہونا۔

(الشَّلاشِلُ): تازہ گھاس یا پودا۔

(الشُّلْشُلُ): پھرتیلا اور مستعد (۲) نیک دل' خوش مزاج۔ ماء شَلْشَلٌ و دمٌ شَلْشَلٌ: مسلسل ٹپکتا ہوا پانی یا خون۔

(شَلَقَه)ـُ شَلْقًا: کوڑا وغیرہ مارنا۔

-الاُذُنَ او الأَنْفَ: لمبائی میں چیرنا۔

(شَلَّ) الدَّابَّةَ ـُ شَلًّا: جانور کو ہانکنا' دھتکارنا۔

-العينُ الدَّمعَ: آنسو بہانا۔

-الصباحُ الظَّلامَ: صبح کی روشنی کا تاریکی کو ختم کر دینا۔

-الثَّوبَ: کچے ٹانکے لگانا' معمولی سلائی کرنا۔

(شَلَّ) العضوُ ـَ شَلَلًا: عضو کا شل ہو جانا' سوکھ کر بے حرکت ہو جانا۔ مفلوج ہو جانا۔ شَلَّ فلانٌ بھی کہتے ہیں۔ دعا کے موقع پر کہا جاتا ہے: لا شَلَّتْ يمينُكَ اور بددعا کے وقت کہا جاتا ہے: شَلَّتْ يمينُه هو أشَلُّ و هي شَلَّاءُ (ج) شُلٌّ۔

-الثَّوبُ: کپڑے پر ایسا داغ یا دھبہ پڑنا جو دھونے سے بھی زائل نہ ہو۔

(أشَلَّ) فلانٌ: مفلوج ہونا۔

-اللهُ فلانًا او يَدَهُ: مفلوج کر دینا' شل کر دینا۔

(انْشَلَّ) المطرُ: زوردار بارش برسانا۔

(الشِّلالَةُ): معمولی اور بڑے ٹانکے۔

(الشَّلَلُ): فالج' لنجاپن' عضو کی بیکاری۔

(الشَّلَّالُ): آبشار (اونچی چٹان سے گرنے والا پانی کا جھرنا) (ج)

-شَلَّالُ العين: آنکھ سے پانی جاری رہنے کی بیماری (مج)

(الشَّلُولُ): پھرتیلا اور مستعد (۲) بوڑھی بکری یا اونٹنی (ج) شُلُلٌ۔

(الشَّلِيلُ): وادی میں پانی کی گزرگاہ (۲) زرہ کے نیچے پہنی جانے والی کرتی (۳) اونی کپڑے کا وہ ٹکڑا جو کجاوے کے پیچھے جانور کی پیٹھ پر ڈالا جاتا ہے۔ (ج) أشِلَّةٌ۔

(المِشَلُّ): سوئی' سوا' سلائی کرنے کا آلہ (۲) بہت دھتکارنے والا (۳) گردن ڈھانپنے کا کپڑا (ج) مَشَالُّ۔

(المُشَلِّلُ): وہ جنگلی گدھا جو ہر وقت گدھیوں کے پیچھے پڑا رہے۔

(الشَّالَمُ) و (الشُّولَمُ) و (الشَّيْلَمُ): گندم کے ساتھ پیدا ہونے والا ایک کڑوا دانہ۔

(أشْلَى) الحيوانَ: جانور کو چارہ کھانے یا دوہنے کے لئے بلانا۔

-الكلبَ عَلَى الصَّيْدِ: کتے کو شکار کے پیچھے لگانا۔

(اشْتَلَاهُ): ہلاکت یا مصیبت سے بچانے کے لئے بلانا۔

(اسْتَشْلَى): غضبناک ہونا' غصہ سے دانت پیسنا۔

-الكلبَ و نحوهُ: کتے وغیرہ کو شکار کے پیچھے لگانا۔

- فلانًا: ہلاکت یا مصیبت سے بچانے کے لئے بلانا۔

(الشَّلَا): کسی چیز کا جسم (۲) باقی ماندہ (۳) کھال' چمڑا (۴) عضو' جوڑ (ج) أشْلاءٌ۔

(الشِّلْوُ): عضو' جوڑ (۲) گوشت کا ٹکڑا (۳) باقی ماندہ (ج) أشْلاءٌ۔

- أشْلاءُ الانسانِ و غيرِهِ: بوسیدہ اور بکھرے ہوئے انسانی اعضاء۔

(الشَّلِيَّةُ): باقی ماندہ مال وغیرہ۔ کہتے ہیں: لَمْ يبقَ مِنْ مَالِهِ اِلاَّ شلِيَّةٌ (۲) گوشت کا ٹکڑا (ج) شَلَايا۔

(المُشَلِّي): دبلا پتلا' لاغر' کمزور۔

ش......م

(اشْمَأَزَّ): (دیکھئے شمز)

(شَمِتَ) بِهِ اَوْ بِعَدُوِّهِ ـَ شَمَاتَةً: کسی کی مصیبت پر خوش ہونا' هو شامِتٌ (ج) شُمَّاتٌ و هُنَّ شَوَامِتُ۔

(أشْمَتَهُ) اللهُ بعدوِّهِ: کسی کو اس کے دشمن کی تکلیف سے خوش کرنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْأَعْدَاءَ﴾

(شَمَّتَهُ) بِعَدُوِّهِ: دشمن کی تکلیف پر خوش کرنا۔

-العَاطِسَ و عليهِ: چھینکنے والے کو یرحمک اللہ کہہ کر دعا دینا۔

(تَشَمَّتَ): مال غنیمت کے بغیر ناکام واپس لوٹنا۔

(الشَّامِتَةُ): جانور کی ٹانگ۔ بددعا کے موقع پر کہتے ہیں: لا ترك الله له شامِتَةً اللہ اس کے جانوروں کو ہلاک کر دے (ج) شوامِتُ کہتے ہیں: بَاتَ فلانٌ بليلة الشَّوَامِتِ و بَاتَ طوعَ الشَّوامِتِ: اس نے مصیبت کی حالت میں رات گزاری۔

(الشِّمَاتُ): وہ لوگ جن کی مصیبت پر خوشی منائی جائے (اس کا کوئی مفرد نہیں)

(الشَّمَاتَى): الشِّمات۔

(الشَّمَاتَةُ): دشمن کی مصیبت پر خوشی۔

(شَمَجَتِ) الدَّابَّةُ ـُ شَمْجًا: جانور کا تیز چلنا۔ هي شَمَجَى۔

-في الامرِ جلدی کرنا۔

-الشيْءَ: غیر چیز کی آمیزش کرنا۔

-الثَّوبَ: معمولی اور کچے ٹانکے کھانا۔

-الشَّعِيرَ او الرزَّ: جو یا چاول کی موٹی روٹی پکانا۔

(الشَّمَاجُ): جو یا چاول کی موٹی روٹی (۲) خراب بچے ہوئے انگور جو پھینکنے کے قابل ہوں۔ کہتے ہیں: مَا ذُقْتُ شَمَاجًا: میں نے ذرا سا کھانا بھی نہیں کھایا۔

Marfat.com

(شَمَخَ) الجَبَلُ و نَحْوُهٗ ـُ شُمُوْخًا: بلند ہونا۔
-انفه: تکبر کی وجہ سے ناک او نچا ہونا۔
-بأنفه و أنفه: تکبر کرنا' بڑا بننا۔ هو شامِخٌ کہتے ہیں: نَسَبٌ شَامِخٌ: بلند نسب (ج) شوامخ و شُمَّخٌ وهنّ شَامِخاتٌ قرآن مجید میں ہے: ﴿ وَجَعَلْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ شَامِخَاتٍ ﴾
(الشَّمَخُ) سَفَرٌ شَمَخٌ: لمبا سفر۔
-مفازةٌ شَمَخٌ: لمبا چوڑا جنگل۔
(الشُّمُوْخُ) سَفَرٌ شَمُوْخٌ: دور دراز کا سفر۔
-مفازةٌ شموخٌ: وسیع وعریض جنگل۔
(الشَّمْخَتَرُ): کمینہ (۲) منحوس (مع)
(شَمْخَرَ): تکبر کرنا۔
(اشْمَخَرَّ): بہت اونچا ہونا۔ هو مُشْمَخِرٌّ۔
(الشَّمْخَرِيْرَةُ): تکبر' بڑائی' غرور۔
(الشِّمَّخْرُ): بھاری بھر کم آدمی یا سانڈ (۲) متکبر' مغرور (۳) دور اندیش اور بلند پرواز آدمی۔
(شَمَذَ) الحیوانُ ـِ شَمْذًا و شُمُوْذًا: دم اونچی کرنا۔ شَمَذَ بذنبه بھی کہتے ہیں۔
-الرجُلُ ثوبَه: گھٹنوں تک کرتہ اٹھانا۔
(الشَّامِذُ): بچھو (کیونکہ اس کی دم اوپر اٹھی ہوتی ہے) (ج) شُمَّذٌ و شَوَامِذُ۔
(الشَّمْذَةُ): وہ درخت جس پر بیل چڑھائی جائے (ج) شَمَذٌ و شِمَاذٌ۔
(شَمَرَ) ـُ شَمْرًا: ٹھیک چلنا (۲) اترا کر اکڑتے ہوئے چلنا۔
-الشیئَ: سمیٹنا' سکیڑنا۔
(أَشْمَرَ) الدابّةَ: تیز ہانکنا۔
(شَمَّرَ): شَمَرَ۔
-فی الأمرِ: پھرتی دکھانا' مستعد ہونا۔
-للأمرِ: تیار ہونا۔
-عن ساعِدِہ او عَنْ سَاقِه: کوشش کرنا' تیار ہو جانا۔
-الشیئَ: سکیڑنا' سمیٹنا۔
-ثوبَه: آستین اوپر چڑھانا' پائنچہ چڑھانا۔
-الدَّابَّةَ: تیز ہانکنا۔
-شَمَّرَتِ الحَرْبُ وَ شَمَّرَت عَنْ سَاقِهَا: لڑائی کے شعلے بلند ہونا۔
(انْشَمَرَ): لازم شَمَرَهٗ۔
(تَشَمَّرَ): لازم شَمَّرَهٗ۔
-الشیئُ: سمٹنا' سکڑنا۔
-تَشَمَّرَتِ اللِّثَةُ: مسوڑھے کا سکڑنا۔
(الشَّامِرُ) نَاقَةٌ او شاةٌ شامِرٌ: وہ اونٹنی یا بکری جس کے تھن سکڑ کر پیٹ سے لگ گئے ہوں۔
(الشَّمَارُ): ایک پودا جس کے پھول زرد اور دانے سبز ہوتے ہیں۔
(الشَّمَرُ): الشَّمَارُ۔
(الشِّمْرُ): عمدگی اور محنت سے کام کرنے والا (۲) پختہ عزم (۳) فیاض وسخی (۴) تجربہ کار۔
(الشِّمِرُّ): سنگین معاملہ جس کے لئے محنت و کوشش درکار ہو۔ مقولہ ہے: أجاءهُ الخوف إلى شرّ شِمِرٍّ: شر کا خوف اسے بڑے شر کی طرف لے آیا۔
(الشَّمَرِيُّ): اپنی بات پر اٹل اور پورا اترنے والا۔
(الشِّمِّيْرُ): بہت زیادہ پختہ کار و تجربہ کار آدمی۔
(شَمْرَجَ) الثَّوْبَ وَ نَحْوَهٗ شَمْرَجَةً و شِمْرَاجًا: خراب سلائی کرنا' موٹے ٹانکے لگانا۔
-النَّسَّاجُ الثوبَ: خراب اور کمزور بننا۔
-الکلامَ: مخلوط کلام کرنا۔
(الشُّمْرُجُ): باریک بنا ہوا کپڑا (ج) شَمَارِجُ و شَمَارِيْجُ۔
(الشُّمْرُوْجُ): الشُّمْرُجُ۔
(شَمْرَخَ) العِذْقَ: کھجور یا انگور کے گچھوں کے کاٹنا' توڑنا۔
-النَّخْلَةَ: گدر کھجوریں توڑنا۔
(الشِّمْرَاخُ): کھجوروں کا گچھا (۲) انگور کا خوشہ (۳) بڑے شاخ پر اگنے والی چھوٹی شاخ (ج) شَمَارِيْخُ۔
(الشُّمْرُوْخُ): الشِّمْرَاخُ۔
(الشَّمَرْدَلُ): مضبوط و بہادر لڑکا۔
-جَمَلٌ شَمَرْدَلٌ و ناقةٌ شَمَرْدَلَةٌ: بہادر اونٹ یا اونٹنی۔
(شَمَزَ) ـُ شَمْزًا: سکڑنا' سمٹنا (۲) اظہار ناگواری کرنا۔
(تَشَمَّزَ): منقبض ہونا' ناگواری کا اظہار کرنا۔
-وَجْهُه: ناگواری کی وجہ سے چہرہ کا بدل جانا۔
(اشْمَأَزَّ) بالأمرِ و منه اشْمِئْزَازًا: گھٹن ہونا' منقبض ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ وَإِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ قُلُوبُ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ ﴾
(الشُّمَأْزِيْزَةُ): نفرت و ناگواری' گھٹن۔
(شَمَسَ) اليومُ و نحوهٗ ـُ شُمُوْسًا: دن کا دھوپ والا ہونا یا تیز دھوپ والا ہونا۔
-الدابّةُ شُمُوْسًا و شِمَاسًا: جانور کا بدکنا' سرکش ہونا۔
-فلانٌ: ضد اور ہٹ دھرمی کرنا' نافرمانی کرنا۔
-لفلان: کسی کو تکلیف دینے کا ارادہ کرنا۔ هو شامِسٌ (ج) شُمَّسٌ و هُنَّ شوامِسُ۔
(أَشْمَسَ) اليومُ و نَحْوُهٗ شَمَسَ۔
(شَامَسَه) مُشَامَسَةً و شِمَاسًا: بغض ودشمنی کرنا۔
(شَمَّسَ): سورج کی عبادت کرنا۔
-الشیئَ: سکھانے اور خشک کرنے کی سورج کے سامنے لانا۔
(تَشَامَسَا): باہم عداوت ودشمنی رکھنا۔
(تَشَمَّسَ): لازم شَمَّسَه (۲) سورج کے سامنے آنا (۳) دھوپ میں آنا (۴) بخل کرنا۔
(الشَّامِسُ) يومٌ شامِسٌ: دھوپ والا دن۔
(الشِّمَاسُ): ضد' ہٹ دھرمی۔
(الشَّمْسُ): سورج۔
(الشَّمْسِيَّةُ): سورج کا (نسبت إلى الشمس) (۲) چھتری۔
-اللام الشَّمْسِيَّةُ: وہ لام معرفہ جو اپنے بعد والے حرف میں مدغم کر کے پڑھا جائے۔ حروف شمسی یہ ہیں۔ تا' ثا' دال' سے ظا تک

Marfat.com

اور لام نون۔ ان کے علاوہ تمام حروف قمریہ ہیں۔
(الشَّمَّاسُ): انتہائی ضدی وسرکش (۲) کنیسہ کا خادم جس کا درجہ قسیس سے کم ہوتا ہے (سریانی) (ج) شمامِسَةٌ۔
(الشَّمُوْسُ): سرکش اور بے قابو کہتے ہیں: رَجلٌ شموسٌ و امرأةٌ شموسٌ (۲) شراب (ج) شُمُسٌ۔
(شَمَصَ) الدابّةَ و غيرَها ـُ شَمْصًا و شمُوْصًا: بہت تیز ہانک کر تھکا دینا۔
-الرَّجُلَ: ڈرانا دھمکی دینا۔
(الشُّمُوْصُ): سرکشی اور ضدی (ج) شُمُصٌ۔
(المَشْمُوْصُ): حد سے زیادہ ڈرایا ہوا اور پریشان کیا ہوا۔
(شَمَطَ) الشجرُ و نحوُهُ ـِ شَمْطًا: پتے بکھرنا۔
-الشيئَ: غیر کے ساتھ ملانا۔
-مالَهُ: حلال وحرام کو ملانا۔
-الكلامَ او فيه: طرح طرح کی باتیں کرنا۔
-الاناءَ و نَحْوَهُ: بھرنا۔ هو مَشْمُوْطٌ و شَمِيْطٌ۔
(شَمِطَ) الشيئُ ـَ شَمَطًا: غیر کے ساتھ ملنا۔
-شعرُهُ: بالوں کا سیاہ وسفید ہونا۔
-الشَّجَرُ: پتے گرانا۔ هو اشمطُ وهي شَمْطاءُ۔
(أَشْمَطَ): شَمِطَ۔
-الشيئَ: غیر کے ساتھ ملانا۔ کہتے ہیں: أَشْمِطْ عَمَلَكَ بصَدَقَةٍ۔
(اشْمَاطَّ) و (اشمَاطَّ): شَمِطَ۔
(الأَشْمَطُ): سیاہ و سفید بالوں والا هي شمطاء (ج) شُمْطٌ۔
(الشِّمْطُ): کھانے میں ملایا جانے والا مسالا یا رنگ وغیرہ (ج) أشماطٌ و شِمَاطٌ۔
(الشَّمَطُ): بالوں کی سفیدی و سیاہی (ج) اشماطٌ و شِمَاطٌ۔
(الشَّمَطَاتُ): سیاہ بالوں میں سفید بال۔

(الشُّمْطَانُ): گدر کھجور جس کا ایک حصہ خوب پک چکا ہو۔ واحد: شمطانةٌ۔
(الشَّمِيْطُ): مخلوط۔
(الشَّمَاطِيْطُ): مختلف گروہ کہتے ہیں: تفرَّق القومُ شماطيط: لوگ مختلف گروہوں میں تقسیم ہو گئے۔ ثوبٌ شَمَاطِيطُ: پھٹا پرانا کپڑا۔
(شَمَعَ) ـَ شَمْعًا و شُمُوْسًا: ہنسی مزاح کرنا (۲) مست ہونا۔
(أَشْمَعَ) السِّراجُ و نَحْوُهُ: روشن ہونا۔
(شَمَّعَ): ہنسی مذاق میں لگانا۔
-له: تفریح ومستی کا سامان فراہم کرنا۔
-به: کسی کو چھیڑ کر ہنسنا۔
-الثَّوْبَ و نحوهُ: کپڑے پر پالش کرنا۔
-الحِرْزَ: تعویذ کا موم جامہ کرنا۔ (محدثہ)
(الشِّمَاعُ و الشِّمَاعَةُ): مذاق دل لگی۔
(الشَّمْعُ): موم بتی (۲) موم (ج) شُمُوْعٌ۔
(الشَّمْعَةُ): ایک موم بتی (۲) بلب کی قوت کا ایک پیمانہ۔ کہتے ہیں: هو ذو عشر شمعات او مائة شمعة و هكذا: یہ بلب دس واٹ یا سو واٹ کا ہے (محدثہ)
(الشَّمَّاعُ): موم بتی بنانے یا فروخت کرنے والا۔ شمع فروش۔
(الشَّمَّاعَةُ): کپڑے لٹکانے کا سٹینڈ یا ہینگر وغیرہ۔
(الشَّمُوْعُ): مسخرہ بہت مذاق او رمزاح کرنے والا (ج) شُمُعٌ۔
(المَشْمَعَةُ): ہنسی مذاق (۲) موم بتیوں کا کارخانہ (ج) مَشَامِعُ۔
(المُشَمَّعُ): موم چڑھایا ہوا۔
(الشَّمْعِدَانُ): شمع دان۔
(اشْمَعَلَّ) الرَّجُلُ: بلند مرتبت اور عالی شان ہونا (۲) جھومنا اکڑ کر چلنا۔
-الدَّابَّةُ: جانور کا مگن و چاق و چوبند ہونا۔
-الغارةُ: حملہ کا پھیل جانا۔
-اللَّبَنُ: دودھ کی کھٹاس بڑھ جانا۔
(المُشْمَعِلُّ): مست و مگن (۲) شریف بلند ہونا۔ شاعر کا قول:

له داعٍ بمكة مشمعلٌّ
واخر فوق دارته ينادي

(شَمِقَ) فلانٌ ـَ شَمَقًا و شَمَاقَةً: دیوانگی کی حد تک خوش ہونا۔
(الأَشْمَقُ): خون آلود منہ کا جھاگ۔
(الشَّمِقُ): پھٹا ہوا کپڑا۔
(الشَّمَقْمَقُ): لمبا قد آور۔
(شَمَلَتِ) الرِّيحُ ـُ شَمْلاً و شُمُوْلاً: ہوا کا شمال کی جانب چلنا۔
-بفلانٍ: کسی کو بائیں جانب لے جانا۔
-الأَمْرُ القومَ: سب کو عام ہونا۔
-فُلانًا: شال اوڑھانا۔
-التمرَ و الضَّرْعَ: تھیلی چڑھانا۔
(شَمِلَ) الأَمْرُ القومَ ـَ شَمَلاً: سب کو شامل ہونا۔
-الدابّةُ اللِقاحَ: جانور کا گابھن ہونا۔
(أَشْمَلَتِ) الريحُ: ہوا کا بائیں جانب سے آنا۔
-القومُ: لوگوں پر شمال ہوا چلنا۔
-فلانٌ: شال اوڑھے ہوئے ہونا۔
-فلانًا: شال اوڑھنا۔
-التَّمرَ و الضَّرْعَ وَ نَحْوَهُ: کھجور اور تھن پر تھیلی چڑھانا۔
(اشْتَمَلَ) بثوبه: کپڑے میں پورا لپیٹ جانا کہ ہاتھ بھی باہر نہ رہے۔
-الصَّمَّاءَ: چادر کو پہلے دائیں ہاتھ اور بائیں مونڈھے پر اور پھر بائیں ہاتھ اور دائیں مونڈھے پر ڈال کر لپیٹنا۔
-بسيفه: تلوار گلے میں لٹکانا۔
-على كذا: مشتمل ہونا، حاوی ہونا قرآن میں ہے: ﴿أَمْ مَا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنْثَيَيْنِ﴾
-عَلَى فُلان: کسی کو اپنے ذریعہ بچالینا۔
(تَشَمَّلَ) بِالشِّمْلَةِ و نحوِهَا: چادر کو ہر طرف سے لپیٹنا۔
(الشِّمَالُ): جانب شمال (مقابل جنوب) (۲) شمالی ہوا۔ شَمْأَلٌ و شَامَلٌ بھی کہتے ہیں۔

Marfat.com

(الشِّمَالُ): بائیں جانب' بایاں۔ جیسے الیَدُ الشِّمَالُ و الجانب الشِّمَالُ وغیرہ قرآن مجید میں ہے: ﴿لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّ شِمَالٍ﴾ (ج) اَشْمُلٌ و شُمُلٌ و شَمَائِلُ قرآن مجید میں ہے ﴿ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَ عَنْ اَيْمَانِهِمْ وَ عَنْ شَمَآئِلِهِمْ﴾ (۲) نحوست' بدفالی۔

– طیرُ الشِّمال: منحوس پرندہ جس سے بدفالی لی جائے (۳) اخلاق' عادت (ج) شَمَائِلُ (۴) تھن پر چڑھانے کی تھیلی یا کھجوروں پر باندھنے کی تھیلی۔

(الشَّمْلُ): شَمْلُ القومِ و نحوهم: اجتماعیت' اتحاد' شیرازہ۔ جَمَعَ اللّٰهُ شَمْلَهُمْ: اللہ ان کو متحد اور اکٹھا کرے۔

(الشِّمْلُ): کھجور کا گچھہ۔

(الشَّمِلُ): چادر میں لپٹا ہوا۔

(الشَّمْلَةُ): پورے جسم کو ڈھانکنے والی چادر (۲) مفلر یا شال جو سر یا گردن ڈھانپنے کے لئے ہو (ج) شِمَالٌ۔ حدیث علی رضی اللہ عنہ میں ہے (انّ ابا هذا كان ينسج الشِّمالَ بيمينه)

(الشِّمْلَةُ): چادر اوڑھنے کا طریقہ۔

(الشِّمِلَّةُ): تیز رفتار اونٹنی۔

(الشَّمُوْلُ): شمالی ہوا (۲) شراب۔

(المِشْمَالُ): بڑی چادر وغیرہ جو پورے جسم کو ڈھانک لے (ج) مَشَامِيْلُ۔

(المِشْمَلُ): الشَّمْلَةُ (۲) چھوٹی تلوار جو کپڑوں میں چھپائی جاسکے (ج) مَشَامِلُ۔

(المِشْمَلَةُ): دو پرت کی اوڑھنے کی چادر اس کے دونوں کناروں کو ملا کر سوتے وقت ڈھانپ لیتے ہیں۔

(المَشْمُوْلُ): وہ شخص جس پر شمالی ہوا چلے۔

– غديرٌ مَشْمُوْلٌ: وہ تالاب جس کے پانی کی سطح پر شمالی ہوا سے لکیریں پڑ جائیں اور وہ اسے خوشگوار بنا دیں۔

– نارٌ مَشْمُوْلَةٌ: شمالی ہوا کی بھڑکائی ہوئی آگ۔

– نَوًى مَشْمُوْلَةٌ: دوستوں کو جدا کرنے والا سفر۔

(شَمْلَلَ): جلدی کرنا۔

– الشَّجَرَةَ: درخت کے پھل چننا۔

(الشِّمْلَالُ): تیز پھرتیلا۔

(الشُّمْلُوْلُ): ریت کی لمبی دھاری (۲) متعدد ٹہنیوں والی شاخ (ج) شَمَالِيْلُ۔

– قومٌ شَمَالِيْلُ: بکھرے ہوئے لوگ۔

– ثوبٌ شَمَالِيْلُ: پھٹا پرانا کپڑا۔

(الشِّمْلِيْلُ): تیز رفتار اور پھرتیلا۔

(شَمَّهُ) – شَمًّا و شَمِيْمًا: سونگھنا۔

– الخبرَ: خبر کا کچھ حصہ معلوم ہونا۔

– الأمرَ: جانچ پڑتال کرنا۔

(شَمَّ) البناءُ اوِ الجَبَلُ – شَمَمًا: بلند چوٹی والی ہونا۔

– الأَنْفُ: ناک کا اونچا ہونا۔

– الرَّجُلُ: اونچی ناک والا ہونا' مغرور و متکبر ہونا۔ هو أَشَمُّ و هي شَمَّاءُ (ج) شُمٌّ۔

– الشيءَ شَمًّا و شَمِيْمًا: سونگھنا۔

(أَشَمَّ) الرجُلُ: تکبر کی وجہ سے سر اٹھا کر چلنا۔

– عنه: الگ ہونا' ہٹنا۔

– فلانًا الطِّيْبَ: خوشبو سونگھانا۔

– الخاتِنُ: ختنہ کرنے والے کا ختنہ کرتے وقت تھوڑی سی کھال چھوڑ دینا۔

(شَمَّمَه) الطِّيْبَ او الدواءَ: سونگھانا۔

(اشْتَمَّه): سونگھنا۔

(تَشَمَّمَه): آہستہ آہستہ سونگھنا۔

-فِي الرَّأْيِ و نحوِهِ: رائے وغیرہ میں پختہ ہونا۔
(الصَّالِبُ): بہت تیز بخار۔
(الصَّلَابَةُ): سختی' ٹھوس پن۔ في وجهه صَلَابَةٌ: اس کے چہرہ سے بے حیائی ٹپک رہی ہے۔
(الصُّلْبُ): سخت' مضبوط' قوی (۲) سخت زمین (۳) ٹھوس چیز جو مختلف حالات میں بھی اپنی ہیئت پر قائم رہے (مع) (۴) فولاد (وہ جسم جو مختلف عناصر سے مرکب ہوتا ہے انتہائی

Marfat.com

سخت ہونے کے باوجود کوٹنے سے نرم ہو کر مختلف شکلیں اختیار کر لیتا ہے نیز پگھلنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے اس سے ہتھیار وغیرہ بنتے ہیں) (ج)(۵) کمر کی ہڈی۔ کمر۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿يَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَ التَّرَآئِبِ﴾ (۲) نسل خاندان۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ﴾ (ج) أَصْلُبٌ و أَصْلَابٌ۔

(الصَّلَبُ): سخت ٹھوس (۲) گودا چربی (ج) أَصْلَابٌ۔

(الصُّلَّبُ): سخت مضبوط (۲) سان رکھنے کا پتھر (۳) دھاردار۔

(الصَّلِيْبُ): سخت مضبوط (۲) خالص النسب جیسے: هُوَ عَرَبِيٌّ صليبٌ۔ (۳) سولی چڑھایا ہوا (۴) ہڈی کا گودا چربی (۵) سولی۔ دو ایسے خط جو ایک دوسرے کو قطع کرتے ہوں یا اس طرح کی بنی ہوئی چیز (۶) عیسائیوں کے نزدیک وہ لکڑی جس پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سولی دی گئی تھی (ج) صُلُبٌ و صُلْبَانٌ۔

- الصَّلِيْبُ الأَحْمَرُ: ریڈ کراس ایک بین الاقوامی امدادی جماعت جو مصائب و آفات میں انسانوں کی مفت خدمت کرتی ہے۔

(الصَّلِيْبِيُّوْنَ): یورپ کے عیسائی فوجی جنہوں نے گیارہویں بارہویں اور تیرہویں صدی میں اسلامی مشرقی ملکوں پر متعدد بار حملے کئے جن کا مقصد ان کے بقول بیت المقدس اور اس سے ملحقہ علاقوں کو آزاد کرانا تھا۔

(صَلَتَ) اللَّبَنُ و نَحْوُهُ ـِ صَلْتًا: دودھ کی چکنائی کا کم ہونا۔

- فلانًا وغيره بالسَّيْفِ ـُ صَلْتًا: تلوار مارنا۔

- الفَرَسَ وَ غَيْرَهُ: ایڑ لگنا۔

- مَا فِي القَدَحِ و نحوه: پیالہ میں موجود چیز کو انڈیلنا۔

(صَلُتَ) الجَبِيْنُ ـُ صُلُوْتَةً: پیشانی کا کشادہ اور روشن ہونا۔ ایسے ہی: صَلُتَ الرَّجُلُ۔

(أَصْلَتَ) الشَّيْءَ: ظاہر کرنا نمایاں کرنا۔

- السَّيْفَ: تلوار سونتنا نیام سے باہر نکالنا۔

(انْصَلَتَ): ظاہر اور نمایاں ہونا۔

- في سَيْرِهِ أو أَمْرِهِ: کوشش کر کے آگے نکلنا۔

(الإِصْلِيْتُ): تیز اور پختہ کار (ج) أَصَالِيْتُ

(الصَّلْتُ): نمایاں (۲) چکنا۔

- جَبِيْنٌ صَلْتٌ: کشادہ اور چمکدار پیشانی۔

- سِكِّيْنٌ صَلْتٌ: تیز دھار چھری (ج) أَصْلَاتٌ۔

(الصَّلَتَانُ): سخت اور طاقتور (۲) چوکنا پختہ کار آدمی (ج) صِلْتَانٌ۔

(صَلِجَ) ـَ صَلَجًا: بہرا ہونا۔ هو أَصْلَجُ وهي صَلْجَاءُ (ج) صُلْجٌ۔

(تَصَالَجَ) فلانٌ: بہرا بننا۔

(الصُّلَّجَةُ): ریشم کا خول جو بعض کیڑے بناتے ہیں (ج) صُلَّجٌ (مو)

(الصَّلِيْجَةُ): پگھلی ہوئی صاف چاندی۔

(الصَّوْلَجُ): صاف و خالص (۲) ہاکی نما ڈنڈا۔ پولو کھیلنے کا بلا (مع) (ج) صَوَالِجُ

(الصَّوْلَجَةُ): الصَّوْلَجُ۔

(الصَّوْلَجَانُ): الصَّوْلَجُ (مع)

- صَوْلَجَانُ المُلْكِ: وہ ڈنڈا جسے بادشاہ اپنے پاس بطور علامت بادشاہت رکھتا ہے۔ (ج) صَوَالِجُ و صَوَالِجةٌ۔

(الصَّوْلَجَانَةُ) الصَّوْلَجَانُ۔

(صَلَحَ) ـُ صَلَاحًا و صُلُوْحًا: خرابی دور ہونا درست ہونا۔

- الشَّيْءُ: نفع رساں اور لائق و مناسب ہونا۔ جیسے: هذا الشيءُ يصلح لكَ۔

(صَلُحَ) ـُ صَلَاحًا و صُلُوْحًا: صَلَحَ، هو صَلِيْحٌ۔

(أَصْلَحَ) فِي أَمْرِهِ او عَمَلِهِ: ٹھیک اور درست کام یا معاملہ کرنا۔

- الشَّيْءَ: خرابی دور کرنا اصلاح کرنا۔

- بينهما او ذات بينهما او ما بينهما: صلح کروانا ناراضگی اور دشمنی ختم کروانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا﴾ و ﴿فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ﴾

- اللّٰهُ لفلانٍ في ذرِّيَّتِهِ او مَالِهِ: کسی کی اولاد میں درستگی اور نیکی پیدا کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ﴾

(صَالَحَهُ) مُصَالَحَةً و صِلَاحًا: کسی کے ساتھ صلح و امن سے رہنا۔

- عَلَى الشيءِ: صلح کا معاہدہ کرنا کسی بات پر مصالحت کرنا۔

(اصْطَلَحَ) القَوْمُ: لوگوں کے مابین صلح ہونا۔

- على الأَمْرِ: کسی بات پر متفق ہونا اور کسی بات کو جاننے کے لئے کوئی علامت یا کوئی مفہوم ادا کرنے کے لئے کوئی لفظ مقرر کرنا۔

(تَصَالَحُوْا): باہم مصالحت کرنا۔

(اسْتَصْلَحَ) الشيءُ: ٹھیک ہونے کے قابل یا ٹھیک ہونے کے قریب ہونا۔

- الشيءَ: درست کرنا (۲) درست کروانا (۳) درست سمجھنا۔

(الإِصْطِلَاحُ): درستگی صلح (۲) اصطلاح کسی خاص مفہوم کو ادا کرنے کے لئے مقرر کیا ہوا لفظ اور ہر علم میں اصطلاح ہوتی ہے۔

(الصَّالِحُ): ٹھیک درست صحیح (ج) صُلَحاء (۲) کثیر زیادہ جیسے: عنده قَدْرٌ صَالِحٌ من المالِ (۳) فائدہ نعمت۔ جیسے: و اتتنی صَالِحةٌ من فلان (ج) صَوَالِحُ۔

(الصَّلَاحُ): درستگی صحت نیکی۔

(الصَّلَاحِيَةُ): درستگی۔

- الصلاحِيَةُ للعملِ: کسی کام کو کرنے کی صلاحیت استعداد لیاقت مناسبت۔

- الصلاحية لِذِی السلطانِ: دائرہ اقتدار (محدثہ)

(الصُّلْحُ): صلح امن و سلامتی دوستی (۲) وصفی معنی پُر امن صلح پسند جیسے هو صلح لی وهم لنا صلحٌ۔

(الصِّلْحُ): نیک صالح ایماندار (ج)

Marfat.com

صُلْخَاءُ۔

(الْمَصْلَحَةُ): درستگی' نیکی (۲) منفعت' فائدہ (۳) کسی وزارت کا محکمہ' انتظامی شعبہ جس کے تحت مخصوص کام ہے جیسے انکم ٹیکس کا محکمہ' پاسپورٹ کا محکمہ (ج) مَصَالح (محدثہ)

(صَلِخَ)۔ صَلَخًا: بہرا ہو جانا۔ هو اَصْلَخ وهي صَلْخَاءُ (ج) صُلْخ

(تَصَالَخَ): بہرہ بننا۔

(صَلَدَ)۔ صَلْدًا و صُلُودًا: سخت ہونا' خشک ہونا۔

-الارضُ: زمین کا بنجر ہونا۔

-فلانٌ: بخیل اور کنجوس ہونا (۲) سخت دل والا ہونا۔

-الدَّابَّةُ: جانور کا دوڑتے وقت اگلی دونوں ٹانگیں زمین پر مارنا۔

-الزَّنْدُ: چقماق کا آواز نکال کر بے شعلہ رہ جانا۔

-فلانٌ بیدیه: تالی بجانا۔

-أنيابُه: دانتوں کے بجنے کی آواز ہونا۔

-الشئُ: چمکنا۔

(صَلُدَ)۔ صُلُودًا و صَلَادَةً: سخت اور چکنا ہونا (۲) بخیل ہونا۔

(أَصْلَدَ): سخت اور چکنا ہونا۔

-الشئَ: سخت اور چکنا ہونا (۲) سخت اور چکنا پانا۔

(الأَصْلَدُ): بہت سخت' بہت ٹھوس (۲) انتہائی بخیل' هي صَلْدَاءُ (ج) صُلْدٌ۔

(الصَّلْدُ): سخت ٹھوس چکنا (۲) چوڑی چکنی چٹان (۳) بنجر زمین۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَأَصَابَهُ وَابِلٌ فَتَرَكَهُ صَلْدًا﴾ (۴) بال نہ اگانے والا سر یا کھال (۵) آگ نہ دینے والا چقماق (ج) أَصْلَادٌ هي صَلْدَةٌ (ج) صِلَادٌ۔

(الصَّلُودُ): بہت سخت' بہت ٹھوس (۲) وہ دیگچی وغیرہ جس میں دیر سے جوش آتا ہو آگ اس پر دیر سے اثر کرتی ہو (ج) صُلُدٌ۔

(المِصْلَادُ) ناقَةٌ مِصْلَادٌ: وہ اونٹنی جو بچہ دے اور تھنوں میں دودھ نہ ہو (ج) مَصَالِيدُ۔

(المِصْلَادَةُ): المِصْلَادُ (ج) مَصَالِيدُ۔

(الصِّلْدِمُ): ٹھوس اور مضبوط۔ (۲) مضبوط کھر والا جانور (ج) صَلَادِمُ۔

(صَلْصَلَ) الشئُ: گونج دار آواز نکالنا۔ جیسے: صَلْصَلَ الجَرَسُ۔

-الحَلْيُ والسِّلاحُ: زیور یا ہتھیاروں کی جھنکار ہونا۔

-الرَّعْدُ: بادل کی کڑک کا گونجنا۔

-فلانٌ: دھمکی دینا۔

-بكلامِه: لڑکھڑاتے ہوئے بولنا۔

(تَصَلْصَلَ): صَلْصَلَ۔

-الغَدِيرُ و نَحْوُهُ: تالاب یا حوض کا خشک ہو جانا۔

(الصَّلَاصِلُ): آواز نکالنے والا۔

(الصَّلْصَالُ): خشک مٹی (۲) آواز نکالنے والا (۳) ایک قسم کی چٹان (مج)

(الصُّلْصُلُ): گھوڑے کی پیشانی (ج) صَلَاصِلُ۔

(الصُّلْصُلُ): تالاب یا برتن میں بچا ہوا پانی (۲) بال گرنے سے گھوڑے کی پیشانی کا سفید ہونے والا حصہ (ج) صَلَاصِلُ۔

(صَلْطَحَ): پھیلانا' چوڑا کرنا۔

(الصَّلْطَحُ): چوڑا (۲) موٹا' بھاری بھرکم۔

(المُصْطَلَحُ): چوڑا' کشادہ۔

(صَلِعَ) فلانٌ ۔ صَلَعًا: سر کے اگلے بال گر جانا یا بیچ سر کے بال اڑ جانا۔

-رَأْسُه: سر کے بال اڑ جانا۔

-الشَّجَرَةُ و نحوُها: درخت کی ٹہنیوں کے کناروں کا گر جانا یا مویشی کا ان کو کھا جانا۔

(صَلَّعَتِ) الشَّمْسُ: سورج کا بادلوں سے باہر نکل آنا۔

(تَصَلَّعَتِ): سورج کا بادلوں سے باہر نکلنا۔

-السماءُ: آسمان کا بادلوں سے صاف ہونا۔

(الأَصْلَعُ): گنجا (سر کے اگلے یا بیچ کے گرے ہوئے بالوں والا) (۲) صیقل کیا ہوا نیزہ (۳) ہر چکنی اور چمکدار چیز۔ هي صَلْعَاءُ (ج) صُلْعٌ و صُلْعَانٌ۔

(الصِّلَاعُ): صِلَاعُ الشَّمْسِ: سورج کی گرمی۔

(الصَّلَعُ): گنجاپن' سر کے اگلے حصہ یا درمیان کے بال گر جانا۔

(الصَّلْعَةُ): سر کی کھال جس سے بال جھڑ گئے ہوں۔

(الصُّلَعَةُ): الصَّلْعَةُ۔

(الصُّلَّاعَةُ): چوڑی سخت چٹان (ج) صُلَّاعٌ۔

(الصَّلِيعُ): گنجا (۲) بنجر زمین (ج) صُلَعَاءُ وهي صليعة (ج) صَلَائعُ۔

(صَلَفَه)۔ صَلَفًا: دشمنی رکھنا' نفرت کرنا۔

(صَلِفَ) الشئُ ۔ صَلَفًا: بے برکت ہونا' کم فیض والا ہونا۔

-النباتُ: کم پیداوار والا ہونا۔

-الطعامُ: کم غذائیت والا ہونا۔

-السحابُ: بادل کا زیادہ گرجنا اور کم برسنا۔

-فلانٌ: لوگوں میں مبغوض اور ناپسندیدہ ہونا' شیخی بگھارنا۔ هو صَلِفٌ وهي صَلِفَةٌ

(أَصْلَفَ) صَلِفَ (۲) تنگ ظرف ہونا۔

-فلانًا وغيرَهُ: نفرت کرنا۔ اَصْلَفَهُ اللّٰهُ: اللہ تعالیٰ کا کسی کو لوگوں کی نظر میں مبغوض کرنا۔

(تَصَلَّفَ): بے فیض ہونا (۲) سخت زمین میں داخل ہونا۔

(الأَصْلَفُ): بنجر اور سخت زمین (ج) أَصَالِفُ و صُلْفٌ۔

(الصَّلِفُ): کم فیض والا (۲) شیخی خور' بےکار باتیں بنانے والا۔

-سَحَابٌ صَلِفٌ: زیادہ گرجنے اور کم برسنے والا بادل۔

-طعامٌ صَلِفٌ: بے مزہ اور بے برکت کھانا۔

(الصَّلْفَاءُ): سخت اور بنجر زمین (ج) الصَّلَافِي۔

(الصَّلِيفُ): الصَّلِفُ (۲) گردن کا بیرونی سطح' گردن کا کنارہ۔ هما صليفان (ج) صَلَائِفُ۔

Marfat.com

(الصلیفان): گردن کی دونوں جانبیں (۲) پالکی یا کجاوہ میں باندھی جانے والی دو لکڑیاں۔
(صَلَقَ) ـُ صَلْقًا: تکلیف کی وجہ سے چلانا۔
-القَوْمَ و فیھم: سخت مصیبت میں مبتلا کرنا۔
-نَابَهٗ: دانت پیسنا۔
-اللَّحْمَ و نَحْوَهٗ: گوشت وغیرہ کو پکانا۔
-الشَّاةَ: بکری وغیرہ کو دونوں پہلوؤں پر رکھ کر بھوننا۔
-الشَّمْسُ فلانًا و غَیْرَهٗ: سورج کا کسی کو گرمی سے تکلیف پہنچانا۔
-فلانًا و غَیْرَهٗ: کسی کو ڈنڈا یا لاٹھی مارنا۔
(أَصْلَقَ): صَلَقَ۔
-النَّابَ: دانت بجانا۔
(تَصَلَّقَ): بے چینی کی وجہ سے تڑپنا اور پہلو بدلنا۔
-المراةُ: عورت کا دردِ زہ میں تڑپنا اور آہیں بھرنا۔
-الدَّابَّةُ: جانور کا مٹی میں لوٹ پوٹ ہونا۔
(اصْطَلَقَ): أَصْلَقَ۔
(الصُّلَاقَةُ): ایک جگہ کافی مدت ٹھہرنے کی وجہ سے سڑ جانے والا پانی۔
(الصَّلْقُ): چیخ و پکار (۲) اونٹ کے دانت بجنے کی آواز۔
(الصَّلَقُ): ہموار میدان (ج) أَصْلَاقٌ۔
(الصَّلَّاقُ): زور زور سے چیخنے چلانے والا (۲) خوش گفتار اور زور بیان مقرر یا متکلم۔
(الصَّلِیْقُ): پکا ہوا یا بھنا ہوا گوشت (۲) پتلی روٹی (ج) صَلَائِق۔
(المِصْلَقُ): الصَّلَّاقُ (ج) مَصَالِقُ و مَصَالِیْقُ۔
(صَلَّ) الشیْءُ ـِ صَلِیْلًا: باریک آواز نکالنا۔
-بَعْضُ الحدیدِ: خودوں پر تلواروں کی ضرب سے آواز پیدا ہونا۔
-المِسْمَارُ: کیل ٹھونکنے کی آواز پیدا ہونا۔
-الإِنَاءُ الفَارِغُ: خالی برتن کا چوٹ مارنے سے آواز دینا۔
-السِّقَاءُ: مشک کا خشک ہو جانا۔

-اللَّحْمُ صُلُوْلًا: گوشت کا بدبودار ہونا، سڑ جانا۔
-الماءُ و نَحْوَهٗ: پانی وغیرہ کا بدمزہ ہو جانا۔
-الشَّرَابَ و نَحْوَهٗ صَلًّا: صاف کرنا۔
-الحَبَّ المُخْتَلِطَ بالتُّرَابِ: مٹی میں ملے ہوئے غلے کو پانی میں ڈال کر صاف کرنا۔
(أَصَلَّ) اللحمُ او الماءُ و نحوُهٗ: خراب و بدبودار ہو جانا۔
(صَلَّلَ): صَلَّ کا مبالغہ۔
(الصَّالُّ): تیز آواز والا جنگلی گدھا۔
(الصَّالَّةُ): مؤنث الصالّ (۲) مصیبت۔
(الصُّلُّ): بدل جانے والا یا بدبودار ہو جانے والا گوشت۔
(الصِّلُّ): ایک انتہائی خطرناک سانپ۔
-هو صِلُّ أَصْلَالٍ: انتہائی مکار اور خبیث آدمی۔
(الصَّلَّالُ): صَالّ کا مبالغہ۔
(الصَّلَّةُ): سوکھی بدبودار کھال۔ (ج) صِلَالٌ۔
(الصِّلَّةُ): کیل ٹھونکنے کی آواز۔
(صَلَمَهٗ) ـِ صَلْمًا: کاٹنا (۲) جڑ سے اکھیڑنا۔ کان اور ناک کاٹنے کے معنی میں زیادہ مستعمل ہے۔
(صَلَّمَهٗ): مبالغہ صَلَمَهٗ۔
(اصْطَلَمَهٗ): صَلَمَهٗ - اصطلمھم الدھرُ او الموتُ او العدوُّ: تباہ و برباد کر دینا، صفایا کر ڈالنا۔
(الأَصْلَمُ): کٹے ہوئے کانوں والا (۲) چھوٹے کانوں والا جو کٹے ہوئے معلوم ہوتے ہوں (ج) صُلْمٌ۔
(الصَّلْمَاءُ): تانیث الاصلم (ج) صُلْمٌ۔
(الصُّلْمَةُ): خود (ج) صُلَمٌ و صِلَامٌ۔
(الصَّیْلَمُ): تلوار (۲) تباہی مچانے والی آفت۔
(المُصَلَّمُ): الأَصْلَمُ کہتے ہیں مَشَوْا بآذانِ النَّعَامِ المصلَّمِ: وہ ذلت و رسوائی کے ساتھ چلے۔

(صَلِیَتِ) النَّاقَةُ او الحاملُ و نحوھما ـَ صَلًا: اونٹنی یا حاملہ کے دبر اور دم کے درمیانی حصہ کا ولادت کے قریب ڈھیلا ہو جانا۔
(أَصْلَتِ) الحاملُ: صَلِیَتْ (۲) حمل کا وقت قریب آنا۔
(صَلَّى) الفَرَسُ فِی السِّبَاقِ: گھوڑے کا دوڑ میں دوسرے نمبر پر آنا۔
-علیه: کسی کے لئے دعائے خیر کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَصَلِّ عَلَیْهِمْ إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ﴾ (۲) نماز ادا کرنا۔
-اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ: اللہ تعالیٰ کا اپنے رسول کو اپنی رحمت سے ڈھانپنا۔
(الصَّلَا): دم کے دائیں اور بائیں جانب کا حصہ۔ هُمَا صَلَوَانِ (۲) دم اور دبر کے درمیان کا خلا (۳) انسان اور جانور کی کمر کا درمیان (ج) أَصْلَاءٌ۔
(الصَّلٰوةُ): دعا۔ کہتے ہیں: صَلّٰی صَلٰوةً نہ کہ تصلیةً (۲) نماز (۳) رحمت (۴) یہودیوں کا عبادت خانہ، قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلَوْ لَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَ بِیَعٌ وَ صَلَوَاتٌ وَ مَسَاجِدُ یُذْكَرُ فِیْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِیْرًا﴾
(المُصَلِّی): گھڑ دوڑ میں دوسرے نمبر پر آنے والا گھوڑا۔ مجازاً ہر اس شخص کے لئے مستعمل ہے جو کسی کام میں پہلے کے مقابلہ میں دوسرا ہو۔
(المُصَلّٰی): نماز پڑھنے کی جگہ (۲) جائے نماز، نماز کے لئے بچھایا جانے والا کپڑا۔
(صَلَی) الشَّیْءَ ـِ صَلْیًا: آگ میں ڈالنا۔ کہتے ہیں: صَلَاهُ النَّارَ و فِیْهَا و علیها آگ میں جلانا۔ صَلَاهُ العَذَابَ او الهَوَانَ او الذُّلَّ: آتش عذاب یا آتش ذلت میں جلانا۔
- اللَّحْمَ و نَحْوَهٗ: گوشت بھوننا۔
-الصَّیْدَ لَهٗ: شکار کے لئے جال لگانا۔
-فلانًا و لَهٗ: مصیبت میں ڈالنے کے لئے کسی کے خلاف سازش تیار کرنا۔
(صَلِیَ) النَّارَ و بِهَا ـَ صَلًی و ...:

Marfat.com

آگ میں جلنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿لَا يَصْلٰهَا اِلَّا الْاَشْقٰى﴾
-الْاَمْرَ و بِهٖ: کسی معاملہ میں تکلیف اُٹھانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ﴾
-بفلانٍ و بشرِّ فلانٍ: کسی کی وجہ سے تکلیف میں مبتلا ہونا۔
(أَصْلَاهُ) النَّارَ و بِهَا و فِيهَا و عليها: آگ میں جلانا۔
-اللَّحْمَ و نَحْوَهٗ: گوشت کو بھوننا۔
(صَلَّاهُ) النَّارَ و بها و فيها و عليها: آگ میں ڈالنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ﴾
-الماءَ: پانی گرم کرنا۔
-القَنَاةَ أوِ الْعَصَا بالنَّارِ و عليها: بانس یا لاٹھی کو آگ پر رکھ کر موڑنے کے لئے تپانا۔
(اصْطَلٰى) النَّارَ و بها: آگ پر ہاتھ وغیرہ تاپنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿اِنِّىْ آنَسْتُ نَارًا لَعَلِّىْ آتِيْكُمْ مِنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ﴾
-فُلَانٌ لا يُصْطَلٰى بنارِه: فلاں اتنا بہادر ہے کہ اس پر کسی کا بس نہیں چلتا۔
(تَصَلّٰى) النَّارَ و بها: آگ سینکنا۔
-القَنَاةَ و نَحْوَهَا على النار: بانس کو موڑنے کے لئے آگ پر رکھنا۔
(الصَّلٰى): آگ (۲) ایندھن۔
(الصِّلَاءُ): آگ (۲) ایندھن (۳) بھنا ہوا گوشت۔
(الصَّلَايَةُ) و (الصَّلَاءَةُ): دوائی وغیرہ کوٹنے کی سل۔
(الصُّلِيُّ): آگ میں داخل ہونا (مصدر) قرآن مجید میں ہے: ﴿ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا﴾
(المِصْلَاةُ): شکار کرنے کا پھندا یا جال (۲) (مجازًا) فریب، جال (ج) مَصَالٍ۔
اِنَّ للشَّيْطَانِ مَصَالِيَ و فخوخًا: شیطان کے پاس پھندے اور جال ہوتے ہیں۔

ص ....م

(أَصْمَألَّ): سخت ہونا۔
-النباتُ: گھنا اور گنجان ہونا۔
-فلانٌ: غصہ سے پھول جانا۔ ھو مُصْمَئِلٌّ۔
(صَمَتَ)ـُ صَمْتًا و صُمُوتًا و صُمَاتًا: خاموش ہو جانا۔ سکت صرف ناطق کے خاموش ہونے کے وقت بولا جاتا ہے۔
(أَصْمَتَ) العليلُ: بیمار کی زبان بند ہو جانا، بولنے پر قادر نہ ہونا۔
-فلانًا: خاموش کر دینا۔
(صَمَّتَ) أَصْمَتَ۔
-فلانًا: خاموش کر دینا۔
-الشيءَ: ٹھوس بنانا۔
(الصَّامِتُ): خاموش (۲) بے زبان، جس میں قوت گویائی نہ ہو (۳) سونا اور چاندی۔
-مالهٗ صَامِتٌ وَلَا نَاطِقٌ: اس کے پاس کچھ نہیں (ج) صُمُوتٌ و صَوَامِتُ۔
(الصُّمَاتُ): سکوت، خاموشی، باکرہ لڑکی کے بارے میں کہتے ہیں: إذنها صُمَاتُهَا: اس کی اجازت اس کا خاموش رہنا ہے۔ رَمَاهُ اللّٰهُ بِصُمَاتِهٖ: اللہ اسے خاموش کر دے۔
(الصَّمَاتُ): کچھ (نفی کے ساتھ مستعمل ہے) جیسے: ماذقتُ صَمَاتًا۔
(الصِّمَاتُ): ارادہ، کہتے ہیں: باتَ عَلٰى صِمَاتِ اَمْرِهٖ: وہ اپنے ارادہ پر قائم رہا۔
- فلانٌ عَلٰى صِمَاتِ الْاَمْرِ: وہ اپنا کام کرنے کے لئے تیار ہے۔
(الصُّمْتَةُ): وہ چیز جس کو کھلا پلا کر بچہ کو بہلایا جائے اور خاموش کیا جائے (ج) صُمَتٌ۔
(الصُّمُوْتُ): کم گو، بہت خاموش رہنے والا (۲) بوجہل۔
-ضَرْبَةٌ صَمُوْتٌ: بے آواز ضرب۔
-مِسدسٌ صَمُوْتٌ: بے آواز پستول (۳) وہ تلوار جس کی ضرب سے نکلنے والے خون کی آواز نہ ہو (۴) ملائم اور چمکدار زرہ۔
-خَلْخَالٌ صَمُوْتٌ: بے آواز پازیب۔
-جَارِيَةٌ صَمُوْتُ الخلخالِ: بے آواز پازیب والی لڑکی (۵) ٹھوس۔
(المُصْمَتُ): ٹھوس، سخت (۲) آواز دینے والا تالا (۳) خالص رنگ جس میں کوئی آمیزش نہ ہو (۴) گہری نیند۔
(المُصَمِّتُ): مکمل۔
(المُصْمِتُ): بے پرواہ، غیر متوجہ جیسے هو يشكو إلى غير مُصْمِتٍ۔
(صَمَحَ) اليومُ ـَ صَمْحًا: سخت گرم ہونا۔
-الحَرُّ فلانًا: دماغ کو تکلیف پہنچانا۔
-فلانًا بالسَّوْطِ: کوڑا مارنا۔
-فِي المَسْأَلَةِ: سوال میں اصرار کرنا۔
(الصُّمَاحُ): آگ سے دیا ہوا داغ (۲) بدبودار پسینہ (۳) پگھلی ہوئی چربی جو پاؤں کی پھٹن پر لگائی جائے۔
(صَمَخَهٗ) ـَ صَمْخًا: کان کے سوراخ پر مارنا۔
-الصَّوْتُ السامعَ: کان کے پردے پھاڑنا۔
(الْأُصْمُوخُ): کان کا پردہ، سوراخ۔
(الصِّمَاخُ): کان کے سوراخ، پردہ۔ کہتے ہیں: ضَرَبَ اللّٰهُ عَلٰى صِمَاخِهٖ: اللہ تعالیٰ نے اس کو سلا دیا (ج) أَصْمِخَةٌ و صُمُخٌ۔
(الصِّمْخَةُ): جگالی والے جانوروں کی اوجھ کے ساتھ والی تھیلی۔
(صَمَدَ)ـُ صَمْدًا و صُمُوْدًا: قائم و ثابت قدم رہنا۔ حضرت علی h کا قول ہے: (صَمْدًا صَمْدًا حَتّٰى يتجلّٰى لكم عمود الحقِّ) اس وقت تک ٹھہرو جب تک تمہیں روشنی کا مینار نظر نہ آ جائے۔
-الشيءَ وله واليه صَمْدًا: ارادہ کرنا۔
-الشمسُ وَجْهَهٗ و نَحْوَهٗ: گرمی کا چہرہ وغیرہ کو جھلس ڈالنا۔
-القارُوْرةَ وَ نَحْوَهَا: شیشی کی ڈاٹ لگانا۔
(أَصْمَدَ) الْأَمْرَ اليه: کوئی کام کسی کے حوالہ کرنا۔
-فلانًا إلٰى كذا: کسی چیز کا سہارا دینا۔
(صَامَدَهٗ) مُصَامَدَةً و صِمَادًا: ثابت قدمی میں کسی سے مقابلہ کرنا۔

Marfat.com

(صَمَّدَہ): مبالغہ صَمَدَہ۔
-رَاسَہٗ: سرکو رومال سے باندھنا۔
(تَصَامَدَا): باہم جمے رہنا' ثابت قدمی میں مقابلہ کرنا۔
(الصِّمَادُ): رومال یا وہ کپڑا وغیرہ جو سر پر پگڑی کے نیچے رکھا جاتا ہے (۲) شیشی کا ڈھکن۔ کہتے ہیں: بَاتَ علی صِمَادِ الماءِ: وہ رات کو پانی کی طرف چلتا رہا۔
(الصِّمَادَۃُ): شیشی کا ڈھکن (ج) صَمَائِدُ بات عَلٰی صِمَادَۃِ أَمْرِہٖ: وہ اپنے معاملہ میں کامیابی کے قریب ہو گیا۔
(الصَّمْدُ) بلند جگہ (ج) أَصْمَادٌ و صِمَادٌ۔
(الصَّمَدُ) وہ ذات جس کی طرف ضروریات کے پورا کرنے کی درخواست کی جائے (۲) اللہ تعالیٰ کا نام۔ شَیْئٌ صَمَدٌ: ٹھوس چیز۔
(الصَّمْدَۃُ): لمبائی میں اٹھی ہوئی چٹان۔ (ج) صِمَادٌ۔
(المِصْمَادُ) نَاقَۃٌ مِصْمَادٌ: سردی ... سالی برداشت کرنے والی اونٹنی۔ (ج ...)
(المُصَمَّدُ) مقصود (۲) ٹھوس ...
(صَمَرَ) الماءُ ـُ صَمْرًا و صُ...: پانی کا آہستہ آہستہ بہہ کر آنا۔
-الرِّیحُ: ہوا بند ہو جانا۔
-الرَّجُلُ: بخل کرنا۔
-الشَّیْئَ: روکنا' منع کرنا۔
(صَمِرَ) اللبنُ ـَ صَمَرًا: دودھ کا ترش ہونا۔
- الماءُ: بدبودار ہونا۔ ھو صَمِرٌ کہتے ہیں یَدِیْ مِنَ السَّمَكِ صَمِرَۃٌ: میرا ہاتھ مچھلی کو تلنے کی وجہ سے بدبودار ہو گیا۔
(أَصْمَرَ) اللَّبَنُ: دودھ کا زیادہ ترش ہونا۔
- فلانٌ: غروب آفتاب کے وقت میں داخل ہونا۔
-المَتَاعَ: سامان اکٹھا کرنا۔
(صَمَّرَ): مبالغہ صَمَرَ۔
-المتاعَ: سامان اکٹھا کرنا۔
(الصَّامُوْرَۃُ): کھٹا دودھ۔
(الصِّمْرُ) اوپر سے بہہ کر آنے والے پانی کے ٹھہرنے کی جگہ (ج) أَصْمَارٌ۔
(الصَّمَرُ): بدبو۔ کہتے ہیں: أَصَابَہٗ صَمَرُ الْبَحْرِ۔
(الصَّمِیْرُ): وہ شخص جس کی ہڈیوں پر گوشت سوکھ گیا ہو اور اس سے پسینہ کی بدبو آتی ہو (ج) صُمَرَاءُ ھنّ صَمَائِرُ۔
(الصُّمَیْرُ): غروب آفتاب کا وقت۔ جیسے: دَخَلْنَا فِی الصُّمَیْرِ۔
(صَمْصَمَ) فی کذا: ثابت قدم رہنا۔
-القُنْفُذَۃُ: سیہی کا آواز نکالنا۔
(الصَّمْصَامُ): ثابت قدم (۲) نہ مڑنے والی تیز تلوار (ج) صَمَاصِمَۃٌ۔
(الصَّمْصَامَۃُ): الصَّمْصَامُ۔
(الصَّمْصَمُ): انتہائی بخیل۔
(الصِّمْصِمَۃُ): جماعت (۲) سخت ٹیلہ جس کے پتھر کھڑے ہوئے معلوم ہوں (ج) صِمْصِمٌ و صَمَاصِمُ۔
(صَمِعَ) ـَ صَمَعًا: چھوٹے کانوں والا ہونا۔
-القَدَمُ: ٹخنہ کا چھوٹا اور نازک ہونا۔
- القَنَاۃُ: نیزہ کے ڈنڈا کا باریک گرہوں والا ہونا۔
-فلانٌ: بہادر اور دلیر ہونا (۲) بے پرواہ ہو کر ادھر ادھر پھرنا۔ ھو أَصْمَعُ وھی صَمْعَاءُ (ج) صُمْعٌ۔
(صَمَّعَ) الشَّیْئَ: باریک اور تیز کرنا۔
-الحَیَوَانَ: لاغر اور کمزور کرنا۔
- اللہُ الظبیَ و نحوہٗ: اللہ تعالیٰ کا ہرن کو چھوٹے کان اور تیز سینگ والا بنانا۔
-عَلٰی رایہٖ و نحوہٖ: رائے پر جمے رہنا۔
(انْصَمَعَ) فی غضبہٖ و نحوہٖ: غصہ پر قائم رہنا۔
(تَصَمَّعَ) یکجا ہونا' جڑنا۔
- رِیْشُ السَّہْمِ: تیر کے پروں کا خون میں آلودہ ہو کر باہم مل جانا۔ تَصَمَّعَ السہمُ بھی کہتے ہیں۔
(الأَصْمَعُ) بہت چھوٹے کانوں والا (۲) تیز دھار والا اٹھا ہوا۔
-نَبَاتٌ أَصْمَعُ: پودا جس کی کلیاں ابھی کھلی نہ ہوں۔
-قَلْبٌ أَصْمَعُ: تیز اور مضبوط (ج) صُمْعٌ۔
(الصَّمِعُ): دلیر' مضبوط دل والا۔
(الصَّمْعَاءُ) أُذُنٌ صَمْعَاءُ: سر سے چپکا ہوا چھوٹا کان۔ قَدَمٌ صَمْعَاءُ: ہموار نازک ٹخنہ والا پاؤں۔ بُرْعُوْمَۃٌ صَمْعَاءُ: نازک کلی جو کھلی نہ ہو۔ قَنَاۃٌ صَمْعَاءُ: نیزے کی گٹھی ہوئی لکڑی جو اندر سے کھوکھلی ہو۔ عَزْمَۃٌ صَمْعَاءُ: پختہ عزم (ج) صُمْعٌ۔
(صَوْمَعَ) الشَّیْئَ: جمع کرنا۔
-البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا۔
-الثَّرِیْدَ: ثرید کو برتن میں مخروطی شکل دینا۔
(الصَّوْمَعُ): عیسائی راہب کی عبادت گاہ (۲) گرجا' عیسائیوں کا عبادت خانہ۔
(الصَّوْمَعَۃُ): الصَّوْمَعُ (۲) غلہ کا گودام (محدثہ) (ج) صَوَامِعُ۔
(أَصْمَغَتِ) الشجرۃُ: درخت سے گوند نکلنا۔
-شِدْقُہٗ: باچھ کا زیادہ تھوک والی ہونا۔
(اسْتَصْمَغَ) الشَّجَرَ: درخت سے گوند نکالنا۔
(التَّصَمُّغُ): چپکاہٹ' ایک خرابی جو نمکین اور میٹھی چیزوں میں پیدا ہو جاتی ہے (ع)
(الصَّامِغَانِ): باچھوں سے متصل دونوں ہونٹوں کے کنارے۔
(الصَّمْغُ): گوند۔ واحد: صمغۃ (ج) صُمُوْغٌ۔
(الصُّمْغَانِیُّ): وہ آدمی جس کے منہ یا کان سے گوند جیسی چیز نکلتی ہو۔
(الصُّمْغَۃُ): (علم طب کے مطابق) خاندانی آتشک کے تیسرے دور میں ظاہر ہونے والا ورم (ع)۔
(الصَّمَّاغَۃُ): گوند کی شیشی (ع)
(صَمَلَ) ـُ صَمْلًا و صُمُوْلًا: پر گوشت اور گٹھا ہوا ہونا۔ سخت ہونا جیسے: صَمَلَ الْبَدَنُ و صَمَلَ الْعُوْدُ و صَمَلَتِ الشجرۃُ۔
- عَنِ الطَّعَامِ و نحوہٖ: کھانے سے رک جانا۔

Marfat.com

-اللعمَلِ و فِيهِ: جفاکشی اور محنت سے کام کرنا۔ (محدثہ) هو صَامِلٌ و صَمِيلٌ۔
(أَصْمَلَهُ): کمزور کر دینا' لاغر کر دینا' سکھا دینا جیسے: اصْمَلَهُ الصِّيَامُ اور اَصْمَلَ الشجرةَ العطشُ۔
(الصُّمْوُلَةُ): بیج' کا بلانٹ (محدثہ)
(الصِّمْلَاخُ): کان کا سوراخ (۲) کان کا میل (مج)
(الصُّمْلُوخُ): الصِّمْلَاخُ۔
(صَمَّ) القَارُورَةَ و نحوَهَا ـُ صَمًّا ڈھکن لگانا۔
-الجُرْحَ: مرہم پٹی کرنا۔
-الحدیثَ: بات کو محفوظ کر لینا۔
-فلانًا و غیرَهُ: زور سے مارنا۔
(صَمَّ) ـَ صَمًّا و صَمَمًا: بہرہ ہونا۔
صَمَّتْ اذنُهُ: کان بہرا ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَحَسِبُوْا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَ صَمُّوْا﴾
-عَنْ حَدِيثِهِ: کسی کی بات نہ سننا' کان بند کر لینا۔
-القَنَاةُ: نیزہ کے ڈنڈے کا مضبوط اور سخت ہونا۔
-الجسمُ: ٹھوس اور سخت ہونا۔
-الأمْرُ: دشوار اور محنت طلب ہونا۔ هو اَصَمُّ وهی صَمَّاءُ۔
(أَصَمَّ): بہرا ہونا۔
-فلانًا و نحوَهُ: بہرہ کر دینا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ﴾ (۲) بہرہ پانا۔
-القَارُورَةَ و نحوَهَا: شیشی کو ڈھکن لگانا۔
(صَمَّمَ) فی کذا او علیهِ: کسی بات کا پختہ ارادہ کرنا۔
-العزیمةَ: ارادہ کا پختہ ہونا۔
-السیفُ و نحوُهُ: ہڈی تک پہنچ جانا۔
-فلانًا و غیرَهُ: بہرہ کرنا (۲) بہرہ پانا۔
- صَاحِبَهُ الحدیثَ: بات یا حدیث یاد کروانا۔

(تَصَامَّ) الحدیثَ و عَنهُ: بات کو ان سنی کر دینا (اور یہ ظاہر کرنا کہ وہ بہرہ ہے)
(الأَصَمُّ): بہرہ (۲) خواہش کا غلام جو کسی کی نہ مانے (۳) ٹھوس اور سخت (ج) صُمٌّ و صُمَّانٌ۔
-حِلْمٌ أَصَمُّ: کامل بردباری۔
-خَطْبٌ أَصَمُّ: سخت مصیبت۔
-مکانٌ أَصَمُّ: بنجر جگہ۔
- الشَّهْرُ الاصَمُّ او شَهْرُ اللهِ الاصَمُّ: ماہ رجب (کیونکہ جاہلیت میں عرب اس مہینہ میں جنگ کا نعرہ نہیں لگاتے تھے)
(الصَّمَّاءُ): الغُدَّةُ الصَّمَّاءُ: وہ ٹھوس غدود جس سے رطوبت نکل کر جسم کے باہر نہ آتی ہو (مج)
(صَمَامِ): سخت مصیبت (اسم علم)
-صَمَامِ صَمَامِ: خاموش رہ (اسم فعل) (واحد' تثنیہ' جمع مذکر و مؤنث کے لئے)
(الصِّمَامُ): ڈھکن' ڈاٹ۔
- صِمَامُ الامنِ و الأمَانِ: میکانک میں وہ ڈاٹ جو مقررہ درجہ سے زائد دباؤ پڑنے سے خود بخود کھل جاتی ہے (مج) (ج) اَصِمَّةٌ
(الصِّمَامَةُ): الصِّمَامُ۔ (ج) صَمَائِمُ۔
(الصَّمَمُ): بہرہ پن جیسے بِهِ صَمَمٌ۔
(الصِّمَّةُ): بہادر جیسے رجلٌ صِمَّةٌ (۲) ڈاٹ (۳) سیپی کی مادہ (ج) صِمَمٌ
(الصَّمِيمُ): ہر چیز میں خالص اور اصلی خیر ہو یا شر (مفرد و جمع سب کے لئے) (۲) دل وغیرہ کا درمیان (۳) سخت سردی یا گرمی۔
- صمیمُ العُضْوِ: عضو کی وہ ہڈی جس کے ذریعہ وہ قائم ہو۔ کہتے ہیں: ضَرَبَهُ فَاَصَابَ مِنهُ صَمِيمَهُ: اس نے اس کے اہم مقام پر ضرب لگائی۔
(المُصَمِّمُ): پختہ عزم رکھنے والا (۲) تیز تلوار جو ہڈی تک کاٹ ڈالے (۳) تیز چلنے والا۔
(الصَّمَّانُ) و (الصَّمَّانَةُ): ریت کے قریب پتھریلی سخت زمین۔
(صَمَی) الصَّیدُ و نَحوُهُ ـِ صَمْيًا و صَمَيَانًا: شکار کا شکاری کے قریب مر جانا۔
-الرجلُ: جلدی کرنا اور چھلانگ لگانا۔
(أَصْمَی) الصَّیدَ و الرَّجُلُ: صَمَی۔
-الصَّیدَ: شکار کو مار کر سامنے گرا دینا۔ حدیث میں ہے (كُلْ مَا اَصْمَيْتَ و دَعْ مَا اَنْمَيْتَ) جو جانور تمہارے سامنے گر کر دم توڑ دے اسے کھا لو اور جو زخمی ہو جائے اور دور جا کر مرے اسے نہ کھاؤ۔
-الرَّمِيَّةَ: شکار کو تیر مار کر آر پار کرنا۔

ص.........ن

(الصِّنَابُ): رائی اور کشمش کی چٹنی۔ حدیث میں ہے (اتاه اعرابی بأرنب قدشواها وجاء معها بصِنابها) (ج) صُنُبٌ و أَصْنِبَةٌ۔
(الصِّنَابِيُّ): بھورے رنگ کا۔
(صَنْبَرَتِ) النَّخْلَةُ: کھجور کے درخت کا کم پھل اور پتلے تنے والا ہونا۔
-اَسْفَلُ النخلةِ: کھجور کی جڑ یا تنے کا پتلا ہونا۔
(الصَّنْبَرُ): ہر باریک اور پتلی چیز (ج) صَنَابِرُ۔
(الصُّنْبُورُ): کھجور کی وہ شاخ جو درخت کے تنے کے بجائے زمین پر اُگے (۲) کھجور کا وہ درخت جو خود بخود دوسرے درخت کی جڑ سے نمودار ہو (۳) کھجور کے درخت کی جڑ جس سے شاخیں پھیلیں (۴) کھجور کا وہ درخت جس کا پھل کم اور تنا پتلا ہو۔ (۵) کھجور کے درختوں سے الگ تھلگ کوئی درخت (۶) حوض کا وہ سوراخ جس سے صفائی کے وقت پانی نکالا جائے (۷) نل وغیرہ کی ٹونٹی (۸) سیال چیز یا گیس کو گزار کر صاف کرنے کا آلہ (مج) (ج) صَنَابِيرُ۔
(الصِّنَّبْرُ): بادل والی سرد ہوا۔
-غَدَاةٌ صِنَّبْرٌ: سرد صبح۔ لَيْلَةٌ صِنَّبْرٌ: سرد رات۔ (ج) صَنَابِرُ۔
-صَنَابِرُ الشِّتَاءِ: موسم سرما کے سخت سردی کے اوقات۔
(الصَّنَوْبَرُ): چیڑھ کا درخت صنوبر۔

Marfat.com

(صَنَجَ)- صَنْجًا و صُنُوْجًا: ایک پلیٹ کو دوسری پلیٹ پر خاص طریقہ سے مار کر آواز نکالنا' چنگ بجانا۔

-النَّاسَ: ہر ایک کو اس کی اصل پر لوٹانا۔

(الصَّنْجُ): چنگ' پیتل کی دو پلیٹیں جو ایک دوسرے پر مار کر بجائی جاتی ہیں (۲) پیتل کے چھوٹے چھوٹے گول حلقے جو دف کے کنارے یا رقاصہ کی انگلیوں پر لگا دیئے جاتے ہیں۔ ان سے آواز پیدا ہوتی ہے (ج) صُنُوْجٌ (۳) سارنگی جیسا ایک باجا۔

(الصَّنْجَةُ): سنگ ترازو' بٹ (ج) صِنَجٌ۔

(الصَّنَّاجُ): جھانجھ بجانے والا یا جھانجھ سے کھیلنے والا۔

(الصَّنَّاجَةُ): جھانجھ بجانے کا ماہر۔

-صَنَّاجَةُ العَرَبِ: عربوں کے ایک شاعر اعشیٰ قیس کا لقب جس کے اشعار عمدہ اور ترنم سے پڑھنے کے لئے موزوں ہوتے ہیں۔

(الصِّنْدِدُ): بہادر اور باعزت آدمی۔

(الصِّنْدِیْدُ): شریف و بہادر آدمی (۲) سخت و شدید۔

-بَرْدٌ صِنْدِیْدٌ: سخت سردی۔

-رِیْحٌ صِنْدِیْدٌ: سخت ہوا۔

-مَطَرٌ صِنْدِیْدٌ: تیز بارش۔

(ج) صَنَادِیْدُ - یومُ حَامِي الصَّنَادِید: سخت گرمی کا دن۔ صَنَادِیْدُ القَدَرِ: تقدیر کے لکھے مصائب۔

(الصُّنْدُوْقُ): بکس' ٹرنک' پیٹی' ڈبا' صندوق (۲) روپے کا ذخیرہ۔ فنڈ (محدثہ)

-صُنْدُوْقُ البَرِیْدِ: لیٹر بکس' پوسٹ بکس۔

-صندوقُ التَّوْفِیْرِ: بچت فنڈ' سیونگ بنک۔

-صُنْدُوْقُ الطَّرْدِ: سائفن' بیت الخلاء میں لگا ہوا پانی کا بکس جو زنجیر کھینچنے سے دباؤ کے ساتھ پانی چھوڑ کر غلاظت کو صاف کر دیتا ہے اور خود بخود دوبارہ پانی سے بھر جاتا ہے۔

(تَصَنْدَلَ) الرَّجُلُ: صندل کی خوشبو لگانا (۲) تسمہ دار جوتا پہننا (مو)

(الصُّنَادِلُ): بڑے سر کا مضبوط کاٹھی والا جانور۔

(الصَّنْدَلُ): صندل (ایک درخت کا نام) (۲) تسموں والا جوتا (چپل یا سینڈل) (۳) بار برداری کی کشتی جس کا پیندا سیدھا ہوتا ہے اور ندیوں میں چلائی جاتی ہے (مع) (ج) صَنَادِلُ۔

(الصَّنْدَلَانِيُّ): عطار (۲) دوا فروش (ج) صَنَادِلَةٌ۔

(الصِّنَارَةُ): مچھلی پکڑنے کا کانٹا (۲) چرخے کے تکلے کا سرا۔

(صَنَعَ) الشَيْءَ - صُنْعًا: کوئی چیز بنانا۔

- بِهٖ صُنْعًا قبیحًا: کسی کے ساتھ بدسلوکی کرنا۔

-له و الیه معروفًا: کسی کے ساتھ حسن سلوک کرنا۔

-فرسَه و نحوَهٗ: گھوڑے کی دیکھ بھال کرنا۔

- فلانًا عَلٰى عینه: زندگی کے تمام مرحلوں میں کسی کی نگرانی اور تربیت کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ﴾

- الشيْ بعین فلانٍ: کسی کی نگرانی میں کام کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا﴾

(صَنِعَ)- صَنَعًا: ماہر ہونا' کسی کام میں کاریگر ہونا۔ ھو صَنِعٌ۔

(اَصْنَعَ) الأَخْرَقُ: سیکھنا اور پختگی حاصل کرنا۔

-الفَرَسَ و نَحْوَهٗ: گھوڑے کو سدھانا اور اس کی اچھی نگہداشت کرنا۔

(صَانَعَهٗ): حسن سلوک و رواداری کا معاملہ کرنا۔

-عن الشيءِ: دھوکہ دینا۔

(صَنَّعَهٗ): مبالغہ صَنَعَ

-الجاريَةَ و نَحْوَهَا: لڑکی وغیرہ کو موٹا کرنا اور اس کی نگہداشت کرنا۔

-الأُمَّةَ: قوم کو ضروری وسائل کے ذریعہ صنعت میں ترقی دینا (ج)

(اصْطَنَعَ): مبالغہ صَنَعَ۔

-فلانٌ: صدقہ کا کھانا تیار کرنا۔

- عند فلانٍ صَنِیْعَةً: کسی کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔

-فلانًا: چننا' منتخب کرنا' پسند کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ﴾

(تَصَنَّعَ): خلاف اصل ظاہر کرنا' بناوٹ اختیار کرنا۔

(اسْتَصْنَعَ) فلانًا کذا: کسی سے کوئی چیز بنوانا' تیار کروانا۔

(التَّصْنِیْعُ): قوم کو اقتصادی وسائل سے صنعتی بنانے کا عمل (۲) صنعتی فروغ (ج)

(الصَّانِعُ): کاریگر' ہنرمند' صنعت کار (ج) صُنَّاعٌ۔

-امرأةٌ صَانِعةُ الیَدَیْنِ: دستکاری میں ماہر عورت (ج) صَوَانِعُ۔

(الصَّنَاعُ): نالی میں عارضی طور پر پانی روکنے کے لئے لگائی لکڑی وغیرہ (۲) کسی کام یا فن کا ماہر۔ رَجُلٌ او امرأةٌ صَنَاعُ الید الیدین: دستکار مرد یا عورت۔ کہاوت ہے: (تحسبها خرقاءَ وهي صَنَاعٌ) (ج) صُنُعٌ۔

(الصِّنَاعَةُ): ہنر' کاریگری (۲) ہر وہ علم اور فن جس میں انسان مہارت حاصل کر کے اسے پیشہ بنا لے۔

(الصَّنَاعِيَةُ) قومٌ صَنَاعِيَةٌ: مال کو عمدہ طریقہ سے جمع کرنے والے لوگ۔

(الصِّنَاعِيُّ): صنعتی' فنی' ٹیکنیکل' انڈسٹریل (۲) مصنوعی' نقلی' غیر فطری' بناوٹی جیسے حریر صناعیٌّ۔

-المصدر الصِّنَاعِيُّ: وہ مصدر جو اسم کی آخر میں یاء مشدد اور تاء مربوط بڑھا کر بنایا جائے جیسے: خصوصیةٌ فروسيةٌ طفولیةٌ۔ اسماء اعیان کے آخر میں بھی یاء مشدد اور تاء مربوطہ بڑھا کر مصدر صناعی بنایا جاتا ہے۔ جیسے صخریةٌ و خشبیةٌ کبھی یہ مصدر مشتقات سے بھی بنایا جاتا ہے۔ جیسے قابلیةٌ اور مسئولیةٌ اور حریةٌ ادوات کلام سے بھی بنایا جاتا ہے جیسے کمیةٌ و کیفیةٌ و ماهیةٌ

Marfat.com

(الصُّنْعُ): کام۔ عمل (حیوان یا جماد کی طرف منسوب نہ ہوگا) قرآن مجید میں ہے: ﴿وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا﴾ (۲) بنی ہوئی چیز' مصنوعہ قرآن مجید میں ہے: ﴿صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ﴾

(الصِّنْعُ): ہر بنی ہوئی چیز (۲) بنا ہوا گوشت (۳) بھوننے کی سیخ (۴) بارش کا پانی جمع کرنے کا حوض (ج) اَصْنَاعٌ و صُنُوْعٌ' رَجُلٌ صِنْعُ الْيَدَيْنِ: ماہر دستکار (۵) ماہر دستکار (ج) اَصْنَاعٌ۔

(الصَّنَعُ) لسانٌ صَنَعٌ و رَجُلٌ صَنَعُ اللسان: بلیغ اور ماہر الکلام۔ صَنَعُ الْيَدَيْنِ: ماہر دستکار (ج) اَصْنَاعٌ و صُنُعٌ۔

(الصَّنْعَةُ): صنعت' ہنر' کاری گری (۲) مخصوص طریقہ کار۔

(الصَّنِيْعُ): کسی کے ساتھ کی جانے والی بھلائی یا نیکی (۲) حسن سلوک (۳) طعام ضیافت (۴) آزمودہ تلوار یا تیر۔ فلانٌ صنیعُ فلانٍ: فلاں فلاں کا پروردہ ہے (ج) صَنَائِعُ۔

(الصَّنِيْعَةُ): بھلائی' نیکی' حسن سلوک (ج) صَنَائِعُ۔

(المُصَانَعَةُ): حسن سلوک کی توقع پر کسی کے ساتھ بھلائی کرنا (۲) رشوت۔

(المَصْنَعُ): کارخانہ' فیکٹری۔ محل صنعت (۲) بارش کا پانی جمع کرنے کا حوض (ج) مَصَانِعُ۔

- المَصَانِعُ: محلات' قلعے' بڑی آبادیاں۔ بڑے مکانات یا کنویں۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ﴾

(المَصْنَعَةُ): المَصْنَعُ (۲) دوستوں کی ضیافت کا کھانا (۲) شہد کی مکھیوں کے لئے مکانات سے الگ بنائی ہوئی جگہ (ج) مَصَانِعُ۔

(المَصْنُوْعُ): تیار کردہ' بنایا ہوا (۲) مصنوعی بال۔

(صَنَّفَ) الشَّجَرُ: درخت کی مختلف قسمیں ہونا (۲) درخت پر مختلف قسم کی شاخیں اور پتے نکلنا۔

- الثَّمَرُ: پھل کا کچھ حصہ پک جانا۔

- الاشیاءَ: چیزوں کی مختلف قسمیں بنانا۔

- الکتابَ: کتاب تصنیف کرنا۔

(تَصَنَّفَ) الشَّجَرُ: درخت پر مختلف قسم کے پتوں کا نکلنا۔

- الاشیاءُ: اشیاء کی مختلف قسمیں ہونا۔

- شَفَتُهُ: ہونٹ پھٹنا' ہونٹ پر پپڑی جمنا۔

(الصِّنْفُ): قسم' نوع (۲) مرتبہ' درجہ (۳) صفت (ج) اَصْنَافٌ و صُنُوْفٌ۔

(الصَّنْفَرَةُ): ریگ مال' لکڑی وغیرہ کو رگڑنے اور چکنا کرنے کا کھردرے مسالے کا ایک کاغذ (د)

(اَصْنَقَ): غصہ کی وجہ کھانا پینا ترک کر دینا۔

(صَنِمَتِ) الرَّائِحَةُ - صَنَمًا: بو کا خراب ہونا۔

- الجسمُ: جسم کا بدبودار ہونا۔

(صَنَّمَ) فلانٌ: بت بنانا' مورتی بنانا۔

- الشیَٔ: مورتی کی شکل پر بنانا۔

(الصَّنَمُ): بت' مورتی (ج) اَصْنَامٌ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَاَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ يَّعْكُفُوْنَ عَلٰٓى اَصْنَامٍ لَّهُمْ﴾

(الصَّنَمَةُ): الصَّنَمُ۔

(صَنَّ) - صَنًّا و صُنُوْنًا: بدبودار ہونا' سڑ جانا۔ جیسے: صَنَّ اللحمُ و صَنَّ الماءُ۔

(اَصَنَّ): صَنَّ۔

- فلانٌ: خاموش ہونا (۲) غصہ یا تکبر کی وجہ سے ناک چڑھانا۔

- علیہ: کسی پر انتہائی غضبناک ہونا۔

(الصُّنَانُ): سڑاند' بدبو۔

(اَصْنٰی) فلانٌ: راکھ آلود ہو جانا۔

- الشجرةُ: درخت کی جڑ سے دو یکساں شاخیں اگنا۔

(تَصَنّٰی) فلانٌ: اَصْنٰی۔

(الصِّنَاءُ): راکھ (۲) بدن کو لگنے والی آگ کی باریک چنگاریاں اور دھواں۔

(الصِّنْوُ): مثل' یکساں (۲) ایک درخت کی جڑ سے دو یکساں اُگنے والی شاخوں میں سے ایک (۳) سگا بھائی۔ هُوَ صِنْوُ اَخِيْهِ: وہ اپنے بھائی کا حقیقی برادر ہے۔ هُمَا صِنْوَانِ: وہ دونوں حقیقی بھائی ہیں۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿صِنْوَانٌ وَّ غَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ وَّ نُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِي الْاُكُلِ﴾ هي صِنْوَةٌ۔

(الصَّنَوْبَرُ): چیڑھ کا درخت۔

ص .... ہ

(صَهِبَ) اللونُ - صَهَبًا و صُهْبَةً: بھورے رنگ کا ہونا۔

(صَهُبَ) - صُهُوْبَةً و صَهَبًا: صَهِبَ۔

(صَهَّبَهُ): بھورے رنگ کا بنانا۔

(اصهبَّ) الشَّعْرُ و نحوهُ: بھورے رنگ کا ہونا۔

(الاَصْهَبُ): بھورے رنگ کا۔ هي صَهْبَاءُ (ج) صُهْبٌ۔

(الصَّهْبَاءُ): شراب۔

(الصُّهْبَةُ): بھورا رنگ۔

(صَهَدَهُ) الحَرُّ - صَهْدًا و صَهَدَانًا: سخت گرمی لگنا۔

(الصَّيْهَدُ): سخت گرم۔

(صَهَرَ) الشئَ بالنّار و نحوها - صَهْرًا: پگھلانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ﴾

- فلانًا الحَرُّ: گرمی کا جھلس دینا۔

- الخُبْزَ و نَحْوَهُ: روٹی وغیرہ کے لئے روغن یا چربی کو سالن بنانا۔

- الشَّعْرَ والجسمَ: چربی ملنا۔

- الشیَٔ الیہ: نزدیک کرنا۔ هو صهورٌ و صهيرٌ۔

(اَصْهَرَ) الیہ: قریب ہونا۔

- الی القومِ و بهم: کسی قوم میں شادی کرنا' داماد بننا یا بنانا' بہنوئی بننا یا بنانا۔

(صَاهَرَ) القومَ و فيهم و اليهم: اَصْهَرَ۔

(اصطَهَرَ) الشَّحْمَ: چربی پگھلا کر کھانا۔

(انْصَهَرَ): پگھلنا۔

Marfat.com

(تَصَاهَرَا): ایک دوسرے کو بہنوئی بنانا' رشتہ ازدواج قائم کرنا۔
(الاِنْصِهَارُ): کیفیت تحلیل' علم کیمیا میں مادہ کا ٹھوس پن سے سیلانی کیفیت میں تبدیل ہونا۔
(الصُّهَارَةُ): پگھلا ہوا مادہ (۲) چربی (۳) گودا' مغز۔
(الصَّهْرُ): علم کیمیاء میں مادہ کی ٹھوس پن سے سیلانی کیفیت میں تبدیلی (ج)
(الصِّهْرُ): داماد (۲) بہنوئی۔ هو صِهْرِیْ: وہ میرا داماد یا بہنوئی ہے (ج) أَصْهَارٌ (۲) ازدواجی رشتہ وقرابت۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّ صِهْرًا﴾
(الصَّهُوْرُ): گوشت بھوننے والا۔ (۲) چربی پگھلانے والا (ج) صُهُرٌ۔
(الصَّهِیْرُ): پگھلا ہوا' بھونا ہوا۔
(الْمَصْهَرُ): ڈھلائی کا کارخانہ' فاؤنڈری (ج) مَصَاهِرُ۔
(صَهْرَجَ) صِهْرِیْجًا: پانی کا حوض یا ٹینکی بنانا۔
-الحوضَ و نحوہٗ: حوض وغیرہ پر چونے کا پلاسٹر کرنا۔
(الصِّهْرِیْجُ) پانی کا بڑا حوض' ٹینکی (ج) صَهَارِیْجُ۔
(صَهْ): بمعنی اسکت: خاموش رہ (اسم فعل واحد مخاطب وغیرہ کے لئے) اس پر تنوین بھی آتی ہے اور وہ نکرہ کے لئے ہوتی ہے۔ اگر بغیر تنوین کے ہو تو معنی ہوں گے: دَعْ حدیثك هٰذا لاتَمْضِ فیه: اپنی بات چھوڑ اور آگے نہ بڑھ۔
(صَهْصَهَ) بالقوم: چپ کرانے کے لئے ڈانٹنا۔
(صَهَلَ) الفرسُ ــَ صَهِیْلًا و صُهَالًا: گھوڑے کا ہنہنانا۔
(تَصَاهَلَتِ) الخَیْلُ: گھوڑوں کا ایک دوسرے کو دیکھ کر ہنہنانا۔
(الصَّاهِلُ): گھوڑا (ج) صَوَاهِلُ۔

(صَهِیَ) ــَ صَهًا: بہتے ہوئے زخم والا ہونا۔
-الجُرْحُ: زخم کا پیپ دار ہونا' رسنا۔
-یَدُهٗ: ہاتھ کا زخمی ہونا۔
(أَصْهَی) الفرسُ و نحوہٗ: گھوڑے کا پیٹھ کے درد میں مبتلا ہونا۔
-المَرِیْضَ: بدن کو تیل مل کر اور دھوپ دے کر علاج کرنا۔
(صَاهَی) الفرسَ: گھوڑے کی پیٹھ میں سوار ہونا۔
(الصَّهْوَةُ): گھوڑے کی پشت پر زین رکھنے کی جگہ (۲) ہر چیز کا بلند حصہ (۳) پہاڑی کی چوٹی پر بنا ہوا برج (۴) زمین کا ہموار حصہ جہاں بھٹکنے والے اونٹ پناہ لیتے ہیں (۵) پہاڑ میں پانی کا چشمہ (ج) صِهَاءٌ و صُهًا۔
(الصَّهْیُوْنِیَّةُ): صیھون کی طرف منسوب (جو کہ یروشلم کے نزدیک ایک پہاڑ کا نام ہے) یہ ایک تحریک کا نام ہے جس کا مقصد فلسطین میں مستقل طور پر ایک یہودی برادری اور نوآبادی کا قیام ہے۔

ص .... و

(صَابَ) المَطَرُ ــُ صَوْبًا و صَیْبُوْبَةً: بارش ہونا۔
- السحابُ بالمطرِ: بارش برسانا۔ کہاوت ہے: (صَابَتْ بِقُرٍّ): آفت اپنی جگہ آئی اور اس نے تکلیف پہنچائی۔
- المَطَرُ الارضَ: بارش کا زمین پر خوب برسنا۔
-السَّهْمُ و نحوہٗ الهَدَفَ و غَیْرَهٗ: تیر وغیرہ کا نشان پر نہ لگنا۔
-بہ: لگنا' واقع ہونا۔
(أَصَابَ): درست اور ٹھیک ہونا' غلطی سے پاک ہونا۔
-الشیٔ: پالینا۔
-الخَطْبُ فُلَانًا: کسی پر مصیبت آنا۔
-بعینہ: کسی سے حسد کرنا' جلنا۔
-السَّهْمُ الرَّمِیَّةَ: تیر کا نشانہ پر لگنا۔
-الرَّامِیْ: نشانہ پر مارنا۔

-من المالِ و نحوہٖ: مال وغیرہ حاصل کرنا۔
(صَوَّبَ) السَّهْمَ: تیر کو نشانہ کے لئے سیدھا کرنا۔
-الفَرَسَ و نَحْوَهٗ: گھوڑے کو دوڑ کے لئے چھوڑنا۔
- قَوْلَه اَوْ فِعْلَهٗ: درست قرار دینا' تصدیق کرنا۔
-الخَطَأَ: غلطی کو درست کرنا۔
-فلانًا: تصدیق وتصویب کرنا' مقولہ ہے (ان اخطئتُ فخطِّئنیْ و ان اصبتُ فصوِّبْنیْ)
-الشیْ: جھکانا' نیچا کرنا۔
-الطعامَ او الحَبَّ: ڈھیر لگانا۔
(انْصَابَ) الماءُ: پانی بہنا۔
(تَصَوَّبَ) لازم صَوَّبَہ (۲) کبھی "إِنْحَدَرَ" (بہنا' ڈھلوان ہونا) کے معنی میں بھی بولا جاتا ہے جیسے صنوبری کا شعر ہے:

وکان محمرّ الشقیـ
ق اذا تصوّب او تصعّدْ
اعلام یاقوت نُشِرْ
نَ علی رَماحٍ من زبرجَدْ

(اسْتَصَابَ) قَوْلَه او فِعْلَهٗ او رایَهٗ: درست سمجھنا' درست اور صحیح قرار دینا۔
(اسْتَصْوَبَهٗ): اسْتَصَابَهٗ۔
(الصَّابُ): اندرائن حنظل (ایک انتہائی کڑوا پودا)
(الصَّوَابُ): درستگی' صحت (۲) حق' درست۔
(الصَّوْبُ): جہت' جانب' طرف اتَّجَهَ صَوْبَہ: اس نے اپنا رخ کیا۔
- فلانٌ مستقیمُ الصَّوْبِ: صحیح راہ چلنے والا (۲) ضروری اور فائدہ مند بارش۔
(الصُّوْبَةُ): گلہ اور مٹی وغیرہ کا ڈھیر (۲) بعض اقسام کے پودوں کی نگہداشت کے لئے کانچ کا بنا ہوا کمرہ (محدثہ)
(الصُّوَّابَةُ): صُوَّابَةُ القَوْمِ: قوم کے بہترین لوگ۔
(الصَّوِیْبُ): درست ٹھیک۔
(الصَّیِّبُ): بارش والا بادل (۲) بارش۔

Marfat.com

قرآن مجید میں ہے: ﴿أَوْ كَصَيِّبٍ مِنَ السَّمَآءِ﴾
(الصَّيُّوبُ): الصَّيِّبُ۔
(المُصَابُ): درستگی (۲) سخت آفت و مصیبت (۳) مصیبت زدہ۔
(المُصِيبَةُ): آفت' مصیبت (ج) مَصَائِبُ۔
(الصَّوْبَجُ): روٹی بنانے کا بیلن (ج) صَوَابِجُ (مع)
(الصُّوْبَجُ) الصَّوْبَجُ (مع)
(صَاتَ)ـُ صَوْتًا و صواتًا: آواز نکالنا۔
(أَصَاتَ): صَاتَ۔
-بفلان: مشہور کرنا۔
-فُلَانًا: آواز نکلوانا۔
(صَوَّتَ) مبالغة في صَاتَ۔
-بِهِ: بلانا' آواز دینا۔
-لَهُ: الیکشن میں کسی کو ووٹ دینا (محدثہ)
-الطَّسْتَ و نَحْوَهُ: طشت وغیرہ کی آواز نکالنا۔
(انْصَاتَ): بات ماننا' اطاعت کرنا۔ جیسے: انْصَاتَ فلانٌ للامرِ (۲) کبڑا ہونے کے بعد سیدھا ہوجانا جیسے انْصَاتَ المعوَّجُ۔
-بِهِ الزمانُ: مشہور ہونا۔
(الصَّاتُ): نیک نامی' اچھائی میں مشہور (۲) سخت آواز والا۔
(الصَّوْتُ): آواز (۲) نغمہ گیت جیسے: غَنَّى صَوْتًا (یہ مذکر ہے لیکن بعض نے مؤنث کیا ہے) (۳) اچھی شہرت' نیک نامی (۴) ووٹ (محدثہ) (ج) اصواتٌ۔
-اسمُ الصَّوْتِ: نحاۃ کے نزدیک ہر وہ لفظ جس کے ذریعہ آواز دی جائے یا ڈانٹ ڈپٹ' دعا' تعجب اور افسوس کے اظہار کے لئے آواز نکالی جائے۔
(الصِّيتُ): نیک نامی' اچھی شہرت کہتے ہیں: ذَهَبَ صِيتُهُ بين النّاسِ: وہ لوگوں میں مشہور ہوگیا۔
(الصِّيتَةُ): الصِّيتُ۔

(الصَّيِّتُ): سخت آواز والا (۲) سخت اور اونچی آواز۔
(صَاحَه)ـُ صَوْحًا: پھاڑنا۔
(صَوَّحَ) النبتُ و غيرُهُ: پودے کا خشک ہوکر پھٹ جانا۔
-النَّخلُ و نَحْوُهُ: کھجور کے درخت وغیرہ کے اچھے برے کا ظاہر ہونا۔
-الحَرُّ او الريحُ الشيءَ: گرمی یا ہوا کا کسی چیز کو خشک کرکے بکھیرنا۔
(انصاحَ): پھٹنا۔
-النبتُ و نحوُهُ: خشک ہوکر پھٹنا۔ (۲) کلیاں ظاہر ہونا۔
- الفجرُ او البرقُ او القمرُ: روشن ہونا' چمکنا۔
(تَصَوَّحَ) النَّبْتُ: خشک ہوکر پھٹنا۔
-الارضُ: زمین کا خشک ہوکر شگاف پڑنا۔
-الشَّعْرُ: بالوں کا پھٹ کر بکھرنا۔
(الصَّاحَةُ): بنجر زمین (ج) صَاحٌ و صُوَحٌ۔
(الصُّوَاحُ): کھجور کا خشک شگوفہ (۲) چونا سرخی ملایا ہوا مسالا۔
(الصُّوحَانُ): خشک۔ هي صوحانةٌ
(الصُّوَّاحَةُ): بال یا اون جو سوکھ کر بکھر جائیں۔
(أَصَاخَ) لَهُ و اليه: کان لگا کر سننا۔
-عن الأمرِ: چھوڑنا' رجوع کرنا۔
-علَى حقِّ فلانٍ: کسی کے حق کو نظرانداز کرنا۔
(الصَّاخَةُ): مصیبت (۲) علم طب کے مطابق ہڈی کا ورم جو چوٹ وغیرہ کی وجہ سے ہوتا ہے (ج) صَاخٌ۔
(الصوديوم): ایک ہلکا اور چمکدار سبک عنصر جس سے سوڈا بنایا جاتا ہے (ج)
(صَارَ)ـُ صَوْرًا: آواز نکالنا۔
-الشيءَ اليه: جھکانا' قریب کرنا' اسی سے ہے (فَصُرْهُنَّ إِلَيْكَ)
(صَوِرَ)ـَ صَوَرًا: جھکنا' ٹیڑھا ہونا۔ هو أَصْوَرُ وهي صَوْرَاءُ (ج) صُورٌ

(أَصَارَهُ) اليه: جھکانا' ٹیڑھا کرنا۔
(صَوَّرَهُ): جسمانی شکل وصورت بنانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ﴾
-الشيءَ او الشَّخْصَ: تصویر کھینچنا' تصویر بنانا' نقشہ کھینچنا۔
-الأمرَ: کسی معاملہ کا پوری طرح نقشہ کھینچنا۔
(تَصَوَّرَ): شکل وصورت بننا۔
-الشيءَ: تصور کرنا' دل میں خیال لانا۔
(التَّصَوُّرُ): علم نفسیات میں کسی محسوس چیز کو کوئی تصرف کئے بغیر عقل میں متحضر کرنے کا نام ہے (۲) مناطقہ کے نزدیک نفی و اثبات کا حکم لگائے بغیر مفرد کے ادراک کو تصور کہتے ہیں (ج)
(التَّصَوُّرِيَّةُ): فلسفہ کا ایک نظریہ جس کے مطابق کلیات کا وجود صرف ذہن میں ہوتا ہے اس کے بالمقابل نظریہ واقعیت اور نظریہ اسمیت ہے (ج)
(التَّصْوِيرُ): فوٹو' تصویر (۲) کسی بھی جاندار یا غیر جاندار کی تصویر جو قلم وغیرہ سے کاغذ یا دیوار وغیرہ پر بنائی گئی ہو یا کیمرے سے لی گئی ہو۔
-التصويرُ الشمسيُّ: شمسی کیمرے سے لیا گیا فوٹو۔
(الصَّارَةُ): پہاڑ کی چوٹی۔
(الصُّوَارُ): گایوں کا گلہ' جماعت (ج) أَصْوِرَةٌ و صِيرَانٌ۔
(الصَّوْرُ): گردن کی سطح (۲) دریا کا کنارہ (ج) صیرانٌ۔
(الصُّورُ): بگل' صور (ج) اصوارٌ۔
(الصُّورَةُ): شکل' حلیہ' تصویر' مجسمہ' قرآن مجید میں ہے: ﴿الَّذِي خَلَقَكَ فَسَوَّاكَ فَعَدَلَكَ فِي أَيِّ صُورَةٍ مَا شَاءَ رَكَّبَكَ﴾
-صورةُ المسألةِ او الأمرِ: مسئلہ یا معاملہ کی نوعیت' تفصیل۔ جیسے: هٰذَا الأمرُ على ثلاثِ صورٍ۔
-صورةُ الشيءِ: ماہیت مجردہ (۲) ذہن یا عقل میں آیا ہوا خیال۔

Marfat.com

- صورةُ الحكم التنفیذیة: عدالتی فیصلہ کا اصل مسودہ جس پر عدالت کی مہر ثبت ہوتی ہے اور عمل درآمد کئے جانے کا حکم تحریر ہوتا ہے (مج)
(الصَّیِّرُ): خوبصورت۔
(المُصَوِّرُ): آرٹسٹ مصور فوٹوگرافر۔
(المُصَوِّرَةُ): تانیث المُصَوِّر (۲) کیمرہ آلہ تصویر کشی (مج)
(صَاعَتِ)النَّحلُ ـُ صَوْعًا: شہد کی مکھیوں کا منتشر ہو کر ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔
-الاشیاءَ: بکھیرنا منتشر کرنا۔
-الأقرانَ: ہم عمروں کو ڈرا کر منتشر کرنا۔
-الحَبَّ: صاع سے غلہ کا وزن کرنا۔
(صَوَّعَ)الاشیاءَ: بکھیرنا جدا جدا کرنا۔
- المَوْضِعَ: چلنے یا کسی اور مقصد کے لئے زمین کو ہموار کرنا۔
(انْصَاعَ): لازم صَاعَهُ (۲) تیزی سے آنا یا گزرنا۔
(تَصَوَّعَ)القومُ: منتشر ہونا جدا جدا ہونا۔
(الصَّاعُ): غلہ ناپنے کا ایک پیمانہ صاع جو اہل حجاز کے حساب سے ۴سمر (۴ پونڈ) یعنی گیارہ سو بیس درہم کے وزن کے بقدر ہوتا ہے اور اہل عراق کے حساب عراق کے حساب کے مطابق آٹھ رطل کے برابر یا دو سیر چودہ چھٹانک چار تولہ کے برابر (۲) پانی پینے کا پیالہ (۳) گیند کھیلنے کا بلا (ج) أَصْوُعٌ و صُوْعَانٌ و صِیْعَانٌ۔
(الصَّاعَةُ): چلنے یا کسی اور مقصد کے لئے تیار کی گئی زمین (۲) روئی دھننے کے لئے تیار کردہ جگہ۔
(الصُّوَاعُ): الصّاعُ پانی پینے کا برتن غلہ ناپنے کا پیمانہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ﴾ (ج) صِیْعَانٌ۔
(صَاغَهُ) ـُ صَوْغًا و صِیَاغَةً: صحیح نمونہ پر کوئی چیز تیار کرنا۔
-المعدنَ: دھات کو پگھلا کر ڈھالنا۔
-الکلامَ: کلام کو مرتب اور مزین کرنا۔

(انْصَاغَ)الشیءُ: لازم صَاغَهُ۔
(الصَّائِغُ): سنار زیورات بنانے والا (ج) صَاغَةٌ و صُوَّاغٌ و صُیَّاغٌ۔
-فلانٌ مِنْ صَاغَةِ الکَلَامِ: وہ عمدہ کلام کا ماہر ہے: هُنَّ صَوَائِغُ۔
(الصَّوَّاغُ): ماہر کلام جو کلام کو مختلف طریقوں پر مرتب و منظم کر کے پیش کرتا ہو۔ جیسے کہا جاتا ہے: هذه کلمة صاغها صَوَّاغٌ۔
(الصِّیَاغَةُ): زیور سازی سنار کا پیشہ۔
-کلامٌ حَسَنُ الصِّیَاغَةِ: مرتب و عمدہ کلام۔
(الصِّیغَةُ): ڈھلی ہوئی چیز۔ اس کا اکثر استعمال زیورات کے بارے میں ہے (۲) اصل خاندان۔ جیسے: هو مِنْ صِیغةٍ کریمةٍ (۳) طریقہ عمل نوعیت جیسے صیغةُ الامرِ کَذَا و کَذَا۔
-صِیغَةُ الکَلِمَةِ: لفظ کی مخصوص شکل جو حرکات اور حروف کی ترتیب سے حاصل ہوتی ہے (ج) صِیَغٌ کہتے ہیں: اختلفت صِیَغُ الکلام: کلام کی تراکیب اور عبارتیں مختلف ہیں۔
- الصیغةُ التنفیذیةُ: (عدالت کی اصطلاح میں) مخصوص عبارت یا مضمون جو حکم کی صورت کے متعلق ہوتا ہے اور اس کا نفاذ جبراً کیا جاتا ہے (مج)
(الصَّیَّغُ): الصَّوَّاغُ۔
(الصَّیِّغُ): بات کو بنا سنوار کر پیش کرنے والا (۲) جھوٹا (۳) سنار۔
(الصَّیِّغَةُ): مؤنث الصَّیِّغ (۲) سختی مصیبت۔
(المَصَاغُ): ڈھلائی (۲) ڈھلی ہوئی چیز (۳) زیور۔
(المَصُوْغُ): زیور۔
(صَافَ)الکَبْشُ ـُ صَوْفًا: اون نکل آنا۔
هو صَائِفٌ (۲) اون کا زیادہ ہونا هو أَصْوَفُ وهي صَوْفَاءُ۔
(صَوَّفَ)النَّبَاتُ: پودوں پر اون جیسا رواں نمودار ہونا۔

-فلانًا: صوفی بنانا۔
(تَصَوَّفَ)فلانٌ: صوفی بن جانا۔
(التَّصَوُّفُ): تصوف ایک سلوکی طریقہ جس کا مدار زندگی کی سادگی چال چلن اور اخلاقی و روحانی ترقی پر ہوتا ہے۔
-علم التصوّفِ: مخصوص اصولوں کا مجموعہ جن پر اہل تصوف یقین رکھتے ہیں اور وہ مخصوص آداب حیات جن کے وہ اپنی خلوت و جلوت میں حامل ہوتے ہیں۔
(الصُّوْفُ): اون (ج) اصوافٌ۔
-صُوْفُ البَحْرِ: سمندر کے اوپر اون کی طرح ابھری ہوئی جھاگ (ج) اصوافٌ
(الصُّوفَانُ): ایک پودا جس پر اون نما روئیں ہوتے ہیں۔
(الصُّوفَانِیُّ): اونی (نسبت خلاف قیاس صوف کی طرح ہے) (۲) زیادہ اون والا۔
(الصُّوفَةُ): اون کا ٹکڑا۔
(الصُّوفِیُّ): صوفی تصوف کی راہ پر چلنے والا سادگی اور مخصوص آداب و اصول کا پابند جن سے قرب الٰہی اور اخلاق و روحانی ترقی حاصل ہوتی ہے۔
(الصُّوفِیَّةُ): تصوف۔
(الصَّوَّافُ): اون بیچنے والا۔
(الصَّیِّفُ) ثوبٌ صَیِّفٌ: وہ کپڑا جس میں اون غالب ہو۔
(صَاكَ)به المسكُ و نحوهُ ـُ صَوْكًا: مشک کا چپکنا۔
-الطیبُ و نحوهُ: خوشبو کا مہکنا۔
(تَصَوَّكَ)بالمسكِ و نحوِه: مشک کی خوشبو لگانا۔
(صَالَ)علیه ـُ صَوْلًا و صَوَلَانًا: حملہ کرنا مغلوب کرنے کے لئے کسی پر جھپٹنا۔
-الجَمَلُ و نحوهُ: کاٹنا۔
(صَاوَلَهُ)مُصَاوَلَةً و صِیَالًا و صِیَالَةً: حملہ آوری میں کسی سے مقابلہ کرنا۔
(صَوَّلَ)البَیْدَرَ و نحوهُ: غلہ کے کھلیان کو چاروں طرف سے صاف کرنا۔

Marfat.com

-الحنطةَ و نحوَھا: گندم کو پانی میں ڈال کر صاف کرنا۔
(تَصَاوَلَا): حملہ کرنے میں باہم مقابلہ کرنا۔
(الصَّوُولُ): زبردست حملہ آور۔
(الصَّوْلَةُ): حملہ، جست (۲) طاقت، بہادری۔ جیسے: ھُوَ ذُوْ صَوْلَةٍ۔
(الصُّوْلَةُ): پانی ڈال کر صاف کیا ہوا گندم وغیرہ (ج) صُوَلٌ۔
(المِصْوَلُ): گندم کو گاہنے کے بعد صاف کرنے کا آلہ (۲) وہ برتن جس میں کڑواہٹ دور کرنے کے لئے حنظل کو بھگویا جائے (ج) مَصَاوِلُ۔
(المِصْوَلَةُ): کھیت کے کناروں کو صاف کرنے کی جھاڑو (ج) مَصَاوِلُ۔
(الصَّوْلَجُ و الصَّوْلَجَةُ): (دیکھئے: صلج)۔
(الصَّوْلَجَانُ و الصَّوْلَجَانَةُ): دیکھئے: صلج)۔
(صَامَ) ـُ صَوْمًا صِیاماً: رکنا (۲) شرعی اعتبار سے طلوع فجر سے لے کر غروب شمس تک نیت کے ساتھ کھانے پینے اور جماع سے رکنا۔
(۲) خاموش رہنا۔
-الفرسُ: گھوڑے کا کھڑا رہنا اور چارہ نہ کھانا۔
-الماءُ والریحُ و نحوَھا: رک جانا، تھمنا۔
-الشمسُ: زوال کے وقت سورج کا آسمان کے درمیان میں پہنچنا۔
-النَّعَمُ و نَحْوُهُ: رک کر بیٹ کرنا۔
(صَوَّمَهُ): روزہ رکھوانا۔
(اصْطَامَ): مکمل طور پر رکنا، یا بہت روزے رکھنا۔
(الصَّائِمُ): روزہ دار (ج) صُوَّمٌ و صُیَّمٌ و صُوَّامٌ و صُیَّامٌ و صِیَامٌ۔
(الصَّوَّامُ): خشک وبے آب زمین۔
(الصَّوْمُ): کسی بھی بات یا عمل سے رکنا (۲) اصطلاح شرع میں صبح صادق سے غروب آفتاب تک نیت کے ساتھ کھانے پینے، جماع سے رکنا (۲) خاموشی۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿إِنِّي نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا﴾

(الصَّوَّامُ): بہت روزے رکھنے والا، بہت خاموش رہنے والا۔
(الصِّیَامُ): الصَّوْمُ (۲) جمع صائم۔
(المَصَامُ): الصَّوْمُ (۲) جمع صائم۔
(المَصَامُ): مَصَامُ الفَرَسِ و نحوِہٖ: گھوڑے وغیرہ کے کھڑے ہونے کی جگہ۔
-مَصَامُ النَّجمِ: ستاروں کے اٹکنے کا مقام۔
-مَصَامُ الشمسِ: وسطِ آسمان جیسے جئتُه والشَّمسُ فی مَصَامِھا: میں اس کے پاس نصف نہار کے وقت آیا۔
(صَوْمَعَ) الشیئَ: (دیکھئے: صمع)
(الصَّوْمَعُ): (دیکھئے: صمع)
(الصَّوْمَعَةُ): (دیکھئے: صمع)
(صَانَ) الفَرَسُ ـُ صَوْناً: گھوڑے کا سم کے کنارے پر کھڑا ہونا (۲) سم میں درد کی وجہ سے چلنے سے کترانا۔
-الشیئَ صَوْناً و صِیَانَةً: محفوظ جگہ میں رکھنا۔
-عِرضَهُ: عزت وآبرو کی حفاظت کرنا۔
(اصْطَانَهُ): خوب حفاظت کرنا۔
(تَصَاوَنَ) و (تَصَوَّنَ): خود کو محفوظ رکھنے کی کوشش کرنا۔
(الصِّوَانُ): کتابوں یا کپڑوں وغیرہ کی الماری، بکس (ج) اَصْوِنَةٌ۔
(الصَّوَّانُ): ایک پتھر جس کو رگڑنے سے چنگاریاں نکلتی ہیں۔ واحد: صَوَّانَةٌ۔
(الصِّیْنَةُ): حفاظت۔ هذا ثوبُ صِیْنَةٍ: یہ عام استعمال کا معمولی کپڑا نہیں بلکہ خاص کپڑا ہے۔
(صَوِیَ) ـَ صَوًی: خشک اور کمزور ہونا۔
-الضَّرْعُ: تھن میں دودھ نہ رہنا۔
(اَصْوَی) القَوْمُ: اونچی سخت جگہ پر قیام کرنا۔
-فلانٌ: کسی کے جانوروں کا لاغر ہونا۔
(صَوَّی) الصُّوَی فی الطَّرِیقِ: راستہ میں راہ نمائی کے پتھر گاڑنا۔
-النَّاقَةَ و نحوَھا: اونٹنی کو موٹا کرنے کے لئے اس کا دودھ نہ نکالنا۔
-الدَّابَّةَ: جانور کو طاقتور اور پھرتیلا بنانے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔
(الصُّوَّةُ): بلند اور سخت زمین (۲) راستہ میں راہ نمائی کے لئے نصب کیا پتھر یا بورڈ جس سے مختلف سمتیں معلوم ہوتی ہیں (ج) صُوًی و أَصْوَاءٌ حدیث میں ہے: (إن لِلدِّينِ صُوًی و مَنَارًا کمنارِ الطریق)

ص......ی

(صَیَّأَ) النَّخلُ: کھجور کے پھل رنگ نمودار ہونا۔
-رأسَه: سر کو تھوڑا دھونا، بالکل صاف نہ رکنا۔
(الصَّاءُ): رحم سے بوقت ولادت نکلنے والی نالی کا پانی (۲) ولادت کے بعد نکلنے والی گندگی۔
(الصَّیَاءَةُ): الصَّاءُ۔
(الصَّیُّوبُ): ٹھیک، درست، بالکل ٹھیک، بہت درست۔
(الصَّیِّبُ): (دیکھئے: صوب)
(الصَّیَّابَةُ): سردار، قائد۔ جیسے: ھُوَ صَیَّابَةُ قومِه۔
(صَاحَ) ـِ صَیْحًا و صِیَاحًا: چیخ مارنا۔
-بِه: بلانا، آواز دینا۔
-علیه: ڈانٹنا، جھڑکنا، دھمکانا۔
-الشجرةُ و نحوُھا: لمبا ہونا۔
-العُنقُودُ: خوشہ کا لمبا ہو کر غلاف سے باہر آنا۔ ھو صَائِحٌ۔
(صِیحَ) بِه: گھبرا جانا۔
-الشیئَ: اس طرح پھاڑنا کہ آواز نکلے۔
(انصَاحَ): کسی چیز کا اس طرح پھٹنا کہ اس کی آواز سنائی دے۔
-الارضُ: زمین کی اوپر جزوی روئیدگی ہونا۔
(الصَّائِحَةُ): نوحہ کا شور (۲) ڈر، گھبراہٹ (ج) صَوَائِحُ۔
(الصَّیْحَةُ): چیخ، شور (۲) قیامت کے دن نفخ صور کی آواز۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿یَوْمَ یَسْمَعُوْنَ الصَّیْحَةَ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ یَوْمُ الْخُرُوْجِ﴾ (۳) اچانک کیا جانے والا حملہ (۴) عذاب۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَأَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّیْحَةُ﴾

Marfat.com

(الصَّیَّاحُ): بہت چیخنے اور شور مچانے والا۔
(صَادَ) الطَّیرَ والوحشَ و نحوَھما ـِ صَیدًا: شکار کرنا (۲) جال یا پھندہ لگا کر پکڑنا۔
-النَّاسَ بالمعروفِ: لوگوں پر احسان کر کے اپنا بنانا۔
- فلاناً طیرًا و نحوہٗ: کسی کے لئے پرندہ شکار کرنا۔
(صَیِدَ) ـَ صَیَدًا: ٹیڑھی گردن والا ہونا۔
(أَصَادَ) فلاناً و نَحوَہٗ: کسی کو شکار پر اکسانا (۲) گردن کے ٹیڑھ پن کا علاج کرنا۔
(اصْطَادَہٗ): مشکل سے شکار کرنا۔
(تَصَیَّدَہٗ): شکار کے لئے چال چلنا۔
-خَرَجَ یتصیّدُ: شکار کے لئے نکلا۔
(اصْیَدَّ): صَیِدَ۔
(الأَصْیَدُ): جس کی گردن بیماری کی وجہ ٹیڑھی ہوگئی ہو اور وہ ادھر اُدھر دیکھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو (۲) مغرور و خود پسند (۳) طاقت و اقتدار کا مالک ـ ھی صیداءُ (ج) صِیدٌ
(الصادُ): صاد (ایک حرف ہجی) (۲) شکار۔
(الصَّیدُ): شکار۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿أُحِلَّ لَکُم صَیدُ البَحرِ﴾
(الصَّیَدُ): گردن کا ٹیڑھا پن (۲) تکبر و غرور۔
(الصَّیُودُ): ماہر شکاری۔ جیسے: کلبٌ صَیُودٌ و صقرٌ صَیُودٌ۔
(الصَّیَّادُ): شکاری۔
(الصَّیُودُ): نشانہ پر لگنے والا تیر۔
(المَصَادُ): شکار کرنے کی جگہ (۲) پہاڑ کی چوٹی (ج) مَصَایِدُ۔
(المُصطَادُ): شکار (۲) شکار کیا ہوا جانور۔
(المِصیَدُ' المِصیَدَۃُ): شکار کرنے کا ذریعہ (ج) مَصَاید۔
(صَیدَلَ): دوا فروشی کا پیشہ اختیار کرنا۔
(الصَّیدَلُ): چاندی کی اینٹ (جڑی بوٹی کے عطاروں کو اسی سے تشبیہ دی گئی ہے)
(الصَّیدَلَۃُ): دوا سازی' دوا فروشی (۲) وہ علم جس میں جڑی بوٹیوں کے خواص اور ان سے دوا بنانے کے طریقوں سے بحث کی جاتی ہے۔
(الصَّیدَلانیُّ): دوا ساز' دوا فروش (۲) دواؤں کے خواص کا جاننے والا (ج) صَیَادِلَۃٌ۔
(الصَّیدَلِیُّ): الصَّیدَلانِیُّ۔
(الصَّیدَلِیَّۃُ): میڈیکل سٹور' فارمیسی' دواخانہ۔
(الصَّیدَانُ): وہ پتھر جس کی ہانڈیاں بنائی جاتی ہیں (۲) تانبا۔
(الصَّیدَانَۃُ): بھوت پریت (۲) بداخلاق اور زیادہ باتیں کرنے والی عورت۔
(الصَّیدَنُ): چاندی کی اینٹ (۲) ایک کیڑا جو اپنا بھٹ زمین میں بنا کر چھپائے رکھتا ہے (۳) مضبوط عمارت (۴) کیمیا۔
(صَارَ) الشیُٔ کذا ـِ صَیرًا و صَیرُورَۃً و مَصِیرًا: ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہونا۔
-الیہ: لوٹنا' پہنچنا۔
(أَصَارَہٗ) کذا و اِلی کذا: کسی شے کو دوسری شے بنا دینا۔
(صَیَّرَہٗ) کذا و اِلی کذا: کسی شے کو دوسری شے بنا دینا۔
(تَصَیَّرَ) أَبَاہُ و نحوَہٗ: باپ وغیرہ کے ہم شکل ہونا۔
(الصَّائِرَۃُ): سوکھی گھاس جو ہری ہونے کے بعد کھائی جائے۔
(الصِّیَارَۃُ): جانوروں کا باڑا۔
(الصِّیرُ): انجام' انتہا' نتیجہ۔ (۲) طرف' کونہ' گوشہ۔ ھو عَلٰی صِیرِ حَاجَۃِ اخیہ: وہ اپنے بھائی کی ضرورت پوری کرنے کے قریب ہے۔ ھو عَلٰی صِیرِ الأَمرِ: وہ کام کو پورا کرنے ہی والا ہے (۲) پانی جہاں لوگ پڑاؤ ڈالیں (۴) دروازہ کی ریخ' جھری۔ حدیث میں (من نظر من صیر باب فَفُقِئَتْ عینہ فھی ھدر) (۲) یہودیوں کا پادری۔
(الصِّیرَۃُ): جانوروں کا باڑہ (ج) صِیَرٌ۔
(الصَّیُّورُ): انجام' آخری حد (۲) پختہ رائے۔
(المَصِیرُ): انجام' نتیجہ' انتہاء (۲) پانی کے لوٹ جانے کی جگہ۔
-مصیرُ الخلق: مخلوق کے واپس لوٹنے کی جگہ۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَإِلَیہِ المَصِیرُ﴾
(صَاصَتِ) النَّخلَۃُ ـِ صَیصًا: کھجور کے درختوں پر کھجور کا خراب ہونا۔
(أَصَاصَتْ) و (صَیَّصَتِ) النَّخلَۃُ: صَاصَتْ۔
(الصِّیصُ): خراب کھجور۔
(الصِّیصَاءُ): مؤنث الصِّیص (۲) اندرائن کی گٹھلی جس میں دانہ نہ ہو۔
(الصِّیصَۃُ): کاتنے کا تکلا (۲) تانا بانا وغیرہ صاف کرنے کا برش (۳) گائے وغیرہ کا سینگ (ج) صَیَاصٍ۔
(الصِّیصِیَۃُ): الصِّیصَۃُ (۲) مرغ کا پنجہ جو پنڈلی میں ہوتا ہے (۳) اچھی نگرانی کرنے والا چرواہا (۴) قلعہ (ج) صَیَاصٍ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَأَنزَلَ الَّذِینَ ظَاھَرُوھُم مِّن أَھلِ الکِتَابِ مِن صَیَاصِیھِم﴾
(صَاعَ) الغَنَمَ و نَحوَھَا ـِ صَیعًا: بکریوں وغیرہ کو جدا جدا کرنا۔
- القَومَ: لوگوں کا شیرازہ بکھیرنا' انتشار پیدا کرنا۔
(أَصَاعَہٗ): صَاعَہٗ۔
(انصَاعَ) فلانٌ: تیزی سے لوٹنا۔
(صَیَّعَ) الطَّعَامَ: روٹی وغیرہ کو سالن میں خوب تر کرنا۔
(صَافَ) الیومُ و نحوُہٗ ـِ صَیفًا: دن کا سخت گرم ہونا۔
-بالمکان: گرمیاں گزارنا۔
-عنہ: ہٹنا' الگ ہو جانا۔ جیسے: صَافَ السَّھمُ عن الھَدَفِ: نشانہ خطا کرنا۔
-المطرُ الارضَ او النَّاسَ: گرمی میں بارش ہونا۔
(أَصَافَ): گرمی کے موسم میں داخل ہونا (۲) بڑھاپے میں باپ بننا۔
-النَّاقَۃُ و نحوُھا: اونٹنی وغیرہ کا گرمی میں بچہ دینا۔

Marfat.com

-الرَّجُلُ النِّسَآءَ: عورتوں کو جوانی میں چھوڑ کر بڑھاپے میں شادی کرنا۔
(ضَمِدَ) ـَ ضَمَدًا: سوکھنا' خشک ہونا۔ جیسے ضَمِدَ الدَّمُ عَلَی الذَّبِیْحَۃِ۔
-عَلَیْہِ: سخت کینہ رکھنا۔
(أَضْمَدَ) القَوْمَ و غَیْرَھُمْ: اکٹھا کرنا' متحد کرنا۔
(ضَمَّدَہٗ) مبالغہ (ضَمَدَہٗ)۔
(تَضَمَّدَ): لازم ضَمَّدَہٗ۔
(الضِّمَادُ): عورت کی ایک وقت میں دو مردوں سے دوستی تاکہ تنگی کے وقت میں دونوں سے کھا سکے (۲) پلاسٹر جو ٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑنے کے لئے لگایا جاتا ہے (۳) مرہم پٹی لیپ جو زخم پر لگایا جائے (ج) اَضْمِدَۃٌ و ضَمَائِدُ۔

(الضِّمَادَۃُ): لیپ' مرہم پٹی' پلاسٹر (۲) جراحی کا پیشہ (ج) ضَمَائِدُ' اَنَا عَلٰی ضَمَادَۃٍ مِنَ الْاَمْرِ: میں معاملہ کے قریب ہوں۔
(الضِّمْدُ): دوست' ساتھی (ج) اَضْمَادٌ۔
(الضَّمَدُ): سخت کینہ و نفرت (۲) سخت غصہ (۳) ظلم و زیادتی۔
(المِضْمَدَۃُ): بیلوں کے جوتے جانے کی دو لکڑیاں جو بیل کی گردن کے دونوں طرف رہتی ہیں (ج) مَضَامِدُ۔
(ضَمَرَ) ـُ ضُمُوْرًا: لاغر و کمزور ہونا (۲) سکڑنا' سمٹنا۔
-العُوْدُ و نَحْوُہٗ: شاخ کا سوکھ کر پتلا ہو جانا۔
(أَضْمَرَتِ) المَرْأۃُ و نَحْوُھَا: عورت کا حاملہ ہو جانا۔
-الشَّاعِرُ: شاعر کا اپنے شعر میں اضمار استعمال کرنا۔
-الشَّیْئَ: چھپانا۔
- فی نفسِہٖ اَمْرًا: دل میں کسی بات کا پختہ ارادہ رکھنا۔
(ضَمَّرَہٗ): دبلا اور لاغر کر دینا (۲) تابع کرنا' ذلیل کرنا۔
-الفَرَسَ للسباق و نحوِہٖ: گھوڑے کو دوڑ کی تیاری کے لئے ایک عرصہ تک کھڑا کر کے کھلانا اور میدان میں ہلکا پھلکا کر کے دوڑانا' کھانے کی یہ مدت عربوں کے یہاں چالیس دن ہوتی تھی۔
(اِضْطَمَرَ): دبلا پتلا ہونا۔
-اللُّؤْلُؤُ: موتیوں کا مل جانا۔
(اِنْضَمَرَ): ضَمَرَ۔
(تَضَمَّرَ): لازم ضَمَّرَہٗ۔
-الوَجْہُ و نحوُہٗ: کمزوری کی وجہ سے چہرہ سکڑ جانا۔
(الإِضْمَارُ): سبب کے جزء ثانی کو ساکن کر دینا جیسے مُتَفَاعِلُنْ سے مُتْفَاعِلُنْ پھر یہ منتقل ہو گا مُسْتَفْعِلُنْ کی طرف (علم عروض کی اصطلاح)
(الضَّامِرُ): پتلا دبلا چھریرے بدن کا۔ جیسے: جَمَلٌ ضَامِرٌ و نَاقَۃٌ ضَامِرٌ و ضَامِرَۃٌ

قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ یَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰی كُلِّ ضَامِرٍ﴾ (ج) ضُمَّرٌ و ضَوَامِرُ۔
(الضِّمَارُ): غائب (۲) ناقابل وثوق معاملہ۔
-مَالٌ ضِمَارٌ: ناقابل واپسی مال۔
- دَیْنٌ ضِمَارٌ: ایسا قرض جس کی واپسی کی اُمید ہو۔
-وَعْدٌ ضِمَارٌ: ٹال مٹول کا وعدہ۔
(الضَّمْرُ): تنگ' رَجُلٌ ضَمْرٌ: پتلے پیٹ والا (۲) پوشیدہ یا پوشیدہ کیا ہوا (۳) الضمیر۔
(الضُّمُوْرُ): دبلا پن۔
(الضَّمِیْرُ): پوشیدہ' مضمر (۲) دل کی بات' پوشیدہ خیال (۳) ایک انسانی خوبی جو اچھے اور برے اعمال' اقوال اور افکار کی تمیز اور اچھے کو اچھا سمجھنا اور برائی کو برا جاننے کا کام انجام دیتی ہے (۴) نحویوں کی اصطلاح میں وہ اسم جو متکلم' مخاطب یا غائب پر دلالت کرے۔ جیسے اَنَا (میں) انت (تو) ھو (وہ) (ج) ضَمَائِرُ۔
(الضَّوْمَرَانُ و الصَّیْمُرَانُ): فارس کی چنبیلی
(المِضْمَارُ): گھڑ دوڑ کا میدان (۲) گھوڑوں کو سدھانے کا میدان (۳) گھوڑوں کو باندھ کر کھلانے اور دوڑ کے لئے تیار کرنے کی مدت (ج) مَضَامِیْرُ۔
(ضَمَزَ) الحَیَوَانُ ـُ ضُمُوْزًا: جانوروں کا خوف وغیرہ کی وجہ سے جگالی نہ کرنا۔
-فلانٌ: خاموش رہنا۔ ضَمَزَ فاہُ بھی کہتے ہیں (۲) عاجزی و انکساری کرنا۔
-عَلٰی مَالِہٖ و نحوِہٖ: مال کو خرچ نہ کرنا اور بخل کرنا۔
-فلانًا و نَحْوَہٗ: ٹھنڈا کرنا' پرسکون کرنا۔ (۲) عیب لگانا۔
-اللُّقْمَۃَ: لقمہ نگلنا (۲) زیادہ لقمے لینا۔
(الضَّمْزُ): ٹیلہ' بلند جگہ (۲) الگ تھلگ کھڑا خالص سرخ چٹانی پہاڑ جس میں مٹی نہ ہو۔
(ضَمَسَہٗ) ـِ ضَمْسًا: آہستہ آہستہ چبانا۔
(ضَمْضَمَ) الاسدُ: شیر کا دھاڑنا۔

Marfat.com

-فلانٌ: ہمت افزائی کرنا۔
-علَى المالِ و نحوِہ: سارے کا سارا لے لینا۔
(الضُّمَاضِمُ): بھرا ہوا شیر (جو ہر چیز کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہو) (۲) زیادہ کھانے والا جس کا پیٹ نہ بھرتا ہو (۳) لالچی' کنجوس' بخیل۔
(الضَّمْضَامُ): مطلب پرست لالچی آدمی۔
(الضَّمْضَمُ): الضُّمَاضِمُ' الضَّمْضَامُ: موٹا' بھاری بھرکم (۲) بہادر (ج) ضَمَاضِمُ۔
(الضَّمِيلَةُ): لنگڑی اور اپاہج عورت (ج) ضَمَائِلُ۔
(ضَمَّ) فلانٌ مِنْ مَالِہ ـُ ضَمًّا: مال کا کچھ حصہ لے لینا۔
-علي المال: سارے کا سارا لینا۔
-الاَشیاءَ: مٹھی میں لینا' اکٹھا کرنا۔
-الشیئَ اِلَى الشیءِ: ایک چیز کو دوسری کے ساتھ ملانا۔
-فلاناً و نحوَہٗ اِلَى صَدْرِہ: معانقہ کرنا' سینہ سے لگانا۔
-جَنَاحہ عنِ النَّاس: نرمی برتنا۔
-الحرف: ضمہ (پیش) کی حرکت دینا۔
(ضَامَّهٗ) الیہ مُضَامَّةً و ضِمَامًا: ضَمَّهٗ۔
-فلانٌ فلاناً: کسی کام میں کسی کے ساتھ شریک ہونا۔
(اِضْطَمَّ) بعضُہ اِلَى بَعْضٍ: باہم مل جانا۔
-علیہ: مشتمل ہونا' لپٹا ہوا ہونا۔
-الشیئَ: اپنی طرف کھینچنا۔ ایسے ہی: اضْطَمَّ الشیئَ اِلَى نفسِہ۔
(اِنْضَمَّ) الشیئُ: باہم مل جانا۔ جیسے: اِنْضَمَّ القومُ و نحوُھُمْ۔
(تَضَامَّ) الشیئُ: اِنْضَمَّ۔
(الإضْمَامَةُ): باہم جڑی ہوئی چیز۔ (۲) مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت (۳) کاغذات کی فائل' بنڈل (ج) اَضَامِیمُ کہتے ہیں فَرَسٌ سَبَّاقُ الأضَامِیمِ گھوڑوں کے گروہ سے یکبارگی آگے نکلنے والا گھوڑا۔
(الضِّمَامُ) ملانے اور جوڑنے کا ذریعہ۔

-ضِمَامُ الشیءِ: کسی چیز کے اجزاء و مشتملات حاصل' جوہر۔ جیسے التقوى ضِمَامُ الخَیْرِ کُلِّہ: تقوی ہر خیر کا جوہر ہے۔
(الضُّمَامَةُ): الإضْمَامَةُ۔
(الضَّمَّةُ): گھڑ دوڑ میدان کا میدان (۲) ضمہ پیش' علامت رفع کے لئے اور علامت بناء پر ضمہ کے لئے۔
(الضَّمِیمُ): مَضْمُومٌ جس پر حرف پر پیش ہو (۲) دوسرے کے ساتھ ملا ہوا۔
(ضَمِنَ) ـَ ضَمْنًا و ضَمَانَةً: مریض ہونا۔
-عَلَى أَھْلِہ و نحوِھِمْ: اہل و اقارب پر بوجھ بننا۔
- الرَّجُلُ و نحوُہٗ ضَمَانًا: ضامن بننا' ضمانت لینا۔
-الشیئَ: ضمانت دینا' گارنٹی دینا (۲) کسی چیز پر مشتمل ہونا۔
(أَضْمَنَہُ) اللہ او غیرُہٗ: پرانی بیماری میں مبتلا کر دینا۔
(ضَمَّنَ) الشیئَ الوعاءَ و نحوَہٗ: کوئی چیز برتن وغیرہ میں رکھنا۔
-فلاناً الشیئَ: ذمہ دار اور ضامن بنانا۔
(تَضَامَنُوا): ایک دوسرے کا ضامن و کفیل بننا (مو)
(تَضَمَّنَ) الوعاءُ و نَحْوُہُ الشیئَ: برتن وغیرہ میں کوئی چیز ہونا۔
-العِبَارَۃُ مَعْنًى: کسی عبارت سے کوئی اشارۃً یا استنباطاً سمجھی جانا۔
- الغَیْثُ و نَحْوُہُ النَّبَاتَ: بارش وغیرہ کا زمین میں نباتات کو اگانا اور بڑھانا۔
- الشیئَ عنہ اَوْ منہ: کسی کی طرف سے کسی بات کی ضمانت اور ذمہ داری لینا۔
(التَّضَامُنُ) طاقتور کی کمزور کے لئے اور مالدار کی محتاج کے لئے ضمانت (محدثۃ)
(التَّضْمِینُ): کسی لفظ کو دوسرے لفظ کی جگہ لا کر اسی جیسا معاملہ کرنا (اس بنا پر کہ یہ لفظ اس لفظ کے معنی پر مشتمل ہے) (۲) شعر میں فاصلہ کے بعد والا لفظ جو اس سے متعلق ہو (۲) علم القوافی میں شعر کے قافیہ کا مابعد سے ایسا تعلق ہو کہ وہ مستقل بالافادہ نہ ہو (۲) علم البدیع میں شاعر یا نثر نگار کا کسی آیت قرآنی' حدیث' حکمت کہاوت یا کسی شعر یا اس کے مصرعہ کو اپنے کلام کا جزء بنانا۔
(الضَّامِنُ): کفیل' ضامن' ذمہ دار۔ (ج) ضُمَّانٌ و ضَمَنَةٌ۔
(الضَّامِنَةُ): کسی بستی یا آبادی کے اندر موجود کھجور کے درخت (ج) ضَوَامِنُ۔
(الضَّمَانُ): ضمانت' کفالت' ذمہ داری۔
-ضَمَانُ الدَّرَكِ: بائع کا مشتری کو دوسرے کا حق ثابت ہونے کی صورت میں ثمن لوٹا دینے کا ضمان دینا۔ اس میں وہ یوں کہتا ہے: تکفَّلْتُ بما یدرِیك فی ھذا المَبِیْعِ۔
-ضَمَانُ الرَّھْنِ: یہ تعامل رہن میں ضمان کی وہ شکل ہے جس میں مرتہن شی مرہون کے ضائع ہو جانے پر مرہون اور راہن کو اپنے دیئے ہوئے قرض میں جو کم قیمت ہے اس کا ضامن ہوتا ہے۔
-ضَمَانُ الغَصْبِ: غاصب کے پاس اگر شی مغصوب ضائع ہو جائے تو اس کا ضمان بشکل قیمت غاصب پر لازم ہوتا ہے یہ ضمان الغصب ہے۔
- ضَمَانُ المبیعِ: جس میں مبیع کی قیمت مضمون ہوتی ہے یعنی اگر ادائے قیمت کے باوجود مشتری کو مبیع حاصل نہ ہو سکی تو اس کی قیمت کی واپسی بائع پر لازم ہے۔
- الضَّمَانُ الاجتماعِیُ: معاشرتی تکفل' حکومت کی طرف سے مستحقین کی امداد کا ذمہ (محدثۃ)
(الضَّمَانَةُ) ضمانت' ذمہ داری' کفالت (۲) بائع کی طرف سے مبیع کے عیب سے خالی ہونے کی ذمہ داری (محدثۃ)
(الضِّمْنُ) اندرونی شی' ضمن' ذیل۔ جیسے یُفْهَمُ مِنْ ضِمْنِ کلامِہ اس کے کلام سے یہ بات سمجھی جا رہی ہے۔
- مَا أَغْنَى عَنِّي ضِمْنًا مجھے اس نے کوئی

Marfat.com

فائدہ نہیں دیا۔
(الضَّمِنُ): پرانا بیمار (۲) عاشق و دیوانہ محبت (۳) دوسروں پر بوجھ بننے والا (ج) ضَمْنٰی۔
(الضَّمِیْنُ): الضَّامِنُ (ج) ضُمَنَاءُ (۲) الضَّمِنُ (ج) ضَمْنٰی
(المِضْمَانُ): الضَّامِنُ (ج) مَضَامِیْنُ۔
(المَضْمُوْنُ): مشتمل وہ چیز جو دوسری کے اندر ہو۔ جیسے: مضمونُ الکتاب: یعنی کتاب کے اندر موجود معنی و مفہوم (ج) مَضَامِیْنُ۔
(ضَنَأَتِ) المرأةُ و نحوُها ـ ضَنْئًا و ضُنُوْءًا: عورت کی نسل کا زیادہ ہونا۔
-المالُ: مال کا زیادہ ہونا۔
(أَضْنَأَتِ) المرأةُ و غیرُها: ضَنَأَتْ۔
(الضِّنْءُ) من کلِ شيءٍ: ہر چیز کی نسل پھیلاؤ (ج) ضُنُوْءٌ۔
(ضَنَكَهُ)ـُ ضَنْكًا: تنگ کرنا جیسے ضَنَكَ اللهُ عَیْشَهُ۔
(ضَنُكَ)ـُ ضَنَاكَةً و ضُنُوْكَةً: تنگ ہونا۔
-عَیْشُهُ: تنگدست ہونا۔
-فلانٌ: لاغر بدن یا کمزور عقل والا ہونا۔
-السَّحَابُ و نَحْوُهُ: بادل وغیرہ کا گھنا اور تہ بتہ ہونا۔
(ضُنِكَ) ضَنْكًا و ضُنَاكًا: زکام میں مبتلا ہونا۔
(أَضْنَكَهُ) اللهُ: زکام میں مبتلا کرنا۔
(تَضَنَّكَ): کمزور پڑ جانا۔
(الضُّنَاكُ): زکام۔
(الضِّنَاكُ): مضبوط اور سخت جسم والا جیسے ناقةٌ ضِنَاكٌ (مذکر و مؤنث کے لئے) (۲) گھنا یا بڑا درخت (ج) ضُنُكٌ۔
(الضَّنْكُ): کسی بھی چیز کی تنگی (مذکر و مؤنث) قرآن مجید میں ہے: ﴿وَمَنْ أَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِي فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنْكًا﴾
(الضُّنْكَةُ): زکام۔
(الضَّنِیْكُ): تنگ (۲) کمزور بدن یا ناپختہ رائے والا شخص (۳) خوراک کے بدلہ خدمت کرنے والا (۴) کٹی ہوئی چیز۔
(ضَنَّ) بِهِ و علیه ـ ضَنًّا و ضَنَانَةً: انتہائی کنجوس اور بخیل ہونا۔
-بالمکانِ و نحوِہ: کسی جگہ سے نہ ہٹنا، قائم رہنا۔
(الضَّنَانَةُ): اَخَذْتُ الأَمْرَ بِضَنَانَتِهِ: میں نے معاملہ کو شروع ہی سے قابو میں لے لیا۔
-هَجَمْتُ عَلَی الْقَوْمِ وهم بِضَنَانَتِهِمْ: میں نے لوگوں پر اس وقت حملہ کیا جب وہ مجتمع تھے۔
(الضَّنَنُ): بہادر۔
(الضِّنُّ): وہ چیز جس پر بخل کیا جائے (۲) عمدہ چیز یا خاص آدمی جس کی اپنے نزدیک اہمیت ہو۔ جیسے فلانٌ ضِنّي وهو ضِنّي مِنْ بین اخواني: وہ میرا خاص ہے۔
(الضَّنِیْنُ): انتہائی بخیل (۲) عمدہ چیز کی خواہش رکھنے والا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَمَا هُوَ عَلَی الْغَیْبِ بِضَنِیْنٍ﴾ (ج) أَضِنَّاءُ و هُنَّ ضَنَائِنُ۔
-ضَنَائِنُ اللهِ: اللہ کی مخلوق کے خواص۔
(المَضِنَّةُ): وہ چیز جس کے لئے مقابلہ اور رغبت کی جائے۔
(المَضْنُوْنُ و المَضْنُوْنَةُ): ہر وہ چیز جس میں بخل کیا جائے۔
(ضَنَتِ) المَرْأَةُ و غَیْرُهَا ـُ ضَنْوًا و ضَنًا: کثیر الاولاد ہونا۔
-نصیبُ فلانٍ: کسی کے حصہ کا زیادہ ہونا۔
(ضَنِيَ) ـَ ضَنًی و ضَنَاءً: سخت بیمار ہونا جس سے بدن ڈھیلا اور کمزور ہو جائے۔ ھو ضَنٍ و ضَنِيٌّ وَضَنًی۔
(أَضْنَی): سخت بیماری کی وجہ سے بستر پر پڑے رہنا۔
-المَرَضُ و غَیْرُهُ الانسانَ وَنَحْوَهُ: بیماری وغیرہ کا کسی کو لاغر و کمزور بنا دینا۔
(ضَانَی) المَرَضَ و نَحْوَهُ: بیماری جھیلنا، تکلیف اُٹھانا۔
(تَضَنّی): بیمار بننا۔
(الضَّنٰی): انتہائی لاغری یا بیماری (۲) کہنہ مریض، لمبی بیماری والا مریض (کبھی یہ لفظ مفرد و مذکر وغیرہ تمام اسماء کی مساوی طور پر صفت بنتا ہے اور کبھی اس کا تثنیہ اور جمع بھی لایا جاتا ہے کہتے ہیں) هُمْ أَضْنَاءُ۔
(الضَّنِيُّ): مریض (ج) أَضْنِیَاءُ۔

ض ..... ه

(ضَاهَاهُ): مشابہ ہونا (۲) نقل کرنا، کسی کی طرح کوئی کام کرنا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿یُضَاهِئُوْنَ قَوْلَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ﴾ (۳) نرمی برتنا، ہمدردی کرنا۔
(الضَّهْیَاءُ): وہ عورت جو حیض و حمل و ولادت کے فقدان کی وجہ سے مردوں کے مشابہ ہو۔
(ضَهَبَ) الرَّجُلُ ـَ ضُهُوْبًا: مرد کا پوری طرح بالغ نہ ہو کر مردوں کی سی صفات کا حامل نہ ہونا۔
-اللحمَ و نَحْوَهُ: گوشت وغیرہ کو آگ پر سینکنا۔
(الضَّهْبَاءُ): آگ پر تاپی ہوئی کمان (ج) ضُهْبٌ۔
(ضَهَدَه) ـَ ضَهْدًا: ذلیل کرنا، قابو کرنا (۲) ظلم کرنا۔
(أَضْهَدَه) وبه: ضَهَدَه۔
(اضْطَهَدَه): بہت زیادہ ظلم کرنا، ستانا۔
(الضُّهْدَةُ): غلبہ، قہر و جبر (۲) مظلوم، ظلم و ستم کا شکار۔ هي ضُهْدَةٌ۔
(الضَّاهِرُ): پہاڑ کی چوٹی (۲) وادی (ج) ضَوَاهِرُ۔
(الضَّهْرُ): پہاڑ کی چوٹی (۲) پہاڑ کا وہ حصہ جس کا رنگ باقی پہاڑ سے الگ اور مختلف ہو (۳) کھوا (ج) ضُهُوْرٌ و أَضْهَارٌ۔
(ضَهَلَ) اللَّبَنُ و نَحْوُهُ ـَ ضَهْلًا و ضُهُوْلًا: آہستہ آہستہ جمع ہونا۔
-الشَّرَابُ: پینے کی چیز یا شراب کا تھوڑا اور پتلا ہونا۔
-الشَّاةُ و نحوُهَا: بکری کا کم دودھ والا ہونا۔
-الظِّلُّ: سایہ کا لوٹنا اور بتدریج کم ہونا۔

Marfat.com

-الیه: لوٹنا، پہنچنا۔
-الیه خبرٌ: خبر پہنچنا۔
-فلاناً حقّه ضَهلاً: کسی کے حق میں کمی کرنا یا تھوڑا تھوڑا دینا۔
(أَضْهَلَ) البُسْرُ: خام کھجور میں پختگی نمایاں ہونا۔ أَضْهَلَ النخل بھی کہتے ہیں۔
-إلی فلانٍ مالاً: کسی کے پاس مال پہنچانا۔
(تَضَهَّلَ) إلی فلانٍ: ضَهَلَ۔
(اِسْتَضْهَلَ) الخبرَ: جہاں تک ممکن ہو خبر کی جستجو کرنا۔
(الضَّاهِلَةُ) مِنَ العُيُوْنِ: کم پانی والا چشمہ (ج) ضَوَاهِلُ۔
(الضَّهْلُ) تھوڑا پانی (۲) جمع شدہ دودھ۔
(الضُّهُوْلُ) مِنَ النَّعَامِ: بہت سفید شتر مرغ (ج) ضُهْلٌ۔
(ضَهِيَتْ) ـَ ضَهًى: عورت کا عدم حیض و حمل و ولادت کی وجہ سے مردوں کے مشابہ ہونا۔
(ضَاهَاهُ) مشابہ ہونا۔
(أَضْهَى) غیر نسوانی عورت سے شادی کرنا۔
(الضَّهْوَاءُ) الضَّهْيَاءُ۔
(الضَّهْوَةُ) پانی کا تالاب یا گڑھا (ج) أَضْهَاءٌ۔
(الضَّهْيَاءُ) الضَّهْوَاءُ۔
(الضَّهِيُّ) مشابہ، نظیر، شبیہ۔

ض ... و

(ضَاءَ) الشيءُ ـُ ضَوْءًا و ضِيَاءً: روشن ہونا، چمکنا۔
(أَضَاءَ) ضَاءَ قرآن مجید میں ہے ﴿يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ﴾
-الشيءَ: چمکانا، روشن کرنا۔
-النَّارُ و نحوُهُ الشَّخْصَ: آگ وغیرہ کا کسی کو ظاہر کر دینا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ ذَهَبَ اللهُ بِنُوْرِهِمْ﴾
(ضَوَّأَ) الشيءَ: روشن کرنا۔
-عنه: اعراض کرنا، الگ ہونا۔
(تَضَوَّأَ) الشيءَ: تاریکی میں کھڑے ہو کر روشنی میں کوئی چیز دیکھنے کی کوشش کرنا۔
(اِسْتَضَاءَ): روشن ہونا۔
-به: روشنی چاہنا۔
(الضَّوْءُ): روشنی (۲) ضوء اور نور ہم معنی ہیں (۳) ضوء نور کے معنی میں قوی اور تیز ہے۔ (۴) ضوء ذاتی روشنی کا نام ہے جیسے سورج اور آگ کی روشنی جبکہ نور عرضی اور مستفاد روشنی کا نام ہے جیسے چاند کی روشنی۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿هُوَ الَّذِي جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاءً وَالْقَمَرَ نُوْرًا﴾ (ج) أَضْوَاءٌ۔
(ضَاجَ) الوادي و نحوُهُ ـُ ضَوْجًا: وسیع اور کشادہ ہونا۔
-عنه: اعراض کرنا، الگ ہونا، ہٹنا۔
(انضاجَ) الوادي و نحوُهُ: کشادہ ہونا۔
(اِنْضَوَجَ) في ضَوْجِ الوَادِي: وادی کے موڑ میں داخل ہونا۔
(تَضَوَّجَ) الوادِيْ و نحوُهُ: کشادہ ہونا (۲) زیادہ موڑوں والا ہونا۔
(الضَّوْجُ): وادی کا موڑ (ج) أَضْوَاجٌ۔
(ضَارَ) ـُ ضَوْرًا: بہت بھوکا ہونا۔
-الشيءُ فلاناً و غيرَهُ: نقصان دینا۔
(تَضَوَّرَ) بھوک یا ضرب و کرب کی بنا پر تڑپنا، بلبلانا۔
(الضَّوْرَةُ): سخت بادل۔
(الضُّوْرَةُ) حقیر و کمزور جو اپنا دفاع نہ کر سکے هي ضُوْرَةٌ (ج) ضُوَرٌ۔
(ضَوْضَأَ) ضَوْضَأَةً: شور و غل کرنا۔
-القَوْمُ: لڑائی میں چیخ و پکار کرنا۔
(ضَوْضَى) ضَوْضَاءٌ ضَوْضَاءَ
(الضَّوْضَى) شور و غل، ہنگامہ، لڑائی کی چیخ و پکار۔
(الضَّوْضَاءُ) الضَّوْضَى۔
(ضَوِطَ) فَمُهُ ـَ ضَوَطًا: ٹیڑھا ہوتا ہوا۔ أَضْوَطُ و هي ضَوْطَاءُ (ج) ضُوْطٌ۔
(الضَّوِيْطَةُ) حوض کا کیچڑ گاد (۲) گوندھا ہوا ڈھیلا پتلا آٹا۔
(الضَّوْطَارُ) بلا سرمایہ بازار جا کر کمائی کی تدبیر کرنے والا۔
(الضَّوْطَرُ): بے فائدہ موٹا اور بڑا۔
(الضَّوْطَرَى) الضَّوْطَرُ - بَنُو ضَوْطَرَى: بے خیر اور بے فیض لوگ۔
-أَبُو ضَوْطَرَى: بھوک۔
(ضَاعَ) الشيءُ ـُ ضَوْعًا: کسی چیز کے ہلنے سے خوشبو پھیلنا۔
-الرَّائِحَةُ: خوشبو مہکنا۔
-الضَّوْعُ: طائر شب کا بولنا۔
-الشَّيْءَ: جھکانا (۲) حرکت دینا (۳) ڈرانا، خوفزدہ کرنا۔ کہتے ہیں: لا يَضُوْعَنَّكَ مَا تَسْمَعُ مِنْهُ: اس سے سنی ہوئی بات تمہارے لئے خوف کا باعث نہ ہونی چاہئے۔
-الطَّائِرُ فَرْخَهُ: پرندہ کا چوزے کو دانہ کھلانا۔
(ضَوَّعَه) مبالغة ضَاعَه۔
(انْضَاعَ) الفَرْخُ: چوزہ کا دانہ کھانے کے لئے ماں کے سامنے بازو پھیلانا۔
(تَضَوَّعَ): مہکنا، پھیلنا (۲) تڑپنا۔
(الضُّوَاعُ): طائر شب کی آواز۔
(الضُّوَعُ) ہامہ کی طرح رات کا ایک پرندہ جو صبح کے قریب ہونے کے وقت چہچہاتا ہے (ج) أَضْوَاعٌ و ضِيعَانٌ۔
(ضَانَ) ـُ ضَوْنًا: کثیر الاولاد ہونا۔
(تَضَوَّنَ) ضَانَ۔
(الضُّوْنُ): بینگن کی طرح کا ایک پودا۔
(الضَّيْوَنُ): بلا (ج) ضَيَاوِنُ۔
(ضَوَى) إليه ـِ ضَيًّا و ضُوِيًّا: کسی کی طرف مائل ہونا، کسی کے ساتھ مل جانا۔
-فلاناً و غيرَهُ إليه: اپنے ساتھ ملانا۔
(ضَوِيَ) ـَ ضَوًى: کمزور و لاغر ہونا۔ (۲) پتلا ہونا۔
(ضُوِيَتْ) الإبلُ و نحوُها: اونٹوں کا مرض ضواة میں مبتلا ہونا۔ (دیکھئے ضواة)
(أَضْوَى) ضَوِيَ (۲) کمزور اولاد یا کمزور نسل والا ہونا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿اغتربوا لا تُضْوُوْا﴾ پردیسی عورتوں سے شادی کرو تاکہ تمہاری اولاد طاقتور ہو۔

Marfat.com

-فلانًا: کمزور و دبلا کر دینا۔
-الأمرَ و غیرَہٗ: کسی کام یا بات کو پختہ نہ کرنا۔
-حَقَّہ و نَحوَہٗ: کسی کے حق میں کمی کرنا' ایسے ہی اضوٰی فلانًا حَقَّہ۔
(انْضَوٰی) الیہ: ضَوٰی: اِنْضَوٰی تحت لوائِہ: کسی کے ساتھ ہو جانا۔
(الضُّوَاۃُ): کان کی لو کے پاس پیدا ہونے والا غدود (۲) منجمد ورم جو تحلیل نہ ہو (۳) زخم (ج)ضَوًی۔

ض......ی

(ضَاحَ)البلادُ و نحوُھا ـِ ضَیْحًا: قحط سالی کی وجہ سے ملک کا خالی ہو جانا۔
-اللبنَ: دودھ میں اتنی ملاوٹ کرنا کہ وہ پتلا ہو جائے۔
-عَیْشٌ مَضْیُوْحٌ: وہ زندگی جو مصائب سے خالی نہ ہو۔
(ضَیَّحَ)اللبنَ: دودھ میں اتنا پانی ملانا کہ وہ پتلا ہو جائے۔
-فُلانًا: پانی ملا ہوا دودھ دینا۔
(تَضَیَّحَ)اللَّبنَ او الدَّوَاءَ او نَحوَہٗ: پانی کی آمیزش سے پتلا ہو جانا۔
-فلانٌ: پانی ملا دودھ پینا۔
-المُسْتَقِیْ: پانی پینے والے کا حوض پر سب سے آخر میں آنا یا اس وقت آنا' جب اکثر پانی پی لیا گیا ہو۔
(الضَّیَاحُ): زیادہ پانی ملا ہوا پتلا دودھ (۲) پانی ملی دوا۔
(الضَّیْحُ):الضَّیَاحُ۔
(ضَارَہٗ) کذا ـِ ضَیْرًا: نقصان پہنچانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿قَالُوْا لَا ضَیْرَ اِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ﴾
(ضَازَ)ـِ ضَیْزًا: ٹیڑھا ہونا (۲) ظلم کرنا۔
-فلانًا و فلانًا حَقَّہ: ظلم کرنا' حق مارنا۔
(الضِّیْزٰی)القِسْمَۃُ الضِّیْزٰی: غیر منصفانہ تقسیم۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿تِلْکَ اِذًا قِسْمَۃٌ ضِیْزٰی﴾
(ضَاعَ)ـِ ضَیَاعًا: ضائع و برباد ہونا۔

(أَضَاعَ)فلانٌ: بہت جائیداد والا ہونا۔
-الشیْءَ: ضائع کرنا' تلف کرنا۔
(ضَیَّعَہٗ):أَضَاعَہٗ۔
(الضَّائِعُ): رائیگاں' بیکار' ضائع۔ (۲) بھوکا (ج)ضُیَّعٌ و ضِیَاعٌ۔
(الضَّیْعَۃُ): غلہ اُگانے والی زمین (۲) نفع بخش جائیداد یا کام جیسے تجارت اور صنعت وغیرہ (۳) نفع (ج)ضِیَاعٌ و ضِیَعٌ کہا جاتا ہے فَشَتْ عَلَیْہِ ضَیْعَتُہٗ: اس کا مال یا مشاغل بڑھ گئے۔
(المِضْیَاعُ): بہت ضائع کرنے والا۔ ھی مضیاعٌ و مضیاعۃٌ۔
(المَضْیَعَۃُ): اضاعت و اتلاف بے توجہی (۲) سنسان جنگل جہاں انسان وحیوان گم ہو جائیں (۳) ہلاکت و بربادی کا سبب (ج) مَضَایِعُ۔
(المَضْیِعَۃُ):المَضْیَعَۃُ۔
(الضَّیْغَمُ): طاقتور اور بہادر شیر۔
(ضَافَ)الیہ ـِ ضَیْفًا و ضِیَافَۃً: کسی کی طرف مائل ہونا' قریب ہونا۔
-عَنْہُ: پھرنا' توجہ ہٹانا۔
-مِنْہُ: ڈرنا' بچنا۔
-فلانًا: کسی کا مہمان بننا (۲) ضیافت چاہنا۔
- ضَافَہُ الھَمُّ: غم سوار ہونا۔
(أَضَافَ):ضَافَ۔
-اِلٰی صَوْتِہٖ: آواز سے مانوس ہو کر اس کے قریب ہونا۔
-منہ: ڈرنا۔
- الشیءَ الیہ: ملانا' شامل کرنا' اضافہ کرنا' منسوب کرنا' حوالہ کرنا۔
-فلانًا: مدد کرنا' پناہ دینا (۲) مہمان بنانا۔
-فلانًا علیہ: موڑنا کسی کو اپنا مہمان بنانا۔
(ضَیَّفَ)الشیءَ الیہ: جھکانا' موڑنا۔
- فلانًا او الغریبَ: مہمان بنانا' قرآن مجید میں ہے: ﴿فَانْطَلَقَا حَتّٰی اَتَیَا اَھْلَ قَرْیَۃِ اسْتَطْعَمَا اَھْلَھَا فَاَبَوْا اَنْ یُّضَیِّفُوْھُمَا﴾
(انْضَافَ)الیہ: ملنا' سہارا لینا۔

(تَضَایَفَ)الوادِی و نحوُہٗ: وادی وغیرہ کا تنگ ہونا۔
-فلانٌ الوادِیَ و نحوَہٗ: کسی کا وادی وغیرہ کے کنارے میں ہونا۔
-السَّبُعَانِ فلانًا: دو درندوں کا کسی کو گھیرنا۔
-الکلابُ و نَحوُھَا الصَّیْدَ و نحوہ و عَلَیْہِ: کتوں وغیرہ کا شکار وغیرہ کو کھا جانا۔
(تَضَیَّفَ)فلانًا: مہمان نوازی کرنا۔
(اسْتَضَافَ) فلانًا: کسی کی پناہ لینا (۲) ضیافت طلب کرنا۔
-منہ اِلٰی کذا: ٹھکانہ پکڑنا۔
(الإضَافَۃُ) علم النحو میں دو اسموں کو ایک دوسرے کے ساتھ اس طرح مربوط کرنا کہ اس سے تعریف اور تخصیص حاصل ہو سکے (۲) حکماء کے نزدیک ایسی دو چیزوں کے درمیان نسبت کا نام ہے جن میں سے ایک دوسرے کے وجود کا تقاضا کرے۔
(التَّضَایُفُ) حکماء کے درمیان دو ایک چیزوں کے درمیان نسبت کا نام ہے جن میں سے ایک دوسرے کے وجود کا تقاضا کرے ہو ان دو چیزوں کو متضایفان کہتے ہیں۔
(الضَّیْفُ): مہمان' ملاقاتی (یہ چونکہ مصدر ہے اس لئے اس میں مفرد و تثنیہ وجمع اور مذکر مؤنث برابر ہیں) جیسا کہ قرآن مجید میں ہے: ﴿اِنَّ ھٰٓؤُلَآءِ ضَیْفِیْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ﴾ اس کی جمع أضیافٌ و ضیوفٌ و ضِیَافٌ و ضِیْفَانٌ آتی ہے۔
(الضِّیْفُ): کونہ' گوشہ۔ جیسے ضِیْفُ الجَبَلِ و ضیفُ الوادی (ج)أَضْیَافٌ۔
(الضَّیْفَنُ): طفیلی' مہمان کے ساتھ بن بلائے آیا ہوا۔ ھی ضیفنٌ و ضَیْفَنَۃٌ۔
(المُضَافُ): اپنایا ہوا (کسی قوم کی طرف منسوب)
(المَضُوْفَۃُ): تشویشناک یا باعث خوف معاملہ۔ ھی مِضْیَافٌ۔
(المَضِیْفَۃُ): مہمان خانہ (ج)مَضَایِفُ۔
(المَضِیْفَۃُ):المَضُوْفَۃُ (۲) غم و حزن۔

Marfat.com

(المُضِیفُ): میزبان (۲) جہاز کا میزبان خادم (محدثہ)
(المُضِیفَةُ): ایئر ہوسٹس ہوائی جہاز کی میزبان خاتون (محدثہ)
(ضَاق)۔ ضَیقًا و ضِیقًا: تنگ ہونا۔ بہت ملا ہوا اور کسا ہوا ہونا۔
-ضَاقَتْ حیلتهٗ: تدبیریں ناکام ہوگئی۔
-ضَاق بالأمرِ: کسی بات سے پریشان ہونا۔
ضاق به ذَرْعًا و ضَاق به صَدْرُهٗ: کسی بات سے تنگ ہو جانا۔ عاجز آ جانا۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا سِيٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا﴾ و ﴿وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّكَ يَضِيقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُولُونَ﴾ ھو ضَائِقٌ و ضَیِّقٌ (ج) ضَاقَةٌ۔
(أَضَاق) محتاج و تنگدست ہونا۔
-الشيءَ: تنگ کرنا۔
(ضَایقَه) فِی کذا: کسی بات میں کسی کو تنگ و پریشان کرنا۔
(ضَیَّقَه): تنگ کرنا۔
-علیه: سختی کرنا۔
(تَضَایَقَ): تنگ ہونا۔
-منه: تنگ آنا، پریشان ہونا۔
-القَوْمُ: ایک دوسرے کو تنگ کرنا۔ (۲) کسی جگہ نہ سمانا۔
(الضَّیقُ): تنگی، سختی، محتاجی (۲) پریشانی، گھٹن، تکلیف۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ﴾
(الضِّیقُ): الضَّیقُ۔
-ضِیقُ النَّفَسِ: سانس کی بیماری۔
(المَضِیقُ): پریشان کن معاملہ (۲) دو پہاڑوں یا دریاؤں کے درمیان تنگ راستہ (ج) مَضَایِقُ۔
(أَضَالَ) المکانُ: جگہ کا جنگلی بیروں والا ہونا۔
(الضَّالُ): جنگلی بیر (۲) جھاڑی کے بیر۔
(الضَّالَةُ): ضَال کا واحد (۲) تمام ہتھیار یا تیر۔
(ضَامَه)۔ ضَیمًا: ظلم کرنا (۲) ذلیل اور تابع کرنا۔
-فلانًا حقَّه: حق مارنا۔
(اسْتَضَامَهٗ): ضَامَهٗ۔
(الضَّیْمُ): ظلم و زیادتی (ج) ضُیُوْمٌ مثقب عبدی کا شعر ہے:

ونحمِی علی الثَّغرِ المخوفِ و نَتَّقِی
بغارتنا کید العِدٰی و ضیومها

Marfat.com

ط

(الطاء): حروف تہجی کا سولہواں حرف۔ اس کا مخرج طرف زبان اور اوپر کے دانتوں کی جڑ ہے۔ یہ شدید الصوت حروف مطبقہ میں سے ہے۔ متقدمین کے ہاں یہ مجھورۃ کے قبیل سے ہے جبکہ اب ہم بلاد عرب میں اسے مہموس سنتے ہیں۔

ط.........ب

(الطابورُ): فوجی جماعت جو آٹھ سو سے ایک ہزار سپاہیوں پر مشتمل ہوتی ہے (۲) قطار۔
اور الطابور الخامس (سیاسی اصطلاح میں) وہ شہری لوگ جو دشمن کے معاون ہوں (د) جبکہ تاج العروس میں تابور مذکور ہے۔
(طَأطَأَ): من الشئ: حیثیت کم کرنا، گھٹانا۔
-من فلان: اپنی حیثیت کم کرنا۔
-الشئَ: گھٹانا، کم کرنا۔
-یَدہ بعنان الفرس وغیرہ: لگام ڈھیلی کرنا دوڑانے کے لئے۔
-الحفرۃ و نحوھا: گڑھے کو گہرا کرنا۔
-فرسہ و نحوہ: رانوں پر دھکا دینے کے لئے مارنا اور اس کی کوکھوں میں ایڑ لگانا۔
(تَطَأطَأَ): جھکنا اور چھوٹا بننا۔
-یقال: تطأطأ لہ اس کے آگے جھک گیا۔
(طَأمَنَ): دیکھئے طَمْأنَ۔
(طَبَّ): فلانٌ ـِـ طِبًّا: ماہر ہونا۔
-بہ: نرمی کرنا، مہربانی کرنا۔
-المریضَ و نحوَہ ـُـ طَبًّا: علاج معالجہ کرنا، دوا دینا۔
-ویقال: طَبَّ لہ اَوْ لِدائہ۔
-کسی پر جادو کرنا۔
-الشئَ: اصلاح و درستگی کرنا، مضبوط کرنا۔
-خُرَز السِقاء و نحوہ: مشک کے ٹانکوں کو پٹی کے ساتھ سینا۔
(طَابَّہ): دوادارو کرنا اور علاج معالجہ کرنا۔
(۲) گھومنا یا بحث مباحثہ کرنا۔
(طَبَّبَہ): علاج میں مبالغہ کرنا یعنی خوب علاج کرنا۔
-الخیاطُ الثوبَ و نحوہٗ: درزی کا کپڑے میں کسی ٹکڑے کا اضافہ کر کے اس کو چوڑا کرنا۔
(تَطَبَّبَ): فلانٌ: علاج کے درپے ہونا جبکہ طب کو اچھی طرح نہ جانتا ہو۔
-لہ: کسی کے لئے طبیب کو بلانا۔
(اِستَطَبَّ لِدائہ): ڈاکٹر یا کسی اور سے دوا کے بارے پوچھنا کہ کونسی دوا اس کے مرض کے لئے بہتر ہے۔
-بالدواء و نحوہ: دوا استعمال کرنا اور علاج کرنا۔
(الطِبابُ): علاج۔
الطِبابَۃ: ڈاکٹری کا پیشہ۔
(۲) کپڑے کا لمبا ٹکڑا
(۳) کپڑے کا ٹکڑا جو کپڑے کو چوڑا کرنے کے لئے بڑھایا جائے (۴) چمڑے کا لمبا ٹکڑا جو دھرا کر کے چمڑے کے دونوں کناروں پر سیتے وقت رکھا جائے تاکہ سوراخ چھپ جائیں اور مضبوطی پیدا ہو (۵) زمین یا ریت یا درخت یا بادلوں میں سے لمبا راستہ۔
الطَّبُّ: مہارت اور ہوشیاری۔
(۲) ماہر (۳) مہربان اور دانا۔
(الطُبُّ): مہارت و ہوشیاری۔
(الطِبُّ): جسمانی و روحانی علاج۔
منہ: علم طب (۲) نرمی اور حسن تدبیر (۳) جادو (۴) عادت اور خوبی۔
(الطَبیبُ): وہ شخص جو طب کے پیشہ سے منسلک ہو یعنی جو شخص بیماروں وغیرہ کا علاج کرتا ہو (۲) علم طب جاننے والا (۳) ماہر (۴) مہربان و شفیق (ج) اَطِبَّۃٌ اور اَطِبّاءُ۔
(الطَبِیبَۃُ): زمین، کپڑے، بادل اور چمڑے کا لمبا ٹکڑا (ج) طَبائبُ۔
(طَبَخَہٗ ـُـ طَبْخًا): شوربے وغیرہ میں پکانا۔
(۲) بھوننا (۳) پگھلانا اور ڈھالنا۔
یقال: طَبَخَ الآجُرَّ اَو الطُّوبَ: اینٹیں پکانا یعنی جلانا۔
-القِدرَ و نحوَھا: ہنڈیا میں کسی چیز کو پکانا۔
یقال: طَبَخَ الحَرُّ الثَمَر و غیرہ گرمی نے پھل پکا دیئے۔
(طَبَّخَ) الطَّعَامَ و غیرہ: خوب پکانا۔
(اِطَّبَخَ) پکی ہوئی چیز لینا۔
-الشئَ: پکانا۔
(اِنطَبَخَ): پک جانا۔
(تَطَبَّخَ): پکی ہوئی چیز کھانا۔
(الطَّابِخ): سخت بخار، شدید دائمی۔
(الطَّابِخَۃُ): الطابخ کا مونث۔
(۲) دوپہر کی سخت گرمی (ج) طَوابِخُ۔
(الطُّباخَۃُ): پکی ہوئی چیز کا نچوڑ۔
(۲) وہ جھاگ جو ہنڈیا سے اُٹھے جب اس

Marfat.com

میں کسی چیز کو پکایا جائے۔
(الطَّباخَةُ) پکانے کا پیشہ۔
(الطَّبَّاخُ) باورچی گوشت وغیرہ کو پکانے والا۔
یقال: هُوَ اَبْيَضُ سِرْبَالِ الطَّبَّاخِ. وہ بخیل ہے۔
الطِّبِّيخُ خربوزہ (لغت اہل مدینہ)
الطَّبِيخُ پکی ہوئی چیز۔
(الطَّبِيخُ) پکی ہوئی چیز۔
(الْمَطْبَخُ) پکانے کی جگہ (باورچی خانہ)
یقال هُوَ اَبْيَضُ الْمَطْبَخِ وہ بخیل ہے۔
(ج) مَطَابِخُ۔
(الْمِطْبَخُ) پکانے کا برتن جیسے ہنڈیا وغیرہ۔
(ج) مَطَابِخُ۔
(طَبَرَ - طَبْرًا) کودنا۔
(۲) چھپنا، پوشیدہ ہونا۔
(الطَّبَرُ) قدیم اسلحہ کی ایک قسم جو کلہاڑی کے مشابہ ہوتا ہے۔
(الطَّبَاشِيْرُ) سفید چونا جس سے تختہ سیاہ وغیرہ پر لکھا جاتا ہے (چاک) (د)
(طَبْطَبَ) الماءُ والسَّيْلُ ونحوهُما پانی یا سیلاب کا تلاطم کے وقت آواز نکالنا۔
(۲) تھرتھرانا، حرکت کرنا۔
الماءَ و غیرہ پانی کو حرکت دینا اور لہریں پیدا کرنا۔
(تَطَبْطَبَ) الماءُ و نحوهٗ حرکت کرنا۔
(الطَّبْطَابَةُ) ایک چوڑی لکڑی جس کے ساتھ گیند کھیلی جاتی ہے (بلا)
(الطَّبْطَبَةُ) پانی وغیرہ کی آواز (۲) چلتے وقت قدموں کی چاپ۔
(طَبَعَ) الشَّيْءَ - طَبْعًا و طِبَاعَةً کسی شکل میں ڈھالنا۔
یقال طَبَعَ اللّٰهُ الْخَلْقَ: اللہ نے مخلوق کو پیدا کیا یعنی خاص شکل میں ڈھالا۔
طَبَعَتِ الدَّوْلَةُ النَّقْدَ حکومت نے سکہ ڈھالا اور اس پر نقش گاڑا۔
وطَبَعَ الاِناءَ مِنَ الطِّيْنِ مٹی سے برتن وغیرہ بنانا اور اس پر نقش و نگار کرنا۔
الكتابَ: کتاب کی صورت یعنی اس کے حروف کے مجموعہ کو ورق پر منتقل کرنا پریس کے ذریعے (محدثہ)
-فلاناً علی کذا: عادت ڈالنا۔ ترتیب دینا یا کسی کی سرشت میں کوئی چیز ڈالنا۔
-الشیءَ علیه: مہر لگانا (۲) بند کرنا۔ قرآن پاک میں ہے: ﴿طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ﴾ اللہ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی اور انہیں بند کر دیا کہ ان کے دل بھلائی تک نہیں پہنچتے۔
-الدَّابَّةَ: طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔
-الشیءَ گندا کرنا، عیب دار بنانا۔
(طَبِعَ - طَبَعًا): گندا ہونا اور عیب دار ہونا جسمانی طور پر یا اخلاقی اعتبار سے۔
یقال: طَبِعَ السَّيْفُ و غیرہُ: زنگ آلود ہونا۔
-الثوبُ و نحوهٗ: بہت زیادہ میلا کچیلا ہونا۔
-فلانٌ جس کا اخلاق کریمہ میں سے کچھ حصہ نہ ہو۔ هو طَبِعٌ و طَبِيعٌ۔
(اَطْبَعَه) کسی کو سامان سے بوجھل کر دینا۔
(طَبَّعَه) مبالغہ در طَبَعَه۔
یقال طَبَّعَه عَلٰى كَذَا کسی چیز کا عادی بنانا۔
(۲) گندا کرنا، میلا کچیلا کرنا۔
(۳) کسی کو سامان سے بوجھل کر دینا۔
(اِنْطَبَعَ) چھپنا، نقش ہونا، ڈھلنا، بند ہونا، بوجھل ہونا۔ لازم طَبَعَهٗ۔
(تَطَبَّعَ) بِكَذَا او بطباعِه کسی کی عادت اپنانا۔
-الاِناءُ بالماءِ و غیرہ: بھر جانا اور کناروں سے بہہ جانا اور چھلکنا۔
(الطَّابَعُ) مہر لگانے کا آلہ۔
(۲) داغ لگانے کا آلہ یا استری۔
(۳) غالب عادت۔
- طابَعُ البرید. وہ چھوٹے چھوٹے کارڈ جو خطوط وغیرہ پر چسپاں کیا جاتا ہے کئے جاتے ہیں اور ان پر حکومت نقش کرتی ہے اور وہ بھیجنے کے خرچ کی ادائیگی کی علامت ہوتا ہے۔
طابَعُ التبرّعات: چندہ کا ٹکٹ۔
طابَعُ الدَّمْغَةِ: اسٹامپ پیپر۔
(ج) طَوَابِعُ۔
(الطَّابِعُ) مہر الطَّابَعُ (۲) طبیعت و عادت۔
یقال: لَه طابِعٌ حَسَنٌ: اس کے اخلاق اچھے ہیں۔
(الطِّبَاعَةُ): متعدد نسخوں کو نقل کرنے کا پیشہ خواہ لکھائی کے ذریعے ہو یا آلات کے ذریعے یعنی چھپائی یا فوٹو اسٹیٹ کاپی کا کام (مج)
(الطَّبَّاعُ): (۱) بہت زیادہ مہریں لگانے والا (۲) وہ شخص جو چھپائی کا کام کرتا ہو۔
(الطَّبِيعُ): کھجور کی کلی کا گودا۔
(الطَّبْعُ): عادت (۲) نمونہ، شکل۔
(۳) (علم النفس کی اصطلاح میں) ایسے احساسات کا مجموعہ جو ایک فرد کو دوسرے سے جدا کرتے ہیں۔ یہ کسبی ہوتے ہیں اور موروثی بھی (مج)
(ج) طِبَاعٌ و اَطْبَاعٌ۔
(الطَّبْعُ) بہت زیادہ یا سخت میل (۲) زنگ (۳) عیب۔
(الطَّبِعُ) میل (۲) گھٹیا اخلاق والا شخص۔
(الطَّبِيعُ) گندا اور گھٹیا اخلاق والا۔
(الطَّبِيعَةُ): عادت (۲) انسانی مزاج جو اخلاط اربعہ سے مرکب ہو۔
(۳) اجسام میں پائی جانے والی وہ قوت جس کے ذریعے اجسام کمال طبعی تک پہنچتے ہیں۔
(۴) طبیعةُ النارِ او الدواءِ او نحوه. آگ یا دواء کی وہ تاثیر جو اللہ نے اس میں رکھی ہے (ج) طبائع۔
-علم الطبیعة وہ علم جو اشیاء کی فطرت اور ان کے تاثیری خواص سے بحث کرتا ہے۔
و الطبائعُ الاَربعُ عند الاَقدمین قدماء کے نزدیک اشیاء کے طبائع اربعہ حرارت، ٹھنڈک تری اور خشکی ہیں۔
(الطَّبِيعِيُّ) طبیعت سے متعلق۔
(الْمَطْبَعَةُ) وہ جگہ جو کتب کی طباعت کے لئے بنائی گئی ہو (۲) چھپائی میں کام آنے

Marfat.com

واے آلات کا مجموعہ(مج)(ج)مَطَابِعُ۔
(اَلْمِطْبَعَۃُ): کتابوں کی چھپائی کا آلہ (پریس مشین)(ج)مَطَابِعُ۔
(اَلْمَطْبُوْعُ): چھپی ہوئی چیز۔
یقال: فلانٌ مطبوع فی فنٍّ کذا او غیرہٖ: کہ فلاں چیز اس میں ودیعت رکھی گئی ہے وہ اسے بغیر تکلف کے کرتا ہے اور عمدگی کے ساتھ کرتا ہے۔
فلانٌ مطبوعٌ علی الکرم: کہ فلاں کی عادت ہی شرافت ہے۔
(اَطْبَقَ)القومُ علی کذا: متفق ہونا۔
اَطْبَقَتْ علیہ الحمی: شب وروز بخار رہنا۔
اَطْبَقَ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
الشیَٔ: کسی چیز کو کسی دوسری پر رکھ کر برابر کر دینا۔
وقالوا: اَطْبَقَ الرّحٰی: یعنی چکی کے اوپر والے پاٹ کو نیچے والے پاٹ پر رکھنا۔
وفَمَہٗ: ایک ہونٹ کو دوسرے ہونٹ سے ملانا اور بند کر دینا۔
ویقال: اَطْبَقَ شَفَتَیْہِ۔
-الصحیفۃَ او طرفی الصحیفۃ: ایک کاغذ یا دو کاغذوں کے کناروں کو ملانا اور برابر کر دینا۔
- الشیُٔ الشیَٔ: ایک شی کو دوسری شی سے ڈھانپنا۔
-یقال: اَطْبَقَ السحابُ السماءَ۔
الثلج الْاَرْضَ: بادل نے آسمان کو اور برف نے زمین کو ڈھانپ دیا۔
(طَابَقَ): الفَرَسُ فی مشیہ او جریہ مطابقۃً و طِبَاقًا: گھوڑے کا اپنی پچھلی ٹانگوں کو اگلی ٹانگوں کی جگہ رکھنا۔
- اَلْمُقَیَّدُ: پیر بندھے ہوئے کا پاؤں ملا کر چلنا۔
-فلانًا: کسی سے موافق ہونا (۲) مدد کرنا۔
- علی الامرِ: کسی کام میں ہم نوائی کرنا اور ساتھ دینا۔
-الشیَٔ علی الشیِٔ: منطبق کرنا۔

-بین الشیئین: دونوں کو برابر کرنا۔
- بین قَمِیْصَیْنِ او نحوھما: ایک قمیص کو دوسری پر پہننا۔
(طَبَّقَ) الجازرُ: ذبح کرنے والے کا جوڑ تک پہنچنا۔
-الحاکم: اپنے حکم کو استوار کرنا۔
- الفرسُ و نحوہٗ: دوڑتے ہوئے اپنی اگلی ٹانگوں کو اکٹھے اٹھانا اور ایک ساتھ ہی رکھنا۔
-الشیَٔ: ایک کو دوسری پر رکھنا۔
یقال: طَبَّقَ الشیَٔ علی الشیِٔ: ایک چیز کو دوسری پر رکھ کر برابر کر دیا۔
-المصلّی او الراکِعُ کَفَّیْہِ اَوْ یَدَیْہِ: نماز پڑھنے والے یا رکوع کرنے والے کا اپنے ہاتھ یا ہتھیلیوں کو اپنی رانوں یا اپنے گھٹنوں کے درمیان رکوع یا تشہد میں رکھنا اور ایسا کرنا ممنوع ہے۔
یقال طَبَّقَ السحاب الجو والغیمُ السماءَ والماءُ وَجْہَ الارض: ڈھانپنا۔
(اِنْطَبَقَ): ایک چیز کا دوسری سے مل جانا۔
یقال: اِنْطَبَقَ عَلَیْہِ کذا: یعنی موافق ہونا، مناسب ہونا اور منطبق ہونا۔
(تَطَابَقَا): دونوں کا موافق و برابر ہونا۔
(تَطَبَّقَ): موافق ہونا۔
(الاِطْبَاقُ): ادائیگی و تلفظ میں زبان کے دونوں کناروں کو اوپر کے تالو سے اٹھا کر ملا دینا کہ جس سے حرف کی ادائیگی موٹی ہوتی ہے اور حروف اطباق یہ ہیں الصاد، الضاد، الطاء اور الظاء۔
(اَلتَّطْبِیْقُ): معاملات اور فیصلوں کو علمی یا قانونی قاعدہ وغیرہ کے تابع کر دینا (مو)
(اَلطَّابَقُ): مطابق۔
(۲) وہ برتن جس میں پکایا جائے (مع)
(۳) بڑی پختہ اینٹ (مع)
(۴) گھر یا بلڈنگ کی ایک منزل (محدثہ)
(ج) طَوَابِقُ و طَوَابِیْقُ۔
(اَلطِّبَاقُ): مطابق و موافق۔
(۲) (فن بدیع کی اصطلاح میں) دو متضاد معانی کو جمع کرنا۔ مثلاً ﴿یُحْیِیْ و یُمِیْتُ﴾ ﴿و تَحْسَبُھم اَیْقَاظًا وَّھُمْ رُقُوْدٌ﴾ (۳) طبق یا طبقۃ کی جمع ہے اور اسی سے ہے السّمٰوٰتُ الطِّبَاقُ یعنی تہہ بہ تہہ آسمان۔
(اَلطَّبَاقَاءُ): وہ شخص کہ جس کے معاملات اس پر الجھے ہوئے ہوں۔
(۲) وہ شخص کہ جس کے ہونٹ کلام کرتے وقت بند ہو جائیں۔
(اَلطُّبَّاقُ): دھونی دینے کا ایک پودا جو کہ فصیلہ مرکبہ سے نالی دار پھول والا ہوتا ہے۔ شام کے بعض علاقوں میں اسے بھڑوں کے سدباب کے لئے انگور کی منقیٰ سازی میں استعمال کیا جاتا ہے (مع)
(اَلطَّبَقُ): مطابق۔
(اَلطَّبَقُ): کسی غیر کے مطابق ہو کر مساوی ہو (۲) پردہ (۳) ڈھکن، کور۔
(۳) برتن جس میں کھایا جائے۔ (۴) حالت، کیفیت۔ قرآن مجید میں ہے ﴿لَتَرْکَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ﴾
یقال بَاتَ یرعی طبق النجوم: وہ رات کو ستاروں کی حالت دیکھتا رہا۔
(۴) (علم طب میں) ریڑھ کی ہڈی کے ہر دو مہروں کے درمیان کی نرم ہڈی (مج)
(ج) أطباق و طِبَاقٌ۔
اَطْبَاقُ الرَّأْسِ: سر کی ہڈیاں۔ مطابقت کی بناء پر بَنَاتُ طَبَقٍ: کچھوے۔
(اَلطِّبْقَۃُ): پھندا، جال (ج) طِبَقٌ۔
(اَلطَّبَقَۃُ): (۱) نسل بعد نسل (۲) ایسی جماعت جو عمر یا زمانے میں متشابہ ہوں۔
(۳) حالت، پوزیشن۔
(۴) ریڑھ کی ہڈی کا ایک مہرہ۔
(۵) درجہ، مرتبہ، گریڈ۔ (۶) زمین کی تہہ۔
(۷) (علم طبقات الارض میں) مضبوط چٹانوں کی ہم جنس چٹان جو کہ متصل سے رنگ اور ترکیب میں مختلف ہوتی ہے۔ ان میں انعقاد بیزنین ہوتا ہے ریتلے پتھر اور گچ کے پتھر کے طبقہ کی طرح۔

Marfat.com

(ج) طبقات' طبق (ج)

(المُطبَقُ): وہ چیز جس کے اوپر موتیوں کی تہہ چڑھا کر موتی جیسا بنادیا جائے۔

(المُطبَقُ) یقال: رجلٌ مُطبَقٌ علیه: بیہوش شخص۔

(المُطبَقُ): (۱) زمین دوز قید خانہ۔

-من الجنون: جواسے ڈھانپ لے اور عام ہو۔

-یقال: جهلٌ أو جنونٌ مُطبِقٌ: ایسی دیوانگی جو الگ نہ ہوتی ہو۔

- حُمّی مُطبِقَةٌ: ایسا بخار جو بیمار کا پیچھا نہ چھوڑتا ہو۔

(المطبَقِیَّةُ): باورچی خانے میں ایک شیلف جس میں پلیٹیں قطار میں رکھی جاتی ہیں (ج)

(طبَلَ - طَبلاً): ڈھول بجانا۔

(طَبَّلَ): زور سے ڈھول بجانا۔

(التَّطَبُّلُ): (علم طب میں) آنتوں کا ورم جو ٹائیفائیڈ میں ہوجاتا ہے (ج)

(الطِّبَالَةُ) ڈھول بجانے کا پیشہ۔

(الطَّبَّالُ) ڈھول بجانے والا۔

(۲) ڈھول والا (۳) ماہر ڈھولچی۔

(الطَبلُ) ایک ایسا آلہ جس پر چمڑا وغیرہ باندھا جاتا ہے (چڑھایا جاتا ہے) اور اسے بجایا جاتا ہے اور عام طور پر یہ دوڑخا ہوتا ہے۔

(ج) طُبُول و أطبال۔

بُرُودُ الطبل: چادریں جنہیں امراء مصر پہنا کرتے تھے۔

(الطَّبلَةُ) طبل ایک رخے ڈھول کے لئے مستعمل ہے۔

(الطَّبلِیَّةُ) طبل کی طرف منسوب۔

(۲) دسترخوان جس پر کھانا کھایا جائے۔

(ج) طَبَالِیُّ (مع)

(طَبَنَ النارَ - طَبنًا) آگ کو گڑھے میں دبانا تاکہ بجھے نہ۔

-الشیٔ وله و به طَبنًا و طَبَانَةً سمجھنا۔

- فلانًا وله دھوکہ دینا' ناکام بنانا۔

(طَبِنَ له و به - طَبنًا و طَبَانَةً سمجھنا۔

هُوَ طَبِنٌ۔

(طَابَنَهُ مُطَابَنَةً و طِبَانًا) (۱) گھٹانا' کم کرنا (۲) موافق ہونا۔

(الطَّابُونُ): وہ جگہ جہاں آگ دبائی جاتی ہے تاکہ بجھے نہ۔ اب یہ لفظ تنور اور بیکری کے لئے بولا جاتا ہے جبکہ جدید استعمال میں یہ الطابونة ہے (ج) طوَابِینُ۔

(الطِّبنُ): سطح زمین پر پڑی ہوئی لکڑی (ایندھن) (۲) اشیاء کے علیحدہ علیحدہ مجموعے (۳) مٹی کا بنا ہوا گھر۔

(الطُّبنَةُ): ستار کی آواز (ج) طُبَنٌ۔

(طَبَاهُ الیهِ - طَبوًا): نرمی سے بلانا' اپنی طرف مائل کرنا۔ (۲) راہنمائی کرنا۔

(طَبِیَتِ الناقةُ و غیرُها من ذوات الأطباءِ - طَبًا او طَبًی: اونٹنی وغیرہ کا ڈھیلے تھنوں والی ہونا۔

اطَّباه الیه: اپنی طرف مائل کرنا۔

وقالو اطَّبی القلوبَ حتی ما تَعدِلُ به: لوگوں کے دلوں میں محبوب ہوگیا اور وہ اس سے قریب ہوگئے۔

(۲) دھوکہ دے کر دوستی کرنا پھر قتل کردینا۔

(الطَّبوَاءُ): ڈھیلے تھنوں والی اونٹنی۔

(الطُّبیُ) تھن کا منہ جس میں دودھ ہوتا ہے اور جس سے بچہ پیتا ہے اور کبھی تھن کو بھی کہا جاتا ہے۔

(ج) أطبَاءٌ اس کا اطلاق انسان کے علاوہ دوسرے حیوانات پر ہوتا ہے۔

(الطبوغرافیا) سطح زمین کے عمومی خدوخال بیان کرنا چاہے طبعی ہوں یا مصنوعی (ج)

ط......ث

(طَثَّهُ - طَثًّا) گیند کی طرح کسی چیز کو ہاتھ سے پھینکنا۔

(۲) مارنا اور ٹھوکر لگانا یہاں تک کہ وہ اپنی جگہ سے ہٹ جائے۔

(الطَّثرَةُ): دیکھئے: الطَّعرَةُ۔

ط......ج

(طَجَنَ الشیٔ - طَجنًا): بھوننا اور پکانا کڑاہی ہیں۔

(طَجَّنَه): بھوننا اور پکانا۔

(الطَّاجِنُ): تلنے یا بھوننے کا برتن (کڑاہی)

(۲) کھانے کی ایک گول پلیٹ کہ جس کے کنارے اونچے ہوتے ہیں اور ٹھیکری سے بنائی جاتی ہی اور اس میں کھانا تنور میں پکایا جاتا ہے۔ (مع) (ج) طوَاجِنُ۔

(المُطَجَّنُ): کڑاہی میں تلا ہوا۔

یقال: قَلِیَّةٌ مُطَجَّنَةٌ: تلی ہوئی چیز۔

ط......ح

(طَحَه - طَحًّا): ایڑیوں سے ملنا۔

(أطَحَه): گرانا' پھینکنا۔

(انطَحَّ): پھیلنا۔

(طَحَرَ - طَحرًا و طُحَارًا و طَحِیرًا): تنگی یا بوجھ کی وجہ سے سانس کا چڑھنا۔

الشیٔ طَحرًا: پھینکنا۔

یقال: طَحَرَت عَینُ الماءِ الطَّحَالِبَ: پانی کے چشمہ نے کائی کو باہر نکال پھینکا۔

- طَحَرَتِ القَوسُ السَّهمَ: کمان نے تیر پھینک ڈالا۔

-الحجّامُ و نحوُه القلفةَ: حجام کا ختنے کے دوران اگلی کھال کاٹ پھینکنا۔

(الطُّحَارُ) مرض کہ جس میں سانس چڑھے اور تیز ہو۔

(الطَّحُورُ): دور مار کمان۔

(طَحطَحَ): ہلکی سی مسکراہٹ' ہلکا سا ہنسنا۔

- الشیٔ طَحطَحَةً و طِحطَاحًا توڑنا اور برباد کردینا۔

یقال: طَحطَحَ بهم الدَّهرَ: زمانے نے انہیں ہلاک و برباد کردیا۔

(تَطَحطَحَ): لازم طحطحه۔

طَحَلَه - طَحلاً: تلی پر مارنا۔

(طَحِلَ - طَحلاً): تلی کا بڑھ جانا۔

(۲) - کان اطحل اللون: تلی جیسے رنگ والا۔

-الماءُ و غیرہ: گدلا ہونا' گرد آلود ہونا۔

Marfat.com

(٢) کائی والا ہونا (٣) بہت زیادہ کائی والا ہونا۔
- فلانٌ: غصہ وغیرہ سے رنگ سیاہی مائل ہو جانا۔
(الاَطْحَلُ): خاکی رنگ والا۔
(الطِّحَالُ): پیٹ کے بائیں جانب واقع معدہ اور فاصل پردے (جھلی) کے درمیان ایک عضو جس کا کام خون بنانا اور پرانے عضو کا تلف کرنا ہے۔
(ج) طُحُلٌ و اَطْحِلَةٌ۔
(الطُّحَالُ): تلی کا مرض۔
(الطَّحِلُ): گدلا سیاہ (٢) غصہ والا۔
(الطَّحْلاءُ): الاطحل کا مونث (ج) طُحْلٌ۔
(الطُّحْلَةُ): سفیدی اور گرد کا درمیانی رنگ جس میں سیاہی کے ساتھ سفیدی کا اختلاط ہو راکھ کے رنگ کی طرح (٢) تلی جیسا رنگ۔
(طَحْلَبَ): الماءُ: پانی کی کائی بلند ہونا۔
-الارضُ: زمین کا نباتات سے سرسبز ہونا۔
(الطُّحْلُبُ): ایک سبزہ جو بدبودار پانی پر آ جاتی ہے اور یہ بغیر پھولوں کے ایک پودا ہے اس کی واضح طور پر شاخیں ہوتی ہیں اور نہ پتے اور نہ ہی جڑ ہوتی ہے۔ یہ سفید زرد سرخ اور نیلے رنگ کی ہوتی ہے۔ یہ میٹھے اور کھارے پانی میں اور گیلی زمین میں رہتی ہے (ج) طَحَالِبُ۔
(طَحَنَ) الحَبَّ وغیرہ ـَ طَحْنًا: غلہ کو آٹا بنانا۔
یقال: طَحَنَتْهُمُ الحَرْبُ احداثُ الایام: حادثات زمانہ اور جنگ نے انہیں پیس ڈالا یعنی مار ڈالا۔
(طَحَّنَه): اچھی طرح پیسنا۔
(اِنْطَحَنَ): لازم طَحَنَه۔
(تَطَحَّنَ): اِنْطَحَنَ۔
(الطَّاحِنَةُ): ضواحک کے قریب بارہ داڑھوں میں سے ایک داڑھ۔ ہر جبڑے کی ایک طرف تین نیچے اور تین اوپر (اَسْفَل) اور انہیں اَرْحَاء بھی کہا جاتا ہے (مج)
(ج) طَوَاحِنُ۔

(الطَّاحُوْنُ): پیسنے کا آلہ۔
(الطَّاحُوْنَةُ) بمعنی الطَّاحُوْن (ج) طَوَاحِيْنُ۔
(الطِّحَانَةُ): پیسنا (٢) پیسائی کا پیشہ۔
(الطَّحَّانُ): وہ شخص جو چکی پر کام کرتا ہو۔
(الطَّحَّانَةُ): الطَّحَّان کا مونث (٢) چکی۔
(الطِّحْنُ): پسی ہوئی چیز۔
(الطُّحَنَةُ): بہت پیسنے والا (٢) بہت چھوٹے قد کا۔
(الطَّحُوْنُ): بمعنی الطَّحَّانُ (٢) لشکر کا ایک بڑا دستہ جو ہر چیز کو پیس ڈالے۔
یقال: حَرْبٌ طَحُوْنٌ۔
(الطَّحِيْنُ): پسی ہوئی چیز۔
(الطَّحِيْنَةُ): تلوں کا بھوسا ان کا تیل نکالنے کے بعد صناعت میں اعلاوة الطحنيّة بھی داخل ہے (مو)
(المِطْحَانُ): کنڈلی مارنے والا سانپ (ج) مَطَاحِيْنُ۔
(المَطْحَنُ): پیسنے کا آلہ اور جگہ (ج) مَطَاحِنُ: پیسنے کا آلہ (ج) مَطَاحِنُ۔
(طَحَا ـُ طَحْوًا): دور ہونا۔
(٢) ہر طرف میں ہلاک کرنا۔
قالوا: طحابة قلبُه وهواه همّه: قال علقمة۔
طحابك قلبٌ في الحسان طروب
-القومُ: دھکم دھکا ہونا۔
-المکانُ: پھیلنا اور کشادہ ہونا۔
-الشيَ: پھیلانا (٢) کشادہ کرنا (٣) پھینکنا۔
قالوا: طَحَا بالكُرَةِ۔
(طَحَى): پھیلنا اور بڑھنا دراز ہونا۔
(٢) بجھنا (٣) زمین وغیرہ سے چمٹ جانا۔
تَطَحَّى: بمعنی طَحَّى۔
الطَّحَا: کشادہ زمین۔
(المُطَحِّيَةُ): ترکاری وغیرہ جو سطح زمین پر اُگی ہو جبکہ وہ بچھی ہو۔
(طَخَّ ـِ طَخًا و طُخُوْخًا): بدمزاج اور برے اخلاق والا ہونا۔

الشيَ ـُ طَخًّا: پھینکنا اور دور کر دینا۔
(المِطَخَّةُ): طخ سے اسم آلہ (ج) مَطَاخٌ۔
(طَخَا الليلُ و نحوه ـُ طَخْوًا و طُخُوًّا): تاریک ہونا اور اس کی تاریکی کا بڑھ جانا۔
(الطَّخَاءُ): ایسا پردہ جو دوسری چیز کو ڈھانپ دے۔
يقال علي قلبه طَخَاءٌ یعنی پردہ ہے تکلیف یا جہالت کا غم کا (٢) بلند بادل۔
(الطَّخْوَاءُ) من الليالي و نحوها: سخت تاریک راتیں۔
(الطَّخْيَاءُ): بمعنی الطَّخْوَاء۔
(٢) ایسا کلام جس کا معنی واضح نہ ہو۔
(الطِّخْيَةُ): سخت تاریکی (٢) بادلوں کا ایک ٹکڑا۔
(طَرَأَ ـَ طَرْءًا طُرُوْءًا): پیش آنا۔
(٢) اچانک نکلنا۔ھو طارِئٌ۔
(ج) طُرَّاءٌ و طُرَآءٌ۔
(طَرُؤَ ـُ طَرَاءَةً و طَرَاءً): تروتازہ ہونا۔
ھو طَرِيٌّ۔
(طَرَّأَه): اچانک لانا یا تروتازہ کرنا۔
(الطَّارِئُ): اجنبی (ج) طُرَّاءٌ و طَرَآءُ جبکہ غیر عاقل کی جمع طَوَارِئُ۔
الطَّارِئَةُ: الطَّارِئ کا مونث۔
(٢) ایسی مصیبت کہ جس کا علم نہ ہو کہ وہ کہاں سے آئی (ج) طَوَارِئُ۔
(الطُّرْآنِيُّ): اچانک پیش آنے والی چیز کہ جس کا علم نہ ہو کہ وہ کہاں سے آئی۔
يقال: كلامٌ طُرْآنِيٌّ: ایسا کلام جو ادب جمیل سے خارج ہو۔
(طَرِبَ منه او له ـَ طَرَبًا): ہلکا ہونا اور خوشی اور مسرت سے جھومنا یا غم کی وجہ۔
يقال - طرب للغناءِ: خوش ہونا اور جھومنا۔
ھوَ طَرِبٌ، وطَرُوبٌ، وھی طَرُوبٌ و طَرُوبَةٌ
اَطْرَبَه: خوشی سے مگن کرنا۔
(طَرَّبَ) خوشی سے مگن کرنا۔
(طَرَّبَ) گانا گانا۔

Marfat.com

-فی صوته: سرنکالنا، دراز کرنا اور لے بنانا۔
-فلاناً: بمعنی اَطربَهُ۔
تَطرَّبَ: خوشی سے جھومنا۔
-فلاناً: بمعنی اَطرَب۔
اِستَطرَبَ: بمعنی طَرِبَ
(۲)-جھومنے کو چاہنا۔
- فلاناً: کسی سے کہنا کہ وہ مگن کر دے یا گائے۔
-فلاناً: بمعنی اطربَه۔
(الطَّرَب): خوشی یا غم کی نفس پر موثر ہونے والی کیفیت وجد۔
آج کل اس کا استعمال زیادہ تر خوشی میں ہوتا ہے (۲) گانا وغیرہ جس سے نفس میں طرب کی تحریک ہوتی ہو۔
(الطَّرُوبُ): بے حد خوشی اور وجد۔ بے خود، مست، بے حد خوش۔
(ج) طِرَابٌ۔
(المُطرِبُ) اَطرَبَ سے اسم فاعل۔ عام طور پر اس کا اطلاق ایسے گویے پر ہوتا ہے جو خوبصورت آواز اور ادائیگی والا ہو۔
(الطُّربِیدُ): بھاری بم جسے غوطہ خور کشتی، سمندر، جہاز یا ہوائی جہاز دشمن کی کشتیوں یا ٹھکانوں پر پھینکتا ہے (د)
(الطَّربُوشُ) ٹوپی جو کہ دبیز مخملے ہوئے اون وغیرہ سے بنائی جاتی ہے اور اس پر عمامہ بھی باندھا جاتا ہے (د) (ج) طَرابِیشُ۔
(طَربَلَ فلانٌ): دامن گھسیٹتے ہوئے اور انگڑائی لیتے ہوئے چلنا۔
(الطِّربَالُ) پہاڑ پر لگایا جانے والا جھنڈا۔
(۲) ہر بلند عمارت جو مینار وغیرہ کی مانند ہو۔
(۳) پہاڑ یا دیوار کا ہر وہ ٹکڑا جو آسمان کی طرف دراز ہو (ج) طَرابِیلُ۔
الطِّربِیلُ ایسی مشین جس میں کاٹا ہوا غلہ پیسا جاتا ہے (ج) طرابِیلُ۔
(الطُّرثُوثُ) فصیلہ سنومور یہ کی ایک طفیلی بوٹی اس کی ایک قسم پتلی لمبی ہوتی ہے حشرہ وم کی طرح۔ یہ مصر کے نگلات اور بحر روم کے

اردگرد اُگتی ہے۔
(طَرَحَ) الشئَ وبِه - طَرحًا: ڈالنا۔
یقال: طَرَحَتْ له النّویٰ کلَّ مَطْرَحٍ: دوری نے اسے دور پہنچا دیا۔
-من یدہ: ڈالنا۔
-عددًا مِن عددٍ: کم ہونا۔
-علیه شیئًا: ڈالنا اور پھیلانا، پیش کرنا۔
یقال: طرح علیه المسألة: و طرح بین یدیه الأمر: اس کے آگے معاملہ پیش کیا۔
-الشئَ عنه: ڈالنا اور دور کرنا۔
یقال: طَرَحَ عن بَالِه الهمَّ: اس کے دل سے غم دور کر دیا۔
(طَرِحَ - طَرَحًا): دور ہونا۔ هو طَرِحٌ
طَارَحَه الحدیثَ و نحوهُ: کسی بات پر تبادلہ کلام کرنا۔
(طَرَّحَ الشئَ): بمعنی طرحه۔
-البناءَ و نحوهُ: خوب لمبا کرنا یا چوڑا کرنا۔
(اطَّرحه): بمعنی طَرَحَه۔
(انطَرَحَ): لازم طَرَحَه۔
تَطارَحا الحدیث و نحوَه: باہم گفتگو و مناظرہ کرنا۔
(تَطرَّحَ): کمزور آدمی کی طرح چلنا۔
(۲) کندھوں پر چادر ڈالنا۔
(الاُطرُوحَةُ): وہ چیز جو پیش کی جائے۔
(۲) وہ معاملہ جسے بحث و مباحثہ کے لئے پیش کیا جائے (ج) اَطارِحُ۔
(الطَّرَاحُ): دور دراز جگہ۔
(الطَّرحُ) (حساب میں) ایک عدد کا دوسرے بڑے عدد سے کم ہونا۔
طَرحُ البحرِ فی مصر مصر میں دریائے نیل کے کنارہ اونچی زمین جو سیلاب کی مٹی سے بلند ہو جاتی ہے اور پانی اترنے کے بعد اس میں کاشت کاری کی جاتی ہے۔
(الطِّرحُ) بمعنی اَلمَطرُوحُ۔
الطَّرحَةَ ایک قسم کی چادر جو کندھوں پر ڈالی جاتی ہے۔ جبکہ اب اس لفظ کا استعمال ایسی چادر پر ہوتا ہے جو سر اور کندھے پر ڈالی جاتی

ہے۔
ومنه: طَرحة العروس: دلہن کے سر اور کندھوں پر ڈالی جانے والی چادر (ج) طِرَاحٌ۔
الطَّرُوحُ: بہت زیادہ یا کثرت سے پھینکنے یا ڈالنے والا۔
-من القِسِيّ: تیر کو بہت زور سے پھینکنے والی کمان (ج) طُرُحٌ مونث میں: طَوائح بھی ہے۔
(الطَّرِیحُ): بمعنی المطرُوحُ۔
(۲) پھینکی ہوئی یا بیکار چیز جس کی کسی کو ضرورت نہ ہو بوجہ حقارت یا کسی شمار میں نہ ہونے کے۔
(ج) طَرحی۔
اَلمَطرَحُ: طَرَحَهٗ سے اسم مکان۔ مسکن اور مجلس وغیرہ کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ (۲) دور کی جگہ۔
(۳) مصدر میمی بمعنی الطَّرحُ (ج) مَطارِحُ۔
اَلمِطرَحُ: طَرَحَ سے اسم آلہ۔
-من الرماح: دور مار کرنے والا نیزہ۔
(۲) میز پوش (ج) مَطارِحُ۔
(المِطرَحَةُ): ایک ایسا آلہ جس کے ذریعے روٹی کو تنور میں لگایا جاتا ہے (مو) (ج) مَطارِحُ۔
(اَلمَطرُوحُ) علم حساب میں) وہ چھوٹا عدد ان دو عددوں میں سے جن کے درمیان فرق یعنی تفریق مقصود ہو۔
المطروحُ منه: ان میں سے بڑا عدد۔
(الطَّرخُون) زرگی ترکاری جو کہ فصیلہ مرکبہ سے ہے اور اس کا پھول نالی نما ہوتا ہے۔ اس کے پتوں کی خوشبو کی وجہ سے اسے اُگایا جاتا ہے۔ یہ پتے کھانے کے ساتھ سبز ترکاری کے طور پر استعمال کئے جاتے ہیں اور اسے "الحوذان" بھی کہتے ہیں۔
(الطَّرِیخ) ایک چھوٹی مچھلی جسے نمک میں پکا کر کھایا جاتا ہے۔
(طَرَدَهٗ - طَردًا) حقارت یا بطور سزا دھتکارنا۔

Marfat.com

-المغیرَ و نحوہ: حملہ آور کو شکست دینا اور ہانکنا۔
- الدّوابَّ: چوپاؤں کو ادھر اُدھر سے اکٹھا کرنا۔
-القاعِدَۃَ و الحکمَ: عام کرنا۔
- بصرہ فی اثر القوم: نگاہوں سے پیچھا کرنا۔
-المولودُ اخاہُ: بچے کا اپنے بھائی کے بعد پیدا ہونا۔
- القومَ و نحوھم: لوگوں پر حملہ کرنا اور گزر جانا۔
-الصیدَ طَرْدًا: شکار کو پکڑنے کی کوشش کرنا۔
اَطْرَدَہُ: آوارہ گشت بنانا۔
- فلاناً عن البلد و نحوہ او منہ: ملک چھوڑنے اور دور جانے کا حکم دینا۔
-صاحبہ: کسی کے ساتھ دوڑ یا جوئے یا کشتی کی شرط لگانا۔
طَارَدَہُ مُطارَدَۃً و طِرَادًا: حملہ آور ہونا۔
مدافعت کرنا' مقابلہ میں۔ بینت لے جانا۔
طَرَّدَہ در طَرَدَہُ مبالغہ کرنا۔
-السَّوْطَ و نحوہ کوڑے کو مارنے کے لئے دراز کرنا۔
(اِطَّرَدَ): لگاتار ہونا (۲) پےدر پے ہونا۔
وعلی ھذا قولھم' اَطَّرَدَ الکلامُ او الحدیثُ: بات کا ایک ہی طرز پر جاری رہنا۔
-النَّھرُ: دریا کے پانی کا مسلسل بہتے رہنا۔
- القیاسُ: قیاس کے حکم کا وجود اور عدم کے وصف کے ساتھ قائم رہنا۔
تَطَارَدَ الأقران و غیرُھم فی الحرب و نحوہ: جنگ میں ہم پلوں کا باہم مقابلہ کرنا۔
-الشیئُ: کسی چیز کا مسلسل ہونا۔
اِسْتَطْرَدَلہ فی الحرب و غیرھا: دھوکے سے بھاگنا' پھر حملہ کرنا۔
-فی الکلام او الحدیث: ایک موضوع سے دوسرے موضوع کی طرف منتقل ہونا۔ کہا جاتا ہے کہ اسے سب سے پہلے بحتری نے استعمال کیا۔

(الطِّرَادُ).
فُرسان الطِّراد: وہ لوگ جو جنگ میں ایک دوسرے پر حملہ آور ہوتے ہیں۔
یقال مَشٰی طِرَادًا سیدھا چلنا۔
(الطَّرْدُ): وہ سامان وغیرہ جو بذریعہ ڈاک ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجا جائے یہ اصل میں مصدر ہے اس کا اطلاق مَطْرُوْد پر کیا گیا ہے (مو)
(۲) (علم طب میں) کسی چیز کا قسری اخراج
(ج) طُرُوْدٌ۔
الطَّرَّادُ من السُّطُوح: ہموار سطح
(۲) ایک آلہ جو ہل میں لگایا جاتا ہے تاکہ لائن چوڑی ہو (محدثہ) (۳) تیز رفتار چھوٹا جہاز۔
اب آج کل یہ لفظ تیز رفتار جنگی جہازوں پر بولا جاتا ہے۔
(الطَّرَّادَۃُ): تیز رفتار جنگی جہاز۔ جیسا کہ الطّراد (محدثہ)
(الطَّرِیْدُ): بمعنی المطرُودُ (۲) وہ بچہ جو اپنے بھائی کے بعد پیدا ہو۔ ان میں سے ہر ایک دوسرے کا طرید ہے۔
(الطَّرِیْدَۃُ): بمعنی اَلْمَطْرُوْدَۃُ۔
(۲) شکار وغیرہ جس کا تعاقب کیا جائے۔
(۳) کندھے اور کولہے کے درمیان کی لکیر۔
(۴) زمین یا گھاس میں سے پگڈنڈی راستہ۔
(۵) کپڑے کا ٹکڑا جسے طولاً پھاڑا گیا ہو۔
(۶) ایک کپڑا جسے تر کیا جاتا ہے اور اس سے تنور صاف کیا جاتا ہے۔
(۷) ایک سرکنڈا جس میں شگاف ہوتا ہے جسے سوت کے چرخے یا ہنڈیا پر رکھا جاتا ہے اور اس کے ذریعے چھیلا اور تراشا جاتا ہے۔
(اَلْمَطْرَدَۃُ): تعاقب کی جگہ۔
(۲) سیدھا راستہ (ج) مَطَارِدُ۔
(اَلْمُطَّرَدُ): نامانوس بڑا ہوا بچہ۔
(طَرَّ ـُ طَرًّا و طُرُوْرًا): کَانَ طَرِیْرًا ذَارُوَاءٍ و جَمَالٍ: رونق والا ہونا۔
-الشَّعْرُ: بال اگنا۔
یقال للشاب: طَرَّ شاربُہ: اس کی مونچھیں

نکل آئیں۔
-النبتُ: نمودار ہونا' ظاہر ہونا۔
-النجومُ: چمکنا روشن ہونا۔
-الیَدُ: کٹ کر گر جانا۔
والشَّعرَ: کاٹنا۔ کان علیہ السلام یَطُرُّ شارِبَہ۔
-الثوبَ و غیرَہ: کپڑا کاٹنا۔
یقال طَرَّھم بالسیف: تلوار سے کاٹ ڈالا۔
-البناءَ و نحوہ: عمارت پر رنگ کرنا اور مزین کرنا۔
-المالَ و نحوہ: اچک لینا' چھین لینا۔
(اَطَرَّ): ناز کرنا اور محبت میں آگے بڑھنا۔
(۲)-وادی کے اطراف میں چلنا۔
اور کہاوت ہے: (اَطِرِّی فانک ناعلۃ) یعنی مشکل کام کو کرو تم اس کے کرنے پر قادر ہو۔
-الشیئَ: کاٹنا یا گرانا۔
(طَرَّرَ): بال سنوارنا (پیشانی کے) زلفیں بنانا۔
یقال طَرَّرَ الثَّوْبَ: کپڑے پر گوٹ لگانا۔
وَطَرَّرَتِ الجاریۃُ لڑکی کا بال سنوارنا۔
(الطُّرُّ) گدھے وغیرہ کی گردن کے نرم بال اور دیگر بالوں کا گرنے کے بعد نکلنا۔
(الطُّرُّ): کنارہ (۲) گوشت' پہلو۔
(۳) حاشیہ' گوٹ (۴) جماعت (ج) اَطْرَارٌ۔
(الطُّرَّۃُ) کٹی ہوئی چیز (۲) ہر چیز کا کنارہ (۳) وادی وغیرہ کا دہانہ (۴) کپڑے وغیرہ کی گوٹ (۵) عورت کی پیشانی پر بڑھتے ہوئے بال جنہیں وہ سنوارے اور وہ بالوں کا گچھا یا لٹ ہوتی ہے (۶) طغرا (ج) طُرَرٌ و طِرَارٌ۔
یقال بَدَتْ مَخَایِلُ الْاَمْرِ و طُرَرُہٗ بات کی علامات ظاہر ہونے لگیں۔
(الطَّرَّارُ) جیب کترا آدمی کے کپڑے پھاڑ کر اس میں موجود چیزوں کو نکالنے والا۔
(الطُّرُوْرُ): لڑکی وغیرہ کے پیشانی کے بال (ج) طُرُوْرٌ و طِرَارٌ۔
(الطَّرِیْرُ) بمعنی اَلْمَطْرُوْرُ۔

Marfat.com

(۲) بارونق، خوش منظر، بھلی صورت (۳) وہ شخص جس کی مونچھیں نکل آئی ہوں۔
طَرَزَہٗ - طَرْزًا: سینہ پر مکا مار کر پیچھے دھکیلنا۔
طَرِزَہ طَرَزًا: بدخلق کے بعد اچھے اخلاق والا ہونا (۲) خوش نما لباس اور خوراک والا ہونا۔ فھو طَرِزٌ۔
طَرَّزَ الثوبَ وغیرَہ: کپڑے کو خوش نما بنانا۔
(۲) بیل بوٹے بنانا، کڑھائی کرنا۔
تَطرز فی الملبس و نحوہ: بمعنی طَرَّزَ۔
(الطِّرَازُ): نمونہ، صورت (۲) عمدہ چیز۔
یقال: لَیسَ ھٰذا من طِرَازِكَ: یہ آپ کی شان نہیں (۳) کپڑے وغیرہ کی دھاریاں (۴) بادشاہ کے لئے بنا جانے والا کپڑا (۵) وہ جگہ جہاں عمدہ کپڑا تیار کیا جاتا ہو۔ (ج) طُرُزٌ و اَطْرِزَۃٌ۔
(الطِّرَازَۃُ): کڑھائی کا کام۔ طَرَّاز یا مُطَرِّزٌ کا پیشہ۔
(الطَّرَّازُ): کشیدہ کاری کرنے والا یا وہ شخص کہ جو کپڑے پر ریشم کے دھاگوں یا سونے اور چاندی کے دھاگے کے ساتھ کشیدہ کاری کرتا ہو۔
(الطَّرْزُ): شکل، نمونہ (۲) عمدہ چیز۔
(الطَّرْزِیُّ): بمعنی الطَّرَّازُ۔
(المُطَرِّزُ): بمعنی الطَّرَّازُ۔
طَرَسَ الکتابَ - طَرْسًا: لکھنا (۲) مٹانا۔
طَرَّسَہ: بمعنی طرس تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔
(۲) مٹے ہوئے پر دوبارہ کتابت کرنا۔
تَطَرَّسَ فی مَطْعَمِہٖ اَوْ مَلْبَسِہٖ او نحوھما: کھانے اور لباس کو خوش نما اور بہت کرنا۔
عن الشیٔ: اجتناب کرنا اور پرہیز کرنا۔
الطِّرْسُ: صحیفہ (۲) وہ کتاب جس پر سے مٹا کر لکھا گیا ہو (ج) طُرُوْسٌ و اَطْرَاسٌ
طَرِشَ - طَرَشًا و طُرْشَۃً: شنوائی کا کمزور ہونا (۲) سننے کی قوت کا معطل ہونا۔
تَطَارَشَ: بظاہر بہرا بننا اور اونچا سننا۔

(الاَطْرَشُ): بہرا۔ وھی طَرْشَاءُ (مونث) (ج) طُرْشٌ۔
الاُطْرُوْشُ: بمعنی الاَطْرَشُ۔
الطَّرَشُ: بہرا پن۔
(طَرْطَرَ): بے جا فخر کرنا (۲) بظانِہٖ و نحوھا: بکری وغیرہ کو دودھ دوہنے کے لئے بلانا۔
-الطُّرْطُرُ: خالص شراب کی تلچھٹ۔
(الطُّرْطُوْرُ): پتلا لمبا (۲) سر کی پتلی لمبی نوک دار ٹوپی (۳) کمزور (ج) طَرَاطِیْرُ۔
(الطِّرْطِیْرُ): شراب کی تلچھٹ یہ یونانی لفظ (ترتیر) سے معرب ہے۔ یہ اس کی اصل ہے پھر ہر دُرْدِیٌّ میں استعمال کیا جانے لگا (۲)۔ (علم کیمیا میں) حمض الدردی (حمض الطرطریك) عضوی ترشی جس کی متعدد اقسام ہیں۔
ایک عام قسم وہ ہے جس کے بلور شفاف ہوتے ہیں اور وہ پانی اور الکوحل میں پگھل جاتی ہے۔ عام طور پر یہ جز ترکاری اور پھلوں کے انسجہ پر پایا جاتا ہے۔ (مج)
طَرَفَ البصرُ - طَرْفًا: پلکوں کو حرکت دینا۔
قالوا: ما بقِیَتْ منھم عینٌ تطرِف: یعنی سب ہلاک ہوگئے۔
قالوا: شَخَصَ بَصَرُہ فما یَطْرِف: اس کی آنکھ کھلی رہ گئی سو جھپکتی نہیں۔
-الیہ: دیکھنا۔
عینیہ و بھما: پلک جھپکنا۔
-الشیٔ: دیکھنا۔
- عینَہ: آنکھ پر مارنا۔
یقال: طَرَفَ عینَہ الحزنُ: اس آنکھ میں غم کی جھلک ہے۔
طرف عینہ المالُ: مال نے اس کی آنکھیں حق سے اندھی کردیں۔
- فلاناً عن الشیٔ: پھیرنا۔
طَرُفَ - طَرَافَۃً: انوکھا ہونا۔
(اَطْرَفَ): انوکھی بات کہنا۔
الرَّجُلَ: انوکھی چیز دینا۔

یقال: اَطْرَفَه بکذا: تحفہ میں کوئی چیز دینا۔
- الثَّوبَ: کپڑے کی دھاری دار چادر بنانا۔
(۲) اس کے اطراف میں دھاریاں بنانا۔
طَرَّفَ الجندیُّ: کناروں پر لڑنا۔
-الشیٔ: کنارے پر کرنا (۲) کنارہ بنانا (۳) کنارہ تیز کرنا اور باریک کرنا۔
-المرأۃُ انا ملھا و اظفارھا: عورت کا اپنے ناخنوں پر خضاب لگانا یا مزین کرنا۔
الشیٔ: انوکھا شمار کرنا، نئی چیز سمجھنا۔
اطَّرَفَ الشیٔ: انوکھا سمجھنا (۲) نئی چیز خیال کرنا۔
(تَطَرَّفَ): کنارہ پر آنا۔
یقال: تَطَرَّفَتِ الشمسُ: غروب کے قریب ہوگیا۔
-منہ: ہٹنا۔
-فی کذا: حد اعتدال سے آگے بڑھ جانا اور درمیان میں نہ رہنا۔
-الشیٔ: کناروں سے لینا (۲) انوکھا سمجھنا۔
(۳) نئی چیز کا استعمال کرنا۔
(اِسْتَطْرَفَہ): انوکھا خیال کرنا۔
(۲) نئی چیز کو استعمال کرنا۔
الاُطْرُوْفَۃُ: نئی اور انوکھی چیز، تحفہ۔
(۲) نئی اور عمدہ چیز (ج) اَطَارِیْفُ۔
(التَّطْرِیْفُ): ناخن تراشی اور ہاتھ کی تزین کاری (مج)
الطَّارِفُ: بمعنی المستطرَفُ۔
(۲) نیا حاصل کیا ہوا مال وغیرہ۔ تالِدُ کی ضد۔
الطَّارِفَۃُ: آنکھ۔
- من الخِبَاءِ: وہ خیمہ جس کے اطراف باہر دیکھنے کے لئے اٹھائے گئے ہوں۔
(۲) ایک حلقہ جس میں رسیوں کو میخوں کے ساتھ باندھا گیا ہو (ج) طَوَارِفُ۔
(الطِّرَافُ): اشاروں اور کنایوں میں گفتگو تاکہ ہلکی ہو (۲) چمڑے کا گھر اور یہ دیہاتی لوگوں کا گھر ہے (۳) کھیتی کے اطراف میں سے کاٹی ہوئی فصل (ج) طُرُفٌ و اَطْرِفَۃٌ۔
(الطَّرْفُ): پلک جھپکنا (۲) آنکھ۔ واحد

Marfat.com

وغیرہ پر بولا جاتا ہے۔ تثنیہ اور جمع بھی لایا جاتا ہے۔
جنت کی حور کے تذکرے میں قرآن مجید میں ہے: ﴿قاصِرَاتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ﴾
(۳) نظر۔ سلیمان علیہ السلام کے قصہ میں قرآن مجید میں ہے: ﴿قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الكتاب انا آتِيْكَ به قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ﴾
(۴) ہر چیز کی انتہا (لغة فی الطَّرَفِ) (ج) اَطْرَافٌ۔
(الطِّرْفُ): شریف النسل آدمی یا اصیل گھوڑا۔
(۲) بمعنی الطَّارِفُ (۳) کونپل جو ابھی غلاف سے باہر نہ آئی ہو (۴) جو کسی بات پر ثابت قدم نہ ہو (۵) جو ایک چراگاہ سے دوسری میں چلا جائے ایک پر ثابت قدم نہ رہے (۶) ایسا لالچی جو کسی چیز کو بھی دیکھ کر خواہش کرے کہ یہ اس کی ہو جائے۔
(۷) نئی نئی عزت والا۔ (ج) طُرُوفٌ و اَطْرَافٌ۔
(الطَّرَف) مِن کل شئیٍ: ہر چیز کی انتہا۔
(۲) کنارہ یا جانب۔ وفی التنزیل العزیز وَاَقِمِ الصلاةَ طَرَفَيِ النَّهارِ (۳) کسی چیز کا ٹکڑا (۴) کسی معاملہ کا ایک فریق (مو) (ج) اَطْرَافٌ۔
(الطَّرْفَاءُ): پودوں کی ایک قسم جس میں درخت بھی ہیں اور گھاس وغیرہ بھی۔ جو کہ فصیلہ طرفا ویہ میں سے ہے۔ اسی کی ایک قسم ہے۔ جھاؤ کا درخت۔
(الطَّرْفَةُ): خون کا سرخ نقطہ جو آنکھ میں ضرب وغیرہ لگنے سے پیدا ہوتا ہے۔
(الطُّرْفَةُ): ہر نئی عجیب چیز (ج) طُرَفٌ۔
(الطِّرْفَةُ): الطِّرف کا مونث (ج) طِرَفٌ۔
-الطَّرِيْفُ: عمدہ اور نادر۔
(۲) نیا اور پسندیدہ (۳) نیا نیا حاصل شدہ مال اس کی ضد تلید یا تالد ہے (ج) طُرُفٌ و طِرَافٌ۔
اَلْمِطْرَفُ: ریشمی دھاری دار چادر یا چوکور کپڑا۔ (ج) مَطَارِفُ۔

اَلْمُطَرَّفُ مِنَ الخيلِ: وہ گھوڑا جس کا سر یا دم سفید اور باقی سارا جسم اس کے الٹ ہو یا سر اور دم سیاہ ہوں اور باقی جسم اس کے الٹ۔
العَزَّۃُ: ہرنی کا بچہ۔
العِزَّۃُ: قوت، غلبہ (۲) غیرت وحمیت۔
قرآن مجید میں ہے ﴿وَاِذَا قِیْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ﴾
اَلعَزِیْزُ: اللہ تعالیٰ کا نام۔
جس کا معنی ہے غالب و طاقتور جس پر کوئی غالب نہ ہو۔
المُعِزُّ: اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔
جس کا معنی ہے جسے چاہے عزت دینے والا۔
عَزَفَتْ نَفْسُهٗ عن الشئِ ۔ عُزُوْفًا: دل پھرنا، بے رغبت ہونا، ھو، ھي عَزُوْفٌ۔
یقال: ھُوَ عَزُوْفٌ عَنِ اللَّھْوِ: اسے کھیل کود سے دلچسپی نہیں۔
- فلانٌ عَزْفًا و عَزِیْفًا: باجے سے کھیلنا، گانا۔
یقال: عَزَفَ علی العود۔
-الشئُ: کسی چیز سے آواز نکلنا۔
یقال: عَزَفت الرِّیح: عَزفت القوسُ ھو عازِفٌ، و عَزَّافٌ۔
اَعْزَفَ: ہوا سے ریت اڑنے کی آواز سننا۔
عَزَّفَ: آواز نکلنا۔
تَعَازَفُوْا: مل کر اشعار پڑھنا۔
(۲) باہم فخر کرنا۔
العَزَّافُ: سحابٌ عَزَّافٌ: گرج دار بادل
(۲) جس کا پیشہ گانا بجانا ہو۔
العَزُوْفُ من الناس: جو کسی کے ساتھ دوستی برقرار نہ رکھ سکتا ہو۔
العَزِیْفُ: ہوا سے ریت کے اڑنے کی آواز
(۲) ریت کی آواز جس کی سمت متعین نہ ہو۔
المِعْزَفُ: گانے بجانے کا آلہ، سارنگی وغیرہ کی طرح کا (ج) مَعَازِفُ۔
المِعْزَفَۃُ: المِعْزَفُ۔
المَعْزُوْفَۃُ: موسیقی کا ایک قطعہ (محدثہ)
عَزَقَ الارضَ ۔ عَزْقًا: زمین پھاڑنا۔
- الحقلَ: کھیت کی مٹی کو کھودنا ہوا لگانے اور نقصان دہ بوٹیوں کو ختم کرنے کے لئے (مو)
-فلانًا ضَرْبًا: کسی کو خوب مارنا۔
عَزِقَ خُلُقُہٗ ۔ عَزَقًا: بدمزاج، بدخلق ہونا۔
-بہ الشئُ: چپکنا۔ ھو عَزِقٌ، ھی عَزِقَۃٌ۔
اَعْزَقَ فلانٌ: بیلچہ یا کدال چلانا۔
اَلعَزِیْقُ: پست زمین۔
المِعْزَقُ: زمین کھودنے کے اوزار جیسے کلہاڑی وغیرہ۔
المِعْزَقَۃُ: المِعْزَقُ۔
عَزَلَہٗ ۔ عَزْلًا: کسی کام سے الگ کرنا، دور کرنا۔
یقال عَزَلَہٗ من منصبہ: عہدے سے ہٹانا۔
(۲) ایک شئ کو دوسری سے الگ کرنا۔
یقال: عَزَلَ الزُّوَانَ عن القمحِ: گیہوں سے گونے وغیرہ نکالنا۔
یقال: عَزَلَ المرضٰی عن الأصحاء: بیماروں کو تندرستوں سے الگ رکھنا، چھوت کی بیماری سے بچاؤ کے لئے۔
اِعْتَزَلَ الشئَ و عنہ: الگ ہونا، دور ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِیْ فَاعْتَزِلُوْنِ﴾
اِنْعَزَلَ عنہ: دور رہنا، الگ ہونا۔
تَعَازَلَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے دور رہنا۔
تَعَزَّلَ الشئَ و عنہ: اِعْتَزَلَہٗ۔
اَلْاَعْزَلُ من الرَّمْلِ: ریت کا الگ تھلگ ڈھیر۔
-من الناس: غیر مسلح۔
-من السحاب: نہ برسنے والا بادل۔
(ج) عُزْلٌ و عُزَّلٌ۔
السِّمَاکُ الْاَعْزَلُ (دیکھئے سمك
العَازِلُ الکهربانی (سائنس میں): بجلی کے تاروں کے درمیان کرنٹ روکنے والا فاصل (ج)
العُزْلُ: الاَعْزَلُ (ج) اَعْزَالٌ۔
اَلعَزْلاءُ: مشکیزہ وغیرہ سے پانی گرنے کی جگہ۔
(ج) عَزَالی و عَزَالِیٰ۔
یقال: اَرْسَلَتِ السماءُ عَزَالِیَھَا: آسمان نے پانی برسایا۔
اَرْخَتِ الدنیا عَزَالِیَھَا: دنیا کی نعمتوں کا بکثرت ہونا۔
العُزْلَۃُ: کنارہ کشی۔
اَلْمُعْتَزِلَۃُ: متکلمین اسلام کا ایک فرقہ جو بعض عقائد میں اہل السنت و الجماعت سے اختلاف کرتا تھا اس فرقہ کا سردار واصل بن عطاء تھا جو اپنے ساتھیوں کو لے کر حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے حلقہ سے خارج ہو گیا تھا۔
واحد: مُعْتَزِلِیٌّ۔

Marfat.com

المِعْزَالُ: تنہا، غیر مسلح۔
(۲) اکیلا چرنے والا جانور یا چرواہا۔
(۳) رفقائے سفر سے الگ ہو کر تنہا قیام کرنے والا (ج) مَعَازِيْل۔
المَعْزِلُ: يقال: هو بمَعْزِلٍ عن كذا: جدا ہے (۲) وہ جگہ جہاں بیماروں کو تندرستوں سے الگ کر کے چھوت کی بیماری کے خوف سے رکھا جاتا ہے (محدثہ)
عَزَمَ فلانٌ ـِ عَزْمًا و عَزِيْمًا و عَزِيْمَةً عَزْمَةً و مَعْزِمًا: کوشش کرنا (۲) صبر کرنا۔
يقال: مالي عنك عزمٌ: مجھے تمہاری جدائی برداشت نہیں۔
-الامرُ: ضروری اور لازم ہو جانا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ﴾
-الله لِي: اللہ کا قوت اور برداشت عطا کرنا۔
-علي فلانٍ: سختی کے ساتھ حکم دینا، تاکید کرنا۔
(۲) قسم دینا۔
يقال: عَزَمَ الرَّاقِي: عامل کا تعویذ کرنا، جھاڑ پھونک کرنا۔
-الأَمْرَ و عليه: کسی کام کا تہیہ کر لینا۔
عَزَّمَ الراقي: عَزَمَ۔
اِعْتَزَمَ لِلْاَمْرِ: کسی کام کے لئے کمر بستہ ہونا، برداشت و تحمل سے کام کرنا۔
-الأَمْرَ و عليه: عَزَمَ۔
فلانٌ الطريقَ: راستہ طے کرنا مڑے بغیر۔
تَعَزَّمَ الْاَمْرَ: عَزَمَه۔
العَزَّام: پختہ ارادے والا (۲) پختہ ارادہ (۳) شیر۔
العَزْمُ: صبر، کوشش۔
اُولُو العَزْمِ من الرُّسُلِ: وہ انبیاء جنہوں نے دعوت الی اللہ کے کام میں صبر و تحمل سے کام لیا۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ﴾
الْعَزْمَةُ: يقال: هذا عَزْمَةٌ مِنْ عَزَمَاتِ اللهِ: یہ حقوق اللہ میں سے ہے۔
الْعُزْمَةُ: عُزْمَةُ الرَّجُلِ: قبیلہ، خاندان۔
(ج) عُزَمٌ۔
الْعَزْمِيُّ: عہد کا پکا، باوفا۔
الْعَزِيْمَةُ: پختہ ارادہ (۲) تعویذ (ج) عَزَائِمُ۔
عَزَائمُ الله: اللہ کے مقرر کردہ فرائض۔
حدیث میں ہے: (اِنَّ اللهَ يُحِبُّ اَنْ تُؤْتٰى رُخَصه كما يُحبّ ان تُؤْتٰى عزائمه)
عَزَا فلانًا الى فلان ـُ عَزْوًا و عَزْيًا: منسوب کرنا۔
يقال: عَزَ الخبر الى صاحِبِه: خبر دینے والے کے حوالے سے خبر دینا۔
يقال: عَزَا فلانٌ الى فلانٍ و لفلانٍ: غلط یا صحیح طور پر کسی کی طرف منسوب ہونا۔
عَزِيَ ـَ عَزَاءً: مصیبت پر صبر کرنا۔
هو عَزٍ و عَزِيٌّ۔
عَزَّاه: تسلی دینا، صبر دلانا۔
اِعْتَزَى الى فلانٍ: کسی کی طرف غلط یا صحیح طور پر منسوب ہونا۔
تَعَازَى القَوْمُ: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔
تَعَزَّى فلانٌ تَعَزِّيًا: صبر سے کام لینا۔
-الى فلانٍ: منسوب ہونا۔
-العربيُّ: کسی عرب کا اپنے قبیلے کو مدد کے لئے پکارنا۔
فقال: يَا آلَ مثلًا الْعِزَةُ لوگوں کا گروہ (ج) عِزًى و عِزُوْن قرآن حکیم میں ہے: ﴿عَنِ الْيَمِيْنِ و عَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ﴾
الْعِزْوَةُ: منسوب ہونا (۲) مدد کے لئے پکارنا۔
الْعِزْيَةُ: الْعِزْوَةُ۔
الْمَعْزِيُّ: تعزیت کی جگہ (محدثہ)

ع ....س

عَسَبَهُ ـِ عَسْبًا: جفتی کرانے کے لئے سانڈ کرائے پر دینا۔
اَعْسَبَ الذِّئْبُ: بھیڑیے کا دوڑ کر بھاگ جانا۔
-فلانٌ فلانًا جَمَلَه: کسی کو جفتی کے لئے اونٹ عاریۃً دینا۔
اِسْتَعْسَبَ منه: نفرت کرنا۔
-الفرسُ: گھوڑی کا گھوڑے سے جفتی چاہنا۔
-من الشيءِ: نفرت کرنا۔
-جملَه: کسی سے اس کا اونٹ عاریۃً لینا۔
العَسْبُ: سانڈ کا مادہ منویہ (۲) نسل، اولاد۔
يقال: قطع الله عَسْبَه: اللہ اس کی نسل کو ختم کر دے۔
العَسِبُ: رَأْسٌ عَسِبٌ: جس میں کنگھا وغیرہ عرصے سے نہ کیا گیا ہو۔
الْعَسْبَةُ: پہاڑ میں شگاف۔
الْعَسِيْبُ: عَسِيْبُ الذَّنَبِ: دم کی ہڈی یا دم پر بال اگنے کی جگہ۔
-من القَدَمِ والرِّيْشِ: پیر یا پر کا لمبائی والا حصہ (۲) پتے توڑی ہوئی کھجور کی شاخ جس سے خوشہ اتار دیا گیا ہو (۳) خوشہ اگنے سے پہلے جس پر ابھی خوشہ نہ اگا ہو (۴) پہاڑ میں شگاف۔
(ج) اَعْسِبَةٌ و عُسُبٌ و عُسْبَانٌ۔
عَسِيْبَةُ الذَّنَبِ: عَسِيْبُه۔
اليَعْسُوْبُ: شہد کی ملکہ مکھی اور یہ مؤنث ہوتی ہے۔ عرب اسے اس کی ضخامت کی وجہ سے مذکر سمجھتے تھے۔
يقال: هو يَعْسُوْب قومه: قوم کا سردار، بڑا (ج) يَعَاسِيْبُ۔
الْعَوْسَجُ: فصيلة باذنجانيه کا ایک کانٹے دار پودا۔ جس کا پھل عقیق کے موتی کی مانند گول ہوتا ہے۔
واحدته: عَوْسَجَةٌ۔
العَسْجَدُ: سونا۔
عَسَرَ الزمانُ ـُ عَسْرًا: زمانہ کا سخت ہونا۔
-المرأةُ: دشوار ولادت والی ہونا۔
والمدينَ: قرض دار سے اس کی تنگدستی میں قرض مانگنا۔
-فلانًا: کسی کے بائیں جانب سے آنا۔
عَسَرَ الْاَمْرُ و الزمانُ ـَ عَسَرًا: مشکل اور سخت ہونا، هُوَ عَسِرٌ۔
قرآن حکیم میں ہے:
﴿مُّهْطِعِيْنَ اِلَى الدَّاعِ يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ﴾

Marfat.com

-فلانٌ: معاملات میں تنگ دل اور سخت ہونا۔
-علیه الأمرُ: الجھن کا باعث ہونا۔
-فلانٌ: بائیں ہاتھ سے ہر کام کرنا۔
هُوَ اَعْسَرُ هِیَ عَسْرَاءُ (ج) عُسْرٌ و عُسْرَانٌ۔
عَسُرَ الامرُ ـُ عُسْرًا و عَسَارَةً۔
یقال: عَسُرَ الزمانُ' هو عَسِیْرٌ قرآن حکیم میں ہے: ﴿ وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا﴾
عَسُرَ عَلَیْه فلانٌ: مخالف ہونا۔
اَعْسَرَ فلانٌ: تنگدست ہونا۔
-المرأةُ: ولادت میں دشواری ہونا۔
-المدینَ: عَسَرهٗ۔
عَاسَرَهٗ: کسی کے ساتھ سختی سے برتاؤ کرنا۔
عَسَّرَ علیه: تنگی پیدا کرنا۔
-علی فلان: کسی کی مخالفت کرنا۔
-الامرَ: مشکل بنانا۔
-فلاناً: کسی کی بائیں جانب سے آنا۔
اِعْتَسَرَهٗ: مجبور کرنا' زبردستی کرنا۔
یقال: اِعْتَسَرَ الدَّابَّةَ: جانور پر بغیر سدھائے سوار ہونا۔
یقال: اِعْتَسَرَ مِنْ مَّالِه: زبردستی کسی کا مال لینا۔
-الکلامَ: بے سوچے سمجھے بات کرنا۔
تَعَاسَرَ الْاَمْرُ: سخت' دشوار ہونا۔
-البیعان و الزَّوجان: بائع و مشتری یا خاوند اور بیوی کا باہم متفق نہ ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿ وَإِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهٗ اُخْرٰى﴾
تَعَسَّرَ الْاَمْرُ: عَسُرَ۔
اِسْتَعْسَرَ الْاَمْرُ: عَسُرَ۔
الْاَعْسَرُ یقال: هُوَ اَعْسَرُ یَسَرٌ: دونوں ہاتھوں سے کام کرنے والا۔
هِیَ عَسْرَاءُ یَسَرَةٌ۔
حمامٌ اَعْسَرُ: کبوتر جس کے بائیں پر میں سفیدی ہو۔
یوم اعسرُ: سخت دن۔

العَسْرَاءُ: اعسر کی مؤنث۔
-من الریش: اگلا سفید پر۔
العُسْرَةُ: تنگدستی (۲) قرض سے بے بسی۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿وَإِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ إِلٰى مَيْسَرَةٍ﴾
جَیْشُ الْعُسْرَةِ: غزوہ تبوک میں مسلمانوں کا لشکر۔
سَاعَةُ الْعُسْرَةِ: سخت گھڑی۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ﴾
العُسْرٰی: سخت دشوار کام۔
قرآن حکیم میں ہے: وَاَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى' وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى' فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى: اس خصلت کی وجہ سے جو عذاب اور دشواری کی طرف لے جائے۔
المُعْسِرُ: جو اپنے قرض دار پر تنگی پیدا کرے۔
المَعْسُرَةُ: فقر' تنگدستی۔
المَعْسُورُ: العُسْرُ۔
عَسَّ فلانٌ ـُ عَسًّا: رات کو چکر لگانا مشتبہ لوگوں کا سراغ لگانے کے لئے۔
هُوَ عَاسٌّ۔
-خبرُه عن فلان: کسی کی خبر دیر سے ملنا۔
-صَاحِبَه: ساتھی کی جستجو کرنا۔
اِعْتَسَّ: عَسَّ۔
-الشیْءَ: رات کے وقت قصد کرنا یا جستجو کرنا (۲) پتہ لگانا۔
یقال: اِعْتَسَّ الاثرَ: نشان پر چلنا۔
اَلْعَاسُّ: جو رات کو چکر لگائے پہرہ دینے اور مشتبہ لوگوں کا سراغ لگانے کے لئے۔
(ج) عَسَسٌ' و عُسَّاسٌ' و عَسَسَةٌ۔
اَلْعَسُّ: یقال: جاء بالشیْء من عَسِّه و بَسِّه: وہ فلاں شے جہاں تھی اور جہاں نہ تھی وہاں سے نکال لایا۔
العُسُّ: بڑا پیالہ۔
(ج) عِسَاسٌ و اَعْسَاسٌ و عِسَسَةٌ۔
العَسَّاسُ: مبالغہ عَسّ۔
العَسُوْسُ: شکار کا طالب (۲) وہ عورت جسے مردوں کے قریب ہونے کی پرواہ نہ ہو۔

العَسِیْسُ: بھیڑیا۔
المَعَسُّ: جائے تلاش۔
یقال: هو قریبُ المَعَسِّ: اسے تلاش کرنا آسان ہے۔
عَسْعَسَ اللیلُ: رات کا تاریک ہونا۔
-الذِّئبُ: رات کو چکر لگانا۔
-السحابُ: بادل کا رات کے وقت زمین کے قریب ہونا۔
-الأمرَ: پیچیدہ اور معما بنانا۔
-الشیْءَ: حرکت دینا۔
تَعَسْعَسَ الذِّئبُ و نحوه: رات کے وقت شکار تلاش کرنا۔
اَلْعَسْعَاسُ: ہلکی پھلکی چیز۔
عَسَفَ علی فلانٍ و لفلانٍ ـِ عَسْفًا: کسی کے لئے کام کرنا۔
یقال: هوَ یَعْسِفُ ضَیْعَتَهُمْ: وہ اس کی زمین کی رکھوالی کرتا ہے۔
-الطریقَ: بغیر رہنمائی کے چلنا۔
یقال: عَسَفَ عنه: راستہ سے ہٹنا۔
عَسَفَ فی الامرِ: بے سوچے سمجھے کام کرنا۔
-فلاناً: سختی سے پیش آنا' ظلم کرنا۔
یقال: عَسَفَ المرأةَ: عورت پر زبردستی کرنا۔
عزت لوٹنا۔
عَسفَ الدَّمْعُ الجُفُوْنَ: آنسوؤں کا بہتات میں ادھر ادھر بہنا۔
عَسَفَ فلاناً: خدمت لینا۔
هو عاسِفٌ و عَسَّافٌ و عَسُوْفٌ۔
اَعْسَفَ فلانٌ: رات کے وقت بغیر رہنمائی کے چلنا۔
(۲) اپنے خدمت گار سے سخت کام لینا۔
عَسَفَةٌ: تھکا ڈالنا۔
اِعْتَسَفَ الطَّریقَ و عن الطریق: عَسَفَ۔
-فلاناً: ظلم کرنا (۲) خدمت لینا۔
اِنْعَسَفَ: مڑنا۔
تَعَسَّفَ فی الکلام: کلام میں تکلف سے کام لینا۔

Marfat.com

-الطريقَ و عن الطريق: عَسَفَ۔
-فلانًا: ظلم کرنا۔
التَّعَاسِيفُ: يقال: هو يَرْكَبُ التَّعَاسِيفَ: غلط راہ پر چلنا، سیدھی راہ پر نہ چلنا۔
العَسِيفُ: خدمت گار جس سے حقارت کے ساتھ کام لیا جائے (ج) عُسَفَاءُ و عَسِفَةٌ۔
عَسِقَ بِهٖ ـَ عَسَقًا: لازم پکڑنا، چمٹنا۔
(۲) دل دادہ ہونا۔
-عليه: کسی سے فرمائش میں اصرار کرنا۔
تَعَسَّقَ به و عليه: عَسِقَ۔
العَسَقُ: پیچیدگی (۲) بدمزاجی، تنگ ظرفی (۳) اول رات کی تاریکی۔
العُسُقُ: قرض داروں پر سختی سے تقاضا کرنے والے۔
العَسِيقَةُ: بہت پانی ملی گھٹیا شراب۔
العُسْقُولُ: سفید رنگ کی سانپ کی چھتری کی ایک قسم۔
(ج) عَسَاقِلُ، و عَسَاقِيلُ۔
(۲) (علم زراعت میں) پودے کی جڑ یا پودے کے تنے کا حصہ جو سخت خشک اور موٹا ہوتا ہے اور اس میں کافی غذائی مواد ہوتا ہے جیسے: بطاطس (مج)
عَسْكَرَ القومُ بالمكان: جمع ہونا۔
يقال: عَسْكَرَ اللَّيْلُ: رات کا انتہائی تاریک ہونا۔
-الشيَّ: جمع کرنا۔
العَسْكَرُ: لشکر (۲) جم گھٹا (۳) ہر چیز کی کثیر تعداد۔
يقال: عَسْكَرٌ من رجال، عَسْكَرٌ من خيل، عَسْكَرُ الليل: رات کی تاریکی۔
انجلَتْ عنه عساكرُ الهموم: غموں کے بادل چھٹ جانا۔
شَهِدْتُ العسكرَيْن: منیٰ اور عرفات میں حاضر ہوا (ج) عَسَاكِرُ۔
العَسْكَرَةُ: سختی۔
يقال: وَقَعُوا في عَسْكَرَةٍ
العَسْكَرِيُّ: فوجی (مو)

المُعَسْكَرُ: فوجی بیرک، کیمپ۔
عَسَلَ الماءُ ـِ عَسَلاً و عُسُولاً و عَسَلاناً: حرکت کرنا، تھرتھرانا۔
يقال: عَسَلَ الذِّئبُ والفرس: جھومتے ہوئے دوڑنا۔
عَسَلَ الرُّمْحُ: لچک کی وجہ سے نیزے کا لہرانا۔
هو عاسِلٌ و عَسُولٌ و عَسَّالٌ۔
-الطَّعامَ عَسْلاً: شہد ملانا یا شہد میں تیار کرنا۔
-فلاناً: کسی کے لئے بطور سالن شہد پیش کرنا۔
(۲) اچھی تعریف کرنا۔
-اللهُ فلاناً: لوگوں کے ہاں محبوب بنانا۔
حدیث میں ہے: (إذَا أرادَ اللهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا عَسَلَه في النَّاسِ)
عَسَّلَتِ النحلُ: شہد کی مکھی کا شہد نکالنا۔
-النائمُ: ہلکی نیند سونا (محدثہ)
-الطَّعامَ: شہد میں ملانا۔
-القومَ: شہد زاد راہ میں دینا یا شہد کھلانا۔
-اللهُ فلاناً: اللہ کا کسی کو لوگوں میں نیک شہرت عطا کرنا۔
اِسْتَعْسَلَ: شہد کی فرمائش کرنا۔
العَاسِلُ: چھتے سے شہد نکالنے والا (۲) بھیڑیا (ج) عُسَّلٌ و عَوَاسِلُ، و عُسْلانٌ۔
مكان عاسِلٌ: جس جگہ شہد ہو۔
العَاسِلَةُ: خَلِيَّةٌ عاسِلَةٌ: شہد بھرا چھتا۔
العَسَّالُ: چھتے سے شہد نکالنے والا۔
(۲) شہد بیچنے والا۔
العَسَّالَةُ: شہد کی مکھیوں کا چھتا۔
(۲) شہد کی مکھی۔
العَسَلُ: وہ صاف خالص مادہ جسے شہد کی مکھیاں اپنے پیٹ سے نکالتی ہیں۔ شہد (مذکر اور مؤنث دونوں طرح آتا ہے) اس کا اطلاق اس پر بھی ہوتا ہے جو کھجور یا گنے سے بنایا جاتا ہے۔
(ج) أعْسَالٌ، و عُسْلانٌ، و عُسُولٌ۔
يقال: فلانٌ على أعْسَالِ أبِيهِ: فلاں کے اخلاق والد جیسے ہیں۔

العَسَلُ الاسود: قند جو گنے کے رس سے بنائی جاتی ہے۔
العِسْلُ: يقال: هُوَ عِسْلُ مَالٍ: وہ مال کے تصرف میں مدبر و منتظم ہے۔
العَسْلَةُ: شہد کا ایک ٹکڑا۔
يقال: ما أعرِفُ له مَضْرِبَ عَسَلَةٍ: مجھے اس کا نسب معلوم نہیں۔
ما تركَ له مَضْرِبَ عَسَلَةٍ: اس کی اتنی برائی کی کہ اس کے حسب نسب کا ہی ملیامیٹ کر دیا۔
العَسَلِيُّ: شہد کے رنگ کا۔
العَسِيلُ: عطار کی صافی جس سے وہ عطر سے آلودہ جگہ کو صاف کرتا ہے (ج) عُسُلٌ۔
المَعْسَلَةُ: شہد کی مکھیوں کا چھتا (ج) مَعَاسِلُ۔
المعسُولُ: شہد ملا ہوا۔
يقال: هُوَ مَعْسُولُ الكلامِ: شیریں گفتار۔
هِيَ مَعْسُولَةُ الكلامِ: شیریں گفتار نغمہ خیز خاتون۔
هو مَعْسُولُ المواعيد: وعدے کا پکا۔
عَسْلَجَتِ الشجرةُ: درخت کا نرم و سبز شاخیں نکالنا۔
العِسْلاجُ: درخت کی ابتدائی یا انگور کی بیل کی نرم و سبز شاخیں (ج) عَسَالِيجُ۔
العُسْلُوجُ: العِسْلاجُ (ج) عَسَالِيجُ۔
عَسِمَ فلانٌ ـَ عَسْمًا: لالچ کرنا۔
يقال: هٰذا أمْرٌ لا يُعْسَمُ فيه: ایسی بات یا معاملہ جس کے لئے طمع، لالچ نہ کی جائے۔
-فلانٌ عَسْمًا و عُسُومًا: روزی کمانا۔
-في الأمرِ: کوشش کرنا۔
-عينُه: آنسو بہنا۔
-فلانٌ بنفسه وسط القومِ: لڑائی یا غیر لڑائی میں لوگوں میں بے پرواہ ہو کر مل جانا۔
عَسِمَتِ القَدَمُ والكفُّ ـَ عَسَمًا: ہاتھ یا پاؤں کے جوڑ کا خشک ہو کر ٹیڑھا ہو جانا۔
الرَّجُلُ أعْسَمُ، و المرأةُ عَسْماءُ۔
(ج) عُسْمٌ۔
أعْسَمَتْ عَيْنُه: عسمت۔

Marfat.com

-يَدَه: ہاتھ کو خشک کر دینا۔
-فلاناً: عطا کرنا۔
اِعْتَسَمَ: روزی کمانا۔
العَسْمُ: سوکھی روٹی (ج) عُسُوْمٌ۔
العَسْمَةُ: لقمہ نوالہ۔
یقال: ما ذُقْتُ الاَّ عَسْمَةً۔
العَسْمِیُّ: بال بچوں کے لئے روزی کمانے والا۔
المَعْسَمُ: یقال: مافی ھذا الامرِ معسمٌ: اس کام سے کوئی دلچسپی نہیں۔
عَسَتْ یَدُه ـُ عُسُوًّا: کام کاج کی وجہ سے ہاتھوں کا سخت ہو جانا۔
- فلانٌ عَسْوًا، و عُسُوًّا، و عَسَاءً و عُسِیًّا: عمر رسیدہ ہونا۔
-النباتُ و غیرہ عَسَاءً، و عُسُوًّا: سخت ہونا، خشک ہونا۔
-اللَّیْلُ: سخت تاریک ہونا۔
عَسِیَ النباتُ ـَ عَسًا، و عُسِیًّا و عَسَاءً: عَسَا۔
عَسٰی: رجاء اُمید کے معنی میں فعل۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿عَسٰی رَبُّکُمْ اَنْ یُّھْلِکَ عَدُوَّکُمْ﴾
عَسِیَ فلانٌ والنَّباتُ ـَ عَسِیَ عَسَا
اَعْسٰی: یقال: مَا اَعْسَاهُ بِکَذَا: وہ اہل و لائق ہے۔
واَعْسِ بِه: وہ کتنا اہل و لائق ہے!
العَسِیُّ: یقال: ھُوَ عَسِیٌّ اَنْ یَفْعَلَ کذا: وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔

ع .... ش

عَشِبَ المکانُ ـَ عَشَبًا و عَشَابَةً: گھاس اُگنا۔
-الخُبزُ و غیرہ: سوکھ جانا۔ ھُوَ عَشِبٌ۔
عَشُبَ المکانُ ـُ عَشَابَةً: گھاس اُگنا۔
ھو عَاشِبٌ و عَشِیْبٌ، الارضُ عاشِبَةٌ و عَشِیْبَةٌ۔
اَعْشَبَ المکانُ: عَشِبَ۔
-القومُ: ہری گھاس پر پہنچنا۔
-الابلُ: اونٹوں کا ہری گھاس چرنا۔
عَشَّبَ المکانُ: عَشِبَ۔
اِعْتَشَبَتِ الابلُ: ہری گھاس چرنا۔
تَعَشَّبَتِ الابلُ: اِعْتَشَبَتْ۔
اِعْشَوْشَبَ المکانُ و القومُ: اَعْشَبَ
التَّعَاشِیْبُ: گھاس کے منتشر ٹکڑے (اس کا کوئی واحد نہیں)
یقال: ارضٌ تعاشیب: رنگ برنگی گھاس والی زمین۔
العَاشِبُ: مکانٌ عَاشِبٌ: ہری ہری گھاس والی جگہ۔
یقال: ارضٌ عاشبةٌ۔
بعیرٌ عاشِبٌ: ہری گھاس چرنے والا۔
حیوان عاشِبٌ: ہری گھاس پر رہنے والا۔
العُشْبُ: ہری گھاس، زرد ہونے کے بعد حشیش کہا جاتا ہے (۲) (علم نباتات میں) ایک ایسا پودا جس کے لکڑی نہیں ہوتی اس کا سبز تنا بہت کم بوجھ برداشت کرتا ہے۔
(ج) اَعْشَابٌ۔
واحدته: عُشْبَةٌ۔
المِعْشَابُ: اَرْضٌ مِعْشَابٌ: بہت ہریالی والی زمین (ج) مَعَاشِیْبُ۔
عَشَرَ فلانٌ ـِ عَشْرًا: دسواں حصہ لینا۔
(۲) نو پر ایک کا اضافہ کر کے دس کرنا۔
-القومَ: جماعت کا دسواں فرد ہونا۔
-القومَ ـُ عَشْرًا و عُشُوْرًا: مال کا دسواں حصہ لینا۔
یقال: عَشَرَ المالَ: مال کا دسواں حصہ بطور ٹیکس لینا، ھو عاشِرٌ۔
عَشَّرَ الشیَ: تعداد دس کرنا۔
اَعْشَرَتِ الناقةُ و نحوھا: اونٹنی وغیرہ کا دس ماہ کی حاملہ ہونا۔
-القومُ: دس کی تعداد میں ہونا۔
عَاشَرَه: مل جل کر رہنا، ساتھ زندگی گزارنا۔
عَشَّرَ الحمارُ: ایک ہی دفعہ بار بار رینگنا۔
-الغرابُ: کائیں کائیں کرنا (کوے کا)
-الناقةُ: دس ماہ کی حاملہ ہونا۔
-العَدَدَ: نو پر ایک کا اضافہ کر کے دس کرنا۔
یقال: اَللّٰھُمَّ عَشِّرْ خُطَایَ: میرے ہر قدم کے بدلے دس نیکیاں عطا فرما۔
-القومَ: مال کا دسواں حصہ لینا۔
یقال: عَشَّرَ المالَ: مال کا عُشر لینا۔
-الشیَ: کسی چیز کے دس حصے کرنا۔
یقال: عَشَّرَ القَدَحَ۔
اِعْتَشَرَ القومُ: باہم خلط ملط ہونا، ساتھ ساتھ زندگی گزارنا۔
تَعَاشَرُوْا: اِعْتَشَرُوْا۔
اَلْعَاشُوْرُ: محرم کا دسواں دن۔
عَاشُوْرَاءُ: العاشور۔
العاشوراء: ایک قسم کی مٹھائی یا حلوا جو گیہوں کی گری سے بنایا جاتا ہے اور کبھی اس کے ساتھ دودھ، کشمش اور میوہ جات بھی ملائے جاتے ہیں (مو)
عُشَارَ: یقال: جاء القومُ عُشَارَ: لوگ دس دس کر کے آئے۔
العُشَارَةُ: ہر چیز کا ٹکڑا (ج) عُشَارات
یقال: جاء القوم عُشَارات: لوگ منتشر ہو کر آئے۔
العُشَارِیُّ: ثوبٌ عُشَارِیٌّ: کپڑا جس کی لمبائی دس ہاتھ ہو۔
غلام عُشَارِیٌّ: دس سال کا لڑکا۔
العِشْرُ: العُشَارَةُ (ج) اَعْشَارٌ۔
العَشْرُ: مفرد ہونے کی صورت میں عَشَرۃٌ کی تانیث۔
یقال: عَشْر نسوةٍ، عَشَرةُ رجالٍ۔
العُشْرُ: دسواں حصہ (۲) اس زمین کی زکوۃ جس کے مالکان نے عشر کی ادائیگی کی شرط پر اسلام قبول کر لیا ہو اور ان زمینوں کو مسلمانوں نے آباد کیا ہو (ج) عُشُوْرٌ، و اَعْشَارٌ۔
قِدرٌ اَعْشَارٌ: ٹوٹ کر دس ٹکڑے ہو جانے والی ہنڈیا۔
العُشَرَاءُ من النُّوْقِ و نحوھا: دس ماہ کی حاملہ اونٹنی (ج) عِشَارٌ۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ﴾

Marfat.com

اَلْعَشَرَةُ: پہلی دہائی۔
یقال: عَشَرةُ رجالٍ و عَشْرُ نسوةٍ
ترکیب (مرکب) کی صورت میں: ثلاثةَ عَشَرَ رجلاً۔
ثلاثَ عشرةَ امراةً الخ۔
العِشْرَةُ: صحبت' اختلاط۔
العَشَّارُ: سامان کا ٹیکس وصول کرنے والا۔
عَشُوْرَاءُ: عاشوراء۔
العَشِيرُ: العُشْرُ (ج) اَعْشِرَاءُ
(۲) شوہر (۳) بیوی (۴) معاشر (۶) دوست (۷) رشتہ دار (ج) عُشَرَاءُ۔
العَشِيرَةُ: عَشِيرَةُ الرَّجُل: باپ کی طرف سے قریبی رشتہ دار اور قبیلہ۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَاَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْاَقْرَبِينَ﴾ (ج) عَشَائِرُ
المِعْشَارُ: دسواں حصہ۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَمَا بَلَغُوا مِعْشَارَ مَا آتَيْنٰهُمْ﴾
(ج) مَعَاشِيرُ۔
المَعْشَرُ: ایک طرز کے لوگ' جن کے معاملات ایسے جیسے ہوں۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ﴾
(۲) اہل وعیال' رشتہ دار۔
(ج) مَعَاشِرُ۔
یقال: جاء القومُ مَعْشَرَ: او: مَعْشَرَ مَعْشَرَ: لوگ دس دس کر کے آئے۔
عَشَّ الطائرُ - عَشًّا: پرندے کا گھونسے میں رہنا۔
-الشیءَ: تلاش کرنا (۲) جمع کرنا۔
-القمیصَ: کم کرنا۔
-المعروفَ: کم کرنا۔
- عَشَّ بَدَنُهُ - عَشَشًا و عَشَاشَةً و عُشُوشَةً: بدن کا ہلکا اور دبلا ہونا۔
اَعَشَّ اللهُ بَدَنَهُ: ہلکا دبلا کرنا۔
- فلانا عن حاجتِه: کسی کو اس کے کام پر اکسانا۔

-الظبیَ وغیرہ: ہرن کو پریشان کرنا۔
عَشَّشَ الطائرُ: گھونسلہ بنانا۔
- الارضُ والکلأُ: زمین اور گھاس کا خشک ہونا (دونوں کا)
-الخبزُ: خراب ہونا' پھپھوندی لگنا۔
-فلانٌ الخبزَ: روٹی کو خراب ہونے دینا۔
اِعْتَشَّ الطائرُ: عَشَّشَ۔
اِنْعَشَّ القمیصُ: پیوند لگنا۔
العُشُّ: پرندہ کا اپنا گھر بنانے کے لئے لکڑیوں وغیرہ کو اکٹھا کر کے درخت میں رکھنا۔
اگر پہاڑ میں یا دیوار وغیرہ میں ہو تو اسے وَکْرٌ اور وَکْنٌ کہتے ہیں (ج) اَعْشَاشٌ و عِشَاشٌ و عُشُوشٌ و عِشَشَةٌ۔
اَلْعَشُّ: العُشُّ (ج) عِشَاشٌ' و اَعْشَاشٌ۔
-من الرِّجالِ: بازو ہاتھ اور پیر کی پتلی ہڈیوں والا۔
المَعَشُّ: مطلب' مقصد (ج) مَعَاشُّ
اَلْمَعَشَّةُ: سخت زمین (ج) مَعَاشُّ۔
اَلْعَشْعَشُ: تہ بہ تہ بنا ہوا گھونسلا۔
(ج) عَشَاعِشُ۔
العُشْعُشُ: العَشْعَشُ۔
عَشِقَهُ - عِشْقًا و عَشَقًا و مَعْشَقًا: انتہائی محبت کرنا۔ هو عَاشِقٌ هي عَاشِقٌ و عَاشِقَةٌ۔
-بالشیءِ: چمٹے رہنا۔
عَشَّقَ الشیءَ بآخر: ایک شی کو دوسری میں داخل کرنا (محدثہ)
تَعَشَّقَ: عاشق بننا (بتکلف)
-فلانةً: عاشق ہونا۔
العِشِّيقُ: انتہائی عاشق۔
العُشَّقُ: جو خوشبودار پودوں کی ٹہنیوں کو برابر کرتے ہوں اور ان کی دیکھ بھال کرتے ہوں۔
العَشَقَةُ: پیلو کا درخت (ج) عَشَقٌ۔
العَشِيقُ: عاشق (۲) معشوق۔
عَشِمَ فلانٌ - عَشَمًا' و عَشَمَةً: لالچ کرنا۔

-الشیءُ عَشْمًا و عُشُومًا: خشک ہونا' سوکھ جانا۔
تَعَشَّمَ الشیءُ: سوکھ جانا۔
اَلْاَعْشَمُ: جس میں دو ملے ہوئے رنگ ہوں۔
(۲) وہ درخت جو غبار کی وجہ سے خشک ہو گیا ہو۔
هِيَ عشماءُ - یقال: شجرةٌ عشماءُ: جس کا اکثر حصہ خشک ہو گیا ہو۔
العَشَمَةُ: لالچ (۲) دبلا سوکھا ہوا۔
عَشَا - عَشْوًا: رات کو نظر نہ آنا۔
یقال: ذهبت إحدى عينيه وهو يعشو بالأخرى: ایک آنکھ کی بینائی چلی گئی اور دوسری سے بہت کم نظر آتا ہے۔
-عن الشیءِ: نظر کی کمزوری کی بناء پر کسی چیز کو دیکھ نہ سکنا (۲) صرف نظر کرنا اور گزر جانا' اعراض کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَمَنْ يَعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهُ شَيْطَانًا فَهُوَ لَهُ قَرِينٌ﴾
-فلانا: کسی کا مقصد کرنا۔
- النارَ و الیها عَشْوًا و عُشُوًّا: رات کو آگ دیکھ کر اس کی روشنی میں اس کا قصد کرنا۔
-فلانا: کسی کو رات کا کھانا کھلانا۔
عَشِيَ - عَشًا' و عَشَاوَةً: عَشَا۔
هو عَشٍ' هي عَشِيَةٌ هُوَ اَعْشٰى هي عَشْوَاءُ (ج) عُشْوٌ۔
-فلانٌ: رات کا کھانا کھانا۔
-علیه: ظلم کرنا۔
اَعْشٰى فلانا: رات کا کھانا کھلانا۔
(۲) رتوندے میں مبتلا کرنا۔
-فلانا الشیءَ: کوئی چیز دینا۔
عَشَّاهُ: رات کا کھانا کھلانا۔
-عن فلانٍ: مہربانی کرنا۔
اِعْتَشٰى فلانٌ: اول شب میں چلنا۔
-النارَ و بها: عَشَاها۔
تَعَاشٰى: خود کو رتوندے والا بنانا حالانکہ ایسا نہ ہو۔

Marfat.com

یقال: تعاشی عنه: تغافل برتنا' چشم پوشی کرنا۔
تَعَشّی: رات کا کھانا کھانا
یقال: تَغَدَّبه قبل ان یتعشّی بك: تم اسے دوپہر کا کھانا کھلا دو قبل اس کے کہ وہ تمہیں رات کا کھانا کھلائے۔
اِستَعْشاهُ: پریشان پانا۔
-النار: آگ سے رہنمائی حاصل کرنا۔
العَشاءُ: رات کا کھانا' غدا کی ضد۔
العِشاءُ: رات کی ابتدائی تاریکی (۲) مغرب سے لے کر مکمل تاریکی کے وقت تک۔
العشاء ان: مغرب اور عشاء۔
العَشْواءُ: الاعشی کی تانیث۔
یقال: هو یخبطُ خبطَ عَشْواءَ: غلطی کرتا ہے پھر درستگی کرتا ہے۔ اس اونٹنی کی طرح ہے جس کی بصارت صحیح نہ ہو اور اپنا پاؤں زور سے زمین پر مارے۔
(۲) تاریکی۔ هُم فی عشواء من امرهم: وہ اپنے معاملے میں بھٹکے ہوئے ہیں' راہنمائی نہیں۔
رکبَ العَشواءَ: بے سوچے سمجھے کام کرنا۔
العَشْوَةُ: ابتدائی رات سے چوتھائی رات تک کا وقت (۲) تاریکی۔
العُشْوَةُ: تاریکی (۲) آگ کا شعلہ۔
العَشْوَةُ: بے سوچے سمجھے اقدام۔
العَشِیُّ: زوال آفتاب سے لے کر مغرب تک کا وقت یا مغرب کی نماز سے لے کر مکمل تاریکی تک کا وقت۔
صلاتا العَشِیِّ: ظہر اور عصر کی نماز۔
العَشِیَّةُ: العَشِیُّ (ج) عَشایَا۔

ع ۔۔۔۔۔۔ ص

عَصَبَتِ الاَسْنانُ ـِ عَصْبًا و عُصُوبًا: دانتوں کا غبار یا دھویں وغیرہ سے میلا ہونا۔
-علی الشئِ عَصْبًا و عِصابًا: پکڑنا۔
-به: گھیرنا۔
یقال عَصَبَ القومُ به: لوگ اس کے اردگرد جمع ہو گئے۔
-الرِّیقُ بِفِیهِ: تھوک کا منہ میں خشک ہونا۔
یقال: عصبَ الرِّیقُ فاه۔
-الشئَ عَصْبًا: طے کرنا۔
(۲) باندھنا۔
یقال: عَصَبَ رَأسه بالعِصابةِ: سر پر پٹی باندھنا۔
-الشجرةَ: درخت کی بکھری ہوئی ٹہنیوں کو رسی سے باندھنا پھر پتے جھٹکنا۔
یقال: عَصَبَهُمُ الاَمرُ: معاملہ کا سنگینی کی بناء پر لوگوں کو اکٹھا کرنا۔
-القطنَ و الصُّوفَ: روئی اور اون کا تنا۔
-الغبارُ رأسَه: سر پر گرد چمٹنا۔
-الشئُ: لگے رہنا۔
عَصِبَ اللَّحمُ ـَ عَصَبًا: گوشت کا زیادہ ریشوں والا ہونا' هو عَصِیبٌ۔
-القومُ به عَصْبًا: کسی کے اردگرد لوگوں کا جمع ہونا۔
عَصَّبه: پٹی باندھنا۔
-القومُ فلانًا: سردار بنانا۔
-فلانًا: بھوکا رکھنا (۲) ہلاک کرنا۔
یقال: عَصَّبَتْهُ السِّنُونَ: زمانے نے اس کا مال تباہ کر دیا۔
عَصَّبه بالسَّیفِ: پگڑی کی جگہ تلوار مارنا۔
اِعْتَصَبَ: خود اپنے پٹی باندھنا۔
یقال اِعتَصَبَ بالتَّاجِ: تاج پہننا۔
اِعتَصَبَ بالعمامة: پگڑی باندھنا۔
-القومُ: لوگوں کا گروہ بن جانا۔
اِنْعَصَبَ: سخت ہونا۔
تَعَصَّبَ: خود اپنے پٹی باندھنا۔
-القومُ علیهم: کسی کے مقابلہ میں اکٹھا ہونا۔
-فلانٌ: متعصب ہونا۔
یقال: تَعَصَّبَ له و تَعَصَّبَ منه: مدد کرنا۔
اِعْصَوْصَبَ القومُ: گروہ بننا۔
-الشرُّ و الامرُ: سخت ہونا۔
العِصابُ: رومال یا کپڑے کا ٹکڑا جو باندھا جائے۔ پٹی۔
العُصابُ: ذہنی اور دماغی اضطراب (ع)
العِصابةُ: پٹی (۲) پگڑی (۳) تاج۔
(۴) لوگوں' گھوڑوں یا پرندوں کا گروہ (ج) عَصائبُ۔
العَصْبُ: (علم عروض میں) عروض وافر میں مفاعلتن کے لام کو ساکن کر کے مفاعیلن بنا دینا۔
العَصَبُ: پٹھا' جو جوڑوں کو باندھتا ہے اور ایک دوسرے کے ساتھ جوڑتا ہے (۲) سفید ریشہ جس کے ذریعہ دماغ سے بدن تک حس و حرکت پیدا ہوتی ہے۔
العَصَبةُ: پیلو کا درخت (ج) عَصَبٌ۔
العُصْبةُ: انسانوں' گھوڑوں یا پرندوں کا گروہ۔
قرآن مجید میں ہے: ﴿وَآتَیْنَاهُ مِنَ الْکُنُوزِ مَا إِنَّ مَفَاتِحَهُ لَتَنُوءُ بِالْعُصْبَةِ أُولِی الْقُوَّةِ﴾
(ج) عُصَبٌ (۲) پیلو کا درخت (ج) عُصْبٌ۔
العَصَبةُ: العُصْبةُ (۲) عَصَب کا واحد۔
عَصَبةُ الرجلِ: اولاد اور باپ کی طرف سے رشتہ دار یا اس کے حامی و ہمدرد لوگ۔
(واحد اور جمع دونوں کے لئے)
(۳) (علم فرائض میں) وہ ہے جس کا میراث میں حصہ مقرر نہ ہو اور اسے ذوی الفروض کے ترکہ میں سے بقیہ حصہ ملتا ہے۔
العَصَبیُّ: ظلم کے خلاف اپنی جماعت کا مددگار یا وہ شخص جو اپنے لوگوں کی حمایت کرتا ہو اور ان کی حمایت میں بگڑ جاتا ہو۔
یقال: رجلٌ عصبیٌّ: منفعل المزاج شخص (محدثہ)
العَصَبیّةُ: اپنے لوگوں یا ہم مذہب لوگوں کی حمایت و مدد کا جذبہ' تعصب۔
العَصِیبُ: یومٌ عَصِیبٌ: انتہائی گرم یا ہولناک دن۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿وَقَالَ هٰذَا یَوْمٌ عَصِیبٌ﴾
المُعَصَّبُ: سردار (۲) فقیر۔
المَعْصُوبُ: بہت زیادہ بھوکا۔

Marfat.com

(۲) سبک تلوار۔
هو مَعْضُوبُ الخَلْقِ: اچھی کاٹھی والا جس کی ہڈیاں لطیف و مضبوط ہوں۔
المَعْضُوبَۃُ من النساءِ: گٹھے ہوئے جسم والی۔
عَصَدَ السَّهْمُ ـُ عُصُوْدًا: تیر کا مڑ جانا اور نشانہ کی طرف نہ جانا۔
-العصیدۃَ - عَصْدًا: آٹے گھی کا حلوا بنانا۔
-الشئَ: موڑنا۔ هو معصُوْدٌ و عَصِیْدٌ۔
-فلانًا علی الامر: مجبور کرنا۔
اَعْصَدَ العصیدۃَ: آٹے گھی کا حلوا بنانا۔
-الشئَ: موڑنا۔
العَصِیْدَۃُ: آٹے کو گھی کے ساتھ ملا کر پکایا جاتا ہے (ج) عَصَائِدُ۔
المِعْصَدُ: پکاتے ہوئے عصیدہ حلوے کو جس کے ساتھ ہلایا جائے۔ (ج) مَعَاصِدُ۔
عَصَرَ الشئَ ـِ عَصْرًا: کسی چیز میں موجود تیل یا پانی وغیرہ نکالنا۔
یقال: عَصَرَ الثوبَ کپڑے کو نچوڑنا۔
عَصَرَ الدُّمَّلَ: پھوڑے کو دبا کر مواد نکالنا۔
عَصَرَ الرَّکْضُ الفرسَ: دوڑ کا گھوڑے کو پسینہ لانا۔
عَصَرَ الحَرُّ العُودَ: گرمی کا شاخ کو سکھا دینا۔
اَعْصَرَ: عصر کے وقت میں داخل ہونا۔
-الفتاۃُ: لڑکی کا سن بلوغت کو پہنچنا۔
اُعْصِرَ القومُ: لوگوں پر بارش کا ہونا۔
عَاصَرَ فلانًا: کسی کی پناہ لینا (۲) کسی کے ساتھ ایک زمانے میں رہنا۔
عَصَّرَ الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشے نکلنا۔
-الفتاۃُ: لڑکی کا بالغ ہونا۔
-الشئَ: بار بار نچوڑنا۔
اِعْتَصَرَ بالماءِ: گلے میں اٹکے ہوئے لقمہ وغیرہ کو اتارنے کے لئے تھوڑا تھوڑا پانی پینا۔
-من الشئِ: کوئی چیز لینا۔
-بہ: التجا کرنا، پناہ لینا۔
-الشئَ: نچوڑنا۔
-العصیر: رس نکالنا۔

اِنْعَصَرَ: نچڑنا۔
تَعَصَّرَ: نچڑنا (۲) فلانٌ: رونا۔
الاِعْصَارُ: انتہائی تیز ہوا جو گرد اڑاتی ہوئی عمود کی طرح آسمان کی طرف اٹھتی ہے۔
(۲) (علم جغرافیا میں) فضائی دباؤ والا علاقہ جو ان ہواؤں کو اپنے مرکز کی طرف کھینچتا ہے جو کہ نصف کرہ شمالی اور نصف کرہ جنوبی میں عقارب ساعۃ کے الٹ سمت ہوں۔ عروض وسطی میں ان علاقوں کو مفحفضات جویہ کہتے ہیں۔
(ج) اَعَاصِیْرُ ضرب المثل ہے:
ان کنت ریحًا فقد لا قیتَ اعصارًا
زیادہ طاقتور شخص اپنے سے کم کو بطور تذلیل کہتا ہے کہ اگر تم خود کو طاقتور سمجھتے ہو تو میرے مقابلہ میں تم کچھ بھی نہیں اس لئے کہ اگر تم آندھی ہو تو میں طوفان ہوں۔
العِصَارُ: وقت۔
یقال: جاءَ عَلی عِصَارٍ من الدّهر: وہ کسی لحہ آیا (۲) سخت غبار۔
العُصَارُ: نچوڑ کر نکالا ہوا رس یا عرق۔
العُصَارَۃُ: العُصَارُ۔
یقال: اِشْتَفَّ فلانٌ عُصَارَۃَ اَرْضِی: اس نے میری زمین کا غلہ لے لیا۔
هو کریمُ العُصَارَۃِ: وہ سخی و کریم ہے۔
(۲) عرق نکالنے کے بعد بچا ہوا پھوک۔
اَلْعَصْرُ: دن کے آخری حصے سے لے کر سورج کے سرخ ہونے تک کا وقت (۲) عصر کی نماز (نماز کے ساتھ مؤنث آتا ہے اور اس کے علاوہ کے ساتھ مذکر اور مؤنث دونوں طرح آتا ہے)
اَلْعَصْرَانِ: صبح و شام، دن اور رات۔
(۲) زمانہ (۳) وہ زمانہ جو کسی بادشاہ یا حکومت یا مختلف قسم کے فطری یا معاشرتی انقلابات کی طرف منسوب ہو۔
یقال: عصرُ الدولۃ العباسیۃ۔
عصرُ هارون الرشید: العصرُ الحجریّ۔
عصر البخار و الکهرباء: بجلی کا دور۔
عصر الذَّرّۃ: ایٹمی دور۔

یقال (فی التاریخ) العصر القدیم: العصر المتوسط اور العصر الحدیث (موجودہ زمانہ)
(۵) (علم طبقات الارض میں) وہ طویل عرصہ جس کی مقدار کروڑوں سال ہوتی ہے اور اس میں زمین کے بعض طبقات پیدا ہوتے ہیں۔ جیسے العصر الفحمی (الکربونیّ) العصر الطباشیریّ۔
العُصْرُ: پناہ گاہ، نجات کی جگہ۔
یقال: جاء ولکن لم یجئْ لِعُصْرٍ وہ آیا لیکن صحیح وقت پر نہیں آیا۔
نام و مانامَ لِعُصْرٍ او مانام العُصْرَ اسے بالکل نیند نہیں آئی۔
العَصَرُ: پناہ گاہ (۲) غبار۔
العَصَرَۃُ: سخت غبار۔
مَرَّتْ متطیّبۃً ولذیلها عَصَرَۃٌ: زمین پر دامن گھسٹنے کی وجہ سے غبار لگنا۔ او فَوْحٌ من کثرۃ الطِّیب: اس کے ساتھ تشبیہ دینا جو ہواؤں کو اڑائے۔
العُصْرَۃُ: پناہ گاہ۔
یقال: بَلَّ المطرُ ثِیَابَہٗ حتّٰی صَارَتْ عُصْرَۃً: بارش نے اس کے کپڑے اتنے بھگوئے حتی کہ وہ نچوڑ کے قابل ہو گئے۔
العَصَّارَۃُ: مشین جس کے ذریعے پھلوں اور گنے کا رس نکالا جاتا ہے (مج)
العَصِیْرُ: شئ یا نچوڑ کا خلاصہ۔
جیسے: عصیرُ البرتقال: سنگترہ کا رس۔
المِعْصَارُ: عرق یا رس نکالنے کی مشین (ج) مَعَاصِیْرُ۔
المَعْصَرُ: یقال: هُوَ کریمُ المَعْصَر: وہ سخی و کریم ہے۔
المِعْصَرُ: ایک آلہ جس کے ذریعے بیجوں کا تیل نکالا جاتا ہے (مج) (ج) مَعَاصِرُ۔
المُعْصِرُ: بالغ ہو جانے والی لڑکیاں۔
المِعْصَرَۃُ: المِعْصَرُ (ج) مَعَاصِرُ۔
المَعْصَرَۃُ: وہ جگہ جہاں تلوں وغیرہ کا تیل نکالا جاتا ہے۔

Marfat.com

المُعْصِرَاتُ: بارش برسانے والے بادل۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرَاتِ مَاءً ثَجَّاجًا﴾ یہ مُعْصِرَۃٌ کی جمع ہے۔
العُصْعُص: دم کی جڑ۔
(۲) (علم طب میں) انسان اور بڑے بندروں کی ریڑھ کی ہڈی کے آخر میں چھوٹی ہڈی، جو کہ تین یا چار مہروں کے ملنے سے بنتی ہے (مع)
العُصْعُصَۃُ: (طب میں) پٹھوں کا درد یا جوڑوں کا درد ریڑھ کی ہڈی یا دم میں (مع)
العُصْعُوْصُ العُصْعُصُ (ج) عَصَاصِیْصُ
عَصَفَتِ الرِّیحُ ـِ عَصْفًا و عُصُوْفًا: ہوا کا تیز چلنا۔
ھِیَ عَاصِفٌ و عَاصِفَۃٌ۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿جَاءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ﴾ (ج) عَوَاصِفُ ھِیَ عُصُوْفٌ
یقال: عَصَفَتْ بِھِم الحرب: جنگ نے انہیں مار ڈالا۔ اسی طرح: عَصَفَ بھم الدَّھْرُ۔
-السائر: چلنے والے کا تیز رفتار ہو جانا۔
یقال عَصَفَتِ النافۃ: اونٹنی کا تیز رفتار ہونا۔
-الشیئُ: مائل ہونا، جھکنا۔
-الزَّرْعَ عَصْفًا: کھیتی کاٹنا۔
اَعْصَفَتِ الرِّیحُ: عَصَفَتْ۔ ھی مُعْصِفٌ و مُعْصِفَۃٌ۔
-الزَّرْعُ: کھیتی کا خوشہ دار ہونا۔
(۲) کھیتی کاٹنے کا وقت آجانا۔
-المکانُ: زیادہ کھیتی والا ہونا۔
اَلْعَاصِفُ: یقال: یَوْمٌ عاصِفٌ و لیلۃٌ عاصِفَۃٌ آندھی والا دن آندھی والی رات۔
سَھْمٌ عَاصِفٌ: نشانہ سے ہٹنے والا تیر۔
اَلْعُصَافَۃُ: بھوسا، تنکوں کا چورا۔
العَصْفُ: العُصَافَۃُ۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ﴾
وفیہ: ﴿فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ﴾۔
(۲) کھیتی کے پتے (۳) پھل کے اوپر سے ہٹنے والے پتے۔
العَصْفَۃُ: العُصَافَۃُ: (۲) شراب کی بو۔
العَصِیْفَۃُ: العُصَافَۃُ (۲) پتوں کا مجموعہ جن میں خوشہ ہوتا ہے (۲) پھل کے اوپر سے ہٹنے والے پتے۔
عَصْفَرَ الثَّوْبَ و غیرہ: عُصفُر سے رنگنا۔
تَعَصْفَرَ: عصفر سے رنگا ہوا۔
العُصفُر: فصیلہ مرکبہ سے ایک گرمی کا پودا جس کا پھول نالی نما ہوتا ہے جو کہ بطور مسالہ استعمال ہوتا ہے اور اس میں سے ایک زرد رنگ نکالا جاتا ہے جس سے ریشم کے کپڑے وغیرہ کو رنگا جاتا ہے (مع)
العُصْفُوْرُ: پرندوں کی ایک قسم جن کی جسامت مخروطی ہوتی ہے اور چونچ بھی ہوتی ہے، چڑیا۔
تانیث: العُصْفُوْرَۃُ۔
(۲) گھوڑے کی پیشانی میں ابھری ہوئی ہڈی۔ یہ دائیں بائیں دو ہوتی ہیں (۳) کشتی کا کیل/ کنڈا (ج) عَصَافِیْرُ
یقال: نَقَّتْ عَصَافِیْرُ بَطْنِه: بھوک لگنا۔
طَارَتْ عَصَافِیْرُ راسه: تکبر کرنا۔
العُصْفُوْرَۃُ: عُصفور کی تانیث۔
(۲) عصفور کی طرح کی لکڑی جس کے ذریعے دروازہ بند کیا جاتا ہے (محدثہ)
عُصفورۃ الجمل: وہ لکڑی جس سے پالان کے سرے باندھے جاتے ہیں (محدثہ)
العُصفوریُّ من الجمال: دو کوہانوں والے اونٹ۔
العُصفُوریَّۃ: فصیلہ جُرسیّات سے ایک قسم کا پھول جس کی کلی ہوتی ہے جو چھوٹی چڑیا کے مشابہ ہوتا ہے۔
عَصَلَ العُوْدَ و نحوہ ـُ عَصْلًا: لکڑی کو موڑنا۔
عَصِلَ الشیئُ ـَ عَصَلًا: سختی کے ساتھ ٹیڑھا ہونا۔
یقال عَصِلَتْ سَاقُه: اس کی ٹانگ ٹیڑھی ہو گئی۔
عَصِلَ ذَنَبُ الفرس: گھوڑے کی دم ٹیڑھی ہو گئی۔
عَصِلَ النابُ: سامنے کا دانت مڑ گیا۔
ھو اَعْصَلُ ھی عَصْلَاءُ (ج) عُصْلٌ۔
عَصَّلَ فلانٌ: دیر کرنا۔
-العودَ و نحوہ: ٹیڑھا کرنا (لکڑی وغیرہ کو)
العَصَلُ: آنت (ج) اَعْصَالٌ۔
العِصْلُ: العَصَلُ۔
العَصْلَاءُ مِنَ النِّسَاءِ: سوکھی ہوئی دبلی عورت جس کے گوشت نہ ہو۔
المِعْصَالُ: مڑے ہوئے سر کا ڈنڈا جس کے ذریعے درخت کی شاخوں کو پکڑا جاتا ہے۔
(۲) ہاکی کا بلا (ج) مَعَاصِیْلُ۔
المِعْصَلُ: قرض دار سے سخت تقاضا کرنے والا۔
عَصْلَبَ الرَّجُلُ: سخت پٹھوں والا ہونا۔
العَصْلَبُ: مضبوط کاٹھی والا آدمی۔
العَصْلَبِیُّ: العَصْلَبُ۔
عَصْلَجَ الشیئُ: سخت ہونا، دشوار ہونا (محدثہ)
اَلْعَصْلَجُ: ٹیڑھی پنڈلی والا۔
عَصَمَ اِلَیْهِ ـِ عَصْمًا: کسی کی پناہ لینا۔
-القِرْبَۃَ: مشک کو اٹھانے کے لئے رسی کا پھندا لگانا۔
-اللّٰهُ فلاناً من الشرِّ او الخطأ عِصْمَۃً: فتنہ یا خطا سے بچانا، محفوظ رکھنا۔
یقال عصم الشیئَ: روکنا۔
عَصِمَ الحیوانُ ـَ عَصَمًا و عُصْمَۃً: ایک ہاتھ یا دونوں ہاتھوں میں سفیدی کا ہونا اور باقی سارا جسم سیاہ یا سرخ ہونا۔ ھو اَعْصَمُ ھی عَصْمَاءُ۔
(ج) عُصْمٌ۔ یقال: ظَبْیٌ اَعْصَمُ، فرسٌ اَعْصَمُ۔
غراب اعصم: سرخ چونچ اور پاؤں والا کوا۔
اَعْصَمَ بہ: پکڑنا۔
یقال اَعْصَمَ بالفرس: سر کے بال پکڑنا۔
-بفلان: پناہ حاصل کرنا۔
-القربۃ عَصَمَها۔
اِعْتَصَمَ بہ: پناہ لینا۔

Marfat.com

ومنه:اعتصام الطّلبه و نحوهم بمعهدهم: طلبہ کا دھرنا دینا نہ کام کریں نہ نکلیں اپنے مطالبے کے پورے ہونے تک۔
اِنْعَصَمَ: لازم عَصَمَهٗ۔
اِسْتَعْصَمَ: حفاظت چاہنا۔
-به: اِعْتَصَمَ۔
اَلْعَاصِمَة: شہر: اس کا اطلاق مرکز یا صوبہ کے پایۂ تخت پر ہوتا ہے (ج) عَوَاصِمُ۔
العِصَامُ: وہ رسی جس کے ساتھ مشکیزہ اٹھانے کے لئے باندھا جاتا ہے (۲) برتن کو پکڑ کر اٹھانے کا حلقہ، دستہ (ج) عُصُمٌ و اَعْصِمَةٌ۔
ضرب المثل ہے: ما وراءك يا عِصامُ کسی چیز کی کھوج اور تحقیق کے بارے میں بولا جاتا ہے۔ اس کا اصل مخاطب نعمان کا دربان عصام تھا۔
العِصَامِيُّ: جو ذاتی شرافت والا ہو اس کا مقابل العظاميّ ہے جو کہ آبا کی شرافت والے کو کہا جاتا ہے۔ یہ منسوب ہے نعمان کے دربان عصام کی طرف جس کے بارے میں نابغہ نے کہا تھا

نفسُ عِصامٍ سَوَّدَتْ عِصَامًا

العِصْمَةُ: قدرتی ملکہ جو گناہ کے کام سے اور اُس کی طرف میلان سے روکتا ہے، باوجود قدرت کے۔
(۲) وہ عہد و پیمان یا ازدواجی رشتہ جسے خاوند جب چاہے ختم کر دے اور عورت نے اگر اس کی شرط کی ہو تو اسے بھی ختم کرنے کا اختیار ہو قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَلَا تُمْسِكُوا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ﴾ تم کافروں کے نکاح کے عہد و پیمان باقی نہ رکھو۔
(۳) ہاتھ کا کنگن۔
المِعْصَمُ: ہاتھ میں کنگن پہننے کی جگہ۔
(۲) ہاتھ (ج) مَعَاصِمُ۔
عَصَاهُ ـُ عَصْوًا: ڈنڈے سے مارنا۔
- فلانًا: لاٹھی کے ساتھ مارنے میں کسی پر غالب آنا۔
یقال: عَاصَاهُ فَعَصَاهُ۔
- القومَ: لوگوں کو اچھے یا برے کام کے لئے اکٹھا کرنا۔
عَصِيَ بالعَصَا ـَ عَصًا: ڈنڈے کے ساتھ کھیلنا جیسے تلوار سے کھیلتے ہیں۔
اَعْصَى الكَرْمُ: انگور کی بیل پر شاخیں نکلنا مگر پھل نہ آنا۔
عَاصَاهُ: کسی کے ساتھ لاٹھی چلانے میں مقابلہ کرنا۔
اِعْتَصَى على العَصَا: لاٹھی کا سہارا لینا۔
-الشيءَ: کسی چیز کو لاٹھی بنانا۔
العَصَا: لکڑی وغیرہ جس کو سہارے یا مارنے کے لئے بنایا گیا ہو۔
(مؤنث) اس کا تثنیہ: عَصَوان۔
(ج) عِصِيٌّ اس کا اطلاق پنڈلی کی ہڈی اور زبان پر بھی ہوتا ہے۔
یقال: هو لَيِّنُ العصا و ضعيف العصا: نرم طبیعت اور حسن سیاست والا۔
هو صُلب العصا و شديدُ العصا: متشدد۔
یقال: شَقَّ العَصَا: مخالفت کرنا، جماعت سے بغاوت کرنا، شیرازہ بکھیرنا۔
اِنْشَقَّتِ العَصَا: جماعت کا شیرازہ بکھرنا۔
رَفَعَ عَصَاهُ: چلنا۔
اَلْقَى عَصَاهُ: سفر ترک کر کے قیام کرنا۔
قَرَعَ لَهُ العَصَا: متنبہ کرنا، ہوشیار کرنا۔
ضرب المثل ہے: اِنَّ العَصَا قُرِعَتْ لِذِي الحِلم: آدمی کو چوکنا کر دیا گیا۔
رأسُ العصا: چھوٹا سر۔
هم عَبِيْدُ العَصَا: ذلیل لوگ۔
العَصِيُّ: بڑے پروں والا۔
العِصِيّ المَخْلُوْصَة: چھوٹی لاٹھیوں کی شکل کی روئی کی ایک قسم (محدثہ)
العُصَيَّةُ: العَصَا کی تصغیر۔
ضرب المثل ہے: اِنَّ العَصَا من العُصَيَّة سنگین بات چھوٹی بات سے پیدا ہوتی ہے۔
عَصَاهُ ـِ مَعْصِيَةً و عِصْيَانًا: اطاعت سے نکلنا۔ حکم کی مخالفت کرنا۔ هو عَاصٍ و عَصَّاءٌ و عَصِيٌّ۔
عَاصَاهُ: عَصَاهُ۔
اِعْتَصَتِ النَّوَاةُ: گٹھلی کا سخت ہو جانا۔
تَعَصّٰى عليه: عصاه۔
اِسْتَعْصٰى عليه: تَعَصّٰى۔
العِصْيَانُ: فرمانبرداری سے رکنا، نافرمانی۔

ع .... ض

عَضَبَ عن الامرِ ـِ عَضْبًا: الگ ہونا۔
-الشيءَ: کاٹنا۔
یقال فی الدّعاء علیه: ماله عضبَه الله؟ اسے کیا ہو گیا خدا اس کا ناس کرے (بطور بددعا)
ضرب المثل ہے: اِنّ الحاجةَ يَعْضِبُهَا طَلَبُهَا قبلَ و قْتِهَا: قبل از وقت کسی چیز کی طلب محرومی کا باعث ہوتی ہے۔
-الناقة و نحوها: اونٹنی وغیرہ کے کان چیرنا۔
- فلانًا عن حاجته: کسی کو اس کے کام سے روکنا۔
-فلانًا بلسانه: گالی دینا۔
- المرضُ فلانًا: بیماری کا کسی کو طویل عرصہ لاحق رہ کر بے حرکت کر دینا۔
-فلانًا بالرّمح: کسی کو نیزہ مارنا۔
-بالعَصَا: لاٹھی مارنا۔
عَضِبَ ذو الاُذُن ـَ عَضَبًا: کان والے کا کٹے ہوئے کان والا ہونا۔
- ذو القرن: کٹے ہوئے سینگ والا ہونا (سینگ والے کا) هو اَعْضَبُ، هي عَضْبَاءُ (ج) عُضْبٌ۔
حدیث میں ہے: نَهٰى اَنْ يُضَحّٰى بالأعضبِ القَرْنِ۔
عَضُبَ السَّيفُ ـُ عُضُوبًا و عُضُوْبَةً: تلوار کا تیز ہونا، کاٹنے والی ہونا۔
یقال: عَضُبَ اللِّسانُ: زبان کا تیز ہونا۔ هو عَضْبٌ۔
اَعْضَبَ النَّاقَةَ و نحوها: عَضَبَهَا۔
عَاضَبَه: روکتے رہنا۔
اِنْعَضَبَ القرنُ: سینگ کا ٹوٹ جانا۔
الأعْضَبُ: ... ہاتھ ...

Marfat.com

(۲) بے یار و مددگار (۳) اکلوتا جس کا بھائی نہ ہو (ج) عُضْبٌ۔
العَضّابُ: بہت گالی گلوچ کرنے والا۔
عَضْبَرَ الكلبُ: کتے کا شیر جیسا ہونا۔
العِضْبَارَةُ: بڑا سخت پتھر جس پر دھونے کے لئے کپڑا کوٹا جاتا ہے۔
عَضَدَه ـُ عَضْدًا: بازو پر مارنا (۲) مدد کرنا۔
-الشجرةَ و نحوها ـ عَضْدًا: درانتی سے کاٹنا۔ تحریم مدینہ طیبہ والی حدیث میں ہے: ''نَهى اَنْ يُعْضَدَ شجرها'' (۲) درخت پر چوٹ مار کر پتے جھاڑنا۔
عَضِدَ ـَ عَضَدًا: بازو میں تکلیف ہونا۔
عُضِدَ: بازو میں درد ہونا۔
عَاضَدَه: مدد کرنا۔
اِعْتَضَدَ به: تقویت حاصل کرنا۔
-الشيَ: گود میں لینا، بغل میں دبانا۔
تَعَاضَدَ القومُ: باہم مدد کرنا۔
تَعَضَّدَه: گود یا بغل میں لینا۔
اِسْتَعْضَدَ الثمرةَ: پھل توڑنا۔
-الشجرةَ: کاٹنا۔
الأعْضَدُ: پتلے بازو والا (۲) جس کا ایک ہاتھ چھوٹا ہو۔
العَضَادُ: موٹے بازو والا (۲) پست قد مرد و عورت۔
العِضَادُ: بازو پر باندھا جانے والا زیور وغیرہ۔ (۲) لوہا جس کے ذریعے درختوں کی شاخوں کو جھکایا جاتا ہے اور توڑا جاتا ہے، درانتی۔
العِضَادَةُ: راستہ کا کنارہ۔
(۳) (مسافت میں) پیمائش کے لئے استعمال ہونے والے آلات کی متحرک کہنی (مع)
عِضَادَتَا النِّير جانوروں کے جوتے کے دونوں طرف کی لکڑیاں۔
عِضَادَتَا الباب دروازے کے اردگرد کی دو کھڑی لکڑیاں جو دیوار میں نصب ہوتی ہیں، چوکھٹ کے بازو۔
عِضَادَتَا الرَّجُلِ آدمی کے دو رفیق اور معاون۔

العُضْدُ: درخت کے تنے یا بڑی بڑی شاخوں پر اگے چھوٹے تنوں کو کاٹنا۔ مثلاً: پست زمین میں سفید لکڑی کے درخت کے تنوں کو کاٹنا۔ اسے آج کل التَّعْلِيم کہتے ہیں (قلم)
العَضُدُ: کندھے اور کہنی کے درمیان کا حصہ۔ (ج) اَعْضَادٌ: اس کے علاوہ اس کی جمع مکسر نہیں آتی۔
اَعْضَادُ المَزَارِع: کھیتوں کی حدود۔
(۲) مددگار۔ قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا﴾ (۳) کنارہ۔
یقال: فتّ في عَضُدِه: قوت کمزور پڑ جانا، مددگاروں کا جدا ہو جانا۔
شَدَّ عَضُدَه: مدد کرنا، تقویت دینا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِيْكَ﴾ (۴) انگور کی بیل کی شہ جس پر لوہے کی سلاخیں پھیلی ہوتی ہیں۔
العَضَدُ: اونٹ کے بازوؤں کی بیماری (۲) درخت کے گرے ہوئے پتے (۳) درخت کی کٹی ہوئی شاخیں۔
(ج) اَعْضَادٌ و عُضُودٌ۔
المِعْضَادُ: درانتی، بازوبند۔
المِعْضَدُ: درانتی (۲) بازو بند (ج) مَعَاضِدُ۔
اَلْيَعْضِيدُ: کاسنی کے پودے کی مانند ایک سنہری سبزی جو ریتلے اور عام علاقے میں اگتی ہے۔ اسے ''جُعْضِيض'' کہتے ہیں۔
اَلْعَضْرَسُ: سردی (۲) اولا (۳) برف۔ زمینی خطمی معتدل آب و ہوا اور یورپ کی ریتلی زمینوں میں پیدا ہونے والی ایک بوٹی۔
(ج) عَضَارِسُ۔
عَضَّهُ و به و عليه ـَ عَضًّا و عَضِيضًا: دانتوں سے پکڑنا (۲) مضبوطی سے تھامنا۔
حدیث میں ہے عليكم بِسُنَّتِيْ و سنة الخلفاء الراشدين من بعدي، عَضُّوا عليها بالنواجذ۔

-فلانًا بلسانه: برائی کے ساتھ تذکرہ کرنا۔
-الزمانُ الرَّجُلَ: زمانہ کا سخت ہونا۔
یقال: عَضَّ على يده حنقًا: کسی کے ساتھ سخت دشمنی کرنا۔
عَضَّ على يده: نادم ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ﴾
اَعَضَّتِ الأرضُ: زمین کا بہت کانٹوں والی ہونا۔
-فلانٌ فلانًا الشيَ: کسی سے کسی کو کٹوانا۔
عَضَّضَ الشيَ: بہت زیادہ کاٹنا۔
اَلْعَاضُّ: بعيرٌ عاضٌّ: کانٹے کھانے والا اونٹ۔
العَضَاضُ: دانتوں سے کاٹ کر کھائی جانے والی چیز۔
(۲) بھاری درخت (ج) عُضُضٌ۔
العِضَاضُ: سختی کا عادی۔
العُضُّ: چھوٹا کانٹے دار درخت وغیرہ۔
العَضُوضُ: العاضُّ (۲) کاٹ کر کھائی جانے والی چیز۔
-مُلْكٌ عَضُوضٌ: جس ملک میں ظلم و زیادتی ہو۔
حدیث میں ہے: الخلافة بعدي ثلاثون سنةً ثم يكون مُلْكٌ عَضُوضٌ۔
(۲) سخت فتنہ انگیز زمانہ (ج) عُضُضٌ و عِضَاضٌ۔
عَضَلَ به الأمرُ ـُ عَضْلاً: معاملہ کا سنگین ہونا، الجھا ہوا ہونا۔
-عليه: کسی کو پریشانی میں ڈالنا، کسی کے مقصد کے حصول میں رکاوٹ ڈالنا۔
-المرأةَ: عورت کو ظلماً شادی سے روکنا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ﴾
-فلانًا: کسی کے پٹھے پر مارنا۔
عَضِلَ ـَ عَضَلاً: بڑے پٹھوں والا ہونا۔
هو عَضِلٌ۔
اَعْضَلَتِ الوالدةُ: ولادت کا دشوار ہونا۔

Marfat.com

-الامرُ: معاملہ کا سنگین اور الجھا ہوا ہونا۔
-الشیُ: کسی چیز کا بہت خراب ہونا۔
-الداءُ الاَطِبّاءَ: بیماری کا معالجین کو علاج سے عاجز کر دینا۔
یقال: اَعْضَلَه فلان و اَعْضَلَ بہ: پریشان یا عاجز کر دینا۔
حدیث عمر رضی اللہ عنہ میں ہے: اَعْضَلَ بی اَهلُ الکُوفَةِ مَا یَرْضَونَ بِاَمِیْرٍ ولا یَرْضَاهُم اَمِیْرٌ۔ اہل کوفہ نے مجھے پریشانی میں ڈال رکھا ہے۔ نہ تو وہ کسی امیر سے راضی ہیں اور نہ ہی کوئی امیر ان سے راضی ہے۔
عَضَّلَتِ الوالِدةُ بولدها: اَعْضَلَتْ۔
- الناقةُ: اونٹنی کا چلنے، سواری اور ہر کام سے عاجز آ جانا۔
- الارضُ باَهلها: زمین کا اہل زمین کی کثرت کی بنا پر تنگ ہو جانا۔
-فلاناً و علیه: کسی کو پریشان کرنا، کسی کے حصول مقصد میں رکاوٹ بننا۔
-المراة: عَضَلَها۔
اِستَعْضَلَ الشیُ: سخت و دشوار ہونا۔
العُضَالُ: نا قابل حل، انتہائی دشوار۔
یقال: داءٌ عُضَالٌ: لاعلاج مرض۔
العَضَلَةُ: گوشت کا ایک عضو جس کے ریشوں کے سکڑنے سے جسم میں حرکت پیدا ہوتی ہے۔
المُعضِلَةُ: تنگ راستہ (۲) نہ حل ہونے والا مشکل مسئلہ۔
العَضمُ: لوہے یا لکڑی کا گیہوں صاف کرنے کا شاخدار چوبی آلہ (ج) عِضامٌ و اَعْضِمَةٌ و عُضُمٌ۔
عَضِهَتِ الابلُ ـَ عَضَهًا: اونٹوں کا بول کھانا۔
-الرجلُ: تہمت لگانا، گالی دینا۔
-العِضَاةَ: بول کاٹنا۔
اَعْضَهَ القومُ: لوگوں کے اونٹوں کا بول کھانا۔
والارضُ: بول کے درختوں کی بہتات ہونا۔
والرجلُ: عَضَهَ۔
عَضَّهَ العِضَاةَ: عَضَهَها۔

العَاضِهُ: سانپ جس کا کاٹا فوراً مر جائے۔
(۲) بول کھانے والی اونٹنی۔
العَاضِهَةُ: العَاضِهُ۔
العِضَاهُ: چھوٹا یا بڑا ہر خاردار درخت۔
الواحدةُ: عِضَاهَةٌ۔
اَلْعَضِیهَةُ: بہت زیادہ بول والی زمین۔
(۲) جھوٹی تہمت (۳) افتراء پردازی۔
عَضَا الشیَٔ ـُ عَضْوًا: حصے کرنا، اجزاء کرنا۔
عَضّی الشیَٔ: عَضَاه۔
یقال: عَضَّی القومَ: لوگوں کو منتشر کرنا۔
العِضَةُ: گروہ (۲) ٹکڑا (۳) جھوٹ (ج) عِضُونَ قرآن حکیم میں ہے: ﴿کَمَا اَنْزَلْنَا عَلَی الْمُقْتَسِمِینَ الَّذِیْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِیْنَ﴾
العُضْوُ: جسم کا ایک حصہ۔ جیسے ہاتھ، پاؤں، کان (۲) کسی جماعت وغیرہ کا ممبر۔
هي عُضْوٌ و عُضْوَةٌ (مؤ) (ج) اَعْضَاءٌ۔
العُضْوِیَّةُ: کسی جماعت کی ممبری (مج)

ع........ط

عَطِبَ ـُ عَطْبًا و عُطُوبًا: نرم ہونا۔
عَطِبَ ـَ عَطَبًا: ہلاک ہونا (۲) خراب ہونا۔
-البعیرُ و الفرسُ: تھکنا۔
-علی فلان: کسی سے سخت ناراض ہونا۔
اَعْطَبَهُ: ہلاک کرنا۔
عَطَّبَ الکرمُ: انگور کی بیل پر گرہیں ظاہر ہونا۔
- الشَّرابَ: شراب میں خوشبو پیدا کرنے کی تدبیر کرنا۔
اِعْتَطَبَ فلانٌ: ہلاک ہونا۔
-النارَ: آگ کو چیتھڑے میں لینا۔
العُطْبُ: روئی۔ الواحدة: عُطْبَةٌ
العُطْبَةُ: چیتھڑا جس سے آگ اٹھائی جائے۔
المَعْطَبُ: بگاڑ اور ہلاک کی جگہ (ج) مَعَاطِبُ۔
العُطْبُلُ: جوان گٹھے جسم کی خوبصورت عورت۔
(۲) لمبی گردن والی ہرنی (ج) عَطَابِلُ۔
العُطْبُولُ: العُطْبُل (۲) دراز گردن طویل القامت شخص (ج) عَطَابِیْلُ۔
عَطِرَ ـَ عَطَرًا: خوشبودار ہونا۔
عَطَّرَهُ: خوشبو لگانا۔
تَعَطَّرَ: خوشبودار ہونا۔
اِسْتَعْطَرَ: خوشبودار ہونا۔
اَلْعَاطِرُ: خوشبو پسند (ج) عُطُرٌ۔
العِطَارَةُ: عطر سازی، عطر فروشی۔
العِطْرُ: وہ چیز جو اپنی خوشبو کی وجہ سے اشیاء کو معطر کر دے۔
(ج) عُطُورٌ و اَعْطَارٌ۔
(۲) وہ خوشبو والی بوٹیاں جن سے خوشبو نکالی جائے۔
العَطِرُ: خوشبودار اگرچہ خوشبو نہ لگائی ہو۔
العَطَّارُ: خوشبو بیچنے والا۔ خوشبودار مسالے بیچنے والے کو بھی کہتے ہیں۔
المِعْطَارُ مِنَ الرِّجال و النساءِ: اکثر خوشبو لگانے والا مرد یا عورت (ج) مَعَاطِیرُ۔
المِعْطِیرُ: المِعطارُ۔
عَطْرَدَهُ: سامان فراہم کرنا۔
عُطَارِدُ: نو سیاروں میں سے ایک جو کہ سورج کے سب سے زیادہ قریب ہے۔ کہانیوں میں "ابن المشتری" بڑا خدا، فصاحت اور تجارت کا رب (تنوین اور بغیر تنوین کے دونوں طرح آتا ہے)
العُطْرُودَةُ: سامان ضرورت، یا کسی خاص مقصد کے لئے تیار کیا گیا سامان۔
عَطَسَ الرَّجُلُ ـِ عَطْسًا و عُطَاسًا: چھینک آنا۔
چھینک کی آواز آنا (۲) ہلاک ہونا۔
-الصبحُ: صبح کا نمودار ہونا۔
عَطَّسَهُ: چھینک دلانا۔
العَاطِسُ مِنَ الظِّبَاءِ: سامنے سے آنے والا ہرن (۲) صبح۔
اَلعَاطُوسُ: ناس، ہلاس۔
العَطْسَةُ: یقال: فلانٌ عَطْسَةُ فلانٍ: فلاں تو ہو بہو فلاں ہے (پیدائش میں بھی اور اخلاق میں بھی) العَطُوسُ من الرجال: جسے لڑائی

Marfat.com

جھگڑے کے وقت آگے رکھا جاتا ہو۔
المَعْطِسُ: ناک (ج) مَعَاطِیسُ۔
المُعَطَّسُ: مقہور و مغلوب۔
عَطِشَ - عَطَشًا: پیاس لگنا۔
-الیه: مشتاق ہونا هو عَاطِشٌ و عَطِشٌ و عَطْشَانُ و عُطْشَانٌ هی عَاطِشَةٌ عَطِشَةٌ و عَطْشَی و عَطْشَانَةٌ
اَعْطَشَ الرَّجُلُ: مویشیوں کا پیاسا ہونا۔
-فلانًا: پیاسا کرنا۔
عَطَّشَه: اَعْطَشَه۔
تَعَطَّشَ: پیاسا بننا۔
العُطَاش: انسانوں اور جانوروں کو لگنے والی پیاس کی بیماری جس میں وہ پانی پیتے ہیں لیکن سیراب نہیں ہوتے۔
المَعْطَشَةُ: بے آب زمین (ج) مَعَاطِشُ۔
عَطَّ الثَّوْبَ ـُ عَطًّا: کپڑے کو لمبائی یا چوڑائی میں پھاڑنا۔
-فلانًا الی الأرض: زمین پر پٹخنا اور غالب آجانا۔
عَطَّ الثوبَ: عَطَّه۔
اعْتَطَّ الشیئَ: پھاڑنا۔
اِنْعَطَّ الثَّوْبُ: پھٹنا۔
-العودُ: بغیر توڑے مڑ جانا۔
تَعَطَّطَ الثوبُ: انْعَطَّ۔
عَطْعَطَ القومُ: ایک دوسرے پر غالب ہوتے وقت 'عِیطِ عِیطِ' کہنا۔
-الکلامَ: بات کو خلط ملط کرنا۔
-الذِّئْبُ: بھیڑیے کو 'عاطِ عاطِ' کہنا۔
العَطْعَطَةُ: لڑائی کے وقت آوازوں کا باہمی اختلاط، شوروغل۔
عَطَفَ - عَطْفًا و عُطُوفًا: مائل ہونا، جھکنا۔
یقال: عَطَفَتِ الظَّبْیَةُ: ہرنی کا گردن جھکا کر موڑنا۔
-الی ناحیه کذا: کسی پہلو کی طرف پھر جانا۔
یقال عَطَفَ فلانٌ عن کذا: پھرنا، اعراض کرنا۔
-الناقةُ علی ولدِهَا: اونٹنی کا اپنی بچہ پر مہربان اور دودھ بڑھ جانا۔
-علیه: کسی پر مہربان اور مشفق ہونا۔
(۲) حملہ کرنا، لوٹ کر حملہ کرنا۔
-الشیئَ عَطْفًا: جھکانا، موڑنا۔
-اَللَّفظَ علی سابقه: کسی حرف کے ذریعے لفظ کو پہلے کے تابع کرنا۔
-اللهُ قلبَ السُّلْطَانِ و بقلبه علی رعیّته: اللہ کا بادشاہ کو رعایا پر مہربان کرنا۔
عَطَّفَ الشیئَ: جھکانا، موڑنا۔
-فلانًا العِطَافَ او المِعْطَفَ و به: کوٹ پہنانا۔
-الناقةَ علی ولدِها: اونٹنی کو اس کے بچہ پر مہربان بنانا۔
اعْتَطَفَ العِطَافَ و به: کوٹ پہننا۔
-السَّیْفَ و القوسَ: تلوار یا کمان اٹھانا۔
اِنْعَطَفَ: جھکنا، مڑنا۔
تَعَاطَفَ القومُ: باہم محبت والفت کرنا۔
-فلانٌ فی مشیته: اترا کر چلنا۔
تَعَطَّفَ: عَطَفَ۔
-علیه: کسی پر احسان کرنا۔
(۲) مہربان ہونا۔
-العِطَافَ و به: کوٹ پہننا۔
اِسْتَعْطَفَه: رحم کی درخواست کرنا۔
اَلْعَاطِفَةُ: قرابت (۲) قرابت کے ذرائع۔
(۳) ولاء کے طور پر تعلق (۴) شفقت۔
(۵) (نفسیات میں) ایک ذہنی اور نفسیاتی صلاحیت جس میں انسان پر خاص قسم کی کیفیات طاری ہوں اور وہ کسی خیال یا شے کے بارے میں مخصوص طرز عمل اختیار کرے (ج)
اَلْعَاطُوْفُ: شکار کا پھندا جس میں خمیدہ سر والی ایک لکڑی لگی ہوتی ہے۔
العِطَافُ: چادر (۲) اون وغیرہ کی بنی ہوئی موٹی چادر جسے سردی سے بچنے کے لئے کپڑوں کے اوپر پہنتے ہیں (کوٹ) (مو) (ج) عُطُفٌ و اَعْطِفَةٌ۔
العَطَّافُ: خوش اخلاق لوگوں پر مہربان۔
(۲) پست حوصلہ لوگوں کی حوصلہ افزائی کرنے والا۔
العَطْفُ: فصیله علیقیة کی ایک بیل جس کے نہ تو پتے ہوتے ہیں اور نہ ہی سیدھی شاخیں۔ ریشم اور سن کے درخت پر لپٹتی ہے اور چھوٹی ہی رہتی ہے۔
العَطْفُ (نحاۃ کے ہاں) عطف بیان: یہ وہ تابع ہے جو اپنے متبوع کی وضاحت اور غیر مستقل ہونے میں صفت کے مشابہ ہوتا ہے۔
عَطْفُ نَسَقٍ: یہ وہ تابع ہے کہ اس کے اور اس کے متبوع کے درمیان کوئی حرف عطف ہو۔
العِطْفُ: عِطْفُ کل شیئٍ: ہر چیز کی طرف اور انسان میں سر سے لے کر کولہے تک کا حصہ۔
(۲) راستہ کا وسطی بالائی حصہ۔
(ج) اَعْطَافٌ و عِطَافٌ و عُطُوْفٌ۔
یقال: ثَنٰی عِطْفَه: اعراض کرنا۔
مَرَّ یَنْظُرُ فِی عِطْفِه: وہ خود پسندی کا اظہار کرتے ہوئے گزرا۔
اَلْعَطُوْفُ من الرِّجَالِ: پس ماندہ لوگوں کا حامی۔
-من النساءِ: اپنے شوہر سے محبت کرنے والی عورت۔
(۲) اپنے بچہ یا بھس بھرے بچہ پر مہربان اونٹنی
العَطِیفُ من النساءِ: نرم مزاج اور مطیع عورت۔
المِعْطَفُ: کوٹ (ج) مَعَاطِفُ۔
اَلْمُنْعَطَفُ مُنْعَطَفُ الطَّرِیْقِ: راستہ کا موڑ۔
عَطِلَ - عَطَلًا و عُطْلًا و عُطُوْلًا: خالی ہونا۔
یقال: عَطِلَتِ المرأةُ: عورت بے زیور ہو گئی۔
هِیَ عَاطِلٌ (ج) عَوَاطِلُ و عُطَّلٌ
عَطِلَ الرَّجُلُ: کام کی طاقت کے باوجود بے کار رہنا۔
عَطِلَتِ الابلُ و نحوها: بغیر چرواہے کے ہونا اور چرنا۔
قرآنِ حکیم میں ہے: ﴿و اِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ﴾

Marfat.com

-البِئْرَ: کنویں پر جانا چھوڑنا (پانی کے لئے جانا)
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَ قَصْرٍ مَّشِيْدٍ﴾
-المرأةَ: عورت کا اپنے زیورات اتارنا۔
-الشئَ: چھوڑنا۔
یقال: عَطَّلَ الدارَ گھر کو بے کار کرڈالنا۔
(۲) ضائع کرنا۔
یقال: عَطَّلَ الشَّرِیْعَةَ: شریعت پر عمل نہ کرنا اور کوتاہی کرنا۔
عَطَّلَ الثُّغُوْرَ: سرحدوں کی حفاظت چھوڑنا اور سرحدوں پر فوج کھڑی نہ کرنا۔
تَعَطَّلَ: بے کار ہونا۔
-للمرأةِ: زیورات کا مفقود ہونا۔
اَلْعَطَلُ: گردن (ج) اَعْطَالٌ (۲) قدو قامت۔
یقال: ما اَحْسَنَ عَطَلَه۔
العُطُلُ: بے زیور عورت (۲) ادب اور مال سے خالی۔
(ج) اَعْطَالٌ۔
العُطْلَةُ: کاریگر کا بے کار رہنا۔
یقال: فلانٌ یشکُوا العُطْلَةَ۔
(۲) ایک یا ایک سے زائد دن جس میں مدارس میں چھٹی ہو (محدثہ)
العَیْطَلُ: لمبی گردن والا۔
یقال امرأةٌ عَیْطَلَةٌ: دراز گردن والی موٹی اور خوبصورت عورت۔
المِعْطَالُ من النِّسَاءِ: عورت کا کامل الخلقت ہونے کی وجہ سے عادۃً بے زیور رہنا۔
عَطَنَتِ الابلُ ـِ عُطُوْنًا: پانی پینے کے بعد پانی کے پاس بیٹھنا۔
-الجلدَ عَطْنًا: کھال کو گوبر یا نمک میں ڈالنا۔
هُوَ مَعْطُوْنٌ عطینٌ۔
یقال: عَطَنَ الثِّیلَ و نحوه: سن وغیرہ کو نرم کرنے کے لئے پانی میں ڈالنا۔ اس سے ریشوں کا باریک ہونا (مو)

عَطِنَ الجلدُ ـَ عَطَنًا: نمک یا گوبر میں ڈالنے کے بعد سڑنا۔ هو عَطِنٌ هي عَطِنَةٌ
اَعْطَنَ الابلَ: اونٹوں کو پانی پلا کر پانی کے پاس بٹھانا۔
عَطَّنَ: اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ بنانا۔
-الابلُ: عَطَنَتْ۔
الجلدَ: عَطَنَهُ۔
-الابلَ: اَعْطَنَهَا۔
اِنْعَطَنَ الجلدُ: عَطِنَ۔
تَعَطَّنَتِ الابلُ: عَطَنَتْ۔
اَلْعِطَانُ: گوبر یا نمک جسے کھال وغیرہ میں سڑنے سے بچانے کے لئے رکھا جائے۔
اَلْعَطَنُ: پانی کے قریب اونٹوں اور بکریوں کے بیٹھنے کی جگہ (ج) اَعْطَانٌ۔
یقال: ضَرَبَتِ الابلُ بِعَطَنٍ: اونٹ کا پانی پی کر بیٹھ جانا۔
ضَرَبَ فلانٌ بِعَطَنٍ: اونٹوں کو سیراب کر کے پانی کے پاس ٹھہر جانا۔
فلانٌ واسعُ العَطَنِ: فلاں صبر و تدبیر سے مصائب کا سامنا کر لیتا ہے، سخی ہے، دولت مند ہے۔
اس کی ضد: ضیقُ العَطَنِ۔
المَعْطِنُ: العَطَنُ (۲) سن وغیرہ کے پانی میں بھگونے کی جگہ (ج) مَعَاطِنُ۔
عَطَا الشئَ و الیه ـُ عَطْوًا: لینا۔
یقال: عَطَا عِرْضَ اَخِیه: آبروریزی کرنا۔
حدیث میں ہے: (اَرْبَی الرِّبَا عَطْوُ الرَّجُلِ عِرْضَ اَخِیهِ بِغَیْرِ حَقٍّ)۔
-الیه یَدَه: کسی کی طرف ہاتھ اٹھانا۔
-فلانًا: کسی شے کے حصول میں دوسرے پر غالب آنا۔
اَعْطَی البعیرُ: تابعدار ہونا، سرکش نہ ہونا۔
یقال: اَعْطَی فلانٌ بِیَدِهٖ: کسی کا فرماں بردار ہونا۔
-فلانًا الشئَ: دینا۔
عَاطَاهُ الشئَ مُعَاطَاةً و عِطَاءً: دینا۔
عَطَّاهُ: کسی سے جلدی کرانا۔

تَعَاطَی الرَّجُلُ: کسی چیز کو پکڑنے کے لئے پاؤں کی انگلیوں پر کھڑے ہو کر ہاتھ بڑھانا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿فَتَعَاطَی فَعَقَرَ﴾
-القومُ: لینے میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانا۔
و الشئَ: لینا۔
-الامرَ: کسی کام میں منہمک ہونا۔
تَعَطَّی: عطیہ طلب کرنا۔
(۲) جلدی کرنا۔
-الامرَ: کسی کام میں مشغول ہونا۔
اِسْتَعْطَی: عطیہ طلب کرنا۔
العَطَاءُ: بخشش (ج) اَعْطِیَةٌ (ج) اَعْطِیَاتٌ۔
اَعْطِیَاتُ المُلُوْكِ: شاہی عطیات۔
اَعْطِیَاتُ الجُندِ: سپاہیوں کا روزینہ۔
العَطِیَّةُ: بخشش (ج) عَطَایَا۔
المِعْطَاءُ: بہت زیادہ بخشش کرنے والا (اس میں مذکر و مؤنث برابر ہیں) (ج) مَعَاطِیُّ و مَعَاطِی۔
المُعْطَیَاتُ: (فلسفہ اور منطق میں) وہ مسلّم قضایا جن کے ذریعے مجہول قضایا کا علم ہو۔

ع ...... ظ

عَظَرَ السِّقَاءَ و نحوه ـِ عَظْرًا: مشکیزہ کو بھرنا۔
-الشئَ: ناپسند کرنا۔
اَعْظَرَهُ الشَّرابُ: شراب کا معدہ کو اتنا بھر دینا کہ سانس نہ آئے۔
العِظَارُ: شراب سے پرشکمی۔
العِظَارَةُ: العِظَارُ۔
العُظَارِیُّ: زنڈیاں۔
العَظُوْرُ: شراب سے پرشکم (ج) عُظُرٌ
عَظَّهُ بالارضِ ـُ عَظًّا: زمین سے چمٹا دینا۔
-الحربُ و الزمانُ فلانًا: جنگ یا زمانے کا کسی کو مبتلائے مصیبت کرنا۔
عَاظَّ القومُ مُعَاظَّةً و عِظَاظًا: جنگ میں ایک دوسرے کے ساتھ شدت اختیار کرنا۔
-فلانًا: کسی کے ساتھ لڑنا اور لڑائی میں خودسر ہونا۔

Marfat.com

عَظَلَتِ السِّبَاعُ والکلابُ و الجرادُ و نحوھا ـُ عَظْلاً: درندوں اور ٹڈیوں وغیرہ کا ایک دوسرے پر جفتی کے لئے چڑھنا۔
عَاظَلَتِ السِّبَاعُ والکلابُ و نحوھَا مُعَاظَلَةً و عِظَالاً: عَظَلَتْ۔
-بالکلام: مشکل اور پیچیدہ بنانا۔
-الشَاعِرُفی شعرِہ: نظم کے بعض اشعار کو وضاحت مفہوم کے لئے دوسرے کا محتاج بنانا۔
عَظَّلَ القومُ: اکٹھا ہونا۔
-السّباع و نحوھا: عَظَلَتْ۔
اِعْتَظَلَتِ السّباعُ و نحوُھا: عَظَلَتْ
-القومُ علی الماء: اکٹھا ہونا' ازدحام کرنا۔
تَعَاظَلَتِ السباع و نحوھا: عَظَلَتْ۔
تَعَظَّلَ القومُ: اکٹھا ہونا۔
-فلانٌ: کھوئی ہوئی چیز کی تلاش کرنا' جستجو کرنا۔
تَعَظْلَمَ اللیلُ: تاریک ہونا' تاریکی کا بڑھنا۔
الغَابِرُ: باقی۔ قرآنِ حکیم میں ہے: ﴿اِلَّا امْرَاَتَہ کَانَتْ مِنَ الْغَابِرِیْنَ﴾ یعنی گھر میں باقی رہنے والوں میں سے ہے اور وہ ہلاک ہوگئے۔
غَابِرُ بنی فلان: قبیلہ کا بقیہ آدمی۔
(۲) زمانہ گزشتہ۔
یقال: کان ذلك فی الزمن الغابر
الغُبَارُ: باریک راکھ یا مٹی۔
(۲) ایک لطیف خط جس میں نامہ بر کبوتر کے ذریعے بھیجا جانے والا خط لکھا جاتا ہے (مو)
یقال: طلب فلانًا فما شقَّ غبارَہ: وہ اس کی تلاش میں رہا لیکن اسے نہ پا سکا۔
الغُبَارُ الذَّرِّیُّ: ایٹمی انفجار کے نتیجہ میں نکلنے والی شعاعوں سے پیدا ہونے والا غبار جسے ہوا دور دور تک اڑا لے جاتی ہے۔ جہاں وہ زمین پر موجود مخلوقات کے لئے نقصان دہ ہوتا ہے (مج)۔
الغُبَارِیَّۃُ: گرد سے پیدا ہونے والی پھیپھڑوں کی سوزش (مج)
الغُبَّرُ غُبَّرُ کل شیءٍ: بقیہ اور آخر۔
غُبَّرُ اللیل: رات کا بقیہ اور آخری حصہ۔
غُبَّرُ المرض: مرض کا باقی ماندہ باقی اثرات
اس کا اکثر استعمال تھن میں باقی رہ جانے والے دودھ اور حیض کے خون پر ہوتا ہے۔
یقال: ناقۃ بھا غُبَّرٌ: اس اونٹنی کے تھن میں بچا ماندہ دودھ ہے (ج) غُبَّرَات۔
الغُبْرُ الغُبَّرُ (ج) اَغْبَار۔
الغَبَرُ: گرد (۲) بقاء۔
(۳) اونٹ کے تلوے کی بیماری۔
الغَبْرَاءُ: زمین۔ حدیث میں ہے (مَا اَقَلَّتِ الغَبْرَاءُ وَلَا اَظَلَّتِ الخَضْرَاءُ اَصْدَقَ لَھْجَۃً من ابی ذرٍّ)
- من السنین: قحط کا سال۔
بنو غَبْرَاءَ: بنو الغَبْرَاءِ: فقیر محتاج لوگ۔
الغُبْرَانُ: ایک غلاف میں دو پختہ یا پکی کھجوریں (ج) غَبَارِیْنُ۔
الغُبْرَۃُ: گرد کی پرت۔
الغَبَرَۃُ: گرد۔ قرآنِ حکیم میں ہے: ﴿وُوُجُوْہٌ یَّوْمَئِذٍ عَلَیْھَا غَبَرَۃٌ تَرْھَقُھَا قَتَرَۃٌ﴾
الغُبَیْرَاءُ: مکی کی بنی ہوئی نشہ آور شراب۔
الغُبَیْرَاءُ: فصیلہ وردیہ کا درخت ہے کچھ اقسام تو بہت گھنی ہیں جبکہ کچھ تزئین اور حصول پھل کے لئے اگائی جاتی ہیں۔
غَبَسَ اللیلُ ۔ غَبْسًا: رات کا تاریک ہونا۔
غَبِسَ اللَّیْلُ ۔ غَبَسًا و غُبْسَۃً: غَبِسَ ہو اَغْبَسُ ھی غَبْسَاءُ (ج) غُبْسٌ۔
اَغْبَسَ اللیلُ: غَبِسَ۔
الغَبَسُ: تاریکی (۲) راکھ جیسا رنگ۔
الغُبْسَۃُ: الغَبَسُ۔
غَبَشَ فلانًا ۔ غَبْشًا: دھوکہ دینا۔
یقال: غَبَشَہ عن حاجتہ: کسی کے کام میں دھوکہ کرنا۔ ہو غابشٌ۔
غَبِشَ اللیلُ ۔ غَبَشًا و غُبْشَۃً: رات کی بقیہ تاریکی میں صبح کی سفیدی کا مل جانا۔
- الدَّابَّۃُ: سفیدی مائل بھورے رنگ کا جانور ہونا۔ ہو اَغْبَشُ، و غَبِشٌ۔
ھی غَبْشَاءُ غَبِشَۃٌ۔
اَغْبَشَ اللیلُ: غَبِشَ۔
الغَبَشُ: رات کا بقیہ اور تاریکی کا آخری حصہ۔
الغُبْشَۃُ: اخیر رات کی تاریکی (۲) چوپاؤں کے رنگ میں گہری سیاہی۔
غَبِصَتِ العَیْنُ ۔ غَبَصًا: زیادہ رونے کی وجہ سے آنکھوں کا سفید میل والی ہونا۔ ھی غَبْصَاءُ (ج) غُبْصٌ۔
یقال: غَبِصَ الانسانُ ہو اَغْبَصُ (ج) غُبْصٌ۔
الغَبَصُ: آنکھوں کے کناروں میں اکٹھی ہو جانے والی سفید میل۔
غَبَطَ الحیوانَ ۔ غَبْطًا: جانور کے موٹاپن اور دبلے پن کی پہچان کے لئے ہاتھ سے ٹٹولنا۔
- فلانًا: کسی کے مال کے مثل مال کی تمنا کرنا اس سے زائل ہونے کے ارادہ کے بغیر۔
حدیث میں ہے (اَللّٰھُمَّ مَقَامًا یَغْبِطُنِی فِیْہِ

Marfat.com

الأوّلونَ والآخِرونَ - هو غابِطٌ (ج) غُبَّطٌ۔
غَبَطَ فلاناً ـِ غَبطًا: غَبَطه يَغبِطه۔
غُبِطَ غَبطَةً: خوش حال ہونا۔
هو مَغبُوطٌ۔
أغبَطَ فلان الغَبِيطَ على الدابة: جانور پر پالکی کو مسلسل رکھنا اور اس سے نیچے نہ اتارنا۔
-عليه الحمّی: کسی کو بخار رہنا۔
إغتَبَطَ: نعمت پر خوش ہونا۔
الغَبطُ: کٹی ہوئی کھیتی کا گٹھڑ۔
(ج) غُبُوطٌ۔
الغِبطَةُ: آدمی کسی دوسری کو ملی ہوئی نعمت کے حصول کی تمنا کرے اس بات کی تمنا کیے بغیر کہ نعمت اس سے زائل ہو۔
(۲) خوش حالی۔
الغَبِيطُ: وہ پالکی جو عورت کے بیٹھنے کے لئے اونٹ کی کمر پر رکھی جاتی ہے جیسے کجاوہ مرد کے لئے۔
(۲) وسیع زمین جس کے کنارے بلند ہوں۔
(۳) پانی کا نالہ جو سخت اور بلند زمین کو پھاڑتا ہوا آرہا ہو۔
(۴) خرج کی طرح کا ایک برتن جس کے دو سرے ہوتے ہیں اور اس میں مٹی اور کھاد ڈال کر کھیت تک لے جایا جاتا ہے یا واپس لایا جاتا ہے (مو)
غَبغَبَ فلانٌ: خرید و فروخت میں خیانت کرنا۔
الغَبغَبُ: انسان کے گلے کے نیچے لٹکا ہوا گوشت۔ بعض اس کی تخصیص مرغ، بکری اور گائے کے ساتھ کرتے ہیں (ج) غَباغِبُ۔
غَبَقَه ـُ غَبقًا: شام کی شراب پلانا۔
-الماشيةَ: مویشی کو رات کے وقت پلانا یا دوہنا۔
غَبَّقَه: غَبَقَه۔
إغتَبَقَ: شام کی شراب پینا۔
-الماشيةَ: غَبَقَها۔
تَغَبَّقَ الماشيةَ: إغتَبَقَها۔

الغَبقانُ: شام کی شراب پینے والا۔
هي غَبقَى (ج) غَباقَى۔
الغَبُوقُ: شام کے وقت پی جانے والی شراب
(۲) شام کے وقت دوہا جانے والا دودھ (ج) غَبائقُ۔
یقال: هذه الناقة غَبُوقي: اس اونٹنی کا دودھ شام کے وقت دوہا جاتا ہے۔
المُغتَبَقُ: الاِغتباق (۲) رات کی شراب پینے کی جگہ۔
غَبَنَه في البيع ـِ غَبنًا: بیع میں کمی بیشی کرنا۔
-الثوبَ: دوہری سلائی کرنا۔
(۲) لمبائی کم کرنے کے لئے موڑ کر سینا۔
-الشيءَ: بغل یا کپڑے کی چنٹ میں چھپانا۔
-الرجلَ: کھڑے ہوئے آدمی کے پاس سے اس طرح گزر جانا کہ نہ وہ دیکھے اور نہ اسے پتہ لگے۔
غَبِنَ رأيَهُ ـَ غَبَنًا: کمزور و ناقص رائے ہونا۔
یقال: غَبِنَ الرجلُ رأيَهُ۔
-الشيءَ غَبَنًا: بھولنا۔
إغتَبَنَ الشيءَ: بغل یا کپڑے کی چنٹ میں چھپانا۔
تَغابَنَ القومُ: باہم دھوکہ دہی کرنا۔
-له: اس طرح بیٹھ جانا کہ دھوکہ کھا جائے۔
التغابن: یوم التغابن قرآن حکیم میں ہے۔
﴿يَومَ يَجمَعُكُم لِيَومِ الجَمعِ ذٰلِكَ يَومُ التَّغابُنِ﴾ اس سے مراد یوم قیامت ہے۔
الغَبَنُ: وہ جگہ جہاں کوئی چیز چھپائی جائے۔
(۲) کپڑے کے کنارے جو کاٹ کر پھینک دیئے جاتے ہیں۔
الغَبِينَةُ: دھوکہ۔
یقال: لَحِقَتهُ في تجارته غَبِينَةٌ۔
المَغبِنُ: بغل (۲) حوالب رگوں کے قریب رانوں کا اندرونی حصہ (ج) مَغابِنُ۔
غَبِيَ الشيءَ عن فلانٍ و عليه و منه ـَ غَبًا و غَباءً و غَباوَةً: کسی سے کوئی بات مخفی رہنا۔
-فلانٌ الشيءَ و عنه: کسی چیز سے ناواقف ہونا اس کا علم نہ ہونا۔ هو غَبِيٌّ۔
(ج) أغبِیاءُ۔
یقال: لا يَغبَى عَلَيَّ مَا فَعَلتَ: جو کچھ آپ نے کیا وہ مجھ پر مخفی نہیں۔
أدخُل في الناسِ فإنّه أغبَى لكَ: لوگوں میں گھس جا کیونکہ ان میں تو خوب چھپ سکے گا۔
أغبَتِ السماءُ: یکایک زور سے برسنا۔
غَبَّى الشيءَ: چھپانا۔
یقال: غَبَّاه عن الشيءِ: اسے کسی چیز سے چھپا دیا۔
غَبَّى البِئرَ: کنویں کا سرا ڈھانپ کر اس کے اوپر مٹی ڈالنا۔
-الشَّعرَ: بال کاٹنا، کم کرنا۔
تَغابَى فلانٌ: غفلت برتنا، بے وقوف بننا۔
یقال: تغابى الشيءَ و تغابَى عنه۔
الأغبَى: یقال: غُصنٌ أغبَى: گھنی شاخ (ج) غُبْيٌ۔
الغَباءُ: زمین سے پوشیدگی۔
(۲) گرد (۳) کسی چیز کو چھپانے کے لئے اس کے اوپر رکھی گئی مٹی۔
الغَبوَةُ: غفلت۔
الغَبياءُ: شجرةٌ غَبياءُ: گھنا درخت۔
(ج) غُبْيٌ۔
الغَبيَةُ: بارش کا زبردست چھینٹا۔
(۲) پانی کی بڑی بوچھاڑ۔
-من التراب: دھول، گرد۔

غ .... ت

غَتَّ الطعامُ و الكلامُ ـُ غَتًّا: خراب ہونا۔
-الميزابُ في الحوضِ: حوض میں پرنالے کا مسلسل گرنا۔
-الشاربُ الماءَ: منہ سے برتن ہٹائے بغیر مسلسل پانی پینا اور سانس لینا۔
-فلاناً في الماءِ: غوطہ دینا۔
یقال: غَتَّ اللهُ القومَ في العذابِ: عذاب میں مبتلا کرنا۔
فلانٌ الضحكَ: منہ پر کپڑا یا ہاتھ رکھ کر ہنسی کو چھپانا۔

Marfat.com

-فلاناً: مشقت میں ڈالنا۔ حدیث مبعث میں ہے: فاخذنی جبریل فغتنی حتی بلغ منی الجهدُ یعنی حضرت جبریل نے مجھے پکڑ کر زور سے دبایا۔

-بالکلام: کسی بات سے تکلیف پہنچانا۔

-الدابة بالسوط: چوپائے کو کوڑا مارنا۔

غُتَّ فلانٌ: دیوانہ ہونا (۲) مغموم ہونا۔ هو مَغْتُوتٌ۔

غَتَّتَ الطعامَ: خراب کرنا۔

اِغْتَتَّ الطعَامَ: غَتَّه۔

غَتَمَ الحَرُّ ـُ غَتْمًا: گرمی کا سخت ہونا اور دم گھوٹنا۔

غَتِمَ ـَ غَتَمًا و غُتْمَةً: صاف نہ بول سکنا۔ صاف عربی نہ بول سکنا۔ هو اَغْتَمُ۔ (ج) غُتْمٌ و اَغْتام هی غَتْماءُ (ج) غُتْمٌ۔

اَغْتَمَ فلانٌ الزیارةَ: کثرت ملاقات سے اکتا جانا۔

اِغْتَتَمَ الرجلُ: بدہضمی میں مبتلا ہونا۔

المَغْتُوم: گرمی سے جھلس جانے والا۔

غ ...... ث

غَثَّ الجُرْحُ ـِ غَثًّا: زخم میں پیپ اور دیگر مواد بن جانا۔

-اللحمُ و الشیُٔ غَثَاثَةً غُثُوثَةً: خراب ہونا۔

-الشَّاةُ: بکری کا دبلا اور کمزور ہونا۔ هی غَثَّةٌ۔

-حدیثُ القوم: لوگوں کی بات چیت کا گھٹیا اور خراب ہونا۔

یقال غَثَّ الرجلُ فی المنطق - هو غَثٌّ۔

-الرجلُ اللَّحْمَ: خراب گوشت خریدنا۔

غَثَّثَ آہستہ آہستہ موٹا ہونا۔

یقال غثَّ بعیری ثم غَثَّثَ یعنی میرا اونٹ کمزور و دبلا ہوا پھر تھوڑے سے موٹاپے کے ذریعے اس کا دبلاپن دور ہوا۔

اِسْتَغَثَّ الجُرْحَ: زخم میں سے پیپ وغیرہ نکال کر اس کا علاج کرنا۔

الغَثُّ: دبلا، کمزور، سمین (موٹا) کی ضد۔

یقال هو لایعرف الغث من السمین: اسے دبلے موٹے کی پہچان نہیں۔

(۲) ہر گھٹیا اور خراب چیز۔

الغُثَّةُ: چراگاہ کی تھوڑی چیز (۲) تھوڑا سا سامان گزر بسر (۳) نحیف بکری۔

الغَثِیثُ: بے فائدہ (۲) زخم میں موجود پیپ اور مردہ گوشت وغیرہ۔

الغَثِیثَةُ الغَثِیثُ (۲) خرابی عقل۔

یقال: لبسته علی غَثِیثَةٍ فیه: اس کی عقل کی خرابی کے باوجود میں اس کے ساتھ رہا۔

غَثَرَ المکانُ بالنبات ـُ غَثْرًا: کسی جگہ میں گھاس کا کثیر ہونا۔

غَثِرَ الطائر والثوب ـَ غُثْرَةً: پرندے یا کپڑے میں میالا رنگ ہونا۔

- الرجلُ: بے وقوف ہونا۔ هو اَغْثَرُ هی غَثْرَاءُ (ج) غُثْرٌ۔

اَغْثَرَ الشجرُ: درخت سے گوند نما چیز کا بہنا۔

اِغْثَارَّ الثوبُ: بہت روئیں دار ہونا۔

تَمَغْثَرَ: گوند درخت سے نکالنا۔

الاَغْثَرُ: روئیں دار کپڑا۔

(۲) کائی (ج) غُثْرٌ۔

الغَثَرُ: کپڑے کا رواں۔

الغَثْرَاءُ: بازاری قسم کے عام لوگوں کی جماعت۔

الغَثْرَةُ: خوش حالی و شادابی۔

یقال: هم فی غَثْرَةٍ من العیش۔

الغَثَرَةُ بازاری قسم کے عام لوگوں کی جماعت۔

(۲) کثرت۔

یقال علیه غَثَرَةٌ من مال یعنی مال کا وافر حصہ ہے۔

الغَیْثَرَةُ الغَثَرَةُ (۲) لڑائی میں لوگوں کا اختلاط۔

یقال ترکت القوم فی غَیْثَرَةٍ۔

المِغْثَارُ: گوند نما چیز جو بعض درختوں سے نکلتی ہے۔ شہد کی طرح میٹھی لیکن بدبودار ہوتی ہے۔ (ج) مَغَاثِیرُ۔

المِغْثَرُ المِغْثَار (ج) مَغَاثِرُ۔

المُغْثُورُ المِغْثَار (ج) مَغَاثِیرُ۔

غَثْغَثَ القومُ: بغیر اسلحہ کے معمولی لڑائی لڑنا۔

-فلانٌ بالمکان: قیام کرنا۔

-الشیُٔ: رگڑنا۔

غَثَمَ لَه من المال ـُ غَثْمًا: مال کا عمدہ حصہ دینا۔

-الشیَٔ: ملانا، حصہ دینا۔

غَثِمَ الرجلُ ـَ غَثَمًا و غُثْمَةً: بالوں کی سیاہی کا سفیدی پر غالب ہونا۔ هو اَغْثَمُ هی غَثْمَاءُ (ج) غُثْمٌ۔

الغُثْمَةُ: قسط

یقال: غَثَمَ له من المال غَثْمَةً: اسے مال کی ایک قسط دی۔

غَثْمَرَ مالَه: خراب کرنا۔

-الشیَٔ: ملانا۔

المُغَثْمِرُ: حقوق ضائع کرنے والا، پامال کرنے والا۔

المُغَثْمَرُ: کھردرا اور خراب بنا ہوا کپڑا۔

(۲) بے چھنا اور غیر صاف شدہ غلہ۔

غَثَا الوادی ـُ غَثْوًا و غُثُوًّا: وادی میں کوڑے کرکٹ کا زیادہ ہونا۔

- السیلُ: کوڑے سے بھرا ہوا ہونا۔ هو غاثٍ۔

-نفسُه ـِ غَثْیًا و غَثَیَانًا: جی متلانا، تے آنے کو ہونا۔

-السماءُ بالسَّحاب: آسمان ابر آلود ہونا۔

-الکلامَ: گڈمڈ کر دینا۔

غَثِیَتِ النفسُ ـَ غَثًی و غَثَیَانًا غَثَتْ۔

-الارضُ بالنبات: زمین کا زیادہ گھاس والی ہونا۔

-الکلامَ غَثْیًا: گڈمڈ کرنا۔

الغُثَاءُ: وہ گھاس پھونس اور جھاگ جو سیلاب بہا لائے اور اشیاء کا برادہ وغیرہ جو زمین پر پڑا ہو۔

(۲) ہانڈی کا جھاگ۔

واحدته غُثَاءَةٌ۔

Marfat.com

(ج) اَغْثاءُ غثاءُ الناس: گھٹیا لوگ۔

غ .... ج

الغَجَرُ: ایک اجڈ قوم جو تمام براعظموں میں پھیلی ہوتی ہے۔ ان کی اپنی خاص عادات اور روایات ہیں اور ان کا ذریعہ معاش تجارت ہے۔
والواحِدُ منهم: غجری (د)

غ .... د

غَدَّ البعیرُ ـُـ غَدًّا: اونٹ کا طاعون شتری میں مبتلا ہونا۔
غُدَّ البعیرُ: اونٹ کا طاعون شتری میں مبتلا ہونا۔ ہو مَغْدُوْدٌ۔
اَغَدَّتِ الابِلُ: اونٹ کا طاعون زدہ ہونا۔
-القومُ: لوگوں کے اونٹوں کو طاعون ہونا۔
یقال: اَغَدَّ علیه: غصہ سے پھول جانا۔
ھو، وھی مُغِدٌّ۔
اُغِدَّ البعیرُ: غُدَّ ہو مُغَدٌّ۔
الغُدَدُ: طاعون شتری (ج) غِدادٌ۔
الغُدَّۃُ: الغُدَدُ۔
(۲) جلد (بشر) وغیرہ سے بن جانے والی گرہ (بشرۃ کی طرف نسبت کرتے ہوئے)
الغُدَّۃُ الجرابیة (علم طب میں) قدیم نام جس کا اطلاق ہر قسم کی غدودی یا اخراجی تھیلی پر ہوتا تھا۔
الغُدَّۃُ الغِرائیة (علم اُحیاء میں) مادہ کیڑوں میں پیدا ہونے والا لیس دار مادہ جو انڈوں کو باہم جوڑتا ہے (مج)
(ج) غُدَدٌ و غَدائدُ۔
الغُدَدَۃُ: جسم میں پیدا ہونے والی ہر وہ گرہ جس کے گرد چربی ہو۔
غَدَرَ الرجلُ ـِـ غَدْرًا: تالاب سے پانی پینا۔
-فلانًا و به غَدْرًا و غَدَرانًا: بدعہدی کرنا، بے وفائی کرنا۔ ہو غادِرٌ (ج) غَدَرۃٌ ہو غَدّار و غدور۔
بطور ندا کہا جاتا ہے: یا غُدَرُ واحد کے لئے اور یا آلُ غُدَرَ جمع کے لئے۔
ھی غادِرَۃٌ (ج) غَوادِرُ۔
ھی غَدُورٌ و غَدّارۃٌ۔
-المرأۃُ ولَدَھا: بچہ کو خراب غذا دینا۔
غَدِرَ الرجلُ ـَـ غَدَرًا: تالاب سے پانی پینا۔
-المکانُ: وہ جگہ جہاں بہت پتھر اور دراڑیں ہوں۔ جانور اس سے نہ گزر سکیں۔ یا جہاں بہت دلدل ہو۔ ہو اَغْدَرُ ھی غَدْراء (ج) غُدْرٌ۔
-عن اَصْحابه: پیچھے رہ جانا ساتھیوں سے۔
-فلانٌ: بھائیوں کے مرجانے کے بعد تنہا رہ جانا۔ ہو غَدِرٌ۔
اَغْدَرَہٗ: تالاب میں ڈالنا (۲) باقی رکھنا۔
یقال: اعانني فلان فاَغْدَر له ذلك في قلبي مودّۃً: فلاں نے میری مدد کی اس کے اس فعل نے میرے دل میں اس کی محبت باقی رکھی۔
-الشیئَ: کسی چیز کو پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانا۔
یقال: اَغْدَرَ المائة: ہو مُغْدِرٌ۔
غادَرَہ مُغادَرَۃً و غِدارًا: چھوڑنا۔
(۲) باقی رکھنا۔
اِغْتَدَرَ: بالوں کا جوڑا بنانا۔
تَغَدَّرَ: پیچھے رہ جانا۔
(۲) لوگوں سے پتھریلی اور بہت زیادہ دراڑوں والی جگہ ملنا یا بہت دلدل والی جگہ ملنا۔
اِسْتَغْدَرَ المکانُ: کسی جگہ بہت سے تالاب ہونا۔
الغادِرَۃُ: یقال: به غادِرَۃٌ من مرض: اس کی کچھ بیماری باقی ہے۔
غَدارِ مبنی علی الکسرۃ: یہ ندا کے ساتھ خاص ہے۔ (بطور گالی مستعمل ہے)
یقال: یا غَدارِ عورت کو کہا جاتا ہے۔
الغُدارۃُ: شی کا بقیہ۔
الغَدّارۃُ: بندوق اور ریوالور کے درمیان درمیان چھوٹی توڑے دار بندوق (محدثہ)
الغَدَرُ: ہر وہ جگہ جہاں پتھر اور دراڑیں بہت زیادہ ہوں۔ جانوروں کا وہاں سے گزر مشکل ہو۔
(۲) نہر کا پانی خشک ہو جانے کے بعد باقی رہ جانے والی دلدل (ج) اَغْدار۔
یقال: رجل ثَبْتُ الغَدَرِ: لڑائی میں ثابت قدم رہنے والا۔
ما اَثْبَتَ غَدَرَہٗ: اس شخص کو کہا جاتا ہے جس کی زبان لڑائی اور غلطی کی جگہ میں ہو۔
فرسٌ ثَبْتُ الغَدَرِ: پھسلاہٹ والی جگہ میں ثابت قدم رہنے والا گھوڑا۔
الغُدْرَۃُ: شی کا بقیہ۔ (ج) غُدَرٌ۔
الغَدَرَۃُ: شی کا بقیہ۔
الغُدَرَۃُ: لوگوں کے ساتھ بہت زیادہ بے وفائی کرنے والا۔
الغَدَرَۃُ: واحدۃ الغَدَر۔
(۲) شی کا باقی بچ جانے والا حصہ۔
یقال: علی بنی فلان غَدَرۃ من صدقة فلاں قبیلے پر صدقہ کا کچھ حصہ باقی ہے۔
الغَدِیرُ: وہ پانی جو سیلاب کے بعد کسی جگہ ٹھہر جاتا ہو۔
(۲) (عند الجغرافیین) چھوٹی نہر (مج)
(ج) غُدُرٌ و غُدْرٌ و غُدْرانٌ۔
الغَدِیرۃُ: گھاس والا قطعہ زمین (ج) غُدْران۔
(۲) عورت کے بالوں کا جوڑا (ج) غَدائرُ۔
غَدَفَ له في العطاءِ ـُـ غَدْفًا: بخشش کثیر کرنا۔
اَغْدَفَ اللیلُ: تاریکی پھیلنا۔
-البحرُ: سمندر کا تلاطم خیز ہونا۔
-الخاتِنُ: ختنہ کرنے والے کا مختون کی پوری کھال کاٹ دینا۔
-المرأۃُ قِناعَھا: چہرے پر نقاب لٹکانا۔
-الصَّیّادُ الشبکةَ علی الصَّید: شکار پر جال ڈالنا۔
غادَفَ القومُ مُغادَفَۃً و غِدافًا: لوگوں کا فراخی کی زندگی بسر کرنا۔
اِغْتَدَفَ منه: بہت زیادہ چیز لینا۔
-الثوبَ: کاٹنا۔

Marfat.com

اِغْدَوْدَقَ اللیلُ: رات کا آنا اور تاریکی پھیلا دینا۔
الغُدافُ: پہاڑی کوا جس کے بازو بڑے ہوتے ہیں۔
(۲) لمبے گھنے سیاہ بال (ج) غِدْفانٌ۔
الغُدافِیُّ: جس چیز کا رنگ سیاہ ہو۔
(۲) غداف کی طرف منسوب۔
یقال: لَیلَۃٌ غُدافیۃ الإهاب: تاریک رات۔
الغَدَفُ: نعمت وخوش حالی۔
یقال: هم فی غَدَفٍ من العَیْن: وہ خوشحال ہیں۔
الغُدْفَۃُ: نقاب کی مانند چادر جسے دیہاتی عورتیں پہنتی ہیں۔
و العامة یقولون: غُطْفَۃٌ۔
الغِدْفَۃُ: لوبیا وغیرہ کا چھلکا۔
الغَدْفَۃُ: الغِدْفَۃُ۔
غَدَقَتِ الارضُ ـِ غَدَقًا: زمین کا بہت پانی سے تر ہونا۔
غَدِقَتِ الارضُ ـَ غَدَقًا: زمین میں پانی کی کثرت ہونا۔
-المَطَرُ: خوب بارش ہونا۔
-العَیْنُ: چشمہ میں پانی کی بہتات ہونا۔
-الارض: زمین کا زرخیز ہونا۔
-العَیْشُ: زندگی کا فراخ ہونا۔ هو غَدِقٌ۔
یقال عُشْبٌ غَدِقٌ: خوب تر گھاس۔
اَغْدَقَ المَطَرُ: خوب بارش ہونا۔
-العینُ: چشمہ کا بہت ہونا اور بہنا۔
-الارضُ: زرخیز ہونا۔
اِغْدَوْدَقَ: اَغْدَقَ۔
یقال اِغْدَوْدَقَ المَطَرُ و اغْدَوْدَقَتِ العینُ۔
غَیْدَقَ: اِغْدَوْدَقَ۔
-الرجلُ: بہت زیادہ لعاب والا ہونا۔
الغَدَقُ: کثیر پانی۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿لَاَسْقَیْنٰهُمْ مَاءً غَدَقًا﴾
-من العُشْبِ: تر گھاس۔
الغَیْدَاقُ من الغِلمانِ: نرم و نازک لڑکا۔
-من الرجال: فیاض و سخی شخص۔
-من الخیل: لمبا اور تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
-من العیش: کشادہ اور فراخ زندگی۔
الغَیْدَقُ من الغلمان و من العیش: الغَیْدَاقُ۔
غَدِنَ ـَ غَدَنًا: ڈھیلا اور نرم ہونا۔
تَغَدَّنَ الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا اور ٹیڑھا ہونا۔
اِغْدَوْدَنَ الشیئُ: لمبا ہونا، گھنا ہونا۔
یقال: اِغْدَوْدَنَ الشعر و نحوه: بال وغیرہ کا لمبے اور گھنے ہونا۔
-الشجرُ: نرم اور لچکدار ہونا۔
-النبتُ: سرسبز ہونا حتیٰ کہ کثرت سیرابی کی وجہ سے سیاہی مائل ہو جائے۔
هو مُغْدَوْدِنٌ۔
الغُدَانِیُّ: نرم ونازک نوجوان۔
الغَدَنُ: نیند، اونگھ۔
الغُدْنَۃُ: جبڑے کے نیچے کا موٹا گوشت۔
الغَدَوْدَنُ: نازک نوجوان۔
المُغْدَوْدِنُ: الغَدَوْدِنُ۔
(۲) نرم سخت سیاہ بال۔
غَدَا ـُ غُدُوًّا: صبح کو جانا (۲) چلے جانا۔
یقال: اغْدُ عَنِّیْ: میرے پاس سے چلے جاؤ۔
-علیه غَدْوًا و غُدُوًّا و غُدْوَۃً: کسی کے پاس صبح سویرے آنا۔
یقال غَدَا الی کذا: صبح کے وقت کسی جگہ آنا۔
و غَدَا یفعَلُ کذا: صبح کے وقت کوئی کام شروع کرنا۔
-الشیئُ کذا: کسی چیز کا ایسا ہو جانا۔
غَدِیَ ـَ غَدًا، غَدَاءً: ناشتہ کرنا، دوپہر کا کھانا کھانا۔
هو غَدْیانٌ و غَدْیانُ، هی غَدْیَانَۃٌ و غَدْیَا۔
غاداه: کسی کے پاس صبح سویرے آنا۔
یقال غادیته مع صُیاح الدیك
غَدَّاه: ناشتہ کرانا، دوپہر کا کھانا کھلانا۔
اغْتَدَی علیه: غاداه۔
تَغَدّٰی: ناشتہ کرنا، دوپہر کا کھانا کھانا۔
یقال: اُدْنُ فَتَغَدَّ: قریب آؤ اور دوپہر کا کھانا کھاؤ جواباً کہتے ہیں مَابِیْ تَغَدٍّ و لَا تَعَشٍّ: مجھے نہ دوپہر کے کھانے کی خواہش ہے اور نہ ہی شام کے کھانے کی۔ آپ یہ نہیں کہتے مَابِیْ غَدَاءٌ و لا عَشَاءٌ۔
الغَادِیَۃُ: صبح کو نمودار ہو کر برسنے والا بادل۔
(۲) صبح کی بارش (ج) غَوَادٍ۔
الغَدُ: آئندہ کل (۲) وہ دن جو دور ہو لیکن آمد متوقع ہو۔
الغَدَاءُ: ناشتہ۔ قرآن حکیم میں ہے: ﴿آتِنَا غَدَاءَنَا﴾۔
(۲) دوپہر کا کھانا (مؤ) (ج) اَغْدِیَۃٌ۔
الغَدَاۃُ: فجر اور طلوع شمس کے درمیان کا وقت (ج) غَدَوات۔
الغُدْوَۃُ: الغَدَاۃُ (ج) غُدًا و غُدُوٌّ
المَغْدَی: صبح کو آنے کی جگہ۔
یقال: ماترك من اَبیه مَغْدًی و لا فراحًا: اس نے اپنے باپ کی کوئی مشابہت نہیں چھوڑی۔
المَغْدَاۃُ: المَغْدَی۔

غ .... ذ

غَذَّ الجرحُ ـِ غَذًّا: زخم سے پیپ وغیرہ نکل کر بہہ جانا۔
-العِرقُ: رگ سے خون بہنا اور نہ رکنا۔
-الشیئُ ـُ غَذًّا: کم کرنا۔ هو غَاذٌّ
اَغَذَّ الجرحُ و العِرقُ: غَذَّ۔
-السَّیرَ و فی السَّیرِ: تیز چلنا۔
الغَاذُّ: آنکھ کی بغیر رکے چلنے والی ایک رگ۔
الغَاذَّۃُ: بچہ کے سر میں متحرک نرم جھلی۔ جب وہ سخت ہو کر ہڈی بن جاتی ہے تو اسے یافوخ کہتے ہیں۔
الغَذِیذَۃُ: زخم کی پیپ وکچ لہو وغیرہ۔
اِغْتَذَرَ: غذیرہ تیار کرنا۔
الغَذِیرَۃُ: دھوپ یا آگ پر گرم کئے ہوئے پتھر پر پکایا جانے والا آٹا جس پر دودھ ڈالا جاتا ہے۔

Marfat.com

غَذْرَمَ الکلامَ: گڈمڈ ہونا۔
-الشیئَ: اندازے سے بیچنا۔
تَغَذْرَمَ الرجلُ یمیناً: بلاجھجک قسم کھانا۔
-الشیئَ: کھانا۔
الغُذَارِمُ: آب کثیر یا اندازے سے ناپنے کی صفت۔
المُغَذْرَمُ من النبت: اچھی بری ملی ہوئی گھاس۔
غَذَمَهُ ـُ غَذْمًا: بے صبری اور حرص سے کھانا۔
-الفصیلُ مافی ضَرْعِ امه: تھن کا پورا دودھ پی جانا۔
اَغْذَمَ الفصیلُ مافی ضَرْعِ امه: غَذَمَه۔
اِغْتَذَمَ الفصیلُ مافی ضَرْعِ اُمّه: غَذَمَه۔
-فلانٌ الشیئَ: غَذَمَه۔
تَغَذَّمَ الشیئَ: اِغْتَذَمَه۔
یقال: هو یتغذّم کلَّ شیئٍ: بہت زیادہ کھانے والے کو کہا جاتا ہے۔
الغُذَامَةُ: بہت دودھ۔
الغُذَّامَةُ: بہت دودھ۔
الغُذَمُ: ہر چیز کھا جانے والا۔
الغُذْمَةُ: بہت دودھ (۲) مویشیوں کا گلہ۔
-من اللَّوْن: بھورا پن (ج) غُذَم۔
یقال: اَصَابُوا من معروفه غُذَمًا: اس کا فضل واحسان انہیں بار بار حاصل ہوا۔
الغُذَمَةُ: بئرٌ غُذَمَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔
الغَذِمَةُ: الغُذَامَةُ (۲) مویشیوں کا گلہ (ج) غُذَم۔
غَذْمَرَ: غضبناک ہونا، چلانا۔
(۲) بلاتحقیق کسی معاملے میں پڑنا۔
(۳) اپنی قوم کے بارے میں ایسا فیصلہ کرنا جو نہ رد کیا جائے اور نہ اس کی نافرمانی کی جائے۔
-الشیئَ: باہم ملانا، خلط ملط کرنا۔
(۲) بغیر ماپے تولے اندازے سے بیچنا۔
تَغَذْمَرَ: غصہ سے ملا جلا کلام کرنا اور چیخنا چلانا۔
الغُذَامِرُ: آب کثیر۔
غَذَا الماءُ والعَرَقُ ـُ غَذْوًا: بہنا۔
-العِرْقُ: رگ سے خون بہنا۔

-الجرحُ: زخم کا بہتے رہنا۔
-الجملُ بولَه و ببَوْلِه: تھوڑا تھوڑا پیشاب کرنا۔
-الرجلُ والحیوانُ غَذْوًا و غَذَوَانًا: دوڑنا، تیز چلنا۔
-الطعامُ المَولُودَ غِذَاءً: کھانے کا بچے کے جسم کو لگنا۔
یقال: غَذَا الصَّبِیَّ باللبن: بچہ کو دودھ سے پالنا۔
-فلاناً الطعامَ: کھانا کھلانا۔ هو غَاذٍ (ج) غُذَاة هی غَاذِیَةٌ (ج) غَوَاذٍ۔
غَذَّیَ العِرقُ: رگ سے خون بہنا۔
-الجملُ ببَوْلِه: تھوڑا تھوڑا پیشاب کرنا۔
-المَولُودَ: پرورش کرنا۔
اِغْتَذَیٰ: غذا لینا۔
تَغَذَّیٰ: اِغْتَذَیٰ۔
الغَاذِی: یقال: فلان غاذِی مالٍ: مال کو صحیح خرچ کرنے والا۔
الغَاذِیَةُ: الغاذَّةُ (دیکھئے: غذذ)
الغِذَاءُ: وہ کھانا پینا جس سے جسم کی نمو اور بڑھوتری ہوتی ہے (ج) اَغْذِیَةٌ۔
الغَذَوِیُّ: وہ بچہ جسے ماں کے علاوہ کسی اور کے دودھ سے غذا دی جاتی ہو۔

غ .... ر

غَرَبَتِ الشمسُ ـُ غُرُوْبًا: سورج مغرب میں ڈوبنا۔
فلانٌ: غائب ہونا۔
-القومُ: چلے جانا۔
-عنه: ہٹنا۔ یقال: اغرُب عَنِّی۔
-فلان غَرْبًا و غُرْبَةً: اپنے وطن سے دور ہونا۔
غَرِبَ الشیئُ ـَ غَرَبًا: سیاہ ہونا۔
-العینُ: آنکھ کے گوشوں کا ورم آلود ہونا۔
-الشاةُ والفرسُ: بال گرنے کی بیماری لگنا۔
غَرُبَ عن وطنه ـُ غَرَابَةً و غُرْبَةً: وطن سے دور ہونا۔
-الکلامُ غَرَابَةً: کلام کا نامانوس اور خفی المراد ہونا۔ هو غَرِیْبٌ (ج) غُرَبَاءُ۔
هی غَرِیْبَةٌ (ج) غَرَائِبُ۔
اَغْرَبَ: مغرب میں آنا (۲) پردیسی ہونا۔
(۳) کوچ کر جانا (۴) انوکھا کام کرنا۔
-فی کلامه: ناقابل فہم بات کرنا۔
-فی الارض: دور دراز سفر پر جانا۔
یقال: رَمَی فَاَغْرَبَ: اس نے تیر چلایا اور دور پھینکا۔
-فی الضحك: بہت ہنسنا۔
الرجلُ الأسمر: سانولے رنگ والے کا گورے رنگ والا بچہ ہونا۔
-فلانٌ: مال کا بہت ہونا، خوش حال ہونا۔
یقال: اَغْرَبَ المالُ و اَغْرَبَتِ الحالُ
-الشیئَ: ہٹانا، دور کرنا۔
غَرَّبَ فی الارض: سفر کرتے ہوئی دور نکل جانا۔
-القومُ: مغرب کی طرف جانا۔
قال الشاعر
سارت مُغَرِّبَةً و سِرتُ مُشَرِّقًا
شَتَّانَ بَیْنَ مُشَرِّقٍ و مُغَرِّبِ
-المرأةُ السمراءُ: سانولی عورت کے سفید بچے ہونا۔
-الوحشُ فی مغاربها: جنگلی جانوروں کا اپنی پناہ گاہوں میں چھپنا۔
-فلاناً: دور کرنا، ہٹانا۔
-الدهرُ فلاناً و علیه: زمانے کا کسی کو دور چھوڑ دینا۔
اِغْتَرَبَ: تارک وطن ہونا۔
(۲) تیز اور چالاک ہونا۔
-فلانٌ: غیر رشتہ داروں میں شادی کرنا۔
حدیث میں ہے: (اغْتَربوا لَا تُضْوُوا)
تَغَرَّبَ: وطن سے نکلنا۔
اِسْتَغْرَبَ الرجل فی الضحك: بہت ہنسنا۔
یقال: استغربَ علیه الضِحكُ: کسی پر ہنسی کا غلبہ ہونا۔
-الدَّمْعُ: آنسو بہنا۔

Marfat.com

-الشیَٔ: انوکھا یا اجنبی پانا۔
الغارِبُ: کندھا۔
-من البعیر: اونٹ کے کوہان اور گردن کے درمیان کا حصہ۔ جہاں اونٹ کی لگام کو رکھ کر اسے چھوڑ دیا جاتا ہے کہ وہ جہاں چاہے چرے۔
یقال للانسان: حَبلُکَ علی غَارِبِکَ: جہاں چاہو جاؤ۔ یہ کنایات طلاق میں سے بھی ہے۔
(۲) ہر چیز کا بلند حصہ۔
(ج) غَوارِبُ۔
غَوَارِبُ الماءِ: پانی کی بلند موجیں۔
الغارِبَان: کوہان کا اگلا اور پچھلا حصہ۔
الغُرابُ: کوا' ایک پرندہ' اس کی بہت سی اقسام ہیں۔ جیسے اسود' اَبقعُ' زاغ' غُدافُ اَعْصَمُ' اگر سفر پر روانگی سے قبل اگر یوں پڑتا تو عرب اس سے بری فال لیتے ہیں۔ کہتے ہیں: غُرابُ البین سیاہی' صبح جاگنے' بچنے اور بُعد جیسے اوصاف کو اس سے تشبیہ دی جاتی ہے۔
یقولون: بَکَرَ بُکُورَ الغراب۔
فلان احذر من الغُرَب۔
دون هٰذا شیبُ الغُرابَ: کوے سے بھی کالا ہے۔
یقال: طار غُرابُهُ بوڑھا ہوگیا۔
ارضٌ لایطیر غرابُها: زرخیز زمین۔
(ج) غِرْبانٌ و اَغْرُبٌ و اَغْرِبَةٌ۔
-من کل شیٔ: کسی چیز کی ابتداء' نوک۔
یقال: غرابُ الفاس و غرابُ السیف و نحو ذلک۔
الغَرْبُ: سورج غروب ہونے کی سمت۔
(۲) مغربی سمت میں واقع ممالک۔ جو مشرقی ممالک کے مقابل میں ہیں (۳) ہر چیز کا ابتدائی حصہ اور نوک۔
یقال غَرْبُ السَّیف و السِّکّین و الفاس و نحو ذلک۔
(۴) چستی اور معاملہ میں انہماک (۵) تیزی۔
یقال فی لسانه غَرْبٌ۔

اخافُ علیه غَرْبَ الشباب: مجھے اس کی پُرزور جوانی کا ڈر ہے۔
سیفٌ غَروبٌ: تیز کاٹنے والی تلوار۔
فَرَسٌ غَرْبٌ: اپنے آپ کو مسلسل تیز رفتار دوڑ میں پھینکنے والا۔
(۶) بیل کی کھال سے بنایا ہوا بڑا ڈول۔
(۷) آنسو (۸) آنسو بہنے کی جگہ۔
(۹) آنکھ کا گوشہ۔
(۱۰) آنکھ کا اگلا حصہ۔
(۱۱) منہ میں کثرت تھوک۔
یقال: اصابه سَهْمُ غَرْبٍ وَ سهمٌ غَرْبٌ: اسے اندھا تیر لگا یعنی جس کا چلانے والا نامعلوم ہے۔
(ج) غُرُوْبٌ۔
الغَرْبُ: سونا (۲) چاندی۔
(۳) ہنڈیا (۴) شراب۔
(۵) حوض اور کنویں کے درمیان ڈول سے گرنے والا پانی جس کی بو جلد بدل جاتی ہے۔
(۶) ایک درخت جس سے تیر بنائے جاتے ہیں۔ شام میں اس کا اطلاق "حور" درخت پر ہوتا ہے۔ یہ فصیله صفصافیه کا درخت ہے جو کہ چھوٹی نہروں کے اردگرد لکڑی کے حصول کے لئے اُگایا جاتا ہے۔ مصر میں صفصاف کی ایک قسم ہے جسے شعر البنت یا اُمّ الشعور کہتے ہیں۔
(۷) ایک مرض جو بکری کو لگتا ہے جس سے اس کی ناک اور آنکھ کے بال گرنے لگتے ہیں۔
یقال: بعینیه غَرْبٌ: جب آنسو بہتے ہوں اور تھمتے نہ ہوں تو کہا جاتا ہے۔
الغَرْبَةُ: دوری (۲) تیزی۔
الغُرْبَةُ: دوری (۲) خالص سفیدی۔
الغَرْبِیّ من الشجر: وہ درخت جسے آفتاب کی تپش غروب کے وقت پہنچے۔
(۲) مغرب کی طرف منسوب۔
الغَرِیْبُ: غیر ملکی اور غیر قومی شخص' اجنبی (ج) غُرَبَاءُ۔
المَغْرِبُ: سورج غروب ہونے کی جگہ۔

(۲) سورج غروب ہونے کا وقت۔
(۳) غروب کی سمت۔
بلاد المغرب: افریقہ کے شمال اور مصر کے مغرب میں واقع ممالک' لیبیا' تیونس' جزائر اور مراکش۔
مملکة المغرب: الجزائر کے مغربی جانب بلاد مغرب کے آخر میں واقع خطہ زمین جسے شمال میں بحر متوسط اور مغرب میں بحر اٹلانٹک گھیرے ہوئے ہیں۔
المغربان: مغرب اور مشرق (علی التغلیب)
المُغْرِب: ہر وہ چیز جو آپ لے سے اڑ نہ جائے۔
عَنْقاءُ مُغْرِبٌ و مُغْرِبَةٌ: (وصف کی صورت میں) و عنقاءُ مُغْرِبٍ (اضافت کی صورت میں): ایک پرندہ جو کبھی اڑان بھرتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ محض افسانہ ہے حقیقت سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔
المُغَرِّبُ: شَأْوٌ مُغَرِّبٌ: دور دراز کی منزل۔
هل مِنْ مُغَرِّبَةِ خَبَرٍ: کیا دور دراز سے کوئی نئی خبر ہے؟
الغِرْبِیبُ: انگور کی عمدہ قسم۔
(۲) خضاب سے بالوں کو سیاہ کرنے والا بوڑھا۔
(۳) سخت سیاہ (اکثر بطور تاکید استعمال ہوتا ہے۔ یقال: اَسْوَدُ غِرْبِیبٌ)
(ج) غَرابِیبُ۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿ وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيضٌ وَحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهَا وَغَرَابِيبُ سُودٌ ﴾
غَرْبَلَ فلانٌ فی الارض: گھومنا۔
-الحَبَّ و نحوه: چھلنی کے ذریعے گندم وغیرہ کو صاف کرنا۔
-القومَ: قتل کرنا' کچل دینا۔
-البَلَدَ و الناسَ: چھان بین کرنا۔
ضرب المثل ہے: مَنْ غَرْبَلَ النّاسَ نَخَلُوْهُ: جو لوگوں کی چھان بین کرتا ہے لوگ اس کی چھان بین کرتے ہیں۔

Marfat.com

الغِربَالُ: دف (۲) سوراخوں والا دف کی مانند ایک آلہ جس کے ذریعے دانوں کو گند وغیرہ سے صاف کیا جاتا ہے۔
(۳) چغل خور (ج) غَرَابِیْلُ۔
العَظْمُ الغِربَالِیُّ: (علم تشریح میں) ناک اور دماغ کے درمیان کھوپڑی کی تہ میں پائی جانے والی ہڈی (ج)
المُغَربَلُ من الرجال: صاف چیدہ آدمی۔
المُغَربِلُ: چھاننے کا پیشہ کرنے والا۔
غَرِثَ ـَ غَرَثًا: بھوکا ہونا۔ ھو غَرثَانُ ضرب المثل ہے: غَرثَانُ فاربُکُوا لہ (دیکھئے: ربک)
(ج) غَرثَی، غَرَاثَی و غِرَاثٌ وھی غَرثَی (ج) غِرَاثٌ۔
یقال: امرأۃٌ غَرثَی الوِشَاحِ: نازک کمر اور پتلے پیٹ والی عورت۔
غَرَّثَہ: بھوکا رکھنا۔
غَرِدَ الطائرُ والانسانُ ـَ غَرَدًا: بلند آواز سے گانا اور جھومنا۔ ھو غَرِدٌ وغِرِّیدٌ (بطور مبالغہ)
اَغرَدَ الطائرُ والانسانُ: غَرِدَ۔
-الطائرُ الانسانَ: گانا گا کر مست کر دینا۔
یقال: سمعت قُمریًّا فاغردنی: میں نے قمری کا گانا سنا تو اس نے مجھے جھما دیا۔
غَرَّدَ الطائرُ والانسانُ: غَرِدَ۔
اِستَغرَدَہ: گویا کسی سے گانا سننا۔
الاُغرُودَۃُ: انسان یا پرندے کا گانا (ج) اَغَارِیدُ۔
یقال: طائر او مُغَنٍّ مُستَملِحُ الاَغَارِیدِ: دل آویز گویا یا گانے والا پرندہ۔
الغَرَادُ: سانپ کی چھتری کی جنس سے تعلق رکھنے والی ایک قسم کی نبات (مج) (ج) غِرَادٌ۔
الغَرْدُ: الغَرَادُ (۲) سرکنڈوں کی جھونپڑی، چھپر (ج) غِرَادٌ۔
غَرَّ الرجلُ ـِ غَرَارَۃً و غِرَّۃً: امور سے جاہل اور غافل ہونا۔ ھو غِرٌّ۔

-الماءُ: پانی کا خشک ہو جانا۔
-فلانًا ـُ غَرًّا و غُرُورًا: دھوکہ دینا۔ بے جا چیز کا لالچ دینا۔
یقال: غَرَّہُ الشیطانُ و نحوہ۔
غَرَّتہُ الدنیا، ھی غَرُورٌ ھو مغرورٌ و غَرِیرٌ۔
یقال: مَا غَرَّكَ بکذا: تجھے فلاں چیز کی ڈھٹائی کے لئے کسی چیز نے آمادہ کیا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿ یٰٓاَیُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِیْمِ ﴾
- فلانًا: کسی کو غفلت میں ڈال کر اپنا مقصد نکالنا۔
- الطائرُ فرخہ غَرًّا و غِرَارًا: پرندے کا اپنے بچے کو اپنی چونچ سے کھلانا۔
غَرَّ ـَ غَرَارًا و غَرَارَۃً: روشن چہرے یا روشن پیشانی والا ہونا (۲) سفید ہونا۔
یقال: غَرَّ وَجھُہ: معزز اور بااثر ہونا۔
(۲) بلند کردار ہونا۔ ھو اَغَرُّ ھی غَرَّاءُ (ج) غُرٌّ۔
-الرجلُ: کم عقل اور غافل ہونا۔ ھو غِرٌّ۔
غَارَّتِ السُّوقُ: بازار مندا ہونا۔
-الناقۃُ: کم دودھ والی ہونا۔
ھی مُغَارٌّ (ج) مَغَارٌّ۔
-التحیۃَ: سلام میں کمی کرنا۔
-الطائرُ اُنثَاہُ: پرندے کا اپنی مادہ کو کھلانا، چوگا دینا۔
غَرَّرَ بہ تغریرًا و تَغِرَّۃً: ہلاکت میں ڈالنا۔
یقال: غَرَّرَ بنفسہ و مالہ: خود کو اور اپنے مال کو ہلاکت میں ڈال دیا۔
-الغلامُ: بچے کا پہلا دانت نکالنا، گویا اس کے دانتوں کی سفیدی ظاہر ہوگئی۔
یقال: غَرَّرَت ثَنِیَّتَا الغلامِ: بچے کے دو اگلے دانت نکل آئے۔
-الطیرُ: باز و اٹھا کر اڑان کی تیاری کرنا۔
-القِربَۃَ: مشکیزہ کو بھرنا۔
اغتَرَّ فلان: غافل ہونا۔
-بکذا: کسی چیز سے دھوکہ کھانا۔

-فلانًا: کسی کی غفلت چاہنا
-الامرُ فلانًا: کسی کو بے خبری اور غفلت میں کوئی معاملہ پیش آنا۔
تَغَرَّرَ الفرسُ: پیشانی پر سفید نشان والا ہونا۔
یقال: تَغَرَّرَ الفرسُ و تحَجَّلَ: گھوڑے کی پیشانی اور ٹانگوں پر سفیدی ہے۔
اِستَغَرَّ: اِغتَرَّ۔
-فلانًا: بے خبری میں آنا۔
الاَغَرُّ: مشہور۔
یقال: یَومٌ اَغَرُّ۔
لَیلَۃٌ غَرَّاءُ (ج) غُرٌّ۔
الغَارُّ: غافل (۲) کنواں کھودنے والا۔
الغِرَارُ: تلوار وغیرہ کی دھار۔
(۲) وہ نمونہ جس پر اصلاح کے لئے نیزوں کو ڈھالا جاتا ہے۔
یقال: ضَرَبَ نصالہ علی غِرَارٍ واحد: اس نے ایک ہی طرز پر نیزے بنائے۔
وضَرَبَ علی غِرَارِہ: وہ اس کے طریقے پر چلا (۳) تھوڑی سی تنقید۔
یقال: مَا ذُقتُ النومَ الا غِرَارًا: میں بہت تھوڑا سویا۔
ما بِتُّ عِندَہ الا غِرَارًا: میں اس کے پاس تھوڑی دیر ہی ٹھہرا۔
یقال: جاءَنَا عَلی غِرَارٍ: وہ ہمارے پاس عجلت میں آیا۔
لَبِثَ الیومُ غِرَارَ شھرٍ: دن مہینے کی طرح لمبا ہو گیا۔
-من الصلاۃِ: نماز کے ارکان کا نقص کی۔ (ج) اَغِرَّۃ۔
الغَرَارَۃُ: غفلت (۲) کم سنی۔
یقال: کانَ ذلك علی غَرَارَتِی: وہ بات میری کم سنی میں تھی۔
الغِرَارَۃُ: پٹ سن وغیرہ کی بوری جس میں گیہوں وغیرہ کو رکھا جاتا ہے اور یہ جوالق سے بڑا ہوتا ہے (ج) غَرَائِرُ۔
الغَرُّ: تلوار کی دھار (۲) زمین میں شگاف۔
(۳) کپڑے یا چمڑے کی سلوٹ۔

Marfat.com

يقال: طوىَ الثوبَ على غَرِّهٖ: کپڑے کو اس کی تہ کے نشان پر لپیٹا۔
طویتُ فلاناً علی غَرِّهٖ: فلاں کو میں نے بلا انکشاف معاملہ اس کے حال پر چھوڑ دیا۔
(۴) چوگا جو پرندہ اپنے بچہ کو دیتا ہے (ج) غُرورٌ۔
الغِرُّ: دھوکہ میں آ جانے والا (مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے) هي غِرَّةٌ ایضًا (ج) اَغْرارٌ و غِرار۔
الغَرُّ: سیاہ چشم، سفید سر کا لمبی ٹانگوں والا ایک آبی پرندہ، حوضوں اور تالابوں کے پانی پر زندگی گزارتا ہے۔
واحدہ: غَرّاء (مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے)
الغَرَرُ: خطرہ (۲) ہلاکت زدگی۔
بَيْعُ الغَرَرِ: ایسی چیز کی بیع جس کا بائع اور مشتری دونوں کو علم نہ ہو یا جس بیع کے حصول کا یقین نہ ہو۔ جیسے پانی میں مچھلی کی بیع یا ہوا میں پرندے کی بیع۔
حَبْلٌ غَرَرٌ: غیر مضبوط رسی۔
الغُرَّةُ من كل شئٍ: ہر چیز کا ابتدائی اور اعلی حصہ (۲) گھوڑے کی پیشانی میں سفیدی۔
-من الشهر: چاندرات۔
-من الهلال: ابتدائی چاند کی جھلک۔
-من الانسان: دانتوں کی سفیدی اور ابتدائی دانت۔
-من الرجل: آدمی کا چہرہ۔ ہر وہ روشنی یا صبح جو ظاہر ہو پس بَدَتْ غُرَّتُهٗ۔
من القوم: قوم کا سردار اور معزز شخص۔
-من المتاع: اعلی اور منتخب مال۔
(ج) غُرَرٌ۔
الغُرَرُ: ہر قمری مہینے کی ابتدائی تین راتیں۔
الغِرَّةُ: نیند میں غفلت (ج) غِرَرٌ۔
الغَرُورُ: ہر وہ چیز جو انسان کو دھوکہ دے جیسے مال، جاہ، شہوت، انسان یا شیطان۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَغَرَّكُمْ بِاللَّهِ الْغَرُورُ﴾
(۲) غرغرہ کی دوا۔

الغَرِيرُ: ناتجربہ کار نوجوان۔
(ج) اَغِرَّةٌ و اَغِرّاء۔
(۲) اچھی ساخت (۳) آسودہ زندگی۔
(۴) کفیل اور ضامن (ج) غُرّانٌ۔
يقال: انا غريرُكَ من فلان: میں تمہیں فلاں سے بچانے والا ہوں۔
انا غريرُكَ من هذا الامر: تجربے اور واقفیت کی بناء میں اس معاملے میں تمہارا ضامن ہوں۔
الغُرَيْرُ: کتے اور بلی کے درمیان کا ایک گوشت خور جانور جس کے پاؤں چھوٹے اور سیاہ ہوتے ہیں اور چہرہ سفید ہوتا ہے۔
جبکہ اس کے چہرے کی دونوں جانب سیاہ نشان ہوتے ہیں۔
(۲) نراونٹ۔
مولّد کے بارے عرب کہتے ہیں اَثْمَنُ من غُرَيْرٍ۔
غَرَزَتِ الجَرادَةُ ـِ غَرْزًا: ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے زمین میں اپنی دم گھسانا۔
-الشئ في الشئ: داخل کرنا، گاڑنا۔
يقال: غرز الإبرة في الثوب: کپڑے میں سوئی داخل کرنا۔
غرز القومَ و نحوه في الارضِ: زمین میں لکڑی گاڑنا۔
غرز الراكبُ رجله في الغَرْزِ: سوار کا سوار ہونے کے لئے رکاب میں پاؤں رکھنا۔
غَرِزَ ـَ غَرَزًا: نافرمانی کے بعد سلطان کا فرمانبردار اور ہم رکاب ہونا۔
اَغْرَزَ الوادى: وادی کا غرز نامی پودا اگانا۔
-الشئ: غَرَزَهٗ۔
غَرَّزَ: غَرَزَ۔
- فلان الغنم: بکری کا دودھ نکالتے ہوئے درمیان میں موٹا کرنے کے لئے چھوڑ دینا۔
اغتَرَزَ رجله في الغَرْزِ: رکاب میں پاؤں رکھنا۔
التَغْرِيزُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جا کر لگایا جانے والا کھجور کا چھوٹا پودا۔ (ج)

تَغارِيزُ۔
الغَارِزُ: يقال: هو غَارِزٌ في سِنِّهٖ: ناواقف ہے۔
الغَرْزُ: چمڑے کے سلے ہوئے رکاب جن میں سوار ہونے کے لئے پیر رکھتے ہیں۔
حدیث میں ہے: (كان اذا وضع رجله في الغَرْزِ يريد السفر يقول بسم الله۔)
يقال: اِلْزَمْ غَرْزَ فلان: فلاں جس کام کا حکم دے کر جس سے روکے باز آؤ۔
اشدد يديك بِغَرْزِهٖ: تو اس کا دامن تھام لے۔
(۲) زمین میں گاڑھی ہوئی چیز۔
(۳) وہ شاخ جو انگور کی بیل کو ملانے کے لئے لگائی جائے (ج) غُرُوزٌ۔
الغَرْزُ: یک سالہ پودا جو خوب بڑھتا اور پھیلتا ہے۔ جڑ میں سے بہت سی شاخیں نکلتی ہیں۔ اس کا پھل تکونی چھوٹا سا ہوتا ہے (ج)
الغَرِيزَةُ: جبلت، فطرت۔
(فلسفہ میں): نفسی چستگی کی ایک کیفیت۔
بائیولوجیک وراثت اور فطرت پر اعتماد کئے جانے کا طریقہ۔
المَغْرَزُ: ٹڈی کے انڈے دینے کی جگہ۔
(ج) مَغَارِزُ۔
المَغْرِزُ: ہر وہ جگہ جہاں کسی چیز کو گاڑھا جائے۔
يقال: مَغرِزُ الضِلْعِ۔
مَغرِزُ الفرس و مغرز الرِيْشة و نحوها (ج) مَغَارِزُ۔
غَرَسَ الشجرَ و نحوه ـِ غَرْسًا: زمین میں پودا لگانا هو مغروس و غَرِيس و غَرْسٌ۔
يقال: غَرَسَ فلانٌ عندى نعمةً: فلاں نے مجھ پر احسان کیا۔
اَغْرَسَ الشجرَ: غَرَسَهٗ۔
اِغْتَرَسَ الشجرَ: غَرَسَهٗ۔
الغِرَاسُ: لگایا جانے والا پودا درخت وغیرہ۔
(۲) پودا لگانے کا وقت۔

Marfat.com

الغِرَاسَة: کھجور کے درخت کی پود۔
الغَرْسُ: لگایا ہوا پودا۔
یقال: انا غَرْس یده نحن غرس یده: ہم اس کے پروردہ ہیں (ج) غِرَاس و اَغْرَاس۔
الغِرْسُ: ہر بویا جانے والا پودا وغیرہ۔
(۲) باریک جھلی جو وقت پیدائش مولود کے سر پر ہوتی ہے (ج) اَغْرَاس۔
الغَرِیْسُ: بویا گیا پودا' درخت۔
الغَرِیْسَة: کھجور کے درخت کا ابتدائی اگنے والا حصہ (۲) بوئی جانے والی گٹھلی۔
(۳) پود وغیرہ جڑ پکڑنے تک جو زمین میں لگائی جائے (ج) غَرَائس و غِرَاس۔
المَغْرِسُ: بونے کی جگہ (ج) مغارِسُ
غَرَضَ فلانٌ ـِ غَرْضًا: صبح سویرے پانی کے پاس آنا۔
-السقاءَ و نحوه: مشک بھرنا۔
(۲) دودھ بلونا' جب اس پر جھاگ آ جائے تو اس کے اکٹھے ہونے سے قبل لوگوں کو پلانا۔
-الشیْ: تازہ چننا۔
-له غَرِیْضًا: تازہ دودھ پلانا۔
-الشیْ: روکنا۔
یقال: غَرَضَ السَّخْلَ: بکری کے بچہ کا وقت سے پہلے دودھ چھڑانا۔
غَرِضَ الیه ـَ غَرَضًا: مشتاق ہونا۔
منه: اکتا جانا۔
یقال: غَرِضَ بالمُقَام: وہ قیام سے تنگ آ گیا۔ ھو غَرِضٌ۔
غَرُضَ الشیْ ـُ غِرَضًا' و غَرَاضَةً: تازہ ہونا' ھو غَرِیْضٌ۔
اَغْرَضَ الرجلُ: اپنے قول یا فعل کو با مقصد بنانا۔ ھو مُغْرِضٌ (مو)
-للقوم غَرِیْضًا: تازہ آٹا گوندکر کھلانا' باسی نہ کھلانا۔
-فلانٌ الغَرَضَ: مقصد پالینا۔
-الرجلَ: اکتا دینا' تنگ کرنا۔
-الاِناءَ و نحوه: برتن وغیرہ کو بھر دینا۔

غَرَّضَ: تازہ گوشت کھانا۔
(۲) تفریح' دل لگی و مذاق کرنا۔
-الشیْ: تازہ چننا۔
یقال: غَرِّض فِي سقائك: اپنے مشکیزے کو نہ بھر۔
اِغْتَرَضَ الشیْ: غَرَضَه۔
اِنْغَرَضَ الغُصْنُ: شاخ کا مڑ کر الگ ہوئے بغیر ٹوٹ جانا۔
تَغَرَّضَ الغُصْنُ: ٹوٹ جانا الگ ہوئے بغیر یا ریزہ ریزہ نہ ہونا۔
الاِغْرِیْضُ: کھجور کے شگوفے سے نکلنے والے سفید دانے (۲) اولے (۳) ہر تازہ اور سفید چیز (ج) اَغَارِیْضُ۔
اَلْغَارِضُ: صبح سویرے پانی کے پاس آنے والا۔
یقال: اَتَیْتُه غَارِضًا: میں اس کے پاس صبح سویرے آیا۔
-من الاُنوفِ: لمبی ناک۔
(ج) غُرْضَانٌ۔
الغَرْضُ: کجاوہ کی پٹی (۲) وادی کا نامکمل حصہ (ج) غُرْضان۔
(۳) سلوٹ (۴) جسم کا موٹا ہونا پھر لاغر ہو جانا اور سلوٹیں باقی رہ جانا۔
(ج) غُرُوْض' اَغْرَاضٌ۔
ضرب المثل ہے: طویت الثوبَ علی غُرُوْضِه: میں نے کپڑے کو جیسا تھا ویسا ہی چھوڑ دیا۔ اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جسے اس کی رائے پر چھوڑ دیا جائے۔ بے فکر ہو جایا جائے۔
الغَرَضُ: نشانہ جس کی طرف تیر پھینکا جائے۔
(۲) ضرورت حاجت (۳) مقصد۔
یقال: فهمتُ غَرَضَك: میں آپ کا مقصد سمجھ گیا (ج) اَغْرَاض۔
الغُرْضَان فی الاَنْفِ: ناک کے بانسے کے دونوں طرف ڈھلواں حصے۔
الغَرِیْضُ: تازہ کھجور اور گوشت وغیرہ۔
(۲) ہر تازہ و سفید چیز۔

(۳) ہر عمدہ نیا گانا (۴) عمدہ گویا۔
(۵) وہ پانی جس کے پاس صبح سویرے آیا جائے (۶) بارش کا پانی۔
الغَرِیْضَة: پکنے سے پہلے توڑے جانے والے دانے۔ جیسے توڑی ہوئی مکی وغیرہ۔
المَغْرُوْضُ: بارش کا پانی۔
غَرْغَرَ الرجلُ: نگلے بغیر پانی یا دوا کو گلے میں گھمانا' غرارے کرنا۔
یقال: غَرْ غَرَ بالماء و بالدواء۔
-الرُّوحُ: وقت مرگ گلے میں دم اٹکنا۔
-القِدْرُ: جوش کے وقت ہانڈی کی آواز نکلنا۔
-اللحمُ: گوشت کے پکنے کے وقت آواز آنا۔
تَغَرْغَرَ: بالماء او الدواءِ: غَرْغَرَ
-عیناه: آنکھوں میں آنسو ڈبڈبانا۔
الغِرْغِرُ: افریقی بری مرغی کی ایک قسم۔
الغَرْغَرَةُ: گلے میں پانی یا دوا گھمانا' غرارے کرنا (۲) وہ دوا جس کے ذریعے غرارے کئے جائیں (مو)
غَرَفَ الغَرْفَ و الشیْ ـِ غَرْفًا: کاٹنا۔
(۲) موڑنا' لکڑی وغیرہ توڑنا۔
-الناصیةَ: پیشانی کے بال توڑنا۔
- الجلدَ: غرف نامی پودے سے چمڑے کو دباغت دینا۔
-الماءَ و نحوه بیده اَوْ بالمغرفة: ہاتھ یا ڈونگے سے پانی لینا۔ ھو غَارِفٌ (ج) غُرَّفٌ ھي غَارِفَةٌ (ج) غوارِفُ۔
اَغْرَفَ الاسدُ: شیر کا جھاڑیوں وغیرہ میں داخل ہونا (اپنے مسکن میں)
اِغْتَرَفَ الماءَ بیده: چلو سے پانی لینا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهٖ﴾
یقال: اغترف منه۔
اِنْغَرَفَ الشیْ: لازم غرفه۔
تَغَرَّفَه: پوری چیز لے لینا۔
الغُرَافَةُ: ہاتھ وغیرہ سے لیا ہوا پانی وغیرہ
الغَرَّافُ: مبالغہ در غارف۔
-من الخیل: لمبے ڈگ والا گھوڑا۔

Marfat.com

-من الانهر: بہت پانی والی نہر۔
-من الغيث: زبردست بارش والا بادل۔
الغَرَفُ: جزیرہ عرب' مصر' افریقہ اور ہند میں پایا جانے والا چھوٹا پودا' جس کے پتے لمبے یا نوک دار ہوتے ہیں اور اس کا پھل نارنگی رنگ کا ہوتا ہے۔ جبکہ پودے کی اونچائی تین میٹر تک ہوتی ہے (مج)
الغَرَفُ: فصیله نجیلیه سے ثُمام (ایک پودے کا نام) کی ایک قسم۔
واحدته: غَرَفة۔
الغُرْفَةُ: ہاتھ سے لیا ہوا پانی وغیرہ۔
(ج) غِراف (۲) بالا خانہ۔ (ج) غُرُفٌ' غُرُفات۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿ وَهُمْ فِي الْغُرُفَاتِ آمِنُونَ﴾ الغُرْفَةُ التِجارِيَّةُ: تاجروں کی منتخب جماعت جو تجارتی امور میں غور و خوض کرتی ہے۔
(۲) چیمبر آف کامرس (محمد عثمان)
الغرفةُ الزِّراعيةُ: صنعتی یا زرعی امور میں غور و خوض کرنے کے لئے کاشتکاروں کی جماعت۔
(۲) ایوان زراعت۔ (محمد عثمان)
الغَرُوفُ: بئرٌ غَرُوفٌ: وہ کنواں جس کا پانی ہاتھ سے نکالا جائے۔
طنبورٌ او دَلْوٌ غَرُوفٌ: بہت پانی نکالنے والا ڈول یا آب پاشی کی مشین جسے ہاتھ سے چلایا جاتا ہے۔
الغَرِيفُ: کوئی بھی گھنا درخت۔
طنبور او دلوٌ غَرِيفٌ: بہت پانی نکالنے والا ڈول یا آب پاشی کی ہاتھ سے چلنے والی مشین۔ (۳) جھاڑی۔
الغَرِيفَةُ: الغَرِيفُ۔
المِغْرَفَةُ: جس کے ذریعے کھانا وغیرہ نکالا جائے (کف گیر) (ج) مَغارِفُ۔
غَرِقَ في الماءِ - غَرَقًا: کسی پر پانی کا غالب آجانا جس سے وہ ڈوب کر ہلاک ہو جائے یا قریب ہلاکت ہو جائے۔ هو غَرِقٌ' و غارِقٌ و غَرِيقٌ۔

آخری کی جمع: غَرْقَى۔
يقال: غَرِقَ في الدَّيْنِ او البَلْوَى: قرض یا مصیبت میں ڈوبا ہوا ہونا۔
يقال: غَرِقَتِ السفينةُ و نحوها: کشتی وغیرہ کا پانی کی تہ میں بیٹھ جانا۔
-الارْضُ: زمین کا پانی سے بھر جانا۔
هي غَرِقَةٌ۔
أَغْرَقَ في الشيءِ: حد سے بڑھنا۔
-الرامي في القَوْسِ: تیر انداز کا کمان کو پوری طاقت سے کھینچنا۔
-فلاناً او الشيءَ في الماءِ: ڈبونا۔
-الكَأْسَ: پیالے کو بھرنا۔
- اعماله الصالحة: سبب ارتکاب معاصی نیک اعمال کو اکارت کرنا۔
غارَقَه: قریب ہونا۔
يقال: غارَقَتْهُ المَنِيَّةُ۔
غَرَّقَ الرامي في القوس: أَغْرَقَ۔
-الشيءَ في الماءِ: أَغْرَقَهُ۔
اِغْتَرَقَ النَفَسَ: زور سے اندر کا سانس لینا۔
-البعيرُ الحزامَ: اونٹ کا بہت بڑا ہونے کے باعث اس کے تنگ کا کس جانا۔
-فلانٌ نَظَرَ القومِ: لوگوں کو اپنے حسن کی وجہ سے اپنی طرف متوجہ کر کے ہر طرف سے غافل کر دینا۔
- الفرسُ الخَيلَ: گھوڑے کا گھوڑوں میں مل جانے کے بعد آگے نکل جانا۔
خاصَمني فاغْتَرَقْتُ حلقتَه: یعنی میں جھگڑے میں اس پر غالب آگیا۔
اِسْتَغْرَقَ في الضَحِكِ: بہت ہنسنا۔
-الشيءَ: گھیر لینا۔
-البعيرُ الحزامَ: اغْتَرَقَهُ۔
اِغْرَوْرَقَتِ العَيْنُ: آنکھ آنسوؤں سے بھرنا۔
الإغْراقُ (اقتصادیات میں) غیر ملکی مارکیٹ پر کنٹرول کی کارروائی جس میں ملکی صارفین پر زیادہ مالی بوجھ ڈال کر بیرون ملک اندرون ملک کے مقابلے میں سستا فروخت کرنے پر زور دیا جاتا ہے (مج)

الغَرَقُ: زوردار کمان کشی وغیرہ۔
غَرْقَأَتِ الدَّجاجةُ: مرغی کا ایسا انڈا دینا جس پر سفید جھلی ہو۔
يقال: غَرْقَأَتِ البيضةُ: کچا انڈا گرنا۔
الغِرْقِئُ: باریک جھلی جو انڈے کی سفیدی کے ساتھ چمٹی ہوتی ہے۔
الغَرْقَدُ: فصیله باذنجانیه کا ایک پودا جس کی بلندی ایک میٹر سے لے کر تین میٹر تک ہوتی ہے۔ اس کا تنا اور شاخیں سفید ہوتی ہیں اپنے سرخ پتوں اور کانٹے دار شاخوں میں عَوسج کے مشابہ ہوتا ہے اس کے لمبے خوشبودار پھول ہرے بھرے سفید ہوتے ہیں۔ اس کا مخروطی پھل کھایا جاتا ہے۔ اسے غروق بھی کہا جاتا ہے۔
غَرْقَلَ الرَّجلُ: سر پر ایک بار پانی ڈالنا۔
-البيضَةُ و البِطِّيخةُ: انڈے اور خربوزے کا اندر سے خراب ہو جانا۔
الغِرْقِلُ: انڈوں کی سفیدی۔
غَرِلَ الصبيّ - غَرَلاً: بچہ کی ختنہ گاہ کی کھال موٹی ہونا۔
-العامُ: زرخیز ہونا۔
-العَيْشُ: زندگی کا فراخ ہونا۔
هو أَغْرَلُ هي غَرْلاءُ (ج) غُرْلٌ۔
-الرجلُ: ڈھیلا ہونا۔ هو غَرِلٌ۔
الغُرْلَةُ: بچے کی کھال جو ختنے میں کاٹی جاتی ہے۔ (ج) غُرَلٌ۔
غَرِمَ - غُرْمًا و غَرامَةً: غیر لازم چیز کا ذمہ دار ہونا۔
يقال: غَرِمَ الدِّيَةَ و الدَّيْنَ: کسی دوسرے کی طرف سے دیت یا قرض کی ادائیگی کرنا۔
-في التجارةِ: نقصان اٹھانا۔
أَغْرَمَهُ: ادائیگی کا ذمہ دار بنانا۔
أُغْرِمَ بالشيءِ: فریفتہ ہونا۔ هو مُغْرَمٌ
يقال: إنَّ فلاناً لَمُغْرَمٌ بكذا۔
غَرَّمَهُ: أَغْرَمَهُ۔
(۲) جرمانہ لازم کرنا (محدثہ)
الغارِمُ: ضامن' کفیل' ذمہ دار۔

Marfat.com

حدیث میں ہے: (الدَّین مقضیٌّ و الزعیم غارم)(ج)غُرّام۔
الغَرَام: کسی چیز کے ساتھ ایسا تعلق جس سے خلاصی بساط سے باہر ہو۔
(۲) دائمی لازمی عذاب۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا﴾
الغَرَامَةُ: بطور تادیب یا عوض جس کی ادائگی لازم ہو۔
یقال: حکم القاضی علی فلان بالغرامة (محدثہ)
الغُرْمُ: مال میں کسی خیانت یا جنایت کے بغیر ہونے والا انقصان۔
الغَرِیْمُ: قرض خواہ (ج) غُرَمَاءُ۔
المَغْرَمُ: الغَرَامَةُ (ج) مَغَارِمُ۔
حدیث میں ہے: اَعُوْذُ باللّٰه من المَغْرَمِ و المَاْثَمِ: یعنی گناہوں اور معاصی سے۔
المُغْرَمُ: قرضوں کے بوجھ تلے دبا ہوا۔
(۲) کسی چیز کا مشتاق کہ جس کی مفارقت برداشت نہ کرسکتا ہو۔
غَرِنَ العَجِینُ علی الاِناءِ ـَ غَرَنًا: آٹا سوکھ جانا۔
-الرجلُ: کمزور ہونا۔ھو غَرِن۔
الغِرْیَنُ: حوض میں باقی رہ جانے والی جھاگ جسے پیانہ جاسکتا ہو (۲) وہ مٹی جسے سیلاب بہا لائے اور وہ زمین پر تر یا خشک حالت میں پڑی رہ جائے۔
(۳) (علم طبقات الارض میں) مٹی کی چٹان جس کے چھوٹے چھوٹے ذرے گیلے ہونے کی صورت میں باہم جڑ جاتے ہیں (مج)
الغِرْیَنُ: الغِرْیَنُ۔
یقال: اَتٰی بالطِّرْیَنِ و الغِرْیَنِ: جبکہ غصہ اور طیش میں آئے۔
غَرْنَقَ: آنکھ لڑانا۔
الغَرَانِقُ: فصیلہ چارونیہ کا ایک طویل العمر پودا جو معتدل علاقوں میں اُگتا ہے جس کے پتے نرم اور لمبے ہوتے ہیں جبکہ ان کا سر تقریباً گول ہوتا ہے۔اس کی کلی خیمہ نما جبکہ پھل لمبی نوک والا ہوتا ہے (مج)
(۲) سفید خوبصورت نازک نوجوان۔
(ج) غَرَانِقُ و غَرَانِیْقُ۔
یقال: امرأة غُرَانِقُ۔
الغُرْنُوقُ: الغُرَانِقُ۔
(۲) خوبصورت سفید لمبی ٹانگوں والا آبی پرندہ۔جس کی سنہری کلغی ہوتی ہے اور یہ سارس کی ایک قسم ہے (ج) غَرَانِیق۔
غَرَا الرجلُ ـُ غَرْوًا: تعجب کرنا۔
-الشئَ: مسالے سے جوڑنا۔
یقال: غَرَ السَّمَنُ قلبَه: دل کو چکنائی کا ڈھانپ لینا۔
غَرِیَ بہ ـَ غَرًا و غَرَاةً: کسی چیز پر دل آجانا گویا اسے گوند سے چپکا دیا گیا ہو۔
-فلانٌ: حد سے زیادہ غصہ آنا۔
-الغدیرُ: تالاب کا پانی ٹھنڈا ہونا۔
اَغْرَیٰ بین القومِ: فساد کرانا۔
-الانسانَ و غیرہ بالشئِ: کسی چیز کی رغبت دلانا۔
یقال: اَغْرَی الولدَ بالفضیلة: بھلائی پر آمادہ کرنا۔
اَغْرَیَ الکلب بالصید: کتے کو شکار کے پیچھے لگانا۔
اَغْرَیَ العداوۃَ بینهم: دشمنی ڈالنا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ﴾
اُغْرِیَ بہ: فریفتہ ہونا۔
غَارَاہُ مُغَارَاةً و غِرَاءً: حجت بازی کرنا۔
غَرَّیَ الشئَ: سریش سے جوڑنا یا سریش ملنا۔
غُرِّیَ بہ: فریفتہ ہونا۔
الاِغْرَاءُ (علم نحو میں): مخاطب کو امر محمود پر تنبیہ کرنا تاکہ وہ اس پر کاربند ہو۔
یقال: اَخاكَ اخاكَ والمروءةَ والنجدةَ: یعنی تم کو بھائی کا خیال رکھنا چاہیے اور مروات و مدد سے کام لینا چاہیے۔
الغِرَا: وہ گوند وغیرہ جس سے کاغذ چمڑے اور لکڑی کو جوڑا جائے (ج) اَغْراء۔
الغِرَاءُ: الغِرَا۔
الغَرْوُ: تعجب۔یقال: لاغَرْوَ: تعجب کی کوئی بات نہیں۔
الغَرْوَیٰ: الغَرْو۔
الغَرَوِیُّ: غَرَا کی طرف منسوب۔
الغَرَوَانِیُّ: سریش جیسا مسالہ (مج)
الغَرِیُّ: سرخ گوند گویا اس پر فریفتہ ہوا جاتا ہے۔
(۲) بت کا نام جس پر خون ملا جاتا ہے۔
(۳) خوبصورت چہرے والا۔

غ ....ز

غَزُرَ الشئُ ـُ غَزَارَۃً و غُزْرًا: کثیر ہونا۔
یقال: مَا طَابَ و نَزُرَ خیرٌ مما خَبُثَ و غَزُرَ: تھوڑی مقدار میں اچھی چیز بڑی مقدار میں بری چیز سے بہتر ہے۔ھو غزیرٌ (ج) غِزَار۔
اَغْزَرَ القَوْمُ: لوگوں کے اونٹوں اور بکریوں کا کثیر ہونا اور دودھ دینے والا ہونا۔
-الشئَ: زیادہ کرنا۔
یقال: اَغْزَرَ اللّٰهُ مَالَه۔
غَازَرَ فلانٌ: کسی کو کوئی چیز دینا تاکہ وہ بدلے میں اس سے زیادہ دے۔
غَزَّرَ: دو دفعہ دوہنے کے درمیان وقفہ کرنا (جبکہ دودھ کم ہوجائے)
اِسْتَغْزَرَ: غَازَرَ۔
-الشئَ: زیادتی چاہنا۔
یقال: الخَرَاجُ عمود الملك' وما استغْزِرَ بمثل العدل؛ ولا استُنْزِرَ بمثل الجَوْرِ۔
الغَزْرُ: کھجور و ناریل کے پتوں کا برتن و ٹوکری وغیرہ۔
المُغْزِرَةُ: ہر وہ نبات جس میں دودھ بہت ہو۔
غَزَّ فلانٌ بفلان ـُ غَزًّا: ساتھیوں میں سے کسی کو خاص کرنا۔
- فلان بالقرابة والأولاد والجیران: بھلائی کرنا۔
- الثوبَ او الجسمَ بالابرة و نحوها:

Marfat.com

کپڑے یا جسم میں ہلکی سی سوئی چبھونا (محدثہ)
اَغزَتِ الشجرۃُ: کانٹوں کا بہت زیادہ ہونا اور درخت کا سخت اور گھنا ہونا۔
-الدَّابَّۃُ: حاملہ چوپائے کے حمل کا تکلیف دہ ہونا۔ھی مُغزٌّ۔
غَازَّہٗ: کسی کی طرف لپکنا اور مقابلہ کرنا۔
اِغتَزَّ بِہٖ: کسی کو مخصوص کرنا۔
تَغَازَّ والشیئَ: کسی چیز میں جھگڑنا۔
الغُزُّ: ترک قبیلہ۔
الواحد: غُزِّیّ۔
غَزغَزَ: بلا خواہش منہ کے دونوں طرف سے کھانا۔
-الشیئَ: کسی چیز میں مسلسل سوئی چبھونا۔ (محدثہ)
غَزَلَ الصوفَ او القطنَ و نحوھما ـِ غَزلاً: روئی اون وغیرہ چرخے سے کاتنا۔
غَزِلَ ـَ غَزَلاً: عورتوں سے بات چیت کرنے اور دوستی کرنے کا شوقین ہونا۔ ھو غَزِلٌ۔
اَغزَلَ: چرخہ چلانا۔
-الظَّبیۃُ: ہرنی کا بچہ ہونا۔ھی مُغزِلٌ
غَازَلَ المراۃَ: عورت سے گفتگو کرنا اور دوستی کرنا۔
-فلان الاربعینَ: چالیس سال کے قریب عمر ہونا۔
اِغتَزَلَ القُطنَ و نحوہٗ: غَزَلَہٗ۔
تَغَزَّلَ: بتکلف عشق بازی کرنا۔
یقال: تَغَزَّلَ بالمراۃِ۔
الغَزَال: ہرنی کا بچہ (ج) غِزلَۃٌ و غِزلَانٌ۔
الغَزَالَۃُ: مؤنث الغزال (۲) طلوع کے وقت کا سورج۔
- من الضُّحٰی: چاشت کا اول وقت (ج) غَزَالَات۔
یقال: اتیتہ غَزَالَۃَ الضُّحٰی، غَزَالَاتِ الضُّحٰی۔
الغَزلُ: کاتا ہوا (ج) غُزُولٌ۔
المِغزَلُ: کاتنے کی تکلہ (ج) مَغَازِلُ۔

المِغزَلُ: چرخہ وغیرہ جس سے روئی یا اون کاتا جاتا ہے خواہ ہاتھ والا ہو یا مشینی۔
(۲) (میکانیات میں) چھوٹے گول جسم کا عمود جو بہت تیزی سے گھومے (ج) (ج) مَغَازِلُ۔
مَغَازِلُ النَّورَجِ: گلہ گاہنے کی مشین کے ستون۔
غَزَا العدوَّ ـُ غَزوًا و غَزَوَانًا: لڑنے اور قتل و غارت کے لئے دشمن کی سرزمین کی طرف جانا۔
ھو غَازٍ (ج) غُزَاۃٌ و غُزًّی و غَزِیٌّ۔
-الشیئَ غَزوًا: طلب کرنا، قصد کرنا۔
یقال: عَرَفتُ مَا یُغزَیٰ من ھذا الکلام: اس کلام کا مقصد میں سمجھ گیا۔
-فلانٌ لفلانٍ: کسی کے کو اپنے اصحاب میں سے خاص کرنا۔
اَغزَاہُ: حملہ کرنے کے لئے تیار کرنا۔
-فلانًا: مہلت دینا اور اس پر لازم قرض کو مؤخر کرنا۔
غَزَّاہُ: حملہ کرنے کے لئے تیار کرنا۔
اِغتَزَاہُ: قصد کرنا۔
-بفلانٍ: کسی کو اصحاب میں سے خاص کرنا۔
الغَزَاۃُ: الغزو کا اسم۔ جب کہا جائے غَزَاۃٌ تو اس سے مراد ایک سال تک کی لڑائی ہوتا ہے اور جب کہا جائے غَزوَۃٌ تو اس سے مراد ایک دفعہ کی لڑائی ہے۔
الغَزوَۃُ: ایک دفعہ کی لڑائی۔
الغِزوَۃُ: جس کو طلب کیا جائے جس کا قصد کیا جائے۔
المَغزَیٰ: الغزو لڑائی (۲) جائے لڑائی (۳) غازی کی منقبت (۴) مطلب، مقصد۔
یقال: مَا مَغزَاكَ: آپ کا مقصد کیا ہے؟
-من الکلام: کلام کا مقصد (ج) مَغَازٍ
المَغزَاۃُ: الغَزوَۃُ (ج) مَغَازٍ۔

غ .... س

غَسَرَ علی الغریمِ ـِ غَسرًا: قرض دار پر سختی کرنا۔
تَغَسَّرَ الاَمرُ: معاملہ کا مبہم ہونا، خلط ملط ہونا۔
-الغَزلُ: سوت کا خلط ملط ہو جانا، صحیح کرنا مشکل ہو جائے۔
-الغدیرُ: تالاب میں ہوا کا کوڑا لا ڈالنا۔
الغَسِرُ: مبہم معاملہ۔
الغَسَرُ: وہ کوڑا وغیرہ جو ہوا تالاب میں لا ڈالے۔
غَسَّ خطبۃَ الخطیبِ ـُ غَسًّا: مقرر کی تقریر میں عیب نکالنا۔
-فلانًا فی الماءِ: غوطہ دینا۔
غُسَّ البعیرُ: اونٹ کو غُسَاس بیماری لگنا۔
انغَسَّ فی الماءِ: غوطہ لگانا۔
الغُسَاسُ: اونٹ کو لگنے والی بیماری۔
الغُسُّ: کمزور کمینہ شخص۔
(ج) اَغسَاسٌ و غُسُوسٌ و غَسَاسٌ
غَسَقَ اللیلُ ـِ غَسقًا و غُسُوقًا و غَسَقَانًا: رات تاریک ہونا۔
-القمرُ: گرہن کی وجہ سے تاریک ہونا۔
-عینہٗ: آنکھوں سے آنسو بہنا۔
-السماءُ: تاریک ہونا، بارش برسانا۔
-اللبنُ: تھن سے دودھ گرنا۔
-الجرحُ: زخم سے زرد پانی بہنا۔
اَغسَقَ اللیلُ: غَسَقَ۔
-فلانٌ: رات کی تاریکی میں ہونا۔
-المؤذنُ: رات کی ابتدائی تاریکی تک مغرب کی اذان کا مؤخر کرنا۔
الغَاسِقُ: رات جبکہ شفق غائب ہو جائے اور تاریکی بڑھ جائے۔
(۲) چاند جب گہن کی وجہ سے تاریک ہو جائے۔ قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ﴾
الغَسَّاقُ: دوزخیوں کی کھال سے بہنے والا خون اور ان کی پیپ۔ الغَسَاقُ: الغَسَّاقُ۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿اِلَّا حَمِیمًا وَ غَسَّاقًا﴾ اور اسے غَسَاقًا بھی پڑھا گیا ہے۔
الغَسَقُ: رات کی تاریکی۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوکِ

Marfat.com

الشمسِ إلیٰ غسقِ اللیل﴾
غَسَلَ الشیئَ ـِ غَسْلًا: کسی چیز سے میل کچیل دور کرکے اسے پانی سے صاف کرنا۔
یقال: غَسَلَ اللّٰہُ حَوْبَتَہ: اللہ اسے گناہوں سے پاک کرے۔
- فلانًا بالسوط: کوڑا مار کر درد میں مبتلا کر دینا۔
غَسَّلَ الاَعْضاءَ: اعضاء کو اچھی طرح دھونا۔
- المَیِّتَ: میت کو پاک صاف کرنا۔
اِغْتَسَلَ بالماء: پانی سے جسم دھونا۔
اِنْغَسَلَ الشیئُ: لازم غَسَلَہ۔
الغَاسُوْلُ: یک سالہ بوٹی جو مصر کے صحراؤں میں پائی جاتی ہے۔
الغُسَالَۃُ: دھونے سے کسی چیز سے جو کچھ نکلے۔
الغَسَّالَۃُ: وہ عورت جس کا پیشہ کپڑے دھونا ہو (۲) بجلی کی طاقت سے کپڑے دھونے والی مشین یا برتن دھونے والی مشین (مج)
الغَسُوْلُ: جس سے دھویا جائے۔ جیسے صابن۔
(۲) وہ پانی جس سے غسل کیا جائے۔
الغُسْلُ: پورے جسم کا دھونا۔
(۲) الغَسُوْلُ (ج) اَغْسَالٌ۔
الغِسْلُ: الغَسُوْلُ۔
الغِسْلَۃُ: الغِسْلُ۔
(۲) عورتوں کے بالوں میں لگانے کی خوشبو وغیرہ۔
الغِسْلِیْنُ: میل وغیرہ جو دھونے سے کپڑوں سے نکلتا ہے (۲) دوزخیوں کے جسموں سے بہنے والی پیپ وغیرہ۔ قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِیْنٍ﴾
الغُسُوْلُ: الغَسُوْلُ۔
الغَسِیْلُ: دھوئی ہوئی چیز۔
المُغْتَسَلُ: غسل خانہ۔
(۲) وہ پانی جس سے غسل کیا جائے۔ قرآن حکیم میں ہے: ﴿ھٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَّ شَرَابٌ﴾
المَغْسَلُ: دھلائی کی جگہ (ج) مَغَاسِل

المَغْسَلَۃُ: کپڑے دھونے یا صاف کرنے کی جگہ (مج)
(۲) وہ تختہ جس پر میت کو غسل دیا جاتا ہے (محدثان)
المِغْسَلَۃُ: دھلائی کی مشین، دھونے کا آلہ۔
غَسَمَ اللیلُ ـُ غُسُوْمًا: تاریک ہونا۔
اَغْسَمَ اللیلُ: غَسَمَ۔
- القومُ: تاریکی کے وقت میں داخل ہونا۔
الغَسَمُ: سیاہی (۲) تاریکی (۳) بادل کا ٹکڑا (ج) اَغْسَام۔
الغُسْمَۃُ: بادل کا ٹکڑا (ج) غُسَم۔
غَسَنَہ ـُ غَسْنًا: چبانا۔
الغُسَانُ: دل کا آخری گوشہ۔
الغَسَّانُ: الغُسَانُ۔
یقال: لَقد علمتَ اَنَّ ذلك من غَسَّان قلبك: مجھے معلوم ہے کہ یہ تمہارے دل کی گہرائی کی بات ہے۔
(۲) جوانی کی تیزی۔
یقال: کان ذلك فی غَسَّانِ شبابہ: یہ اس کی بھرپور جوانی میں ہوا۔
یقال: ما اَنْتَ من غَسَّانِہ: تم اس کے لوگوں میں سے نہیں ہو۔
الغَسَّانِیُّ: بہت خوبصورت۔
الغُسْنَۃُ: پیشانی کے بالوں کا گچھا (ج) غُسَنٌ۔
الغَیْسَانُ: جوانی کی تیزی۔
یقال: کان ذلك فی غَیْسَانِ شبابہ
غَسَا اللیلُ ـُ غُسُوًّا: تاریکی کی جانب بڑھنا۔
غَسِیَ اللیلُ ـَ غَسًی: غَسَا۔
اَغْسَی اللیلُ: غَسَا۔
- الرجلُ: تاریکی میں داخل ہونا۔
یقال: اَغْسِ من اللیل: جب تک تاریکی دور نہ ہو رات کے اول وقت نہ چلو۔
- اللیلُ فلانًا: تاریکی شب کا اپنی لپیٹ میں لینا۔
الغَسْوُ: مغرب کے وقت اور اس کے کچھ بعد

تک کی رات کی تاریکی۔

غ ..... ش

غَشَّ صدرُہ ـِ غِشًّا: کسی کے دل میں کینہ و بغض ہونا۔
- صاحبَہ ـُ غِشًّا: بغیر مصلحت کے مزین کرنا۔ دل میں پوشیدہ بات کے برعکس ظاہر کرنا۔ ھو غاشٌ۔
(ج) غُشَّاشٌ و غَشَشَۃٌ۔
اَغَشَّہ: دھوکہ میں ڈالنا۔
- عن حاجتہ: کسی سے اس کی ضرورت کے لئے عجلت کرانا۔
غَشَّشَہ: بہت زیادہ دھوکہ دینا۔
اِغْتَشَّہ: کسی کے بارے میں دھوکے کا گمان کرنا۔
اِسْتَغَشَّہ: اِغْتَشَّہ۔
الغِشَاشُ: تاریکی کی ابتداء و انتہا۔
- من الشُرْبِ: گدلا پانی (پانی کے صاف نہ ہونے کی وجہ سے کہا جاتا ہے)
- من النوم: تھوڑی نیند (۲) جلدی۔
یقال: لقیتُہ علی غِشَاش: میں اس سے عجلت میں ملا۔
الغَشَشُ: گدلا گھاٹ۔
المَغْشُوْشُ: غیر خالص۔
یقال: لبنٌ مغشوش و ذھب مغشوش۔
غَشَمَ الحاطِبُ ـِ غَشْمًا: لکڑہارے کا رات کے وقت بغیر دیکھے و سوچے لکڑیاں کاٹ کر اکٹھی کرنا۔
- الرجلَ ـُ غَشْمًا: بہت زیادہ ظلم ڈھانا۔ ھو غاشم و غَشُوْمٌ۔
تَغَاشَمُوْا: ایک دوسرے پر ظلم کرنا۔
الاَغْشَمُ: پرانا سوکھا پودا۔
الغَشُوْمُ: لوگوں کو بے وقوف بنا کر جو ہاتھ لگے بٹورنے لگا۔
جنگ کو بھی غشوم کہا جاتا ہے کیونکہ جنگ بغیر جرم کے اشیاء وصول کر لیتی ہے۔
ناقۃٌ غشومٌ: جو سامنے سے نہ ہٹائی جاسکے۔
الغَشِیْمُ: معاملات سے ناواقف، گویا کہ وہ

Marfat.com

غاشم کی طرح ہے کہ جورات کے وقت بغیر دیکھے اور سوچے جو ہاتھ لگے اسی کو کاٹ کر اکٹھا کرے (محدثہ)

المِغْشَمُ: دلیر اپنے ارادے سے نہ پھرنے والا۔

غَشْمَرَ السَّیْلُ: سیلاب آنا۔

-فلانٌ: حق و باطل میں اپنے کئے کی پرواہ کئے بغیر ٹانگ اڑانا۔

تَغَشْمَرَ له: غضبناک ہونا۔

-السَّیْلُ او الجیش: لشکر یا سیلاب آنا۔

-والشیءَ: جبراً لے لینا۔

الغَشَمْشَمُ: دلیر اپنے ارادے سے نہ پھرنے والا۔

(۲) بہت ظالم۔

غَشِیَ اللیلُ - غَشًا: تاریک ہونا۔

-الفرسُ و غیرُہ: جسم میں سے سر کا مکمل سفید ہونا۔ھو اَغْشٰی ھی غشواءُ۔

-الامرُ فلاناً غشًا و غَشْیًا: معاملہ کا گھیر لینا۔

یقال: غَشِیَهُ النعاسُ: نیند غالب آنا۔

غشیه الموجُ و غشیه العذاب و غشیه الموتُ۔

-المکانَ غِشْیانًا: آنا۔

-الامرَ: کسی کام میں لگ جانا۔

-فلاناً بالسوط: کوڑے سے بہت مارنا۔

غُشِیَ علیه غَشْیَةً و غَشْیًا و غَشَیَانًا: بے ہوش ہو جانا۔ھُوَ مَغْشِیٌّ علیه۔

اَغْشَی اللیلُ: غَشِیَ۔

-اللّٰہُ علی بصرہ: اللہ کا کسی کی آنکھ پر پردہ ڈالنا۔

-فلاناً الامرَ: کسی کام میں لگانا۔

-فلاناً: اپنی طرف آنے پر اکسانا۔

غَشَّی الشیءَ و علی الشیءِ: پردہ ڈالنا۔

یقال و غَشَّی اللّٰہُ علی بصرہ۔

-فلانا الامرَ: کسی کام میں لگانا۔

-فلاناً بالسَّوْطِ او السیفِ: کوڑے یا تلوار سے بہت زیادہ مارنا۔

تَغَشَّی الشیءُ: ڈھک جانا۔

-الشیءُ فلاناً: ڈھانک لینا۔

یقال تغشی فلان بثوبه: کپڑا اوڑھنا۔

اِسْتَغْشَی ثوبَه' و بثوبه: کپڑا اوڑھ لینا تاکہ دیکھ اور سن نہ سکے۔

الغَاشِیَةُ: پردہ (۲) دل کا پردہ (۳) قیامت (۴) اچھی یا بری یا ناپسندیدہ پیش آمدہ بات (۵) تلوار کی میان۔

(۶) بھکاری جو بھیک مانگنے آئیں۔

(۷) باری باری آنے والے ملاقاتی اور دوست۔

(۸) پیٹ کی اندرونی بیماری۔

-من العذاب: سخت ترین سزا۔

الغِشَاءُ: پردہ (ج) اَغْشِیَةٌ۔

الغِشَاوَةُ: الغِشَاءُ۔

الغَشْیَةُ: غَشْیَةُ الموت: وقتِ موت کی بیہوشی۔

غ.........ص

غَصَبَ الشیءَ - غَصْبًا: جبراً و ظلماً لینا۔

یقال: غَصَبَ مالَه و غصب منه ماله

-المرأةَ: زبردستی زنا کرنا۔

الجلدَ: دباغت دیئے بغیر کھال کے بال وغیرہ اتارنا۔

-فلاناً علی الشیءِ: مجبور کرنا ھو غَاصِبٌ۔

اِغْتَصَبَ الشیءَ: غَصَبه۔

غَصَّ بالماءِ - غَصًّا و غَصَصًا: حلق میں پانی ٹھہر جانا' نگلا نہ جانا۔ ھو غاصٌّ' و غَصَّانُ۔

-المکانُ باھله: جگہ کا بھر جانا' تنگ ہو جانا۔

اَغَصَّه: کسی چیز سے اچھو لگوانا۔

-علیهم الارضَ: تنگ کرنا۔

اِغْتَصَّ: لازم اَغَصَّه۔

الغُصَّةُ: وہ کھانا یا پانی جو حلق میں اٹک جائے۔

(ج) غُصَصٌ۔

غَصَنَ الغُصْنَ - غَصْنًا: شاخ کاٹنا۔

-الشیءَ: لینا۔

-فلاناً حاجتَه: روکنا۔

یقال: مَا غَصَنَكَ عَنِّی: تم کو میرے پاس سے کس چیز نے روکا؟

اَغْصَنَ العُنْقُودُ: خوشہ انگور کے دانے بڑے ہونا۔

-الشجرةُ: درخت کی شاخیں نکلنا۔

غَصَّنَ العُنْقُودُ: اَغْصَنَ۔

الغُصْنُ: درخت کے تنے سے نکلنے والی موٹی اور پتلی ٹہنی (ج) غُصُونٌ' و اَغْصَان۔

الغُصْنَةُ: چھوٹی سی شاخ۔

غ.........ض

غَضِبَ علیه - غَضَبًا: ناراض ہونا اور انتقام کی ٹھاننا۔ ھو غَضِبٌ' ھی غَضِبَةٌ ھو غَضْبَانُ ھی غَضْبٰی ھو غضبانٌ ھی غَضْبَانَةٌ (تنوین کے ساتھ)

(ج) (مذکر کی غِضَابٌ۔مؤنث کی غضابی)

غَضِبَ له: کسی کی خاطر کسی دوسرے پر غصہ ہونا۔

غَضِبَ من لاشیءٍ: بلا وجہ غصہ ہونا۔

اَغْضَبَهُ: غصہ پر آمادہ کرنا۔

غَاضَبَ فلانٌ فلاناً: ایک دوسرے سے ناراض ہونا۔

-فلاناً: قطع تعلق اختیار کرنا۔

تَغَضَّبَ علیه: غَضِبَ۔

یقال: اَغْضَبْتُه فَتَغَضَّبَ۔

الغُضَّابِیُّ: بدمزاج' نامنسار۔

الغَضِبُ من الرِّجال: جلد غصہ کرنے والا۔

الغَضَبُ: انفعال کو قبول کرنا جس میں اعتداء کی طرف میلان کا امتیاز ہو (مج)

الغَضُوبُ: بہت غصہ کرنے والا (مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے)

غَضَرَ علیه - غَضْرًا: مہربان ہونا۔

-عنه: پھر جانا۔

یقال: مَا غَضَرْتُ عن صَوْبِیْ: میں اپنی جہت سے نہیں ہٹا۔

مَا غَضَرَ عَنْ شَتْمِیْ: اس نے میری برائی میں تاخیر نہیں کی۔

-الشیءَ: کاٹنا۔

Marfat.com

یقال: غَضَرَ له من ماله: مال میں سے کچھ حصہ اسے دیا۔
-الرجلَ: روکنا۔
یقال ناردت ان آتیك فغضرنی امرٌ: میں آپ کے پاس آنا چاہتا تھا لیکن ایک کام نے مجھے روک لیا۔
-الجلد: اچھی طرح صاف کرنا۔
- اللہ فلاناً ـُ غَضْرًا: کسی کے رزق میں فراخی کرنا۔
غَضِرَ الرجلُ بالمال والسّعة والأهل ـَ غَضَرًا: تنگ دستی کے بعد آسودہ حال ہونا۔ ہو غَضِرٌ۔
-عن الشي: پھر جانا
غَضُرَ ـُ غضارۃً: آسودہ حال، خوش عیش ہونا۔
-النباتُ: سرسبز و شاداب ہونا۔
ہو غاضِرٌ و غَضِيرٌ۔
اُغْتُضِرَ: جوان تندرست حالت میں مر جانا۔
(دیکھئے: احتضر)
تَغَضَّرَ عنه: پھر جانا۔
الغَاضِرُ: عمدہ صاف کی ہوئی کھال۔
الغَضَارُ: چکنی ہری ٹھیکری۔
(۲) باریک ذرات والی تر مٹی جو بہت زیادہ پکڑ اور مضبوطی والی ہوتی ہے اس سے چینی کے برتن بنائے جاتے ہیں۔
(۳) اسی سے بنایا ہوا برتن۔
الغَضَارَۃُ: تقول: اِنهم لفی غَضَارَۃٍ من العیش، وفی غَضَارَۃِ عَیْشٍ: وہ آسودگی و خوشحالی میں ہیں۔
(۲) چکنی ہری ٹھیکری۔
الغَضْراءُ: چکنی ہری مٹی والی سرزمین۔
یقال: هم فی غضراء عیش، وفی غضراء من العیش: وہ فراخی و آسودگی میں ہیں۔
الغُضْرُوفُ: کسی بھی جگہ کی نرم ہڈی۔
غَضَّتِ المرأۃُ ـِ غَضَاضَۃً و غُضُوضَۃً: جلد کا پتلا ہونا اور خون ظاہر ہونا۔
-النباتُ وغیرہ: تروتازہ ہرا بھرا ہونا۔
هُوَ غَضٌّ و غَضِیضٌ هی غَضَّۃٌ۔
- بَصرَہ و صوتَه وغیرهما ـُ غَضًّا و غِضَاضًا و غَضَاضَۃً: نگاہ نیچی کرنا، آواز پست کرنا۔
یقال ایضًا: غَضَّ من بصرہ ومن صوته قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ﴾ ہو غاضٌّ۔
یقال: غَضَّ الطَّرْفَ: شرم یا کھسیاہٹ کی وجہ سے نگاہ نیچی کرنا۔
حَنَّشَ طرفه عن فلان ی سے ناپسندیدہ کے احتمال کے باوجود اس کا مواخذہ نہ کرنا۔
-الغُصْنَ: توڑنا لیکن جدا نہ ہو۔
-فلاناً: بے قدری کرنا۔
یقال ایضًا: غَضَّ منه
-فلاناً حَقَّه: کسی کے حق میں کمی کرنا۔
یقال: لا أَغُضُّكَ دِرْهَمًا: میں ایک درہم بھی کم نہ کروں گا۔
أَغَضَّ الشيُ: کم ہونا۔
غَضَّضَ فلانٌ: تازہ چیز کھانا۔
(۲) عیب لاحق ہونا۔
-الشيُ: تروتازہ ہونا۔
اِغْتَضَّ منه: حیثیت کم کرنا۔
اِنْغَضَّ الطَّرْفُ: نگاہ نیچی ہو جانا۔
الغُضَاضُ: سر کا اگلا حصہ اور اس سے متصل چہرہ۔
الغَضَاضَۃُ: ذلت (۲) عیب۔
یقال: لا غَضَاضَۃَ علیك فی هذا الفعل: اس کام میں تم پر کوئی ملامت نہیں۔
الغَضُّ: ہر[illegible]ہ اور نئی چیز۔
الغُضَّۃُ: ذلت۔
الغَضِیضُ: نکلتا ہوا شگوفہ۔
(۲) جھکے ہوئے پپوٹوں والی آنکھ۔
(۳) ذلیل وعیب دار۔
(ج) اَغِضَّاءُ و اَغِضَّۃٌ۔
المَغَضَّۃُ: عیب و نقص، ذلت۔
غَضَفَ الفرسُ و نحوه ـِ غَضْفًا: بے اندازہ دوڑنا۔
-العَیْشُ غُضُوفًا: خوش عیش ہونا۔
-فلانٌ: آسودہ دل ہونا۔ ہو غاضِفٌ
-العودَ والشيءَ: لکڑی یا کسی چیز کو توڑ کر موڑنا لیکن اچھی طرح نہ توڑنا۔
- الكلبُ اذنَه: کتے کا اپنے کان آگے کی طرف ڈھیلے کر کے چھوڑنا۔
غَضِفَ الشيُ ـَ غَضَفًا: ڈھیلا ہونا۔
یقال: غَضِفَتِ الاُذُنُ و غَضِفَتِ الاشفارُ۔
-السهمُ: تیر کے پر کا [illegible] ہونا۔
-اللیلُ: تاریک ہونا۔
-العامُ: زرخیز ہونا۔
-العیشُ: زندگی کا آسودہ ہونا۔
ہو اَغْضَفُ هی غَضْفَاءُ (ج) غُضْفٌ۔
اَغْضَفَتِ الثمرۃُ: پھل کا ڈھیلا ہو کر درخت سے لٹک جانا۔
-النَّخْلَۃُ: پتے زیادہ اور پھل خراب ہو جانا۔
هی مُغْضِفٌ و مُغْضِفَۃٌ۔
-السماءُ: آسمان پر بادل چھا جانا۔
-اللیلُ: تاریک ہونا۔
غَضَّفَه: توڑ کر موڑنا۔
یقال: غضَّفَ العُودَ۔
اِنْغَضَفَ العُودُ: لکڑی کا ٹوٹ کر مڑ جانا۔
-اُذُنُه: کان کا غیر خلقی طور پر لٹک جانا۔
-القومُ فی الغُبَارِ: گردوغبار میں داخل ہونا۔
-البئرُ: کنویں کا منہدم ہو جانا۔
-الضَّبَابُ: کہر کا گہرا ہونا۔
تَغَضَّفَ: لازم غضَّفَه۔
-الحَیَّۃُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔
-علیهم اللیلُ: رات کی تاریکی چھا جانا۔
-علیهم الدنیا: آسودگی لے کر آنا۔
-علیه: جھک جانا، مہربان ہونا۔
-البئرُ: کنویں کے اطراف کا منہدم ہو جانا۔
الغَضَفُ: ہند میں پایا جانے والا کھجور کے مشابہ درخت جس کی چھال سے جھولیں بنائی جاتی ہیں۔

Marfat.com

غَضْفَرَ الشیُ: بھاری ہونا۔
الغُضَافِرُ: شیر۔
الغَضْفَرُ: سخت' خشک مزاج۔
الغَضَنْفَرُ: شیر۔
رجل غضنفر: سخت جسم والا شخص۔
غَضِنَتِ الناقةُ بولدها ـُ غَضْنًا و غِضَانًا: اونٹنی کا بچے کے بال اگے بغیر اور نا تمام خلقت والا جن دینا۔ ھو غَضِينٌ۔
-فلانًا: روکنا۔
یقال: ما غَضَنَك عَنَّا: ہم سے آپ کو کس چیز نے روکا؟
غَضِنَتِ العَیْنُ ـَ غَضَنًا: پیدائشی طور پر آنکھ کا ناہموار ہونا۔
-الجَبْهَةُ: پیشانی کی شکنیں ظاہر ہونا۔
اَغْضَنَتِ السماءُ: مسلسل بارش برسنا۔
یقال: اَغْضَنَ المطرُ: مسلسل بارش ہونا۔
-علیه الحُمّٰی: بخار کا مسلسل رہنا۔
-علیه اللیلُ: تاریک ہونا۔
غاضَنَ عَیْنَهٗ: شک کے طور پر آنکھ کو سیٹنا۔
-المراۃَ: آنکھ مار کر اظہار محبت کرنا۔
غَضَّنَتِ السماءُ: اَغْضَنَتْ۔
-الناقةُ بولدها: غَضَنَتْ۔
یقال: دخلت عَلی فلان فَغَضَّنَ لی من جبهته: میں فلاں کے پاس گیا تو اس کی پیشانی پر سلوٹیں پڑ گئیں۔
تَغَضَّنَ الشیُ: مڑنا اور ٹوٹنا۔
الغَضَنُ: کپڑے' چادر' جلد یا کان وغیرہ کی سلوٹ' شکن (ج) غُضُونٌ۔
یقال: جاء فی غضون کلامك كذا: وہ آپ کی اس بات کے دوران آیا۔
(۲) تھکان' مشقت۔
یقال: لَاُطِیْلَنَّ غَضَنَكَ: میں آپ کی مشقت میں اضافہ کر دوں گا۔
الغَضَنْفَرُ (دیکھئے غضنفر)
غَضَا اللیلُ ـُ غَضْوًا و غُضُوًّا: ہر طرف تاریکی پھیلنا۔
-البعیرُ: اونٹ کا جھاؤ کے پتے کھانا۔
-فلانٌ: آسودہ حال ہونا (۲) دونوں پلکیں ملانا۔
-علی الشیِ: خاموش ہونا۔
غَضِیَتِ الارضُ ـَ غَضًی: زمین میں جھاؤ کے درختوں کی کثرت ہونا۔
-الرجلُ: دونوں پلکیں ملا کر آنکھ بند کر لینا۔
-البعیرُ: جھاؤ کے پتے کھانے سے بیمار ہونا۔
-اَغْضَی اللیلُ: غَضَا۔
-فلانٌ: دونوں پلکیں ملانا۔
یقال: اَغْضٰی جفونهٗ اَغْضٰی عَینَهٗ۔
-عنه طَرْفَهٗ: نگاہ پھیر لینا۔
-علی الشیِ: خاموشی اختیار کرنا' صبر کرنا۔
یقال: اَغْضٰی عینًا علی قذًی: تکلیف برداشت کرنا۔
تَغَاضٰی عنه: چشم پوشی کرنا' غفلت برتنا۔
الغَاضِیَةُ من اللیالی: سخت تاریک راتیں۔
-من النِّیران: روشن اور بڑی آگ۔
الغَضٰی: جھاؤ کا درخت جس کی لکڑی بہت زیادہ سخت ہوتی ہے' اس کی لگی آگ طویل عرصے تک رہتی ہے بجھتی نہیں۔
واحدته: غَضَاةٌ۔
اھلُ الغَضٰی: اہل نجد' کیونکہ وہاں بکثرت پایا جاتا ہے۔
الغَضْیاء من الارض: جہاں جھاؤ کے درختوں کی کثرت ہو۔

غ .... ط

غَطْرَسَ علی اقرانه: ہم عصروں کے سامنے بڑائی جتانا (۲) تکبر کرنا۔
-فلانًا: ناراض کرنا۔
تَغَطْرَسَ: غطرس (۲) غصہ ظاہر کرنا۔
(۳) اندھا دھند راستہ پر چلنا۔
-فی مشیته: اکڑ کر چلنا۔
الغِطْرِسُ: ظالم متکبر (ج) غطارس۔
الغطریس: الغِطْرس (ج) غطاریس۔
غَطْرَشَ فلانٌ غَطْرَشَةً: حق کو ٹھکرانا۔
ھو مُغَطْرِشٌ' ھی مُغَطْرِشَةٌ۔
یقال: فلان آذانه عن الحق مُغَطْرِشة فلاں کے کان حق بات سننے کو تیار نہیں۔
تَغَطْرَشَ فلانٌ: کسی بات سے نظر انداز کرنا۔
غَطْرَفَ: فضول کام کرنا' تکبر کرنا۔
تَغَطْرَفَ: غطرف (۲) اکڑ کر چلنا۔
الغُطَارِفُ: شریف سردار۔
الغِطْرَافُ: الغُطَارِفُ۔
الغِطْرِیفُ: الغُطَارِفُ۔
(ج) غَطَارِیفُ' و غَطَارِفَةٌ۔
غَطَسَ فی الماء ـِ غَطْسًا: پانی میں غوطہ کھانا۔
یقال: غطسَ فی بحرٍ من اَنْعُمِه: خدا کی نعمتوں میں مست ہونا۔
-فی الاناء: برتن سے منہ لگا کر پانی پینا۔
-الشیَ فی الماء: پانی میں ڈبونا۔
غَطَّسَه فی الماء: ڈبونا۔
تَغَاطَسَ القومُ: ایک دوسرے کو پانی میں ڈبونا۔
-الرجلُ: غفلت برتنا۔
الغَاطِسُ: یقال: لیلٌ غاطسٌ: تاریک رات۔
-من السفینة: کشتی کا نیچے والا حصہ جو پانی میں چھپ جاتا ہے (محدثہ)
الغِطَاسُ: (نصاری کے ہاں) بچہ کی ماء العمودیه سے تطہیر کی تقریب۔
عید الغِطَاسُ: مسیح علیہ السلام کی تعمید کی یادگار کا دن جسے قبطی مناتے ہیں۔
الغَطَّاسُ: اپنے مقصد کی چیز نکالنے کے لئے پانی میں غوطہ خوری کرنے کا پیشہ کرنے والا۔
الغِطْیَسُ: سیاہ۔
یقال: اسود غِطْیس: بہت زیادہ سیاہ۔
المَغْطِسُ: غسل میں نہانے کا ٹب۔
(ج) مَغَاطِسُ۔
غَطَشَ اللیلُ ـِ غَطْشًا: تاریک ہونا۔
-فلان غَطْشًا و غَطَشَانًا: بڑھاپے یا آنکھ کی بیماری کے باعث آہستہ چلنا۔
غَطِشَ ـَ غَطَشًا: آنکھ میں کمزوری ہو' جس کی وجہ سے صاف دکھائی نہ دیتا ہو۔ ھو

Marfat.com

اَغْطَشَ و غَطِشَ، هي غَطْشَى، و غَطْشَاءُ و غَطِشَةٌ (ج) غُطْش۔
یقال: غَطِشَ البصرُ: بینائی کا کمزور ہونا
غَطِش اللیلُ: رات کا تاریک ہونا۔
یقال: فَلاۃٌ غَطْشَى و غَطْشَاءُ: تاریک جنگل جس کے راستے اس قدر پیچیدہ اور مبہم ہوں کہ انسان راہ نہ پاتا ہو۔
اَغْطَشَ اللیلُ و البصر: روشنی نہ ہونا، تاریک ہونا۔
-القومُ: تاریکی میں داخل ہونا۔
-اللهُ اللیلَ: تاریک کردینا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿ وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا وَ اَخْرَجَ ضُحَاهَا﴾
غَطَّشَ: یقال: غَطِّشْ لي شيئًا: (صیغہ امر کے ساتھ) میرے لئے کام، رائے، بات کو واضح کرو۔
تَغَاطَشَ عنه: چشم پوشی کرنا، غفلت برتنا۔
تَغَطَّشَتْ عینُه: روشنی نہ ہونا، بینائی کا کمزور ہونا۔
اِغْطَاشَ البصرُ: نگاہ آہستہ آہستہ کم ہونا۔
غَطَّ فی نومه ـِ غَطًّا و غطیطًا: نیند میں خراٹے لینا۔
یقال: غَطَّ النائم، غطَّ المذبوحُ غطَّ المخنوقُ۔
-القِدْرُ: دیگچی کے کھولنے کی آواز آنا۔
-الشيُ فی الماء ـُ غَطًّا: پانی میں ڈبونا۔
-الشيُ: زور سے دبا کر نچوڑنا۔
-اِنْغَطَّ فی الماء: ڈوبنا۔
تَغَاطَّ القومُ فی الماء: ایک دوسرے کو ڈبونا۔
الغُطَاطُ: رات کے آخری حصے کی تاریکی کا صبح کی ابتدائی روشنی سے ملنا۔
غَطْغَطَتِ القِدْرُ: ہنڈیا کا جوش کے وقت آواز دینا۔
-علیه النومُ: نیند غالب آنا۔
-الشجرُ: سمندر میں موجیں اُٹھنا۔
تَغَطْغَطَ البحرُ: غَطْغَطَ۔
-الشيُ: بکھر جانا، برباد ہونا۔

غَطِفَ العَیش ـَ غَطَفًا: فراخ و آسودہ ہونا۔
-الرجلُ: لمبی اور گھنی پلکوں والا ہونا۔
-الرجلُ: بھووں کے کم بال والا ہونا۔
هو اَغْطَفُ، وهي غَطْفَاءُ (ج) غُطْفٌ۔
غَطَا اللیلُ ـُ غَطْوًا، و غُطُوًّا: تاریک ہونا، ہر طرف تاریکی چھا جانا۔
-الشيَ، و علیه غَطْوًا: پردہ پوشی کرنا، چھپانا۔
اَغْطَتِ الشجرۃ: درخت کی شاخیں لمبی ہونا اور زمین پر پھیل کر اردگرد چھپالینا۔ هي غاطِیَةٌ (غیر قیاسی طور پر)
-الکرمُ: انگور کی بیل کا رس دار ہو کر بڑھنا اور پھیلنا۔
-الشيَ: چھپانا، پردہ ڈالنا۔
یقال: اللهم اَغْطِ علي قلبه: اے خدا اس کے دل پر پردہ ڈال دے۔
غَطَّاهُ: چھپانا، پردہ پوشی کرنا۔
-اللیلُ فلانًا: تاریکی کی لپیٹ میں لینا۔
اغتطَی: چھپانا۔ یقال: اغتطی به
تَغَطَّى: اغتطی۔
یقال: تَغَطَّى به: کسی کی آڑ میں چھپ جانا
الغِطَاءُ: جس کو کسی چیز پر رکھ کر اسے ڈھانپ دیا جائے، چھپا دیا جائے۔
اسی سے ہے غِطَاءُ المائدۃ، غِطَاءُ الفراش
الغِطَایَةُ: میز پوش، پلنگ پوش، وہ کپڑا جسے عورت اپنے کپڑوں کے نیچے پہنتی ہے۔ جیسے غلالة (بنیان وغیرہ)
الغَطْوَان: کثرت و حفاظت۔
یقال: انّه لذو غَطْوَان۔
الغَطَیَانُ: غَطَیَانُ البحرِ: سمندری آبی بہاؤ۔
المَغْطِيُّ: یقال: فلانٌ مَغْطِيُّ القِنَاعِ: گم نام۔

غ.........ف

غَفَرَ الجریح او المریضُ ـِ غَفْرًا: بیماری کا لوٹ آنا، زخم دوبارہ ہرا ہونا۔
- العَاشِقُ: دلاسے کے بعد عاشق کا دوبارہ گرفتار عشق ہونا۔

-الشيَ: ڈھانپنا، چھپانا
یقال: غفر الشَّیْبَ بالخضاب: بالوں کی سفیدی کو خضاب سے چھپانا۔
غفر المتاعَ فی الوعاء: ظرف میں سامان رکھ کر چھپانا۔
-اللهُ له ذنبه غَفْرًا و غُفْرَانًا و مغفرۃً: ستر پوشی کرنا، معاف کرنا، هو غَافِر۔
(بطور مبالغہ) غَفُور، و غَفَّار۔
-الجَلَبُ السُّوقَ غَفْرًا: بیرونی مال تجارت کا بازار میں پھیل کر سستا کر دینا۔
غَفِرَ الثوبُ ـَ غَفَرًا: رواں ابھرنا۔
- الجرحُ اَو المریضُ: بیماری لوٹ آنا، زخم دوبارہ تازہ ہو جانا۔
غُفِرَ المریضُ: مرض دوبارہ لوٹ آنا۔
اَغْفَرَ الرِّمْثُ و العُرْفُطُ: رمث اور عُرفط نامی پودے سے گوند نکلنا۔
-النَّخلُ: خام کھجوروں پر جھلی سی آنا۔
-الارض: ہری کونپلیں نکلنا۔
-الشي تَیسَ الجبلِ: پہاڑی بکرے کی مادہ کا نر بچوں والی ہونا۔
-المتاع فی الوعاء: سامان کسی ظرف میں داخل کر کے چھپا دینا۔
-الشَّیْبَ بالخضاب: خضاب سے سفید بال چھپانا۔
اِغْتَفَرَ له ذنبه: گناہ معاف کرنا۔
تَغَافَرَ القومُ: ایک دوسرے کے لئے دعائے مغفرت کرنا۔
تَغَفَّرَ: پودوں سے گوند اکٹھا کرنا۔
استَغْفَرَ الله ذنبَه و من ذنبه ولذنبه: معافی طلب کرنا۔
اِغْفَارَّ الثوبُ: کپڑے کا رواں نکلنا۔
الغُفَارُ: رویں نما چھوٹے چھوٹے بال جو جبڑوں، ٹھوڑی، پیشانی، گدی اور عورت کی پنڈلی وغیرہ پر ہوتے ہیں۔
الغِفَارُ: رخسار کا نشان۔
الغِفَارَۃُ: ایک کپڑا جو عورتیں اپنے سر پر پہنتی ہیں جس سے ان کے سر کا اگلا اور پچھلا حصہ

Marfat.com

چھپتا ہے نہ کہ درمیان۔
(۲) تہ بہ تہ بادل۔
(۳) سر پر ٹوپی کے نیچے رکھا جانے والا زرہ کا زائد حصہ (ج) غفائر۔
الغَفْرُ: پیٹ (۲) الغفارُ۔
(ج) اَغفارُ' غُفُور۔
(۳) کپڑے کی روئیں۔
واحدته: غَفْرة۔
(۴) چاند کی منازل میں سے پندرہویں منزل جس میں برج سنبلہ میں تین چھوٹے ستارے ہوتے ہیں۔
الغُفْرُ: گائے کا بچہ۔
الغُفُرُ: پہاڑی بکرے کی نر اولاد۔
(ج) اَغفار' و غُفُور۔
الغَفَرُ: ٹیلوں اور ہموار زمینوں میں اگنے والے پودے جو چڑیوں کی مانند دکھائی دیتے ہیں۔
-من الکلأ: چھوٹی چھوٹی گھاس۔
(ج) اَغفار' و غُفُور۔
الغَفِرُ: یقال: رجلٌ غَفِرُ القفا: گدی پر روئیں والا۔
الغُفْرَةُ: پہاڑی بکرے کی مادہ۔
(۲) وہ چیز جس سے سر ڈھانپا جائے۔
یقال: اغفِرُ واهذا الشئ بغُفْرته: اس چیز کو اس کے مناسب چیز سے درست کرو۔
الغَفِیرُ: الغُفار (۲) کثیر' بہت۔
یقال: جاءَ القومُ جَمًّا غَفِیرًا و جَمَّاءَ غَفِیرًا و جَمّ الغَفِیرِ و جَمَّاءَ الغَفِیرِ والجَمَّاءَ الغَفِیرَ: سارے کے سارے لوگ آئے' ادنیٰ و اعلیٰ' کوئی پیچھے نہ رہا اور وہ بہت زیادہ تھے۔
الغَفِیرَةُ یقال: ما عندهم غَفِیرَةٌ: وہ کسی کا گناہ معاف نہیں کرتے۔
(۲) جس سے کسی چیز کو ڈھانپا جائے۔
(۳) کثرت' زیادتی۔
المِغفارُ: عُرفُط نامی درخت سے نکلنے والا میٹھا گوند جسے کھایا جاتا ہے' یا کپڑے میں لگا کر اس پر پانی ٹپکا کر پیا جاتا ہے۔

(ج) مَغَافِیرُ۔
المِغفَرُ: ٹوپی کے نیچے پہنا جانے والا زرہ سے ملا ہوا سر کے بقدر حصہ (ج) مَغَافِرُ۔
المِغفَرَةُ: المِغفَرُ (ج) مَغَافِرُ
المُغْفُورُ: المِغفَارُ۔
غَافَصَهُ مُغَافَصَةً و غِفَاصًا: کسی کو اچانک آ پکڑنا اور بری طرح پیش آنا۔
یقال: اخذ الشئَ مُغَافَصَةً: زبردستی جبراً کوئی چیز لے لینا۔
الغَافِصَةُ: مصائب زمانہ میں سے سختی (ج) غَوَافِصُ۔
اِغتَفَّتِ الدابةُ: جانور کو بقدر ضرورت چارہ ملنا۔
-فلانًا: کسی کو تھوڑی چیز دینا۔
تَغَفَّفَتِ الدابةُ: اِغتَفَّتْ۔
-الإناءَ والضَّرعَ: برتن یا تھن کا باقی ماندہ دودھ نکالنا۔
الغَفُّ: رطب کھجور کا سوکھا پتا۔
الغِفَّانُ: وقت۔
یقال: جاءَ عَلى غِفَّانِهِ: وہ اپنے وقت پر آیا۔
الغُفَّةُ: گزارے کے لائق سامان زندگی (۲) وہ چارہ جسے اونٹ اپنے منہ میں عجلت میں لے لیتا ہے۔
(۳) فصل بہار کا تھوڑا چارہ یا خوراک۔
غُفَّةُ الإناءِ والضَّرعِ: برتن یا تھن میں باقی ماندہ۔
غَفَقَ فلانٌ ـِ غَفقًا: اچانک ہلہ بولنا۔
-فلانٌ: اچانک آ موجود ہونا۔
-الرجلُ: بار بار بکثرت پینا۔
-فلانٌ غَفقَةً: سوتے ہوئے لوگوں کی باتیں سننا۔
غَفَّقَ: لوگوں کی باتیں سنتے ہوئے سونا۔
اغتَفَقَ به: گھیر لینا۔
تَغَفَّقَ الشرابَ: بار بار بکثرت پینا۔
الغَفِقُ: متوسط درجہ کی بارش۔
غَفَلَ عن الشئ ـُ غُفُولًا و غَفْلَةً: قلت حفاظت توجہ کی بناء پر بھولنا۔

-الشئَ: بغیر بھولے غفلت سے کوئی چیز چھوڑ دینا۔
(۲) ڈھانپنا' هو غافل
(ج) غُفُول' و غُفَّل۔
اَغْفَلَ الشئَ: غفل عنه۔
-الدابةَ: جانور پر داغ نہ لگانا۔
-فلانًا عن الشئ: غافل کرنا۔
-فلانًا: غافل پانا۔
(۲) غافل کہنا۔
(۳) مشغولیت کے وقت سوال کرنا فراغت کا انتظار نہ کرنا۔
-فلانًا عن الشئ: غافل کر دینا' ذہن سے نکال دینا۔
غَفَّلَ فلانًا: اَغفَلَه۔
(۲) کسی کی حمایت کرنا جبکہ وہ غافل ہو کچھ پتہ نہ ہو۔
-الشئَ: بھولنا۔
تَغافَلَ: جان بوجھ کر غفلت کرنا۔
(۲) یہ ظاہر کرنا کہ وہ غافل ہے حالانکہ غافل نہ ہو۔
-من فلان: کسی کی غفلت سے فائدہ اٹھانا۔
تَغَفَّلَ فلانًا: بے خبری میں آنا۔
(۲) کسی کی بے خبری کی تاک میں رہنا۔
-فلانًا عن کذا: بے خبری میں کسی کو کسی چیز کے بارے دھوکہ دینا۔
اِستَغْفَلَه: کسی کی بے خبری کے تاک میں رہنا۔
الغُفْلُ: جس سے خیر کی امید نہ ہو اور اس کے شر کا اندیشہ نہ ہو۔
(۲) معلوم النسب شخص۔
(۳) جوئے کا بے نشان تیر جس سے نہ فائدہ ہو اور نہ نقصان۔
یقال: قِدحٌ غُفلٌ' قِداحٌ غُفل' و اغفال۔
(۴) بے نشان و علامت جگہ' راستے وغیرہ۔
(۵) بے نشان جانور۔
یقال' ابلٌ اغفال: وہ اونٹ جن پر کوئی نشان نہ ہو۔

Marfat.com

(۲) ناتجربہ کار شخص۔
(۷) بارش سے خالی زمین۔
(۸) خام چیز جو ابھی تیار نہ کی گئی ہو۔
(۹) وہ شعر جس کا شاعر نامعلوم ہو۔
(۱۰) وہ کتاب جس کا مصنف نامعلوم ہو۔
(ج) اَغْفَال۔
الغَفَلُ: فراخی زندگی۔
یقال: فلان فی غَفَل من عیشه: فلاں آسودہ حال ہے۔
المُغَفَّلُ: بے دانش۔
غَفَا ـُ غَفْوًا و غُفُوًّا: تھوڑا سونا۔
-الشیءُ علی الماء: پانی کے اوپر تیرنا۔
اَغْفَی فلانٌ: غَفَا۔
(۲) کھلیان کے بھوسے پر سونا۔
-الشجرُ: شاخیں لٹکنا۔
الاِغْفَاءَةُ: ہلکی اونگھ۔
یقال: اَلَذُّ مِن اِغْفَاءَةِ الفجر۔
الغَفَا: کھلیان کا بھوسا۔
(۲) گیہوں کا چھلکا۔
الغَفْوَةُ: شکاری کے چھپنے کا گڑھا۔
(۲) الاِغْفَاءَةُ، الغُفُوُّ۔
غَفَی البُرَّ و نحوَه ـِ غَفْیًا: گیہوں وغیرہ کو صاف کرنا۔
غَفِیَ ـَ غَفًی: اونگھنا۔
اَغْفَی فلانٌ: کھلیان کے بھوسے پر سونا۔
-الطَّعَامُ: کھانے کی چیز میں (غلہ وغیرہ) کوڑا کرکٹ کثیر ہونا۔
-البُرَّ و نحوه: گیہوں وغیرہ کو صاف کرنا۔
غَفَّی الطعَامَ: صاف کرنا۔
اِنْغَفَی الشیءُ: ٹوٹ جانا۔
(۲) گیہوں وغیرہ میں ملی ہوئی اجنبی اشیاء جیسے تنکے گونے وغیرہ۔
(۳) ہر گھٹیا چیز۔
(۴) درخت خرما کو لگنے والی بیماری جو گرد کے مشابہ ہوتی ہے اور کچی کھجور کو لگ کر اسے پھلنے بڑھنے سے روک کر اس کے ذائقہ کو بدل دیتی ہے۔

(۵) کچی کھجور کے اوپر کا چھوٹا سا چھلکا۔
(۶) وہ اونٹ جنہیں باہر نکال دیا جائے۔
(۷) نچلے درجہ کے لوگ۔
(ج) اَغْفَاءٌ۔
الغُفَاءُ: چھوٹے چھوٹے اور ٹوٹے پھوٹے گیہوں کے دانے۔
(۲) درخت خرما کو لگنے والی بیماری جو گرد کے مشابہ ہوتی ہے اور کچی کھجور کو بڑھنے اور پکنے سے روک کر اسے بدمزہ کر چھوڑتی ہے۔
الغُفَاءَةُ: آنکھ کی پتلی کی سفید۔
(۳) گیہوں وغیرہ میں اجنبی چیزیں جیسے تنکے گونے وغیرہ۔

غ......ق

غِقْ غِقْ: ابلنے اور جوش مارنے کی آواز۔
(۲) پرندے یا پانی کی بعض حالتوں کی آواز۔
غَقَّ القارُ والقِدرُ و نحوهما ـِ غَقًّا و غَقِيقًا: تارکول یا ہانڈی وغیرہ کا کھولتے وقت آواز دینا۔
- الصقرُ فی بعض اَصواته: باز شکرے کا اپنی آواز کو باریک کر کے نکالنا۔
-الطائرُ غقیقًا: پرندے کا آواز نکالنا۔
-الماءُ غَقًّا و غَقِيقًا: کشادگی سے تنگی یا تنگی سے کشادہ ہوتے وقت آواز دینا۔
هو غاقٌ (مبالغہ کے لئے) غَقَّاق۔
گویا کہ یہ سب اشیاء بعض حالات میں غِقْ غِقْ کہتی ہیں۔
الغَقْغَقَةُ: پہاڑی ابابیل۔
غَقْغَقَ الصَّقرُ: شکرے کا اپنی آواز باریک کر کے نکالنا۔

غ......ل

غَلَبَه ـِ غَلْبًا و غَلَبًا و غَلَبَةً: غالب آنا۔
یقال: اَیَغْلِبُ احدَکم ان یصاحبَ الناسَ معروفًا: کیا عاجز ہے؟
یقال: غَلَبَ علیه: غلبہ پانا۔
-فلانًا علی الشیءِ: جبراً لینا۔ هو غالب۔
(ج) غَلَبَةٌ هو غَلَّاب۔

یقال: غَلَبَ علی فلان الکرمُ: کرم کا کسی کی عادت بن جانا۔
غَلَبَتْ علیه الحمرةُ او الصُّفْرَةُ: کسی چیز میں سرخی یا زردی زیادہ ہونا۔
غَلِبَ ـَ غَلَبًا: موٹی گردن والا ہونا۔
-الحدیقةُ: باغیچہ کا گھنا اور گنجان ہونا۔
هو اَغْلَبُ هی غَلْبَاءُ (ج) غُلْبٌ۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَحَدَآئِقَ غُلْبًا﴾
غُلِبَ علی الشیءِ: جبراً کوئی چیز لینا۔
غَالَبَه مُغَالَبَةً و غِلَابًا: ہر ایک کا دوسرے پر غلبہ پانے کی کوشش کرنا۔
غَلَّبَه علیه: غالب کرنا۔
-علی بلد کذا: زبردستی قبضہ کرانا۔
غُلِّبَ: غُلِبَ۔
-علی صاحبه: ساتھی پر غالب ہو جانے کا کسی کے حق میں فیصلہ کرنا۔
تَغَالَبُوا علی البلد: غلبہ حاصل کرنے کے لئے باہم مقابلہ کرنا۔
تَغَلَّبَ علی بلد کذا: زبردستی کسی شہر پر قبضہ کرنا۔
اِسْتَغْلَبَ علیه الضَّحِكُ: کسی کو بہت زیادہ ہنسی آنا۔
اِغْلَوْلَبَ العشبُ: گھاس کا گھنا ہونا۔
-الحدیقةُ: باغ کا گنجان اور گھنا ہونا۔
-القومُ: افراد کا زیادہ ہونا۔
الاَغْلَبُ: موٹی گردن والا۔
(۲) اکثر۔
یقال: علی الاَغْلَب و فی الاَغْلَب: اکثر، بسا اوقات، بیشتر۔
(۳) شیر۔
الاَغْلَبِيَّةُ: کثرت۔
الاَغْلَبِيَّةُ المُطْلَقَةُ: رائے شماری یا ووٹنگ (انتخابات یا قرعہ اندازی میں) حاضرین کی آدھی تعداد ایک کے اضافے کے ساتھ (محدثہ)
الاَغْلَبِيَّةُ النِّسْبِيَّةُ: ووٹ حاصل کرنے میں ایک اُمیدوار کی دوسرے اُمیدوار سے مقابلے

Marfat.com

میں معمولی زیادتی (محدثہ)
التَّغْلِیْبُ (لغت میں): احکام عربیہ میں دو لفظوں میں سے ایک کو دوسرے پر ترجیح دینا جبکہ ان دونوں کے مدلول کے درمیان ربط اور تعلق ہو۔
جیسا کہ الاَبَوَیْنِ میں: الاَبُ والاُمُّ
المَشْرِقَیْنِ: المشرق والمغرب۔
العُمَرَیْن: ابی بکر و عمر۔ (رضی اللہ عنہما)
الغَلَبَةُ العَلَمُ بالغَلَبَةِ: غلبہ استعمال کی وجہ سے کسی لفظ کے مدلول کی تعیین ہو نہ کہ وضع کی وجہ سے۔
جیسے اہل شریعت کے ہاں الکتاب کے لفظ کا استعمال قرآن کے لئے اور اہل لغت عربیہ کے ہاں سیلبویہ کی کتاب کے لئے۔
غَلَثَ ـُ غَلْثًا: بیع فسخ کرنا۔
غَلِثَ ـَ غَلَثًا: غلطی کرنا (حساب میں)
اِغْتَلَثَه: بے خبری میں لینا۔
تَغَلَّثَه: اغتلثه۔
الغَلْثَةُ: رات کا ابتدائی حصہ۔
غَلَثَ الشئ بالشئ ـِ غَلْثًا: ایک چیز کو دوسری سے ملانا۔
یقال: غَلَثَ الحنطة بالشعیر، واللبن بالماء۔
غَلِثَ فی الحرب ـَ غَلَثًا: جنگ میں سخت ہونا، هو غَلِثٌ۔
-بالشئ: ساتھ لگنا۔
یقال: غَلِثَ الذئبُ بالغنم: بھیڑیا بکریوں کے ساتھ لگ کر انہیں چیرتا پھاڑتا رہا۔
-الطائرُ: پرندے کا نگلی ہوئی چیز اگلنا۔
-الزَّنْدُ: چقماق کا آگ نہ دینا۔
-فلان: کسی کو کھانے یا پینے سے نشہ ہونا۔
(۲) اونگھتے ہوئے جھومنا۔ هو غَلِثٌ۔
اَغْلَثَ الزَّنْدُ: غَلِثَ۔
اِغْتَلَثَ الزَّنْدُ: غَلِثَ۔
-الشئَ: غَلَثَه۔
-للقوم غَلْثَةً: جان بچانے کے لئے لوگوں سے جھوٹ بولنا۔
تَغَلَّثَ به: محبت کرنا۔

یقال: فلان تَغَلَّثَ بی۔
الغَلْثُ: غَلْثُ الحُلْمِ: جھوٹا خواب دیکھنا۔ خواب میں جھوٹی چیز دیکھنا۔
الغَلَثُ: ٹھوس جمی ہوئی مٹی اور سیاہ (گونوں) دانوں کا گیہوں وغیرہ ملنا۔
الغَلِیْثُ: گیہوں اور جو کی روٹی۔
(۲) غیر صاف شدہ آٹے کی روٹی۔ مثلاً ایسے آٹے کی روٹی جس میں سیاہ (گونے) دانے اور مٹی وغیرہ ملی ہو۔
المُغَلَّثُ: ایسے درد میں مبتلا جو نہ تو صاحب فراش بنائے اور نہ ہی اس کی اصل وجہ معلوم ہو۔
(۲) وہ کھانا جس میں ایسی چیز ہو جو اسے گھٹیا کرے۔ جیسے گیہوں کہ اس میں مٹی وغیرہ اور سیاہ دانے (گونے) ہوں۔
غَلَجَ الفرسُ ـِ غَلْجًا و غَلَجَانًا: گھوڑے کا ایک رفتار سے دوڑنا۔
و الحمارُ: گدھے کا پانی پی کر زبان نکال کر ہونٹوں پر پھیرنا۔ هو مِغْلَجٌ۔
تَغَلَّجَ: زیادتی کرنا۔
یقال: تَغَلَّجَ علیه
الاُغْلُوْجُ: نرم ٹہنی۔
(ج) اَغَالِیْجُ۔
اَغْلَسَ القومُ: رات کے آخری حصے کی تاریکی میں داخل ہونا۔
غَلَّسَ القومُ: رات کے آخری حصہ کی تاریکی میں چلنا۔
- فلان بالصلوة: رات کے آخری حصے کی تاریکی میں نماز پڑھنا۔
-القومُ الماءَ: اخیر شب کی تاریکی میں پانی پر آنا۔
الغَلَسُ: رات کے آخری حصے کی تاریکی جب تاریکی صبح کی روشنی سے مل جائے۔
حدیث میں ہے: (اَنَّ النبی صلی الله علیه وسلم کان یصلی الصُّبْحَ بِغَلَسٍ)
غَلْصَمَه: حلق کاٹنا۔
-فلانًا: گلا پکڑنا۔

یقال: هن مُغَلْصَمَاتٌ ان کی گردنیں بندھی ہوئی ہیں۔
الغَلْصَمَةُ: (طب میں)۔ زبان کی جڑ کے پاس چپٹی غضروفی ہڈی۔ زین کی شکل کی جیسے مخاطی پردے نے ڈھانپ رکھا ہوتا ہے۔ حنجرۃ کے کھلنے کے وقت پیچھے کو دھکیل جاتی ہے۔ کیونکہ وہ نگلنے کے دوران بند ہوتا ہے۔ (مج)
(ج) غلاصِمُ۔
غَلِطَ ـَ غَلَطًا: غلطی کرنا۔
یقال: غَلِطَ فی الامر، او فی الحساب، او فی المنطق، هُوَ غَلِطَاتٌ۔
اَغْلَطَه: غلطی کرانا۔
غَالَطَه مُغَالَطَةً و غِلَاطًا: اَغْلَطَه۔
غَلَّطَه: اَغْلَطَه۔
-قال له: کسی سے کہنا کہ تم نے غلطی کی۔
(۲) غلطی کی طرف منسوب کرنا۔
الاُغْلُوْطَةُ: وہ چیز جس میں غلطی کی جائے یا وہ مبہم کلام جس سے غلطی میں مبتلا کیا جائے
(ج) اَغَالِیْطُ۔
الغَلْطَةُ: ایک دفعہ کی غلطی۔
(ج) غَلَطات۔
الغَلَّاطُ: بہت زیادہ غلطی کرنے والا۔
الغَلُوْطُ: یقال: مَسْاَلَةٌ غَلُوْطٌ: مغالطہ آمیز مسالہ۔
المِغْلَاطُ: بہت غلطیاں کرنے والا۔
المَغْلَطَانِیُّ: لوگوں کو حساب میں دھوکہ دینے والا۔
المَغْلَطَةُ: الاُغْلُوْطَةُ۔
غَلَظَ الشئُ ـِ غِلَظًا و غِلْظَةً: موٹا ہونا (خلاف رقّ)
غَلُظَ الشئُ ـُ غِلَظًا و غِلْظَةً: موٹا ہونا، سخت ہونا۔
-الزرعُ: کھیتی کا تیار ہو کر اس میں دانہ نکل آنا۔
-الرجلُ: سخت ہونا۔
-الارضُ: زمین کا سخت ہونا۔
-الخُلُقُ والطبعُ والقولُ والفعلُ والعَیْشُ: عادت، مزاج، قول، فعل اور زندگی کا سخت ہونا۔

Marfat.com

-علیه' وله: کسی پر سخت ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿ یٰاَیُّهَا النَّبِیُّ جَاهِدِ الْکُفَّارَ وَالْمُنَافِقِیْنَ وَاغْلُظْ عَلَیْهِمْ ﴾
هو غَلِیْظٌ (ج) غِلاَظ۔
هو غُلاَظٌ ایضًا' هی غَلِیْظَةٌ۔
(ج) غِلاَظٌ و غَلاَئظُ۔
اَغْلَظَ الشیئُ: موٹا پانا' سخت پانا۔
(۲) موٹا خریدنا۔
-الیمینَ والقولَ: سخت قسم کھانا یا سخت بات کہنا۔
یقال: اَغْلَظَ له فی القول: سخت کلام کرنا۔
غَالَظَه: دشمنی رکھنا۔
یقال: بَیْنَهُمَا مُغَالَظَةٌ۔
غَلَّظَه: موٹا کرنا۔
-الیمینَ: مؤکد کرنا' مضبوط کرنا۔
هی مُغَلَّظَة۔
یقال: غَلَّظَ علیه فی الیمین: کسی سے سخت قسم کھلوانا اور اس پر زور دینا۔
اِسْتَغْلَظَ النباتُ والشجرُ: موٹا ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿ کَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْأَه فَآزَرَه فَاسْتَغْلَظَ ﴾
-الزَّرْعُ: کھیتی کا تیار ہو کر اس میں دانہ نکل آنا۔
-الشیئُ: موٹا ہونا۔
-الشیئُ: موٹا دیکھنا۔
(۲) موٹا پا کر خریداری چھوڑ دینا۔
الغِلاَظَةُ: یقال: رجل فیه غِلاَظَةٌ: اس شخص میں سخت مزاجی اور اکھڑپن ہے۔
الغَلْظُ من الارض: ناہموار زمین' کھردری۔
الغِلْظَةُ: الغلاظَةُ۔
یقال: بَیْنَهُم غِلْظَةٌ: ان کے درمیان دشمنی ہے۔
الغَلِیْظُ: موٹا (خلاف: الرَّقِیْقُ)
یقال: امرٌ غَلِیْظٌ: سخت معاملہ۔
عذابٌ غلیظٌ: سخت تکلیف دہ عذاب۔
ماءٌ غَلِیْظٌ: کڑوا پانی۔
طعامٌ غَلِیْظٌ: غیر معیاری کھردرا کھانا۔
عهدٌ غَلِیْظٌ: پختہ عہد و پیمان۔

رجلٌ غَلِیْظُ الکَبِد: سخت دل آدمی۔
المُسْتَغْلَظُ: یقال: طعنه فی مُسْتَغْلَظ ذراعِه: اس کے بازو کے موٹے حصے پر نیزہ مارا۔
المُغَلَّظَةُ: الدِّیَةُ المُغَلَّظَةُ: وہ خون بہا جو شبہ قتل عمد میں لیا جاتا ہے۔
غَلْغَلَ: تیز چلنا۔
-الشیئَ فی الشیئِ: ایک کو دوسرے میں داخل کرنا۔ حتی کہ دونوں ایک معلوم ہونے لگیں۔
تَغَلْغَلَ: تیز چلنا۔
-فی الشیئ: داخل کرنا' پیوست کرنا۔
- الماءُ فی الشجرة: درخت میں پانی سرایت کر جانا۔
-فلانٌ: مشک وغیرہ کا عطر لگانا۔
الغُلْغُلُ: زمین میں گھسی ہوئی درخت کی جڑ۔
(ج) غَلاَغِلُ۔
الغُلْغُلَةُ: ملی جلی آوازیں۔
المُغَلْغَلَةُ: ایک شہر سے دوسرے شہر میں جانے والا پیغام یا خط۔
غَلَفَ الشیئَ ـِ غَلْفًا: غلاف چڑھانا۔
(۲) غلاف میں رکھنا۔
یقال: غَلَفَ السیفَ والقارورةَ و نحوهما۔
غَلِفَ ـَ غَلَفًا: فطری طور پر غلاف دار ہونا۔
یقال: غَلِفَ الصبیُّ: بچہ کا غیر مختون ہونا۔
یقال: غَلِفَ قلبُه: ہدایت نہ پانا' گویا اس کے دل پر غلاف ہے۔ هو اَغْلَفُ هی غلفاءُ
(ج) غُلْفٌ۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ﴾
غَلَّفَ الشیئَ: غَلَفَه
تَغَلَّفَ: غلاف دار ہونا۔
الاَغْلَفُ: عامٌ اَغلف: بہت خوشحالی اور زرخیزی والا سال۔
عیشٌ اَغلفُ: آسودہ اور فراخ زندگی۔
الغِلاَفُ: جس کے ذریعے کسی چیز کو ڈھانپا جائے۔ جیسے بوتل' تلوار' کتاب اور دل کا غلاف۔ جیسے انڈے کا چھلکا اور کلی کی جھلی۔
(۲) وہ لفافہ جس میں خط رکھا جاتا ہے۔

(ج) غُلُفٌ۔
الغُلْفَةُ: دوران ختنہ کاٹی جانے والی کھال۔
(ج) غُلَفٌ۔
غَلَقَ البابَ ـِ غَلْقًا: دروازہ بند کرنا۔
غَلِقَ البابُ ـَ غَلَقًا: دروازہ مشکل سے کھلنا۔
-الرهنُ' غَلَقًا' و غُلُوْقًا: راہن کا رہن رکھی ہوئی چیز کا مقررہ مدت میں رہن رکھنے والے سے چھڑانے پر قادر نہ ہونا یعنی رہن رکھی ہوئی چیز کا رہن رکھنے والے کی ملکیت میں چلے جانا۔ ایسا زمانہ جاہلیت میں تھا اسلام نے اسے باطل قرار دیا۔
- الجانی والاَسیرُ: مجرم یا قیدی کا فدیہ نہ دے سکنا۔ هو غَلِقٌ۔
- فلانٌ: سینہ تنگ ہونا اور قوت برداشت کم ہونا۔
یقال: ایّاك و الغَلَق و الضَّجَر و القَلَق: تنگ دلی' اکتاہٹ اور پریشانی سے بچو۔
-الشیئُ فی الشیئِ: پھنس جانا۔
اَغْلَقَ علیه الامرُ: کسی بات کا مبہم رہنا۔
-البابَ: دروازہ لاک کرنا۔ هو مُغْلَقٌ
-فلانًا علی شیئٍ یفعله: کسی سے زبردستی کوئی کام کرانا۔
-القاتِلَ: قاتل کو مقتول کے ولی کے حوالہ کرنا تاکہ وہ اس کے خون کے بارے جو چاہے فیصلہ کرے۔
-الامرُ فلانًا: بہت زیادہ غصہ دلانا
-ظَهرَ البعیر: اونٹ کی پیٹھ کو لدان کی کثرت سے زخمی کرنا۔
- ظهرَه بالذنوب: گناہوں سے پیٹھ بوجھل کرنا۔
- الرهنَ: رہن رکھی ہوئی چیز کو رہن رکھنے والے کا حق قرار دینا۔
غَالَقَ علی الشیئِ: شرط لگانا۔
غَلَّقَ الاَبْوابَ: زور سے بند کرنا۔
اِنْغَلَقَ البابُ: بند ہونا (خلاف: انفتح)
(۲) کھلنا مشکل ہونا۔
اِسْتَغْلَقَ البابُ: کھلنا مشکل ہونا۔

Marfat.com

یقال: اِسْتَغلقت المَسْأَلَةُ: معاملہ سمجھنا مشکل ہونا۔
-الرجلُ: کلام نہ کرسکنا، مشکل ہو جانا۔
یقال: اِسْتُغْلِقَ علیه الکلام: زبان کو تالا لگ جانا۔
-فلاناً فی بیعته: فروخت شدہ چیز کو لوٹانے کا اختیار نہ دینا۔
الاِغْلَاقُ (اقتصادیات میں): صاحب عمل کے لئے تجارتی ادارہ سے بندش استفادہ (مج)
الاِغْلِیقُ: چابی (ج) اَغَالِیقُ۔
الغَلِقُ: مشکل کلام، ناقابل فہم بات۔
المِغْلَاقُ: تالا (جس کے ذریعے دروازہ بند کیا جائے اور پھر چابی سے کھولا جائے)
(ج) مَغَالِیقُ۔
المِغْلَقُ: المغلاق۔
(ج) مَغَالِقُ۔
غَلَّ الماءُ بین الاشجار ـُ غَلّاً: پانی کا درختوں کے درمیان بہنا۔
-بَصَرُ فلان: راہ راست سے نگاہ ہٹ جانا۔
-فی الشیٔ: گھس جانا۔
-الشیٔ فی غیرہ: داخل کرنا۔
یقال: غَلَّ فلان المفاوزَ: بیابانوں کے اندر بیچ تک پہنچنا۔
غَلَّ الدهنَ او الطِّیبَ فی راسه: تیل یا خوشبو کو بالوں کی جڑوں تک پہنچانا۔
-فلاناً: ہاتھ یا گردن میں لوہے کا طوق ڈالنا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ﴾
-الغِلَالَةَ: کپڑوں کے نیچے بنیان وغیرہ پہننا۔
-فلان غُلُولاً: مال غنیمت میں خیانت کرنا
قرآن حکیم میں ہے ﴿وَمَنْ یَّغْلُلْ یَاْتِ بِمَا غَلَّ یَوْمَ الْقِیَامَةِ﴾
-صدرہ ـِ غِلّاً و غَلِیلاً: دل میں بغض و کینہ ہونا۔
غُلَّ: سخت پیاسا ہونا۔
یقال: غُلَّتْ یَدُہ اِلٰی عنقه: بخیل ہونا۔
هو غَلِیْلٌ و مَغْلُوْلٌ۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿وَقَالَتِ الْیَهُوْدُ یَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ غُلَّتْ اَیْدِیْهِمْ﴾
غَلَّ البعیرُ ـَ غُلَّةً: اونٹ کا بغیر سیراب ہوئے گھاٹ سے پلٹ جانا۔ هو غَالٌّ۔
اَغَلَّ الرجلُ: مال غنیمت میں خیانت کرنا۔
-الضَّیْعَةُ: زمین کا غلہ اگانا۔
-عَلٰی عیاله: اہل وعیال کے پاس غلہ لانا۔
-الجازرُ فی الجلد: قصاب کا کھال اتارنا لیکن کھال کے ساتھ لگی ہوئی چربی اور گوشت چھوڑ دینا۔
-فلاناً: خائن بنانا۔
غَلَّلَه بالغالية: مشک وغیرہ کا عطر لگانا۔
-فلانٌ الغِلَالَةَ: کپڑوں کے نیچے بنیان وغیرہ پہننا۔
اِغْتَلَّ فلان بالغالية: مشک وغیرہ کا عطر لگانا۔
-الثوبَ: کپڑوں کے نیچے پہننا۔
یقال: هُوَ مُغْتَلٌّ الیه: یہ فلان کا مشتاق ہے۔
اِنْغَلَّ فی الشیٔ: گھس جانا داخل ہونا۔
تَغَلَّلَ فی الشیٔ: گھس جانا۔
-بالغالية: مشک وغیرہ کا عطر لگانا۔
اِسْتَغَلَّ الضَّیْعَةَ: زمین سے غلہ حاصل کرنا۔
-فلاناً: اپنا غلہ مانگنا۔
-فلاناً: ناحق کسی سے فائدہ اٹھانا اپنے اثر و رسوخ کی بناء پر (محدثہ)
الغَالُّ: ہموار و کثیر درختوں والی وادی۔
(ج) غُلّانٌ۔
الغَالَّةُ: ساحل سمندر کا وہ کٹا ہوا حصہ جو دوسری کسی جگہ جا کے مل جائے۔
الغِلَالَةُ: پتلا باریک کپڑا جو کپڑوں کے نیچے پہنا جاتا ہے۔
(ج) غَلَائِلُ۔
الغِلُّ: دل میں چھپا ہوا بغض و کینہ۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ﴾
الغُلُّ: لوہے یا چمڑے کا طوق جو قیدی یا مجرم کی گردن یا ہاتھوں میں ڈالا جاتا ہے (ج) اَغْلَالٌ۔
(۲) سخت پیاس وحرارت پیاس۔
الغَلَلُ: پیاس کی شدت وحرارت۔
(۲) درختوں کی جڑوں میں چلنے والا پانی۔
(۳) وہ پانی جس کے بہنے کی کوئی جگہ نہ ہو اور وہ کبھی زمین میں غائب ہو جاتا ہو اور کبھی ظاہر۔
(۴) کھال اتارتے وقت کھال پر چھوڑ دیا جانے والا گوشت۔
الغَلَّةُ: زمین کی پیداوار یا گھر کے کرائے سے حاصل ہونے والی آمدنی۔
(ج) غَلَّات و غِلَال۔
الغُلَّةُ: پیاس کی شدت وحرارت۔
(۲) الغِلَالَةُ۔
(۳) لوٹے، جگ وغیرہ کے منہ پر باندھا جانے والا کپڑا۔
(۴) انسان کے لئے چھپانے کی چیز۔
(ج) غُلَلٌ۔
الغَلُوْلُ: وہ کھانا یا پانی جو پیٹ میں پہنچتا ہے۔
یقال: نِعْمَ الغَلُوْلُ شَرَابٌ شَرِبْتَه او طعام طعمتَه: جب کھانا یا پانی موافق مزاج ہو۔
الغَلِیْلُ: پیاس کی شدت وحرارت۔
(۲) غیظ وغضب۔
یقال: شفٰی فلان غلیلَه: فلاں نے اپنے غصہ کی آگ بجھالی (۳) خیانت۔
(ج) غلائلُ۔
المُغِلُّ یقال: رجلٌ مُغِلٌّ: حسد و کینہ کو چھپائے رکھنے والا شخص۔
غَلِمَ الانسانُ ـُ غَلْمًا: پسینہ لانے کے لئے کپڑا اوڑھنا۔
-الاَدِیْمَ: چمڑے کو اس کے بال پھیلانے کے لئے کسی چیز سے ڈھانپنا۔
غَلِمَ الانسانُ وغیرہ ـَ غَلَمًا و غُلْمَةً: شہوت جماع کا شدید ہونا۔
هو غَلِمٌ و مِغْلِیم هی غَلِمَةٌ و مِغْلِیم۔
اَغْلَمَهُ الشیٔ: شہوت پیدا کرنا۔
اِغْتَلَمَ الانسانُ وغیرہ: شہوت بڑھنا
-الغلامُ: حد شہوت کو پہنچنا۔
-البحرُ: سمندر میں موجیں اٹھنا۔

Marfat.com

الغلامُ: نوجوان لڑکا جس کی مونچھیں نکل آئی ہوں۔
(۲) بچہ پیدائش سے لے کر جوان ہونے تک۔مجازاً آدمی پر بھی بولا جاتا ہے۔
(۳) نوکر۔
(ج) غِلْمان و غِلْمَة۔
الغُلامِيَّةُ: لڑکپن۔
یقال: جاوز حدَّ الغُلامِيَّةِ.
(۲) لڑکوں جیسی ہیئت وصورت بنانے والی لڑکی۔
الغُلْمَةُ: جماع کی شدید خواہش۔
الغُلُومَةُ: لڑکپن۔
یقال: هو غلام بيِّنَ الغُلُومَةِ: وہ پورے طور پر بالغ ہے۔
الغُلُومِيَّةُ: الغُلامِيَّةُ
الغَيْلَمُ: نر کچھوا۔
(۲) چوڑی پیشانی اور کثیر بالوں والا لڑکا۔
(۳) کنویں میں پانی کا چشمہ۔
یقال: ما بالدار غيلمٌ: گھر میں کوئی نہیں۔
غَلا السعرُ وغيره ـُ غُلُوًّا و غَلاءً: قیمت چڑھنا، قیمت بڑھنا۔
(۲) حد سے بڑھنا۔هو غَالٍ، غَلِيٌّ۔
-النبتُ: پودے کا بڑھنا اور گھنا ہونا۔
-فلان في الامر والدِّين: دین یا کسی معاملہ میں متشدد ہونا، حد سے بڑھنا۔هو غالٍ (ج) غُلاةٌ۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿لَا تَغْلُوْا فِي دِيْنِكُمْ﴾
-الدَّابَّةُ في سيرِها: چوپائے کا مناسب رفتار سے تیز چلنا۔
یقال: غلابها عَظْمٌ: موٹا ہونا۔
-السهمُ غَلْوًا و غُلُوًّا: تیر کا بلند ہوکر نشانہ سے آگے چلے جانے اسی طرح پتھر کا۔
-بالسهم: تیر کو بہت دور پھینکنے کے لئے دونوں ہاتھوں کو بلند کرنا۔
أَغْلَى الكَرْمُ: انگور کی بیل کے پتے گھنے ہونا اور شاخیں بڑھ کر لمبی ہونا۔
-الكَرْمَ: نشوونما کے لئے انگور کی بیل کے پتے

کم کرنا۔
-الشيئَ: گراں پانا۔
-السعْرَ: بھاؤ بڑھانا، قیمت بڑھانا۔
غَالَى في الأمرِ غِلاءً و مُغَالاةً: مبالغہ کرنا۔
-الشيئَ وبه: گراں قیمت پر خریدنا۔
-فلانًا: تیر مارنا۔
-بالسهم: غَلَا بِه۔
غَلَّى السِّعْرَ: نرخ بڑھانا۔
اِغْتَلَى الشيئُ: بڑھ جانا۔
-البعيرُ و نحوه في سيره: اچھی رفتار سے تجاوز کر جانا۔
تَغَالَى في الأمرِ تَغَالِيًا: مبالغہ کرنا۔
-في البيع: مہنگے داموں بیچنا۔
یقال: بعته بالتغالي: میں نے اسے زیادہ قیمت پر بیچا۔
-القوم بالسهام: باہم تیر اندازی کرنا۔
اِسْتَغْلَى الشيئَ: مہنگا پانا۔
(۲) مہنگا شمار کرنا۔
الغَالِي: مہنگا (خلاف: الرَّخيص)
یقال: بعته بالغالي۔
(۲) فربہ گوشت۔
الغَلاءُ: قیمت کا چڑھنا۔
الغُلَواءُ: غلو
غُلَواء الشباب: لڑکپن کا آغاز اور عروج
الغَلْوَةُ: ایک تیر پھینکنے کا فاصلہ جسے تین سو ہاتھ سے چار سو ہاتھ شمار کیا جاتا ہے۔
(ج) غِلاءٌ و غَلَوات۔
غَلَتِ القِدْرُ و نحوها ـِ غَلْيًا و غَلَيَانًا: ہنڈیا کا جوش مارنا۔
-الرجلُ: سخت غضبناک ہونا۔
أَغْلَى الماءَ: جوش دینا، ابالنا۔
یقال: أَغْلَى القدر و نحوها۔
هو مُغْلًى، هي مُغْلاةٌ۔
غَلَّى فلان: دور سے اشارے سے سلام کرنا۔
-الماءَ: أَغْلاه۔
-فلانًا بالغَالِيَةِ: مشک وغیرہ کا عطر لگانا۔
تَغَلَّى بالغالية: مشک وغیرہ کا عطر لگانا۔

الغَالِيَةُ: مشک وغیرہ کی ملی ہوئی خوشبو۔
الغَلَّايَةُ: مائع چیز گرم کرنے کا برتن (مع)

غ ...... م

غَمَتَ الطَّعامُ فلانًا ـِ غَمْتًا: کھانے کا مرغن ہونے کی بناء پر بھاری ہو کر بدہضمی کرنا۔
-الشيئَ: ڈھانکنا۔
غَمِتَ الرجلُ ـَ غَمَتًا: کھانے کا بوجھل ہو کر بدہضمی کرنا۔
غَمَدَ السيفَ ـِ غَمْدًا: تلوار میان میں داخل کرنا۔هو مغمودٌ۔
أَغْمَدَ السيفَ تلوار میان میں داخل کرنا۔ هو مُغْمَدٌ۔
-الأشياءَ: ایک دوسرے میں گھسانا۔
غَمَّدَ فلانًا: کسی کی پردہ پوشی کرنا، ڈھانپنا
-فلانٌ فلانًا كذا: کسی کو کوئی چیز اوڑھانا۔
اِغْتَمَدَ فلانٌ الليلَ: رات میں داخل ہونا۔
تَغَمَّدَ فلانًا: پردہ پوشی کرنا۔
یقال: تَغَمَّدَ اللهُ فلانًا برحمته الله کا کسی کو اپنی رحمت سے ڈھانپ لینا۔
-الإناءَ: برتن کو بھرنا۔
یقال: تَغَمَّدَ المِكْيالَ۔
الغَامِدُ: سامان سے لدی ہوئی کشتی۔
الغَامِدة سامان سے لدی ہوئی کشتی۔
(۲) مٹی سے بھرا ہوا کنواں۔
الغِمْدُ تلوار کی میان۔
(ج) غُمُودٌ و أَغْمَاد۔
الغِمْدِيَّةُ غمدية الأجنحة: (علم الاحیاء میں) کیڑوں کی ایک قسم جس کے اگلے بازو سخت ہوتے ہیں اور وہ پچھلے بازوؤں کو ڈھکے ہوتے ہیں (مع)
غَمَرَه ـُ غَمْرًا: بلند ہوکر ڈھانپ لینا۔
یقال: غمر فلانٌ فلانًا احسانات سے ڈھانپ لینا، احسانات کی بارش کرنا۔
غَمِرَتِ اليَدُ ـَ غَمَرًا: ہاتھ میں چکناہٹ کی بو ہونا۔
یقال: غَمِرَ عِرضُه: عزت داغ دار ہونا۔
-صدرُه على فلان: دل میں کسی کے خلاف

Marfat.com

بغض وکینہ بھرا ہونا۔
-الرجلُ: ناتجربہ کار ہونا۔
ھو غَمِرٌ۔
غَمَرَ الماءُ ـُ غمارۃ و غُمُورۃ: پانی کا بڑھ کر اردگرد کو ڈھانپ لینا۔
-الرجلُ: ناتجربہ کار ہونا۔ ھو غُمُر۔
اَغْمَرَہ: ڈھانپنا۔
غَامَرَ فلانٌ: اپنے آپ کو مصائب میں دھکیلنا۔
-فلاناً: جان کی پرواہ کئے بغیر لڑنا۔
ھو مُغامِر۔
غَمَّرَ الرجلُ: اپنے آپ کو مصائب میں دھکیلنا ھو مُغَمِّر۔
-المراۃُ و جھھا بالغُمْرَۃ: چہرے پر رنگ صاف کرنے کے لئے زعفران ملنا۔
اِغْتَمَرَتِ المراۃُ: رنگ صاف کرنے کے لئے چہرے پر زعفران ملنا۔
-الرجلُ فی الماء: پانی میں ڈوبنا۔
-الماءُ الشیئَ: ڈھانپنا۔
یقال: جیش یغتمر کلَّ شیٍ: ہر جانب کو ڈھانپے ہوئے لشکر۔
-السُّکرُ فلاناً: نشہ کا عقل پر چھا جانا۔
اِنْغَمَرَ فی الماء: ڈوبنا۔
تَغَمَّرَتِ المراۃُ: اِغْتَمَرَتْ۔
-الرجلُ: سفر کے چھوٹے پیالہ سے تھوڑا پانی پینا۔
-الماشیۃُ: مویشی کا پودوں کی جڑوں کی گھاس کھانا۔
الغَامِرُ من الاَرضِ: غیر آباد (خلاف العامر) وہ زمین جس پر پانی' ریت یا مٹی کی کثرت کی وجہ سے وہ قابل کاشت نہ رہے۔
الغُمَارُ غُمار الناس: بہت بڑا ہجوم
غُمَار القدم (علم طب میں) ایک بیماری (جس کا درجہ حرارت کم تو ہو لیکن صفر سے اوپر ہو جو سرد پانی) میں پیر کو زیادہ دیر تک رکھنے کی وجہ سے لاحق ہوتی ہے (ج)
الغَمْرُ من الماء: ڈوبنے کے بقدر پانی
(خلاف: الضَّحْلُ)
غَمْرُ البحر: سمندر کا بڑا حصہ۔
-من الثیاب: ڈھیلا اور بدن پوش لباس۔
(۲) چکنائی کی تیز بو
غَمْرُ الناس: لوگوں کی بھیڑ۔
رجلٌ غَمْر الرداء: بہت سخی۔
رجلٌ غَمْرُ الخُلُق: وسیع الاخلاق
رجلٌ غَمْرٌ: ناتجربہ کار۔
-من الخیل: پُرجوش اور تیز رو گھوڑا۔
(ج) غُمور' و اَغمار۔
(۲) پوشیدہ کینہ وحسد۔
یقال: لیلٌ غَمْرٌ: سخت تاریک رات۔
الغِمْرُ: کینہ وحسد۔
(۲) پیاس (ج) اَغمار۔
الغُمْرُ: زعفران۔
(۲) ہلدی یا زعفران سے بنائی ہوئی ملنے کی خوشبو (ج) اَغمار۔
الغَمَرُ: حسد وکینہ۔
(ج) غُمور۔
غَمَرُ الناس: لوگوں کی بھیڑ۔
رجلٌ غَمَرٌ: ناتجربہ کار۔
(ج) اَغمار۔
الغُمَرُ: چھوٹا سا پیالہ جس کے ذریعے دوران سفر پانی کی قلت کی صورت میں پانی تقسیم کیا جاتا ہے۔ بایں طور کہ اس میں کنکری ڈالی جاتی ہے اور اس کنکری کی سطح تک آنے والی پانی کی مقدار ہر شخص کا حصہ ہوتی ہے (ج) اَغمار۔
یقال: بَلَّت الابلُ اَغمارھا: اونٹوں نے تھوڑا سا پانی پیا۔ گویا ان کے چھوٹے پیالوں نے انہیں تر کیا۔
الغَمْرَۃُ: سختی (۲) بھیڑ
(۳) گمراہی جو اپنے صاحب کو گھیرے ڈھانپ لے۔
(۴) بہت پانی۔
(ج) غُمَرٌ و غِمَار و غَمَرات۔
غَمَرات الموت: موت کی سختیاں۔
ضرب المثل ہے: غَمَراتٌ ثم ینجلین۔
مصائب کو برداشت کرنے کی تلقین کے لئے کہا جاتا ہے ان کے چھٹ جانے کی امید کرتے ہوئے۔
الغُمْرَۃُ: الغُمْرُ۔
(ج) غُمَر۔
الغَمِیرُ: بہت پانی۔
جب چیز کی کثرت ہو جائے تو کہا جاتا ہے۔
ھذا کثیر غمیر۔
(ج) غِمار۔
(۲) پودوں کی جڑوں میں اگنے والی گھاس۔
(ج) اَغْمِراء۔
الغَمِیرَۃُ: ترو تازہ (۲) خشک قت (ایک جنگلی دانہ)
(۳) دوران تضمیر (گھوڑے کو دوڑ کی تیاری کے لئے ایک عرصہ تک کھڑا کر کے کھلانا) گھوڑے کو بطور چارہ کھلایا جانے والا جو۔
المُغْتَمَرُ من القمح: چھلکوں والا غیر صاف گیہوں۔
المُغَمَّرُ من الثیاب: زعفران سے رنگا ہوا کپڑا۔
-من الرجال: ناتجربہ کار شخص۔
(۳) پانی کی قلت کی صورت میں چھوٹے پیالے سے پانی پینے والا۔
المَغْمُورُ من الرجال: غیر معروف۔
(۲) مدفون۔
(۳) مغلوب ومقہور۔
غَمَزَتِ الدابۃُ ـِ غَمْزاً: چوپائے کا چلتے ہوئے لنگ کرنا اور یہ عرج (ٹیڑھے پن) کے مشابہ ہوتا ہے۔
-بفلان: چغلی کھانا' برائی کرنا۔
-علی فلان: طعن کرنا۔
ھو غامِزٌ و غَمّاز۔
-الکبشَ و نحوہ بیدہ: دنبے وغیرہ کو پرکھنے کے لئے کہ وہ موٹا ہے یا دبلا ہاتھ سے ٹٹولنا۔
-العینَ و نحوہ: انجیر وغیرہ کو ہاتھ لگا کر دیکھنا کہ وہ پکی ہے یا کچی۔

Marfat.com

اسی سے ہے غمزَ المُثقِفُ القناۃَ: نیزہ صیقل کرنے والے نے نیزہ کو دانتوں سے دبا کر دیکھا۔
- فلاناً بالعین او بالجفن او الحاجب: آنکھ یا پلک یا ابرو سے کسی کو اشارہ کرنا۔
- زِرّ الجرس و نحوہ: گھنٹی وغیرہ کا سوئچ وغیرہ انگلی سے دبانا (محدثہ)
اَغمَزَ الرجلُ: اتنا نرم پڑنا کہ دوسرا جری ہو جائے۔
- فلاناً و فیہ: کمزور سمجھنا، عیب لگانا، حیثیت و وقعت کم کرنا۔
اِغتَمَزَ الرَّجلُ ما فعلہ غیرُہ: کسی کام کے کرنے والے پر اس طرح تنقید کرنا کہ عیب نظر آنے لگے۔
- الکلمۃَ: کمزور سمجھنا۔
تَغامَزَ القومُ: ایک دوسرے کو آنکھ یا ہاتھ سے اشارہ کرنا۔
الغَمزُ: کمزور شخص، کمزور لوگ۔
(۲) ردی مال اونٹوں اور بھیڑوں میں سے
(ج) اَغماز۔
یقال: رجلٌ غمزٌ مِن قومٍ۔ غَمز و اَغماز: گھٹیا لوگ۔
الغَمّازُ: مبالغہ در الغامز۔
(۲) مچھلی کے کانٹے کی ڈوری میں بندھی ہوئی چھوٹی سی نلکی جو پانی پر تیرتی ہے اور جب وہ ڈوبتی ہے تو وہ مچھلی کے پھنس جانے کی علامت ہوتی ہے (محدثہ)
- من النای والمزمار و نحوھما: بانسری وغیرہ کے سوراخ کو انگلی کے عوض بند کرنے والی ڈاٹ۔ (ج)
الغَمّازۃُ: حسین لڑکی جس کا بدن ہاتھ لگانے سے گداز معلوم ہو۔
الغَمیزُ: عیب۔
یقال: مَا فیہ غَمیزٌ: اس میں کوئی عیب نہیں۔
(۲) کمزوری در عمل و جہل در عقل۔
الغَمیزۃُ: الغَمیز۔
یقال: مافیہ غَمیزۃٌ۔

المَغمَزُ: عیب۔
(۲) طعن و تنقید کا محل۔
یقال: مافیہ مَغمَزٌ لغامزٍ۔
(ج) مَغامِزُ۔
المَغمُوزُ: عیب لگایا ہوا۔
یقال: ھو مَغمُوزٌ فی نسبہ و لو دینہ۔
غَمَسَ النَّجمُ ـِ غُمُوسًا: ستارہ غروب ہونا۔
- الطعنۃُ: نیزے کے وار کا آر پار ہو جانا۔
- الشیئَ فی الماءِ و نحوہ غَمسًا: ڈبونا۔
یقال: غَمَسَ اللُّقمۃَ فی الاِدامِ۔
- الیمینُ الکاذبۃُ صاحبَھا فی الاثم: جھوٹی قسم کا اپنے صاحب کو گناہ میں مبتلا کرنا۔
غَامَسَ: لڑائی یا خطرات میں اپنے آپ کو دھکیلنا۔
- فلاناً: کسی سے غوطہ خوری میں مقابلہ کرنا۔
- القومَ: لڑائی میں لوگوں کے ساتھ مل جانا۔
- الاَمرَ: کام میں لگ جانا۔
غَمَّسَ شُربَہ: پینے میں کمی کرنا۔
اِغتَمَسَ فی الماءِ: غوطہ لگانا۔
اِنغَمَسَ فی الماءِ: غوطہ لگانا۔
تَغامَسَ القومُ: ایک دوسرے کو پانی میں غوطہ دینا۔
الغَمّاسۃُ: گوشت میں گھس کر آر پار ہو جانے والے نیزے کا وار۔
الغَمُوسُ: الیمینُ الغموسُ: جھوٹی قسم جو کھانے والے کو گناہ میں مبتلا کر دے۔
حدیث میں ہے (الیمین الغموس تَذَرُ الدِّیارَ بَلاقِعَ)
- من الاَمرِ: انتہائی سنگین اور سخت معاملہ۔
(۲) سالن کے طور پر استعمال کی جانے والی چیز (محدثہ)
(ج) غُمُسٌ۔
الغَمیسُ من النبات: سوکھی گھاس میں چھپی ہوئی ہریالی۔
(۲) بانس وغیرہ کا جھنڈ جس میں چھپا جا سکے۔
(۳) درختوں کے جھنڈوں کے درمیان چھوٹی نالی۔
الغَمیسۃُ: بانس وغیرہ کا جھنڈ جس میں چھپا جا سکے۔
غَمَصَہ ـِ غَمصًا: حقیر سمجھنا، کوئی حیثیت نہ دینا۔
یقال: غَمَصَ فلاناً۔
- النِّعمۃَ: نعمت کا شکر ادا نہ کرنا۔
- علیہ قولاً قالہ: کسی کی بات میں برائی پیدا کرنا۔
یقال: لَا تَغمِصْ عَلَیَّ: میرے متعلق جھوٹ نہ بول۔
غَمِصَتِ العینُ ـَ غَمَصًا: آنکھ کا کیچ والی ہونا۔
یقال: غَمِصَ فلانٌ۔
ھو اَغمَصُ، ھی غَمصَاءُ۔
(ج) غُمصٌ۔
اغتَصَمَہ: غَمَصَہ۔
الغَمَصُ فی العین: آنکھ وغیرہ سے بہنے والی کیچ۔
المُتَغَمِّصُ یقال: فلان مُتَغَمِّصٌ من ھذا الخبر: ایسی خبر سے خوش ہونے والا جس کے سچ نہ ہونے کا اندیشہ ہو۔
الغُمَیصَاءُ: برج جوزاء کے برابر دو روشن ستاروں میں سے ایک، دوسرے کو عبور کہتے ہیں۔
غَمَضَ المکانُ ـُ غُمُوضًا: جگہ کا اتنا نیچے ہونا کہ اس میں موجود کوئی چیز دکھائی نہ دے۔
- الشیئُ والکلامُ: پوشیدہ ہونا۔
- الدارُ: شاہراہ سے دور ہونا۔
- عینہ: نیند آنا۔
یقال: مَا غَمَضتُ: میں نہیں سویا۔
- الخَلخَالُ فی الساق: پنڈلی میں موٹاپے کی وجہ سے پازیب کا گھس جانا۔
- الکعبُ: ٹخنے کا گوشت میں چھپ جانا۔
- فلانٌ فی الارض غَمضًا و غُمُوضًا: دور جا کر غائب ہو جانا۔ ھو غَامِضٌ۔
- عنہ فی البیع او الشراءِ ـِ غَمضًا: خرید

Marfat.com

فروخت میں نرمی برتنا۔
غَمُضَ المکانُ ـُ غَمَاضَۃً و غُمُوْضَۃً: غَمَضَ۔
-الشئُ و الکلامُ: غَمَضَ۔
اَغْمَضَتِ الفلاۃ علی الشُّخوص: جنگل میں کچھ دکھائی نہ دینا۔
-فلان فی السِّلْعَۃِ: سامان خراب ہونے کی وجہ سے اس کی قیمت کم کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِیْہِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِیْہِ ﴾ تم اس کو کمی کرائے بغیر نہیں لوگے۔
-فلان عن فلانٍ: خرید و فروخت میں کسی کے ساتھ رعایت کرنا۔
-عن الشئ: اعراض کرنا۔
-الرجلُ: جان بوجھ کر گناہ کرنا۔
-عینیہ: دونوں پلکیں ملانا، آنکھیں بند کرنا۔
یقال: مَا اَغْمَضْتُ: میں نہیں سویا۔
-عنہ طَرْفَہ: چشم پوشی کرنا۔
-العینُ فلاناً: حقارت کی نگاہ سے دیکھنا۔
-فلانٌ النَّظر: صحیح رائے دینا۔
-المیتَ: مردے کی آنکھیں بند کرنا۔
غَمَّضَ فلان: جان بوجھ کر گناہ کرنا۔
-علی ھذا الامر: کسی کام کی خرابی جانتے ہوئے اسے کرتے رہنا۔
-عن الشئ: اعراض کرنا، درگزر کرنا۔
-فی البیع: فروخت میں رعایت برتنا۔
-عینیہ: آنکھیں بند کرنا۔
-المیتَ: مردے کی آنکھیں بند کرنا۔
-الکلامَ: مبہم اور غیر واضح کلام بنانا۔
اِغْتَمَضَ البرقُ: بجلی کا چمکنا بند ہونا۔
-عیناہُ: سوجانا۔
یقال: ما اغتمضتُ: میں نہیں سویا۔
اَتانی ذٰلک علی اغتماض: وہ بات میرے ذہن میں بغیر سوچ اور مشقت کے آئی۔
-عن الاساءۃ: گستاخی معاف کرنا۔
اِنْغَمَضَ طَرْفُہ: آنکھ بند ہونا۔
تَغَامَضَ: پلکیں مل جانا۔

(۲) سوجانا۔
الغَامِضُ: پوشیدہ۔
یقال: حَسَبٌ غَامِضٌ: غیر مشہور۔
کلام غامِضٌ: غیر واضح۔
رجل غامِضٌ: گمنام
الغِمَاضُ: نیند۔
یقال: ما اکتحلتُ غِمَاضًا: مجھے نیند نہیں آئی۔
الغُمْضُ: اتنی نیچی جگہ کہ اس میں موجود کوئی چیز دکھائی نہ دے۔
(۲) غیر واضح۔
(ج) اَغْمَاضٌ و غُمُوْض۔
الغُمْضُ: نیند۔
یقال: ما اکتحلتِ عینُہ غُمْضًا:
المُغْمِضَاتُ و المُغَمِّضَاتُ من الذُّنُوْبِ: جان بوجھ کر کئے جانے والے بڑے بڑے گناہ۔
-من اللیل: رات کی تاریکیاں، گھٹا ٹوپ اندھیرے۔
غَمَطَ فلانٌ فلاناً ـِ غَمْطًا: حقیر سمجھنا۔
-النعمۃَ: کفران نعمت کرنا، شکر ادا نہ کرنا۔
-الماءَ: زور سے پانی کا گھونٹ بھرنا۔
غَمِطَ فلان فلاناً ـَ غَمْطًا: غَمَطَہ۔
-العافیۃَ و النعمۃَ: کفران نعمت کرنا، شکر ادا نہ کرنا۔
-الحقَّ: جان بوجھ کر حق کا انکار کرنا۔
اَغْمَطَ علیہ الشئُ: کسی کے ساتھ کسی چیز کا لازم رہنا۔
یقال: اَغْمَطَتْ علیہ الحُمّٰی: مسلسل بخار رہنا۔
اَغْمَطَ المطرُ، واغمطت السماءُ بالمطر: مسلسل بارش کا ہونا۔
غَامَطَ فی الشرب: لگاتار گھونٹ بھرنا۔
اِغْتَمَطَ الشئُ: کسی چیز کا اس طرح نکل جانا کہ کوئی علامت و نشان باقی نہ رہے۔
-فلاناً بالکلام: گفتگو میں کسی پر غالب آ کر اسے زیر کر دینا۔

(۲) کسی سے مقابلہ میں ہارنے کے بعد آگے نکل جانا۔
تَغَمَّطَ علیہ الترابُ: مٹی کا کسی پر پڑ کر اسے ہلاک کر دینا۔
الغَمْطُ: نشیبی اور پست جگہ۔
غَمْغَمَ الثَّوْرُ: بیل کا ڈر کر آواز نکالنا۔
-الاَبطالُ: لڑائی میں جنگ بازوں کا گرجنا۔
-الصبیُّ: بچہ کا دودھ کی طلب میں پستان سے منہ لگا کر رونا۔
تَغَمْغَمَ الفریق تحت الارض: ڈوبے ہوئے کا پانی میں گڑگڑانا۔
الغَمْغَمَۃُ: غیر واضح، مبہم کلام۔
التَّغَمْغُمُ: الغمغمۃُ۔
غَمَقَتِ الارضُ ـُ غَمْقًا: جگہ کا تر ہونا۔
(۲) پانی یا پانی رہنے کی جگہ کے قریب ہونا۔
-النباتُ: نباتات کا رطوبت سے خراب ہو کر بدبودار ہونا۔
غَمِقَتِ الارضُ اَو النباتُ ـَ غَمَقًا: غَمَقَتْ۔
-البلدُ: ملک یا شہر کا مرطوب آب و ہوا والا ہونا، ھو غَمِقٌ۔
غَمُقَتِ الارضُ ـُ غَمَقًا: غَمَقَتْ
الغَامِقُ من الاَلوان: سیاہی مائل (ج)
الغَمَقُ: رطوبت، نمی۔
غَمَلَ النباتُ ـُ غَمْلًا: نباتات کا ایک دوسرے پر چڑھ کر بدبودار اور خراب ہو جانا۔
-الاَمرَ: چھپانا، پوشیدہ رکھنا۔
- فلاناً: پسینہ لانے کے لئے کسی کو کپڑا اوڑھانا۔
-البُسرَ: خام کھجور کو پکانے کے لئے کپڑے وغیرہ سے ڈھانپنا۔
-الاَدِیْمَ: کھال کو ریت میں لت پت کر کے دفن کرنا تاکہ گل سڑ کر ڈھیلی ہو جائے اور اس سے بال علیحدہ ہو جائیں۔
-العنبَ فی الزَّبِیل: انگوروں کو زنبیل میں تہ بہ تہ رکھنا۔
غَمِلَ النبتُ ـَ غَمَلاً: پودے کا آپس میں

Marfat.com

گھل مل کر بدبودار ہو جانا۔
-الجرحُ: پٹی باندھنے سے زخم کا خراب ہو جانا۔
اَغْمَلَ اهابَه: کچے چمڑے کو اتنا چھوڑے رکھنا کہ وہ خراب ہو جائے۔
انغمَلَ الاَدِيمُ: لازم غَمَلَه
تَغمَّلَ النباتُ: غَمَلَ
الغُمَالِجُ: ذا ٓمین کی شکل کا ایک پودا جو فصل بہار میں اُگتا ہے۔
يقال: شجرٌ غُمَالِجٌ: جلد بڑھنے والا درخت۔
-من الرجال: غیر مستقل مزاج شخص۔
-من القصب: تربانس۔
الغَملَج و الغَمَلَّجُ: وہ شخص جو ایک عادت پر قائم نہ رہتا ہو۔
الغَمَلَّسُ: ڈھیٹ اور بدخو۔
(بھیڑیے کی صفت)
غَمَّ اليومُ ـُ غَمًّا و غُمومًا: دن کا اتنا گرم ہونا کہ دم گھٹنے لگے۔
هو غَامٌّ و غَمٌّ و مِغَمٌّ۔
-الشیٔ غَمًّا: ڈھانپنا، چھپانا۔
يقال: غَمَّ القمرُ النجومَ: چاند نے ستاروں کو ڈھانک لیا۔
-الثورَ و نحوه: رہٹ یا چکی وغیرہ میں چلنے والے بیل کی آنکھوں پر پٹی باندھنا۔
-فلانًا: رنج پہنچانا۔
غُمَّ عليه الهِلالُ: چاند کا دکھائی نہ دینا، بادلوں یا کہر کے حائل ہونے کی وجہ سے۔
حدیث میں ہے: (صوموا لرؤيته و افطروا لرؤيته، فان غُمَّ عليكم فاكملوا عدّة شعبان ثلاثين يومًا)
-عليه الخبرُ: کسی سے خبر کا مخفی اور مبہم ہونا۔
غَمَّ ـَ غَمَمًا: سر کے بالوں کا اتنا لمبا ہونا کہ اس سے پیشانی اور گدی تنگ پڑ جائے اور یہ بالوں کا عیب ہے۔
-السحابُ: بادلوں کے درمیان خلا نہ ہونا۔
هو اَغَمُّ، هي غَمَّاء (ج) غُمٌّ۔

يقال: فلان اَغَمُّ الوجه، و اَغَمُّ القفاء بیوقوف ہے۔
اَغَمَّتِ السماءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا۔
-اليومُ: غَمَّ۔
-الارضُ: بہت نباتات والی ہونا۔
هو مُغِمٌّ۔
يقال: مَا اَغَمَّكَ لي، و ما اَغَمَّكَ اِلَيَّ و مَا اَغَمَّكَ عَلَيَّ: تم نے میری وجہ سے کیوں رنج کیا؟
غَامَّه: ایک دوسرے کو ڈھانپنا یا رنجیدہ کرنا
اِغتَمَّ: ڈھک جانا۔
(۲) غمگین ہونا۔
(۳) دم گھٹنا۔
-النبتُ: پودے کا لمبا اور گھنا ہونا۔
انغَمَّ: ڈھک جانا۔
(۲) غمگین ہونا۔
الغَامُّ: يقال يومٌ غَامٌّ: يوم الحزن۔
يومٌ غَامٌّ: سخت گرم دن۔
الغَمَامَةُ: بادل (ج) غمائم، غمام
حَبُّ الغمام: اولے۔
يقال: هو يَفْتَرُّ عن مثل حَبِّ الغمام: وہ اولوں کی طرح سفید دانتوں سے ہنستا ہے۔
الغِمَامَةُ: جانور کے منہ پر باندھنے کی پٹی جو اس کے چارہ کھانے سے مانع ہو۔
(۲) بیل وغیرہ کی آنکھوں پر باندھی جانے والی پٹی تاکہ اسے چکر نہ آئیں۔
(ج) غمائم۔
الغَمُّ: غم، حزن جو کسی وجہ سے دل کو پہنچے (ج) غُمُومٌ۔
یوں کہا جاتا ہے یومٌ غَمٌّ: گرم دن۔
يومٌ غَمٌّ: غمناک دن۔
الغَمَّاءُ: مصائب زمانہ میں سے کوئی مصیبت۔
يقال: مثلك يكشف الغَمَّاء: تم جیسا آدمی زمانہ کی سختی کو دور کرتا ہے۔
اِنَّهم لَفِي غَمَّاء من الامر: وہ لوگ مشکل معاملہ میں الجھے ہوئے ہیں۔
-من الليالي: مہینے کی آخری رات۔

يقال: صُمْنَا للغمّاءِ یعنی چاند والی رات میں چاند کے نظر نہ آنے کی وجہ سے ہم نے روزہ رکھا۔
الغُمَّةُ: غم۔
(۲) گھی کے برتن کی تلی۔
يقال: امرٌ غُمَّةٌ: مبہم، مشکل معاملہ۔
انه لفي غُمَّة من امره: وہ اپنے معاملہ میں اس طرح الجھا ہوا ہے کہ راہ نہیں پا رہا۔
ساروا في ارضٍ غُمَّةٍ: وہ تنگ جگہ میں چلے۔
صُمْنَا للغُمه: چاند نہ دیکھنے پر ہم نے روزہ رکھا۔
(ج) غُمَمٌ۔
الغُمّى: لڑائی میں لوگوں کو پریشان کرنے والی سخت صورت حال۔
(۲) گرد۔
(۳) تاریکی۔
يقال: ليلةٌ غُمّى: وہ رات جس میں چاند کو تلاش کیا جائے لیکن اس کے اور لوگوں کے درمیان بادل یا کہر حائل ہو جائے۔
الغُمّى: مصائب زمانہ میں سے سختی۔
يقال: اِنَّهم لفي غُمّى من امرهم: وہ مشکل معاملے میں الجھے ہوئے ہیں۔
المُغْمَمُ من الغيوم و البحار: بہت پانی والا سمندر یا بادل۔
المَغْمُومُ: رُطَبٌ مغموم: تروتازہ رکھنے کے لئے پتھریلی زمین میں بند کی ہوئی پختہ کھجور۔
غَمَنَ الجلدَ ـُ غَمْنًا: چمڑے کو اون اتارنے کے لئے ریت میں دبانا۔
-البُسرَ: گدر کھجور کو پکانے کے لئے ڈھانکنا۔
-فلانًا: پسینہ لانے کے لئے کپڑا اوڑھانا۔
غُمِنَ في الارض: زمین میں داخل کیا جانا
انغمَنَ في الارض: زمین میں داخل ہونا
الغُمْنَةُ: خوبصورتی کے لئے کوئی چیز جسے عورت اپنے چہرے پر ملے۔
غَمَا البيتَ ـُ غَمْوًا و ـِ غَمْيًا: گھر کی چھت ڈالنا۔

Marfat.com

غُمِيَ علیه غَمًى: بے ہوشی طاری ہونا جس سے حس وحرکت مفقود ہو جائے۔
هو مَغْمِيٌّ علیه۔
-الیومُ واللیلُ: رات یا دن بھر بادل چھائے رہنا جس سے نہ سورج دکھائی دے اور نہ ہی چاند۔
اُغْمِيَ علیه: بے ہوشی طاری ہونا۔
هو مُغْمًى علیه۔
-الیومُ واللیلُ غُمِيَ۔
یقال: اُغْمِيَ علینا الهلال' هو مُغْمًى: بادل یا کہر کی وجہ سے چاند دکھائی نہ دینا۔
-علیه الخبرُ: پوشیدہ ہو جانا۔
غَمَّى البیتَ: چھت ڈالنا۔
-الشيءَ: چھپانا۔
الاِغْمَاءُ: بے ہوشی' کسی عارض کی وجہ سے حس وحرکت کھو جانا۔
الغِمَاءُ: گھر کی چھت۔
(ج) اَغْمِیَةٌ۔
الغَمَى: گھر کی چھت۔
-من کل شيءٍ: ہر بلند چیز۔
(۲) پسینہ لانے کے لئے جس سے گھوڑے کو ڈھانکا جائے۔
(۳) رہٹ یا چکی میں چلنے والے جانور کے چہرے پر باندھی جانے والی پٹی تاکہ وہ چکر آنے سے بچ جائے (محدثہ)
یقال: رجلٌ غَمًى رجالٌ غَمًى و امرأةٌ غَمًى: بے ہوش' قریب المرگ۔
(ج) اَغْماء۔
یقال: کان علی السماء غَمِيٌّ: آسمان پر چاند دیکھنے کے دوران بادل حائل تھا۔
الغَمِيُّ یقال۔
کان علی السماء غَمِيٌّ: آسمان پر چاند دیکھنے کے دوران بادل حائل تھا۔
الغُمْیَةُ: چاند کی رات جس میں بادل یا کہر کی وجہ سے چاند نہ دیکھا جا سکے۔

غ .... ن

الغَنَبُ: بہت سا مال غنیمت۔
الغُنبةُ: جاذب شکل لڑکے کی باچھ یا تھوڑی پر دائرنما لکیر۔
(ج) غُنَبٌ۔
غُنِجَتِ المرأةُ - غَنِجًا: شوہر کو نخرہ دکھانا' گویا وہ اس کے مخالف اور اس کا شوہر نہیں۔
هي غَنِجَةٌ و مِغْنَاج۔
تَغَنَّجَتِ المرأةُ: غَنِجَتْ۔
الأُغْنُوجَةُ: وہ باتیں یا حرکات جن سے عورت ناز و نخرہ کرے۔
(ج) اَغَانِيجُ۔
الغُنَاجُ: ناز نخرہ۔
الغُنْجُ: ناز نخرہ۔
(۲) آنکھ کا سرمگیں پن۔
الغُنْدُبَةُ: مخاطی پردے کی ایک تہہ جنہیں لوزتین (حلق میں گوشت کا ٹکڑا) باہم ملاتے ہیں آگے اور پیچھے سے۔هما غُنْدُبتان (ج)
الغُنْدُرُ: گداز جسم خوبصورت نوجوان۔
الغُنْدُورُ: الغُنْدُرُ۔
الغُنُوصِيَّةُ: دین اور فلسفہ کے امتزاج پر مبنی ایک نزاعی فکر۔اس کا اطلاق مفکرین کی ایسی خاص جماعت پر ہوتا ہے جو پہلی اور دوسری صدی میں گزرے ہیں (مج)
غَنَظَ - غَنْظًا: ہلاکت کے قریب ہو کر بچ نکلنا۔
-الامرُ فلانًا: سخت پریشانی والا معاملہ' معاملہ کا مشکل ہو جانا۔
الغِنَاظُ: سخت پریشانی و مشقت۔
غَنِمَ الشيءَ - غُنْمًا: حاصل کرنا' پالینا۔
-الغازی فی الحرب: غازی کا مال غنیمت حاصل کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿ فَكُلُوا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ﴾
اَغْنَمَه الشيءَ: کوئی چیز کسی کے لئے مال غنیمت بنا دینا۔
غَنَّمَه: مال غنیمت یا ہبہ کر دینا۔
اِغْتَنَمَ الشيءَ: غنیمت جاننا۔
(۲) فائدہ اٹھانا۔
تَغَنَّمَ الشيءَ: اغتنمه۔
یقال: فلان یَتَغَنَّمُ الامرَ: وہ معاملہ کا اس طرح حریص ہے جس طرح مال غنیمت کا حریص ہوا جاتا ہے۔
الغُنْمُ: بغیر مشقت کسی چیز کا حصول۔
(۲) مال غنیمت۔
یقال: الغُنْمُ بالغُرْمُ: نفع کے مقابل نقصان بھی ہے یعنی جو شخص کسی چیز سے فائدہ اٹھاتا ہے اسے ہی اس کا نقصان بھی برداشت کرنا پڑتا ہے۔
(ج) غُنُومٌ۔
الغَنَمُ: بھیڑ بکریوں کا ریوڑ (اس لفظ سے اس کا کوئی واحد نہیں)
(ج) اَغْنَامٌ و غُنُومٌ۔
الغَنَّامُ: بکریوں والا۔
(۲) چرواہا یا بھیڑ بکریوں کا نگران۔
الغَنِیمَةُ: جنگ میں بزور حاصل کیا ہوا مقابل جنگجوؤں کا مال غنیمت۔
(ج) غَنَائِمُ۔
المَغْنَمُ: الغَنِیمَةُ (ج) مَغَانِمُ۔
غَنَّ - غَنًّا و غُنَّةً: گنگنانا۔
یقال و غَنَّ الرجلُ' و غَنَّ الظبيُ و نحو ذلک۔
- الرَّوضَةُ او الوادی: باغ یا وادی میں درختوں کی کثرت کی وجہ سے مکھیوں کا زیادہ ہونا جس سے ان کی بھنبھناہٹ کی آواز آئے۔
هو اَغَنُّ هي غَنَّاءُ۔
(ج) غُنٌّ۔
اَغَنَّتِ الروضَةُ او الوادی: غَنَّ
یقال: اَغَنَّ الذبابُ: مکھی کا بھنبھنانا۔
هو مُغِنٌّ هي مُغِنَّةٌ۔
-الارضُ: لمبی گھاس والی ہونا۔
غَنَّنَه: گھنا اور گنجان بنانا۔
الغُنَّةُ: خیشوم (ناک کے بانسے) سے نکلنے والی آواز۔
غَنِيَ فلانٌ ـ غِنًى و غَنَاءً: مال دار ہونا۔
هو غَانٍ و غَنِيٌّ۔
الفِرِنْدُ: تلوار
(۲) آبِ شمشیر
(۳) انار کا دانہ
(۴) سرخ گلاب
الفُرَانِقُ: شیر
(۲) لشکر یا ڈاک کے آگے کا رہبر
فَرِهَ ـَ فَرَهًا: اکڑ باز یا زندہ دل ہونا
هو فَرِهٌ۔
فَرُهَ ـُ فَرَاهَةً و فُرُوهَةً: حسین و جمیل ہونا
(۲) پھرتیلا اور چست ہونا
(۳) ہوشیار و ماہر ہونا

هو فَارِهٌ۔
قرآن حکیم میں ہے:
﴿وَتَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا فَارِهِينَ﴾
الفَارِهُ کی جمع فُرْهٌ اور فُرْهَةٌ آتی ہے
اَفْرَهَ: خوبصورت یا پھرتیلا جننا
(۲) عمدہ چیز اپنا لینا
یقال: اَفْرَهَتِ المرأةُ: عورت کا حسین بچے جننا
فَرَّهَ: اَفْرَهَ
اِسْتَفْرَهَ: عمدہ چیز لینا
اَفْرَهُ: یقال: فُلانٌ اَفْرَهُ من فُلانٍ: فلاں فلاں سے زیادہ حسین و روشن رو ہے
فَرْهَدَ الغُلامُ: لڑکے کا اچھے جسم والا اور بھرپور جسم ہونا
(۲) اتنا دوڑنا کہ سانس چڑھ جائے
-نفسُه: دل گرفتہ ہونا، دل تنگ پڑنا
تَفَرْهَدَ الغُلامُ: موٹا اور خوبصورت ہونا
الفُرْهُدُ من الغلمان: گٹھے ہوئے اچھے بدن والا لڑکا
(۲) شیر کا بچہ
الفُرْهُودُ: الفُرْهُدُ
(ج) فَرَاهِيدُ
فَرَّى الثيابَ: کپڑوں پر پوستین لگانا
هي مُفَرَّاةٌ
اِفْتَرَى فَرْوًا: پوستین پہننا
الفَرا: جنگلی گدھا (دیکھئے فَرَأ)
الفَرَّاءُ: پوستین ساز
(۲) پوستین فروش۔
الفَرْوُ: ریچھ یا لومڑی وغیرہ جانوروں کی کھال جنہیں دباغت دے کر ان سے گرم اور زینت کے لئے کپڑے بنائے جاتے ہیں۔
(ج) فِرَاءٌ
الفَرْوَةُ: بال دار چمڑا
یقال: فروة الراس۔
فَرْوَةُ الذِّئبِ۔
فَرْوَةُ الاَرْنَبِ و الثَّعْلَبِ۔
(ج) فِرَاءٌ

Marfat.com

أَبُو فَرْوَةَ: قسطل یا شاہ بلوط (مصریة)
فَرَى الشيءَ ـِ فَرْيًا: پھاڑنا
(۲) چورہ کرنا، ریزہ ریزہ کرنا
-القِربةَ: توشہ دان بنانا
-الکذبَ: جھوٹ گھڑنا
-الارضَ: زمین پر چلنا، گزرنا
فَرِیَ ـَ فَرًی: ششدر رہ جانا، حیران رہ جانا۔
أفْرَى الشيءَ: پھاڑنا
-فلانًا: بہت زیادہ ملامت کرنا
-الأوداجَ: گردن کی رگوں کو کاٹ کر خون نکالنا۔
فَرَّاءٌ: مبالغہ در فراءٌ
اِفْتَرَى القولَ: بات گھڑنا
اِنْفَرَى الشيءُ: پھٹنا، الگ ہونا
تَفَرَّى الشيءُ: پھٹنا
یقال: تَفَرَّى عنه ثوبُهُ: کپڑا پھٹ کر بدن نظر آنا
تَفَرَّى اللیلُ عن صبحه: رات ختم ہو کر صبح نمودار ہونا
-العینُ: چشمہ پھوٹ کر اس سے پانی جاری ہونا
یقال: تَفَرَّتِ الارضُ بالعُیُونِ: زمین پھٹ کر چشمہ جاری ہونا۔
الفِرْیَةُ: جھوٹ (ج) فِرًی
الفَرِیُّ من الأمُورِ: گھڑی ہوئی بات
(۲) عجیب بات
قرآن حکیم میں ہے: ﴿قَالُوا یَا مَرْیَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَیْئًا فَرِیًّا﴾
یقال: فلانٌ یَفْرِی الفَرِیَّ: فلاں عجیب اور عمدہ کام کرتا ہے۔
-من الرجال: بات گھڑنے والا

ف......ز

فَزَرَ الثوبَ و نحوه ـِ فَزْرًا: پھاڑنا
(۲) بوسیدہ کر دینا
-الشيءَ: شگاف ڈالنا، علیحدہ علیحدہ کر دینا
-الشيءَ من الشيء: جدا کرنا
فَزِرَ ـَ فَزَرًا: پیٹھ یا سینہ پر گانٹھ پیدا ہو جانا۔
هو أفْزَرُ هي فَزْراءُ (ج) فُزْرٌ
أفْزَرَ الشيءَ: فَزَرَه
فَزَّرَ الشيءَ: فَزَرَه
اِنْفَزَرَ الثوبُ: پھٹنا
(۲) بوسیدہ ہونا
تَفَزَّرَ: پھٹنا، پارہ پارہ ہونا
الفازِرَةُ: ریگستان میں برابر ہموار لمبا، صاف قدرتی راستہ جیسے وہ زمین میں شگاف ہو۔
الفِزارَةُ: چیتے کی مادہ
الفِزْرُ: چیتے کا بچہ
(۲) شیر ببر کا بچہ
(۳) بکری کا بچہ
الفَزْراءُ: چربی اور گوشت سے پر لڑکی۔
(۲) قریب البلوغ لڑکی
الفُزْرَةُ: سینہ یا کمر میں بڑا ابھار
(ج) الفِزْرَةُ: الفِزْرُ کی مونث
(۲) پھٹن۔
(ج) فِزَرٌ و فُزُورٌ
فَزَّ ـِ فَزًّا: گھبرانا
-عن الأمرِ: کنارہ کشی اختیار کرنا
-الرجلُ فَزازَةً و فُزُوزَةً: پھرتیلا اور چالاک ہونا
-الجُرحُ فَزًّا، فَزِیزًا: زخم سے مواد بہنا
-فلانًا ـُ فَزًّا: پریشان کر دینا، ڈرا دینا۔
أفَزَّه: فَزَّه
تَفازًّا: باہم مقابلہ کرنا، ایک دوسرے پر غالب آنے کا مقابلہ کرنا
اِستَفَزَّهُ الخوفُ: خوف طاری ہو جانا
-فلانًا: جوش دلانا، پریشان کر دینا
الفَزُّ من الرجال: ہلکا، پھرتیلا، حقیر
(۲) جنگلی گائے کا بچہ
(ج) أفْزازٌ۔
الفَزَّةُ: اضطرابی حالت کی چھلکا تک۔
فَزِعَ فلانٌ ـَ فَزَعًا: خوفزدہ ہونا، خوفناک چیز سے ڈر کر بھاگنا۔ هو فازِعٌ۔
(ج) فَزِعَةٌ۔
-القومَ: مدد کرنا، فریادرسی کرنا
فَزِعَ ـَ فَزَعًا: ڈرنا، سہمنا
هو فَزِعٌ۔
-الیه: پناہ لینا، مدد مانگنا
-من نَوْمِه: بیدار ہونا
-القومَ: مدد کرنا، فریادرسی کرنا
أفْزَعَه: ڈرانا، خوفزدہ کرنا
(۲) مدد کرنا، فریادرسی کرنا
قالوا: افزعه لمّا فَزِعَ: جب اس نے مدد مانگی تو اس کی مدد کی۔
-من نومه: جگانا، بیدار کرنا
فَزَّعَه: أفْزَعَه
فُزِّعَ عنه: خوف اور گھبراہٹ دور ہونا
قرآن حکیم میں ہے: ﴿حَتّٰى اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوبِهِمْ﴾
الفَزّاعَةُ: بہت ڈرپوک
(۲) ڈرانے والا
الفَزَعُ: خوف، گھبراہٹ
(۲) پناہ گیری
(۳) فریادرسی
حدیث میں ہے انصار کی شان میں: (إنكم لتكثُرُون عند الفَزَعِ و تِقلّون عند الطَّمَعِ) مدد طلبی کے وقت تمہاری تعداد بہت ہوتی ہے اور حصول منفعت کے لئے تمہاری تعداد کم ہوتی ہے
(ج) أفْزاعٌ
الفَزِعُ: مددگار
(۲) طالب مدد
الفُزَعَةُ من الرجال: جس سے لوگ بہت ڈرتے ہوں
الفُزْعَةُ من الرّجال: جو لوگوں سے بہت ڈرتا ہو
المُفازِعُ من الرّجال: مددگار (۲) طالب مدد۔
المُفزَّعُ: جس کا خوف دور کر دیا گیا ہو
(۲) بزدل

Marfat.com

الْمَفْزَعُ: مصیبت کے وقت جس کی پناہ لی جائے۔ (واحد' جمع' مذکر اور مؤنث سب کے لئے)

الْمَفْزَعَةُ: الْمَفْزَعُ۔

(۲) جس سے ڈرا جائے

فَزْفَزَه: ڈرانا' دھتکارنا

ف .... س

فَسَأَ الثَّوْبَ ـَ فَسْئًا: کپڑے کو کھینچ کر پھاڑنا۔

-فلانًا عن الأمرِ: روکنا

فَسِئَ ـَ فَسَئًا: ابھرے ہوئے سینے اور دبی ہوئی کمر والا ہونا۔

هو أَفْسَأُ' هي فَسْآءُ۔

(ج) فُسْءٌ۔

فَسَّأَ الثَّوْبَ تَفْسِئَةً و تَفْسِيئًا۔

مبالغہ در فَسَأَهُ۔

تَفَسَّأَ الثَّوْبُ: پھٹنا اور بوسیدہ ہونا

الْمَفْسُوْءُ: سرین پیچھے کو نکال کر چلنے والا

الْفُسْتَانُ: مختلف رنگوں اور شکلوں والا عورتوں کا لباس۔

(ج) فَسَاتِيْنُ (مع)

الْفُسْتُقُ: فصیله بطمیه کا پھل دار درخت جو ذات الفلقتین میں سے ہے۔ اس کے پھل کی گری سبزی مائل ہوتی ہے۔ خوش ذائقہ یہ پودا حلب میں بکثرت کاشت کیا جاتا ہے۔

الْفُسْتُقِيُّ: لَوْنٌ فُسْتُقِيٌّ: سرسبز پستہ کے رنگ جیسا رنگ۔

فَسَحَ لَه في المجلس ـَ فَسْحًا: کسی کے بیٹھنے کے لئے کشادگی کرنا

قرآن حکیم میں ہے ﴿ إِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجَالِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللهُ لَكُمْ ﴾

-له الأميرُ في السَّفَرِ: سفر کی اجازت دینا

- الْخَرْزَتَيْنِ و نحوهما سوراخوں کے درمیان سلائی میں فاصلہ کرنا

-الشيْ: پھیلانا

قالوا: جمل مَفْسُوحُ الضُّلوعِ: کشادہ پسلیوں والا اونٹ۔

فَسُحَ المكانُ ـُ فَسَاحَةً: کشادہ ہونا۔

هو فَسِيْحٌ۔

أَفْسَحَ المكانَ: کشادہ کرنا

فَسَّحَ المكانَ: کشادہ کرنا۔

يقال: فَسَّحْتُ لفلان ان يفعل كذا: کسی کے لئے کسی کام کی گنجائش پیدا کرنا

إِنْفَسَحَ المكانُ: کشادہ ہونا

-صَدْرُهُ: شرح صدر ہونا

-طَرْفُه: نگاہ دور تک لے جانا' دوڑانا

تَفَاسَحَ الْقَوْمُ: باہم کشادگی پیدا کرنا

تَفَسَّحَ المكانُ: کشادہ ہونا

-فلانٌ: جگہ میں گنجائش چاہنا

(۲) آرام کے لئے کام سے چھٹی چاہنا

-له في المجلس: کسی کے لئے کشادگی کرنا

قرآن حکیم میں ہے: ﴿ إِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجَالِسِ فَافْسَحُوْا ﴾

الْفَسْحُ: سفر کی اجازت

الْفُسُحُ: يقال: مَنْزِلٌ فُسُحٌ: کشادہ

رجلٌ فُسُحٌ: وسیع الصدر آدمی۔

الْفُسْحَةُ: کشادگی۔

(ج) فُسَحٌ۔

يقال: في هذا الأمرِ فُسْحةٌ: اس میں گنجائش ہے۔

(۲) دو کاموں کے درمیان راحت و آرام کے لئے وقفہ (محدثان)

الْفُسْحَتَانِ: نچلے ہونٹ اور تھوڑی کے درمیان والے بالوں کے دائیں بائیں بالوں سے خالی جگہ۔

فَسَخَ الرَّجلُ ـَ فَسْخًا: کمزور و جاہل ہونا

-الرَّأيَ: بے اثر اور غیر مفید کر دینا

-الأشياءَ: الگ الگ کرنا

-الشيْ: توڑنا' ختم کرنا

يقال: فَسَخَ البيعَ او العَقْدَ۔

-الْمَفْصِلَ: جوڑ کو توڑے بغیر اپنی جگہ سے ہٹا دینا

-الثَّوْبَ عن نفسه: اپنے کپڑے اتارنا

فَسِخَ الرَّأيُ و نحوُه ـَ فَسَخًا: فاسد غیر مفید ہونا۔ هو فَسِيْخٌ۔

أَفْسَخَ الْقُرْآنَ: قرآن کو بھلا دینا

فَاسَخَهُ الْبَيْعَ: کسی سے بیع فسخ کرنے کا مطالبہ کرنا' یا کسی سے بیع فسخ کرنے کے معاملہ پر متفق ہونا

إِنْفَسَخَ الشيْءُ: ختم ہونا' ٹوٹ جانا' زائل ہو جانا۔

تَفَاسَخَ الْبَيِّعَان الْبَيْعَ و نحوَه: بائع اور مشتری کا بیع فسخ کرنے پر متفق ہونا

-الأقاويلُ: اقوال کا متضاد ہونا

تَفَسَّخَ الشيْءُ: ختم ہونا' ٹوٹ جانا

-المادةُ العُضويّةُ: جراثیم کی وجہ سے جسمانی جوڑ کا گل جانا

-الشَّعرُ عن الجلد: بال اڑ جانا

يقال: تَفَسَّخ اللّحم عن العَظم: ہڈی کے اوپر سے گوشت اتر جانا

- الْفَأْرَةُ في الماءِ: چوہیا کا پانی میں گر کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ یہ چار خاص ہیں مردار کے ساتھ۔

- الفصيلُ تحت الحِمْلِ الثَّقيل: اونٹ کے بچہ کا وزن نہ اٹھا سکنا

الْفَسْخُ: کمزور و پست ہمت جو مشکلات کا مقابلہ نہ کر سکے یا اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو سکے

الْفَسِيْخُ: الْمَفْسُوْخُ۔

(۲) نمک لگائی ہوئی ایک قسم کی مچھلی جسے گلنے کے لئے کچھ عرصہ رکھ دیا جاتا ہے (مو)

فَسَدَ اللّحمُ او اللَّبَنُ او نحوُهما ـُ فَسَادًا: بدبودار ہونا' گلنا' خراب ہونا

-العَقْدُ و نحوُهُ: باطل ہو جانا

-الرجلُ: حدودِ عقل و حکمت سے تجاوز کرنا

-الأمورُ: معاملات بگڑ جانا' خلل پڑنا

قرآن حکیم میں ہے: ﴿ لَوْ كَانَ فِيْهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللهُ لَفَسَدَتَا ﴾

هو فَاسِدٌ' و فَسِيْدٌ۔

Marfat.com

(ج) فَسْدیٰ۔
اَفْسَدَ الرجلُ: فَسَدَ
-الشیئَ: بگاڑنا خراب کرنا
فَاسَدَ الرجلُ رَهْطَهٗ: اپنے لوگوں سے بدسلوکی کرنا اور فساد کرنا۔
فَسَّدَه: مبالغہ در فَسَدَه۔
تَفَاسَدَ القومُ: باہم قطع تعلق کرنا
اِسْتَفْسَدَ الشیئَ: بگاڑنے کی کوشش کرنا۔
یقال: استفسد الزرعَ۔
-الامرَ: خراب پانا یا خراب سمجھنا
-الرجلُ رَهْطَه: فَاسَدَه
الفَسَادُ: بگاڑ خرابی تعفن
(۲) ابتری گڑبڑ خلل۔
(۳) قحط و خشک سالی۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿ظَهَرَ الْفَسَادُ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَیْدِی النَّاسِ﴾
(۴) ضرر رسانی
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَیَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا﴾
المَفْسَدَةُ: ضرر
یقال: هٰذَا الامرُ مَفْسَدَةٌ لکذا: یہ چیز فلاں بات کے لئے نقصان دہ ہے۔
(۲) لہو و لعب جو فساد کی طرف لے جائے۔
قال ابو العتاهیة۔
اِنَّ الشَّبَابَ وَالْفَرَاغَ وَالجِدَةْ
مَفْسَدَةٌ لِلْمَرءِ اَیُّ مَفْسَدَهْ
(ج) مَفَاسِدُ۔
فَسَرَ الشیئَ ـُ فَسْرًا: واضح کرنا
(۲) طبیب کا مریض کے پیشاب کو دیکھ کر مرض کا پتہ لگانا (مو)
فَسَّرَ الشیئَ: واضح کرنا
- آیاتِ القرآنِ الکریم: وضاحت کرنا اور ان میں پوشیدہ معانی، اسرار اور احکام کو واضح کرنا
اِسْتَفْسَره عن کذا: کسی سے کسی چیز کی وضاحت طلب کرنا
یقال: استفسره کذا۔

التَّفْسِرَةُ: شرح و وضاحت
(۲) مریض کے پیشاب کی مقدار جسے دیکھ کر طبیب مرض کا پتا لگائے (مو)
التَّفْسِیْرُ: شرح و بیان۔
تفسیر القرآن: من العلوم الاسلامیة۔
جس سے مقصد قرآن کریم کے معانی کی توضیح اور اس کی آیات جن عقائد، اسرار، حکم اور احکام پر مشتمل ہیں ان کی وضاحت۔
الفُسْطَاطُ: اون کا بنایا ہوا خیمہ
(۲) مصر قدیم کا شہر جسے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے اپنے خیمہ کی جگہ تعمیر کرایا تھا۔
(۳) لوگوں کا گروہ، جماعت۔
(ج) فَسَاطِیْطُ۔
الفَسِیْطُ: ناخن کا تراشہ۔
(۲) کھجور کی پینڈی میں چپکی ہوئی چیز
فَسْفَسَ فلانٌ: بہت بے وقوف ہونا
فَسَافِسُ: بدبودار خطرناک کیڑا جسے بَقَّة کہتے ہیں (د)
الفَسْفَاسُ: بے وقوف
(۲) کند تلوار
(۳) بدبودار گھاس جس کا سفید پھول ہوتا ہے اور نالیوں میں اگتی ہے۔
الفِسَیْفِسُ: رنگ برنگ پتھر کے نقش و نگار والا گھر (مع)
الفُسَیْفِسَاءُ: رنگ برنگ سنگ مرمر یا پتھر وغیرہ جنہیں باہم جوڑ کر مختلف شکلیں بنائی جاتی ہیں جن سے گھر کی زمین یا دیواروں کو مزین کیا جاتا ہے (مع)
فَسَقَ كُلُّ ذِی قِشْرٍ ـُ فِسْقًا، فُسُوْقًا: چھلکے سے باہر آنا۔
یقال: فَسَقَتِ الرُّطَبَةُ عن قِشْرِها: پکی ہوئی کھجور کا چھلکے سے نکلنا
فَسَقَتِ الفارةُ عَنْ مجرها: چوہیا کا اپنے بل سے باہر ہونا
- فلانٌ: نافرمانی کرنا، شریعت کی حدود سے تجاوز کرنا۔
یقال: فَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ: اطاعت سے نکلنا۔

قرآن حکیم میں ہے: ﴿فَسَجَدُوْا اِلَّا اِبْلِیْسَ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ﴾ هو فَاسِقٌ
(ج) فَسَقَةٌ و فُسَّاقٌ و فَاسِقُوْنَ۔
هی فَاسِقَةٌ (ج) فَاسِقَاتٌ، فَوَاسِقُ
فَسَّقَه: فاسق قرار دینا۔
اِنْفَسَقَتِ الرُّطَبَةُ: فَسَقَتْ
فَسَاقِ: یقال للمرأة: یا فَسَاقِ
یعنی اے فاسقہ (صرف بطور نداء ہی مستعمل ہے)
الفِسِّیْقُ: بڑا فاسق۔
الفِسْقُ: نافرمانی
الفُسَیْقُ: الفِسِّیْقُ
الفُسُوْقُ: الفِسْقُ
الفَسْقِیَّةُ: متدیر سنگ مرمر کا حوض جس میں فوارے سے پانی اٹھتا ہے جو کہ محلوں، باغیچوں میں ہوتا ہے۔
(ج) فَسَاقِیّ (د)
فَسْكَلَ الفَرَسُ: دوڑ میں گھوڑے کا پیچھے رہنا
-الرجلُ: اخیر میں تابع بن کر آنا
الفُسْكُوْلُ: گھڑ دوڑ کے میدان میں پیچھے رہ جانے والا گھوڑا۔
- من الرِّجال: تابع اور پیچھے رہ جانے والا
(ج) فَسَاكِیْلُ۔
فَسَلَ الفَسِیْلَ ـُ فَسْلًا: پودا لگانا
فَسُلَ الرجلُ ـُ فَسَالَةً و فُسُوْلَةً: بزدل اور حقیر ہونا۔
اَفْسَلَ الفَسِیْلَةَ: پودے کو جڑ سے اکھاڑنا یا ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا۔
فَسَّلَ الشیئَ: گھٹیا، کھوٹا بنانا۔
-الرجلَ: سست بنانا، چستی ختم کرنا۔
اِفْتَسَلَ النباتَ: اَفْسَلَه۔
الفَسَالَةُ: کمزوری رائے کی خرابی۔
(۲) انگور کی بیل کو مرجھا دینے والی بیماری۔
الفُسَالَةُ من الحدید و نحوه: لوہے کا برادہ جو کوٹنے پیٹتے وقت گرتا ہے۔

Marfat.com

الفَسْلُ: انگور کی شاخیں جن کو دوسری جگہ لگانے کے لئے اکھاڑا جائے۔
-من کل شی: ردی اور گھٹیا چیز۔
(ج) اَفْسُلٌ و فُسُوْلٌ۔
یقال: رجلٌ فَسْلٌ: بے مروت آدمی۔
درهم فَسْلٌ: کھوٹا درہم۔
الفُسُوْلَةُ: بے مروتی' ضعف رائے۔
(۲) بری غذا کی وجہ سے لگنے والی بیماری جو نشوونما روکتی ہے۔
الفَسِیْلَةُ: چھوٹا کھجور کا پودا جو جڑ سے کاٹ کر یا زمین سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگایا جائے۔
(۳) پودے کا وہ حصہ جو پودے سے الگ کر کے لگایا جائے۔
(ج) فَسِیْلٌ و فسائلُ۔
فَسَا ۔ فَسْوًا و فَسَاءً: بلا آواز ریح خارج کرنا۔
المَفْسَی: حیوان کے ریح نکلنے کی جگہ۔
الفَاسِیَاءُ: گوریلا' بدبو کی وجہ سے کہا جاتا ہے۔

ف ...... ش

فَشَجَ ـِ فَشْجًا: پیشاب وغیرہ کرنے کے لئے دونوں ٹانگیں چوڑی کرنا
فَشَّجَ: مبالغہ در فَشَجَ۔
تَفَشَّجَ: فَشَجَ۔
فَشَخَ فلانًا ۔ فَشْخًا: طمانچہ مارنا۔
- الصِّبیانُ فی لعبِهم: بچوں کا کھیل میں جھوٹ بولنا اور باہم مار دھاڑ کرنا۔
فَشَخَ الرجلُ: جوڑوں کو ڈھیلا چھوڑنا
(۲) تھک کر چور ہونا۔
تَفَشَّخَ: جوڑ ڈھیلے ہونا
فَشَّ ۔ فَشًّا: آہستہ پھونک مارنا
(۲) جی متلانا
-الوَرَمُ: سوجن کم ہونا' اترنا
-القِربَةَ و نحوها: مشکیزے وغیرہ میں سے ہوا یا پانی کو نکالنا۔
یقال للغضبان: لَاَفُشَّنَّكَ فَشَّ الوَطْبِ: میں تمہارا غصہ تمہارے سر سے نکال دوں گا۔

فَشَّ غليلَه: غصہ کم کرنا
-الضَّرْعَ: تھن کا سارا دودھ نکال لینا۔
-القُفْلَ: تالا بغیر چابی کھولنا
اَفَشَّ القومُ: تیزی سے نکلنا
اِنْفَشَّتِ القربةُ و نحوها: مشکیزے میں سے ہوا نکل جانا۔
-اللَّبَنُ: دودھ کا برتن سے بہنا
-الرِّیحُ: مشکیزے وغیرہ میں سے ہوا کا نکلنا۔
-الجرحُ: زخم کے ورم کا اترنا
یقال: اِنْفَشَّتْ عِلَّةُ فلانٍ: فلاں کی بیماری دور ہوگئی۔
-فلانٌ عن الامرِ: کام میں کوتاہی و سستی کرنا۔
-الاَنفُ: ناک کے بانسے کا نیچا اور کنارے کا اٹھا ہوا ہونا
الفَشُّ: بے وقوف۔
(۲) معمولی بناوٹ کا لباس یا چادر۔
(۳) پانی کا مجمع' جوہڑ
(ج) فِشَاش۔
الفَشَّاش: بغیر چابی کے تالوں کو کھولنے کا ماہر
الفِشَّةُ: پھیپھڑا' جو اپنے اندر سے ہوا کو نکال دیتا ہے (محدثہ)
الفَشُوْشُ من الاشیاء: بے کار چیز
-من النُّوْقِ: وہ اونٹنی جس کا دودھ بغیر دوہے نکلتا رہتا ہو
-من الاَوْطاب: وہ دودھ کا مشکیزہ جس سے دودھ بہتا ہو۔
الفَشِیْشُ: مشکیزے وغیرہ سے ہوا کے نکلنے کی آواز۔
فشیش الافعی: خشک زمین پر چلتے وقت سانپ کی کھال کی آواز۔
فَشَغَ الشیُ ۔ فَشْغًا: پھیلنا
-غیرَہ: اوپر ہونا' ڈھانکنا
-بالسوطِ: کسی کو کوڑا مارنا۔
فَشِغَتِ الثَّنِیَّةُ ۔ فَشَغًا: آگے کے دانتوں کا دانتوں کی ترتیب سے آگے ہونا' ابھرا ہوا ہونا۔
- الرجلُ: آگے کے الگ الگ دانتوں والا ہونا۔

هو اَفْشَغ هی فَشْغَاءُ۔
فَاشَغَ فلانًا بالامرِ: کسی سے بوقت ملاقات کسی کام میں جلدی کروانا۔
فَشَّغَهُ: مبالغہ در فَشَغه
-النومُ فلانًا: نیند کا کسی کو مغلوب کرنا
اِنْفَشَغَ الشیُ: بہت ہونا اور پھیلنا
تَفَشَّغَ: پھیلنا
یقال: تَفَشَّغَتِ الغُرَّةُ: پیشانی کے سفید بالوں کا پھیل کر آنکھوں کو ڈھانپ لینا
تَفَشَّغَ الشیبُ فلانًا و تَفَشَّغَ الشیبُ فیه: بڑھاپا پھیلنا' ظاہر ہونا۔
-الوَلَدُ: اولاد زیادہ ہونا' پھیلنا
- فلانٌ بیوتَ الحی: محلہ کے گھروں کے درمیان داخل ہو کر اس طرح غائب ہونا کہ دکھائی نہ دے۔
-الدَّیْنُ فلانًا: کسی پر قرض کا بوجھ ہونا
الاَفْشَغ: دائیں بائیں مڑے ہوئے' سینگوں والا مینڈھا۔
الفُشَاغُ: چمڑے کا ٹکڑا جس سے مشک جوڑی جائے۔
(۲) فصیله زنبقیه کا ایک پودا جس کی اونچائی سات میٹر سے زیادہ نہیں ہوتی۔ درختوں سے چمٹ جاتا ہے اور انہیں خراب کرتا ہے۔
الفِشَاغُ: دو شخصوں کا باہم اس بات پر متفق کرنا کہ ان میں سے ہر ایک دوسرے کی بیٹی یا بہن سے نکاح کرے گا اور یہ ان دونوں کی بیویوں کے حق مہر کے بدلے میں ہوگا۔ ایسا جاہلیت میں تھا۔
(۲) سستی۔
الفُشَّاغُ: چوب چینی۔ الفسلغ بمعنی الشجرة
الفَشْغَةُ: نرکل کا گودا جو روئی جیسا ہوتا ہے اور بعض درختوں کے تنے کے اندر ہوتا ہے۔
فَشْفَشَ: کمزور رائے والا ہونا۔
-فی قوله: حد سے زیادہ جھوٹ بولنا اور غیر کے قول کو اپنی طرف منسوب کرنا۔
-الماءَ و به: پانی چھڑکانا۔

Marfat.com

الفَشفَاش: باریک دھاگے والا معمولی کپڑا۔
یقال: سیف فَشفَاشٌ: کمزور بنی ہوئی تلوار۔
(۲) بے جا فخر کرنے والا
(۳) ایک قسم کی گھاس۔
فَشَقَ الشیَ ـُ فَشقًا: توڑنا
فَشِقَ ـَ فَشَقًا: دوڑنا
(۲) دو پسندیدہ چیزوں میں سے ایک کے انتخاب میں پس وپیش سے دونوں کا کھو دینا۔
هو فَشِقٌ۔
- الظَّبیُ و نحوہ: ہرن وغیرہ کے دونوں سینگوں کے درمیان فاصلہ ہونا۔
هو اَفشَقُ، هي فَشقَاءُ۔
(ج) فُشْقٌ۔
فاشقه: کسی کے پاس اچانک آنا۔
تَفَشَّقَ الرجلُ: اپنے کپڑے کو دائیں بغل کے نیچے سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈالنا
فَشَلَ لحیتَه ـُ فَشلاً: ڈاڑھی کو ہاتھ سے بکھیرنا
فَشِلَ ـَ فَشَلاً: ڈھیلا پڑنا، بزدل ہونا
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَلَا تَنَازَعُوا فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ﴾
یقال: دُعِی الی القتالِ فَفَشِل
-عن الامرِ: کسی کام کا ارادہ کر کے پیچھے ہٹ جانا
-فی عمله: ناکام ہونا (مع)
هو فَشِلٌ و فَشْلٌ
(ج) اَفْشَالٌ
تَفَشَّلَ الماءُ: پانی بہنا
-الرجلُ: غیر لوگوں میں شادی کرنا تاکہ اولاد دبلی نہ ہو۔
الفِشْلُ: پالکی کا پردہ
(۲) پالکی میں بیٹھنے کے لئے بچھا ہوا کپڑا (ج) فُشُولٌ۔
الفَیشَلَةُ: حشفہ (عضو تناسل کا اگلا حصہ)
(۲) ہر کول اور چکنی چیز کا سرا۔
(ج) فَیاشِیلُ۔
فَشَا ـُ فَشوًا و فُشُوًّا: ظاہر ہونا، پھیلنا
-علیه امورُہ: معاملات کا یوں بکھرنا کہ سمجھ میں نہ آئے کہ کیسے کیا جائے۔
-انعامُهم: جانوروں کی کثرت ہونا
اَفْشَاهُ: پھیلانا، شائع کرنا
یقال: اَفشی سِرَّہ و خیرَہ و معروفَه
-اللهُ رِزقَ فلانٍ: رزق کا اس قدر کثیر ہونا کہ آخرت سے غافل ہو جائے۔
تَفَشّی الشیءُ: پھیلنا، وسیع ہونا
یقال: تَفَشَّتِ القرحةُ: السر کا پھیل جانا
تَفَشّی الخبرُ: خبر پھیلنا
-المَرَضُ القَومَ و بهم: بیماری پھیلنا
التَفَشّی: (علم القرآت میں) حرف کی ادائیگی کے وقت منہ میں ہوا کا پھیلنا اس صفت کا ایک ہی حرف ہے اور وہ شین ہے اور یہ زبان اور گلے کے اوپر کے حصے کے درمیان توسیع کی وجہ سے ہے
الفَاشِیَةُ: اول شب کی نیند جس کے بعد بیداری کا ارادہ ہو۔
الفَاشِیُّ: فاشیہ مذہب کا پیروکار۔
الفَاشِیَّةُ: سیاسی اور اقتصادی مذہب۔ جو انیسویں صدی میں اٹلی میں پیدا ہوا۔ جنہوں نے ایسوسی ایشنز قائم کیں اور نشاط اقتصادی کے تمام مظاہر میں مملکت کو دخل اندازی دی۔
الفَشَاءُ: مال میں اضافہ اور کثرت
(۲) مال
الفَشوَةُ: عورت کا عطردان۔

ف .... ص

فَصَحَ الصُّبحُ ـَ فَصحًا: صبح کی روشنی کا غالب آنا
فَصُحَ اللبنُ ـُ فَصحًا و فَصَاحَةً: دودھ کا خالص ہونا، اس سے جھاگ نکال کر باقی خالص دودھ رہ جانا
-الرجلُ: آدمی کی زبان کا صحیح اور واضح کلام ادا کرنا
یقال: فَصُحَ الاعجمیُّ: غیر عرب کی زبان کا عمدہ ہونا، غلطی نہ کرنا۔ هو فَصِحٌ
(ج) فِصَاحٌ
هو فَصِیحٌ (ج) فُصَحَاءُ
هی فَصِیحَةٌ (ج) فَصَائِحُ
اَفصَحَ الصُّبحُ: صبح کی روشنی کا ظاہر ہونا
یقال: اَفصَحَ الامرُ: واضح ہونا
-النهارُ: دن کا بادل اور ٹھنڈ سے خالی ہونا
-عن مرادہ: مقصد واضح کرنا
-النصاری: نصرانیوں کی عید فصح آجانا
فَصَّحَ: مبالغہ در فَصَحَ
تَفَاصَحَ فی کلامه: فصیح بننا
تَفَصَّحَ الرجلُ: فصاحت بڑھ جانا
-فی کلامه: تَفَاصَحَ
الفَصَاحَةُ: بیان
(۲) الفاظ کا ابہام اور خرابی ترکیب سے محفوظ ہونا
الفِصحُ من الایام: وہ دن جس میں نہ بادل ہو اور نہ سردی
(۲) (عند الیهود) یہود کے مصر سے نکلنے کی یاد میں عید
(۳) (عند المسیحیین) عیسائیوں کے عقیدے کے مطابق مسیح علیہ السلام کے موت سے اٹھنے کی یادگار کا دن جو عید کبیر کے نام سے مشہور ہے (مع)
اس کی اصل عبرانی زبان میں پِیسَح ہے، گزرا اور آگے بڑھ گیا۔
الفَصِیحُ: یقال: رجلٌ فَصِیحٌ: جو عمدہ کلام کرتا ہو اور عمدہ کلام کو گھٹیا سے جدا کر سکے
کلامٌ فصیحٌ: سالم اور واضح کلام جو کانوں کو بھلا لگے اور عقل اس کی وقت جانچے۔
لِسانٌ فَصیحٌ: شیریں اور شگفتہ زبان جو اپنے صاحب کی عمدہ تعبیر میں معاون ہو۔
فَصَدَ العِرقَ ـِ فَصدًا و فِصَادًا: رگ کھولنا۔
یقال: فصد المریض: علاج کے مقصد سے رگ کا خون نکالنا
فَصَدَ الناقةَ: اونٹنی کی رگیں کھولنا تاکہ اس سے خون نکلے جسے پیا جاسکے

Marfat.com

ایسا قحط کے زمانے میں ہوا کرتا تھا
اسی سے ضرب المثل ہے:
لَم یُحْرِم القِرى من فُصِدَ له: اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو اپنی بعض حاجت پوری کر لے۔
فَصَدَ له عطاءً: عطیہ دینا
اَفْصَدَتِ الشجرةُ: درخت میں کونپلیں نکلنا (پتوں کے سروں کا کھلنا اور اطراف کا بڑھنے لگنا)
فَصَّدَ: مبالغہ در فَصَدَ
یقال: فَصَّدَ السیلُ الارضَ: سیلاب کا زمین میں گڑھے اور شگاف ڈالنا
-الشیٔ: تھوڑے پانی سے تر کرنا
اِفْتَصَدَ: فَصَدَ
اِنْفَصَدَ الدمُ و نحوه: خون وغیرہ بہنا
تَفَصَّدَ الدمُ: بہنا۔
یقال: جاءَ یَتَفَصَّدُ جبینُه عَرَقًا: پیشانی سے پسینہ بہنا
الفَاصِدَان: چہرے پر آنسو بہنے کی جگہ
اَبُو فَصَادَةَ: فصیله فتاحیه کا ایک پرندہ جو عصفوریات کے مرتبے میں سے ہے اور کیڑے وغیرہ کھاتا ہے (ممولا)
المِفْصَدُ: فصد لگانے کا آلہ نشتر
فَصَّ الجرحُ ـِ فَصِیصًا: زخم کا کچھ مواد نکلنا۔
-العَرَقُ: پسینہ ٹپکنا
-الجُنْدَبُ فَصًّا و فَصِیصًا: ٹڈے کا آواز نکالنا۔
-الشیٔ: الگ کرنا، دوسری چیز میں سے نکالنا۔
اَفَصَّ الیه من حقه شیئًا: کسی کو اس کے حق کا کچھ حصہ دینا
فَصَّصَه: مبالغہ در فَصَّه
-الخاتمَ: انگوٹھی میں نگینہ لگانا
اِفْتَصَّ الشیٔ: علیحدہ کرنا، کسی دوسری چیز میں سے نکالنا
اِنْفَصَّ منه: الگ ہونا
اِسْتَفَصَّ: یقال: مَا اسْتَفَصَّ مِنْهُ شیئًا: وہ اس سے کچھ حاصل نہ کر سکا۔
الفَصُّ: ہر دو ہڈیوں کا جوڑ
(۲) انگوٹھی میں لگایا جانے والا قیمتی پتھر وغیرہ
(۳) -من اللیمون و نحوه او الثوم و نحوه: لیموں کی قاش یا لہسن کی گانٹھ کا جوا۔
-من العین: آنکھ کی پتلی
-من الامر: معاملہ کی اصل اور حقیقت
-من الشیٔ: جوڑ
-من السائل: سیال چیز کا بلبلہ
(ج) فُصُوص، و اَفُصٌّ
یقال: فلان حَزّازُ الفصوص: فلاں شخص صائب الرائے اور بابصیرت ہے۔
الفَصَّاص: نگینہ ساز
الفَصِیصُ: چکنی، ملائم گٹھلی جیسے اسے تیل میں ڈبویا گیا ہو یا تیل لگایا گیا ہو
فَصَعَ الرُّطَبَةَ و نحوها ـَ فَصْعًا: تر کھجور کو دو انگلیوں سے ملا کر چھلکا اتارنا۔
-الصبیَّ قُلْفَتَه: بچہ کا حشفہ سے کھال ہٹانا
-العمامة عن راسه: پگڑی اتارنا
-الشیٔ عن الشیٔ: نکالنا
فَصِعَ الرجلُ: آدمی کا بودار ہونا
-له بمالٍ: مال دینا
-الشیٔ من غیره: نکالنا
اِفْتَصَعَ الغلامَ: لڑکے کا عضو تناسل کی کھال ہٹا کر حشفہ کھولنا
-حقَّه: بزور اپنا سارا حق وصول کرنا۔
اِنْفَصَعَ الشیٔ: ہٹنا
-من غیره: نکلنا
تَفَصَّعَ: لازم فَصَّعَ
الاَفْصَعُ: وہ لڑکا جس کے حشفہ سے کھال ہٹی ہو اور حشفہ ظاہر ہو
الفَصْعَانُ: گرمی کی وجہ سے سر کھولنے والا
الفُصْعَةُ: ختنہ سے پہلے بچے کے حشفہ کی نرم کھال جو اوپر چڑھی ہوئی ہو۔
فَصْفَصَ فلانٌ: یقینی خبر لانا
- دابَّتَه: چوپائے کو فِصْفِصَة نام کی گھاس کھلانا۔
تَفَصْفَصُوا عنه: لوگوں کا جدا ہونا، ہٹ جانا۔
الفُصَافِصُ: طاقتور سخت آدمی۔
الفِصْفِصُ: (مصر میں) الفِصَّةُ (شام میں) فصیله قرنیه کی ایک طویل العمر گھاس جسے برسیم حجازی کہتے ہیں۔
الفِصْفِصَةُ: الفِصْفِصُ
(ج) فَصَافِصُ
فَصَلَ الکرمُ ـُ فُصُولًا: انگور کی بیل کا چھوٹا سا دانہ نکلنا
-القومُ عن البلد: نکلنا
قرآن حکیم میں ہے: ﴿فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوتُ بِالْجُنُودِ﴾
-بَیْنَ الشیئین ـِ فَصْلًا و فُصُولًا: دو چیزوں کو الگ کرنا۔
-الحاکمُ بین الخصمَین: فیصلہ کرنا
قرآن حکیم میں ہے: ﴿اِنَّ اللّٰهَ یَفْصِلُ بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ﴾
-الشیٔ عن غیره فَصْلًا: جدا کرنا، الگ کرنا۔
-الشیٔ: کاٹنا
-الخطیبُ و نحوه القولَ: دوٹوک بات بیان کرنا۔
-المولودَ عن الرضاع فصلًا: دودھ چھڑانا۔
یقال: فصل الفصیل عن اُمِّه: دودھ چھڑاتے ہوئے بچے کو ماں سے دور کرنا۔
فَاصَلَ شریکه: اپنے شریک سے شراکت ختم کر لینا۔
فَصَّلَ الشیٔ: مستقل الگ الگ حصے کرنا
-الامرَ: واضح کرنا
قرآن حکیم میں ہے: ﴿قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ﴾
-القَصَّابُ الشاةَ: قصاب کا بکری کے ٹکڑے کرنا اس کے اعضاء الگ الگ کرنا۔
یقال: فصّل الخیّاط الثوبَ: درزی کا کپڑے کو بدن کے مطابق کاٹنا۔
-العِقْدَ: ہار کے موتیوں کے درمیان فرق کے

Marfat.com

لئے دوسرا موتی پروناہو مُفَصَّلٌ۔
اِنْفَصَلَتِ المرأةُ رضيعَها: شیر خوار بچے کا دودھ چھڑانا۔
-النَّخْلَةَ عن موضعها: کھجور کے پودے کو اس کی جگہ سے منتقل کرنا۔
اِنْفَصَلَ الشیُٔ: الگ ہونا
-القومُ عن مکان کذا: کسی جگہ سے چلے جانا۔
الفَاصِلُ یقال: حُکْمٌ فاصِلٌ و قَضَاءٌ فاصِلٌ قطعی، فیصلہ۔
الفَاصِلَةُ: ہار کے دو مہروں کے درمیان فرق کرنے والا خاص مہرہ۔
(۲) کسر اعشاریہ کے حساب میں کسر اور عدد کے درمیان لکھی جانے والی علامت۔
الفاصلة (علم عروض میں) تین متحرک حروف جن کے ساتھ حرف ساکن ہو۔ جیسے: کَتَبَتْ اور یہ صغریٰ ہے۔
اور چار متحرک حروف جن کے ساتھ پانچواں حرف ساکن ہو جیسے سَمِعَهُمْ اور یہ کبریٰ ہے (ج) فَوَاصِلُ۔
الفَاصُولِیَةُ و الفَاصُولِیَاء: فصیلہ قرنیہ کی یک سالہ زرعی ترکاری جسے حصول پھل اور جڑوں کے لئے کاشت کیا جاتا ہے اور خشک اور تر دونوں طرح کھایا جاتا ہے اس کی متعدد اقسام ہیں (مع)
الفِصَالُ: بچہ کا دودھ چھڑانا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَحَمْلُهُ وَ فِصَالُهُ ثَلَاثُوْنَ شَهْرًا﴾
الفَصْلُ: دو چیزوں کے درمیان فاصلہ۔
(۲) جسم کی ہر دو ہڈیوں کے درمیان جوڑ
(۳) دو چیزوں کے درمیان رکاوٹ آڑ
(۴) شاخ
یقال: للنسب اصولٌ و فصولٌ۔
(۵) شمسی سال کا ایک موسم جو کہ یہ ہیں: بہار گرما سرما خریف
(۶) کتاب کے باب کے تحت مندرج ایک حصہ
(۷) ڈرامہ کی ایک قسم پارٹ۔
یقال: تمثیلیة ذات اربعة فصول
(۸) اسکول کی کلاس اسے الصّف بھی کہتے ہیں (محدثہ)
-من القول: صحیح اور قطعی بات
یوم الفصل: یوم القیامة
فصل الخطاب: فیصلہ کن بات
الفَصْلَةُ: کھجور کا پودا جو اپنی جگہ سے منتقل کیا گیا ہو
(۲) کسی رسالہ وغیرہ سے لی ہوئی بحث یا مضمون، مقالہ (محدثہ)
(۳) ترقیم کی ایک علامت جو یوں (،) لگائی جاتی ہے جو کہ دو عاطفہ جملوں کے درمیان لگائی جاتی ہے اور مختلف انواع واقسام کے درمیان اور لفظ منادیٰ کے بعد۔
ایک فصلة منقوطه ہے جو کہ دو جگہوں میں استعمال ہوتی ہے۔
(ا) طویل جملوں کے درمیان جیسے: ان الناس لا ینظرون الی الزمان الذی عمل فیه العمل و انما ینظرو الی مقدار جودته۔
(ب) ایسے دو جملوں کے درمیان کہ جن میں سے دوسرا پہلے کے لئے سبب ہو۔
جیسے: سهرت اللیل کلّه؛ لأنجز بعض الأعمال۔
الفَصِیلُ: گائے یا اونٹنی کا بچہ دودھ چھڑانے اور اپنی ماں سے الگ کئے جانے کے بعد۔
(۲) قلعہ سے چھوٹی دیوار (ج) فُصْلَانٌ و فِصْلَانٌ و فِصَال۔
الفَصِیلَةُ: جسم کے اعضاء کا ایک ٹکڑا
(۲) ران کے گوشت کا ٹکڑا۔
(۳) آدمی کا کنبہ جو قریبی رشتہ داروں پر مشتمل ہو قرآن حکیم میں ہے: ﴿یَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ یَفْتَدِیْ مِنْ عَذَابِ یَوْمِئِذٍ بِبَنِیْهِ وَ صَاحِبَتِهٖ وَ اَخِیْهِ وَ فَصِیْلَتِهِ الَّتِیْ تُؤْوِیْهِ﴾
(۴) (نبات اور حیوان میں) تمام ایسی اجناس جن میں مشترک صفات ہوں۔
(۵) فوج کی کمیٹی
الفَیْصَلُ: حاکم یا قاضی
(۲) حق اور باطل میں قطعی فیصلہ کرنے والا۔
(۳) یقال: حکومةٌ فَیْصَلٌ و قَضَاءٌ فَیْصَلٌ و قَوْلٌ فیصلٌ و طعنةٌ فیصلٌ (ج) فَیَاصِلُ۔
المُفَصَّلُ: قرآن کریم کا آخری ساتواں حصہ کیونکہ اس میں سورتوں کے درمیان فصل بہت ہے۔
المُفَصِّلَةُ: دو پرت والا لوہے وغیرہ کا آلہ ایک کو دروازے کی چوکھٹ کے بازو میں اور دوسرے کو کواڑ میں لگایا جاتا ہے (محدثہ)
(ج) مفصّلات۔
المَفْصِلُ: جسم کی ہر دو ہڈیوں کے درمیان جوڑ
(۲) ڈھیر لگے ہوئے سخت پتھروں کی جگہ۔
(۳) دو پہاڑوں کے درمیان ریت اور کنکریاں جن پر پانی صاف وشفاف رہتا ہے
(ج) مَفَاصِلُ
داءُ المَفَاصِلِ: گھٹیا۔
المَفْصِلِیَّاتُ: جوڑ دار ٹانگوں والے حیوانات کی فیملی جیسے حشرات، بچھو اور مکڑی وغیرہ (مع)
المِفْصَلُ: زبان۔
فَصَمَ الشیَٔ ـِ فَصْمًا: پھاڑنا
(۲) علیحدگی کے بغیر توڑنا۔
-العُقْدَةَ: گرہ کھولنا
-الشیَٔ: موڑنا، کمان نما بنانا۔
اَفْصَمَ الشیُٔ: زائل ہونا، ختم ہونا
یقال: اَفْصَمَ الحَرُّ و اَفْصَمَ المطرُ، و اَفْصَمَتْ عنه الحُمّٰی۔
فَصَّمَه: زور سے پھاڑنا، توڑنا۔
اِنْفَصَمَ الشیُٔ: الگ ہوئے بغیر ٹوٹنا۔
-العُقْدَةُ: گرہ کھلنا۔
-العُرْوةُ: کڑا ٹوٹنا
قرآن حکیم میں ہے ﴿فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی لَا انْفِصَامَ لَهَا﴾
-ظَهْرُه: کمر ٹوٹنا
-الدُّرَّةُ: موتی کا کنارہ ٹوٹنا۔
-المطرُ: بارش تھمنا، بند ہونا۔

Marfat.com

تَفَصَّمَ الشئُ: علیحدہ ہوئے بغیر ٹوٹنا
الفَصْمَۃُ: دراڑ' شگاف
الفِصْمَۃُ: مسواک یا کنگھے وغیرہ کا ٹوٹا ہوا حصہ۔
الفَصِیمُ یقال: فَاْسٌ فَصِیمٌ: بڑی کلہاڑی۔
فَصَی الشئَ من الشئِ و عنه ـِ فَصْیًا: علیحدہ کرنا' زائل کرنا۔
یقال: فَصَی اللَّحمَ عن العَظْمِ و نحوُ ذلك
اَفْصَی من الاَمرِ: معاملہ کی خیر یا شر سے الگ ہونا' خلاصی پانا۔
المطرُ: بارش بند ہو جانا
-عنه البردُ او الحرُّ: سردی یا گرمی کا دور ہو جانا
-الصَّائدُ: شکاری کے جال میں شکار نہ پھنسنا۔
فَصَّاہُ منه و عنه: الگ کرنا' رہائی دلانا۔
یقال: فَصَّی اللحمَ عن العَظمِ
اِنْفَصَی الاَصِقُ من غیرہ: لگی ہوئی چیز کا الگ ہونا
یقال: اِنْفَصَی اللحم عن العظم
تَفَصَّی من الشئِ و عنه: چھٹکارا پانا' الگ ہونا۔
یقال: تَفَصَّی مِن الدُّیُوْنِ۔
و تَفَصَّی اللحم عن العَظِمِ
یقال: ما کدتُ اَتَفَصَّی منه: یعنی رہائی اور خلاصی کے قریب تھا۔
الشئَ: چھان بین کرنا' کھوج لگانا
تَفَضَّحَ الجسمُ: بدن کا گوشت موٹا ہو کر ڈھیلا پڑنا۔
-الشئُ: کشادہ ہونا۔
-الرأسُ عَرَقًا: سر سے پسینہ بہنا۔
فَضَحَهُ ـَ فَضْحًا: عیب کشائی کرنا۔
هو فَاضِحٌ هی فَاضِحَۃٌ
(۲) کھولنا' ظاہر کرنا
یقال: فَضَحَهُ النَّهار
فَضَحَ القمرُ النُّجُومَ: چاند کا ستاروں کی روشنی کو ماند کر دینا

اِفْتَضَحَ الرَّجلُ: کسی کے عیب کھلنا
تَفَاضَحَ الرَّجُلانِ: ایک دوسرے کی عیب کشائی کرنا۔
الفَاضِحُ: الفعل الفاضح (قانون کی رو سے) شرمناک فعل۔
الفَضِیْحَۃُ: بدنامی' رسوائی
(۲) عیب (ج) فَضَائحُ۔
فَضَخَ الشئَ الاَجْوَفَ ـَ فَضْخًا: کھوکھلی چیز توڑنا' شق کرنا۔
یقال: ضَرَبَ الرأسَ فَفَضَخَهُ: سر پر مارا اور اسے پھاڑ دیا۔
ضرب البِطِّیْخَۃَ فَضَخَهَا: تربوز یا خربوزہ توڑنا۔
-العَینَ: آنکھ پھوڑنا
-البُسْرَ: کچی کھجور کی شراب بنانا۔
اَفْضَخَ العُنْقُوْدُ: نچوڑے جانے کا وقت آ جانا۔
اِفْتَضَخَ الشئَ الاَجْوَفَ: کھوکھلی چیز توڑنا۔
-البُسْرَ: کچی کھجور کی شراب بنانا
یقال: لَا تَفْتَضِخْ لَا تَفْتَضِحْ۔
اِنْفَضَخَ: لازم فَضَخَ
-الشئُ: کھلا اور کشادہ اور چوڑا ہونا
-السِّقَاءُ و هو ملآنُ: بھرے ہوئے مشکیزہ کا پھٹ کر پانی وغیرہ بہہ جانا۔
-فلانٌ: پھوٹ پھوٹ کر رونا۔
-الدَّلْوُ: ڈول کا چھلکنا
-العینُ: آنکھ پھوٹ جانا
-القَارُوْرَۃُ: بوتل کا ٹوٹ کر خالی ہو جانا۔
الفَضُوْخُ: نشہ آور شراب
الفَضِیخُ: انگور کا رس
(۲) کچی کھجور کی شراب جسے آگ پر نہ پکایا گیا ہو
(۳) پانی ملا دودھ جس پر پانی غالب ہو
المِفْضَخَۃُ: شراب بنانے کا برتن
-من الدِّلاء: بڑا ڈول
(ج) مَفَاضِخُ۔
فَضَّ الشئَ ـُ فَضًّا: علیحدہ کرنا

یقال: فَضَّ القومَ: منتشر کرنا
فَضَّ المالَ علی القومِ: تقسیم کرنا
-خاتمَ الکتابِ: خط وغیرہ کی مہر توڑنا
یقال: فَضَّ الکِتابَ و فَضَّ الخاتَم عن الکتابِ۔
-الماءَ: پانی بہانا۔
-اللُّؤلُؤۃَ و نحوَها: سوراخ کرنا
یقال: فَضَّ عُذرَۃَ المراۃِ: بکارت زائل کرنا
-ما بینهما: باہمی تعلق توڑنا
یقال: فَضَّ الاَمرَ: معاملہ ختم کرنا
یقال: فَضَّ اللّٰهُ فاہ: خدا اس کے دانت گرائے (بطور بددعا)
اور بطور دعا: لَا یَفْضُضِ اللّٰهُ فاہ
فَضَّضَ الشئَ: چاندی کا ملمع کرنا یا چاندی سے آراستہ کرنا
اِفْتَضَّ: فَضَّ
اِنْفَضَّ الشئُ: ٹوٹنا۔
-الجمعُ: مجمع منتشر ہونا
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ﴾
الفُضَاضُ: ٹوٹے ہوئے ٹکڑے۔
یقال: طارت عظامه فُضَاضًا: اس کی ہڈیوں کے ٹکڑے اڑ گئے۔
الفُضَاضَۃُ الفُضَاضُ
الفَضُّ من الناسِ: منتشر مجمع
یقال: خَرَزٌ فَضٌّ: بکھرے ہوئے مہرے۔
الفَضَضُ من الشئِ: کسی چیز کے ٹکڑے۔
یقال: اَصَابه فَضَضٌ من الماءِ: پانی کے چھینٹے۔
الفَضَّۃُ: اوپر تلے بکھری ہوئی چٹان
(۲) کالے پتھروں والی اونچی زمین
(ج) فِضَاضٌ
الفِضَّۃُ: (چاندی) پیٹے جانے' کوٹے جانے اور صیقل کے قابل ایک سفید عنصر۔ حرارت اور بجلی کو بہت زیادہ منتقل کرنے والا۔ جو کہ قیمتی جواہرات میں سے ہے۔ جو کہ سکے بنانے اور تصویر سازی میں اس کی پالش استعمال ہوتی

Marfat.com

ہیں (ج) فِضَضٌ، فضَاض۔
الفَضِيضُ: اِدھر اُدھر بکھرا ہوا پانی یا بکھرے ہوئے اولے وغیرہ۔
(۲) چشمہ سے نکلنے والا پانی یا آسمان سے اترنے والا پانی۔
(۳)-من الامكنة: بہت پانی والی جگہ۔
-من النّوىٰ: منہ سے نکال کر پھینکی جانے والی گٹھلی
المِفضَاضُ: ڈھیلے وغیرہ توڑنے کی موگری۔
المِفَضّ و المِفَضّةُ: المِفضَاضُ
فَضفَضَ الشيُ: کشادہ ہونا
يقال: فَضفَضَ الثوبُ والدِّرعُ و العَيشُ۔
-الثوبَ: کشادہ کرنا
هو فَضفَاضٌ۔
تَفَضفَضَ بَولُ الناقة: اونٹنی کے پیشاب کا اس کی رانوں پر بہنا
الفُضَافِضَةُ مِنَ الدُّروعِ و من الثياب: کشادہ اور ڈھیلی زرہ یا کپڑا
الفَضفَاضُ من المياه: بہت پانی
-من الرجال: بہت عطا کرنے والا سخی
-من الثياب کھلا اور کشادہ کپڑا
يقال: عيش فَضفَاضٌ: آسودہ زندگی
-من الارض: کثرت باراں کے باعث پانی سے ڈھکی ہوئی زمین
الفَضفَاضَةُ: سحابة فَضفَاضَةٌ: بہت پانی والا بادل
فَضَلَ الشيُ ـُ فَضلاً: ضرورت سے زائد ہونا
يقال: اَنفِق من مالك مافَضَلَ (۲) باقی بچنا۔
يقال: خُذ هذا الذى فضل مما انفقتَ۔
-فلانٌ على غيره: احسان و کرم وفضیلت میں فوقیت لے جانا
يقال: فاضَلَ غيرَه فَفَضَلَه
هو فاضِلٌ (ج) فُضَلاءُ۔
فَضُلَ الشيُ ـُ فُضُولاً: اعلیٰ درجہ کا ہونا

اَفضَلَ عليه: احسان کرنا
-من الشيِ: بچانا، باقی رکھنا
-عليه في الحسب والشَّرَفِ: خاندانی عزت و بلندی میں فوقیت لے جانا
فَاضَلَه مُفَاضَلَةً و فِضَالاً: فضل کمال میں مقابلہ کرنا
-بين الشيئين: ترجیح کے لئے دو چیزوں میں موازنہ کرنا
فَضَّلَه على غيره: دوسرے پر کسی کو ترجیح دینا یا فائق خیال کرنا
تَفَاضَلَ القَومُ: فضل و کمال میں باہم مقابلہ کرنا
(۲) ایک دوسرے پر اپنی برتری و فضیلت کا دعویٰ کرنا
تَفَضَّلَ: کام کاج کا معمولی کپڑا پہننا۔
-عليه: احسان کرنا
(۲) کسی پر فضیلت کا دعویٰ کرنا
قرآن حکیم میں ہے: ﴿مَا هٰذَا اِلَّا بَشَرٌ مِثلُكُم يُرِيدُ اَن يَتَفَضَّلَ عَلَيكُم﴾
-على غيره: قدر و منزلت میں کسی پر فوقیت لے جانا
اِستَفضَلَ من الشيِ: بچانا، باقی رکھنا
-الشيَ: حق سے زائد لینا
يقال: اَخَذَ حَقَّه وَاستَفضَلَ ايضًا
الفَاضِلُ: ضرورت سے زائد، باقی
-من الرجال: اعلیٰ درجہ اور فضیلت والا
الفَاضِلَةُ: عظیم نعمت
(ج) فواضِلُ
فَوَاضِلُ المالِ: زمین کا غلہ، مویشیوں کا دودھ اور اون، منافع تجارت۔
الفِضَالُ: ایک سادہ کپڑا جسے آدمی یا عورت گھر میں کام کاج یا سونے کے لئے پہنتے ہیں۔
الفُضَالَةُ: چیز کا بقیہ حصہ
الفَضلُ: احسان جو ابتداً بلا علت ہو
(۲) اقتصاد سے زائد
(۳) شے کا بقیہ
فضل الزمام: لگام کا کنارہ

(ج) فضول۔
يقال: فلان لا يملك در همًا فضلاً عن دينار: نہ اس کے پاس درہم ہے اور نہ دینار گویا یوں کہا گیا کہ وہ تو درہم کا ہی مالک نہیں تو دینار کا مالک کیسے ہو سکتا ہے۔
الفُضُلُ: عورت جب اس نے کام کاج کے کپڑے پہن رکھے ہوں اور وہ ایک کپڑے میں ہو۔ والرجلُ فُضُلٌ ايضًا۔
يقال امرأةٌ فُضُلٌ: دامن لٹکا کر اترا کر چلنے والی عورت۔
الفَضلَةُ: کسی چیز کا بقیہ
(۲) جسم سے نکلنے والا پیشاب وغیرہ
(ج) فَضَلات و فِضَال۔
الفُضُولُ: بے فائدہ
يقال: هذا من فُضُولِ القول: بے فائدہ بات
(۲) غیر متعلق بات میں مداخلت یا مشغولیت
(۳) (اطباء کے ہاں): بغیر علاج کے جو بدن سے نکلے
حِلفُ الفُضُولِ: قریش کے قبائل کے درمیان ایک معاہدہ اس بات پر کہ مکہ میں اس کے باشندوں اور اس میں باہر سے آنے والوں میں کوئی اگر مظلوم ہوگا تو وہ اس کی حمایت کریں گے اور ظالم کی مخالفت' تا وقتیکہ اس کا حق واپس لے لیا جائے۔
اس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسلام سے قبل عبداللہ بن جدعان کے گھر میں شریک ہوئے تھے۔
وقال: ما اُحبُّ اَنّ لي به حُمرَ النَّعَم
الفُضُولِيُّ من الرجال: بے کار باتوں میں مشغول رہنے والا
(۲) (شریعت میں): جو نہ تو ولی ہو نہ وصی نہ اصل اور نہ وکیل۔
الفَضِيلَةُ: حسن اخلاق میں اعلیٰ درجہ
فضيلةُ الشيِ: کسی چیز کا مطلوب فعل و کارکردگی
يقال: فضيلةُ السَّيفِ اِحكامُ القطع: تلوار کا کام اچھی طرح کاٹنا ہے۔

Marfat.com

فضيلة العقل إحكام الفكر: عقل کا کام صحیح طور پر سوچنا ہے۔
(ج) فضائل
اُمّھاتُ الفضائل: حکمت، پاکدامنی، شجاعت اور اعتدال
فَضَا المکانُ ـُ فَضَاءً و فُضُوًّا: کشادہ ہونا
(۲) خالی ہونا
-الشجرُ بالمکان فُضُوًّا: بہت ہونا
-فلانٌ دراھمَہ: درہموں کو ہتھیلی میں نہ رکھنا
اَفْضَی المکانُ: فَضَا
-فلانٌ: کھلی جگہ میں جانا
-الی فلان: پہنچنا
-الامرُ بہ الی کذا: نتیجہ پر پہنچانا
یقال: ھٰذا الکلام یُفضِي الی کذا من النتائج۔
-السَّاجدُ بیدہ الی الارض: سجدہ میں سجدہ کرنے والے کا اپنی دونوں ہتھیلیوں کو زمین پر رکھنا
-الی فلان بالسِّرِّ: راز بتانا
-الی المرأۃِ: عورت کے ساتھ خلوت اختیار کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿ وَكَيْفَ تَأْخُذُونَهُ وَقَدْ أَفْضَىٰ بَعْضُكُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ ﴾
-المکانَ: کشادہ کرنا، خالی کرنا
الفَضَا: تنہا، اکیلا
یقال: سَھمٌ فَضًا
بقیتُ فَضًا: میں اکیلا رہ گیا
ترکتُ الامرَ فضًا: میں نے کام کو نا پختہ چھوڑ دیا
اَمرھم فضًا بینھم: ان کا معاملہ برابری کا ہے ان میں کوئی بڑا نہیں
الفضاءُ: کشادہ اور کھلی جگہ
(۲) خالی جگہ
-من الدار: گھر کے سامنے کھلی جگہ
(۳) ستاروں کے درمیان کی مسافت جسے اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا (محدثہ)
(ج) اَفْضِیَۃٌ۔

ف......ط

فَطَأَہ عن رأیہ ـَ فَطْأً: رائے سے ہٹانا
-الشیئَ: توڑنا، چٹخانا
-الرجلَ: کمر پر کھلا ہاتھ مارنا
-بہ الارضَ: زمین پر پٹخنا
-القومَ: خلاف منشا بوجھ لادنا
-ظھرَ بعیرٍ او نحوہ: بھاری بوجھ لاد کر اونٹ وغیرہ کی کمر جھکا دینا
فَطِئَ الرَّجُلُ ـَ فَطَأً: کمر اندر کو دھنسی ہوئی اور سینہ باہر کو نکلا ہوا ہونا
(۲) چپٹی ناک والا ہونا
-البعیرُ: کمر جھکنا
ھو اَفْطأُ ھي فَطْآءُ (ج) فُطْءٌ
اَفْطأَ الرجُلُ: مالدار ہونا
(۲) خوش اخلاقی کے بعد بدخلق ہو جانا
-فلانًا: کوئی چیز یا کھانا کھلانا
تَفَاطَأَ: کمر کا زیادہ اندر ہونا اور سینہ کا زیادہ باہر ہونا
-عنہ: پیچھے ہٹنا، سستی برتنا
-عن القوم: حملہ کرنے کے بعد لوٹ آنا۔
فَاطَأَبہ الارضَ: اَفْطَأَ
الفُطَأۃُ: پیٹھ کا دھنساؤ اور سینہ کا ابھار
فَطَحَتِ المرأۃُ بالولد ـَ فَطْحًا: عورت کا بچہ کو پھینک دینا
-الشیئَ: چوڑا کرنا
یقال: فَطَحَ القلَمَ: قلم تراشنا آگے سے چوڑا کرنا
-فلانًا بالعَصَا: لاٹھی مارنا
یقال: فَطَحَ ظَھرَہ
فَطِحَ ـَ فَطَحًا: چوڑا ہونا
یقال: فَطِحَ الرأسُ، ھو اَفْطَحُ
فَطِحَتِ القدمُ والأَرْنَبۃُ: پیر یا ناک کے بانسے کا چپٹا ہونا ھي فَطْحاءُ
-النَّخلُ: درخت خرما کا قلم لگنا
فَطَّحَ مبالغہ در فَطَحَ
یقال: فَطَّحَ الحَدیدَۃَ: لوہے کو چوڑا اور ہموار کرنا
الاَفْطَحُ: چوڑا، چپٹا
(۲) ٹیڑھے ہاتھ یا پاؤں والا
الفِطَحْلُ: زبردست سیلاب
(۲) بھاری بھرکم پر گوشت
(۳) بڑا عالم
مولدین کا کبار علماء کو فطاحل کہنا تشبیہ کی بنا پر ہے (مو)
(۴) عہد انسانی سے پہلے کا زمانہ
قال ابو عبیدۃ: اعراب کا خیال ہے کہ فِطَحْل وہ زمانہ ہے جس وقت پتھر نرم ہوا کرتے تھے۔
(ج) فَطَاحِلُ۔
فَطَرَنَابُ البعیر و نحوہ ـُ فَطْرًا: اونٹ وغیرہ کا گوشت پھٹ کر دانت نکلنا
-النباتُ: زمین پھٹ کر گھاس نکلنا
-الشیئَ: پھاڑنا
-الامرَ: ایجاد کرنا، آغاز کرنا
-اللہ العالَمَ: اللہ کا دنیا کو ابتداءً وجود میں لانا
قرآن حکیم میں بزبان سیدنا ابراہیم علیہ السلام مذکور ہے: ﴿ إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ حَنِيفًا ﴾
-العجینَ: تازہ گندھے ہوئے آٹے کی روٹی پکانا، خمیر نہ اٹھنے دینا
یقال: فَطَرَ الاَجیرُ الطِّینَ: کاری گر کا لیس پیدا کئے بغیر گارہ ملنا۔
-النَّاقَۃَ و نحوھما: اونٹنی وغیرہ کا انگوٹھے اور برابر والی انگلی سے دودھ دوہنا
اَفْطَرَ الصَّائمُ: روزہ ختم کرنے والی چیز سے روزہ ختم کرنا
-فلانٌ: افطار کے وقت میں داخل ہونا
-فلانٌ: صبح کا ناشتہ کرنا (مع)
-علی الرُّطب و نحوہ: تازہ کھجور وغیرہ کا ناشتہ کرنا
-الشیئُ الصومَ: کسی چیز کا روزے کو توڑ دینا
یقال: ھٰذا العملُ یُفطِر الصائمَ۔
فَطَّرَ الشیئَ مبالغہ در فَطَرَ

Marfat.com

-الصائمَ: روزہ دار کو روزہ افطار کرانا۔
-الرجلَ: کسی کو افطاری کا سامان دینا۔
اَفْطَرَ الامرَ: فطرہ
اِنْفَطَرَ الشیُٔ: پھٹنا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ﴾
یقال: اِنْفَطَرَ الغُصْنُ: شاخ کے پتے نکلنا
تَفَطَّرَ الشیُٔ: پھٹنا، پارہ پارہ ہوجانا
قرآن حکیم میں ہے: ﴿تکاد السَّمٰوٰتُ یَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ﴾
یقال: تَفَطَّرَتِ الیدُ او القدمُ: ہاتھ پاؤں پھٹنا
حدیث میں ہے (انہ صلی اللہ علیہ وسلم قَامَ حَتّٰی تَفَطَّرَتْ قَدَمَاهُ)
یقال: تَفَطَّرَ الثوبُ و تَفَطَّرَتِ الارضُ بالنبات۔
التَّفَاطِیْرُ: فصل ربیع کی پہلی بارش کے بعد اگنے والا پودا
(۲) صبح کی سپیدی
(۳) نوجوان لڑکے اور لڑکی کے منہ پر نکلنے والی پھنسیاں
الفُطَارُ: یقال: سَیْفٌ فُطَارٌ: تازہ بنی ہوئی تلوار غیر صیقل شدہ جو کاٹ نہ سکے۔
الفُطَارِیُّ من الرجال: نکما بے فیض آدمی جس سے نہ نفع ہو نہ نقصان۔
الفَطْرُ: پھٹن، شگاف
قرآن حکیم میں ہے: ﴿فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ﴾
الفِطْرُ: روزہ کشائی، افطار
(۲) انگور کے دانے جو ابھی نمودار ہی ہوئے ہوں۔
یقال: رجلٌ فِطْرٌ و قومٌ فِطْرٌ: بے روزہ
عِیْدُ الفِطْرِ: رمضان کے روزوں کے بعد آنے والی عید
زکاۃ الفِطْرِ: واجب صدقہ جو مسلمان عید الفطر کی مناسبت سے محتاجوں کو دیتے ہیں۔
الفُطْرُ: انگور کے ابتدائی دانے۔
(۲) زمین سے اگنے والی مختلف اقسام کے پودے جن پر پھول نہیں آتے۔ انہیں فُطْرِیَات بھی کہتے ہیں۔ ان میں سے کچھ کھائے جاتے ہیں اور بعض زہریلے ہوتے ہیں اور کچھ دوسروں پودوں پر سہارا کرنے والے ہوتے ہیں۔ ان میں سے کھمبی ہے۔
واحدتہ: فُطْرَۃٌ۔
(ج) اَفْطَارٌ، فُطُوْرٌ۔
(۳) انگوٹھے اور برابر والی انگلی سے دوہتے وقت کا تھوڑا سا دودھ۔
الفِطْرَۃُ: صدقہ فطر
(۲) وہ پیدائشی حالت یا کیفیت جس پر موجود کا وجود ابتداء سے ہوتا ہے۔ فطرت۔
(۳) فطرت سلیمہ جس میں کوئی عیب داخل نہ ہو۔ قرآن حکیم میں ہے:
﴿فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ﴾
الفطرۃ السلیمۃ: (فلاسفہ کی اصطلاح میں) ایسی استعداد جس کے ذریعے اصابت حکم اور حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کیا جاسکے (مج)
(ج) فِطَرٌ۔
الفِطْرِیَّۃُ: یہ نظریہ کہ افکار و اصول انسان کی جبلت میں تجربہ اور تلقین سے پہلے ہی موجود ہیں (مو)
الفُطُوْرُ: غروب شمس کے بعد روزے دار کا کھانا تناول کرنا۔ صبح کے وقت ناشتہ کرنا (مج)
الفَطُوْرُ: افطاری جس سے روزہ دار روزہ کھولے۔
(۲) صبح کا ناشتہ (مج)
الفَطِیْرُ: ہر ناپختہ چیز جو جلدی میں لی جائے
خُبْزٌ فَطِیْرٌ: خمیر اٹھنے سے قبل پکائی جانے والی روٹی۔
یقال: رأیٌ فَطِیْرٌ: خام رائے جو سوچے بغیر دل میں آتے ہی ظاہر کردی جائے۔
الفَطِیْرَۃُ: روٹی جسے مکھن، کریم وغیرہ لگا کر پکایا جائے۔ اس کی بہت سی قسمیں ہیں (پیسٹری، کیک، پراٹھا وغیرہ) (مو)
(ج) فَطَائِرُ۔
فَطَسَ ـ فَطْسًا و فُطُوْسًا: ظاہری علت کے بغیر مرجانا
-الحدیدَ فَطْسًا: لوہے کو کوٹ پیٹ کر چپٹا کرنا۔
-فلانًا بالکلمۃ: کسی کے منہ پر کوئی بات کہنا
فَطِسَ ـ فَطَسًا: چپٹی ناک والا ہونا
ھو اَفْطَسُ ھی فَطْسَاءُ۔
(ج) فُطْسٌ۔
فَطَّسَ: مبالغہ در فطس
الفَطَسَۃُ: مہندی کا ایک بیج
الفَطَسَۃُ: ناک کا چپٹا پن اور ناک کے بانسے کا ٹیڑھا پن
(۲) خنزیر کی تھوتھنی
الفِطِّیْسُ: لوہار کا بڑا ہتھوڑا
(۲) پتھر توڑنے کی ہتھوڑی
الفِطِّیْسَۃُ من الخنزیر: خنزیر کی تھوتھنی
فَطَمَ العُوْدَ او الحَبْلَ ـ فَطْمًا: لکڑی یا رسی کاٹنا۔
یقال: فَطَمَ فلانًا عن عادتہ: عادت چھڑانا
-المُرْضِعُ الرَّضِیْعَ: دودھ پلانے والی کا بچے کا دودھ چھڑانا
ھی فَاطِمٌ و فَاطِمَۃٌ
اَفْطَمَ الرَّضِیْعُ: بچے کے دودھ چھڑانے کا وقت آجانا
اِنْفَطَمَ: دودھ چھوٹ جانا
-عن الشیٔ: پھرنا
الفَاطِمِیَّۃُ: الدَّوْلَۃُ الفَاطِمِیَّۃُ: مملکت جس کے خلفاء حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء کی طرف منسوب ہیں۔ مراکش میں قائم ہوئی اور مصر میں ۳۵۹ھ سے ۵۶۷ھ تک قائم رہی۔
الفِطَامُ: بچہ کا دودھ چھڑانا۔
الفَطِیْمُ: دودھ چھڑایا ہوا خواہ لڑکا ہو یا لڑکی
(ج) فُطُمٌ۔
الفَوَاطِمُ: دولت فاطمیہ کے خلفاء۔
فطن الامر ـ فطنۃً: جاننا۔ کسی کے لئے معاملے کا واضح ہونا۔
فطن ـ فطننا، فطنۃً، فطانۃً: زیرک ہونا، سمجھدار ہونا۔
-لِلْاَمرِ و بہ و الیہ: اچھی طرح جان جانا

Marfat.com

هو فَاطِنٌ و فَطِنٌ و فَطِينٌ۔
فَاطَنَه في الكلامِ کلام میں مراجعت کرنا
قال الراعی۔
اِذا فاطَنْتُنا في الحديث تهزهزت
ايها قلوبٌ دو نهنّ الجوانحُ
فَطَّنَه سمجھدار اور زیرک بنانا
-للّامر و به واقف کرانا باخبر کرنا
تَفَطَّنَ فَطِنَ
الفَطَانَةُ ذہن میں آنے والی بات کا ادراک کر لینے کی ذہنی استعداد
الفِطْنَةُ الفَطَانَةُ
(۲) مہارت (ج) فِطَنٌ۔

ف ...... ظ

فَظَّ - فَظَظًا و فَظَاظَةً بدخلق اور سخت مزاج ہونا۔ہو فَظٌّ۔
اِفْتَظَّ البعيرَ اونٹ کی اوجھ کو چاک کر کے اس کا پانی نچوڑنا عرب مسافر صحراء میں اونٹوں کو پانی پلا کر ان کے منہ باندھ دیتے تھے تاکہ وہ جگالی نہ کر سکیں اور جب پیاس لگے تو یہ مسافر اوجھ کا پانی پی سکیں۔
الفَظُّ سخت مزاج بدخلق۔
(ج) اَفظَاظٌ۔
(۲) اوجھ کا پانی جو بیابان میں پانی نہ ملنے کے وقت پیا جاتا تھا (ج) فُظُوظٌ۔
فَظِعَ بالامر - فَظَعًا و فَظَاعَةً کسی کام کو بڑا اور بھیانک سمجھنا
يقال فَظِعَ منه
فَظُعَ الامرُ - فَظَاعَةً بہت برا ہونا
اَفْظَعَ الامرُ فَظُعَ هو مُفْظِعٌ۔
-فلاناً برے کام میں ڈالنا۔
الامرَ برا اور قابل نفرت پانا
-الامرُ فلاناً مشکل میں ڈالنا خوفزدہ کرنا
فَظَّعَ الامرَ بھیانک بہت برا بنا دینا
اِسْتَفْظَعَ الامرَ بہت برا یا بھیانک سمجھنا۔

ف ع ع

فَعْفَعَ في امره جلدی کرنا
الفَعْفَاعُ بزدل
فَعَلَ الشئَ - فِعْلاً و فَعالاً کرنا
اِفْتَعَلَ الشئَ گھڑنا جعلی بنانا
يقال: افتعل الحديث و افتعل عليه الكذبَ۔
اِنْفَعَلَ: لازم فَعَلَه۔
هو مُنْفَعِلٌ۔
-بکذا متاثر ہونا
تَفَاعَلَ: ایک دوسرے پر اثر ڈالنا
الاُفْعُولَةُ: ناگوار عجیب بات
(ج) اَفَاعِيلُ
التَّفَاعُلُ التَّفَاعُلُ الكيمياوي۔
(دیکھئے کیمیاء)
التَّفَاعِيلُ (علم عروض میں) شعر کا وزن نکالنے کے لئے وضع کردہ کلمات جیسے فعولن و مفاعلتن و مستفعلن۔
الفاعِلُ کرنے والا
(۲) قادر (۳) بڑھئی۔
(۴) تعمیر اور کھدائی کا کام مزدوری پر کرنے والا
(۵) (نحویوں کی اصطلاح میں) وہ اسم جس کی طرف ماقبل میں واقع اصلی صیغہ والے فعل یا شبہ فعل کی اسناد کی گئی ہو۔
الفَاعِلِيَّةُ فاعل ہونے کی صلاحیت وصفت (مج)
الفَعَالُ ایک آدمی کا ایک اچھا یا برا کام
(۲) قابل تعریف کام
(۳) کرم
الفِعَالُ دو آدمیوں کا کام۔
(۲) - من الفاس والقدوم والمِطْرَقَةِ کلہاڑی ہتھوڑے اور بسولہ کا دستہ۔
(ج) اُفْعُلٌ۔
الفِعْلُ کام۔
(۲) (نحو میں) وہ کلمہ جو حدوث مع زمانہ پر دلالت کرے
(ج) اِفعَالٌ و اَفْعَالٌ
(۳) الفِعْلُ المنعكسُ وہ حرکت جو کسی حرکاتی یا غدودی عضو میں کسی مقام کی حساسیت بڑھانے اور حرکت دینے کے نتیجے میں پیدا ہو۔
الفَعْلَةُ: ایک دفعہ کا کام اس سے اشارہ ناپسندیدہ عمل کی طرف ہوتا ہے۔
قرآن حکیم میں موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں ہے ﴿وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِي فَعَلْتَ وَأَنْتَ مِنَ الْكَافِرِينَ﴾
الفِعْلِيُّ موجود (مقابل ممکن)
المُفَاعِلُ الذَّرِّيُّ: ایک ایسا سسٹم جس میں یورینیم کے جوہری ذرات کو مسلسل و خود خیز انتشار کے ذریعہ مادہ کو ایک توانائی میں تبدیل کیا جاتا ہے جبکہ اس انتشار کو روکنے اور قابو میں کرنے کے وسائل موجود ہوتے ہیں (مج)
المُفْتَعَلُ ہر وہ چیز جو پہلے نمونہ کے مطابق نہ ہو۔
يقال: جاءَ بالمُفْتَعَلِ: اس نے بڑا کام کیا
(۲) جعلی گھڑا ہوا۔
المَفْعُولِيَّةُ مفعول ہونے کی صلاحیت و صفت۔
فَعَمَ الاناءَ - فَعْمًا لبالب بھرنا
فَعَمَهُ الطِّيبُ - فَعْمًا خوشبو کا ناک کو بھر دینا خوشبو کا مہک جانا
فَعُمَ الاناءُ - فَعَامَةً و فُعُومَةً بھر جانا۔
-الساعِدُ و نحوُه بازو کا گوشت سے پُر ہونا۔هو فَعْمٌ۔
يقال: فَعُمَتِ المراةُ اچھی ساخت والی ہونا۔هي فَعْمَةٌ۔
اَفْعَمَ الاناءَ پورا بھرنا۔
يقال: اَفْعَمَهُ الخَبَرُ مَسَرَّةً او سَاءَةً۔
خبر کا خوشی یا غم میں ڈبو دینا۔
-المِسْكُ البيتَ مشک کی خوشبو کا گھر کو بھر دینا هو مُفْعِمٌ
فَعَّمَ الاناءَ فَعَمَه
الاَفْعَمُ لبالب بھرا ہوا۔
الفَعْمُ يقال: وجهٌ فَعْمٌ بھرا ہوا چہرہ۔
جاريةٌ فَعْمَةٌ گٹھے ہوئے بدن والی عورت

Marfat.com

ھو فَغِمُ الاَوْصَالِ: پُرگوشت اعضاء والا۔
مُخَلخَلٌ فَغِمٌ: پُرگوشت پنڈلی
حَیٌّ فَغِمٌ: لوگوں سے بھرا ہوا محلہ
اَفْعٰی فلانٌ: اچھائی کے بعد برا ہو جانا
فَعّٰی الشیئَ: کسی چیز پر سانپ کی شکل بنانا اور یہ اونٹ کی نشانی ہوتی تھی۔
تَفَعّٰی فلانٌ: بدی پر آمادہ ہونا
الاَفْعٰی: خطرناک زہریلا سانپ' جو چتکبرا ہوتا ہے۔اس کی گردن پتلی اور سر چوڑا ہوتا ہے (ج) اَفَاعٍ۔
الاَفاعِیُ: حالبین سے نکلنے والی رگیں۔
الاُفْعُوَانُ: نر اَفْعٰی (ج) اَفَاعٍ
المَفْعَاۃُ: اَرْضٌ مَفْعَاۃٌ: وہ جگہ جہاں اَفْعٰی سانپ بکثرت ہوں
المُفَعَّاۃُ: اونٹ پر سانپ کی شکل بنانے کا چھاپہ۔
(۲) برائے امتیاز جس اونٹ پر سانپ کی شکل بنائی گئی ہو۔

ف ......غ

فَغَرَ فَمَہ - فَغْرًا: منہ کھولنا
اَفْغَرَ فاہُ: فَغَرَہ
اِنْفَغَرَ الفَمُ: کھلنا (لازم فَغَرَہ)
-النَّورُ: کلی کھلنا۔
الفَاغِرَۃُ: کباب چینی (دیکھئے: الکبابۃ)۔
فَغَارِ (جیسے قَطَامِ) یقال: طَعْنَۃٌ فَغَارِ: نیزے کی آر پار ضرب
الفُغْرَۃُ: وادی کا دہانہ
(ج) فُغَرٌ
المَفْغَرَۃُ: کشادہ زمین
(۲) پہاڑ کا کھوہ کہف سے چھوٹا
فَغَمَ النَّورُ - فَغْمًا و فُغُومًا: کلی کھلنا
الرَّائحۃُ اَنْفَہ: بو کا ناک میں بھر جانا
-الرائحۃ زُکَامَ المَزْکُومِ: زکام والے کے زکام کو کھول دینا
فَغِمَ بالشیِٔ - فَغَمًا: مشتاق وحریص ہونا
-بالمکانِ: قیام کرنا' برقرار رہنا

ھو فَغِمٌ۔
اَفْغَمَ البَیْتَ: خوشبو سے بھر دینا
-فلانًا: شوق دلانا
یقال: ھو مُفْغَمٌ بِہٖ: اس کا دلدادہ ہے حریص ہے۔
فَغَّمَہ: مسالوں سے خوشبودار بنانا
اِفْتَغَمَ الزُّکامُ: کھلنا
اِنْفَغَمَ الزُّکامُ: کھلنا
تَفَغَّمَ النَّورُ: کلی کھلنا
الفَغَمُ: دانتوں سے لگ جانے والا کھانا۔
الفُغْمُ: تھوڑی دائیں بائیں کناروں سمیت (۲) منہ۔
الفَغَمُ: ناک کیونکہ بو اسے بھر دیتی ہے اور کھول دیتی ہے۔
الفَغْمَۃُ مِنَ الطِیْبِ: خوشبو کی مہک۔
المَفْغُومُ: مسالوں سے خوشبودار کیا ہوا (۲) زکام میں مبتلا شخص۔
فَغَا الشَّجَرُ - فَغْوًا: درخت کی کلی کھلنا
-الشیئُ: خوشبو نکلنا' پھیلنا
-جِسْمَہ: حنا سے معطر کرنا
فَغِیَ التَّمرُ - فَغًی: کسی آفت کی وجہ سے کھجور کی چھلی کا موٹا ہو جانا ھو فَغٍ
اَفْغَی الشَّجَرُ: فَغَا
-التَّمرُ او البُسْرُ: فَغِیَ
یقال: اَفْغَتِ النَّخْلَۃُ: کھجور کی چھلی کا موٹا ہو جانا
-فلانٌ: خوب روئی کے بعد بدصورت ہو جانا۔
(۲) اطاعت کے بعد نافرمان ہو جانا
(۳) مالداری کے بعد فقیر ونادار ہو جانا
-الطَّعَامَ: کھانے کو ملاوٹ سے صاف کرنا
الفَاغِیَۃُ: خاص طور پر حنا کی کلی' عام طور پر حنا کے پھل کو کہتے ہیں
(۲) ہر خوشبودار پودے کی کلی۔
(۳) خوشبو۔
الفَغَی: خراب کچی کھجور۔
(۲) ہر گھٹیا چیز۔
الفَغْوُ: الفَاغِیَۃُ

الفَغْوَۃُ: پھول
(۲) خوشبو
المَفْغُوُّ من الاَشیاءِ: حنا خوشبو لگائی ہوئی چیز

ف ......ق

فَقَأَ العَیْنَ اَوِ البَثْرَۃَ و نحوَھا - فَقْأً: پھنسی کو پھاڑ کر مواد نکالنا۔
- حبَّ الرمان و نحوہ: انگور وغیرہ کے دانوں کو دبا کر نچوڑنا۔
اَفْقَأَ فلانٌ: بیماری کے باعث سینہ اندر گھسنا۔
فَقَّأَ: مبالغہ در فَقَأَ
اِنْفَقَأَ: پھٹنا
تَفَقَّأَ: لازم فَقَّأَ
-النباتُ: پودے پر کلیاں یا پھل نکلنا
-السحابۃُ عن مائھا: بادل کا پانی کو چھوڑ دینا
-فلانٌ شَحْمًا: اتنی چربی چڑھنا کہ جلد پھٹنے لگے۔
الفَاقِیَاءُ: ولادت کے وقت بچہ کے سر پر نکلنے والا پانی۔
(۲) وہ جھلی جس میں بوقت ولادت بچہ نکلتا ہے۔
الفَقْءُ: پتھر وغیرہ میں پڑا ہوا چھوٹا گڑھا جس میں پانی اکٹھا ہو جائے (ج) فُقُوءٌ
الفُقَّاۃُ: بغیر کڑک اور بجلی کے بادل جو برسنے کے قریب ہو۔
المُفَقِّئَۃُ: زمین کو پھاڑنے والی وادیاں۔
فَقَحَ النَّباتُ - فَقْحًا: کلی آنا' پھول کھلنا
- الجَرْوُ و نحوُہ: پلے وغیرہ کا پہلے پہل آنکھیں کھولنا۔
فَقَّحَ: مبالغہ در فَقَحَ
یقال: فَقَّحْنَا و صَأْصَأْتُمْ: ہم نے حق دیکھ لیا مگر تم نہ دیکھ سکے۔
تَفَاقَحَ القَومُ: ایک دوسرے کی طرف پیٹھ کرنا
تَفَقَّحَ الشیئُ: کھلنا
یقال: تَفَقَّحَ الوردُ' تفقّحَ النَّورُ۔
الفُقَّاحَۃُ: شگوفہ کھلتے وقت خواہ کسی بھی رنگ کا ہو (ج) فُقَّاحٌ۔

Marfat.com

الفَقَاحِيَّةُ: يقال: حُلَّةٌ فُقَاحِيَّةٌ: کھلتے ہوئے گلابی رنگ کا سوٹ۔ پوشاک۔
فَقَدَ الشئَ ـِ فَقْدًا و فِقْدَانًا: کوئی چیز ضائع ہو جانا۔ یقال: فَقَدَ الکتاب۔
-المالَ و نحوَہ: مال میں نقصان ہونا اور کھو بیٹھنا۔
یقال: فَقَدَ الصَّدِیقَ فقدَتِ المرأۃُ زَوْجَھا: دوست یا خاوند سے محروم ہو جانا۔
ھو فَاقِدٌ و المفعول مَفْقُوْدٌ و فَقِیْدٌ۔
اَفْقَدَہُ الشئَ: کوئی چیز ضائع یا گم کرا دینا
اِفْتَقَدَ الشئَ: فَقَدَہ
(۲) گم ہونے پر تلاش کرنا
قال ابو خراس
وفی اللیلۃ الظلماء یُفتَقَد البدرُ
تَفَاقَدَ القومُ: ایک دوسرے کو کھونا
تَفَقَّدَ الشئَ: گم شدہ کو تلاش کرنا
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَالِيَ لَآ أَرَى الْهُدْهُدَ﴾
-اَحوال القومِ: قوم کے احوال کی اچھی طرح جانچ پڑتال کے لئے خوب جائزہ لینا
الفَاقِدُ من النساء: وہ عورت جس کا خاوند فوت ہو گیا یا بیٹا یا قریبی رشتہ دار۔
یقال: ظَبْیَۃٌ فَاقِدٌ او بَقَرَۃٌ فَاقِدٌ: جس کا بچہ درندہ کھا گیا ہو۔
الفَقِیْدُ: المَفْقُوْدُ
یقال: ماتَ فلانٌ غیرَ فَقِیْدٍ: وہ اس طور مرا کہ اس کے مرنے کی پرواہ نہیں کی گئی۔
فَقَرَ الاَرضَ ـُ فَقْرًا: کھودنا
یقال: فَقَرَ البئرَ: کنواں کھود کر پانی نکالنا
فَقَرَ الخَرَزَ: مہروں پر پرونے کے لئے سوراخ کرنا
-الشئَ: توڑنا
-الرَّجلَ و نحوَہ: ریڑھ کی ہڈی کے مہرے توڑنا
یقال: فَقَرَتْہُ الدَّاھِیَۃُ: سخت مصیبت پڑنا
فَقِرَ ـَ فَقَرًا: بیماری یا شکستگی کی وجہ سے ریڑھ کی ہڈی میں درد ہونا
ھو فَقِرٌ و فَقِیْرٌ۔
اَفْقَرَ الظَّھرُ: ریڑھ کی ہڈی کا مضبوط ہونا
-الصَّیدُ فلانًا: شکار کا قریب ہونا اور شکار کا موقع دینا
-فلانًا دابَّتَہ: اپنا جانور کسی کو عاریۃً دینا
یقال: اَفْقَرَہ اَرْضًا: کسی کو زراعت کے لئے زمین عاریۃً دینا
-اللہُ فلانًا: کسی کو غریب بنانا
فَقَّرَ الشئَ: مبالغہ در فَقَر
- للفسیلۃ: کھجور کے پودے کو گاڑھنے کے لئے گڑھا کھودنا
اِفْتَقَرَ: غریب ہونا
-الی الاَمرِ: محتاج ہونا
تَفَاقَرَ: غربت کا اظہار کرنا۔
تَفَقَّرَت الارضُ: زمین بہت گڑھوں والی ہونا
الفَاقِرَۃُ: مصیبت
(ج) فواقِرُ۔
الفَقَارَۃُ: ریڑھ کی ہڈی کا ایک مہرہ، سر سے لے کر عظمی زنجیر کا ایک حلقہ۔ ان حلقوں کی تعداد انسان میں تینتیس 33 ہوتی ہے۔ سات گردن میں، بارہ کمر میں پسلیوں کے درمیان، پانچ پیٹ میں، پانچ سرین میں اور چار سرین کی جڑ میں۔
(ج) فَقَارٌ۔
الفَقرُ: غربت، افلاس
(ج) مَفَاقِرُ (غیر قیاسی طور پر)
(۲) شگاف، سوراخ
(۳) غم، مرض (ج) فُقُوْرٌ۔
فقر الدم: خون کی کمی اور اس کی وجہ سے نظام میں گڑبڑی، قلت خون، انیمیا (مو)
الفَقْرَۃُ: الفَقَارَۃُ (ج) فَقَرات
الفِقْرَۃُ: الفَقَارَۃُ
(۲) پہاڑ یا کسی ٹھکانے پر لگا ہوا جھنڈا
(۳) کلام کا ایک جملہ یا موضوع کا ایک حصہ یا شعر کا ایک بیت۔
یقال: زدتُ فی کلامہ او شِعرہ فِقْرَۃً
مَا اَحْسَنَ فِقَرَ کلامہ: اس کے کلام کے نکتے کس قدر عمدہ ہیں۔
(۴) قانون کی دفعہ کا ایک مستقل مضمون۔
(محدثہ)
(ج) فِقَرٌ و فِقْرَات۔
الفُقْرَۃُ: وہ گڑھا جس میں کھجور کا پودا لگایا جائے۔
فُقْرَۃُ القمیص: کرتے کا گریبان
(ج) فُقَرٌ
الفَقِیْرُ: ٹوٹی ہوئی ریڑھ کی ہڈی والا
(۲) نہر سے پانی نکلنے کا راستہ
-من الناس: معمولی روزی کا مالک
(۳) ایک درویش (مو)
(ج) فُقَراءُ و فُقُرٌ
المَفَاقِرُ: اسباب غربت
یقال: سدَّ اللہ مفاقِرَہ: اللہ اس کو مالدار کرے
فَقَسَ ـِ فُقُوْسًا: اچانک مرجانا
(۲) اُچھلنا، کودنا
-فلانًا عن الاَمرِ فَقْسًا: بری طرح ہٹانا، روکنا
-الطائرُ بیضتَہ: چوزہ نکالنے کے لئے پرندہ کا انڈہ توڑنا۔
-الحَیوانَ: قتل کرنا
-الشئَ: کسی چیز کو چھین کر یا غصہ سے لینا
-الفخُّ الطَّیرَ: پھندا لگ جانا۔
اِنْفَقَسَ الشئُ: پلٹنا
تَفَاقَسَا: ایک دوسرے کے بال پکڑ کر کھینچنا
الفَقُّوْسُ: شام میں ایک قسم کا تربوز، مصر میں ایک قسم کی ککڑی۔
المِفْقَاسُ: پھندے کی لکڑی جو پرندے کو چھوتے ہی گر جاتی ہے۔
فَقَشَ البیضَۃَ و نحوَھا ـِ فَقْشًا: انڈے کو زردی وغیرہ نکالنے کے لئے توڑنا
فَقَصَ: فَقَسَ
الفَقُّوْصُ: بری ککڑی۔
فَقَطَ الحِسَابَ: حساب ختم کرنا اور لفظ فقط لکھ کر اس سے آگے نہ بڑھانا (مو)

Marfat.com

فَقَط: بس بمعنی فَحَسْبُ
اسے عدد کے ساتھ ذکر کرتے ہیں پھر اس پر اضافہ نہیں کیا جاتا ہے گویا مراد ہوتا ہے اس کے علاوہ نہیں (دیکھئے: قطّ)
فَقَعَ اللَّوْنُ ـَ فَقْعًا و فُقُوْعًا: رنگ کا صاف ہونا' اس کا کثیر استعمال زرد رنگ کے لئے ہوتا ہے۔
-الشیٔ: پھاڑنا۔
یقال: فَقَعَتْهُ الفَوَاقِعُ: دردناک مصیبتوں کا آ پڑنا اور ہلاک کر دینا
فَقَّعَ فلانٌ: بے معنی کلام کرنا
-الأدیمَ: صاف (فاقع) رنگ سے چمڑے کو رنگنا۔
-الخُفَّ: جوتے میں چونچ لگانا
-المَفَاصِلَ: جوڑوں کی ہڈیوں کو دبا کر چٹخانا
-ورقةَ الورد: گلاب کے پتے کو ہاتھ مار کر توڑنا کہ آواز پیدا ہو۔
-الشیٔ المنفوخ: پھونک بھری ہوئی چیز پر ہاتھ مارنا تاکہ وہ پھٹ جائے اور آواز پیدا ہو
اِنْفَقَعَ الشیٔ: پھٹنا
تَفَاقَعَتْ عَینه: آنکھوں میں سفید میل آنا اور سفید ہوجانا
تَفَقَّعَتِ الورقةُ: ہاتھ پڑنے سے پتے کا آواز کے ساتھ پھٹ جانا
-الأَصَابِعُ: انگلیاں دباتے وقت آواز آنا
-النباتُ: خشک ہو کر سخت ہوجانا
هو مُتَفَقِّعٌ۔
الأَفْقَعُ: الفَاقِعُ۔
القَطْرُ: بارش۔(۲) من الماء والدمع وغیرھما من السوائل: قطرے جو ٹپکے ہوں۔الواحدۃ: قَطْرَۃٌ (ج) قِطَارٌ۔

القِطْرُ: پگھلا ہوا تانبا (۲) پگھلا ہوا لوہا۔

القَطْرُ: آدمی غلہ کی ایک بوری یا کھجور کی ایک ٹوکری کا وزن کرے اور پھر اسی حساب سے لے لے وزن نہ کرے۔

القُطْرُ: کنارہ۔ قرآن حکیم میں ہے : اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا۔

قیل القُطرُ: مختلف شہروں پر مشتمل وہ مجموعہ جو کسی خاص نام سے موسوم ہو۔

—من الانسان: انسان کا پہلو۔ کہا جاتا ہے۔

یقال: جمعَ فلان قُطْرَیْہِ: اس نے تکبر اور غصہ کیا۔من الفرس: گھوڑے کا ابھرا ہوا بالائی حصہ۔ (ج) اَقْطَارٌ۔ قُطرُ الدائرۃ: (علم ہندسہ میں) وہ خط مستقیم جو دائرہ اور محیط کو مرزہ کرہ سے گزرتے ہوئے دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔

القَطْرَة: قطرہ (۲) بارش (۳) نقطہ (۴) سیال دوا جو آنکھ میں ڈالی جائے۔(محدثہ)(ج) قَطَرَاتٌ۔

یقال: رماہ اللہ بِقَطْرَۃٍ: اللہ نے اس پر مصیبت ڈال دی۔

القَطَّارَةُ: آلہ جس سے دوا قطرہ قطرہ ڈالی جائے۔(محدثہ)

القَطُورُ من السحاب: بہت بارش والا بادل (۲) علاج یا دھونے کے لئے آنکھ میں ڈالی جانے والی دوا۔(مو)

المُقَاطَرَةُ: القَطرُ یقال: اُکْرَاہُ مُقَاطَرَۃً: اسے آمد و رفت کے لئے کرایہ پر دیا۔

المِقْطَرَةُ: مجرموں کو سزا دینے کا آلہ چوبی۔ جس میں پاؤں کے چند سوراخ ہوتے ہیں۔

المَقْطُورَةُ: ٹریلر جسے انجن کھینچتا ہے۔ (محدثہ)

تَقَطْرَبَ الرجلُ: تیزی سے قطرب کی طرح سر ہلانا۔

القُطْرُبُ: ماہر چور۔(۲) خاردار پودا جس کے گیہوں کے مثل دانہ ہوتا ہے اور گزرنے والے کے ساتھ چپک جاتا ہے (۳) مسلسل حرکت کرتے رہنے والا کیڑا جو رات کو چمکتا ہے۔ (۴) ایک دماغی مرض جس کا مریض بستر پر آرام سے نہیں ٹکتا گویا یہ بھی وہی کیڑا ہے۔ (ج) قَطَارِبُ۔

قَطْرَنَ البعیرَ: تارکول ملنا۔ھو مُقَطْرَنٌ۔

القَطْرَان: چاول اور صنوبر کا عصارہ جسے پکار کا رس اونٹوں ملا جاتا ہے۔

قرآن حکیم میں ہے : سَرَابِیْلُھُمْ مِنْ قَطِرَانٍ: کیونکہ وہ شدید الاشتعال ہوتا ہے۔

(۲) سیال لیس دار مادہ جو لکڑی اور کوئلے وغیرہ سے نکلتا ہے۔ جو لکڑی کی دیمک سے اور لوہے کی زنگ سے حفاظت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔(محدثہ)

قَطَّ الشِّعْرُ ـُ قَطًّا، قُطُوطًا: بھاؤ چڑھنا۔

—الشیٔ ـَ قَطًّا: چوڑائی میں کاٹنا۔یقال: قَطَّ القلَمَ۔(۲) کاٹنا۔ البَیْطَارُ حافِرَ الدابۃ: ڈاکٹر کا چوپائے کے کھر کو تراش کر برابر کرنا۔

—السفر: بھاؤ چڑھانا۔

قَطَّ الشَّعْرُ ـُ قَطَطًا، قَطَاطَۃً: بالوں کا چھوٹا اور گھونگھریالا ہونا۔ھو قَطٌّ قَطَطٌ۔

یقال: رجل قَطُّ الشَّعر وقططہ۔

قَطَّطَ الحَر اوُ الحُقَّۃَ: کاٹ کر برابر کرنا۔

اِقْتَطَّ الشیٔ: چوڑائی میں کٹنا۔ یقال: قَطَّ فاقتَطَّ۔

— الشیٔ: چوڑائی میں کاٹنا۔

اِنْقَطَّ الشیٔ: چوڑائی میں کٹنا۔

الاقَطُّ: گھسے ہوئے دانتوں والا۔

قَطَاطِ: میرے لئے کافی ہے۔

القِطَاطُ: پہاڑ کا کنارہ (۲) چٹان کا کنارہ (۳) کسی کام کا نمونہ اور جوتا جس کے مطابق جوتے کاٹے جائیں۔(۴) بہت گھونگھریالے بالوں کا (۵) چوپائے کے سموں کا دائرہ (ج) اَقِطَّۃٌ۔

القَطَائِطُ یقال: جاء ت الخیل قطائط: گروہ در گروہ آئے۔

قَطْ: اس کے تین احوال ہیں (۱) زمانہ ماضی کے استغراق کے لئے ظرف زمان ہو۔(اور یہ قاف کے فتحہ اور طاء مضموم کی تشدید کے ساتھ ہے) اور نفی کے ساتھ خاص ہے۔یقال: ما فعلت ھذا قطُّ زمانہ ماضی میں۔

(۲) یعنی حَسْب یا کافی ہو۔ (اور یہ قاف کے فتحہ اور طاء کے سکون کے ساتھ ہے) بہت کم بغیر فا کے استعمال ہوتا ہے۔ یقال: اخذت ھما فقط۔

(۳) اسم فعل بمعنی یکفی ہو یاء متکلم کے ساتھ نون وقایہ کا اضافہ ہوگا۔

یقال قطی : کفانِیْ۔ قَطْكَ: کفاك۔

Marfat.com

ہر حالت کی وجوہ مطولات میں مذکور ہیں۔

القَطُّ من الشَعْر: چھوٹے گھونگھریالے بال۔

یقال: رجلٌ قطُّ الشعر: چھوٹے گھونگھریالے بالوں والا۔ (ج) اَقْطاطٌ، قِطاطٌ۔

القِطُّ: بلی۔ فصیلہ سنوریہ کی ایک جنس جو کہ رتبہ لواحم میں سے ہے۔ (۲) حصہ (۳) رجسٹر حساب (۴) دستاویز (۵) کتاب۔ (ج) قِطاط، قِطَطَۃٌ۔

القَطَطُ: یقال: شعرٌ قَطَطٌ: چھوٹے گھونگھریالے بال۔ رجلٌ قَطَطٌ، او هو جَعْدٌ قَطَطٌ: انتہائی بخیل آدمی۔

القَطّاطُ: فرار کرنے اولا۔

القَطَّۃُ: قاش یا آدھا حصہ یقال: هات قَطَّۃً من البَطِّیخ: تربوز کی بھاری قاش۔

القِطَّۃُ: بلی۔ القِط: کا مؤنث۔

القِطِیطَۃُ: غار کے کنارے کا بالائی حصہ (ج) قطانط۔

المَقَطُّ من الفرس: گھوڑے کی پسلیوں کے سر کا منتہا۔

المِقَطُّ: وہ شے جس پر قلم کو قط لگایا جائے۔

المِقَطَّۃُ: المِقَطُّ۔

قَطَعَتِ الطَّیْرُ - قُطُوْعًا: ایک ملک سے دوسرے ملک جانا۔ هی قَوَاطِعُ: آنے جانے والے۔

-الرجلُ بحبل قَطْعًا: رسی سے اپنا گلا گھونٹنا۔

-برایہ: رائے میں قطعیت کو پہنچنا۔

-الشیْ قَطْعًا: کاٹنا۔ جدا کرنا۔ النخلۃَ ونحوَها: درخت خرما وغیرہ کا پھل توڑنا۔

-الثمرَ: پھل توڑنا۔ النُّخَالۃَ من الدقیق: آٹے کا بھوسا الگ کرنا۔

-الصدیقَ: دوست سے تعلق ختم کرنا۔ رحمہ: رشتہ دار سے تعلق ختم کرنا۔ هو قُطْعٌ، قُطَعَۃٌ۔

- الصلاۃَ: نماز توڑنا، باطل کرنا بات کے ساتھ۔

-النَّهْرَ: دریا کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے پر جانا۔ عبور کرنا۔

-فلانًا، بالحُجَّۃِ: کسی کو دلیل سے لاجواب کرنا۔

-الطریقَ: رہزنی کرنا۔ غیر محفوظ کرنا۔

لِسَانَہٗ: زبان بندی کرنا۔

-فلانًا عن حقِّ فلان: کسی کو کسی کے حق سے روکنا۔

قَطِعَتْ یدُہ - قَطْعًا: کسی کا ہاتھ کاٹنے یا بیماری سے کٹ جانا۔ هو اَقْطَعُ، هی قَطْعَاءُ۔

قَطُعَ الرجل - قَطَاعَۃً: بولنے پر قادر نہ ہونا۔

قُطِعَ بفلان: (مجہول) کسی سبب سے سفر نہ کر سکنا۔ یقال قُطِع بہ: امید منقطع ہونا۔ یا راستہ مسدود ہونا، یا مقصد میں رکاوٹ ہونا۔

اَقْطَعَ النَّخْلُ: پکنے کے قریب ہونا۔ پھل توڑنے کا وقت آ جانا۔

-الدَّجَاجۃُ: مرغی کا انڈا دینا بند کرنا۔

-السماءُ بموضع کذا: کسی جگہ بارش نہ ہونا۔

یقال: اَمْطرتِ السماء ببلد کذا، و اقطعت ببلد کذا۔

-القومُ: بارش سے محروم رہنا۔

ماء البئر: کنویں کا پانی ختم ہو جانا۔

-فلانٌ: کسی کا لاجواب ہو جانا۔

خصمۂ بالحجّۃ: مقابل پر دلیل قائم کر کے لاجواب کر دینا۔

فلانًا: کسی کو دریا پار کرانا۔

یقال: اِقْطَعَہ النَّهْرَ: اسے دریا پار کرا دیا۔

-فلانًا ارضًا: کسی کو زمین دینا۔ یقال اَقْطَعه اَغْصانًا: کسی کو ٹہنیاں کاٹنے کی اجازت دینا۔

قَاطَعَ فلانًا: بائیکاٹ کرنا۔

القومَ: قوم کا بائیکاٹ کرنا۔ (۲) اقتصادی اور اجتماعی طور پر مقاطعہ کرنا۔ یقال: قاطع بضائعهم و منتجاتهم (محدثۃ)

-الرجلان بسیفهما: دیکھنا کہ کون سی زیادہ تیز ہے۔

یقال: قاطع فلانٌ فلانًا بسیفهما۔

- فلانًا علی کذا وکذ من الاجر والعمل ونحوهما: کسی سے متعینہ اجرت پر کام کا معاہدہ کرنا۔

قَطَّعَہٗ: مبالغہ در قَطَعَ۔

- الخَمَرَ بالماء: شراب میں پانی ملانا۔

-الفرسُ الجریَ: گھوڑے کا مستی میں آ کر طرح طرح کی چال چلنا۔

یقال: هذا فرسٌ یقطع الجری۔

-الجوادُ الخیلَ: آگے نکل جانا۔

اِقْتَطَعَ من الشئ قِطْعَۃً: کسی چیز کا ٹکڑا لینا۔ حصہ الگ کرنا۔

-من المال: مال کا کچھ حصہ اپنے لئے رکھنا۔

اِنْقَطَعَ الشئُ: وقت گزر جانا۔ ختم ہو جانا۔

یقال: انقطع الحرُّ والبَرْدُ۔

یقال: اِنقطع الکلامُ۔

النهرُ: خشک ہو جانا۔

-الکلامُ: بات کا سلسلہ ختم ہو جانا۔ اِلی فلان: مستقل طور پر کسی کی صحبت اختیار کرنا۔

انقُطِعَ بفلان: (مجہول) کسی وجہ سے کسی کا سفر پورا نہ ہونا۔ هو مُنْقَطَعٌ بہ۔

تَقَاطَعَ الشئُ: کسی چیز کے اجزاء کا ایک دوسرے سے الگ ہو جانا۔

-القومُ: لوگوں کا ایک دوسرے سے بے تعلق ہو جانا۔ یقال: تقاطعت ارحامُهم۔

تقطَّع الشئُ: پارہ پارہ ہو جانا۔

امرُهم بینهم: معاملہ میں باہمی اختلاف ہو جانا۔

-بهم الاسبابُ: راہیں مسدود ہو جانا۔ قرآن حکیم میں ہے: وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَابُ۔

استَقْطَعَہٗ: کسی سے جاگیر مانگنا۔

الاَقْطاعُ: یقال: ثوبٌ اَقْطَاعٌ: ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا کپڑا۔

اِلاقطاعُ: جاگیردارانہ نظام۔ حکام کی جانب سے اپنے ماتحتوں کو بطور عطیہ زمین دیئے جانے

Marfat.com

کا سسٹم۔(۲) ہر وہ نظام جو زمین کے مالکان کو زمین اور اس میں رہنے والوں کے بارے میں مکمل تصرف کا اختیار دیتا ہو۔(مو)

الاقطاعیُّ: وہ شخص جو جاگیرداری نظام کے تحت کسی زمین و جائیداد کا مالک مختار ہو۔

الاقطعُ: دست بریدہ (ج) قُطْعٌ، قُطْعان (۲) بہرا۔

الاقْطُوعَۃ: ترک تعلق کی نشانی جو لڑکی اپنی سہیلی کی طرف بھیجے۔

التَّقْطِيعُ: پیٹ کی مروڑ۔ من الانسان: قد و قامت (ج) تقاطیع۔

القَاطِعُ: وہ نمونہ یا ناپ جس کے مطابق چمڑا یا کپڑا کاٹا جائے۔ یقال: قطع الأديمَ على القاطع۔ یقال: سیفٌ قاطِعٌ: تیز تلوار۔ کلامٌ قاطِعٌ: فیصلہ کن بات۔ لبنٌ قاطعٌ: کھٹا دودھ۔ فلانٌ قاطعُ الطریق: رہزن چور جو راستے میں راہگیروں کے تعاقب میں بیٹھ کر انہیں جبراً لوٹے۔(ج) قُطَّعٌ، قُطَّاعٌ۔

یقال: ھم قُطَّعُ الطریق قُطَّاعُ الطریق۔

القِطَاعُ من اللیل: اول سے تہائی رات تک کا حصہ۔ من الدائرۃ: دائرہ کا وہ جزء جو قطر کے دو حصوں اور محیط کے ایک جزء کے درمیان محصور ہو۔(مو)

(۳) ہر چیز کا کاٹا ہوا حصہ۔

یقال: ھذا خاص بالقطاع الصناعي او بالقطاع الزراعي مثلاً (۲) وہ نمونہ جس پر چمڑا یا کپڑا کاٹا جائے۔

زمن قطاع النخل: کھجور کے پکنے اور توڑنے کا وقت۔

یقال: ھذا وقت قطاع الطیر: پرندوں کے ایک ملک سے دوسرے ملک جانے کا وقت۔

القُطَاعَۃُ: کاٹا ہوا حصہ۔(۲) کاٹتے وقت نیچے گرنے والا برادہ۔

القَطَّاعُ من الرجال: دوستی سے قطع تعلق کرنے والا۔(۲) قطع رحمی کرنے والا۔

یقال: سیفٌ قطّاعٌ: تیز تلوار۔

القُطْعُ: پیٹ کا مروڑ اور درد (۲) موٹاپے یا تھکان کی وجہ سے چڑھا ہوا سانس (۳) سانس کی گھٹن یا بندش۔

القِطْعُ من الشجرۃ ونحوھما: درخت کی کٹی ہوئی شاخ۔

–من اللیل: رات کا حصہ۔ قرآن حکیم میں ہے: فَأَسْرِ بِأَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ اللَّيْلِ (ج) اَقْطَاعٌ، قُطُوعٌ۔

القِطْعَۃُ: ٹکڑا، شے کا حصہ۔

القَطَعَۃُ: ہاتھ کٹنے کی جگہ (ج) قَطَعٌ۔

القَطَعَۃُ من الشجر: درخت کی گانٹھ جو کاٹنے کے بعد اگ آتی ہے۔(ج) قَطَعَاتٌ۔

القَطُوعُ: تعلق برقرار نہ رکھنے والا (۲) دو حصوں میں آر (مو)

القَطِيعُ: المَقْطُوعُ (۲) من الشجرۃ: درخت کی کٹی ہوئی شاخ۔ (۳) وہ شاخ یا لکڑی جس سے تیر بنائے جائیں۔ (۴) تسموں کو بٹ کر بنایا جانے والا کوڑا (۵) بکریوں وغیرہ کا ریوڑ۔ (ج) قُطْعَانٌ، قِطَاعٌ۔

(۴) نمونہ، مثل (ج) قُطَعَاء۔ یقال: فلانٌ قطیعُ فلانٍ: فلاں خلاق اور قد و قامت میں فلاں جیسا ہے۔

یقال: ھذا الثوب قطیع ھذا: یہ کپڑا اس جیسا ہے۔

(۲) سانس کا مریض۔ یقال: رجلٌ قطیع القیام: موٹاپے یا کمزوری کی بنا پر کھڑا نہ ہو سکے۔

فلانٌ قَطِيعُ اللّسان: بے زبان ہے۔ امراۃ قطیع: مشکل سے کھڑی ہونے والی ست عورت۔ امراۃ قطیعُ الکلام: جو زبان دراز نہ ہو۔

القُطَيْعَاء: یقال اتّقوا القطیعاء: لڑائی میں باہم افتراق اور بکھرنے سے بچو۔

القَطِيعَۃُ: قطع تعلق۔ رشتہ داروں اور اہل سے احسان ترک کرنا۔

–من الشیئ: ٹکڑا (۲) زمین کا وہ حصہ جو حاکم اپنے کسی ماتحت کو بطور عطیہ دے کر اس کا مالک مختار بنائے۔(ج) قَطَائِع۔

القَوَاطِعُ من الطیور: مہاجر پرندے جو کسی موسم میں کسی ملک یا مقام میں رہیں اور دوسرے موسم میں کہیں اور چلے جائیں۔ من الاسنان: اگلے درمیانے تیز دانت جو چار اوپر اور چار نیچے ہوتے ہیں۔

المُقَاطَعَۃُ: دوسروں سے اقتصادی اور اجتماعی تعلق ختم کرنا۔ بائیکاٹ (محدثہ)

المَقْطَعُ من الحدید: ہتھیار بنا ہوا لوہا۔ من الرجال: آزمودہ کار آدمی۔

–من الذھب: زیور بنا ہوا سونا۔ جیسے کڑا، بالی وغیرہ۔

–من الثیاب: کاٹ کر سلے ہوئے کپڑے۔ جیسے قمیص، جبہ وغیرہ۔(۲) چھوٹے سلے ہوئے کپڑے (صرف جمع کے لئے)

المُقَطَّعَاتُ: منقش چادریں۔

مُقَطَّعات الکلام، مقطعات الشِّعر: منتخب اجزاء۔

المَقْطَعُ من کل شیئ: آخر، منتہا۔ جیسے صحرا اور وادی کا آخری۔

–من النھر: نہر پار کرنے کی جگہ۔ مقطع الحق: حق سے باطل کا رد کیا جائے۔(۳) لغوی صوتی اکائی جس سے کلمات بناتے ہیں یا مفتوح ہوگا یا معلق۔ مفتوح متحرک حرکت قصیرہ یا اں صولیہ سے بنتا ہے۔ جیسے فعل کسب تین مفتوح مقطعوں سے مرکب ہے۔

قَالَ دو مفتوح قطعوں سے بنا ہے۔ معلق ایک حرف متحرک اور ایک حرف ساکن سے بنتا ہے جیسے بَلْ، قَدْ (مو) (ج) مَقَاطِع۔

المِقْطَعُ: پلاسٹک، لکڑی یا دھات کا کاغذ کاٹنے کا چاقو (محدثہ)

Marfat.com

(۲) نمونہ جس پر چمڑے یا کپڑے کو کاٹا جائے۔ من الرجال قطع رحمی کرنے والا۔
یقال: سیف مِقطعٌ تیز کاٹنے والی تلوار۔
المُقطعُ من الرجال: بےعمل وکسب شخص۔
(۲) وہ آدمی جس کے محافل لوگوں کو حصہ دیا جائے لیکن اسے محروم رکھا جائے۔
(۳) اہل وعیال سے دور بے وطن آدمی۔
(۴) نہر کو پار کرنے کی جگہ۔
المَقطعۃُ: یقال: الھجر مَقطعۃٌ للود: لاتعلقی محبت کے خاتمہ کا سبب ہے۔
المُنقطِعُ: یقال فلان منقطع القرین فی السماء ونحوہ: اس کا مماثل نہیں۔
فلان منقطع العقال فی الشر والخبث بےلگام ہے۔
قَطَفَتِ الدابۃُ ـُ قِطافًا: سست ہونا۔ ضرب المثل ہے اَقطفُ من اَرنب۔
ـالشیئَ ـِ قَطفًا ـ قِطافًا: کاٹنا۔
التمرَ قَطفًا: پھل توڑنا۔
یقال: قَطفَ رأسہ' قطف رؤس الجراد کاٹنا۔
وجھہ: منہ نوچنا۔ خراش لگانا۔
قَطُفَتِ الدابۃُ ـُ قُطوفًا: قَطَفَتْ۔
اَقطفَ الکرمُ: کٹنے کا وقت آجائے۔
القومُ لوگوں کے انگوروں کے پکنے کا وقت قریب آجانا۔
قَطّفہ مبالغہ در قَطفَہٗ۔
الماء فی الخمر شراب میں پانی ملانا۔
اِقتطفَ: قطفَ: نابغہ شیبانی کا قول ہے۔
تحت الخمار لھا جَثلٌ تُعَکّفُہٗ
مثل العثاکیل سودا حین تقتطفُ
القطائفُ چھوٹے چھوٹے گیہوں کے سموسے۔ جنہیں گھی میں تلا جاتا ہے اور شیرہ میں ڈالا جاتا ہے۔ رمضان میں بکثرت بنائے جاتے ہیں۔ (مو)
(۲) سرخ رنگ کی کھجوریں۔

القِطاف: القَطف: (۲) پھل کے توڑنے کا وقت۔
القُطافۃُ من الشجر: درخت کا کاٹا ہوا حصہ (۲) پھل توڑتے وقت نیچے گرے ہوئے پھل۔
القِطفُ: ٹوٹے ہوئے پھل (۲) توڑتے وقت کا تازہ انگور کا گچھا۔
حدیث میں ہے یجتمع النفرُ علی القِطفِ فیشبعھُم (ج) قِطاف' قُطوف۔
القَطفُ: شان (۲) فصیلہ مرامیہ کا پودا جسے مویشی کھاتے ہیں۔ کھاری زمین میں بڑھتا ہے۔ بعض اقسام پکائی جاتی ہیں واحدتہ قَطفۃٌ۔
القُطفۃُ: خاردار لمبی اور چپٹی ترکاری جو اندر سے سرخ اور پتہ بھورا ہوتا ہے۔
القَطوفُ من الدوابّ: سست اور بے ڈھنگی چال چلنے والا چوپا۔
کبھی کبھی انسان کے بارے میں بھی کہا جاتا ہے: یقال: ھذا غلامٌ قطوفٌ (ج) قُطُفٌ
القَطیفُ توڑا ہوا پھل۔
القَطیفۃُ: جھالردار چادر یا کمبل (۲) مخمل یا اس جیسا سوتی کپڑا جس کے کپڑے اور بچھونے بنائے جاتے ہیں (محدثہ) (۳) جھالردار کپڑا (ج) قطائفُ' قُطُفٌ۔
المَقطفُ: کھجور کی چھال کا چھوٹا سا برتن جس میں کھجوریں توڑ کر ڈالی جاتی ہیں۔ پھر استعمال ہوتے ہوئے وہ مٹی یا راکھ یا غلہ وغیرہ کے لئے ہو جاتا ہے اور کاشتکاروں اور کاریگروں کے کام آتا ہے۔ (مع) (ج) مَقاطفُ۔
المِقطفُ: پھل توڑنے کی ڈنڈی دار درانتی (۲) گچھے کی جڑ۔
قَطقَطتِ السماءُ مسلسل بارش ہونا۔
القطاۃ والحجلۃ: قطا اور چکور کا بولنا۔ ھی مَقطقطۃٌ۔
تَقطقطَ الرجلُ: خودسر ہونا۔

فلانٌ فی البلاد: جانا۔
ـالدلوُ الی البئر: کنویں میں ڈول تیزی سے اترنا۔
القَطقاطُ: تیز رفتار۔
القِطقِطُ: مسلسل بارش (۲) چھوٹے چھوٹے اولے۔
المُقطقطُ: چھوٹی تیز نوک۔
قَطَلَہٗ ـُ قَطلاً: کاٹنا۔ ھو مَقطولٌ۔ قَطِیلٌ۔
قَطّلَہٗ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَقطّلَ الجذعُ: تنے کا جڑ سے کٹ جانا۔
القَطیلۃُ: کپڑے کا ٹکڑا جس سے پانی خشک کیا جائے۔
المِقطلۃُ: کاٹنے کا اوزار (ج) مَقاطِلُ۔
قَطمَہٗ ـِ قَطمًا: دانتوں سے کاٹنا (۲) کاٹنا۔
یقال: اِقطِمْ ھذا العودَ فانظر ماطعمہ۔
یقال قَطمَ الشیئَ باطراف اسنانہ: دانتوں کے کناروں سے کوئی چیز پکڑنا۔ قَطمَ الفصیلُ النبتَ: اونٹ کے بچہ کا منہ کے اگلے حصے میں گھاس دبانا۔
قَطِمَ ـَ قَطمًا: گوشت کی چاہت ہونا۔ ھو قَطِمٌ۔
یقال: قَطِمَ الصَّقرُ اِلی اللحم: گوشت کی چاہت ہونا۔
القُطامُ: شکرہ۔
القَطامیُّ: شکرہ (۲) معاملات میں خودسر (۳) تیز مشروب جسے پینے والا تیزی کی بناء پر منہ بنائے۔
القُطامیُّ: شکرہ۔
القُطامۃُ: منہ سے کاٹ کر پھینک دی جانے والی چیز۔
القِطیمۃُ: روئی وغیرہ کا ٹکڑا (۲) مٹھی بھر گیہوں (۳) ذائقہ بدلا ہوا دودھ۔
المِقطمُ: باز کا پنجہ (ج) مَقاطمُ یقال: اَنشب فیہ البازی مِقطمَہٗ۔
المُقطمُ: مصر کے شہر قاہرہ کے جانب شرق کا

Marfat.com

ایک پہاڑ۔
القِطمِيرُ: گٹھلی پر باریک سی جھلی (۲) حقیر، معمولی چیز۔
یقال: ما اصبت منه قطميرًا۔
قَطَنَ فی المکانِ ـُ قُطُونًا: قیام کرنا۔
الرجلَ: دھوکہ دینا۔
قَطِنَ ظَهرُهُ ـَ قَطَنًا: جھک جانا۔ ھو اَقطَنُ۔
قَطِنَ الدمُ: گرہیں نمودار ہونا۔
القَطَّانُ: روئی کا تاجر۔
القُطنُ: فصیلہ جنانو یہ کا ستورالیفی زرعی نبات جس کی متعدد اقسام ہیں۔ مصر میں القطن الحشیشی کی جو اقسام اگائی جاتی ہیں وہ یک سالہ ہیں۔
(۲) اس کا پھل جو کہ سفید نرم و نازک ہوتا ہے اور اندر سے اون نما ہوتا ہے۔ سائز میں مختلف ہوتا ہے اس کے ساتھ بیج چمٹے ہوتے ہیں اس سے بیج الگ کر لئے جاتے ہیں اور اس کے دھاگے بنا کر ان سے کپڑے بنے جاتے ہیں۔
القَطَنُ: پرندے کی دم کی جڑ (۲) انسان کی کمر کا نچلا حصہ۔
قُطنُ النار: آگ کا پجاری۔ منتظم (ج) اَقطانٌ۔
القِطنَةُ: جگالی کرنے والے جانور کی پرہت دار اوجھڑی۔
القُطنِيَّةُ: غلہ اور دالیں وغیرہ جو گھر میں پکانے کے لئے محفوظ کر لئے جائیں (ج) قَطانِیّ۔
القَطِينُ: قطينُ الدار: اہل خانہ۔ قطين الله: سکان حرم۔
(۲) نوکر چاکر خدام (واحد جمع اور جمع قُطُنٌ)
القِيطانُ: ریشم یا سوت وغیرہ کی بٹی ہوئی ڈوری (و)
القَيطُونُ: خواب گاہ (مو)
المَقطَنَةُ: روئی کا کھیت۔
اليَقطِينُ: بے تنہ پودا۔ جیسے لکڑی اور تربوز وغیرہ۔ غالب استعمال کدو میں ہے۔

قَطَا ـُ قَطوًا، قُطُوًّا: بھاری قدموں سے چلنا (۲) پھرتی کے ساتھ قدم ملا کر چلنا۔
— القطاة: قطا کا بولنا۔
تَقَطَّى: سست رفتار ہونا۔ صحابه: ساتھیوں کو فریب دینا۔
— بوجهه عنه: کسی سے منہ پھیرنا۔ الفرسَ: گھوڑے کے آخری حصے پر سوار ہونا۔
القَطَى: بکریوں کی ایک بیماری۔
القَطَاةُ: القطا کا واحد۔ زمین میں دانہ چگنے والا ایک صحرائی پرندہ جو اجتماعی طور پر اڑتے ہیں اور دور دراز کے سفر کرتے ہیں انڈا چتکبرا ہوتا ہے۔ (ج) قَطًا، قَطَوات، قَطَيات۔
(۲) گھوڑے پر پچھلے سوار کے بیٹھنے کی جگہ۔
القَطَوَانُ: بھاری قدموں سے قدم ملا کر چلنے والا۔
القَطَوطَى: چھوٹے پاؤں والا جو پاؤں ملا کر چلے۔

ق ـ ع

قَعَّ ـُ كلامَه، فيه: منہ کھول کر حلق سے بولنا۔
القَعبُ: بڑا اور موٹا پیالہ (ج) قِعابٌ، اَقعُبٌ۔
القُعبَةُ: پہاڑ کا گڑھا۔
القَعِيبُ: عدد کثیر۔
قَعبَلَ: یوں چلنا جیسے زمین کھود رہا ہو۔
القَعبَلُ: دودھ دوہنے کا برتن۔
القِعبِلُ: القَعبَلُ۔
المُقَعبَلُ: رجلٌ مقعبل القدمين: جس کے پاؤں کے اگلے حصے قریب اور پچھلے دور ہوں۔
قَعَثَ له من الشئِ ـَ قَعثًا، قَعثَةً: تھوڑی چیز دینا۔
— الشئ قَعثًا: جڑ سے اکھیڑنا۔
اَقعَثَ فی ماله: اسراف کرنا۔ فضول خرچی کرنا۔
— فی العطيّة وله فی العطيّة، و العطيّة: خوب دینا۔
اِنقَعَثَ الشجرُ و نحوه: اکھڑ جانا۔ البناءُ: جڑ سے گر جانا۔
القُعَاثُ: بکریوں کے ناک کی ایک بیماری۔
القَعِيثُ: زبردست سیلاب یا بارش۔
قَعَدَ ـُ قُعُودًا: کھڑے ہوئے کا بیٹھنا۔
— الفسيلةُ: پودے کا تنہ نکلنا۔ للأمر: کام پر توجہ دینا۔ تیار ہونا۔
— بفلان: بٹھانا۔ بقرنه: کسی کا ہم پلہ ہونا۔
— عن الأمر: پیچھے ہٹنا۔ چھوڑنا۔ قرآن حکیم میں ہے وَقَعَدَ الَّذِينَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُولَهُ۔
امرأة عن الحيض او الولد: نہ حیض آنا نہ اولاد ہونا۔
— النخلةُ: ایک سال پھل آنا اور دوسرے سال نہ آنا۔
— بِفَلِ كذا: کام کرنے لگا۔ قرآن حکیم میں ہے وَلَا تَقعُدُوا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوعِدُونَ۔
قَعِدَ البعيرُ ونحوُه ـَ قَعَدًا: اونٹ کے پیر میں ڈھیلا پن ہونا۔ ھو اَقعَدُ۔
اَقعَدَ بالمكان: قیام کرنا۔ یقال: اُقعِدَ فلانٌ: ایسی بیماری لگنا جو بٹھا دے۔
کذلك الجمل تعاد بیماری لگنا۔ فلانًا: بٹھانا۔
— الهَرَمُ فلانًا: چلنے سے روکنا۔ فلانٌ اباهُ: کسی کا اپنے باپ کو کسب معاش سے بے فکر کر دینا۔ فلانٌ اباهُ: آباؤ اجداد کی خست و دناءت کی وجہ سے کسی کا شرف و عزت سے محروم ہونا۔
قَاعَدَهُ: کسی کے ساتھ بیٹھنا۔
قَعَّدَه عن كذا: روکنا۔ اَباهُ: اَقعَدَهُ۔
القاعدة: وضع کرنا۔ (محدثة)
اِقتَعَدَ الدابةَ و نحوها: سواری بنانا۔
فلانًا من كذا: قَعَّدَهُ۔
تَقاعَدَ عن الأمر: نظر انداز کرنا۔ یقال: تقاعد بفلان۔
— الموظف عن العمل: ملازمت وغیرہ سے ریٹائر ہونا۔ (محدثة)

Marfat.com

تَقَعَّدَه: کام سے روکنا۔
مولاہُ کسی کا اپنے آقا کا حکم بجالانا۔
تقعّد عن الأمر: تقاعدَ۔
الاِقْعادُ: چلنے پھرنے سے روکنے والی بیماری۔
القاعِدُ عن الأمر: کام میں سست' پست ہمت۔ قرآن حکیم میں ہے: لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ (۲) وہ عورت جسے نہ حیض آتا ہو یا جس کے اولاد نہ ہو یا جس کے شوہر نہ ہو۔ (ج) قَوَاعِدُ: قرآن حکیم میں ہے وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَاءِ (۳) غلہ سے بھری ہوئی بوری۔
القَاعِدَةُ من البناء: بنیاد (۲) ضابطہ یا امر کلی جس پر جزئیات منطبق ہوں۔ جیسے كُلُّ أَذُوْنٍ وَلُوْدٌ، وَكُلُّ صَمُوْخٍ بَيُوْضٌ۔ (ج) قَوَاعِدُ۔
القُعَادُ: یقال: بہ قُعادٌ: چلنے پھرنے سے عاجز کردینے والی بیمار(ی)۔
(۲) اونٹوں کے کولہوں کی بیماری جو انہیں زمین کی طرف جھکا دیتی ہے۔
القَعَدُ' القَعَدَةُ: لڑائی میں شریک نہ ہونے والے۔ خوارج کا ایک فرقہ جو تحکیم کو حق سمجھتا تھا اور جنگ کرنے کا قائل نہ تھا۔
القِعْدَةُ: انسان کے بیٹھنے کے بقدر جگہ (۲) سجدہ کے بعد بیٹھک۔
یقال: ہو قِعْدَةٌ جس کی لمبائی بیٹھے ہوئے انسان کے بقدر ہو۔
ذو القعدة: قمری مہینے کا گیارہواں مہینہ۔ کیونکہ اس مہینے میں اہل عرب جنگ اور سفر سے باز رہتے تھے۔ (ج) ذوات القعدة۔
القُعْدَةُ: وہ چیز جس پر بہت بیٹھا جائے جیسے زینا وغیرہ۔
(۲) چرواہے کی سواری جس پر اپنا سامان وغیرہ رکھتا ہو (۳) خاص سواری کے لئے مخصوص جانور جیسے گھوڑا' گدھا وغیرہ۔

القُعَدَةُ: بہت بیٹھنے والا۔ پڑا رہنے والا۔
القُعَدِيُّ: القُعَدَةُ (۲) عاجز۔
القَعَدِيُّ: خوارج میں سے قَعَد کا عقیدہ رکھنے والا۔
القَعُوْدُ: چھٹے سال تک کی عمر کا اونٹ کا بچہ۔ (ج) أَقْعِدَةٌ قُعُدٌ۔
القَعِيْدُ: ہم نشین (۲) محافظ (واحد' جمع' مذکر اور مؤنث سب کے لئے) قرآن حکیم میں ہے عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشَّمَائِلِ قَعِيْدٌ (۳) باپ (۴) وہ ٹڈی جس کے بازو ابھی پورے نہ نکلے ہوں۔ قعیدُ النسب: جد اکبر سے قریبی تعلق والا۔
یقال: قعیدك لتفعلن كذا: تیرے باپ کی قسم۔
قعیدك الله: میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ تمہارا محافظ ہو۔
القَعِيْدَةُ: عورت (۲) بیٹھنے کی پتوں کی بنی ہوئی گدی (۳) بوری۔ (ج) قَعَائِدُ۔
المَقْعَدُ: بیٹھک۔ بیٹھنا۔ قرآن حکیم میں ہے فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلَافَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (۲) جس پر بیٹھا جائے۔ یقال: هو مِنِّي مَقْعَدَ القابلة۔ مقعد الخاتن: بہت قریب ہے۔ (ج) مَقَاعِدُ: قرآن حکیم میں ہے۔ وَأَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ۔
المُقْعَدُ: قعاد بیماری میں مبتلا۔ (۲) لنگڑا (۳) اپاہج (۴) تنا ہوا ابھرا ہوا پستان (۴) وہ گدھ جسے پکڑ کر پر کھینچ لئے گئے ہوں۔ من الشعر: ہر وہ شعر جس میں زحاف ہو۔
مُقْعَدُ الحَسَبِ: غیر معزز آدمی۔ فلانٌ مُقْعَدُ الانف: بڑی ناک والا۔
المُقْعَدَةُ: آدمی کا نچلا حصہ (۲) قطا کا چھوٹا بچہ جو ابھی اڑتا نہ ہو۔ (۳) مینڈک۔
القُعْدُدُ: بزدل (۲) گمنام اور بے حیثیت آدمی۔
قَعَرَتِ الشاةُ۔ قَعْرًا: بکری کا ناتمام بچہ گرانا۔
-البئرَ: کنویں کی گہرائی تک پہنچنا۔
الشجرةَ ونحوَها: جڑ سے اکھاڑنا۔
-الإناءَ: برتن کا سب کچھ تلی تک پی جانا۔
-فلانًا: پچھاڑنا۔
قَعُرَت البئرُ وغیرها۔ قَعَارَةً: گہرا ہونا۔
قَعَّرَ: گہرائی میں مخفی نتیجہ معلوم کرنے کے لئے جانا۔ (۲) چیخ کر بولنا۔
-الشئَ: گہرا کرنا۔ (۲) کسی چیز میں تلی لگانا۔
اِنْقَعَرَ: جڑ سے اکھڑ جانا۔ هو مُنْقَعِرٌ: قرآن حکیم میں ہے تَنْزِعُ النَّاسَ كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ۔
الرجلُ عن مال له: اپنا مال چھوڑ کر مر جانا۔
تَقَعَّرَ: الٹ جانا۔ بکھر جانا۔ فی كلامه: کلام کی گہرائی میں جانا۔ (۲) حلق پھاڑ کر بولنا۔
القَعْرُ من كل شئ: جوف' تلی' نچلی سطح۔ یقال: جلس فی قَعر بیته: گھر میں رہنے لگا۔
قَعرُ الفم: منہ کے اندر کا حصہ۔ (ج) قُعُوْرٌ۔
القَعْرَانُ: واناءٌ قَعْرَانُ: گہرا برتن۔
القِعرةُ: قصعةٌ قِعرةٌ: وہ پیالہ جس میں تلی کے ڈھانپنے کے بقدر کوئی چیز ہو۔
القَعْرَةُ: وہ چیز جو پہاڑ کی تلی کو ڈھانپ دے۔
القُعْرَةُ: گڑھا۔
القَعُوْرُ: گہرا' جس کی تلی حدو ہو۔
القَعِيْرُ: گہرا۔ هی قعیرةٌ' قعیرٌ ایضًا۔
المِقْعَارُ: حلق پھاڑ کر بولنے والا۔ قَدَحٌ مِقْعَارٌ: گہرا وسیع پیالہ۔
قَعَسَ الشئُ۔ قَعْسًا: پیچھے ہونا۔ پیچھے کی طرف لوٹنا۔
-الشئَ: موڑنا۔
قَعِسَ۔ قَعَسًا: نکلے ہوئے سینے اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔
-الفرسُ: گھوڑے کی پیٹھ کا ہموار ہونا اور پچھلے حصے کا اونچا ہونا۔
-فلانٌ: باعزت ہونا۔ مضبوط ہونا۔ هو

Marfat.com

اَقْعَسُ: ھی قَعْسَاءُ (ج) قُعْسٌ۔
تَقَاعَسَ: سینہ نکالنا۔
عن الأمر: پیچھے ہٹنا۔
—الفَرَسُ ونحوُہ: قابو سے باہر ہونا۔
العِزُّ: عزت کا پائیدار ہونا۔
تَقَعْسَتِ الدابةُ: جم کر کھڑا ہو جانا۔
اِقْعَنْسَسَ: پیدائشی طور پر سینے باہر کو نکلے ہوئے اور کمر اندر کو ہونا۔ (۲) پیچھے لوٹنا۔ ہٹنا۔
الفَرَسُ ونحوہ: تقاعَسَ۔
القُعَاسُ: گردن کا ختم جس سے وہ پیچھے کی طرف جھکتی ہے۔ (ج)
القَعْسُ: سڑتی ہوئی مٹی۔
القَعْسَاءُ: يقال عِزَّةٌ قَعْسَاءُ: پائیدار و مستحکم عزت۔
قَعْسَرَ: سخت و مضبوط ہونا۔
عليه: قابو یافتہ ہونا۔
—الشئَ: سختی سے پکڑنا۔
القَعْسَرُ: چھوٹا ابتدائی تربوز (۲) مضبوط و موٹا اونٹ۔
القَعْسَرِيُّ: مضبوط و موٹا اونٹ (۲) پرانا۔
يقال: عِزٌّ قَعْسَرِيٌّ۔
قَعَشَ البناءَ وغیرہ ـَ قَعْشًا: منہدم کرنا۔
—الشئَ: اکٹھا کرنا۔
العودَ: موڑنا۔
القَعْشُ: ہودہ کی طرح کی عورتوں کی پالکی۔
قَعَصَهُ ـَ قَعْصًا: تیزی سے نیزہ مارنا۔ (۲) موقع پر ہی مار ڈالنا۔
قُعِصَتِ الدابةُ: چوپائے کو سینہ کی بیماری لگنا۔
ھی مِقْعَاصٌ، يقال: قُعِصَ الرجلُ۔
قَعِصَتِ الشاةُ ـَ قَعَصًا: بکری کا دودھ دوہنے والے کو مارنا اور دودھ نہ دینا۔ ھی قَعُوصٌ۔
قَاعَصَهُ: مغلوب کرنا۔
القُعَاصُ: سینے کی ایک بیماری۔
قَعْطَبَهُ: جڑ سے اکھاڑنا۔
القَعْضَبُ: مضبوط اور دلیر۔

القَعْضَمُ: کمزور (۲) بوڑھا پوپلا۔
قَعِطَ الشئُ ـَ قَعْطًا: خشک ہو جانا۔
فلانٌ: بزدل ہونا۔
(۲) زور سے چیخنا۔ على غريمه: مقروض پر سخت تقاضا کرنا۔
—الشئَ: کھولنا۔ (۲) ضبط کرنا۔
وثاقه: باندھنا۔
—فلانًا: دھتکارنا۔
الدابةَ: زور سے ہنکانا۔
قَعِطَ ـَ قَعَطًا: ذلیل و رسوا ہونا۔
اَقْعَطَ فلانٌ: زور سے چیخنا۔ القومُ عنه: کسی کے پاس سے چلے جانا۔
—في القول: فحش گوئی کرنا۔ في اثره: شدومد کے ساتھ کسی کا پیچھا کرنا۔
—فلانًا: کسی کی توہین و تذلیل کرنا۔
قَعَّطَ في القول: فحش گوئی کرنا۔
على غريمه: اصرار کرنا۔
—الدابةَ: زور سے ہنکانا۔
تَقَعَّطَ: تکبر کرنا۔ سخت ہونا۔
المِقْعَطُ: سر کو باندھنے کا کپڑا۔
قَعَّهُ ـُ قَعًّا: کسی سے نڈر ہو کر بات کرنا۔
اَقَعَّ القومُ: کھدائی کرنا اور کھاری پانی پر پیڑ لگانا۔
القُعَاعُ: انتہائی کھارا پانی کہ اس سے اونٹوں کے پیٹ جل جائیں (واحد اور جمع)
القُعُّ: القُعَاعُ۔
قَعَفَهُ ـَ قَعْفًا: جڑ سے اکھاڑنا۔
—المطرُ الحجارةَ: بارش کا پتھروں کو سختی سے ہٹانا۔
—مافي الاناء: سارا پانی پی لینا۔
الدابةُ التُرابَ: چوپائے کا سخت قدموں سے مٹی کو اکھاڑ کر اڑانا۔
قَعِفَ ـَ قَعَفًا: گرنا۔
اِقْتَعَفَ الشئَ: جڑ سے اکھڑ کر گر جانا۔ يقال: اقتعفَ البناءُ، اقتعف الجَرْفُ۔

—المَطَرُ الحجارةَ: اکھاڑ دینا۔
الشئَ: بے تابی سے لینا۔
الْأَفُ: سيلٌ قُعَافٌ: زبردست سیلاب جو سب کچھ بہا لے جائے۔
قَعْفَزَ في الشئ: چھوٹے قدموں سے چلنا۔
له الكلامَ: دھمکی دے کر کسی کو اپنے سے دور کرنا۔
تَقَعْفَزَ: اکڑوں بیٹھنے والے کی طرح بیٹھنا۔
اِقْعَنْفَزَ: اپنے کپڑوں میں لپٹ جانا۔ (۲) گھٹنوں کے بل بیٹھنا۔
قَعْقَعَ الشئُ: کسی چیز میں حرکت کی بناء پر زوردار آواز ہونا۔
يقال: قعقع السلاحُ: يقال: قعقعت عُمُد القومِ: لوگوں کا رخت سفر باندھنا۔
في الارض: جانا۔
الشئَ اليابسَ: قَعْقَعَ به: آواز کے ساتھ ہلانا۔
يقال: قَعْقَعَ القِداحَ: جوا کھیلتے وقت تیروں کو گھمانا، پھرانا۔
يقال: فلانٌ لايُقَعْقَعُ له بالشِّنَانِ نہ دھوکا کھاتا ہے اور نہ خوف۔
تَقَعْقَعَ الشئُ: قَعْقَعَ: حرکت کرنا، ڈرانا۔
—بهم الزمانُ: ناسازگار ہونا۔
القُعَاقِعُ: بہت آواز والا۔
القَعْقَاعُ: وہ شخص جس کے چلنے کے وقت پیروں کی ہڈیاں چٹخنے کی آواز سنائی دے۔ (۲) اسلحہ کی آواز (۳) کپکپی کا بخار جس سے دانت بجیں (۴) خشک کھجور۔ (۵) دشوار گزار راستہ۔
القَعْقَعُ: عقعق پرندہ۔
القَعْقَعَةُ: ہتھیاروں کی جھنکار (۲) عقعق پرندے کی آواز (۳) سخت مسلسل گرج (ج) قَعَاقِعُ۔
قَعَمَ السِّنَّوْرُ ـَ قَعْمًا: بولنا۔ میاؤں میاؤں کرنا۔
قُعِمَ ـَ قَعْمًا: طاعون یا کسی اور مرض میں مبتلا ہو کر فوراً مر جانا۔
—الأنفُ: ٹیڑھا ہونا۔ يقال: قَعِمَ انفُه، هو اَقْعَمُ، ھی قَعْمَاءُ (ج) قُعْمٌ۔

القُعْمَةُ: قُعمةُ المال: عمدہ مال (ج) قُعَمٌ۔
قَعِنَ الأنفُ ـَ قَعَنًا: ناک کا انتہائی چھوٹا ہونا۔
هو اَقْعَنُ (ج) قُعْنٌ۔
القَعْنُ: آٹا گوندھنے کا بڑا پیالہ۔
قَعْنَبَ الأنفُ: ٹیڑھا ہونا۔
اِقْعَنْبَى الرَّجُلُ: اٹھنے کے ارادہ سے ہاتھ زمین پر ٹیک کر سرین اوپر اٹھانا۔
القُعْنُبُ: ٹیڑھی ناک۔
قَعِيَ ـَ قَعًا: ناک کی اوپر اٹھی ہوئی نوک والا ہونا۔ هو اَقْعَى' هي قَعْوَاءُ (ج) قُعْيٌ۔
اَقْعَى في جلوسه: پنڈلی اور ران ملا کر کھڑی کرنا اور کولہوں پر بیٹھنا۔
—الكلبُ ونحوُه: کتے وغیرہ کا پچھلی ٹانگوں کو زمین پر پھیلا کر سرین پر بیٹھنا اور اگلی ٹانگوں کو کھڑا کرنا۔ للأنفُ: ناک بلند اور جھکے ہوئے بانسے والی ہونا۔
—فرَسَهُ: گھوڑے کو واپس لے جانا۔
القَعْوُ: لکڑی کی چرخی القَعْوَان: دو لکڑیاں یا لوہے جن میں محور ہوتا ہے اور درمیان میں چرخی گھومتی ہے۔ (ج) قُعِيٌّ۔
القَعْوَاءُ: پتلی رانوں یا پتلی پنڈلیوں والی۔
قَعولَ: اس طرح چلنا جیسے مدتوں سے مٹی اٹھا رہا ہو۔

ق ـ ف

قَفِنَتِ الارضُ ـَ قَفْنًا: نباتات کا بارش یا مٹی کی وجہ سے خراب ہونا۔
قَفَحَ من الشيَ ـَ قَفْحًا: نفرت کرنا۔ يقال: قَفَحَهُ۔
—الشيَ: کسی چیز کو دوا کی طرح پھانکنا۔
قَفَدَ لفلان ـِ قَفْدًا: کسی کا کام کرنا۔
—فلانًا: گدی پر تھپڑ مارنا۔
قَفِدَ كلُّ ذي عنقٍ ـَ قَفَدًا: ڈھیل یا موٹی گردن والا ہونا۔
—الرجلُ: کمزور ہوتی جوڑ ڈھیلے پڑ جانا۔ (۲) پنجوں کے بل چلنا اور ایڑی زمین پر نہ لگنا۔
هو اَقْفَدُ' هي قَفْدَاءُ (ج) قُفْدٌ۔
قَفَرَ الأثرَ ـُ قَفْرًا: نشان تلاش کرنا اور اس پر چلنا۔
قَفِرَ الماءُ ـَ قَفَرًا: کم پڑ جانا۔ الرأسُ: بال کم ہونا۔ هو قَفِرٌ۔
—المرأةُ: کم گوشت ہونا۔ هي قَفِرَةٌ۔
الطعامُ: روٹی وغیرہ کا بغیر سالن ہونا۔
اَقْفَرَ الرجلُ: بیابان کی طرف جانا۔ (۲) روکھی روٹی کھانا (۳) بھوکا ہونا۔ (۴) اہل و عیال سے الگ ہونا۔ تنہا رہنا۔
—الطعامُ: خوراک بلا سالن ہونا۔
—المكانُ من الناس' الرأسُ من الشعر: خالی ہونا۔
—فلانٌ البلدَ: شہر کو خالی پانا۔
اِقْتَفَرَ الأثرَ: قَفَرَهُ۔
تَقَفَّرَ الاثرَ: قَفَرَهُ۔
القَفَارُ: خالی' ویران۔ من الخبز: بغیر سالن کے روٹی۔
القَفْرُ: بے آب و گیاہ جگہ جو لوگوں سے خالی ہو۔
دار قَفْرٌ: خالی ویران گھر۔ نزلنا ببني فلان فَبِتْنَا القَفْرَ: ہماری ضیافت نہ کی۔ (۲) جنائی کے لیے الگ کیا جانے والا میل۔ (ج) قِفَارٌ۔
القَفْرَةُ: ویران وغیر آباد زمین۔
المَقْفَارُ: خالی جگہ۔
قَفَزَ الظبيُ ونحوُه ـِ قَفْزًا' قَفَزَانًا: کودنا اچھلنا۔
—فلانٌ: مر جانا۔
قَفِزَ الفرسُ ـَ قَفَزًا: اگلی ٹانگوں کا کہنیوں تک سفید ہونا۔ هو اَقْفَزُ۔
تقافَزُوا: کودنے میں باہم مقابلہ کرنا۔
تَقَفَّزَتِ المرأةُ بالحِنَّاءِ: ہاتھ پاؤں پر مہندی لگانا۔
القَافِزَةُ: تیز رفتار گھوڑا (۲) مینڈک (ج) قَوَافِزُ۔
القُفَّزَى: چھلانگ۔
القُفَّازُ: اون یا چمڑے کا ہاتھ کا لباس دستانے۔
هما قُفَّازان (ج) قَفَافِيزُ۔
القُفَّيزَى: بچوں کا اپنا کھیل جس میں ایک لکڑی رکھ کر اس کو پھلانگتے ہیں۔
القَفِيزُ: قدیم زمانہ کا ایک پیمانہ جس کی مقدار مختلف شہروں میں مختلف تھی۔ مصری پیمانے کے مطابق وہ تقریباً ۷ اکلوگرام کے وزن کا تھا۔
—من الارض: ایک سو چوالیس ہاتھ کے بقدر لمبی چیز۔
(۳) تالا بند کرنے کا وہ سوراخ جس میں اس کی نوک داخل ہوتی ہے۔ (محدثہ) (ج) اَقْفِزَةٌ' قُفْزَانٌ۔
قَفَسَ الرجلُ ـِ قَفْسًا: مر جانا۔ الشيَ: زور زبردستی بطور غصب لینا۔
—فلانًا: کسی کے بال پکڑ کر نیچے کو کھینچنا۔
الظبيَ: ہرن کے اگلے پیر باندھنا۔
قَفِسَ ـَ قَفَسًا: ناک کے بانسے کی نوک کا بڑا ہونا۔ هو اَقْفَس هي قَفْسَاءُ (ج) قُفْسٌ۔
تَقَافَسَ الرَّجلان بشعورهما: ایک دوسرے کے بال پکڑ کر کھینچنا۔
الأَقْفَسُ: ہر لمبی اور جھکی ہوئی چیز (۲) وہ شخص جس کی ماں عربی اور باپ غیر عربی ہو۔
عَبْدٌ اَقْفَسُ: کمینہ۔ الأمة قَفْساء (ج) قُفْسٌ۔
قَفَشَ الرجلُ ـِ قَفْشًا: کھانے میں چست ہونا۔
—الشيَ: لینا۔ فلانًا بالعصا او بالسيف: مارنا۔
—الناقةَ: تیزی سے دوہنا۔
اِقْتَفَشَ العنكبوت ونحوه: مکڑی کا جال میں داخل ہو کر سمٹ جانا۔
انقَفَش العنكبوت ونحوه: اقتفش۔
القَفْشُ: تیزی سے کھانے کی ایک حالت (۲) چھوٹا کوزہ (ج)

Marfat.com

القَضْش: بدکار چور (ج)

قَفَصَ ـِ قَفْصًا: پھرتیلا اور چلبلا ہونا۔ (۲) چڑھنا' بلند ہونا۔

—الأشياءَ: اِدھر اُدھر سے سمیٹ کر جمع کرنا۔

—الظَّبيَ: ٹانگوں کو ملا کر باندھنا۔

—اليعسوبَ: شہد کی مکھیوں کے سر کو بلند دھاگا باندھ کر چھتے میں روکنا۔

—المرضُ او البرد فلانا: تکلیف دینا۔

قَفِصَ الفرسُ ـَ قَفَصًا: گھوڑے کا دوڑنے کی پوری طاقت صرف نہ کرنا۔

—فلانٌ: معدہ کی تیزابیت اور حلق کی سوزش والا ہونا۔

—أصابع فلان من البرد: سردی سے انگلیوں کا سکڑ جانا۔ هو قَفِصٌ (ج) قَفْصَى۔

قَفَّصَ الظبيَ ونحوه: قَفَصَهُ — الثوبَ: دھاریاں ڈالنا۔

تَقَافَصَ الشيْ: ملا ہوا ہونا۔

تَقَفَّصَ: سمٹنا۔ اکٹھا ہو جانا۔

القَافِصَةُ: بہت اونچی پہاڑی جو آسمان سے باتیں کر رہی ہو۔ (ج) قَوَافِصُ۔

القُفَاص: ایک بیماری جس سے چوپاؤں اور بکریوں کے ہاتھ پیر سکڑ جاتے ہیں۔

القِفَاصَةُ: پنجرے بنانے کا پیشہ۔

القَفَصُ: پرندوں کا پنجرہ جو لکڑیاں تراش کر بنایا جاتا ہے۔ (ج) أقْفَاصٌ۔

القَفَّاصُ: پنجرے بنانے والا۔

القَفِيصُ' القَفِيصَةُ: پل کے اجزاء میں سے ایک آہنی جزء۔

قَفَطَهُ بخير ـِ قَفْطًا: اچھا بدلہ دینا۔

القُفْطَانُ: آگے سے چاک ڈھیلا اور بڑا کرتہ جس پر جبہ پہنا جاتا ہے اور ریشم یا روئی کا بنایا جاتا ہے۔ (مع)

قَفَعَهُ بالمِقْفَعَةِ ـَ قَعْفًا: چھڑی مارنا۔

—فلانًا عن كذا: روکنا' باز رکھنا۔

قَفِعَ فلانٌ ـَ قَفَعًا: ہمیشہ سر جھکائے رکھنے والا۔

—الأذنُ: کان کا سکڑنا اور کنارے مل جانا۔

—الرجلُ: پیر کی انگلیوں کا سکڑا ہوا ہونا۔

—الكبشُ او الشاةُ: مینڈھے یا لکڑی کا چھوٹی دم والا ہونا۔ هو أقْفَعُ' هي قَفْعَاءُ (ج) قُفْعٌ۔

قَفَّعَ البردُ او الداءُ اصابعَهُ: سردی یا بیماری کا انگلیوں کو اینٹھ دینا۔

—الشيْ: ٹوکری میں رکھنا۔

اِنْقَفَعَ النباتُ: سوکھ کر سخت ہو جانا۔ عن الشيء: رک جانا۔

تَقَفَّعَ فلانٌ: قَفِعَ: (۲) سکڑنا۔

القُفَاعُ: انگلیاں اینٹھنے کی بیماری۔

القَفْعُ: سنگ بار آلہ جنگ۔ قدیم زمانے میں ایک گاڑی جس میں آدمی چھپ کر بیٹھتے تھے اور اس سے قلعہ پر سنگ باری کرتے تھے اور یہ آج کل کے ٹینک کے مشابہ ہوتی تھی۔

القَفْعَاءُ: انگوٹھی کی طرح کے حلقوں والی ایک گھاس۔

القَفْعَةُ: کھجور کے پتوں کی ٹوکری۔ جو اوپر سے تنگ اور نیچے سے کشادہ ہوتی ہے (ج) قِفَاعٌ۔

المِقْفَعَةُ: انگلیوں پر مارنے کی چھڑی۔

قَفَّ الشيْ ـِ قَفًّا' قُفوفًا: سکڑنا۔

—الثوبُ: کپڑے کا دھونے کے بعد خشک ہو جانا۔

—الشَّعْرُ: ڈر کی وجہ سے بالوں کا کھڑا ہو جانا۔

الصَّيرفيُّ: صراف کا انگلیوں میں دبا کر دراہم چرا لینا۔

—الأرض: زمین کی سبزی کا سوکھ جانا۔

فلان: خوف زدہ ہونے سے کپکپانا۔

أقَفَّتِ العينُ: آنکھ کے آنسو ختم ہو جانا اور سیاہی بلند ہو جانا۔

—السائِمةُ: چرنے والے جانوروں کا چراگاہوں کو خشک پانا۔

—الدَّجاجةُ: مرغی کے انڈے دینے سے رک جانا۔

القَفُّ: کسی چیز کی پشت۔

القُفُّ: پست قد (۲) سخت پتھروں والی زمین کا بلند حصہ۔ (۳) زبردست سیاہ بادل (۴) کلہاڑی کا سوراخ جس میں اس کا دستہ داخل کیا جاتا ہے۔

—من الناس: گھٹیا درجہ کے لوگ۔

القَفَّافُ: قفَّ سے صیغہ برائے مبالغہ۔ یعنی انگلیوں میں درہم چرانے والا۔ (۲) ٹوکریاں بنانے والا۔

القَفَّانُ: جماعت۔ قَفَّانُ الشيْ: کسی چیز کا موسم (۲) انتہائی کھوج۔

اتيتهُ على قفان ذلك: نشانات پر میں آیا۔

القَفَّةُ: چھوٹے جثہ کا آدمی (۲) بخار کا لرزہ۔

القُفَّةُ: پھل کھنے کا ٹوکرا (۲) زنبل (۳) ایک گول چھوٹی کشتی جس کا استعمال آج بھی عراق میں ہوتا ہے۔ (مو)

القِفَّةُ: بخار کی کپکپی' لرزہ (۲) نوزائیدہ بچہ کے پیٹ سے نکلنے والا پہلا فضلہ۔

القَفِيفُ: سبزی یا نباتات جو خشک ہو گئی ہوں۔

قَفْقَفَ: سردی سے دانت بجنا اور جبڑے ہلنا۔

النبتُ: خشک ہو جانا۔

تَقَفْقَفَ: قَفْقَفَ۔

القَفْقَافُ: سوکھی گھاس۔

القَفْقَفُ: جبڑا۔ هم قَفْقَفَانِ۔

قَفْقَفَا الطائر والظليم: پرندے اور شتر مرغ کے بازو۔

قَفَلَ الفرسُ ـِ قُفولاً: دبلا ہونا۔

الجلدُ او الشجر: خشک ہو جانا۔

—من السفر ونحوه: لوٹنا۔ في الجبل: پہاڑ پر چڑھنا۔

—الطعامَ قفلاً: اکٹھا کرنا۔ بیچنے کے لئے ذخیرہ کرنا۔

—الشيْ: تخمینہ کرنا۔ اندازہ لگانا۔

Marfat.com

-القومَ بعینه: نگاہوں سے تعاقب کرنا۔
اَقفَلَ الجیشُ: لوٹنا۔
البابَ: بند کرنا۔
-القومَ من مبعثهم: واپس بلانا۔ علی کذا: لوگوں کو کسی بات پر اکٹھا کرنا۔
-فی الطریق: لوگوں کا نگاہوں سے تعاقب کرنا۔ الشیٔ: خشک کرنا۔
-العَطَشُ او الصومُ فلانًا: پیاس کا پرندے کا کسی کو خشکی سے نڈھال کر دینا۔
-المالَ: یکبارگی کل مال دے دینا۔
تَقفَّلَ فی الجبل: پہاڑ پر چڑھنا۔
اِستَقفَلَتْ یدا فلان: بخیل ہونا۔
القَافِلَةُ: سفر میں جانے والی یا سفر سے لوٹنے والی بہت سے ساتھیوں کی جماعت جو زادِ راہ کے علاوہ سواری کے جانور اور سامانِ ضرورت لئے ہوئے ہوں۔ (ج) قَوَافِلُ۔
القَفَّالُ: قفل ساز یا قفل فروش۔
القَفْلُ: خشک درخت۔
القُفلُ: لوہے وغیرہ کا تالہ جس سے دور دراز کو بند کیا جاتا ہے اور چابی سے کھولا جاتا ہے۔ (۲) بخیل (ج) اَقفالٌ، قُفُولٌ۔
القَفْلَةُ: یکبارگی بہت سا مال دینا۔
القُفَلَةُ: ہر سنی ہوئی بات کو محفوظ رکھنے والا۔ (۲) وہ شخص جس کا گمان غلط نہ ہو۔
القَفِیلُ: خشک کھال یا درخت (۲) کوڑا (۳) تنگ گھاٹی جس میں دوڑ نا ممکن نہ ہو۔
القِیفَالُ: ہاتھ میں کہنی کے قریب ایک رگ جس کی فصد لی جاتی ہے۔ (مع)
المُتَقفِّلُ: رَجُلٌ مُتَقَفِّلُ الیدین: بخیل، کمینہ۔
قَفَنَ الرجلُ-قُفُونًا: مر جانا۔
الکلبُ: منہ مارنا۔
-الشیٔ قفنًا: کوڑا یا لاٹھی مارنا۔ الشاةَ ونحوها گدی کی طرف سے ذبح کرنا۔
راسَهُ: سر کاٹ کر الگ کر دینا۔
قَفَّنَ راسَهُ: مبالغہ در قَفَنَ۔
اِنتَقَفَنَ الشاةَ ونحوها قَفَنَهَا۔
القَفَّانُ: سیر کرنے والا سربراہ (مع) (۲) ایک قسم کا ترازو (مع)
قَفَّانُ الشیٔ: تلاش، کھوج۔
القَفَنُ، القَفَنُّ، القفا: گدی۔
القِفَنُّ: گنوار، اجڈ۔
القَفِینَةُ: گدی کی طرف سے ذبح کی جانے والی بکری یا اونٹنی۔
قَفَاهُ-قَفوًا: گدی پر مارنا۔
الشاةَ و نحوَها: گدی کی طرف سے ذبح کرنا۔
-الشیٔ او الاثرَ: پیچھا کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے: وَلَا تَقْفُ مَا لَیْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ۔
-اللّٰهُ اثرَہ: اللہ کا کسی کے اثر و نشان کو مٹا ڈالنا۔
-فلانًا بامر: کسی کو کسی معاملے کیلئے خاص کرنا۔
-فلانًا: بری تہمت لگانا۔
السیلُ العشبَ: سیلاب کا گھاس کو لائی ہوئی مٹی سے مرجھا دینا۔
قَفِیَ-قَفیًا، قَفًا۔
اَقفَی الرجلُ: پسندیدہ کھانا کھانا۔
به: اعزاز کرنا۔
-فلانًا بامر: کسی کام کو کسی کے لئے مخصوص کرنا۔ فلانًا علی غیرہ: ترجیح دینا۔
قَفَّی علی الشیٔ: کسی چیز پر پوری طرح قابو پا لینا یا اسے جدا کرنا۔
-الشِّعرَ: شعر کا قافیہ بنانا۔ فلانًا به: پیچھے چلے جانا۔ نقش قدم پر چلنا۔ قرآن میں ہے وَقَفَّیْنَا عَلٰٓی اٰثَارِهِمْ بِعِیْسَی بْنِ مَرْیَمَ۔
اِقتَفَاہُ: پیچھا کرنا۔ الشیٔ: چننا، پسند کرنا۔
-فلانًا بامر: خاص کرنا۔ یقال: اقتفی بفلان: کسی کے ساتھ مخصوص وابستہ ہو جانا۔
تَقَافَی الناقةَ: اونٹنی کی پیٹھ پر سوار ہونا۔
الاکمةَ: ٹیلہ پر چڑھنا۔
-فلانًا: کسی کے پرچیاں لگانا۔
تَقَفَّی به: خیر مقدم کرنا۔ الدابةَ بالعصا: چوپائے کو پیچھے سے گدی پر لاٹھی مارنا۔
-فلانًا: پیچھا کرنا۔ پیروی کرنا۔ الشیٔ: پسند کرنا۔ چننا۔
اِستَقفَاہُ: لوٹنے کے بعد کسی کا پیچھا کرنا۔
القَافِیَةُ: گردن کا پچھلا حصہ (۲) ہر چیز کا آخر۔ فی الشعر: وہ حروف جو ایسے متحرک حرف سے شروع ہوں جس سے اس شعر کے آخر میں دو ساکن حرفوں میں سے ایک ملا ہوا ہو۔ جیسے زہیر کے اس قول میں کلمہ "یذمم"۔
وَمَنْ یكُ ذافضلٍ فیبخَلْ بفضه۔
علی قومه یستغنَ عنه ویُذْمَمِ۔
(ج) قَوَافٍ۔
القَفَا: گردن کا پچھلا حصہ (مذکر اور مونث اور کبھی محدود ہوتا ہے) (ج) اَقفَاءٌ، قُفِیٌّ۔
قَفَا کل شیٔ: ہر چیز کا پچھلا حصہ۔ لا افعله قفا الدهر: کبھی بند کروں گا۔
رُدَّ الشیخُ علی قفاہ، رُدَّ قَفًا: بوڑھا ہو جانا۔
القَفَاوَةُ: وہ کھانا جس سے مہمان کی ضیافت کی جائے (۲) ترجیح۔
القَفْوُ: بارش سے پہلے کا غبار (۲) بارش کی بنا ہوئی مٹی سے نباتات کی خرابی۔
القِفْوَةُ: منتخب چیز۔ وهو قِفْوَتِی: میری پسندیدہ (۲) سامان ضیافت۔
القُفْیَةُ: شکار کے شکاری کے چھپنے کا گڑھا۔
القَفِیُّ: مہمان معزز۔ (۲) سامان ضیافت (۳) منتخب دوست یا بھائی۔ (۴) کمل علم رکھنے والا لطیف وشفیق۔
القَفِیَّةُ: خصوصیت۔ (۲) کنارہ، کونہ (۳) گدی کی طرف ذبح شدہ بکری۔
هو قِفْیَةُ آبائه: وہ بھلائی میں اپنے اسلاف کا پیروکار ہے۔

ق-ل

قَلَبَ الشیٔ-قَلبًا: اوپر کا حصہ نیچے دائیں کو

Marfat.com

بائیں اور باطن کو ظاہر کرنا۔
یقال: قلب الأمرَ ظهرَ البطن: الٹ پلٹ کر دیکھنا۔ جانچنا' آزمانا۔
قلب التاجرُ السلعة: خوب جانچا۔ قلب عينه وحملاقه: غصہ ہونا۔
-فلانًا عمايد: کسی کو اس کے ارادہ سے باز رکھنا۔
-الله فلانًا اليه: موت دینا۔
للقوم قليبًا: کنواں کھودنا۔
-الداءُ فلانًا: بیماری کا دل پر اثر کرنا۔
قَلِبَ- قَلَبًا: پھوٹے ہونٹ والا ہونا۔ یقال: قلبت الشَّفة۔ هو اَقلبُ' هي قَلْباءُ (ج) قُلْبٌ۔
قُلِبَ فلانٌ: بیماری دل کا شکار ہونا۔ هو مقلوبٌ۔
الدابةُ: چوپائے کا دل کی بیماری سے مرجانا۔
اَقْلَبَ الخبزُ: تنور یا توے پر روٹی کا رکھے جانے کا قابل ہوجانا۔
-القومُ: لوگوں کے اونٹوں کو دل کی بیماری لاحق ہونا۔
-العنبُ: انگور کا اوپر سے خشک ہوجانے کی وجہ سے پلٹا جانا۔
-الخبزَ: روٹی کو دوسری طرف سے سینکنے کے لئے پلٹنا۔
قَلَّبَ الشئَ: مبالغہ در قَلَبَ۔
یقال: قَلَّبَ الامورَ: تمام پہلوؤں پر غور و فکر کرنا۔ قرآن حکیم میں ہے: وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ۔
اِنْقَلَبَ: لازم قَلَبَهٗ: (۲) لوٹنا۔ قرآن حکیم میں ہے: فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ
تَقَلَّبَ فِي الامور: معاملات کو حسب منشا چلانا۔ یقال: فلانٌ يتقلب في اعمال السلطان وفي نعمائه۔
- في البلاد: ملکوں یا شہروں میں گھومنا۔
الانقلابُ: تبدیلی (۲) حکومتی نظام کی اچانک تبدیلی جس کی قیادت عموماً فوج کرتی ہے۔
(ج) (۳) جغرافیائی اصطلاح میں) وہ وقت جس میں سورج کی عمودی شعاعیں سرطان کے مدار پر ہوتی ہیں۔ اسے گرمائی انقلاب کہتے ہیں جو ۲۱ جون سے ہوتا ہے یا اس وقت جس میں سورج کی عمودی شعاعیں جدی کے مدار پر ہوتی ہیں' سرمائی انقلاب کہلاتا ہے جو ۲۲ دسمبر سے ہوتا ہے۔ (ج)
القالِبُ: سانچہ جس میں دو رنیات ڈھال کر اس کی شکل کی چیز بنائی جائے۔
القالَبُ: القالِبُ: (۲) سرخ کھجور۔ شاةٌ قالِبُ لَوْنٍ: بکری کا اپنی ماں کے رنگ کے برخلاف ہونا۔
القُلابُ: دل کی بیماری۔
القَلْبُ: جوف دار عضلاتی عضو انسانی جو وریدوں سے خون وصول کر کے شریانوں میں بھیجتا ہے۔ اس کا قاعدہ سینے کے بائیں جانب خالی حصہ میں معلق ہوتا ہے۔ اس کے دو آرٹیکل ہیں بایاں جس میں سرخ خون ہوتا ہے اور دایاں جس میں نیلا خون جو قابل صفائی ہوتا ہے۔ ہر آرٹیکل میں دو دوسب آرٹیکل ہوتے ہیں جن میں والو فاصل ہوتے ہیں۔ بالائی کو الاذين اور نچلے کو البطين کہتے ہیں۔ کبھی قلب سے مراد عقل لی جاتی ہے۔
قَلْبُ كل شئ: درمیان' عقل' جوف۔ قلبُ النَّخلة: کھجور کے درخت کا جوف۔
قلب الشجرة: درخت کا اندرونی نرم حصہ۔
رجلٌ قَلْبٌ: خالص نسب کا آدمی (واحد' جمع' مذکر اور مؤنث سب کے لئے) جئتك بهذا الأمر قلبًا: میں تمہارے پاس محض اس کام کے لئے آیا۔ (ج) قُلُوبٌ' اَفعال القلوب: ظَنَّ واخواتها۔
القُلْبُ من الشجرة او النخلة: درخت کا درونی مغز۔
(۲) ایک لڑکی کا ہاتھ کا زیور۔ عربیٌ
قُلْبٌ: خالص عرب۔ هي قُلْبٌ' قُلْبَة۔
القُلْبَةُ: دل کی بیماری لگنے کا عمل۔ یقال: ما به قُلْبَةٌ۔
القُلَّبُ: بہت پلٹیاں کھانے والا۔ رجلٌ قُوَّلٌ قُلَّبٌ: قُوَّلِيٌّ قُلَّبِيٌّ: آزمودہ کار چالاک معاملات کے امر پھیر اور انجام دہی کا ماہر۔
القَلُوبُ: القُلَّبُ۔
القَلِيبُ: کنواں (مذکر اور مؤنث دونوں طرح) (ج) قُلُبٌ' اَقْلِبَةٌ۔
المِقْلَبُ: زراعت کے لئے زمین کھودنے کا اوزار' کدال (ج) مَقالِبُ۔
المَقْلَبُ: مکر و فریب (ج) مَقالِبُ (محدثة)
المَقْلُوبُ: دل کا بیمار۔ کلامٌ مَقْلوبٌ: برعکس بات۔
قَلِتَ- قَلَتًا: ہلاکت میں پڑنا۔ (۲) خراب ہونا۔
-فلانًا: دبلا پتلا ہونا۔ هو قَلِتٌ۔
اَقْلَتَهٗ: ہلاکت میں ڈالنا۔ یقال: اَقْلَتَه السفر البعيدُ۔
(۲) خراب کرنا۔ الأنثى: عورت یا مادہ کے بچے نہ جننا۔
القَلْتُ: بدن یا زمین کا گڑھا۔ یقال: قَلْتُ السَّيل: چٹان کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے۔ قَلْتُ العين: آنکھ کا گڑھا جس میں وہ قدرتی طور پر رکھی ہوئی ہوتی ہے۔
قَلْتُ الحاصرة: کولہے سے کوکھ کے ملنے کی جگہ۔ قَلْتُ الركبة: گھٹنا۔
یقال رجلٌ قَلْتٌ: دبلا پتلا۔ (ج) قِلاتٌ۔
القَلْتَةُ: ناک کے نیچے اور دونوں مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔
المِقْلاتُ: وہ عورت یا مادہ جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔
(۲) وہ مادہ جو ایک بچہ کے بعد حاملہ نہ ہو (ج) مَقاليتُ۔
المَقْلَتَةُ: ہلاکت گاہ۔ (۲) خوفناک جگہ۔ (ج) مَقالِتُ۔

Marfat.com

قَلِحَت السِّنُّ ـَ قَلَحًا: دانتوں پر زرد و سبز میل چڑھنا۔ هی قَلْحَاءُ۔
الرجل اَقْلَحُ (ج) قُلْحٌ۔ هو قَلِحٌ۔ هی قَلِحَةٌ۔
قَلَّحَ الرجُلَ والدابَّةَ: دانتوں کی زردی یا میل دور کرنا۔
الاَقْلَحُ: گبریلا۔ گوبر کا کیڑا۔ (ج) قُلْحٌ۔
القُلَاحُ: دانتوں پر جما ہوا زرد یا سبز میل۔
القِلْحُ: گندا کیڑا۔
قَلَدَ الشیءَ ـِ قَلْدًا: موڑنا۔ یقال: قَلَدَ الحدیدَ: پتلا کر کے کسی چیز پر موڑ دینا۔
—الحَبْلَ: رسی کو بٹنا۔ الماءَ فی الحوض ونحوہ: اکٹھا کرنا۔
—الحُمّٰی فلانًا: روزانہ بخار چڑھنا۔ الزرعَ: سیراب کرنا۔
اَقْلَدَ البحرُ علیهم: سمندر کا غرق کر کے اپنی لپیٹ میں لے لینا۔
قَلَّدَہٗ القِلَادَةَ: گردن میں ہار ڈالنا۔
البَدَنَةَ: قربانی کے جانور کے گلے میں کوئی چیز ہدی کی علامت کے طور پر ڈالنا۔ فلانًا السیفَ: کسی کی گردن میں تلوار لٹکانا۔ یقال: قَلَّدَ فلانًا نعمةً: کوئی عطیہ دینا یا بھلائی کرنا۔
قَلَّدَ قِلادةَ سوءٍ: ایسی مذمت کرنا جس کا اثر زائل نہ ہو۔
—فلانًا الأمرَ او العملَ: کوئی معاملہ یا کام سپرد کرنا۔ یقال: قُلِّدَ الشیخُ حَبْلَه: بڑھے کا سٹھیا جانے کی وجہ سے ناقابل التفات ہونا۔
—فلانًا: بلادلیل پیروی کرنا۔ جو کہے اور کرے (۲) کسی کی نقل اتارنا۔
یقال: قَلَّدَ القردُ الانسانَ۔
تَقَلَّدَ القلادةَ: ہار پہننا۔
السَّیفَ: تلوار گلے میں لٹکانا۔
—الأمرَ: کام کا ذمہ لینا۔
قَلْوَدَہُ النُّعاسُ: نیند کا غالب ہونا۔
الاِقْلِیدُ: اونٹنی کی ناک کا کڑا (۲) چابی (ج)
اَقَالِیدُ: گردن (ج) اَقْلادٌ۔
التَّقَالِیدُ: متداول عادات و رسوم و رواج جس میں خلف سلف کی اتباع کریں۔ مفردها: تقلید (مج)
القِلَادَةُ: ہار گلے میں پہنا جانے والا زیور (۲) انعامی تمغہ جو گردن میں لٹکایا جائے (محدثہ) (ج) قَلَائِدُ۔
قلائد الشِّعر: زندہ جاوید اشعار۔
القَلْدُ: چاندی کے تاروں کو بل رسا کر بنایا ہوا کنگن۔ (ج) اَقْلَادٌ قُلُودٌ۔
القِلْدُ: پانی کا حصہ۔ یقال سقینا ارضنا قلدها' سقتنا السماءُ قِلْدًا کلَّ اسبوع: (۲) بخار کی باری کا دن (ج) اَقْلادٌ۔
یقال: اعطیته قِلْدَ اَمْرِی: میں نے اپنا معاملہ اس کے سپرد کر دیا۔
القَلْدَاءُ ناقةٌ قَلْدَاءُ: لمبی گردن والی اونٹنی۔
القَلُودُ: بہت پانی والا کنواں۔
القَلِیدُ: خزانہ۔
القَلِیدُ: فیتہ' تسمہ۔ حبلٌ قلیدٌ: بٹی ہوئی رسی۔
المِقْلَادُ: خزانہ (۲) چابی (ج) مَقَالِیدُ۔
قرآن حکیم میں ہے: لَهٗ مَقَالِیدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔
یقال: اَلْقیتُ الیه مقالیدُ الأمور: معاملات اس کے سپرد کر دیے گئے۔
ضاقت علیه المقالید: معاملات پیچیدہ ہو گئے۔
المِقْلَدُ: چارہ کا تھیلا (۲) پیمانہ (۳) درانتی (۴) چابی۔
(ج) مَقَالِدُ' مَقَالِیدُ' رجلٌ مِقْلَدٌ: بالغ آدمی۔
ضاقت مَقَالِدُہٗ: معاملات پریشان کن۔
المُقَلَّدُ: ہار پہننے کی جگہ (۲) تلوار کو دونوں مونڈھوں کے درمیان حمائل کرنے کی جگہ (۲) سب سے آگے نکل جانے والا گھوڑا۔
مُقَلَّدَاتُ الشِّعر: زندہ جاوید اشعار۔
المَقْلُودُ: بٹی ہوئی رسی۔ سوارٌ مقلودٌ: بٹا ہوا کنگن۔
قَلَزَ الجرادُ ـِ قَلْزًا: ٹڈی کا دم زمین میں گاڑنا۔ فلانٌ: لنگڑا ہونا۔
—العُصفورُ ونحوہ: کودنا۔ پھدکنا۔
فلانٌ: چسکی لے کر پینا۔
—بالشیءِ: پھینکنا۔
—فلانًا: مارنا۔
فلانًا اقداحًا: پیالوں سے کسی کو گھونٹ بھروانا۔
قَلَّزَ الجرادُ: مبالغہ در قلَزَ۔
اِقْتَلَزَ الکأسَ: گلاس سے گھونٹ بھرنا۔
تَقَلَّزَ: چست و پھرتیلا۔
الوَعِلُ: پہاڑی بکرے کا دوڑنا۔
القُلَّزُ: رجلٌ قُلَّزٌ: ضعیف۔ ہلکا پھلکا۔
القِلِزُّ: مضبوط آدمی (۲) تانبا جس پر لوہا اثر انداز نہ ہو۔
قَلْزَمَ فلانٌ: شور مچانا (۲) کمینہ ہونا۔
الشیءَ: نگلنا۔ ہڑپ کر جانا۔
تَقَلْزَمَ فلانٌ: بخل سے مر جانا۔ الشیءَ: قَلْزَمَهٗ۔
القِلْزِمُ: کمینہ۔
القُلْزُمُ: شہر سویس کی جگہ تعمیر کیا گیا مصر کا قدیم شہر۔ بحر القُلْزُم: بحر احمر۔
قَلَسَتْ نفسُه ـِ قَلْسًا: جی متلانا۔
—الرجلُ قَلْسًا' قَلَسَانًا: پیٹ سے منہ بھر کر یا کم کھانا یا پانی نکلنا (جو قئے سے کم ہو)
—الاناءُ ن ونحوہ: بھر جانا۔ یقال: قلسَ البحرُ بالزَّبَد: سمندر کا جھاگ پھینکنا۔
—الطعنةُ بالدَّم: تیزہ کی ضرب کا خون بہانا۔
—فلانٌ قَلْسًا: بہت نبیذ پینا۔ (۲) گاتے ہوئے ناچنا (۳) بہترین گانا گانا۔
—السَّحابةُ النَّدٰی: بادل کا پھوار برسانا۔
—النَّحلُ العَسَلَ: مکھی کا شہد اگلنا۔
قَلَّسَ الرَّجلُ: سجدہ کرنا۔
لفلان: سینہ پر ہاتھ رکھ کر مؤدب کھڑے ہونا۔

Marfat.com

-فلانٌ: دَف بجا کر گاتا گانا (۲) تفریح طبع کے لئے دلچسپ تماشا کرنا۔
-القومُ: حکام کا گانے بجانے سے استقبال کرنا۔
-فلانًا: کسی کو ٹوپی اڑھانا۔
تَقَلَّسَ: ٹوپی اوڑھانا۔
الأنقَلِيسُ : ثعبان السمك کے نام سے مشہور سانپ نما مچھلی۔
القَلْسُ: قئے (۲) کشتی کا مضبوط رسا۔ (ج) اَقْلاَسٌ۔
القَلاَّسُ: ٹوپیاں بنانے والا۔
بحرٌ قَلاَّسٌ: جھاگ پھینکنے والا لبالب بھرا ہوا سمندر۔
القَلَنْسُوَةُ: مختلف انواع و اشکال کا سر کا لباس۔
(ج)قَلاَنسُ' قلانيسُ' قلاسٍ' قَلاَسِيّ
القَلِيسُ: شہد
المُقَلِّسُ: لوگوں کی تفریح طبع کے لئے مختلف دلچسپ تماشے کرنے والا۔
قَلَصَ الشيءُ ـِ قُلُوصًا: سکڑنا' ملنا۔
-الثوبُ بعد الغسل: کپڑے کا دھلائی کے بعد سکڑ کر چھوٹا ہونا۔
-الظلُّ عنِّي: سایہ ہٹنا' کم ہونا۔
-الشَّفَةُ: ہونٹ کا اوپر کو چڑھنا۔
-البئرُ او الغديرُ: کنویں یا تالاب کا اکثر پانی ختم ہوجانا۔
-القومُ: لوگوں کا اکٹھے ہوکر چلنا۔
-الرجل: جانا۔
نفسُه: جی متلانا۔
اَقْلَصَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دودھ ختم ہوجانا۔
قَلَّصَ الشيءُ: قَلَصَ
الدِّرْعُ: زرہ کا سمٹنا۔
-الدَّوابُّ: جانوروں کا لگاتار چلتے رہنا۔
- بين الرجلين: لڑائی یا جھگڑے میں دو آدمیوں کے درمیان بیچ بچاؤ کرانا۔

-ثوبَه: اپنا کپڑا اوپر کو اٹھانا۔
تَقَلَّصَ الشيءُ: قَلَصَ
القَلْصَةُ: قَلْصَةُ البئرِ: کنویں کا اوپر اٹھا ہوا پانی (ج) قَلَصٌ۔
القَلاَّصُ: جوان اونٹنیوں کو دوہنے والا۔
ماء قَلاَّصٌ: بلند پانی۔
القَلُوصُ من الابل: جھکے ہوئے جسم کی جوان اونٹنی نویں سال کی عمر تک قلوص اس کے بعد ناقہ کہلاتی ہے۔
(۲) شترمرغ کا بچہ۔
(۳) حباری پرندہ کا چوزہ (ج) قِلاَصٌ' قَلاَئصُ: عُرب نو عمر لڑکیوں کو بھی کنایۃً قلائص اور قُلُص کہتے تھے۔
المُقَلِّصُ: فرسٌ مُقَلِّصٌ: لمبی ٹانگوں اور کسے ہوئے پیٹ والا گھوڑا۔
القَلِيطُ: سوجن' فوطوں کی پھیلاوٹ
القَلِيطُ: پھیلے ہوئے فوطوں والا۔
(۲) غرور سے منہ پھلانے والا (محدثہ)
القَلِيطَةُ: القَلِيطُ (مو)۔
قَلاَوُوظُ: مسمار قلاووظ: پیچ دار کیل جو گھمانے سے لگتا ہو نہ کہ ٹھونکنے سے (د) اسی سے مشتق ہے قَلْوَظَ: پیچ دار کیل بنانا۔
قَلَعَه ـَ قَلْعًا: اپنی جگہ سے اکھاڑنا۔
قَلِعَ الرَّاكِبُ ـَ قَلَعًا: سوار کا زین پر نہ جمنا۔
-المُصَارِعُ: کشتی میں پہلوان کے پیر اکھڑنا۔
يقال: قَلِعَتْ قدمُه: هو قَلِعٌ
اَقْلَعَ الشيءُ: ہٹ جانا' زائل ہوجانا۔
يقال: اَقْلَعَ السحابُ ـُ اقلعت الغمّه۔
-السماءُ: آسمان کا برسنا بند ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَيَا سَمَاءُ اَقْلِعِي﴾
-عن الأمرِ: رک جانا' چھوڑ دینا۔
-عنه الحمّى: بخار ختم ہوجانا' اتر جانا۔
-المَلاَّحُ السفينةَ: کشتی کا روانگی کے لئے لنگر اٹھانا۔
-المدينةَ: شہر کو قلعہ بند بنانا۔

قَلَّعَه: مبالغہ در قَلَعَه
اِقْتَلَعَهُ: قَلَعَهُ۔
-الشيءَ: جڑ سے اکھاڑنا۔
اِنْقَلَعَ: لازم قَلَعَ
- البعيرُ: تندرست اونٹ کا یکایک گر کر مر جانا۔
تَقَلَّعَ في مشيته: نہ جلدی کرنا' نہ سستی کرنا۔ گویا وہ بلند جگہ سے نیچے اتر رہا ہو۔
القِلاَعُ: کشتی کا بادبان (ج) قُلُعٌ۔
القُلاَعُ: حیوان کو لگنے والا امرض جس سے وہ بغیر کسی ظاہری علت کے گر کر مر جائے۔
(۲) چٹخی ہوئی مٹی۔ جب پانی خشک ہوگیا ہو۔
واحدته: قُلاَعَةٌ۔
(۳) بچوں کی ایک بیماری جو بڑوں کو بہت کم ہوتی ہے۔ جس سے منہ اور حلق میں پھنسیاں نکل آتی ہیں اسکا سبب خاص فطر سے چھوت ہے (مج)
القُلاَعَةُ: ہموار میدان کے وسط میں بڑی چٹان (۲) پتھر یا ڈھیلا جو پھینکنے کے لئے زمین سے اکھاڑا جائے۔
يقال: رَمَاه بقُلاعة: اسے دلیل سے خاموش کر دیا۔
القَلْعُ: چرواہے کے توشے اور سامان کا تھیلا
(۲) معمار کی بسولی (ج) قُلُوعٌ۔
يقال: تركته في قَلْعٍ من حُمَّاه: میں اس سے بخار اترنے کی شروعات کے وقت ہٹا۔
القِلْعُ: کشتی کا بادبان (ج) قُلُوعٌ۔
(ج) قِلاَعٌ' وقِلَعَةٌ
القُلْعُ: طاقت سے چلنے والا امرد۔
القَلْعُ: بخار اترنے کا وقت۔
(۲) خارش والے کی کھال سے جھڑنے والی خشکی۔
القَلِعُ: شيخٌ قَلِعٌ: اٹھتے وقت جھکا ہوا محسوس ہونے والا بوڑھا۔
القَلْعَةُ: پہاڑ پر بنا ہوا محفوظ قلعہ۔
(۲) کسی چیز سے اکھاڑا ہوا جیسے کھجور کا اکھاڑ

Marfat.com

ہوا پودا۔
(۳) جڑ سے اُکھاڑا ہوا جیسے کھجور کا پودا جو جڑ سے اُکھاڑا ہوا ہو۔
(ج) قِلاَعٌ و قُلُوْعٌ۔
القِلْعَةُ: لمبائی میں پھاڑا ہوا ٹکڑا۔
(ج) قِلَعٌ۔
القُلْعَةُ: کمزور شخص۔
(۲) وہ شخص جو زین پر نہ جمتا ہو۔
(۳) اکھاڑا جانے والا درخت۔
(۴) زائل ہونے والا مال۔
(۵) مانگا ہوا مال۔
الدنیا دارُ قُلْعَةٍ: دنیا زوال پذیر جگہ ہے۔
هو علی قُلْعَةٍ: وہ سفر پر ہے۔
هو مجلس قُلْعَةٍ: وہ ایسی نشست گاہ ہے جس میں بیٹھنے والے کو دوسرے کے لئے بار بار اُٹھنا پڑتا ہے۔
منزلنا منزل قُلْعَةٍ: ہمارا مکان ہماری ملکیت میں نہیں۔
القَلْعِيُّ: عمدہ سیسہ جو سخت سفید ہوتا ہے۔
القلاَّعُ: سپاہی۔
(۲) بادشاہ سے لوگوں کی جھوٹی شکایتیں کرنے والا۔
(۳) کفن چور (۴) جھوٹا۔
القَلُوْعُ: قوسٌ قَلُوْعٌ وہ کمان جو کھینچتے وقت الٹ کر چھوٹ جائے (ج) قُلُعٌ۔
المِقْلاَعُ: پتھر پھینکنے کا آلہ (ج) مَقَالِيعُ۔
المَقْلُوْعُ: قلاع بیماری سے مرنے والا۔
قَلَفَ الشجرةَ و غيرها ـِ قَلْفًا: درخت کا چھال اتارنا۔
-الظُّفْرَ: ناخن جڑ سے اُکھاڑنا۔
- الخاتِنُ القُلْفَةَ: ختنہ کرنے والا کا حشفہ کی کھال کاٹنا۔
- الدَّنَّ و نحوه: مٹکے وغیرہ کی منہ کی مٹی اتارنا۔
- السفينةَ: کشتی کے تختوں وغیرہ کو باندھ کر تارکول وغیرہ مل کر تیار کرنا۔
هو مقلوفٌ، قليفٌ۔
قَلِفَ ـَ قَلَفًا: بے ختنہ ہونا یا حشفہ کی کھال کا موٹا ہونا۔ هو أَقْلَفُ (ج) قُلْفٌ۔
قَلَّفَ السفينةَ: قَلَفَهَا۔
اِقْتَلَفَ الظُّفْرَ: قَلَفَه
اِنْقَلَفَتْ سُرَّتُه: ناف کا پھول کر بل دار ہونا۔
القِلاَفَةُ: کشتی کے تختوں کو کھجور کی رسی سے جوڑ کر درزوں میں تارکوں بھرنے کا پیشہ۔
القُلاَفَةُ: چھلکا۔
(۲) بعض نباتات کی کلی کی جڑ میں پتوں کا گچھا۔
القَلْفُ: کھردری جگہ۔
القُلْفَةُ: بچے کے عضو تناسل کی کھال جو ختنہ کرنے والا کاٹتا ہے۔ (ج) قُلَفٌ۔
القَلَفَةُ: القُلْفَةُ۔
القَلِيفُ: خشک میوہ۔
القِلْفِعُ: گرم لوہے کو کوٹتے وقت اُڑنے والے ذرات (۲) پانی کے اتر جانے کے بعد خشک ہو کر پھٹنے والی مٹی۔
قَلَقَ الشيءَ ـِ قَلْقًا: ہلانا۔
-الهمُّ و غيرُه فلانًا: غم یا تکلیف کا کسی کو بے چین کر دینا۔
قَلِقَ ـَ قَلَقًا: ایک جگہ قرار نہ پکڑنا۔
(۲) ایک حالت پر قائم نہ رہنا۔
(۳) پریشان و مضطرب ہونا۔ هو قَلِقٌ۔
أَقْلَقَتِ الناقةُ: اونٹنی کے اوپر لدی ہوئی چیز ہلنا۔
-الهمُّ فلانًا: غم کا کسی کو بے چین کر دینا۔
القَلَقُ: بے چینی، بے قراری، انفعال حالت جو وقوع پذیر واقعہ پر خوف کی صورت میں پیدا ہو۔
المِقْلاَقُ: بہت پریشان۔
یقال: رجلٌ مِقْلاَقٌ، امرأةٌ مِقْلاَقٌ۔
القُلْقَاسُ: فصیلہ قلقاسیہ کی زرعی غشقولی سبزی۔ جس کی عسا قیل (سانپ کی چھتری نما تخم) پکا کر کھائی جاتی ہے۔
قَلْقَلَ في الارض: سفر کرنا، گھومنا۔
-الشيءَ: ہلانا۔
-الحزنُ دَمْعَه: غم کا آنسو بہانا۔
تَقَلْقَلَ: حرکت کرنا۔
-في البلاد: ملکوں میں پھرنا۔
القُلاَقِلُ: بہت متحرک، پھرتیلا۔
(۲) سفر میں پھرتیلا۔
یقال: فرسٌ قلاقِلٌ: تیز رفتار گھوڑا۔
(۲) ہمدرد بڑا معاون۔
القَلْقَلَةُ: (علم تجوید میں) حرف ساکن کو ادا کرتے وقت آخر میں ہلکی سی حرکت دینا اور یہ صرف حروف شدیدہ غیر مہموسہ میں ہوتا ہے جو کہ یہ ہیں قطب جد۔
قَلَّ الشيءُ ـِ قِلَّةً: کم ہونا (۲) نادر ہونا۔
یقال: هو يقِلُّ عن كذا: وہ اس سے کم درجہ ہے۔
کبھی مَا کا اضافہ کیا جاتا ہے جو نفی محض یا اثبات قلت شی کا فائدہ دیتا ہے۔
یقال: قلّما يزورنا فلان: فلاں ہم سے بہت کم ملتا ہے۔
أَقَلَّ فلانٌ: مفلس و غریب ہونا۔
(۲) تھوڑی چیز لانا۔
-الشيءَ و منه: کم کرنا۔
یقال: أَقَلَّ فِعْلَ كذا: بالکل نہ کرنا۔
-الشيءَ: اُٹھانا، بلند کرنا
قرآن حکیم میں ہے: ﴿حَتّٰى اِذَا اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ﴾
قالَلْتُ له العطاءَ: کسی کے عطیہ کو کم کرنا۔
قَلَّلَ الشيءَ: کم کرنا۔
-في عينه: کسی کی نگاہ میں کوئی چیز کم ظاہر کرنا حالانکہ ایسا نہ ہو۔ قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَيُقَلِّلُكُمْ فِىٓ اَعْيُنِهِمْ﴾
تَقَلَّلَ الشيءُ: کم سمجھنا۔

Marfat.com

اِسْتَقَلَّ: بلند ہونا۔
یقال: اِستَقَلَّ الطائرُ فی طیرانهٖ: استقلَّ النباتُ، استقلّتِ الشمسُ۔
-القومُ: گزرنا، روانہ ہونا۔
-فلانٌ: مستقل بالذات ہونا۔
یقال: استقلَّ بامرہٖ۔
-الدّولةُ: حکومت کا خودمختار ہونا۔
اپنے داخلی اور خارجی معاملات میں آزاد ہونا، کسی دوسری حکومت کی غلامی میں نہ ہونا (محدثہ)
-الشیٔ: کم سمجھنا۔
(۲) اُٹھانا، بلند کرنا۔
-الرِّعدةُ فلاناً: کسی پر کپکپی طاری ہونا۔
الاَقَلِّیَّةُ: خلاف الاکثریۃ (ج) اَقلّیّات۔
القِلالُ: زمین سے انگور کی بیل کو اوپر اُٹھانے کی لکڑیاں۔
القُلالُ: کم، تھوڑا (ج) قُلُلٌ۔
قِلالةُ الجبل: پہاڑ کی چوٹی۔
القِلُّ: کپکپی (۲) الگ تھلگ اگنے والی کمزور گٹھلی۔
القُلُّ: تھوڑا۔
یقال: شیٔ قُلٌّ۔
-من الرجال: چھوٹے جسم کا آدمی۔
رجلٌ قُلٌّ: تنہا آدمی۔
ہو قُلُّ بن قُلٍّ: وہ اور اس کا باپ دونوں غیر معروف ہیں۔
القِلّةُ: بیماری یا تنگ دستی کا ازالہ۔
القِلّةُ: اکثرة کی ضد (ج) قِلَلٌ۔
القُلّةُ: پانی کی صراحی۔
قُلّةُ کل شیٔ: کسی چیز کی چوٹی، بلند حصہ (ج) قُلَلٌ، قِلال۔
القِلِّیّةُ: گرجا جیسی عمارت (ج) قَلالیُّ
القلیلُ: الکثیر کی ضد (۲) نادر۔
الكِدَانُ: ڈول کے درمیان میں باندھی جانے والی رسی تاکہ وہ کنویں کے اطراف میں ڈولے نہ۔
الكَدَانَةُ: عیب، خرابی۔
يقال: ما أبينَ الكدانة فيه
الكِدْنُ: وہ کپڑا جو پردہ نشین پر یا پردہ کی جگہ ڈالا جائے۔
(۲) کجاوہ (۳) عورتوں کی پالکی (ج) كُدُون
الكِدْنُ: كَدِنُ النباتِ: موٹی اور سخت جڑوں والی۔
الكُدْنَةُ: کثرت گوشت و چربی۔
رَجُلٌ ذو كُدْنَةٍ: موٹا اور مضبوط آدمی۔
الكَوْدَنُ: دوغلی نسل کا گھوڑا۔
(۲) خچر (۳) دوغلی نسل کا غیر عربی گھوڑا یا خچر۔

Marfat.com

كَدَهُ الشئَ ـَ كَدْهًا: توڑنا۔

هو كادِهٌ

(ج) كُدَّهٌ۔

-الحجرُ و نحوه فلانًا: پتھر وغیرہ کا کسی کے زور سے لگ کر نشان ڈال دینا۔

اَكْدَهَهُ العملُ: کام کا کسی کو تھکا دینا۔

كَدَّهَه: كَدَهَه

تَكَدَّهَ الشئُ: ٹوٹنا۔

كَدَتِ الاَرضُ ـُ كَدْوًا، كُدُوًّا: زمین کا دیر سے اُگانے والی ہونا۔

هى كادِيَةٌ۔

(ج) كَوَادٍ۔

- الزرعُ وغيرُه: کھیتی وغیرہ کی روئیدگی کا خراب ہوجانا۔

يقال: كَدَا البردُ الزرعَ: سردی کا کھیتی کو زمین سے اوپر نکلنے نہ دینا (دیکھئے: كدا)۔

-الشئَ كِدَاءً: روکنا، کاٹنا۔

-وجهَه كَدْوًا: منہ کھسوٹنا۔

كَدِىَ بالعظمِ ـَ كَدًا: ہڈی گلے میں اٹکنا۔

-الفصيلُ: دودھ چھڑاتے ہوئے بچہ کا دودھ پینے سے پیٹ خراب ہوجانا۔

-الكلبُ: کتے کے گلے میں ہڈی پھنس جانا۔

الكَادِى: سست رفتار پانی۔ فصیلہ بندانیہ کا ایک درخت جو بظاہر کھجور کی مانند ہوتا ہے۔ مگر اس قدر لمبا نہیں ہوتا۔ اس کا تنا کم شاخوں والا ہوتا ہے اس کی جڑوں نے اسے سہارا دے رکھا ہوتا ہے۔ تنگ لمبے پتے جو کہ تلوار کی مانند ہوتے ہیں یمن، جنوبی ایشیا، ہند اور آسٹریلیا میں اُگتا ہے۔ جبکہ اس کی کاشت دیگر علاقوں میں بھی ہوتی ہے۔ (دیکھئے: الكاذى)

كَدَى الرجلُ ـِ كَدْيًا: بخل کرنا یا کم دینا۔

كَدِىَ المِسْكُ ـَ كَدًى: مشک کی خوشبو ختم ہوجانا۔

هو كَدٍ و كَدِىٌ۔

-اصابعُه: کھدائی کی وجہ سے انگلیاں شل ہو جانا۔

-المعدنُ: کان میں جوہر نہ پیدا ہونا۔

اَكْدَى الحافرُ: کھدائی کرنے والے کا ایسی زمین تک پہنچ جانا جسے کھودنا ممکن نہ ہو۔

-فلانٌ: جنگل میں پہنچ جانا۔

(۲) اصرار کے ساتھ مانگنا۔

(۳) بخل کرنا۔

قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَاَعْطٰى قَلِيلاً وَّ اَكْدٰى﴾

(۴) مالداری کے بعد فقیر ہونا۔

(۵) ناکام رہنا (۶) حقیر خلقت والا ہونا۔ مغلوب ہونے والے شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے: اكدت اظفارُك تیرے ناخن کند رہے، تو کچھ نہ کرسکا۔

-المطرُ: بارش کم ہونا۔

-المعدِنُ: كَدِىَ

-العامُ: قحط سالی ہونا

-فلانًا عن الشئِ: باز رکھنا۔

الكَادِيَةُ: زمانہ کی سختی۔

(۲) سردی کی شدت۔

الكُدٰى: جنگل۔

الكَدَاةُ: مٹی وغیرہ کا ڈھیر

(ج) الكَدَىٰ

الكُدَايَةُ: الكَدَاةُ۔

الكُدْيَةُ: سخت یا سنگلاخ زمین جس پر پھاوڑا اثر نہ کرے۔

(ج) كُدًى۔

(۲) گداگری۔

يقال: بلغ الناسُ كُدْيَةَ فلان: لوگ بخشش میں فلاں کی آخری حد کو پہنچ گئے یعنی اب وہ دینے سے رک گیا۔

ك..........ذ

كَذَبَ ـِ كَذِبًا، كِذْبًا، كِذَابًا: کسی چیز کے بارے میں ایسی خبر دینا جو حقیقت کے خلاف ہو (جھوٹ بولنا)

-عليه: کسی کے خلاف غلط بات کہنا

(۲) غلط ہوجانا۔

يقال: كَذَبَ الظنُّ، والسمعُ والعينُ والرأىُ۔

-الشئُ: کسی چیز کی توقع غلط ہوجانا یا اس کے بارے میں دی گئی خبر کا غلط ہوجانا۔

يقال: كَذَبَ البرقُ والطَمَعُ: بجلی کا نہ چمکنا اور خواہش کا نہ ہونا۔

-فلانًا: کسی سے جھوٹ بولنا۔

يقال: كَذَبَه الحديثَ۔

يقال: كَذَبَتْ فلانًا نفسُه: دل میں بڑی بڑی آرزوئیں پیدا ہونا۔

يقال: كَذَبَ نفسَه كذبته عينُه: ایسا دیکھنا یا خیال کرنا جس کی کوئی حقیقت نہ ہو۔

هو كاذِبٌ۔

(ج) كُذَّبٌ۔

هى كاذِبَةٌ (ج) كَوَاذِبُ

اَكْذَبَه: جھوٹا پانا۔

(۲) کسی کا جھوٹ ظاہر کرنا۔

(۳) جھوٹ پر اکسانا۔

كاذَبْتُ فلانًا مُكَاذَبَةً و كِذَابًا: ایک دوسرے کو جھٹلانا یا جھوٹا کہنا۔

كَذَّبَ بالاَمرِ تَكْذِيبًا و كِذَّابًا: انکار کرنا۔

قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَكَذَّبَ بِهِ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ﴾ و فيه ﴿وَكَذَّبُوا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا﴾

-عن امرٍ اَرَادَهُ: اپنی بات سے پیچھے ہٹنا۔

يقال: حمل عليه فما كَذَّبَ: اس نے اس پر حملہ کیا اور ڈٹا رہا۔

يقال: كَذَّبَ السِّلاحُ: گولا نہ چھوٹنا۔

يقال: ما كذّب ان فعل كذا: اس نے ایسا کرنے میں دیر نہیں کی۔

-فلانًا: جھٹلانا، یا یہ کہنا کہ اس نے جھوٹ بولا ہے۔

تَكَاذَبُوا: ایک دوسرے کے خلاف جھوٹ بولنا۔

تَكَذَّبَ: جھوٹ بولنے کی کوشش کرنا۔

-فلانًا و عليه: کسی کو جھوٹا کہنا۔

الاُكْذُوبَةُ: جھوٹی خبر (ج) اكاذِيبُ

التَكَاذِيبُ: تكاذِيبُ العَرَبِ: عربوں کی من

Marfat.com

کثرت باتیں، افسانے، لغویات۔
الکاذبۃ: اسم قائم مقام مصدر۔ جیسے عاقبۃ، عاقبہ اور باقیہ (۲) نفس۔
(ج) کواذب۔
الکذبُ: جھوٹ (صدق کی ضد)
الکذبۃُ: ایک مرتبہ جھوٹ بولنا، ایک جھوٹ۔
کذبۃ إبریل: اپریل ۔فول، جھوٹ جو بعض لوگ ہر سال اس ماہ کی پہلی تاریخ کو بولتے ہیں۔ (محدثۃ) (اپریل فول)...... (مترجم)
یقال لھا: سمکۃ ابریل۔
الکذّابُ: بہت جھوٹ بولنے والا۔
جوھرٌ کذّاب: کھوٹا جوہر۔
الکذوب: الکذّاب۔
ضرب المثل ہے: إنْ کنتَ کذوبًا فکُنْ ذَکُورًا
(ج) کُذُبٌ۔
کذّ الشیءُ ـُ کذًّا: کھردرا اور سخت ہونا۔
اکذّ القومُ: نرم پتھروں والی جگہ پر مقیم ہونا۔
الکذّانُ: نرم پتھر۔ بسا اوقات جو پرانا اور چرا ہوا ہو۔
اکذی الشیءُ: سرخ ہونا۔
یقال: اکذی الرَّجُلُ: شرمندگی یا ڈر کی وجہ سے رنگ سرخ ہو جانا۔
الکاذی: سرخ۔
(۲) کاذی کے پھول سے نکالا جانے والا خوشبودار تیل۔
(۳) فصیلہ کاذیہ کا بہت بڑا درخت جس کا پھول خوشبودار اور خوبصورت ہوتا ہے (دیکھئے: الکادی)
کذا ایسے دو کلموں سے مرکب ہے جو اپنی اصل پر باقی ہیں اور وہ ہیں کاف تشبیہ اور ذا اسم اشارہ۔ جیسے علمت علیًا فاضلاً و علمت اخاہ کذا یعنی اس کے مثل۔ کبھی اس پر ہائے تنبیہ بھی داخل ہوتی ہے۔ جیسے ﴿أھکذا عرشكِ﴾۔ کبھی یہ مرکب واحد لفظ بن جاتا ہے اور اس کے ذریعے نامعلوم شے اور غیر واضح کا کنایہ لیا جاتا ہے۔ جیسے فعلت کذا، قلت کذا اور کبھی مقدار یا تعداد کا کنایہ کیا جاتا ہے جیسے اشتریت کذا کتاباً و کذا و کذا قلمًا
کتبت کذا و کذا صحیفۃ اس صورت میں اس کی تمیز مفرد منصوب ہوتی ہے اور اس پر الْ داخل نہیں ہوتا۔

ک .... ر

کَرَبَ فلانٌ ـُ کَرْبًا: بے آب و گیاہ زمین میں کاشت کرنا۔
(۲) درخت خرما کے تنے سے شاخ کی خشک شدہ چوڑی جڑیں لینا۔
(۳) کھجور کے تنے کے قریب سے چھٹی ہوئی کھجوریں اُٹھا کر کھانا۔
-الشیءُ ـِ کروبًا: نزدیک آنا۔
- الشمس للمغیب: سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔
یقال: کَرَبَ یفعل کذا و کذا و کرب ان یفعلَہ: کرنے کے قریب ہونا، یہ افعال مقاربہ میں سے ہے۔
-فلانًا الامرُ والغمُّ والغبءُ: کسی معاملے یا غم یا بوجھ کا پریشان اور تکلیف میں مبتلا کرنا۔
ھو مَکْرُوْبٌ۔
کَرَبَ الحَبلَ وغیرہ ـُ کَرْبًا: بٹنا۔
-الارضَ کربًا، و کِرَابًا: کاشت کے لئے زمین کو جوتنا۔
-الدَّلْوَ: ڈول کے دستے میں رسی باندھنا۔
اَکْرَبَ الرجلُ: دوڑنا۔
-الدَّلْوَ: کَرَبَھَا۔
اِکْتَرَبَ لکذا: بے چین ہونا۔
الکِرَابُ: وادی میں پانی کے نالے۔
واحدتھا: کَرَبَۃٌ۔
الکُرَابَۃُ: کھجور کی شاخوں کی جڑوں سے اُٹھائی ہوئی کھجوریں۔
(ج) اَکْرِبَۃٌ۔
الکَرَبُ: کھجور کی خشک شدہ شاخ کی چوڑی جڑ
(۲) ڈول کے دستے کے بیچ میں مضبوطی کے لئے باندھی جانے والی چھوٹی رسی۔
(ج) اَکْرَابٌ۔
الکَرْبُ: غم، رنج، بے چینی۔
(ج) کُرُوْبٌ۔
الکُرْبَۃُ: الکَرْبُ (ج) کُرَبٌ۔ الکُرْبَۃُ: گول سوراخ جس میں شامیانے کے بانس کا سرا ہوتا ہے۔
(ج) کُرَبٌ۔
الکُرُوبِیُّوْنَ: اللہ کے مقرب ملائکہ۔ ان ہی میں سے جبرئیل، میکائیل، اسرافیل ہیں بعض مفسرین کی رائے کے مطابق۔
الکَرِیْبُ: المکروب
(۲) بانس کی گرہ۔
(۳) نان بائی کا بیلن جس سے روٹی گول کرتا ہے۔
-من الارض: بے آب و گیاہ زمین۔
المِکْرَبُ: زمین جوتنے کا آلہ۔
المُکْرَبُ من المفاصل: پٹھوں سے بھرپور بدن کا جوڑ۔
(۲) مضبوط رسی یا عمارت یا گھوڑا یا جوڑ
الکُرْبَاجُ: کوڑا (د)
کَرْبَسَ الرجلُ: بیڑی پہنے ہوئے آدمی کی چال چلنا۔
تَکَرْبَسَ من ظھر فرسہ: گھوڑے کی پیٹھ سے گرنا۔
الکِرْبَاسُ: موٹا سوتی کپڑا (مع)
(۲) شراب چھاننے کا موٹا کپڑا۔
(ج) کَرَابِیْسُ۔
الکِرْبَاسَۃُ: الکرباس
کَرْبَشَ الرجلُ: بیڑی پہنے ہوئے آدمی کی چال چلنا۔
(۲) چھلانگ لگانے کے لئے پاؤں ملانا۔
-الشیءَ: کوئی شے لے کر باندھنا۔
تَکَرْبَشَ الجلدُ: کھال سکڑنا۔
کَرْبَلَ الشیءَ: ملانا، مخلوط کرنا۔
-فلانٌ: کیچڑ یا دلدل میں چلنا۔
یقال: جاءَ یمشی مُکَرْبِلاً وہ اس طرح آیا جیسے کیچڑ میں چل رہا ہو۔

Marfat.com

(٢) پانی میں گھسنا۔
الکِرْبَالُ: روئی دھننے کی کمان
(ج) کرابیل
الکُرْبُلَةُ پاؤں کی نرمی' گداز پن۔
(٢) (علم نباتات میں) پھول میں موجود عضو تانیث (مع)
الکَرْبُونُ کاربن' غیر فلزی عنصر جس کی مختلف اشکال ہیں۔ کچھ غیر متبلور ہیں جیسے کوئلہ اور ساج اور یہ دو صاف شکلیں ہیں اور کچھ متبلور ہیں جیسے ماس اور جرافیت (مع)
الکَرِیْتُ سنة کرِیْتٌ' حولٌ کریتٌ پوری تعداد والا سال' اسی طرح دن اور مہینہ۔
کَرَثَهُ الامرُ وغیرہ ـُ کَرْثًا کسی بات کا مشقت میں ڈالنا' گراں ہونا۔
ھو کارِثٌ۔
اَکْرَثَهُ الأمرِ وغیرہ: کرثه
اِکْتَرَثَ له کسی بات پر رنجیدہ ہونا۔
یقال: ما اَکْتَرِثُ له: مجھے اس کی پرواہ نہیں۔
و اراك لا تکترث بذلك: میں دیکھ رہا ہوں کہ تم اس کی وجہ سے فکرمند نہیں۔
اس معنی میں نفی کے ساتھ ہی استعمال ہوتا ہے۔
الکَارِثَةُ سخت مصیبت (ج) کَوَارِثُ
یقال: کَرَثَتْهُ الکوارث: حوادث نے اسے سخت پریشانی میں ڈال دیا
الکُرَّاثُ: طویل العمر درخت جس کے پتے چھوٹے اور پھل خوشہ نما ہوتا ہے۔ اس کے پھول میں نر اور مادہ کی آمیزش ہوتی ہے۔ معتدل علاقوں اور بحر متوسط کے ارد گرد اور جنوبی افریقا اور آسٹریلیا میں اُگتا ہے۔
الکُرَّاثُ فصیلہ زنبقیہ کی معمر بوٹی جس کا بلب زمین میں ہوتا ہے۔ جس کے پتے چپٹے اور کھوکھلے نہیں ہوتے۔ جس کے درمیان میں بڑی شاخ ہوتی ہے جو پھولوں سے لدی ہوتی ہے۔ اس کی بو پکی ہوتی ہے۔ اسی سے ہے الکُرَّاثُ المصری یہی کراث المائدة ہے اور الکراث الشامي اور یہ اَبو شُوشة ہے۔

کَرِجَ الشیئُ ـَ کَرَجًا خراب ہوجانا۔ پھپھوندی لگ جانا۔
یقال: کَرِجَ الخُبْزُ
الکُرَّجُ تنکری کا گھوڑا جس سے بچے کھیلتے ہیں (مع)
کَرَدَہ ـُ کَرْدًا دھتکارنا۔
(٢) ہانکنا۔
الکَرْدُ گردن کی جڑ۔
الکُرْدُ وسطی ایشیا میں رہنے والی قوم جو ترکی' ایران اور عراق اور کچھ دیگر ممالک میں پھیلی ہوئی ہے۔
الکِرْدِیْدُ تھیلے کی دونوں جانب بچی ہوئی کھجوریں (ج) کَرَادِیْدُ۔
الکِرْدِیْدَةُ کھجوروں کا ایک بڑا ٹکڑا۔
(٢) کھجور کا تھیلا۔
کَرْدَسَ القائدُ الخیلَ او الجیشَ گھوڑوں یا فوج کو مختلف دستوں میں تقسیم کرنا۔
تکَرْدَسَ الرجلُ سمٹنا' سکڑنا۔
الکُرْدُوْسُ ہر بڑی اور مکمل ہڈی
(٢) مغز والی ہڈی کا سرا۔
(٣) ایک جوڑ پر ملی ہوئی ہر دو ہڈیاں۔ جیسے کندھے اور گھٹنے اور کولہے کی ہڈیاں (ج) کَرَادِیْسُ۔
الکُرْدُوْسَةُ گھوڑوں یا لشکر کا ایک بڑا گروہ (ج) کَرَادِیْسُ۔
الکِرْدَانُ ہار' پٹا (د)
(٢) (موسیقی میں) آٹھواں سُر جو کہ رست کا جواب ہوتا ہے (د)
الکُرْدُوْنُ پٹکا' احاطہ (د)
الکَرْدِیْنَالُ ایک عیسائی عالم جو کہ پوپ کے ساتھیوں اور مشیروں میں سے ہوتا ہے کہ جنہیں اسے اپنے درمیان میں سے منتخب کرنے کا حق ہوتا ہے (ج) کرادلة (د)
کَرَّ الرجلُ او الفرسُ ـِ کَرِیْرًا منہ سے ایسی آواز نکلنا جیسے گلا گھٹے ہوئے کی ہوتی ہے۔
-فلان ـُ کُرُوْرًا لوٹنا۔

یقال: کَرَّ الفارسُ هو کَرَّارٌ مِکَرٌّ۔
-الشیئَ کَرًّا لوٹانا۔
کَرَّ اللیلُ والنهارُ دن رات کا بار بار آنا۔
-علی العدوِ دشمن پر حملہ کرنا۔
-عنه پلٹنا۔
-علیه الحدیثَ کسی کے سامنے بات دہرانا۔
کَرَّرَ الشیئَ تکریرًا و تکرارًا بار بار دہرانا۔
تکَرَّرَ علیه کذا کسی کے سامنے کوئی چیز بار بار آنا۔
الکَرُّ حملہ' الفرُّ کی ضد۔
(٢) کھجور کے درخت پر چڑھنے کی کھجور کے پتوں کی رسی (٣) کشتی کے بادبان کی رسی۔
(ج) کُرُوْر۔
الکُرُّ اہل عراق کا ایک پیمانہ یا ساٹھ قفیز یا چالیس اردب۔
الکَرَّةُ واپسی۔
(٢) لڑائی کا حملہ (٣) صبح وشام۔
هما کَرَّتان۔
(٤) فنا کے بعد دوبارہ پیدائش۔
الکَرِیْرُ گردن کی وجہ سے آواز کا بیٹھنا۔
المَکَرُّ میدان کا راز المِکَرُّ: یقال: فرس مِکَرٌّ مِفَرٌّ فطری صلاحیت والا گھوڑا جو حملہ کرنے میں آگے پیچھے ہونے کی مہارت رکھتا ہو۔
کَرَزَ ـِ کُرُوْزًا داخل ہونا۔
(٢) غار وغیرہ میں چھپنا۔
-الیه کسی کی طرف مائل ہونا' پناہ لینا۔
هو کارِزٌ۔
کَارَزَہ کسی کے پاس سے بھاگ جانا۔
یقال: کارز عن فلان کسی کے پاس سے بھاگ جانا۔
-الی المکان کسی جگہ جلدی سے جا کر روپوش ہوجانا۔
یقال: کارز فی المکان روپوش ہونا۔
-الی ثقةٍ من اخوان و مالٍ و غنًی مائل

Marfat.com

ہونا۔

كَرَّزَ الصَّقْرَ: باز کو سدھانے کے لئے اس کی آنکھیں سینا اور کھلانا۔

الكُرَازُ: شیشی (ج) كِرْزان۔

الكُرَزُ: شفتالو کی طرح کا پھل رکھنے والا پودا لیکن اس سے چھوٹا ہوتا ہے۔اسے كُرَيْز بھی کہتے ہیں (د)

الكُرْزُ: چرواہے کا تھیلا۔

(۲) بوری غلہ کی بوری (ج) اكْرازٌ، كِرَزَةٌ

كَرْزَمَ الرجلُ: دوپہر کے وقت کھانا۔

الكَرْزَمَةُ: دوپہر کے وقت کا کھانا۔

كَرِسَ الرجلُ ـ كَرَسًا: سینہ علم سے مالا مال ہونا۔هو كَرِسٌ۔

كَرَّسَ الشيءَ: کسی چیز کے اجزاء کو باہم ملانا۔

-البناءَ: عمارت کی بنیاد رکھنا۔

اِنْكَرَسَ عليه: کسی پر اوندھا ہو جانا۔

يقال: انكرسَ في الشيءِ: اوندھا ہو کر داخل ہونا۔

تكارَسَ الشيءُ: تہ بتہ ہونا۔

تكَرَّسَ الشيءُ تكارس۔

-اُسُّ البناء: عمارت کی بنیاد سخت ہونا۔

الكُرّاسَةُ: کتاب کا حصہ۔

يقال: هذه الكراسة عشر ورقات۔

هذا الكتاب عدة كراريس۔

قرأت كرّاسةً من كتاب كذا۔

(۲) ملے ہوئے چند اوراق جنہیں لکھائی کے لئے تیار کیا جائے، کاپی۔

(ج) كُرّاسٌ، كراريس، كُرّاسات۔

الكِرْسُ: گھر میں جمع شدہ اونٹوں بکریوں کا بول و براز اور ان سے آلودہ مٹی۔

(ج) اكْراسٌ۔

الكِرْساءُ: زمین کا ایسا ٹکڑا جس کے درختوں کی جڑیں قریب ہوں اور شاخیں باہم ملی ہوئی ہوں۔گنجان جگہ۔

الكُرْسِيُّ: تخت (۲) چارپائی۔

(۳) لکڑی وغیرہ کی ایک آدمی کے بیٹھنے کی جگہ (۰)

(۴) یونیورسٹی میں پروفیسر کی پوسٹ (محدثۃ) (ج) كَراسِيّ۔

المُكَرَّسَةُ من القلائد: کئی لڑیوں کا ہار جس کے بیچ میں جگہ جگہ بڑے مہروں سے ہر لڑی گزاری گئی ہو۔

كَرْسَعَ فلانًا: کرسوع پر تلوار مارنا۔

الكُرْسُوعُ: اندر کا کنارہ جو چھنگلیا سے ملا ہوتا ہے جو کہ کلائی کی اُبھری ہوئی ہڈی ہے۔

-من الشاة: بکری کے اگلے کھر کے قریب چھوٹی سی ہڈی۔

كُرسوع القدم: پیر اور پنڈلی کا جوڑ (مذکر) (ج) كَراسيع۔

المُكَرْسِعُ: کلائی کی چھنگلیا کی طرف ابھری ہوئی ہڈی۔جو کہ مرد اور عورت میں عیب ہے۔

الكُرْسُفُ: روئی۔

الكُرْسُفِيُّ: روئی کی طرح سفید شہد۔

الكِرْسِنَّةُ: فصیلہ قرنیہ کی یک سالہ گھاس جسے اس کے دانے کے حصول کے لئے اگایا جاتا ہے جسے گائے کھاتی ہے۔

كَرِشَ الرَّجُلُ ـ كَرَشًا: عرصہ کے بعد اہل وعیال کی تعداد بڑھنا۔

-الجلدُ: کھال کا آگ سے جھلس کر سکڑنا۔

كَرَّشَ فلانٌ: چہرے پر شکن پڑنا۔

عَمَلَ المكرَّشه (گوشت اور چربی سے ملا کر بنایا ہوا کھانا) بنانا۔

يقال: كَرَّشَ اللحمَ: گوشت کو اوجھ میں پکانا۔

تكَرَّشَ وجهُه: چہرے کی کھال سکڑنا۔

-الناسُ: اکٹھا ہونا۔

اِسْتَكْرَشَ الجَدْيُ: بکری کے بچے کا پیٹ بڑا ہونا اور اس کا کھانے لگنا۔

-الوجهُ: چہرے پر بل پڑنا۔

-انفحةُ الجدي: بکری کے بچے کی آنت کا اوجھ بن جانا، یہ اس وقت ہوتا ہے جب وہ گھاس چرنا شروع کر دیتا ہے۔

الأكْرَشُ: بڑے پیٹ والا۔هي كَرْشاءُ۔

الكِرْشُ: جگالی کرنے والے ہر جانور کی اوجھ بمنزلہ انسان کے معدے کے (مؤنث لفظ)

(۲) فصیلہ سعدیہ کی ایک چکنی بوٹی اس کی جڑ موٹی اور تنے کھڑے ہوتے ہیں۔نچلے حصے میں تنے کی لمبائی کے پتے ہوتے ہیں۔ بھورے سیاہ رنگ کے دانوں والا اس کا پھل ہوتا ہے۔اس کی چٹائیاں بنائی جاتی ہیں۔مصر اور شام میں پائی جاتی ہے۔اسے السَّمّار بھی کہتے ہیں (ج) اكْراشٌ، كُرُوشٌ۔

الكَرِشُ: الكِرْش

كَرِش الرجل: ساتھی اور مصاحب

حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں ہے: (الأنصار كَرِشي و عَيْبَتي) (ج) اكراشٌ، كُرُوشٌ۔

الكَرْشاءُ: گوشت سے بھرا ہوا پیر جس کا تلوا ہموار اور انگلیاں چھوٹی ہوں۔

الكُرَيْشُ: سیاہ یا تیز سرخ رنگ کا ریشم کا کپڑا جس کی قمیص اور عورتوں کا برقع بنایا جاتا ہے (مو)

الكُرْشيةُ: اوجھ کی طرح سکڑا ہوا سوتی کپڑا (مو)

المُكَرَّشَةُ: اونٹ کی اوجھ میں رکھ کر پکایا ہوا گوشت اور چربی والا کھانا۔

كَرَعَ في الماء او الإناء ـ كَرْعًا، كُرُوعًا: ہتھیلی اور برتن کے بغیر منہ ڈال کر پانی پینا۔

-النخلةُ و غيرُها: کھجور وغیرہ کے درخت کی جڑ سے پانی ختم نہ ہونا۔

هي كارعةٌ۔

-الوحشَ و غيرَه كَرْعًا: پنڈلی پر تیر مارنا۔

كَرِعَتِ الساقُ ـ كَرَعًا: پنڈلی کا پتلا ہونا یا اس کا اگلا حصہ باریک ہونا۔

-فلانٌ: پنڈلی میں درد ہونا۔

(۲) پتلی پنڈلیوں والا ہونا۔هو اكْرَعُ۔

اكْرَعَ القومُ: لوگوں کو بارش کا پانی ملنا

(۲) بارش کے پانی پر اپنے اونٹوں کو لانا۔

تكَرَّعَ: نماز کے لئے اپنے اکارع پر پانی بہانا۔

الكُراعُ من الإنسان: آدمی کے گھٹنے سے

Marfat.com

نیچے ٹخنے تک پنڈلی کا حصہ۔
-من البقر و الغنم: کم گوشت پنڈلی کا حصہ۔
(مذکر اور مؤنث) (ج) اَکْرُعٌ، اَکارِعُ۔
ضرب المثل ہے: لا تُطعم العَبدَ الکُراعَ فَیَطْمعَ فی الذراع۔
(۳) گھوڑوں اور ہتھیاروں کے مجموعے کا نام۔
(۴) بارش کا اتنا پانی جس میں منہ ڈال کر پیا جا سکے۔
الکَرّاعُ: پائے بیچنے والا۔
الکَرَعُ: بارش کا پانی جس میں منہ ڈال کر پیا جائے۔
یقال: شربنا الکرَعَ۔
(۲) چوپایوں کے پائے۔
کَرَفَ الشیئَ ـُ کَرْفًا، کِرَافًا: سونگھنا۔
-الحمارُ: گدھی کا پیشاب سونگھ کر سر اُٹھانا اور ہونٹ پلٹنا۔
الکَرّافُ: عورتوں کو دزدیدہ نگاہوں سے دیکھنے والا۔
کَرَفَاتِ القِدرُ: ہنڈیا میں اُبال آنا۔
-القومُ: لوگوں کا مخلوط ہونا۔
-الشَعرُ وغیرہ: بالوں کا گھنا ہونا۔
تکَرْفَأَ السحابُ: بادل کا تہ بہ تہ ہونا۔
-الشعرُ وغیرہ: کَرْفَأَ۔
و القومُ: کَرْفَئوا۔
الکَرَفْسُ: نصف سالہ فصیلہ خیمیہ کی بوٹی جس کی جڑیں بنی ہوئی ہیں اور کھوکھلا سیدھا تنا ہوتا ہے۔ اس کی افزائش کی ابتداء میں اس کی جڑ کے پتوں جو کہ گردن والے ہوتے ہیں کا ایک بنڈل ہوتا ہے جو کھایا جاتا ہے۔ اس کا پھل خشک اور دو چھوٹے چھوٹے پھلوں میں منقسم ہوتا ہے۔
کَرْکَتِ الدجاجۃُ: انڈے دینے سے رکنا۔
الکَرّاکۃُ: نہروں اور دریاؤں میں آنے والی ریت اور مٹی وغیرہ کو صاف کرنے کی مشین (د)
الکُرْکُ: پوستین کا لباس، اکثر سمور کے کوٹ کو کہا جاتا ہے (ترکیہ)
الکُرْکِیُّ: مٹیالے رنگ کا بڑا پرندہ جو لمبی گردن اور لمبی ٹانگوں والا اور کٹی دم والا ہوتا ہے۔ کم گوشت یہ پرندہ کبھی کبھی پانی پر ٹھکانا پکڑتا ہے (ج) کَرَاکِیُّ۔
الکُرْیَکُ: تانبائی کی لکڑی جس سے روٹی لگاتا اور نکالتا ہے (ترکیہ)
(۲) لکڑی کے لمبے دستے والا آلہ جس کے آخر میں چپٹا چوڑا لوہا لگا ہوتا ہے جس سے کم کھدائی کا کام کیا جاتا ہے اور مٹی کو ادھر اُدھر منتقل کیا جاتا ہے۔ (مع)
(۳) موٹر کا پہیہ اوپر اُٹھانے کا آلہ جیک (محدثہ)
الکَرْکَدَّنُ: کھروں والا سبزی خور عظیم الجثہ ایک جانور بڑے پیٹ، چھوٹی ٹانگوں، سخت کھال اور ناک کے اوپر ایک سینگ والا۔ اسی بناء پر اسے وَحِیْدُ القَرْنِ کہا جاتا ہے۔ اس کی بعض اقسام کے دو سینگ ہیں ایک دوسرے کے اوپر اور یہ ہندی بھی ہوتا ہے اور افریقی بھی۔
الکَرْکَدِیۃُ: فصیلہ خبازیہ کا پودا جسے حَمّاضِ اَحْمَر بھی کہتے ہیں اس کا اصل وطن سینی گال اور گنی ہے اور سوڈان میں بھی اس کی کاشت ہوتی ہے۔ اس کے سرخ پھولوں سے خوش ذائقہ مشروب بنایا جاتا ہے۔
کَرْکَرَ: قہقہہ کے مثل ہنسنا۔
یقال: کَرْکَرَ فی الضحك: بہت ہنسنا۔
کرکرت النار جیلۃ: ناریل کا پانی بولنا۔
-بالدجاجۃ: مرغی کو بلند آواز سے بلانا۔
-فلاناً عن الشیئ: روکنا۔
-الشیئَ: بار بار دہرانا (۲) اکٹھا کرنا۔
یقال: کرکرت الریحُ السحابَ ہوا نے بادلوں کو یکجا کر دیا۔
-الرحی: چکی چلانا۔
-الحبَّ: غلہ پیسنا۔
تکَرْکَرَ: ہوا کے دوش پر گھومنا۔
-الماءُ: پانی کا نالی میں لوٹنا۔
-فی اَمْرِہٖ: متردد ہونا۔
الکَرْکَرَۃُ: پیٹ میں گونجنے والی آواز۔
(۲) زور کی ہنسی۔
الکِرْکِرَۃُ: سُم والے جانور کا سینہ۔
یقال: بَرَكَ علی کِرکرتہ۔
(۲) لوگوں کا گروہ (ج) کَرَاکِرُ۔
کَرْکَسَ فلانٌ: تردد کرنا۔
(۲) بیڑی پہنے ہوئے کی چال چلنا۔
(۳) اوپر سے نیچے کی طرف لڑھکنا۔
-الشیئَ: بار بار لوٹانا، دہرانا۔
-الدابۃ و غیرھا: جانور کے پیر باندھنا۔
تکَرْکَسَ: لڑھکنا۔
المُکَرْکَسُ: کنیز زادہ۔
الکُرْکُمُ: عسقولی، ہندی، طبی پودا، جو کہ فصیلہ زنجباریہ سے ہے۔ اس کی جڑوں کا سخت زرد پاؤڈر بطور مسالہ اور رنگ کے استعمال ہوتا ہے۔
الکُرْکُمانُ: فصیلہ شفویہ کا یک سالہ نیلے اور سفید پھولوں والا پودا۔ اس کا پھل چھوٹا سینگ نما اور اس کی چونچ بھی ہوتی ہے۔ میتھی کے دانوں کی طرح مگر ان سے چھوٹے اس کے بیج ہوتے ہیں جسے جانور کھاتے ہیں۔
المُکَرْکَمُ: ہلدی سے رنگا ہوا۔
کَرَمَہٗ ـُ کَرْمًا: فیاضی میں کسی پر فوقیت لے جانا۔
یقال: کارمہ فکرمہ اس نے اس سے فیاضی میں مقابلہ کیا تو اس پر غالب آ گیا۔
کَرُمَ فلانٌ ـُ کَرَمًا، کَرَامَۃً: سخی اور کشادہ دل ہونا۔ ھو کَرِیْمٌ۔
(ج) کرام، کُرَماءُ، ھی کریمۃٌ
(ج) کرائم۔
(۲) لُؤم (کمینہ ہونا) کی ضد۔
-الشیئُ: نفیس و عمدہ ہونا۔
-السحابُ: بادل کا خوب برسنا۔
-الارضُ: زمین کی روئیدگی کا خوب اُبھرنا۔
اَکْرَمَ الرجلُ: شریف اولاد والا ہونا۔
-فلاناً: عزت کرنا، تعظیم کرنا، بے گناہ قرار

Marfat.com

دینا۔
- نفسہ عن الشائنات: خود کو عیوب سے
پاک وصاف رکھنا۔
تکارَمَہ: کسی کے سامنے کرم وسخاوت پر فخر کرنا۔
-الرجلَ: کسی کو ایک چیز کا بدلہ دینا، جس پر وہ
انعام دے۔
کَرَّمَ السحابُ: بادل کا خوب برسنا۔
یقال: کَرَّمَ المطرُ: خوب برسنا۔
-فلاناً: اَکرَمَہٗ۔
-فلاناً: فضیلت وفوقیت دینا۔
تکارَمَ عن الشئ: بچنا۔
تکرَّمَ عن الشئ: تکارَمَ۔
(۲) فراخ دل بننا، سخی بننا۔
اِستَکرَمَ الشئَ: کسی چیز کی عمدگی چاہنا۔
(۲) عمدہ اور بیش قیمت پانا۔
-العَقائلَ: شریف زادیوں سے شادی کرنا۔
الاِکرامیۃُ: عطیہ (مو)
الاُکرُومَۃُ: شریفانہ عمل، باوقار کردار
التکرِمَۃُ: آدمی کے بیٹھنے کے لئے اس کے
اکرام کی غرض سے تیار کی گئی خصوصی نشست
بستر یا تخت وغیرہ۔
الکُرامُ: الکَریمُ
الکَرامَۃُ: وہ خلاف عادت فعل جس میں نہ
تحدی ہو اور نہ دعوائے نبوت جس کو اللہ اپنے
نیک بندوں کے ہاتھوں ظاہر کرائے (مو)
(۲) گھڑے یا ہنڈیا کا ڈھکن۔
یقال: لفلان علیّ کرامۃ: میرے دل میں
فلاں کی عزت ہے۔
یقال: افعل ذلک و کرامۃً لک، نعم و
حُبّاً و کرامۃ: میں آپ کی عزت کرتا ہوں۔
الکَرّامُ: صاحب کرم، فیاض۔
(۲) شرافت پسند۔
الکَرْمُ: یقال: رجلٌ کرمٌ: سخی آدمی۔
(اس میں مفرد، جمع اور مونث سب برابر ہیں
کیونکہ یہ مصدر بمعنی وصف ہے)
ارضٌ کَرْمٌ: عمدہ اور زرخیز زمین۔
(۲) عفو و درگزر

الکَرْمُ: انگور
ابنۃ الکرم: شراب
(ج) کُرُومٌ۔
الکُرْمُ: یقال: اَفعلُ ذلک و کُرْماً لک۔
نعم و حُبّاً و کُرْماً: میں آپ کی عزت کرتا
ہوں اور یہ کام میں آپ کی خاطر کر رہا ہوں۔
الکَرِیمُ: اللہ تعالیٰ کی صفت اور نام۔
یعنی وہ ذات جو بہت سخاوت کرنے والی اور عطا
کرنے والی ہے کہ اس کی بخشش کی انتہا نہیں۔
(۲) درگزر کرنے والا۔
(۳) ہر اس چیز کی صفت جو اپنی ذات میں عمدہ
ہو۔
منہ وجہٌ کریمٌ، کتاب کریمٌ۔
الکَرِیمَۃُ: الکَرِیمُ کا مونث۔
(۲) خاندانی آدمی۔
یقال: اذا اتاکم کریمۃُ قومٍ فاکرموہ۔
کریمۃ الرجل: بیٹی (ج) کرائم
کریمتک: ناک۔
ہر معزز عضو جیسے کان، ہاتھ اور داڑھی۔
الکریمتان: دونوں آنکھیں۔
المُکْرَمُ: ہر کسی کے نزدیک قابل عزت۔
المَکْرُمَۃُ: قابل قدر کام۔
(ج) مَکارِمُ۔
حدیث میں ہے (بعثت لاُتَمِّمَ مکارمَ
الاَخلاق)۔
ارضٌ مَکرُمَۃٌ: زرخیز اور عمدہ نباتات والی
زمین۔
المَکْرَمَۃُ: ارضٌ مَکْرُمَۃٌ: زرخیز اور عمدہ
نباتات والی زمین۔
الکُرْنُبُ: نصف سالہ فصیلہ صلیبیہ کا پودا
جس کا تنہ چھوٹا سا تنا ہوتا ہے اور سرے پر
ایک کلی ہوتی ہے اس کے پتے لپٹے ہوئے
ہوتے ہیں۔ معتدل علاقوں میں پایا جاتا ہے۔
شام میں اسے المَکفُوف کہتے ہیں (مع)
کَرنَفَ النَّخلَۃَ: کھجور کے تنے پر باقی ماندہ
شاخوں کی جڑوں کو کاٹنا۔
-فلاناً بالعصا: کسی کو لاٹھی یا ڈنڈا مارنا۔

-الشئَ بالسیف: تلوار سے کاٹنا۔
الکُرْنافُ: کھجور کی ٹہنیوں کو کاٹنے کے بعد
تنے پر باقی رہ جانے والے حصے۔
الواحدۃ: کُرنافۃ (ج) کرانیف
الکُرْنافَۃُ: بندوق کا پچھلا حصہ (مو)
کَرِہَ الشئَ ـَ کُرهاً، کَراهَۃً، کَراهِیَۃ:
ناپسند کرنا (اَحَبَّہٗ کی ضد)
ھو کریہٌ و مکروہ۔
کَرُہَ الامرُ والمنظر ـُ کَراهَۃً و
کَراهیۃ: برا اور بدنما ہونا۔
اَکرَھَہ علی الامر: کسی کام پر مجبور کرنا۔
کَرَّہَ الیہ الامرَ: کسی کے دل میں کسی کام کی
نفرت بٹھانا۔
تکارَہَ الشئَ: کَرِھَہ۔
یقال: فعل کذا متکارھا: اس نے یہ کام
بادل ناخواستہ کیا۔
تکَرَّہَ الشئَ: کَرِھَہ
اِستَکرَہَ الشئَ: کَرِھَہ
-فلانۃً: عورت کو بدکاری پر مجبور کرنا۔
الکَرْھاءُ: گدی کا بالائی گڑھا۔
الکُرْہُ: ناگواری، ناپسندیدگی۔
(۲) مشقت (۳) جو کام کسی سے زبردستی لیا
جائے۔
(۴) ناپسندیدہ۔
یقال: شئٌ کُرْہٌ
الکَرْہُ: الکُرْہُ
الکَرِیھَۃُ: جنگ یا جنگ کی شدت۔
یقال: شھدتُ الکریھۃ
(۲) مصیبت (ج) کرائہ۔
یقال: لقیتُ دونہ کرائہ الدھر: میں نے
اس کے پاس پہنچنے کے لئے زمانے کی مصیبتیں
جھیلیں۔
المَکرُوہُ: ناپسند چیز یا گرانبار چیز (ج) مَکارِہ۔
یقال: لقیتُ دونہ مکارہ الدھر: میں نے
اس تک پہنچنے کے لئے تکلیفیں اٹھائیں
المَکرُوھَۃُ: یقال: رجل ذو مَکرُوھَۃٍ: سخت
ومتشدد آدمی۔

Marfat.com

کَرَا الغلامُ ـُ کَرْوًا: گیند سے کھیلنا۔
یقال: کَرَا الکرۃَ و بھا: گیند سے کھیلنا' گیند کو اچھالنے کے لئے مارنا۔
-الارضَ: کھودنا۔
-البئرَ: کنویں کا منہ درختوں سے بنانا اور لکڑی سے چھت ڈالنا۔
کَرَی النھرَ ـِ کَرْیًا: نہر میں نیا گڑھا کھودنا۔
-الارضَ: کھودنا۔
کَرِیَ الرجلُ ـَ کَرًی: سونا۔
ھو کَرٍ' کَرِیٌّ' کَرْیانُ۔
یقال: اصبح فلان کَرْیان الغداۃِ ھی کَرِیَۃٌ۔
اَکْرَی: کم ہونا۔
یقال: اَکْرَی الرجلُ: کسی کا مال یا توشہ کم ہونا۔
-الدارَ او الدابۃَ: گھر یا چوپایہ کرایہ پر دینا۔
کاراہُ مُکَاراۃً' کِراءً: کرایہ پر دینا۔
ھو مُکَارٍ۔
اِکْتَرَی الدارَ و غیرھا: کرایہ پر لینا۔
تکاری الدارَ وغیرھا: اکتراھا
اِستکری الدارَ وغیرھا: اِکْتَرَاھا
الکَرَی: اونگھ (۲) نیند (ج) اَکْراء
الکُرَی: قبریں (کُرْوَۃٌ یا کُرْیَۃ کی جمع)
الکِرَاءُ: کرایہ' اجرت۔
الکُرَۃُ: ہر گول جسم۔
منہ: الکرۃ الارضیۃ۔
(۲) چمڑے کا گول جسم جس سے کھیلا جاتا ہے اس کی متعدد اقسام ہیں۔
کرۃ الصَّولجان: ہاکی کا گیند۔
کِرۃ القدم: فٹ بال۔
کرۃ الید۔
کرۃ التنس: ٹینس۔
کرۃ السَّلَّۃ' کرۃ الماء: باسکٹ بال۔
(۳) (علم ہندسہ میں): وہ ہر سطح جسے دائرہ میں موجود مستوی قطع کرے (ج) کُرات (مع)

الکَرَوانُ: مٹیالے رنگ کا لمبی ٹانگوں والا پرندہ جو کبوتر کی طرح ہوتا ہے اور اس کی آواز خوشنما ہوتی ہے (ج) کِرْوانٌ' کَراوِینُ
الکِرْوَۃُ: الکِراءُ۔
الکَرَوِیَا: (ممدودہ بھی ہوتا ہے) نصف سالہ فصیلہ خیمیہ کی بوٹی جس کی جڑ وتدی اور تنا متفرق شاخوں والا ہوتا ہے۔ اس کے پتے بہت جدا جدا اور اس کا پھل بطور مسالہ اور خوشبو استعمال ہوتا ہے۔ جو کہ بذر الکرویا کے نام سے مشہور ہے اس کی شراب بھی بنائی جاتی ہے (مع)
الکُرَوِیُّ: گیندنما۔
الکَرِیُّ: مزدور (۲) کرایہ پر سواری کا جانور دینے والا (فصیل بمعنی مُفعِل)
(ج) اَکْرِیاءُ۔
المُکارِی: کرایہ پر چوپائے دینے والا۔
عموماً اس کا استعمال گدھوں اور خچروں پر ہوتا ہے۔
(ج) مُکارُونَ۔
الکُرُومُ: سفیدی مائل بھورا ملزی عنصر' بعض معدنیات کی تصفیح میں بذریعہ بجلی کی تحلیل کے استعمال ہوتا ہے۔ جیسا کہ اس کے بعض مرکبات رنگائی وغیرہ میں استعمال ہوتے ہیں (مع)
الکُرُومیتُ: کروم' آکسیجن اور لوہے وغیرہ سے مرکب' ڈھیر کی صورت میں پایا جاتا ہے اسے الکُرُوم کا خام سمجھا جاتا ہے (مع)
الکُرَیَّاتُ: (الکریات الاحم) سرخ خون کے کریات جو کہ سرخ گودے کے اندر تشکیل پاتے ہیں۔

ک.........ز

کَزِبَ مُشْطُ الرِّجل ـَ کَزَبًا: پاؤں کی ہڈیوں کا چھوٹا اور سکڑا ہوا ہونا اور یہ عیب ہے۔
الکُزْبُ: الکُسب میں ایک لغت۔
الکُوزُبُ: کنجوس' تنگ دل۔
المَکْزُوبَۃُ من الالوان: سیاہ و سفید رنگ۔
الکُزْبَرَۃُ: فصیلہ خیمیہ کی یک سالہ زرعی سبزی' بعض کھانوں میں اس کے پتے ملائے جاتے ہیں اس کی جڑیں کھانے اور ادویات میں استعمال ہوتی ہیں۔
کَزَّ الشیءُ ـُ کَزًّا: تنگ کرنا۔
کَزَّ الشیءُ ـَ کَزَازَۃً' کُزُوزَۃً: سردی سے مرجھا جانا' سکڑ جانا۔
-الوجہُ: شکل خراب ہونا۔
-فلانٌ کَزَازًا' کَزَازَۃً بے فیض و بے نفع ہونا ھو کَزٌّ۔ (ج) کُزٌّ۔
رجلٌ کَزُّ الیدین: کنجوس آدمی۔
کُزَّ فلان: لرزہ طاری ہونا۔
ھو مَکْزُوزٌ۔
اَکَزَّہُ اللہُ: لرزہ میں مبتلا کرنا۔
ھو مکزوز۔
اِکْتَزَّ الرجلُ: سکڑنا۔
التَکَزُّزُ: چبانے والے عضلات کے سکڑنے سے جبڑوں کا بند ہونا جس سے منہ نہ کھلے (مع)
الکازوزۃُ: (دیکھئے القازوزۃ) (د)
الکزازُ: خشکی' سکڑن۔
(۲) بخل۔
الکُزازُ: لرزہ' کپکپی جو زیادہ ٹھنڈک یا خون نکلنے کی وجہ سے طاری ہوتی ہے۔
(۲) ایک مہلک بیماری جو مجروح کے زخموں کو ایسی مٹی لگنے سے ہوتی ہے جو مٹی تیتانوس کے باسیل پر مشتمل ہو۔ (مع)
کَزَمَ فلانٌ ـِ کَزْمًا: منہ بند کرکے خاموش ہو جانا۔
-الشیءَ الصُّلب ـُ کَزْمًا: زور سے کاٹنا۔
(۲) اگلے دانتوں سے توڑ کر اس میں سے کھانے کے لئے نکالنا۔
کَزِمَ فلانٌ ـَ کَزَمًا: کسی چیز پر سبقت سے ڈرنا ھو کَزِمٌ۔
(۲) بری طرح کھانا۔
(۳) چھوٹی ناک اور چھوٹی انگلیوں والا ہونا۔
(۴) ٹھوڑی اور نچلے ہونٹ کا آگے بڑھا ہوا ہونا اور اوپر کے ہونٹ کا اندر کو دبا ہوا ہونا۔
یقال: انف اَکْزَم' ید کَزْماء

Marfat.com

اَکْزَمَ فلان: سکڑنا۔
کَزَّمَ: سردی بیماری کا انگلیوں کو اینٹھ دینا۔
-العملَ و نحوه بنانه: کام وغیرہ کا انگلیوں کو سکیڑ دینا خشک کر دینا۔
المُنکزِمُ: چھوٹی ہتھیلی والا۔
کَزَیَ الرَّجلُ ـِ کَزْیًا: طالب بخشش کے ساتھ مہربانی کرنا۔

ک ...... س

کَسَبَ لأهله ـِ کَسْبًا: عیال کے لئے کمائی کرنا، رزق تلاش کرنا۔
-الشیءَ: اکٹھا کرنا۔
-المالَ کَسْبًا، کِسْبًا: دولت کمانا۔
هو کاسِبٌ (ج) کَسَبَۃٌ۔
هوَ کَسَّابٌ، کَسُوبٌ۔
-الإثْمَ: گناہ کا بوجھ اٹھانا۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿وَمَنْ یَّکْسِبْ خَطِیْٓئَةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ یَرْمِ بِهٖ بَرِیْٓئًا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا﴾
-فلانًا مالاً و علمًا او غیر ذلک: کسی کو مال یا علم وغیرہ دینا۔
اَکْسَبَ فلانًا مالاً او علمًا: کسی کو تحصیل علم یا حصول زر میں مدد دینا یا مال یا علم حاصل کرانا۔
اِکْتَسَبَ: تصرف کرنا، کوشش کرنا۔
-المالَ: مال کمانا۔
-الإثْمَ: گناہ کا بوجھ اٹھانا۔
قرآن حکیم میں ہے
﴿لَهَا مَا کَسَبَتْ وَ عَلَیْهَا مَا اکْتَسَبَتْ﴾
تَکَسَّبَ: کوشش سے کمانا۔
-المالَ: مال کمانا۔
یقال: هو یتکسّبُ من الشِعر۔
الکَسْبُ: کمائی۔
یقال: فلانٌ طیّب الکسب۔
الکُسْبُ: تیل کی تلچھٹ۔
(۲) روئی، کتان اور تلوں کے بیجوں سے تیل نکالنے کے بعد بچ جانے والا پھوک۔
الکَواسِبُ: انسان یا پرندوں کے اعضاء مفردہ کاسِبَۃٌ۔
المَکْسَبُ: کمائی (ج) مَکاسِبُ۔
الکُسْتِبان: (دیکھئے الکشتبان)
کَوْسَجَ فلان: کوسج ہونا۔
تکَوْسَجَ: یقال: من طالت لحیتُه تکوسج عقلُه: جس کی داڑھی لمبی ہوتی ہے اس کی عقل ناقص ہوتی ہے۔
الکَوْسَجُ: وہ شخص جس کے رخساروں پر بال نہ ہوں (۲) جس کے دانت کم ہوں (۳) سست رفتار چوپایہ (۴) بہت بڑی سمندری مچھلی اس کا اگلا سرا چپٹا نیزے کی مانند ہوتا ہے۔ دونوں جانب آرے کے دندانوں کی طرح دانت ہوتے ہیں۔ گرم علاقوں کے پانیوں میں یہ مچھلی بکثرت پائی جاتی ہے اور یہ چیر پھاڑ کرنے والی مچھلی ہے۔ (ج) کَواسِجُ
کَسَحَ البیتَ ـَ کَسْحًا: جھاڑو دینا۔
-الریحُ الارضَ: ہوا کا زمین کی مٹی کو اڑا لے جانا۔
-البئرَ او النهرَ: صاف کرنا۔
یقال: أتینا بنی فلان فکسحْناهم: ہم نے ان کا صفایا کر دیا۔
کَسَحَ فلان من مالی ماشآء: اس نے میرے مال میں سے جتنا چاہا لیا۔
کَسِحَ ـَ کَسَحًا، کُساحًا، کُساحَةً: بے حس پاؤں یا بے حس ہاتھ والا ہونا۔
(عموماً استعمال پاؤں میں ہوتا ہے)
هو اَکْسَحُ، هی کَسْحاءُ۔
(ج) کُسْحٌ، کُسْحانٌ۔
هو کُسْحانٌ، کسیحٌ، مُکَسَّحٌ۔
اِکْتَسَحَ الشیءَ: لے جانا۔
یقال: اغاروا علیهم فاکتسحوهم: ان کا سارا مال لے گئے۔
الکُساحُ: اونٹ کے پاؤں کا لنگ
(۲) بچوں کی ہڈیوں کی بیماری (ع)
الکُساحَةُ: جھاڑو کے بعد اکٹھا ہونے والا کوڑا۔
الکَسِیحُ: وہ شخص جس سے تو مدد طلب کرے لیکن عجز کی بناء پر مدد نہ کر سکے۔
المِکْسَحُ: جھاڑو۔
المِکْسَحَةُ: جھاڑو۔
المُکَسَّحُ: پاؤں میں لنگ کا مریض
(۲) ہموار تراشیدہ لکڑی۔
کَسَدَ الشیءُ ـُ کَسادًا، کُسُوْدًا: قلت رغبت کی وجہ سے گاہک نہ ہونا، کم ہونا، نہ چلنا،
هو کاسد، کَسِیدٌ۔
یقال: کَسَدَتِ السُّوق: بازار مندا ہونا۔
هی کاسد، کاسدة۔
یقال: سلْعة کاسدة
کَسُدَ الشیءُ ـُ کَسادًا، کُسُوْدًا:
کَسَدَ هو کَسِیْدٌ۔
اَکْسَدَ القومُ: مندے بازار والا ہونا۔
-الشیءَ: مندا کرنا، کسی چیز کی مانگ کم کر دینا۔
کَسَرَ فلانٌ من طرفه و علی طرفه ـِ کَسْرًا: نگاہ قدرے نیچی کرنا۔
-الشیءَ: سخت چیز توڑنا، ریزہ ریزہ کرنا۔
هو کاسِرٌ (ج) کُسَّرٌ۔
هی کاسرة (ج) کَواسِرُ۔
الشیءُ مکسورٌ و کسیرٌ (ج) کسیرٰی، کَسْرٰی، کَساری۔
یقال: کَسَر من ثورته، کسر حُمَیّا الخمر بالمِزاج، کسر من برد الماء وحرّه۔
-الکتابَ علی عِشرة فصول مثلاً: مرتب کرنا۔
-متاعَهٗ: سامان کا ایک ایک حصہ کر کے بیچنا۔
-الوِسادَ: تکیہ کو موڑ کر اس پر ٹیک لگانا۔
-الطائر جناحیه: پرندے کا اترنے کے لئے دونوں بازو سمیٹنا۔
جب جناحین کا تذکرہ نہ ہو تو پھر قد کَسَرَ کُسُوْرًا۔
یقال: بازٍ کاسر، عُقابٌ کاسِرٌ۔
-الرجلَ عن مراده: کسی کو اس کے مقصد سے ہٹانا۔
-القومَ: شکست دینا۔

Marfat.com

-الشعرَ: شعر کاوزن درست نہ کرنا۔
-الحرفَ: حرف کوزیر دینا (مو)
کسّرَ الشئَ: بالکل توڑنا۔
-الکلمةَ: جمع تکسیر بنانا (مو)
اِنکسَرَ الشئُ: لازم کَسَرَہ
-الشئُ: زورکم پڑنا۔
یقال: انکسر الحرُّ و بردُ الماء
-العسکرُ: لشکر کا شکست کھا کر منتشر ہونا
هو مکسور' لا یقال: منکسر
-الشعرُ: شعر کاوزن ٹھیک نہ رہنا۔
-العجینُ: آٹے کا زم ہوکر خمیر اُٹھنا۔
تکسّر الشئُ: لازم کسّرَہ
یقال: فلان فیه تَخنُّثٌ و تکسُّرٌ: ڈھیلا ہونا۔
رأیته مُتکسِّرًا: سست ڈھیلا۔
الإکسیر: (دیکھئے: اکسیر باب الهمزه میں)
الکُسارُ: ٹوٹی ہوئی چیز کے ریزے۔
جیسے کسار الزجاج' کسارُ العود و الخبز۔
الکُسارَةُ: الکُسارُ۔
الکِسْرُ: گھر کا گوشہ۔
(۲) ہر چیز کا کونہ (ج) اَکسار' کسور
الکَسْرُ: الکِسْرُ (۲) تھوڑی چیز
(۳) (حساب میں) ایک عدد کا ناتمام جیسے نصف' خمس' تُسع اور عُشر۔
(ج) کُسُور۔
یقال: ضربَ الحُسّابُ الکُسورَ بعضَها فی بعض: حساب دانوں نے کسر کو کسر سے ضرب دی۔
الکَسْرَةُ: شکست۔
یقال: و قعتْ علی القوم الکَسْرَةُ: لوگ ہار گئے۔ شکست کھا گئے۔
فلان بعینه کَسْرَةٌ من السهر: فلاں کی آنکھ میں نیند بھری ہوئی ہے۔
رجل ذو کَسَرات: ہر چیز میں دھوکہ کھانے والا شخص۔

الکِسْرَةُ: کسی چیز کا ٹوٹا ہوا ٹکڑا۔
منه: الکِسْرة من الخبز (ج) کِسَرٌ۔
الکَسّارَةُ: اخروٹ وغیرہ توڑنے کا آلہ (مح)
الکُسُورُ من الجلد والثوب: کھال یا کپڑے کی سلوٹ۔
ارض ذات کُسور: اونچی نیچی زمین۔
- من الأودیة والجبال: وادیوں اور پہاڑوں کے موڑ اور گھاٹیاں (اس معنی میں اس کا کوئی واحد نہیں)
المُکاسِرُ من الجیران: آپ کا پڑوسی جس کا گھر آپ کے گھر سے ملا ہوا ہو۔
یقال: فلان مُکاسِری: فلاں میرا پڑوسی ہے۔
المَکْسِرُ: ٹوٹنے کی جگہ۔
یقال: عود صُلب المکسرِ: توڑنے سے عمدہ ثابت ہونے والی لکڑی
فلان طیّب المکسر: تجربہ سے قابل تعریف ثابت ہونے والا شخص۔
المُکَسَّرَاتُ: اخروٹ' بادام اور بندق وغیرہ (محدثہ)
کَسَّ الشئَ ـُ کَسًّا: خوب کوٹنا۔
کَسَّ الرجلُ ـَ کَسَسًا: کسی کے نچلے جبڑے اور دانتوں کا باہر نکلا ہوا ہونا اور اوپر کے جبڑے اور دانتوں کا پیچھے کو ہونا۔
هو اَکَسُّ' هی کَسّاءُ (ج) کُسٌّ۔
تکاسَسَ: جان بوجھ کر کَسَس کرنا۔ جبکہ پیدائشی طور پر نہ ہو۔
الکَسِیسُ: پتھروں پر خشک کر کے ستو کی طرح چورہ کیا ہوا گوشت جو سفر میں بطور توشہ کام آتا ہے۔
(۲) جوار کئی سے بنی ہوئی شراب۔
کَسَعَ فلانًا ـَ کَسْعًا: کسی کی سرین پر ہاتھ یا لات مارنا۔
یقال: کَسَعَ القومَ بالسیف: لوگوں کا پیچھا کر کے تلوار مارنا۔
-الشئَ بکذا و کذا: تابع کرنا۔

یقال: وردت الخیلُ یَکسَعُ بعضها بعضًا۔
- فلانًا بماساءۃٍ: کسی کو تکلیف دہ بات کہنا (۲) دھتکارنا۔
اِکتَسَعَتِ الخیلُ بأذنابها: گھوڑوں کا اپنی دموں کو ٹانگوں میں دبا لینا۔
یقال: اِکتَسَعَ الکلبُ۔
-الفحلُ: سانڈ کا اپنی دم کو اپنی رانوں پر مارنا۔
تکَسَّعَ فی ضلاله: گمراہی میں بڑھتے رہنا۔
الأکسَعُ: یقال: حمام اَکسَعُ: وہ کبوتر جس کی دم کے نیچے سفید پر ہوں۔
الکُسعَةُ: ہر شے کی پیشانی پر سفید دھبا۔
(۲) پرندے کی دم کے نیچے سفید بالوں کا گچھا
(۳) روئی کا ٹکڑا (ج) کُسَعٌ۔
کَسَفَتِ الشمسُ ـِ کُسُوفًا: سورج کا چھپ جانا اور روشنی ختم ہو جانا۔
-الوجهُ: چہرہ زرد پڑنا' بدل جانا۔
-الرجلُ: نگاہ نیچی ہو جانا۔
یقال: کَسَفَ بصرَہ: نگاہ نیچی کرنا۔
-بصرُہ: آنکھ دکھنے کی بنا پر نہ کھلنا۔
-بالُه: بدحال ہونا۔
-اَمَلُه: ناامید ہونا۔
-الشئَ کَسْفًا: ڈھانکنا۔
- الشمسُ النجومَ: سورج کی روشنی کا ستاروں کو چھپا لینا۔
-الشئَ: منقطع کرنا۔
اَکسَفَ القمرُ الشمسَ: چاند کا سورج کی روشنی کو چھپا لینا۔
-الحزنُ فلانًا: غم کا کسی کو بدل ڈالنا۔
کَسَّفَ الشئَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الکاسِفُ: یقال: یومٌ کاسِفٌ: بہت بڑا اور سخت مصیبت کا دن۔
الکِسْفَةُ: کسی چیز کا ٹکڑا۔
(ج) کِسْفٌ' کِسَف۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿اَوْ تُسْقِطَ السَّمَاءَ کَمَا زَعَمْتَ عَلَیْنَا کِسَفًا﴾
ایک روایت میں کِسْفًا ہے۔

Marfat.com

الكُسُوفُ: زمین اور سورج کے درمیان چاند کے آجانے کی وجہ سے سورج کی روشنی کا چھپ جانا یا کم ہو جانا۔ یہ سورج کے لئے ایسا ہی ہے جیسے چاند کے لئے خسوف
الكِسِيفَةُ: الكِسْفَةُ۔
كَسْكَسَ الشئَ: خوب کوٹنا۔
الْكَسْكَسَةُ: مؤنث کی ضمیر کاف کے ساتھ وقف کی صورت میں سین لگانا۔
یقولون: اَعْطِیتُكِسْ و مِنكِسْ: کہتے ہیں اعطیتكِ اور منكِ کو اور یہ ہوازن کی لغت ہے۔
الْكُسْكُسِيُّ: اہل مراکش کا کھانا جو دھلے ہوئے گیہوں سے بنایا اور بھاپ پر پکایا جاتا ہے (مو)
كَسِلَ عن الشئِ ۔ كَسَلاً: ایسے کام میں سستی کرنا جس میں سستی کرنا ٹھیک نہ ہو۔
هو كَسِلٌ، كَسْلاَن۔
(ج) كُسالَى، كَسْلَى۔
هي كَسِلَةٌ، كَسْلَى، كَسْلاَنَةٌ۔
أكْسَلَ الامرُ الرَّجلَ: سست کر دینا۔
كَسَّلَه اَكْسَلَه۔
تَكَاسَلَ: جان بوجھ کر سستی کرنا۔
اِسْتَكْسَلَ المَتَكَاسِلُ: سستی کرنے والے کا سستی کی وجوہ بیان کرنا۔
المَكْسَلَةُ: سستی کا سبب۔
یقال: الفراغ مَكْسَلَةٌ۔
فلان لا تُكْسِلُه المكاسِلُ: فلاں شخص کو اسباب کسل سست نہیں بناتے۔
كَسَمَ ۔ كَسْمًا: معاش کے لئے محنت کرنا۔
-الحربَ: جنگ کی آگ بھڑکانا۔
-الشئَ الیابسَ: سوکھی چیز کو ہاتھ سے چورنا۔
الأَكْسُومُ من الرِّیاض: گھنے نباتات کا باغ (ج) اَكَاسِمُ، اَكَاسِیمُ۔
الكِسْمُ: ہاتھوں کو لگا رہ جانے والا خشک چیز کا چورا۔
الكَسُومُ: محنتی اور کاموں میں مستعد۔
كَسَا فلانًا ثوبًا ۔ كَسْوًا: کسی کو کپڑا دینا
(۲) کپڑا پہنانا۔
كَسِیَ ۔ كَسًا: کپڑا پہننا ہو كاسٍ۔
اِكْتَسَى: کپڑا پہننا۔
الارضُ بالنبات: زمین کا نباتات سے ڈھک جانا۔
تَكَسَّى بالكساء: کپڑا اوڑھنا، پہننا۔
اِسْتَكْسَاهُ: کسی سے کپڑا مانگنا۔
الكِسَاءُ: لباس (ج) اَكْسِیَةٌ۔
الكُسْوَةُ: بدن ڈھانپنے یا زیبائش کا کپڑا (ج) كُسًا۔

ک......ش

كَشَأَ اللحمَ ۔ كَشْأً: گوشت کو بھون کر خشک کرنا۔ هو كَشِئٌ۔
-الطعامَ: کھانے کی چیز کو ککڑی وغیرہ کی طرح دانتوں سے کاٹ کر کھانا۔
-الشئَ: چھپانا۔
كَشِئَ من الطعام ۔ كَشَأً، كَشَاءً: شکم سیر ہونا۔
هو كَشِئٌ، كَشِئٌ۔
-يدُهُ: ہاتھ کی کھال کا موٹا ہونا۔
-السِّقاءُ: مشک کا چمڑا چھل جانا۔
اَكْشَأَ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔
تَكَشَّأَ الأديمُ: کھال چھل جانا۔
-الرجلُ من الطعام: کھانے سے سیر ہونا
-اللحمَ: سوکھا ہوا گوشت کھانا۔
الكَشِيءُ: بھنا ہوا پختہ گوشت
الكُشْتُبَانُ: قیف نما خول جو درزی انگلی کے سرے پر چڑھاتا ہے تاکہ سوئی سے بچ سکے (فارسی الاصل) مصر میں شین کی جگہ سین بولا جاتا ہے (۲) (موسیقی میں) دھات وغیرہ کا خول جس کے دونوں سرے کھلے ہوتے ہیں انگلی پر چڑھا کر طبلہ بجایا جاتا ہے۔
كَشَحَ القومُ عن الماء ۔ كَشْحًا: پانی کے پاس سے چلے جانا، ہٹ جانا۔
-الطائرُ: پرندے کا پانی سے تیزی کے ساتھ واپس ہو جانا۔
-لفلان بالعداوة: کسی کے ساتھ دشمنی رکھنا۔
-الدَّابَّةَ: چوپائے کا دم کو ٹانگوں میں دبانا۔
-القومَ: دھتکارنا۔
-البعیرَ: اونٹ کے پہلو پر آگ کا داغ لگانا۔
-فلانًا: کوکھ کے قریب نیزہ مارنا۔
-العودَ: لکڑی کو چھیلنا۔
كُشِحَ ۔ كَشْحًا: پہلو میں درد ہونا۔
كَاشَحَه: دشمنی رکھنا۔
كَشَّحَ العُودَ: لکڑی کو چھیلنا۔
اِنْكَشَحُوا عن الماء و نحوه: لوگوں کا چھٹ جانا، منتشر ہو جانا۔
الكاشِحُ: شدید دشمن۔
الكِشَاحُ: پہلو کا داغ
الكُشَاحَةُ: بائیکاٹ۔
الكَشْحُ: پہلو، کوکھ اور پسلیوں کے درمیان کی جگہ (۲) موتیوں وغیرہ کا ہار (ج) كُشُوحٌ۔
یقال: طوی كَشْحَه علی الامرِ: کسی بات کو چھپانا۔
طوی عنه كَشْحَه: چھوڑنا، پہلو تہی کرنا۔
الكُشَحُ، الكُشَاحُ: پہلو کی بیماری یا ذات الجنب۔
المِكْشَاحُ: کلہاڑی (۲) تلوار کی دھار
كَشَدَ الشئَ ۔ كَشْدًا: دانتوں سے کاٹنا۔
-الناقةَ: اونٹنی کو تین انگلیوں سے دوہنا۔
اَكْشَدَ: دودھ سے مکھن نکالنا۔
الكَاشِدُ: اہل و عیال کے لئے محنت سے روزی کمانے والا (۲) صلہ رحمی کرنے والا۔
الكَشُودُ: الكَاشِدُ۔
كَشَرَ عن اَسْنانه ۔ كَشْرًا: دانت ظاہر کرنا، ہنستے وقت دانت نکالنا۔
-فلانٌ لصاحبه: اپنے ساتھی کو دیکھ کر مسکرانا۔
-السَّبُعُ عن نابه: درندے کا مقابلہ کے لئے دانت نکالنا۔
-العَدُوُّ عن انيابه: دشمن کا دانت پیسنا۔ درندے کی طرح کاٹ کر کھانے کے لئے دوڑنا۔
كَاشَرَه: کسی کے سامنے ہنسنا، بے تکلفی سے پیش آنا۔

Marfat.com

کَشَّرَ: مبالغہ در کَشَرَ
الکَشَرُ: خوشہ جس کا پھل کھا لیا گیا ہو۔
الکُشَرِیُّ: چاول اور دال چھلی ہوئی یا بغیر چھلی ہوئی سے بنایا ہوا کھانا (محدثہ)
کَشَّتِ الأفعٰی ۔ کَشِیشًا: سانپ کی جلد کی باہمی رگڑ سے آواز نکلنا۔
(۲) سانپ کا پھنکارنا۔
-الجمل: اونٹ کا بلبلانا۔
-القدرُ: ہنڈیا میں جوش آنا۔
اب کَشَّ سکڑنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ یقولون: کشَّ الثوبُ بعد الغسل: کپڑے کا دھلنے کے بعد سکڑنا۔
-فلانٌ من کذا: کسی چیز سے ڈرنا۔
کَشَطَه عنه ۔ کَشْطًا: الگ کرنا۔
یقال: کَشَطَ الجلدَ عن الذَّبیحة۔
کَشَطَ الجُلَّ عن الفرس۔
لأَکْشِطَنَّ عن أسرارك: میں ضرور تیرے بھید کھولوں گا۔
-الحروف: مٹانا، کھرچنا۔
-غلالة اللّبن: دودھ کے جھاگ کو اکٹھا کرنا۔
اِنْکَشَطَ: لازم کَشَطَ۔
یقال: اِنْکَشَطَ رَوعهُ: کسی کا خوف دور ہونا
تَکَشَّطَ السَّحابُ: بادلوں کا پھٹنا اور منتشر ہونا۔
الکَشَّاطُ: قصائی۔
کَشَفَ الشئَ و عنه ۔ کَشْفًا: کھولنا، پردہ ہٹانا۔
یقال: کشف الامر و عنه: معاملہ کو ظاہر کرنا۔
کَشَفَ اللهُ غَمَّهٗ: رنج و تکلیف دور کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿رَبَّنَا اکْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ﴾
-الکَوَاشِفُ فلانًا: انکشافات نے اسے رسوا کر دیا۔
یقال: کشف علیه الطبیب: ڈاکٹر نے اس کی حالت کو چیک کیا اور اس کی بیماری کی تشخیص کی۔(مو)

کَشِفَ فلانٌ ۔ کَشَفًا: سر کا اگلا حصہ کھلنا
(۲) لڑائی میں بے ڈھال ہونا۔
(۳) لڑائی میں سر پہ خود نہ رکھنا۔
(۴) لڑائی میں شکست کھانا۔
-الفرسُ: گھوڑے کی دم کے بالوں کا خم دار ہونا ۔ هو اکشف (سب میں) (ج) کُشْفٌ۔
اَکْشَفَ فلان اس طرح ہنسنا کہ مسوڑھے دکھائی دینے لگیں۔
کاشَفَه بالأمر: کسی کو کوئی بات بتانا۔
-بالعَداوة: کسی سے دشمنی کا اظہار کرنا۔
کَشَّفَ: مبالغہ در کشف۔
اِکْتَشَفَتِ المرأةُ: عورت کا حد سے زیادہ اظہار زینت کرنا۔
-الأمرَ: کوشش سے انکشاف کرنا۔(محدثہ)
-الشئَ: پہلی بار کسی چیز کا انکشاف کرنا۔ (محدثہ)
اِنْکَشَفَ الشئُ: ظاہر ہونا۔ لازم کَشَفَ۔
تَکَاشَفَ القومُ: ایک دوسرے سے اپنی بات ظاہر کرنا۔
تَکَشَّفَ الشئ: کھلنا، ظاہر ہونا۔
-فلانٌ: رسوا ہونا۔
-البرقُ: آسمان میں بجلی پھیلنا۔
- الارضُ: زمین کا خشک ہو کر جگہ جگہ سے پھٹنا۔
اِسْتَکْشَفَ عنه: کسی سے کسی کا انکشاف کرانا۔
الکَشْفُ: اسکاؤٹنگ۔ تہذیبی نظام جس سے مراد تعاون، شرافت اور نفسی اعتماد کے ذریعے شخصیت کی تکوین ہے۔ جس میں مختلف علاقوں کا دورہ کر کے وہاں کیمپ لگا کر رضا کارانہ طور پر مظاہرہ خدمت کیا جاتا ہے (محدثہ)
الکَشَّافُ: جماعت کشف کا ایک فرد۔ اس کے کئی مراتب ہیں (محدثہ)
الکَشْفاءُ: جبهة کشفاءُ: وہ پیشانی جس کا بالائی حصہ دبا ہوا ہو۔
المِکْشَافُ: لکھربی: بجلی کے کنکشن کی طاقت یا نوعیت معلوم کرنے کا آلہ۔ اسے الیکٹروسکوپ بھی کہتے ہیں (ج)

الکِشْكُ: دودھ اور آٹے سے بنایا ہوا کھانا جسے خشک کیا جاتا ہے اور بوقت ضرورت پکایا جاتا ہے۔ بسا اوقات یہ جو سے بنایا جاتا ہے۔ (قال المطرزی: یہ فارسی معرب ہے)
الکُشْكُ: قصرِ شاہی۔
(۲) لکڑی وغیرہ کی کوٹھڑی، فارسی میں اسے کوشلک کہتے ہیں۔
کَشْکَشَ فلانٌ بھاگنا۔
-الافعٰی: سانپ کی کھال سے آواز نکلنا۔
یقال: بئرٌ لا یُکَشْکِشُ ماؤها: وہ کنواں جس کا پانی نکالنے سے ختم نہ ہوتا ہو۔
-الثوبَ: کپڑے میں سلوٹیں ڈالنا (محدثہ)
الکَشْکَشَة: بنو ربیعہ اور بنو اسد کا ایک لہجہ مؤنث کے کاف خطاب کی جگہ شین پڑھتے ہیں۔
یقولون: فی علیك و منك عَلَیشِ مِنشِ۔
قیل کہ وہ کاف مکسورة کے بعد شین کا اضافہ کرتے ہیں
علیك کو عَلَیکِش پڑھتے ہیں۔
کَشَمَ اَنْفَهٗ ـُ کَشْمًا: جڑ سے ناک کاٹنا۔
- القَثَّاءَ او الجزرَ: ککڑی یا گاجر کوشق کے ساتھ کھانا۔
کَشِمَ ـَ کَشَمًا: پیدائشی یا خاندانی طور پر عیب دار ہونا۔
هو اَکْشَمُ۔
اِکْتَشَمَ انفه: کشمه
کَشْمَرَ: رونے کے قریب ہونا۔
-انفه: ناک توڑنا۔
الکُشَامِرُ: برا آدمی۔
الکِشْمِش: بغیر بیج کے چھوٹے انگور۔
(۲) فصیله کشمشیه کا ایک پودا جو پھل کے حصول کے لئے اگایا جاتا ہے (مو)
کَشَا الشئَ ـُ کَشْوًا: کسی چیز کو منہ سے پکڑ کر کھینچنا۔

Marfat.com

ک ....ص

كَصَّ ـِ كَصًّا' كَصِيصًا: خوف سے دبک جانا' سمٹ جانا (۲) مصیبت اور ڈرنے کے وقت کمزور ہو جانا۔

اَكَصَّ فلانٌ: شکست کھا کر بھاگنا۔

الكَصِيصُ: خوف وگھبراہٹ کی وجہ سے دھیمی آواز (۲) ڈر' خوف سے اضطراب (۳) محنت کی وجہ سے پیچ وتاب۔

(۴) ٹڈی کی آواز۔

كَصَمَ ـِ كَصْمًا' كُصومًا: منزل پر پہنچے بغیر جہاں سے چلے وہیں واپس آ جانا۔

ک ....ظ

كَظَبَ ـُ كُظوبًا: مٹاپے سے جسم بھرا ہوا ہونا۔

كَظَرَ القَوسَ ـُ كَظْرًا: تانت باندھنے کے لئے کمان کے کناروں پر دندانہ بنانا۔

-الزَّنْدَةَ: چقماق میں دندانے بنانا۔

الكُظْرُ: گردہ کے اردگرد کی چربی۔

(۲) گردے سے چربی اُتارنے کے بعد کی جگہ۔

(۳) انڈوکرائن گلینڈ۔

(۴) کمان میں تانت باندھنے کے لئے بنائی ہوئی جگہ (ج) كِظَارٌ۔

الكُظْرَةُ: گردے کی چربی اُتار لینے کے بعد کی جگہ۔

كَظَّ المسيلَ بالماءِ ـُ كَظًّا: نالی کا پانی کی کثرت کی وجہ سے تنگ ہو جانا۔

-الحبلَ: رسی کو باندھنا۔

-الطعامُ او الشرابُ الحيوانَ: کھانے اور پینے کا جانور کو اتنا سیر کر دینا کہ اس کے لئے سانس لینا دشوار ہو جائے۔

-الغيظُ صدرَه: سینے کا غیظ وغضب سے بھر جانا۔

-الأمرُ فلانًا: رنج وتکلیف پہنچانا۔

-فلانٌ خصمَه: اپنے مقابل کو اس طرح گھیرنا کہ وہ بچ کر نہ جا سکے۔

كاظَّه: عرصہ تک کسی کے مقابلے پر ڈٹے رہنا۔

- فلانًا في الحرب: جنگ میں کسی سے زبردست مقابلہ کرنا۔

اِكْتَظَّ: بہت بھرنا۔

يقال: اِكْتَظَّ المكانُ بالناس۔

اكتظَّ الوادي بالسيل۔

اكتظَّ بطنُه بالطعام۔

تكاظُّوا: جنگ میں گتھم گتھا ہونا۔

-القومُ: دشمنی میں حد سے بڑھنا۔

الكِظاظُ: تکان' سختی۔

(۲) دل کی گھٹن' رنج وغم۔

الكِظُّ: يقال: رجل كِظٌّ: کاموں میں گھرا ہوا گرانبار آدمی۔

الكِظَّةُ: بدہضمی (ج) اِكِظَّةٌ۔

كَظْكَظَ السِّقاءُ: مشک کا پانی ڈالتے وقت ہر مرتبہ اُٹھنا' پھولنا۔

تكظكظَ عند الأكلِ: شکم سیر ہونے کی بناء پر کھاتے وقت سیدھا ہو کر بیٹھنا۔

كَظَمَ السِّقاءَ ـِ كَظْمًا: مشک کو بھر کر منہ بند کرنا۔

-مجرى الماء: پانی کے راستے کو بند کرنا۔

-الرجلُ غيظَه و عليه غيظَه: اپنے غصے کو قابو میں کرنا معافی کی صورت میں ہو یا ناراضگی برقرار رہنے کی صورت میں ہو۔

هو كاظِمٌ' كظيمٌ۔

كَظَمَني الغيظُ' فانا كظيمٌ' مكظوم۔

-نَفَسَه: سانس روکنا۔

كَظَمَ ـُ كُظُومًا: خاموش رہنا۔

الكاظِمُ: غصہ ضبط کرنے والا۔

قرآن حکیم میں ہے ﴿وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ﴾ (ج) كُظَّمٌ۔

الكِظامُ: بند کرنے کی چیز۔

يقال: اَخَذَ بكظامِ الامرِ: قابل بھروسہ کام کو اپنانا۔

الكِظامَةُ: بند کرنے کی چیز۔

(۲) اونٹ کا ناک باندھنے کی رسی۔

(۳) وادی کا دہانہ۔

(۴) ترازو کے پلڑے کی تین رسیوں کے سرے باندھنے کا کڑا۔

الكَظْمُ: سانس کی نالی۔

يقال: اخذَ بكَظْمِه (ج) اَكْظامٌ' كِظامٌ۔

الكَظِيمُ: الكاظِمُ: مكظوم کے معنی میں بھی آتا ہے۔

قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَابْيَضَّتْ عَيْنَاهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيمٌ﴾

(۲) دروازہ بند کرنے کی چٹخنی

يقال: انها لكظيم الخَلْخَال: اس عورت کی پازیب کسی ہوئی ہے اس لئے آواز سنائی نہیں دیتی۔

كَظَا لحمُهُ ـُ كَظًّا: گوشت کا ٹھکا ہوا ہونا' گٹھے ہوئے جسم کا ہونا۔

تكظّى لحمُه سِمَنًا: مٹاپے سے گوشت کا بھرا ہوا ہونا۔

ک ....ع

كَعَبَتِ الفتاةُ ـُ كُعوبًا: ابھرے ہوئے پستان والی ہونا۔

هي كَعَابٌ كَاعِبٌ (ج) كَواعِبُ

يقال: كعبَ الثَدْيُ۔

-فلانًا ـُ كَعْبًا: بدن کے خشک حصہ جیسے بازو پر مارنا۔

-الإناءَ و غيرَه: برتن وغیرہ کو بھرنا۔

اَكْعَبَ الرجلُ: تیز چلنا۔

كَعَّبَتِ الفتاةُ: ابھرے ہوئے پستان والی ہونا۔

يقال: كَعَّبَ الثَدْيُ۔

-الشيءَ: چوکور بنانا (۲) مکعب بنانا۔

-العددَ: کسی عدد کو اسی سے دو دفعہ ضرب دینا۔

-الإناءَ: برتن کو بھرنا۔

-الثوبَ: خوب طے کرنا۔

تَكَعَّبَ ثَدْيُ الفتاةِ: پستان اُبھرنا۔

التكعيبةُ: انگور کی بیل چڑھانے کا چھپر (محدثہ)

التكعيبيّةُ: تصویر کشی کا ایک خاص طریقہ جس

Marfat.com

میں اشیاء اور مناظر کو نقوش کے ذریعے ظاہر کیا جاتا ہے۔ واضح ترین مثال بیکاسُو ہے (مج)
الکَعْبُ: ہر ہڈی کا جوڑ۔
(۲) پنڈلی اور قدم کے ملنے کی جگہ اُبھری ہوئی ہڈی۔ ہر قدم میں دائیں بائیں دو کعب ہوتے ہیں جسے عوام الناس عَقِب کو کَعْب کہتے ہیں۔
-من القصب والقنا: دو پوروں کے درمیان کی گرہ (ج) کُعُوبٌ، کِعابٌ۔
(۳) نرد (کھیل) کا نگینہ۔
یقال: رجل عالي الكعب: بلند رتبہ شخص
الکَعْبَۃُ: بیت الحرام مکہ مکرمہ۔
(۲) ہر چہار گوشہ گھر۔
(ج) کَعَباتٌ، کِعابٌ۔
المُکَعَّبُ: پھول دار چادر یا کپڑا۔
(۲) (پیمائش میں) وہ جسم جسے چھ مساوی سطحیں محیط ہوں۔
(۳) (حساب میں) کسی عدد کو اس کے چہار گنا سے ضرب دے کر حاصل ہونے والا عدد۔ جیسے آٹھ دو کا معکب ہے۔
کَعْبَرَہ بالسیف: تلوار سے کاٹنا۔
تَکَعْبَرَ: لازم کَعْبَرَہ۔
الکُعْبُرَۃُ: گیہوں کی بالی وغیرہ کی گرہ پوری کی گرہ۔
(۲) ہر دو ہڈیوں کا جوڑ جیسے کلائی۔
(۳) ہر تہ بہ تہ اکٹھا ہونے والی چیز۔
(۴) کُعْبُرَۃُ الوظیف: پنڈلی میں جوڑ۔
(۵) کُعْبُرَۃُ الکَتِفِ: مونڈھے کی گھومنے والی ہڈی۔
(۶) سر کی جڑ (۷) ران کا سرا۔
(۸) گوشت کا تھوڑا سا ٹکڑا
(۹) گیہوں کو صاف کرنے کے بعد پھینکا جانے والا کوڑا (ج) کعابر
الکُعْبُورَۃُ: ہر تہ بہ تہ جمع شدہ چیز
(ج) کَعابِیرُ۔
کَعْبَسَ الرجل: تیز چلنا قیل: ہلکے ہلکے دوڑنا۔
اَکْعَتَ فلان: غصہ سے منہ پھلائے ہوئے چلنا۔

الکُعَیتُ: بلبل کی قسم کا ایک پرندہ، چھوٹا سا بہت پھرتیلا، دن بھر متحرک رہتا ہے۔ چہچہاہٹ میں دنیا کا خوبصورت ترین پرندہ، سر گردن اور سینے کا بالائی حصہ سیاہ ہوتا ہے۔ مصر، سوڈان اور ان علاقوں میں پایا جاتا ہے جہاں باغیچے بکثرت ہوں (ج) کِعْتان۔
کَعْتَرَ فی مَشْیِہ: نشہ والے کی طرح جھومتے ہوئے چلنا۔
کَعِرَ الصَّبِیُّ - کَعَرًا: بچہ کا پیٹ بڑھ جانا اور موٹا ہو جانا۔
ھو کَعِرٌ، اَکْعَرُ۔
-الفصیلُ: اونٹ کے بچے کے کوہان میں چربی بننا شروع ہونا۔
اَکْعَرَ البعیرُ: اونٹ کا کوہان چربی سے بھر جانا۔
الکعس: انگلی کے جوڑوں کی ہڈی (۲) پوروں کی ہڈیاں (ج) کِعاسٌ۔
کَعْطَلَ بیدہ: انگڑائی لیتے وقت ہاتھ پھیلانا
کَعَّ فلان - کَعًّا، کُعوعًا، کَعاعۃ: کمزور و بزدل ہونا۔
ھو کَعٌّ، کاعٌ۔
(ج) الأخیر: کاعَّۃٌ۔
اَکَعَّ فلانًا: ڈرانا، بزدل بنانا۔
-الخوفُ فلانًا: خوف کا کسی کو کسی جگہ سے ہٹا لینا، دور کر دینا۔
-فی کلامہ: بات کرتے ہوئے رکنا۔
الکَعْکُ: آٹے، شکر اور گھی سے گول برابر بنائی جانے والی روٹی۔
کَعْکَعَ فی کلامِہ: بات کرتے ہوئے رکنا۔
-فلانًا: ڈرانا، بزدل بنانا۔
(۲) کسی کا رخ پھیرنا، اس کے راستے سے روکنا۔
تَکَعْکَعَ: آگے بڑھنے کے بعد خوف سے پیچھے ہٹ جانا۔
کَعَمَ البعیرَ - کَعْمًا: اونٹ کے منہ کو مستی کے وقت باندھ دینا تا کہ کاٹے اور کھائے نہ۔
ھو کعیمٌ، مکعومٌ۔

-الوعاءَ: برتن کا منہ بند کرنا۔
-الخوفُ فلانًا: خوف کا کسی کی زبان بند کر دینا۔
کاعَمَھا: منہ کا بوسہ لینا۔
(۲) بوسہ لینے کی طرح منہ پر منہ رکھ دینا۔
الکِعامَۃُ، الکِعامُ: جانور کے کاٹنے اور کھانے کے ڈر سے اس کا منہ باندھنے کی چیز۔
کُعْنِبَ قرنُ التَّیسِ: بکرے کے سینگ کا حلقے کی طرح مڑا ہوا ہونا۔
ھو مُکَعْنَبٌ۔

ک .... غ

الکاغَدُ: کاغذ (مع)

ک .... ف

کَفَأَ الإناءَ - کَفْأً: اوندھا کرنا، پلٹنا۔
-القومَ عن الشیٔ: ہٹ جانا، الگ ہو جانا۔
یقال: کفدم فلانًا: ہٹانا، الگ کرنا۔
اَکْفَأَ الإناءَ: کَفَأَہ۔
-فی سیرہ: راہ راست سے ہٹنا۔
-فی الشعر: حرف روی کو اس کے قریبی حرف سے بدلنا جیسے راء کو لام سے اور لام کو میم سے۔
-لونُہ: رنگ بدل جانا، پھیکا پڑ جانا۔
-لہ: کسی کا مماثل و ہم پلہ بنانا۔
-الخِباءَ: خیمہ پر پیچھے کی جانب پردہ لگانا۔
کافَأَہ علی الشیٔ مکافأۃ، کفاءً: بدلہ دینا۔
یقال: کافاہ بصنعہ۔
-فلانًا: کسی سے برابری کرنا، ہم پلہ ہونا۔
یقال: لنا ظُلَّۃٌ نکافئ بھا عین الشمس
ہمارا ایک سائبان ہے جس کے ذریعے ہم سورج کی تمازت کا مقابلہ کرتے ہیں۔
-فلان بین فارسین برمحہ: دو گھوڑ سواروں کو یکے بعد دیگرے بلا فصل نیزہ مارنا۔
کَفَّأَ الإناءَ: کَفَأَہ۔
اِکْتَفَأَ لونُہ: رنگ بدل جانا۔
-الإناءَ: کَفَأَہ۔
اِنْکَفَأَ علی الشیٔ: مائل ہونا۔
یقال: انکفأت علی ولدھا ترضعہ

Marfat.com

-عنه: پھرنا' الگ ہونا۔
-الیه: پلٹنا' لوٹنا
یقال: انکفأ الی وطنه
-لونُه: رنگ بدلنا۔
-القومُ: شکست کھانا۔
تکافأ الشیئان: دو چیزوں کا برابر ہم پلہ ہونا۔
یقال: تکافأ القوم۔
تکافأت الفُرَص: یکساں مواقع ملنا۔
تکفّأ فی مشیته: اتراتے ہوئے چلنا۔
یقال: تکفّأت بهم الامواج
-لونُه: رنگ بدلنا۔
اِستکفأهُ شجرةً: کسی سے ایک سال کے لئے درخت کا پھل لینا۔
-فلاناً الشراب: کسی سے اپنے برتن میں اس کے برتن سے پینے کی چیز ڈلوانا۔
الکُفءُ: ہم سری
(۲) عمل پر قادر' قابل' لائق۔
(ج) اکفاءٌ' کِفاءٌ۔
الکِفاءُ: یقال: لا کِفاءَ له: اس کا کوئی ہم پلہ نہیں۔
(۲) خیمہ کا پردہ جو زمین تک لٹکا رہے۔
(ج) اَکفِئَة۔
الکَفاءَةُ: شرافت اور قوت میں ہم سری۔
الکفاءَة فی الزواج: آدمی کا عورت کے دین' حسب' نسب وغیرہ میں برابر ہونا۔
-العمل: کام کی طاقت وصلاحیت (مو)
الکُفأةُ: کُفأةُ الشیئ: سالانہ پیداوار
کُفأةُ الارض: سالانہ کاشت۔
کُفأةُ الشجر: درخت کا سالانہ پھل۔
یقال: منحه کُفأةَ غنمِه: ایک سال کے لئے کسی کو بکریوں کے دودھ ان کے بچے اور ان کی اون دے کر بکریوں کو واپس لے لینا۔
الکُفُوءُ: الکُفءُ
الکَفِیءُ: الکُفوءُ۔
کَفَتَ الشیئُ ـُ کَفتاً: الٹا سیدھا ہونا۔
پیٹ پشت کی جگہ اور پشت پیٹ کی جگہ۔
-الطائرُ وغیرہ: پرندے کا سمٹ کر تیز اُڑنا۔
-فلاناً: کسی کا رخ پھیرنا۔
-الشیئَ و الیه: کسی چیز کو اپنے ساتھ ملا لینا۔
-المتاعَ: سامان اکٹھا کرنا۔
-ذیلَه: دامن سمیٹنا۔
-اللهُ فلاناً: اللہ کا کسی کو موت دینا۔
کَفَّتَ الشیئَ و الیه: اپنے ساتھ ملانا۔
-الدِّرعَ بالسیف: زرہ کو تلوار میں لٹکا کر اپنے ساتھ لینا۔
اِکتَفَتَ المالَ: سارا مال لے لینا۔
اِنکَفَتَ الرجلُ: آدمی کا سکڑنا۔
-الفرسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا۔
-الرجلُ: پلٹنا' لوٹنا۔
-القومُ الی منازلهم: اپنے گھروں کو واپس ہو جانا۔
تکفَّتَ الثوبُ: کپڑے کا سمٹنا۔
-فی سیره: تیز چلنا۔
الکِفاتُ: ارضٌ کِفاتٌ: زندوں اور مردوں کو جمع کرنے والی زمین۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ کِفَاتًا﴾
موضعٌ کفاتٌ: وہ جگہ جہاں چیز اکٹھی کی جائے۔
الکَفتُ: رجلٌ کَفتٌ: تیز اور پھرتیلا آدمی۔
الکُفتُ من الخیل: بہت اُچھل کود کرنے والا گھوڑا جو سوار کو سوار نہ ہونے دے۔
الکُفتةُ: گوشت کا قیمہ بنا کر اس میں مسالے اور پیاز وغیرہ ڈال کر انگلیوں کی پشت پر یا گول ٹکیہ کی صورت میں بنا کر بھونا جاتا ہے یا تلا جاتا ہے (ع)
الکَفِیتُ: رجلٌ کفیتٌ: دبلا اور ہلکا پھلکا آدمی (۲) مضبوط تو شدان۔
المُکفِتُ: دو زرہیں اس طرح پہننے والا کہ ان کے درمیان کپڑا ہو۔
کَفَحَ الشیئَ ـَ کَفحاً: ڈھکن اُتارنا۔
-فلاناً: کسی سے روبرو ملنا۔
-بالعصا: ڈنڈا مارنا۔
-لجامَ الدّابّةِ: لگام کھینچ کر جانور کو روکنا۔
یقال: کَفَحها باللِّجام
کَفَحَ عنه ـَ کَفحاً: بزدل ہونا۔
اَکفَحَ فلانا عنه: ہٹانا' دور کرنا۔
کافَحَه: مقابلہ کرنا' سامنا کرنا۔
یقال: کافح القومُ اعداءَهم: لوگوں کی دشمنوں سے براہ راست مڈبھیڑ ہونا بغیر ڈھال وغیرہ کے۔
-قِرنَه: اپنے مقابل سے طاقت کے ساتھ مقابلہ کرنا۔
یقال: کافح الأطباءُ الأمراضَ' کافحت الدولة البطالة: بیکاری کا مقابلہ کرنا۔
-الأمورَ: کاموں کو خود انجام دینا۔
تکافَحَ المُقاتلون: لڑنے والوں کا آمنے سامنے ہونا۔
-الکِباشُ: مینڈھوں کا سینگوں سے مڑنا۔
-الأمواجُ: فوجوں کا ٹھاٹھیں مارنا۔
الکَفِیحُ: مثل' نظیر (۲) ہم بستر
(۳) اچانک آنے والا مہمان۔
کَفَرَ الرَّجُلُ ـُ کُفراً' کُفراناً: وحدانیت یا نبوت یا شریعت یا تینوں کا نہ ماننا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا﴾
یقال: کفر باللهِ' او بنعمة الله
قرآن حکیم میں ہے: ﴿كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ﴾ و فیه ایضا ﴿وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ﴾
کما یقال: کفر نعمةَ الله هو کافرٌ (ج) کُفّارٌ' کَفَرةٌ اور کِفارٌ بھی۔
هو وهی کَفورٌ (ج) کُفُرٌ۔
هی کافِرةٌ (ج) کوافر
-بهذا: کسی چیز سے اظہار بیزاری کرنا۔
برأت ظاہر کرنا۔
-الشیئَ و علیه کَفراً: چھپانا' ڈھانکنا
یقال: کَفَرَ الزّارعُ البذرَ بالتراب
هو کافِرٌ کَفَرَ التراب ماتحته: مٹی کا اپنے نیچے والی چیز کو چھپانا۔
اَکفَرَ غیرَه: کسی کو کافر قرار دینا۔

Marfat.com

-من يُطيعُهُ: فرماں بردار کو نافرمان بنانا۔
كَفَّرَ لسيّده: تعظیماً اپنے آقا کے آگے جھک کر اپنے ہاتھ کو سینے پر رکھ کر کھڑے ہونا۔
-عن يمينه: قسم کا کفارہ ادا کرنا۔
-الشيَّ: چھپانا' ڈھانپنا۔
-فلاناً: کافر قرار دینا یا کہنا کہ تو نے کفر کیا۔
-اللّٰهُ عنه الذّنبَ: گناہ کو معاف کرنا۔
تَكَفَّرَ بالشيِّ: کسی چیز میں لپٹ جانا۔
کسی چیز کو اوڑھنا۔
-في سلاحه: ہتھیار بند ہونا۔
الكافِرُ: کھجور کے شگوفہ یا پھل کا غلاف (ج) كَوَافِرُ۔
(۲) تاریکی۔
-من الارض: ایسا علاقہ جو لوگوں سے دور ہو جہاں سے لوگوں کا گزر اور پڑاؤ نہ ہوتا ہو۔
(۳) کسی جگہ روپوش آدمی۔
(۴) اللہ کا منکر (ج) كُفَّارٌ۔
الكافُورُ: فصيله غاريه کا درخت' اس سے سفیدی مائل بلوری شکل کا شفاف مادہ نکالا جاتا ہے جو خوشبودار ہوتا ہے اس کا ذائقہ کڑوا ہوتا ہے اور اس کی متعدد اقسام ہیں (ج) كَوَافِيرُ۔
الكُفْرُ: تاریکی شب اور سیاہی
(۲) قبر (۳) مٹی
-من الارض: جو لوگوں سے دور ہو
(۴) چھوٹا مشکیزہ
(۵) چھوٹی اور موٹی لکڑی (ج) كُفُورٌ
الكُفْرُ: انکار (۲) کشتیوں کو ملا جانے والا تارکول۔
الكُفُرُّ: کھجور کے شگوفے کا غلاف۔
(۲) راستہ کے برابر پہاڑوں کا لمبا سلسلہ۔
الكَفَّارَةُ: وہ روزہ یا صدقہ جس کے ذریعے گناہگار اپنے گناہ کی معافی حاصل کرے۔ شریعت نے کفارے کی مختلف اقسام متعین کی ہیں۔ جیسے کفارہ یمین' کفارہ صوم' بعض مناسک حج کو چھوڑنے کا کفارہ۔
المُكَفَّرُ: بڑا محسن جس کے انعامات کا شکر ادا نہ کیا جا سکے۔
(۲) گناہوں سے تطہیر کے لئے جانی و مالی مصیبت میں مبتلا شخص
(۳) ہتھیار بند۔
(۴) لوہے میں جکڑا ہوا۔
المَكْفُورُ: أَثَرٌ مَكْفُورٌ: وہ نشان جسے ہواؤں نے مٹی اُڑا کر مٹا دیا ہو۔
عملٌ مكفورٌ: ناقابل ستائش کام
كَفَّ عن الامر ـُ كَفًّا: رکنا' باز آنا۔
-بَصَرُهُ: بینائی ختم ہو جانا۔
ما يقال: كُفَّ بَصَرُهُ هو مكفوف (ج) مكافيف هو كفيف ايضًا (ج) اِكِفَّاءُ۔
-الثوبَ: کپڑے کو ادھیڑنے کے بعد دوبارہ سینا۔
-الشيَّ: اجزاء کو باہم ملانا۔
يقال: كفَّ رِجلَه بخرقة: پاؤں پر پٹی باندھنا۔
اِنْكَفَّ عن الأمر: رکنا' باز رہنا۔
تكافُّوا: ایک دوسرے کو روکنا۔
تكَفَّفَ السائلُ: مانگنے کے لئے ہاتھ پھیلانا۔
-الدَّمْعُ: آنسو خشک ہو جانا۔
-عن الامر: رکنا' باز رہنا۔
-الشيَّ: مٹھی میں لینا۔
-الناسَ: مانگنا۔
كَفَّفَ الثوبَ بالحرير وغيره: کپڑے کے دامن' گریبان اور آستینوں پر ریشمی کپڑے کی گوٹ لگانا۔
اِسْتَكَفَّ الشيُّ: گول ہونا۔
يقال: استكفَّتِ الحيَّةُ: سانپ کا حلقہ نما کنڈلی مارنا۔
-الشجرُ و الشَعْرُ: درخت اور بالوں کا گھنا ہونا۔
-القومُ الشيَّ و بالشيِّ و حَوْلَ الشيِّ: کسی چیز کے گرد جمع ہونا۔
-الشيَّ: مٹھی میں لینا۔
-الناسَ: مانگنے کے لئے ہاتھ پھیلانا۔
-فلاناً عن الشيِّ: کسی سے کوئی کام چھوڑنے کے لئے کہنا۔
-عينَه: دھوپ میں آنکھ پر ہاتھ رکھ کر دیکھنا کہ کچھ نظر آتا ہے یا نہیں۔
يقال: اِسْتَكَفَّ الشيَّ: کسی چیز کو واضح طور پر دیکھنے کے لئے بھنوؤں پر اس طرح ہاتھ رکھنا جیسے دھوپ سے بچاؤ کے لئے ہاتھ رکھا جاتا ہے۔
كما يقال: استكفَّ عينَه: آنکھ سے ہتھیلی کے نیچے سے دیکھنا۔
كافَّةً: يقال: جاء الناسُ كافَّةً: سب کے سب لوگ آئے۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِينَ كَافَّةً كَمَا يُقَاتِلُونَكُمْ كَافَّةً﴾
الكَفافُ: كَفافُ الشيِّ: مثل' مانند۔
-من الرِّزق: بقدر ضرورت روزی نہ زیادہ اور نہ ہی کم۔
يقال: ليتني اَخرجُ من هذا كَفافًا: کاش! کہ میں اس کام سے اس طرح خلاصی پا لیتا کہ نہ مجھے فائدہ ہوتا نہ نقصان۔
دَعْنِي كَفافِ: مجھ سے برابر کا معاملہ کر یعنی تو مجھے چھوڑ دے میں تجھے چھوڑ دوں گا۔
الكِفافُ: کسی چیز کے گرد حلقہ جیسے کان کے گرد حلقہ۔
-من الثوب: کپڑے کا حاشیہ' گوٹ
-من السَّيف: تلوار کی دھار۔
(ج) اَكِفَّةٌ۔
(۲) خرفہ کا ساگ۔
(۳) (علم عروض میں) ساتویں ساکن حرف کو حذف کر دینا' جیسے مفاعلین اور فاعلاتن میں نون کو حذف کرنا۔
(ج) كُفوف' اَكُفٌّ۔
الكَفُّ: ہتھیلی انگلیوں سمیت (مؤنث)
الكَفَفُ من الرزقِ: الكفاف
- من الوَشْمِ: کھال گودنے کے دائرے یا لکیریں۔
الكِفَّةُ: ہر گول چیز۔
كِفَّةُ المِيزانِ: ترازو کا پلڑا اور یہ دو ہوتے

Marfat.com

ہیں۔
(۲) گودنے کا حلقہ (۳) شکاری کا جال۔
(۴) پانی جمع ہونے کا گول گڑھا۔
(ج) کِفَفٌ، کِفَافٌ۔
الکُفَّةُ: ہر چیز کا حاشیہ، گول کنارہ۔
-من القمیص: قمیص کے دامن کا حاشیہ۔
(۲) قمیص کا چاک
-من اللیل: مشرق یا مغرب میں دن اور رات کے باہم ملنے کی جگہ۔
یقال: جئته فی کُفَّةِ اللَّیْل۔
-من الشَّجرِ: درخت کا آخری حصہ۔
-من الدِّرع: زرہ کا نچلا حصہ۔
(ج) کُفَفٌ، کِفَافٌ۔
کَفْکَفَ دَمْعَهُ: بار بار آنسو پونچھنا تاکہ خشک ہو جائیں۔
-فلاناً عن الشئ: باز رکھنا۔
تَکَفْکَفَ عنه: لوٹنا، باز رہنا۔
کَفَلَ فلانٌ ـُ کَفْلاً، کُفُولاً: مسلسل روزہ رکھنا
(۲) روزہ میں کسی سے نہ بولنے کا عہد کرنا۔
هو کافلٌ۔
(ج) کُفَّلٌ۔
یقال: کَفَل فی صیامه۔
(۳) بغیر سالن کے روٹی کھانا۔
- الرجُلَ و بالرّجل کَفْلاً، کَفَالة کسی کا ضامن ہونا۔
یقال: کَفَل المالَ، کَفَلَ عنه المال لغریمه۔
هو کافلٌ (ج) کُفَّلٌ
هو و هی کفیلٌ (ج) کُفَلاء
- الصغیرَ بچہ کی پرورش کرنا اور اس کے اخراجات برداشت کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يُلْقُونَ أَقْلَامَهُمْ أَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ﴾
اَکْفَلَ فلاناً المالَ: کسی کو مال کا ضامن بنانا۔
فلاناً مالَه: کسی کو اپنے مال کا محافظ و ضامن بنانا، اس کی حفاظت میں مال دینا۔

قرآن حکیم میں ہے: ﴿إِنَّ هَٰذَا أَخِي لَهُ تِسْعٌ وَتِسْعُونَ نَعْجَةً وَلِيَ نَعْجَةٌ وَاحِدَةٌ فَقَالَ أَكْفِلْنِيهَا﴾
کَافَلَهُ: کسی سے معاہدہ کرنا۔
(۲) کسی کا پڑوسی بننا۔
کَفَّلَ فلاناً المالَ: اَکْفَلَه
-فلاناً الصغیرَ: بچہ کو کسی کی پرورش اور کفالت میں دینا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿أَنبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا﴾
اِکْتَفَلَ بالشئ: کسی چیز کو اپنی سرین کے کنارے پر رکھنا۔
- البعیرَ: اونٹ کے کوہان پر کپڑا یا گول زین رکھ کر سوار ہونا۔
تَکَفَّلَ بالشئ: کسی چیز کا ذمہ دار ہونا، اس کا بوجھ اپنے سر لینا۔
یقال: تَکَفَّلَ بالدَّین: قرض کی ادائیگی کا ذمہ دار ہونا۔
- البعیرَ: اونٹ کے کوہان پر کپڑا یا گول زین رکھ کر سوار ہونا۔
الکَفَلُ: انسان اور چوپائے کا سرین۔
(ج) اَکْفَالٌ۔
الکِفْلُ: حصہ۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَمَن يَشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَكُن لَّهُ كِفْلٌ مِّنْهَا﴾
(۲) مثل۔
یقال: مالفلان کِفْلٌ۔
(۳) گنا، دوگنا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَآمِنُوا بِرَسُولِهِ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِن رَّحْمَتِهِ﴾
(۴) بیلوں کے جوئے کے نیچے کندھے پر رکھا جانے والا کپڑا۔
(۵) اون جھڑ جانے کے بعد نکلنے والی نئی اون
(۶) وہ آدمی جو اپنا بوجھ اور اپنے سامان کا بوجھ دوسروں پر ڈال دے۔
(۷) جو گھوڑے کی پیٹھ پر برقرار نہ رہتا ہو

(ج) اَکْفَالٌ۔
الکَفِیلُ: ہم پلہ۔
یقال: مَا لفلان کفیلٌ
(۲) الکافل (۳) ضامن۔
(ج) کُفَلاء مؤنث کو بھی کفیل کہا جاتا ہے اور کبھی کبھار جمع کے لئے بھی کفیل کا لفظ آتا ہے۔ جیسے جمع کے لئے صدیق کا لفظ
کَفَنَ الصُّوفَ ـِ کَفْناً: اون کاتنا۔
-المیتَ: کفن پہنانا۔
- الخُبزَةَ فی الجَمرِ: روٹی کو انگاروں پر رکھنا۔
کَفَّنَ: مبالغہ در کَفَنَ
الکَفَنُ: کپڑے جو میت کو لپیٹے جاتے ہیں
(ج) اَکْفَانٌ۔
اِکْفَهَرَّ الرجلُ: تیوری چڑھانا۔
-اللیلُ: رات کا سخت تاریک ہونا۔
-النجمُ: انتہائی تاریکی میں ستارہ کا چمکنا۔
المُکْفَهِرُّ: ہر تہ بہ تہ چیز۔
(۲) کالا اور گہرا بادل۔
-من الوجوه: بے شرم و بے حیا چہرہ۔
عامٌ مُکْفَهِرٌّ: قحط کا سال۔
کَفَاهُ الشَّئُ ـِ کِفَایة: دوسری چیز سے بے نیاز کرنا، کفایت کرنا۔
هو کافٍ، کَفِیٌّ عموماً اس کے ساتھ "ب" کا اضافہ کیا جاتا ہے۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَكَفَىٰ بِاللَّهِ حَسِيبًا﴾ اور ﴿وَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا﴾
-فلاناً الأمرَ: کسی معاملے میں کسی کی نیابت کرنا۔
یقال: کفاه مؤونته: اسے اس کی مشقت سے بچا لینا۔
-اللهُ فلاناً فلاناً أو شرَّ فلان: اللہ کا کسی کو کسی سے یا کسی کا شر سے محفوظ رکھنا۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللَّهُ﴾
اِکْتَفَی بالشئ: کسی چیز پر اکتفا کرنا، قناعت کرنا۔
-بالأمرِ: کسی معاملہ میں خود کفیل ہونا۔

Marfat.com

تکفّی النباتُ: نباتات کا لمبا ہونا۔
اِستکفاہُ الشیئَ: کسی سے بقدر کفایت کوئی چیز چاہنا۔
یقول: استکفیتہ الشئ فکفانیہ۔
الإکتفاء الذّاتیُّ (اقتصادیات میں): ملک کا اپنی آمدنی اور پیداوار میں بیرونی ممالک سے بے نیاز ہو کر خود کفیل ہو جانا (محدثہ)
الکُفْی: وہ چیز جس کے ذریعے قناعت اور بے نیازی حاصل ہو۔
تقول: ہذا رجلٌ کُفیُكَ من رجل: (اس میں مفرد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مؤنث سب برابر ہیں۔ اور کاف کی تینوں حرکتیں درست ہیں)۔
الکُفْیَۃُ: بقدر کفایت روزی۔
یقال: قَنعت بالکُفیۃ (ج) الکُفی
کَوْکَبَ الحدیدُ: لوہے کا چمکنا، دمکنا۔
-الحَصٰی: دوپہر کو کنکریاں چمکنا۔

ک......ک

الکَوْکَبُ: لوہے یا کنکریوں کی چمک دمک
(۲) ہتھیاروں سے لیس آدمی۔
(۳) سن بلوغ کو پہنچنے والا لڑکا۔
یقال: غلامٌ کَوْکَبٌ: خوب رولڑکا۔
(۴) کسی چیز کا بڑا حصہ۔ جیسے
کوکب العُشب
کوکب الماء، کوکب الجیش۔
(۵) آنکھ کی سفیدی (۶) میخ، کیل۔
(۷) تلوار (۸) کشادہ وادی۔
(۹) پہاڑ۔
ومن الروضۃ: باغیچہ کی کلیاں۔
-من العین: کنویں کا چشمہ جو منبع آب ہو
(۱) رات کے وقت گھاس پر جمنے والے شبنم کے قطرے جو ستاروں کی مانند ہو جاتے ہیں۔
یقال: ذھبو تحت کل کوکب: وہ منتشر ہو گئے۔
(ج) کَوَاکِبُ۔
یقال: یوم ذو کواکب: پُر مصائب دن گویا مصائب کی تاریکی میں ستارے نظر آنے لگے۔
الکَوْکَبُ: (علم فلکیات میں) سورج کے گرد گھومنے والے اور اس سے روشنی حاصل کرنے والے اجرام سماوی۔ سورج سے قریب ہونے کے مراتب کے لحاظ سے مشہور کواکب یہ ہیں۔
عطارد، زہرہ، زمین، مریخ، مشتری، زحل، یورینس، نیپچون، پلوٹو۔
الکَوْکَبَۃُ: ستارہ یا خاص کر زہرہ۔
(۲) (علم الفلک میں) ستاروں کا وہ مجموعہ جو مخصوص شکل کی نمائندگی کرتا ہے اور اسی شکل سے موسوم ہوتا ہے۔ جیسے النسر الطائر۔ النسر الواقع۔
(۳) لوگوں کا گروہ۔

ک......ل

کَلَأَ الدَّیْنُ - کَلْأً: قرض کی ادائیگی میں دیر کرنا۔
ھو کالئٌ، کالٍ۔
-بصَرہ فی الشئ: بار بار دیکھنا۔
-اللّٰہُ فلاناً کَلْأً، کِلاءً، کِلاءَۃً: اللہ کا کسی کی حفاظت کرنا۔
یقال: کلأ فلانٌ القومَ: اس نے قوم کی حفاظت کی۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿قُلْ مَنْ یَکْلَؤُکُمْ بِالَّیْلِ وَالنَّھَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ﴾
أَکْلَأَتِ الأَرْضُ: زمین کا بہت گھاس والی ہونا۔
-الناقۃُ: اونٹنی کا گھاس کھانا۔
-فی الدَّین: قرض کی ادائیگی میں دیر کرنا۔
-عینَہ: آنکھ کو تھکا دینا۔
کَالَأَہُ: نگرانی کرنا۔
کَالَأَ فلانٌ: بیعانہ لینا۔
-فی الأمر: کسی چیز پر غور کرتے کرتے اسے پسند کر لینا۔
-اہُ فی الأمر: کسی کو کسی کام پر مامور کرنا۔
-فلاناً: روکنا۔
-السفینۃَ: کشتی کو ہوا سے محفوظ کسی کنارے پر لگانا۔
اِکْتَلَأَتْ عینُہ: کسی چیز سے چوکنا رہنے کی بنا پر آنکھ نہ لگنا۔
-منہ: بچنا، احتیاط برتنا۔
-الکُلْأَۃَ: بیعانہ وصول کرنا۔
تَکَلَّأَ: بیعانہ وصول کرنا۔
اِسْتَکْلَأَ فلانٌ: قرض لے کر اس کی ادائیگی میں تاخیر چاہنا۔
-الارضُ: زمین میں بکثرت گھاس ہونا۔
الکَلَأُ: خشک یا تر گھاس۔
(ج) أَکْلاءٌ۔
الکُلْأَۃُ: بیعانہ (۲) ادھار۔
الکَلَّاءُ: بندرگاہ۔
الکَلُوْءُ: یقال: رجل کلوءُ العین بہت بے خواب رہنے والا آدمی۔
عَیْنٌ کلوءٌ: بیدار آنکھ۔
المَکْلَأَۃُ: ارض مَکْلَأَۃٌ: بہت گھاس والی زمین۔
المُکَلَّأُ: ہوا سے بچاؤ کے لئے کشتیوں کے چھپنے کی جگہ۔
کَلَبَ الفرَسَ - کَلْبًا: گھوڑے کو مہمیز لگانا۔
کَلِبَ الکلبُ - کَلَبًا: کتے کا دیوانہ ہونا۔
ھو کَلِبٌ۔
-الرجلُ وغیرُہ: دیوانہ کتے کا کاٹا ہوا ہونا، ھو کلیبٌ (ج) کَلْبیٰ۔
(۲) سیر ہوئے بغیر بہت کھانا۔
(۳) سخت پیاسا ہونا۔
-الشجرُ: درخت کا پانی نہ ملنے سے خشک ہو کر راہ گیروں کو کھردرے پتوں سے تکلیف پہنچانا۔
ھو کَلِبٌ۔
-السیرُ علی الأسیر: تسمہ کا خشک کر قیدی کو تکلیف دینا۔
-الدھرُ علی اھلہ: زمانے کا سخت ہونا۔
یقال: کَلِبَ العدوُّ، کَلِبَ السائلُ۔
-علی الشئ: کسی چیز کا بہت حریص ہونا۔
-علیہ: کسی پر غصے ہونا بے وقوفی کے مظاہرے

Marfat.com

کے ساتھ۔
كَلِبَ كلَبًا: دیوانہ کتے کے کاٹنے سے دیوانہ ہو جانا۔
هو مكلوبٌ۔
كالبه کسی سے دشمنی کرنا۔
كَلَّبَ الأسيرَ: قیدی کے پاؤں میں بیڑی وغیرہ ڈالنا۔
-الكلبَ و نحوَه: کتے کو سدھانا، شکار پکڑنا سکھانا، قرآن حکیم میں ہے:
﴿وَمَا عَلَّمْتُم مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِينَ﴾
اِكْتَلَبَ فلانٌ: مہروں کے لئے تسمہ یا کھجور کے ریشوں کی ڈوری استعمال کرنا۔
تَكَالَبَ القومُ: لوگوں کا کھلم کھلا ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔
-علي الأمر: کسی کام کی بہت خواہش کرنا۔
-علي الشيئ: کسی چیز پر حریص کی طرح ٹوٹنا۔
اِستَكْلَبَ الرجلُ: کسی کا کتے کی طرح بھونک کر کتوں کو بھونکانا تاکہ اس سے ان کے مالکان کی قیام گاہ معلوم ہو سکے۔
-الكلبُ كَلِبَ۔
الكالِبُ: کتوں کو سدھانے والا یا شکاری کتوں کا مالک (۲) کتوں کا گروہ۔
الكَلْبُ فصيله كلبيه میں سے رتبة اللواحم کا ایک پالتو جانور اس کی کئی نسلیں ہیں چوکیداری کے لئے پالا جاتا ہے یا شکار کرنے کے لئے۔
(ج) كلابٌ، اكلُبٌ (۲) ہر وہ چیز جس سے کوئی چیز باندھی جائے جیسے رسی
(۳) کجاوہ میں لوہے کی خمیدہ کھونٹی جس میں توشہ دان لٹکایا جاتا ہے۔
(۴) دیوار کے سہارے کے لئے لکڑی کا ستون
(۵) چکی کے دھرے کا لوہا۔
(۶) نیزہ کا کنارہ۔
(۷) کتے کی ہم شکل مچھلی۔
كلبُ الفرس گھوڑے کی کمر کے بیچ کی لکیر۔

يقال: استوى علي كلب فرسه
الكَلَبُ: متعدی مرض جو رَهبة الماء کے نام سے مشہور ہے۔ فصیلہ کلبیہ کے جانوروں کے کاٹنے کی وجہ سے لعاب میں موجود وائرس انسان تک منتقل ہو جاتے ہیں۔ اس کی علامات میں سے تنفس کے نظام میں تنگی، پانی سے ڈرنا، جنون اور پٹھوں میں دیگر خرابیوں کا پیدا ہونا ہے۔ يقال: ذدفعت عنك كَلَبَ فلان: فلاں کی تکلیف اور شر دور ہو گیا۔
الكَلْبَةُ: کتیا (۲) ٹہنی سے الگ ہونے والا کانٹا۔
امُّ كَلْبة: بخار۔
الكلبتان: لوہار کا آلہ جس سے وہ گرم لوہا پکڑتا ہے۔
يقال: حديدةٌ ذات كَلْبتين۔
(۲) دانت نکالنے کا آلہ (مو)
الكُلْبَةُ: ہر چیز کی شدت، سختی۔
(۲) معاشی تنگی، تنگ حالی (۳) قحط
(۴) سردی کی شدت
(۵) بلی اور کتے کی تھوتھنی کے دونوں طرف نیچے کے بال۔
الكَلِبَة، ارضٌ كَلِبَةٌ: وہ زمین جس کی نباتات پانی نہ ملنے کی وجہ سے خشک ہو گئی ہوں۔
-من الشجر: وہ سوکھا درخت جس کی ٹہنیاں گزرنے والوں سے الجھ کر تکلیف دیتی ہوں۔
الكَلْبِيَّة: رواج و روایت سے بالاتر ہو کر فطرت کی ہم نوائی کا نظریہ۔ یہ انعتانس کا مذہب ہے۔
الكَلْبِيُّونَ: نظریہ کلبیت کے پیروکار۔
(۲) فلاسفہ یونان کی ایک اخلاق پرست جماعت جو سقراط کے بعد ظہور پذیر ہوئی۔ اس کا اہم بنیادی نظریہ مادی لذتوں سے اجتناب اور سادگی و تقشف کا اتباع ہے۔
الكَلَّابُ: شکاری کتوں کا مالک
(۲) شکاری کتوں کو سدھانے والا۔
(ج) كَلَالِيبُ۔
الكُلَّابُ: مہمیز، سوار کے جوتے کی ایڑی پر لگی ہوئی لوہے کی چھڑی جس سے وہ گھوڑے کو ایڑ لگاتا ہے۔
(۲) خم دار تین نوکی لوہے کی سلاخ جو کسی چیز کو لٹکانے یا پھنسی ہوئی شے کو نکالنے کے لئے استعمال کی جاتا ہے۔
-من البازي: باز کا پنجہ
-من الشجر: درخت کا کانٹا۔
(۳) دانت نکالنے کا آلہ
(ج) كلاليبُ۔
الكَلِيبُ: کتوں کی جماعت۔
المُكَالِبُ: جری، دلیر۔
المَكْلَبَةُ: بلدةٌ مَكْلَبَةٌ: بہت کتوں والا شہر یا ملک۔
كَلَتَ الشيئَ ـِ كَلْتًا: اکٹھا کرنا۔
(۲) مارنا، پھینکنا۔
-الفرسَ: گھوڑے کو ایڑ لگانا۔
الكُلْتَةُ: ہر تھوڑی چیز
(۲) کھانے وغیرہ کا مقرر حصہ۔
كَلْثَمَ وجهُه: چہرے کا گوشت بغیر تیور چڑھے سمٹ جانا۔
الكُلْثُوم: چہرے اور رخسار پر گوشت چڑھا ہوا
(۲) جھنڈے کے سر پر ریشم کا ٹکڑا۔
كَلَحَ فلانٌ ـَ كُلُوحًا: سخت تیوری چڑھا ہوا ہونا۔
هو كالحٌ۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَهُمْ فِيهَا كَالِحُونَ﴾
يقال: كَلَحَ الوجهُ و كلح في وجه غيره۔
اَكْلَحَهُ الهمُّ: غم یا تکلیف کا کسی کے چہرے کو کمزوری کی بناء پر بے رونق اور پھیکا کر دینا۔
كالحَه: دشمنی کے ساتھ کسی کا سامنا کرنا۔
كَلَّحَ وجهه: تیور چڑھانا۔
-في وجه الصبيّ: بچہ کو گھبرا دینا۔
تكَلَّحَ: كَلَحَ
الكُلاحُ: يقال: دَهْرٌ كُلاحٌ، شتاءٌ كُلاحٌ: سخت سردی (۲) وہ شخص جس کے ہونٹ دانتوں سے چھوٹے ہوں۔

Marfat.com

کَلَاحِ: علم برائے قحط کا سال۔
کَلَدَ الشیَ ـِ کَلْدًا: اکٹھا کر کے اوپر نیچے
رکھنا۔
کَلَّدَ الشیَ کَلَّدَہ
تَکَلَّدَ الشیُ اکٹھا ہونا۔
-فلانٌ کسی کا گوشت موٹا ہونا۔
الکَلَدُ سخت جگہ جہاں کنکریاں نہ ہوں
واحدتہ: کَلَدَۃٌ۔
اِکْلَاَزَّ الرجلُ سمٹنا۔
-البازی باز کا شکار پکڑنے کے لئے داؤ لگانا
سمٹ کر تیار ہونا۔
کَلَزَ الشیَ ـِ کَلْزًا: اکٹھا کرنا۔
کَلَّزَ الشیَ مبالغہ در کَلَزَہ
کَلَسَ البناءَ ـِ کَلْسًا: عمارت پر چونے کا
پلاسٹر کرنا۔
کَلِسَ ـَ کَلَسًا: بھورے رنگ کا ہونا۔
ھو اَکْلَسُ۔
کَلَّسَ مبالغہ در کَلَسَ۔
-علی قِرنِہ مدمقابل پر چستی سے حملہ کرنا۔
-عنہ مقابل سے ڈر کر بھاگنا۔
تَکَلَّسَ لازم کَلَّسَ۔
(۲) بہت تیز دوڑنا۔
الکِلْسُ چونا، جو پتھر کو خوب جلا کر اور اس کے
بعض اجزاء کے نکل جانے کے بعد باقی بچتا ہے
(مج)
الکَلَّاسُ چونا فروش۔
(۲) چونا بنانے والا۔
(۳) چونے کا پلاسٹر کرنے والا۔
الکَلَّاسَۃُ (کیمیا میں) کیلشیم کے نہ پگھلنے
والے املاح کی کیمیائی عمل کاری (مج)
- التَّکَلُّسُ (کیمیاء میں) کیلشیم کی نہ پگھلنے
والی املاح کی ترسیب (مج)
الکَلْسِیتُ ثلاثی نظام میں کیلشیم کے متبلرۃ
کاربونیٹس سے مرکب دھات (مج)
کَلْسَمَ سستی کے باعث ادائیگی حقوق میں
تاخیر کرنا۔
الکَلْسِیُومُ: چونے کا ایک عنصر جو جسم حیوانی

میں داخل ہوتا ہے اور بطور خاص ہڈیوں کا جز
ہوتا ہے۔ کیلشیم کا آکسائیڈ جو کہ چونا ہے (مج)
کَلِعَ الوَسَخ علیہ ـَ کَلَعًا میل خشک ہو کر
جمنا۔
یقال: کَلِعَ رأسُہ، کلِعَ الاِناءُ میل جم گیا۔
ھو کَلِعٌ۔
-رِجلہ: پاؤں پر میل جم کر پھٹ جانا۔
اَکْلَعَہ الوسخ کسی پر میل خشک ہو کر جم جانا۔
الکُلَاعُ میل کی خشکی اور جمنا۔
(۲) جنگ کے مواقع پر سختی اور ثابت قدمی۔
الکُلَاعِیُّ بہادر۔
الکُلَعُ سخت ترین خارش۔
الکِلْعُ خشک مزاج اور بدنما آدمی۔
(ج) کَلَعَۃٌ۔
کَلَفَ الماشیۃَ ـُ کَلْفًا مویشی کو چارہ کھلانا
(محدثۃ)
کَلِفَ وجھُہ ـَ کَلَفًا چہرے پر چھائیاں
پڑنا۔
ھو اَکْلَفُ، ھی کَلْفاء (ج) کُلْفٌ
-الشیَ و بہ دلدادہ ہونا، فریفتہ ہونا۔
ھو کَلِفٌ۔
- الاَمرَ برداشت سے کام لینا، تکلیف
برداشت کرنا۔
کَلَّفَہ اَمرًا کسی کو کسی کام کا پابند کرنا۔
(۲) کسی پر مشکل اور باشقت کام لازم کرنا
یقال: کلَّفَہ الامرُ کذا من الجھد او
المال کسی کام کا کسی سے مخصوص مشقت اور
مال کا متقضی ہونا۔
یقال: کَلَّفَ الاَمرَ او الشیَ کذا من
الجھد او المال کسی کام کی انجام دہی میں
محنت و مال خرچ کرنا۔
کَلَّفَ علی اسمہ اَرضًا کسی کے نام زمین
کرنا (محدثۃ)
-بالاَمر کسی کام کا حکم دینا (محدثۃ)
تَکَلَّفَ غیر متعلق کام کرنا۔
-الاَمرَ کسی کام میں تکلیف اُٹھانا۔
-الشیَ: عادت و مزاج کے خلاف کسی چیز کا

ذمہ لینا۔
التکلیفُ بالاَمر کسی کام کی طاقت رکھنے
والے پر اس کی فرضیت۔
امر التکلیف وہ امر جس کا صدور اس شخص
سے ہو جو تکلیف کا اختیار رکھتا ہو بوجہ واجب
کے التزام کے۔
التَّکْلِفَۃُ مشقت۔
یقال: حملت الشیَ تَلفلۃً اس نے فلاں
چیز کا تکلفاً بوجھ اٹھایا۔
(۲) کسی چیز کی تیاری یا خریداری کا اصل خرچ
نفع سے قطع نظر کرتے ہوئے۔
یقال: باعہ بسعر التکلفۃ اس نے بانفع
لاگت پا خرید پر بیچ دی (محدثۃ)
الکَلَفُ سوسن کی طرح کے داغ جو چہرے پر
ظاہر ہوں (۲) تیز سرخی جو چہرے پر ظاہر ہو۔
(۳) سفید داغ۔
الکَلِفُ عاشق دلدادہ شخص۔
الکُلْفَۃُ بھوراپن۔
(۲) کسی کام کی انجام دہی یا کسی شے کے
حصول پر کی جانے والی محنت اور خرچ (محدثۃ)
(۳) چہرے پر نکلنے والی تیز سرخی۔
(۴) تکلیف یا مشقت جو کسی کام میں اٹھائی
جائے۔
یقال: رفعت الصَّداقۃ الکُلْفَۃ بینھما
دوستی نے ان کے آپس کے تکلف کو بالائے
طاق رکھ دیا
(۵) کپڑوں پر خوبصورتی کے لئے لگائے
جانے والے ریشم کے باریک ٹکڑے (محدثۃ)
(ج) کُلَفٌ۔
الکَلَّافُ مویشی کو چارہ کھلانے اور ان کی
پرورش کرنے والا (محدثۃ)
الکُلُوفُ دشوار کام۔
المُتَکَلِّفُ تصنع اور بناوٹ سے کام لینے
والا۔
المِکْلَافُ عورتوں کا عاشق۔
المُکَلَّفُ وہ تابع مرد یا عورت جس کی عمر اور
حالت اس بات کی اجازت دیں کہ اس پر

Marfat.com

شریعت یا قانون کے احکام جاری ہوسکیں۔
(۲) لایعنی اور غیر متعلق کاموں میں پھنسا رہنے والا۔
المُکَلَّفَةُ: زمینوں کی پیمائش پیداوار اور ان کی کھیتوں کی تفصیل (ج)
الکَلاکِلُ ٹھگنا اور سخت موٹا آدمی۔
الکَلْکَالُ' الکَلْکَلُ: سینہ یا ہنسلی کی دو ہڈیوں کے درمیان کا حصہ۔
الکَلْکَلَةُ: جماعت (ج) کَلاکِلُ۔
کَلَّ ـ کُلولاً' کَلالَةً: کمزور ہونا۔
یقال: کَلَّ السیفُ و نحوہ: کند ہونا۔
ھو کلیلٌ' کَلٌّ۔
-فلانٌ تھکنا۔ ھو کالٌّ۔
یقال: کَلَّ بَصَرُہ او لسانُہ: نگاہ اور زبان کا صحیح کام نہ کرنا' اچھی طرح نہ دیکھ سکنا' صحیح بول نہ سکنا۔ ھو کلیلٌ۔
کَلَّت الریحُ ہوا کا ہلکے ہلکے چلنا۔
کَلَّ عن الأمر کام مشکل محسوس کرنا اور اسے نہ کرسکنا۔
-کَلًّا' کَلالَةً مرنے والے کا اپنے پیچھے والا یا ایسی اولاد نہ چھوڑنا جو وارث ہوسکے۔
-الوارثُ وارث کا باپ یا اولاد نہ ہونا۔
اَکَلَّ فلانٌ تھکے ہوئے یا کمزور گھوڑے والا ہونا۔
-غیرَہ تھکا دینا' کمزور کردینا۔
یقال: اکَلَّ الرجلُ فرسَہ' اکلّه السَّیر اکلَّ البکاءُ بصرَہ
کَلَّلَ السیفُ وغیرہ مبالغہ در کَلَّ
-فلانٌ کسی کا اہل و عیال کو ضائع ہونے کی جگہ چھوڑ کر چلے جانا۔
-فی الأمر کسی کام کے لئے کوشاں ہونا۔
کوشش کر کے انجام دینا۔
-عن الأمر کسی کام سے ڈر کر پیچھے ہٹ جانا۔
-علیه بالسَّیف تلوار سے حملہ کرنا۔
-فلاناً تاج پہنانا۔
-الشیءَ کسی چیز کو جواہرات سے آراستہ کرنا۔
اِکْتَلَّ الغمامُ بالبرق: بادل کا بجلی سے چمکنا۔
یقال: اکتلَّ السحابُ عن البرق۔
اِنْکَلَّ السیفُ: تلوار کی دھار اُڑنا۔
-فلانٌ: ہنسنا' مسکرانا۔
-البرقُ دھیمی دھیمی بجلی چمکنا۔
یقال: انکلَّ السحابُ عن البرق۔
تَکَلَّلَ الشیءُ بالشیءِ: کسی شے کا دوسری شے کو گھیر لینا۔
یقال: تَکَلَّلَ الشیءُ الشیءَ۔
الإکْلِیل: تاج
(۲) جواہر سے آراستہ پٹکا۔
(۳) ناخن کے گرد کا گوشت۔
(۴) سر پر باندھا جانے والا پھولوں کا سہرا (ج) اکالِیلُ (محدثہ)
اکلیل الجبل فصیلہ شفویہ کی ایک بوٹی' اس کا استعمال طب میں ہوتا ہے اور خوشبویات میں اس کا شمار ہوتا ہے۔ شام میں یہ حصی لبان کے نام سے مشہور ہے۔
الکَلالَةُ: وہ شخص جو مرنے کے بعد اپنے پیچھے نہ باپ چھوڑے اور نہ اولاد جو کہ اس کا وارث ہو بلکہ اس کا قریبی رشتہ دار وارث ہو۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿یَسْتَفْتُونَکَ قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیکُمْ فِی الْکَلٰلَةِ اِنِ امْرُؤٌ هَلَکَ لَیْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗٓ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَکَ﴾
کُلّ لفظ جو اپنے مضاف الیہ کے تمام افراد یا تمام اجزاء کے استغراق کا فائدہ دیتا ہے۔
جیسے ﴿کُلُّ امْرِیٍٔ بِمَا کَسَبَ رَهِیْنٌ﴾
کل المسلم علی المسلم حرام' دمُہ' ومالہ' وعِرضُہ۔
اس حالت میں لفظ کل کا لفظاً اعتبار مفرد مذکر کے ساتھ ہوتا ہے۔
جبکہ معنیٰ مضاف الیہ کے اعتبار سے۔
جیسا کہ قرآن حکیم میں ہے: ﴿کُلُّ امْرِیٍٔ بِمَا کَسَبَ رَهِیْنٌ﴾ اور ﴿کُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ﴾ اگر کل کے ساتھ ما کا اضافہ کر دیا جائے تو یہ تعمیم وقت کے لئے ظرف زمان ہوتا ہے۔
جیسا کہ قرآن حکیم میں ہے۔
﴿اَوَ کُلَّمَا جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ بِمَا لَا تَهْوٰٓی اَنْفُسُکُمُ اسْتَکْبَرْتُمْ﴾
کبھی یہ لفظ وصف بنتا ہے اور کمال کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے: ھو العالمُ کلُّ العالم اور کبھی تاکید کے لئے آتا ہے۔
جیسا کہ قرآن حکیم میں ہے: ﴿فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِکَةُ کُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ﴾
الکَلُّ: جس کا نہ باپ ہو اور نہ ہی اولاد
(۲) دوسرے پر بوجھ جیسے قرآن حکیم میں ہے: ﴿وهو کَلٌّ عَلٰی مَوْلٰهُ﴾
(۳) بھاری اور بے فائدہ۔
(۴) کمزور (۵) چھری یا تلوار کی پشت
الکِلَّةُ: باریک کپڑا جس سے مچھر وغیرہ پکڑتے ہیں' مچھردانی (ج) کِلَلٌ۔
الکَلِیلُ کمزور وتھکا ماندہ۔
یقال: رجلٌ کلیل الظُّفُر: کمزور
ذئب کلیل بھیڑیا جو کسی پر حملہ آور نہ ہوتا ہو۔
المُکِلُّ: یقال: اصبح فلان مُکِلّاً: وہ شخص جس پر اس کے قرابت دار بوجھ بنے ہوئے ہوں۔
انطلق مُکِلّاً وہ اس بات سے بے پرواہ ہوکر روانہ ہوا کہ اس کے پیچھے کیا ہے۔
المُکَلَّلُ غمام مُکَلَّلٌ وہ بادل جو بادل کے ٹکڑوں سے گھرا ہوا ہو۔ ھو مکلّلٌ بھا۔
سحابٌ مُکَلَّلٌ بجلی چمکنے سے نمایاں ہونے والا بادل۔
المُکَلَّلَةُ: روضة مُکَلَّلَةٌ کلیوں سے بھرا ہوا باغیچہ۔
جَفْنَةٌ مُکَلَّلَةٌ بالسَّدِیفِ: وہ بادیہ جس پر چربی کے ٹکڑے پھیلے ہوئے ہوں۔
کَلَمَه ـ کَلْماً: زخمی کرنا۔
ھو مکلوم' کلیمٌ (ج) الأخیر' کَلْمیٰ۔
کالَمَه کسی سے مخاطب ہونا۔
کَلَّمَه تکلیماً: کسی سے خطاب کرنا۔

Marfat.com

(۲) مبالغہ در تکلّم
تَکالَمَ المتقاطعان: دو بچھڑے ہوئے آدمیوں کا باہم کلام کرنا۔
تَکَلَّمَ: بات کرنا۔
یقال: تَکَلَّمَ کلاماً حسناً، بکلامٍ حسنٍ۔
التِّکْلامُ، التِّکْلَامَۃُ: بسیار گو اور خوش گفتار۔
الکَلامُ: فی اصل اللغۃ: مفید آوازیں۔
(۲) (متکلمین کے ہاں) وہ قائم بالنفس معنی جس کو الفاظ سے ظاہر کیا جائے۔
یقال: فی نفسی کلام۔
(۳) (نحویوں کی اصطلاح میں) مرکب مفید جملہ۔ جیسے جاء الشتاء یا شبہ جملہ جس پر اکتفا ہو سکے۔ جیسے یا عَلیُّ۔
الکَلْمُ: زخم کاری (۲) زخم۔
(ج) کُلُومٌ، کِلامٌ
الکَلِمَۃُ، الکِلْمَۃُ: ایک لفظ
(۲) (نحویوں کے ہاں) وضع کے اعتبار سے ایک معنی پر دلالت کرنے والا لفظ خواہ وہ ایک ہی حرف ہو جیسے لام جارہ یا اس سے زائد۔
(۳) جملہ یا کامل المفہوم عبارت جیسے لا الٰہ الا اللہ، کلمہ توحید۔
کلمۃ اللہ: اللہ کا حکم وارادہ۔
قرآن حکیم میں ہے: ﴿وَکَلِمَۃُ اللّٰہِ ھِیَ الْعُلْیَا﴾ اور ﴿کَذٰلِکَ حَقَّتْ کَلِمَۃُ رَبِّکَ عَلَی الَّذِیْنَ فَسَقُوْا﴾
(۴) طویل تفصیلی کلام، قصیدہ، خطبہ یا مقالہ یا خط، پیغام۔
الکَلِیْمُ: ہم کلام۔
(۲) موسیٰ علیہ السلام کا لقب کیونکہ اللہ نے ان سے کلام کیا۔
الکِلِیْمُ: اُون کا بنا ہوا بچھونا جو مضبوط بنائی والا ہوتا ہے۔ (قالین) (ج) اَکْلِمَۃٌ (مو)
المُتَکَلَّمُ: جائے کلام، جس پر کلام کیا جائے۔
یقال: ما اجدلی مُتَکَلَّماً۔
کَلاہُ ۔ کَلْیاً: گردے پر مار کر تکلیف پہنچانا۔
کَلِیَ ۔ کَلًی: گردے کے درد میں مبتلا ہونا۔
(۲) گردے پر چوٹ لگ کر تکلیف ہونا۔

کُلِّی الرجلُ: چھپنے کی جگہ آنا۔
اِکْتَلَی الرجلُ: کَلِیَ۔
۔غیرَہٗ: کسی کے گردے پر مارنا۔
الکُلْیَۃُ: پیٹھ کے نچلے حصہ میں ایک عضو جو کہ ریتوں کے پیچھے ہوتا ہے، خون صاف کرتا ہے اور پیشاب کو الگ کرتا ہے اور یہ دو ہوتے ہیں۔ الکُلْوَۃُ اسی میں ایک لغت ہے۔ (ج) کُلًی۔
کُلَی الطائر: بازو کے اخیر میں پہلو سے ملے ہوئے چار پر۔
کُلَی الوادی: اطراف وادی۔
یقال: غنمٌ محمر الکُلَی: دبلی بکریاں۔
کِلَا: اسم مقصور۔ لفظاً مفرد اور معنیً تثنیہ۔ یہ معرفہ کی طرف لازم الاضافہ ہے اس کے دو استعمال ہیں۔
(۱) مضاف الی ضمیر جیسے جاء الرجلان کلاھما، رایت الفتیین کلیھما۔ شئی مقصور کا اعراب اس کا اعراب ہوگا۔
(۲) اسم ظاہر کی طرف مضاف ہو۔ جیسے: جاء کلا الرجلین، قرأت کلا الکتابین۔ تمام حالتوں میں اس کے آخر میں الف آئے گا۔ اس کی طرف ضمیر اس کے ظاہر کے اعتبار سے مفرد راجح ہوگی۔
جیسے کلا الصدیقین أحسن المودّۃ معنی کے اعتبار سے ضمیر بہت کم لوٹائی جاتی ہے جیسے کلا الصدیقین احسنا المودّۃ، قال الفرزدق۔
کلاھما حین جدّ الجری بینھما
قد أقلعا و کلا انفیھما رابی
گویا ایک بار مفرد کی ضمیر اور ایک بار تثنیہ کی ضمیر لوٹائی۔
کِلْتَا: کِلَا کا مؤنث جو کہ مثنیٰ مؤنث کی طرف مضاف ہوتا ہے اور احکام میں مثل کِلَا کے ہے۔
کَلَّا: یہ کلمہ چار معانی کے لئے آتا ہے۔
(۱) ردع وزجر یعنی ڈانٹنے اور روکنے کے لئے اور عموماً اسی معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسا کہ قرآن حکیم میں ہے: ﴿قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓی اِنَّا لَمُدْرَکُوْنَ قَالَ کَلَّا اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَھْدِیْنِ﴾ یعنی اس قول سے بچو۔
(۲) رد اور نفی کے معنی میں ایک شے کی تردید اور دوسرے کے اثبات کے لئے۔ جیسے وہ بیمار جو ڈاکٹر کی ہدایت پر عمل نہ کرے۔
شربتُ ماءً: ڈاکٹر کے کہے کَلَّا یا کہے کَلَّا بل شربتَ لبناً او اکلت خبزاً یعنی تم نے پانی نہیں پیا بلکہ تم نے دودھ پیا ہے یا روٹی کھائی ہے۔
(۳) بمعنی اَلَا تنبیہ کے لئے جو کلام کی ابتداء میں آتا ہے جیسا کہ قرآن حکیم میں ہے۔
﴿کَلَّا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَیَطْغٰی اَنْ رَّاٰہُ اسْتَغْنٰی﴾ یہ اس وقت ہے جبکہ اس سے پہلے کوئی ایسا قول نہ آیا ہو جو زجر اور نفی کا مقتضی ہو۔
(۴) حقًّا کے معنی میں بطور جواب آتا ہے اور قسم کے ساتھ ہوتا ہے۔ جیسا کہ قرآن حکیم میں ہے ﴿وَمَا ھِیَ اِلَّا ذِکْرٰی لِلْبَشَرِ کَلَّا وَالْقَمَرِ﴾ یعنی چاند کی قسم واقعۃً ایسا ہی ہے۔
کَمْ: دو حرفی اسم مبنی بر سکون۔ اس کے ذریعے مبہم تعداد و مقدار معلوم کی جاتی ہے یا بیان کی جاتی ہے اسی وجہ سے اسے مُمَیِّز کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کے استعمال کے دو طریقے ہیں۔
(۱) ایک خبریہ جو بڑی تعداد کے لئے آتا ہے۔ اس کی تمیز مفرد مجرور یا جمع ہوتی ہے۔
جیسے کم فاضلٍ عرفتُ، کم کتبٍ قرأت یعنی میں فضلاء کی بہت زیادہ تعداد کو جانتا ہوں اور میں نے بہت سی کتابیں پڑھی ہیں۔
کبھی اس کی تمیز مجرور بمِن ہوتی ہے۔ جیسا کہ قرآن حکیم میں ہے: ﴿کَمْ مِّنْ فِئَۃٍ قَلِیْلَۃٍ غَلَبَتْ فِئَۃً کَثِیْرَۃً بِاِذْنِ اللّٰہِ﴾
(۲) دوسری قسم بمعنی استفہام بمعنی اَیُّ عَدَدٍ؟ خواہ عدد قلیل ہو یا کثیر جیسے کم فاضلاً عرفت؟
کم کتاباً قرأت؟ اس وقت اس کی تمیز مفرد و منصوب ہوگی۔

Marfat.com

كَمَأ القومَ ـ كَمْأً کھمبی کھلانا۔
كَمِئَ ـ كَمَأً ننگے پاؤں ہونا۔
-يدُه و رجلُه من البرد و العمل کام یا سردی کی وجہ سے ہاتھ پاؤں کا پھٹ کر کھمبی کی طرح ہو جانا۔
-عنِ الاخبار خبروں سے ناواقف ہونا۔
اَكْمَأ المكانُ کسی جگہ کھمبیوں کی بہتات ہونا۔
-القومَ كَمَأهم۔
-السِّنُّ فلاناً درازی عمر کا کسی کو بوڑھا کر دینا۔
تَكَمَّأت عليه الارض زمین کا کسی کو ڈھانک لینا۔
يقال: خرجوا يَتَكَمَّؤُوْنَ. سانپ کی چھتریاں چننا۔
تَكَمَّأ ناقي ارض بني فلان کسی کی زمین میں سے کھمبیاں چننا۔
-الشيءَ ناپسند کرنا۔
الكَمْءُ فصیلہ مدیہ کی ایک کھمبی۔ یہ زمین میں چھپی ہوتی ہے اسے چن کر پکا کر کھایا جاتا ہے۔ اس کا حجم مختلف اقسام کے اعتبار سے مختلف ہے۔
اَكْمُؤٌ. كَمْأَةٌ ھا اکماۃ اسم جمع ہے یا یہ واحد ہے اور الكَمْءُ جمع ہے یا جمع اور واحد دونوں۔
الكَمَّاءُ کھمبیاں بیچنے والا۔
(۲) کھمبیاں چننے والا۔
المَكْمَأَةُ وہ جگہ جہاں کھمبیاں بہت ہوں۔
الكَمْبِيَالَةُ وہ رقعہ جس میں قرض دار یہ عہد کرتا ہے کہ وہ متعینہ مدت میں متعینہ رقم قرض خواہ کو براہ راست یا حامل رقعہ کو ادا کرے گا (د)
كَمُتَ الفرسُ ـُ كُمَاتَةً كُمْتَةً سیاہی مائل بہ سرخ رنگ ہونا۔
اَكْمَتَ الفرسُ كَمُتَ۔
كَمَّتَ الثوبَ کپڑے کو سرخ سیاہی مائل رنگ میں رنگنا۔
اِكْمَتَّ الفرسُ اَكْمَتَ
الكُمْتَةُ سرخی مائل سیاہ رنگ۔
الكُمَيْتُ من الخيل (مذکر و مؤنث دونوں کیلیے) سیاہ سرخ رنگ کا گھوڑا۔
یہ اسم کی ترخیم کے ساتھ تصغیر ہے۔
(ج) كُمْتٌ۔
(۲) شراب کیونکہ اس میں بھی سرخی اور سیاہی ہوتی ہے۔
كَمْتَرَ چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔
-الشيءَ بھرنا۔
-القِرْبَةَ و نحوَها مشک وغیرہ کو بند باندھنا۔
الكُمَّثْرَى فصیلہ مدویہ کا ایک پھلدار درخت اس کی متعدد اقسام ہیں۔ شام میں اسے انجاص کہتے ہیں۔ یہ اجاص کی ایک قسم ہے جسے مصر میں ابرنوق کہتے ہیں۔
كَمَحَ الدَّابَّةَ باللجام ـ كَمْحًا چوپائے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا یا اس کا سر اٹھوانا۔
اَكْمَحَ الكَرْمُ انگور کی بیل کے پتے نکلنا شروع ہونا۔
-الدابّةَ كَمَحَهَا۔
اُكْمِحَ فلانٌ تکبر سے سر اونچا کرنا۔
الكامِحُ گھوڑوں کو سدھانے اور تربیت دینے والا (ج) كَمَحَةٌ۔
الكَوْمَحُ بڑے دانتوں والا کہ جس سے کلام مشکل ہو جائے۔
يقال: فَمٌ كَوْمَحٌ رجلٌ كَوْمَحٌ بڑے ہونٹوں والا۔
كَمَخَ بانفه ـ كَمْخًا كُمَاخًا تکبر کرنا ناک چڑھانا۔
- الفرسَ باللّجام گھوڑے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔
اَكْمَخَ الرجلُ ناک چڑھانا تکبر کرنا۔
-الكَرْمُ انگور کی بیل پر پتے نکلنا۔
الكامَخُ سالن کے طور پر کھائی جانے والی چیز یا سرکہ وغیرہ کی چٹنی اچار (ج) كوامِخُ (د)۔
كَمِدَ لونُه ـ كَمَدًا صفائی اور رونق ختم ہو جانا ـ هو كامِدٌ۔
- القصّارُ الثوبَ كَمْدًا كُمُوْدًا دھوبی کا کپڑے کو دھونا۔ هو كَمَّادٌ۔
-فلاناً کسی کے جسم کے زخمی حصے کی سنکائی کرنا یعنی ورم کی جگہ گرم کپڑا رکھنا۔
كَمِدَ الشيءُ ـ كَمَدًا رنگ بدل جانا۔
يقال: كَمِدَ الثوبُ پرانے پن سے کپڑے کا رنگ بدل جانا۔
-الرجلُ کسی کا اپنے غم کو چھپانا۔ یا بہت زیادہ رنجیدہ ہونا۔
هو كامِدٌ كَمِدٌ كَمِيْدٌ۔
اَكْمَدَ الحزنُ فلاناً رنج کا کسی کو دکھی بنانا۔
-الغَسَّالُ و القَصَّارُ الثوبَ کپڑے کو اچھی طرح صاف نہ کرنا۔
-العُضْوَ کسی عضو پر ورم وغیرہ دور کرنے کے لیے گرم کپڑا رکھنا۔
كَمَّدَ العُضْوَ اَكْمَدَه
الكِمَادُ الكِمَادَةُ ورم کی جگہ گرم کر کے رکھا جانے والا کپڑا۔
الكُمْدَةُ رنگ کا بدلنا اور صفائی کا ختم ہونا۔
الكِمْرُ من البُسْرِ وہ کھجور جو درخت پر پک کر رطب نہ بنی ہو بلکہ نیچے گر گئی ہو۔
كَمَزَ الشيءَ ـ كَمْزًا کسی چیز کو ہاتھ میں لے کر گول کرنا اور ایسا صرف گیلی بھیگی ہوئی چیز میں ہی ہو سکتا ہے جیسے آٹا وغیرہ۔
الكُمْزَةُ انگلیوں کے پوروں سے پکڑی جانے والی چیز۔
(۲) کھجور وغیرہ کا ڈھیر۔
(۳) مٹی یا ریت کا ڈھیر (ج) كُمَزٌ۔
كَمَسَ ـُ كُمُوْسًا تیوری چڑھانا۔
الكَيْمُوْسُ (دیکھئے الكيموس باب الکاف کے آخر میں)۔
الكَيْمُوْسِيَّةُ (دیکھئے الكيموس باب الكاف کے آخر میں)
كَمَشَ الزّادُ ـُ كَمْشًا زادراہ ختم ہو جانا۔
-فلاناً بالسيف تلوار سے ہاتھ پاؤں اعضاء وغیرہ کاٹنا۔
كَمُشَ في امره ـ كَمْشًا کسی معاملہ میں پختہ عزم ہو کر جلدی کرنا۔
كَمُشَ في السير وغيره ـُ كَمَاشَةً کوشش کر کے تیز چلنا۔
هو كَمْشٌ كَمِيْشٌ۔
-الرجلُ بہادر ہونا۔ هو كميش
-المرأةُ چھوٹے پستان والی ہونا۔
-الناقةُ چھوٹے تھن والی ہونا۔
يقال: كمشت الخصية. خصیہ کا چھوٹا ہونا۔

Marfat.com

اَکْمَشَ فی السیر و غیرہ تیز چلنا۔
یقال: اکمشہ عجلت کرنا۔
-بالناقۃ اونٹنی کے تمام تھن باندھ دینا۔
کَمَّشَ الحادی الاِبِلَ حدی خواں کا اونٹ کو تیزی سے ہانکنا۔
-فلاناً کسی سے جلدی کرانا۔
-ذَیْلَه دامن سمیٹنا۔
اِنْکَمَشَ فی امرہ جلدی تیزی کرنا۔
یقال: انکمش الفرسُ فی سیرہ
- الجلدُ او النسیجُ کھال یا کپڑے کا سکڑنا۔
تَکَمَّشَ: اِنْکَمَشَ
الأَکْمَشُ اچھی طرح نہ دیکھ سکنے والا
(٢) چھوٹے قدموں والا۔
الاِنکماش سیدھے چلنے میں تیزی (ج)
الکُمْشُ چھوٹا تھن۔
الکَمْشَۃُ من الاِناث چھوٹے پستان والی عورت یا چھوٹے تھن والی اونٹنی خُصیۃٌ کَمْشَۃٌ چھوٹا اور سکڑا ہوا خصیہ۔
الکَمّاشَۃُ کیل وغیرہ کھینچ کر نکالنے کا آلہ (مو)
الکَمِیْشُ: رَجُلٌ کَمِیْشُ الازار کسی کام میں پھرتیلا اور مستعد آدمی۔
کَمَعَ فی الاِناء َ کَمْعًا برتن میں منہ ڈال کر پینا۔
-الرجلُ وغیرُہ فی الماء پانی میں اترنا۔
-الدّابّۃُ آہستہ آہستہ چلنا۔
-قوائمَ الدّابّۃِ ٹانگیں کاٹنا۔
کَامَعَ المرأۃَ حفاظت کے لئے عورت کو خود سے چمٹا لینا۔
الکِمْعُ ہم بستر (٢) مقامِ جِماع۔
فلان فی کِمعہ فلاں اپنے گھر میں ہے
(٢) پست زمین جس کے کنارے ابھرے ہوئے ہوں (٣) قباء لمبا کرتہ۔
-من الوادی وادی کا کنارہ۔
الکَمِعُ خوشامدی شخص۔
الکَمِیْعُ ہم بستر۔

یقال بات السیفُ کَمِیْعی۔
المُکامِعُ دوست جس پر تیری کوئی بات بھی پوشیدہ نہ ہو۔
کَمْکَمَ الشیَٔ چھپانا۔
تَکَمْکَمَ گٹھے ہوئے جسم کا پست قد آدمی
(٢) انار درخت کی چھال۔
کَمَلَ الشیُٔ ـُ کُمولاً باکمال ہونا اجزاء یا صفات کے اعتبار سے۔
یقال کَمَلَ الشہر ماہ کا دور مکمل ہونا۔
ھو کامِلٌ۔
کَمُلَ ـُ کَمالاً صفت کمال سے متصف ہونا۔
اَکْمَلَ الشیَٔ پورا کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے ﴿اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ﴾۔
کَمَّلَ الشیَٔ اَکْمَلَه
اِکْتَمَلَ الشیُٔ کَمَلَ
تَکامَلَ الشیُٔ بتدریج مکمل ہونا۔
-الأشیاءُ چیز۔ چیزوں کا باہم ایک دوسرے کو پورا کرنا۔
تکَمَّلَ الشیُٔ: کَمَلَ
اِسْتَکْمَلَ الشیَٔ پورا کرنا۔
التکامُلُ (اقتصادیات میں) چند چیزوں کے درمیان تنظیمی اتحاد و تعاون جن کی غرض و غایت ایک ہو (جَ)
التَّکْمِلَۃُ وہ شے جو کسی شے کی تکمیل کا ذریعہ ہو۔
الکامِلُ من الرّجال اوصافِ حسنہ کا جامع (ج) کَمَلَۃ۔
(٢) شعر کی ایک بحر جس کا وزن متفاعلن چھ مرتبہ ہے۔
الکَمَلُ الکامِلُ (تثنیہ اور جمع نہیں ہوتا)
یقال: اعطاہ حقّہ کَمَلاً اسے اس کا پورا حق دیا۔
المِکْمَلُ خیر یا شر میں کمال رکھنے والا بہت باکمال۔
کَمَّ الناسُ ـِ کَمًّا کموماً اکٹھے ہونا۔
-الشیَٔ ـُ کَمًّاء ڈھانکنا چھپانا۔

یقال کَمَّ الدَّنَّ مٹکے کا منہ بند کرنا
-الشَّہادۃَ گواہی کو چھپانا۔
-البعیرَ اونٹ کے منہ پر تھوتھنی چڑھانا۔
اَکَمَّتِ النَّخلۃ کھجور کے درخت کا شگوفہ دار ہونا۔
-قمیصَہ کرتے میں آستین لگانا۔
کَمَّمَتِ النَّخْلَۃُ اَکَمَّتْ
یقال: کَمَّمَ النخلۃَ درخت خرما کو رطب دار بنانے کے لئے ڈھانپنا۔
کَمَّمَ فمَ الحیوان جانور کے منہ پر جالی لگانا۔
-القمیصَ: اَکَمَّه
تکَمَّمَ بثیابہ کپڑے اوڑھنا۔
الکِمامُ جانور کے منہ کی جالی جس سے اس کا منہ بند ہو جاتا ہے تاکہ کاٹے اور کھائے نہ
(٢) گھوڑے کا سر بند (ج) اَکِمَّۃٌ
الکِمامَۃُ الکِمامُ
(٢) کھجور کے شگوفے کا غلاف
(٣) کلی کا غلاف۔
(٤) گدھے یا اونٹ کے ناک پر رکھا جانے والا کپڑا تاکہ مکھیاں اسے تنگ نہ کریں (ج) کمائمُ۔
الکُمّ کپڑے میں ہاتھ داخل کرنے اور نکالنے کی جگہ آستین۔
(ج) اَکْمامٌ کِمَمَۃٌ
کُمُّ السَّبُعِ درندے کے پنجوں کی جھلی۔
کُمّ کل نَوْرٍ کلی کا غلاف
(ج) اَکْمام
اَکْمامُ النخلۃ کھجور کے درخت کے قلب کو ڈھانکنے والی شاخیں۔
الکَمُّ مقدار شے (مو)
(دیکھئے کم)
الکِمُّ پھل کا شگوفہ۔
(٢) کھجور کے شگوفے کی کوری
(٣) کسی بھی پھل کا غلاف (ج) اَکْمامٌ
الکُمَّۃُ کسی شے کو ڈھانپنے والا غلاف
(٢) سر کی گول ٹوپی

Marfat.com

الكَمِيئَۃ: الكَمُّ (مو)
المِكمَّ: ہل چلانے کے بعد زمین ہموار کرنے کا پٹرا۔
كَمَنَ في المكان ـُ كُمونًا: چھپنا
-له کسی کی تاک یا گھات میں بیٹھنا۔
-الناقۃُ لِقاحَھا: اونٹنی کا جفتی کو چھپانا۔
ھي كَمُوْن۔
كَمِنَتْ عينُه ـَ كُمْنَۃً: بیماری کی وجہ سے آنکھوں میں اندھیرا آنا۔
اِكْتَمَنَ: پوشیدہ ہونا۔
الكَمُّوْنُ فصیلہ خمیہ کی ایک موری ایک سالہ سبزی اس کی جڑ بھی مسالہ کے طور پر استعمال ہوتی ہیں اس کی متعدد اقسام ہیں مثلاً ایکر مانی النطی الحبش۔ میٹھے کمون کو آنسون اور ارمنی کو گردیا کہتے ہیں۔
الكُمْنَۃُ: آنکھوں میں کسی بصری مرض کی وجہ سے تاریکی ہونا' بے بصری' بے نوری۔ (ع)
الكَمِيْنُ: جنگی حکمت عملی کے تحت چھپنے والے لوگ۔
(۲) کسی معاملے کا ناقابل فہم ابہام یا التباس۔
یقال: ھذا امرٌ فيه كمينٌ: اس معاملے میں کوئی بات ہے جو سمجھ میں نہیں آ رہی۔
المَكْمَنُ: چھپنے کی جگہ (ج) مَكامِنُ
الكَمَنْجَۃُ: الكَمانُ: چار تاروں اور کمان والا آلہ موسیقی (معرب کمانچہ فارسی)
صاحب شفاء الغلیل کے اشعار میں۔
انهض خليلي و بادرالى سماع كمنجا
فليس من صدّتيها وراح عنا كمن جا
كَمِۃَ النَّھارُ ـُ كَمَھًا: دن یا دھوپ کا غبار آلود ہونا۔
یقال: كَمِھَتِ الشمسُ: سورج کا غبار کی وجہ سے تاریک ہو جانا۔
-الرجلُ اندھا ہو جانا یا کورچشم ہو جانا۔
ھو اكْمَہُ' ھي كَمْھاءُ۔
یقال: كَمِہَ بصرُہ (۳) عقل جاتی رہنا

(۳) رنگ بدل جانا۔
(۴) متردد و پریشان ہونا۔
تَكَمَّہَ في الارض: روئے زمین پر بھٹکتے پھرنا مقصد کا علم نہ ہو۔
الأكْمَہُ: كَلأٌ اكْمَہُ: بہت زیادہ گھاس سمجھ نہ آئے کہ اسے کہاں سے پکڑا جائے۔
الكامِہُ: آوارہ گرد مارا مارا پھرنے والا جس کا کوئی مقصد نہ ہو۔
الكَمَہُ: پیدائشی اندھاپن۔
المُكَمَّہُ: وہ شخص جس کی آنکھیں نہ کھلی ہوں
اِكْمَھَدَّ الرجلُ: بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا۔
-الفَرْخُ: جب اسکے والدین اسے کھلائیں تو وہ کانپے۔
كَمْھَلَ: سفر کیلئے کپڑے اکٹھے کر کے باندھنا۔
-علینا: ہمیں ہمارے حق سے روکنا۔
-الحديثَ: بات کو چھپانا' صاف بیان نہ کرنا۔
المُكَمْھَلُ: روئی جس میں بیج موجود ہوں۔
كَمِيَ اليه ـِ كَمْيًا: کسی کے سامنے آنا۔
-نفسَہ: زرہ اور خود سے خود کو ڈھانپنا۔
ھو كامٍ (ج) كُماۃٌ
-الشھادۃَ: گواہی کو چھپانا۔
-فلانًا مافي ضميرہ: کسی سے اپنے دل کی بات چھپانا۔
اَكْمَى فلانٌ: لشکر کے بہادر زرہ پوش کو قتل کرنا۔
-منزلَہ: اپنے گھر کو نظروں سے چھپانا۔
-الشھادۃَ: گواہی کا چھپانا۔
-علي الامرِ: پختہ ارادہ کرنا
اِكْتَمَى: چھپنا' پوشیدہ ہونا۔
اِنْكَمَى: پوشیدہ ہونا' چھپنا۔
تَكَمَّى في سلاحہ: ہتھیاروں سے خود کو ڈھانپنا۔
-الشيءَ: چھپانا۔
-الفِتَنَ القومَ: لوگوں کا فتنوں میں گھر جانا۔
-قِرْنَہٗ: اپنے مقابل کا قصد کرنا۔

-البطلَ القومَ: بہادر کا قوم کے کسی بہادر کو مار ڈالنا۔
الكَمِيُّ: ہتھیار بند زرہ پوش۔
(۲) پیش قدمی کرنے والا بہادر۔ چاہے اس پر اسلحہ ہو یا نہ ہو۔
(۳) اپنے راز کا محافظ (ج) اَكْماءٌ۔
كَنَبَ فلانٌ ـُ كُنُوْبًا: غربت کے بعد مالدار ہونا۔
-الشيءُ: سخت ہونا' موٹا ہونا۔
-الشيءَ في جرابہ ـِ كَنْبًا: اپنے تھیلے میں کوئی چیز محفوظ رکھنا۔
ھو كانبٌ۔
كَنِبَتْ يدُہ من العمل ـَ كَنَبًا: کام کی وجہ سے ہاتھ کا سخت ہونا۔
اَكْنَبَ الشيءُ: سخت ہونا۔
ھو مُكْنِبٌ و مُكْنَبٌ۔
یقال: اكنبت اليدُ: محنت کے کاموں کی وجہ سے ہاتھوں کی کھال کا موٹا اور سخت ہو جانا۔
-عليه بطنُہ: پیٹ کا سخت ہو جانا۔
-عليه لسانُہ: زبان بند ہو جانا۔
الكانِبُ: شکم سیر۔
الكِنابُ: کھجور کے درخت کی خوشہ دار ٹہنی۔
الكَنَبَۃُ: صوفہ تکیہ دار جس پر کئی آدمی بیٹھ سکیں (مع)
الكَنِيبُ: سوکھا درخت یا وہ درخت جس کے کانٹے سوکھ کر جھڑ گئے ہوں۔
الكِنْبارُ: ناریل کے ریشوں کی رسی۔
الكِنْبِرَۃُ: ناک کا موٹا بانسا۔
كَنَتَ فلانٌ في خلقہ ـُ كَنْتًا: طاقتور ہونا۔
كَنِتَ السِّقاءُ ـَ كَنَتًا: مشکیزہ کا دودھ وغیرہ لگا رہ جانے سے بدبودار ہونا۔
ھو كنِيتٌ اور قَنِيتٌ بھی۔
اِكْتَنَتَ الرجلُ: تابع دار ہونا۔
(۲) خوشی و راضی ہو جانا۔

Marfat.com

کَنَتَ فلانٌ فی خَلقه - کَنتًا: طاقتور ہونا۔
کَنِتَ السِّقاءُ - کَنَتًا: مشکیزہ وغیرہ کا دودھ وغیرہ لگا رہ جانے سے بدبودار ہونا۔ ھو کَنِتٌ، قَنِتٌ ایضاً۔
اِکْتَنَتَ الرَّجُلُ: تابع دار ہونا۔
(۲) راضی و خوش ہونا۔
الکُنْتِیُّ: سخت و طاقتور۔
(۲) بہت بوڑھا کیونکہ وہ اپنے قصے یوں بیان کرتا "کُنتُ" میں ایسا تھا کے ساتھ تھا۔
الکُنْتِیْنُ: معین اشخاص کے لئے مدارس اور فوجی چھاؤنیوں میں کھانے پینے کی چیزیں بکنے کی جگہ۔ (د)
کَنَدَ الشیءَ - کَنْدًا: کاٹنا۔
- النِّعْمَةَ کُنودًا: کفرانِ نعمت کرنا۔ ھو وھی کَنُودٌ۔
قرآن حکیم میں ہے:
اِنَّ الاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَکَنُوْدٌ۔
الکِنْدَةُ: پہاڑ کا ایک ٹکڑا۔
الکَنُوْدُ: ناشکرا۔ جو خدا کو ملامت کرے۔ مصائب کو یاد کرے اور انعامات کو بھول جائے۔ (۲) کمینہ بخیل (۳) گنہگار (۴) بنجر زمین۔
الکُنَادِرُ من الرجال: سخت و موٹا اور پست قد آدمی۔
(۲) موٹی گاؤخر۔
یقال: حمار کُنَادِرٌ۔
الکِنْدَارَةُ: کوہان دار مچھلی۔
الکُنْدُرُ: الکُنَادِرُ۔
بطور جمع کہا جاتا ہے فتیانٌ کَنَادِرَةٌ۔
(۲) لوبان (دیکھئے اللبان)
الکُنْدُرَةُ: سخت و بلند زمین۔
(۲) باز کے لئے تیار کردہ لکڑی وغیرہ کی جگہ۔ (د)
کَنَرَ فلانٌ: موٹا اور جسیم ہونا۔
الکُنَارُ: بیر۔
الکُنَارِیُّ: فصیلہ عصافیر کا ایک خوش آواز پرندہ جو کہ جزائر کناریہ کی طرف منسوب ہے۔
الکِنَّارَةُ: لکڑی یا دف جسے خواتین بجاتی ہیں۔ یا طبلہ وغیرہ (ج) کَنَانِیْرُ۔
کَنَزَ المالَ - کَنْزًا: زمین کے نیچے دفن کرنا۔ (۲) جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔
ھو کَانِزٌ، کَنَّازٌ، المالُ مَکْنُوزٌ، کَنِیْزٌ
قرآن حکیم میں ہے:
هٰذَا مَا کَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِکُمْ فَذُوْقُوْا مَا کُنْتُمْ تَکْنِزُوْنَ۔
- الشیءَ: کسی چیز کو زمین یا برتن میں رکھ کر ہاتھ یا پاؤں سے دبانا۔
- الاِناءَ: اچھی طرح بھرنا۔
- الرُّمْحَ: زمین میں گاڑنا۔
اِکْتَنَزَ الشیءُ: اکٹھا ہونا۔ بھرنا۔
یقال: اکتنز اللحمُ: گوشت کا گٹھا ہوا ہونا۔
یقال: هذا کتابٌ مُکْتَنِزٌ بالفوائد۔
- المالَ: کَنَزَهٗ۔
تَکَنَّزَ اللَّحمُ: اکٹھا ہونا۔ سخت ہونا۔
الکَنَازُ: کھجوروں کے ذخیرہ کرنے کا موسم۔
الکِنَازُ: پُرگوشت اور مضبوط۔
یقال: جاریةٌ کِنَازٌ۔ ناقةٌ کِنَازٌ۔ (ج) کُنُزٌ
کِنَازٌ (مفرد لفظ کی طرح)
الکَنْزُ: زمین میں مدفون مال۔
(۲) وہ چیز جس میں مال جمع کیا گیا ہو۔
(ج) کُنُوزٌ۔
کَنَسَ الظَّبْیُ - کُنُوْسًا: اپنی پناہ گاہ میں جانا۔ ھو کَانِسٌ۔
(ج) کُنَّسٌ، کُنُوسٌ۔
- النجوم کُنوسًا: ستاروں کا اپنے راستوں پر ٹھہر کر واپس آ جانا۔
ھی کَانِسَةٌ (ج) کُنَّسٌ۔
الجواری الکُنَّسُ: چلنے والے ستارے۔ یا تمام ستارے۔
- المکانَ - کَنْسًا: جھاڑو دینا۔ صفائی کرنا۔
یقال: مرُّوا بهم فکنسوهم: ان کا صفایا کر دیا۔
- فی وجه فلان: کسی کا مذاق اڑانا۔
یقال: کَنَسَ اَنْفَهٗ: مذاق اڑانے کے لئے ناک ہلانا۔
اِکْتَنَسَ الظَّبْیُ: کَنَسَ۔
تَکَنَّسَ الرَّجُلُ: چھپنا، پوشیدہ ہونا۔
- المَرْاَةُ: ہودہ میں داخل ہونا۔
- الظَّبْیُ: کَنَسَ۔
الکِنَاسُ: درختوں میں ہرن کی پناہ گاہ۔
(ج) کُنُسٌ، اَکْنِسَةٌ۔
الکُنَاسَةُ: کوڑا (۲) کوڑا خانہ۔
الکَنَّاسُ: جاروب کش۔
الکَنِیْسُ: یہود کا عبادت خانہ (مو)
الکَنِیْسَةُ: یہود اور نصاریٰ کا عبادت خانہ۔
(۲) ہودہ جیسی پالکی جس کو کجاوہ یا محمل پر ڈنڈے اور اس پر کپڑے سے سایہ کر کے بنایا جاتا ہے۔ (ج) کَنَائِسُ۔
المَکْنَسُ: گرمی میں ہرن اور گائے وغیرہ کی پناہ گاہ۔
المِکْنَسَةُ: جھاڑو۔ (ج) مَکَانِسُ۔
کَنَشَ الکِسَاءَ - کَنْشًا: چادر کے کنارے بُننا۔
- السِّواكَ الخَشِنَ: کھردری مسواک کا سرا نرم کرنا۔
الکُنْشَاءُ: جھریاں پڑا ہوا بدشکل آدمی۔
الکُنَّاشَةُ: وہ جڑ جس سے شاخیں پھیلتی ہوں۔
(۲) نوٹ بک جس میں فوائد اور یادداشتیں لکھی جائیں۔
کَنَظَهُ الاَمْرُ - کَنْظًا: کسی کام کا کسی کو اتنا تھکا دینا کہ وہ مرنے کے قریب ہو جائے۔
الکُنْظَةُ: تنگی، پریشانی۔
کَنَعَ الشیءُ - کَنْعًا، کُنُوعًا: سوکھ کر سمٹ جانا۔
- العُقَابُ: عقاب کا شکار پر پڑنے کے لئے بازو سمیٹنا۔ ھی کَانِعَةٌ۔

Marfat.com

-النجمُ غروب کے قریب ہونا۔
الأمرُ نزدیک ہونا۔
-فلانٌ شرم وندامت سے سر جھکانا۔
(۲) مانگنے کے وقت حقیر بن جانا۔ هو كانِعٌ۔
-عن الأمرِ کسی کام سے ڈر کر بھاگ جانا۔
-عن الطريق راہ سے ہٹنا۔
-في الشيء خواہش وطمع کرنا۔
-المسكُ بالثوب کپڑے سے مشک چپک جانا اور جم جانا۔
كَنِعَ الشيءَ- كَنَعًا لگا رہنا۔
(۲) خشک ہوکر سکڑ جانا۔
-فلانٌ بچھڑ جانا۔ هو كَنِعٌ۔
(۲) بے حرکت ہو جانا۔ هو أكْنَعُ هي كَنْعاءُ (ج) كُنْعٌ۔
اكْنَعَتِ العُقابُ: كَنَعَتْ۔
-فلانٌ کسی چیز کے لئے ذلت اختیار کرنا یا ذلیل ہونے کے قریب ہو جانا۔
(۲) حقیر بن جانا حقارت سے سوال کرنا۔
-الابلَ اليه اونٹوں کو اپنے قریب کرنا۔
-أصابِعَهُ او يَدَهُ انگلیوں یا ہاتھ پر مار کر اسے خشک اور سکڑا ہوا کر دینا۔
كَنَّعَ عن الشيء انحراف کرنا۔ الگ ہونا۔
-أصابِعَهُ او يَدَهُ: أكْنَعَها۔
-فلانًا کسی کے سر پر مارنا۔
-فلانًا بالسَّيف کسی کو زور سے تلوار مارنا کہ اس کی ہنیاں ٹیڑھی ہو جائیں۔
اِكْتَنَعَ بالقوم جمع ہونا۔
-اللَّيلُ رات قریب آنا۔
--عليه مہربان ہونا۔
تَكَنَّعَ فلانٌ قامہ بند ہونا۔ محفوظ ہونا۔
يَدَاهُ ورِجلاهُ زخم کی وجہ سے ہاتھ پاؤں کا سکڑ جانا اور خشک ہونا۔
منه نزدیک ہونا۔
به انکنا۔ لٹانا۔
-الأسيرُ في قِدّه قیدی کا اس کے تسمہ سے بندھ کر سکڑنا۔

الأكْنَعُ دونوں ہاتھ کٹا ہوا شخص۔
-من الأمور ناقص، نا تمام۔ (ج) كُنْعٌ۔
الكانِعُ کم ظرف اور چھوٹا بن جانے والا۔
اسيرٌ كانِعٌ تسمہ سے بندھا ہوا قیدی۔
رجلٌ كانِعٌ: وہ شخص جو کسی کے پاس طالب بخشش ہوکر اپنے اہل وعیال کے ساتھ مقیم ہو گیا ہو۔
الكِنْعُ: پہاڑ کے قریب بچا ہوا پانی۔
الكَنيعُ: راہ راست سے ہٹ کر دوسری راہ پر چلنے والا۔
(۲) ٹوٹے ہوئے ہاتھ والا۔
-من الجوعِ سخت بھوک۔
رجلٌ كَنيعٌ گٹھے ہوئے بدن کا آدمی۔
المَكْنُوعُ دونوں ہاتھ کٹا ہوا شخص۔
كَنَفَ الكَيَّالُ ـُ كَنْفًا: ناپنے والے کا پیمانہ کے سرے کو دونوں ہاتھوں سے پکڑنا۔
-القومُ لوگوں کا تنگی پریشانی کی بناء پر اپنے مال محفوظ کرنا۔
-عن الشيء: اعراض کرنا۔ انحراف کرنا۔ هو كانِفٌ۔
يقال: كَنَفَهُ عنه: روکنا۔
-الشيءَ حفاظت کرنا۔ محفوظ کرنا۔
يقال: فلانٌ مخذولٌ لا تكنُفُه من الله كانِفةٌ۔
فلانًا وبفلان کسی کو اپنے گھر کا فرد بنالینا۔
-يدَهُ ہاتھ کا حلقہ بنانا۔
-الكنيفَ كَنْفًا، كُنوفًا بیت الخلا بنانا۔
يقال: كَنَفَ الدارَ گھر میں بیت الخلا بنانا۔
-الابلَ والغنمَ اونٹوں اور بکریوں کے لئے باڑھ بنانا، تھان بنانا ہوا اور ٹھنڈ سے بچانے کے لئے۔
يقال: كَنَفَ لابله۔
أكْنَفَ الشيءَ حفاظت کرنا۔
-فلانًا کسی کو اس کی ضرورت میں مدد دینا۔
يقال: أكْنَفَه الصَّيْدَ والطيرَ اسے شکار پکڑنے میں مدد دی۔
كانَفَهُ مدد دینا۔

كَنَّفَ الشيءَ کسی چیز کا احاطہ کرنا۔
اِكْتَنَفَ القومُ بیت الخلاء بنانا۔
(۲) اونٹوں کا تھان یا باڑہ بنانا۔
-الناقةُ: سردی کی وجہ سے اونٹنی کا اونٹوں کے پہلوؤں میں چھپنا۔
-فلانًا کسی کو اپنی حفاظت میں لینا۔ (۲) گھیرنا۔
تَكَنَّفَهُ: اِكْتَنَفَهُ۔
الكانِفَةُ: پناہ دشمن سے بچاؤ کے لئے آڑ۔
يقال: انهزموا فما كانت لهم كانِفَةٌ۔
الكُنافَةُ گندم کے آٹے سے بنا ہوا جو باریک باریک دھاگوں کی طرح بنایا جاتا ہے تنور وغیرہ میں اسے گھی میں پکایا جاتا ہے۔ پھر اس میں شیرہ ملایا جاتا ہے۔ عموماً یہ رمضان میں کھایا جاتا ہے۔ (مو)
الكَنَفُ شے کا کنارہ (۲) سایہ۔ (ج) أكْنافٌ۔
كَنَفا الرجل بازو، پہلو۔ دائیں بائیں۔
كَنَفُ الطائر پرندے کے پر۔
كَنَفُ الله رحمت خداوندی، ستر اور حفاظت۔
الكِنْفُ: ہر وہ برتن (ظرف) جس میں کوئی چیز محفوظ کی جائے۔
كِنفُ الراعي و الصانع والتاجر تاجر کاریگر، چرواہے کا سامان وغیرہ محفوظ کرنے کا تھیلا۔
الكُنَفانيُّ سویاں بنانے اور بیچنے والا۔ (مو)
الكَنُوفُ اونٹوں کے پہلوؤں میں سردی سے بچنے کے لئے پناہ لینے والی اونٹنی۔
(۲) وہ اونٹنی جو اونٹوں سے الگ ہوکر اپنی جگہ بیٹھے۔
-من الغنم ریوڑ سے دور رہ جانے والی بکری۔ (ج) كُنُفٌ۔
الكَنيفُ: پردہ، آڑ۔
(۲) ڈھال۔ يقال ترسٌ كَنيفٌ۔
(۳) گھر کے دروازے کا پردہ۔
(۴) درختوں یا لکڑیوں کا بنایا ہوا اونٹوں یا بکریوں کا تھان، باڑہ جو سردی اور ہوا سے بچاؤ کے لئے ہو۔

Marfat.com

(۵) بیت الخلاء۔ (ج) کُنُفٌ۔
المَکْنَفُ: رجلٌ مَکْنَفُ اللِّحیَةِ: بڑی داڑھی والا۔
کَنْفَشَ: فتنوں کے دنوں میں گھر کے اندر رہنا۔
(۲) داڑھی کی جڑ کا سوجھنا۔
کَنْکَنَ فلانٌ: بھاگنا۔
(۲) سست ہو کر گھر بیٹھ رہنا۔
الکُنْکَانُ: تاش کے پتوں کا کھیل (د)
کَنَّ الشیَٔ ـُ کُنونًا: چھپنا۔
الشیَٔ ـُ کَنًّا: چھپانا۔
اَکَنَّ الشیَٔ: کَنَّهُ۔
قرآن حکیم میں ہے: وَاِنَّ رَبَّکَ لَیَعْلَمُ مَا تُکِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا یُعْلِنُوْنَ۔
کَنَّنَ الشیَٔ: مبالغہ در کَنَّ۔
اِکْتَنَّ الشیَٔ: چھپنا۔
یقال: اِکْتَنَّتِ المرأةُ: لوگوں سے حیا کرتے ہوئے چہرہ چھپانا، پردہ کرنا۔
-الشیَٔ: چھپانا۔
اِسْتَکَنَّ الشیَٔ: چھپنا۔
الکَانُوْنُ: چولہا۔
(۲) بھاری بھرکم آدمی۔ (۳) وہ شخص جو خبریں اور باتیں سننے کے لئے بیٹھے اور پھر ان کو دوسری جگہ نقل کرے۔ (ج) کَوَانِین۔
کَانُونُ الاوَّلُ: دسمبر۔
کَانُونُ الثَّانِي: جنوری۔ تشرین ثانی اور شباط کے درمیان سردی کے وسط کے دو ماہ جن کے درمیان کوئی تیسرا مہینہ نہیں ہوتا۔ عرب انہیں شہری قِمَاح کہتے ہیں۔
الکَانُونَةُ: چولہا۔ استوو۔
الکِنَانُ: پردہ ڈھکن (۲) ہر وہ چیز جو ایک دوسری چیز کی حفاظت کرے جسے وہ چھپاتی ہو۔ (ج) اَکِنَّةٌ۔
قرآن حکیم میں ہے: وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِیْ اَکِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَا اِلَیْهِ۔
الکِنَانَةُ: تیر رکھنے کا چمڑے کا چھوٹا سا تھیلا۔ (ج) کنائن۔
(۲) سرزمین مصر (مجازاً)

الکِنُّ: الکِنَانُ۔
(۲) عمارت یا غار وغیرہ جہاں گرمی اور سردی سے بچاؤ ہو سکے۔ (ج) اَکْنَانٌ، اَکِنَّةٌ۔
قرآن حکیم میں ہے: وَاللّٰهُ جَعَلَ لَکُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّجَعَلَ لَکُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَکْنَانًا
الکَنَّةُ: بیٹے یا بھائی کی بیوی۔ (ج) کَنَائِنُ۔
الکُنَّةُ: پر وغیرہ جسے دیوار سے نکالا جائے یا گھر کے دروازے پر بنایا ہوا شیڈ یا سائبان
(۲) کارنس یا گھر میں بنی ہوئی کوٹھری۔
(ج) کِنَانٌ۔
(ج) کِنَانٌ۔
الکَنِیْنَةُ: بیوی (ج) کَنَائِنُ۔
المُسْتَکِنَّةُ: کینہ۔ بغض۔
المَکْنُوْنُ: آنکھوں سے دور، پوشیدہ۔
(۲) وہ پوشیدہ چیز جہاں ہاتھ نہ پہنچ سکیں۔
قرآن مجید میں ہے (فِیْ کِتٰبٍ مَّکْنُوْنٍ)۔
(۲) پوشیدہ چیز جس تک رسائی نہ ہو۔ قرآن حکیم میں ہے وَیَطُوْفُ عَلَیْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ کَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّکْنُوْنٌ۔
کَنَهَ الاَمْرَ ـَ کَنْهًا: حقیقت جاننا۔ اصل تک پہنچنا۔
اَکْنَهَ الاَمْرَ: کَنَهَهُ۔
اِکْتَنَهَ الاَمْرَ: کَنَهَهُ۔
الکُنْهُ: شے کا جوہر۔ حقیقت، اصل۔
(۲) غایت۔ انتہا۔
یقال: بلغت کُنْهَ هذا الأمر، اَعْرِفُهُ کُنْهَ المعرفة۔ (۳) مقدار۔
یقال: فعل فوق کُنْهِ استحقاقه۔
(۴) وقت، موقع۔
یقال: فعلت هذا الشیٔ فی غیر کُنْهِهِ۔
الکُنَهْوَرُ من السحاب: پہاڑ کی مانند بادل کا ٹکڑا یا بہت بڑا سفید بادل۔
الواحدة: کَنَهْوَرَة۔
کَنْهَفَ: (دیکھئے کهف)
کَنَی عن کَذا ـِ کِنَایَةً: ایسا لفظ بولنا جس سے کسی چیز اور استدلال کیا جاتا ہو اور واضح طور پر اس کے لئے وضع نہ ہو۔

قد کنی عن کذا بکذا هو کان۔
-الرجلَ بابی فلان وابا فلان کُنْیَةً: نام دینا۔ کنیت دینا۔
اَکْنَاهُ: کَنَاهُ بکذا: کَنَاهُ۔
اِکْتَنَی بکذا: کسی نام سے موسوم ہونا۔
تَکَنَّی فلانٌ: لڑائی کے وقت تعارف کے لئے اپنی کنیت بتانا۔ یہ مبارزین (جنگجوؤں) کا شعار ہے (۲) پوشیدہ ہونا۔
-بکذا: کوئی کنیت یا نام اختیار کرنا۔
الکِنَایَةُ (علم بیان میں) وہ لفظ جس کے معنی کا کوئی لازم مراد لیا جائے اور اصل معنی مراد لینے کا بھی اس بنیاد پر جواز ہو کہ وہاں کوئی ایسا قرینہ نہ ہو جو اصل معنی مراد لینے سے مانع ہو۔ اس کی چند قسمیں ہیں۔
ا۔ کنایہ عن موصوف جیسے امّة الدولار۔ امریکہ۔ الناطقین بالضاد عرب یا عربی زبان بولنے والے ہیں۔
(۲) کنایہ عن صفت جیسے نظافة الید عفت امانت۔
(۳) کنایہ عن نسبة صفت الموصوف۔ یعنی صفت کی موصوف کے ساتھ نسبت کا کنایہ جیسے الذکاءُ مل عین هذا الرجل۔ ذکا صفت اور موصوف الرجل میں ہے ہر ایک مذکور ہے۔ اور مراد یہ ہے کہ یہ شخص ذکاوت کی صفت کے ساتھ متصف ہے۔
الکُنْیَةُ: نام اور لقب کے علاوہ کسی شخص کا مقرر کردہ نام۔ جیسے ابوالحسن، ام المنیر۔ اس کے شروع میں لفظ اب یا ام بنت، اخ، اخت، عم، عمة، خال یا خالہ آتا ہے۔ کنیت کو نام اور لقب یا ان کے بغیر بھی استعمال کیا جاتا ہے اس کا مقصد صاحب کنیت کی عظمت و شان کا اظہار ہوتا ہے۔ اور معززین کے لئے خاص ہے۔ کبھی نیک فال کے لئے بچے کی کنیت بھی رکھی جاتی ہے اور بعض حیوانات کی بھی کنیت ہے جیسے شیر کی کنیت ابوالحارث، بجو کی کنیت ام عامر وغیرہ کلام عرب میں شائع ہیں۔
(۲) ایسی چیز کا کنایہ جس کا نام لینا ناپسند اور برا ہو۔ (ج) کُنًی۔

Marfat.com

كَهِبَ لونُهُ- كَهَبًا كُهْبَةً: سیاہی مائل بھورا ہونا- ھو اَكْهَبُ ھی كَهْباءُ- (ج) كُهْبٌ-
اِكْهَابَّ لونُهُ: مبالغہ در کہب-
الكَهْبُ: عمر رسیدہ اونٹ یا بھینس-
الكُهْبَةُ: گہرا نیلا رنگ- سیاہی مائل بھورا رنگ-
كَهَدَ فلانٌ- كَهْدًا كَهَدَانًا: مانگنے میں اصرار کرنا-
(۲) تھک کر چور ہو جانا-
-في المشي: تیز چلنا-
-فلانًا: کسی کو تیز چلانا-
اَكْهَدَ فلانًا: تھکا دینا- مشقت میں ڈالنا-
اَكْوَهَدَ الشَّيْخُ و الفَرْخُ: کمزوری سے کانپنا-
الكَهْدَاءُ: باندی کیونکہ خدمت میں تیز و پھرتیلی ہوتی ہے-
الكَهْوَدُ اَتانٌ كَهْوَدُ اليَدَيْنِ: تیز رفتار اونٹنی-
الكَوْهَدُ: بڑھاپے سے کانپنے والا-
كَهَرَ النَّهَارُ- كَهْرًا: بلند ہونا-
يقال: كَهَرَ الضُّحى-
-الحَرُّ: گرمی کا تیز ہونا-
-فلانٌ: ہنسنا-
-الغُلامُ: لڑکے کا کھیلنا-
-فلانًا: کسی کو روکنا- زبردستی کرنا-
(۲) ترش روئی سے پیش آنا- تحقیر کی بنا پر-
-القومُ: خسر و دامادی کا رشتہ قائم کرنا-
الكَهْوَرُ، الكُهْوَرَةُ: تکبر و ترش روئی سے لوگوں کو جھڑکنے والا-
كَهْرَبَ مسقطُ الماءِ: پانی کے زور کے ساتھ گرنے کی حِدّہ سے بجلی پیدا کرنا-
-الشئَ: گرم کرنا، کسی چیز میں بجلی کی طاقت پیدا کرنا-
يقال: كهرَبَ الاَسْلاكَ-
كَهْرَبَ المَصْنَعَ: کارخانہ کی مشینوں کی بجلی سے چلانا-
كَهْرَبَ الخطَّ الحديدئَ: ریلوے لائن پر بجلی سے ٹرین چلانا-
-الشئَ او الشخصَ: کسی چیز یا شخص کو بجلی کا شاک لگنا- جو کبھی جان لیوا ہوتا ہے-

(مختلف معانی کے ساتھ یہ فعل محدث ہے)
تَكَهْرَبَ: لازم كَهْرَبَ-
يقال: تَكَهْرَبَ الشَّلاَّلُ، تكهرب المَصْنَعُ-
الكَهْرَبَاءُ: زرد رنگ کا مادہ جو شفاف طاقتور برقی جھٹکنے کے مشابہ ہوتا ہے یہی وہ بلو مواد ہے جس کا برقی پن رگڑنے سے معلوم ہوتا ہے- اسی سے کلمہ الکھربائیۃ مشتق ہے- (ع)
الكَهْرَبُ: الكَهْرَبَاءُ-
الكَهْرَبائيُّ: برقی عمل کا ماہر-
(۲) بجلی کا کام کرنے والا-
التيار الكهربائيُّ: مادہ میں چلنے والی بجلی کی طاقت- اس کی دو قسمیں ہیں- مُثبت، مَنفی- موجب یا دافع-
المصباح الكهربائيُّ: بجلی سے چلنے والا چراغ-
الكَهْرَبَةُ: کسی بھی ذریعہ سے بجلی کا حصول-
(۲) بجلی بھرنے کا عمل- چارجنگ-
(۳) بجلی کا صدمہ- شاک-
الكَهْرَمَانُ: مخروطی درختوں سے نکلنے والا گوند جو کہ جیولوجیا کے قدیم زمانے میں پایا جاتا تھا-
اِكْتَهَفَ: غار میں رہنا-
تَكَهَّفَ: اِكْتَهَفَ-
-الجبلُ: پہاڑ میں غار ہونا-
البئرُ: پانی کا کنویں کے پرندے کو کھا کر لہرانے کی آواز پیدا کرنا-
-الرِّئَةُ: سِل کی بیماری سے پھیپھڑے میں گڑھے پڑ جانا- (مو)
كَنْهَفَ عَنًا: کسی کے پاس سے تیزی سے گزر جانا- (اس میں نون زائد ہے)
الكَهْفُ: پہاڑ میں تراشا ہوا گھر- یا پہاڑ کا وسیع غار- (ج) كُهُوفٌ-
(۲) پناہ گاہ- يقال: هو كَهْفُ قومه-
كَهْ كَهْ: ہنسنے، بانسری بجانے یا اونٹ کے بلبلانے اور شیر کے دھاڑنے کی آواز کی نقل-
كَهْكَهَ المقرورُ: سردی زدہ کا ہاتھ منہ پر رکھ کر سانس لینا-

الاسدُ او البعيرُ: شیر یا اونٹ کا آواز نکالنا-
-الرجلُ: آدمی کا قہقہہ لگانا- (۲) بانسری بجانا-
تَكَهْكَهَ عنه: کسی چیز سے عاجز رہنا-
الكُهَاكِهُ: وہ شخص جو ہنستا معلوم ہو لیکن ہنس نہ رہا ہو-
الكَهْكَاهُ: کمزور-
الكَهْكَاهَةُ من الرجال: خوف زدہ سہا ہوا-
(۲) موٹی لڑکی یا کنیز-
كَاهَلَ فلانٌ: ادھیڑ عمر ہونا-
(۲) شادی کرنا-
اِكْتَهَلَ: كَاهَلَ-
النَّعْجَةُ: دنبی کی عمر پوری ہونا-
-النَّبْتُ: پودے کی لمبائی مکمل ہو کر کلیاں نمودار ہونا-
-الرَّوضَةُ: باغ کا کلیوں اور پودوں سے بھر جانا-
تَكَهَّلَ النَّبَاتُ: اِكْتَهَلَ-
الكَاهِلُ من الانسان: کندھے اور گردن کی جڑ کے درمیان کا حصہ-
فلانٌ كاهلُ بني فلان: فلاں شخص فلاں قبیلہ کا سہارا ہے-
اِنَّهُ لشديد الكاهل: وہ مضبوط و طاقتور ہے-
-من الفرس: گھوڑے کی گردن سے متصل پیٹھ کا بالائی حصہ- اس میں ہڈی کے چھ مہرے ہوتی ہیں-
(۳) غضبناک آدمی یا ست سانڈھ کی آواز-
يقال: اِنَّهُ لذو كاهل (ج) كَوَاهِلُ-
كَوَاهِلُ اللَّيْلِ: رات کے ابتدائی اوقات جو درمیانی شب تک رہتے ہیں-
الكَهْلُ: ادھیڑ عمر- تیس سے پچاس سال کی عمر کے درمیان کا آدمی-
(ج) كُهُولٌ، كُهَّلٌ، كُهلان-
يقال: طارله طائر كَهْلٌ: دنیا میں خوش نصیب ہونے والا شخص-
الكُهْلُولُ: سخی، فیاض شخص-

Marfat.com

كَهَمَ الرجلُ ـ كَهَامَةً: کسی کی مدد نہ کرسکنا۔ لڑائی نہ کرسکنا۔ ہو كَهَامٌ۔
-السيفُ: کند ہونا۔
ہو كَهَامٌ۔ كَهِيمٌ۔
-الشدائدُ الرَّجلَ كَهْمًا: مصائب کا کسی کو کچل ڈالنا۔ بزدل بنا دینا۔
كَهُمَ بصرهُ...... كَهَامَةً: نگاہ کمزور ہونا۔
-لسانهُ: زبان بند ہو جانا۔
ہو كَهَامٌ، كَهِيمٌ۔
اَكْهَمَ بصرهُ: كَهُمَ۔
كَهَّمَتْهُ الشدائدُ: مبالغہ در كَهَمَتْهُ۔
تكَهَّمَ فلانٌ: كَهَمَ۔
(۲) فتنہ کی زد میں آنا۔
كَهْمَسَ: دونوں پاؤں ملا کر مٹی اڑاتے ہوئے چلنا۔
الكَهْمَسُ من الرجال: پست قد آدمی۔
(۲) بدشکل آدمی (۳) شیر۔ (۴) بھیڑیا۔
(۵) بڑے کوہان والی اونٹنی۔
كَهَنَ لهُ ـ كَهَانَةً: غیب کی خبر دینا۔
ہو كاهنٌ (ج) كُهَّانٌ، كَهَنَةٌ۔
يقال: كَهَنَ لهم: کاہنوں والی بات کہنا۔
كَهُنَ ـُ كَهَانَةً: کاہن بن جانا۔ یا کہانت مزاج کا حصہ بن جانا۔
كَاهَنَهُ: کسی کی طرف مائل ہونا۔
تكَهَّنَ له: كَهَنَ۔
(۲) کاہن جیسی بات کہنا۔
الكاهنُ: بہت دقیق علمی معلومات رکھنے والا۔ اہل عرب نجوم اور طبیب کو کاہن کہتے تھے۔
(۳) کسی شخص کا خصوصی کارندہ۔
یہود و نصاریٰ کے ہاں: کہونت کے درجہ کو پہنچا ہوا۔
(۴) دیگر غیر مسلم مذاہب کے ہاں جو مذہبی رسوم ادا کرنے اور نذرانے وغیرہ قبول کرنے کا مجاز ہو۔
حُلْوانُ الكاهنِ: کاہن کا نذرانہ۔
سجع الكُهَّانِ: کاہنوں کا آراستہ کیا ہوا کلام۔
الكِهَانَةُ: کاہن کا پیشہ۔
الكَهْنُوتُ: کاہن کا منصب۔ (د)
رجال الكهنوت: یہود و نصاریٰ کے مذہبی علماء۔
كَهَّ ـِ كَهُوهًا: بوڑھا ہونا۔
-السكرانُ في وجه من يَسْتَنْكِهُهُ: نشہ والے کا اسے سونگھنے والے کے منہ کے پاس سانس چھوڑنا۔
كَهَّ..... كَهُوهًا: سانس لینا۔
الكَهَّةُ: عمر رسیدہ بھاری بھرکم اونٹنی۔
(۲) بڑھیا (۳) اونٹنی خواہ دبلی ہو یا موٹی۔
كَهِيَ فلانٌ ـَ كَهًى: کمزور و بزدل ہونا۔ منہ کی بو کا بدل جانا۔ (۳) جھائیوں دار چہرے والا ہونا۔ ہو اَكْهَى۔
اَكْهَى فلان: انگلیوں کے پوروں کو سانس سے گرم کرنا۔
عن الطعام: کھانے کا ارادہ ترک کرنا۔ جیسے اَقْهَى۔
اِكْتَهَى فلانًا ان يكلِّمه: کسی کی تعظیم و تکریم کرنا۔
الاَكْهَى: بے شگاف پتھر۔
الاَكْهَاءُ: شرفا لوگ۔
الكَهَاةُ: عمر رسیدہ بھاری بھرکم اونٹنی۔
كَابَ ـُ كَوْبًا: گلاس میں پینا۔
كَوِبَ ـَ كَوَبًا: پتلی گردن اور موٹے سر والا ہونا۔ ہو اَكْوَبُ، هي كَوْباءُ (ج) كُوبٌ۔
كَوَّبَ الشيءَ: موگری سے کوٹنا۔
الكُوبُ: کانچ وغیرہ کا پیالہ جس کا منہ گول اور ہتھی کے بغیر ہوتا ہے۔ پینے کا برتن۔ (ج) اَكْوُبٌ، اَكْوَابٌ۔
الكُوبَةُ: دوائیاں وغیرہ کوٹنے کا گول پتھر۔
(۲) ایک آلہ موسیقی۔
(۳) نرد یا شطرنج (۴) الكوب (مو)
كَوَّثَ الزرعُ: کھیتی میں چار یا پانچ پتے نکل آنا۔
الكَوْثُ: وہ کھیتی جس میں چار یا پانچ پتے نمودار ہو گئے ہوں۔
(۲) جوتا۔ سلیپر۔
تكَوْثَرَ: (دیکھئے: کثر)
الكَوْثَرُ: (دیکھئے کثر)
الكَوْثَلُ: (دیکھئے کثل)
كَاحَ فلانًا ـُ كَوْحًا: لڑائی میں کسی پر غالب آ جانا۔
-الشيءَ: پانی میں ڈبونا یا مٹی میں دبانا۔
كَاوَحَهُ: لڑائی کرنا۔
(۲) جھگڑے میں باہم گالی گلوچ کرنا۔
كَوَّحَهُ: مبالغہ در كَاحَ۔
-غيرَهُ: ذلیل کرنا۔
-الزِّمامُ البعيرَ: لگام کا اونٹ کو قابو میں کرنا۔
تكاوَحَا: باہم لڑائی جھگڑا کرنا۔
الكُوخُ: پھونس اور بانس کا بنا ہوا گھر۔
(۲) ہر وہ گھر جسے کاشتکار کھیت کی حفاظت کے لئے کھیت کے قریب بنائے۔ (محدثہ)
كَادَ يفعلُ كذا ـَ كَوْدًا: کرنے کے قریب ہونا۔ لیکن ابھی کرنا نہ۔
قرآن حکیم میں ہے۔ يَكَادُ البَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ اور (يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ۔
كَادَ: فعل ماضی ناقص اس کا اسم مرفوع اور خبر مضارع مرفوع یا منصوب بِاَنْ ہوتی ہے۔ اس کا معنی خبر کے اسم کے قریب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ دیگر افعال کی طرح اس کی نفی نفی مقاربت اور اثبات اثبات مقاربت ہے۔ کبھی بمعنی اَرَادَ ہوتا ہے۔ بعض مفسرین کی رائے میں اس آیت میں یہی معنی مراد ہے۔ اَكَادُ اُخْفِيهَا۔
عَرَفَ فلانٌ ما يُكَادُ منه: فلاں کو معلوم ہو گیا کہ اس سے کیا جا تا رہا ہے۔
بعض عرب کا قول ہے كُدْتُ اَفْعَلُ كذا۔
- فلانًا عن الشيءِ ـُ كَوْدًا، مَكَادًا: روکنا۔
-بنفسه: جان دینا۔

Marfat.com

كَوَّذَا الشيَ جمع کرکے ڈھیر لگانا۔
اَکْوَاذَ الشیخُ (دیکھئے کاد)
الکَوْذَۃُ ہر وہ چیز جس کو جمع کرکے ڈھیر لگایا جائے جیسے کھانا، مٹی وغیرہ (ج) اَکْوَاذٌ۔
المَکَاذَۃُ: تقول لا مَهَمَّۃَ لی ولا مَکَاذَہ نہ میرا ارادہ ہے نہ میں ایسا ارادہ رکھنے کے قریب ہوں۔
اگر کوئی شخص تم سے کچھ مانگے اور تمہارا دینے کا ارادہ نہ ہو تو کہا جائے گا لَا وَلَا مَکَاذَۃَ وَلَا مَهَمَّۃَ وَلَا مَکَاذًا وَلَا مَهَمًّا۔
كَوْذَنَ فی مشیہ (دیکھئے کذن)
الکَوْذَنُ (دیکھئے کذن)
كَوَّذَا الإزارُ ازار بند کا ران کے ابھرے ہوئے حصے تک پہنچنا۔
—فلانًا بالعصا ران اور کولہے کے درمیان لاٹھی مارنا۔
الکَاذَانُ بھاری بھرکم آدمی۔
الکَاذَۃُ ران کے بالائی حصے کا ابھرا ہوا (۲) گوشت۔ ھی کاذتان۔
(ج) کَاذٌ کَاذَاتٌ۔
الکَاذِیُّ درخت (دیکھئے کذو)
الکَوْذَانُ: الکَاذَانُ۔
کَارَ فی مِشْیَتِہ۔ کَوْرًا تیز چلنا۔
—الکارۃَ گٹھڑی اٹھانا۔
—الارضَ کھودنا۔
اَکَارَ علیہ کسی کو ذلیل و کمزور سمجھنا۔
کَوَّرَ الشیَ گول لپیٹنا۔
—المَتَاعَ سامان کی گٹھڑی باندھنا۔
—اللهُ اللَّیْلَ علی النَّهارِ والنَّهارَ عَلَی اللَّیْلِ رات کو دن میں یا دن کو رات میں داخل کرنا یا ایک کو دوسرے سے بڑھانا۔
قرآن حکیم میں ہے یُکَوِّرُ اللَّیْلَ عَلَی النَّهَارِ وَیُکَوِّرُ النَّهَارَ عَلَی اللَّیْلِ۔
—فلانًا پچھاڑنا یا نیزہ مار کر گرانا۔
کُوِّرَتِ الشَّمْسُ سورج کی روشنی کو اکٹھا کرکے عمامے کے لپیٹنے کی طرح لپیٹ دینا۔ یا ماند پڑ جانا۔

اِکْتَارَ الرَّجُلُ بگڑ جانا۔
یقال: کَوَّرَہ فاکتار۔
—الفرسُ دوڑتے وقت گھوڑے کا دم اٹھانا۔
—الناقۃُ جفتی کے وقت اونٹنی کا دم اٹھا لینا۔
—لفلان گالی دینے کے لئے تیار ہونا۔
—الشیَ اوپر نیچے ڈالنا۔
تَکَوَّرَ الرَّجُلُ تیار ہونا۔
—الجبلُ گرجانا۔
—السائلُ قطرہ قطرہ بہنا۔
الکَارَۃُ کمر پر اٹھایا جانے والا بوجھ گٹھڑی جیسے کپڑے یا کھانا۔
الکِوَارُ شہد کی مکھیوں کے لئے تنگ سرکنڈوں کا بنایا جانے والا گھر۔
الکِوَارَۃُ: الکوارُ۔
(۲) عورت کا سر پر لپیٹنے کا کپڑا۔
الکَوْرُ اونٹوں یا گایوں کا بڑا گروہ، زیادتی، کثرت۔
یقال: نعوذ باللهِ من الحَوْرِ بعد الکَوْرِ یعنی زیادتی کے بعد کمی۔ (ج) اَکْوَارٌ۔
الکُوْرُ لوہار کی بھٹی۔
(۲) کجاوہ یا ساز و سامان سمیت کجاوہ۔
(ج) اَکْوَارٌ کِیرانٌ۔
(۳) بھڑوں کا چھتا۔ (ج) اَکْوَارٌ۔
(۴) معدنیات پگھلانے کی مشین۔ (مع)
الکُوْرَۃُ علاقہ۔ (۲) وہ علاقہ جس میں بہت سارے قصبے محلے جمع ہوں۔
(ج) کُوَرٌ۔
الکُوَّارَۃُ پالتو شہد کی مکھیوں کا گھروندا۔
(ج) کُوَّارَاتٌ۔
المِکْوَرُ: رجلٌ مِکْوَارٌ انتہائی فحش گو۔ بدکار۔
الکُوْرَمَۃُ ارضی پھولی ہوئی شاخ جس میں غذائی مواد جمع ہوتا ہے۔ اس پر شگوفے ہوتے ہیں جب کہ اس کی جڑیں بھی زمینی ہیں۔ قلقاس کی طرح اس کی وساطت سے بھی نباتات سرسبز رہتی ہیں۔ (مع)
کَازَ۔ کَوْزًا کوزہ سے پینا۔
—الشیَ اکٹھا کرنا۔

اِکْتَازَ: کَازَ۔ یقال: اِکْتَازَ الماءَ۔
تَکَوَّزَ القومُ اکٹھا ہونا۔
الکُوْزُ ڈنڈی دار پانی پینے کا برتن۔
(۲) مٹی کی ہانڈی۔ (مو) (ج) کیزانٌ۔
المُکَوَّزُ: رجلٌ مُکَوَّزُ الرأس لمبے سر والا۔
الکَوْزَبُ (دیکھئے کزب)
کَاسَ الانسانُ۔ کَوْسًا ایک پیر پر چلنا۔
—الحیوانُ جانور کا ایک ٹانگ زخمی ہونے کی بنا پر تین ٹانگوں پر چلنا۔
—العقیرُ سر کے بل گرنا۔
الحَیَّۃُ سانپ کا کنڈلی مارنا۔
—فی سیرہ آہستہ چلنا۔
—فی البیع قیمت کم کرنا۔
یقال: لا تکسنی یا فلان فی البیع۔
فلانًا پچھاڑنا یا سر کے بل گرانا۔
اَکَاسَ فلانًا: کَاسَہٗ۔
کَوَّسَہٗ سر کے بل گرانا یا الٹا کر دینا۔
اِکْتَاسَہٗ عن حاجتہ روکنا۔
تَکَاوَسَ لحمُہٗ گوشت کا گھٹا ہوا ہونا۔
—العُشْبُ ونحوہ گھاس وغیرہ کا گھنا ہونا۔
تَکَوَّسَ الرجلُ سرنگوں ہونا۔
الکَاسُ: الکاسُ کا مخفف (دیکھئے کاس)
الکُوْسُ سمندر کا تلاطم اور غرقابی یا قرب غرقابی (مع)
الکُوْسُ ڈھول۔
(۲) بڑھئی کا مثلث پیمانہ جس سے لکڑی کا مربع پن معلوم کرتا ہے۔ (مع)
آج کل اسے المثلث کہتے ہیں۔
الکَوْسَاءُ: اَرْضٌ کَوْسَاءُ وافر اور گھنی نباتات والی زمین۔ (ج) کُوْسٌ۔
الکُوْسَۃُ فیصلہ قرعیہ کدو کی ایک قسم جس کا پھل پکایا جاتا ہے۔ (و)
الکُوْسِیُّ من الخیل اگلی چھوٹی ٹانگوں یا پچھلی ٹانگوں والا گھوڑا جو دوڑتے ہوئے سرنگوں معلوم ہو۔
کَوْسَجَ (دیکھئے کسج)
تَکَوْسَجَ (دیکھئے کسج)

Marfat.com

الكَوْسَجُ: (دیکھئے کسج)
كَاعَ الكلبُ كَوْعًا: کتے کا گرمی کی شدت سے ریت پر کلائی کے بل جھوٹتے ہوئے چلنا۔ (۲) انگلی یا ٹانگ کے زخمی ہونے کی بنا پر کلائی کی ہڈی کے سہارے چلنا۔
—عن الشئ: (جیسے خَافَ يَخَافُ) ڈر کر پیچھے ہٹ جانا۔ (كَعَّ میں ایک لغت)
كَوِعَ فلانٌ — كَوَعًا: کلائی کی بڑی ہڈی والا ہونا۔ (۲) خشک کلائی والا ہونا۔
(۳) کسی کا ایک ہاتھ آگے اور ایک پیچھے ہونا۔ هو أكْوَعُ هي كَوْعَاءُ۔
كَوَّعَهُ بالسيف: تلوار مار کر کلائی کی ہڈیاں ٹیڑھی کر دینا۔
تكَوَّعَتْ يَدُهُ: ٹیڑھا ہونا۔
الكَاعُ: چھوٹی انگلی سے متصل کلائی کا کنارہ۔ هو الكُرْسُوعُ۔ (ج) أكْوَاعٌ۔
الكُوعُ: انگوٹھے سے متصل کلائی کا کنارہ (ج) أكْوَاعٌ۔
كَافَ الاديمَ — كَوْفًا: چمڑے کے کنارے سینا۔
كَوَّفَ الرَّجُلُ: کوفہ آنا۔
—الشئَ: مٹانا۔ ایک طرف کرنا۔
—الاديمَ: کاٹنا۔
—الكَافَ: کاف کو لکھنا۔
تكَوَّفَ الرجلُ: اہل کوفہ کی متابعت اختیار کرنا یا ان کی طرف منسوب ہونا۔
—القومُ: لوگوں کا گول دائرہ میں اکٹھا ہونا۔
الكَوْفَى يقال: الناسُ فى كوفى من امرهم: لوگوں کا معاملہ گڑبڑ ہے۔
الكَوْفَانُ: ریت کا گول ٹیلہ۔
(۲) مصائب میں لوگوں کی پریشانی اور اضطراب۔ یقال الناس فى كوفان من امرهم۔
الكُوفَانُ: الكَوْفَانُ۔
(۲) سرکنڈوں یا لکڑیوں کا جھنڈ۔
(۲) سخت آفت، بڑا فتنہ، تکلیف و مشقت۔
(۴) شان و شوکت۔
الكُوفِيَّةُ: ریشم وغیرہ کا کپڑا جسے سر پر عقال کے نیچے رکھا جاتا ہے یا گردن کے گرد لپیٹا جاتا ہے۔ (مو)
كَوْكَبَ (دیکھئے ککب)
الكَوْكَبُ (دیکھئے ککب)
الكَوْكَبَةُ (دیکھئے ککب)
الكُوكُ فحم الكوك: صاف کردہ پتھر کا کوئلہ۔ (ع)
الكُوكَايِينُ: ایک نشہ آور جنی مادہ جو کہ کوکا کے درختوں سے نکالا جاتا ہے اور طب میں سن کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ (ع)
تكَوَّلَ القومُ: اکٹھے ہونا۔
—على فلان: گالی گلوچ اور مار پیٹ کرتے ہوئے کسی پر پل پڑنا۔
إنْكَالُوا عليه: تكَوَّلُوا۔
الأَكْوَلُ: پہاڑ یا زمین کا بالا حصہ (ج) أكَاوِلُ۔
الكُولَانُ الأسلُ: (دیکھئے الأسل)
الكُولَايَا: کولایا درخت کی چھال جس میں صابن ہوتا ہے۔ مشروبات میں جھاگ اور تیلوں میں مٹھاس پیدا کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اسے عرق الحلاوۃ بھی کہتے ہیں۔ (ع)
كَوِمَ الشئُ — كَوَمًا: بڑا ہونا۔ عموما اس کا استعمال اونٹ کی کوہان میں ہوتا ہے۔
یقال: كَوِمَ البعيرُ هو أكْوَمُ والناقةُ كَوْمَاءُ (ج) كُومٌ۔
كَوَّمَ الشئَ: ڈھیر لگانا۔
إكْتَامَ الرَّجُلُ: پیروں کی انگلیوں کے کنارے پر بیٹھنا۔
الأكْوَمَانِ: مرد کے پستانوں کی نوک کا نچلا حصہ۔
الكَوْمُ: مٹی، ریت، پتھر یا کوئلہ کا چوٹی دار ڈھیر۔ (۲) ٹیلہ کی طرح اونچی جگہ۔ (ج) أكْوَامٌ، كِيمَانٌ۔
الكُومَةُ: الكَوْمُ (ج) كُوَمٌ۔
الكَوْمَةُ: الكَوْمُ۔
كَانَ الشئُ — كَوْنًا، كِيَانًا، كَيْنُونَةً: ہونا۔ وقوع پذیر ہونا۔ هو كَائِنٌ۔ المفعول مَكُونٌ۔
كَانَ کی تین حالتیں ہیں۔
(۱) ان افعال میں سے ہو جو اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں۔ اس صورت میں ناقصہ ہوگا۔ جیسے كَانَ زَيْدٌ قائمًا۔ زمانہ ماضی میں اس کے لئے قیام ثابت تھا اور قرینہ کے ساتھ دوام یا انقطاع کا فائدہ دیتا ہے۔ اس کے چند معانی ہیں۔
(۱) بمعنی صَارَ جیسے قرآن حکیم میں ہے وَسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا۔ اور وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيبًا مَّهِيلًا۔ او فَإِذَا انْشَقَّتِ السَّمَاءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ۔
(۲) بمعنی استقبال۔ جیسے قرآن حکیم میں ہے۔ يَخَافُونَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيرًا۔
(۳) بمعنی حال۔ جیسے قرآن حکیم میں ہے كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ۔
(۴) بلا انقطاع مسلسل زمانہ کے معنی میں۔ جیسے وَكَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَّحِيمًا یعنی ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔
دوسرا معنی صرف اسم مذکور ہو اس صورت میں تامہ ہوگا اور بمعنی ثَبَتَ ہوگا۔ جیسے كَانَ اللّٰهُ وَلَا شئَ مَعَهُ۔ یا بمعنی وَقَعَ جیسے مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ ومالم يشأ لَمْ يَكُنْ۔
تیسرا معنی وسط کلام یا آخر میں تاکید کے واسطے زائد ہو۔ ابتداء میں زائد نہیں ہوگا۔ نہ عمل کرتا ہے اور نہ صورت یہ زمانہ پر دلالت کرتا ہے۔ جیسے زيد كان منطلِقٌ۔ زيدٌ منطلِقٌ کا معنی اس کا زید منطلِقٌ ہے۔
صرف ماضی کے لفظ کے ساتھ زائد ہوتا ہے اور ام عقیل بن ابی طالب کے قول میں مضارع کے لفظ کے ساتھ نادر ہے۔

أنْتَ تكون ماجدٌ نبيلٌ
إذا تَهُبُّ شَمْأَلٌ بَلِيلٌ

یقال: دخل الأمر فى خبر كان فلاں معاملہ ہو گیا۔
كَانَ على فلان كذا كَوْنًا، كِيَانًا: کسی چیز کا ذمہ دار ہونا۔
لَا يَكُونُ: افعال استثناء میں سے۔

Marfat.com

تقول: جاء القومُ لا یکون زیدًا: اس کا اسم ہمیشہ ضمیر ہوتا ہے۔ جیسے آپ کہیں لا یکونُ الاتی زیدًا۔
کَوَّنَ الشیَٔ: چند چیزوں کو جوڑ کر کوئی چیز بنانا۔
–اللّٰہُ الشیَٔ: عدم سے وجود بخشنا۔
اِکْتَانَ الشیُٔ: وقوع پذیر ہونا۔
(۲) ذمہ دار ہونا۔
تَکَوَّنَ الشیُٔ: وقوع پذیر ہونا۔
یقال: کَوَّنَہٗ فتکوَّنَ۔
(۲) حرکت کرنا۔
کسی مبغوض کو عرب کہتے ہیں۔ لا کانَ ولاَ تکوَّنَ نہ وہ پیدا ہوتا اور نہ حرکت کرتا۔
–فلانًا: کسی کی شکل و صورت اختیار کرنا۔
حدیث میں ہے من رآنی فی المنام فقد رآنی۔ فاِنَّ الشیطان لا یتکوَّمنی۔
اِسْتَکَانَ: ذلیل و تابع ہونا۔
الکَائِنَۃُ: حادثہ، واقعہ (ج) کَوَائِنُ۔
الکَانُوْنُ: (دیکھئے کنن)
الکَوْنُ: وجود، ہستی مطلقًا۔
(۲) حدوث، وقوع ہونا جیسے تاریکی کے فوراً بعد روشنی کا وقوع ظہور۔ اگر ظہور بتدریج ہو تو اسے حرکت کہا جاتا ہے۔
(۳) مادہ میں کسی نئی شکل کا ظہور جیسے ترمٹی کا لوٹے میں بدل جانا۔
(۴) مادہ کے جوہر کا کسی اعلیٰ شکل میں بدل جانا۔ اس کا مقابل (ضد) فساد ہے اور وہ کسی ادنیٰ صورت میں تبدیل ہونے کو کہتے ہیں۔
الکونان دنیا اور آخرت۔
الکِیْنَۃُ: حالت۔ یقال بات فلان بکِیْنَۃِ سَوءٍ: اس نے بری حالت میں رات بسر کی۔
المَکَانُ: منزلت، مقام، مرتبہ۔
یقال: ھو رفیع المکانِ۔
(۲) جگہ، مقام۔ (ج) اَمْکِنَۃٌ۔
المَکَانَۃُ: مرتبہ، حیثیت، جگہ، مقام۔
قرآن حکیم میں ہے وَلَوْ نَشَاءُ لَمَسَخْنٰھُمْ عَلٰی مَکَانَتِھِمْ: یعنی ان کی جگہوں پر ہی۔
کَاھَہٗ۔ کَوْھًا: کسی کے منہ کی بو سونگھنا۔
کَوِہَ الرَّجلُ۔ کَوَھًا: حیران ہونا۔
تَکَوَّھَتْ علیہ امورُہٗ: معاملات کا پھیل کر بے قابو ہونا۔
کَوَّی فی البیت کَوَّۃً: گھر کی دیوار میں روشندان بنانا۔
تَکَوَّی: سکڑ کر تنگ جگہ میں گھسنا۔
الکَوُّ: دیوار میں روشنی اور ہوا کے داخل ہونے کے لئے روشندان۔
الکَوَّۃُ: الکَوُّ۔
(ج) کَوَّاتٌ، کِوَاءٌ، کُوًی۔
کَوَاہُ...... کَیًّا، کَیَّۃً: گرم لوہے سے جلانا۔ داغنا۔
قرآن حکیم میں ہے: یَوْمَ یُحْمٰی عَلَیْھَا فِیْ نَارِ جَھَنَّمَ فَتُکْوٰی بِھَا جِبَاھُھُمْ وَجُنُوْبُھُمْ وَظُھُوْرُھُمْ۔
–الثوبَ: استری پھیر کر سلوٹیں دور کرنا۔ (مو)
–فلانًا بعینہ: گھور کر دیکھنا۔
–العقربُ فلانًا: بچھو کا ڈسنا۔
کَاوَاہُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔
اِکْتَوَی: لازم۔ کَوَی۔
–فلانٌ: اپنے بدن پر داغ لگانا۔
(۲) اپنی جھوٹی تعریف کرنا۔
تَکَوَّی بالشیٔ: کسی چیز سے گرمی حاصل کرنا۔
–الرجل بجسد امراتہ: اپنی بیوی کے بدن سے گرمی حاصل کرنا۔
اِسْتَکْوَی: کسی سے داغ لگانے کو کہنا۔
الکَاوِیَاءُ: داغ لگانے کا آلہ۔
الکَوَّاءُ: الکاوی سے صیغہ مبالغہ۔
(۲) کپڑے استری کرنے والا۔
(۳) بدزبان، گالم گلوچ کرنے والا۔
الکَیَّۃُ: داغ کی جگہ۔ کبھی کیّ کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔
منہ قولھم ھو اَمَۃٌ منھم فی القلب کَیَّۃٌ۔
المِکْوَاۃُ: الکاویاءُ۔
(۲) لوہے وغیرہ کا آلہ جس سے کپڑے استری کئے جاتے ہیں۔ (ج)
کَیْ: حرف ناصبہ مضارع میں سے ایک حرف اس کا معنی مطلب بیان کرنا ہوتا ہے۔
قرآن حکیم میں ہے: لِکَیْلَا تَاْسَوْا عَلٰی مَا فَاتَکُمْ کبھی اِلٰی کے معنی میں حرف جر ہوتا ہے۔ جیسے سَاَجتھد کَیْ اَنْ اَنْجَحَ ای الی اَنْ انجح۔
کبھی کَیْفَ کے معنی میں آتا ہے۔ جیسے کسی شاعر کا قول ہے

کَیْ تجنحون اِلی سَلْمٍ وما ثئرت
فَتلاکُمْ ولظی الھیجاء رضطرم

ای کیف تجنحون۔
کَاءَ عَنِ الأمرِ۔ کَیْئًا، کَیْئَۃً: کسی چیز سے نگاہ پھیرنا۔ الگ رہنا۔
اَکَاءَہ اِکَاءً، اِکَاءَۃً: کسی کو ایسے کام کے کرنے سے روکنا جسے وہ کرنا چاہتا ہو۔
الکَاءُ: بزدل، کمزور دل۔
الکَیُّ، الکَیِّیُٔ: الکاءُ۔
کَیَّتَ الجھازَ: سامان مختصر کرنا۔
شاعر کا قول ہے:

کَیِّتْ جَھَازَکَ اِمَّا کُنْتَ مُرْتَحِلا

–الوعاءَ: برتن کو بھرنا۔
کَیْتَ، کَیْتِ: (تاء کے کسرہ کے ساتھ بھی آتا ہے)
یقال: کان فی الأمرِ کیتَ وکیتَ: اور اتنا کسی واقعہ یا حادثہ کو اشاروں سے بتانے کیلئے آتا ہے اور یہ ہمیشہ مکرر ہی آتا ہے۔
کَاحَ فیہ السَّیفُ۔ کَیْحًا: نشان ڈالنا۔
کَیِحَ۔ کَیَحًا: موٹا اور کھردار ہونا۔
ھُوَ اَکْیَحُ ھی کَیْحَاءُ (ج) کِیحٌ۔
اَکَاحَ۔ کَاحَ۔
یقال: مَا اَکَاحَ فیہ السَّیفُ: تلوار نے اس پر کوئی اثر نہ کیا۔
–فلانًا: ہلاک کرنا۔

Marfat.com

الکاخ: پہاڑ کا دامن۔
(ج) اَکْیَاخٌ، کُیُوخٌ۔
اَلْکِیْخُ: الکاخ۔
کَادَ الغُرَابُ۔ کَیْدًا، مَکِیْدَۃً: زور سے چیخنا۔
-الزَّنْدُ: چقماق سے آگ نکلنا۔
-بنفسه: حالت نزع میں تکلیف جھیلنا۔
-فلانًا: دھوکا دینا۔ چال چلنا۔
یقال: کَادَ لہ: چال چلنا۔
(۲) برائی کا ارادہ کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے: تَاللّٰہِ لَاَکِیْدَنَّ اَصْنَامَکُمْ۔
-القَوْمَ: جنگ کرنا۔
-الشیئَ: تدبیر کرنا، حل نکالنا۔
کَایَدَہٗ: کَادَہٗ۔
اِکْتَادَہٗ: کَادَہٗ۔
تَکَایَدَ الرَّجُلَانِ: باہم مکر کرنا۔
یقال: فی فُلَانٍ تکایُدٌ: فلاں آدمی متشدد ہے۔
الکَیْدُ: کسی کو تکلیف دینے کا خفیہ ارادہ مخلوق کی طرف سے۔ یہ برا حیلہ ہے جبکہ اللہ کی طرف سے ہو تو مخلوق کو اس کے اعمال کا بدلہ دینے کے لئے برحق تدبیر۔
قرآن حکیم میں ہے: اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا۔ وَّاَکِیْدُ کَیْدًا۔
(۲) جنگ۔ یقال: غَزَا فلان فلم یَلْقَ کَیْدًا
(ج) کُیُوْدٌ۔
الکَیَّادُ: بڑا چالاک۔
المَکِیْدَۃُ: دھوکہ۔ فریب، چال۔
(ج) مَکَایِدُ۔
کَارَ الفرسُ۔ کَیَارًا: دوڑتے ہوئے دم اٹھانا۔ ھو کَیِّرٌ۔
اَکَارَ علیہ یَضْرِبُہٗ: مارنے کے لئے آگے بڑھنا۔
تَکَایَرَ الرَّجُلَانِ: باہم مارنا۔ زدوکوب کرنا۔
الکِیْرُ: چمڑے وغیرہ کا آلہ جس کے ذریعے لوہار بھٹی میں پھونک مارتا ہے۔ (ج)

اَکْیَارٌ، کِیَرَۃٌ۔
الکِیْرُوسِیْن: پٹرول سے نکالا جانے والا آتش گیر سیال مادہ۔ جو سولار سے ہلکا ہوتا ہے یعنی کثافت میں کم ہوتا ہے۔ (ع)
کَاسَ الولدُ۔ کَیْسًا، کِیَاسَۃً: عقل مند ہونا۔
(۲) ذہین وفطین ہونا۔
ھو کَیِّسٌ، کَیْسٌ (ج) اَکْیَاسٌ، کَیِّسَۃٌ، کَیْسٰی ھو الاَکْیَسُ ھی الکُوْسٰی، الکِیْسٰی۔ ھُنَّ الکُوْسٰی، الکُوْسَیَاتُ۔
-فلانًا: کسی پر ذہانت میں غالب آنا۔
اَکَاسَ، اَکْیَسَ الانسانُ: عقلمند اولاد والا ہونا۔ ھو مَکْیَسٌ ھی مُکْیِسَۃٌ۔
کَایَسَہٗ: عقل وخرد میں مقابلہ کرنا۔
یقال: کَاکیسۃً فی البیع۔
کَیَّسَہٗ: عقل مند بنانا۔
تَکَیَّسَ فلانٌ: عقلمند وزیرک بننا۔
(۲) ذہین ہونا۔
الکُوْسٰی، الکِیْسٰی: جیسے الحُسْنٰی بمعنی الحُسْنُ ہے۔
الکِیَاسَۃُ: مفید مطلب بات نکالنے کا ملکہ۔
الکَیْسُ: سخاوت، ذہانت۔
(۲) عقل مندی۔ (ج) کُیُوْسٌ۔
الکِیْسُ: دراہم، دنانیر، موتیوں کی تھیلی۔ (۲) متعین مال کی تھیلی جو کہ معاملات میں رائج تھی۔
یقال: اشتریت ھذا بخمسۃ اکیاس مثلاً
(ج) اَکْیَاسٌ، کِیَسَۃٌ۔
(۳) وہ تھیلی جس میں بچہ ہوتا ہے اسی کو المَشِیْمَۃُ کہتے ہیں۔
کَیْسَانُ: غداری۔ اس کی کنیت ابوکیسان ہے۔
اُمُّ کَیْسَانَ: گھٹنے کو کہتے ہیں۔
(۲) پاؤں کی پشت انسان کی پشت پر مارنا۔
المِکْیَاسُ، امراۃٌ مِکْیَاسٌ: ذہین بچے جننے والی۔ (ج) مَکَایِیْسُ۔
کَاصَ الرَّجلُ۔ کَیْصًا، کُیُوْصًا: بزدل

ہونا۔ کسی شے سے عاجز آنا۔
(۲) تیز چلنا۔
یقال: مَرَّ یکیص۔ وہ تیزی سے گزر گیا۔
-من الطعام والشراب خوب کھانا پینا۔
یقال: کاص عند فلان من الطَّعَام ما شاء کھانا۔
-طعامَہ تنہا کھانا۔
کَایَصَہٗ: کسی چیز کی مشق کرنا۔
الکَیْصُ: سخت بخل۔
الکِیْصُ: بداخلاق۔ (۲) کنجوس، کمینہ۔
(۳) مغرور وسرکش۔
کَافَ الشیئَ۔ کَیْفًا: کاٹنا۔
کَیَّفَ الشیئَ: کاٹنا۔
(۲) کسی چیز کی خاص کیفیت و حالت مقرر کرنا۔ (مو)
-الھواءَ مشین (مکیف الھواء) کے ذریعے کسی جگہ کا درجہ برودت یا درجہ حرارت تبدیل کرنا۔
اِنْکَافَ الشیئُ: کٹنا۔
تَکَیَّفَ الشیئُ: کسی خاص کیفیت و حالت پر ہونا۔ (مو)
-الھواءُ: ہوا کا درجہ حرارت بدلنا باہر کے موسم کی مناسبت سے۔ یعنی گرمی میں کم ہونا اور سردی میں زیادہ ہونا۔
-الشیئَ: کم کرنا۔
کَیْفَ اسم مبنی برفتحہ عموما استفہامیہ ہوتا ہے یا تو حقیقی جیسے کیف زید؟ یا غیر حقیقی جیسے قرآن حکیم میں ہے۔ کَیْفَ تَکْفُرُوْنَ بِاللّٰہِ یونہ یہاں جگہ تعجب کے قائم مقام ہے۔
اگر کیف کے بعد اسم ہو تو وہ اس کی خبر ہونے کی بناء پر محل رفع میں ہوگا۔ جیسے کَیْفَ زیدٌ۔
اگر اس کے بعد فعل ہو تو وہ حال یا مفعول مطلق ہونے کی بناء پر محل نصب میں ہوگا۔ جیسے کیف جاءَ زیدٌ۔
کبھی شرط کے لئے آتا ہے اور ایسے دو فعلوں کا مقتضی ہوتا ہے جو لفظاً اور معنی متفق ہوں اور

Marfat.com

غیر مجزوم ہوں۔
جیسے کیف تصنعُ اصنعْ او کیفما۔
الکِیفَۃُ چیڑے وغیرہ کا ٹکڑا۔
(٢) کپڑا جس کے ذریعے دامن کے اگلے حصے کو پیوند لگایا جاتا ہے۔ (ج) کِیَفٌ۔
الکَیفیَّۃُ لفظ کیف سے مصدر صناعی۔ اس پر اسمیت سے مصدریت کی طرف منتقل کرنے کیلئے یاء کا اضافہ کیا گیا۔
کیفیَّۃُ الشیٔ: حالت' صفت۔
اگر کیفیت ذوات الأنفس کے ساتھ خاص ہو تو اسے کیفیت نفسانی کہتے ہیں۔ جیسے علم' حیات' اگر راسخ فی الوضع ہو تو اسے ملکہ کہتے ہیں۔ ورنہ حال۔ جیسے کتابت کہ ابتداء میں یہ حالت ہوتی ہے اس میں پختگی آجائے تو ملکہ بن جاتی ہے۔
مُکَیِّفُ الْهَوَاءِ گاڑیوں یا کمروں میں لگایا جانے والا آلہ جو بجلی سے چلتا ہے' سردیوں میں حرارت کو کم اور زیادہ گرمی میں کم کرتا ہے۔ ایئر کنڈیشن۔ (مو)
کَالَ الزَّنْدُ۔ کَیْلًا مَکَالًا چقماق سے آگ نہ نکالنا۔
-البُرَّ وغیرہ گیہوں وغیرہ کی مقدار کسی پیمانے سے ناپنا۔ یہ متعدی بہ دو مفعول ہوتا ہے۔
یقال: کِلتُ فلانًا الطعامَ۔
کبھی مفعول اول پر لام داخل ہوتا ہے۔
کِلتُ له الطعام۔ یقال هذا طعامٌ لا یکیلُنی یہ کھانا میرے لئے کافی نہیں۔
-الشیٔ بالشیٔ ایک چیز کا دوسری سے اندازہ کرنا۔
کالی الفرسَ بغیرہ ایک گھوڑے کا دوسرے گھوڑے سے دوڑ میں مقابلہ کرنا۔
کِیلَ کُوْلَ القمحُ پیمانہ سے ناپا ہو مَکِیلٌ' مَکُولٌ۔

کَایَلتُ فلانًا: میں نے فلاں کو اور فلاں نے مجھے ناپ کر دیا۔
-الرَّجلُ صاحبَہ کسی کو اس جیسی بات کہنا یا اس جیسا معاملہ کرنا۔ یا گالی کے بدلے میں بڑھ کر گالی دینا۔
-الفرسُ الفرسَ: باہم مقابلہ کرنا۔
-فلانًا صاعًا بصاعٍ: برابر کا معاملہ کرنا۔
کَیَّلَ فلانٌ: بزدل ہونا۔
-لفلان البُرَّ: مبالغہ در کال۔
اِکْتَالَ منه وعلیه کسی سے اپنے لئے خود ناپ کر لینا۔
یقال: کَالَ المُعطی واکتال الآخذ۔
قرآن حکیم میں ہے: وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِينَ الَّذِينَ إِذَا اكْتَالُوا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُونَ وَإِذَا كَالُوهُمْ أَو وَّزَنُوهُمْ يُخْسِرُونَ۔
تَکَایَلَ الرَّجُلَانِ ایک دوسرے کے لئے ناپنا۔ (٢) باہم گالی گلوچ کرنا یا باہم انتقام لینے میں برابری کرنا۔
الکِیَالَۃُ: ناپ تول کرنے والے کی اجرت۔
(٢) ناپ تول کا پیشہ۔
الکَیْلُ لکڑی یا لوہے کا ناپ تول کا پیمانہ۔
(٣) چقماق کی چنگاریاں۔ (ج) اَکْیَالٌ۔
الکَیْلَۃُ دانے پیمنے کا برتن۔ آج کل اس کی مقدار آٹھ قدح ہے۔ (ج) کَیلاتٌ۔
الکَیْلَجَۃُ اہل عراق کا پیمانہ جس میں ایک ثمن کم دو من سماتے ہیں۔
(ج) کیالجۃٌ' کیالج۔
الکِیْلَۃُ پیمانہ یا پیمائش کی نوعیت۔
ضرب المثل ہے اَحَشَفًا وَّ سُوءَ کِیلَۃٍ؟!
الکَیَّالُ: ناپ تول کرنے والا۔
الکَیُّولُ سونے چاندی وغیرہ کا جھڑنے والا برادہ۔
الکَیُّولُ جنگ کی آخری لائن۔
(٢) بزدل (٣) زمین کا بلند حصہ۔
المِکْیَالُ پیمائش کا پیمانہ (ج) مکاییل۔

الکیلو: یہ کلمہ جب تنہا ہو تو اس کا معنی ہزار آتا ہے اور غیر مثلاً میٹر' گرام وغیرہ سے مرکب ہو تو اس کا ایک ہزار مراد ہوتا ہے۔
یقال کیلومیتر' کیلو جرام۔
یقال: عشرونَ کیلومترًا' ثلاثة کیلو مترات۔ (د)
الکَیْلُوسُ: رقیق آنتوں میں داخل ہونے سے قبل معدے میں گندھے ہوئے آٹے کی طرح اکٹھی ہونے والی غذا۔ (مع)
الکیمیاءُ: تدبیر و مہارت۔
قدماء کے ہاں اس سے مراد بعض معدنیات کو دوسرے معدنیات میں تبدیل کرنا ہے۔
علم الکیمیا: (متقدمین کے ہاں) وہ علم جس کے ذریعے بعض معدنیات کے جوہری خواص کو نکال کر ان کی جگہ نئے خواص شامل کئے جائیں خاص طور پر ان کو سونے میں تبدیل کیا جائے۔ (جدید علماء کے ہاں) وہ علم جس کے ذریعہ اجسام (عناصر مادیہ) کے خواص بذریعہ ترکیب و تحلیل معلوم کئے جائیں' جو مختلف حالات میں مقررہ قوانین فطرت کے مطابق بدلتے رہتے ہیں خاص طور پر جب باہم اتحاد (ترکیب) ہو یا باہم تخلیص (تحلیل) ہو (مع)۔
الکیمیائیُّ: الکیمیاوِیُّ علم کیمیا کا ماہر یا اس کے قواعد کی عملی تطبیق کرنے والا۔
(ج) کیمیائیون کیمیاوِیُّون۔
التفاعل الکیمیائیُّ ایک مادہ کا دوسرے مادے میں مؤثر ہو کر اس کی کیمیائی ترکیب بدل ڈالنا۔ یا مادہ میں ہونے والی کیمیائی تبدیلی جو بجلی یا حرارت کے ذریعہ ہوتی ہے۔
الکَیْمُوسُ: غذائی نچوڑ' سفید مادہ جو کہ چوسے جانے کے قابل ہوتا ہے اسے آنتیں غذائی مواد سے ان میں سے گزرنے کے دوران حاصل کرتی ہیں۔ (مع)

Marfat.com

الکَیمُوْسِیَّۃُ: کھانے کی ضرورت۔
کَانَ ـِ کَیْناً: ذلیل' تابع ہونا۔
اَکَانَہُ اللّٰہُ: اللہ عزوجل کا کسی کو ذلیل و تابع کرنا۔
اِکْتَانَ: غمگین ہونا یا غم کو چھپانا۔
الکِینَا: فصیلہ کوتیہ کے پودوں کا چھلکا جو کہ جنوبی امریکا' ہند اور جاوا میں پایا جاتا ہے۔ اس سے بہت سے نائٹروجنی مادے حاصل کئے جاتے ہیں جن میں سے اہم ایکنین اور الکونیدین ہیں۔(مج)
الکَیْنَۃُ: بیر(۲) ضمانت۔
المُکْتَان: ضامن' کفیل۔
کَاہَہُ ...... کَیْہًا: کسی کے منہ کی بو سونگھنا۔
الکَیِّہُ: وہ شخص جو اپنی تدبیر و چال سے عاجز آ چکا ہو۔ یا بے تدبیر و بے حیلہ شخص۔
کِیَہْك: مشہور چوتھا قبطی مہینہ۔
الکَیَاء: مصطکی(د)

Marfat.com

ل

اَللَّامُ حروف ہجایہ کا تیئسواں حرف جو کہ مجہورہ اور متوسطہ ہے اور اس کا مخرج ہے طرف لسان جب ثنایا اور رباعیات کی جڑ سے لگے اور نون کے مخرج کے قریب ہے۔

اللَّامُ المفرَدَةُ یہ جر اور جزم کا عمل کرتا ہے اور غیر عاملہ بھی ہوتا ہے۔

(۱) عامله للجر یہ اسم ظاہر کے ساتھ مکسور ہوتا ہے جیسے لِزید' لعمرو لیکن اسم مستغاث ''یا'' ندائیہ کے ساتھ ہو تو اس وقت یہ لام مفتوح ہوتا ہے جیسے یاللّٰہ۔

یائے متکلم کے علاوہ تمام ضمائر کے ساتھ مفتوح ہوتا ہے جیسے لَنَا' لَكُمْ' لَهُمْ مگر یائے متکلم کے ساتھ مکسور ہوتا ہے۔

لام جارہ درج ذیل معانی کے لئے آتا ہے۔

(۱) استحقاق۔ یہ کسی ذات اور کسی معنی کے درمیان آتا ہے۔ جیسے الحمدللّٰہ' العزّۃُ للّٰہ' المُلكُ للّٰہِ' الأمرُ للّٰہ۔

(۲) اختصاص۔ جیسے الجنّةُ للمؤمنین۔

(۳) ملک۔ جیسے لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یا تملیک جیسے وھبتُ لزید دینارًا یا شبہ تملیک جیسے جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا۔

(۴) تعلیل جیسے قرآن حکیم میں ہے لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ اِيْلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ۔ استغاثہ میں لام ثانی بھی تعلیل کے لئے ہوتا ہے جیسے یا لَزید لِعمرو۔

اور وہ لام جو فعل مضارع پر داخل ہو کر خود یا بواسطہ اَنْ اسے نصب دیتا ہے۔

جیسے وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ۔

(۵) تاکید نفی۔ لفظاً اس فعل پر داخل ہوتا ہے جس سے پہلے لفظ مَا كَانَ یا لَمْ يَكُنْ ہو اور یہ دونوں اسی اسم کی طرف منسوب ہوتے ہیں جس کی طرف لام کا مدخول علیہ فعل منسوب ہوتا ہے۔ جیسے وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ اور لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ اکثر نحوی اسے لام جحد سے تعبیر کرتے ہیں کیونکہ یہ نفی کا بالکلیہ انکار کرتا ہے۔

(۶) بمعنی اِلٰی جیسے ارشاد ربانی ہے بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا۔

(۷) بمعنی عَلٰی استیلاء حقیقی ہے جیسے يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ یا استعلاء مجازی جیسے وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا بمعنی فِي جیسے قرآن حکیم میں ہے وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔

(۹) بمعنی عَنْ جیسے قرآن حکیم میں ہے وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ۔

(۱۰) صیرورت اسے لام عاقبہ اور لام مآل بھی کہتے ہیں۔ جیسے فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا۔

(۱۱) قسم اور تعجب ایک ساتھ یہ لفظ اللہ کے ساتھ خاص ہے۔ جیسے

لِلّٰهِ يَبْقٰى عَلَى الْاَيَّامِ ذُوْحِيَدٍ۔

(۱۲) محض تعجب اور یہ نداء میں استعمال ہوتا ہے جیسے امرئ القیس کا قول ہے فیالك من لیلٍ کأنّ نجومهٗ۔

بِكُلِّ مُغَارِ الفتل شُدَّتْ بیذبل

اور غیر نداء میں جیسے میمون الأعمش کا قول ہے

شبابٌ وشیبٌ وافتقار وثروةٌ۔

فَلِلّٰہِ هذا الدهرُ كیف تردّدا۔

(۱۳) برائے تعدیہ جیسے ما أضرب زیدا لعمرو' ما احبّهٗ لبکر۔

(۱۴) تاکید اور یہ لام زائدہ ہوتا ہے اس کی چند اقسام ہیں۔

(۱) فعل ارادہ اور فعل امر کے بعد فعل مضارع کو اَن مضمرہ کی بناء پر نصب دیتا ہے جیسے اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اور وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ۔

(ب) لام تقویت۔ وہ لام جو ایسے عامل کی تقویت کرے جو مؤخر ہونے کی بناء پر کمزور ہو۔ جیسے هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ یا عمل فرع ہونے کی بناء پر کمزور ہو جیسے مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ۔

(۲) عاملہ جازمہ۔ وہ لام جو طلب کے لئے وضع کیا گیا اس کی حرکت کسرہ ہے۔ لیکن فاء اور واوَ کے بعد اکثر ساکن ہوتا ہے۔ متحرک بہت کم۔ جیسے فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ کبھی ثُمَّ کے بعد بھی ساکن ہوتا ہے جیسے ثُمَّ لْيَقْضُوْا۔

(۳) غیر عاملہ سات ہیں۔

(۱) لام ابتداء۔ اس کے دو فائدے ہیں۔ مضمون جملہ کی تاکید اور فعل مضارع کی حال کے لئے تخصیص وہ آتا ہے۔

ا۔ مبتداء کے شروع میں۔ جیسے لَاَنْتُمْ اَشَدُّ

Marfat.com

رَهْبَةً۔
ب۔اِنَّ کی خبر پر۔اس کی تین صورتیں ہیں۔
ا۔اسم ہو۔جیسے اِنَّ رَبِّی لَسَمِیْعُ الدُّعاءِ۔
۲۔مضارع ہو۔ جیسے اِنَّ رَبَّکَ لَیَحْکُمُ بَیْنَهُمْ۔
۳۔ظرف ہو جیسے وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ۔
۴۔لام زائدہ۔مبتدا کی خبر پر داخل ہوتا ہے جیسے شعر
اُمُّ الْحُلَیْسِ لَعَجُوزٌ شَهْرَبَه اَنَّ
کی خبر پر جیسے ایک قرأت کے مطابق اِلَّا اَنَّهُمْ لَیَاْکُلُوْنَ الطَّعَامَ۔
لٰکِنَّ کی خبر پر جیسے۔
وَلٰکِنَّنِیْ مِنْ حُبِّهَا لَعَمِیْدُ۔
اَرٰی کے مفعول ثانی پر جیسے
اَرَاكَ لَشَاتِمِی۔
۳۔لام جواب۔اس کی تین قسمیں ہیں۔
ا۔لام جواب لَوْ جیسے۔
لَوْ کَانَ فِیْهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا۔
-لام جواب لَوْلَا جیسے وَلَوْ لَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَفَسَدَتِ الْاَرْضُ۔
ج۔لام جواب قسم۔جیسے تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَیْنَا۔
۴۔حرف شرط پر داخل ہونے والا لام جو یہ بتانے کے لئے آتا ہے کہ جواب شرط شرط سے متعلق نہیں بلکہ اس سے قبل پائی جانے والی قسم سے متعلق ہے۔اس لام کو اللَّامُ الْمُؤْذِنَة اور اللَّامُ الْمُوَطِّئَة بھی کہتے ہیں۔جیسے قرآن حکیم میں ہے لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَایَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ۔
د۔لام تعریف۔جیسے الرَّجُل۔ الحارث۔
۶۔اسمائے اشارات پر داخل ہونے والا لام جو مشار الیہ کے بعد پر دلالت کرنے یا تاکید کے لئے آتا ہے اس کی اصل سکون ہے۔جیسے تلك تیلن ذلك میں اس پر کسرہ التقائے ساکنین کی وجہ سے ہے۔

۷۔لام تعجب غیر جارہ۔ جیسے لَظَرُفَ زَیْدٌ لَکَرُمَ عمروٌ یعنی مَا اَظْرَفَهٗ اور مَا اَکْرَمَهٗ۔
لَا تین طرح استعمال ہوتا ہے۔
(۱) نافیہ۔اس کی پانچ صورتیں ہیں۔
ا۔عاملہ ہو اور اِنَّ کا عمل کرتا ہو اور اس سے بطور خاص جنس کی نفی کا ارادہ کیا گیا ہو۔اس وقت اسے لا التبرئة کہتے ہیں۔جیسے لَا صَاحِبَ جُوْدٍ مَمْقُوْتٌ۔
ب۔عاملہ ہو اور لَیْسَ کا عمل کرتا ہو۔جیسے سعد بن مالک کا قول ہے۔
مَنْ صَدَّ عن نیرانها
فَاَنَا ابن قیس لا براح
ج۔عاطفہ ہو جیسے جَاءَ زَیْدٌ لَا عَمْرٌو۔
د۔نعم کا مقابل نفی کے لئے جیسے اَجَاءَكَ زَیْدٌ؟ کے جواب میں نعم کے بجائے کہا جائے گا لَا عام طور پر اس کے بعد کا جملہ منفیہ حذف کر دیا جاتا ہے۔اصل یہ ہے لا لَمْ یَجِئْ۔
ھ۔مذکورہ چار قسموں کے علاوہ ہو۔اگر اس کے بعد جملہ اسمیہ ہو جس کا ابتدائی لفظ معرفہ ہو یا ایسا نکرہ ہو جس میں یہ عامل نہ ہو یا فعل ماضی ہو لفظاً یا تقدیراً تو اس لا کا تکرار واجب ہوگا۔جیسے لَا الشَّمْسُ یَنْبَغِی لَهَا اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّیْلُ سَابِقُ النَّهَارِ یہ معرفہ کی مثال ہے نکرہ کی مثال لَا فِیْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا یُنْزَفُوْنَ۔
فعل ماضی کی مثال۔فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰی۔
(۲) یہ طلب ترک کے لئے موضوع ہو۔اسے لا ناہیہ کہتے ہیں فعل مضارع کے ساتھ خاص ہے اسے جزم دیتا ہے اور زمانہ استقبال کے لئے خاص کر دیتا ہے۔
(۳) زائدہ یہ کلام میں محض تقویت وتاکید کے لئے آتا ہے۔ جیسے مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَیْتَهُمْ ضَلُّوْا اَلَّا تَتَّبِعَنِ۔
لَاتَ ادات نفی۔جمہور نحویوں کے ہاں یہ دو لفظ ہیں ایک لا اور دوسرا تا تانیث یہ لَیْسَ کا عمل کرتا ہے عام طور پر اس کا ایک معمول ذکر کیا جاتا ہے اور اس کا اسم محذوف ہوتا ہے عام طور پر ازمان پر داخل ہوتا ہے۔
جیسے لَاتَ حِیْنَ مَنَاصٍ اور قول شاعر
نَدِمَ الْبُغَاةُ وَلَاتَ سَاعَةَ مَنْدَمٍ
وَالْبَغْیُ مَرْتَعُ مبتغیة وخیمُ۔
ای لات الساعة ساعة متدم
اللَّاَزْوَرْدُ ایک قیمتی پتھر جو آسمانی یا بنفشی رنگ کا ہوتا ہے۔بطور زینت اسکو استعمال کیا جاتا ہے۔ افغانستان اور امریکا میں بکثرت پایا جاتا ہے۔

ل ...... ا

لَاطَهٗ۔لَاْطًا کسی کو کوئی حکم دے کر اس پر اڑ جانا۔(۲) اصرار کے ساتھ متقاضی ہونا۔(۳) کسی کو اس وقت تک دیکھتے رہنا جب تک وہ غائب نہ ہو جائے۔
-بِسَهْمٍ کسی کو تیر مارنا۔
-بالعصا کسی کو لاٹھی مارنا۔
-علیه کسی پر سخت ہونا۔
-فی مُرُوْدِہٖ کسی طرف نگاہ اٹھائے بغیر تیزی سے بھاگ کر نکل جانا۔
لَاقَ الطَّعَامَ۔ لَوْقًا اچھی طرح کھانا۔
الْاَكَهٗ الی فلان کسی کے پاس کسی کو پیغام دے کر بھیجنا۔
یقال: اَلِكْنِی الی فلان اصل اس کی اَلْئِکْنِی ہے یعنی فلاں کو میرا پیغام پہنچاؤ۔
اِسْتَلَاكَ لَهٗ کسی کا پیغام لے جانا۔
الْمَلْاَكُ پیغام۔
(۲) فرشتہ (لام کی طرف حرکت کے انتقال کے بعد ہمزہ حذف کر دیا گیا)
(ج) مَلَائِكُ مَلَائِكَةٌ۔
الْمَلْاَكَةُ پیغام۔
لَأْلَأَ النجمُ او البرقُ ستارہ کا جھلملانا۔
-بعینه گھور کر دیکھنا۔
-الثَّوْرُ بذنبه بیل کا دم ہلانا۔
-النَّارُ آگ سلگ جانا۔
-النَّوَائِحُ نوحہ کرنے والیوں کا ہاتھ سے پیٹ کرنا۔
-الدَّمْعَ موتی کی طرح رخساروں پر آنسو ٹپکانا۔

Marfat.com

تَلَألَأَ النَّجْمُ او البرقُ: جھلملانا، چمکنا۔
–وَجْهُهٗ: چہرہ چمک اٹھنا۔
–النارُ: آگ کی لپٹیں اُٹھنا۔
–اللَّلَّاءُ: موتی فروش۔
اللَّأَّلُ: موتی فروش۔
اللِّئَالَة: موتیوں کی تجارت، موتیوں کا کام۔
اَللَّأْلَاءُ: چراغ وغیرہ کی روشنی۔ چمک۔
یقال: ابصرت لَأْلَاءَ السراج۔
اللُّؤْلُؤُ: موتی۔ جو کہ سیپوں کی تہوں یا ٹھوس چمکدار مادے سے پیدا ہوتا ہے جو کہ بعض آبی حیوانات جو کہ رخویات کے مرتبہ کے ہوں میں پایا جاتا ہے۔ واحدته: لؤلؤة (ج) لآلِئ۔
اللُّؤْلُؤَانُ: سفیدی اور چمک میں موتی جیسا۔
یقال: لَوْنٌ لُؤْلُؤَانٌ: چمکتا ہوا رنگ۔
لَأَمَهٗ – لَأْمًا: کسی کو کمینہ کہنا۔
–الشیَٔ: مرمت کرنا، ٹھیک کرنا۔
–بین الشیئین: دو چیزوں کو ملانا۔ برابر کرنا۔
–الجُرْحَ و الصَّدْعَ: زخم اور شگاف کو بھرنا۔ زخم پر پٹی باندھنا۔
لَؤُمَ فلانٌ – لُؤْمًا، لَآمَةً: کم ذات ہونا۔ خسیس و بخیل ہونا۔ ھو لئیمٌ۔
(ج) لِئَامٌ، لُؤَمَاءُ، ھی لئیمةٌ (ج) لئام۔
اَلْأَمَ فلانٌ: کمینہ پن ظاہر کرنا۔
(۲) کمینی اولاد والا ہونا۔
–الشیَٔ: مرمت کرنا۔
یقال: اَلْأَمْتُ الجرحَ بالدواء۔
–الصَّدْعَ: درز یا شگاف بند کرنا۔
لَاءَمَهُ الْاَمرُ: موافق و مطابق ہونا۔
یقال: لاءَمَ فلانًا: راس آنا۔
–بین الفریقین: دو فریقوں میں صلح کرانا۔
یقال: لاءَمَ بین الشیئین: دو چیزوں میں مطابقت کرنا۔
–الشیَٔ: ٹھیک کرنا۔
لَأَّمَ الرجلَ: کمینہ قرار دینا۔
–الشیَٔ: ٹھیک کرنا۔
اِلْتَأَمَ الشیُٔ: لازم لَأَمَهٗ۔
(۲) متحد و متفق ہونا۔

یقال: التأم القومُ: اکٹھے ہونا۔ متفق ہونا۔
التأم الشیئان: باہم متفق ہونا۔
هذا كلام لا يلتئم على لساني: میری زبان سے اس بات کا ادا کرنا مشکل ہے۔
–الرجلان: باہم صلح کرنا۔
–الشیُٔ: جڑنا، ملنا۔
ھو مُلْتَئِمٌ۔
تَلَاءَمَ القومُ: متفق و متحد ہونا۔
–الشیئان: ملنا، جڑنا۔
–الكلامُ: کلام کا مرتب ہونا۔
تَلَأَّمَ: التأم۔
–فلانٌ لَأْمَتَهٗ: زرہ وغیرہ پہننا۔
اِسْتَلْأَمَ: کمینوں میں شادی کرنا۔
–فلانٌ: ہتھیاروں سے لیس ہونا۔
–الجُندیُّ: زرہ پہننا۔
اللُّؤْمُ: انسان میں تین چیزیں خاندانی نچلا پن، ذلت نفس اور بخل طبع کا اکٹھا ہونا۔
اللَّأْمُ: شیٌٔ لَأْمٌ: جڑی ہوئی یا ملی ہوئی چیز۔
(۲) ہر سخت چیز۔
اللِّئْمُ: لوگوں میں صلح۔ اتفاق و اتحاد۔
(۳) مثل، مشابہ۔
یقال: فلانٌ لِئْمُ فلان (ج) آلام۔
اللَّأْمَانُ وَ اللُّؤْمَانُ: کمینہ۔ ذلیل۔ (صرف بطور ندا استعمال ہوتا ہے)
یقال: یا لَأْمان یا لُؤْمانُ۔
اَللَّأْمَةُ: لڑائی کا سامان جیسے خود، زرہ، نیزہ، ڈھال، تلوار وغیرہ۔
(ج) لَأْمٌ، لُؤَمٌ۔
اللُّؤْمَةُ: دوسروں کے کام یا صنعت کی نقل اتارنے والا۔ (۲) گھر کا عمدہ سامان وغیرہ جس کے دینے میں بربنائے عمدگی بخل کیا جائے۔
(۳) کاشتکاری کے اوزار۔
اللَّئِیْمُ: کمینہ، رذیل۔ الکریم کا مقابل۔
(۲) مثل، مشابہ۔
یقال: ھو لئیمه: وہ اس کی شبیہ ہے۔
(ج) لِئَامٌ، آلام۔
اللُّمَةُ: ہم عمر، ہم شکل، مثل۔ اس کی اصل لُؤْمٌ ہے۔
(۲) تین سے دس تک افراد کی جماعت۔
(ج) لُمَات۔
لَأَیَ فلان – لَأْیًا: سستی کرنا۔
(۲) رک جانا۔
اَلْأَی فلانٌ: مصیبت میں پڑنا۔
اِلْتَأَی فلان: سستی کرنا۔ دیر کرنا۔
(۲) مفلس و تنگ حال ہونا۔
–علیه الحاجةُ: کسی کے کام کا دشوار ہونا۔
اللَّأْوَاءُ: تنگ حالی۔ (۲) مرض کی شدت۔
اللَّأْیُ: سختی۔ یقال، فعل ذلك بعد لَأْیٍ، لَأْیًا عرفت الشیَٔ: بڑی مشکل سے کرنا یا پہچاننا۔
اللَّأْیُ: سختی، محنت، مشقت، لوگوں سے احتیاج۔
(ج) آلَاءٌ۔
اَللَّاءُ وْنَ: اسم موصول بمعنی الَّذِیْنَ یقال، جاءَ اللَّاءُ وْنَ فعلوا کذا: بسا اوقات تخفیفاً نون حذف کردیا جاتا ہے۔
اَللَّائِی: اسم موصول بمعنی اللَّوَاتِی۔
قرآن حکیم میں ہے وَاللَّائِیْ یَئِسْنَ مِنَ الْمَحِیْضِ مِنْ نِّسَاءِ کُمْ۔

ل ...... ب

لَبَأَ البقرةَ ونحوها – لَبْئًا: گائے وغیرہ کی پیوسی نکالنا۔
–الأمُّ وَلَدَها: ماں کا بچہ کو پیوسی پلانا۔
–القومَ: لوگوں کو پیوسی کھلانا۔
–اللِّبَأَ: پیوسی پکانا۔
–الرجلُ من الطعام: زیادہ کھانا۔
–الفَسِیْلَ وغیرہ من الأغراس: کھجور کی پود یا پودوں کو بوتے وقت ان میں پانی دینا۔
اَلْبَأَ: لَبَأَ۔
لَبَّأَتِ الناقةُ ونحوها: اونٹنی وغیرہ کے تھنوں میں گاڑھا دودھ (پیوسی) پیدا ہوجانا۔
–بالحجِّ لَبَّیْكَ: کہنا۔
–الأمُّ ولدها: لبأته۔
اِلْتَبَأَ الراعی البقرةَ ونحوها: چرواہے کا پیوسی دوہنا۔
–فلانٌ: پیوسی پینا۔

Marfat.com

يقال: النبأ لبأ فلان: کسی کی سب سے پہلے خبر دینا۔
يقال: بنو فلان لا يَلْتَبِئُونَ فتاهم: فلاں قبیلہ والے اپنے لڑکی کی تھوڑی عمر میں شادی نہیں کرتے۔
اللِّبأُ: ولادت کے بعد کا کیلوں دار دودھ، پیوسی۔
(۲) (طب میں) ولادت سے کچھ قبل اور بعد میں معین دنوں تک پستانوں کے غدود سے نکلنے والا سیال مادہ۔ (ج) اَلْبَاءٌ۔
اللَّبُوَةُ: شیرنی۔ (ج) لَبُوٌ، لَبُوات۔
اللَّبُوةُ: اللَّبْوَةُ (ج) لَبوات۔
لَبَّ ـُ لَبَابَةً: عقلمند ہونا۔
هو لَبِيبٌ (ج) اَلِبَّاءُ۔
-بالمکان ـُ لَبًّا، لُبُوبًا: قیام کرنا۔ وہیں رہنا۔ هو لَبٌّ: (مصدر بمعنی صفت)
-فلانًا: کسی کی گردن کے پاس سینہ پر مارنا۔
-اللَّوزَ: بادام توڑنا۔ گری نکالنا۔
اَلَبَّ الزرعُ: کوئی چیز سامنے آنا۔
-بالمکان: قیام کرنا۔
-علی الامر: جم جانا۔
-الدابةَ: جانور کے سینہ پر تنگ باندھنا۔ تا کہ کجاوہ پیچھے نہ سرکے۔ هو مُلِبٌّ۔
يقال: اَلَبَّ السَّرجَ: زین میں تنگ لگانا۔
-داری دارَ فلان: گھر کا کسی کے گھر کے ساتھ ساتھ لمبائی میں پھیلنا یا مقابل ہونا۔
لَبَّبَ الحَبُّ: دانوں میں آٹا پیدا ہونا۔
(۲) بادام وغیرہ میں گری پیدا ہونا۔
-الرجلَ: لڑائی میں کسی کا گریبان پکڑ کر کھینچنا۔
يقال: صَرَخَ اليهم ولَبَّبَ: اپنی گردن میں کپڑا اڑالنا اور اپنے ہی گریبان کو پکڑ کر چیخنا۔
تَلَبَّبَ فلانٌ: لڑائی کے لئے کمر بستہ ہونا۔
(۲) لڑائی کے لئے ہتھیار بند ہونا۔
-الرجلان: ایک دوسرے کا گریبان پکڑ کر کھینچنا۔
اِسْتَلَبَّ الرَّجلَ: کسی کی عقلمندی جانچنا۔
التَّلْبِيبُ: گریبان، سینہ کے دوسرے والے گردن سے متصل حصہ کا کپڑا) (ج) تَلَابِيبُ اسے طوق بھی کہتے ہیں۔
يقال: اَخَذَ فلان بتلبيب فلان، وبتلابيبه۔
اللَّبابِ: يقال: لَبَابِ لَبَابِ: کوئی حرج نہیں۔ کسی کام کے کرتے رہنے کو پسند کئے جانے یا برائے شفقت بولا جاتا ہے۔
اللُّبابُ: ہر چیز کا خالص حصہ۔
يقال: فلان لُبابُ قومه۔
حَسَبٌ لُبابٌ: خالص نسب۔
عيشٌ لُبابٌ: فراخ زندگی۔
لُبابُ الجوز واللَّوزِ ونحوهما: گری وغیرہ۔
اللُّبابُ: باریک پسا ہوا آٹا۔
اللَّبَبُ: ہر چیز کے سینے پر قلادہ باندھنے کی جگہ۔
(۲) ریت کے بڑے ڈھیر سے ڈھلکا ہوا یا ریت کی پتلی دھاری کے برابر کا حصہ۔
(۳) زین اور کجاوہ کو روکنے کے لئے باندھا جانے والا تسمہ۔ (ج) اَلْبابٌ۔
يقال: اِنَّهُ لَرَخِيُّ اللَّبَبِ۔
يقال: فلانٌ فی لبب رَخِيٍّ: خوشحال ہے۔
اللُّبُّ من کل شيءٍ: ہر چیز کا خالص ومنتخب حصہ۔
(۲) کسی چیز کی ذات اور اس کی حقیقت۔
(۳) عقل (۴) بادام اور اخروٹ وغیرہ کی گری۔
(ج) اَلْبابٌ، اَلُبٌّ اور شعر میں اَلْبُبٌ۔
يقال: انا اُحِبُّكَ من نبات اَلْبُبِي: میں اپنی ذات سے زیادہ تم سے محبت کرتا ہوں۔
لُبُّ الارض: (علم طبقات الارض میں) سطح زمین کی محیط چٹانی پٹی۔ (مج)
اللَّبَّةُ: گردن میں قلادہ باندھنے کی جگہ۔
(۲) قلادہ (۳) ہار کا عمدہ موتی، جوہر۔ (ج) لَبَّاتٌ، لِبَابٌ۔
اللَّبِيبُ: عقلمند (۲) لبیک کہنے والا۔ (ج) اَلِبَّاءُ۔
اللَّبِيبَةُ: بلا آستین وبلا گریبان کرتا جسے بیچ میں سے پھاڑ کر گلے میں ڈالا جائے۔
لَبَّيْكَ، لَبَّيْهِ، يقال: لَبَّيْكَ میں اطاعت کے لازم ہونے کی وجہ سے حاضر ہوں۔ اَوْ اِلْبَابًا بَعْدِ اِلْبَابٍ، واقامةً بعد اِقَامَةٍ، واجابةً بعد اِجَابَةٍ یا یہ معنی ہیں۔
اتجاهي اليك، قصدي اقبالي علی امرك۔
یہ عربوں کے قول داری تَلُبُّ دارَهُ (میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے) سے ماخوذ ہے۔ یہ مصدر منصوب ہے جو بطور تاکید مکرر لایا گیا ہے۔ (دیکھئے لبب)
المُتَلَبَّبُ: ہار پہننے کی جگہ۔
المَلْبُوبُ: رجلٌ ملبوبٌ: عقلمند آدمی۔
لَبِثَ بالمکان ـَ لَبْثًا، لُبْثًا: قیام کرنا۔ ٹھہرنا۔ قرآن حکیم میں ہے۔ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِيْنَ، هو لابثٌ، لَبِثٌ۔
يقال: مَا لَبِثَ اَنْ فعل كذا: اس نے بلا توقف ایسا کیا، فوراً بلا تاخیر۔
اَلْبَثَهُ: ٹھہرانا۔
يقال: اَلْبِثْ عن فلان: فلاں کا انتظار کرو تا کہ تمہارے انتظار سے اسے اپنی غلطی رائے کا احساس ہو جائے۔
لَبَّثَ: انتظار کرنا۔
ضرب المثل ہے۔
لَبِّثْ قليلاً يُدرِكِ الهيجا حَمَلْ۔
-فلانًا: اَلْبَثَهُ۔
تَلَبَّثَ بالمکان: ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔
اِسْتَلْبَثَهُ: سست پانا۔
-فلانًا: رکنے اور ٹھہرنے کو کہنا۔
اللُّبْثَةُ: توقف۔ يقال: لی علی هذا الامر لُبْثَةٌ۔
اللَّبِيثَةُ من الناس: مختلف قبائل کی جماعت۔
لَبَجَ فلانًا بالعصا ـُ لَبْجًا: آہستہ سے کسی کو مسلسل لاٹھی مارنا۔
-بفلان الارضَ: زمین پر پٹخنا۔
يقال: لُبِجَ بالرجل: کھڑے کھڑے گر جانا۔

Marfat.com

اللَّبِیخُ مقیم۔ یقال: حیٌّ لَبِیخٌ: مقیم و قرار پذیر قبیلہ۔
لَبَخَ جسدُہٗ- لُبُوخًا: پرگوشت ہونا۔
ہو لَبِیخٌ۔ ہی لُبَاخِیَۃٌ۔
-فلانًا لَبْخًا: گالی دینا۔
(۲) مارنا۔ (۳) قتل کرنا۔
لَبَّخَ علی العضو عند الالم: بدن کے حصہ پر درد کی جگہ پٹیں باندھنا۔ (محدثہ)
تَلَبَّخَ بالطیب: خوشبو ملنا۔
اللَّبَخ: فصیلہ قرنیہ کا ایک درخت جو گرم علاقوں میں پایا جاتا ہے۔
اللَّبْخَۃ: مرہم نما دوا جو گرم یا ٹھنڈی کر کے عضو پر درد کی جگہ رکھی جاتی ہے۔ (محدثہ)
اللَّبِیخَۃ: مشک کا نافہ۔
لَبَدَ بالمکانِ- لُبُودًا: قیام کرنا، لگے رہنا۔
-الشیئُ بالارض: چمٹ جانا۔
-الشیئَ بالشیئِ: گتھ جانا۔
-الصُّوفَ لَبْدًا: اون کو دھنک کر بھگو کر نمدہ بنانا۔ یعنی اسے بھگونا پھر سی کو نمدے کے سرے میں رکھا جاتا ہے۔
لَبِدَ بالمکانَ- لَبَدًا: قیام کرنا۔
-الشیئُ: چمٹ جانا۔
یقال: لَبِدَ الطائرُ بالارض: زمین پر بیٹھے رہنا۔
أَلْبَدَ بالمکان: قیام کرنا۔
-الشیئُ بالشیئِ: گتھ جانا۔
-الشیئَ بالشیئِ: چمٹانا۔
-الفرسَ: گھوڑے پر نمدہ رکھنا۔
-السَّرجَ: زین پر نمدہ لگانا۔
-رأسہ عند الدّخول بالباب: دروازہ میں داخل ہوتے وقت سر جھکانا۔
لَبَّدَ الشیئَ بالشیئِ: مضبوطی سے چپکانا۔
یقال: لَبَّدَ المطرُ والندی الارضَ: بارش کا زمین کی مٹی کو خوب جما دینا کہ اس پر پاؤں نہ دھنسیں۔
لَبَّدَ شعرَہٗ: بالوں کو نمدہ کی طرح کسی چیز سے چپکانا۔

-الصُّوفَ: اون کو بھگو کر نمدہ بنانا۔
اِلتَبَدَ الشَّعرُ والصُّوفُ ونحوھما: اون یا بالوں کا گتھ جانا۔ باہم چپک جانا۔
-الشجرۃُ: بہت پتوں والا ہونا۔
-تَلَبَّدَ الشَّعرُ والصُّوفُ ونحوھا: اِلتَبَدَ۔
یقال: تَلَبَّدَتِ الارضُ بالمطرِ۔
-الطائرُ بالارض: پرندہ کا پر جما کر بیٹھنا۔
-فلانٌ: دیکھ کر تاڑ لینا۔
اللّابِدُ: شیر۔
مالٌ لِابِدٌ: مال کثیر (ج) لُبَّدٌ۔
اللُّبَادَی: بٹیر جیسا ایک پرندہ جو اڑائے بغیر نہیں اڑتا۔
اللَّبَّادُ: نمدہ ساز۔
اللُّبَّادَۃُ: نمدہ کا سرپوش جو بارش وغیرہ سے حفاظت کے لیے اوڑھا جاتا ہے۔
اللَّبَدُ: اون۔
یقال: مالہ سَبَدٌ وَلَا لَبَدٌ: نہ بال ہیں نہ اون۔ یعنی تھوڑا مال ہے نہ کثیر۔
اللِّبْدُ: نمدہ بنی ہوئی اون یا بال۔
(۲) گھوڑے کی زین کے نیچے رکھا جانے والا کپڑا۔
(۳) ایک قسم کا بچھانے کا فرش۔ (ج) اَلْبَادٌ، لُبُودٌ۔
اللُّبَدُ من الرّجال معاش سے بے پرواہ آدمی جو گھر سے باہر نہ نکلتا ہو۔ گوشہ نشین۔
اللُّبَدُ: مال کثیر۔
قرآن حکیم میں ہے: یَقُولُ اَھْلَکْتُ مَالًا لُّبَدًا۔
لُبَدُ: لقمان کے گدھوں میں سے آخری گدھ۔ (یہ منصرف ہے کیونکہ یہ معدول نہیں)
ابو لُبَد: شیر۔
اللِّبْدَۃُ: نمدہ بنی ہوئی اون یا بال۔
(۲) شیر کے مونڈھوں اور گردن کے بال۔
ضرب المثل ہے
ہو اَمنَعُ من لِبْدَۃِ الأسد۔
(۳) نمدہ سے بنائی ہوئی ٹوپی سر ڈھانکنے کا کپڑا۔ (مو)
(ج) اَلْبَادٌ، لُبُودٌ، لِبَدٌ۔
اللُّبْدَۃُ، اللِّبْدَۃُ (ج) لُبَدٌ۔
لَبَزَ- لَبْزًا: بہت زیادہ کھانا۔
یقال: لَبَزَ فی الطعام: کھانے میں ہاتھ مارنا۔
-فلانًا: بری طرح مارنا۔
(۲) پس پشت ڈالنا۔
-الشیئَ: پاؤں سے روندنا۔
لَبَسَ علیہ الأمرَ- لَبْسًا: اس قدر خلط ملط کر دینا کہ اس کی حقیقت نہ پہچانی جا سکے۔
قرآن حکیم میں ہے: وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ۔
لَبِسَ الثوبَ- لُبْسًا: کپڑے پہننا۔
یقال: لَبِسَ الحیاءَ: شرم کرنا۔
یقال: لَبِسَ قومًا: ایک عرصہ تک لوگوں کی انسیت و محبت سے بہرہ ور ہونا۔
لَبِسَ الناسَ: لوگوں کے ساتھ رہنا۔
-فلانٌ فلانۃَ عمرَہٗ: کسی کا کسی عورت کے ساتھ پوری جوانی گزارنا۔
-فلانًا علی مافیہ: کسی کی کوئی بات برداشت کرنا۔
یقال: لَبِسْتُ علی کذا اذنی: کسی کی بات سنی ان سنی کر دینا۔ نظر انداز کر دینا۔
جاء فلان لا بسًا اُذنیہ: غافل بن کر آیا۔
اَلْبَسَ علیہ الأمرُ: مشتبہ و مخلوط ہونا۔
-الشیئُ الشیئَ: ڈھانپنا۔
یقال: اَلْبَسَ النباتُ الارضَ۔ الغیمُ السماءَ۔
-فلانًا الثوبَ: کپڑا پہنانا۔
لَابَسَہٗ: کسی کے ساتھ میل جول رکھنا۔
(۲) میل ملاپ کے ذریعے اس کے دل کی بات معلوم کر لینا۔
-عَمَلَ کذا: کوئی کام برابر کرتے رہنا۔
لَبَّسَ الأمرُ: مشتبہ اور گڈمڈ ہونا۔
-فلانٌ: تدلیس و تلبیس کرنا۔ مغالطہ دینا۔ ھو مُلَبِّسٌ۔
-علیہ الامرَ: خلط ملط کرنا۔

Marfat.com

اِلتَبَسَ الظلامُ: تاریکی مخلوط ہونا۔
یقال: التَبَسَ علیه الأمرُ: مشکل اور پیچیدہ ہونا۔
اِلتَبَسَ به: عقل میں فتور آنا۔
تَلَبَّسَ بالثوب وبالأمر: کپڑا پہننا، معاملہ پیچیدہ ہونا۔
یقال: تَلَبَّسَ بی الأمر۔ تَلَبَّسَ حبُّ فلانة بدمی ولحمی۔
-الطعامُ بالید: کھانا ہاتھ کو لگنا۔
ذهب من الدنیا ولم یتلَبَّسْ منها بشیٴ: وہ دنیا سے رخصت ہوا مگر دنیا کی کسی چیز سے تعلق نہ ہوا۔
اللِّباسُ: جسم کو چھپانے والا کپڑا۔ (۲) بدن پوش۔
(ج) اَلْبِسَةٌ، لُبُسٌ۔
(۲) خاوند یا بیوی۔ یہ ایک دوسرے کا لباس ہیں۔
قرآن حکیم میں ہے هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ۔
لِباسُ کلِ شیٴ: ڈھکن۔ پردہ۔
لِباسُ النَّورِ: کلی کا غلاف۔
لِباسُ التَّقوی: ایمان، حیا یا عمل صالح۔
اللَّبّاسُ ' یقال: رجلٌ لَبّاسٌ: بہت لباس والا۔ (۲) دجل و تلبیس کرنے والا۔
اللَّبّاسَةُ: جوتا پہننے میں مدد دینے والا ایک آلہ۔ (محدثہ)
اللَّبْسُ: تاریکی کا اختلاط۔
(۲) پہنی جانے والی چیز۔
اللِّبْسُ: پہننے کی چیز۔ (ج) اَلْبُوسٌ۔
لِبسُ الکعبة العودج: کعبہ کا غلاف یا ہودہ کا کپڑا۔
(۲) کھال اور گوشت کے درمیان باریک جھلی۔
اللُّبْسُ: شبہ، اشتباہ، عدم وضاحت۔
یقال: فی امرہ لُبْسٌ۔
اللِّبْسَةُ: التباس و ... وضعیت، حالت۔
یقال: لکل زمان لِبْسَةٌ: ہر زمانہ کا الگ حال ہوتا ہے کبھی تنگی کبھی فراخی۔
اللُّبْسَةُ: شبہ، اشتباہ۔
یقال: فی امرہ لُبْسَةٌ وفی حدیثه لُبْسَةٌ۔
اللَّبُوسُ: پہننے کی چیز۔
یقال: اِلبَسْ لکلّ حالة لَبُوسَها۔
(ج) لُبُسٌ (۲) زرہ۔
قرآن حکیم میں ہے وَعَلَّمْنَاهُ صَنْعَةَ لَبُوسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُم مِّنۢ بَأْسِكُمْ۔
رجلٌ لَبُوسٌ: بہت لباس والا۔
(۳) دوا کی نوک دار بتی جو پیشاب گاہ وغیرہ میں داخل کرنے کے بعد اندر گھل جائے۔ (مع)
اللَّبُوسَةُ، اللُّبُوسَةُ: اشتباہ، شبہ۔
یقال: فی کلامه لَبُوسَةٌ، لُبُوسَةٌ: الجھاؤ اور پیچیدگی ہے۔
اللَّبِیسُ: کثرت سے پہن کر پرانا کیا ہوا کپڑا۔
حبلٌ لَبِیسٌ: استعمال شدہ رسی۔
(ج) لُبُسٌ۔
دارٌ لَبِیسٌ: ثوب ملبوس میں سے تشبیہ پرانا گھر۔ (ج) لَبائِسُ۔
(۳) مثل، نظیر، یقال لیس له لَبِیسٌ۔
المُلَبَّسُ: بادام بھری ہوئی مٹھائی یا شکر چڑھایا ہوا بادام وغیرہ۔ (محدثہ)
واحدتهُ مُلَبَّسَةٌ۔ (ج) مُلَبَّسَاتٌ۔
المَلْبَسُ: پہننے کی چیز۔
(ج) مَلَابِسُ۔
یقال: اِنَّ فیه لَمَلْبَسًا: اس میں تفریح یا نفع کی چیز ہے۔
لَبَطَ فلانًا۔ لَبْطًا: پٹخنا۔
یقال: لَبَطَ به الارضَ۔
لُبِطَ بفلان: کھڑے ہوئے کا زمین پر گر جانا۔
هو مَلْبُوطٌ به۔
اِلتَبَطَ فلانٌ: زمین پر لوٹنا۔ تڑپنا۔
-فی امرہ: پریشان ہونا۔
-القومُ به: کسی کو گھیر کر گرفت میں لینا۔
تَلَبَّطَ: تھپڑنا۔
-فی امرہ: پریشان ہونا۔
یقال: تَلَبَّطَ فلان معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔
اللَّبْطَةُ: زکام (۲) کھانسی۔
لَبِقَ فلانٌ۔ لَبَقًا: ہوشیار ہونا۔ هو لَبِقٌ۔
(۲) ہر کام اچھی طرح کرنا۔
-الثوبُ والأمرُ بفلان: کپڑے یا کسی کام کا کسی کے لائق و مناسب ہونا۔
لَبُقَ۔ لباقة: خوش طبع ہونا۔ (۲) ماہر ہونا۔
الثوبُ والأمرُ بفلان: لائق و مناسب ہونا۔
هو لَبِیقٌ۔
لَبَّقَ الثَّرِیدَ وغیرہ: ثرید وغیرہ ملانا و نرم کرنا۔
حدیث میں ہے فصنع ثریدةً ثمّ لَبَّقَها
لَبَكَ الشیٴَ والامرَ۔ لَبْكًا: خلط ملط کرنا۔
یقال: لَبَكَ السَّوِیقَ بالعسل
لَبِكَ الأمرُ۔ لَبَكًا: مخلوط و مشتبہ ہونا۔ هو لَبِكٌ۔
اَلْبَكَ فلانٌ: فحش گو ہونا۔
-فی منطقه: کلام میں غلطی کرنا۔
لَبَّكَ الشیٴَ: خلط ملط کرنا، گڈمڈ کرنا۔
اِلتَبَكَ الامرُ: خلط ملط و پیچیدہ ہونا۔
تَلَبَّكَ الأمرُ اِلتَبَكَ۔
-المعدةُ: بدہضمی ہونا۔ (مع)
التَّلَبُّكُ المَعوِیُّ: بدہضمی یا دیرہضمی۔ (مع)
اللَّبِیكُ: ملی ہوئی مخلوط چیز۔ (فعل بمعنی مفعول)
اللَّبْكَةُ: ملی ہوئی چیز۔
یقال: وقع فی لَبْكَة وہ الجھن میں پڑ گیا۔
اللَّبِیكُ امر لبیك: پیچیدہ و مبہم معاملہ۔
اللَّبِیكَةُ: کھجور، تازہ مکھن یا گھی تیل ملا کر بنایا ہوا ملیدہ۔ جسے پکایا نہیں جاتا۔
لَبْلَبَ به وعلیه: مشقت کرنا۔
یقال: لَبْلَبَتِ الشاة ونحوها بولدها: بکری وغیرہ کا محبت میں اپنے بچے کو چاٹنا۔
لَبالِبُ الغنم: بکریوں وغیرہ کا شور اور آوازیں۔
اللَّبْلابُ: زمینی جڑی بوٹی جو کہ درختوں اور فصلوں سے چمٹتی ہے اور یہ فصیلہ علیقیہ سے

Marfat.com

تعلق رکھتی ہے۔ (۲) فصیلہ قرنیہ کے دیواروں پر چڑھنے والے پودوں پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔

اللَّبْلَبُ: ذبح۔

لَبَنَهُ - لَبْنًا: دودھ پلانا۔ هو لابنٌ۔

لَبِنَتْ - لَبَنًا: پستان یا تھن میں دودھ اترنا۔ هی لَبِنَةٌ۔

اَلْبَنَتْ: مادہ کے تھن یا پستان میں دودھ اترنا۔

-القومُ: بہت دودھ والا ہونا۔ هم مُلْبِنُونَ۔

یقال: لابِنونَ: (نسبت کے طور پر) یعنی دودھ والے۔

لَبَّنَ الرجلُ: اینٹیں بنانا۔

-القمیصَ: قمیص میں کالر بنانا۔ یا گریبان کی دو پٹیاں لگانا۔

اِلتَبَنَ الرَّضِیعُ: دودھ پینا۔

تَلَبَّنَ فلانٌ: ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔

استَلْبَنَ: اہل وعیال یا مہمانوں کے لئے دودھ مانگنا۔

التَّلْبِینَةُ: بھوسی یا چھنے ہوئے آٹے میں دودھ اور شہد ملا کر بنایا ہوا ملیدہ۔

حدیث میں ہے التَّلْبِینَةُ مَجَمَّةٌ لفؤاد المریض۔

اللّابِنُ: بہت دودھ والا۔

(۲) دودھ والا۔

جیسے تامرٌ وتمر کو کہا جاتا ہے۔

(ج) لَوَابِنُ۔

اللَّبَّانُ: دودھ فروش۔

(۲) اینٹیں بنانے والا۔

(۳) اینٹیں فروش۔

اللَّبَانُ: دونوں شانوں کے درمیان سینہ کا حصہ۔

اللِّبَانُ: رضاعت۔

یقال: هو اخوه بلبان اُمِّه۔

لایقال: بِلَبَنِ اُمِّه' لبن کا اطلاق اس دودھ پر ہوتا ہے جو اونٹنی یا بکری وغیرہ کا ہو۔

لِبَانُ السَّفِینَةِ: کشتی کھینچنے کا کتان وغیرہ کا موٹا رسا۔

اللُّبَانُ: فصیلہ بخوریہ کا ایک پودا جس سے گوند نکلتا ہے۔ اسے الکُنْدُر بھی کہتے ہیں۔

اللُّبَانَةُ: حاجت طعام۔ جو فاقہ کے علاوہ ہو لیکن سخت خواہش ہو۔

یقال: ماقضیت منه لُبَانَتِی: میں اس سے شکم سیر نہیں ہوا۔ (ج) لُبَانٌ۔

اللَّبَنُ: مؤنث انسانوں یا حیوانوں میں پایا جانے والا سفید سیال مادہ۔ یہ اسم جمع ہے۔ واحدته' لَبَنَةٌ۔

حدیث خدیجہ میں ہے: دَرّت لبنة القاسم' دودھ کی تھوڑی سے مقدار کو کہتے ہیں۔ (ج)

اَلْبَانٌ۔ لبن کل شجرة: درخت کا پانی۔

اللَّبِنُ: مٹی کی کچی اینٹیں جو پکائی نہ گئی ہوں۔

لَبِنُ القمیصِ: گریبان کی پٹی۔

الواحدة: لَبِنَةٌ۔

لُبْنَی: فصیلہ اسطراکیہ کا ایک درخت جس سے گوند نکلتا ہے جسے المَیْعَة کہتے ہیں۔ یہ بلاد شام) کے پہاڑوں میں بکثرت پایا جاتا ہے۔

لُبْنَانُ: شام کا ایک پہاڑ۔

(۲) ایک عرب ملک۔ جس کا اکثر حصہ پہاڑی اور کچھ میدانی ہے۔ جغرافیائی اعتبار سے شام کا جزء ہے۔

اللِّبْنَةُ: گریبان کی پٹی۔

اللَّبِنَةُ: گریبان کی پٹی۔ (۲) واحدة اللَّبِن۔

اللَّبُونُ: وہ جس کے تھنوں میں دودھ اتر آیا ہو۔

(ج) لُبُنٌ' لَبَائِنُ۔

یقال: کَمْ لبن غنمك؟ تمہاری بکریوں میں کتنی دودھ دینے والی ہیں؟

ابن اللَّبون اونٹنی کا دو سالہ بچہ جو تیسرے سال میں آ گیا ہو کیونکہ اس وقت ایک اور بچہ کو جنم دیتی ہے جس سے اس کے دودھ اتر آتا ہے۔

هی ابنة لبون' بنت لبون۔ (ج) بنات لبون۔ (مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے)

اللَّبِینُ: جانوروں کے دودھ پر پرورش پایا ہوا۔

المِلْبَنُ: دودھ چھاننے کی چھلنی۔

(۲) دودھ کا برتن۔ (۳) اینٹوں کا سانچہ۔

(۴) اینٹوں کو اٹھا کر لے جانے کا ذریعہ۔

المَلْبَنُ: ایک قسم کی مٹھائی جس کا چبانا آسان ہوتا ہے۔ بسا اوقات اس میں اخروٹ وغیرہ ڈالا جاتا ہے۔ (مع)

المِلْبَنَةُ: چائے کے ساتھ لینے کے لئے دودھ کو پیش کرنے کا چھوٹا سا برتن۔ (محدثہ)

المَلْبَنَةُ: یقال: عشبٌ اوبقلٌ مَلْبَنَةٌ: دودھ بڑھانے والی گھاس۔

اللَّبُوَةُ: (دیکھئے لبأ)

لَبِیَ من الطعامِ - لَبْیًا: زیادہ کھانا۔

لَبَّی بالحجّ: لبیك اللهم لبیك پڑھنا۔

-الرجلَ: کسی کی آواز پر لبیک کہنا۔ (دیکھئے لبب)

ل ...... ت

لَتَأَهُ فی صدرهٖ - لَتْأً: پیچھے کو دھکا دینا۔

-فلانًا بنسهم او حجر: مارنا۔

-الشیئَ بعینه: گھور کر دیکھنا۔

-الشیئَ: کم کرنا۔

لَتَبَ بالشیئ - لُتُوبًا: چمٹنا۔

-فی الشیئ: جم جانا' قائم رہنا۔ هو لاتِبٌ۔

-فلانًا وعلیه لَتْبًا: کسی کے ساتھ ساتھ رہنا۔

-ثوبَه: کپڑے ہمیشہ پہنے رہنا جیسے اتارنے کا ارادہ نہ ہو۔

اَلْتَبَ علیه الأمرَ: لازم کرنا۔

اَلْتَبَ الثوبَ: لَتَبَهُ۔

المَلَاتِبُ: پرانے کپڑے۔

المِلْتَبُ: فتنوں سے بچنے کیلئے گوشہ نشین رہنے والا۔

لَتَّ السَّوِیقَ ونحوَهٗ - لَتًّا: ستو وغیرہ میں گھی یا پانی وغیرہ ملانا۔

-العجینَ ونحوه: آٹے وغیرہ میں تھوڑا پانی ملانا۔ (یہ البَسّ سے کم درجے کا ہوتا ہے)

یقال: فلان یَلُتُّ ویعجِنُ: بہت بولنا اور باتیں بناتا ہے۔

-الشیئَ: چورہ کرنا' پیسنا۔

یقال: لَتَّ الحصَی: کنکریاں کوٹنا۔

اللَّاتُ' اللَّاتُّ: جاہلیت کا ایک بت جو ثقیف

Marfat.com

کے لئے طائف میں یا قریش کے لئے تھا۔
ایک قرأت یوں ہے:
اَفَرَأَیْتُمُ اللَّاتَّ وَالْعُزّٰی۔
اَللُّتَاتُ: باریک کی ہوئی درخت کی چھال۔
(۲) ملایا جانے والا گھی یا تیل وغیرہ۔
لَتَحَہٗ ۔ لَتْحًا: کسی کے بدن یا چہرے پر مار کر نشان ڈالنا۔ بغیر زخم لگائے۔
یقال: لتحہ بیدہ۔
—عَیْنَہٗ: آنکھ پر مار کر اسے پھوڑ دینا۔
—فلانًا ببصرہ: تیز نظر سے دیکھنا۔
یقال: لَتَحَ فلانًا: کسی کے پاس کچھ نہ چھوڑنا سب کچھ لے لینا۔
لَتِحَ ۔ لَتَحًا: بھوکا ہونا۔ ھو لَتْحَانُ۔ ھی لَتْحٰی۔
اَللَّاتِحُ: رجل لاتِحٌ: دانا۔ چالاک۔
اَللُّتَّاح: اللَّاتِحُ: قوم لُتَّاحٌ: عقل مند و دانا، چالاک لوگ۔
اَللِّتْرُ: عشری نظام کا ایک یونٹ۔ جو ۱۰۰۰ اسینٹی میٹر مکعب کے برابر ہوتا ہے۔
اَللَّتْلَتَۃُ: جھوٹی قسم۔
(۲) بے فائدہ کلام۔
(۳) بے مقصد کاموں میں انہماک۔ (مو)
لَتَمَ منحرَ البعیر، وفی منحرہٖ ۔ لَتْمًا نیزہ مارنا۔
—الشیَٔ بیدہ: مارنا۔
—الرجلَ بالسھم: تیر مارنا۔
اَللَّاتِیْنِیُّ: اصل میں لاتیوم (جس کا معنی اطالوی زبان میں آسان ہوتا ہے) کی طرف منسوب ہے۔
یقال: لسان لاتینی، لغۃ لاتینیۃ: یعنی قدیم روم کی اطالوی زبان جو پورے روم کے لئے ایک نمونہ اور معیار کا درجہ رکھتی تھی۔
اَلَّتِیْ، اَللَّتِ، اَللَّت: اسم موصول مبہم معرفہ۔ غیر لفظ سے اَلَّذِیْ کی تانیث۔
(ج) اللاتی، اللاتِ، اللواتی، اللواتِ۔ اللائی،
التی کا تثنیہ: اللتان، اللتانِ۔ اللتا، اور تصغیر

اَللَّتَیَّا: اَللُّتَیَّا۔
اَلَّتِیْ: اَللَّتَیَّا: یقال: وقع فلان فی اَللَّتَیَّا والتی فلاں چھوٹی بڑی ہر مصیبت جھیل چکا ہے۔

ل……ث

لَثَّ بالمکان ۔ لَثًّا: قیام کرنا۔
یقال: لَثَّ المطرُ: لگاتار کئی دن بارش ہونا۔
—علیہ: اصرار کرنا۔
اَلَثَّ: لَثَّ۔
لَثَغَ فلان ۔ لَثْغًا حروف بدل کر بولنا۔ جیسے سین کو ثاء یا راء کو غین بولنا۔
ھو اَلْثَغُ۔ ھی لَثْغَاءُ۔ (ج) لُثْغٌ۔
تَلَاثَغَ: قصداً ہکلا بننا۔
اَللُّثْغَۃُ: ہکلا پن۔ حروف کی ادائیگی تبدیل کرنا۔ جیسے سین کو ثاء سے اور راء کو غین سے بدل دینا۔
لَثِقَ یومُنَا ۔ لَثَقًا: دن کا رطوبت اور حبس والا ہونا۔
—ثیابُہٗ: کپڑے تر ہو جانا۔
یقال لَثِقَتِ الارضُ۔
—الطائرُ: پرندے کا پر بھیگنا۔ ھو لَثِقٌ۔
اَلْثَقَ الشیَٔ: بھگونا، تر کرنا۔
لَثَّقَ الشیَٔ: خراب کرنا۔
اِلْتَثَقَ الشیُٔ: بھیگنا۔ تر ہونا۔
تَلَثَّقَ الشیُٔ: اِلْتَثَقَ۔
اَللَّثَقُ: تری، نمی (۲) پانی اور مٹی کا ملاپ۔ گارا۔ یقال: مشینا فی لَثَقٍ: ہم کیچڑ میں چلے۔
لَثْلَثَ بالمکان: قیام کرنا۔
—النعیمُ والسحابُ: گھٹا اور بادلوں کا ایک جگہ گھومتے رہنا، ایسا لگے کہ جانے لگے ہیں۔
یقال: لَثْلَثَ فی الامر: کسی معاملے میں متردد ہونا۔
—الشیَٔ فی التراب: الٹ پلٹ کرنا۔
—کلامہ، وفیہ: بات واضح نہ کرنا۔
—الرجلَ عن حاجتہ: کام سے روکنا۔
—علیہ: اصرار کرنا۔
یقال: لَثْلِثُوْا بنا: ہمیں تھوڑا آرام کرنے دو۔

تَلَثْلَثَ بالمکان: قیام کرنا۔ ٹھہرنا۔
—الغنمُ والسحابُ: لَثْلَثَ۔
—فی الأمر: متردد ہونا۔
یقال: تَلَثْلَثَ فی امرہ: دیر کرنا۔
—فی التراب: مٹی میں لوٹ لگانا۔
اَللَّثْلَاثُ: اَللَّثْلَاثَۃُ: سست شخص جب بھی اس سے توقع کی جائے تو وہ پیچھے ہٹ جائے۔
لَثَمَ فَمَ المرأۃِ: عورت کے منہ کا بوسہ لینا۔
—الابریقَ: لوٹے یا جگ کا منہ بند کرکے تھوڑا کھلا چھوڑ دینا۔
لَاثَمَ المرأۃَ ملاثمۃً: بوس و کنار کرنا۔ منہ سے منہ ملانا۔
لَثَّمَ فاہُ: منہ ڈھانکنا، مفلر لینا۔
—الابریقَ: لَثَمَہٗ۔
اِلْتَثَمَتِ المرأۃُ: عورت کا منہ پر پٹی لپیٹنا۔
تَلَاثَمَا: ایک دوسرے کا بوسہ لینا۔
اَللِّثَامُ: نقاب وہ کپڑا جو ناک اور منہ پر لپیٹا جاتا ہے۔ (ج) لُثُمٌ۔
اَلْمَلْثَمُ: ناک اور اس کے اردگرد کا حصہ۔
(۲) بوسہ کی جگہ۔
اَلْمُلَثَّمُوْنَ: مراکشی لوگ جن کی افریقہ اور اندلس میں حکومت قائم تھی۔
لَثِیَتِ الشجرۃُ ۔ لَثًی: درخت سے گوند جیسا شیرہ نکلنا۔ ھی لَثِیَۃٌ۔
—الشیُٔ: تر ہونا۔ ھو لثٌ۔
—خُفُّ البعیر: پانی یا خون کی چھینٹے سے اونٹ کے پاؤں کا تر ہونا۔
—الثوبُ وغیرہ: کپڑے کا پسینے سے تر ہو کر میلا ہونا۔ الرِّجْلُ من طین: پاؤں کا گارے سے لت پت ہونا۔
اَلْثَتِ الشجرۃُ: درخت سے گوند جیسا مادہ نکلنا۔
—الشجرۃُ ماحولھا: درخت کا اپنے گردوپیش کو تر کر دینا۔
—فلانًا: کسی کو دودھ کی چکنی چیز یا درخت کا گوند کھلانا۔
تَلَثّٰی الشجرُ: درخت سے گوند بہنا۔

Marfat.com

اللثی: درخت سے نکلنے والا گوند کی طرح کا شیرہ۔
(۲) دودھ کی لیس دار چکناہٹ۔
اللثاۃُ حلق کا کوا۔
اللِثۃُ مسوڑھا۔ (ج) لِثاثٌ۔
لثیَ لِثیً۔
الحروف اللِثویۃُ ثاء ذال اور ظاء۔ کیونکہ ان کا مخرج مسوڑھے ہیں۔

ل......ج

لَجَأَ الی الشیٔ و المکانُ - لَجَأً، لُجُوءً: پناہ لینا۔ ذریعہ حفاظت بنانا۔
یقال لَجَأَ الی فلان کسی کا سہارا لینا کسی سے تقویت حاصل کرنا۔
لجا منہ کسی کو چھوڑ کر دوسرے کی طرف رجوع کرنا۔
اَلْجَأَ امرَہ الی اللّٰہ: اپنے معاملہ کو اللہ کے سپرد کر دینا۔
—فلاناً محفوظ و مامون کرنا۔
یقال: اَلْجَأَہُ من الشیٔ: کسی چیز سے بچا کر حفاظت کرنا۔
—فلاناً الی کذا کسی بات پر مجبور کرنا۔
لَجَأَ الی کذا: اَلْجَأَہُ۔
—مالَہٗ کچھ وارثوں کو چھوڑ کر کچھ کیلئے مال خاص کرنا۔
قالوا: ولا تکون التلجئۃُ اِلّا الی الوارث۔
اِلتجأَ الیہ لَجَأَ۔
یقال: التجأ الی فلان سہارا لینا۔ پناہ لینا۔
التجا عنہ کسی سے ہٹ کر دوسرے کی پناہ لینا۔
تَلَجَّأَ الیہ سہارا لینا، پناہ لینا۔
یقال: تَلَجَّأَ عنہ کسی سے ہٹ کر دوسرے کی پناہ لینا۔
(لَمْ): حرف جزم جو فعل مضارع کو نفی ماضی کے معنی میں کر دیتا ہے۔ اس کی نفی کبھی حالت نطق کے ساتھ ملی ہوئی ہوتی ہے جیسے (لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ) اور کبھی منقطع ہوتی ہے (لَمْ یَکُنْ شَیْئًا مَذْکُوْرًا) کبھی اس پر ہمزہ استفہام داخل ہوتا ہے تو اس وقت نفی ایجاب میں تبدیل ہو جاتی ہے اور اس کے معنی میں تاکید و توبیخ پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ جزم کا عمل برقرار رہتا ہے جیسے اَلَمْ اَقُلْ لَکَ؟ کبھی کبھی ہمزہ اور لَمْ کے درمیان فا یا واء کے ذریعہ فصل کیا جاتا ہے جیسے اَفَلَمْ اَقل لك؟ و اَوَلَمْ اُوْذِبْكَ۔

(لَمَأَہٗ) ـ لَمْئًا: سارے کا سارا لے لینا۔ مقولہ ہے: مَا یَلْمَأُفُمُہٗ بکلمۃٍ: وہ کسی بات کو برائی نہیں سمجھتا۔
(اَلْمَأَ) علیہ: مشتمل ہونا۔
ـ اللِّصُّ علی الشیء: چور کا کوئی چیز چھپا کر لے جانا۔ کہتے ہیں: ذَھَبَ ثَوبِیْ فَمَا ادرِیْ مَنْ اَلْمَأَبِہٖ: میرا کپڑا گم ہو گیا ہے نہ جانے کون اسے لے گیا۔
ـ علیہ حَقَّہٗ: کسی کے حق کا انکار کرنا۔
ـ بما فی الجفنۃِ: پیالہ کے سارے کھانے کو کھا لینا اور کسی دوسرے کو نہ دینا۔
ـ الدوابُّ المکانَ: جانوروں کا کسی جگہ کو چٹیل میدان بنا دینا۔ کہتے ہیں لَا اَدْرِیْ اَیْنَ اَلْمَأَ مِنْ بلادِ اللّٰہِ: پتہ نہیں وہ کہاں چلا گیا ہے؟
(اِلْتَمَأَ) بِمَا فِی الجفنۃ: پیالہ کا کھانا اپنے لئے خاص کر لینا کسی دوسرے کو نہ دینا۔
(اِلْتُمِیئَ) لونُہٗ: رنگ بدل جانا۔
(تَلَمَّأَتِ) الارضُ بہ وعلیہ: زمین کا کسی کو اپنے اندر چھپا لینا۔
ـ بما فی الجفنۃِ: پیالہ کا سب کچھ اپنے لئے خاص کر لینا۔
(المَلْمُوْءَۃُ) وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز لی جائے۔ (۲) شکاری کا پھندا یا جال۔

(لَمَجَ) الشیءَ ـ لَمْجًا: کھانا۔
ـ الصبیُّ اُمَّہٗ: بچہ کا ماں کا دودھ پینا۔
(لَمَّجَ) فلانًا: کھانے سے پہلے کوئی ہلکی غذا کھانا۔
کہتے ہیں مَا لمّجوا ضیفهم بشیءٍ۔
(تَلَمَّجَ) فلانٌ: کھانے سے پہلے بطور وقت گزاری کچھ کھانا۔ (۲) کھانے یا پینے کا مزہ لینا۔ مَا تَلَمَّجَ عندنَا بِلَمَاجٍ: اس نے ہمارے پاس کچھ نہیں کھایا۔
ـ بالطعامِ: کھانے کا مزا لینا۔
(اللَّمَاجُ): کھانے کی معمولی یا تھوڑی چیز۔ کہتے ہیں: ما ذُقت شَمَاجًا وَلَا لَمَاجًا: میں نے کوئی چیز نہ چکھی۔
(اللَّمِجُ) رجلٌ لَمِجٌ: کھانے پینے کا شوقین آدمی۔ کہتے ہیں: سَمِجٌ لَمِجٌ: بدشکل اور بھدا آدمی۔
(اللُّمْجَۃُ): کھانے سے پہلے تکرینا اور وقت گزاری کے لئے کھائی جانے والی چیز۔ (ج) لُمَجٌ۔
(اللُّمْوُجُ) اللَّمَاجُ۔
(اللَّمِیْجُ) کھانے کا بڑا شوقین۔ (۲) بہت کھانے والا۔
ـ سمیجٌ لمیجٌ: بدشکل بھدا آدمی۔
(لَمَحَ) البصرُ ـ لَمْحًا تَلْمَاحًا: نگاہ اٹھنا۔
ـ لَمَحَہٗ بصرِہٖ: کسی چیز پر نگاہ ڈالنا۔
ـ الیہ: سرسری نگاہ ڈالنا (۲) اچٹتی ہوئی نگاہ ڈالنا۔ ھو لامِحٌ (ج) لُمَّحٌ۔
ـ اللُّمَّاحُ: تیز نگاہ والے شکرے۔ وھو لَمُوْحٌ ولَمَّاحٌ۔
(اَلْمَحَ) الشیءَ والیہ: سرسری نگاہ ڈالنا (۲) اچٹتی ہوئی نگاہ ڈالنا۔
ـ المرأۃُ من وجھھا: عورت کا اپنے چہرہ کی جھلک دکھانا۔
(لَامَحَہٗ) مُلَامَحَۃً: چوری سے دیکھنے کی کوشش کرنا۔
(اِلْتَمَحَہٗ) سرسری طور پر دیکھنا۔
(اُلْتُمِحَ) بَصَرُہٗ: نظر ختم ہو جانا۔

Marfat.com

(الأَلْمَحِيُّ): ہر چیز پر بکثرت نگاہ اٹھانے والا۔
(اللّامِحُ) فلانٌ لامحٌ عِطْفَيْهِ: فلاں خود پسند ہے۔
(اللّمحُ) : لَأُرِيَنَّكَ لَمْحًا باصرًا: میں تمہیں اچھی طرح بتادوں گا (دھمکی کے لئے استعمال ہوتا ہے)
(اللّمحةُ): سرسری اور اچٹتی نگاہ۔
رأيتُهُ لَمحةَ البرق: میں نے اس کی ذرا سی جھلک دیکھی۔ في فلانٍ لمحةٌ من أبيه: فلاں اپنے باپ کی طرح ہے۔
(اللّمّاحُ): بہت چمکدار۔
-هو أبيضُ لَمّاحٌ: بہت چمکدار۔
(الملامحُ): چہرے کے اچھے یا برے نقوش و خدوخال (۲) کسی چیز کے مشابہ۔ واحد لمحةٌ (خلاف قیاس)
(لَمَزَهُ) - لمزًا: مارنا (۲) دھکا دینا۔ (۳) عیب نکالنا۔ (۴) آنکھ سر یا ہونٹوں سے اشارے کے ساتھ پوشیدہ کلام کرنا۔
-الشيبُ فلانًا: کسی میں بڑھاپے کا ظاہر ہونا۔
(لَامَزَهُ): کسی کے ساتھ پہیلیوں کے انداز میں بات چیت کرنا۔
(اللُّمَزَةُ): عیب جو لوگوں کی برائیاں بیان کرنے والا۔ (۲) لوگوں کے منہ پر ان کی برائی کرنے والا (مذکر و مؤنث)
(اللَّمّازُ): عیب گو۔ هي لَمّازةٌ۔
(لَمَسَهُ) - لَمْسًا: ہاتھ سے چھونا۔ هو لامسٌ۔
-المرأةَ: عورت سے جماع کرنا۔
-لِكذا شُعاعٌ يكادُ يَلمِسُ البَصَرَ: فلاں چیز میں اتنی چمک ہے جو نگاہ کو خیرہ کئے دیتی ہے۔ ابن احمر کہتے ہیں

فإنّ قصر كما من ذاك ان تريا
وجهًا يكاد سناه يلمس البصرا

(لَامَسَهُ) مُلامسةً ولِماسًا: کسی کے ہاتھ پر ہاتھ پھیرنا۔
-المرأةَ: جماع کرنا۔
(اِلْتَمَسَ) الشيءَ: کسی چیز کو تلاش کرنا۔
(تَلَمَّسَ) الشيءَ: کسی چیز کو بار بار تلاش کرنا۔

(الالتماسُ): درخواست، التماس، فرمائش۔ (۲) مقدمہ کی اپیل۔ فیصلہ پر نظر ثانی کی اپیل دائر کرنا۔
-التماس اعادة النظرِ: نظر ثانی کی اپیل۔
(اللّامِسُ) امرأةٌ لا تردُّ يَدَ لامسٍ: بدکار اور فاحشہ عورت۔
-فلانٌ لايردُّ يَدَ لامسٍ: غیر محفوظ آدمی جو اپنا بچاؤ نہ کرسکے۔
(اللَّمَاسَةُ): شدید حاجت۔
(اللُّمَاسَةُ): اللَّمَاسَةُ۔
(اللَّمْسُ): حواس خمسہ ظاہرہ میں سے ایک حاسہ، چھونے کی قوت، یعنی اعصاب کی ایک ادراک کرنے والی قوت جو چھونے سے حرارت و برودت رطوبت و یبوست وغیرہ کیفیات معلوم کرتی ہے۔
(اللَّمْسَةُ): ایک مرتبہ کا چھونا۔
-اللمسة الاخيرة: فائنل ٹچ۔ آخری مرتبہ کا چھونا۔
(اللَّمُوسُ): منہ بولا بیٹا۔ لے پالک، متبنّی۔
(اللَّمِيسُ): نرم و نازک اور ملائم جسم کی عورت۔
(المُلْتَمِسُ): اپیل کنندہ، درخواست کنندہ، مدعی (ج)
(المُلْتَمَسُ): مدعی علیہ جس کے خلاف درخواست دائر کی جائے۔ (ج)
(لَمَصَ) العسلَ وشبهَهُ - لَمْصًا: شہد وغیرہ انگلی سے چاٹنا۔
-فلانًا: کسی کو چٹکی بھرنا۔ (۲) کسی کی نقل اتارنا، منہ چڑانا، عیب نکالنا۔
(أَلْمَصَ) الشجرُ: درخت کا ہاتھ کی پہنچ کے اندر ہونا۔
-الكرمُ: بیل کے انگور پک جانا۔
(اللّامِصُ): انگور کی بیلوں کا محافظ۔
(اللَّمَصُ، اللُّمْصُ): فالودہ۔
(اللَّمُوصُ): دھوکہ باز جھوٹا (۲) غیبت کرنے والا۔
(لَمَظَ) فلانٌ - لَمْظًا: کوئی چیز کھا کر اس کا ذائقہ لینا۔
-الماءَ: پانی کو زبان کے کناروں سے چکھنا۔
(أَلْمَظَهُ): ہونٹوں پر پانی لگانا۔

-فلانًا على فلانٍ: کسی کو کسی کے خلاف بھڑکانا۔
(لَمَّظَهُ) كذا: کسی کو چیز چکھانا۔
-فلانًا مِنْ حَقِّهِ: کسی کو اس کے حق کا کچھ حصہ دینا۔
(اِلْتَمَظَ) بشفتيه: دونوں ہونٹوں کو اس طرح ملانا کہ ان سے آواز پیدا ہو۔
-بالشيءِ: کسی چیز میں لپٹنا۔
-الشيءَ: کھانا (۲) جلدی سے منہ میں ڈالنا۔
(تَلَمَّظَ) فلانٌ: لَمَظَ کہتے ہیں۔ ما تَلَمَّظْتُ اليومَ بشيءٍ: میں آج کچھ نہیں کھایا۔
-بذكره: عیب نکالنا۔
-الحيّةُ: سانپ کا زبان نکالنا۔
(اللَّماظُ) مَالَهُ -لَماظٌ: اس کے پاس کھانے کے لئے کچھ نہیں۔ کہتے ہیں ما ذُقْتُ اليومَ لماظًا۔
-شَرِبَ الماءَ لِماظًا: اس نے نوک زبان سے پانی پیا۔
(اللُّماظةُ): منہ میں بچا ہوا کھانا۔ کہتے ہیں ألقى لُماظةً من فيه اس نے اپنے منہ کا کھانا نکال ڈالا۔ (۲) تھوڑی چیز کا بقیہ۔ کہتے ہیں ما الدنيا الا لُماظةُ أيامٍ۔
(اللُّمْظَةُ): انگلی کے برابر اٹھایا ہوا تھوڑا سا گھی وغیرہ۔
(المُتَلَمَّظُ): مسکراہٹ۔ إنّهُ لَحَسَنُ المُتَلَمَّظِ وہ خوبصورت مسکراہٹ والا ہے۔
(لَمَعَ) البرقُ والصبحُ وغيرهما - لَمْعًا ولَمَعانًا: روشن ہونا۔ چمکنا۔ هو لامعٌ (ج) لُمَّعٌ وهو لَمّاعٌ وهي لامعةٌ (ج) لَوامعُ۔
-بالشيءِ لَمْعًا: کسی چیز کو لے جانا۔
-بثوبه وبيده وسيفه: کپڑے، ہاتھ یا تلوار سے اشارہ کرنا۔
-الطائرُ بجناحيه: پرندہ کا اڑتے ہوئے بازوؤں کو حرکت دینا۔
-فلانٌ الباب: دروازہ سے ظاہر ہونا۔
-الشيءَ: ڈالنا، پھینکنا۔
(أَلْمَعَ) بثوبه وبيده وسيفه: ہاتھ، کپڑے یا تلوار سے اشارہ کرنا۔

Marfat.com

-بالشيءِ وعليهِ: چپکے سے غائب کر دینا۔ (۲) چرا لینا۔
-بما في الاناءِ: من الطعامِ والشرابِ: برتن کا سب کچھ کھانا یا سب پانی لے جانا۔
-الطائرُ بجناحيهِ: بازو پھڑ پھڑانا۔
-النَّاقةُ بذنبها: اونٹنی کا اپنی دم کو اٹھانا تا کہ یہ معلوم ہو کہ وہ گابھن ہو چکی ہے۔ هي ملمعة و ملمع۔
-المعتِ الناقةُ: اونٹنی کا حمل ظاہر ہونا۔
-الأُنثى: بچہ کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا۔
-الارضُ: زمین میں سفید گھاس کے ٹکڑے ظاہر ہونا۔ (۲) زمین میں زیادہ گھاس ہونا۔
(لَمَّعَ) النسيجَ او الحجرَ: کپڑے یا پتھر کو مختلف رنگوں سے رنگنا۔
-الشيءَ: چمکانا۔ پالش کرنا۔ (محدثہ)
(التَمَعَ) البرقُ وغيرُهٗ: چمکنا۔ روشن ہونا۔
-الشيءَ: چپکے سے اٹھا لینا۔
(التُمِعَ) لونُهٗ: رنگ بدل جانا۔ جب کوئی غصہ، غم یا کسی اور وجہ سے گھبرا جائے اور اس کا رنگ بدل جائے تو اسے التُمِعَ لونُهٗ کہا جاتا ہے۔
(تَلَمَّعَ) البرقُ وغيرُهٗ: بجلی چمکنا۔
-الشيءَ: اچک لینا۔
(الأَلْمَعُ) صاحب فراست، انتہائی ذہین اور تیز فہم آدمی۔
(الأَلْمَعِيُّ) الأَلْمَعُ (۲) خوش طبع اور صاحب ظرافت آدمی۔
(التَّلْمِيعُ) گھوڑوں کے بدن پر ایسے رنگ کے داغ جو اصل رنگ کے برخلاف ہوں (۲) ہر وہ رنگ جو دوسرے رنگ کے برخلاف ہو۔ (ج) تَلَامِيعُ۔ فيهِ تلميعٌ وتلاميعُ: وہ رنگ برنگ ہے۔
(اللَّامِعُ): چمکدار، روشن۔
-مَا بالدَّارِ لَامِعٌ: گھر میں کوئی نہیں۔
(اللَّامِعَةُ) بچے کے سر کا نرم تالو (ج) لوامعُ۔
(اللِمَاعُ) ذهبتْ نفسُهٗ لِمَاعًا: اس کی جان آہستہ آہستہ نکلی۔
(اللُّمْعَةُ) لوگوں کی جماعت (۲) جسم کی خوبصورتی اور چمک (۳) پستان کی نوک کے گرد قدرتی سیاہ حلقہ (۴) سیاہ دھبا (۵) ہر وہ دھبہ جو اصل رنگ کے خلاف ہو۔ (۶) وضو یا غسل میں خشک رہ جانے والی جگہ۔ کہتے ہیں بہ لمعةٌ لَمْ يُصِبْهَا الوَضوءُ (۷) گھاس کا وہ حصہ جو خشک ہونا شروع ہو گیا ہو (ج) لُمَعٌ ولِمَاعٌ۔
(اللَّمَّاعَةُ): سراب، چمکتا ہوا ریگستان (۲) بچے کے سر کا نرم تالو۔
(اللَّمُوعُ): روشن، چمکدار (۲) تیز جھپٹا مارنے والا عقاب۔
(المُلْمَعُ): خدٌّ مُلْمَعٌ: چمکدار رخسار۔
(المِلْمَعُ) مِلْمَعَا الطائرِ: پرندے کے پر۔
-خفقَ الطائرُ بِمِلْمَعَيْهِ: پرندے نے اپنے بازو پھڑ پھڑائے۔
(المُلْمِعَةُ): أرضٌ مُلْمِعَةٌ: چمکتی ہوئی سراب والی زمین۔
(المُلَمَّعُ) فرسٌ مُلَمَّعٌ: وہ گھوڑا جس کے جسم پر اصل رنگ کے مخالف دھبے ہوں۔ (۲) برص کا مریض۔
(المَلْمَعَةُ) ارضٌ ملمعةٌ: مُلْمِعَةٌ۔
(المِلْمِعَةُ) ارضٌ ملمِعةٌ: مُلْمِعَةٌ۔
(اليَلْمَعُ): بے بارش بجلی، کہتے ہیں: فلانٌ اخدع من يَلْمَعٍ (۲) سراب کہتے ہیں هو اكذبُ من يَلْمَعٍ (۳) بطور تشبیہ کذاب جیسے انما هو يَلْمَعٌ (۴) بہت ذہین و صاحب فراست (۵) چمکنے والا ہتھیار جیسے زرہ اور خود وغیرہ (ج) يَلَامِعُ۔
(اليَلْمَعِيُّ): ذہین و ذکی، صاحب فراست آدمی۔
(لَمَقَ) - لَمْقًا: دیکھنا۔
-فلانًا ببصرهٖ: گھور کر دیکھنا۔
-فلانًا: تھپڑ مارنا۔
-عينَهٗ: آنکھ پر ہاتھ مارنا۔
-الشيءَ: مٹانا۔ (۲) لکھنا (ضد)
(تَلَمَّقَ): دوپہر کے کھانے سے پہلے بطور تلذذ کے کوئی چیز کھانا۔
(اللَّمَاقُ) تھوڑی سی کھانے پینے کی چیز۔
-مَا ذقتُ لَمَاقًا: میں نے کچھ نہیں کھایا۔
-مَا بالأرضِ لَمَاقٌ: زمین میں کہیں چراگاہ نہیں۔
(لَمَقُ) الطريقِ: واضح اور سیدھا راستہ۔
(اليَلْمَقُ): بھراؤ دار چوغہ (فارسی لفظ یلمہ کا معرب)
(لَمَكَ) العَجِينَ - لَمْكًا: آٹے کو اچھی طرح گوندنا۔
(تَلَمَّكَ) فلانٌ: کھاتے یا بولتے وقت باچھوں کو حرکت دینا۔ (۲) ذائقہ لینا۔
-البعيرُ: اونٹ کا دونوں جبڑے ہلا کر کھانا۔
(اللُّمَاكُ): آنکھ کا سرمہ۔
(اللَّمَاكُ): ما تَلَمَّكَ بِلَمَاكٍ: اس نے کچھ نہیں چکھا۔ اور یہ بھی کہتے ہیں: ما ذاقَ لَمَاكًا وَلَا لَمَاجًا: (یہ صرف نفی میں مستعمل ہے)
(اللُّمْكُ): اللُّمَاكُ۔
(اللَّمِيكُ): سرمہ لگی ہوئی آنکھوں والا۔
(لَمْلَمَ) الشيءَ: جمع کرنا۔
-الحجرَ: پتھر کو گول کرنا۔
(تَلَمْلَمَ): جمع ہونا۔
(اللَّمْلَمُ): بہت بڑا لشکر۔
-حَيٌّ لَمْلَمٌ: بہت بڑا قبیلہ۔
(اللُّمْلُومُ): جماعت، پارٹی، گروہ۔
(المُلَمْلَمُ): رجلٌ ململمٌ وجملٌ مُلَمْلَمٌ: گٹھے ہوئے بدن کا آدمی یا اونٹ۔ شعرٌ ململمٌ: تیل لگے ہوئے بال۔
(المُلَمْلَمَةُ) كتيبةٌ مُلَمْلَمَةٌ: بھاری تعداد والا لشکر۔
-ناقةٌ ململمةٌ: پُر گوشت اور خوبصورت اونٹنی۔
-صخرةٌ مُلَمْلَمَةٌ: گول اور سخت چٹان۔
(لَمَّ) الشيءَ - لَمًّا: اچھی طرح سمیٹنا، اکٹھا کرنا۔
-اللّٰهُ شعثَهٗ: اللہ تعالیٰ کا کسی کی بگڑی کو بنا دینا۔
-بفلانٍ: کسی کے پاس آنا اور اس کے پاس ٹھہرنا۔
(لُمَّ) فلانٌ: مجنون ہونا۔ هو ملمومٌ۔
(أَلَمَّ) الشيءُ: قریب ہونا۔
-بالقومِ وعليهم: کسی کے پاس مختصر قیام کرنا۔
-بالمعنى: مطلب سمجھنا۔

Marfat.com

-بالطعام مختصر اور مناسب مقدار میں کھانا کھانا۔
-بالامر کسی معاملہ میں گہرا غور وفکر کرنا۔
-فلانٌ چھوٹے گناہ کرنا یا ان کے قریب ہونا۔
-الغلامُ لڑکے کا قریب البلوغ ہونا۔ کہتے ہیں هذهِ الناقة قد المّت لِلکِبَرِ: یہ اونٹنی بوڑھا ہونے کے قریب ہے۔
-النَّخلۃُ کھجور کا پکنے کے قریب ہونا۔
-الشَّعْرُ بالوں کا کان کی لو سے آگے نکل جانا۔
هي ملمٌّ ومُلِمَّۃٌ۔
-اَلَمَّ ''کَادَ'' کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسے: ما فعل وما اَلَمَّ: اس نے یہ کام نہ کیا اور نہ ہی کرنے کا ارادہ کیا۔
(لَمَّمَ) الشَّعرَ: بالوں کو تیل لگانا۔ ھو مُلَمَّمٌ۔
(اِلتَمَّ) بالقومِ: لوگوں کے پاس آنا اور انہیں کے پاس قیام کرنا۔
(اللاَّمَّۃُ): ہر ڈراونی اور خوفناک چیز۔ (۲) نظر بد۔
(اللِّمامُ) مختصر ملاقات۔
-ھو یزورنا لماماً: وہ ہم سے بہت کم ملتا ہے۔ (یہ لَمّۃ کی جمع ہے)
(اللَّمَمُ) صغیرہ گناہ جیسے بوسہ بدنظری وغیرہ (۲) گناہوں کے قریب جانا۔ قرآن مجید میں ہے: (اَلَّذِینَ یَجْتَنِبُوْنَ کَبَائِرَ الْاِثْمِ والفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ): (۳) جنون دیوانگی (۴) تقریباً جیسے کان ذلك منذ شهر او لممه: یہ معاملہ ایک ماہ یا اس کے قریب قریب سے ہے۔
(اللَّمَّۃُ) سختی (۲) زمانہ۔ کہتے ہیں: اُعیذہٗ من حادثات اللَّمَّۃِ: میں حوادثات زمانہ سے اسے خدا کی پناہ میں دیتا ہوں (۲) جناتی اثر۔ کہتے ہیں: اصابتہُ من الجن لمّۃٌ: اسی جناتی اثر ہوگیا ہے۔ کہتے ہیں: للشیطان لمّۃٌ شیطان دل میں وسوسہ اور منکرات ڈالتا ہے۔ (۴) جمع شدہ لوگ (۵) جمع شدہ چیز (۶) تھوڑی دیر کی ملاقات۔ (ج) لِمَامٌ۔
(اللُّمَّۃُ) سفر کے ساتھی۔ کہتے ہیں: لَا تُسَافِرُوْا حَتّٰی تُصِیْبُوْا لُمَّۃً (واحد جمع کے لئے)
(اللِّمَّۃُ) کانوں سے بڑھی ہوئی بالوں کی زلف۔

(ج) لِمَمٌ ولِمَامٌ۔
(المِلَمُّ) ہر سخت چیز۔
-رجلٌ مِلَمٌّ: اہل خاندان کو اکٹھا رکھنے والا۔
-رجلٌ مِلَمٌّ مِعَمٌّ: لوگوں کے معاملات کو درست کرنے والا اور اپنی خیر خواہی کی وجہ سے لوگوں کا خیال کرنے والا۔
(المُلِمَّۃُ): سخت آفت ومصیبت۔
(المَلْمُوْمُ): گول اور جمع شدہ (۲) مجنون۔
-رجلٌ ملمومٌ: گٹھے ہوئے بدن کا آدمی۔
(لَمَّا): بمعنی جب۔ لَمّا کی تین صورتیں ہیں۔
(۱) وجہ اول: یہ کہ مضارع کے ساتھ خاص ہو اسے جزم دے اور لم کی طرح ماضی کے معنی میں کر دے۔ لیکن یہ لَمْ سے پانچ امور میں مختلف ہوگا۔
(۱) لَمّا: حرف شرط کے ساتھ نہیں ملتا لہٰذا آپ اِنْ لَمّا تقُمْ نہیں کہہ سکتے جبکہ لَمْ حرف شرط کے ساتھ مقترن ہوتا ہے جیسے حق تعالیٰ کا ارشاد (وَاِنْ لَمْ تَفْعَلْ)
(۲) یہ کہ اس کے ذریعہ نفی زمانہ حال تک لگاتار ہوگی جیسے فرق عبدی کا شعر۔

فان کنت ما کولاً فکن خیر اکلٍ
والا فادرکنی ولمّا امزّق

بخلاف لَمْ کہ اس کے ذریعہ کی گئی نفی متصل بھی ہوتی ہے جیسے حق تعالیٰ کا ارشاد (وَلَمْ اَکُنْ بِدُعَائِكَ رَبِّ شَقِیًّا) اور منقطع بھی جیسے (لَمْ یَکُنْ شَیْئًا مَذْکُوْرًا): اس وجہ سے لَمْ یَکُنْ ثُمَّ کَانَ کہنا ٹھیک ہے لیکن لَمّا یکن ثم کان کہنا ٹھیک نہیں بلکہ لَمّا یَکُنْ وقد یکونُ کہنا ہوگا۔
(۳) لَمّا کی منفی حال کے قریب ہوتی ہے جبکہ لَمْ کی منفی میں یہ قید نہیں۔ آپ کہیں گے: لَمْ یکن ذلك الرجل فی العام الماضی مقیماً: لیکن یہاں لما یکُنْ نہیں کہہ سکتے۔
(۴) لَمّا کی منفی کا ثبوت متوقع ہوتا ہے بخلاف لَمْ کی منفی کے۔ کیا آپ نہیں دیکھتے کہ (بَلْ لَمَّا یَذُوْقُوْا عَذَابِ): کا معنی ہے کہ انہوں نے ابھی تک عذاب نہیں چکھا بلکہ ان کا عذاب کو چکھنا متوقع ہے۔
(۵) لَمّا کی منفی کو حذف کرنا جائز ہے اور اس کی دلیل یہ ہے

فجئتُ قبورھم بَدْءً الَمّا

ای ولَمّا اکن بدءً ا قبل ذلك ای سَیّدًا بخلاف لَمْ کے کہ آپ اس میں ''وصلت الی بغداد ولَمْ'' نہیں کہہ سکتے۔
(۲) وجہ ثانی: لَمّا: ماضی کے ساتھ خاص ہو اس صورت میں یہ دو جملوں کو چاہے گا جن میں سے دوسرے کا وجود پہلے کے وجود کی وجہ سے ہو۔ جیسے لَمّا جاءَنِی اَکْرَمْتُہٗ: بعض اہل لغت نے اسے اس صورت میں حرف وجود لوجود اور بعض نے حروف وجوب لوجوب اور بعض نے ظرف بمعنی حین کہا ہے۔
(۳) وجہ ثالث: حرف استثناء بمعنی الا۔ اس صورت میں یہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوگا۔ قرآن مجید میں ہے (اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ) یہ فعل ماضی پر لفظاً داخل ہوتا ہے نہ کہ معنی جیسے انشدك اللہُ لَمّا فَعَلْتَ یعنی یہاں بظاہر فعلت فعل ماضی ہے۔ لیکن حقیقت میں یہ معنی مراد نہیں بلکہ مصدر فعل مراد ہے۔
(لَمَا) - لَمْوًا: مَا یَلْمُوقُم فلان بکلمۃٍ فلاں اپنے منہ سے نکلی ہوئی بری بات کو برا نہیں سمجھتا۔
-الشَّیْءَ: سب لے جانا۔
(اَلْمی) علی الشیءِ: لے جانا۔
(اللُّمَۃُ): تین سے دس تک مردوں یا عورتوں کی جماعت حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے (اَنّھا خَرَجَتْ فی لمۃٍ من نسائھا تتوطا ذیلھا حتی دخلت علی ابی بکر الصدیق) (۲) ساتھی ہم عمر ہم جولی۔ (۳) مثل مانند۔ مقولہ ہے: لیتزوج کل انسان لُمَتَہٗ (۴) نمونہ قبل تقلید کردار۔ لك فیه لمۃٌ تمہارے لئے اس میں اچھا نمونہ ہے۔ (ج) لُمَاتٌ۔
(لَمِیَ) الغُلَامُ- لَمًی: لڑکے کا سیاہ ہونٹ والا ہونا۔ ایسے ہی لَمِیَتِ المَرْأۃُ۔
(لَمِیَ) لَمًی: لَمی: ھو اَلْمی- وھی لمیاء (ج) لُمْیٌ۔
-الشَّفَۃُ: ہونٹ کا سیاہی مائل ہونا۔

Marfat.com

-الشجرُ: درخت کا سایہ گہرا ہونا۔
(تَلَمَّتِ) الأرضُ به وعليه: زمین کا کسی کو اپنے اندر چھپا لینا۔
(الألمی) ظِلٌّ ألمی: گھنا سایہ۔ (۲) ٹھنڈا سایہ۔
-رمحٌ ألمی: گندمی رنگ کا تیز اور سخت نیزہ۔
(اللَّمیٰ) ہونٹوں کا خوبصورت گندمی رنگ۔
(اللَّمیاء) شفةٌ او لثةٌ لَمیاء: کم گوشت یا کم خون والا ہونٹ یا مسوڑھا۔

ل ...... ن

(لَن) بمعنی ہرگز نہیں۔ حرف نفی جو فعل مضارع کو نصب دے کر مستقبل کے معنی میں کر دیتا ہے جیسے لَن أعمَلَ هذا أبدًا اور کبھی لا کی طرح یہ بھی دعا کے لئے آتا ہے جیسے اعشیٰ کا قول ہے:
لَن يزالوا كذلكم ثم لا زِلْـ
تَ لهم خالدًا خلودَ الجبالِ۔

ل ...... ہ

(لَهِبَ) الرجلُ لَهَبًا: پیاسا ہونا۔ هو لَهْبانُ وهي لَهْبَى۔
(ألْهَبَ) البرقُ: بجلی کا مسلسل چمکنا۔
-الفرسُ: گھوڑے کا خوب تیز دوڑنا اور گرد اڑانا۔
-فی الکلامِ: تیز بولنا۔
-فلانا للأمرِ: کسی کام کی ترغیب دینا۔
-النارَ: آگ بھڑکانا۔
(لَهَّبَ) النارَ: آگ کو اتنا بھڑکانا کہ اس سے شعلے اٹھنے لگیں۔
(اِلتَهَبَ) النارُ: آگ جلنا۔
-علی فلانٍ: غضبناک ہونا۔
-جوعًا: بھوک سے تڑپنا۔
(تَلَهَّبَ) النارُ: آگ جلنا۔
-جُوعًا: بھوک سے بلبلانا۔
(اللاهُوبُ) گرد اڑانے والی گھوڑے کی سخت دوڑ۔
(اللُّهابُ) پیاس۔
(اللُّهابَةُ) وہ چادر وغیرہ جس میں پتھر رکھ کر کجاوہ یا سواری کے وزن کو برابر کیا جائے۔
(اللِّهْبُ) دو پہاڑوں کے درمیان کا حصہ۔ (۲) پہاڑ کی صاف دیوار نما چٹان جس پر چڑھا نہ جا سکے۔ (۳) زمین کی سرنگ۔ (ج) ألهابٌ۔
(اللَّهَبُ) شعلہ، لپٹ (۲) دھویں کی طرح چمکتا ہوا گرد و غبار (۳) علم کیمیا کی ایک اصطلاح۔
(اللَّهَبانُ) گرمی کی شدت (۲) پیاس۔
-یومٌ لَهَبانٌ: سخت گرم دن۔
(اللُّهْبَةُ) پیاس (۲) بدن کے رنگ کا چمکنا۔
(اللَّهِيبُ) آگ کا شعلہ، لپٹ۔
(المِلْهَبُ) انتہائی حسین (۲) زیادہ اور گھنے بالوں والا مرد۔
(المُلَهَّبُ) کم سرخی والا کپڑا۔
(اللاهُوتُ) الوہیت۔ ضد۔ الناسوت۔
-عِلمُ اللاهوت: خدا سے متعلق عقائد کا علم۔ علم الٰہیات۔
(اللاهوتیُّ) اللہ تعالیٰ سے متعلق عقائد کا عالم۔
(لَهَثَ) الكلبُ- لَهْثًا ولُهاثًا: کتے کا گرمی یا پیاس کی وجہ سے زبان باہر نکالنا۔ قرآن مجید میں ہے (فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ الكَلبِ إن تَحمِلْ عليه يَلهَثْ أو تَترُكْهُ يَلهَثْ)
-الرجلُ: تھک جانا۔
(لَهِثَ) الكلبُ وغيرُهُ- لَهَثًا ولُهاثًا ولَهَثانًا: لَهَثَ۔
-الرَّجُلُ: تھک جانا۔ هو لهثانُ وهي لهثَى۔
(اِلتَهَثَ) الكلبُ وغيرُهُ: لَهَثَ۔
(اللُّهاثُ) پیٹ میں پیاس کی سوزش۔
-هو يُقاسِی لُهاثَ الموتِ: پیٹ کی سختیوں سے دوچار ہے۔
(اللُّهاثِیُّ) چہرہ پر بہت سے سرخ تل والا۔
(اللُّهثَةُ) پیاس (۲) تھکاوٹ۔
(لَهِجَ) بالأمرِ- لَهَجًا: کسی بات کا انتہائی خواہشمند اور مشتاق ہونا۔ هو لَهِجٌ ولاهِجٌ۔
-الفصيلُ بضرعِ أُمِّهِ: جانور کے بچے کا اپنی ماں کے تھن سے چمٹے رہنا۔ هو لاهِجٌ۔
-الفصيلُ أُمَّهُ: جانور کے بچے کا ماں کا تھن چوسنا هو لَهوجٌ (ج) لُهُجٌ۔
(ألْهَجَ) بالأمرِ: کسی کام کا خواہشمند ہونا۔
-فلانٌ: کسی کے جانور کے بچوں کا ماں کے تھن چوسنے کا عادی ہونا۔
-فلانًا: کسی چیز کا خواہشمند بنانا۔
-الفصيلَ: جانور کے بچے کے منہ میں لکڑی باندھنا تا کہ وہ اپنی ماں کا دودھ نہ پی سکے۔
(لَهَّجَهُ): کھانے سے پہلے بطور تلذذ کوئی چیز کھلانا۔
(لَهْوَجَ) الشيءَ: مضبوط نہ کرنا۔
-الطعامَ: کھانے کو پوری طرح نہ کھانا۔
-حديثٌ مُلَهْوَجٌ: نامکمل بات۔
-رأيٌ مُلَهْوَجٌ: ناقص رائے۔
(تَلَهْوَجَ) الشيءَ: کسی چیز کو جلدی سے لینا۔
(اِلْهاجَّ): باہم مخلوط ہونے کے باوجود یک جسم نہ ہونا۔
-عينُهُ: آنکھوں میں نیند بھرنا۔
(اللَّهْجَةُ): زبان، زبان کا کنارہ۔ (۲) وہ بولی و پیدائشی زبان جس سے بات چیت کی جائے۔ جیسے فلانٌ فصيحُ اللهجه وصادقُ اللهجة: (۳) بات کو ادا کرنے کا مخصوص انداز، لہجہ (۴) لب و لہجہ۔
(اللُّهْجَةُ) کھانے سے پہلے بطور تلذذ وقت گزاری کے کھائی جانے والی چیز۔ (جیسے اللُّمْجة)
(المُلَهَّجُ) زیادہ نیند کی وجہ سے کام سے غافل رہنے والا آدمی۔
(لَهَدَهُ) الحِملُ- لَهْدًا: سامان کا کسی کو بوجھل کرنا۔ هو ملهودٌ ولهيدٌ۔
-دابَّتَهُ: جانور کو تھکا ڈالنا اور کمزور کر دینا۔ هي لهيدٌ۔
-فلانًا: کسی کو: بیل کھینچتے ہوئے سینے پر زور دھکا دینا۔ هو ملهودٌ۔
-مافی الإناءِ: برتن کے اندر موجود سارے کا سارا کھانا چاٹ لینا۔
(ألْهَدَ) الرَّجُلُ: ظلم و زیادتی کرنا۔
-إلى الأرضِ: بوجھ کی وجہ سے زمین کی طرف جھکنا۔
-به: حقیر سمجھنا، عیب لگانا۔
-بفلانٍ: کسی کو پکڑ کر اس پر کسی کو زیادتی کے لئے

Marfat.com

مسطح کرنا۔ (۳) کسی کو اس کی ذلیل سمجھانا۔
(اللَّهْدُ) بھاری اور ذلیل آدمی (۲) ٹانگوں یا رانوں کی ایک بیماری۔
(المُلَهَّدُ) رجلٌ مُلَهَّدٌ: ذلیل و کمزور آدمی جسے دروازوں سے دھکے پڑتے ہوں۔
(لَهْذَمَ) الشیءَ: کاٹنا۔
(تَلَهْذَمَ) الشیءَ: کاٹنا (۲) کھالینا۔
(اللَّهْذَمُ): ہر کاٹنے والی چیز جیسے چھری، تلوار، دانت وغیرہ۔
—سیفٌ لهذمٌ: تیز تلوار اسی طرح سنانٌ او نابٌ لهذمٌ۔
(لَهَزَ) الشیبُ فلاناً — لَهْزاً: کسی میں بڑھاپا ظاہر ہونا۔
—فلاناً الشیبُ: کسی پر بڑھاپا ظاہر ہونا۔ ھو ملهوزٌ۔
—القومَ: لوگوں کے ساتھ رہنا۔ ان میں گھل مل جانا۔
—فلاناً بالرمح: کسی کے سینہ پر نیزہ مارنا۔ (۲) کسی کی گردن پر یا کان کے نیچے مکہ مارنا۔
—البعیرَ: اونٹ کے کان کے نیچے داغ لگانا۔
—الفصیلُ اُمَّهُ: اونٹ وغیرہ کے بچہ کا دودھ پیتے وقت ماں کے تھن کو ٹکر مارنا۔
(لَهَّزَ) فلاناً: کسی کی گردن پر یا کان کے نیچے مکا مارنا۔
(اللَّاهِزُ): راستہ میں رکاوٹ بننے والا اور تنگی پیدا کرنے والا ٹیلہ یا پہاڑی۔
(اللِّهَازُ): دھرے کے سوراخ کو تنگ کرنے کا ٹکڑا۔ کہتے ہیں ضَیَّقَ البَکَرَةَ باللهاز: چرخی کے سوراخ کو چیتھڑا لگا کر تنگ کر دیا۔
(اللُّهَزُ): سخت۔
(اللَّهْزَةُ): جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی۔
(المِلْهَزُ): گردن یا کان کے نیچے کی ہڈی پر مکا مارنے والا۔
(المُلَهْوَزُ): گٹھے ہوئے بدن کا آدمی۔
(لَهْزَمَ) فلاناً: جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی پر مارنا۔
—الشَّیبُ خَدَّیهِ ولَهْزَمَهُ الشیبُ: بڑھاپا ظاہر ہو۔

(اللِّهْزِمَةُ): جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی یہ دو ہوتی ہیں۔ (ج) لَهَازِمُ۔
(لَهِسَ) علی الطَّعامِ — لَهْساً: کھانے پر ٹوٹ پڑنا۔ (۲) کھانے کو چاٹنا۔
—الصبیُّ ثدی اُمِّهِ: بچہ کا ماں کے پستان پر ہاتھ مارنا اور اسے چوسنا۔
(لَاهَسَ) عَلَی الشیءِ: لالچ کی وجہ سے کسی چیز پر ٹوٹ پڑنا۔ جیسے لَاهَسَ علی الطعامِ۔
—فلانٌ یُلاهِسُ بنی فلانٍ: فلاں اس قبیلہ کے کھانے کی لالچ میں لگا رہتا ہے۔
(اللُّهَاسُ) تھوڑا سا کھانا۔
(اللُّهَاسَةُ) تھوڑا سا کھانا۔
(اللُّهْسَةُ): چاٹنے کی تھوڑی چیز۔ کہتے ہیں: مالک عندی لهسة: تیرے لئے میرے پاس کچھ نہیں۔
(لَهْسَمَ) مَا علی المائدة: دسترخوان پر موجود سارے کا سارا کھالینا۔
(اللُّهْسُمُ): وادی کا تنگ راستہ۔ (ج) لهاسِمُ۔
(لَهِطَ) الاُمُّ بهِ — لَهْطاً: بچہ جننا۔ بطور بد دعا کے کہتے ہیں: لعن اللہ امًّا لهطت بہ۔
—فلانٌ: ہاتھ اور کوڑے سے مارنا۔
—فلاناً: طمانچہ رسید کرنا۔
—الشیءَ بالماءِ: پانی کا چھڑکاؤ کرنا۔
—بهِ الاَرْضَ: زمین پر پچھاڑنا۔
—فلاناً بسهمٍ: تیر مارنا۔
—الثوبَ: کپڑا سینا۔
(اللَّاهِطُ): گھر کے دروازہ پر چھڑکاؤ کر کے صفائی کرنے والا۔
(لَهِعَ) فلانٌ — لَهَعاً ولَهَاعَةً: ہر ایک کی طرف مائل ہونا۔ ھو لَهِعٌ ولَهِیعٌ۔
—فی الکلامِ: بولتے وقت باچھیں کھولنا۔
(تَلَهْیَعَ) فی کلامِهِ: بہت زیادہ بولنا۔
(اللَّهَاعَةُ): غفلت، رجلٌ فیه لَهَاعَةٌ۔
(اللَّهِیعَةُ) اللَّهَاعَةُ (۲) سستی و کاہلی۔
—فی فلانٍ لَهِیعَةٌ: کسی کے خرید و فروخت کے معاملہ میں ایسی سستی ہونا جس سے دھوکہ کھا جائے۔
(لَهِفَ) علی الفائتِ — لَهَفاً: ضائع شدہ چیز پر غم و افسوس کرنا۔ ھو لَهِفٌ ولَهِیفٌ ولاهفٌ ولهفانُ حدیث میں ہے (اتقوا دعوة اللَّهْفان) ھی لاهفٌ ولاهفةٌ ولَهْفی (ج) لَهَافی ولُهُفٌ ولِهَافٌ۔
—ھو لاهفُ القلبِ: وہ دل جلا ہے۔
(لُهِفَ) لَهْفاً مظلوم و تکلیف زدہ ہونا۔ ھو ملهوفٌ۔
(اَلْهَفَ) حریص اور لالچی ہونا۔
(لَهَّفَ) مدد طلب کرنا۔
—فلانٌ نَفْسَهُ واُمَّهُ: والهفساہ واُماہ وا اُمَّیاہ والهفاہ کہنا۔
—اُمَّهُ واُمَّیهِ اپنی ماں یا والدین کو رنج و ست میں مبتلا کرنا (اُمَّیهِ میں انثی کو اولاد پر زیادہ دخل ہونے کی وجہ سے مذکر پر غالب کر دیا گیا)
(تَلَهَّفَ) علی الفائتِ: ضائع شدہ چیز پر غم و افسوس کرنا۔
(اللَّهْفُ) غم و افسوس۔ کہتے ہیں یالهف فلان: ہائے مجھے فلاں پر بڑا افسوس ہے۔ ایسے ہی یالهفی علیه ویالهفَ ویالهفاءُ یالهف ارضی وسمائی علیه ویالهفاه۔
(اللَّهْفَانُ) حسرت زدہ (۲) تکلیف زدہ۔
(اللَّهْفَةُ) افسوس۔ ضائع شدہ چیز پر افسوس کرتے ہوئے کہا جاتا ہے یا لهفتاه ویا لهفتاه۔
(اللَّهِیفُ) افسوس کرنے والا، مدد کا طالب مظلوم اور لاچار شخص۔
—رجلٌ لهیف القلب دل جلا آدمی۔
(المَلْهُوفُ) ستم رسیدہ مظلوم۔
(لَهِقَ) الشیءُ — لَهَقاً: سفید ہونا۔
(لَهَقَ) الشیءُ — لَهَقاً: سفید ہونا ھو لَهِقٌ ولَهَقٌ۔
(لَهْوَقَ) فلانٌ: ایسی عادات و اخلاق کا مظاہرہ کرنا جو اس کی طبیعت میں نہ ہو۔
—العملَ اوِ الکلامَ: کام یا کلام کو ادھورا چھوڑنا۔
(تَلَهَّقَ) الشیءُ: سفید ہونا۔
—الرجلُ: زیادہ باتیں کرنا اور بتکلف حلق سے آواز نکالنا۔

Marfat.com

(تَلَھْوَقَ) لَھْوَقَ: (٢) بناوٹی باتیں کرنا۔ چاپلوسی اور خوشامد کرنا۔ حدیث میں ہے: (کان خُلُقُهُ سجيّةً ولم يكن تَلَهْوُقًا)

(اللِّهَاقُ): سفید بیل (٢) ہر سفید چیز۔

-ابیضُ لِھاقٌ: تیز سفید۔

(المُلَھْوَقُ): شیءٌ مُلَھْوَقُ اللَّوْنِ: سفید رنگ کی چیز۔

(لَھِمَ) الشیءَ - لَھْمًا ولَھَمًا: ایک مرتبہ نگلنا۔

-الماءَ لَھْمًا: گھونٹ بھرنا۔

(أَلْھَمَهُ) اللّٰه خَيرًا: اللہ تعالیٰ کا کسی کے دل میں خیر اور بھلائی کا القاء کرنا۔

(اِلْتَھَمَ) الشیءَ: ایک ہی مرتبہ نگل جانا۔

-الفصیلُ مَا فی الضَّرْعِ: تھن چوسنا یا تھن کا سارا دودھ پی لینا۔

(اِلْتَھَمَ) لونُهُ: رنگ بدل جانا۔

(اِسْتَلْھَمَ) اللّٰهُ خَيرًا: اللہ تعالیٰ سے خیر کا القاء کرنے کی دعا کرنا۔

(الاِلْھَامُ): الہام: دل میں ایسی چیز کا آنا جو دل کی تسکین کا باعث ہو اللہ تعالیٰ الہام کے ساتھ اپنے برگزیدہ بندوں کو خاص فرماتا ہے۔ (٢) دل میں آنے والے افکار اور خیالات۔

(اللُّھَامُ): جَیْشٌ لُھَامٌ: بڑا لشکر۔

(اللِّھْمُ): ہر عمر رسیدہ چیز (ج) لُھُوْمٌ۔

(اللِّھَمُّ) اللُّھَمُّ: بہت کھانے والا بسیار خور۔

(اللُّھْمَةُ) من السویق: ستو کی ایک پھنکی۔

(اللُّھْمُومُ): سخی و فیض رساں آدمی۔ (٢) بہت عطا کرنے والا فیاض (٣) بہترین اور سبقت لے جانے والا گھوڑا یا انسان جیسے رَجُلٌ لِھَمٌّ صائب الرائے اور بڑا صاحب کفایت (یہ وصف عورتوں کے لئے نہیں ہے) (۴) بہت بڑا سمندر۔

(اللُّھْمُومُ): بہت کھانے والا بسیار خور۔

(اللُّھَيْمُ) اُمُّ اللُّھَيْمِ: مصیبت۔ (٢) بخار (٣) موت۔

(المَلْھَمُ) من الرجال: بہت کھانے والا۔

(المِلْھَمُ): المَلْھَمُ۔

(اللِّھْمِيمُ): عمدہ اور سبقت لے جانے والا گھوڑا یا انسان۔

(اللُّھْمُومُ): اللِّھْمِیمُ: (٢) فیاض و سخی (٣) بڑا مفکر (۴) زیادہ دودھ والی اونٹنی (۵) بہت بارش والا بادل (٦) بڑی تعداد (ج) لَھامِیمُ۔

(اللِّھْمِیْمُ): اللِّھْمِمُ۔

-جَمَلٌ لِھْمِمٌ: بڑے پیٹ والا اونٹ۔

(أَلْھَنَهُ): کسی کو سفر سے واپسی پر کھانے کی چیز ہدیہ کرنا۔

(لَھَّنَهُ): "اللُّھنة" کھلانا (دیکھئے اللھنة)۔

(تَلَھَّنَ): فلانٌ: کھانے سے پہلے بطور تلذذ کوئی چیز کھانا۔

(اللُّھْنَةُ): سفر سے واپسی پر کسی کو دیا جانے والا تحفہ۔ (٢) مسافر کا وہ تحفہ جو وہ سفر سے واپسی پر لائے (٣) ناشتہ سے پہلے بطور وقت گزاری کے لئے کوئی کھائی جانے والی چیز (۴) کھانے کی تھوڑی سی مقدار۔ جیسے مَا وَجَدَتِ الماشيةُ إلاَّ لُھْنَةً: مویشی کو تھوڑا سا چارہ بھی میسر نہ ہوا۔

(لَھَا) بالشیءِ - لَھْوًا: کسی چیز کے ساتھ کھیلنا (٢) کسی چیز کا مشتاق ہونا۔

-المرأةُ اِلی حدیث صاحبھا لَھْوًا ولُھُوًّا: عورت کا اپنے خاوند کی بات میں دلچسپی لینا اور اسے پسند کرنا۔

-عَنِ الشیءِ لُھِيًّا ولِھْيَانًا: کسی چیز پر صبر کر کے اسے فراموش کر دینا۔

(لَھِیَ) به - لَھًا: کسی چیز سے محبت کرنا۔

-عن الشیء ومنهُ لُھِيًّا ولِھْيَانًا: کسی چیز کو فراموش کر دینا حدیث میں ہے (اذا استأثرَ اللّٰهُ بشیءٍ فَالْهَ عنه)

-عنه وبه: ناپسند کرنا۔

(أَلْھَی) فلانٌ: خوب عطیے دینا۔

-اللَّعِبُ عَنْ کَذَا: کھیل کا کسی چیز سے غافل کرنا اور اسے بھلا دینا۔

-الرَّحی وفیھا ولھا: چکی کے منہ میں پیسنے کے لئے غلہ کی مٹھی بھر کر ڈالنا۔ اَلْھَیْتُ لفلانٍ لُھْوَةً مِنَ المَالِ: میں نے فلاں کے مال کا ایک حصہ الگ کر دیا۔

(لَاھَی) الشیءَ: قریب ہونا ملا ہوا ہونا۔

-الغلامُ الفطامَ: بچہ کا دودھ چھوڑنے کے وقت کے قریب ہونا۔

-فلانًا: کسی سے جھگڑا کرنا (٢) کسی کی اچھائی کے بدلہ میں اس کے ساتھ اچھائی کرنا۔

(لَھَّاہُ) بکذا: کسی چیز سے دل بہلانا۔

(التَھَی) بالشیءِ: کھیلنا۔

-عنهُ بغیرہ: ایک چیز سے ہٹ کر دوسری میں مشغول ہونا۔

(تلاھی) بالملاھی: کھیل و تفریحات میں مشغول ہونا۔

-القومُ: باہم کھیلنا۔ کھیل و تفریح میں مشغول ہونا۔

(تَلَھَّی) بالشیءِ: کسی چیز کے ساتھ کھیلنا۔ (٢) کسی چیز کو تفریحی مشغلہ بنانا۔

-الابلُ بالمَرْعَی: اونٹوں کا چراگاہوں میں مزے سے چرتے رہنا۔

-عنهُ: کسی چیز کو چھوڑ کر راحت پانا۔

(استلْھَی) صاحبَهُ: اپنے ساتھی کو روکنا ٹھہرانا۔ (٢) اپنے ساتھی کا انتظار کرنا۔

-الشیءَ: کسی چیز کو زیادہ مقدار میں چاہنا۔

(الأُلْھُوَّةُ): کھلونا کھیل و تفریح کی چیز۔ بینھم أُلْھُوَّةٌ یَتَلاھَوْنَ بھا: ان کے پاس ایک کھیل ہے جسے وہ باہم کھیلتے ہیں۔

(الأُلْھِيَّةُ) الأُلْھُوَّةُ۔

(التَّلْھِيَةُ): الأُلْھُوَّةُ: (٢) تفریح طبع کی بات۔

(اللُّھَاءُ): مقدار/اندازہ (زھاء کی طرح) جیسے ھم لُھَاءُ مائةٍ: وہ تقریبا سو ہیں۔

(اللَّھَاةُ): حلق کے اندر ابھرا ہوا باریک گوشت (ج) لھواتٌ ولَھَیاتٌ ولُھِیٌّ ولِھًا ولِھاءٌ کہتے ہیں فلانٌ تُسَدُّ به لھوات الثغورِ: فلاں شخص اتنا بہادر ہے کہ اس کے ذریعہ سرحدوں کی حفاظت کی جاتی ہے۔

(اللَّھْوُ): سامان تفریح، کھیل کود (٢) محبوبہ وہ عورت جو سامان تفریح ہو (٣) ڈھول وغیرہ۔

(اللُّھْوَةُ): عطیہ، بخشش۔ کہتے ہیں اشتراہُ بِلُھْوَةٍ مِن مَالٍ: اسے تھوڑے مال کے بدلے خریدا (٢) ایک ہزار دینار یا درہم (درہم و دینار کے علاوہ کے لئے مستعمل نہیں) (٣) چکی کے منہ میں ڈالا جانے والا مٹھی بھر غلہ (ج) لُھًی۔

Marfat.com

(اللَّهْوَةُ): اللُّهْوَةُ (۲) محبوبہ وہ عورت جو سامان تفریح ہو۔ (ج) لُهًا۔

(اللَّهْوُ): فلانٌ لَهْوٌ مِنَ الخيرِ فلاں بھلائی سے بہت دور یا بہت غافل ہے۔ (۲) کھیل کود کی جگہ میدان۔

(الملهٰی): میدان، کھیلنے کی جگہ۔

-هذا ملهٰی القوم یہ لوگوں کے ٹھہرنے کی جگہ ہے۔ (ج) المَلَاهِي۔

(المَلَاهِيْ): سامان تفریح گانے بجانے کے آلات (غالباً اس کی مفرد ملهاةٌ) ہے

(المَلْهَاةُ): کامیڈی ایسا ڈرامہ جس میں لوگوں کے عیوب و نقائص مزاحیہ انداز میں بیان کئے جائیں (محدثہ) (ج) الملاهي۔

(لَهْوَجَ): (دیکھئے لهج)

(تَلَهْوَجَ): (دیکھئے لهج)

(لَهْوَقَ): (دیکھئے لهق)

(تَلَهْوَقَ): (دیکھئے لهق)

ل ...... و

(لَوْ) بمعنی اگر۔ حرف تقدیر۔ یہ حرف اگر دو مثبت فعلوں پر داخل ہوگا تو وہ منفی ہو جائیں گے جیسے لو جاء نی لأكرمتُهٗ (زید میرے پاس آتا تو میں اس کا اکرام کرتا) لیکن وہ میرے پاس نہیں آیا لہٰذا اس کا اکرام بھی نہیں ہوا اور اگر یہ دو منفی فعلوں پر داخل ہو تو ان کو مثبت بنا دے گا جیسے لَوْ لَمْ يَسْتَدِنْ لم يُطَالب اگر وہ قرضہ نہ مانگتا تو اس سے مطالبہ نہ ہوتا لیکن اس نے قرضہ مانگا ہے۔ لہٰذا اس سے مطالبہ بھی ہوا ہے اور اگر یہ ایک مثبت اور ایک منفی پر داخل ہو تو مثبت کو منفی اور منفی کو مثبت بنا دیتا ہے۔ جیسے لَوْ لَمْ يومن اريق دمُهٗ اگر وہ ایمان نہ لایا تو اس کا خون بہایا جائے گا اور اگر ایمان لایا تو نہ خون بہایا جائے گا۔ لو کی چھ قسمیں ہیں۔

(۱) لَوْ لو جاء نی لأكرمتُهٗ جیسی مثالوں میں استعمال ہو اور یہ لو تین امور کا فائدہ دیتا ہے۔

i۔ شرطیت مع علاقہ سببیت۔ یعنی اپنے بعد والے دو جملوں کے درمیان سببیت اور مسببیت کا تعلق قائم کرے۔

ii۔ اس کی شرطیت زمانہ ماضی کے ساتھ مقید ہے اس وجہ سے یہ ان سے جدا ہو جائے گا کیونکہ ان میں سببیت اور مسببیت کا عقد مستقبل میں ہوتا ہے اس لئے علماء فرماتے ہیں ان کی شرط لو کی شرط سے پہلے ہوتی ہے کیونکہ مستقبل کا زمانہ ماضی کے زمانہ سے سابق ہوتا ہے۔ کیا آپ نہیں دیکھتے ہیں کہ آج آپ کہیں گے ان جئتنی غدًا اكرمتُك لیکن جب کل گزر جائے گی تو آپ کہیں گے لَوْ جِئْتَنِيْ أَمْسِ لَأَكْرَمْتُكَ۔

iii۔ امتناع۔ شرط کے ممتنع ہونے پر جواب کے ممتنع ہونے کا فائدہ دیتا ہے۔ اس لئے اسے حرف امتناع لامتناع کہتے ہیں۔

(۲) مستقبل میں حرف شرط ہو لیکن یہ جزم نہ دے گا جیسے

ولو تلتقي اصداؤ نا بعد موتنا
ومن دون رمسينا من الارض سبسب
لظلّ صدى صوتي وان كنت رِمّةً
لصوتِ صدى ليلى يهشّ ويطربُ

لو کی اس قسم اور ماقبل میں فرق یہ ہے کہ شرط اگر مستقبل ہوگی تو لَوْ ان کے معنی میں ہوگا اور اگر شرط ماضی ہوگی تو لو حرف امتناع ہوگا۔ جب اس کے بعد فعل مضارع آئے گا تو یہ اس کو ماضی کے معنی کی طرف پھیر دے گا جیسے لو تقوم اقوم۔ ای لو قمتَ قمتُ۔

(۳) حرف مصدر بمنزلہ أَنْ لیکن یہ اس صورت میں نصب نہ دے گا۔

اس لو کا اکثر استعمال وَدَّ یَوَدُّ کے بعد ہوتا ہے جیسے (وَدُّوا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ) اور (يَوَدُّ احدُهُم لو يُعَمَّرُ)

کبھی اس کے علاوہ بھی استعمال ہوتا ہے جیسے قتیلہ بنت نضر کا شعر ہے۔

ما كان ضرّك لو مننت وربّما
منّ الفتى وهو المغيظ المحنَق

جب اس کے ساتھ ماضی ہوگا تو وہ اپنے معنی پر باقی رہے گا لیکن جب اس کے ساتھ مضارع ہوگا تو مستقبل کے لئے خاص ہو جائے گا۔

(۴) تمنی۔ اس کا جواب منصوب اور فاء کے ساتھ ہوگا۔ جیسے لَوْ تَاتِيْنِيْ فَتُحَدِّثَنِيْ۔

(۵) عرض کے لئے جیسے الاٰس کا جواب بھی منصوب اور فاء کے ساتھ ہوگا جیسے لو تنزل عندنا فتصيب خيرًا۔

(۶) تقلیل کے لئے جیسے تَصَدَّقُوْا ولو بظلفٍ مُحْرَقٍ۔

(لَابَ) الرجلُ او البعيرُ۔ لَوْبًا ولَوَبَانًا ولُوَابًا پیاسا ہونا (۲) پیاسے کا پانی کے ارد گرد گھومنا لیکن اس تک نہ پہنچنا۔ هو لائبٌ (ج) لُوُوْبٌ ولُوْبٌ ولُوَائِبُ۔ ابلٌ لُوْبٌ ولوائبُ وهي لائبةٌ (ج) لوائب۔

(أَلَابَ) فلانٌ کسی کے اونٹوں کا پیاس کی وجہ سے پانی کے پاس آنا۔

(لَوَّبَ) الشيءَ کسی چیز میں زعفران وغیرہ کی خوشبو ملانا۔

(اللَّابَةُ) جمع شدہ سیاہ رنگ کے اونٹ (۲) سیاہ پتھروں والی زمین۔ (ج) اللابات ولاب۔

(اللُّوْبُ) شہد کی کھیاں (۲) گوشت کا ٹکڑا جو ہانڈی میں گھومتا ہو۔

(اللُّوْبَةُ) وہ لوگ جو اپنے ہی لوگوں سے الگ تھلگ رہتے ہوں اور ان سے صلاح مشورہ نہ کرتے ہوں (۲) سیاہ پتھروں والی زمین (ج) لُوَبٌ۔

-اسودُ لوبيٌّ سیاہ پتھروں والی زمین کا باشندہ۔

(اللُّوْبِيَا) لوبیا ایک سبزی جو فصیلہ قرنیہ سے ہے اس کی بہت سی قسمیں ہیں۔

(المَلَابُ) ایک قسم کی زعفران جیسی خوشبو۔

(المُلَوَّبُ) ملا ہوا لوہا۔

(لَاتَ) ۔ لَوْتًا سوال کے علاوہ کا جواب میں دینا اور بات کہنا۔

-فلانًا کسی کے حق میں کمی کرنا۔

(اللَّاتُ) طائف کا ایک بت بنو ثقیف زمانہ جاہلیت میں اس کی عبادت کرتے تھے۔

(لَاتَ) کلمہ نفی بمعنی لَیْسَ سیبویہ کے نزدیک یہ لفظ حین سے پہلے آنے کے لئے خاص ہے اور اسے نصب دیتا ہے اور یہ عمل میں لیس کی طرح ہے لیکن

Marfat.com

اس کے بعد صرف ایک معمول مذکور ہوتا ہے اور غالب گمان یہ ہے اس کا معمول محذوف ہی مرفوع ہوگا' جیسے (وَلَاتَ حِیْنَ مَنَاصٍ) اس کی تقدیری عبارت یہ ہے: ولات الحینُ حِیْنَ مناص۔

(لَاثَ) الشجرُ والنباتُ۔ لَوْثًا: درختوں اور پودوں کا گھنا اور ایک دوسرے سے لپٹا ہوا ہونا' ھو لائثٌ ولاثٌ ولاثٌ۔

—فلانٌ فی الأمرِ: سستی و تاخیر کرنا۔

—عن الحاجۃ: ضرورت سے تاخیر کرنا۔ کہتے ہیں: ما لَاثَ فلانٌ اَنْ غَلَبَ فلانٌ: فلاں فلاں پر دیر کے لئے بغیر ہی غالب آ گیا۔

—العمامۃ: سر پر پگڑی باندھنا۔

—الشیءَ: دو مرتبہ گھمانا' جیسے عمامہ کو گھمایا جاتا ہے (۲) کسی چیز کو حل کرنے کے لئے پانی میں ڈال کر ملنا۔

—الشیءَ بالشیءِ: ایک کو دوسری میں ملانا۔

—الشیءَ فی التراب: کسی چیز کو مٹی میں لت پت کرنا۔

—الشیءَ فی الفمِ: چبانا۔

—لوثًا من کلامٍ: شرم کی وجہ سے گھما پھرا کر بات کرنا۔

(لَوِثَ) فی الأمرِ لَوَثًا: کسی معاملہ میں تاخیر اور سستی کرنا۔

—فلانٌ: زبان کا رواں اور مسلسل نہ ہونا۔ (۲) کمزور اور ڈھیلا ہونا (۳) بیوقوف ہونا (۴) مجنون ہونا۔ ھو الوثُ وھی لوثاءُ (ج) لُوْثٌ۔

(أَلَاثَ): الثَّ بِهٖ مَالِی: کسی کے پاس امانت رکھوانا۔

(اَلْوَثَتِ) الأرضُ: زمین کا خشک گھاس میں تر گھاس اگانا۔

—النباتُ والشجرُ: پودوں اور درختوں کا ایک دوسرے پر لپٹا ہوا اور گھنا ہونا۔

—الشیءَ: ٹھہرانا اور باقی رکھنا۔

—المطرُ النباتَ: بارش کا پودوں کو ایک دوسرے کے اوپر لپیٹ دینا۔

(لَوَّثَ) الشیءَ بالشیءِ: ایک چیز کو دوسری میں ملانا لتھیڑنا۔

—الشیءَ فی التراب: مٹی میں لتھیڑنا۔ لت پت کرنا۔

—الشیءَ: کسی چیز کو پانی میں ڈال کر حل کرنے کے لئے ہاتھ سے ملنا۔

—فلانًا عن کذا: کسی کام سے روکنا۔

—الماءَ: پانی کو گندا کرنا۔

(اِلْتَاثَ) بردائہٖ: چادر اوڑھنا۔

—النباتُ: پودوں کا گھنا اور گنجان ہونا۔

—برأس القلمِ شعرۃٌ: قلم کی نب میں بال پھنس جانا۔

—الشیءُ بالشیءِ: ایک چیز کا دوسری میں مل جانا۔

—التاثتِ الخطوبُ: مصیبتیں آنا۔

—بالدمِ: خون میں لت پت ہونا۔

—علیہ الأمرُ: کسی پر کام مشتبہ اور غیر واضح ہونا۔

—فی العملِ: کسی کام میں تاخیر کرنا۔

—فی کلامہٖ: اپنی بات کی دلیل پیش کرنے سے عاجز ہو جانا۔

(تَلَوَّثَ) ثَوْبُہٗ بالطین: کپڑے کو مٹی میں لتھڑنا۔

—الماءُ والھواءُ ونَحْوُہٗ: پانی یا ہوا میں ضرر رساں ذرات کے مل جانے سے ان کا آلودہ ہو جانا۔

(اللُّوَاثُ): خشکا' پلیتھن۔ (وہ خشک آٹا جو گندھے ہوئے آٹے کو برتن کی سطح سے الگ رکھنے کے لئے پھیلایا جائے۔

(اللُّوَاثَۃُ): اللُّوَاثُ (۲) ہر چیز میں لتھڑ جانے والا اور آلودہ ہو جانے والا۔ (۳) مختلف قبائل کی ایک جماعت۔

(اللَّوْثُ)۔ طاقت۔ (۲) برائی (۳) کسی بات کا غیر واضح ثبوت۔ کہتے ہیں: لَمْ یَقُمْ علی اتِّھَامِ فلانٍ بالجنایۃ اِلَّا لَوْثٌ: اس پر جرم میں ملوث ہونے کا غیر واضح اور معمولی ثبوت ہے (۴) زخم (۵) وہ مطالبات جو کینہ کی وجہ سے ہوں۔

(اللُّوْثَۃُ): بیوقوفی (۲) دیوانگی۔

(اللَّوْثَۃُ): ڈھیلا پن۔ (۲) تاخیر۔ (۳) سستی (۴) بے وقوفی (۵) زبان کی بندش (۶) جنون۔ دیوانگی کی کیفیت جیسے بفلانٍ لوثۃٌ: (۷) کپڑے کا ٹکڑا جس سے گولا بنا کر کھیلا جائے۔

—رجلٌ ذو لوثۃٍ: سست' ضعیف اور ڈھیلا آدمی۔

(اللَّوِیْثَۃُ): مختلف قبیلوں کی ایک جماعت۔

(اللَّیِّثُ): نباتٌ لَیِّثٌ: گھنے اور گنجان پودے۔

(المَلْیَثُ): موٹا اور سست آدمی۔

(لَاجَ) الشیءَ۔ لَوْجًا: کسی چیز کو منہ میں گھمانا۔

(اللُّوْجَاءُ): ضرورت' حاجت' کہتے ہیں: مَا ترکتُ فی صدرہٖ حوجاءَ ولا لوجاءَ اِلَّا قضیتُھا: میں نے اس کی ہر خواہش پوری کی۔

(لَاحَ) الشیءُ۔ لَوْحًا: ظاہر ہونا۔

—الشیبُ فی راسہٖ: سر میں سفید بالوں کا ظاہر ہونا۔

—الرجلُ: ظاہر ہونا۔ سامنے آنا۔

—لہ الامرُ: کسی بات کا واضح ہونا۔

—النجمُ: ستارے کا ظاہر و روشن ہونا' چمکنا۔

—فلانٌ لَوْحًا ولُوْحًا ولَوَحَانًا: پیاسا ہونا۔

—الی الشیءِ لَوْحًا: کسی چیز کو دور سے دیکھنا۔

—العطشُ او السفرُ او الحزنُ فلانًا: پیاس' سفر یا غم کا کسی کے رنگ کو بدل دینا اور اسے کمزور کر دینا۔

—البرقُ لَوْحًا ولُوُوْحًا ولَوَحَانًا: بجلی چمکنا۔

—فلانًا ببصرہٖ: کوئی چیز نظر آنا پھر چھپ جانا۔

—بہٖ: ظاہر کرنا۔ چمکانا۔

(أَلَاحَ) الشیءُ: واضح اور ظاہر ہونا۔ جیسے أَلَاحَ الرجلُ والنجمُ والبرقُ۔

—بسیفہٖ: تلوار کو چمکانا اور حرکت دینا۔

—بثوبہٖ: اپنا کپڑا ہلا کر دور کھڑے شخص کو اشارہ کرنا۔

—بحقہٖ: کسی کا حق ضائع کر دینا۔

—مِنْ فلانٍ: کسی سے بچنا' ڈرنا' شرمانا۔

—علی الشیءِ: کسی چیز پر اعتماد کرنا۔

—فلانًا: ہلاک کرنا۔

(لَوَّحَ) بالشیءِ: ظاہر کرنا' چمکانا جیسے لَوَّحَ بسیفہٖ۔

—بثوبہٖ: أَلَاحَ بہٖ۔

—لِلْکَلْبِ بِرَغِیْفٍ: کتے کو روٹی دکھانا جس کی وجہ سے پیچھے پیچھے آئے۔

Marfat.com

-فلانًا بالعصا او السيفِ او السوطِ او النّعلِ: کسی کو لاٹھی، تلوار، کوڑا یا جوتا اٹھا کر مارنا۔

-البردُ او السقمُ او الحزنُ فلانًا: سردی، بیماری یا غم کا کسی کے رنگ کو بدلنا اور اس کو کمزور کر دینا۔

-فلانًا الشمسُ: دھوپ کا کسی کے چہرے کو جھلس دینا۔

-الشیبُ فلانًا: بڑھاپے کا کسی کو سفید کر دینا۔

-الصبیَّ: بچہ کو قابل ہضم غذا دینا۔

-الشیءَ بالنارِ: آگ میں تپانا۔

(اِلْتَاحَ): پیاسا ہونا۔ (۲) رنگ بدل جانا۔

(تَلَوَّحَ) الأمرُ: ظاہر اور واضح ہونا۔

(اِسْتَلاحَ): کسی معاملہ میں غور و فکر کرنا۔

(اللّائِحَةُ): ظاہر ہونے والی صورت (ج) لَوَائِحُ۔ نَظَرْتُ الی لوائِحِه: میں نے اس کے خدوخال دیکھے۔ (۲) ضابطہ، قانون (کسی ادارے یا محکمہ کا ضابطۂ عمل) (مج) (ج) لوائحُ۔

(اللَّوْحُ): تختی، پلیٹ۔ ہر چوڑی چیز۔ (۲) لکھنے کی لکڑی کی تختی۔ قرآن مجید میں ہے: (وَكَتَبْنَا لَهُ فِي الأَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَوْعِظَةً وَتَفْصِيلاً لِكُلِّ شَيْءٍ)

-لَوْحُ الاِرْدِوَاز: سلیٹ (خاص کالے پتھر کی پلیٹ جس پر کھریا سے لکھا جاتا ہے)

-لَوْحُ الجَسَدِ: بدن کی ہر چوڑی ہڈی جیسے کندھا۔

-فلانٌ تامُّ الألواحِ: فلاں مضبوط جسم والا ہے۔

-لَمْ يَبْقَ مِنْهُ اِلّا الأَلْوَاحُ: اس کی صرف ہڈیاں باقی رہ گئی ہیں۔

-لَوْحُ الأَلْوَانِ: کلر شیٹ، رنگوں کی تختی جس پر مختلف رنگوں کے نمونے ہوں۔ (مج) (ج) الواح۔

-الألْوَاحُ: ظاہری خدوخال۔

-الواحُ السلاحِ: چمکدار ہتھیار جیسے تلوار وغیرہ۔

(اللَّوْحَةُ): ایک نظر (۲) چارٹ (۳) پینٹنگ موٹے کاغذ یا کپڑے پر بنی ہوئی سینری۔ (محدثہ)

(اللُّوحُ): پیاس (۲) آسمان و زمین کے درمیان کا خلا۔

(اللِّيَاحُ): ہر سفید چیز۔ (۲) صبح۔

-أبيضُ لِيَاحٌ: انتہائی سفید۔

-لقيتُهُ بلياحٍ: میں نے اس سے عصر کے وقت دھوپ کی سفیدی کی حالت میں ملاقات کی۔

(المِلْوَاحُ): چھوٹی اور بڑی ہڈیوں والا جیسے رجلٌ ملواحٌ وبعيرٌ ملواحٌ: (۲) کمزور (۳) پیاسا (۴) تیزی سے کمزور ہونے والی عورت (۵) لمبا (۶) جلد پیاسا ہو جانے والا جانور (۷) وہ الو جس کا پیر شکرے کو پکڑنے کے لئے باندھا جائے (ج) مَلاوِيحُ۔

(المِلْوَحُ): جلدی پیاسا ہونے والا۔

(المِلْيَاحُ) المِلْوَحُ۔

(لاخَهُ)۔ لَوْخًا: مارنا۔

(اِلْتَاخَ) الشَّيْءُ: ملنا۔ خلط ملط ہونا۔

-العجينُ: آٹے میں خمیر اٹھنا۔

(اللِّوَاخَةُ): دودھ میں گھل جانے والا جھاگ۔

(لَوِدَ)۔ لَوَدًا: نافرمان ہونا (۲) حق و انصاف سے دور رہنا (۳) کسی معاملہ کی جانچ پڑتال نہ کرنا۔ هُوَ أَلْوَدُ (ج) أَلْوَادٌ (یہ جمع بہت کم آتی ہے)

(الأَلْوَدُ): عُنُقٌ أَلْوَدُ: موٹی گردن (ج) الوادٌ۔

(لاذَ) بالشَّيْءِ۔ لَوْذًا ولِيَاذًا: کسی چیز کی پناہ لینا، آڑ لینا۔

-اليه: کسی سے مدد طلب کرنا۔ کسی کی پناہ میں آنا۔

-الطريقُ بالدّارِ: راستہ کا گھر سے ملا ہوا ہونا۔

(ألاذَ) بالشيءِ: کسی چیز کو آڑ بنانا۔

-الطريقُ بالدّارِ: راستہ کا گھر کے چاروں طرف ہونا۔

(لاوَذَ) بالشيءِ لِوَاذًا ومُلاوَذَةً: لاذَ۔

-القومُ: ایک دوسرے کی پناہ لینا۔

-فلانٌ: بچ نکلنے کی کوشش کرنا۔

-فلانًا: کسی کو دھوکے کے ذریعہ گھیرنا۔

-خيرُ بني فلانٍ ملاوذٌ: فلاں وقت گزرنے کے بعد آتا ہے۔

(التَّلَوَّاذُ) لِلقومِ تَلْوَاذٌ: ایک دوسرے کی پناہ لئے ہوئے لوگ۔

(لُوَاذُ) الشيءِ: قریب قریب، تقریبًا۔ جیسے لهُ من الدرهم مائةٌ او لواذها: اس کے پاس سو یا اس کے قریب قریب درہم ہیں۔

(اللّاذُ): چین کا بنا ہوا ریشمی کپڑا (واحد لاذةٌ)

(اللَّوْذُ): پہاڑ کا کنارہ۔ کہتے ہیں: اِعْتَصَمَ بلوذِ الجَبَلِ وألْوَاذِهِ: اس نے پہاڑ کے کنارے میں پناہ لی۔ (۲) وادی کا موڑ (۳) کنارہ، گوشہ۔ کہتے ہیں هو بلوذ كذا: وہ فلاں کونے میں ہے۔ هُوَ لَوْذُهُ: وہ اس کے قریب ہے۔ (ج) الواذٌ۔

(لَوْذَانُ) الشيءِ: کونہ۔ گوشہ۔

-هو بلوذانِ كذا: وہ فلاں کنارہ میں ہے۔

(المَلاذُ): ٹھکانہ۔ (۲) قلعہ۔

(المَلاوِذُ): تہبند۔

(المِلْوَذُ) ٹھکانہ، پناہ (۲) قلعہ۔

(لازَ) اليه۔ لَوْزًا: ٹھکانہ پکڑنا۔

-الشيءَ: کھانا۔

-منه: بری الذمہ ہونا۔

(لَوَّزَ) القطنُ: روئی کے پودے پر ابتدائی پھل آنا، ڈوڈے کھلنا۔ (محدثہ)

-التمرَ ونحوهُ: کھجور وغیرہ میں بادام بھرنا۔

(اللَّوْزُ): بادام (۲) بادام کا درخت۔

-اللوز المُرُّ: کڑوا بادام۔

-اللوز الحُلو: میٹھا بادام۔

(اللَّوِزُ) اِنَّهُ لَعوزٌ لَوِزٌ: وہ محتاج و ضرورتمند ہے۔

(اللَّوْزَةُ): گلے کے غدود جو کوے کے پاس ہوتے ہیں۔ ٹانسل۔

-هو يشكو لوزتيه: اس کے حلق کے غدود میں تکلیف ہے۔

-طعنهُ في لوزتيه: گلہ پر نیزہ مارنا۔

-لوزة القطنِ: روئی کا ڈوڈا (محدثہ)

(اللَّوْزِينُ): کڑوے بادام اور خوبانی یا آڑو کے بیج سے نکالا جانے والا ایک سفید مادہ جسے پانی میں حل کر کے تیزاب کی کچھ قسمیں بنائی جاتی ہیں (مج)

(اللَّوْزِينَجُ) من الحَلْوى: روغن بادام سے بنی ہوئی ایک مٹھائی۔ لوزینہ: (مع)

(اللَّوّازُ): بادام بیچنے والا۔

(المَلازُ): ٹھکانہ، پناہ گاہ۔

Marfat.com

(المَلَازَةُ): ارضٌ ملازةٌ: وہ سرزمین جہاں بادام کے درخت کثرت سے پائے جائیں۔
(المُلَوَّزُ) من الوجوہِ: خوبصورت اور حسین چہرہ۔
-رجلٌ ملوّزٌ: بھولی بھالی صورت کا آدمی۔
(لَاسَ) الشیءَ ـُ لَوْسًا: چکھنا۔
-الحلاواتِ: مٹھائیوں میں سے کوئی مٹھائی پسند کر کے کھانا۔ ھو لائسٌ (ج) لُوَسٌ۔ لُوُوْسٌ ولوّاسٌ وألْوَسُ۔
-الشیءَ فی فمہ: زبان کے ذریعہ منہ میں کوئی گھمانا۔
-ھو لایلوسُ کذا: اسے فلاں چیز نہیں ملتی۔
(اللَّوَاسُ): ماذقتُ لواسًا: میں نے کوئی چیز نہیں چکھی۔
(اللُّوَاسَۃُ): لقمہ یا اس سے کم مقدار کا کھانا۔
(اللَّوْسُ): ماذقتُ عندہٗ لَوْسًا: میں نے اس کے پاس کوئی چیز نہیں چکھی۔
(لَاصَ) الشیءَ بعینہ ـُ لَوْصًا: دروازے کے شگاف یا پردے کی آڑ سے کوئی چیز دیکھنا۔
-عن الأمرِ: پہلوتہی کرنا' الگ ہونا۔
-بالشیءِ لیاصًا: کسی چیز کو گھمانا۔
(ألَاصَہٗ) علی الشیءِ: کسی چیز پر گھمانا۔
-الشیءَ: کسی چیز کا ارادہ کرنا۔ جیسے ألَصْتُ ان آخذ منہٗ شیئًا۔
(لَاوَصَہٗ) بعینہ: لاصہٗ۔
-الیہ: فریب آمیز نگاہوں سے دیکھنا۔
-فلانًا: کسی کو دھوکہ دینا' کسی کے ساتھ فریب کرنا۔
-الشجرۃَ: درخت کو دائیں بائیں سے دیکھنا کہ اس کو کیسے کاٹا یا اکھاڑا جائے۔
(لَوَّصَ) خالص شہد کھانا (۲) فالودہ کھانا۔
(تَلَاوَصَ) فریب دینا (۲) خوشامد کرنا۔
(تَلَوَّصَ) تڑپنا۔ لوٹ پوٹ ہونا۔
(اللَّوَاصُ) خالص شہد (۲) فالودہ۔
(اللُّوَصُ) سینہ یا کان کا درد۔
(اللُّوَصَۃُ): کمر کا یا پی درد۔
(المُلَوَّصُ) فالودہ۔

(لَاطَ) الشیءُ بالشیءِ ـُ لَوْطًا: ایک چیز کا دوسری کے ساتھ چمٹ جانا۔
-الشیءُ بقلبہ: کسی چیز کا دل کو فریفتہ اور عاشق کر دینا۔ ھو الوطُ بقلبی۔
-فلانٌ لِوَاطًا: قوم لوط کا عمل بد کرنا۔
-بحقہ: کسی کے حق کو ضائع کر دینا۔
-القاضی فلانًا بفلانٍ: قاضی کا کسی کو کسی سے نسبًا وابستہ کر دینا۔
-الحوضَ بالطینِ: حوض پر گارے سے پلاسٹر کرنا۔ جیسے لَاطَ فلانٌ بالحوضِ۔
-فلانًا بسھمٍ وعینٍ: کسی کو تیر مارنا (۲) نظر لگانا۔
-الشیءَ: چھپانا۔
(لَاوَطَ): قوم لوط کا عمل کرنا۔ لڑکوں کے ساتھ بدکاری کرنا۔
(لَوَّطَہٗ) بالطیب: خوشبو لگانا۔
(اِلْتَاطَ) بہ: چمٹ جانا۔
-الولدَ: کسی کی اولاد کو اپنی طرف منسوب کرنا۔
(اِسْتَلَاطَ) وَلَدًا لیس منہٗ: غیر کی اولاد کو اپنی طرف منسوب کرنا (اولاد کو مستلاط کہیں گے)
(اللَّوْطُ) چپکنے والی چیز (مصدر بمعنی صفت) (۲) دلی گہری محبت۔ جیسے انی لأجد فی قلبی لَوْطًا: میں اپنے دل میں شدید محبت محسوس کر رہا ہوں (۳) پھرتیلا اور چوکنا آدمی (۴) چادر۔
(اللُّوْطِیُّ) لوطی' قوم لوط کی طرح بدکاری کرنے والا۔
(اللُّوْطِیَّۃُ) لواطت' قوم لوط کی طرح کی بدکاری (لَاطَ یَلُوْطُ سے مصدر صناعی ہے)
(اللَّوِیْطَۃُ) ملا جلا کھانا۔
(لَاطَہٗ) ـُ لَوْطًا: کسی کو نزدیک آتے ہوئے دھتکارنا (۲) مقابلہ میں آنا' مخالفت کرنا۔
(اِلْتَاطَتْ) علیہ الحاجۃُ: کسی کے لئے کام دشوار ہو جانا۔
(لَاعَتِ) الشمسُ فلانًا ـُ لَوْعًا: دھوپ کا کسی کے رنگ کو بدل دینا۔
-الحبُّ فلانًا: مریض عشق بنا دینا۔ الحبُّ لائعٌ۔

-فلانًا الھمُّ والحزنُ والشوقُ: دل کا جلنا۔
(ألَاعَ) الثدیُ: پستان کا سیاہ ہونا' اس کا رنگ بدل جانا۔
-الشمسُ الشیءَ: دھوپ کا کسی چیز کے رنگ کو بدل دینا۔
(لَوَّعَہٗ) الشوقُ: چاہت کا کسی کے دل کو جلا دینا۔ سوزش عشق کا شکار کرنا۔
(اِلْتَاعَ) فؤادہٗ: شوق یا غم کی وجہ سے دل کا جلنا۔
(اللَّاعَۃُ): دل کی سوزش جو غایت محبت کی وجہ سے محسوس کی جاتی ہے۔ حدیث ابن سعد میں ہے (انی لاجدُ لہٗ من اللَّاعۃِ ما أجدُ لولدی): (۲) تیز خاطر اور مضبوط دل کی عورت (۳) ادائیں دکھانے والی صاف اور حسین عورت جو اپنی شیریں گفتاری سے دل موہ لے۔
(اللَّوْعَۃُ): دل کی سوزش یا جلن' جو انسان غم یا محبت کی وجہ سے محسوس کرتا ہے (۲) پستان کے گرد کا سیاہ حلقہ۔
(لَافَ) الطعامَ ـُ لَوْفًا: کھانا چبانا۔
-أصْبَحَ فلانٌ یلوفُ الطعامَ لَوْفًا حتّی اعتدَلَ واستقامَ شِبَعًا: فلاں نے صبح کے وقت خوب کھانا کھایا یہاں تک کہ وہ شکم سیر ہو کر سیدھا ہو گیا۔
-الدّابّۃُ الکلأ: جانور کا خشک گھاس کھانا۔
(اللُّوْفُ) فصیلہ قرعیہ کی ایک گھاس (۲) فصیلہ قلقاسیہ کی ایک گھاس۔
(اللُّوْفَۃُ) من الکلأ والطّعامِ: غیر مرغوب کھانا یا گھاس۔
(اللُّوَّافُ): شطرنجیاں بنانے والا۔
(اللَّیِّفُ): خشک گھاس۔
(المَلُوْفُ) کلأ ملوفٌ: بارش سے دھلی ہوئی گھاس۔
(لَاقَ) الشیءَ ـُ لَوْقًا: نرم کرنا۔ کہتے ہیں ھو لَایَلُوْقُ عِنْدَكَ: وہ تمہارے پاس نہیں ٹھہرے گا۔
(لَوِقَ) ـَ لَوَقًا: بے وقوف ہونا۔ ھو ألْوَقُ: بے وقوف اور بدزبان شخص کو "الوق" کہا جاتا ہے۔
(لَوَّقَ) الشیءَ: نرم کرنا۔
-الطّعامَ: مکھن سے کھانا تیار کرنا۔ کہتے ہیں:

Marfat.com

اکل اِلَّا مَالُوِقَ لِیَ: میں وہی کھانا کھاؤں گا جس کو میرے لئے مکھن ڈال کر تیار کیا گیا ہوگا۔

(اللَّوَاقُ): ماذاق لَوَاقًا: اس نے زبان پر کچھ نہیں رکھا۔

(اللُّوُقُ): ہر نرم کھانا یا کوئی اور چیز۔

(اللَّوْقَةُ): وقت۔

(اللُّوْقَةُ): مکھن یا تر کھجور پر لگا ہوا مکھن۔

(لَاکَهُ) ۔ لَوْکًا: کسی چیز کو منہ میں گھمانا۔

۔اللقمةَ: لقمہ کو آہستہ آہستہ گھمانا۔

۔الفرسُ اللّجامَ: گھوڑے کا لگام کو کاٹنا۔

۔فلانٌ بلوك اَعْرَاضَ الناسِ: فلاں لوگوں کی عزتوں سے کھیلتا ہے۔

(اللَّوَاكُ): ماذاق لَوَاکًا: اس نے کوئی چیز نہیں چکھی۔

(لَوْلَا): حرف امتناع۔ یعنی ایک چیز کے وجود کی وجہ سے دوسری چیز کے وجود کے ممتنع ہونے پر دلالت کرنے والا حرف۔

اس کی تین صورتیں ہیں:

(۱) یہ دو جملوں پر داخل ہو اسمیہ اور فعلیہ۔ اور پہلے جملہ کے وجود کی بنا پر دوسرے کے امتناع کو مربوط بنائے جیسے لَوْلَا العِلَاجُ لَهَلَكَ اگر علاج نہ ہوتا تو وہ ہلاک ہو جاتا۔

اگر لولا کے بعد ضمیر ہو تو اغلب یہ ہے کہ وہ مرفوع ہو جیسے (لَوْلَا اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ)

(۲) تحضیض اور عرض کے لئے تو اس صورت میں مضارع حقیقی یا مضارع موؤل کے ساتھ خاص ہوگا۔ جیسے (لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ) اور (لَوْلَا اَخَّرْتَنِيْ اِلٰى اَجَلٍ قَرِيْبٍ)

(۳) توبیخ وتندیم کے لئے۔ اس صورت میں ماضی کے ساتھ خاص ہوگا۔ جیسے (لَوْلَا جَاءُوْا عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ)

لَوْلَا: کی اصل "لَوْ" ہے پھر اس کے ساتھ لا کو جوڑ دیا گیا۔ اس کے لئے جواب مذکور کا ہونا ضروری ہے اگر جواب مقدر ہو تو اس پر دلالت کرنے والی دلیل کا ہونا ضروری ہے جیسے (وَلَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ) ۔ اس کے جواب میں اکثر لام آتا ہے۔ مگر یہ کہ وہ جواب لم کے ساتھ منفی ہو تو لام داخل نہ ہوگا البتہ اگر ما کے ساتھ منفی ہو تو داخل ہو جاتا ہے لیکن بہت کم۔

(اللَّوْلَاءُ): نقصان، سختی جیسے وَقَعُوْا فی اللَّوْلَاءِ۔

(اللَّوْلَبُ): شدت سے نکلنے والی پانی کی تیز گول دھار (۲) ایسا سپرنگ جس کے ایک طرف اٹکانے کا گول حلقہ ہو اور دوسری طرف کھینچنے کا مڑا ہوا سرا (۳) میکانیک کے مطابق وزن اٹھانے کا ایک آلہ۔ (۴) موسیقی کا ایک آلہ (مج) (ج) لوالبُ۔

(اللَّوْلَبِيُّ): اسپرنگ دار، پیچ دار۔

۔سُلَّمٌ لولبیٌّ: پیچ دار سیڑھی۔

۔الحركةُ اللَّوْلَبِيَّةُ: جسم کی وہ دائرہ نما حرکت جو مقررہ محور کے گرد ہو اور اس سے اسی رخ پر دوسری حرکت پیدا ہو۔ (مج)

(المُلَوْلَبُ): پھرکی لٹو وغیرہ۔

(لَامَهُ) عَلٰى كذا۔ لَوْمًا: ملامت کرنا۔ هو لَائِمٌ (ج) لُوَّمٌ وهو لَوَّامٌ ولَوَّامَةٌ ولُوَمَةٌ وذاك ملومٌ ومليمٌ۔ انت الومُ من فلانٍ: وہ تو فلاں سے زیادہ قابل ملامت ہے۔

۔فلانًا: کسی کو اپنی بات بتانا۔

(لِيمَ) بالرجُلِ: کسی کی منزل اور اسباب میں رکاوٹ پڑنا۔ جیسے سواری کا گم ہو جانا وغیرہ۔

(اَلَامَ) فلانٌ: ایسی حرکت کرنا جو ملامت کا باعث ہو (۲) قابل ملامت ہونا۔ هو مليمٌ کہاوت ہے (رُبَّ لائمٍ مليمٌ): قرآن مجید میں ہے (فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وهو مليمٌ)

۔فلانًا: ملامت کرنا۔

(لَاوَمَهُ) مُلَاوَمَةً ولِوَامًا: ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

(لَوَّمَهُ): خوب ملامت کرنا۔

۔لَامًا: لام لکھنا۔

(اِلْتَامَ): ملامت قبول کرنا۔

(تَلَاوَمُوْا): ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

(تَلَوَّمَ) عَلَى الْاَمْرِ: کسی بات پر ڈٹے رہنا۔

۔فِي الْاَمْرِ: توقف کرنا۔ ٹھہرنا۔

(اِسْتَلَامَ): ملامت کا مستحق ہونا۔ هو مستليمٌ۔

۔اليهم: لوگوں سے قابل مذمت برتاؤ کرنا (۲) لوگوں کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا جس سے وہ اس پر ملامت کریں۔

۔اِلٰى ضيفه: مہمان سے اچھا سلوک نہ کرنا۔

(اللَّائِمَةُ): ملامت۔ استحقَّ اللائمةَ: ملامت کے قابل ہونا۔ اَنْحى عليه باللَّائمةِ واللَّوائمِ: کسی کے پاس ملامت کرتے ہوئے آنا (ج) لوائمُ۔

(اللَّامُ): حرف تہجی کا ایک حرف "لام" کبھی اصل کبھی بدل اور کبھی زائد ہوتا ہے (ج) لاماتٌ (۲) ہر سخت چیز (۳) دہشت، خوف (۴) وجودِ انسانی۔

(اللَّامَةُ): خوف (۲) باعثِ ملامت کام۔

(اللُّوَامَةُ): حاجت، ضرورت جیسے قَضَى القومُ لُوَامَاتِ لَهُمْ: لوگوں نے اپنی ضروریات پوری کیں۔ قَدْ تَلَوَّمُ عَلٰى لُوَامَتِهٖ: وہ اپنی ضرورت کے حصول کی خاطر ڈٹا رہا۔

(اللَّوْمُ): خوف۔

(اللَّوْمٰى) و (اللَّوْمَاءُ): ملامت۔

(اللَّوْمَةُ): جَاءَ بِلَوْمَةٍ: اس نے باعث ملامت عمل کیا۔

(اللُّوْمَةُ): رجلٌ لُوْمَةٌ: لوگوں کی ملامت کا شکار۔

۔لِيْ فيه لُوْمَةٌ: مجھے اس بات میں توقف ہے۔

(المُتَلَوِّمُ): بداخلاق اور بری حرکت پر ملامت کا نشانہ بننے والا (۲) اپنی ضرورت کے پورے ہونے کا انتظار کرنے والا۔

(لَوْمَا): کلمہ بمنزلہ لولا۔ یہ بھی دو جملوں پر داخل ہوتا ہے پہلا اسمیہ دوسرا فعلیہ اور پہلے کے وجود کی بنا پر دوسرے کے امتناع کو ثابت کرتا ہے۔ جیسے یہ شعر

لو ما الاصاخة للوشاة لكان لي
من بعد سخطك في رضاك رجاءُ

یہ جملہ فعلیہ پر داخل ہو تو تحضیض اور ترغیب کا فائدہ دیتا ہے جیسے قرآن مجید میں ہے (لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بالملائكة)

(لَوَّنَ): رنگ ظاہر ہونا۔

۔البُسْرُ: کھجور میں پکنے کا رنگ آنا۔

۔الشَّيْبُ فيه: کسی پر بڑھاپے کی سفیدی ظا

Marfat.com

ہونا۔
–الشیءَ رنگین بنانا۔
(تلوّنَ) الشیءُ رنگین ہونا۔
–فلانٌ غیر مستقل المزاج ہونا۔ متلون مزاج ہونا۔
(الوَنّ) تلوّنَ۔
(التّلوِیْنُ) تلذذ کے لئے انواع و اقسام کے کھانے پیش کرنا (۲) کلام میں ایک اسلوب سے دوسرے کی طرف منتقل (مو)
(اللَّوْنُ) رنگ (۲) نوع قسم (ج) الوانٌ۔
کہتے ہیں اتی بالوان من الحدیث والطعام اس نے طرح طرح کے کھانے پیش کئے یا مختلف قسم کے اسلوب کلام کو پیش کرنا۔
–تناول کذا وکذا لونا من الطعام: طرح طرح کے کھانے کھانا۔
(المُلَوَّنُوْنَ) من الناس: رنگ والے لوگ (گوروں کے علاوہ) (محدثہ)
(لَاهَ) السرابُ–لَوْهًا ولَوَهَانًا: سراب کا چمکنا۔
(تَلَوَّهَ) السَّرابُ سراب چمکنا۔
(اللّاهَةُ) سانپ۔
(لَوْهُ) السَّراب ولَوْهَتُهٗ سراب کی چمک۔ کہتے ہیں رَأَیْتُ لَوْهَ السَّراب ولَوْهَتَهٗ۔
(اَلْوٰی) فلانٌ کسی کا بار بار حرف لَوْ کہہ کر خواہش کا اظہار کرنا۔
(الاَلُوْةُ) فصیلہ زنبقیہ کی ایک قسم کی گھاس جو گرم علاقوں میں پائی جاتی ہے۔ (مع)
(الاَلُوَّةُ) فصیلہ مازریونیہ اور فصیلہ الاُنجُو جیسی کی ایک خوشبودار لکڑی جو جلائی جاتی ہے اسے "عود ہندی" یا "ند" کہتے ہیں۔
(اللَّوُّ) پوشیدہ کلام (۲) باطل غیر حقیقت بات۔ کہتے ہیں ھُوَ لَا یَعْرِفُ الحَوَّ من اللَّوِّ وہ حق و باطل میں تمیز نہیں کر سکتا۔ مقولہ ہے (ایاك واللّوفان اللّومن الشیطان) یہ کہنے سے بچو کہ اگر یوں ہوتا یوں ہوتا اور یوں نہ ہوتا تو ایسا نہ ہوتا کیونکہ یہ شیطان کی طرف سے ہے۔
(اللّوّةُ) لَوَّةً لفلانٍ بِمَا صَنَعَ: فلاں کا ناس ہو کہ اس نے ایسا کیا۔

(اللُّوَّةُ) عود وہ لکڑی جس سے دھونی دی جاتی ہے۔
(لَوٰی) علیہ–لَیًّا ولَوْیًا: کسی کی طرف متوجہ ہونا۔ راغب ہونا۔ مَرَّ لَا یَلْوِی عَلٰی اَحَدٍ: وہ کسی کی طرف متوجہ ہوئے بغیر گزر گیا۔
–عَنِ الامر کسی کام میں سستی برتنا۔
–الشیءَ: مڑورنا' توڑنا' بٹ دینا۔ جیسے لوی الحبلَ۔
–یَدَهٗ واِصْبَعَهٗ: ہاتھ یا انگلی موڑنا۔
–الثوبَ: کپڑے کو اتنا نچوڑنا کہ اس کا سارا پانی نکل جائے۔
–راسَهٗ وبراسه: کسی سے اعراض کرتے ہوئے سر جھکانا۔
–الحزنُ قلبه: غم کا دل کو ہلا کر رکھ دینا۔
–فلانًا دینه وبدینه لَیًّا ولَیًّا ولِیَّانًا: ادائیگی قرض میں ٹال مٹول سے کام لینا۔
–فلانًا حَقَّهٗ: کسی کے حق کا انکار کرنا۔
–اَمْرَهٗ عنهُ لَیًّا ولَیَّانًا: اپنے معاملہ کو کسی سے مخفی رکھنا' چھپانا۔ لَوٰی عنه الخبرَ بھی کہتے ہیں۔
–سِرَّهٗ: راز کی حفاظت کرنا۔
–فلانًا عَلٰی فلانٍ لَیًّا: ایک کو دوسرے پر ترجیح دینا۔
–لَوَتِ اللیالی کَفَّهٗ علی العصا: بوڑھا ہو جانا۔
–مَایلوی ظَهرُهٗ: وہ انتہائی بہادر آدمی ہے اسے کوئی شکست نہیں دے سکتا۔
(لَوِیَ) الرَّمْلُ وغیرُهٗ–لَوًی: ٹیڑھا اور غیر مستقیم ہونا۔
–الفرسُ: گھوڑے کی پشت کا مڑا ہوا ہونا۔ هو لَوٍ۔ لَوِیَ القَرْنُ بھی کہتے ہیں: هو اَلْوٰی (ج) لُیٌّ۔
فلانٌ مُوھۃ اھل بیتہ: فلاں اپنے گھر کی رونق ہے۔

م ...... ی

مَاتَتِ الارضُ ـِ مَیْتًا: زمین کا نرم ہونا۔ ھی مَیْثاءُ۔
—الشئ: گھلانا۔
یقال: مَاثَ المِلحَ فی الماء۔
اَمَاثَ الشئ: مَاثَہٗ۔
مَیَّثَ الشئ: مَاثَہٗ۔
—فلانًا: ذلیل کرنا۔(۲) نرم کرنا۔
یقال: مَیَّثَ الدھر فلانًا: زمانہ کا کسی کو آزمودہ کار بنانا۔
تَمَیَّثَ فلان: ڈھیلا اور نرم ہونا۔
—الارضُ: سیراب ہو کر نرم و ہموار ہونا اور ٹھنڈا ہونا۔
المَیثاءُ: ارضٌ میثاءُ: نرم و ہموار۔
(۲) عمدہ ٹیلہ (ج) مِیثٌ۔
المَیِّثُ: نرم۔
رجلٌ مَیِّثٌ: رحم دل آدمی۔
عَیشٌ مَیِّثٌ: آسودہ زندگی۔
مَاحَ فی مِشیتہ۔ مَیْحًا مَیْحُوحَۃً: مٹک کر چلنا۔ اترا کر چلنا۔
—مَیْحًا: پانی کی کمی کے باعث ڈول بھرنے کے لئے کنویں میں اترنا۔ ھو مائحٌ۔ (ج) مَاحَۃٌ۔
قال الشاعر۔
یاایُّھا المائح دلوی دُونَکا۔
یقال: ماحَ الماءَ۔
مَاحَ اصحابَہ: پانی پلانا۔
—الرِّیحُ الشجرۃَ: ہوا کا درخت کو جھکا دینا۔
—فلانًا مَیْحًا، مِیَاحَۃً: عطا کرنا۔
اِمتَاحَ الماءَ: چلو بھرنا۔
—فلانًا: کسی کے پاس آکر بخشش چاہنا۔
—الشمسُ او العملُ فلانًا: دھوپ یا کام کی وجہ سے کسی کو پسینہ آجانا۔
تَمَایَحَ الغُصُنُ: شاخ کا ہوا کی وجہ سے جھولنا۔
—الماشِی: چلنے والے کا اترانا۔
السَّکرانُ: نشہ والے کا لڑکھڑانا۔
تَمَیَّحَ: تَمَایَحَ۔
اِستَمَاحَۃً: کسی سے معافی یا عذر سفارش کی درخواست کرنا۔
المَاحُ: انڈے کی زردی۔
انڈے کے اجزاء بالترتیب یہ ہیں:
۱۔ القشرۃ۔ ۲۔ الفرقی۔ ۳۔ الآح۔ ۴۔ الماح۔
المَیْحُ: مرغابی کی سی چال۔
مَادَ الشئ۔ مَیْدًا مَیَدَانًا: ہلنا۔ ڈگمگانا۔
—الغُصنُ: جھومنا۔
—فلانٌ: مٹک کر اترا کر چلنا۔
(۲) نشہ یا سمندری سفر کی وجہ سے جی متلانا اور سر چکرانا۔ ھو مائد من قوم میدی۔
یقال: مادت بہ الأرض: کسی کو لئے ہوئے زمین کا ڈولنا۔
—السَّرابُ: سراب کا لہریں مارتے ہوئے دکھائی دینا۔
اَمَادَہٗ: دینا۔ عطا کرنا۔
امتادَہٗ: بخشش کی درخواست کرنا۔
المَائِدَۃُ: دستر خوان جس پر کھانے پینے کا سامان ہو۔
(۲) غش کھانا۔(ج) موائِدُ۔
المُمْتَادُ: طالب بخشش۔
(۲) بخشش کنندہ جس سے بخشش طلب کی جائے۔(یہ مختار کی شکل ہے اسم فاعل اور اسم مفعول دونوں۔ قرائن سے فرق لیا جائے گا)۔
مید: یقال، فَعَلْتُہٗ مَیْدَ ذلك: میں نے اس کی وجہ سے یہ کام کیا۔
لُغَۃٌ فی بَیْدَ۔
حدیث میں ہے:
اَنَا اَفْصَحُ العرب مَیْدَ اَنِّی من قریش۔
مَیْدَی: بمعنی ضد اور مقابل۔
یقال: داری بمَیْدَی لوہ: میرا گھر اس کے گھر سامنے ہے۔
مِیْدَاءُ الشئ: معیار، پیمانہ، مقدار۔
یقال: لم ادر ما میداءُ ذلك۔
یقال ھذا میداء ذاك و بمیدائِہ: یہ اس کے بالمقابل ہے۔
میداء الطریق: راستے کا سامنے کا رخ۔
یقال: بَنُوا بیوتھم علی میداء واحد: انہوں نے اپنے مکانات ایک ہی رخ پر بنائے۔
(۳) گھوڑوں کی دوڑ کی حد۔
(۴) چوراہا۔ راستہ ملنے کی جگہ۔
المَیْدَانُ: کھلی اور کشادہ جگہ جو دوڑنے وغیرہ کے لئے ہو۔
یقال۔ میدان السباق، میدان الکرہ، میدان الحرب۔ (ج) المَیَادِیْنُ۔
المِیدَانُ: لغۃ فی المَیْدَان۔
المَیْدَۃُ: لغۃ فی المَائِدَۃ۔
المِیدَۃُ: لوہے وغیرہ کی تہہ جس پر دیوار یا چھت کھڑی ہوتی ہے۔ آر۔ سی۔ سی۔(د)
مَارَ اھلَہ۔ مَیْرًا: گھر والوں کے لئے خوراک مہیا کرنا۔ ھو مائرٌ۔ (ج) مَیَّارٌ۔
—اللُّواءُ: گھلانا۔
—الصوفَ: اون کو دھنا۔
اَمَارَ اھلَہ: مارَھُم۔

Marfat.com

الشئ: گھلانا۔
یقال: اَمَارَ الزّعفرانَ: زعفران پر پانی ڈال کر پگھلانا۔
- اَو دَاجَهٗ: کسی کے وسائل منقطع کرنا۔
اَمْتَارَ لِاهله اَو لِنَفسه: اپنے لئے یا اہل و عیال کے لئے خوراک مہیا کرنا۔
المِیْرَةُ: سفر وغیرہ کے لئے جمع کی ہوئی کھانے کی چیزیں۔
المَیَّارُ: المیرۃ کو جمع کرنے والا۔
مَازَ الشئَ - مَیْزًا: الگ کرنا۔ چھانٹنا۔
- الشئَ عنه: کسی سے کوئی چیز دفع کرنا۔ ہٹانا۔
یقال: ماز الأذی عن الطریق: راستے سے تکلیف دہ چیز کو ہٹانا۔
- فلانًا علیه: کسی کو کسی پر ترجیح دینا۔
اَمَازَ الشئَ: مازہ۔
مَیَّزَ الشئَ: مَازَہٗ۔
اِمْتَازَ الشئُ: ممتاز نمایاں ہونا۔
(۲) الگ ہونا۔ جدا ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے
وَامْتَازُوا الْیَوْمَ اَیُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ۔
اِنْمَازَ الشئُ: امتاز۔
یقول: مِزْتُ الشئَ فانماز' او فلَمْ یَنْمَزْ۔
تَمَایَزَ القومُ: گروہ بند ہونا۔
(۲) منتشر ہونا۔
تَمَیَّزَ الشئُ: امتاز۔
یقال تَمَیَّزَ القومُ: لوگوں کا ایک کنارے ہو جانا یا الگ ہو جانا۔
- من الغیظ: غصے سے پھٹ پڑنا۔
استَمَازَ الشئُ: امتاز۔
یقال: استماز عن الشئ: الگ ہونا۔ دور ہونا۔
استماز القومُ: لوگوں کے ایک گروہ کا ایک کنارہ ہو جانا۔
التَّمْیِیْزُ: (علم النحو میں) وہ اسم جو اپنے ماقبل کے ابہام کو دور کرے۔ اور اس کے ساتھ مِن کا معنی ہو۔

جیسے لیس ثوبین حریرًا۔
ما اَعْدَلَهٗ قاضیًا۔
قوۃُ التّمییز: قوت فیصلہ۔
المَیْزُ: بلندی رفعت۔
المِیْزَةُ: المَیْزُ۔
مَاسَ فلان - مَیْسًا' مَیَسَانًا: اترا کر تکبر سے چلنا۔
ھو مائس۔ مَیَّاسٌ۔
(۲) شوخ و گستاخ ہونا۔
مَیَّسَ الثوبَ: گوٹ لگانا۔ جھالر لگانا۔
تَمَیَّسَ فلانٌ: اترانا۔ اکڑنا۔
المَیْسُ: آرائشی گھنا بڑا درخت جو کہ فصیلہ بوقیصیہ سے ہے اس کا سیاہ چھوٹا سا میٹھا پھل ہوتا ہے پرندے اسے کھاتے ہیں اس کی چھال اور جڑوں میں گوندار زرد مادہ ہوتا ہے اس کی لکڑی مضبوط ہوتی ہے اس سے اشیاء بنائی جاتی ہیں۔
(۲) ہَل میں لگی ہوئی دو بیلوں کے درمیان کی لمبی لکڑی۔ آج کل القَصَبة کے نام سے مشہور ہے۔
المَیَسَانُ: اترا کر چلنے والا۔
(۲) ہر چمکدار ستارہ۔ (ج) مَیَاسِیْنُ۔
المَیَّاسُ ماس: سے صیغہ مبالغہ۔
(۲) شیر کیونکہ وہ اترا کر چلتا ہے۔
المَیْسُوْنُ من الغلمان: خوب رو خوش قامت لڑکا۔
مَاشَ الشئَ بالشئ - مَیْشًا: ملانا۔
یقال: مَاشَ اللبن الحلو با لحامض' او الصوفَ بالوبر' او الجدَّ بالهزل او الکذبَ بالصِدق۔
- الخبرَ: خبر کچھ بتانا اور کچھ چھپانا۔
مَاطَ - مَیْطًا: ہٹنا۔ الگ ہونا۔
یقال: مَاطَ به: لے جانا۔
- عنهُ: دور ہونا۔ الگ ہونا۔
- علیه في حکمه: کسی کے خلاف اپنے فیصلے میں زیادتی کرنا۔
- الشئَ: ہٹانا۔ الگ کرنا۔

یقال: مَاطَ الأذی۔
- فلانًا: دھکانا اور دھکا دینا۔
اَمَاطَهٗ: دور کرنا' ہٹانا' الگ کرنا۔
یقال: اَمَاطَ الاذی۔
تَمَایَطَ القومُ: لوگوں میں بگاڑ پیدا ہونا۔
المِیَاطُ: ڈانٹ۔ دھمکا۔
(۲) جھاڑ۔ (۳) میلان۔
یقال: اَصبحوا فی هَیَاطٍ و مَیَاطٍ وہ اضطراب وگھبراہٹ میں ہیں۔
المَیَّاطُ: نکما اور کھیل کی طرف مائل۔
مَاعَ الجسمُ - مَیْعًا: پگھلنا اور بہنا۔
(۲) فضا سے پانی کی بھاپ جذب کر کے بہہ پڑنا (مع)
یقال: مَاعَ المِلْحُ۔
- السائلُ: سیال چیز کا زمین پر پھیل کر بہنا۔
- السَّرابُ: سراب کا لہریں مرتا ہوا نظر آنا۔
- الرَّجُلُ: سست و بیوقوف ہونا۔
اَمَاعَ الجسمَ اِمَاعًا' اِمَاعَةً: بہانا۔
انمَاعَ السَّمْنُ و نحوهٗ: پگھلنا۔
الاِمَاعَةُ: جامد کا سیال یا گیس میں بدلنا (مو)
المَائِعَةُ: بہت خوشبودار عطر۔
(۲) درخت سے نکلنے والا گوند۔
(۳) گھوڑے کی پیشانی کے پھیلے ہوئے بال (ج) موائعُ۔
المَیْعَةُ: خوشبودار عطر۔
(۲) بعض درختوں سے نکلنے والا گوند۔
(۳) سیال شے کا بہاؤ۔
میعةُ الشئ: ہر چیز کا اول۔
میعةُ الشباب و النهار: ابتدائے دن اور ابتدائے جوانی۔
میعةُ الحُضرِ: دوڑ کی ابتداء اور اس کی پھرتی۔
اس طرح مَیْعَةُ السُّکْر: ابتدائی نشہ۔
مَالَ - مَیْلًا' مَیَلَانًا: استواء سے زائل ہونا۔ جھکنا۔
یقال: مَالَ الحائطُ: سیدھا نہ رہنا۔
- الشمسُ: وسط آسمان سے ہٹنا۔

Marfat.com

-الغُصنُ: ٹہنی کا بادِنسیم سے جھومنا۔
-القِوَامُ: قوام کا پتلا ہونا۔
-عنه: الگ ہونا' بے توجہ ہونا۔
يقال: مالَ عن الطريق' مال عن الحقّ۔
-اليه: کسی کا حامی وطرف دار ہونا۔
-عليه: کسی پر ظلم وستم کرنا۔
يقال: مال عليه الدَّهرُ: زمانہ کا کسی پر مصائب لانا۔
يقال: مَالَ الهوى به۔
مَيِلَ الشيُ- مَيَلاً: پیدائشی ٹیڑھا ہونا۔
هو اَمْيَلُ' هي مَيْلاءُ: کبھی عمارت میں بھی استعمال ہوتا ہے۔
اَمَالَ قارئُ القرآن: امالہ کرنا۔
-الشيَ: جھکانا۔ ٹیڑھا کرنا۔
-بالفرس يَدَهُ: گھوڑے کی لگام ڈھیلی کر کے آزاد چھوڑنا۔
مَيَّلَ الشيَ: ٹیڑھا کرنا۔ جھکانا۔
-بين الأمرين: متردد ہونا۔
تَمَايَلَ في مشيته: اترا کر چلنا۔
يقال: بين القوم تمايلٌ: لوگوں میں لڑائی جھگڑا ہے۔
-الجُلُّ عن الفرس: گھوڑے کی جھول کا ایک طرف کو ہو جانا۔
تَمَيَّلَ في مشيته: تَمَايَلَ۔
يقال: فلانٌ يَتَمَيَّلُ في ظلاله و يَتَفَيَّأُ:
اسْتَمَالَ: مَالَ۔
يقال: مَيَّله فاستمال۔
-فلانًا وبقلبه: کسی کا دل موہ لینا۔ اپنی طرف مائل کرنا۔
الامَالَة: الف کا' الف اور یاء کے درمیان تلفظ کرنا۔ اور فتحہ کا کسرہ کی مانند۔
المِيلُ: سنگ میل جس سے مسافر رہنمائی حاصل کرتا اور فاصلہ کی مقدار جانتا ہے۔
(۲) زمین کا خاص فاصلہ۔
(۳) لمبائی ناپنے کا ایک پیمانہ جو قدیم زمانہ میں چار ہزار ذراع کے بقدر ہوتا تھا۔ اسے میل ہاشمی کہتے تھے۔ وہ بری اور بحری بھی ہوتا تھا۔ جبکہ بری آج کل 1609 میٹر کے برابر ہوتا ہے اور بحری 1852 میٹر کے۔
(۴) سرمہ لگانے کی سلائی۔ هو المُلْمُولُ۔
(مو)
(۵) جراح کا زخم پیما آلہ جس سے وہ زخم کی گہرائی ناپتا ہے۔ (ج) اَمْيَالٌ۔ مُيُولٌ۔
المَيْلاءُ' شجرةٌ مَيْلاءُ: بہت شاخوں والا درخت۔
مَانَ فلانٌ- مَيْنًا: جھوٹ بولنا۔ هو مائنٌ۔ مَيَّانٌ۔
تَمَا مَنَ القومُ: باہم جھوٹ بولنا۔
يقال: فلان مُتَمايِنُ الوُدِّ: جھوٹی محبت والا ہے۔
وُدٌّ فلان مُتَمايِنٌ۔
المَيْنُ: جھوٹ۔ (ج) مُيُونٌ۔
المِيناءُ: (دیکھئے ونی)
المِينَى: (دیکھئے ونی)
مَاهَتِ البئرُ- مَيْهًا: بہت پانی والا ہونا۔
-فلانًا: پانی پلانا۔
-السيفَ بالذهب ونحوه: تلوار کو سونے وغیرہ سے ملمع کرنا۔
مَيَّهَ السيفَ: دھوپ میں رکھ کر پانی خشک کرنا۔

Marfat.com

ن

النُّونُ: حروف ھجاء کا پچیسواں حصہ۔ یہ مجہور متوسط ہے۔ اس کا مخرج طرف لسان ثنایا علیا کی جڑ میں ہے۔ جب ہوائے بالائی تالو کے ساتھ اور سانس کے جاری رہتے ہوئے ناک میں سے سرایت کر جائے تو یہ زیادہ صاف ہوتا ہے۔

نون کے چند استعمالات ہیں۔

ا۔ نون تاکید۔ مضارع پر داخل ہوتا ہے۔ یہ خفیف اور ثقیل دونوں ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے اس قول میں دونوں اکٹھے ہیں:

لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصَّاغِرِيْنَ خفیفہ کو بصورت وقف الف سے بدل دیا جاتا ہے۔ لیکونًا کو لیکونَا الف کے ساتھ پڑھیں گے۔ اور يُسْجَنَنَّ پر نون ساکنہ کے ساتھ وقف کریں گے۔ نون تاکید مذکورہ دونوں قسموں سے فعل امر کی بھی تاکید کی جاتی ہے۔ خواہ وہ فعل امر دعائیہ ہی ہو۔ جیسے:

انه واللّٰه لو لا اللّٰه ما اتقينا
ولا تصدقنا ولا صلّينا
فَأنزلَنْ سكينةً علينا

فعل ماضی کی ان دونوں سے تاکید نہیں کی جاتی۔ مضارع اگر حال ہو تو تاکید نہیں کی جاتی۔

اگر مستقبل ہو تو عموماً طلب کے بعد تاکید کی جاتی ہے جیسے

وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا۔

قسم کے بعد تاکید واجب ہے۔ جیسے قرآن حکیم میں ہے۔

وَتَاللّٰهِ لَأَكِيْدَنَّ أَصْنَامَكُمْ۔

۲۔ نون تثنیہ۔ یا تو صرف مفتوحہ ہوتا ہے اس کا ماقبل ساکن ہوتا ہے۔ جیسے النسوةَ يذهَبْنَ یہ ضمیر ہے۔ یا مشدد مفتوحہ ہوتا ہے۔ ضمیر کے ساتھ مل کر آتا ہے۔ جمع مؤنث پر دلالت کی غرض سے۔ جیسے کتا بكُنَّ، مِنْهُنَّ، ضَرَبَهُنَّ یہ حرف ہے۔

۳۔ نون وقایہ۔ اسے نون العماد بھی کہتے ہیں۔ یاءِ متکلم سے پہلے لگتا ہے۔ جیسے سَمِعَنِيْ۔ اِنَّنِي۔

۴۔ نون زائدہ اور یہ دو ہیں۔

ا۔ ایک فعل مضارع میں تثنیہ کی ضمیر کے ساتھ آتا ہے۔ جیسے يضربان۔

یا ضمیر مؤنث مخاطب کے ساتھ۔ جیسے تضربين یا جمع مذکر کے ساتھ جیسے يضربون۔

تثنیہ میں مکسور باقی میں مفتوح ہوتا ہے۔

۲۔ اسم مثنی کے ساتھ مکسور آتا ہے۔ جیسے الزيدان۔

اور جمع مذکر کے ساتھ مفتوح آتا ہے۔ جیسے الزيدون۔

ن ...... أ

نَأَتَ ـَ نَأَتًا، نَئِيتًا: رونا۔ آہ آہ کرنا۔

—فلانًا: آہستہ دوڑنا۔

نَأَثَ عنهُ — نَأَثًا: دور ہونا۔

(۲) سست رفتار ہونا۔

اَنْأَثَهٗ: دور کرنا۔

نَأَجَ البُومُ ـَ نَأَجًا، نَئِيجًا: الو کا بولنا۔

—الريحُ: ہوا کا آواز کے ساتھ تیز چلنا۔

—الانسانُ: دعا میں عاجزی اور انکساری کرنا۔

—في الأرض نُؤُوجًا: کسی جگہ جانا۔

يقال: نأج الخبرُ: خبر کا ملک میں گشت کرنا۔

النَّئِيجُ: يقال: ريحٌ نَئِيجٌ: آواز والی تیز ہوا۔

نَأَتِ الأَرضُ ـَ نَأدًا: زمین میں سیلن ہونا۔

—الدَّاهيةُ فلانًا: مصیبت کا کسی کو کچل ڈالنا۔

النَّأْوُدُ: مصیبت۔

نَأَرَت نَائِرَةٌ في الناس ـَ نَأْرًا: لوگوں میں ہیجان ہونا۔

النَّؤُورُ: چربی کا دھواں۔

النَّاسُوْتُ: انسان کی صفت بشریت۔ اس کا مقابل اللاہوت ہے یعنی الألوهية۔ (مع)

نَأَشَ الشيَ ـَ نَأْشًا: مضبوطی سے پکڑنا۔ (۲) دور کرنا۔ پیچھے کرنا۔

يقال نَأَشَ الأمرَ۔

انتَأَشَ الشيُ: مؤخر ہونا۔ پیچھے رہ جانا۔

—بماله: مال لے کر سفر کرنا۔

اللّٰهُ فلانًا: کسی کا دم نکالنا۔

تَنَاءَشَ: مؤخر ہونا۔ پیچھے رہ جانا۔

—الشيَ: دور سے رہنا۔

النَّؤُوْشُ: مضبوط و طاقتور غالب۔

نَأَفَ ـَ نَأْفًا: محنت و کوشش کرنا۔

نَئِفَ الطعامَ ـَ نَأَفًا، نَأْفًا: کھانے کا بہتر حصہ کھانا۔

—من الشراب: پینے کی چیز سے آسودہ ہونا۔

نَأَلَ ـَ نَأَلًا، نَأَلَانًا: سر ہلاتے ہوئے اوپر اٹھائے ہوئے چلنا۔ (جیسے سر پر بوجھ اٹھانے والا چلتا ہے۔

Marfat.com

-الفرسُ وغیرہ ملتے ہوئے چلنا۔ ھو
زولٌ۔
أمَتِ القوسُ ـِ نَئِیمًا کمان کا آواز نکالنا۔
-الرجُلُ سسکیاں لینا۔آہستہ رونا۔
لنَّامَةُ کمان کی آواز۔
(۲) کسی بھی قسم کی آہستہ کمزور آواز۔
(۳) نغمہ۔
لنَئِیمُ: النَّامَةُ۔
انَأفي الرَّأی نَأنَأةً رائے میں کمزور ہونا۔غیر
مستقل مزاج ہونا۔
-عنهُ قاصر و عاجز رہنا۔
-الصَّبِیَّ بچہ کو اچھی غذا دینا۔
-فلانًا عمّا یرید ارادہ سے روکنا۔
تنأنَأ کمزور اور ڈھیلا ہونا۔
-من الرأی نَأنَأ۔
النَأنَأ عاجز بزدل۔
النأنأة عجز و کمزوری۔
حدیث ابی بکر میں ہے
طُوبٰی لِمَنْ مَاتَ فِی النَّأنَأةِ ابتدائے اسلام
میں یعنی جب کمزوری کا زمانہ تھا اور مسلمین
زیادہ نہ ہوتے تھے۔
نَأیَ عنهُ ـَ نَأیًا دور ہونا۔الگ ہونا۔ھو ناءٍ۔
متکبر اور اعراض کرنے والے سے کہا جاتا ہے
نأی بجانبه۔
-النُّؤیَ خیمہ کے گرد نالی یا کھائی کھودنا۔
أنْأیَ الشیَٔ دور کرنا۔
-الخباءَ خیمہ کے گرد حفاظتی کھائی کھودنا۔
انتأی دور ہونا۔
-نُویًا نالی یا کھائی بنانا۔
تَنَاءَوْا ایک دوسرے سے دور ہونا۔
المُنْتأیَ دور دراز جگہ۔
النُؤیُ خیمہ کے گرد پانی کی رو سے حفاظت
کے لئے کھودی جانے والی نالی یا کھائی۔(ج)
نئِیٌّ۔
النَّایُ بانسری۔آلہ موسیقی جو ایک پائپ نما
ہوتا ہے اس ایک جانب سوراخ ہوتے ہیں۔
آواز کی تبدیلی کے لئے اس میں آلات ہوتے
ہیں۔اس میں پھونک مارنے اور منظم طریقے
سے انگلیاں اٹھانے اور رکھنے سے ساز پیدا ہوتا
ہے۔اسی کو الیراع المثقب کہتے ہیں۔(ج)

ن ...... ب

نَبَأَ الشیُٔ ـَ نَبْئًا' نبوءًا: بلند ہونا۔ظاہر ہونا۔
-من أرضٍ الی أرضٍ اخری: ایک جگہ
سے دوسری جگہ جانا۔
-علی القوم سامنے آکر حملہ کرنا۔
یقال: نَبَأ نَبْئًا' نَبْأةً: ہلکی آواز نکالنا۔
نَبَأ الرجلُ نَبْئًا خبر دینا۔
أنْبَأهُ الخبرَ بالخبر خبر دینا۔
نَابَأهُ مُنَابَأةً: ایک دوسرے کو خبر دینا۔
القومَ کسی قبیلے کا پڑوس چھوڑنا۔اور ان سے
دور چلے جانا۔
نَبَّأهُ الخَبَرَ و بالخبر خبر دینا۔
یقال: نَبَأْتُ زیدًا عَمروًا خارجًا: زید کو عمرو
کے باہر ہونے کی خبر دی۔
تَنَبَّأَ دعویٰ نبوت کرنا۔
-بالامر کسی بات کی پیشگی خبر دینا۔(محدثہ)
-استنبأ الرجلَ کسی کی خبر یا بات کسی سے
معلوم کرنا۔
النَّبَأ خبر یا واقعہ کی تحقیق کرنا۔
النَبَأ خبر۔(ج) أنْبَاءٌ۔
النَّبْأةُ درمیانہ درجہ کی آواز نہ زیادہ اونچی نہ
زیادہ پست۔
یقال: سمعت نَبْأةً۔
(۲) زمین میں اونچی جگہ۔
النُّبوءَةُ خدا اور ذوی العقول کے درمیان
پیام رسانی کا منصب۔
ہمزہ کو واؤ سے بدل کر دونوں واؤ کو مدغم کرکے
نُبُوَّةٌ بھی کہا جاتا ہے۔
(۲) اندازہ سے قبل از وقت کسی بات کی
اطلاع۔(محدثہ)
النَّبِیُٔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے خبر دینے والا۔
(ہمزہ کو یاء سے بدل کر مدغم کرکے النبی بھی کہا
جاتا ہے)(ج) انبیاءُ۔ أنْبَاءُ۔ نُبَآءُ۔
(۲) اونچی اور بیچ میں سے اٹھی ہوئی جگہ۔

نَبَّ التَّیسُ ـِ نَبًّا' نَبِیبًا: بکرے کا چیخنا۔
نَبَّبَ النباتُ: پودے کا پوری دار ہونا۔
تَنَبَّبَ الماءُ و غیرہ: پائپوں اور نالوں وغیرہ
میں پانی بہنا۔
الانْبُوبُ' الأنْبُوبَةُ: بانس یا گنے کی دو گرہوں
کے درمیان کا حصہ۔پوری۔
(۲) بانس کی طرح ہر کھوکھلی چیز۔
انْبُوبُ الحوض حوض کی نالی (ج)
أنَابِیبُ۔
أنَابِیبُ الرِّئة: سانس کی نالیاں۔
نَبَتَ الزرعُ ـُ نَبْتًا' نَبَاتًا: کھیتی کا زمین سے
باہر نکلنا۔اگنا۔
یقال: نبتت لهم نابتةٌ: ان کے چھوٹے بچے
پیدا ہوگئے۔
-الأرضُ: نباتات والی ہونا۔
-ثَدْیُ الجاریة نُبُوتًا: لڑکی کے پستان کا
ابھرنا۔
أنْبَتَتِ الارضُ: زمین کا گھاس پودے اگانا۔
البقلَ سبزی کا بڑھنا۔
یقال: أنْبَتَ اللّٰهُ البقلَ اللہ کا زمین سے
سبزیاں اگانا۔ھو مَنْبُوتٌ۔(خلاف قیاس)
أنْبَتَ اللّٰهُ الصَّبِیَّ نباتًا حَسَنًا اللہ عزوجل کا
بچہ کو اچھی نشوونما بخشنا۔
نَبَّتَ الزرعُ: پودے کا زمین سے اگتے ہی نظر
آنا۔
-الشَّجَرَ شجرکاری کرنا۔
-الصبیَّ بچہ کی عمدہ پرورش کرنا۔
تَنَبَّتَ الشیُٔ: نبت۔
المَنْبِتُ اگنے کی جگہ (قیاس فتح یاء ہے)
(۲) اصل۔
یقال: اِنَّه لَفِی مَنْبِتِ صِدْقٍ۔ (ج)
مَنَابِتُ۔
النَّابتةُ نوخیز لڑکا اور لڑکی جو بچپن کی عمر سے
بڑھ گئے ہوں مگر ناتجربہ کار ہوں۔
(۲) نئی پود۔نئی نسل۔
یقال: هذا قول النابتة: یہ بچوں کی یا ناتجربہ
کار نوجوانوں کی بات ہے۔

Marfat.com

إِنَّ بَنِي فلان لنابتةُ خير او انابتةُ شرٍّ۔
(۳) اٹھان یا پیدائش کا حال۔
یقال: ما أحسن نابتة بنی فلان. فلاں قبیلے کے مال واولاد کی نشوونما بہت خوب ہے۔
(ج) نَوَابِتُ۔
النَّبَاتُ: زمین یا پانی میں پھیلنے والی جڑوں کے ذریعہ اپنی جگہ برقرار رہنے والی۔ افزائش پذیر زندہ چیز۔
(۲) درخت وغیرہ جو زمین سے اگیں۔
عِلْمُ النَّبَاتِ: وہ علم جس میں نباتات کی زندگی ان کے تغیرات اور ان کی انواع کی تفصیلات سے بحث کی جائے۔
النَّبَاتِيُّ: علم نباتات کا اسکالر۔
رجلٌ نَبَاتِيٌّ: صرف نباتات کے سہارے جینے والا۔ (محدثہ)
دُهْنٌ نباتِيٌّ: نباتات کے بیجوں کا تیل۔
النَّبْتُ: النَّبَات۔
النِّبْتَةُ: وہ حالت جس پر ان کی نشوونما ہو۔
النَّبُّوتُ: درخت سے نکلی ہوئی شاخ۔ سیدھی لمبی چھڑی کو بھی کہتے ہیں۔ مصریۃ۔ جیسا کہ "تاج" میں ہے۔ (ج) نَبَابِيتُ۔
الْيَنْبُوتُ: فصیلہ قرنیہ کی ایک گھاس جو کہ زمین پر بچھتی ہے اس کے پتے اور پھول قے لانے کی دوا ہوتے ہیں۔ (ج) يَنَابِيتُ۔
نَبَثَ عن الأمر- نَبْثًا: تحقیق کرنا۔
یقال: نَبَثَ عن عيوب الناس: لوگوں کے عیوب کی تشہیر کرنا۔
-الأرضَ: زمین کھود کر مٹی نکالنا۔
یقال: نَبَثَ التراب: مٹی نکالنا۔
هو مَنبوثٌ، نَبِيثٌ۔
إِنْتَبَثَ الشرابَ: کنویں وغیرہ سے مٹی نکالنا۔
تَنَابَثَ القومُ: ہر ایک کا دوسرے کے بھید معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔
الأُنْبُوثَةُ: بچوں کا ایک کھیل۔ مٹی میں کوئی چیز چھپادی جاتی ہے جو اسے نکال لیتا ہے وہ بازی لے جاتا ہے۔
النَّبِيثُ: یقال: ما رایت بالأرض نَبِيثًا میں نے زمین میں کھدائی کا کوئی نشان نہیں پایا۔
فلانٌ خبيثٌ نبيثٌ. فلاں شریر ہے۔
النَّبِيثَةُ: کنویں اور دریا کی مٹی۔
(۲) بھید۔ راز (ج) نَبَائِثُ۔
نَبَجَا- نَبْجًا: بلند ہونا۔
یقال: نَبَجَ الجرحُ نَبَجَ العظمُ: ہڈی یا زخم پر ورم ہونا۔
-صوتُهُ- نَبْجًا: آواز سخت ہونا۔
یقال: رَجُلٌ نَابِجُ الصَّوت۔
نَبَحَ الكلبُ- نَبْحًا، نَبِيحًا، نُبَاحًا: کتے کا بھونکنا۔
-الكلبُ فلانًا، وعليه: کتے کا کسی کو دیکھ کر یا اس کی طرف لپک کر بھونکنا۔
أَنْبَحَ الكلبَ: کتے کو بھونکانا۔
اِسْتَنْبَحَ الكلبَ: انبحهُ۔
النُّبَاحُ: کتے کا بھونکنا۔
النَّبَّاحُ مبالغة من نَبَحَ۔
یقال کلبٌ نَبَّاحٌ: بھاری آواز والا کتا۔
نَبَخَ العجينُ- نُبُوخًا: آٹے کا پھولنا، خمیر اٹھنا۔ هُوَ نَبَّاخٌ۔
النَّبْخَةُ: پانی کا آبلہ جو آگ کی تپش یا کام کی وجہ سے چہرے پر پڑ جائے۔ (ج) نِبَاخٌ۔
نَبَذَ- نَبْذًا، نَبَذَانًا: چھڑکنا۔
یقال: نَبَذَ عِرْقُهُ۔
نَبَذَ قلبهُ: دل دھڑکنا۔
-التمرُ نَبْذًا: کھجور کی نبیذ بن جانا۔
-الشئَ: پھینکنا۔
یقال: نَبَذَ النَّوَاةَ: نبذ الكتابَ۔
یقال: نَبَذَ الأمرَ: کسی معاملہ کو نظر انداز کرنا۔
نَبَذَ العَهْدَ: عہد توڑنا۔
-التمرَ ونحوَه: کھجور وغیرہ کی نبیذ بنانا۔
نَابَذَهُ الحربَ: کسی سے اعلان جنگ کرنا۔
-فلانًا: کسی سے اختلاف یا بغض کی بنا پر ترک تعلق کرنا۔
نَبَّذَ التمرَاو العنب ونحوهما: کھجور یا انگور وغیرہ کی نبیذ بنانا۔
انْتَبَذَ فلانٌ: گوشہ نشین ہونا۔
یقال: انْتَبَذَ عن القوم: کنارہ کش ہونا۔
التمرَ ونحوَه: نَبَذَهُ۔
مَكَانًا او ناحيةً: لوگوں سے ہٹ کر ایک طرف ہو جانا۔
تَنَابَذَ القومُ: دشمنی کی بناء پر ایک دوسرے سے اختلاف کرنا۔ الگ ہو جانا۔
المِنْبَذَةُ: تکیہ (ج) المَنَابِذُ۔
المَنْبُوذُ: راستہ میں پڑا ہوا بچہ۔
یقال: التقط فلان منبوذا۔
المنبوذون: ہندوستان میں ہندوؤں کی ایک نچلی ذات کا فرقہ جسے بڑی ذات کے ہندو یا عام ہندو معاشرہ حقارت کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ (محدثہ)
النَّبَّاذُ: نبیذ بنانے والا۔
النَّبْذُ: معمولی اور تھوڑی چیز۔
یقال: في راسه نَبْذٌ من شيب (ج) أَنْبَاذٌ۔
النَّبْذَةُ: گوشہ کنارہ۔
یقال: جلس نَبْذَةً۔
النُّبْذَةُ- النَّبْذَةُ۔
(۲) کسی چیز کا ٹکڑا۔
یقال: نُبْذَةٌ من كتاب، او نُبْذَةٌ من رواية او قِصَّةٍ۔
النَّبِيذُ، المَنْبُوذُ۔
(۲) نبیذ، شراب جو انگور یا کھجور وغیرہ کے شیرے سے بنائی جاتی ہے۔ ان کے شیرے کو چھوڑ دیا جاتا ہے حتی کہ وہ خمیرہ بن جائے۔ (ج) أَنْبِذَةٌ۔
نَبَرَ الشئَ- نَبْرًا: اٹھانا۔ بلند کرنا۔
یقال: نَبَرَ في قراءَتِه او غنائه آواز بلند کرنا۔
-الحرفَ: حرف کے اخیر میں ہمزہ لگانا۔ جیسے: قرا سے قرأ
-القُرادُ الدَّابَّةَ: چیچڑی کا جانور کو کاٹنا۔
یقال: نبر فلان بلسانه: کسی کو زبان سے تکلیف پہنچانا۔

Marfat.com

-الطَّعنَةَ: داؤ لگا کر جلدی سے نیزہ مارنا۔
انتَبَرَ الشيُ: بلند ہونا۔
یقال: انتبَرَ الجرحُ: زخم کا ورم آلود ہونا۔
-الخطیبُ: خطیب کا منبر پر چڑھنا۔
الأنبَارُ: تاجر کا اسٹور' گودام جس میں سامان وغیرہ جمع کرے۔
(۲) گیہوں کے ڈھیر۔ واحدها نِبرٌ۔ (ج) اَنابِیرُ۔
المِنبَرُ: بلند جگہ جس پر خطیب خطبہ یا واعظ مسجد میں وعظ دے۔ (ج) مَنابِرُ۔
النَّبرُ: فی النُّطقِ: لفظ کے تلفظ اور اظہار میں اتار چڑھاؤ۔
النِّبرُ: چچڑی (ج) اَنبَارٌ۔ نِبَارٌ۔
النَّبرَةُ: ہر بلند چیز (۲) ورم۔
(۳) اوپر کے ہونٹ کا درمیانی گڑھا۔
(۴) ہمزہ (۵) ادائیگی کے وقت آواز کا اٹھاؤ' بسا اوقات کسی حرف پر دباؤ کی بناء پر ہوتا ہے۔ کلمہ میں ۔نبر کی جگہ کی تبدیل کی وجہ سے لہجات مختلف ہوتے ہیں۔
النِّبرَاسُ: قندیل۔
(۲) چوڑی انی۔
نَبَزَه - نَبزًا: عیب لگانا۔
-بکذا: کسی کو کوئی لقب دینا۔
نَبَّزَہ: مبالغہ در نَبَزَهُ۔
تَنَابَزُوا بالألقاب: ایک دوسرے کو القاب سے پکارنا۔
النَّبَزُ: شرم دلانے والا لقب (ج) اَنبَازٌ۔
النُّبَزَةُ: لوگوں کو بہت برے لقب دینے والا۔
یقال: رجلٌ نُبَزَةٌ' اِمرَاۃٌ نُبَزَةٌ۔
النَّبزَةُ: تذلیل کے لئے لوگوں کو برے لقب دینے والا۔
نَبَسَ - نَبسًا' نُبسَةً: ہونٹ ہلنا۔ کوئی بات نکالنا۔ اکثر اس کا استعمال نفی میں ہوتا ہے۔
یقال: مَا نَبَسَ بکلمةٍ ما نبسَ ببنتِ شفةٍ' هو نابسٌ۔ (ج) نُبَّسٌ۔
اَنبَسَ: ذلیل ہو کر خاموش ہو جانا۔
نَبَّسَ: نَبَسَ۔

نَبَشَهُ - نَبشًا: کچھ نکالنے کے لئے کوئی چیز کریدنا۔
یقال: نَبَشَ الأرضُ۔ نَبَشَ القَبرَ۔ نَبَشَ البئرَ۔
ا:ا
-المستورَ' وعنهُ: پوشیدہ چیز ظاہر کرنا۔
یقال نَبَشَ للأسرارَ' وعن الأسرار: بھید ظاہر کرنا۔
نَبَشَ الحدیثَ وعن الحَدیثِ: حدیث کی تحقیق و تخریج کرنا۔
انتَبَشَ الشيُ: کسی چیز کو اس کے چھپے ہوئے کی جگہ سے نکالنا۔
الأنبُوشُ: کھودی ہوئی یا کھود کر نکالی ہوئی۔
(۲) اکھاڑا ہوا پودا۔ (ج) اَنَابِیشُ۔
اَنا بِیشُ الکلاِ: زمین پر ادھر ادھر لگی ہوئی گھاس۔
النَّبَّاشُ: قبریں کھود کر مردوں کے کفن چرانے والا۔
النِّبَاشَةُ: کفن چوری کا کام کرنے والا۔
نَبَصَ الغلامُ بالطائر والکلب ونحوهما - نَبصًا: پرندے یا کتے وغیرہ کو بلانے کے لئے سیٹی بجانا۔
یقال: نَبَصَ بالکلمة: ادعائے مہارت کے ساتھ لفظ زبان سے نکالنا۔
نَبَضَ الشيُ - نَبضًا' نَبَضَانًا: اپنی جگہ ہلنا۔
یقال: نَبَضَ القلبُ' نَبَضَ العِرقُ۔
نَبَضَت اَمعَاؤهُ: آنتوں میں بے چینی ہونا۔
یقال: نَبَضَ البَرقُ: بجلی کا ہلکے سے چمکنا۔
-الماءُ ونحوه: پانی کا اوپر اٹھ کر بہنا۔
اَنبَضَهُ: ہلانا۔
یقال: اَنبَضَ القوسَ' اَنبَضَ الوترَ۔
اَنبَضَتهُ الحُمّٰی: بخار کا کسی کو کپکپانا' جھنجھوڑنا۔
نَبَّضَهُ: اَنبَضَهُ۔
المَنبِضُ: وہ جگہ جہاں سے متحرک کی حسیات کو سنا جا سکے یا اس کی حرکت کو ٹٹولا جا سکے۔ نبض کی جگہ۔

یقال: جَسَّ الطَّبیبُ مَنبَضَهُ (ج) مَنابِضُ۔
المِنبَضُ: روئی دھننے کا آلہ (ج) مَنابِضُ۔
النَّبضُ: دل کے سکڑنے سے شریانوں کی وہ دھڑکنیں جن سے معالج جسم کی صحت و عدم صحت کا حال معلوم کرتا ہے۔
یقال: جَسَّ الطبیب بنَبضِه۔
یقال فلانٌ نَبضُ الفؤادِ: فلاں بہت ہوشیار اور ہوش مند ہے۔
نَبَطَ الشيُ - نَبطًا' نُبُوطًا: پوشیدگی کے بعد ظاہر ہونا۔
یقال: حَفَرَ الارضَ حتی نبط الماء۔
جَدَّ فی التَّنقِیبِ حتی نبط المعدِنُ۔
-الشيَ نَبطًا: ظاہر کرنا۔
یقال: نَبَطَ العلمَ والحکمةَ: علم و حکمت کے چشمے جاری کرنا۔ لوگوں میں ان کو پھیلانا۔
اَنبَطَ الحافِرُ: کھدائی کرنے والے کا مطلوبہ شے تک پہنچنا۔
-الشيَ: نَبطَهُ۔
یقال: اَنبَطَ جوابَ السوال۔
اَنبَطَ حکمَ القضیَّة: مقدر کا فیصلہ غور و فکر سے استنباط کرنا۔
نَبَّطَ: مبالغہ در نبطَهُ۔
تَنَبَّطَ: نبطی قوم کے مشابہ ہونا۔
(۲) نبطی قوم کی طرف منسوب ہونا۔
-الشيَ: نَبطَهُ۔
اِنتَبَطَ الکلامَ: کلام کا استنباط کرنا۔
استَنبَطَ فلانٌ: نبطی ہونا
والشيَ: اجتہاد کر کے کوئی چیز نکالنا۔
یقال: استَنبَطَ الفقیهُ الحُکمَ۔
استنبط الجوابَ: سوال کے پہلوؤں پر غور کر کے جواب پیدا کرنا۔
استنبط من فلان خَبرًا: کسی سے ترکیب و تدبیر سے کوئی بات دریافت کرنا۔
الأنبَاطُ: سامی قوم جو جزیرہ نما عرب کے شمال میں آباد تھی۔ ان کی سلطنت کا دار الحکومت سلع تھا جو آج کل الحجر اء کے نام سے معروف

Marfat.com

ہے۔
(۲) کھیتی باڑی کرنے والے لوگ۔ یہ لفظ بعد میں غیر عرب مخلوط لوگوں کے لئے بولا جانے لگا۔
النَّبطُ: الانباطُ۔
(۲) کنواں کھودتے وقت پہلی بار نکلنے والا پانی۔
یقال: کیف نَبطُ بئر کم؟ (ج) نُبوطٌ۔
فلانٌ لایُدرَکُ نَبطُهُ: فلاں کے علم کی تہ کا پتا نہیں چل سکتا۔
النُّبطَةُ: کنویں سے نکلنے والا پہلا پانی۔
نَبَعَ الماءُ ونحوُه من الأرض۔ نَبعًا، نُبوعًا: زمین سے پانی نکلنا۔
یقال: نَبَعَ العَرَقُ من البدن: بدن سے پسینہ نکلنا۔ ٹپکنا۔
أنبَعَ الماءَ ونحوَه: پانی وغیرہ نکالنا۔
تَنَبَّعَ الماءُ ونحوُه: تھوڑا تھوڑا نکلنا۔
المَنبَعُ: پانی وغیرہ کے نکلنے کی جگہ۔
یقال: مَنبَعُ الشئِ: شے کا مخرج۔ جائے صدور (ج) مَنابِعُ۔
النابِعَةُ: بدن سے پسینہ نکلنے کا سوراخ (ج) نَوابِعُ۔
یقال: نَضَحَت النوابعُ بالعَرَقِ۔
النَّبعُ: پہاڑ کی چوٹی پر اُگنے والا درخت جس کی لکڑی سے تیر اور کمانیں بنائی جاتی ہیں۔
یقال: فلان صلیب النَّبعِ: فلاں سخت مزاج ہے۔
هو من نَبعَةٍ کریمَةٍ: وہ شریف اور عالی نسب ہے۔
النَّبُوعُ: النابعُ (۲) پسینہ۔
الیَنبُوعُ: پانی کا چشمہ (ج) یَنابیعُ۔
یقال: فَجَّرَ اللّٰه ینابیع الحکمة علی لسانه۔
نَبَغَ المرءُ فی العلم وکل فنٍّ۔ نَبغًا، نُبوغًا: علم وفن میں ماہر و باکمال ہونا۔
—الشئُ من الشئِ: ظاہر ہونا۔
یقال: نَبَغَ منه امرٌ ما کُنّا نتوقّعه۔
نَبَغَ من قلبه ما أضمَرَهُ۔
—الشئَ بمافیه: کسی چیز میں سے کوئی چیز چھن کر نکلنا۔
یقال: نبغ الوعاء بالدقیق۔
تَنَبَّغَ النخلَ: نر درخت خرما کی مادہ درخت پر گرد اڑا کر تلقیح کرنا۔
النابغ، النابغةُ: علم وفن میں ماہر فائق۔
(۲) عالی مرتبہ۔
یقال: کلمة نابغة: فصیح بلیغ لفظ۔
لیلة نابغةٌ: بےخوابی اور پریشانی کی رات اس کی اصل یوں ہے کہ نابغہ پر جب نعمان غضبناک ہوا تو اس رات کے وصف میں اس نے یہ شعر کہا ؎

فَبِتُّ کأنّی ساوَرَتنی ضئیلةٌ
من الرُّقشِ فی أنیابها السُّمُّ ناقعُ

(ج) نَوابِغُ۔
النُّباغُ: شے کا غبار۔
یقال: نُباغُ الدقیقِ، نباغُ الطَّریقِ۔
النُّباغُ، النُّباغَةُ: سر کی بھوسی۔
النَّبَغُ: النُّباغُ۔
النَّبیغُ: النابغُ (ج) نُبَغاءُ۔
النَّبِقُ: بیر کا درخت۔
(۲) فصیلہ سدر یہ کا درخت جس کی بلندی کم ہوتی ہے اس کی ٹہنیاں سپاٹ، رنگ سفید اور پتے بھی سپاٹ ہوتے ہیں اس کے پھول چھوٹے اور گچھے ہوئے ہوتے ہیں اس کا پھل میٹھا ہوتا ہے جو کھایا جاتا ہے مصر اور شمالی افریقہ کے ممالک میں پایا جاتا ہے۔
(۳) کھجور کی جڑ کے گودے کا میٹھا آٹا جو کہ نبیذ بنانے میں کام آتا ہے۔
نَبَکَ المکانُ۔ نُبوکًا: بلند ہونا۔
هو نابکٌ، هی نابکَةٌ۔
أنبَکَ المکانُ: نَبَکَ۔
—القومُ: لوگوں کا سفر کا عادی ہونا۔
النَّبکَةُ: نشیب و فراز والی جگہ۔ (۲) نوک دار پٹی کا ٹیلہ۔
(ج) نَبَکٌ، نَبکٌ، نِباکٌ۔
نَبَلَ النَّبلَ۔ نَبلًا: عمدہ تیر تیار کرنا۔
یقال: هو یَنبُلُ هذا الأمرَ اچھی طرح واقف ہونا۔
هو یَنبُلُ الرَّسمَ او التمثیلَ: نقش کشی یا کردار کشی بہتر طور پر کرنا۔
أتاه امرٌ لَم یَنبُل نَبلَهُ: ایسا معاملہ پیش آیا جس کے لئے وہ تیاری نہ کر سکا تھا۔
—الهَدَفَ: نشانہ پر تیر مارنا۔
علی فریقه فی القتال او المباراة: لڑائی یا مقابلہ میں اپنی ٹیم کو تیار کئے ہوئے عمدہ تیر دینا۔
—أقرنَه: اپنے جوڑی دار پر تیز اندازی یا شرافت میں برتر ہو کر غالب ہو جانا۔
یقال: نابلوهُ فَنبَلَهُم۔
نَبُلَ۔ نُبلًا، نَبالَةً: بلند مرتبہ عالی ظرف ہونا۔
یقال: أجادَ غذاءَ ها حتّی نَبُلَ جسمُها: اس نے اچھی غذا دی تو اس کا جسم شاندار ہو گیا۔
احسنَ تربیته فنبلت اخلاقه۔
—فلانٌ: کسی کا شریف اور عالی نسب ہونا۔
هو نبیلٌ، هی نبیلةٌ۔
یقال: رجلٌ نبیلُ الرأی: صائب الرائے آدمی۔
امرأة نبیلةُ الحسن: بہت حسین عورت۔
(ج) (مذکر) نُبلاءُ (مونث) نبائلُ نبیلاتٌ۔
أنبَلَ فلانٌ: کسی کا شریف لڑکے والا ہونا۔
—فلانًا: کسی کو تیر دینا۔
—السّهامَ: تیروں کو موٹا کرنا۔
نابَلَهُ: کسی سے تیر اندازی یا شرافت میں مقابلہ کرنا۔
نَبَّلَهُ: کسی کو پھینکنے کے لئے تیر دینا۔
—القوسَ: کمان میں تیر لگانا۔
تَنابَلَ القومُ: تیر سازی یا شرافت میں باہم مقابلہ کرنا۔
تَنَبَّلَ فلانٌ: بڑا اور پرشوکت ہونا۔
(۲) بڑے لوگوں یا شرفاء جیسا ہونا۔

Marfat.com

(۳) تیر ساتھ اٹھائے رکھنا۔
-الشیئَ: کسی چیز کا بہتر حصہ لینا۔
یقال: اصابته خطوبٌ تنبّلت ما عنده
انبتَلَ النَّبلَ: تیر تیار کرنا۔
یقال: انبتَلَ للأمر نَبلَةً: کسی کام کے لئے تیار ہونا۔
اِستنبَلَهُ: کسی سے تیر مانگنا۔
-الشیئَ: کسی چیز کا عمدہ حصہ لینا۔
النَّابِلُ: ماہر ہتھیار ساز۔
(۲) تیر انداز (۳) تیروں کا مالک (ج) نُبَّلٌ۔
یقال: اختلط الحابل بالنابل: یعنی افراتفری و ہلچل مچ گئی کہ جال والے شکاری اور تیر اندازوں میں تمیز مشکل ہوگئی۔
النَّبَالَةُ: شرافت، ذہانت بلند اخلاق۔
النِّبَالَةُ: تیر سازی کی صنعت، پیشہ
النَّبَّالُ: تیر ساز۔
النَّبلُ: تیر (ج) نِبالٌ اَنبالٌ۔
یقال، اَصابه نَبلُ الدهر: اس پر آفتیں آئیں۔
النَّبَلَةُ: چھوٹے پتھر یا چھوٹی چیزیں۔ (ج) نَبَلٌ۔
النَّبِیلُ: شریف معزز (ج) نُبلاءُ۔
نَبُهَ - نَباهَةً: معزز و مشہور ہونا۔ ہو نابهٌ، نبیهٌ۔
نَبِهَ للأمر - نَبَهًا: کسی کام کو خوب جاننا، سمجھنا۔
و من نومه: بیدار ہونا۔ ہو نَبِهٌ۔
نَبُهَ - نَباهة: معزز و شریف ہونا۔ نیک نام ہونا۔
ہو نبیهٌ نابهٌ۔
اَنبَهَهُ من النوم: بیدار کرنا۔
نَبَّه باسمه: کسی کو نیک نامی میں شہرت دینا۔
-فلانًا: کسی کو شہرت دینا۔
-من نومه: بیدار کرنا۔
یقال: نبّهه من غفلته۔
و علی الشیئ و للشیئ: کسی چیز سے آگاہ کرنا۔
انتبَه للأمر: اچھی طرح سمجھنا۔ واقف ہونا۔
-من النوم: بیدار ہونا۔
تَنَبَّهَ للأمر: سمجھنا، واقف ہونا۔
-من نومه: بیدار ہونا۔
-علی الشیئ: واقف و باخبر ہونا۔
اِستنبَهَ: شریف ہونا۔
(۲) بیدار ہونا۔
المُنَبِّهُ: الارم والی گھڑی جو معین وقت پر بجتی ہے۔ اور سونے والے کو بیدار کرتی ہے۔ (ج)
المَنبَهَةُ: ذریعہ تنبیہ، ذریعہ فہم۔ ذریعہ یاد دہانی۔ ذریعہ شہرت۔
یقال الکُنٰی مَنبَهة علی الرِّجَالِ
هذه العلامةُ مَنبَهَةٌ عَلٰی کَذَا
المال مَنبَهَةٌ للکریم۔
المَنبُوهُ: یقال رجل مَنبُوهُ الإسم: شہرت یافتہ آدمی۔
النَّابِهُ: شریف و معزز۔
(۲) نیک نام۔
(۳) مشہور (خلاف الخَامِلُ)
(ج) نُبهاءُ۔
یقال: امر نابهٌ: اہم معاملہ۔
النَّبَاهَةُ: شرافت (۲) شہرت۔
(۳) ذہانت دانائی۔
النَّبِیهُ: النَّابهُ (ج) نُبهاءُ۔
النُّبهُ: بلا طلب و تلاش ملنے والی چیز۔
یقال و امرٌ نُبهٌ۔
(۲) مشہور (ج) اَنباهٌ۔
منه: اَنباهُ النُّحاةِ مشہور نحوی۔
النُّبهُ: زیرکی، دانائی۔
(۲) بیداری۔
نَبا الشیئُ - نَبوًا، نُبِیًّا، نَبوةٌ: کسی چیز کا اپنی جگہ موزوں نہ ہونا۔
یقال: کلمة نابیَةٌ: نامانوس لفظ یا ناموزوں لفظ۔
-الصُّورةُ: شکل کا نگاہ کو نہ بھانا۔
-البصرُ عن الشیئ: کسی چیز سے نفرت کی بناء پر نگاہ کا پھر جانا۔
-السیفُ عن الضریبة نَبوًا، نَبوَةً: تلوار کا نشانہ پر نہ لگنا۔
-السَّهمُ عن الغرض: تیر کا نشانہ خطا کر جانا۔
-جَنبُهُ عن الفراش: بستر پر چین نہ آنا۔
-اَنبَی الشیئَ: ناموزوں یا ناقابل نفرت بنانا۔
نَبَّی: نبوت کا دعویٰ کرنا (دیکھئے: نبأ)
النَّبوَةُ: خطا، ناکامی۔
(۲) بے رخی۔ کشیدگی۔
یقال: بینهما نَبوَةٌ۔
هو یشکو نَبوَةَ الدّهر: اسے زمانہ کی سختی و بے رخی کی شکایت ہے۔ (ج) نَبوات۔
النُّبُوَّةُ: (دیکھئے: نبأ)
النَّبِیُّ: رسول نبی (دیکھئے: نبأ)

ن ...... ت

نَتَأَ الشیئُ - نَتئًا، نُتُوءًا: اپنی جگہ رہتے ہوئے ابھرنا۔
یقال: نتأت الصخرة فی الجبل۔
-القَرحَةُ: زخم کا سوجنا۔
-الثَّدیُ: پستان ابھرنا۔
النُّتُوءُ: ابھار نمایاں پن۔
(۲) ابھری اور نمایاں چیز۔
یقال: جلسنا علی نُتُوءٍ فی الجبل۔
نَتَّتِ القِدرُ و نحوها - نَتًّا، نَتِیتًا: ہنڈیا کا جوش مارنا۔
یقال، نَتَّ الرجل من الغیظ: غصہ سے بھرنا۔
و من المرض: بیماری کی وجہ سے کراہنا۔
النَّتَةُ: چٹان میں چھوٹا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہوجاتا ہو۔
نَتَجَ الناقةَ - نَتجًا، نِتَاجًا: اونٹنی کا بچہ جنوانا۔
هو ناتِجٌ، الناقةُ مَنتُوجَةٌ الولد نِتاجٌ نتیجةٌ۔
-الشیئَ: نتیجہ نکلنے تک اسے کرتے رہنا۔
اَنتَجَتِ الناقةُ: اونٹنی کے بچہ جننے کا وقت آنا۔
(۲) بچہ جننا۔
ضرب المثل ہے إن العجزَ و التَّوانِیَ

Marfat.com

تزاوجا فإنتاجها الفقر نتجها الفقر۔
–الشیئُ: نتیجہ برآمد ہونا۔
–فلانٌ الشیئَ: کسی چیز کو نتیجہ برآمد ہونے تک کرتے رہنا (مو)
تَنَاتَجَتِ الماشیۃُ ونحوُہُ: مویشی وغیرہ کا بچے جننا۔
اِستَنتَجَ الشیئَ: کسی چیز کا نتیجہ نکالنے کی کوشش کرنا۔
(۲) استنباط کرنا۔
یقال: اِستَنتَجَ الحکمَ من اَدِلَّتِہٖ
المَنتِجُ: بچے جننے کا وقت یا موسم۔ (ج) مَنَاتِجُ۔
المَنتُوجَۃُ: حاصل شدہ نتائج، حاصل شدہ اشیاء۔ (ج) منتوجات۔
النِّتَاجُ: نتیجہ، حاصل۔
النَّتُوجُ: نتیجہ خیز۔ بارآور۔
یقال: شجرۃٌ نَتُوجٌ، ناقۃٌ نتوجٌ۔
النَّتِیجَۃُ: نتیجہ۔ حاصل۔
(۲) حکم کے مقدمات جس تک پہنچائیں اس کا اطلاق تقویم سنوی پر بھی ہوتا ہے جو فلکی حساب سے حاصل ہوتی ہے (مع) (ج) نَتَائِجُ۔
نَتَحَ ۔َ نَتحًا، نُتُوحًا: ٹپکنا۔
یقال: نَتَحَ العَرَقُ من الجلد۔
نَتَحَ الاناءُ بما فیہ، نَتَحَہ الحرُّ۔
تَنَتَّحَ: ٹپکنا۔
یقال: تَنَتَّحَ عَرَقًا۔
المَنتَحُ: ٹپکنے کی جگہ (ج) مَنَاتِحُ۔
یقال: نَتَحَ العَرَقُ من مَنَاتِحِہ۔
النَّتَحُ: پسینہ وغیرہ۔
(۲) درخت کا گوند (ج) نُتُوحٌ۔
نَتَخَ الشیئَ ۔ نَتخًا: اکھاڑنا۔
یقال: نَتَخَ ضِرسَہ۔
نَتَرَہٗ ۔ُ نَترًا: کھینچنا یا زور سے پھینکنا۔
یقال: نتر الکلام: سخت اور بری بات کہنا۔
نَاتَرَہٗ یقال: کلّمتہ مناترۃ: میں نے اس سے کھل کر زور سے بات کی۔
اِنتَتَرَ الشیئُ: لازم نَتَرَہٗ۔

النَّترُ: یقال طعنٌ نَترٌ: گہرا لگا ہوا نیزے کا وار۔
النُّترُوجِینُ: ہوا کی ترکیب میں غالب عنصر جو کہ 4/5 ہے اس کے حجم کا (مُع)
نَتَشَ الشیئَ ۔ نَتشًا: کھینچ کر نکالنا۔
–الشوکۃَ بالمنتاش: زنبور سے کانٹا نکالنا۔
–الشَّعرَ: بال اکھاڑنا۔
یقال: مَا نَتَشَ منہ شیئًا: اس سے کچھ نہیں لیا۔
–اللحمَ ونحوہ: گوشت وغیرہ ہاتھ یا منہ سے نوچنا۔
یقال نَمَشَ یدَہ، یقال نَتَشَ فلانًا
نَتشًا: کسی کی غیبت کرنا۔ خفیہ طور پر برائی کرنا۔
–الشیئَ بِرِجلِہٖ: پیر سے ہٹانا۔
–الدَّابۃَ بالعصا: لاٹھی مارنا۔
اَنتَشَ الثوبُ: پرانا ہونا۔
–الحَبُّ: بیج کا تر ہوکر زمین میں جڑ پکڑنا۔
–النباتُ: نباتات کا زمین سے ذرا سا ابھرنا۔ ابتدائی طور پر اُگنا۔
المِنتَاشُ: زنبور۔ (۲) اُکھاڑنے کا آلہ۔
النَّتَّاشُ: نتش سے اسم مبالغہ۔
النَّتَشُ: ابتدائی روئیدگی۔
(۲) ناخن کی جڑ کی سفیدی۔
نَتَعَ السائلُ ۔ُ نَتعًا، نُتُوعًا: تھوڑا تھوڑا نکلنا۔
یقال: نَتَعَ الدَّمُ مِنَ الجُرحِ، العَرَقُ من الجسم هو ناتِعٌ ناتعٌ: بہت پسینہ آنا۔
–القَیئُ: قے کا نہ رکنا۔ مسلسل الٹیاں ہونا۔
نَتَغَ فلانًا ۔ نَتغًا: کسی کی بدگوئی کرنا۔ غلط بات کہنا۔
نَتَفَ الشَّعرَ والرِّیشَ ونحوَھما ۔ِ نَتفًا: بال اکھاڑنا۔ نوچنا۔
اَنتَفَ الکلأُ ونحوُہٗ: گھاس وغیرہ کا لمبا ہونا یا اکھیڑنے کے قابل ہوجانا۔
نَتَّفَ: مبالغہ در نَتَفَ۔
اِنتَتَفَ الشَّعرُ ونحوُہٗ: بال وغیرہ کا اکھڑ جانا۔
یقال: نَتَفَہ فَانتَتَفَ۔

–الشَّعرَ: نَتَفَہٗ۔
تَنَاتَفَ: اِنتَتَفَ۔
تَنَتَّفَ: اِنتَتَفَ۔
المِنتَافُ: اکھیڑنے کا اوزار۔
النُّتَافَۃُ: جھڑے ہوئے بال وغیرہ۔
النَّتَفُ: ناخن کے گرد اکھڑنے والی کھنڈ نما پپڑی۔
النُّتفَۃُ: اکھاڑا ہوا حصہ۔
یقال: نُتفَۃٌ من طعامٍ، نُتفَۃٌ من علمٍ: تھوڑا سا کھانا یا تھوڑا سا علم (ج) نُتَفٌ۔
النُّتَفَۃُ: ہر چیز کا تھوڑا تھوڑا حصہ لینے والا، مکمل نہ لینے والا۔
النَّتُوفُ: النَّاتِفُ (مذکر اور مؤنث دونوں)
النَّتِیفُ: اکھاڑا ہوا۔ المَنتُوفُ۔
نَتَقَ الحیوانُ ۔ُ نُتُوقًا: جانور کا بڑے پیٹ والا ہونا اور موٹا ہونا۔
–الأُنثی نَتقًا، نُتُوقًا: مادہ کا بہت بچوں والی ہونا۔
–الشیئَ ۔ُ نَتقًا: کسی چیز کو پھینکنے کے لئے اٹھانا۔
یقال: نتق الحجرَ۔
(۲) ہلانا اور جھٹکنا۔
یقال: نَتَقَ الوعاءَ لیخرج ما فیہ: برتن کو خالی کرنے کے لئے ہلانا اور جھٹکنا۔
نَتَقَتِ الدَّابۃُ راکِبَھا۔
یقال: نَتَقَ الزُّبدَ: دودھ بلو کر مکھن نکالنا۔
–الشیئَ: کسی چیز کو پھاڑنا۔
اَنتَقَ الرجلُ: کسی کا بہت بچے جننے والی عورت سے شادی کرنا۔
–الشیئُ ۔ نَتَقَہٗ۔
اِنتَتَقَ الشیئُ: جھٹکا کھانا۔
(۲) کھنچنا۔
المِنتَاقُ: بہت بچے جننے والی مادہ۔
المَنتَقُ: گھوڑے کے زانو کا باطنی حصہ۔
النِّتَاقُ: یقال دارہ نِتَاقُ داری: اس کا گھر میرے گھر کے سامنے ہے۔
نَتَلَ الرجُلُ من بین القوم ۔ِ نَتلًا، نُتُولًا:

Marfat.com

نَتَلاَنًا: اپنے لوگوں میں سے نکل کر آگے بڑھنا۔
-الشئَ ـُ نَتلاً: آگے کی طرف کھینچنا۔
-فلانًا: ڈانٹنا۔
-الوعاءَ ونحوه: برتن وغیرہ سے کوئی چیز نکالنا۔
اِنْتَتَلَ: آگے بڑھنا۔ سبقت لے جانا۔
یقال: اِنْتَتَلَ للأمر: تیار ہونا۔
تَنَاتَلَ النَّبتُ: گھنا ہونا۔
النَّتِیلَۃُ: وسیلہ۔
نَتِنَ ـَ نَتَنًا: بدبودار ہونا۔ هو نَتِنٌ۔
نَتُنَ الشئُ ـُ نَتَنًا' نتانۃً نَتَنَ
اَنْتَنَ نَتَنَ هو مُنْتِنٌ (ج) مَنَاتِینُ۔
نَتَّنَ الشئُ: نَتُنَ۔
-الشئَ: بدبودار کرنا۔
المَنْتَنُ: گلنے سڑنے کی جگہ (ج) مَناتِنُ۔
نَتَا الشئُ ـُ نُتُوًّا: بلند ہونا۔ نمایاں ہونا۔
هُوَ نَاتٍ: (دیکھئے نتا)
اَنْتَی فلانٌ فلانًا: کسی کے صورت و اخلاق میں مشابہ ہونا۔
تَنَتَّی علیه: کسی پر حملہ کرنا، جھپٹنا۔

ن ..... ث

نَثَّ ـِ نَثًّا' نَثِیثًا: ٹپکنا۔
یقال: نَثَّ الوعاءُ' نَثَّ العرق۔
-الخبرَ ـُ نَثًّا: خبر کا افشا کرنا۔ جبکہ حق اس کے چھپانے کا ہو۔
-فلانًا: غیبت کرنا۔
-الجرحَ: زخم پر تیل لگانا۔
تَنَاثَّ القومُ الاخبارَ: ایک دوسرے پر خبر کا انکشاف کرنا۔
المِنَثُّ: یقال فلان مِنَثٌّ: خبریں پھیلانے اور راز کھولنے کا عادی۔
المِنَثَّۃُ: تیل یا مرہم لگا روئی کا پھایا۔ جس کے ذریعے زخم کو تیل لگایا جاتا ہے۔ (ج) مَناثُّ۔
النِّثَاثُ: تیل جو زخم پر لگایا جائے۔
النَّثُّ: یقال شئٌ نَثٌّ: رِستی ہوئی تر چیز۔
النَّثِیثَۃُ: برتن وغیرہ سے ٹپکنے والا پانی۔

نَثَجَ الشئُ ـِ نَثْجًا: ڈھیلا ہونا۔
-مافی جوفه: پیٹ کی چیز نکالنا۔
-بطنَه: پیٹ پھاڑنا۔
اَنْتَثَجَ الشئُ: ڈھیلا ہونا۔
نَثَرَتِ الدَّابَّۃُ ـُ نثیرًا: چوپائے کو چھینک آنا۔
-الشئَ نَثْرًا' نِثارًا: بکھیرنا۔ پھیلانا۔
یقال: نَثَرَ الحبَّ: نثرت الشجرۃُ حملَها ۔
یقال: نَثَر الکلام: نثر کے قالب میں ڈھالنا۔
نثرت المرأۃُ بطنَها: بہت بچوں والی ہونا۔
-السرَّ: راز افشا کرنا۔
اَنْثَرَہٗ: ناک کے بل گرانا۔
نَاثَرَہٗ: نثر میں مقابلہ کرنا۔
یقال: ناثره الحبَّ۔
یقال رأیته یُنَاثِرُ الدُّرَّ: میں نے اسے بہترین کلام کرتے ہوئے دیکھا۔
نَثَّرَہٗ: نَثَرَہٗ۔
اِنْتَثَرَ: بکھرنا۔ متفرق ہونا۔
تَنَاثَرَ: اِنْتَثَرَ۔
تَنَثَّرَ: اِنْتَثَرَ۔
اِسْتَنْثَرَ: ناک میں پانی ڈال کر جھاڑنا تاکہ ناک میں موجود گندگی باہر نکل آئے۔
یقال: استنثر المُتَوَضِّئُ۔
المِنْثَارُ: اخبار و اسرار کا بہت افشا کرنے والا۔
(۲) وہ درخت جس پر پھل آتے ہی جھڑ جاتے ہوں۔
المُنَثَّرُ: یقال: رجلٌ مُنَثَّرٌ: بے فیض، کمزور آدمی۔
المَنْثُورُ: غیر موزوں اور غیر مقفی، کھلا کلام۔ خلاف المنظوم۔
(۲) فیصلیہ صلیبیہ کا ایک پھول جو عمدہ خوشبو والا ہوتا ہے۔ مصر میں بہت ہوتا ہے۔ واحدته: مَنْثُورَۃٌ۔
النَّاثِرُ: اچھی نثر لکھنے والا۔ نثرنگار۔
النِّثَارُ: پرمسرت تقریبات اور دعوتوں میں تقسیم کی جانے والی مٹھائی یا بکھیرنے کے پھول۔

یقال: ما اَصَبتُ من النِثارِ شیئًا۔
النُّثارُ' النُّثارَۃُ: کسی چیز کے بکھرے ہوئے ریزے۔
یقال: اِلتَقَطَ نُثار المائدۃ۔
النَّثْرُ: عمدہ کلام جو بغیر وزن اور بغیر قافیہ کے ہو۔ خلاف النظم۔
النَّثَرُ: جھلات میں تقسیم کی جانے والی مٹھائی یا پھول وغیرہ۔
النَّثِرُ: یقال رجلٌ نَثِرٌ: اخبار و اسرار کو بہت افشا کرنے والا۔
رَجُلٌ نَثِرٌ: غیر مستقل مزاج جو کسی ایک بات پر جمتا نہ ہو۔
النَّثْرَۃُ: ناک کا بانسا اور اس سے متصل جگہ۔
(۲) سرطان کی شکل کا ستاروں کا گچھا جو چاند کی آٹھویں منزل ہے۔
النَّثُورُ: یقال رجلٌ نَثُورٌ۔
- امرأۃٌ نَثُورٌ: بہت اولاد والی عورت اور مرد۔
النَّثِیرُ: المَنْثُورُ: بکھرا ہوا۔
یقال: کلامُه دُرٌّ نثیرٌ۔
-لِلدَّوابِّ: جانور کی چھینک۔
نَثَطَ النباتُ ـُ نَثْطًا' نُثوطًا: نباتات کا زمین کو پھاڑ کر نکلنا۔ ظاہر ہونا۔
النَّثْطُ: زمین کو پھاڑ کر نکلتے وقت کی روئیدگی۔
اَنْثَعَ الدَّمَ والقئَ: خون اور قے ساتھ ساتھ آنا۔
-فلانٌ: کسی کو بہت خون یا بہت قے آنا۔
نَثَلَ ذو الحافرِ ـُ نَثْلاً: کھر والے جانور کا لید کرنا۔
-الشئَ ـِ نَثْلاً: باہر نکالنا۔
یقال: نَثَلَ ما فی الحضرۃ: گڑھا خالی کرنا۔
نثل ما فی الکنانۃ: ترکش خالی کرنا۔
-اللحمَ فی القِدرِ: ہانڈی میں گوشت کی بوٹیاں ڈالنا۔
اَنْثَلَہٗ: نَثَلَہٗ۔
اِنْتَثَلَہٗ: نَثَلَہٗ۔
تَنَاثَلَ القومُ الی فلان: لوگوں کا ہر طرف سے آکر کسی کے گرد جمع ہونا۔

Marfat.com

اِسْتَنْثَلَ الشيَ: نَثَلَهُ۔
النُّثَالَةُ: نکلی ہوئی چیز۔
النَّثْلَةُ: مونچھوں کے درمیان گڑھا (۲) کشادہ زرہ۔
النَّثِيْلَةُ: النُّثَالَةُ (۲) بقیہ چربی (۲) فربہ گوشت۔
يقال ناقةٌ ذاتِ نَثِيْلَةٍ۔
نَثَا الحديثَ ـُ نَثْوًا: بات کو پھیلانا۔
ـفلانًا: کسی کی غیبت کرنا۔
نَاثَاهُ الحديثَ والخبرَ: کسی بات یا خبر پر کسی سے مذاکرہ کرنا۔
تَنَاثَوُا الأشياء: آپس میں چیزوں کا تذکرہ کرنا۔
ـالأخبار والأحاديث: خبروں اور باتوں کی اشاعت کرنا۔

ن ...... ج

نَجَأَ الشيَ ـُ نَجْأً، نَجَأَةً: کسی چیز کو گھور کر دیکھنا۔
(۲) کسی کو نظر لگانا۔
النَّجُوءُ: يقال هو نجوءُ العين: بڑا بدنگاہ، سخت نظر لگانے والا۔
نَجَبَ الشجرةَ ـُ نَجْبًا: درخت کی چھال اتارنا۔
نَجُبَ ـُ نَجَابَةً: اپنے جیسوں پر نفس و کمال میں فوقیت لے جانا۔
أَنْجَبَ: نَجُبَ۔
(۲) کسی کے ہاں شریف بچہ پیدا ہونا۔
يقال: أَنْجَبَ به والداه۔
يقال ايضًا: انجبه والده (مج)
ـمن الشجرة فَرْعًا: درخت سے شاخ کاٹنا۔
نَجَّبَ الشجرةَ: نَجَبَهَا۔
اِنْتَجَبَ الشيَ: منتخب کرنا۔ پسند کرنا۔
يقال: انتجب كتابًا، انتجب صديقًا۔
اِسْتَنْجَبَ: شریف اولاد چاہنا۔
(۲) شریف آدمی کا انتخاب کرنا۔
المِنْجَابُ: يقال: ورجل او امرأةٌ منجابٌ: شریف و نیک اولاد والے والدین۔
(۲) آگ کریدنے کی چھڑی۔
(۳) بے پھل اور بے پر تراشا ہوا تیر۔ (ج) مَنَاجِيْبُ۔
النَّجَابَةُ: خاندانی برتری و فضل، اپنے جیسوں پر ظہور فضل۔
النَّجِيْبُ: اپنی ذات اور اپنی نوع میں فاضل و ممتاز (ج) أَنْجَابٌ، نُجَبَاءُ، نُجُبٌ۔
النَّجِيْبَةُ: النَّجِيْبُ کا مؤنث۔
يقال: نَجَائِبُ الأبل: عمدہ اونٹ۔
نَجَائِب الأشياء: منتخب و عمدہ اشیاء۔
نَجَثَ عنهُ ـُ نَجْثًا: تلاش کرنا، کھود کرید کرنا۔
ـالشيَ: نکالنا۔
اِنْتَجَثَ الشيَ: نَجَثَهُ۔
تَنَاجَثَ القومُ: خبروں پر باہم تبصرہ کرنا۔
تَنَجَّثَ: مبالغہ در نَجَثَ۔
النُّجُثُ: زرہ۔
(۲) دل کا غلاف۔ (ج) أَنْجَاثٌ۔
النَّجَّاثُ: خبریں پھیلانے کیلئے ان کی جستجو میں لگا رہنے والا۔
النَّجِيْثُ: يقال: بَدَا نجيثُ القوم: لوگوں کے پوشیدہ معاملات کا پردہ فاش ہوگیا۔
امرٌ له نجيثٌ: بدانجام معاملہ۔ (۲) نشانہ۔
نَجَحَ فلانٌ ـَ نَجْحًا، نُجْحًا: کامیاب ہونا۔ مطلوبہ چیز پالینا۔
ـالأمرُ: کام کا آسان اور تکمیل کے قریب ہونا۔
أَنْجَحَ: کامیاب ہونا۔
يقال: أَنْجَحَتِ الحاجةُ: ضرورت پوری ہو گئی۔
أَنْجَحَ اللّٰهُ طِلْبَتَهُ: خدا کا کسی کو اپنے مقصد میں کامیاب کرانا۔
تَنَاجَحَتِ الأُمورُ: معاملات کا درست ہوتے چلے جانا۔
يقال: تَنَاجَحت احلامهُ: خوابوں کا پیہم آنا۔
تَنَجَّحَ الحاجةَ: ضرورت کی تکمیل چاہنا۔
اِسْتَنْجَحَهُ الحاجةَ: کسی سے ضرورت کو پورا کرنے کا تقاضا کرنا۔
النَّجَاحُ: کامیابی، مقصد، حصول کامیابی۔
النُّجْحُ: النَّجَاحُ۔
النَّجِيْحُ: يقال رأيٌ نجيحٌ: درست رائے۔
رجلٌ نجيحٌ: صابر و ثابت آدمی۔
نَجَخَ ـَ نَجْخًا، نَجِيْخًا: تیز اور طوفانی ہونا۔
يقال: نَجَخَ الموجُ۔
ـالسَّيْلُ: سیلاب کا تیز رو ہونا۔ جو ہر شے کو صاف کرتا جائے۔
ـفلانٌ: زکام یا کھانسی کی وجہ سے کسی کی آواز بھاری ہونا۔
ـالحيوانُ: جانور کا بدہضمی والا ہونا۔
ـالسِّقاءَ: مشکیزہ کو صاف کرنا۔
ـالبئرَ: کنواں کھودنا۔
اِنْتَجَخَ: تیز اور طوفانی ہونا۔
فلانٌ: نَجَخَ۔
تَنَاجَخَ السيلُ: سیلاب میں کھڑی چٹانوں کو ایک دوسرے سے الگ کردینے والا بھونچال آجانا۔
يقال: تَنَاجَخَ الرجلان: باہم فخر کرنا۔
النَّاجِخَةُ: يقال سيل ناجخٌ: پرزور اور سیلاب جو زمین کو کھود ڈالے۔
(۲) ساحل سے پانی کے گرنے کی آواز۔
يقال: سمعت ناخج البحر۔
النَّاجِخَةُ ساحل میں پانی کے ٹکرانے کی آواز۔
النُّجَاخُ: کھانسنے والی کی سخت آواز۔
النَّجِخُ من الحيوان: بدہضمی والا جانور۔
يقال: بعير نجخٌ۔
النَّجِيْخَةُ: ساحل سمندر کے کناروں پر پانی کا تھپیڑا۔ (ج) نَجَخَات۔
نَجَخَاتُ الماءِ: پانی کے تھپیڑے۔
النَّجُوْخُ: يقال: بحر نَجُوْخٌ: ٹھاٹھیں مارتا ہوا تلاطم خیز سمندر۔
نَجَدَ الشيُ ـُ نُجُوْدًا: بلند ہوا۔
ـالأمرُ: واضح ہونا۔

Marfat.com

يقال: نَجَدَ الطريقَ۔
-فلانًا نَجْدًا: مدد کرنا۔
العدوَّ: دشمن پر غالب ہونا۔
-الامرُ فلانًا: کسی بات کا کسی کو بے چین کرنا۔
نَجِدَ العَرَقُ۔ نَجَدًا: پسینہ بہنا۔
-الرجلُ: غم یا کام کی وجہ سے پسینہ آنا۔
نَجُدَ۔ نَجْدَةً نجادةً: بہادر ہونا۔ ھو نَجِدٌ، نَجُدٌ نَجِيدٌ۔
-الامرُ نُجُوْدًا: واضح ہونا۔ ھو نَاجِدٌ، نَجْدٌ۔
اَنْجَدَ: بلند ہونا۔
(۲) نجد میں آنا۔
-فلانًا: مدد کرنا۔
يقال: اَنْجَدَهٗ عليه۔
-الدعوةَ: دعوت قبول کرنا۔
نَاجَدَهٗ: مدد کرنا۔
(۲) لڑائی کے لئے کسی سے مقابلہ کرنا۔
نَجَّدَ البيتَ: مکان کو فرنیچر اور پردوں وغیرہ سے سجانا۔
-الوسائدَ ونحوَھا: تکیوں وغیرہ کی سلائی کر کے ٹھیک کرنا۔
يقال: نَجَّدَه الدھرُ: زمانہ کا کسی کو آزمودہ و تجربہ کار بنانا۔
تَنَجَّدَ الشيئُ: بلند ہونا۔
اِسْتَنْجَدَ: کمزوری کے بعد طاقتور ہونا۔
يقال: کان جَبَانًا فَاسْتَنْجَدَ۔
يقال: اسْتَنْجَدَ علی فلان: کسی کے سامنے ڈٹ جانا۔ اس سے ڈرنے کے بعد جرأت دکھانے کے قابل ہو جانا۔
-فلانًا وبه: کسی سے مدد چاہنا۔ فریاد کرنا۔
يقال: استجدنی فانجدتهٗ۔
المُنَاجِدُ: معین و مددگار۔
(۲) جنگجو۔
المِنْجَادُ: يقال: رجلٌ مِنْجَادٌ: امداد کے لئے جلد آگے بڑھنے والا۔
(۲) نجد بکثرت آنے جانے والا۔

(ج) مَنَاجِدُ مناجید۔
المُنَجِّدُ: پردوں اور فرنیچر وغیرہ سے گھروں کو سجانے والا اور تکیوں وغیرہ کو درست کر کے سلائی کرنے والا۔
المِنْجَدَةُ: روئی وغیرہ دھننے کی لکڑی۔
(۲) جانوروں کو ہانکنے کا ڈنڈا۔
(ج) مَنَاجِدُ۔
المَنْجُوْدُ: غم زدہ، پریشان۔
(۲) مدد کیا جانے والا۔
النَّاجُوْدُ: شراب۔
(۲) شراب صاف کرنے کا برتن۔
(۳) زعفران (۴) خون۔
(ج) نَوَاجِيدُ۔
النِّجَادُ: تلوار کا پرتلا۔
يقال: ھو طويل النجاد: دراز قد۔
النِّجَادَةُ: زیبائش کاری کا پیشہ۔
(۲) نوجوانوں کا رضاکارانہ نظام۔ جیسے نظام الفتوة۔ (محدثة)
النَّجَّادُ: المُنَجِّدُ۔
النَّجْدُ: بلند و سخت جگہ۔
(ج) نُجُوْدٌ نِجَادٌ اَنْجُدٌ۔
يقال: ھو طَلَّاعُ اَنْجُدٍ: مشکلات سے نہ گھبرانے والا، باہمت و بلند مقاصد انسان۔
(۲) گھر کا سامان۔ فرش۔ پردے۔ تکیے۔
(ج) نُجُوْدٌ نِجَادٌ۔
نَجْدٌ: حجاز اور عراق کے درمیان جزیرہ عرب کا علاقہ۔ جس کی آب و ہوا اور شادابی کی اکثر شعرائے عرب نے تعریف کی ہے۔
النَّجَدُ: پسینہ (۲) گھر کا زیبائشی سامان جیسے پردے فرش وغیرہ۔
(ج) اَنْجَادٌ۔
النَّجِدُ: يقال: رجل نَجِدٌ: باہمت آدمی جو ہر کام کر گزرنے کی ہمت رکھتا ہو۔ (ج) اَنْجَادٌ۔
النَّجْدَةُ: جنگ میں بہادری۔
(۲) جلد بہ امداد، سریع الحرکت امداد۔
شرطة النجدة: ایک پولیس ٹیم جو سریع الحرکت ہوتی ہے۔ وائرلیس سسٹم سے لیس عوام کی بہتری انتہائی سے تیزی کو پہنچنے والی۔ (محدثة)
(۳) خوف او گھبراہٹ۔ سختی (ج) نَجَدَات۔
النَّجُوْدُ: يقال: امراة نجودٌ: شریف اور دانشمند خاتون۔
نَاقَةٌ نجودٌ: لمبی اور بلند گردن والی اونٹنی (ج) نُجُدٌ۔
النَّجِيدُ: شیر۔ (۲) ہر کام کر گزرنے کی ہمت رکھنے والا بہادر۔
(۲) مغموم و پریشان آدمی۔
(ج) نُجُدٌ۔ نُجَدَاءُ۔
نَجَذَهٗ۔ نَجْذًا: دانتوں سے کاٹنا۔
(۲) کسی بات پر قائم رہنا۔
نَجَّذَهٗ: نَجَذَه۔
يقال: نَجَّذَته التجاربُ: تجربات نے اسے پختہ کار بنا دیا۔
تَنَاجَذَ القومُ علی کذا: کسی بات پر کسی جماعت کا قائم رہنا۔
الاَنْجُذَانُ: فصیلہ خیمات کا ایک پودا۔ اس کے گوند کو الحِلْتِيتُ کہتے ہیں۔
المُنَجَّذُ: يقال: رجلٌ مُنَجَّذٌ: تجربہ کار آدمی۔
النَّاجِذُ: داڑھ۔
(ج) نَوَاجِذُ۔
يقال: ضَحِكَ حتی بَدَتْ نواجذه: بہت زیادہ ہنسنا۔
عَضَّ علی ناجِذِه: مشکلات پر صبر کرنا۔ یا بالغ و پختہ کار ہو جانا۔
عَضَّ في الأمر بناجذه: کسی کام کو پختہ و مستحکم کرنا۔
عَضَّ علی الشيئ بناجِذِه: کسی چیز کی حفاظت کرنا۔
النَّجْذُ: سخت کلام۔
نَجَرَ فلانٌ۔ نَجْرًا: نجیرة تیار کرنا۔
-اليومُ: دن کا گرم ہونا۔
-الخشبَ: لکڑی کو چھیلنا۔ ہموار کرنا۔ کوئی

Marfat.com

شکل دینا۔
–الماءَ: گرم پتھر سے پانی گرم کرنا۔
نَجِرَ– نَجَرًا: سخت پیاسا ہونا۔
نجر بیماری لگنا۔ هو نَجْرَان' هي نَجْرَى
(ج) نَجَارَى۔
اَنْجَرَ: گرمی کے مہینوں میں داخل ہونا۔
–فلانًا: کسی کو نجیرہ پیش کرنا۔
نَجَّرَ الکلامَ: کوئی بات کہنا۔
الاَنْجَرُ: دیکھئے باب الغمرة۔
المَنْجَرُ: بڑھئی کے کام کی جگہ۔
المِنْجَرُ: بڑھئی کا رندہ۔ لکڑی چھیل کر برابر کرنے کا آلہ۔
(۲) اونٹوں کو بہت سخت ہانکنے والا۔
یقال: رجلٌ مِنْجَرٌ۔
المِنْجَرَةُ: گرم پتھر جس سے پانی گرم کیا جائے۔
المَنْجُورُ: ڈول کھینچنے کی بڑی چرخی۔
النَّاجِرُ: سخت گرمی کا ہر مہینہ۔
(۲) زمانہ جاہلیت میں ماہ رجب اور صفر دونوں کو ناجر بتایا جاتا تھا کیونکہ یہ دونوں گرمی کے مہینے ہوتے تھے۔ اس وقت توقیت شمسی تھی۔
النِّجَارُ: حسب نسب اصل۔
النُّجَارَةُ: لکڑی کو چھیلتے وقت اس کے گرنے والے ریزے۔
النِّجَارَةُ: بڑھئی کا پیشہ۔
النَّجَّارُ: بڑھئی۔
النَّجْرَانُ: لکڑی جس پر دروازہ گھومتا ہے۔ (۲) پیاسا۔
النَّجْرُ: (۲) اصل (۳) گرمی۔
النَّجَرُ: زیادہ کھانے یا بدہضمی سے انسان کو اور حیوان کو لگنے والی سخت پیاس۔
النَّجِيرَةُ: لکڑی کی چھت جس سے کوئی دوسری چھت نہ ملی ہوئی ہو۔
(۲) گرم پتھر سے کیا ہوا گرم پانی۔
(۳) دودھ آٹے اور گھی سے تیار کردہ کھانا۔
نَجَزَ الشیُٔ– نَجْزًا: مکمل اور پورا ہونا۔
یقال: نَجَزَ العملُ' نجزت الحاجةُ۔

–الشیٔ: مکمل اور پورا کرنا۔
یقال: نَجَزَ العملَ' نَجَزَ الحاجةَ۔
–بہ جلدی سے انجام دینا۔
نَجِزَ الشیُٔ– نَجَزًا: پورا ہونا۔ ختم ہونا۔
یقال: نَجِزَ الکتابُ' نجِزَتِ الحاجةُ'
نَجِزَ الوَعْدُ۔
–الکلامُ بات منقطع ہوجانا۔
اَنْجَزَ الشیَٔ: پورا کرنا۔ پایۂ تکمیل کو پہنچانا۔
ضرب المثل ہے۔
اَنْجِزْ حُرٌّ مَا وَعَدَ: وعدہ وفائی اور وعدہ پورا کرنے کی طلب میں کہی جاتی ہے۔
یقال: اَنْجَزَ علی القتیل: مضروب پر آخری ضرب لگانا۔ کام تمام کرنا۔
نَاجَزَهُ الشیَٔ: کسی سے پہلے کوئی چیز عجلت سے کرنا۔
یقال: نَاجَزَهُ الحربَ و نحوَها: لڑائی میں مقابلہ کرنا۔
نَجَّزَ الشیَٔ: مبالغہ در نَجَزَهٗ۔
تَنَاجَزَ القومُ: باہم لڑنا اور ایک دوسرے کا خون بہانا۔
تَنَجَّزَ الشیَٔ: پورا کرنا۔
یقال: تَنَجَّزَ الحاجةَ' تَنَجَّزَ الوعدَ۔
–الشرابَ: پینے کا عادی بن جانا۔
اِسْتَنْجَزَ الشیَٔ: تَنَجَّزَهٗ۔
النَّاجِزُ: حاضر و موجود۔
یقال: بعتُه ناجزًا بناجزٍ: میں نے حاضر مال نقد قیمت سے فروخت کیا۔
یقال: لا یباع غائبٌ بناجزٍ: غیر موجود مبیع کی بیع نقد قیمت سے نہیں کی جاتی۔
وعدٌ ناجزٌ: پورا کیا ہوا وعدہ۔
النَّجْزُ: یقال: اَنْتَ علی نَجْزِ حاجتك: تو اپنی ضرورت پوری کرنے کے قریب ہے۔
النُّجْزُ: النَّجْزُ۔
النَّجِيزُ: یقال: وعدٌ نَجِیزٌ: پورا کیا ہوا وعدہ۔
النَّجِيزَةُ: یقال: لَأُنْجِزَنَّكَ نَجِيزَتَكَ: میں تم کو پورا بدلہ دوں گا۔

نَجِسَ الشیُٔ– نَجَسًا: گندا ہونا۔
(شریعت کی اصطلاح میں) ناپاک ہونا۔
یقال: نَجِسَ الثوبُ۔
یقال: نَجِسَ فلانٌ: بد باطن اور بد خلق ہونا۔
نَجُسَ– نَجَاسَةً' نَجِسَ۔
اَنْجَسَهٗ: ناپاک کرنا۔ گندا کرنا۔
نَجَّسَهٗ: اَنْجَسَهٗ۔
(۲) نجاست دور کرنا۔
یقال: نَجَّسَ الصَّبِیَّ: بچے کے گلے میں نظر بد اور شیطان سے حفاظت کا تعویذ ڈالنا۔ زمانہ جاہلیت میں ایسا زعم کیا جاتا تھا۔
تَنَجَّسَ الشیُٔ: ناپاک ہوجانا۔
(۲) گندگی میں آلودہ ہوجانا۔
–فلانٌ: گندگی اور مقامات گندگی سے دور رہنا۔ بچنا۔
النَّاجِسُ: گندا۔ ناپاک۔
یقال: داءٌ ناجسٌ: لاعلاج گندی بیماری۔
النَّجَاسَةُ: گندگی۔
(۲) (شریعت کی اصطلاح میں) وہ مقدار معین جس کی جنس مانع صلاۃ ہو جیسے پیشاب' خون اور شراب وغیرہ
النَّجَسُ: النَّجَاسَةُ۔
یقال: فلانٌ نَجَسٌ: فلاں گندہ و بدکار ہے۔
هم نَجَسٌ ایضًا۔
قرآن کریم میں ہے:
اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ (ج) اَنْجَاسٌ۔
النَّجِسُ: یقال: فلان نَجِسُ السَّرَاویل: فلاں پاک دامن نہیں ہے۔
داءٌ نَجِسٌ: لاعلاج گندی بیماری۔
(ج) اَنْجَاسٌ۔
النَّجِيسُ: بہت گندا اور ناپاک۔
نَجَشَ الشیَٔ النَّجِیَّ– نَجْشًا: چھپی ہوئی چیز کرید کر نکالنا۔
یقال: نَجَشَ الصَّیدَ' نَجَسَ الحدیثَ بات پھیلانا۔ شکار کو باہر نکالنا۔
نَجَشَ الدَّابَّةَ: جانور کو پوری طاقت سے دوڑانا۔

Marfat.com

—فلانٌ فی البیع ونحوہ: بیع وغیرہ کی بولی میں بائع کی ہمدردی اور خریداری کی ترغیب کے لئے قیمت بڑھانا یا مہر کی قیمت بڑھانا اسے مُزَایَدَۃ کہتے ہیں۔ یہ شرعاً مکروہ ہے۔
—النَّارَ: آگ جلانا۔
تَنَاجَشَ القومُ فی البیع ونحوہ: بیع وغیرہ میں لوگوں کا بڑھ چڑھ کر بولی بولنا اور اشیاء کی قدر و قیمت بتلانے میں مبالغہ وفریب سے کام لینا۔
استَنْجَشَ الشیٔ: نَجَشَہٗ۔
المِنْجَاشُ: بڑا عیب جو۔
(۲) دو کھالوں کے جوڑ کی سلائی کا باریک تسمہ المِنْجَشُ: المِنْجَاشُ۔
المَنْجُوْشُ: یقال: قولٌ مَنْجُوْشٌ: گھڑی ہوئی بے بنیاد بات۔
النَّاجِشُ: شکار کو بچا کر سامنے لانے والا۔
النِّجَاشُ: دو کھالوں کو ملا کر سینے کا باریک تسمہ۔
النَّجَاشِیُّ: شاہ حبشہ کا لقب۔
النَّجَّاشُ: رجلٌ نَجَّاشٌ: معاملات کی تہہ تک پہنچنے اور پوشیدہ احوال کو جاننے کی قدرت رکھنے والا۔
النَّجُوْشُ: المِنْجَاشُ۔
نَجَعَ الشیٔ ـَ نُجوعًا: فائدہ مند ہونا۔ نفع دینا۔
یقال: نَجَعَ الدوائ فی العلیل، نَجَعَ العَلَفَ فِی الدابۃ۔
یقال: نَجَعَ القول فی سامِعِہٖ والعقابُ فی المذنِب سننے والے پر بات کا اثر اور سزا کا مجرم پر اثر ہوا۔
—الکلأ نَجعًا، نُجُوْعًا گھاس کو اس کی جگہ میں تلاش کرنا۔
—المکانَ کسی جگہ آنا اور قیام کرنا۔
یقال: نَجَعَ الصبیُّ اللَّبَنَ بچہ کو دودھ کی خوراک دینا۔
ھذا طعام یَنْجَعُ بہ وعنہ: یہ مفید اور نفع بخش کھانا ہے۔ موٹا کرنے والا۔
نَجِعَ ـَ نَجعًا گھاس یا چراگاہ کی تلاش میں ہونا۔
اَنْجَعَ الشیٔ: نَجَعَ۔
—الرَّجلُ: کامیاب ہونا۔
نَجَّعَ الشیٔ: نَجَعَ۔
اِنْتَجَعَ القومُ: گھاس کی تلاش میں جانا۔
—الکلأ: نَجَعَہٗ۔
یقال: انتجع فلانًا: کسی کے پاس مالی تعاون کے لئے جانا۔
تَنَجَّعَ فلانٌ بالدم: خون میں لتھڑنا۔
—الکلأ: نَجَعَہٗ۔
—الاَرضَ: زمین پر قیام کرنے کے لئے چراگاہیں تلاش کرنا۔
—فلانًا: کسی سے بخشش چاہنا۔
استَنْجَعَ بالشیٔ: نفع حاصل کرنا۔
—المکانَ او الکلأ: نَجَعَھَا۔
المَنْجَعُ: چراگاہ، سبزہ اور پانی والی جگہ۔
یقال: فلانٌ مَنْجَعُ الطّالبین: فلاں طلب گاروں کے لئے مرجع اور مددگار ہے۔
(ج) مَنَاجِعُ۔
النَّاجِعُ: یقال، طعام ناجِعٌ: مفید و مزیدار کھانا۔
دراءٌ ناجعٌ: مؤثر دوا۔
النُّجْعُ: قبیلہ کی چراگاہ۔ (ج) نُجُوْعٌ۔
النُّجْعَۃُ: گھاس اور بارش کے مقامات کی تلاش۔
(۲) ہمدرد کے پاس ہمدردی کے لئے آنا۔
یقال: ھو نُجْعَتِیْ: وہ میری امیدوں کا مرکز ہے۔
ھذہ لیست بدارِ نُجْعَۃ: یہ گھر منتقلی کے قابل نہیں۔
النَّجُوْعُ بدن کے لئے مفید کھانے پینے کی چیزیں۔
یقال: ماءٌ نجوعٌ خوش گوار پانی۔
اللبنُ نجوع الصَّبِیِّ دودھ بچہ کی عمدہ خوراک ہے۔
النَّجِیْعُ: النَّجُوْعُ۔
(۲) اندرونِ جسم کا خون۔
یقال: طَعْنَۃٌ تمجُّ النَّجِیْعَ: نیزے کی ضرب کاری جو اندر کا خون نکال دے۔
نَجَفَ الشیٔ ـُ نَجْفًا: کسی چیز کو کھود کر اسے کشادہ کرنا۔
یقال: نجفَ البئرَ، نَجَفَ الاناءَ، نجفَتِ الریحُ الصُّخُوْرَ۔
(۲) چوڑا کرنا۔
یقال: نجف نَصْلَ السَّھْمِ۔
—الشیٔ: کاٹنا۔
یقال: نَجف الشجرۃَ من اصلھا۔
یقال: نَجَفَ العنزَ: بکری کے تھن کو باندھنا تاکہ اس کا دودھ بند ہو جائے۔
—الشیٔ: کسی چیز کو پورا نکال لینا۔
یقال: نَجَفَ مافی الضَّرْعِ۔
اَنْجَفَ الشاۃَ: بکری کے تھن پر بندھن باندھنا۔
نَجَّفَ: مبالغہ در نَجَفَ۔
والشیٔ: بلند کرنا۔
یقال: نَجَّفَ لہ من الشیٔ: کسی کے لئے کسی چیز کا کچھ حصہ الگ کرنا۔
اِنْتَجَفَ الشیٔ: پورا نکال لینا۔
یقال: اِنْتَجَفَ ما فی الضَّرْعِ۔
یقال: انتجفت الرِّیحُ السحابَ: ہوا کا بادلوں کو پانی سے خالی کر دینا۔
استَنْجَفَ الشیٔ: اِنْتَجَفَہٗ۔
المِنْجَافُ: کشتی کا بادبان۔
المَنْجُوْفُ: یقال: رجلٌ مَنْجُوْفٌ: بزدل۔
النِّجَافُ: سامنے کی طرف ابھرا ہوا حصہ۔
یقال: نجاف الغار، نِجافُ البَابِ: نجاف الباب۔
(۲) دودھ روکنے کے لئے بکری کا تھن باندھنے کا بندھن۔
(۳) پہاڑ کی گھاٹیاں جن سے پانی بہتا ہے۔
قالوا: اصابنا مطرٌ اَسال النِّجافَ۔
النَّجَفُ: ٹیلہ (ج) نِجَافٌ۔
النَّجَفَۃُ: وادی میں لمبا ٹیلہ جس پر پانی نہ چڑھتا ہو۔

Marfat.com

(۲) قندیلوں یا بجلی کے بلبوں کا مجموعہ جو مختلف شکلوں ننگ وضع اور خوب روشنی کرنے والا ہوتا ہے۔ (مو)
ثریا سماء سے مشابہت کی بناء پر اسے ثریا کہا جاتا ہے۔
—من الكثيب: ریت کے ٹیلہ کا بغلی حصہ جسے ہوائیں کھوکھلا کر دیتی ہیں۔
(ج) نَجَفٌ، نِجَافٌ۔
النُّجْفَةُ: کسی چیز کی تھوڑی مقدار۔
يقال: اَعْطه نُجفةً من اللبن۔
النَّجُوفُ: مبالغہ در النَّاجِفُ۔
النَّجِيفُ: النَّجُوفُ۔
(۲) چوڑے پھل کا نیزہ (ج) نُجُفٌ۔
نَجَلَ الحيوانُ ـُ نَجْلاً: تیز چلنا۔
—الأرضَ: زمین کا سرسبز ہونا اور نجیل اگانا۔
—الولدَ: باپ کی اولاد ہونا۔ باپ کا اولاد جننا۔
يقال نَجَلَ به۔
—الأرضَ للزراعة: زمین کو کاشت کے لئے جوتنا۔
—المرعى: درانتی سے چراگاہ کی گھاس کاٹنا۔
—عدوَّهُ بالرُّمح: دشمن کو نیزہ مارنا۔
يقال: فلان يَنْجُلُ الناسَ: لوگوں کی غیبت و برائی کرنے والا۔
—الرَّجُلُ: ٹھوکر مار کر لڑھکا دینا۔
نَجِلَ ـَ نَجَلاً: بڑی اور خوبصورت آنکھوں والا ہونا۔
الشَّجَّةُ: زخم کا بڑا ہونا۔ هو أَنْجَلُ۔
مومنین صالحین کے بارے میں ارشاد خداوندی ہے۔
کَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلاً۔
(۳) ہوٹل (مو)
(۴) عطا بخشش۔
(۵) برکت۔ (ج) أَنْزَالٌ۔
النَّزْلَةُ: ناک اور ہوا کی نالیوں میں جلن' اس کا اطلاق مرض کی صحت پر اچانک آمد سے پیدا ہونے والی صورتحال پر ہوتا ہے۔ یقال: أرضٌ نَزِلَةٌ: عمدہ کھیتی والی زمین۔
یقال: ارض نَزِلَةٌ: عمدہ کھیتی والی زمین۔
(ج) نَزْلَاءُ۔
یقال: ترکت القومَ علی نَزَلَاتهم لوگوں کو میں نے اچھے حال میں چھوڑا۔
النُّزْلَةُ: احباب کے لئے تیار کیا ہوا پیٹ بھر کھانا۔
یقال: کان الیومَ علی فلان نُزْلَتُنَاه اکلنا

Marfat.com

عند نزلتنا۔
النزیلُ: مہمان۔
(۱) منزل یا وطن میں شریک۔
یقال: فلان نزیلی: فلاں مکان میں میرے ساتھ رہتا ہے۔ (ج) نُزلاءُ۔
یقال: طعامٌ نزیلٌ: برکت والا کھانا۔
ثوبٌ نزیلٌ: کامل کپڑا۔
نزنز: سر ہلانا۔
—المکانُ: جگہ میں پانی کا نکلتے رہنا۔
—الأُمُّ صَبِیَّهَا: ماں کا بچہ کو ہاتھوں پر نچانا۔
نزہَ الدوابَّ- نَزْهًا: چوپائے کو پانی سے دور کرنا۔
نزِہَ المکانُ- نَزَاهَةً، نَزَاهِیَةً: جگہ کا فضائی آلودگیوں سے دور اور صاف ستھرا ہونا۔
—فلانٌ: ہر ناپسندیدہ چیز سے دور ہونا۔ بے داغ ہونا۔
—الارضُ: زمین کا سبزہ پوش ہونا۔
هو نَزِهٌ، نَزِیهٌ، هی نَزِهَةٌ، نَزِیهَةٌ۔
نَزَّهَهُ عن الشیء: دور کرنا۔
یقال: نَزَّه نفسَه عن الأقذار
تَنَزَّهَ عن الشیء: دور ہونا۔ محفوظ ہونا۔
یقال: هو یَتَنَزَّهُ عن الأقذار۔ یَتَنَزَّه عن الرذائل۔
—فلانٌ: تفریح کے لئے نکلنا۔
استنزہ عن الشیء: تنزّہ عنہ: (۲) سیر و تفریح کی خواہش کرنا۔
المُتَنَزَّهُ: تفریح گاہ۔
المُتَنَزِّهُ: المتنزَّہ۔
المُنتزَہُ: دور دراز جگہ۔ (ج) مَنَازِہُ۔
النَّازِهُ: یقال: فلان نَازِهُ النَّفس: بلند کردار پاکیزہ نفس۔ (ج) نُزَّاهٌ۔
النَّزَاهَةُ: برائی سے دوری۔ نفسانی خواہشات کا ترک۔
النَّزْهُ: یقال: هو نَزْهُ الخُلُق: پاکیزہ اخلاق آدمی۔ (ج) نِزَاهٌ۔
النَّزِهُ: یقال رجلٌ نزِهُ الخلق: پاکیزہ اخلاق آدمی۔

النُّزْهَةُ: تفریح (۲) دور جگہ۔
(ج) نُزَہٌ۔
یقال: هو بنُزْهَةٍ عن کذا او منه: فلاں چیز سے دور اور بری ہے۔
النُّزَهِیُّ: یقال رجلٌ نُزَهِیٌّ: تفریح باز۔ تفریح کا بہت زیادہ عادی (مو)
نزا الفحلُ- نَزْوًا، نُزُوًّا، نَزَوَانًا: نر چوپائے کا مادہ پر چڑھنا۔ جفتی کرنا۔
یقال مزجَ الخمرَ فنَزَتْ فقاقیعُها: شراب کے بلبلے اٹھنا۔
یقال: نزا به قلبُه الی الشیء: کسی چیز کی طرف مائل ہونا۔ دل آنا۔
نزا به الشرُّ: کسی کا شرارت پر آمادہ ہونا۔
أنْزَاه: نر کو مادہ پر چڑھانا۔
نَزَّاهُ: أنْزَاهُ۔
تَنَزَّی الیه: کسی کی طرف لپکنا۔ چھلانگ لگانا۔
اِنْتَزَی علی الشیء: نزا علیه
یقال: انتزی علی ارضی فاخذها: غاصبانہ قبضہ کرنا۔
النَّازِیَةُ: تیزی اور پھرتی۔
یقال: بقلبه نازیةٌ۔
(۲) غلطی۔ لغزش۔
یقال: صَدَرَتْ عنه نازیةٌ۔
یقال: اکمةٌ نازیةٌ: چہار جانب سے اونچا ٹیلہ
(ج) نَوَازٍ۔
نَوَازِی الخمر: شراب میں پانی ملاتے وقت اٹھنے والے بلبلے۔
النَّازِیَّةُ: ہٹلر کا فسطائیت سے مشابہ نظام حکومت جس کے ذریعہ وہ جرمنی پر ۱۹۳۳ء میں برسر اقتدار ہوا۔
اس کے معنی قومی اشتراکیت کے ہیں۔
النَّزَّاءُ: صیغہ مبالغہ سے نَزَا۔
یقال: اِنَّهُ لنَزَّاءٌ الی الشرِّ: وہ بڑا ہی فسادی ہے۔
النَّزَوَانُ: تیزی۔ جوش۔
یقال: به نَزَوَانٌ۔
النَّزِیُّ: النَّزَّاءُ۔

النَّزِیَّةُ: اچانک پیش آنے والی بارش یا کوئی بات یا شوق۔

ن ...... س

نَسَأَتِ الماشیةُ- نَسْئًا، مَنْسَأَةً: مویشی کا موٹا ہونا یا موٹا پا ظاہر ہونا۔
—الشیءَ او الأمرَ: موخر کرنا۔
یقال: نَسَأَ الدَّیْنَ، نَسَأَ البیعَ، نَسَأَ الابلَ عن الحوضِ، نَسَأَ اللّٰهُ اجلَهُ۔
یقال: نَسَأَ اللّٰهُ فی أجله۔
—الدَّابَّةَ بالمِنْسَأَةِ: چوپائے کو لاٹھی مارنا۔
—اللَّبَنَ: دودھ کو بڑھانے یا اس کی ترشی دور کرنے کے لئے پانی ملانا۔
—فلانًا: کسی کو تیز شراب پلانا۔
هو ناسِئٌ (ج) نَسَأَةٌ۔
نُسِئَتِ المرأةُ نَسْئًا: عورت کے حیض کا مقرر وقت پر نہ آنے سے حمل کا گمان ہونا۔ هی نَسْءٌ: (نون کے تینوں اعراب کے ساتھ) نُسُوءٌ (ج) نِساءٌ۔
أَنْسَأَ عنه: دور ہونا۔ پیچھے ہونا۔
—الشیءَ: نَسَأَهُ۔
یقال: أنسأَ فیه۔
نَاسَأَهُ: دور کرنا۔ (غیر مہموز استعمال ہوتا ہے حالانکہ اصل میں مہموز ہے)
نَسَّأَ الدابَّةَ فی السیر: مبالغہ در نَسَأَهَا۔
اِنْتَسَأَ: دور ہونا۔ پیچھے ہونا۔
یقال: اِنْتَسَأَ عن فلان۔
اِنَّ لی عنه لمُنْتَسَأً: میرے لئے اس سے الگ ہونے کی گنجائش یا امکان و موقع ہے۔
استنسأهُ: کسی سے مہلت چاہنا۔
یقال: استنسأ غریمَهُ، استنساهُ الدَّیْنَ۔
المِنْسَأَةُ: چرواہے کی سخت لاٹھی۔
قرآن حکیم میں ہے:
مَا دَلَّهُمْ عَلٰی مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ تَأْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ۔
النَّسَاءُ: تاخیر۔
النَّسْءُ: بدمست کرنے والی تیز شراب۔
(۲) بہت پانی ملا پتلا دودھ۔

Marfat.com

(۳) موٹاپا۔
النَّسِیءُ: گھل مل کر رہنے والا۔
یقال: ہو نِسْءُ نِساءٍ۔
النُّسَأَۃُ: تاخیر یقال: باعہ بنسأۃ وہ دودھ جو زیادہ وقت رکھنے سے ترش ہو گیا ہو اور اس میں پانی ملا دیا گیا ہو۔
النَّسِیُّ: تاخیر۔
(۲) زمانہ جاہلیت میں ماہ محرم کی حرمت ماہ صفر تک بڑھانا۔
قرآن حکیم میں ہے
اِنَّمَا النَّسِیُّ زِیَادَۃٌ فِی الْکُفْرِ۔
(۳) بہت پانی ملا پتلا دودھ۔
النَّسِیئَۃُ: یقال: باعہ بِنَسِیئَۃٍ: اس کو دیر سے بیچا۔
(۲) مہلت دیا ہوا قرض۔
بالنسیئۃ: ربا الفضل کا الٹ۔
مدت معینہ کے لئے کوئی چیز ادھار فروخت کرنا تاکہ مبیع اور قیمت کو قبضہ میں نہ لیا جائے خواہ تاخیر پر کوئی اضافہ نہ کیا جائے۔
نَسَبَ الشاعرُ بفلانۃٍ۔ نَسِیْبًا مَنْسِبًا شاعر کا اپنے اشعار میں عورت کے ساتھ رہنے عشق و محبت کا اشارۃً بیان کرنا۔
-الشیءَ نَسَبًا نِسْبَۃً: وصف بیان کرنا۔
اصل نسب بیان کرنا۔
-فلانًا: کسی سے نسب معلوم کرنا۔
-الشیءَ الی فلان: کسی کی طرف کوئی چیز منسوب کرنا۔
اَنْسَبَتِ الرِّیحُ: ہوا کا تیز ہو کر مٹی اور سنگریزے اڑانا۔
نَاسَبَ فلانًا: کسی کا ہم نسب ہونا۔
یقال: بینہما مُنَاسَبَۃٌ۔
یقال: نَاسَبَ الأمرُ: اَوِ الشیءُ فلانًا: کوئی بات یا چیز کا مزاج کے موافق ہونا۔
اِنْتَسَبَ: نسب بیان کرنا۔
یقال: نَسَبَنی فانتسبت لہ۔
-الی فلان: کسی کی طرف منسوب ہونا۔
تَنَاسَبَ الشیئان: دو چیزوں کا مشابہ ہونا۔

-القومُ اِلی اَحْسابِہم: لوگوں کا اپنے اپنے خاندانی نسب و حسب میں منسوب ہونا۔
تَنَسَّبَ الی کذا: کسی سے اپنے نسب و قرابت کا دعویٰ کرنا۔
اِسْتَنْسَبَ فلانًا: کسی سے اس کا نسب معلوم کرنا۔
التَّنَاسُبُ: مطابقت۔ ربط تعلق۔
(۲) (ریاضی میں) دو نسبتوں کی برابری۔
المَنْسُوبُ: نسبت سے اسم مفعول۔
یقال: شِعر منسوبٌ: نسبت والا شعر۔
خطٌّ منسوبٌ: قاعدہ والا خط۔
مَنْسُوبُ الماءِ فی النَّہرِ: نہر میں پانی کا لیول۔ (ج) مَنَاسِیبُ (محدثۃ)
النَّسّابُ: علم الانساب کا ماہر۔
النَّسّابَۃُ: النَّسّابُ (تاء برائے مبالغہ ہے)
النَّسَبُ: قرابت۔ نسب۔
یقال: نسبُہ فی بنی فلان: وہ فلاں قبیلے سے ہے (ج) اَنْسابٌ۔
(۲) (علمائے صرف کے ہاں) اسم کے آخر میں یاء مشددہ بڑھا کر اس کی نسبت بیان کرنا۔
النِّسْبَۃُ: تعلق یا رشتہ۔
(۲) (علم ریاضی میں) ایک نوع کی دو مقداروں کے باہم موازنہ کرنے کا نتیجہ۔
(۳) منسوب مقدار (مج)
یقال: یضاف ھذا الی ھذا بنسبۃ کذا: یہ چیز اس چیز میں اتنی مقدار میں ملائی جائے گی۔
یقال: بالنسبۃ الی کذا: اس کی طرف دیکھتے ہوئے۔
النسبۃُ المئویّۃُ: فیصدی مقدار (ج) نِسَبٌ۔
النِّسْبِیَّۃُ: مبدأ النسبیّۃ: فزیقی قوانین کے اصولوں کی برابری کا نظریہ خواہ راصدین کی حرکات مختلف ہوں یا مراجع کی حرکات مختلف ہوں۔
نظریۃ النسبیۃ: مبدأ نسبیۃ: کی بنیاد پر نتائج کی معرفت کے توصل کا نظریہ۔ (مج)
النَّسِیبُ: مناسب۔

(ج) نُسَبَاءُ۔ اَنْسِباءُ۔
یقال: رجلٌ نسیبٌ: حسب و نسب میں مشہور شریف آدمی۔
(۲) (شعر میں) عمدہ شعر جس میں عورتوں کے ساتھ عشق بازی کا تذکرہ ہو۔
نَسَجَتِ الناقۃُ فی سیرِھا۔ نَسْجًا: اونٹنی کا جلدی جلدی قدم اٹھانا۔ ھی نَسُوجٌ۔
-الثوبَ: کپڑا بننا۔
یقال: نَسَجَتِ الرِّیحُ التُّرابَ او الورقَ او الھشیمَ او الماءَ: ہوا کا مٹی پتوں اور پھوسی اور پانی کو ایک دوسرے کی طرف کھینچ لانا۔
نَسَجَ الغیثُ النباتَ: بارش کا گھنی گھاس اگانا۔
نَسَجَ الشاعرُ الشِّعرَ: شعر کہنا۔
نَسَجَ الزُّوْرَ: جھوٹ گھڑنا۔
نسج الکلامَ: تلخیص کرنا۔
(۲) شاندار بنانا۔
اِنْتَسَجَ الثوبُ: بنا جانا۔
یقال: نَسَجَہٗ فانْتَسَجَ۔
المَنْسَجُ: بنائی کا کارخانہ (ج) مَنَاسِجُ۔
المِنْسَجُ: کھڈی (جس پر کپڑا بنا جائے)
النِّسَاجَۃُ: بنائی کا پیشہ۔
النَّسّاجُ: کپڑا بننے والا۔
النَّسِیجُ: المَنْسُوجُ۔
یقال ھو نسیجُ وحدِہٖ: وہ یکتا اور علم و ہنر میں یگانہ ہے۔ (ج) نُسُجٌ۔
ھی نَسِیجَۃٌ (ج) نَسَائِجُ۔
نَسَحَ التُّرابَ۔ نَسْحًا: مٹی اڑانا، بکھیرنا۔
نَسَحَ فلانٌ۔ نَسْحًا: لالچ کرنا۔
المِنْسَاحُ: مٹی اڑانے کی کوئی چیز۔
النُّسَاحُ: کھجوروں کا چورا یا جھڑن۔
النُّسْحُ: النُّسَاحُ۔
نَسَخَ الشیءَ۔ نَسْخًا: ختم کرنا۔
یقال: نَسَخَتِ الرِّیحُ آثارَ الدیارِ۔
نسخت الشمسُ الظِّلَّ: نَسَخَ الشَّیْبُ الشَّبابَ
یقال: نَسَخَ اللّٰہُ الآیۃَ: اللہ کا کسی ایک حکم کو ختم کرنا۔

Marfat.com

قرآن حکیم میں ہے:
مَا نَنْسَخْ مِنْ آيَةٍ اَوْ نُنْسِهَانَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَا اَوْ مِثْلِهَا۔
یقال: نَسَخَ الحاکم الحکم او القانون: حاکم کا کسی فیصلے یا قانون کو کالعدم قرار دینا۔
—الکتابَ: کتاب کو حرف بہ حرف لکھنا۔ نقل کرنا۔
نَاسَخَهٗ: کسی کا لکھائی یا نقل میں مقابلہ کرنا۔
اِنْتَسَخَ الشئَ: نَسَخَهٗ۔
—الکتابَ: نَسَخَهٗ۔
تَنَاسَخَ الشیئان: ایک دوسرے کو ختم کرنا۔
یقال: اَبلاهُ تَنَاسُخُ المَلَوین۔
تَنَاسَخَتِ الاشیاءُ: چیزوں کا الٹ پلٹ ہو کر ایک دوسرے کی جگہ لینا۔
—الَارواحُ: روحوں کا بعض اجسام سے نکل کر دوسرے اجسام میں منتقل ہونا بعض کے عقیدے کے مطابق (مو)
اِسْتَنْسَخَ الشئَ: کوئی چیز لکھوانا۔
التَّنَاسُخ تناسخ ارواح: قدیم قوموں میں سے ہندوؤں وغیرہ میں عام یہ عقیدہ کہ میت کی روح اس سے اعلیٰ حیوان یا ادنیٰ حیوان کی طرف منتقل ہو جاتی ہے تا کہ نعمت پائے یا عذاب میں مبتلا ہو۔ مرنے والے کے سلوک کے مطابق بدلہ کے طور پر یہ عقیدہ رکھنے والے بعثت کے قائل نہیں۔
النَّاسِخُ: کتابیں وغیرہ لکھنے والا۔ کاتب۔ (ج) نُسَّاخٌ۔
النُّسْخَةُ: لکھی ہوئی یا نقش شدہ چیز کی بغیر نقل۔ (ج) نُسَخٌ۔
التَّنَاسُخِيَّةُ: تناسخ کے قائل اور موت کے انکاری۔
نَسَرَ الطائرُ اللَّحمَ ـ نَسْرًا: پرندے کا گوشت کو نوچنا اور ٹکڑے کرنا۔
—فلانٌ الشئَ: کاٹنا۔
(۲) ادھیڑنا (۳) توڑنا۔
یقال: نَسَرَ الحَبلَ۔ نَسَرَ الجرحَ۔
یقال: نَسَرَ فلانًا: عیب لگانا، تہمت لگانا۔

نَسَّرَ الشئَ: مبالغہ در نَسَرَهٗ۔
اِنْتَسَرَ الشئُ: ٹوٹ جانا۔
تَنَسَّرَ الشئُ: اِنْتَسَرَ
یقال: تَنَسَّرَ الجُرحُ: زخم کا کھل کر اس کا مواد نکال جانا۔
—الثوبُ او القِرطاسُ: کپڑے یا کاغذ کا دھیرے دھیرے پھٹ جانا۔
یقال تَنَسَّرَت النِّعمة عن فلان: رفتہ رفتہ کسی کی آسودگی ختم ہو جانا۔
اِسْتَنْسَرَ الطائرُ: گدھ کی طرح طاقتور ہونا۔
ضرب المثل ہے اِسْتَنْسَرَ البُغَاثُ: کمزور یہ خیال کرے کہ وہ طاقتور ہو گیا ہے۔
المِنْسَرُ: شکاری پرندے کی شکار کرنے کی چونچ جو کہ غیر شکاری میں منقار کہلاتی ہے۔
(۲) گھوڑوں کا دستہ۔
(۳) فوج کا ہراول دستہ جو طلیعہ کے پیچھے ہوتا ہے۔ (ج) مَنَاسِرُ۔
المَنْسِرُ: المِنْسَرُ۔
المَنْسَرُ: چوروں کی جماعت (مو)
النَّاسُورُ: جسم کی نسوں میں پائپ کی شکل میں تنگ منہ والا ایک پھوڑا، عموماً مقعد کے گرد ہوتا ہے۔ یہ مسلسل بگڑتا رہتا ہے، اس کا ایک حصہ جیسے درست ہوتا ہے دوسرا خراب ہو جاتا ہے۔ (مع) (ج) نَوَاسِيرُ۔
النَّسْرُ: تیز نظر، مضبوط، جارح فصیلہ نسریہ سے صقریات کے مرتبہ کا ایک پرندہ، حجم کے اعتبار سے بڑا جارح پرندہ، کمزور چھوٹے سے چھوٹے پنجوں والا، بڑے بڑے پروں، لمبے لمبے قدم رکھتا ہے لیکن اڑان میں سست ہوتا ہے، مردار کھاتا ہے۔ حیوان پر مجبور ہو کر حملہ آور ہوتا ہے۔ گرم اور معتدل علاقوں کو مسکن بناتا ہے۔ بعض عرب ممالک کا یہ شعار ہے۔
النَّسْرُوا الطائرُ: گدھ کے مشابہ ستاروں کا مجموعہ۔
النَّسِيرَةُ: پکے ہوئے گوشت کی بوٹی (محدثہ)
النسر الواقع: طلیاق نامی ستاروں کے مجموعے میں پہلے مرتبہ کا ستارہ۔ دونوں نسر قبہ سماوی کے نصف شمالی میں ہوتے ہیں۔

النَّسْرِينُ: عمدہ اور پکی خوشبو والا سفید پھول۔ واحد نَسْرِينَةٌ۔
نَسَّ الشئُ ـِ نُسُوسًا، نَسِيسًا: خشک ہو جانا۔
یقال: نَسَّ الخُبزُ فی التَّنُّور: نَضِجَ اللحمُ حتی نَسَّ۔
یقال: نَسَّ فلانٌ: کسی کو سخت پیاس لگنا۔
نَسَّتِ الجُمَّةُ: پیشانی کے بالوں کا بکھرنا۔
—فلانٌ نَسًّا تَنْسَاسًا: ہر کام کو کر ڈالنا اس میں تیزی دکھانا۔
—الحطبُ نُسُوسًا: آگ کا لکڑی کے سرے سے پانی نکالنا۔
یقال: نَسَّ لِفلانٍ: کسی کے لئے چیز کا انتخاب کرنا۔
— بین القوم نَسًّا: لوگوں میں فساد پیدا کرنا۔
—الدَّابَّةَ — نَسًّا: چوپائے کو ڈانٹ کر ہانکنا۔
اَنَسَّ الشئُ: کسی چیز کی انتہائی طاقت صرف ہونا۔
—الدَّابَّةَ: چوپائے کو پیاسا کرنا۔
نَسَّسَ الصبیَّ: بچے کو پیشاب یا خانہ کرانے کے لئے اِس اِس کہنا۔
تَنَسَّسَ منه خَبَرًا: کسی سے خبر معلوم کر لینا۔
المِنَسَّةُ: موٹی لاٹھی۔ هی المنسأة۔
المَنْسُوسُ: دھتکارا ہوا۔
النَّسَّاسُ: چغل خور۔
النَّسِيسُ: المَنْسُوس۔
(۲) آخری زور و طاقت۔
(۳) لکڑی کا جھاگ یا پانی جو آگ لگاتے وقت سرے سے نکلتا ہے۔
(۴) باقی ماندہ روح۔
یقال: بَلَغَ من الرجل نسیسه: آدمی مرنے کے قریب ہو گیا۔
مسکت نسیسه: مر گیا (ج) نُسُسٌ۔
النَّسِيسَةُ: چغل خوری۔
(۲) جلتی لکڑی کے سرے پر ظاہر ہونے والی جھاگ نما۔ (ج) نَسَائِسُ۔

Marfat.com

نَسَعَ الشيءُ - نَسْعًا، نُسُوْعًا: لمبا ہونا۔
-الأسنانُ: دانتوں کا ڈھیلے اور پکے ہوئے مسوڑھوں والا ہونا۔
-فلانٌ في الارض: زمین میں کسی جگہ جانا۔
اَنْسَعَ فلانٌ: کسی کا پڑوسیوں کے لئے سخت تکلیف دہ ہونا۔
نَسَّعَتِ الأسنانُ: مبالغہ در نَسَعَت۔
اِنْتَسَعَتِ الابلُ ونحوها: اونٹوں وغیرہ کا چراگاہ میں کھلے پھرنا۔
المِنْسَعَةُ: يقال: ارضٌ مِنْسَعَةٌ: لمبے نباتات والی زمین۔
النَّاسِعُ: يقال عُنُقٌ نَاسِعٌ: لمبی گردن۔
النَّاسِعَةُ: يقال: امرأةٌ نَاسِعَةٌ: لمبی کمر والی یا لمبے دانتوں والی۔
النِّسْعُ: ہاتھ اور بازو کے درمیان کا جوڑ۔
(۲) لمبے تسمے جن سے کجاوں یا پیٹیوں وغیرہ کو باندھا جاتا ہے۔
(ج) اَنْسَاعٌ، نُسُوْعٌ، نُسْعٌ، نِسَعٌ۔
يقال: قَلِقَتْ اَنْسَاعُ الدَّابَّةِ ونُسُوْعُهَا: چوپائے کا کمزور لاغر ہونا۔
اَنْسَاعُ الطريقِ: راستے کے نشانات۔
النِّسْعَةُ: تسمہ کا ٹکڑا (ج) نِسَعٌ۔
نَسَغَتْ اَسْنَانُهُ - نَسْغًا: دانتوں کی جڑوں کا ہلنا۔
-فلانٌ في الارض: جانا۔
-فلانًا بشيءٍ: کسی کو کوئی چیز چبھونا۔
يقال: نَسَغَتِ الواسمةُ الذِّرَاعَ بالإبرة: گودنے والی کا ہاتھ میں سوئی چبھونا۔
يقال: نَسَغَ فلانًا بكلمةٍ: کسی کو چبھتی ہوئی بات کہنا۔
-اللبنَ بالماء: پانی ملانا۔
اَنْسَغَتِ النخلةُ ونحوها: درخت خرما کا پھل خراب ہونا۔
(۲) پھل کٹنے کے بعد دوبارہ پھوٹ آنا۔
-فلانًا: نَسَغَهُ۔
اِنْتَسَغَ البعيرُ ونحوهُ: اونٹ وغیرہ کا مکھی کے کاٹنے کی جگہ پر اپنا پیر مارنا۔

-فلانٌ: سورج کا اترنا۔
-الابلُ: اونٹوں کا چراگاہوں میں دور دور پھیل جانا۔
المِنْسَغَةُ: گودنے والی کی سوئیاں رکھنے کی تلےوالی۔
(۲) روئی گوندنے کا لوہے یا پروں کا کنگھا نما برتن۔
النَّاسِغُ: ماہر نیزہ باز (ج) نُسَّغٌ۔
النُّسُغُ: کٹے ہوئے درخت سے نکلنے والی رطوبت۔
النَّسِيْغُ: پسینہ۔
نَسَفَ الاناءُ - نَسْفًا: بھرنا۔ لبالب بھرنا۔
-الماشي: تیز چلنا۔
-الشيءَ: جڑ سے اکھاڑنا۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّي نَسْفًا۔
يقال: نسفت الدَّوابُّ الكلأ۔
-الشيءَ: بکھیرنا، ہوا میں اڑانا۔
يقال: نسفت الرِّيحُ التُّرابَ۔
-الحافرُ الأرضَ: جانور کے کھر کا زمین کو چھیل کر مٹی اڑانا۔
-الشيءَ: چھاننا، صاف کرنا۔
يقال: نَسَفَ الحبَّ بالمِنْسَفِ۔
-الطائرُ اللحمَ بمخلبه: پرندے کا پنجہ سے گوشت نوچنا۔
-الحملُ او الرَّكضُ جنبَ الدابة: بوجھ یا ایڑ لگانے سے چوپائے کے پہلو سے بال جھڑ جانا۔
-الحمارُ الأتانَ نَسْفًا، مَنْسَفًا: گدھے کا گدھی کو دانتوں سے کاٹنا۔
اَنْسَفَتِ الرِّيحُ: ہوا کا تیز ہو کر مٹی اور کنکریاں اڑانا۔
تَنَاسَفَ الرَّجُلانِ الكلامَ: آپس میں چپکے چپکے باتیں کرنا۔
اِنْتَسَفَ الكلامَ: آہستہ بات کرنا۔
المِنْسَفُ: غلہ صاف کرنے کا چھاج۔
(۲) بڑی چھلنی۔

مِنْسَفُ الحمارِ: گدھے کا منہ۔
(ج) مَنَاسِفُ۔
المِنْسَفَةُ: عمارت گرانے کی مشین۔
(۲) چھلنی۔
النُّسَافَةُ: چھاج سے صاف کرتے وقت گرنے والا کوڑا کرکٹ۔
(۲) راستہ کا گرد و غبار۔
(۳) برتن کا جھاگ۔
النُّسَافَةُ - سمندری جہازوں کو نشانہ بنانے والی کشتی۔ (محدثہ)
النَّسْفَانُ: من الآنية چھلکتا ہوا برتن۔
النُّسْفَةُ: حمامات میں پیر وغیرہ سے میل صاف کرنے کا سیاہ جھانوا۔
(ج) نَسَفٌ، نِسَافٌ، نُسَفٌ۔
النَّسَفَةُ، النُّسْفَةُ۔
النَّسُوْفُ: يقال بعيرٌ نَسُوْفٌ: منہ کے اگلے حصے سے کھانے والا اونٹ۔
ناقةٌ نَسُوْفٌ: اسی معنی میں ہے۔
فرسٌ نَسُوْفٌ: لمبے ڈگ بھرنے والا گھوڑا۔
يقال: بيني وبينه عَقَبَةٌ نَسُوْفٌ: میرے اور اس کے درمیان دشوار گزار گھاٹی ہے۔
النَّسِيْفُ: المنسوف۔
يقال: حَبٌّ نَسِيْفٌ: چھانا ہوا صاف کیا ہوا۔
يقال: كلامٌ نسيفٌ: پوشیدہ بات۔
تَرَكَ فيها نسيفًا: منہ سے کاٹنے یا گھوڑے کا سم یا بال کے نشان کو چھوڑنا۔
اَلْمَالُ النَّسِيْفُ: پوشیدہ باتیں۔ راز۔
نَسَقَ الشيءَ - نَسْقًا: پرونا۔
يقال: نَسَقَ الدُّرَّ۔ نَسَقَ كُتُبَهُ۔
-الكلامَ: ایک کا دوسرے پر عطف کرنا۔
اَنْسَقَ فلانًا: مسجع کلام کرنا۔
نَاسَقَ بين الامرين: دو باتوں کو ملانا۔ باہم جوڑنا۔
نَسَّقَهُ: منظم کرنا۔ مرتب کرنا۔
اِنْتَسَقَتِ الاشياءُ: باہم مرتب ہونا۔
يقال: نَسَّقَهَا فانْتَسَقَتْ۔
تَنَاسَقَتِ الأشياءُ: انتسقت

Marfat.com

يقال تَنَاسَقَ كلامُه۔
تَنَسَّقَتِ الأشياءُ: انتَسَقَتْ۔
النَّسْقُ: حروفُ النَّسْقِ: حروف عطف۔
يقال: هذا نَسْقٌ على هذا: اس کا عطف اس پر ہے۔
النَّسَقُ: باسلیقہ اور مرتب چیز۔
يقال: جاء القومُ نَسَقًا، زُرِعَتِ الأشجارُ نَسَقًا۔
يقال شعرٌ نَسَقٌ: ہموار اور باترتیب بال۔
دُرٌّ نَسَقٌ: پروئے ہوئے موتی۔
(۲) المنسوق۔
كلام نَسَقٌ: موزوں اور مرتب کلام۔
حروف النَّسَقِ: حرف عطف۔
النَّسِيقُ: المَنْسُوقُ۔
نَسَكَ فلانٌ ـُ نُسْكًا، نَسْكَةً، مَنْسِكًا: عابد وزاہد ہونا۔
(۲) خدا کا تقرب حاصل کرنے کیلئے قربانی کرنا۔
والثوبَ ونحوَه نَسْكًا: کپڑے کو پانی سے دھوکر پاک کرنا۔
—الأرضَ: زمین کو عمدہ بنانا۔ اس میں کھاد ڈالنا۔
—البیتَ: گھر میں آنا۔
—الی طريقة جميلة: کسی اچھے طریقے پر گامزن رہنا۔
نَسُكَ ـُ نُسْكًا، نَسَاكَةً: عابد وزاہد ہونا۔
اِنْتَسَكَ: عابد وزاہد بننا۔
تَنَسَّكَ: اِنْتَسَكَ۔
المَنْسَكُ: زہد وعبادت کا طریقہ۔
يقال: إنَّ له مَنْسَكًا ينسكه۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا۔
(۲) قربان گاہ۔ (ج) مَنَاسِكُ۔
مَنَاسِكُ الحجِّ: عبادات حج۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَإِذَا قَضَيْتُمْ مَنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ۔
المَنْسُوكَةُ: يقال۔ فرس مَنْسُوكَةٌ: وہ گھوڑا جس کے بدن پر بال نہ ہوں۔
النَّاسِكُ: عابد وزاہد۔ (ج) نُسَّاكٌ۔
يقال: عُشْبٌ ناسكٌ: بہت ہری گھاس۔
النَّاسِكَةُ: عابدہ وزاہدہ۔
يقال: ارضٌ ناسكةٌ: تازہ تازہ بارش سے سرسبز زمین۔
النُّسْكُ: بندہ پر واجب اللہ کا ہر حق۔
(۲) ذبیحہ۔ قربانی۔
النُّسُكُ: النُّسْكُ۔
النَّسِيكَةُ: سونے یا چاندی کا پگھلا ہوا ٹکڑا۔
(ج) نُسُكٌ نسائكُ۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَفِدْيَةٌ مِنْ صِيَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ۔
نَسَلَ الشيءُ ـُ نُسُولًا: کسی شے کا دوسری سے الگ ہونا۔ جدا ہوکر گرنا۔
يقال: نَسَلَ رِيشُ الطائرِ۔
نَسَلَ الثوبُ عن الإنسان۔
يقال: اذا طلبتَ فضل الإنسان فَخُذْ ما نَسَلَ لك منه عَفْوًا۔
—فلانٌ ـ نَسْلًا: بہت نسل والا ہونا۔
—الماشي: تیز چلنا۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَنْسِلُونَ۔
—الولدَ: بچہ جننا۔
يقال: نَسَلَ بولده۔
—الحيوانَ ـُ نَسْلًا: جانور کی نسل بڑھا کر اس سے فائدہ اٹھانا۔
—الشيءَ: کسی چیز کو دوسری سے الگ کرنا، گرانا۔
يقال: نَسَلَ ريشَ الطائرِ نَسَلَ الصُّوفَ۔
أَنْسَلَ الشيءُ: نَسَلَ۔
—الحيوانُ: بچہ جننا۔
—فلانًا: کسی کے چوپاؤں کے بچے جننے کا موسم آجانا۔
—الدَّابَّةُ: چوپائے کے بال یا اون جھڑنے کا موسم آجانا۔
—فی عَدْوِه: تیز دوڑنا۔
—الشيءَ: نَسَلَهُ۔
اِنْتَسَلَ الشيءُ: نَسَلَ۔
يقال: نَسَلَهُ فَانْتَسَلَ۔
تَنَاسَلَ القومُ: لوگوں کا باہم نسل پیدا کرنا۔
—بنو فلان: فلاں قبیلے کی نسل بڑھنا۔
النَّاسِلُ: تیز رو (ج) نُسَّلٌ۔
النُّسَالُ: گرے ہوئے بال یا اون۔
واحدته نُسَالَةٌ۔
النَّسَلَانُ: بھیڑیے کی تیز چال۔
النَّسْلُ: اولاد نسل۔ (ج) أَنْسَالٌ۔
النَّسَلُ: سبز انجیر کا دودھ۔
النُّسُولُ: تیز دوڑنے والا۔
النَّسُولَةُ من الماشية: نسل بڑھانے کے لئے منتخب کیا ہوا مویشی۔
النَّسِيلُ: النُّسَالُ۔
(۲) موم سے الگ کیا ہوا سیال شہد۔
النَّسِيلَةُ: واحد النسيل: (۲) اولاد کا۔ (۲) موم بتی (۳) موم سے الگ کیا ہوا سیال شہد۔
نَسَمَتِ الرِّيحُ ـ نَسْمًا، نَسِيمًا: ہوا کا چلنا۔
—الشيءُ: ذائقہ بدلنا۔
يقال: نَسَمَ اللَّبَنُ، نَسَمَ الدَّسَمُ۔
—البعيرُ الارضَ بِمَنْسِمِه: اونٹ کا زمین پر پاؤں مار کر نشان ڈالنا۔
يقال نَسَمَ لي خبرٌ او اثرٌ: خبر پہنچی یا کوئی نشان ملا۔
نَسِمَ البعيرُ ـ نَسَمًا: اونٹ کا پتلے پاؤں والا ہونا۔
نَاسَمَهُ مُنَاسَمَةً، نِسَامًا: کسی کے قریب ہوکر اسے سونگھنا۔
(۲) بات چیت کرنا (۳) خفیہ بات کرنا۔
نَسَّمَ في الأمر: کسی کام کی ابتدا کرنا۔ اس میں زیادہ آگے نہ بڑھنا۔
—النَّسَمَةَ: ذی روح کو روزی بہم پہنچا کر زندہ رکھنا۔ یا غلامی سے آزاد کر کے زندگی عطا کرنا۔
تَنَسَّمَتِ الرِّيحُ: ہوا کا دھیمے دھیمے چلنا۔
—المكانُ بالطِّيبِ: کسی جگہ کا خوشبو سے

Marfat.com

مہکنا۔
-فلانٌ: سانس لینا۔
الجنینُ: پیٹ کے بچہ کا جسم بننا اور جان پڑنا۔
یقال: اَمْلَصَتِ الانثیٰ ولَدَهَا قبل ان یَتَنَسَّمَ۔
-الرِیحَ: بوسونگھ کر لطف لینا۔
یقال: تَنَسَّمَ فلانٌ العِلْمَ او الخبرَ: دھیرے دھیرے علم حاصل کرنا یا خبر کا پتا لگانا۔
-تَنَسَّمْتُ اثرَهٗ حتی تَبَیَّنْتُهٗ: میں نے اس کے نشان کا کھوج لگایا اور اسے پا لیا۔
المَنْسِمُ: اونٹ کے پاؤں کا کنارہ۔ (۲) راستہ۔
یقال: قد استَبَانَ المَنْسِمُ۔
اَیْنَ مَنْسِمكُ: تم کدھر جا رہے ہو؟
النَّاسِمُ: مرنے کے قریب ہونا۔
النَّسَمُ: مخلوق لوگ۔ (ج) آناسِمُ۔
یقال: مافی الآسم مثلَه۔
(۲) زندگی کا سانس۔
(۳) تیز ہونے سے قبل دھیمی ہوا۔
(۴) پتلے ہرے رنگ کی چڑیاں۔ جو خطاطیف کی طرح ہوتی ہیں۔ (ج) اَنْسَامْ۔
النَّسَمَةُ: حمام وغیرہ کی اجرت۔
النَّسَمَةُ: ہر جاندار مخلوق۔
(۲) ضیق التنفس۔ سانس کی گھٹن جو پھیپھڑوں کے پھیلے ہوئے عضلات کے وقتی انقباض سے پیدا ہوتا ہے نباتاتی یا حیواناتی پروٹین مواد کی ذاتی حساسیت بھی اس کا باعث ہوتی ہے۔ (مج) (ج) نَسَمْ۔
النَّسِیمُ: دھیمی ہوا جس سے نہ مٹی اڑے کہ نشان مٹ جائے نہ پتہ ہلے۔
(۲) روح (۳) پسینہ۔
(۴) طاقت وصلاحیت۔
یقال اِنّه لباقی النَّسیم
یقال: فلان باردُ النَّسِیم: فلاں بھاری آدمی ہے۔
نَسْنَسَ الرَّجلُ: کمزور ہونا۔

-الطائرُ: تیز اڑنا۔
-الرِیحُ: ٹھنڈی ہوا چلنا۔
-الدَّابَّةَ: ڈانٹ کر ہانکنا۔
النَّسْنَاسُ: بندر کی ایک قسم جس کا جسم چھوٹا اور دم لمبی ہوتی ہے۔ (ج) نَسَانِیسُ۔
یقال: بلغ منه نَسْنَاسهُ: اس کی وجہ سے اسے مشقت اٹھانی پڑی۔
قَطَعَ اللّٰهُ نَسْنَاسَهٗ: اللہ نے اس کا نشان مٹا دیا۔
النِسْنَاسُ: النَّسْنَاسُ۔
(۲) سخت بھوک۔
یقال: جُوعٌ نِسْنَاسٌ: سخت بھوک۔
نَسَا الشئَ ـُ نَسْوَةً: چھوڑنا۔
یقال: نَسَا العَمَلَ۔
-فلانًا ـِ نَسْیًا: کولہے کی رگ پر مارنا۔ ھو مَنْسِیٌّ۔
نَسِیَ فلانٌ ـَ نَسیً: درد عرق النساء میں مبتلا ہونا۔ ھو نَسٍ، ھی نَسِیَةٌ۔
ھو اَنْسَیٰ، ھی نَسْیَاءُ۔
-الشئَ نَسْوَةً، نَسَاوَةً، نِسْیَانًا: غفلت و لاپرواہی کی وجہ سے چھوڑنا، یا جان بوجھ کر چھوڑنا۔
-الأمرَ: کوئی بات بھول جانا یا ذہن و حافظ سے نکل جانا۔
ھو نَاسٍ، نَسَّاءٌ، ھی ناسیةٌ، نَسَّاءَةٌ، ھو وھی نَسِیٌّ اَیضًا۔
اَنْسَاهُ الشئَ: کسی سے کوئی چیز چھڑوانا یا بھلوا دینا۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَاِنِّیْ نَسِیْتُ الْحُوْتَ وَمَا اَنْسَانِیْهُ اِلَّا الشَّیْطَانُ اَنْ اَذْكُرَهٗ۔
نَاسَاهُ الشئَ: کسی چیز سے کسی سے کوئی بھلوا دینا۔ چھڑوا دینا۔
یقال: ناساة العدواةَ۔
نَسَّاهُ الشئَ، اَنْسَاهُ۔
تَنَاسَی الشئَ: بھلانے کی کوشش کرنا۔
(۲) بھولنے کا بہانہ کرنا۔

الأنْسَی: ٹانگ کے نچلے حصے کی رگ۔
النَّسَا: کولہے کا پٹھا جو کولہے سے ٹخنہ تک ہوتا ہے۔
تثنیہ نَسَوان۔ نَسَیَانِ۔ (ج) اَنْسَاءٌ۔
النِّسَاءُ: امراۃ کی جمع غیر لفظ سے عورتیں۔
النَّسْوَةَ: ایک گھونٹ۔
یقال: نَسْوَةٌ من لبَنٍ۔
النُّسْوَةُ: النِّسَاءُ۔
النِّسْوَانُ: النِّسَاءُ۔
النَّسْیَانُ: بہت بھولنے والا بہت غافل۔
النِّسْیَانُ: بھول چوک جو کہ اضطراب وغیرہ یا عقلی حیات میں سخت اضطراب سے پیدا ہوتی ہے جو کہ بے چینی یا نفسانی صراع کی وجہ سے ہوتا ہے۔ (مج)
النَّسْیُ: بھلایا ہوا۔
(۲) ناقابل اعتنا چیز جو کسی اعتبار میں نہ لائی جائے۔
قرآن حکیم میں ہے:
قَالَتْ یٰلَیْتَنِیْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ نَسْیًا مَّنْسِیًّا (ج) اَنساءٌ۔
النَّسِیُّ: بھلائی ہوئی چیز۔
یقال: ھو نَسیٌّ قومه وہ اپنی قوم میں بے حیثیت وحقیر ہے۔

ن ..... ش

نَشَأَ الشئُ ـَ نَشْئًا، نُشوءً، نَشْأةً: پیدا ہونا۔ وجود میں آنا۔
-الصَّبِیُّ: بچہ کا نشو ونما پانا۔
یقال: نَشَأتُ فی بنی فلان نَشَأَ فلانٌ نَشأةً حسنةً۔
-الشئُ عن غیرہ: ایک کا دوسری میں سے نکلنا۔ پیدا ہونا۔
اَنْشَأَ یفعَلُ كذا: وہ کرنے لگا۔ کرنا شروع کر دیا۔
یقال: اَنْشَأَ فلان یحکی الحدیث۔
اَنْشَأَ السحابُ یمطر۔
-الشئَ: پیدا کرنا۔ وجود میں لانا۔
یقال: اَنْشَأَ اللّٰه الخلقَ۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَهُوَ الَّذِیْ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ۔

Marfat.com

وفيه: وَيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ۔
اَنْشَأَ الشاعرُ قصيدةً او الكاتبُ مقالةً تحریر کرنا۔ لکھنا۔
—الصبیَّ: پرورش کرنا۔
يقال: انْشِئی فی النعيم۔
نَشَّأَ الصبیَّ: پرورش کرنا۔
يقال: نُشِّئَ فی النعيم۔
قرآن حکیم میں ہے:
اَوَمَنْ يُنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ۔
تَنَشَّأَ لحاجته اپنے کام اور ضرورت کے لئے اٹھ کھڑا ہونا۔
اِسْتَنْشَأَ الشیءَ کوئی چیز کسی سے تیار کروانا۔
يقال: استنشَأْتُهُ قصيدةً فی الزُّهد مثلاً۔
—الأخبارَ: خبروں کی جستجو کرنا۔
الانْشَاءُ (علمائے بلاغت کے ہاں) وہ کلام جس کی نسبت کا مطابقتی یا غیر مطابقتی کوئی خارجی وجود نہ ہو۔
(۲) (ادباء کے ہاں) انشا فن ہے۔ جس کے ذریعہ معانی ومضامین کو ذہن میں جمع اور مرتب کر کے ان کو بلیغ ادبی عبارتوں میں پیش کیا جائے۔
المَنْشَأُ جائے پیدائش۔
يقال: مَنْشَؤُهُ مدينة القاهرة۔
(۲) اصل، علت، سبب، وجہ۔
يقال: ما منشأ هذا الاضطراب؟
الی مَا اصلُهُ او سببُه؟
المُنْشِئُ وہ شخص جو معانی کو عمدہ طور پر بلیغ کلام میں تالیف کرے اور تعبیر کرے۔ انشاء پرداز۔
المُنْشَأَةُ: جگہ کام یا صنعت کی جہاں آلات اور کاریگر جمع ہوں۔
(ج) مُنْشآت (مج)
النَّاشِئُ: بچپن کی حد تجاوز کرنے والا نوجوان لڑکا۔ (ج) نَشْءٌ، نَشَأٌ۔
النَّاشِئَةُ: بچپن کی حد تجاوز کر جانے والی لڑکی۔
(ج) نَوَاشِئُ۔

ناشئة الليل: رات میں بیداری اور نماز کے لئے قیام۔
قرآن حکیم میں ہے:
اِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْئًا وَاَقْوَمُ قِيْلًا۔
النَّشْءُ: ابتدائی بادل۔
(۲) مرحلہ تعلیم میں داخل انسان اور حیوان کے بچے۔ (ج) نَشَأٌ۔
(۳) نسل۔
يقال: هو نَشْءُ سوءٍ او مِنْ نَشْءِ سوءٍ: بری نسل کا ہے۔
النَّشْأَةُ: ایجاد۔ تخلیق۔ تربیت۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْأَةَ الْاُوْلٰی۔
(۲) ناپختہ اونچا پودا یا گھاس۔
النَّشِيئَةُ: يقال: حوضٌ بادی النَّشِيئَةِ حوض جس کا پانی خشک ہو کر اس کی زمین نظر آنے لگی ہو۔
نَشِبَ فی الشیءِ ـَ نَشَبًا، نُشوبًا، نشبةً کسی چیز میں اٹک جانا۔
يقال: نَشِبَتْ مخالب الجارح فی الصيد۔ نشب الصيد فی الحبالة، نَشِبَ العظم فی الحَلْق۔
يقال: نشِبَ فلانٌ فيما يكرهُهُ: ایسی چیز میں پڑنا جو ناپسند ہو۔
ما نشِبَ اَن قال كذا: اس نے فوراً ہی ایسا کیا۔
—الشرُّ او الحربُ بين القوم نُشُوبًا: لوگوں میں لڑائی بھڑکنا۔
—الأمرُ فلانًا لازم ہو جانا۔
اَنشبَ الصائدُ شکاری کے جال کا شکار سے چمٹ جانا۔
—الرِّيحُ ہوا کا تیز ہو کر مٹی اور کنکریاں اڑانا۔
—الشیءَ فی غيره: کسی چیز کو دوسری میں اٹکانا۔
يقال: انشب فيه مخالبه۔
نَاشَبَهُ الحربَ: کسی سے کھلم کھلا لڑنا۔
نَشَّبَ الشیءَ فی غيره: اَنْشَبَهُ۔

—الثوبَ: کپڑے پر تیر جیسے نقوش بنانا۔
اِنْتَشَبَ فيه: اٹکنا، پھنسنا۔
يقال: نَشَّبَهُ فانتشبَ۔
تَنَاشَبَ القومُ لوگوں کا متحد ہونا، ایک دوسرے کے قریب ہونا۔
تَنَشَّبَ فی الشیءِ: نَشِبَ۔
يقال: تَنَشَّبَ فی قلبی حُبُّها۔
المَنْشَبَةُ: منقولہ وغیر منقولہ مال۔
النَّاشِبُ: تیرانداز (ج) نَشَّابَةٌ۔
النَّشَبُ: مال (۲) زمین وجائیداد۔
النُّشْبَةُ: يقال: رجلٌ نُشْبَةٌ کسی کام میں پھنس کر نہ نکلنے والا۔
النُّشَّابُ: تیر۔
واحدته: نُشَّابَةٌ۔
(ج) نَشَاشِيبُ۔
يقال: تَرَامَوْا بالنَّشَاشِيبِ۔
النَّشَّابُ: بہت نیچے گاڑنے والا۔
(۲) تیر بنانے والا (ج) نَشَّابَةٌ۔
نَشَجَ الباكی ـِ نَشْجًا، نَشِيجًا رونے والے کی ہچکی بندھنا۔
—الحمارُ: گدھا کا آواز نکالنا۔
—الضِّفْدَعُ: مینڈک کا بار بار آواز نکالنا۔
—القِدْرُ ونحوُها: ہنڈیا اور دیگچی وغیرہ کا جوش مارنا۔
النَّشِيجُ: سینے میں گھومنے والی آواز۔
(ج) نُشُجٌ، يقال عَبْرَةٌ نَشُجٌ آواز دار آنسو۔
نَشَحَ ـَ نَشْحًا، نُشُوحًا: سیر ہوئے بغیر پینا۔
—السِّقاءُ والجلدُ ونحوهما نَشْحًا: ٹپکنا۔
—الدَّابَّةَ: جانور کو پیاس بجھانے والی چیز پلانا۔
اِنْتَشَحَ: نَشَحَ۔
النَّشَّاحُ: مبالغه من نَشَحَ۔
يقال: سِقاءٌ نَشَّاحٌ ٹپکنے والا مشکیزہ۔
النُّشُوحُ: تھوڑا پانی (ج) نُشُحٌ۔
نَشَدَ فلانٌ ـُ نَشْدًا، نِشْدَانًا: یاد آنا۔ بھولی ہوئی بات۔

Marfat.com

یقال: نَشَدتُه بماعاهدنی دلی علیه فنشد۔
-الضَّالَّةَ: گم شدہ کو تلاش کرنا۔
-فلانًا: کسی کا قصد کرنا۔ متوجہ ہونا۔
-فلانًا بکذا: کسی چیز کی یاد دلانا' واسطہ دینا۔
یقال: نَشَدْتُكَ اللهَ وبه۔
نَشَدْتُكَ الرَّحِمَ وبها۔
أَنْشَدَ الضَّالَّةَ: گم شدہ چیز تلاش کرنا۔ اس کی علامت بتانا۔
-فلانًا- له: جواب دینا۔
یقال: نشدته فأنشدني وأنشدلي۔
-الشِّعْرَ: بلند آواز سے شعر پڑھنا۔
نَاشَدَ فلانًا الأمرَ وفيه مُنَاشَدَةً' نِشَادًا: مطالبہ کرنا۔
-فلانًا اللهَ وبه: قسم کے ساتھ اللہ کا واسطہ دے کر کسی سے کچھ طلب کرنا۔
تَنَاشَدَ الاشعارَ: ایک دوسرے کو شعر سنانا۔
تَنَشَّدَ الأخبارَ: خبروں کی ٹوہ لگانا۔ اس طرح پتا لگانا کہ دوسرے کو معلوم نہ ہو۔
اِسْتَنْشَدَ فلانٌ شِعْرًا: کسی سے شعر سنانے کو کہنا۔
-فلانًا الضَّالَّةَ: کسی سے اپنی گم شدہ چیز تلاش کرنا۔
الأُنْشُودَةُ: ایک دوسرے کو سنائی جانے والی نظم۔
(۲) اشعار جو لوگ ایک ہی لے پر پڑھیں۔ (مو)
(ج) أَنَاشِيدُ۔
المُنْشِدُ: خوش الحانی اور عمدہ لے میں اشعار پڑھنے والا (مو)
النَّشَّادُ: گم شدہ چیزوں کو تلاش کرنے والا۔
النَّشِيدُ: آواز۔
(۲) ترنم خیز بلند آواز۔
(۳) الأنشودة۔ (مج)
(۴) جوش یا وطنیت کے موضوع پر اشعار کا مجموعہ جن کو بہت سے افراد مل کر گائیں۔ (مج)
(ج) أَنَاشِيدُ۔

النَّشِيدَةُ: النَّشِيدُ۔
نَشَرَتِ الارضُ ـُ نُشُورًا: زمین کا موسم بہار کے بعد سرسبز ہونا۔
-الشجرُ: درخت پر پتے نکلنا۔
-الشئَ نَشْرًا: پھیلانا۔ منتشر کرنا۔
یقال: نشر الراعی غنمه فی المَرْعَی۔
-الكتابَ او الثوبَ او نحوَهما: کھولنا' پھیلانا۔
-الخبرَ او المقالَ: خبر یا مضمون شائع کرنا۔
-الكتابَ او الصحيفةَ: کتاب یا اخبار چھاپ کر شائع کرنا۔ (مو)
-الخشبةَ ونحوَها: لکڑی وغیرہ چیرنا۔
-اللهُ الموتى نَشْرًا نُشُورًا: مردوں کو زندہ کرکے اٹھانا۔
نَشِرَ الشئُ ـَ نَشَرًا: پھیلنا۔ شائع ہونا۔
أَنْشَرَ اللهُ الموتى: اللہ کا مُردوں کو زندہ کرکے اٹھانا۔
-الارضَ: پانی کے ذریعے زمین کو قابل کاشت بنانا۔
-الرِّيَاحَ: ہوائیں چلانا۔
نَاشَرَهُ الشئَ: کسی کے ساتھ مل کر کوئی چیز شائع کرنا۔
نَشَّرَ الثوبَ والكتابَ ونحوهما: نَشَرَهُ۔
یقال: صُحُفٌ مُنَشَّرَةٌ۔
اِنْتَشَرَ الشئُ: پھیلنا۔
-الخبرُ: شائع ہونا۔
-الشئُ: بکھرنا۔
یقال: انتشر الناس فی الأسواق۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلَاةُ فَانْتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ۔
-العَصَبُ: پٹھے پر ورم آنا۔
تَنَاشَرُوا الشئَ: کسی چیز کی اشاعت میں باہم مدد کرنا۔
تَنَشَّرَ الشئُ: پھیلنا (۲) بکھرنا۔
اِسْتَنْشَرَ الشئَ: کوئی چیز شائع کرانا۔

یقال: اسْتَنْشَرَ الخشب استنشر الخبرَ۔
التَّنَاشِيرُ: کتب یا اسکول کے چھوٹے بچوں کی ابتدائی لکھائی۔
یقال: ما اشبه خطّه بتناشیر الصّبیان۔
المِنْشَارُ: سخت دندانے دار لکڑی چیرنے کا اوزار۔ آری۔
(۲) غلہ بکھیرنے کی پنجہ دار لکڑی۔
(دیکھئے: المِذْرَی)
(ج) مَنَاشِيرُ۔
(۳) الكوسج: (دیکھئے کوسج بمعنی مچھلی)
المَنْشَر: یعنی النَّشْرُ۔
(۲) جائے اشاعت۔
یقال: نَشَرَ الثوبَ فی المَنْشَرِ۔
المَنْشُورُ: یقال: رجلٌ منشورٌ غیر منضبط آدمی جس کے معاملات منتشر اور غیر مرتب ہوں۔
(۲) لوگوں کے علم میں لانے کے لئے کسی بات کی اشاعت' اعلان۔
(۳) (علم ہندسہ میں) کثیر سطحوں والا جسم جس کے دو قاعدے یا دو طرف باہم اضلاع' مساوی' متماثل اور آمنے سامنے ہوں۔ اس کی دیگر جانبی سطحوں میں سے ہر ایک متوازی الأضلاع ہو۔ منشور کی نسبت عموما اس کے قاعدوں کی شکل کی طرف ہوتی ہے۔ یقال ومنشور ثلاثیٌّ أو رباعیٌّ: اسی طرح زید۔
(۴) (علم الضوء میں) شفاف شیشے کے مادے سے بنا ہوا ثلاثی منشور جسم۔ روشنی کے انعکاس کی تعلیم کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
النَّاشِرُ: کتابوں کی اشاعت اور ان کو فروخت کرنے والا۔ (محدثہ)
(۲) زہریلا سانپ جو اپنے سر کو کف گیر کی طرح پھیلاتا ہے۔ (مو)
النَّاشِرَةُ: ہاتھ کے اندر کی بڑی رگ (ج) نَوَاشِرُ۔
النِّشَارَةُ: لکڑی کی چرائی کا پیشہ۔
النُّشَارَةُ: لکڑی کا برادہ۔

Marfat.com

النَّشْرُ: خوشبو۔

(۲) بے قاعدہ منتشر لوگ۔

یقال: جاء القوم نَشْرًا۔

(۳) کتابوں اور اخبارات کی طباعت اور فروخت۔ (محدثہ)

النَّشْرَۃُ: بادِ نسیم۔

(۲) خاص بیان یا خاص اشاعت جس سے اعلان عام مقصود ہو۔ (مو)

النُّشْرَۃُ: بیمار یا آسیب زدہ کا تعویذ۔

النَّشَّارُ: لکڑیاں چیرنے والا۔

النَّشُورُ: ناشر کا صیغہ مبالغہ۔

من الریح: بادلوں کو اٹھانے اور اڑانے والی ہوائیں۔

النُّشُورُ: قیامت کے دن مُردوں کا زندہ کر کے اٹھایا جانا۔

النَّشِیْرُ: المَنْشُورُ۔

نَشَزَ الشیٔ ـُ نَشْزًا، نُشوزًا: بلند ہونا۔

یقال: نَشَزَ المکانُ، نَشَزَ العِرْقُ۔

یقال: نَشَزت اِلیَّ نفسی: خوف سے میرا کلیجا باہر کو آ گیا۔

—فلانٌ: کسی اونچی جگہ پر چڑھنا۔

—عن مکان وفیه: کسی جگہ سے اٹھ کھڑا ہونا۔

یقال: نَشَزَت النَّغْمَۃُ عن مَثِیلاتِھا: نغمہ کا دیگر نغموں کے قاعدے سے الگ ہونا۔

—المرأۃُ او الرَّجلُ بالزَّوج: عورت کا اپنے شوہر سے نفرت کرنا۔

یقال نَشَزَ به ومنه وعلیه۔

ھو ناشِزٌ، ھی ناشِزٌ، ناشِزَۃٌ۔ (ج) نَوَاشِزُ۔

—بِقِرْنِه نَشْزًا: مقابل کو اٹھا کر پٹخ دینا۔

اَنْشَزَ الشیٔ: کسی چیز کو اس کی جگہ سے ہٹانا۔

—اللّٰهُ عِظامَ المَیِّتِ: مُردے کی ہڈیوں کو اٹھا کر ان کی جگہ پر جوڑ دینا۔

قرآن حکیم میں ہے

وَانْظُرْ اِلَی الْعِظَامِ کَیْفَ نُنْشِزُھَا ثُمَّ نَکْسُوْھَا لَحْمًا۔

تَنَشَّزَ لَکَذَا: کسی چیز کی تاک میں بیٹھنا۔

النَّاشِزُ: یقال: فلان ناشِزُ الجبھة: بلند پیشانی والا۔

قلبٌ ناشِزٌ: خوف سے نکلا جانے والا دل۔

النَّاشِزَۃُ: یقال: لحمه ناشِزَۃٌ: جسم سے ابھرا ہوا گوشت۔

النَّشَازُ: النَّشْزُ۔

(۲) وہ چیز جو معیار میں اپنی جیسی چیزوں کے برابر نہ ہو۔ (محدثہ)

یقال: ھذه النَّغْمة نشازٌ: یہ نغمہ ایک بے اپنی نوع کے دوسرے نغموں کی طرح کا نہیں ہے۔ (محدثہ)

النَّشْزُ: زمین کا بلند اور ظاہر حصہ۔ (ج) نُشوزٌ، نِشَازٌ۔

النَّشَزُ: النَّشْزُ (ج) اَنْشَازٌ۔

نَشَّ الشیٔ ـِ نَشًّا، نَشِیْشًا: خشک ہو جانا۔ رطوبت ختم ہو جانا۔

یقال: نَشَّ الرُّطَبُ، اشتدَّ الحرُّ فَنَشَّ الحوضُ، نَشَّتِ القِدْرُ۔

—اللحمُ: گوشت کا کڑھائی میں چھن چھن کرنا۔

یقال: نَشَّت الجَرَّۃ الجدیدۃ: کورے گھڑے کا پانی ڈالنے سے ہنڈیا کی طرح جوش مارنا۔

—الشیٔ ـُ نَشًّا: ملانا۔

—الدَّابَّةَ: دھیرے دھیرے ہانکنا۔

—الذُّبابَ ونحوه: مکھی وغیرہ کو ہٹانا۔

المَنَشُّ: سمندر یا دریا کے کنارہ کا پانی ہٹ جانے والا حصہ۔

یقال: کانوا فی مَنَشِّ الساحل۔

المِنَشَّۃُ: مکھیاں وغیرہ اڑانے کا مورچھل۔

المَنْشُوْشُ: دُھْنٌ مَنْشُوْشٌ: خوشبو ملا ہوا تیل۔

النَّشَّاشُ: مبالغہ من نَشَّ۔

ھی نَشَّاشَۃٌ۔

یقال: سَبِخَۃٌ نَشَّاشَۃٌ: نہ اگانے والی شور اور جوہے والی زمین۔

النَّشُّ: ہر چیز کا نصف۔

یقال: نَشٌّ اوقیة۔

(۲) بیس درہم کی مقدار کا وزن۔

النَّشِیْشُ: پانی وغیرہ کے کھولنے کی آواز۔

النَّشِیْشَۃُ: نہ اگانے والی شور و تر زمین۔

نَشَصَ ـُ نُشوصًا: بلند ہونا۔

یقال: نَشَصَ السَّحابُ فی السماء، نَشَصَتْ ثَنِیَّتُه۔

نَشَصَتْ اِلیَّ نفسی: طبیعت متلانا۔

—الشیٔ: اکھاڑنا، کھینچ کر نکالنا۔

یقال: اَقامَ القومُ ما ینشصون وَتِدًا: لوگ اتنی دیر ٹھہرے جتنی دیر میں انہوں نے میخ اکھاڑی۔

—فلانًا بالرُّمح: نیزہ مارنا۔

اَنْشَصَه: نکالنا۔

یقال: اَنْشَصَ فلانًا من بیته۔

اَنْشَصَ الجدبُ الناس عن مواضعھم۔

اِنْتَشَصَ الشیٔ: اکھاڑنا۔

یقال: انتشصَ الشجرۃَ۔

المِنْشَاصُ: خاوند سے نفرت کرنے والی عورت جو ہم بستری کے لئے تیار نہ ہو۔

النَّشَاصُ: تہ بہ تہ بلند بادل۔

(ج) نُشُصٌ، نَشَائِصُ۔

یقال: فرس نَشَاصِیٌّ: بلند پہلوؤں والا گھوڑا۔ یا بدخلق، سرکش۔

النَّشُوصُ من الرماح: سیدھا کھڑا کیا ہوا نیزہ۔

النَّشِیْصُ من الرِّماحِ: النَّشُوص۔

نَشَطَ من المکان ـِ نَشْطًا: نکلنا۔

یقال: نَشَطَ المسیل: پانی کا راستہ سے دائیں بائیں نکل کر چلنا۔

نَشَطَتْ به الھمومُ: غموں کا کسی کا مضطرب اور ذہن منتشر ہونا۔

—الحبلَ ـُ نَشْطًا: رسی میں ڈھیلی گرہ لگانا۔

یقال: نَشَطَ العقدۃَ۔

—الشیٔ ـُ نَشْطًا: اکھاڑنا، کھینچنا۔

یقال: نَشَطَ الدَّلْوَ۔

—فلانًا: نیزہ مارنا۔

Marfat.com

یقال: نَشَطَتْهُ حَیَّةٌ: کسی کو سانپ کا کاٹنا۔
نَشِطَ الیهِ ولهُ- نَشَاطًا: کام میں پھرتیلا اور مستعد ہونا۔
هو ناشِطٌ' نشیطٌ۔
هی ناشِطةٌ' نشیطةٌ۔
-فی العمل ونحوہ: کام کو خوشگواری اور مستعدی سے انجام دینا۔
اَنْشَطَ فلانًا: کسی کو پھرتیلا اور بلند کرنا۔
-العقدةَ: گرہ کھولنا۔
-الدَّابَّةَ من عقالها: جانور کو رسی کھول کر آزاد کرنا۔
نَشَّطَ فلانًا: چست و پھرتیلا بنانا۔
-الحبلَ: رسی میں گرہ لگانا۔
-اِنْتَشَطَ الحبلُ: رسی کھل جانا۔
-العقدةَ: گرہ کھولنا۔
-الشئَ: کھینچنا' اکھاڑنا۔
-النشیطةَ: غازیوں کا راستہ میں ہاتھ لگنے والے مال غنیمت وغیرہ کو لے کر چلنا۔
تَنَشَّطَ: چست ہونا' مستعد بن جانا۔
-للعمل: کام کے لئے تیار ہو کر اس میں لگ جانا۔
-الطریقَ: تیزی اور مستعدی کے ساتھ راستہ طے کرنا۔
استَنْشَطَ الجلدُ: کھال سکڑنا۔
المَنْشَطُ: خوشی اور پھرتی سے کیا جانے والا کام۔
المِنْشَطُ: بہت تیز و پھرتیلا۔
النَّشاطُ: کسی کام کو کرنے کی سچی لگن۔
یقال: لفلان نشاط زراعیٌّ او تجاریٌّ مثلاً (مج)
الاُنْشُوطَةُ: ڈھیلی یا کچی گرہ۔
(۲) گرہ لگانے کی لوہے کی سلائی۔
یقال: ما عِقالُك بِاُنْشوطةٍ: تمہاری دوستی کچی نہیں پختہ ہے۔ (ج) اَناشِیطُ۔
النَّاشِطُ: رسی کے بٹ کھول کر دوبارہ بٹنے والا۔ (ج) نُشَّطٌ۔
النَّشْطُ: تیزی سے لگایا ہوا ڈنک۔

النَّشْطَةُ: یقال: نَشْطَةٌ مُنكَرَةٌ: تیز ڈنک یا چک۔
النَّشُوطُ یقال: بئر نَشُوطٌ: وہ کنواں جس سے ڈول بمشکل کھینچا جاتا ہو۔
النَّشِیطَةُ: وہ مال غنیمت جو غازیوں کو لڑائی کی جگہ پہنچنے سے قبل راستہ میں ہاتھ آتا تھا۔
نَشَغَ- نَشْغًا: سسکی لیتے لیتے مرنے کے قریب ہونا۔
-الارضَ: زمین کا انتہائی بدمزہ پانی نکالنا۔
-الشئَ: زور سے کھینچنا۔
-المریضَ الدواءَ' نَشْغًا' نُشوغًا' مَنْشَغًا: بیمار کو دوا پلانا۔
یقال: نَشَغَ فلانًا الکلامَ: کسی کو کسی بات کی تلقین کرنا۔
اَنْشَغَ فلانًا بِشَرْبَةٍ: کسی کو پانی وغیرہ کا گھونٹ دے کر مدد کرنا۔
اِنْتَشَغَ: ناک یا منہ میں دوا ڈالنا۔
المِنْشَغُ: ناک میں دوا ڈالنے کا ظرف۔
النُّشَاعَةُ: ہاتھ سے نکال کر یا اکھیڑ کر پھینکی جانے والی چیز۔
النَّشْغُ: بدمزہ پانی۔
النُّشُوغُ: نسوار۔
(۲) ناک یا منہ میں ڈالنے کی دوا۔
نَشَغَ الماءُ- نَشْغًا: بہنا۔
-فلانٌ: سسکیاں بھرنا کہ بیہوش ہونے کے قریب ہو جائے۔
(۲) لمبا سانس لینا۔
-بالشئ: دانتوں سے پکڑنا۔
یقال: نَشَغَ الطریقُ بالقوم: لوگوں سے راستے کا تنگ ہو جانا۔
-الماءَ: پینا۔
اَنْشَغَ فلانٌ: ایک طرف ہو جانا۔
-الصبیَّ الدَّواءَ: بچے کو دوا پلانا۔
یقال اَنْشَغَهُ الکلامَ: کسی کو کسی بات کی تلقین کرنا' سکھانا۔
اِنْتَشَغَ الدَّواءَ: دوا کے گھونٹ بھرنا۔
یقال: انتشع الکلامَ: کوئی بات سیکھنا' کسی بات کی تلقین پانا۔
تَنَشَّغَ فلانٌ: اتنی سسکیاں لینا کہ بیہوش ہونے لگے۔
المُنْشُغَةُ: ناک یا منہ میں دوا ٹپکانے کا آلہ۔
النَّاشِغَةُ: وادی میں پانی پہنچنے کا راستہ۔
(ج) نَوَاشِغُ۔
النَّشْغَةُ: لمبا سانس۔
(۲) موت کے وقت کا سنبھالا۔ دم واپسیں کی آخری حرکت۔ (ج) نَشَغات۔
النُّشْغَةُ: زندگی کی بقیہ سانس۔
نَشَفَ الشئُ- نَشْفًا: خشک ہونا۔
یقال: نَشَفَ الثوبُ' نشفت الارضُ' نشف الماءُ۔
یقال: نَشَفَ مالُه: مال ختم ہو جانا۔
-الشئَ: خشک کرنا۔
یقال: نَشَفَ الثوبُ العرقَ۔
نَشِفَ الشئُ- نَشَفًا' نَشْفًا: خشک ہونا۔
یقال: نَشِفَتِ الارضُ: زمین خشک ہونا۔
نَشِفَتِ الارضُ الماءَ: زمین کا پانی کو چوس لینا' جذب کر لینا۔
اَنْشَفَتِ الدَّابَّةُ: چوپائے کا مادہ کے بعد نر بچہ جننا۔
-الشئَ: خشک کرنا۔
-فلانًا: کسی کو دودھ کے جھاگ پلانا یا دینا۔
نَشَّفَتِ الحَلُوبُ: بچے کی پیدائش سے پہلے اونٹنی کا کبھی دودھ سے بھرے ہوئے تھن والی ہونا اور کبھی دودھ سے خالی ہونا۔
-اللبنُ ونحوہُ: دودھ وغیرہ کا جھاگ دار ہونا۔
-الشئَ: خشک کرنا۔
-الماءَ: چیتھڑے سے پانی خشک کرنا۔
اِنْتَشَفَ فلانٌ: جھاگ دار دودھ پینا۔
-الماءَ ونحوہ: رومال یا تولیہ وغیرہ سے پانی خشک کرنا۔
-النُّشافةَ: جھاگ اتارنا۔
انتشف لونُهُ: رنگ بدل جانا۔
تَنَشَّفَ الرَّجُلُ: رومال یا تولیہ سے بدن

Marfat.com

پونچھنا۔
الشیَٔ: خشک کرنا۔
المِنْشَافُ یقال: حَلُوبٌ مِنْشَافٌ: دودھ دینے والی اونٹنی جس کے تھن میں کبھی دودھ بھرا رہتا ہو کبھی نہیں۔
المِنْشَفَۃُ: کپڑا جس سے پانی خشک کیا جائے۔
(۲) ہاتھ منہ پونچھنے کا تولیہ۔ (ع)
(ج) مَنَاشِفُ۔
النُّشَافَۃُ: دودھ کا جھاگ۔
(۲) پونچھا ہوا پانی۔
النَّشَّافُ: غیر مصقول سیاہی چوس پیپر۔ (محدثۃ)
النَّشَّافَۃُ: المِنْشَفَۃُ۔
( ) نَشَّافُ کا واحد۔
النَّشَفُ: سوراخ دار سیاہ پتھر جس کو پاؤں پر ملا جاتا ہے۔
واحدتھا نَشَفَۃٌ (ج) نِشَافٌ۔
النَّشْفَۃُ وہ کپڑا جس میں بارش وغیرہ کا پانی جذب کر کے برتن میں نچوڑا جائے۔
النَّشِفَۃُ: یقال: اَرضٌ نَشِفَۃٌ: پانی جذب کرنے والی زمین۔
النُّشْفَۃُ: برتن میں بچی رہ جانے والی تھوڑی چیز۔
(۲) وہ چیز جو دیگچی سے ڈوئی نکال کر گرم گرم پی جائے۔
(۳) دودھ کا جھاگ۔
نَشِقَ فی الحِبَالَۃِ - نَشَقًا: جال یا پھندے میں پھنسنا۔
یقال: نَشِق فلان فی حِبَالۃ فلان: کسی کے جال میں پھنسنا۔ معاملہ اس طرح ہو جانا کہ اس سے چھٹکارا نہ مل سکے۔
اِشْتَدَّ المطر مَنْشِقَ الناس فی اماکنھم: سخت بارش کی وجہ سے لوگوں کا اپنی جگہوں پر ٹھہرے رہنا۔
-الرائحۃَ نَشْقًا: نَشَقًا: بو سونگھنا۔
-النَّشُوقَ: نسوار سونگھنا۔ ناک میں سانس کے ذریعہ دوا چڑھانا۔
اَنْشَقَ الصائدُ: شکاری کے جال یا پھندے کا شکار کو گرفت میں لینا۔
-الصیدَ فی الحبالۃ: شکار کو جال میں پھنسانا۔
یقال: اَنْشَقْتُہُ الحِبَالَۃَ۔
-فلانًا النَّشُوقَ ونحوَہ: کسی کو نسوار وغیرہ سونگھانا۔
اِنْتَشَقَ الماءَ وغیرَہ: سانس کے ذریعہ ناک میں پانی یا دوا چڑھانا۔
تَنَشَّقَ الماءَ وغیرَہ: اِنتَشَقَہُ۔
-الرائحۃَ: بو سونگھنا۔
-النَّشُوقَ: نسوار ناک میں چڑھانا۔
اِسْتَنْشَقَ: تَنَشَّقَ۔
المَنْشَقُ: ناک (ج) مَنَاشِقُ۔
المَنْشَقَۃُ: نسوار کی ڈبیا۔
النَّشِقُ: یقال رجل نَشِقٌ: کسی کام یا معاملہ میں پھنس جانے والا جو اس سے نکل نہ سکے۔
النُّشْقَۃُ: چوپاؤں کے گلے کا پٹا۔
(ج) نُشَقٌ۔
النَّشُوقُ: نسوار۔
(۲) ناک وغیرہ میں چڑھائی جانے والی یا سونگھی جانے والی ہر دوا۔
النَّشَاقَی من الصَّید: وہ شکار جس کی گردن پھندے میں پھنس گئی ہو۔
نَشَلَ الحیوانُ - نُشُولاً: کم گوشت والا ہونا۔
ھو نَاشِلٌ ھی نَاشِلَۃٌ۔
یقال: فَخِذُنا ناشِلَۃٌ: کم گوشت والی ران۔
-الشیَٔ نَشْلاً: جلدی سے کوئی چیز نکالنا۔ کھینچنا۔
یقال: نَشَلَ اللحمَ من القِدر۔
نَشَلَ الخاتَمَ من یدہ۔
نَشَلَ الغَرِیقَ من الماء۔
-الحیۃُ فلانًا: سانپ کا کسی کو ڈسنا۔
اَنْشَلَ الشیَٔ: نَشَلَہُ۔
یقال: اَنْشَلَ اللحمَ من القِدر۔
اَنْشَلَ ما علی العظم۔
اِنْتَشَلَ الشیَٔ: نَشَلَہُ۔
نَشَّلَ الأضیافَ: مہمانوں کو دوپہر کے کھانے سے قبل ناشتہ پیش کرنا۔
المِنْشَالُ: گوشت نکالنے کی بڑی ہوئی نوک والی سیخ (ج) مَنَاشِیلُ۔
النَّشَّالُ: ہانڈی سے گوشت نکالنے کا ماہر یا عادی۔
(۲) کسی کو غافل پا کر پھرتیلے ہاتھ والا چور (محدثۃ) جیب کترا۔
النَّشِیلُ: نکالی ہوئی یا جلدی سے کھینچی ہوئی چیز۔ ہنڈیا سے تیزی سے نکالا ہوا گوشت وغیرہ۔
نَشِمَ الشیُٔ - نَشَمًا: کسی چیز کا بدبودار ہونا۔
ھو نَشِمٌ۔
یقال: یدُہ نَشِمَۃٌ: اس کے ہاتھ سے بدبو آرہی ہے۔
-الثورُ ونحوُھما: بیل وغیرہ کا سیاہ وسفید داغوں والا ہونا۔
ھو نَشِمٌ۔ ھی نَشِمَۃٌ۔
نَشَّمَ الطعامُ: کھانے کی چیز میں بدبو ہو جانا۔
-الارضُ: زمین سے رطوبت نکلنا۔
-فی الأمر: کام شروع کرنا۔
یقال: نَشَّم فی الأمر۔
تَنَشَّمَ فی الأمر: نَشَّمَ۔
یقال: تَنَشَّمَ منہ علمًا: کسی سے علم حاصل کرنا۔
فلان یَتَنَشَّمُ العلمَ: فلاں علم کو بحسن وخوبی حاصل کرتا ہے۔
المَنْشَمُ: ایک خوشبو جس کا کوٹنا مشکل ہوتا ہے۔ عرب کہا کرتے تھے۔ دقُّوا بینھم عِطْرَ مَنْشَمٍ: ان میں لڑائی سخت ہوگئی۔
النَّشَمُ: فصیلہ زرد خونیہ کا درخت جس کی کمانیں بنائی جاتی تھیں۔
واحدتہ: نَشَمَۃٌ۔
نَشْنَشَتِ القِدرُ: ہانڈی میں جوش آنا۔
-فلانٌ: کسی کام کو تیزی سے کرنا۔

Marfat.com

-الطائرُ: پرندہ کا اپنے پر نوچ کر گرانا۔
-الشیَّ: زور سے دھکیلنا۔ اور زور سے ہلانا۔
-الدّابَّۃَ: چوپائے کو ہانکنا۔ دھتکارنا۔
-الوعاءَ: برتن کو جھٹکنا۔ برتن کو خالی کرنا۔
-الجلدَ: کھال اتارنا۔
تَنَشْنَشَ: لازم نَشْنَشَ۔
یقال: نَشْنَشَہُ فَتَنَشْنَشَ۔
-الشَّجَرَ: چھال اتارنا۔
النَّشْنَاشُ: یقال: رجلٌ نَشْنَاشٌ: سفر میں چاق و چوبند۔
النَّشْنَاشَۃُ: یقال ارضٌ نَشْنَاشَۃٌ: بنجر شور زمین۔
النَّشْنُشُ: یقال غلام نَشْنَشٌ: کام میں پھرتیلا۔ خدمت کے لئے مستعد۔
نَشْنَشِیُّ الذراع: چاق و چوبند۔
النَّشْنَشَۃُ: نئے کپڑے یا نئے کاغذ یا نئی زرہ کی کھڑکھڑاہٹ۔
نَشِيَ- نَشْواً، نُشْوَۃً: ابتدائی نشہ ہونا۔
یقال: نَشِيَ من الشراب۔
-بالشیِّ: کسی چیز کو پسند کرنا اور اسے بار بار کرنا۔
-الرِّیحَ نَشًا، نَشْوَۃً: بو سونگھنا۔
یقال: نَشِیت منہ رائحۃً طیبۃً۔
یقال: نَشِيَ الخبرَ: خبر کی تحقیق کرنا، جاننا۔
اَنْشَی الشیَّ: کسی چیز کا سر ورحاصل کرنا۔
اِنْتَشَی فلانٌ: کسی کو نشہ شروع ہونا۔
-الرِّیحَ: بو سونگھنا۔
تَنَشَّی: اِنْتَشَی۔
اِسْتَنْشَی: اِنْتَشَی۔
یقال: استنشی الخبر نَشِیَۃً۔
النَّشَا: کاربن کے ہائیڈریٹ جو کہ سفید کوٹے ہوئے مادے کی شکل میں ہوں دانوں اور عسقولی نباتات جیسے بطاطس وغیرہ میں بکثرت ہوتے ہیں۔ (مع)
(۲) خوشبو کی مہک (۳) بو (کسی بھی قسم کی ہو)
النَّشَاءُ: النَّشَا۔

النَّشَاۃُ: خشک درخت۔
(ج) نَشَاۃ: (۲) بو۔
النَّشْوَانُ: ابتدائی نشہ والا۔
ھی نَشْوَی (ج) نَشَاوَی۔
(۲) خبر وں کی ابتدائی طور پر معلومات رکھنے والا۔
النَّشْوَۃُ: ابتدائی نشہ۔
کیف و سرور۔ مستی۔ (۲) بو۔
النَّشْوَۃُ: ابتدائی خبر۔
النَّشْوِیُّ: نشا کی طرف منسوب۔

ن ..... ص

نَصَبَ الحادی۔ نَصْباً: حدی خواں کا سریلا گانا گانا۔
(۲) حیلہ اختیار کرنا۔
-علیہ: کسی کے خلاف چال چلنا۔ (محدثہ)
-والشیَّ: کھڑا کرنا۔ اٹھانا۔ بلند کرنا۔
یقال: نَصَبَ العلمَ، نصب الباب۔
یقال: نصب لہ العداء والشرَّ: کسی کو تکالیف پہنچانا، کسی کے ساتھ شر کا برتاؤ کرنا۔
نصب لہ حَرْباً: کسی کے خلاف اعلان جنگ کرنا۔
نَصَبْتُ لہ رایاً: کسی کو ٹھوس مشورہ دینا۔ جس سے وہ رجوع نہ کر سکے۔
-الأمیرُ فلاناً: حاکم کا کسی کو عہدہ پر فائز کرنا۔
-الکلمۃَ: لفظ کو زبر دینا۔
-الشیُّ او الامرُ فلاناً: کسی چیز یا معاملہ کا کسی کو تھکا دینا۔
یقال: نَصَبَہ العملُ، نصبہ المرضُ، نصبہ الھمُّ۔
نَصِبَ- نَصَباً: بہت تھک جانا، چکنا چور ہو جانا۔
(۲) محنت و کوشش کرنا۔
ھو ناصِبٌ، نَصِبٌ۔
-ذوالقَرْن: سینگ دار جانور یا کھڑے ہوئے سینگوں والا ہونا۔
ھو اَنْصَبُ، ھی نَصْباءُ (ج) نُصْبٌ۔
یقال: ناقۃٌ نَصْباءُ: ابھرے ہوئے سینے والی اونٹنی۔

یقال: اَنْصَبَ الحدیثَ: حدیث کا سلسلہ صاحب حدیث تک پہنچانا۔
نَاصَبَہُ العداوۃَ او الحربَ: کسی سے لڑائی یا دشمنی مول لینا۔
نَصَّبَ الشیَّ نَصَبَہُ۔
-الأمیرُ فلاناً: کسی کو منصب دینا۔
انتصَبَ: لازم نَصَبَہُ۔
یقال: نَصَبَہُ فانتَصَبَ۔
انتصب للحُکم: فیصلہ کے لئے تیار ہونا۔
تَنَاصَبُوا الشیَّ: باہم تقسیم کرنا۔
تَنَصَّبَ: لازم نَصَّبَ۔
یقال: نَصَّبَ فتنَصَّبَ۔
یقال: تَنَصَّبَ الطائرُ: پرندہ کا فضا میں بلند ہونا۔
تَنَصَّبَ الثَّغْرُ: دانتوں کا سیدھا ہونا۔
تَنَصَّبَ لفلان: کسی سے دشمنی کرنا۔
الاُنْصُوبَۃُ: راہ گیروں کی رہنمائی کے لئے راستہ پر نصب کی گئی نشانی۔ (ج) اَنَاصِیبُ۔
المَنْصِبُ: مقام (۲) اصل۔
یقال: ھو یرجع الی منصب کریم۔
لفلان منصبٌ: فلاں کا مقام و مرتبہ ہے۔
(۲) پوسٹ۔ اسامی جس پر کوئی شخص فائز ہو۔
یقال: تَوَلّی مَنْصِبَ الوَزارۃِ او القَضاءِ و نحوھما (مو) (ج) مَنَاصِبُ۔
المِنْصَبُ: لوہے وغیرہ کا چولہا جو برتن کے نیچے رکھا جاتا ہے۔ پکانے وغیرہ کے لئے (ج) مَنَاصِبُ۔
المَنْصَبَۃُ: محنت و مشقت۔
یقال: عیشٌ ذو مَنْصَبَۃٍ۔
المُنَصَّبُ: یقال ثَغْرٌ مُنَصَّبٌ: ہموار دانت۔
المَنْصُوبُ: (علم نحو میں) وہ کلمہ جس پر فتحہ ہو۔
المَنْصُوبَۃُ: حیلہ۔
یقال: سَوّی لہ منصوبۃً۔
النّاصِبُ: یقال: ھَمٌّ ناصِبٌ: تھکا دینے

Marfat.com

والا۔
عَيْشٌ ناصبٌ: بامشقت' تکلیف دہ زندگی۔
(ج) نَوَاصِبُ۔
النِّصَابُ: اصل' مرجع۔
يقال: رَجَعَ الأمرُ الى نِصابه۔
(٢) چھری کا دستہ۔
-من المال: مال کی اتنی مقدار جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔
-في عدد الاعضاء: کورم۔ وہ مقدار جس کی موجودگی سے کسی جلسہ کا انعقاد درست ہو۔ (محدثہ)
يقال' هلك نصابُ مال فلان: فلاں نے اپنے مال سے فائدہ نہیں اٹھایا۔
(ج) نُصُبٌ۔
النَّصَّابُ: مبالغہ من نَصَبَ۔
(٢) ہر کام میں بغیر کہے ٹانگ اڑانے والا۔
(٣) بہت حیلہ باز۔ دھوکے باز (محدثہ)
النُّصْبُ: بلند پرچم۔
(٢) مقررہ حد پر لگی عبارت۔ نشانی۔
(٣) اللہ کو چھوڑ کر عبادت کے لئے کھڑی کی ہوئی چیز۔ (ج) اَنْصَابٌ۔
(٣) نغمے کی ایک قسم۔
(٤) دھوکہ۔ حیلہ (محدثہ)
نصبُ الكلمة: اعراب لفظ میں حرکت زبر یا قائم مقام حرکت زبر۔
يقال: هذا نَصْبُ عيني: یہ میرا نصب العین ہے۔
النُّصُبُ: المنصوب۔
(٢) کسی واقعہ یا شخص کی یاد میں بنائی ہوئی چیز۔ (ج)
يقال: هذا نُصْب عيني: میرا نصب العین ہے۔
(٢) فتنہ۔ مصیبت۔
(٣) اللہ کے علاوہ گاڑی ہوئی اور عبادت کی جانے والی چیز۔ (ج) اَنْصَابٌ۔
النَّصْبُ المنصوب (ج) اَنْصَابٌ۔
النَّصْبَةُ: منصب کا اسم مرۃ۔

من الشكل في الأعراب: فتحہ' زبر۔
النَّصِيبُ: ہر چیز کا حصہ۔
(٢) حوض (٣) المنصوب۔
(ج) أَنْصِباءُ' أَنْصِبَةٌ' نُصُبٌ۔
النَّصِيبَةُ: حوض کے گرد کھڑے کئے جانے والے پتھروں میں سے ایک جو سہارے کا کام دیتے ہیں۔
(٢) بطور علامت زمین میں گاڑی ہوئی چیز
(ج) نَصَائِب۔
نَصَتَ له۔ نَصْتًا: بات سننے کے لئے خاموش ہونا۔
اَنْصَتَ: غور سے سننا۔
(٢) اچھی طرح سننا۔
-فلانًا: خاموش کرنا۔
يقال: اَنْصَتَ المحدثُ القومَ: متکلم کا لوگوں کو خاموش کرنا۔
اَنْصَتَ للَّحصْوِ: لہو ولعب وغیرہ کی طرف مائل ہونا۔
اِنْتَصَتَ له: نَصَتَ۔
تَنَصَّتَ: سننے کی کوشش کرنا۔
(٢) بتکلف خاموش رہنا۔
استَنْصَتَ: سننے کے لئے خاموش کھڑا رہنا۔
-فلانًا: کسی سے بغور سننے کو کہنا۔
النُّصْتَةُ الإِنْصَاتُ۔
يقال: له عَلَيَّ حَقُّ النُّصْتَةِ۔
نَصَحَ الشيُّ- نَصْحًا' نُصُوحًا' نَصَاحَةً: خالص ہونا۔
يقال: نَصَحَ المعدنُ۔
يقال: نَصَحَت توبتُهُ: کسی غلطی یا گناہ اور لوٹنے کے شائبہ سے توبہ کا صاف و خالص ہونا۔
نَصَحَ قلبُهُ: دل کا کھوٹ سے پاک ہونا۔
-الشيُّ: خالص اور صاف ہونا۔
يقال: نصَحَ لفلان الوُدُّ' نصح له المشورة۔
-فلانًا وله: کسی کے ساتھ ہمدردی کرنا۔ ایسی بات بتلانا جس میں اس کا فائدہ ہو۔ هو

ناصِحٌ' هي ناصحة۔
(ج) نُصَّحٌ' نُصَّاحٌ۔
هو نَصِيحٌ (ج) نُصَحاءُ۔
-الثوبَ ونحوَه نَصْحًا' نَصَاحَةً: کپڑے وغیرہ کی عمدہ سلائی کرنا۔
-الشرابَ نَصْحًا' نُصُوحًا: پی کر سیر ہو جانا۔
اَنْصَحَهُ: سیراب کرنا۔
نَاصَحَ فلانًا: ایک دوسرے کے ساتھ ہمدردی کرنا۔
-فلانٌ نفسَه في التَّوبة: کسی کا خود کو توبہ میں مخلص اور بیدار رکھنا۔
اِنْتَصَحَ: نصیحت قبول کرنا۔
-فلانًا: کسی کو خیر خواہ بنانا۔
(٢) خیر خواہ سمجھنا۔
يقال: اِنْتَحِصَنِي فَإِنَّنِي لَكَ ناصِحٌ-
تَنَصَّحَ: خیر خواہوں جیسا ہونا۔
يقال: تَنَصَّح له۔ (٢) نصیحت کرتے رہنا۔
-الثوبَ ونحوَه: نَصَحَهُ۔
استَنْصَحَهُ: ہمدرد و خیر خواہ سمجھنا۔
المِنْصَحُ: سوئی۔ سلائی کا ہرآلہ۔
المِنْصَحَةُ: المِنْصَحُ۔
النَّاصِحُ: ہر خالص چیز۔
يقال: سَقَانِي نَاصِحَ الشَّرَابِ۔
يقال: نَاصِحُ الجَيْبِ: صاف دل۔
(٢) درزی۔
النِّصَاحُ: دھاگا وغیرہ۔
يقال: صَلْبَ نِصَاحُكَ: مضبوط و سخت ہونا۔
(ج) نُصُحٌ۔
النُّصْحُ: مخلصانہ مشورہ۔
النُّصُحُ: النُّصْحُ۔
النَّصَّاحُ: مبالغہ من نَصَحَ۔
(٢) درزی۔
النَّصُوحُ: مبالغہ من نَصَحَ۔
يقال: تَوبةٌ نصوحٌ: پکی توبہ۔
النَّصِيحُ: النَّاصِحُ۔
(ج) نُصَحَاءُ۔

Marfat.com

النَّصِيحَةُ: ہمدردانہ بات جس میں نیکی کی دعوت اور فساد سے اجتناب کی ترغیب ہو۔
(ج) نَصَائِحُ۔
نَصَرَهُ على عدوّه ـُ نَصْرًا، نُصْرَةً: دشمن کے مقابلے میں کسی کی حمایت و مدد کرنا۔
ومنه: کسی سے نجات دلانا۔
هو نَاصِرٌ هي نَاصِرَةٌ (ج) نُصَّارٌ۔ نُصُورٌ۔
هو وهي نَصِيرٌ (ج) أَنْصَارٌ۔
نَاصَرَهُ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
نَصَّرَهُ: کسی کو نصرانی بنانا۔
اِنْتَصَرَ: ظالم سے محفوظ رہنا۔
-على خَصْمِهِ: مقابل پر فتح پانا۔
-منه: کسی سے بدلہ لینا۔
تَنَاصَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
يقال: تَنَاصَرَتِ الأَخْبَارُ: خبروں کا ایک دوسرے کی تصدیق کرنا۔
تَنَصَّرَ: مددگار بننا۔
(۲) نصرانی بننا۔
اِسْتَنْصَرَ بفلان: کسی سے فریاد کرنا۔
-فلانًا: کسی کی مدد و حمایت چاہنا۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَإِذَا الَّذِي اسْتَنْصَرَهُ بِالْأَمْسِ يَسْتَصْرِخُهُ۔
-فلانًا على فلان: کسی سے کسی کے خلاف مدد مانگنا۔
الأَنْصَارُ: اہل مدینہ جنہوں نے رسول خدا کی ہجرت کے وقت مدد کی اور یہ مہاجرین کے مقابل ہیں۔
الأَنْصَرُ: غیر مختون۔
النَّاصِرُ: وادیوں میں پانی کا راستہ۔
(ج) نَوَاصِرُ۔
يقال: مدّت الوادىَ النَّوَاصِرُ۔
النَّاصِرَةُ: فلسطین کے الخلیل علاقہ کا ایک گاؤں جس کی طرف مسیح علیہ السلام منسوب ہیں۔
النَّاصُورُ: ناسور (ج) نواصيرُ۔
النَّصْرُ: يقال: رجلٌ نَصْرٌ: مددگار قومٌ نَصْرٌ: مددگار لوگ۔
النَّصْرَانِيُّ: مذہب نصرانیت کا متبع۔
هي نصرانية (ج) نَصَارَى۔
النَّصْرَانِيَّةُ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پیروکاروں کا مذہب۔
النُّصْرَةُ: مدد، حمایت۔
النَّصُورُ: مبالغہ النَّاصِرِ۔
النَّصِيرُ: النَّصُورُ۔
(ج) أَنْصَارٌ، نُصَرَاءُ۔
النَّصِيرَةُ: مؤنث النَّصِيرِ۔
(۲) عطیہ۔ (ج) نَصَائِرُ۔
نَصَّ الشِّوَاءُ ـِ نَصِيصًا: گوشت کا آگ پر بھنتے وقت آواز پیدا کرنا۔
-القِدْرُ: ہنڈیا کا کھولنا۔
-على الشيءِ ـُ نَصًّا: کسی چیز کی تعیین اور تصریح کرنا۔
يقال: نَصُّوا فلانًا سيّدًا: سردار بنانا۔
-الشيءَ: اوپر اٹھانا۔ ظاہر کرنا۔
يقال: نَصَّتِ الظَّبْيَةُ جيدَها۔
يقال: نَصَّ الحديثَ: حدیث کی سند بیان کرنا۔ اور اس کا سلسلہ صاحب حدیث یا اصل راوی تک پہنچانا۔
-المتاعَ: سامان کو تہ بہ تہ کرنا۔
-فلانًا: کسی کو اسٹیج پر بٹھانا۔
-الشيءَ: ہلانا۔
يقال: هو يَنُصُّ أَنْفَهُ غَضَبًا۔
-الدَّابَّةَ: چوپائے کو تیز دوڑانا۔
يقال: نَصَّ فلانًا: کسی سے کسی بات کی خوب پوچھ گچھ کرکے آخری بات نکال دینا۔
نَاصَّ غريمَهُ: قرض دار کو تنگ کرنا۔
نَصَّصَ المتاعَ: نَصَّهُ۔
-غريمَهُ (نَاصَّهُ)
اِنْتَصَّ الشيءُ: بلند ہونا، ہموار و سیدھا ہونا۔
يقال: انتصَّ السَّنامُ۔
-العروسُ ونحوُها: دولہن وغیرہ کا بلند و نمایاں جگہ پر بیٹھنا۔
تَنَاصَّ القومُ: لوگوں کا ازدحام ہونا۔
المِنَصَّةُ: دلہن یا خطیب کے لئے تیار کی گئی بلند کرسی یا بلند تخت، جسے کپڑوں وغیرہ سے آراستہ کیا جاتا ہے۔ اسٹیج۔
يقال: وُضِعَ فلانٌ على المِنَصَّةِ: فلاں کو رسوا کردیا گیا۔ (ج) مَنَاصُّ۔
المَنْصُوصُ عليه: متعین وواضح۔
النَّصُّ: مؤلف کے قلم سے نکلے ہوئے اصل کلام کے الفاظ۔ (مو)
(۲) ایسے الفاظ کا مرتب مجموعہ جس سے صرف ایک ہی معنی سمجھے جائیں۔ یا تاویل کا احتمال نہ رکھے۔
ومنه قولهم: لا اجتهادَ مع النَّصِّ (مو)
(ج) نُصُوص۔
(۳) (علمائے اصولیین کے ہاں) قرآن و حدیث۔
-من الشيءِ: کسی چیز کا منتہا، آخری حد۔
يقال: بلغ الشيءُ نَصَّهُ، بلغنا من الأمر نَصَّهُ: کام کی سختی کا سامنا کرنا۔
النُّصَّةُ: ماتھے پر پڑے ہوئے بال۔
(ج) نُصَصٌ، نِصَاصٌ۔
النَّصِيصُ: يقال: أمرٌ نصيصٌ ٹھوس و سنجیدہ کام۔
نَصَعَ الشيءُ ـَ نُصُوعًا، نَصَاعَةً: صاف و نکھرا ہوا ہونا۔
يقال: نَصَعَ لونُه۔
يقال: نَصَعَ الأمرُ: واضح اور کھلا ہوا ہونا۔
نَصَعَ الحقُّ: حق ظاہر ہونا۔ روز روشن کی طرح واضح ہونا۔
نَصَعَ فلانٌ: کسی کا کھل کر سامنے آنا۔
-بالحقِّ: حق تسلیم کرکے ادا کرنا۔
أَنْصَعَ بالحقِّ وله نَصَعَ به۔
-للشَّرِّ: بدی اور شرارت کرکے رہنا۔
يقال: أَنْصَعَ الرَّجُلُ: کسی کے دل کی بات ظاہر ہونا۔
(۲) کانپنا، رونگٹے کھڑے ہونا۔
نَاصَعَهُ الخبرَ: کسی کو بالکل صحیح خبر دینا۔
النَّاصِعُ: صاف روشن۔

Marfat.com

يقال: ابيضُ ناصعٌ 'احمرُ ناصعٌ۔
يقال: حقٌّ ناصعٌ: واضح حق۔
حَسَبٌ ناصِعٌ: خالص و بے داغ نسب۔
النَّصَّاعُ: مبالغہ ناصع۔
يقال: اَحْمَرُ نَصَّاعٌ' حُمرةٌ نَصَّاعةٌ۔
النِّصعُ: بہت سفید چمڑا یا کپڑا۔
النِّصَعُ: چمڑے کا فرش۔
(ج) اَنْصَاعٌ۔
النَّصِيْعُ: مبالغہ ناصعٌ۔
(۲) بہت تیز و خالص رنگ۔
(۳) صاف۔
يقال: شربْنَا ماءً نَصِيْعًا۔
نَصَفَ الشئُ ـُ نَصْفًا' نُصُوْفًا: آدھا ہونا۔
يقال: نَصَفَ النَّهارُ' نَصَفَ اللَّيْلُ۔
يقال: نَصَفَ البُسْرُ والتَّمْرُ: کھجور یا پھل کا گدرا ہونا۔ آدھا پکا ہوا ہونا۔
—الشئَ نَصْفًا' نَصَافَةً: کسی چیز کے آدھے حصے تک پہنچنا۔
يقال: نَصَفَ الازارُ ساقَهُ 'نَصَفَ الشَّيْبُ رأسه' نَصَفَ الكتابَ (۲) آدھا آدھا کرنا۔
يقال: نَصَفَ الدَّرَاهِمَ بينهُمَا۔
يقال: نَصَفَ القومَ: قبیلہ یا قوم سے اس کا آدھا مال لے لینا۔
—فلانًا نَصْفًا' نِصَافًا' نِصَافَةً: کسی کی خدمت کرنا۔
اَنْصَفَ الشئُ: آدھا ہونا۔
—فلانٌ: انصاف کرنا۔
—الشئَ: نَصَفَه۔
يقال: اَنْصَفَ الماءُ الإناءَ' اَنْصَفْتُ عُمري۔
—فلانًا: کسی کے ساتھ انصاف کرنا۔
يقال: اَنْصَفَ فلانًا من فلان: کسی سے پورا حق وصول کرنا۔
نَاصَفَهُ الشئَ: کسی سے آدھا حصہ بٹوا لینا' آدھے آدھے کا معاملہ کرنا۔
نَصَّفَ الشئُ: آدھا ہونا۔

يقال: نَصَّفَ البُسْرُ: کھجور کا آدھا پک جانا۔
(۲) ایک قسم کی کوڑی جو پالش کے کام آتی ہے۔

(ج) مَناقِیفُ، مَناقِفُ۔

المَنْقَفُ: کسی چیز کا ناہموار قابل درستگی حصہ۔

یقال: نحت النَّجّارُ العُودَ وتَرَكَ فیه مَنْقَفًا: بڑھئی نے لکڑی کو چھیلا اور اس میں کچھ جگہ صحیح نہیں چھیلی۔

المَنْقَفُ: یقال رجلٌ مُنْقَفُ العظام وہ شخص جس کی ہڈیاں دکھائی دیتی ہوں۔

المَنْقُوفُ: یقال: جذعٌ منقوفٌ: دیمک کھایا ہوا درخت۔

رجلٌ مَنْقُوفٌ: کم گوشت آدمی۔ یا دبلے اور زرد چہرے والا آدمی۔

یقال: عَیْنانِ مَنْقُوفَانِ: سرخ آنکھیں۔

النِّقافُ: یقال: جاء فی نقاف واحد: دونوں برابری کے ساتھ آئے۔

النَّقَفُ: انڈے سے نکلتا ہوا چوزہ۔

النَّقَفَةُ: پہاڑ کی چوٹی پر چھوٹا سا گڑھا۔

النَّقّافُ: چوب تراش۔

(۲) چور جو ہاتھ لگے نکال لے۔

(۳) بھیک مانگنے کا عادی۔

یقال: رجلٌ نقّافٌ: مدبر اور دور اندیش آدمی۔

النَّقِیفُ: المَنْقُوفُ۔

یقال: جذع نقیف: دیمک خوردہ تنا۔

(ج) نُقُفٌ۔

نَقَّتِ الدجاجةُ او نحوها - نَقِیقًا: مرغی کا آواز نکالنا۔

یقال: نَقَّتْ ضفادعُ بَطْنِهِ: بھوکا ہونا۔

أنَقَّ: مینڈک کی آواز والا ہونا۔

(۲) مینڈک کا آواز نکالنا۔

النَّقّاقُ: مبالغہ من نَقَّ۔

(۲) مینڈک (یہ صفت غالبہ ہے)

هی نَقّاقَةٌ۔

النَّقُوقُ: چیخنے چلانے والا۔

یقال: ضِفدعٌ نَقُوقٌ۔ (ج) نُقُقٌ۔

النَّقِیقُ: مینڈک کی آواز۔

نَقَلَ الشئَ - نَقْلًا: ایک جگہ سے دوسری جگہ پھیرنا۔

-الکتابَ: نقل کرنا، کاپی کرنا۔

الخبرَ او الکلامَ: کسی کی خبر یا بات دوسرے کو پہنچانا۔

-الدوابَّ: چوپاؤں کو پہلا اور دوسرا پانی پلانا۔

-الکتابَ الی لغةِ کذا: کتاب وغیرہ کا کسی زبان میں ترجمہ کرنا۔

-الشئَ الخَلَقَ: پرانی چیز کی مرمت کرنا۔ پیوند لگانا۔

یقال: نقلَ الثوبَ، نقلَ النَّعلَ۔

نَقِلَ المکانُ - نَقَلًا: کسی جگہ کا بہت ملبے والی ہونا۔

-البعیرُ: اونٹ کے کھر کا بیماری سے پھٹ جانا۔

هو نَقِلٌ، هی نَقِلَةٌ۔

أنْقَلَ الشئَ الخَلَقَ: نَقَلَهُ۔

ناقَلَ الفرسُ: گھوڑے کا تیزی سے پاؤں اٹھانا۔ (۲) پچھلی دونوں ٹانگیں اگلے پیروں کی جگہ رکھنا۔ (۳) دوڑتے ہوئے رکاوٹوں کو پار کر جانا۔

-ندیمَهُ القَدَحَ: ہم نشین کو جام دینا اور پینا۔

-فلانًا الحدیثَ: ہر ایک کا دوسرے سے اپنی بات یا حدیث بیان کرنا۔

نَقَّلَهُ: مبالغہ در نَقَلَهُ۔

انْتَقَلَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔

تَناقَلَ القومُ الحدیثَ بینهم باہم حدیث بیان کرنا۔

تَنَقَّلَ من مکان الی آخر منتقل ہونا۔

-فلانٌ: خشک میوہ کھانا۔

المَنْقَلُ: پرانا موزہ یا جوتا۔

(۲) مختصر راستہ۔

المِنْقَلُ: چوزہ۔

یقال: فرس مِنْقَلٌ: تیز رو گھوڑا۔

المَنْقَلَةُ: سفر کی منزل۔

یقال: أرضٌ مَنْقَلَةٌ: پتھریلی زمین۔

(ج) مَناقِلُ۔

المِنْقَلَةُ: ذریعہ نقل مکانی۔

(۲) (علم ہندسہ میں) نقشہ کے زاویوں کی پیمائش کا آلہ (ج) مَناقِلُ۔ (مج)

المُنَقِّلَةُ: سر کا وہ زخم جس سے ہڈیوں کے ریزے برآمد ہوں۔

(۲) شطرنج کی طرح کی تختی جس کے خانوں میں کنکریاں ڈال کر کھیلتے ہیں۔ (مو)

المَنْقُولُ: سماع یا روایت سے حاصل شدہ علم۔

Marfat.com

جیسے علم الفقہ یا علم الحدیث وغیرہ۔ یہ معقول کا مقابل ہے۔

النَّاقِلَةُ من الناس: خانہ بدوش لوگ۔ خلاف القُطَّان۔

(۲) دوسرے قبیلے کی طرف منسوب اور منتقل ہونے والا قبیلہ۔

(۳) آفت زمانہ۔

(۴) ایک بستی سے دوسری بستی میں منتقل ہونے والا اخراج۔ (ج) نَوَاقِلُ۔

النِّقَالُ: نیزوں کے چوڑے اور چھوٹے پھل۔ واحدتها نُقْلَةٌ۔

النَّقَّالَةُ: بیمار اور زخمیوں کے اٹھانے والی چارپائی۔ (مو)

النَّقْلُ مختصر راستہ۔

(۲) موزہ یا جوتا۔

(ج) اَنْقَالٌ۔ نُقُولٌ۔

همزه النَّقل (علم النحو میں) وہ ہمزہ جو غیر متعدی فعل کو متعدی اور متعدی بیک مفعول کو متعدی بدو مفعول اور متعدی بہ دو مفعول کو متعدی بہ سہ مفعول بنا دیتا ہے۔

تشدید النَّقل وہ تشدید جو غیر متعدی فعل کو متعدی اور متعدی بیک مفعول کو متعدی بدو یا زائد بنا دیتی ہے۔

النُّقْلُ شراب کے ساتھ لیا جانے والا پھل چٹنی وغیرہ۔

(۲) کھانے سے پہلے یا بعد میں بطور تفنن کھائے جانے والے خشک میوے جیسے اخروٹ بادام پستہ وغیرہ۔ عموماً رمضان کی راتوں میں انہیں لیا جاتا ہے۔ (مو)

النَّقَلُ مکان یا قلعے کے انہدام کے وقت گرے ہوئے پتھر۔

(۲) ایک تیر سے نکال کر دوسرے تیر میں لگایا جانے والا پر۔

(۳) شوروشغب کے ساتھ زبانی جھگڑا۔

(۴) اونٹ کے کھر کی بیماری جس سے وہ پھٹ جاتا ہے۔

النِّقْلُ: يقال: مكان نِقْلٌ سخت و کھردری جگہ۔

رجلٌ نِقْلٌ: تیز گفتار و حاضر جواب آدمی۔

النِّقْلَةُ: يقال: امرأةٌ نِقْلَةٌ: وہ عورت جس کی زیادہ عمر ہو جانے کی وجہ سے پیغام نکاح نہ آتا ہو۔ (ج) نِقَلٌ۔

النُّقْلَةُ: چغلی۔ (ج) نِقَلٌ۔

النُّقْلَةُ: يقال: سمعت نَقْلَةَ الوادی: میں نے وادی کے سیلاب کی آواز سنی۔

النَّقِيلُ: چلتے ہوئے جانوروں کی ٹھوکر سے اڑنے والے پتھر۔

(۲) بارش کے علاقے سے دوسرے علاقے میں منتقل ہونے والا اسیلاب۔

(۳) پردیس میں رہنے والے مرد و عورت۔

يقال: امرأةٌ نَقِيلَةٌ۔

(۴) تیزی سے قدم اٹھانے والا جانور۔

النَّقِيلَةُ: موزے یا جوتے میں لگایا جانے والا پیوند۔ (۲) انسان کی کھال کا ٹکڑا جو ایک جگہ سے کاٹ کر دوسری جگہ لگایا جائے۔ (مج)

(ج) نَقَائِلُ، نُقُلٌ۔

نَقَمَ منه۔ نَقْمًا، نقومًا: کسی کو سزا دینا۔

-الشئَ ناپسند کرنا۔ عیب نکالنا۔

يقال: نقمت عليه الأمرَ، نقمت منه كذا قرآن حکیم میں ہے:

وَمَا نَقَمُوا مِنْهُمْ إِلَّا أَنْ يُؤْمِنُوا بِاللّٰهِ۔ اور هَلْ تَنْقِمُونَ مِنَّا إِلَّا أَنْ آمَنَّا۔

يقال: ما تَنْقِمُ مِنَّا تم ہماری کس چیز کو ہدف ملامت بناتے ہو؟

نَقِمَ الشئَ۔ نَقْمًا: جلدی سے کھالینا۔

نَقَّمَ الشئَ: بہت برا سمجھنا، بہت عیب نکالنا۔

اِنْتَقَمَ منه بدلہ لینا۔ سزا دینا۔

قرآن حکیم میں ہے

فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِينَ أَجْرَمُوا۔

النَّقَمُ: يقال: ضربهُ ضَرْبَةَ نَقِمٍ: دشمن کی طرح مارا۔

(۲) راستے کا بیچ۔

النِّقْمَةُ سزا۔ (ج) نِقَمٌ۔

نَقْنَقَ الضِّفْدَعُ ونحوه مینڈک کا بولنا۔

-عينُه: آنکھ کا اندر دھنس جانا۔

النِّقْنِقُ: نر شتر مرغ۔ (ج) نَقَانِقُ۔

النَّقْنِيقُ: پھانسی کا تختہ۔

(ج) نَقَانِيقُ۔

نَقِهَ من مرضه۔ نَقَهًا، نُقُوهًا: صحت پانے کے باوجود کمزور رہنا۔

يقال: نَقِهْتُ من الحديث: بات سے مطمئن ہونا۔

-الكلامَ والحديثَ: بات سمجھنا۔

هو نَقِهٌ، ناقِهٌ، هي نقهة، ناقِهَةٌ۔ (ج) نُقَّهٌ۔

اَنْقَهَهُ اللّٰهُ: شفا عطا کرنا۔

(۲) سمجھانا۔

يقال: اَنْقِه لي سَمْعَكَ: میری طرف متوجہ ہو اور میری بات سنو۔

اِنْتَقَهَ من المرض و نَقِهَ۔

يقال: اِنْتَقَهْتُ من الحديث: میں بات سے مطمئن ہو گیا۔

اِسْتَنْقَهَ: دریافت کرنا۔

نَقَا المُخَّ۔ نَقْوًا: نکالنا۔

-العظمَ۔ نَقْوًا: گودا نکالنا۔

نَقِيَ الشئُ۔ نَقَاوَةً، نَقَاءً: صاف ہونا۔

هو نَقِيٌّ (ج) نِقَاءٌ، نُقَوَاءُ۔

هي نَقِيَّةٌ (ج) نِقَاءٌ۔

-الرجلُ نَقِيٌّ گوشت نہ رہنا۔

اَنْقَى العظمُ ہڈی میں گودا آجانا۔

-البُرُّ گیہوں کا دانہ موٹا ہو کر نفر دار ہو جانا۔

-العودُ ٹہنی میں نرمی آجانا۔

-الشئُ گودے دار ہونا۔

-الشئَ صاف کرنا، پسند کرنا۔

نَقَّاهُ: اَنْقَاهُ۔

اِنْتَقَى المُخَّ من العظم: نَقَاهُ۔

-الشئَ پسند کرنا۔

تَنَقَّى الشئَ: اِنْتَقَاهُ۔

الاَنْقَى: يقال: رجلٌ أَنْقَى پتلی لمبی ہڈیوں والا۔ هي نَقْوَاءُ۔

المُنَقَّى: آلائشوں سے پاک۔

Marfat.com

(۲) راستہ۔
المُنقِي: غلہ صاف کرنے والا۔
المُنقِيَةُ من النُّوقِ: چربی چڑھی ہوئی اونٹنی۔
(ج) مَناقٍ۔
النَّقا: گودے دار ہڈی۔
(۲) بازو کی ہڈی۔
(۳) ریت کا ٹیلہ۔
(ج) أنقاء نُقِيّ۔
النُّقاوَاۃ: ترش پودا جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں۔ (ج) نَقاوَى۔
النُّقاوَةُ من الشئ: عمدہ اور خلاصہ اور جوہر (ج) نُقاً، نُقاء۔
النُّقايَةُ من الشئ: پھینکنے کے قابل ردی چیز۔ (ج) نَقايا، نُقاءٌ۔
النِّقوُ: ہر گودے دار ہڈی۔
(۲) بازو کی ہڈی (ج) أنقاءٌ۔
النَّقوَةُ من الشئ: عمدہ اور چھانٹی ہوئی چیز۔
النِّقيُ: ہڈی کا گودا (ج) أنقاءٌ۔
النَّقْيَةُ: یقال: ما تفوّہ بنقيةٍ: اس نے ایک حرف زبان سے نہیں نکالا۔
النَّقِيُّ: خالص (۲) میدہ۔

ن ...... ک

نَكَأ القَرْحَةَ - نَكْأً: زخم کو اچھا ہونے سے پہلے چھیل دینا۔
-العدوَّ: دشمن کو زخمی کر کے مار ڈالنا۔
-فلاناً حقَّهُ: کسی کا حق دے دینا۔
انتَكَأ الحقَّ: حق وصول کر لینا۔
نَكَبَتِ الرِّيحُ - نُكوباً: ہوا کا بے رخ چلنا۔
-عنه نكباً: ہٹنا۔ الگ ہونا۔
قرآن حکیم میں ہے:
عَنِ الصِّرَاطِ لَنَاكِبُونَ۔
-به: پھینکنا۔
-الإناءَ: برتن کی چیز کو بہا دینا۔
الجَعبَةَ: ترکش کے تیر نکال کر بکھیر دینا۔
-الحجارةُ رجلَه: پیر کو پتھروں کا زخمی کر دینا۔
-الدَّهرُ فلاناً: زمانہ کا کسی پر مصیبت لانا۔

نَكُبَ - نَكابَةً: قوم کا محافظ ذمہ دار ہونا۔
یقال: ما كان مَنكِباً، لقد نكُبَ۔
نَكِبَ البعيرُ ونحوه - نَكَباً: اونٹ کا پیدائشی طور پر ترچھا چلنا۔
(۲) اونٹ کے کندھے میں بیماری کی وجہ سے ٹیڑھا ہونا۔
هوَ أنكَبُ، هي نَكباءُ (ج) نُكْبٌ۔
نَكَّبَ عنه: الگ ہونا۔ ہٹنا۔
-الشئَ: ہٹانا۔
یقال: نَكَّبَهُ الطَّرِيقَ، نكّب به الطريقَ نكّب به عن الطريق: راستہ سے ہٹانا۔
انتكبَ الشئَ: کندھے پر ڈالنا۔
تنكّبَ: ایک طرف ہو کر چلنا۔
-على الشئ: سہارا لینا۔
-عنه: نكّب۔
-الطريقَ المعوجَّ: ٹیڑھے راستے سے بچنا۔
یقال: تنكّب فلاناً: کسی کی طرف مونڈھا کر کے دوسری طرف متوجہ ہونا، منہ پھیرنا۔
تَنَكَّبْ عَنِّي: میرے پاس سے ہٹ اور دور ہو جا۔
-الشئَ: کوئی چیز مونڈھے پر ڈالنا۔
یقال: تنكّب قوسَه۔
الأنكَبُ: جھکے ہوئے کندھے والا۔ (۲) بے کمان آدمی۔ (ج) نُكْبٌ۔
المَنكِبُ: کندھے اور شانے کا جوڑ، مونڈھا (مذکر)
یقال: هزّ منكبه لكذا: خوش ہونا۔
(۲) ہر چیز کا کنارہ، گوشہ۔
(۳) زمین کا بلند حصہ۔
(۴) سردار قوم۔
یقال: هوَ منكِبُ العُرَفاءِ: سردار (ج) مَناكِبُ۔
قرآن حکیم میں ہے:
هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا: اس کے اطراف میں چلو۔
النَّكباءُ: بے رخ ہوا جو شمال و مشرق کے درمیان چلے۔ (ج) نُكْبٌ۔
المَناكِبُ: پرندے کے بڑے پروں کے بعد چار پر۔
یقال: راش سهمَه بمناكب النسر (اس کا کوئی واحد نہیں)
النَّكْبُ: مصیبت (ج) نُكوبٌ۔
النَّكَبُ: کسی چیز کی معمولی کجی۔
(۲) اونٹ وغیرہ کے مونڈھوں کی ایک بیماری جس کی وجہ سے وہ ٹیڑھا ہو کر چلتا ہے۔
النَّكبَةُ: مصیبت (ج) نَكَبات۔
النُّكبَةُ: کھانے کی چیزوں کا ڈھیر۔ (ج) نُكَبٌ۔
النَّكِيبُ: المَنكوبُ۔
(۲) کھر یا موزہ کا دائرہ۔
اليَنكوبُ من الطريق: ٹیڑھا راستہ۔
نَكَتَ الارضَ، وفيها - نَكْتاً: لکڑی وغیرہ سے زمین کو کریدنا۔
یقال: اتيتُه وهو ينكُتُ: میں اس کے پاس آیا تو وہ اس طرح سوچ میں تھا جیسے اپنے دل سے باتیں کر رہا ہو۔
مرّ الفرس وهو ينكُتُ: گھوڑا اچھلتا کودتا گزرا۔
-الشئَ: زمین پر پھینکنا۔
یقال: نكتَ فلاناً: پیر کے بل گرانا۔
والشئَ: کسی چیز کو خالی کر دینا اندرونی چیز باہر نکال کر بکھیر دینا۔
یقال: نكتَ كِنانَتَهُ: ترکش کے تیر بکھیرنا۔
نكت العظمَ: ہڈی کا گودا نکالنا۔
نَكَّتَ الرُّطَبُ: کھجور پکنا شروع ہونا۔
-في قوله: اپنی بات میں نکتے پیدا کرنا، چٹکلے چھوڑنا۔
انتَكَتَ فلانٌ: سر کے بل گرنا۔
یقال: نكتَه فانتكتَ۔
النَّكّاتُ: خوش گفتار چٹکلے چھوڑنے والا۔
(۲) نکتہ چین۔ طعنہ زن۔
یقال: فلان نكّاتٌ في الأرض: طعنہ زن۔
النُّكتَةُ: زمین کریدنے کا نشان۔

Marfat.com

(۲) دھبہ۔ کسی چیز میں نقطہ جو اس کے رنگ سے مختلف ہو۔
(۳) مخفی علامت۔
(۴) موثر اور فکر انگیز خیال۔
(۵) دقیق مسئلہ جو بڑے غور و فکر کا موجب ہو۔
(۶) آئینہ یا تلوار کا ہلکا دھبہ۔
(۷) آنکھ کے ڈھیلے میں ہلکا سا گڑھا۔ جسے عام لوگ نقطہ کہتے ہیں۔
(ج) نُكَتٌ۔ نِكَاتٌ۔
النَّكِيتُ مطعون۔ نکتہ چینی کیا جانے والا۔
نَكَثَ الحبلَ ونحوَهُ ـُ نَكْثًا: رسی کے بل کھولنا۔
–العهدَ او اليمينَ او البَيْعَةَ: توڑنا۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَإِنْ نَكَثُوا أَيْمَانَهُمْ مِنْ بَعْدِ عَهْدِهِمْ۔
–السِّواكَ: مسواک کا سرا نرم کرنا۔ اس کے ریشے پھیلانا۔
–الأمرَ: نشان مٹانا۔
نَاكَثَهُ العَهْدَ: کسی کے ساتھ عہد شکنی کرنا۔
اِنْتَكَثَ الحبلُ ونحوُه: بل کھل جانا۔
–السِّواكُ: مسواک کے ریشے پھیل جانا۔
يقال: انتكث ما كان بينهم: تعلق منقطع ہو جانا۔
طلب فلانٌ حاجة ثم انتكث لأخرى ایک کام کو چھوڑ کر دوسرے پر لگ جانا۔
–البعيرُ وغيرُه: موٹے اونٹ وغیرہ کا دبلا ہو جانا۔
–تَنَاكَثَ القومُ عهودَهم: باہم عہد و پیمان توڑنا۔
النُّكَاثُ: اونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔
(۲) تھوڑی کے غدود کا ورم (غ)
النُّكَاثَةُ: ٹوٹی چیز۔
يقال: نُكَاثَةُ الحَبْلِ، نُكَاثَةُ السِّواكِ مسواک کے منہ میں پھیلے ہوئے ریشے۔
النِّكْثُ: دوبارہ بنے جانے والے پرانے دھاگے، روئی یا اون کے۔
(۲) وہ پرانے خیمے یا کمبل وغیرہ جن کو ادھیڑ کر دوبارہ کتائی کی جائے۔ (ج) أَنْكَاثٌ۔
يقال: حَبْلٌ نِكْثٌ، أَنْكَاثٌ: کھولی ہوئی رسی۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَلَا تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا۔
النَّكَّاثُ: پرانے خیموں کو ادھیڑنے والا۔
النَّكِيثُ: المَنْكُوثُ۔
يقال: حبلٌ نَكِيثٌ۔
النَّكِيثَةُ: اہم معاملہ۔
(۲) مشکل منصوبہ جس کی تنفیذ قوم کے لئے دشوار ہو اور وہ مصیبت میں پھنس جائیں۔
يقال: وقعوا في نكيثةٍ۔
يقال: قولٌ لا نكيثةَ فيه: ایسی بات جس میں نہ وعدہ خلافی ہو نہ عہد شکنی۔
(۳) طبیعت۔ مزاج۔
يقال: هو ذو نكيثة حَسَنَةٍ۔
(۴) پوری کوشش۔
يقال: بذَلَ فيه نكيثتَهُ۔
بلغ من دابّته النكيثةَ: اس نے اپنے چوپائے کی آخری رفتار کر دی۔
نَكَحَتِ المرأةُ ـِ نكاحًا: شادی کرنا۔
هي نَاكِحٌ، نَاكِحَةٌ۔
–المرأةَ: عورت سے شادی کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ۔
–المرأةَ: عورت سے مباشرت کرنا۔
يقال: نَكَحَ المطرُ الأرضَ: بارش کا مٹی میں جذب ہو جانا۔
(۲) عورت پر اعتماد کرنا۔
–الدواءُ فلانًا: کسی پر دوا کا اثر کرنا۔
يقال: نَكَحَ النُّعاسُ عينيه: نیند کا غلبہ ہونا۔
أَنْكَحَ المرأةَ: عورت کی شادی کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے
وَأَنْكِحُوا الْأَيَامَى مِنْكُمْ۔
–فلانًا المرأةَ: کسی کو عورت سے شادی کرانا۔
تَنَاكَحَ القومُ: باہم شادی کرنا۔
–الأشجارُ: درختوں کا آپس میں گتھم ہو جانا۔
اسْتَنْكَحَ المرأةَ: عورت کو نکاح کا پیغام دینا۔ شادی کی خواہش کرنا۔
–في بني فلان: کسی قبیلے میں شادی کرنا۔
يقال: استنكح النُّعاسُ عينَه: نیند کا غلبہ ہونا۔
النَّاكِحُ: شادی شدہ مرد۔
(۲) شادی شدہ عورت۔
يقال: هي ناكِحٌ في بني فُلانٍ۔
النِّكْحُ: خاوند یا بیوی۔
يقال: هو نِكْحُهَا، هي نِكْحَتُهُ۔
النُّكَحُ: بہت شادی کرنے والا۔
(۲) بہت نکاح کرنے والا۔
النُّكَحَةُ: النُّكَحُ۔
يقال: هو نُكَحَةٌ من قومٍ نُكَحَاتٍ۔
نَكَدَ حاجةَ فلانٍ ـُ نَكْدًا: کسی کی ضرورت کو پورا نہ کرنا۔
–العطاءَ: تھوڑا عطیہ دینا۔
–الشيءَ: ختم کر ڈالنا۔
يقال: نَكَدُوا ماءَ البئرِ۔
يقال: نَكَدَ الناسُ فلانًا: لوگوں کا مانگ مانگ کر کسی کا سارا مال ختم کر ڈالنا۔
نَكِدَ ـَ نَكَدًا، نَكَدًا: منحوس ہونا۔
–الأمرُ: کسی معاملہ کا مشکل ہونا۔
–عيشُه: زندگی اجیرن ہونا۔
–الشيءُ: تھوڑا اور معمولی ہونا۔
يقال نكِدَ ماءُ البئرِ۔
يقال: نكِدَ فلان: عطیہ کم ہونا۔ فیض کم ہونا یا بالکل بند ہو جانا۔
نكِدَ بحاجتنا: ضرورت کو پورا نہ کرنا۔
هو نَكَدٌ، نَكِدٌ۔ (ج) أَنْكَادٌ۔
هو أَنْكَدُ، هي نَكْدَاءُ (ج) نُكْدٌ۔
أَنْكَدَ فلانٌ فيما طلب: مقصد میں ناکام رہنا۔
–فلانًا: کسی کو کم فیض پانا۔
يقال: سأله فأنكدَهُ۔

Marfat.com

ناکدہ: تنگ کرنے میں کسی پر غالب آنا۔
نکّدہ: بخیل بنانا۔
یقال: نکّد عطاءہ بالمنّ۔
تناکد القومُ: ایک دوسرے کو تنگی و پریشانی میں ڈالنا۔
تنکّد الغرابُ: کوے کا پوری طاقت سے کائیں کائیں کرنا۔
—عیشہ: زندگی مکدر ہونا۔
المنکد: یقال: جاء فلان منکدًا: فلاں کا آنا مبارک نہیں ہوا۔
المنکودُ: یقال: عطاءٌ منکودٌ: بخیلانہ بخشش۔
رجلٌ منکودٌ: بخیل آدمی جس سے مانگنے میں بہت اصرار کیا جائے۔
الحظُّ المنکود: برا نصیب۔
النّاکد: وہ عورت جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ (۲) کم دودھ دینے والے جانور۔
النّکدُ: نحوست۔
یقال: رجلٌ نکدٌ: بدبخت و پریشان آدمی۔
ارض نکدٌ: بیکار زمین۔
(ج) نکادٌ۔
النّکِدُ: بخیل۔
(۲) بے فیض۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَالَّذِیْ خَبُثَ لَا یَخْرُجُ اِلَّا نَکِدًا۔
النُّکدُ: قلت بخشش۔
یقال: ماءٌ نُکدٌ: تھوڑا پانی۔
نکِر فلانٌ۔ نکرًا، نکُرًا، نکارۃً: سمجھدار اور ذی رائے ہونا۔
ھو، ھی نکِرٌ (ج) انکارٌ۔
—علی فلان: کسی کو ڈرانے والا کام کرنا۔
ھو ناکِرٌ۔
—الشیئَ: کسی چیز کو نہ پہچاننا۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَلَمَّا رَاٰۤ اَیْدِیَھُمْ لَا تَصِلُ اِلَیْہِ نَکِرَھُمْ۔
نکُر الامرُ۔ نکارۃً: سخت دشوار ہونا۔
(۲) برا اور اجنبی ہونا۔

انکر الشیئَ: کسی چیز کو نہ پہچاننا۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَدَخَلُوْا عَلَیْہِ فَعَرَفَھُمْ وَھُمْ لَہٗ مُنْکِرُوْنَ۔
—حقّہ: حق کا انکار کرنا۔
قرآن حکیم میں ہے:
یَعْرِفُوْنَ نِعْمَةَ اللّٰہِ ثُمَّ یُنْکِرُوْنَھَا۔
—علی فلان فعلَہ: کسی کے فعل کو ناپسند کر کے اس سے روکنا۔
یقال: ما کان انکرہ: وہ بڑا ہی چالاک تھا۔
ناکرہٗ: کسی کے ساتھ چالاکی کرنا، دھوکہ دینے کی کوشش کرنا۔
(۲) جنگ کرنا۔ قتل و غارت گری کرنا۔
نکّر الشیئَ: بدل کر ناقابل شناخت بنا دینا۔
قرآن حکیم میں ہے:
قَالَ نَکِّرُوْا لَھَا عَرْشَھَا۔
—الاسمَ: (نحویوں کے ہاں) نکرہ بنانا۔
تناکر فلانٌ: انجان و اجنبی بننا۔
—القومُ: لوگوں کا ایک دوسرے کو نہ پہچاننا۔
—الامرَ: کسی بات کو نہ جاننے کا دعویٰ کرنا۔
تنکّر: ایک حال سے دوسرے حال میں یا ایک ہیئت سے دوسری ہیئت میں بدل جانا۔
یقال: تنکّر لی فلان: وہ میرے ساتھ بری طرح پیش آیا۔ اس نے میرے ساتھ سابق کے برعکس بدسلوکی کی۔
استنکر الامرَ: ناپسند کرنا۔ مذمت کرنا۔
الانکارُ: انکار الذات۔ اپنی ذات پر غیر کو ترجیح دینے اور اتباع کرنے کا جذبہ یہ عموماً اخلاقیین اور زہاد کے ہاں استعمال ہوتا ہے۔ (محدثیہ)
الانکرُ: یقال: صوتہ انکرُ الاصوات بہت ناگوار۔
المنکرُ: عقل سلیم کے نزدیک ہر بری اور ناگوار بات۔ یا ہر وہ بات جو شریعت کی رو سے ناپسندیدہ یا حرام ہو۔
قرآن حکیم میں ہے
وَیَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ۔
المُنکَرُ: (نحویوں کے ہاں) غیر معروف۔

نکرہ۔
المنکورُ: نامعلوم۔ (ج) مناکیرُ۔
النُّکرُ: ذہانت۔ چالاکی۔
یقال رجلٌ نُکرٌ: چالاک۔ ذہین۔
(۲) ناپسندیدہ کام۔
(۳) سخت۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَتَوَلَّ عَنْھُمْ یَوْمَ یَدْعُ الدَّاعِ اِلٰی شَیْءٍ نُّکُرٍ۔ (ج) انکارٌ۔
النّکراءُ: ذہانت و چالاکی۔
یقال: امرأۃٌ نکراءُ: چالاک اور دانشمند عورت۔
(۲) برائی (۳) سختی۔
یقال: اصابتھم من الدّھر نکراءُ۔
النُّکرانُ: انکار کرنا۔
النّکرۃُ: انکار۔ ناواقفیت۔
(۲) (نحویوں کے ہاں) ہر وہ اسم جو کسی عام مسمّی پر دلالت کرے۔ وہ موجود ہو یا مقدر جیسے رجلٌ یہ ہر بالغ مذکر حیوان ناطق پر بولا جائے گا۔ اور جیسے شمس ہر اس ستارہ پر بولا جاتا ہے جو دن میں طلوع ہو کر رات کے وجود کو مٹا دیتا ہے۔
(۳) پھوڑے وغیرہ سے نکلنے والا مواد خون، پیپ وغیرہ۔
النّکرۃُ: انکار۔ اجنبیت۔
یقال: کان لی اشدَّ نکرۃً۔
النّکیرُ: انکار۔
یقال: شتم فما ابدی نکیرًا۔
(۲) عبرتناک سزا۔
قرآن حکیم میں ہے
فَکَیْفَ کَانَ نَکِیْرِ۔
یقال: امرٌ نکیرٌ: مشکل سخت معاملہ۔
حصنٌ نکیرٌ: مضبوط قلعہ۔
نکز الدّابّۃَ۔ نکزًا: جانور کو نوک دار چیز چبھو کر دوڑانا۔
—الدّابّۃُ الشیئَ: جانور کا کسی چیز کو دانتوں سے کاٹنا۔

Marfat.com

نَكِزَتِ البئرُ ـَ نَكَزًا: کنویں کا پانی کم ہونا۔
هي ناكِزٌ، نَكُوزٌ۔
اَنْكَزَ البئرَ: کنویں کا پانی ختم کر دینا۔
نَكَزَ البئرَ: اَنْكَزَهَا۔
اَلْمَنْكَزَةُ: يقال: فلانٌ بِمَنْكَزَةٍ من العيش فلاں تنگی کی زندگی گزار رہا ہے۔
النِّكْزُ: گھٹیا مال، لوگ۔
(۲) ہڈی میں بچا ہوا گودا۔
نَكَسَ الشيَ ـُ نَكْسًا: الٹنا پلٹنا۔ اوپر کا نیچے اور نیچے کا اوپر اور سامنے کا حصہ پیچھے اور پیچھے کا حصہ سامنے کرنا۔
-رأسَه: ذلت و شرمندگی سے سر جھکانا۔
-الطعامُ وغيرُهُ داءَ المريض: کھانے وغیرہ کا بیماری کو لوٹا دینا۔
يقال: نَكَسَه في ذلك الأمر: اس معاملہ میں اسے دوبارہ پھنسا دیا۔
نُكِسَ الولدُ: پیدائش کے وقت بچے کے پیر سر سے پہلے نکلنا۔
-المريضُ: دوبارہ بیمار ہو جانا۔
-فلانٌ: کمزور و معذور ہو جانا۔
-عن نُظَرائه اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہ جانا۔
يقال: نُكِسَ الفرس: دوڑ میں گھوڑے کا دوسرے گھوڑوں سے پیچھے رہ جانا۔
يقال: نُكِسَ على رأسه: کسی بات کو جان لینے کے بعد اس سے لوٹ جانا۔
قرآن حکیم میں ہے
ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ۔
نَكَّسَ الفرسُ: نُكِسَ۔
-فلانٌ منہ بگاڑنا۔ تیوری چڑھانا۔
-اللهُ فلانًا في العمر اللہ کا کسی کی عمر کو ضعف کے آخری درجہ پر لے جا کر طفولیت جیسے حال میں لوٹا دینا۔
قرآن حکیم میں ہے
وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ۔
-الشيَ: نَكَسَهُ۔
اِنْتَكَسَ الشيُ: پلٹ جانا۔

يقال: نكَسه فانتكَس۔
-المريضُ: بیمار کا مرض لوٹ آنا۔
تَنَكَّسَ الشيُ: انتكس۔
يقال: نكّسه فتنكّس۔
المُنَكَّسُ من الخيل: وہ گھوڑا جو کمزوری کے باعث دوڑتے وقت سر اور گردن اوپر نہ کر سکے۔
(۲) سست رفتار جو ساتھیوں کو نہ پکڑ سکے۔
المَنْكُوسُ: مقلوب، الٹا پلٹا ہوا۔
ولدٌ منكوسٌ: وہ بچہ جس کے پیدائش کے وقت پاؤں سر سے پہلے نکلے ہوں۔
يقال وِلَادَةٌ مَنْكُوسَةٌ۔
فلان يقرأ القرآن مَنْكُوسًا: آخر سے اول کی طرف پڑھتا ہے یا آخری سورت سے پہلی سورت کی طرف پڑھتا ہے۔
النَّاكِسُ: شرمندگی کی وجہ سے سر جھکانے والا۔
(ج) نَاكِسُونَ، نَوَاكِسُ۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَلَوْ تَرٰى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ۔
(۲) بڑھاپے کی آخری منزل کو پہنچنے والا۔
(ج) نُكَّسٌ۔
النُّكْسُ: بیماری کی واپسی۔
النِّكْسُ: ٹوٹے ہوئے سرے والا تیر جس کے بالائی حصہ کو نیچے کر دیا جائے۔
(۲) پست قد (۳) کمزور۔
(۴) کرم و مدد سے عاری رذیل شخص۔ (ج)
اَنْكَاسٌ بزرگی و شرافت۔
نَكَشَ الشيَ ـُ نَكْشًا: کسی چیز کو خالی کرنا۔
يقال: هذه بئر لا تُنْكَشُ اس کنویں کو خالی نہیں کیا جا سکتا۔
فلانٌ بحرٌ لا ينكش فلاں کا فیض ہمیشہ جاری رہتا ہے۔
-الأمرَ: تحقیق کرنا۔ کھود کرید کرنا۔
-الطعامَ ونحوَه: کھانا وغیرہ ختم کر ڈالنا۔
-العملَ ومنه: کام سے فارغ ہو جانا۔

اِنْتَكَشَ الشيَ: نَكَشَهُ۔
المِنْكَاشُ: نکالنے کا آلہ۔
(۲) آلہ نقاشی (ج) مَنَاكِيشُ۔
المِنْكَشُ: معاملات کی تحقیق کرنے والا۔
المَنْكُوشُ: يقال سَفَطٌ مَنْكُوشٌ خالی عطردان۔ (ج) مَنَاكِيشُ۔
النَّكَّاشُ: المِنْكَشُ۔
نَكَصَ ـِ نَكْصًا، نُكُوصًا: پیچھے ہٹنا۔
-عن الأمر: کام سے باز رہنا۔
يقال: نكص على عقبَيْه: الٹے پاؤں پھرنا۔ کسی کام کا ارادہ کرنے کے بعد اسے چھوڑ کر دوسری طرف جانا۔
المَنْكَصُ: لوٹنے کی جگہ۔
(۲) الگ ہٹنے کی جگہ۔
نَكِظَ الشيُ ـَ نَكَظًا: بھونڈا ہونا۔
-فلانٌ نَكَظًا: تھکنا۔ (۲) جلدی کرنا۔
يقال: نَكِظَ فلانٌ للخروج۔
(۲) سخت بھوک لگنا۔
اَنْكَظَهُ عن الأمر: کسی سے کسی کام میں جلدی کرانا۔ یا کسی کام سے روکنا۔
نَكَّظَ: اَنْكَظَ۔
-حاجةَ غيره: دوسرے کے کام کو دشوار بنا دینا۔
تَنَكَّظَ الأمرُ: معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔
-فلانًا: سفر میں کسی کی حالت خراب ہونا۔
(۲) بخل کرنا۔
المَنْكَظَةُ: سفر کی مشقت و صعوبت۔
نَكَعَ فلانٌ عن الأمر ـَ نَكْعًا: کسی کام سے ہٹنا، باز رہنا، سستی کرنا۔
-فلانًا بظَهْرِ قدمِه: کسی کو پاؤں کی پشت مارنا۔
-الماشيةَ: مویشی کو دودھ دیتے ہوئے تھکا دینا۔
-فلانًا حقَّه: کسی کو اس کے حق سے محروم کرنا۔
-عن الشيِ روک دینا۔ باز رکھنا۔ کسی سے جلدی کرانا۔
نَكِعَ ـَ نَكَعًا، نُكْعَةً: سرخ اور چھلا ہوا ہونا۔
هو نَكِعٌ، نَاكِعٌ، هو ايضا اَنْكَعُ، هي

Marfat.com

نَكْعَاءُ (ج) نُكْعٌ۔
أَنْكَعَ فلانٌ: تھکا ماندہ ہونا۔
-الشيءَ: پیچھے لوٹانا۔
-فلانًا عن الأمر: کسی سے کسی کام میں جلدی کرانا۔
-الأمرُ صاحبَه: معاملہ صاحب معاملہ کے ہاتھ سے نکل جانا۔
نَكَّعَهُ: جلدی مچا کر کسی کی زندگی دوبھر کر دینا۔
-عن حاجته: کسی کو اس کے مقصد سے روکنا۔
المُنْكَعُ: یقال: انفٌ مُنْكَعٌ: چپٹی ناک۔
النَّكِعُ: یقال: احمرٌ نَكِعٌ: تیز سرخ۔
النُّكَعُ: سیاہی مائل سرخ آدمی۔
النُّكَعَةُ: طرثوث پودے کی نوک۔ عموماً کھمبی کے اوپر والے حصے پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔
ومن الأنف: ناک کا کنارہ۔
النُّكَعَةُ: چھلا ہوا سرخ۔
(۲) بے وقوف۔
(۳) کاہل آدمی جہاں بیٹھ جائے وہاں سے اٹھنے کا نام نہ لے۔
النُّكُوعُ: پست قد عورت (ج) نُكُعٌ۔
نَكَفَ عن الشيءِ- نَكْفًا: کسی چیز سے ناک چڑھانا۔
-الدَّمعَ: انگلی رخسار پر پھیر کر آنسو پونچھنا۔
-البئرَ: کنواں خالی کرنا۔
یقال: جَيشٌ لا يُنْكَفُ: لاتعداد لشکر جس کی انتہا تک نہ پہنچا جا سکے۔
عنده شجاعةٌ لا تُنْكَفُ: اس میں زبردست بہادری ہے۔
نَكِفَ الحيوانُ- نَكَفًا: جانور کے جبڑے کے قریب غدود میں بیماری ہونا۔
-اليدُ: ہاتھ میں درد ہونا۔
نُكِفَ نُكَافًا: بیمار ہونا۔
هو منكوفٌ۔
أنْكَفَهُ: قابل نفرت چیز سے پاک رکھنا۔
نَاكَفَهُ الكلامَ: کسی کو سختی سے ہر بات کا جواب دینا۔

نُكِفَ: جبڑے کے غدود پھول کر بخار ہو جانا۔
اِنْتَكَفَ: ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں جانا۔ یا ایک کام سے ہٹ کر دوسرے کام میں لگنا۔
-له: کسی پر زیادتی کرنا۔
(۲) جھکنا۔
یقال: ضربه فانتكف۔
-العَرَقَ من جَبينِه: پیشانی کا پسینہ صاف کرنا۔
-الأمرَ: نشان مٹانا۔
تَنَاكَفَ الرجلان الكلامَ: باہم گفتگو کرنا۔ بحث و مباحثہ کرنا۔
اسْتَنْكَفَ من الشيءِ وعنه: ناک چڑھانا۔ برائی کی وجہ سے کسی چیز کو چھوڑنا۔
یقال: استنكف عن العمل: تکبر کی وجہ سے کام چھوڑنا۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَأَمَّا الَّذِينَ اسْتَنْكَفُوا وَاسْتَكْبَرُوا فَيُعَذِّبُهُم۔
لَنْ يَسْتَنْكِفَ الْمَسِيحُ أَنْ يَكُونَ عَبْدًا لِلَّهِ
المَنْكُوفُ: غدود پھولنے کا مریض۔
النُّكَافُ او الحُمَّى النُّكَفِيَّةُ: (کان پیڑے) وائرس کی وجہ سے نکفیہ غدود میں حد سے زیادہ ورم اور جلن کی بناء پر ہونے والا بخار۔ جو بسا اوقات مِنکریاس اور خصیتین وغیرہ تک بھی جا پہنچتا ہے۔ (ج)
النَّكَفُ: ہاتھ میں ایک قسم کا درد۔
النَّكَفُ: قابل نفرت یا قابل عار چیز۔
یقال: رجلٌ نِكْفٌ۔
النَّكَفَةُ: کان کی لو اور جبڑے کی ہڈی کے درمیان چھوٹے غدودوں میں سے ایک۔ اسے الغدد النكفية کہتے ہیں۔
نَكَلَ عن الأمرِ- نُكُولاً: بزدلی سے پیچھے ہٹنا۔
یقال: نكل عن العدوّ، نكل عن اليمين۔
-فلانًا عن الشيءِ: روکنا۔
-بفلانٍ نكلةً قبيحةً: کسی پر آفت لانا۔

یقال: رماه بنُكْلَةٍ۔
نَكِلَ عن الأمرِ- نَكَلاً: نَكَلَ۔
أَنْكَلَهُ عن الشيءِ او الأمرِ: روکنا۔ باز رکھنا۔
یقال: أنكل فلانًا عن عزمه۔
نَكَّلَ به: عبرتناک سزا دینا کہ جسے دیکھ کر دوسرے ایسے برے کام سے رک جائیں۔
-الشيءَ: مقید کرنا۔
-فلانًا عن الشيءِ: باز رکھنا۔
المُنَكِّلُ: عبرتناک سزا کا ذریعہ۔
(۲) چٹان۔
النَّاكِلُ: کمزور بزدل۔
یقال: هو ناكلٌ عن الأمور۔
النَّكَالُ: سزا یا مصیبت۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَجَعَلْنَاهَا نَكَالاً لِمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَجَزَاءً بِمَا كَسَبَا نَكَالاً مِنَ اللَّهِ۔
النَّكَلُ: بڑے ڈول کے نیچے باندھنے کی رسی۔
(۲) بہادر و تجربہ کار۔
رجلٌ نَكَلٌ، فرسٌ نكلٌ: مضبوط۔
حدیث شریف میں ہے:
إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ النَّكَلَ على النَّكَلِ: اللہ کو مضبوط گھوڑے پر بہادر سوار پسند ہے۔
النِّكْلُ: بیڑی۔
(۲) ایک قسم کی لگام۔
(۳) لگام کا لوہا یا مہار۔
یقال: رجلٌ نِكْلٌ: ہم سروں پر غالب۔
هو نِكْلُ شرٍّ: شر پر قابو پانے والا۔
(ج) أَنْكَالٌ، نُكُولٌ۔
قرآن حکیم میں ہے:
إِنَّ لَدَيْنَا أَنْكَالاً: ہمارے پاس بیڑیاں ہیں۔
النِّكْلَةُ: دور مسلمین کے مساوی ایک مصری سکہ۔ (د)
النِّيكَلُ: کوٹے پیٹے جانے کے قابل ایک عنصر جس کا رنگ سفید چاندی نما ہوتا ہے۔ بہت زیادہ چمکایا جا سکتا ہے۔ آکسائیڈز کے ساتھ کمبائننگ کرتا ہے اور مقناطیس کی طرف کھنچ جاتا ہے۔ اس کے ساتھ متعدد معدنیات قدرتی

Marfat.com

طور پر پائی جاتی ہیں۔ دھاتوں کے ڈھالنے وغیرہ اور بجلی کے ذریعے پانی چڑھانے وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسا کہ بعض کیمیائی تعاملات میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ (د)

نَكِهَتِ الشَّمْسُ ــَـ نَكْهًا: دھوپ سخت ہونا۔

–فلانٌ: کسی کے ناک کے پاس اپنا سانس چھوڑنا۔

یقال: نكه على فلان ولفلانٍ وفي وجه فلان۔

–فلانًا: کسی کے منہ کی بو سونگھنا۔

نَكِهَ ــَـ نَكْهًا: دوسرے کی ناک پر اپنا سانس چھوڑنا۔

–فلانًا: نَكَهَهُ۔

نُكِهَ فلانٌ: پیٹ کی خرابی سے منہ کی بو بدل جانا۔

النَّكْهَةُ: منہ کی بو۔

یقال: هو طَيِّبُ النَّكْهَةِ۔

نَكَى العَدُوَّ وفيه ــِـ نِكَايَةً: دشمن کو زیر کرنا۔

(۲) شکست دینا۔ غلبہ پانا۔

نَكِيَ العَدُوُّ ــ نَكًى: شکست کھانا' مغلوب ہونا۔

ن ...... ل

النُّلْنُلُ: کمزور بوڑھا۔

ن ...... م

نَمَرَ في الجبلِ والشَّجرِ ــُـ نُمُرًا: چڑھنا۔

نَمِرَ ــَـ نَمَرًا' نُمْرَةً: چیتے جیسا ہونا' سفید اور دوسرے رنگ کے دھبوں والا ہونا۔

یقال: نَمِرَ السحابُ۔

هو نَمِرٌ۔ هي نَمِرَةٌ۔

ضرب المثل ہے۔

اَرِنِيهَا فيها نَمِرَةً اُرِكَهَا مَطِرَةً۔

هو اَنْمَرُ' هي نَمْرَاءُ۔ (ج) نُمْرٌ۔

– فلانٌ: غصہ ہونا' بدمزاج ہونا' چیتے جیسا ہونا بنانا' وہ ہمیشہ غصے میں ہوتا ہے۔

هو نَمِرٌ۔

اَنْمَرَ فلانٌ: صاف ستھرا پانی پانا۔

تَمَّرَ فلانٌ: غصہ ہونا۔ بدمزاج ہونا۔

وجهَهُ: منہ بنانا۔ تیور چڑھانا۔

الشئَ: چیتے جیسے رنگ کا بنانا۔

یقال: بُرْدَةٌ مُنَمَّرَةٌ۔

اقبلت نُمَيْرٌ وما نَمَّروا: یعنی قبیلے والوں نے اپنے لوگوں کو اکٹھا نہیں کیا۔

درید کا قول ہے:

فَاَبلغْ سُلَيْمًا والفافَها
وابلغْ نُمَيْرًا وما نَمَّروا

تَنَمَّرَ: رنگ یا طبیعت میں چیتے جیسا ہونا۔

یقال: تَنَمَّرَ لفلانٍ: کسی کے ساتھ بدخلقی سے پیش آنا' دھمکی دینا۔

(۲) دھمکی دیتے وقت آواز لمبی کرنا۔

الاَنْمَرُ: ہر وہ چیز جس میں ایک داغ سفید اور دوسرا کسی اور رنگ کا ہو۔

یقال: فرسٌ اَنْمَرُ' ثوب اَنْمَرُ' هي نِمْرَاءُ۔ (ج) نُمْرٌ۔

المُنَمَّرُ: کالے اور سیاہ دھبوں والا۔

یقال: طَيْرٌ مُنَمَّرَاتٌ' بُرْدٌ مُنَمَّرَةٌ۔

النَّامِرَةُ: بھیڑیے وغیرہ کو شکار کرنے کا لوہا کا کانٹا۔

النَّامُوْرُ: خون۔

النِّمْرُ: فصیلہ سنوریہ سے رتبۃ اللواحم کا ایک چیرپھاڑ کرنے والا چتکبرا جانور۔ (چیتا)

النِّمْرُ النِّمِرُ:

النِّمِرَةُ نمر کا مؤنث۔

(۲) چھوٹے چھوٹے ٹکروں سے جڑے ہوئے بادل کا ایک ٹکڑا (ج) نِمِرٌ۔

(۳) سفید و سیاہ دو دھاریوں کا کمبل یا چادر (ج) نِمَارٌ۔

(۴) النَّامِرَةُ۔

النُّمْرَةُ: کسی بھی رنگ کا دھبہ۔

(۲) سفیدی و سیاہی (ج) نُمَرٌ۔

النَّمِيْرُ: من الماء: صاف و شفاف پانی جو آب پاشی کے لئے مفید ہو۔

یقال: له حَسَبٌ نمیرٌ خالص و بے داغ نسب۔

النُّمْرُقُ: چھوٹا تکیہ۔ (ج) نَمَارِقُ۔

قرآن حکیم میں ہے

وَنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ۔

(۲) ایک قسم کی شطرنجی دری۔

النُّمْرُقَةُ: النُّمْرُقُ۔

النِّمْرِقَةُ النُّمْرُقُ۔

النِّمْرِقَةُ النُّمْرُقُ۔

–من السَّحاب: جگہ جگہ سے پھٹا ہوا بادل۔

نَمَسَ السِّرَّ ــِـ نَمْسًا: راز چھپانا۔

–فلانًا: چپکے چپکے باتیں کرنا۔

نَمِسَ السَّمْنُ والطِّيبُ ونحوهما ــَـ نَمَسًا: خراب ہو جانا۔

–بفلانٍ: کسی کی چغلی کھانا۔ هو نَمِسٌ۔

اَنْمَسَ بين القوم: لوگوں کے درمیان فساد انگیزی و لڑائی ڈالنا۔

نَامَسَ الصَّائِدُ: شکاری کا گھات میں بیٹھنا۔

نَمَّسَ الشَّعْرَ: بالوں کا چکنائی لگنے سے میلا ہو جانا۔

–السَّمْنُ والجُبْنُ ونحوهما: پنیر یا گھی وغیرہ کا خراب ہونا شروع ہونا۔

هو مُنَمِّسٌ

–عليه الأمرَ: کسی معاملے کو کسی کے لئے مشتبہ کرنا' مغالطہ دینا۔

–العَرَقُ الجَسَدَ: پسینہ کا بدن کو ترک کر دینا۔

اِنْمَسَ فلانٌ اِنْمَاسًا: چھپنا۔

وفي الشئ: داخل ہونا۔

تَنَمَّسَ الصائدُ: شکار کے لئے گھات بنانا۔

–الأمرُ: خلط ملط ہونا' مشتبہ ہونا۔

الأَنْمَسُ: مٹیالا۔

هي نَمْسَاءُ۔ (ج) نُمْسٌ۔

النَّامُوْسُ: راز داں' جس سے اپنے دل کی بات کہی جائے۔

(۲) جبریل۔ (۳) چھوٹے بچوں کا محافظ۔

(۴) قانون یا شریعت۔ (مو)

(۵) ماہر ہوشیار۔

(۶) شکاری کا گھات۔

(۷) راہب کی قیام گاہ۔

(۸) شیر کا مسکن (ج) نَوَامِيْسُ۔

النَّامُوْسَةُ: شیر کی جھاڑی۔

Marfat.com

(۲) چھوٹا مچھر (ج) نَامُوسٌ۔
النَّامُوسِيَّةُ: چھوٹے چھوٹے سوراخوں والا باریک کپڑا جو مچھروں سے بچنے کے لئے اوڑھا جاتا ہے۔ (مع)
النِّمْسُ: فصیلہ زبادیہ کا ایک قدیہات اللواحم سے ایک جانور اس کی متعدد اقسام ہیں۔ جیسے مصری، ہندی اور استعل۔ (ج) نُمُوسٌ، أَنْماسٌ۔
النَّمَسُ: دودھ یا چکنائی کی بو۔
النَّمَسَةُ: بدبو، سڑاند۔
گلی سڑی بدبودار چیز کو کہا جاتا ہے:
فيه نَمَسَةٌ۔
نَمَشَ الشيءَ ـُ نَمْشًا: کسی چیز کو بطور کھیل اٹھا لینا۔
—الجرادُ الأرضَ: ٹڈیوں کا زمین کے کچھ گھاس کو کھا جانا اور کچھ چھوڑ دینا۔
—فلانًا: کسی سے چپکے چپکے باتیں کرنا۔
—الشيءَ: کسی چیز کو مزین کرنا، نقش ونگار بنانا۔
—الکلامَ: جھوٹی باتیں کرنا۔
نَمِشَ ـَ نَمَشًا: داغدار کھال والا ہونا۔ ھو نَمِشٌ، أَنْمَشُ۔ ھی نَمْشَاءُ۔ (ج) نُمْشٌ۔
أَنْمَشَ بين القوم: چغلی کرنا۔ فساد ڈالنا۔
نَمَّشَ الشيءَ: مزین کرنا۔ مبالغہ فی نَمَشَ۔
—الحديثَ: بات کو راز میں رکھنا۔
النَّمْشُ: چغلی۔
(۲) آراستہ کیا ہوا جھوٹا کلام۔
النَّمَشُ: اثر۔ نشان جو غیر میں ہو۔
حدیث شریف میں ہے:
فعرفنا نمشَ ايديهم في العذوق۔
(۲) کھال پر گودنے کے نشانات، نقوش۔
(۳) چہرے کی کھال پر مخالف رنگ کے دھبے۔ عموماً ایسا چھورے پن میں ہوتا ہے۔
(۴) ناخنوں کی جڑ میں آنے جانے والی سفیدی۔
النَّمِشُ: یقال: سيفٌ نَمِشٌ: دھاریاں پڑی ہوئی تلوار۔
نَمَصَ الشَّعْرُ أو النبتُ ـُ نَمْصًا: بالوں یا کونپلوں کا روئیں کی طرح باریک ہونا۔
—الشَّعْرَ: بال چونٹنا۔
نَمِصَ الشَّعْرُ ـَ نَمَصًا: بالوں کا روئیں کی طرح باریک ہونا۔
أَنْمَصَ النبتُ او الشَّعْرُ: چونٹنے کے بعد اُگ آنا۔
—النباتُ او الشَّعْرُ او نحوهُمَا: کاٹنے کا وقت آ جانا۔
نَمَّصَ الشَّعْرَ او النَّبتَ: چونٹنا۔
اِنْتَمَصَتِ المرأةُ: سنگار کرنے والی سے کسی عورت کا اپنے چہرے کے بال دھاگے کے ساتھ اکھڑوانا۔
(۲) اپنے چہرے کے بال چونٹنا۔
تَنَمَّصَتِ المرأةُ: دھاگہ سے اپنی پیشانی کے بال اکھاڑنا۔
حدیث میں ہے:
لُعِنت النامصة والمُتَنَمِّصَةُ۔
—الماشيةُ: مویشی کا ابتدائی اگی ہوئی گھاس کھانا۔
الأَنْمَصُ: یقال: هو أَنْمَصُ الحاجِبَيْنِ: باریک بھوؤں والا۔ هی نَمْصَاءُ۔ (ج) نُمْصٌ۔
المِنْمَاصُ: کانٹا نکالنے کا اوزار۔
النَّامِصَةُ: بال صاف کر کے تزئین وآرائش کا پیشہ کرنے والی عورت۔
النِّمَاصُ: سوئی کا دھاگہ۔
النَّمَصُ: چھوٹے پر۔
(۲) ابتدائی روئیدگی۔
(۳) فصیلہ اسلیہ کی ایک بوٹی جو تر جگہوں اور سیرابی علاقوں میں اگتی ہے۔ اس کے لمبے لمبے پتے بطور رسی استعمال ہوتے ہیں اور چٹائیاں وغیرہ بننے کے کام آتے ہیں۔
النَّمِيصُ: کاٹنے یا چونٹنے کے بعد نکلنے والی نباتات یا بال۔
أَنْمَطَ له العطاءَ: تھوڑا عطیہ دینا۔
نَمَّطَهُ على الشيءِ: کسی کو کوئی چیز بتانا۔
یقال: نمّط له على الشيءِ۔
الأَنْمَاطُ: طریقے۔ ڈھنگ۔
النَّمَطُ: بستر کے اوپر والا کپڑا۔
(۲) فرش کی ایک قسم۔
(۳) ہودہ پر ڈالا جانے والا اچھا، دھاری دار، رنگین اونی کپڑا۔
(۴) طریقہ، اسلوب۔
(۵) ایک رنگ ڈھنگ کے لوگ۔
(۶) کسی چیز کی ایک قسم یا نوع۔
یقال: عندی متاع من هذا النَّمَطِ۔
نَمَّغَ الشيءَ: سیاہ وسرخ اور سفید مخلوط رنگوں میں رنگنا۔
المُنَمَّغُ: مخلوط رنگوں سے رنگا ہوا۔
یقال: رجل مُنَمَّغٌ: مختلف رنگوں والا۔
النَّمَغَةُ: نومولود بچہ کا حرکت کرتا ہوا تالو جو ابھی نرم ہو۔
(۲) پہاڑ وغیرہ کی چوٹی۔
(۳) قبیلہ کے منتخب لوگ۔
(۴) مال یا لوگوں کی کثرت (ج) نَمَغٌ۔
نَمَقَ الکتابَ ـُ نَمْقًا: خوبصورت لکھنا۔
أَنْمَقَتِ النخلةُ: درخت خرما پر بے گٹھلی کے رطب کھجور آنا۔
نَمَّقَ الثوبَ او الجلدَ ونحوهما: نقش ونگار سے مزین کرنا۔
—الکتابَ: عمدہ کتابت کرنا۔ مبالغہ فی نَمَقَ۔
یقال نَمَّقَ القولَ، نَمَّقَ الوعدَ۔
المُنْمِقُ من الرُّطَب: بے گٹھلی کے کھجور۔
النَّمَقُ: تحریری کتاب۔
(۲) ومن الطريق: راستہ کا نشان۔
النَّمَقَةُ: بدبو، تعفن۔
النَّمِيقُ: منقوش۔
یقال: ثوب نميق۔
نَمَلَ فلانٌ ـُ نَمْلاً، نُمُولاً: چغلی کرنا۔
—نَمَلانًا: بلند ہونا۔
—في الشجرة نُمُولاً: درخت پر چڑھنا۔
نَمِلَ المکانُ ـَ نَمَلاً: بہت چیونٹیوں والا ہونا۔
—يَدُ فلانٍ: ہاتھ سن ہو کر ڈھیلا ہو جانا۔

Marfat.com

-يَدُه في العملِ: کام میں پھرتیلا ہونا۔
-المرأةُ او الفرسُ: عورت یا گھوڑے کا ایک جگہ نہ ٹھہرنا۔
یقال: نَمِلَتْ يدُ الصبي: بچہ کا کھیل سے باز نہ آنا۔ ہاتھ نہ روکنا۔
هو نمِلٌ، هي نَمِلَةٌ۔
یقال: امرأة نَمْلَى: ایک جگہ نہ ٹھہرنے والی عورت۔
نُمِلَ الطعامُ: کھانے میں چیونٹیاں گھسنا۔ هو مَنْمُولٌ۔
نَمَّلَ الكتابَ: کتاب کا خط ملا ملا کر لکھنا۔
-ثوبَه: کپڑے میں رفو کرنا۔
تَنَمَّلَ القومُ: لوگوں کا متحرک ہو کر باہم مخلوط ہو جانا۔
(۲) چیونٹیوں کی طرف بکھر کر بھاگ دوڑ کرنا۔
الأَنْمُلَةُ: انگلی کی گرہ۔ جوڑ۔
(۲) ناخن سے ملا ہوا انگلی کا جوڑ۔
(ج) أنامِلُ۔
قرآن حکیم میں ہے:
وَإِذَا خَلَوْا عَضُّوا عَلَيْكُمُ الْأَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ المؤنَمِلُ: یقال: رجلٌ مُؤنَمِلٌ
المُؤنَمِلُ وہ شخص جس کی انگلیوں کے کنارے چھوٹے اور موٹے ہوں۔
المُنَمِّلُ: یقال: لقد طالبت غير مُنَمِّل
میں نے مطالبہ کرنے میں نہ پریشان کیا نہ جلدی مچائی۔
المُنَمِّلَةُ: ایک جگہ قرار نہ پانے والی۔
النَّامِلَةُ: راستوں پر چلتے ہوئے لوگوں کے گروہ۔
النَّمِلُ: ماہر۔ حاذق۔
النَّمْلَةُ: رتبہ غشائیات الاجنحہ اور ذوات الحمہ کی جنس کا ایک کمزور جسم چھوٹا سا کیڑا جو زیر زمین اپنے گھر بناتا ہے اور گروہ در گروہ ہو کر رہتے ہیں۔ (ج) نَمْلٌ، نِمال۔
(۲) چغلی۔
النَّمْلِيَّةُ: حشرات اور چیونٹیوں سے محفوظ ایک کھانے کے برتنوں کی الماری جو کہ لکڑی یا دیگر دھاتوں کی بنی ہوئی ہوتی ہے اور تنگ سوراخوں والے سنک کے اس کے دروازے ہوتے ہیں۔ (ج)
النَّمَلَةُ: حوض میں باقی ماندہ پانی۔
یقال: فرس ذو نُمْلَةٍ: بہت متحرک گھوڑا۔
النَّمَّال: چغلخور۔
النَّمِيلَةُ: چغلی۔
نَمَّ الحديثُ - نَمًّا: ظاہر ہونا۔
-الشيءُ: خوشبو پھیلنا۔
-بين القوم: لوگوں کو ایک دوسرے کے خلاف بھڑکانا، چغلخوری کرنا۔
-الحديثَ: بطور چغلی بات نقل کرنا۔
هو نامٌّ، نَمٌّ: بطور مبالغہ اور مِنَمٌّ۔ اور نَمَّامٌ۔
-الكلامَ: کلام کو جھوٹ سے مزین کرنا۔
النَّامَّةُ: حس و حرکت۔
یقال: سمعت نَامَّتَهُ۔
یقال: اسكت اللّٰهُ نَامَّتَهُ: خدا اس کی حرکت بند کرے۔
النَّمَمُ: چغلی۔
النَّمَّام: بری عطر کی ایک قسم اور ایک قسم کا پودینہ جسے نَعْنَع الماء اور حَبَقُ الماء کہتے ہیں۔
واحدته نَمَّامَةٌ۔
النَّمَّةُ: سیاہی میں سفید دھبہ یا سفیدی میں سیاہ دھبہ۔
النِّمِّيُّ: خیانت (۲) عیب (۳) دشمنی۔
(۴) طبیعت اور انسان کی فطرت و جوہر۔
یقال: ما بالدار نُمِّيٌّ: گھر میں کوئی نہیں۔
(۴) رانگ یا تانبے کا چھوٹا سکہ۔
واحدتها: نُمِّيَّةٌ (ج) نَمامِيُّ۔
النَّمِيمُ: قدموں کی آہٹ، کسی چیز کے ہلنے کی ہلکی سی آواز۔
(۲) چغلخوری۔ (ج) نَمائِمُ۔
النَّمِيمَةُ: چغلی۔ (۲) کتابت، لکھائی۔
(۳) لکھائی کی آواز۔ (ج) نَمائِمُ۔
نَمْنَمَتِ الرِّيحُ التُّرابَ: ہوا کا مٹی اڑا کر لکھائی کی سی لکیریں ڈالنا۔
-الشيءَ: مزین کرنا، نقش بنانا۔
یقال: نَمْنَمَ كتابَه۔
المُنَمْنَمُ: نقش و نگار والا۔ مزین۔
یقال: ثوب مُنَمْنَمٌ، كتاب مُنَمْنَمٌ۔
یقال: بناتٌ مُنَمْنَمٌ: گھنی گھاس۔
النِّمْنِمُ: مٹی پر ہوا کا چھوڑا ہوا نشان۔
(۲) جوانوں کے ناخنوں میں نظر آنے والی سفیدی۔
واحدته: نِمْنِمَةٌ۔
النَّمْنَمَةُ: چھوٹی اور قریب قریب لکیریں۔
النُّمْنُمُ: چھوٹی جونک۔
نَمَا الشيءُ - نَماءً، نُمُوًّا: بڑھنا۔ کثیر ہونا۔
یقال: نَمَا الزَّرعُ، نما الولدُ، نما المالُ۔
یقال هو ينمو الى الحَسَبِ۔
نما الخِضابُ في اليد او الشَّعرِ: ہاتھ یا بالوں میں خضاب کا رنگ زیادہ سرخ و سیاہ ہونا۔
-الحديثُ: حدیث کی سند بیان کرنا۔ اور درست طریقہ پر اسے نقل کرنا۔
نَمَى الحديثُ - نَماءً، نُمِيًّا: پھیلنا، عام ہونا۔
-الماءُ: پانی کا چڑھنا۔
-الحيوانُ: موٹا ہونا۔
-الدَّوابُّ: چوپاؤں کا گھاس کی تلاش میں دور نکل جانا۔
-الصيدُ: شکار کا تیر لگے لگے شکاری کے پاس سے غائب ہو جانا۔
-الشيءُ: بلند کرنا، حیثیت بڑھانا۔
یقال: فلان ينميه حَسَبُهُ۔
-الحديثُ الى قائله: کلام کے سلسلہ سند کو اس کے ناقل تک پہنچانا۔
-فلانًا الى فلان: کسی کو کسی طرف منسوب کرنا۔
-المالَ ونحوَه: مال وغیرہ کو بڑھانا۔
أَنْمَى الكرْمُ إنماءً: انگور کی بیل پر خوشہ دار شاخیں نکلنا۔
-الشيءَ: بڑھانا، ترقی دینا۔
-الحديثَ: چغلخوری کے طور پر بات پھیلانا۔

Marfat.com

-الرّاعي دوابَّهٗ: چرواہے کا جانوروں کو گھاس کی تلاش میں ادھر اُدھر بھیجنا۔
-الصَّيْدَ: شکار کو ایسا تیر مارنا کہ وہ دور جا کر مر جائے۔
نَمّي الشيَّ او الحديثَ تنمية: اَنْماهُ۔
-النارَ: آگ میں خوب ایندھن ڈال کر بھڑکانا۔
-اِنْتَمي الطائرُ ونحوه: پرندہ وغیرہ کا ایک جگہ سے اڑ کر دوسری جگہ جانا۔
-الي الجبل: پہاڑ پر چڑھنا۔
-الي كذا: کسی چیز کی طرف منسوب ہونا۔
تَنَمّي: اِنْتَمي۔
الاَنْمِيُّ: پھونس بھرا ہوا گدھا۔
النّامِي: بڑھنے والی چیز جیسے نباتات اور حیوان
النّامِيةُ: مخلوق۔
-من الكرم: انگور کی بیل کی خوشہ دار شاخ۔
(ج) نَوامٍ۔
النَّماةُ: چھوٹی چیونٹی (ج) نَمّي۔
النُّموّةُ: اضافہ، زیادتی۔
الاُنْمُوذَجُ: نمونہ۔
النَّمُوذَجُ: نمونہ (معرب نموذہ فارسی میں)
(ج) نَمُوذَجات، نَماذِج۔
النّنّ: کمزور بال۔

ن ...... ه

نَهَا- نَهْوًا: بھرنا۔
يقال: نها الاناءُ، شرب فلانٌ حتي نَهَا۔
-اللحمُ نُهوءًا: گوشت کا کچا رکھنا۔
نَهِيَ اللحمُ- نَهْأً، نهاءةً نهوءةً: گوشت کا کچا رہنا۔
اَنْهَأ اللَّحْمَ: گوشت کا کچا رکھنا۔
-الاَمْرَ: معاملہ کو پختہ نہ کرنا۔
النّاهِيُّ: شکم سیر (۲) سراب۔
النِّهْيُ: کچا گوشت۔ کم گلا ہوا۔
نَهَبَ الشيَّ- نَهْبًا: زبردستی لینا۔
يقال: اِنّه لينهب الارضَ: تیز چلنا۔
اِنّه لينهب الغايةَ: سب سے آگے رہنا۔
-الكلبُ فلانًا: کتے کا کسی کی ایڑی کو پکڑنا۔

-فلانًا: برا بھلا یا سخت سست کہنا۔
ھو ناھِبٌ۔
المفعول مَنهوب ونَهيبٌ۔
اَنْهَبَ الشيَّ: لوٹ کا مال بنا دینا۔ لوٹا دینا۔
-الشيَّ فلانًا: کسی کو کسی چیز کا نشانہ بنانا۔
ناهَبَ المتسابقُ مُسابِقَهٗ: دوڑ میں مسابقت کرنے والے کا اپنے مقابل سے مقابلہ کرنا۔
اِنْتَهَبَ الشيَّ: لینا۔
-الفرسُ الشَّوْطَ: گھوڑے کا بازی لے جانا۔
تَناهَبَ المستابقان: دوڑ میں مسابقت کرنے والوں کا باہم مقابلہ کرنا۔
-الدوابُّ الاَرضَ: چوپاؤں کا زمین پر بار بار پیر مارنا۔
المِنْهَبُ: دوڑ میں بازی لے جانے والا۔
يقال: فَرَسٌ مِنْهَبٌ۔
المَنْهُوبُ: لوٹا ہوا مال۔
(۲) بعجلت مطلوبہ شے۔
النَّهْبُ: لوٹ مار۔
(۲) نشانہ۔
يقال اصبح فلانٌ نَهْبًا للسَّبِّ او الطَّعْنِ او المرض۔
(۲) مالِ غنیمت۔ (۳) منہوب۔ لوٹی ہوئی چیز۔
(ج) نِهابٌ، نُهوبٌ۔
(۲) ایڑ لگانے کی ایک قسم۔
النُّهْبةُ: لوٹ۔ یورش۔
(۲) لوٹی ہوئی چیز۔
النُّهْبي: النَّهْبُ (۲) لوٹی ہوئی چیز۔
النَّهّابُ: لٹیرا۔ لوٹ کھسوٹ کا عادی۔
النَّهْبَرةُ من النساء: لمبی دبلی عورت۔
(۲) قریب الہلاکت عورت۔
(ج) نَهابِرُ۔
النُّهْبُورةُ: اونچی زمین۔
(۲) ریت کا لمبا سلسلہ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔
(۳) ٹیلوں کے درمیان کا گڑھا۔
(ج) نَهابِرُ، نَهابِيرُ۔
النُّهْبُورُ: النَّهْبَرةُ (ج) نَهابِيرُ۔

نَهْبَلَ: لنگڑے کی طرح چلنا۔
-فلانٌ: عمر رسیدہ ہونا۔
النَّهْبَلُ: بوڑھا۔
يقال: شيخٌ نَهْبَلٌ۔
النَّهْبَلةُ: بوجھل چال۔
(۲) النهبل کا مؤنث۔
يقال: عجوزٌ نَهْبَلةٌ۔
(۳) بڑے ڈیل ڈول کی اونٹنی۔
نَهَتَ القِرْدُ ونحوُه- نَهِيتًا، نُهاتًا: بندر کا چیخنا۔
يقال: نَهَتَ الأسدُ: شیر کا دھاڑنے سے کم آواز نکالنا۔
-فلانٌ: کسی کا رونا۔
المِنْهَتُ، المُنْهِتُ: شیر۔
النّاهِتُ: حلق۔
النُّهاتُ: مشقت کے کام کے وقت سینے سے نکلنے والی آواز۔
نَهْتَرَ عَلَي فلان: کسی کے خلاف جھوٹ بولنا۔
-فلانٌ في كلامه: بے ڈھنگی بات کرنا۔
نَهَجَ الطريقُ- نَهْجًا، نُهُوجًا: راستہ کا نمایاں ہونا۔ واضح اور کھلا ہوا ہونا۔
يقال نَهَجَ امرُهٗ۔
-الدّابةُ او الانسانُ نَهْجًا، نَهِيجًا: انسان یا جانور کو تھکان سے سانس چڑھنا۔
-الثوبُ نَهْجًا: کپڑا بوسیدہ ہونا۔
يقال: نَهَجَ الطريقَ: راستہ کو ظاہر کرنا۔
(۲) راستہ پر چلنا۔
نَهِجَ- نَهَجًا، نَهْجةً: تھکن یا مشقت کثرت حرکت کی وجہ سے سانس چڑھنا۔
-الثوبُ وغيرُه نَهَجًا: بوسیدہ اور پرانا ہونا۔ ھو نَهِجٌ۔
اَنْهَجَ الطريقُ: راستہ ظاہر و نمایاں ہونا۔
-الدّابّةَ: جانور سے زیادہ کام لینے یا سواری کرنے سے تھکا کر سانس پھلا دینا۔
-العملُ ونحوُه فلانًا: کام وغیرہ کا کسی کو تھکا کر سانس چڑھا دینا۔
والثوبَ: پرانا کرنا۔

Marfat.com

اِنْتَهَجَ الطريقَ: راستہ کا پتا چلا کر اس پر چلنا۔
استَنْهَجَ الطريقَ: راستہ صاف ہونا۔
—سَبِيلَ فلانٍ: کسی کے طریقہ پر چلنا۔
المِنْهَاجُ: واضح راستہ۔
قرآن حکیم میں ہے:
لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا۔
(۲) طریقہ کار۔ (محدثہ)
(۳) منه: منهاج الدارسة، منهاج التعليم و نحوهما۔ (ج) مَنَاهِجُ۔
المَنْهَجُ: المِنْهَاجُ (ج) مَنَاهِجُ۔
النَّاهِجُ: يقال طريق ناهجٌ: واضح راستہ۔
طريقةٌ ناهجةٌ: واضح طریقہ۔
النَّهْجُ: واضح۔ ظاہر۔
يقال: طريقٌ نَهْجٌ، امرٌ نهجٌ۔
(۲) واضح سیدھا راستہ۔
يقال: هذا نَهْجِي لا أحيد عنه۔
(ج) نَهْجَاتٌ، نُهُجٌ، نُهُوجٌ۔
النَّهِيجُ: ہلکے (۲) سانس کی تیز حرکت۔
اللنيج۔ النَهجُ۔
نَهَدَ الثديُ - نُهُودًا: پستان ابھرنا، نمایاں ہونا۔
يقال: نَهَدَتِ المرأةُ: عورت کا ابھرے ہوئے پستان والی ہونا۔
هي ناهدٌ، ناهدَةٌ۔ (ج) نَوَاهِدُ۔
-الاناءُ: بھرنے کے قریب ہونا۔
فلانٌ: کسی کا قصد کر کے چلے جانا۔
-لعَدُوِّهِ أو الى عَدُوِّه نَهْدًا، نَهَدًا: دشمن کے سامنے ڈٹ جانا اور لڑائی شروع کرنا۔
نَهُدَ - نُهُودَةً: مضبوط ہونا۔ بلند ہونا۔
أنْهَدَ الاناءَ: برتن کو اتنا بھرنا کہ بہنے لگے یا بہنے کے قریب ہو جائے۔
-الهديّةَ: ہدیہ کو بڑھانا۔
فلانًا: خوف زدہ کرنا۔
نَاهَدَ فلانًا: لڑائی میں مقابلہ کرنا۔
-عدوَّه: دشمن سے لڑائی میں مقابلہ کرنا۔
تَنَاهَدَ القومُ: سفر یا دشمن سے مقابلہ کے اخراجات میں برابر کا حصہ لینا۔ اپنا اپنا مقرر حصہ نکالنا۔
—في الحربِ: جنگ میں دشمن کا متحد ہو کر مقابلہ کرنا۔
—القومُ الشيَ: کوئی چیز آپس میں تقسیم کر لینا۔
تَنَهَّدَ: لمبا لمبا سانس لینا۔
النَّاهِدُ: ابھرے ہوئے پستان والی عورت۔
(ج) نَوَاهِدُ۔
يقال غلامٌ ناهدٌ: نوخیز قریب البلوغ لڑکا۔
النُّهَادُ: بمعنی الزُّهاءُ۔ مقدار۔
يقال: هؤلاء نهادُ مائة۔
النَّهْدَاءُ: ریت کا بلند ٹیلہ جس پر عمدہ سبزیاں اگتی ہوں۔
النَّهْدَانُ: يقال: حوض نَهْدانُ قدح نَهْدَانُ: لبالب بھرا ہوا جو ابھی چھلکا ہو نہ ہو یا دو ثلث بھرا ہوا۔
النَّهْدُ: بلند چیز (۲) پستان۔
(ج) نُهُودٌ۔
(۳) نشان دار مکھن۔
(۴) مضبوط ڈیل ڈول والا۔
يقال: شابٌ نَهْدٌ، فرس نَهْدٌ۔
(۵) شریف الطبع آدمی جو بلند کاموں کی طرف متوجہ ہو۔
النِّهْد: سفر یا لڑائی کے خرچ کا مساوی حصہ جو جماعت کا ہر فرد دیتا ہے۔
يقال: طرحَ عِضْدَهُ مع القوم: ان کی مدد کی۔
النَّهِيدُ: پتلا مکھن۔
النَّهِيدَةُ: شاندار مکھن۔
(۲) حنظل کا گودا جو آٹے میں ملا کر کھایا جاتا ہے۔
نَهَرَ - نَهْرًا: زور سے بہنا۔
—الماءُ: پانی کا زمین پر بہہ کر اپنا راستہ بنا لینا۔
—الحفارُ: کھودنے والے کا کھدائی کرتے کرتے پانی تک جا پہنچنا۔
يقال: حفر بئرًا حتى نَهَرَ۔
—الأرضَ: زمین کو پھاڑنا۔
—فلانًا: جھڑکنا، ڈانٹنا۔
قرآن حکیم میں ہے:
فَلَا تَقُلْ لَّهُمَا أُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا۔
وَأَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ۔
—النَّهْرَ: نہر کھودنا اور جاری کرنا۔
نَهِرَ الشيُ - نَهَرًا: بہت ہونا۔
بکثرت ہونا۔ هو نَهِيرٌ۔
أَنْهَرَ: دن میں داخل ہونا۔ یا دن میں کوئی کام کرنا۔
—السائلُ: زور سے بہنا۔
يقال: أَنْهَرَ البطنُ: دست لگنا۔
انهرَ العِرْقُ: رگ سے مسلسل خون بہنا۔
—المرأةُ: عورت کا موٹا ہونا۔
—في العَدْوِ: آہستہ دوڑنا۔
—الدَّمَ: خون بہانا۔
—الفَتقَ: شگاف کو چوڑا کرنا۔
يقال: حَفَر بئرًا فَأَنْهَرَ: اسے کچھ نفع حاصل نہیں ہوا۔
إِنْتَهَرَ النَّهْرُ: نہر جاری ہونا۔
—بطنُه: دست لگنا۔
—العرقُ: رگ کا خون بند نہ ہونا۔
—فلانًا: کسی کو خوب جھڑکنا۔
استَنْهَرَ السائلُ: زور سے بہنا۔
—النهرُ: دریا کا وسیع جگہ گھیرنا۔
—الأمرُ: معاملہ کا سنگین ہونا۔
المَنْهَرُ: دریا ندی وغیرہ کے بہنے کی جگہ۔
(۲) قلعہ کی پانی بہنے کی بڑی نالی۔
(ج) مَنَاهِرُ، مَنَاهِيرُ۔
المَنْهَرَةُ: مکانات کے درمیان کوڑا کرکٹ کے راستے کی جگہ۔
النَّاهِرُ: سفید انگور۔
النَّاهُورُ: بادل۔
النَّهَارُ: طلوع فجر سے لے کر غروب شمس تک کی سفیدی۔ روشنی۔ (ج) أَنْهُرٌ، نُهُرٌ۔
النَّهَارِيُّ: صبح کا ایک قسم کا ناشتہ۔
النَّهْرُ: جاری کثیر آب شیریں۔
(۲) آب شیریں کی بڑی مقدار۔

Marfat.com

(ج) اَنْهارٌ، نُهُرٌ، نُعْرٌ۔
النَّهَرُ وسعت، کشادگی۔
(۲) روشنی (۳) نہر۔ دریا۔
قرآن حکیم میں ہے:
اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ۔
النَّهِرُ سفید انگور۔
یقال: نَهْرٌ نَهِرٌ کشادہ دریا۔
نَهار نَهِرٌ روشن دن۔
رجل نَهِرٌ دن میں کام کرنے والا آدمی۔
شعر:
لستُ بليلي ولكنى نَهِرٌ
النَّهِرَةُ: يقال ناقة او شاة نهرة: بہت دودھ دینے والی اونٹنی یا بکری۔
نَهَزَ فلانٌ۔ نَهْزًا کوئی چیز لینے کے لئے اٹھنا۔
یقال: نَهَزَتْ الدابةُ بصدرها: چلنے کے لئے سینہ اٹھانا۔
(۲) قے کرنے کے لئے گردن لمبی کر کے سینہ آگے کو نکالنا۔
-الدابةُ برأسها جانور کا اپنے سر سے اپنا بچاؤ کرنا۔
-بالدّلو فى البئر ڈول کو پانی بھرنے کے لئے کنویں میں ڈال کر ہلانا۔
-الدّلو من البئر کنویں سے ڈول نکالنا۔
-الشئَ دھکیلنا۔
یقال: نَهَزَ راحلته: سواری کے جانور کو دوڑانا۔
یقال: نهزتنى اليك حاجةٌ: ضرورت کا کسی کو کسی کے پاس لے جانا۔
-فلانًا فى صدره: کسی کے سینے پر مکا مارنا۔
-رأسه: سر ہلانا۔
اَنْهَزَهُ ماء: اٹھانا۔
نَاهَزَ الأمرَ: قریب ہونا۔
یقال: ناهز الصبىُّ البلوغ۔
یقال: ناهز الرّضيع للفطام۔
-فلانًا کسی سے مقابلہ کرنا۔
-الصيدَ: شکار کو آ لینا۔

-الفُرْصَةَ موقع پانا۔ موقع کو غنیمت جاننا۔
-الفُرْصَةَ فلانًا: کسی کو موقع ملنا۔
اِنْتَهَزَ فى الضحك: بھونڈے طریقے پر خوب ہنسنا۔
-الشئَ: قبول کر کے جلدی سے لے لینا۔
یقال: انتهز الفرصة: موقع سے فائدہ اٹھانا۔
تَنَاهَزَ القومُ الشئَ: کوئی چیز لینے کے لئے لوگوں کا جھپٹنا۔ ایک دوسرے سے آگے بڑھنا۔
المُنَاهَزَةُ: مقابلہ۔
النَّاهِزُ: قوم کا سردار و منتظم۔
النِّهازُ: مقدار، اندازہ۔
یقال: عُمْرُهُ نِهاز عشرين سنةً۔
النَّهْزُ: ہاتھ سے لینا۔
النُّهْزَةُ: موقع۔ (ج) نُهَزٌ۔
یقال: هو نُهزة المختلس: وہ ہر کسی کے قبضے میں آ جاتا ہے۔
النَّهّازُ: اٹھ کر لینے کا عادی۔
(۲) چلنے کے لئے سینہ نکالنے والا گدھا وغیرہ۔
النَّهُوزُ: تیز رفتار۔
(۳) وہ اونٹنی جس کا بچہ مر جائے اور وہ تھن پر ہاتھ وغیرہ مارے بغیر دودھ نہ دے۔
نَهَسَ اللَّحْمَ۔ نَهْسًا: کھانے کے لئے گوشت کو دانتوں سے نوچنا۔
-فلانًا الكلبُ وكلُّ ذى ناب: کتے وغیرہ کا کسی کو کاٹنا۔
یقال: نَهَسَتْهُ الحيَّةُ:
اِنْتَهَسَ: زور سے کاٹنا۔
المَنْهَسُ: دانتوں سے کاٹنے کی جگہ۔
(ج) مَنَاهِسُ۔
یقال: ارضٌ كثيرة المناهس والمعالق: کثیر آب و دانہ کی جگہ۔ سرسبز و شاداب جگہ۔
المِنْهَسُ: بہت نوچنے والا۔
یقال: اَسَدٌ او نَسْرٌ بامِنْهَسٍ۔
المَنْهُوسُ: کم گوشت آدمی۔
یقال: رجلٌ مَنْهُوسُ القدمين: پتلے پیروں والا آدمی۔

النُّهَسُ: فصیلہ صردیہ کا رتبہ عصفوریات سے ایک پرندہ۔ اس کا رنگ کتھائی اور چڑیا سے ذرا بڑا ہوتا ہے۔ بڑے سر اور چونچ والا ہوتا ہے۔ چڑیوں اور چھوٹے حیوانات کا شکار کرتا ہے۔ ہمیشہ دم ہلاتا رہتا ہے۔ یورپ اس کا وطن ہے جبکہ خزاں اور بہار میں مصر کی طرف ہجرت کر جاتا ہے۔
النَّهّاسُ: المِنْهَسُ۔
النَّهُوسُ: خونخوار کٹ کھنا۔
النَّهِيْسُ: المَنْهُوسُ۔
نَهْسَرَ اللحمَ گوشت کاٹنا۔
(۲) منہ سے پکڑ کر کھینچنا۔
-الطعامَ: حریص ہو کر کھانا۔
النَّهْسَرُ: بھیڑیا۔
(۲) تیز و پھرتیلا آدمی۔
(۳) حریص و گوشت خور (ج) نَهَاسِرُ۔
نَهَشَ الشئَ۔ نَهْشًا: دانتوں سے کاٹنے کے لئے کوئی چیز منہ سے پکڑنا۔
-الحيَّةُ فلانًا: سانپ کا کسی کو ڈسنا۔
-المرأةُ وجهها: عورت کا مصیبت میں اپنا منہ کھسوٹنا۔
-الكلبُ فلانًا: کاٹنا۔ کھال پھیلانا۔
یقال: نَهَشَهُ الدهر زمانہ کا کسی کو مفلس و مصیبت زدہ بنانا۔
نَهَشَ فلانًا او عِرْضَهُ غیبت کرنا، بے آبروئی کرنا۔
نُهِشَتْ عضدُهُ بازو کا پتلا ہونا، کم گوشت ہونا۔
اِنْتَهَشَتْ عضدُهُ: بازو کا پتلا ہونا۔
-الشئَ: خوب نوچنا۔
المُنْتَهِشَةُ: مصیبت میں اپنا منہ نوچنے والی عورت۔
المَنْهُوشُ کم گوشت۔ ہلکا پھلکا۔
(۲) دبلا پتلا۔
یقال: هو منهوش القدمين پتلے پاؤں والا۔
النَّهاوِشُ: مظالم اور لوگوں کی حق تلفیاں۔

Marfat.com

النَّهْشُ: رانوں کے گوشت کی کمی۔
یقال: فلان نَهْشُ الیدین: پتلے اور پھرتیلے ہاتھوں والا۔
رجلٌ نَهْشٌ: کم گوشت۔ پھرتیلا۔
نَهْشَلَ فلانٌ نَهْشَلَةً: عمر رسیدہ ہونا۔ بڑھاپے سے لڑکھڑانا۔ هو نَهْشَلٌ۔
(۲) کسی سے مانگی ہوئی سواری پر بیٹھنا۔
-الشیءَ: کوئی چیز بھوکے کی طرح کھانا۔
-فلانًا: دانتوں سے کاٹنا۔
النَّهْشَلُ: بھیڑیا (۲) شکرا۔
النَّهْشَلَةُ: بڑھاپہ۔ لڑکھڑاہٹ۔
نَهَضَ - نَهْضًا' نُهُوضًا: مستعدی کے ساتھ اٹھنا۔
یقال نَهَضَ من مکان الی کذا۔
نہ اٹھ کر کسی کے پاس تیزی سے جانا۔
نَهَضَ الی العَدُوِّ: دشمن سے مقابلہ کے لئے دوڑنا۔
-النَّبْتُ: پودے کا سیدھا کھڑا ہونا۔
-الطائرُ: اڑنے کے لئے پرندے کا بازو پھیلانا۔
-الشَّیْبُ فی الشباب: جوانوں پر جلد بڑھاپا آنا۔
فرزدق کا قول ہے
-الشَّیْبُ ینهض فی الشباب کأنه لیل یصیح بجانبیه نهارُ۔
-فلانًا نَهْضًا: ظلم کرنا۔
أَنْهَضَ الحیوانَ: جانور کو کھڑا کرنا۔ کھڑا کرنے کے لئے ہانکنا۔
-فلانًا للأمر: کسی کو کسی کام کے لئے کھڑا کرنا۔ انجام دہی کا ذمہ دار بنانا۔
-فلانًا بالشیء: کسی کو کسی چیز کے سہارے کھڑا کرنا یا اس چیز سے کسی کو کام میں تقویت پہنچانا۔
-الرِّیحُ السحابَ: ہوا کا بادلوں کو ادھر ادھر لے جانا۔
القربةَ: مشکیزہ کو منہ تک بھرنا کہ وہ بہہ پڑے یا پھٹنے کے قریب ہو جائے۔

ناهَضَ فلانًا: کسی کا مقابلہ کرنا۔
تَنَاهَضَ القومُ: لڑائی میں ہر فریق کا اپنے مقابل سے مقابلہ کے لئے کھڑا ہونا۔
یقال: تَنَاهَضَ القوم فی الحرب۔
استَنهَضَ فلانًا للأمر: کسی کام کو جلد انجام دینے کے لئے ابھارنا۔
النَّاهِضُ: اڑنے کے قابل چوزہ۔
(۲) شانہ کے بالائی حصہ سے ملا ہوا گوشت۔
(ج) نَوَاهِضُ۔
یقال: عامِلٌ ناهِضٌ: مخلص ومحنتی کارکن۔
شباب ناهضٌ: فرض شناس' بیدار مغز نوجوان۔
النَّاهِضَةُ: ناهضةُ الرجل: آدمی کے حمایتی' مددگار بھائی ونوکر چاکر وغیرہ۔
(۲) بھائی جو اس کے غضب کی خاطر غضب میں آجائیں۔
(ج) نَوَاهِضُ۔
النِّهاضُ: تیزی۔ سرعت۔
النَّهْضُ: دشوار گزار سخت زمین۔
(ج) نِهَاضٌ۔
یقال: سلکوا نهاض الطُّرق۔
النَّهضَةُ: طاقت وقوت۔
(۲) زندگی کے کسی میدان میں ترقی۔
یقال: کان من فلان نُهضَةٌ الی کذا: فلاں کام میں فلاں فعال تھا۔
هو کثیر النهضات (محدثة)
النَّهَّاضُ: ترقی پسند' ترقی کی راہوں پر گامزن۔
(۲) بہت مستعد' متحرک۔
یقال: مکان نَهَّاضٌ: بلند جگہ۔
نَهَطَهُ بالرُّمحِ - نَهْطًا: نیزہ مارنا۔
نَهَفَ - نَهْفًا: حیران ہونا۔
نَهَقَ الحمار - نَهْقًا' نَهِیقًا: گدھے کا رینکنا۔
-تَنَاهَقَت الحُمُرُ: باہم مل کر آواز نکالنا۔ یا یکے بعد دیگرے رینکنا۔
النَّاهِقُ: کھر دار جانور کے جبڑے کی دو ابھری ہوئی ان ہڈیوں میں سے ایک جن پر آنسو بہتے ہیں۔
(۲) گھوڑے اور گدھے کے حلق میں سے آواز نکلنے کا مخرج۔ (ج) نَوَاهِقُ۔
النَّاهِقَةُ: جانور کے نتھنے کی ایک رگ جس سے رینکنے کی آواز نکلتی ہے۔
(ج) نَوَاهِقُ۔
النَّهَقُ: فصیلہ صلیبیہ کی ایک لمبی بوٹی جس کے پتے چوڑے ہوتے ہیں اور پھول بند گوبھی کی طرح ہوتا ہے۔ اس کا پھل رائی نما ہوتا ہے جس کے اوپر ایک باریک پھلی ہوتی ہے اور بند گوبھی کی طرح کے مگر اس سے چھوٹے بیج اس میں ہوتے ہیں۔ یہ ترش نبات ہے اسے الجرجیرا البتری اور الأیهقان بھی کہتے ہیں۔ (ج)
نَهَكَ الأمرُ فلانًا - نَهْكًا' نَهَاكَةً: کام کا کسی کو تھکا دینا۔ لاغر و کمزور کر دینا۔
یقال: نَهَكَهُ العمل' نَهَكَهُ الشراب' نعکته الحُمّٰی۔
-الشیءَ: کسی چیز میں حد سے بڑھنا۔
یقال: نَهَكَ الطَّعامَ او الشراب: حد سے زیادہ کھانا یا پینا۔
یقال: نَهَكَ من الطعام وفیه۔
نَهَكَ الضَّرْعَ: تھن کو خالی کر دینا۔
نَهَكَهُ عُقوبةً: سخت سزا دینا۔
یقال: نَهَكَ عِرض فلان: بے عزتی کرنا۔
نَهَكَ الثوبَ: پہن کر بوسیدہ کر دینا۔
نَهُكَ - نَهَاكَةً: دلیر وطاقتور ہونا۔
نُهِكَ فلانٌ: لاغر و کمزور ہونا۔
(۲) بیماری کا کسی کو ہڈیوں کا ڈھانچہ بنا دینا۔
-بیتُ الشعر من بحر الرَّجز: بحر رجز میں شعر کے دو ثلث کو حذف کر دینا۔
هو مَنْهُوكٌ۔
أَنْهَكَهُ السلطانُ عقوبةً: سخت سزا دینا۔
اِنتَهَكَ۔ نَهَكَ۔
یقال: اِنتَهَكَ الحُمّٰی۔
اِنتَهَكَ عِرضَ فلان: خوب بے عزتی کرنا۔
-الشیءَ: کسی چیز کی بے حرمتی کرنا۔

Marfat.com

-الحُرُماتِ او المُحَرَّمات: تقاضۂ حرمت کی خلاف ورزی کرنا۔
یقال: اِنتَهَكَ حُرمةَ الله: خدا سے عہد شکنی کرنا۔ اللہ کے حکم کی خلاف ورزی کرنا۔
المَنهَكَةُ: پامالی یا خلاف ورزی کا ذریعہ۔
یقال: هذا مُنهَكَةٌ للأعراض۔
النَّاهِكُ: ہر چیز میں غلو اور مبالغہ سے کام لینے والا۔
النُّهكُ: غلو پسندی۔
(۲) بے عزتی۔ عیب گیری۔
(۳) بحر رجز کے شعر کے دو ثلث کا حذف۔
النَّهكَةُ: یقال بدت فیه نَهكَةُ المرضِ۔ اس پر بیماری کی لاغری واثر نمایاں ہے۔
النَّهُوكُ: بہادر، دلیر۔
النَّهِيكُ: ہر چیز میں مبالغہ آرائی کرنے والا۔
(۲) دلیر و بہادر انسان یا حیوان۔
(۳) تیز تلوار۔
یقال: سیف نَهِيكٌ۔
(۴) خوش اخلاق۔
نَهِلَ - نَهَلاً، مَنهلاً: پہلی بار ہونا۔
-الشاربُ: سیر ہو کر پینا۔ هو ناهِلٌ (ج) نُهّالٌ، نَواهِلُ۔
أنهَلَ فلانٌ: کسی کے جانور کا پہلی بار پانی پینا۔
-دابتهٔ: پہلی بار پلانا۔
یقال: أنهَلَ زرعَه: پہلی بار کھیتی کو پانی دینا۔
-العطشانَ: پیاسے کو سیر کرنا۔
-فلانًا: ناراض کرنا۔ غصہ دلانا۔
یقال: أنهَلُوا القَنا من عدوّهم: اپنے نیزوں کو دشمن کے خون سے سیراب کرنا۔
المِنهَالُ: اپنے جانوروں کو بکثرت پہلی بار کا پانی پلانے والا۔
(۲) انتہائی سخی و فیاض آدمی۔
(۳) قبر (ج) مَنَاهِيلُ۔
المَنهَلُ: پانی کا گھاٹ۔ پانی پینے کی جگہ۔
(۲) جنگل میں مسافروں کی منزل۔ کیونکہ وہاں پانی ہوتا ہے۔ (ج) مَنَاهِلُ۔
النَّاهِلَةُ: چشموں پر آنے جانے والا۔

(ج) نَوَاهِلُ۔
یقال: ابلٌ نواهِل: بھوکے اونٹ۔
النَّهَلُ: پہلی بار کا پینا۔
(۲) کھانے کی کھائی ہوئی مقدار۔
النَّهلانُ: النَّاهِلُ (ج) نِهَالٌ۔
النَّهلَةُ: یقال: ماسُقِيَ الّا نَهلَةً: اسے صرف ایک بار پانی پلایا گیا۔
نَهَمَ الأسدُ والفیلُ - نَهِيمًا: آواز نکالنا۔
یقال: نَهَمَتِ القِدرُ: ہانڈی کے جوش کی آواز نکلنا۔
-فلانًا: ڈانٹنا۔ جھڑکنا۔
-الدَّابّةَ - نَهمًا نَهِيمًا: جانور کو تیز چلانے کیلئے ڈانٹنا۔
نَهِمَ فی الشئ - نَهمًا، نَهامَةً: کسی چیز میں حد سے زیادہ حرص و خواہش رکھنا۔
یقال: نَهِمَ فی الطعام، نَهِمَ فی العلم۔ هو نَهِمٌ۔ نَهِيمٌ۔
نُهِمَ بالشئ: کسی چیز کا دلدادہ ہونا۔ هو مَنهُومٌ۔
المِنهَامُ: ڈانٹنے پر ٹھیک چلنے والا جانور۔
(ج) مَنَاهِيمُ۔
المَنهَمَةُ: عیسائی راہبوں کی مجلس۔
المَنهُومُ: کسی چیز کا حریص۔ شیدائی۔
(۲) کھانے کا حریص جس کا پیٹ بھر جائے مگر خواہش پوری نہ ہو۔
النُّهَامُ: لوہار (۲) بڑھئی۔
-فلانًا الکِبَرُ ونحوُهٗ: بڑھاپے وغیرہ کا عقل کو زائل کر دینا۔ هو مُهْتَرٌ۔
(أُهْتِرَ) فلانٌ بکذا: کسی کی پرواہ کیے بغیر کسی چیز کا دلدادہ ہونا۔
(هاتَرَهٗ): کسی کو بری گالی دینا۔
(هَتَّرَ) العِرْضَ: انتہائی بے عزتی کرنا۔
(تهاتَرا): ایک دوسرے پر الزام لگانا۔
-الشاهدان: دو گواہوں کا ایک دوسرے کی تکذیب کرنا جس سے گواہی ساقط ہو جائے۔
(تَهَتَّرَ): بے وقوف اور جاہل ہونا۔
(استُهْتِرَ) فلانٌ: عقل زائل ہونا اور بڑھاپے کی وجہ سے سٹھیا جانا۔ (۲) بے ہودہ باتوں یا کاموں کا عادی ہونا۔
-بالشَّیْءِ: کسی ملامت اور نصیحت سے بے پرواہ ہو کر کسی چیز کا دلدادہ ہونا۔ اور اسے اپنائے رکھنا۔ جیسے استُهْتِرَ بالشراب واستهتر بفلانةٍ۔
(التَّهاتُرُ): باہم متعارض شہادتیں۔
(التَّهْتارُ): بیوقوفی اور جہالت۔
(المُهاتَرَةُ): متضاد ومتعارض کلام۔
(المُهْتَرُ): کلام میں غلطیاں کرنے والا۔
(الهُتْرُ): بڑھاپے' مرض اور غم وغیرہ کی وجہ سے عقل کا زائل ہو جانا۔
(الهِتْرُ): باطل (۲) لغو اور بے ہودہ بات (۳) جھوٹ' کہتے ہیں قولٌ هِتْرٌ (۳) عجیب بات (۴) آفت ومصیبت۔
-هِتْرٌ هاتِرٌ: بڑی مصیبت۔
-اِنَّهٗ لَهِتْرُ أَهْتارٍ: وہ سب سے بڑی آفت ہے (۵) رات کا نصف اول یا کچھ ابتدائی حصہ۔
(هَتَشَ) الکَلْبَ او السَّبُعَ- هَتْشًا: کتے یا کسی درندے کو شکار پر جھپٹنے کے لئے اکسانا۔
(هَتَفَ)- هَتْفًا وهُتافًا: لمبی آواز سے چیخنا۔ (۲) نعرہ لگانا۔
-بِهٖ: کسی کو پکارنا' بلانا۔
-بِرَبِّهٖ: رب کو پکارنا (۲) درخواست کرنا۔
-فُلانًا وبِهٖ: کسی کی تعریف کرنا۔ هُوَ مهتوفٌ بِهٖ۔ فلانةٌ یُهْتَفُ بِهَا: فلاں عورت کے حسن و جمال کا چرچا ہے۔
(هَتَّفَ): هَتَفَ کا مبالغہ۔ زور سے چیخنا۔
(الهاتِفُ): غیبی آواز (۲) ٹیلی فون (۳) ٹیلی فون پر بولنے والا۔ (ج)
(الهُتافُ): بلند آواز' لمبی آواز جو تعریف یا تنکیر کے لئے نکالی جائے۔ نعرہ (ج) هتافات۔
(الهَتّافُ): بہت زور سے چلانے یا زور سے نعرہ لگانے والا۔ هی هَتّافَةٌ (۲) نعرہ لگوانے والا۔ قَوْسٌ هَتّافَةٌ: آواز نکالنے والی کمان۔
(الهَتَفی) آواز دار کمان۔
(الهَتُوفُ): الهَتّافُ (مذکر ومؤنث دونوں کے لئے) رَجُلٌ هَتُوفٌ۔
-حَمامَةٌ هَتُوفٌ: بولنے والی کبوتری۔
-رِیحٌ هَتُوفٌ: گونج دار ہوا۔
-سَحابَةٌ هَتُوفٌ: گونج دار بادل۔
(هَتَكَ) السِّتْرَ ونحوَهٗ- هَتْكًا: پردہ ہٹانا۔ پردہ پھاڑنا۔
-الثَّوْبَ: کپڑے کو لمبائی میں پھاڑنا۔ هُوَ هاتِكٌ وهَتّاكٌ۔
(هُتِكَ) هُتِكَ عِرْضُهٗ: کسی کی بے عزتی ہونا۔
(هاتَكَ) اللَّیْلَ: رات کی تاریکی میں چلنا۔
(هَتَّكَ) الأَسْتارَ ونحوَها: خوب پردہ دری کرنا۔
(تَهَتَّكَ) فلانٌ: آزادانہ برا کام کرنا' بے حیا ہونا (۲) بدنام اور رسوا ہونا۔
-فِي البَطالَةِ: بیکار پڑ کر بدنام ہو جانا۔
(الهُتْكُ): آدھی رات یا وسط شب۔
(الهَتَكُ): پیدائش کے وقت بچہ کے سر پر لگی ہوئی جھلی کے ٹکڑے جو گر جاتے ہیں۔ اس کا واحد هتكةٌ۔
-ثَوْبٌ هتِكٌ: پھٹا ہوا کپڑا۔
(الهُتْكَةُ): رسوائی (۲) رات کا کچھ حصہ جیسے مَضَتْ هُتْكَةٌ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک حصہ گزر گیا۔
(الهَتِیكَةُ): رسوائی۔
(هَتَمَ) الشیءَ- هَتْمًا: توڑنا۔ جیسے هَتَمَ ثَنِیَّتَهٗ: اس کا اگلا دانت توڑ دیا۔
-فاهُ: اگلے دانت توڑ دینا۔
(هَتِمَ) الشیءُ- هَتَمًا: ٹوٹنا هَتَمَهٗ فهَتِمَ۔
-الانسان وغیرُهٗ: انسان وغیرہ کے اگلے دانت جڑ سے ٹوٹ جانا۔ هو أَهْتَمُ وهی هَتْماءُ (ج) هُتْمٌ۔
(أَهْتَمَ) الشیءَ: توڑنا جیسے أَهْتَمَ ثَنِیَّتَهٗ۔
-الإِنْسانَ وغیرَهٗ: دانت توڑنا۔
(هَتَّمَهٗ): چورا چورا کر دینا۔
(تَهاتَما): ایک دوسرے کے خلاف جھوٹا دعویٰ کرنا۔
(تَهَتَّمَ) تَهَتَّمَتْ أَسْنانُهٗ: کسی کے دانت ٹوٹنا۔
(الهُتامَةُ): کسی چیز کا ٹوٹا ہوا حصہ۔
(الهَتِیمَةُ): چھوٹا کھٹا پودا۔
(الهَیْتَمُ): ایک پودا جو صحرا میں اگتا ہے۔ یہ فصیلہ رامرومیہ سے ہے۔ (ج)
(هَتْمَرَ): زیادہ بولنا۔
(هَتْمَلَ) فلانٌ: آہستہ آہستہ بات کرنا۔ (۲) چغلی کھانا۔

Marfat.com

-الرَّجُلان آپس میں خفیہ بات کرنا۔
(الهَثمَلَةُ) خفی بات چیت (ج) هَثَامِلُ۔
(هَتَنَت) السماءُ۔ هَتْنًا وهُتُونًا موسلا دھار بارش برسانا۔
-الدَّمعُ آنسو بہانا۔ هو هاتِنٌ۔ (ج) هُتَّنٌ وهي هَاتِنَةٌ (ج) هَوَاتِنُ۔
(التَّهْتَانُ) تھم تھم کر ہونے والی بارش۔
(الهَتُونُ) زوردار بارش۔
-سحابٌ هتونٌ برسنے والا بادل۔
-عَينٌ هَتُونُ الدَّمعِ آنسو بہانے والی آنکھ (مذکر ومؤنث) (ج) هُتُنٌ وهُتُنٌ۔
(هَتهَتَ) فلانٌ فِي الكَلَامِ تیز بولنا جس کی وجہ سے زبان لڑکھڑا جائے۔
-الشیءَ کسی چیز کو سختی سے کچل کر توڑ دینا۔
(الهَتهَاتُ) لڑکھڑاتی ہوئی زبان کے ساتھ تیز بولنے والا۔
(هَتَا) الشیءَ۔ هَتْوًا توڑنا پاؤں سے کچل کر توڑنا۔
(هَاتَى) فلانٌ لینا۔
-فلانٌ الشیءَ قریب کرنا۔
-فلانًا الشیءَ کسی کو کوئی چیز دینا۔ ما أهاتيك میں تمہیں نہیں دوں گا (۲) عطیہ دینا۔
(الهِتيع) من الليل رات کا ٹکڑا (ج) أهتا۔ جیسے مَضَى هِتيٌ مِنَ اللَّيلِ۔
(الهِتيُّ) مِنَ اللَّيلِ رات کا ایک حصہ۔
(هَتَّ) فلانٌ۔ هَتًّا جھوٹ بولنا۔
-الاشياءَ باہم ملانا خلط ملط کرنا۔ هو هَاتٌّ وهَتَّاتٌ۔
(هَثَمَ) لفلانٍ مِنَ الشیءِ۔ هَثْمًا کوئی چیز زیادہ مقدار میں کسی کو دینا۔
-الشیءَ کسی چیز کو کوٹ کر اس کا سفوف بنا دینا۔
(الهَيثَمُ) نرم ریت کا ٹیلا (۲) عقاب کا چوزہ (۳) شکرہ (۴) عقاب۔ واحد هَيثَمَةٌ۔
(هَثهَثَ) الشیءُ خراب ہونا۔

-فِي السَّيرِ ونحوهِ تیز چلنا۔
-السَّحابُ بمطرهِ وثَلجهِ بادل کا تیزی سے بارش اور برف گرانا۔
-الأشياءَ چیزوں کو باہم خلط ملط کرنا ملانا۔
-الشیءَ سختی سے روندنا۔
-فلانًا ظلم کرنا۔ هو هَثهَاثٌ۔
(الهَثهَاثُ) تیز۔ سَيرٌ هَثهَاثٌ تیز چال (۲) بہت مٹی والا شہر (۳) جھوٹا۔
(الهَثهَثَةُ) میدانِ جنگ کا شور وغل۔
(هَثَى) ۔هَثْيًا کسی کے چہرہ کا سرخ ہونا۔
-التراب مٹی ڈالنا۔
-لَهُ مِن مالِه کچھ مال دینا۔
(هَاثَاهُ) کسی کے ساتھ مذاق کرنا۔

ھ۔ ج

(هَجَأ) الشیءُ۔ هَجْأً وهُجُوءًا منقطع ہونا۔ سٹنا۔
-جُوعُهُ بھوک دور ہونا۔
-الطَّعامَ هَجْأً سارے کا سارا کھا جانا۔
-الطعامُ بطنَهُ کھانے کا کسی کے پیٹ کو بھر دینا۔
(هَجِئَ)۔ هَجَأً زوردار بھوک لگنا۔
(أهجَأَ) الشیءَ زائل کرنا۔ ختم کرنا جیسے اهجأ الطعامُ الجُوعَ۔ -الابلَ ونحوهَا اونٹوں وغیرہ کو چرنے کے لئے باندھنا۔
-فلانًا الشیءَ کوئی چیز کھلانا۔
-فلانًا حَقَّهُ کسی کا حق اس کو ادا کرنا۔
(الهَجَأ) انسان وغیرہ کی وہ حالت جس سے وہ منقطع ہو جائے۔
(الهُجَاةُ) بے وقوف۔
(هَجَّت) عَينُهُ۔ هَجًّا آنکھ کا دھنس جانا۔ هي هاجَّةٌ۔
-النَّارُ۔ هَجًّا وهَجِيجًا آگ کا زور وشور سے بھڑکنا جس سے آواز سنائی دے۔
-البَيتَ ونَحوَهُ گھر کو منہدم کرنا۔
(هَجِجَ) بھوک پیاس یا تھکاوٹ کی وجہ سے آنکھیں دھنس جانا۔ هجِجت العينُ بھی کہتے ہیں۔

-النَّارَ آگ دھکانا۔ بھڑکانا۔
(اهتَجَّ) فِي رايهِ ونحوهِ اپنی رائے پر قائم رہنا اور کسی کا مشورہ قبول نہ کرنا۔
(استَهَجَّ) اپنی رائے پر عمل کرنا خواہ وہ غلط ہو یا صحیح (۲) بغیر غور وفکر کے کسی بات میں الجھنا۔
-السائرةَ قافلہ کو تیز چلانا۔
(هَجَاجِ) رکب فُلانٌ هجاجِ فلاں نے خودسری اختیار کی ایسے ہی رکب هجاجَيهِ۔
هَجَاجَيكَ بس بس رک جاؤ۔
(الهَجَاجَةُ) زبردست غبار جو ہر چیز کو ڈھانپ لے (۲) بیوقوف۔
(الهُجُّ) بیلوں وغیرہ کا جوا۔
(الهَجِيجُ) گہری وادی (۲) تالاب۔ (۳) لمبی زمین (۴) ریت پر کانٹوں کی کھینچی ہوئی لکیر (ج) هُجُجٌ وهُجَّانٌ۔
(هَجَدَ)۔ هُجُودًا سو جانا (۲) رات میں نماز پڑھنا۔ هو هَاجِدٌ (ج) هُجَّدٌ و هُجُودٌ وهو هجودٌ۔
(اهجَدَ) البعيرُ اونٹ کا زمین پر گردن رکھنا۔
-فلانًا سلانا (۲) سویا ہوا پانا۔
(هَجَّدَ) فلانًا سلانا۔
(تَهَجَّدَ) هَجَدَ (۲) تہجد وغیرہ کے لئے اٹھنا۔ قرآن مجید میں ہے (وَمِنَ اللَّيلِ فَتَهَجَّد بِهِ نَافِلَةً لَكَ) (۳) اکیلا اور تنہا ہونا۔
(التَّهَجُّدُ) تہجد، رات کی نماز۔
(هَجَرَ)۔ هَجْرًا الگ اور دور ہونا۔
-الفَحلُ سانڈ کا جفتی کو چھوڑ دینا۔
-المَرِيضُ بیمار کا بہکی بہکی باتیں کرنا جیسے هَجَرَ فِي مرضه وفي نومه۔
-فِي الشیءِ وبه کسی چیز کا ذکر شوق اور دلچسپی سے کرنا۔
-الشیءَ او الشَّخصَ هجرًا وهِجرَانًا چھوڑنا اعراض کرنا۔
-زوجَهُ بیوی کو طلاق دیئے بغیر اس سے کنارہ کشی اختیار کرنا۔ قرآن مجید میں ہے

Marfat.com

(وَاللَّاتِي تَخَافُونَ نُشُوزَهُنَّ فَعِظُوهُنَّ وَاهْجُرُوهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوهُنَّ)
–الدَّابَّةَ هَجْرًا وهُجُورًا: جانور کو پائے بند سے باندھنا۔
(اَهْجَرَ) دوپہر کے وقت میں چلنا (۲) دوپہر کے وقت میں داخل ہونا (۳) الٹی سیدھی اور فضول باتیں کرنا۔ اهجر فی منطقه بھی کہتے ہیں۔
–الشيءُ: آخری حد کو پہنچنا۔
–الفتاةُ: لڑکی کا حسن و خوبصورتی کے ساتھ جوان ہونا۔
–الحَامِلُ حاملہ کے پیٹ کا بڑا ہونا۔
–بفلان کسی کا مذاق اڑانا۔
(هَاجَرَ) ہجرت کرنا۔ اپنا وطن چھوڑنا۔ قرآن مجید میں ہے ﴿وَالَّذِينَ تَبَوَّءُ وَالدَّارَ وَالْإِيمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّونَ مَنْ هَاجَرَ إِلَيْهِمْ﴾
–مِنْ مكان كذا او عَنْهُ کسی جگہ کو چھوڑ کر دوسری جگہ چلے جانا۔
–القَوْمَ ایک قوم کو چھوڑ کر دوسری میں جاملنا۔
(هَجَّرَ) دوپہر کے وقت چلنا۔
–النَّهارُ دن کا آدھا اور سخت گرم ہو جانا۔
–اِلَى الشيءِ کسی چیز کی طرف سویرے سویرے جانا۔
–الدَّابَّةَ جانور کے پاؤں پر رسی باندھنا۔
(تَهَاجَرَ) القومُ باہم قطع تعلق کرنا۔
–القَوْمُ الماءَ باری باری پانی پر آنا۔
(تَهَجَّرَ) دوپہر کے وقت چلنا (۲) مہاجرین کے مشابہ ہونا۔
(الأَهْجَرُ) هذا أهجر مِنْ ذَاكَ یہ اس سے زیادہ لمبا، بڑا یا محترم ہے۔
(الأُهْجُورَةُ) عادت۔ طریقہ۔
(المُهَاجِرُ) نبی کریم ﷺ کے ساتھ ہجرت کرنے والا۔ یا آپ کی طرف ہجرت کر کے آنے والا۔
(المُهَاجَرُ) مقام ہجرت۔
(المُهَاجَرَةُ) ہجرت۔
(المَهْجَرُ) وہ جگہ جس کی طرف ہجرت کی جائے یا جس جگہ سے ہجرت کی جائے۔
(المُهْجِرُ) ہر برتر و اعلیٰ چیز (مذکر و مؤنث کے لئے) جیسے بعيرٌ مُهْجِرٌ ونخلةٌ مُهْجِرٌ وعدوٌ مهجرٌ۔
(المُهْجِرَةُ) فتاةٌ مُهْجِرَةٌ حسن و جوانی میں منفرد لڑکی۔ ناقَةٌ مُهْجِرَةٌ پر گوشت تیز رفتار اونٹنی۔
(المَهْجُورُ) كلامٌ مهجورٌ اجنبی متروک الاستعمال لفظ۔
(الهَاجِرُ) شيءٌ هَاجِرٌ عمدہ خوبصورت اعلیٰ اور برتر چیز۔
(الهَاجِرَةُ) سخت گرمی کے دنوں کی دوپہر۔ کہتے ہیں طَبَخَتْهُ الهَاجِرَةُ سخت گرمی نے اسے کھولا کر رکھ دیا۔ (۲) فحش گفتگو هَاجِرَاتٌ وهَوَاجِرُ۔
(الهَاجِرِيُّ) شہر ہجر کا رہنے والا۔ (نسبت خلاف قیاس ہے) (۲) ہمیشہ شہر میں رہنے والا (۳) معمار (۴) عمدہ اور برتر چیز۔
(الهِجَارُ) جانور کے پاؤں میں باندھی جانے والی رسی (۲) کمان کی تانت قوسٌ شديدَةُ الهجار سخت تانت والی کمان۔ (۳) طوق (۴) تاج۔
(الهِجِّيرَى) زیادہ بولنے والا (۲) بری بات (۳) طریقہ عادت۔
مَا زَالَ هذا هجيراهُ یہ تو اس کی ہمیشہ عادت رہی ہے (یہ اکثر بری عادت کے لئے مستعمل ہوتا ہے)
(الهَجْرُ) لگام نکیل (۲) گرمی کی دوپہر۔ شيءٌ هَجْرٌ بے نظیر چیز۔ ذهبتِ النَّخلةُ هَجْرًا کھجور کے درخت کا لمبا اور موٹا ہونا۔ لقيتُهُ عَيْنَ هَجْرٍ میں لمبے عرصہ کے بعد اس سے ملا (سال بعد یا چھ دن بعد)
(الهُجْرُ) قبیح اور بے ہودہ کلام۔
(الهِجْرُ) کمزور اور چھوٹے قدم اٹھانے والا۔
(الهُجْرَاءُ) کفایت بھر چیز۔ مَا عِنْدَهُ غناءُ ذَاكَ ولا هجراءُ هُ: اس کے پاس فلاں کے لئے کفایت کرنے والی کوئی چیز نہیں۔
(الهَجِرَةُ) بھرپور اور موٹی۔
(الهِجْرَةُ) دوسری زمین یا علاقہ کی طرف جانا (۲) لوگوں کا تلاش رزق میں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
(الهَجُورِيُّ) نصف نہار میں کھایا جانے والا کھانا۔
(الهَجِيرُ) چھوڑا ہوا، متروک (۲) مویشی کے چلنے سے ٹوٹی ہوئی سوکھی ہوئی گھاس (۳) فائق و برتر۔ لَبَنٌ هَجِيرٌ گاڑھا اور عمدہ دودھ (۴) بڑا تالاب (۵) بڑا پیالہ (۶) بھاری بھر کم گاؤخر (۷) جفتی میں سستی کرنے والا موٹا سانڈ (۸) گرمیوں کی دوپہر (ج) هُجُرٌ۔
(الهجيرةُ) گرمی کی دوپہر۔
(الهُوَيْجِرَةُ) دوپہر کے کچھ بعد کا وقت۔
(الهِجْرِسُ) بندر (۲) لومڑی یا لومڑی کا بچہ (۳) ریچھ (۴) کمینہ جیسے فلانٌ هجرسٌ (ج) هَجَارِسُ۔
(الهَجْرَعُ) بے وقوف۔ (۲) مجنون (۳) دراز قد (۴) پھرتیلا سلوقی کتا۔
(الهِجْزَعُ) بزدل۔
(هَجَسَ) الامرُ فی صدرهِ۔ هَجْسًا دل میں کھٹکنا۔
–فلانًا عَنِ الْأَمْرِ روکنا، ہٹانا۔
(هَاجَسَهُ) کسی سے سرگوشی کرنا۔
(تَهَاجَسَا) باہم سرگوشی کرنا۔
(المُتَهَجِّسُ) خبزٌ متهجّسٌ بے خمیری روٹی۔
(المهجوسُ) وقعوا فِي مهجوس مِنَ الْأَمْرِ وہ کسی معاملہ کی الجھن اور مشکل میں پھنس گئے۔
(الهَاجِسُ) کھٹکا، خیال، وسوسہ (ج) هَوَاجِسُ۔
(الهَجْسُ) ایسی ہلکی آواز جو سنی تو جائے لیکن سمجھی نہ جا سکے (۲) دل میں آنے والی بات اور کھٹکنے والے خیالات۔

Marfat.com

(الھجیسۃُ): تازہ گوشت۔
(ھَجَشَ) الیہِ۔ ھَجْشًا: مشتاق اور دلدادہ ہونا۔
-بَیْنَھُمْ: ایک دوسرے کے خلاف بھڑکانا۔
-الْاَمْرَ: کوئی بات یا معاملہ اٹھانا۔
-الدابّۃَ: نرمی سے ہانکنا۔
(الھَاجِشَۃُ): لوگوں کی اچانک آنے والی جماعت (ج) ھَوَاجِش۔
(الھَجْشَۃُ): کسی کام کے لئے حرکت و تیاری۔ حانت منہ ھجشۃ الی کذا: فلاں کام کے لئے اس کے اٹھنے کا وقت آ گیا۔
(ھَجَعَ)۔َ ھَجْعًا و ھُجُوْعًا: رات میں سونا۔ قرآن مجید میں ہے (کَانُوْا قَلِیْلًا مِّنَ اللَّیْلِ مَا یَھْجَعُوْنَ) کہتے ہیں: ھجعتُ اِلٰی فلان فَخَدَعَنی: میں اس کے قریب ہوا تو اس نے مجھے دھوکہ دیا۔
-الجوعُ: بھوک دور ہونا۔
(اَھْجَعَہٗ): سلانا۔
-الطعامُ الجوعَ: کھانے کا بھوک دور کرنا۔
(ھَجَّعَ): رات کو خوب سونا۔
(التَّھْجَاعُ): ہلکی نیند (۲) رات کی نیند۔
(المِھْجَع) سپرد کردہ کام سے غافل (۲) ہر ایک کے قریب ہونے والا بے وقوف۔
(الھَجْعُ) من اللیل: رات کا کچھ حصہ۔ کہتے ہیں زارنی بعد ھجع من اللیل: وہ کچھ رات گزرنے کے بعد مجھ سے ملاقات کے لئے آیا۔
(الھَجْعُ) المِھْجَعُ۔
(الھَجْعَۃُ): ابتدائی رات کی ہلکی نیند۔ استیقظتُ بعد ھجعۃ مِنَ اللیلِ: میں ہلکی سی نیند کے بعد بیدار ہوگیا۔
(الھِجْعَۃُ): سونے کا ایک طریقہ۔
-رَجُلٌ ھجعۃٌ: ہر ایک کے قریب ہونے والا بے وقوف۔ (۲) ذمہ داری سے غافل آدمی۔
(الھُجَعَۃُ) الھَجِعُ۔
(الھَجِیعُ) مِنَ اللیلِ: رات کا ایک حصہ۔ کہتے ہیں مضی ھَجِیعٌ مِنَ اللیلِ۔

(ھَجَفَ)۔ُ ھَجْفًا: محنت اور تھکاوٹ کی وجہ سے کوکھوں کا پہلوؤں سے الگ ہو جانا۔
(ھَجِفَ)۔َ ھَجَفًا: بھوک کی لاغری کی وجہ سے ہڈیاں نکل آنا۔ ھو ھجف ھی ھجفۃ وھو اَ ھجف وھی ھجفاء (ج) ھُجْفٌ۔
-الارضُ: زمین کے اندر کی چیزوں کا بکھر جانا۔
(انھجفَ): بھوک پیاس کی وجہ سے ہڈیاں نکل آنا۔
(الھجفانُ): پیاسا۔
(الھِجَفُّ): بوڑھا شتر مرغ (۲) سست اور ڈھیلا آدمی یا شتر مرغ (۳) بڑے پیٹ والا (۴) لمبا چوڑا بے فیض آدمی۔
(ھَجَلَ) الشیءَ۔ُ ھَجْلًا: پھینکنا جیسے اخذ الکرۃ فھجل بھا۔
-المرأۃ بعینھا: آنکھ مارنا۔
(اَھْجَلَ): ہموار زمین یا بیابان میں چلنا۔
-الشیءَ: کشادہ کرنا۔
-المالَ: ضائع کرنا۔
-الابلَ وغیرَھا: اونٹوں اور جانوروں سے لاپرواہی برتنا۔
(ھَاجَلَ): بیابان یا ہموار زمین میں چلنا۔
-فلانًا: مقابلہ کرنا۔
(ھَجَّلَ) فلانًا وبہ: گالی دینا، برا بھلا کہنا۔
-عرضَہٗ: آبرو ریزی کرنا۔
(اھتَجَلَ) الشیءَ: ایجاد کرنا۔
(المَھْجِلُ): گہرا گڑھا (۲) فرج سے رحم تک کی نالی۔
(الھَاجِلُ): سونے والا (۲) زیادہ سفر کرنے والا (ج) ھُجُوْلٌ۔
-دَمْعٌ ھَاجِلٌ: بہنے والا آنسو۔
(الھَجْلُ): ہموار زمین (۲) بیابان (ج) اَھْجَالٌ وھِجَالٌ وھُجُولٌ۔
(الھُجْلُ) مِنَ الطُّرُقِ: متروک راستہ۔
(الھَجُوْلُ): زانیہ عورت۔
(الھَجِیْلُ): ناہموار حوض (ج) اھجالٌ وھجالٌ۔

(ھَجَمَ) علیہ۔ُ ھُجُوْمًا: کسی پر اچانک داخل ہونا۔ جیسے ھجم البردُ ونحوُہٗ: اچانک سردی ہو جانا۔ (۲) کسی کے پاس اچانک آ جانا (۳) اچانک حملہ کر دینا۔
-البیتُ: گھر گر جانا۔
-العینُ: آنکھ دھنس جانا۔
-فلانٌ: خاموش ہو کر سر جھکانا۔
-المرضُ: بیماری کا زور کم ہونا یا بیماری زائل ہو جانا۔
-المکانَ ونَحْوَہٗ ھَجْمًا: کسی جگہ حملہ کر دینا۔
-الدابّۃَ ونحوھا: سختی سے ہانکنا۔ کہتے ہیں ھجمنا الخیلَ عَلَی القومِ وھجمنا بھا: کسی قبیلہ پر گھوڑوں سے چڑھائی کرنا۔
-الریحُ تھجُمُ الترابَ علی الدّارِ: ہوا کا مکان پر مٹی اڑا کر ڈالنا۔
-العَدُوَّ: دشمن کو بھگا دینا۔
-الناقۃَ: اونٹنی کا دودھ دوھنا۔
-الحرُّ الدابّۃَ وغیرھا: گرمی کا جانور کو پسینہ میں شرابور کرنا۔
-البیتَ: گھر منہدم کرنا۔
(اَھْجَمَ) علیہ الشیءَ: کسی کے پاس اچانک کوئی چیز لانا۔
-الناقۃَ: اونٹنی کا دودھ نکالنا۔
-مافی الضرعِ ونحوِہٖ: تھن سے سارا دودھ نکال لینا۔
-الدابّۃَ: جانور کو آرام دینا۔
-المرضَ عَنْ فلانٍ: مرض زائل کرنا۔
(ھَاجَمَہٗ): کسی کے پاس اچانک آنا یا اچانک حملہ کرنا (مو)
(اھتجَمَ) الشیءَ: کسی چیز پر اچانک آنا۔
مَا فِی الضَّرْعِ ونحوِہٖ: تھن کا سارا دودھ نکال لینا۔
-المرضُ ونحوُہٗ فلانًا: بیماری کا کسی کو مزور کرنا۔
(انھجَمَ) البیتُ: مکان گر جانا۔ عینُہٗ: آنکھ دھنس جانا (۲) آنسو بہانا۔

Marfat.com

-العَرَقُ پسینہ بہنا۔
(تَہَاجَمَا) ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ (مو)
(تَہَجَّمَ) عَلی غیرِہ سخت حملہ کرنا (۲) حملہ کرنے کی کوشش کرنا (مو)
(الاھْتِجَامُ) رات کا آخری حصہ۔
(الہَجَّامُ) بہت حملے کرنے والا بہادر (۲) شیر۔
(الہَجْمُ) بڑا پیالہ جس میں دودھ نکالا جائے (۲) پسینہ (ج) اھجام۔
(الہَجْمَۃُ) مِنَ اللیلِ رات کی ابتدائی تاریکی (۲) بوڑھی بکری۔
-من الشتاء سردی کی تیزی۔
-من الصیفِ گرمی کی شدت۔
-من الابلِ اونٹوں کی سو سے کم کوئی بڑی تعداد۔
(الہَجُوْمُ) تیزی سے حملہ کرنے والا۔ (۲) ہر چیز کو اکھاڑ پھینکنے والی۔ تیز ہوا (۳) پسینہ لانے والی چیز کہتے ہیں تحمّم فان الحمّام ھجومٌ حمام میں غسل کرو کیونکہ وہ پسینہ لاتا ہے۔
(الہَجِیْمَۃُ) دستکاری ہوئی آوارہ اونٹنی (۲) مشکیزہ کا دودھ جو ابھی تک جما نہ ہو (ج) ھَجَائِمُ۔
(الہَیْجَمَانَۃُ) موتی (۲) زمرد۔

(ھَجَنَتِ) الصَّبِیَّۃُ ـُ ھَجْنًا وھُجُوْنًا بلوغت سے پہلے بچی کی شادی ہو جانا۔
النَّاقَۃُ اونٹنی کا قبل از وقت حاملہ ہونا۔
-النَّخْلَۃُ کھجور کے درخت کا قبل از وقت پھلدار ہونا۔
الزَّنْدُ چقماق کا ایک رگڑ سے شعلہ دینا ہو وھی ھاجنٌ وھي ھاجنۃٌ (ج) ھواجنُ۔
(ھَجُنَ) ـُ ھُجْنَۃً وھُجُوْنَۃً وھَجَانَۃً کمینہ اور گھٹیا نسل کا ہونا۔
الکلامُ وغیرُہٗ کلام وغیرہ کا معیوب اور ناشائستہ ہونا۔
(اَھْجَنَ) اعلیٰ نسل کے زیادہ اونٹوں والا ہونا۔

-الفتاۃَ لڑکی کی چھوٹی عمر میں شادی کروانا۔
-الفحلُ الناقۃَ سانڈ کا اونٹنی کو دو سال پورے ہونے پر حاملہ کرنا اور اونٹنی کا چوتھے سال کے شروع میں بچہ کو جن دینا۔
(ھَجَّنَ) الشيءَ بے حیثیت اور حقیر بنانا۔
-الامرَ عیب دار کرنا۔ بدنما کرنا۔
(اھتَجَنَتِ) الصَّبِیَّۃُ لڑکی کا بلوغت سے پہلے شادی شدہ ہونا۔
-النخلۃُ کھجور کے درخت کا قبل از وقت پھلدار ہونا۔
-الفتاۃَ لڑکی کو بلوغت سے پہلے شیبہ کرنا۔
(اھتُجِنَتِ) الشاۃُ بکری کے حمل کا ظاہر ہونا۔
(تَہَجَّنَتِ) النَّخْلَۃُ کھجور کے چھوٹے درخت پر پھل نمودار ہونا۔
(اسْتَھْجَنَہٗ) قبیح خیال کرنا۔ برا سمجھنا۔ کہتے ہیں ھذا مما یستھجن قولہ او فعلُہٗ او التفکیرُ فیہ یہ ایسی چیز ہے جس کو کرنا۔ بولنا اور اس کے بارے میں سوچنا ناپسندیدہ ہے۔
(الأَھْجِنَۃُ) من الغلمان وہ کم عمر لڑکے جن کی شادی کم عمر لڑکیوں سے کردی گئی ہو۔
(المُھْجَنَۃُ) من النوق عمدہ نسل کی اونٹنیاں جن کو ان کے شہر کے سانڈوں سے جفتی کرائی گئی ہو (۲) پہلی بار گابھا لگایا ہوا کھجور کا درخت (۳) پہلی بار حاملہ ہونے والی اونٹنی۔
(المَھْجَنَۃُ) بے فیض ونفع لوگ۔
(الھِجَانُ) وہ چیزیں جو اصل کے اعتبار سے عمدہ واعلیٰ ہوں (۲) اعلیٰ نسل کے سفید اونٹ (اس میں مذکر ومؤنث اور جمع وغیرہ برابر ہیں) رَجُلٌ ھجانٌ شریف النسب آدمی۔ امراۃٌ ھجانٌ خاندان کی معزز خاتون۔ ارضٌ ھجانٌ عمدہ زمین (ج) ھِجانٌ وھُجُنٌ وھَجَائِنُ۔
(الھجانَۃُ) نسب کی شرافت (۲) سفیدی۔
(الھَجَّانُ) تیز رفتار اعلیٰ اونٹنی کا سوار۔
(الھُجْنَۃُ) گھوڑوں کی مضبوط ساخت (۲) عیب نقص خرابی۔ جیسے فی کلامہ ھجنۃٌ۔

(الھَجِیْنُ) وہ دودھ جو نہ بالکل خالص ہو نہ بالکل کھیس ہو۔ رجلٌ ھَجِیْنٌ کمینہ آدمی (۲) دوغلی نسل کا گھوڑا (جس کا باپ عربی اور ماں غیر عربی ہو) (۳) دوغلی نسل کا آدمی جس کی ماں غیر عربی اور باپ عربی ہو (۴) ہلکے بدن کی تیز رفتار اونٹنی (۵) علم الاحیاء میں وہ نباتات یا جانور جو دو مختلف انواع کے امتزاج سے پیدا ہو (ع)۔ (ج) ھُجُنٌ وھجانٌ ھجائنُ وھي ھجینٌ۔
(الھَجَنَّفُ) لمبا چوڑا (ج) ھَجَانِیْفُ۔
(ھَجْھَجَ) الفَحْلُ اونٹ کا زور زور سے بلبلانا۔
-الجملَ او بہٖ اونٹ کو ہیج ہیج کہہ کر ڈانٹنا۔
-فلاناً عَنْ مقصدہٖ کسی کو اس کے مقصد سے باز رکھنا۔
(الھُجَاھِجُ) موٹا فربہ بھاری بھرکم (۲) بہت آواز نکالنے والا ظلیمٌ ھجاھِجٌ شور مچانے والا شتر مرغ۔
(الھَجْھَاجُ) بہت بلبلانے والا۔ جیسے بعیرٌ ھجھاجٌ وظلیمٌ ھجاجٌ۔
-یومٌ ھجھاجٌ سخت ہواؤں والا دن (۲) بہت بھاگنے یا بدکنے والا (۳) مصیبت (۴) بے وقوف۔ بدمزاج۔ (۵) کم عقل (۶) فتنہ پھیلانے والا (۷) لمبا تڑنگا آدمی یا اونٹ (۸) عمر رسیدہ۔
(الھَجْھَجُ) خشک اور ٹھوس زمین۔ (ج) ھجاھجُ۔
(الھُجْھُجُ) مینڈھا (۲) غیر شیریں پانی۔
(الھَجْھَجَۃُ) شتربان کی اونٹ کو ڈانٹنے کی آواز۔
(ھَجَا) الکتابَ ـُ ھَجْوًا وھِجَاءً کتاب پڑھنا سیکھنا۔ (۲) مطالعہ کرنا۔
-فلاناً ھجوًا وھجاءً مذمت کرنا۔ کسی کے عیوب بیان کرنا۔ المراۃُ تھجو صحبۃ زوجھا
(ھَجُوَ) الیَوْمُ ـُ ھَجَاوَۃً دن کا انتہائی گرم ہونا۔

Marfat.com

(أَهْجَى) القَوْلَ او الشِّعْرَ قول یا شعر کو ہجو والا پانا۔
(هَاجَاهُ) مُهَاجَاة و هجاءً ایک دوسرے کی مذمت اور ہجو بیان کرنا۔
(هَجّي) الصبيّ الكتابَ بچہ کو کتاب سکھانا۔
(اهتجي) فلانًا کسی کی ہجو بیان کرنا۔
(تَهَاجَيَا) ایک دوسرے کی ہجو بیان کرنا۔
(تَهَجّي) الحروف الابجدية حرف کے ہجے کرنا (حروف کے نام لے کر تلفظ کرنا)
-القرآنَ قرآن مجید کی تلاوت کرنا یا تلاوت سیکھنا۔
(الأُهْجُوَّةُ) وہ نظم یا اشعار جن میں کسی کی ہجو بیان کی جائے (ج) اهاجيّ۔
(التَّهَجّي) حروفُ التهجي حروف تہجی: وہ حروف جن سے الفاظ بنتے ہیں۔
(الهِجَاءُ) ہجو: عیب گیری: مذمت (جو عام طور پر اشعار میں کی جاتی ہے) (۲) ہجے یعنی لفظ کے حرفوں کو ان کی حرکات کے ساتھ الگ الگ زبان سے ادا کرنا۔ هذا على هجاءِ فلانٍ یہ فلاں کے طرز پر ہے۔ فلانٌ على هجاءِ فلانٍ فلاں قد و قامت اور شکل و صورت میں فلاں جیسا ہے۔
-حروفُ الهجاءِ الف سے یا تک وہ حروف جن سے الفاظ ترکیب پاتے ہیں۔
(الهَجَّاءُ) بڑا عیب گیر۔ بہت مذمت کرنے والا۔ رَجُلٌ هجّاءٌ۔
(هَجِيَ) البَيْتُ - هَجًى گھر کا کھلا ہوا ہونا۔
-العينُ آنکھ کا دھنسا ہوا ہونا۔
-الرجلُ هَجِيَ سخت بھوکا ہونا۔

ه ...... د

(هَدَأَ) - هَدْءًا و هُدُوءًا تھمنا: ٹھہرنا: پرسکون ہونا۔ هَدَأَ الألمُ عنهُ اس کا درد ختم ہو گیا یا کم ہو گیا۔ جاءَ حينَ هَدَأَت العينُ والرِّجلُ وہ اس وقت آیا جب لوگ سو چکے تھے۔
-بالمكان وفيه قیام کرنا۔
(هَدِئَ) - هَدَأً کمر جھک جانا۔ (۲) مونڈھوں کا سینہ کی طرف جھک جانا۔
-البعيرُ اونٹ کا چھوٹے کوہان والا ہونا۔ هو اهدأُ وهي هَدْآءُ (ج) هُدْءٌ۔
(أَهْدَأَ) الشيءَ ٹھہرانا: پرسکون کرنا۔ لا أَهْدَأَ اللهُ خدا اس کی تکلیف دور نہ کرے۔
-الصبيَّ بچہ کو سلانے کے لئے تھپکی دینا۔
-الكِبَرُ ونحوُهُ فلانًا بڑھاپے کا کسی کی کمر جھکا دینا۔
-كثرةُ الحَمْلِ السَّنَامَ بوجھ کی زیادتی کا کوہان کو دبا کر چھوٹا کر دینا۔
(هَدَّأَهُ) پرسکون کرنا: ٹھہرانا۔
(الأَهْدَأُ) سینہ کی طرف جھکا ہوا مونڈھا۔
(المَهْدَأَةُ) سکون کا ذریعہ۔
(المُهَيْدَأَةُ) تركتُهُ على مهيدئتهِ میں نے اسے اس کے حال پر چھوڑ دیا۔
(الهَدْءُ) و (الهُدْءُ) شروع سے تہائی رات تک کا وقت۔
(الهَدْأَةُ) سکون: ٹھہراؤ (۲) رات کا اول سے تہائی تک کا حصہ۔
(الهِدَاءَةُ) سکون۔ مَالَهُ هداءةُ ليلةٍ اس کو رات بھر پرسکون رکھنے والی کوئی چیز میسر نہیں ہوئی۔
(هَدَبَ) الشيءَ - هَدْبًا کاٹنا۔
-الهَدَبَ ٹہنیاں کاٹنا۔
-الثمرةَ پھل چننا۔
-الناقةَ انگلیوں کے پوروں سے اونٹنی کا دودھ نکالنا۔
(هَدِبَ) - هَدَبًا اونٹ کا لمبے ہونٹوں والا ہونا۔
-العينُ آنکھ کا لمبی پلکوں والا ہونا۔
-الشَّجرةُ درخت کا لمبی شاخوں والا ہونا۔
-هُوَ اهدب العينِ لمبی پلکوں والا۔ هي هُدْبَاءُ (ج) هُدْبٌ۔
(هَدَّبَ) الثمرةَ پھل چننا۔
-الثوبَ کپڑے میں جھالر لگانا۔
(اهْتَدَبَ) الثمرةَ پھل چننا۔
(تَهَدَّبَ) پلکوں والا ہونا (۲) جھالر دار ہونا۔
-السحابُ بادل کا جھالر نما لٹکا ہوا ہونا۔
-الاغصانُ ٹہنیوں کا لٹکا ہوا ہونا۔
(الأَهْدَبُ) لمبی پلکوں والا (۲) لمبے پروں والا پرندہ (ج) هُدْبٌ۔
(الهَدْبَاءُ) أُذُنٌ هَدْبَاءُ لٹکا ہوا ڈھیلا کان۔ لِحْيَةٌ هَدْبَاءُ لمبی اور لٹکی ہوئی داڑھی۔ (ج) هُدْبٌ۔
(الهَدْبُ) انگلیوں کے پوروں سے دودھ دوھنا۔
(الهُدْبُ) پلک (۲) جھالر: پھندنا۔ دامن واحد هُدْبَةٌ (ج) اهداب۔
(الهَدَبُ) ٹہنیاں واحد هَدَبَةٌ (۲) ہر وہ پتا جس میں چوڑائی نہ ہو جیسے سرو کا پتا (۳) وہ پودا جس کے صرف ریشے ہوں پتے نہ ہوں (ج) اهدابٌ و هدابٌ۔
(الهَدِبُ) عُثْنُونٌ هَدِبٌ گھوڑے کے لمبے بال۔ فرسٌ هَدِبٌ گھوڑے کی پیشانی کے لمبے بال۔
(الهُدَبُ) سست اور کند ذہن آدمی۔
(الهِدَّابُ) سست اور کند ذہن (۲) الهَدَبُ (۳) جھالر: دامن: پلہ (۴) کھجور کی شاخ۔
(الهَيْدَبُ) کپڑے کا جھالر (۲) آنسوؤں کی جھڑی (۳) زمین کے نزدیک برسنے والا جھالر نما بادل (۴) عورت کا ڈھیلا پستان۔
-رَجُلٌ هَيْدَبٌ بہت بالوں والا: موٹا اور سست آدمی۔
(الهَيْدَبَى) گھوڑے کی ایک چال۔
(الهَيْدَبِيُّ) رجلٌ هيدبيُّ الكلامِ بہت بولنے والا آدمی۔
(الهَيْدَبُلُ) زیادہ بالوں والا یا ایسے پراگندہ بالوں والا جو بالوں کو کبھی صاف اور آراستہ نہ کرتا ہو (۲) سست اور کند ذہن۔
(هَدَجَ) الظليمُ - هَدَجَانًا شتر مرغ کا کانپتے ہوئے چلنا۔

Marfat.com

-فلانٌ: کمزوری کی وجہ سے بوجھل قدموں سے چلنا۔
-الدَّابَّةُ هَدْجًا: جانور کا اپنے بچہ سے محبت کرنا۔
-الرِّيحُ: ہوا کا آواز نکالنا۔
-القِدرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔
(هَدَّجَ) البعيرُ: اونٹ کا ہودج نما کوہان والا ہونا۔
(تَهَدَّجَ) الصوتُ: آواز کا کپکپانا، لرزنا۔
-القومُ عَلٰی فلانٍ: کسی کے محاسن اور الطاف کو بیان کرنا۔
(استَهْدَجَ): جلدی کرنا (۲) کانپتے ہوئے چلنا۔
(المُستَهْدَجُ): جلد بازی، جلدی، عجلت۔
(المِهْدَاجُ): ناقةٌ مِهْدَاجٌ: اپنے بچہ سے محبت کرنے والی اونٹنی۔
-رِيحٌ مِهْدَاجٌ: تیز آواز والی ہوا۔
(الهَدَجَةُ): جانور کا اپنے بچہ سے لگاؤ اور محبت۔
(الهَدَّاجُ): بہت لرزتے ہوئے چلنے والا۔ (مبالغہ) کہتے ہیں ظليمٌ هَدَّاجٌ۔
(الهَدُوجُ) ناقةٌ هَدُوجٌ: اپنے بچہ سے محبت کرنے والی اونٹنی۔ قِدرٌ هدوجٌ: جلدی یا شدت سے جوش مارنے والی ہانڈی۔
(الهَوْدَجُ): کجاوہ، محمل (ج) هَوَادِجُ۔
(الهَدْجَدُ): شتر مرغ (۲) لرزتے ہوئے چلنے والا۔
(هَدَّ) الحائطُ - هَدًّا: دیوار گر جانا۔
-هَدًّا و هَدِيدًا: گرنے کی آواز ہونا۔
-الفحلُ: سانڈ کا بلبلانا۔
-فلانٌ هَدًّا: کمزور اور بوڑھا ہونا۔
-البناءَ - هَدًّا و هُدُودًا: عمارت کو دھڑام سے گرانا۔
-الشيءَ: سختی سے توڑنا۔ هَدَّتْهُ الفجيعةُ: مصیبت نے اسے ہلا کر رکھ دیا۔
-الارضَ برجلِه: زمین پر سختی سے پاؤں مارنا۔ هُوَ رَجُلٌ هَدُّكَ مِن رَجُلٍ: وہ ایسا مخص ہے جس کے اوصاف و محاسن کا بیان تم سے نہیں ہو سکتا۔ (واحد، جمع، مذکر و مؤنث) هَدَّتك و هَدَّاك وهَدُّوك: معنی مذکور میں ہیں انّهٗ لَهَدّ الرّجُلِ: وہ بہترین آدمی ہے یعنی مضبوط اور بہادر ہے۔ تعجب کے طور پر کہا جاتا ہے لَهَدَّ مَا سَحَرَكُم صَاحِبُكُم: تمہارے ساتھی نے تم پر زبردست جادو کیا ہے۔
(هَدَّ) الصوتُ - هَدَدًا: آواز کا بھاری ہونا۔
(هَدَّدَهٗ): ڈرانا، دھمکی دینا۔
(تَهَادَّ) القومُ في السَّيْرِ: ایک دوسرے کے پیچھے جانا۔ ایک دوسرے کو دھکیلتے ہوئے چلنا۔ هم يتهادّون: وہ ایک دوسرے سے سوال کرتے ہیں۔
(تَهَدَّدَهٗ): بہت زیادہ ڈرانا۔ زبردست دھمکی دینا۔ (مبالغہ هَدَّدَهٗ)
(استَهَدَّهٗ): کمزور سمجھا پایا۔
(الأهَدُّ): بزدل۔
(التَّهْدَادُ): ڈراوا، دھمکی، سزا۔
(الهَادُّ): گرنے کی آواز (۲) سمندر کا شور (۳) زمین کے اندر کی گڑگڑاہٹ۔
(الهَادَّةُ): رعد، کڑک۔
(الهَدَادُ): مہربانی، نرمی، رفق۔
هَدَادَيكَ: ذرا مہلت دو۔ قومٌ هَدَادٌ: بزدل لوگ۔
(الهَدَادَةُ): بزدل۔ جیسے رجلٌ هدادةٌ۔
(الهَدُّ): بھاری اور موٹی آواز (۲) بزدل اور کمزور آدمی (۳) سخی اور شریف آدمی۔
(الهِدُّ): ٹوٹا ہوا، شکستہ (۲) کمزور اور بزدل آدمی۔ انّي لغير هِدٍّ: میں بزدل نہیں ہوں۔
(الهِدَّانُ): بیوقوف اور اکھڑ آدمی۔
(الهَدَّةُ): بوجھل چیز کے گرنے کی آواز۔
(الهَدُودُ): ہموار زمین (۲) دشوار گزار گھاٹی۔
اكمةٌ هَدُودٌ: کھڑا ٹیلہ جس کا ڈھلوان دشوار گزار ہو (۳) ڈھلوان جگہ۔
(الهَدِيدُ): آواز کی گونج (۲) لمبا آدمی۔
(هَدَرَ): هَدْرًا و هَدَرًا: بے فائدہ اور رایگاں ہونا۔
-الشيءُ: ضائع اور بیکار کرنا۔
-البعيرُ او الحمامُ - هَدْرًا و هَدِيرًا: اونٹ کا بلبلانا، کبوتر کا غٹرغوں کرنا۔
-الغلامُ: بچہ کا چھوٹی عمر میں بولنے کی کوشش کرنا۔
-الشرابُ: شراب میں جوش آنا۔
-اللبنُ: دودھ کا اوپر سے گاڑھا ہونا۔
-الجوفُ: پیٹ پھول جانا۔ هو هادرٌ وهَدَّارٌ۔
-الشيءُ هُدُورًا: گرنا۔
-العُشبُ: گھاس کا گھنا لمبا اور پورا ہو جانا۔
(أهدَرَ) الشيءَ: ضائع اور رایگاں کرنا۔
-دَمَه: کسی کے خون کو مباح کرنا اس پر قصاص اور دیت کو ساقط کرنا۔
-كرامة فلانٍ: کسی کی توہین کرنا۔ (محدثہ)
(هَدَّرَ): بہت زیادہ بلبلانا یا آواز نکالنا (مبالغہ) کہاوت ہے (كالمهدِر في العُنّة): نامردی کے باوجود شور مچانے والا۔ اس آدمی کے بارے میں جو صرف شور مچاتا ہو کام نہ کرتا ہو۔
(تَهَادَرَ) القومُ: باہم خون مباح کرنا اور رایگاں جانے دینا۔
(اهدَوْدَرَ) المطرُ: زوردار بارش برسنا۔
(المَهْدَرَةُ): آگے کے چھوٹے دانت۔
(الهَادِرُ): اوپر کی سطح سے گاڑھا اور نیچے سے پتلا دہی بننے والا دودھ۔
(الهَادِرَةُ) ارضٌ هَادِرَةٌ: بہت گھاس والی زمین (ج) هَوَادِرُ۔
(الهَدَرُ): باطل و رایگاں کہتے ہیں۔ ذَهَبَ دَمُهُ هَدَرًا: اور اس کا خون بیکار گیا۔ ذَهَبَ سعيُهُ هَدَرًا: اس کی کوشش ضائع ہو گئی۔
(الهَدَرُ) الهَدَرُ (۲) بے فیض گھٹیا لوگ۔
(الهَدِرُ): بوجھل اور بے فیض آدمی۔
(هَدَغَهُ) - هَدْغًا: کھوکھلی چیز کو توڑنا۔
(انهَدَغَ) الشيءُ: کھوکھلی چیز کا ٹوٹنا۔ کہتے ہیں انهدغت الرُّطَبَةُ: (۲) سوکھ کر نرم ہو

Marfat.com

جانا۔
(المُنْهَدِعُ): آسانی سے نگلی جانے والی نرم غذا، سوپ۔
(هَدَفَ) اليه ـُ هَدْفًا: داخل ہونا۔
—فلانٌ للخمسين: پچاس سال کے قریب پہنچنا۔
—الرجلُ ـِ هَدْفًا: کمزور اور سست ہونا۔
—الى الشيءِ: کسی چیز کا ارادہ کرنا اور اس کی طرف جلدی کرنا۔
—الى الأمرِ: مقصد و نشانہ بنانا۔
(اهْدَفَ): قریب ہونا۔ اهدف منهٗ بھی کہتے ہیں۔
—فلانٌ عَلَى التَّلِّ: ٹیلہ پر نیچے کی طرف دیکھنا۔
—اليه: ٹھکانہ پکڑنا۔
—لهٗ: کھڑا ہونا، استقبال کرنا۔
—فلانٌ للخمسين: پچاس سال کے قریب ہونا۔
(اسْتَهْدَفَ) الشيءُ: بلند ہونا۔
—الرجلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔
—للأمرِ: کسی بات کا نشانہ بننا۔ مقولہ ہے (مَنْ ألَّفَ فقد استهدفَ): جو تالیف کرتا ہے تنقید کا نشانہ بنتا ہے۔
—لك الشيءُ: کوئی چیز سامنے اور نزدیک ہونا۔ هو مستهدِفٌ۔
—الشيءَ: نشانہ اور مقصد بنانا (مج)
(المُهْدِفَةُ): پُر گوشت عورت۔
(الهادِفُ): اجنبی، پردیسی جیسے هَلْ هَدَفَ اليكم هادفٌ: کیا تمہارے پاس کوئی مسافر آیا ہے۔ (۲) بامقصد جیسے ادبٌ هادفٌ وفنٌّ هادفٌ۔ (محدثة)
(الهادِفَةُ): جماعت جیسے جاءتْ هادفةٌ من الناس۔
(الهَدّافُ): نشانہ پر گیند مارنے کا ماہر کھلاڑی (محدثہ)
(الهَدَفُ): ہر بلند چیز (۲) وہ نشانہ جس پر تیر پھینکے جائیں (۳) فٹ بال کا گول (محدثہ) (۴) گول (یعنی ایک بار کی جیت) (محدثہ) (۵) بلند جگہ جہاں پناہ لی جائے (۶) نکما ست کاہل اور کند ذہن آدمی (ج) اهدافٌ۔
(الهِدْفُ): لمبی گردن اور بھاری جسم والا۔
(هَدَكَ) البناءَ ـِ هَدْكًا: عمارت گرانا۔
(تَهَدَّكَ) فلانٌ: بے وقوف بننا۔
—عَلَى فلانٍ بالكلامِ: کسی کو سخت ست کہنا۔ دھمکی دینا۔
(هَدَلَ) الحمامُ او الغلامُ ـِ هَدِيلًا: آواز نکالنا۔
—الشيءَ هَدْلًا: ڈھیلا کر کے نیچے لٹکانا۔
(هَدِلَ) البعيرُ ـَ هَدَلًا: اونٹ کے ہونٹ کا لٹکا ہوا ہونا۔ هَدِلَ مشفرُ البعيرِ: بھی کہتے ہیں۔
—الرَّجُلُ: آدمی کے نچلے ہونٹ کا لٹکا ہوا ہونا۔
—السَّحابُ: بادل کا جھالر کی طرح ہونا۔ اور نیچے ہو کر برسنا۔ هو هادلٌ وهَدِلٌ وهو اهدلُ وهي هدلاءُ (ج) هُدْلٌ۔
(تَهَدَّلَ) الشيءُ: لٹکا ہوا اور ڈھیلا ہونا۔
—الشفةُ: ہونٹ لٹکنا۔
—الخصيةُ: خصیہ کا ڈھیلا ہو کر لٹکنا۔
—الثمرُ او الغُصْنُ: پھل یا ٹہنی کا نیچے کو لٹکا یا جھکا ہوا ہونا۔
(الهُدّالُ): ایک قسم کی گھاس (۲) لٹکی ہوئی ٹہنیاں۔
(الهُدّالَةُ): جماعت (۲) واحد الهدال (ج) هَدَالٌ۔
(الهُدْلُ): کھٹا گاڑھا دودھ۔
(الهَدِيلُ): کبوتر کی آواز (۲) نر فاختہ (۳) زیادہ بالوں والا آدمی۔ (۴) ست و بھاری آدمی۔
(الهَيْدَلَةُ): حدی (اونٹوں کو ہانکنے کا گانا)
(هَدَمَ) البناءَ ـِ هَدْمًا: عمارت گرانا۔ توڑنا۔ هو هَدْمٌ (فَعْلٌ بمعنی مفعول)
—القتيلَ: مقتول کے خون کا رائیگاں کرنا۔
—الثوبَ او نحوهٗ: کپڑے کو پرانا کر کے پیوند لگانا۔
—فلانًا: کسی کو مار مار کر اس کی کمر توڑ دینا۔
—فلانٌ ما أبرمهٗ من الامرِ: معاہدہ توڑ دینا۔
(هَدِمَتِ) البئرُ ـَ هَدَمًا: کنوئیں کے کچھ کنارے گر جانا۔
(هُدِمَ) فلانٌ: کسی کو سمندر میں چکر آنا۔
(اهْدَمَ) اللبنَ: دودھ کا ترشی پر دوھنے سے گاڑھا ہو جانا۔
(هَدَّمَ): مکمل طور پر منہدم کر دینا۔ (مبالغة في هَدَمَ)
(تَهَدَّمَ) البناءَ: آہستہ آہستہ گرانا۔
—فلانٌ عَلَى فلانٍ غَضَبًا ومن الغضبِ: دھمکی دینا۔
—الناقَةُ: اونٹنی کا جفتی کی شدید خواہش کی بنا پر سانڈ کو موقع دینا۔ هو يتهدّم بالمعروفِ وہ با آسانی بخشش کرتا ہے۔
—العجوزُ والنّابُ: بڑھیا یا بوڑھی عورت کا فنا ہو جانا۔
(المَهْدُومُ): کھٹا دودھ۔
(المَهْدُومَةُ) أرضٌ مَهْدُومَةٌ: وہ زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
(الهُدامُ): سمندر میں آنے والا چکر۔
(الهَدْمُ) دَمٌ هَدْمٌ: رائیگاں خون۔
(الهِدْمُ): بہت بوڑھا (۲) پرانا موزہ (۳) پیوند لگا ہوا پرانا کپڑا۔ (۴) پرانا کمبل یا چادر جس کو پیوند لگا ہو (ج) اهدامٌ وهِدامٌ۔
(الهَدْمَةُ): سال کی ایک مرتبہ دی ہوئی مقدار (۲) ہلکی بارش۔
(الهِدْمَةُ): پرانا کپڑا (ج) هُدُومٌ۔
(الهَدَمُ): رائیگاں خون (۲) ہر گر کر ٹوٹنے والی چیز۔ فلانٌ شهيدُ الهَدَمِ: فلاں ایسا شہید ہے جس کا خون ضائع گیا (۳) گزشتہ سال کی بچی ہوئی گھاس۔
(الهِدَمُ): بے وقوف (۲) ہیجڑا۔
(الهَدِيمُ): گزشتہ سال کی بچی ہوئی گھاس۔
(هَدْمَلَ) الرَّجلُ: اپنے کپڑوں کو خود پھاڑنا۔

Marfat.com

(الهِدَمِلُ) پرانا اور قدیم (۲) پھٹا ہوا کپڑا (۳) پراگندہ اور گھنے بالوں والا۔
(الهِدَمْلُ) سست اور بوجھل (۳) مضبوط کندھوں والا اونچا ٹیلہ۔
(الهِدَمْلَةُ) لوگوں کی جماعت (۲) بہت درختوں والی ریتیلی اور بلند زمین (۳) زمانہ قدیم۔
(هَدَنَ) فلانٌ ـِ هُدُونًا پرسکون ہونا۔ (۲) بے وقوف ہونا۔ هُوَ هَادِنٌ۔
-فلانًا قتل کرنا (۲) تسلی کے لئے جھوٹا وعدہ کر کے دھوکا دینا۔
-الصبیَّ بچے کو دلاسہ دے کر بہلانا۔
-عَدُوَّهٗ دشمن کے مقابلہ میں مکمل یا عارضی طور پر رک جانا۔
-الشیءَ دفن کر دینا۔
-الخبرَ فلانًا کسی خبر یا واقع کا کسی کو اس کے ارادہ سے روک دینا۔
(هُدِنَ) فلانٌ عَنْ فُلَانٍ کسی کا کسی سے تھوڑی سی چیز لے کر خوش ہو جانا۔
(أَهْدَنَ) الفرسُ گھوڑے کا چلنے سے جی چرانا هو مُهْدِنٌ۔
-الخیلَ گھوڑوں کو کمزور کر دینا۔
(هَدَّنَ) فلانًا پرسکون کرنا (۲) تسلی دینا۔
-الصبیَّ بچے کو بہلانا۔ کہتے ہیں هدنت المراۃُ طِفلَها۔
(هَادَنَ) فلانًا عارضی صلح کرنا۔
(انهَدَنَ) فلانٌ عَنْ عَزمِهٖ اپنے ارادہ کو ملتوی کرنا۔
(تَهَادَنَ) القومُ باہم صلح کرنا (۲) عارضی طور پر لڑائی بند کرنا۔
-الامورُ معاملات ٹھیک ہو جانا۔
(تَهَدَّنَ) الرَّجلُ آدمی کا بے وقوف اور لڑائی میں سست و نکما ہونا۔
(المَهْدُونُ) الهِدانُ (۲) وہ شخص جس سے صلح کی چاہت کی جائے۔
(الهِدَانُ) بد اخلاق بے وقوف اور لڑائی میں سست (۲) مست نکما ہر وقت سویا پڑا رہنے والا

(ج) هُدُونٌ۔
(الهِدْنُ) سست و ڈھیلا۔
(الهُدْنَةُ) جنگ کے بعد صلح یا وقفہ جنگ بندی جس میں فریقین تیاری کرتے ہیں۔ (اس کی خاص شرائط ہوتی ہیں) (ج) هُدَنٌ (۲) سکون و آرام (۳) کسی آنے والی خبر کے باعث ارادہ ملتوی کرنا۔
(الهَیْدَانُ) بے وقوف لالچی (۲) بزدل۔
(هَدْهَدَ) الطائرُ پرندہ کا گٹکری کرنا۔
-الشیءَ حرکت دینا۔ هَدْهَدَتِ الأُمُّ صبیَّها ماں کا بچے کو سونے کے لئے ہلانا۔
-فلانٌ الشیءَ اوپر سے کوئی چیز نیچے لڑھکانا۔
-یُهَدْهِدُ اِلَی کذا میرے دل میں یہ بات آتی ہے یا کھٹکتی ہے۔
(الهُدَاهِدُ) الهُدْهُدُ (ج) هَدَاهِدُ وهَدَاهِیدُ (۲) مہربانی کہتے ہیں مَا فِیْ وُدِّهٖ هُدَاهِدٌ اس کے تعلق میں کوئی ہمدردی نہیں۔
-فَحْلٌ هُدَاهِدٌ بہت بڑبڑانے والا سانڈ۔
(الهُدْهُدُ) ہدہد (ایک پرندہ) (۲) کوکو کی آواز نکالنے والا ہر پرندہ (۳) بہت بولنے والا کبوتر (ج) هَدَاهِدُ وهَدَاهِیدُ۔
(الهَدْهَدَةُ) ہدہد کی آواز (۲) کبوتر کی آواز (ج) هَدَاهِدُ۔
(هَدَی) فلانٌ - هُدًی و هَدْیًا و هِدَایَةً ہدایت پانا صحیح راستہ پر چلنا۔
-فُلانٌ هَدْیَ فُلانٍ کسی کے راستہ پر چلنا۔
-فُلانًا کسی کی راہ نمائی کرنا، راستہ بتانا۔ قرآن مجید میں ہے (وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدَی) راستہ دکھانا۔
-فلانًا الطریقَ ولهٗ وإلیه راستہ دکھانا' راستہ خوب واضح کرنا۔
قرآن مجید میں ہے (وَهَدَیْنَاهُ النَّجْدَیْنِ) اور (اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ)
(اَهْدَی) الهَدْیَ او الهدیَّ الی الحرم (قربانی کا جانور) حرم کی طرف بھیجنا۔

-الهَدِیَّةَ الی فلانٍ وَلَهٗ کسی کو اعزازاً ہدیہ یا تحفہ دینا۔
-العروسَ اِلی بعلها دولہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔
(هَادَی) فلانٌ فُلانًا ایک کا دوسرے کو ہدیہ بھیجنا۔
-فُلانَةٌ فُلانَةً دونوں کا اپنا اپنا کھانا لا کر ایک جگہ مل کر کھانا۔
-فلانٌ فلانًا کسی سے عارضی صلح کرنا۔ (۲) کسی کو لڑکھڑاتے ہوئے چلانا۔
-فلانٌ فلانًا الشِّعْرَ شعر میں ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔
(هَدَّی) العروسَ اِلی بعلها دولہن کو اس کے شوہر کے پاس بھیجنا۔
-الهدیةَ الی فلان وَلَهٗ تحفہ دینا۔
فلانٌ یُهَدِّی للناسِ وہ لوگوں کو بہت ہدایا دیتا ہے۔
(اهْتَدَی) یهتدی ویهِدّی ویَهَدِّی ہدایت یافتہ ہونا۔ قرآن مجید میں ہے (اَفَمَنْ یَّهْدِیْٓ اِلَی الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ یُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا یَهِدِّیْٓ اِلَّآ اَنْ یُّهْدٰی) (۲) ہدایت طلب کرنا' ہدایت چاہنا یا ہدایت پر قائم رہنا۔
-فلانٌ امرأتَهٗ عورت کا اپنی طرف مائل کرنا۔
-الفرسُ الخیلَ گھوڑی کا اگلے گھوڑوں کے ساتھ ہونا۔
(تَهَادَی) فلانٌ بَیْنَ رَجُلَیْنِ کمزوری کی وجہ سے دو آدمیوں کا سہارا لینا۔ کہتے ہیں۔ جاءَ فلانٌ یتهادی بین اثنین۔
-القومُ ایک دوسرے کو ہدیہ دینا۔
-المرأۃُ عورت کا جھومتے ہوئے تنہا چلنا۔
(تَهَدَّی) فلانٌ ہدایت یافتہ ہونا۔
-فُلانًا ہدیہ طلب کرنا۔
(المِهْدَاءُ) بہت ہدایا دینے والا۔
(المِهْدَی) وہ برتن جس میں تحفہ دیا جائے۔
(المُهَیْدِیَةُ) فلانٌ علی مُهَیْدِیَتِهٖ فلاں اپنے حال پر ہے۔

Marfat.com

(الهَادِي) اسماء الحسنیٰ میں سے ایک (۲) دلیل (ج) هُدَاةٌ (۳) گردن (۴) شیر (۵) تیر کا پھل (ج) هوادٍ (الهَادِيَة) ہر آگے رہنے والی چیز۔ (۲) العَصَا (۳) پانی میں ابھری ہوئی چٹان۔ هَوَادٍ۔ هادیاتُ الخیل وهوادیها آگے رہنے والے گھوڑے۔ هوادی اللیل رات کا ابتدائی حصہ۔ هوادی الابل اونٹوں کی سب سے پہلے ظاہر ہونے والی کھیپ۔

(الهِدَاء) من الرِّجالِ کمزور اور بیوقوف۔ (۲) کاہل و بوجھل۔

(الهُدَاة) آلۂ زراعہ۔

(الهُدَى) دین (۲) راستہ (۳) رہنمائی ہدایت قرآن مجید میں ہے (هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ) (۴) مقصود تک پہنچانے والی ہمدردانہ رہنمائی قرآن مجید میں ہے (اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى) (۵) اطاعت۔ قرآن مجید میں ہے (اُولٰئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ)

(الهَدْيُ) ھدی وہ جانور جو قربانی کے لئے حرم بھیجا جائے۔ قرآن مجید میں ہے (حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ) (۲) محترم آدمی۔ جیسے فلانٌ هدیُ بنی فلان: (۳) سیرت و عادت (۴) حالت و ہیئت جیسے فلانٌ حسن الهَدْي۔

(الهَدْيَة) طریقہ و عادت (۲) وہ جانور جو قربانی کے لئے حرم بھجوایا جائے۔

-هديةُ الامرِ کسی معاملہ کی جہت طریقہ۔

(الهِدْيَةُ) (الهُدْيَةُ) (۲) قصد جہت جیسے استمرّ فی هِدْيتك اپنے کام میں لگے رہو۔ ضَلَّ فلانٌ هِدْيَتَهٗ کسی کا اپنی صحیح راہ کو چھوڑنا۔

(الهُدَيَّة) جہت رخ۔ جیسے ضَلَّ فلانٌ هُدَيَّتَهٗ (۲) چکی یا رہٹ میں لگی ہوئی لمبی لکڑی جسے بیل کھینچتے ہیں اور اس سے چکی یا رہٹ گھومتا ہے۔

(الهَدِيُّ) محترم آدمی (۲) دولہن (۳) قربانی کے لئے حرم بھیجا جانے والا جانور (۴) قیدی۔

(الهُدَيَّا) هُدَيَّا الشیءِ مثل نظیر۔ لك عندی هُدَيَّاهُ میرے پاس تیرے لئے ویسی ہی چیز ہے۔

(الهَدِيَّة) دولہن (۲) تحفہ ہدیہ۔ (ج) هدایا۔

ھ......ذ

(هَذَأتِ) الخیلُ ونحوُها۔ هَذْءًا گھوڑوں کا تھکاوٹ کی وجہ سے گر جانا۔

-الشیءَ تیزی سے کاٹنا۔

-الکلامَ جلدی جلدی غلط باتیں کرنا۔

-فلانٌ العَدُوَّ دشمن کو ہلاک کرنا۔

-فلانًا بلسانه کسی سے ناگوار بات کہنا۔

(هَذِئَ) من البردِ هَذَأً سردی کی وجہ سے ہلاک ہونا۔

(تَهَذَّأتِ) القَرْحَةُ زخم کا بگڑ کر پھٹ جانا۔

(الهَذَّاءُ) سَيْفٌ هَذَّاءٌ تیزی سے کاٹنے والی تلوار۔

(الهَذَأة) کدال پھاوڑا۔

(هَذَبَ) القومُ۔ هَذْبًا لوگوں کا بہت شور کرنا۔

-الماءُ و نحوهُ پانی بہنا۔

-الشیءَ کاٹنا (۲) صاف کرنا (۳) درست کرنا۔

-النَّخلَةَ کھجور کی شاخوں کو کاٹ کر درست کرنا۔

(اَهْذَبَ) جلدی کرنا جیسے اَهذَبَ الانسانُ فی مشیه والفرسُ فی عدوه والطائر فی طیرانه۔

-السَّحابَةُ مَاءَهَا بادل کا تیز برسنا۔

(هَذَّبَ) النَّخلَةَ کھجور کے درختوں کی شاخوں کو خوب درست کرنا۔

-الکلامَ کلام کو مہذب اور شائستہ بنانا۔

-الکتابَ کتاب کو مہذب اور ملخص بنانا۔ زوائد اور نقائص کو دور کرنا۔

-الصبیَّ بچہ کی عمدہ تربیت کرنا۔

(تَهَذَّبَ) الشیءُ صاف درست اور مہذب ہونا۔

(الهَذَبُ) صفائی درستگی۔ خلوص جیسے ما فی مودته هَذَبٌ۔

(الهَذِبُ) فَرَسٌ هَذِبٌ تیز رفتار گھوڑا۔

(هَذَّ) الشیءَ هَذًّا او هَذَذًا تیزی سے کاٹنا۔

-القرآنَ قرآن کو تیزی سے پڑھنا (یہ غیر محمود ہے)

-الحدیثَ جلدی سے پوری بات کہنا۔

(اهتَذَّ) الشیءَ تیزی سے کاٹنا۔

(هَذَا ذَيْلَكَ) کسی کام سے تاکیدا روکنے کے لئے بمعنی رک جاؤ۔

(الهَذُّ) و (الهِذُّ) انتہائی تیز دھار والا۔ جیسے ازمیلٌ هِذٌّ چمڑے کاٹنے کی تیز چھینی۔

(الهُذَاذُ) نابٌ هُذَاذٌ تیز دانت۔

(الهَذَّاذُ) بہت تیزی سے کاٹنے والا۔

-جَمَلٌ هَذَّاذٌ تیز رفتار اور آگے رہنے والا اونٹ۔

(الهَذُوْذُ) سکین هذوذ تیز چھری۔

(هَذَرَ) الرَّجُلُ فی منطقه۔ هَذْرًا وَهَذَرًا غیر مناسب اور بے ہودہ باتیں کرنا۔

-الیومُ هَذْرًا سخت گرم ہونا جیسے یَوْمٌ هَاذِرٌ۔

(هَذِرَ) کلامُهٗ۔ هَذَرًا گفتگو میں غلطیوں اور جھوٹ کی کثرت ہونا۔ هو هَذِرٌ۔

(اَهْذَرَ) فی کلامه بہت لغو اور فضول باتیں کرنا۔ مقولہ ہے (مَنْ اَکْثَرَ اَهْذَرَ)

(المِهْذَارُ) بے ہودہ گو بکواسی۔ (المِکثارُ مهذارٌ) (ج) مهاذیر

(الهَذْرُ) لا نَزْرٌ ولا هَذْرٌ نہ تھوڑا نہ بہت۔

(الهَذَرُ) فضول کلام بکواس۔

(الهَذَّارُ) فضول گو بے ہودہ گو۔

(المِهْذَرُ) المِهْذَارُ۔

(الهُذَرَةُ) و (الهُذُرَّةُ) الهَذِرُ۔

(الهِذْرِيَانُ) رجلٌ هِذْرِيَانٌ جس کے کلام میں جھوٹ پایا جائے۔

(الهَيْذَرُ) الهَذِرُ۔

(هَذْرَمَ) فلانٌ تیز چلنا۔ (۲) تیز بولنا (۳) تیز پڑھنا۔

-القرآنَ قرآن کے معنی پر تدبر کئے بغیر تیز

Marfat.com

تیز پڑھنا (یہ غیر محمود ہے)
-فی کلامِہ: کلام میں گڑبڑ کرنا۔
-السَّیفُ: کاٹنا۔
(الھُذَارِمُ والھُذَارِمَۃُ والھِذْرَامُ): بہت بولنے والا۔
(الھَذْرَمَی): ھی ھذرمی الصَّخَبِ: وہ بہت شوروغل اور آفت والی ہے۔
(ھَذَفَ) -ھُذُوْفًا: تیزی کرنا ھُوَ ھَاذِفٌ۔
(الھَاذِلُ): رات کا درمیان۔
(الھَذْلُوْلُ): پھرتیلا آدمی۔ (۲) لمبا سخت جان پھرتیلا گھوڑا۔ (۳) صحراء کی وہ نشیبی زمین جس کا پتہ وہاں پہنچ کر ہی ہو۔ (۴) ہلکا تیر۔ (۵) چھوٹا ٹیلہ۔ (۶) دور سے دکھائی دینے والی بارش (۷) پانی کی چھوٹی نالی (۸) ہلکا بادل (۹) رات کا ابتدائی یا آخری حصہ (۹) ھذا لیل۔
-ذَھَبَ ثوبُہٗ ھَذَا لِیْلَ: اس کا کپڑا ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا۔
(ھَذْلَمَ): چھوٹے قدموں سے تیز چلنا۔
(ھَذَمَ) الشیءَ - ھَذْمًا: تیزی سے کاٹنا۔
-الطعامَ: جلدی سے کھالینا۔
(المِھْذَمُ): تیز تلوار۔
(الھُذَامُ): تیز تلوار (۲) بہادر۔
-سِنَانٌ ھُذَامٌ: تیز دانت۔
-شَفْرَۃٌ ھُذَامٌ: تیز پھلکا بلیڈ وغیرہ۔
(الھُذَامَۃُ) و (الھُذَمَۃُ): شفرۃٌ ھُذَامَۃٌ وَھذَمَۃٌ: تیز دھار پھلکا یا بلیڈ وغیرہ۔
(الھَذُوْمُ): سکینٌ ھَذُوْمٌ: تیز چھری۔
(الھَیْذَامُ): بہادر (۲) بہت کھانے والا۔
(الھَیْذَمُ): نیزہ۔
(الھَذَاھِذُ): وہ لوگ جو ہر کسی کو دیکھ کر یہ کہیں یہ فلاں کا لڑکا ہے یا فلاں کا خادم ہے۔
(الھُذَاھِذُ): سیفٌ ھُذَاھِذٌ: تیز تلوار۔
(الھَذْھَاذُ): الھُذَاھِذُ۔
(ھَذَاۃ) بالسیفِ - ھَذْوًا: تلوار سے کاٹنا۔
(ھَذَی) فلانٌ -ھَذْیًا وھَذَیَانًا: بیماری وغیرہ کی وجہ سے بہکی بہکی باتیں کرنا۔ ھو ھاذٍ وھَزَّاءٌ۔
-فلانٌ بالشيءِ: ہذیانی حالت میں کوئی بات کرنا۔
(ھَاذَاہُ): کسی کے ساتھ فضول اور لغو گفتگو کرنا۔
(تَھَاذَی) القومُ: باہم لغو گفتگو کرنا۔
(الھُذَاءُ): لغو گفتگو فضول باتیں جس کا مطلب واضح نہ ہو۔
(الھَذَیَانُ): بہکی بہکی باتیں۔ فضول گفتگو۔ لغو کلام جو بیماری وغیرہ کی وجہ سے عقلی توازن برقرار نہ رہنے کی صورت میں کیا جائے۔ ہذیان۔ (ج)

ھ ...... ر

(ھَرَأَ) فلانٌ فی منطقِہ -ھَرْءً ا: کلام میں غلطیوں اور بے ہودگیوں کی بہتات ہونا۔
-الرِّیحُ: ہوا کا بہت ٹھنڈا ہونا۔
-البردُ فلانًا ھَرْءً ا وھَرَاءَ ۃً: سردی کی شدت کا کسی کو ہلاک کردینا یا ہلاکت کے قریب پہنچادینا۔ کہتے ہیں: ھَرَأَ البردُ الماشیۃَ۔
-فلانٌ اللحمَ: گوشت کو اچھی طرح پکانا۔
(ھَرِئَ) اللحمُ -ھَرْءً ا وھُرُءً ا: گوشت کا اچھی طرح پکنا۔
(ھُرِئَ) المالُ والقومُ: گرمی یا سردی کی وجہ سے لوگوں اور مویشیوں کا ہلاک ہو جانا۔ ھم مھرو ؤن۔
(اَھْرَأَ) القومُ فِی الرَّوَاحِ: مال یا لوگوں کا سخت سردی یا سخت گرمی کی وجہ سے ہلاک ہو جانا۔
-فلانًا: مار ڈالنا۔
-البردُ فلانًا: سخت سردی کا کسی کو مار ڈالنا یا ہلاکت کے قریب کردینا۔
-الکلامَ وفیہ: زیادہ بولنا اور غلطیاں کرنا۔
-اللحمَ: گوشت کو اچھی طرح پکانا۔
(ھَرَّأَ) اللحمَ: گوشت کو اچھی طرح پکانا۔
(تَھَرَّأَ) اللحمُ: گوشت کا اتنا پکنا کہ ہڈیوں سے علیحدہ ہو جائے۔
-الماشیۃُ: سردی کی وجہ سے جانور کا ٹھٹھر جانا۔
(الھُرَاءُ): زیادہ اور فضول بے ڈھنگا کلام۔
رَجُلٌ ھُرَاءٌ: فضول اور ناشائستہ کلام کرنے والا۔
(الھِرَاءُ): کھجور کا چھوٹا پودا۔
(الھُرَّاءُ): فضول اور بے ڈھنگا کلام کرنے والا۔
(الھُرَاءَۃُ) امرأۃٌ ھراءۃٌ: تیز طرار اور فضول گو عورت۔
(الھَرِیءُ): وہ گوشت جو بہت زیادہ گلنے کی وجہ سے ہڈیوں سے الگ ہو جائے۔
(الھَرِیْئَۃُ): سخت سردی کا موسم یا وقت جس میں حیوان یا انسان متاثر ہوں۔ قِرَّۃٌ لھا ھریئۃٌ: ہلاک کردینے والی سردی۔
(ھَرَبَ) -ھَرَبًا وھُرُوبًا وھَرَبَانًا: بھاگنا۔
-دَمُہٗ: خوف بڑھ جانا۔
-نصفُ الوَتَدِ فی الارضِ: آدھی میخ کا زمین کے اندر چلے جانا۔
(ھَرِبَ) فلانٌ -ھَرَبًا بمعنی ھَرِمَ: (بہت بوڑھا ہو جانا)۔
(اَھْرَبَ) فلانٌ: ڈر کر تیزی سے بھاگنا (۲) جلدی کرنا۔
-فی الأرضِ: دور نکل جانا۔
-فی الرأیِ: رائے پر قائم رہنا۔ کہتے ہیں جاءَ فلانٌ مُھرِبًا: وہ فلاں معاملہ میں سنجیدہ ہو کر آیا۔
-الرِّیحُ مَا عَلٰی وَجْہِ الارضِ من التراب وغیرہ: ہوا کا سطح زمین کی مٹی وغیرہ ہر چیز کو اڑا لانا۔
-فلانًا: کسی کو بھاگنے پر مجبور کرنا۔
(ھَرَّبَ) فلانًا: کسی کو بھگانا۔
-البضاعۃَ اللممنوعۃ: اسمگلنگ کرنا یعنی خفیہ طور پر ممنوعہ اشیاء ایک ملک سے دوسرے ملک میں لے جانا۔ (محدثہ)
(المِھْرَبُ): جتی ہوئی زمین کو ہموار کرنے کا ایک آلہ۔
(المَھْرَبُ): جائے فرار (۲) چھٹکارا (۳) واو رس جس کی پناہ لی جائے جیسے فلانٌ مَھْرَبٌ

Marfat.com

لنا۔

(المُهَرِّبُ): خلاف قانون ممنوعہ اشیاء لانے اور لے جانے والا اسمگلر۔ (محدثة)

(هَرْبَجَ) العملَ: کام کو پختگی سے نہ کرنا۔

(هَرْبَذَ): آہستہ چلنا۔

(الهِرْبِذُ): مجوسی کاہن (آگ پرستوں کی آگ کا محافظ) (۲) مجوسی حاکم (یہ فارسی لفظ هِرْبَذْ کا معرب ہے) (ج) هرابذة۔

(الهِرْبِذَى): غرور اور تکبر کی چال (۲) ایک جانب جھک کر چلنے والے اونٹ کی چال۔

(الهُرْبُعُ): پھرتیلا بھیڑ (۲) پھرتیلا چور (ج) هَرَابِع۔

(هَرَتَ) الشيءَ ـُ هَرْتًا: وسیع کرنے کے لئے پھاڑنا جیسے هَرَت ثوبَهُ۔

–شِدْقَهُ: اپنی باچھ کو کان کی طرف کھینچنا۔

–فلانًا بالرّمحِ: نیزہ مارنا۔

–عرضَهُ: آبروریزی کرنا۔

–اللحمَ: گوشت کو اچھی طرح پکانا۔ هو هريتٌ۔

(هَرِتَ) الرَّجُلُ وغيرهُ ـَ هَرَتًا: چوڑے منہ اور کشادہ باچھوں والا ہونا۔ هو اهرت الشّدق وهَرِيتهُ۔

(اَهْرَتَ) اللحمَ: گوشت کو خوب پکانا۔

(هَرَّتَ) شدقَهُ: باچھوں کو چوڑا کرنا۔

(تَهَارَتَ): کثرت سے بولنا۔

(الهَرِيتُ): ثوبٌ هَرِيتٌ: پھٹا ہوا کپڑا۔ عرضٌ هَرِيتٌ: پامال شدہ آبرو۔ رَجُلٌ هَرِيتٌ: راز نہ چھپانے والا اور قبیح گفتگو کرنے والا۔

(الهَرْثَمَةُ): شیر (۲) ناک کا بانسہ (جو) کتے کے دو نتھنوں کے درمیان کی سیاہی۔

(هَرَجَ) في الحديث ـِ هَرْجًا: بات کو لمبا کر کے خلط ملط کر دینا۔

–القومُ: لوگوں کا فتنہ و فساد اور قتل و غارت میں مبتلا ہو جانا۔

–الفرسُ: تیز دوڑنا۔ هو هَرَّاجٌ و مِهْرَاجٌ ومِهْرَجٌ۔

–الرَّجُلُ فِي الأَمْرِ: کسی معاملہ میں متردد ہونا، یقین نہ ہونا۔

–البَابَ: دروازہ کھلا چھوڑنا۔

–النومَ: بہت سونا۔

(هَرِجَ) البعيرُ ونَحوُهُ ـَ هَرَجًا: گرمی کی شدت اور بوجھ کی زیادتی سے اونٹ وغیرہ کی آنکھیں پھر جانا۔

–فلانٌ: گرمی یا زیادہ چلنے کی وجہ سے سانس چڑھ جانا۔

(أَهْرَجَ) الرَّجُلُ: گرمی اور بوجھ سے پریشان اونٹوں والا ہونا۔

–البعيرَ ونحوهُ: گرمی کی دوپہر میں اونٹ پر بوجھ لاد کر پریشان کر دینا۔

(هَرَّجَ): افواہوں اور جھوٹی باتوں سے افراتفری اور انتشار پیدا کرنا۔

–بالاسدِ ونحوهِ: شیر وغیرہ کو ترازو لگا کر وزن کرنا۔

–البعيرَ: اهَرَجَهُ۔

–الخمرُ فلانًا: شراب کا کسی کو نشہ چڑھانا۔

–فلانٌ: ہنسی مذاق اور شور و غل کرنا۔

(انْهَرَجَ) فلانٌ مِنَ الخمرِ: شراب سے مست ہو جانا۔

(اسْتَهْرَجَ) الرّايُ لفلانٍ: کسی کی رائے میں پختگی اور وسعت ہونا۔

(المُهَرِّجُ): جھوٹی افواہیں اڑا کر افراتفری اور ہنگامہ برپا کرنے والا۔ (۲) مسخرا، جوکر، مضحکہ خیز حرکتوں سے لوگوں کو ہنسانے والا (مو)

الهَرْجُ: کسی چیز کی زیادتی (۲) ہنگامہ، افراتفری۔ کہتے ہیں اصبح القومُ في هَرْجٍ ومَرْجٍ: لوگوں میں افراتفری مچ گئی۔ (۳) قتال کی شدت اور کثرت۔ (۴) سوتے ہوئے نظر آنے والی غیر واقعی چیز۔

(الهِرْجُ): بے وقوف۔ (۲) ہر کام میں کمزور۔

(الهِرْجَةُ): کچدار کمان (۲) هرْجٌ۔

(الهَرَّاجَةُ): فضول گوئی کرنے والی جماعت۔

(هَرْجَلَ) فلانٌ هِرْجَلَةً وهِرْجَالاً: لڑکھڑاتے ہوئے چلنا۔

–فِي اعمالِهِ: کاموں میں کسی اصول کی رعایت نہ کرنا۔ (الحدثة)

(الهُرْجُلُ): بڑے قدم اٹھانے والا (ج) (هَرَاجِلُ)

(الهُرْجُولُ): لمبا آدمی (۲) مضبوط اونٹ۔ (ج) هَرَاجِيلُ۔

(هَرَدَ) الناسَ ـِ هَرْدًا: لوگوں کا باہم الجھنا۔

–الثوبَ: کپڑے کو پھاڑنا اور دھجیاں کرنا۔ الثوبُ هَرِيدٌ (۲) کپڑے کو ورس نامی زرد گھاس سے رنگنا هو مهرُودٌ۔

–اللحمَ ونَحوَهُ: گوشت یا اس جیسی چیز خوب پکانا۔

–العِرْضَ: عزت کو داغدار کرنا۔

(هَرِدَ) اللحمُ ـَ هَرَدًا: گوشت کا زیادہ گلنے کی وجہ سے ہڈیوں سے الگ ہونا۔

–شدقُهُ: باچھ کا وسیع ہونا هو اهرَدُ۔

(هَرَّدَ) فلانٌ: ورس میں رنگا ہوا کپڑا پہننا۔

–اللحمَ: گوشت کو بہت زیادہ گلانا۔

–الثوبَ: مبالغہ هَرَدَهُ۔

(الهِرْدُ): شتر مرغ۔ (۲) گھٹیا اور لوفر آدمی۔

(الهُرْدُ): ہلدی (۲) سرخ مٹی۔

(الهُرْدِيُّ): ہلدی کے رنگ میں رنگا ہوا۔

(هَرْدَبَ): بوجھل قدموں سے دوڑنا۔

(الهِرْدَبُّ): کم عقل موٹا بزدل۔

(الهِرْدَبَّةُ): کم عقل موٹا بزدل۔ (۲) دراز قد چوڑا آدمی (۳) بڑھیا۔

(هَرَّ) ـُ هَرًّا: خوشے کے بکھرے ہوئے انگور کھانا۔

–الشَّوْكُ: کانٹے کا سوکھ کر جانوروں کے کھانے کے قابل نہ رہنا۔

–سلحُهُ: دست آنے سے مر جانا۔

هَرَّهُ هو: دست لگا دینا۔

–الدَّواءُ سلحَهُ: دوا کا فضلات کو خارج کر دینا۔

–القوسُ ـِ هَرِيرًا: کمان کا آواز نکالنا۔

–فلانٌ في وجهِ السائلِ: مانگنے والے سے

Marfat.com

ترش روئی اختیار کرنا۔
-الکلبُ کتے کا دانت نکال کر بھونکنا۔
-الیه الکلبُ کسی کو دیکھ کر کتے کا ہلکی سی آواز نکالنا۔
-الشیءَ ناپسند کرنا۔
-الناسُ فلانًا کسی سے اجتناب کرنا۔
البردُ الکلبَ سردی سے کتے کا آواز نکالنا۔
-الکلبُ فلانًا کتے کا کسی کو دیکھ کر آواز نکالنا۔
(ھَرَّ) فلانٌ ـ ھَرًّا: بداخلاق ہونا۔
(ھُرَّتِ) الأبلُ ھَرًّا او ھُرَارًا: اونٹوں کا مرض ھرار میں مبتلا ہونا (دیکھئے: الھُرَار)- ھي مهرورةٌ۔
(اَھَرَّ) فلانٌ بالغنمِ: بکریوں کو پانی پلانے کے لئے لانا۔
-البَرْدُ الکلبَ سردی کا کتے کی آواز نکلوانا۔ کہاوت ہے (شَرٌّ اَھَرَّ ذَاناب) ایسا فتنہ ہے جس نے کتے کو بھی بھونکا دیا ہے۔ سخت فتنے کے آثار دکھائی دینے کے وقت بولا جاتا ہے۔
(ھَارَّہٗ) کسی کو دیکھ کر کتے کی طرح لال پیلا ہو جانا۔
(الھُرَارُ) اونٹ کے بدن میں کھال اور گوشت کے درمیان پیدا ہونے والی ایک بیماری (۲) دست ہونے کی ایک بیماری۔
(الھِرُّ) بلا۔ (ج) ھِرَرَۃٌ مادۃ ھِرَّۃٌ (ج) ھِرَرٌ (۲) بکریوں کو ہانکنا۔
(الھَرُّ) وہ شیر جس کے دھاڑنے کی آواز سنائی دے (۲) بہت پانی یا دودھ۔
(الھَرَّارُ) دانت نکالنے والا کتا۔ (۲) ناسمجھ کم عقل۔ ھلك من لا ھَرَّارَ لَهٗ جس کے پاس دشمن کو بھگانے والا اکھڑ اور بے عقل آدمی نہ ہو وہ ہلاک ہو جاتا ہے۔
-الھَرَّاران دو ستارے جو نسر واقع اور قلب عقرب میں ہیں جن کے طلوع ہونے پر سردی سخت ہو جاتی ہے۔
(الھَرَوْزُ) خوشے کے بکھرے ہوئے انگور۔

(الھَرِیرۃُ) کراہت۔ ناگواری۔ اجدُ فی وجهه هريرةً۔
(ھَرَوَزَ) الحیوانُ: جانور کا مرجانا۔
(تَھَرْوَزَ) من الجُوعِ: بھوک کی وجہ سے مر جانا۔
(ھَرَسَ) الشیءَ ـ ھَرْسًا: کوٹنا۔ (۲) کسی چپٹی چیز سے کوٹنا۔ (۳) کوٹ کر باریک کر دینا۔
-الطعامَ بڑے بڑے لقمے نگلنا۔
(ھَرِسَ) الرّجلُ ـ ھَرَسًا: کھانے کی انتہائی چاہت رکھنا۔ (۲) چھپ کر کھانا۔
(المِھْرَاسُ) چارے پر ٹوٹ پڑنے والا اونٹ۔ (۲) بھاری بھر کم اونٹ (۳) بے خوف بہادر آدمی (۴) اوکھلی ہاون دستہ۔ (۵) کھل (۶) کوٹنے کی موسلی۔ (۷) پتھر میں کھودا ہوا وضو کرنے کا گڑھا۔ (۸) غلہ کوٹنے کا لکڑی کا موسل۔ (ج) مَھَارِیسُ (الھَرَاسُ) ایک خاردار درخت جو مصر اور حبشہ میں پیدا ہوتا ہے اس پر نارنگی جیسا پھل آتا ہے۔ اس کی چھال سفید یا خاکی رنگ کی ہوتی ہے۔ سوڈان میں خرازی کے نام سے معروف ہے۔ (مج)
(الھُرَاسَۃُ) رعب و دبدبہ جیسے لِبَنِي فلانٍ ھُرَاسَۃٌ۔
(الھَرَّاسُ) ہریسہ بنانے یا بیچنے والا (۲) بہت کھانے والا۔
(الھَرْسُ) بلا۔
(الھِرْسُ) بلا (۲) پرانا کپڑا۔
(الھَرِیْسُ) باریک کٹا ہوا گندم وغیرہ بے پکا دلیا۔
(الھَرِیْسَۃُ) پکا ہوا دلیا (۲) آٹے کا حلوا جو گھی اور شکر ملا کر بنایا جاتا ہے۔ ارضٌ ھَرِیْسَۃٌ: وہ زمین جہاں ہراس نامی درخت پیدا ہوتا ہو۔
(ھَرَشَ) الدَّھْرُ ـ ھَرْشًا زمانہ کا سخت ہونا۔
(ھَرِشَ) فلانٌ ـ ھَرَشًا بداخلاق ہونا۔
(ھَارَشَ) الکلبُ الکلبَ ونحوہ کتے کا کتے یا اپنے جیسے جانور سے لڑنا۔
-الرّجلُ بعض الکلاب علی بعض او بینهما: کتوں کا باہم ایک دوسرے کے خلاف اکسانا۔
(اھْتَرَشَتِ) الکلبُ او الدِّیکۃُ او نحوھا: باہم لڑنا۔
(تَھَارَشَتِ) الکلابُ: کتوں کا باہم لڑنا (۲) ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
-القومُ: لوگوں کا باہم لڑنا۔
(تَھَرَّشَ) الغیمُ: بادلوں کا چھٹ جانا۔
(مُھَارِشٌ) فَرَسٌ مُھَارِشُ العنانِ: پھرتیلا چست گھوڑا۔
(الھَرِشُ): بداخلاق بے وقوف آدمی۔
(ھَرْشَفَ) الشیءُ: خشک ہونا۔
(تَھَرْشَفَ): تھوڑا تھوڑا پینا۔ چسکیاں لینا۔
(الھِرْشَفَۃُ): پانی خشک کرنے کا چیتھڑا (۲) خشک ہو جانے والی دوات کی روئی۔
(الھِرْشَمُّ) نرم پتھر (۲) نرم و کھوکھلا پہاڑ (۳) پتلا اور بہت پانی والا پہاڑ۔
(الھِرْشِنُّ) چوڑی باچھوں والا۔
(ھَرِصَ) ـ ھَرَصًا: خشک خارش میں مبتلا ہونا۔
(ھَرَّصَ) کھجلی سے بدن میں سوزش ہونا۔
(الھَرَصُ) بدن کی سوکھی خارش۔
(الھِرْیَصَۃُ) پانی کا جوہڑ۔
(ھَرَضَ) الثوبَ ـ ھَرْضًا: کپڑا پھاڑنا۔
(ھَرَطَ) فی الکلامِ ـ ھَرْطًا غیر مرتب اور بے سوچے سمجھے بات کرنا۔
-الشیءُ پھاڑنا چیتھڑے کرنا۔
- عرضَ اخیه او فیه عزت کو خراب کرنا، بدنام کرنا۔
(ھَرِطَ) الرَّجلُ ـ ھَرَطًا: مضبوطی کے بعد گوشت کا ڈھیلا پڑ جانا (بیماری یا خوف کی وجہ سے)
(تَھَارَطَ) الخصمان باہم گالی گلوچ کرنا۔
(الھَرْطُ) پتلا بہتا ہوا گوشت (۲) پکانے سے چورہ ہو جانے والا گوشت۔ (الھِرْطُ) بہتا ہوا پتلا گوشت (۲) عمر رسیدہ جانور (۳) مالدار آدمی (ج) اھراطٌ و ھروطٌ۔

Marfat.com

(الهِرْطَةُ) بے وقوف بزدل اور کمزور آدمی (ج) هِرَطٌ۔
(الهَيْرَطُ) نرمی۔
(الهِرْطَالُ) لمبا چوڑا مضبوط آدمی۔
(الهُرْطُمَانُ) ایک قسم کی اناج (دیکھئے الشوفان)
(هَرِعَ) الدمُ۔ هَرَعًا خون بہنا۔
-فلانٌ تیز چلنے کا عادی ہونا۔
-الصبيُّ بچہ کا جلدی رو پڑنے کا عادی ہونا۔
هو هَرِعٌ و هي هَرِعَةٌ۔
(هُرِعَ) الرَّجُلُ بے چینی اور بے قراری کے ساتھ چلنا۔ قرآن مجید میں ہے (وَجَاءَهُ قَوْمُهُ يُهْرَعُونَ إِلَيْهِ)
(أَهْرَعَ) الرجلُ تیز دوڑنا۔
-القومُ الرِّمَاحَ نیزے سیدھے کر کے چلتا ہوا آنا۔
(أُهْرِعَ) الرجلُ: هُرِعَ (۲) غصہ کمزوری خوف یا بخار کی وجہ سے کانپنا (۳) کم عقل ہونا هو مُهْرَعٌ۔
(هَرَّعَ) القومُ لاما حَهُم وبها: نیزے سیدھے کرنا۔
(اهتَرَعَ) العودَ ٹہنی توڑنا۔
(تَهَرَّعَ) اليهِ جلدی کرنا۔
-الرِّمَاحُ نیزوں کا نشانہ پر لگنے کے لئے سیدھا ہو جانا۔
(المُهْرَعُ) لالچی۔
(المَهْرُوعُ) مشقت کی زیادتی کی وجہ سے گر جانے والا۔
(الهُرَاعُ) اضطراب اور بے چینی کی تیز چال (۲) ہانکنے کی شدت (۳) تیز دوڑ۔
(الهَرِعُ) الهُرَاعُ۔
(الهِرْيَاعُ) ہوا سے اڑنے والے پتے۔
(الهَرِيعَةُ) پتلی شاخوں والا پودہ۔
(الهَيْرَعُ) نکما بزدل کمزور آدمی (۲) گرد اڑانے والی آندھی (۳) پھر تیلی ناسمجھ عورت۔
(الهَيْرَعَةُ) چرواہے کی بانسری (۲) بھوت۔
(هَرَفَ) الرَّجُلُ۔ هَرْفًا فضول اور ناشائستہ باتیں کرنا۔ جیسے فلانٌ يهرف بما لا يَعْرِف۔
-بفلانٍ کسی کی تعریف میں حد سے تجاوز کرنا۔
-السبُعُ درندہ کا لگاتار آواز نکالنا۔
-الرِّيحُ فلانًا ہوا کا کسی کو اڑائے لئے چلنا۔
(اَهْرَفَ) الرَّجُلُ آدمی کا مالدار ہونا۔
(تَهَامَسَ) القومُ آپس میں سرگوشی کرنا۔
(الاِهمَاسُ) بلند آواز والے حروف کو پست آواز والے حروف سے بدل کر پڑھنا جیسے وال وغیرہ پڑھنا۔
(المَهمُوسُ) غیر واضح کلام (۲) غیر ... جو بولتے وقت اپنے مخرج سے ... ہو۔

Marfat.com

رہتا ہے اور سانس بھی جاری رہتا ہے حروف مہموسہ اس میں جن کا مجموعہ حثہ شخص فسکت ہے۔
(الهَامِسُ) سخت قسم کا بھیڑیا۔
(الهَمْسُ) پوشیدہ کلام ہلکی آواز۔ قرآن مجید میں ہے (وَخَشَعَتِ الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ إِلَّا هَمْسًا) (۲) قدموں کی معمولی آہٹ۔
(الهَمَّاسُ) شکار پر جھپٹنے والا شیر۔
(المَهْمُوسُ) دبے پاؤں چلنے والا شیر (۲) رات کا مسافر۔
(الهَمِيسُ) اونٹوں کے پیر اٹھانے کی آواز۔
(هَمَشَ) الرَّجلُ - هَمْشًا زیادہ اور غلط بولنا۔
-القومُ حرکت میں آنا۔
-الجرادُ ٹڈی کا دھاوا بولنے کے لئے حرکت میں آنا۔
-الشیءَ - هَمْشًا جمع کرنا۔
(هَمَّشَ) الكتابَ کتاب پر حاشیہ لکھنا۔ (مو)
(اهْتَمَشَ) القومُ لوگوں کا ایک جگہ اکٹھا رہنا اور باہم میل جول اور آمد و رفت رکھنا۔
-الدابّةُ جانور کا آہستہ چلنا۔
(تَهَامَشَ) القومُ لوگوں کا مخلوط ہو کر متحرک ہونا۔
(تَهَمَّشَ) الشیءُ کسی چیز کا بوسیدہ ہو کر جھڑنے لگنا۔
(الهَامِشُ) کتاب کا حاشیہ۔
-فلانٌ يعيشُ عَلَى الهَامِشِ وہ لوگوں سے الگ تھلگ زندگی گزارتا ہے۔ (محدثہ)
(الهَمِشُ) انگلیوں سے تیز کام کرنے والا۔
(الهَمْشَةُ) ہنگامہ ہلچل (۲) شور و غل (۳) ٹڈیوں کے دل کی آواز۔
(الهَمَشَى) شور مچانے والی عورت۔
(الهَمِيشَةُ) ہانڈی میں پکی ہوئی ٹڈی۔
(هَمَطَ) - هَمْطًا معاملات کو نمٹانے میں جلدی کرنا۔ (۲) گول مول بات کرنا۔ اور الٹے سیدھے قصے بیان کرنا۔ کہانیاں گھڑنا (۳) اچھے برے کی تمیز کئے بغیر کھانا۔
-النَّاسَ لوگوں پر ظلم کرنا اور ان کا حق غصب کرنا۔
-المالَ زبردستی مال لے لینا۔
-الشیءَ کسی چیز کو مقدار متعین کئے بغیر اندازہ سے لینا۔
(اهْتَمَطَ) المالَ والنَّاسَ : مبالغة في هَمَطَ۔
-عرضَهٗ ومِنْ عرضِه کسی کی آبرو ریزی کرنا گالی دینا۔
-الذِّئْبُ الشاةَ بھیڑیئے کا بکری کو اچانک پکڑ لینا۔
(هَمَعَتِ) العينُ - هَمْعًا وهُمُوعًا آنکھ کا آنسو بہانا۔
-الطَّلُّ عَلَى الشجرةِ درخت پر شبنم کا گر کر بہنا۔
-رأسَهٗ سر زخمی کرنا۔
(انْهَمَعَ) الدَّمعُ أو الماءُ ونحوهما آنسو یا پانی بہنا۔
-الطَّلُّ شبنم کا درخت پر گر کر بہنا۔
(اهْتَمَعَ) اللونُ رنگ اڑ جانا۔
(تَهَمَّعَ) فلانٌ رونا (۲) رونے کی صورت بنانا۔
-الدمعُ او الماءُ ونحوهما بہنا۔
(الهَمِعُ) سحابٌ هَمِعٌ برسنے والا بادل۔ هي همعة کہتے ہیں عينٌ همعة مسلسل آنسو بہانے والی آنکھ۔
(الهَمُوعُ) : مبالغة في الهامع جیسے دَمْعٌ هَمُوعٌ بہت بہنے والے آنسو۔
(هَمَغَ) فلانٌ الشیءَ - هَمْغًا توڑنا۔
(انْهَمَغَ) الشیءُ ٹوٹنا زخمی ہونا۔
-القَرْحَةُ زخم کا برا ہو جانا۔
(الهَمِيغُ) جلد آنے والی موت۔
(هَمَّقَ) السويقَ ستو باریک کرنا۔
(الهَمِقُ) مِنَ النَّبتِ بہت زیادہ نباتات۔
-مِنَ الكلامِ سوکھی زرد گھاس (۲) خشک گھاس۔
(الهِمَّقُ) بے وقوف و مضطرب آدمی۔
(هَمَكَ) البطاطسَ ونحوَهٗ - هَمْكًا آلو وغیرہ کا بھرتہ بنانا۔ هو هموكٌ (مو)
-فلانًا في الأمرِ کسی کو کام میں ہمہ تن مشغول کر دینا۔
(انْهَمَكَ) فلانٌ في الأمرِ کسی کام میں ہمہ تن مشغول ہو جانا۔
(تَهَمَّكَ) انْهَمَكَ۔
(هَمَلَتِ) العينُ - هَمْلًا وهَمَلَانًا وهُمُولًا آنکھ کا آنسو بہانا۔
-السَّماءُ هَمْلًا وهَمَلَانًا ہلکی ہلکی بارش ہونا۔
-الابلُ هَمْلًا چرواہے کے بغیر اونٹوں کا چرنا۔ فالبعيرُ هَامِلٌ (ج) هُمَّلٌ وهَمْلى وهُمَّالٌ والناقةُ هاملةٌ (ج) هَوَامِلُ۔
(أَهْمَلَ) الشیءَ کسی چیز کو عمدًا یونہی چھوڑ دینا استعمال نہ کرنا۔
-امرَهٗ کام کو ٹھیک طور پر نہ کرنا۔
-إِبِلَهٗ اونٹوں کو بلا چرواہے کے آزاد چھوڑ دینا (یہ بکریوں کو آزاد چھوڑنے کے لئے استعمال نہیں ہوتا)۔
-فلانًا کسی کے معاملہ میں دخل اندازی نہ کرنا۔
-حروفَ التَّهجّي حروف پر نقطے نہ لگانا۔
(انْهَمَلَتِ) العينُ أو السماءُ آنکھ کا آنسو بہانا اور آسمان کا بارش برسانا۔
(الهَمَالِيلُ) کمزور پرندے (۲) پتلی پتلی گھاس پھوس (۳) پھٹے ہوئے کپڑے جیسے ثَوْبٌ هَمَالِيلُ۔
(الهَمَلُ) دن رات بلا محافظ چھوڑی ہوئی چیز (۲) بغیر رکاوٹ کے بہنے والا پانی (۳) کھجور کے درخت سے نکالی ہوئی چھال۔ واحد هَمَلَةٌ۔
(الهِمْلُ) بالوں کا بنا ہوا پرانا ٹاٹ (۲) پیوند لگا ہوا کپڑا (۳) سرخ اون کا پرانا کمبل۔
(الهِمِلُّ) پرانی چیز (۲) پرانے کپڑے -

متروکہ زمین جہاں کوئی آباد نہ ہوتا ہو۔

(هَمْلَجَتِ) الدابَّةُ: تیز رفتاری اور عمدگی سے چلنا۔

-فلانٌ الأمْرَ: کسی کام پر قابو پا کر آسانی سے سرانجام دینا۔

(المُهَمْلَجُ): قابو میں رہنے والا سدھایا ہوا جانور (۲) آسان کام (۳) ہموار راستہ جس پر چلنا دشوار ہو۔

(الهِمْلاجُ): قابو میں رہنے والا فرماں بردار ٹٹو (۲) مٹکتے ہوئے عمدہ اور تیز رفتار سے چلنے والا ٹٹو (مذکر و مؤنث) (ج) هَمَالِيجُ۔

-شاةٌ هِمْلاجٌ: وہ بکری جس میں کمزوری کی بناء پر مغز نہ ہو۔

(الهَمَلَّسُ): چلنے پر قادر مضبوط پنڈلیوں والا۔

(الهَمَلَّعُ): بے وفا (۲) دھوکہ باز خبیث (۳) پھرتیلا، تیز رفتار۔ جیسے ذِئْبٌ هملّعٌ وسَيْرٌ هملّعٌ۔

(هَمَّ) هَمًّا بِالأمْرِ: کسی کام کا پختہ ارادہ کرنا۔

-لنفسِه: اپنے لئے حیلہ اور جستجو کرنا۔

-الأمْرُ فلانًا: مغموم اور فکرمند کرنا۔

-الشيَ: پگھلانا۔ جیسے هَمَّ الشَّحْمَ وهَمَّتِ الشَّمْسُ الثَّلْجَ۔

-السُّقْمُ جِسْمَهُ: اندرونی بیماری یا غم کا کسی کو کمزور کر کے ہڈیاں نکال دینا۔

-الغُزْرُ النَّاقَةَ: دودھ کی زیادتی کا اونٹ کو پریشان کر دینا۔

-اللبنَ: دودھ دوھنا۔

-الحَيَّةُ الرَّجُلَ: سانپ کا آدمی کو ڈسنا۔

-السُّوْسَةُ الحَبَّ ونحوَهُ: غلہ کو کیڑا لگ جانا۔

-خَشَاشُ الأرضِ - هَمًّا: زمینی کیڑوں کا رینگنا۔

(هَمَّ) - هُمُوْمَةً وهَمَامَةً: قریب المرگ بوڑھا ہو جانا۔

(اَهَمَّ) الشيخُ: بوڑھے کا قریب المرگ ہو جانا۔

-الأمرُ فُلانًا: کسی بات کا کسی کو مغموم اور پریشان کر دینا۔

(هَمَّمَتِ) الدابَّةُ الأرضَ بفيها: جانور کا زمین کو چاٹ کر صاف کر دینا۔

-المرأةُ رأْسَ الصبيّ: عورت کا بچہ کے سر سے جوئیں نکالنا۔

-المرأةُ الصبيَّ: بچہ کو لوری دے کر سلانا۔

(اهْتَمَّ) الرجُلُ: مغموم و فکرمند ہونا۔

-بالأمرِ: کسی بات پر توجہ دینا۔

(انْهَمَّ) الشيخُ: بوڑھے کا قریب المرگ ہونا۔

-العَرَقُ فِي جبينه: پیشانی پر پسینہ بہنا۔

-الشَّحْمُ ونحوه: چربی وغیرہ کا پگھل جانا۔

-البُقُوْلُ: ترکاریوں کا ہانڈیوں میں پکنا۔

(تَهَمَّمَ) الشيءَ: ہاتھ میں ٹٹولنا۔

-رأسَهُ: سر کو جوؤں سے صاف کرنا۔

(اسْتَهَمَّ) فلانٌ: اپنی قوم کے معاملات پر توجہ دینا۔

(التَّهْمِيمُ): ہلکی بارش۔

(المُهِمُّ): سخت اور باعث خوف امر (۲) قابل توجہ اور اہم مسئلہ (ج) مَهَامّ۔

(الهَامَّةُ): جانور، چوپایہ (۲) مہلک زہریلا جانور (ج) هوامّ۔

(الهَامُوْمُ): کوہان کی پگھلائی ہوئی چربی (۲) بھنائی کے وقت بہنے والی چربی (۳) چربی جس میں زیادہ روغن ہو۔

(الهُمَامُ): سخی اور بہادر سردار (۲) شیر (۳) کوہان کا پگھلا ہوا حصہ (۴) پگھل کر بہنے والی برف (ج) هِمَامٌ۔

(الهَمُّ): غم (۲) دل کا ارادہ (۳) ابتدائی عزم (ج) هموم۔

-هذا رجلٌ هَمُّكَ لِي رجلٍ: تمہارے لئے کافی آدمی۔

(الهِمُّ): قریب المرگ بوڑھا، شیخ فانی۔

-قدحٌ هِمٌّ: ٹوٹا ہوا پرانا پیالہ (ج) أهْمَامٌ۔

(الهِمَّةُ): کسی کام کا ارادہ (۲) خواہش (۳) پختہ عزم (ج) هِمَمٌ۔ رَجُلٌ هِمَّتُكَ مِنْ رجلٍ: تیرے لئے کافی آدمی (۴) شیخ فانی (۵) انتہائی عمر رسیدہ بڑھیا (ج) هِمَّاتٌ وهَمَائِمُ۔

(الهَمُوْمُ) مِنَ النُّوْقِ: منہ کے ذریعہ معمولی سے معمولی چیز اٹھا کر کھا جانے والی اونٹنی (۲) خوبصورت چال کی حامل اونٹنی (۳) زیادہ پانی والا کنواں (۴) بہت برسنے والا بادل۔

-قَصَبٌ همومٌ: ہوا کے ہلانے سے آواز نکالنے والا بانس۔

(الهَمِيْمُ): سرایت کرنے کا اثر جیسے للشراب هميمٌ في العظامِ: لبید کا شعر ہے۔

أمليت عليه قرقفٌ بابليّة
لها بعد كأسٍ في العظامِ هميمُ

(۲) ہلکی بارش (۳) وہ دودھ جو مشکیزہ میں رکھ کر بغیر ابالے پیا جائے۔

(هَمْهَمَ) الرجلُ: ایسا غیر واضح کلام کرنا جو سنا تو جائے لیکن سمجھا نہ جا سکے (۲) رنج یا غم سے سینہ میں آواز گونجنا۔

-الأَسدُ: شیر کا دھاڑنا۔

-الرَّعْدُ: بجلی کڑکنے کی آواز پیدا ہونا۔

(الهَمَاهِمُ): رنج و غم۔

-هَمَاهِمُ النّفوسِ: دل کے وسوسے خیالات و افکار (۲) کڑک اور گرج (هَمْهَامِ) اسم فعل بمعنیٰ کوئی چیز نہیں بچی۔ اگر کہا جائے أبْقِيَ عِنْدَ كم شيءٌ؟ تو جواب میں کہا جائے گا هَمْهَامِ وهَمْهَامِ۔

(الهَمْهَامُ): بہادر و سخی سردار (۲) شیر (۳) جنگلی گائے۔

(الهَمْهَامَةُ): اونٹوں کی بڑی تعداد۔

(الهَمْهَمَةُ): بڑبڑاہٹ۔ گلے میں پھنس کر نکلنے والی آواز جیسے گائے، ہاتھی وغیرہ کی آوازوں جیسی آوازیں۔

(الهُمْهُوْمُ) قَصَبٌ هُمْهُوْمٌ: ہوا سے ہلنے کے وقت آواز نکالنے والا بانس۔

-قطيعٌ هُمْهُوْمٌ: بہت آواز نکالنے والا ریوڑ۔

(الهُمْهُوْمَةُ): اونٹوں کی بڑی تعداد۔

(الهِمْهِمُ) من الحُمُرِ ونحوها: پینے میں

Marfat.com

آواز گھمانے والا گدھا۔

(هَمَتِ) العینُ - هَمْيًا وهُمِيًّا و هَمَيَانًا آنسو بہانا۔

-الدَّمعُ وَالماءُ ونحوُهُمَا بہنا۔

-فلانٌ عَلٰی وَجهِهِ آوارہ بھٹکتے پھرنا۔

-الماشيةُ مویشی کا چرتے ہوئے بھٹک جانا۔(۲) منتشر ہوجانا۔

-الشيُ هَمْيًا گرنا (۲) ضائع ہوجانا۔

(الأهْمَاءُ) بہنے والا پانی۔

(الهِمَاءُ) عقاب۔

(الهُمَائِیُ) عقاب (۲) آگے بڑھنے والا پرندہ۔

(الهِمْيَانُ) پٹکا' کمر کو باندھنے کا کپڑا (۲) پائجامہ کا کمر بند (۳) کمر سے باندھی جانے والی روپے پیسے کی تھیلی یا پٹی (ج) هَمَايِين وهَمَايِنُ۔

(الهُمَايُوْنُ) بادشاہ' شہنشاہ (فارسی)

(الهَمَيْسَعُ) ناقابل شکست بہادر (۲) لمبا۔

ه۔۔۔۔ن

(هَنَأَ) فلانًا - هَنْئًا کسی کو کھانا وغیرہ دینا۔

-القومَ لوگوں کی پرورش اور دیکھ بھال کرنا۔

-الطعامَ کھانے کو مزیدار بنانا۔

-الطعامُ الرَّجلَ کھانے کا کسی کو مرغوب اور پسندیدہ ہونا۔

-الرَّجلُ غيرَهُ مدد کرنا (۲) مبارکباد دینا۔ جیسے ليهنئك الوَلَدُ بچہ تمہیں مبارک ہو۔

-بالأمرِ کسی بات پر مبارکباد دینا۔ اور ليهنئك هذا الامر کہنا یعنی تمہیں یہ کام مبارک ہو۔

-الإبلَ اونٹوں کو تارکول ملنا۔

(هَنِئَ) لَهُ الطعامُ - هَنأً وهَنَاءَةً کھانے کا کسی کے لئے مزیدار اور مرغوب ہونا۔

-من الطعامِ کھانے سے سیر ہونا۔ کہتے ہیں أكِلنا من هذا الطعام حتّی هَنِئْنَا

-بالشيءِ خوش ہونا۔

-الماشيةُ مویشی کا تھوڑا چارا پانا اور شکم سیر نہ ہونا۔ هي هَنَائِی۔

(هَنُؤَ) الشيءُ - هَنَاءَةً کوئی چیز بغیر مشقت کے ملنا۔

(هَنَّأَ) فلانًا بالأمرِ تهنئةً مبارکباد دینا' اس توقع کا اظہار یا یہ دعا کرنا کہ یہ باعث خیر و مسرت رہے۔ ليهنئك هذا الأمرُ۔

(أهْنَأَهُ) کھانا وغیرہ دینا۔

(اهْتَنَأَ) فلانٌ مَالَهُ مال کی حفاظت اور نگرانی کرنا۔

(تَهَنَّأَ) فلانٌ کثیر بخشش والا ہونا۔

-الشيءَ وَبهِ کسی چیز سے لذت حاصل کرنا۔ جیسے تَهَنَّأْتُ الطَّعَامَ۔

(اسْتَهْنَأَ) فُلانًا عطیہ طلب کرنا (۲) مدد طلب کرنا۔

-الطعامَ ونحوَهُ کھانے وغیرہ سے مزہ لینا۔

(المَهْنَأُ) خوشگوار و من پسند چیز (ج) مهانِئ۔

(الهَنَاءُ) مبارکباد۔

(الهَانِئُ) خادم۔

(الهِنْءُ) تارکول کی پالش (۲) بخشش عطیہ (۳) رات کا ایک حصہ۔

(الهِنَاءُ) تارکول (۲) کھجوروں کا گچھا۔

(الهَنِيءُ) مرغوب' پسندیدہ چیز (۲) بلا مشقت حاصل ہونے والی چیز۔ طعامٌ هَنِيءٌ مرغوب اور جلد ہضم ہونے والا کھانا۔

(هَنِبَ) - هَنَبًا بے وقوف ہونا هو أهْنَبُ وهي هَنْبَاءُ وهَنْبَى۔

(المِهْنَبُ) انتہائی بیوقوف۔

(الهُنَبَاءُ) بیوقوف بخیل (۲) بگلی عورت۔

(الهُنَبِي) الهُنَبَاءُ۔

(الهَنْبَثَةُ) مصیبت' تکالیف وہ سنگین معاملہ (۲) الجھی ہوئی غیر واضح بات (ج) هَنَابِثُ۔

(الهِنْبِرُ) ناکارہ چیز د۔ (۲) ناکارہ کناروں والا چیتھڑا۔

(تَهَنْبَسَ) شیروں کی ٹوہ لگانے والا۔

(هَنْبَصَ) الرجلُ ہنسی چھپانا۔

(الهِنْبَصُ) ناکارہ گھٹیا کمزور۔

(الهُنْبُصُ) بڑے پیٹ والا۔

(هَنْبَعَ) فلانٌ لنگڑاتے ہوئے چلنا۔

(الهُنْبُعُ) کنیزوں کا رومال جو آگے سے سلا ہوا ہوتا ہے۔

(هَنْبَغَ) بھوکا ہونا۔

-العَجَاجُ گرد و غبار کا کثرت سے اڑنا۔

(الهُنَابِغُ) سخت بھوک۔ بطور وصف کہتے ہیں جُوْعٌ هُنَابِغٌ سخت بھوک۔

(الهُنْبُغُ) بیوقوف یا بدکار عورت۔ (۲) چھوٹی جوں (۳) باریک غبار (۴) چپکنے والا۔

(هَنْبَلَ) الرَّجُلُ لنگڑاتے ہوئے چلنا۔

(تَهَنْبَجَ) الجنينُ رحم میں بچہ کا حرکت کرنا اور اس میں جان پڑنا۔

(هَنَدَ) - هُنُودًا الو کی طرح چیخنا۔

(هَنَّدَ) الرجلُ: هَنَدَ (۲) کام میں کوتاہی کرنا (۳) قبیح گالی دینا (۴) کسی کی گالی سن کر برداشت کرنا اور جواب نہ دینا۔

-المرأةُ بقلبه عورت کا کسی کے دل کو دیوانہ بنا دینا۔

-فُلانًا عورت کا کسی کو معشوقانہ انداز میں فریفتہ کرلینا۔

-الرجلُ فلانًا کسی کے ساتھ حسن سلوک اور رواداری کا معاملہ کرنا۔

-السَّيفَ تلوار کو تیز کرنا۔

(المُهَنَّدُ) ہندوستانی لوہے کی بنی ہوئی تلوار (یہ سب سے بہترین لوہا ہے)

(هُنْدٌ) اونٹوں کی جماعت جو سو سے دو سو تک اونٹوں پر مشتمل ہو۔

(الهِنْدُ) جنوبی ایشیاء کا برصغیر جو پاکستان' بنگلہ دیش اور بھارت پر مشتمل ہے۔

(الهِنْدُ وانِيُّ) المُهَنَّدُ۔

(هُنَيْدَةُ) هِنْد کی تصغیر (۲) سو اونٹوں کا گلہ (یہ معرفہ غیر منصرف ہے) اس پر نہ الف لام آتا ہے نہ اس کی جمع ہے نہ واحد۔

(الهُنَيْدَةُ) سو سال' ایک صدی [illegible] حرثب کا شعر ہے۔

ونصرُ بن دهمان الهنيدةَ عاشها
ولتسعين عامًا ثم قُوِّم فانصاتا

(الهِنْدِبا) و (الهِنْدِباءُ) کاسنی کا پودا۔

Marfat.com

(هَنْدَزَ) الرجلُ القَنِيَّ والابنية والالاتِ ونحوَها مخصوص فنی طرز پر عمارات اور آلات تعمیر کرنا۔
(الهِنْدَازُ) حد، حساب۔ جیسے اعطاهُ بلا حساب ولا هِنْدازٍ۔
(الهِنْدَازَةُ) لمبائی ناپنے کا پیمانہ (۲) ۷۶ سینٹی میٹر کا گز جو عام طور پر استعمال ہوتا ہے۔ (مو)
(الهِنْدَوْزُ) تجربہ کار گہری نظر والا آدمی (ج) هَنادِزَة۔
-هُمْ هَنادِزَةُ هَذا الأمرِ: وہ اس کام کے ماہر ہیں۔
(هَنْدَسَ) الرجلُ القَنِيَّ والآلات والابنية ونحوها: هَنْدَزَها۔
(المُهَنْدِسُ) انجینئر۔
(الهِنْدِسُ) تجربہ کار گہری نظر کا آدمی (۲) بہادر شیر۔
(الهَنْدَسَةُ) فن تعمیر، علم ہندسہ، اقلیدس، انجینئرنگ۔ وہ علم ریاضی جس میں خطوط وابعاد سطوح وزوایا اور کمیات وتصاویر مادیہ سے بااعتبار خواص وقیاس اور ان کے باہمی تعلق کے تناسب سے بحث کی جاتی ہے۔
-الهَنْدَسَةُ النظريّةُ مادہ کے خواص فطری قوانین سے سرچشموں اور ان کے استعمال کی تدابیر سے متعلق وہ سائنٹیفک اصول جس سے [illegible] ہوتا ہے۔
الهندسة التطبيقية أو العمليّة اشیاء کی تیاری اور ان کی ترتیب وتناسب کاری میں مختلف اصول وضوابط سے استفادہ کا فن۔ اس کی بہت سی اقسام ہیں۔
الهندسة الآليةُ والميكانيكيةُ میکانیکل انجینئرنگ۔
الهندسة الحربيّةُ فن سپہ گری۔
الهندسة الكهربيّةُ الیکٹریکل [illegible]۔
الهندسة المدنيّةُ سول انجینئرنگ (شہری [illegible])
الهندسة الطُرُق والجُسُور سڑکوں اور

پلوں کی تعمیر کا فن۔
-الهندسة والصحية علم حفظان صحت۔
-الهندسة الزراعيّةُ فن زراعت
(الهَنْدَسِيُّ) علم ہندسہ سے متعلق (۲) علم ہندسہ کا عالم۔ انجینئر (محدثہ)
(الهُنْدُوسُ) تجربہ کار اور صاحب نظر آدمی۔
(الهُنْدُوسُ) ماہر اور جاننے والا۔ جیسے هو هُنْدُوسُ هذا الأمرِ۔ (ج) هَنادِسَةٌ۔
(هَنْدَمَ) الرجلُ الأشياءَ هَنْدَمَةً: خاص ترتیب اور مقدار سے اشیاء تیار کرنا۔
(الهِنْدَامُ) لباس وقامت کا عمدہ امتزاج۔
(هَنَعَ) - هَنْعًا تابع ہونا۔ هو هَانِعٌ (ج) هُنَّعٌ۔
-الشيءَ تہ کرنا۔
(هَنِعَ) فلانٌ - هَنَعًا جھکے ہوئے قد والا ہونا۔ هو أهْنَعُ وهي هَنْعاءُ (ج) هُنْعٌ۔
(الأهْنَعُ) عرب عورت اور عجمی باپ سے پیدا شدہ بچہ هي هنعاءُ (ج) هُنْعٌ۔
(الهُنَاعُ) انسان کی گردن کی ایک بیماری۔
(الهَنْعَاءُ) أكمةٌ هنعاءُ چھوٹا ٹیلہ۔
(الهَنْعَةُ) برج جوزا کے دو ستارے جو چاند کی چھٹی منزل ہے۔
(هَنَغَ) الرجلُ والمرأةُ - هَنْغًا چپکے چپکے عشقیہ باتیں کرنا۔
- المرأةَ بدکاری کرنا۔
(هَانَغَ) المرأةَ عورت سے چپکے چپکے عشقیہ باتیں کرنا۔ (۲) عورت ومرد کا خفیہ طور پر عشقیہ باتیں کرنا۔
(الهَيْنَغُ) بدکار عورت (۲) ہر ایک پر راز افشاں کرنے والی (۲) ہنس مکھ شوخ باز عورت۔
(أهْنَفَ) جلدی کرنا۔
-الصبيُّ رونے کے قریب ہونا۔
- المرأةُ عورت کا ٹھٹھے کے انداز میں ہنسنا۔
(هَانَفَ) فلانٌ غيرَهُ دل لگی کرنا چھیڑنا۔
(هَنَّفَ) فلانٌ بہت جلدی کرنا۔
(تَهَانَفَ) بفلانٍ کسی پر ہنسنا، تعجب کرنا۔
(تَهَنَّفَ) فلانٌ رونا۔

(الهِنَافُ) ہلکی ہنسی، مسکراہٹ نما ہنسی۔
(الهُنُوفُ): الهِنافُ۔
(هَنِقَ) - هَنَقًا تنگ دل اور بے چین ہونا۔
(أهْنَقَ) فلانًا کسی کو پریشانی اور گھٹن میں مبتلا کرنا۔
(هَانَمَ) فلانًا بحديثٍ: سرگوشی کرنا۔
(هَيْنَمَ) فلانٌ اللہ سے دعا کرنا (۲) پوشیدہ کلام کرنا۔
(المُهَيْنِمُ): چغل خور۔
(الهَانِمُ) معزز خاتون (ج) هوانمُ (مع)
(الهَنَمُ): کھجور کی ایک قسم۔
(الهِنَّمَةُ) پست قد وبدشکل آدمی (۲) کمزور آدمی (۳) مبہم آواز (۴) وہ مہرہ جس کے ذریعہ عورتیں اپنے شوہروں کو مسحور کیا کرتی تھیں۔
(الهَيْنَامُ) غیر واضح کلام (۲) پوشیدہ کلام۔
(الهَيْنَمُ) الهَيْنامُ (۲) روئی۔
(الهَيْنَمَانُ) و (الهَيْنُومُ): الهَيْنَمُ۔
(هَنَّ) - هَنًّا وهَنِينًا غمزدہ کی طرح رونا (۲) ماتم کرنا کسی کی یاد میں رونا (۳) درد بھری آواز میں رونا۔
(أهَنَّهُ) اللهُ، اللہ تعالیٰ کا کسی کو دماغ وقوت عطا کرنا۔
(الهَانَّةُ) آنکھ کا ڈھیلا (۲) بھیجے کا بقایا (۳) اونٹ کے کوہان کی چربی۔ مابه هَانَّةٌ اس میں کوئی فائدہ اور خیر نہیں۔
(هَنَّا) اسم اشارہ بعید کے لئے اس پر ہائے تنبیہ کا اضافہ کر کے کہتے ہیں هاهَنَّا اور کاف خطاب کے ساتھ کہتے ہیں۔ هنَّالك اور کبھی کاف خطاب کی معیت میں ہائے تنبیہ لگاتے ہیں جیسے هاهنالك اور قابل نفرت آدمی کو کہا جاتا ہے۔ هَاهَنَّا دور ہو۔ پیچھے رہ۔
(الهِنَّةُ) سیپی کی ایک قسم۔
(الهَنُ) چیز (۲) گندی چیز سے کنایہ جس کا ذکر قبیح ہو (۳) آدمی سے کنایہ۔ يَاهَنُ أقبل اے فلاں سامنے آ (یہ صرف ندا میں استعمال ہوتا ہے)۔

Marfat.com

(الھَنَاۃُ) مصیبت (ج) ھنواتٌ۔ (۲) آدمی سے کنایہ جیسے یا ھَنَاۃُ اَقبِل و یا ھَنَاہ اَقبِل (یہ صرف ندا میں استعمال ہوتا ہے) امرؤ القیس کا شعر ہے۔

وقدرا سی قولہا یا ھنا
ہ وَیْحَکَ الحقت شَرًّا بشر

(ھُنَا) اسم اشارہ قریب اس کے ساتھ ھاء تنبیہ جوڑی جاتی ہے جیسے ھاھُنَا او ھُنا قریب آؤ ادھر آؤ (۲) کھیل کود، لہو ولعب (یہ معرفہ ہے) جیسے

"وحدیث الرّکب یومَ ھُنَا"۔

(الھَنَۃُ) ھَنٌ کی تانیث (ج) ھَنَاتٌ وھَنَوَاتٌ حدیث میں ہے (ستکون ھَنَاتٌ وھَنَاتٌ) جھگڑے اور ہنگامے ہوں گے۔

(الھَنْوُ) وقت جیسے مَضَی ھَنْوٌ مِنَ اللَّیلِ۔

(ھُنَیْھَۃٌ وھُنَیَّۃٌ) تھوڑی دیر، تھوڑا سا وقت۔ حدیث میں ہے (اَنَّہٗ اَقَامَ ھُنَیَّۃً)۔

–ھُنَیَّۃٌ ھَنَۃٌ کی تصغیر قیاس کے مطابق ہے۔ لیکن ھُنَیْھَۃٌ میں ھنیۃٌ کی یاء کو ھاء سے بدل دیا گیا ہے۔

(ھَہْ) یاددہانی اور دھمکی کا اسم صوت۔

(ھَاہْ) روک ٹوک اور دھمکی کا لفظ (۲) ہنسنے والے کی ہنسی کی آواز۔

ھ و

(الھُوَ) (تصوف کی اصطلاح میں) ھو سے مراد حق تعالیٰ کی ذات ہے بلا اعتبار صفات وظہور جس کا شہود وظہور غیر کے لئے ہو ہی نہیں سکتا یہ امور باطنیہ میں سب سے زیادہ مخفی اور پوشیدہ ہے۔

(الھُوِیَّۃُ) کسی شے کی حقیقت یا شخصیت جو غیر سے ممتاز کرنے والی ہو (۲) شناختی کارڈ (محدثۃ)

(ھَاءَ) بفلانٍ– ھَوْءًا خوش ہونا۔

–بنفسہ اِلَی المَعَالِی ترقی کی راہ پر گامزن ہونا۔

–بفلانٍ عَن کَذَا کسی بات سے بلند اور برتر سمجھنا۔

–بفلانٍ خیرًا او شَرًّا او فلانًا بخیرٍ او شَرٍّ کسی کے بارے میں اچھا یا برا گمان رکھنا۔

(ھَوِیَ) اِلیہِ– ھَوْءًا دل میں ارادہ اور عزم کرنا۔ ھو ھَوِیٌّ۔

(ھَاوَأَ) فلانًا کسی پر فخر کرنا۔

(ھَاءَ) کلمہ تنبیہ میں ضمہ ہوا (یعنی پر فتحہ ہوتا ہے) اور ندا کے جواب میں بولا جاتا ہے۔

(الھَوْءُ) ارادہ، ہمت (۲) درست اور پختہ رائے جیسے اِنَّہٗ لذو ھَوْءٍ (۳) گمان کہتے ہیں وقع فی ھونی کذا۔

(الھَوْبُ) بیوقوف، جنون گو (ج) اَھواب (۲) آگ (۳) سورج کی تپش (۴) دوری بعد کی ضد۔

(ھَوْبَرٌ) (دیکھئے ھبر)

(الھَوْبَرُ) (دیکھئے ھبر)

(ھَوَّتَ) بہ کسی کو دور سے پکارنا۔

(الھُوتَۃُ) پست زمین (۲) پانی کی طرف بھنور [illegible] (ج) ھُوَتٌ وھُوَتٌ۔

(ھَوِجَ)– ھَوَجًا بیوقوف ہونا۔ (۲) حماقت اور دانائی کے ساتھ لمبا ہونا۔ ھو اَھوَجُ وھی ھوجاءُ (ج) ھُوجٌ۔

(اُھوِجَۃٌ) بیوقوف پانا (۲) لمبا اور بیوقوف پانا (۳) جلتا ہوا اور بہادر پانا۔

(تَھَوَّجَ) مبالغۃ فی ھَوِجَ۔

(الاَھْوَجُ) جلتا ہوا، بہادر۔

(الھَوْجَاءُ) انتہائی تیز رفتار اونٹنی (۲) زبردست آندھی، طوفان (ج) ھُوجٌ۔

–ضَربۃٌ ھَوْجَاءُ ایسی ضرب جو اندر تک سرایت کر جائے۔

(ھَادَ)– ھَوْدًا توبہ کرنا اور حق کی طرف لوٹنا۔ قرآن مجید میں ہے (اِنَّا ھُدْنَا اِلَیکَ) ھو ھَائِدٌ (ج) ھُوْدٌ۔

–فلانٌ یہودی ہونا۔ قرآن مجید میں ہے (وَعَلَی الَّذِینَ ھَادُوا حَرَّمْنَا کُلَّ ذِی ظُفُرٍ)

–فی السطقِ آہستگی اور نرمی سے بولنا۔

(ھَوَّدَ) فلانًا کسی سے میل جول رکھنا، صلح کرنا اس کے ساتھ دین کی مخالفت نہ کرنا۔

(ھَوَّدَ) آہستگی سے چلنا۔

–فلانٌ ہلکی آواز کا نا۔

–بالصَّوتِ نرمی اور آہستگی سے آواز نکالنا (۲) گانا گانا (۳) پرسکون ہونا (۴) سونا (۵) کوہان کی جڑ سے [illegible]۔

–فلانًا یہودی بنانا (۲) مست کرنا، لہو ولعب میں لگانا۔

–الشرابُ فلانًا شراب کا کسی کو مدہوش کر دینا اور سلا دینا۔

(تَھَوَّدَ) فلانٌ حق کی طرف لوٹنا اور نیک عمل کرنا (۲) کسی قانونی یا شرعی بندھن میں بندھ جانا (۴) یہودی بن جانا۔

–فی مشیہ آہستہ چلنا۔

(التَّھوِیدُ) ریت پر چلنا، ہلکی رفتار سے [illegible]۔

(الھَوَادَۃُ) نرمی [illegible] (۲) [illegible] (۳) رخصت [illegible] (۴) [illegible] (۵) [illegible] امید کی جائے (۲) [illegible] رشتہ، تعلق۔

(الھُوْدُ) ھَائِدٌ کی جمع (۲) یہودی قوم، قرآن مجید میں ہے (وَقَالُوا کُونُوا ھُودًا او نَصَارٰی تَھتَدُوا)

(الھَوْدَۃُ) کوہان کی جڑ (ج) ھُوَدٌ۔

(الیَھُودُ) [illegible] اصل قوم یہود [illegible] بارے میں ایک قول یہ ہے کہ ان کا نام یہودا بن یعقوب کے نام پر رکھا گیا ہے۔

(الیَھُودِیُّ) ایک یہودی (۲) یہودیوں کی طرف منسوب۔

(الیَھُودِیَّۃُ) یہودیت۔

(الھَوْدَکُ) [illegible]

(الھَوْدَۃُ) [illegible] ھُوَدٌ۔

(ھَودَۃٌ) [illegible]

(الیَھُودَی) یہودی۔

(ھَارَ) البناءَ [illegible] وھَوْرًا [illegible]

[illegible]

Marfat.com

-فلانًا بالأمرِ هَوْرًا: کسی پر کسی بات کا الزام لگانا یا گمان کرنا۔
-عَلَى الشیءِ: کسی چیز پر آمادہ کرنا۔
-عنهُ: روکنا' پھیرنا' ہٹانا۔
-فلانًا: پچھاڑنا (۲) دھوکہ دینا۔
-القومَ: لوگوں کو قتل کر کے لاشوں کے ڈھیر لگا دینا۔
-الشیءَ: اندازہ لگانا۔
البناءَ: عمارت کو گرانا۔
(هَوَّرَ) البناءَ: عمارت کو گرانا۔
-غیرَهُ: پچھاڑنا۔
(اهتَوَرَ) ہلاک ہونا۔
(انهارَ) البناءُ: عمارت کا گرنا۔ قرآن مجید میں ہے (فَانْهَارَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ)
(تَهَوَّرَ) البناءُ ونحوهُ: عمارت کا گر جانا۔
-فلانٌ لاپرواہی کی وجہ سے کسی معاملہ میں پڑ جانا۔
-عَلَى غَیرِهِ: بیوقوفی اور انجام سے غفلت کی بنا پر کسی پر حملہ کر دینا۔
-الشِّتاءُ: سردی کے موسم کا اختتام کے قریب ہونا اور سردی میں کمی آ جانا۔
-اللیلُ رات کے اکثر حصہ کا گزر جانا اور اندھیرے میں کمی آ جانا۔
-الوَعَكُ النَّاسَ کسی بیماری یا بخار کا لوگوں میں پھیل جانا۔
(التَّیهُوْرُ) تودہ سے گرا ہوا ریت۔
(الهائرُ) کمزور اور لاچار کمزور بوڑھا۔
(الهارُ) الهائرُ (۲) (تودہ) کی گری ہوئی ریت۔
(الهارِیُ) الهائر۔
(الهَوارَةُ) ہلاکت و نقصان جیسے لا هَوارَةَ علیه وہ تباہ نہ ہو۔
(الهَوْرُ) بکریوں کا ریوڑ (۲) پانی کی جھیل جس میں باندیوں سے پانی گر کے اسے وسیع [illegible]۔ (ج) أهوارٌ۔
(الهَوْرَةُ) ہلاکت [illegible] جگہ یا سبب ہلاکت (ج) هَوْراتٌ۔

(الهُوْرَةُ): الزام و تہمت' بدگمانی۔
(الهَیِّرُ): اشیاء میں لاپروائی اور غفلت برتنے والا۔
(الهَوْرَعُ): بیوقوف عورت۔
(هَوَّزَ) الرجلُ: مرجانا۔
(الهُوْزُ): مخلوق (۲) لوگ۔ مَا فِي الهُوْزِ مثلك: لوگوں میں آپ جیسا کوئی نہیں۔ ما أدری ایُّ الهوز هو؟: نہ جانے وہ کس قسم کا آدمی ہے۔
(هَوَّزُ): حساب جمل کا دوسرا مجموعہ ہوز۔ اس کے حروف میں سے ہر ایک کوئی نہ کوئی عددی قیمت ہے۔
(الهَوْزَبُ): گدھ (۲) طاقتور اور مضبوط اونٹ۔
(الهَوْزَنُ): غبار۔
(هَاسَ) ـُ هَوْسًا وهَوَسانًا: زمین پر مکمل ٹیک لگاتے ہوئے چلنا (۲) گھومنا (۳) رات کو بلاخوف و خطر گھومنا۔
-الإبلُ: اونٹوں کا چرنا اور چلنا۔
-الذِّئبُ فِي الغَنَمِ: بھیڑ بکریوں میں بھیڑیے کا گھس کر تباہی مچانا۔
-فلانٌ هَوْسًا: جلدی سے کھانا۔
-الشیءَ: کوٹنا' باریک کرنا (۲) خراب کرنا۔
-الإبلَ: نرمی سے ہانکنا۔ هو هائِسٌ وهي هائِسَةٌ۔
(هَوِسَتِ) النَّاقةُ ـَ هَوَسًا: اونٹنی کا جفتی کی شدید خواہش والا ہونا۔ هي هَوِسَةٌ۔
-القومُ: لوگوں کا جھگڑے اور فساد میں مبتلا ہونا۔
-الرَّجلُ: نیم پاگل ہونا۔
(هَوَّسَ) الشیءَ: کوٹنا۔
-اللّٰهُ فلانًا خدا تعالیٰ کا کسی کو نیم پاگل کر دینا۔
(تَهَوَّسَ) فلانٌ نرم زمین پر بھاری قدموں سے چلنا۔
(الهَوَسُ) نیم پاگل پن۔ خبط۔ سنک۔

(الهَوَّاسُ): مبالغہ کا صیغہ' بڑا خبطی (۲) تجربہ کار اور بہادر آدمی (۳) خونخوار شیر۔
(الهَوَّاسَةُ): الهوّاسُ۔
(الهَوِیْسُ): دل کی بات (۲) غور و فکر (۳) نہر وغیرہ پر بنا ہوا پل جو مشینی طریقہ پر اونچے پانی کو نچلے پانی سے کشتیوں کی منتقلی کے لئے روکتا ہے۔ (د)
(المُهَوِّسُ): دل ہی دل میں بات کرنے والا۔
(هَاشَ) القومُ ـُ هَوْشًا: لوگوں میں ہل چل اور اضطراب پیدا ہونا (۲) فساد برپا ہونا۔
-الإبلُ ونحوها: اونٹوں وغیرہ کا لڑائی میں بدک کر بھاگنا اور منتشر ہونا۔
-الی فلانٍ: کسی طرف لپکنا۔ هو هائشٌ وهي هائشَةٌ۔
(هَوِشَ) فلانٌ ـَ هَوَشًا: کمزوری کی وجہ سے پیٹ کا چھوٹا ہونا۔
(هَاوَشَ) فلانٌ القومَ: لوگوں سے میل جول اور اختلاط رکھنا۔
(هَوَّشَ) القومُ: باہم میل جول رکھنا۔
-فلانٌ بینَ القَوْمِ: لوگوں میں بگاڑ اور فساد پیدا کرنا۔
-الرِّیحُ بالتُّراب: ہوا کا طرح طرح کی مٹی اڑا کر لانا۔
-فلانٌ الشیءَ: ادھر اُدھر سے سمیٹ کر لانا۔
(تَهَاوَشَ) القومُ: آپس میں مل جل جانا۔
(تَهَوَّشَ) القومُ: باہم مل جل جانا۔
-عَلَى فلانٍ: کسی کے پاس جمع ہو جانا۔
(الهَائِشَةُ) دن یا رات میں پیش آنے والا دردناک یا خوفناک واقعہ (۲) ایک دریائی خیالی جانور جو مسافر کو ایک کنارہ سے دوسرے کنارہ تک لے جاتا ہے۔
(الهَوَاشُ) حلال و حرام جمع کیا ہوا مال۔
(الهَوَاشَةُ) جمع کیا ہوا حلال و حرام مال (۲) مخلوط گروہ۔
(الهَوْشُ) جنگ میں شریک لوگوں کی بڑی تعداد (۲) معدہ کا خالی ہونا۔

Marfat.com

(الهَوَّاتَةُ) اِبِلٌ هَوَّاتَةٌ بھرے ہوئے اونٹ جو ادھر ادھر سے اکٹھے کئے جائیں۔

(الهَوِيشَةُ) مخلوط گروہ۔

(هَاعَ) فلانٌ ـُ هَوْعًا گھبرانا اور بے چین ہونا (۲) انتہائی حریص اور لالچی ہونا۔

-فِي الحَرْبِ جنگ میں شور مچانا۔

-مِنْ فلانٍ کسی سے تنگ آنا۔

-القَوْمُ بَعْضُهم اِلَى بَعْضٍ لوگوں کا ایک دوسرے کی مدد کا ارادہ کرنا۔

-فلانٌ هَوْعًا وهُوَاعًا قے ہونا۔ هو هَائِعٌ وهي هَائِعَةٌ۔

(هَوَّعَ) فلانًا قے کروانا کہتے ہیں هَوَّعَهُ مَا اَكَلَ۔

(تَهَوَّعَ) قے ہونا۔

-القَيْءَ تکلف سے قے کرنا۔ تَهَوَّعَ نَفْسَهُ بھی کہتے ہیں۔

(الهَاعُ) رَجُلٌ هَاعٌ حریص آدمی۔ رَجُلٌ هَاعٌ لَاعٌ بزدل اور ڈرپوک آدمی۔ ایسے ہی امرأةٌ هَاعَةٌ لَاعَةٌ۔

(الهُوَاعُ) ہونا قے کا نام (ج) هُوَاعَاتٌ واَهْوِعَةٌ۔

(الهُوَاعَةُ) قے میں پیٹ سے نکلنے والی چیز۔

(الهَوْعُ) دشمنی (۲) سخت حرص۔

(الهَوْفُ) گرم ہوا (۲) تیز ٹھنڈی ہوا۔

(الهُوفُ) تیز ہوا گرم ہو یا سرد (۲) نکما بزدل (۳) بیوقوف۔

(الهَوْقَةُ) وہ گڑھا جس میں پانی اکٹھا ہو کر کیچڑ ہو جاتا ہے اور پرندے اسے پسند کرتے ہیں (ج) هُوَقٌ۔

(هَوِكَ) الرَّجُلُ ـَ هَوَكًا کم عقل و بیوقوف ہونا۔ هو اَهْوَكُ وهَوِكٌ وهَوْكٌ۔

(هَوَّكَ) فُلَانٌ گڑھا کھودنا۔

-فلانًا بیوقوف ٹھہرانا (۲) حیران و پریشان کرنا۔

(انْهَاكَ) فلانٌ حیران ہونا (۲) حماقت اور غفلت کی وجہ سے کسی مشکل میں پھنسنا۔

(تَهَوَّكَ) فلانٌ : انْهَاكَ (۲) ہلاکت کے گڑھے میں گرنا (۳) بولنے میں مضطرب ہونا۔

(الهُوكَةُ) گڑھا۔

(الهَوِكَةُ) اَرْضٌ هَوِكَةٌ شورزمین۔

(الهَوَّكُ) بڑا بیوقوف۔

(الهَوَّاكُ) حیران و پریشان۔

(الهَوَّاكَةُ) حیران و پریشان عورت (۲) شور زمین۔

(هَالَ) ـُ هَوْلًا خوفزدہ اور مرعوب ہونا۔

-المرأةُ النَّاظِرَ بحسنها عورت کا دیکھنے والے کو اپنے حسن سے مبہوت کر دینا۔

-الأمرُ فلانًا خوفزدہ اور پریشان کر دینا۔ هو هَائِلٌ وهي هَائِلَةٌ۔

(هِيلَ) السَّكْرَانُ نشہ آور کا ڈراؤنے خیالات سے گھبرانا۔

(هَاوَلَ) الشيءُ فلانًا خوف زدہ کرنا۔

(هَوَّلَ) عَلَى فلانٍ کسی کو ڈرانا (۲) حملہ کرنا۔

-المرأةُ عورت کا لباس اور زیور سے آراستہ ہونا۔

-فلانًا انتہائی دہشت زدہ کرنا خوب ڈرانا۔

-الأمرَ کسی معاملہ کو ڈراؤنا اور خوفناک بنا دینا۔

(اهْتَالَ) فلانٌ ڈرنا۔

(تَهَوَّلَ) للنَّاقَةِ وتَهَوَّلَهَا اونٹنی کو قابو میں کرنے کے لئے خوفناک درندہ کی شکل بنانا۔

-لِمَالِ فلانٍ ومَالَ فُلَانٍ کسی کے مال کو نظر لگانا۔

(اسْتَهَالَ) الأمرَ کسی معاملہ کو سنگین اور ہولناک پانا۔

(التَّهَاوِيلُ) ڈراؤنی چیز (۲) جس سے ڈرایا جائے (۳) جانور پر سرخ سبز اور زرد رنگ کی اون (۴) تصویروں کے نقش و نگار جھیروں پر اور زیورات کی سجاوٹ۔ واحد تهويلٌ (۵) باغیچوں میں کھلے ہوئے پھولوں کے رنگ (۶) مختلف ملے جلے رنگ واحد تَهْوَالٌ۔

(الهَالُ) آل (خاندان)

-حَبُّ الهَالِ الایچی۔ اسے هیل بھی کہتے ہیں۔

(الهَالَةُ) چاند کا گھیرا یا کسی بھی آسمانی جسم کو محیط روشنی کا گھیرا (ج) هَالَاتٌ۔ (۲) خوفزدہ گھبراہٹ کا شکار (۳) سنگین اور مشکل معاملہ (ج) اَهْوَالٌ وهُؤُولٌ۔

-ابو الهَوْلِ مصر میں فرعون کے زمانہ کا ایک زبردست قدیم مجسمہ جس کا جسم شیر جیسا اور سر انسان جیسا ہے جس سے قوت و طاقت کی طرف اشارہ ہے اس کی لمبائی 20 میٹر اور چوڑائی 4 میٹر ہے۔

(الهُوْلَةُ) تعجب (۲) ڈراؤنی چیز (۳) وہ چیز جس سے بچے کو ڈرایا جائے (۴) وہ حسین و جمیل عورت جسے دیکھنے والا دنگ رہ جائے۔

(الهَيْلَةُ): الهَوْلُ۔

(الهَوْلَعُ والهَوَلَّعُ) (دیکھئے هلع)

(هَوَّمَ) اونگھنا (۲) نیند سے جھومنا۔

(تَهَوَّمَ): هَوَّمَ۔

(الأهْوَمُ) بڑے سر والا۔

(التَّهْوِيمُ) سونے کی ضرورت کا احساس (ج)

(الهَامَةُ) سر (۲) سر کا بالائی یا درمیانی حصہ کھوپڑی (۳) لوگوں کی جماعت (۴) ایک چھوٹا سا پرندہ جو رات میں اکثر قبرستانوں میں رہتا ہے (۵) الو (۶) زمانہ جاہلیت میں عربوں کے اعتقاد کے مطابق مقتول کے سر سے ایک پرندہ نکل کر اسقونی اسقونی کہتا ہے حتی کہ مقتول کا بدلہ لے لیا جائے اسے "الصَّدَى" بھی کہتے ہیں (ج) هَامٌ۔

-بناتُ الهَامِ دماغ کا مغز۔

-هَامَةُ القومِ قوم کا سردار۔

(الهُوَامُ) جنون عشق (۲) سخت ترین پیاس۔

(الهَوْمُ) اونگھ (۲) نشیبی زمین۔

-هَوْمُ المَجُوسِ چنبیلی کی طرح کا ایک پودا جسے مجوسی عبادت کے وقت استعمال کرتے تھے۔ اس پودے سے گروہ کی چھڑی کی

Marfat.com

دوائی تیار کی جاتی ہے۔ فارسی میں اسے مُرَانیہ کہتے ہیں۔
(الهَوْمَاةُ والهَوْمَةُ) جنگل بیابان چٹیل میدان۔
(هَانَ) فلانٌ ـُ هُوْنًا وهَوَانًا ومَهَانَةً: ذلیل و رسوا ہونا۔ کہاوت ہے (اذا عَزَّ اخوكَ فَهُنْ) اگر تمہارا بھائی تمہارے ساتھ سختی برتے تو تم نرمی سے پیش آؤ۔
—الشيءُ عليه هَوْنًا آسان ہونا (۲) ہلکا اور خفیف ہونا هو هَيِّنٌ وهَيْنٌ (ج) أهْوِنَاءُ— هُنْ عِنْدِي اليَوْمَ: آج تم میرے پاس قیام کرو۔
(أهَانَ) فلانٌ الأمْرَ أو الشَّخْصَ: کسی کام یا شخص کو معمولی وحقیر سمجھنا۔
(هَاوَنَ) فلانٌ نَفْسَهُ: اپنے اوپر رحم کرنا۔
(هَوَّنَ) الأمْرَ عليه: کسی معاملہ کو کسی کے لئے آسان وہلکا رکھنا۔
(تَهَاوَنَ) بالأمْرِ کسی بات کو حقیر و معمولی سمجھنا۔
(اِسْتَهَانَ) بالأمْرِ حقیر ومعمولی سمجھنا۔
(الأهْوَنُ): معمولی آسان (۲) زیادہ آسان۔ کہاوت ہے (أهْوَنُ من قعيس عَلَى أمِّه) قعیس اپنی ماں کا جتنا تابعدار تھا اس سے بھی زیادہ تابعدار (۲) زمانہ جاہلیت میں پیر کا دن۔
(الهَاوُنُ) پتھر یا لوہے یا پیتل کی بنی ہوئی اوکھلی (۳) کھرل (ع)
(الهَاوُوْنُ) الهَاوُنُ (ج) هَوَاوِينُ۔
(الهَوْنُ) الهَاوُنُ (۲) حقیر وگھٹیا (۳) سدھا ہوا تابعدار گھوڑا (۴) عاجزی وقار۔ قرآن مجید میں ہے (وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْأَرْضِ هَوْنًا) (۵) نرمی (۲) سنجیدگی ومتانت۔
—عَلَى هَوْنِكَ آہستہ یا سنبھل کر۔
(الهَوْنُ) ساری مخلوق۔ کہتے ہیں ما ادری اى الهَوْنِ هو میں نہیں جانتا وہ کس قسم کا آدمی ہے (۲) ذلت (۳) رسوائی۔ قرآن مجید میں ہے (أيُمْسِكُهُ عَلَى هُوْنٍ)
(الهُوْنَةُ) سنجیدہ عورت (۲) مطیع اور فرماں بردار عورت (۳) کمزور اور مردانہ خصائل کی مالک عورت (۴) امن و سلامتی صلح وصفائی (ج) هون۔
(الهُوْنَى) ذلت ورسوائی (۲) وقار وسنجیدگی تواضع عاجزی۔
(الهُوَيْنَى) با وقار چال جیسے هي تمشي الهُوَيْنَى۔ (۲) راحت وآرام آسودگی۔
(الهِيْنَةُ): امش عَلَى هِيْنَتِكَ آرام سے چلو۔
(الهَيِّنُ) حقیر و ذلیل (۲) باوقار سنجیدہ (۳) آسان اور ہلکا قرآن مجید میں ہے (وَتَحْسَبُوْنَهُ هَيِّنًا وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ) اور (هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ) اسم تفضیل اس کا اهون ہے جیسے (هُوَ الَّذِي يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهُ وَهُوَ أهْوَنُ عَلَيْهِ)
(تَهَوَّهَ) فلانٌ آہ وبکا کرنا کراہنا۔
(الهَاهَةُ) خسرہ چھوٹی چیچک۔
(الهَوَاهِيْ) فضول اور بے ہودہ باتیں۔ جیسے جَاءَ فلانٌ بالهواهيْ: فلاں فضول باتیں کرتا ہے (۲) چال کی ایک قسم۔
(الهَوَاهِيَةُ) بزدل۔
(الهَوْهَاءُ) کمزور بزدل آدمی (۲) وہ کنواں جس میں اترنے کا کوئی ذریعہ نہ ہو۔
(الهَوْهَاةُ) کمزوردل بزدل آدمی (۲) بیوقوف (۳) وسیع و عریض بیابان (ج) الهياهي (۴) هواهي کا واحد بمعنی چال کی ایک قسم۔
(الهُوْهُ) بزدل اور ڈرپوک آدمی۔
(الهُوْهَةُ) بزدل آدمی۔
(الهُوَّ) زمین کا شگاف (۲) روشن دان طاق۔
(الهُوَّاءَةُ) گہرا گڑھا کھائی غار۔
(الهَوَّةُ) روشندان (ج) هوّاءٌ وهُوًى۔
(الهُوَّةُ) انتہائی گہرا گڑھا (۲) کنواں وقع فلانٌ في هُوَّةٍ فلاں بند کنویں میں گر گیا۔ فلانٌ هُوَّةٌ بیوقوف آدمی جس کے پیٹ میں کوئی بات نہ ٹھہرتی ہو۔ (ج) هُوًى وهُوٌّ وهُوِيٌّ۔
(هَوَى) الشيءُ ـِ هُوِيًّا وهَوَيَانًا: بلندی سے پستی کی طرف گرنا۔
—العقابُ على صيدٍ: عقاب کا شکار پر جھپٹنا۔
—فلانٌ في السَّيْرِ: آگے بڑھنا (۲) تیز چلنا۔
—يَدُهُ للشيءِ کسی چیز کے لئے ہاتھ بڑھنا۔
—الرجلُ هَوَّةً چڑھنا۔
—هُوِيًّا وهَوَاءً: ہلاک ہونا۔
—المرأةُ: عورت کا بچے سے محروم ہو جانا قرآن مجید میں ہے (فَأُمُّهُ هَاوِيَةٌ)۔
—صدرهُ هَوَاءً: سینہ کا خالی اور صاف ہونا۔
—الطعنةُ هُوِيًّا: نیزہ کی ضرب کا خون کا فوارہ جاری کر دینا۔
—الرِّيحُ هَوِيًّا: ہوا چلنا۔
—الأذنُ کان بجنا۔
(هَوِيَ) فلانٌ فلانًا ـَ هَوًى محبت کرنا۔ هُوَ هَوٍ وهي هَوِيَةٌ۔
(أهْوَى) الشيءُ گرنا۔
—فلانٌ بالشيءِ اشارہ کرنا۔
—فلانٌ بيده للشيءِ ہاتھ بڑھانا۔
—يَدُهُ للشيءِ کسی چیز کے لئے ہاتھ بڑھانا۔
—العقابُ للصَّيْدِ عقاب کا شکار پر جھپٹنا۔
—الشيءَ اوپر سے ڈالنا۔
—فلانًا: کسی کو ہاتھ مار کر پکڑ لینا۔
(هَاوَى) تیز چلنا۔
—فُلانًا کسی کے ساتھ جھگڑنا۔ (۲) ہمدردی کرنا کسی کی مرضی پر چلنا۔ هَاوَاهُ بھی کہتے ہیں۔
(هَوَّى) المكانَ کسی جگہ صاف ستھری ہوا داخل کرنا۔
—الكيمياويُّ الغازَ سیال چیز میں گیس کو تحلیل کرنا (ع)
(اهتوَى) إلى فلانٍ بشيءٍ کسی چیز کے ذریعہ کسی کی طرف اشارہ کرنا۔

Marfat.com

-فلانًا: کسی کو ہاتھ مار کر پکڑنا۔
(انھَوَی) الشیءُ: نیچے گرنا۔
(تَھَاوَی) فلانٌ: تیز چلنا۔
-القَوْمُ: لوگوں کا ایک دوسرے پر گرنا۔
(اسْتَھْوَی) الشیءُ فلانًا: کسی چیز کا کسی کو بھا جانا' پسند آ جانا' دل موہ لینا۔
-فلانًا: کسی کو اتنا متاثر اور گرویدہ کرنا کہ بے چون و چرا ہر بات کو تسلیم کرے۔ جال میں پھنسانا۔ قرآن مجید میں ہے (کَالَّذِی اسْتَھْوَتْهُ الشَّیَاطِیْنُ)
(التَّھْوَاءُ) رات کی کوئی گھڑی۔
(الھَاوِی): نڈی (۲) حرف الف (۳) کسی ورزش اور کھیل وغیرہ کا شوقین وگرویدہ (ج) (ج) ھواۃ۔
(الھَاوِیَةُ): مونث الھاوی (۲): فضا' موسم (۳) جہنم (بغیر الف لام کے غیر منصرف ہے)
(الھَوٰی): میلان' محبت (۲) عشق (خیر و شر دونوں میں) (۳) نفس کی خواہش (۴) شہوت پرست نفس۔ قرآن مجید میں ہے (اَفَرَاَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰھَهٗ ھَوَاهُ)(۵) محبوب و پسندیدہ چیز۔ (ج) اھواءٌ قرآن مجید میں ہے (وَلَا تَتَّبِعُوْا اَھْوَاءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا)
(الھَوَاءُ): ہوا' وہ گیس جو زمین کو گھیرے ہوئے ہے (۲) موسم' فضا (ج) اَھوِیةٌ (۳) دو چیزوں کے درمیان کا خلا (۳) ناہموار گلی چیز جس میں کوئی چیز نہ ٹھہرتی ہو۔ (۴) ہر خالی چیز (۵) بزدل' ڈرپوک۔
-قلبٌ ھَوَاءٌ: خالی دل (واحد و جمع دونوں کے لئے) قرآن مجید میں ہے (وَاَفْئِدَتُھُمْ ھَوَاءٌ)
(الھَوَائِیُّ): ایریل انٹینا۔ وہ تار جو ریڈیو یا ٹیلی ویژن کی آواز و تصویر طاقتور اور صاف کرنے کے لئے کسی چھڑی یا ستون سے اونچی جگہ باندھ کر ریڈیو یا ٹیلی ویژن سے جوڑ دیتے ہیں۔ (نج)
(الھِوَایَةُ): پسندیدہ مشغلہ (Hobby)۔ (جس کو پیشہ بنائے بغیر انسان اپنی دلچسپی کا ذریعہ بنائے) (نج)
(الھُوَیُّ): خواہش کی چیز (۲) کان کی سنسناہٹ (۳) رات کا ایک حصہ۔
(الھَوِیَّةُ): انتہائی گہرا کنواں۔

ھ......ی

(ھَاءَ) فلانٌ — (یَھَاءُ) ھَیْئَةً: خوش منظر اور اچھی شکل و صورت کا ہونا۔
-لِلْاَمْرِ: کسی کام کے لئے تیاری کرنا۔
-اِلَیْهِ ھَیْئَةً: کسی کا مشتاق ہونا۔
(ھَایَاَهٗ) فِی الْاَمْرِ وعلیه: کسی بات میں کسی سے موافقت کرنا۔
(ھَیَّاَ) فلانٌ الْاَمْرَ تھیئةً وتھییئًا: ٹھیک کرنا (۲) آسان کرنا۔ قرآن مجید میں ہے (وَھَیِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا)
-الشیءَ: کسی خاص مقصد کے لئے تیار کرنا۔ جیسے ھَیَّاَ المَصْنَعَ وھَیَّاَ الطَّعَامَ۔
(تَھَایَاَ): باہم موافق اور مماثل ہونا۔
(تَھَیَّاَ) لِلْاَمْرِ: کسی کام کے لئے آمادہ ہونا' تیاری کرنا۔
(المُھَایَاَةُ): موافقت شدہ و متفق علیہ معاملات۔
(الھَیْءُ): کھانے پینے کے لئے بلانے کی آواز۔
(الھَیْئَةُ): شکل و صورت' حالت' ہیئت' ہر چیز کی وہ حالت جس پر وہ قائم ہو معقول ہو یا محسوس۔ قرآن مجید میں ہے (وَاِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّیْنِ کَھَیْئَةِ الطَّیْرِ بِاِذْنِیْ)(۲) کیفیت' خاص علامت (۳) ایسی جماعت جسے کوئی خاص کام سونپا گیا ہو۔
-ھیئة الأمم المتحدة: اقوام متحدہ۔
-ھیئة مجلس الادارة: مجلس انتظامی۔
(ج) ھیئات (مو)
-عِلْمُ الھَیْئَةِ: علم فلکیات' وہ علم جس میں اجرام سماویہ کے احوال ان کے باہمی تعلق اور زمین پر ان کے اثرات سے بحث کی جائے۔
(الھَیِّیءُ): خوبصورت ہیئت والا۔
(الھَیِّیءُ): خوش منظر۔

(ھَابَهٗ) — ھَیْبًا ومَھَابَةً: کسی کی تعظیم و تکریم کرنا (۲) کسی سے ڈرنا اور بچنا۔ ھُوَ ھَائِبٌ برائے مبالغہ ھَیَّابٌ وھیبان وھَیِّبٌ وھیبان وھُیُوْبَةٌ: اسم مفعول مھوب ومَھِیْبٌ۔
(ھَابَهٗ) — ھَیْبَةً: ھَابَهٗ۔
(اَھَابَ) بِهٖ: کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کی دعوت دینا' اپیل کرنا۔ ترغیب دینا جیسے اھبتُ بصاحبی الی الخیر میں نے اپنے ساتھی کو بھلائی کی ترغیب دی۔
-بالخیل ونحوھا والرّاعی بغنمه: ھَاب ھَاب کہہ کر روکنے یا واپس آنے کے لئے گھوڑوں یا بکریوں کو بلانا۔
(ھَیَّبَ) الشیءَ اِلٰی فلانٍ: کوئی چیز کسی کے لئے خوفناک بنانا۔
(اھْتَابَ) الشیءَ: کسی چیز سے مرعوب و خوفزدہ ہونا۔
(تَھَیَّبَ) الشیءَ: کسی چیز سے مرعوب و خوفزدہ ہونا۔
-الشیءُ فُلانًا: ڈرانا' خوفزدہ کرنا۔ کہتے ہیں تھیّبنی الشیء میں اس چیز سے ڈر گیا۔ ابن مُقبِل کا شعر ہے

وَمَا تَھَیَّبُنِی الموماۃ أرکبھا
اذا تجاوبت الأصداء بالسَّحَرِ

(المُتَھَیِّبُ): شیر۔
(الھَیَّبَانُ): خوفزدہ و مرعوب آدمی (۲) بزدل (۳) چرواہا (۴) بکرا (۵) مٹی۔
(ھَیَّتَ) بِهٖ: کسی کو زور سے پکارنا۔
(ھَیْتَ): کلمۂ تعجب۔ جیسے ھَیْتَ لِلْحِلْمِ کیا خوب بردباری ہے۔
-ھَیْتَ لَکَ: آ جا' چلا آ۔ (واحد' تثنیہ' جمع' مذکر' مونث سب کے لئے) لیکن بعد والے لفظ میں مخاطب کا لحاظ کر کے کہا جائے گا۔ ھَیْتَ لَکُمَا ولکم ولکنّ۔
(الھَیْتُ): زمین کا گہرا گڑھا۔
(ھَیْتَاہُ) و (ھَیْتَاہُ): کتے کو شکار پر چھوڑنے کے لئے بولا جاتا ہے۔
(ھَاتَ) الشیءُ — ھَیْتًا وھَیْتَانًا: حرکت

Marfat.com

کرنا۔
-القومُ لڑائی میں لوگوں کا باہم گتھم گتھا ہونا۔
-فلانٌ فی الشیءِ کوئی چیز بے دردی سے لینا اور خراب کرنا۔
-من المالِ اپنی ضرورت کے بقدر مال لینا۔
-فی کیسه ناپ تول میں کمی کرنا۔
-لفلانٍ کسی کو تھوڑی چیز دینا۔
-برجلِهِ الترابَ پاؤں سے مٹی کریدنا۔
(هَايَتَ) فلاناً مال وغیرہ کی کثرت میں کسی سے مقابلہ کرنا۔
(تَهَايَتَ) القومُ لوگوں کا لڑائی میں باہم گتھم گتھا ہونا۔
(تَهَيَّتَ) لفلانٍ شَيْئاً کسی کو کچھ دینا۔
(اسْتَهَاتَ) الشَّيءَ کسی چیز کو زیادہ سمجھنا۔ یا زیادہ طلب کرنا۔
-المالَ وفیہ مال تباہ کرنا۔
(المُهَايِتُ) پورے کا پورا لینے والا یا ہاتھ بھر کر لینے والا۔
(الهَايِتَة): هَايِتَة القوم لوگوں کا شور و شغب۔
(الهَيْتَة) لوگوں کا گروہ۔
(هَاجَ) النَّبْتُ۔ هَيْجًا نبات کا زرد ہونا۔ سوکھنا۔ قرآن مجید میں ہے (ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا)
الأرض هيجًا وهَيَجَانًا زمین کے پودوں کا خشک ہونا۔ هي هائجة۔
-القومُ هَيْجًا وهياجًا وهَيَجَانًا لوگوں کا مشتعل ہونا۔ جوش میں آنا۔
-الشرُّ فتنہ کا زور پکڑنا۔
-الحربُ بينهم لوگوں میں جنگ کے شعلے بھڑکنا۔
-الابلُ اونٹوں کا پیاسا ہونا۔
-السماءُ تیز ہوا کے ساتھ آسمان پر بادل چھا جانا۔
-الشيءَ او فلاناً حرکت دینا۔ جوش دلانا۔ مشتعل کرنا۔
-الابلَ اونٹوں کو پانی یا چراگاہ لے جانے کے لیے رات کو حرکت میں لانا۔
(أَهَاجَ) : أَهَاجَتِ الرِّيحُ النبتَ ہوا کا پودوں کو خشک کر دینا۔
(أَهْيَجَ) الأرضَ زمین کو خشک گھاس والی پانا۔
(هَايَجَ) فلان فلاناً مشتعل کرنا۔ جوش دلانا۔ (۲) لڑنا، جنگ کرنا۔
(هَيَّجَهُ) جوش دلانا۔ مشتعل کرنا۔
(اهْتَاجَ) مشتعل ہونا۔ برانگیختہ ہونا۔
(تَهَايَجَ) القومُ لڑائی میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
(تَهَيَّجَ) الشيءُ جوش کرنا۔ ابھرنا۔
(المِهْيَاجُ) وطن کی محبت و چاہت (۲) اونٹوں میں سب سے پہلے پیاسا ہونے والا اونٹ۔
(الهَائِجُ) مشتعل و برانگیختہ هَاجٍ هَائجة وہ مشتعل ہو گیا۔
(الهَاجَةُ) مادہ مینڈک (۲) شتر مرغ (۳) وہ بکری جس میں جفتی کی خواہش نہ ہو۔
(الهَيْجُ) لڑائی (۲) تیز ہوا (۳) فتنہ۔
(الهَيْجَاءُ) جنگ، لڑائی۔
(الهِيَاجُ) جنگ، لڑائی۔
(هَيَّخَ) الهَرِيسَةَ میٹھے دلیے یا آٹے کے حلوہ میں گھی زیادہ کرنا۔
-الفحلَ اونٹ کو اونٹنی یا نر کو مادہ سے جفتی کے لئے اکسانا۔
(الهَيَّخُ) وہ اونٹ جو "هيخ" سن کر بلبلانا شروع کر دے۔
(هَادَ)۔ هَيْدًا وهَادًا حرکت دینا، ہلانا (۲) امر۔ خوفزدہ کرنا، بے چین کرنا (۳) درست کرنا (۴) باز رکھنا۔ ہٹانا۔
(هَيَّدَ) السائرُ تیز چلنا۔
-الامرُ فلاناً کسی معاملہ کا کسی کو تکلیف اور اضطراب میں مبتلا کرنا۔
(الهَيْدُ) ہزا (۲) بے چین ومضطرب۔
(الهَيْدَانُ) سست و بزدل آدمی۔
(الهَيْدَبُ) (دیکھیے هدب)
(الهَيْدَبِي) (دیکھئے هدب)
(الهَيْدَبِّي) (دیکھیے هدب)
(الهَيْدَكُورُ) موٹی جوان اور جوانی کی ادا میں بہنے والی عورت (۲) گاڑھا دودھ۔
(الهَيْدَكُورَةُ) الهيدكور۔
(الهَيْدَلَةُ) (دیکھئے هدل)
(الهَيْدَامُ والهَيْدَمُ) (دیکھئے هدم)
(هَيَّرَ) فلان البناءَ عمارت گرانا۔
(تَهَيَّرَ) البناءُ عمارت کا گرنا۔
(الهَيَّارُ) گرنے والی یا گرنے کے قریب چیز۔ رجلٌ هَيَّارٌ کمزور آدمی جو گرنے کے قریب ہو۔
-الهَيَّارُ الثَّلْجِيُّ پہاڑوں سے گرنے والی برف (ن)
(الهَيْرُ) شمالی ہوا، باد صبا۔
(الهِيرُ) آدھی رات سے کم حصہ۔
(الهَيْرَةُ) ہموار زمین۔
(الهَيَّارُ) کمزور آدمی۔
(هِيرَاطِيقِي) ایک قسم کا تیز لکھا جانے والا ہیروگلفی شکستہ خط جس میں ہیروگلفی اشارات و رموز استعمال کیے جاتے ہیں۔ (ج)
(الهَيْرَعُ والهَيْرَعَةُ) (دیکھیے هرع)
(الهِيرُودِين) ایک مادہ جو خون کو اس کی نالیوں میں منجمد ہونے سے روکتا ہے اور علق سے نکالا جاتا ہے۔ (ج)
(هِيرُوغليفي) اہل یونان کے نزدیک نقش مقدس، مغرب کے لوگ اس کا اطلاق ان قدیم مصری تحریروں پر کرتے ہیں جو قدیم مصریوں کے مقبروں اور عبادت گاہوں میں کندہ ہے۔ (ج)
(الهِيرُوِين) ہیروئن۔ مارفین سے تیار کیا جانے والا نشہ آور مرکب۔ (ج)
(الهَيْزَبُ) (دیکھیے هزب)
(هَاسَ) فلانٌ۔ هَيْسًا کسی بھی طرح چلنا۔
-من الشيءِ بکثرت کوئی چیز پانا۔
-الشيءَ پاؤں سے کچلنا۔
-الأرضَ زمین کو کوٹنا۔

Marfat.com

(هَاسَی) فُلانٌ فلاناً مذاق کرنا۔
(۲) اَهْیَسَ هَیْسَ ہر مذاق اڑانا۔
(الأَهْیَسُ) بہادر (۲) جس سے مذاق
کیے جانے سے غصہ آئے۔
(هَیْسَ هَیْسَ) کسی کام پر ابھارنے کے
لیے یہ لفظ بولا جاتا ہے۔
(هَاشَ) القَومُ ۔ هَیْشًا جوش میں آنا۔
– بعضهم إلى بعضٍ ایک دوسرے پر
تیز حملہ کرنا۔
– فلانٌ بہت کوشش کرنا۔
– فلانٌ فی القَومِ لوگوں میں فتنہ فساد
برپا کرنا۔ (۲) خوش اور مست ہونا۔
– الشیءَ خراب کرنا (۲) سمیٹنا جمع کرنا۔
(تَهَیَّشَ) القومُ بعضهم إلى بعضٍ ایک
دوسرے پر تیز حملہ کرنا۔
(الهَیْشَةُ) تھوڑی جماعت (۲) فتنہ۔
(هَاضَ) الطَّیرُ ۔ هَیْضًا بیٹ کرنا۔
– فلانٌ بالشیءِ کسی چیز کی سختی میں مبتلا ہونا۔
– عُنُقَهُ گردن توڑنا۔
(المَهَایِضُ) پرندوں کے بیٹھنے اور بیٹ
کرنے کی جگہیں۔ واحد مَهِیضٌ۔
(هَاضَ) العَظْمَ ۔ هَیْضًا جڑنے کے قریب
ہونے والی شکستہ ہڈی دوبارہ توڑنا۔
– فلانٌ الشیءَ توڑنا (۲) نرم کرنا۔ حضرت
عائشہ رضی اللہ عنہا کا قول ہے (واللہ لو نزل
بالجبال الراسیات ما نزل بأبی
لهاضها)
– الکَرِیُّ فلاناً غم کسی کے بدن کو توڑنا اور
کمزور کرنا۔
– الحُزنُ قَلبَهُ غم کا کسی کے دل کو بار بار لاحق
ہونا۔
– المرضُ فلاناً صحت پانے کے بعد بیماری کا
دوبارہ لوٹ آنا۔
(هَیَّضَ) فلاناً جوش دلانا، برانگیختہ کرنا۔
(اهْتَاضَ) الأمرُ هَاضَهُ۔
(انْهَاضَ) العظمُ انهاضَ۔
– الغرامُ فلاناً کسی کو دوبارہ عشق لاحق ہونا۔

(المُستَهَاضُ) بیمار یا شکستہ ہڈی والا جس کی
بیماری لوٹ آئے یا ہڈی دوبارہ ٹوٹ جائے۔
(الهَیْضَةُ) غم و حزن کا دوبارہ آنا (۲) بیماری کا
لوٹنا (۳) ہیضہ (ایک بیماری جس میں جنت سے
اور دست آتے ہیں)
(الهَیْضُ) دست۔
(الهَیْضَاءُ) جماعت۔
(هَاطَ) فلانٌ ۔ هَیْطًا شور و غل مچانا (۲) چیخ
پکار۔
(هَایَطَ) شور مچانا۔
– فلاناً کمزور سمجھنا۔
(تَهَایَطَ) القومُ لوگوں کا یکجا ہو کر اپنے
معاملات درست کرنا۔
(الهِیَاطُ) هم فی هیاطٍ ومیاطٍ ان میں
شور و شر برپا ہے۔
(الهَیْطُ) مازال فی هَیْطٍ ومَیْطٍ اس نے
شور برپا کر رکھا ہے۔
(هَاعَ) الشیءُ ۔ هَیْعًا وهَیَعَانًا پھیلنا
بکھرنا۔
– فلانٌ کسی کو بھوک لگنا (۲) گھبرانا اور بزدلی
دکھانا۔
– الشیءُ هیاعًا پھیلنا وسیع ہونا۔
– الإبلُ إلى الماءِ اونٹوں کو پانی کی خواہش
ہونا۔
– الماءُ ونحوُهُ علی وجهِ الأرضِ
هَیْعًا پانی وغیرہ کا زمین پر بہنا۔
– الرَّصَاصُ ونحوُهُ هَیَعَانًا سیسہ وغیرہ کا
پگھلنا۔
– فلانٌ هَاعًا کمزوری کے ساتھ حرص و
خواہش میں بڑھنا۔
– هَیَعَانًا ۔ ۔ ۔ ہونا۔
– من الحبِّ والحُزنِ هَیْعًا محبت یا غم سے
پریشان ہونا (۲) قے کرنا۔
(تَهَیَّعَ) الشیءُ خوب پھیلنا۔
– السرابُ سراب چمکنا۔
– فلانٌ حیران ہونا (۲) ظلم کرنا۔
– إلى الشرِّ شر کی طرف چلنا۔

(المَهْیَعُ) واضح راستہ (ج) مَهَایِعُ۔
(الهَائِعُ) لیلٌ هَائِعٌ تاریک رات۔ رجلٌ
هَائِعٌ لائِعٌ ڈرپوک، بزدل اور کمزور آدمی۔
(الهَائِعَةُ) ڈراونی آواز۔
(الهَاعُ) خوفزدہ اور ڈرپوک۔
– رجلٌ هَاعٌ لاعٌ وهَاعٍ لاعٍ کمزور بزدل
اور ڈرپوک آدمی۔
(الهَیَاعُ) ریحٌ هیاعٌ لیاعٌ تیز ہوا۔
(الهَیْعَةُ) خوفناک آواز (۲) وہ آواز
جو ڈرانے والی ہو۔
– أرضٌ هَیْعَةٌ کشادہ اور ہموار زمین۔
(الهَیِّعُ) رجلٌ هَیِّعٌ لَیِّعٌ بزدل اور نکما
آدمی۔
(هَیْعَرَ) (دیکھئے هعر)
(تَهَیْعَرَتِ) المرأةُ (دیکھئے هعر)
(الهَیْعَرَةُ والهَیْعَرُونُ) (دیکھئے هعر)
(هَیِعَ) العامُ ۔ هَیَعًا سال کا پیداوار والا
ہونا۔
(أَهْیَعَ) القومُ لوگوں کا خوشحال ہونا۔
(هَیَّعَ) فلانٌ الثَّرِیدَةَ ثرید کو مرغن بنانا۔
– المطرُ الأرضَ بارش کا زمین کو خوب تر کر
دینا۔
(الأَهْیَعُ) بہت پانی (۲) پیداوار والا سال
(۳) زندگی کی فراخی و آسودگی۔
(الأَهْیَعَان) خوشحالی، زرخیزی (۲) کھانا پینا۔
خورد و نوش، طعام و شراب۔
(هَافَ) ورقُ الشجرِ ۔ هَیْفًا درخت کے
پتوں کا گرنا۔
– فلانٌ ۔ (یَهَافُ) هیافًا جلدی پیاسا ہونا
(۲) پیاس لگانے والی گرم ہوا سے پیاسا ہونا۔
– العبدُ هَیْفًا غلام کا بھاگ جانا۔
– الغلامُ لڑکے کا پتلی کمر اور نازک اندام والا
ہونا۔
– الإبلُ هِیَافًا وهُیَافًا پیاس کی شدت سے
اونٹوں کا اپنے منہ کھول کر جنوب کی گرم ہوا کی
طرف رخ کرنا۔
(هَیِفَ) الغلامُ ۔ هَیَفًا فهو أَهْیَفُ

Marfat.com

وهي هيفاءُ۔
(أَهَافَ) الرجلُ آدمی کے اونٹوں کا پیاسا ہونا۔
(اهْتَافَ) پیاسا ہونا۔
(تَهَيَّفَ) خشکی لانے والی گرم ہوا میں کھڑا ہونا۔
(اسْتَهَافَ) خشکی لانے والی گرم ہوا سے پیاسا ہونا۔
(المِهْيَافُ) وہ آدمی جس کو جلدی پیاس لگتی ہو اور وہ اس کو برداشت نہ کر سکے (۲) جلدی پیاسا ہونے والا (۳) خوش رفتار اونٹ وغیرہ۔
(الهافُ) من الرجال :المِهْيَافُ۔
(الهَافَةُ) جلد پیاسی ہونے والی اونٹنی۔
-ابلٌ هَافَةٌ جلد پیاسے ہونے والے اونٹ۔
(الهَيْفُ) پانی کو خشک کرنے والی نباتات کو سکھانے والی اور حیوانات کو پیاسا کرنے والی گرم ہوا۔
(الهَيْفَانُ) پیاسا (۲) جلدی اور زیادہ پیاسا ہونے والا۔
(الهَيُوفُ) من الرجال :المِهْيَافُ۔
(أَهْيَقَ) الظليمُ شتر مرغ کا بہت لمبا ہونا۔
(الأهْيَقُ) لمبی گردن والا۔
(الهَيْقُ) پتلا اور بہت لمبا (۲) نر شتر مرغ (ج) أهياقٌ وهُيُوقٌ۔
(الهَيْقَعَةُ) (دیکھئے هقع)
(الهَيْقَمُ) (دیکھئے هقم)
(الهيقمانيّ) (دیکھئے هقم)
(هَيْكَلَ الهَيْكَلُ الهيكلةُ) (دیکھئے هكل)
(هَالَ) فلانٌ الرَّملَ ونحوهُ-هَيْلاً ریت وغیرہ ڈالنا (۲) نچلے حصہ کو ہلا کر گرا دینا۔
(أَهَالَهُ) فلانٌ الشيءَ زور سے ڈالنا۔
(هَيَّلَ) فلانٌ الشيءَ زور سے ڈالنا۔
(انْهَالَ) عليه مٹی وغیرہ پر گرنا۔
-القومُ عليه کسی پر گالیاں اور مار کٹائی کرتے ہوئے ٹوٹ پڑنا۔
(تَهَيَّلَ) الشيءُ کسی چیز کا ٹوٹ کر گرنا۔

(الأَهْيَلُ) لگاتار گرنے والی مٹی یا ریت۔
(المَهِيلُ) گرایا جانے والا ریت۔قرآن مجید میں ہے (وكانت الجبال كثيبا مهيلا)
(الهَائِلُ) لگاتار گرنے والی مٹی یا ریت۔
(الهَالَةُ) (دیکھئے هول)
(الهَيَالُ) گری ہوئی ریت۔
(الهَيْلُ) گری ہوئی ریت۔
(الهَيْلانُ) ریت وغیرہ گرنے کا سلسلہ۔
(الهَيُولُ) باریک اڑتے ہوئے ذرات جو روشن دان سے سورج کی روشنی اندر داخل ہونے کے دوران دکھائی دیتے ہیں۔
(الهَيُولَى) ابتدائی یا خام مادہ یا کسی چیز کے اجزاء ترکیبیہ جس سے وہ تشکیل پاتی ہے جیسے کرسی کے لئے لکڑی۔ میخ کے لئے لوہا کپڑوں کی بنائی کے لئے روئی (۲) قدماء کے نزدیک وہ مادہ جس کی کوئی معینہ شکل وصورت نہ ہو اور اس میں مختلف اشکال وصورت قبول کرنے کی صلاحیت نہ ہو اور اسی سے خدا تعالیٰ نے عالم کے اجزاء مادیہ کی تخلیق کی ہے (۳) کسی تصویر یا مجسمہ کا ابتدائی خاکہ (۴) روئی۔
(الهَيُولَانِيُّ) مشروعٌ هَيُولَانِيٌّ ابتدائی منصوبہ۔رَسْمٌ هَيُولَانِيٌّ ابتدائی نقشہ جو ابھی بنیادی خطوط تک محدود ہو۔
(الهَيْلَكُونُ) (دیکھئے هلك)
(هَيْلَلَ) الرجلُ لا اله الا الله کہنا۔
(هَامَ) فلانٌ-هَيْمًا وهَيَمَانًا آوارہ مارا مارا پھرنا۔بے تعین منزل بھٹکتے ہوئے پھرنا۔
- في الأمرِ کسی معاملہ میں پریشان ومتردد ہونا۔قرآن مجید میں ہے (أَلَمْ تَرَ أَنَّهُمْ فِي كُلِّ وَادٍ يَهِيمُونَ)
-فلانٌ هُيَامًا کسی کو بہت پیاس لگنا۔
-بفلانة هُيَامًا وتَهْيَامًا کسی کی عشق ومحبت میں دیوانہ ہو جانا۔ هو هَائِمٌ (ج) هُيَّامٌ وهُيَّمٌ۔
(هَيَّمَ) الحبُّ فلانًا محبت کا کسی کو دیوانہ کر دینا۔
(اهْتَامَ) فلانٌ لنفسه اپنے لئے تدبیر واکتساب کرنا۔

(تَهَيَّمَ) فلانٌ عمدہ چال چلنا۔
-المرأةُ الرَّجُلَ عورت کا کسی کو اپنے عشق میں پھنسانا۔
(استَهَامَ) فؤادُ فلانٍ کسی کے دل کا عشق ومحبت میں دیوانہ ہونا۔
(الأَهْيَمُ) من الرجال و من الابلِ سخت پیاسا آدمی یا اونٹ۔ هي هيماء (ج) هِيمٌ قرآن مجید میں ہے (فَشَارِبُونَ شُرْبَ الْهِيمِ)
-لَيلٌ أَهْيَمُ تاریک رات۔
(الهَيَامُ) من الرَّمْلِ بہت باریک ریت جو چٹکی میں نہ ٹھہرے۔
(الهَيْمُ)هَيْمُ اللهِ اللہ کی قسم۔
(الهَيْمَانُ) انتہائی پیاسا (۲) دیوانہ عشق۔
(الهَيُومُ) حیران وسرگردان۔
(هَيْمَنَ) آمین کہنا۔
-عَلى كذا کسی پر مسلط ہونا چھا جانا۔قابض ہونا۔
-الطائرُ وعلى فراخِهِ پرندہ کا چوزوں پر پر پھیلانا۔
(المُهَيْمِنُ) خدا تعالیٰ کا نام۔(اسم صفت) یعنی وہ ذات جو ہر چیز پر حاوی اور قابض ہے اور ہر چیز کی حفاظت اور نگرانی کرنے والی ہے قرآن مجید میں ہے (مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتَابِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ)۔
(الهَيْمَخْلُوبِينُ) خون کا ایک سرخ مادہ (ج)
(الهَيْنَغُ) (دیکھئے هنغ)
(هَيْنَمَ) (دیکھئے هنم)
(المُهَيْنِمُ) (دیکھئے هنم)
(الهَيْنَامُ) (دیکھئے هنم)
(الهَيْنَمُ) (دیکھئے هنم)
(الهَيْنَمَانُ) (دیکھئے هنم)
(الهَيْنُومُ) (دیکھئے هنم)
(هَاهَى) فلانٌ بالابلِ اونٹوں کو پکارنا جھڑکنا (۲) اونٹوں کے ساتھ رہنا۔
-الكلابَ کتوں کو ڈانٹنا۔

Marfat.com

(هَاهْ): ڈرانے کی آواز (۲) ہنسنے کی آواز (۳) نوحہ خواں کی آواز (۴) جمائی کی آواز۔ حدیث میں ہے (فاذا تثاء ب احدکم فلیرده ما استطاع ولا یقولون هاه هاه)
(الهَيْهُ): گندا آدمی جس کے کپڑوں کی گندگی کے باعث اسے دور رکھا جائے۔
(هيه هيه) کسی چیز سے تنفر اور اسے دور کرنے کے لئے کہا جاتا ہے (۲) مزید کی فرمائش کے لئے بولا جانے والا کلمہ۔
(هَيْهَاتِ) اسم فعل بمعنی جلدی کرو۔ قرآن مجید میں ہے (هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ)۔
(هَيَا): حرف نداء ہے اس کی اصل أیا ہے۔
-هَيَاهَيَا: اونٹوں کو ڈانٹنے کا لفظ۔
(هَيِّ): اسم فعل امر بمعنی جلدی کرو۔ اس کے ساتھ کاف خطاب لگتا ہے جیسے هياك يا رجلِ: جناب جلدی کیجئے۔
-هَيّ بن بَيّ: نامعلوم شخص کے بارے میں جو خود بھی غیر معروف ہو اور اس کا باپ بھی مجہول ہو۔
(هَيَّا هَيَّا) سواری کے جانوروں کو تیز چلنے پر ابھارنے کے لئے بولا جانے والا کلمہ۔
(هَيَّا) برائے نہی لیکن اس کے ساتھ کاف خطاب ہوتا ہے۔ بمعنی الگ رہ جیسے هيّاك وزیدًا: زید سے الگ رہ۔
(هَيَّانُ): مَا هَيَّانُ هَذَا: اس شخص کا کیا معاملہ ہے۔
-هَيَّانُ بْنُ بَيَّانٍ ایسے شخص کے بارے میں جو خود بھی مجہول ہو اور اس کا باپ بھی معلوم نہ ہو۔

Marfat.com

و

(الوَاوُ) حروف تہجی کا ستائیواں حرف اس میں صفت جہر پائی جاتی ہے اور یہ حروف متوسطہ سے شمار ہوتا ہے۔ اس کی اصل وَیو ہے اس کا الف یاء سے بدلا ہوا ہے کہتے ہیں وَیَّیْتُ وَاوًا حَسَنَةً میں نے خوبصورت واؤ لکھا ہے۔ یہ کلام میں کبھی اصل حرف ہوتا ہے جیسے وَعَدَ اور کبھی زائد ہوتا ہے جیسے منصورٌ اور کبھی دوسرے حرف سے بدلا ہوتا ہے جیسے یُوْذَنُ واؤ مفردہ کا استعمال چند طریقوں پر ہے۔ ۱۔ عاطفہ یہ مطلق جمع کے لئے ہے کبھی شے کا عطف اس کے ساتھ والی شے پر کیا جاتا ہے جیسے (فَاَنجَیْنٰهُ وَاَصْحَابَ السَّفِیْنَةِ) کبھی اس سے پہلے والی شے پر جیسے (وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرَاهِیْمَ) اور کبھی اس شے کے لاحق پر جیسے (كَذٰلِكَ یُوْحِیْ اِلَیْكَ وَاِلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكَ) واؤ کے معطوف اور معطوف علیہ میں تقارب یا تراخی بھی جائز ہے۔ جیسے (اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَیْكَ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ)۔

۲۔ واو استیناف یعنی واو کا مدخول ماقبل سے الگ اور مستقل کلام ہوتا ہے۔ جیسے (لِنُبَیِّنَ لَكُمْ وَنُقِرُّ فِی الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ)۔

۳۔ واو حالیہ یہ جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ دونوں پر داخل ہوتا ہے اور اس کا مدخول ماقبل میں مذکور فاعل کے لئے حال ہوتا ہے جیسے جاءَ فلانٌ والشمسُ طالعةٌ یا جاء فلانٌ وقد طلعت الشمس۔

۴۔ واو مفعول معہ یہ اپنے مدخول مابعد کو نصب دیتا ہے جیسے سِرْتُ وَالنِّیْلَ۔

۵۔ مضارع منصوب پر داخل ہونے والا واو جو اسم صریح پر عطف کے لئے آتا ہے۔ جیسے "وَلُبْسُ عَبَاءَةٍ وَتَقَرَّ عَیْنِیْ"۔ یا اسم مؤول پر عطف کے لئے جیسے "لَا تَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَتَاْتِیَ مِثْلَهٗ"۔ اس میں واو سے پہلے نفی یا طلب کا ہونا ضروری ہے۔

۶۔ واو قسم یہ صرف اسم ظاہر پر داخل ہوتا ہے اور یہ صرف محذوف فعل سے متعلق ہوتا ہے جیسے "وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ"۔

۷۔ وہ واو جس کا دخول و خروج یکساں ہو (واو زائدہ) جیسے (حَتّٰى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا) یہ واو اِلَّا کے بعد بھی آتا ہے اور اس حکم کی تاکید کرتا ہے جس کا اثبات مطلوب ہو جیسے "مَا مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَلَهٗ طَمَعٌ اَوْ حَسَدٌ"۔

۸۔ واو ثمانیہ اسے بہت سے ادباء نحوین اور مفسرین نے ذکر کیا ہے ان کے خیال کے مطابق عرب کہتے ہیں سِتَّةٌ سَبْعَةٌ وَثَمَانِیَةٌ ان کا یہ قول اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ سات عدد تام ہے اور اس کے بعد عدد مستانف ہے ان کی دلیل یہ ہے (سَیَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ الٰی قوله تعالٰی (سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ)

۹۔ وہ واو جو اس جملہ پر داخل ہوتا ہے جس سے ماقبل کی صفت بیان کی جاتی ہے اور اس کا مقصد موصوف کے ساتھ اس جملہ کے لصوق و اتصال کی تاکید ہوتا ہے (عَسٰى اَنْ تَكْرَهُوْا شَیْئًا وَّهُوَ خَیْرٌ لَّكُمْ) الخ بعض نحویوں نے اس واو کو حالیہ کہا ہے۔

۱۰۔ واو ضمیر المذکور۔ جمع مذکر کے صیغہ میں آنے والی واو جیسے اَلرِّجَالُ قَامُوْا۔

۱۱۔ واو الفصل یہ واو صرف لکھنے میں آتا ہے جیسے عَمْرٌو کا واو حالت رفع اور جر میں صرف عُمَر سے ممتاز کرنے کے لئے لکھا جاتا ہے ایسے ہی فرق جیسے اولئک اور اُولِی میں حرف عطف میں واو عاطفہ کو پندرہ احکام میں انفرادیت و امتیاز حاصل ہے۔

(وَقَّحَ) حَافِرَ الدَّابَّةِ: پگھلی ہوئی چربی کے ذریعے پتلا ہو جانے والے کھر کو سخت کرنا۔
-الحَوْضَ: مرمت کرنا' درست کرنا۔
(تَوَقَّحَ): ٹھوس اور سخت ہونا۔
-الرَّجُلُ: وَقُحَ۔
(اِسْتَوْقَحَ) الحَافِرُ: وَقُحَ۔
(المُوَقَّحُ) رَجُلٌ مُوَقَّحٌ: آفات اور مصائب برداشت کر کے تجربہ کار ہو جانے والا شخص۔
بَعِيرٌ مُوَقَّحٌ: کام کی وجہ سے تھکاوٹ کا شکار اونٹ۔
(وَقَدَتِ) النَّارُ۔ (تَقِدُ) وَقْدًا ووُقُودًا وَقِدَةً ووَقَدَانًا: آگ بھڑکنا۔
-الشَّيْءُ: چمکنا۔ وَقَدَتْ بِكَ زِنَادِي بطور دعا کہتے ہیں۔
(أَوْقَدَ) النَّارَ: آگ جلانا۔
-اللّٰهُ نَارًا أَثَرَهُ: (بددعا) اللہ اس کے نشانات کو جلا دے یعنی وہ اب واپس نہ آئے۔
(وَقَّدَ) النَّارَ: آگ جلانا۔
(اتَّقَدَتِ) النَّارُ: آگ جلنا۔
(تَوَقَّدَتِ) النَّارُ: آگ جلنا۔
-الكَوْكَبُ: ستارہ کا چمکنا۔
-فلانٌ: ذہین اور پھرتیلا ہونا (۲) خوش طبع ہونا (۳) بھڑکنا۔
-فلانٌ النَّارَ: آگ جلانا۔
(اِسْتَوْقَدَتِ) النَّارُ: آگ جلنا۔

Marfat.com

-النَّارَ آگ بھڑکانا۔
(المُسْتَوْقَدُ) آگ جلانے کی جگہ (ج) مَوَاقِدُ۔
(المَوْقِدُ) آگ کی جگہ (۲) چولہا' اسٹوز انگیٹھی (ج) مَوَاقِدُ۔
(المِيْقَادُ): زَنْدٌ مِيْقَادٌ: جلدی آگ دینے والا چقماق۔
(الوِقَادُ) ایندھن' ہر وہ چیز جس میں آگ جلائی جائے۔
(الوَقَدُ) آگ (۲) آگ کی بھڑک۔
(الوَقْدَةُ) گرمی کی شدت۔ طَبَخَتْهُمْ وَقْدَةُ الصَّيْفِ موسم گرما کی شدت نے انہیں بھون ڈالا۔
(الوَقَّادُ) مبالغہ کا صیغہ بہت روشن' بہت ذہین' بہت پھرتیلا (۲) آگ جلانے والا (۳) ٹرین کے انجن میں ایندھن ڈالنے والا ملازم (ج) (۴) قندیلیں روشن کرنے والا ملازم (مو)
-قَلْبٌ وَقَّادٌ روشن دل۔
-رَجُلٌ وَقَّادٌ: ذہین' تیز دماغ والا' پھرتیلا آدمی۔
(الوَقُوْدُ) ایندھن' ہر وہ چیز جس میں جلنے سے حرارتی توانائی پیدا ہو۔
(الوَقِيْدُ) ایندھن
(وَقَذَ) فلانًا- (يَقِذُهُ) وَقْذًا اتنا مارنا کہ مرنے کے قریب ہو جائے (۳) پچھاڑنا (۴) غمگین اور دکھی کر دینا جیسے وَقَذَهُ الغَمُّ والمَرَضُ۔
-فلانًا النُّعَاسُ اس پر نیند کا غلبہ آنا۔
(وَقَذَتِ) النَّاقَةُ اونٹنی کو زبردستی اتنا دوھنا کہ اس کا ۔۔۔ کم ہو جائے۔
(أَوْقَذَهُ) بیمار کر کے چھوڑنا۔
(وَقَّذَ) الصِّرَارُ النَّاقَةَ تسمہ کا زور سے باندھا جانے کی وجہ سے تھن پر نشان ڈال دینا۔
(المَوْقِذُ) بدن کا کوئی ابھرا ہوا حصہ جیسے ٹخنہ' کندھا' کہنی اور گھٹنا وغیرہ (ج) مَوَاقِذُ۔
-ضَرَبَهُ عَلَى مَوْقِذٍ مِنْ مَوَاقِذِهِ اس کے اس کے ابھرے ہوئے حصہ پر مارا۔
(المَوْقَذَةُ): وہ اونٹنی جس کے تھن میں بڑا ہونے کی وجہ سے دودھ کم اترتا ہو اور بچہ کے دودھ پینے سے اس کے تھن پر ورم پڑ جائے۔
(المَوْقُوْذُ) ایسا سخت مریض جو مرنے کے قریب ہو۔
(المَوْقُوْذَةُ): وہ بکری جسے ڈنڈا مار کر ہلاک کر دیا گیا ہو۔
(الوَقِيْذُ) ایسا بے ہوش جس کے زندہ اور مردہ ہونے کا علم نہ ہو (۲) سست و کاہل (۳) بوجھل (۴) ایسا سخت بیمار جو مرنے کے قریب ہو (۵) وہ بکری جس کو ڈنڈا مار کر ہلاک کر دیا گیا ہو۔
-وَقِيْذُ الجَوَانِحِ غمگین دل والا۔ هِيَ وَقِيْذَةٌ (ج) وَقَائِذُ۔
(الوَقِيْذَةُ) پتھروں کا فرش (ج) وَقَائِذُ۔
(وَقِرَتْ) أُذُنُهُ- (تَقِرُ) وَقْرًا ساعت کا ثقیل ہونا (۲) بہرا ہونا۔
-فلانٌ وَقَارًا و قِرَةً: باوقار اور سنجیدہ ہونا۔
-فِي بَيْتِهِ وَقْرًا وَقُوْرًا: گھر میں رہنا۔
-الشَّيْءُ فِي قَلْبِهِ وَقْرًا: کسی چیز کا دل میں گھر کر جانا۔ راسخ ہو جانا۔
-اللهُ أُذُنَهُ ساعت کو بوجھل کر دینا یا ختم کر دینا۔ وَقِرَتْ أُذُنِي عَنْ سِمَاعِ كَلَامِهِ میرا کان اس کا کلام نہ سن سکا۔
-فُلَانٌ العَظْمَ ہڈی توڑنا۔
(وَقِرَتْ) أُذُنُهُ- (تَوْقَرُ) وَقْرًا وَقَرَتْ۔
-الدَّابَّةُ چوپائے کے کھر کا چوٹ لگ کر پھٹ جانا۔
(وَقُرَ) فلانٌ- (يَوْقُرُ) وَقَارًا و وَقَارَةً سنجیدہ اور باوقار ہونا۔ هُوَ وَقُوْرٌ۔
(أَوْقَرَتِ) النَّخْلَةُ کھجور کے درخت پر خوب پھل آیا۔
-الدَّيْنُ فلانًا قرض کا کسی کو بوجھل کر دینا۔
-اللهُ الدَّابَّةَ اللہ تعالی کا جانور کے کھر کو پھٹا ہوا بنانا۔
-فلانٌ الدَّابَّةَ إِيْقَارًا جانور پر بہت وزنی بوجھ لادنا۔
(وَقَّرَ) فُلَانًا باوقار اور سنجیدہ بنانا (۲) عظمت دینا' عزت کرنا۔
-الشَّيْءَ نشانات پیدا کرنا۔
-الأَسْفَارُ فُلَانًا: بہت سے سفروں کا کسی کو تجربہ کار اور پختہ کار بنا دینا۔
-فُلَانٌ الدَّابَّةَ: جانور کو آرام دینا' سانس لینے دینا۔
-فُلَانًا: زخمی کرنا۔
(اتَّقَرَ و تَوَقَّرَ) باوقار اور سنجیدہ ہونا۔
(اسْتَوْقَرَ) بھاری وزن اٹھانا۔
-الإِبِلُ اونٹوں کا موٹا ہونا۔
(القِرَةُ): بوجھ (۲) بیماری کا عرصہ (۳) بہت بوڑھا (۴) اہل وعیال (۵) مال (۶) بکریاں (۷) چھوٹی بھیڑوں کا ریوڑ جس کے ساتھ چرواہا اس کا گدھا اور کتا ہو۔
(المَوْقِرُ) پہاڑ کے دامن کی نرم زمین۔
(المُوْقِرُ) نَخْلَةٌ مُوْقِرٌ کھجوروں سے لدا ہوا درخت (ج) مَوَاقِرُ۔
(المُوْقَرُ) المُوْقَرُ (ج) مَوَاقِرُ۔
(المُوَقَّرُ) مصائب اور تکالیف کی وجہ سے تجربہ کار آدمی (۲) پختہ کار عقلمند آدمی (۳) باوقار و سنجیدہ آدمی۔
(المُوْقَرَةُ) نَخْلَةٌ مُوْقَرَةٌ کھجور کا کھجور سے لدا ہوا درخت۔
(المَوْقُوْرُ) نشانات پڑی ہوئی چیز۔ جیسے شَيْءٌ مَوْقُوْرٌ۔
(المَوْقُوْرَةُ) أُذُنٌ مَوْقُوْرَةٌ کمزور ساعت والا کان۔
(الوَقَارُ) وقار' سنجیدگی' متانت۔ (۲) بردباری' حلم (۳) عظمت جیسے -رَجُلٌ وَقَارٌ۔ (وصف بالمصدر)
(الوَقْرُ) پنڈلی کی پھٹن (۲) پتھر' ہڈی اور آنکھ کا گڑھا (ج) وُقُوْرٌ۔
(الوِقْرُ) بھاری بوجھ (ج) أَوْقَارٌ۔
(الوَقُوْرُ) رَجُلٌ وَقُوْرٌ سنجیدہ اور بردبار آدمی۔
(الوَقْرَةُ): (اسم مرة) ایک مرتبہ کا وقار و سنجیدگی (۲) چٹان کا گڑھا (۳) نشان' اثر۔

Marfat.com

-وَقْرَةُ الدَّهْرِ: زمانہ کی مصیبتیں و آفات (ج) وَقَرَاتٌ۔
(الوَقَرِیُّ): بھیڑوں اور بکریوں کا چرواہا (۲) بھیڑ بکریوں کا مالک۔
(الوَقُوْرُ): باوقار اور سنجیدہ مرد یا عورت۔ (مذکر و مؤنث)
(الوَقِیْرُ): المَوْقُوْرُ (۲) پھٹی ہوئی ہڈی (۳) وہ بکریاں جن کے ساتھ چرواہا، کتا اور گدھا ہو (۴) چٹان کا بڑا گڑھا جس میں پانی ٹھہر جاتا ہو۔ رَجُلٌ وَقِیْرٌ: قرض کے بوجھ میں دبا ہوا آدمی۔
(الوَقِیْرَةُ): چٹان کا بڑا گڑھا جس میں پانی ٹھہر جاتا ہو۔ اُذُنٌ وَقِیْرَةٌ: بہرا یا کمزور سماعت والا کان۔
(وَقَسَ) فُلَانًا بِالْمَکْرُوْہِ۔ (یَقِسُہٗ) وَقْسًا: کسی پر الزام لگانا، تہمت لگانا۔
-الفاحِشَةَ: بدگوئی کرنا۔
(وَقَسَ) الإِبِلَ: اونٹوں کو خارشی بنانا۔
(الأَوْقَاسُ) من الناس: گرے پڑے اور غلام لوگوں کی جماعت (۲) مشکوک اور الزام زدہ لوگ جن سے احتراز کیا جائے (اس کا واحد نہیں ہے)۔ صَارَ الْقَوْمُ اَوْقَاسًا: وہ گروہ بن گئے۔
(الوَقْسُ): ابتدائی خارش۔
(وَقَشَ) الرَّسْمُ۔ (یَقِشُ) وَقْشًا: نشان مٹ جانا۔
-فلانٌ مِنْ فُلَانٍ: کسی سے عطیہ حاصل کرنا۔
-لَهٗ بِشَیْءٍ: کسی کو کچھ دینا۔
(أَوْقَشَ) لَهٗ بِشَیْءٍ: کسی کو کچھ دینا۔
(وَقَّشَ) بِالنَّارِ: آگ میں تپانا۔
(تَوَقَّشَ) الشَّیْءُ: حرکت کرنا۔
(الأَوْقَاشُ): اوباش اور آوارہ لوگوں کا گروہ۔
(الوَقْشُ): حرکت (۲) آواز (۳) حس آہٹ جیسے سَمِعْتُ وَقْشَہٗ (۴) لکڑی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو جلانے کے کام آئیں۔ (۵) عیب۔
(الوَقْشَةُ): حرکت (۲) آواز۔

(وَقَصَت) عُنُقُهٗ۔ (تَقِصُ) وَقْصًا: گردن ٹوٹنا۔
-النَّاقَةُ بِرَاكِبِهَا: اونٹنی کا اپنے سوار کو اس طرح گرانا کہ اس کی گردن ٹوٹ جائے۔
-الشیءَ: توڑنا۔
-عُنُقَهٗ: گردن توڑنا۔
-الفَرَسُ الاکَامَ: گھوڑوں کا ٹیلوں کے سروں کو توڑنا۔
-عُنُقَهُ الدَّیْنُ: قرض کا کسی کو بوجھل کر دینا۔
-الشَّیْءَ فُلَانٌ: نقص نکالنا۔ عیب دار کرنا۔
-رَأْسَهٗ: سر کو بہت زور سے دبانا۔
(وُقِصَ): ٹوٹی ہوئی گردن والا ہونا۔
(وَقِصَ)۔ (یَوْقَصُ) وَقْصًا: چھوٹی گردن والا ہونا۔ هُوَ اَوْقَصُ وهي وَقْصَاءُ۔
-عُنُقٌ اَوْقَصُ وعُنُقٌ وَقْصَاءُ (ج) وُقْصٌ۔
(أَوْقَصَهٗ): کسی کو چھوٹی گردن والا بنانا۔
(وَقَّصَ) عَلٰی نَارِہٖ: آگ پر لکڑی کے ٹکڑے ڈالنا۔
(تَوَاقَصَ): چھوٹی گردن جیسا بن جانا۔
-عَلٰی بُرْدَتِہٖ: خود کو سمیٹ کر چادر کو گرنے سے بچانے کے لئے گردن پر ڈالنا۔
(تَوَقَّصَ) بِہٖ فَرَسُهٗ: چھوٹی چھلانگ لگانا۔
-البَعِیْرُ: اونٹ کا دبا دبا کر قدم رکھنا۔
(الأَوْقَاصُ) (جمع وقص): (۲) منتشر اور بکھرے ہوئے لوگ جیسے صَارُوْا اَوْقَاصًا (۳) گھٹیا اور نیچی ذات کے لوگ۔ جیسے اَوْقَاصٌ مِنْ بَنِیْ فُلَانٍ۔
(المَوْقُوْصُ): چھوٹی گردن والا۔
(الوَقْصُ): عیب و نقص (۲) اہل عروض کی اصطلاح میں مُتَفَاعِلُنْ میں متحرک حرف ثانی کو ساقط کرنے کو کہتے ہیں۔
(الوَقَصُ): بمعنی وَقْص (۲) چھوٹی چھوٹی لکڑی جن سے آگ سلگائی جاتی ہے (۳) اوقاص کا واحد زکوٰۃ میں دو مریضوں کے درمیانی حصہ کو کہتے ہیں جیسے اونٹ جب تک پانچ ہو تو ایک بکری لازم ہوگی اور جب تک ان کی تعداد دس نہ ہو تو کوئی اضافہ نہ ہوگا، پس پانچ سے دس تک وَقَصٌ ہے۔ بعض علماء نے وقص کو گائے کے ساتھ خاص کیا ہے۔
(الوَقِیْصَةُ): گردن کی جڑ کی ہڈیوں کا ابھار (ج) وَقَائِصُ۔

(وَقَطَهٗ)۔ (یَقِطُهٗ) وَقْطًا: اتنا مارنا کہ اٹھنے کے قابل نہ رہے۔
-فُلَانًا دَابَّتُهٗ: جانور کا کسی کو گرا کر بے ہوش کر دینا۔
-فُلَانًا: کسی کا سر نیچا کر کے ٹانگوں کو اٹھا کر سات مرتبہ نرم پتھر پر مارنا (یہ پہلے زمانہ ایک خاص طریقہ علاج تھا)۔
-الأَرضَ بِہٖ: پچھاڑنا، زمین پر پٹخنا۔
-الشیءُ فُلَانًا: سست اور بوجھل بنا دینا (۲) سلا دینا۔ اَکَلْتُ طَعَامًا وَقَطَنِیْ: میں نے نیند لانے والا کھانا کھایا۔
(وُقِطَ) فِیْ رَأْسِہٖ: سر بھاری ہو جانا۔
(وَقَّطَ) الصَّخْرُ: چٹان میں گڑھا پڑنا۔
(اسْتَوْقَطَ) المَکَانُ: لوگوں یا جانوروں کی آمد و رفت سے کسی جگہ گڑھا پڑنا۔
(المَوْقُوْطُ): زمین پر پٹخا ہوا (۲) مار سے نڈھال اور بوجھل ہونے والا۔
(الوَقْطُ): وہ سخت گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے (ج) اَوْقَاطٌ۔
(الوَقِیْطُ): زمین پر پچھاڑا ہوا (۲) مار یا زخموں سے نڈھال اور بوجھل ہونے والا۔ هی وَقِیْطٌ (ج) وَقْطٰی وَقَاطٰی (۳) نیند از جانے کی وجہ سے بھاری اور بوجھل ہو جانے والا (۴) سخت گڑھا جس میں بارش کا پانی اکٹھا ہو جائے (ج) وِقْطَانٌ ووِقَاطٌ واِقَاطٌ۔
(وَقَعَ)۔ (یَقَعُ) وَقْعًا ووُقُوْعًا گرنا۔
-الدَّوَابُّ جانوروں اور اونٹوں کا زمین پر بیٹھنا۔
-الإِبلُ: اونٹوں کا بیٹھنا۔
-الطَّیْرُ عَلٰی اَرْضٍ اَوْ شَجَرٍ پرندوں کا درخت یا زمین پر بیٹھنا۔
-المَطَرُ بِالأَرْضِ: بارش ہونا۔

Marfat.com

-الحَقُّ: حق ثابت ہونا۔
-القَوْلُ عَلَیْہِ: کسی پر قول لازم ہونا۔
-الکَلَامُ فِیْ نَفْسِہٖ: بات کا کسی کے دل میں اثر کرنا۔
-فلانٌ فِی فلانٍ وَقِیْعَةً ووُقُوْعًا: کسی کو برا بھلا کہنا' غیبت کرنا (۲) عیب نکالنا۔
-فِی العَمَلِ وُقُوْعًا: کام شروع کرنا (۲) کسی کام کو آہستگی سے کرنا۔
-فِی الشَّرَكِ: جال میں پھنسنا۔
-فِی أَرْضِ فَلَاةٍ: کھلے جنگل میں آ جانا۔
-اِلٰی کَذَا وَقْعًا: کسی چیز کی طرف دوڑنا۔
-بِالْعَدُوِّ وَقْعًا ووَقْعَةً: دشمن پر سخت حملہ کرنا۔
-الأَمْرُ مِنْ فُلَانٍ مَوْقِعًا حَسَنًا او سَیِّئًا: کسی کام کا کسی پر اچھا یا برا اثر ڈالنا۔
-عِنْدَہٗ مَوْقِعًا حَسَنًا: کسی کا قرب اور توجہ حاصل کرنا۔
-فلانٌ البَعِیْرَ وَقْعًا: اونٹ کی کھوپڑی پر داغ دینا۔
-النَّصْلَ بِالمِیْقَعَةِ: دھار بنانے والے آلہ سے پھلکے کو تیز کرنا۔
-السِّکِّیْنَ وَالسَّیْفَ: تیز کرنا۔
-الحِجَارَةُ الحَافِرَ: پتھروں کا جانور کے کھر کے گھس کو پتلا کر دینا۔ هُوَ وَقِیْعٌ۔
-النَّعْلُ عَلَی الرِّجْلِ: جوتے کا پاؤں میں ٹھیک آنا۔
(وَقِعَ)- (یَوْقَعُ) وَقَعًا: ننگے پاؤں ہونا (۲) کانٹوں' پتھروں یا زمین کی سختی سے پاؤں کے گوشت میں تکلیف ہونا۔ هُوَ وَقِعٌ۔
(وَقُعَ) فِی یَدِہٖ: نادم ہونا۔
(أَوْقَعَ) المُغَنِّی: گویے کا گانے کے سر کو برابر کرنا۔
-فُلَانٌ بِالأَعْدَاءِ: دشمنوں سے سخت جنگ کرنا۔
-بِفُلَانٍ مَا یَسُوْءُہٗ: کسی کو تکلیف پہنچانا۔
-بِہِ الدَّهْرُ: زمانہ کا کسی پر مصیبت ڈالنا۔
-الرَّوْضَةُ: باغ میں پانی رک جانا۔
-فُلَانٌ الشَّیْءَ: گرانا' وجود میں لانا۔

(وَاقَعَہٗ) مُوَاقَعَةً ووِقَاعًا: کسی سے لڑائی کرنا۔
-الأُمُوْرَ: معاملات سے قریب تر ہونا' ان میں شرکت کرنا۔
-المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
(وَقَّعَ) الرَّجُلُ: ہاتھ اٹھائے ہوئے پاؤں مار کر چلنا۔
-القَوْمُ: لوگوں کا رات کے آخری حصہ میں پڑاؤ ڈالنا۔
-الإِبِلُ: سیرابی کے بعد اونٹوں کا آرام سے زمین پر بیٹھنا۔
-فِی الْکِتَابِ: کتاب میں بین السطور لکھنا۔
-الصَّیْقَلُ عَلَی السَّیْفِ: پالش کنندہ کا دھار رکھنے کے آلہ سے تلوار کو تیز کرنے میں مشغول ہونا۔
-العقدَ وَ الصَّكَّ: معاہدہ یا دستاویز وغیرہ پر دستخط کرنا۔ (مو)
-الشیءَ: گمان کرنا۔ تصور کرنا۔
-ظَنَّہٗ عَلَی الشَّیْءِ: اندازہ لگانا۔
-الحِجَارَةُ الحَافِرَ: پتھروں کا کھر کو پتلا کر دینا۔
-الدَّبَرُ ظَهْرَ البَعِیْرِ: کاٹھی کا اونٹ کی پیٹھ کو زخمی کر دینا۔
(تَوَاقَعَ) الأَعْدَاءُ: دشمنوں کا ایک دوسرے پر ٹوٹ پڑنا۔
-الرَّجُلَانِ: باہم مار کٹائی کرنا۔
(تَوَقَّعَ) الأَمْرَ: کسی چیز کے وقوع پذیر ہونے کا انتظار کرنا۔
(اسْتَوْقَعَ) السَّیْفُ: تلوار کو تیز کرنے کی ضرورت ہونا۔
-فلانٌ الأَمْرَ: کسی بات کی امید رکھنا (۲) کسی بات کا خدشہ ہونا۔
(الإِیْقَاعُ) موسیقی میں سروں کی ہم آہنگی' تال' لے۔
(التَّوْقِیْعُ) کسی جگہ بارش کا ہونا اور کسی جگہ نہ ہونا (۲) افسر کا کسی کاغذ پر فیصلہ یا تنبیہ (۳) دستخط (مو) (۴) خط کی ایک قسم (۵) ہاتھ اٹھا کر چلنے کی قسم (ج) تَوَاقِیْعُ۔
(المَوْقِعُ): مقامُ جائے وقوع۔ جیسے وَقَعَ الشیءُ مَوْقِعَہٗ (ج) مَوَاقِعُ۔
-مَوَاقِعُ القِتَالِ: جنگ کا مقام۔
-مَوَاقِعُ القَطْرِ: بارش برسنے کے مقامات۔
(المَوْقِعَةُ): مقامُ جائے وقوع (۲) لگاتار اور مسلسل جنگ۔ (مو)
(المَوْقَعَةُ): جائے وقوع (۲) جنگ کا میدان (ج) مَوَاقِعُ۔
(المُوَقَّعُ): مصیبت زدہ۔ آفات کا شکار (۲) وہ اونٹ جس پر کاٹھی کے بہت سے نشانات ہوں (۳) جاری راستہ (۴) تیز چھری۔
(المُوَقِّعُ): ہلکے قدم رکھنے والا (۲) دستخط کنندہ۔
(المَوْقُوْعُ): حَافِرٌ مَوْقُوْعٌ: پتھروں سے زخمی اور پتلا کھر۔
(المَوْقُوْعَةُ): قَدَمٌ مَوْقُوْعَةٌ: سخت اور موٹا پاؤں۔
(المِیْقَعَةُ): باز کے اترنے کی مانوس جگہ (۲) دھوبی کا کپڑے کوٹنے کا تختہ (۳) دھار رکھنے کا پتھر' آلہ (۴) موگری (۵) اونٹ کے بچہ کو لاحق ہونے والی بیماری جس سے وہ اٹھ نہیں سکتا یہ بیماری چیچک کے مشابہ ہوتی ہے (ج) مَوَاقِعُ۔
(الوَاقِعُ): چکی کے پتھر کو کھردرا کرنے والا۔ چکی رہا (ج) وَقَعَةٌ (۲) پیش آمدہ۔ حاصل' ثابت۔ جیسے أَمْرٌ وَاقِعٌ۔ طَائِرٌ وَاقِعٌ: درخت وغیرہ پر بیٹھا ہوا پرندہ۔ (ج) وُقُوْعٌ ووُقَّعٌ۔
-اِنَّہٗ لَوَاقِعُ الطَّیْرِ: معتدل مزاج۔ پرسکون۔
-النَّسْرُ الوَاقِعُ: (دیکھئے نسر)
(الوَاقِعَةُ): قیامت (۲) مصیبت' آفت (۳) لگاتار لڑائی۔ رَجُلٌ وَاقِعَةٌ: بہادر آدمی (۴) ہر رونما ہونے والی چیز' حادثہ' واقعہ (ج)
(الوَاقِعِیَّةُ): حقیقت پسندی (زندگی کے فطری احوال و واقعات کی دیانتدارانہ منظر کشی) معاشرہ کے حالات کی حقیقی تصویر اور حقائق پر مبنی نقطہ نظر (مج) (۲) افکار و خیالات اور

Marfat.com

احوال وحوادث کا بعینہٖ اظہار۔(مو)

(الوَقَائِعُ): احوال و حوادث (اس کا واحد وَقْعۃ خلافِ قیاس ہے)

(وَقَاعِ): سر کے دو کناروں کے درمیان گول داغ۔ عوف ابن احوص شاعر کہتا ہے

وكُنْتُ اِذَا مُنِيْتُ بِخَصْمِ سَوْءٍ
وكُنْتُ لَهٗ فَأَكْوِيهِ وقاعِ

(الوِقَاعَةُ): پردہ چھوڑتے وقت زمین پر اس کا کنارہ لگنے کی جگہ۔

(الوَقْعُ): قدموں کی آواز آہٹ (۲) کسی چیز کے گرنے یا چوٹ پڑنے کی آواز (۳) پہاڑ کی بلند جگہ (۴) پتلا بادل (۵) اصل رنگ کے برخلاف نشان (۶) چھوٹی کنکریاں۔

(الوَقِعُ): پتلا بادل (۲) پریشان و بے چین مریض۔

(الوَقْعَةُ): اسم مرۃ' وقوع (۲) پرندہ کا ایک دفعہ کا بیٹھنا (۳) چھوٹی کنکری۔

-الوَقْعَةُ بالحَرْبِ: لڑائی کا تسلسل اور بار بار کا ٹکراؤ۔

-وَقْعَةُ السَّيْفِ: تلوار کا وار۔

(الوَقَعَةُ): پتھر (وَقَعٌ کا واحد)

(الوَقَّاعُ): لوگوں کی غیبت کرنے والا۔ رَجُلٌ وَقَّاعٌ۔

(الوَقَّاعَةُ) الوَقَّاعُ۔

(الوَقِيعُ): ٹھوس و سخت جگہ جس میں پانی جذب نہ ہوتا ہو۔ (۲) کسی رنگ کا دھبا (ج) وُقُعٌ۔

-سَكِّينٌ وَقِيعٌ: تیز چھری۔

-حَافِرٌ وَقِيعٌ: سخت کھر (۲) پتھروں کی رگڑ سے نوکیلا ہو جانے والا کھر۔

(الوَقِيعَةُ): زمین کا وہ سخت گڑھا جو پانی جذب نہ کرتا ہو (۲) لوگوں کی غیبت (۳) لڑائی میں بار بار کا ٹکراؤ۔

-وَقِيعَةُ الطَّيْرِ: پرندے کے عموماً اترنے اور بیٹھنے کی جگہ (ج) وِقَاعٌ و وَقَائِعُ۔

-وَقَائِعُ الحَرْبِ: لڑائی کے دن۔

(وَقَفَ)ِ۔ وُقُوفًا: بیٹھے ہوئے کا کھڑا ہونا (۲) چلتے ہوئے ٹھہرنا۔

-عَلَى الشيءِ: معائنہ کرنا۔

-فِي المَسْأَلَةِ: شک کرنا۔

-عَلَى الكَلِمَةِ: کلمہ پر وقف کرنا۔

-الحَاجُّ بِعَرَفَاتٍ: حاجی کا میدان عرفات میں وقوف کرنا۔ یا اس کے وقت کو پانا۔

-فلانٌ عَلَى مَا عِنْدَ فُلَانٍ: کسی کے ارادہ کو بھانپ لینا۔ دل کی بات کو سمجھنا۔

-المَاشِيَ وَقْفًا: چلتے ہوئے کو روکنا۔

-الجَالِسَ وَقْفًا: بیٹھے ہوئے کو کھڑا کرنا۔

-الدَّابَّةَ: جانور کو روکنا۔

-فُلَانًا عَنِ الشَّيْءِ: روکنا' باز رکھنا۔

-فُلَانًا عَلَى الأَمْرِ: کسی معاملہ سے باخبر کرنا' اطلاع دینا۔

-الأَمْرَ عَلَى حُضُوْرِ فُلَانٍ: کسی معاملہ کو کسی کی موجودگی پر موقوف کرنا۔

-الدَّارَ و نَحْوَهَا: وقف کرنا۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں دینا۔

-عَلَى فلانٍ ولَهٗ شَيْئًا: کسی کے نام کوئی چیز وقف کرنا۔

(أَوْقَفَ) فلانٌ عَنِ الأَمْرِ الَّذِيْ كَانَ فِيهِ: کسی کام کو کرتے ہوئے چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے كَلَّمْتُهٗ فَأَوْقَفَ: میں اس سے کلام کیا لیکن وہ خاموش ہو گیا۔

-الإِنسَانَ وَغَيْرَهٗ: روکنا' ٹھہرانا۔

(وَاقَفَهٗ) فِيْ حَرْبٍ وخُصُوْمَةٍ مُوَاقَفَةً وِوِقَافًا: لڑائی جھگڑے میں کسی کا ساتھ دینا۔

-عَلَى كَذَا: کسی بات پر ثابت قدم رہنے کا کہنا۔

(وَقَّفَ) الجَيْشُ: لشکر کا صف در صف کھڑے ہونا۔

-النَّاسَ فِي الحجِّ: مواقف میں ٹھہرنا یا پڑاؤ کی جگہ میں رکھنا۔

-المَرْأَةَ: عورت کا ہاتھ میں ہاتھی دانت کے کنگن پہننا۔

-الأِنسَانَ وَغَيْرَهٗ: روکنا' ٹھہرانا۔

-فُلَانًا عَلَى الشيءِ: کسی چیز پر مطلع کرنا۔

-القَارِئَ: قاری کو وقف کے مقامات سمجھانا۔

-الحَدِيْثَ: بات کو واضح کرنا۔

-الشيءَ: کھڑا کرنا۔

التُّرْسَ: ڈھال کے کناروں پر لوہا وغیرہ لگانا۔

(تَوَاقَفَ) القَوْمُ فِي الكفاحِ: لڑائی میں ساتھ ساتھ کھڑے ہونا۔

(تَوَقَّفَ) عَنْ كَذَا: رکنا' باز رہنا۔

-عَلَيْهِ: جمنا' ثابت قدم رہنا۔

-فِيْهِ: توقف کرنا' رکنا' ٹھہرنا۔

(اسْتَوْقَفَهٗ): ٹھہرنے کا مطالبہ کرنا (۲) ٹھہرنے پر ابھارنا۔

(التَّوْقِيفُ): کسی معاملہ میں شارع کی نص۔

(التَّوْقِيفِيُّ): توقیف کی طرف منسوب ثابت نص۔ جیسے اسماء اللّٰہ توقیفیّۃٌ۔

(المَوْقِفُ): انسان یا حیوان کے کھڑے ہونے کی جگہ (۲) طرزِ عمل' رویہ' پالیسی۔

-مَوْقِفُ الْمَرْأَةِ: پردہ نشین عورت کے ہاتھ' آنکھ یا وہ اعضاء جن کا کھولنا ضروری ہو۔

-المَوْقِفَان۔ دبر کے پاس دو رگیں جن میں تشنج ہو جائے تو انسان کھڑا نہیں ہو سکتا اور اگر وہ کاٹ دی جائیں تو مر جائے گا۔

-اِمْرَأَةٌ حَسَنَةُ الْمَوْقِفَيْنِ: خوبصورت اور حسین پاؤں والی عورت۔

(المُوَقَّفُ): جہاں دیدہ اور تجربہ کار آدمی۔ رَجُلٌ مُوَقَّفُ الحَقِّ: حق پرست آدمی۔ (۲) کانوں کے اوپر کے حصوں میں سفیدی والا گھوڑا (۳) اگلے پاؤں میں سرخی والا بیل (۴) جوئے میں پھینکا جانے والا تیر (۵) وہ تھن جس پر کانٹھی کے نشانات پڑ گئے ہوں۔

(المُوَقَّفَةُ) دَابَّةٌ مُوَقَّفَةٌ: وہ جانور جس کی ٹانگوں پر کالی دھاریاں ہوں۔

(المَوْقُوْفُ): خدا کی ملکیت پر وقف کیا ہوا مال جس کی منفعت بندوں کے لئے ہو (۲) وہ کام جس سے روکا گیا ہو (محدثۃ)

(المِيْقَافُ) لکڑی وغیرہ جس سے ہانڈی کے ابال کو روکا جائے۔

(المِيْقَفُ): المِيْقَافُ۔

(الوَاقِفُ): مال کو اپنی ملکیت یا خدا کی ملکیت پر

Marfat.com

وقف کرنے والا (۲) گرجا کا خادم (ج) وُقُفٌ وُقُوْفٌ۔
(الوَاقِفَةُ). قدم پاؤں (صفت غالبہ)
(الوَاقِفِيَّةُ). صوفیوں کا ایک فرقہ۔
(الوَقْفُ): قراءت میں کلمہ کو مابعد سے منقطع کرنا (۲) فقہاء کے نزدیک مال کو خدا کی ملکیت یا واقف کی ملکیت کے لئے خاص کرنا۔ جبکہ اس کی منفعت لوگوں کے لئے ہو (۳) ہاتھی دانت کے کنگن (۴) چاندی وغیرہ کی پازیب (۵) ڈھال کے گرد سینگ یا لوہے وغیرہ کا حلقہ (ج) وُقُوْفٌ۔
(الوَقْفَةُ). وقفہ توقف بندش (۲) مشک (۳) ڈھال کے گرد کا حلقہ۔
—يَوْمُ الوَقْفَةِ: میدان عرفات میں وقوف کرنے کا دن۔ (مو)
(الوَقَّافُ): سوچ سمجھ کر اطمینان سے کام کرنے کا عادی (۲) جنگ سے دامن بچانے والا۔
(الوَقِيْفَةُ): شکاری جو کتوں کے تعاقب سے تھک کر کھڑا ہو جائے۔
(الوَقُّ): ایک پرندہ کی آواز۔
(وَقَلَ) فِي الجَبَلِ ـِ (يَقِلُ) وَقْلاً ووُقُوْلاً پہاڑ پر چڑھنا (۲) ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا۔
(تَوَقَّلَ) فِي الجَبَلِ پہاڑ پر چڑھنا۔
—فِي مَصَاعِدِ الشَّرَفِ. عزت کی بلندیوں پر فائز ہونا۔
(الوَقْلُ) گوگل کا درخت یا اس کا پھل۔ (ج) أَوْقَالٌ ووُقُوْلٌ۔
(الوَقَلُ) پتھر (۲) کھجور کی شاخوں کی جڑیں جن پر پاؤں رکھ کر چڑھا جائے۔
(الوَقِلُ) فَرَسٌ وَعِلٌ وَقِلٌ پہاڑوں میں تیز اور چڑھنے کا ماہر گھوڑا۔
(الوَقْلَةُ) گوگل کا درخت یا اس کا پھل (۲) گوگل کے پھل کی گٹھلی۔
(وَقَمَ) الرَّجُلَ – (يَقِمُهُ) وَقْمًا: مجبور کرنا (۲) بری طرح دوڑنا۔ برا سلوک کرنا۔

—عَنْ حَاجَتِهِ: ضرورت سے روکنا۔
—الأَمْرُ فُلَانًا: کسی بات کا کسی کو رنجیدہ اور مغموم بنا دینا۔
(وُقِمَتِ) الأَرْضُ: زمین کو روند کر اس کی گھاس کا چرنیا جانا۔
(أَوْقَمَهُ): روکنا دور کرنا۔
(وَقَّمَ) فِي الشَّيْءِ: کسی چیز کو طول دینا۔
—فُلَانًا: کسی کو دھمکی دینا (۲) تابع اور مغلوب کرنا (۳) چیلنج کرنا للکارنا۔
—الصَّيْدَ: شکار کو پنے سامنے مار ڈالنا۔
—الكَلَامَ: بات کو سن کر ذہن میں بٹھا لینا۔
(تَوَقَّمَ) الصَّيَادُ: شکاری کا اپنے سوراخ میں گھس جانا۔
—فُلَانًا: دھمکی دینا ڈانٹنا۔
—الصَّيْدَ: شکار کو مار ڈالنا۔
—فلانًا بالكَلَامِ: کسی پر زبان سے حملہ کرنا۔
—كَلَامَ فُلَانٍ: کسی کی بات کو سن کر ذہن نشین کرنا۔
(الوِقَامُ): تلوار (۲) عصا لاٹھی (۳) کوڑا (۴) رسی۔
(أَوْقَنَ): الرَّجُلُ: پرندہ کو اس کے گھونسلے سے شکار کرنا۔
(تَوَقَّنَ) أَوْقَنَ۔
—فِي الجَبَلِ پہاڑ پر چڑھنا۔
(الوُقْنَةُ) گھونسلا۔
(المَوْقُوْنَةُ). عفیف پردہ نشین لڑکی۔
(وَقْوَقَ) الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔
—الكَلْبُ کتے کا خوف کے وقت بھونکنا۔
—الطَّائِرُ آواز نکالنا چہچہانا۔
(الوَقْوَاقُ) بزدل (۲) وہ درخت جس سے قلمدان بنایا جائے۔
(الوَقْوَاقَةُ) بہت بولنے والا (مذکر و مؤنث کے لئے) جیسے رجلٌ وقواقةٌ اور امرأةٌ وقواقةٌ۔
(وَقِيَ) الفَرَسُ مِنَ الحَفَى – (يَقِيْ) وَقْيًا ووَقِيَ گھوڑے کا کھر گھس جانے کی وجہ سے چلنے سے گھبرانا۔

—الشَّيْءَ وَقْيًا ووِقَايَةً ووَاقِيَةً: بچانا حفاظت کرنا۔ جیسے بطور دعا کے کہتے ہیں وَقَاهُ اللّٰهُ مِنَ السُّوْءِ وَقَاهُ السُّوْءَ: قرآن مجید میں ہے (فَوَقَاهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ)
—الأَمْرَ وَقْيًا ووُقِيًّا: اصلاح و درستگی کرنا۔
(وَقَّاهُ) تَوْقِيَةً: حفاظت کرنا بچانا۔
(اتَّقَى) بِالشَّيْءِ: کسی چیز کے ذریعہ اپنا بچاؤ کرنا۔
—اللّٰهَ: اللہ کے عذاب سے ڈرنا اور اس کی منہیات سے بچنا۔
—الشيءَ: بچنا اجتناب کرنا۔
(تَوَقَّاهُ): بچنا اجتناب کرنا۔ حدیث میں ہے (وَتَوَقَّ كَرَائِمَ أَمْوَالِهِمْ): (۲) بچانا حفاظت کرنا۔
(التُّقَاةُ): خشیت و خوف (ج) تُقًى۔
(التَّقَاوِيْ): (دیکھئے: قوی)
(التَّقْوٰى): خشیت و خوف۔
—تَقْوَى اللّٰهِ. اللہ سے ڈرنا اس کے مامورات پر عمل کرنا اور منہیات سے بچنا۔
(التَّقِيَّةُ): خشیت و خوف (۲) (بعض اسلامی فرقوں کے نزدیک) حق کو چھپا کر دوسرے ملک میں نقصان سے بچنے کے لئے لوگوں سے ظاہری نیک برتاؤ۔
(التَّقِيُّ): متقی صاحب تقویٰ اللہ سے ڈرنے والا۔ (ج) أَتْقِيَاءُ۔
(المُوَقَّى): بہادر۔
(الوَاقِيْ): چڑیا سے کچھ بڑا ایک پرندہ۔
—فَرَسٌ وَاقٍ ووَاقِيَةٌ وہ زخمی گھوڑا جو کھر زخمی ہونے کی وجہ سے چلنے سے گھبراتا ہو۔
(الوَاقِيَةُ) بچاؤ کی چیز ذریعہ حفاظت (ج) أَوَاقٍ۔
(الوِقَاءُ): بچاؤ کا ذریعہ۔
(الوَقَّاءُ): صیغہ مبالغہ بہت محتاط۔
(الوَقَايَةُ): حفاظت اور بچاؤ کا ذریعہ۔
(الوُقِيَّةُ). بمعنی اوقیہ۔ ایک رطل کا بارہواں حصہ تقریباً ایک اونس کے برابر (ج) وَقِيٌّ وَقَايَا۔

Marfat.com

و.....ک

(تکی) - (یتکأ) تکأ: ٹیک لگا کر بیٹھنا۔
(اس کی اصل وکی تھی)
(اُتکأ) فلانًا: کسی کو سہارا یا ٹیک دے کر بٹھانا (۲) سہارا دینے پر ابھارنا۔ ضربۂ فاتکأ: اسے مار کر سہارا دیئے ہوئے شخص کی طرح بٹھادیا۔
(اَوکأ) علی الشیءِ: کسی چیز کا سہارا لینا، برداشت کرنا۔
-فلانًا: صوفہ بچھانا، کسی کے لئے آرام دہ کرسی رکھنا۔
(وَاکأ) علی یدیہ مُواکأۃً ووِکاءً: دعا کے لئے دونوں ہاتھ اٹھانا۔
(توکّأ) علی الشیءِ: ٹیک لگانا، تکیہ لگانا۔
-الناقۃُ: اونٹنی کا دردزہ کی وجہ سے چیخنا۔
(التُکأۃُ): وہ چیز جس سے ٹیک لگائی جائے یا سہارا لگایا جائے جیسے عصا یا کمان وغیرہ (۲) کاہل اور ہر وقت پڑا رہنے والا آدمی (۳) بھاری آدمی جو اپنی جگہ سے اٹھ نہ سکے۔
(المُتّکأ): سہارا لگا کر بیٹھنے کی آرام دہ کرسی، صوفہ (ج) مُتّکآتٌ۔
(المُتّکِیُٔ): ٹیک لگانے والا، سہارا لینے والا۔
(وَکَبَ) - (یکِبُ) وَکْبًا ووَکَبانًا وُکُوبًا: آہستہ چلنا، سکون واطمینان سے چلنا۔ (۲) سیدھا کھڑا ہونا۔
-علی الأمرِ: کسی کام پر ہمیشگی اختیار کرنا۔
(وَکِبَ) التمرُ - (یوکَبُ) وَکَبًا: کھجور کا پکنے کے بعد سیاہ ہوجانا۔
-الثوبُ: میلا ہونا۔
(اَوکَبَ) فلانٌ: جلوس میں شامل ہونا۔
-علی الأمرِ: کسی کام پر ہمیشگی اختیار کرنا۔
-الطائرُ: اڑنے کے لئے تیار ہونا۔
-فلانًا: غضبناک کرنا۔
(واکَبَ) علی الشیءِ مُواکبۃً ووِکابًا: کسی چیز کی پابندی کرنا۔
-الأمیرَ: جلوس میں امیر کا ہم رکاب ہونا۔
-الموکبَ: جلوس کا ہم رکاب ہونا۔ ...
کے ساتھ چلنا۔
(وَکَّبَ) العنبُ: انگور میں سیاہی کا اثر آنا۔
-التمرُ: کھجور کا پک کر سیاہ ہوجانا۔
(المَوکِبُ): قافلہ، جلوس، اونٹ سواروں کا قافلہ (۲) جلوس بنا کر سوار اور پیدل چلنے والوں کی جماعت (ج) مَواکِبُ۔
(المُوَکِّبُ): خام کھجور کو پکانے کے لئے کاٹا چھپایا گیا ہو۔
(الوَاکِبۃُ): جانور کی ٹانگ۔
(الوَکّابُ): انتہائی غمگین۔
(الوَکُوبُ): ظَبیۃٌ وَکُوبٌ: ریوڑ کے ساتھ رہنے والی ہرنی۔
(وَکَتَ) فی الشیءِ - (یکِتُ) وَکْتًا نشان ڈالنا۔
-البُسرُ: خام کھجور میں پکنے کا نشان آنا۔
-الدابۃُ: جانور کا جلدی جلدی پاؤں اٹھانا۔
-فلانٌ الکتابَ: تحریر پر نقطہ لگانا۔
-القدحَ: پیالے کو بھرنا۔
-المشیَ وَکْتًا ووَکَتانًا: چھوٹے چھوٹے قدموں سے سستی کے ساتھ بھونڈی چال چلنا۔
(المَوکُوتُ) رجلٌ مَوکُوتٌ: غم وغصہ سے بیتاب۔
(الوَکْتُ): کسی چیز پر ہلکا سا نشان، دھبا۔
(الوَکْتۃُ): اسم مرۃ، ایک نشان، داغ، دھبہ (۲) آنکھ کا سرخی یا سیاہی میں سفیدی نقطہ (ج) وِکَتٌ۔
(الوَکّاتُ): چھوٹے قدموں سے بھونڈی چال چلنے والا۔
(الوَکِیتُ): صاحب اقتدار کے پاس کسی کی شکایت وچغل خوری۔
(اِستَوکَتَ): دوپہر کے کھانے سے پہلے ہلکا سا ناشتہ کرنا۔
(الوُکّاتُ): دوپہر کے کھانے سے پہلے کا ہلکا سا ناشتہ۔
(وَکَحَہ) برجلہ - (یکَحُہ) وَکْحًا زور سے روندنا، کچلنا۔
(اَوکَحَ) تھکنا (۲) سائل کو سختی سے انکار کرنا۔
-عن الأمرِ کوئی کام چھوڑ دینا۔
-فی حفرۃٍ کھدائی کرتے ہوئے چٹان یا سخت جگہ میں پہنچنا۔
-العطیۃَ عطیات روک دینا۔
(اِستَوکَحَ) عطیہ بند کردینا، عطیہ نہ کرنا۔ جیسے سألَہ فاستوکحَ۔
-الفرخُ چوزہ کا بڑا اور توانا ہونا۔
(الأوکحُ): سخت جگہ (۲) پتھر ( ) مٹی۔
(الوُکُحُ): بڑے چوزے۔
(وَکَدَ) بالمکانِ - (یکِدُ) وکودًا کسی جگہ ٹھہرنا۔
-فلانٌ مقصود کو حاصل کرلینا۔
-الرحلَ کجاوہ کو باندھنا۔
-العقدَ گرہ کو مضبوط کرنا۔
-الأمرَ کسی کام پر لگنا، مشق کرنا۔
-وُکدَہٗ کسی کے نقش قدم پر چلنا۔
(اَوکَدَ) السرجَ زین کسنا۔
-العہدَ عہد کو پختہ کرنا (اس میں اَکدَ بھی کہا جاتا ہے)
(وَکّدَ) السرجَ والعہدَ: فوکّدھما (ایک لغت اَکّدَھُما بھی ہے)
(توکّدَ): مضبوط و پختہ ہونا۔
(التَّواکِیدُ): التآکیدُ کاٹھی یا زین کو باندھنے کے چمڑے کے تسمے۔
(التَّوکِیدُ) (نحویوں کی اصطلاح میں) ایک تابع۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ لفظی اور معنوی۔ اول لفظ کے تکرار سے ہوتی ہے جیسے قرآن مجید میں ہے (اذا دُکّتِ الأرضُ دکًّا دکًّا) اور معنوی چند مخصوص الفاظ کے ذریعہ ہوتی ہے۔ جیسے نفس، عین، کلا وکلتا، کلّ، جمیع، عامّۃ جیسے (فَسَجَدَ المَلائکۃُ کُلُّھُم اَجمَعُونَ)۔
(المُتَوکّدُ) کسی کام کے لئے تیار و مستعد۔
(المُواکِدَۃُ) مسلسل چلنے والی عادی اونٹنی۔
(الوِکادُ) وکائد کا واحد، دودھ دوہتے وقت گائے باندھنے یا زین کے کناروں کو باندھنے کی رسی۔

Marfat.com

(الوُکْدُ) قصد و ارادہ (۲) مقصود، مراد۔
(الوُکْدُ) جدوجہد کوشش۔ مَا زَالَ ذٰلِكَ وُکْدِيْ: میری ہمیشہ یہ کوشش رہی۔
(وَکَرَ) الطَّائِرُ ـِ (یَکِرُ) وَکْرًا ووُکُوْرًا: پرندہ کا گھونسلا میں داخل ہونا۔
-الظَّبْيُ وَکْرًا: ہرن کا کودنا۔
-النَّاقَةُ ونحوُها: اونٹنی یا گھوڑے کا دلکی چال چلنا۔
-فلانٌ للقومِ: لوگوں کے لئے عمارت کی تکمیل کا کھانا تیار کرنا۔
-فُلانًا: کسی کی ناک پر مکا مارنا۔
-الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
(اَوْکَرَ) الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
-بَطْنَهٗ: پیٹ بھرنا۔
(وَکَّرَ) الطَّائِرُ: پرندہ کا گھونسلہ بنانا۔
-فلانٌ: عمارت کی تکمیل کا کھانا تیار کرنا۔
-القَوْمَ: لوگوں کو عمارت کی تکمیل کا کھانا کھلانا۔
-السِّقَاءَ والمِکْيَالَ: مشک یا مکیال کو بھرنا۔
-بَطْنَهٗ: پیٹ کو کھانے سے بھرنا۔
(اتَّکَرَ) الطَّائِرُ: گھونسلہ بنانا۔
(تَوَکَّرَ) الطَّائِرُ: پرندہ کا پوٹا بھرنا۔
-الصَّبِيُّ: بچہ کا شکم سیر ہونا۔
(الوَکْرُ) گھونسلہ (ج) اَوْکُرٌ واَوْکَارٌ ووُکُوْرٌ (۲) دلکی چال (جس میں بیک وقت تین پاؤں اٹھتے ہیں)
(الوَکَرٰی) دلکی چال۔
-اِمْرَأَةٌ وَکَرٰی: زمین پر زور سے پاؤں رکھنے والی عورت۔
-نَاقَةٌ وَکَرٰی: بہت کودنے والی چربی دار اونٹنی۔
(الوَکْرَةُ) مصدر مرۃ: ایک دفعہ کا فعل (۱) گھونسلا (ج) وُکَرٌ (۳) وہ کھانا جو عمارت کی تکمیل کی خوشی میں بنایا جائے۔
(الوَکْرَةُ) عمارت کی تکمیل کی خوشی کا کھانا۔
(الوَکْرَةُ) پانی تک پہنچنے کا راستہ۔
(الوَکَّارُ) بہت دوڑنے والا۔

(الوَکِيْرُ) و(الوَکِيْرَةُ): الوَکْرَةُ۔
(وَکَزَ) فلانٌ ـِ (یَکِزُ) وَکْزًا: دوڑنا۔
-فِيْ عَدْوِهٖ مِنْ فَزَعٍ ونحوِهٖ: تیز دوڑنا۔
-فلانًا: دھکا دینا، مارنا۔ (۲) کسی کی ٹھوڑی پر مکہ مارنا۔ قرآن مجید میں ہے (فَوَکَزَهٗ مُوْسٰی فَقَضٰی عَلَيْهِ)
-اَنْفَهٗ: ناک توڑنا۔
-فُلانًا بالرُّمْحِ: کسی کو نیزہ مارنا۔
-الرُّمْحَ فِي الاَرْضِ: زمین میں نیزہ گاڑنا۔
-الزِّقَّ: مشکیزہ کو بھرنا۔
(تَوَکَّزَ) للاَمْرِ: کسی کام کے لئے تیار ہونا۔
-مِنَ الطَّعَامِ: کھانے سے سیر ہونا۔
-عَلٰی عَصَاهُ: لاٹھی پر سہارا لگانا۔
(الوَکَزٰی): کوتاہ قد اونٹنی۔
(وَکَسَ) الشَّيْءُ ـِ (یَکِسُ) وَکْسًا: کم ہونا۔
-الشَّيْءَ: کم کرنا۔
-فُلانًا: کسی کو نقصان پہنچانا۔
(وُکِسَ) فِيْ تِجَارَتِهٖ: تجارت میں نقصان اٹھانا۔
(اُوْکِسَ) فِيْ تِجَارَتِهٖ: وُکِسَ۔
(وَکَّسَ) مَالَهٗ: مال کم کرنا۔
-فُلانًا: ڈانٹنا۔
(الاَوْکَسُ) خسیس اور کمینہ آدمی۔
(الوَکْسُ) بَرَأَتِ الشَّجَّةُ عَلٰی وَکْسٍ: مواد باقی رہتے ہوئے زخم اوپر سے بھر گیا (۲) چاند کی وہ منزل جہاں اسے گہن لگتا ہے (۳) نقصان، گھاٹا۔
-بَيْعُ الوَکْسِ: گھاٹے کے ساتھ بیچنا۔
(وَکَظَ) عَلَی الاَمْرِ ـِ (یَکِظُ) وَکْظًا: ہمیشگی اختیار کرنا۔
-الشيءَ: ٹکر مارنا (۲) دھکیلنا، دھکے دینا۔
(وَاکَظَ) عَلَی الاَمْرِ مُوَاکَظَةً ووِکَاظًا: ہمیشگی اختیار کرنا۔
(تَوَکَّظَ) عَلَيْهِ الاَمْرُ: کسی کے لئے معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔
(وَکَعَ) البَعِيْرُ ـَ (یَکَعُ) وَکْعًا: اونٹ کا درد کی وجہ سے گر پڑنا۔
-الدَّجَاجَةُ: مرغی کا جفتی کے لئے دب جانا۔
-الشَّاةُ: بکری کو دوھتے وقت تھن پر ہاتھ مارنا۔
-فُلانًا بالاَمْرِ: کسی کو کسی بات کی شرم دلانا۔
-اَنْفَهٗ: کسی کی ناک توڑنا۔
-العقربُ بِاِبْرَتِهَا فُلانًا: بچھو کا کسی کو ڈنگ مارنا۔
(وَکِعَ) فُلانٌ ـَ (یَوْکَعُ) وَکَعًا: کسی کا پاؤں کے انگوٹھے کی طرح اوپر کو اٹھا ہوا ہونا (۲) بے وقوف ہونا (۳) کمینہ ہونا۔ هُوَ اَوْکَعُ وهي وَکْعَاءُ (ج) وُکْعٌ۔
(وَکُعَ) الرَّجُلُ ـُ (یَوْکُعُ) وَکَاعَةً: کمینہ ہونا۔
-الشيءُ: ٹھوس و سخت ہونا۔ هُوَ وَکِيْعٌ ووَکُوْعٌ۔
(اَوْکَعَ) الرَّجُلُ: بے فیض اور کم خیر والا ہونا (۲) کوئی سخت کام کرنا۔
-القَوْمُ: کسی قبیلہ کا موٹے اور سخت جسم کے اونٹوں والا ہونا۔
-الاَمْرُ: پختہ اور مضبوط ہونا۔
-فلانٌ فِي الاَمْرِ: کسی معاملہ میں سخت ہونا۔
-الشيءَ: مضبوط بنانا۔
-السِّقَاءَ: مشک کو مضبوط بنانا۔
(وَاکَعَ) الدِّيْكُ الدَّجَاجَةَ: مرغ کا مرغی کو نیچے دبا لینا۔
(اتَّکَعَ) الشيءُ: سخت ہونا۔
(اسْتَوْکَعَ) فلانٌ: معدہ کا سخت کرنا۔ اسْتَوْکَعَتِ المِعْدَةُ۔
-طَبِيْعَتُهَا: طبیعت کا سخت ہونا۔
-الفِرَاخُ: چوزوں کا سخت اور موٹا ہونا۔
-السِّقَاءُ: مشک کو مضبوط ہونا۔ مشک کی سلائی کے سوراخوں کا سخت ہونا۔
(المِيْکَعُ): پختہ اور مضبوط مشک (۲) غلہ کا بورا (۳) جوتائی کے بعد زمین ہموار کرنے کا تختہ یا مشین۔
(المِيْکَعَةُ) ہل کا لوہا (ج) مِيْکَعٌ۔

Marfat.com

(الوَكْعَاءُ) بیوقوف عورت (۲) درد کی وجہ سے گر جانے والی عورت۔
(الوَكِيعُ) سب سے آگے چلنے والی بکری (۲) مضبوط و طاقتور اونٹنی۔
-أَمْرٌ وَكِيعٌ مضبوط و مستحکم کام۔
-قَلْبٌ وَكِيعٌ وہ دل جس میں آسانی سے بات اتر جائے۔
(وَكَفَ) الماءُ وَغَيْرُهُ- (يَكِفُ) وَكْفًا وَوَكِيفًا وَوَكَفَانًا: پانی کا بہنا اور قطرہ قطرہ ٹپکنا۔
-البَيْتُ بِالمَطَرِ بارش کی وجہ سے گھر کی چھت ٹپکنا۔
-العَيْنُ الدَّمْعَ آنکھ کا آنسو بہانا' وَكَفَتِ العَيْنُ بِالدَّمْعِ بھی کہتے ہیں۔
(وَكِفَ)- (يَوْكَفُ) وَكَفًا: ٹیڑھا ہونا۔ (۲) ظالم اور غیر عادل ہونا (۳) عیب دار ہونا (۴) گناہ میں مبتلا ہونا۔
-عَقْلُهُ وَرَأْيُهُ عقل یا رائے کا بگڑا ہوا ہونا۔
-الشَّيْءُ بوجھل اور سخت ہونا۔
(أَوْكَفَ) الماءُ وَالدَّمْعُ وَنَحْوُهُمَا: وَكَفَ۔
-الحَامِلُ حاملہ کا بچہ جننے کے قریب ہونا۔
-فلانٌ فلانًا: کسی کو گناہ میں مبتلا کرنا۔
-الدَّابَّةَ جانور پر پالان رکھنا۔
(وَاكَفَهُ) کسی کا مقابلہ کرنا' سامنے آنا۔
(وَكَّفَ) الدَّابَّةَ۔ جانور پر پالان رکھنا۔
-الوِكَافَ پالان بنانا۔
(تَوَاكَفَ) القَوْمُ لوگوں کا منہ پھیر لینا۔
(تَوَكَّفَ) البَيْتُ وَالسَّطْحُ گھر اور چھت کا ٹپکنا۔
-فلانٌ لِفُلانٍ کسی کو تلاش کرتے ہوئے پا لینا۔
-فُلانًا کسی کا خیال رکھنا اس کے معاملات کی دیکھ بھال کرنا۔
-الأَثَرَ نشان پر چلنا' ٹوہ لگانا' کھوج لگانا۔
-الخَبَرَ خبر کا منتظر ہو کر دریافت کرنا۔
(اسْتَوْكَفَ) الماءَ: پانی ٹپکانا (۲) پانی بہانے کو کہنا۔
(الوَاكِفُ) موسلا دھار بارش۔
(الوِكَافُ) پالان (ج) وُكُفٌ۔
(الوَكْفُ) چمڑے کا فرش۔
(الوَكَفُ) پہاڑ کا دامن۔
(الوَكُوفُ) وہ اونٹنی جس کا دودھ جاری رہتا ہو (۲) بہت دودھ دینے والی بکری (۳) ہلکے ہلکے برسنے والے بادل۔
(الوَكِيفُ) بارش۔
(وَكَلَ) بِاللهِ- (يَكِلُ) وَكْلًا: اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرنا۔
-الدَّابَّةُ: جانور کا چلنے میں سستی کرنا۔
-إِلَيْهِ الأَمْرَ وَكْلًا وَوُكُولًا: کوئی معاملہ کسی کے سپرد کرنا (۲) کسی کو کسی معاملہ کا اختیار دے دینا۔
-فُلانًا إِلَى رَأْيِهِ کسی کو اس کی مرضی پر چھوڑ دینا۔ مدد نہ کرنا۔ حدیث میں (اللَّهُمَّ لا تَكِلْنَا الی انفسنا طرفةَ عينٍ)
(أَوْكَلَ) عَلَى اللهِ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرنا۔
-عَلَى فُلانٍ العَمَلَ کوئی کام مکمل طور پر کسی کے سپرد کر دینا۔
(وَاكَلَتِ) الدَّابَّةُ: برے طریقہ سے چلنا۔ بھدی چال چلنا۔
-رَجُلٌ مُوَاكِلٌ کمزور آدمی۔
(وَكَّلَهُ) اعتماد کی بنا پر کسی کو اپنے معاملہ کا اختیار دے دینا' وکیل بنانا۔
-فِي الأَمْرِ وعليه کسی معاملہ میں اختیار سونپنا۔
(اِتَّكَلَ) عَلَى اللهِ اللہ پر بھروسہ کرنا۔
-عَلَى فلانٍ فِي أَمْرٍ کسی پر اعتماد کرنا۔
(تَوَاكَلَ) القَوْمُ ایک دوسرے پر اعتماد کرنا۔
-القَوْمُ فُلانًا کسی کو چھوڑ دینا اور مصیبت میں اس کی مدد نہ کرنا۔
(تَوَكَّلَ) الرَّجُلُ بِالأَمْرِ کسی کام کی انجام دہی کا ضامن بننا (۲) ذمہ داری قبول کرنا۔ وکالت قبول کرنا۔
-عَلَى اللهِ: اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرنا۔
-فِي الأَمْرِ کسی معاملہ میں اپنے آپ کو عاجز ظاہر کر کے کسی اور کے سپرد کرنا۔
-فی اصطلاح أَهْلِ الحَقِيقَةِ اللہ کے خزانوں پر یقین کرنا اور لوگوں کی چیزوں سے ناامید ہو جانا۔
(التُّكْلانُ) توکل' اعتماد (اصل میں الوُكْلانُ تھا)
(التُّكَلَةُ) دوسروں پر بھروسہ کرنے والا۔ (اصل میں الوُكَلَةُ تھا)۔
(المُوَاكِلُ) دوسروں پر بھروسہ کرنے والا۔
-رَجُلٌ مُوَاكِلٌ پھرتیلا آدمی۔
(الوَاكِلُ) وہ گھوڑا جو سوار کی ضرب کے سہارا دوڑتا ہو۔
(الوِكَالُ) سستی و کند ذہنی۔ جیسے فِيهِ وِكَالٌ (۳) کمزوری۔
(الوَكَالَةُ) کسی کام کی ادائیگی کسی کے سپرد کرنا (۲) وکیل کا کام اور اس کو انجام دینے کی جگہ (محدثہ)
(الوُكَلُ) بزدل (۲) کند ذہن (۳) ایسا بے ہمت آدمی جو کسی کام کو خود نہ کرے بلکہ کسی اور کے ذمہ لگا دے۔
(الوُكَلُ) عاجز' لاچار (۲) کند ذہن (۳) بزدل۔
(الوُكَلَةُ) اپنے کام کو لوگوں کے سپرد کرنے والا۔
(الوَكِيلُ) اللہ تعالیٰ کا ایک نام یعنی وہ ذات جو اپنے بندوں کے رزق کی ذمہ دار ہے۔ (۲) نگران' محافظ' نگہبان (۳) کفیل' ضامن' ذمہ دار (۴) وکیل۔ غیر کی جگہ کام کرنے والا۔ کسی کا نائب بننے والا (کبھی جمع اور مونث کے لئے بھی آتا ہے جیسے هُمْ وَكِيلٌ وَهِيَ وَكِيلٌ) (ج) وُكَلاءُ۔
-الوَكِيلُ بالعُمَالَةِ او العُمُولَةِ کمیشن ایجنٹ وہ شخص جو کسی معین معاوضہ پر خاص معاہدہ کے تحت کوئی کام انجام دیتا ہو (مج)
(وَكَمَهُ) عَنْ حَاجَتِهِ- (يَكِمُهُ) وَكْمًا: کسی کو اس کے مقصد سے بری طرح

Marfat.com

روکنا۔
—الْأَمْرُ فُلَانًا: غمگین کر دینا۔
—فلانٌ الكَلَامَ: کسی کو السلام علیکم (بکسر الکاف) کہنا۔
(وَكِمَ) مِنَ الشيءِ — (يَكِمُ): غمگین و پریشان واداس ہونا۔
(وُكِمَتِ) الْأَرْضُ: زمین کا روندا ہوا اور چرا ہوا ہونا جس پر چلنے میں کوئی رکاوٹ نہ ہو۔
(وَكَنَ) الرَّجُلُ — (يَكِنُ) وَكْنًا: تیز چلنا۔ (۲) بیٹھنا۔
—الطَّائِرُ وَكْنًا ووُكُونًا: پرندہ کا گھونسلے میں داخل ہونا۔
—بَيْضَهُ وَعَلَيْهِ: انڈے سینا۔ هُوَ وَاكِنٌ وهي وَاكِنَةٌ (ج) وُكُونٌ۔
(تَوَكَّنَ): جگہ بنانا، مضبوط ہونا (۲) مجلس میں ٹیک لگا کر عمدگی سے بیٹھنا۔
(المَوْكِنُ): انڈے سینے کی جگہ (۲) گھونسلا۔
(المَوْكِنَةُ): گھونسلا۔
(الوَاكِنُ): بیٹھا ہوا (۲) دیوار یا درخت پر بیٹھا ہوا پرندہ۔ هِيَ وَاكِنَةٌ (ج) وُكُونٌ۔
(الوَكْنُ): پرندہ کا گھونسلا (ج) أَوْكُنٌ ووُكُونٌ۔
(الوُكْنَةُ): گھونسلا (ج) وُكُنَاتٌ ووُكَنٌ۔
(الوَكْنَةُ): گھونسلا۔
(وَكْوَكَ) الحَمَامُ: کبوتر کا غٹرغوں کرنا۔
(وَكَى) الصُّرَّةَ نَحْوَهَا — (يَكِيهَا) وَكْيًا: تھیلی کو ڈوری سے باندھنا۔
(أَوْكَى): بخل کرنا۔ حدیث اسماءؓ میں ہے (اعطي ولا توكي فيُوكَى عَلَيْكِ)
—الفَرَسُ: تیز دوڑنا۔
—الصُّرَّةَ والقِرْبَةَ ونَحْوَهُمَا عَلَى مَا فِيهِمَا: تھیلی یا مشکیزہ کو ڈوری سے باندھنا۔ کہاوت ہے (يَدَاكَ أَوْكَتَا وفُوكَ نَفَخَ) تیرے ہاتھ باندھے گئے اور منہ سے ہوا نکلی۔ کسی کے کئے ہوئے کام کو ڈانٹنے کے لئے کہا جاتا ہے۔
—أَوْكِ حَلْقَكَ: خاموش رہ۔

—فُلَانٌ يُوكِي فُلَانًا: کسی کو خاموش کروانا۔
—المَيْدَانَ جَرْيًا: سارے میدان میں دوڑنا پھرنا۔
(اسْتَوْكَى) البَطْنُ: قبض ہو جانا۔
—النَّاقَةُ: اونٹنی کا بہت موٹا ہو جانا۔
—السِّقَاءُ: مشکیزہ کا بھر جانا۔
(المُوكَى): منہ بند مشک۔
(الوِكَاءُ): ڈوری یا رسی وغیرہ جس سے تھیلی وغیرہ کا منہ باندھا جائے۔ فُلَانٌ وِكَاءٌ مَا يَبِضُّ بشيءٍ: فلاں بخیل ہے کچھ خرچ نہیں کرتا۔

و......ل

(وَلَبَ) — (يَلِبُ) وُلُوبًا: تیزی سے اندر داخل ہونا۔
—فِي الشيءِ: کسی چیز میں گھسنا۔
—الشيءُ إِلَيْهِ: کوئی چیز کسی کے پاس پہنچنا۔ هُوَ وَالِبٌ وهي وَالِبَةٌ۔
(الوَالِبَةُ): سابقہ روئیدگی سے پیدا ہونے والی روئیدگی (۲) انسان یا مویشیوں کی نسل۔
(وَلَتَهُ) حَقَّهُ — (يَلِتُهُ) وَلْتًا: کسی کے حق میں کمی کرنا۔
(أَوْلَتَهُ) حَقَّهُ: حق میں کمی کرنا۔
(وَلَثَ) فُلَانًا بِالعَصَا — (يَلِثُهُ) وَلْثًا: لاٹھی مارنا۔
—لِفُلَانٍ عَقْدًا: کسی سے کوئی ہلکا معاہدہ کرنا۔
—السَّمَاءُ القَوْمَ: لوگوں پر تھوڑی بارش برسانا۔ هُوَ وَالِثٌ وهي وَالِثَةٌ۔
(الوَالِثُ) شَرٌّ وَالِثٌ: دائمی شر و فتنہ۔
—دَيْنٌ وَالِثٌ: بھاری قرض۔
(الوَلْثُ): لوگوں کا باہمی عہد جو بلا قائم ہو (۲) کمزور وعدہ (۳) معمولی بارش (۴) برتن میں بقیہ نبیذ (۵) پیالہ میں بچا ہوا پانی (۶) برتن میں بچا ہوا گوندھا ہوا آٹا (۷) آنکھوں میں آشوب کا اثر۔
(وَلَجَ) الشيءُ فِي غَيْرِهِ — (يَلِجُ) لِجَةً ووُلُوجًا: ایک چیز کا دوسری میں داخل ہونا۔
—البَيْتَ: گھر میں داخل ہونا۔ هُوَ وَالِجٌ وهي

وَالِجَةٌ۔
(وُلِجَ) فُلَانٌ: درد میں مبتلا ہونا۔ هُوَ مَوْلُوجٌ وهي مَوْلُوجَةٌ۔
(أَوْلَجَهُ): داخل کرنا۔ گھسانا۔ (ایک لغت اتَّلَجَهُ بھی ہے)۔
(وَلَّجَ) مَالَهُ: اپنی زندگی میں اپنا مال ایک یا چند اولاد کو دے دینا تا کہ لوگ سوال نہ کر سکیں۔
(اتَّلَجَ) الشيءَ وفيه: داخل ہونا، گھسنا۔
(تَوَلَّجَ) فِي البَيْتِ وعَلَى القَوْمِ: داخل ہونا، ملاقات کرنا۔
(التُّلَجُ): عقاب کا چوزہ (اصل الوُلَجُ)
(التَّوْلَجُ): جنگلی جانور کی پناہ (اصل وَوْلَجٌ ہے)
(المَوْلِجُ): داخل ہونے کا راستہ (ج) مَوَالِجُ۔
(الوَالِجَةُ): انسان کے بدن کا درد، پیٹ کا درد (۲) سانپ بچھو اور درندے وغیرہ۔
(الوِلَاجُ): دروازہ (۲) وادی (۳) پست زمین (۴) گلی کوچہ (ج) وُلُجٌ۔
(الوَلَّاجُ): بہت اندر گھسنے والا۔
—فُلَانٌ خَرَّاجٌ وَلَّاجٌ: بہت گھومنے اور چکر لگانے والا۔
(الوَلَجَةُ): صحن کے سامنے کی گزرگاہ (۲) راہ گیروں کی پناہ گاہ جس کے ذریعہ وہ بارش سے بچتے ہوں (۳) وادی کا موڑ (۴) اندر جانے کا راستہ (ج) أَوْلَاجٌ ووَلَجٌ ووَلَجَاتٌ۔
(الوُلَجَةُ): بہت آنے جانے والا۔
(الوَلِيجَةُ): کسی کے ساتھ رہنے والا، ہم راز (۲) معتمد علیہ اجنبی هُوَ وَلِيجَتُكُمْ: وہ تمہارا ہر وقت کا ساتھی اور راز دار ہے (ج) وَلَائِجُ۔
(وَلَخَهُ) — (يَلِخُهُ) وَلْخًا: الٹے ہاتھ سے مارنا۔
(أَوْلَخَ) العُشْبُ: گھاس کا لمبا اور گھنا ہونا۔
(اتَّلَخَ) الأَمْرُ: معاملہ کا بگڑنا۔
(وَلَدَتِ) الأُنْثَى — (تَلِدُ) وِلَادًا ووِلَادَةً: بچہ جننا۔ هِيَ وَالِدٌ ووَالِدَةٌ: وَلَدَتِ الجنينَ بھی کہتے ہیں۔

Marfat.com

(أَوْلَدَتِ) المرأةُ: وضع حمل کا وقت قریب آنا۔
-الشَّاةُ: بکری کا بچہ جننا۔
-القَابِلةُ المَرْأَةَ: دایہ کا عورت کی ولادت کا کام کروانا۔
(وَلَّدَ) الأُنْثٰی: عورت یا مادہ کا بچہ جنوانا۔ ولادت کا کام انجام دینا۔ جیسے وَلَّدَ الشَّاةَ ونحوھَا۔
-الوَلَدَ: بچہ کی پرورش کرنا۔
-الشیءَ مِنَ الشیءِ: ایک چیز سے دوسری چیز حاصل کرنا۔
-الكَلَامَ و الحَدِيْثَ: بات نکالنا۔
(تَوَالَدُوْا): بہت نسل والا ہونا (۲) باہم مل کر نسل بڑھانا۔
(تَوَلَّدَ) الشیءُ مِنَ الشَّیْءِ: ایک چیز سے دوسری چیز کا پیدا ہونا۔
(اسْتَوْلَدَ) الرَّجُلُ: اولاد کی طلب کرنا۔
(اللِّدَةُ): ہم عمر ہم جولی (ج) لِدَاتٌ ولُدُوْنٌ۔
(المَوْلِدُ): جائے پیدائش وقت پیدائش (ج) مُوَالِدُ۔
(المُوَلَّدُ): ہر نئی چیز (۲) وہ شخص جس کے ماں باپ خالص عرب نہ ہوں (۳) عربوں میں پرورش پا کر ان کے طور طریقے اختیار کرنے والا غیر عربی (۴) وہ عربی الاصل لفظ جس کا استعمال تبدیل ہو گیا ہو (۵) وہ عربی لفظ جسے لوگ روایت کے دور کے بعد استعمال کرتے ہیں۔
-كتابٌ مُوَلَّدٌ: جعلی تحریر۔
(المُوَلَّدَةُ): عربوں میں پیدا ہو کر ان میں پرورش پانے والی اور ان کے اخلاق و عادات اختیار کرنے والی غیر عرب چیز (۲) ہر نئی چیز۔ غیر محقق۔ جیسے جَاءَ بِبَيِّنَةٍ مُوَلَّدَةٍ۔
(المُوَلِّدُ): ولادت کا کام انجام دینے والا ڈاکٹر (محدث)
(المُوَلِّدَةُ): دایہ بچہ جنانے والی۔
(المَوْلُوْدُ): پیدا شدہ بچہ (ج) مَوَالِيْدُ۔

(المِيْلَادُ): ولادت کا وقت۔
(الوَالِدُ): باپ (۲) حاملہ بکری (۳) زیادہ بچے دینے میں مشہور بکری۔
(الوَالِدَان): ماں باپ۔
(الوَالِدَةُ): ماں۔ شاةٌ وَالِدَةٌ: حاملہ بکری۔
(الوَلَدُ): لڑکا، اولاد، نسل۔ (اس کا اطلاق مذکر و مونث اور تثنیہ و جمع پر ہوتا ہے) (ج) اولادٌ و وِلْدَةٌ۔ (۳) تین سے دس آدمیوں تک کی جماعت۔
(الوُلْدُ) الوَلَدُ۔ مقولہ ہے (وُلْدُكِ مِنْ دَمّٰی عَقِبَيْكِ): تیرا لڑکا وہ ہے جو تیری ایڑیوں کو خون آلود کرے یعنی تیرے رحم سے نکلا ہو۔ ایسے شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو کسی چیز کا جھوٹا دعویدار ہو۔
(الوَلُوْدُ): والدہ، ماں (۲) بہت بچے جننے والی۔
(الوُلُوْدِيَّةُ): بچپن (۲) معاملات سے ناواقفیت اور لاعلمی (۲) اکھڑپن۔
(الوَلِيْدُ): نوخیز بچہ، نومولود، ابھی ابھی پیدا شدہ (مذکر و مونث) (۲) غلام، نوکر (۳) جوان نوکر یا خدمتگار (ج) وِلْدَانٌ و وِلْدَةٌ مقولہ ہے (أَمْرٌ لَا يُنَادٰی وَلِيْدُهٗ): یہ ایسا معاملہ ہے جس میں کم عمروں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔
-امُّ الوَلِيْدِ: مرغی کی کنیت۔
(الوَلِيْدَةُ): مونث الولید (۲) باندی (۳) نابالغ لڑکی (۴) عربوں میں پیدا ہونے والی (ج) وَلَائِدُ۔
(الوَلِيْدِيَّةُ): ناتجربہ کاری کی حالت جیسے فعل ذلك فِيْ وَلِيدِيَّتِه۔
(وَلَسَتِ) الإِبِلُ۔ (تَلِسُ) وَلْسًا و وَلَسَانًا: تیز چلنا۔ ھی وَلُوْسٌ۔
-فلانٌ فلانًا وَلْسًا: دھوکہ دینا۔ خیانت کرنا۔
-الحَدِيْثَ: کسی بات کی طرف اشارہ کرنا۔ صراحۃً بیان نہ کرنا۔ ھُوَ وَالِسٌ۔
(أَوْلَسَ) بِالحَدِيْثِ: کسی بات کی طرف اشارہ کرنا، صراحۃً بیان نہ کرنا۔

(وَالَسَتِ) الإِبِلُ: اونٹوں کا گردنیں لمبی کر کے ایک دوسرے سے آگے بھاگنا۔
-فلانٌ بِالحَدِيْثِ: کنایۃً بات کرنا۔ صراحت نہ کرنا۔
-فُلَانًا: دھوکہ دینا، خیانت کرنا۔
(تَوَالَسَ) القَوْمُ: خیانت اور فریب دینے میں کسی کی مدد کرنا۔ تَوَالَسَ القومُ عَلٰی فلان بھی کہتے ہیں۔
(الوَلَّاسُ): صیغۂ مبالغہ، انتہائی تیز رفتار، بڑا فریبی اور خائن (۲) بھیڑیا۔
(وَلَعَ)۔ (يَلَعُ) وَلْعًا و وَلَعَانًا: تیز رفتار اور پھرتی کے ساتھ دوڑنا (۲) جھوٹ بولنا۔
-بحقِهِ وَلْعًا: کسی کا حق چھیننا۔
(وَلِعَ) بِه۔ (يَوْلَعُ) وَلَعًا و وَلُوْعًا: کسی چیز کا شوقین اور دلدادہ ہونا (۲) کسی کو تکلیف پہنچانے میں لگے رہنا۔ ھُوَ وَلِعٌ وھی وَلِعَةٌ۔
(أَوْلَعَهٗ) بِه: کسی چیز کا عاشق اور دلدادہ بنا دینا (۲) اکسانا، بھڑکانا۔ ترغیب دینا۔
(وَلَّعَ) فُلَانًا بِه: اکسانا، بھڑکانا، ترغیب دینا (۲) فریفتہ کرنا۔
-الدَّاءُ جَسَدَ فُلَانٍ: بیماری کا بدن پر سفید دھبے ڈال دینا۔
(تَوَلَّعَ) بِه: کسی چیز کا شوقین اور دلدادہ ہونا۔ خواہش مند ہونا۔
(اتَّلَعَتْ) فُلَانا وَالِعَةٌ: کسی کا ایسا مخفی ہونا کہ اس کے بارے میں معلوم نہ ہو کہ زندہ ہے یا مردہ۔
(ايتَلَعَ) قَلْبَهٗ: دل نکال دینا۔
(الوَالِعُ): بہت جھوٹ بولنے والا (ج) وَلَعَةٌ۔
-وَلْعٌ وَالِعٌ: بہت بڑا جھوٹ۔
(الوَالِعَةُ): مونث الوالع (۲) رکاوٹ۔ جیسے فقدنا غُلَامًا لَنَا ما ادری مَا وَالِعَتُهٗ۔
(الوَلِعُ): عاشق، فریفتہ، دلدادہ، شوقین۔
(الوُلَعَةُ): فضول کاموں یا باتوں کا شوقین۔
(المُوَلَّعُ) رَجُلٌ مُوَلَّعٌ: وہ آدمی جس کے جسم پر برص کے نشانات ہوں۔

Marfat.com

-فَرَسٌ و بِرذونٌ مُوَلَّعٌ: چتکبرا گھوڑا یا گدھا۔
(الوَلُوعُ): عاشق، دلدادہ۔
(الوَلِيعُ): کھجور کا وہ شگوفہ جو ابھی کھلا نہ ہو واحد وَلِيعَةٌ۔
(وَلَغَ) الكَلْبُ وَغَيْرُهُ مِنَ السِّبَاعِ فِي الإِنَاءِ وِمِنْهُ وبه (يَلَغُ ويَالَغُ) وَلْغًا ووُلُوغًا ووَلَغَانًا: کتے یا درندے کا برتن میں منہ ڈال کر زبان ہلانا یا زبان کے کنارے سے پینا۔ هُوَ وَالِغٌ وهِيَ وَالِغَةٌ۔ مَا وَلَغَ وَلُوغًا: اس نے کچھ نہیں کھایا۔ فُلَانٌ يَاكُلُ لُحُومَ النَّاسِ وَيَلَغُ فِي دِمَائِهِمْ فلاں لوگوں کی غیبت کرتا ہے۔
(أَوْلَغَ) الكَلْبَ: کتے کو پانی پلانا (۲) کتے کے آگے پانی یا اور کوئی چیز رکھنا جس میں وہ منہ مارے۔
(اسْتَوْلَغَ): بے شرم ہونا۔ مذمت اور عار کی پرواہ نہ کرنا۔
(المِيلَغُ): وہ برتن جس میں کتے نے منہ مارا ہو۔
(الوَلْغَةُ): مصدر مرة، ایک مرتبہ کا منہ مارنا (۲) چھوٹا ڈول۔
(وَلَفَ) البَرْقُ- (يَلِفُ) وَلْفًا وِولَافًا وَوَلِيفًا: بجلی کا مسلسل چمکنا۔
-الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑتے ہوئے ایک ساتھ ٹانگیں زمین پر رکھنا۔
(أَوْلَفَ) الشيءُ الشيءَ: ایک چیز کا دوسری کو ڈھانک لینا۔
(وَالَفَهُ) مُوَالَفَةً ووِلَافًا: مانوس ہونا، الفت رکھنا۔ (۲) تعلق و دوستی رکھنا۔
(تَوَالَفَ) الشيءُ مُوَالَفَةً وِولَافًا: ایک دوسرے سے ملا ہوا ہونا۔
(الوِلَافُ): دوڑ کی ایک قسم جس میں ٹانگیں ایک ساتھ زمین پر پڑتی ہیں۔
-بَرْقٌ وِلَافٌ: لگاتار چمکنے والی بجلی۔
(الوَلِيفُ): لگاتار چمکنے والی بجلی۔
(وَلَقَ) فِي سَيْرِهِ- (يَلِقُ) وَلْقًا: تیز چلنا۔ (۲) کوئی کام مسلسل کرنا جیسے وَلَقَ فِي الكَذِبِ۔
-فلانًا: کسی کو ہلکا سا نیزہ مارنا، نیزہ چبھونا۔
-فلانًا بالسَّيْفِ: تلوار مارنا۔
-عَيْنَهُ: کسی کی آنکھ پر مار کر پھوڑ دینا۔
-الكَلَامَ: بات کرتے رہنا (۲) بات کو سوچنا۔
-الحَدِيثَ: بات بنانا، گھڑنا (۲) بات تیار کرنا۔
(الوَلْقُ): لگاتار اور مسلسل کسی کام کا ہونا جیسے عَدْوٌ فِي إِثْرِ عَدْوٍ ایک دوڑ کے بعد دوڑ اور كلامٌ فِي إِثْرِ كلامٍ ایک کلام کے بعد دوسرا کلام۔
(الوَلَقَى): تیز دوڑ۔
-نَاقَةٌ وَلَقَى: تیز دوڑنے والی اونٹنی۔
(أَوْلَمَ) فلانٌ: ولیمہ کروانا (۲) کسی کا جسمانی ساخت اور عقل میں کامل ہونا۔
(الوَلْمُ): قید، بندش (۲) کجاوہ اور زین کی پٹی۔
(الوَلْمَةُ): کسی چیز کا پورا ہونا اور اس کا جمع ہونا۔
(الوَلِيمَةُ): شادی وغیرہ کا کھانا (ج) وَلَائِمُ۔
(وَلِهَ) فَلانٌ- (يَلِهُ) وَلَهًا: غم کی زیادتی سے دیوانہ ہو جانا، نیم پاگل ہو جانا۔ (۲) عشق کی شدت سے پریشان و حواس باختہ ہو جانا۔
-مِنْهُ: ڈرنا۔
-الأُمُّ إِلَى طِفْلِهَا: ماں کا اپنے بچہ کی دید کے لئے مشتاق و بے تاب ہونا۔
-الصَّبِيُّ إِلَى أُمِّهِ: بچہ کا ڈر کر ماں کی طرف دوڑنا۔ هُوَ وَالِهٌ ووَلْهَانُ وهي وَالِهَةٌ ووَلْهَى۔
(وَلَهَ)- (يَلِهُ ويَوْلَهُ) وَلْهًا ووَلَهَانًا: وَلِهَ۔
(أَوْلَهَهُ) الحُزْنُ ونَحْوُهُ: رنج یا غم یا صدمہ کا کسی کی عقل کو زائل کر دینا۔
-الوَالِدَةَ: ماں کو اس کے بچے سے جدا کر کے رنج پہنچانا۔
(وَلَّهَهُ) الحُزْنُ والوَجْدُ: عشق یا غم کا کسی کو پریشان اور بدحواس کر دینا۔
-الوَالِدَةَ: بچہ اور اس کی ماں میں جدائی ڈال دینا۔
(اتَّلَهَ) فلانٌ: وَلِهَ۔
-النَّبِيذُ فُلَانًا: نبیذ کا کسی کی عقل کو زائل کر دینا۔
(تَوَلَّهَ) فلانٌ: وَلِهَ۔
(المُوَلَّهُ) مَاءٌ مُوَلَّهٌ: بیابان میں چھوڑا ہوا پانی۔
-نَاقَةٌ أَوِ امْرَأَةٌ مُوَلَّهَةٌ: وہ عورت یا اونٹنی جس کا بچہ پروان نہ چڑھتا ہو بلکہ بچپن ہی میں مر جاتا ہو۔
(المِيلَاهُ): بچہ کی جدائی میں انتہائی غمگین عورت یا اونٹنی (۲) گونج دار آندھی (ج) مَوَالِيهُ۔
(المِيلَهُ): جنگل بیابان جہاں سیرابی نہ ہوتی ہو۔
(وَلْوَلَتِ) المَرْأَةُ وَلْوَلَةً وَلْوَالًا: عورت کا آہ و بکا کرنا، واویلا کرنا، چیخنا۔
(تَوَلْوَلَتِ) المَرْأَةُ: وَلْوَلَتْ
(المُوَلْوِلُ) عُودٌ مُوَلْوِلٌ: آواز نکالنے والی لکڑی۔
(الوَلْوَالُ): واویلا۔ ہلاکت کی بددعا۔
(وَلَاهُ)- (يَلِيهِ) وَلْيًا: قریب ہونا۔ نزدیک ہونا۔
(وَلِيَهُ)- (يَلِيهِ) وَلْيًا: قریب ہونا۔ ملا ہوا ہونا۔
-الشيءَ وعليهِ وِلَايَةً: کسی چیز کا انتظام کرنا اور اس کا ذمہ دار ہونا۔
-فُلَانًا وعليه: مدد کرنا۔
-فُلَانًا: محبت کرنا۔
-البَلَدَ: کسی ملک کا حاکم بننا۔ هو والٍ (ج) وُلَاةٌ والمفعول مُوَلًّى عَلَيْهِ۔
(وُلِيَتِ) الأَرْضُ: زمین کا موسم بہار کی بارش سے سیراب ہونا۔
(أَوْلَى) عَلَى اليَتِيمِ: یتیم کی نگہداشت اور دیکھ بھال کرنا۔
-فُلَانًا الأَمْرَ: کسی کو کسی کام کا نگران اور ذمہ دار بنانا۔

Marfat.com

-فُلَانًا مَعْرُوفًا: کسی کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔
-اَوْلٰی لَکَ: یہ کلمہ تہدید ہے جو ڈرانے اور دھمکی دینے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے یعنی مصیبت تیرے قریب پہنچ گئی ہے بچ کر رہ۔
(وَالٰی) بَیْنَ الْاَمْرَیْنِ مُوَالَاۃً وَوِلَاءً دو کاموں کو لگاتار کرنا۔
-الشیءَ: کسی چیز کے پیچھے جانا۔
-فلانًا محبت کرنا (۲) مدد کرنا (۳) ساتھ دینا۔
(وَلّٰی) الرُّطَبُ: رطب کھجور کا خوب پک جانا۔
-الشیءُ: رخ پھر جانا۔
-فلانٌ ھَارِبًا: پیٹھ پھیر کر بھاگ جانا۔
-الشیءَ وعَنِ الشیءِ: کسی چیز سے اعراض کرنا (۲) دور ہونا۔
-عَنْ فلان بوُدِّہٖ: کسی سے تعلق ختم کرنا۔
-فُلَانًا: مدد کرنا (۲) سامنے آنا (۳) حاکم مقرر کرنا۔
-فُلَانًا الْاَمْرَ: کسی کو کسی کام کا منتظم ونگران بنانا۔
-فلانًا الحَاجَۃَ: کسی کی حاجت کا دور ہو جانا۔
(تَوَالٰی) الشیُٔ: لگاتار مسلسل اور پے در پے ہونا۔
-الغَنَمُ عَنِ المَعْزِ: بھیڑوں کا بکریوں سے ممتاز اور جدا ہونا۔
(تَمَوْلٰی) فُلَانٌ: سردار و حاکم جیسا بننا۔ جیسے ھُوَ یَتَمَوْلٰی عَلَیْنَا وہ ہمارے سامنے بڑا سردار و حاکم بنتا ہے۔
(تَوَلّٰی) الشیءَ: کسی چیز کا رخ پھیرنا۔
-فلانٌ ھَارِبًا: پیٹھ پھیر کر بھاگ جانا۔
-الرُّطَبُ: رطب کھجور کا خوب پک جانا۔
-عَنْہُ: اعراض کرنا، منہ پھیرنا۔
-فلانًا: مدد کرنا (۲) محبت کرنا (۳) دوست بنانا۔
-الْاَمْرَ: کسی کام کا ذمہ دار بننا اور اسے انجام دینا۔

(اِسْتَوْلٰی) عَلَیْہِ: غالب ہونا، قبضہ کرنا۔
-عَلَی الْاَمْرِ: کسی معاملہ کی انتہا تک پہنچنا۔
-عَلَی الْاَمَدِ: انتہا تک پہنچنا۔
(اَلْاَوْلٰی) اسم تفضیل، زیادہ حق دار، زیادہ لائق، زیادہ قریب۔ حدیث میں ہے (اَلْحِقُوا الفرائضَ بِاَھْلِھَا فَمَا اَبْقَتِ السِّھَامُ فَلِاَوْلٰی رَجُلٍ ذَکَرٍ) اس کا تثنیہ الْاَوْلَیَانِ ہے۔ (ج) الْاَوْلُوْنَ وَالْاَوَالِیْ وھی الوُلْیَا (ج) والوُلْیَیَاتُ والوُلَی۔
(المُتَوَالِیْ) حضرت علیؓ اوران کے اہل بیت سے خاص تعلق کا مدعی شیعوں کا ایک گروہ۔
(المُوَالَاۃُ) کسی شخص کا کسی دوسرے سے کوئی معاہدہ۔
(المَوَالِیَا) عصر عباسی میں دریافت ہونے والی شعر کی ایک قسم جو بحر بسیط سے ہے اور اس کا وزن مستفعلن فاعلن مستفعلن فاعل دو مرتبہ۔
